رَبُّ:(پالنے والا)مضاف۔كَ:(تمہارا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ لْمَلَائِكَةِ :(فرشتے۔خاص قوتیں)اسم مجرور۔إِنِّي :(بے شک میں)حرف تاکید ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًان کا اسم منصوب۔جَاعِلٌ:(بنانے والا) اسم فاعل۔مصدر۔جَعْلاً۔(بنانا)۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ خَلِيفَةً :(پیچھے آنے والا۔) مفعول بہٖ۔منصوب۔قَالُوا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا (کہنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔تَجْعَلُ:(تو بنائے گا)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا: (اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مَنْ :(جو)اسم موصول۔يُفْسِدُ:(فساد کرے گا)ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفْسَدَ يُفْسِدُ۔اِفْسَادٌ(بگاڑنا۔فساد پھیلانا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا: (اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَسْفِكُ:(بہائے گا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب ضرب۔ مادہ(س ف ک)سَفَکَ يَسْفِکُ۔سَفْكًا(بہانا) الدِّمَاءَ :(خون)مفعول بہٖ۔ منصوب۔وَ: (اور)حرف جار۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ نُسَبِّحُ :(ہم پاکیزگی بیان کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔ تَسْبِيْحًا۔(تسبیح بیان کرنا)ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ (س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ يَسْبَحُ۔سَبْحٌ(تیرنا) بِ: (ساتھ)حرف جار۔حَمْدِ:(تعریف)اسم مجرور۔مضاف ۔كَ :(تمہاری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف۔وَ: (اور)حرف عطف۔نُقَدِّسُ:(ہم پاکیزگی بیان کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّسَ يُقَدِّسُ۔مصدر تَقْدِيْسًا۔(پاکیزگی بیان کرنا)ثلاثی مجرد باب کرم۔مادہ (ق دُ سَ)صیغہ۔قَدُسَ يَقْدُسُ۔مصدر۔قُدُسًا۔(پاک ہونا۔بے داغ ہونا۔با برکت ہونا) لَ:(لئے) حرف جار۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی

مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا(کہنا)۔ إِنِّ:(بے شک۔یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ کسرہ برائے اتصال۔مابعد ضمیر واحد متکلم۔ي:(میں)ضمیر واحد متکلم۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔کسرہ برائے اتصال۔أَعْلَمُ:(میں جانتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ عِلْمٌ۔(جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ لاَ : (نہیں)لائے نافیہ۔تَعْلَمُونَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔

ترجمہ آیت:اور(وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے) جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں زمین میں (اپنا) نائب بنانے والا ہوں۔انہوں نے کہا۔کیا تُو اس میں ایسے شخص کو نائب بنانا چاہتا ہے جو خرابیاں کرے اور کشت وخون کرتا پھرے اور ہم تیری تعریف کے ساتھ تسبیح وتقدیس کرتے رہتے ہیں۔(اللہ نے) فرمایا میں وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

2:31 وَعَلَّمَ آدَمَ الأَسْمَاء كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلاَئِكَةِ فَقَالَ أَنبِئُونِي بِأَسْمَاء هَؤُلاء إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ

وَ:(اور)استئنافیہ۔عَلَّمَ:(سکھائے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِيْمًا۔(سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر عِلْمٌ۔(سیکھنا۔ جاننا۔آدَمَ:(آدم)غیر منصرف۔مفعول بہ منصوب۔ الأَسْمَاء:(نام) كُلَّ:(ہر ایک کے)ظرف۔مضاف۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ عَرَضَ:(سامنے کئے۔پیش کئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب ضر۔مادہ(ع ر ض)صیغہ عَرَضَ يَعْرَضُ۔ مصدر عَرْضًا۔(پیش کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مرجع وہ چیزیں ہیں جن کے نام سکھائے گئے۔وہ سامنے رکھیں۔ عَلَى:(اوپر۔پر)حرف جار۔ الْمَلاَئِكَةِ:(فرشتے۔خاص قوتوں کے)اسم

مجرور۔فَ:(پس)حرف قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا) أَنبِئُو:(خبر دو۔بتاؤ)فعل امر جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْبَاءَ يُنْبِئُ۔نِ:(نون وقایہ)ي:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مفعول بہ۔محلاً منصوب۔ مصدر۔اِنْبَاءٌ (خبر دینا۔پتہ دینا۔بتانا)۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ (ن ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَأُ يَنْبَأُ۔ مصدر۔نَبْئاً۔(خبر دینا)۔ بِ:(ساتھ۔کے)أَسْمَاء:(نام)اسم مجرور۔مضاف۔ هَؤُلاء:(یہ۔ان کے)اسم اشارہ قریب جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مضاف الیہ مجرور۔ إِن :(اگر)حرف شرط جازم مضارع۔كُنتُمْ :(ہو تم)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ناصب خبر۔ صَادِقِينَ: (۔سچے) اسم فاعل۔ صَادِقٌ کی جمع۔كَانَ کی خبر منصوب۔مصدر۔ صِدْقٌ۔

ترجمہ آیت:اور اس نے آدم کو سب (چیزوں کے) نام سکھائے پھر ان کو فرشتوں کے سامنے کیا اور فرمایا کہ اگر تم سچے ہو تو مجھے ان کے نام بتاؤ۔

2:32 قَالُواْ سُبْحَانَكَ لاَ عِلْمَ لَنَا إِلاَّ مَا عَلَّمْتَنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ

قَالُواْ:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا) سُبْحَانَ:(پاک ہے)غیر منصرف۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لاَ :(نہیں)لائے جنس۔ناصب اسم عِلْمَ:(سیکھنا)اسم۔منصوب۔ لَ:(لئے) حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً اسم مجرور۔ إِلاَّ:(مگر)حرف استثناء۔ مَا :(جو)اس، موصول۔ عَلَّمْتَ:(تو نے سکھایا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے مبسوط مفتوحہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِيْمًا۔(سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر عِلْمٌ۔ (سیکھنا۔ جاننا۔نَا:(ہم کو)ضمیر متصل جمع متکلم۔محلاً مفعول بہ منصوب۔ إِنَّ:(یقیناً بے

شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ناصب اسم۔كَ :(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب أَنتَ:(تو) ضمیر منفصل واحد مذکر حاضر۔ الْعَلِيمُ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔ الْحَكِيمُ:(خوب حکمت والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:انہوں نے کہا،تو پاک ہے۔جتنا علم تو نے ہمیں بخشا ہے،اس کے سوا ہمیں کچھ معلوم نہیں۔بے شک تو دانا(اور) حکمت والا ہے۔

2:33 قَالَ يَا آدَمُ أَنبِئْهُم بِأَسْمَآئِهِمْ فَلَمَّا أَنبَأَهُمْ بِأَسْمَآئِهِمْ قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ يَقُوْلُ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ آدَمُ:(آدم)منادیٰ۔ أَنبِئْ:(خبر دے۔بتا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَنْبَاءَ يُنْبِئُ۔نِ:(نون وقایہ)ي:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مفعول بہ۔محلاً منصوب۔ مصدر۔اِنْبَاءٌ (خبر دینا۔پتہ دینا۔بتانا)۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ (ن ب ء)مہموز اللام ۔ صیغہ۔نَبَأَ يَنْبَأُ۔ مصدر۔نَبْئاً۔(خبر دینا)۔ هُم:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَسْمَآءِ:(نام)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف یا استئنافیہ۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔منصوب۔ أَنبَأَ:(اس نے بتایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَنْبَاءَ يُنْبِئُ۔نِ:(نون وقایہ)ي: (مجھے) ضمیر واحد متکلم۔مفعول بہ۔محلاً منصوب۔ مصدر۔اِنْبَاءٌ (خبر دینا۔پتہ دینا۔بتانا)۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَأَ يَنْبَأُ۔ مصدر۔نَبْئاً۔(خبر دینا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَسْمَآءِ:(نام)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً

مجرور مضاف الیہ۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔قالب مضارع۔ أَقُلْ:()فعل مضارع واحد متکلم۔مجزوم۔بوجہ حرف نفی جحد بلم۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ إِنِّي :(بے شک میں)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔أَعْلَمُ:(میں جانتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر عِلْمٌ۔(جاننا)۔ غَيْبَ :(پوشیدہ چیزوں کو)مفعول بہٖ منصوب۔مضاف۔السَّمَاوَاتِ :(آسمان ۔جمع)مضاف الیہ۔مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الأَرْضِ :(زمین)معطوف۔مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔أَعْلَمُ:(میں جانتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر عِلْمٌ۔(جاننا)۔ مَا: (جو)اسم موصول۔ تُبْدُونَ:(ظاہر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْدٰی یُبْدِیْ۔مصدر۔اَبْدَاءً۔(ظاہر کرنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ب د ء)صیغہ بَدَأَ یَبْدَأُ۔مصدر بَدْءٌ۔(ظاہر کرنا) وَ :(اور)حرف عطف۔مَا:(جو کچھ) كُنتُمْ :(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ کَانَ یَکُوْنُ۔ ناصب خبر۔ تَكْتُمُونَ:(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک ت م)صیغہ کَتَمَ یَکْتُمُ۔مصدر کَتْمًا۔(چھپانا)۔

ترجمہ آیت:(تب) اللہ نے(آدم کو) حکم دیا کہ آدم! تم ان کو ان(چیزوں) کے نام بتاؤ۔جب انہوں نے ان کو ان کے نام بتائے تو(فرشتوں سے) فرمایا کیوں میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں آسمانوں اور زمین کی (سب) پوشیدہ باتیں جانتا ہوں اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو پوشیدہ کرتے ہو(سب) مجھ کو معلوم ہے۔

2:34 وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلاَئِكَةِ اسْجُدُواْ لآدَمَ فَسَجَدُواْ إِلاَّ إِبْلِيسَ أَبَى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔ماضی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لْمَلاَئِكَةِ:(فرشتے۔خاص قوتوں کے)اسم مجرور۔ اسْجُدُواْ:(سجدہ کرو۔اطاعت قبول کرو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُہ۔مصدر۔ سَجْدَةٌ۔سُجُوْدٌ۔(جھک جانا۔اطاعت قبول کرنا۔سجدہ کرنا) لِ(لئے ۔کو)حرف جار۔آدَمَ:(آدم)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ فَ(پس)حرف عطف۔سَجَدُواْ:(اطاعت قبول کی۔سجدہ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُہ۔ مصدر۔ سَجْدَةٌ۔ سُجُوْدٌ۔(جھک جانا۔اطاعت قبول کرنا۔سجدہ کرنا) إِلاَّ :(مگر۔سوائے)حرف استثناء۔إِبْلِيسَ: (ابلیس۔شیطان)مستثنیٰ منقطع۔غیر منصرف۔محلاً منصوب۔ أَبَى :(اس نے انکار کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ء ب ی)مہموز الفاء+ناقص یائی۔صیغہ اَبَیٰ یَابِیٰ۔مصدر۔اَبَاءً(سختی سے انکار کرنا۔)وَ:(اور)حرف عطف۔اسْتَكْبَرَ:(اس نے گھمنڈ کیا۔غرور کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔مصدر۔اِسْتَكْبَارٌ۔(گھمنڈ کرنا۔غرور کرنا) وَ:(اور)حرف استئنافیہ۔حرف عطف۔كَانَ :(ہو گیا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر كَوْنًا۔(ہونا)۔مِنَ :(سے)حرف جار۔الْكَافِرِينَ:(کافروں میں)اسم مجرور۔محلاًكَانَ کی خبر۔

ترجمہ آیت:اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کے آگے سجدہ کرو تو وہ سجدے میں گر پڑے مگر شیطان نے انکار کیا اور غرور میں آ کر کافر بن گیا۔

2:35 وَقُلْنَا يَا آدَمُ اسْكُنْ أَنتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَداً حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هَـٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء آدَمُ:(آدم)غیر منصرف مرفوع۔ اسْكُنْ:(رہو۔سکونت اختیار کرو)فعل امر واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(س ک ن)صیغہ سَكَنَ يَسْكُنُ۔مصدرسَكْنًا۔(ٹھہرنا۔رہائش اختیار کرنا۔)۔ أَنْتَ:(تو) وَ:(اور)حرف عطف۔زَوْجُ:(بیوی)مضاف۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْجَنَّةَ:(باغ)مفعول بہٖ منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كُلَا :(دونوں کھاؤ)فعل امر تثنیہ مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر اَكْلًا۔(کھانا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔مرجع اَلْجَنَّةَ ہے۔ رَغَداً:(شوق سے۔بلا روک ٹوک)نائب مفعول مطلق منصوب۔ حَيْثُ:(جہاں سے)ظرف مکان۔ شِئْتُمَا:(تم دونوں چاہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(س ی ء)اجوف یائی+مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيَّئَةٌ(چاہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَقْرَبَا:(دونوں قریب ہوں)فعل مضارع تثنیہ مذکر حاضر۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ق ر ب)صیغہ قَرُبَ يَقْرُبُ۔مصدر قُرْبٌ۔ هَـٰذِهِ:(یہ)اسم اشارہ قریب مؤنث۔ الشَّجَرَةَ :(درخت)مشارٌ الیہ۔ فَ:(پس)سببیہ۔جزائیہ۔جازم تَكُونَا:(تم دونوں ہو جاؤ گے)فعل ناقص مضارع تثنیہ مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ (ہونا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الظَّالِمِينَ:(ظالم ۔جمع)اسم مجرور۔علامت۔ی۔محلاً کان کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے کہا کہ اے آدم تم اور تمہاری بیوی بہشت میں رہو اور جہاں سے چاہو بے روک ٹوک کھاؤ (پیو) لیکن اس درخت کے پاس نہ جانا نہیں تو ظالموں میں (داخل) ہو جاؤ گے۔

2:36 فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَى حِينٍ

فَ:(پس)حرف عطف۔أَزَلَّ:(اس نے ورغلایا۔ڈگمگایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَزَلَّ یُزِلُّ۔مصدر اِزْلَالٌ۔(بہکانا۔پھسلانا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ز ل ل)مضاعف۔صیغہ۔زَلَّ یَزِلُّ ۔مصدر زِلٌّ۔(ڈگمگانا)۔هُمَا:(ان دونوں کو)ضمیر تثنیہ مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ الشَّيْطَانُ:(ابلیس۔شیطان۔عزازیل)فاعل مرفوع۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَخْرَجَ:(اس نے نکالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ یُخْرِجُ۔مصدراِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر مادہ(خ ر ج)صیغہ خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدرخُرُوْجًا۔(نکلنا)هُمَا:(ان دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِمَّا:(جو کچھ)مرکب(مِنْ+مَا)حرف جار+اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ كَانَا:(دونوں ہوئے) فعل ناقص ماضی تثنیہ مذکر غائب۔الف تثنیہ۔ناصب خبر۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔اهْبِطُوا:(اترو۔نکلو۔چلے جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ ب ط)صیغہ هَبَطَ يَهْبِطُ۔مصدر۔هُبُوْطًا۔(چلے جانا۔نکلنا۔اترنا)۔بَعْضُ:(کچھ۔بعض)مبتداء۔مرفوع۔ظرف مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مضاف الیہ مجرور۔ لِ:(لئے)حرف جار۔بَعْضٍ: (کچھ)ظرف۔اسم

مجرور۔ عَدُوٌّ:(دشمن)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمۡ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ فِي :(میں)حرف جار۔لأَرۡضِ:(زمین)اسم مجرور۔ مُسۡتَقَرٌّ:(ٹھکانہ)۔ مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَتَاعٌ :(فائدہ)معطوف مرفوع۔محلاً مبتداء مؤخر ثانی۔إِلَى: (طرف) حرف جار۔ حِينٍ:(ایک وقت تک)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: پھر شیطان نے دونوں کو وہاں سے پھسلا دیا اور جس (عیش ونشاط) میں تھے، اس سے ان کو نکلوا دیا۔ تب ہم نے حکم دیا کہ (بہشت بریں سے) چلے جاؤ۔ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو، اور تمہارے لیے زمین میں ایک وقت تک ٹھکانا اور معاش (مقرر کر دیا گیا) ہے۔

2:37 فَتَلَقَّى آدَمُ مِن رَّبِّهِ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيۡهِ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

فَ:(پس)حرف عطف۔تَلَقَّى :(اس نے سیکھ لئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعّل۔صیغہ تَلَقّٰى يَتَلَقّٰى۔مصدر تَلَقِّىۡ۔(سیکھنا)۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ لَقِيَ يَلۡقٰى۔ مصدر۔لِقَاءٌ۔(سیکھنا۔ملنا)آدَمُ:(آدم)فاعل۔مرفوع۔مِن:(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(پالنے والا)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ :(وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔كَلِمَاتٍ:(قوانین۔کلمے)غیر منصرف۔ مفعول بہ۔محلاً منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَابَ :(توبہ کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ تَابَ يَتُوۡبُ۔مصدر تَوۡبَةٌ۔(رجوع کرنا۔لوٹنا۔توبہ کرنا۔متوجہ ہونا)اگر اس کے بعد الی ہو تو بندہ توبہ کرتا ہے اگر علی ہو تو اللہ توبہ قبول کرتا ہے کے معنی ہوں گے۔عَلَيۡ:(اوپر۔پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب اِنَّ کا اسم۔ هُوَ :(وہی)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔

التَّوَّابُ:(خوب توبہ قبول کرنے والا۔توبہ کرنے والا)بندہ توبہ کرتا ہے اور اللہ جل جلالہٗ قبول کرتا ہے۔اَنَّ کی خبر مرفوع۔ **الرَّحِيمُ**:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: پھر آدم نے اپنے پروردگار سے کچھ کلمات سیکھے (اور معافی مانگی) تو اس نے ان کا قصور معاف کر دیا بے شک وہ معاف کرنے والا (اور) صاحبِ رحم ہے۔

2:38 قُلْنَا اهْبِطُواْ مِنْهَا جَمِيعاً فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى فَمَن تَبِعَ هُدَايَ فَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ

قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ **قَالَ يَقُوْلُ**۔ مصدر۔ **قَوْلًا**۔(کہنا)۔ **اهْبِطُواْ**:(اترو۔نکلو۔چلے جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ھ ب ط)صیغہ **هَبَطَ يَهْبِطُ**۔مصدر۔**هُبُوْطاً**۔(چلے جانا۔نکلنا۔اترنا)۔ **مِنْ**:(سے)حرف جار۔ **هَا**:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ **جَمِيعاً**:(سب کے سب)حال منصوب۔ **فَ**: (پس)حرف عطف۔استئنافیہ۔**إِمَّا**:(اگر)مرکب(**اِنْ+مَا**)ان شرطیہ۔ما زائدہ۔تاکید کے لئے **يَأْتِيَنَّ**:(ضرور بالضرور آئے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء+ناقص یائی۔صیغہ **اَتیٰ یَاتِیْ**۔مصدر**اِتْيَانٌ**۔(آنا)۔اگر اس کے بعد اسم مجرور یا حرف جار کے ساتھ ہو تو معنی "لانا"ہوتے ہیں۔**كُم** :(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔**مِّنِّ**:(سے) حرف جار۔مرکب ہے(من + ن)دوسرا نون وقایہ ہے دونوں کا ادغام کیا گیا۔ **ي**:(مجھ)ضمیر واحد متکلم۔اسم مجرور۔ **هُدًى** :(راہنمائی)فاعل مرفوع۔تقدیراً ضمہ ۔ **فَ**:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔**مَن** :(کون)اسم شرط۔ جازم مضارع۔**تَبِعَ** :(اس نے پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب س۔مادہ(ت ب ع)صیغہ **تَبِعَ يَتْبَعُ**۔مصدر **تَبْعًا**۔(پیروی کرنا)**هُدَا**:(راہنمائی۔ہدایت)مفعول بہ۔مضاف۔ **يَ**:(میری)ضمیر واحد

متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔برائے رابطہ جواب شرط۔لاَ :(نہیں)لائے نافیہ۔خَوْفٌ :(کوئی خوف۔)مبتداء۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔اجوف واوی۔صیغہ خَافَ یَخَافُ۔مصدرخَوْفًا۔(ڈرنا)عَلَيْ:(اوپر۔پر)حرف جار۔هِمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ :(نہیں)لائے نافیہ۔هُمْ :(وہ)ضمیر متصل جمع مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔يَحْزَنُونَ:(غم کھاتے ہیں۔ غمگین ہوتے ہیں)خبر مرفوع۔فعل مضارع جمع مذکر غائب مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزِنَ یَحْزَنُ۔حُزْنٌ۔(غمگین ہونا)۔

ترجمہ آیت: ہم نے فرمایا کہ تم سب یہاں سے اتر جاؤ جب تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت پہنچے تو(اس کی پیروی کرنا کہ) جنہوں نے میری ہدایت کی پیروی کی ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

39:2 وَالَّذِينَ كَفَرواْ وَكَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا أُولَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِينَ :(جنہوں نے)اسم موصول جمع مذکر۔كَفَرواْ:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔مادہ (ک ف ر)باب نصر۔صیغہ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر كفرا۔(کفر کرنا) وَ:(اور)حرف عطف۔كَذَّبُواْ:(انہوں جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا) ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ک ذ ب)صیغہ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔(جھوٹبولنا)بِ:(ساتھ)آيَاتِ:(نشانیاں۔معجزے۔آیات)اسم مجرور۔مضاف۔نَا: (ہماری) ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُولَـئِكَ:(وہی)اسم اشارہ بعید۔مبتداء۔ أَصْحَابُ:(بندے لوگ۔ ساتھی۔)مشارٌ الیہ۔مضاف۔ النَّارِ:(آگ)مضاف الیہ مجرور۔ هُمْ :(وہی)ضمیر متصل جمع مذکر غائب۔محلاً

مضاف الیہ مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔مرجع النَّارِ ہے۔
خَالِدُونَ:(ہمیشہ رہنے والے)خبر مرفوع۔علامت واؤ۔

ترجمہ آیت: اور جنہوں نے (اس کو) قبول نہ کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، وہ دوزخ میں جانے والے ہیں (اور) وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

40:2 يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ

يَا :(اے)حرف نداء۔بَنِي:(بیٹو!)اصلاً بَنِيْنَ ہے۔ مضاف ہونے کے سبب نون اعرابی محذوف ہے إِسْرَائِيلَ:(اسرائیل)غیر منصرف۔محلاً مضاف الیہ مجرور۔ اذْكُرُوا(ذکر کرو۔یاد کرو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرٌ۔(ذکر کرنا۔ یاد کرنا)۔نِعْمَتِ:(نعمت۔)اصلاً نعمۃ۔ما بعد ضمیر واحد متکلم سے اتصال کے لئے تائے مبسوط استعمال کی گئی ۔مضاف۔يَ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مضاف الیہ۔مجرور۔ الَّتِي :(جو)اسم موصول واحد مؤنث۔ أَنْعَمْتُ :(میں نے عنایت کی)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ اَنْعَمَ يُنْعِمُ۔ مصدر اِنْعَاماً۔(انعام دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح و نصر۔مادہ(ن ع م)صیغہ نَعَمَ يَنْعَمَ۔ مصدر۔ نِعْمٌ(انعام دینا)عَلَيْ:(اوپر۔پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔أَوْفُوا :(پورے کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَوْفٰى يُوْفِيْ۔مصدر۔اِيْفَاءٌ(پورا کرنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (و ف ی)لفیف مفروق۔مثال واوی+ناقص یائی۔وَفِيَ يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءٌ۔(پورا کرنا)بِ:(ساتھ۔کو) عَهْدِ:(وعدہ۔عہد) اسم مجرور۔مضاف ۔يِ: (میرا)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُوفِ :(پورا کروں گا)فعل مضارع جواب طلب۔مجزوم۔

علامت یائے علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ عَهْدِ:(وعدہ ۔ عہد)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِيَّا:(ہی)حصر کے لئے يَ:(مجھ ہی سے)ضمیر واحد مذکر واحد متکلم۔ فَ: (پس)حرف عطف۔جواب طلب۔ ارْهَبُونِ:(ڈرو مجھ سے)جمع مذکر حاضر۔مجزوم نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ نِ وقایہ۔کسرہ اس بعوض یائے متکلم۔

ترجمہ آیت: اے یعقوب کی اولاد! میرے وہ احسان یاد کرو جو میں نے تم پر کئے تھے اور اس اقرار کو پورا کرو جو تم نے مجھ سے کیا تھا۔میں اس اقرار کو پورا کروں گا جو میں نے تم سے کیا تھا اور مجھی سے ڈرتے رہو

41:2 وَآمِنُواْ بِمَا أَنزَلْتُ مُصَدِّقاً لِّمَا مَعَكُمْ وَلاَ تَكُونُواْ أَوَّلَ كَافِرٍ بِهِ وَلاَ تَشْتَرُواْ بِآيَاتِي ثَمَناً قَلِيلاً وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ

وَ:(اور)حرف عطف۔ آمِنُواْ:(ایمان لاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔اِيْمَانٌ۔(ایمان لانا)۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَمِنَ يَاْمِنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(اطمینان ہونا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ أَنزَلْتُ :(میں نے اتارا)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر انزال۔(اتارنا۔گرانا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ نَزَلَ يَنْزِلُ۔نُزُوْلًا۔(اترنا)۔مصدر۔ مُصَدِّقاً:(تصدیق کرنا)حال منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور ۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف جار۔ لاَ:(نہیں)لائے ناہیہ۔جازم مضارع تَكُونُواْ:(ہو جاؤ)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر كَوْنًا۔

(ہونا)۔ أَوَّلَ:(پہلے)كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔ كَافِرٍ:(کفر کرنے والا)مضاف الیہ۔ مجرور۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔هِ :(ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور)وَ:(اور)حرف جار۔لاَ:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَشْتَرُوا:(تم خرید۔ بیچو)فعل مضارع مجزوم جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات کو)غیر منصرف۔اسم مجرور۔مضاف۔ي:(میری)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثَمَناً :(قیمت)مفعول بہ منصوب۔موصوف۔قَلِيلاً :(تھوڑی)صفت منصوب تابع۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِيَّا: (ہی)کلمہ حصر۔يَ :(مجھ)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مفعول بہ منصوب۔فَ:(پس)حرف عطف۔اتَّقُونِ:(ڈرو مجھ سے)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد نون وقایہ۔ نون کی کسرہ بعوض یائے متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔مصدر اِتِّقَاءٌ۔ (ڈرنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی + ناقص یائی۔صیغہ وَقَى يَقِي۔مصدر۔وَقَايَةٌ۔(بچانا)

ترجمہ آیت: اور جو کتاب میں نے (اپنے رسول محمد ﷺ پر) نازل کی ہے جو تمہاری کتاب تورات کو سچا کہتی ہے، اس پر ایمان لاؤ اور اس سے منکرِ اول نہ بنو، اور میری آیتوں میں (تحریف کرکے) ان کے بدلے تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیاوی منفعت) نہ حاصل کرو، اور مجھی سے خوف رکھو

42:2 وَلاَ تَلْبِسُواْ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُواْ الْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ

وَ:(اور)حرف عطف لاَ:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَلْبِسُوا:(تم ملاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ل ب س)صیغہ لَبَسَ يَلْبِسُ۔ مصدر۔لَبْسٌ(خلط ملط کرنا۔ملاوٹ کرنا) الْحَقَّ:(حق کو)مفعول بہ منصوب۔ بِ:(ساتھ) الْبَاطِلِ: (غلط۔باطل۔ جھوٹ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَكْتُمُوا:(تم چھپاتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک ت م) صیغہ

كَتَمَ يَكْتُمُ۔مصدر۔كَتْمَانٌ(چھپانا)۔ الْحَقَّ:(سچ۔حق کو)مفعول بہٖ منصوب۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ أَنْتُمْ:(ہو تم)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر۔مبتداء۔ تَعْلَمُونَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ،اور سچی بات کو جان بوجھ کر نہ چھپاؤ۔

43:2 وَأَقِيمُواْ الصَّلاَةَ وَآتُواْ الزَّكَاةَ وَارْكَعُواْ مَعَ الرَّاكِعِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔أَقِيمُواْ:(قائم کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَقَامَ يُقِيْمُ۔اِقَامَةٌ(کھڑے ہونا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و م)اجوف واوی۔صیغہ قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔(کھڑا ہونا) الصَّلاَةَ:(صلوٰۃ)مفعول بہٖ۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آتُواْ:(دو) معطوف ۔فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء+ناقص یائی۔صیغہ اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر اِتْيَانٌ۔(دینا) الزَّكَاةَ:(زکوٰۃ)مفعول بہٖ ثانی۔منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔ارْكَعُواْ: (رکوع کرو)معطوف۔فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ر ک ع) صیغہ رَكَعَ يَرْكَعُ۔مصدر۔رُكُوْعٌ۔(رکوع کرنا) مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مضاف۔الرَّاكِعِيْنَ:(رکوع کرنے والے۔رَاكِعٌ کی جمع)مضاف الیہ۔مجرور۔

ترجمہ آیت:اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (اللہ کے آگے) جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو

44:2 أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنسَوْنَ أَنفُسَكُمْ وَأَنتُمْ تَتْلُونَ الْكِتَابَ أَفَلاَ تَعْقِلُونَ

أَ:(کیا)حرف استفہام۔تَأْمُرُونَ:(تم حکم دیتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ اَمَرَ یَامُرُ۔مصدر۔اَمْرٌ۔(حکم دینا) النَّاسَ:(لوگ)مفعول بہ۔منصوب۔بِ:(ساتھ)الْبِرِّ:(نیکی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ تَنسَوْنَ: (تم بھول جاتے ہو)معطوف فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ نَسِیَ یَنْسٰی۔مصدر نِسْیَانٌ۔ (بھولنا) أَنفُسَ:(جانوں کو)مفعول بہ ۔منصوب۔مضاف۔کُمْ:(تم۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنتُمْ:(تم)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر۔مبتداء۔ تَتْلُونَ :(تلاوت کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ت ل و)ناقص واوی۔ صیغہ۔تَلَا یَتْلُو۔مصدر۔تِلَاوَۃٌ۔(تلاوت کرنا۔)الْكِتَابَ:(کتاب کو)مفعول بہ منصوب۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔لاَ:(نہیں)لائے نافیہ۔ تَعْقِلُونَ: (تم عقل نہیں کرتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ عَقَلَ یَعْقِلُ۔عَقْلًا۔(عقل کرنا)۔

ترجمہ آیت:(یہ) کیا (عقل کی بات ہے کہ) تم لوگوں کو نیکی کرنے کو کہتے ہو اور اپنے تئیں فراموش کئے دیتے ہو، حالانکہ تم کتاب (اللہ) بھی پڑھتے ہو۔کیا تم سمجھتے نہیں؟

45:2 وَاسْتَعِينُواْ بِالصَّبْرِ وَالصَّلاَةِ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلاَّ عَلَى الْخَاشِعِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔اسْتَعِينُواْ:(مدد طلب کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ اِسْتَعَانَ یَسْتَعِیْنُ۔مصدر۔اِسْتِعَانَۃٌ۔(مدد طلب کرنا)۔ باب ضرب۔مادہ (ع و ن) بِ: (ساتھ)حرف جر۔الصَّبْرِ:(ڈٹ جانا۔استقامت کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الصَّلاَةِ:

(صلوٰۃ)معطوف۔اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف استئنافیہ۔یا حالیہ۔إِنَّ:(بے شک یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعول۔ ناصب اسم۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب ۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔کَبِيرَةٌ: (بہت بڑی۔ ثقیل۔بوجھل۔بھاری)صفت مشبہ۔صیغہ واحد مؤنث۔ إِلاَّ:(مگر سوائے) حرف حصر۔کلمہ استثناء۔ عَلَى :(اوپر۔پر)الْخَاشِعِينَ:(عاجزی کرنے والے۔)اسم فاعل۔واحد خَاشِعٌ۔ (عاجزی کرنے والا)مصدر۔خُشُوعٌ۔(عاجزی کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور(رنج وتکلیف میں) صبر اور نماز سے مدد لیا کرو اور بے شک نماز گراں ہے، مگر ان لوگوں پر (گراں نہیں) جو عجز کرنے والے ہیں۔

46:2 الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلاَقُو رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔ يَظُنُّونَ:(گمان کرتے ہیں۔یقین کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ظ ن ن) مضاعف۔ صیغہ۔ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ ظَنًّا۔(گمان کرنا۔یقین کرنا۔) أَنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُم:(وہ)ضمیر متصل جمع مذکر غائب۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ مُّلاَقُوا:(ملاقات کرنے والے۔ملنے والے)اسم فاعل۔مرفوع۔اَنَّ کی خبر۔ مضاف۔رَبِّ:(پالنے والا)مضاف الیہ مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُم:(وہ)ضمیر متصل جمع مذکر غائب۔ محلاًاَنَّ کا اسم منصوب۔ إِلَيْ: (طرف حرف جار۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاًاَنَّ کا اسم منصوب۔رَاجِعُونَ:(لوٹنے والے۔) فاعل۔ مرفوع۔علامت واؤ۔ محلاًخبر اَنَّ کی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو یقین کئے ہوئے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں اور اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

47:2 يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ

يَا: (اے) حرف ندا۔ بَنِي: (بیٹے) اصلاً بنین تھا۔ مضاف کی وجہ سے ن گر گیا۔ إِسْرَائِيلَ: (اسرائیل) غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اذْكُرُوا: (یاد کرو۔ ذکر کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ باب نصر۔ مادہ (ذ ک ر) صیغہ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر۔ ذِكْرٌ (ذکر کرنا) نِعْمَتِ: (انعام۔ نعمت) مفعول بہ محلاً منصوب۔ مضاف۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔ يَ: (میری) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّتِي: (جو) اسم موصول واحد مؤنث۔ أَنْعَمْتُ: (میں نے انعام دیا۔ نعمت دی۔) فعل ماضی واحد متکلم۔ تائے مبسوط ضمیر مبنی بر ضمہ۔ فاعل مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ باب افعال۔ صیغہ أَنْعَمَ يُنْعِمُ۔ مصدر۔ إِنْعَامًا۔ (انعام دینا)۔ ثلاثی مجرد باب (سمع۔ نصر۔ فتح) مادہ (ن ع م) صیغہ نَعِمَ يَنْعَمُ۔ مصدر۔ نِعْمٌ (انعام کرنا)۔ عَلَيْ: (اوپر۔ پر) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَنِّ: (بے شک۔ یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ مکسور بوجہ اتصال ما بعد یائے متکلم۔ ي: (میں) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً اس مجرور۔ فَضَّلْتُ: (میں نے فضیلت دی) فعل ماضی واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ ضمیر یائے مبسوط مبنی بر ضمہ فاعل مرفوع۔ صیغہ فَضَّلَ يُفَضِّلُ مصدر۔ تَفْضِيلًا (فضیلت دینا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ عَلَى: (اوپر۔ پر) حرف جار۔ الْعَالَمِينَ: (جہانوں) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اے یعقوب کی اولاد! میرے وہ احسان یاد کرو، جو میں نے تم پر کئے تھے اور یہ کہ میں نے تم کو جہان کے لوگوں پر فضیلت بخشی تھی۔

48:2 وَاتَّقُواْ يَوْماً لاَّ تَجْزِي نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئاً وَلاَ يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَلاَ يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلاَ هُمْ يُنصَرُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّقُواْ:(تم سب ڈرو۔بچو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔باب افتعال۔صیغہ اَتَّقٰی یَتَّقِیۡ۔مصدر اِتِّقَاءٌ(ڈرنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ (و ق ی)مثال واوی+ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰی یَقِیۡ۔ مصدر۔وِقَایَةٌ۔(ڈرنا۔بچنا) يَوْماً:(دن)ظرف۔مفعول بہٖ منصوب۔ لاَّ:(نہیں)لائے نافیہ۔تَجْزِي:(وہ بدلہ دے گا۔کام آئے گا)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔صیغہ جَزٰی یَجۡزِیۡ۔مصدر جَزَاءٌ۔(بدلہ دینا۔کام آنا) نَفْسٌ :(کوئی جان)فاعل مرفوع۔عَن:(سے۔کے)حرف جار۔ نَّفْسٍ:(کسی جان)اسم مجرور۔ شَيْئاً:(شے)مفعول بہٖ منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ :(نہیں) لائے نافیہ۔يُقْبَلُ:(قبول کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب (سمع۔نصر۔فتح) صیغہ قَبِلَ یَقۡبَلُ۔مصدر قَبُوۡلًا۔(قبول کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ شَفَاعَةٌ:(کوئی شفاعت۔سفارش۔)نائب فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لاَ:(نہیں)لائے نافیہ۔ يُؤْخَذُ:(پکڑا جائے گا۔لیا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاۡخُذُ۔مصدر۔اَخۡذًا(پکڑنا۔لینا) مِن:(سے)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاًاسم مجرور۔ عَدْلٌ:(بدلہ۔معاوضہ۔فیصلہ)نائب فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ :(نہیں)لائے نافیہ۔هُمْ :(وہ۔ان کی)مبتداء۔ يُنصَرُونَ:(مدد کی جائے گی)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مستتر هُمْ نائب فاعل۔

ترجمہ آیت: اور اس دن سے ڈرو جب کوئی کسی کے کچھ کام نہ آئے اور نہ کسی کی سفارش منظور کی جائے اور نہ کسی سے کسی طرح کا بدلہ قبول کیا جائے اور نہ لوگ (کسی اور طرح) مدد حاصل کر سکیں۔

49:2 وَإِذْ نَجَّيْنَاكُم مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُونَ أَبْنَاءكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءكُمْ وَفِي ذَلِكُم بَلاء مِّن رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذْ:(جب)ظرف۔ماضی کے معنی دیتا ہے نَجَّيْنَا:(ہم نے نجات دی۔بچایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ نَجّٰی يُنَجِّيْ۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔(نجات دینا۔ بچانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔صیغہ نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔نِجَاةٌ(بچنا۔نجات)۔كُم:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ آلِ:(قوم ۔نسل)اسم مجرور۔مضاف۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون کی)غیر منصرف۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔يَسُومُونَ:(وہ تکلیف دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(س و م)اجوف واوی۔صیغہ سَامَ يَسُوْمُ۔مصدر سَوْمًا۔(تکلیف دینا)كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ سُوْٓءَ:(برا۔سخت)مفعول ثانی۔منصوب۔مضاف۔ الْعَذَابِ :(عذاب۔تکلیف)مجرور مضاف الیہ۔يُذَبِّحُونَ : (قتل کرتے ہیں۔مارتے ہیں)فعل مضارع مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ذَبَّحَ يُذَبِّحُ۔مصدر تَذْبِيْحًا۔(ذبح کرنا۔ قتل کرنا)أَبْنَاءَ:(بیٹوں کو۔طاقتوروں کو)مفعول بہ منصوب۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَسْتَحْيُونَ:(زندہ رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید۔باب استفعال۔صیغہ اِسْتَحْیٰ يَسْتَحْيِيْ۔مصدر اِسْتَحْيَاءٌ۔(زندہ رکھنا)ثلاثی مجرد باب(سمع)مادہ (ح ی ی)مضاعف۔لفیف مقرون۔اجوف یائی+ ناقص یائی۔صیغہ حَيَّ يَحْيٰی۔مصدر حَيٌّ۔(زندہ کرنا)۔ نِسَاءَ:(عورتوں کو۔بزدلوں کو۔کمزوروں کو)واحد اِمْرَءَةٌ ہے۔مفعول بہ منصوب۔مضاف۔كُمْ: (تمہاری) ضمیر جمع مؤنث حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔ ذَلِكُم : (یہ۔وہ۔یہی)اسم اشارہ جمع مذکر حاضر۔ بَلاءٌ:(مصیبت۔آزمائش) مبتداء۔ موصوف۔مرفوع۔ مِّن:(سے۔

طرف سے) رَّبِّ:(پالنے والے کی)اسم مجرور۔مضاف ۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور ۔ مضاف الیہ۔ عَظِيمٌ:(بہت بڑی)صفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور(ہمارے ان احسانات کو یاد کرو) جب ہم نے تم کو قومِ فرعون سے نجات بخشی وہ(لوگ) تم کو بڑا دکھ دیتے تھے تمہارے بیٹوں کو تو قتل کر ڈالتے تھے اور بیٹیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی (سخت) آزمائش تھی۔

50:2 وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنجَيْنَاكُمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔إِذْ:(جب)ظرف۔ماضی کے لئے ۔ فَرَقْنَا:(ہم نے پھاڑا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ر ق)صیغہ۔فَرَقَ يَفْرُقُ۔مصدر۔فَرْقٌ۔(الگ الگ کرنا۔پھاڑنا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔ الْبَحْرَ:(دریا کو۔سمندر کو)مفعول بہٖ منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَنْجَيْنَا:(ہم نے بچایا۔نجات دی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔صیغہ اَنْجٰی يُنْجِىْ۔مصدر اِنْجَاءٌ(بچانا۔نجات دینا)كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔صیغہ نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔نِجَاةٌ(بچنا۔نجات)۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَغْرَقْنَا:(ہم نے ڈبویا۔غرق کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَغْرَقَ يُغْرِقُ۔اِغْرَاقاً(ڈبونا۔غرق کرنا)ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(غ ر ق)غَرَقَ يَغْرِقُ۔مصدر۔غَرْقٌ۔(ڈوب جانا)۔ آلَ:(قوم۔نسل۔لوگوں کو)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔ فِرْعَوْنَ :(فرعون۔مصر کے بادشاہوں کا لقب تھا) غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔تَنْظُرُونَ: (دیکھتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جب ہم نے تمہارے لیے دریا کو پھاڑ دیا تم کو نجات دی اور فرعون کی قوم کو غرق کر دیا اور تم دیکھ ہی تو رہے تھے۔

51:2 وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَى أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ

وَ:(اور)حرف عطف إِذْ:(جب)ظرف۔ماضی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے وَاعَدْنَا:(ہم نے واعدہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔وَاعَدَ يُوَاعِدُ۔مصدر۔مُوَاعِدَةٌ۔(وعدہ کرنا۔معاہدہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د) مثال واوی۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔وَعْدَةٌ۔(وعدہ کرنا)۔مُوسَى: (موسیٰؑ)غیر منصرب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔أَرْبَعِينَ :(40چالیس)مفعول بہ ثانی۔منصوب۔لَيْلَةً :(راتوں کا)تمیز منصوب۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔اتَّخَذْتُمُ :(تم نے بنالیا۔پکڑ لیا۔اختیار کر لیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اتخذ یتخذ۔مصدر۔اتخاذ۔(اختیار کرنا۔بنانا)۔الْعِجْلَ: (بچھڑا)مفعول بہ منصوب۔مِن :(سے)حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔أَنْتُمْ :(تم)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر۔مبتداء۔ظَالِمُونَ:(ظالم۔ظلم کرنے والے۔زیادتی کرنے والے۔جمع)اسم فاعل۔خبر مرفوع۔علامت۔واو۔

ترجمہ آیت:اور جب ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا وعدہ کیا تو تم نے ان کے پیچھے بچھڑے کو(معبود) مقرر کر لیا اور تم ظلم کر رہے تھے۔

52:2 ثُمَّ عَفَوْنَا عَنكُمِ مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ عَفَوْنَا :(ہم نے درگزر کیا۔معاف کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ع ف و)صیغہ عَفَا يَعْفُو۔مصدر۔عَفْوًا۔(درگزر کرنا۔معاف کرنا)عَن:(سے)حرف جار۔كُمِ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ: (بعد)ظرف ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ ذَٰلِكَ :(وہ) اس کو تفصیلاً یوں بیان کیا جاسکتا ہے۔ذا اسم اشارہ۔ل برائے بعد۔ک حرف خطاب۔ مبتداء۔لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اَنَّ کی بہن۔كُمْ :(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً لَعَلَّ کا اسم۔ تَشْكُرُونَ :(تم شکر کرتے ہو۔تم قدر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٴ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر) صیغہ شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا۔احسان ماننا)۔

ترجمہ آیت: پھر اس کے بعد ہم نے تم کو معاف کر دیا، تاکہ تم شکر کرو

53:2 وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذْ :(جب)ظرف۔ بمعنی ماضی۔آتَيْنَا :(ہم نے دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)اگر بعد میں حرف جار ب ہو تو اس کے معنی ہوگا (لانا)۔مُوسَى:(موسیٰؑ کو)غیر منصرف۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ الْكِتَابَ:(خاص کتاب)ال معرفہ بنانے کے لئے۔مفعول ثانی۔ منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔موصوف الْفُرْقَانَ:(امتیاز کرنے والی۔فرق بیان کرنے والی)صفت منصوب تابع۔۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اَنَّ کی بہن۔كُمْ : (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم۔تَهْتَدُونَ:(تم راہنمائی پاتے ہو۔ہدایت حاصل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٴ جمع۔محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید۔

باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰی يَهْتَدِیْ۔مصدر اِهْتِدَاءٌ۔(ہدایت پانا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب مادہ (ھ د ی) ناقص یائی۔صیغہ۔هَدٰی يَهْدِیْ۔مصدر۔هَدْیٌ (ہدایت دینا)۔

ترجمہ آیت: اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب اور معجزے عنایت کئے، تا کہ تم ہدایت حاصل کرو

54:2 وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوبُوا إِلَى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِندَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

وَ:(اور) حرف عطف۔استئنافیہ۔إِذْ :(جب) ظرف زمان۔ماضی کے لئے۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا) مُوسَى:(موسیٰؑ) غیر منصرف۔مبنی بر فتحہ۔فاعل محلاًمرفوع۔ لِ:(لئے)قَوْمِ:(قوم) اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(وہ۔اپنی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَا:(اے) حرف نداء قَوْمِ:(میری قوم) اصلاً قَوْمِیْ ہے۔ہے قَوْمَ منادیٰ۔محلاً منصوب مضاف۔نون وقایہ۔ی یائے متکلم محذوف کسرہ بعوض یائے متکلم چسپاں کر دی گئی۔ إِنَّ:(بے شک۔یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب اَنَّ کا اسم۔ ظَلَمْتُمْ:(تم نے ظلم کیا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً ان کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد باب ضرب مادہ(ظ ل م) صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ ۔مصدر ظُلْمٌ۔(زیادتی کرنا۔اندھیر مچانا) أَنْفُسَ:(جانیں۔جمع) مفعول بہٖ منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔اِتِّخَاذِ:(بنانا۔پکڑنا) مصدر۔اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْعِجْلَ:(بچھڑا) مفعول بہٖ منصوب۔ فَ:(پس) حرف عطف۔تُوبُوا:(تم سب توبہ کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ت و ب۔)صیغہ تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(رجوع

کرنا۔واپس لوٹنا۔توبہ کرنا۔) یہ لفظ توبہ کرنے اور قبول کرنے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔جب بعد میں اِلیٰ آئے تو توبہ کرنا۔ جب بعد میں عَلیٰ آئے تو توبہ قبول کرنا کے معنوں میں ہو گا۔ إِلَى:(کی طرف)حرف جار۔ بَارِئِ:(ایسی تصویر بنانے والا جو کسی کے ساتھ نہ ملنے والی ہو۔)صفاتی نام وحدہ لاشریک کا۔اسم مجرور۔ مضاف۔کُمۡ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ اقۡتُلُوا۟: (مارو۔قتل کرو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ أَنفُسَ:(جانوں کو)مفعول بہٖ منصوب۔ مضاف۔کُمۡ:(تم۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ذَٰلِكُمۡ:(وہ۔)مبتداء۔ذال اسم اشارہ۔ لام برائے بعد۔کُمۡ برائے خطاب خَيۡرٌ :(بھلائی۔نیکی)خبر مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔کُمۡ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مضاف۔ بَارِئِ:(پیدا کرنے والا۔ بنانے والا)صفاتی نام وحد لاشریک کا۔مجرو مضاف الیہ۔مضاف۔کُمۡ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَابَ :(اس نے توبہ کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ (ت و ب۔)صیغہ تَابَ يَتُوبُ۔مصدر۔تَوۡبَةٌ۔(رجوع کرنا۔واپس لوٹنا۔توبہ کرنا۔)عَلَيۡ: (اوپر۔پر)حرف جار۔کُمۡ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔إِنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً ان کا اسم منصوب۔هُوَ :(وہی)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔ مبتداء۔ موصوف۔التَّوَّابُ:(خوب توبہ کرنے والا) فاعل۔اَنَّ کی خبر مرفوع۔مبالغہ۔ الرَّحِيمُ: (خوب رحم کرنے والا)فاعل۔خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ بھائیو، تم نے بچھڑے کو(معبود) ٹھہرانے میں (بڑا) ظلم کیا ہے، تو اپنے پیدا کرنے والے کے آگے توبہ کرو اور اپنے تئیں ہلاک کر ڈالو۔تمہارے خالق کے نزدیک تمہارے حق میں یہی بہتر ہے۔پھر اس نے تمہارا قصور معاف کر دیا۔وہ بے شک معاف کرنے والا (اور) صاحبِ رحم ہے۔

55:2 وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَى لَن نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّى نَرَى اللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْكُمُ الصَّاعِقَةُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ

وَ:(اور)إِذْ:(جب)ظرف ماضی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے قُلْتُمْ:(تم نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔قَوْلًا۔(کہنا) يَا:(اے)حرف نداء۔ مُوسَى:(موسیٰؑ) منادیٰ مرفوع۔ لَنْ:(ہرگز نہیں) نفی مؤکد مستقبل ناصب مضارع۔ نُّؤْمِنَ:(ہم ایمان لئیں گے)فعل مضارع منصوب۔بسبب نفی مؤکد بلن ناصبہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا)لَ: (لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ حَتَّى:(جب تک)حرف غایت۔بعدہ اَنْ مضمر ناصب مضارع۔نَرَى:(ہم دیکھ لیں)فعل مضارع جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔ اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب مفعول بہ۔جَهْرَةً:(کھلم کھلا)حال منصوب۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَخَذَتْ:(اس نے پکڑ لیا۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تائے مبسوط ساکن علامت مؤنث۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑ لیا)كُمُ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔الصَّاعِقَةُ: (گرج۔کڑکا۔بجلی کی دل دہلا دینے والی آواز)فاعل۔وَ:(اور)أَنتُمْ:(تم)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر۔مبتداء۔ تَنظُرُونَ:(تم دیکھ رہے تھے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔

ترجمہ آیت:اور جب تم نے(موسیٰ) سے کہا کہ موسیٰ، جب تک ہم اللہ کو سامنے نہ دیکھ لیں گے، تم پر ایمان نہیں لائیں گے، تو تم کو بجلی نے آگھیرا اور تم دیکھ رہے تھے

56:2 ثُمَّ بَعَثْنَاكُم مِّن بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ بَعَثْنَا:(ہم نے بھیجا۔زندہ کیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ب ع ث) صیغہ بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر بَعْثًا۔(زندہ کرنا۔ بھیجنا)كُم:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مفعول بہٖ منصوب۔ مِّن :(سے)حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)اسم مجرور۔ظرف۔مضاف۔ مَوْتِ:(موت)مجرور مضاف الیہ۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔حرف مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔تَشْكُرُونَ:(تم شکر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔احسان ماننا)۔

ترجمہ آیت: پھر موت آجانے کے بعد ہم نے تم کو از سرِنو زندہ کر دیا، تاکہ احسان مانو

57:2 وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى كُلُواْ مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَـكِن كَانُواْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔ظَلَّلْنَا:(ہم نے سایہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ظَلَّلَ يُظَلِّلُ۔مصدر تَظْلِيلٌ(سایہ کرنا)۔ باب ضرب۔مادہ(ظ ل ل)مضاعف۔صیغہ ظَلَّ يَظِلُّ۔مصدر ظِلٌّ(سایہ کرنا) عَلَيْ:(اوپر۔پر)كُمُ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ الْغَمَامَ:(تہہ در تہہ بادل۔گہرا بادل)مفعول بہٖ۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنزَلْنَا :(ہم نے اتارا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ افعال۔صیغہ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ(اتارنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ (ن ز ل)صیغہ نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُولٌ۔(اترنا)۔عَلَيْ:(اوپر۔پر)حرف جار۔كُمُ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔الْمَنَّ:(ترنجبین)مفعول بہٖ منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔السَّلْوَى:(بٹیر)مفعول بہٖ ثانی۔ منصوب۔ كُلُواْ:(تم سب کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔

صیغہ اَكَلَ يَاكُلُ۔اَكْلًا۔(کھانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ طَيِّبَاتِ:(عمدہ۔صاف)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ رَزَقْنَا:(ہم نے رزق دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(رزق)صیغہ رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقٌ(زندگی کی تمام اشیاء)كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ ظَلَمُوْ:(انہوں نے ظلم کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ ۔مصدر۔ظُلْمًا(ظلم کرنا)۔ نَا :(ہم)ضمیر جمع متکلم ۔محلاً مفعول بہ۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِن :(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل اِنَّ کی بہن۔ناصب اسم۔كَانُواْ :(ہوئے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک و ن)۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔كَوْنًا۔(ہونا) أَنفُسَ: (جانیں) مفعول بہ۔ منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَظْلِمُونَ:(ظلم کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ ۔مصدر۔ظُلْمًا(ظلم کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور بادل کا تم پر سایہ کئے رکھا اور (تمہارے لیے) من و سلویٰ اتارتے رہے کہ جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو عطا فرمائی ہیں، ان کو کھاؤ(پیو) مگر تمہارے بزرگوں نے ان نعمتوں کی کچھ قدر نہ جانی (اور) وہ ہمارا کچھ نہیں بگاڑتے تھے بلکہ اپنا ہی نقصان کرتے تھے۔

58:2 وَإِذْ قُلْنَا ادْخُلُواْ هَـذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُواْ مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَداً وَادْخُلُواْ الْبَابَ سُجَّداً وَقُولُواْ حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ وَسَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔اِذْ:(جب)ظرف۔ماضی کے معنی دیتا ہے۔ قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر قَوْلًا۔(کہنا)۔ اُدْخُلُوْا:(سب داخل ہو جاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر۔ دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ هٰذِهِ :(یہ)اسم اشارہ قریب واحد مؤنث۔الْقَرْیَةَ:(بستی)مشارٌ الیہ۔ فَ:(پس) حرف عطف۔كُلُوْا:(تم سب کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واحد جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ اَكَلَ یَاْكُلُ۔مصدر۔اكلا(کھانا) مِنْ:(سے)هَا :(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔حَیْثُ :(جہاں سے)ظرف مکان۔شِئْتُمْ :(تم چاہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب فتح۔ مادہ(ش ی ء)اجوف یائی + مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر مَشِیْئَةٌ۔شَیْئًا۔(چاہنا)رَغَدًا: (بافراغت اطمینان سے۔مرضی سے)نائب مفعول مطلق۔وَ:(اور)حرف عطف۔اُدْخُلُوْا:(سب داخل ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر۔ دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ الْبَابَ:(دروازہ)مفعول بہٖ منصوب۔ سُجَّدًا:(سجدہ کرتے ہوئے۔اطاعت قبول کرتے ہوئے)حال منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قُوْلُوْا:(تم سب کہو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر قَوْلًا۔(کہنا)۔ حِطَّةٌ:(کسی چیز کا اوپر سے گرانا۔اترنا۔نازل ہونا۔حکم الٰہی تھا۔تو معنی ہوں گے ۔اے اللہ جل جلالہٗ ہم کو معاف کر دے)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔تقدیرًا سَؤَالُنَا۔ نَّغْفِرْ:(ہم مغفرت فرمادیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔جواب طلب مجزوم۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر غُفْرَانٌ۔(مغفرت کرنا۔حفاظت کرنا) لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ خَطَایَا:(غلطیاں۔گناہ)مفعول بہٖ منصوب۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف استئنافیہ۔سَ:(جلد ہی۔عنقریب۔) حرف استقبال۔نَزِیْدُ:(ہم زیادہ کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف

یائی صیغہ زاد یزید۔مصدر۔زَیْدًا۔زِیَادَۃٌ۔(زیادہ کرنا)۔ الْمُحْسِنِينَ:(اچھے انداز سے بھلائی کا کام کرنے والے۔احسان کرنے والے۔)واحد اَلْمُحْسِنُ۔مفعول بہٖ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور جب ہم نے (ان سے) کہا کہ اس گاؤں میں داخل ہو جاؤ اور اس میں جہاں سے چاہو، خوب کھاؤ (پیو) اور (دیکھنا) دروازے میں داخل ہونا تو سجدہ کرنا اور حطۃ کہنا، ہم تمہارے گناہ معاف کر دیں گے اور نیکی کرنے والوں کو اور زیادہ دیں گے۔

59:2 فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُواْ قَوْلاً غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَنزَلْنَا عَلَى الَّذِينَ ظَلَمُواْ رِجْزاً مِّنَ السَّمَاء بِمَا كَانُواْ يَفْسُقُونَ

فَ:(پس)استئنافیہ حرف عطف۔۔بَدَّلَ:(تبدیل کر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ بَدَّلَ یُبَدِّلُ۔مصدر۔تَبْدِیْلًا۔(تبدیل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب د ل)صیغہ بَدَلَ یَبْدُلُ۔مصدر بَدْلٌ۔(بدلنا) الَّذِينَ :(وہ جنھوں نے)اسم موصول جمع مذکر۔ظَلَمُواْ:(انہوں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا(زیادتی کرنا۔ ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ قَوْلاً:(کہنا)مصدر۔مفعول بہٖ منصوب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔(اس نے کہا۔)غَيْرَ :(سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔الَّذِي:(جو) اسم موصول واحد مذکر۔ قِيلَ:(کہا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر قَوْلًا۔(کہنا)۔ لَ:(لئے۔کو)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)أَنزَلْنَا:(ہم نے اتارا۔نازل کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر اِنْزَالًا۔(اتارنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر نُزُوْلًا۔(اترنا۔نازل ہونا)۔ عَلَى:(اوپر۔پر)حرف جار۔ الَّذِينَ:(جنھوں نے۔ان پر) ظَلَمُواْ:(ظلم کیا)فعل ماضی جمع

مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔) رِجْزاً: (عذاب)مفعول بہٖ منصوب۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔السَّمَاءِ :(آسمان)اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول ۔محلاً اسم مجرور۔ كَانُواْ :(وہ تھے)۔فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ناصب خبر۔يَفْسُقُونَ:(نافرمانی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب نصر۔مادہ(ف س ق)صیغہ فَسَقَ یَفْسِقُ۔مصدر۔فِسْقًا۔(نافرمانی کرنا)۔

ترجمہ آیت: توجو ظالم تھے،انہوں نے اس لفظ کو، جس کا ان کو حکم دیا تھا،بدل کر اس کی جگہ اور لفظ کہنا شروع کیا، پس ہم نے (ان) ظالموں پر آسمان سے عذاب نازل کیا،کیونکہ نافرمانیاں کئے جاتے تھے

60:2 وَإِذِ اسْتَسْقَى مُوسَى لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْناً قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُواْ وَاشْرَبُواْ مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلاَ تَعْثَوْاْ فِي الأَرْضِ مُفْسِدِينَ

وَ:(اور)استئنافیہ۔عاطفہ۔إِذِ :(جب)ماضی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔اسْتَسْقَى:(اس نے پانی مانگا) مُوسَى:(موسیٰؑ)فاعل۔غیر منصرف۔محلاً مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔قَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔مضاف۔هِ: (وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔ (اس نے کہا۔) اضْرِب:(تومار۔نشان دہی کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ ضَرَبَ یَضْرِبُ۔مصدر۔ ضَرۡبًا۔(مارنا۔چلنا۔بیان کرنا) بِّ:(ساتھ)حرف جار۔عَصَا:(ڈنڈا۔لاٹھی۔چھڑی)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تم۔اپنی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْحَجَرَ:(پتھر کو)مفعول بہٖ منصوب۔ فَ:(تو)حرف

یَا:(اے)حرف نداء أَیُّ:(کونسا۔فلاں)منادیٰ۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِینَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ آمَنُوا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔ الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤۡمِنُ۔مصدر۔اِیۡمَانٌ(ایمان لانا۔یقین کرنا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمۡنًا۔(بے خوف ہونا۔) لَا:(نہیں)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَقُولُوا: (تم کہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فاقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا)۔رَاعِ:(تو رعایت کر۔)ی ۔حرف علت محذوف۔ گھٹیا یہودی لفظ کو بگاڑ کر (ع) کو کھینچ کر رَاعِی کہتے جس کا معنی ہے چرواہا۔رَاعِیۡنَا۔ہمارا گڈریا) مضاف۔ نَا: (ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قُولُوا:(تم کہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فاقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ

يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ انظُرْ:(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر) صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اسْمَعُوْا:(تم سب سنو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(س م ع) صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(سننا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔لِلْكَافِرِينَ:(کافر کی جمع۔کفر کرنے والے)اسم مجرور۔عَذَابٌ:(سخت دکھ۔عذاب۔سزا)مبتداء۔موصوف۔ أَلِيمٌ:(بہت ہی دکھ دینے والا)صفت۔مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت:اے اہل ایمان! (گفتگو کے وقت پیغمبرِ اللہ سے) راعنانہ کہا کرو۔انظرنا کہا کرو۔اور خوب سن رکھو، اور کافروں کے لیے دکھ دینے والا عذاب ہے۔

105:2 مَّا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَلاَ الْمُشْرِكِينَ أَن يُنَزَّلَ عَلَيْكُم مِّنْ خَيْرٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَاللّهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ وَاللّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

مَّا:(نہیں)نافیہ۔ يَوَدُّ:(وہ پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(و د د) مضاعف۔مثال واوی۔صیغہ۔وَدَّ يَوَدُّ۔مصدر۔وَدٌّ۔وَدًّا۔(پسند کرنا۔محبت کرنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے) اسم موصول۔ كَفَرُوا:(کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَهْلِ:(والے۔اہل)اسم مجرور۔مضاف۔ الْكِتَابِ:(خاص کتاب)ال تعریف۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ :(نہیں)لائے نافیہ۔ الْمُشْرِكِينَ :(مشرک کی جمع)معطوف۔مجرور۔علامت۔ی۔أَن :(یہ کہ)حرف مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُنَزَّلَ:(اتاری گئی)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ مجہول۔نُزِّلَ يُنَزَّلُ۔ صیغہ معروف۔ نَزَّلَ يُنَزِّلُ مصدر۔تَنْزِيْلًا۔(بتدریج اتارنا) عَلَيَّ:(اوپر۔پر)حرف جار۔كُم:

(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ خَيْرٍ :(کوئی نیکی۔کوئی بھلائی)اسم مجرور۔ مِّن :(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(پالنے والا)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مرفوع۔ مبتداء۔ يَخْتَصُّ:(مخصوص کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَصَّ يَخْتَصُّ۔مصدر۔ اِخْتِصَاصٌ۔ (خاص کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ص ص)مضاعف۔صیغہ خَصَّ يَخُصُّ۔ مصدر۔ خُصُوْصًا:()۔خَصًّا:()۔خُصٌّ۔(مخصوص کرنا)۔ بِ:(سے۔کے لئے۔ساتھ)حرف جار۔رَحْمَتِ:(رحمت مہربانی)اسم مجرور۔اصل شکل رَحْمَةِ۔تائے مدورہ کو تائے مبسوط میں بدلا مابعد کے اتصال کے لئے۔ مضاف۔هِ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔مَن:(جو۔جسے)اسم موصول۔ يَشَاءُ: (وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔شَيْئًا۔مَشِيْئَةٌ۔(چاہنا) وَ:(اور) استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مرفوع۔ ذُو:(والا)ستّہ مکبرہ۔خبر مرفوع۔مضاف۔ الْفَضْلِ:(فضیلت۔فضل۔برکت۔)مجرور۔مضاف الیہ۔موصوف الْعَظِيمِ:(بہت بڑی)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ کافر ہیں، اہل کتاب یا مشرک وہ اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے خیر (وبرکت) نازل ہو۔اور اللہ تو جس کو چاہتا ہے، اپنی رحمت کے ساتھ خاص کرلیتا ہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

106:2 مَا نَنسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا أَوْ مِثْلِهَا أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

مَا:(جو بھی)شرطیہ۔جازم مضارع۔ نَنسَخْ :(ہم منسوخ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔مجزوم۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ن س خ)صیغہ۔نَسَخَ یَنْسَخُ۔مصدر۔ نَسْخًا۔(منسوخ کرنا)۔مِنْ:(سے) آیَةٍ:(آیت میں) أَوْ:(یا)حرف عطف۔ نُنسِ:(ہم بھولا دیتے ہیں)فعل مضارع مجہول جمع متکلم۔شرط کے طور پر آنے کی وجہ سے حرف علت۔ی۔محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْسٰی یُنْسِیْ۔مصدر۔اِنْسَاءٌ۔(بھلادینا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن س ی)صیغہ نَسِيَ یَنْسٰی۔مصدر۔نسیاً۔نِسْیَانًا۔(بھولنا)۔ هَا :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔نَأْتِ:(ہم لاتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔جزا شرط۔مجزوم۔بسبب التقائے ساکنین حرف علت۔ی۔گر گئی۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔+ ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد ب حرف جار آجائے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔خَیْرٍ:(بہتر)اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أَوْ:(یا)۔حرف عطف۔ مِثْلِ:(طرح۔مانند)معطوف۔مجرور۔مضاف۔هَا:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔مرجع اٰیَةٍ ہے۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب مضارع۔ تَعْلَمْ:(تو جانتا ہے۔لَمْ کی وجہ سے ماضی میں معنی تو نے نہیں جانا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ع ل م)صیغہ ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا)۔ أَنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)اَنَّ کا اسم۔منصوب۔عَلَىٰ:(اوپر۔پر)حرف جار۔ كُلِّ :(ہر ایک)ظرف۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ: (چیز۔شے) مجرو۔مضاف الیہ۔ قَدِيرٌ:(اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا)اَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:ہم جس آیت کو منسوخ کر دیتے یا اسے فراموش کرا دیتے ہیں تو اس سے بہتر یا ویسی ہی اور آیت بھیج دیتے ہیں۔کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہر بات پر قادر ہے۔

107:2 أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللهِ مِن وَلِيٍّ وَلاَ نَصِيرٍ۔

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ :(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب مضارع۔ تَعْلَمْ :(تو جانتا ہے۔لَمْ کی وجہ سے ماضی میں معنی تو نے نہیں جانا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ أَنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ)اَنَّ کا اسم۔ منصوب۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرو۔مُلْكُ :(بادشاہی،ریاست۔)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمان۔جمع)مضاف الیہ۔مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الأَرْضِ :(زمین)معطوف مجرور۔وَ: (اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔اس کا عمل لَيْسَ کی مانند ہے اور اِنَّ کے برعکس۔ یعنی ناصب خبر۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ دُونِ: (سوائے۔علاوہ) ظرف۔ اسم مجرور۔مضاف۔ اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مضاف الیہ۔ مجرور۔مِن :(سے)حرف جار۔زائدہ۔وَلِيٍّ : (سرپرست۔دوست۔ساتھی)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ :(نہیں)لائے نافیہ۔ نَصِيرٍ:(مددگار۔) مصدر مبالغہ۔معطوف۔مجرور۔

ترجمہ آیت: تمہیں معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ ہی کی ہے،اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں۔

108:2 أَمْ تُرِيدُونَ أَن تَسْأَلُواْ رَسُولَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوسَى مِن قَبْلُ وَمَن يَتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالإِيمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاء السَّبِيلِ

أَمْ:(کیا)حرف استفہام۔ تُرِيدُونَ:(تم چاہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔إِرَادَةً۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ۔ رُدٌّ۔(تلاش کرنا۔مانگنا۔بے قراری سے آنا جانا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَسْأَلُوا:(تم سوال کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی۔ محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَئَلَ يَسْئَلَ۔مصدر۔سَؤَالٌ۔(سوال کرنا) رَسُولَ: (پیغمبر)مفعول بہٖ منصوب۔مضاف كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَ: (جیسا)حرف تشبیہ۔حرف جار۔مَا :(کہ)مصدریہ۔سُئِلَ:(پوچھا گیا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل) مہموز العین۔ صیغہ۔سَئَلَ يَسْئَلَ۔مصدر۔سَؤَالٌ۔(سوال کرنا) مُوسَى:(موسیٰؑ سے)غیر منصرف۔ محلاً اسم مفعول بہٖ منصوب۔ مِن:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ :(پہلے)ظرف۔اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔ مَن: (جو)اسم شرط۔جازم مضارع۔۔ يَتَبَدَّلِ:(وہ بدلتا ہے۔وہ اختیار کرے)فعل مضارع مجزوم۔ بوجہ التقائے ساکنین جزم محذوف ہوئی اور کسرہ لگائی گئی برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ تَبَدَّلَ يَتَبَدَّلُ۔مصدر۔تَبَدُّلًا (ہ اختیار کرنا)۔ الْكُفْرَ:(کفر کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ۔بدلے کے)حرف جار۔الإِيمَانِ:(ایمان۔یقین)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقیناً۔بے شک)حرف تحقیق و تاکید۔ ضَلَّ :(وہ گمراہ ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ل ل)مضاعف۔صیغہ ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلَالًا۔(گمراہ ہونا۔بھٹک جانا)سَوَاءَ:(برابر۔سیدھا۔) منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ السَّبِيلِ:(راستہ)مجرور۔مضاف الیہ۔محلاً جواب شرط۔مجزوم۔

ترجمہ آیت: کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اپنے پیغمبر سے اسی طرح کے سوال کرو، جس طرح کے سوال پہلے موسیٰ سے کئے گئے تھے۔اور جس شخص نے ایمان (چھوڑ کر اس) کے بدلے کفر لیا، وہ سیدھے رستے سے بھٹک گیا۔

109:2 وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُم مِّن بَعْدِ إِيمَانِكُمْ كُفَّاراً حَسَدًا مِّنْ عِندِ أَنفُسِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ فَاعْفُواْ وَاصْفَحُواْ حَتَّى يَأْتِيَ اللّهُ بِأَمْرِهِ إِنَّ اللّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

وَدَّ:(اس نے پسند کیا۔اس نے محبت کی۔اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ود د)مضاعف۔ ثلاثی مجرد۔صیغہ۔وَدَّ یَوَدُّ۔مصدر۔وُدًّا۔(گہرائی سے چاہنا)۔کَثِیرٌ:(بہت)صفت مشبہ۔ مِّنْ:(سے) أَهْلِ :(والے)اسم مجرور۔مضاف۔الْكِتَابِ:(خاص کتاب)مجرور مضاف الیہ۔ لَوْ:(اگر۔کاش)حرف مصدریہ۔تمنائی۔ يَرُدُّونَ:(وہ لوٹتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واوٴ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ۔رَدَّ يَرُدُّ۔رُدًّا(لوٹنا)۔كُم:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ إِيمَانِ:(ایمان ۔یقین)مضاف الیہ۔مجرور۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مضاف الیہ۔ مجرور۔كُفَّاراً:(کافر کی جمع)مفعول بہ منصوب۔ حَسَدًا:(کسی کی اچھی حالت کو دیکھ کر جلنا بھننا)مفعول لہٗ ۔ منصوب۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ عِندِ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مضاف ۔ أَنفُسِ: (جانوں کے۔دلوں)مضاف الیہ۔مجرور۔ مضاف۔هِم:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مضاف الیہ مجرور۔مِّن:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔ مَا:(کہ)مصدریہ۔ تَبَيَّنَ:(وہ بیان کرتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید۔تفعل۔صیغہ تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ۔مصدر۔ تَبَيُّنًا(بیان کرنا) لَ:(لئے)حرف جار۔هُمُ:(وہ ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الْحَقُّ :(حق۔سچ)فاعل مرفوع۔فَ:(پس)فصیحت۔یعنی تفسیری۔اعْفُواْ:(معاف کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واوٴ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ف و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَفَا يَعْفُو۔مصدر۔عَفْوًا۔(معاف کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اصْفَحُواْ:(درگزر کرو)معطوف ۔فعل امر جمع مذکر حاضر۔واوٴ جمع الف فارقہ۔

ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ص ف ح)صیغہ۔صَفَحَ یَصْفَحُ۔مصدر۔صَفْحًا(درگزر کرنا)۔ حَتّٰی :(یہاں تک کہ)حرف غائب۔ بعدہٗ اَنْ مضمر ہے۔ناصب مضارع۔یَأْتِيَ:(وہ لائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت بر محل اعراب۔فتحہ۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اَتْیَانٌ(آنا)۔اگر اس کے بعد حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ بِ:(سے۔ساتھ۔)حرف جار۔أَمْرِ:(حکم)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(وہ۔اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔حرف مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ : (اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔عَلَیٰ:(اوپر۔پر)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر)ظرف ۔اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ:(شے کا۔)مجرور مضاف الیہ۔ قَدِيرٌ:(اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا ہے)ان کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:بہت سے اہل کتاب اپنے دل کی جلن سے یہ چاہتے ہیں کہ ایمان لاچکنے کے بعد تم کو پھر کافر بنادیں۔ حالانکہ ان پر حق ظاہر ہو چکا ہے۔تو تم معاف کردو اور درگزر کرو۔یہاں تک کہ اللہ اپنا(دوسرا) حکم بھیجے۔بے شک اللہ ہر بات پر قادر ہے۔

110:2 وَأَقِيمُواْ الصَّلاَةَ وَآتُواْ الزَّكَاةَ وَمَا تُقَدِّمُواْ لأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللّهِ إِنَّ اللّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

وَ:(اور)حرف عطف۔أَقِيمُواْ:(قائم کرو،کھڑی کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید۔باب افعال۔ اَقَامَ یُقِیْمُ۔مصدر۔اِقَامَةٌ(کھڑے ہونا۔قائم کرنا) ۔باب نصر۔مادہ(ق و م)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَامَ یَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا(کھڑا کرنا) الصَّلاَةَ :(صلوٰۃ)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔آتُواْ :(تم دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ(ادا کرنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔

مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا)۔الزَّکَاۃَ :(زکوٰۃ)منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم شرط۔ جازم مضارع۔ تُقَدِّمُوا:(تم آگے بھیجتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔باب تفعیل۔صیغہ تَقَدَّمَ یُتَقَدِّمُ۔مصدر۔تَقْدِیْمٌ(آگے بھیجنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق د م)صیغہ قَدَمَ یَقْدُمُ۔مصدر۔قَدْمًا۔قُدُوْمًا(آگے بڑھنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔أَنْفُسِ: (جانوں۔نفسوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔کُم :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ : (سے)حرف جار۔خَیْرٍ :(بہتری۔ نیکی۔ بھلائی)اسم مجرور۔ تَجِدُو:(تم پاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔جواب شرط۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ہُ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔عِنْدَ :(پاس)ظرف مکان۔ مضاف۔اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً۔بے شک) اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا: (جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُونَ :(تم جانتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)عَمِلَ یَعْمَلُ۔مصدر۔عَمْلًا(عمل کرنا۔ کام کرنا)خبراِنَّ کی۔مرفوع۔بَصِیرٌ:(خوب دیکھنے والا)ان کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور نماز ادا کرتے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو۔اور جو بھلائی اپنے لیے آگے بھیج رکھو گے،اس کو اللہ کے ہاں پالوگے۔کچھ شک نہیں کہ اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

111:2 وَقَالُواْ لَن يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلاَّ مَن كَانَ هُوداً أَوْ نَصَارَى تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ قُلْ هَاتُواْ بُرْهَانَكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔قَالُوا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فاقہ۔ لَن :(ہرگز نہیں)نفی مؤکد بلن ناصب مستقبل مضارع۔یَدْخُلَ:(وہ داخل ہوگا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔

منصوب بسبب لَنۡ حرف ناصبہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔ دَخَلَ يَدۡخُلُ۔مصدر۔دُخُوۡلٌ۔ مُدۡخَلًا۔(اندر داخل ہونا)۔ الۡجَنَّةَ :(جنت۔باغ)منصوب ۔ مفعول بہٖ۔إِلاَّ :(مگر)حرف حصر۔مَنۡ:(جو) اسم موصول۔ كَانَ :(ہوا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناسب خبر۔هُوداً:(یہودی)منصوب۔كَانَ کی خبر۔ أَوۡ :(یا)حرف عطف۔نَصَارَى:(نصرانی۔عیسائی)معطوف۔ منصوب۔ كَانَ کی خبر ثانی۔ تِلۡكَ :(وہ۔یہ) اسم اشارہ واحد مؤنث۔مبتداء۔أَمَانِيُّ:(تمنائیں۔خواہشات۔خام خیالیاں ۔احمقوں کی سی باتیں۔جمع)خبر مرفوع۔مضاف۔هُمۡ :(وہ۔ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔قُلۡ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا)۔ هَاتُوا:(تم لاؤ)اسم فعل بمعنی۔فعل امر جمع مذکر حاضر۔اس کی اصل۔ آتُوۡا۔ تھی۔همزه کو ه سے بدل کر۔هَاتُوۡا۔بنایا گیا ہے۔ بُرۡهَانَ:(واضح دلیل۔مکمل ثبوت)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔كُمۡ:(تم۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنۡ :(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔كُنتُمۡ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا) صَادِقِينَ:(سچے۔جمع)كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور(یہودی اور عیسائی) کہتے ہیں کہ یہودیوں اور عیسائیوں کے سوا کوئی بہشت میں نہیں جانے کا۔یہ ان لوگوں کے خیالاتِ باطل ہیں۔(اے پیغمبر ان سے) کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو دلیل پیش کرو۔

112:2 بَلَى مَنۡ أَسۡلَمَ وَجۡهَهُ لِلّهِ وَهُوَ مُحۡسِنٌ فَلَهُ أَجۡرُهُ عِندَ رَبِّهِ وَلاَ خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلاَ هُمۡ يَحۡزَنُونَ

بَلَى :(ہاں)حرف ایجاب ۔کیوں نہیں۔مَنۡ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔ أَسۡلَمَ:(وہ جھکا دے۔حوالے کر دے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَسۡلَمَ يُسۡلِمُ۔مصدر۔ اسلام۔(فرمان

برداری کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ل م)سَلِمَ یَسْلَمُ۔مصدر۔سَلَامًا۔سَلَامَةٌ(وہ محفوظ ہوا)
وَجْهَ:(چہرہ)مفعول بہ منصوب۔مضاف۔هُ:(وہ۔اپنا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِلّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)حرف جار+اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبتداء۔ مُحْسِنٌ :(احسان کرنے والا)اسم فاعل۔خبر مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أَجْرُ:(بدلہ۔اجر)۔مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔هُ :(وہ۔اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔مضاف۔ رَبِّ:(پالنے والا)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ:(نہیں)لائے نافیہ۔ خَوْفٌ:(ڈر۔گھبراہٹ)مبتداء۔مرفوع۔ عَلَيْ:(اوپر۔پر)حرف جار۔هِمْ:(وہ اس)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ:(نہیں)نافیہ هُمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَحْزَنُونَ:(غم کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ز ن)حَزِنَ يَحْزَنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔(غمگین ہونا)۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:ہاں جو شخص اللہ کے آگے گردن جھکادے،(یعنی ایمان لے آئے) اوروہ نیکوکار بھی ہو تو اس کاصلہ اس کے پروردگار کے پاس ہے اور ایسے لوگوں کو(قیامت کے دن) نہ کسی طرح کاخوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔

113:2 وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصَارَى عَلَىٰ شَيْءٍ وَقَالَتِ النَّصَارَى لَيْسَتِ الْيَهُودُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ كَذَٰلِكَ قَالَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ فَاللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ

وَ:(اور)حرف استئنافیہ۔قَالَتِ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔سکون حذف کرکے کسرہ اگلے حرف سے ملانے کے لئے لگائی گئی ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔الْیَھُوْدُ:(یہودی۔جمع) لَیْسَتِ:(نہیں)فعل جامد۔فعل ماضی ناقص واحد مؤنث غائب۔ سکون حذف کرکے کسرہ اگلے حرف سے ملانے کے لئے لگائی گئی۔اس سے ثلاثی مجرد مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ناصب خبر۔النَّصَارٰی:(نصرانی کی جمع۔عیسائی)۔لَیْسَ کا اسم۔مرفوع۔ عَلٰی:(اوپر۔پر)حرف جار۔شَیْءٍ:(شئے)اسم مجرور۔وَ:(اور)قَالَتِ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔سکون حذف کرکے کسرہ اگلے حرف سے ملانے کے لئے لگائی گئی۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔النَّصَارٰی:(نصرانی کی جمع۔عیسائی) لَیْسَتِ:(نہیں)فعل جامد۔فعل ماضی ناقص واحد مؤنث غائب۔ سکون حذف کرکے کسرہ اگلے حرف سے ملانے کے لئے لگائی گئی۔اس سے ثلاثی مجرد مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ناصب خبر۔الْیَھُوْدُ)۔لَیْسَ کا اسم۔مرفوع۔ ۔لَیْسَ کا اسم۔مرفوع۔ عَلٰی:(اوپر۔پر)حرف جار۔شَیْءٍ:(شئے)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبتداء۔ یَتْلُوْنَ:(تلاوت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ل و)صیغہ تَلَا یَتْلُوْ۔مصدر۔تِلَاوَۃٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔الْکِتَابَ:(کتاب)ال تعریف۔منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔کَ:(تم۔تیری)حرف تشبیہ۔ضمیر وحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ذٰلِکَ:(وہ۔یہ) اسم اشارہ بعید۔(ذال۔اشارہ۔لام برائے بُعد۔کاف خطاب)(اسی طرح) قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ یَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔مِثْلَ:(مانند طرح)منصوب ۔مفعول بہ۔مضاف۔ قَوْلِ:(بات)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:

(وہ۔ ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مرفوع۔ مبتداء۔يَحْكُمُ:(فیصلہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م)صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ۔مصدر۔حَكْمًا۔(فیصلہ کرنا)خبر مرفوع۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔ الْقِيَامَةِ :(آخرت۔قیامت)مجرور۔مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔ كَانُواْ:(وہ کرتے تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ يَخْتَلِفُونَ:(اختلاف کرتے ہیں۔ مخالفت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ علامت نون اعرابی موجود۔ثلاثی مزید فیہ۔ افتعال۔صیغہ۔اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ ۔اِخْتِلَافًا۔(اختلاف کرنا)۔محلاً خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر۔خَلْفًا۔(کسی چیز کا خراب ہونا۔بدل جانا۔شوہر چشیدہ عورت سے شادی کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور یہودی کہتے ہیں کہ عیسائی رستے پر نہیں اور عیسائی کہتے ہیں کہ یہودی رستے پر نہیں۔ حالانکہ وہ کتاب(الٰہی) پڑھتے ہیں۔اسی طرح بالکل انہی کی سی بات وہ لوگ کہتے ہیں جو(کچھ) نہیں جانتے(یعنی مشرک) تو جس بات میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہے اللہ قیامت کے دن اس کا ان میں فیصلہ کر دے گا۔

114:2 وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّهِ أَن يُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ وَسَعَى فِي خَرَابِهَا أُوْلَـئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَن يَدْخُلُوهَا إِلاَّ خَآئِفِينَ لهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔مَنْ:(کون)اسم استفہام۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ أَظْلَمُ :(بہت بڑا ظالم)اسم تفضیل۔خبر مرفوع۔ مِمَّن:(جس نے)مرکب ہے :(مِنْ+مَنْ)حرف جار+اسم موصول۔ مَّنَعَ :(اس نے

روکا۔ منع کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(م ن ع)صیغہ۔مَنَعَ یَمْنَعَ۔مصدر۔ مَنْعًا۔(روکنا۔ منع کرنا)۔مَسَاجِدَ :(مسجد کی جمع)غیر منصرف۔ منصوب۔ مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔مضاف الیہ۔ أَنْ :(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یُذْكَرَ:(ذکر کیا جائے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ یَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا) فِي: (میں)حرف جار۔هَا:(وہ ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ اسْمُ:(نام)مضاف۔هُ : (وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔سَعَىٰ:(اس نے دوڑ لگائی۔کوشش کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔سَعٰی یَسْعٰی۔مصدر۔سَعْیٌ۔(دوڑنا۔ کوشش کرنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔خَرَابِ:(خرابی۔بربادی)اسم مجرور۔ مضاف۔هَا:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُولَـٰئِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔ مبتداء۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔كَانَ :(ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ن کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یَدْخُلُو:(اندرداخل ہوں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر ۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ خَآئِفِينَ:(خوفزدہ۔ڈرنے والے)فاعل۔منصوب۔ حال۔علامت۔ ی۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(وہ ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور اسم۔فِي : (میں)حرف جار۔الدُّنْيَا:(دنیا۔جہاں)غیر منصرف۔لفظاً ساکن۔محلاً مجرور اسم۔ خِزْيٌ :(رسوائی۔ ذلت) مبتداء مؤخر۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔

محلاً مجرور۔اسم۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الآخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔
عَذَابٌ:(بہت تکلیف۔عذاب)مبتداء مرفوع۔موصوف۔عَظِيمٌ:(بہت بڑی)مبالغہ۔صفت مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور اس سے بڑھ کر ظالم کون، جو اللہ کی مسجدوں میں اللہ کے نام کا ذکر کئے جانے کو منع کرے اور ان کی ویرانی میں ساعی ہو۔ان لوگوں کو کچھ حق نہیں کہ ان میں داخل ہوں، مگر ڈرتے ہوئے۔ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں بڑا عذاب۔

115:2 وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيمٌ

وَ:(اور)حرف استئنافیہ۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)حرف جار +اسم مجرور۔الْمَشْرِقُ: (مشرق)مبتداء۔ مؤخر۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَغْرِبُ:(مغرب)معطوف۔مرفوع۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ استئنافیہ۔أَيْنَمَا:(جہاں کہیں)مرکب:(أَيْنَ+مَا)استفہام شرطیہ+اسم موصول۔ :(کہاں۔ جو۔جہاں کہیں)۔تُوَلُّوا:(تم منہ پھیر لوگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ وَلّٰى يُتَوَلِّيْ۔مصدر۔وَلِّيًا۔(منہ موڑنا)۔ ثلاثی مجرد باب حسب۔مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی+ ناقص یائی۔صیغہ وَلِيَ يَلِيْ۔مصدر۔ وَلِيًا۔(منہ پھیرنا)۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔ثَمَّ:(وہیں۔اسی جگہ سے)اسم ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔خبر مقدم۔ وَجْهُ :(منہ۔چہرہ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔موصوف۔ اِنَّ کا اسم۔وَاسِعٌ : (وسیع کرنے والا۔)مرفوع۔خبر اِنَّ کی۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مرفوع۔اِنَّ کی خبر ثانی۔

ترجمہ آیت:اور مشرق اور مغرب سب اللہ ہی کا ہے۔تو جدھر تم رخ کرو۔ادھر اللہ کی ذات ہے۔بے شک اللہ صاحبِ وسعت اور باخبر ہے۔

116:2 وَقَالُوا اتَّخَذَ اللهُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ بَل لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ كُلٌّ لَّهُ قَانِتُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔قَالُواْ:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ:(ق و ل)صیغہ ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ اتَّخَذَ:(اس نے بنایا۔رکھا۔ پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتَّخَاذٌ۔(پکڑنا۔رکھنا۔بنانا)۔ اللهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ وَلَدًا:(بیٹا)منصوب۔مفعول بہٖ۔ سُبْحَانَ:(پاک ہے)غیر منصرف۔الف نون زائدتان۔ منصوب۔ مفعول مطلق۔ فعل محذوف۔ مضاف۔هُ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَل :(بلکہ)حرف اضراب۔لَّ:(لئے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔مَا :(جو)اسم موصول۔فِي :(میں ۔بیچ)حرف جار۔السَّمَاوَاتِ :(آسمان۔جمع)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الأَرْضِ:(زمین)معطوف۔مجرور۔ كُلٌّ :(ہر۔تمام)ظرف ۔مبتداء۔مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔قَانِتُونَ:(فرمان برداری کرنے والے۔اطاعت گزار۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور یہ لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ اللہ اولاد رکھتا ہے۔(نہیں) وہ پاک ہے،بلکہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے،سب اسی کا ہے اور سب اس کے فرماں بردار ہیں۔

117:2 بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَإِذَا قَضَى أَمْراً فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ

بَدِيعُ :(بے مثال پیدا کرنے والا۔موجد)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔مضاف۔السَّمَاوَاتِ :(آسمانوں کو۔جمع)مجرور ۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الأَرْضِ :(زمین)معطوف مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔إِذَا :(جب)ظرف زمان شرطیہ۔گزرے ہوئے زمانہ سے تعلق رکھتا ہے معنی مستقبل کا پیدا کرتا ہے۔قَضَى:(وہ فیصلہ کرتا ہے۔پورا ہوتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض

ی)ناقص یائی۔صیغہ۔قَضٰی یَقْضِیْ۔مصدر۔قَضَاءٌ۔(فیصلہ کرنا)۔ أَمْراً:(کسی کام۔معاملہ کا)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔برائے رابطہ۔إِنَّمَا:(صرف اور صرف۔)کافۃ مکفوفۃ۔ یَقُولُ:(کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ۔(ق و ل)صیغہ ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔کُنْ:(ہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا) فعل ناقص۔ ناصب خبر۔ فَ:(پس)حرف عطف۔استئنافیہ۔یَکُونُ:(ہو جاتا ہے۔یعنی ہونا شروع ہوجاتا ہے۔پورے پراسس کے ساتھ)۔فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ک ون)اجوف واوی۔صیغہ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا) فعل ناقص۔ ناصب خبر۔

ترجمہ آیت:(وہی) آسمانوں اورزمین کا پیدا کرنے والا ہے۔جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو اس کو ارشاد فرمادیتا ہے کہ ہوجا تو وہ ہوجاتا ہے۔

118:2 وَقَالَ الَّذِينَ لاَ يَعْلَمُونَ لَوْلاَ يُكَلِّمُنَا اللّهُ أَوْ تَأْتِينَا آيَةٌ كَذَلِكَ قَالَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِم مِّثْلَ قَوْلِهِمْ تَشَابَهَتْ قُلُوبُهُمْ قَدْ بَيَّنَّا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ

وَ:(اور)قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ۔(ق و ل)صیغہ ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔لاَ:(نہیں)لائے نافیہ۔ يَعْلَمُونَ :(وہ جانتے ہیں)۔فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔لَوْ:(اگر)حرف شرط غیر عام۔لاَ :(نہیں)لائے نافیہ۔ يُكَلِّمُ:(بات کی جاتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَلَّمَ یُکَلِّمُ۔ مصدر۔ تَکْلِیْمًا۔(بات ہونا۔کلام کرنا)۔نَا:(ہم سے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔

اللّٰہُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ تَأْتِي:(تو آتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔ اَتٰی یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیانٌ۔(آنا)۔نَا:(ہمارے پاس۔)ضمیر جمع متکلم۔آیَۃٌ:(آیت۔نشانی)۔ کَذَلِكَ:(اسی طرح)مرکب ہے۔ ((كَ:(مانند)حرف تشبیہ۔ذَ:(وہ)اسم اشارۃ۔لِ:(دوری کے لئے)۔كَ :(حرف خطاب۔))قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ۔(ق و ل)صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ مِن:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)اسم مجرور۔ظرف زمان۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِّثْلَ:(مانند۔طرح)منصوب ۔مفعول۔ بہٖ، قَوْلِ:(بات)مضاف الیہ۔مجرور۔مضاف ۔:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ۔(ق و ل)صیغہ ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔هِمْ:()ضمیر جمع مذکر غائب۔مجرور۔مضاف الیہ۔ تَشَابَهَتْ:(مشابہ ہوگئے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔صیغہ تَشَابَہ یَتَشَابَہُ۔مصدر۔تَشَابُہٌ۔(مشابہ ہونا۔ایک ہی طرح کا ہونا۔) قُلُوبُ:(دل۔جمع)مضاف۔هُمْ :(وہ ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور ۔مضاف الیہ۔ قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔بَیَّنَّا :(ہم نے بیان کیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بین یبین۔مصدر۔ تَبْیِیْنٌ ۔(کھول کھول کر بیان کرنا۔ وضاحت سے بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ی ن)اجوف واوی۔صیغہ بَانَ یَبَیْنُ مصدر۔ بَیَانًا۔تِبْیَانًا۔(ظاہر کرنا۔کھول کر بیان کرنا) (الآیَاتِ:(آیات۔جمع)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً مفعول بہٖ۔منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ :(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔یُوقِنُونَ:(یقین کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَیْقَنَ یُوْقِنُ۔مصدر۔اِیْقَانًا۔(یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ی ق ن)مثال یائی۔صیغہ۔ یَقِنَ یَیْقَنُ۔ مصدر۔یَقْنًا۔یَقِیْنًا۔(یقین کرنا)

ترجمہ آیت:اور جو لوگ (کچھ) نہیں جانتے (یعنی مشرک) وہ کہتے ہیں کہ اللہ ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا۔ یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی۔ اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے، وہ بھی انہی کی سی باتیں کیا کرتے تھے۔ ان لوگوں کے دل آپس میں ملتے جلتے ہیں۔ جو لوگ صاحبِ یقین ہیں، ان کے (سمجھانے کے) لیے نشانیاں بیان کر دی ہیں۔

119:2 إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلاَ تُسْأَلُ عَنْ أَصْحَابِ الْجَحِيمِ

إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم۔منصوب۔ أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔مصدر۔ اِرْسَالًا۔(بھیجنا)۔كَ:(تم کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ : (حق۔سچائی کے)۔بَشِيرًا :(خوشخبری دینے والا)حال منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَذِيرًا:(آگاہ کرنے والا)معطوف۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لاَ:(نہیں)لائے نافیہ۔ تُسْأَلُ:(تو سوال کرتا ہے) فعل مضارع مجہول واحد مذکر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ ماضی مجہول۔سُئِلَ یُسْئَلُ۔سَؤَالًا۔(سوال کرنا)۔صیغہ معروف۔سَئَلَ یَسْئَلُ۔مصدر۔سَؤَالًا۔(سوال کرنا)۔ عَنْ: (سے۔ کے بارے میں)حرف جار۔ أَصْحَابِ:(والے۔ساتھی)اسم مجرور۔مضاف۔ الْجَحِيمِ : (دوزخ۔ جہنم) مضاف الیہ۔مجرور۔

ترجمہ آیت:(اے محمد ﷺ) ہم نے تم کو سچائی کے ساتھ خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اور اہل دوزخ کے بارے میں تم سے کچھ پرسش نہیں ہو گی۔

120:2 وَلَن تَرْضَى عَنكَ الْيَهُودُ وَلاَ النَّصَارَى حَتَّى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ قُلْ إِنَّ هُدَى اللّهِ هُوَ الْهُدَى وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءهُم بَعْدَ الَّذِي جَاءكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّهِ مِن وَلِيٍّ وَلاَ نَصِيرٍ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَن:(ہر گز نہیں)ناصب مضارع۔موء کد بلن۔ مستقبل کے لئے خاص۔تَرْضٰی :(رضامند کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ر ض و)صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰى۔ مصدر۔رِضًا۔(راضی ہونا)۔عَن:(سے۔بارے میں)حرف جار۔كَ :(تیرے۔تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔الْيَهُودُ:(یہودی)فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ :(ن ہی)لائے نافیہ۔ النَّصَارَى:(نصرانی۔عیسائی)معطوف مرفوع۔ حَتّٰى :(یہاں تک)حرف غایت۔بعدہ اَنْ مضمر ناصب مضارع۔تَتَّبِعَ:(تو پیروی کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت بر محل اعراب فتحہ۔ مِلَّتَ: (قوم۔لوگ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر غائب۔بسبب التقائے ساکنین واوٗ حرف علت محذوف۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا(کہنا)۔ اِنَّ :(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُدَى:(ہدایت۔راہنمائی)تقدیراً مضموم۔مصدر۔اِنَّ کا اسم۔منصوب۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔الْهُدَى:(ہدایت)اِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔+ئِنِ:(اب)(اصلاً۔لَئِنْ)اِنْ۔ حرف شرط۔جازم مضارع۔ اتَّبَعْتَ :(تو پیروی کرے)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔أَهْوَاءَ:(خواہشات۔جمع)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُم : (وہ۔ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَعْدَ :(بعد۔دور)ظرف زمان۔منصوب۔الَّذِي : (جو)اسم موصول واحد مذکر۔جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ج ی ء) اجوف واوی۔مہموز اللام۔ صیغہ جَاءَ يَجِيْءُ۔ مصدر۔ جِيْءٌ۔ جِيْئَةٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا) جِئْ فعل امر واحد مذکر حاضر۔كَ :(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور منصوب مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔ الْعِلْمِ :(علم۔سائنس۔)اسم مجرور۔مَا :(جو)اسم موصول۔لَ:(لئے)حرف

جار۔كَ :(تم۔تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور اسم۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ وَلِيٍّ:(دوست۔ساتھی۔سرپرست)اسم مجرور۔مبتداء مؤخر مجرور۔محلاً مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ :(نہ ہی)لائے نافیہ۔نَصِيرٍ :(مددگار)معطوف۔مجرور۔

ترجمہ آیت:اور تم سے نہ تو یہودی کبھی خوش ہوں گے اور نہ عیسائی، یہاں تک کہ تم ان کے مذہب کی پیروی اختیار کرلو۔(ان سے) کہہ دو کہ اللہ کی ہدایت (یعنی دین اسلام) ہی ہدایت ہے۔اور (اے پیغمبر) اگر تم اپنے پاس علم(یعنی وحی اللہ) کے آجانے پر بھی ان کی خواہشوں پر چلوگے تو تم کو(عذاب) اللہ سے(بچانے والا) نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار۔

121:2 الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَتْلُونَهُ حَقَّ تِلاَوَتِهِ أُوْلَـئِكَ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَمن يَكْفُرْ بِهِ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ

الَّذِينَ:(وہ جنہوں کو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔ آتَيْنَا:(ہم نے دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔هُمُ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ الْكِتَابَ:(کتاب)ال تعریف۔مفعول ثانی۔منصوب۔ يَتْلُونَ:(وہ پڑھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ل و) صیغہ تَلَا يَتْلُو۔مصدر۔تِلَاوَةٌ۔(سمجھ کے پڑھنا)۔ هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ حَقَّ :(سچ)نائب۔مفعول مطلق۔منصوب۔مضاف۔تِلاَوَتِ:(تلاوت)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أُوْلَئِكَ :(وہ۔وہی)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر۔ يُؤْمِنُونَ:(ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اٰمَنَ

يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اٰمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔مَنْ :(جو)اسم موصول۔اسم شرط۔ جازم مضارع۔ يَكْفُرْ :(وہ کفر کرتا ہے۔انکار کرتا ہے)۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک ف ر) صیغہ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(انکار کرنا۔کفر کرنا)۔بِ:(ساتھ۔کا)حرف جار۔هِ:(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔أُولَـٰئِكَ :(وہی)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر۔ مبتداء۔هُمُ :(وہ)ضمیر منفصل۔الْخَاسِرُونَ:(گھاٹا کھانے والے)فاعل ۔خبر مرفوع۔محلاً مجزوم۔جواب شرط۔

ترجمہ آیت:جن لوگوں کو ہم نے کتاب عنایت کی ہے،وہ اس کو(ایسا) پڑھتے ہیں جیسا اس کے پڑھنے کا حق ہے۔ یہی لوگ اس پر ایمان رکھنے والے ہیں،اور جو اس کو نہیں مانتے،وہ خسارہ پانے والے ہیں۔

122:2 يَابَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ

يَا :(اے)حرف نداء۔بَنِي :(بیٹو)اصلاً۔بَنِيْنَ۔ تھا۔ مضاف کی وجہ سے نون جمع محذوف ہوا۔إِسْرَائِيلَ: (اسرائیل)غیر منصرف۔عجمہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ اذْكُرُوا:(یاد کرو)فعل امر جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(ذکر کرنا۔یاد کرنا) نِعْمَتِ:(نعمت۔انعام۔ عطا کردہ چیزیں)منصوب مفعول بہ۔لفظاً مکسور۔بسبب ما بعد ضمیر واحد متکلم۔مضاف۔يَ :(میری)ضمیر واحد متکلم۔ساکن۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔فتحہ برائے اتصال مابعد لگائی گئی۔الَّتِي :(جو)اسم موصول واحد مؤنث۔ أَنْعَمْتُ :(میں نعمت دی)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید باب افعال۔صیغہ۔ اَنْعَمَ يُنْعِمُ۔مصدر۔ اِنْعَامًا۔(انعام)۔عَلَيْ:(اوپر۔پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)أَنِّي :

(بے شک میں نے)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم + جمع یائے متکلم۔محلاً منصوب۔اسم اَنَّ کا۔ فَضَّلْتُ: (میں نے فضیلت دی)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔فَضَّلَ يُفَضِّلُ۔ مصدر۔تَفْضِيْلًا ۔(فضیلت دینا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔کرم۔ سمع۔مادہ(ف ض ل)فَضِلَ(فَضَلَ) يَفْضَلُ (يَفْضُلُ)۔مصدر۔فَضْلاً۔:(رحمت کرنا۔ فضل کرنا)كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَلَى:(اوپر۔پر)حرف جار۔ الْعَالَمِينَ:(جہانوں۔جمع)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اے بنی اسرائیل ! میرے وہ احسان یاد کرو، جو میں نے تم پر کئے اور یہ کہ میں نے تم کو اہلِ عالم پر فضیلت بخشی۔

123:2 وَاتَّقُواْ يَوْماً لاَّ تَجْزِي نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئاً وَلاَ يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلاَ تَنفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَلاَ هُمْ يُنصَرُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّقُواْ:(ڈرو۔پرہیز کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔باب افتعال۔صیغہ اِتَّقٰى يَتَّقِىْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ(ڈرنا۔پرہیز کرنا)ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰى يَقِىْ۔مصدر۔وَقْيًا۔وِقَايَةٌ۔(ڈرنا۔بچنا)۔يَوْماً:(دن)مفعول بہٖ منصوب۔لَّا:(نہیں) لائے نافیہ۔ تَجْزِي:(بدلہ دے گا۔کام آئے گا)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ضمہ تقدیراً۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)جَزٰى يَجْزِىْ۔مصدر۔جَزَاءٌ۔(بدلہ۔فائدہ دینا)۔ نَفْسٌ :(کوئی جان)فاعل۔مرفوع۔عَنْ :(سے۔ کے متعلق)حرف جار۔نَّفْسٍ:(جان۔ نفس)اسم مجرور۔شَيْئاً :(کوئی چیز)منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لاَ :(نہیں)لائے نافیہ۔يُقْبَلُ :(قبول کی جائے گی)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر، فتح، سمع۔ مادہ(ق ب ل)صیغہ قَبَلَ يَقْبَلُ۔مصدر۔قُبُوْلًا۔(قبول کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ عَدْلٌ:(عدل۔بدلہ ۔معاوضہ۔رشوت)نائب

فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ تَنفَعُ:(فائدہ دے گی۔ نفع دے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ف ع)صیغہ ۔نَفَعَ یَنْفَعُ۔مصدر۔نَفْعًا۔(فائدہ دینا)۔هَا:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ شَفَاعَةٌ:(شفاعت۔سفارش)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ ہی)لائے نافیہ۔هُمْ :(وہ۔ ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ مبتداء۔يُنصَرُونَ:(ان کو مدد دی جائے گی) فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ نَصَرَ یَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)

ترجمہ آیت:اور اس دن سے ڈرو جب کوئی شخص کسی شخص کے کچھ کام نہ آئے،اور نہ اس سے بدلہ قبول کیا جائے اور نہ اس کو کسی کی سفارش کچھ فائدہ دے اور نہ لوگوں کو(کسی اور طرح کی) مدد مل سکے۔

124:2 وَإِذِ ابْتَلَى إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ فَأَتَمَّهُنَّ قَالَ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا قَالَ وَمِن ذُرِّيَّتِي قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔إِذِ :(جب)ظرف۔ماضی کے لئے۔ابْتَلَى :(آزمائش میں ڈالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب افعال۔صیغہ اِبْتَلٰی یَبْتَلِیْ۔مصدر۔اِبْتِلَاءٌ۔(مصیبت میں ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ب ل و۔ ب ل ی)ناقص واوی۔یائی۔صیغہ۔ بَلَا یَبْلُو۔مصدر۔بَلْوًا۔بَلَاءً۔(مصیبت میں پڑنا)

إِبْرَاهِيمَ:(ابرہیمؑ کو)غیر منصرف۔مفعول بہ منصوب۔ رَبُّ:(پالنے والے نے)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ هُ :(وہ ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ۔ سے)حرف جار۔كَلِمَاتٍ:(قوانین۔باتوں)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَتَمَّ :(اس نے مکمل کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب افعال۔صیغہ ۔اَتَمَّ یُتِمُّ۔مصدر۔اِتْمَامًا۔(پورا کرنا)۔هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ت م م)مضاعف۔صیغہ۔ تَمَّ یَتِمَّ۔مصدر۔ تَمًّا۔

تَمَامًا۔(پورا کرنا)۔ قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔إِنِّ:(یقیناً۔بے شک) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔يْ :(میں) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم اِنَّ کا۔ منصوب۔جَاعِلُ:(بنانے والا ہوں) فاعل۔مرفوع۔خبر۔كَ :(تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔لِ:(لئے) حرف جار۔ لنَّاسِ:(لوگوں کے) اسم مجرور۔ إِمَامًا:(پیشوا۔امام) مفعول بہٖ منصوب۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مِنْ:(سے) حرف جر۔تبعیضیہ۔ ذُرِّيَّتِ:(اولاد۔بچوں سے کچھ) اصلاً۔ ذُرِّيَّةِ۔اسم مجرور۔تائے مبسوط لگائی گئی تاکہ مابعد سے اتصال کیا جائے۔مضاف۔يْ:(میری۔اپنی) ضمیر واحد متکلم مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ لَا:(نہیں) لائے نافیہ۔ يَنَالُ :(پہنچے گا۔پائے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ن ی ل) نَالَ يَنَالُ۔مصدر۔نَيْلًا۔(پہنچنا۔پانا)۔عَهْدِ:(عہد۔وعدہ)۔ مضاف۔يْ:(میرا) ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ الظَّالِمِينَ:(اندھیر مچانے والوں کو) مفعول بہٖ۔ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور جب پروردگار نے چند باتوں میں ابراہیم کی آزمائش کی تو ان میں پورے اترے۔اللہ نے کہا کہ میں تم کو لوگوں کا پیشوا بناؤں گا۔انہوں نے کہا کہ (پروردگار) میری اولاد میں سے بھی (پیشوا بنائیو)۔اللہ نے فرمایا کہ ہمارا اقرار ظالموں کے لیے نہیں ہوا کرتا۔

125:2 وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْناً وَاتَّخِذُواْ مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَا إِلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ

وَ:(اور)حرف عطف ۔استئنافیہ۔إِذْ :(جب)ظرف۔ماضی کے لئے۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ الْبَيْتَ:(مخصوص گھر کو)ال تعریف۔مفعول بہ۔منصوب۔ مَثَابَةً:(آنے جانے والوں کو۔لوٹنے کی جگہ)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہ۔ثانی۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔لنَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)أَمْناً :(امن۔حفاظت) مصدر۔وَ:(اور)اتَّخِذُوا:(تم سب بنالو۔پکڑلو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔باب افتعال۔صیغہ اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(بنانا۔پکڑنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔مَّقَامِ:(مقام۔کھڑے ہونے کی جگہ)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مضاف۔ إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ کی)غیر منصرف۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ مُصَلًّى:(جائے صلوٰۃ)ظرف مکان۔صلوٰۃ قائم کرنے کی جگہ۔ منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَهِدْنَا:(ہم نے عہد کیا۔ وعدہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ(ع ھ د)صیغہ ۔عَهِدَ يَعْهَدُ۔مصدر۔عَهْدًا۔(وعدہ۔عہد)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ إِبْرَاهِيمَ :(ابراہیمؑ کی)غیر منصرف۔عجمہ۔محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِسْمَاعِيلَ:(اسمٰعیلؑ کی)غیر منصرف۔عجمہ۔معطوف مجرور۔ أَنْ :(یہ کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔طَهِّرَا :(دونوں پاک رکھو)فعل امر تثنیہ مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف ہوا۔الف علامتِ تثنیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔طَهَّرَ يَطَهِّرُ۔مصدر۔تَطْهِيْرًا۔(پاک کرنا۔ پاک رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔کرم۔مادہ(ط ھ ر)صیغہ۔طَهَرَ يَطْهَرُ۔طُهْرًا۔کطَهَارَةٌ۔(پاک کرنا۔صاف رکھنا)۔ بَيْتِ:(گھر کو)مفعول بہ ۔منصوب۔ لفظاً مکسور برائے اتصال ما بعد۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔لطَّائِفِينَ:(طواف کرنے والوں کے لئے۔آنے جانے والے گروہوں کے۔واحد طَائِفٌ)فاعل۔اسم مجرور وَ:(اور)حرف عطف۔الْعَاكِفِينَ:(اعتکاف کرنے والے۔سنوارنے والے۔واحد عَاكِفٌ)فاعل جمع۔معطوف۔مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الرُّكَّعِ :(رکوع

کرنے والے۔بت پرستی ترک کرنے والے۔واحد۔رَاكِعٌ)فاعل۔جمع۔معطوف مجرو۔السُّجُودِ:(سجدہ کرنے والے۔اطاعت قبول کرنے والے۔واحد سَاجِدٌ۔)فاعل مرفوع جمع۔

ترجمہ آیت:اور جب ہم نے خانۂ کعبہ کو لوگوں کے لیے جمع ہونے اور امن پانے کی جگہ مقرر کیا اور(حکم دیا کہ) جس مقام پر ابراہیم کھڑے ہوئے تھے،اس کو نماز کی جگہ بنالو۔اور ابراہیم اور اسمٰعیل کو کہا کہ طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں اور سجدہ کرنے والوں کے لیے میرے گھر کو پاک صاف رکھا کرو۔

126:2 وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَذَا بَلَدًا آمِنًا وَارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ آمَنَ مِنْهُم بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ قَالَ وَمَن كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلاً ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلَى عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔إِذْ :(جب)ماضی کے بارے میں۔قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔إِبْرَاهِيمُ :(ابراہیمؑ نے)فاعل۔رَبِّ :(اے میرے رب)منادیٰ۔حرف نداء محذوف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔مضاف۔یائے متکلم محذوف۔کسرہ بعوض یائے متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اجْعَلْ :(توبنا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت سکون بر محل اعراب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔هَذَا: (یہ۔اس)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔بَلَدًا:(شہر کو)مشارٌ الیہ۔منصوب مفعول بہ۔موصوف۔آمِنًا :(امن والا)فاعل۔واحد مذکر۔صفت۔منصوب۔ تابع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ارْزُقْ: (ضروریات و آسائشاتِ زندگی)۔معطوف۔فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رزق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقًا۔(رزق دینا)۔أَهْلَ:(رہنے والے۔لوگ۔نسل)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُ: (وہ ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الثَّمَرَاتِ:

(پھل۔فوائد)اسم مجرور۔ مَنْ :(جو)اسم موصول۔آمَنَ:(وہ ایمان لایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا) مِنْ:(سے)حرف جار۔هُم : (وہ۔اس)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ۔پر)اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)۔حرف عطف الْيَوْمِ:(آج)ظرف زمان۔معطوف۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔اور موصوف بھی الآخِرِ :(آخرت۔قیامت)مجرور۔مضاف الیہ۔اور صفت بھی۔تابع۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف ۔ مَن :(جو۔جس نے اسم موصول۔کَفَرَ:(اس نے انکار کیا۔کفر کیا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر) کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا) فَ:(پس۔تو۔پھر)حرف عطف۔أُمَتِّعُ:(فائدہ اٹھایا گیا)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد باب تفعیل۔صیغہ مَتَّعَ یُمَتِّعُ۔مصدر۔تَمْتِیْعٌ۔(فائدہ اٹھانا)۔ہٗ :(وہ۔اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔قَلِيلاً :(تھوڑا سا)صفت مشبہ۔ قِلَّةٌ۔مصدر۔ثُمَّ: (پھر)حرف عطف۔أَضْطَرُّ:(میں مضطرب ہوا۔مجبور ہوا۔بے قرار ہوا)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِضْطَرَّ یَضْطَرُّ۔مصدر۔اِضْطِرَارٌ۔(مجبور کرنا۔مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ہٗ:(وہ۔ اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ إِلَى :(طرف)حرف جار۔عَذَابِ:(بہت سخت دکھ۔ تکلیف۔)اسم مجرور۔مضاف۔ النَّارِ:(آگ)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بِئْسَ:(برا)حرف ذم۔جامد ہے۔اس کی تصریف نہیں ہوتی۔ الْمَصِيرُ:(لوٹنے کی جگہ۔ٹھکانہ۔)اسم ظرف۔مصدر۔صَيْرٌ۔

ترجمہ آیت:اور جب ابراہیم نے دعا کی کہ اے پروردگار، اس جگہ کو امن کا شہر بنا اور اس کے رہنے والوں میں سے جو اللہ پر اور روزِ آخرت پر ایمان لائیں، ان کے کھانے کو میوے عطا کر، تو اللہ نے فرمایا کہ جو کافر ہوگا، میں اس کو

بھی کسی قدر متمتع کروں گا، (مگر) پھر اس کو (عذاب) دوزخ کے (بھگتنے کے) لیے ناچار کردوں گا، اور وہ بری جگہ ہے۔

127:2 وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

وَ:(اور) حرف عطف۔استئنافیہ۔إِذْ :(جب) ظرف۔ماضی کے لئے۔يَرْفَعُ:(وہ اٹھاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ر ف ع) رَفَعَ يَرْفَعُ۔مصدر۔رَفْعًا۔(بلند کرنا۔ اٹھانا)۔ إِبْرَاهِيمُ : (ابراہیمؑ) فاعل۔مرفوع۔الْقَوَاعِدَ:(بنیادیں) منصوب۔مفعول بہٖ مِنَ:(سے۔) الْبَيْتِ :(خاص گھر کی) ال لام تعریف۔اسم مجرور۔وَ:(اور) حرف عطف۔إِسْمَاعِيلُ:(اسمٰعیلؑ) معطوف مرفوع۔ رَبَّ:(پالنے والا) منادیٰ۔ حرف نداء محذوف۔مضاف ہونے کے باعث منصوب ہے۔نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ تَقَبَّلْ :(تو قبول کرلے) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَقَبَّلَ يَتَقَبَّلُ۔مصدر۔تَقَبُّلًا۔(قبول کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔قَبِلَ يَقْبَلُ۔قَبُوْلًا۔ قُبُوْلًا (قبول کرنا) مِنَّا:(ہم سے) مرکب :(مِنْ+نَّا) حرف جار + ضمیر جمع متکلم۔جار مجرور۔إِنَّ:(یقینا۔بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ :(تو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اِنَّ کا اسم۔أَنتَ :(تو) ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔السَّمِيعُ :(خوب سننے والا) مبالغہ۔خبر اِنَّ کی۔مرفوع۔الْعَلِيمُ:(خوب جاننے والا) مبالغہ۔خبر ثانی اِنَّ کی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جب ابراہیم اور اسمٰعیل بیت اللہ کی بنیادیں اونچی کررہے تھے (تو دعا کئے جاتے تھے کہ) اے پروردگار، ہم سے یہ خدمت قبول فرما۔بے شک تو سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔

128:2 رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَآ إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

رَبَّ:(پالنے والا) منادیٰ۔ حرف نداء محذوف۔ مضاف ہونے کے باعث منصوب ہے۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اجْعَلْ:(تو بنا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا (بنانا)۔نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ بہ۔مُسْلِمَيْنِ:(دونوں کو اسلام پر قائم رہنے والے۔فرمانبرداری کرنے والے)تثنیہ۔ منصوب۔ مفعول ثانی۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ :(تیرے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے) حرف جار۔ ذُرِّيَّتِ:(اولاد۔بچوں کو۔نسل کو)اسم مجرور۔ مفعول بہ۔مضاف۔نَا:(ہم۔ہماری)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُمَّةً :(امت۔گروہ۔قوم)مفعول بہ منصوب۔موصوف۔مُّسْلِمَةً:(فرمان بردار۔اسلام پر چلنے والی)صفت ۔منصوب۔تابع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تو۔تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور اسم۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَرِ:(تو دکھا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ أَرٰى يُرِىْ۔مصدر۔اِرَاءَةً۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین+ناقص یائی۔صیغہ رَءَىَ يَرٰى۔مصدر۔ رَءْ۔رُؤْيَةً۔(دکھانا)نَا :(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مَنَاسِكَ: (طور۔طریقے۔عبادت کے)مفعول بہ ثانی۔منصوب۔نَا :(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تُبْ:(توبہ قبول کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ بسبب التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف ہوا۔دعائیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)صیغہ۔تاب يتوب۔توبۃ۔(توبہ کرنا۔لوٹنا) عَلَيْ:(پر) حرف جار۔نَآ :(ہم)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔إِنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ :(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاًاسم اِنَّ کا۔أَنتَ :(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔التَّوَّابُ :(زبردست توبہ قبول کرنے والا)مبالغہ۔فاعل۔خبر اِنَّ کی۔مرفوع۔(اگر بعد میں الیٰ ہو تو توبہ کرنے کے ہوتے

ہیں۔اگر بعد عَلٰی آجائے تو توبہ قبول کرنے کے ہوں گے۔توجہ فرمانا ہوتے ہیں۔الرَّحِيمُ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔فاعل۔خبر ثانی اِنَّ کی۔

ترجمہ آیت:اے پروردگار،ہم کو اپنا فرمانبردار بنائے رکھیو۔اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک گروہ کو اپنا مطیع بنائے رہیو،اور(پروردگار) ہمیں طریق عبادت بتا اور ہمارے حال پر(رحم کے ساتھ) توجہ فرما۔بے شک تو توجہ فرمانے والا مہربان ہے۔

129:2 رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولاً مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنتَ العَزِيزُ الحَكِيمُ

رَبَّ:(پالنے والا)منادیٰ منصوب۔حرف نداء محذوف۔مضاف۔نَا:(ہم۔ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ابْعَثْ:(بنا۔پیدا کر۔بھیج)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(بھیجنا۔پیدا کرنا۔) فِي:(میں۔بیچ)حرف جار۔هِمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ رَسُولاً:(کوئی رسول۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔يَتْلُو:(وہ تلاوت کرتا ہے۔کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ل و)صیغہ۔تَلَا يَتْلُو۔مصدر۔تِلَاوَةً۔(تلاوت کرنا۔پڑھنا) عَلَيَ:(اوپر۔پر)حرف جار۔هِمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ آيَاتِ:(آیات۔نشانیاں)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہٖ۔تائے مبسوط فتحہ قبول نہیں کرتی۔مضاف۔كَ:(تو۔تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عط۔يُعَلِّمُ:(سکھائے۔سکھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِيمًا۔(بتدریج سکھانا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔هُمُ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔

مفعول بہٖ، الْكِتَابَ :(خاص کتاب)معرف باللام۔مفعول بہٖ منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْحِكْمَةَ : (حکمت۔دانائی)معرف باللام۔مفعول بہٖ ثانی۔منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُزَكِّي:(نشوونما کرے۔دماغوں کو جلا بخشے۔پاک کرے۔تربیت کرے)۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔زَكّٰى يُزَكِّيْ۔ مصدر۔ تَزْكِيَةً۔(نشوونما کرنا۔تربیت کرنا۔پاک کرنا۔)هِمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً ان کا اسم۔منصوب۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔ الْعَزِيزُ:(خوب عزت والا)مبالغہ۔خبر اِنَّ کی۔ مرفوع۔ الْحَكِيمُ:(خوب دانائی والا۔حکمت والا)مبالغہ۔خبر ثانی اِنَّ کی۔

ترجمہ آیت:اے پروردگار،ان(لوگوں) میں انہیں میں سے ایک پیغمبر مبعوث کیجیو جو ان کو تیری آیتیں پڑھ پڑھ کر سنایا کرے اور کتاب اور دانائی سکھایا کرے اور ان(کے دلوں) کو پاک صاف کیا کرے۔بے شک تو غالب اور صاحبِ حکمت ہے۔

130:2 وَمَن يَرْغَبُ عَن مِّلَّةِ إِبْرَاهِمَ إِلاَّ مَن سَفِهَ نَفْسَهُ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا وَإِنَّهُ فِي الآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ :(کون ہے)اسم استفہام۔يَرْغَبُ:(پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(رغ ب)صیغہ۔رَغِبَ يَرْغَبُ۔مصدر رَغْبَةً۔(پسند کرنا۔)اگر اس کے بعد اِلٰی یا فی ہو تو آرزو یا خواہش ہوتی ہے۔اگر عن ہو تو منہ موڑنا۔ناپسندیدگی۔ عَن:(سے)حرف جار۔ مِّلَّةِ:(قوم۔ملت۔ دین۔طریقہ۔)اسم مجرور(ملت اور دین میں یوں فرق کیا جاتا ہے۔ملت کی اضافت نبی کریم ﷺ کی طرف۔ جبکہ دین کی اضافت اللہ کی جانب ہوتی ہے۔ إِبْرَاهِمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا : (مگر۔سوائے)حرف استثناء۔مَنْ :(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مستثنٰی۔ منصوب۔سَفِهَ:(بیوقوف

بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ف ھ)صیغہ ۔سَفِهَ يَسْفَهُ۔مصدر۔ سَفَهًا۔(بے وقوف بنانا) نَفْسَ:(جان)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُ:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔قَدِ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ اصْطَفَيْنَا:(ہم نے چنا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِصْطَفٰى يَصْطَفِيْ۔مصدر ۔اِصْطِفَاءٌ۔(انتخاب کرنا۔چننا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص ف و)صیغہ۔صَفَا يَصْفُو۔مصدر۔صَفْوًا۔صَفَاءً۔(چننا)هُ:(وہ۔ اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فِي :(میں۔بیچ)حرف جار۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔ محلاً اسم مجرور۔کسرہ مقدرہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْآخِرَةِ:(آخرت ۔قیامت)اسم مجرور۔ لَ:(ضرور۔یقینا)اس کو لائے مزحلقہ برائے تاکید کہا جاتا ہے۔مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ مابعد کے اتصال کے لئے۔الصَّالِحِينَ:(نیک لوگ۔جمع)اسم مجرور۔اسم فاعل۔محلاً اِنَّ کی خبر۔مرفوع۔ علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور ابراہیم کے دین سے کون روگردانی کر سکتا ہے،بجز اس کے جو نہایت نادان ہو۔ہم نے ان کو دنیا میں بھی منتخب کیا تھا اور آخرت میں بھی وہ(زمرۂ) صلحامیں سے ہوں گے۔

131:2 إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ قَالَ أَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ

إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ماضی کے معنوں میں۔ قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلاً۔(کہنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(وہ۔ اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ رَبُّ:(پالنے والا)فاعل۔مرفوع۔اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔عموماً نکرہ استعمال ہوتا ہے۔اور یہ انسانی وصف بھی ہے۔مضاف۔هُ :(وہ۔اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف

الیہ۔أَسْلِمْ :(تو فرمان بردار ہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَسْلَمَ يُسْلِمُ۔مصدر۔اِسْلَامًا۔(فرمان بردار ہونا)قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلاً۔(کہنا)۔ أَسْلَمْتُ:(میں فرمان بردار ہوگیا۔) فعل ماضی واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَسْلَمَ يُسْلِمُ۔مصدر۔اِسْلَامًا۔ (فرمانبردار ہونا) لِ:(لئے)حرف جار۔رَبِّ :(پالنے والا)اسم مجرور۔ مضاف۔الْعَالَمِينَ:(جہان۔جمع)مضاف الیہ۔ مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: جب ان سے ان کے پروردگار نے فرمایا کہ اسلام لے آؤتو انہوں نے عرض کی کہ میں رب العالمین کے آگے سر اطاعت خم کرتا ہوں۔

132:2 وَوَصَّى بِهَا إِبْرٰهِمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ يَا بَنِيَّ إِنَّ اللهَ اصْطَفَى لَكُمُ الدِّينَ فَلَا تَمُوتُنَّ إِلاَّ وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔وَصَّى :(اس نے وصیت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید۔باب تفعیل۔ صیغہ وَصّٰى يُوَصِّيُ۔مصدر۔تَوْصِيَةٌ(وصیت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(و ص ی)صیغہ وَصٰى يَصِيُ۔مصدر۔وَصْيٌ۔(وصیّت کرنا)بِ:(ساتھ۔سے۔کا)هَا:(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مرجع مِلَّةٌ۔ ہے۔إِبْرٰهِمُ:(ابراہیمؑ)فاعل۔مرفوع۔ بَنِي:(اولاد۔بیٹوں کو)اصلاًبَنِيْنَ۔بسبب مضاف نون جمع محذوف۔هِ :(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مضاف الیہ۔ مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَعْقُوبُ :(یعقوبؑ)معطوف ۔فاعل۔مرفوع۔يَا:(اے)حرف نداء۔ بَنِيَّ :(بیٹوں۔اولاد۔)منادیٰ منصوب۔مضاف۔اصلاً بَنِيْنَ۔بسبب مضاف نون جمع محذوف۔إِنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔اصْطَفَى:(اس نے چُن لیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ

اِصْطَفٰى يَصْطَفِيْ۔مصدر۔اِصْطِفَاءٌ۔(انتخاب کرنا۔چننا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص ف و)صیغہ۔صَفَا يَصْفُو۔مصدر۔صَفْوًا۔صَفَاءً۔(چننا) لَ:(لیے)حرف جار۔كُمُ:(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ الدِّيْنَ :(دین کو)مفعول بہٖ منصوب۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔ناصب مضارع۔ تَمُوتُنَّ :(تم ہرگز مرنا)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع محذوف بعوض ضمہ۔نون ثقیلہ برائے تاکید۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔ مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا)إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔حرف حصر۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔أَنْتُم:(تم ہو)ضمیر منفصل۔محلاًمبتداء۔ مُّسْلِمُونَ:(فرمان بردار۔مسلمان۔جمع)اسم فاعل۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ابرہیم نے اپنے بیٹوں کو اسی بات کی وصیت کی اور یعقوب نے بھی (اپنے فرزندوں سے یہی کہا) کہ بیٹا اللہ نے تمہارے لیے یہی دین پسند فرمایاہے تو مرنا ہے تو مسلمان ہی مرنا۔

133:2 أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ إِذْ قَالَ لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِن بَعْدِي قَالُوا نَعْبُدُ إِلَـٰهَكَ وَإِلَـٰهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَـٰهًا وَاحِدًا وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ

أَمْ :(یا)حرف عطف۔كُنتُمْ :(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)شُهَدَاءَ:(گواہ۔جمع)خبر كَانَ کی منصوب۔ إِذْ :(جب)ظرف زمان۔ماضی کے بارے میں۔حَضَرَ:(وہ آیا۔حاضر ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ح ض ر)صیغہ حضر يحضر۔حُضُوْرًا۔حَضْرًا۔حَضَارَةٌ(حاضر ہونا) يَعْقُوبَ :(یعقوبؑ)مفعول بہٖ مقدّم ۔ منصوب۔الْمَوْتُ:(موت)فاعل۔مرفوع۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ ماضی کے متعلق۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔لِ:(لیے)حرف جار۔بَنِي:(بیٹوں۔اولاد۔)اسم مجرور۔اصلاً

بَنِیْنَ۔بسبب مضاف نون جمع محذوف ۔ہِ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔
مَا:(کیا)اسم استفہام۔ تَعْبُدُونَ:(تم بندگی کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون
اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَۃٌ۔(بندگی
کرنا)۔ مِن :(سے)حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔یْ:(میں۔میرے)ضمیر
واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالُواْ:(انہوں نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب
نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔نَعْبُدُ:(ہم بندگی کرتے ہیں۔
کریں گے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔
عِبَادَۃٌ۔(بندگی کرنا)۔ إِلَـهَ:(معبود۔اللہ جل جلالہٗ)مفعول بہٖ۔منصوب۔مضاف۔كَ:(تو۔تیرے)ضمیر واحد
مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَـهَ :(معبود۔اللہ جل جلالہٗ)مفعول بہٖ منصوب۔
مضاف۔آبَاءِ:(باپ دادا ۔ جمع)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تم۔ تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً
مجرور۔مضاف الیہ۔ إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف محلاً مجرور۔بدل آبَاءِ کا۔وَ:(اور)حرف عطف۔
إِسْمَاعِيلَ :(اسمٰعیلؑ) غیر منصرف محلاً مجرور۔بدل آبَاءِ کا۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِسْحٰقَ:(اسحاقؑ) غیر
منصرف محلاً مجرور۔بدل آبَاءِ کا۔ إِلَـهًا:()بدل منصوب۔موصوف۔ وَاحِدًا:(ایک ہی)صفت منصوب۔تابع
وَ:(اور)حرف عطف۔نَحْنُ :(ہم)ضمیر منفصل۔مبتداء۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(وہ ۔اس کے)ضمیر واحد
مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔مُسْلِمُونَ:(فرمان بردار۔مسلمان۔جمع)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: بھلا جس وقت یعقوب وفات پانے لگے تو تم اس وقت موجود تھے،جب انہوں نے اپنے بیٹوں سے پوچھا کہ میرے بعد تم کس کی عبادت کروگے،توانہوں نے کہا کہ آپ کے معبود اور آپ کے باپ دادا ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحاق کے معبود کی عبادت کریں گے جو معبود یکتا ہے اور ہم اُسی کے حکم بردار ہیں۔

134:2 تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ وَلاَ تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ

تِلْكَ :(یہ۔وہ)اسم اشارہ ۔واحد مؤنث ۔ مبتداء۔أُمَّةٌ :(امت ۔قوم۔گروہ)خبر مرفوع۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ماضی قریب بنانے کا سابقہ۔ خَلَتْ :(وہ گزر گئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ل و)ناقص واوی۔صیغہ خَلَا يَخْلُو۔مصدر۔ خَلْوٌ۔(گزرنا۔خالی کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ هَا:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مَا :(جو)اسم موصول۔كَسَبَتْ:(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔ كَسْبًا۔(کمانا)۔ وَ:()لَ:()كُم:() مَّا:() كَسَبْتُمْ :(تم نے کمایا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا: (نہیں)لائے نافیہ۔ تُسْئَلُونَ :(تم سے سوال کیا جائے گا)فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔باب فتح مادہ(س ء ل) مہموز العین۔صیغہ معروف سَئَلَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَوَالًا۔(سوال کرنا۔پوچھنا)عَمَّا :(اس کے بارے میں جو)مرکب :(عَنْ+مَا)حرف جار+ اسم موصول۔ كَانُوا:(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا) يَعْمَلُونَ:(وہ عمل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ عَمِلَ يَعْمَلُ مصدر۔ عَمْلًا۔(عمل کرنا)۔

ترجمہ آیت:یہ جماعت گزر چکی۔ان کو اُن کے اعمال(کا بدلہ ملے گا) اور تم کو تمھارے اعمال(کا) اور جو عمل وہ کرتے تھے ان کی پرسش تم سے نہیں ہو گی۔

135:2 وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصَارَى تَهْتَدُوا قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ کُوْنُوْا:(ہو جاؤ)فعل امر ناقص جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ضمیر مستتر ھُمْ۔کَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ هُودًا:(یہودی)خبر کَانَ کی منصوب۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ نَصَارَى:(نصرانی۔عیسائی)معطوف۔کَانَ کی خبر ثانی منصوب۔ تَهْتَدُوا:(تم ہدایت پاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔جواب طلب۔اصلاً تَهْتَدُوْنَ۔جواب امر ہونے کے باعث مجزوم ہے ۔باین وجہ نون اعرابی محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِيْ۔مصدر۔ اِهْتِدَاءً۔ (راہنمائی پانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ھ د ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔هَدَايَةً۔ هَدْيًا۔هُدًى۔(راہنمائی پانا)۔ قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً قُوْلْ۔التقائے ساکنین کی وجہ سے واؤ حرف علت محذوف۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ بَلْ: (بلکہ)حرف اضراب۔ مِلَّةَ :(قوم۔جماعت۔طریقہ)مفعول بہٖ منصوب۔ مضاف۔إِبْرَاهِيمَ :(ابراہیمؑ) غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔موصوف حَنِيفًا:(یکسو۔یک رخ۔درست سمت والا) صفت۔منصوب۔تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ استئنافیہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الْمُشْرِكِينَ: (مشرک۔کسی دوسرے کو اللہ جل جلالہٗ کے امور میں شامل کرنا۔جمع)۔فاعل۔اسم مجرور۔علامت۔ی۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور(یہودی اور عیسائی) کہتے ہیں کہ یہودی یا عیسائی ہو جاؤ تو سیدھے رستے پر لگ جاؤ۔(اے پیغمبر ان سے) کہہ دو،(نہیں) بلکہ (ہم) دین ابراہیم (اختیار کئے ہوئے ہیں) جو ایک اللہ کے ہو رہے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔

136:2 قُولُوٓا۟ ءَامَنَّا بِٱللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَآ أُنزِلَ إِلَىٰٓ إِبْرَٰهِـۧمَ وَإِسْمَٰعِيلَ وَإِسْحَٰقَ
وَيَعْقُوبَ وَٱلْأَسْبَاطِ وَمَآ أُوتِىَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَآ أُوتِىَ ٱلنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ
مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُۥ مُسْلِمُونَ

قُولُوٓا۟:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ آمَنَّا:(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔(مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت کرنا)۔بِ: (ساتھ۔سے۔پر)اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَآ:(جو)اسم موصول۔ أُنزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ضمیر مستتر ۔ھو۔نائب فاعل۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ ۔اَنْزَلَ یُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)ثلاثی مجرد ۔باب ضرب ۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلَ۔مصدر۔نُزُوْلًا۔(اتارنا) إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(جو)اسم موصول۔أُنزِلَ :(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ضمیر مستتر۔ ھو۔نائب فاعل۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ یُنْزَلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب ۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلَ۔مصدر۔نُزُوْلًا۔(اتارنا) إِلَیٰ:(طرف)حرف جار۔ إِبْرَاهِيمَ: (ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِسْمَاعِيلَ:(اسمٰعیلؑ) وَ:(اور) معطوف۔ غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ حرف عطف۔إِسْحٰقَ :(اسحٰقؑ)معطوف۔ غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔يَعْقُوبَ:(یعقوبؑ) معطوف۔ غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الأَسْبَاطِ: (اولاد۔نسل) معطوف۔ غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول أُوتِيَ : (دیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔ اِیْتَاءٌ۔

(دینا) ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر، اِتْیَانٌ ۔(آنا۔لانا) ۔مُوْسٰی:(موسیٰؑ کو) غیر منصرف۔مفعول بہٖ منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔عِیْسٰی:(عیسیٰؑ) معطوف۔ غیر منصرف۔مفعول بہٖ منصوب۔ وَ:() مَا :() اُوْتِیَ :(دیا گیا) :(دیا گیا) فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔ اِیْتَاءٌ۔(دینا) ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔ اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر، اِتْیَانٌ ۔(آنا۔لانا)۔النَّبِیُّوْنَ :(نبی کی جمع۔) نائب فاعل۔مرفوع ۔مِنْ:(سے) حرف جار۔ رَبِّ:(پالنے والا) اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ۔ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ لَا :(نہیں) لائے نافیہ۔نُفَرِّقُ :(ہم فرق کرتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔فَرَّقَ یُفَرِّقُ۔مصدر۔تَفْرِیْقًا۔(بتدریج فرق کرنا۔دھیرے دھیرے امتیاز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ سمع۔مادہ(ف ر ق) صیغہ۔فَرَقَ یَفْرَقُ۔مصدر۔فَرْقًا۔(فرق کرنا)(یعنی بالکل بھی کوئی فرق و امتیاز نہیں۔کسی کو چھوٹا بڑا کہنا گناہ کبیرہ ہے) بَیْنَ :(درمیان) ظرف مکان۔مضاف۔اَحَدٍ :(کسی ایک کے) مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے) حرف جار۔هُمْ :(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور۔حالانکہ) حرف عطف۔یا حالیہ۔نَحْنُ:(ہم) ضمیر منفصل۔ مبتداء۔ لَ:(لئے) حرف جار۔هٗ :(وہ۔اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔مُسْلِمُوْنَ:(فرمان برداری کرنے والے۔مُسْلِمٌ کی جمع) اسم فاعل۔خبر مرفوع۔علامت۔واؤ۔

ترجمہ آیت: (مسلمانو) کہو کہ ہم اللہ پر ایمان لائے اور جو (کتاب) ہم پر اتری، اس پر اور جو (صحیفے) ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد پر نازل ہوئے ان پر اور جو (کتابیں) موسیٰ اور عیسی کو عطا ہوئیں، ان پر، اور جو اور پیغمبروں کو ان کے پروردگار کی طرف سے ملیں، ان پر (سب پر ایمان لائے) ہم ان پیغمروں میں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور ہم اسی (اللہ واحد) کے فرمانبردار ہیں۔

137:2 فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنتُم بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوا وَّإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

فَ:(پس)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)شرطیہ۔جازم مضارع۔ آمَنُوا:(وہ ایمان لائیں) فعل ماضی جمع مذکر غائب ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔(مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت کرنا)۔ بِ: (ساتھ۔سے)مِثْلِ:(مانند۔طرح)اسم مجرور مَا:(جو۔جس)اسم موصول۔ آمَنتُم:(تم ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔(مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت کرنا)۔ بِ:(ساتھ۔سے)هِ :(وہ ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔فَ:(تو)حرف عطف۔قَدِ :(یقیناً)حرف تحقیق۔اهْتَدَوا:(راہنمائی پا گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِىْ۔مصدر۔اِهْتِدَاءً۔ (راہنمائی پانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ھ د ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔هَدَايَةً۔ هَدْيًا۔هُدًى۔(راہنمائی پانا)۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔إِنْ :(اگر)حرف شرط ۔جازم مضارع۔تَوَلَّوْا :(تم منہ موڑ لو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّيًا۔(منہ موڑنا) ثلاثی مجرد باب حسِب۔مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی + ناقص یائی۔صیغہ وَلِيَ يَلِىْ۔مصدر۔ وَلِيًا۔ وِلَايَةً۔(منہ پھیرنا)۔ فَ: (تو)حرف عطف۔برائے رابطہ۔إِنَّمَا:(صرف اور صرف۔بے شک)کلمہ حصر۔ **كافة و مكفوفة**۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبتداء۔ فِي :(میں ۔بیچ)حرف جار۔شِقَاقٍ:(ضد۔)مصدر۔اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔سَ:(عنقریب۔)حرف استقبال۔مضارع کو خاص مستقبل میں کرنے کے لئے۔يَكْفِي:(وہ کافی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ف ی)ناقص

یائی۔صیغہ۔ کَفٰی یَکْفِیْ۔مصدر۔کِفَایَۃً۔(کافی ہونا۔کفایت کرنا)كَ:(تو۔تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ اوّل۔هُمُ:(وہ)ضمیر منفصل۔محلاً منصوب مفعول بہٖ ثانی ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبتداء۔ السَّمِيعُ: (خوب سننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الْعَلِيمُ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:تو اگر یہ لوگ بھی اسی طرح ایمان لے آئیں جس طرح تم ایمان لے آئے ہو تو ہدایت یاب ہو جائیں اور اگر منہ پھیر لیں (اور نہ مانیں) تو وہ (تمھارے) مخالف ہیں اور ان کے مقابلے میں تمھیں اللہ کافی ہے۔اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔

138:2 صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُونَ

صِبْغَةَ :(رنگ)مفعول مطلق۔منصوب۔فعل محذوف۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(کون۔کس کا)اسم استفہام۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ أَحْسَنُ :(بہت ہی خوبصورت۔بہت ہی اچھا)افعل التفضیل۔مصدر۔حَسْنٌ۔خبر مرفوع۔مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔لفظاً فتحہ برائے اتصال مابعد۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ صِبْغَةً :(رنگ)۔تمیز منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔مبتداء۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(وہ۔اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ عَابِدُونَ:(بندگی کرنے والے۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام کی پیروی کرنے والے)فاعل۔ جمع۔مرفوع۔واؤ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(کہہ دو کہ ہم نے) اللہ کا رنگ (اختیار کر لیا ہے) اور اللہ سے بہتر رنگ کس کا ہو سکتا ہے۔اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں۔

(اللہ تعالیٰ تو کسی کی مثل نہیں اس کا رنگ کیسا۔ یہاں مطلب ہے اس کی صفات ہم نے قبول کرلی ہیں۔ اور احکام کی پیروی اپنے اوپر لازم کرلی ہیں۔ (یوسفی)

139:2 قُلْ أَتُحَآجُّونَنَا فِي اللهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ وَلَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُخْلِصُونَ

قُلْ :(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر قَوْلًا۔ (کہنا)۔ أَ:(کیا) حرف استفہام۔ تُحَآجُّونَ:(تم باہم جھگڑا کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ مفاعلہ۔ صیغہ حَآجَّ يُحَآجُّ۔ مصدر۔ مُحَآجَّةٌ۔ (جھگڑا کرنا۔) نَا:(ہمارے ساتھ) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مفعول بہٖ منصوب۔ فِي:(میں) حرف جار۔ اللهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هُوَ:(وہ) ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔ مبتداء۔ رَبُّ:(پالنے والا) مبتداء۔ مضاف۔ نَا:(ہمارا) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ رَبُّ:(پالنے والا) معطوف۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارا) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ نَا :(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً اسم مجرور۔ أَعْمَالُ:(اعمال۔ کام۔) مبتداء مؤخر۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ أَعْمَالُ:(اعمال۔ کام۔) مبتداء۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ نَحْنُ :(ہم) ضمیر منفصل جمع متکلم۔ مبتداء۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ هُ :(وہ۔ اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مُخْلِصُونَ:(خالص کرنے والے۔ مخلص۔ خلوص سے پیش آنے والے۔ جمع) فاعل۔ خبر مرفوع۔ محلاً حال منصوب۔

ترجمہ آیت:(ان سے) کہو، کیا تم اللہ کے بارے میں ہم سے جھگڑتے ہو، حالانکہ وہی ہمارا اور تمھارا پروردگار ہے اور ہم کو ہمارے اعمال (کا بدلہ ملے گا) اور تم کو تمھارے اعمال (کا) اور ہم خاص اسی کی عبادت کرنے والے ہیں

140:2 أَمْ تَقُولُونَ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَـٰقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطَ كَانُوا هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللَّهُ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهُ مِنَ اللَّهِ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ

أَمْ:(یا)حرف عطف تَقُولُونَ:(تم کہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ يَقُوْلُ ۔مصدر۔قَوْلًا ۔(کہنا)۔ إِنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔حرف مشبہ بالفعل۔ ناصب خبر۔ إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِسْمَاعِيلَ:(اسمٰعیلؑ)معطوف۔ غیر منصرف۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِسْحٰقَ: (اسحاقؑ)معطوف۔معطوف۔غیر منصرف۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَعْقُوبَ : (یعقوبؑ)معطوف۔ معطوف۔ غیر منصرف۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَسْبَاطَ: (اولاد ۔نسل۔)معطوف۔ معطوف۔ غیر منصرف۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانُوا:(ہیں۔تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ هُودًا:(یہودی)كَانَ کی خبرِ منصوب۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ نَصَارَىٰ:(نصرانی۔عیسائی)معطوف۔ كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔ قُلْ:(کہہ دو) فعل امر واحد حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ قَالَ يَقُوْلُ ۔مصدر۔قَوْلًا ۔(کہنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔ مبتداء۔ أَعْلَمُ:(بہتر جانتے ہو)افعل تفضیل۔خبر مرفوع۔ أَمِ :(یا)حرف عطف۔اللَّهُ :(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء۔مرفوع۔وَ:(اور) استئنافیہ۔مَنْ:(کون)اسم استفہام۔ أَظْلَمُ:(بہت ظلم کرے گا۔ظالم)افعل التفضیل مِمَّنْ:(جو جس نے) مرکب:(مِنْ+مَّنْ)حرف جار+اسم موصول۔ كَتَمَ:(اس نے چھپایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔كَتَمَ يَكْتُمُ۔مصدر۔كِتْمَانٌ۔(چھپانا)۔ شَهَادَةً:(گواہی کو)مفعول بہٖ منصوب۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔مضاف۔هُ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔لفظاً مفتوح۔برائے اتصال ما بعد۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مَا کا اسم ۔لَيْسَ جیسا عمل ۔خبر کا ناصب۔ بِ: (ساتھ۔سے)حرف جار۔زائدہ۔غَافِلٍ :(بے خبر)مَا کی خبر منصوب۔ عَمَّا:(اس سے جو)مرکب :(عَنْ +مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔ تَعْمَلُونَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ضمیر مستتراَنْتُمْ ۔محلاًفاعل۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا ۔(عمل کرنا۔کام کرنا)۔

ترجمہ آیت: (اے یہود ونصاریٰ) کیاتم اس بات کے قائل ہو کہ ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد یہودی یاعیسائی تھے۔(اے محمد ﷺ ان سے) کہو کہ بھلاتم زیادہ جانتے ہو۔ یا ۔اللہ ؟اور اس سے بڑھ کر ظالم کون،جو اللہ کی شہادت کو،جو اس کے پاس(کتاب میں موجود) ہے چھپائے۔اور جو کچھ تم کررہے ہو،اللہ اس سے غافل نہیں۔

141:2 تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ

تِلْكَ:(یہ ۔وہ)اسم اشارہ بعیدواحد مؤنث۔مبتداء۔ أُمَّةٌ :(امت۔قوم۔گروہ)مشارٌ الیہ۔خبر مرفوع۔قَدْ : (یقیناً)حرف تحقیق۔فعل ماضی قریب بنانے کے لئے فعل سے پہلے لگایاجاتاہے خَلَتْ:(خالی کرگئی۔گزرگئی۔ختم ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تائے تانیث ۔فاعل مستترتقدیراًهِيَ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(خ ل و)صیغہ خَلَا يَخْلُو۔مصدر۔ خُلُوٌّ۔ خَلْوَةً۔(گزر جانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔و شبہ جملہ محلاً مرفوع خبر مقدم۔ مَا:(جو) اسم موصول۔محلاً مبتداء مؤخر۔ كَسَبَتْ :(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث۔فاعل مستترتقدیراًهِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ک س ب)صیغہ كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)

حرف جار۔ کُمْ: (تم۔ تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً مرفوع خبر مقدم۔ مَّا: (جو) اسم موصول۔ محلاً مرفوع مبتداء مؤخر۔ کَسَبْتُمْ :(تم نے کمایا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ک س ب) صیغہ کَسَبَ یَکْسِبُ۔ مصدر۔ کَسْبًا۔ (کمانا)۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ لَا: (نہیں) لائے نافیہ۔ تُسْئَلُوْنَ :(تم سے سوال کیا جائے گا) فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ضمیر مستتر اَنْتُمْ نائب فاعل۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(س ء ل) مہموز العین۔ صیغہ۔ سَئَلَ یَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَؤَالًا (سوال کرنا۔ پوچھنا)۔ عَمَّا :(اس کے بارے میں) مرکب:(عَن + مَّا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ کَانُوْا :(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ یَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ضمیر فاعل مستتر ھم۔ جملہ محلاً منصوب خبر کَانَ کی۔

ترجمہ آیت: یہ جماعت گزر چکی۔ ان کو وہ (ملے گا) جو انہوں نے کیا، اور تم کو وہ جو تم نے کیا۔ اور جو عمل وہ کرتے تھے، اس کی پرسش تم سے نہیں ہو گی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

اللہ جل جلالہٗ کی خاص رحمت اور فضل سے

آج مورخہ 2 جون 2019 عیسوی۔ بمطابق۔ 28 رمضان المبارک 1440 ہجری۔ اتوار۔ کو پہلا پارا مکمل ہوا۔

(یوسفی)

پارہ دوم سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ

142:2 سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلَّاهُمْ عَن قِبْلَتِهِمُ الَّتِي كَانُوا عَلَيْهَا قُل لِّلَّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ

سَ:(عنقریب)حرف استقبال مضارع کو مستقبل قریب کے مخصوص کرتا ہےیَقُوْلُ:(کہے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ یَقُوْلُ ۔مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا) السُّفَهَاء:(پکے بے وقوف۔سَفِیْهٌ کی جمع۔جو سمجھنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو۔روکنے کے باوجود بھی وہ آگے بڑھتا رہے۔رکے ہی نہیں۔ کبھی بھی اس سے سمجھداری کی بات نہ ہو)فاعل مرفوع۔خبر مقدم۔ مِنَ: (سے)حرف جار۔ النَّاسِ :(لوگ)اسم مجرور۔مَا :(کیا۔کس)استفہامیہ۔ مبتداء۔وَلَّآ:(موڑ لیا۔ پھیر دیا) اصلاً وَلّٰی۔حرف علت محذوف برائے اتصال۔ما بعد۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ باب تفعیل۔صیغہ وَلّیٰ یُوَلِّیْ۔مصدر۔تَوْلِیَةٌ۔(پھیرنا)۔ ثلاثی مجرد ۔باب حسِب۔مادہ(و ل ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَلِیَ یَلِیْ۔مصدر۔وَلْیًا۔(پھرنا)هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ عَنْ:(سے۔بارے میں) قِبْلَتِ:(قبلہ۔ایسی چیز جس کو ہمیشہ ہمیشہ سامنے رکھا جائے۔خانہ کعبہ۔بیت اللہ شریف۔)اسم مجرور۔اصلاً قِبْلَةِ۔تائے مدورہ کو تائے مبسوط مابعد کے ساتھ اتصال کے لئے بدلا گیا ہے۔مضاف۔هِمْ:(وہ۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّتِي :(جو۔جس)اسم موصول واحد مؤنث۔كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلَيْ:(اوپر۔پر)حرف جار۔هَا :(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔قُلِ :(کہہ دیں)فعل امر۔واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔

قَوْلًا۔ (کہنا)۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)لام حرف جار+اسم مجرور۔ الْمَشْرِقُ:(مشرق)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَغْرِبُ :(مغرب)معطوف مرفوع۔يَهْدِي:(راہنمائی دیتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)ناقص یائی۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی)صیغہ۔ هَدٰی يَهْدِیُ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ مَنْ :(جو۔جسے)اسم موصول۔يَشَاء :(چاہتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔شَيْئًا۔ مَشِيْئَةٌ۔ (چاہنا)۔إِلَى :(طرف)حرف جار۔صِرَاطٍ:(راستہ)اسم مجرور۔موصوف۔ مُّسْتَقِيمٍ :(سیدھا۔ قائم کردہ) صفت مجرور۔تابع۔مصدر۔اِسْتَقَامَةٌ۔سے اسم فاعل۔

ترجمہ آیت:احمق لوگ کہیں گے کہ مسلمان جس قبلے پر(پہلے سے چلے آتے) تھے(اب) اس سے کیوں منہ پھیر بیٹھے۔تم کہہ دو کہ مشرق اور مغرب سب اللہ ہی کا ہے۔وہ جس کو چاہتا ہے،سیدھے رستے پر چلاتا ہے۔

143:2 وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِّتَكُونُواْ شُهَدَاء عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ مَن يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّن يَنقَلِبُ عَلَى عَقِبَيْهِ وَإِن كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللّهُ وَمَا كَانَ اللّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ إِنَّ اللّهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُوفٌ رَّحِيمٌ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔كَ:(مانند۔طرح)حرف تشبیہ۔ذَلِكَ :(وہ۔یہ۔اسی طرح)اسم اشارہ بعید واحد مذکر۔مبتداء۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ أُمَّةً :(امت۔قوم۔ لوگ)مفعول ثانی۔ منصوب۔ موصوف۔وَسَطًا:(درمیانی۔معتدل)صفت منصوب۔تابع۔ لِّ:(تاکہ)لائے کَیْ۔یعنی لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَكُونُواْ:(تم ہو جاؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون

اعرابی محذوف۔واو جمع الف فارقہ۔ شُهَدَاءَ:(گواہ)منصوب خبر کان کی۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ النَّاسِ : (لوگ)اسم مجرور۔جار و مجرور مل کر متعلق شُهَدَاءَ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَكُونَ:(ہو جاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت فتحہ بر محل اعراب۔ الرَّسُولُ :(پیغمبر)كَانَ کا اسم مرفوع۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔اسم مجرور۔ شَهِيدًا:(گواہ)منصوب۔خبر كَانَ کی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ الْقِبْلَةَ :(قبلہ)منصوب۔ مفعول بہ۔الَّتِي :(جو۔جس)اسم موصول واحد مؤنث ۔كُنتَ:(تو ہے۔تو تھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ تائے مبسوط مفتوحہ۔مذکر حاضر کے لئے۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔جار و مجرور متعلق خبر محذوف۔ إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔حرف استثناء۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔نَعْلَمَ :(ہم جان لیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا ۔ (جاننا)۔ مَنْ:(کون)اسم استفہامیہ۔ يَتَّبِعُ :(پیروی کرتا ہے)۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔ اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔الرَّسُولَ:(پیغمبر)ال تعریف۔منصوب۔مفعول بہ۔ مِمَّن: (کون سے)مرکب :(مِنْ+مَنْ)حرف جار+اسم استفہامیہ۔يَنقَلِبُ :(بدلتا ہے۔پھر جاتا ہے۔پلٹ جاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب انفعال۔صیغہ اِنْقَلَبَ يَنْقَلِبُ ۔مصدر۔اِنْقِلَابٌ۔ (پھرنا۔پلٹنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ق ل ب)قَلَبَ يَقْلِبُ۔مصدر۔قَلْبًا۔(پلٹنا)۔عَلَى :(پر)حرف جار۔عَقِبَيْ:(دونوں ایڑیوں)اصلاً عَقِبَيْنَ۔مضاف کے ناطے سے نون محذوف۔هِ :(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔ جازم مضارع۔كَانَتْ:(وہ ہو گئی)فعل ناقص ماضی واحد مؤنث۔غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔كَبِيرَةً:(بہت بڑی)صفت مشبہ۔كَانَ کی خبر منصوب۔

إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ عَلَىٰ :(پر)حرف جار۔الَّذِينَ:(وہ جنہیں)اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔ هَدَى:(اس نے راہ دکھائی۔ہدایت دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)ناقص یائی۔صیغہ هَدَى يَهْدِي۔مصدر۔ ہِدَايَةٌ۔(راہ دکھانا۔ہدایت دینا۔) اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے) فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ:(ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)كَانَ کا اسم۔ مرفوع۔ لِ:(کہ)لائے کَیْ۔ناصب مضارع۔يُضِيعَ :(ضائع کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ ۔اَضَاعَ يُضِيْعُ۔مصدر۔اِضَاعَةً۔(ضائع کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ی ع)اجوف یائی۔صیغہ ضَاعَ يَضِيْعُ۔مصدرف۔ضِيَاعَةٌ۔(ضائع کرنا)۔إِيمَانَ:(ایمان ۔یقین)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ إِنَّ :(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگ)اسم مجرور۔لَ:(یقیناً)لائے مزحلقہ۔برائے تاکید لئے۔ رَؤُوفٌ :(شفقت والا)خبر اِنَّ کی۔ رَّحِيمٌ:(بامزد ومشقت حصہ دار بناکر رحم کرنے والا۔یعنی کچھ کروگے تو وہ اس میں حصہ ڈالے گا۔)اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اسی طرح ہم نے تم کو امتِ معتدل بنایا ہے، تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور پیغمبر (آخرالزماں) تم پر گواہ بنیں۔اور جس قبلے پر تم (پہلے) تھے،اس کو ہم نے اس لیے مقرر کیا تھا کہ معلوم کریں،کون (ہمارے) پیغمبر کا تابع رہتا ہے،اور کون الٹے پاؤں پھر جاتا ہے۔اور یہ بات (یعنی تحویل قبلہ لوگوں کو) گراں معلوم ہوئی،مگر جن کو اللہ نے ہدایت بخشی (وہ اسے گراں نہیں سمجھتے) اور اللہ ایسا نہیں کہ تمہارے ایمان کو یونہی کھودے۔اللہ تو لوگوں پر بڑا مہربان (اور) صاحبِ رحمت ہے۔

144:2 قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ وَإِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ

قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔اور حرف تکثیر بھی کہا جاتا ہے نَرَىٰ:(ہم دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰیَ یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَۃٌ۔(دیکھنا)۔تَقَلُّبَ:(وہ پھر جاتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔باب تفعل۔صیغہ۔ تَقَلَّبَ یَتَقَلَّبُ۔مصدر۔تَقَلُّبٌ۔(لگاتار پھرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ل ب)صیغہ۔قَلَبَ یَقْلِبُ۔مصدر۔قَلْبًا۔ (پلٹنا)۔وَجْهِ:(چہرہ) مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي:(میں۔طرف)حرف جار۔ السَّمَاءِ :(آسمان کی)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَ:(یقینا)لائے تاکید۔نُوَلِّيَنَّ:(ضرور بالضرور۔ہم پھیر دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَلّٰی يُوَلِّيْ۔مصدر۔تَوَلِّيَةً۔(منہ پھیرنا۔رخ پھیرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حسِب۔مادہ(و ل ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَلِيَ يَلِي۔مصدر۔وَلْيًا۔(منہ پھیرنا)۔كَ :(تو۔تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔قِبْلَةً :(قبلہ۔خانہ کعبہ)منصوب۔ مفعول ثانی۔تَرْضَا:(تو راضی ہو جائے گا)اصلاًتَرْضٰی۔حرف علت ی محذوف۔برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض و)صیغہ رَضِيَ يَرْضَى۔مصدر۔رِضًى۔ رِضًا۔رِضْوَانًا۔رِضَاءً۔(راضی ہونا۔پسند کرنا) هَا:(وہ۔ اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ فَ:(پس)حرف عطف۔یا تفسیری۔وَلِّ :(تو پھیر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ التقائے ساکنین کے باعث حرف علت محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ وَلّٰی يُوَلِّيْ۔مصدر۔تَوَلِّيَةً۔(منہ پھیرنا۔رخ پھیرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حسِب۔مادہ(و ل ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَلِيَ يَلِي۔ مصدر۔ وَلْيًا۔(منہ پھیرنا)۔وَجْهَ:(چہرہ)منصوب ۔مفعول بہ۔مضاف۔كَ :(تم۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً

مجرور مضاف الیہ۔شَطۡرَ:(جانب۔طرف)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ الۡمَسۡجِدِ:(خاص الخاص مسجد) ال تعریف۔مجرور۔مضاف الیہ۔موصوف۔ الۡحَرَامِ:(پاک)صفت مجرور تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ حَيۡثُمَا:(جہاں کہیں)مرکب:(حَيۡثُ+مَا)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ۔+زائدہ۔كُنۡتُمۡ:(تو ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔ فَ:(پس)وَلُّوۡا:(انہوں نے پھیرا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ وَلّٰى يُوَلِّىۡ۔ مصدر۔تَوۡلِيَةً۔(منہ پھیرنا۔رخ پھیرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(و ل ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَلِيَ يَلِيۡ۔مصدر۔وَلۡيًا۔(منہ پھیرنا)۔وُجُوۡهَ:(وَجۡهَ کی جمع۔چہرے)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔كُمۡ: (تم۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ شَطۡرَ:(جانب۔طرف)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔هٗ :(وہ اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور ۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الَّذِيۡنَ :(وہ جنہوں کو)اسم موصول۔محلاًاِنَّ کا اسم۔منصوب۔اُوۡتُوا : (ان کو دی گئی)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ۔ضمیر مستتر هُمۡ مرفوع نائب فاعل ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔صیغہ اَتٰى يَاۡتِيۡ۔مصدر۔ اِيۡتَاءٌ۔ (دینا)۔ الۡكِتٰبَ۔:(خاص کتاب)ال تعریف۔منصوب۔مفعول بہٖ۔لَ:(لازماً)لائے مزحلقہ۔برائے تاکید ۔غیر عامل يَعۡلَمُوۡنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعۡلَمُ۔ مصدر۔ عِلۡمًا۔(جاننا)اِنَّ کی خبر مرفوع۔ اَنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔اَنَّ کا اسم۔الۡحَقُّ : (حق۔سچ)اَنَّ کی خبر مرفوع۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(پالنے والا)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمۡ:(وہ ۔ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(نہیں) نافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل ۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔غَافِلٍ :(بے خبر۔لاپرواہ)اسم مجرور۔عَمَّا :(اس سے

جو) مرکب:(عَنْ+مَا)حرف جار+اسم موصول۔يَعْمَلُونَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا)

ترجمہ آیت:(اے محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) ہم تمہارا آسمان کی طرف منہ پھیر پھیر کر دیکھنا دیکھ رہے ہیں۔سو ہم تم کو اسی قبلے کی طرف جس کو تم پسند کرتے ہو،منہ کرنے کا حکم دیں گے تو اپنا منہ مسجد حرام(یعنی خانۂ کعبہ) کی طرف پھیر لو۔ اور تم لوگ جہاں ہوا کرو،(نماز پڑھنے کے وقت) اسی مسجد کی طرف منہ کر لیا کرو۔اور جن لوگوں کو کتاب دی گئی ہے،وہ خوب جانتے ہیں کہ (نیا قبلہ) ان کے پروردگار کی طرف سے حق ہے۔اور جو کام یہ لوگ کرتے ہیں،اللہ ان سے بے خبر نہیں۔

145:2 وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَّا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ وَمَا أَنتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ وَمَا بَعْضُهُم بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم مِّن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ إِنَّكَ إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ

وَ:(اور)حرف استئنافیہ۔لَئِنْ:(البتہ اگر)مرکب :(ل+ان)لائے تاکید(کَیْ)+شرطیہ۔ناصب مضارع۔ أَتَيْتَ :(تو لے آ)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ أَتَى يَأْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد اگر حرف جار۔ب آئے تو معنیٰ(لانا)کے ہوتے ہیں۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔أُوْتُوا:(وہ دیئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔مجہول۔أُوْتِيَ يُؤْتىٰ۔صیغہ معروف۔ أَتَى يَأْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد اگر حرف جار۔ب آئے تو معنیٰ(لانا)کے ہوتے ہیں۔ الْكِتَابَ:(خاص کتاب)معرف باللام۔منصوب مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُلِّ :(ہر۔تمام) ظرف۔ اسم مجرور۔مضاف۔آيَةٍ :(آیت۔نشانی۔دلیل۔)مجرور۔مضاف الیہ۔مَّا :(نہیں)نافیہ۔تَبِعُوا :(انہوں نے

پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)صیغہ تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصدر۔تَبْعًا۔(پیروی کرنا)۔قِبْلَتَ:(قبلہ کی)اصلاً۔قبلۃ۔برائے اتصال۔ ما بعد تائے مبسوط لگائی گئی۔مضاف۔كَ :(آپ ﷺ کا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل أَنْتَ :(آپ ﷺ)ضمیر منفصل واحد مذکر حاضر۔مَا کا اسم۔مرفوع۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔تَابِعٍ :(پیروی کرنے والا)فاعل۔خبر ما کی۔قِبْلَتَ:(قبلہ مقام جس کو ہمہ وقت سامنے رکھا جائے)اصلاً قِبْلَةَ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔ بَعْضُ:(کچھ)ظرف ۔محلاً مرفوع۔مَا کا اسم۔مضاف۔هُمْ :(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔تَابِعٍ :(پیروی کرنے والا) اسم مجرور۔لفظاً مَا کی خبر۔محلاً منصوب۔قِبْلَةَ:(قبلہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ بَعْضٍ:(کچھ)ظرف۔مبنی بر ضمہ۔لفظاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ استئنافیہ۔لَئِنِ :(البتہ کہ)مرکب :(ل+ان)لائے تاکید۔اِنْ حرف شرط جازم مضارع۔اتَّبَعْتَ :(تونے پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید۔باب افعال۔اِتَّبَعَ يُتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَعًا۔(پیروی کرنا)أَهْوَاءَ:(خواہشات)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف ۔هُم: (وہ۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّن :(سے)حرف جار۔بَعْدِ :(بعد)ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔مَا :(جو)اسم موصول۔جَاءَ:(آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔كَ :(تم۔آپکے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الْعِلْمِ:(علم)اسم مجرور۔ إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ :(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔اِنَّ کا اسم۔إِذًا:(جب)اصلاً۔اذن ہے۔نون کا الف میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔حرف جواب و جزاء۔ناصب مضارع۔ لَّ:(ضرور۔لازماً)لائے مزحلقہ۔مِنَ :(سے)حرف جار۔الظَّالِمِينَ:(ظالم کی جمع)اسم مجرور۔علامت۔ ی۔محلاً شبہ جملہ اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر تم ان اہلِ کتاب کے پاس تمام نشانیاں بھی لے کر آؤ، تو بھی یہ تمہارے قبلے کی پیروی نہ کریں اور تم بھی ان کے قبلے کی پیروی کرنے والے نہیں ہو۔ اور ان میں سے بھی بعض بعض کے قبلے کے پیرو نہیں۔ اور اگر تم باوجود اس کے کہ تمہارے پاس دانش (یعنی وحیٔ اللہ) آچکی ہے، ان کی خواہشوں کے پیچھے چلو گے تو ظالموں میں (داخل) ہو جاؤ گے۔

146:2 الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءهُمْ وَإِنَّ فَرِيقاً مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ

الَّذِينَ :(وہ جنہیں)اسم موصول۔آتَيْنَا:(ہم نے دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ باب افعال۔ ثلاثی مزید فیہ ۔ صیغہ ۔اٰتٰی یُوْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا۔عطا کرنا)۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔ مجہول۔ اُوْتِیَ یُوْتیٰ۔صیغہ معروف۔ اَتیٰ یَاتِیْ۔مصدر۔ اِتْیَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد اگر حرف جار۔بِ آئے تو معنیٰ (لانا)کے ہوتے ہیں۔هُمُ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ الْكِتَابَ:(خاص کتاب۔تورات)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ يَعْرِفُونَ:(وہ پہچانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ عَرَفَ يَعْرِفُ۔مصدر۔عِرْفَانًا۔(پہچاننا)۔هُ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔كَمَا : (جیسا کہ)يَعْرِفُونَ:(وہ پہچانتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ عَرَفَ يَعْرِفُ۔مصدر۔ عِرْفَانًا۔ (پہچاننا)۔ أَبْنَاءَ:(بیٹوں کو۔اِبْنٌ کی جمع)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔هُمْ :(وہ۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور۔حالانکہ)حالیہ۔استئنافیہ۔إِنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔فَرِيقاً:(ایک گروہ۔ایک جماعت)اِنَّ کا اسم منصوب۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(وہ ۔ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ لَ:(یقیناً)لائے مزحلقہ۔برائے تاکید۔يَكْتُمُونَ :(وہ چھپاتے

ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔اِنَّ کی خبر۔مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک ت م)صیغہ ۔ كَتَمَ يَكْتُمُ۔مصدر۔كِتْمَانًا۔(چھپانا)الْحَقَّ :(حق۔سچ) منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔ يَعْلَمُونَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔

ترجمہ آیت:جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے،وہ ان (پیغمبر آخرالزماں) کو اس طرح پہچانتے ہیں، جس طرح اپنے بیٹوں کو پہچانا کرتے ہیں، مگر ایک فریق ان میں سے سچی بات کو جان بوجھ کر چھپا رہا ہے۔

147:2 الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ

الْحَقُّ :(سچ ۔حق۔)مبتداء۔مِن :(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(پالنے والا)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تم۔تیرا) ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف استئنافیہ۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع ۔ تَكُونَنَّ :(ہو جاؤ)فعل ناقص مضارع مؤکد بانون ثقیلہ۔ واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔مِنَ :(سے)حرف جار۔الْمُمْتَرِينَ :(شک کرنے والے)اسم مجرور۔محلاً خبر كَانَ کی۔

ترجمہ آیت:تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے تو تم ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہونا۔

148:2 وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللهُ جَمِيعًا إِنَّ اللهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔كُلٍّ:(ہر۔تمام)ظرف۔اسم مجرور۔خبر مقدم۔ وِجْهَةٌ: (سمت۔طرف۔جہت)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔ مُوَلِّي: (منہ پھیرنے والا۔رخ کرنے والا)۔اسم فاعل۔مصدر۔ تَوْلِيَةٌ۔خبر مرفوع۔مضاف۔هَا: (وہ۔اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔مرجع۔ وِجْهَةٌ۔چہرہ)مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ اسْتَبِقُوا :(تم آگے بڑھو۔ سبقت لو۔بازی جیت لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔باب افتعال۔صیغہ ۔اِسْتَبَقَ يَسْتَبِقُ۔مصدر۔اِسْتِبَاقٌ۔(سبقت لینا۔تم سبق لو۔)الْخَيْرَاتِ: (نیکی کے کام)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَيْنَ :(کہاں)ظرف مکان شرطی جازم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ خبر كَانَ کی مقدم۔اسم استفہام۔جگہ کو ظاہر کرتا ہے۔اَيْنَ اور حَيْثُ کے بعد اگر مَا ہو تو شرط کے لئے استعمال ہوتا ہے۔جب مرکب(اَيْنَمَا۔حَيْثُمَا)کے طور پر استعمال ہوتا ہے تو اس کے معنیٰ(جہاں کہیں بھی)۔ اور جازم مضارع ہوتا ہے۔کیونکہ حرف شرط ہے۔تَكُونُوا:(تم ہوں گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی۔محذوف۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ ناصب خبر۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَأْتِ :(وہ لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔اصلاًيَاتِيْ۔جواب شرط ہونے کی وجہ سے۔التقائے ساکنین کا مسئلہ پیدا ہوا تو حرف علت۔ی۔پہلے ہی سے ساکن تھی اس لئے اس کا گر جانا لازم ٹھہرا تا کہ آسانی سے پہچانا جا سکے ۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ اَتٰى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد ب ہو تو معنیٰ ہوتا ہے(لانا)۔جہاں معنیٰ(لاناہی ہے)کیونکہ بعد میں بِ نظر آرہی ہے بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُمُ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور اسم۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔مرفوع۔جَمِيعًا:(سب کے سب)مفعول بہٖ۔منصوب۔ إِنَّ :(یقیناً۔ بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔عَلَىٰ: (پر۔اوپر)حرف جار۔كُلِّ :(ہر۔تمام)

ظرف۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے۔چیز) مجرور۔مضاف الیہ۔ قَدِيرٌ :(اندازے پیمانے مقرر کرنے والا)إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ہر ایک (فرقے۔جماعت۔گروہ۔) کے لیے ایک سمت (مقرر) ہے۔جدھر وہ(عبادت کے وقت) منہ کیا کرتے ہیں۔تو تم نیکیوں میں سبقت حاصل کرو۔تم جہاں رہو گے، اللہ تم سب کو جمع کرلے گا۔بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

149:2 وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِن رَّبِّكَ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔حَيْثُ:(جہاں)ظرف مکان۔ خَرَجْتَ:(تو نکلا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔تائے مفتوحہ ضمیر مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خُرُوْجًا۔(نکلنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔وَلِّ :(موڑو۔پھیرو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ حرف علت۔التقائے ساکنین کے باعث محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ وَلّٰی يُوَلِّيْ۔مصدر۔ تَوْلِيَةٌ۔(پھیرنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب حسب۔مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔وَجْهَ:(چہرہ)مفعول بہٖ منصوب۔مضاف۔كَ :(تو۔تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شَطْرَ:(طرف۔جانب)ظرف مکان۔مضاف۔ الْمَسْجِدِ :(مسجد)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔الْحَرَامِ:(پاک)مجرور۔صفت۔تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناسب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً ان کا اسم۔منصوب۔لَ:()لائے مزحلقہ۔برائے تاکید۔غیر عامل۔لْحَقُّ :(حق۔سچ۔ثابت)خبر إِنَّ کی۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(پالنے والا)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔۔مَا :(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا

عمل۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالۂ)مَا کا اسم مرفوع۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔زائدہ۔غَافِلٍ :(بے خبر۔لا پرواہ)لفظاً خبر مَا کی مجرور۔محلاً منصوب۔ عَمَّا :(اس سے جو)مرکب۔ :(عن+ما)حرف جار۔+اسم موصول۔ تَعْمَلُونَ :(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا۔(کام کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور تم جہاں سے نکلو،(نماز میں) اپنا منہ مسجد محترم کی طرف کر لیا کرو بے شک وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے۔اور تم لوگ جو کچھ کرتے ہو۔اللہ اس سے بے خبر نہیں۔

150:2 وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِي وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔حَيْثُ :(جہاں)ظرف مکان۔خَرَجْتَ :(تو نکلا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔تائے مفتوحہ ضمیر مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خُرُوْجًا۔(نکلنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔وَلِّ :(موڑو۔پھیرو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ حرف علت۔التقائے ساکنین کے باعث محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ وَلّٰى يُوَلِّيْ۔مصدر۔ تَوْلِيَةٌ۔(پھیرنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب حسب۔مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔مصدر۔ وَلْيًا۔(پھرنا)وَجْهَ:(چہرہ)مفعول بہٖ منصوب۔مضاف۔كَ :(تو۔تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شَطْرَ:(طرف۔جانب)ظرف مکان۔مضاف۔ الْمَسْجِدِ :(مسجد)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔الْحَرَامِ:(پاک)مجرور۔صفت۔تابع۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔حَيْثُ:(جہاں)ظرف مکان مَا:(جو)زائدہ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)

صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا) فَ:(پس)برائے رابطہ۔وَلُّوا:(تم سب پھیرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤجمع الف فارقہ۔اصلاً وَلِّيُوْا تھا۔ی کی ما قبل حرکت مطابقت نہیں رکھتی تھی ی کی حرکت ما قبل کو دے دی گئی۔اس کی حرکت واؤ کے مطابق بھی ہو گئی۔اس لئے حرف علت ی کو حذف کر دیا۔تو وَلُّوْا ہوا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ وَلّٰى يُوَلِّيْ۔مصدر۔تَوْلِيَةٌ۔(پھیرنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب حَسِب۔مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔مصدر۔ وَلْيًا۔(پھرنا)۔ وُجُوهَ:(منہ۔چہرے)منصوب۔ مفعول بہ ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شَطْرَ:(طرف۔جانب)ظرف مکان۔مضاف۔هٗ:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِئَلَّا:(تاکہ نہ ہو) مرکب :(لِ+اَنْ+لَا)حرف جار۔مصدریہ ناصب مضارع۔لائے نافیہ۔ يَكُونَ :(وہ ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ ناصب خبر۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔لِنَّاسِ :(لوگ)اسم مجرور۔عَلَيْ:(اوپر۔پر)حرف جار۔كُمْ :(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔حُجَّةٌ:(ثبوت۔دلیل۔کوئی حجت)كَانَ کا اسم۔مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔استثناء۔الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔محلاً مستثنٰی منصوب۔ظَلَمُوْا:(ظلم کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔ یا تفسیری۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم۔مضارع۔تَخْشَوْ:(تم ڈرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ کو مابعد سے اتصال کے لئے حذف کیا گیا۔اصلاً تَخْشَيُوْنَ۔ی کے ما قبل کی حرکت مطابقت نہیں رکھتی تھی۔ی کی حرکت ما قبل کے دے دی گئی۔اور اس کو گرا دیا گیا تو تَخْشَوْنَ بنتا ہے۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ خَشِيَ يَخْشٰى۔مصدر۔خَشْيًا۔خَشْيَةً۔(ڈرنا)۔هُمْ:(وہ۔ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔

وَ:(اور)حرف عطف۔اخْشَوْ:(تم سب ڈرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ خَشِيَ يَخْشٰى۔مصدر۔ خَشْيًا۔خَشْيَةً۔(ڈرنا)۔نِ:(کوئی معنی نہیں)وقایہ۔ي :(میں۔مجھ سے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع أُتِمَّ :(میں مکمل کروں)فعل مضارع واحد متکلم ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَتَمَّ يُتِمُّ۔ ۔مصدر۔ اِتْمَامًا(پورا کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ت م م)مضاعف۔صیغہ۔تَمَّ يَتِمُّ۔مصدر۔تَمَامًا(پورا کرنا)۔ نِعْمَتِ:(انعامات کو۔نعمتوں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔تائے مبسوط پر کسرہ ماقبل ضمیر متکلم سے اتصال کے لئے۔مضاف۔ي :(میں۔اپنی)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَيْ:(پر اوپر)حرف جار۔كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَعَلَّ: (شاید)ترجی مشبہ بالفعل۔ اَنَّ کی بہن۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اِنَّ کا اسم۔منصوب۔ تَهْتَدُونَ:(راہنمائی پاؤ۔ہدایت پاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً خبر اِنَّ کی مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِىْ۔مصدر۔اِهْتِدَاءٌ۔(ہدایت پانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ دی)ناقص یائی۔صیغہ هَدٰى يَهْدِىْ مصدر۔هُدًى۔هِدَايَةً۔هَدْيًا۔(ہدایت دینا)۔

ترجمہ آیت:اور تم جہاں سے نکلو، مسجدِ محترم کی طرف منہ (کرکے نماز پڑھا) کرو۔اور مسلمانو، تم جہاں ہوا کرو، اسی (مسجد) کی طرف رخ کیا کرو۔(یہ تاکید) اس لیے (کی گئی ہے) کہ لوگ تم کو کسی طرح کا الزام نہ دے سکیں۔مگر ان میں سے جو ظالم ہیں، (وہ الزام دیں تو دیں) سو ان سے مت ڈرنا اور مجھی سے ڈرتے رہنا۔اور یہ بھی مقصود ہے کہ تم کو اپنی تمام نعمتیں بخشوں اور یہ بھی کہ تم راہِ راست پر چلو۔

151:2 كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا مِّنكُمْ يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا وَيُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ

كَمَا :(جیسا کہ)حرف تشبیہ + اسم موصول۔أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالًا۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلًا۔رَسَالَةَ۔(بھیجنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔رَسُولًا:(پیغمبر کو)مفعول بہ۔منصوب۔مِّن:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔ يَتْلُو:(وہ تلاوت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ل و)صیغہ ۔ تَلَا يَتْلُو۔مصدر۔تِلَاوَةٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ آيَاتِ:(آیات ۔نشانیاں)مفعول بہ منصوب۔کسرہ برائے اتصال۔مضاف۔نَا :(ہم۔ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُزَكِّي:(وہ نشوونما۔تربیت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔زَكّٰى يُزَكِّيْ۔تَزْكِيَّةً۔(برین واشنگ کرنا۔پاک کرتا ہے)ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ(ز ک ی)ناقص یائی۔صیغہ زَكِيَ يَزْكٰى۔مصدر۔زَكَاءً۔اَزْكَ۔زَكِيً۔(پاک کرنا۔تربیت کرنا)۔ كُمْ:(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُعَلِّمُ:(وہ سکھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید۔ باب تفعیل۔صیغہ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔تعلیما۔(سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔م ادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔كُمُ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ ۔ الْكِتَابَ:(کتاب)معرف باللام۔منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْحِكْمَةَ: (دانائی۔حکمت)معرف باللام۔منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔يُعَلِّمُ:(وہ سکھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِيمًا۔ (سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ كُم:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔تَكُونُوا:(تم تھے)فعل

ناقص مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ضمیر مستتر کُمْ کَانَ کا اسم محلاً منصوب۔ تَعْلَمُونَ :(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ضمیر کُمْ فاعل محلاً منصوب خبر کَانَ کا۔

ترجمہ آیت: جس طرح (منجملہ اور نعمتوں کے) ہم نے تم میں تمھیں میں سے ایک رسول بھیجے ہیں جو تم کو ہماری آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور تمہیں پاک بناتے اور کتاب (یعنی قرآن) اور دانائی سکھاتے ہیں، اور ایسی باتیں بتاتے ہیں، جو تم پہلے نہیں جانتے تھے۔

152:2 فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ

فَ:(پس) استئنافیہ۔ تعلیمیہ۔ تفسیری۔ یا رابطہ برائے جواب شرط۔ اذْكُرُو:(تم سب ذکر کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ محذوف برائے اتصال۔ ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ذ ک ر)۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر۔ ذِكْرًا۔ (ذکر کرنا۔ یاد کرنا)۔ نِ:(اس کا کوئی معنی نہیں) نون وقایہ۔ يْ:(میں۔ مجھ کو) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَذْكُرْ:(میں ذکر کروں گا۔ یاد رکھوں گا) فعل مضارع واحد متکلم۔ مجزوم۔ جواب شرط ہے۔ كُمْ:(تمہارا۔ تجھ کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف اشْكُرُوا :(تم سب شکر کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ ي:(میرا) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَا:(نہیں) لائے ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تَكْفُرُو:(اور) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ الف فارقہ۔ محذوف برائے اتصال ما بعد۔:(تم کفر کرتے ہو) نِ۔ نون وقایہ۔ کسرہ بعوض یائے متکلم محذوف۔ (میرا) ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: سو تم مجھے یاد کرو۔ میں تمہیں یاد کیا کروں گا۔ اور میرے احسان مانتے رہنا اور ناشکری نہ کرنا۔

153:2 يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلاَةِ إِنَّ اللهَ مَعَ الصَّابِرِينَ

يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون)منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔هَا :(اوئے)حرف تنبیہ۔الَّذِينَ:(وہ جو) اسم موصول۔ آمَنُوا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔اسْتَعِينُوا :(مدد طلب کرو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَعَانَ يَسْتَعِيْنَ۔مصدر۔اِسْتِعَانَةً۔(مدد طلب کرنا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔عَانَ يَعِيْنَ۔مصدر۔عَانَةً۔ (تعاون کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الصَّبْرِ:(استقامت کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الصَّلاَةِ :(صلوٰۃ) معطوف۔مجرور۔إِنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔اِنَّ کا اسم۔ مَعَ :(ساتھ)ظرف مکان۔مضاف۔الصَّابِرِينَ :(استقامت سے عمل کرنے والوں کے)اسم فاعل۔جمع۔مجرور مضاف الیہ۔محلاً خبر مرفوع ان کی۔

ترجمہ آیت:اے ایمان والو صبر اور نماز سے مدد لیا کرو بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

154:2 وَلاَ تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبيلِ اللهِ أَمْوَاتٌ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَكِن لَّا تَشْعُرُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقُولُوا:(کہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا) لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ :(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔يُقْتَلُ:(قتل کیا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔(قتل کرنا)ضمیر واحد مذکر مستتر هُوَ نائب فاعل۔ فِي :(میں)حرف جار۔سَبِيْلِ :(راہ)اسم مجرور۔

مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔أَمْوَاتٌ :(مردے۔مَيِّتٌ کی جمع)خبر مرفوع۔مبتداء هُمْ محذوف تقدیراً۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ أَحْيَاءٌ :(زندہ)مبتداء محذوف هم تقدیراً۔وَ:(اور۔حالانکہ) حرف عطف۔یاحالیہ۔لَكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ لَّا:(نہیں)لائے نافیہ۔تَشْعُرُونَ :(تم میں باریک بینی سے سوچنے کی طاقت۔شعور رکھتے ہو)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع۔محلاً حال منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب کرُم۔مادہ(ش ع ر)صیغہ۔شَعُرَ يَشْعُرُ۔مصدر۔ شَعْرًا۔(عقل کرنا)

ترجمہ آیت:اور جولوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں ان کی نسبت یہ کہنا کہ وہ مرے ہوئے ہیں (وہ مردہ نہیں) بلکہ زندہ ہیں لیکن تم نہیں جانتے۔

155:2 وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوفْ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الأَمَوَالِ وَالأنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔نَبْلُوَنَّ:(ہم آزمائش میں ضرور ڈالتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل و)صیغہ بَلَا يَبْلُو۔مصدر۔بَلَاءٌ۔ (آزمانا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔شَيْءٍ:(کسی چیز کے)اسم مجرور۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الْخَوفِ:(خوف۔ڈر)اسم مجرور۔ وَ:(اور)الْجُوعِ :(بھوک) معطوف۔اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف جار۔نَقْصٍ:(کمی۔نقصان)معطوف اسم مجرور۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔ الأَمْوَالِ:(دولت۔مال)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الأنفُسِ:(جانوں)معطوف اسم مجرور۔وَ:(اور) حرف عطف۔الثَّمَرَاتِ:(فوائد۔ پھل)معطوف اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَشِّرِ :(تم خوشخبری دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔مصدر۔تَبْشِيْرًا۔(خوشخبری

دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ب ش ر) صیغہ۔ بَشَرَ یَبْشُرُ۔ مصدر۔ بَشْرًا۔ (خوشخبری دینا)۔ الصَّابِرِینَ: (استقامت دکھانے والوں کو) فاعل۔ مرفوع۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم کسی قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور میووں کے نقصان سے تمہاری آزمائش کریں گے تو صبر کرنے والوں کو (اللہ کی خوشنودی کی) بشارت سنا دو۔

156:2 الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعونَ

الَّذِينَ: (وہ جو) اسم موصول جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مستقبل کے لئے۔ بطور شرط۔ أَصَابَتْ: (اس کو پہنچی ہے۔ إِذَا کی وجہ سے ترجمہ حال میں ہو گا۔ پہنچتی ہے) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَصَابَ یُصِیْبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔ (پہنچنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر ۔ضرب۔ مادہ(ص و ب) صیغہ صَابَ یَصُوْبُ۔ صَوْبًا۔ مصدر۔ صَوْبًا۔ (پہنچنا)۔ هُم: (وہ۔ ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مُّصِيبَةٌ: (مصیبت ۔ تکلیف) اسم فاعل۔ مرفوع۔ قَالُوا: (انہوں نے کہا)۔ فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ إِنَّا: (بے شک ہم) مرکب: (اِنَّ+نَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+ ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم اِنَّ کا منصوب۔ لِلَّهِ: (اللہ جل جلالہٗ کے لئے) مرکب: (لِ+اللّٰهِ) حرف جار+ اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ إِنَّا: (بے شک ہم) مرکب: (اِنَّ+نَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+ ضمیر جمع متکلم ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم اِنَّ کا منصوب۔ إِلَيْ: (طرف) حرف جار۔ هِ: (وہ ۔اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ رَاجِعُوْنَ: (لوٹنے والے۔ رَاجِعٌ کی جمع) فاعل۔ اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:ان لوگوں پر جب کوئی مصیبت واقع ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اللہ ہی کا مال ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

157:2 أُولَـٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَـٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ

أُولَـٰئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مبتداء۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔صَلَوَاتٌ :(صلوٰۃ)مبتداء۔مِّن :(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(پالنے والا)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ ۔ ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَحْمَةٌ:(رحمت۔مہربانی)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أُولَـٰئِكَ :(وہ۔وہی)اسم اشارہ بعید جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء۔هُمُ : (وہی)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء۔الْمُهْتَدُونَ :(ہدایت پانے والے)فاعل۔مرفوع۔خبر مرفوع۔علامت رفع واؤ۔

ترجمہ آیت:یہی لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی مہربانی اور رحمت ہے۔اور یہی سیدھے رستے پر ہیں۔

158:2 إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَآئِرِ اللهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا وَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ

إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الصَّفَا:(صفا)پہاڑی کا نام۔اِنَّ کا اسم۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَرْوَةَ :(مروہ)پہاڑی کا نام ۔معطوف۔منصوب۔اِنَّ کا اسم ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔شَعَآئِرِ:(نشانیاں)مجرور اسم۔مضاف۔ اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم۔محلاًمبتداء۔ حَجَّ :(اس نے حج کیا۔کرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ح ج ج)مضاعف۔صیغہ۔ حَجَّ يَحَجُّ۔مصدر۔حَجًّا۔(حج کرنا)۔الْبَيْتَ:(خاص گھر۔خانہ کعبہ۔اللہ کا گھر)منصوب۔ مفعول بہ۔ أَوِ :(یا)حرف عطف۔اعْتَمَرَ:(عمرہ

کرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِعْتَمَرَ يَعْتَمِرُ۔مصدر۔اِعْتِمَارًا(آباد کرنا۔عمرہ کرنا۔خانہ کعبہ کی زیارت کرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب الشرط۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔جُنَاحَ :(کوئی گناہ)۔لَا کا اسم۔منصوب۔عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هِ :(وہ۔ اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔اسم مجرور۔ محلاً لائے جنس کی خبر مرفوع۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصبہ۔ يَطَّوَّفَ:(طوف کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِطَّوَّفَ يَطَّوَّفُ۔مصدر۔اَطَّوَّافٌ۔(طواف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ط و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔طَافَ يَطُوْفُ۔مصدر۔طوافا۔طوفًا۔اس کے مصادر بہت زیادہ ہیں۔(آنا جانا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمَا: (دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر ومؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ :(جو)اسم موصول۔تَطَوَّعَ :(رضاکارانہ کرے۔یعنی زیادہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ تَطَوَّعَ يَتَطَوَّعُ۔مصدر۔تَطَوَّعًا۔(رضاکارانہ کوئی کام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ صیغہ۔طَاعَ يَطُوْعُ۔مصدر۔طوّعًا۔(اطاعت کرنا)۔خَيْرًا:(بہتر ہے)منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف رابطہ جواب الشرط۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔اِنَّ کا اسم۔ شَاكِرٌ :(قدر کرنے والا۔شکر گزار)اسم فاعل۔ اِنَّ کی خبر مرفوع ۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:بے شک (کوہ) صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ تو جو شخص خانہ کعبہ کا حج یا عمرہ کرے اس پر کچھ گناہ نہیں کہ دونوں کا طواف کرے۔(بلکہ طواف ایک قسم کا نیک کام ہے) اور جو کوئی نیک کام کرے تو اللہ قدر شناس اور دانا ہے۔

159:2 إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَىٰ مِن بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ أُولَٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ

إِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔الَّذِينَ:(وہ جو) اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم اِنَّ کا منصوب۔ يَكْتُمُونَ:(وہ چھپاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک ت م) صیغہ۔كَتَمَ يَكْتُمُ۔مصدر۔كِتْمَانٌ۔(چھپانا) مَا:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ أَنْزَلْنَا :(ہم نے اتارا) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اتارنا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔ نُزُولٌ(اترنا)۔مِنَ:(سے) حرف جار۔بیانیہ الْبَيِّنَاتِ :(واضح ثبوت۔ دلائل) مجرور اسم۔ وَ:(اور) حرف عطف۔الْهُدَى :(ہدایت۔راہنمائی) معطوف۔ اسم مجرور۔تقدیراً۔مِن:(سے) حرف جار۔ بَعْدِ :(بعد) ظرف مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔مَا :(کہ) مصدریہ۔بَيَّنَّا:(ہم نے واضح کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔هُ:(وہ۔اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ لنَّاسِ:(لوگ) اسم مجرور۔ فِي:(میں) حرف جار۔ الْكِتَابِ:(خاص کتاب) معرف باللام۔اسم مجرور۔ أُولَئِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء۔ يَلعَنُ:(وہ لعنت کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ل ع ن) صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنُ۔مصدر۔لَعْنًا۔(دور کرنا۔لعنت دینا)۔ هُمُ:(وہ۔ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ اللهُ :(اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع وَ: (اور) حرف عطف۔يَلْعَنُ:(وہ لعنت کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ل ع ن) صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنُ۔مصدر۔ لَعْنًا۔(دور کرنا۔ لعنت دینا)۔هُمُ:(وہ سب) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ اللَّاعِنُونَ : (لعنت کرنے والے۔اپنے سے دور رکھنے والے) فاعل مرفوع۔علامت واؤ۔یعنی (اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ پر ایمان رکھنے والے لعنت کرتے ہیں)۔

ترجمہ آیت: جو لوگ ہمارے حکموں اور ہدایتوں کو جو ہم نے نازل کی ہیں (کسی غرض فاسد سے) چھپاتے ہیں باوجود یہ کہ ہم نے ان لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے اپنی کتاب میں کھول کھول کر بیان کر دیا ہے۔ ایسوں پر اللہ اور تمام لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں۔

160:2 إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَبَيَّنُوا فَأُولَـٰئِكَ أَتُوبُ عَلَيْهِمْ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

إِلَّا: (مگر) حرف استثناء۔ الَّذِينَ: (وہ جنہوں نے) اسم موصول۔ محلاً مستثنیٰ۔ تَابُوا: (انہوں نے توبہ کی۔ وہ لوٹے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ت و ب) صیغہ۔ تَابَ يَتُوبُ۔ مصدر۔ تَوْبَةٌ۔ (لوٹنا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَصْلَحُوا: (انہوں نے درستی کی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ اَصْلَحَ يُصْلِحُ۔ مصدر۔ اِصْلَاحًا۔ (درستی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ نصر۔ مادہ (ص ل ح) صَلَحَ يَصْلَحُ۔ مصدر۔ صَلَاحًا۔ (صلح کرنا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ بَيَّنُوا: (انہوں نے وضاحت کی۔ کھول کھول کر بتایا) معطوف۔ فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔ صیغہ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔ مصدر۔ تَبْيِيْنٌ (کھول کر بیان کرنا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب (ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ يَبْيَنُ۔ مصدر۔ بَيَانًا (بیان کرنا)۔ فَ: (تو۔ پس) برائے رابطہ۔ أُولَئِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ محلاً مبتداء۔ أَتُوبُ: (میں نے توبہ قبول کی) فعل مضارع واحد متکلم۔ محلاً خبر مرفوع۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ هِمْ: (وہ۔ ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَنَا: (میں) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ التَّوَّابُ: (خوب توبہ قبول کرنے والا ہوں) فاعل۔ مبالغہ۔ خبر مرفوع۔ الرَّحِيمُ: (خوب رحم کرنے والا) فاعل۔ مبالغہ۔ خبر ثانی۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: ہاں جو توبہ کرتے ہیں اور اپنی حالت درست کر لیتے اور (احکام الہٰی کو) صاف صاف بیان کر دیتے ہیں تو میں ان کے قصور معاف کر دیتا ہوں اور میں بڑا معاف کرنے والا (اور) رحم والا ہوں۔

161:2 إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَاتُوا :(وہ سب مر گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت) صیغہ۔ مَاتَ يَمُوتُ۔مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا۔گزر جانا)۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ سب)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔مرفوع۔ كُفَّارٌ:(کفر کرنے والے ۔کافر کی جمع)فاعل۔خبر مرفوع۔ أُولَٰئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ لَعْنَةُ :(لعنت)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔علامت ضمہ۔مضاف۔اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ کی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَلَائِكَةِ:(فرشتے ۔ مخصوص طاقتیں۔)معطوف۔اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔النَّاسِ:(لوگ)معطوف ۔اسم مجرور۔ أَجْمَعِينَ:(سب کے سب)بدل ہے۔لعنت کرنے والوں کا۔برائے تاکید۔

ترجمہ آیت:جو لوگ کافر ہوئے اور کافر ہی مرے ایسوں پر اللہ کی اور فرشتوں اور لوگوں کی سب کی لعنت

162:2 خَالِدِينَ فِيهَا لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ

خَالِدِينَ:(ہمیشہ رہنے والے)حال منصوب۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔يُخَفَّفُ:(ہلکا۔کم۔)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ خَفَّفَ يُخَفِّفُ۔مصدر۔تَخْفِيفًا(ہلکا کرنا۔کم کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ۔(خ ف ف)۔ خَفَّ يَخِفُّ۔مصادر۔ اَخُفِفٌ۔خِفَّةٌ۔خَفًّا۔(ہلکا کرنا)۔ عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف

جار۔هُمْ: (وہ۔ان)حرف جار۔محلاً مجرور اسم۔ضمہ برائے اتصال۔ الْعَذَابُ :(بہت تکلیف ۔دکھ۔عذاب)نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمرفوع مبتداء۔ يُنظَرُونَ:(وہ مہلت دیئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید۔باب افعال۔ صیغہ اَنْظَرَ يُنْظِرُ۔مصدر۔اِنْظَارٌ۔(مہلت دینا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ن ظ ر) صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔ (دیکھنا۔مہلت دینا۔مدت بڑھانا)۔

ترجمہ آیت:وہ ہمیشہ اسی (لعنت) میں (گرفتار) رہیں گے۔ان سے نہ تو عذاب ہی ہلکا کیا جائے گا اور نہ انہیں (کچھ) مہلت ملے گی۔

163:2 وَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ لَّا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِلَٰهُ:(معبود)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَٰهٌ :(معبود)خبر مرفوع۔موصوف۔وَاحِدٌ :(ایک)صفت مرفوع۔تابع۔لَّا:(نہیں)لائے جنس۔ ناصب اسم۔إِلَٰهَ:(کوئی معبود)لائے جنس کا اسم۔ منصوب۔ إِلَّا:(سوائے۔مگر)حرف حصر۔۔هُوَ: (وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔بدل ہے مابعد کا۔ الرَّحْمَٰنُ :(خوب رحم کرنے والا)فاعل۔ خبر مرفوع۔ الرَّحِيمُ :(رحم کرنے والا بہت زیادہ)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔مبتداء۔محذوف۔

ترجمہ آیت:اور(لوگو) تمہارا معبود اللہ واحد ہے اس بڑے مہربان(اور) رحم کرنے کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

164:2 إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن مَّاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِن كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ

إِنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔فِي :(میں)حرف جار۔خَلْقِ :(پیدا کرنے)اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔السَّمٰوٰتِ :(آسمان۔جمع)وَ:(اور)حرف عطف۔ الأَرْضِ: (زمین)معطوف۔اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اخْتِلاَفِ:(آگے پیچھے آنا)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ محلاً مضاف۔معطوف اسم مجرور۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ۔مصدر۔ اِخْتِلَافٌ۔:(اختلاف کرنا۔بدلنا۔آگے پیچھے آنا۔فرق۔)ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔ مصدر۔خَلْفاً(پیچھے ہونا)۔ اللَّيْلِ :(رات)مضاف الیہ۔ مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔النَّهَارِ :(دن) معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْفُلْكِ :(کشتی)معطوف مجرور۔الَّتِي:(جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔ تَجْرِي:(چلتی ہے۔جاری رہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی) ناقص یائی۔صیغہ۔ جَرٰی يَجْرِیْ۔مصدر۔جَرْيَانًا(چلنا)۔ فِي:(میں ۔بیچ)حرف جار۔ الْبَحْرِ: (دریا۔سمندر)اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔يَنفَعُ : (فائدہ دیتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ف ع)صیغہ نَفَعَ يَنْفَعُ۔ مصدر۔ نَفْعًا(فائدہ دینا) النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔مَا :(جو)اسم موصول۔أَنْزَلَ :(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔ نُزُوْلٌ(اترنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ السَّمَاءِ: (آسمان)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔بیانیہ۔ مَّاءٍ:(پانی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ تقدیراً۔اَنْزَلَ کا مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَحْيَا:(اس نے زندہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰى يُحْيِیْ۔مصدر۔اَحْيَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ح ی ی) مضاعف۔اجوف وناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰى۔مصدر۔حَيَاةٌ۔(جینا)۔بِ:(ساتھ۔سے،کے ذریعے)حرف

جار۔ہِ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔الأَرْضَ :(زمین)منصوب۔ مفعول بہ۔ بَعْدَ: (بعد)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ مَوْتِ:(موت)مجرور مضاف الیہ۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَثَّ:(پھیلا دیئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ب ث ث)مضاعف۔صیغہ۔ بَثَّ يَبُثُّ۔مصدر۔بَثًّا۔(پھیلانا)۔ فِي:(میں۔بیچ)حرف جار۔ هَا: (وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاًاسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُلِّ :(ہر۔تمام)اسم مجرور۔ ظرف ۔مضاف۔دَآبَّةٍ :(جانور۔تمام اقسام)مجرور اسم۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَصْرِيفِ:(الٹتی پلٹتی ہے۔رخ بدلنا)مصدر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَرَّفَ يُصَرِّفُ۔مصدر۔تَصْرِيفًا۔(حالت کا بدلنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ص ر ف)صَرَفَ يَصْرِفُ۔صَرْفًا۔(چیں چیں کی آواز نکلنا۔رگڑ کی آواز۔خرچ کرنا۔بر طرف کرنا۔) الرِّيَاحِ :(ہوائیں)معطوف۔مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ السَّحَابِ: (بادلوں)اسم جنس جمع۔ معطوف ۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ الْمُسَخَّرِ:(قابو کی ہوئے)اسم مفعول ۔ معطوف ۔مجرور صفت۔تابع۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔ السَّمَاءِ:(آسمان)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(ضرور)لائے مزحلقہ۔برائے تاکید۔آيَاتٍ:(آیات۔نشانیاں)اِنَّ کا اسم منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ يَعْقِلُونَ:(وہ عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(سوچنا)۔

ترجمہ آیت:بے شک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے میں اور کشتیوں اور جہازوں میں جو دریا میں لوگوں کے فائدے کی چیزیں لے کر رواں ہیں اور مینہ میں جس کو اللہ آسمان سے برساتا اور اس سے زمین کو مرنے کے بعد زندہ (یعنی خشک ہوئے پیچھے سرسبز) کر دیتا ہے اور زمین

پر ہر قسم کے جانور پھیلانے میں اور ہواؤں کے چلانے میں اور بادلوں میں جو آسمان اور زمین کے درمیان گھرے رہتے ہیں۔ عقلمندوں کے لئے (اللہ کی قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

165:2 وَمِنَ النَّاسِ مَن يَتَّخِذُ مِن دُونِ اللَّهِ أَندَادًا يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلَّهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُوا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا وَأَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعَذَابِ

وَ:(اور)استئنافیہ۔حرف عطف۔مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔النَّاسِ: (لوگ)مجرور۔اسم مَنْ:(کون)اسم موصول۔مبتداء مؤخر۔ يَتَّخِذُ :(اس نے اختیار کیا۔بنایا۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ: (علاوہ)ظرف ۔اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ أَنْدَادًا:(شریک۔حصہ دار)منصوب۔مفعول بہٖ۔ يُحِبُّوْنَ:(وہ محبت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔ هُمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ كَ:(مانند)حرف جار۔ تشبیہ۔حُبِّ:(پیار کی)اسم مجرور ۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف استنافیہ۔اعتراضیہ۔الَّذِيْنَ :(وہ جو) اسم موصول۔جمع مذکر۔آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا(امن میں ہونا ۔بے خوف ہونا)۔أَشَدُّ :(بہت زیادہ سخت)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔حُبًّا:(پیار کرنا)تمیز منصوب۔ لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب۔ :(ل+اللہ)لام حرف جار۔ اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَوْ :(اگر)حرف شرط غیر عامل۔يَرَى:

(وہ دیکھتا ہے۔وہ دیکھ لے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)لفیف مفروق۔ مہموز العین۔ناقص یائی۔رَاٰی۔یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَةً۔(دیکھنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ ظَلَمُوٓا: (انہوں نے ظلم کیا۔انہوں نے اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظلماً(اندھیر کرنا۔ ظلم کرنا۔زیادتی کرنا)۔ إِذْ : (جب)ظرف زمان۔ماضی کے معنی میں۔يَرَوْنَ :(وہ دیکھتے ہیں۔دیکھیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔و جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)لفیف مفروق۔مہموز العین ناقص یائی۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رُؤْیَةً۔ (دیکھنا)۔ الْعَذَابَ :(سخت تکلیف۔دکھ۔عذاب کو)منصوب۔ مفعول بہ۔أَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْقُوَّةَ:(طاقت۔قوت)اسم اَنَّ کا منصوب۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب : (لِ+اللّٰهِ)لام حرف جار۔+اسم مجرور۔ جَمِيعاً :(سب کی سب) حال منصوب۔وَ: (اور)حرف عطف۔أَنَّ :(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ : (اللہ جل جلالہٗ)منصوب اَنَّ کا اسم۔شَدِيدُ:(سخت)اَنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ الْعَذَابِ:(تکلیف۔دکھ۔عذاب) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور بعض لوگ ایسے ہیں جو غیر اللہ کو شریک (اللہ) بناتے اور ان سے اللہ کی سی محبت کرتے ہیں۔ لیکن جو ایمان والے ہیں وہ تو اللہ ہی کے سب سے زیادہ دوستدار ہیں۔اور اے کاش ظالم لوگ جو بات عذاب کے وقت دیکھیں گے اب دیکھ لیتے کہ سب طرح کی طاقت اللہ ہی کو ہے۔اور یہ کہ اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے۔

166:2 إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِينَ اتُّبِعُوا مِنَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا وَرَأَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْأَسْبَابُ

إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ماضی کے بارے میں۔ تَبَرَّأَ:(وہ بےزار ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔تَبَرَّءَ يَتَبَرَّءُ۔مصدر۔تَبَرُّاءٌ۔(بےزاری ظاہر کرنا۔ ناپسند عمل سے الگ ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب ر ء)مہموز اللام۔بَرِئَ يَبْرَئُ۔مصدر۔بَرَءًا۔بُرُوءًا(بیزار ہونا)۔ الَّذِينَ:(وہ جن

ک) اُتُّبِعُوا:(پیروی کی گئی) فعل ماضی مجہول۔ جمع مذکر مرفوع۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول اتَّبَعُوا:(پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ت ب ع)تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔ تَبْعًا۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف یا حالیہ۔رَأَوُا: (انہوں نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ ضمہ بر واؤ برائے التقائے ساکنین۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ۔ (دیکھنا)۔ الْعَذَابَ :(دکھ۔تکلیف۔سزا۔)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَقَطَّعَتْ :(وہ منقطع ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعُّل۔تَقَطَّعَ يَتَقَطَّعُ۔مصدر۔تَقَطُّعًا۔(منقطع ہونا)۔لاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع) صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعًا۔ (کاٹنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمُ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ الأَسْبَابُ : (ذرائع۔تعلقات۔اسباب۔وجوہات۔وسائل۔اس کا واحد سَبَبٌ۔ بمعنی رسّی)۔ فاعل جمع۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:اس دن (کفر کے) پیشوا اپنے پیرووں سے بیزاری ظاہر کریں گے اور (دونوں) عذاب (الہٰی) دیکھ لیں گے اور ان کے آپس کے تعلقات منقطع ہو جائیں گے۔

167:2 وَقَالَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّأَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّؤُوا مِنَّا كَذَلِكَ يُرِيهِمُ اللّٰهُ أَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ عَلَيْهِمْ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ مِنَ النَّارِ

وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اتَّبَعُوا :(پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ جمع مذکر مرفوع۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔ اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبْعًا ۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ لَوْ: (اگر)حرف شرط۔تمنائی۔کاش۔غیر عامل۔ أَنَّ :(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا :(ہم۔ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔كَرَّةً:(ایک بار لوٹنا۔ایک واپسی)۔فَ:(پس)حرف عطف۔نَتَبَرَّأَ :(ہم بے زاری کا اظہار کریں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعل۔تَبَرَّءَ يَتَبَرَّءُ۔مصدر۔تَبَرُّاءٌ۔(بےزاری ظاہر کرنا۔ ناپسند عمل سے الگ ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب ر ء)مہموز اللام۔بَرِئَ يَبْرَئُ۔مصدر۔بَرَءًا۔بُرُوءًا(بیزار ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔كَمَا:(جیسا کہ)تَبَرَّؤُوا:(وہ بیزار ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔تَبَرَّءَ يَتَبَرَّءُ۔مصدر۔تَبَرُّاءٌ۔(بےزاری ظاہر کرنا۔ ناپسند عمل سے الگ ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب ر ء)مہموز اللام۔بَرِئَ يَبْرَئُ۔ مصدر ۔ بَرَءًا۔بُرُوءًا(بیزار ہونا)۔ مِنَّا :(ہم سے)مرکب :(من +نا)حرف جار+ ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ كَذَلِكَ:(اس طرح)مرکب : (كَ+ذٰلِکَ)حرف تشبیہ +اسم اشارہ بعید واحد مذکر۔مبتداء۔ يُرِي: (وہ دکھائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔صیغہ۔اَرٰی يَرٰی۔مصدر۔اِرَاءَةٌ۔(دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ۔ (دیکھنا)۔هِمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ اوّل۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔مرفوع۔ أَعْمَالَ:(اعمال کو)منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔مضاف۔هُمْ :(وہ ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَسَرَاتٍ :(حسرتیں۔جمع)غیر منصرف۔لفظاً مجرور بالتنوین۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ ثالث۔عَلَيْ:(پر)حرف

جار۔هِمُ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔یااستئنافیہ۔مَا:(نہیں) نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔هُمُ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مرفوع۔ما کا اسم۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ خَارِجِينَ:(نکلنے والے)لفظاً مجرور۔محلاًمَاکی خبر منصوب۔مِنَ:(سے)حرف جار۔النَّارِ :(آگ۔ دوزخ) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:(یہ حال دیکھ کر) پیروی کرنے والے (حسرت سے) کہیں گے کہ اے کاش ہمیں پھر دنیامیں جانا نصیب ہوتا کہ جس طرح یہ ہم سے بیزار ہورہے ہیں اسی طرح ہم بھی ان سے بیزار ہوں۔اسی طرح اللہ ان کے اعمال انہیں حسرت بناکر دکھائے گا اور وہ دوزخ سے نکل نہیں سکیں گے۔

168:2 يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الأَرْضِ حَلاَلاً طَيِّباً وَلاَ تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ

يَا :(اے)حرف عطف۔أَيُّ:(کون)منادیٰ۔مرفوع۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ النَّاسُ:(لوگو!)صفت مرفوع۔منادیٰ کی۔بذات خود بھی منادیٰ۔ كُلُوا:(کھاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ مِمَّا:(جو کچھ)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔ فِي :(میں۔بیچ)حرف جار۔الأَرْضِ : (زمین)اسم مجرور۔حَلاَلاً :(حلال)حال۔یا۔مفعول بہ۔طَيِّباً :(عمدہ۔اچھی)مفعول بہ ثانی ۔یا صفت منصوب۔ وَ:(اور)لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔تَتَّبِعُوا :(تم پیروی کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزیدفیہ۔ مصدر۔اِتِّبَاعًا۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔ (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبْعًا ۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ خُطُوَاتِ :(منصوبوں کی۔قدموں۔واحد خُطْوَةٌ۔)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً مفعول بہ۔ منصوب۔ مضاف الشَّيْطَانِ:(شیطان۔ابلیس)مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ : (تمہارا) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاًمجرور اسم۔ عَدُوٌّ:(دشمن)اِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔ مُّبِينٌ :(کھلم کھلا) صفت مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت:لوگو جو چیزیں زمین میں حلال طیب ہیں وہ کھاؤ۔اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو۔وہ تمہارا کھلا دشمن ہے

169:2 إِنَّمَا يَأْمُرُكُمْ بِالسُّوءِ وَالْفَحْشَاءِ وَأَن تَقُولُوا عَلَى اللهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ

إِنَّمَا:(صرف اور صرف۔در حقیقت)کلمہ حصر۔زور پیدا کرنے کے لئے۔کافة و مكفوفة۔يَأْمُرُ:(وہ حکم دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔مصدر۔ اَمْرًا۔(حکم دینا)۔كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بِ:(ساتھ۔کا)حرف جار۔ السُّوءِ:(برائی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْفَحْشَاءِ:(بے حیائی۔فحاشی)معطوف مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔أَنْ :(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَقُولُوا:(تم کہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا) عَلَى :(پر) حرف جار۔اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ لَا : (نہیں)لائے نافیہ۔ تَعْلَمُونَ :(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔

ترجمہ آیت:وہ تو تم کو برائی اور بے حیائی ہی کے کام کرنے کو کہتا ہے اور یہ بھی کہ اللہ کی نسبت ایسی باتیں کہو جن کا تمہیں (کچھ بھی) علم نہیں۔

170:2 وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔ استئنافیہ۔إِذَا:(جب) مستقبل کے لئے۔ قِيلَ :(کہا جائے)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ اتَّبِعُوا:(تم پیروی کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت

نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔ (پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبْعًا ۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔ مَا: (جو)اسم موصول۔ أَنزَلَ :(اس نے اتارا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔ (اتارنا)۔اللهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ قَالُوا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔(کہنا)۔ بَلْ :(لیکن)حرف اضراب۔نَتَّبِعُ :(ہم اتباع کریں گے۔ہم پیروی کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔اِتِّبَاعًا۔ (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبْعًا ۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔ مَا :(جو)اسم موصول۔أَلْفَيْنَا :(ہم نے کاربند تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَلْفٰى يُلْفِى۔مصدر۔ اِلْفَاءٌ ۔ (پانا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِ:(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور اسم۔ آبَاء:(باپ دادا)مضاف۔نَا: (ہم۔ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔وَ:(اور)حرف عطف۔یا۔ حالیہ۔ لَوْ:(اگرچہ)وصلیہ۔حرف شرط۔غیر عامل۔ كَانَ:(ہوا)فعل ناقص ماضی۔واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ آبَاؤُ:(باپ دادا۔)كَانَ کا اسم۔ مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ يَعْقِلُونَ :(وہ عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔ عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(سوچنا)۔كَانَ کی خبر۔محلاً منصوب۔شَيْئاً :(کوئی شئے)منصوب۔ كَانَ کی خبر۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ يَهْتَدُونَ :(راہنمائی پاتے ہیں)۔فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید

فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِهْتَدٰی یَهْتَدِیُ۔مصدر۔اِهْتِدَاءٌ۔(ہدایت پانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ھ دی)ناقص یائی۔صیغہ۔هَدٰی یَهْدِیُ۔مصدر۔هَدْيًا۔هُدًى۔(راہنمائی پانا)۔

ترجمہ آیت:اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اسی چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ سمجھتے ہوں اور نہ سیدھے رستے پر ہوں (تب بھی وہ انہیں کی تقلید کئے جائیں گے)۔

171:2 وَمَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا كَمَثَلِ الَّذِي يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ إِلَّا دُعَاءً وَنِدَاءً صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔ استئنافیہ۔مَثَلُ :(مثال)مبتداء۔مرفوع۔الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔كَفَرُوا :(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔كَ:(کی طرح۔کی مانند)حرف جار۔حرف تشبیہ۔مَثَلِ:(مثال)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَنْعِقُ:(چلا کر پکارتا ہے۔ہانک لگا کر آواز دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ع ق)صیغہ۔نَعَقَ يَنْعِقُ۔مصدر۔نَعْقًا۔(ہانک لگا کر آواز دینا)بِ: (ساتھ۔ سے۔کو)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔ لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔يَسْمَعُ :(وہ سنتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔(سننا)۔ إِلَّا:(مگر۔ سوائے)حرف استثناء۔کلمہ حصر۔دُعَاءً:(نزدیک سے بلانا۔پکارنا)مصدر۔منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ نِدَاءً:(دور سے بلانا۔دور سے آواز دینا)مصدر۔معطوف۔منصوب۔ مفعول بہ۔ صُمٌّ :(بہرے) خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔تقدیراً هُمْ۔بُكْمٌ:(گونگے)خبر ثانی۔مرفوع۔ عُمْيٌ:(اندھے)خبر ثالث۔مرفوع۔

فَ:(پس)حرف عطف۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ يَعْقِلُونَ:(سوچتے ہیں۔ عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر عَقْلًا۔ (سوچنا۔ عقل رکھنا۔ سمجھنا)۔

ترجمہ آیت:جو لوگ کافر ہیں ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جو کسی ایسی چیز کو آواز دے جو پکار اور آواز کے سوا کچھ سن نہ سکے۔(یہ) بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں کہ(کچھ) سمجھ ہی نہیں سکتے۔

172:2 يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا لِلّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون)منادیٰ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔آمَنُوا:(وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ كُلُوا:(تم سب کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔ اَكْلًا۔ (کھانا)۔ مِن:(سے)حرف جار۔ طَيِّبَاتِ :(عمدہ۔اچھی)اسم مجرور۔مَا:(جو)اسم موصول۔ رَزَقْنَا:(ہم نے دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رزق)صیغہ۔ رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقًا۔(ہر وہ چیز جو زندگی کی ضرورت ہے)كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اشْكُرُوا :(تم سب شکر کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(شکر کرنا۔قدر کرنا)۔لِلّهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّهِ)حرف جار+اسم مجرور۔ إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔كُنتُمْ:(ہو تم)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔

ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ إِيَّا: (بے معنٰی۔کوئی مطلب نہیں) کلمہ حصر کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ هُ:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ منفصل۔ تَعْبُدُونَ :(تم عبادت کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا)۔جملہ محلاًخبر كَانَ کی۔

ترجمہ آیت:اے اہل ایمان جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو عطا فرمائیں ہیں ان کو کھاؤ اور اگر اللہ ہی کے بندے ہو تو اس (کی نعمتوں) کا شکر بھی ادا کرو۔

173:2 إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

إِنَّمَا :(صرف اور صرف۔)کلمہ حصر۔زور پیدا کرنے کے لئے جملہ کے شروع میں لگاتے ہیں۔اس کو۔كافة و مكفوفة۔حَرَّمَ:(اس نے حرام کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعيل۔صیغہ حَرَّمَ يُحَرِّمُ۔مصدر۔ تَحْرِيمًا۔(حرام کرنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ح ر م)صیغہ ۔حَرَمَ يَحْرِمُ۔ مصدر۔حِرْمًا۔حِرْمَانًا۔(محروم رکھنا)۔ عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔كُمُ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔ الْمَيْتَةَ :(مردہ)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الدَّمَ:(خون)معطوف۔منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔لَحْمَ:(گوشت)معطوف۔منصوب۔مضاف الْخِنزِيرِ:(خنزیر)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور) مَا:(جو۔جس)اسم موصول۔أُهِلَّ :(پکارا گیا ہے)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَهَلَّ يُهِلُّ۔ مصدر۔ اِهْلَالٌ۔(پکارنا۔ تہلیل کرنا۔کسی دوسرے کو شریک بنا کر)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ھ ل ل)مضاعف۔صیغہ هَلَّ يَهُلُّ۔مصدر۔هَلًّا۔هُلًّ۔(چاند نکلنا۔مہینہ کا آغاز ہونا)

بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ہٖ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور اسم۔لِ:(لئے)حرف جار۔ غَيْرِ:(غیر۔علاوہ)مجرور اسم۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ مَنِ:(جو)اسم موصول شرطیہ۔ اُضْطُرَّ:(وہ مجبور کیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ ۔اِضْطَرَّ يَضْطَرُّ۔مصدر۔اِضْطِرَارٌ۔(مجبور ہوجانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ض ر ر)صیغہ۔ضَرَّ يَضُرَّ۔مصادر۔ضُرَّ۔ضُرًّا۔ضَرَرًا۔(نقصان ہونا)۔غَيْرَ:(نہ) بَاغٍ :(بغاوت کرنے ولا۔سرکشی کرنے والا۔حکم سے انکار کرنے والا)فاعل واحد مذکر ۔اصلا۔بَاغِيٌ تھا۔ یٌ گرا دی گئی ہے۔جس سے بَاغٍ ہوگیا۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ عَادٍ:(ظلم کرنے والا)فاعل۔بَاغِيٌ والا کلیہ ہی استعمال ہوا ہے۔اصلا عَادِوٌ تھا۔وٌ گرادیا گیا باقی عَادٍ رہ گیا۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ جنس۔ إِثْمَ :(کوئی گناہ)لائے جنس کا اسم منصوب۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ہِ:(وہ۔ اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)۔اِنَّ کا اسم منصوب ۔ غَفُورٌ:(بہت مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔رَّحِيمٌ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔ان کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:اس نے تم پر مرا ہوا جانور اور لہو اور سور کا گوشت اور جس چیز پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے حرام کر دیا ہے ہاں جو ناچار ہو جائے (بشرطیکہ) اللہ کی نافرمانی نہ کرے اور حد (ضرورت) سے باہر نہ نکل جائے اس پر کچھ گناہ نہیں۔بے شک اللہ بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے۔

174:2 إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَـٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ

إِنَّ :(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول يَكْتُمُونَ:(وہ چھپاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔موجود۔ثلاثی مجرد ۔باب

نصر۔مادہ(ک ت م)صیغہ کَتَمَ یَکْتُمُ۔مصدر۔کِتْمَانٌ(چھپانا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ أَنْزَلَ:(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر ۔اِنْزَالًا ۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا) اللّٰہُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یَشْتَرُونَ :(وہ خرید و فروخت کرتے ہیں۔کاروبار کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اَشْتَرٰی یَشْتَرِیُ۔ مصدر۔اَشْتِرَاءٌ۔(خرید و فروخت کرنا۔لینا دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ش ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔شَرٰی یَشْرِیُ۔مصادر۔ شَرَاءٌ۔ شِرًی۔اِشْرِ۔(خریدنا)۔بِ:(ساتھ۔سے)ہِ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ثَمَنًا: (قیمت)منصوب۔اسم مفعول بہٖ۔موصوف۔ قَلِيلًا:(تھوڑی) منصوب۔صفت۔تابع۔ أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ یَأْكُلُونَ:(وہ کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ یَاكُلُ۔مصدر۔ اَكْلًا۔(کھانا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔بُطُوْنِ:(پیٹوں۔بَطْنٌ کی جمع)۔اسم مجرور۔مضاف۔ھِمْ:(وہ۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)کلمہ حصر۔النَّارَ :(آگ)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا: (نہیں)لائے نافیہ۔یُكَلِّمُ:(بات کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔كَلَّمَ یُكَلِّمُ۔مصدر۔تَكْلِيمًا(بات کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر و ضرب۔مادہ(ک ل م)صیغہ۔كَلَمَ یَكْلُمُ۔ یَكْلِمُ۔مصدر۔كَلْمًا(بولنا)۔ھُمْ :(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔اللّٰہُ: (اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ یَوْمَ :(دن) ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔الْقِيَامَةِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا: (نہیں)لائے نافیہ۔ یُزَكِّي: (نشو نما۔پنپنے دے گا۔پاک کرے

گا۔اصلاح کرے گا) فعل مضارع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ زَكّٰى يُزَكِّيْ۔مصدر۔تَزْكِيَةً۔(نشوونما کرنا۔ اصلاح کرنا۔ پاک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ز ک و)صیغہ۔زَكَا يَزْكُو۔ مصادر۔ اَزْكٌ۔زَكَاةً۔ زَكَاءً۔ زُكُوًّا۔(زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ نشوونما کرنا۔تربیت کرنا)۔هِمْ:(وہ۔ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔لَ:(لئے) حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔اور خبر مقدم۔مرفوع۔ مرفوع۔ عَذَابٌ:(سخت دکھ۔ سخت تکلیف۔عذاب سزا)۔مبتداء مرفوع۔موصوف۔ أَلِيمٌ: (دکھ۔دردناک)صفت مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت:جولوگ (اللہ) کی کتاب سے ان (آیتوں اور ہدایتوں) کو جو اس نے نازل فرمائی ہیں چھپاتے اور ان کے بدلے تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیاوی منفعت) حاصل کرتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں محض آگ بھرتے ہیں۔ ایسے لوگوں سے اللہ قیامت کے دن نہ کلام کرے گا اور نہ ان کو (گناہوں سے) پاک کرے گا۔اور ان کے لئے دکھ دینے والا عذاب ہے۔

175:2 أُولَئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ

أُولَئِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر ومؤنث۔ مبتداء۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔اشْتَرَوُا:(انہوں نے خریدی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اَشْتَرٰی يَشْتَرِيْ۔مصدر۔اَشْتِرَاءٌ۔(خرید و فروخت کرنا۔لینا دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ش ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔شَرٰی يَشْرِيْ۔مصادر۔ شَرَاءٌ۔ شِرًى۔اِشْرٍ۔(خریدنا)۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔الضَّلَالَةَ :(گمراہی) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ۔بدلے میں)الْهُدَىٰ : (راہنمائی۔ ہدایت)معطوف۔مفعول ثانی۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور) حرف عطف۔الْعَذَابَ :(عذاب۔سخت تکلیف سزا۔) معطوف۔مفعول ثالث۔ منصوب۔بِ:(ساتھ۔بدلے میں)الْمَغْفِرَةِ:(مغفرت)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف

عطف تفسیری۔مَآ:(کس قدر)اسم تعجب۔مبتداء۔أَصْبَرَ۔(بہت زیادہ استقامت دکھائی)اسم تفضیل مصدر۔ صبرٌ۔(ڈٹے رہنا۔استقامت دکھانا)۔هُمْ :(وہ۔وہی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔خبر مرفوع۔مَآ تعجب کے لئے۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ النَّارِ:(آگ)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت چھوڑ کر گمراہی اور بخشش چھوڑ کر عذاب خریدا۔یہ (آتش) جہنم کی کیسی برداشت کرنے والے ہیں!

176:2 ذَلِكَ بِأَنَّ اللهَ نَزَّلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ

ذَلِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر۔مبتداء۔بِ:(اس وجہ سے)حرف جار۔سببیہ۔أَنَّ :(یقیناً۔بے شک) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔اَنَّ کا اسم۔نَزَّلَ :(اتاری)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ(اترنا)۔الْكِتَابَ:(خاص کتاب کو) معرف باللام۔منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ :(حق ۔سچائی)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ) حرف عطف یا حالیہ۔إِنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔اَنَّ کا اسم۔اخْتَلَفُوا :(اختلاف کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِخْتَلَفَ يُخْتَلِفُ۔مصدر۔اِخْتِلَافًا۔(مخالفت کرنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ف)خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر خَلْفًا(پیچھے ہونا)فِي :(میں۔بیچ)حرف جار۔ الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔اسم مجرور۔ لَ:(یقیناً۔ضرور بالضرور)لائے تاکید۔فِي:(میں)حرف جار۔ شِقَاقٍ:(ضد)اسم مجرور۔موصوف۔ بَعِيدٍ:(بہت دور)صفت مجرور۔تابع۔

ترجمہ آیت: یہ اس لئے کہ اللہ نے کتاب سچائی کے ساتھ نازل فرمائی۔ اور جن لوگوں نے اس کتاب میں اختلاف کیا وہ ضد میں (آکر نیکی سے) دور (ہو گئے) ہیں۔

177:2 لَّيْسَ الْبِرَّ أَن تُوَلُّواْ وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَالْمَلآئِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ وَآتَى الْمَالَ عَلَى حُبِّهِ ذَوِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّآئِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ وَأَقَامَ الصَّلاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَالْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَاهَدُواْ وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاء والضَّرَّاء وَحِينَ الْبَأْسِ أُولَـئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا وَأُولَـئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ

لَّيْسَ :(نہیں) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ جامد۔ الْبِرَّ :(نیکی۔ جس کام کے کرنے سے اللہ جل جلالہٗ خوش ہو۔) منصوب خبر مقدم۔ أَنْ :(کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ تُوَلُّواْ :(تم پھیرلو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ الف فارقہ۔ اصلاً تُوَلُّوْنَ تھا۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفْعِيْلٌ۔ صیغہ۔ وَلّٰیَ يُوَلِّيْ۔ مصدر۔ تَوْلِيَةٌ۔ (منہ موڑنا))۔ ثلاثی مجرد۔ باب حسِب۔ مادہ (و ل ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ وُجُوهَ :(مونہوں۔ چہروں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ كُمْ : (تم۔ اپنے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قِبَلَ :(سامنے طرف) ظرف مکان۔ مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ الْمَشْرِقِ :(مشرق) جس طرف سے سورج طلوع ہوتا ہے۔ مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ :(اور) حرف عطف الْمَغْرِبِ :(مغرب) جس طرف سورج ڈوبتا ہے۔ معطوف مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور) حرف عطف۔ لَكِنَّ : (لیکن) حرف استدراک۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اِنَّ کی بہن۔ الْبِرَّ :(نیکی) منصوب۔ اسم لَكِنَّ کا۔ مَنْ : (جو) اسم موصول۔ آمَنَ :(ایمان لایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا) بِ :(ساتھ۔ پر) حرف جار۔ اللّهِ :(اللہ جل جلالہٗ) اسم

مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَوْمِ :(آج۔ دن)ظرف۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ الآخِرِ :(آخرت۔قیامت) مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَلآئِكَةِ :(فرشتے۔مخصوص قوتیں)معطوف۔مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْكِتَابِ:(خاص کتاب۔(چاروں آسمانی کتب))معطوف۔مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔النَّبِيِّينَ:(نبی کی جمع)معطوف۔مجرور۔مضاف الیہ۔علامت ۔ی۔ وَ:(اور)آتَى:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ (دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَىٰ يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں بِ حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ الْمَالَ:(مال۔دولت۔سرمایہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ عَلَى : (پر)حرف جار۔حُبِّ:(محبت)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ذَوِي :(والے)ستّہ مکبرہ۔مضاف۔الْقُرْبَىٰ :(قریب۔قربت)مونث بر وزن فعلٰی۔مجرور۔مضاف الیہ۔ تقدیراً۔ی۔ مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَتَامَىٰ:(یتیم کی جمع)معطوف۔ منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْمَسَاكِينَ:(مسکین۔جس کے کام کی چلتی ہوئی گاڑی رک جائے)معطوف۔ منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ ابْنَ:(بیٹا۔والا)منصوب۔مضاف۔ السَّبِيلِ :(راہ کا۔یعنی مسافر۔مہاجر۔یا مجاہد)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔السَّآئِلِينَ :(سوال کرنے والے۔مانگت۔بھکاری)معطوف۔ منصوب۔ وَ: (اور)حرف عطف۔فِي :(میں۔بیچ)الرِّقَابِ:(جو نگرانی میں ۔یعنی قیدی ہوں ان کا آزاد کرانے کے لئے)اسم مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔أَقَامَ :(اس نے کھڑی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَقَامَ يُقِيْمُ۔مصدر۔اِقَامَةٌ(کھڑی کرنا) الصَّلاَةَ :(صلوٰۃ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور) حرف عطف۔آتَى :(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَىٰ يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ الزَّكَاةَ:(زکوٰۃ)

منصوب۔ مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔ استئنافیہ۔الْمُوفُونَ :(وفا کرنے والے۔پورا کرنے والے)فاعل مرفوع۔ جمع۔لَكِنَّ کی خبر مرفوع۔یا مبتداء محذوف کی ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔عَهْدِ:(عہد۔ وعدہ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ ۔اپنا)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا:(جب)ظرف برائے مستقبل۔ عَاهَدُوا:(انہوں نے وعدہ کیا۔إِذَا کی وجہ سے ترجمہ :وہ وعدہ کریں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔صیغہ۔عَاهَدَ يُعَاهِدُ۔مصدر۔مُعَاهَدَةٌ۔(وعدہ کرنا) وَ:(اور)حرف عطف۔الصَّابِرِينَ : (ڈٹے رہنے والے۔استقامت دکھانے والے)فاعل۔جمع۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فعل محذوف۔فِي : (میں)حرف جار۔الْبَأْسَاءِ:(برے وقت میں۔تنگدستی میں)اسم مجرور۔ و:(اور)حرف عطف۔الضَّرَّاءِ: (تکلیف۔بیماری۔حادثہ وغیرہ میں)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔حِينَ:(وقت)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ الْبَأْسِ:(برا)مجرور مضاف الیہ۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء۔ الَّذِينَ: (وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً خبر مرفوع۔ صَدَقُوا:(انہوں نے سچ کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ص د ق)صیغہ صَدَقَ يَصْدِقُ۔مصدر۔ صِدْقًا۔(سچ بولنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أُولَئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء۔هُمُ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مرفوع۔الْمُتَّقُونَ:(پرہیز گار۔تقوی کرنے والے۔ڈرنے والے)۔فاعل مرفوع۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق یا مغرب کو(قبلہ سمجھ کر ان) کی طرف منہ کرلو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ اللہ پر اور روز آخرت پر اور فرشتوں پر اور (اللہ کی) کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔ اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنوں (کے چھڑانے) میں (خرچ کریں) اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں۔ اور جب عہد کرلیں تو اس کو پورا کریں۔ اور سختی اور تکلیف میں اور (معرکہ) کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں۔ یہی لوگ ہیں جو (ایمان میں) سچے ہیں اور یہی ہیں جو (اللہ سے) ڈرنے والے ہیں۔

178:2 يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْأُنْثَى بِالْأُنْثَى فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَاءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ ذَلِكَ تَخْفِيفٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدَى بَعْدَ ذَلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ

يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(جو۔کون)اسم موصول۔منادیٰ۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔آمَنُوا:(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ كُتِبَ :(لکھ دی گئی۔فرض کر دیا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔ كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔كِتَابَةٌ۔(لکھنا)۔عَلَيَ:(پر)حرف جار۔كُمُ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اس، مجرور۔ الْقِصَاصُ:(خون کا قصاص۔بدلہ) فِي :(میں۔بیچ)حرف جار۔الْقَتْلٰى :(قتل ہوئے۔)مقتول۔مفعول۔اصلاً مَقْتُوْلِيْنَ۔مجرور۔علامت۔ی۔بروزن۔فَعْلٰى۔(واحد قَتِيْلٌ جمع قَتْلٰى۔جمع مکسر)۔الْحُرُّ:(آزاد)مبتداء۔ بِ:(بدلہ۔ساتھ)حرف جار۔الْحُرِّ:(آزاد)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مرفوع۔خبر۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْعَبْدُ:(غلام۔نوکر)مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ۔بدلے میں)حرف جار۔الْعَبْدِ:(غلام۔نوکر)اسم مجرور ۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأُنْثَى :(مادہ۔مؤنث)مبتداء مرفوع۔بِ:(ساتھ۔بدلے میں)حرف جار۔الْأُنْثَى:(مادہ۔مؤنث)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔معنیٰ عورت اس لئے نہیں کیا گیا ممکن ہے کہ کوئی بچی بھی ہو سکتی ہے۔ویسے بہتر جوان لڑکی سے بوڑھی عورت تک ہو۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔یا تفسیری۔مَنْ :(جو)اسم شرط۔جازم مضارع۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔عُفِيَ:(معاف کر دیا جائے)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ع ف و)صیغہ۔ عَفَا يَعْفُو۔مصدر۔عَفْوًا۔(درگزر کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔

أَخِي:(بھائی)اسم مجرور۔ ی۔ متکلم نہیں۔نہ ہی نسبتی۔بلکہ یہ ستہ مکبرہ کے اصول کے تحت علامت مجرور کی ہے۔مضاف۔هِ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شَيْءٌ :(شئے۔چیز)نائب فاعل۔ مرفوع۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔اتِّبَاعٌ :(پیروی کرنا)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔جس کی اتباع ہو۔اگر مبتداء تسلیم ہو تو خبر محذوف مقدم ماننا ہوگی۔محلاً جواب شرط۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمَعْرُوفِ :(دستور کے مطابق)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَدَاءٌ:(پورا پورا ادا کرنا)۔مصدر۔مرفوع۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ :(وہ ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِحْسَانٍ:(اچھے طریقے کے)اسم مجرور۔ ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید واحد مذکر۔مبتداء۔ تَخْفِيفٌ :(کم کرنا۔ہلکا کرنا)خبر مرفوع۔مِّن:(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(پالنے والا)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ:(تم۔ تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رَحْمَةٌ: (مہربانی۔ رعایت۔ عنایت) مصدر۔بدل تَخْفِيفٌ کا۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تفسیری۔مَنِ:(جو)اسم شرط۔جازم۔مبتداء۔ اعْتَدَى:(حد سے آگے نکلے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِعْتَدٰی يَعْتَدِیُ۔مصدر۔اِعْتِدَاءٌ۔(زیادتی کرنا۔ حد سے بڑھنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ع د و)عَدَا يَعْدُو۔مصدر۔عَدْوًا۔اِعْدُ۔(حد سے بڑھنا۔ دشمنی کرنا) بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔ مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ ذَلِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)رابطہ برائے جواب شرط۔ لَ:(لئے) حرف جار۔هُ :(وہ۔ اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔عَذَابٌ :(سخت تکلیف۔عذاب۔سخت سزا۔)مبتداء مؤخر۔موصوف۔ أَلِيمٌ: (درد۔تکلیف۔)مبالغہ۔صفت مرفوع۔تابع۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:مومنو! تم کو مقتولوں کے بارے میں قصاص(یعنی خون کے بدلے خون) کا حکم دیا جاتا ہے(اس طرح پر کہ) آزاد کے بدلے آزاد(مارا جائے) اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت اور قاتل کو اس کے (مقتول) بھائی (کے قصاص میں) سے کچھ معاف کر دیا جائے تو(وارث مقتول) کو پسندیدہ طریق سے(قرارداد

کی) پیروی (یعنی مطالبۂ خون بہا) کرنا اور (قاتل کو) خوش خوئی کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے یہ پروردگار کی طرف سے تمہارے لئے آسانی اور مہربانی ہے جو اس کے بعد زیادتی کرے اس کے لئے دکھ کا عذاب ہے

179:2 وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَاْ أُولِي الأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تم۔ تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔فِي :(میں۔بیچ)حرف جار۔الْقِصَاصِ:(خون کا بدلہ۔نقصان کا بدلہ۔)اسم مجرور۔ حَيَاةٌ:(زندگی) مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ يَاْ:(اے)حرف نداء۔أُولِي :(والو) منادیٰ۔ منصوب۔علامت۔ی۔مضاف۔ الأَلْبَابِ:(عقلوں۔واحد لُبٌّ۔عقل)مجرور۔مضاف الیہ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اَنَّ کی بہن۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم۔ منصوب۔تَتَّقُونَ :(تم " اللہ جل جلالہٗ سے " ڈرتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ سے ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقویٰ اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔

ترجمہ آیت:اور اے اہل عقل (حکم) قصاص میں (تمہاری) زندگانی ہے کہ تم (قتل وخونریزی سے) بچو۔

180:2 كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ

كُتِبَ:(لکھا گیا۔فرض کر دیا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ معروف۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔كِتَابَةً۔(لکھنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ إِذَا :(جب)ظرف زمان۔برائے مستقبل۔حَضَرَ:(وہ آیا۔اِذَا کی وجہ سے ترجمہ: آجائے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ض ر)صیغہ۔حَضَرَ يَحْضُرُ۔ مصدر۔ حُضُوْرًا۔(حاضر

ہونا)۔ أَحَدَ:(کسی ایک)منصوب۔ مفعول بہ۔ مقدّم۔ مضاف۔ كُمُ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْمَوْتُ:(موت)فاعل مرفوع۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ جازم مضارع۔ تَرَكَ:(اس نے چھوڑا۔ بوجہ اِنْ۔ چھوڑے۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجزوم۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ت ر ک)صیغہ۔ تَرَکَ يَتْرُكُ۔ مصدر۔ تَرْكاً۔(چھوڑنا۔)۔ خَيْرًا:(بہتر۔ اچھا۔)منصوب۔ مفعول بہ۔ جواب شرط محذوف۔ الْوَصِيَّةُ:(وصیت)نائب فاعل۔ مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ لْوَالِدَيْنِ :(ماں باپ)تثنیہ۔ اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الأَقْرَبِينَ : (قرابت داروں)معطوف۔ مجرور۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ الْمَعْرُوفِ :(دستور سے۔ مشہور طریقہ سے۔ قانون کے مطابق)اسم مجرور۔ حَقًّا :(ٹھیک ٹھیک۔ لازمی)مفعول مطلق۔ منصوب۔ عَلَى :(اوپر۔ پر)حرف جار۔ الْمُتَّقِينَ :(پرہیز گاروں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:تم پر فرض کیاجاتاہے کہ جب تم میں سے کسی کوموت کاوقت آجائےتواگروہ کچھ مال چھوڑجانےوالاہوتوماں باپ اوررشتہ داروں کےلئے دستورکےمطابق وصیت کرجائے(اللہ سے)ڈرنےوالوں پریہ ایک حق ہے

181:2 فَمَن بَدَّلَهُ بَعْدَمَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ إِنَّ اللهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

فَ:(پس)حرف عطف۔ استئنافیہ۔ مَنْ:(جو)اسم شرط۔ جازم۔ مبنی بر سکون محلاً مرفوع ۔ مبتداء۔ بَدَّلَ: (تبدیل کردے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاًمجزوم فعل شرط۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ بَدَّلَ يُبَدِّلُ۔ مصدر۔ تَبْدِيْلًا ۔(بدلنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ب د ل)صیغہ۔ بَدَلَ يَبْدُلُ ۔ مصدر۔ بَدْلًا ۔(بدلنا)۔ هُ :(وہ۔ اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔ مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ مَا :(کہ)مصدریہ۔ سَمِعَ:(اس نے سنا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ(س م ع)صیغہ ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ ۔ مصدر۔ سَمْعٌ۔(سننا)۔ هُ :(وہ۔ اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ

جواب شرط۔إِنَّمَا:(یقیناً۔صرف اور صرف)**كافة و مكفوفة**۔کلمہ حصر۔ إِثْمُ: (گناہ۔قانون الٰہی کی خلاف ورزی)۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُ :(وہ۔اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مرجع وَصِيَّةٌ۔عَلَى:(پر۔اوپر)حرف جار۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ يُبَدِّلُونَ: (بدل دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔بَدَّلَ يُبَدِّلُ۔مصدر۔تَبْدِيْلًا ۔(بدلنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب د ل)صیغہ۔بَدَلَ يَبْدُلُ۔مصدر۔بَدْلًا ۔(بدلنا)۔هُ:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔إِنَّ :(یقینا۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔اِنَّ کا اسم۔سَمِيعٌ :(خوب سننے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر۔مرفوع۔عَلِيمٌ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر ثانی۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو شخص وصیت کو سننے کے بعد بدل ڈالے تو اس (کے بدلنے) کا گناہ انہیں لوگوں پر ہے جو اس کو بدلیں۔اور بے شک اللہ سنتا جانتا ہے۔

182:2 فَمَنْ خَافَ مِن مُّوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

فَ:(پھر)حرف عطف۔مَنْ :(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔خَافَ:(اس نے خوف کھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ و ف)صیغہ۔ خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(خوف کھانا۔ ڈرنا) مِنْ:(سے)حرف جار۔ مُّوصٍ:(وصیت کرنے والا)اسم فاعل۔ اصلاً مُوْصِيٌ تھا۔فاعل بنانے کے کلیہ کے تحت حرف علت محذوف ہوا۔اور اس کے عوض دوسری کسرہ دے دی جس سے تنوین کسرہ میں تبدیل ہوگئی۔ جَنَفًا:(جانبدار۔ ایک طرف جھکنا)۔منصوب ۔مفعول بہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ج ن ف)صیغہ۔ جَنَفَ يَجْنِفُ۔مصدر۔جَنْفًا۔(جھکنا)۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ إِثْمًا:(گناہ کرنا۔قانون الٰہی کی خلاف ورزی۔کرنا)معطوف۔منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَصْلَحَ:(اس نے درستی کی)فعل

ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ ۔اَصْلَحَ يُصْلِحُ۔ مصدر۔ اِصْلَاحًا۔ (درستی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ص ل ح) صیغہ۔ صَلَحَ يَصْلَحُ۔ مصدر۔ صَلَاحًا۔ (صلح کرنا۔ درست کرنا) بَيْنَ: (درمیان) ظرف مکان۔ مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ هُمْ: (وہ۔ ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) لائے نافیہ جنس۔ ناصب اسم۔ إِثْمَ: (گناہ۔ قانون الٰہی کی خلاف ورزی) منصوب۔ بوجہ لائے نفی جنس کا اسم۔ عَلَيْ: (اوپر۔ پر) حرف جار۔ هِ: (وہ۔ اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً لائے جنس کی خبر منصوب إِنَّ: (بے شک۔ یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔ اِنَّ کا اسم۔ غَفُورٌ: (خوب مغفرت کرنے والا) مبالغہ۔ اِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيمٌ: (خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔ اِنَّ کی خبر ثانی۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: اگر کسی کو وصیت کرنے والے کی طرف سے (کسی وارث کی) طرفداری یا حق تلفی کا اندیشہ ہو تو اگر وہ (وصیت کو بدل کر) وارثوں میں صلح کرا دے تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔ بے شک اللہ بخشنے والا (اور) رحم والا ہے۔

183:2 يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ

يَا: (اے) حرف نداء۔ أَيُّ: (جو۔ کوئی) منادیٰ۔ محلاً منصوب۔ هَا: (اوئے) حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ آمَنُوا: (ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَمِنَ يَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا) كُتِبَ: (لکھا گیا۔ فرض کر دیا گیا) فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ (ک ت ب) صیغہ معروف۔ كَتَبَ يَكْتُبُ۔ مصدر۔ كِتَابَةً۔ (لکھنا)۔ عَلَيْ: (پر۔ اوپر) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ ضمہ برائے اتصال ما بعد۔

الصِّيَامُ :(روزے)نائب فاعل۔ مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و م)صیغہ صَامَ يَصُوْمُ۔ مصدر۔ صَوْمًا۔صِيَامًا۔:روکنا۔روزہ رکھنا)۔ كَمَا: جیسا کہ)مرکب :(كَ+مَا)(حرف تشبیہ۔+اسم موصول۔ كُتِبَ :(لکھا گیا۔فرض کر دیا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ معروف۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔ كِتَابَةً۔(لکھنا)۔ عَلَى :(پر۔اوپر)حرف جار۔الَّذِينَ :(وہ جن)اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ ۔ مضاف۔ كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔لَعَلَّ کا اسم۔تَتَّقُونَ :(تم " اللہ جل جلالہٗ سے " ڈرتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِتَّقٰى يَتَّقِي۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ سے ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِي۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔

ترجمہ آیت:مومنو! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں۔جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم پرہیز گار بنو۔

184:2 أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ فَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ وَأَن تَصُومُوا خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ

أَيَّامًا:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔موصوف۔ مَّعْدُودَاتٍ:(گنتی کے)غیر منصرف۔صفت منصوب۔ تنوین بالکسرہ۔تابع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔مَنْ:(وہ جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبتداء۔ كَانَ:(وہ ہو)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ مصدر۔

كَوْنًا(ہونا)۔ناصب خبر۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ مَّرِيضًا: (مریض۔بیمار)منصوب۔ مفعول بہٖ أَوْ:(یا)حرف عطف۔عَلَى:(پر)حرف جار۔سَفَرٍ:(سفر)اسم مجرور۔ فَ: (اور)برائے رابطہ جواب شرط۔عِدَّةٌ:(گنتی کرنا)مصدر۔مبتداء۔مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د) مضاعف۔عَدَّ يَعُدُّ۔مصدر۔عَدٌّ۔عِدَّةٌ۔(گنتی کرنا)۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ أَيَّامٍ:(دنوں) ظرف زمان۔اسم مجرور أُخَرَ:(دوسرے)صفت۔محلاً مجرور۔بالفتحہ۔ وَ:(اور)حرف عطف،عَلَى:(پر)حرف جار۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔يُطِيقُونَ:(طاقت نہیں رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَطَاقَ يُطِيْقُ۔مصدر۔اِطَاقَةٌ۔(طاقت رکھنا)۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مرجع اَلصِّيَامُ۔ (اکثر مفسرین کرامؒ نے فرمایاہے کہ یہ پہلا حکم تھابعد میں منسوخ ہوا۔اللہ جل جلالہٗ اپنے احکام واپس نہیں لیتا۔جو دلوں کے رازوں کو بھی جانتاہے۔اس کو معلوم ہے کہ کب کس وقت کسی کو ضرورت ہے۔تو وہ اس کے مطابق قانون بناتا ہے۔اللہ جل جلالہٗ کے قانون میں کوئی تبدیلی ہو ہی نہیں سکتی۔ سُنَّةَ مَن قَدْ أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِن رُّسُلِنَا وَلاَ تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيلاً " جو پیغمبر ہم نے تم سے پہلے بھیجے تھے ان کا(اور ان کے بارے میں ہمارا یہی) طریق رہا ہے اور تم ہمارے طریق میں تغیروتبدل نہ پاؤ گے ")فِدْيَةٌ : (بدلہ۔فدیہ)مصدر۔ مبتداء مؤخر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔فَدٰی يَفْدِىْ۔مصدر۔فِدْيَةٌ۔(بدلہ دینا۔)۔طَعَامُ:(کھانا)بدل فِدْيَةٌ کا مرفوع۔ مضاف۔ مِسْكِينٍ: (مسکین ۔جس کی روزی کمانے کی گاڑی رک گئی ہو)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف یا استئنافیہ۔ مَنْ: (جو)اسم موصول۔شرطیہ۔ تَطَوَّعَ:(رضاکارانہ۔اپنی مرضی سے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَطَوَّعَ يَتَطَوَّعُ۔مصدر۔تَطَوُّعًا۔(خوشی سے کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔صیغہ طَاعَ يَطُوْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(خوشی سے کرنا)خَيْرًا :(بہتری۔نیکی۔بھلائی)

منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(سو) برائے رابطہ جواب شرط۔ هُوَ:(وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ محلاً مرفوع۔ مبتداء۔ خَيْرٌ:(بھلائی۔ نیکی) خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے) حرف جار۔ هُ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ یا استئنافیہ۔ أَنْ:(کہ) حرف مصدریہ۔ ناصب مضارع تَصُومُواْ:(تم روزے رکھتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ص و م) صیغہ صَامَ يَصُوْمُ۔ مصدر۔ صَوْمًا۔ صِيَامًا۔: روکنا۔ روزہ رکھنا)۔ خَيْرٌ: (بھلائی۔ بہتر) خبر۔ مرفوع۔ لَّكُمْ:(تمہارے لئے) حرف جار + ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم مضارع۔ كُنتُمْ:(ہو تم) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ک و ن) اجوف واوی۔ صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ ناصب خبر۔ تَعْلَمُونَ:(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ محلاً كَانِ خبر کی منصوب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔

ترجمہ آیت: (روزوں کے دن) گنتی کے چند روز ہیں تو جو شخص تم میں سے بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں روزوں کا شمار پورا کرلے اور جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھیں (لیکن رکھیں نہیں) وہ روزے کے بدلے محتاج کو کھانا کھلا دیں اور جو کوئی شوق سے نیکی کرے تو اس کے حق میں زیادہ اچھا ہے۔ اور اگر سمجھو تو روزہ رکھنا ہی تمہارے حق میں بہتر ہے۔

185:2 شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيَ أُنزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَى وَالْفُرْقَانِ فَمَن شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَن كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ يُرِيدُ اللّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلاَ يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُواْ الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُواْ اللّهَ عَلَى مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

شَهْرُ:(مہینہ)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ رَمَضَانَ :(رمضان۔روزوں کا)غیر منصرف۔ان زائد تان۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔الَّذِيَ:(وہ جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر۔ أُنزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجھول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔الْقُرْآنُ :(قرآن مجید)نائب فاعل۔مرفوع۔هُدًى:(ہدایت) منصوب۔ مفعول لہٗ۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔لنَّاسِ:(لوگ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَيِّنَاتٍ:(واضح احکام۔ دلائل۔نشانیاں)معطوف۔غیر منصرف۔ منصوب۔بالکسرہ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الْهُدَى:(راہنمائی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْفُرْقَانِ:(امتیاز کرنے والا۔فرق کرنے والا)معطوف۔اسم مجرور۔ فَ:(تو) حرف عطف۔ تفسیری۔مَنْ :(پس جو)اسم شرط۔شَهِدَ:(وہ حاضر ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةٌ۔(گواہی دینا۔ موجود ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمُ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ الشَّهْرَ :(مہینہ کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(پس)حرف عطف۔لْ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔يَصُمْ:(وہ روزے رکھے)فعل مضارع مجزوم۔علامت محلِّ اعراب منصوب۔(لَيَصُمْ۔ فعل امر واحد مذکر غائب۔) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و م)صیغہ صَامَ يَصُوْمُ۔مصدر۔صَوْمًا۔صِيَامًا۔:روکنا۔روزہ رکھنا)۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مرجع رمضان کا مہینہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَن:(جو)اسم شرط جازم۔مبتداء۔ كَانَ:(وہ ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ ناصب خبر۔مَرِيضًا:(مریض۔بیمار)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أَوْ :(یا)حرف عطف۔عَلَى :(پر) حرف جار۔ سَفَرٍ:(سفر)اسم مجرور۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔برائے رابطہ۔جواب شرط۔عِدَّةٌ:(گنتا) مبتداء۔ مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ أَيَّامٍ:(دن)اسم مجرور۔موصوف۔ أُخَرَ:(دوسرے)صفت مجرور۔تابع۔ يُرِيدُ:(وہ

چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ یُرِیْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ كُمُ:(تم۔تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ الْيُسْرَ:(آسانی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا: (نہیں) لائے نافیہ۔یُرِیدُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ یُرِیْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ كُمُ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور الْعُسْرَ:(تنگی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ: (تاکہ)لائے تعلیل۔اس کا لائے کَیْ بھی کہتے ہیں۔ناصب مضارع۔تُكْمِلُوا:(تم پورا کرو گے)فعل مضارع جمع مذکر منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَكْمَلَ يُكْمِلُ۔مصدر۔اَكْمَالٌ۔(پورا کرنا۔ تکمیل کرنا)ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک م ل)صیغہ كَمَلَ يَكْمُلُ۔ مصدر۔كَمَالًا۔(پورا ہونا)۔ الْعِدَّةَ:(گنتی)مصدر۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ: (تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُكَبِّرُوا:(تم بڑائی بیان کرو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ كَبَّرَ يُكَبِّرُ۔ مصدر۔ تَكْبِيْرًا۔(بڑائی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ک ب ر)صیغہ۔كَبَرَ يَكْبُرُ۔مصدر۔كَبْرًا۔(بڑا ہونا)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ عَلٰى :(پر)حرف جار۔مَا :(کہ)مصدریہ۔هَدَا:(راہنمائی کی) اصلی رسم الخط۔هَدٰى۔حرف علت۔ى۔ کو حذف کیا گیا اگلے لفظ سے اتصال کے لئے۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)ناقص یائی۔صیغہ هَدٰى يَهْدِىْ۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(راہنمائی دینا۔ہدایت دینا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَعَلَّ:

(شاید)ترجی۔حرف مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اِنَّ کی بہن۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم۔ مبتداء۔ تَشْكُرُونَ:(تم شکر کرتے ہو)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً لَعَلَّ کی خبر۔مرفوع۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔ شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔ شُكْرًا۔(شکر کرنا۔قدر کرنا۔)

ترجمہ آیت: (روزوں کامہینہ) رمضان کامہینہ (ہے) جس میں قرآن(اول اول) نازل ہوا جولوگوں کارہنما ہے اور(جس میں) ہدایت کی کھلی نشانیاں ہیں اور(جو حق وباطل کو) الگ الگ کرنے والا ہے توجو کوئی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو چاہیئے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو بیمار ہو یاسفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں (رکھ کر) ان کا شمار پورا کرلے۔ اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتاہے اور سختی نہیں چاہتااور(یہ آسانی کاحکم) اس لئے(دیا گیاہے) کہ تم روزوں کا شمار پورا کرلو اور اس احسان کے بدلے کہ اللہ نے تم کو ہدایت بخشی ہے تم اس کو بزرگی سے یاد کرو اور اس کا شکر کرو۔

186:2 وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ مستقبل کے لئے۔ سَأَلَ:(اس نے سوال کیا۔ اس نے پوچھا۔اِذَا فعل ماضی سے پہلے ہو تو کبھی مضارع کے معنی "وہ سوال کرے")ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَئَلَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سَؤَالًا۔(پوچھنا۔سوال کرنا)۔كَ :(آپ ﷺ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔عِبَادِ:(بندے)اسم مجرور۔مضاف۔ ي:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ عَنِّي:(میرے بارے میں)مرکب: (عَنْ+ نِ + یْ) حرف جار+ نون وقایہ + ضمیر واحد متکلم۔ فَ:(پس)حرف جار۔إِنِّي:(یقیناً ۔میں)مرکب :(اِنَّ+نِ+یْ)

حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+نون وقایہ + ضمیر واحد متکلم۔ قَرِيبٌ :(قریب ہوں)خبر مرفوع۔ أُجِيبُ:(میں جواب دیتاہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَجَابَ يُجِيْبُ۔مصدر۔ اِجَابَةٌ۔(جواب دینا۔قبول کرنا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ج و ب)صیغہ۔ جَابَ يَجُوْبُ۔ مصدر۔ جُبُ۔جَوْبًا۔(خبر کا پھیلنا۔چٹان میں سوراخ کرنا)۔ دَعْوَةَ :(پکارنا۔بلانا)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ الدَّاعِ:(پکارنے والا)اصلاً الدَّاعِيُ۔تھا۔ی۔ پر ضمہ ثقیل حرف علت کو ہٹا دیا گیا۔فاعل۔مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔مصدر۔دُعَآءٌ۔مضاف الیہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔مستقبل کے معنوں میں۔ دَعَانِ:(مجھ کوپکارا)اصلاًدَعَانِيْ۔مرکب :(دَعَا+نِ+يْ)نون کے نیچے زیر بوجہ ضمیر واحد متکلم کے ہے۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(د ع و)صیغہ ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا۔دعا کرنا) فَ:(پس)حرف عطف۔ لْ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔يَسْتَجِيبُوا:(وہ قبول کریں۔وہ حکم مانیں۔وہ جواب دیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔اصلاً۔يَسْتَجِيبُوْنَ تھا۔لائے امر کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(قبول کرنا) لِ:(لئے)حرف جار۔ي: (میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔یا تفسیری۔لْ:(چاہئے کہ)لائے امر۔يُؤْمِنُوا:(وہ ایمان لائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔اصلاً۔يُؤْمِنُوْنَ تھا۔ لائے امر سے نون اعرابی گرا۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ي :(میں ۔مجھ) ضمیر واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔لَعَلَّ: (شاید) ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاًلَعَلَّ کا اسم۔مبتداء۔يَرْشُدُونَ :(ہدایت پاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاًلَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور (اے پیغمبر) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو (کہہ دو کہ) میں تو (تمہارے) پاس ہوں جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں تو ان کو چاہیئے کہ میرے حکموں کو مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ نیک رستہ پائیں۔

187:2 أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَى نِسَآئِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ فَالآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللهُ لَكُمْ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ

أُحِلَّ: (حلال کر دی گئی) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ اَحَلَّ يُحِلُّ۔ مصدر۔ اِحْلَالٌ۔ حلال کرنا۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ح ل ل) مضاعف۔ حَلَّ يَحِلُّ۔ حَلَالًا (حلال ہونا۔ جائز ہونا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ لَيْلَةَ: (رات) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ الصِّيَامِ: (روزوں کی) مجرور مضاف الیہ۔ الرَّفَثُ: (جنسی گفتگو) نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ر ف ث) رَفَثَ يَرْفُثُ۔ مصدر۔ رَفْثًا۔ (جنسی باتیں کرنا) إِلَى: (طرف) حرف جار۔ نِسَآءِ: (عورتوں کی) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هُنَّ: (وہ۔ مؤنث) ضمیر متصل۔ جمع مونث غائب۔ مبتدا۔ لِبَاسٌ: (لباس) خبر مرفوع۔ لَّ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَنْتُمْ: (تم) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔ مبتداء لِبَاسٌ: (لباس) خبر مرفوع۔ لَّ: (لئے) هُنَّ: (وہ۔ ان کے) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً مجرور اسم۔ عَلِمَ: (اس نے جانا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔ اللهُ: (اللہ جل جلالہٗ) مرفوع۔ فاعل۔ مبتداء۔ أَنَّ: (یقیناً)

حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ کُنتُمۡ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔کَوۡنًا۔ (ہونا)۔ خبر کا ناصب۔ تَخۡتَانُوۡنَ:(تم خیانت کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ محلاً خبر کان کی۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخۡتَانَ یَخۡتَانُ۔ مصدر۔ اِخۡتِیَانٌ۔(خیانت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔خَانَ یَخُوۡنُ۔ مصدر۔خِیَانَةٌ۔خَوۡنًا۔خُنۡ۔(خیانت کرنا۔بددیانتی کرنا)۔دیگر صیغہ۔باب نصر۔مادہ(خ ت ن)صیغہ۔خَتَنَ یَخۡتُنُ۔مصدر۔خَتۡنًا۔(ختنہ کرنا)۔(بددیانتی کرنا)اَنۡفُسَ:(جانوں)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔کُمۡ: (تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَابَ:(اس نے توبہ کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ت و ب)صیغہ۔تَابَ یَتُوۡبُ۔مصدر۔ تَوۡبَةً۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔عَلَیۡ:(پر)حرف جار۔کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔عَفَا:(اس نے معاف کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ع ف و) صیغہ۔عَفَا یَعۡفُو۔ مصدر۔ عَفۡوًا۔(معاف کرنا)۔ عَنۡ:(سے)حرف جار۔کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ: (پس) حرف عطف۔استئنافیہ۔اَلۡآنَ :(اب) ظرف زمان۔بَاشِرُوۡ:(تم مباشرت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔بَاشَرَ یُبَاشِرُ۔مصدر۔مُبَاشَرَةٌ۔(مباشرت کرنا۔)هُنَّ :(ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ابۡتَغُوۡا:(تلاش کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِبۡتَغٰی یَبۡتَغِیۡ۔مصدر۔اِبۡتِغَآءٌ۔ (چاہنا۔تلاش کرنا۔طلب کرنا)ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰی یَبۡغِیۡ۔مصدر۔ بَغۡیًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ کَتَبَ:(لکھا۔فرض کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک ت ب)صیغہ ۔کَتَبَ یَکۡتُبُ۔مصدر۔کِتَابَةٌ۔(لکھنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)

فاعل۔مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔کُلُوْا :(کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَکَلَ یَاکُلُ۔مصدر۔اَکْلًا۔(کھانا) وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔اشْرَبُوْا:(پیو)فعل امر جمع مذکر غائب۔ باب سمع۔مادہ(ش ر ب)صیغہ۔شَرِبَ یَشْرَبُ۔مصدر۔شُرْبًا۔(پینا)۔ حَتّٰی:(یہاں تک)حرف غائب۔بعدہٗ اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ یَتَبَیَّنَ:(کھول کھول کر بیان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔تَبَیَّنَ یَتَبَیَّنُ۔مصدر۔تَبَیُّنًا۔(ظاہر ہو جانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ الْخَیْطُ:(دھاگا)موصوف۔ الْاَبْیَضُ: (سفید) صفت مرفوع۔تابع۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الْخَیْطِ :(دھاگا)اسم مجرور۔موصوف۔ الْاَسْوَدِ:(سیاہ)صفت مجرور۔تابع۔ مِنَ: (سے)حرف جار۔ الْفَجْرِ:(فجر)اسم مجرور۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ اَتِمُّوْا:(پورا کرو۔ مکمل کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَتَمَّ یُتِمُّ۔مصدر۔اِتْمَامٌ۔(پورا کرنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ت م م)مضاعف۔صیغہ۔تَمَّ یَتِمُّ۔مصدر۔تَمَامًا۔تِمَّ۔تَمًّا۔(ختم کرنا۔پورا کرنا۔) الصِّیَامَ:(روزوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ اِلَی:(تک۔طرف)حرف جار۔ الَّیْلِ:(رات)اسم مجرور۔ وَ: (اور)لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تُبَاشِرُوْ:(تم مباشرت کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔بَاشَرَ یُبَاشِرُ۔مصدر۔ مُبَاشَرَۃٌ۔(مباشرت کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ب ش ر)صیغہ ۔بَشَرَ یَبْشُرُ۔مصدر۔بِشْرًا۔(خوش ہونا۔چھلکا اتارنا۔کھال چھیلنا۔مونچھ کو بالکل صاف کرن دینا۔چٹ کر جانا)۔هُنَّ :(ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔مبتداء۔ عَاکِفُوْنَ:(سنوارنے والے۔اعتکاف کرنے والے)فاعل۔مرفوع۔ فِی :(میں۔بیچ)حرف جار۔الْمَسَاجِدِ:(مسجدوں)اسم مجرور۔ تِلْكَ :(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث۔محلاً مرفوع مبتداء۔حُدُوْدُ :(حدود)خبر۔مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ

:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ:(پس) استئنافیہ۔ تفسیری۔ لَا:(نہ) لائے ناہیہ۔ جازم۔ تَقْرَبُو:(تم قریب جاؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم ۔علامت نون اعرابی۔ محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ مضاف۔ هَا :(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَذٰلِكَ:(اس طرح) مرکب :(كَ + ذٰلِكَ) حرف جار و تشبیہ۔ + اسم اشارہ۔ محلاً مجرور۔ جار مجرور۔ نائب مفعول مطلق۔ يُبَيِّنُ:(کھول کھول کر بیان کرتا ہے) ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔ مصدر۔ تَبْيِيْنٌ۔(وضاحت کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ آيَاتِ:(آیات۔ نشانیوں کو) غیر منصرف۔ تائے مکسور۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔ هِ:(وہ۔ اپنی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ لنَّاسِ :(لوگ) اسم مجرور۔ لَعَلَّ:(شاید) ترجی۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُمْ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ يَتَّقُونَ:(تم پرہیز گاری کرتے ہو۔ تم ڈرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(تقویٰ اختیار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَقٰى يَقِيْ۔ مصدر۔ وَقَايَةٌ(بچنا)۔

ترجمہ آیت: روزوں کی راتوں میں تمہارے لئے اپنی عورتوں کے پاس جانا کر دیا گیا ہے وہ تمہاری پوشاک ہیں اور تم ان کی پوشاک ہو اللہ کو معلوم ہے کہ تم (ان کے پاس جانے سے) اپنے حق میں خیانت کرتے تھے سو اس نے تم پر مہربانی کی اور تمہاری حرکات سے درگزر فرمائی۔ اب (تم کو اختیار ہے کہ) ان سے مباشرت کرو۔ اور اللہ نے جو چیز تمہارے لئے لکھ رکھی ہے (یعنی اولاد) اس کو (اللہ سے) طلب کرو اور کھاؤ پیو یہاں تک کہ صبح کی سفید دھاری (رات کی) سیاہ دھاری سے الگ نظر آنے لگے۔ پھر روزہ (رکھ کر) رات تک پورا کرو اور جب تم مسجدوں میں اعتکاف بیٹھے ہو تو ان سے مباشرت نہ کرو۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں ان کے پاس نہ جانا۔ اسی طرح اللہ اپنی آیتیں لوگوں کے (سمجھانے کے) لئے کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ وہ پرہیز گار بنیں۔

188:2 وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَأْكُلُوا:(تم کھاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَکَلَ یَاکُلُ ۔مصدر۔اَکْلًا۔(کھانا)۔ أَمْوَالَ:(مال و دولت)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔كُم: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔ كُم: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جر۔الْبَاطِلِ: (باطل۔ جھوٹ۔ غلط)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تُدْلُوا:(ڈول ڈالنا)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعل۔اَدْلٰی یُدْلِیْ۔مصدر۔ اِدْلَاءٌ۔(کنویں میں ڈول ڈالنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔دَلَا یَدْلُو۔مصدر۔اَدْلُ۔دَلْوًا(ڈول ڈالنا بھرنے کے لئے)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ إِلَى: (طرف۔تک)حرف جار۔ الْحُكَّامِ:(حاکموں۔حکام)اسم مجرور۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب۔ تَأْكُلُوا: (تم کھاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء ک ل) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَکَلَ یَاکُلُ ۔مصدر۔اَکْلًا۔(کھانا)۔فَرِيقًا :(گروہ۔ جماعت۔کسی چیز کا حصہ۔کوئی حصہ) منصوب۔مفعول بہ۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔أَمْوَالِ:(مال و دولت) اسم مجرور۔مضاف۔ النَّاسِ:(لوگوں کے)مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْإِثْمِ:(گناہ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف جار۔أَنتُمْ: (تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبتداء۔مرفوع۔ تَعْلَمُونَ :(تم جانتے ہو)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔

ترجمہ آیت: اور ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ اور نہ اس کو (رشوۃً) حاکموں کے پاس پہنچاؤ تا کہ لوگوں کے مال کا کچھ حصہ ناجائز طور پر کھا جاؤ اور (اسے) تم جانتے بھی ہو۔

189:2 يَسْئَلُونَكَ عَنِ الأَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ ظُهُورِهَا وَلَكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَى وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا وَاتَّقُوا اللهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

يَسْئَلُونَ: (وہ پوچھتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (س ء ل) مہموز العین۔ صیغہ سَئَلَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَؤَالًا ۔ (پوچھنا۔ دریافت کرنا۔ سوال کرنا)۔ كَ: (تجھ سے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ عَنْ: (سے) حرف جار۔ الأَهِلَّةِ: (چاندوں کے بارے) اسم مجرور۔ قُلْ: (کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ هِيَ: (وہ) ضمیر منفصل واحد مؤنث غائب۔ مبتداء۔ مرجع الأَهِلَّةِ ۔ مَوَاقِيتُ: (شناخت اوقات کا آلہ۔ ذرائع۔ پیمانہ وقت۔ واحد مِيْقَاتٌ) خبر مرفوع۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ لِنَّاسِ: (لوگوں کے) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْحَجِّ: (حج) معطوف مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ یا استئنافیہ۔ لَيْسَ: (نہیں) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ محلاً جامد اس سے مضارع نہیں آتا۔ الْبِرُّ: (نیکی) لَيْسَ کا اسم مرفوع۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ زائدہ۔ أَنْ: (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ تَأْتُوا: (تم لاتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء + ناقص یائی۔ صیغہ۔ أَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔ إِتْيَانٌ۔ (آنا)۔ الْبُيُوتَ: (گھروں) مفعول بہ منصوب۔ محلاً لَيْسَ کی خبر۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ ظُهُوْرِ: (پچھلی طرفوں۔ پشتوں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هَا: (وہ۔ اس کی) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَكِنَّ: (لیکن) حرف استدراک۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ الْبِرَّ: (نیکی) اسم لَكِنَّ کا منصوب۔ مَنِ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ کسرہ برائے اتصال مابعد۔ اتَّقَى: (اللہ جل جلالہٗ کا خوف دل

میں پیدا کرنا۔ انتناہی احکام سے بچنا۔ تقویٰ اختیار کرنا۔):(پرہیز کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیۡ۔مصدر۔ وِقَایَۃً۔وَقْیًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ آتُوا:(تم آؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء +ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیۡ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(آنا)۔الْبُیُوتَ :(گھروں) منصوب ۔ مفعول بہٖ۔مِنۡ:(سے) حرف جار۔ أَبْوَابِ:(دروازوں) اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(وہ) ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔اتَّقُواْ :(ڈرو۔بچو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیۡ۔مصدر۔ وِقَایَۃً۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔مفعول بہٖ۔لَعَلَّ:(شاید) ترجی۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمۡ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تُفۡلِحُونَ:(تم کامیاب ہو جاؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفۡلَحَ یُفۡلِحُ۔مصدر۔اِفۡلَاحًا۔(فلاح پانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ل ح) صیغہ۔فَلَحَ یَفۡلَحُ۔مصدر۔ فَلَاحًا۔(فلاح پانا)۔

(اے محمد ﷺ) لوگ تم سے نئے چاند کے بارے میں دریافت کرتے ہیں (کہ گھٹتا بڑھتا کیوں ہے) کہہ دو کہ وہ لوگوں کے (کاموں کی میعادیں) اور حج کے وقت معلوم ہونے کا ذریعہ ہے اور نیکی اس بات میں نہیں کہ (احرام کی حالت میں) گھروں میں ان کے پچھواڑے کی طرف سے آؤ۔ بلکہ نیکوکار وہ ہے جو پرہیز گار ہو اور گھروں میں ان کے دروازوں سے آیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ نجات پاؤ۔

190:2 وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔قَاتِلُوا:(لڑائی کرو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا۔)۔فِي:(میں)حرف جار۔سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔ مضاف۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔الَّذِينَ:(وہ لوگ جو)يُقَاتِلُونَ:(لڑائی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔ مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔ (قتل کرنا)۔كُمْ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا: (نہ)لائے ناہیہ۔جازم۔مضارع۔تَعْتَدُوا:(تم حد سے بڑھو۔تجاوز کرو)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع ۔الفا فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِعْتَدٰی يَعْتَدِيْ۔مصدر۔ اِعْتِدَاءٌ۔(تجاوز کرنا۔ دشمنی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د و)صیغہ۔عَدَا يَعْدُو۔مصدر۔ عَدْوًا۔ (دشمنی کرنا)۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔يُحِبِّ:(پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابًا۔(پسند کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حُبًّا۔(محبت کرنا)۔ الْمُعْتَدِينَ :(حد سے بڑھنے والے۔زیادتی کرنے والے)۔منصوب۔مفعول بہٖ۔محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ تم سے لڑتے ہیں تم بھی اللہ کی راہ میں ان سے لڑو مگر زیادتی نہ کرنا کہ اللہ زیادتی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

191:2 وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّى يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ فَإِن قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ كَذَلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔اقْتُلُو:(قتل کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ هُمْ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ حَيْثُ:(جہاں)ظرف مکان۔ ثَقِفْتُمُو:(تم پاؤ۔تم ملو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ برائے شکم پُری۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ث ق ف)صیغہ۔ثَقِفَ يَثْقَفُ۔ مصدر۔ ثَقْفًا۔(پانا۔ ملنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَخْرِجُو:(تم نکالو)فعل امر جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔ اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔هُم:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنْ :(سے) حرف جار۔حَيْثُ :(جہاں سے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔أَخْرَجُو:(انہوں نے نکالا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔ اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ وَ:(اور) حرف معترضہ۔ الْفِتْنَةُ:(فتنہ۔آزمائش۔)مبتداء۔مرفوع۔ أَشَدُّ:(سخت ترین۔بد ترین)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ مِنَ: (سے)حرف جار۔ الْقَتْلِ :(قتل)اسم مجرور۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تُقَاتِلُو:(تم قتل کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال

ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔هُمْ:(وہ۔ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔مضاف۔ الْمَسْجِدِ:(مسجد) مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ الْحَرَامِ:(حرمت والی۔احترام والی)صفت مجرور۔تابع۔ حَتَّى:(یہاں تک) حرف غایت۔بعدہٗ۔أَنْ ۔مضمر۔ناصب مضارع۔ يُقَاتِلُو:(وہ لڑائی کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ محذوف ۔برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔ مصدر۔ مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔كُمْ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔ قَاتَلُو: (انہوں نے لڑائی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال۔ ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔كُمْ :(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(پس)حرف عطف۔اقْتُلُو:(تم لڑائی کرو)فعل امر جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع مذکر حاضر۔الف فارقہ۔ محذوف برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔ (قتل کرنا)۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔كَذَلِكَ : (اس طرح)مرکب :(كَ+ذٰلِكَ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔اسم۔شبہ جملہ محلاً مرفوع خبر مقدم۔ جَزَاءُ: (بدلہ۔سزا)مبتداءمؤخر۔مرفوع۔مضاف۔الْكَافِرِينَ:(کافروں کو)مضاف الیہ۔مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور ان کو جہاں پاؤ قتل کردو اور جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا ہے(یعنی مکے سے) وہاں سے تم بھی ان کو نکال دو۔اور (دین سے گمراہ کرنے کا) فساد قتل وخونریزی سے کہیں بڑھ کر ہے اور جب تک وہ تم سے مسجد

محترم (یعنی خانہ کعبہ) کے پاس نہ لڑیں تم بھی وہاں ان سے نہ لڑنا۔ہاں اگر وہ تم سے لڑیں تو تم ان کو قتل کر ڈالو۔ کافروں کی یہی سزا ہے۔

192:2 فَإِنِ انتَهَوْاْ فَإِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

فَ:(پس)حرف عطف۔إِنِ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ انتَهَوْاْ:(وہ رک جائیں۔باز آجائیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اَنْتَهٰى يُنْتَهِىْ۔مصدر۔اِنْتِهَاءٌ۔(رکنا۔باز آنا۔)ثلاثی مجرد فیہ۔باب فتحہ۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔نَهْيًا(ختم کرنا۔ انتہا کرنا۔منع ہوجانا)۔ فَ:(تو)حرف عطف۔برائے رابطہ جواب شرط۔ إِنَّ:و(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم اللّهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔اَنَّ کا اسم۔ غَفُورٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔مرفوع اَنَّ کی خبر۔رَّحِيمٌ :(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔مرفوع اَنَّ کی خبر ثانی۔

ترجمہ آیت:اور اگر وہ باز آجائیں تو اللہ بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے۔

193:2 وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لاَ تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلّهِ فَإِنِ انتَهَواْ فَلاَ عُدْوَانَ إِلاَّ عَلَى الظَّالِمِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔قَاتِلُو:(قتل کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ هُمْ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔حَتَّى:(یہاں تک)حرف غایت۔بعدہٗ۔ اَنْ ۔مضمر۔ناصب مضارع۔ لَا: (نہیں) لائے نفی ۔تَكُونَ:(ہو جاتی ہے)فعل مضارع تام۔ واحد مؤنث غائب۔منصوب۔علامت۔محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔ فِتْنَةٌ : (فتنہ۔آزمائش۔)فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَكُونَ :(ہو جاتا ہے)فعل ناقص مضارع

واحد مذکر غائب۔منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔الدِّينُ :(دین)كَانَ کا اسم مرفوع۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)مرکب : (لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اللہ جل جلالہ۔ اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ فَ: (پس)استئنافیہ۔إِنِ : (اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔انْتَهَوْا:(وہ رک جائیں۔ باز آ جائیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اَنْتَهٰى يُنْتَهِى۔مصدر۔اِنْتِهَاءٌ۔(رکنا۔باز آنا۔)ثلاثی مجرد فیہ۔باب فتح۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔نَهْيًا(ختم کرنا۔ انتہا کرنا۔ منع ہو جانا)۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔عُدْوَانَ:()اسم لائے جنس۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔عَلَى:(پر۔اوپر)حرف جار۔ الظّٰلِمِينَ:(ظالموں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لائے جنس کی خبر مرفوع۔جواب شرط۔

ترجمہ آیت:اور ان سے اس وقت تک لڑتے رہنا کہ فساد نابود ہو جائے اور (ملک میں) اللہ ہی کا دین ہو جائے اور اگر وہ (فساد سے) باز آ جائیں تو ظالموں کے سوا کسی پر زیادتی نہیں (کرنی چاہیئے)۔

194:2 الشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ فَمَنِ اعْتَدَى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَى عَلَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ

الشَّهْرُ:(مہینہ)مبتداء۔مرفوع۔موصوف۔ الْحَرَامُ:(حرمت والا)صفت۔مرفوع۔تابع۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ الشَّهْرِ :(مہینہ)اسم مجرور۔موصوف۔الْحَرَامِ:(حرمت والا)صفت مجرور۔تابع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔الْحُرُمَاتُ :()مبتداء۔مرفوع۔قِصَاصٌ:(خون کا بدلہ)خبر مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔یا تفسیری۔مَنِ :(جو)اسم موصول مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال۔ ما بعد۔اعْتَدَى :(زیادتی

کرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجزوم ۔فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِعْتَدٰی یَعْتَدِیْ۔مصدر۔اِعْتِدَاءٌ۔(زیادتی کرنا۔ حد سے بڑھنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ع د و)عَدَا یَعْدُو۔مصدر۔عَدْوٌ۔اِعْدُ۔(حد سے بڑھنا۔ دشمنی کرنا)۔عَلَیْ:(پر)حرف جار۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔برائے رابطہ جواب شرط۔اعْتَدُوا:(تم زیادتی کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔جواب شرط مجزوم۔محلاً خبر مرفوع۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِعْتَدٰی یَعْتَدِیْ۔مصدر۔اِعْتِدَاءٌ۔(زیادتی کرنا۔ حد سے بڑھنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ (ع د و)عَدَا یَعْدُو۔مصدر۔عَدْوٌ۔اِعْدُ۔(حد سے بڑھنا۔ دشمنی کرنا)۔ عَلَیْ:(پر)حرف جار۔ہِ: (وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مِثْلِ :(مثال۔مانند۔طرح)اسم مجرور۔مَا :(جو)حرف مصدریہ۔ناصب۔مضارع۔اعْتَدَی :(اس نے زیادتی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِعْتَدٰی یَعْتَدِیْ۔مصدر۔اِعْتِدَاءٌ۔(زیادتی کرنا۔ حد سے بڑھنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ع د و)عَدَا یَعْدُو۔مصدر۔عَدْوٌ۔اِعْدُ۔(حد سے بڑھنا۔ دشمنی کرنا)۔ عَلَیْ:(پر)حرف جار۔ کُمْ: (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف اتَّقُوا: (ڈرو۔بچو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔ (اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔ وِقَایَةٌ۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اعْلَمُوا :(جان لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م)صیغہ ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر ۔عِلْمًا۔(جاننا)۔أَنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ أَنَّ کا اسم۔ مَعَ :(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔الْمُتَّقِینَ:(پرہیز گار۔جمع متقی)مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاًأَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ادب کا مہینہ ادب کے مہینے کے مقابل ہے اور ادب کی چیزیں ایک دوسرے کا بدلہ ہیں۔ پس اگر کوئی تم پر زیادتی کرے تو جیسی زیادتی وہ تم پر کرے ویسی ہی تم اس پر کرو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ ڈرنے والوں کے ساتھ ہے۔

195:2 وَأَنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ وَأَحْسِنُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ

وَ: (اور) حرف عطف۔ استئنافیہ۔ أَنفِقُوا: (خرچ کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقًا۔ (خرچ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ن ف ق)۔ نَفَقَ يَنْفُقُ۔ مصادر۔ نَفْقًا۔ نَفَاقًا۔ (خرچ کرنا)۔ فِي: (میں) حرف جار۔ سَبِيلِ: (راہ) اسم مجرور۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہ) لائے ناہیہ۔ جازم۔ تُلْقُوا: (تم ڈالو)۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واو جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَلْقٰى يُلْقِىْ۔ مصدر۔ اِلْقَاءٌ۔ (ڈالنا) ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ (ل ق ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ لَقِيَ يَلْقٰى۔ مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْيَانًا۔ اَلْقَ۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔ لُقْيًا۔ وغیرہ (ملنا۔ ملاقات کرنا۔ مڈبھیڑ ہونا)۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ أَيْدِيْ: (دونوں ہاتھ۔) اصلاً۔ اَيْدِيْنَ۔ بوجہ مضاف نون گر گیا۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ إِلَى: (طرف۔ تک) حرف جار۔ التَّهْلُكَةِ: (ہلاکت) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَحْسِنُوا: (تم احسان کرو۔ نیکی کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ اَحْسَنَ يُحْسِنُ۔ مصدر۔ اِحْسَانًا۔ (احسان کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب كَرُمَ۔ مادہ (ح س ن) صیغہ۔ حَسُنَ يَحْسُنُ۔ مصدر۔ حُسْنًا۔ (نیکی کرنا۔ اچھائی سے پیش آنا)۔ إِنَّ: (یقیناً۔ بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ يُحِبُّ: (پیار کرتا ہے۔ پسند کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ افعال۔ صیغہ۔ اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابًا۔ (محبت کرنا۔ پسند کرنا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ح ب ب) مضاعف۔ صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔ مصدر۔

حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔محبت کرنا۔پسند کرنا)۔الْمُحْسِنِينَ:(احسان کرنے والوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔علامت۔ی۔ جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اللہ کی راہ میں (مال) خرچ کرو اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور نیکی کرو بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

196:2 وَأَتِمُّواْ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّهِ فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ وَلاَ تَحْلِقُواْ رُؤُوسَكُمْ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضاً أَوْ بِهِ أَذًى مِّن رَّأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِّن صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ فَإِذَا أَمِنتُمْ فَمَن تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ذَلِكَ لِمَن لَّمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاتَّقُواْ اللّهَ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ

يَسْـَٔلُوْنَ:(وہ پوچھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَئَلَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سَؤَالًا۔(پوچھنا۔سوال کرنا)۔كَ:(آپ ﷺ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔عَنِ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔الشَّهْرِ:(مہینہ)اسم مجرور۔موصوف۔الْحَرَامِ:(حرمت والے)صفت مجرور تابع۔مضاف۔ قِتَالٍ:(لڑائی۔جنگ)بدل مجرور مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔قِتَالٌ:(لڑائی۔جنگ)مبتداء۔موصوف۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔كَبِيرٌ:(بڑی)صفت۔مرفوع۔تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف استئنافیہ۔صَدٌّ:(روکنا)مصدر۔مبتداء۔مرفوع۔ عَن:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُفْرٌ:(کفر)معطوف۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَسْجِدِ:(مسجد)اسم مجرور۔موصوف۔ الْحَرَامِ:(حرمت والی)صفت مجرور۔تابع۔(مرکب توصیفی) وَ:(اور)حرف عطف۔إِخْرَاجُ:(نکالنا)مصدر۔باب افعال۔أَهْلِ:(اہل۔رہنے والے)مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔أَكْبَرُ:(بہت ہی بڑا)افعل التفضیل۔خبر۔مرفوع۔ عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف

عطف۔**الْفِتْنَةُ** :(فتنہ۔آزمائش)مبتداء۔مرفوع۔**أَكْبَرُ**:(بہت ہی بڑا)افعل التفضیل۔خبر۔مرفوع۔ **مِنَ** : (سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔**الْقَتْلِ**:(قتل)اسم مجرور۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**لَا**:(نہیں)لائے نافیہ۔**يَزَالُونَ**:(وہ زائل ہوں گے)فعل ناقص مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ز ی ل)اجوف یائی۔صیغہ **زَالَ يَزَالُ**۔مصدر۔**زَوَالًا**۔(زائل ہونا۔دور ہونا)۔ **يُقَاتِلُونَ**:(جھگڑا کرتے ہیں۔لڑائی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب ۔مفاعلہ۔صیغہ۔**قَاتَلَ يُقَاتِلُ**۔مصدر۔**مُقَاتَلَةٌ**۔(باہم جھگڑنا۔لڑائی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق ت ل)صیغہ۔**قَتَلَ يَقْتُلُ**۔مصدر۔**قَتْلًا**۔(قتل کرنا)۔ **كُمْ**:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ مفعول بہ **حَتَّىٰ**:(یہاں تک)حرف غائب۔**أَنْ** مضمر بعدہٗ۔ناصب مضارع۔ **يَرُدُّو**:(وہ لوٹا دیں گے۔پھیر دیں گے)فعل مضارع منصوب۔جمع مذکر غائب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ **رَدَّ يَرُدُّ**۔ مصدر۔ **رَدًّا**۔(لوٹانا۔پھیرنا)۔**كُمْ**:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ **عَنْ**:(سے) **دِينِ**: (دین۔اصول)اسم مجرور۔مضاف۔**كُمْ**:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ۔ **إِنِ**:(اگر)حرف شرط۔جازم۔مضارع۔ **اسْتَطَاعُوا**:(وہ طاقت رکھتے ہوں۔وہ کر سکتے ہو۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔**اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ**۔مصدر۔**اِسْتِطَاعَةٌ**۔(طاقت رکھنا چاہنا۔کر سکیں)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ضرب۔مادہ(ط ی ع)اجوف یائی۔صیغہ۔**طَاعَ يَطِيْعُ**۔مصدر۔**اَطَاعَةٌ**۔(اس نے اطاعت کی۔فرمانبرداری کی)۔ **وَ**:(اور)حرف عطف،**مَنْ**:(جو)اسم موصول شرطیہ۔جازم۔مضارع۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ **يَرْتَدِدْ**:(مرتد ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔**اِرْتَدَّ يَرْتَدُّ**۔مصدر۔**اِرْتِدَادٌ**۔(مرتد ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ۔**رَدَّ يَرُدُّ**۔مصدر۔ **رَدًّا**۔(جواب دینا۔لوٹانا۔واپس کرنا) **مِنْ**:(سے)حرف جار۔**كُمْ**:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔

عَنْ :(سے)حرف جار۔دِينِ:(دین۔اصول)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔يَمُتْ :(وہ مر جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ اصلاً۔ يَمُوْتُ۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ محذوف۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا)۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ كَافِرٌ :(کافر)خبر مرفوع۔محلاً منصوب حال۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ أُولَئِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔جمع مذکرومؤنث۔مبتداء۔مرفوع۔ حَبِطَتْ:(ضائع ہوگئ)فعل ماضی واحدمؤنث غائب۔ تائے تانیث۔ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔مادہ(ح ب ط)۔صیغہ حَبِطَ يَحْبَطُ۔مصدر۔حَبْطًا۔(ضاءع ہونا)۔ أَعْمَالُ:(اعمال۔کام)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اُولٰئِکَ مبتداء کی۔جملہ مجزوم جواب شرط۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الدُّنْيَا: (دنیا) غیر منصرف۔ مبنی برسکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْآخِرَةِ:(آخرت ۔ قیامت) معطوف ۔مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداءمرفوع۔ أَصْحَابُ : (والے ساتھی) خبر مرفوع۔مضاف۔ النَّارِ:(آگ۔دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً منصوب حال۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتدا مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ خَالِدُونَ:(ہمیشہ رہیں گے)خبر مرفوع۔علامت۔واؤ۔

ترجمہ آیت:(اے محمد ﷺ) لوگ تم سے عزت والے مہینوں میں لڑائی کرنے کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہہ دو کہ ان میں لڑنا بڑا(گناہ) ہے اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اس سے کفر کرنا اور مسجد حرام(یعنی خانہ کعبہ میں جانے) سے(بند کرنا)۔اور اہل مسجد کو اس میں سے نکال دینا (جو یہ کفار کرتے ہیں) اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ (گناہ) ہے۔اور فتنہ انگیزی خونریزی سے بھی بڑھ کر ہے۔اور یہ لوگ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ اگر مقدور رکھیں تو تم کو تمہارے دین سے پھیر دیں۔اور جو کوئی تم میں سے اپنے دین سے پھر کر

(کافر ہو) جائے گا اور کافر ہی مرے گا تو ایسے لوگوں کے اعمال دنیا اور آخرت دونوں میں برباد ہو جائیں گے اور یہی لوگ دوزخ (میں جانے) والے ہیں جس میں ہمیشہ رہیں گے۔

218:2 إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أُولَـٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

إِنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمَنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا(امن میں ہونا۔بے خوف ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔ هَاجَرُوا:(انہوں نے ہجرت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔هَاجَرَ يُهَاجِرُ۔مصدر۔مُهَاجَرَةٌ۔(ہجرت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ھ ج ر)صیغہ۔هَجَرَ يَهْجُرُ۔مصدر ۔هَجْرًا۔هَجْرَانًا۔(ہجرت کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَاهَدُوا: (جنہوں نے جہاد کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔مصدر۔مُجَاهَدَةٌ۔(جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ج ھ د)صیغہ جَهَدَ يَجْهَدُ۔مصدر۔جَهْدًا۔(کوشش کرنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔مضاف الیہ۔أُولَـٰئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء۔يَرْجُونَ:(امید رکھتے ہیں)۔فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ر ج و)صیغہ رَجَا يَرْجُو۔مصدر۔رِجَاءً۔(امید رکھنا) رَحْمَتَ:(رحمت ۔مہربانی۔عنایت)اصلی شکل رَحْمَةٌ۔تھا۔ تائے مدورہ کی جگہ تائے مبسوط لگائی گئی ہے۔برائے اتصال مابعد۔منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور

مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔غَفُورٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔رَّحِيمٌ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ ایمان لائے اور اللہ کے لئے وطن چھوڑ گئے اور (کفار سے) جنگ کرتے رہے وہی اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں۔اور اللہ بخشنے والا (اور) رحمت کرنے والا ہے۔

219:2 يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَآ أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا وَيَسْـَٔلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ

يَسْـَٔلُونَ:(وہ پوچھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَئَلَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سؤَالًا۔(پوچھنا۔سوال کرنا)۔كَ : (آپ ﷺ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔عَنِ:(بارے میں)حرف جار۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ الْخَمْرِ:(مے۔شراب۔نشہ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَيْسِرِ:(جوا)معطوف مجرور۔ قُلْ قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِمَا:(ان دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر ومؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ إِثْمٌ:(گناہ ہے)مبتداء مؤخر۔موصوف۔ كَبِيرٌ :(بہت بڑا)صفت مرفوع۔ تابع۔وَ: (اور) حرف عطف۔مَنَافِعُ:(فائدہ)معطوف۔مرفوع۔صفت ثانی۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لنَّاسِ: (لوگ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔ إِثْمُ:(گناہ)مبتداء۔مضاف۔هُمَآ:(دونوں کا)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَكْبَرُ:(بہت بڑا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ نَّفْعِ:(فائدہ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمَا:(دونوں کا)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔يَسْـَٔلُونَ:(وہ پوچھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔

واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ ۔سَئَلَ یَسْئَلُ۔مصدر۔سَؤَالًا۔ (پوچھنا۔ سوال کرنا)۔كَ :(آپ ﷺ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مَاذَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ مقدّم۔ یُنفِقُونَ:(خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔ اِنْفَاقًا۔ (خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ یَنْفُقُ۔مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ قُلِ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا)۔ الْعَفْوَ:(جو ضرورت سے زیادہ ہے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ كَذَلِكَ:(اس طرح)مرکب :(کَ+ذَلِکَ) حرف جار و تشبیہ + اسم اشارہ بعید واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب مفعول مطلق۔ یُبیّنُ : (وہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔صیغہ بَیَّنَ یُبَیِّنُ۔مصدر۔تَبْیِیْنٌ(کھول کر بیان کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب(ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ یَبْیَنُ ۔مصدر۔ بَیَانًا(بیان کرنا)۔اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمُ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ الْآيَاتِ:(آیات۔نشانیوں کو)غیر منصرف۔ منصوب مفعول بہٖ۔تائے مبسوط لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًلَعَلَّ کا اسم۔منصوب۔ تَتَفَكَّرُونَ:(تم غور کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔موجود۔واوٗ جمع۔محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔ تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ۔ مصدر۔تَفَكَّرًا۔(غوروخوض کرنا۔فکر کرنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ف ک ر)صیغہ۔فَكَرَ يَفْكِرُ۔ مصدر۔فِكْرًا۔(فکر کرنا۔حاصل شدہ معلومات کو کسی نتیجہ پر پہنچنے کے لئے ترتیب دینا)۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر) لوگ تم سے شراب اور جوئے کا حکم دریافت کرتے ہیں۔کہہ دو کہ ان میں نقصان بڑے ہیں اور لوگوں کے لئے کچھ فائدے بھی ہیں مگر ان کے نقصان فائدوں سے کہیں زیادہ ہیں اور یہ بھی تم سے

پوچھتے ہیں کہ (اللہ کی راہ میں) کون سامال خرچ کریں۔ کہہ دو کہ جو ضرورت سے زیادہ ہو۔ اس طرح اللہ تمہارے لئے اپنے احکام کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم سوچو۔

220:2 فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَى قُلْ إِصْلاَحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ وَاللهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ وَلَوْ شَاءَ اللهُ لأَعْنَتَكُمْ إِنَّ اللهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

فِي:(میں) حرف جار۔ الدُّنْيَا:(دنیا) غیر منصرف۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الآخِرَةِ:(آخرت۔ قیامت) معطوف مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ يَسْأَلُونَ: (وہ پوچھتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (س ء ل) مہموز العین۔ صیغہ ۔ سَئَلَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَؤَالًا۔ (پوچھنا۔ سوال کرنا)۔ كَ :(آپ ﷺ) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَنِ :(سے۔ بارے میں) حرف جار۔ الْيَتَامَى:(یتیم کی جمع) اسم مجرور۔ تقدیراً۔ ی۔ کسرہ۔ قُلْ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) قَالَ يَقُولُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ إِصْلاَحٌ:(درستی کرنا) مصدر۔ مبتداء۔ مرفوع۔ لَّ:(لئے) حرف جار۔ هُمْ : (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ خَيْرٌ:(بھلائی) خبر مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ استئنافیہ۔ إِنْ:(اگر) حرف شرط۔ جازم۔ تُخَالِطُو :(وہ ملاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ خَالَطَ يُخَالِطُ۔ مصدر۔ مُخَالَطَةٌ۔ (باہم ملنا ملانا۔ مل جل کر رہنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (خ ل ط) صیغہ ۔ خَلَطَ يَخْلِطُ۔ مصدر۔ خَلْطًا۔ (ملنا) هُمْ :(ان سے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ فَ:(پس) رابطہ برائے جواب شرط إِخْوَانُ:(بھائی۔ جمع) مضاف۔ كُمْ :(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) ۔ استئنافیہ۔ اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔ مبتداء۔ مرفوع۔ يَعْلَمُ:(جانتا ہے) مضارع واحد مذکر غائب۔ ضمیر مشتتر هُوَ۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ

يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔الْمُفْسِدَ:(فسادی۔فساد کرنے والا۔بگاڑنے والا)فاعل۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔الْمُصْلِحِ:(درستی کرنے والا۔اصلاح کرنے والا)فاعل۔محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَوْ :(اگر)حرف شرط غیر عامل۔شَاءَ :(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ أَعْنَتَ:(اس نے مشکل میں ڈالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَعْنَتَ يُعْنِتُ۔مصدر۔اِعْنَانًا۔(مشکل میں ڈالنا سختی میں ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ن ت)صیغہ۔ عَنِتَ يَعْنَتُ۔مصدر۔عَنْتًا۔(مشکل میں پڑنا)كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِنَّ : (یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم۔ منصوب۔عَزِيزٌ : (زبردست) إِنَّ کی خبر۔مرفوع۔حَكِيمٌ :(خوب حکمت والا)فاعل۔إِنَّ محلاً کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:(یعنی) دنیا اور آخرت (کی باتوں) میں (غور کرو)۔اور تم سے یتیموں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہہ دو کہ ان کی (حالت کی) اصلاح بہت اچھا کام ہے۔اور اگر تم ان سے مل جل کر رہنا(یعنی خرچ اکھٹا رکھنا) چاہو تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے کہ خرابی کرنے والا کون ہے اور اصلاح کرنے والا کون۔اور اگر اللہ چاہتا تو تم کو تکلیف میں ڈال دیتا۔بے شک اللہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔

221:2 وَلَا تَنكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ وَلَأَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّن مُّشْرِكَةٍ وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ وَلَا تُنكِحُوا
الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ يُؤْمِنُوا وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّن مُّشْرِكٍ وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ أُولَٰئِكَ يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى
الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ وَيُبَيِّنُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَنكِحُوا :(تم نکاح کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ک ح)۔صیغہ۔نَكَحَ يَنْكِحُ۔مصدر۔نِكَاحًا۔(نکاح کرنا)۔الْمُشْرِكَاتِ:(مشرک عورتوں سے)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔حَتَّى:(یہاں تک)حرف غائت۔بعدہٗ اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ يُؤْمِنَّ:(ایمان لائیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔منصوب۔ علامت محل اعراب منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔حرف ابتداء۔أَمَةٌ :(آیا۔لونڈی۔)مبتداء۔مرفوع۔موصوفہ۔مُّؤْمِنَةٌ :(مومنہ ایمان رکھنے والی)صفت مرفوع۔ خَيْرٌ :(بہتر ہے)خبر مرفوع۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔مُّشْرِكَةٍ:(مشرکہ۔اللہ جل جلالہٗ کا ہمسر ماننے والی)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔استئنافیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر عامل۔ أَعْجَبَتْ:(اس نے پسند کی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث ساکن ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْجَبَ يُعْجِبُ۔مصدر۔ اِعْجَابًا۔(پسند آنا۔بھلا لگنا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ع ج ب)صیغہ عَجِبَ يَعْجَبُ۔مصدر عَجْبًا۔ عُجْبًا ۔ (پسند کرنا)كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَنكِحُوا :(تم نکاح کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ن ک ح)۔صیغہ۔ نَكَحَ يَنْكِحُ۔مصدر۔نِكَاحًا۔(نکاح کرنا الْمُشْرِكِينَ)۔ (مشرک مردوں سے)محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔حَتَّى:(یہاں تک)حرف غائت۔بعدہٗ ان مضمر۔ناصب مضارع۔ يُؤْمِنُوا فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ

یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا) ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔حرف ابتداء۔عَبْدٌ:(غلام۔بندہ)مبتداء۔مرفوع۔موصوف۔ مُّؤْمِنٌ:(مومن۔ایمان رکھنے والا)صفت۔مرفوع۔تابع۔ خَيْرٌ:(بہتر ہے)خبر مرفوع۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ مُّشْرِكٍ:(مشرک مرد۔اللہ جل جلالہٗ کا ہمسر ماننے والا)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط غیر عامل أَعْجَبَ:(اس نے پسند کیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَعْجَبَ يُعْجِبُ۔مصدر۔اِعْجَابًا۔(پسند آنا۔بھلا لگنا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ع ج ب)صیغہ عَجِبَ يَعْجَبُ۔مصدر عَجْبًا۔ عُجْبًا۔(پسند کرنا)كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر ۔مبتداء مرفوع۔ يَدْعُونَ:(پکارتے ہیں۔بلاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و)صیغہ ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا۔دعا کرنا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ النَّارِ: (آگ۔ دوزخ) اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مرفوع۔ يَدْعُو:(بلاتا ہے۔پکارتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ محل اعراب مرفوع بالضمہ تقدیراً۔ضمیر مستتر تقدیرا هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ إِلَى :(طرف)حرف جار۔الْجَنَّةِ:(جنت۔آرام کی زندگی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْمَغْفِرَةِ :(مغفرت)معطوف مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِذْنِ:(حکم۔اجازت)اسم مجرور۔مضاف۔هِ: (وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔يُبَيِّنُ :(وہ وضاحت کرتا ہے۔کھول کھول کر بتاتا ہے)معطوف۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔صیغہ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔تَبْيِينٌ(کھول کر بیان کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب(ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ يَبْيَنُ ۔مصدر۔بَيَانًا(بیان کرنا)۔ آيَاتِ:(نشانیوں کو۔آیات کو)غیر منصرف۔تائے مبسوط مکسور۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔هِ:(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔

لِنَّاسِ:(لوگ)اسم مجرور۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ يَتَذَكَّرُونَ:(ذکر کرتے ہی۔نصیحت پکڑیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرًا۔() ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ ذِكْرًا۔(ذکر کرنا۔یاد کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور(مومنو) مشرک عورتوں سے جب تک کہ ایمان نہ لائیں نکاح نہ کرنا۔کیونکہ مشرک عورت خواہ تم کو کیسی ہی بھلی لگے اس سے مومن لونڈی بہتر ہے۔اور (اسی طرح) مشرک مرد جب تک ایمان نہ لائیں مومن عورتوں کو ان کو زوجیت میں نہ دینا کیونکہ مشرک (مرد) سے خواہ وہ تم کو کیسا ہی بھلا لگے مومن غلام بہتر ہے۔یہ (مشرک لوگوں کو) دوزخ کی طرف بلاتے ہیں۔اور اللہ اپنی مہربانی سے بہشت اور بخشش کی طرف بلاتا ہے۔اور اپنے حکم لوگوں سے کھول کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ نصیحت حاصل کریں۔

222:2 وَيَسْئَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّى يَطْهُرْنَ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللهُ إِنَّ اللهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔يَسْئَلُونَ:(وہ پوچھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ سَئَلَ يَسْئَلُ۔مصدر۔ سَؤَالًا۔(پوچھنا۔دریافت کرنا۔سوال کرنا)۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ عَنِ: (سے۔بارے میں)حرف جار۔الْمَحِيضِ:(حیض۔ماہواری)اسم مجرور۔قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا) هُوَ: (وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ أَذًى:(ایذء۔بیماری)خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ مرفوع۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔اعْتَزِلُوا:(الگ رہو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔

افتعال۔صیغہ ۔اِعْتَزَلَ یَعْتَزِلُ۔مصدر۔اِعْتِزَالًا ۔(الگ رہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ز ل)۔ عَزَلَ یَعْزِلُ۔مصدر۔عَزْلًا ۔(الگ ہونا) النِّسَاءَ:(عوتوں سے۔واحد اِمْرَاۃٌ)منصوب مفعول بہ۔ فِي: (میں)حرف جار۔ الْمَحِيضِ:(ماہواری۔حیض)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقْرَبُو:(قریب جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق ر ب)۔صیغہ۔قَرِبَ یَقْرَبُ۔مصدر۔ قُرْبًا۔(قریب ہونا)۔هُنَّ :(وہ۔ان کے پاس)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ حَتَّى:(یہاں تک)حرف غایت۔بعدہ اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ يَطْهُرْنَ:(پاک صاف ہوجائیں)فعل مضارع جمع مؤنث۔منصوب۔علامت نون نسوۃ مبنی بر فتحہ۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ط ھ ر)طَهَرَ يَطْهَرُ۔مصدر۔ طَهْرًا۔(پاک صاف کرنا۔) فَ:(پس)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مستقبل کے لئے۔ تَطَهَّرْنَ:(وہ پاک ہوجائیں)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔مبنی بر فتحہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَطَهَّرَ يَتَطَهَّرُ۔مصدر۔تَطَهَّرًا۔(پاک ہونا)۔ثلاثی مجرد۔طَهَرَ يَطْهَرَ۔مصدر۔طَهْرًا۔(پاک کرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔أْتُو:(آؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ اَتَىٰ يَاتِيْ۔مصدر۔ اِتْيَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد اگر حرف جار۔ب آئے تو معنی(لانا)کے ہوتے ہیں۔هُنَّ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ مِنْ :(سے)حرف جار۔حَيْثُ :(جہاں سے)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور اسم۔مضاف۔أَمَرَ:(حکم دیا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر) صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔مصدر۔ اَمْرًا۔(حکم دینا)۔كُمُ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ إِنَّ :(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔إِنَّ کا اسم۔ يُحِبُّ :(وہ پسند کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب

افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔التَّوَّابِينَ :(رجوع کرنے والوں کو۔توبہ کرنے والوں کو۔) منصوب علامت۔ی۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُحِبُّ :(پیار کرتا ہے۔پسند کرتا ہے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔ مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔الْمُتَطَهِّرِينَ:(پاک رہنے والوں کو)منصوب۔ علامت۔ی۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ وہ تو نجاست ہے۔ سو ایام حیض میں عورتوں سے کنارہ کش رہو۔ اور جب تک پاک نہ ہو جائیں ان سے مقاربت نہ کرو۔ ہاں جب پاک ہو جائیں تو جس طریق سے اللہ نے ارشاد فرمایا ہے ان کے پاس جاؤ۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

223:2 نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُواْ حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ وَقَدِّمُواْ لأَنفُسِكُمْ وَاتَّقُواْ اللهَ وَاعْلَمُواْ أَنَّكُم مُّلاَقُوهُ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ

نِسَآؤُ:(عورتیں۔بیویاں)مبتداء۔مضاف۔كُمْ :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَرْثٌ:(کھیتی)خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے)كُمْ :(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أْتُواْ :()حَرْثَ:(کھیتی)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنَّى :(جہاں ہے۔جب۔جس وقت)ظرف مکان وزمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔کیف کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔شِئْتُمْ :(تم نے چاہا۔تم چاہو)۔ فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ وَ:

(اور)حرف عطف۔قَدِّمُوْا وہ آگے بھیجیں)فعل امر جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔مصدر۔تَقْدِيْمٌ۔(آگے بھیجنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ سمع۔کرم۔مادہ(ق د م)صیغہ۔ قَدَمَ يَقْدُمُ۔مصدر۔قَدْمًا۔قُدُوْمًا۔(بڑھنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔أَنْفُسِ:(جانوں کے)اسم مجرور۔ مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّقُوْا :(تم ڈرو" اللہ جل جلالہ سے ")فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ سے ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اعْلَمُوْا :(جان لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م)صیغہ ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر ۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُم:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ مُّلَاقُوْ:(ملاقات کرنے والے)فاعل۔خبر اَنَّ کی مرفوع۔ نون محذوف ہوا۔ بسبب مضاف۔هُ :(وہ۔اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ بَشِّرِ:(تم خوشخبری دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ بسبب التقائے ساکنین کسرہ برائے اتصال ما بعد لگائی گئی ہے۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔مصدر۔تَبْشِيْرًا۔(خوشخبری دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ش ر)صیغہ۔بَشَرَ يَبْشُرُ۔مصدر۔بَشْرًا۔(خوشخبری دینا)۔ الْمُؤْمِنِيْنَ :(مومن کی جمع)فاعل۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تو اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جاؤ۔اور اپنے لئے (نیک عمل) آگے بھیجو۔اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ (ایک دن) تمہیں اس کے روبرو حاضر ہونا ہے اور (اے پیغمبر) ایمان والوں کو بشارت سنا دو۔

224:2 وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّأَيْمَانِكُمْ أَن تَبَرُّوا وَتَتَّقُوا وَتُصْلِحُوا بَيْنَ النَّاسِ وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم۔مضارع۔تَجْعَلُوا:(تم بناتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)۔ صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔عُرْضَةً: (ڈھال۔نشانہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ لِ:(لئے)حرف جار۔أَيْمَانِ:(قسموں کے)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ:(تم۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنْ:(یہ کہ)حرف مصدریہ۔ناصب۔ مضارع۔ تَبَرُّوا:(تم نیکی کرتے ہو۔کرو گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ب ر ر)مضاعف۔صیغہ۔بَرَّ يَبُرُّ۔بررا۔(نیکی کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَتَّقُوا :(تم بچو گے)فعل مضارع۔جمع مذکر حاضر۔اَنْ کی وجہ سے مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِتَّقٰى يَتَّقِيُ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ سے ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيُ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔تُصْلِحُوا:(صلح کرائی جائے) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ان کی وجہ سے نون اعرابی محذوف ہوا۔واؤ جمع الف فارقہ۔ بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔ النَّاسِ :(لوگ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔سَمِيعٌ :(خوب سننے والا)خبر مرفوع۔عَلِيمٌ :(خوب جاننے والا)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اللہ (کے نام کو) اس بات کا حیلہ نہ بنانا کہ (اس کی) قسمیں کھا کھا کر سلوک کرنے اور پرہیز گاری کرنے اور لوگوں میں صلح وساز گاری کرانے سے رک جاؤ۔اور اللہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے۔

225:2 لَّا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ

لَّا:(نہ)لائے نافیہ۔يُؤَاخِذُ:(پکڑے گا۔گرفت کرے گا۔مواخذہ کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اٰخَذَ يُؤَاخِذُ۔مصدر۔مَؤَاخَذَةٌ۔(پکڑنا۔مواخذہ کرنا۔گرفت کرنا)۔مضاف۔ كُمُ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔بِ:(پر)حرف جار۔اللَّغْوِ:(فضول۔بے ہودہ۔لایعنی۔بے فائدہ۔)اسم مجرور۔فِيْ:(میں۔پر)حرف جار۔أَيْمَانِ:(قسموں) اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنْ: (لیکن)کلمہ استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اِنَّ کی بہن۔يُؤَاخِذُ:(پکڑے گا۔مواخذہ نہیں کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اٰخَذَ يُؤَاخِذُ۔مصدر ۔ مَؤَاخَذَةٌ۔ (پکڑنا۔مواخذہ کرنا۔گرفت کرنا)۔مضاف۔كُم:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔بِ: (ساتھ۔پر)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔كَسَبَتْ:(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ۔(ک س ب)صیغہ كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔ كَسْبًا۔(کمانا۔قصد کرنا۔اکتساب کرنا)۔قُلُوبُ:(دلوں۔قلب کی جمع۔)فاعل مرفوع۔ مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔غَفُورٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)خبر مرفوع۔حَلِيمٌ:():(خوب بردبار)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اللہ تمہاری لغو قسموں پر تم سے مواخذہ نہ کرے گا۔لیکن جو قسمیں تم قصد دلی سے کھاؤگے ان پر مواخذہ کرے گا۔اور اللہ بخشنے والا بردبار ہے۔

226:2 لِّلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ فَإِنْ فَآءُوا فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

لِّ:(لئے)حرف جار۔لَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔شبہ جملہ۔محلاً خبر مقدّم۔يُؤْلُونَ:(وہ عورت سے مجامعت نہ کرنے کی قسم کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی

مزید فیہ۔باب افعال۔اٰلٰی یُؤْلِیْ۔مصدر۔اِیْلَاءٌ۔(عورت سے مجامعت نہ کرنے کی قسم کھا نا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ء ل و)مہموز الفاء۔ناقص واوی۔صیغہ۔اَلَا یَالُو۔مصدر۔اَلْوًا۔اَؤلُ۔(مجامعت نہ کرنے کی قسم کھانا) مِنْ:(سے)حرف جار۔ نِّسَآءِ:(عورتوں سے۔واحد۔اِمْرَاۃٌ)۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ۔ان کی۔اپنی)ضمیر جمع ذکر غائب۔مجرور مضاف الیہ۔ تَرَبُّصُ:(تو مہلت دیتا ہے۔انتظار کرتا ہے۔روکتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مبتداء مؤخر۔مضاف ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔تَرَبَّصَ یَتَرَبَّصُ۔ مصدر۔تَرَبَّصًا۔(عورتوں کاانتظار کرنا۔مہلت دینا۔روکے رکھنا)ثلاثی مجرد۔رَبَصَ یَرْبُصُ۔مصدر۔ رَبْصًا۔ (گھاٹ میں رہنا۔تاک میں رہنا۔اچھی بری باب پیش کرنا)۔ أَرْبَعَةِ:(چار)مضاف الیہ۔مجرور۔ مضاف۔ أَشْهُرٍ:(مہینے)مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔فَآءُوا: (انہوں نے لوٹایا)فعل ماضی جمع مذکر ۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ف ی ء)اجوف یائی مہموز اللام۔فَاءَ یَفِيْ۔مصدر۔فِيْئًا۔(برائی سے اچھائی کی طرف آنا۔قسم کھانے والوں کا اپنی بیویوں سے رجوع کرنا۔وہ رجوع کرلیں۔ورنہ اس کے بعد طلاق مغلظہ واقع ہو جائے گی۔نا قبل رجوع ہوگی) فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ:(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب اِنَّ کا اسم۔ غَفُورٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)اِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيمٌ:(خوب رحم کرنے والا) اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔جملہ محلاًمجزوم جواب شرط۔

ترجمہ آیت:جولوگ اپنی عورتوں کے پاس جانے سے قسم کھالیں ان کو چار مہینے تک انتظار کرنا چاہیئے۔اگر(اس عرصے میں قسم سے) رجوع کرلیں تو اللہ بخشنے والامہربان ہے۔

227:2 وَإِنْ عَزَمُواْ الطَّلاَقَ فَإِنَّ اللّٰہَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔مضارع۔ عَزَمُواْ :(انہوں نے پختہ ارادہ کیا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ع ز م)صیغہ عَزَمَ يَعْزِمُ۔عَزْمٌ۔(پختہ ارادہ کرنا)۔الطَّلاَقَ: (طلاق) منصوب مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِنَّ :(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔اللّهَ:(اللہ جل جلالہٗ) منصوب اِنَّ کا اسم۔ سَمِيعٌ:(خوب سننے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اگر طلاق کا ارادہ کرلیں تو بھی اللہ سنتا(اور) جانتا ہے۔

228:2 وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ ثَلاَثَةَ قُرُوَءٍ وَلاَ يَحِلُّ لَهُنَّ أَن يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ إِن كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِي ذَلِكَ إِنْ أَرَادُواْ إِصْلاَحًا وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ وَاللّهُ عَزِيزٌ حَكُيمٌ

وَ:(اور)حرف عطف۔ استئنافیہ۔الْمُطَلَّقَاتُ :(طلاق شدہ)مبتداء۔مرفوع۔يَتَرَبَّصْنَ:(روکتی ہیں۔وہ انتظار کرتی ہیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔مبنی بر نون نسوۃ۔محلاًمرفوع۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ أَنفُسِ: (جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ :(وہ۔اپنی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ثَلاَثَةَ:(تین) ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ قُرُوَءٍ :(حیض)مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لاَ: (نہیں)لائے نفی۔يَحِلُّ:(حلال نہیں ہوتی۔یعنی جائز نہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ح ل ل)مضاعف۔ حَلَّ يَحِلُّ۔حِلٌّ۔حَلاَلًا (حلال ہونا۔جائز ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُنَّ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ يَكْتُمْنَ:(وہ چھپائیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت م)صیغہ۔كَتَمَ يَكْتُمُ۔مصدر۔ كَتْمَانًا۔ (چھپانا)۔ مَا :(جو)اسم موصول۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ اللّهُ :(اللہ جل

جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔فِي : (میں)حرف جار۔أَرْحَامِ :(رحموں)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ :(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنْ :(اگر)حرف شرط جازم۔كُنَّ :(وہ ہوں)فعل ناقص ماضی جمع مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كونا۔(ہونا)ناصب خبر۔يُؤْمِنَّ:(وہ ایمان لاتیں ہیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمَنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا(امن میں ہونا۔بے خوف ہونا) بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَوْمِ: (دن) معطوف مجرور۔مضاف۔ الْاٰخِرِ:(آخرت۔قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بُعُولَتُ: (شوہروں)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُنَّ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَحَقُّ:(بہت ہی حقدار)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ رَدِّ:(واپس لوٹانا)مصدر۔ اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ :(ان عورتوں کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِي:(میں) حرف جار۔ ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔مبتداء۔مرفوع۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم أَرَادُوا: (وہ ارادہ کریں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ إِصْلاَحًا:(درستی کرنا۔اصلاح کرنا۔صلح کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔ هُنَّ:(ان کے) ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مِثْلُ :(مانند۔طرح۔جیسے ہیں)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔الَّذِي :(جو)اسم موصول۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِنَّ :(ان عورتوں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ۔کے مطابق)حرف جار۔الْمَعْرُوفِ:(اچھے طریقے۔دستور کے مطابق)اسم مجرور ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لِ: (لئے)حرف جار۔لِرِّجَالِ:(مردوں کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِنَّ :(ان

عورتوں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔دَرَجَةٌ: (رتبہ۔ درجہ۔فضیلت)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ عَزِيزٌ: (خوب عزت والا)خبر مرفوع۔ حَكِيمٌ:(خوب حکمت والا)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور طلاق والی عورتیں تین حیض تک اپنی تیئں روکے رہیں۔اور اگر وہ اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتی ہیں تو ان کا جائز نہیں کہ اللہ نے جو کچھ ان کے شکم میں پیدا کیا ہے اس کو چھپائیں۔اور ان کے خاوند اگر پھر موافقت چاہیں تو اس (مدت) میں وہ ان کو اپنی زوجیت میں لے لینے کے زیادہ حقدار ہیں۔اور عورتوں کا حق (مردوں پر) ویسا ہی ہے جیسے دستور کے مطابق (مردوں کا حق) عورتوں پر ہے۔البتہ مردوں کو عورتوں پر فضیلت ہے۔اور اللہ غالب (اور) صاحب حکمت ہے۔

229:2 الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللّٰهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ

الطَّلَاقُ:(طلاق) مبتداء مرفوع۔(بندھن سے آزاد کرنا۔چھوڑنا)یہ طلاق رجعی ہے۔مَرَّتَانِ:(دو مرتبہ۔ واحد مَرَّةٌ) تثنیہ۔ خبر مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔استئنافیہ۔إِمْسَاكٌ:(روکنا)مبتداء۔مرفوع۔ بِ: (ساتھ۔کے مطابق) حرف جار۔مَعْرُوفٍ:(دستور کے مطابق)اسم مجرور۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ تَسْرِيحٌ: (رخصت کر دینا)۔ معطوف۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِحْسَانٍ :(اچھی طرح)اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَا: (نہیں)لائے نافیہ۔يَحِلُّ:(حلال نہیں ہوتی۔یعنی جائز نہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ح ل ل)مضاعف۔ حَلَّ يَحِلُّ۔مصدر۔حِلٌّ۔حَلَالًا (حلال ہونا۔جائز ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔

تَأْخُذُوا:(تم پکڑتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(تم لے لو۔تم پکڑلو)۔ مِمَّا:(اس سے جو)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار+اسم موصول۔ آتَیْتُمُو:(تم نے دیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ شکم پری کے لئے۔ ثلاثی مزید فیہ ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا۔عطا کرنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ معروف۔ اَتیٰ یَاتِیْ۔مصدر۔ اِتْیَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد اگر حرف جار۔ بِ آئے تو معنیٰ(لانا)کے ہوتے ہیں۔هُنَّ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ شَيْئًا:(کوئی چیز۔کچھ بھی)۔منصوب۔ مفعول بہٖ۔ إِلَّا:(مگر)کلمہ حصر۔ استثناء۔أَنْ :(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَخَافَا:(دونوں "میاں بیوی" کو خدشہ ہو)فعل مضارع تثنیہ۔ مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔الف علامت تثنیہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(خ و ف)۔خَافَ یَخَافُ۔مصدر۔ خَوْفًا۔ (ڈرنا۔ خدشہ ہونا۔ خوف کھانا۔ أَلَّا:(کہ نہ)مرکب :(اَنْ+لَا) مصدریہ۔+ لائے نافیہ۔يُقِيمَا:(دونوں قائم رہ سکیں)فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب۔الف علامت تثنیہ۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔ثلاثی مزید۔باب افعال۔ صیغہ اَقَامَ یُقِیْمُ۔مصدر۔ اِقَامَةٌ۔(قائم رکھنا۔قیام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ یَقُوْمُ۔ مصدر ۔قَوْمًا۔ (کھڑے ہونا)۔حُدُودَ:(حدوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِنْ :(اگر)شرطیہ۔جازم مضارع۔خِفْتُمْ:(تم کوڈر ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)۔خَافَ یَخَافُ۔ مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا۔ خدشہ ہونا۔خوف کھانا)۔ أَلَّا:(کہ نہ)مرکب :(اَنْ+لَا)مصدریہ۔+ لائے نافیہ۔ يُقِيمَا:(دونوں قائم رہ سکیں) فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب۔ثلاثی مزید۔باب افعال۔ صیغہ اَقَامَ یُقِیْمُ۔ مصدر۔اِقَامَةٌ۔(قائم رکھنا۔قیام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ یَقُوْمُ۔مصدر۔ قَوْمًا۔(کھڑے

ہونا)۔حُدُودَ: (حدوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)برائے رابطہ۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔جُنَاحَ:(کوئی گناہ)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمَا:(وہ دونوں۔ان دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔ فِي:(میں)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔ افْتَدَتْ:(اس عورت نے فدیہ دیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تائے ساکن برائے تانیث۔ضمیر مستتر هِيَ فاعل۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ ۔اِفْتَدٰى يَفْتَدِيْ۔ مصدر۔اِفْتِدَاءٌ۔(فدیہ دینا۔بدلہ دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ف د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔فَدٰى يَفْدِيْ۔ مصدر۔فِدْيَةٌ۔(فدیہ دینا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔تِلْكَ :(وہ)اسم اشارہ۔واحد مؤنث غائب۔مبتداء۔حُدُودُ:(حدود)خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔فَ: (پس)برائے رابطہ۔۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَعْتَدُو:(تم تجاوز کرو۔زیادتی کرو)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم ۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِعْتَدَى يَعْتَدِي۔مصدر۔ اِعْتِدَاءٌ۔(تجاوز کرنا۔ حد سے بڑھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د و)عَدَا يَعْدُو۔مصدر۔ عَدْوًا۔اَعْدُ۔(حد سے بڑھنا۔دشمنی کرنا)۔هَا :(وہ۔اس سے)۔ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مرجع حُدُوْدٌ۔وَ:(اور) استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم۔مضارع۔ يَتَعَدَّ:(وہ تجاوز کرتا ہے۔زیادتی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ لفظاً مفتوح۔محلاًمجزوم۔فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَعَدّٰى يَتَعَدّٰى۔مصدر۔ تَعَدِّيٌّ۔ (حد سے بڑھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د و) عَدَا يَعْدُو۔مصدر۔عَدْوًا۔اَعْدُ۔(حد سے بڑھنا۔دشمنی کرنا)۔ حُدُودَ:(حدود)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ: (پس) برائے رابطہ۔أُولَئِكَ :(وہ)اسم اشارہ جمع مذکر و

مؤنث۔ مبتداء۔ **هُمُ**:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ **الظّٰلِمُونَ**:(ظالم)خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔

ترجمہ آیت: طلاق (صرف) دوبارہے (یعنی جب دو دفعہ طلاق دے دی جائے تو) پھر (عورتوں کو) یا تو بطریق شائستہ (نکاح میں) رہنے دینا یا بھلائی کے ساتھ چھوڑ دینا۔اور یہ جائز نہیں کہ جو مہر تم ان کو دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس لے لو۔ہاں اگر زن و شوہر کو خوف ہو کہ وہ اللہ کی حدوں کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو اگر عورت (خاوند کے ہاتھ سے) رہائی پانے کے بدلے میں کچھ دے ڈالے تو دونوں پر کچھ گناہ نہیں۔ یہ اللہ کی (مقرر کی ہوئی) حدیں ہیں ان سے باہر نہ نکلنا۔اور جو لوگ اللہ کی حدوں سے باہر نکل جائیں گے وہ گنہگار ہوں گے

230:2 فَإِن طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِن بَعْدُ حَتَّىٰ تَنكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ فَإِن طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَن يَتَرَاجَعَا إِن ظَنَّا أَن يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ

فَ:(پھر)حرف عطف۔**إِنْ** :(اگر)شرطیہ جازم مضارع۔**طَلَّقَ**:(اس نے طلاق دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ **طَلَّقَ يُطَلِّقُ**۔مصدر۔**تَطْلِيقٌ**۔(طلاق دینا۔چھوڑ دینا)شرط کی وجہ سے معنی ہے تیسری مرتبہ۔**هَا** :(وہ اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔**فَ**:(تو)حرف عطف۔**لَا**:(نہیں)لائے نافیہ۔**تَحِلُّ** :(وہ حلال ہوتی ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ح ل ل)مضاعف۔ **حَلَّ يَحِلُّ**۔مصدر۔**حِلٌّ۔حَلَالًا** (حلال ہونا۔جائز ہونا)۔**لَ**:(لئے)حرف جار۔**هُ** :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔**مِنْ** :(سے)حرف جار۔**بَعْدُ** :(بعد)ظرف۔محلاً اسم مجرور۔**حَتّٰى** :(یہاں تک)حرف غائب۔بعدہٗ أَنْ ناصب مضارع۔ مضمر تقدیراً۔**تَنْكِحَ** :(تو نکاح کرتا ہے۔ان کی وجہ سے۔تو کرے)۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت بر محل اعراب فتحہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ک ح)۔صیغہ۔**نَكَحَ يَنْكِحُ**۔مصدر۔**نِكَاحًا**۔(نکاح کرنا)۔**زَوْجًا**:(کسی خاوند کو) منصوب۔

مفعول بہٖ غَيْرَ:(علاوہ۔سوا)حرف استثناء۔مضاف۔هٗ :(وہ۔ اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔برائے رابطہ جواب شرط۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم مضارد۔ طَلَّقَ:(۔اس نے طلاق دی۔وہ طلاق دے دے)فعل ماضی وحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ طَلَّقَ يُطَلِّقُ۔ مصدر۔ تَطْلِيقٌ۔(طلاق دینا۔چھوڑ دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ط ل ق)صیغہ طَلَقَ يَطْلُقُ۔ مصدر۔ طُلُوْقًا۔طَلْقًا۔(طلاق دینا)۔هَا:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ فَ:(پھر)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔جُنَاحَ :(کوئی گناہ نہیں)۔لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمَا:(ان دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔ أَنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔ يَتَرَاجَعَا:(دونوں رجوع کریں)فعل مضارع تثنیہ مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف علامت تثنیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔تَرَاجَعَ يَتَرَاجَعُ۔مصدر۔تَرَاجُعًا۔(رجوع کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)۔صیغہ ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔رَجْعًا۔(رجوع کرنا ۔لوٹنا) إِنْ: (اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔ ظَنَّا:(دونوں کو گمان ہو۔شک ہو)فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب۔علامت الف تثنیہ۔محلاً مجزوم۔ أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُقِيمَا :(دونوں قائم رکھیں گے)فعل مضارع تثنیہ غائب۔علامت الف تثنیہ۔محلاً منصوب۔نون اعرا بی محذوف۔ ثلاثی مزید۔باب افعال۔ صیغہ اَقَامَ يُقِيْمُ۔مصدر۔اِقَامَةٌ۔(قائم رکھنا۔قیام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م) صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر ۔قَوْمًا۔(کھڑے ہونا)۔حُدُودَ:(حدود کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔تِلْكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید مؤنث ۔مبتداء۔ مرفوع۔ حُدُوْدُ:(حدود)خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔يُبَيِّنُ:(کھول کر بیان کرتا ہے)۔فعل مضارع واحدمذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔صیغہ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔تَبْيِيْنٌ(کھول کربیان کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب(ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ يَبِيْنُ ۔مصدر۔ بَيَانًا(بیان کرنا)۔هَا :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد

مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ قَوْمٍ:(قوم) اسم مجرور۔ يَعْلَمُونَ:(وہ جانتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا)۔

ترجمہ آیت: پھر اگر شوہر (دو طلاقوں کے بعد تیسری) طلاق عورت کو دے دے تو اس کے بعد جب تک عورت کسی دوسرے شخص سے نکاح نہ کرلے اس (پہلے شوہر) پر حلال نہ ہوگی۔ ہاں اگر دوسرا خاوند بھی طلاق دے دے اور عورت اور پہلا خاوند پھر ایک دوسرے کی طرف رجوع کرلیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں بشرطیکہ دونوں یقین کریں کہ اللہ کی حدوں کو قائم رکھ سکیں گے اور یہ اللہ کی حدیں ہیں ان کو وہ ان لوگوں کے لئے بیان فرماتا ہے جو دانش رکھتے ہیں۔

231:2 وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوا وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ وَلَا تَتَّخِذُوا آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنَ الْكِتَابِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُم بِهِ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

وَ:(اور) استئنافیہ۔ إِذَا:(جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ معنی مستقبل۔ طَلَّقْتُمُ:(تم طلاق دو) فعل ماضی وحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ طَلَّقَ يُطَلِّقُ۔ مصدر۔ تَطْلِيقٌ۔(طلاق دینا۔ چھوڑ دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ط ل ق) صیغہ طَلَقَ يَطْلُقُ۔ مصدر۔ طُلُوقًا۔ طَلْقًا۔(طلاق دینا)۔ النِّسَاءَ:(عورتوں کو۔ بیویوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔ بَلَغْنَ:(وہ پہنچ جائیں) فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔ نون نسوۃ۔ ضمیر جمع هُنَّ۔ أَجَلَ:(مدت کو) مفعول بہ منصوب۔ مضاف۔ هُنَّ:(وہ۔ ان کو) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ أَمْسِكُو:(تم ان کو روک لو) فعل امر جمع

مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ محذوف۔برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَمْسَکَ یُمْسِکُ۔مصدر۔اِمْسَاکٌ۔(روکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب و کرم۔مادہ(م س ک)مَسَکَ یَمْسِکُ۔مصدر۔مَسْکًا۔(روکنا)۔هُنَّ :(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ۔مطابق)حرف جار۔مَعْرُوفٍ :(دستور کے مطابق۔)اسم مجرور۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ سَرِّحُو:(آزاد کر دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔سَرِّحَ یُسَرِّحُ۔مصدر۔ تَسْرِیْحًا۔(رخصت کرنا۔آزاد کرنا)ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(س ر ح)صیغہ۔سَرَحَ یَسْرَحُ ۔سَرْحًا۔ سُرُوْحًاً۔(رخصت کرنا۔آزاد کرنا)۔هُنَّ :(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔بِ: (ساتھ۔مطابق)حرف جار۔مَعْرُوفٍ:(دستور کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔ جازم مضارع۔تُمْسِکُو:(تم روک لو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَمْسَکَ یُمْسِکُ۔ مصدر۔ اِمْسَاکٌ۔(روکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب و کرم۔مادہ(م س ک)مَسَکَ یَمْسِکُ۔مصدر۔ مَسْکًا۔(روکنا)۔هُنَّ:(وہ۔ ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ ضِرَارًا:(نقصان)مفعول لہٗ۔منصوب۔ لِّ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَعْتَدُواْ:(تم حد سے بڑھو۔ تجاوز کرو)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع ۔الفا فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِعْتَدٰی یَعْتَدِیْ۔مصدر۔ اِعْتِدَاءٌ۔(تجاوز کرنا۔ دشمنی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د و)صیغہ۔عَدَا یَعْدُو۔مصدر۔ عَدْوًا۔ (دشمنی کرنا)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(اگر)اسم شرط۔ جازم مضارع۔ محلاً مبتداء۔ یَفْعَلْ:(وہ کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل) صیغہ۔فَعَلَ یَفْعَلَ۔مصدر۔فِعْلٌ۔(کام کرنا)۔ ذٰلِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ: (یقیناً)۔ حرف تحقیق۔ماضی قریب بنانے کے لئے۔ ظَلَمَ:(اس

نے ظلم کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ نَفْسَ:(جان کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔هُ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔تَتَّخِذُوا:(تم پکڑتے ہو۔بناتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔ اِتِّخَاذًا۔ (پکڑنا ۔بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ آيَاتِ:(آیات۔نشانیوں کو)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔مضاف الیہ۔ هُزُوًا:(تمسخر۔مذاق)منصوب۔مفعول ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اذْكُرُوا:(یاد کرو۔ ذکر کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر۔ذِكْرًا۔(ذکر کرنا۔یاد کرنا)۔نِعْمَتَ:(نعمت کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔ أَنزَلَ:(اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اتارنا)ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ(اترنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْحِكْمَةِ:(حکمت۔دانائی)معطوف مجرور۔ يَعِظُ:(وہ نصیحت کرتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع ظ)صیغہ۔وَعَظَ يَعِظُ۔مصدر۔وَعْظًا۔عِظَةً۔(نصیحت کرنا)۔كُم :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول۔بِ:(ساتھ۔کے)هِ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّقُوا :(ڈرو۔بچو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ ۔باب افتعال۔

صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیۡ۔مصدر۔ وِقَایَۃً۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اعۡلَمُوۡا:(جان لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعۡلَمُ۔مصدر۔عِلۡمًا۔(جاننا)۔أَنَّ:(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ)اَنَّ کا اسم منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔کُلِّ :(ہر ۔تمام)ظرف ۔مضاف۔شَيۡءٍ: (چیز) مجرور۔مضاف الیہ۔ عَلِیۡمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔محلاًان کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جب تم عورتوں کو(دو دفعہ) طلاق دے چکو اور ان کی عدت پوری ہو جائے تو انہیں یا تو حسن سلوک سے نکاح میں رہنے دو یا بطریق شائستہ رخصت کر دو اور اس نیت سے ان کو نکاح میں نہ رہنے دینا چاہئے کہ انہیں تکلیف دو اور ان پر زیادتی کرو۔اور جو ایسا کرے گا وہ اپنا ہی نقصان کرے گا اور اللہ کے احکام کو ہنسی (اور کھیل) نہ بناؤ اور اللہ نے تم کو جو نعمتیں بخشی ہیں اور تم پر جو کتاب اور دانائی کی باتیں نازل کی ہیں جن سے وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے ان کو یاد کرو۔اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

232:2 وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاء فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلاَ تَعْضُلُوهُنَّ أَن يَنكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْاْ بَيْنَهُم بِالْمَعْرُوفِ ذَلِكَ يُوعَظُ بِهِ مَن كَانَ مِنكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ ذَلِكُمْ أَزْكَى لَكُمْ وَأَطْهَرُ وَاللّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔معنی مستقبل۔ طَلَّقْتُمُ:(تم طلاق دو) فعل ماضی وحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ طَلَّقَ یُطَلِّقُ۔مصدر۔تَطۡلِیۡقٌ۔(طلاق دینا۔چھوڑ دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ط ل ق)صیغہ طَلَقَ یَطۡلُقُ۔ مصدر۔ طُلُوۡقًا۔طَلۡقًا۔(طلاق دینا)۔ النَّسَاءَ:

(عورتوں کو۔بیویوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ النِّسَاءَ:(عورتوں۔بیویوں کو)منصوب مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔بَلَغْنَ :(وہ پہنچ جائیں)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔ نون مبنی بر فتحہ۔محلاً نون نسوۃ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ) صیغہ ۔بَلَغَ یَبْلُغُ ۔مصدر۔بَلُوْغًا۔(پہنچنا)۔أَجَلَ:(مدت کو)مفعول بہٖ منصوب۔مضاف۔هُنَّ :(وہ ۔ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَعْضُلُو:(تم روکو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔هُنَّ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یَنکِحْنَ :(وہ نکاح کریں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔نون نسوۃ۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ن ک ح)۔صیغہ۔ نَکَحَ یَنْکِحُ۔مصدر۔نِکَاحًا۔(نکاح کرنا)۔أَزْوَاجَ:(خاوندوں سے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔هُنَّ:(وہ۔ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔مستقبل کے لئے۔جازم۔تَرَاضَوْاْ:(تم باہم رضامند ہو جاؤ)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔هُم:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔کے مطابق)حرف جار۔الْمَعْرُوفِ:(قانون و دستور کے اچھے پسندیدہ طریقہ)۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔مبتداء۔ یُوعَظُ :(نصیحت کی جاتی ہے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ع ظ)صیغہ معروف۔وَعَظَ یَعِظُ۔مصدر۔وَعْظًا۔عِظَةً۔(نصیحت کرنا)۔بِ:(ساتھ۔کو)هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔ كَانَ :(وہ ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ یَكُوْنُ۔ مصدر ۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً حال منصوب۔ یُؤْمِنُ:(وہ ایمان لاتا ہے)فعل

مضارع واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ جملہ محلاً منصوب کَانَ کی خبر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَمِنَ یَامَنَ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔ پر) حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور اسم۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الْیَوْمِ :(آج) معطوف۔ مجرور۔ ظرف زمان۔ مضاف۔ موصوف الْآخِرِ:(قیامت۔ آخرت۔ پچھلا) مجرور مضاف الیہ۔ صفت تابع ذٰلِکُمْ:(وہ تم) مرکب :(ذٰلِکَ+ کُمْ) اسم اشارہ بعید ۔ مبتداء۔ + ضمیر جمع مذکر حاضر۔ برائے خطاب۔ أَزْكَى:(بہت ہی ذہین و فطین۔ پروردہ) افعل التفضیل۔ ی۔ تقدیراً مضموم۔ محلاً خبر مرفوع۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ کُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَطْهَرُ:(بہت ہی صاف ستھرا) معطوف۔ مرفوع۔ افعل التفضیل۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء۔ مرفوع۔ یَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ عَلِمَ یَعْلَمُ۔ مصدر ۔ عِلْمًا ۔ (جاننا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَنْتُمْ:(تم) ضمیر منفصل۔ مبتداء۔ لَا:(نہیں) لائے نافیہ۔ تَعْلَمُونَ:(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔ واوٗ جمع ۔ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ عَلِمَ یَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا ۔ (جاننا)۔

ترجمہ آیت: اور جب تم عورتوں کو طلاق دے چکو اور ان کی عدت پوری ہو جائے تو ان کو دوسرے شوہروں کے ساتھ جب وہ آپس میں جائز طور پر راضی ہو جائیں نکاح کرنے سے مت روکو۔ اس (حکم) سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو تم میں اللہ اور روز آخرت پر یقین رکھتا ہے۔ یہ تمہارے لئے نہایت خوب اور بہت پاکیزگی کی بات ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

233:2 وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَن يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى
الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا

وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَّهُ بِوَلَدِهِ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَلِكَ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَن تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا وَإِنْ أَرَدتُّمْ أَن تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُم مَّا آتَيْتُم بِالْمَعْرُوفِ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

وَ:(اور)استئنافیہ۔الْوَالِدَاتُ:(مائیں)مبتداء۔ يُرْضِعْنَ :(دودھ پلائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔نون نسوۃ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرْضَعَ يُرْضِعُ۔اِرْضَاعًا۔(دودھ پلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ض ع)صیغہ۔رَضَعَ يَرْضَعُ۔مصدر۔رِضَاعَةٌ۔رِضْعًا۔رِضَاعًا۔(دودھ پینا)۔أَوْلَادَ: (اولاد کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُنَّ :(وہ۔اپنی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَوْلَيْنِ:(دوسال)ظرف زمان۔تثنیہ۔منصوب۔محلاً موصوف۔ كَامِلَيْنِ:(مکمل)صفت تثنیہ منصوب ۔ تابع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔ أَرَادَ:(وہ ارادہ کرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ۔(اراد کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ أَنْ: (کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يُتِمَّ :(وہ پورا کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَتَمَّ يُتِمُّ۔ ۔مصدر۔ اِتْمَامًا(پورا کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ت م م)مضاعف۔ صیغہ۔تَمَّ يَتِمُّ۔مصدر۔تَمَامًا(پورا کرنا)۔الرَّضَاعَةَ:(عورت کا پستان سے دودھ پلانا۔بچے کو دودھ پلانے کی مدت)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف عَلَى:(پر)حرف جار۔ذمہ ہے۔ الْمَوْلُودِ:(جناہوا۔بچہ)اسم مجرور۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔رِزْقُ:(ضروریات زندگی۔خوراک) مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔هُنَّ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ كِسْوَتُ:(کپڑے۔لباس)مضاف۔هُنَّ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔کے مطابق)حرف جار۔الْمَعْرُوفِ :(رواج۔دستور۔قانون کے)مجرور مضاف الیہ۔لَا:(نہیں)

لائے نافیہ۔تُكَلَّفُ:(مشکل میں ڈالا جائے)فعل مضارع مجہول واحد مونث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔كَلَّفَ يُكَلِّفُ۔ مصدر۔تَكْلِيفًا۔(مشکل میں ڈالنا۔تکلیف میں ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ک ل ف)۔كَلِفَ يَكْلَفُ۔مصدر۔كَلَفًا۔(کسی چیز کا دلدادہ ہونا۔چہرے پر چھائیاں پڑنا۔داغ دھبے پڑنا)۔ نَفْسٌ:(کسی جان کو)نائب فاعل۔مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔وُسْعَ:(گنجائش۔حیثت کے مطابق) منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔هَا:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مرجع نَفْسٌ ۔ لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تُضَآرَّ:(نقصان پہنچایا جائے)فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب۔ وَالِدَةٌ :(ماں)نائب فاعل۔مرفوع۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔وَلَدِ:(باپ)اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(وہ) ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے نافیہ۔مَوْلُودٌ :(جناہوا)معطوف۔نائب فاعل۔مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔وَلَدِ:(باپ)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَلَى :(پر) حرف جار۔الْوَارِثِ :(وارث۔مالک)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔مِثْلُ :(مانند۔طرح) مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ذَٰلِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔محلاً مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔أَرَادَا :(دونوں نے ارادہ کیا)فعل ماضی تثنیہ۔مذکر غائب۔علامت الف تثنیہ۔محلاً فعل شرط مجزوم۔فِصَالًا:(دور دور کرنا۔دودھ چھڑانا)منصوب۔ مفعول بہ۔ عَن :(سے)حرف جار۔تَرَاضٍ :(باہمی رضامندی)فاعل ۔اسم مجرور۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمَا:(ان دونوں)ضمیر تثنیہ غائب۔محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَشَاوُرٍ:(باہم مشورہ سے)معطوف اسم مجرور۔ فَ:(پس) حرف رابطہ برائے جواب شرط۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔جُنَاحَ:(کوئی گناہ)منصوب بوجہ لائے نفی جنس۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ: (اگر)

حرف شرط۔ جام مضارع۔ أَرَدتُّمْ :(تم نے ارادہ کرو) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ اَرَادَ یُرِیْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ۔ (ارادہ کرنا۔ چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ر و د) صیغہ رَادَ یَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ أَنْ : (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ تَسْتَرْضِعُوا: (تم دودھ پلانا چاہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ اِسْتَرْضَعَ یَسْتَرْضِعُ۔ مصدر۔ اِسْتِرْضَاعٌ۔ (دوسری عورت کا دودھ پلانا۔ دودھ پلانا چاہو)۔ أَوْلَادَ: (اولاد کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ كُمْ: (تم۔ اپنی) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) لائے نفی جنس۔ جُنَاحَ : (کوئی گناہ) منصوب۔ بوجہ لائے نفی جنس۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان شرطیہ۔ مستقبل کا معنی۔ سَلَّمْتُم: () فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ سَلَّمَ يُسَلِّمُ۔ مصدر۔ تَسْلِيمًا۔ (سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ آداب بجا لانا)۔ ثلاثی مجرد۔ سَلِمَ يَسْلَمُ۔ مصدر سَلَامًا۔ (سلامتی میں رہنا۔ بچا رہنا۔ خالص ہونا۔)۔ مَّآ : (جو) اسم موصول۔ آتَيْتُم: (تم نے دیا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰى یُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَاءٌ۔ (دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ بِ: (ساتھ۔ سے) حرف جار۔ الْمَعْرُوفِ: (دستور۔ رواج۔ قانون) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ اتَّقُوا: (ڈرو۔ بچو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ق ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔ مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔ پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ ڈرنا ذات کبریا سے)۔ اللهَ: (اللہ جل جلالہٗ سے) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عف۔ اِعْلَمُوا: (جان لو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر

۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ أَنَّ:(بے شک ۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ أَنَّ کا اسم۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔تَعْمَلُونَ :(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا(کرنا۔)۔ أَنَّ کی خبر مرفوع۔بَصِيرٌ:(خوب دیکھنے والا)مبالغہ۔أَنَّ خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال دودھ پلائیں یہ (حکم) اس شخص کے لئے ہے جو پوری مدت تک دودھ پلوانا چاہے۔اور دودھ پلانے والی ماؤں کا کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق باپ کے ذمے ہو گا۔کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی (تو یاد رکھو کہ) نہ تو ماں کو اس کے بچے کے سبب نقصان پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اس کی اولاد کی وجہ سے نقصان پہنچایا جائے اور اسی طرح (نان نفقہ) بچے کے وارث کے ذمے ہے۔ اور اگر دونوں (یعنی ماں باپ) آپس کی رضامندی اور صلاح سے بچے کا دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں۔ اور اگر تم اپنی اولاد کو دودھ پلوانا چاہو تو تم پر کچھ گناہ نہیں بشرطیکہ تم دودھ پلانے والیوں کو دستور کے مطابق ان کا حق جو تم نے دینا کیا تھا دے دو اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھ رہا ہے۔

234:2 وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِينَ:(وہ جو) يُتَوَفَّوْنَ :(مر جاتے ہیں۔مر جائیں)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔تفعل۔تَوَفَّى يَتَوَفَّى۔مصدر۔تَوَفِّيٌّ۔(پورا کرنا۔ مر جانا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَفَى يَفِي۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف

عطف۔يَذَرُونَ:(وہ چھوڑ دیتے ہیں۔ چھوڑ جائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ وَذَرَ يَذَرُ۔ مصدر۔ وَذْرٌ۔(چھوڑ جانا)۔ أَزْوَاجًا: (بیویوں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ يَتَرَبَّصْنَ:(وہ روکے رکھتی ہیں۔ انتظار کرتی ہیں)فعل مضارع جمع مونث غائب۔ علامت نون نسوۃ۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ ۔تَرَبَّصَ يَتَرَبَّصُ۔ مصدر۔تَرَبُّصًا۔(عورتوں کا انتظار کرنا۔ مہلت دینا۔ روکے رکھنا)ثلاثی مجرد۔رَبَصَ يَرْبُصُ۔ مصدر۔رَبْصًا۔ (گھاٹ میں رہنا۔ تاک میں رہنا۔ اچھی بری باب پیش کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ أَنْفُسِ: (جانوں)اسم مجرور۔ مضاف۔هِنَّ :(وہ۔ اپنی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَرْبَعَةَ :(چار) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف الیہ۔أَشْهُرٍ:(مہینے)مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَشْرًا: (دس)معطوف منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ بَلَغْنَ: (وہ پہنچ جائیں)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔ نون نسوۃ مبنی بر فتحہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ب ل غ) صیغہ ۔بَلَغَ يَبْلُغُ۔ مصدر۔بُلُوغًا۔(پہنچنا)۔ أَجَلَ:(وقت کو۔ مدت۔ عرصہ۔ عدت۔ کو)مفعول بہ۔ مضاف۔ هُنَّ :(وہ)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔جُنَاحَ :(کوئی گناہ)منصوب لائے نفی جنس کا اسم۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ فِي:(میں)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔ فَعَلْنَ:(انہوں نے کیا)فعل ماضی جمع مؤنث۔ نون نسوۃ مبنی بر فتحہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔ مضاف۔هِنَّ : (وہ۔ ان کی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمَعْرُوفِ: (قانون ۔اچھے طریقے۔ رواج۔ دستور) وَ:(اور)حرف عطفاللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مرفوع۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُونَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی

موجود۔واوٗ جمع ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔ مصدر۔عَمَلًا(کرنا۔)
خَبِيرٌ:(خوب خبر رکھنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور عورتیں چھوڑ جائیں تو عورتیں چار مہینے دس دن اپنے آپ کو روکے رہیں۔اور جب (یہ) عدت پوری کر چکیں اور اپنے حق میں پسندیدہ کام (یعنی نکاح) کر لیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں۔ اور اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔

235:2 وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُم بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنتُمْ فِي أَنفُسِكُمْ عَلِمَ اللهُ أَنَّكُمْ سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلَـٰكِن لَّا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرًّا إِلَّا أَن تَقُولُوا قَوْلًا مَّعْرُوفًا وَلَا تَعْزِمُوا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللهَ يَعْلَمُ مَا فِي أَنفُسِكُمْ فَاحْذَرُوهُ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللهَ غَفُورٌ حَلِيمٌ

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔جُنَاحَ :(کوئی گناہ)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔مَا:(جو) اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔عَرَّضْتُم:(تم نے اشاروں کنائیوں سے پیشکش کی)فعل ماضی۔جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب +۔صیغہ۔عَرَّضَ يُعَرِّضُ۔مصدر۔تَعْرِيضٌ۔(اشارہ کنایہ سے پیشکش کرنا) بِ:(ساتھ) حرف جار۔هِ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔خِطْبَةِ:(منگنی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔مضاف۔النِّسَاءِ:(عورتوں کی)مجرور مضاف الیہ۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ أَكْنَنتُمْ:(تم نے چھپایا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَكَنَّ يُكِنُّ۔مصدر۔ إِكْنَانًا۔(چھپانا)۔ثلاثی مجرد باب۔مادہ(ک ن ن)مضاعف۔صیغہ۔كَنَّ يَكُنُّ۔مصدر۔اِكْنُنٌ۔(چھپنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔أَنفُسِ:(جانوں)مجرور اسم۔مضاف۔كُمْ:(تم۔تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور

مضاف الیہ۔ عَلِمَ:(اس نے جانا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا ۔ (جاننا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔ مرفوع۔ أَنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم منصوب۔سَ:(عنقریب)حرف استقبال۔ تَذْكُرُونَ:(تم ذکر کرتے ہو۔یاد کرتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔هُنَّ:(وہ)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔جملہ محلاً مرفوع۔اَنَّ کی خبر۔ وَ: (اور) حرف عطف۔لَكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ لَّا:(نہیں)لائے ناہیہ۔ تُوَاعِدُو:(تم باہم وعدہ کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔وَاعَدَ يُوَاعِدُ۔مصدر۔ مُوَاعَدَةٌ۔(آپ میں وعدہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔ عِدْ۔ عِدَةٌ۔وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔هُنَّ :(وہ۔انہوں نے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ سِرًّا: (راز سے۔چھپے ہوئے۔ چھپ کر)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَقُولُوا:(کہے گا)فعل مضارع جمع حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ ۔مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ قَوْلًا:(بات)منصوب۔ مفعول بہٖ۔یا مفعول مطلق۔موصوف۔ مَّعْرُوفًا:(دستور ۔ قانون۔ اچھی)صفت منصوب ۔ تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَعْزِمُوا:(تم پختہ ارادہ کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ع ز م)۔عَزَمَ يَعْزِمُ۔مصدر۔عَزْمًا۔(پختہ ارادہ کرنا)۔ عُقْدَةَ :(گٹھ بندھن۔گرہ۔عقد۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ النِّكَاحِ :(نکاح)مجرور مضاف الیہ۔حَتَّىٰ :(یہاں تک)حرف غایت۔اَنْ مضمر بعدہٗ۔ناصب مضارع۔يَبْلُغَ :(وہ پہنچتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ) صیغہ ۔بَلَغَ يَبْلُغُ ۔مصدر۔بَلُوْغًا۔(پہنچنا)۔الْكِتَابُ:(کتاب)معرف باللام۔فاعل مرفوع۔ أَجَلَ:

(مدت)منصوب۔ مفعول بہٖ ۔مضاف۔ہٗ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔اعْلَمُوا :(جان لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔أَنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب اَنَّ کا اسم۔يَعْلَمُ:() :(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔جملہ محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع۔ مَا :(جو)اسم موصول۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔فِي:(میں)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(جانوں)مجرور اسم۔ مضاف۔كُمْ :(تم۔تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ احْذَرُو: (ڈرو۔احتیاط کرو)فعل امر جمع مذکر۔واؤ جمع الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔هُ :(وہ۔اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اعْلَمُوا:(جان لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ أَنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب اَنَّ کا اسم۔غَفُورٌ :(خوب مغفرت کرنے والا)اَنَّ کی خبر مرفوع۔حَلِيمٌ:(خوب بردبار)اَنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم کنائے کی باتوں میں عورتوں کو نکاح کا پیغام بھیجو یا (نکاح کی خواہش کو) اپنے دلوں میں مخفی رکھو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ اللہ کو معلوم ہے کہ تم ان سے (نکاح کا) ذکر کروگے۔ مگر (ایام عدت میں) اس کے سوا کہ دستور کے مطابق کوئی بات کہہ دو پوشیدہ طور پر ان سے قول واقرار نہ کرنا۔اور جب تک عدت پوری نہ ہولے نکاح کا پختہ ارادہ نہ کرنا۔اور جان رکھو کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ کو سب معلوم ہے تو اس سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ بخشنے والا اور حلم والا ہے۔

236:2 لَّا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً وَمَتِّعُوهُنَّ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ

لَّا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔جُنَاحَ :(کوئی گناہ)لائے نفی کا اسم منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔طَلَّقْتُمُ:(تم نے طلاق دی۔عامل کی وجہ سے ترجمہ ۔اگر تم نے طلاق دی)۔فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل ۔صیغہ طَلَّقَ يُطَلِّقُ۔مصدر۔تَطْلِيقٌ۔(طلاق دینا۔چھوڑ دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ط ل ق) صیغہ طَلَقَ يَطْلُقُ۔مصدر۔طُلُوقًا۔طَلْقًا۔(طلاق دینا)۔النِّسَاءَ:(عورتوں کو)منصوب مفعول بہ۔ مَا:(کہ) مصدریہ۔ظرفیہ۔مضاف۔ لَمْ:(نہ) حرف نفی جحد بلم جازم مضارع ۔ قالب۔ تَمَسُّو:(تم چھوتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ ۔ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔ مصدر۔مَسٌّ۔(چھونا۔یعنی مباشرت کرنا)۔هُنَّ: (وہ۔عورتیں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَوْ :(یا)حرف عطف۔تَفْرِضُوا:(تم مقرر کرتے ہو۔فرض کرتے ہو۔لازم کرتے ہو)فعل مضارع مجزوم جمع مذکر حاضر۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ر ض)صیغہ۔ فَرَضَ يَفْرِضُ۔مصدر۔فَرْضًا۔(فرض کرنا۔ مقرر کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُنَّ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فَرِيضَةً :(حق مہر)۔منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَتِّعُو:(ان کو فائدہ پہنچاؤ)فعل امر مذکر جمع حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ مَتَّعَ يُمَتِّعُ۔مصدر۔تَمْتِيعًا۔(فائدہ پہنچانا)۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(م ت ع)۔مَتَعَ يَمْتَعُ۔مصدر۔مَتُوعًا۔(فائدہ پہنچنا)۔هُنَّ :(ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْمُوسِعِ :(خوش حالی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔قَدَرُ:(ویلو۔حیثیت)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔هُ:(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْمُقْتِرِ:(تنگدستی۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلا خبر مقدّم مرفوع۔قَدْرُ:(حیثیت)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔مضاف۔هُ :(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر

غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَتَاعًا :(فائدہ۔ نفع) منصوب۔ مفعول بہ۔بِ:(ساتھ۔کے مطابق)حرف جار۔ الْمَعْرُوفِ :(دستور۔ قانون۔اچھے طریقے۔خوشی سے)اسم مجرور۔حَقًّا :(درست۔حق)منصوب۔ مفعول مطلق۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْمُحْسِنِينَ:(احسان کرنے والے۔نیکی کرنے والے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم عورتوں کو ان کے پاس جانے یا ان کا مہر مقرر کرنے سے پہلے طلاق دے دو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ہاں ان کو دستور کے مطابق کچھ خرچ ضرور دو(یعنی) مقدور والا اپنے مقدور کے مطابق دے اور تنگدست اپنی حیثیت کے مطابق۔نیک لوگوں پر یہ ایک طرح کا حق ہے۔

2:237 وَإِن طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا أَن يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ وَأَن تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى وَلَا تَنسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔ طَلَّقْتُمُو:(تم نے طلاق دی۔تم طلاق دو)۔ فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل ۔ صیغہ طَلَّقَ يُطَلِّقُ۔ مصدر۔ تَطْلِيقٌ۔(طلاق دینا۔چھوڑ دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ط ل ق) صیغہ طَلَقَ يَطْلُقُ۔ مصدر۔ طُلُوْقًا۔طَلْقًا۔(طلاق دینا)۔هُنَّ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔قَبْلِ: (پہلے)ظرف۔اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَمَسُّو:(تم چھوتے ہو۔مباشرت کی) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ۔محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔ مصدر۔مَسٌّ۔(چھونا۔یعنی مباشرت کرنا)۔هُنَّ :(وہ۔ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ ماضی قریب کے لئے۔ فَرَضْتُمْ:(تم نے فرض کیا ہے)فعل ماضی جمع مذکر حاض۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف

ر ض)صیغہ۔فَرَضَ يَفْرِضُ۔مصدر۔فَرْضًا۔(فرض کرنا۔مقرر کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُنَّ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔فَرِيضَةً:(حق مہر)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔برائے رابطہ۔نِصْفُ:(آدھا)مبتداء۔مرفوع۔خبر محذوف۔مَا:(جو)اسم موصول فَرَضْتُمْ:(تم نے فرض کیا ہے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ر ض)۔ صیغہ۔ فَرَضَ يَفْرِضُ۔مصدر۔فَرْضًا۔(فرض کرنا۔ مقرر کرنا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔استثناء۔أَنْ:(کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔يَعْفُونَ:(ان سے در گزر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔نون نسوۃ۔مبنی بر فتحہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ف و)صیغہ۔عَفَا يَعْفُو۔مصدر۔عَفْوًا۔(در گزر کرنا)۔ أَوْ: (یا) يَعْفُوَ:(وہ در گزر کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ع ف و)صیغہ۔ عَفَا يَعْفُو۔مصدر۔عَفْوًا۔(در گزر کرنا)۔واؤ مفتوحہ۔برائے اتصال مابعد۔الَّذِي:(جو)اسم موصول واحد مذکر۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔يَدِ:(ہاتھ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔ عُقْدَةُ:(گرہ۔گانٹھ۔عقد۔گٹھ بندھن)۔مبتداء مؤخر مرفوع۔ مضاف۔ النِّكَاحِ:(نکاح)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَعْفُوا:(تم در گزر کرتے ہو۔در گزر کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ف و)صیغہ۔عَفَا يَعْفُو۔مصدر۔عَفْوًا۔(در گزر کرنا)۔ أَقْرَبُ:(بہت قریب۔)افعل التفضیل۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لِتَّقْوَى:(پرہیز گاری۔خوف الٰہی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَنسَوُا:(تم بھولتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ نَسِيَ يَنْسٰى۔مصدر۔نَسْيًا۔نِسْيَانًا۔نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔ الْفَضْلَ:(فضل۔رحمت۔احسان) منصوب۔مفعول بہ۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔كُمْ:(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً

مجرور۔مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰہَ :(اللہ جل جلالۂ) منصوب۔اِنَّ کا اسم۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔محلاً مجرور۔اسم۔تَعْمَلُونَ :(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل) صیغہ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا۔) بَصِيرٌ:(خوب دیکھنے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم عورتوں کو ان کے پاس جانے سے پہلے طلاق دے دو لیکن مہر مقرر کر چکے ہو تو آدھا مہر دینا ہو گا۔ہاں اگر عورتیں مہر بخش دیں یا مرد جن کے ہاتھ میں عقد نکاح ہے (اپنا حق) چھوڑ دیں۔(اور پورا مہر دے دیں تو ان کو اختیار ہے) اور اگر تم مرد لوگ ہی اپنا حق چھوڑ دو تو یہ پرہیز گاری کی بات ہے۔اور آپس میں بھلائی کرنے کو فراموش نہ کرنا۔کچھ شک نہیں کہ اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے <۲۳۷> (مسلمانو) سب نمازیں خصوصاً بیچ کی نماز (یعنی نماز عصر) پورے التزام کے ساتھ ادا کرتے رہو۔اور اللہ کے آگے ادب سے کھڑے رہا کرو

238:2 حَافِظُواْ عَلَى الصَّلَوَاتِ والصَّلاَةِ الْوُسْطَى وَقُومُواْ لِلّهِ قَانِتِينَ

حَافِظُواْ:(حفاظت کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ حَافَظَ يُحَافِظُ۔مصدر۔مُحَافَظَةٌ۔(حفاظت کرنا۔)ثلاثی مجرد باب سمع۔صیغہ۔حَفِظَ يَحْفَظُ۔مصدر۔حِفْظًا۔(یاد رکھنا۔حفظ کرنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ الصَّلَوَاتِ:(صلاتوں کو)اسم مجرور۔ و:(اور)حرف عطف۔الصَّلاَةِ :(صلوٰۃ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الْوُسْطَى:(درمیانی)اسم تفضیل۔واحد مؤنث۔یہ متنازعہ مسئلہ ہے جو مختلف مسالک کی شخصیات مختلف نمازوں کو قرار دیتی ہیں۔اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ کون درست ہے؟ صفت مجرور۔تابع۔وَ:(اور)قُومُواْ:(تم قائم ہو جاؤ۔تم کھڑے ہو جاؤ۔) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)اجوف واوی۔صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔قِيَامًا۔قَوْمًا۔قَامَةً۔

(کھڑے ہونا) لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ) حرف جار+اسم مجرور۔ قَانِتِيْنَ: (فرمانبر داری کرنے والے۔اطاعت گزار۔باادب)اسم فاعل جمع مذکر۔حال منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:(مسلمانو) سب نمازیں خصوصاً بیچ کی نماز(یعنی نماز عصر) پورے التزام کے ساتھ ادا کرتے رہو۔اور اللہ کے آگے ادب سے کھڑے رہا کرو۔

239:2 فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا فَإِذَا أَمِنتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَمَا عَلَّمَكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ

فَ:(پس)استئنافیہ۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔خِفْتُمْ:(تم کو خوف ہو۔ڈر ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔ (ڈرنا۔خدشہ ہونا۔خوف کھانا)۔فَ:(پس)حرف عطف۔رِجَالًا:(پیادے۔ واحد رِجُلٌ۔پیادہ۔)جمع مکسر۔ منصوب۔حال۔محلاً مجزوم جواب شرط۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ رُكْبَانًا:(سوار۔واحد رَاكِبٌ۔)معطوف۔منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ: (پس)حرف عطف۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔أَمِنتُمْ:(تم حفاظت میں ہو۔امن میں ہوں۔بے خوف ہوں)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمَنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا(امن میں ہونا۔بے خوف ہونا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔اُذْكُرُوا:(ذکر کرو۔یاد کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ذ ک ر)۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(ذکر کرنا۔یاد کرنا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ كَمَا :(جیسا کہ)حرف تشبیہ۔مرکب: (كَ+ مَا)حرف تشبیہ۔+اسم موصول۔عَلَّمَ:(سکھایا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔مصدر۔ تَعْلِيْمًا۔ (سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔ لَمْ:(نہ) نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ تَكُونُوا:(تم تھے۔)فعل ناقص مضارع جمع

مذکر حاضر۔مجزوم ۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُونُ ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْلَمُونَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ ۔مصدر۔مصدر۔عِلْمًا۔

ترجمہ آیت:اگر تم خوف کی حالت میں ہو تو پیادے یا سوار (جس حال میں ہو نماز پڑھ لو) پھر جب امن (واطمینان)ہو جائے تو جس طریق سے اللہ نے تم کو سکھایا ہے جو تم پہلے نہیں جانتے تھے اللہ کو یاد کرو۔

240:2 وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِّأَزْوَاجِهِم مَّتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِي مَا فَعَلْنَ فِي أَنفُسِهِنَّ مِن مَّعْرُوفٍ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر يُتَوَفَّوْنَ:(مار دئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔تفعل۔تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔مصدر۔ تَوَفِّيٌّ۔(پورا کرنا۔ مر جانا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔يَذَرُونَ:(وہ چھوڑ دیتے ہیں۔چھوڑ جائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔ وَذَرَ يَذَرُ۔مصدر۔ وَذْرٌ۔(چھوڑ جانا)۔ أَزْوَاجًا: (بیویوں۔شوہروں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَصِيَّةً :(وصیت۔ایسا حکم جو وہ مرنے سے پہلے متعلقین کے لئے لکھوا کر یا گواہ بنا کر جائے)۔منصوب۔مفعول بہ ثانی۔لِّ:(لئے)حرف جار۔أَزْوَاجِ:(بیویوں یا شوہروں کے) اسم مجرور۔مضاف۔هِم:(وہ۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ مَّتَاعًا:(فائدہ پہنچانے کے لئے)۔ إِلَى:(طرف۔تک)حرف جار۔ الْحَوْلِ:(ایک سال)اسم مجرور۔موصوف۔ غَيْرَ:(بغیر)استثناء۔

حرف حصر۔صفت منصوب۔مضاف۔ إِخْرَاجٍ :(نکالے)مصدر بر وزن اِفْعَالٌ۔مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ناصب مضارع۔ خَرَجْنَ :(وہ نکلیں)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجزوم۔فَ:(پس)حرف رابطہ برائے جواب شرط۔لَا: (نہیں) لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔جُنَاحَ :(کوئی گناہ)منصوب۔لائے جنس کا اسم۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ : (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لائے جنس کی خبر مرفوع۔محلاً جواب شرط مجزوم۔ فِي:(میں۔بیچ)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ فَعَلْنَ:(انہوں نے کیا)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلًا۔(کرنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔مَّعْرُوفٍ:(دستور۔جانا پہچانا۔رواج۔قانون کے مطابق)اسم مجرور۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔عَزِيزٌ:(خوب زبردست)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ حَكِيمٌ:(خوب حکمت والا۔دانائی والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور عورتیں چھوڑ جائیں وہ اپنی عورتوں کے حق میں وصیت کر جائیں کہ ان کو ایک سال تک خرچ دیا جائے اور گھر سے نہ نکالی جائیں۔ہاں اگر وہ خود گھر سے نکل جائیں اور اپنے حق میں پسندیدہ کام (یعنی نکاح) کرلیں تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔اور اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

241:2 وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔لْمُطَلَّقَاتِ :(طلاق شدہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔ مَتَاعٌ:(فائدہ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمَعْرُوفِ :(دستور۔قانون)اسم مجرور۔حَقًّا:

(حق ۔سچ)منصوب۔مفعول مطلق۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔الْمُتَّقِينَ :(پرہیز گار۔اللہ کا خوف رکھنے والے۔اللہ کے احکام کے پابند)اسم مجرور۔

آیت کا ترجمہ:اور مطلقہ عورتوں کو بھی دستور کے مطابق نان و نفقہ دینا چاہیئے پرہیز گاروں پر (یہ بھی) حق ہے۔

242:2 كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ

كَذَلِكَ:(اس طرح)مرکب :(ک+ذلک)حرف تشبیہ +اسم اشارہ بعید واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور يُبَيِّنُ:(کھول کھول کر بیان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔ صیغہ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔تَبْيِينٌ(کھول کر بیان کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب(ب ی ن) صیغہ۔بَانَ يَبِينُ۔ مصدر۔بَيَانًا(بیان کرنا)۔فَ:(تو۔پس)برائے رابطہ۔ اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔ مرفوع۔ لَ:(لئے) حرف جار۔كُمْ :(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔آيَاتِ:(آیات۔نشانیاں)۔ مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَعَلَّ: (شاید) ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تَعْقِلُونَ :(تم عقل رکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اسی طرح اللہ اپنے احکام تمہارے لئے بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو۔

243:2 أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللهُ مُوتُوا ثُمَّ أَحْيَاهُمْ إِنَّ اللهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد جازم مضارع ۔ قالب۔ تَرَ:(تو دیکھے)فعل مضارع مجزوم۔علامت ۔ی۔التقائے ساکنین کے محذوف ہوا۔اصلاً ۔تَرَى۔تھا۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)

لفیف مفروق۔ مہموز العین۔ناقص یائی۔رَایٰ۔یَریٰ۔مصدر۔رُؤْيَةً۔(دیکھنا)۔ إِلَى:(طرف۔تک) حرف جار۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ خَرَجُواْ :(وہ سب نکلے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خُرُوْجًا۔ (نکلنا)۔ مِنْ:(سے) دِيَارِ:(گھروں۔واحد دَارٌ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔ أُلُوفٌ: (ہزاروں۔ واحد اَلْفٌ۔ہزار)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ حَذَرَ :(خوف۔ڈر)منصوب۔مفعول بہ۔ علامت تنوین محذوف ۔بوجہ مضاف۔ الْمَوْتِ:(موت)مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ مُوتُواْ:(تم مر جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت) صیغہ۔ مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا۔گزر جانا)۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ أَحْيَا: (اس نے زندہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰى يُحْيِىْ۔ مصدر۔ اَحْيَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ح ی ی) مضاعف۔اجوف و ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِىَ يَحْيٰى۔مصدر۔ حَيَاةٌ۔(جینا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ إِنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔ لَ:(یقینا)لائے مزحلقہ برائے تاکید۔ ذُو:(والا)ستہ مکبرہ سے۔مذکر۔ خبر إِنَّ کی مرفوع۔مضاف۔ فَضْلٍ :(فضل۔ رحمت)مجرور۔مضاف الیہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ النَّاسِ :(لوگ)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ لَٰكِنَّ: (لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ أَكْثَرَ:(زیادہ تر) لَٰكِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ النَّاسِ:(لوگ)مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔يَشْكُرُونَ:(وہ شکر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔نون

اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً لَكِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔)۔

ترجمہ آیت: بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو (شمار میں) ہزاروں ہی تھے اور موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل بھاگے تھے۔ تو اللہ نے ان کو حکم دیا کہ مر جاؤ۔ پھر ان کو زندہ بھی کر دیا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ لوگوں پر مہربانی رکھتا ہے۔ لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔

244:2 وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللهِ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَاتِلُوا:(تم لڑو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ ۔صیغہ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔ قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا۔)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللهِ: (اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اعْلَمُوا:(جان لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م)صیغہ ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر ۔عِلْمًا۔(جاننا)۔أَنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ أَنَّ کا اسم۔سَمِيعٌ :(خوب سننے والا)مبالغہ۔ أَنَّ کی خبر مرفوع۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔ أَنَّ کی خبر ثانی مرفوع

ترجمہ آیت: اور (مسلمانو) اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور جان رکھو کہ اللہ (سب کچھ) جانتا ہے

245:2 مَّن ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً وَاللهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

مَّنْ:(کون ہے۔کوئی ہے)اسم استفہامیہ۔مبتداء۔ ذَا :(والا۔صاحب۔وہ)اسم اشارہ بعید۔محلاً خبر مرفوع۔ الَّذِي:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔ يُقْرِضُ :(قرض دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَقْرَضَ يُقْرِضُ۔مصدر۔قَرْضًا۔(ادھار دینا۔ قرض دینا)اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) منصوب مفعول بہٖ۔ قَرْضًا :(قرض۔ادھار)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔حَسَنًا :(اچھا۔حسنہ۔بغیر آلائش کے۔یعنی اس پر کوئی طلب نہ رکھے)صفت منصوب۔ تابع۔فَ:(پس)سببیہ۔يُضَاعِفَ:(دگنا کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ضَاعَفَ يُضَاعِفُ۔مصدر۔مُضَاعِفَةٌ۔(دگنا کرنا)۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔أَضْعَافًا :(دگنا)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔كَثِيرَةً:(بہت زیادہ۔یعنی دگنے سے بھی زیادہ)صفت مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔يَقْبِضُ :(سکیڑتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ق ب ض)صیغہ۔قَبَضَ يَقْبِضُ۔ مصدر۔ قَبْضًا۔(مٹھی میں لینا۔قبضے میں لینا۔چھین لینا۔تنگ کرنا۔ پکڑنا۔روکنا۔)وَ:(اور)حرف عطف۔يَبْسُطُ: (پھیلاتا ہے۔وسیع کرتا ہے۔کشادگی پیدا کرتاہے)قرآنی رسم الخط۔يَبْصُطُ۔ہے۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ب س ط۔ب ص ط۔)بَسَطَ يَبْسُطُ۔بَسْطًا۔بَصَطَ يَبْسُطُ۔ بَصْطًا۔(پھیلانا) وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔تُرْجَعُونَ :(تم لوٹائے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔ رَجْعٌ۔(لوٹانا)۔ضمیر مبنی بر سکون محلاً مرفوع نائب فاعل۔

ترجمہ آیت:کوئی ہے کہ اللہ کو قرض حسنہ دے کہ وہ اس کے بدلے اس کو کئی حصے زیادہ دے گا۔اور اللہ ہی روزی کو تنگ کرتا اور (وہی اسے) کشادہ کرتاہے۔اور تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔

246:2 أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَلَإِ مِن بَنِي إِسْرَائِيلَ مِن بَعْدِ مُوسَى إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ إِن كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ أَلَّا تُقَاتِلُوا قَالُوا وَمَا لَنَا أَلَّا نُقَاتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَقَدْ أُخْرِجْنَا مِن دِيَارِنَا وَأَبْنَائِنَا فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم۔ مضارع۔ قالب۔تَرَ:(تو نے دیکھا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ حرف علت۔ ی۔ بوجہ لَمْ التقائے ساکنین محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰیَ یَرٰی۔مصدر۔رُؤیَةٌ۔(دیکھنا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ الْمَلَإِ :(سرداروں کی)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَنِي :(بیٹوں سے)اصلا۔بَنِيْنَ۔ تھا۔ مضاف کی وجہ سے نون محذوف۔إِسْرَائِيلَ :(اسرائیل۔حضرت یعقوبؑ کا لقب)غیر منصرف۔عجمہ۔مفتوح۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ : (سے)حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔مضاف۔ مُوسَى :(موسیٰؑ) غیر منصرف۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔ قَالُوا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔نَبِيٍّ :(نبی۔خبر دینے والا)اسم مجرور۔لَّ:(لئے)حرف جار۔ هُمُ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ ابْعَثْ :(بھیج)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَبْعَثَ يَبْعَثُ ۔مصدر۔بَعْثًا۔(بھیجنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہم۔ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ مَلِكًا:(کوئی فرشتہ)۔منصوب۔مفعول بہ۔ نُّقَاتِلْ:(ہم لڑائی کریں گے)جواب طلب مجزوم۔فعل مضارع جمع متکلم۔ضمیر مستتر نَحْنُ تقدیراً۔فاعل۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتِلَةٌ۔(باہم لڑائی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا۔لڑائی کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ

جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ هَلْ: (کیا) حرف استفہام۔ عَسَيْتُمْ: (تم نے خواہش۔ امید کی) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ جامد اس سے مضارع نہیں آتا۔ إِنْ :(اگر) شرطیہ۔ جازم مضارع۔ كُتِبَ: (لکھا گیا) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ت ب) صیغہ۔ كَتَبَ يَكْتُبُ۔ مصدر۔ كِتَابَةٌ۔ (لکھنا)۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ كُمُ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ الْقِتَالُ: (لڑائی۔ جنگ)۔ نائب فاعل۔ مرفوع۔ أَلَّا: (یہ کہ) مرکب: (أَنْ+لَا) حرف مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ تُقَاتِلُوا: (تم لڑائی کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ قَاتَل يُقَاتِلُ۔ مصدر۔ مُقَاتِلَةٌ۔ (باہم لڑائی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق ت ل) صیغہ۔ قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔ قَتْلًا۔ (قتل کرنا۔ لڑائی کرنا)۔ قَالُوا: (انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَا: (کیا) اسم استفہام۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع۔ مبتداء۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ نَا: (ہمارے) ضمیر جمع متکلم ۔ محلاً اسم مجرور۔ أَلَّا: (یہ کہ) مرکب :(أَنْ+لَا) حرف مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ نُقَاتِلُ: (ہم لڑائی کریں گے) جواب طلب مجزوم۔ فعل مضارع جمع متکلم۔ ضمیر مستتر نَحْنُ تقدیراً۔ فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ قَاتَل يُقَاتِلُ۔ مصدر۔ مُقَاتِلَةٌ۔ (باہم لڑائی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق ت ل) صیغہ۔ قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔ قَتْلًا۔ (قتل کرنا۔ لڑائی کرنا)۔ فِي: (میں) حرف جار۔ سَبِيلِ: (راہ) اسم مجرور۔ مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ أُخْرِجْنَا: (ہم نے نکالا) فعل ماضی مجہول جمع متکلم۔ ضمیر متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع نائب فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔ إِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ (خ ر ج) صیغہ۔ خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔

مِنْ:(سے)حرف جار۔ دِيَارِ:(گھروں)اسم مجرور۔ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَبْنَآءِ:(بیٹے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا:(جو کچھ)ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ كُتِبَ:(لکھا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔كِتَابَةٌ۔(لکھنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمُ: (وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ الْقِتَالُ:(جنگ۔لڑائی)نائب فاعل۔ مرفوع۔ تَوَلَّوْا:(تم پھیر دو گے)۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَلّٰى يُوَلِّيْ۔مصدر۔ تَوَلِّيَةً۔ (منہ پھیرنا۔رخ پھیرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حسِب۔مادہ(و ل ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَلِيَ يَلِي۔ مصدر۔وَلْيًا۔(منہ پھیرنا)۔ إِلَّا:(مگر۔سوائے)حرف استثناء۔قَلِيلًا:(تھوڑا)مستثنٰی منصوب۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔الظَّالِمِينَ: (ظالموں کو)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: بھلا تم نے بنی اسرائیل کی ایک جماعت کو نہیں دیکھا جس نے موسٰی کے بعد اپنے پیغمبر سے کہا کہ آپ ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کردیں تاکہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد کریں۔پیغمبر نے کہا کہ اگر تم کو جہاد کا حکم دیا جائے تو عجب نہیں کہ لڑنے سے پہلو تہی کرو۔وہ کہنے لگے کہ ہم راہ اللہ میں کیوں نہ لڑیں گے جب کہ ہم وطن سے (خارج) اور بال بچوں سے جدا کردیئے گئے۔لیکن جب ان کو جہاد کا حکم دیا گیا تو چند اشخاص کے سوا سب پھر گئے۔اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے۔

247:2 وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا قَالُوٓا أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ وَاللّٰهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَن يَشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ ۔مصدر۔قَوْلًا ۔ (کہنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ نَبِيٌّ:(نبی خبر دینے والا)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(وہ ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ بَعَثَ:(اس نے بھیجا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مدہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔ (پیدا کرنا۔بھیجنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ:(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکرحاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ طَالُوتَ:(طالوت)منصوب مفعول بہٖ۔ مَلِكًا :(بادشاہ)منصوب حال۔قَالُوا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ ۔مصدر۔ قَوْلًا ۔ (کہنا)۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ی:(میں)یائے واحد متکلم۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ يَكُونُ:(ہو جاتا ہے)فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الْمُلْكُ : (ملک۔بادشاہت۔ریاست۔) أَنَّ کا اسم مرفوع۔عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔نَا:(ہم۔ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَحْنُ :(ہم)ضمیر منفصل۔مرفوع۔مبتداء۔أَحَقُّ :(بہت ہی سچی)اسم التفضیل۔خبر مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمُلْكِ:(بادشاہت۔ریاست۔ملک)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔يُؤْتَ:(وہ دیتا ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔حرف علت۔ی ۔بوجہ التقائے ساکنین محذوف ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔نائب فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ (دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔

مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔سَعَةً:(کشائش۔)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ ۔برائے اتصال ما بعد۔ الْمَالِ :(مال و دولت)اسم مجرور۔قَالَ :(اس نے کہا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔اصْطَفَا:(اس نے چن لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَصْطَفٰى يَصْطَفِيْ۔مصدر۔اِصْطِفَاءٌ۔(چننا۔انتخاب کرنا)۔هُ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔زَادَ:(اس نے زیادہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب (ز ی د)۔صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ۔مصدر۔زِيَادَةٌ۔زَيْدًا۔هُ :(وہ۔ اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔بَسْطَةً: (کشادگی۔کشائش)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْعِلْمِ:(علم۔سائنس)اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔الْجِسْمِ: (جسم)معطوف اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ يُؤْتِي:(وہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ ۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ مُلْكَ:(بادشاہت ۔ملک۔ ریاست)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ ثانی۔ يَشَاء:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔شَيْئًا۔ مَشِيْئَةٌ۔ (چاہنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ وَاسِعٌ :(خوب وسیع کرنے والا۔کشائش کرنے والا) خبر مرفوع۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور پیغمبر نے ان سے (یہ بھی) کہا کہ اللہ نے تم پر طالوت کو بادشاہ مقرر فرمایا ہے۔ وہ بولے کہ اسے ہم پر بادشاہی کا حق کیونکر ہو سکتا ہے بادشاہی کے مستحق تو ہم ہیں اور اس کے پاس تو بہت سی دولت بھی نہیں۔ پیغمبر نے کہا کہ اللہ نے اس کو تم پر فضیلت دی ہے اور (بادشاہی کے لئے) منتخب فرمایا ہے اس نے اسے علم بھی بہت سا بخشا ہے اور تن و توش بھی (بڑا عطا کیا ہے) اور اللہ (کو اختیار ہے) جسے چاہے بادشاہی بخشے۔ وہ بڑا کشائش والا اور دانا ہے۔

248:2 وَقَالَ لَهُمْ نِبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَن يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَى وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلآئِكَةُ إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ

وَ: (اور) استئنافیہ۔ قَالَ: (اس نے کہا) ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُمْ: (وہ۔ ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ نِبِيُّ: (نبی نے) فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ: (وہ۔ ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ: (یقیناً۔ بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ آيَةَ: (نشانی۔ آیت) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ مُلْكِ: (ملک) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هِ: (وہ۔ اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مجرور۔ مضاف الیہ۔ أَنْ: (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يَأْتِيَ: (وہ لائے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ كُمْ: (تمہارے پاس) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ التَّابُوتُ: (تابوت۔ صندوق) فاعل مرفوع۔ اِنَّ کی خبر مرفوع۔ فِي: (میں) حرف جار۔ هِ: (وہ۔ اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ سَكِينَةٌ: (تسکین۔ اطمینان۔ قرار۔) مبتدائ مرفوع۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ رَّبِّ: (پالنے والے کی طرف) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (تم۔ تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ بَقِيَّةٌ: (جو بچا ہو۔ باقی ماندہ) مِّمَّا: (جو کچھ) مرکب: (مِنْ+مَا) حرف جار۔ اسم

موصول۔تَرَكَ:(اس نے چھوڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ت ر ک)صیغہ ۔تَرَکَ یَتْرُکُ۔مصدر۔تَرْکاً۔(چھوڑنا۔)۔ آلُ :(آل۔اولاد۔قوم۔نسل نے) فاعل۔مرفوع۔مضاف۔مُوسَى:(موسیٰ)غیر منصرف۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ آلُ:(نسل۔قوم۔اولاد نے)فاعل مرفوع۔مضاف۔هَارُونَ:(ہارونؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تَحْمِلُ:(وہ اٹھائیں گے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔هُ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖالْمَلآئِكَةُ:(فرشتے۔مخصوص قوتیں)فاعل۔مرفوع۔محلاً جملہ منصوب حال۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ فِي:(میں)حرف جار۔ ذَلِكَ :(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبرِاِنَّ کی مقدّم۔ل:(یقیناً)لائے مزحلقہ۔آيَةً :(آیت۔نشانی)منصوب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ مؤخر۔لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔ كُنتُم :(ہو تم)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔ مُّؤْمِنِينَ:(مومن کی جمع)۔کَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور پیغمبر نے ان سے کہا کہ ان کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس ایک صندوق آئے گا جس کو فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے تسلی (بخشنے والی چیز) ہوگی اور کچھ اور چیزیں بھی ہوں گی جو موسیٰ اور ہارون چھوڑ گئے تھے۔اگر تم ایمان رکھتے ہو تو یہ تمہارے لئے ایک بڑی نشانی ہے۔

249:2 فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ قَالَ إِنَّ اللّهَ مُبْتَلِيكُم بِنَهَرٍ فَمَن شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي وَمَن لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّي إِلاَّ مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ فَشَرِبُواْ مِنْهُ إِلاَّ قَلِيلاً مِّنْهُمْ فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُواْ مَعَهُ قَالُواْ لاَ طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنودِهِ قَالَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلاَقُو اللّهِ كَم مِّن فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّهِ وَاللّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ

نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ أَمْوَالَ:(مال و دولت)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(وہ۔ اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَا:(نہیں) يُتْبِعُونَ :(پیروی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَتْبَعَ يُتْبِعُ۔ مصدر۔ اِتْبَاعًا۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)صیغہ۔تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصدر۔تَبْعًا۔(پیروی کرنا)۔مَا : (جو)اسم موصول۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اَنْفَقُوا:(انہوں نے خرچ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واوٗ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ؛ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ف ق)۔صیغہ۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ مَنًّا :(احسان جتلانا۔ احسان کرنا) مفعول بہ ثانی۔منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے نافیہ۔ أَذًى:(دکھ دینا)معطوف۔ منصوب۔وہ تکلیف جس سے عزت نفس کو اور جسم کو پہنچے لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔أَجْرُ:(بدلہ)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔محلاً اَلَّذِيْنَ کی خبر مرفوع۔عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ رَبِّ:(پالانے والا)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هِمْ:(وہ۔ ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)عطف۔ لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ خَوْفٌ :(کوئی خوف۔)مبتداء۔مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)لائے نافیہ۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔يَحْزَنُونَ:(غمزدہ ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزِنَ يَحْزَنُ۔ مصدر۔حُزْنًا۔

ترجمہ آیت: جو لوگ اپنا مال اللہ کے رستے میں صرف کرتے ہیں پھر اس کے بعد نہ اس خرچ کا (کسی پر) احسان رکھتے ہیں اور نہ (کسی کو) تکلیف دیتے ہیں۔ ان کا صلہ ان کے پروردگار کے پاس (تیار) ہے۔ اور (قیامت کے روز) نہ ان کو کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

263:2 قَوْلٌ مَّعْرُوفٌ وَمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِنْ صَدَقَةٍ يَتْبَعُهَا أَذًى وَاللهُ غَنِيٌّ حَلِيمٌ

قَوْلٌ :(بات)مبتداء مرفوع۔ موصوف۔مَّعْرُوفٌ :(قانون و دستور کے مطابق)صفت مرفوع تابع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔مَغْفِرَةٌ:(مغفرت)معطوف۔مرفوع۔ خَيْرٌ:(بہتری ۔بھلائی)خبر۔مرفوع۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ صَدَقَةٍ :(سچائی)اسم مجرور۔يَتْبَعُ:(پیروی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ محل اعراب مضموم ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)صیغہ۔ تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصدر۔ تَبْعًا۔ (پیروی کرنا)۔هَا:(وہ اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ أَذًى:(ایذا)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔غَنِيٌّ :(بے پرواہ۔ غنی)خبر مرفوع۔ حَلِيمٌ: (خوب بردبار)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: جس خیرات دینے کے بعد (لینے والے کو) ایذا دی جائے اس سے تو نرم بات کہہ دینی اور (اس کی بے ادبی سے) درگزر کرنا بہتر ہے اور اللہ بے پروا اور بردبار ہے۔

264:2 يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُم بِالْمَنِّ وَالأَذَى كَالَّذِي يُنفِقُ مَالَهُ رِئَاء النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَأَصَابَهُ وَابِلٌ فَتَرَكَهُ صَلْدًا لَّا يَقْدِرُونَ عَلَى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوا وَاللهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون)منادیٰ۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مضاف۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔ آمَنُوا :(ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب

افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔لَا:(نہیں)لائے ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تُبْطِلُوا :(تم ضائع کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْطَلَ يُبْطِلُ۔مصدر۔اِبْطَالٌ۔(باطل کرنا۔ضائع کرنا۔مٹانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ط ل)صیغہ۔بَطَلَ يَبْطُلُ۔مصدر۔بَطْلًا۔(ضائع کرنا۔مٹنا)۔صَدَقَاتِ:(صدقات۔خیرات کو)لفظ مجرور۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تم۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ) حرف جارالْمَنِّ:(احسان جتانا)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الأَذَى:(اذیت دے کر)تقدیراً مجرور۔ كَ:(مانند۔کی طرح۔جیسا)حرف تشبیہ۔حرف جار۔الَّذِي:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔يُنْفِقُ :(خرچ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ؛ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔ اِنْفَاقًا۔ (خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ف ق)۔صیغہ۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔مصادر۔ نَفْقًا۔ نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ مَالَ:(مال کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُ :(وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔رِئَاءَ:(دکھاوا۔کسی کو دکھانے کے لئے کام کرنا)منصوب۔ مفعول لہ۔مضاف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔رٰئی يُرَائِيْ۔مصدر۔رِئَاءَ۔(دکھاوا ۔دھوکا۔فریب کاری)۔مضاف۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)لفیف مفروق۔ مہموز العین۔ناقص یائی۔رَاٰی۔يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةً۔(دیکھنا)۔النَّاسِ : (لوگ)مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔يُؤْمِنُ :(وہ ایمان لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْيَوْمِ:(آج)ظرف زمان۔معطوف۔اسم مجرور۔موصوف۔الْاٰخِرِ:(آخرت۔قیامت)۔صفت مجرور تابع۔

فَ:(پس)استئنافیہ۔مَثَلُ:(مثال)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔هٗ:(وہ اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَ:(کی طرح۔ مانند)حرف جار تشبیہ۔مَثَلِ :(مانند)اسم مجرور۔مضاف۔صَفْوَانٍ :(چٹان) مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هِ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔تُرَابٌ:(مٹی)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَصَابَ:(وہ برسا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَصَابَ يُصِيْبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔ (پہنچنا۔برسنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ص و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔ صَابَ يَصُوْبُ۔مصدر۔ صَوْبًا۔ (پہنچنا)۔هٗ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔وَابِلٌ :(زوردار بارش۔موسلا دھار) فاعل۔مرفوع۔فَ:(پس)حرف طف۔تَرَكَ:(اس نے چھوڑ دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ت ر ک)صیغہ۔تَرَکَ يَتْرُكُ۔مصدر۔تَرْكٌ۔(چھوڑنا)۔هٗ :(وہ۔اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔صَلْدًا:(صاف پتھر)۔منصوب۔حال۔یا مفعول بہ ثانی۔ لَّا: (نہیں)لائے نافیہ۔يَقْدِرُونَ :(وہ طاقت نہیں رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ ۔قَدَرَ يَقْدِرُ۔قُدْرَةٌ۔(طاقت رکھنا۔ ویلو رکھنا)۔خبر مرفوع۔عَلَى :(پر۔اوپر)شَيْءٍ:(کوئی شئے)اسم مجرور۔ مِّمَّا:(جو کچھ)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ كَسَبُوا :(انہوں نے کمایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔ كَسْبًا۔ (کمانا)۔وَ: (اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔لَا :(نہیں)لائے نافیہ۔ يَهْدِي :(ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ محل اعراب تقدیرا مضموم۔ضمیر مستتر هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ هَدَى يَهْدِىْ۔مصدر۔هِدَايَةٌ۔(ہدایت دینا)۔ محلاً خبر مرفوع۔ الْقَوْمَ:(لوگوں کو۔قوم کو)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔الْكَافِرِينَ:(کافروں کو)صفت منصوب۔علامت ی۔تابع۔

ترجمہ آیت: مومنو! اپنے صدقات (وخیرات) احسان رکھنے اور ایذا دینے سے اس شخص کی طرح برباد نہ کر دینا۔ جو لوگوں کو دکھاوے کے لئے مال خرچ کرتا ہے اور اللہ اور روز آخرت پر ایمان نہیں رکھتا۔ تو اس (کے مال) کی مثال اس چٹان کی سی ہے جس پر تھوڑی سی مٹی پڑی ہو اور اس پر زور کا مینہ برس کر اسے صاف کر ڈالے۔ (اسی طرح) یہ (ریاکار) لوگ اپنے اعمال کا کچھ بھی صلہ حاصل نہیں کر سکیں گے۔ اور اللہ ایسے ناشکروں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

265:2 وَمَثَلُ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ وَتَثْبِيتًا مِّنْ أَنفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ أَصَابَهَا وَابِلٌ فَآتَتْ أُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ فَإِن لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَثَلُ: (مثال) مبتداء۔ مرفوع۔ الَّذِينَ: (وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ يُنفِقُونَ: (خرچ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ: اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقًا۔ (خرچ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ن ف ق)۔ صیغہ۔ نَفَقَ يَنْفُقُ۔ مصادر۔ نَفْقًا۔ نَفَاقًا۔ (خرچ کرنا)۔ أَمْوَالَ: (مال و دولت کو) منصوب مفعول بہٖ۔ مضاف۔ هُمُ: (وہ۔ اپنے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ابْتِغَاءَ: (تلاش کرنا) منصوب۔ مفعول لہٗ۔ مضاف۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ اَبْتَغٰى يَبْتَغِيْ۔ مصدر۔ اِبْتِغَاءٌ۔ (چاہنا۔ تلاش کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ب غ ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ بَغٰى يَبْغِي۔ مصدر۔ بَغْيًا۔ (باغی ہونا۔ سرکشی کرنا)۔ مَرْضَاتِ: (خوشنودی۔ رضامندی) مصدر میمی۔ مجرور۔ مضاف الیہ۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ تَثْبِيتًا: (ثابت قدم رہنا۔ پختگی پیدا کرنا) معطوف۔ منصوب۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ اَنْفُسِ: (جانوں میں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (وہ۔ ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَ: (مانند۔ کی طرح) حرف تشبیہ وجار۔ مَثَلِ: (مثال) اسم مجرور۔ مضاف۔ جَنَّةٍ: (جنت۔ آسودگی۔ باغ) مجرور مضاف الیہ۔ بِ: (ساتھ۔ پر) رَبْوَةٍ: (بلند جگہ) اسم مجرور۔ أَصَابَ: (وہ برسا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ اَصَابَ يُصِيْبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔ (پہنچنا۔ برسنا)۔ ثلاثی

مجرد باب نصر۔مادہ(ص و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔ صَابَ یَصُوْبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(پہنچنا)۔ہٗ :(وہ۔اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔هَا :(وہ۔اس پر) ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَابِلٌ:(موسلا دھار بارش۔زور کی بارش)فاعل۔مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔آتَتْ:(اس نے دیا۔) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔ (دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ اُكُلَ:(پھل)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هَا :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ضِعْفَيْنِ : (دوگنا۔) منصوب حال۔علامت ی۔فَ:(پس)استئنافیہ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔ لَّمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔قالب۔ یُصِبْ:(پہنچتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَصَابَ یُصِیْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا۔برسنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ص و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔ صَابَ یَصُوْبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(پہنچنا)۔هَا :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَابِلٌ :(زوردار بارش)فاعل مرفوع۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔طَلٌّ :(شبنم۔ اوس)خبر مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔بِمَا:(وہ نہیں) مرکب :(بِ+مَا)حرف جار۔+نافیہ۔حرف جار زائدہ۔ تَعْمَلُوْنَ:(تم کرتے ہو)فعل مضارع۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ۔(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ یَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا۔(جاننا)۔ بَصِیْرٌ:(خوب دیکھنے والا)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے خلوص نیت سے اپنا مال خرچ کرتے ہیں ان کی مثال ایک باغ کی سی ہے جو اونچی جگہ پر واقع ہو(جب) اس پر مینہ پڑے تو دگنا پھل لائے۔اور اگر مینہ نہ بھی پڑے تو خیر پھوار ہی سہی اور اللہ تمہارے کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

266:2 أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ اَنْ تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ مِنْ نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الاَنْهَارُ لَهُ
فِيهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَأَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاء فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ
كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللهُ لَكُمُ الآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ

أَ:(کیا)حرف استفہام۔يَوَدُّ:(وہ پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔وَدَّ يَوَدُّ۔مصدر۔ مَوَدَّةٌ۔(چاہنا۔پسند کرنا)۔ أَحَدُ:(کوئی ایک)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَكُونَ:(تو ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ جَنَّةٌ :(جنت۔باغ۔) كَانَ اسم مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ نَّخِيلٍ:(کھجور کا باغ)اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔أَعْنَابٍ :(انگوروں کا باغ)معطوف مجرور۔تَجْرِي:(بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی يَجْرِیْ ۔جَرْيَانًا۔(بہنا۔جاری رہنا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هَا :(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الاَنْهَارُ:(نہریں)فاعل۔مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر۔تمام)ظرف۔اسم مجرور۔مضاف۔ الثَّمَرَاتِ :(پھل۔فوائد)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔أَصَابَ:(اس کو پہنچی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَصَابَ يُصِيْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا۔برسنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ص و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔ صَابَ يَصُوْبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(پہنچنا)۔هُ :(وہ اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ الْكِبَرُ:(عمر میں بڑا)فاعل۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یا حالیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد

مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ذُرِّيَّةٌ:(اولاد)مبتداء۔ مؤخر۔مرفوع۔ ضُعَفَاءُ :(کمزور۔جمع)صفت مرفوع۔ تابع۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَصَابَ:(اس کو پہنچی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ اَصَابَ يُصِيبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا۔برسنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ص و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔ صَابَ يَصُوْبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(پہنچنا)۔هَا:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ إِعْصَارٌ:(رس۔جوس)فاعل مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ نَارٌ:(آگ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔احْتَرَقَتْ :(اس نے جلا دیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِحْتَرَقَ يَحْتَرِقُ۔مصدر ۔اِحْتِرَاقًا۔(جلانا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ح ر ق)صیغہ۔حَرَقَ يَحْرُقُ۔ مصدر۔ حَرْقًا۔(جلنا)كَذَلِكَ:(اس طرح)مرکب : (کَ + ذَلِکَ)حرف جار۔ تشبیہ۔ +اسم اشارہ بعید واحد مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔يُبَيِّنُ (وہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔صیغہ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔ تَبْيِيْنٌ (کھول کر بیان کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب(ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ يَبْيَنُ ۔مصدر۔ بَيَانًا(بیان کرنا)۔ اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمُ:(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلا اسم مجرور۔ الآيَاتِ:(آیات ۔نشانیوں کو)لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ :(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔تَتَفَكَّرُونَ:(تم غور کرتے ہو۔سوچتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاًلَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہتَفَكَّرَيَتَفَكَّرُ۔مصدر۔تَفَكُّرًا۔(غوروخوض کرنا)۔

ترجمہ آیت: بھلا تم میں کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس کا کھجوروں اور انگوروں کا باغ ہو جس میں نہریں بہہ رہی ہوں اور اس میں اس کے لئے ہر قسم کے میوے موجود ہوں اور اسے بڑھاپا آ پکڑے اور اس کے ننھے ننھے بچے بھی ہوں۔ تو

(ناگہاں) اس باغ پر آگ کا بھرا ہو گا بگولا چلے اور وہ جل کر (راکھ کا ڈھیر ہو) جائے۔اس طرح اللہ تم سے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تا کہ تم سوچو (اور سمجھو۔

2:267 يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُم مِّنَ الْأَرْضِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنفِقُونَ وَلَسْتُم بِآخِذِيهِ إِلَّا أَن تُغْمِضُوا فِيهِ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون)منادیٰ۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مضاف۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔الَّذِينَ :(وہ جو)آمَنُوا :(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَامَنَ۔ مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔اَنْفِقُوا:(انہوں نے خرچ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ طَيِّبَاتِ:(عمدہ۔پاک صاف)اسم مجرور۔مَا:(جو)اسم موصول۔كَسَبْتُمْ :(تم نے کمایا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبًا۔ (کمانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِمَّا :(جو کچھ)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار۔اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَخْرَجْنَا:(ہم نے نکالا)فعل ماضی مجہول جمع متکلم۔ ضمیر متکلم مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع نائب فاعل۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُم:(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع تَيَمَّمُوا:(تم تیمم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ی م م) مضاعف۔

صیغہ۔تَيَمَّمَ يَتَيَمَّمُ۔مصدر۔تَيَمَّمًا۔(قصد کرنا۔ارادہ کرنا۔) الْخَبِيثَ:(ناپاک ۔گندی ۔ بری) منصوب۔مفعول بہٖ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔ تُنفِقُونَ:(تم خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَسْتُم:(تم نہیں)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔جامد اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ناصب خبر۔ بِ:(ساتھ)حرف جار زائدہ۔ آخِذِي:(توپکڑ)اصلاً۔آخِذِيْنَ۔اسم فاعل۔جمع مذکر۔(لینے والے۔پکڑنے والے)اسم مجرور۔ نون اعرابی بوجہ مضاف ہونے کے محذوف۔هِ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)کلمہ حصر۔اَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تُغْمِضُوا:(تم چشم پوشی کرتے) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔ نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع الف فاقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ ۔اَغْمَضَ يُغْمِضُ۔ مصدر۔ اِغْمَاضٌ۔(آنکھ بند کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ م ض)صیغہ۔غَمَضَ يَغْمِضُ۔غَمْضًا۔(چشم پوشی کرنا۔نوٹس نہ لینا۔پرواہ نہ کرنا) فِي:(میں)حرف جار۔هِ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اعْلَمُوا:(جان لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ عَلِمَ يَعْلَمُ ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا) اَنَّ: (بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) اَنَّ کا اسم منصوب۔غَنِيٌّ :(بے پرواہ)۔ اَنَّ کی خبر مرفوع۔حَمِيدٌ:(قابل تعریف)اَنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:مومنو! جو پاکیزہ اور عمدہ مال تم کماتے ہوں اور جو چیزیں ہم تمہارے لئے زمین سے نکالتے ہیں ان میں سے (راہ اللہ میں) خرچ کرو۔ اور بری اور ناپاک چیزیں دینے کا قصد نہ کرنا کہ (اگر وہ چیزیں تمہیں دی جائیں تو بجزاس کے کہ (لیتے وقت) آنکھیں بند کرلو ان کو کبھی نہ لو۔ اور جان رکھو کہ اللہ بے پروا (اور) قابل ستائش ہے

268:2 الشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُم بِالْفَحْشَاءِ وَاللّهُ يَعِدُكُم مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلاً وَاللّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ

الشَّيْطٰنُ :(ابلیس۔عزازیل) یہ کوئی خاص مجسم ہستی ہیں۔بلکہ ہر وہ شریر۔باغی۔سرکش۔غرض جو بھی نقصان پہنچانے والا ہو۔چاہے کوئی حیوان ہو۔یا انسان۔شیطان ہیں ہوتا ہے مبتداء۔يَعِدُ:(وعدہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر وَعِيْدٌ (وعدہ کرنا ۔یقین دلانا۔وہ خوشی کا ہو یا ڈرانے کا)۔كُمُ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ الْفَقْرَ:(مفلسی)منصوب۔مفعول ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَأْمُرُ:(حکم دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔اَمَرَ يَاْمُرُ۔مصدر۔اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ كُم:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْفَحْشَاءِ:(بے حیائی کا۔فحاشی کا) اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يَعِدُ:(وعدہ کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر وَعِيْدٌ(وعدہ کرنا ۔كُم:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ مَّغْفِرَةً:(مغفرت) منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ فَضْلاً: (فضل۔رحمت۔مہربانی۔ضرورت سے زیادہ نوازنا)منصوب مفعول بہ ثالث۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء ۔مرفوع۔وَاسِعٌ:(خوف کشادگی دینے والا)خبر مرفوع۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اور دیکھنا) شیطان (کا کہنا نہ ماننا وہ) تمہیں تنگ دستی کا خوف دلاتا اور بے حیائی کے کام کرنے کو کہتا ہے۔اور اللہ تم سے اپنی بخشش اور رحمت کا وعدہ کرتا ہے۔اور اللہ بڑی کشائش والا (اور) سب کچھ جاننے والا ہے۔

269:2 يُؤتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُوا الْأَلْبَابِ

يُؤتِي:(دیتا ہے۔عطا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِیْ۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا۔عطا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ معروف۔ اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد اگر حرف جار۔بِ آئے تو معنیٰ(لانا)کے ہوتے ہیں۔الْحِكْمَةَ: (دانائی۔حکمت)منصوب۔ مفعول بہٖ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔محلاً خبر ثالث۔ يَشَاءُ:(وہ چاہت ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔شَيْئًا۔ مَشِيْئَةٌ۔ (چاہنا)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو کوئی)اسم شرط جازم۔ يُؤْتَ :(وہ دیا جاتا ہے۔وہ عطا کیا جاتا ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔ ی۔ حرف علت بسبب التقائے ساکنین۔محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ ۔باب افعال۔ صیغہ ۔اٰتٰی یُؤتِیْ۔مصدر۔ اِيْتَاءٌ۔(دینا۔عطا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ معروف۔ اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد اگر حرف جار۔ بِ آئے تو معنیٰ(لانا)کے ہوتے ہیں۔الْحِكْمَةَ: (دانائی۔حکمت)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ فَ:(پس)رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق و تاکید۔أُوتِيَ: (وہ دیا جاتا ہے) فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب منصوب۔ثلاثی مزید فیہ ۔ باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِیْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا۔عطا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ معروف۔ اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔ اِتْيَانٌ۔(آنا)۔اس کے بعد اگر حرف جار۔ بِ آئے تو معنیٰ(لانا)کے ہوتے ہیں۔خَيْرًا:(بھلائی۔اچھائی۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ كَثِيرًا:(بہت زیادہ) صفت منصوب۔تابع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔يَذَّكَّرُ:(نصیحت قبول کرتا ہے)۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔اِذَّكَّرَ يَذَّكَّرُ۔مصدر۔اَذَّكُّرٌ۔(نصیحت قبول کرنا)۔ إِلَّا:

(مگر)کلمہ حصر۔أُوْلُوا :(والے۔اہل)ستّہ مکبّرہ سے۔فاعل۔مرفوع۔مضاف۔الاَلْبَابِ:(عقل والے) مجرور ۔مضاف الیہ۔واحد۔لُبٌّ۔عقل والا۔

ترجمہ آیت:وہ جس کو چاہتاہے دانائی بخشتاہے۔اور جس کو دانائی ملی بے شک اس کو بڑی نعمت ملی۔اور نصیحت تو وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقلمند ہیں۔

270:2 وَمَا اَنْفَقْتُم مِنْ نَّفَقَةٍ أَوْ نَذَرْتُم مِنْ نَّذْرٍ فَإِنَّ اللهَ يَعْلَمُهُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ اَنْصَارٍ

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(اگر)اسم شرط جازم۔اَنْفَقْتُم :(تم نے خرچ کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزیدفیہ۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ نَّفَقَةٍ :(خرچہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً حال منصوب۔أَوْ :(یا)حرف عطف۔نَذَرْتُم:(تم نے نذر مانی) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔نَذَرَ يَنْذِرُ۔مصدر۔نَذْرًا۔(نذر ماننا)۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ نَّذْرٍ:(نذر)اسم مجرورشبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ : (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔يَعْلَمُ:(وہ جانتاہے)۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا)۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لظَّالِمِينَ :(اندھیر مچانے والوں کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلا خبر مقدّم مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف زائد۔ اَنْصَارٍ:(مدد گار)لفظاًاسم مجرور۔محلاًمبتداءمؤخر۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور تم(اللہ کی راہ میں)جس طرح کاخرچ کردیاکوئی نذرمانو اللہ اس کو جانتاہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

271:2 إِن تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ وَإِن تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَيُكَفِّرُ عَنكُم مِّن سَيِّئَاتِكُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ

إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔ تُبْدُوا :(تم ظاہر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْدٰی یُبْدِیْ۔مصدر۔اِبْدَاءٌ۔(ظاہر کرنا۔اعلانیہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب د و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَدَا یَبْدُو۔مصدر۔بَدَاءً۔بَدْوًا۔(ظاہر کرنا)۔الصَّدَقَاتِ:(صدقات و خیرات)غیر منصرف۔لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ فَ:(تو) رابطہ۔نِعِمَّا :(خوبی کو بیان کرتا ہے)فعل مدح۔مرکب ہے:(نِعْمَ +مَا)فعل مقاربہ۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔+اسم نکرہ مبنی بر سکون محلاً تمیز منصوب۔ضمیر مستتر هُوَ فاعل۔محلاً خبر مقدّم مرفوع۔هِيَ:(وہ)ضمیر منفصل واحد مؤنث غائب۔محلاً مبتداء مؤخر۔جملہ مجزوم جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔تُخْفُو:(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَخْفٰی یُخْفِیْ۔مصدر۔اِخْفَاءٌ۔(چھپانا۔پوشیدہ رکھنا)ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔مادہ(خ ف ی) ناقص یائی۔صیغہ۔خَفِیَ یَخْفٰی۔مصدر۔خَفْیًا۔(چھپنا)۔هَا :(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔تُؤْتُو:(تم دے دو)اصلاً تُؤْتُوْنَ۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَاءٌ۔ (دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ هَا :(وہ۔اسے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ضمیر کا مرجع الصَّدَقَاتِ۔الْفُقَرَاءَ:(فقیروں کو۔محتاجوں کو)منصوب ۔مفعول بہ ثانی۔ فَ: (پس)برائے رابطہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع مبتداء۔خَيْرٌ:(بہتر ہے)خبر مرفوع۔ جملہ محلاً

مجزوم جواب شرط۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔
وَ:(اور)استئنافیہ۔يُكَفِّرُ :(وہ ڈھانپتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔كَفَّرَ
يُكَفِّرُ تَكْفِيْرًا۔(ڈھانپنا۔دور کرنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔كُم :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔
مِنْ :(سے)حرف جار۔سَيِّئَاتِ:(برائیوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً
مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا)
حرف جار۔اسم موصول۔تَعْمَلُوْنَ :(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی
موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ ۔ مصدر ۔عَمْلًا۔(عمل کرنا)
خَبِيْرٌ:(خوب جاننے والا ہے)مبالغہ۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اگر تم خیرات ظاہر دو تو وہ بھی خوب ہے اور اگر پوشیدہ دو،اور دو بھی اہل حاجت کو تو وہ خوب تر ہے اور
(اس طرح کا دینا) تمہارے گناہوں کو بھی دور کر دے گا۔اور اللہ کو تمہارے سب کاموں کی خبر ہے۔

272:2 لَّيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ وَلَـٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِي مَن يَشَاءُ وَمَا تُنفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَلِأَنفُسِكُمْ وَمَا تُنفِقُونَ
إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ وَمَا تُنفِقُوا مِنْ خَيْرٍ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لَا تُظْلَمُونَ

لَّيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ناصب خبر۔
عَلَيْ:(پر)حرف جاركَ :(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔هُدَا:(ہدایت)رسم الخط اصلاً هُدٰى تھا مگر
اتصال کے لئے ی کو الف سے بدل دیا گیا۔اسم لَيْسَ کا مؤخر۔مرفوع۔تقدیراً ضمہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کو)ضمیر
جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔
ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب لَكِنَّ کا اسم۔يَهْدِي:(ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر
غائب۔ضمیر مستتر تقدیراً هو۔جملہ محلاً لَكِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ (ھ د ی)صیغہ۔هَدٰى

يَهْدِىْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا) مَنْ :(جو)اسم موصول۔يَشَاءُ :(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ۔يَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(جو)اسم موصول شرطیہ۔جازم مضارع۔تُنفِقُوْا :(تم خرچ کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔ مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔مِنْ :(سے)حرف جار۔خَيْرٍ:(بھلائی۔نیکی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لِ:(لئے)حرف جار۔أَنْفُسِ:(جانوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔تُنفِقُونَ:(خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔ مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ ابْتِغَاءَ :(تلاش کرنا)منصوب مفعول لہ۔مضاف۔وَجْهِ:(چہرہ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم مضارع۔ تُنفِقُوا: (خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔ مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔خَيْرٍ :(نیکی۔ بھلائی۔اچھائی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔يُوَفَّ :(پورا کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول مجزوم۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔تفعیل۔وَفّٰى يُوَفِّى۔مصدر۔تَوْفِيَةٌ۔(پورا کرنا۔ مر جانا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَفٰى يَفِىْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔إِلَيْ: (طرف)

حرف جار۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ اَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر۔ مبتداء۔ مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تُظْلَمُونَ:(تم زیادتی کئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ جملہ محلاً مبتداء اَنْتُمْ کی خبر مرفوع)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ۔(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ ظُلُوْمًا۔(ظلم کرنا)۔

ترجمہ آیت:(اے محمد ﷺ) تم ان لوگوں کی ہدایت کے ذمہ دار نہیں ہو بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے ہدایت بخشتا ہے۔ اور(مومنو) تم جو مال خرچ کرو گے تو اس کا فائدہ تمہیں کو ہے اور تم جو خرچ کرو گے اللہ کی خوشنودی کے لئے کرو گے۔ اور جو مال تم خرچ کرو گے وہ تمہیں پورا پورا دے دیا جائے گا اور تمہارا کچھ نقصان نہیں کیا جائے گا۔

273:2 لِلْفُقَرَاء الَّذِينَ أُحصِرُواْ فِي سَبِيلِ اللهِ لاَ يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِي الأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاء مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُم بِسِيمَاهُمْ لاَ يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا وَمَا تُنفِقُواْ مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللّهَ بِهِ عَلِيمٌ

لِ:(لئے)حرف جار۔ لُفُقَرَاءِ:(مفلس۔ تنگدست)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مبتداء محذوف۔ تقدیراً الصَّدَقَاتِ۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ أُحصِرُواْ:(روکے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ضمیر ھم محلاً مرفوع نائب فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحْصَرَ يُحْصِرُ۔ مصدر۔ اِحْصَارٌ۔(روک لینا۔ گھیر لینا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ح ص ر)صیغہ۔ حَصَرَ يَحْصُرُ۔ مصدر۔ حَصْرًا۔ فِي:(میں)حرف جار۔ سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور۔ مضاف۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَسْتَطِيعُونَ:(وہ طاقت رکھتے ہیں۔ کر سکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيعُ۔ مصدر۔ اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا چاہنا۔ کر سکیں)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ صیغہ۔ طَاعَ

يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(اس نے اطاعت کی۔فرمانبرداری کی)۔ ضَرْبًا :(مارنا۔بیان کرنا۔سفر کرنا۔چلنا) مصدر۔منصوب مفعول بہٖ۔فِي :(میں)حرف جار۔الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ يَحْسَبُ:(وہ خیال کرتا ہے۔گمان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب سمع حسب۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔مصدر۔حَسْبَانٌ۔(حساب لگانا۔گمان کرنا۔خیال کرنا)۔هُمُ :(وہ۔انہیں)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔الْجَاهِلُ :(اڑیل۔جاہل۔سمجھتے ہوئے تسلیم نہ کرنا)فاعل۔أَغْنِيَاءَ:(بے پرواہ۔امیر لوگ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ التَّعَفُّفِ:(نہ مانگنا۔سوال نہ کرنا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب مفعول لہٗ۔ تَعْرِفُ:(تو پہچانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ۔عَرَفَ يَعْرِفُ۔مصدر۔عِرْفَانٌ۔(پہچاننا۔جاننا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔سِيمَا:(پیشانی۔نشانی۔علامت۔چہرہ)غیر منصرف۔اسم مجرور۔مضاف۔ هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا :(نہیں)لائے نافیہ۔يَسْئَلُونَ:(وہ سوال کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَئَلَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سَؤَالًا۔(پوچھنا۔سوال کرنا)۔ النَّاسَ:(لوگوں سے) منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِلْحَافًا :(لپیٹنا۔پیچھے پڑنا۔اصرار کرنا)۔منصوب۔حال۔یا۔مفعول مطلق۔یا مفعول لہٗ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(جو)اسم شرط جازم۔تُنفِقُوا :(خرچ کرتے ہیں۔کرو گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزیدفیہ۔فعل شرط مجزوم۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔مصادر۔ نَفْقًا۔ نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ خَيْرٍ:(بھلائی ۔نیکی۔اچھائی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ

بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔هِ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اورہاں تم جو خرچ کروگے تو) ان حاجتمندوں کے لئے جو اللہ کی راہ میں رکے بیٹھے ہیں اور ملک میں کسی طرف جانے کی طاقت نہیں رکھتے (اور مانگنے سے عار رکھتے ہیں) یہاں تک کہ نہ مانگنے کی وجہ سے ناواقف شخص ان کو غنی خیال کرتا ہے اور تم قیافے سے ان کو صاف پہچان لو (کہ حاجتمند ہیں اور شرم کے سبب) لوگوں سے (منہ پھوڑ کر اور) لپٹ کر نہیں مانگ سکتے اور تم جو مال خرچ کروگے کچھ شک نہیں کہ اللہ اس کو جانتا ہے۔

274:2 الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلَانِيَةً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔مبتداء۔ يُنفِقُونَ :(خرچ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔إِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔ (خرچ کرنا)۔أَمْوَالَ:(مالوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(وہ۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللَّيْلِ:(رات)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ النَّهَارِ: (دن) معطوف مجرور۔ سِرًّا:(چھپ کر)منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَلَانِيَةً :(ظاہرا۔اعلان کرکے) معطوف منصوب۔فَ:(پس)رابطہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے)شبہ جملہ محلاًخبر مقدّم مرفوع۔ أَجْرُ:(بدلہ۔اجر۔معاوضہ)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مضاف الیہ۔محلاً خبر مرفوع۔ الَّذِينَ کی۔ عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ رَبِّ:(پالنے والا)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔هِمْ:(وہ ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔

لَا:(نہیں)نافیہ۔ خَوْفٌ :(کوئی خوب)مبتداء۔مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔مبتداء۔مرفوع۔يَحْزَنُونَ:(وہ غمگین ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً مبتداء هُمْ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ح ز ن) صیغہ۔حَزِنَ يَحْزَنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔

ترجمہ آیت:جو لوگ اپنا مال رات اور دن اور پوشیدہ اور ظاہر (راہ اللہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیں ان کا صلہ پروردگار کے پاس ہے اور ان کو (قیامت کے دن) نہ کسی طرح کا خوف ہو گا اور نہ غم۔

275: الَّذِينَ يَأْكُلُونَ الرِّبَا لَا يَقُومُونَ إِلَّا كَمَا يَقُومُ الَّذِي يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْمَسِّ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا إِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبَا وَأَحَلَّ اللهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا فَمَنْ جَاءَهُ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّهِ فَانْتَهَى فَلَهُ مَا سَلَفَ وَأَمْرُهُ إِلَى اللهِ وَمَنْ عَادَ فَأُولَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ محلاً مبتداء۔يَأْكُلُونَ :(وہ کھاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔ اَكْلًا۔(کھانا)الرِّبَا:(سود)منصوب مفعول بہ۔ لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ يَقُومُونَ:(قائم ہوتے ہیں۔کھڑے ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔قَوْمًا۔ (کھڑے ہونا)۔جملہ فعلیہ۔محلاً خبر مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔كَمَا:(جیسا کہ)مرکب :(كَ+مَا)حرف تشبیہ و جار+حرف مصدریہ۔ يَقُومُ:(قائم ہوتا ہے۔کھڑا ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔قَوْمًا۔ (کھڑے ہونا)۔ الَّذِي :(وہ)اسم موصول۔واحد مذکر ۔يَتَخَبَّطُ:

(پاگل بنا دیا۔دیوانہ بنا دیا) مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَخَبَّطَ يَتَخَبَّطُ۔ مصدر۔تَخَبُّطًا۔:(اسے پاگل کرنا۔دیوانہ بنانا)۔هُ:(وہ۔اسے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ الشَّيْطَانُ:(شیطان نے)فاعل۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الْمَسِّ:(چھونا)اسم مجرور۔ ذَٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مبتداء۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ قَالُوا :(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔ (کہنا)۔اِنَّمَا:(حقیقتاً سوائے اس کے نہیں)كافة و مكفوفة۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب۔اسم۔ نُكْتَه جب اِنَّ کے ساتھ مَا كافة کولف کر دیا جاتا ہے تواِنَّ کا عمل ختم ہوجاتا ہےالْبَيْعُ :(خرید و فروخت۔تجارت کرنا)مبتداء مرفوع۔"دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے"۔ مِثْلُ :(مانند)خبر مرفوع۔ مضاف۔الرِّبٰوا : (سود)لفظاً منصوب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔أَحَلَّ:(حلال کر دی گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَحَلَّ يُحِلُّ۔مصدر۔اِحْلَالٌ۔حلال کرنا۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ل ل)مضاعف۔ حَلَّ يَحِلُّ۔حَلَالًا (حلال ہونا۔جائز ہونا) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔الْبَيْعَ:(خرید و فروخت)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔حَرَّمَ:(اس نے حرام کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ حَرَّمَ يُحَرِّمُ۔مصدر۔تَحْرِيْمًا۔(حرام کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ح ر م)صیغہ۔حَرَمَ يَحْرِمُ۔مصدر۔حِرْمًا۔حِرْمَانًا۔(محروم رکھنا)۔ الرِّبَا : (سود)منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(پس)استئنافیہ۔مَنْ :(جو)اسم شرط۔جازم فعل شرط۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ی ء)صیغہ جَاءَ يَجِيْءُ۔مصدر۔جِيْءٌ۔ فاعل۔ جَاءٍ۔مفعول۔ مَجِيْءٌ۔ (آنا)۔محلاً فعل شرط مجزوم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَوْعِظَةٌ :(نصیحت کرنے والا)فاعل مرفوع۔مصدر نکرہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(پالنے والا)اسم مجرور۔ مضاف۔

ہِ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔اِنْتَھٰی: (وہ رک گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اَنْتَھٰی یُنْتِھٰی۔ مصدر۔ اِنْتِھَاءٌ۔(رکنا ۔باز آنا۔)ثلاثی مجرد فیہ۔باب فتحہ۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔نَھٰی یَنْھٰی۔مصدر۔نَھْیًا(ختم کرنا۔انتہا کرنا۔منع ہوجانا)۔ فَ:(تو)رابطہ جواب شرط۔لَ:(لئے)حرف جار۔ہٗ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبتداءمؤخر۔مرفوع۔ سَلَفَ :(وہ گزر گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ۔(س ل ف)سَلَفَ یَسْلُفُ۔مصدر۔سَلْفًا۔(گزر جانا۔ ختم ہوجانا۔ پہلے ہوجانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَمْرُ:(معاملہ۔کام۔حکم)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ہٗ:(وہ۔ اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِلَی :(طرف)حرف جار۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ اَمْرُہٗ کی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ :(جو)اسم شرط۔جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔ عَادَ: (اس نے دہرایا۔وہ لوٹا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔صیغہ عَادَ یَعُوْدُ۔مصدر۔عَوْدًا۔(اعادہ کرنا۔) فَ:(پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ اُوْلٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء۔ مرفوع اَصْحَابُ : (ساتھی۔والے)خبر مرفوع۔مضاف۔النَّارِ:(آگ)مجرور مضاف الیہ۔ ھُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔ فِیْ:(میں)حرف جار۔ھَا:(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔خَالِدُوْنَ:(ہمیشہ رہنے والے)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ(قبروں سے) اس طرح(حواس باختہ) اٹھیں گے جیسے کسی کو جن نے لپٹ کر دیوانہ بنادیا ہو یہ اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ سودا بیچنا بھی تو(نفع کے لحاظ سے) ویسا ہی ہے جیسے سود(لینا) حالانکہ سودے کو اللہ نے حلال کیا ہے اور سود کو حرام۔تو جس شخص کے پاس اللہ کی نصیحت پہنچی اور وہ(سود لینے سے) باز آگیا تو جو پہلے ہو چکا وہ اس کا۔اور(قیامت میں) اس کا معاملہ اللہ کے سپرد اور جو پھر لینے لگا تو ایسے لوگ دوزخی ہیں کہ ہمیشہ دوزخ میں (جلتے) رہیں گے۔

276:2 يَمْحَقُ اللهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ وَاللهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ

يَمْحَقُ:(مٹاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(م ح ق)صیغہ۔مَحَقَ يَمْحَقُ۔مصدر۔مَحْقًا۔(مٹنا۔) اللهُ :(اللہ جل جلالہ)فاعل مرفوع۔الرِّبَا:(سود کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ : (اور)يُرْبِي:(وہ بڑھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ محلاً خبر ثانی مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ ۔اَرْبٰى يُرْبِىْ۔مصدر۔اِرْبَاءٌ۔(بڑھانا۔ نشوونما کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ر ب و)ناقص واوی۔ صیغہ۔رَبَا يَرْبُو۔مصدر ۔رَبْوًا۔(بڑھنا۔ نشوونما پانا)۔ الصَّدَقَاتِ:(خیرات۔صدقات)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللهُ:(اللہ جل جلالہ)مبتداء مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُحِبُّ:(پیار کرتا ہے۔پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔ حِبٌّ۔ حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔پسند کرنا)۔كُلَّ:(ہر۔تمام)ظرف۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ كَفَّارٍ :(بڑا ہی ناشکرا۔بڑا ہی بے غیرت۔۔بے فیض)مبالغہ۔ مجرور مضاف الیہ۔أَثِيمٍ:(بہت زیادہ گناہ کرنے والا)مبالغہ۔

ترجمہ آیت:اللہ سود کو نابود(یعنی بے برکت) کرتا اور خیرات (کی برکت) کو بڑھاتا ہے اور اللہ کسی ناشکرے گنہگار کو دوست نہیں رکھتا۔

277:2 إِنَّ الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُواْ الصَّلاَةَ وَآتَوُاْ الزَّكَاةَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔آمَنُواْ:(ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔اَمِنَ يَامَنَ۔

مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوا:(انہوں نے عمل کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واوَ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)عَمِلَ يَعْمَلُ ۔ مصدر۔عَمَلًا۔(کام کرنا)۔ الصَّالِحَاتِ :(نیکیوں کے۔اچھائیاں)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَقَامُوا:(انہوں نے کھڑی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَقَامَ يُقِيْمُ۔مصدر۔اِقَامَةٌ(کھڑی کرنا)۔ الصَّلَاةَ :(صلوٰۃ)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔آتَوُا :(انہوں نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیٰ يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے الزَّكَاةَ:(زکوٰۃ)منصوب مفعول بہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ أَجْرُ:(بدلہ اجر)مبتداء۔ مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(وہ۔ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ رَبِّ:(رب)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔هِمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)لائے نافیہ۔خَوْفٌ :(ڈر۔خوف)مبتداء مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب مرفوع۔مبتداء۔ يَحْزَنُونَ:(غمزدہ ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واوَ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزِنَ يَحْزَنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔

ترجمہ آیت:جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہے ان کو ان کے کاموں کا صلہ اللہ کے ہاں ملے گا اور (قیامت کے دن) ان کو نہ کچھ خوف ہوا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔

278:2 يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون)منادیٰ۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مضاف۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ:(وہ جو)آمَنُواْ:(ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔اتَّقُواْ:(ڈرو۔بچو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔اللّهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ذَرُواْ :(تم چھوڑ دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ صیغہ۔وَذَرَ يَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔(چھوڑ جانا)۔ مَا :(جو)اسم موصول۔بَقِيَ:() مِنَ:(وہ باقی رہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ب ق ی)ناقص یائی۔صیغہ بَقِيَ يَبْقٰى۔مصدر۔بَقَاءٌ۔(باقی رہنا)۔ الرِّبَا:(سود)لفظاً منصوب۔محلاً اسم مجرور۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كُنتُم:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مُّؤْمِنِينَ:(مومن کی جمع)منصوب علامت۔ی۔كَانَ کی خبر۔

ترجمہ آیت:مومنو! اللہ سے ڈرو اور اگر ایمان رکھتے ہو تو جتنا سود باقی رہ گیا ہے اس کو چھوڑ دو۔

279:2 فَإِن لَّمْ تَفْعَلُواْ فَأْذَنُواْ بِحَرْبٍ مِّنَ اللّهِ وَرَسُولِهِ وَإِن تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُؤُوسُ أَمْوَالِكُمْ لاَ تَظْلِمُونَ وَلاَ تُظْلَمُونَ

فَ:(پس)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)شرطیہ۔جازم۔لَّمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔تَفْعَلُواْ:(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف

ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلًا۔(کرنا)۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔۔اِئْذَنُوا:(خبر دار ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذَنَ يَاذَنُ۔ مصدر۔اذن۔(خبر دار ہونا۔آگاہ ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔لئے)حرف جار۔حَرْبٍ:(جنگ)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور اسم۔شبہ جملہ محلاً مجرور صفت۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُولِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔ مضاف۔هِ:(وہ۔اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم تُبْتُمْ:(تم توبہ کرو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(رجوع کرنا۔لوٹ آنا۔توبہ کرنا) فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔ لَ: (لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع ۔رُءُوسُ:(راس کی جمع۔سر۔اصل زر)مبتداء مرفوع۔مضاف۔اَمْوَالِ:(مال و دولت)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔تَظْلِمُونَ:(تم ظلم کرو گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ ۔تُظْلَمُونَ:(ظلم کئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔

ترجمہ آیت:اگر ایسا نہ کرو گے تو خبر دار ہو جاؤ(کہ تم) اللہ اور رسول سے جنگ کرنے کے لئے(تیار ہوتے ہو) اور اگر توبہ کر لو گے(اور سود چھوڑ دو گے) تو تم کو اپنی اصل رقم لینے کا حق ہے جس میں نہ اوروں کا نقصان اور تمہارا نقصان

280:2 وَإِن كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَىٰ مَيْسَرَةٍ وَأَن تَصَدَّقُوا خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔ كَانَ:(وہ ہوا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ ذُو :(والا)فاعل مرفوع۔ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔عُسْرَةٍ :(تنگی)مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔نَظِرَةٌ

:()خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔إِلَى :(طرف)حرف جار۔مَيْسَرَةٍ: (آسودگی) اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَصَدَّقُوا:(تم صدقہ دوگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَصَدَّقَ يَتَصَدَّقُ۔مصدر۔تَصَدُّقٌ۔(صدقہ دینا)۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص د ق)صیغہ صَدَقَ يَصْدِقُ۔مصدر۔ صِدْقًا۔(سچ بولنا)۔ خَيْرٌ :(بہتر۔اچھا ہے)خبر مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔ إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم۔كُنْتُمْ :(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ضمیر تُمْ مبنی بر سکون۔محلاً كَانَ کا اسم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ مصدر۔ كَوْنًا(ہونا)۔ناصب خبر۔ تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔محلاً كَانِ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔

ترجمہ آیت:اور اگر قرض لینے والا تنگ دست ہو تو(اسے) کشائش(کے حاصل ہونے) تک مہلت(دو) اور اگر (زر قرض) بخش ہی دو تو تمہارے لئے زیادہ اچھا ہے بشرطیکہ سمجھو۔

281:2 وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللهِ ثُمَّ تُوَفَّى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ

وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّقُوا:(ڈرو۔بچو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِي۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِي۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ يَوْمًا:(دن)ظرف زمان۔مفعول بہ۔منصوب۔ تُرْجَعُونَ:(تم لوٹائے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔ مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ یَرْجِعُ۔مصدر۔ رَجْعٌ۔(لوٹانا)۔ضمیر مبنی بر سکون محلاً مرفوع نائب فاعل۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(وہ۔ اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ تُوَفَّى :(پورا پورا دیا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔تفعیل۔تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔مصدر۔تَوَفِّيٌّ۔(پورا کرنا۔ مر جانا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَفٰى يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔كُلُّ: (ہر۔تمام) ظرف۔مضاف۔ نَفْسٍ :(جان کو)مجرور مضاف الیہ۔مَّا :(جو)اسم موصول۔كَسَبَتْ :(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔ كَسَبَ يَكْسِبُ۔ مصدر۔ كَسْبًا۔(کمانا)۔وَ:(حالانکہ)حالیہ یا حرف عطف۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔لَا :(نہیں)لائے نافیہ۔يُظْلَمُونَ:(وہ ظلم کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع نائب فاعل۔محلاً جملہ مبتداء هُمْ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔

ترجمہ آیت: اور اس دن سے ڈرو جب کہ تم اللہ کے حضور میں لوٹ کر جاؤ گے اور ہر شخص اپنے اعمال کا پورا پورا بدلہ پائے گا۔اور کسی کا کچھ نقصان نہ ہو گا۔

282:2 يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَدَايَنتُم بِدَيْنٍ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوهُ وَلْيَكْتُب بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ بِالْعَدْلِ وَلَا يَأْبَ كَاتِبٌ أَنْ يَكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ وَلْيُمْلِلِ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهُ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْئًا فَإِن كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيهًا أَوْ ضَعِيفًا أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهُ بِالْعَدْلِ وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِن رِّجَالِكُمْ فَإِن لَّمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ مِمَّن تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ أَن تَضِلَّ إِحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا

الأُخْرَى وَلَا يَأْبَ الشُّهَدَاءُ إِذَا مَا دُعُوا وَلَا تَسْأَمُوا أَنْ تَكْتُبُوهُ صَغِيرًا أَوْ كَبِيرًا إِلَى أَجَلِهِ
ذَلِكُمْ أَقْسَطُ عِنْدَ اللهِ وَأَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَأَدْنَى أَلَّا تَرْتَابُوا إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيرُونَهَا
بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَلَّا تَكْتُبُوهَا وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ وَلَا يُضَارَّ كَاتِبٌ وَلَا شَهِيدٌ
وَإِنْ تَفْعَلُوا فَإِنَّهُ فُسُوقٌ بِكُمْ وَاتَّقُوا اللهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللهُ وَاللهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کون)منادیٰ۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مضاف۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔
الَّذِين :(وہ جو)آمَنُوا:(ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ
يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ
يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ إِذَا:(جب)ظرف شرطیہ۔بمعنی مستقبل
ترجمہ آیت:لوگوں کو ان کی خواہشوں کی چیزیں یعنی عورتیں اور بیٹے اور سونے اور چاندی کے بڑے بڑے ڈھیر اور نشان لگے ہوئے گھوڑے اور مویشی اور کھیتی بڑی زینت دار معلوم ہوتی ہیں (مگر) یہ سب دنیا ہی کی زندگی کے سامان ہیں اور اللہ کے پاس بہت اچھا ٹھکانا ہے۔

15:3 قُلْ أَؤُنَبِّئُكُم بِخَيْرٍ مِنْ ذَلِكُمْ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَرِضْوَانٌ مِنَ اللهِ وَاللهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔ؤُنَبِّئُ:(میں خبر دوں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ؤُ اصلاً اُہی ہے۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ نَبَّأَيُنَبِّئُ۔مصدر۔تَنْبِئَةٌ۔(خبر دار کرنا۔خبر دینا)كُم:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مفعول بہٖ منصوب۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔خَيْرٍ:(بہتری۔نیکی کے)اسم مجرور۔مِنْ: (سے) ذَلِكُمْ :(وہ۔اس سے)اسم اشارہ بعید۔کم ضمیر خطابیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔لَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔اتَّقَوْا: (ڈرو۔بچو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقویٰ اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مضاف۔رَبِّ:(رب)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جَنَّاتٌ:(باغات)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔تَجْرِي: (جاری ہے۔بہتی ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ جَرٰى يَجْرِىْ۔مصدر۔جَرْيَانًا(چلنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مضاف۔هَا:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْاَنْهَارُ :(نہریں۔دریا)فاعل مرفوع۔خَالِدِينَ:(ہمیشہ ہمیشہ)منصوب ۔حال۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَزْوَاجٌ :(جوڑے)معطوف مرفوع۔موصوف۔مُّطَهَّرَةٌ:(پاک صاف۔ نہاتی دھوتی)صفت۔مرفوع۔اسم

مفعول۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رِضْوَانٌ :(رضا مندی۔خوشنودی۔راضی ہونا)معطوف مرفوع۔مِنْ :(سے)حرف جار۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔بَصِیرٌ:(خوب بصیرت رکھنے والا)خبر مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْعِبَادِ:(بندے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر ان سے) کہو کہ بھلا میں تم کو ایسی چیز بتاؤں جو ان چیزوں سے کہیں اچھی ہو (سنو) جو لوگ پرہیز گار ہیں ان کے لیے اللہ کے ہاں باغات (بہشت) ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور پاکیزہ عورتیں ہیں اور (سب سے بڑھ کر) اللہ کی خوشنودی اور اللہ (اپنے نیک) بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

16:3 الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

الَّذِینَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ یَقُولُونَ :(کہتے ہیں)۔ فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا ۔ کہنا)۔ رَبَّ:()نَا:() :(پالنے والے)منصوب۔منادیٰ۔حرف نداء (یَا)محذوف۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔نَا :(ہم)ضمیر جمع متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔آمَنَّا:(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ ۔ اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ فَ:(پس) حرف عطف۔اغْفِرْ اغْفِرْ :(مغفرت کر) فعل امر واحد مذکر غائب۔مجزوم۔دعائیہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔ مصدر۔ غَفْرًا۔(ڈھانپنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ذُنُوبَ:(گناہوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف نَا :(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً اسم مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف جار۔قِ:(تو بچا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و

ق ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقَىٰ يَقِيْ۔مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَذَابَ:(عذاب ۔ دکھ۔سزا) منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ مضاف۔ النَّارِ:(آگ۔دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:جو اللہ سے التجا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم ایمان لے آئے سو ہم کو ہمارے گناہ معاف فرما اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ۔

17:3 الصَّابِرِينَ وَالصَّادِقِينَ وَالْقَانِتِينَ وَالْمُنفِقِينَ وَالْمُسْتَغْفِرِينَ بِالْأَسْحَارِ

الصَّابِرِينَ :(صبر کرنے والے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(حرف عطف۔)الصَّادِقِينَ :(صدقات دینے والے) معطوف۔منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْقَانِتِينَ :(فرمان برداری کرنے والے)معطوف۔ منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔ال مُنفِقِينَ:(خرچ کرنے والے)معطوف۔منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُسْتَغْفِرِينَ:(مغفرت مانگنے والے)م عطوف۔منصوب۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔الْأَسْحَارِ:(سحر کی جمع۔صبحوں کو)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:یہ وہ لوگ ہیں جو (مشکلات میں) صبر کرتے اور سچ بولتے اور عبادت میں لگے رہتے اور (راہ اللہ میں) خرچ کرتے اور اوقات سحر میں گناہوں کی معافی مانگا کرتے ہیں۔

18:3 شَهِدَ اللَّهُ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَائِكَةُ وَأُولُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

شَهِدَ:(اس نے گواہی دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةٌ۔(گواہی دینا۔ موجود ہونا) اللهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم إِلَٰهَ:(کوئی معبود)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔ إِلَّا:(مگر)حرف استثنائی۔هُوَ:(وہ)ضمیر

منفصل۔بدل إِلَـهَ کا۔ محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَلٰئِكَةُ :(فرشتے) معطوف۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أُوْلُوا :(والے)معطوف مرفوع۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔الْعِلْمِ :(علم)مجرور مضاف الیہ۔قَآئِمَاً:(قائم)منصوب حال۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْقِسْطِ:(عدل کے)اسم مجرور۔ لَا: (نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم إِلَـهَ:(کوئی معبود)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔إِلَّا: (مگر۔سوا) استثناء۔حرف حصر۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔ بدل إِلَـهَ ۔مرفوع۔ الْعَزِيزُ :(زبردست عزت والا)خبر مرفوع۔ مبتداء محذوف۔الْحَكِيمُ :(خوب دانائی والا۔ حکمت والا)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اللہ تو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتے اور علم والے لوگ جو انصاف پر قائم ہیں وہ بھی (گواہی دیتے ہیں کہ) اس غالب حکمت والے کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

19:3 إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللهِ الإِسْلاَمُ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوْتُواْ الْكِتَابَ إِلاَّ مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَن يَكْفُرْ بِآيَاتِ اللهِ فَإِنَّ اللهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الدِّينَ :(جزاء اور بدلہ) محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ عِندَ: (پاس)ظرف مکان۔مضاف۔ اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔الإِسْلاَمُ: (اسلام) خبر إِنَّ کی مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ اخْتَلَفَ :(اس نے مخالفت کی)ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ۔مصدر۔اِخْتِلاَفٌ:(اختلاف کرنا۔بدلنا۔آگے پیچھے آنا۔ فرق۔) ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔ مصدر۔خَلْفاً(پیچھے ہونا)۔ الَّذِينَ :(وہ جن کو)اسم موصول۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔أُوْتُوا :(ان کو دی گئی)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ ۔ ضمیر مستترهُمْ مرفوع نائب فاعل ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ اَتٰی يَاتِيُ۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ (دینا)۔ الْكِتَابَ:(کتاب)معرف باللام یعنی خاص کتاب۔منصوب۔ مفعول بہٖ إِلَّا: (مگر)

حرف حصر۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔ مَا :(کہ) مصدریہ۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔ هُمُ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ الْعِلْمُ :(علم۔سائنس)فاعل مرفوع۔ بَغْيًا :(سرکشی۔ بغاوت کرنا)منصوب ۔مفعول لہٗ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔بَغٰی يَبْغِيْ۔ مصدر۔بَغْيًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا)۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔هُمْ : (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ :(جو) اسم شرطیہ۔جازم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔يَكْفُرْ:(کفرے کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔ آيَاتِ: (آیات۔نشانیاں)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(پس) برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ سَرِيعُ:(سرعت کے ساتھ۔تیزی سے) إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ الْحِسَابِ :(حساب)مجرور۔مضاف الیہ۔جملہ محل مجزوم جواب شرط۔مرفوع۔خبر۔

ترجمہ آیت: دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہے اور اہل کتاب نے جو (اس دین سے) اختلاف کیا تو علم ہونے کے بعد آپس کی ضد سے کیا اور جو شخص اللہ کی آیتوں کو نہ مانے تو اللہ جلد حساب لینے والا (اور سزا دینے والا) ہے۔

20:3 فَإِنْ حَآجُّوكَ فَقُلْ أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلَّهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ وَقُل لِّلَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْأُمِّيِّينَ
أَأَسْلَمْتُمْ فَإِنْ أَسْلَمُوا فَقَدِ اهْتَدَوا وَّإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ

فَ:(پس)استنافیہ۔إِنْ :(اگر)شرطیہ۔ناصب مضارع۔حَآجُّو:(وہ جھگڑتے ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ حَآجَّ يُحَآجُّ۔مصدر۔مُحَآجَّةٌ۔(جھگڑا کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ح ج ج)

مضاعف۔صیغہ۔ حَجَّ يَحَجُّ مصدر۔حَجًّا۔(حج کرنا)۔ كَ:(تم سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔قُلْ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أَسْلَمْتُ:(میں نے جھکا دیا)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَسْلَمَ يُسْلِمُ۔مصدر۔اِسْلَامًا۔(جھکانا۔ تسلیم کرنا۔ سپرد کرنا۔ سلام قبول کرنا۔فرمان بردار ہونا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(س ل م)سَلِمَ يَسْلَمُ۔مصدر۔سَلَامًا۔ سَلَامَةٌ۔(جھکنا)۔وَجْهِ:(چہرہ)منصوب۔مفعول بہ۔یائے متکلم کے لئے فتحہ کسرہ سے بدل دی گئی تاکہ ادائیگی میں آسانی ہو۔مضاف۔يَ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرو مضاف الیہ۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار+اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔معیت۔مَنْ:(جس نے) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول معہٗ۔ اتَّبَعَنِ:(وہ میری پیروی کرے)اصلاً اتَّبَعَنِيْ تھا۔نون وقایہ۔+یائے متکلم محذوف۔اس کے عوض کسرہ ہے۔صیغہ۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ت ب ع)تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔قُل:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔لَّذِيْنَ: (وہ جن کو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔أُوْتُوْا:(ان کو دی گئی) فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ۔ ضمیر مستتر هُمْ مرفوع نائب فاعل ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰی يَاْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔الْكِتَابَ: (کتاب) معرف باللام۔خاص کتاب۔ منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الأُمِّيِّيْنَ:(امیوں کو)معطوف مجرور۔"یہ لفظ غیر عربوں کے لئے بولا جاتا تھا۔نبی اکرم ﷺ عراق سے ہجرت کرکے مکہ میں پہنچا تھا۔اس نسل کو اُمِّيّ کہا گیا۔کثرت استعمال سے اس کا معنی ان پڑھ بولا جانے لگا جو کہ تعصب کی بھینٹ چڑھا۔عربی عراقیوں کو گنوار تصور کرتے تھے۔ہمارے نزدیک اس کا ترجمہ کرنے کے بجائے اُمِّيّ ہی رہنے دیا جائے۔ہمارے نزدیک ان پڑھ ہونا کوئی مقام عزت نہیں"۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔أَسْلَمْتُمْ :(تم نے جھکا دیئے)۔فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَسْلَمَ

يُسْلِمُ۔مصدر۔اِسْلَامًا۔(جھکانا۔تسلیم کرنا۔سپرد کرنا۔سلام قبول کرنا۔فرمان بردار ہونا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(س ل م)سَلِمَ يَسْلَمُ۔مصدر۔سَلَامًا۔سَلَامَةٌ۔ (جھکنا)فَ:(پس)إِنْ: (اگر) شرطیہ۔ جازم۔ أَسْلَمُواْ: (انہوں نے جھکا دیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسْلَمَ يُسْلِمُ۔ مصدر۔اِسْلَامًا۔(جھکانا۔تسلیم کرنا۔سپرد کرنا۔سلام قبول کرنا۔فرمان بردار ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ل م) سَلِمَ يَسْلَمُ۔مصدر۔سَلَامًا۔ سَلَامَةٌ۔ (جھکنا۔فرمانبردار ہونا)۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدِ:(یقیناً)حرف تحقیق و تاکید۔ اهْتَدَواْ:(انہوں نے راہنمائی پائی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِهْتَدٰى يَهْتَدِىْ۔مصدر۔ اِهْتِدَاءٌ۔(ہدایت پانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)ناقص یائی۔صیغہ هَدٰى يَهْدِىْ مصدر۔ هُدًى۔هَدَايَةً۔هَدْيًا۔(ہدایت دینا)۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔تَوَلَّوْاْ:(تم پھیر لو) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔ تَوَلِّيٌّ۔ (لوٹنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب حسب۔مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔ وَلْيًا۔(پھرنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِنَّمَا:(بے شک۔ تحقیق۔سوائے اس کے نہیں)كافة مكفوفة۔مرکب :(اِنَّ+مِا)مشبہ بالفعل+كافة۔جو حصر کے معنوں میں آتا ہے۔ عمل مشبہ بالفعل رک جاتا ہے۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ :(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔الْبَلَاغُ:(تبلیغ کرنا۔اہم بات پہنچانا۔پیغام پہنچانا)مبتداء۔مؤخر مرفوع۔جملہ محلا مجزوم جواب شرط ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ بَصِيرٌ :(خوب بصیرت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْعِبَادِ:(بندوں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اے پیغمبر اگر یہ لوگ تم سے جھگڑنے لگیں تو کہنا کہ میں اور میرے پیرو تو اللہ کے فرمانبردار ہو چکے اور اہل کتاب اور ان پڑھ لوگوں سے کہو کہ کیا تم بھی (اللہ کے فرمانبردار بنتے ہو) اور اسلام لاتے ہو؟ اگر یہ لوگ اسلام لے آئیں تو بے شک ہدایت پالیں اور اگر (تمہارا کہا) نہ مانیں تو تمہارا کام صرف اللہ کا پیغام پہنچا دینا ہے اور اللہ (اپنے) بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

21:3 إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَيَقْتُلُونَ الَّذِينَ يَأْمُرُونَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الَّذِينَ:(جزاءاوربدلہ) محلاًإِنَّ کااسم منصوب۔يَكْفُرُونَ:(وہ کفر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر) صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ: (ساتھ۔پر)حرف جار۔آيَاتِ :(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ: (اور)حرف عطف۔يَقْتُلُونَ :(وہ قتل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔ قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔النَّبِيِّينَ:(نبی کی جمع)منصوب۔مفعول بہ۔بِغَيْرِ :(بغیر)مرکب (بِ+غَيْرِ) حرف جار۔اسم مجرور۔مضاف۔حَقٍّ:(حق کے)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَقْتُلُونَ:(وہ قتل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی فتحہ۔محلاًمفعول بہ۔يَأْمُرُونَ:(حکم دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر) صیغہ۔أَمَرَ يَأْمُرُ۔مصدر۔أَمْرًا۔(حکم دینا)۔بِ: (ساتھ۔کا)حرف جار۔الْقِسْطِ:(عدل کا)اسم مجرور۔مِنْ : (سے)حرف جار۔النَّاسِ :(لوگ)اسم مجرور۔فَ:(پس)استئنافیہ۔بَشِّرْ:(خوشخبری دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔مصدر۔تَبْشِيْرًا۔(خوشخبری دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ش ر) صیغہ۔بَشَرَ يَبْشُرُ۔مصدر۔ بَشْرًا۔(خوشخبری دینا)۔هُم :(ان کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہ بِ: (ساتھ۔کی)عَذَابٍ: (عذاب۔ دکھ۔سزا)اسم مجرور۔موصوف۔أَلِيمٍ :(بہت دردناک)مبالغہ۔صفت مجرور۔

ترجمہ آیت:جو لوگ اللہ کی آیتوں کو نہیں مانتے اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے رہے ہیں اور جو انصاف (کرنے) کا حکم دیتے ہیں انہیں بھی مار ڈالتے ہیں ان کو دکھ دینے والے عذاب کی خوشخبری سنا دو۔

22:3 أُولَـٰئِكَ الَّذِينَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ

أُولَـٰئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔محلاً مبتداء مرفوع۔الَّذِينَ :(وہ جن کے)اسم موصول۔جمع مذکر ۔محلاً خبر مرفوع۔حَبِطَتْ :(ضائع ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ب ط)۔صیغہ حَبِطَ يَحْبَطُ۔مصدر۔حَبْطًا۔(ضائع ہونا)۔ أَعْمَالُ:(اعمال)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مضاف الیہ۔فِي :(میں)حرف جار۔الدُّنْيَا :(دنیا)غیر منصرب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْآخِرَةِ :(قیامت۔آخرت)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا : (نہیں)نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ نَّاصِرِينَ :(مدد کرنے والے۔مددگار)مبتداء مؤخر لفظاً مجرور۔محلاًمرفوع۔علامت ی۔

ترجمہ آیت:یہ ایسے لوگ ہیں جن کے اعمال دنیااور آخرت دونوں میں برباد ہیں اور ان کا کوئی مددگار نہیں (ہوگا)۔

23:3 أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِّنَ الْكِتَابِ يُدْعَوْنَ إِلَىٰ كِتَابِ اللَّهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٌ مِّنْهُمْ وَهُم مُّعْرِضُونَ

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ تَرَ :(تونے دیکھا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ حرف علت۔ ی۔ بوجہ لَمْ التقائے ساکنین محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔ إِلَىٰ:(طرف)حرف جار۔ الَّذِينَ:(وہ جنھوں)اسم موصول۔مبنی برفتحہ۔محلاًاسم مجرور۔ أُوتُوا (ان کو دی گئی)فعل ماضی مجھول جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ۔ ضمیر مستتر هُمْ مرفوع نائب فاعل ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ ناقص

یائی۔صیغہ اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔ (دینا)۔ نَصِیبًا:(حصہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔اسم مجرور۔ یُدْعَوْنَ:() :(پکارے جاتے ہیں۔بلائے جاتے ہیں) فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔تقدیراً ضمیر مستتر هُمْ نائب فاعل مرفوع۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(د ع و)صیغہ ۔ دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔ دَعْوَةٌ۔ (پکارنا۔دعا کرنا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ كِتَابِ :(کتاب)اسم مجرور۔مضافاللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَحْكُمَ :(فیصلہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ح ک م)صیغہ۔ حَكَمَ يَحْكُمُ ۔مصدر۔حَكْمًا۔(فیصلہ کرنا)۔ بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔مضاف ۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ: (پھر)حرف عطف۔يَتَوَلَّى :(وہ منہ پھیر لیتا ہے)فعل مضارع مرفوع۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّیٌ۔(لوٹنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب حسب۔مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ يَلِیْ۔مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔ فَرِيقٌ :(ایک جماعت نے)فاعل مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ هُم:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبتداء۔ مُّعْرِضُونَ :(اعراض کرنے والے) فاعل جمع مذکر۔خبر مرفوع۔محلاً جملہ منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب (اللہ یعنی تورات سے) بہرہ دیا گیا اور وہ (اس) کتاب اللہ کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ (ان کے تنازعات کا) ان میں فیصلہ کر دے تو ایک فریق ان میں سے کج ادائی کے ساتھ منہ پھیر لیتا ہے۔

24:3 ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ وَغَرَّهُمْ فِي دِينِهِم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ

ذَٰلِكَ :(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔مبتداء۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔اَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ قَالُوا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ لَن:(ہرگز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن مضارع مستقبل۔ناصب۔ تَمَسَّ :(چھوئے گی)فعل مضارع واحد مؤنث حاضر۔ منصوب ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔مَسٌّ۔ (چھونا۔ یعنی مباشرت کرنا)۔ نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ النَّارُ: (آگ)فاعل۔ مرفوع۔ إِلَّا: (مگر)حرف حصر۔أَيَّامًا:(دن۔جمع يَوْمَ کی)ظرف زمان منصوب۔ مَّعْدُودَاتٍ :(گنتی کے) غیر منصرف۔صفت منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔غَرَّ:()فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(غ ر ر)مضاعف۔غَرَّ يَغُرُّ۔مصدر۔غَرًّا۔غُرُوْرٌ۔(دھوکا میں رکھنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ دِينِ:(دین)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔محلاً فاعل مرفوع۔ كَانُوا: (وہ تھے)۔فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَفْتَرُونَ :(وہ بہتان باندھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ جملہ محلا منصوب كَانَ کی خبر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اَفْتَرٰى يَفْتَرِىْ۔مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(تہمت لگانا۔بہتان باندھنا۔جھوٹ گھڑنا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ فَرٰى يَفْرِىْ۔مصدر۔فَرْيًا۔(بات گھڑنا) ۔

ترجمہ آیت: یہ اس لیے کہ یہ اس بات کے قائل ہیں کہ (دوزخ کی) آگ ہمیں چندروز کے سوا چھو ہی نہیں سکے گی اور جو کچھ یہ دین کے بارے میں بہتان باندھتے رہے ہیں اس نے ان کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے۔

3:25 فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنَاهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ

فَ:(پس)استئنافیہ۔كَيْفَ:(کیسا)اسم استفہام۔إِذَا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جَمَعْنَا: (ہم نے جمع کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ۔جَمَعَ يَجْمَعَ۔مصدر۔ جَمْعًا۔(جمع کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ لِ:(لئے)حرف جار۔ يَوْمٍ:(دن)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ لَّا:(نہیں)لائے نفی جنس ۔ناصب اسم۔رَيْبَ:(کوئی شک) لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ وُفِّيَتْ:(پوری کی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔كُلُّ: (ہر۔تمام) ظرف۔نائب فاعل مرفوع۔ مضاف۔ نَفْسٍ :(جان)مجرور مضاف الیہ۔مَّا :(جو) اسم موصول۔ كَسَبَتْ: (اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ وَ: (حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مرفوع مبتداء۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُظْلَمُونَ :(ظلم کئے جائیں گے)۔فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(اندھیر مچانا)۔

ترجمہ آیت:تو اس وقت کیا حال ہو گا جب ہم ان کو جمع کریں گے (یعنی) اس روز جس (کے آنے) میں کچھ بھی شک نہیں اور ہر نفس اپنے اعمال کا پورا پورا بدلہ پائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

26:3 قُلِ اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ
تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

قُلِ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔اللَّهُمَّ:(اللہ) مرکب:(اللہ+م)منادیٰ۔حرف نداء محذوف۔+عوضانہ حرف نداء۔محذوف ۔ مَالِكَ

:(مالک)منادیٰ ثانی۔مضاف۔الْمُلْكِ:(ملک)مجرور۔مضاف الیہ۔تُؤْتِي:(تو دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیٰ یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔الْمُلْكَ:(ریاست۔ملک۔بادشاہت)منصوب۔مفعول بہ مَنْ :(جسے)اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔محلاً مفعول بہ ثانی۔تَشَاءُ :(تو چاہتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔شَیْئًا۔مَشِیْئَۃٌ۔(چاہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَنْزِعُ:(تو چھین لیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ع) صیغہ۔نَزَعَ یَنْزِعُ۔مصدر۔نَزْعٌ۔(چھیننا۔اتارنا)الْمُلْكَ :(ملک۔ریاست۔بادشاہت)منصوب۔مفعول بہ۔ مِمَّنْ :(جس سے)مرکب :(مِنْ+مَنْ)حرف جار۔+اسم موصول۔تَشَاءُ:(تو چاہتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔شَیْئًا۔ مَشِیْئَۃٌ۔ (چاہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تُعِزُّ:(تو عزت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَزَّ یُعِزُّ۔مصدر۔اِعْزَازًا۔(عزت دینا)۔ مَنْ :(جسے)اسم موصول۔تَشَاءُ:(تو چاہتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔شَیْئًا۔مَشِیْئَۃٌ۔(چاہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔تُذِلُّ:(تو ذلت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَذَلَّ یُذِلُّ۔مصدر۔ اِذْلَالًا۔ (رسوا کرنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ذ ل ل)مضاعف۔صیغہ۔ذَلَّ یَذِلُّ۔مصدر۔ذُلًّا۔ذِلَّۃٌ۔(رسوا ہونا)۔مَنْ :(جسے)اسم موصول۔تَشَاءُ :(تو چاہتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔شَیْئًا۔مَشِیْئَۃٌ۔(چاہنا)۔بِ: (ساتھ۔ میں)حرف جار۔یَدِ:(ہاتھ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْخَيْرُ:(بھلائی۔نیکی۔اچھائی۔بہتری)مبتداء مرفوع۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً إِنَّ کااسم منصوب۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)ظرف۔اسم مجرور۔

مضاف۔ شَيْءٍ:(چیز)مجرور۔مضاف الیہ۔ قَدِيرٌ:(اندازے پیمانے مقرر کرنے والا۔قدرت رکھنے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہو کہ اے اللہ (اے) بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے اور بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

27:3 تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيَّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاء بِغَيْرِ حِسَابٍ

تُولِجُ :(تو داخل کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَوْلَجَ يُوْلِجُ۔ مصدر۔اِيْلَاجًا۔(تنگ جگہ میں داخل ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ل ج)مثال واوی۔ وَلَجَ يَلِجُ۔ مصدر۔وُلُوْجًا۔(داخل ہونا)۔لِجْ۔فعل امر۔اللَّيْلَ :(رات کو)منصوب۔ مفعول بہ۔فِي :(میں)حرف جار۔الْنَّهَارِ:(دن)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تُولِجُ:(تو داخل کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْلَجَ يُوْلِجُ۔مصدر۔اِيْلَاجًا۔(تنگ جگہ میں داخل ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ل ج)مثال واوی۔وَلَجَ يَلِجُ۔مصدر۔وُلُوْجًا۔(داخل ہونا)۔لِجْ۔فعل امر۔ النَّهَارَ:(دن کو)منصوب۔مفعول بہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ اللَّيْلِ :(رات)اسم مجرور۔وَ: (اور) حرف عطف۔تُخْرِجُ :(تو نکالتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرُجًا۔(نکلنا)۔ الْحَيَّ:(زندہ کو)منصوب۔ مفعول بہ۔مِنَ :(سے)حرف جار۔الْمَيِّتِ:(مردے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تُخْرِجُ:(تو نکالتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ

اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔الْمَيِّتَ:(مردے کو)منصوب۔مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ الْحَيِّ:(زندہ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَرْزُقُ:(تورزق دیتاہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقًا۔(رزق دینا) خبر مرفوع۔ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔ تَشَاءُ:(تو چاہتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔شَيْئًا۔ مَشِيْئَةٌ۔ (چاہنا)۔ بِغَيْرِ : (بغیر)مرکب :(بِ+غَيْرِ)حرف جار۔ (سوائے)اسم مجرور۔ مضاف۔حِسَابٍ:(حساب)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:توہی رات کو دن میں داخل کرتا اور توہی دن کو رات میں داخل کرتاہے توہی بے جان سے جاندار پیدا کرتاہے اور توہی جاندار سے بے جان پیدا کرتاہے اور توہی جس کو چاہتاہے بے شمار رزق بخشتاہے۔

28:3 لَّا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاء مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللهِ فِي شَيْءٍ إِلَّا أَن تَتَّقُواْ مِنْهُمْ تُقَاةً وَيُحَذِّرُكُمُ اللهُ نَفْسَهُ وَإِلَى اللهِ الْمَصِيرُ

لَّا:(نہیں)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔يَتَّخِذِ:(وہ پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین کے خاتمہ۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔الْمُؤْمِنُونَ:(مُؤْمِنٌ کی جمع۔ایمان والا)اسم فاعل۔ الْكَافِرِينَ:(كَافِرٌ کی جمع۔کافروں کو)منصوب۔مفعول بہ۔علامت۔ی۔ أَوْلِيَاءَ:(دوست۔ساتھی۔مددگار) منصوب مفعول بہ ثانی۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ :(علاوہ)اسم ظرف۔ اسم مجرور۔مضاف۔الْمُؤْمِنِينَ: (مومنوں کے)مجرور۔مضاف الیہ۔علامت۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ :(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔ جازم۔مبتداء۔يَفْعَلْ:(وہ کرے گا۔وہ کرتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔ فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلًا۔(کرنا)۔ ذَلِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ واحد مذکر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد

مذکر غائب۔ جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ناصب خبر۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ فِي: (میں)حرف جار۔شَيْءٍ:(کوئی شئے)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر لَيْسَ کی۔جملہ مجزوم جواب شرط۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَتَّقُوا:(تم بچو گے) فعل مضارع۔ جمع مذکر حاضر۔اَنْ کی وجہ سے مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِتَّقٰى يَتَّقِي۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ سے ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَقٰى يَقِي۔ مصدر۔ وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا۔ذات کبریا سے)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ: (ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تُقَاةً :(ڈرنا ۔بچنا)اصلاً وَقْيَةٌ۔تھا۔ و کو ت سے بدل دیا گیا ہے۔ی۔متحرکہ بشکل الف ہوئی۔وَ:(اور)استئنافیہ۔يُحَذِّرُ:(وہ ڈراتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔حَذَّرَ يُحَذِّرُ۔مصدر۔تَحْذِيْرًا۔(ڈرانا)۔كُمُ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔نَفْسَ:(جان)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مرفوع خبر مقدّم۔ الْمَصِيرُ:(لوٹنے کی جگہ۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت:مؤمنوں کو چاہئے کہ مؤمنوں کے سوا کافروں کو دوست نہ بنائیں اور جو ایسا کرے گا اس سے اللہ کا کچھ (عہد) نہیں ہاں اگر اس طریق سے تم ان (کے شر) سے بچاؤ کی صورت پیدا کرو (تو مضائقہ نہیں) اور اللہ تم کو اپنے (غضب) سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف (تم کو) لوٹ کر جانا ہے۔

29:3 قُلْ إِن تُخْفُوا مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَاللّٰهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

قُلْ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔تُخْفُوا:(تم چھپاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْفٰی يُخْفِيْ۔مصدر۔اِخْفَاءٌ۔(چھپانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ ف ی)۔ناقص یائی۔صیغہ خَفِيَ يَخْفٰي۔ مصدر۔خِفْوَةٌ۔(چھپنا) مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ صُدُورِ:(سینوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَوْ: (یا)حرف عطف۔ تُبْدُو:(تم ظاہر کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْدٰی يُبْدِی مصدر۔ اِبْدَاءٌ۔(ظاہر کرنا)هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔يَعْلَمْ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔جواب شرط۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ مَا :(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔فِي :(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ :(آسمان کی جمع)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔معطوف۔ منصوب۔ فِي :(میں)حرف جار۔الأرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ كُلِّ :(ہر۔تمام)ظرف ۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ: (شئے)مجرور۔مضاف الیہ۔ قَدِيرٌ :(اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اے پیغمبر لوگوں سے) کہہ دو کہ کوئی بات تم اپنے دلوں میں مخفی رکھو یا اسے ظاہر کرو اللہ اس کو جانتا ہے اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اس کو سب کی خبر ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

30:3 يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا وَمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوءٍ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ أَمَدًا بَعِيدًا وَيُحَذِّرُكُمُ اللهُ نَفْسَهُ وَاللهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ

يَوْمَ :(دن)ظرف زمان۔ مضاف۔ تَجِدُ:(تو پاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب مادہ (و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔ مصدر۔وِجْدَانًا۔وِجْدَانٌ۔(پانا)۔ كُلُّ :(ہر)فاعل مرفوع۔ مضاف۔نَفْسٍ :(جان) مجرور مضاف الیہ مَّا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔عَمِلَتْ: (اس نے کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل) صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا۔)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔خَيْرٍ :(بھلائی بہتری۔نیکی)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ مُّحْضَرًا:(حاضر کیا گیا)اسم مفعول واحد مذکر۔حال منصوب۔(حاضر کیا گیا)۔ وَ: (اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔مَا :(جو)اسم موصول۔عَمِلَتْ :(اس نے کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔ عَمَلًا(کرنا۔)۔مِنْ :(سے)حرف جار۔سُوْءٍ:(برائی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ تَوَدُّ:(تو پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(و د د)مثال واوی۔صیغہ۔وَدَّ يَوَدُّ۔مصدر۔ وُدًّا۔(آرزو کرنا)۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط غیر عامل۔ اَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَمَدًا:(مدت۔محدود۔ غیر متعین زمانہ) اَنَّ کا اسم منصوب۔موصوف۔بمعنی اَبَدًا۔:(غیر متعین۔غیر محدود زمانہ) بَعِيدًا :(بہت دُور)صفت منصوب۔تابع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔يُحَذِّرُ:(وہ ڈراتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔حَذَّرَ يُحَذِّرُ۔مصدر۔تَحْذِيْرًا۔(ڈرانا)ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ(ح ذ ر)حَذِرَ يَحْذَرُ مصدر۔حَذْرًا۔(احتیاط کرنا۔ ڈرنا)كُمُ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب

مفعول بہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔ مرفوع۔ نَفْسَ:(جان)منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ مضاف۔ هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ رَءُوفٌ :(مہربان۔ نرم)خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْعِبَادِ:(بندوں)اسم مجرور۔ محلاً شبہ جملہ مجرور۔

ترجمہ آیت: جس دن ہر شخص اپنے اعمال کی نیکی کو موجود پالے گا اور ان کی برائی کو بھی (دیکھ لے گا) تو آرزو کرے گا کہ اے کاش اس میں اور اس برائی میں دور کی مسافت ہو جاتی اور اللہ تم کو اپنے (غضب) سے ڈراتا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر نہایت مہربان ہے۔

31:3 قُلْ إِنْ كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ جازم۔ كُنتُمْ:(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ ناصب خبر۔ تُحِبُّوْنَ :(تم محبت کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ح ب ب مضاعف۔ صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔ مصدر۔ حِبٌّ۔ حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ اتَّبِعُو:(پیروی کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔ اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ نِ:(وقایہ)کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ يْ:(میری)یائے واحد متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول ہ۔ تقدیراً مفتوح۔ يُحْبِبْ:(پیار کیا جائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ح ب ب) مضاعف۔ صیغہ۔ حَبَّ يَحِبُّ۔ مصدر۔ حِبٌّ۔

حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔ كُمُ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ يَغْفِرْ :(وہ مغفرت کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ۔ غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غَفْرًا۔(ڈھانپنا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ ذُنُوبَ:(گناہوں کو) منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء۔ مرفوع۔ غَفُورٌ:(خوب مغفرت کرنے والا) مبالغہ۔ خبر مرفوع۔ رَّحِيمٌ :(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔ خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اے پیغمبر لوگوں سے) کہہ دو کہ اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ بھی تمہیں دوست رکھے گا اور تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

32:3 قُلْ أَطِيعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُولَ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ

قُلْ :(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أَطِيعُوا:() فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ اِطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔ اِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا چاہنا۔ کر سکیں)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔صیغہ۔ طَاعَ يَطِيْعُ۔مصدر۔ طَوْعًا۔(اس نے اطاعت کی۔ فرمانبرداری کی)۔ اللّٰهَ : (اللہ جل جلالہٗ کی) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الرَّسُولَ:(پیغمبر) معطوف منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ إِنْ:(اگر) حرف شرط۔ غیر عامل۔ تَوَلَّوْا :(تم پھیر دو گے)۔ فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ وَلّٰى يُوَلِي۔مصدر۔ تَوَلِّيَةً۔(منہ پھیرنا۔ رخ پھیرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حسِب۔مادہ(و ل ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔صیغہ وَلِيَ يَلِي۔ مصدر۔ وَلْيًا۔(منہ پھیرنا)۔ فَ: (پس)

حرف عطف۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔لَا :(نہیں)لائے نافیہ:()يُحِبُّ :(وہ محبت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا)محلاً خبر إِنَّ کی مرفوع۔ الْكَافِرِينَ :(کافر کی جمع)منصوب۔ مفعول بہٖ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو اگر نہ مانیں تو اللہ بھی کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔

33:3 إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَىٰ آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ)منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔اصْطَفَىٰ:(اس نے چن لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِصْطَفٰی يَصْطَفِي۔مصدر۔اِصْطِفَاءٌ۔(چن لینا۔ منتخب کرنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص ف و)ناقص واوی۔صیغہ۔صَفَا يَصْفُو۔مصدر۔ صَفْوًا۔صَفَاءٌ۔ (نکھار۔صفائی کرنا) آدَمَ:(آدمؑ کو)منصوب۔ مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔نُوحًا:(نوحؑ کو)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آلَ:(اولاد کو)معطوف منصوب۔إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ کو) معطوف۔ منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آلَ :(اولاد کو)عِمْرَانَ :(عمرانؑ کو) "اس اسم عمران پر مختلف آراء ہیں کسی نے کہا حضرت موسیٰ علیہ السلام۔کے والد محترم ہیں۔کسی نے لکھا حضرت بی بی مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد محترم ہیں۔اور مسلمانوں کے ایک گروہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد۔پھر ایک نیا شوشہ چھوڑ دیا گیا۔یہ تو دوزخی ہیں مگر ان کو عذاب صرف پاؤں تک ہوگا۔بس طومار لگ گیا۔وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بَالصَّوَابِ۔" (یوسفی)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْعَالَمِينَ:(سب جہانوں پر)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اللہ نے آدم اور نوح اور خاندان ابراہیم اور خاندان عمران کو تمام جہان کے لوگوں میں منتخب فرمایا تھا۔

34:3 ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

ذُرِّيَّةً :(اولاد۔بچے کو) بدل۔ منصوب۔ مفعول بہ۔بَعْضُ:(کچھ)ظرف۔مبتداء۔ مضاف۔هَا :(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔ بَعْضٍ: (کچھ) ظرف۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء۔ مرفوع۔ سَمِيعٌ:(خوب سننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:ان میں سے بعض بعض کی اولاد تھے اور اللہ سننے والا(اور) جاننے والا ہے۔

35:3 إِذْ قَالَتِ امْرَأَةُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

إِذْ :(جب)ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔قَالَتِ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ امْرَأَةُ :(عورت نے)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ عِمْرَانَ :(عمران کی)غیر منصرف۔مجرور مضاف الیہ۔رَبِّ :(اے رب)حرف نداء محذوف ہے۔ اصلاً رَبَّ تھا منادیٰ۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔إِنِّي:(بے شک میں)مرکب :(اِنَّ+یْ)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال۔مابعد۔ی متکلم + یائے متکلم محلاً منصوب۔اِنَّ کا اسم۔ نَذَرْتُ:(میں نے نذر مانی ہے) فعل ماضی واحد متکلم۔تائے مضموم علامت ضمیر واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ يَنْذِرُ۔مصدر۔نذرٌ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔اسم مجرور۔ مَا :(جو)اسم موصول۔فِي :(میں)حرف جار۔بَطْنِ:(پیٹ)اسم مجرور۔مضاف۔يْ :(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مضاف الیہ۔مُحَرَّرًا:(وقف شدہ۔آزاد کردہ)اسم مفعول منصوب۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔استئنافیہ۔تَقَبَّلْ :(تو قبول کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔تَقَبَّلَ يَتَقَبَّلُ۔مصدر۔ تَقَبُّلًا۔ (قبول کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ق ب ل)صیغہ۔ قَبِلَ يُقْبَلَ۔مصدر۔قُبُوْلًا۔(قبول کرنا)۔مِنِّي

:(مجھ سے)مرکب:(مِنْ+نِ+ىْ)حرف جار+نون وقایہ+یائے متکلم۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل واحد مذکر۔السَّمِيعُ :(خوب سننے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔الْعَلِيمُ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (وہ وقت یاد کرنے کے لائق ہے) جب عمران کی بیوی نے کہا کہ اے پروردگار جو (بچہ) میرے پیٹ میں ہے میں اس کو تیری نذر کرتی ہوں اسے دنیا کے کاموں سے آزاد رکھوں گی تو (اسے) میری طرف سے قبول فرما تو تو سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔

36:3 فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنْثَى وَاللهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالأُنْثَى وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وِإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا:()ظرف زمان شرطیہ۔محلاً منصوب۔ وَضَعَتْ:(اس نے وضع کیا۔جنا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ض ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَضَعَ يَضَعُ۔مصدر۔وَضْعٌ۔(رکھنا۔جننا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ قَالَتْ: (اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ رَبِّ:(اے رب) حرف نداء محذوف ہے۔ اصلاً رَبَّ تھا منادیٰ۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔إِنِّيْ:(بے شک میں)مرکب :(اِنَّ+ىْ)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال۔ما بعد۔ى متکلم+یائے متکلم محلاً منصوب۔ اِنَّ کا اسم۔ وَضَعْتُ:(اس نے وضع کیا۔جنا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ض ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَضَعَ يَضَعُ۔مصدر۔وَضْعٌ۔(رکھنا۔جننا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أُنْثَى : (مونث۔لڑکی)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔أَعْلَمُ:(اس نے خوب

جانا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:()مَا:() وَضَعَتْ:(اس نے وضع کیا۔جنا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ض ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَضَعَ يَضَعُ۔مصدر۔ وَضْعٌ۔(رکھنا۔جننا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ناصب خبر۔ الذَّكَرُ :(مذکر۔لڑکا) لَيْسَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔ كَ: (مانند۔جیسا۔طرح)حرف تشبیہ۔حرف جار۔الأُنْثَى:(مؤنث۔لڑکی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنِّي : (یقیناً میں نے)مرکب(ان+ن+ی)سَمَّيْتُ:()هَا:() مَرْيَمَ:() وِ:()إِنِّي:(بے شک میں)مرکب : (إِنَّ+يْ)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال۔مابعد۔ی متکلم + یائے متکلم محلاً منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔ أُعِيذُ:(میں پناہ دیتی ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔أَعَاذَ يُعِيذُ مصدر۔إِعَاذَةٌ۔(پناہ دینا)۔ثلاثی مجرد۔ باب۔نصر۔مادہ(ع و ذ)اجوف واوی۔صیغہ۔عَاذَ يَعُوذُ۔مصادر۔ عَوْذًا۔عِيَاذًا۔(پناہ مانگنا)هَا:(اسے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرو۔وَ:(اور)حرف جار۔ذُرِّيَّتَ:(اولاد۔)معطوف منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال۔مابعد۔الشَّيْطَانِ: (ابلیس۔شیطان)اسم مجرور۔الرَّجِيمِ :(پتھر کھایاہوا)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع۔

ترجمہ آیت: جب ان کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور جو کچھ ان کے ہاں پیدا ہوا تھا اللہ کو خوب معلوم تھا تو کہنے لگیں کہ پروردگار! میرے تو لڑکی ہوئی ہے اور (نذر کے لیے) لڑکا (موزوں تھا کہ وہ) لڑکی کی طرح (ناتواں) نہیں ہوتا اور میں نے اس کا نام مریم رکھا ہے اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔

37:3 فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّى لَكِ هَذَا قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

فَ:(پس)استئنافیہ۔تَقَبَّلَ تَقَبَّلَ :(اس نے قبول کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔تَقَبَّلَ يَتَقَبَّلُ۔مصدر۔ تَقَبُّلًا۔ (قبول کرنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ رَبُّ:(پالنے والا)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔قَبُولٍ :(قبول) اسم مجرور۔ موصوف۔حَسَنٍ:(اچھی ۔عمدہ۔خوب) صفت۔مجرور۔تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَنْبَتَ:(اس نے اگایا۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید۔باب افعال۔اَنْبَتَ يُنْبِتُ۔مصدر۔ اِنْبَاتًا۔(اگانا)۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ن ب ت)نَبَتَ يَنْبُتُ۔مصدر۔نَبَاتًا۔نَبْتًا۔(اگنا)۔هَا :(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔نَبَاتًا: (اگنا)منصوب۔نائب مفعول مطلق۔موصوف۔ حَسَنًا :(اچھا۔عمدہ۔خوب)صفت منصوب۔تابع۔وَ: (اور) حرف عطف۔كَفَّلَ:(اس نے کفالت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ كَفَّلَ يُكَفِّلَ۔مصدر۔تَكْفِيلًا۔(ذمہ داری لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ک ف ل)صیغہ كَفَلَ يَكْفُلُ۔ مصدر۔كَفْلًا۔كَفَالَةً۔(ذمہ داری لینا)۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ضمیر کا مرجع۔ مَرْيَمَ۔ زَكَرِيَّا:(زکریاؑ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔۔ كُلَّمَا:(جب کبھی)ظرف زمان شرطیہ۔جازم۔ دَخَلَ:(وہ داخل ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔ دُخُوْلٌ۔(داخل ہونا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ زَكَرِيَّا:(زکریاؑ)غیر منصرف۔فاعل۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ الْمِحْرَابَ:(محراب)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَجَدَ:(اس نے پایا۔دیکھا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔ مصدر۔ وِجْدَانًا۔وِجْدَانٌ۔(پانا)۔عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ رِزْقاً:(رزق۔روزی روٹی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ يَا:(اے)

حرف نداء۔ مَرۡيَمُ:(مریم رضی اللہ عنہا)منادیٰ۔ اَنّٰى:(کیونکر)اسم استفہام لَ:(لئے)حرف جار۔كِ
:(تیرے)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبتداء مؤخر۔ قَالَتۡ : (اس
نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔
قَوۡلًا۔(کہنا)۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔مرفوع۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔ عِنۡدِ:
(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ محلا اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔ مضاف الیہ۔ اِنَّ:
(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ اِنَّ کا اسم۔يَرۡزُقُ:(وہ رزق دیتا
ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ر ز ق) صیغہ۔رَزَقَ يَرۡزُقُ۔ مصدر۔
رِزۡقًا۔(ضروریات،احتیاجات و آسائشات زندگی)۔ مَنۡ :(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔يَشَآءُ :(وہ
چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَآءَ
يَشَآءُ۔مصدر۔شَيۡئًا۔ مَشِيۡئَةٌ۔(چاہنا)۔ بِغَيۡرِ : (بغیر۔ علاوہ۔سوائے)مرکب: (بِ+غَيۡرِ)حرف جار۔
حرف استثناء۔مضاف۔ حِسَابٍ :(حساب)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:تو پروردگار نے اس کو پسندیدگی کے ساتھ قبول فرمایا اور اسے اچھی طرح پرورش کیا اور زکریا کو اس کا متکفل بنایا زکریا جب کبھی عبادت گاہ میں اس کے پاس جاتے تو اس کے پاس کھانا پاتے (یہ کیفیت دیکھ کر ایک دن مریم سے) پوچھنے لگے کہ مریم یہ کھانا تمہارے پاس کہاں سے آتا ہے وہ بولیں اللہ کے ہاں سے (آتا ہے) بیشک اللہ جسے چاہتا ہے بے شمار رزق دیتا ہے۔

38:3 هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاء

هُنَالِكَ:(وہاں)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ دَعَا:(اس نے بلایا۔پکارا)فاعل ماضی واحد مذکر
غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدۡعُو۔مصدر۔دَعۡوَةٌ۔(پکارنا۔بلانا)

زَكَرِيَّا:(زکریاؑ)غیر منصرف۔فاعل۔مرفوع۔محلاً تقدیراً مضموم۔رَبَّ:(رب)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُ: (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔قَالَ: (اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ رَبِّ :(اے میرے رب) مرکب:(يَا+رَبِّ+يْ)حرف نداء۔ محذوف۔+منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔کسرہ سے فتحہ تبدیل کر دی گئی برائے اتصال۔مابعد۔+یائے واحد متکلم۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ هَبْ:(دے تحفہ۔عطیہ)فعل امر۔واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ھ ب)مثال واوی۔صیغہ۔وَهَبَ يَهَبُ۔مصدر۔وَهْبٌ۔ هِبَةٌ۔(عطا کرنا۔ ہدیہ دینا)۔ لِي:(میرے لئے)مرکب : (لِ+يْ)حرف جار۔+ضمیر واحد متکلم۔ محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ لَّدُنْ:(پاس)اسم ظرف مبنی بر سکون۔اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیری۔ اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ذُرِّيَّةً:(اولاد)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ طَيِّبَةً: (عمدہ۔اچھی)صفت منصوب۔تابع۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔سَمِيعُ :(خوب سننے والا ہے)خبر إِنَّ کی مرفوع۔الدُّعَاءِ :(پکار۔ دعا۔طلب) مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اس وقت زکریا نے اپنے پروردگار سے دعا کی (اور) کہا کہ پروردگار مجھے اپنی جناب سے اولاد صالح عطا فرما تو بے شک دعا سننے (اور قبول کرنے) والا ہے۔

39:3 فَنَادَتْهُ الْمَلآئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُصَلِّي فِي الْمِحْرَابِ اَنَّ اللهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَـى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِنَ اللهِ وَسَيِّدًا وَحَصُورًا وَنَبِيًّا مِنَ الصَّالِحِينَ

فَ:(پس)استئنافیہ۔نَادَتْ:(اس نے آوز دی۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔مصدر۔نِدَاءً۔مُنَادَاةً۔ (پکارنا۔آواز دینا۔بلانا) هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول

بہ۔الْمَلٰٓئِكَةُ:(فرشتوں نے)فاعل مرفوع۔جمع ۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔مبتداء۔ قَآئِمٌ:(کھڑی کرنے والی)خبر مرفوع۔يُصَلِّي:(وہ صلاۃ ادا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ ۔صَلّٰى يُصَلِّيْ۔مصدر۔ تَصْلِيَةٌ۔(صلاۃ ادا کرنا۔) فِي :(میں)حرف جار۔الْمِحْرَابِ:(محراب)اسم مجرور۔اَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)اَنَّ کا اسم منصوب۔يُبَشِّرُ:(خوشخبری دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔مصدر۔تَبْشِيْرًا۔(خوشخبری دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ش ر)صیغہ۔بَشَرَ يَبْشُرُ۔مصدر۔بَشْرًا۔(چھلکا۔جلد چھیلنا۔خوش ہونا۔مونچھ چٹ کرنا۔)كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔يَحْيٰى:(یحییٰؑ)اسم مجرور۔ مُصَدِّقًا:(تصدیق کرنے والا)فاعل۔منصوب۔ حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔صَدَّقَ يُصَدِّقُ۔مصدر۔تَصْدِيْقًا۔(تصدیق کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔كَلِمَةٍ:(قانون الٰہی)اسم مجرور۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو كَلِمَةَ اللّٰهِ سے ملقب کیا گیا۔ مگر معنی عجیب بنا دیئے گئے۔اصل میں اس کے معنی یہ ہے کہ جو نظریات لوگوں نے ان کی پیدائش کے سلسلہ میں قائم کر لئے ہیں وہ غلط ترین ہیں۔ حقیقت میں وہ اللہ کے قانون کا نفاذ کرنے والے ہیں اور ان کی پیدائش و موت قانون الٰہی کے مطابق ہوئی۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔سَيِّدًا:(سردار)منصوب حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔حَصُوْرًا:(اپنے پر قابو رکھنے والا۔اپنے آپ کو روک کر رکھنے والا)منصوب۔حال۔ وَ:(اور) حرف عطف۔نَبِيًّا :(خبر دینے والا۔آگاہ کرنے والا)حال منصوب۔مِنْ :(سے)حرف جار۔الصّٰلِحِيْنَ:(نیکی اور اچھائی کے کام کرنے والے)فاعل۔مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:وہ ابھی عبادت گاہ میں کھڑے نماز ہی پڑھ رہے تھے کہ فرشتوں نے آواز دی کہ (زکریا) اللہ تمہیں یحییٰ کی بشارت دیتا ہے جو اللہ کے فیض یعنی (عیسیٰ) کی تصدیق کریں گے اور سردار ہوں گے اور عورتوں سے رغبت نہ رکھنے والے اور (اللہ کے) پیغمبر (یعنی) نیکوکاروں میں ہوں گے۔

(خط کشیدہ ترجمہ انتہائی بھونڈے انداز میں کیا گیا ہے۔کیا باقی انبیاء کرام علیہم السلام صرف عورتوں کے پیچھے پڑے رہتے تھے؟ سب انبیاء دنیا کے پرہیز گار شخصیات تھیں۔اس طرح مقصد یہ ہے کہ حضرت یحیٰ علیہ السلام انتہائی طور پر اپنے جذبات پر قابو رکھنے والے تھے۔کسی کی دنیاوی خواہش کو اپنے پر مسلط نہیں کرنے والے تھے۔اس میں دولت۔طاقت۔سربراہی وغیرہ کے طالب نہ تھے۔)

40:3 قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ رَبِّ:(اے میرے رب)مرکب ہے:(یَا+رَبِّ+یْ) یَا حرف نداء محذوف۔ رَبِّ۔اصلاً رَبِّ تھا۔منادیٰ مضاف۔کسرہ برائے اتصال یْ متکلم ۔ مضاف الیہ۔ جو کہ محذوف ہے۔ صرف کسرہ سے ہی مقصدر بر آری ہوا۔ اَنّٰی:(کیونکر)اسم استفہام ۔يَكُوْنُ:(ہو گا)فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لِيْ:(میرے لئے)مرکب :(لِ+یْ)حرف جار+یائے واحد متکلم۔اسم مجرور۔غُلٰمٌ: (لڑکا)كَانَ کا اسم مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق و تاکید۔ماضی قریب کی بنا کے لئے استعمال ہوتا ہے۔بَلَغَ:(وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ب ل غ)صیغہ۔ بَلَغَ يَبْلُغُ۔ مصدر۔ بَلَاغًا۔(پہنچنا)نِ:(نون وقایہ)يَ :(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہ۔الْكِبَرُ :(بڑی عمروالا)فاعل مرفوع۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔امْرَاَتِ:(عورت)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ يْ:(میری) ضمیر یائے واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَاقِرٌ:(بانجھ)خبر مرفوع۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔كَذٰلِكَ:(اس طرح)مرکب:(کَ+ذٰلِکَ)حرف تشبیہ و جار+اسم اشارہ بعید۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مرفوع۔ يَفْعَلُ:(کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب فتحہ۔مادہ(ف ع ل) فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔ فِعْلًا۔(کرنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مَا:(جو)اسم موصول يَشَاءُ :(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع

واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ شَاءَ۔يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی۔ چاہنا)۔

ترجمہ آیت: زکریا نے کہا اے پروردگار میرے ہاں لڑکا کیونکر پیدا ہوگا کہ میں تو بڑھا ہو گیا ہوں اور میری بیوی بانجھ ہے اللہ نے فرمایا اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

41:3 قَالَ رَبِّ اجْعَل لِّيَ آيَةً قَالَ آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا رَمْزًا وَاذْكُر رَّبَّكَ كَثِيرًا وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ

قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ رَبِّ:(اے میرے رب)مرکب ہے:(يَا+رَبِّ+یُ) يَا حرف نداء محذوف۔ رَبِّ۔ اصلاً رَبَّ تھا۔ منادیٰ مضاف۔ کسرہ برائے اتصال یُ متکلم۔ مضاف الیہ۔ جو کہ محذوف ہے۔ صرف کسرہ سے ہی مقصدر بر آری ہوا۔ اجْعَلْ:(بنا دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتحہ۔ مادہ(ج ع ل)صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلٌ۔(بنانا)۔ لِّيَ :(میرے لئے)مرکب:(لِ+یُ)حرف جار+ضمیر واحد متکلم۔ آيَةً:(نشانی) منصوب مفعول بہٖ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ آيَتُ:(نشانی ہے)مبتداء۔ مرفوع۔ مضاف۔ كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ أَلَّا:(کہ نہیں)مرکب:(أَنْ+لَا)مصدریہ۔ نافیہ۔ تُكَلِّمَ:(تو کلام کرے گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ كَلَّمَ يُتَكَلَّمُ۔ مصدر۔ تَكْلِيْمًا۔(بات کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ک ل م)كَلَمَ يَكْلَمُ۔ مصدر۔ كَلْمًا۔(کاٹنا۔) النَّاسَ :(لوگوں سے)منصوب۔ مفعول بہٖ ثَلَاثَةَ :(3 تین)عدد۔ مضاف۔ أَيَّامٍ:(دن)ظرف زمان۔ مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)استثناء۔ حرف حصر۔ رَمْزًا :(اشاروں سے)مستثنٰی منصوب۔ یا۔ مفعول بہٖ وَ:(اور)استنافیہ اذْكُر:(ذکر کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی

مجرد باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ ۔مصدر۔ ذِكْرًا۔(ذکر کرنا۔یاد کرنا) رَّبَّ:(رب)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔كَثِيرًا:(بہت زیادہ)منصوب۔ مفعول مطلق۔ وَ:(اور)حرف عطف۔سَبِّحْ:(پاکیزگی بیان کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(پاکیزگی بیان کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْعَشِيِّ : (شاموں کو)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الإِبْكَارِ :(صبحوں کو)معطوف۔اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:زکریانے کہاکہ پروردگار(میرے لیے) کوئی نشانی مقرر فرمااللہ نے فرمایانشانی یہ ہے کہ تم لوگوں سے تین دن اشارے کے سوابات نہ کرسکوگے تو(ان دنوں میں) اپنے پروردگار کی کثرت سے یاد اور صبح وشام اس کی تسبیح کرنا۔

42:3 وَإِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفَاكِ عَلَىٰ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان ماضی کے لئے۔ قَالَتِ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ الْمَلَائِكَةُ :(فرشتے نے)فاعل۔ مرفوع۔ يَا:(اے)حرف نداء۔مَرْيَمُ:(مریم رضی اللہ عنہا)غیر منصرف۔منادیٰ۔إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللَّهَ :(اللہ جل جلالہٗ)إِنَّ کا اسم منصوب۔اصْطَفَا:(اس نے چن لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِصْطَفٰى يَصْطَفِيْ۔مصدر۔ اِصْطِفَاءٌ۔(چننا)۔كِ:(تجھ کو)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ طَهَّرَ:(پاک کر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔طَهَّرَ يُطَهِّرُ۔ مصدر۔تَطْهِيْرًا۔(پاک کرنا)۔كِ :(تجھ کو)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔اصْطَفَا:(اس نے چن لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِصْطَفٰى يَصْطَفِيْ۔

مصدر۔اِصْطِفَاءٌ۔(چننا)۔كِ:(تجھ کو)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔
نِسَاءِ:(عورتوں)اسم مجرور۔مضاف۔الْعَالَمِيْنَ:(جہانوں کے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور جب فرشتوں نے (مریم سے) کہا کہ مریم! اللہ نے تم کو برگزیدہ کیا ہے اور پاک بنایا ہے اور جہان کی عورتوں میں منتخب کیا ہے۔

43:3 يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِينَ

يَا:(اے)حرف نداء۔مَرْيَمُ:(مریم رضی اللہ عنہا)غیر منصرف۔منادیٰ۔اقْنُتِي:(فرمان برداری کر)فعل امر واحد مؤنث حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ن ت)۔صیغہ۔قَنَتَ يَقْنُتُ۔مصدر۔قُنُوْتًا۔(فرمانبردار رہنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔
رَبِّ:(رب)اسم مجرور۔مضاف۔كِ:(تیرے)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔
اسْجُدِي:(سجدہ کر)فعل امر واحد مؤنث حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔
سُجُوْدٌ۔(سجدہ کرنا)وَ:(اور)حرف عطف۔ارْكَعِي:(رکوع کر)فعل امر واحد مؤنث حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ک ع)صیغہ۔رَكَعَ يَرْكَعُ۔مصدر۔ رُكُوْعٌ۔(رکوع کرنا)۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔ الرَّاكِعِينَ
:(رکوع کرنے والے)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:مریم اپنے پروردگار کی فرمانبرداری کرنا اور سجدہ کرنا اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرنا۔

44:3 ذَلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ

ذَلِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔مبتداء۔مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔أَنْبَاءِ:(جمع نباء۔خبروں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مضاف الْغَيْبِ:(پوشیدہ۔غیب کی)مجرور مضاف الیہ۔ نُوحِي:(ہم وحی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع

متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ صیغہ۔اَوْحٰی یُوْحِیْ۔مصدر۔اِیْحَاءٌ۔(حکم دینا۔) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَحٰی یَحِیْ۔مصدر۔ وَحْيًا۔(کسی کو اشارہ کرنا۔ چپکے سے بات کرنا)۔هِ:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَي:(طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔یا حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔كُنتَ :(تو تھا۔)فعل ناقص ماضی واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔لَدَيْ: (پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔ماضی مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔يُلْقُون:()فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لُقْيَانًا۔لُقْيًا۔لُقْيَةٌ۔(ملاقات کرنا)۔ أَقْلَامَ:(قلم کی جمع) منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کی۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَيُّ:(کون)اسم استفہام۔مبنی بر ضمہ محلاً مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(وہ۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔يَكْفُلُ:(ذمہ داری لیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ل)صیغہ۔كَفَلَ يَكْفُلُ۔مصدر۔كِفَالَةٌ۔(ذمہ داری لینا)۔ مَرْيَمَ:(مریم)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كُنتَ :(تو تھا۔)فعل ناقص ماضی واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔لَدَيْ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ماضی مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ يَخْتَصِمُونَ :(وہ بحث مباحثہ "جھگڑا" کررہے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واوٗ جمع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَصَمَ يَخْتَصِمُ۔مصدر۔ اِخْتِصَامًا۔(جھگڑنا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(خ ص م)صیغہ۔خَصَمَ يَخْصِمُ۔مصدر۔خَصْمًا۔(دشمنی کرنا)۔

ترجمہ آیت: (اے محمد ﷺ) یہ باتیں اخبار غیب میں سے ہیں جو ہم تمہارے پاس بھیجتے ہیں اور جب وہ لوگ اپنے قلم (بطور قرعہ) ڈال رہے تھے کہ مریم کا متکفل کون بنے تو تم ان کے پاس نہیں تھے اور نہ اس وقت ہی ان کے پاس تھے جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے۔

45:3 إِذْ قَالَتِ الْمَلَآئِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ

إِذْ:(جب)ظرف زمان ماضی کے لئے۔ قَالَتِ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔)۔ الْمَلَآئِكَةُ :(فرشتے نے)فاعل۔ مرفوع۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ مَرْيَمُ:(مریم رضی اللہ عنہا)غیر منصرف۔منادیٰ۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہ) إِنَّ کا اسم منصوب۔يُبَشِّرُ :(خوشخبری دیتا ہے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔مصدر۔تَبْشِيْرًا۔(خوشخبری دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ش ر) صیغہ۔بَشَرَ يَبْشُرُ۔مصدر۔ بَشْرًا۔ (خوشخبری دینا)۔كِ:(تجھ کو)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔كَلِمَةٍ:(ایک کلمہ کی)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ :(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔اسْمُ: (نام)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْمَسِيحُ :(پونچھنے کے اور سیر کرنے کے ہیں۔ یہ دونوں صفات حضرت عیسیٰؑ میں موجود تھیں۔بہتر معنی سیر کرنے کے ہی ہیں۔کیونکہ آپ راتوں کو گھومتے پھرتے تھے)خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجرور صفت ثانی كَلِمَةٍ کی۔عِيسَى:(عیسیٰ علیہ السلام)بدل مرفوع۔ مسیح کا۔ ابْنُ :(بیٹا)بدل۔یاصفت مرفوع۔مضاف۔مَرْيَمَ:(مریم رضی اللہ عنہا)غیر منصرف۔ مجرور۔مضاف الیہ۔ وَجِيهًا:(اچھی شکل والا۔خوب صورت۔وجاہت والا۔ معزز)منصوب۔ حال۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الدُّنْيَا :(دنیا)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْآخِرَةِ:(آخرت۔قیامت)معطوف اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔الْمُقَرَّبِينَ:(قربت والے۔نزدیکی)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: (وہ وقت بھی یاد کرنے کے لائق ہے) جب فرشتوں نے (مریم سے کہا) کہ مریم اللہ تم کو اپنی طرف سے ایک فیض کی بشارت دیتا ہے جس کا نام مسیح (اور مشہور) عیسیٰ ابن مریم ہو گا (اور) جو دنیا اور آخرت میں باآبرو اور (اللہ کے) خاصوں میں سے ہو گا۔

46:3 وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلاً وَمِنَ الصَّالِحِينَ

وَ: (اور) استئنافیہ۔ يُكَلِّمُ: (تو کلام کرے گا) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ كَلَّمَ يُتَكَلَّمُ۔ مصدر۔ تَكْلِيمًا۔ (بات کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ک ل م) كَلَمَ يَكْلَمُ۔ مصدر۔ كَلْمًا۔ (کاٹنا)۔ النَّاسَ: (لوگوں سے) منصوب۔ مفعول بہ۔ فِي: (میں) حرف جار۔ الْمَهْدِ: (پنگوڑا۔ پالنا) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ كَهْلاً: (بڑھاپے) معطوف منصوب۔ حال۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ الصَّالِحِينَ: (نیک اور صالح لوگ) اسم مجرور۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور ماں کی گود میں اور بڑی عمر کا ہو کر (دونوں حالتوں میں) لوگوں سے (یکساں) گفتگو کرے گا اور نیکو کاروں میں ہو گا۔

47:3 قَالَتْ رَبِّ أَنَّى يَكُونُ لِي وَلَدٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ قَالَ كَذَلِكِ اللّهُ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ إِذَا قَضَى أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ

قَالَتْ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ رَبِّ: (اے میرے رب) اصلاً يَا رَبِّيْ۔ مرکب: (يَا + رَبَّ + یْ) حرف نداء۔ محذوف + منادیٰ۔ منصوب۔ کسرہ برائے اتصال۔ مضاف + ضمیر واحد متکلم محذوف۔ مضاف الیہ۔ اَنّٰى: (کیونکر) اسم استفہام۔ يَكُونُ: (ہو گا) فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ لِيْ: (میرے لئے) مرکب: (لِ + یْ) حرف جار + یائے واحد متکلم۔ اسم مجرور۔ وَلَدٌ: (لڑکا) كَانَ کا

اسم مرفوع۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَمْ:(نہیں) نفی جحد بلم جازم مضارع ۔ قالب۔ يَمْسَسْنِي :(مجھ کو کسی نے چھوا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔+نون وقایہ۔+ ضمیر واحد متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔ مصدر۔مَسٌّ۔ (چھونا۔یعنی مباشرت کرنا)۔بَشَرٌ :(کسی انسان نے)فاعل۔مرفوع۔قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ كَذَٰلِكِ:(اس طرح)مرکب :(كَ+ذَٰلِکَ)حرف جار و تشبیہ۔اسم اشارہ بعید۔محلاً اسم مجرور۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)مرفوع۔فاعل۔ يَخْلُقُ:(پیدا کرتا ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقٌ۔ (پیدا کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔ مَشِيْئَةٌ(مرضی۔چاہنا)۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ قَضَى:(پورا کیا۔گزر گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔قَضٰى يَقْضِيْ۔مصدر۔قَضَاءٌ۔(پورا کرنا۔فیصلہ کرنا۔گزر جانا)۔ أَمْرًا:(کام۔ بات۔ حکم) منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔إِنَّمَا :(صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔يَقُوْلُ:(وہ کہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لَهُ :(اس کے لئے)مرکب :(ل+ہ)حرف جار۔+ ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔كُنْ:(ہو جا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم نون اعرابی محذوف۔یہ نون اصلی ہے۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ فَ: (پس) حرف عطف۔یا استئنافیہ يَكُوْنُ :(وہ ہو جاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر ۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔

ترجمہ آیت: مریم نے کہا پروردگار میرے ہاں بچہ کیونکر ہو گا کہ کسی انسان نے مجھے ہاتھ تک تو لگایا نہیں فرمایا کہ اللہ اسی طرح جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے جب وہ کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو ارشاد فرما دیتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے۔

48:3 وَيُعَلِّمُهُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ

وَ: (اور) استئنافیہ۔ يُعَلِّمُ: (وہ سکھاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔ تَعْلِيمًا۔ (سکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ هُ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ الْكِتَابَ: (کتاب کو) معرف باللام۔ خاص کتاب۔ منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْحِكْمَةَ: (دانائی۔ قوانین الٰہی) منصوب۔ مفعول بہ ثالث۔ وَ: (اور) حرف عطف ۔ التَّوْرَاةَ: (تورات کو) حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ منصوب۔ مفعول بہ رابع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الإِنْجِيلَ: (انجیل کو) حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ منصوب۔ مفعول بہ خامس۔

ترجمہ آیت: اور وہ انہیں لکھنا (پڑھنا) اور دانائی اور تورات اور انجیل سکھائے گا۔

49:3 وَرَسُولاً إِلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنِّي قَدْ جِئْتُكُم بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ أَنِّي أَخْلُقُ لَكُم مِّنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَأَنْفُخُ فِيهِ فَيَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِ اللهِ وَأُبْرِىءُ الأَكْمَهَ والأَبْرَصَ وَأُحْيِي الْمَوْتَى بِإِذْنِ اللهِ وَأُنَبِّئُكُم بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ

وَ: (اور) استئنافیہ۔ رَسُولاً: (پیغمبر کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ إِلَى: (طرف) حرف جار۔ بَنِي: (بیٹوں) اصلاً بَنِيْنَ۔ تھا۔ نون بوجہ مضاف محذوف ہوا۔ إِسْرَائِيلَ: (اسرائیل) حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب۔ غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنِّي: (بے شک میں) مرکب: (اِنَّ+نِ+یْ) حرف تاکید۔ + نون وقایہ۔ + یائے واحد متکلم۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تاکید و تحقیق۔ جِئْتُ: (میں آیا) فعل ماضی واحد متکلم۔ علامت ضمیر تائے متکلم

مضموم۔ثلاثی مجرد۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ی ء)صیغہ جَاءَ يَجِيْءُ۔ مصدر۔جِيْءٌ۔ فاعل۔ جَاءٍ۔ مفعول۔مَجِيْءٌ۔(آنا)۔كُمْ:(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَةٍ :(آیت)اسم مجرور۔مِنْ :(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(رب)اسم مجرور۔ مضاف۔كُمْ :(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔اَنِّي :(بے شک میں) مرکب:(اِنَّ+نِ+يُ)حرف تاکید۔+نون وقایہ۔+یائے واحد متکلم۔أَخْلُقُ:(میں گھڑتا ہوں۔بناتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُم :(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔الطِّينِ :(مٹی)اسم مجرور۔كَ:(جیسے)حرف تشبیہ۔ جار۔هَيْئَةِ:(شکل)اسم مجرور۔مضاف۔ الطَّيْرِ:(پرندہ)مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔اَنْفُخُ :(میں پھونک مارتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف خ)صیغہ نَفَخَ يَنْفُخُ۔مصدر۔نَفْخًا۔(پھونک مارنا)۔(کھلونے بناتے تھے۔خاندان بھی ترکھانوں کا تھا۔جیسے مٹی کے کھلونے کنگر بنا کر گاؤں بیچتے ہیں اور ان میں پھونکیں مارتے ہیں تو ان سے آوازیں نکلتی ہیں تو بچے خوش ہوتے ہیں۔آج کے دور میں بھی مختلف پرندوں۔جانوروں کے پلاسٹک کے کھلونے بنتے ہیں ان سے آوازیں نکلتی ہیں۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ ثابت کرنا مقصود ہے تو ایسا قصہ گھڑا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔يَكُوْنُ:(ہو جاتا ہے۔بن جاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)ناصب خبر۔ طَيْرًا:(پرندہ)منصوب۔كَانَ کی خبر۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِذْنِ:(اجازت۔حکم)اسم مجرور۔مضاف۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أُبْرِئُ:(میں بری کرتا ہوں۔یعنی مرض سے شفاء دیتا ہوں۔علاج کرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْرَاءَ يُبْرِئُ۔ مصدر۔اِبْرَاءٌ۔(بیماری دور کرنا۔اچھا کرنا۔بیماری سے بری کرتا ہوں)۔ الأَكْمَهَ :(پیدائشی اندھے کا)منصوب

مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الَاَبْرَصَ:(پھلبہری کا)منصوب ثانی مفعول بہ وَ:(اور)أُحْيِي:(میں زندہ کرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَحْيٰی يُحْيِيْ۔مصدر۔احیاء۔(زندہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ح ی ی)مضاعف۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰی۔حَيَاةٌ۔حَيَوَانًا۔(جینا)۔الْمَوْتَىٰ:(مردوں کو)منصوب۔ بر وزن فعلی۔مفعول بہ بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِذْنِ:(اجازت۔حکم)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أُنَبِّئُ:(میں خبر دیتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَبَّاَ يُنَبِّئُ۔مصدر۔تَنْبِئَةٌ۔(خبر دینا۔بتانا۔) كُم:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِمَا :(جو کچھ)مرکب :(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔تَأْكُلُونَ:(تم کھاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ اَكَلَ يَاْكُلُ۔مصدر۔ اَكْلًا۔ (کھانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(جو)اسم موصول۔تَدَّخِرُونَ:(تم ذخیرہ کرتے ہو)اصلاً تَذْتَخِرُوْنَ۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ نون اعرابی۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ ۔اِدَّخَرَ يَدَّخِرُ۔مصدر۔اِدِّخَارٌ۔(ذخیرہ کرنا)ذ کے بعد ت آئی۔ ت کو د سے بدل دیا گیا۔پھر د کا ادغام کر دیا گیا۔فِي:(میں)حرف جار۔ بُيُوتِ:(بَيْتٌ کی جمع۔گھر)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔فِي:(میں)حرف جار۔ ذَٰلِكَ :(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم۔لِ:(یقیناً)لائے مزحلقہ۔آيَةً :(آیت)منصوب۔اسم اِنَّ کا۔لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم۔كُنتُم:(ہو تم)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مُّؤْمِنِينَ:(مومن کی جمع)كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور (عیسیٰ) بنی اسرائیل کی طرف پیغمبر (ہو کر جائیں گے اور کہیں گے) کہ میں تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں وہ یہ کہ تمہارے سامنے مٹی کی مورت بشکل پرند بناتا ہوں پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے (سچ مچ) جانور ہو جاتا ہے اور اندھے اور ابرص کو تندرست کر دیتا ہوں اور اللہ کے حکم سے مردے میں جان ڈال دیتا ہوں اور جو کچھ تم کھا کر آتے ہو اور جو اپنے گھروں میں جمع کر رکھتے ہو سب تم کو بتا دیتا ہوں اگر تم صاحب ایمان ہو تو ان باتوں میں تمہارے لیے (قدرت اللہ کی) نشانی ہے۔

50:3 وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَلِأُحِلَّ لَكُم بَعْضَ الَّذِي حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُم بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَاتَّقُوا اللهَ وَأَطِيعُونِ

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مُصَدِّقًا: (تصدیق کرنے والا) منصوب حال۔ لِّ: (لئے) حرف جار۔ مَا: (جو) اسم موصول۔ بَيْنَ: (درمیان) ظرف مکان۔ مضاف۔ يَدَيَّ: (دونوں ہاتھ) مرکب (يَدَ+يْنِ۔+ی) اصلاً يَدَيْنِ۔ تثنیہ کا نون محذوف۔ مضاف۔ یائے متکلم کا ادغام ہے۔ (میرا)۔ مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ التَّوْرَاةِ: (تورات) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لِ: (تاکہ) حرف تعلیل۔ ناصب مضارع۔ أُحِلَّ: (میں حلال کرو) فعل مضارع واحد متکلم۔ منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحَلَّ يُحَلُّ۔ مصدر۔ اِحْلَالٌ۔ (حلال کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ح ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ حَلَّ يَحِلُّ۔ مصدر۔ حِلَالًا۔ (جائز کرنا۔ حلال کرنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كُم: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ بَعْضَ: (کچھ) مفعول بہ منصوب۔ مضاف۔ الَّذِي: (جو) اسم موصول۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حُرِّمَ: (وہ حرام کیا گیا) فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ حَرَّمَ يُحَرِّمُ۔ مصدر۔ تَحْرِيْمًا۔ (حرام کرنا) عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ جِئْتُ: (میں آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ جَاءَ يَجِيءُ۔ مصدر۔ جِيءٌ۔ فاعل۔ جَاءٍ۔ مفعول۔ مَجِيءٌ۔ (آنا)۔ كُم: (تمہارے پاس) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ ب: بِ

(ساتھ)حرف جار۔آيَةٍ:(آیت)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(رب)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مجرور مضافا الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اتَّقُوا:(تم ڈرو" اللہ جل جلالہٗ سے ")فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ اِتَّقٰى يَتَّقِىْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ سے ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِىْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ ڈرنا ذات کبریا سے)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔وَ:(اور)حرف عطف۔ أَطِيعُونِ :(میری اطاعت کرو)اصلاً أَطِيعُونِىْ مرکب :(اطیعو۔ن۔ی)فعل امر۔جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔نون وقایہ۔ یائے متکلم منصوب۔ مفعول بہٖ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔ اِطَاعَةٌ۔(اطاعت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔صیغہ طَاعَ يَطُوْعُ۔مصدر۔ طَوْعًا۔(رضاکارانہ۔اطاعت کرنا۔)۔

ترجمہ آیت:اور مجھ سے پہلے جو تورات(نازل ہوئی) تھی اس کی تصدیق بھی کرتا ہوں اور(میں) اس لیے بھی (آیا ہوں) کہ بعض چیزیں جو تم پر حرام تھیں ان کو تمہارے لیے حلال کر دوں اور میں تو تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔

51:3 إِنَّ اللّٰهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔رَبِّي:(میرا رب)مرکب :(رب+ی)مضاف۔+مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَبُّ:(رب)مضاف۔ كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔اعْبُدُو:(تم بندگی کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مضاف۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ع ب د)صیغہ ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔

عِبَادَةٌ۔(بندگی کرنا)۔هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔هَذَا:(یہی)اسم اشارہ قریب۔مبتداء مرفوع۔ صِرَاطٌ:(راستہ)مشارٌ الیہ۔خبر مرفوع۔موصوف۔ مُّسْتَقِيمٌ :(سیدھا)صفت مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت: کچھ شک نہیں کہ اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت کرو یہی سیدھا رستہ ہے۔

52:3 فَلَمَّا أَحَسَّ عِيسَى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِي إِلَى اللهِ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّهِ آمَنَا بِاللّهِ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُونَ

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا:(جب)اسم ظرف۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ أَحَسَّ:(اس نے محسوس کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَحَسَّ يُحِسُّ۔ مصدر۔اِحْسَاسًا۔(احساس کرنا)ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ح س س)مضاعف۔ حَسَّ يَحُسُّ۔۔حَسًّا۔(محسوس کرنا)۔ عِيسَى:(عیسیٰؑ نے) فاعل۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمُ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الْكُفْرَ: (کفر) منصوب۔محلاً مفعول بہٖ۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ مَنْ:(کون)اسم استفہام۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اَنْصَارِي:(میرا مددگار ہے)مرکب :(انصار+ی متکلم)خبر مرفوع۔مضاف+مضاف الیہ۔ إِلَى: (طرف)حرف جار۔ اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ ۔مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔الْحَوَارِيُّونَ : (حَوَارِيٌّ۔کی جمع۔دھوبی)پاک و صاف لوگ۔نَحْنُ :(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اَنْصَارُ :(مددگار)خبر مرفوع۔مضاف۔اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔آمَنَّا :(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔

یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ استئنافیہ۔اشْهَدْ:(میں گواہی دیتا ہوں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔ شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةٌ۔(گواہ ہونا۔ موجود ہونا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔اَنَّ (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ نَا:(ہم) ضمیر منفصل واحد متکلم اَنَّ کا اسم مرفوع۔ مُسْلِمُونَ:(مسلم کی جمع)اَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:جب عیسیٰؑ نے ان کی طرف سے نافرمانی اور (نیت قتل) دیکھی تو کہنے لگے کہ کوئی ہے جو اللہ کا طرف دار اور میرا مددگار ہو حواری بولے کہ ہم اللہ کے (طرفدار اور آپ کے) مددگار ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے اور آپ گواہ رہیں کہ ہم فرمانبردار ہیں۔

53:3 رَبَّنَا آمَنَّا بِمَا أَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُولَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ

رَبَّ:(اے رب)حرف نداء محذوف۔منادیٰ منصوب مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔آمَنَّا:(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب :(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔ اَنْزَلْتَ:(تو نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔تائے مفتوح علامت ضمیر فاعل واحد حاضر۔ کی۔ وَ:(اور)اتَّبَعْنَا:(ہم نے پیروی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔ تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ الرَّسُولَ:(پیغمبر کی)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ یا تفسیری۔اُكْتُبْ:(

لکھ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک ت ب)صیغہ۔ کَتَبَ یَکْتُبُ۔مصدر کِتَابَةٌ۔ (لکھنا)۔ نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ الشَّاهِدِينَ :(گواہی دینے والوں کے)مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت:اے پروردگار جو(کتاب) تونے نازل فرمائی ہے ہم اس پر ایمان لے آئے اور(تیرے) پیغمبر کے متبع ہو چکے تو ہم کو ماننے والوں میں لکھ رکھ۔

54:3 وَمَكَرُواْ وَمَكَرَ اللّهُ وَاللّهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَكَرُواْ:(انہوں نے منصوبے بنائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔صیغہ۔باب نصر۔مادہ(م ک ر)صیغہ۔مَکَرَ یَمْکُرُ۔مصدر۔مَكْرًا۔(منصوبہ بنانا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مَکَرَ:(منصوبہ بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔صیغہ۔باب نصر۔مادہ(م ک ر)صیغہ۔مَکَرَ یَمْکُرُ۔مصدر۔مَكْرًا۔(منصوبہ بنانا)۔ اللّهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔ مرفوع۔وَ:(اور) استئنافیہ۔ اللّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مرفوع۔ خَيْرُ :(خوب۔اچھی)خبر مرفوع۔مضاف۔الْمَاكِرِينَ: (منصوبہ ساز۔الْمَاكِرِ کی جمع)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور وہ(یعنی یہود قتل عیسٰی کے بارے میں ایک) چال چلے اور اللہ بھی (عیسٰی کو بچانے کے لیے) چال چلا اور اللہ خوب چال چلنے والا ہے۔

55:3 إِذْ قَالَ اللّهُ يَا عِيسَى إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُواْ وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُواْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ

إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔يَا :(اے)حرف نداء۔عِيسَى:(عیسیٰؑ)منادیٰ۔ إِنّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ يْ:(میں)یائے متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ مُتَوَفِّي:(مارنے والا ہوں۔پورا کرنے والا ہوں)خبر اِنَّ کی مرفوع۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَافِعُ:(اٹھانے والا ہوں۔بلند کرنے والا ہوں)فاعل مرفوع۔معطوف۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ی۔کا ادغام ہوا یائے متکلم میں۔يَّ :(میں)ضمیر واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مُطَهِّرُ:(پاک کرنے والا ہوں)فاعل مرفوع۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ک ف ر)صیغہ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَاعِلُ: (بنانے والا ہوں)فاعل۔مرفوع۔ الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔اتَّبَعُو:(انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ مصدر۔اِتِّبَاعًا۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔ (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔ (پیروی کرنا)۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖفَوْقَ:(اوپر)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ الْقِيَامَةِ :(قیامت کے)مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ی۔

کا ادغام ہوا۔ یائے متکلم میں۔يَّ :(میں)ضمیر واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ مَرۡجِعُ:(لوٹنے والا)۔
مبتداء۔مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔كُمۡ :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ: (پس)حرف
عطف۔أَحۡكُمُ :(میں فیصلہ کروں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ح ک م)صیغہ۔حَكَمَ
يَحۡكُمُ ۔مصدر۔حَكۡمًا۔(فیصلہ کرنا)۔ بَيۡنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔ كُمۡ: (تمہارے)ضمیر جمع
مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔ كُنتُمۡ :(تم ہو)فعل ناقص
ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ضمیر تم مبنی بر سکون۔محلاًكَانَ کا اسم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و
ن)اجوف واوی۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ مصدر۔ كَوۡنًا(ہونا)۔ناصب خبر۔فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر
واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تَخۡتَلِفُونَ :(تم اختلاف کرتے ہو)۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔
مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخۡتَلَفَ يَخۡتَلِفُ۔
مصدر۔اِخۡتِلَافٌ۔:(اختلاف کرنا۔بدلنا۔آگے پیچھے آنا۔فرق۔)ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)۔خَلَفَ
يَخۡلُفُ۔مصدر۔خَلۡفاً(پیچھے ہونا)۔

ترجمہ آیت:اس وقت اللہ نے فرمایا کہ عیسیٰ! میں تمہاری دنیا میں رہنے کی مدت پوری کرکے تم کو اپنی طرف اٹھا لوں گا اور تمہیں کافروں (کی صحبت) سے پاک کر دوں گا اور جو لوگ تمہاری پیروی کریں گے ان کو کافروں پر قیامت تک فائق (وغالب) رکھوں گا پھر تم سب میرے پاس لوٹ کر آؤ گے تو جن باتوں میں تم اختلاف کرتے تھے اس دن تم میں ان کا فیصلہ کر دوں گا۔

56:3 فَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَأُعَذِّبُهُمۡ عَذَابًا شَدِيدًا فِي الدُّنۡيَا وَالۡآخِرَةِ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ

فَ:(پس)استئنافیہ۔أَمَّا:(لیکن رہے)حرف شرط۔تفصیل اور تاکید کے لئے آتا ہے۔الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)
اسم موصول۔جمع مذکر۔ كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔

باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب۔ أَمَّا کا۔أُعَذِّبُ:(میں عذاب دوں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ عَذَّبَ يُعَذِّبُ۔مصدر۔تَعْذِيبٌ۔(عذاب دینا)۔ثلاثی مجرد باب۔ مادہ(ع ذ ب)صیغہ ۔عَذُبَ يَعْذُبُ۔مصدر۔عُذُوبًا۔(میٹھا۔هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ۔وَ هَذَامَلْحٌ أُجَاجٌ)(یہ بہت زیادہ میٹھا ہے۔اور وہ کڑوا ہے)۔هُمْ:(انہیں) عَذَابًا:(عذاب)نائب مفعول مطلق منصوب۔موصوف۔ شَدِيدًا: (سخت) صفت منصوب۔ تابع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الدُّنْيَا :(دنیا)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْآخِرَةِ:(قیامت۔آخرت)معطوف۔مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نفی)نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُم: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ نَّاصِرِينَ :(مدد کرنے والے)مبتداء مؤخر۔لفظاً مجرور۔محلاً مرفوع۔

ترجمہ آیت:یعنی جو کافر ہوئے ان کو دنیا اور آخرت (دونوں) میں سخت عذاب دوں گا اور ان کا کوئی مدد گار نہ ہو گا۔

57:3 وَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ وَاللهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ

وَ:(پس)حرف عطف۔أَمَّا:(لیکن رہے)حرف شرط۔تفصیل اور تاکید کے لئے آتا ہے۔الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے) اسم موصول۔جمع مذکر۔آمَنُوا:(ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔إِيمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَامَنَ۔ مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوا:(انہوں نے عمل کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا۔(کام کرنا)۔الصَّالِحَاتِ :(نیکیوں کے۔اچھائیاں)غیر منصرف۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب۔يُوَفِّي:(پورا کیا جائے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔تفعیل۔وَفِّي يُوَفِّي۔مصدر۔تَوْفِيَةٌ۔(پورا کرنا۔ مر جانا) ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفّٰی يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔هِمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔أُجُورَ:(اجر۔بدلے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(استئنافیہ)۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔لَا :(نہیں)نافیہ۔يُحِبُّ:(پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔خبر مرفوع۔الظَّالِمِينَ:(الظَّالِمُ کی جمع۔اندھیر مچانے والے)مفعول بہ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو اللہ پورا پورا صلہ دے گا اور اللہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا

58:3 ذَٰلِكَ نَتْلُوهُ عَلَيْكَ مِنَ الْآيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيمِ

ذَٰلِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مرفوع۔ مبتداء۔ نَتْلُو:(ہم پڑھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ل و)صیغہ۔تَلَا يَتْلُو۔مصدر۔تِلَاوَةٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ :(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔مِنْ :(سے)حرف جار۔الْآيَاتِ :(آیات)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الذِّكْرِ :(ذکر۔نصیحت)معطوف مجرور۔مضاف۔الْحَكِيمِ:(خوب حکمت والا)مبالغہ۔مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (اے محمد ﷺ) یہ ہم تم کو (اللہ کی) آیتیں اور حکمت بھری نصیحتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں۔

59:3 إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللّٰهِ كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔مَثَلَ :(مثال) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔عِيسَىٰ :(عیسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً مضاف الیہ۔عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور ۔

مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(مانند۔طرح)حرف تشبیہ۔و جار۔۔مَثَلِ:(مثال)اسم مجرور۔ مضاف۔ آدَمَ: (آدم)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ تُرَابٍ :(مٹی سے)اسم مجرور۔ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ كُنْ: (ہو جا)فعل امر واحد مذکر غائب۔محلا مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین نون اعرابی محذوف۔یہ نون اصلی ہے۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔یَكُوْنُ :(ہو جاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔

ترجمہ آیت:عیسیٰ کا حال اللہ کے نزدیک آدم کا سا ہے کہ اس نے (پہلے) مٹی سے ان کا قالب بنایا پھر فرمایا کہ (انسان) ہو جا تو وہ (انسان) ہو گئے ۔۔

(واہ فتح محمد جالندھری کمال کی ٹانگ ہی توڑ کر رکھ دی۔ترجمہ ہی بدل دیا۔کچھ شرم ہوتی ہے کچھ حیا ہوتی ہے۔دنیا کو دھوکہ دینے سے باز نہیں آئے۔یہ کیوں نہیں لکھا کہ جیسے بقیہ انسان پیدا ہوتے ہیں اسی طرح پیدا کیا۔کیا مٹی میں بنا کر ٹیسٹ ٹیوب میں رکھا۔ (یوسفی)

60:3 اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِنَ الْمُمْتَرِینَ

اَلْحَقُّ:(حق۔سچ)مبتداء۔مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(رب)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)برائے رابطہ۔لَا:(نہیں)لائے ناہیہ۔جازم۔ تَكُنْ:(تو ہو

جا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔نون اعرابی بوجہ التقائے ساکنین محذوف۔:(توہو جا)ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ مِنۡ :(سے)حرف جار۔ الۡمُمۡتَرِينَ :(الۡمُمۡتَرِیۡ کی جمع ۔شک کرنے والے۔شبہ میں پڑنے والے)فاعل۔جمع۔اسم مجرور۔ مصدر۔ اِمۡتِرَاءٌ۔

ترجمہ آیت: (یہ بات) تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے تو تم ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہونا۔

61:3 فَمَنۡ حَآجَّكَ فِيهِ مِنۡ بَعۡدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الۡعِلۡمِ فَقُلۡ تَعَالَوۡا نَدۡعُ أَبۡنَاءَنَا وَأَبۡنَاءَكُمۡ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمۡ وَاَنۡفُسَنَا وَاَنۡفُسَكُمۡ ثُمَّ نَبۡتَهِلۡ فَنَجۡعَلۡ لَّعۡنَةَاللّٰهِ عَلَى الۡكَاذِبِينَ

فَ:(پس)استئنافیہ۔مَنۡ:(جو)اسم موصول شرطیہ۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ حَآجَّ:(اس نے جھگڑا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔حَآجَّ يُحَآجُّ۔مصدر۔ مُحَآجَّةٌ۔(مناظرہ کرنا۔جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ج ج)مضاعف۔صیغہ۔ حَجَّ يَحُجُّ۔مصدر۔حَجًّا۔ حِجًّا۔ حُجٌّ۔ اَحۡجِجٌ۔ (زیارت کرنا۔ زیارت کے لئے قصد کرنا۔یعنی بیت اللہ شریف کا)۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔ بَعۡدِ:(بعد)ظرف زمان۔محلاً اس مجرور۔مضاف۔ مَا:(کہ)مصدریہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ی ء)صیغہ جَاءَ يَجِيۡءُ۔مصدر۔جِيۡءٌ۔ فاعل۔ جَاءٍ۔مفعول۔مَجِيۡءٌ۔(آنا)۔كَ:(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنۡ:(سے) حرف جار۔ الۡعِلۡمِ:(علم۔ سائنس)اسم مجرور۔ فَ:(تو)حرف رابطہ۔قُلۡ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا بولنا)۔ تَعَالَوۡا:(تم بلا لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔صیغہ۔تَعَالٰی

يَتَعَالٰی۔مصدر۔تَعَالِیٌّ۔بلند مقام کی طرف بلانا۔پھر ہر وقت ہر جگہ بلانے کے لئے مستعمل ہو رہا ہے۔ نَدْعُ:(ہم بلاتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوًا۔دَعْوَةً۔(دعوت دینا۔ پکارنا۔بلانا۔)۔ أَبْنَاءَ:(أَبْنَ کیجمع۔بیٹوں کو)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔نَا:(ہم اپنے) ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَبْنَاءَ:(بیٹے)معطوف۔ منصوب۔كُمْ:(تم اپنے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نِسَاءَ:(عورتوں کو)نَا:(ہم اپنے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نِسَاءَ:(عورتوں کو)كُمْ:(تم اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَنْفُسَ:(جانوں۔لوگوں کو)نَا (ہم اپنے) و:(اور)حرف عطف۔اَنْفُسَ:(لوگوں کو۔جانوں کو)۔كُمْ :(تم اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ نَبْتَهِلْ:(ہم آزادانہ غور کرتے ہیں)۔فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔اِبْتَهَلَ يَبْتَهِلُ۔مصدر۔ مصدر۔اِبْتِهَالٌ۔(آزادنہ غوروخوض کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ (ب ھ ل)صیغہ۔بَهَلَ يَبْهَلُ۔ مصدر۔ بَهْلاً۔(آزادانہ غور کرنا)۔

نوٹ:((س لفظ سے مباہلہ بنتا ہی نہیں۔یہ لفظ تو باب **افتعال** سے ہے۔ با مفاعلہ سے نہیں۔پھر یہ **مباہلہ** کدھر سے داخل کر دیا گیا۔اس میں پورے کے پورے خاندان شامل ہیں۔پھر **پنجتن** کہاں سے۔ معجزۃً ڈال دیئے گئے۔خود بدلتے ہیں نہیں قرآن کو ہی بدل ڈالتے ہیں۔ یعنی اگر غوروخوض کے بعد بھی تم لوگوں کو سمجھ نہیں آتی اور اپنی غلط سوچ پر اڑے ہوئے ہو۔پھر آؤ ہم دونوں پارٹیاں اللہ تعالیٰ کے حضور گڑ گڑا کر دعا کرتے ہیں کہ "جھوٹوں پر اللہ کی لعنت"۔یوسفیؔ))

فَ:(پس)حرف عطف۔نَجْعَلْ:(ہم بناتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)۔صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا۔پیدا کرنا)۔لَّعْنَةَ :(لعنت)منصوب۔مفعول

بہ۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔مضاف الیہ۔عَلَى :(اوپر) حرف جار۔الْكَاذِبِينَ :(الْكَاذِبُ کی جمع ۔ جھوٹے) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: پھر اگر یہ لوگ عیسیٰ کے بارے میں تم سے جھگڑا کریں اور تم کو حقیقت الحال تو معلوم ہو ہی چلی ہے تو ان سے کہنا کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلاؤ اور ہم خود بھی آئیں اور تم خود بھی آؤ پھر دونوں فریق (اللہ سے) دعا و التجا کریں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت بھیجیں۔

62:3 إِنَّ هَـٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ وَمَا مِنْ إِلَـٰهٍ إِلَّا اللّٰهُ وَإِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هَـٰذَا:(یہ) اسم اشارہ قریب۔ اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(یقینا) لائے تاکید۔المزحلقہ۔هُوَ :(وہ۔یہی) ضمیر واحد مذکر غائب۔الْقَصَصُ :(قصے) اِنَّ کی خبر۔ مرفوع۔موصوف۔الْحَقُّ :(سچے) صفت۔مرفوع ۔تابع۔وَ:(اور) استئنافیہ۔ مَا :(نہیں) نافیہ۔مِنْ:(سے) حرف جار۔زائدہ۔زور پیدا کرنے لئے استعمال کیا گیا۔ إِلَـٰهٍ:(کوئی معبود) لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ إِلَّا:(مگر) حرف حصر۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) خبر مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔إِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(یقیناً) المزحلقہ۔هُوَ:(وہ ہی) ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔الْعَزِيزُ:(سب سے زیادہ عزت والا۔) مبالغہ۔ اِنَّ کی خبر۔مرفوع۔ الْحَكِيمُ : (خوب دانائی اور حکمت والا) اِنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ تمام بیانات صحیح ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بیشک اللہ غالب اور صاحبِ حکمت ہے۔

63:3 فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ

فَ:(پس)استئنافیہ۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم۔تَوَلَّوْا:(تم پھیر دو گے)۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَلّٰى يُوَلِّيْ۔مصدر۔ تَوَلِّيَةً۔ (منہ پھیرنا۔رخ پھیرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حسِب۔مادہ(و ل ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَلِيَ يَلِي۔ مصدر۔وَلْيًا۔(منہ پھیرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔الْمُفْسِدِينَ :(الْمُفْسِدُ کی جمع۔بگاڑ پیدا کرنے والے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:تو اگر یہ لوگ پھر جائیں تو اللہ مفسدوں کو خوب جانتا ہے۔

64:3 قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ أَهْلَ:(اہل۔والو)منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔ الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔مجرور مضاف الیہ۔ تَعَالَوْا:(تم بلالو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔صیغہ۔تَعَالٰى يَتَعَالٰى۔مصدر۔تَعَالِيٌ۔بلند مقام کی طرف بلانا۔ پھر ہر وقت ہر جگہ بلانے کے لئے مستعمل ہو رہا ہے۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ كَلِمَةٍ :(قانون)اسم مجرور۔ موصوف۔سَوَاءٍ:(برابر۔یکساں)اسم مجرور۔صفت۔مجرور۔تابع۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ مضاف۔ منصوب۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَلَّا:(یہ کہ)مرکب :(أَنْ+لَا)مصدریہ۔ناصب مضارع+لائے نافیہ۔نَعْبُدَ:(ہم بندگی کرتے ہیں)فعل مضارع متکلم منصوب۔

ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔ (عبادت کرنا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا: (نہیں) نافیہ۔نُشْرِكَ:(ہم شرک کریں)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔ اِشْرَاکٌ۔(شرک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔ مصدر۔ شِرْکًا۔ (شریک ہونا)۔ بِهِ :(اس کے ساتھ)جار+ضمیر واحد مذکر غائب۔مجرور۔شَيْئًا:(کسی چیز کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)لائے نفی۔ناصب خبر۔يَتَّخِذَ:(اس نے پکڑا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اَتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا(پکڑنا)۔ بَعْضُ:(بعض ۔ کوئی) ظرف۔مضاف۔نَا:(ہم سے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بَعْضاً :(بعض کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔أَرْبَابًا:(پرورش کرنے والے)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ :(علاوہ۔سوا) ظرف۔اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ: (پس) استئنافیہ۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔ تَوَلَّوْاْ:(تم پھیر دو گے)۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَلّٰی یُوَلِّیْ۔مصدر۔تَوَلِّیَۃً۔(منہ پھیرنا۔رخ پھیرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حسِب۔مادہ(و ل ی) مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَلِیَ یَلِیْ۔ مصدر۔وَلْيًا۔(منہ پھیرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ قُوْلُوْاْ:(وہ سب کہیں)فعل امر جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ اِشْهَدُوْا :(سب گواہی دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شِهَادَةٌ۔(گواہی دینا) ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اَنَّا :(یقیناً ہم)مرکب:(اَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ مُسْلِمُوْنَ :(کی جمع)اَنَّ کی خبر مرفوع۔علامت۔واؤ۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ اے اہل کتاب جو بات ہمارے اور تمہارے دونوں کے درمیان یکساں (تسلیم کی گئی) ہے اس کی طرف آؤوہ یہ کہ اللہ کے سوا ہم کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں اور ہم میں سے کوئی کسی کو اللہ کے سوا اپنا کارساز نہ سمجھے اگر یہ لوگ (اس بات کو) نہ مانیں تو (ان سے) کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم (اللہ کے) فرماں بردار ہیں۔

65:3 يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَاجُّونَ فِي إِبْرَاهِيمَ وَمَا أُنزِلَتِ التَّوْرَاةُ وَالإِنجِيلُ إِلَّا مِنْ بَعْدِهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَهْلَ:(اہل۔والو)منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔ الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔مجرور مضاف الیہ۔ لِمَ:(کیوں)اسم استفہام۔ تُحَاجُّونَ :(تم سے مباحثہ کرتے ہیں۔ جھگڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ۔جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ حَاجَّ يُحَاجُّ۔مصدر۔مُحَاجَّةٌ۔(مناظرہ کرنا۔جھگڑا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ج ج) مضاعف۔صیغہ۔ حَجَّ يَحُجُّ۔مصدر۔حَجًّا۔حِجًّا۔حُجٌّ۔اَحْجِجٌ۔(زیارت کرنا۔ زیارت کے لئے قصد کرنا۔یعنی بیت اللہ شریف کا)۔فِي :(میں)حرف جار۔إِبْرَاهِيمَ :(ابراہیمؑ) غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔أُنزِلَتِ:(تونے اتارا)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث ساکن۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اتارنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ(اترنا)۔۔التَّوْرَاةُ :(تورات)نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الإِنجِيلُ:(انجیل) معطوف۔مرفوع۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔مِنْ :(سے)حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)اسم ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَعْقِلُونَ :(تم عقل رکھتے

ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت۔نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔
مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(سوچنا)۔

ترجمہ آیت:اے اہلِ کتاب تم ابراہیم کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو حالانکہ تورات اور انجیل ان کے بعد اتری ہیں (اور وہ پہلے ہو چکے ہیں) تو کیا تم عقل نہیں رکھتے۔

66:3 هَاأَنْتُمْ هَؤُلَاءِ حَاجَجْتُمْ فِيمَا لَكُم بِهِ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَاجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ

هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر۔مبتداء مرفوع۔ هَؤُلَاءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب جمع مؤنث و مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔ حَاجَجْتُمْ:(تم نے جھگڑے کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔حَاجَّ يُحَاجُّ۔مصدر۔مُحَاجَّةٌ۔(مناظرہ کرنا۔جھگڑا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ح ج ج)مضاعف۔صیغہ۔ حَجَّ يَحُجُّ۔مصدر۔حَجًّا۔حِجًّا۔حُجٌّ۔اَحْجِجْ۔(زیارت کرنا۔ زیارت کے لئے قصد کرنا۔یعنی بیت اللہ شریف کا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔لَ:(لئے)حرف جار۔ كُم: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلا اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ : (اس کے ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔عِلْمٌ:(علم۔ سائنس) مبتداء مرفوع۔ فَ: (پس)حرف عطف۔لِمَ :(کیوں)اسم استفہام۔تُحَاجُّونَ :(تم جھگڑتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ حَاجَّ يُحَاجُّ۔مصدر۔ مُحَاجَّةٌ۔(مناظرہ کرنا۔جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ج ج) مضاعف۔ صیغہ۔ حَجَّ يَحُجُّ۔ مصدر۔ حَجًّا۔ حِجًّا۔ حُجٌّ۔ اَحْجِجْ۔ (زیارت کرنا۔ زیارت کے لئے قصد کرنا۔یعنی بیت اللہ شریف کا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔ لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔

فعل جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ لَ:(لئے)حرف جار۔کُم : (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔عِلْمٌ :(سائنس۔ علم)لَيْسَ کا اسم۔ مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔ محلاً خبر مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ تَعْلَمُونَ :(تم جانتے)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔

ترجمہ آیت:دیکھو ایسی بات میں تو تم نے جھگڑا کیا ہی تھا جس کا تمہیں کچھ علم تھا بھی مگر ایسی بات میں کیوں جھگڑتے ہو جس کا تمہیں کچھ بھی علم نہیں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

67:3 مَاكَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَكِن كَانَ حَنِيفًا مُّسْلِمًا وَمَاكَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

مَا :(نہیں)نافیہ۔كَانَ :(تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(کو و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔إِبْرَاهِيمُ:(ابراہیمؑ) كَانَ کا اسم مرفوع۔ يَهُودِيًّا: (یہودی)کی خبر منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔ نَصْرَانِيًّا:(نصرانی)كَانَ کی خبر ثانی۔ منصوب۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔لَكِن :(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَانَ :(تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(کو و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔حَنِيفًا:(یکسو۔حق پر رہنے والا) كَانَ کی خبر منصوب ۔ مُّسْلِمًا:(فرمانبردار) كَانَ کی خبر ثانی۔ منصوب ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ كَانَ:(تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر

غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔الْمُشْرِكِينَ:(الْمُشْرِكُ کی جمع۔)اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: ابراہیم نہ تو یہودی تھے اور نہ عیسائی بلکہ سب سے بے تعلق ہو کر ایک (اللہ) کے ہو رہے تھے اور اسی کے فرماں بردار تھے اور مشرکوں میں نہ تھے۔

68:3 إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ

فَ:(پس)استئنافیہ۔مَنِ :(کون ہے جو)اسم شرط۔جازم۔ فعل شرط۔افْتَرٰى :(بہتان باندھے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ۔مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(گھڑنا۔بہتان باندھنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔الْكَذِبَ :(جھوٹ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ بَعْدِ :(بعد)ظرف زمان۔ مضاف۔ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔أُوْلَئِكَ :(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ الظَّالِمُونَ :(الظَّالِمُ کی جمع۔اندھیر مچانے والے)خبر مرفوع۔ محلاً فعل جواب شرط۔مجزوم۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ اللہ نے سچ فرمایا دیا پس دین ابراہیم کی پیروی کرو جو سب سے بے تعلق ہو کر ایک (اللہ) کے ہو رہے تھے اور مشرکوں سے نہ تھے۔

قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۟ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾

قُلْ :(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔ صَدَقَ:(اس نے سچ کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔صدق یصدق۔ صدقا۔(سچ کہنا۔کرنا) اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اتَّبِعُوا :(تم سب پیروی کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ مِلَّةَ:(دین۔طریقہ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ إِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔مجرور مضاف الیہ۔حَنِيفًا :(یکسو ہونا۔سیدھی راہ پر ہونا)منصوب حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔صیغہ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔كَانَ يَكُوْنَ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مفتوح برائے اتصال۔ما بعد۔الْمُشْرِكِينَ :(الْمُشْرِكُ کی جمع ۔شرک کرنے والے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ كَانَ کی خبر۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ اللہ نے سچ فرمایا دیا پس دین ابراہیم کی پیروی کرو جو سب سے بے تعلق ہو کر ایک (اللہ) کے ہو رہے تھے اور مشرکوں سے نہ تھے۔

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ أَوَّلَ :(پہلا)منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔مضاف۔ بَيْتٍ:(گھر)مجرور مضاف الیہ۔ وُّضِعَ:(بنایا گیا۔رکھا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(و ض ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَضَعَ يَضَعُ۔مصدر۔وَضْعٌ۔(رکھنا۔بنانا۔مقرر کرنا)۔ لِ: (لئے)حرف

جار۔لِلنَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔ لَ:(ضرور۔یقیناً)لائے مزحلقہ۔برائے تاکید۔لَلَّذِيْ: (جو)اسم موصول۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔بَكَّةَ :(مکہ)غیر منصرف۔اسم مجرور۔مُبَارَكًا:(برکت والا)منصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هُدًى:(ہدایت)معطوف منصوب۔ حال۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔الْعَالَمِينَ:(العَالَمُ جمع۔جہانوں کے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:پہلا گھر جو لوگوں (کے عبادت کرنے) کے لیے مقرر کیا گیا تھا وہی ہے جو مکے میں ہے بابرکت اور جہاں کے لیے موجبِ ہدایت۔

فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾

فِي:(میں)حرف جار۔هِ :(وہ،اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔آيَاتٌ:(نشانیاں) مرفوع۔ مبتداء۔موصوف۔ بَيِّنَاتٌ:(واضح۔بیان شدہ)صفت مرفوع۔تابع۔ مَّقَامُ:(مقام۔ جگہ)بدل۔ مرفوع۔ مضاف۔ إِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔ شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ دَخَلَ:(وہ اندر داخل ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل ہونا)۔محلاً مجزوم فعل شرط۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔كَانَ :(تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔صیغہ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔كَانَ يَكُوْنَ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔ آمِنًا :(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)منصوب۔ كَانَ کی خبر۔وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)لائے حرف جار + اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ النَّاسِ :(لوگوں)اسم مجرور۔حِجُّ :(حج کرنا۔زیارت کرنا)مبتداء۔ مرفوع۔مضاف۔الْبَيْتِ:(گھر۔خانہ کعبہ)مجرور مضاف الیہ۔ مَنِ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مکسور برائے اتصال مابعد۔ اسْتَطَاعَ :(طاقت رکھتا ہے۔کر سکتا ہے)فعل ماضی واحد

مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ۔مصدر۔ اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا چاہنا۔کر سکیں)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح ۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔صیغہ۔ طَاعَ يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(اس نے اطاعت کی۔فرمانبرداری کی)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔سَبِيلاً :(راہ)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ كَفَرَ:(اس نے کفر کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(انکار کرنا۔کفر کرنا)۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکی۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ موصوف۔ غَنِيٌّ:(بے پرواہ۔جو کسی کا بھی محتاج نہ۔بے نیاز) إِنَّ کی خبر مرفوع۔عَنِ :(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد۔الْعَالَمِيْنَ :(الْعَالَمُ کی جمع)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اس میں کھلی ہوئی نشانیاں ہیں جن میں سے ایک ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے جو شخص اس (مبارک) گھر میں داخل ہوا اس نے امن پالیا اور لوگوں پر اللہ کا حق (یعنی فرض) ہے کہ جو اس گھر تک جانے کا مقدور رکھے وہ اس کا حج کرے اور جو اس حکم کی تعمیل نہ کرے گا تو اللہ بھی اہلِ عالم سے بے نیاز ہے

قُلْ يَٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ أَهْلَ :(والے۔اہل)منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام خاص کتاب۔مجرور مضاف الیہ۔ لِمَ:(کیوں)مرکب :(لِ+مَا)لائے تعلیل۔مَا اسم استفہام۔اس کا الف تخفیف کے لئے گرا دیا گیا۔ تَكْفُرُوْنَ :(تم کفر کرتے ہو۔انکار کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ،کا)حرف جار۔آيَاتِ: (آیات۔

نشانیوں کا)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اللّٰہُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔شَھِیدٌ :(گواہ)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔عَلٰی:(پر)حرف جار۔ مَا: (جو)اسم موصول مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُونَ :(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔ مصدر۔عَمَلًا (کرنا۔)۔

ترجمہ آیت: کہو کہ اہلِ کتاب! تم اللہ کی آیتوں سے کیوں کفر کرتے ہو اور اللہ تمہارے سب اعمال سے باخبر ہے۔

قُلْ يَٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٩﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا)۔ یَا:(اے)حرف نداء۔ أَھْلَ :(والے۔اہل)منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔الْکِتَابِ:(کتاب)معرف باللام خاص کتاب۔مجرور مضاف الیہ۔ لِمَ:(کیوں)مرکب :(لِ+مَا)لائے تعلیل۔مَا اسم استفہام۔اس کا الف تخفیف کے لئے گرا دیا گیا۔تَصُدُّونَ:(روکتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ یَصُدُّ۔مصدر۔صَدًّا۔(روکنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ سَبِیلِ:(راہ) اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ مَنْ :(جو)آمَنَ:(وہ ایمان لایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ تَبْغُونَ:(تم تلاش کرتے ہو۔بغاوت کرنا) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰی یَبْغِیْ۔مصدر۔ بَغْیًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا)۔ھَا:(اس میں)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔عِوَجًا (ٹیڑھ ۔

کجی۔خامی)منصوب حال۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ع و ج)اجوف واوی۔صیغہ عَوِجَ يَعْوَجَ۔ مصدر۔عِوَاجاً(ٹیڑھا پن ہونا)وَ:(حالانکہ)حالیہ۔أَنْتُمْ :(تم ہو)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر۔شُهَدَاءُ: (گواہ)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یا حالیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔ ناصب خبر۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مَا کا اسم مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔غَافِلٍ :(لا پرواہ۔بے خبر۔غافل)لفظاًمجرور محلاً منصوب۔ خبر مَا کی۔عَمَّا :(اس سے جو)مرکب:(عَنْ+مَا)حرف جار+اسم موصول۔تَعْمَلُونَ :(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمْلًا(کرنا۔)۔

آیت ترجمہ: کہو کہ اہلِ کتاب تم مومنوں کو اللہ کے رستے سے کیوں روکتے ہو اور باوجود یہ کہ تم اس سے واقف ہو اس میں کجی نکالتے ہو اور اللہ تمھارے کاموں سے بے خبر نہیں۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کونسا۔جونسا)منادیٰ۔مضاف۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔(يَاَيُّهَا۔يَاَيَّتُهَا)کو حرف نداء بولتے ہیں۔اس کے بعد منادیٰ معرف باللام ہوتا ہے۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ منادیٰ۔آمَنُوا:(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تُطِيعُوا: (تم پیروی کرو گے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ اَطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(رضاکارانہ کوئی کام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ صیغہ۔طَاعَ يَطُوْعُ۔مصدر۔طَوّعًا۔(اطاعت کرنا)۔ فَرِيقًا:(ایک جماعت۔ایک گروہ۔ٹولہ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔الَّذِينَ: (وہ جن کو)اسم موصول۔

مبنی بر فتحہ۔ شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔ أُوتُواْ :(دی گئی)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ضمیر مستتر هُمْ۔نائب فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔ اِیْتَاءٌ۔ (دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔الْكِتَابَ: (کتاب) معرف باللام۔ خاص کتاب۔ منصوب۔مفعول بہ۔ يَرُدُّوْ:(وہ لوٹادیں گے) فعل مضارع منصوب۔ جمع مذکر غائب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع الف فارقہ۔فعل جواب شرط۔محلاً مجزوم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ رَدَّ یَرُدُّ۔ مصدر۔ رَدًّا۔(لوٹانا۔پھیرنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔ مضاف۔ إِيمَانِ:(ایمان۔پختہ یقین)مجرور۔ مضاف الیہ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَافِرِينَ :(كَافِرٌ کی جمع۔کافر) مفعول بہ ثانی۔ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:مومنو! اگر تم اہلِ کتاب کے کسی فریق کا کہامان لوگے تو وہ تمھیں ایمان لانے کے بعد کافر بنادیں گے۔

وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَيْفَ :(کیسے)اسم استفہام۔تَكْفُرُونَ:(تم کفر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔أَنْتُمْ :(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ تُتْلَى :(پڑھی جاتی ہے)فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ت ل و)صیغہ۔تَلَا يَتْلُو۔مصدر۔تِلَاوَةٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ آيَاتِ:(آیات۔نشانیاں)مفعول بہ منصوب۔کسرہ برائے اتصال۔مضاف۔ اللّٰهِ:

(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔فِي:(میں)حرف جار۔كُمُ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ خبر مقدّم مرفوع۔رَسُولُ:(پیغمبر)مبتداء مؤخر مرفوع۔ مضاف۔هُ :(وہ۔اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برف ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ :(جو)اسم موصول شرطیہ۔جازم فعل شرط۔يَعْتَصِمْ:(وہ مضبوطی سے تھام لے)۔فعل مضارع مجزوم۔فعل شرط۔ بِ: (ساتھ۔کو)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ فَ:(تو)حرف عطف۔برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ :(یقیناً۔بلاشبہ)حرف تحقیق و تاکید۔اور ماضی قریب بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ هُدِيَ:(راہنمائی دی گئی ہے۔ہدائت دی گئی ہے)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر ھو۔ محلاً مجزوم جواب شرط۔شرط اور جواب شرط مل کر مَنْ کی خبر مرفوع۔ إِلَىٰ:(طرف)حرف جار۔ صِرَاطٍ : (راستہ)اسم مجرور۔موصوف۔مُّسْتَقِيمٍ :(سیدھی)مجرور۔صفت۔

ترجمہ آیت:اور تم کیونکر کفر کروگے جبکہ تم کو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں اور تم میں اس کے پیغمبر موجود ہیں اور جس نے اللہ (کی ہدایت کی رسی) کو مضبوط پکڑ لیا وہ سیدھے رستے لگ گیا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

يَآ:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کونسا۔جونسا)منادیٰ۔ مضاف۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔(يَآيُّهَا۔يَآيَّتُهَا)کو حرف نداء بولتے ہیں۔اس کے بعد منادیٰ معرف باللام ہوتا ہے۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ منادیٰ۔آمَنُوا:(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سَمِعَ۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔اتَّقُوا :(تم سب ڈرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ سے ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی

اختیار کرنا۔ڈرنا۔ذات کبریا سے)۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔حَقَّ :(سچ مچ ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ح ق ق)مضاعف۔صیغہ حق یحق۔مصدر۔حقاً۔(حق ہونا۔) تُقَاتِ:(ڈرنا۔بچنا۔پرہیز کرنا)اصلاً تُقَةٌ ۔وَقَاةٌ تھا۔واؤ کو ت سے بدل دیا گیا ہے۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقَیٰ یَقِیْ۔مصدر۔ وِقَایَةً۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا۔ذات کبریا سے)۔هٖ :(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)لائے ناہیہ۔ تَمُوْتُنَّ :(تم ضرور بالضرور مرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر مجزوم۔واؤ جمع محذوف۔ مؤکد بانون ثقیلہ برائے تاکید۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ یَمُوْتُ۔ مصدر۔مَوْتٌ۔(مرنا)۔اِلَّا:(مگر)کلمہ حصر۔ استثناء۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اَنْتُم :(تم ہو)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ مُّسْلِمُوْنَ :(کی جمع۔ مسلمان)خبر مرفوع۔ محلاً جملہ منصوب حال۔

ترجمہ آیت:مومنو! اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور مرنا تو مسلمان ہی مرنا۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۖ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٠٣﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔عاطفہ۔اِعْتَصِمُوْا:(تم مضبوطی سے پکڑو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اَعْتَصَمَ یُعْتَصِمُ۔مصدر۔اِعْتِصَامٌ۔(تھامنا۔مضبوطی سے پکڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ع ص م)عَصَمَ یَعْصِمُ۔مصدر۔عَصْمًا۔عَصْمَةٌ۔(خطا سے بچنا۔ محفوظ رکھنا۔عَصَمَ اللّٰهُ عَنْ مَكْرُوْهٍ۔) بِ:(ساتھ۔کو)حَبْلِ :(رسّی)اسم مجرور۔ مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کی)اسم مجرور مضاف الیہ۔جَمِیْعًا:(سب کے سب)منصوب۔ مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ)لائے ناہیہ۔ تَفَرَّقُوْا:(تفرقہ میں پڑو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف

فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔تَفَرَّقَ یَتَفَرَّقُ۔مصدر۔ تَفَرُّقٌ۔(تفرقہ میں پڑنا)ثلاثی مجرد باب۔ مادہ(ف ر ق)فَرَقَ یَفْرُقُ۔مصدر۔فَرْقٌ۔فَرْقًا۔(فرق پڑنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اذْكُرُوا:(ذکر کرو۔ تم یاد کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر۔ذِكْرٌ۔(ذکر کرنا۔نصیحت کرنا۔ یادکرنا)۔ نِعْمَةَ :(نعمت۔انعام۔عنایت)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔ كُنتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ أَعْدَاءً:(عُدُوٌّ کی جمع۔دشمن)منصوب۔كَانَ کی خبر۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَلَّفَ:()فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔اَلَّفَ يُؤَلِّفُ۔مصدر۔تَالِيْفٌ۔(الفت ڈالنا۔ اپنے ساتھ جوڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ء ل ف)مہموز الفاء۔صیغہ اَلَفَ يَاْلَفُ۔مصدر۔اُلْفَةٌ۔اِلْفًا۔(انس و محبت رکھنا) بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔ قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دل)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَصْبَحْتُم:(تم ہو گئے)فعل ناقص جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصْبَحَ يُصْبِحُ۔مصدر۔اِصْبَاحٌ۔(صبح ہونا۔ہو جانا)ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ص ب ح)صیغہ۔صَبَحَ يَصْبَحُ۔مصدر۔ صَبْحًا۔(صبح ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔نِعْمَتِ:(نعمت)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(وہ اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِخْوَانًا:(اَخٌ کی جمع۔بھائی۔) اَصْبَحَ کی خبر منصوب۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔كُنتُمْ:(تم تھے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلَىٰ :(پر)حرف جار۔شَفَا :(کنارہ)اسم مجرور۔مضاف۔حُفْرَةٍ :(گڑھے کے)مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً كَانَ منصوب کی خبر۔مِّنَ :(سے)حرف جار۔النَّارِ :(آگ۔جہنم)اسم

مجرور ۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَنقَذَ:(چھڑا لیا۔بچالیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْقَذَ یُنْقِذُ۔مصدر۔اِنْقَاذٌ۔(بچانا۔ چھڑانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن ق ذ)صیغہ۔نَقِذَ یَنْقَذُ۔مصدر۔نَقْذًا۔(غرق ہونے سے بچنا۔)۔کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ کَذَٰلِكَ:(اس طرح)مرکب :(کَ+ذٰلِکَ)حرف تشبیہ و جار+اسم اشارہ محلاً اسم مجرور۔ یُبَیِّنُ : (وہ بیان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ بَیَّنَ یُبَیِّنُ۔ مصدر۔تَبْیِیْنٌ۔(بیان کرنا۔واضح کرنا)۔ثلاثی مجرد۔مادہ(ب ی ن)بَانَ یَبِیْنُ۔مصدر۔بَیَانًا۔ تِبْیَانًا۔ (واضح کرنا۔ظاہر کرنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ :(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔آيَاتِ:(آیات)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هِ:(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔کُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً کا لَعَلَّ کا اسم منصوب۔تَهْتَدُونَ :(تم راہنمائی پاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰی یَهْتَدِیْ۔مصدر۔اِهْتِدَاءٌ۔(ہدایت پانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)ناقص یائی۔صیغہ هَدٰی یَهْدِیْ مصدر۔هُدًی۔هِدَایَةً۔هَدْیًا۔(ہدایت دینا)۔

ترجمہ آیت اورسب مل کر اللہ کی (ہدایت کی رسی) کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا اور اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی اور تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہوگئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ چکے تھے تو اللہ نے تم کو اس سے بچالیا اس طرح اللہ تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سناتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ۔

وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۰۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لۡ:(چاہیئے کہ)لائے امر جازم۔مضارع۔تَکُنۡ:(تو ہو)فعل ناقص مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت۔واؤ محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔نون اعرابی بھی محذوف۔نون اصلی موجود۔ مِّنۡ: (سے)حرف جار۔کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًتَکُنۡ کی خبر۔مقدّم۔اُمَّةٌ:(ایک ٹولہ۔جماعت۔گروہ) تَکُنۡ کا اسم مرفوع ۔ یَدۡعُونَ:(وہ بلاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(د ع و)صیغہ ۔دَعَا یَدۡعُو۔مصدر۔دَعۡوَةٌ۔(پکارنا۔دعا کرنا)۔ اِلَی :(طرف)حرف جار۔اَلۡخَیۡرِ :(نیکی۔بھلائی۔اچھائی)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَأۡمُرُونَ:(وہ حکم دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر) صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔مصدر۔ اَمۡرًا۔(حکم دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اَلۡمَعۡرُوفِ :(نیکی۔دستور)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَنۡهَوۡنَ :(وہ منع کرتے ہیں۔روکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ نَهٰی یَنۡهٰی۔مصدر۔نَهۡیٌ۔(روکنا۔منع کرنا) عَنۡ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اَلۡمُنۡکَرِ :(برائی)اسم مجرور۔وَ: (اور) استئنافیہ۔اُولٰئِكَ:(وہی)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث ۔محلاًمبتداء مرفوع۔ هُمۡ :(وہ)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔ اَلۡمُفۡلِحُونَ:(اَلۡمُفۡلِحُ کی جمع۔فلاح پانے والے)خبر مرفوع۔علامت۔واؤ۔

ترجمہ آیت:اور تم میں ایک جماعت ایسی ہونی چاہیئے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے اور اچھے کام کرنے کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کرے یہی لوگ ہیں جو نجات پانے والے ہیں۔

وَلَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ تَفَرَّقُوۡا وَاخۡتَلَفُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ﴿۱۰۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَكُونُوا:(تم ہو جاؤ)فعل ناقص مضارع جمع مذکر مجزوم۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر ۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ كَ:(جیسا کہ)حرف تشبیہ و جار۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ تَفَرَّقُوا:(وہ فرقہ فرقہ ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر مجزوم۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔تَفَرَّقَ يَتَفَرَّقُ۔مصدر۔ تَفَرُّقٌ۔(تفرقہ میں پڑنا)ثلاثی مجرد باب۔ مادہ(ف ر ق)فَرَقَ يَفْرُقُ ۔مصدر۔فَرْقٌ۔فَرْقًا۔(فرق پڑنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اخْتَلَفُوا:(انہوں نے اختلاف کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ۔مصدر۔ اِخْتِلَافٌ۔:(اختلاف کرنا ۔بدلنا۔آگے پیچھے آنا۔فرق۔)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔ مصدر۔خَلْفاً(پیچھے ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف۔اسم مجرور۔مضاف۔ مَا :(یہ کہ)مصدریہ۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ی ء)صیغہ جَاءَ يَجِيْءُ۔ مصدر۔جِيْءٌ۔ فاعل۔ جَاءٍ۔مفعول۔ مَجِيْءٌ۔ (آنا)۔هُمُ :(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔الْبَيِّنَاتُ :(واضح۔کھلم کھلی۔)فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔أُولَئِكَ :(وہی)اسم اشارہ بعید جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمُ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔مرفوع۔عَذَابٌ :(عذاب۔سزا)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ موصوف۔عَظِيمٌ :(بہت بڑا)صفت مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو متفرق ہوگئے اور احکام بین آنے کے بعد ایک دوسرے سے (خلاف و) اختلاف کرنے لگے یہ وہ لوگ ہیں جن کو قیامت کے دن بڑا عذاب ہو گا۔

يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿١٠٦﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔ تَبْيَضُّ:(سفید۔روشن ہو گا)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔رباعی مجرد۔باب افعلال ۔صیغہ۔اِبْيَضَّ يَبْيَضُّ۔مصدر۔اِبْيِضَاضٌ۔(سفید ہونا۔روشن ہونا)۔ وُجُوهٌ:(وَجْهٌ کی جمع ۔چہرے)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَسْوَدُّ:(مرجھائے ہوئے ۔بجھے ہوئے۔سیاہ)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔رباعی مجرد۔باب افعلال۔ وُجُوهٌ :(وَجْهٌ کی جمع ۔چہرے) فاعل مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس) تفریعیۃ۔استئنافیہ۔أَمَّا :(اگر)حرف شرط۔و تفصیل۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اسْوَدَّتْ:(سیاہ ہوا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ضمیر تائے تانیث۔مؤنث۔ وُجُوهُ:(چہرے)فاعل۔مضاف۔هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔كَفَرْتُم :(تم نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔مضاف۔ إِيمَانِ:(ایمان۔پختہ یقین)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔ذُوقُوا:(تم چکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤجمع۔الف فارقہ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوقُ۔مصدر۔ ذَوْقًا۔ ذَوَاقًا۔ ذَوَاقَانًا۔ (مزہ چکھنا)۔الْعَذَابَ:(عذاب۔سزا)منصوب۔مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(یہ کہ)مصدریہ۔كُنْتُمْ:(ہو تم)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ضمیر تم مبنی بر سکون۔محلاً كَان کا اسم مرفوع۔تَكْفُرُونَ:(تم انکار کرتے ہو۔کفر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔جملہ محلاً خبر كَان کی منصوب۔

ترجمہ آیت: جس دن بہت سے منہ سفید ہوں گے اور بہت سے منہ سیاہ تو جن لوگوں کے منہ سیاہ ہوں گے (ان سے اللہ فرمائے گا) کیا تم ایمان لا کر کافر ہو گئے تھے؟ سو (اب) اس کفر کے بدلے عذاب (کے مزے) چکھو۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَمَّا:(اگر)حرف شرط۔و تفصیل۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔محلاً مبتداء مرفوع۔ ابْيَضَّتْ:(سفید۔روشن ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ضمیر تائے تانیث۔ وُجُوهُ: (چہرے) فاعل۔ مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب۔فِي :(میں)حرف جار۔رَحْمَةِ :(رحمت۔مہربانی۔عنایت)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً الَّذِينَ کی خبر مرفوع۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔مبتداء۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا :(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔خَالِدُونَ :(ہمیشہ رہنے والے)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اور جن لوگوں کے منہ سفید ہوں گے وہ اللہ کی رحمت(کے باغوں) میں ہوں گے اور ان میں ہمیشہ رہیں گے

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭوَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید واحد مؤنث۔مبتداء۔ آيَاتُ:(آیات)خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔مضاف الیہ۔نَتْلُو :(ہم تلاوت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ت ل و)صیغہ ۔ تَلَا يَتْلُو۔مصدر۔تِلَاوَةٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔هَا :(وہ۔ اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب ۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔الْحَقِّ:(حق کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔ناصب خبر۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) مَا کا اسم مرفوع۔يُرِيدُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔إِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د) صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ ظُلْمًا:(ظلم)منصوب۔مفعول بہٖ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْعَالَمِيْنَ :(جہانوں کے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو صحت کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں اور اللہ اہلِ عالم پر ظلم نہیں کرنا چاہتا۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔معطوف۔مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔الأَرْضِ: (زمین) اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَى :(طرف)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔تُرْجَعُ :(لوٹایا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔الأُمُورُ :(کام۔امور) نائب فاعل۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔رَجْعٌ۔(لوٹانا)۔ضمیر مبنی بر سکون محلاً مرفوع نائب فاعل۔

ترجمہ آیت: اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے اور سب کاموں کا رجوع (اور انجام) اللہ ہی کی طرف ہے۔

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۗ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۗ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

كُنْتُمْ :(تم ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔خَيْرَ:(بہترین) كَانَ کی خبر۔ منصوب۔ أُمَّةٍ :(امت۔قوم۔) أُخْرِجَتْ:(نکال دی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔ ضمیر تائے تانیث۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ر ج) صیغہ۔ خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خُرُوْجًا۔(نکلنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لِنَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔ تَأْمُرُوْنَ:(تم حکم دیتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی

مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔مصدر۔ اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْمَعْرُوفِ:(اچھے طریقے کا۔نیکی کا)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَنْهَوْنَ:(تم روکتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَهٰی یَنْهٰی۔مصدر۔ نَهْیٌ۔ (روکنا)۔ عَنِ:(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ کسرہ برائے اتصال مابعد۔ الْمُنْكَرِ:(برائی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تُؤْمِنُونَ:(تم ایمان لاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ :(اگر)شرطیہ۔غیر عامل۔آمَنَ :(وہ ایمان لے لایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ أَهْلُ :(والے)فاعل۔مضاف۔الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(یقینا)لائے مزحلقہ۔برائے تاکید۔جواب شرط۔كَانَ :(ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ مصدر۔كَوْنًا(ہونا)۔خَیْرًا:(بہتر)منصوب۔كَانَ کی خبر۔لَّ:(لئے)حرف جار۔هُم:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔جملہ جواب شرط۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمُ:(وہ۔ان میں سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدّم۔مرفوع۔الْمُؤْمِنُونَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان والے)مبتداء۔مؤخر۔مرفوع۔علامت واؤ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَكْثَرُ:(زیادہ۔اکثریت)افعل التفضیل۔ مبتداء مرفوع۔ مضاف۔هُمُ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔الْفَاسِقُونَ :(نافرمان۔باغی۔سرکش۔بدکردار) خبر مرفوع۔علامت واؤ۔

ترجمہ آیت:(مومنو) جتنی امتیں (یعنی قومیں) لوگوں میں پیدا ہوئیں تم ان سب سے بہتر ہو کہ نیک کام کرنے کو کہتے ہو اور برے کاموں سے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو اور اگر اہلِ کتاب بھی ایمان لے آتے تو ان کے لیے بہت اچھا ہوتا ان میں ایمان لانے والے بھی ہیں (لیکن تھوڑے) اور اکثر نافرمان ہیں۔

لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

لَنْ:(ہرگز نہیں) نفی مؤکد بلن ناصب۔ مضارع۔ مستقبل کے لئے۔ يَضُرُّو:(وہ نقصان دیں گے) فعل مضارع جمع مذکر منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ض ر ر) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَرَّ يَضُرُّ۔ مصدر۔ اِضْرَارٌ۔ (نقصان پہنچانا۔ نقصان کرنا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِلَّا:(مگر۔) حرف حصر۔ أَذًى :(تکلیف۔ اذیت۔ ستانا) منصوب۔ نائب مفعول مطلق۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ إِنْ:(اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ يُقَاتِلُو: (وہ جنگ کریں گے۔ لڑائی کریں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فعل شرط مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ الف فارقہ۔ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔ مصدر۔ مُقَاتَلَةٌ۔ (لڑائی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق ت ل) صیغہ۔ قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔ قَتْلًا۔ (قتل کرنا)۔ كُمْ:(تم سے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ يُوَلُّو:(وہ منہ پھیر لیتے ہیں۔ پھیر لیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ جواب شرط۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ محذوف۔ برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ وَلّٰی يُوَلِّيْ۔ مصدر۔ تَوَلِّيَةً۔ (منہ پھیرنا۔ رخ پھیرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِب۔ مادہ(و ل ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ وَلِيَ يَلِي۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (منہ پھیرنا)۔ كُمْ:(تم سے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ الْأَدْبَارَ :(الدُبُرُ کی جمع۔ پیٹھوں) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ لَا:(نہیں) لائے نافیہ۔ يُنصَرُونَ : (مدد کئے جائیں گے) فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ضمیر مستتر هُمْ مبنی بر

سکون۔ محلاً مرفوع نائب فاعل۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ص ر)صیغہ نَصَرَ یَنْصُرُ۔مصدر۔ نَصْرًا۔ نُصْرَةٌ۔(مدد کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور یہ تمہیں خفیف سی تکلیف کے سوا کچھ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اور اگر تم سے لڑیں گے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے پھر ان کو مدد بھی (کہیں سے) نہیں ملے گی۔

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

ضُرِبَتْ:(مار دی گئی۔ڈال دی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث۔ضمیر تائے تانیث۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ یَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(مارنا۔چلنا۔بیان کرنا۔ڈالنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ :(وہ۔ ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔الذِّلَّةُ:(ذلت۔رسوائی)۔نائب فاعل۔مرفوع۔ اَيْنَمَا۔(جہاں کہیں۔جس طرف)مرکب۔(أَيْنَ+مَا):(کہاں)اسم استفہام شرطیہ۔جازم ۔ظرف مکان + جو(زائد)ثُقِفُوْا:(پائے جائیں)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ(ث ق ف)صیغہ۔ثَقِفَ یَثْقَفُ۔مصدر۔ثَقْفًا۔(پانا۔ملنا) اِلَّا:(مگر)کلمہ حصر۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔حَبْلٍ:(رسی)اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔حَبْلٍ:(رسی۔پناہ)اسم مجرور۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَآءُوا:(وہ لوٹے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب و ء)اجوف واوی + مہموز اللام۔صیغہ۔ بَاءَ یَبُوْءُ۔مصدر۔بَوْءٌ۔(کمانا لوٹنا۔حقدار بننا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔غَضَبٍ:(غصے کے)اسم مجرور۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ضُرِبَتْ :(مار دی گئی۔ڈال دی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث۔ضمیر تائے تانیث۔ثلاثی

مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ یَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(مارنا۔چلنا۔بیان کرنا۔ڈالنا)۔ عَلَيْ: (پر)حرف جار۔هِمُ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔ الْمَسْكَنَةُ:(مفلسی۔محتاجی۔ذلت ۔ رسوائی۔کاروبار جہاں ساکن)۔نائب فاعل۔مرفوع۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مبتداء مرفوع۔ بِ: (ساتھ۔وجہ سے)۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کااسم منصوب۔كَانُوْا:(تھے۔ہیں)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔صیغہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَكْفُرُوْنَ :(وہ کفر کرتے ہیں۔وہ انکار کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ :(آیات۔نشانیاں)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَقْتُلُوْنَ :(قتل کرتے ہیں۔لڑائی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔ (قتل کرنا)۔الْأَنْبِيَاءَ:(پیغمبروں کو)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہٖ بِغَيْرِ :(بغیر)مرکب(بِ+غَيْرِ)حرف جار+اسم مجرور۔مضاف۔حَقٍّ:(حق۔وجہ)مجرور مضاف الیہ۔ ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر ۔مبتداء مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔ عَصَوا :(انہوں نے گناہ کیا۔نافرمانی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ص و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَصٰى يَعْصِيْ۔مصدر۔عِصْيَانٌ۔(نافرمانی کرنا)۔وَّ:(اور)حرف عطف۔كَانُوْا : (تھے۔ہیں) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَعْتَدُوْنَ :(وہ حد تجاوز کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِعْتَدٰى

يَعْتَدِیْ۔مصدر۔ اِعْتِدَاءٌ۔(تجاوز کرنا۔ دشمنی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ع د و)صیغہ۔ عَدَا یَعْدُو۔مصدر۔عَدْوًا۔(دشمنی کرنا)۔ محلاً جملہ کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: یہ جہاں نظر آئیں گے ذلت (کو دیکھو گے کہ) ان سے چمٹ رہی ہے بجز اس کے کہ یہ اللہ اور (مسلمان) لوگوں کی پناہ میں آ جائیں اور یہ لوگ اللہ کے غضب میں گرفتار ہیں اور ناداری ان سے لپٹ رہی ہے یہ اس لیے کہ اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے تھے اور (اس کے) پیغمبروں کو ناحق قتل کر دیتے تھے یہ اس لیے کہ یہ نافرمانی کیے جاتے اور حد سے بڑھے جاتے تھے۔

لَیْسُوْا سَوَآءً مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ یَّتْلُوْنَ اٰیٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّیْلِ وَهُمْ یَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

لَیْسُوْا :(نہیں)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔سَوَاءً: (برابر۔یکساں۔ایک جیسے)اسم مصدر۔خبر لَیْسَ کی منصوب۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَهْلِ: (اہل۔ والے)اسم مجرور۔مضاف۔ الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ خبر مقدّم مرفوع۔ أُمَّةٌ:(امت۔قوم)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔ قَآئِمَةٌ:(قائم رہنے والی۔ڈٹے رہنے والی۔کھڑی رہنے والی)صفت مرفوع۔ یَتْلُوْنَ :(وہ تلاوت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ت ل و)صیغہ ۔ تَلَا یَتْلُو۔ مصدر۔تِلَاوَةٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔آیَاتِ:(آیات)غیر منصرف۔مکسور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ آنَاءَ :(اَنَیَ کی جمع۔اوقات۔گھڑیاں۔)ظرف زمان۔مضاف۔ اللَّیْلِ :(رات)ظرف زمان۔مضاف الیہ۔مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔مرفوع۔ یَسْجُدُونَ :(وہ سجدہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ یَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدًا۔(سجدہ کرنا)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: یہ بھی سب ایک جیسے نہیں ہیں ان اہلِ کتاب میں کچھ لوگ (حکمِ اللہ پر) قائم بھی ہیں جو رات کے وقت اللہ کی آیتیں پڑھتے اور (اس کے آگے) سجدہ کرتے ہیں۔

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

يُؤْمِنُونَ: (وہ ایمان لاتے ہیں۔رکھتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واوَ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَوْمِ:(آج)ظرف زمان۔معطوف مجرور۔مضاف۔ الآخِرِ:(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَأْمُرُونَ:(وہ حکم دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واوَ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر) صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔مصدر۔ اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْمَعْرُوفِ :(نیکی کا)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَنْهَوْنَ:(وہ روکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔ نَهْيٌ۔ (روکنا)۔ عَنِ: (سے)حرف جار۔ الْمُنكَرِ:(برائی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُسَارِعُونَ :(وہ جلدی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واوَ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔سَارَعَ يُسَارِعُ۔مصدر۔مُسَارَعَةٌ۔(جلدی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ر ع)صیغہ۔سَرِعَ يَسْرَعُ۔مصدر۔سَرْعًا۔(جلدی کرنا)۔فِي :(میں)حرف جار۔الْخَيْرَاتِ: (نیکیاں۔ بھلائیاں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔أُولَٰئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الصَّالِحِينَ:(الصَّالِحُ کی جمع۔نیک)اسم مجرور۔محلاً شبہ جملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اور) اللہ پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتے اور اچھے کام کرنے کو کہتے اور بری باتوں سے منع کرتے اور نیکیوں پر لپکتے ہیں اور یہی لوگ نیکوکار ہیں۔

وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿١١٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم۔ فعل شرط۔ يَفْعَلُوْا :(وہ کریں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعربی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلَ۔مصدر۔فِعْلٌ۔(کام کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ خَيْرٍ :(خیر۔بھلائی۔نیکی)اسم مجرور۔ فَ:(پس) حرف عطف۔لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن ناصب مضارع مستقبل۔ يُكْفَرُوْ:(انکار کیا جائے گا۔ ناقدری کی جائے گی) فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔هُ:(وہ۔ اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔محلاً جملہ مجزوم جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔عَلِيمٌ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔بِ:(ساتھ۔کے)الْمُتَّقِينَ : الْمُتَّقِي کی جمع۔پرہیز گا۔اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اور یہ جس طرح کی نیکی کریں گے اس کی ناقدری نہیں کی جائے گی اور اللہ پرہیز گاروں کو خوب جانتا ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿١١٦﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا) :(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔

لَنْ:(ہر گز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن مضارع ناصب۔ مستقبل۔ تُغْنِيَ :(تو بے پرواہ ہو گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر منصوب۔علامت فتحہ بر محل اعراب۔عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَمْوَالُ:(مال و دولت)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔م حلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔أَوْلَادُ:(اولاد۔بچے)معطوف مرفوع۔مضاف۔ هُم :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ شَيْئًا:(کوئی چیز)منصوب۔نائب مفعول مطلق منصوب۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ أُولَٰئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصْحَابُ:(ساتھ۔والے)خبر مرفوع۔ مضاف۔ النَّارِ:(آگ۔دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔ هُمْ :(وہ۔ ان) ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا :(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔خَالِدُونَ :(خَالِدٌ کی جمع۔ ہمیشہ رہنے والے)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ کافر ہیں ان کے مال اور اولاد اللہ کے غضب کو ہر گز نہیں ٹال سکیں گے اور یہ لوگ اہلِ دوزخ ہیں کہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

مَثَلُ :(مثال)مبتداء مرفوع۔مضاف۔مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يُنفِقُونَ:(خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔هٰذِهِ:(اس)اسم اشارہ قریب مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔ الْحَيَاةِ :(زندگی)مجرور۔بدل۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مجرور۔صفت۔تابع۔

كَ:(مانند۔طرح)حرف جار و تشبیہ۔مَثَلِ :(مثال)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مبتداء مَثَلُ کی خبر مرفوع۔مضاف۔رِيحٍ :(ہوا۔عذاب کے لئے۔کی جمع رِيَاحٌ رحمت کے لئے استعمال ہوتا ہے) مجرور۔مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا :(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ صِرٌّ:(سخت سردی)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ أَصَابَتْ:(وہ پہنچی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ يُصِيبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و ب)صیغہ۔صَابَ يَصُوبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(بارش ہونا۔ مصیبت آنا)۔ حَرْثَ:(کھیتی)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔قَوْمٍ :(قوم)مجرور مضاف الیہ۔ظَلَمُوا:(انہوں نے اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ أَنْفُسَ:(جانوں پر)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَهْلَكَتْ:(وہ ہلاک ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ضمیر تائے تانیث مبنی بر سکون۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔مصدر۔اِهْلَاكًا۔(تباہ وبرباد کرنا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ هَلَكَ يُهْلِكُ ۔مصدر۔هَلَاكًا۔هُلُوكًا۔مُهْلَكًا۔ (ہلاک کرنا۔تباہ کرنا)هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔ظَلَمَ:(اس نے ظلم کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔هُمُ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مفعول بہ۔مقدّم۔ اللهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مرفوع۔فاعل۔ وَ:(اور)حرف جار۔لَكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ أَنْفُسَ:(جانوں)منصوب۔ لَكِنْ کا اسم۔مضاف۔هُمْ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔يَظْلِمُونَ :(وہ ظلم کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع۔محلاًلَكِنْ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔

ترجمہ آیت: یہ جو مال دنیا کی زندگی میں خرچ کرتے ہیں اس کی مثال ہوا کی سی ہے جس میں سخت سردی ہو اور وہ ایسے لوگوں کی کھیتی پر جو اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے چلے اور اسے تباہ کر دے اور اللہ نے ان پر کچھ ظلم نہیں کیا بلکہ یہ خود اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ۭ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاۗءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ښ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُھُمْ اَكْبَرُ ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کونسا۔جونسا)منادیٰ۔ مضاف۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔(يٰٓاَيُّهَا۔ يٰٓاَيَّتُهَا)کو حرف نداء بولتے ہیں۔اس کے بعد منادیٰ معرف باللام ہوتا ہے۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ منادیٰ۔آمَنُوٓا:(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَتَّخِذُوا :(تم پکڑو۔بناؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِتَّخَذَ يَتَّخَذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔بِطَانَةً :(رازدان)منصوب۔مفعول بہ۔مِّنْ:(سے) حرف جار۔ دُونِ:(سوائے۔علاوہ)ظرف۔مضاف۔محلاً اسم مجرور۔كُمْ :(تم۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا:(نہ)لائے نافیہ۔يَأْلُونَ:(وہ کوتاہی کرتے ہیں۔ غلطی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ل و)مہموز الفاء+ناقص یائی۔صیغہ۔اَلَا يَالُو۔مصدر۔اَلْوٌ۔(کوتاہی کرنا)۔كُمْ:(تم۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔خَبَالًا:(خراب کرنا۔تباہ کرنا)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ب ل)صیغہ۔خَبَلَ يَخْبُلُ۔مصدر۔خَبَالًا۔(تباہ کرنا۔خراب کرنا۔برباد کرنا)۔ وَدُّوا:(انہوں نے چاہا۔پسند کیا)۔فعل ماضی جمع

مذکر غائب۔واؤ جمع ۔ الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(و د د)مضاعف۔صیغہ۔وَدَّ یَوَدُّ۔مصدر۔وُدًّا۔ (چاہنا۔پسند کرنا)۔ مَا:(یہ کہ)مصدریہ۔ عَنِتُّمْ:(تم مشکل میں پڑے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ن ت)صیغہ۔عَنِتَ یَعْنَتَ۔مصدر۔عَنْتًا۔(مشکل میں ہونا۔تکلیف پہنچنا)۔ قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق و تاکید۔فعل ماضی قریب بنانے کے لئے۔بَدَتِ :(وہ ظاہر ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ضمیر تائے تانیث مبنی بر سکون۔ محلاً کسرہ برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ب د و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَدَا یَبْدُو۔مصدر۔بَدَاءٌ۔(ظاہر کرنا)۔الْبَغْضَاءُ:(بغض۔کینہ۔دشمنی۔نفرت) فاعل۔ مرفوع۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔أَفْوَاهِ:(فَمٌ کی جمع۔منہ)اصلاً فَوْهٌ تھا۔ه کو حذف کرکے م سے بدل دیا گیا۔ہے اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حالیہ۔یا استئنافیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ تُخْفِي:(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْفٰی یَخْفِیْ۔مصدر۔اِخْفَاءٌ۔(چھپانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَفِيَ یَخْفِیْ۔مصدر۔خَفْيًا۔(چھپانا)۔ صُدُورُ:(صُدْرٌ کی جمع۔سینوں)فاعل۔مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَكْبَرُ:(بہت ہی بڑا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق و تاکید۔ بَيَّنَّا:(ہم نے کھول کھول کر بیان کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔ صیغہ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔تَبْيِيْنٌ(کھول کربیان کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب(ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ يَبْيَنُ ۔ مصدر۔بَيَانًا(بیان کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمُ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ الْآيَاتِ :(آیات)غیر منصرف۔ منصوب۔مفعول بہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔فعل شرط۔ كُنتُمْ :(تم ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ضمیر تم مبنی بر سکون۔ محلاً کاکَانَ اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْقِلُونَ :(تم عقل رکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔

مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ کَانَ محلاً کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ عَقَلَ یَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(سوچنا)۔

ترجمہ آیت:مومنو! کسی غیر (مذہب کے آدمی) کو اپنارازداں نہ بنانا یہ لوگ تمہاری خرابی اور (فتنہ انگیزی کرنے) میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ (جس طرح ہو) تمہیں تکلیف پہنچے ان کی زبانوں سے تو دشمنی ظاہر ہو ہی چکی ہے اور جو (کینے) ان کے سینوں میں مخفی ہیں وہ کہیں زیادہ ہیں اگر تم عقل رکھتے ہو تو ہم نے تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سنادی ہیں۔

هٰٓاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ۭ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾

هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أُوْلَاءِ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔مذکر و مؤنث۔جمع۔ک خطابیہ۔محذوف۔محلاً خبر مرفوع۔تُحِبُّونَ:(تم پسند کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَحَبَّ یُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابًا۔(پسند کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ یَحِبُّ۔مصدر۔حُبًّا۔(محبت کرنا)۔ هُمْ:(وہ۔ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یُحِبُّونَ:(وہ پسند کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَحَبَّ یُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابًا۔(پسند کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ یَحِبُّ۔مصدر۔ حُبًّا۔ (محبت کرنا)۔ كُمْ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ تُؤْمِنُونَ :(تم ایمان لاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔

مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔پر)حرف جار۔الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔محلاً اسم مجرور۔ كُلِّ:(ہر۔تمام)ظرف ۔ برائے تاکید۔مجرور۔مضاف۔هٖ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔یااستئنافیہ۔إِذَا :(جب)ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔لَقُو:(وہ ملے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔ اَلْتَ۔ لُقْيَةٌ۔ تِلْقَاءً۔ لُقْيًا۔وغیرہ (ملنا۔ملاقات کرنا۔مڈبھیڑ ہونا)۔۔كُمْ :(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ قَالُوا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔ (کہنا)۔آمَنَّا:(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا :(جب)ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔خَلَوْا :(وہ چلے گئے۔گزر گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فاقہ۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(خ ل و)صیغہ۔خَلَا یَخْلُو۔مصدر۔خَلَاءً۔خُلُوًّا۔(گزر جانا)۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَضُّوا :(انہوں نے دانت پیسے۔چبائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ضمیر هُمْ مستتر مبنی بر ف سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ : (تم) ضمیر جمع مذک حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ الأَنَامِلَ:(أَنْمِلَةٌ کی جمع۔انگلیوں کے پوروں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الْغَيْظِ: (غصے)اسم مجرور۔جار مجرور مل کر تمیز۔منصوب۔ قُلْ :(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔مُوتُوا :(تم مر جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت) صیغہ۔ مَاتَ یَمُوْتُ۔مصدر۔ مَوْتًا۔(مرنا۔گزر جانا)۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔غَيْظِ:(غصہ)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ: (تمہارے ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل

جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا ہے) مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ ذَاتِ:(والا)اسم مجرور۔ازستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ الصُّدُورِ:(سینوں کے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:دیکھو تم ایسے (صاف دل) لوگ ہو کہ ان لوگوں سے دوستی رکھتے ہو حالانکہ وہ تم سے دوستی نہیں رکھتے اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو (اور وہ تمہاری کتاب کو نہیں مانتے) اور جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے اور جب الگ ہوتے ہیں تو تم پر غصے کے سبب انگلیاں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں (ان سے) کہہ دو کہ (بدبختو) غصے میں مر جاؤ اللہ تمہارے دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے۔

اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۖ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ۖ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ۗ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿١٢٠﴾

إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔فعل شرط۔ تَمْسَسْ:(وہ چھوئے۔پہنچے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ مجزوم۔محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔ مصدر۔ مَسًّا۔(چھونا۔پہنچنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ حَسَنَةٌ :(کوئی بھلائی۔کوئی نیکی)فاعل مرفوع۔تَسُؤْ:(وہ بری لگے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔فعل شرط۔ تُصِبْ:(وہ پہنچے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَصَابَ يُصِيبُ۔مصدر۔ إِصَابَةٌ۔ (پہنچنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و ب)صیغہ۔صَابَ يَصُوبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(بارش ہونا۔مصیبت آنا)۔ كُمْ: (تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ سَيِّئَةٌ :(برائی)فاعل۔ مرفوع۔ يَفْرَحُوا:(وہ خوش ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔جواب شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ يَفْرَحُ۔مصدر۔ فَرْحٌ۔(خوش ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔ سے)حرف جار۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔

جازم۔ فعل شرط۔ تَصْبِرُوا:(تم ڈٹے رہو۔) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ص ب ر) صیغہ۔ صَبَرَ یَصْبِرُ۔ مصدر۔ صَبْرًا۔ (استقامت دکھانا۔ ڈٹے رہنا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ تَتَّقُوا:(تم بچو گے) فعل مضارع۔ جمع مذکر حاضر۔ اَنْ کی وجہ سے مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (اللہ سے ڈرنا۔ پرہیز کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ وَقٰی یَقِیْ۔ مصدر۔ وِقَایَۃً۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔ پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ ڈرنا ذات کبریا سے)۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔ یَضُرُّ:(اس کو نقصان پہنچے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ض ر ر) صیغہ۔ ضَرَّ یَضُرَّ۔ مصادر۔ ضُرَّ۔ ضُرًّا۔ ضَرَرًا۔ (نقصان ہونا)۔ کُمْ :(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ کَیْدُ:(منصوبہ بندی۔ تدبیر) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ :(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔۔ شَیْئًا:(کوئی شئے۔ کچھ بھی) منصوب۔ نائب مفعول مطلق۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔ یَعْمَلُوْنَ :(وہ عمل کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع م ل) صیغہ۔ عَمِلَ یَعْمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا۔) مُحِیطٌ :(گھیر لینے والا) فاعل۔ مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع م ل) صیغہ۔ عَمِلَ یَعْمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا۔) کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اگر تمہیں آسودگی حاصل ہو تو ان کو بری لگتی ہے اور اگر رنج پہنچے تو خوش ہوتے ہیں اور اگر تم تکلیفوں کی برداشت اور (ان سے) کنارہ کشی کرتے رہو گے تو ان کا فریب تمہیں کچھ بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا یہ جو کچھ کرتے ہیں اللہ اس پر احاطہ کیے ہوئے ہے۔

وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔غَدَوْتَ :(جب آپ صبح نکلے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ تائے مبسوط مفتوح۔ ضمیر واحد حاضر فاعل۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(غ د و)ناقص واوی۔صیغہ۔غَدَا يَغْدُو۔مصدر۔غُدُوٌّ۔(صبح سویرے نکلنا)مِنْ:(سے)حرف جار۔أَهْلِ:(اہل ۔گھر والوں)اسم مجرور۔ مضاف۔كَ :(تمہارے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔تُبَوِّئُ: (مقرر۔ متعین کر رہے تھے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَوَّا يُبَوِّئُ۔مصدر۔تَبْوِئَةٌ۔(ٹھکانہ دینا۔ جگہ دینا۔) الْمُؤْمِنِينَ:(ی جمع ۔مومن)منصوب۔علامت ۔ی۔ مفعول بہ مَقَاعِدَ:(جگہیں)مزاجاً مورچے۔گھاٹ لگانے کی جگہ۔ منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ لِ:(لئے) حرف جار۔لِقِتَالِ :(جنگ۔لڑائی)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ سَمِيعٌ :(خوب سننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔عَلِيمٌ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور(اس وقت کو یاد کرو) جب تم صبح کو اپنے گھر روانہ ہو کر ایمان والوں کو لڑائی کے لیے مورچوں پر (موقع بہ موقع) متعین کرنے لگے اور اللہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے۔

إِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

إِذْ :(جب)اسم ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔هَمَّتْ:(اس نے قصد کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ھ م م)مضاعف۔صیغہ۔هَمَّ يَهُمُّ۔مصدر۔هَمٌّ۔(قصد کرنا۔ چاہنا۔خیال کرنا)۔ طَّآئِفَتَانِ:(دو جماعتوں۔دو گروہوں)فاعل۔تثنیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب۔مضارع۔ تَفْشَلَا:(دونوں بزدلی دکھاؤ) فعل مضارع تثنیہ مؤنث منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ش ل) صیغہ۔ فَشِلَ يَفْشَلُ۔مصدر۔فَشَلٌ۔(بزدلی دکھانا)۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ وَلِيُّ:(سرپرست۔حامی۔مددگار۔)خبر مرفوع۔ مضاف۔ هُمَا:(وہ دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔مبنی بر

سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ جملہ محلاً حال منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ عَلَى:(پر) حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ لْ:(چاہئے کہ) لائے امر۔ جازم ۔ مضارع۔ يَتَوَكَّلِ:(وہ بھروسہ کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔ برائے اتصال۔ مابعد۔ الْمُؤْمِنُونَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ مومن۔ ایمان والے) فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس وقت تم میں سے دو جماعتوں نے جی چھوڑ دینا چاہا مگر اللہ ان کا مدد گار تھا اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٢٣﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ لَ:(البتہ) قَدْ:(یقیناً) تحقیق و تاکید۔ نَصَرَ:(اس نے مدد کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ن ص ر) صیغہ۔ نَصَرَ يَنْصُرُ۔ مصدر۔ نَصْرًا۔ (مدد کرنا)۔ كُمْ:(تمہاری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ مقدّم۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ مؤخر۔ بِ:(ساتھ۔ میں) بَدْرٍ :(بدر) اسم مجرور۔ لڑائی کا مقام جو کہ مدینہ منورہ سے 120 میل دور ہے) وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ أَنْتُمْ:(تم تھے) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَذِلَّةٌ :(ذلت میں) خبر مرفوع۔ جملہ محلاً منصوب حال۔ فَ:(پس) رابطہ یا تفسیری۔ اتَّقُوا :(ڈرو۔ بچو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ق ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔ مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔ پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ ڈرنا ذات کبریا سے)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔ مفعول بہ۔ لَعَلَّ:(شاید) ترجی۔ حرف مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ لَعَلَّ محلاً کا اسم منصوب۔ تَشْكُرُونَ :(تم شکر کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ش ک ر) صیغہ۔ شَكَرَ يَشْكُرُ۔ مصدر۔ شُكْرًا۔ (قدر کرنا۔)۔

ترجمہ آیت: اور اللہ نے جنگِ بدر میں بھی تمہاری مدد کی تھی اور اس وقت بھی تم بے سر و سامان تھے پس اللہ سے ڈرو (اور ان احسانوں کو یاد کرو) تاکہ شکر کرو۔

اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

إِذْ: (جب) ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔ تَقُوْلُ: (تو کہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (بولنا ۔ کہنا)۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ لِمُؤْمِنِينَ: (الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ ایمان والے) اسم مجرور۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔ لَنْ: (ہرگز نہیں) حرف نفی مؤکد بلن ناصب۔ مضارع۔ بمعنی مستقبل۔ يَكْفِيَ: (وہ کافی ہوگا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ک ف ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ كَفٰى يَكْفِيْ۔ مصدر۔ كَفَايَةً۔ (کافی ہونا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَنْ: (یہ کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يُمِدَّ: (وہ مدد کرے) فعل مضارع واحد مذکر منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ ۔ اَمَدَّ يُمِدُّ۔ مصدر۔ اِمْدَادٌ۔ (مدد کرنا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (م د د) مضاعف۔ صیغہ۔ مَدَّ يَمُدُّ۔ مصدر۔ مَدًّا۔ (لمبا کرنا۔ کھینچنا)۔ كُمْ: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ رَبُّ: (رب) فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ كُمْ : (تمہارا) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ ثَلَاثَةِ : (3 تین) اسم مجرور۔ مضاف۔ اٰلَافٍ: (اَلْفٌ کی جمع ہزار) مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔ مِّنَ: (سے) حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ کسرہ برائے اتصال مابعد۔ الْمَلٰٓئِكَةِ: (فرشتے۔ خاص کائناتی غیر مرئی قوتیں)۔ اسم مجرور۔ مُنْزَلِينَ: (اتارے ہوئے) اسم مفعول۔ محلاً مجرور صفت ثانی۔

ترجمہ آیت: جب تم مومنوں سے یہ کہہ (کر ان کے دل بڑھا) رہے تھے کہ کیا یہ کافی نہیں کہ پروردگار تین ہزار فرشتے نازل کر کے تمہیں مدد دے۔

بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾

بَلٰى:(کیوں نہیں)کلمہ ایجاب۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔ فعل شرط۔ تَصْبِرُوا:(تم صبر کروگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرًا۔(استقامت دکھانا۔ڈٹے رہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَتَّقُوا: (ڈرو۔بچو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَأْتُوْ(وہ چڑھ آئیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔كُم:(تم پر)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّنْ: (سے)حرف جار۔ فَوْرِ:(جوش۔ابال۔عجلت۔اچانک)اسم مجرور۔هِمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔هٰذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب واحد مذکر۔يُمْدِدْ:(مدد کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمَدَّ يُمِدُّ۔مصدر۔اِمْدَادٌ۔(مدد کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م د د) مضاعف۔صیغہ۔مَدَّ يَمُدُّ۔مصدر۔مَدًّا۔(لمبا کرنا۔کھینچنا)۔كُمْ :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔رَبُّ:(رب)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔كُم:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔خَمْسَةِ :(پانچ)اسم مجرور۔موصوف۔آلَافٍ :(اَلْفٌ کی جمع)مجرور صفت۔تابع۔مِّنَ :(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔الْمَلٰٓئِكَةِ :(فرشتے۔غیر مرئی مخصوص قوتیں)اسم مجرور۔مُسَوِّمِينَ :(نشان زدہ)اسم مفعول۔محلاً مجرور صفت ثانی۔

ترجمہ آیت: ہاں اگر تم دل کو مضبوط رکھو اور (اللہ سے) ڈرتے رہو اور کافر تم پر جوش کے ساتھ دفعتۃً حملہ کر دیں تو پروردگار پانچ ہزار فرشتے جن پر نشان ہوں گے تمہاری مدد کو بھیجے گا۔

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ؕ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ ۙ

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ جَعَلَ: (اس نے بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب فتح۔ مادہ (ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ هُ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ مقدّم۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل مؤخر۔ مرفوع۔ اِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ بُشْرٰى: (خوشخبری) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لِ: (تاکہ) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ تَطْمَئِنَّ: (تو اطمینان پائے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ رباعی۔ قُلُوبُ: (قَلْبٌ کی جمع۔ دل) فاعل۔ جمع مذکر۔ مضاف۔ كُم: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هٖ: (وہ۔ اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) استنافیہ۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ النَّصْرُ: (مدد) مبتداء مرفوع۔ اِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ عِندِ: (پاس) ظرف زمان۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ الْعَزِيزِ: (زبردست عزت والا) مبالغہ۔ صفت مجرور تابع۔ الْحَكِيمِ: (خوب حکمت والا) صفت مجرور ثانی۔ تابع۔

ترجمہ آیت: اور اس مدد کو اللہ نے تمھارے لیے (ذریعہ) بشارت بنایا یعنی اس لیے کہ تمہارے دلوں کو اس سے تسلی حاصل ہو ورنہ مدد تو اللہ ہی کی ہے جو غالب (اور) حکمت والا ہے۔

لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾

لِ:(تا کہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَقْطَعَ :(وہ کاٹتا ہے۔ہلاک کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع)صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعٌ۔(کاٹنا)۔طَرَفًا :(ایک جماعت۔ایک گروہ کو۔ایک طرف کو)منصوب مفعول بہ۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون ۔فتحہ۔ برائے اتصال ما بعد۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ يَكْبِتَ:(اس نے ذلیل کر دیا۔گرا دیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔مثل يَقْطَعَ کے ہے۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک ب ت) صیغہ۔کبت یکبت۔مصدر۔کبتا۔(تحقیر کرنا۔ ذلیل کرنا)۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔يَنقَلِبُوا :(پلٹ دیتا ہے۔وہ واپس لوٹیں۔)معطوف۔ فعل مضارع جمع مذکر منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔ اِنْقَلَبَ يَنْقَلِبُ۔مصدر۔ اِنْقِلَابٌ۔(لوٹنا۔واپس ہونا۔ پھر جانا۔الٹ پلٹ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ل ب)صیغہ۔قَلَبَ يَقْلِبُ۔مصدر۔قَلْبًا۔ (پلٹنا)۔خَآئِبِينَ :(خَائِبٌ کی جمع۔ناکام ہونے والے۔ نامراد فاعل۔جمع۔۔حال منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:(یہ اللہ نے) اس لیے (کیا) کہ کافروں کی ایک جماعت کو ہلاک یا انہیں ذلیل و مغلوب کر دے کہ (جیسے آئے تھے ویسے ہی) ناکام واپس جائیں۔

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾

لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْأَمْرِ : (حکم۔معاملہ۔حالت۔کام۔)تمام افعال و اقوال کے لئے مستعمل ہے۔اسم مجرور۔شَيْءٌ:(کوئی شئے۔کچھ بھی)۔ لَيْسَ کا اسم مرفوع۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔يَتُوبَ

:(وہ لوٹتا ہے۔وہ مہربانی کرے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ت و ب)صیغہ ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔ تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ قبول کرنا۔مہربانی کرنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف عطف۔هِمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔أَوْ :(یا) حرف عطف۔يُعَذِّبَ:(عذاب دیا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔منصوب۔ محل اعراب۔مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔عَذَّبَ يُعَذِّبُ۔مصدر۔ تَعْذِيْبًا۔(عذاب کرنا۔دھیرے دھیرے۔یعنی یکبارگی نہیں)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔کرم۔ کرم۔ مادہ(ع ذ ب)صیغہ۔عَذَبَ يَعْذِبُ۔ مصدر۔عَذَابٌ۔(دکھ ۔سزا دینا)۔هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف تعلیل۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم۔منصوب۔ظَالِمُونَ:(ظَالِمٌ کی جمع۔اندھیر مچانےوالے)فاعل۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اے پیغمبر) اس کام میں تمہارا کچھ اختیار نہیں (اب دوصورتیں ہیں) یا اللہ انکے حال پر مہربانی کرے یا انہیں عذاب دے کہ یہ ظالم لوگ ہیں۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)حرف جار + اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔مرفوع۔ مَا :(جو کچھ)اسم موصول۔فِي :(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔ فِي :(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ يَغْفِرُ:(وہ مغفرت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جو۔جس)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ يَّشَاءُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ۔يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُعَذِّبُ :(عذاب دیا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔منصوب۔ محل اعراب۔مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔عَذَّبَ

یُعَذِّبُ۔مصدر۔تَعْذِیْبًا۔(عذاب کرنادھیرے دھیرے۔یعنی یکبارگی نہیں)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔کرم۔مادہ(ع ذ ب)صیغہ۔عَذَبَ یَعْذِبُ۔مصدر۔عَذَابٌ۔(دکھ۔سزادینا)۔مَنْ:(جو۔جس کو)اسم موصول۔ یَّشَاءُ: (وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔شَاءَ۔یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِیْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مرفوع۔غَفُوْرٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ رَّحِیْمٌ :(خوب رحم کرنے والا۔مہربانی کرنے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے وہ جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے عذاب کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰٓوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾

یَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کونسا۔جونسا)منادیٰ۔ مضاف۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔(یٰٓاَیُّھَا۔یٰٓاَیَّتُھَا)کو حرف نداء بولتے ہیں۔اس کے بعد منادیٰ معرف باللام ہوتا ہے۔ الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔ منادیٰ۔آمَنُوا:(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔لَا:(نہ)ناہیہ۔تَأْكُلُوا:(تم سب کھاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔اَکَلَ یَاکُلُ۔مصدر۔ اَکْلًا ۔(کھانا)۔ الرِّبٰوا :(سود)منصوب۔ مفعول بہٖ۔موصوف۔أَضْعَافًا :(دگنا) منصوب صفت۔تابع۔مُّضَاعَفَةً :(دگنا کیا ہوا۔یعنی سود در سود۔مرکب سود)۔منصوب۔ اسم مفعول۔ واحد مؤنث۔زور دینے کے لئے ضِعْفٌ سے بنا کر تاکید کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔صفت منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّقُوا :(ڈرو۔بچو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔

اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔ وِقَایَۃً۔وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کُمْ: (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تُفْلِحُوْنَ :(تم کامیاب ہو جاؤ گے۔فلاح پاؤ گے) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَفْلَحَ یُفْلِحُ۔مصدر۔اِفْلَاحًا۔(فلاح پانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ل ح) صیغہ۔فَلَحَ یَفْلَحُ۔مصدر۔ فَلَاحًا۔(فلاح پانا)۔ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اے ایمان والو! دگنا چوگنا سود نہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرو تاکہ نجات حاصل کرو

وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْٓ اُعِدَّتْ لِلْکٰفِرِیْنَ ﴿۱۳۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اتَّقُوْا:(ڈرو۔بچو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔ وِقَایَۃً۔وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ النَّارَ:(آگ۔دوزخ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ الَّتِیْ:(جو)اسم موصول۔واحد۔مؤنث ۔ اُعِدَّتْ:(تیار کی گئی ہے)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَعَدَّ یُعِدُّ۔مصدر۔ اِعْدَادًا۔(تیار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ یَعُدُّ۔مصدر۔ عَدًّا۔ تَعْدَادًا۔(گننا)۔ لِ: (لئے)حرف جار۔لْکَافِرِیْنَ :(کافروں کے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اور(دوزخ کی) آگ سے بچو جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

وَاَطِیْعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَطِيعُواْ:(اطاعت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الرَّسُولَ:(پیغمبر)معطوف۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَعَلَّ: (شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تُرْحَمُونَ :(تم رحم کئے جاؤ)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ح م)صیغہ۔رَحِمَ يَرْحَمُ۔مصدر۔رَحْمَةٌ۔(رحم کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحمت کی جائے۔

وَسَارِعُوٓاْ إِلَىٰ مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا ٱلسَّمَٰوَٰتُ وَٱلْأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِينَ ﴿١٣٣﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔سَارِعُواْ:(جلدی کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ إِلَى:(طرف) مَغْفِرَةٍ :(مغفرت)اسم مجرور۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(رب)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَنَّةٍ :(جنت۔باغ) معطوف۔مجرور۔عَرْضُ:(چوڑائی)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔هَا:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ السَّمٰوٰتُ :(آسمانوں)خبر مرفوع۔ضمہ محلاً مجرور صفت۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْأَرْضُ:(زمین)معطوف۔مرفوع۔ أُعِدَّتْ:(تیار کی گئی ہے)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔أَعَدَّ يُعِدُّ۔مصدر۔ إِعْدَادًا۔(تیار کرنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ع د د) مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ يَعُدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔تَعْدَادًا۔(گننا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُتَّقِينَ :(الْمُتَّقِي کی جمع۔پرہیز گار۔گناہوں سے بچنے والے)اسم فاعل۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اپنے پروردگار کی بخشش اور بہشت کی طرف لپکو جس کا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہے اور جو (اللہ سے) ڈرنے والوں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾

الَّذِين :(وہ جو)اسم موصول۔مبتداء۔يُنفِقُون:(خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود ۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔ مصادر۔ نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔السَّرَّاءِ:(آسانی۔خوشحالی۔کشادگی) اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔الضَّرَّاءِ:(تنگی۔تکلیف۔)معطوف۔مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْكَاظِمِين :(پی جانے والے۔حوصلے سے کام لینے والے۔ٹھنڈے ذہن والے)فاعل۔مرفوع۔محلاً مجرور۔علامت ی۔ الْغَيْظَ:(غصہ کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْعَافِين :(معاف کر دینے والے۔درگزر کرنے والے)فاعل۔مرفوع۔محلاً مجرور۔علامت ۔ی۔عَنِ :(سے)حرف جار۔مبنی برف سکون۔محلاً مکسور برائے اتصال ما بعد۔النَّاسِ:(لوگ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مروع۔ يُحِبُّ :(پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔افعل۔ صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔ مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔محبت کرنا۔پسند کرنا)۔خبر مرفوع۔الْمُحْسِنِينَ :(احسان کرنے والے۔نیکی کا کام کرنے والے)اسم فاعل۔الْمُحْسِنُ کی جمع۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔علامت۔ی۔صفت۔تابع۔

ترجمہ آیت:جو آسودگی اور تنگی میں (اپنامال اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور غصے کو روکتے اور لوگوں کے قصور معاف کرتے ہیں اور اللہ نیکو کاروں کو دوست رکھتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۪ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۪۫ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یا عاطفہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔معطوف ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ فَعَلُوْا:(انہوں نے کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ ۔ محلاً فعل شرط۔مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلَ۔مصدر۔فِعْلٌ۔(کام کرنا)۔ فَاحِشَةً:(بد کردار۔بد اطوار)مؤنث۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ ظَلَمُوْا:(انہوں نے ظلم کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ أَنْفُسَ:(جانوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ذَكَرُوْا:(انہوں نے ذکر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر۔ذِكْرًا۔(ذکر کرنا۔یاد کرنا)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ مفعول بہ۔فَ: (پس)حرف عطف۔اسْتَغْفَرُوْا:(مغفرت طلب کی) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اَسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لِ:(لئے۔ سے) حرف جار۔ذُنُوبِ:(ذَنْبٌ کی جمع۔گناہ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(کون)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَغْفِرُ:(وہ مغفرت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔(مغفرت کرنا)۔الذُّنُوبَ :(گناہوں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔إِلَّا:(مگر۔سوائے)حرف حصر ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)بدل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يُصِرُّوْا:(ضد کی۔اصرار کیا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فَعَلُوْا:(انہوں نے کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلَ۔ مصدر۔فِعْلٌ۔(کام کرنا)۔

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مرفوع۔مبتداء۔يَعْلَمُونَ :(وہ جانتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور محلاً منصوب۔ حال۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔

ترجمہ آیت: اور وہ کہ جب کوئی کھلا گناہ یا اپنے حق میں کوئی اور برائی کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کو یاد کرتے اور اپنے گناہوں کی بخشش مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا گناہ بخش بھی کون سکتا ہے؟ اور جان بوجھ کر اپنے افعال پر اڑے نہیں رہتے۔

أُولَٰئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿١٣٦﴾ ؕ

أُولَئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔جَزَآؤُ:(بدلہ۔جزاء)مبتداء ثانی مرفوع ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَّغْفِرَةٌ:(مغفرت)خبر مرفوع۔مِّن:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(رب)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(وہ ۔ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَنَّاتٌ:(باغ۔جمع)معطوف مرفوع۔ تَجْرِي:(جاری ہیں۔ بہتی ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی) ناقص یائی۔صیغہ۔ جَرٰی يَجْرِیْ۔مصدر۔جَرْيَانًا(چلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔محلاً مجرور۔مضاف۔ هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْأَنْهَارُ:(نہریں)فاعل۔مرفوع۔جمع۔ خَالِدِينَ :(وہ)ہمیشہ رہنے والے۔منصوب۔علامت ی۔حال۔فِي: (میں)حرف جار۔هَا ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔نِعْمَ :(اچھا۔بہتر)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فعل جامد۔مدح۔أَجْرُ : (بدلہ۔اجرت۔اجر)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔الْعَامِلِيْنَ :(الْعَامِلُ کی جمع۔کارندے۔) فاعل۔محلاً مجرور مضاف الیہ

ترجمہ آیت: ایسے ہی لوگوں کا صلہ پروردگار کی طرف سے بخشش اور باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں (اور) وہ ان میں ہمیشہ بستے رہیں گے اور (اچھے) کام کرنے والوں کا بدلہ بہت اچھا ہے

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾

قَدْ:(یقیناً) حرف تاکید و تحقیق۔ خَلَتْ :(گزر گیا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ضمیر تائے تانیث۔ ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب مادہ(خ ل و) صیغہ۔ خَلَا يَخْلُو۔ مصدر۔ خَلَاءً۔ خُلُوًّا۔(گزر جانا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے) ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ :(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ سُنَنٌ :(طریقے۔واقعات۔راہیں) فاعل۔ مرفوع۔ فَ:(پس) رابطہ۔ سِيرُوا:(تم چلو پھرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(س ی ر) اجوف یائی۔ صیغہ۔ سَارَ يَسِيْرُ۔ مصدر۔ سَيْرًا۔(چلنا پھرنا)۔ فِي:(میں) حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین) اسم مجرور۔ فَ: (پس) حرف عطف انْظُرُوا :(تم دیکھو۔) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ظ ر) صیغہ نَظَرَ يَنْظُرُ۔ مصدر۔ نَظْرًا۔(دیکھنا۔انتظار کرنا)۔ كَيْفَ:(کیسے) اسم استفہام۔ منصوب كَانَ کی خبر مقدم۔ كَانَ :(تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا) ناصب خبر۔ عَاقِبَةُ :(نتیجہ۔عاقبت۔انجام۔سزا) كَانَ کا اسم مرفوع۔ مؤخر۔ مضاف۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ع ق ب) صیغہ۔ عَقَبَ يَعْقُبُ۔ مصدر۔ عَاقِبَةٌ۔(نتیجہ۔ عاقبت۔ انجام۔ سزا) الْمُكَذِّبِيْنَ :(الْمُكَذِّبُ کی جمع) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تم لوگوں سے پہلے بھی بہت سے واقعات گزر چکے ہیں تو تم زمین کی سیر کرکے دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا۔

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾

هَـٰذَا:(یہ)اسم اشارہ۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔ بَيَانٌ:(واضح ہے)خبر مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔لِّلنَّاسِ:(لوگ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هُدًى :(راہنمائی۔ہدایت)معطوف۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔وَ: (اور)حرف عطف۔مَوْعِظَةٌ:(نصیحت کرنے والی)اسم مصدر۔مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ الْمُتَّقِيْنَ:(متقی کی جمع۔پرہیز گار)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:یہ (قرآن) لوگوں کے لیے بیان صریح اور اہلِ تقویٰ کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔تَهِنُوا:(تم ہمت ہارو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ھ ن)مثال واوی۔صیغہ ۔وَهَنَ يَهِنُ۔ مصدر۔وَهْنٌ۔(ہمت ہارنا۔کمزور ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔تَحْزَنُوا:(تم غمگین ہوں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل جمع مذکر حاضر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْأَعْلَوْنَ:(سب سے اعلی۔سب سے برتر) مبالغہ۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔ حال۔مصدر۔عُلُوٌّ۔افعل التفضیل۔ إِنْ :(اگر)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔كُنْتُم:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)ناصب خبر۔ مُّؤْمِنِيْنَ :(مُّؤْمِنٌ کی جمع۔ایمان والے)کی خبر منصوب۔وجواب شرط۔

ترجمہ آیت:اور (دیکھو) بے دل نہ ہونا اور نہ کسی طرح کا غم کرنا اگر تم مومن (صادق) ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔

اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ يَمْسَسْ:(وہ چھوتا ہے۔پہنچتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔ مصدر۔ مَسًّا۔(چھونا۔پہنچنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ قَرْحٌ:(زخم)فاعل۔مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقیناً)حرف تاکید و تحقیق۔مَسَّ:(اس نے چھوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔ (چھونا۔ پہنچنا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ الْقَوْمَ:(قوم کو)منصوب۔مفعول بہ مقدّم۔ قَرْحٌ:(زخم)فاعل ۔مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔مِّثْلُ:(مانند۔طرح۔جیسا)مضاف۔هُ:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔تِلْكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید مؤنث۔ مبتداء۔مرفوع۔ الْأَيَّامُ:(يَوْمٌ کی جمع۔دن)بدل مرفوع۔ نُدَاوِلُ:(ہم تبدیل کرتے دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔منصوب۔مفعول بہ۔مرجع۔ الْأَيَّامُ ۔جملہ محلاً تِلْكَ مبتداء کی خبر مرفوع۔بَيْنَ :(درمیان)ظرف۔مضاف۔النَّاسِ:(لوگ)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)رف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَعْلَمَ:(وہ جانے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔ الَّذِينَ :(وہ جو) مبنی بر فتحہ۔ اسم مفعول۔ آمَنُوا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَتَّخِذَ:(وہ پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔ مصدر۔اِتِّخَاذًا۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شُهَدَاءَ:(گواہوں

کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُحِبُّ :(وہ پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب) ضمیر مستتر هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا۔الظَّالِمِينَ :(الظَّالِمُ کی جمع اندھیر مچانے والے)مفعول بہٖ۔ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اگر تمہیں زخم (شکست) لگا ہے تو ان لوگوں کو بھی ایسا زخم لگ چکا ہے اور یہ دن ہیں کہ ہم ان کو لوگوں میں بدلتے رہتے ہیں اور اس سے یہ بھی مقصود تھا کہ اللہ ایمان والوں کو متمیز کردے اور تم میں سے گواہ بنائے اور اللہ بے انصافوں کو پسند نہیں کرتا۔

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٤١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يُمَحِّصَ:(الگ کرلیتا ہے۔چھانٹ لیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔باب تفعیل۔صیغہ۔مَحَّصَ يُمَحِّصُ۔تَمْحِيصًا۔(الگ کرنا۔چھانٹنا)۔اللّٰهُ : (اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ وَ: (اور)حرف عطف۔يَمْحَقَ :(مٹادے۔کم کردے)معطوف۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(م ح ق)صیغہ۔مَحَقَ يَمْحَقُ۔مصدر۔مَحْقًا۔(مٹانا۔کم کرنا)الْكَافِرِينَ : (کافر کی جمع۔احکام الٰہی کا انکار کرنے والے)منصوب۔مفعول بہٖ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور یہ بھی مقصود تھا کہ اللہ ایمان والوں کو خالص (مومن) بنادے اور کافروں کو نابود کردے۔

اَمۡ حَسِبۡتُمۡ اَنۡ تَدۡخُلُوا الۡجَنَّةَ وَلَمَّا يَعۡلَمِ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ جٰهَدُوۡا مِنۡكُمۡ وَيَعۡلَمَ الصّٰبِرِيۡنَ ﴿۱۴۲﴾

أَمْ :(یا)حرف عطف۔حَسِبْتُمْ :(تم نے خیال کیا۔گمان کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔مصدر۔حِسْبَانٌ۔(خیال کرنا۔گمان کرنا)أَنْ: (کہ) مصدریہ ۔ناصب مضارع۔تَدْخُلُوا:(تم داخل ہوگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی ۔محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(اندر داخل ہونا)۔الْجَنَّةَ:(جنت۔باغ)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَمَّا:(ابھی تک نہیں)حرف نفی جازم مضارع۔مرکب :(لَنْ+مَا)اس کا عمل بالکل نفی جحد بلم کا سا ہے۔جو فعل مضارع کو مجزوم اوراس کے معنی فعل ماضی میں تبدیل کر دیتا ہے۔يَعْلَمِ :(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال مابعد۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔جَاهَدُوا:(جہاد کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔مصدر۔مُجَاهَدَةٌ۔(جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ھ د)صیغہ جَهَدَ يَجْهَدُ۔مصدر۔جَهْدًا۔(کوشش کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔وَ: (ساتھ)معیت۔يَعْلَمَ :(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔الصَّابِرِينَ:(کی جمع۔ڈٹے رہنے والوں کو)مفعول بہٖ۔منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ (بے آزمائش) بہشت میں جا داخل ہوگے حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو تو اچھی طرح معلوم کیا ہی نہیں اور (یہ بھی مقصود ہے) کہ وہ ثابت قدم رہنے والوں کو معلوم کرے۔

وَلَقَدۡ كُنۡتُمۡ تَمَنَّوۡنَ الۡمَوۡتَ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ تَلۡقَوۡهُ فَقَدۡ رَاَيۡتُمُوۡهُ وَاَنۡتُمۡ تَنۡظُرُوۡنَ ﴿۱۴۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ کُنتُمْ :(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ضمیر تُمْ۔مبنی بر سکون۔ محلاً کَانَ کا اسم۔مرفوع۔ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)ناصب خبر۔تَمَنَّوْنَ :(تم تمنّا کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً منصوب۔کَانَ کی خبر۔ثلاثی مزید فیہ۔تفعُّل۔ صیغہ۔تَمَنّٰی یَتَمَنّٰی۔مصدر۔تَمَنِّیٌ۔(خواہش کرنا۔تمنا کرنا)۔ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(م ن ی)صیغہ۔ مَنٰی یَمْنِیْ۔مصدر۔مَنْیًا۔(مبتلا کرنا)۔الْمَوْتَ :(موت)منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَلْقَوْ:(تم ملو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِیْ۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَةٌ۔تِلْقَاءً۔لُقْیًا۔وغیرہ(ملنا۔ملاقات کرنا۔مڈبھیڑ ہونا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(پس)حرف عطف۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔ رَأَیْتُمُوْ:(تم نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ حرف (اشباع)شکم پری کے لئے۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَةٌ۔(دیکھنا)۔ هُ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔أَنْتُمْ :(تم ہو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبتداء۔مرفوع۔تَنظُرُوْنَ :(تم دیکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ ۔مصدر۔نَظْرٌ۔(دیکھنا۔انتظار کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور تم موت(شہادت) کے آنے سے پہلے اس کی تمنا کیا کرتے تھے سو تم نے اس کو آنکھوں سے دیکھ لیا

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ مُحَمَّدٌ :(محمد ﷺ)مبتداء۔مرفوع۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔رَسُولٌ: (پیغمبر) خبر مرفوع۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَلَتْ:(گزر گئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ضمیر تائے تانیث مبنی بر سکون۔ ثلاثی مجرد۔باب مادہ(خ ل و)صیغہ۔ خَلَا يَخْلُو۔مصدر۔خَلَاءً۔خُلُوًّا۔(گزر جانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الرُّسُلُ:(الرَسُوْلُ کی جمع۔پیغمبر)فاعل۔مرفوع۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس) حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔ فعل شرط۔ مَّاتَ:(مر جاؤ)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔مَاتَ يَمُوتُ۔مصدر۔ مَوْتًا۔(مرنا)۔ أَوْ: (یا)حرف عطف۔ قُتِلَ:(قتل کر دئے جاؤ)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بولنا)۔ اِنْقَلَبْتُمْ:(تم پلٹ جاؤ)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ اِنْقَلَبَ يَنْقَلِبُ ۔مصدر۔اِنْقِلَابٌ۔ (پھرنا۔پلٹنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ق ل ب)قَلَبَ يَقْلِبُ۔مصدر۔ قَلْبًا۔ (پلٹنا)۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔أَعْقَابِ:(ایڑیوں۔پیچھے)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ مَنْ :(جو)اسم موصول۔ شرطیہ۔جازم فعل شرط۔يَنقَلِبْ :(وہ پلٹ جائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب انفعال۔صیغہ اِنْقَلَبَ يَنْقَلِبُ ۔مصدر۔اِنْقِلَابٌ۔ (پھرنا۔پلٹنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ق ل ب)قَلَبَ يَقْلِبُ۔ مصدر۔ قَلْبًا۔(پلٹنا)۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔عَقِبَيْ:(دونوں ایڑیوں)اسم مجرور۔اصلاً عَقِبَيْنِ تھا بوجہ مضاف کے نون تثنیہ محذوف ہوا۔هِ :(اس کے۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔فَ:(تو)حرف عطف۔لَنْ:(ہر گز نہیں)حرف مؤکد نفی بلن ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل۔يَضُرَّ :(نقصان پہنچائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔اللَّهَ :(اللہ جل جلالہٗ کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔

شَيْئًا:(کوئی شئے۔کچھ بھی)نائب مفعول مطلق۔ منصوب۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔سَ:(سین۔عنقریب۔جلد ہی) حرف استقبال۔ يَجْزِيْ:(بدلہ دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی) ناقص یائی۔صیغہ ۔جَزَى يَجْزِىْ۔مصدر۔جَزَاءً۔(بدلہ دینا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔ مرفوع ۔ الشَّاكِرِينَ :(شکر کرنے والوں کو)اسم فاعل۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور محمد(صلی اللہ علیہ وسلم) تو صرف (اللہ کے) پیغمبر ہیں ان سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر ہو گزرے ہیں بھلا اگر یہ مر جائیں یا مارے جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ؟(یعنی مرتد ہو جاؤ؟) اور جو الٹے پاؤں پھر جائے گا تو اللہ کا کچھ نقصان نہ کر سکے گا اور اللہ شکر گزاروں کو (بڑا) ثواب دے گا۔

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(تھا۔ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ محلاً كَانَ کا اسم۔مرفوع۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا) لِ:(لئے)حرف جار۔نَفْسٍ:(جان)اسم مجرور۔ أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَمُوْتَ:(تم مر جاؤ)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔ مَوْتًا۔(مرنا)۔إِلَّا:(مگر۔سوائے)استثناء۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِذْنِ:(اجازت۔حکم)اسم مجرور۔ مضاف ۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ كِتَابًا :(لکھا ہوا)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔مُّؤَجَّلًا: (وقت مقررہ)صفت منصوب۔مصدر۔تَاجِيْلٌ۔سے مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ :(جو)اسم موصول۔ شرطیہ۔جازم فعل شرط۔يُرِدْ:(وہ چاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت محل اعراب ساکن۔مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ ثَوَابَ:(نتیجہ۔بدلہ۔جزاء۔

انعام۔فائدہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ الدُّنۡيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نُؤۡتِ:(ہم دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔جواب فعل شرط مجزوم۔حرف علت بوجہ مجزوم ہونے کے محذوف۔ مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنۡ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم۔فعل شرط۔ يُرِدۡ:(وہ چاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فعل شرط مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔اصلا۔ يُرِيۡدُ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيۡدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوۡدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ ثَوَابَ :(نتیجہ۔بدلہ۔جزاء۔انعام۔فائدہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔الۡاٰخِرَةِ:(آخرت۔قیامت) مجرور۔مضاف الیہ۔ نُؤۡتِ:(ہم دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔جواب فعل شرط مجزوم۔حرف علت بوجہ مجزوم ہونے کے محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤۡتِيۡ۔مصدر۔اِيۡتَاءٌ۔ (دینا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء +ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاۡتِيۡ۔مصدر۔اِتۡيَانٌ۔ (آنا)۔ هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنۡ: (سے)حرف جار۔هَا: (اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ سَ: (سین۔عنقریب۔جلد ہی) حرف استقبال۔ يَجۡزِيۡ:(بدلہ دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَزٰى يَجۡزِيۡ۔مصدر۔جَزَاءً۔ (بدلہ دینا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ الشّٰكِرِيۡنَ :(شکر کرنے والوں کو)اسم فاعل۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور کسی شخص میں طاقت نہیں کہ اللہ کے حکم کے بغیر مر جائے(اس نے موت کا) وقت مقرر کر کے لکھ رکھا ہے اور جو شخص دنیا میں (اپنے اعمال کا) بدلہ چاہے اس کو ہم یہیں بدلہ دے دیں گے اور جو آخرت میں طالبِ ثواب ہو اس کو وہاں اجر عطا کریں گے اور ہم شکر گزاروں کو عنقریب (بہت اچھا) صلہ دیں گے۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَأَيِّنْ:(کتنے ہی)اسم مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اصلاً كَأَيٍّ تھا۔ قرآنی رسم الخط۔تنوین کو بشکل نون لکھاہے۔ابہام کو دور کرنے کے لئے اس کے بعد کوئی لفظ بطور تمیز ضرور آتا ہے۔عموماً ممیّز لفظ مِّنْ کے بعد کے آتا ہے۔اور یہ کلام کے شروع میں آتا ہے۔اور کبھی استفہام کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔مِّنْ:() نَّبِيٍّ:(خبر دینے والا)فاعل۔محلاً ممیّز۔ قَاتَلَ:(اس نے جنگ کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا۔جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق ت ل) صیغہ۔ قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مرجع ضمیر نَبِيٍّ ہے۔رِبِّيُّونَ:(رب والے) فاعل۔جمع۔مرفوع۔جملہ محلاً مبتداء كَأَيِّنْ کی خبر مرفوع۔ كَثِيرٌ :(کثرت سے۔زیادہ)صفت مرفوع۔فَ: (پس)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ وَهَنُوا:(وہ کمزور پڑے۔انہوں نے ہمت ہاری)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ھ ن)مثال واوی۔صیغہ۔وَهَنَ يَهِنُ۔ مصدر۔ وَهْنٌ۔(ہمت ہارنا۔کمزور ہونا)۔ لِمَا:(اس پر جو)مرکب :(لِ+مَا)حرف جار+اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ أَصَابَ:(مصیبت پہنچی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَصَابَ يُصِيبُ۔ مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و ب)صیغہ۔صَابَ يَصُوبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(بارش ہونا۔مصیبت آنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فِي:(میں)حرف جار۔ سَبِيلِ: (راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ ضَعُفُوا:(انہوں نے کمزوری دکھائی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب کَرُمَ۔مادہ(ض ع ف)صیغہ۔ضَعُفَ يَضْعُفُ۔مصدر۔ضَعْفًا۔(کمزوری دکھانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا

:(نہیں)نافیہ۔اسْتَكَانُوا:(وہ دبے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔ استفعال۔صیغہ۔اِسْتَكَانَ يَسْتَكِيْنَ۔مصدر۔اِسْتِكَانَةٌ۔(دبنا)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ يُحِبُّ:(وہ پسند کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابًا۔(پسند کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حُبًّا۔(محبت کرنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ الصَّابِرِينَ :(استقامت والے۔ڈٹے رہنے والے)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور بہت سے نبی ہوئے ہیں جن کے ساتھ ہو کر اکثر اہل اللہ (اللہ کے دشمنوں سے) لڑے ہیں تو جو مصبتیں ان پر راہِ اللہ میں واقع ہوئیں ان کے سبب انہوں نے نہ تو ہمت ہاری اور نہ بزدلی کی نہ (کافروں سے) دبے اور اللہ استقلال رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلَّآ أَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِيْٓ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٤٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ :(ہے۔تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔كَانَ يَكُوْنَ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ناصب خبر۔ قَوْلَ:(بات)منصوب۔ كَانَ کی خبر مقدّم۔ بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ قَالُوا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔ رَبَّنَا:(اے ہمارے رب) مرکب(یا+رب+نا) حرف نداء محذوف + منادیٰ۔مضاف + ضمیر جمع متکلم مبنی بر سکون۔۔محلاً مضاف الیہ۔اغْفِرْ:(مغفرت فرما)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ۔ غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر

سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ **ذُنُوبَنَا** :(ہمارے گناہ)مفعول بہٖ منصوب۔+ ضمیر جمع متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔**وَ**:(اور)حرف عطف۔**إِسْرَافَ**:(حد سے تجاوز کرنا۔زیادتی)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ **نَا**:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ **فِي**:(میں)حرف جار۔ **أَمْرِ**:(کام)اسم مجرور۔ مضاف۔**نَا**:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ **وَ**:(اور)حرف عط۔**ثَبِّتْ**:(ثابت رکھ۔جمائے رکھ۔)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ **أَقْدَامَ**:(**قَدْمٌ** کی جمع۔پاؤں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔**نَا**:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔ **انصُرْ**:(مدد فرما)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔**نَا**:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور ۔مضاف الیہ۔ **عَلَى** :(اوپر)حرف جار۔**الْقَوْمِ** :(قوم)اسم مجرور۔موصوف۔ **الْكَافِرِيْنَ** :(**كَافِرٌ** کی جمع۔ اللہ جل جلالہٗ کے احکام نہ ماننے والے)۔صفت۔ مجرور۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت:اور(اس حالت میں) ان کے منہ سے کوئی بات نکلتی ہے تو یہی کہ اے پروردگار ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں معاف فرما اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح عنایت فرما۔

فَاٰتٰـھُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔**آتَا**:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ **اٰتٰی يُؤْتِي**۔ مصدر۔**اِيْتَاءٌ**۔ (دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔**اَتَىٰ يَاتِيْ**۔مصدر۔**اِتْيَانٌ**۔(دینا۔لانا)۔**هُمُ**:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ **اللّٰهُ**:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔مرفوع۔ **ثَوَابَ**:(انجام۔بدلہ۔نتیجہ۔فائدہ)منصب مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔ **الدُّنْيَا**:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**حُسْنَ** :(اچھا۔خوبصورت)معطوف۔منصوب۔مضاف۔**ثَوَابِ**:(انجام۔بدلہ۔نتیجہ۔فائدہ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ **الْآخِرَةِ**:(آخرت۔قیامت)مجرور۔مضاف الیہ۔ **وَ**:(اور)استئنافیہ۔**اللّٰهُ** :(اللہ جل

جلالہٗ)مبتداء۔یُحِبُّ:(پسند کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔افعل۔صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔ مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ یَحِبُّ۔ مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔پسند کرنا)۔خبر مرفوع۔الْمُحْسِنِينَ :(احسان کرنے والے۔نیکی کا کام کرنے والے)اسم فاعل۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ علامت۔ی۔صفت۔تابع۔الْمُحْسِنُ کی جمع۔

ترجمہ آیت:تواللہ نے ان کو دنیامیں بھی بدلہ دیااور آخرت میں بھی بہت اچھابدلہ (دے گا) اور اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتاہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

يَآ:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کونسا۔جونسا)منادیٰ۔مضاف۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔(يَآأَيُّهَا۔ يَآأَيَّتُهَا)کو حرف نداء بولتے ہیں۔اس کے بعد منادیٰ معرف باللام ہوتا ہے۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ منادیٰ۔ آمَنُوا:(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تُطِيعُوا:(تم پیروی کروگے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ اَطَاعَ یُطِیْعُ۔مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(رضاکارانہ کوئی کام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔صیغہ۔ طَاعَ یَطُوْعُ۔مصدر۔طَوّعًا۔(اطاعت کرنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی برفتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا) :(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ يَرُدُّوْ:(وہ لوٹادیں گے) فعل مضارع منصوب۔ جمع مذکر غائب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع الف فارقہ۔فعل جواب شرط۔محلاً مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ رَدَّ یَرُدُّ۔مصدر۔رَدًّا۔(لوٹانا۔پھیرنا)۔كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ أَعْقَابِ:(ایڑیوں۔پیچھے کی جانب)اسم مجرور۔

مضاف۔ کُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ تَنقَلِبُوا:(تم پلٹ جاؤ گے) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب انفعال۔ صیغہ اِنْقَلَبَ یَنْقَلِبُ ۔ مصدر۔ اِنْقِلَابٌ۔ (پھرنا۔ پلٹنا)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ق ل ب)قَلَبَ یَقْلِبُ۔ مصدر۔ قَلْبًا۔ خَاسِرِینَ :(گھاٹا کھانے والے)فاعل۔ محلاً حال منصوب۔

ترجمہ آیت: مومنو! اگر تم کافروں کا کہا مان لو گے تو وہ تم کو الٹے پاؤں پھیر کر (مرتد کر) دیں گے پھر تم بڑے خسارے میں پڑ جاؤ گے۔

بَلِ اللّٰہُ مَوْلٰىکُمْ ۚ وَھُوَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ ﴿۱۵۰﴾

بَلِ:(بلکہ)حرف اضراب۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مَوْلَا:(مالک۔ وارث۔ سرپرست۔)غیر منصرف۔ خبر مرفوع۔ مضاف۔ کُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مضاف الیہ۔ مجرور۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ ھُوَ :(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔ محلاً مرفوع۔ مبتداء۔ خَیْرُ:(اچھائی۔ بہتری)خبر مرفوع۔ مضاف۔ النَّاصِرِینَ :(مدد کرنے والے)فاعل۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(یہ تمہارے مددگار نہیں ہیں) بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہ سب سے بہتر مددگار ہے۔

سَنُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ کَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَکُوْا بِاللّٰہِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِہٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىھُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۵۱﴾

سَ:(عنقریب۔ جلد ہی)حرف استقبال۔ نُلْقِي:(ہم ملیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَلْقٰی یُلْقِی۔ مصدر۔ اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ لَقِیَ یَلْقٰی۔ مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْیَانًا۔ لُقْیَۃً۔ تِلْقَاءً۔ لُقْیًا۔ وغیرہ (ملنا۔ ملاقات کرنا۔ مڈبھیڑ ہونا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔ قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔ دل)اسم مجرور۔ الَّذِینَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔

مفعول بہ۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا) :(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ الرُّعْبَ :(رعب۔ہیبت۔ڈر) منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ مَا:(کہ) مصدریہ۔ محلاً اسم مجرور۔ أَشْرَكُواْ:(انہوں نے شریک بنایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔ اِشْرَاكًا۔(شریک بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ش ر ک) شَرِكَ يَشْرَكُ۔ مصدر۔ شَرَكًا۔(شریک کرنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ لَمْ:(نہیں) حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يُنَزِّلْ :(اس نے اتارا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔ مصدر۔ اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ(اترنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ هِ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ سُلْطَانًا :(سند۔ثبوت۔دلیل۔برہان)۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَأْوَا:(ٹھکانہ۔پناہ گاہ) اصلاً رسم الخط۔ مَاوٰى۔ اسم ظرف مکان۔ مبتداء۔ مضاف۔ هُمُ:(ان کا) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ النَّارُ:(آگ۔دوزخ) خبر مرفوع۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ بِئْسَ: (برا) حرف ذم۔ جامد۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ گردان نہیں آتی۔ مَثْوَى:(لوٹنے کی جگہ۔ٹھکانہ) فاعل مرفوع۔ اسم ظرف مکان۔ مضاف۔ الظَّالِمِينَ :(کی جمع اندھیر مچانے والے) مضاف الیہ۔ مجرور۔ علامت ۔ی۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ مبتداء محذوف۔

ترجمہ آیت: ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں تمہارا رعب بٹھادیں گے کیونکہ یہ اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں جس کی اس نے کوئی بھی دلیل نازل نہیں کی اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے وہ ظالموں کا بہت بُرا ٹھکانا ہے۔

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ
وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ
ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْھُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔صَدَقَ:(اس نے سچ کر دکھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ۔(ص د ق)صیغہ۔صَدَقَ يَصْدَقُ۔مصدر۔صِدْقٌ۔(سچ کرنا)۔كُمُ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے) فاعل۔ مرفوع۔وَعْدَ:(وعدے کو)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔هٗ :(وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔تَحُسُّونَ:(قتل کرتے ہو۔فناہ کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح س س) مضاعف۔ صیغہ۔حَسَّ يَحُسُّ۔مصدر۔حَسًّا۔(فناہ کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِذْنِ:(اجازت ۔ حکم)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غایت۔حرف ابتداء۔بعدہٗ أَنْ مضمر۔ ناصب۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔فَشِلْتُمْ:(تم بزدلی دکھائی۔تم نے ہمت ہار دی)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ش ل) صیغہ۔فَشِلَ يَفْشَلُ۔مصدر۔فَشَلٌ۔(بزدلی دکھانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَنَازَعْتُمْ:(تم باہم کھینچا تانی کرتے ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَنَازَعَ يَتَنَازَعُ۔مصدر۔تَنَازُعًا۔(باہم جھگڑا کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ع)صیغہ نَزَعَ يَنْزِعُ۔مصدر۔نَزْعًا۔(جھگڑنا۔اتارنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَمْرِ :(حکم)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَصَيْتُمْ:(تم نے نافرمانی کی۔گناہ کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ع ص ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ عَصٰى يَعْصِيْ۔مصدر۔عِصْيَانٌ۔(نافرمانی کرنا۔گناہ کرنا) مِّنْ:

(سے)حرف جار۔ بَعْدِ :(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مَا:(یہ کہ)مصدریہ۔ أَرَا:(اس نے دکھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَرٰی یُرِیْ۔مصدر۔اِرَائَۃٌ۔(دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔ رَایَ یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَۃٌ۔(دیکھنا)۔ کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔تُحِبُّونَ:(تم پیار کرتے ہو۔پسند کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکرحاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔ صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔ مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ یَحِبُّ۔مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔محبت کرنا۔پسند کرنا)۔مِنْ:(میں سے کچھ)حرف جار تبعیضیہ۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم۔ مَّنْ:(جو)اسم موصول۔ محلاً مرفوع۔ مبتداء۔ یُرِیدُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ یُرِیْدُ۔مصدر۔ اِرَادَۃٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د) صیغہ رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ الدُّنْیَا:(دنیا کو)غیر منصرف۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(میں سے کچھ)حرف جار تبعیضیہ۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم۔ مَّنْ :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع مبتداء مؤخر۔یُرِیدُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ یُرِیْدُ۔مصدر۔اِرَادَۃٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د) صیغہ رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ الْآخِرَۃَ :(آخرت۔قیامت) منصوب۔مفعول بہ۔ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔صَرَفَ:(اس نے پھیر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ر ف)صیغہ۔ صَرَفَ یَصْرِفُ۔مصدر۔صَرْفًا۔(پھیرنا)۔کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ھُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَبْتَلِيَ:(مبتلا کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔

باب افتعال۔صیغہ۔ اِبْتَلٰی یَبْتَلِیْ۔مصدر۔اِبْتِلَاءٌ۔(مصیبت میں ڈالنا۔ مبتلا کرنا۔)ثلاثی مجرد۔بَلَا یَبْلُو۔مصدر۔بَلْوًا۔بَلَاءٌ۔(مصیبت میں پڑنا)۔کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔یقیناً)لائے تاکید۔قَدْ :(بلاشبہ یقیناً)حرف تحقیق۔عَفَا:(اس نے درگزر کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ف و)صیغہ ۔عَفَا یَعْفُو۔مصدر۔عَفْوٌ۔(درگزر کرنا۔ معاف کرنا۔) عَنْ:(سے)حرف جار۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ ذُو:(والا۔صاحب۔مالک)از ستّہ مکبّرہ۔(اب۔فم۔حم۔ذو۔اخ۔ هن-)مضاف۔فَضْلٍ :(فضل۔کرم) مجرور۔مضاف الیہ۔عَلَی :(پر)حرف جار۔الْمُؤْمِنِينَ :(مومن کی جمع۔ایمان والے)فاعل جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور اللہ نے اپنا وعدہ سچا کر دیا (یعنی) اس وقت جبکہ تم کافروں کو اس کے حکم سے قتل کر رہے تھے یہاں تک کہ جو تم چاہتے تھے اللہ نے تم کو دکھا دیا اس کے بعد تم نے ہمت ہار دی اور حکم (پیغمبر) میں جھگڑا کرنے لگے اور اس کی نافرمانی کی بعض تو تم میں سے دنیا کے خواستگار تھے اور بعض آخرت کے طالب اس وقت اللہ نے تم کو ان (کے مقابلے) سے پھیر (کر بھگا) دیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے اور اس نے تمہارا قصور معاف کر دیا اور اللہ مومنوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے۔

اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓی اَحَدٍ وَّ الرَّسُوْلُ یَدْعُوْكُمْ فِیْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَیْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰی مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾

إِذْ:(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔ تُصْعِدُونَ:(تم چڑھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔صیغہ۔اَصْعَدَ یُصْعِدُ۔مصدر۔اِصْعَادٌ۔(اوپر چڑھنا۔ بلندی پر چڑھنا)ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ص ع د)صیغہ۔صَعِدَ یَصْعَدُ۔مصدر۔صُعُوْدًا۔(چڑھنا)۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَلْوُوْنَ :(تم مروڑے ہو۔پیچھے مڑ کر دیکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر

حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ل و ی)لفیف مقرون۔ اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ ۔لَوٰی یَلْوِیْ۔مصدر۔لِیٌّ۔لِیًّا۔(لفظ کو مروڑنا۔ زمان کو مروڑنا۔ پیچھے مڑ کر دیکھنا)۔عَلٰی:(پر)حرف جار۔ أَحَدٍ:(کوئی ایک۔کسی ایک)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔الرَّسُولُ: (پیغمبر) معرف باللام۔خاص رسول۔ مبتداء۔واحد مذکر مرفوع۔ یَدْعُو:(وہ بلاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)صیغہ۔دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَۃٌ۔(پکارنا۔دعا کرنا)۔ کُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔فِي :(میں)حرف جار۔أُخْرَا:(پیچھے۔)اصلاً أُخْرٰی تھا۔ محلاً اسم مجرور۔ تقدیراً مکسور۔ حرف علت محذوف برائے اتصال مابعد۔ مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔أَثَابَ:(اس نے پہنچایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَثَابَ یُثِیْبُ۔مصدر۔اِثَابَۃٌ۔(پہنچانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ث ب ت)صیغہ۔ ثَبَتَ یَثْبُتُ۔مصدر۔ثَبَاتًا۔ثُبُوْتًا۔(ڈٹے رہنا۔مضبوط رہنا)۔کُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ غُمًّا:(غم۔رنج۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔غَمٍّ:(غم)اسم مجرور۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ كَيْ:() مصدریہ۔ناصب مضارع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَحْزَنُوا:(تم سب غمگین نہ ہوں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ کَیْ کی وجہ سے منصوب۔علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزِنَ یَحْزَنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔(غم کرنا)عَلٰی :(پر)حرف جار۔مَا :(جو) اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔فَاتَ:(وہ مر گیا۔اس نے مار دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ف و ت)اجوف واوی۔صیغہ فَاتَ یَفُوْتُ۔مصدر۔فَوْتًا۔(چھن جانا۔گزر جانا۔فوت ہو جانا)۔کُمْ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ أَصَابَ:(مصیبت پہنچی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِیْبُ۔مصدر۔اِصَابَۃٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و ب)صیغہ۔صَابَ

يَصُوْبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(بارش ہونا۔مصیبت آنا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔خَبِيْرٌ:(خوب خبر رکھنے والا ہے)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔تَعْمَلُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔ مصدر۔عَمَلًا۔(عمل کرنا)

ترجمہ آیت:(وہ وقت بھی یاد کرنے کے لائق ہے)جب تم لوگ دور بھاگے جاتے تھے اور کسی کو پیچھے پھر کر نہیں دیکھتے تھے اور رسول اللہ تم کو تمہارے پیچھے کھڑے بلارہے تھے تو اللہ نے تم کو غم پر غم پہنچایا تاکہ جو چیز تمہارے ہاتھ سے جاتی رہی یا جو مصیبت تم پر واقع ہوئی ہے اس سے تم اندوہناک نہ ہو اور اللہ تمہارے سب اعمال سے خبر دار ہے

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔أَنْزَلَ:(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔ نُزُوْلٌ(اترنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ: (سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔الْغَمِّ:(غم)مجرور مضاف الیہ۔ أَمَنَةً :(چین ۔سکون۔اطمینان۔امن۔ تسلی)منصوب۔ مفعول بہ۔نُّعَاسًا:(اونگھ۔نیند)بدل۔منصوب۔ يَغْشَى: (چھا جائے۔ڈھانپ لیا جائے۔طاری ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ش

ی)ناقص یائی۔صیغہ غَشِیَ یَغْشٰی۔مصدر۔غِشْیَانٌ۔(ڈھانپ لینا۔طاری ہونا۔) طَآئِفَةً :(ایک جماعت کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مرفوع۔صفت۔وَ:(اور)استئنافیہ۔طَآئِفَةٌ :(گروہ نے)مبتداء۔مرفوع۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَهَمَّتْ: (گمان ہوا۔خیال ہوا۔ارادہ کیا۔قصد کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ضمیر تائے تانیث۔مبنی بر سکون۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ أَنْفُسُ:(جانوں نے)فاعل مرفوع۔مضاف۔ هُمْ: (ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً مرفوع صفت۔يَظُنُّونَ :(وہ گمان کرے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ظ ن ن)مضاعف۔صیغہ ۔ظَنَّ یَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا۔(گمان رکھنا۔خیال کرنا)۔جملہ طَائِفَةٌ کی خبر مرفوع۔بِ: (ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔غَيْرَ:(سوا۔علاوہ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ الْحَقِّ:(حق۔سچ)مجرور۔مضاف الیہ۔ ظَنَّ:(اس نے گمان کیا)یہاں منصب مفعول مطلق۔مضاف۔ الْجَاهِلِيَّةِ:(جاہلیت)مجرور مضاف الیہ۔ يَقُولُونَ :(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْأَمْرِ :(حکم)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مِنْ :(سے)حرف جار۔زائدہ۔شَيْءٍ :(کوئی چیز)مبتداء مؤخر۔ مجرور۔قُلْ :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔ کہنا)۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْأَمْرَ:(حکم) إِنَّ کا اسم منصوب۔ كُلَّ:(ہر۔تمام) تاکید منصوب۔مضاف۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف الیہ۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)حرف جار+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔يُخْفُونَ :(چھپاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْفٰی یَخْفِیْ۔

مصدر۔اِخْفَاءٌ۔(چھپانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَفِيَ يَخْفِيْ۔مصدر۔ خَفْيًا۔(چھپانا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی۔اپنے تیئں۔ اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُبْدُوْنَ:(وہ ظاہر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔ موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْدٰی يُبْدِیْ۔مصدر۔اِبْدَاءٌ۔(ظاہر کرنا) ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ب د و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَدَا يَبْدُو۔مصدر۔بَدَاءٌ۔(ظاہر کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔يَقُوْلُوْنَ :(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر عامل۔ كَانَ:(ہوا۔تھا) فعل ناقص ماضی۔ واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلا منصوب كَانَ کی خبر مقدّم۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔ الأَمْرِ:(حکم)محلاً اسم مجرور۔ شَيْءٌ:(کوئی چیز) كَانَ کا اسم مؤخر۔مرفوع۔ مَّا :(نہیں)نافیہ۔قُتِلْنَا:(ہم قتل کئے گئے)فعل ماضی جمع متکلم۔مجہول۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ هُنَا:(یہاں۔اس جگہ)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ قریب کے لئے۔ قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔ لَّوْ :(اگر)حرف شرط۔غیر عامل۔كُنْتُمْ:(تم ہو۔تم تے) فعل ناقص ماضی۔واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ ضمیر تم مبنی بر سکون۔محلاً كَانَ کا اسم۔مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ بُيُوتِ:(بَيْتٌ کی جمع۔گھروں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر

حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ لَ:(ضرور۔یقینا)حرف جواب یعنی۔ لائے تاکید۔بَرَزَ :(ظاہر ہو گیا۔نکل آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ(ب ر ز)صیغہ۔بَرَزَ يَبْرُزُ۔ مصدر۔بُرُوْزًا۔(ظاہر ہونا۔ باہر نکلنا)۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر مفتوح۔ محلاًمرفوع۔فاعل۔ كُتِبَ:(لکھا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔ مصدر۔كِتَابَةٌ۔كِتَابًا۔(لکھنا۔لکھائی کرنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمُ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الْقَتْلُ:(قتل ہونا)نائب فاعل مرفوع۔ إِلَى :(طرف)حرف جار۔مَضَاجِعِ:(آرام گاہیں میدان جنگ۔مَقْتَلٌ استعارةً کہا گیا۔)اسم مجرور(کیونکہ شہید ہونے یا مرجانے کے بعد ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دنیاوی معاملات سے سکون میں ہو جاتے ہیں۔اس لئے معنی کیا گیا ہے۔ مَقْتَلٌ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(یقیناً)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَبْتَلِيَ :(مبتلا کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِبْتَلٰى يَبْتَلِيْ۔ مصدر۔ اِبْتِلَاءٌ۔(مصیبت میں ڈالنا۔مبتلا کرنا۔)ثلاثی مجرد۔بَلَا يَبْلُو۔مصدر۔بَلْوًا۔بَلَاءٌ۔(مصیبت میں پڑنا)۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔مَا :(جو)اسم موصول۔فِي :(میں)حرف جار۔صُدُورِ:(صَدْرٌ کی جمع۔ سینوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(یقیناً)لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔يُمَحِّصَ :(خالص کر دے۔چھانٹ دے۔صاف کر دے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔مَحَّصَ يُمَحِّصُ۔مصدر۔تَمْحِيْصًا۔ (خالص کرنا۔صاف کرنا۔ چھانٹنا)مَا :(جو)اسم موصول۔فِي :(میں)حرف جار۔قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔ دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مرفوع۔ عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا ہے)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ ذَاتِ:(والا)مونث ازستّہ مکبّرہ۔اسم مجرور۔ مضاف۔ الصُّدُورِ :(صَدْرٌ کی جمع۔سینے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: پھر اللہ نے غم ورنج کے بعد تم پر تسلی نازل فرمائی (یعنی) نیند کہ تم میں سے ایک جماعت پر طاری ہو گئی اور کچھ لوگ جن کو جان کے لالے پڑ رہے تھے اللہ کے بارے میں ناحق (ایام) کفر کے سے گمان کرتے تھے اور کہتے تھے بھلا ہمارے اختیار کی کچھ بات ہے؟ تم کہہ دو کہ بے شک سب باتیں اللہ ہی کے اختیار میں ہیں یہ لوگ (بہت سی باتیں) دلوں میں مخفی رکھتے ہیں جو تم پر ظاہر نہیں کرتے تھے کہتے تھے کہ ہمارے بس کی بات ہوتی تو ہم یہاں قتل ہی نہ کیے جاتے کہہ دو کہ اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے تو جن کی تقدیر میں مارا جانا لکھا تھا وہ اپنی اپنی قتل گاہوں کی طرف ضرور نکل آتے اس سے غرض یہ تھی کہ اللہ تمہارے سینوں کی باتوں کو آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اس کو خالص اور صاف کر دے اور اللہ دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے

إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾

إِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ تَوَلَّوْا:(وہ منہ پھیر گئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ تَوَلّٰی يَتَوَلّٰى۔ مصدر۔ تَوَلِّيٌ۔(منہ پھیرنا۔ رخ پھیرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ(و ل ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ وَلِيَ يَلِي۔ مصدر۔ وَلْيًا۔(منہ پھیرنا)۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ يَوْمَ :(دن) ظرف زمان۔ مبنی بر فتحہ۔ الْتَقَى:(وہ ملا۔ وہ بھڑا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اَلْتَقٰى يَلْتَقِي۔ مصدر۔ اِلْتِقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔(ل ق ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ لَقِيَ يَلْقٰى۔ مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءَ۔ لُقْيًا۔ وغیرہ (ملنا۔ ملاقات کرنا۔ مڈبھیڑ ہونا)۔ الْجَمْعٰنِ :(دونوں جماعتیں) فاعل۔ تثنیہ۔ علامت الف۔ مرفوع۔ نون اعرابی موجود۔ إِنَّمَا:(صرف اس کے نہیں۔ یقینا) كافة و مكفوفة۔ حرف حصر۔ مرکب :(إِنَّ+مَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم+ نافیہ۔ اسْتَزَلَّ:(اس کو پھسلا دیا۔ ڈگمگا دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَزَلَّ يَسْتَزِلُّ۔

مصدر۔اِسْتِزْلَالٌ۔(ورغلانا۔پھسلانا۔ڈگمگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ل ل)مضاعف۔صیغہ۔زَلَّ یَزِلُّ۔مصدر۔زِلًّا۔زُلُوْلًا۔(ڈگمگانا۔پھسلنا۔)۔هُمُ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ الشَّيْطٰنُ :(شیطان۔ابلیس۔عزازیل)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔بَعْضِ :(بعض۔کچھ)ظرف۔ اسم مجرور۔مضاف۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔كَسَبُوْا:(انہوں نے کمایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا۔کرنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔قَدْ:(بلاشبہ۔یقیناً)حرف تحقیق۔ عَفَا :(اس نے درگزر کی۔معاف کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ف و) صیغہ۔عَفَا يَعْفُو۔مصدر۔عَفْوٌ۔(درگزر کرنا۔معاف کرنا۔) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔عَنْ: (سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ :(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔غَفُوْرٌ :(خوب مغفرت کرنے والا) إِنَّ کی خبر مرفوع۔حَلِيْمٌ :(خوب بردبار۔) إِنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ تم میں سے (اُحد کے دن) جبکہ (مومنوں اور کافروں کی) دو جماعتیں ایک دوسرے سے گتھ گئیں (جنگ سے) بھاگ گئے تو ان کے بعض افعال کے سبب شیطان نے ان کو پھسلا دیا مگر اللہ نے ان کا قصور معاف کر دیا بے شک اللہ بخشنے والا اور بردبار ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾

يَا اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کونسا۔جونسا)منادیٰ۔مضاف۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔(يٰٓاَيُّهَا۔ يٰٓاَيَّتُهَا)کو حرف نداء بولتے ہیں۔اس کے بعد منادیٰ معرف باللام ہوتا ہے۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔منادیٰ۔ آمَنُوْا:

(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَكُونُوا:(تم ہو جاؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ كَ:(جیسا کہ)حرف تشبیہ و جار۔الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ وَ:()قَالُوا : (انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔ قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔إِخْوَانِ:(اَخٌ کی جمع بھائی)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔ جازم۔فعل شرط۔ ضَرَبُوا :(وہ چلے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ض ر ب)صیغہ ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ ضَرْبًا۔ (مارنا۔چلنا۔ بیان کرنا۔)فِي : (میں)حرف جار۔الْأَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔أَوْ:(یا)حرف عطف كَانُوا :(وہ ہیں۔تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ غُزًّى:(غَازِيٌّ کی جمع۔لڑائی کرنے والے۔جہاد کرنے والے)اسم فاعل۔جمع۔ كَانَ کی خبر منصوب۔ لَوْ :(اگر)حرف شرط۔غیر عامل۔كَانُوا :(وہ ہیں۔تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی برفتحہ۔مضاف۔نَا :(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔مبنی برف سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مَا :(نہیں) نافیہ۔ مَاتُوا:(وہ مر گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(م و ت) اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔

مصدر۔مَوْتٌ۔(مرنا)وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔ قُتِلُواْ: (وہ مارے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ضمیر مستتر ھم نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ لِ:(تاکہ) حرف تعلیل۔ناصب مضارع۔یَجْعَلَ:(وہ بنائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ۔جَعَلَ یَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ ذَٰلِكَ :(وہ)اسم اشارہ واحد مذکر (ذَ۔اشارہ۔لِ۔دوری کے لئے اور کَ خطابیہ)محلاًمبتداء۔ مرفوع۔ حَسْرَةً :(حسرت۔ایسی خواہش جو کبھی پوری نہ ہوئی ہو)۔منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ فِي:(میں)حرف جار۔ قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع ۔دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مرفوع۔يُحْيِي:(زندگی دیتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰى يُحْيِيْ۔مصدر۔اَحْيَاءٌ۔ (زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔اجوف و ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰ۔ مصدر۔حَيَاةٌ۔(جینا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُمِيْتُ:(وہ موت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَمَاتَ يُمِيْتُ۔مصدر۔اِمَاتَةٌ۔(موت دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔ مصدر۔مَوْتٌ۔(مرنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون ۔محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُونَ :(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔ مصدر۔عَمَلًا(کرنا۔)۔بَصِيرٌ :(خوب دیکھنے والا۔ بصیرت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:مومنو! ان لوگوں جیسے نہ ہونا جو کفر کرتے ہیں اور ان کے (مسلمان) بھائی جب (اللہ کی راہ میں) سفر کریں (اور مر جائیں) یا جہاد کو نکلیں (اور مارے جائیں) تو ان کی نسبت کہتے ہیں کہ اگر وہ ہمارے پاس رہتے تو نہ

مرتے اور نہ مارے جاتے۔ ان باتوں سے مقصود یہ ہے کہ اللہ ان لوگوں کے دلوں میں افسوس پیدا کر دے اور زندگی اور موت تو اللہ ہی دیتا ہے اور اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَئِنْ:(ضرور۔البتہ اگر)مرکب :(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ قُتِلْتُمْ: (تم قتل کر دئے جاؤ)فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر۔ضمیر تُمْ محلاً مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔ (قتل کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ سَبِيلِ :(راہ)اسم مجرور۔ مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔ مضاف الیہ۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ مُتُّمْ: (تم مار دئے جاؤ)فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر۔ ضمیر تُمْ محلاً مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔ مصدر۔مَوْتٌ۔(مرنا)۔ لَ: (البتہ) لائے تاکید۔مَغْفِرَةٌ :(مغفرت)مبتداء مرفوع۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَحْمَةٌ :(رحمت ۔مہربانی۔عنایت)معطوف مرفوع۔خَيْرٌ :(بہتری۔بھلائی۔ نیکی)خبر مرفوع۔مِّمَّا :(جو کچھ)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔ محلاً مجرور۔يَجْمَعُونَ :(وہ جمع کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ۔جَمَعَ يَجْمَعُ۔مصدر۔جَمْعًا۔(جمع کرنا)۔

اور اگر تم اللہ کے رستے میں مارے جاؤ یا مر جاؤ تو جو (مال و متاع) لوگ جمع کرتے ہیں اس سے اللہ کی بخشش اور رحمت کہیں بہتر ہے

وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِالَى اللهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَئِنْ:(ضرور۔البتہ اگر)مرکب :(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ مُّتُّمْ: (تم مار دئے جاؤ)فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر۔ ضمیر تُمْ محلاً مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔ مصدر۔مَوْتٌ۔(مرنا)۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ قُتِلْتُمْ : (تم قتل کر دئے جاؤ)فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر۔ضمیر تُمْ محلاً مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔ (قتل کرنا)۔ لَ: (یقیناً۔ضرور)إِلَى :(طرف)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ تُحْشَرُوْنَ :(تم اکٹھے کئے جاؤ گے) فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر تُمْ مستتر نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر)صیغہ حَشَرَ يَحْشُرُ۔مصدر۔حَشْرًا۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم مر جاؤ یا مارے جاؤ اللہ کے حضور میں ضرور اکھٹے کئے جاؤ گے

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جر۔مَا :(ضرور)برائے تاکید۔زائدہ۔رَحْمَةٍ:(رحمت)اسم مجرور۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ لِنْتَ:(تم نرم ہوئے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ل ی ن)اجوف یائی۔صیغہ لَانَ يَلِيْنُ۔مصدر۔لِيْنٌ۔(نرم ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ :(اگر)حرف شرط۔ كُنْتَ:(تو ہوتا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ فَظًّا:(تند رو۔ سخت مزاج۔کھردرے۔غصے والے) كَانَ کی خبر منصوب۔ غَلِيْظَ:(سخت۔) كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔مضاف۔ الْقَلْبِ:(دل)اسم مجرور۔ لَ:()انْفَضُّوْا:(وہ بکھر گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔انفعال۔اَنْفَضَّ يَنْفَضُّ۔ مصدر۔

اِنْفَاضٌ۔(منتشر ہونا۔بکھرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ض ض)مضاعف۔صیغہ فَضَّ یَفُضُّ۔مصدر۔ فَضًّا۔(بکھرنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔حَوْلِ:(گرد و پیش۔ارد گرد)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔تفسیری۔اعْفُ:(در گزر کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔حرف علت محذوف بوجہ ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ف و)ناقص واوی۔ صیغہ۔ عَفَا یَعْفُو۔مصدر۔عَفْوًا۔(در گزر کرنا) عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اسْتَغْفِرْ:(مغفرت طلب کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتِغْفَارٌ۔(مغفرت مانگنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔شَاوِرْ:(باہم مشورہ کرو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔شَاوَرَ یُشَاوِرُ۔مصدر۔ مَشَاوَرَةٌ۔(باہم مشورہ کرنا)۔ هُمْ:(ان سے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الأَمْرِ:(معاملہ۔کام۔حکم)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔استئنافیہ۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔عَزَمْتَ:(تونے پختہ ارادہ کرلیں)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔مادہ(ع ز م)صیغہ۔عَزَمَ یَعْزِمُ۔ مصدر۔عَزْمٌ۔(پختہ ارادہ کرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔جواب شرط۔تَوَكَّلْ:(بھروسہ کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَوَكَّلَ یَتَوَكَّلُ۔مصدر۔تَوَكُّلٌ۔(بھروسہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب۔ضرب۔مادہ(و ک ل)مثال واوی۔صیغہ۔وَكَلَ یَكِلُ۔مصدر۔وَكْلًا۔وُكُوْلًا۔(اعتماد کرنا۔بھروسہ کرنا)۔عَلَى :(پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔إِنَّ :(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ یُحِبُّ :(پسند کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَحَبَّ یُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابًا۔(پسند کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ

(ح ب ب)مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حُبًّا۔(محبت کرنا) الْمُتَوَكِّلِينَ:(توکل کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اے محمد ﷺ) اللہ کی مہربانی سے تمہاری افتادِ مزاج ان لوگوں کے لئے نرم واقع ہوئی ہے۔اور اگر تم بدخو اور سخت دل ہوتے تو یہ تمہارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے۔تو ان کو معاف کر دو اور ان کے لئے (اللہ سے) مغفرت مانگو۔اور اپنے کاموں میں ان سے مشورت لیا کرو۔اور جب (کسی کام کا) عزم مصمم کر لو تو اللہ پر بھروسا رکھو۔بے شک اللہ بھروسا رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۗ وَعَلَى اللهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

إِنْ:(اگر)حرف شرطیہ۔جازم فعل شرط۔يَنصُرْ:(وہ مدد کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔ كُمُ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ منصوب مفعول بہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔غَالِبَ:(کوئی بھی غالب نہیں)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لائے نفی جنس کی خبر۔اور جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ جازم۔ فعل شرط۔ يَخْذُلْ:(بے یارو مدد گار چھوڑا دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ذ ل)صیغہ۔خَذَلَ يَخْذُلُ۔مصدر۔خَذْلًا۔خُذْلَانًا۔(مدد کرنے سے ہاتھ اٹھانا)۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔ جواب شرط۔مَنْ:(کون ہے)اسم استفہام مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ذَا:(وہ)اسم اشارہ۔مبنی بر سکون محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم منصوب۔شرط۔الَّذِيْ:(جو)اسم موصول واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع بدل۔۔يَنصُرُ: (وہ مدد کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد

کرنا)۔ کُمۡ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ بَعۡدِ:(بعد)اسم مجرور۔ظرف زمان۔مضاف۔ ہٖ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عَلَی:(پر)حرف جار۔ اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ فَ:(تو)برائے رابطہ۔ لۡ:(چاہیئے کہ)لائے امر مؤکد جازم مضارع۔ یَتَوَکَّلِ:(بھروسہ کرے)فعل امر واحد مذکر غائب۔ فعل شرط مجزوم۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔ تَوَکَّلَ یَتَوَکَّلُ۔مصدر۔ تَوَکُّلٌ۔(بھروسہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(و ک ل)مثال واوی۔صیغہ۔ وَکَلَ یَکِلُ۔مصدر۔ وَکۡلًا۔ وُکُوۡلًا۔(اعتماد کرنا۔بھروسہ کرنا)۔ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ :(الۡمُؤۡمِنُ کی جمع۔ایمان والے)فاعل مرفوع۔علامت واؤ۔

ترجمہ آیت: اور اللہ تمہارا مددگار ہے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا۔اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو پھر کون ہے کہ تمہاری مدد کرے اور مومنوں کو چاہیئے کہ اللہ ہی پر بھروسا رکھیں۔

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ؕ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔ کَانَ :(ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ کَانَ یَکُوۡنُ۔ مصدر۔ کَوۡنًا۔(ہونا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ نَبِیٍّ:(خبر دینے والا)اسم مجرور۔ اَنۡ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یَغُلَّ:(وہ بد دیانتی کرے۔خیانت کرے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(غ ل ل) مضاعف۔صیغہ ۔ غَلَّ یَغُلُّ۔مصدر۔ غَلًّا۔ غُلُوۡلٌ۔(مال غنیمت میں بد دیانتی کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنۡ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔ یَغۡلُلۡ :(خیانت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(غ ل ل)مضاعف۔صیغہ ۔ غَلَّ یَغُلُّ۔مصدر۔ غَلًّا۔ غُلُوۡلٌ۔(مال غنیمت میں بد دیانتی کرنا)۔ یَأۡتِ :(وہ لائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔جواب شرط۔ حرف علت مجزوم ہونے کی بنا

پر محذوف ہوئی۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔ غَلَّ :(اس نے بد دیانتی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(غ ل ل)مضاعف۔صیغہ ۔غَلَّ يَغُلُّ۔مصدر۔غَلًّا۔غُلُوْلٌ۔(مال غنیمت میں بد دیانتی کرنا)۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مبنی برف فتحہ۔مضاف۔ الْقِيَامَةِ :(قیامت۔آخرت) اسم مجرور۔ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ تُوَفّٰی:(وہ پورکیا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔تفعل۔تَوَفّٰی يَتَوَفّٰی۔مصدر۔تَوَفِّيٌّ۔(پورا کرنا۔مر جانا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وف ی) مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَفٰی يَفِيْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ كُلُّ :(ہر۔تمام)برائے تاکید۔ نائب فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ نَفْسٍ:(جان)اسم مجرور مضاف الیہ۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ كَسَبَتْ:(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب) صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا)۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًمرفوع۔ مبتداء۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُظْلَمُوْنَ :(ظلم کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔ جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤجمع۔ ضمیر مستترهُمْ نائب فاعل۔مرفوع۔محلاًخبر مرفوع۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا۔)

ترجمہ آیت:اور کبھی نہیں ہو سکتا کہ پیغمبر (اللہ) خیانت کریں۔اور خیانت کرنے والوں کو قیامت کے دن خیانت کی ہوئی چیز (اللہ کے روبرو) لا حاضر کرنی ہو گی۔پھر ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلا دیا جائے گا اور بے انصافی نہیں کی جائے گی۔

اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٦٢﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔مَنِ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ مبتداء مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ اتَّبَعَ :(پیروی کرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔

مصادر۔تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ رِضْوَانَ:(رضا۔خوشنودی۔مرضی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ كَ:(تیری)حرف جار و تشبیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً مَن کی خبر مرفوع۔بَاءَ:(وہ لوٹا۔کمایا۔گرفتار ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ب و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔بَاءَ يَبُوْءُ۔مصدر۔بَوْءٌ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ سَخْطٍ: (غصہ۔سخت ناراضی)اسم مجرور۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجرور۔صفت۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔مَأْوٰا:(ٹھکانا)ظرف مکان۔مبتداء۔مضاف۔هُ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔جَهَنَّمُ :(دوزخ)خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔بِئْسَ : (برا)فعل ماضی۔جامد۔ذم۔اَلْمَصِيْرُ :(ٹھکانا۔لوٹ کر آنے کی جگہ)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مبتدء محذوف۔

ترجمہ آیت: بھلا جو شخص اللہ کی خوشنودی کا تابع ہو وہ اس شخص کی طرح (مرتکب خیانت) ہو سکتا ہے جو اللہ کی ناخوشی میں گرفتار ہو اور جس کا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور وہ برا ٹھکانا ہے

هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦٣﴾

هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ دَرَجَاتٌ :(مراتب۔درجے)خبر مرفوع۔عِنْدَ: (پاس)ظرف مکان۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔ مرفوع۔ بَصِيْرٌ:(خوب۔دیکھنے والا)خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون محلاً مجرور۔يَعْمَلُوْنَ :(وہ عمل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔ عَمَلًا۔(عمل کرنا۔کام کرنا)۔

ترجمہ آیت:ان لوگوں کے اللہ کے ہاں (مختلف اور متفاوت) درجے ہیں اور اللہ ان کے سب اعمال کو دیکھ رہا ہے

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾

لَ:(البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔مَنَّ:(اس نے احسان کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ن ن)مضاعف۔صیغہ۔مَنَّ يَمُنُّ۔مصدر۔مَنًّا ۔ مِنَّةٌ۔(احسان کرنا۔ جتانا۔) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔عَلَى :(پر)حرف جار۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان والے) اسم مجرور۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔بَعَثَ :(اس نے بھیجا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ب ع ث)بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثٌ۔(بھیجنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هِمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ رَسُولاً :(پیغمبر کو)منصوب۔مفعول بہ۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَتْلُو :(وہ تلاوت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ت ل و)صیغہ ۔ تَلَا يَتْلُو۔مصدر۔ تِلَاوَةٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ آيَاتِ: (آیات)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هِ:(وہ۔اپنی) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُزَكِّي : (نشوو نما۔پہنچے دے گا۔پاک کرے گا۔اصلاح کرے گا)فعل مضارع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعيل۔صیغہ زَكّٰى يُزَكِّيْ۔مصدر۔تَزْكِيَةً۔(نشوونما کرنا۔ اصلاح کرنا۔ پاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ز ک و)صیغہ۔زَكَا يَزْكُو۔مصادر۔ اَزْكٌ۔زَكَاةٌ۔ زَكَاءً۔ زُكُوًّا۔(زیادہ کرنا۔بڑھانا۔نشوونما کرنا۔تربیت کرنا)۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔يُعَلِّمُ :(سکھایا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزیدفیہ۔ باب تفعيل۔صیغہ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِيْمًا۔ (سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔

(سیکھنا)۔ هُمُ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ الْكِتَابَ :(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔ منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْحِكْمَةَ :(دانائی)معطوف منصوب۔ مفعول بہٖ ثالث۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔إِنْ:(بے شک۔بلاشبہ)مخففہ۔ثقیلہ مہملہ سے۔ كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مِنْ:سے (حرف جار)قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔لَ: (یقینا) لائے فارقہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ضَلَالٍ: (گمراہی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔مُّبِينٍ: (واضح۔کھلم کھلی) صفت۔ مجرور۔تابع۔

ترجمہ آیت:اللہ نے مومنوں پر بڑا احسان کیا ہے کہ ان میں انہیں میں سے ایک پیغمبر بھیجے۔جو ان کو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور ان کو پاک کرتے اور (اللہ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں اور پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔

اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام وَ:(اور)حرف عطف۔لَمَّا :()ظرف زمان۔شرطیہ۔أَصَابَتْ:()فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَصَابَ يُصِيْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔ (پہنچنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و ب)صیغہ۔صَابَ يَصُوْبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(بارش ہونا۔ مصیبت آنا)۔ كُم :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُّصِيبَةٌ : (مصیبت۔دکھ)فاعل مرفوع۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔أَصَبْتُم :(تم کو پہنچے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَصَابَ يُصِيْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔ (پہنچنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و ب)صیغہ۔صَابَ يَصُوْبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(بارش ہونا۔ مصیبت آنا)۔ كُم :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّثْلَيْ:(دونوں کی مانند۔دگنی۔دوچند)اصلاً مِّثْلَيْنِ تھا۔نون تثنیہ

کا مضاف ہونے کی وجہ سے محذوف۔ هَا:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ قُلْتُمْ:(تم نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔ أَنّٰى : (کیونکر)ظرف زمان ومکان۔ہر دو کے لئے آتا ہے۔ظرف زمان ہو تو معنیٰ(مَتٰى) (جب)کا۔ظرف مکان ہو تو(اَيْنَ)(کہاں) کا ۔اگر اسم استفہام ہو تو معنیٰ(کیسے۔کیونکر)ہوں گے۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔ مبتداء۔ قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مِنْ :(سے)حرف جار۔ عِنْدِ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(بے شک۔ یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب إِنَّ کا اسم۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔كُلِّ: (ہر۔تمام)ظرف۔اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ:(چیز)مجرور۔مضاف الیہ۔ قَدِيْرٌ :(پیمانے۔اندازے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔ محلاً جملہ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(بھلا یہ) کیا (بات ہے کہ) جب (اُحد کے دن کافر کے ہاتھ سے) تم پر مصیبت واقع ہوئی حالانکہ (جنگ بدر میں) اس سے دوچند مصیبت تمہارے ہاتھ سے ان پر پڑ چکی ہے تو تم چلا اٹھے کہ (ہائے) آفت (ہم پر) کہاں سے آپڑی کہہ دو کہ یہ تمہاری ہی شامت اعمال ہے(کہ تم نے پیغمبر کے حکم کے خلاف کیا) بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٦٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصَابَ:(وہ پہنچی)فعل ماضی واحد مذکر غائب ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ يُصِيْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ص و ب)صیغہ۔صَابَ يَصُوْبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(بارش ہونا۔ مصیبت آنا)۔ كُم:(تم کو)ضمیر جمع

مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ یَوْمَ:(دن)ظرف زمان مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔اِلْتَقَی:(وہ ملا۔وہ بھڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِلْتَقٰی یَلْتَقِیْ۔ مصدر۔اِلْتِقَاءٌ۔(ڈالنا۔)ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔ لُقْیَانًا۔ لُقْیَۃً۔تِلْقَاءً۔لُقِیًا۔وغیرہ(ملنا۔ملاقات کرنا۔مڈبھیڑ ہونا)۔ الْجَمْعٰنِ :(دونوں جماعتیں)فاعل۔ تثنیہ۔ علامت الف ۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔اِذْنِ:(اجازت۔حکام) اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَعْلَمَ:(وہ جانے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ ثلاثی مجرد ۔ باب سمع ۔ مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ الْمُؤْمِنِیْنَ :(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان والے) منصوب۔علامت۔ی۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور جو مصیبت تم پر دونوں جماعتوں کے مقابلے کے دن واقع ہوئی سو اللہ کے حکم سے(واقع ہوئی) اور(اس سے) یہ مقصود تھا کہ اللہ مومنوں کو اچھی طرح معلوم۔

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۖ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ۭ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ۭ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿١٦٧﴾ ۚ

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَعْلَمَ:(وہ جانے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ الَّذِیْنَ: (وہ)اسم موصول۔جمع مذکر۔ نَافَقُوْا:(انہوں نے منافقت)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔مفاعلہ۔صیغہ۔نَافَقَ یُنَافِقُ۔مصدر۔ مُنَافَقَةٌ۔(منافقت کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ یَنْفُقُ۔مصادر۔ نَفْقًا۔ نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔قِیْلَ:(کہا گیا ہے)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب

نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعَالَوْاْ:(تم آؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔تَعَالٰی یَتَعَالٰی۔ مصدر۔تَعَالِیٌ۔(آنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَلَا یَعْلُو۔ مصدر۔ عُلُوًّا۔(اونچا کرنا۔ تکبر کرنا۔ ظلم کرنا)۔ قَاتِلُواْ:(وہ باہم لڑے۔انہوں نے جنگ کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔ قَاتَلَ یُقَاتِلُ۔مصدر۔ مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔أَوِ: (یا) اصلاً أَوْ تھا۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ اِدْفَعُواْ:(دفاع کرو۔ان کو دور کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب۔فتح۔مادہ(د ف ع)صیغہ۔دَفَعَ یَدْفَعُ۔ مصدر۔ دَفْعَ۔(دفاع کرنا۔دور کرنا) قَالُواْ:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر عامل۔ نَعْلَمُ:(ہم جانتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ قِتَالاً :(جنگ۔لڑائی)منصوب۔مفعول بہٖ۔لَّ:(یقیناً۔ضرور)لائے تاکید۔اتَّبَعْنَا:(ہم نے پیروی کی۔ہم ساتھ چلیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔لْكُفْرِ:(کفر)اسم مجرور۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب۔ :(يَوْمَ+اِذٍ) ظرف زمان۔مضاف+مجرور۔مضاف الیہ۔أَقْرَبُ:(انتہائی نزدیک)صیغہ افعل التفضیل۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔لِ:(لئے)حرف جار۔لْإِيمَانِ :(ایمان ۔پختہ یقین)اسم مجرور۔يَقُولُونَ :(وہ کہتے ہیں۔یا کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بولنا ۔کہنا)۔

بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَفْوَاهِ:(فُوْهٌ کی جمع۔ مونہوں کے)مضاف۔((فَمٌ کی اصل فُوْهٌ تھی۔ ه کو حذف کرکے واؤ کو میم سے بدل لیا گیا۔ یہ ستّہ مکبّرہ سے ہے))۔هِمْ:(وہ۔ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَّا:(جو)اسم موصول۔ لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔خبر کا ناصب۔ فِي:(میں)حرف جار۔قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(وہ۔ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔أَعْلَمُ:(وہ خوب جانتا ہے)صیغہ افعل التفضیل۔ :(وہ جانے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ يَكْتُمُونَ :(وہ چھپاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت م)صیغہ۔كَتَمَ يَكْتُمُ۔مصدر۔ كِتْمَانٌ۔ (چھپانا)۔

ترجمہ آیت:اور منافقوں کو بھی معلوم کرلے اور (جب) ان سے کہا گیا کہ آؤ اللہ کے رستے میں جنگ کرو یا (کافروں کے) حملوں کو روکو۔ تو کہنے لگے کہ اگر ہم کو لڑائی کی خبر ہوتی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ رہتے یہ اس دن ایمان کی نسبت کفر سے زیادہ قریب تھے منہ سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں ہیں۔ اور جو کچھ یہ چھپاتے ہیں اللہ ان سے خوب واقف ہے۔

اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۶۸﴾

الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔قَالُواْ:(انہوں نے کہا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ بمعنی فِيْ۔کے بارے میں۔ إِخْوَانِ:(اَخٌ کی جمع۔بھائیوں سے)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَعَدُواْ:(وہ بیٹھے رہے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب

نصر۔مادہ(ق ع د)صیغہ۔ قَعَدَ يَقْعُدُ۔مصدر۔قُعُوْدًا۔مَقْعَدًا۔(بیٹھنا)۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر عامل۔ أَطَاعُو: (انہوں نے اطاعت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ اَطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(رضاکارانہ کوئی کام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ صیغہ۔طَاعَ يَطُوْعُ۔ مصدر۔طَوْعًا۔(اطاعت کرنا)۔نَا:(ہماری) ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔قُتِلُوا:(وہ قتل کئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ضمیر مستتر هُمْ۔نائب فاعل۔مرفوع۔ قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔کہنا)۔ فَ: (پس) برائے رابطہ۔ادْرَؤُوا:(تم ہٹادو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(د ر ء) مہموز اللام۔صیغہ ۔دَرَءَ يَدْرَءُ۔مصدر۔دَرْءٌ۔دَرَءَةٌ(دور کرنا۔ٹالنا۔ہٹانا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع ۔جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف لیہ۔ الْمَوْتَ:(موت)منصوب۔مفعول بہ۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔فعل شرط محلاً مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ صادِقِينَ:(صَادِقٌ کی جمع۔سچے)اسم فاعل۔كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:یہ خود تو(جنگ سے بچ کر) بیٹھ ہی رہے تھے مگر(جنہوں نے راہ اللہ میں جانیں قربان کر دیں) اپنے (ان) بھائیوں کے بارے میں بھی کہتے ہیں کہ اگر ہمارا کہا مانتے تو قتل نہ ہوتے۔کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو اپنے اوپر سے موت کو ٹال دینا۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿١٦٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَحْسَبَنَّ:(تم ضرور بالضرور گمان کروگے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔ مصدر۔ حِسْبَانٌ۔ (خیال کرنا۔گمان کرنا)۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔قُتِلُوا:(قتل کر دیئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ

جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ أَمْوَاتًا:(مردے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔أَحْيَاءٌ:(زندہ ہیں)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔ تقدیراً ۔ هُمْ۔مرفوع۔ عِنْدَ: (پاس) ظرف مکان ۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔رَبِّ:(رب۔پالنے والا)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هِمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يُرْزَقُونَ:(رزق دیئے جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔نائب فاعل۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقًا۔(رزق دینا)۔

ترجمہ آیت:جولوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ان کو مرے ہوئے نہ سمجھنا(وہ مرے ہوئے نہیں ہیں) بلکہ اللہ کے نزدیک زندہ ہیں اور ان کو رزق مل رہاہے۔

فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

فَرِحِينَ:(خوش ہونے والے)منصوب۔علامت۔ی۔حال۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً جار۔آتَا:(اس نے دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ (دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)هُمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَضْلِ:(فضل۔رحمت ۔کرم)اسم مجرور۔مضاف۔هِ : (وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف جار۔يَسْتَبْشِرُونَ :(وہ خوش ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ ۔اِسْتَبْشَرَ يَسْتَبْشِرُ۔مصدر۔استبْشارٌ۔(خوش ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ

(ب ش ر)صیغہ۔بَشَرَ یَبْشُرُ۔مصدر۔بَشْرًا۔(خوشخبری دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الَّذِینَ:(وہ جو) اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ یَلْحَقُوْا: (وہ ملے۔وہ پہنچے۔وہ آگے نکل گئے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف ۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔لَحِقَ یَلْحَقُ۔ مصدر۔لِحَاقًا۔(ملنا۔آگے نکلنا۔پہنچنا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔ خَلْفِ:(پیچھے)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَلَّا:(یہ کہ نہیں)مرکب :(اَنْ+لَا)مصدریہ۔نافیہ۔" ان ثقیلہ کو مخفف بنایا ہے۔ خَوْفٌ :(ڈر۔خوف)مبتداء۔مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ یَحْزَنُوْنَ :(وہ غمگین ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزِنَ یَحْزَنُ۔ مصدر۔ حُزْنٌ۔(غمگین ہونا)۔

ترجمہ آیت:جوکچھ اللہ نے ان کو اپنے فضل سے بخش رکھا ہے اس میں خوش ہیں۔اور جو لوگ ان کے پیچھے رہ گئے اور(شہید ہوکر) ان میں شامل نہیں ہو سکے ان کی نسبت خوشیاں منا رہے ہیں کہ(قیامت کے دن) ان کو بھی نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔

یَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللهِ وَفَضْلٍ وَّاَنَّ اللهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۷۱﴾

یَسْتَبْشِرُوْنَ :(وہ خوش ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔صیغہ ۔اِسْتَبْشَرَ یَسْتَبْشِرُ۔مصدر۔استبشارٌ۔(خوش ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ب ش ر)صیغہ۔بَشَرَ یَبْشُرُ۔مصدر۔بَشْرًا۔(خوشخبری دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔نِعْمَةٍ :(نعمت)اسم مجرور۔

مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔محلاً مفتوح۔برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔فَضْلٍ:(فضل۔کرم ۔رحمت)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)أَنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُضِيعُ:(ضائع کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَضَاعَ يُضِيْعُ۔مصدر۔اِضَاعَةٌ۔(ضائع کرنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ض و ع)اجوف واوی۔صیغہ ضَاعَ يَضُوْعُ۔مصدر۔ضَوْعًا۔(پھیل جانا)۔۔باب ضرب۔مادہ(ض ی ع)اجوف یائی۔صیغہ ضَاعَ يَضِيْعُ۔مصدر۔ضَيَاعًا۔(ضائع ہونا۔برباد ہونا۔تلف ہونا۔کھویا جانا۔رائیگان جانا)۔ أَجْرَ:(بدلہ۔اجرت۔معاوضہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔الْمُؤْمِنِينَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان والے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور اللہ کے انعامات اور فضل سے خوش ہورہے ہیں۔اور اس سے کہ اللہ مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا

اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۲﴾ۚ

الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔اسْتَجَابُوا:(انہوں نے حکم مانا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ۔ مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(حکم قبول کرنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔ جَابَ يَجُوْبُ۔مصدر۔جَوْبًا۔(چٹان میں سوراخ کرنا۔چیرنا۔سیر وسیاحت کرنا)۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)حرف جار+اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الرَّسُولِ :(پیغمبر)معرف باللام۔خاص پیغمبر۔ معطوف مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ مَآ:(جو)مصدریہ۔أَصَابَ:(وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ يُصِيْبُ۔ مصدر ۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و ب)صیغہ۔صَابَ يَصُوْبُ۔مصدر۔صَوْبًا۔(بارش ہونا۔مصیبت آنا)۔ هُمُ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مضموم۔ بوجہ التقائے

ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ الْقَرْحُ :(زخم)فاعل۔مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔ أَحْسَنُوا:(انہوں نے بہت ہی اچھا کیا۔نیکی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْسَنَ يُحْسِنُ۔مصدر۔اِحْسَانٌ۔(اچھائی کرنا۔نیکی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔ مادہ(ح س ن)صیغہ ۔حَسُنَ يَحْسُنُ۔مصدر۔حَسْنًا۔(بہتر ہونا۔اچھا ہونا۔حسین ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔اتَّقَوا :(وہ بچیں۔ڈریں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ سے ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔أَجْرٌ : (بدلہ۔اجر۔معاوضہ)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔عَظِيمٌ :(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت۔ مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت: جنہوں نے باوجود زخم کھانے کے اللہ اور رسول (کے حکم) کو قبول کیا جو لوگ ان میں نیکو کار اور پرہیز گار ہیں ان کے لئے بڑا ثواب ہے۔

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾

الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔ قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔ (کہنا)۔ لَ:(لئے۔کو)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مضموم بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال مابعد۔ النَّاسُ:(لوگ)فاعل ۔مرفوع۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناسب اسم۔ النَّاسَ: (لوگ)منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَمَعُوا :(انہوں نے جمع کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ج م ع)صیغہ۔جَمَعَ يَجْمَعُ۔مصدر۔جَمْعٌ۔(جمع

کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمۡ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔ اخۡشَوۡ:(ڈرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔هُمۡ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔زَادَ:(زیادہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز و د)اجوف واوی۔صیغہ۔ زَادَ يَزِيۡدُ۔مصدر۔زَوۡدًا۔(زیادہ کرنا)۔ باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔ زَادَ يَزِيۡدُ۔مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ کرنا)۔هُمۡ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔إِيۡمَانًا:(ایمان۔پختہ یقین)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَالُوۡا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا)۔حَسۡبُ:(کافی ہے)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلا مجرور۔مضاف الیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)خبر مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔نِعۡمَ:(اچھا)حرف مدح۔ فعل ماضی جامد۔اس سے کوئی صیغہ نہیں بنتا۔ الۡوَكِيۡلُ : (قابل بھروسہ۔سرپرست۔کارساز)فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:(جب) ان سے لوگوں نے آکر بیان کیا کہ کفار نے تمہارے(مقابلے کے) لئے لشکر کثیر) جمع کیا ہے تو ان سے ڈرو۔تو ان کا ایمان اور زیادہ ہو گیا۔اور کہنے لگے ہم کو اللہ کافی ہے اور وہ بہت اچھا کارساز ہے

فَانۡقَلَبُوۡا بِنِعۡمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضۡلٍ لَّمۡ يَمۡسَسۡهُمۡ سُوۡٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوۡا رِضۡوَانَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ ذُوۡ فَضۡلٍ عَظِيۡمٍ ﴿۱۷۴﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔انۡقَلَبُوۡا:(پلٹو۔الٹو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنۡقَلَبَ يَنۡقَلِبُ۔مصدر۔اِنۡقِلَابٌ۔(لوٹنا۔واپس ہونا۔پھر جانا۔الٹ پلٹ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ل ب)صیغہ۔قَلَبَ يَقۡلِبُ۔مصدر۔قَلۡبًا۔ (پلٹنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔نِعۡمَةٍ :(نعمت۔انعام)اسم مجرور۔مِّنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ محلاً فتحہ برائے اتصال۔ ما

بعد۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔فَضْلٍ :(فضل۔کرم مہربانی۔ضرورت سے زیادہ)معطوف مجرور۔لَّمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ یَمْسَسْ: (اس نے چھوا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ یَمُسُّ۔ مصدر۔ مَسًّا۔(چھونا۔پہنچنا)۔هُمْ :(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔سُوءٌ :(برائی)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّبَعُواْ :(پیروی کرو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ رِضْوَانَ:(رضا۔خوشنودی۔مرضی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ذُو:(والا۔صاحب)یکے از ستّہ مکبّرہ۔خبر مرفوع۔مضاف۔ فَضْلٍ :(فضل۔کرم والا)مجرور۔مضاف الیہ۔موصوف۔عَظِيمٍ :(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع۔

ترجمہ آیت: پھر وہ اللہ کی نعمتوں اور اس کے فضل کے ساتھ (خوش وخرم) واپس آئے ان کو کسی طرح کاضرر نہ پہنچا۔اور وہ اللہ کی خوشنودی کے تابع رہے۔اور اللہ بڑے فضل کامالک ہے۔

اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۖ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧٥﴾

إِنَّمَا:(حقیقتاً۔سوائے اس کے نہیں)کلمہ حصر۔کافة و مکفوفة۔ ذَلِكُمْ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مبتداء۔مرفوع۔ :(كُمْ)خطابیہ۔ الشَّيْطَانُ :(ابلیس۔عزازیل)خبر۔مرفوع۔يُخَوِّفُ :(ڈراتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔خَوَّفَ يُخَوِّفُ۔مصدر۔ تَخْوِيفٌ۔ (ڈرانا۔خوف دلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا۔خدشہ ہونا۔ خوف کھانا۔جملہ محلاًحال منصوب أَوْلِيَاءَ:(وَلِيٌّ کی جمع۔دوست۔سرپرست۔حامی)غیر منصرف۔محلاًمنصوب۔

مفعول بہ۔مضاف۔ہٗ:(وہ۔ اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَخَافُو:(تم ڈرو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم علامت نون اعرابی۔ محذوف۔واؤجمع الف فارقہ محذوف برائے اتصال۔مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)۔خَافَ يَخَافُ ۔مصدر۔ خَوْفًا۔ (ڈرنا۔ خدشہ ہونا۔ خوف کھانا)۔هُمْ:(وہ۔ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔خَافُوْنِ :(تم مجھ سے ڈرو) مرکب:(خَافُوْا۔نِ۔یْ)فعل امر جمع مذکر حاضر + نون وقایہ+ ضمیر واحد متکلم۔لفظاً تخفیف،نون وقایہ کو کسرہ سے سجایا گیااوری کو حذف کر دیا گیا۔کسرہ کو یائے متکلم کا متبادل تصور کیا گیا۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم ۔فعل شرط۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔ضمیر تُمْ مبنی بر سکون۔محلاًكَانَ کا اسم مرفوع۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مُّؤْمِنِينَ :(مُؤْمِنٌ کی جمع۔ایمان والے) فاعل۔ منصوب۔ كَانَ کی خبر ۔

ترجمہ آیت:یہ (خوف دلانے والا) تو شیطان ہے جو اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے تو اگر تم مومن ہو تو ان سے مت ڈرنا اور مجھ ہی سے ڈرتے رہنا۔

وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللهَ شَيْئًا يُرِيْدُ اللهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٧٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔يَحْزُنْ:(غمگین ہو) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزِنَ يَحْزَنُ۔مصدر۔ حُزْنٌ۔(غمگین ہونا۔)كَ:(جیسا کہ)حرف تشبیہ۔جار۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ يُسَارِعُونَ :(وہ جلدی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔سَارَعَ يُسَارِعُ۔مصدر۔ مُسَارَعَةٌ۔ (جلدی

کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ر ع)صیغہ۔سَرِعَ یَسْرَعُ۔مصدر۔سَرْعًا۔(جلدی کرنا)۔فِي :(میں) حرف جار۔الْكُفْرِ :(کفر)اسم مجرور۔إِنَّ:(یقیناً۔بلاشبہ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَنْ:(ہر گز نہیں) نفی مؤکد بلن ناصب۔مضارع۔ مخصص مستقبل۔ يَضُرُّوا :(اس کو نقصان پہنچائے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ۔محلاً خبر اِنَّ کی مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ض ر ر)صیغہ۔ضَرَّ يَضُرَّ۔ مصادر ۔ ضُرًّا۔ضَرَرًا۔(نقصان ہونا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ مفعول بہ۔ شَيْئاً:(کوئی چیز۔کچھ بھی)منصوب نائب مفعول مطلق۔ يُرِيدُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود) صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ أَلَّا:(کہ نہیں)مرکب۔: (اَنْ+لَا)مصدریہ۔ناصب مضارع + لائے نافیہ۔يَجْعَلَ يَجْعَلَ:(وہ بنائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ حَظًّا:(کوئی حصہ)منصوب۔مفعول بہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الْآخِرَةِ: (آخرت۔ قیامت)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔عَذَابٌ :(عذاب)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ موصوف۔عَظِيمٌ :(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ کفر میں جلدی کرتے ہیں ان (کی وجہ) سے غمگین نہ ہونا۔یہ اللہ کا کچھ نقصان نہیں کر سکتے اللہ چاہتا ہے کہ آخرت میں ان کو کچھ حصہ نہ دے اور ان کے لئے بڑا عذاب تیار ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اسم منصوب۔ مبتداء۔مرفوع۔اشْتَرَوُاْ :(خرید و فروخت کرنا۔لینا دینا)۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ش ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔شَرٰی یَشْرِیْ۔ مصادر۔ شَرَاءٌ۔ شِرًی۔اِشْرِ۔(خریدنا)۔ الْكُفْرَ:(کفر کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ۔بدلے)حرف جار۔الْإِيمَانِ :(ایمان۔پختہ یقین)اسم مجرور۔لَنْ:(ہر گز نہیں)نفی مؤکد بلن ناصب مضارع۔ مخصص مستقبل۔ يَضُرُّواْ :(اس کو نقصان پہنچائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ۔محلاً خبر اِنَّ کی مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ض ر ر)صیغہ۔ضَرَّ یَضُرَّ۔ مصادر ۔ ضُرًّا۔ ضَرَرًا۔(نقصان ہونا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ مفعول بہ۔ شَيْئاً:(کوئی چیز۔کچھ بھی)منصوب نائب مفعول مطلق۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔عَذَابٌ :(عذاب)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ موصوف۔ أَلِيمٌ:(خوب دکھ بھرا۔دردناک) مبالغہ۔صفت مرفوع۔ تابع۔:

ترجمہ آیت:جن لوگوں نے ایمان کے بدلے کفر خریدا وہ اللہ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور ان کو دکھ دینے والا عذاب ہو گا

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۭ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿١٧٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَحْسَبَنَّ:(وہ ضرور بالضرور گمان کریں گے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ح س ب)صیغہ ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔ مصدر۔ حِسْبَانٌ۔ (خیال کرنا۔گمان کرنا)۔الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔ كَفَرُواْ:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(انکار کرنا۔کفر کرنا)۔ أَنَّمَا:(اس کے سوا نہیں)حرف حصر۔كافة و مكفوفة۔مرکب:(اَنَّ+مَا)حرف تاکید۔

مشبہ بالفعل۔ناصب اسم +مصدریہ۔ان کا عمل ختم ہوجاتا ہے۔یہ اسم کو نصب نہیں دے گا۔نُمْلِي:(ہم نے مہلت دی) فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْلٰی یُمْلِیْ۔مصدر۔اِمْلَاءٌ۔(مہلت دینا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔خَيْرٌ: (بہتر۔خیر۔بھلائی۔نیکی)اِنَّ کی خبر مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔أَنفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع ۔جانوں کے)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ :(وہ۔ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّمَا:(اس کے سوا نہیں)حرف حصر۔ کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(اَنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم +مصدریہ۔ان کا عمل ختم ہوجاتا ہے۔یہ اسم کو نصب نہیں دے گا۔نُمْلِي :(ہم نے مہلت دی) فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْلٰی یُمْلِیْ۔مصدر۔اِمْلَاءٌ۔(مہلت دینا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور لِ:(تاکہ)لائے کَیْ۔ناصب مضارع۔يَزْدَادُوا :(وہ بڑھ جائیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ اَزْدَادَ يَزْدَادُ۔مصدر۔ازدیادۃ۔(بڑھ جانا۔زیادہ کرنا۔اضافہ کرنا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز و د) اجوف واوی۔صیغہ۔ زَادَ يَزِيْدُ۔مصدر۔زَوْدًا۔(زیادہ کرنا)۔ باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔ زَادَ يَزِيْدُ۔مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ کرنا)۔إِثْمًا:(گناہ) تمیز منصوب۔ وَ:()لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔عَذَابٌ:(عذاب)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔موصوف۔ مُّهِينٌ :(رسوا کرنے والا۔ذلیل کرنے والا)صفت مرفوع۔ تابع۔

ترجمہ آیت:اور کافر لوگ یہ نہ خیال کریں کہ ہم جو ان کو مہلت دیئے جاتے ہیں تو یہ ان کے حق میں اچھا ہے۔ (نہیں بلکہ) ہم ان کو اس لئے مہلت دیتے ہیں کہ اور گناہ کرلیں۔ آخرکار ان کو ذلیل کرنے والا عذاب ہوگا۔

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾

مَّا:(نہیں)نافیہ كَانَ:(ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔ مرفوع۔ لِ:(کہ)لائے جحود۔يَذَرَ:(وہ چھوڑ دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ذ ر)مثال واوی۔صیغہ وَذَرَ يَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔(چھوڑنا)۔ الْمُؤْمِنِيْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان والے)منصوب۔ علامت۔ ی۔مفعول بہ۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَنْتُمْ : (تم ہو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غایت۔بعدہٗ اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ يَمِيْزَ:(وہ تمیز کرتا ہے۔امتیاز کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ی ز)اجوف یائی۔صیغہ۔مَازَ يَمِيْزُ۔مصدر۔مِيْزًا۔(الگ کرنا۔فرق کرنا۔ تمیز کرنا)۔ الْخَبِيْثَ:(ناپاک۔انتہائی غلیظ۔گندا)منصوب۔مفعول بہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔محلاً فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ الطَّيِّبِ:(عمدہ۔اچھا۔بہتر)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(نہیں) نافیہ۔ كَانَ:(ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔مرفوع۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يُطْلِعَ:()فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَطْلَعَ يُطْلِعُ۔مصدر۔اِطْلَاعٌ۔(آگاہ کرنا۔ اطلاع دینا۔ مطلع کرنا۔خبر دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ط ل ع)صیغہ۔ طَلَعَ يَطْلَعُ۔مصدر ۔طُلُوْعاً۔(نکلنا۔پھوٹنا۔بوٹیاں اگنا۔چاند یا سورج کا نکلنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر

حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔الْغَيْبِ:(غیب۔ خفیہ چیز کے بارے میں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنَّ :(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ لَكِنَّ کا اسم۔ يَجْتَبِي:(وہ چنتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِجْتَبٰى يَجْتَبِيُ۔مصدر۔اِجْتِبَاءٌ۔(چننا۔منتخب کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ج ب ی)ناقص یائی۔جَبٰى يَجْبِيُ۔مصدر۔جَبْيًا۔جِبَايَةٌ۔(اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔وصول کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ رُّسُلِ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبر)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ :(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔ يَّشَاءُ:(چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب فتح۔ مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ۔يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ فَ:(پس) برائے رابط۔آمِنُوا :(ایمان لاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رُسُلِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔مضاف۔هِ:(وہ۔ اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:()اورإِنْ:(اگر)حرف شرط۔ناصب فعل شرط۔ تُؤْمِنُوا:(تم ایمان لائے) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَتَّقُوا:(تم پرہیز گار ہوئے۔تم نے تقویٰ اختیار کیا)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ : (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاًاسم مجرور۔ أَجْرٌ :(اجر۔بدلہ)خبر مرفوع۔ موصوف۔عَظِيمٌ :(بہت بڑا)صفت مرفوع۔ تابع۔

ترجمہ آیت:(لوگو) جب تک اللہ ناپاک کو پاک سے الگ نہ کر دے گا مومنوں کو اس حال میں جس میں تم ہو ہرگز نہیں رہنے دے گا۔ اور اللہ تم کو غیب کی باتوں سے بھی مطلع نہیں کرے گا البتہ اللہ اپنے پیغمبروں میں سے جسے چاہتا ہے انتخاب کرلیتا ہے۔ تو تم اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور اگر ایمان لاؤگے اور پرہیزگاری کرو گے تو تم کو اجر عظیم ملے گا۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَحْسَبَنَّ:(تم ضرور بالضرور گمان کروگے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ یَحْسَبُ۔مصدر۔حِسْبَانٌ۔(خیال کرنا۔گمان کرنا)۔اَلَّذِیْنَ:(وہ جو)اس موصول۔جمع مذکر۔یَبْخَلُوْنَ:(وہ کنجوسی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب خ ل)صیغہ۔بَخِلَ یَبْخَلُ۔مصدر۔بُخْلًا۔(کنجوسی کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔آتَا:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)۔هُمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ مقدّم۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مؤخر۔مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَضْلِ:(فضل۔کرم)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔مرجع بخل۔ خَيْرًا:(بہتر)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ شَرٌّ :(بد معاشی۔شرارت۔ایسی برائی جس سے سب کو نفرت ہو۔)خبر مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم

مجرور۔ سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔يُطَوَّقُونَ :(وہ طوق ڈال دیئے جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔طَوَّقَ يُطَوِّقُ۔مصدر۔تَطْوِيقٌ۔(پھندا ڈالنا۔)۔مَا:(جو)اسم موصول۔بَخِلُوا:(انہوں نے کنجوسی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب خ ل)صیغہ۔ بَخِلَ يَبْخَلُ۔مصدر۔ بُخْلًا۔(کنجوسی کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ الْقِيَامَةِ:(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)حرف جار+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔ مِيرَاثُ : (وراثت)مبتداء۔مرفوع۔((اکثر جگہوں پر میراث کا ترجمہ "ترکہ" کیا گیا ہے۔"ترکہ" میت چھوڑتی ہے۔اور اس کی تقسیم ہوتی ہے۔اللہ تعالیٰ زندہ۔قائم۔باقی رہنے والی ہستی ہے۔اس کے لئے "ترکہ" لفظ استعمال کرنا درست نہیں ہے۔صرف "ملکیت" کہنا درست ہوگا۔))السَّمٰوٰتِ:(آسمان)مضاف الیہ۔مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ :(زمین)معطوف مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جوکچھ)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُونَ :(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا(کرنا)۔خَبِيرٌ :(خوب خبر رکھنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ مال میں جو اللہ نے اپنے فضل سے ان کو عطا فرمایا ہے بخل کرتے ہیں وہ اس بخل کو اپنے حق میں اچھا نہ سمجھیں۔(وہ اچھا نہیں) بلکہ ان کے لئے برا ہے وہ جس مال میں بخل کرتے ہیں قیامت کے دن اس کا طوق بنا کر ان کی گردنوں میں ڈالا جائے گا۔اور آسمانوں اور زمین کا وارث اللہ ہی ہے۔اور جو عمل تم کرتے ہو اللہ کو معلوم ہے۔

لَقَدْ سَمِعَ اللهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

لَّ:(البتہ)لائے تاکید۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ سَمِعَ:(اس نے سنا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ۔(س م ع)صیغہ ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(سننا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔ مرفوع۔ قَوْلَ :(بات۔قول)منصوب۔ مفعول بہٖ۔الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔ قَالُوْا : (انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔ قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔ (کہنا)۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔اِنَّ کا اسم۔ فَقِيرٌ:(مفلس۔فقیر۔مانگنے والا)اِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔نَحْنُ :(ہم)ضمیر منفصل جمع متکلم۔مبتداء۔ مرفوع۔أَغْنِيَاءُ:(غنی کی جمع۔بے پرواہ۔امیر۔ دولتمند)غیر منصرف۔خبر مرفوع۔ سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔نَكْتُبُ:(ہم لکھ لیں گے)۔فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔ مصدر۔ كِتَابَةٌ(لکھنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ قَالُوْا :(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔ قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَتْلَ:(قتل)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ:(وہ ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ الأَنْبِيَاءَ:(نبی کی جمع۔)غیر منصرف۔منصوب۔ مفعول بہٖ ۔بِغَيْرِ : (بغیر)حرف جار+اسم مجرور۔مضاف۔حَقٍّ :(وجہ کے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔نَقُوْلُ : (ہم کہتے ہیں)فعل مضارع۔جمع متکلم۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا)۔ذُوْقُوْا :(تم سب چکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ ذَاقَ يَذُوْقُ۔ مصدر۔ذَوْقٌ۔ (چکھنا)۔عَذَابَ: (عذاب۔ سزا)

منصوب۔ مفعول بہ۔ الْحَرِيقِ :(جلا دینے والا)فاعل + مفعول(دونوں کے لئے مستعمل ہے)۔مرفوع۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اللہ نے ان لوگوں کا قول سن لیا ہے جو کہتے ہیں کہ اللہ فقیر ہے۔اور ہم امیر ہیں۔یہ جو کہتے ہیں ہم اس کو لکھ لیں گے۔اور پیغمبروں کو جو یہ ناحق قتل کرتے رہے ہیں اس کو بھی (قلمبند کر رکھیں گے) اور (قیامت کے روز) کہیں گے کہ عذاب (آتش) سوزاں کے مزے چکھتے رہو۔

ذٰلِکَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾

ذَلِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ۔واحد مذکر۔مبتداء مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ)حرف جار+اسم موصول۔ قَدَّمَتْ :(وہ گزر گئی)فعل ماضی واحد مؤنث ۔ضمیر تائے تانیث۔ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔ مصدر۔تَقْدِيمٌ۔(آگے بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدَمَ يَقْدَمُ۔مصدر۔ قَدْمًا۔(آگے آنا۔آگے بڑھنا۔پیش ہونا)۔۔أَيْدِي:(ہاتھ)اصلا۔اَيْدِيْنَ تھا۔نون تثنیہ محذوف بسبب مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ :(بے شک) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔اَنَّ کا اسم لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔جامد اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ زائدہ۔ظَلَّامٍ :(ظلم کرنے والا)مبالغہ۔فاعل۔(ذرہ برابر بھی ظلم نہ کرنے والا)۔خبر لَيْسَ کی لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔لِّ:(لئے۔پر)حرف جار۔الْعَبِيدِ :(بندے۔غلام)اسم مجرور۔اسم مصغر۔غلام دنیاوی لحاظ سے چھوٹا شمار ہوتا ہے۔

ترجمہ آیت:یہ ان کاموں کی سزا ہے جو تمہارے ہاتھ آگے بھیجتے رہے ہیں اور اللہ تو بندوں پر مطلق ظلم نہیں کرتا۔

اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔قَالُوا :(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔ عَهِدَ:(وعدہ کیا۔عہد کیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ھ د)صیغہ۔ عَهِدَ يَعْهَدُ۔مصدر۔عَهْدًا۔(عہد لینا) إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ أَلَّا:(یہ کہ نہ)مرکب :(اَنْ+لَا)مصدریہ ناصب مضارع + نافیہ۔نُؤْمِنَ :(ہم ایمان لائیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔رَسُولٍ :(پیغمبر)اسم مجرور۔حَتَّىٰ :(یہاں تک)حرف غائب۔بعدہٗ اَنْ ناصب مضارع مضمر ہوتا ہے۔يَأْتِيَ:(وہ لایا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔قُرْبَانٍ:(قربانی)اسم مجرور۔ تَأْكُلُ:(وہ کھائے گی)فعل مضارع واحد مونث غائب۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔ نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔ اَكْلًا۔ (کھانا)۔ هُ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔النَّارُ:(آگ)فاعل مرفوع۔ قُلْ:() :(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق و تاکید۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ی ء)صیغہ جَاءَ يَجِيْءُ۔

مصدر۔ جِئٌ۔ فاعل۔ جَاءٍ۔ مفعول۔ مَجِيءٌ۔ (آنا)۔ كُمْ:(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ رُسُلٌ :(رسول کی جمع۔ پیغمبر)فاعل۔ مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ ي:(مجھ)ضمیر واحد متکلم۔ مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْبَيِّنَاتِ: (واضح نشانیوں کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الَّذِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔ واحد مذکر۔ قُلْتُمْ:(تم نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ لِمَ:(کیوں)مخفف۔ لائے تعلیل+ مَا استفہامیہ۔ قَتَلْتُمُو:(تم نے قتل کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ واؤ شکم پری کے لئے۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق ت ل)صیغہ۔ قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔ قَتْلًا۔ (قتل کرنا)۔ هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ كُنتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ ضمیر تُمْ مبنی بر سکون۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ صَادِقِينَ: (صَادِقِ کی جمع۔ سچے) محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ علامت۔ ی۔ اور جواب شرط۔

ترجمہ آیت:جو لوگ کہتے ہی کہ اللہ نے ہمیں حکم بھیجا ہے کہ جب تک کوئی پیغمبر ہمارے پاس ایسی نیاز لے کر نہ آئے جس کو آگ آکر کھا جائے تب تک ہم اس پر ایمان نہ لائیں گے (اے پیغمبر ان سے) کہہ دو کہ مجھ سے پہلے کئی پیغمبر تمہارے پاس کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے اور وہ(معجزہ) بھی لائے جو تم کہتے ہو تو اگر سچے ہو تو تم نے ان کو قتل کیوں کیا؟

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَ الْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ إِنْ:(اگر)شرطیہ۔ جازم فعل شرط۔ كَذَّبُو:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فاقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ

يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ مصدر۔كِذْبًا۔(جھوٹ بولنا)۔كَ:(تم کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق كُذِّبَ:(وہ جھٹلایا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فاقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ مصدر۔كِذْبًا۔(جھوٹ بولنا) رُسُلٌ :(رَسُوْلٌ کی جمع۔ پیغمبر)نائب فاعل۔ مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔جَآءُوْا:(وہ آئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ی ء)صیغہ جَاءَ يَجِيْءُ۔ مصدر۔جِيْءٌ۔ فاعل۔ جَاءٍ۔مفعول۔ مَجِيْءٌ۔ (آنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبَيِّنَاتِ : (واضح نشانیوں کے)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الزُّبُرِ:(زُبُوْرٌ کی جمع۔ صحیفے۔اوراق۔زبوریں) وَ: (اور)حرف عطف۔الْكِتَابِ :(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔اسم مجرور۔موصوف۔الْمُنِيْرِ :(روشنی دینے والی۔روشن)صفت مجرور۔تابع۔

ترجمہ آیت: پھر اگر یہ لوگ تم کو سچا نہ سمجھیں تو تم سے پہلے بہت سے پیغمبر کھلی ہوئی نشانیاں اور صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آچکے ہیں اور لوگوں نے ان کو بھی سچا نہیں سمجھا۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾

كُلُّ:(ہر ایک۔تمام)واحد و جمع کی حرف تاکید۔مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ نَفْسٍ:(جان)مجرور۔مضاف الیہ۔ ذَآئِقَةُ:(مزہ۔سواد۔ذائقہ)خبر مرفوع۔مضاف۔الْمَوْتِ:(موت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنَّمَا :(اس کے سوا نہیں۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔ مرکب ہے:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔

ناصب اسم۔+اسم موصول۔(جب دونوں اکٹھے ہوں گے تو ان کا عمل باطل ہو جاتا ہے)۔تُوَفَّوْنَ :(پورے کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔تفعیل۔وَفّٰی تَوَفّٰی۔مصدر۔تَوْفِیَۃٌ۔(پورا کرنا۔مر جانا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی) مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَفٰی یَفِیْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ اُجُوْرَ:(اَجْرٌ کی جمع۔بدلہ۔جزاء۔ اجرت۔مزدوری)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ یَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ الْقِیَامَۃِ:(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔ زُحْزِحَ :(بچایا۔دور کر دیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔محلاً فعل شرط۔مجزوم۔نائب فاعل۔مرفوع۔ثلاثی مجرد باب فَعْلَلَۃٌ۔رباعی۔صیغہ۔ زَحْزَحَ یُزَحْزِحُ۔مصدر۔زَحْزَحَۃٌ۔(بچانا)۔عَنِ:(سے)حرف جار۔ النَّارِ:(آگ۔دوزخ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اُدْخِلَ:(داخل کر دیا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَدْخَلَ یُدْخِلُ۔مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔ مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل ہونا)۔ الْجَنَّۃَ:(جنت میں)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ فَازَ:(وہ کامیاب ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف و ز)اجوف واوی۔صیغہ۔فَازَ یَفُوْزُ۔مصدر۔فَوْزًا۔(کامیاب ہونا)۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔شرط و جواب مل کر مَنْ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ الْحَیَاۃُ :(زندگی)مبتداء۔مرفوع۔موصوف۔الدُّنْیَا:(دنیا)غیر منصرف۔صفت۔مرفوع۔تابع۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔مَتَاعُ :(فائدہ)خبر مرفوع۔موصوف۔الْغُرُوْرِ :(دھوکا)صفت مرفوع۔تابع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ر ر)صیغہ۔ غَرَّ یَغِرُّ۔مصدر۔غُرُوْرًا۔(دھوکا دینا)۔

ترجمہ آیت:ہر متنفس کو موت کا مزا چکھنا ہے اور تم کو قیامت کے دن تمہارے اعمال کا پورا پورا بدلا دیا جائے گا۔ تو جو شخص آتش جہنم سے دور رکھا گیا اور بہشت میں داخل کیا گیا وہ مراد کو پہنچ گیا اور دنیا کی زندگی تو دھوکے کا سامان ہے

لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۣ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿١٨٦﴾

لَ:(یقیناً)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُبْلَوُنَّ:(تم آزمائش میں ڈالے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی اور واؤ جمع محذوف۔بوجہ نون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل و)ناقص واوی۔صیغہ بَلَا يَبْلُو۔مصدر۔بَلَاءٌ۔(آزمائش۔مصیبت)۔فِي:(میں)حرف جار۔أَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْفُسِ:(جانوں)معطوف مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔تَسْمَعُنَّ:(تم ضرور بالضرور سنوں گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی اور واؤ جمع محذوف۔بوجہ نون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعاً۔(سننا)۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔أُوتُوا:(وہ دیئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِي۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ الْكِتَابَ :(کتاب)معرف باللام۔منصوب۔مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِنَ :(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔أَشْرَكُوا:(انہوں نے شریک بنایا)فعل ماضی جمع

مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔اِشْرَاکًا۔(شریک بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)شَرِکَ یَشْرَکُ۔ مصدر۔ شَرَکًا۔(شریک کرنا)۔ أَذًى :(تکلیف دہ۔ایذا رساں)منصوب۔مفعول بہٖ۔ موصوف۔کَثِیرًا:(بہت زیادہ)صفت منصوب۔تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ناصب فعل شرط۔ تَصْبِرُوا:(تم صبر کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ یَصْبِرُ۔مصدر۔ صَبْرًا۔(استقامت دکھانا۔ڈٹے رہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَتَّقُوا:(تم بچوگے) فعل مضارع۔جمع مذکر حاضر۔اِنْ کی وجہ سے مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ سے ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔ صیغہ وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔وِقَایَةً۔وَقْیًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔فَ:(پس)رابطہ جواب شرط۔إِنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ذَلِكَ :(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔مِنْ :(سے)حرف جار۔عَزْمِ:(پختہ ارادہ)اسم مجرور۔مضاف۔ الْأُمُورِ : (کام۔احکام)مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔وجملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔

ترجمہ آیت:(اے اہل ایمان) تمہارے مال وجان میں تمہاری آزمائش کی جائے گی۔اور تم اہل کتاب سے اور ان لوگوں سے جو مشرک ہیں بہت سی ایذا کی باتیں سنو گے۔اور تو اگر صبر اور پرہیز گاری کرتے رہو گے تو یہ بڑی ہمت کے کام ہیں۔

وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿١٨٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔ أَخَذَ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ مِيثَاقَ:(پختہ عہد۔وعدہ)منصوب مفعول بہٖ۔ الَّذِينَ:(وہ جن کو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ أُوتُوا:(وہ دیئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ الْكِتَابَ:(کتاب)معرف باللام۔منصوب۔مفعول بہٖ۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔تُبَيِّنُنَّ:(تم کھول کر ضرور بالضرور بیان کرو گے)فعل مضارع جمع مذکر مرفوع۔نون اعرابی اور واؤ جمع محذوف۔واؤ کے بدل میں ضمہ۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔ صیغہ بَیَّنَ یُبَیِّنُ۔مصدر۔تَبْیِیْنٌ(کھول کر بیان کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب(ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ یَبْیَنُ ۔ مصدر۔بَیَانًا(بیان کرنا)۔هُ:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔لِ:(لئے)حرف جار۔لِلنَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَكْتُمُونَ:(تم چھپاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت م)صیغہ۔کَتَمَ یَکْتُمُ۔مصدر۔کِتْمَانٌ۔(چھپانا)۔هُ:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف نَبَذُوهُ:(انہوں نے پھینکا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ب ذ)صیغہ۔نَبَذَ یَنْبِذُ ۔مصدر۔نَبْذًا۔(پھینکا) ۔هُ:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَرَاءَ:(پیچھے۔آگے)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔ ظُهُورِ:(پیٹھوں کے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ :(وہ۔ان کی۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اشْتَرَوْا:(خرید و فروخت کرنا۔لینا دینا)۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ش ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔شَرٰی یَشْرِیْ۔ مصادر۔ شَرَاءٌ۔ شِرًی۔ (خریدنا)۔

بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ثَمَناً:(قیمت)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔قَلِيلاً:(تھوڑی)صفت منصوب۔ تابع۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔بِئْسَ:(برا ہے)حرف ذم۔جامد۔اس کی گردان نہیں آتی۔ماضی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ مَا :(جو)اسم موصول۔محلاً مرفوع ۔فاعل۔يَشْتَرُونَ :(وہ خریدوفروخت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ش ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔شَرٰی يَشْرِیْ۔ مصادر۔شَرَاءٌ۔ شِرًی۔اِشْرِ۔(خریدوفروخت کرنا۔کاروبار کرتے ہیں)۔

ترجمہ آیت:اور جب اللہ نے ان لوگوں سے جن کو کتاب عنایت کی گئی تھی اقرار کرلیا کہ (جو کچھ اس میں لکھا ہے) اسے صاف صاف بیان کرتے رہنا۔اور اس (کی کسی بات) کو نہ چھپانا تو انہوں نے اس کو پس پشت پھینک دیا اور اس کے بدلے تھوڑی سی قیمت حاصل کی۔ یہ جو کچھ حاصل کرتے ہیں برا ہے۔

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸۸﴾

لَا :(نہ)ناہیہ۔تَحْسَبَنَّ:(تم ضرور بالضرور گمان کرو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔مؤکد بانون ثقیلۃ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔مصدر۔ حِسْبَانٌ۔ (خیال کرنا۔گمان کرنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔يَفْرَحُونَ :(وہ خوش ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ يَفْرَحُ۔ مصدر۔ فَرْحٌ۔(خوش ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ أَتَوا :(وہ آئے۔اپنی کارگزاری کے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی يُؤْتِیْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مھموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاْتِیْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ وَّ:(اور)حرف

عطف۔يُحِبُّوْنَ :(وہ پسند کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابًا۔(پسند کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حُبًّا۔(محبت کرنا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يُحْمَدُوا:(وہ تعریف کئے جائیں)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح م د)صیغہ حَمِدَ يَحْمَدُ۔مصدر۔حَمْدٌ۔ (تعریف کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَفْعَلُوا:(وہ کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعربی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلَ۔مصدر۔ فِعْلٌ۔(کام کرنا)۔ فَ: (پس)زائدہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔تَحْسَبَنَّ:(تم ضرور بالضرور گمان کرو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ مؤکد با نون ثقیلۃ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔مصدر۔ حِسْبَانٌ۔(خیال کرنا۔ گمان کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَفَازَةٍ : (کامیاب ہونا۔بچ نکلنے میں)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ الْعَذَابِ :(عذاب۔سزا)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ : (وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ خبر مرفوع۔مقدم۔ عَذَابٌ: (عذاب۔ سزا) مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ موصوف۔ أَلِيمٌ :(دکھ بھرا۔دردناک)صفت مرفوع۔ تابع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ اپنے (ناپسند) کاموں سے خوش ہوتے ہیں اور پسندیدہ کام) جو کرتے نہیں ان کے لئے چاہتے ہیں کہ ان ک تعریف کی جائے ان کی نسبت خیال نہ کرنا کہ وہ عذاب سے رستگار ہو جائیں گے۔اور انہیں درد دینے والا عذاب ہو گا۔

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٨٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)حرف جار+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مرفوع خبر مقدّم۔مُلْكُ :(ملک۔ریاست)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔السَّمٰوٰتِ :(آسمانوں)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف۔ مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ كُلِّ :(ہر۔تمام)تاکید۔ اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(ہر چیز۔سب کچھ)مجرور مضاف الیہ۔ قَدِيرٌ :(اندازے۔پیمانے مقرر کرنے۔قدر قائم کرنے والا)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کو ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿١٩٠﴾

إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔فِي :(میں)حرف جار۔خَلْقِ :(پیدا کرنا۔پیدائش)اسم مجرو۔ مضاف۔السَّمٰوٰتِ :(آسمانوں کی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ: (زمین)معطوف مجرو۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اخْتِلَافِ:(اختلاف۔آگے پیچھے آنا)معطوف۔مجرور۔مضاف۔ اللَّيْلِ : (رات)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔النَّهَارِ:(دن)معطوف مجرور۔ لَ:(یقیناً)لام مزحلقہ۔ برائے تاکید۔آيَاتٍ:(آیات۔نشانیاں)اسم مؤخر۔منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔أُوْلِي:(والے)یکے از ستّہ مکبّرہ۔اسم مجرور۔مضاف۔ الْأَلْبَابِ :(لُبٌّ کی جمع۔عقلمند کے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کے آنے جانے میں عقل والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٩١﴾

الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء ۔مرفوع۔ يَذْكُرُونَ:(وہ ذکر کرتے ہیں) فعل مضارع۔جمع مذکر غائب۔۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ ۔مصدر۔ذِكْرٌ۔(ذکر کرنا۔نصیحت کرنا۔یاد کرنا)۔ اللَّهَ :(اللہ جل جلالہٗ کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔قِيَامًا:(کھڑے کھڑے)منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قُعُودًا:(بیٹھے بیٹھے) معطوف۔ حال منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَلَى :(پر)حرف جار۔جُنُوبِ:(پہلوؤں پر)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(وہ۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَتَفَكَّرُونَ:(وہ غور وخوض کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ۔ مصدر۔تَفَكُّرًا۔(غور و فکر کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ف ک ر)صیغہ۔فَكَرَ يَفْكِرُ۔ مصدر۔ فِكْرًا۔(فکر کرنا۔حاصل شدہ معلومات کو کسی نتیجہ پر پہنچنے کے لئے ترتیب دینا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔ خَلْقِ: (پیدا کرنا۔پیدائش)اسم مجرور۔مضاف۔ السَّمٰوٰتِ:(السماء کی جمع۔آسمانوں)غیر منصرف۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف۔مجرور مضاف الیہ۔ رَبَّنَا:(اے ہمارے رب) مرکب(يا+رب+نا) حرف نداء محذوف+منادیٰ۔مضاف+ضمیر جمع متکلم مبنی بر سکون۔محلاً مضاف الیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ خَلَقْتَ:(تو نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ هَذَا :(یہ)اسم اشارہ واحد مذکر قریب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔بَاطِلاً :(بے مقصد۔بے فائدہ)منصوب حال۔ سُبْحَانَ:(پاک ہے)مفعول مطلق منصوب۔ مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔قِ:(بچا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔حرف علت بوجہ التقائے ساکنین محذوف۔اس کے عوض میں کسرہ محفوظ کی گئی۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقَى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)دعائیہ۔نَا:(ہمیں)ضمیر واحد متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَذَابَ :(عذاب۔سزا)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔النَّارِ :(آگ۔دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) اللہ کو یاد کرتے اور آسمان اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے (اور کہتے ہیں) کہ اے پروردگار! تونے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا تو پاک ہے تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو۔

3 رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾

رَبَّنَا: (اے ہمارے رب) مرکب (یا+رب+نا) حرف نداء محذوف + منادیٰ۔ مضاف + ضمیر جمع متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً مضاف الیہ۔ إِنَّ: (بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ كَ: (تو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ مَنْ: (جس کو) اسم موصول۔ شرطیہ۔ جازم فعل شرط۔ تُدْخِلِ: (تو داخل کر دے) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فعل شرط مجزوم۔ کسرہ برائے اتصال۔ بسبب التقائے ساکنین۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَدْخَلَ يُدْخِلُ۔ مصدر۔ اِدْخَالٌ۔ (داخل کر دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (د خ ل) صیغہ۔ دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُوْلٌ۔ (داخل ہونا)۔ النَّارَ: (آگ۔ دوزخ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق و تاکید۔ أَخْزَيْتَ: (تو نے رسوا کیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَخْزٰى يُخّزِیُ۔ مصدر۔ اِخْزَاءٌ۔ (رسوا کر دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (خ ز ی) ناقص یائی۔ خَزِیَ يَخْزٰی۔ مصدر۔ خِزْيًا۔ خَزًی۔ خِزْيَةً۔ (رسوا کرنا)۔ هُ: (وہ۔ اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ جملہ محلاً جواب شرط۔ شرط اور جواب شرط مل کر اِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ الظّٰلِمِيْنَ: (الظّٰلِمُ کی جمع۔ اندھیر مچانے والے) اسم مجرور۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ زائدہ۔ أَنْصَارٍ: (نَاصِرٌ کی جمع۔ مددگار) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اے پروردگار جس کو تونے دوزخ میں ڈالا اسے رسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعۡنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيۡ لِلۡاِيۡمَانِ اَنۡ اٰمِنُوۡا بِرَبِّكُمۡ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا
وَكَفِّرۡ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الۡاَبۡرَارِ ﴿۱۹۳﴾

رَبَّنَا:(اے ہمارے رب) مرکب(یا+رب+نا) حرف نداء محذوف + منادیٰ۔مضاف + ضمیر جمع متکلم مبنی بر سکون۔۔محلاً مضاف الیہ۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ سَمِعْنَا:(ہم نے سنا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)۔صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔ سَمْعٌ۔(سننا)۔ مُنَادِيًا:(پکارنے والا)منصوب۔مفعول بہ۔ يُنَادِي:(پکارتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔مفاعلہ۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيُ۔مصدر۔مُنَادَاةٌ۔ (پکارنا۔ منادی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَدِیَ يَنْدٰی۔مصدر۔ نَدًی۔ نَدَاوَةً۔ نُدُوَّةً۔(بھیگنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْإِيمَانِ:(ایمان۔پختہ یقینا)اسم مجرور۔ أَنْ :(اگر) مصدریہ۔ تفسیری۔آمِنُوا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔پر)حرف جار۔رَبِّ:(رب)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)رابطہ برائے جواب شرط۔آمَنَّا :(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔رَبَّنَا:(اے ہمارے رب) مرکب(یا+رب+نا) حرف نداء محذوف + منادیٰ۔مضاف + ضمیر جمع متکلم مبنی بر سکون۔۔محلاً مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اغْفِرْ:(مغفرت فرما)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے) ضمیر

(لئے)حرف جار۔هُنَّ: (وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔وَلَدٌ :(بیٹا) كَانَ کا اسم مرفوع۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ:(تم۔تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبرمقدّم۔ مرفوع۔ الرُّبُعُ : (چوتھا)مبتداءمؤخر۔مرفوع۔مِمَّا:(جوکچھ)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً حال منصوب۔ تَرَكْنَ :(انہوں نے چھوڑا)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔ نون نسوۃ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ر ک)۔صیغہ۔ تَرَكَ يَتْرُكُ۔مصدر۔تَرَكًا۔(چھوڑنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔ محلّاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً حال منصوب۔ مضاف۔ وَصِيَّةٍ : (وصیت)مجرور مضاف الیہ۔يُوصِينَ :(وہ وصیت کریں۔مونث)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔ثلاثی مزید فیہ۔ افعال۔اَوْصٰى يُوْصِيْ۔مصدر۔ اِيْصَاءٌ۔(وصیت کرنا)۔ثلاثی مجرد سے اس کا صیغہ نہیں آتا۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔هَا:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ دَيْنٍ: (قرض) معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُنَّ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔الرُّبُعُ :(چوتھا)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مِمَّا:(جو کچھ)مرکب : (مِنْ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَرَكْتُمْ :(تم نے چھوڑا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ت ر ک)۔صیغہ۔تَرَكَ يَتْرُكُ۔ مصدر۔تَرَكًا۔(چھوڑنا)۔ إِنْ: (اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔لَمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَكُنْ:(وہ تھا۔وہ ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فعل شرط مجزوم۔علامت واؤ بوجہ التقائے ساکنین۔محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لَّ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ: (تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًيَكُنْ کی خبر مقدّم ۔ منصوب ۔ وَلَدٌ:(بیٹا) يَكُنْ کا اسم مؤخر۔مرفوع۔جواب شرط محذوف۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كَانَ:(تھا۔ہوا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔

صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ کُمْ:(تم۔تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر مقدّم منصوب۔ وَلَدٌ:(بیٹا) کَانَ کا اسم مؤخر۔مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُنَّ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔مرفوع۔ الثُّمُنُ:(آٹھواں)مبتداء۔مرفوع۔جملہ محلاًجواب شرط۔ مِمَّا:(جو کچھ)مرکب :(مِنْ+ مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَرَكْتُمْ :(تم نے چھوڑا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ر ک)۔صیغہ۔تَرَكَ يَتْرُكُ۔مصدر۔تَرَكًا۔(چھوڑنا)۔ مِّنْ :(سے) حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً حال منصوب۔مضاف۔ وَصِيَّةٍ :(وصیت) مجرور مضاف الیہ۔تُوْصُوْنَ:(تم وصیت کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع نون اعرابی۔ موجود۔ واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔اَوْصٰى يُوْصِىْ۔مصدر۔اِيْصَاءٌ۔(وصیت کرنا)۔ثلاثی مجرد سے اس کا صیغہ نہیں آتا۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَوْ :(یا)حرف عطف۔دَيْنٍ :(قرض)معطوف۔اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كَانَ :(تھا۔ہوا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔رَجُلٌ:(مرد)فاعل مرفوع۔يُوْرَثُ :(وہ وارث بنایا جاتا ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر هُوَ۔نائب فاعل۔ مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْرَثَ يُوْرِثُ۔مصدر۔اِيْرَاثًا۔(میراث تقسیم کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(و ر ث)مثال واوی۔صیغہ۔ وَرِثَ يَرِثُ ۔مصدر۔وِرَاثَةٌ۔(وارث بنانا)۔كَلَالَةً:(ایسا فرد جس کی کوئی اولاد نہ ہو)منصوب حال۔أَوْ: (یا) حرف عطف۔ اِمْرَاَةٌ :(عورت)معطوف۔مرفوع۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(وہ۔اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ أَخٌ:(ایک بھائی)مبتداء۔ مؤخر۔ مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ أُخْتٌ:(ایک بہن)معطوف۔مرفوع۔ فَ: (پس)

برائے رابطہ جواب شرط۔۔لِ:(لئے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر ایک)تاکید۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔مضاف۔ وَاحِدٍ:(ایک)مجرور۔مضاف الیہ۔موصوف۔مِّنْ:(سے)حرف اجر۔هُمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت مجرور۔ السُّدُسُ:(چھٹا)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ كَانُوٓا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ أَكْثَرَ:(زیادہ تر)افعل التفضیل۔ كَانَ کی خبر منصوب۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ ذَٰلِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ مبتداء۔مرفوع۔ شُرَكَاءُ:(شامل ہونے والے)خبر مرفوع۔ جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ فِي :(میں)حرف جار۔الثُّلُثِ :(تیسرا۔ایک تہائی)اسم مجرور۔مِنْ:(سے) حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مضاف ۔ وَصِيَّةٍ: (وصیت)مجرور مضاف الیہ۔ يُوصَىٰ:(وصیت کی جائے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ضمیر مستترهُوَ نائب فاعل۔مرفوع۔ افعال۔اَوْصٰى يُوْصِيْ۔مصدر۔اِيْصَاءٌ۔(وصیت کرنا)۔ثلاثی مجرد سے اس کا صیغہ نہیں آتا۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً ام مجرور۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ دَيْنٍ :(قرض)معطوف مجرور۔غَيْرَ:(نہ)برائے نفی۔حال منصوب۔ مُضَآرٍّ:(نقصان پہنچانے والا)اسم فاعل واحد مذکر۔ مجرور مضاف الیہ۔ وَصِيَّةً:(وصیت)منصوب مفعول مطلق۔ مِّنَ:(سے) حرف جار۔مبنی بر سکون۔ محلاً مفتوح برائے اتصال مابعد۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت منصوب۔وَصِيَّةً کی۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا) مبالغہ۔خبر مرفوع۔ حَلِيْمٌ:(خوب برداشت کرنے والا۔نرمی والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو مال تمہاری عورتیں چھوڑ مریں۔ اگر ان کے اولاد نہ ہو تو اس میں نصف حصہ تمہارا۔ اور اگر اولاد ہو تو ترکے میں تمہارا حصہ چوتھائی۔(لیکن یہ تقسیم) وصیت (کی تعمیل) کے بعد جو انہوں نے کی ہو یا قرض کے (ادا ہونے کے بعد جو ان کے ذمے ہو، کی جائے گی) اور جو مال تم (مرد) چھوڑ مرو۔ اگر تمہارے اولاد نہ ہو تو تمہاری عورتوں کا اس میں چوتھا حصہ۔ اور اگر اولاد ہو تو ان کا آٹھواں حصہ (یہ حصے) تمہاری وصیت (کی تعمیل) کے بعد جو تم نے کی ہو اور (ادائے) قرض کے (بعد تقسیم کئے جائیں گے) اور اگر ایسے مرد یا عورت کی میراث ہو جس کے نہ باپ ہو نہ بیٹا مگر اس کے بھائی بہن ہو تو ان میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ اور اگر ایک سے زیادہ ہوں تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے (یہ حصے بھی ادائے وصیت و قرض بشرطیکہ ان سے میت نے کسی کا نقصان نہ کیا ہو (تقسیم کئے جائیں گے) یہ اللہ کا فرمان ہے۔ اور اللہ نہایت علم والا (اور) نہایت حلم والا ہے۔

4 تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾

تِلْكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ حُدُوْدُ:(حدیں)خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ يُطِعِ:(اطاعت کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر مجزوم۔فعل شرط۔التقائے ساکنین کی وجہ سے کسرہ برائے اتصال لگائی گئی۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُولَ:(پیغمبر) معطوف منصوب۔مضاف۔هُ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يُدْخِلْ:(داخل کیا جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَدْخَلَ يُدْخِلُ۔مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(دخ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُولٌ۔(داخل ہونا)۔هُ:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔جملہ شرط و جواب شرط۔محلاً مبتداء مَنْ کی خبر مرفوع۔ جَنّٰتٍ :(جنتوں۔باغوں)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔ مفعول

بہٖ ثانی۔موصوف۔تَجْرِيْ:(جاری رہتی ہے۔بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجر د۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی یَجْرِیْ۔مصدر۔جَرْیَانًا۔(جاری ہونا۔بہنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هَا :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور مضاف الیہ۔الأَنْهَارُ:(نَهْرٌ کی جمع۔نہریں)فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً منصوب ۔صفت۔خَالِدِينَ:(ہمیشہ ہمیشہ)منصوب۔حال۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(وہ۔ اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ذَٰلِكَ:(وہ۔اس)اسم اشارہ بعید واحد مذکر۔مبتداء مرفوع۔ الْفَوْزُ :(کامیابی)خبر مرفوع۔موصوف۔الْعَظِيمُ :(بہت بڑی)صفت مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت:(یہ تمام احکام) اللہ کی حدیں ہیں۔اور جو شخص اللہ اور اس کے پیغمبر کی فرمانبر داری کرے گا اللہ اس کو بہشتوں میں داخل کرے گا جن میں نہریں بہہ رہی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

وَمَنْ يَّعْصِ اللهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۖ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔ شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ يَعْصِ:(گناہ کرے گا۔نافرمانی کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت حرف علت محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔اور کسرہ برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ص ی)ناقص یائی۔صیغہ۔عَصٰی یَعْصِیْ۔مصدر۔ عِصْيَانٌ۔(نافرمانی کرنا) اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُولَ: (پیغمبر)معطوف منصوب۔مضاف۔هُ:(وہ۔ اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔يَتَعَدَّ:(تجاوز کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔ تَعَدّٰی یَتَعَدّٰی۔مصدر۔تَعَدِّیًا۔(عبور کرنا۔تجاوز کرنا)۔حُدُودَ:(حدوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔هُ:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ يُدْخِلْ:(داخل کیا جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَدْخَلَ يُدْخِلُ۔ مصدر۔

اِدْخَالٌ۔(داخل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُوْلٌ۔(داخل ہونا)۔ہٗ :(وہ۔ اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ جواب شرط۔ محلاً خبر۔مرفوع۔ نَارًا :(آگ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔خَالِدًا:(ہمیشہ ہمیشہ)منصوب ۔حال۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا: (وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ :(وہ۔ اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔عَذَابٌ:(عذاب ۔سزا) مبتداء مؤخر۔مرفوع۔موصوف مُّهِيْنٌ:(اہانت کرنے والا۔رسوا کرنے والا۔ذلیل کرنے والا)صفت مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا اور اس کی حدوں سے نکل جائے گا اس کو اللہ دوزخ میں ڈالے گا جہاں وہ ہمیشہ رہے گا۔اور اس کو ذلت کا عذاب ہو گا۔

وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اللاَّتِي :(وہ جو)اسم موصول جمع مؤنث۔ مبتداء۔مرفوع۔يَأْتِيْنَ:(آتی ہیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا۔آنا۔کرنا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ الْفَاحِشَةَ :(بدکاری۔بے حیائی۔حد سے بڑی ہوئی برائی)منصوب۔مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔نِّسَآءِ: (عورتوں) اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ فَ: (پس)برائے رابطہ۔اسْتَشْهِدُوا:(تم گواہی طلب کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واوٴ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَشْهَدَ يَسْتَشْهِدُ۔مصدر۔اِسْتَشْهَادٌ۔(گواہی طلب کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةٌ۔(گواہی دینا۔موجود ہونا)عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِنَّ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔أَرْبَعَةً: (چار) منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے)حرف

جار۔ **كُمْ**:(تم میں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔ **فَ**:(پس) استئنافیہ۔ **إِنْ**:(اگر)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ **شَهِدُوا** :(وہ گواہ لائیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ش ھ د)صیغہ۔ **شَهِدَ يَشْهَدُ**۔ مصدر۔ **شَهَادَةٌ**۔ (گواہی دینا۔ موجود ہونا) **فَ**:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ **أَمْسِكُوْ**:(روکو۔ بند رکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ محذوف۔ برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(م س ک)صیغہ **اَمْسَكَ يَمْسِكُ**۔ مصدر۔ **اِمْسَاكٌ**۔ (روکنا۔ بند رکھنا)**هُنَّ**:(وہ۔ ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ **فِي**:(میں)حرف جار۔ **الْبُيُوتِ**:(**الْبَيْتُ** کی جمع۔ گھروں)اسم مجرور جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔ **حَتّٰى**:(یہاں تک)حرف غائب۔ بعدہٗ **اَنْ** مضمر۔ ناصب مضارع۔ **يَتَوَفَّ**:(پورا کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت حرف علت۔ **ی**۔ برائے اتصال ما بعد۔ محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔ **تَفَعُّلٌ**۔ **تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى**۔ مصدر۔ **تَوَفِّىٌ**۔(پورا کرنا۔ مر جانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(و ف ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ **وَفٰى يَفِيْ**۔ مصدر۔ **وَفَاءً**۔(پورا ہونا)۔ **هُنَّ** :(وہ۔ ان کو) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً منصوب ۔ مفعول بہ۔ **الْمَوْتُ** :(موت)فاعل۔ مرفوع۔ **أَوْ** :(یا)حرف عطف۔ **يَجْعَلَ** :(بنا دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتحہ۔ مادہ(ج ع ل)صیغہ۔ **جَعَلَ يَجْعَلُ**۔ مصدر۔ **جَعْلًا**۔(بنانا)۔ **اللّٰهُ** :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ **لَ**:(لئے)حرف جار۔ **هُنَّ** :(وہ۔ ان کے)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ **سَبِيلاً** :(کوئی راہ)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: مسلمانو تمہاری عورتوں میں جو بدکاری کا ارتکاب کر بیٹھیں ان پر اپنے لوگوں میں سے چار شخصوں کی شہادت لو۔ اگر وہ(ان کی بدکاری کی) گواہی دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو یہاں تک کہ موت ان کا کام تمام کردے یا اللہ ان کے لئے کوئی اور سبیل (پیدا) کرے۔

وَالَّذٰنِ يَأْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اَللَّذَانِ:(وہ جو دو)اسم موصول تثنیہ مذکر۔یَأْتِیَانِ:(لائیں۔کریں۔آئیں۔دونوں ارتکاب کریں)فعل مضارع تثنیہ۔مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاْتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا۔آنا۔کرنا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ ھَا:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔اس کا مرجع۔فَاحِشَۃَ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔کُمْ : (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(تو)حرف عطف۔اٰذُوْ:(ایذادو)فعل امر جمع مذکر حاضر ۔ واؤ جمع۔الف فارقہ۔محذوف۔ برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اٰذٰی یُؤْذِیْ۔مصدر۔اِیْذَاءٌ۔(ستانا۔تکلیف دینا)۔ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔ مادہ(ء ذ ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَذِیَ یَاذِیْ۔مصدر۔اَذًی۔اَذَاۃً۔اَذِیَّۃً۔(تکلیف دینا۔دکھ دینا)۔ ھُمَا:(دونوں کو)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تَابَا: (دونوں توبہ کریں)فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب۔الف علامت تثنیہ۔محلاً فعل شرط۔مجزوم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ت و ب)صیغہ۔تَابَ یَتُوْبُ۔مصدر۔ تَوْبَۃً۔(واپس لوٹنا۔توبہ قبول کرنا۔مہربانی کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَصْلَحَا:(دونوں درستی کریں)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔معطوف فعل شرط۔مجزوم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ اَصْلَحَ یُصْلِحُ۔مصدر۔اِصْلَاحًا۔(درستی کرنا)۔ثلاثی مجرد ۔ باب فتح ۔نصر۔ مادہ(ص ل ح)صَلَحَ یَصْلَحُ۔مصدر۔صَلَاحًا۔(صلح کرنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اَعْرِضُوْا:(کنارہ کشی کرو۔منہ پھیرلو۔توجہ ہٹادو)فعل امر جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَعْرَضَ یُعْرِضُ۔مصدر۔اِعْرَاضٌ۔(توجہ نہ دینا۔ منہ پھیرنا۔کنارہ کشی کرنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ض)صیغہ۔ عَرَضَ یَعْرِضُ۔مصدر۔عَرْضًا۔(پیش کرنا)۔ عَنْ:(سے) حرف جار۔ھُمَا :(وہ دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰہَ:(جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔کَانَ:(وہ تھا۔وہ ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔ (ہونا)۔تَوَّابًا:(لوٹنے والے)کَانَ کی خبر منصوب۔رَّحِیْمًا:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جو دو مرد تم میں سے بدکاری کریں تو ان کو ایذا دو۔ پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نیکوکار ہو جائیں تو ان کا پیچھا چھوڑ دو۔ بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا (اور) مہربان ہے

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾

إِنَّمَا: (اس کے سوا نہیں۔ صرف اور صرف۔) كافة و مكفوفة۔ التَّوْبَةُ: (توبہ کرنا۔ لوٹنا۔ رجوع کرنا۔ توبہ قبول کرنا) مصدر۔ مبتداء۔ مرفوع۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ اللهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ لَّذِينَ: (وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ يَعْمَلُونَ: (وہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع م ل) صیغہ۔ عَمِلَ يَعْمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا۔)۔ السُّوءَ: (برائی) منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ: (ساتھ۔ سے) حرف جار۔ جَهَالَةٍ: (جہالت۔ ضد۔ جانتے بوجھتے کرنا)۔ اسم مجرور۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ يَتُوبُونَ: (وہ توبہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ (ت و ب) صیغہ۔ تَابَ يَتُوْبُ۔ مصدر۔ تَوْبَةً۔ (واپس لوٹنا۔ توبہ قبول کرنا۔ مہربانی کرنا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ قَرِيبٍ: (قریب) اسم مجرور۔ فَ: (پس) استئنافیہ۔ أُولَئِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء مرفوع۔۔ يَتُوبُ: (وہ لوٹتا ہے۔ وہ مہربانی کرے۔ وہ قبول کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ (ت و ب) صیغہ۔ تَابَ يَتُوْبُ۔ مصدر۔ تَوْبَةً۔ (واپس لوٹنا۔ توبہ قبول کرنا۔ مہربانی کرنا)۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔ مرفوع۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ هِمْ: (وہ۔ ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ جملہ محلاً مبتداء أُولَئِكَ کی خبر مرفوع۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ كَانَ: (ہے۔ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔

(ہونا)۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ) کَانَ کا اسم مرفوع۔ عَلِیْماً:(خوب جاننے والا) کَانَ کی خبر منصوب۔ حَکِیْماً :(خوب دانائی والا۔ حکمت والا) کَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: اللہ انہیں لوگوں کی توبہ قبول فرماتا ہے جو نادانی سے بری حرکت کر بیٹھے ہیں۔ پھر جلد توبہ قبول کر لیتے ہیں پس ایسے لوگوں پر اللہ مہربانی کرتا ہے۔ اور وہ سب کچھ جانتا (اور) حکمت والا ہے۔۔

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَعْتَدْنَا لَھُمْ عَذَابًا اَلِـيْمًا ﴿۱۸﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ لَیْسَتِ:(نہیں) فعل ناقص ماضی واحد مؤنث غائب۔ تائے تانیث مبنی بر سکون۔ کسرہ برائے اتصال مابعد۔ جامد۔ اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ التَّوْبَۃُ:(توبہ۔ رجوع کرنا۔ پلٹنا۔ لوٹنا) لَیْسَ کا اسم مرفوع۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ لَّذِینَ:(وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ لَیْسَ کی خبر۔ یَعْمَلُونَ:(وہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع م ل) صیغہ۔ عَمِلَ یَعْمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا۔)۔ السَّیِّئَاتِ:(برائیاں) غیر منصرف۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ حَتّٰی:(یہاں تک کہ) حرف غایت۔ و حرف جار۔ اَنْ مضمر۔ ناصب مضارع۔ إِذَا:(جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ محلاً منصوب۔ حَضَرَ : (آیا۔ لایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ح ض ر) صیغہ۔ حَضَرَ یَحْضُرُ۔ مصدر۔ حُضُوْرٌ۔ (آجانا)۔ أَحَدَ:(کوئی ایک) منصوب۔ مفعول بہٖ مقدّم۔ مضاف۔ هُمُ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْمَوْتُ:(موت) فاعل۔ مؤخر۔ مرفوع۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بولنا۔ کہنا)۔ إِنِّیْ:(یقیناً میں) مرکب: (اِنَّ+نِ+یْ) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ +نون وقایہ۔ + یائے واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ تُبْتُ:(میں نے توبہ کی) فعل

ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ت و ب)صیغہ۔تَابَ یَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَۃً۔(واپس لوٹنا۔توبہ قبول کرنا۔مہربانی کرنا)۔ الْـٰٔنَ:(اب)دوسرا رسم الخط :(الْاٰنَ)ہے۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔الَّذِینَ:(وہ جو)اسم موصول۔یَمُوْتُونَ:(وہ مرجاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ یَمُوْتُ۔مصدر۔مَوْتٌ۔(مرنا)۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ کُفَّارٌ:(کافر کی جمع۔کفار۔)خبر مرفوع۔ أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ أَعْتَدْنَا:(ہم تیار کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔أَعْتَدَ یُعْتِدُ۔مصدر۔اِعْتَادًا۔(تیار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ یَعُدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔تَعْدَادًا۔(گننا)۔جملہ محلاً أُوْلَئِكَ کی خبر مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً خبر مرفوع۔

عَذَابًا:(عذاب۔سزا)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ أَلِيمًا:(درد والا۔دردناک)منصوب۔صفت۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور ایسے لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی جو(ساری عمر) برے کام کرتے ہیں۔یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی موت آموجود ہو تو اس وقت کہنے لگے کہ اب میں توبہ کرتا ہوں اور نہ ان کی (توبہ قبول ہوتی ہے) جو کفر کی حالت میں مریں۔ایسے لوگوں کے لئے ہم نے عذاب الیم تیار کر رکھا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَـيْـــًٔـا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿١٩﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کونسا۔جونسا)منادیٰ۔مضاف۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔(يَاَيُّهَا۔يَاَيَّتُهَا)کو حرف نداء بولتے ہیں۔اس کے بعد منادیٰ معرف باللام ہوتا ہے۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔منادیٰ۔آمَنُوا:(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اٰمَنَ

يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔اَمِنَ يَاْمَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَحِلُّ:(حلال ہوتی ہے۔وہ جائز ہوتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ح ل ل)مضاعف۔صیغہ حَلَّ يَحِلُّ۔مصدر۔حِلًّا۔(حلال ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَرِثُوا:(تم وارث بن جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب حسب۔مادہ(و ر ث) صیغہ۔ وَرِثَ يَرِثُ۔ مصدر۔وِرَثَةٌ۔(مالک ہونا۔وارث ہونا)۔ النِّسَاءَ:(اِمْرَاةٌ کی جمع۔عورتوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ كَرْهًا:(کراہت۔ناگواری سے)منصوب۔حال۔ ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ک ر ہ)صیغہ۔ كَرِهَ يَكْرَهُ۔مصدر۔كَرْهًا۔(کراہت کرنا۔ناپسند کرنا۔ نفرت کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَعْضُلُوْ:(تم روکو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔الف فارقہ۔ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ع ض ل)صیغہ۔ عَضَلَ يَعْضُلُ۔مصدر۔ عَضْلاً۔(ناجائز روکنا۔زبردستی روکنا)۔ هُنَّ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ لِ:(یقینا)لائے تاکید۔جازم مضارع۔تَذْهَبُوا:(تم جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ذ ھ ب)۔صیغہ ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔ مصدر۔ ذَهَابٌ۔(جانا۔چلنا۔بیان کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔بَعْضِ:(کچھ)کُل کے مقابلہ میں بولا جاتا ہے۔یعنی اس کا کچھ حصہ۔اسم مجرور۔ مَا :(جو)اسم موصول۔آتَيْتُمُوْ:(تم نے دیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔میم برائے اشباع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ (دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)۔هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔أَنْ:(اگر)مصدریہ۔ناصب۔ يَأْتِينَ:(وہ

دیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوہ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیۡ۔ مصدر۔اِتۡیَانٌ۔(دینا۔لانا)۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ فَاحِشَةٍ:(بدکاری۔فحاشی)اسم مجرور۔موصوف۔ مُّبَيِّنَةٍ:(کھلم کھلا)مجرور صفت۔تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَاشِرُو:(تم زندگی گزارو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔محذوف برائے اتصال ما بعد۔ هُنَّ:(وہ۔ان کے ساتھ)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ الۡمَعۡرُوفِ:(اچھے طریقے سے۔دستور کے مطابق)اسم مجرور۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔إِنۡ:(اگر)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ كَرِهۡتُمُو:(تم کراہت کرو۔نفرت کرو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔و اِشباع۔ثلاثی مجرد باب فتح ۔مادہ(ک ر ہ)صیغہ۔كَرِهَ يَكۡرَهُ۔مصدر۔كَرۡهًا۔(کراہت کرنا۔ناپسند کرنا۔نفرت کرنا)۔هُنَّ: (وہ۔ ان) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔ عَسَىٰ:(توقع ہے۔امید ہے۔ہوسکتا ہے)فعل ناقص ماضی۔جامد۔ بمعنی مستقبل۔اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ناصب خبر۔ أَنۡ:(اگر)حرف مصدریہ۔ناصب۔تَكۡرَهُوا:(تم ناپسند کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ک ر ہ)صیغہ۔ كَرِهَ يَكۡرَهُ۔مصدر۔ كَرۡهًا۔(کراہت کرنا۔ناپسند کرنا۔نفرت کرنا)۔ شَيۡـًٔا:(کسی چیز کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَجۡعَلَ:(وہ بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ۔جَعَلَ يَجۡعَلُ۔مصدر۔جَعۡلًا۔(بنانا)۔ اللَّهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔هِ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔خَيۡرًا :(بھلائی۔نیکی۔اچھائی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ موصوف۔كَثِيرًا:(بہت)منصوب۔صفت۔تابع۔

ترجمہ آیت:مومنو! تم کو جائز نہیں کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ۔اور (دیکھنا) اس نیت سے کہ جو کچھ تم نے ان کو دیا ہے اس میں سے کچھ لے لو انہیں (گھروں میں) میں مت روک رکھنا ہاں اگر وہ کھلے طور پر بدکاری کی

مرتکب ہوں(تو روکنا مناسب نہیں) اور ان کے ساتھ اچھی طرح رہو سہوا اگر وہ تم کو ناپسند ہوں تو عجب نہیں کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور اللہ اس میں بہت سی بھلائی پیدا کر دے۔

وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْئًا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَرَدتُّمْ:(تم ارادہ کرو۔تم چاہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ یُرِیْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د) صیغہ رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اسْتِبْدَالَ :(بدلنا)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔زَوْجٍ:(بیوی)مجرور۔مضاف الیہ۔ مَّكَانَ:(جگہ۔مکان)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ زَوْجٍ :(بیوی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔آتَيْتُمْ:(تم لاؤ)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ إِحْدَا:(ایک)اصلاً إِحْدٰی مؤنث۔ منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُنَّ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قِنطَارًا:(بلند و بالا عمارت۔یعنی خزانہ۔مال کا ڈھیر)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ فَ:(پس)رابطہ جواب شرط۔ لَا:(نہ) ناہیہ۔جازم مضارع۔تَأْخُذُوا:(تم پکڑو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی۔ محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شَيْئًا:(کوئی شئے۔کچھ بھی)۔منصوب۔ مفعول بہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔تَأْخُذُونَ:(تم پکڑتے ہو۔لگاتے ہو۔لیتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَخَذَ

یَاخَذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا۔لینا)۔ہُ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بُھْتَاناً :(بہتان۔صریحاً جھوٹ۔جسے سن کر انسان ششدر رہ جائے)منصوب۔ حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِثْماً :(گناہ)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔مُّبِيناً :(کھلم کھلا۔واضح)منصوب۔صفت۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم ایک عورت کو چھوڑ کر دوسری عورت کرنی چاہو۔اور پہلی عورت کو بہت سا مال دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ مت لینا۔بھلا تم ناجائز طور پر اور صریح ظلم سے اپنا مال اس سے واپس لے لو گے ؟

وَكَيْفَ تَأْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿٢١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَيْفَ:(کیسے۔کس طرح)اسم استفہام۔ تَأْخُذُونَ:(تم پکڑتے ہو۔لے سکتے ہو)فعل مضارع۔جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَخَذَ یَاخَذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ہُ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔قَدْ :(یقیناً)حرف تاکید و تحقیق۔أَفْضَى:(مباشرت کر چکے ہو۔صحبت کر چکے ہو۔دخول کر چکے ہو)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ بَعْضُ:(کچھ)ظرف۔مضاف۔كُمْ :(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَى:(تک۔طرف)حرف جار۔ بَعْضٍ:(کچھ)ظرف۔اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَخَذْنَ :(انہوں نے پکڑ لیا۔لے لیا)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔نون نسوہ۔مبنی بر فتحہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَخَذَ یَاخَذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ مِّيثَاقًا:(عہد۔معاہدہ۔)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف غَلِيظًا :(پختہ)منصوب۔صفت۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور تم دیا ہوا مال کیونکر واپس لے سکتے ہو جب کہ تم ایک دوسرے کے ساتھ صحبت کر چکے ہو۔اور وہ تم سے عہد واثق بھی لے چکی ہے۔

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا وَّسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَنكِحُوا:(تم نکاح کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ک ح)۔صیغہ۔نَكَحَ يَنْكِحُ۔مصدر۔نِكَاحًا۔(نکاح کرنا)۔ مَا:(جن سے)اسم موصول۔نَكَحَ:(اس نے نکاح کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ک ح)۔صیغہ۔نَكَحَ يَنْكِحُ۔مصدر۔نِكَاحًا۔(نکاح کرنا)۔ آبَاؤُ:(اَبٌ کی جمع۔باپوں نے)فاعل جمع۔مضاف۔كُم:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔ النِّسَاءِ:(اِمْرَأَةٌ کی جمع۔عورتوں)مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)استثناء۔ مَا:(جو)اسم موصول۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق و تاکید۔سَلَفَ:(گزر چکے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ل ف) صیغہ۔سَلَفَ يَسْلُفُ۔مصدر۔سَلْفاً۔سُلُوْفًا۔(گزرنا)۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔ كَانَ:() فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ فَاحِشَةً:(برائی۔فحاشی۔بے حیائی۔بدکاری)كَانَ کی خبر منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَقْتًا:(ناپسندیدہ)معطوف منصوب۔مصدر۔بغض شدید۔باپ کی بیوی سے نکاح اللہ جل جلالہٗ کی دشمنی کا سبب بنے گا۔وَ:(اور)حرف عطف۔سَاءَ:(اس نے برا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ سَاءَ يَسُوْءُ۔مصدر۔سَوْءٌ۔(برا کرنا۔) اس کے مضارع کے صیغے نہیں بنتے سَبِيلاً:(راستہ۔طریقہ۔چلنا)۔تمیز۔منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جن عورتوں سے تمہارے باپ نے نکاح کیا ہو ان نکاح مت کرنا(مگر جاہلیت میں) جو ہو چکا (سو ہو چکا) یہ نہایت بے حیائی اور (اللہ کی) ناخوشی کی بات تھی۔اور بہت برا دستور تھا،

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۳﴾

حُرِّمَتْ:(حرام کی گئی)فعل ماضی مجہول۔ واحد مؤنث غائب۔ تائے تانیث۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ **حَرَّمَ يُحَرِّمُ**۔مصدر۔ **تَحْرِيمًا**۔(حرام کرنا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ح ر م)صیغہ ۔**حَرَمَ يَحْرِمُ**۔ مصدر۔**حِرْمًا۔حِرْمَانًا**۔ (محروم رکھنا)۔**عَلَيْ**:(پر)حرف جار۔**كُمْ**:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ **أُمَّهَاتُ**:(ماؤں کو)نائب فاعل۔مرفوع۔مضاف۔**كُمْ** :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔**وَ**:(اور)حرف عطف۔**بَنَاتُ**:(بیٹیاں)معطوف۔مرفوع۔مضاف۔ **كُمْ**:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**أَخَوَاتُ**:(بہنیں) معطوف۔ مرفوع۔ مضاف۔**كُمْ**:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**عَمَّاتُ**:(پھوپھیاں) معطوف۔مرفوع۔مضاف۔**كُمْ**:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**خَالَاتُ**:(خالائیں) معطوف۔مرفوع۔مضاف۔**كُمْ**:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**بَنَاتُ** :(بیٹیاں) معطوف۔مرفوع۔مضاف۔**الْأَخِ**:(بھائی)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**بَنَاتُ**:(بیٹیاں) معطوف۔مرفوع۔مضاف۔ **الْأُخْتِ** :(بہن) معطوف۔مرفوع۔ مضاف الیہ۔**وَ**:(اور)حرف عطف۔**أُمَّهَاتُ**:(مائیں) معطوف۔مرفوع۔مضاف۔**كُمْ**: (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ **اَلّٰاتِي**:(جس نے)اسم موصول۔جمع مؤنث ۔ **أَرْضَعْنَ**: (دودھ پلایا)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔**نون نسوہ**۔مبنی برفتحہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ **اَرْضَعَ**

يُرْضِعُ۔اِرْضَاعًا۔(دودھ پلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ض ع)صیغہ۔رَضَعَ يَرْضَعُ۔مصدر۔رِضَاعَةٌ۔ رِضْعًا۔رِضَاعًا۔(دودھ پینا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَخَوَاتُ:(بہنیں)معطوف مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الرَّضَاعَةِ :(دودھ پلانا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلا منصب حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔أُمَّهَاتُ:(مائیں)معطوف ۔مرفوع۔مضاف۔ نِسَآءِ:(اِمْرَاةٌ۔ کی جمع عورتوں کی)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَبَائِبُ:(دودھ پلا کر پالنے والیاں۔دایاں)معطوف مرفوع۔مضاف۔كُمُ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ الّٰاتِيْ:(جو)اسم موصول۔جمع مؤنث۔فِي:(میں)حرف جار۔حُجُورِ:(حُجْرٌ کی جمع۔پرورش۔حفاظت ۔گود) اسم مجرور۔مضاف۔كُم:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار نِّسَآءِ: (اِمْرَاةٌ۔کی جمع۔عورتوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمُ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ الّٰاتِيْ:(جس)اسم موصول۔جمع مؤنث۔دَخَلْتُم:(تم نے دخول کیا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا) ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ هِنَّ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ لَّمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ تَكُونُوا:(تم ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ فعل شرط۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ دَخَلْتُم :(تم نے دخول کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا) بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔هِنَّ :(وہ۔ ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)رابطہ جواب شرط۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔جُنَاحَ :(گناہ)لائے نفی کا اسم منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ: (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔جار+مجرور مل کر محلاً خبر لائے نفی جنس۔اور جملہ محلاً مجزوم جواب

شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔حَلَائِلُ :(حَلِيْلَةٌ کی جمع۔بیویاں)معطوف مرفوع۔مضاف۔أَبْنَاءِ:(بیٹے) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَصْلَابِ:(صُلْبٌ کی جمع۔پشتوں)اسم مجرور۔مضاف۔ کُمْ: (تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْ :(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَجْمَعُوا:(تم اکٹھی کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ بَيْنَ :(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔الأُخْتَيْنِ:(دو بہنیں)تثنیہ۔مضاف الیہ۔ مجرور۔ علامت ۔ی۔إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً منصوب مستثنیٰ۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تاکید و تحقیق۔ سَلَفَ :(وہ گزرا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ل ف) صیغہ۔سَلَفَ يَسْلُفُ۔مصدر۔ سَلْفاً۔سُلُوْفًا۔(گزرنا)۔ إِنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ :(ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا) ۔غَفُورًا:(خوب مغفرت کرنے والا)محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔رَّحِيْمًا :(خوب رحم کرنے والا)فاعل۔محلاًكَانَ کی خبر ثانی۔منصوب۔

ترجمہ آیت:تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں اور بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہو اور رضاعی بہنیں اور ساسیں حرام کر دی گئی ہیں اور جن عورتوں سے تم مباشرت کر چکے ہو ان کی لڑکیاں جنہیں تم پرورش کرتے (ہو وہ بھی تم پر حرام ہیں) ہاں اگر ان کے ساتھ تم نے مباشرت نہ کی ہو تو(ان کی لڑکیوں کے ساتھ نکاح کر لینے میں) تم پر کچھ گناہ نہیں اور تمہارے صلبی بیٹوں کی عورتیں بھی اور دو بہنوں کا اکٹھا کرنا بھی (حرام ہے) مگر جو ہو چکا(سو ہو چکا) بے شک اللہ بخشنے والا(اور) رحم کرنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔جس نے آج مورخہ 11 جولائی 2019 بروز جمعرات بوقت۔5:00۔

پارہ نمبر 4 کو مکمل کرنے کی توفیق عطا کی۔دعا ہے کہ قرآن مجید کے پورے پارے مکمل ہوں۔

5 پارہ پنجم وَالْمُحْصَنٰتُ

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اَلْمُحْصَنٰتُ :(مُحْصَنَةٌ کی جمع۔قلعہ بند۔پاکدامن۔شوہر والیوں)۔مِنَ:(سے)حرف جار۔اَلنِّسَاءِ:(اِمْرَاَةٌ کی جمع۔عورتیں)اسم مجرور۔اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی سکون ۔محلاً منصوب۔مستثنیٰ۔ مَلَكَتْ:(وہ مالک ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَکَ یَمْلِکُ۔مصدر۔مِلْکًا۔(مالک بننا ۔مالک ہونا) اَیْمَانُ: (یَمِیْنٌ کی جمع۔دائیں ہاتھ۔)فاعل مرفوع۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كِتَابَ:(کتاب)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔کُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اُحِلَّ:(حلال کر دی گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَحَلَّ یُحِلُّ۔مصدر۔اِحْلَالٌ۔حلال کرنا۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ل ل)مضاعف۔ حَلَّ یَحِلُّ۔حَلَالًا (حلال ہونا۔جائز ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور الیہ۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔وَرَاءَ:(آگے یا پیچھے ہونا۔)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ ذٰلِکُمْ:(وہ۔)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ کُمْ خطابیہ۔اَنْ:(اگر)مصدریہ۔ناصب۔مضارع۔تَبْتَغُوْا:(تم تلاش کرو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔فعل شرط۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِبْتَغٰی یَبْتَغِیْ۔مصدر۔ اِبْتِغَآءٌ۔ (چاہنا۔تلاش کرنا۔ طلب

کرنا)ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰی یَبْغِیْ۔مصدر۔بَغْیًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُّحْصِنِیْنَ :(بیویوں والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً حال منصوب۔ علامت ۔ی۔غَیْرَ:(نہ)منصوب۔حال ثانی منصوب۔ مُسَافِحِینَ:(زنا کرنے والے۔ غیر شرعی منی بہانے والے)۔فاعل جمع مذکر۔ مجرور۔ علامت ی۔فَ:(پس)استئنافیہ۔مَا:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع مبتداء۔ اسْتَمْتَعْتُمْ :(تم فائدہ اٹھایا۔)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔ فعل شرط۔ محلاً مجزوم۔ باب استفعال۔صیغہ۔ اِسْتَمْتَعَ یَسْتَمْتِعُ۔مصدر۔اِسْتَمْتَاعٌ۔(فائدہ پہنچانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(م ت ع)۔مَتَعَ یَمْتَعُ۔مصدر۔مَتُوْعًا۔(فائدہ پہنچنا) بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ہِ :(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ھُنَّ:(وہ۔ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ فَ: (پس)برائے رابطہ۔جواب شرط۔آتُوْ:(تم دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف۔برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیَ یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ ھُنَّ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محل مجزوم جواب شرط۔شرط اور جواب مل کر مَا مبتداء کی خبر مرفوع۔ أُجُوْرَ:(اَجْرٌ کی جمع۔حق مہر) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔مضاف۔ھُنَّ :(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَرِیضَۃً:(مقرر شدہ)منصوب۔حال۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔ جُنَاحَ : (گناہ)منصوب لائے نفی جنس کا اسم۔عَلَیْ:(پر)حرف اجر۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًلائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔ فِیْ:(میں)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔ تَرَاضَیْتُمْ:(تم راضی ہوجاؤ)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفاعل۔صیغہ۔ تَرَاضٰی یَتَرَاضٰی۔مصدر۔

تَرَاضِیٌ۔(باہمی رضامندی۔باہم راضی ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض و)صیغہ رَضِیَ یَرْضَی۔مصدر۔رِضًی۔ رِضًا۔رِضْوَانًا۔رِضَاءً۔(راضی ہونا۔پسند کرنا) بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ ہِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ الْفَرِیضَةِ:(حق مہر مقررہ کے)مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔إِنَّ کا اسم۔ كَانَ :(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلِيْمًا :(خوب جاننے والا) كَانَ کی خبر منصوب۔ حَكِيمًا :(خوب حکمت والا۔دانائی) كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور شوہر والی عورتیں بھی (تم پر حرام ہیں) مگر وہ جو (اسیر ہو کر لونڈیوں کے طور پر) تمہارے قبضے میں آجائیں (یہ حکم) اللہ نے تم کو لکھ دیا ہے اور ان (محرمات) کے سوا اور عورتیں تم کو حلال ہیں اس طرح سے کہ مال خرچ کر کے ان سے نکاح کر لو بشرطیکہ (نکاح سے) مقصود عفت قائم رکھنا ہو نہ شہوت رانی تو جن عورتوں سے تم فائدہ حاصل کرو ان کا مہر جو مقرر کیا ہو ادا کر دو اور اگر مقرر کرنے کے بعد آپس کی رضامندی سے مہر میں کمی بیشی کر لو تو تم پر کچھ گناہ نہیں بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔

وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ۭ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَي الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ :(جو)اسم موصول۔ شرطیہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔لَّمْ:(نہیں) نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ یَسْتَطِعْ:(استطاعت رکھے ۔وہ کر سکے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَطَاعَ یَسْتَطِیْعُ۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔ (طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ صیغہ۔طَاعَ یَطُوْعُ۔ مصدر۔ طَوْعًا۔(اطاعت کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ منصوب حال۔ طَوْلًا :(لمبائی)منصوب۔مفعول بہ۔أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یَّنْکِحَ :(وہ نکاح کرے)۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ن ک ح)۔صیغہ۔ نَکَحَ یَنْکِحُ۔ مصدر۔نِکَاحًا۔(نکاح کرنا)۔ الْمُحْصَنَاتِ :(پاکدامن۔نکاح والی۔آزاد عورتیں)غیر منصرف۔محلاً منصوب مفعول بہ۔۔الْمُؤْمِنَاتِ :(مومن۔مسلمان عورتیں)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ ثانی۔فَ:(پس) رابطہ جواب شرط۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔مَلَکَتْ:(وہ مالک بنے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَکَ یَمْلِکُ۔مصدر۔مِلْکًا۔(مالک بننا۔مالک ہونا۔) أَیْمَانُ:(دائیں ہاتھ)فاعل مرفوع۔مضاف۔کُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَتَیَاتِ:(نوجوان لڑکیاں۔کنیزیں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مضاف۔کُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔جار+مجرور مل کر موصوف۔ الْمُؤْمِنَاتِ:(مومنات)صفت۔مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ أَعْلَمُ: (خوب جانتا ہے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ۔سے)إِیمَانِ:(ایمان)اسم مجرور۔مضاف۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَعْضُ:(بعض۔کچھ)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔بَعْضٍ:(بعض)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔انْکِحُوْ:(تم نکاح کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع

۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ک ح)۔صیغہ۔ نَكَحَ يَنْكِحُ۔ مصدر۔نِكَاحًا۔(نکاح کرنا)۔ هُنَّ :(وہ۔ ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔إِذْنِ:(اجازت ۔حکم)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔مضاف۔ أَهْلِ:(تعلق دار۔گھر والے۔مالک)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِنَّ :(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔آتُوْ:(تم دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف۔برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔هُنَّ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أُجُورَ:(حق مہر)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمَعْرُوفِ:(اچھے طریقے سے۔دستور کے مطابق)اسم مجرور۔ مُحْصَنَاتٍ: (پاک دامن ۔شادی شدہ عورتیں)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔حال۔غَيْرَ:(نہ)نافیہ۔منصوب۔حال ثانی۔ مضاف۔ مُسَافِحَاتٍ:(غیر شرعی شہوت رانی کرنے والی۔بدکردار۔فاحشہ) محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)ناہیہ۔جازم۔ مضارع۔مُتَّخِذَاتِ:(یارانے لگانے والیاں۔پکڑنے والیاں۔ معاشقہ کرنے والیاں ۔)معطوف مجرور۔مضاف۔اَخْدَانٍ:(آشنا۔چھپے دوست۔یار)مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس)استئنافیہ۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔أُحْصِنَّ :(وہ نکاح میں آئیں)فعل ماضی مجہول جمع مؤنث غائب۔نون نسوہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔اَحْصَنَ يُحْصِنُ۔ مصدر۔اِحْصَانٌ۔(نکاح میں آنا)۔فَ:(پس)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَتَيْنَ:(وہ لائیں ۔وہ ارتکاب کریں)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ بِ:

(ساتھ)حرف جار۔فَاحِشَةٍ :(فاحشہ۔بدکردار)اسم مجرور۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ عَلَيْ: (پر)حرف جار۔هِنَّ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔ نِصْفُ : (آدھی ہے)مبتداء مؤخر۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔مَا:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔الْمُحْصَنٰتِ :(پاکدامن ۔شوہر والیاں)اسم مجرور۔مِنَ:(سے)حرف جار ۔الْعَذَابِ:(عذاب۔سزا)اسم مجرور۔ذَٰلِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔ مبتداء۔لِ:(لئے)حرف جار۔ مَنْ :(جو)اسم موصول۔ محلاً شبہ جملہ خبر مرفوع۔خَشِيَ:(وہ ڈرا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَشِيَ يَخْشٰى۔مصدر۔ خَشْيَةٌ۔(ڈرنا)۔ الْعَنَتَ:(لعنت دور ہونا۔گناہ میں پڑنا)منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنْ :(کہ)مصدریہ۔جازم فعل شرط۔تَصْبِرُوْا:(تم صبر کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فعل شرط۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔خَيْرٌ:(بہتری۔بھلائی)خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔غَفُوْرٌ:(خوب بخشنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ رَّحِيمٌ :(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جو شخص تم میں سے مومن آزاد عورتوں (یعنی بیبیوں) سے نکاح کرنے کا مقدور نہ رکھے تو مومن لونڈیوں میں ہی جو تمہارے قبضے میں آگئی ہوں (نکاح کرلے) اور اللہ تمہارے ایمان کو اچھی طرح جانتا ہے تم آپس میں ایک دوسرے کے ہم جنس ہو تو ان لونڈیوں کے ساتھ ان کے مالکوں سے اجازت حاصل کرکے نکاح کر لو اور دستور کے مطابق ان کا مہر بھی ادا کردو بشرطیکہ عفیفہ ہوں نہ ایسی کہ کھلم کھلا بدکاری کریں اور نہ درپردہ دوستی کرنا چاہیں پھر اگر نکاح میں آکر بدکاری کا ارتکاب کر بیٹھیں تو جو سزا آزاد عورتوں (یعنی بیبیوں) کے لئے

ہے اس کی آدھی ان کو (دی جائے) یہ (لونڈی کے ساتھ نکاح کرنے کی) اجازت اس شخص کو ہے جسے گناہ کر بیٹھنے کا اندیشہ ہو اور اگر صبر کرو تو یہ تمہارے لئے بہت اچھا ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

4 يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۭوَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٦﴾

يُرِيدُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يُبَيِّنَ:(وہ کھول کر بیان کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔صیغہ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔تَبْيِيْنٌ(کھول کر بیان کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب(ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ يَبْيَنُ ۔مصدر۔بَيَانًا(بیان کرنا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَهْدِيَ:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی)صیغہ ۔ هَدٰى يَهْدِىْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔سُنَنَ:(سُنَّةٌ کی جمع۔طریقہ۔سنت۔راہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَتُوْبَ:(توبہ کرنا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)صیغہ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔ (لوٹنا)۔ عَلَيْ: (پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔عَلِيمٌ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔حَكِيمٌ :(خوب حکمت والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اللہ چاہتا ہے کہ (اپنی آیتیں) تم سے کھول کھول کر بیان فرمائے اور تم کو اگلے لوگوں کے طریقے بتائے اور تم پر مہربانی کرے اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے

وَاللّٰهُ يُرِيْدُ أَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۚ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ أَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿٢٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يُرِيدُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَّتُوْبَ :(وہ توبہ کرتا ہے۔وہ لوٹتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ت و ب)صیغہ۔تَابَ يَتُوْبُ۔ مصدر۔تَوْبَةٌ۔ (لوٹنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يُرِيدُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً فاعل مرفوع۔يَتَّبِعُونَ:(پیروی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ الشَّهَوَاتِ :(خواہشاتِ نفسانی)غیر منصرف۔ لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔أَنْ:(اگر)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَمِيْلُوْا:(تم جھک جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔مَيْلًا:(جھکنا۔ہٹ جانا)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔ عَظِيمًا:(بہت بڑا)منصوب۔ صفت۔ تابع۔

ترجمہ آیت: اور اللہ تو چاہتا ہے کہ تم پر مہربانی کرے اور جو لوگ اپنی خواہشوں کے پیچھے چلتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم سیدھے راستے سے بھٹک کر دور جا پڑو۔

يُرِيْدُ اللهُ أَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾

يُرِيدُ:(وہ چاہتے ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔ إِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُّخَفِّفَ :(وہ ہلکا کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ خَفَّفَ يُخَفِّفُ۔مصدر۔تَخْفِيْفاً(ہلکا کرنا۔کم کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ۔(خ ف ف)۔ خَفَّ يَخِفُّ۔ مصادر۔ اَخْفِفُ۔خِفَّةٌ۔خَفًّا۔(ہلکا کرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔خُلِقَ:(پیدا کیا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ الْإِنسَانُ:(انسان کو)نائب فاعل۔مرفوع۔ ضَعِيفًا :(کمزور)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اللہ چاہتا ہے کہ تم پر سے بوجھ ہلکا کرے اور انسان (طبعاً) کمزور پیدا ہوا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۟ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۲۹﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کون)منادیٰ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔آمَنُوا: (وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَاكُلُوا:(تم سب کھاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔ اَكْلًا۔ (کھانا)۔ أَمْوَالَ:(مال و دولت)منصوب ۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔

كُمْ:(تم اپنا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ مضاف۔ كُمْ: (تم اپنا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبَاطِلِ:(جھوٹ۔حق کی ضد)نامناسب طریقوں سے۔ اِلَّا:(مگر۔سوا)حرف استثناء و حصر۔ أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصبہ۔ تَكُوْنَ: (تو ہو)فعل مضارع واحد مؤنث۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تِجَارَةً:(تجارت۔کاروبار) كَانَ کی خبر منصوب۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ تَرَاضٍ: (رضامندی۔ایک دوسرے سے راضی ہونا) اسم مجرور۔ اسم از باب تفاعل۔اصلاًتَرَاضِيٌ۔بوجھل ہونے کے سبب علت۔ی۔ محذوف۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم اپنا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقْتُلُوْا :(تم قتل کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ أَنْفُسَ:(نَفْسٌ کی جمع۔ جانوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تم اپنا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ :(ہوا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔كُمْ:(تم اپنا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔رَحِيمًا :(خوب رحم کرنے والا) كَانَ کی خبر منصوب۔ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:مومنو! ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤہاں اگر آپس کی رضامندی سے تجارت کا لین دین ہو(اور اس سے مالی فائدہ حاصل ہو جائے تو وہ جائز ہے) اور اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو کچھ شک نہیں کہ اللہ تم پر مہربان ہے،

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللهِ يَسِيْرًا ﴿٣٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔مَنْ :(جو)اسم موصول شرطیہ۔جازم مضارع۔يَفْعَلْ :(وہ کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فعل شرط۔ مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلَ۔ مصدر۔فِعْلٌ۔(کام کرنا)۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید واحد مذکر۔محلاً مفعول بہ۔منصوب۔ عُدْوَانًا:(حد سے بڑھنا۔تجاوز کرنا۔دشمنی کرنا)منصوب۔تمییز۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ظُلْمًا:(ظلم کرنا)معطوف منصوب۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔سَوْفَ:(جلدی ہے۔عنقریب)حرف استقبال۔ نُصْلِيْ:(ہم داخل کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَصْلٰى يُصْلِيْ۔مصدر۔ اِصْلَاءٌ۔ (داخل کرنا۔ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ل ی)ناقص یائی۔صیغہ صَلَى يَصْلِيْ۔مصدر۔ صَلْيًا۔(ڈالنا)۔هِ:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ نَارًا:(آگ)مفعول بہ ثانی ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔كَانَ:(ہوا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ ذٰلِكَ :(وہ)اسم اشارہ واحد مذکر۔ كَانَ کا اسم مرفوع ۔ عَلَى: (پر)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔يَسِيْرًا :(بہت آسان)مبالغہ۔صفت مشبہ۔ كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً

ترجمہ آیت:اور جو تعدی اور ظلم سے ایسا کرے گا ہم اس کو عنقریب جہنم میں داخل کریں گے اور یہ اللہ کو آسان ہے

اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾

إِنْ:(اگر)حرف شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ تَجْتَنِبُوْا:(بچو گے۔اجتناب کرو گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فعل شرط۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ۔مصدر۔اِجْتِنَابٌ۔(بچنا۔اجتناف کرنا)۔كَبَآئِرَ:(بڑوں گناہوں سے)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔ مَا:(جو)اسم موصول مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔تُنْهَوْنَ:(روکے جاتے ہیں۔منع کئے جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول جمع مذکر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی

مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔نَھٰی یَنْھٰی۔مصدر۔نَھْیٌ۔(روکنا۔منع کرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ہُ:(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ نُکَفِّرْ:(ہم ڈھانپ دیں گے۔چھپا لیں گے)۔فعل ماضی جمع متکلم۔مجزم۔محل اعراب۔ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل ۔صیغہ ۔کَفَّرَ یُکَفِّرُ۔مصدر۔تَکْفِیْرًا۔(تلافی کرنا۔دور کردیں گے۔ڈھانپ دیں گے) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔عَنْ:(سے) حرف جار۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔ سَیِّئَاتِ:(برائیاں)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔کُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ نُدْخِلْ:(ہم داخل کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَدْخَلَ یُدْخِلُ۔مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کرنا)۔کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مُّدْخَلًا:(داخل ہونے کی جگہ)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔ کَرِیمًا:(بزرگی والا۔ اعلیٰ۔قابل احترام)منصوب۔صفت۔تابع

ترجمہ آیت:اگر تم بڑے بڑے گناہوں سے جن سے تم کو منع کیا جاتا ہے اجتناب رکھو گے تو ہم تمہارے (چھوٹے چھوٹے) گناہ معاف کردیں گے اور تمہیں عزت کے مکانوں میں داخل کریں گے۔

وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا لِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَتَمَنَّوْا:(تم تمنا کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَمَنّٰی یَتَمَنّٰی۔مصدر۔تَمَنِّیٌ۔(تمنا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔مَنٰی یَمْنِیْ۔مصدر۔مَنْیًا۔(فیصلہ کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ فَضَّلَ:(فضیلت دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ فَضَّلَ یُفَضِّلُ۔مصدر۔تَفْضِیْلاً۔(فضیلت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ض ل)صیغہ۔فَضَلَ یَفْضُلُ۔مصدر۔فَضْلًا۔

(ضرورت سے زیادہ دینا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔بَعْضَ:(کچھ)ظرف۔مبنی بر فتحہ۔مفعول بہٖ ۔مضاف۔كُمْ :(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مضاف الیہ۔عَلٰی:(پر)حرف جار۔ بَعْضٍ:(کچھ)اسم مجرور۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لِرِّجَالِ:(رَجُلٌ کی جمع۔مرد۔آدمی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔ نَصِيبٌ :(حصہ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مِّمَّا:(جو کچھ)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔محلاًاسم مجرور۔ اكْتَسَبُوْا:(انہوں نے کمایا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِكْتَسَبَ يَكْتَسِبُ۔ مصدر۔ اِكْتِسَابًا۔(کمائی کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبًا۔ (کمانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔لِنِّسَاءِ:(اِمْرَاةٌ کی جمع۔عورتوں کے)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔ نَصِيبٌ :(حصہ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مِّمَّا:(جو کچھ)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار۔+ اسم موصول۔محلاًاسم مجرور۔ اكْتَسَبْنَ:(ان عورتوں نے کمایا)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اسْئَلُوْا:(تم سوال کرو۔مانگو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ سَئَلَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سُوَالًا ۔(سوال کرنا۔مانگنا۔)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔فَضْلِ:(فضل سے۔مہربانی سے۔کرم سے)اسم مجرور۔ مضاف۔هٖ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔ سے) حرف جار۔كُلِّ :(ہر۔تمام)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر منصوب۔مضاف۔شَيْءٍ :(کوئی چیز۔کچھ بھی) مجرور۔مضاف الیہ۔عَلِيمًا :(خوب جانتاہے)خبر كَانَ کی خبر۔منصوب۔محلاًجملہ اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جس چیز میں اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اس کی ہوس مت کرو مردوں کو ان کاموں کا ثواب ہے جو انہوں نے کئے اور عورتوں کو ان کاموں کا ثواب ہے جو انہوں نے کئے اور اللہ سے اس کا فضل (وکرم) مانگتے رہو کچھ شک نہیں کہ اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ كُلٍّ: (ہر ایک) برائے تاکید معنوی۔ اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً مفعول بہٖ مقدّم۔ جَعَلْنَا: (ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ مَوَالِيَ: مَوْلٰی کی جمع۔ حقدار۔ وارث) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ مِمَّا: (جو کچھ) مرکب: (مِنْ + مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً صفت۔ منصوب۔ تَرَكَ: (اس نے چھوڑا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ت ر ک) صیغہ۔ تَرَكَ يَتْرُكُ۔ مصدر۔ تَرْكًا۔ (چھوڑنا)۔ الْوَالِدَانِ: (ماں باپ۔ والدین) تثنیہ۔ فاعل۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ الف تثنیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْاَقْرَبُوْنَ: (اَقْرَبُ کی جمع۔ رشتہ دار) معطوف۔ فاعل جمع۔ مرفوع۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ الَّذِينَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مرفوع مبتداء۔ عَقَدَتْ: (اس نے عقد کیا۔ وعدہ کیا۔ پختہ عہد کیا۔ گانٹھ دی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ق د) صیغہ۔ عَقِدَ يَعْقَدُ۔ مصدر۔ عَقْدًا۔ (عہد باندھنا۔ پختہ وعدہ کرنا)۔ أَيْمَانُ: (يَمِيْنٌ کی جمع۔ دائیں ہاتھوں) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) زائدہ۔ آتُوْ: (تم دو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ محذوف۔ برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَاءٌ۔ (دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔

هُمْ :(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ نَصِيْبَ:(حصہ)مفعول بہٖ ثانی منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(وہ ۔ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ :(وہ ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلَىٰ : (پر)حرف جار۔كُلِّ :(ہر ایک)برائے تاکید معنوی۔اسم مجرور۔مضاف الیہ۔شَيْءٍ:(کوئی شئے۔کچھ بھی) مجرور۔مضاف الیہ۔ شَهِيدًا :(گواہ) كَانَ کی خبر منصوب۔محلاً جملہ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جومال ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں تو(حق داروں میں تقسیم کردو کہ) ہم نے ہر ایک کے حقدار مقرر کردیئے ہیں اور جن لوگوں سے تم عہد کر چکے ہو ان کو بھی ان کا حصہ دو بے شک اللہ ہر چیز کے سامنے ہے۔

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِىْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِى الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾

الرِّجَالُ:(الرَّجُلُ کی جمع۔مردوں)مبتداء۔مرفوع۔قَوَّامُوْنَ :(نان و نفقہ کے ذمہ دار۔محافظ۔ سرپرست)مبالغہ۔خبر مرفوع۔عَلَى :(پر)حرف جار۔النِّسَاءِ:(اِمْرَاةٌ کی جمع۔عورتوں) بِمَا :(اس وجہ سے جو)مرکب :(بِ+مَا)حرف جار سببیہ۔+مصدریہ۔محلاً اسم مجرور۔فَضَّلَ :(فضیلت دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ فَضَّلَ يُفَضِّلُ۔مصدر۔ تَفْضِيْلاً۔(فضیلت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ض ل)صیغہ۔فَضَلَ يَفْضُلُ۔مصدر۔فَضْلًا۔ (ضرورت سے زیادہ دینا)۔ اللّٰهُ : (اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔مرفوع۔بَعْضَ:(کچھ۔بعض)ظرف۔منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔عَلَى :(پر)حرف جار۔بَعْضٍ:(کچھ)ظرف۔اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بِمَا:(اس وجہ سے جو)مرکب:(بِ+مَا)حرف جار سببیہ۔+اسم موصول۔محلاً اسم

مجرور۔ أَنْفَقُوْا:(خرچ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔ الصَّالِحَاتُ:(نیک عورتیں)مبتداء مرفوع۔ قَانِتَاتٌ :(فرمان بردار۔اطاعت گزار)۔خبر مرفوع۔ حَافِظَاتٌ:(حفاظت کرنے والیاں)خبر ثانی۔مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لْغَيْبِ :(غیب میں۔عدم موجودگی میں) اسم مجرور۔بِمَا:(اس وجہ سے جو)مرکب:(بِ+مَا)حرف جار سببیہ۔+مصدریہ۔محلاً اسم مجرور۔ حَفِظَ: (اس نے حفاظت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ف ظ)صیغہ۔حَفِظَ يَحْفَظُ۔ مصدر۔حِفْظًا۔(حفاظت کرنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔اللّاتِيْ:(وہ جو)اسم موصول جمع مؤنث۔ تَخَافُوْنَ:(تم ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ و ف)صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(خوف کھانا۔ ڈرنا)۔نُشُوْزَ:(سرکشی۔شوہر سے نفرت۔شوہر کے مقابلہ میں غرور)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُنَّ:(وہ۔ ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب مؤنث۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)زائدہ۔عِظُوْ:(تم نصیحت کرو۔ سمجھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع ظ)مثال واوی۔صیغہ وَعَظَ يَعِظُ۔مصدر۔وَعْظًا۔(نصیحت کرنا۔ سمجھانا)۔هُنَّ :(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اُهْجُرُو:(الگ ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔ الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ھ ج ر)۔صیغہ هَجَرَ يَهْجُرُ۔ مصدر۔ هَجْرًا۔(ہجرت کرنا۔الگ ہونا۔چھوڑنا۔)هُنَّ :(ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فِي: (میں)حرف جار۔ الْمَضَاجِعِ :(الْمَضْجَعُ کی جمع۔خواب گاہوں۔بستروں)اسم مجرور۔وَ:(پس)حرف عطف۔اضْرِبُو:(مارو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ض ر ب)صیغہ ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ ضَرْبٌ۔(مارنا)۔هُنَّ :(ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(پھر)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَطَعْنَ:(وہ

اطاعت کریں۔فرمانبرداری کریں)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔مرفوع۔نون نسوہ۔مبنی بر فتحہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔صیغہ طَاعَ يَطُوْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔ خوشی سے کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔صیغہ طَاعَ يَطِيْعُ۔مصدر۔اَطَاعَةٌ۔(خوشی سے کرنا)۔ كُمْ: (تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَبْغُوْا:(تم تلاش کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوَ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔ بَغْيًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔ حد سے فساد برپا کرنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِنَّ :(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔سَبِيْلًا:(راہ)منصوب۔مفعول بہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ :(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلِيًّا:(خوب رتبے والا۔بہت ہی بلند) كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔ كَبِيْرًا:(بہت ہی بڑا)مبالغہ۔صفت منصوب۔تابع۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:مرد عورتوں پر مسلط وحاکم ہیں اس لئے کہ اللہ نے بعض کو بعض سے افضل بنایا ہے اور اس لئے بھی کہ مرد اپنا مال خرچ کرتے ہیں تو جو نیک بیبیاں ہیں وہ مردوں کے حکم پر چلتی ہیں اور ان کے پیٹھ پیچھے اللہ کی حفاظت میں (مال وآبرو کی) خبرداری کرتی ہیں اور جن عورتوں کی نسبت تمہیں معلوم ہو کہ سرکشی (اور بدخوئی) کرنے لگی ہیں تو (پہلے) ان کو (زبانی) سمجھاؤ (اگر نہ سمجھیں تو) پھر ان کے ساتھ سونا ترک کردو اگر اس پر بھی باز نہ آئیں تو زدوکوب کرو اور اگر فرمانبردار ہو جائیں تو پھر ان کو ایذا دینے کا کوئی بہانہ مت ڈھونڈو بے شک اللہ سب سے اعلیٰ (اور) جلیل القدر ہے۔

وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ خِفْتُمْ :(تم کوڈر ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ وف)۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا۔ خدشہ ہونا۔خوف کھانا)۔ شِقَاقَ:(ایسا اختلاف جو باہم نہ ختم کیا جاسکے۔)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ بَيْنِ: (درمیان)ظرف مکان۔مضاف الیہ۔مضاف۔هِمَا :(دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔ابْعَثُوْا:(بھیجو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔حَكَمًا:(فیصلہ کرنے والے)منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَهْلِ:(اہل۔گھر والے)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(وہ۔اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔حَكَمًا: (فیصلہ کرنے والے)منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَهْلِ:(اہل۔گھر والے)اسم مجرور۔ مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًصفت منصوب۔ إِنْ: (اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ يُرِيدَا:(وہ دونوں چاہیں)اصلا۔يُرِيدَانِ۔ فعل مضارع۔تثنیہ۔مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔إِرَادَةٌ۔(اراد کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ إِصْلَاحًا:(درستی۔اصلاح کرنا)منصوب۔مفعول بہ۔ يُوَفِّقِ:(وہ موافقت پیدا کر دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جواب فعل شرط۔کسرہ بسبب التقائے ساکنین۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَفَّقَ يُوَفِّقُ۔مصدر۔تَوْفِيقٌ۔(موافقت پیدا کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔هُمَا:(ان دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ :(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر

غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔ سے) حرف جار۔کُلِّ :(ہر۔تمام)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر منصوب۔ مضاف۔عَلِیمًا :(بہت ہی جاننے والا ہے) فاعل۔کَانَ کی خبر منصوب۔خَبِیرًا:(خوب خبر رکھنے والا ہے) کَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم کو معلوم ہو کہ میاں بیوی میں ان بن ہے تو ایک منصف مرد کے خاندان میں سے اور ایک منصف عورت کے خاندان میں سے مقرر کرو وہ اگر صلح کرا دینی چاہیں گے تو اللہ ان میں موافقت پیدا کر دے گا کچھ شک نہیں کہ اللہ سب کچھ جانتا اور سب باتوں سے خبر دار ہے۔

وَاعْبُدُوا اللهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۙ﴿۳۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اعْبُدُوا:(عبادت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا)۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُشْرِكُوا:(تم شرک کرو۔ہمسر بناؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَشْرَكَ یُشْرِكُ۔ مصدر۔اِشْرَاكًا۔(شریک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔ شَرِكَ یَشْرَكُ۔مصدر۔شَرْكًا۔(شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ شَيْئًا:(کسی شئے کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بِ:(ساتھ) حرف جار۔الْوَالِدَيْنِ :(والدین۔ماں باپ)اسم مجرور۔إِحْسَانًا :(بہتر سلوک کرنا۔احسان کرنا)منصوب۔ مفعول مطلق۔وَ:(اور)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ذِي :(والا)اسم مجرور۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ الْقُرْبَىٰ:(قریبی۔رشتہ دار)مجرور مضاف الیہ۔بر وزن فُعْلَىٰ۔ تقدیراً یائے مکسور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔

الْيَتَامٰى:(یتیم کی جمع۔بے آسرا)معطوف۔مجرور۔ تقدیراًیائے مکسور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْمَسَاكِيْنِ: (وہ لوگ جن کا کاروبار اچانک ختم ہو جائے۔کسی بھی آفت کے ذریعے۔زندگی کی چلتی گاڑی رک جائے)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْجَارِ:(ہمسایہ)معطوف مجرور۔ ذِي :(والا)از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ الْقُرْبٰى:(نزدیکی۔رشتہ دار)مجرور۔مضاف الیہ۔بروزن فُعْلٰى ۔تقدیراً یائے مکسور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْجَارِ:(ہمسایہ)معطوف مجرور۔مضاف۔موصوف۔الْجُنُبِ:(اجنبی۔دور کا رشتہ دار)مضاف الیہ۔ مجرور۔صفت وَ:(اور)حرف عطف۔ الصَّاحِبِ: (والا۔ساتھی)معطوف۔مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الجَنْبِ:(قریبی دوست۔پہلو والا)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ابْنِ:(بیٹا)معطوف۔مجرور۔مضاف۔ السَّبِيْلِ:(راستہ)مجرور مضاف الیہ۔یہ محاورہ ہے:(ابْنِ السَّبِيْلِ)راہ چلتا۔مجاہد۔راستے کا بیٹا۔جس کا کوئی نزدیک میں دوست۔رشتہ دار نہ ہو۔)معطوف۔مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً مجرور۔ مَلَكَتْ:(وہ ملکیت بنی ہو)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَكَ يَمْلِكُ۔مصدر۔مِلْكًا۔(مالک بننا ۔مالک ہونا)۔ أَيْمَانُ:يَمِيْنٌ کی جمع۔دائیں ہاتھ۔)فاعل مرفوع۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ يُحِبُّ:(وہ محبت کرتا ہے۔پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔صیغہ حَبَّ يَحِبُّ۔ مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ كَانَ :(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مُخْتَالًا:(تکبر کرنے والا۔جو کہے۔" ہم چو ما دیگرے نیست"۔ مغرور۔اکڑنے والا۔دھوکے میں رہنے والا) كَانَ کی خبر منصوب۔ فَخُوْرًا :(فخر کرنے والے۔ شیخیاں بھگارنے والا۔بلا مقصد جھوٹ بولنے والا۔لفاٹیاں مارنے والا)بدل۔ كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: اور اللہ ہی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ اور ماں باپ اور قرابت والوں اور یتیموں اور محتاجوں اور رشتہ دار ہمسائیوں اور اجنبی ہمسائیوں اور رفقائے پہلو (یعنی پاس بیٹھنے والوں) اور مسافروں اور جو لوگ تمہارے قبضے میں ہوں سب کے ساتھ احسان کرو کہ اللہ (احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور) تکبر کرنے والے بڑائی مارنے والے کو دوست نہیں رکھتا۔

الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُونَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۳۷﴾

الَّذِينَ: (وہ لوگ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَبْخَلُوْنَ: (کنجوسی کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ب خ ل) صیغہ۔ بَخِلَ يَبْخَلُ۔ مصدر۔ بُخْلًا۔ (کنجوسی کرنا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يَأْمُرُوْنَ: (وہ حکم دیتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ء م ر) صیغہ۔ اَمَرَ يَاْمُرُ۔ مصدر۔ اَمْرًا۔ (حکم دینا)۔ النَّاسَ: (لوگوں کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ: (ساتھ۔ کا) حرف جار۔ الْبُخْلِ: (کنجوسی کا) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يَكْتُمُوْنَ: (وہ چھپاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ موجود۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ت م) صیغہ كَتَمَ يَكْتُمُ۔ مصدر۔ كِتْمَانٌ (چھپانا)۔ مَا: (جو) اسم موصول۔ آتَا: (اس نے دیا) اصلاً اٰتٰى۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَاءٌ۔ (دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ هُمُ: (وہ ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔ مرفوع۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ فَضْلِ: (فضل و کرم۔ مہربانی۔ رحمت) اسم مجرور۔ مضاف۔ هٖ: (وہ۔ اپنی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ أَعْتَدْنَا: (ہم نے تیار کر رکھی ہے) فعل

ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِعْتَدَ یُعْتِدُ۔مصدر۔اِعْتَادًا۔(تیار کرنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ع د و)عَدَا یَعْدُو۔مصدر۔عَدْوً۔اِعْدُ۔(حد سے بڑھنا۔ دشمنی کرنا) لِ:(لئے)حرف جار۔لِّکَافِرِینَ :(کافروں کے)اسم مجرور علامت ۔ی۔عَذَابًا :(عذاب۔سزا)منصوب۔مفعول بہٖ۔ موصوف۔مُّھِینًا:(ذلت آمیز۔اہانت والا۔رسوا کن)صفت منصوب۔تابع۔

ترجمہ آیت:جو خود بھی بخل کریں اور لوگوں کو بھی بخل سکھائیں اور جو(مال) اللہ نے ان کو اپنے فضل سے عطا فرمایاہے اسے چھپا چھپا کے رکھیں اور ہم نے ناشکروں کے لئے ذلت کا عذاب تیار کرر کھا ہے۔

وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۗ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿٣٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِینَ:(وہ جو)اسم موصول۔محلاً مرفوع مبتداء۔یُنفِقُونَ:(خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ یَنْفُقُ۔مصادر۔ نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔أَمْوَالَ:(مال ودولت)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔رِئَآءَ ۔:(ریاکاری۔دھوکا۔دکھاوا۔دکھانے کے لئے)مفعول لہٗ۔منصوب۔ مضاف۔النَّاسِ:(لوگوں کے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔یُؤْمِنُونَ: (وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔ ل:(البتہ)لائے تاکید۔حرف ابتداء۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ ہی)نافیہ۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔الْیَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔ مضاف۔

الْآخِرِ:(آخرت۔قیامت)مجرور۔مضارع الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ یَکُنِ:(وہ ہو)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔التقائے ساکنین کی وجہ سے حرف علت۔واؤ۔محذوف۔کسرہ برائے اتصال۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ الشَّیْطٰنُ:(شیطان ابلیس۔عزازیل۔وہ چیز جو گزند پہنچائے)فاعل مرفوع۔ لَ: (لئے)حرف جار۔ہٗ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔قَرِیْنًا:(مشیر۔ساتھی۔) کَانَ کی خبر منصوب۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔سَاءَ:(برا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فعل شرط۔ ذم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ سَاءَ یَسُوْءُ۔مصدر۔سَوْءٌ۔(برا کرنا۔برا ہونا)۔ قِرِیْنًا :(ساتھی)تمیز۔منصوب۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔شرط+جواب شرط۔محلاً خبر مبتداء مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور خرچ بھی کریں تو(اللہ کے لئے نہیں بلکہ) لوگوں کے دکھانے کو اور ایمان نہ اللہ پر لائیں اور نہ روز آخرت پر (ایسے لوگوں کو ساتھی شیطان ہے) اور جس کا ساتھی شیطان ہوا تو(کچھ شک نہیں کہ) وہ برا ساتھی ہے

وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿٣٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَاذَا :(کیا ہے۔کیا چیز ہے۔کیا ہے یہ)اسم استفہام۔عَلٰی:(پر)حرف جار۔ھِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ آمَنُوْا: (وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْیَوْمِ :(دن)معطوف۔مجرور۔مضاف۔الْآخِرِ :(آخرت۔قیامت) مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَنْفَقُوْا :(انہوں نے خرچ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب

نصر۔مادہ(ن ف ق)۔نَفَقَ يَنْفُقُ۔مصادر۔نَفْقًا۔نَفَاقًا۔(خرچ کرنا)۔مِمَّا :(جو کچھ) مرکب : (مِنْ + مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔رَزَقَ:(اس نے رزق دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقًا۔(رزق دینا) هُمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔كَانَ (وہ ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) كَانَ کا اسم مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔عَلِيْمًا:(خوب جاننے والا)مبالغہ کا صیغہ۔ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور اگر یہ لوگ اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان لاتے اور جو کچھ اللہ نے ان کو دیا تھا اس میں سے خرچ کرتے تو ان کا کیا نقصان ہوتا اور اللہ ان کو خوب جانتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔لَا: (نہیں)نافیہ يَظْلِمُ:(ظلم کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔مِثْقَالَ:(ایک چھوٹا سا وزن کا پیمانہ) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ ذَرَّةٍ :(ذرہ)مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ تَكُ:(ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فعل شرط مجزوم۔اصلاً۔ تَكُوْنَ۔نون اعرابی مجزوم ہوا تو التقائے ساکنین کے مسئلہ کے وجہ سے واؤ محذوف۔تَكُنْ۔رہ گیا۔اس کی تخفیف کردی تو۔تَكُ ۔رہ گیا۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ حَسَنَةً :(کوئی نیکی۔کوئی اچھائی)منصوب۔ كَانَ کی خبر۔يُضَاعِفُ:(وہ دگنا کردیتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فعل جواب شرط۔مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مُفَاعَلَةٌ۔ضَاعَفَ يُضَاعِفُ۔مصدر۔مُضَاعَفَةٌ۔(بڑھانا۔دگنا

کرنا۔)۔هَا :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُؤْتِ :(وہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔حرف علت۔ی۔ ساکن ہونے کی وجہ سے محذوف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ لَّدُنْ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔مضاف۔هُ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور ۔مضاف الیہ۔ أَجْرًا: (اجر۔بدلہ۔معاوضہ)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ عَظِيمًا:(بہت بڑا)منصوب۔صفت۔تابع۔

ترجمہ آیت:اللہ کسی کی ذرا بھی حق تلفی نہیں کرتا اور اگر نیکی (کی) ہو گی تو اس کو دوچند کر دے گا اور اپنے ہاں سے اجر عظیم بخشے گا۔

فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هٰؤُلَآءِ شَهِيدًا ﴿٤١﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جِئْنَا:(ہم آئے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ أُمَّةٍ :(امت۔قوم۔گروہ۔)مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔شَهِيدٍ:(گواہ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطفل جِئْنَا :(ہم آئے) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔بِ: (ساتھ)حرف جار۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔عَلَى :(پر)حرف جار۔هٰؤُلَآءِ: (یہ) اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔ شَهِيدًا :(گواہ)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:بھلا اس دن کا کیا حال ہو گا جب ہم ہر امت میں سے احوال بتائے والے کو بلائیں گے اور تم کو ان لوگوں کا حال (بتانے کو) گواہ طلب کریں گے۔

يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿٤٢﴾

يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب :(يَوْمَ +اِذْ)اسم ظرف۔مضاف۔+جب۔بمعنی ماضی ۔مضاف الیہ۔ يَوَدُّ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(و د د)مضاعف۔صیغہ وَدَّ يَوَدُّ۔مصدر۔ مُوَدَّةٌ۔(چاہنا۔خواہش کرنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَصَوُا:(انہوں نے غلطی کی۔گناہ کیا۔انہوں نے نافرمانی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ص ی)ناقص یائی۔صیغہ عَصٰى يَعْصِىْ۔مصدر۔عِصْيَانَ۔مَعْصِيَةٌ۔(نافرمانی کرنا) الرَّسُوْلَ:(پیغمبر)منصوب۔مفعول بہ۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ تُسَوّٰى:(تو برابر کی جاتی)فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَوَّى يُسَوِّىْ۔مصدر۔تَسْوِيَةٌ۔(برابر کرنا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س و ی)اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِيَ يَسْوٰى۔مصدر۔سَوِيًّا۔سِوًى۔(پورا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِمُ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الْاَرْضُ:(زمین)نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَكْتُمُوْنَ:(وہ چھپاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت م)صیغہ كَتَمَ يَكْتُمُ۔مصدر۔كِتْمَانٌ(چھپانا)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہ۔حَدِيْثًا:(کوئی حدیث۔کوئی بات)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت:اس روز کافر اور پیغمبر کے نافرمان آرزو کریں گے کہ کاش ان کو زمین میں مدفون کرکے مٹی برابر کردی جاتی اور اللہ سے کوئی بات چھپا نہیں سکیں گے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ

اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(جو)اسم منادیٰ مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مضاف۔ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔صفت۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَقْرَبُوا:(تم قریب جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق ر ب)صیغہ۔قَرِبَ يَقْرَبُ۔مصدر۔قُرْبًا۔قُرْبَةٌ۔(قریب جانا)۔ الصَّلَاةَ:(صلوٰۃ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنْتُمْ:(تم ہو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ سُكَارَى :(مدہوش۔کسی بھی طرح تھکاوٹ۔بیماری۔بہت زیادہ کسی چیز کی احتیاج ہو۔یعنی حوائج ضروریہ۔وغیرہ۔نشہ معنی غلط ہے۔وہ قطعی حرام ہے۔اس لئے اس کی اجازت نہیں۔یہ تو تحریف کا بہانہ ہے۔ناسخ و منسوخ کا مسئلہ بنانا ہے۔جو کہ قرآن مجید پر اور علم الٰہی پر دھبہ لگانے والی بات ہو جاتی ہے۔جو جائز نہیں)۔حَتَّى :(یہاں تک کہ)حرف غایت۔بعدہٗ اَنْ مضمر۔ تَعْلَمُوا:(تم جانتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ تَقُولُونَ:(تم کہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ وَ:(اس حال میں کہ)حالیہ۔لَا :(نہیں)نافیہ۔جُنُبًا:(ناپاک۔پلید۔جنبی)منصوب۔حال۔ إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ عَابِرِي: (عبور کرنے والے) مستثنیٰ منصوب۔اصلاً عَابِرِيْنَ تھا۔جمع۔ نون محذوف مضاف کی وجہ سے۔ سَبِيلٍ:(راہ)

مجرور مضاف الیہ۔حَتّٰى :(یہاں تک کہ)حرف غائب۔بعدہٗ ان مضمر۔ناصب۔تَغْتَسِلُوْا:(تم غسل کرو۔نہا لو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِغْتَسَلَ يَغْتَسِلُ۔مصدر۔اِغْتِسَالًا۔(نہانا۔غسل کرنا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔غَسَلَ يَغْسِلُ۔مصدر۔ غُسْلًا۔غَسِيْلًا۔(دھونا۔نہانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ:(ہو تم)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مَّرْضٰى:(بیمار ہوں) كَانَ کی خبر منصوب۔ اَوْ :(یا)حرف عطف۔عَلٰى :(پر)حرف جار۔سَفَرٍ :(سفر)اسم مجرور۔اَوْ :(یا)حرف عطف۔ جَآءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔ صیغہ جَآءَ يَجِيْئُ۔جِيْءٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا)۔ اَحَدٌ:(کوئی ایک)مبتداء۔مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرو۔شبہ جملہ محلاًصفت مرفوع۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ محلاً مفتوح برائے اتصال مابعد۔الْغَآئِطِ:(بیت الخلا۔رفع حاجت)اسم مجرور۔اَوْ:(یا)حرف عطف۔لٰمَسْتُمُ:(تم نے صحبت کی)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ل م س)صیغہ۔لَمَسَ يَلْمِسُ۔ مصدر۔لمسا۔(چھو کرنا۔مباشرت کرنا)۔ النِّسَآءَ:(اِمْرَاَةٌ کی جمع۔عورتوں)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔قالب۔ تَجِدُوْا:(تم پاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔ مصدر۔وِجْدَانٌ۔وُجُوْدٌ ۔ (پانا)۔ مَآءً:(پانی)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَيَمَّمُوْا:(تیمم کر لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔تَيَمَّمَ يَتَيَمَّمُ۔مصدر۔تَيَمُّمٌ۔(تیمم کرنا)۔صَعِيْدًا :(مٹی)منصوب۔موصوف۔طَيِّبًا:(عمدہ۔اچھی)منصوب۔صفت۔تابع۔فَ:(پس)حرف عطف۔امْسَحُوْا: (جھاڑلو۔پونچھ لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی

مجرد باب فتح۔مادہ(م س ح)صیغہ۔مَسَحَ یَمْسَحَ۔مصدر۔مَسْحًا۔(جھاڑنا۔پونچھنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔وُجُوهِ: (مونہوں)اسم مجرور۔مضاف ۔ کُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔أَيْدِيْ:(ہاتھوں کو)اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔منصوف مفعول بہٖ۔مضاف ہونے کی وجہ سے نون محذوف۔كُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ:(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَفُوًّا:(درگزر کرنا) كَانَ کی خبر منصوب۔ غَفُوْرًا :(خوب مغفرت کرنے والا ہے) كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت:مومنو! جب تم نشے کی حالت میں ہو تو جب تک (ان الفاظ کو) جو منہ سے کہو سمجھنے (نہ) لگو نماز کے پاس نہ جاؤ اور جنابت کی حالت میں بھی (نماز کے پاس نہ جاؤ) جب تک کہ غسل (نہ) کرلو ہاں اگر بحالت سفر رستے چلے جارہے ہو اور پانی نہ ملنے کے سبب غسل نہ کرسکو تو تیمم کرکے نماز پڑھ لو) اور اگر تم بیمار ہو سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی بیت الخلاء سے ہو کر آیا ہو یا تم عورتوں سے ہم بستر ہوئے ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی لو اور منہ اور ہاتھوں پر مسح (کرکے تیمم) کرلو بے شک اللہ معاف کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿٤٤﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ تَرَ:(تو نے دیکھا)اصلاً تَرَى تھا۔ فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت۔ی۔محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔ إِلَى :(طرف۔ تک)حرف جار۔الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔أُوْتُوْا : (ان کو دی گئی)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ۔ ضمیر مستتر هُمْ مرفوع نائب فاعل۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت

ی)مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔صیغہ اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔ (دینا)۔ نَصِیبًا:(حصہ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔الْکِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔اسم مجرور۔ یَشْتَرُوْنَ:(وہ خرید و فروخت کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اَشْتَرٰی یَشْتَرِیُ۔ مصدر۔اَشْتِرَاءٌ۔(خرید و فروخت کرنا۔لینا دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ش ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ شَرٰی یَشْرِیُ۔مصادر۔ شَرَاءٌ۔ شِرًی۔اِشْرِ۔(خریدنا)۔ الضَّلَالَۃَ :(گمراہی کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔یُرِیدُوْنَ :(وہ چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ یُرِیْدُ۔مصدر۔اِرَادَۃٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَضِلُّوْا:(تم گمراہ ہوئے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ السَّبِیْلَ :(راہ سے)منصوب۔ مفعول بہٖ

ترجمہ آیت: بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب سے حصہ دیا گیا تھا کہ وہ گمراہی کو خریدتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم بھی رستے سے بھٹک جاؤ۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ أَعْلَمُ:(خوب جانتا ہے۔واقف ہے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔أَعْدَاءِ:(دشمنوں کو)اسم مجرور۔مضاف۔ کُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ کَفٰی :(وہ کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ کَفٰی یَکْفِیْ۔ مصدر۔ کِفَایَۃٌ۔ (کافی ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار زائدہ۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔لفظاً اسم مجرور۔ وَلِیًّا:

(سرپرست۔حامی۔دوست)منصوب۔تمیز۔ وَ:(اور)کَفٰی:(وہ کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ کَفٰی یَکْفِیْ۔مصدر۔کِفَایَۃٌ۔(کافی ہونا)۔ بِ: (ساتھ) حرف جارزائدہ۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔لفظاً اسم مجرور۔نَصِیْرًا:(مددگار) منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:اور اللہ تمہارے دشمنوں سے خوب واقف ہے اور اللہ ہی کافی کارساز ہے اور کافی مددگار ہے

مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٤٦﴾

مِنْ:(میں سے کچھ)حرف جار تبعیضیہ۔الَّذِینَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔مبتداء محذوف۔"قَوْمٌ" هَادُوْا:(یہودی ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ھ و د)اجوف واوی۔صیغہ ۔هَادَ یَهُوْدُ۔مصدر۔هُوْدًا۔(یہودی ہونا)۔ یُحَرِّفُوْنَ:(تحریف کرتے ہیں۔لفظاً یا معناً)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔حَرَّفَ یُحَرِّفُ۔مصدر۔تَحْرِیْفًا۔(حرف کو بدلنا۔پلٹنا۔معنٰی۔یا مفہوم بدلنا) الْکَلِمَ:(بات۔کلام کو)منصوب مفعول بہٖ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ مَّوَاضِعِ:(مُوْضِعٌ کی جمع مقامات۔جگہوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(وہ اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مرجع۔ الْکَلِمَ ہے۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ سَمِعْنَا:(ہم نے سنا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ یَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔(سننا)۔وَ:()عَصَیْنَا:(ہم نے نافرمانی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ص ی)ناقص یائی۔صیغہ۔عَصٰی یَعْصِیْ۔مصدر۔عِصْیَانَ۔(نافرمانی کرنا)۔ وَ:(اور)حرف

عطف۔اِسْمَعْ:(تو سن)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(س م ع)صیغہ ۔سَمِعَ یَسْمَعُ۔مصدر۔سمع۔(سننا)۔ غَيْرَ:(نہ)نافیہ۔منصوب۔حال۔ مُسْمَعٍ : (سنوائے جاؤ)اسم مفعول۔مصدر۔اِسْمَاعٌ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَاعِ :(ہمیں چھوڑ۔ہماری رعایت کر۔) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ اصلاًرَاعِیْ۔یائے علت بوجہ جزم مخذوف۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَعٰی یَرْعٰی۔مصدر۔رَعْيًا۔رِعَايَةٌ۔(رعایت کر۔نرمی کر۔ساڈی جان چھڈ)۔نَا:(ہماری۔ہمارا) ضمیر جمع متکلم۔مجرور۔لَيًّا:(مروڑنا)منصوب۔حال۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ل و ی)لفیف مقرون۔ اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔لَوٰی یَلْوِیْ۔مصدر۔لَيًّا۔(مروڑنا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔أَلْسِنَتِ:(لِسَانٌ کی جمع زبانوں کو۔بولی)اصلی رسم الخط۔اَلْسِنَةُ۔ہے۔بوجہ اتصال مابعد تائے مدورہ کے بجائے مبسوط لگائی گئی۔بد طینت لوگ رَاعِنَا کے بجائے زبان کو مروڑ کر رَاعِيْنَا کہتے تھے۔جس کا معنی ہے۔گڈریا۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔طَعْنًا :(نشتر زنی کرنا۔طعنہ دینا۔عیب گوئی کرنا۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔فِي :(میں)حرف جار۔الدِّينِ: (دین۔ طریقہ۔اصول۔)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ سَمِعْنَا:(ہم نے سنا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔(سننا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَطَعْنَا:(ہم اطاعت کی۔مان لیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد ضرب۔مادہ(ط ی ع)اجوف یائی۔صیغہ۔ طَاعَ يَطِيْعُ۔مصدر۔اَطَاعَةٌ۔(اس نے اطاعت کی۔فرمانبرداری کی)۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِسْمَعْ:(تو سن)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سمع۔(سننا)۔

وَ:(اور)حرف عطف۔انْظُرْنَا:(ہم کو دیکھ۔ہم کو مہلت دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔+نَا۔ضمیر جمع متکلم۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ناصب مضارع۔کَانَ(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ جواب فعل شرط۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ خَیْرًا:(بھلائی۔بہتری۔) کَانَ کی خبر منصوب۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَقْوَمَ :(بہت مضبوط۔سیدھا۔زیادہ درست۔)افعل التفضیل۔معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ پہلی بات کی وضاحت کے لئے۔لَّعَنَ:(لعنت کی۔دور کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ل ع ن)صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنَ۔مصدر۔لَعْنًا۔(لعنت کرنا)۔هُمُ:(ان پر)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔كُفْرِ:(کفر)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف تعلیل۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُؤْمِنُونَ:(وہ ایمان لاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَاْمَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔اِلَّا:(مگر۔سوائے)حرف استثناء۔حصر۔ قَلِيلًا :(بہت تھوڑے)منصوب۔صفت۔

ترجمہ آیت:اور یہ جو یہودی ہیں ان میں سے کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ کلمات کو ان کے مقامات سے بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور نہیں مانا اور سنیئے نہ سنوائے جاؤ اور زبان کو مروڑ کر اور دین میں طعن کی راہ سے (تم سے گفتگو) کے وقت راعنا کہتے ہیں اور اگر (یوں) کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا اور (صرف) اسمع اور

(راعنا کی جگہ) انظرنا (کہتے) تو ان کے حق میں بہتر ہوتا اور بات بھی بہت درست ہوتی لیکن اللہ نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کر رکھی ہے تو یہ کچھ تھوڑے ہی ایمان لاتے ہیں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(جو)اسم منادیٰ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مضاف۔ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔صفت۔ أُوتُوا: (ان کو دی گئی) فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ۔ ضمیر مستتر هُمْ مرفوع نائب فاعل۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ (دینا)۔ الْكِتَابَ:(کتاب۔)معرف باللام۔خاص کتاب۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ آمِنُوْا: (وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ نَزَّلْنَا :(ہم نے اتارا) :(اتاری)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔ نُزُوْلٌ(اترنا)۔مُصَدِّقًا:(تصدیق کرنے والا)منصوب۔حال۔ لِ:(لئے) حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ: (پہلے) ظرف زمان۔اسم مجرور۔أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔نَّطْمِسَ:(ہم بگاڑ دیں گے۔تباہ کر دیں گے۔ مسخ کر دیں گے)۔فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔ مادہ(ط م س)صیغہ۔طَمَسَ يَطْمِسُ۔طَمْسًا۔(بگاڑنا۔تباہ کرنا۔ مسخ کرنا)۔ وُجُوهًا:(وَجْهٌ کی جمع ۔ چہروں کو)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ: (پس)حرف عطف۔نَرُدَّهَا:(ہم واپس لوٹا دیں گے۔پھیر دیں گے۔جواب دیں گے۔انکار کر دیں گے۔)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ رَدَّ يَرُدُّ۔مصدر۔رَدًّا۔

(لوٹانا۔ پھیرنا۔جواب دینا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ أَدْبَارِ: (پشتوں۔ پیٹھوں)اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ نَلْعَنَ:(ہم لعنت کریں گے۔دور کر دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ل ع ن)صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنَ۔ مصدر۔ لَعْنًا۔(لعنت کرنا۔دور کرنا)هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ منصوب۔مفعول بہ۔ كَمَا:(جیسا کہ)حرف تشبیہ مااسم موصول۔محلاً مجرور۔ لَعَنَّا:(ہم نے لعنت کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ل ع ن)صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنَ۔مصدر۔لَعْنًا۔(لعنت کرنا۔دور کرنا)أَصْحَابَ:(والے۔ساتھی۔مالک۔)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ السَّبْتِ:(سبت۔ہفتہ کا دن)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔كَانَ:(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ أَمْرُ:(حکم۔کام ۔ معاملہ۔حالت)لفظ كَانَ کا مرفوع۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔مَفْعُولًا:(کر دیا گیا۔ہو کر رہنے والا۔کیا گیاہو)كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اے کتاب والو! قبل اس کے کہ ہم لوگوں کے مونہوں کو بگاڑ کر ان کی پیٹھ کی طرف پھیر دیں یا ان پر اس طرح لعنت کریں جس طرح ہفتے والوں پر کی تھی ہماری نازل کی ہوئی کتاب پر جو تمہاری کتاب کی بھی تصدیق کرتی ہے ایمان لے آؤ اور اللہ نے جو حکم فرمایا سو (سمجھ لو کہ) ہو چکا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَغْفِرُ:(وہ مغفرت کرتا ہے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ ۔(مغفرت کرنا)۔ أَنْ: (کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُّشْرَكَ :(شریک بنایا جاتا ہے۔)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔۔ثلاثی مزید

فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔اِشْرَاکًا۔(شریک بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔ شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔شِرْکًا۔(شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَغْفِرُ:(وہ مغفرت کرتا ہے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَۃٌ ۔(مغفرت کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ دُوْنَ:(سوا۔علاوہ)ظرف مکان۔مضاف۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ مَنْ:(جس کو)اسم موصول۔یَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِیْئَۃٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔یُشْرِكْ:(شریک بناتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔اِشْرَاکًا۔(شریک بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔ شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔شِرْکًا۔(شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدِ: (یقیناً) حرف تحقیق و تاکید۔افْتَرٰی:(اس نے گھڑا ہے۔اس نے بہتان باندھنا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفْتَرٰی یَفْتَرِیْ۔مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(بہتان باندھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔فَرٰی یَفْرِیْ۔مصدر۔فَرْیًا۔فَرِیَۃٌ۔(توشہ دان بنانا۔ریزہ ریزہ کرنا۔ جھوٹ گھڑنا)۔ اِثْمًا:(گناہ)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔عَظِیْمًا:(بہت بڑا)صفت منصوب۔تابع۔

ترجمہ آیت:اللہ اس گناہ کو نہیں بخشے گا کہ کسی کو اس کا شریک بنایا جائے اور اس کے سوا اور گناہ جس کو چاہے معاف کر دے اور جس نے اللہ کا شریک مقرر کیا اس نے بڑا بہتان باندھا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ یُزَکُّوْنَ اَنْفُسَہُمْ بَلِ اللّٰہُ یُزَکِّیْ مَنْ یَّشَآءُ وَلَا یُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿۴۹﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع ۔ قالب۔ تَرَ:(تو نے دیکھا)اصلاًتَرٰی تھا۔ فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت۔ی۔ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَایَ یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَةٌ۔(دیکھنا)۔ إِلَى :(طرف۔تک) حرف جار۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔يُزَكُّونَ:(جو نشوونما کرتے ہیں۔ پاک کرتے ہیں۔تربیت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔زَكّٰى يُزَكِّيْ۔تَزْكِيَةً۔(برین واشنگ کرنا۔پاک کرتا ہے)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ز ک ی)ناقص یائی۔صیغہ زَكِيَ يَزْكٰى۔مصدر۔زَكَاءً۔اَزْكَ۔زَكِيًّ۔(پاک کرنا۔تربیت کرنا)۔ أَنْفُسَ:(جانوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ بَلِ: (بلکہ) حرف اضراب۔ اللَّهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔يُزَكِّي :(وہ نشوونما۔تربیت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔زَكّٰى يُزَكِّيْ۔تَزْكِيَةً۔(برین واشنگ کرنا۔پاک کرتا ہے)ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ز ک ی)ناقص یائی۔صیغہ زَكِيَ يَزْكٰى۔ مصدر۔ زَكَاءً۔اَزْكَ۔زَكِيًّ۔(پاک کرنا۔تربیت کرنا)۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ يَّشَاءُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُظْلَمُوْنَ :(ظلم کئے جائیں گے) فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔فَتِيْلًا :(بٹے ہوئے دھاگے کے برابر۔ڈور۔بتی جو دئے میں ڈالی جاتی ہے۔ کھجور کی گٹھلی کا ریشہ۔یعنی بالکل ذرہ برابر بلکہ اس سے بھی کم)۔

ترجمہ آیت: کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے تئیں پاکیزہ کہتے ہیں (نہیں) بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے پاکیزہ کرتا ہے اور ان پر دھاگے کے برابر بھی ظلم نہیں ہوگا۔

اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾

اُنْظُرْ :(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب ۔نصر۔ مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظَرًا۔(دیکھنا)۔كَيفَ:(کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب ۔حال۔ يَفْتَرُوْنَ :(وہ جھوٹ گھڑتے ہیں۔وہ بہتان باندھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفْتَرٰى يَفْتَرِىْ۔مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(بہتان باندھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔فَرٰى يَفْرِىْ۔مصدر۔فَرْيًا۔فَرِيَةٌ۔ (توشہ دان بنانا۔ریزہ ریزہ کرنا۔جھوٹ گھڑنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔الْكَذِبَ: (جھوٹ) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔كَفٰى:(وہ کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ كَفٰى يَكْفِىْ۔ مصدر۔كِفَايَةٌ۔(کافی ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار زائدہ۔هٖ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔إِثْمًا :(گناہ)منصوب۔ تمیز۔موصوف۔مُّبِيْنًا:(واضح۔کھلم کھلا) صفت منصوب۔تابع۔

ترجمہ آیت:دیکھو یہ اللہ پر کیسا جھوٹ (طوفان) باندھتے ہیں اور یہی گناہ صریح کافی ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰۤؤُلَاۤءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔قالب۔تَرَ:(تونے دیکھا)اصلاًتَرٰى تھا۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت ی۔محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔ إِلَى:(طرف۔تک)حرف جار۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔أُوْتُوْا: (ان کو دی گئی)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ۔ضمیر مستتر

هُمْ مرفوع نائب فاعل ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ اٰتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔ (دینا)۔نَصِیْبًا:(حصہ) منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔ الْكِتَابِ: (کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔ اسم مجرور۔يُؤْمِنُوْنَ: (ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔ موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَاْمَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْجِبْتِ:(ساحر۔کاہن۔بتوں کا۔یعنی اللہ جل جلالہٗ کے علاوہ معبود۔)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الطَّاغُوتِ :(شیطانوں۔اللہ تعالیٰ کے احکام سے بغاوت کرنے والے۔)وَ: (اور)حرف عطف۔ يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لِّلَّذِیْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔ مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ هٰٓؤُلَاءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔أَهْدَى :(زیادہ ہدایت یافتہ۔زیادہ سیدھے راستے پر)افعل التفضیل۔ خبر مرفوع۔مِنَ: (سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ یَاْمَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔سَبِيْلًا :(راہ)منصوب۔ تمیز۔

ترجمہ آیت: بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب سے حصہ دیا گیا ہے کہ بتوں اور شیطان کو مانتے ہیں اور کفار کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ لوگ مومنوں کی نسبت سیدھے رستے پر ہیں

أُولٰٓئِکَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۖ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾

أُولَئِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء۔مرفوع۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں پر)اسم موصول۔جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔ لَعَنَ:(اس نے لعنت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب فتحہ۔مادہ(ل ع ن)صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنَ۔مصدر۔لَعْنًا۔(لعنت کرنا)۔هُمُ:(ان پر)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جس پر)اسم موصول۔شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ جازم۔ فعل شرط۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔يَّلْعَنِ:(لعنت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ فعل شرط۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ل ع ن) صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنَ۔مصدر۔لَعْنًا۔(لعنت کرنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَنْ:(ہر گز نہ)حرف نفی مؤکد بلن ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل۔ تَجِدَ:(پاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔شرط+جواب شرط مل کر مبتداء مَنْ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(وج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔وُجُوْدٌ۔(پانا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔هٗ :(وہ اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔نَصِيرًا:(مدد گار) منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے اور جس پر اللہ لعنت کرے تو تم اس کا کسی کو مدد گار نہ پاؤ گے

اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾

أَمْ:(یا)حرف عطف۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔نَصِيبٌ :(حصہ۔)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔الْمُلْكِ:(ملک۔ریاست)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ فَ:(پس)حرف جار۔إِذًا: (تب) اصلاً اِذَنْ۔نون کو تنوین فتحہ سے بدل دیا گیا ہے۔ناصب مضارع۔حرف جواب شرط۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُؤْتُونَ :(وہ دیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء ۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔

النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ نَقِيْرًا:(کھجور کی گٹھلی میں جو تھوڑا سا شگاف ہوتا ہے ۔نقیر کہلاتا ہے۔یعنی بہت ہی تھوڑا سا بھی۔حقیر سا بھی)۔منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: کیاان کے پاس بادشاہی کا کچھ حصہ ہے تولوگوں کو تل برابر بھی نہ دیں گے

اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾

أَمْ :(یا)حرف عطف۔يَحْسُدُوْنَ:(وہ حسد کرتے ہیں۔وہ جلتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح س د)صیغہ۔حَسَدَ يَحْسُدُ۔مصدر۔ حَسَدًا۔ (حسد کرنا)۔ النَّاسَ:(لوگوں سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ آتَا:(اس نے دیا)اصلاً اَتٰى۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مرفوع۔فاعل۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَضْلِ: (فضل۔کرم۔مہربانی۔ضرورت سے زیادہ)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف تعلیل۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق و تاکید۔آتَيْنَا:(ہم نے دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ آلَ:(آل کو) منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْكِتَابَ :(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔ منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْحِكْمَةَ:(حکمت)معطوف منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آتَيْنَا:(ہم نے دیا) :(اس نے دیا)

فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔ اِیْتَاءٌ۔ (دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰی یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ ھُم: (وہ۔ ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مُّلْکًا: (ملک۔ ریاست۔) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ موصوف۔ عَظِیْمًا: (بہت بڑا) صفت منصوب۔ تابع۔

ترجمہ آیت: یا جو اللہ نے لوگوں کو اپنے فضل سے دے رکھا ہے اس کا حسد کرتے ہیں تو ہم نے خاندان ابراہیمؑ کو کتاب اور دانائی عطا فرمائی تھی اور سلطنت عظیم بھی بخشی تھی۔

فَمِنْهُمْ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَنْ صَدَّ عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾

فَ: (پس) استئنافیہ۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ ھُمْ: (وہ۔ ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مقدّم۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ آمَنَ: (ایمان لایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔ پر) حرف جار۔ ہٖ: (وہ۔ اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ ھُم: (وہ۔ ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ صَدَّ: (اس نے روکا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ص د د) مضاعف۔ صیغہ۔ صَدَّ یَصُدُّ۔ مصدر۔ صَدًّا۔ (روکنا)۔ عَنْ: (سے) حرف عطف۔ ہٗ: (وہ۔ اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ کَفٰی: (کافی ہے) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ک ف ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ کَفٰی یَکْفِیْ۔ مصدر۔ کِفَایَۃٌ۔ (کافی ہونا)۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ زائدہ۔ جَھَنَّمَ: (دوزخ) غیر منصرف۔ اسم مجرور۔ سَعِیْرًا: (شعلے اگلتی آگ۔ تیز آگ۔ دہکتی آگ) تمیز منصوب۔ تابع۔

ترجمہ آیت: پھر لوگوں میں سے کسی نے تو اس کتاب کو مانا اور کوئی اس سے رکا (اور ہٹا) رہا تو نہ ماننے والوں (کے جلانے) کو دوزخ کی جلتی ہوئی آگ کافی ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾

إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔محلاً کا اسم منصوب۔ مبتداء۔مرفوع۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ۔کا)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات۔نشانیاں)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ سَوْفَ:(جلد ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔ نُصْلِيْ:(ہم ڈال دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَصْلٰى يُصْلِيْ۔مصدر۔اِصْلَاءٌ۔(داخل کرنا۔ڈالنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ص ل ی)ناقص یائی۔صیغہ صَلٰى يَصْلِيْ۔مصدر۔صَلْيًا۔(آگ میں ڈالنا)۔هِمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ نَارًا:(آگ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ كُلَّمَا:(جب بھی)مرکب :(كُلَّ+مَا)ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ نَضِجَتْ :(وہ پک گئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ن ض ج)صیغہ۔ نَضِجَ يَنْضَجُ۔ مصدر۔نَضْجٌ۔(پک جانا)۔جُلُوْدُ:(جِلْدٌ کی جمع۔ کھال۔جلد)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ: (وہ۔ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَدَّلْنَا: (ہم تبدیل کریں گے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ بَدَّلَ يُبَدِّلُ۔مصدر۔ تَبْدِيْلًا۔(بدلنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ب د ل)صیغہ۔بَدَلَ يَبْدُلُ ۔مصدر۔بَدْلًا۔(بدلنا)۔ هُمْ: (وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ جُلُوْدًا:(جلدوں کو)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ غَيْرَ:(علاوہ)صفت منصوب۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ لِ:

(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَذُوقُوا:(وہ چکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔الْعَذَابَ :(عذاب۔سزا)منصوب۔ مفعول بہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ :(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔عَزِيزًا:(بہت ہی عزت والا)مبالغہ۔ كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً مرفوع۔ إِنَّ کی خبر۔حَكِيمًا:(خوب حکمت والا)كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں نے ہماری آیتوں سے کفر کیاان کو ہم عنقریب آگ میں داخل کریں گے جب ان کی کھالیں گل(اور جل) جائیں گی تو ہم اور کھالیں بدل دیں گے تاکہ (ہمیشہ) عذاب(کا مزہ چکھتے) رہیں بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع مبتداءآمَنُوا:(وہ ایمان لائے فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ إِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ أَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ أَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوا:(انہوں نے عمل کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔ أَنَّ کی خبر مرفوع۔ الصَّالِحَاتِ:(نیکیاں)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔نُدْخِلُ:(ہم داخل کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَدْخَلَ يُدْخِلُ۔مصدر۔إِدْخَالٌ۔(داخل کر دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔ دَخَلَ

يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ هُمْ:(وہ۔ ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ جَنّٰتٍ:(جنتوں۔باغوں میں)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔تَجْرِي:(جاری ہیں۔بہتی ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث۔غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی) ناقص یائی۔صیغہ۔ جَرٰی يَجْرِیْ۔ مصدر۔جَرْيَانًا(چلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ۔لفظاً اسم مجرور۔ مضاف۔هَا:(وہ۔اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْاَنْهَارُ :(نہریں)فاعل۔ مرفوع۔خَالِدِينَ:(ہمیشہ ہمیشہ)منصوب۔علامت۔ی۔حال۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(وہ۔اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أَبَدًا:(ہمیشہ)ظرف زمان منصوب۔ لّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔ فِي:(میں)حرف جار۔ هَا: (وہ۔اس) ضمیر واحد مونث غائب۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ أَزْوَاجٌ :(بیویاں) فاعل۔مرفوع۔ مبتداء۔ موصوف۔مُّطَهَّرَةٌ:(پاک صاف)صفت مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ نُدْخِلُ: (ہم داخل کریں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَدْخَلَ يُدْخِلُ۔مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کر دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ هُمْ: (وہ۔ ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ ظِلًّا : (سائے میں)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ظَلِيلًا: (گھنا سایہ)مبالغہ۔ منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو ہم بہشتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے وہاں ان کے لئے پاک بیبیاں ہیں اور ان کو ہم گھنے سائے میں داخل کریں گے

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾

إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔يَأْمُرُ:(وہ حکم دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر) صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔مصدر۔ اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تُؤَدُّوْا:(ادا کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَدّٰى يُؤَدِّىْ۔مصدر۔تَادِيَةٌ۔(سپرد کرو)۔الْاَمَانَاتِ:(امانتیں)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ إِلَى:(طرف۔کو)حرف جار۔ أَهْلِ:(اہل کو۔حقداروں کو۔گھر والے۔)اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ حَكَمْتُمْ:(تم فیصلہ کرو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م)صیغہ۔ حَكَمَ يَحْكُمُ۔مصدر۔حُكْمًا۔(فیصلہ کرنا)۔ بَيْنَ :(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔النَّاسِ :(لوگ)مجرور۔مضاف الیہ۔أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَحْكُمُوْا:(تم فیصلہ کروگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْعَدْلِ:(عدل کے)اسم مجرور۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ نِعِمَّا:(بہت ہی اچھی)مرکب:(نِعْمَ+مَا)فعل ذم+کافۃ۔يَعِظُ:(نصیحت کرتا ہے۔سمجھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع ظ)مثال واوی۔صیغہ وَعَظَ يَعِظُ۔مصدر۔ وَعْظًا۔(نصیحت کرنا۔سمجھانا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ) حرف جار۔هِ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ سَمِيعًا:(خوب سننے والا)مبالغہ۔ كَانَ کی خبر منصوب۔بَصِيرًا :(خوب دیکھنے والا)مبالغہ۔كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں ان کے حوالے کر دیا کرو اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کیا کرو اللہ تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے بے شک اللہ سنتا اور دیکھتا ہے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ أَطِيعُوا۟ ٱللَّهَ وَأَطِيعُوا۟ ٱلرَّسُولَ وَأُو۟لِى ٱلْأَمْرِ مِنكُمْ ۖ فَإِن تَنَٰزَعْتُمْ فِى شَىْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى ٱللَّهِ وَٱلرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴿٥٩﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کون)منادیٰ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔ آمَنُوا: (وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ أَمِنَ يَأْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ أَطِيعُوا:(اطاعت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ضرب۔مادہ(ط ی ع)اجوف یائی۔صیغہ۔ طَاعَ يَطِيْعُ۔مصدر۔اَطَاعَةٌ۔(اس نے اطاعت کی۔فرمانبرداری کی)۔اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔محلاً مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَطِيعُوا: (اطاعت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ ۔ ثلاثی مجرد ضرب۔مادہ(ط ی ع)اجوف یائی۔صیغہ۔ طَاعَ يَطِيْعُ۔مصدر۔اَطَاعَةٌ۔(اس نے اطاعت کی۔فرمانبرداری کی)۔ الرَّسُولَ:(پیغمبر کی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أُوْلِي :(والا)از ستّہ مکبّرہ۔معطوف منصوب۔مضاف۔ الْأَمْرِ: (حکمران۔صدر۔وزیر اعظم۔سربراہ مملکت)مجرور۔مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ تَنَازَعْتُمْ:(تم نے باہم اختلاف کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔تَنَازَعَ يُتَنَازِعُ۔مصدر۔مُتُنَازَعَةٌ۔(باہم جھگڑنا۔باہمی اختلاف ہونا) فِي :(میں)حرف جار۔شَيْءٍ: (کسی چیز)اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔۔رُدُّوْ:(لوٹا دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف۔برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ رَدَّ يَرُدُّ۔مصدر۔

رَدًّا۔ (لوٹانا۔ پھیرنا)۔ هٗ:(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَى :(طرف)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الرَّسُوْلِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔إِنْ:(اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ :(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تُؤْمِنُوْنَ:(تم ایمان لاتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔معطوف۔مجرور۔موصوف۔ الْآخِرِ : (قیامت کے)مجرور صفت۔ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ خَيْرٌ: (بہتری۔بھلائی۔نیکی)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَحْسَنُ:(بہت ہی)افعل التفضیل۔مرفوع۔ تَأْوِيلًا:(تفسیر۔وضاحت۔انجام)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:مومنو! اللہ اوراس کے رسول کی فرمانبرداری کرواور جو تم میں سے صاحب حکومت ہیں ان کی بھی اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہو تو اگر اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں اللہ اوراس کے رسول (کے حکم) کی طرف رجوع کرو یہ بہت اچھی بات ہے اوراس کا مآل بھی اچھا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿٦٠﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ تَرَ:(تو نے دیکھا)اصلاً تَرَى تھا۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت۔ی۔محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔ إِلَى :(طرف۔تک)

حرف جار۔اَلَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔يَزْعُمُوْنَ:(خیال کرتے ہیں۔گمان کرتے ہیں۔وہ دعویٰ کرتے ہیں) حرف قلب: فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ز ع م) ۔صیغہ۔زَعَمَ يَزْعُمُ۔مصدر۔زُعْمًا۔ زَعْمًا ۔(دعویٰ کرنا۔گمان کرنا۔ خیال کرنا)۔أَنَّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ أُنْزِلَ :(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔أُنْزِلَ :(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مضاف۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يُرِيْدُوْنَ:(وہ چاہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَّتَحَاكَمُوْا:(تم فیصلے لے جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزیدفیہ۔باب تفاعل۔صیغہ۔ تَحَاكَمَ يَتَحَاكَمُ۔مصدر۔تَحَاكُمٌ۔(فیصلہ لے جانا)إِلَى:(طرف)حرف جار۔الطَّاغُوتِ:(سرکش۔باغی۔ شیطان)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حالیہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تاکید و تحقیق۔ أُمِرُوْا:(ان کو حکم دیا گیا)فعل ماضی مجہول

جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ضمیر مستتر هُمْ۔نائب فاعل مرفوع۔باب نصر۔ مادہ(ء م ر) صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔مصدر۔اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یَّکْفُرُوْا:(وہ کفر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔هٖ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یُرِیدُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحدمذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ یُرِیْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ر و د)صیغہ۔ رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ الشَّیْطَانُ:(شیطان۔ابلیس۔عزازیل)فاعل۔مرفوع۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یُضِلَّ:(وہ گمراہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَضَلَّ یُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(گمراہ کر دینا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ضَلَّ یَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا)۔هُمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ ضَلَالًا:(گمراہی)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔بَعِیدًا:(بُعْدٌ۔دور کی)صفت منصوب۔تابع۔

ترجمہ آیت:کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ جو(کتاب) تم پر نازل ہوئی اور جو (کتابیں) تم سے پہلے نازل ہوئیں ان سب پر ایمان رکھتے ہیں اور چاہتے یہ ہیں کہ اپنا مقدمہ ایک سرکش کے پاس لے جاکر فیصلہ کرائیں حالانکہ ان کو حکم دیا گیا تھا کہ اس سے اعتقاد نہ رکھیں اور شیطان (تو یہ) چاہتا ہے کہ ان کو بہکا کر رستے سے دور ڈال دے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿٦١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ قِیلَ:(کہا گیا) فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔

لَ: (لئے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔تَعَالَوْا:(تم آئے)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔جملہ (قِيْلَ لَهُمْ) محلاً مرفوع۔نائب فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعال۔صیغہ ۔تَعَالىٰ يَتَعَالىٰ۔مصدر۔تَعَالِيٌ۔()ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ل و) صیغہ۔عَلَا يَعْلُو۔عُلُوًا ۔(بلند ہونا۔اونچاہونا۔اعلیٰ ہونا)۔إِلَى :(طرف۔تک)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔أَنْزَلَ: (اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔ اِنْزَالًا(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہ نے)فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَى :(طرف۔ تک)حرف جار۔ الرَّسُولِ : (پیغمبر)اسم مجرور۔رَأَيْتَ:(تونے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت ضمیر تائے مبسوط۔ مفتوح۔ جملہ جواب شرط۔ الْمُنَافِقِينَ:(کی جمع ۔دو مونہوں والے۔بے اتفاقی پیدا کرنے والے)منصوب۔ علامت ۔ی۔مفعول بہٖ۔ يَصُدُّونَ :(وہ روکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصُدُّ۔مصدر۔صَدًّا۔(روکنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔كَ :(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔صُدُودًا :(مخالفت کرنا۔رکا رہنا۔ کترانا)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت:اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو حکم اللہ نے نازل فرمایا ہے اس کی طرف (رجوع کرو) اور پیغمبر کی طرف آؤ تو تم منافقوں کو دیکھتے ہو کہ تم سے اعراض کرتے اور رکے جاتے ہیں۔

فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿٦٢﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ أَصَابَتْ: (وہ پہنچی)(إِذَا کی وجہ سے ترجمہ حال میں ہو گا۔ پہنچتی ہے)فعل ماضی واحد مونث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب

افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِیْبُ۔مصدر۔اِصَابَۃٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ص و ب)صیغہ صَابَ یَصُوْبُ۔صَوْبًا۔ مصدر۔ صَوْبًا:(بارش برسنا)۔ھُم:(وہ۔ ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مُّصِیْبَۃٌ : (مصیبت ۔ تکلیف)اسم فاعل۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ قَدَّمَتْ :(آگے بھیجی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ قَدَّمَ یُقَدِّمُ۔مصدر۔تَقْدِیْمٌ۔(آگے بھیجنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ سمع۔کرم۔مادہ(ق د م)صیغہ۔ قَدَمَ یَقْدُمُ۔مصدر۔قَدْمًا۔قُدُوْمًا۔(بڑھنا)۔ أَیْدِیْ:(دونوں ہاتھوں نے)فاعل۔اصلاً اَیْدَیْنَ۔بوجہ مضاف نون تثنیہ۔ گر گیا۔ھِمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ جَآؤُوْ:(وہ آئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف۔برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیئٌ۔مَجِیْءٌ۔(آنا)۔كَ :(تم۔آپکے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ یَحْلِفُوْنَ:(وہ قسمیں کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ح ل ف)صیغہ۔حَلَفَ یَحْلِفُ۔مصدر۔حَلْفًا۔(قسم کھانا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔إِنْ:(اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَرَدْنَا :(ہم نے ارادہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ یُرِیْدُ۔مصدر۔اِرَادَۃٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ إِحْسَانًا:(احسان۔بہتر سلوک)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔تَوْفِیقًا :(موافقت۔ملاپ۔دو چیزوں میں موافقت ہونا۔) معطوف۔ منصوب۔

ترجمہ آیت:توکیسی (ندامت کی) بات ہے کہ جب ان کے اعمال(کی شامت سے) ان پر کوئی مصیبت واقع ہوتی ہے تو تمہارے پاس بھاگے آتے ہیں اور قسمیں کھاتے ہیں کہ واللہ ہمارا مقصود تو بھلائی اور موافقت تھا۔

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَعْلَمُ اللَّهُ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُل لَّهُمْ فِي أَنفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيغًا ﴿٦٣﴾

أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مشارٌ الیہ۔يَعْلَمُ :(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔اللهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔مَا:(جو)اسم موصول۔ فِي:(میں)حرف جار۔ قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع ۔دل)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَعْرِضْ:(منہ پھیر۔بے پرواہی برت۔ نظر انداز کر۔توجہ نہ کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ يُعْرِضُ۔مصدر۔ اِعْرَاضٌ۔(نظر انداز کرنا)ثلاثی مجرد۔صیغہ عَرَضَ يَعْرِضُ۔مصدر۔عَرْضًا۔(پیش کرنا۔نمائش کرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عِظْ:(نصیحت کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع ظ)مثال واوی۔صیغہ وَعَظَ يَعِظُ۔مصدر۔وَعْظًا۔(نصیحت کرنا۔ سمجھانا)۔هُمْ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرو۔مضاف۔هِمْ : (وہ۔ ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَوْلًا:(بات۔قول۔)منصوب۔ مفعول مطلق۔ بَلِيغًا : (اثر پہنچانے والی۔سیدھی۔اچھی۔مؤثر)صفت۔ منصوب۔ تابع۔

ترجمہ آیت:ان لوگوں کے دلوں میں جو کچھ ہے اللہ اس کو خوب جانتا ہے تم ان(کی باتوں) کو کچھ خیال نہ کرو اور انہیں نصیحت کرو اور ان سے ایسی باتیں کہو جو ان کے دلوں میں اثر کر جائیں۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿٦٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالًا۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلًا۔رَسَالَۃ۔(بھیجنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔رَّسُولٍ:(کوئی رسول)اسم مجرور۔ اِلَّا:(مگر۔ سوائے)کلمہ حصر۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یُطَاعَ:(اس کی اطاعت کی جائے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ یُطِیْعُ۔مصدر۔اِطَاعَۃٌ۔(خوشی سے کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔صیغہ طَاعَ یَطُوْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(خوشی سے کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِذْنِ :(حکم۔اجازت)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ:(اگر)حرف عطف۔غیر جازم۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کااسم منصوب۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔ ظَّلَمُوْا:(انہوں نے ظلم کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ أَنْفُسَ:(جانوں پر)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جَآؤُوْ:(وہ آئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف۔برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیْئٌ۔مَجِیْئٌ۔(آنا)۔كَ :(تم۔آپکے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اسْتَغْفَرُوْا:(انہوں نے مغفرت طلب کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتِغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَۃٌ۔(مغفرت کرنا)۔ اللّٰہُ :(اللہ جل

جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اسْتَغْفَرَ:(اس نے مغفرت طلب کی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔ اِسْتِغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَۃٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمُ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔الرَّسُوْلُ:(پیغمبر نے)معرف باللام۔فاعل۔مرفوع۔ لَ:(تاکہ)لائے تاکید۔ وَجَدُوْا :(انہوں نے پایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ یَجِدُ۔مصدر۔وِجْدَانٌ۔وُجُوْدٌ۔(پانا)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔تَوَّابًا :(کوتوبہ قبول کرنے والا)مبالغہ۔منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔رَّحِيْمًا :(خوب رحم کرنے والا)صفت منصوب۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے جو پیغمبر بھیجاہے اس لئے بھیجاہے کہ اللہ کے فرمان کے مطابق اس کا حکم ماناجائے اور یہ لوگ جب اپنے حق میں ظلم کر بیٹھے تھے اگر تمہارے پاس آتے اور اللہ سے بخشش مانگتے اور رسول (اللہ) بھی ان کے لئے بخشش طلب کرتے تو اللہ کو معاف کرنے والا (اور) مہربان پاتے۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٦٥﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔وَ:(قسم)قسمیہ۔حرف جار۔رَبِّ:(رب)مجرور۔مقسم بہٖ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُؤْمِنُوْنَ :(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَامَنَ۔ مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غائب۔بعدہ اَنْ مضمر ناصب مضارع۔ يُحَكِّمُوْ:(فیصلہ کراتے ہیں۔حکم بناتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون

اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔كَ :(آپ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔فِيْمَا:(اس میں جو)مرکب :(فی+ما)حرف جار۔+اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ شَجَرَ :(وہ جھگڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ج ر)صیغہ۔شَجَرَ يَشْجُرُ۔ شُجُوْرًا۔(جھگڑا پیدا ہونا۔جھگڑ پڑنا۔)۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔يَجِدُوْا:(وہ پائیں)فعل مضارع منصوب۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔ مصدر۔ وِجْدَانٌ۔وُجُوْدٌ ۔(پانا)۔ فِيْ: (میں)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَرَجًا :(کوئی نقصان)منصوب۔ مفعول بہ۔مِّمَّا:(جو کچھ)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار+ اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔قَضَيْتَ :(تونے فیصلہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ضمیر تائے مبسوط۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ق ض ی)صیغہ۔قَضٰى يَقْضِيْ۔مصدر۔ قَضَاءٌ۔(فیصلہ کرنا۔)وَ: (اور)حرف جار۔يُسَلِّمُوْا:(قبول کریں۔تسلیم کریں)۔فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔سَلَّمَ يُسَلِّمُ۔ مصدر۔ تَسْلِيْمٌ۔(ماننا)تَسْلِيْمًا :(قبول کرنا۔تسلیم کرنا)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: تمہارے پروردگار کی قسم یہ لوگ جب تک اپنے تنازعات میں تمہیں منصف نہ بنائیں اور جو فیصلہ تم کردو اس سے اپنے دل میں تنگ نہ ہوں بلکہ اس کو خوشی سے مان لیں تب تک مومن نہیں ہوں گے۔

وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿٦٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ أَنَّا :(یقینا ہم)مرکب :(اَنَّ+نَا)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَتَبْنَا :(ہم نے لکھا۔فرض کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت

ب)صیغہ ۔کَتَبَ یَکْتُبُ۔مصدر۔کِتَابَةٌ۔(لکھنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَنِ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ اقْتُلُوا:(تم قتل کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ أَنْفُسَ:(جانوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔کُمْ:(تم۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَوِ :(یا)حرف عطف۔اخْرُجُوا :(انہوں نے نکالا)فعل امر جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ یُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔مِنْ:(سے)حرف ج ار۔ دِيَارِ:(دار کی جمع گھروں)اسم مجرور۔کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مَّا :(نہیں)نافیہ۔فَعَلُوْ:(انہوں نے کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل) صیغہ۔فَعَلَ یَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلٌ۔(کام کرنا)۔ هُ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اِلَّا:(مگر)استثناء۔ قَلِیلٌ :(تھوڑے)بدل مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ :(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ فَعَلُوْا:(انہوں نے کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ یَفْعَلَ۔مصدر۔فِعْلٌ۔(کام کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ یُوْعَظُوْنَ :(نصیحت کئے جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع ظ)مثال واوی۔صیغہ وَعَظَ یَعِظُ۔مصدر۔ وَعْظًا۔ (نصیحت کرنا۔ سمجھانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔لَ:(یقیناً) حرف تاکید۔کَانَ:(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔خَیْرًا :(بہتر۔اچھا) کَانَ کی خبر منصوب۔لَّ:(لئے)حرف جار۔

هُمْ:(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَشَدَّ :(بہت زیادہ مضبوط)افعل التفضیل۔تَثْبِيْتًا :(ثابت رکھنا۔پکے پیروں رکھنا۔ڈٹے رہنا)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:اور اگر ہم انہیں حکم دیتے کہ اپنے آپ کو قتل کر ڈالو یا اپنے گھر چھوڑ کر نکل جاؤ تو ان میں سے تھوڑے ہی ایسا کرتے اور اگر یہ اس نصیحت پر کاربند ہوتے جو ان کو کی جاتی ہے تو ان کے حق میں بہتر اور (دین میں) زیادہ ثابت قدمی کا موجب ہوتا۔

وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٦٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذًا:(تب۔اس وقت۔)حرف جزاء۔اصلاً اِذَنْ۔ہے۔نون کو تنوین سے بدل کر الف لگا دیا گیا ہے۔ناصب مضارع۔ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ آتَيْنَا:(ہم نے دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔ اِيْتَاءٌ۔ (دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هُم:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔لَّدُنَّا:(ہمارے پاس)مرکب:(لَدُنْ+نَا)اسم ظرف مکان۔ مضاف+ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَجْراً:(اجر۔بدلہ۔معاوضہ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ موصوف۔ عَظِيمًا :(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت منصوب۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور ہم ان کو اپنے ہاں سے اجر عظیم بھی عطا فرماتے

وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿٦٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔هَدَيْنَا:(ہم نے راہنمائی دی۔ہدایت دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی)صیغہ ۔ هَدٰی يَهْدِیْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔

هُمۡ:(وہ۔ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ صِرَاطًا :(راستہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔موصوف۔مُّسۡتَقِيۡمًا :(سیدھا)صفت منصوب۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور سیدھا راستہ بھی دکھاتے۔

وَمَنۡ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوۡلَ فَاُولٰٓـئِكَ مَعَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيۡقِيۡنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيۡنَ‌ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓـئِكَ رَفِيۡقًا ؕ﴿۶۹﴾

وَ:(اور)مَنۡ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔مبتداء۔ مرفوع۔يُّطِعِ:(اطاعت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔محلاً فعل شرط مجزوم۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔اس لئے حرف علت ۔ی۔ محذوف۔اصلاً يُطِيۡعُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيۡعُ۔مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(خوشی سے کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔صیغہ طَاعَ يَطُوۡعُ۔مصدر۔طَوۡعًا۔(خوشی سے کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔الرَّسُوۡلَ:(پیغمبر)معطوف۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔جواب شرط۔۔اُوۡلَٓئِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ الَّذِيۡنَ:(وہ جو)اسم موصول۔محلاً مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔شرط+جواب شرط۔محلاً مَنۡ مبتداء کی خبر مرفوع۔اَنۡعَمَ:(اس نے انعام کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنۡعَمَ يُنۡعِمُ۔ مصدر۔اِنۡعَامٌ۔(انعام کرنا۔) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔عَلَيۡ:(پر)حرف جار۔ هِمۡ: (وہ۔ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔ النَّبِيّٖنَ :(نبیوں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔وَ:(اور)حرف عطف۔الصِّدِّيۡقِيۡنَ: (صدیق۔سچے) معطوف مجرور۔علامت ۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشُّهَدَآءِ:۔(شہیدوں۔جنہوں نے اللہ کی راہ میں جانیں دیں)معطوف۔مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الصّٰلِحِيۡنَ :(نیک) معطوف۔مجرور۔علامت۔ی۔وَ: (اور)

استئنافیہ۔حَسُنَ:(خوب صورت۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب کرم۔باب(ح س ن) صیغہ۔حَسُنَ یَحْسُنُ۔مصدر۔حُسْنًا۔(خوب صورت ہونا)۔أُولَئِكَ:(وہ یہ۔)اسم اشارہ۔بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔فاعل مرفوع۔رَفِيقًا:(رفیق) منصوب۔تمییز۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں وہ(قیامت کے روز) ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے بڑا فضل کیا یعنی انبیاء اور صدیق اور شہید اور نیک لوگ اور ان لوگوں کی رفاقت بہت ہی خوب ہے

ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾

ذَلِكَ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔مبتداء۔مرفوع۔ الْفَضْلُ:(فضل و کرم)بدل مرفوع۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال۔ما بعد۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔كَفَى:(کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ف ی) ناقص یائی۔صیغہ كَفٰى يَكْفِيْ۔ مصدر۔ كِفَايَةٌ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ عَلِيْمًا:(خوب جاننے والا)منصوب۔تمییز۔

ترجمہ آیت:یہ اللہ کا فضل ہے اور اللہ جاننے والا کافی ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿۷۱﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کون)منادیٰ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔آمَنُوا: (وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ خُذُوْا:(تم پکڑے رکھو۔اختیار کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ حِذْرَ:(احتیاط کا

سامان۔بچاؤ کا سامان۔اسلحہ۔ہتھیار)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔**كُمْ** :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔**فَ**:(پس)حرف عطف۔**انْفِرُوْا**:(تم نکلو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ر)صیغہ۔ **نَفَرَ يَنْفِرُ**۔مصدر۔**نُفُوْرًا۔نَفِيْرٌ**۔(کسی چیز سے بھاگنا)۔ **ثُبَاتٍ** :(**ثُبَةٍ**۔کی جمع۔گروہ در گروہ۔جماعت در جماعت)منصوب۔حال۔**أَوِ**:(یا)حرف عطف۔ **انفِرُوْا**:(تم نکلو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ر)صیغہ ۔ **نَفَرَ يَنْفِرُ**۔مصدر۔**نُفُوْرًا۔نَفِيْرٌ**۔(کسی چیز سے بھاگنا)۔ **جَمِيعًا**:(اکٹھے۔جمع ہو کر)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:مومنو!(جہاد کے لئے) ہتھیار لے لیا کرو پھر یاتو جماعت جماعت ہو کر نکلا کرو یاسب اکٹھے کوچ کیا کرو

وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔**إِنَّ**:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ **مِنْ**:(سے)حرف جار۔**كُمْ**:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً **إِنَّ** کی خبر مقدّم **لَ**:(یقیناً)لائے تاکید۔**مَنْ**:(جو)اسم موصول۔ مبنی برف سکون۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ **لَّ**:(لازماً)لائے تاکید۔**يُبَطِّئَنَّ**:(وہ ضرور بالضرور سستی کرتا ہے) فعل مضارع مؤکد بان نون ثقیلہ۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔**بَطَّاءَ يُبَطِّئُ**۔مصدر۔ **تَبْطِئُةٌ**۔(سستی کرنا۔دیر لگانا) **فَ**:(پس)حرف عطف۔**إِنْ**:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ **أَصَابَتْ** :(پہنچی ہے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ضمیر تائے تانیث۔ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ **اَصَابَ يُصِيْبُ**۔مصدر۔**اِصَابَةٌ**۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ص و ب)صیغہ **صَابَ يَصُوْبُ**۔ **صَوْبًا**۔ مصدر۔**صَوْبًا**:(بارش برسنا)۔**كُمْ**:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ **مُّصِيْبَةٌ** : (مصیبت۔تکلیف)فاعل مرفوع۔**قَالَ**:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاًمجزوم۔فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔**قَالَ يَقُوْلُ**۔مصدر۔**قَوْلًا**۔(کہنا بولنا)۔ **قَدْ**:

(یقیناً)حرف تاکید و تحقیق۔أَنْعَمَ:(اس نے انعام کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْعَمَ یُنْعِمُ۔مصدر۔اِنْعَامٌ۔(انعام کرنا۔) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔مرفوع۔ عَلَيَّ :(مجھ پر)حرف جار+یائے متکلم۔اسم مجرور۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔لَمْ:(نہیں) حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔قالب۔ أَكُنْ:(میں نہیں تھا)فعل مضارع واحد متکلم۔واوٗ بوجہ التقائے ساکنین ساقط ہوئی۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مَّعَ: (ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًمجرور مضاف الیہ ۔شَهِيْدًا:(گواہ۔نگران۔اقرار کرنے والا)كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور تم میں کوئی ایسا بھی ہے کہ (عمداً) دیر لگاتا ہے۔پھر اگر تم پر کوئی مصیبت پڑ جائے تو کہتا ہے کہ اللہ نے مجھ پر بڑی مہربانی کی کہ میں ان میں موجود نہ تھا۔

وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَئِنْ:(البتہ اگر)مرکب :(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔+حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَصَابَ:(وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ يُصِيْبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ص و ب)صیغہ صَابَ يَصُوْبُ۔صَوْبًا۔ مصدر۔صَوْبًا۔ :(بارش برسنا)۔هُم:(وہ۔ ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَضْلٌ :(فضل و کرم)فاعل۔مرفوع۔مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی برف سکون۔کسرہ برائے اتصال۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔يَقُوْلَنَّ:(وہ ضرور بالضرور کہے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ كَأَنْ۔:(گویا کہ) فعل ناقص۔اصلاً كَأَنَّ تھا۔عموماً تشبیہ

کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ لَّمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔تَكُنْ:(وہ تھی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ اصلاً تَكُوْنُ۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی برفتحہ۔مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔مبنی برفتحہ۔ مضاف۔هٗ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَوَدَّةٌ:(دوستی)کان کا اسم مرفوع۔ يَا :(اے)حرف نداء۔منادیٰ محذوف۔لَيْتَ:(کاش)حرف تمنا۔ناصب اسم۔نِ:(نون وقایہ) يْ:(میں۔مجھے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ كُنْتُ :(میں تھا)فعل ناقص ماضی واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ مضاف۔هُمْ :(وہ۔ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)سببیہ۔أَفُوْزَ:(میں کامیابی حاصل کرتا)فعل مضارع واحد متکلم۔منصوب۔ فَوْزًا :(کامیابی)مفعول مطلق۔ منصوب۔موصوف۔عَظِيمًا:(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت منصوب۔تابع۔

ترجمہ آیت:اور اگر اللہ تم پر فضل کرے تو اس طرح سے کہ گویا تم میں اس میں دوستی تھی ہی نہیں (کہ افسوس کرتا اور) کہتا ہے کہ کاش میں بھی ان کے ساتھ ہوتا تو مقصد عظیم حاصل کرتا

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۭ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لْ:(چاہیئے کہ)لائے امر۔يُقَاتِلْ :(وہ جنگ کرے)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔فِي :(میں)حرف جار۔سَبِيْلِ :(راہ)اسم مجرور۔ مضاف۔اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔يَشْرُوْنَ :(خرید و

فروخت کرتے ہیں۔کاروبار کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ش ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ شَرٰی یَشْرِیُ۔مصادر۔شَرَاءٌ۔شِرًی۔اِشْرِ۔(خریدنا)۔اَلْحَيَاةَ:(زندگی کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔صفت۔منصوب۔تابع ۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔الآخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ يُّقَاتِلْ:(وہ جنگ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ يُقْتَلْ: (قتل کیا گیا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ يَغْلِبْ :(وہ غلبہ پاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ل ب)صیغہ۔غَلَبَ يَغْلِبُ۔مصدر۔غَلْبًا۔غَلَبَةٌ۔(غلبہ پانا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔سَوْفَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔ نُؤْتِي:(ہم دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ هِ :(وہ۔اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔جملہ محلاً جواب شرط۔شرط+جواب۔محلاً مَنْ مبتداء کی خبر مرفوع۔أَجْرًا: (بدلہ۔اجر۔معاوضہ۔جزا) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔موصوف۔ عَظِيمًا :(بہت بڑا)صفت مشبہ۔منصوب۔تابع۔

ترجمہ آیت: توجو لوگ آخرت (کو خریدتے اور اس) کے بدلے دنیا کی زندگی کو بیچنا چاہتے ہیں اُن کو چاہیئے کہ اللہ کی راہ میں جنگ کریں اور جو شخص اللہ کی راہ میں جنگ کرے اور شہید ہو جائے یا غلبہ پائے ہم عنقریب اس کو بڑا ثواب دیں گے۔

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾

كَانُوْا:(وہ ہے۔وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔ يَتَنَاهَوْنَ:(وہ باہم منع کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِنْتَهٰى يَنْتَهِىْ۔ مصدر۔ اِنْتِهَاءٌ۔(رکنا۔باز رہنا)ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔نَهْىٌ۔(روکنا۔ منع

کرنا)۔ عَنْ :(سے)حرف جار۔مُّنْکَرٍ :(انکار کرنے والے)اسم مجرور۔ فَعَلُوْ :(انہوں نے کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل) صیغہ۔فَعَلَ یَفْعَلُ۔ مصدر۔فِعْلٌ۔(کام کرنا)۔ہُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔بِئْسَ:(برا ہے)فعل ذم ماضی واحد مذکر غائب۔ فعل جامد ہے۔اس کی گردان نہیں آتی۔ مَا :(جو)اسم موصول۔کَانُوْا:() :(وہ ہے۔وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ یَفْعَلُوْنَ:(وہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:(اور) برے کاموں سے جو وہ کرتے تھے ایک دوسرے کو روکتے نہیں تھے بلاشبہ وہ برا کرتے تھے

تَرٰی كَثِیْرًا مِّنْهُمْ یَتَوَلَّوْنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَ فِی الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۸۰﴾

تَرٰی:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی ۔صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَۃٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ کَثِیْرًا:(بہت زیادہ کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔هُمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔یَتَوَلَّوْنَ :(وہ پھر جاتے ہیں۔منہ موڑ لیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع ۔الَّذِیْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مفعول بہ۔ منصوب۔كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔ مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ لَ:(البتہ۔یقیناً)لائے تاکید۔بِئْسَ :(برا ہے)فعل ذم ماضی واحد مذکر غائب۔ فعل جامد ہے۔اس کی گردان نہیں آتی۔مَا :(جو)اسم موصول۔قَدَّمَتْ :(آگے بھیجی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث ساکن۔

ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔مصدر۔تَقْدِيْمٌ۔(آگے بھیجنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔سمع ۔کرم۔مادہ(ق د م)صیغہ۔ قَدَمَ يَقْدُمُ۔مصدر۔قَدْمًا۔قُدُوْمًا۔ (بڑھنا) ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔أَنْفُسُ:(جانیں)فاعل۔مضاف۔ هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور مضاف الیہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ سَخِطَ:(ناراض ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب۔سمع۔مادہ(س خ ط)صیغہ۔سَخِطَ يَسْخَطُ۔مصدر۔سَخْطٌ۔(غصہ ہونا۔ناراض ہونا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔فِيْ:(میں)حرف جار۔الْعَذَابِ :(عذاب۔سزاء۔)اسم مجرور۔هُمْ : (وہی)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔خَالِدُوْنَ :(ہمیشہ رہنے والے)فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:تم ان میں سے بہتوں کو دیکھو گے کہ کافروں سے دوستی رکھتے ہیں انہوں نے جو کچھ اپنے واسطے آگے بھیجا ہے برا ہے(وہ یہ) کہ اللہ ان سے ناخوش ہوا اور وہ ہمیشہ عذاب میں (مبتلا) رہیں گے۔

وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ كَانُوا:(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَامَنَ۔ مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔سے) حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّبِيِّ:(نبی۔خبر دینے والا)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔اُنْزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔

ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ یُنْزِلُ ۔مصدر۔ اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ہِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ اتَّخَذُوْ:(انہوں نے پکڑا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔محذوف۔برائے اتصال ما بعد۔محلاً جواب شرط۔فعل جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخَذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَوْلِيَاءَ:(دوست ۔حامی۔سرپرست۔)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كَثِيرًا:(بہت زیادہ) لَكِنَّ کا اسم منصوب۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ فَاسِقُوْنَ:(نافرمانی کرنے والے)لَكِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اگر وہ اللہ پر اور پیغمبر پر اور جو کتاب ان پر نازل ہوئی تھی اس پر یقین رکھتے تو ان لوگوں کو دوست نہ بناتے لیکن ان میں اکثر بدکردار ہیں۔

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

لَ:(لازماً)لائے تاکید۔تَجِدَنَّ:(تم ضرور بالضرور پاؤ گے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔وُجُوْدٌ۔(پانا)۔ أَشَدَّ: (زیادہ سخت)افعل التفضیل۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ النَّاسِ:(لوگ) مجرور۔مضاف الیہ۔ عَدَاوَةً:(عداوت)منصوب ۔تمیز۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔

صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔اَلْیَھُوْدَ:(یہودیوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَلَّذِیْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔معطوف محلاً منصوب۔أَشْرَکُوْا: (شریک بنایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ ۔ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔ مصدر۔اِشْرَاکًا۔(شریک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔ شَرْکًا ۔(شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لازماً)لائے تاکید۔تَجِدَنَّ:(تم ضرور بالضرور پاؤ گے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ یَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔وُجُوْدٌ۔(پانا) أَقْرَبَ:(بہت ہی قریب)افعل التفضیل۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّوَدَّۃً:(دوستی۔محبت۔رغبت دوست رکھنا) منصوب۔ تمیز۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔لِّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ اَلَّذِیْنَ: :(وہ جو)اسم موصول۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔نَصَارَی:(عیسائی) ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ:(وجہ سے)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔مِنْ: (سے)حرف جار۔ھُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع مقدّم ۔قِسِّیسِیْنَ :(مشائخ۔پیر۔درویش۔علماء)جمع مذکر منصوب۔ إِنَّ کا اسم مؤخر۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً خبر

مرفوع۔مبتداء ذَٰلِكَ ۔کی۔وَ:(اور)حرف عطف۔رُهْبَانًا:(گوشہ نشیں۔عبادت گزار۔دنیا سے لا تعلق)معطوف۔منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُمْ: (وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَسْتَكْبِرُونَ :(وہ تکبر کرتے ہیں۔وہ بڑا بننا چاہتے ہیں)فعل مضارع۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔ موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔مصدر۔اِسْتِكْبَارٌ۔(تکبر کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔کرم۔مادہ(ک ب ر)صیغہ۔كَبَرَ يَكْبُرُ۔مصدر۔كِبَارٌ۔(بڑا ہونا)۔

ترجمہ آیت:(اے پیغمبر ﷺ!) تم دیکھوگے کہ مومنوں کے ساتھ سب سے زیادہ دشمنی کرنے والے یہودی اور مشرک ہیں اور دوستی کے لحاظ سے مومنوں سے قریب تر ان لوگوں کو پاؤگے جو کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں یہ اس لیے کہ ان میں عالم بھی ہیں اور مشائخ بھی اور وہ تکبر نہیں کرتے ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

آج مورخہ 05 اگست 2019ء کو 6 چھٹا پارہ مکمل ہوا۔

دعا ہے۔کہ اللہ جل جلالہٗ توفیق عطا کرے تو پورے قرآن مجید کے الفاظ کی اعرابی حالت مکمل ہو جائے۔آمین

7 پارہ ہفتم وَ إِذَا سَمِعُوْا

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذَا :(جب)طرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ سَمِعُوْا:(انہوں نے سنا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ مَا :(جو)اسم موصول۔ أُنزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا (اتارنا)۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ الرَّسُولِ: (پیغمبر)اسم مجرور تَرَى:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔)۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ أَعْيُنَ:(آنکھیں)منصوب۔مفعول بہ۔ اصلاً۔ اَعْيُوْنَ تھا۔نون حذف بوجہ مضاف۔موجودہ نون اصلی ہے۔اب بھی یہ لفظ مرفوع کی حالت میں نظر آتا ہے۔اس لئے اس کا حرف علت واؤ حذف کر دیا گیا تا کہ احتمال ختم ہو۔ هُمْ:(وہ۔ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔تَفِيْضُ :(بہتے ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ی ض)اجوف یائی۔صیغہ۔فَاضَ يَفِيْضُ۔ مصدر۔ فَيْضًا۔(بہنا) ۔مِنَ : (سے)حرف جار۔ الدَّمْعِ :(آنسو)اسم مجرور۔مِمَّا:(اس وجہ سے جو) مرکب:(مِنْ+مَّا)حرف جار + اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ عَرَفُوْا:(انہوں نے پہچانا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ۔عَرَفَ يَعْرِفُ۔مصدر۔عُرْفَانًا۔(پہچاننا) مِنَ : (سے) حرف جار۔الْحَقِّ:(حق۔سچ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و

ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔رَبَّنَا:(اے ہمارے رب) مرکب :(یَا+رَبَّ+نَا)حرف نداء(یَا)۔ محذوف۔+ منادیٰ۔ مضاف+ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ آمَنَّا :(ہم ایمان لائے) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔یا۔ استئنافیہ۔ اُكْتُبْ: (تو لکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔ مصدر۔كِتَابَةٌ۔(لکھنا)۔نَا:(ہم کو) ضمیر جمع متکلم۔ منصوب۔مفعول بہ۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر مفتوح۔مضاف۔ الشَّاهِدِيْنَ: (گواہوں کے)فاعل۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور جب اس (کتاب) کو سنتے ہیں جو (سب سے پہلے) پیغمبر (محمد ﷺ) پر نازل ہوئی تو تم دیکھتے ہو کہ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں اس لیے کہ انہوں نے حق بات پہچان لی اور وہ (اللہ کی جناب میں) عرض کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم ایمان لے آئے تو ہم کو ماننے والوں میں لکھ لے۔

وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔لَ:(لئے)حرف جار۔نَا :(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ نُؤْمِنُ:(ہم ایمان لائیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا :(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔جَآءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیْئٌ۔مَجِیْئٌ۔(آنا)۔ نَا:(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْحَقِّ :(سچ۔حق)اسم مجرور۔ وَ:

(حالانکہ)حالیہ۔ نَطْمَعُ :(ہم لالچ کرتے ہیں۔ہم خواہش رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔ باب۔ سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔طَمِعَ يَطْمَعُ۔مصدر۔طَمْعٌ۔(لالچ۔خواہش کرنا)۔ أَنْ :(کہ) مصدریہ ۔ ناصب مجرور۔ يُدْخِلَ:(وہ داخل کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَدْخَلَ يُدْخِلُ۔مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کر دینا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(دخ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔رَبَّنَا:(اے ہمارے رب)مرکب :(يَا+رَبَّ+نَا)حرف نداء(يَا)۔ محذوف + منادیٰ۔ مضاف+ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَعَ :(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔ الْقَوْمِ: (قوم)اسم مجرور۔موصوف۔ الصَّالِحِيْنَ :(نیک۔اچھے کام کرنے والے)فاعل۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور ہمیں کیا ہوا ہے کہ اللہ پر اور حق بات پر جو ہمارے پاس آئی ہے ایمان نہ لائیں اور ہم امید رکھتے ہیں کہ پروردگار ہم کو نیک بندوں کے ساتھ (بہشت میں) داخل کرے گا۔

فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ أَثَابَ:(اس نے ثواب دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب ۔ مادہ(ث و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔ثَابَ يَثِيْبُ۔مصدر۔اِثَابَةٌ۔(عمل کا بدلہ۔جزاء و سزاء۔ثواب دینا۔نتیجہ دینا)۔ هُمُ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ بِمَا: (جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ جَنَّاتٍ:(جَنَّةٌ۔کی جمع۔باغ۔)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ

ثانی۔تَجْرِيْ:(بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ محل اعراب تقدیراً مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ج ر ی) ناقص یائی۔صیغہ۔ جَرٰی یَجْرِیْ۔ مصدر۔جَرْيَانًا(چلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔تَحْتِ: (نیچے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْاَنْهَارُ:(نہریں)فاعل مرفوع۔ خَالِدِينَ :(ہمیشہ)منصوب۔حال۔ فِي:(میں)حرف جار۔ هَا: (اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور وَ:(اور)استئنافیہ۔ ذٰلِكَ :(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔ محلاً مبتداء۔مرفوع۔جَزَاءُ:(بدلہ)خبر مرفوع۔مضاف۔الْمُحْسِنِيْنَ:(احسان کرنے والوں)فاعل۔جمع مذکر ۔محلاً مضاف الیہ۔ مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:تو اللہ نے ان کو اس کہنے کے عوض (بہشت کے) باغ عطا فرمائے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے اور نیکو کاروں کا یہی صلہ ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبتداء مرفوع۔كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔بابتفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا) بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔نشانیاں)اسم مجرور۔مضاف۔نَا :(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُوْلَئِكَ :(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر۔ مبتداء۔مرفوع۔ أَصْحَابُ :(ساتھی۔ والے) خبر مرفوع۔مضاف۔ الْجَحِيْمِ :(دوزخ۔دہکتی آگ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں؛

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کون)منادیٰ۔لفظاً مرفوع۔محلاً منصوب۔مضاف۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا أَيُّ بدل منصوب۔آمَنُوْا: (وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُحَرِّمُوْا:(تم حرام ٹھہراؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ موجود۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔حَرَّمَ يُحَرِّمُ۔مصدر۔تَحْرِيْمٌ۔(حرام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ح ر م)صیغہ۔حَرَمَ يَحْرِمُ۔مصدر۔حِرْمًا۔حِرْمَانًا۔(محروم کردینا)۔ طَيِّبٰتِ :(عمدہ ۔پاک۔صاف کو)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مَا:(جس کو)اسم موصول۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ أَحَلَّ :(حلال کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ اَحَلَّ يُحِلُّ۔ مصدر۔اِحْلَالٌ۔حلال کرنا۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ل ل)مضاعف۔ حَلَّ يَحِلُّ۔ حَلَالًا (حلال ہونا۔جائز ہونا) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَعْتَدُوْا:(تم حد تجاوز کرو۔حد سے بڑھو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔ اِعْتَدٰى يَعْتَدِىْ۔مصدر۔اِعْتِدَاءٌ۔(تجاوز کرنا۔زیادتی کرنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ع د و)عَدَا يَعْدُو۔ مصدر۔عَدْوًا۔اِعْدُ۔(حد سے بڑھنا۔ دشمنی کرنا)۔ إِنَّ:(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُحِبُّ:(پسند کرتا ہے)فعل مضارع

واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔صیغہ حَبَّ یَحِبُّ۔مصدر۔ حِبٌّ۔ حُبًّا۔(پیار کرنا۔محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔ اَلْمُعْتَدِیْنَ :(حد سے تجاوز کرنے والوں کو)فاعل۔جمع مذکر۔ محلاً منصوب۔علامت۔ی۔ مفعول بہ۔اور جملہ اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:مومنو! جو پاکیزہ چیزیں اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں ان کو حرام نہ کرو اور حد سے نہ بڑھو کہ اللہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ كُلُوْا:(تم کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَکَلَ یَاکُلُ۔مصدر۔اَکْلٌ۔(کھانا)۔ مِمَّا :(اس سے جو)مرکب :(مِنْ+مَّا) حرف جار۔+اسم موصول ۔ محلاً اسم مجرور۔رَزَقَ:(اس نے رزق دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ یَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقٌ۔(رزق دینا)۔ کُمُ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مقدّم۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔حَلٰلًا:(حلال)منصوب۔حال۔ موصوف ۔طَیِّبًا:(عمدہ۔پاک۔خوش کن) منصوب۔صفت۔تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّقُوْا : (ڈرو۔پرہیز گاری کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیْ۔ مصدر۔ وِقَایَۃً۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔مفعول بہ۔الَّذِیْ:(جس)اسم موصول واحد مذکر۔ اَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مُؤْمِنُوْنَ :(ایمان دار۔ایمان والے) فاعل۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو حلال طیّب روزی اللہ نے تم کو دی ہے اسے کھاؤ اور اللہ سے جس پر ایمان رکھتے ہو ڈرتے رہو

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٨٩﴾

لَا: (نہیں) نافیہ۔ يُؤَاخِذُ: (وہ پکڑ و مواخذہ کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔ بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَخَذَ يَاخَذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ كُمُ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔ مرفوع۔ بِ: (ساتھ۔ پر) حرف جار۔ اللَّغْوِ: (لغو۔ فضول۔ یونہی) اسم مجرور۔ فِي: (میں) حرف جار۔ أَيْمَانِ: (يَمِيْنٌ کی جمع۔ قسموں) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لٰكِنْ: (لیکن) حرف استدراک۔ مشبہ بالفعل۔ خفیف۔ ناصب اسم۔ يُؤَاخِذُ: (وہ پکڑتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔ بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَخَذَ يَاخَذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِمَا: (جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار + اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔ عَقَّدْتُّمْ: (تم نے عہد کیا۔) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ عَقَّدَ يَعَقِّدُ۔ مصدر۔ تَعْقِيْدٌ۔ (پختہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ع ق د) عَقَدَ يَعْقِدُ۔ مصدر۔ عَقْدًا۔ (گانٹھ دینا۔ مضبوط کرنا۔ پختہ کرنا۔ نکاح کرنا)۔ الْأَيْمَانَ: (يَمِيْنٌ کی جمع۔ قسموں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ كَفَّارَتُ: (کفارہ) اصلاً رسم الخط۔ كَفَّارَةٌ تھا۔ برائے اتصال۔ تائے مبسوط لگائی گئی۔ مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هٗ: (اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور

مضاف الیہ۔ إِطْعَامُ:(کھانا کھلانا)خبر مرفوع۔مضاف۔ عَشَرَةِ :(دس)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔ مَسَاكِينَ:(مسکینوں کو)مجرور علامت ی۔مضاف الیہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔أَوْسَطِ:(درمیانہ)اسم مجرور ۔مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔تُطْعِمُونَ :(تم کھاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر ۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطْعَمَ يُطْعِمُ۔مصدر۔ اِطْعَامٌ۔(کھانا کھلانا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ط ع م)طَعِمَ يَطْعَمُ۔مصدر۔طَعَامًا۔طَعْمًا۔(کھانا کھانا) ۔ أَهْلِيْ:(گھر والے)اصلاً اَهْلِيْنَ۔نون جمع حذف بوجہ مضاف۔كُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَوْ :(یا)حرف عطف۔كِسْوَتُ:(پہناوا۔کپڑا۔لباس)اصلاً رسم الخط۔كِسْوَةٌ۔برائے اتصال تائے مبسوطہ لگائی گئی۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔تَحْرِيرُ :(آزاد کرنا)معطوف مرفوع۔مضاف۔رَقَبَةٍ:(گردن۔قیدی۔غلام)مجرور مضاف الیہ۔فَ: (پس)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔لَّمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع ۔ قالب۔ يَجِدْ:(وہ پائے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔فَ:(تو)برائے رابطہ۔جواب شرط۔صِيَامُ:(صَوْمٌ کی جمع ۔روزے)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔تقدیراً(كَفَّارَتُهُ)۔مضاف۔ ثَلَاثَةِ: (تین)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ أَيَّامٍ:(دنوں)مضاف الیہ۔مجرور۔ ذَٰلِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَفَّارَةُ :(کفارہ ہے۔غلطی کا جرمانہ۔نیکی کے ساتھ)خبر مرفوع۔ أَيْمَانِ:(قسموں کا) مجرور مضاف الیہ۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔حَلَفْتُمْ:(تم نے حلف لیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔صیغہ۔حَلَفَ يَحْلِفُ۔مصدر۔حَلْفًا۔(حلف لینا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔احْفَظُوا:(انہوں نے حفاظت کی)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔واؤ جمع الف فارقہ۔صیغہ۔حَفِظَ يَحْفَظُ۔مصدر۔حِفْظٌ۔(حفاظت کرنا)۔ أَيْمَانَ:(قسموں کا)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔كُمْ:(تمہاری۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَذَٰلِكَ:(اس طرح)مرکب:(كَ+

ذَ+لِ+كَ) حرف جار۔ تشبیہ۔ + اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ نائب مفعول مطلق۔ يُبَيِّنُ :(وہ کھول کر بیان کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ باب تفعیل۔ صیغہ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔ مصدر۔ تَبْيِيْنٌ(کھول کر بیان کرنا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب (ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ يَبْيَنُ۔ مصدر۔ بَيَانًا(بیان کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے) فاعل مرفوع۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ آيَاتِ:(آیات۔ نشانیاں) مجرور مضاف الیہ۔ هِ :(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ لَعَلَّ: (شاید) ترجی۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تَشْكُرُوْنَ:(تم شکر کرو۔ اللہ کی نعمتوں کی قدر کرو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع ۔ محلاً جملہ لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ش ک ر) صیغہ۔ شَكَرَ يَشْكُرُ۔ مصدر۔ شُكْرًا۔ (شکر کرنا۔ قدر کرنا)۔

ترجمہ آیت: اللہ تمہاری بے ارادہ قسموں پر تم سے مواخذہ نہیں کرے گا لیکن پختہ قسموں پر (جن کے خلاف کرو گے) مواخذہ کرے گا تو اس کا کفارہ دس محتاجوں کو اوسط درجے کا کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے اہل وعیال کو کھلاتے ہو یا ان کو کپڑے دینا یا ایک غلام آزاد کرنا اور جس کو میسر نہ ہو وہ تین روزے رکھے یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسم کھالو (اور اسے توڑ دو) اور (تم کو) چاہیئے کہ اپنی قسموں کی حفاظت کرو اس طرح اللہ تمہارے (سمجھانے کے) لیے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم شکر کرو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾

يَا:(اے) حرف نداء۔ أَيُّ:(کون) منادیٰ۔ لفظاً مرفوع۔ محلاً منصوب۔ مضاف۔ هَا:(اوئے) حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ:(وہ جو) اسم موصول۔ مبنی برفتحہ۔ محلاً أَيُّ کا بدل منصوب۔ آمَنُوا:(وہ سب ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔

صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ اِنَّمَا :(در حقیقت۔صرف اور صرف) کافة و مکفوفة۔ مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم +اسم موصول۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ اَلْخَمْرُ:(شراب)مبتداء۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَلْمَيْسِرُ:(جوا)معطوف۔مرفوع۔وَ: (اور)حرف عطف۔اَلْأَنصَابُ:(تردّے۔گاڑے ہوئے پتھر)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَلْأَزْلَامُ:(فال نکالنے والے تیر۔کسی بھی طریقہ سے فال نکالنا)معطوف۔مرفوع۔موصوف رِجْسٌ:(ناپاک۔پلید)خبر مرفوع ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔عَمَلِ :(کام۔عمل)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت۔مضاف۔ اَلشَّيْطَانِ: (شیطان۔ ہر وہ چیز جو تکلیف پہنچائے)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔اجْتَنِبُوْ:(تم پہلو تہی کرو۔پرہیز کرو۔کنارہ کرو۔بچو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَعَلَّ: (شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تُفْلِحُوْنَ:(تم فلاح پاؤ۔کامیاب ہو جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَفْلَحَ يُفْلِحُ۔مصدر۔اِفْلَاحًا۔(کامیاب ہونا)ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔ مادہ(ف ل ح)صیغہ۔فَلَحَ يَفْلَحُ۔مصدر۔فَلَاحٌ۔(کامیاب ہونا)۔

ترجمہ آیت:اے ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور پاسے (یہ سب) ناپاک کام اعمال شیطان سے ہیں سو ان سے بچتے رہنا تاکہ نجات پاؤ۔

اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾

اِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف) کافة و مکفوفة۔ مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم+اسم موصول۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ يُرِيدُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔محلاً اعراب۔ مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔ (ارادہ کرنا)۔

چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ الشَّيْطَانُ: (شیطان۔ابلیس۔ہر وہ چیز جو تکلیف پہنچائے)فاعل۔مرفوع۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُوقِعَ: (ڈالے۔گرائے۔واقع ہو)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْقَعَ يُوْقِعُ۔مصدر۔اِيْقَاعًا۔(ڈالنا۔واقع ہونا)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی برف فتحہ۔مضاف۔ كُمُ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْعَدَاوَةَ :(دشمنی۔عداوت)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْبَغْضَاءَ:(بغض)معطوف منصوب۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْخَمْرِ:(شراب) اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَيْسِرِ:(جوُا)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَصُدَّ:(روکتی ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصُدُّ۔ مصدر ۔صَدٌّ۔صُدُوْدًا۔(رکنا۔روکنا۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَنْ:(سے) حرف جار۔ ذِكْرِ:(یاد۔ذکر)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف۔ الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔عَنِ:(سے)حرف جار۔الصَّلَاةِ:(صلوٰۃ)اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔هَلْ:(کیا) حرف استفہام۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔ محلاً مبتداء مرفوع۔مُّنْتَهُوْنَ :(رکنے والے۔منع ہونے والے۔باز آنے والے)فاعل۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے سبب تمہارے آپس میں دشمنی اور رنجش ڈلوا دے اور تمہیں اللہ کی یاد سے اور نماز سے روک دے تو تم کو(ان کاموں سے) باز رہنا چاہیئے۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَطِيعُوا:(اطاعت کرو۔فرمانبرداری کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(خوشی سے کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔صیغہ طَاعَ يَطُوْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(خوشی سے کرنا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)

منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَطِيْعُوْا:(اطاعت کرو۔ فرمانبرداری کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَطَاعَ يُطِيْعُ۔ مصدر۔ اِطَاعَةٌ۔ (خوشی سے کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ط و ع) اجوف واوی۔ صیغہ طَاعَ يَطُوْعُ۔ مصدر۔ طَوْعًا۔ (خوشی سے کرنا)۔ الرَّسُولَ:(پیغمبر) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ احْذَرُوْا:(احتیاط کرو۔ ڈرو) فعل؛ امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔ مادہ (ح ذ ر) صیغہ۔ حَذِرَ يَحْذَرُ۔ مصدر۔ حَذْرٌ۔ (ڈرنا۔ پرہیز کرنا۔ احتیاط کرنا)۔ فَ:(پس) استئنافیہ۔ إِنْ:(اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ تَوَلَّيْتُمْ:(تم نے منہ پھیرا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔ مصدر۔ تَوَلِّيٌ۔ (لوٹنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حسب۔ مادہ (و ل ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِيَ يَلِيُ۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ فعل شرط۔ محلاً مجزوم۔ فَ:(پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ اعْلَمُوْا:(تم جان لو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجزوم فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ أَنَّمَا: :(درحقیقت۔ صرف اور صرف) كافة و مكفوفة۔ مرکب:(أَنَّ+ مَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم+اسم موصول۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَى:(پر) حرف جار۔ رَسُوْلِ:(پیغمبر) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا :(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْبَلَاغُ : (پہنچ ۔رسائی) مبتداء مرفوع۔ موصوف۔ الْمُبِيْنُ:(واضح۔ کھلم کھلی۔ اعلانیہ) صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اللہ کی فرمانبرداری اور رسولِ (اللہ) کی اطاعت کرتے رہو اور ڈرتے رہو اگر منہ پھیر وگے تو جان رکھو کہ ہمارے پیغمبر کے ذمے تو صرف پیغام کا کھول کر پہنچا دینا ہے۔

لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾

لَيْسَ :(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔خبر کا ناصب۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔اور شبہ جملہ مرفوع۔خبر لَيْسَ کی منصوب۔آمَنُوْا: (وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوْا:(انہوں نے عمل کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔ عَمْلًا (کرنا)۔الصَّالِحَاتِ : (نیکیاں)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ جُنَاحٌ:(گناہ) لَيْسَ کا اسم مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ طَعِمُوْا:(انہوں نے کھایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ط ع م)طَعِمَ يَطْعَمُ۔مصدر۔طَعَامًا۔طَعْمًا۔(کھانا کھانا) ۔ إِذَا: (جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ مَا:(جو)حرف زائدہ۔ اتَّقَوْا:(تم پرہیز گاری اختیار کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔ (اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔آمَنُوْا: (وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوْا:() ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمْلًا (کرنا)۔الصَّالِحَاتِ:(نیک۔اچھے)لفظاً مکسور۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ ثُمَّ: (پھر)حرف عطف۔ اتَّقَوْا تم پرہیز گاری اختیار کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(و

ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقیٰ یَقِیۡ۔مصدر۔وِقَایَۃً۔وَقْیًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ وَّ:() آمَنُوْا:(وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیۡمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ءم ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ اتَّقَوْا:(تم پرہیز گاری اختیار کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(وق ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقیٰ یَقِیۡ۔مصدر۔ وِقَایَۃً۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ وَّ: (اور)حرف عطف۔ اَحْسَنُوْا:(انہوں نے احسان کیا۔اچھا کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْسَنَ یُحْسِنُ۔مصدر۔ اِحْسَانٌ۔ (احسان کرنا۔بھلائی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ح س ن)صیغہ۔حَسُنَ یَحْسُنُ۔مصدر۔ حُسْنًا ۔(ٹھیک کرنا۔اچھا کرنا)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔یُحِبُّ:(وہ محبت کرتا ہے۔پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔ مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔ پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ حَبَّ یَحِبُّ۔مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔محبت کرنا۔پسند کرنا۔الْمُحْسِنِیْنَ:(احسان کرے والے) محلاً منصوب۔ علامت۔ ی۔مفعول بہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان پر ان چیزوں کا کچھ گناہ نہیں جو وہ کھا چکے جب کہ انہوں نے پرہیز کیا اور ایمان لائے اور نیک کام کیے پھر پرہیز کیا اور ایمان لائے پھر پرہیز کیا اور نیکوکاری کی اور اللہ نیکو کاروں کو دوست رکھتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗۤ اَيْدِيْكُمْ وَ رِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون)منادیٰ۔لفظاًمرفوع۔محلاًمنصوب۔مضاف۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔الَّذِينَ:(وہ جو) اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاًأَيُّ کابدل منصوب۔آمَنُواْ: (وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔يَبْلُوَنَّ:(وہ ضرور بالضرور آزمائش میں ڈالے گا) فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔مرفوع۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ كُمُ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ شَيْءٍ: (کسی چیز کے)اسم مجرور۔مِّنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ محلاً فتحہ۔برائے اتصال۔ الصَّيْدِ:(شکار)اسم مجرور۔ تَنَالُ:(تو حاصل کر لوگے۔پالوگے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ هُ: (اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أَيْدِي:(ہاتھوں)فاعل مرفوع۔جمع۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رِمَاحُ:(نیزے)معطوف مرفوع۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ: (تاکہ)لائے تعلیل(لائے کئی)۔ناصب مضارع۔ يَعْلَمَ:(وہ علم رکھے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل ۔مرفوع۔ مَنْ: (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔ يَخَافُ:(وہ ڈرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔صیغہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ و ف)صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(خوف کھانا۔هُ :(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔منصوب مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْغَيْبِ:(غیب۔ پوشیدہ)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف یا استئنافیہ۔ مَنِ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔محلاً

مبتداء۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ اعْتَدَی:(اس نے تجاوز کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِعْتَدٰی یَعْتَدِیُ۔ مصدر۔ اِعْتِدَاءٌ۔(تجاوز کرنا۔زیادتی کرنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(ع د و)عَدَا یَعْدُو۔ مصدر۔ عَدْوً۔اِعْدُ۔(حد سے بڑھنا۔ دشمنی کرنا)۔ بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ ذٰلِكَ:(وہ۔اس)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر ف فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً ۔ خبر مقدّم۔مرفوع۔عَذَابٌ:(عذاب۔سزاء)مبتداء مرفوع۔موصوف۔ أَلِيْمٌ:(بہت دکھ والا۔دردناک)صفت مرفوع۔تابع۔

ترجمہ آیت:مومنو! کسی قدر شکار سے جن کو تم ہاتھوں اور نیزوں سے پکڑ سکو اللہ تمہاری آزمائش کرے گا(یعنی حالت احرام میں شکار کی ممانعت سے) تاکہ معلوم کرے کہ اس سے غائبانہ کون ڈرتا ہے تو جو اس کے بعد زیادتی کرے اس کے لیے دکھ دینے والا عذاب (تیار) ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۭ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾

:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کون)منادیٰ۔لفظاً مرفوع۔محلاً منصوب۔مضاف۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً أَيُّ کابدل منصوب۔آمَنُوا: (وہ سب ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقْتُلُوا:(تم قتل کرو۔مارو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب

نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ الصَّيْدَ:(شکار کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ أَنْتُمْ:(تم) ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ حُرُمٌ:(احرام میں ہو) مرفوع۔ خبر۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مَنْ:(جو) اسم موصول۔ شرطیہ۔ جازم فعل شرط۔ قَتَلَ:(اس نے قتل کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ هُ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاًاسم مجرور۔ مُتَعَمِّدًا: (عمداً۔ارادۃً۔ قصداً) منصوب۔ حال۔ فَ:(پس) رابطہ جواب شرط۔جَزَاءٌ:(جزاء۔بدلہ) مبتداء مرفوع۔ مِثْلُ:(مانند۔طرح) خبر مرفوع۔ جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔ شرط اور جواب مل کر مَنْ مبتداء کی خبر۔ مرفوع۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَتَلَ:(اس نے قتل کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ مِنَ:(سے) حرف جار۔ النَّعَمِ:(مویشی۔چوپائے) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ یَحْكُمُ:(وہ حکم دیں گے۔ فیصلہ دیں گے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ح ک م) صیغہ۔ حَكَمَ یَحْكُمُ۔مصدر۔حُكْمًا۔(فیصلہ کرنا)۔بِ:(ساتھ۔پر) حرف جار۔ هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ ذَوَا:(دو۔والے۔دو ساتھی۔دو صاحب) فاعل۔ مرفوع۔ از ستّہ مکبّرہ تثنیہ۔ مضاف۔ عَدْلٍ:(عدل) مجرور مضاف الیہ۔مِّن:(سے) حرف جار۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمرفوع صفت۔هَدْيًا:(ہدیہ۔تحفہ) منصوب۔حال۔ بَالِغَ:(پہنچنے والا) صفت منصوب۔ مضاف۔ الْكَعْبَةِ:(کعبہ کو) مجرور مضاف الیہ۔أَوْ:(یا) حرف عطف۔كَفَّارَةٌ:(غلطی کا جرمانہ۔ غلطی کی سزاء۔گناہ سے معافی کا طلبگار ہونا)۔ معطوف مرفوع۔ طَعَامُ:(کھانا) عطف بیان۔ مرفوع۔ مَسَاكِينَ: (مسکینوں کو) مضاف الیہ مجرور۔علامت۔ی۔أَوْ:(یا) حرف عطف۔عَدْلُ:(عدل) معطوف مرفوع۔ مضاف۔ ذَلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔مبنی برفتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔صِيَامًا:(روزے) منصوب۔ تمییز۔ لِّ:(تاکہ)

لائے تعلیل(لائے کئی)۔ناصب مضارع۔ يَذُوقَ :(وہ چکھے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوقُ۔ذَوقٌ۔(مزہ چکھنا)۔ وَبَالَ:(مصیبت۔ دکھ۔ سزاء) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ أَمْرِ:(کام۔معاملہ۔حکم)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف علیہ۔ عَفَا:(اس نے معاف کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ع ف و)صیغہ۔عَفَا يَعْفُو۔مصدر۔عَفْوًا۔(درگزر کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔مرفوع۔ عَمَّا: (اس سے جو)مرکب :(عَنْ+مَّا)حرف جار+اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ سَلَفَ:(وہ گزر گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(س ل ف)صیغہ۔سَلَفَ يَسْلُفُ۔مصدر۔سَلْفٌ۔(گزر جانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنْ :(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل مشرط۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔ عَادَ: (وہ لوٹا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔محلاً مجزوم فعل شرط۔باب نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔ صیغہ۔عَادَ يَعُودُ۔مصدر۔عَوْدًا۔(اعادہ کرنا۔دہرانا۔لوٹانا)۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ يَنْتَقِمُ: (وہ ان کو سزا دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جواب فعل شرط۔محلاً مجزوم جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب انفعال۔صیغہ اِنْتَقَمَ يُنْتَقِمُ۔مصدر۔اِنْتِقَامٌ۔()ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ق م)صیغہ ۔ نَقَمَ يَنْقِمُ۔مصدر۔نَقْمًا۔نُقُومًا۔(تشدد کرنا۔سزا دینا۔بدلہ لینا۔انتقام لینا) اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ فاعل۔مرفوع۔ جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔شرط اور جواب شرط مل کر محلاً مَنْ مبتداء کی خبر مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ عَزِيزٌ :(بہت ہی عزت والا)مبالغہ۔محلاً خبر مرفوع۔ ذُو:(والا)خبر ثانی۔ مرفوع۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ اِنْتِقَامٍ :(بدلہ۔سزا)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:مومنو! جب تم احرام کی حالت میں ہو تو شکار نہ مارنا اور جو تم میں سے جان بوجھ کر اسے مارے تو(یا تو اس کا) بدلہ(دے اور وہ یہ ہے کہ) اسی طرح کا چارپایہ جسے تم میں دو معتبر شخص مقرر کر دیں قربانی (کرے اور

یہ قربانی) کعبے پہنچائی جائے یا کفارہ (دے اور وہ) مسکینوں کو کھانا کھلانا (ہے) یا اس کے برابر روزے رکھے تاکہ اپنے کام کی سزا (کا مزہ) چکھے (اور) جو پہلے ہو چکا وہ اللہ نے معاف کر دیا اور جو پھر (ایسا کام) کرے گا تو اللہ اس سے انتقام لے گا اور اللہ غالب اور انتقام لینے والا ہے۔

أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۖ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٩٦﴾

أُحِلَّ: (حلال کیا گیا) فعل ماضی مجہول مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَحَلَّ یُحِلُّ۔مصدر۔ اِحْلَالٌ۔حلال کرنا۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ح ل ل) مضاعف۔حَلَّ یَحِلُّ۔حَلَالًا ۔(حلال ہونا۔جائز ہونا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ کُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ صَیْدُ: (شکار) نائب فاعل مرفوع۔مضاف۔ الْبَحْرِ: (سمندر۔دریا) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ طَعَامُ: (کھانا) معطوف بر صَیْدُ۔مرفوع۔مضاف۔ہٗ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ مَتَاعًا: (بہرہ مند۔ فائدہ مند) منصوب۔مفعول لہٗ۔لَّ: (لئے) حرف جار۔کُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔وَ: (اور) حرف عطف۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ السَّیَّارَةِ: (قافلہ۔چلنے والے) اسم مجرور وَ: (اور) حرف عطف۔ حُرِّمَ: (حرام کر دی گئی) فعل مجہول ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔حَرَّمَ یُحَرِّمُ ۔مصدر۔ تَحْرِیْمٌ۔(حرام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ح ر م) صیغہ۔حَرَمَ یَحْرِمُ۔مصدر۔ حِرْمًا۔ حِرْمَانًا۔(محروم کر دینا)۔ عَلَیْ: (پر) حرف جار۔کُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ صَیْدُ: (شکار) نائب فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ الْبَرِّ: (خشکی) اسم مجرور۔ مَا: (کہ) حرف مصدریہ۔زمانیہ۔ دُمْتُمْ: (تم ہمیشہ رہو)۔فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (د و م) اجوف واوی۔ صیغہ۔ دَامَ یَدُوْمُ۔مصدر۔دَوَامٌ۔ دَوْمًا ۔(رہنا۔برداشت کرنا۔ہونا) ۔ حُرُمًا: () دَامَ کی خبر منصوب۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔اتَّقُوْا: (ڈرو۔پرہیز کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ ۔ ثلاثی

مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیۡ۔مصدر۔ وِقَایَةً۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔الَّذِيَ :(وہ جو)اسم موصول إِلَيۡ: (طرف) حرف جار۔ہِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تُحۡشَرُوۡنَ :(تم جمع کئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر) صیغہ۔حَشَرَ یَحۡشُرُ۔مصدر۔حَشۡرًا۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔

ترجمہ آیت: تمہارے لیے دریا (کی چیزوں) کا شکار اور ان کا کھانا حلال کر دیا گیا ہے(یعنی) تمہارے اور مسافروں کے فائدے کے لیے اور جنگل (کی چیزوں) کا شکار جب تک تم احرام کی حالت میں رہو تم پر حرام ہے اور اللہ سے جس کے پاس تم (سب) جمع کئے جاؤ گے ڈرتے رہو۔

جَعَلَ اللّٰهُ الۡكَعۡبَةَ الۡبَيۡتَ الۡحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهۡرَ الۡحَرَامَ وَالۡهَدۡىَ وَالۡقَلَاۤئِدَ ذٰلِكَ لِتَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۹۷﴾

جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ جَعَلَ یَجۡعَلَ۔ مصدر۔جَعۡلًا۔(بنانا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔الۡكَعۡبَةَ:(کعبہ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف ۔ الۡبَيۡتَ :(گھر)عطف بیان۔تابع۔موصوف۔الۡحَرَامَ:(محترم۔پاک)منصوب۔صفت۔تابع۔قِيَامًا: (قیام۔امن کا سبب)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ لنَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ الشَّهۡرَ :(مہینہ)معطوف منصوب۔موصوف۔الۡحَرَامَ:(حرمت والا)منصوب صفت۔ تابع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الۡهَدۡيَ:(تحفہ۔قربانی)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الۡقَلَائِدَ: (پٹہ ڈالے ہوئے)معطوف۔منصوب۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر فتحہ۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ تَعۡلَمُوۡا:(تم جان لو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع۔

ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا)۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ یَعْلَمُ :(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ محلاً جملہ أَنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔ فِي:(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ: (اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔ فِي:(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ كُلِّ :(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔ مضاف۔شَيْءٍ :(چیز)مجرور۔ مضاف الیہ۔عَلِيْمٌ : (خوب جاننے والا)مبالغہ۔ أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اللہ نے عزت کے گھر (یعنی) کعبے کو لوگوں کے لیے موجب امن مقرر فرمایا ہے اور عزت کے مہینوں کو اور قربانی کو اور ان جانوروں کو جن کے گلے میں پٹے بندھے ہوں یہ اس لیے کہ تم جان لو کہ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ سب کو جانتا ہے اور یہ کہ اللہ کو ہر چیز کا علم ہے۔

اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَ اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾

اِعْلَمُوْا:(جان لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا) أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔شَدِيْدُ:(سخت) أَنَّ کی۔خبر مرفوع۔مضاف۔ الْعِقَابِ:(سزا) مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ غَفُوْرٌ :(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔أَنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔أَنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: جان رکھو کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے اور یہ کہ اللہ بخشنے والا مہربان بھی ہے

مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾

مَّا :(نہیں)نافیہ۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ الرَّسُولِ:(پیغمبر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم۔ إِلَّا: (مگر۔سوائے)حرف حصر۔ الْبَلَاغُ :(پہنچانا)مرفوع مبتداء مؤخر۔وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء۔مرفوع۔ يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ تُبْدُوْنَ:(تم اعلانیہ کرتے ہو۔ظاہر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْدٰی يُبْدِیْءُ مصدر۔اِبْدَاءٌ۔(ظاہر کرنا۔کھلم کھلا کرنا۔اعلانیہ کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب د و)ناقص واوی۔بَدَا يَبْدُو۔مصدر۔ بَدَاءً۔ بُدُوًا۔ (ظاہر کرنا۔) وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ تَكْتُمُوْنَ :(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک ت م)صیغہ كَتَمَ يَكْتُمُ۔ مصدر۔كِتْمَانٌ(چھپانا)۔

ترجمہ آیت:پیغمبر کے ذمے تو صرف پیغام اللہ کا پہنچا دینا ہے اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ مخفی کرتے ہو اللہ کو سب معلوم ہے۔

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَسْتَوِي:(برابر ہوتے ہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔

اِسْتَوٰی یَسْتَوِیُ۔مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(برابر ہونا)ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ(س و ی)لفیف مقرون۔ اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِیَ یَسْوٰی ۔مصدر۔ سَوَیٌ۔ (مکمل۔ پورا۔برابر۔مضبوط)۔اَلْخَبِیْثُ:(ناپاک۔ بری۔گندی) فاعل۔ مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَلطَّیِّبُ: (عمدہ۔ صاف) معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ اَعْجَبَ:(اس کو حیرت میں ڈالا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْجَبَ یُعْجِبُ۔مصدر۔اِعْجَابٌ۔(حیرت میں ڈالنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔ مادہ(ع ج ب)صیغہ۔ عَجِبَ یَعْجَبُ۔ مصدر۔عَجَبًا۔ عُجْبًا۔(وہ حیران ہوا)۔ كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ كَثْرَةُ:(کثرت۔ زیادہ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ اَلْخَبِیْثِ:(بری۔گندی۔ناپاک)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔ اِتَّقُوْا: (ڈرو۔ پرہیز گاری کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیُ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیُ۔مصدر۔وِقَایَةً۔وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقویٰ اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔اَللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔یَا:(اے)حرف نداء۔ اُولِی:(والے)منادیٰ۔تقدیراً منصوب۔مضاف۔ اَلْاَلْبَابِ:(لُبٌّ کی جمع۔ عقل)مجرور مضاف الیہ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تُفْلِحُوْنَ:(تم فلاح پاؤ۔تم کامیاب ہو جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفْلَحَ یُفْلِحُ۔مصدر۔اِفْلَاحٌ۔(کامیاب ہونا۔)ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ف ل ح)صیغہ ۔ فَلَحَ یَفْلَحُ۔مصدر۔فَلَاحًا۔(فلاح پانا۔کامیاب ہونا۔پاس ہونا۔زراعت کے لئے زمین کو پھاڑنا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ ناپاک چیزیں اور پاک چیزیں برابر نہیں ہوتیں گو ناپاک چیزوں کی کثرت تمہیں خوش ہی لگے تو عقل والو اللہ سے ڈرتے رہو تا کہ رستگاری حاصل کرو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾

دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِذْ : (جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ بمعنی فاضی۔ وُقِفُوْا :(کھڑے کئے جائیں گے) فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وق ف)مثال واوی۔صیغہ۔ وَقَفَ يَقِفُ۔ مصدر۔وقوفًا۔(کھڑا کرنا۔ٹھہرنا)۔عَلَى :(پر)حرف جار۔النَّارِ :(آگ)اسم مجرور۔ فَ :(پھر)رابطہ برائے جواب شرط۔قَالُوْا : (انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا :(اے)حرف نداء۔تنبیہ۔ لَيْتَ :(کاش)حرف تمنّا۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔نَا :(ہم)ضمیر جمع متکلم۔محلاً کا لَيْتَ اسم منصوب۔ نُرَدُّ :(ہم لوٹادئے جائیں)فعل مضارع مجہول جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ رَدَّ يَرُدُّ۔مصدر۔رَدًّا۔(لوٹانا۔پھیرنا)۔ وَ :(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ)نافیہ۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔نُكَذِّبَ :(ہم جھٹلائیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ :(نشانیوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ : (ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔نَا :(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔نَكُوْنَ :(ہم ہوں)معطوف منصوب۔فعل ناقص مضارع جمع متکلم۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الْمُؤْمِنِيْنَ :(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان دار۔ایمان رکھنے والے)اسم مجرور۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:کاش تم(ان کو اس وقت) دیکھو جب یہ دوزخ کے کنارے کھڑے کئے جائیں گے اور کہیں گے کہ اے کاش ہم پھر(دنیا میں) لوٹا دیئے جائیں تا کہ اپنے پروردگار کی آیتوں کی تکذیب نہ کریں اور مومن ہو جائیں۔

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾

بَلْ :(بلکہ)حرف اضراب۔اور ابتداء۔ بَدَا:(ظاہر ہو گیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ب د و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَدَا يَبْدُو۔مصدر۔بَدَاءً۔ بُدُوًّا۔(ظاہر کرنا)۔ باب نصر۔مادہ(ب د ء) مہموز اللام۔صیغہ۔بَدَا يَبْدَءُ۔مصادر۔ بَدءً ا۔بَدْأَةً۔بِدَايَةً ۔(شروع کرنا۔ابتداء کرنا۔پیدا کرنا)۔لَ : (لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔ كَانُوْا :(وہ تھے۔وہ ہوں)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ يُخْفُوْنَ :(وہ چھپاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَخْفٰى يُخْفِيْ۔مصدر۔ اِخْفَاءٌ۔ (چھپانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(خ ف ی) ناقص یائی۔صیغہ۔خَفٰى يَخْفِيْ۔مصدر۔خَفْيًا۔ چھپنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ قَبْلُ :(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ :(اور)حرف عطف۔ لَوْ : (اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ رُدُّوْا :(انہوں نے لوٹایا)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ۔رَدَّ يَرُدُّ۔مصدر۔رَدًّا۔(لوٹانا۔پھیرنا۔جواب دینا)۔ لَ : (یقیناً)لائے تاکید۔عَادُوْا :(وہ اعادہ کریں۔وہ دہرائیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔صیغہ۔عَادَ يَعُوْدُ۔مصدر۔عَوْدًا۔(لوٹنا۔دہرانا)۔لِمَا :(جس لئے)مرکب :(لِ+مَا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ نُهُوْا :(منع کئے گئے۔روکے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ع ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔ صیغہ ۔ نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔نَهْيٌ۔(روکنا۔ منع کرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُ :(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔وَ :(اور)حرف عطف۔اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکرغائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ :(یقیناً)لائے مزحلقہ۔كٰذِبُوْنَ :(جھوٹ بولنے والے)فاعل جمع مذکر۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:ہاں یہ جو کچھ پہلے چھپایا کرتے تھے (آج) ان پر ظاہر ہو گیا ہے اور اگر یہ (دنیا میں) لوٹائے بھی جائیں تو جن (کاموں) سے ان کو منع کیا گیا تھا وہی پھر کرنے لگیں۔کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں۔

وَ قَالُوْٓا اِنْ هِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنْیَا وَ مَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِیْنَ ﴿۲۹﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔قَالُوْا :(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ اِنْ :(نہیں)نافیہ۔ هِیَ : (وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مرفوع مبتداء۔اِلَّا :(مگر)حرف حصر۔حَیَاتُ :(زندگی)مرفوع خبر۔ مضاف ۔نَا :(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔ الدُّنْیَا :(دنیا)غیر منصرف۔ منصوب۔مفعول بہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مَا : (نہیں)نافیہ۔کا عمل لَیْسَ کی طرح۔ناصب خبر۔ نَحْنُ :(ہم)ضمیر منفصل جمع متکلم۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔بِ :(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔مَبْعُوْثِیْنَ :(اٹھائے ہوئے)اسم مفعول۔لفظاً اسم مجرور۔علامت۔ ی۔جملہ محلاً مَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور کہتے ہیں کہ ہماری جو دنیا کی زندگی ہے بس یہی (زندگی) ہے اور ہم (مرنے کے بعد) پھر زندہ نہیں کئے جائیں گے۔

وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ وُقِفُوْا عَلٰی رَبِّهِمْ قَالَ اَلَیْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰی وَرَبِّنَا قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔یا استئنافیہ۔لَوْ :(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔تَرٰی :(تو دیکھے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْیَةٌ۔ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ اِذْ :(جب)ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔ وُقِفُوْا :(وہ کھڑے کئے جائیں گے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ف)مثال

واوی۔صیغہ۔ وَقَفَ يَقِفُ۔ مصدر۔وقوفًا۔(کھڑا کرنا۔ ٹھہرنا)۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔ رَبِّ :(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔برائے زجر و توبیخ۔ڈانٹ ڈپٹ۔لَيْسَ :(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ هَذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً لَيْسَ کا اسم مرفوع۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔الْحَقِّ :(حق کے)اسم مجرور۔لفظاً مکسور۔ محلاً لَيْسَ کی خبر منصوب۔قَالُوْا :(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ بَلَى :(ہاں۔کیوں نہیں)حرف جواب مثبت کے لئے وَ : (قسم)حرف جار۔قسمیہ۔رَبِّ :(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ (ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا ۔(کہنا۔بات کرنا)۔ فَ:(پھر)برائے رابطہ۔ذُوْقُوْا :(تم چکھو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤجمع الف فارقہ۔صیغہ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔ذَوْقٌ۔(مزہ چکھنا)۔ العَذَابَ :(سزاء۔عذاب کا)منصوب۔مفعول بہ۔بِمَا :(جو کچھ)مرکب :(بِ+مَا)حرف جار+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ كُنْتُمْ :(تم ہو۔تم تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَكْفُرُوْنَ :(کفر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع ۔نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور کاش تم (ان کو اس وقت) دیکھو جب یہ اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے اور وہ فرمائے گا کیا یہ (دوبارہ زندہ ہونا) برحق نہیں تو کہیں گے کیوں نہیں پروردگار کی قسم (بالکل برحق ہے)اللہ فرمائے گا اب کفر کے بدلے (جو دنیا میں کرتے تھے) عذاب (کے مزے) چکھو۔

قَدۡ خَسِرَ الَّذِیۡنَ کَذَّبُوۡا بِلِقَآءِ اللّٰہِ ؕ حَتّٰۤی اِذَا جَآءَتۡہُمُ السَّاعَۃُ بَغۡتَۃً قَالُوۡا یٰحَسۡرَتَنَا عَلٰی مَا فَرَّطۡنَا فِیۡہَا ۙ وَ ہُمۡ یَحۡمِلُوۡنَ اَوۡزَارَہُمۡ عَلٰی ظُہُوۡرِہِمۡ ؕ اَلَا سَآءَ مَا یَزِرُوۡنَ ﴿۳۱﴾

قَدۡ :(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَسِرَ :(اس نے گھاٹا کھایا۔نقصان اٹھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔اب سمع۔مادہ(خ س ر)صیغہ۔خَسِرَ یَخۡسَرُ۔مصدر۔خَسَارَۃٌ۔ (گھاٹا۔ نقصان)۔ الَّذِینَ :(جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع۔فاعل۔ کَذَّبُوۡا :(انہوں نے جھٹلایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واوَ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکۡذِیۡبٌ۔(جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔کَذَبَ یَکۡذِبُ۔مصدر۔کِذۡبًا۔ کِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ : (ساتھ)حرف جار۔لِقَاءِ :(ملاقات۔ملنا)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ حَتّٰی:(یہاں تک)حرف غایت۔اَنۡ مضمر ناصب مضارع۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جَاءَتۡ :(وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت ضمیر تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ جَاءَ یَجِیۡئُ۔جِیۡئٌ۔مَجِیۡئٌ۔(آنا)۔ ھُمۡ :(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔السَّاعَۃُ:(گھڑی۔وقت)مرفوع۔فاعل۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَغۡتَۃً: (اچانک ۔ یکدم)قَالُوۡا: (انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوَ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ یَا :(اے)حرف نداء۔ حَسۡرَتَ :(افسوس۔اندر باہر سے جلنا) منصوب۔مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَیٰ :(پر)حرف جار۔ مَا : (جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ فَرَّطۡنَا:(ہم نے کمی کی۔ہم نے کوتاہی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ ۔باب تفعیل۔صیغہ فَرَّطَ یُفَرِّطُ۔مصدر۔تَفۡرِیۡطًا۔(کوتاہی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ف ر ط) صیغہ۔ فَرَطَ یَفۡرَطُ۔مصدر۔فَرۡطًا۔فُرُوۡطًا۔(جلدی کرنا)۔فِيۡ :(میں)حرف جار۔ھَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ :(حالانکہ)حالیہ۔ھُمۡ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔ یَحۡمِلُوۡنَ:(وہ

بوجھ اٹھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور منصوب حال۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ یَحْمِلُ۔ مصدر۔حَمْلًا۔ (بوجھ اٹھانا)۔ أَوْزَارَ :(بوجھوں کو۔گناہوں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ :(اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ظُهُورِ :(پیٹھوں)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ: (اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ لَا :(خبردار)حرف تنبیہ۔سَاءَ :(برا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔از افعال ذم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔ سَاءَ یَسُوْءُ۔ مصدر۔ سُوْءٌ۔(برا کرنا)۔ مَا :(جو)اسم موصول۔محلاً فاعل۔مرفوع۔یَزِرُوْنَ :(وہ بوجھ اٹھاتے ہیں۔اٹھائیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔

ترجمہ آیت:جن لوگوں نے اللہ کے روبرو حاضر ہونے کو جھوٹ سمجھا وہ گھاٹے میں آ گئے۔یہاں تک کہ جب ان پر قیامت ناگہاں آموجود ہوگی تو بول اٹھیں گے کہ (ہائے) اس تقصیر پر افسوس ہے جو ہم نے قیامت کے بارے میں کی۔اور وہ اپنے (اعمال کے) بوجھ اپنی پیٹھوں پر اٹھائے ہوئے ہوں گے۔دیکھو جو بوجھ یہ اٹھا رہے ہیں بہت برا ہے

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔الْحَيَاةُ :(زندگی)مبتداء مرفوع۔موصوف۔الدُّنْیَا:(دنیا)غیر منصرف ۔محلاً مرفوع۔صفت۔إِلَّا :(سوائے)حرف حصر۔لَعِبٌ :(کھیل)خبر مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔لَهْوٌ :(تماشہ۔جس سے کسی قسم کا فائدہ نہ ہو۔)معطوف مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔لَ :(یقیناً)لائے تاکید ۔لدَّارُ:(گھر)مرفوع۔مبتداء۔موصوف۔الْآخِرَةُ:(آخرت۔قیامت)صفت مرفوع۔تابع موصوف ۔ خَيْرٌ :(بہتر ہے)خبر مرفوع۔لِ :(لئے)حرف جار۔لَّذِيْنَ :(وجنھوں نے)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔محلاً مبتداء۔ يَتَّقُوْنَ :(تقویٰ اختیار کرے ہیں۔ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔مادہ(وق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقَىٰ يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ أَ :(کیا)حرف استفہام۔فَ :(پس) استئنافیہ۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔تَعْقِلُوْنَ :(تم عقل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔

ترجمہ آیت:اور دنیا کی زندگی تو ایک کھیل اور مشغولہ ہے۔اور بہت اچھا گھر تو آخرت کا گھر ہے(یعنی) ان کے لئے جو (اللہ سے) ڈرتے ہیں۔کیا تم سمجھتے نہیں۔

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾

قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔نَعْلَمُ :(ہم جانتے ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ :(البتہ)لائے تاکید مزحلقہ۔يَحْزُنُ :(وہ غمگین ہوتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزَنَ يَحْزِنُ۔مصدر۔حُزْنٌ۔(غمگین ہونا)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ الَّذِيْ :(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع فاعل۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ يَقُوْلُوْنَ :(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا) فَ :(پس)تعلیلیہ۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ : (وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔يُكَذِّبُوْنَ :(وہ جھٹلاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر

مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔لٰکِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الظّٰلِمِیْنَ :(ظالم) فاعل مرفوع۔محلاً لٰکِنَّ کا اسم منصوب۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔آیٰتِ :(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ یَجْحَدُوْنَ :(وہ انکار کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤجمع۔ جملہ محلاًلٰکِنَّ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:ہم کو معلوم ہے کہ ان (کافروں) کی باتیں تمہیں رنج پہنچاتی ہیں (مگر) یہ تمہاری تکذیب نہیں کرتے بلکہ ظالم اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں۔

وَ لَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَ اُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَ لَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِی الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۳۴﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔لَ :(ضرور)لائے تاکید۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔ كُذِّبَتْ :(جھٹلایا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ یُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِیْبٌ۔ (جھٹلانا) ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ یَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا) رُسُلٌ :(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں کو)نائب فاعل۔مرفوع۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔ قَبْلِ :(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًصفت مرفوع۔ فَ :(پس)حرف عطف۔صَبَرُوْا :(انہوں نے صبر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ صَبَرَ یَصْبِرُ۔مصدر۔صبرًا۔(صبر کرنا)۔عَلٰی :(پر)حرف جار۔ مَا : (جو)اسم موصول۔كُذِّبُوْا :(وہ جھٹلائے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ یُكَذِّبُ۔مصدر۔ تَكْذِیْبٌ۔ (جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ یَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔ وَ :(اور)حرف عطف۔اُوْذُوْا :(وہ تکلیف دیئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰذٰی

يُؤْذِیُ۔مصدر۔اِیْذَاءٌ۔(دکھ دینا۔تکلیف دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ی)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَذِیَ يَاذِیُ۔مصدر۔اَذَاةً۔اَذِيَّةً۔(تکلیف دینا۔ایذا دینا)۔ حَتّٰى :(یہاں تک)حرف غایت۔ناصب مضارع۔ اَتٰا :(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔اصلاً اَتٰیْ ۔تھا برائے اتصال۔ی۔علت کو الف سے بدل دیا گیا۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ نَصْرُ :(فتح)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔نَا :(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔مُبَدِّلَ :(بدلنے والا) لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔ لِ : (لئے)حرف جار۔كَلِمَاتِ :(قانون۔کلمات)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)استئنافیہ۔لَ :(البتہ۔ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَاءَ :(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)مہموز اللام۔صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔ كَ :(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔ نَّبَإِ :(سچی خبر۔جو اللہ کی طرف سے ہوتی ہے۔اور پیغمبر دیتے ہیں)اسم مجرور۔مضاف۔الْمُرْسَلِيْنَ : (بھیجے ہوئے)مفعول بہٖ۔منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور تم سے پہلے کبھی پیغمبر جھٹلائے جاتے رہے تو وہ تکذیب اور ایذا پر صبر کرتے رہے یہاں تک کہ ان کے پاس ہماری مدد پہنچتی رہی اور اللہ کی باتوں کو کوئی بھی بدلنے والا نہیں۔اور تم کو پیغمبروں (کے احوال) کی خبریں پہنچ چکی ہیں (تو تم بھی صبر سے کام لو۔

وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔إِنۡ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كَانَ :(وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ كَبُرَ :(بڑا)فعل ماضی بعید۔ واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب کرم۔صیغہ ۔كَبُرَ يَكۡبُرُ۔مصدر۔كِبۡرًا۔كُبۡرًا۔(سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔ شاق گزرنا)۔ عَلَيۡ :(پر)حرف جار۔كَ :(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔إِعۡرَاضُ :(منہ پھیرنا۔ نظرانداز کرنا۔روگردانی کرنا۔اعراض کرنا۔)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمۡ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ :(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنِ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔اسۡتَطَعۡتَ : (تو کرسکے۔طاقت رکھے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔تائے ضمیر حاضر فاعل مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اِسۡتَطَاعَ يَسۡتَطِيۡعُ۔مصدر۔اِسۡتِطَاعَةٌ۔(خوشی سے کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔صیغہ طَاعَ يَطُوۡعُ۔مصدر۔طَوۡعًا۔(خوشی سے کرنا)۔ أَنۡ:(کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَبۡتَغِيَ :(چاہنا۔تلاش کرنا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال ۔ صیغہ۔اِبۡتَغٰى يَبۡتَغِيۡ۔ مصدر۔اِبۡتِغَآءٌ۔ (چاہنا۔تلاش کرنا۔ طلب کرنا)ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ب غ ی) ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰى يَبۡغِيۡ۔مصدر۔بَغۡيًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا)۔ نَفَقًا :(سرنگ۔سوراخ) منصوب ۔ مفعول بہ۔موصوف۔ فِيۡ :(میں)حرف جار۔ الۡأَرۡضِ :(زمین)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔ أَوۡ :(یا)حرف عطف۔ سُلَّمًا :(سیڑھی) معطوف منصوب۔ فِيۡ : (میں)حرف جار۔ السَّمَاءِ :(آسمان)اسم مجرور۔ فَ :(پس)حرف عطف۔تَأۡتِيَ :(تو لائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاتِيۡ۔ مصدر۔ اِتۡيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔هُمۡ :(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔آيَةٍ :(آیت۔نشانی۔معجزہ)اسم مجرور۔ وَ :(اور) حرف عطف۔لَوۡ :(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ شَاءَ :(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيۡئَةٌ۔ (مرضی ۔

چاہنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مرفوع۔فاعل۔لَ:(لازماً)لائے تاکید۔ جَمَعَ:(اس نے اکٹھا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ۔جَمَعَ يَجْمَعُ۔مصدر۔جَمْعٌ۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الْهُدَى : (ہدایت)اسم مجرور۔ فَ :(پس)فصیحہ۔لَا :(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَكُونَنَّ :(تو ضرور بالضرور ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر مؤکد با نون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔مِنَ :(سے)حرف جار۔الْجَاهِلِيْنَ :(جاہلوں) فاعل۔اسم مجرور۔ علامت ۔ی۔اور شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور اگر ان کی روگردانی تم پر شاق گزرتی ہے تو اگر طاقت ہو تو زمین میں کوئی سرنگ ڈھونڈ نکالو یا آسمان میں سیڑھی (تلاش کرو) پھر ان کے پاس کوئی معجزہ لاؤ۔اور اگر اللہ چاہتا تو سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا پس تم ہر گز نادانوں میں نہ ہونا۔

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۘ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿٣٦﴾

إِنَّمَا :(درحقیقت)مکافة و مکفوفة۔مرکب :(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم+اسم موصول محلاً کا اسم منصوب۔ يَسْتَجِيبُ :(وہ قبول کرتا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابٌ۔(قبول کرنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ج و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔جَابَ يَجُوْبُ۔مصدر۔جَوْبًا۔(سوراخ کرنا۔پھاڑنا۔چیرنا۔پھیلنا)۔ الَّذِين :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔يَسْمَعُوْنَ :(وہ سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔ سَمَاعَةٌ۔(سننا)۔ وَ :(اور)استئنافیہ۔الْمَوْتَى :(مَيِّتٌ کی جمع ۔مردے)مبتداء مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ يَبْعَثُ :(وہ اٹھائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔ بَعْثًا۔

بِعْثَةً۔(بھیجنا۔مقرر کرنا)۔ هُمُ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)مرفوع فاعل۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ إِلَيْ :(طرف)حرف جار۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔يُرْجَعُوْنَ :(لوٹائے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع نائب فاعل۔

ترجمہ آیت:بات یہ ہے کہ(حق کو) قبول وہی کرتے ہیں جو سنتے بھی ہیں اور مردوں کو تو اللہ(قیامت ہی کو) اٹھائے گا۔پھر اسی کی طرف لوٹ کر جائیں گے۔

وَ قَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔قَالُوْا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لَوْلَا :(کیوں نہیں)زجر و توبیخ۔ڈانٹ ڈپٹ۔نُزِّلَ :(نہیں اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔ تَنْزِيْلًا (دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ (اترنا)۔ عَلَيْ :(پر)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔آيَةٌ : (آیت۔نشانی)نائب فاعل۔مرفوع۔مِّن :(سے)حرف جار۔ رَّبِّ :(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ : (وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قُلْ :(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ إِنَّ کا اسم۔قَادِرٌ :(ہر چیز پیمانے اندازے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔مبتداء۔ مرفوع۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُنَزِّلَ :(اس نے اتارا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا (دھیرے

دھیرے اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلّ۔مصدر۔ نُزُوْلٌ (اترنا)۔ آيَةً : (آیت۔نشانی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ :(اور)استئنافیہ۔لَكِنَّ :(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ أَكْثَرَ :(اکثر۔زیادہ)لَكِنَّ کااسم منصوب۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً لَكِنَّ جملہ کی خبر مرفوع ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا)۔

ترجمہ آیت:اور کہتے ہیں کہ ان پر ان کے پروردگار کے پاس کوئی نشانی کیوں نازل نہیں ہوئی۔ کہہ دو کہ اللہ نشانی اتارنے پر قادر ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔مَا :(نہیں)نافیہ مہملہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ دَآبَّةٍ :(جانور)لفظاً اسم مجرور۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔ وَ :(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں) زائدہ۔برائے تاکید نفی۔طَائِرٍ :(کوئی پرندہ)معطوف مجرور۔معطوف علیہ۔(دَآبَّةٍ)۔ يَطِيْرُ :(وہ اڑتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔صیغہ۔طَارَ يَطِيْرُ۔مصدر۔طَيْرًا۔(اڑنا)۔ بِ : (سے)حرف جار۔جَنَاحَيْ :(دوپروں۔دوبازوؤں)اصلاً جَنَاحَيْنِ تھا۔نون اعرابی حذف بوجہ مضاف۔هِ : (وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔أُمَمٌ :(أُمَّةٌ کی جمع ۔گروہ جماعتیں۔لوگ۔فرقے۔)مضموم خبر مرفوع۔موصوف۔ أَمْثَالُ :(مَثَالٌ کی جمع ۔ مثالیں) صفت۔ مرفوع ۔تابع موصوف۔مضارف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّا :(نہیں)نافیہ۔ فَرَّطْنَا :(ہم نے کوتاہی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ ۔باب تفعیل۔صیغہ فَرَّطَ يُفَرِّطُ۔ مصدر۔

تَفْرِيْطًا۔(کوتاہی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ف ر ط) صیغہ۔فَرَطَ يَفْرَطُ۔مصدر۔ فَرْطًا۔ فُرُوْطًا۔ (جلدی کرنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الْكِتَابِ :(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔اسم مجرور۔ مِنْ : (سے)حرف جار زائدہ۔ شَيْءٍ :(کوئی چیز)لفظاًاسم مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ إِلَى :(طرف)حرف جار۔ رَبِّ :(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يُحْشَرُوْنَ :(اکٹھا کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًمرفوع نائب فاعل۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر)صیغہ ۔حَشَرَ يَحْشُرُ۔مصدر۔حَشْرًا۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور زمین میں جو چلنے پھرنے والا (حیوان) یا دوپروں سے اڑنے والا جانور ہے ان کی بھی تم لوگوں کی طرح جماعتیں ہیں۔ہم نے کتاب(یعنی لوح محفوظ) میں کسی چیز (کے لکھنے) میں کوتاہی نہیں کی پھر سب اپنے پروردگار کی طرف جمع کئے جائیں گے۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمرفوع مبتداء۔ كَذَّبُوْا :(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ :(ساتھ۔کو)حرف جار۔آيَاتِ :(آیات۔نشانیوں)اسم مجرور۔مضاف۔نَا : (ہماری)ضمیر جمع متکلم۔ مجرور مضاف الیہ۔صُمٌّ :(بہرے ہیں)خبر مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔بُكْمٌ : (گونگے ہیں)معطوف۔مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الظُّلُمٰتِ :(اندھیروں)اسم مجرور۔مَنْ:(جس کو) اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔مبتداء۔مرفوع۔ يَشَاءِ :(وہ چاہتا ہے)۔فعل مضارع واحد

مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِیْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہ)فاعل۔مرفوع۔ یُضْلِلْ :(گمراہ کیا جاتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔جواب شرط۔(شرطیہ جملوں میں دو حرفوں میں ادغام فک کر دیا جاتا ہے۔لہٰذا یُضِلُّ ۔ یُضْلِلْ ہوا)۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَضَلَّ یُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(گمراہ کر دینا)۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ یَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا)۔ ہُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ :(اور)حرف شرط۔ مَنْ :(جسے)اسم موصول شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔مبتداء مرفوع۔ یَشَأْ :(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِیْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ یَجْعَلْ :(وہ بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم جواب شرط۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل)صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا ۔(بنانا)۔ہُ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی برف ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔عَلٰی :(پر)حرف جارجملہ محلاً مَنْ مرفوع مبتداء کی خبر۔ صِرَاطٍ :(راستہ)اسم مجرور۔موصوف۔ مُّسْتَقِیْمٍ :(سیدھا)۔

ترجمہ آیت:اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ بہرے اور گونگے ہیں (اس کے علاوہ) اندھیرے میں (پڑے ہوئے) جس کو اللہ چاہے گمراہ کردے اور جسے چاہے سیدھے رستے پر چلا دے

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۰﴾

قُلْ :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔رَأَیْتَ :(تونے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ تائے مبسوط مفتوحہ علامت ضمیر فاعل مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رُؤْیَةٌ۔(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔)۔ کُمْ

:(تم کو۔یعنی خود کو۔اپنے تئیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَتَا :(وہ آجائے)اصلاً تھا۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ کُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ عَذَابُ :(عذاب۔سزاء)فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔أَتَتْ :(آجائے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث۔ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔کُمْ :(تم پر)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ السَّاعَةُ :(گھڑی۔قیامت۔آخرت)فاعل مرفوع۔أَ:(کیا) حرف استفہام۔غَيْرَ :(علاوہ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ تَدْعُوْنَ :(تم پکارتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔ دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا۔بلانا)۔ إِنْ : (اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ :(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ صَادِقِيْنَ :(سچے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔ جواب شرط محذوف۔

ترجمہ آیت: کہو(کافرو) بھلا دیکھو تو اگر تم پر اللہ کا عذاب آجائے یا قیامت آموجود ہو تو کیا تم (ایسی حالت میں) اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے؟ اگر سچے ہو(تو بتاؤ)۔

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾

بَلْ :(بلکہ)حرف اضراب۔تدارک کے لئے۔ إِيَّا :(اس کا کوئی معنی نہیں)ضمائر کو نصب دینے اور حصر" زور پیدا کرنے کے لئے ہی"پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔هُ :(اسی کو ہی)ضمیر واحد مذکر غائب۔حالتِ

مفعولی۔ تَدْعُوْنَ :(وہ پکارتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوَ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(دع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَایَدْعُو۔مصدر۔ دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا۔بلانا) ۔ فَ :(پس)حرف عطف۔یَکْشِفُ :(وہ دور کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔کَشَفَ یَکْشِفُ۔مصدر۔کَشْفٌ۔(دور کرنا۔ہٹانا)۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔تَدْعُوْنَ :(وہ پکارتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوَ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔ دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔ دُعَاءٌ۔ دَعْوَةٌ۔(پکارنا۔بلانا) ۔ اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔اِنْ: (اگر)حرف شرط۔جزم فعل شرط۔شَاءَ :(اس نے چاہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِیْئَةٌ۔ (مرضی۔چاہنا)۔وَ :(اور)حرف عطف۔تَنْسَوْنَ :(تم بھول جاتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوَ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِیَ یَنْسٰی۔ مصدر۔نِسْیَانٌ۔(بھولنا)۔مَا : (جن کو)اسم موصول۔ تُشْرِکُوْنَ :(تم شریک بناتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوَ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔اِشْرَاکًا۔(شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔ شِرْکًا۔(شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔

ترجمہ آیت: (نہیں) بلکہ (مصیبت کے وقت تم) اسی کو پکارتے ہو تو جس دکھ کے لئے اسے پکارتے ہو۔وہ اگر چاہتا ہے تو اس کو دور کر دیتا ہے اور جن کو تم شریک بناتے ہو (اس وقت) انہیں بھول جاتے ہو۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓی اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِکَ فَاَخَذْنٰھُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّھُمْ یَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۴۲﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔لَ :(البتہ)لائے تاکید۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔ اَرْسَلْنَا :(ہم نے بھیجے) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالًا۔ (بھیجنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب

سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلًا۔رَسَالَۃ۔(اونٹ کا سبک رفتار سے چلنا)۔إِلَى : (طرف)حرف جار۔أُمَمٍ : (قوموں۔امتوں۔جماعتوں۔گروہوں)اسم مجرور۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔قَبْلِ :(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ :(پس)حرف عطف۔ أَخَذْنَا:(ہم نے پکڑا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِ : (ساتھ) حرف جار۔الْبَأْسَاءِ :(مفلسی۔تنگدستی۔سختی)اسم مجرور۔وَ :(اور)حرف عطف۔الضَّرَّاءِ :(تکلیف۔ دکھ۔بیماری) لَعَلَّ :(تاکہ)حرف ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ يَتَضَرَّعُونَ :(چیخیں۔روئیں پیٹیں۔گریہ زاری کریں۔عاجزی کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَضَرَّعَ يَتَضَرَّعُ۔مصدر۔تَضَرُّعًا۔(چیخ و پکار۔رونا پیٹنا۔عاجزی کرنا)۔)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ض ر ع)صیغہ۔ضَرَعَ يَضْرَعُ۔مصدر۔ ضُرُوعًا۔ضَرَاعَۃً۔(گڑگڑانا۔قریب ہونا۔بچہ کا ماں کا پستان منہ میں لینا۔جانور کادبلاہونا۔)محلاًجملہ لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے تم سے پہلے بہت سی امتوں کی طرف پیغمبر بھیجے۔پھر(ان کی نافرمانیوں کے سبب) ہم انہیں سختیوں اور تکلیفوں میں پکڑتے رہے تاکہ عاجزی کریں۔

فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾

فَ :(پس)استئنافیہ۔لَوْ لَا :(کیوں نہیں)حرف زجر وتوبیخ۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔جَاءَ :(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔ هُمْ : (ان کے پس)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بَأْسُ:(تنگی)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔نَا : (ہمارے لئے)ضمیر جمع متکلم۔ مجرور مضاف الیہ۔ تَضَرَّعُوا :(انہوں نے عاجزی کی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔

واوَ جمع الف فارقہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَضَرَّعَ یَتَضَرَّعُ۔مصدر ۔تَضَرُّعًا۔(چیخ و پکار۔رونا پیٹنا۔ عاجزی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ض ر ع)صیغہ۔ضَرَعَ یَضْرَعُ۔مصدر۔ ضُرُوْعًا۔ضَرَاعَةً۔(گڑگڑانا۔ قریب ہونا۔بچہ کا ماں کا پستان منہ میں لینا۔جانور کا دبلا ہونا۔) وَ :(اور)حرف عطف۔لٰكِنْ :(لیکن)حرف استدراک۔ قَسَتْ :(سخت ہوگیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق س و)ناقص واوی۔صیغہ۔قَسٰی یَقْسُو۔مصدر قَسْوَةٌ۔(سخت ہونا)۔قُلُوبُ :(قَلْبٌ) کی جمع۔دل)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ : (اور) حرف جار۔زَيَّنَ :(خوبصورت بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔زَيَّنَ يُزَيِّنُ۔مصدر۔تَزْيِيْنٌ۔(سجاوٹ۔زینت۔مزین کرنا۔آراستہ پیراستہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی ن)اجوف یائی۔صیغہ۔زَانَ يَزِيْنُ۔مصدر۔ زَيْنًا۔(خوبصورت بنانا۔۔سجانا)۔ لَ : (لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الشَّيْطَانُ : (شیطان۔وسوسہ۔ ابلیس)فاعل مرفوع۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔كَانُوْا:(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَعْمَلُوْنَ :(وہ عمل کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:توجب ان پر ہمارا عذاب آتا رہا کیوں نہیں عاجزی کرتے رہے۔مگر ان کے تو دل ہی سخت ہو گئے تھے۔اور جو وہ کام کرتے تھے شیطان ان کو(ان کی نظروں میں) آراستہ کر دکھاتا تھا۔

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَیْءٍ ؕ حَتّٰۤى اِذَا فَرِحُوْا بِمَاۤ اُوْتُوْۤا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾

فَلَمَّا:(جب بھی)مرکب :(فَ+لَمَّا)حرف عطف۔+ ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ نَسُوْا :(وہ بھول گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِیَ یَنْسٰی۔مصدر۔نِسْیَانٌ۔(بھولنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ ذُكِّرُوْا:(یاد کرایا گیا۔وہ نصیحت کئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ ذَكَّرَ یُذَكِّرُ۔مصدر۔تَذْكِیْرًا۔(نصیحت کرنا۔یاد دلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ یَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فَتَحْنَا:(ہم نے کھول دیئے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ت ح)صیغہ۔فَتَحَ یَفْتَحَ۔مصدر۔فَتْحًا۔(کھولنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أَبْوَابَ:(دروازے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ كُلِّ :(ہر۔تمام)برائے تاکید۔یکے از توابع۔مضاف الیہ۔مضاف۔ شَيْءٍ:(چیز)مجرور مضاف الیہ۔ حَتّٰى:(یہاں تک کہ)حرف غایت۔حرف ابتداء۔بعدہٗ اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ فَرِحُوْا:(وہ خوش ہوئے۔وہ متکبر ہوئے۔وہ اترائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ یَفْرَحُ۔مصدر۔فَرْحٌ۔ (خوش ہونا)۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب :(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أُوْتُوْا:(وہ دیئے گئے) فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ أَخَذْنَا:(ہم نے پکڑا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هُم:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بَغْتَةً :(اچانک)منصوب۔حال۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ إِذَا :(جب)فجائیہ۔ هُمْ: (ان کو)ضمیر جمع

مذکر غائب محلاً مرفوع مبتداء۔ مُّبْلِسُوْنَ :(مایوس ہونے والے۔نا امید ہونے والے۔ مایوس)اسم فاعل جمع مذکر۔مصدر اِبْلَاسٌ۔(مایوسی)۔محلاً خبر مرفوع۔علامت۔واؤ۔

ترجمہ آیت: پھر جب انہوں نے اس نصیحت کو جو ان کو کی گئی تھی فراموش کر دیا تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے۔یہاں تک کہ جب ان چیزوں سے جو ان کو دی گئی تھیں خوب خوش ہو گئے تو ہم نے ان کو ناگہاں پکڑ لیا اور وہ اس وقت مایوس ہو کر رہ گئے۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔ قُطِعَ:(کاٹ دی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع)صیغہ۔قَطَعَ یَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعٌ۔(کاٹنا)۔دَابِرُ:(دُبُرٌ کی جمع پشتیں۔جڑیں۔نسلیں ختم کر دیں) نائب فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ الْقَوْمِ:(قوم۔جماعت۔لوگ)مجرور مضاف الیہ۔الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ ظَلَمُوْا:(ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ الْحَمْدُ: (تعریف)معرف باللام۔مبتداء مرفوع۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب : (لِ+اللّٰهِ)حرف جار+اسم مجرور۔جار مجرور مل کر مبتداء الْحَمْدُ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ رَبِّ : (ربّ) مجرور مضاف الیہ۔ الْعَالَمِيْنَ :(جہانوں کا)مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: غرض ظالم لوگوں کی جڑ کاٹ دی گئی۔اور سب تعریف اللہ رب العالمین ہی کو(سزاوار ہے۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾

قُلْ:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔ رَأَیْتُمْ:(تم نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْیَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِنْ :(اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَخَذَ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ سَمْعَ: (شنوائی) کان۔منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَبْصَارَ:(بینائی)آنکھیں ۔معطوف منصوب۔مضاف۔ کُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ خَتَمَ :(اس نے مہر لگا دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔ باب ضرب۔مادہ(خ ت م) صیغہ۔خَتَمَ یَخْتِمُ۔مصدر۔خَتْمٌ۔(مہر لگانا)۔ عَلَیٰ:(پر)حرف جار۔ قُلُوبِ:(دل)اسم مجرور۔ مضاف۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّنْ: (کون ہے)اسم استفہام۔مبتداء مرفوع۔ إِلَٰهٌ:(معبود)خبر مرفوع۔موصوف۔ غَیْرُ:(علاوہ۔سوا)صفت مرفوع۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ یَأْتِیْ:(وہ دیتا ہے۔دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیٰ یَاتِیْ۔مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہو تا ہے۔ کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ اُنْظُرْ:(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب ۔نصر۔ مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ۔ مصدر۔ نَظْرًا۔(دیکھنا) ۔ کَیْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔محلاً محلاً منصوب۔ حال۔نُصَرِّفُ:(ہم پھیرتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَرَّفَ یُصَرِّفُ۔مصدر ۔تَصْرِیْفًا۔ (پھیرنا)۔الْآیَاتِ:(آیات کو)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔مفعول

بہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مرفوع ۔مبتداء۔يَصْدِفُوْنَ: (نظر انداز کرتے ہیں۔روگردانی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص د ف)صیغہ۔ صَدَفَ يَصْدَفُ۔مصدر۔صَدْفًا۔(روگردانی کرنا۔منہ موڑنا)۔محلاًجملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(ان کافروں سے) کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر اللہ تمہارے کان اور آنکھیں چھین لے اور تمہارے دلوں پر مہرلگادے تو اللہ کے سوا کون سا معبود ہے جو تمہیں یہ نعمتیں پھر بخشے؟ دیکھو ہم کس کس طرح اپنی آیتیں بیان کرتے ہیں۔پھر بھی یہ لوگ رد گردانی کرتے ہیں۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾

قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔رَأَيْتَ :(تونے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ تائے مبسوط مفتوحہ علامت ضمیر فاعل مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كُمْ :(تم کو۔ یعنی خود کو۔اپنے تئیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَتَا :(وہ آجائے)اصلاً تھا۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی يَاتِیْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ عَذَابُ:(عذاب۔سزا)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ : (اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ بَغْتَةً:(اچانک) منصوب۔حال۔أَوْ :(یا)حرف عطف۔ جَهْرَةً : (اعلانیہ۔کھلم کھلا)معطوف۔منصوب۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ يُهْلَكُ :(ہلاک کر دیا جائے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔مصدر۔هَلَكًا

۔هَلَاكًا۔(ہلاک ہونا۔فوت ہونا۔مر جانا)۔ إِلَّا: (مگر)حرف حصر۔الْقَوْمُ:(قوم۔لوگ)نائب فاعل مرفوع ۔ موصوف الظَّالِمُونَ:(ظالم۔اندھیر مچانے والے)فاعل جمع مذکر۔ محلاً صفت مرفوع۔علامت۔واؤ۔

ترجمہ آیت: کہو کہ بھلا بتاؤ تو اگر تم پر اللہ کا عذاب بے خبری میں یا خبر آنے کے بعد آئے تو کیا ظالم لوگوں کے سوا کوئی اور بھی ہلاک ہو گا؟

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ فَمَنْ اٰمَنَ وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ نُرْسِلُ:(ہم نے بھیجے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالًا۔ (بھیجنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلًا۔رَسَالَةً۔(اونٹ کا سبک رفتار سے چلنا)۔الْمُرْسَلِيْنَ:(مُرْسَلٌ کی جمع۔پیغمبر)منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہٖ۔إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ مُبَشِّرِيْنَ:(بشارت دینے والے)منصوب۔علامت ۔ی۔حال وَ:(اور)حرف عطف۔ مُنْذِرِيْنَ:(تنبیہ کرنے والے۔خطرات سے آگاہ کرنے والے)معطوف۔منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ مَنْ :(جو)اسم موصول۔ شرطیہ۔ جازم فعل شرط۔ آمَنَ:(وہ ایمان لایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔ مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَصْلَحَ :(اس نے درستی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصْلَحَ يُصْلِحُ۔مصدر۔اِصْلَاحٌ۔(صلح کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔نصر۔مادہ(ص ل ح)صَلَحَ يَصْلَحُ۔ مصدر۔صَلَاحًا۔(اصلاح کرنا۔درستی کرنا)۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ خَوْفٌ :(ڈر۔خوف) مبتداء۔مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر

مرفوع۔اور محلاً مجزوم فعل جواب شرط۔ نیز جواب شرط اور فعل شرط و جواب مل کر مَنْ مبتداء کی خبر مرفوع۔
وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔زائدہ برائے تاکید نفی۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًمرفوع مبتداء۔
يَحْزَنُوْنَ :(غمگین ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزَنَ يَحْزِنُ۔مصدر۔حُزْنٌ۔(غمگین ہونا)۔محلاًجملہ مرفوع خبر۔

ترجمہ آیت:اور ہم جو پیغمبروں کو بھیجتے رہے ہیں تو خوشخبری سنانے اور ڈرانے کو پھر جو شخص ایمان لائے اور نیکوکار ہو جائے تو ایسے لوگوں کو نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ اندوہناک ہوں گے۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمرفوع۔مبتداء۔ كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ يَمَسُّ:(وہ چھوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔ پہنچنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ الْعَذَابُ:(عذاب)فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً مبتداء الَّذِيْنَ کی خبر مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب :(بِ+مَا)حرف جار۔+مصدری۔ناصب مضارع۔ كَانُوْا:(وہ ہیں۔وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَفْسُقُوْنَ :(وہ نافرمانی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف س ق)صیغہ۔فَسَقَ يَفْسُقُ۔مصدر۔فِسْقٌ۔فُسُوْقًا۔(نافرمانی کرنا)۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔۔

ترجمہ آیت: اور جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ان کی نافرمانیوں کے سبب انہیں عذاب ہو گا۔

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٥٠﴾

قُلْ: (کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ أَقُوْلُ: (میں کہتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ عِندِ: (پاس) ظرف مکان۔ مبنی بر فتحہ۔ کسرہ برائے اتصال ضمیر واحد متکلم۔ مضاف۔ يْ: (میرے) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ خَزَآئِنُ: (خزانے) مرفوع۔ مبتداء۔ مؤخر۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) نافیہ؛ أَعْلَمُ: (میں جانتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ الْغَيْبَ: (پوشیدہ چیزوں کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ أَقُوْلُ: (میں کہتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ إِنِّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ يْ: (میں) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ مَلَكٌ: (فرشتہ ہوں) إِنَّ کی خبر۔ مرفوع۔ إِنْ: (نہیں) نافیہ۔ أَتَّبِعُ: (میں پیروی کرتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔ اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔ (پیروی کرنا)۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ مَا: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ يُوْحٰى: (وہ حکم دیتا ہے۔ وحی کرتا ہے) فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَوْحٰى يُوْحِيْ۔

مصدر۔اِيْحَاءٌ۔(وحی بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)لفیف مفروق۔مثال واوی+ناقص یائی۔ صیغہ وَحٰی یَحِیْ۔مصدر۔وَحْیًا۔(علانیہ یا خفیہ بات کرنا)۔ اِلَيَّ :(میری طرف)مرکب :(اِلَي+يَّ)حرف جار+ضمیر واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ قُلْ :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ يَسْتَوِيْ: (برابر ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰی يَسْتَوِيْ۔ مصدر۔ اِسْتِوَاءٌ۔(برابر ہونا)ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(س و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِيَ يَسْوٰی۔ مصدر۔سَوِیٌّ۔(مکمل۔پورا۔برابر۔مضبوط)۔ الْأَعْمَی:(اندھا) فاعل۔تقدیراً مرفوع مضموم۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْبَصِيْرُ:(دیکھنے والا) أَ:(کیا)حرف استفہام فَ: (پس)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ تَتَفَكَّرُوْنَ :(تم فکر کرتے ہو۔غور کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ۔مصدر۔تَفَكُّرٌ۔(غور وفکر کرنا۔)

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں اور نہ (یہ کہ) میں غیب جانتا ہوں اور نہ تم سے یہ کہتا کہ میں فرشتہ ہوں۔میں تو صرف اس حکم پر چلتا ہوں جو مجھے (اللہ کی طرف سے) آتا ہے۔کہہ دو کہ بھلا اندھا اور آنکھ والے برابر ہوتے ہیں؟ تو پھر تم غور کیوں نہیں کرتے۔

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ أَنْذِرْ:(تنبیہ کر۔خطرے سے آگاہ کر)فعل امر واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَنْذَرَ يُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔آگاہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ذ ر) صیغہ۔نَذَرَ يَنْذُرُ۔يَنْذِرُ ۔مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا۔مال دینا فقیروں کو۔خدمت اسلام کے لئے۔ جس کا اپنے تئیں عہد کیا ہو)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔يَخَافُوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر

غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ و ف)صیغہ۔ خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔ خَوْفًا۔(خوف کھانا۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يُحْشَرُوْا:(جمع کرکئے جائیں۔ اکٹھاکئے جائیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔ الف فارقہ ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر)صیغہ ۔حَشَرَ يَحْشُرُ۔ مصدر۔ حَشْرًا۔(جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔ناصب خبر۔رافع اسم۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور ۔شبہ جملہ محلاً کی خبر مقدّم منصوب۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ دُونِ:(سوائے۔علاوہ)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ هٖ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَلِيٌّ:(کوئی مددگار۔حامی۔ سرپرست۔ دوست) فاعل۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(ن ہی)نافیہ۔ شَفِيْعٌ :(شفاعت کرنے والا۔سفارش کرنے والا)۔ لَّعَلَّ: (شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ يَتَّقُوْنَ :(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ڈرناذات کبریا سے)۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ جو خوف رکھتے ہیں کہ اپنے پروردگار کے روبرو حاضر کئے جائیں گے (اور جانتے ہیں کہ) اس کے سوانہ توان کا کوئی دوست ہو گا اور نہ سفارش کرنے والا، ان کو اس (قرآن) کے ذریعے سے نصیحت کر دو تا کہ پرہیز گار بنیں۔

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَطْرُدِ:(تو ہٹائے۔دور کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط ر د)صیغہ۔طَرَدَ يَطْرُدُ۔مصدر۔طَرْدًا۔(ہٹانا۔دور کرنا) الَّذِينَ:(وہ جو) اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ يَدْعُوْنَ:(وہ پکارتے ہیں۔بلاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا۔بلانا) ۔ رَبَّ:(ربّ کو)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔ هُمْ:(وہ۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْغَدَاةِ : (صبح)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْعَشِيِّ :(شام)معطوف مجرور۔ يُرِيدُوْنَ:(وہ چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔إِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔وَجْهَ:(رخ۔چہرے۔اللہ جل جلالہٗ کی خوشنودی۔اللہ کی ذات کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ جیسا عمل۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مَا کی خبر منصوب۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ حِسَابِ:(حساب)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنْ: (سے)حرف جار۔زائدہ۔ شَيْءٍ:(چیز۔شئے) مَا کا اسم مؤخر۔لفظاً مجرور۔محلاً مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔عمل بمطابق لَيْسَ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ حِسَابِ:(حساب)اسم مجرور۔ مضاف۔ كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلا خبر مقدّم مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ زائدہ ۔شَيْءٍ:(شئے۔چیز)لفظاً

مجرور۔ محلاً مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ فَ:(پس)سببیہ۔بعدہٗ اَنْ مضمر ناصب مضارع۔ تَطْرُدَ:(تو دور کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ فَ:(پس)سببیہ۔بعدہٗ اَنْ مضمر ناصب مضارع۔ تَكُوْنَ : (تو ہو) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔بوجہ فعل شرط۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔ الظّٰلِمِيْنَ :(ظالم۔اندھیر مچانے والے)فاعل جمع۔ شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ صبح وشام اپنی پروردگار سے دعا کرتے ہیں (اور) اس کی ذات کے طالب ہیں ان کو (اپنے پاس سے) مت نکالو۔ان کے حساب (اعمال) کی جوابدہی تم پر کچھ نہیں اور تمہارے حساب کی جوابدہی ان پر کچھ نہیں (پس ایسانہ کرنا) اگر ان کو نکالو گے تو ظالموں میں ہو جاؤ گے۔

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿٥٣﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَذٰلِكَ:(اس طرح)مرکب :(كَ+ذٰلِكَ)حرف جار۔تشبیہ۔+اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر ۔شبہ جملہ محلاً منصوب نائب مفعول مطلق۔ فَتَنَّا:(ہم نے آزمائش میں ڈالا)اصلاً فَتَنَ+نَا۔ فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر مشدد۔نون فعل کو نون ضمیر میں مدغم کیا گیا۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔صیغہ۔ بَعْضَ: (کچھ) ظرف۔مبنی برفتحہ۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار ۔ بَعْضٍ:(کچھ)ظرف۔اسم مجرور۔لِّ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَقُوْلُوْا: (وہ کہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أَ(کیا)حرف استفهام۔ هٰؤُلَاءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر ومؤنث۔ مَنَّ :(احسان کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ن ن)

مضاعف۔صیغہ۔مَنَّ یَمُنُّ۔مصدر۔مَنًّا۔مَنَّةٌ۔(احسان کرنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ عَلَيْ: (پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ بَيْنِ:(درمیان) ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ لَيْسَ :(نہیں) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔خبر کاناصب اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) لَيْسَ کا اسم مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ أَعْلَمَ :(خوب جانتا ہے)افعل التفضیل۔محلاً لَيْسَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔ الشَّاكِرِيْنَ :(قدر کرنے والوں کو۔شکر کرنے والوں) فاعل۔محلاًاسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اور اسی طرح ہم نے بعض لوگوں کی بعض سے آزمائش کی ہے کہ (جو دولتمند ہیں وہ غریبوں کی نسبت) کہتے ہیں کیا یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے ہم میں سے فضل کیاہے(اللہ نے فرمایا) بھلا اللہ شکر کرنے والوں سے واقف نہیں؟

وَ اِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا ۢ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ إِذَا :(جب)ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔ كَ :(تمہارے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ الَّذِيْنَ:(جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی برفتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔ يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔

مضاف۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ قُلْ :(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ مجزوم۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ سَلاَمٌ:(سلامتی۔امن) مرفوع۔مبتداء۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ كَتَبَ:(اس نے لکھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔ كِتَابَةٌ۔ (لکھنا)۔ رَبُّ:(ربّ نے)فاعل مرفوع۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ نَفْسِ:(جان)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ :(وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الرَّحْمَةَ:(رحمت ۔فضل و کرم)منصوب۔مفعول بہ۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ مَنْ:(جو)اسم موصول شرطیہ۔ جازم فعل شرط۔ عَمِلَ:(اس نے عمل کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ سُوءًا:(برا۔)منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ۔سے) حرف جار۔ جَهَالَةٍ:(جہالت۔ہٹ دھرمی)اسم مجرور۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ تَابَ:(اس نے توبہ کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب) صیغہ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ(لوٹنا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَصْلَحَ:(اس نے درستی کی ۔اصلاح کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَصْلَحَ يُصْلِحُ۔ مصدر۔اِصْلَاحٌ۔(صلح کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح ۔نصر۔مادہ(ص ل ح)صَلَحَ يَصْلَحُ۔مصدر۔صَلَاحًا۔(اصلاح کرنا۔درستی کرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ غَفُوْرٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔ أَنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيْمٌ :(خوب رحم کرنے والا۔)مبالغہ۔ أَنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جب تمہارے پاس ایسے لوگ آیا کریں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو (ان سے) سلام علیکم کہا کرو اللہ نے اپنی ذات (پاک) پر رحمت کو لازم کر لیا ہے کہ جو کوئی تم میں نادانی سے کوئی بری حرکت کر بیٹھے پھر اس کے بعد توبہ کرلے اور نیکوکار ہو جائے تو وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ كَذَلِكَ: (اس طرح) مرکب: (كَ+ذَلِكَ) حرف جار۔ تشبیہ۔+ اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر۔ شبہ جملہ محلاً منصوب نائب مفعول مطلق۔ نُفَصِّلُ: (ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ فَصَّلَ يُفَصِّلُ۔ مصدر۔ تَفْصِيْلًا۔ (تفصیل سے بیان کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب مادہ (ف ص ل) صیغہ۔ فَصَلَ يَفْصُلُ۔ مصدر۔ فُصُوْلاً۔ (الگ کرنا)۔ فاصلے پر رکھنا۔ الْآيَاتِ: (آیات کو) لفظاً مکسور محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لِ: (تاکہ) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ تَسْتَبِيْنَ: (واضح ہو جائے۔ کھول کر بیان کر دیا جائے) فعل مضارع واحد مؤنث حاضر۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَبَانَ يَسْتَبِيْنَ۔ مصدر۔ اِسْتِبَانَةٌ۔ (ظاہر کرنا۔ واضح کرنا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب (ب ی ن) صیغہ۔ بَانَ يَبِيْنُ۔ مصدر۔ بَيَانًا (بیان کرنا)۔ سَبِيْلُ: (راہ) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ الْمُجْرِمِيْنَ: (جرم کرنے والے) فاعل۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور اس طرح ہم اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں (تاکہ تم لوگ ان پر عمل کرو) اور اس لئے کہ گنہگاروں کا رستہ ظاہر ہو جائے۔

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ أَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّ مَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

قُلْ :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔إِنِّي:(یقیناً میں)مرکب :(إِنِّ+يْ)کسرہ برائے اتصال ما بعد ضمیر واحد متکلم۔حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم+یائے واحد متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔نُهِيتُ:(میں روکا گیا۔منع کیا گیا) فعل ماضی مجہول واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔ نَهْیٌ۔(روکنا۔منع کرنا)۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔أَعْبُدَ:(میں عبادت کروں) فعل مضارع واحد متکلم ۔منصوب۔بوجہ أَنْ ۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا)۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع مبتداء۔تَدْعُوْنَ :(تم پکارتے ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔ دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ(پکارنا۔بلانا) ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(سوائے۔علاوہ)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ أَتَّبِعُ:(میں پیروی کروں)فعل مضارع واحد متکلم ثلاثی مزیدفیہ ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ أَهْوَاءَ:(هَوَاءٌ کی جمع۔خواہشات کی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ ۔ قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔ ضَلَلْتُ:(میں گمراہ ہو جاؤں)فعل ماضی واحد متکلم۔تائے مبسوط۔ مضموم علامت ضمیر واحد متکلم۔فاعل مرفوع۔ إِذًا:(اس وقت)حرف جواب۔جزاء اور جواب کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔اس کا عمل بالکل لَيْسَ کی مانند۔اسم کا رافع اور خبر کا ناصب۔ أَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔کا اسم مرفوع۔۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْمُهْتَدِيْنَ : (ہدایت پانے والے)شبہ جملہ جملہ محلاً مَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:(اے پیغمبر! کفار سے) کہہ دو کہ جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو مجھے ان کی عبادت سے منع کیا گیا ہے۔(یہ بھی) کہہ دو کہ میں تمہاری خواہشوں کی پیروی نہیں کروں گا ایسا کروں تو گمراہ ہو جاؤں اور ہدایت یافتہ لوگوں میں نہ رہوں۔

قُلْ اِنِّیْ عَلٰى بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَ كَذَّبْتُمْ بِهٖ مَا عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ یَقُصُّ الْحَقَّ وَ هُوَ خَیْرُ الْفٰصِلِیْنَ ﴿۵۷﴾

قُلْ:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔إِنِّي:(یقیناً میں) مرکب:(إِنَّ+يْ) کسرہ برائے اتصال مابعد ضمیر واحد متکلم۔ حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم + یائے واحد متکلم۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔عَلَى:(پر) حرف جار۔ بَيِّنَةٍ:(کھلم کھلا۔واضح بیان۔دلیل۔ثبوت۔) اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ) اسم مجرور۔ مضاف الیہ۔ يْ:(میرے) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔كَذَّبْتُم:(تم نے جھٹلایا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مَا:(نہیں) نافیہ۔ عِندِ:(پاس) ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف الیہ۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ يْ:(میرے) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم۔ مَا:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع مبتداء۔مؤخر۔ تَسْتَعْجِلُوْنَ:(تم جلد چاہتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوَ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب اِسْتِفْعَالٌ۔اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ۔مصدر۔اَسْتِعْجَالٌ۔(جلدی طلب کرنا) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ل) صیغہ۔عَجِلَ يَعْجَلُ۔مصدر۔عَجَلًا۔عَجْلَةً۔(جلد کرنا)۔بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هِ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ إِنِ:(نہیں) نافیہ۔ الْحُكْمُ:

(حکم۔فیصلہ)مبتداء مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب:(لِ+ اللّٰهِ)حرف جار+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔يَقُصُّ:(وہ قصہ سناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ص ص)مضاعف۔صیغہ۔قَصَّ يَقُصُّ۔مصدر۔قَصَصٌ۔(قصہ بیان کرنا)۔ الْحَقَّ:(حق۔سچ)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ مبتداء۔ خَيْرُ:(اچھا۔بہتر)خبر مرفوع۔مضاف۔الْفَاصِلِيْنَ :(الگ کرنے والے۔فیصلہ کرنے والے)مجرور مضاف الیہ۔علامت ی۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ میں تو اپنے پروردگار کی دلیل روشن پر ہوں اور تم اس کی تکذیب کرتے ہو۔ جس چیز (یعنی عذاب) کے لئے تم جلدی کر رہے ہو وہ میرے پاس نہیں ہے (ایسا) حکم اللہ ہی کے اختیار میں ہے وہ سچی بات بیان فرماتا ہے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

قُلْ لَّوْ أَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۸﴾

قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔أَنَّ:(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ عِنْدِ:(پاس)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی برسکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ تَسْتَعْجِلُوْنَ:(تم جلد چاہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب اِسْتِفْعَالٌ۔اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ۔مصدر۔اَسْتِعْجَالٌ۔(جلدی طلب کرنا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ل)صیغہ۔عَجِلَ يَعْجَلُ۔مصدر۔عَجَلًا۔عَجْلَةً۔(جلد کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔برائے جواب شرط۔ قُضِيَ :(پورا کیا گیا۔گزار دیا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔مادہ(ق ض ی) قَضَى يَقْضِيُ۔مصدر۔قَضَاءً۔(فیصلہ کرنا۔مقرر کرنا۔) الْأَمْرُ : (کام) مرفوع۔ نائب فاعل۔ بَيْنِ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔مضاف۔ يْ : (میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور) بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان ۔مبنی بر فتحہ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔أَعْلَمُ:(خوب جانتا ہے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الظَّالِمِيْنَ:(ظالموں۔اندھیر مچانے والوں کے)محلاًاسم مجرور۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ جس چیز کے لئے تم جلدی کر رہے ہو اگر وہ میرے اختیار میں ہوتی تو مجھ میں اور تم میں فیصلہ ہو چکا ہوتا۔ اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَفَاتِحُ:(مَفَاتِيْحُ۔بھی جمع۔ مَفْتَاحُ کی جمع۔کھولنے والا اسم آلہ۔) مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف الیہ۔ الْغَيْبِ:(غیب۔پوشیدہ)مجرور مضاف الیہ۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ هُوَ :(وہی)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الْبَرِّ:(خشکی)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف جار۔الْبَحْرِ:(سمندر)معطوف مجرور۔ و:(اور)حرف عطف۔مَا:(نفی)نافیہ۔تَسْقُطُ:

(گرتا ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ق ط)صیغہ۔ سَقَطَ يَسْقُطُ۔مصدر۔سُقُوْطًا۔(گرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ وَرَقَةٍ:(پتّا)لفظاً اسم مجرور۔محلاً مرفوع۔ فاعل۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ حَبَّةٍ:(دانہ)معطوف۔مجرور۔ فِي:(میں) حرف جار۔ ظُلُمٰتِ :(اندھیرا)اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاًصفت مجرور۔ الْأَرْضِ:(زمین)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔رَطْبٍ:(کوئی تر چیز)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں) نافیہ ۔ يَابِسٍ:(کوئی خشک چیز)معطوف مجرور۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔فِيْ:(میں)حرف جار۔كِتَابٍ: (کتاب) اسم مجرور۔موصوف۔ مُّبِيْنٍ:(کھلی۔واضح)مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جن کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔اور اسے جنگلوں اور دریاؤں کی سب چیزوں کا علم ہے۔اور کوئی پتہ نہیں جھڑتا مگر وہ اس کو جانتا ہے اور زمین کے اندھیروں میں کوئی دانہ اور کوئی ہری اور سوکھی چیز نہیں ہے مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ هُوَ:(وہی)ضمیر منفصل۔مبتداء مرفوع۔الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ يَتَوَفّٰى:(وہ مارتا ہے۔وہ فوت کر دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ اصلاً يَتَوَفّٰي رسم الخط تھا۔ حرف علت۔ی کو الف سے تبدیل کر دیا گیا۔برائے سے اتصال مابعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔مصدر۔تَوَفِّيٌ۔(موت دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔كُمْ:(تم کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:

(ساتھ۔کو)حرف جار۔ اللَّيْلِ:(رات کو)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَعْلَمُ: (وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ مَا: (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ جَرَحْتُمْ:(تم نے کمایا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ج ر ح)صیغہ۔جَرَحَ يَجْرَحُ۔مصدر۔جَرْحًا۔(زخم لگانا۔ نقصان دینا۔کمانا۔)بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔ النَّهَارِ:(دن)اسم مجرور۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ يَبْعَثُ: (وہ زندہ کرتا ہے۔اٹھادیتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث) صیغہ۔ بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثٌ۔(اٹھانا)۔ كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فِي: (میں)اسم جار۔ هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يُقْضَى:(پورا کردیا جاتا ہے۔ فیصلہ کردیا جاتا ہے۔وہ گزاردیا جاتا ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔قَضَى يَقْضِي۔مصدر۔قَضَاءً۔(فیصلہ کرنا۔مقرر کرنا۔) أَجَلٌ:(مدت)نائب فاعل۔مرفوع۔موصوف۔ مُّسَمًّى:(مقررہ۔معین)صفت مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ ثُمَّ: (پھر)حرف عطف۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَرْجِعُ:(رجوع کرنے والا۔لوٹنے والا)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ يُنَبِّئُ:(وہ خبر دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَبَّأَ يُنَبِّئُ۔مصدر۔تَنْبِئَةٌ۔(خبر دینا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔نَبَأَ يَنْبُو۔مصدر۔نَبْوَةٌ۔نُبُوًا۔(خبر دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔نَبَأَ يَنْبَأُ۔ مصدر۔ نَبْئًا۔(خبر دینا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔كُنْتُمْ :(ہو تم)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْمَلُوْنَ:(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور وہی تو ہے جو رات کو (سونے کی حالت میں) تمہاری روح قبض کر لیتا ہے اور جو کچھ تم دن میں کرتے ہو اس سے خبر رکھتا ہے پھر تمہیں دن کو اٹھا دیتا ہے تاکہ (یہی سلسلہ جاری رکھ کر زندگی کی) معین مدت پوری کر دی جائے پھر تم (سب) کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (اس روز) وہ تم کو تمہارے عمل جو تم کرتے ہو (ایک ایک کرکے) بتائے گا۔

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ هُوَ: (وہی) ضمیر منفصل۔ مبتداء مرفوع۔ الْقَاهِرُ: (قاہر۔ زبردست) خبر مرفوع۔ فَوْقَ: (پر) ظرف مکان۔ مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ عِبَادِ: (بندے۔ عبادت گزار) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هٖ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يُرْسِلُ: (وہ بھیجتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالًا۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ر س ل) صیغہ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلًا۔ رَسَالَةً۔ (اونٹ کا سبک رفتار سے چلنا)۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ حَفَظَةً: (محافظ۔ حفاظت کرنے والے۔ نگہداشت کرنے والے) منصوب۔ مفعول بہ۔ حَتّٰى: (یہاں تک) حرف غائب۔ ابتدائیہ۔ اِذَا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ جَآءَ: (وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِيْءٌ۔ (آنا)۔ اَحَدَ: (کوئی ایک) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ كُمُ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْمَوْتُ: (موت) فاعل مرفوع۔ تَوَفَّتْ: (فوت ہو جاتا ہے) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔ مصدر۔ تَوَفِّيٌّ۔ (موت دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ف ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔ وَفَاءً۔ (پورا ہونا)۔ هُ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ رُسُلُ: (رَسُوْلٌ

کی جمع۔پیغمبر)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُفَرِّطُوْنَ:(وہ کوتاہی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مزید فیہ ۔باب تفعیل۔صیغہ فَرَّطَ يُفَرِّطُ۔مصدر۔تَفْرِيْطًا۔(کوتاہی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ف ر ط) صیغہ۔فَرَطَ يَفْرَطُ۔مصدر۔فَرْطًا۔فُرُوْطًا۔(جلدی کرنا)۔

اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے۔اور تم پر نگہبان مقرر کئے رکھتا ہے۔یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے فرشتے اس کی روح قبض کر لیتے ہیں اور وہ کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے

ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۟ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿۶۲﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ رُدُّوْا:(لوٹا دیئے جائیں گے)فعل ماضی جمع مجہول مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ رَدَّ يَرُدُّ۔مصدر۔رَدًّا۔(لوٹانا۔پھیرنا۔جواب دینا)۔ اِلَى: (طرف حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مَوْلَا:(دوست۔مالک۔آقا)نائب فاعل۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الْحَقِّ:(حقیقی۔سچے)صفت مرفوع۔ اَلَا: (خبردار) حرف تنبیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ الْحُكْمُ: (حکم۔فیصلہ) مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ هُوَ:(اسی کا)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبتداء۔مرفوع۔ أَسْرَعُ: (بہت جلد۔زیادہ تیز)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔مضاف۔الْحَاسِبِيْنَ :(حساب کرنے والے) فاعل۔جمع۔مضاف الیہ مجرور۔

ترجمہ آیت: پھر(قیامت کے دن تمام) لوگ اپنے مالک برحق اللہ تعالیٰ کے پاس واپس بلائے جائیں گے۔سن لو کہ حکم اسی کا ہے اور وہ نہایت جلد حساب لینے والا ہے۔

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾

قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔مَنْ:(جو)اسم استفہام مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يُنَجِّيْ:()وہ نجات دیتا ہے۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔نَجّٰى يُنَجِّيْ۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔ (نجات دینا)ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔ نَجَاءً۔(خلاصی پانا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ ظُلُمٰتِ :(اندھیروں سے) اسم مجرور۔مضاف۔الْبَرِّ:(خشکی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْبَحْرِ:(سمندر)معطوف مجرور۔تَدْعُونَ:(تم بلاتے ہو۔تم پکارتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔ دَعْوَةٌ۔ (پکارنا۔بلانا)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ تَضَرُّعاً:(چیخ چیخ کر۔رورو کر۔عاجزی سے)منصوب۔نائب مفعول مطلق۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ خُفْيَةً:(چھپ چھپ کر۔چپکے چپکے۔)معطوف منصوب۔حال۔لَئِنْ:(یقیناً اگر)مرکب:(لَ+اِنْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔أَنجَا:(اس نے نجات دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔نَجّٰى يُنَجِّيْ۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔(نجات دینا)ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔ نَجَاءً۔(خلاصی پانا)۔نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هٰذِهٖ :(اس سے)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث۔ محلاً مبتداء۔مرفوع۔ لَ: (بلاشبہ۔ یقیناً)لائے تاکید۔ناصب مضارع۔نَكُوْنَنَّ:(ہم ضرور بالضرور۔ہوجائیں)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی

مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الشّٰاكِرِيْنَ:(قدر کرنے والے۔شکر کرنے والے)فاعل۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ جملہ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: کہو بھلا تم کو جنگلوں اور دریاؤں کے اندھیروں سے کون مخلصی دیتا ہے (جب) کہ تم اسے عاجزی اور نیاز پنہانی سے پکارتے ہو (اور کہتے ہو) اگر اللہ ہم کو اس (تنگی) سے نجات بخشے تو ہم اس کے بہت شکر گزار ہوں

قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَ مِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٦٤﴾

قُلِ :(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فعل مرفوع۔ يُنَجِّي:(وہ نجات دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَجّٰى يُنَجِّي۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔(نجات دینا)ثلاثی مجرد۔ باب مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔ نَجَاءً۔(خلاصی پانا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ كَرْبٍ: (کرب۔دکھ۔تکلیف)مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ أَنْتُمْ :(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ تُشْرِكُوْنَ :(شرک کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔مصدر۔ اِشْرَاكًا۔(شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔ شَرِكَ يَشْرَكُ۔مصدر۔شَرْكًا۔ (شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہو کہ اللہ ہی تم کو اس (تنگی) سے اور ہر سختی سے نجات بخشتا ہے۔پھر (تم) اس کے ساتھ شرک کرتے ہو۔

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّ يُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾

قُلْ :(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔هُوَ:(وہی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْقَادِرُ:(ہر چیز کے اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا)خبر مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف عطف۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَبْعَثَ:(وہ بھیجے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثَ۔مصدر۔ بَعْثًا۔ بِعْثَةً۔(بھیجنا۔مقرر کرنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔عَذَابًا :(عذاب۔سزاء)منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ فَوْقِ:(اوپر)ظرف مکان۔ مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ أَرْجُلِ:(رجل کی جمع۔پاؤں)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَوْ :(یا)حرف جار۔يَلْبِسَ:(وہ لڑادے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ل ب س)صیغہ۔لَبَسَ يَلْبِسُ۔ مصدر۔ لَبْسٌ۔(لڑانا۔بھڑانا) كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ شِيَعاً:(گروہ) منصوب ۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُذِيْقَ:(وہ چکھائے)معطوف منصوب۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ذ و ق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔ذَوْقٌ۔(مزہ چکھنا)۔ بَعْضَ: (کچھ) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَأْسَ:(لڑائی ۔ آفت)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔ بَعْضٍ:(کچھ)مجرور مضاف الیہ۔ اُنْظُرْ :(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد باب ۔نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا) ۔ كَيْفَ: (کیسے) اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب ۔حال۔ نُصَرِّفُ :(ہم پھیر دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید

فیہ۔باب تفعیل۔صَرَّفَ یُصَرِّفُ۔مصدر۔تَصْرِیْفًا۔(پھیرنا)صیغہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ص ر ف)صیغہ صَرَفَ یَصْرِفُ۔مصدر۔صَرْفًا۔(پھیرنا)۔ الْاٰیٰتِ :(آیات)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب مضارع۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ یَفْقَهُوْنَ :(وہ غور کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واوٴ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ف ق ہ)صیغہ۔فَقِهَ یَفْقَهُ۔مصدر۔ فَقْهًا۔ (سمجھنا)۔ محلاًلَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ وہ(اس پر بھی) قدرت رکھتا ہے کہ تم پر اوپر کی طرف سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے عذاب بھیجے یا تمہیں فرقہ فرقہ کردے اور ایک کو دوسرے(سے لڑا کر آپس) کی لڑائی کا مزہ چکھادے۔ دیکھو ہم اپنی آیتوں کو کس کس طرح بیان کرتے ہیں تاکہ یہ لوگ سمجھیں۔

وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٦٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَذَّبَ :(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ قَوْمُ:(قوم)فاعل مرفوع۔مضاف۔ كَ:(تمہاری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ: (حالانکہ)حالیہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔ الْحَقُّ :(سچ)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لَّسْتُ :(میں نہیں ہوں)فعل ناقص ماضی واحد متکلم۔تائے مضموم ضمیر فاعل واحد متکلم۔لَيْسَ کا اسم مرفوع۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ناصب خبر۔

عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔ وَكِيْلٍ :(قابل اعتماد۔حامی)اسم مجرور۔محلاًلَيْسَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اوراس(قرآن) کوتمہاری قوم نے جھٹلایاحالانکہ وہ سراسر حق ہے۔کہہ دو کہ میں تمہاراداروغہ نہیں ہوں۔

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٧﴾

لِ:(لئے)حرف جار۔ كُلِّ :(ہر۔تمام)تاکید کے لئے۔اسم مجرور۔ جار اور مجرور مل کر خبر مقدّم منصوب ۔مضاف۔ نَبَاٍ :(خبر)مجرور مضاف الیہ۔ مُّسْتَقَرٌّ:(ٹھکانا۔مستحکم۔مقررہ وقت)مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔سَوْفَ:(جلد ہی)حرف استقبال۔ تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو۔حرف استقبال کی وجہ سے ترجمہ۔تم جان جاؤگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔

ترجمہ آیت:ہر خبر کے لئے ایک وقت مقرر ہے اور تم کو عنقریب معلوم ہو جائے گا۔

وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ رَأَيْتَ:(تونے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ۔ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جن کو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔يَخُوضُوْنَ:(بکواس کرتے ہیں۔ نکتہ چینی کرتے ہیں۔عیب جوئی کرتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب

نصر۔مادہ(خ و ض)اجوف واوی۔صیغہ۔خَاضَ يَخُوضُ۔مصدر۔ خَوْضٌ۔ (بکواس کرنا۔)۔فِي:(میں)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ أَعْرِضْ:(نظر انداز کر۔منہ موڑ۔)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ يُعْرِضُ۔مصدر۔اِعْرَاضٌ۔(نظر انداز کرنا۔توجہ نہ دینا) ثلاثی مجرد۔ باب ۔مادہ(ع ر ض)صیغہ۔عَرَضَ يَعْرِضُ۔مصدر۔ عَرْضًا۔عُرُوْضًا۔(درخواست دینا۔پیش کرنا۔نمائش لگانا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غائب۔ ابتدائیہ۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ يَخُوضُوا:(وہ بکواس کریں۔نکتہ چینی کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ و ض)اجوف واوی۔صیغہ۔خَاضَ يَخُوضُ۔مصدر۔خوض۔(بکواس کرنا۔)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ حَدِيْثٍ:(کسی بات)اسم مجرور۔موصوف۔غَيْرِ:(علاوہ)مجرور صفت۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف جار۔ إِمَّا:(لیکن اگر)مرکب:(إِنْ+مَّا)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ + اسم موصول زائدہ غیر عامل۔يُنسِيَنَّ:(وہ لازمی بھول جائے گا)فعل مضارع واحد مذکر مؤکد بانون ثقیلہ۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔ اَنْسٰى يُنْسِيْ۔ مصدر۔ اِنْسَاءً۔(بھلانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔ مصدر۔نِسْيَانٌ۔(بھولنا)كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ الشَّيْطَانُ: (شیطان ۔ابلیس۔وسوسہ۔ہر وہ چیز جو نقصان دہ ہو۔شیطان ہے۔عام کوئی مجسم نہیں۔عمل کی وجہ سے شیطان ہے۔) فاعل۔ مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَقْعُدْ: (تو بیٹھ)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ع ق د) صیغہ۔عَقَدَ يَقْعُدُ۔مصدر۔ قُعُوْدٌ۔مَقْعَدًا۔(باندھنا۔بیٹھ رہنا۔) بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ الذِّكْرٰى :(یاد آنا۔نصیحت کرنا۔)تقدیراً مکسور۔محلاً مضاف الیہ۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ الْقَوْمِ:

(قوم۔لوگ)جمع جنس۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الظَّالِمِيْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے) مجرور۔علامت۔ی۔صفت مجرور۔تابع۔موصوف۔

ترجمہ آیت:اور جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں کے بارے میں بیہودہ بکواس کررہے ہوں تو ان سے الگ ہوجاؤ یہاں تک کہ اور باتوں میں مصروف ہوجائیں۔اور اگر(یہ بات) شیطان تمہیں بھلادے تو یاد آنے پر ظالم لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو۔

وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٦٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مَا کی منصوب خبر مقدّم۔يَتَّقُوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ ڈرنا ذات کبریا سے)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ حِسَابِ:(حساب)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ شَيْءٍ:(کوئی شئے)لفظاً اسم مجرور۔محلاً مبتداء مؤخر۔وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔کوئی عمل نہیں۔ذِكْرٰى:(نصیحت) مفعول مطلق منصوب۔لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ يَتَّقُوْنَ:(پرہیز کرتے ہیں۔ وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔

ترجمہ آیت:اور پرہیز گاروں پر ان لوگوں کے حساب کی کچھ بھی جوابدہی نہیں ہاں نصیحت تاکہ وہ بھی پرہیز گار ہوں۔

وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف یا استئنافیہ۔ ذَرِ:(چھوڑ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(وذر) مثال واوی۔صیغہ وَذَرَ یَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔ چھوڑ دینا۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ اتَّخَذُوْا:(انہوں نے پکڑا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔دِينَ:(دین۔طریقہ۔راستہ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَعِبًا:(کھیل)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَهْوًا:(تماشہ)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔غَرَّتْ:(دھوکا دیتا ہے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ الْحَيَاةُ:(زندگی)فاعل۔مرفوع۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مرفوع صفت تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ ذَكِّرْ:(نصیحت کریں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ذَكَّرَ يُذَكِّرُ۔مصدر۔تَذْكِيْرٌ۔(نصیحت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تُبْسَلَ :(روکنا۔ہلاکت میں ڈال دیا جائے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْسَلَ يُبْسِلَ۔مصدر۔اِبْسَالًا۔ (روکنا۔ہلاکت میں ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ب س ل)صیغہ۔بَسُلَ يَبْسُلُ۔مصدر۔بَسَالَةً۔ بَسَالًا۔(بہادری دکھانا۔بہادر ہونا)۔ نَفْسٌ:(جان)نائب فاعل۔مرفوع۔ بِمَا:

(جو کچھ) :(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔محلاًاسم مجرور۔كَسَبَتْ :(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا)۔ لَيْسَ: (نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ناصب خبر۔لَ:(لئے)حرف جار۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(سوائے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔وَلِيٌّ:(دوست ۔حامی۔ساتھ) لَيْسَ کا اسم مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ شَفِيْعٌ:(شفاعت کرنے والا۔سفارش کرنے والا) معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ تَعْدِلْ:(تو عدل کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ع د ل)صیغہ۔عَدَلَ يَعْدِلُ۔مصدر۔ عَدْلٌ۔(عدل کرنا۔حقدار کا حق دینا)۔ كُلَّ :(ہر۔تمام)برائے تاکید۔نائب مفعول مطلق۔ مضاف۔ عَدْلٍ: (عدل)مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُؤْخَذْ:(وہ پکڑ لیا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاًاسم مجرور۔ أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنھوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔ أُبْسِلُوْا: (انہوں نے ہلاکت میں ڈالا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَبْسَلَ يُبْسِلَ۔مصدر۔اِبْسَالًا۔(روکنا۔ہلاکت میں ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ب س ل) صیغہ۔بَسُلَ يَبْسُلُ۔مصدر۔بَسَالَةً۔بَسَالًا۔(بہادری دکھانا۔بہادر ہونا)۔ بِمَا :(جو کچھ)مرکب : بِ+مَا)حرف جار۔ +اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ كَسَبُوْا:(انہوں نے کمایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔ كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔ كَسْبًا۔ (کمانا)۔ ل:(لئے)حرف جار۔ هُمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔

شَرَابٌ:(شراب)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔حَمِيمٍ:(سخت گرم پانی)اسم مجرور۔محلاً شبہ جملہ صفت مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَذَابٌ:(عذاب۔سزاء)معطوف مرفوع۔موصوف أَلِيمٌ:(بہت دردناک۔دکھ دینے والا)صفت مرفوع۔تابعد موصوف۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ كَانُوْا :(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَكْفُرُوْنَ:(کفر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور جن لوگوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنا رکھا ہے اور دنیا کی زندگی نے ان کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے ان سے کچھ کام نہ رکھو ہاں اس (قرآن) کے ذریعے سے نصیحت کرتے رہو تاکہ (قیامت کے دن) کوئی اپنے اعمال کی سزا میں ہلاکت میں نہ ڈالا جائے (اس روز) اللہ کے سوا نہ تو کوئی اس کا دوست ہوگا اور نہ سفارش کرنے والا۔اور اگر وہ ہر چیز (جو روئے زمین پر ہے بطور) معاوضہ دینا چاہے تو وہ اس سے قبول نہ ہو یہی لوگ ہیں کہ اپنے اعمال کے وبال میں ہلاکت میں ڈالے گئے ان کے لئے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور دکھ دینے والا عذاب ہے اس لئے کہ کفر کرتے تھے۔

قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿71﴾

قُلْ :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ نَدْعُو:(ہم پکاریں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔ دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا۔بلانا)۔ مِنْ:(سے)

حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔
مَا:(جو)اسم موصول۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَنفَعُ:(وہ نفع دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔
باب فتحہ۔مادہ(ن ف ع)صیغہ ۔نَفَعَ يَنْفَعُ۔مصدر۔نَفْعًا۔(نفع دینا) نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔محلاً
منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَضُرُّ:(وہ نقصان دیتا ہے)فعل مضارع واحد
مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ض ر ر)مضاعف۔صیغہ۔ضَرَّ يَضُرُّ۔مصدر۔ضَرًّ۔(نقصان کرنا) ۔
نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ نُرَدُّ :(ہم لوٹادئے جائیں)فعل
مضارع مجہول جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ رَدَّ يَرُدُّ۔مصدر۔رَدًّا۔(لوٹانا۔پھیرنا)۔ عَلَى:
(پر)حرف جار۔ أَعْقَابِ:(ایڑیوں)اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا:(ہماری۔اپنی)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف
الیہ۔بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔ منصوب۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔ هَدَا:(اس نے ہدایت دی)
فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ہ د ی)صیغہ ۔ هَدٰى يَهْدِيْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔
(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ نَا :(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل
مرفوع۔مضاف۔ كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ الَّذِيْ:(جس نے)اسم موصول۔
واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ اسْتَهْوَتْ:(بے راہ ہو گیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے
تانیث۔ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ ۔اِسْتَهْوٰى يَسْتَهْوِيْ۔مصدر۔اِسْتَهْوَاءٌ۔(بے راہ
کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ہ و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔هَوٰى يَهْوِيْ۔
مصدر۔هُوِيًّا۔هَوَيَانًا۔(بلندی سے گرنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔
الشَّيَاطِيْنُ:(شیطانوں نے)فاعل۔مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔ حَيْرَانَ
:(بہکا ہوا۔مرتد ہوا ہوا)منصوب۔حال۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم
مجرور۔ أَصْحَابٌ:(ساتھی۔لوگ۔)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ يَدْعُونَ:(وہ پکارتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر

غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی۔ صیغہ۔ دَعَا یَدْعُو۔ مصدر۔ دُعَاءٌ۔ دَعْوَةٌ۔ (پکارنا۔ بلانا)۔ هُ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِلَى:(طرف) حرف جار۔ الْهُدَى:(ہدایت۔ راہنمائی) اسم مجرور۔ اِئْتِ :(تو آجا) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ اصلاً اِئْتِيْ تھا۔ حرف علت بوجہ ساکن محذوف ہوا۔ تو لفظ اِتِ بنا۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَیٰ یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ نَا:(ہم کو) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ قُلْ :(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔(کہنا بولنا)۔ إِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُدَى:(ہدایت) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ هُوَ :(وہ ہی) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ الْهُدَىٰ:(ہدایت۔ رہنمائی) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أُمِرْنَا:(ہم کو حکم دیا گیا) فعل امر مجہول۔ جمع متکلم۔ ضمیر فاعل متکلم مرفوع نائب فاعل۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء م ر) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَمَرَ یَامُرُ۔ مصدر۔ اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ لِ:(تاکہ) حرف تعلیل۔ ناصب مضارع۔ نُسْلِمَ:(ہم فرمانبرداری کرتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (س ل م) صیغہ۔ سَلِمَ یَسْلَمَ۔ مصدر۔ سَلَامًا۔ سَلَامَةً۔ (بچا رہنا۔ چھٹکارا پانا۔ بغیر عیب کے ہونا) لِ: (لئے) حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ) اسم مجرور۔ مضاف۔ الْعَالَمِيْنَ:(جہانوں کا) مجرور۔ علامت ی۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کہو۔ کیا ہم اللہ کے سوا ایسی چیز کو پکاریں جو نہ ہمارا بھلا کر سکے نہ برا۔ اور جب ہم کو اللہ نے سیدھا رستہ دکھا دیا تو (کیا) ہم الٹے پاؤں پھر جائیں؟ (پھر ہماری ایسی مثال ہو) جیسے کسی کو جنات نے جنگل میں بھلا دیا ہو (اور وہ) حیران (ہو رہا ہو) اور اس کے کچھ رفیق ہوں جو اس کو رستے کی طرف بلائیں کہ ہمارے پاس چلا آ۔ کہہ دو کہ رستہ تو وہی ہے جو اللہ نے بتایا ہے۔ اور ہمیں تو یہ حکم ملا ہے کہ ہم اللہ رب العالمین کے فرمانبردار ہوں۔

وَأَنۡ اَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوۡهُ ؕ وَهُوَ الَّذِىۡۤ اِلَيۡهِ تُحۡشَرُوۡنَ ﴿۷۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ أَنۡ:(اگر) تفسیریہ۔ أَقِيمُوا:(قائم کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ اَقَامَ يُقِيۡمُ۔ مصدر۔اِقَامَةٌ۔(قائم رکھنا۔ قیام کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ يَقُوۡمُ۔مصدر۔قَوۡمًا۔قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔ الصَّلاةَ :(صلوٰة کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اتَّقُو:(ڈرو۔پرہیز کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واو جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيۡ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيۡ۔مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ هُوَ :(وہی) ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي :(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔ إِلَيۡ:(طرف) حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مذکر غائب۔ تُحۡشَرُوۡنَ :(تم اکٹھے کئے جاؤ گے) فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر)صیغہ۔حَشَرَ يَحۡشُرُ۔ مصدر۔حَشۡرًا۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔

اور یہ (بھی) کہ نماز پڑھتے رہو اور اس سے ڈرتے رہو۔ اور وہی تو ہے جس کے پاس تم جمع کئے جاؤ گے

وَهُوَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ؕ وَيَوۡمَ يَقُوۡلُ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ؕ قَوۡلُهُ الۡحَقُّ ؕ وَلَهُ الۡمُلۡكُ يَوۡمَ يُنۡفَخُ فِى الصُّوۡرِ ؕ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡخَبِيۡرُ ﴿۷۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِيۡ:(جس نے) اسم موصول۔مبنی برف سکون۔ محلاً خبر مرفوع۔ خَلَقَ :(اس نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔

باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ السَّمٰوٰتِ: (آسمانوں کو)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضَ:(زمین کو) معطوف منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْحَقِّ:(درست۔حق وسچ کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔یَقُولُ:(وہ کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ كُنْ:(تو ہو جا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً كُوْنْ۔حرف علت واؤ بوجہ التقائے ساکنین محذوف۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فَ:(پس)حرف عطف۔ یَكُوْنُ:(وہ ہو جاتی ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ قَوْلُ: (بات۔قول۔) مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْحَقُّ:(سچ)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَهُ:(اس کے لئے)مرکب: (لَ+هُ)حرف جار۔+ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔ الْمُلْكُ :(ملک۔ ریاست ۔سلطنت)مبتداء مرفوع مؤخر۔ یَوْمَ: (دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ یُنْفَخُ :(پھونک ماری جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف خ)صیغہ۔نَفَخَ یَنْفُخُ۔ مصدر۔نَفْخًا۔(پھونک مارنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الصُّوَرِ:(ناقوس۔صور۔ناد۔نرسنگا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَالِمُ:(جاننے والا)مبتداء محذوف۔کی خبر مرفوع۔تقدیراً هُوَ۔مضاف۔الْغَیْبِ:(غیب کا۔پوشیدہ چیزوں کا)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الشَّهَادَةِ:(گواہی)معطوف مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ :(وہ ہی)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْحَكِیْمُ:(خوب حکمت والا۔دانائی۔پالیسی والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الْخَبِیْرُ :(خوب خبر رکھنے والا۔) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو تدبیر سے پیدا کیا ہے۔ اور جس دن وہ فرمائے گا کہ ہو جا تو (حشر برپا) ہو جائے گا۔ اس کا ارشاد برحق ہے۔ اور جس دن صور پھونکا جائے گا (اس دن) اسی کی بادشاہت ہو گی۔ وہی پوشیدہ اور ظاہر (سب) کا جاننے والا ہے اور وہی دانا اور خبردار ہے

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۴﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ إِذْ: (جب) ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔ قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ إِبْرَاهِيْمُ: (ابراہیمؑ نے) فاعل مرفوع۔ لِ: (لئے۔ کو) حرف جار۔ أَبِي: (باپ) یکے از ستّہ مکبّرہ حالت جر میں۔ ی۔ لگانا ضروری ہوتا ہے۔ اس لئے تقدیراً مجرور۔ مضاف۔ هِ: (وہ۔ اپنے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ آزَرَ: (آزر) بدل اب کا۔ مجرور۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔ تَتَّخِذُ: (تو پکڑتا ہے۔ بناتے ہو) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔ بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَخَذَ يَاخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ أَصْنَامًا: (بتوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ آلِهَةً: (اِلٰه کی جمع ۔معبود) منصوب۔ مفعول ثانی۔ إِنِّ: (بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ يْ: (میں) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً إِنِّ کا اسم منصوب۔ کسرہ برائے اتصال مابعد ضمیر متکلم۔ أَرَا: (میں نے دیکھا) اصلاً رسم الخط۔ أَرَى تھا۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیکھنا۔ دل سے دیدار۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كَ: (تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف جار۔ قَوْمَ: (قوم کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ كَ: (تیری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً اسم مضاف الیہ۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ ضَلَالٍ: (گمراہی) اسم مجرور۔ موصوف۔ مُّبِيْنٍ: (کھلم کھلی) مجرور۔ علامت۔ ی۔ محلاً صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور (وہ وقت بھی یاد کرنے کے لائق ہے) جب ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے کہا کہ تم بتوں کو کیا معبود بناتے ہو۔ میں دیکھتا ہوں کہ تم اور تمہاری قوم صریح گمراہی میں ہو،

وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿۷۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ كَذَٰلِكَ:(اسی طرح)مرکب :(كَ+ذَٰلِكَ)حرف جار۔+ اسم اشارہ بعید۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب مفعول مطلق۔ نُرِي:(ہم دکھاتے تھے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرٰی یُرٰی۔مصدر۔ اِرَاءَۃٌ۔(دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْیَۃٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ مَلَكُوتَ :(عظیم سلطنت۔حکومتِ حقیقیہ)منصوب مفعول ثانی۔ مضاف۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں کے)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الأَرْضِ:(زمین) معطوف مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَكُونَ :(وہ ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔مِنَ :(سے)حرف جار۔الْمُوقِنِيْنَ :(یقین رکھنے والے)اسم فاعل۔ مجرور۔ علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور ہم اس طرح ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کے عجائبات دکھانے لگے تاکہ وہ خوب یقین کرنے والوں میں ہو جائیں۔

فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۶﴾

فَلَمَّا :(جب بھی)مرکب :(فَ+لَمَّا)حرف عطف+ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ جَنَّ : (وہ چھپ گیا۔ چھا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج ن ن) مضاعف۔

صیغہ۔جَنَّ یَجُنُّ۔ مصدر۔جُنُوْنًا۔جَنٌّ۔(تاریک ہونا۔چھا جانا۔چھپ جانا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔اللَّیْلُ:(رات۔)فاعل مرفوع۔رَأَی:(اس نے دیکھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَةٌ۔(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔کَوْکَبًا: (ستارہ) منصوب مفعول بہ۔جملہ جواب شرط۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبتداء مرفوع۔ مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ فَلَمَّا:(جب بھی)مرکب :(فَ+لَمَّا)حرف عطف+ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ أَفَلَ:(ڈوب گئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ء ف ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَفَلَ یَافُلُ۔مصدر۔اُفُوْلًا۔(غروب ہونا۔ڈوب جانا)۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لَا:(نہیں)نافیہ۔أُحِبُّ:(میں پسند کرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ح ب ب)مضاعف۔صیغہ حَبَّ یَحِبُّ۔ مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا)۔ الْآفِلِيْنَ :(ڈوب جانے والے)فاعل۔محلاً منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:(یعنی) جب رات نے ان کو(پردۂ تاریکی سے) ڈھانپ لیا (تو آسمان میں) ایک ستارا نظر پڑا۔کہنے لگے یہ میرا پروردگار ہے۔جب وہ غائب ہو گیا تو کہنے لگے کہ مجھے غائب ہو جانے والے پسند نہیں۔

فَلَمَّآ رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿٧٧﴾

فَلَمَّا:(جب بھی)مرکب :(فَ+لَمَّا)حرف عطف + ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ رَأَى: (اس نے دیکھا) فعل ماضی واحد مذرک غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الْقَمَرَ: (چاند کو)منصوب۔مفعول بہ۔ بَازِغًا:(چمکتا ہوا)منصوب۔حال۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔مضاف۔ رَبِّ: (ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فَلَمَّا:(جب بھی)مرکب :(فَ+لَمَّا)حرف عطف + ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ أَفَلَ:(ڈوب گئے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ء ف ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَفَلَ يَافُلُ۔ مصدر۔اُفُوْلًا۔(غروب ہونا۔ڈوب جانا)۔ قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ (ق و ل)صیغہ۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لَئِن:(یقیناً اگر) مرکب :(لَ+اِنْ)لائے تاکید + حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ لَّمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔يَهْدِ:(اس نے ہدایت دی)اصلاً يَهْدِيْ تھا۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔حرف علت بوجہ ساکن ہونے کے محذوف۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)صیغہ ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ نِ:(نون) وقایہ۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد ضمیر متکلم۔ يْ :(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ رَبِّ: (ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ناصب مضارع۔ أَكُونَنَّ:(میں ضرور بالضرور ہو جاؤں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْقَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر منصوب۔موصوف۔ الضَّالِّيْنَ :(گمراہ ہوئے ہوئے۔بھٹکے ہوئے)محلاً منصوب۔علامت۔ی۔محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پھر جب چاند کو دیکھا کہ چمک رہا ہے تو کہنے لگے یہ میرا پروردگار ہے۔ لیکن جب وہ بھی چھپ گیا تو بول اٹھے کہ میرا پروردگار مجھے سیدھا رستہ نہیں دکھائے گا تو میں ان لوگوں میں ہو جاؤں گا جو بھٹک رہے ہیں۔

فَلَمَّا رَاَ الشَّمۡسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیۡ هٰذَاۤ اَكۡبَرُ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَتۡ قَالَ يٰقَوۡمِ اِنِّیۡ بَرِیۡٓءٌ مِّمَّا تُشۡرِكُوۡنَ ﴿۷۸﴾

فَلَمَّا:(جب بھی)مرکب :(فَ+لَمَّا)حرف عطف + ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ رَأَى : (اس نے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤۡيَةٌ۔(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الشَّمۡسَ:(سورج)منصوب۔مفعول بہ۔ بَازِغَةً:(چمکتے ہوئے)منصوب حال۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔هَـٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔رَبِّ:(ربّ) خبر مرفوع۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد ضمیر متکلم۔مضاف۔يۡ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔ هَـٰذَا:(یہ) اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَكۡبَرُ :(بہت بڑا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔فَلَمَّا:(جب بھی)مرکب :(فَ+لَمَّا)حرف عطف + ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ أَفَلَتۡ:(وہ ڈوب گیا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ء ف ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَفَلَ يَافُلُ۔مصدر۔اُفُوۡلًا۔(غروب ہونا۔ڈوب جانا)۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ (ق و ل)صیغہ۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا :(اے)حرف نداء۔ قَوۡمِ:(قوم)منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔ی۔ضمیر متکلم محذوف۔ تخفیف کرنے کے لئے۔کسرہ بعوض۔یائے متکلم۔تقدیراً مجرور۔مضاف الیہ مجرور۔إِنِّ: (یقینا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ يۡ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔بَرِيۡءٌ:(بری الذمہ ہوں۔بے زار ہوں)۔ مِّمَّا:(جو کچھ)مرکب :(مِّنۡ +مَّا)حرف جار۔+اسم

موصول۔مبنی برسکون۔محلاً اسم مجرور۔ تُشْرِكُوْنَ :(تم شریک بناتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔ اِشْرَاكًا۔ (شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔ شَرِكَ يَشْرَكُ۔مصدر۔شَرْكًا۔(شریک بنانا۔ ہمسر بنانا)۔

ترجمہ آیت: پھر جب سورج کو دیکھا کہ جگمگا رہا ہے تو کہنے لگے میرا پروردگار یہ ہے یہ سب سے بڑا ہے۔ مگر جب وہ بھی غروب ہو گیا تو کہنے لگے لوگو! جن چیزوں کو تم (اللہ کا) شریک بناتے ہو میں ان سے بیزار ہوں۔

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۷۹﴾

إِنِّ :(یقینا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ وَجَّهْتُ:()فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَجَّهَ يُوَجِّهُ۔مصدر۔تَوْجِيْهًا۔(توجہ کرنا۔رخ کرنا)ثلاثی مجرد۔باب۔صیغہ۔وَجَهَ يَجِهُ۔مصدر۔وَجْهًا۔(با وجاہت ہونا۔مار کر منہ پھیر دینا) وَجْهِ:(چہرہ)مضاف۔کسرہ بوجہ یائے متکلم۔ يَ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع لِ:(لئے۔طرف)حرف جار۔ الَّذِيْ:(جس نے)اسم موصول ۔واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ فَطَرَ:(اس نے پھاڑا۔پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ف ط ر)صیغہ۔فَطَرَ يَفْطُرُ۔مصدر۔فَطْرًا۔فُطُوْرًا۔(پیدا کرنا۔پھاڑنا)۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں کو)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضَ:(زمین)معطوف منصوب۔ حَنِيْفًا: (یکسو۔سیدھی راہ پر چلنے والا)منصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل کرنے والا أَنَا:(میں)ضمیر منفصل واحد متکلم۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔ الْمُشْرِكِيْنَ : (مشرک۔شریک بنانے والوں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً مَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: میں نے سب سے یکسو ہو کر اپنے تئیں اسی ذات کی طرف متوجہ کیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں۔

وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ فِی اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ رَبِّیْ شَیْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّیْ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۰﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ یا استئنافیہ۔ حَآجَّ: (اس نے بحث کی۔ جھگڑا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ حَاجَّ یُحَاجُّ۔ مصدر۔ مُحَاجَّةٌ۔ (جھگڑا کرنا۔ بحث کرنا)۔ هٗ: (اس کے ساتھ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ قَوْمُ: (قوم) فاعل۔ مضاف۔ هٗ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و م) قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔ تُحَاجُّونِّ: (تم جھگڑتے ہو۔ بحث کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ حَاجَّ یُحَاجُّ۔ مصدر۔ مُحَاجَّةٌ۔ (جھگڑا کرنا۔ بحث کرنا)۔ +نون وقایہ۔ یْ: (میرے ساتھ) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ فِي: (میں) حرف جار۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ هَدَانِ: (اس نے مجھ کو ہدایت دی) اصلاً هَدَانِيْ تھا۔ نون وقایہ۔ تخفیف کر دی گئی ہے۔ یائے متکلم محذوف کر کے کسرہ کو بعوض یائے متکلم رکھا گیا۔ کسرہ قائم مقام یائے متکلم منصوب مفعول بہ۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ أَخَافُ: (میں ڈرتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ (خ و ف) اجوف واوی۔ صیغہ۔ خَافَ یَخَافُ۔ مصدر۔ خَوْفًا۔ (خوف کھانا)۔ مَا: (جن کو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ تُشْرِكُوْنَ: (تم شریک ٹھہراتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ اَشْرَكَ یُشْرِكُ۔ مصدر۔ اِشْرَاكًا۔ (شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔

مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔شَرْکًا۔(شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَّشَاءَ:(وہ چاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ رَبِّ:(ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔ يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شَيْئًا:(کوئی شئے۔کچھ بھی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَسِعَ:(اس نے وسیع کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔مادہ(و س ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَسِعَ يَسِعُ۔مصدر۔سِعَةٌ۔(وسیع کرنا۔ گھیرنا۔احاطہ کرنا)۔رَبِّ:(ربّ)فاعل۔مضاف۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كُلَّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔ شَيْءٍ:(کوئی چیز) مجرور مضاف الیہ۔ عِلْمًا:(علم)منصوب۔تمیز۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔یا استئنافیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔تَتَذَكَّرُوْنَ:(تم نصیحت حاصل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔ مصدر۔تَذَكُّرٌ۔(نصیحت حاصل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا نصیحت کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور ان کی قوم ان سے بحث کرنے لگی تو انہوں نے کہا کہ تم مجھ سے اللہ کے بارے میں (کیا) بحث کرتے ہو اس نے تو مجھے سیدھا رستہ دکھا دیا ہے۔اور جن چیزوں کو تم اس کا شریک بناتے ہو میں ان سے نہیں ڈرتا۔ ہاں جو میرا پروردگار چاہے۔میرا پروردگار اپنے علم سے ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے۔کیا تم خیال نہیں کرتے۔

وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ
فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔حال۔ أَخَافُ:(میں ڈرتا ہوں) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ مَا:(جو)اس موصول۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(خوف کھانا)۔ أَشْرَكْتُمْ:(تم نے شرک کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔اِشْرَاكًا۔(شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ش ر ک)صیغہ۔ شَرِكَ يَشْرَكُ۔مصدر۔ شَرْكًا۔(شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَخَافُونَ:(تم ڈرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔ خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(خوف کھانا)۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔أَشْرَكْتُمْ:(تم نے شرک کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔مصدر۔اِشْرَاكًا۔ (شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔ شَرِكَ يَشْرَكُ۔مصدر۔شَرْكًا۔(شریک بنانا۔ ہمسر بنانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع و قالب۔يُنَزِّلْ:(اتارا گیا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔ مصدر۔تَنْزِيْلًا (دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔ نُزُوْلٌ (اترنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ سُلْطَانًا :(کوئی سند۔کوئی دلیل)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔أَيُّ :(کون سے)اسم استفہام۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔ مضاف۔الْفَرِيقَيْنِ:(دو گروہ)مجرور۔مضاف الیہ۔أَحَقُّ:(بہت ہی سچا۔حق)افعل التفضیل۔خبر

مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْأَمْنِ:(امن۔آشتی)اسم مجرور۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ :(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: بھلا میں ان چیزوں سے جن کو تم (اللہ کا) شریک بناتے ہو کیونکر ڈروں جب کہ تم اس سے نہیں ڈرتے کہ اللہ کے ساتھ شریک بناتے ہو جس کی اس نے کوئی سند نازل نہیں کی۔اب دونوں فریق میں سے کون سا فریق امن (اور جمعیت خاطر) کا مستحق ہے۔اگر سمجھ رکھتے ہو (تو بتاؤ)۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾

الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَلْبِسُوْا:(وہ ملاتے ہیں۔گڈمڈ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ل ب س)صیغہ۔لَبَسَ يَلْبِسُ ۔مصدر۔لَبْسٌ۔(شک میں پڑنا۔شبہ ڈالنا)۔ إِيمَانَ: (ایمان۔یقین)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ ظُلْمٍ:(ظلم ۔اندھیر)اسم مجرور۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث ۔مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمُ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔الْأَمْنُ:(امن۔سلامتی ہے)مبتداء مرفوع۔جملہ محلاً مبتداء أُولَئِكَ کی خبر مرفوع۔

وَ:(اور)عطف۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔ مُّهْتَدُوْنَ : (ہدایت پانے والے۔ ہدایت یافتہ۔)فاعل مرفوع جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو (شرک کے) ظلم سے مخلوط نہیں کیا ان کے امن (اور جمعیت خاطر) ہے اور وہی ہدایت پانے والے ہیں۔

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾

وَ:(اور)حرف استئنافیہ۔ تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید واحد مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔ حُجَّتُ:(دلیل)خبر مرفوع۔مضاف۔ نَا :(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔آتَيْنَا:(ہم نے دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔جملہ محلاً خبر ثانی۔ مرفوع۔ إِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ کو)منصوب مفعول بہ ثانی۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ قَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نَرْفَعُ :(ہم بلند کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔باب(ر ف ع)صیغہ۔رَفَعَ یَرْفَعُ۔مصدر۔رَفْعًا۔(بلند کرنا۔) دَرَجَاتٍ:(درجات۔مراتب)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب تمیز۔مَّنْ:(جس کے)اسم موصول۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ نَّشَاءُ:(ہم چاہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ:(تمہارا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَكِيْمٌ:(بہت دانا۔بہت حکمت والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔ عَلِيْمٌ :(خوب جاننے والا۔) مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور یہ ہماری دلیل تھی جو ہم نے ابراہیم کو ان کی قوم کے مقابلے میں عطا کی تھی۔ ہم جس کے چاہتے ہیں درجے بلند کر دیتے ہیں۔ بے شک تمہارا پروردگار دانا اور خبردار ہے۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۴﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ وَهَبْنَا: (ہم نے تحفہ دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتحہ۔ باب (و ھ ب) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَهَبَ يَهَبُ۔ مصدر۔ وَهْبٌ ۔ وَهِبَةٌ۔ (عطا کرنا۔ تحفہ دینا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ إِسْحٰقَ: (اسحاقؑ کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يَعْقُوْبَ: (یعقوبؑ کو) معطوف منصوب۔ كُلاًّ: (سب کے سب کو) برائے تاکید۔ منصوب۔ مفعول بہ مقدّم۔ هَدَيْنَا: (ہم نے ہدایت دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔ هَدٰى يَهْدِىْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ نُوحًا: (نوحؑ کو) منصوب مفعول بہ۔ هَدَيْنَا: (ہم نے ہدایت دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔ هَدٰى يَهْدِىْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ قَبْلُ: (پہلے) ظرف زمان۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ تبعیضیہ۔ ذُرِّيَّتِ: (کچھ اولاد) اسم مجرور۔ مضاف۔ هٖ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ دَاوٗدَ: (داؤدؑ کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ سُلَيْمَانَ: (سلیمانؑ) معطوف منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَيُّوبَ: (ایوبؑ کو) معطوف منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يُوسُفَ: (یوسفؑ کو) معطوف منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مُوسٰى: (موسیٰؑ کو) معطوف منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ هَارُوْنَ: (ہارونؑ کو) معطوف منصوب۔ وَ: (اور) اعتراضیہ۔ كَذٰلِكَ: (اسی طرح) مرکب: (كَ+ذٰلِكَ) حرف جار + اسم اشارہ بعید واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ نائب مفعول مطلق۔ مقدّم۔ نَجْزِي: (ہم بدلہ دیتے ہیں) فعل مضارع جمع

متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ج ز ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ جَزٰی یَجْزِیُ۔ مصدر۔ جَزَاءً۔ (بدلہ دینا ۔معاوضہ دینا)۔ الْمُحْسِنِیْنَ :(اچھے کام کرنے والے۔احسان کرنے والے) فاعل۔ محلاً منصوب۔ علامت ۔ی۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان کو اسحاق اور یعقوب بخشے۔ (اور) سب کو ہدایت دی۔ اور پہلے نوح کو بھی ہدایت دی تھی اور ان کی اولاد میں سے داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسیٰ اور ہارون کو بھی۔ اور ہم نیک لوگوں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں۔

وَ زَكَرِيَّا وَ يَحْيٰى وَ عِيْسٰى وَ اِلْيَاسَ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۵﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ زَكَرِيَّا:(زکریاؑ) معطوف۔ منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ يَحْيٰى:(یحییٰؑ) معطوف۔ منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ عِيسَى :(عیسیٰؑ) معطوف۔ منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ إِلْيَاسَ : (الیاسؑ) معطوف منصوب۔ كُلٌّ:(سارے کے سارے) تاکید کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ مِّنَ :(سے) حرف جار۔ الصَّالِحِيْنَ :(اچھے کام کرنے والے۔ نیک لوگ۔) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور زکریا اور یحییٰ اور عیسیٰ اور الیاس کو بھی۔ یہ سب نیکوکار تھے۔

وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ الْيَسَعَ وَ يُوْنُسَ وَ لُوْطًا ؕ وَ كُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۶﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ إِسْمَاعِيْلَ :(اسمٰعیلؑ) معطوف منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الْيَسَعَ:(یسعؑ) معطوف منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ يُوْنُسَ:(یونسؑ) معطوف۔ منصوب۔ وَ:(اور) لُوْطًا:(لوطؑ) معطوف ۔منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ كُلاًّ:(سارے کے سارے) برائے تاکید۔ منصوب مفعول بہ۔ فَضَّلْنَا:(ہم نے فضیلت دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ فَضَّلَ يُفَضِّلُ۔ مصدر۔

تَفْضِيْلًا۔(فضیلت دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ض ل)فَضَلَ يَفْضُلُ۔مصدر۔ فَضْلًا۔ (ضرورت سے زیادہ دینا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْعَالَمِيْنَ :(جہانوں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اور اسمٰعیل اور الیسع اور یونس اور لوط کو بھی۔اور ان سب کو جہان کے لوگوں پر فضیلت بخشی تھی۔

وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔آبَاءِ:(باپ دادا۔اجداد)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ذُرِّيَّاتِ:(اولاد)معطوف مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِخْوَانِ: (بھائی)معطوف۔مجرور۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اجْتَبَيْنَا:(ہم نے چن لیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِجْتَبٰى يَجْتَبِيْ۔ مصدر۔ اِجْتِبَاءً۔(چن لینا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ هَدَيْنَا:(ہم نے راہنمائی دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔ مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔إِلَى : (طرف۔تک)حرف جار۔ صِرَاطٍ:(راستہ)اسم مجرور۔موصوف مُّسْتَقِيْمٍ : (سیدھا۔درست۔قائم شدہ مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور بعض بعض کو ان کے باپ دادا اور اولاد اور بھائیوں میں سے بھی۔اور ان کو برگزیدہ بھی کیا تھا اور سیدھا رستہ بھی دکھایا تھا۔

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾

ذَٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ هُدَى :(ہدایت)خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔يَهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)صیغہ ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔ مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔ هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ يَّشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ عِبَادِ:(بندوں)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ :(وہ۔اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ أَشْرَكُوْا: (انہوں نے شرک کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔اِشْرَاكًا۔(شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔ شَرِكَ يَشْرَكُ۔ مصدر۔شَرْكًا۔(شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ حَبِطَ:(اس نے ضائع کر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ب ط)صیغہ۔حَبِطَ يَحْبَطُ۔مصدر۔حَبْطًا۔(ضائع ہونا)۔ عَنْ: (سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔فاعل۔ كَانُوْا :(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَعْمَلُوْنَ :(وہ عمل کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت: یہ اللہ کی ہدایت ہے اس پر اپنے بندوں میں سے جسے چاہے چلائے۔اور اگر وہ لوگ شرک کرتے تو جو عمل وہ کرتے تھے سب ضائع ہو جاتے۔

أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾

أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مرفوع مبتداء۔الَّذِينَ :(وہ جن کو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع خبر۔ آتَيْنَا:(ہم نے دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔الْكِتَابَ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب ۔منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْحُكْمَ:(فیصلہ۔حکم)معطوف۔منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔النُّبُوَّةَ: (نبوت ۔ پیغمبری)معطوف منصوب۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔يَكْفُرْ: (وہ انکار کرے۔کفر کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل شرط۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ هٰؤُلَآءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر کسرہ۔محلاً فاعل۔مرفوع۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔وَكَّلْنَا:(ہم نے مقرر کر دئے)فعل ماضی جمع متکلم۔صیغہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔وَکَّلَ یُوَکِّلُ۔مصدر۔تَوَکِیْلٌ۔(مقرر کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ک ل) مثال واوی۔صیغہ۔وَکَلَ یَکِلُ۔مصدر۔وَکْلًا۔ وُکُوْلًا۔ (بھروسہ کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ قَوْمًا:(قوم) منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَّيْسُوْا:(انہوں نے نہیں)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ فعل جامد۔اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ناصب خبر۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔كَافِرِيْنَ:(کافر)لفظاً مجرور۔علامت۔ی۔محلاً لَيْسَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: یہ وہ لوگ تھے جن کو ہم نے کتاب اور حکم (شریعت) اور نبوت عطا فرمائی تھی۔ اگر یہ (کفار) ان باتوں سے انکار کریں تو ہم نے ان پر (ایمان لانے کے لئے) ایسے لوگ مقرر کر دیئے ہیں کہ وہ ان سے کبھی انکار کرنے والے نہیں۔

اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ هَدَی اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُکُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِنْ هُوَ اِلَّا ذِکْرٰی لِلْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۰﴾

أُوْلَئِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِيْنَ: (وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً خبر مرفوع۔ هَدَى: (اس نے ہدایت دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ دی) صیغہ۔ هَدٰى يَهْدِىْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هُدَا: (ہدایت۔ راہنمائی) اسم مجرور۔ مضاف۔ هُمُ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اقْتَدِ: (اقتداء۔ پیروی) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ حرف علت محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِقْتَدٰى يَقْتَدِىْ۔ مصدر۔ اَقْتِدَاءٌ۔ (پیروی کرنا)۔ هْ: (وہ) برائے سکتہ۔ (خاموشی کے لئے۔ سکوت کرنا)؛ قُلْ: (کہہ دو) فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق ول) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ أَسْئَلُ: (میں سوال کروں گا۔ کرتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (س ء ل) مہموز العین۔ صیغہ سَئَلَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سُوَالًا۔ (سوال کرنا۔ مانگنا)۔ كُمْ: (تم سے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ هِ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَجْرًا: (کوئی بدلہ۔ معاوضہ۔ اجر) منصوب۔ مفعول بہ۔ إِنْ: (نہیں) نافیہ۔ اس کے بعد اگر إِلَّا ہو تو معنی نفی کا ہوتا ہے۔ هُوَ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ ذِكْرَى: (نصیحت) منصوب۔ خبر مرفوع۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ الْعَالَمِيْنَ: (جہانوں کے لئے) اسم مجرور۔ علامت۔ ی۔ شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی تھی تو تم انہیں کی ہدایت کی پیروی کرو۔ کہہ دو کہ میں تم سے اس (قرآن) کا صلہ نہیں مانگتا۔ یہ تو جہان کے لوگوں کے لئے محض نصیحت ہے۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ ۭ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّ هُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِیْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِیْ خَوْضِهِمْ یَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف، مَا:(نہیں)نافیہ۔ قَدَرُوْا:(انہوں نے قدر کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ قَدَرَ یَقْدِرُ۔مصدر۔قَدْرٌ۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ حَقَّ: (سچ کیا)نائب مفعول مطلق۔مضاف۔(فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ق ق) مضاعف۔صیغہ۔حَقَّ یَحِقُّ۔ مصدر۔حَقًّا۔(سچ ہونا۔لازم ہونا۔ واجب ہونا۔ مستحق ہونا)۔ قَدْرِ: (قدر۔ عزت۔وقار)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذْ: (جب)ظرف زمان۔ بمعنی۔ماضی۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ أَنْزَلَ:(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔ اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ بَشَرٍ:(انسان)اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ زائد۔شَيْءٍ:(چیز۔شئے)لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ مَنْ :(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔أَنْزَلَ:(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔

نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ الْكِتَابَ:(کتاب)معرف باللام۔ منصوب مفعول بہ۔ محلاً خبر مرفوع۔ الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هٖ :(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجورر۔ مُوْسَى :(موسیٰؑ)فاعل۔مرفوع۔ نُوْرًا: (روشنی) منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ هُدًى:(ہدایت۔راہنمائی)معطوف منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔لنَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔ تَجْعَلُوْنَ:(تم بناتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ هٗ : (اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ قَرَاطِيْسَ:(الگ الگ ورقے۔ صفحے) منصوب۔مفعول ثانی۔ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ تُبْدُوْنَ:(ت ظاہر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْدٰی يُبْدِئُ مصدر۔اِبْدَاءٌ۔(ظاہر کرنا۔کھلم کھلا کرنا۔علانیہ کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب د و)ناقص واوی۔بَدَا يَبْدُو۔مصدر۔بَدَاءً۔بُدُوًّا۔(ظاہر کرنا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔تُخْفُوْنَ:(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَخْفٰی يُخْفِيْ۔مصدر۔ اِخْفَاءٌ۔(چھپانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(خ ف ی) ناقص یائی۔صیغہ۔خَفٰی يَخْفِيْ۔مصدر۔خَفْيًا۔ چھپنا)۔كَثِيْرًا:(بہت زیادہ)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عُلِّمْتُمْ:(تم کو سکھایا گیا)فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر۔باب تفعیل۔صیغہ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِيْمًا۔(سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا)۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔تَعْلَمُوْا:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر

حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔باب تفعیل۔صیغہ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔مصدر۔ تَعْلِيمًا۔(سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔ أَنْتُمْ: (تم)ضمیر منفصل۔برائے تاکید۔فاعل۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔زائدہ۔ آبَاؤُ: (اجداد۔باپ دادے)معطوف۔(فاعل) مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ ۔ قُلِ:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)مبتداء۔مرفوع۔خبر محذوف۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ ذَرْ:(چھوڑ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ خَوْضِ:(یاوہ گوئی ۔بیہودہ گوئی۔خرافات۔بکواس)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کی)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَلْعَبُوْنَ :(وہ کھیلتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل ب)صیغہ۔لَعِبَ يَلْعَبُ۔مصدر۔لَعْبًا۔(کھیلنا)۔محلاً جملہ منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اور ان لوگوں نے اللہ کی قدر جیسی جاننی چاہیئے تھی نہ جانی۔جب انہوں نے کہا کہ اللہ نے انسان پر (وحی اور کتاب وغیرہ) کچھ بھی نازل نہیں کیا۔کہو جو کتاب موسیٰ لے کر آئے تھے اسے کس نے نازل کیا تھا جو لوگوں کے لئے نور اور ہدایت تھی اور جسے تم نے علیحدہ علیحدہ اوراق (پر نقل) کر رکھا ہے ان (کے کچھ حصے) کو تو ظاہر کرتے ہو اور اکثر کو چھپاتے ہو۔اور تم کو وہ باتیں سکھائی گئیں جن کو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا۔ کہہ دو (اس کتاب کو) اللہ ہی نے (نازل کیا تھا) پھر ان کو چھوڑ دیا کہ اپنی بیہودہ بکواس میں کھیلتے رہیں۔

وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ
وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ ھٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔ کِتَابٌ:(کتاب)خبر۔مرفوع۔محلاً موصوف۔أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتاری)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔ مصدر۔اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مُبَارَكٌ:(مبارک۔برکت والی)صفت ثانی۔مرفوع۔ مُّصَدِّقُ:(تصدیق کرنے والی)صفت ثالث۔مرفوع۔الَّذِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ بَيْنَ :(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ يَدَيْ:(ہاتھوں)اصلاً يَدَيْنِ تھا۔ نون جمع محذوف۔ بوجہ مضاف۔ هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائےکَیْ۔ناصب مضارع۔تُنْذِرَ:(تو تنبیہ کرے۔آگاہ کرے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَنْذَرَ یُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔آگاہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ذ ر) صیغہ۔نَذَرَ یَنْذُرُ۔یَنْذِرُ ۔مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا۔مال دینا فقیروں کو۔خدمت اسلام کے لئے۔ جس کا اپنے تیئں عہد کیا ہو)۔أُمَّ:(ماں)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔الْقُرٰی:(قَرْيَةٌ کی جمع۔بستی۔)یہ مکہ معظمہ کے باہر ایک آبادی ہے۔ مجرور مضاف الیہ۔ تقدیراً مکسور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنْ :(جو)اسم موصول۔معطوف منصوب حَوْلَ:(ارد گرد)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف الیہ۔ هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمرفوع مبتداء۔يُؤْمِنُوْنَ :(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود ۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَامَنَ۔ مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْاٰخِرَةِ :(آخرت۔ قیامت)اسم مجرور۔ يُؤْمِنُوْنَ :(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون

اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ یَامَنَ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مرفوع۔مبتداء۔ عَلٰی : (پر)حرف جار۔ صَلَاتِ:(صلوٰتوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(اپنی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مضاف الیہ۔ یُحَافِظُوْنَ :(حفاظت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔ حَافَظَ یُحَافِظُ۔مصدر۔مُحَافَظَةٌ۔(باہم حفاظت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ف ظ)صیغہ۔حَفِظَ یَحْفِظُ۔مصدر۔حِفْظًا۔(حفاظت کرنا)۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور(ویسی ہی) یہ کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے بابرکت جو اپنے سے پہلی (کتابوں) کی تصدیق کرتی ہے اور(جو) اس لئے(نازل کی گئی ہے) کہ تم مکے اور اس کے آس پاس کے لوگوں کو آگاہ کر دو۔اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں اور وہ اپنی نمازوں کی پوری خبر رکھتے ہیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِیَ اِلَیَّ وَلَمْ یُوْحَ اِلَیْهِ شَیْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰۤی اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓىِٕكَةُ بَاسِطُوْۤا اَیْدِیْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰیٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ مَنْ :(کون ہے)اسم استفہام۔مبنی برف سکون۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ اَظْلَمُ:(بہت زیادہ ظلم کرتا ہے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ مِمَّنِ:(اس سے جو)مرکب :(مِنْ+مَّنِ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ افْتَرٰی:(بہتان لگاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِفْتَرٰی یَفْتَرِیُ۔مصدر۔اِفْتَرَاءٌ۔(جھوٹ بہتان

باندھنا)۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ سمع۔مادہ(ف ر ی) ناقص یائی۔صیغہ ۔فَرٰی یَفرِیُ۔مصدر۔ فَرْیًا۔ فِرْیَۃٌ۔(ٹکڑا ٹکڑا کرنا۔)جیسے : قَطَّعَہٗ قَطْعًا صَغِیْرَۃً۔یعنی فَرٰی اللَّحْمَ۔/ بَصَلَ۔(گوشت / پیاز ٹکڑے ٹکڑے کرنا)۔ عَلَی:(پر)حرف جار۔ اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ کَذِبًا:(جھوٹ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أَوْ :(یا)حرف عطف۔ قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أُوْحِيَ :(مجھ پر وحی آتی ہے۔کی جاتی ہے)فعل ماضی مجہول واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَوْحٰی یُوْحِیُ۔ مصدر۔اِیْحَاءٌ۔(وحی بھیجنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ مادہ(و ح ی)لفیف مفروق۔مثال واوی + ناقص یائی۔صیغہ وَحٰی یَحِیُ۔ مصدر۔ وَحْیًا۔ (علانیہ یا خفیہ بات کرنا)۔ إِلَيَّ:(میری طرف)مرکب :(إِلَی+ی)حرف جار۔+ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون ۔ محلاً مجرور۔بالفتحہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ لَمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ یُوْحَ:(وحی کرے فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔مجزوم۔حرف علت بوجہ التقائے سا کنین محذوف۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَوْحٰی یُوْحِیُ۔ مصدر۔اِیْحَاءٌ۔(وحی بھیجنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)لفیف مفروق۔مثال واوی + ناقص یائی۔ صیغہ وَحٰی یَحِیُ۔مصدر۔وَحْیًا۔(علانیہ یا خفیہ بات کرنا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ ہِ : (اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ شَيْءٌ:(شئے۔چیز)مرفوع۔نائب فاعل۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔سَ:(جلد ہی)حرف استقبال۔ أُنزِلُ :(میں اتاروں گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔ اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ مِثْلَ :(مانند۔ طرح)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَا:(جیسا)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔أَنْزَلَ :(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔ اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔یا استئنافیہ۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ تَرَى:(تو دیکھے گا) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِذِ:(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔کسرہ برائے اتصال۔ الظَّالِمُوْنَ:(ظالم)مبتداء مرفوع۔جمع مذکر۔علامت واؤ۔فِيْ: (میں)حرف جار۔ غَمَرَاتِ: (سختیوں)اسم مجرور۔مضاف۔الْمَوْتِ:(موت کی)مجرور مضاف الیہ۔وَ: (حالانکہ)حالیہ۔ الْمَلَآئِكَةُ: (فرشتے۔غیر مرئی قوتیں)مبتداء مرفوع۔ مضموم۔بَاسِطُوْا:(وہ پھیلانے والے۔ پھیلائے ہوئے) فاعل۔ مرفوع۔جمع مذکر۔أَيْدِيْ:(ہاتھوں کو)اصلاً أَيْدِيْنِ تھا۔محلاً منصوب۔نون تثنیہ محذوف بوجہ مضاف۔ هِمْ:(ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ أَخْرِجُوْا:(وہ نکالیں)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔ اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔ أَنْفُسَ: (جانوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔كُمُ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْيَوْمَ: (آج)ظرف زمان۔ منصوب۔ أَخْرِجُوْا کے متعلق۔ تُجْزَوْنَ:(تم بدلہ دیئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔جَزٰى يَجْزِىْ۔مصدر۔ جَزَاءً۔ (بدلہ دینا۔معاوضہ دینا۔)۔عَذَابَ:(عذاب۔سزاء)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔ الْهُوْنِ:(اہانت کا۔رسوائی کا۔ذلت کا)مجرور مضاف الیہ۔ بِمَا:(جو کچھ) :(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔كُنْتُمْ: (تم تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ضمیر تُمْ فاعل۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔تَقُوْلُوْنَ:(تم کہتے رہے تھے) فعل مضارع جمع مذکر غائب(استمراری)۔مرفوع۔علامت نون اعرابی

موجود۔واؤجمع۔ باب نصر۔مادہ(ق ول)صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔عَلَی:(پر)حرف جار۔ اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ غَیْرَ :(علاوہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ الْحَقِّ: (حق۔ سچ) مجرور۔مضاف الیہ۔ وَکُنْتُمْ :(تم تھے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔محلاًمجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ضمیر تُمْ فاعل۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔عَنْ : (سے۔بارے میں)حرف جار۔آیَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ ہٖ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تَسْتَکْبِرُوْنَ :(تم اتراتے ہو۔تم تکبر کرتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔موجو۔واؤ جمع۔محلاًجملہ کَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَکْبَرَ یَسْتَکْبِرُ۔مصدر۔اِسْتِکْبَارٌ۔(تکبر کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔کرم۔مادہ(ک ب ر) صیغہ۔کَبَرَ یَکْبُرُ۔ مصدر۔کِبَارٌ۔(بڑاہونا)۔

ترجمہ آیت:اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ افتراء کرے۔یا یہ کہے کہ مجھ پر وحی آئی ہے حالانکہ اس پر کچھ بھی وحی نہ آئی ہو اور جو یہ کہے کہ جس طرح کی کتاب اللہ نے نازل کی ہے اس طرح کی میں بھی بنالیتاہوں۔اور کاش تم ان ظالم(یعنی مشرک) لوگوں کو اس وقت دیکھو جب موت کی سختیوں میں (مبتلا) ہوں اور فرشتے(ان کی طرف عذاب کے لئے) ہاتھ بڑھارہے ہوں کہ نکالو اپنی جانیں۔ آج تم کو ذلت کے عذاب کی سزادی جائے گی اس لئے کہ تم اللہ پر جھوٹ بولا کرتے تھے اور اس کی آیتوں سے سرکشی کرتے تھے۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰی كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ وَمَا نَرٰی مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف یا۔استئنافیہ۔ لَ:(بلاشبہ)حرف تاکید۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جِئْتُمُوْ:(تم آئے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤبرائے اشباع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ جَاءَ یَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔

مَجِیْءٌ۔(آنا)۔ نَا:(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فُرَادٰی:(انفرادی طور پر۔ فرداً فرداً) منصوب۔ حال۔ كَمَا:(جیسا کہ)مرکب:(كَ+مَا)حرف جار و تشبیہ + مَا مصدریہ۔ مبنی بر سکون۔ اسم مجرور۔ خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَوَّلَ:(پہلے)ظرف زمان منصوب۔ مضاف۔ مَرَّةٍ:(بار۔ مرتبہ۔)مجرور مضاف الیہ۔(مُرُوْرٌ۔اسی سے ہے۔ٹریفک ۔آمد و رفت۔گزرنا۔وحدت کے لئے تائے مدورہ بڑھائی جاتی ہے۔ایک بار گزرنا۔مرتبہ ۔دفعہ۔بار)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یا استئنافیہ۔ تَرَكْتُمْ:(تم نے چھوڑ دیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ر ک)صیغہ۔تَرَكَ يَتْرُكُ۔مصدر۔تَرْكًا۔(چھوڑنا)۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ خَوَّلْنَا:(ہم نے مالک بنا دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ خَوَّلَ يُخَوِّلُ ۔مصدر۔تَخْوِيْلٌ۔(مالک بنانا) كُم:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَرَاءَ:(پیچھے۔ آگے پیچھے)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔مضاف الیہ۔ ظُهُورِ:(پیٹھیں)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا: (نہیں) نافیہ۔ نَرَى:(ہم نے دیکھا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔رَأٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شُفَعَاءَ:(سفارشی۔مددگار)منصوب مفعول بہ۔موصوف مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً صفت منصوب۔ زَعَمْتُمْ:(تم گمان کیا۔خیال کیا۔)فعل قلوب ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب مادہ(ز ع م) صیغہ۔زَعَمَ يَزْعَمُ۔ مصدر۔ زَعْمًا۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔عقیدہ رکھنا)۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُمْ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ كُمْ: (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم

مجرور۔ شُرَکٰٓؤُا:(شریکوں) أَنَّ کی خبر مرفوع۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ تَّقَطَّعَ : (اس نے کاٹ دئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلُ۔ثلاثی مزید فیہ۔ تفعیل۔ صیغہ۔قَطَّعَ یُقَطِّعُ۔مصدر۔تَقْطِیْعٌ۔(منقطع ہونا۔کاٹ دیا جانا) ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع) صیغہ۔ قَطَعَ یَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعٌ۔(کاٹنا)۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ کُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ ضَلَّ:(اس نے گمراہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ یَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا)۔ عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً فاعل۔ کُنْتُمْ (تم تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ضمیر تُمْ فاعل۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ تَزْعُمُوْنَ :(تم گمان کرتے ہو۔تم خیال کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ کَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ز ع م)صیغہ۔زَعَمَ یَزْعَمُ۔ مصدر۔زَعْمًا۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔عقیدہ رکھنا)۔

ترجمہ آتیت:اور جیسا ہم نے تم کو پہلی دفعہ پیدا کیا تھا ایسا ہی آج اکیلے اکیلے ہمارے پاس آئے اور جو (مال ومتاع) ہم نے تمہیں عطا فرمایا تھا وہ سب اپنی پیٹھ پیچھے چھوڑ آئے اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے سفارشیوں کو بھی نہیں دیکھتے جن کی نسبت تم خیال کرتے تھے کہ وہ تمہارے (شفیع اور ہمارے) شریک ہیں۔(آج) تمہارے آپس کے سب تعلقات منقطع ہوگئے اور جو دعوے تم کیا کرتے تھے سب جاتے رہے۔

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَ النَّوٰى يُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ مُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ فَالِقُ : (پھاڑنے والا۔پیدا کرنے والا) إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف الْحَبِّ:(دانہ۔بیج)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ النَّوٰی:(گٹھلی)معطوف مجرور۔تقدیراً مکسور۔ یُخْرِجُ :(نکالتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ یُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔ الْحَيَّ:(زندہ کو)منصوب مفعول بہٖ۔ مِنَ: (سے)حرف جار۔ الْمَيِّتِ:(مردہ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مُخْرِجُ:(نکالنے والا)خبر مرفوع۔ مبتداء محذوف۔مضاف۔ الْمَيِّتِ:(مردے کے)مجرور مضاف الیہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْحَيِّ:(زندہ سے)اسم مجرور۔ ذٰلِكُمُ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔مبتداء۔مرکب:(ذَ+لِ+كُمُ)اسم اشارہ۔لِ برائے بعید۔ كُمُ برائے خطاب۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)خبر مرفوع۔ فَ:(پس)فصیحہ۔ أَنّٰى: (کیونکر)اسم استفہام۔ تُؤْفَكُوْنَ : (تم بہکائے جاتے ہو) فعل مضارع مجہول۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ف ک)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَفَکَ یَاْفِکُ۔مصدر۔اِفْکًا۔(جھوٹ بولنا۔بہکنا)

ترجمہ آیت:بے شک اللہ ہی دانے اور گٹھلی کو پھاڑ کر (ان سے درخت وغیرہ) اگاتا ہے وہی جاندار کو بے جان سے نکالتا ہے اور وہی بے جان کا جاندار سے نکالنے والا ہے۔یہی تو اللہ ہے۔پھر تم کہاں بہکے پھرتے ہو۔

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٩٦﴾

فَالِقُ:(پھاڑنے والا۔پیدا کرنے والا)خبر۔مرفوع۔مبتداء محذوف۔مضاف۔الْاِصْبَاحِ:(صبح کا)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ اللَّيْلَ:(رات کو)منصوب۔مفعول بہٖ سَكَنًا:(سکون والی)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّمْسَ:(سورج کو)معطوف منصوب۔

وَ:(اور)حرف عطف۔ الْقَمَرَ:(چاند کو)معطوف۔منصوب۔ حُسْبَانًا:(حساب لگانا) معطوف۔ منصوب۔ ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ تَقْدِيرُ :(اندازہ لگانا۔)خبر مرفوع۔مضاف۔ الْعَزِيزِ:(بہت عزت والا)مجرور مضاف الیہ۔الْعَلِيمِ:()مبالغہ۔مجرور صفت۔

ترجمہ آیت:وہی (رات کے اندھیرے سے) صبح کی روشنی پھاڑ نکالتا ہے اور اسی نے رات کو(موجب) آرام(ٹھہرایا) اور سورج اور چاند کو(ذرائع) شمار بنایا ہے۔یہ اللہ کے(مقرر کئے ہوئے) اندازے ہیں جو غالب(اور) علم والا ہے۔

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔هُوَ:(وہی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي:(وجو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمُ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ النُّجُوْمَ:(ستاروں کو)منصوب۔مفعول بہ۔لِ: (تاکہ)لائے کَیْ۔ناصب مضارع۔ تَهْتَدُوْا:(تم راہنمائی پاؤ۔ہدایت تم پاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِىْ۔مصدر۔اِهْتَدَاءٌ۔ (ہدایت پانا۔)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ ۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ظُلُمٰتِ:(اندھیروں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ مضاف۔ الْبَرِّ :(خشکی کی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف جار۔ الْبَحْرِ:(سمندر)معطوف مجرور۔قَدْ: (یقیناً)حرف تحقیق۔ فَصَّلْنَا:(ہم تفصیل سے بیان کردی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ فَصَّلَ يُفَصِّلُ۔مصدر۔ تَفْصِيْلًا۔(تفصیل سے بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ف ص ل) صیغہ۔فَصَلَ يَفْصُلُ۔مصدر۔ فُصُوْلاً۔ (الگ کرنا)۔فاصلے پر رکھنا۔ الْآيَاتِ:(آیات کو)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔لِ:(لئے)

حرف جار۔ قَوْمٍ :(لوگوں کے)اسم مجرور۔ يَعْلَمُوْنَ :(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے ستارے بنائے تا کہ جنگلوں اور دریاؤں کے اندھیروں میں ان سے رستے معلوم کرو۔ عقل والوں کے لئے ہم نے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں۔

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿٩٨﴾

قُلۡ :(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا بولنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ نِ:(نون وقایہ یائے متکلم کو اس کی آخری حرکت سے بچاتا ہے)یۡ:(مجھ کو) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ هَدٰا:(اس نے ہدایت دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ھ د ی)صیغہ۔ هَدٰی یَهۡدِیۡ۔ مصدر۔ هَدَایَةٌ۔ (ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔ نِ:(نون وقایہ۔ یائے متکلم کو فعل یا مشبہ بالفعل سے بچاتا ہے۔)یۡ:(مجھ کو) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ رَبِّ:(ربّ) فاعل مرفوع۔ تقدیراً مضموم مضاف۔ ي:(میرا) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَی:(طرف) حرف جار۔ صِرَاطٍ:(راستہ) اسم مجرور۔ موصوف۔ مُّسۡتَقِیۡمٍ:(سیدھا) صفت مجرور۔ تابع موصوف۔ دِیۡنًا:(دین۔ اصول۔ طریقہ) منصوب۔ مفعول بہ۔ موصوف۔ قِیَمًا :(پکا۔ قائم و دائم) صفت منصوب۔ تابع موصوف۔ مِّلَّةَ: (قوم۔ امت۔ جماعت) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ بدل منصوب۔ مضاف۔ إِبۡرَاهِیۡمَ :(ابراہیمؑ) غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَنِیۡفًا:(یک سو۔ الگ تھلگ) منصوب حال۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَا:(نہیں) نافیہ۔ كَانَ :(وہ ہے۔ وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ یَكُوۡنُ۔ مصدر۔ كَوۡنًا۔(ہونا)۔ مِنَ :(سے) حرف جار۔ الۡمُشۡرِكِیۡنَ:(مشرکوں سے) اسم مجرور۔ علامت۔ ی۔ شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ مجھے میرے پروردگار نے سیدھا رستہ دکھا دیا ہے (یعنی دین صحیح) مذہب ابراہیم کا جو ایک (اللہ) ہی کی طرف کے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے۔

قُلۡ اِنَّ صَلَاتِیۡ وَنُسُكِیۡ وَمَحۡیَایَ وَمَمَاتِیۡ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱۶۲﴾

قُلْ:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔صَلاَتِ:(صلوٰۃ) إِنَّ کا اسم منصوب۔کسرہ برائے اتصال مابعد ضمیر واحد متکلم۔مضاف۔يْ:(میری) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نُسُكِ:(عبادت)معطوف منصوب۔مضاف۔ يْ: (میری) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَحْيَا: (جینا۔ زندگی) معطوف منصوب۔مضاف۔يَ :(میری)ضمیر واحد متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً مجرورر مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔مَمَاتِ: (مرنا۔موت)ي:(میری)ضمیر واحد متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً مجرورر مضاف الیہ۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب:(لِ +اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَبِّ:(ربّ)بدل مجرور۔مضاف۔الْعَالَمِيْنَ :(جہانوں کے)مجرور علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(یہ بھی) کہہ دو کہ میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہے۔

لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٦٣﴾

لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔شَرِيكَ:(کوئی شریک)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔ أُمِرْتُ :(میں حکم دیا گیا ہوں)فعل ماضی مجہول واحد متکلم۔ ضمیر متکلم۔ محلاً مرفوع۔نائب فاعل۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر) مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَمَرَ يَاْمُرُ۔مصدر۔اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ وَ:(حالانکہ۔)حالیہ۔أَنَا :(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع۔ مبتداء۔أَوَّلُ:(پہلا)خبر مرفوع۔مضاف۔ الْمُسْلِمِيْنَ :(مسلمان میں سے)مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اسی بات کا حکم ملاہے اور میں سب سے اول فرمانبر دار ہوں۔

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۭ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٦٤﴾

قُلْ:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔غَيْرَ :(علاوہ۔سوا)حرف استثناء۔منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ أَبْغِي :()فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔صیغہ۔اَبْغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔بَغْيٌ۔(چاہنا۔تلاش کرنا۔طلب کرنا)ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ب غ ی) ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔بَغْيًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا)۔ رَبًّا:(کوئی ربّ)تمیز یا حال منصوب۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ :(وہی)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔محلاً مرفوع مبتداء۔رَبُّ:(ربّ)خبر مرفوع۔مضاف۔كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ:(سب کچھ۔چیز)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف یا استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَكْسِبُ :(تو کماتا ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔كُلُّ :(ہر)تاکید۔مضاف۔نَفْسٍ:(ہر جان۔سب)مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا : (مگر) حرف حصر۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔تَزِرُ:(وہ بوجھ اٹھانے والی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ز ر)مثال واوی۔صیغہ۔وَزَرَ يَزِرُ۔مصدر۔وِزْرًا۔(بوجھ اٹھانا)۔ وَازِرَةٌ:(بوجھ اٹھانے والی)اسم فاعل مونث۔ وِزْرَ:(بوجھ)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ أُخْرَى:(کسی دوسرے کا)مجرور مضاف الیہ۔تقدیراً مکسور۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ : (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَّرْجِعُ:(لوٹنا۔رجوع کرنا۔لوٹ کر جانا)مصدر میمی۔مبتداء۔مؤخر مرفوع۔مضاف۔كُمْ :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔يُنَبِّئُ :

(وہ خبر دیتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ نَبَّأَ يُنَبِّئُ۔ مصدر۔ تَنْبِئَةٌ ۔(خبر دینا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ نَبَأَ يَنْبُو۔ مصدر۔ نَبْوَةٌ۔ نُبُوًا۔(خبر دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ن ب ء) مہموز اللام۔ نَبَأَ يَنْبَأُ۔ مصدر۔ نَبْئًا۔(خبر دینا)۔ كُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ۔سے) حرف جار۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ محلاً اسم مجرور۔ كُنْتُمْ :(ہو تم) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ تَخْتَلِفُوْنَ:(تم اختلاف کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ واؤ جمع۔ محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ۔ مصدر۔ اَخْتِلَافٌ۔(اختلاف کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ل ف) صیغہ۔ خَلَفَ يَخْلُفُ۔ مصدر۔ خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔

ترجمہ آیت: کہو کیا میں اللہ کے سوا اور پروردگار تلاش کروں اور وہی تو ہر چیز کا مالک ہے اور جو کوئی (برا) کام کرتا ہے تو اس کا ضرر اسی کو ہوتا ہے اور کوئی شخص کسی (کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا پھر تم سب کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کا جانا ہے تو جن جن باتوں میں تم اختلاف کیا کرتے تھے وہ تم کو بتائے گا۔

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰكُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ڮ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ هُوَ:(وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ محلاً مرفوع مبتداء۔ الَّذِي :(وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً خبر مرفوع۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ كُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ خَلَائِفَ:(خلیفے) منصوب۔ مفعول ثانی۔ مضاف۔ الْأَرْضِ:(زمین) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ رَفَعَ :(اس کو بلند کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ر ف ع) صیغہ رَفَعَ

يَرْفَعُ۔مصدر۔رَفْعًا۔(بلند کرنا)۔بَعْضَ:(بعض۔کچھ)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَوْقَ:(اوپر)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مضاف۔ بَعْضٍ:(کچھ)مجرور مضاف الیہ۔دَرَجَاتٍ:(درجے۔مراتب)تمیز۔ ظرف منصوب۔ لِّ:(تاکہ) لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَبْلُوَ:(وہ آزماتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ب ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَلَا يَبْلُو۔مصدر۔بَلَاءً۔(آزمائش میں ڈالنا) ۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔آتَا :(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔اصلاً أَتَيَ ۔تھا برائے اتصال۔ی۔ علت کو الف سے بدل دیا گیا۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔أَتَيَ يَاتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ :(تمہارا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔سَرِيعُ:(بہت تیز)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مضاف۔ الْعِقَابِ:(سزاء)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ غَفُورٌ: (خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيمٌ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور وہی تو ہے جس نے زمین میں تم کو اپنانائب بنایااور ایک کے دوسرے پر درجے بلند کئے تاکہ جو کچھ اس نے تمہیں بخشاہے اس میں تمہاری آزمائش ہے بے شک تمہاراپروردگار جلد عذاب دینے والاہے اور بے شک وہ بخشنے والامہربان بھی ہے۔

7 سورہ الاعراف

اٰیاتھا 206 | 7 سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ مَکِّیَّۃٌ 39 | رکوعاتھا 24

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ب:(ساتھ)حرف جار۔سْمِ:(نام)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مصوف۔الرَّحْمٰنِ: (بلا مشقت نعمتیں دینے والا)مبالغہ۔صفت۔مجرور۔الرَّحِیْمِ:(کچھ انسانی کوشش کو شامل کرکے نعمتیں عطا کرنے والا) مبالغہ۔صفت ثانی۔مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ:شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ المص :()یکے از حروف مقطعات۔جس کے معانی اللہ عز و جل کو معلوم۔لیکن قیاس ہے کہ یہ خطابات کے مخففات ہیں۔

کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْکَ فَلَا یَکُنْ فِیْ صَدْرِکَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَ ذِکْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲﴾

کِتَابٌ:(کتاب)خبر مرفوع۔مبتداء مرفوع۔محذوف۔أُنزِلَ:(اتاری گئی)فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔ اِنْزَالًا(اتارنا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَا: (نہیں) ناہیہ۔جازم مضارع۔يَكُنْ:(ہو جاتا ہے)فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فِي:(میں)حرف جار۔صَدْرِ:(سینے)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر

حاضر۔ محلاً مجرور مضاف۔۔حَرَجٌ:(نقصان۔گھاٹا۔ تنگی)نائب فاعل مرفوع۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُنۡذِرَ:(تو تنبیہ کرے۔آگاہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنۡذَرَ یُنۡذِرُ۔مصدر۔ اِنۡذَارٌ۔(آگاہ کرنا۔ تنبیہ کرنا۔خطرے سے آگاہ)۔ اَنۡذَرَ یُنۡذِرُ۔مصدر۔اِنۡذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔آگاہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ذ ر) صیغہ۔نَذَرَ یَنۡذُرُ۔یَنۡذِرُ ۔مصدر۔نَذۡرًا۔نُذُوۡرًا۔(نذر ماننا۔مال دینا فقیروں کو۔خدمت اسلام کے لئے۔جس کا اپنے تئیں عہد کیا ہو)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ذِكۡرٰى:(نصیحت)معطوف بر كِتَابٌ۔ تقدیراً مرفوع۔بالضمہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الۡمُؤۡمِنِيۡنَ:(ایمان والوں کے)اسم فاعل۔مجرور۔علامت ۔ ی۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (اے محمد ﷺ) یہ کتاب (جو) تم پرنازل ہوئی ہے۔اس سے تمھیں تنگ دل نہیں ہونا چاہیئے، (یہ نازل) اس لیے (ہوئی ہے) کہ تم اس کے ذریعے سے (لوگوں) کو ڈر سناؤ اور (یہ) ایمان والوں کے لیے نصیحت ہے۔

اِتَّبِعُوۡا مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَلَا تَتَّبِعُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ ؕ قَلِيۡلًا مَّا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۳﴾

اتَّبِعُوۡا:(پیروی کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزیدفیہ ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتۡبَعُ۔مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوۡعًا۔(پیروی کرنا)۔ مَا :(جو)اسم موصول۔ اُنۡزِلَ:(اترا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنۡزَلَ يُنۡزِلُ۔مصدر۔ اِنۡزَالًا (اتارنا)۔ اِلَيۡ:(طرف)حرف جار۔ كُمۡ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمۡ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً حال منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَتَّبِعُوۡا:(تم پیروی کرو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع

الف فارقہ۔ ثلاثی مزیدفیہ ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر ۔ اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُونِ:(علاوہ)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً حال منصوب۔أَوْلِيَاءَ:(دوست۔ سرپرست۔ حامی)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔قَلِيْلاً:(تھوڑے)نائب مفعول مطلق منصوب۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔زائد۔ تَذَكَّرُوْنَ :(تم نصیحت حاصل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔ واوٗ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔ مصدر۔تَذَكُّرٌ۔(نصیحت حاصل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا نصیحت کرنا)۔

ترجمہ آیت:(لوگو) جو(کتاب) تم پر تمہارے پروردگار کے ہاں نازل ہوئی ہے اس کی پیروی کرو اور اس کے سوا اور رفیقوں کی پیروی نہ کرو(اور) تم کم ہی نصیحت قبول کرتے ہو۔

وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَمْ :(کتنی)خبریہ۔کنایہ۔متعلق عدد۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ قَرْيَةٍ:(بستی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً تمیز منصوب۔ أَهْلَكْنَا:(ہم نے ہلاکت کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔مصدر۔اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔مصدر۔هَلْكًا۔هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔مُهْلِكًا۔تَهْلُكَةً۔هُلْكًا۔وغیرہ(مار دینا)۔ هَا :(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔جملہ محلاً كَمْ مبتداء کی خبر مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ بَأْسُ:(لڑائی۔عذاب)فاعل مرفوع۔مضاف۔ نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَيَاتًا

:(رات میں آپڑنا۔رات کے وقت حملہ کرنا)منصوب حال۔ أَوْ :(یا)حرف عطف۔ هُمْ: (وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ مبتداء مرفوع۔قَآئِلُوْنَ:(قیلولہ کرنے والے)فاعل۔مرفوع۔محلاً کی خبر مرفوع۔جملہ محلاً معطوف بر بَیَاتًا حال منصوب۔

ترجمہ آیت:اور کتنی ہی بستیاں ہیں کہ ہم نے تباہ کرڈالیں جن پر ہماراعذاب(یاتورات کو) آتاتھاجبکہ وہ سوتے تھے یا (دن کو) جب وہ قیلولہ (یعنی دوپہر کو آرام) کرتے تھے۔

فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَأْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ :(وہ ہو۔وہ تھا) فعل ناقص مضارع جمع متکلم۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ دَعْوَا:(پکار۔دعاء)اصلاً دَعْوٰی تھا۔برائے اتصال ی۔کو الف سے بدل دیا گیا۔مضاف۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔هُمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ بَأْسُ:(لڑائی۔عذاب)فاعل مرفوع۔مضاف۔ نَا:(ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب :(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كُنَّا :(ہم تھے)فعل ناقص ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ ظَالِمِيْنَ:(ظالم۔اندھیر مچانے والے)فاعل۔مرفوع۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:تو جس وقت ان پر عذاب آتا تھا ان کے منہ سے یہی نکلتا تھا کہ (ہائے) ہم (ہائے) ہم (اپنے اوپر) ظلم کرتے رہے۔

فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔ لَ:(لازماً)لائے تاکید۔ نَسْـَٔلَنَّ :(ہم ضرور بالضرور پوچھیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ سَاَلَ یَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَؤَالًا۔ (پوچھنا۔سوال کرنا)۔ الَّذِينَ:(جن کے پاس)اسم موصول جمع مذکر ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ أُرْسِلَ:(بھیجا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔مصدر۔ اِرْسَالًا۔ (بھیجنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسلًا۔رَسَالَة۔(اونٹ کا سبک رفتار سے چلنا)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔جار + جمع مجرور مل کر محلاً نائب فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ : (لازماً)لائے تاکید۔نَسْـَٔلَنَّ:(ہم ضرور بالضرور پوچھیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ الْمُرْسَلِيْنَ :(بھیجے ہوؤں سے۔رسولوں)اسم مفعول۔ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:تو جن لوگوں کی طرف پیغمبر بھیجے گئے ہم ان سے بھی پرسش کریں گے اور پیغمبروں سے بھی پوچھیں گے۔

فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ﴿٧﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔ لَ:(لازماً)لائے تاکید۔ نَقُصَّنَّ:(ہم ضرور بالضرور قصہ بتائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔ عِلْمٍ:(علم۔سائنس)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كُنَّا:(ہم تھے)فعل ناقص ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ

يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ غَآئِبِيْنَ :(غائب ہونے والے۔ غیر حاضر) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: پھر اپنے علم سے ان کے حالات بیان کریں گے اور ہم کہیں غائب تو نہیں تھے۔

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ الْوَزْنُ :(وزن) مبتداء مرفوع۔ يَوْمَئِذٍ:(اس دن)۔ مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف+ اسم ظرف مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ بالتنوین۔ الْحَقُّ :(حق سچ) مرفوع۔ خبر۔ فَ:(پس) استئنافیہ۔ مَنْ:(جو) اسم شرط۔ جازم فعل شرط۔ ثَقُلَتْ:(بھاری ہو گئے) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث۔ ساکن۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد باب۔ نصر۔ مادہ(ث ق ل) صیغہ۔ ثَقَلَ يَثْقُلُ۔ مصدر۔ ثِقْلًا۔ (بھاری ہونا) مَوَازِيْنُ:(میزان کی جمع۔ ترازو۔ تکڑی) اسم آلہ۔ محلاً فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ هٗ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ اُولٰٓئِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء۔ هُمُ:(وہ) ضمیر منفصل۔ الْمُفْلِحُوْنَ :(فلاح پانے والے۔ کامیاب ہونے والے) فاعل مرفوع۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اس روز (اعمال کا) تلنا برحق ہے تو جن لوگوں کے (عملوں کے) وزن بھاری ہوں گے وہ تو نجات پانے والے ہیں۔

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ﴿۹﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ مَنْ:(جو) اسم موصول۔ شرطیہ۔ جازم فعل شرط۔ خَفَّتْ :(ہلکے ہو گئے) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(خ ف ف) مضاعف۔ صیغہ۔ خف یخف۔ مصدر۔ خفا۔ (ہلکا ہونا)۔ مَوَازِيْنُ:(میزان کی جمع۔ ترازو۔ تکڑی) اسم آلہ۔ محلاً فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ هٗ :(اس کے) ضمیر واحد

مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ أُولَئِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء۔ مرفوع۔ الَّذِيْنَ:(وہ) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً خبر مرفوع۔ خَسِرُوْا:(انہوں نے گھاٹا کھایا۔ نقصان اٹھایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(خ س ر) صیغہ۔ خَسِرَ يَخْسَرُ۔ مصدر۔ خَسَارَةٌ۔ (گھاٹا۔ نقصان)۔ أَنْفُسَ:(جانوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب : (بِ+مَا) حرف جار۔ + حرف مصدریہ۔ كَانُوْا :(وہ ہیں۔ وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا: (ہماری) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَظْلِمُوْنَ :(وہ ظلم کرتے ہیں۔ اندھیر مچاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع ۔جملہ محلاً کی خبر كَانَ منصوب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ ظُلْمًا۔ (ظلم کرنا۔ اندھیر مچانا)۔

ترجمہ آیت: اور جن کے وزن ہلکے ہوں گے تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا اس لیے کہ ہماری آیتوں کے بارے میں بے انصافی کرتے تھے۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۰﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(ضرور) موطئة للقسم۔ تاکید کے لئے۔ قَدْ:(یقیناً) حرف تحقیق۔ مَكَّنَّا: (ہم نے جگہ دی۔ ٹھکانہ دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ مَكَّنَ يُمَكِّنُ ۔مصدر۔ تَمْكِيْنٌ۔ (جگہ دینا۔ پناہ دینا۔ ٹھکانہ دینا)۔ كُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فِي:(میں) حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ لَ:(لئے) حرف

جار۔ کُمۡ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ فِيۡ:(میں)حرف جار۔ هَا: (اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مَعَايِشَ:(مَعِيۡشَةٌ کی جمع۔سامان زیست) منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ قَلِيۡلاً:(تھوڑی)صفت منصوب۔یانائب مفعول مطلق۔بلا فعل۔ مَّا : (جو)زائد۔ تَشۡكُرُوۡنَ :(تم قدر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَيَشۡكُرُ۔مصدر۔شُكۡرًا۔(شکر کرنا۔قدر کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور ہم ہی نے زمین میں تمہارا ٹھکانہ بنایا اور اس میں تمہارے لیے سامان معشیت پیدا کئے۔(مگر) تم کم ہی شکر کرتے ہو۔

وَلَقَدۡ خَلَقۡنٰكُمۡ ثُمَّ صَوَّرۡنٰكُمۡ ثُمَّ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡٓا اِلَّآ اِبۡلِيۡسَ ؕ لَمۡ يَكُنۡ مِّنَ السّٰجِدِيۡنَ ﴿۱۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ:(ضرور)برائے تاکید۔ قَدۡ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَلَقۡنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخۡلُقُ۔مصدر۔خَلۡقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ كُمۡ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ صَوَّرۡ نَا:(ہم نے شکلیں بنائیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَوَّرَيُصَوِّرُ۔مصدر۔تَصۡوِيۡرٌ۔(تصویر کشی کرنا۔سنوارنا)۔ كُمۡ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ ثُمّ :(پھر)حرف عطف۔ قُلۡنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا بولنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ الۡمَلآئِكَةِ :(فرشتوں۔غیر مرئی قوتیں)اسم مجرور۔ اسۡجُدُوۡا:(تم سجدہ کرو۔اطاعت کرو۔فرمانبردار بن جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَيَسۡجُدُ۔مصدر۔سُجُوۡدًا۔(جھک جانا۔اطاعت کرنا۔سجدہ کرنا۔) لِ: (کو۔ لئے) حرف جار۔اٰدَمَ:(آدم)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ سَجَدُوۡا:(سب نے سجدہ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ

يَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدًا۔(جھک جانا۔اطاعت کرنا۔سجدہ کرنا)۔إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ إِبْلِيْسَ: (ابلیس) غیر منصرف۔منصوب۔ مستثنیٰ منقطع۔ مستثنیٰ منہ میں اول و آخر شامل ہو۔یہ کوئی مجسم چیز نہیں۔(انا۔ ہنکار۔ کرودھ۔ہم چوما دیگر نیست۔ہر ہو چیز جو نقصان دہ ہو۔اس کو عزازیل بھی کہا جاتا ہے) لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَكُوْنُ:()اصلا يَكُنْ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت واؤ محذوف۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔ فتحہ۔ برائے اتصال مابعد۔السَّاجِدِيْنَ:(سجدہ کرنے والے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور ہم ہی نے تم کو(ابتدا میں مٹی سے) پیدا کیا پھر تمہاری صورت شکل بنائی پھر فرشتوں کو حکم دیا آدم کے آگے سجدہ کرو تو(سب نے) سجدہ کیا لیکن ابلیس کہ وہ سجدہ کرنے والوں میں (شامل) نہ ہوا۔

قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔مَا:(کس نے)اسم استفہام۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مَنَعَ:(اس نے منع کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(م ن ع)صیغہ۔مَنَعَ يَمْنَعُ۔مصدر۔ مَنْعًا۔(روکنا) كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ اَلَّا:(کہ نہیں)مرکب۔:(أَنْ+لَا)مصدریہ ناصب مضارع۔+لائے نافیہ۔ تَسْجُدَ:(تو سجدہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔ سُجُوْدًا۔(جھک جانا۔اطاعت کرنا۔سجدہ کرنا)۔ إِذْ :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ أَمَرْتُ: (میں نے حکم دیا)فعل ماضی واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)صیغہ۔اَمَرَ يَاْمُرُ۔مصدر۔ اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔

أَنَا:(میں)ضمیر منفصل واحد متکلم۔محلاًمرفوع مبتداء۔ خَيْرٌ:(بہتر ہوں)خبر مرفوع۔ مِّنْ: (سے)حرف جار۔ هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔ خَلَقْتَ:(تونے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے مبسوط مفتوح۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ نِ:(نون وقایہ)یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔ يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ نَّارٍ:(آگ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ خَلَقْتَ:(تونے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے مبسوط مفتوح۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔ خَلْقًا۔ (پیدا کرنا۔بنانا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ طِّيْنٍ :(مٹی سے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:(اللہ نے) فرمایاجب میں نے تجھ کو حکم دیاتو کس چیز نے تجھے سجدہ کرنے سے باز رکھا۔اس نے کہاکہ میں اس سے افضل ہوں۔مجھے تونے آگ سے پیدا کیاہے اوراسے مٹی سے بنایاہے۔

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۱۳﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ اهْبِطْ:(اتر جا۔نکل جا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ھ ب ط)صیغہ ۔هَبَطَ يَهْبِطُ۔مصدر۔هُبُوْطًا۔ (اترنا۔ نکلنا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔ يَكُوْنُ:(وہ ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَتَكَبَّرَ:(تو تکبر کرے۔اکڑ جائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَكَبَّرَ يَتَكَبَّرُ۔مصدر۔تَكَبُّرٌ۔(تکبر کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب

نصر۔کرم۔مادہ(ک ب ر)صیغہ۔کَبُرَ یَکْبُرُ۔ مصدر۔کِبَارٌ۔(بڑا ہونا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا: (اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاًاسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ اُخْرُجْ:(تونکل جا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ خُرُوْجًا۔ (نکلنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كَ :(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔مِنَ :(سے)حرف جار۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔الصّٰغِرِیْنَ: (چھوٹوں۔کمترینوں۔گھٹیالوگوں۔ذلیلوں۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:فرمایاتو(بہشت سے) اتر جاتجھے شایاں نہیں کہ یہاں غرور کرے پس نکل جا۔تو ذلیل ہے۔

قَالَ اَنْظِرْنِیْٓ اِلٰى یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ أَنْظِرْ:(مہلت دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ نِ:(نون وقایہ)یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔ يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ إِلَى:(طرف۔تک)حرف جار۔ يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ يُبْعَثُوْنَ :(وہ اٹھائے جائیں گے۔قیامت۔آخرت)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًمرفوع نائب فاعل۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔ بِعْثَةً۔(بھیجنا۔مقرر کرنا)۔

ترجمہ آیت:اس نے کہا کہ مجھے اس دن تک مہلت عطا فرما جس دن لوگ(قبروں سے) اٹھائے جائیں گے۔

قَالَ اِنَّکَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ ﴿۱۵﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ۔برائے اتصال۔الْمُنْظَرِيْنَ:(انتظار کرنے والوں) اسم مفعول۔محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:فرمایا (اچھا) تجھ کو مہلت دی جاتی ہے

قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١٦﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔فَ:(پس)فصیحہ۔بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+ مَا)حرف جار سببیہ+ مصدریہ۔أَغْوَيْتَ:(تونے بہکایا۔اغواء کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے مبسوط۔مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ اَغْوَا يَغْوِیْ۔مصدر۔اِغْوَاءٌ۔(اغوا کرنا۔بہکانا۔گمراہ کرنا)نِ:(نون وقایہ)یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہ۔لَ: (ضرور)لائے موطئة للقسم۔برائے تاکید أَقْعُدَنَّ:(میں ضرور بالضرور بیٹھوں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ق ع د)۔صیغہ۔قَعَدَ يَقْعُدُ۔ مصدر۔ قُعُوْدًا۔(بیٹھنا) لَ: (لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ صِرَاطَ:(راستہ) ظرف مکان منصوب۔ موصوف مضاف۔ كَ :(تمہارا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مضاف الیہ۔مجرور۔ الْمُسْتَقِيْمَ :(سیدھا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:(پھر) شیطان نے کہا مجھے تو تُو نے ملعون کیا ہی ہے میں بھی تیرے سیدھے رستے پر ان (کو گمراہ کرنے) کے لیے بیٹھوں گا۔

ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمۡ مِّنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمِنۡ خَلۡفِهِمۡ وَعَنۡ اَيۡمَانِهِمۡ وَعَنۡ شَمَآئِلِهِمۡ‌ ؕ وَلَا تَجِدُ اَكۡثَرَهُمۡ شٰكِرِيۡنَ ﴿۱۷﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَ:(ضرور)لائے موطئة للقسم۔برائے تاکید۔ آتِيَنَّ:(میں ضرور بالضرور آؤں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ بَيْنِ:(درمیان)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ أَيْدِيْ:(سامنے۔ہاتھوں)اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِنۡ :(سے)حرف جار۔ خَلْفِ:(پیچھے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ :(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ أَيْمَانِ:(دائیں طرف سے)اسم مجرور۔ هِمْ:(ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ شَمَآئِلِ:(بائیں جانب)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَجِدُ:(تو پائے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔وِجْدَانٌ۔وُجُوْدٌ۔(پانا)۔أَكْثَرَ:(زیادہ تر)افعل التفضيل۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف ۔ هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شَاكِرِيْنَ :(قدر کرنے والے۔شکر کرنے والے) منصوب۔علامت۔ی۔حال۔یا۔مفعول بہٖ ثانی۔منصوب۔

ترجمہ آیت: پھر ان کے آگے سے اور پیچھے سے دائیں سے اور بائیں سے (غرض ہر طرف سے) آؤں گا(اور ان کی راہ ماروں گا) اور تو ان میں اکثر کو شکر گزار نہیں پائے گا۔

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۸﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ اُخْرُجْ :(تو نکل) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ (خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔خُرُوْجًا۔(نکلنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مَذْؤُومًا:(مذمت کیا ہوا)اسم مفعول۔محلاً حال۔ منصوب۔ مَّدْحُورًا :(دھتکارا ہوا۔دور کیا ہوا)اسم مفعول۔ حال ثانی۔ منصوب۔لَّ:(ضرور)لائے موطئة للقسم۔برائے تاکید۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔تَبِعَ:(اس نے پیروی کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔لَ:(ضرور)لائے موطئة للقسم۔برائے تاکید۔أَمْلَأَنَّ:(میں ضرور بالضرور بھروں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔مَلَا یَمْلُو۔مصدر۔مَلَاءً۔(بھرنا)۔ جَهَنَّمَ:(دوزخ کو)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنّ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ أَجْمَعِيْنَ:(سب)تاکید۔مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:(اللہ نے) فرمایا، نکل جا۔یہاں سے پاجی۔مردود جو لوگ ان میں سے تیری پیروی کریں گے میں (ان کو اور تجھ کو جہنم میں ڈال کر) تم سب سے جہنم کو بھر دوں گا۔

وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ یَا :(اے)حرف نداء۔ آدَمُ:(آدمؑ)منادیٰ۔ اسْكُنْ:(تو رہ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س ک ن)صیغہ۔سَكَنَ يَسْكُنُ۔مصدر۔سَكْنًا۔(رہائش رکھنا۔رہنا۔ٹھہرنا)۔ أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔برائے تاکید۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ زَوْجُ:(بیوی)معطوف مرفوع۔مضاف۔ كَ : (تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْجَنَّةَ :(جنت میں۔باغ میں)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ: (پس)حرف عطف۔ كُلَا:(دونوں کھاؤ)فعل امر تثنیہ مذکر ومؤنث۔حاضر۔الف تثنیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ۔(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔اَكْلًا۔(کھانا) مِنْ :(سے)حرف جار۔حَيْثُ :(جہاں سے)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ۔ شِئْتُمَا:(تم دونوں چاہو)فعل ماضی تثنیہ مذکر و مؤنث۔صیغہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَقْرَبَا:(تم دونوں قریب جاؤ)فعل مضارع تثنیہ مذکر و مؤنث۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق ر ب) صیغہ۔قَرِبَ يَقْرَبُ۔مصدر۔قُرْبًا۔(قریب جانا)۔هَـٰذِهِ:(اس)اسم اشارہ قریب واحد مؤنث۔ مبتداء۔ الشَّجَرَةَ: (درخت)غیر منصرف۔مشارٌ الیہ۔بدل منصوب۔ فَ:(پس)سببیہ۔تَكُونَا :(تم دونوں ہو جاؤ گے)فعل مضارع تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔مِنَ :(سے)حرف جار۔ الظَّالِمِيْنَ:(ظالموں۔اندھیر مچانے والوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے آدم(سے کہا کہ) تم اور تمہاری بیوی بہشت میں رہو سہو اور جہاں سے چاہو(اور جو چاہو) نوش جان کرو مگر اس درخت کے پاس نہ جاؤ ورنہ گنہگار ہو جاؤ گے۔

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَاوٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿۲۰﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ وَسْوَسَ :(وہم ۔گمان۔شک کا خیال)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔رباعی مجرد۔باب فعلل۔صیغہ۔وَسْوَسَ يُوَسْوِسُ۔مصدر۔وَسْوَسَةٌ۔(گمان کرنا۔وہم ڈالنا۔غلط مشورہ دینا۔) لَ:(لئے) حرف جار۔ هُمَا:(دونوں کے)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ الشَّيْطَانُ:(شیطان نے)فاعل مرفوع۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يُبْدِيَ :(ضرور ظاہر کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْدٰی يُبْدِیْءُ مصدر۔ اِبْدَاءٌ۔ (ظاہر کرنا۔کھلم کھلا کرنا۔علانیہ کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب د و)ناقص واوی۔بَدَا يَبْدُو۔ مصدر۔بَدَاءً۔بُدُوًّا۔(ظاہر کرنا۔)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمَا:(دونوں کے)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وُورِيَ :(چھپایا گیا۔ پوشیدہ رکھا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ وَارٰی يُوَارِیْ۔ مصدر۔ مُوَارَةٌ۔(چھپانا۔پوشیدہ رکھنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ هُمَا :(دونوں وہ)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔سَوْءَاتِ: (شرمگاہیں) اسم مجرور۔ هِمَا: (دونوں) ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔ نَهَا:(اس نے منع کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔اصلاً نَهٰی تھا۔ی۔کو الف میں بدل دیا گیا۔برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔نَهٰی يَنْهٰی۔مصدر۔ نَهْیٌ۔(روکنا۔منع کرنا)۔ كُمَا:(تم دونوں کو)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ رَبُّ:(ربّ)مرفوع فاعل۔مضاف۔ كُمَا:(تم دونوں کے رب نے)ضمیر جمع مذکر و مؤنث حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ هَـٰذِهِ:(اس)اسم اشارہ قریب۔مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ الشَّجَرَةِ :(درخت) مشارٌ الیہ۔مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا: (مگر)حرف حصر۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب

مضارع۔ تَكُونَا:(تم دونوں ہو جاؤ گے)فعل مضارع تثنیہ۔ مذکر و مؤنث۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مَلَكَيْنِ:(دو فرشتے) كَانَ کی خبر منصوب۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ تَكُونَا:(تم دونوں ہو جاؤ گے)فعل مضارع تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔الْخَالِدِيْنَ:(ہمیشہ ہمیشہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:تو شیطان دونوں کو بہکانے لگا تا کہ ان کی ستر کی چیزیں جو ان سے پوشیدہ تھیں کھول دے اور کہنے لگا کہ تم کو تمہارے پروردگار نے اس درخت سے صرف اس لیے منع کیا ہے کہ کہ تم فرشتے نہ بن جاؤ یا ہمیشہ جیتے نہ رہو

وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ قَاسَمَ:(اس نے قسم کھاکر کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔قَاسَمَ يُقَاسِمُ۔مصدر۔مُقَاسَمَةٌ۔(قسم کھا کر کہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق س م)صیغہ۔قَسَمَ يَقْسِمُ۔مصدر۔قَسْمًا۔(تقسیم کرنا)۔ هُمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔محلاًإِنّ کا اسم منصوب۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔لَ:(ضرور) برائے تاکید۔مزحلقہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ النَّاصِحِيْنَ:(بھلائی چاہنے والے۔نصیحت کرنے والے۔اچھا مشورہ دینے والے)اسم فاعل۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًإِنّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ان سے قسم کھا کر کہا میں تو تمہارا خیر خواہ ہوں۔

فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٢٢﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ دَلَّا:(دونوں نے کھینچ لیا)فعل ماضی تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔علامت الف تثنیہ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔دَلّٰی یُدَلِّیْ۔مصدر۔تَدْلِیَةٌ۔(کھینچنا۔ڈول کھینچنا۔مائل کرنا۔) هُمَا: (دونوں کو)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ غُرُوْرٍ: (دھوکہ) اسم مجرور۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔ لَمَّا:(جب بھی)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ذَاقَا :(دونوں نے چکھا)فعل ماضی تثنیہ مذکر و مؤنث۔علامت تثنیہ الف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذوق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ یَذُوْقُ۔ ذَوْقٌ۔(مزہ چکھنا)۔الشَّجَرَةَ:(درخت کو)منصوب۔مفعول بہ۔ بَدَتْ: (ظاہر ہو گیا۔بھڑک اٹھی)فعل ماضی واحد مونث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ب د و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَدَا یَبْدُو۔مصدر۔بَدَاءً۔ بُدُوًّا۔ (ظاہر کرنا)۔باب نصر۔مادہ(ب د ء) مہموز اللام۔ صیغہ۔بَدَا یَبْدَءُ۔مصادر۔ بَدَءً ا۔بَدْأَةً۔بِدَایَةً ۔(شروع کرنا۔ابتداء کرنا۔پیدا کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمَا :(دونوں کی)ضمیر تثنیہ مذکو مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ سَوْءَاتُ:(شرمگاہیں)فاعل جمع ۔ مرفوع۔مضاف۔هُمَا:(دونوں کی)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔جملہ جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ طَفِقَا:()فعل ماضی تثنیہ مذکر ومؤنث۔از افعال مقاربه۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ط ف ق)صیغہ۔طَفِقَ یَطْفَقُ۔مصدر۔طَفَقًا۔(شروع کرنا۔ دونوں لگ گئے۔مشغول ہوگئے)۔ یَخْصِفَانِ :(دونوں ڈھانپنے لگتے ہیں۔پیوند کرنے لگتے۔چپکانے لگتے ہیں)فعل مضارع تثنیہ مذکر و مؤنث علامت الف۔نون اعرابی برئے رفع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ص ف)صیغہ۔خَصَفَ یَخْصِفُ۔مصدر۔خَصْفًا۔(ڈھانپنا۔پیوند لگانا۔ چپکانا)۔عَلَیْ:(پر)حرف جار۔ هِمَا :(دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر ومؤنث۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔وَرَقِ :(پتا)اسم مجرور۔مضاف۔الْجَنَّةِ:(جنت۔باغ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف ۔نَادَا:(اس نے آواز دی)فعل ماضی واحد۔مذکر غائب۔ثلاثی مزید۔باب مفاعله۔صیغہ۔نَادٰی یُنَادِیْ۔مصدر۔نِدَاءٌ۔مُنَادَاةً۔(پکارنا۔بلانا۔آواز دینا۔) هُمَا :(دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مؤنث و مذکر۔ غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔رَبُّ:(ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمَا:(دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔ مؤنث و

مذکر۔غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ أَنْهَ:(میں نے روکا)اصلاً أَنْهَى تھا۔التقائے ساکنین حرف علت محذوف۔ فعل مضارع واحد متکلم۔مجزوم بوجہ حرف جحد بلم جازم۔ کُمَا:(تم دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث حاضر۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ تِلْکُمَا:(ان دونوں کو)مرکب:(تِلْک+کُمَا)اسم اشارہ بعید۔مؤنث۔ + خطابیہ۔ضمیر غیر مؤثر معنی کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ الشَّجَرَةِ:(درخت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ أَقُلْ : (میں نے کہا) فعل مضارع واحد متکلم۔معطوف مجزوم۔اصلاً أَقُوْلُ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت واؤ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لَّ: (لئے)حرف جار۔کُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر۔محلاً اسم مجرور۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الشَّيْطٰنَ:(شیطان۔ابلیس۔ضرر پہنچانے والی قوت)کا إِنَّ اسم منصوب۔ لَ:(لئے) حرف جار۔کُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر۔محلاً اسم مجرور۔عَدُوٌّ:(دشمن) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ موصوف۔ مُّبِيْنٌ:(کھلم کھلا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:غرض (مردود نے) دھوکہ دے کر ان کو(معصیت کی طرف) کھینچ ہی لیا جب انہوں نے اس درخت(کے پھل) کو کھالیا تو ان کی ستر کی چیزیں کھل گئیں اور وہ بہشت کے (درختوں کے) پتے توڑ توڑ کر اپنے اوپر چپکانے لگے اور (ستر چھپانے لگے) تب ان کے پروردگار نے ان کو پکارا کہ کیا میں نے تم کو اس درخت (کے پاس جانے) سے منع نہیں کیا تھا اور جتا نہیں دیا تھا کہ شیطان تمہارا کھلم کھلا دشمن ہے۔

قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

قَالَا:(دونوں نے کہا)فعل ماضی تثنیہ۔مذکر غائب۔علامت الف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ رَبَّ:(ربّ)منصوب۔منادیٰ۔حرف نداء محذوف۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ظَلَمْنَا:(ہم نے ظلم کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔

ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ أَنْفُسَ: (جانوں پر)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ نَا:(ہماری۔اپنی)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔لَّمْ:(نہیں)نفی جحد بلم جازم مضارع۔قالب۔ تَغْفِرْ:(تو مغفرت کرے)فعل مضارع وحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَرْحَمْ:(تو رحم کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔معطوف مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ح م)صیغہ۔رَحِمَ یَرْحَمُ۔مصدر۔رَحْمٌ۔(رحم کرنا)۔ نَا:(ہم پر)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَ:(ضرور)لائے موطئة للقسم۔برائے تاکید۔ نَكُونَنَّ :(ہم ضرور بالضرور ہوں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔ الْخَاسِرِيْنَ :(گھاٹا کھانے والوں۔نقصان اٹھانے والوں)اسم مجرور۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت:دونوں عرض کرنے لگے کہ پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں نہیں بخشے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم تباہ ہو جائیں گے۔

قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۲۴﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا،بولنا)۔اهْبِطُوْا:(تم اترو۔نکل جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ھ ب ط)صیغہ ۔هَبَطَ يَهْبِطُ۔مصدر۔هُبُوْطٌ۔ (اترنا۔ نکلنا)۔ بَعْضُ: (کچھ) مبتداء۔ مرفوع۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ بَعْضٍ:(بعض)ظرف۔اسم

مجرور۔عَدُوٌّ:(دشمن)خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلا خبر مرفوع۔مقدّم۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ مُسْتَقَرٌّ: (ٹھکانہ۔قرار گاہ)مبتداء مرفوع۔مؤخر۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ مَتَاعٌ:(فائدہ۔پونجی۔سامانِ زیست۔)معطوف مرفوع۔إِلَى :(طرف۔تک) حرف جار۔حِيْنٍ:(ایک وقت)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (اللہ نے) فرمایا (تم سب بہشت سے) اتر جاؤ(اب سے) تم ایک دوسرے کے دشمن ہو اور تمہارے لیے ایک وقت (خاص) تک زمین پر ٹھکانہ اور (زندگی کا) سامان (کر دیا گیا) ہے۔

قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَ فِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَ مِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔) فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تَحْيَوْنَ:(تم زندہ رہو گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ح ی ی)مضاعف۔لفیف مقرون۔اجوف و ناقص یائی۔حَيِيَ يَحْيَى۔مصدر۔ حَيَاةً۔ حَيَوَانًا۔(زندہ ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تَمُوْتُوْنَ :(تم مر جاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔ مَوْتٌ۔ (مرنا۔فوت ہو جانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تُخْرَجُوْنَ:(تم نکالے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع نائب فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔ اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔

ترجمہ آیت:(یعنی) فرمایا کہ اسی میں تمہارا جینا ہو گا اور اسی میں مرنا اور اسی میں سے (قیامت کو زندہ کر کے) نکالے جاؤ گے۔

يٰبَنِيۡٓ اٰدَمَ قَدۡ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكُمۡ لِبَاسًا يُّوَارِيۡ سَوۡاٰتِكُمۡ وَرِيۡشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقۡوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيۡرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمۡ يَذَّكَّرُوۡنَ ﴿۲۶﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ بَنِي:(بیٹو!)اصلاً بَنِيْنَ تھا۔منادیٰ۔منصوب۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔ آدَمَ: (آدمؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ ۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔ اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔لِبَاسًا:(لباس)منصوب۔مفعول بہ۔يُوَارِيْ:(وہ چھپاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ وَارٰى يُوَارِىْ۔ مصدر۔مُوَارَةٌ۔(چھپانا۔پوشیدہ رکھنا)۔ سَوْءَاتِ:(شرم گاہوں کو)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرفعطف۔ رِيشًا:(زینت۔سجاوٹ۔قلم کے نب کو۔پرندوں کے پر)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لِبَاسُ:(لباس)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ التَّقْوٰى:(پرہیز گار۔ڈر)مجرور مضاف الیہ۔تقدیراً مکسور۔ ذَلِكَ:(وہ)مرکب :(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+ بُعد+خطابیہ۔ مبتداء مرفوع۔خَيْرٌ:(بہتری۔نیکی ۔بھلائی)خبر مرفوع۔ ذَلِكَ:(وہ)مرکب :(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+ دوری+ خطابیہ۔مبتداء مرفوع۔مِنْ :(سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل ۔ناصب اسم۔ هُمْ: (وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔يَذَّكَّرُوْنَ :(نصیحت پکڑیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب

تفعیل۔صیغہ ذَكَّرَ يُذَكِّرُ۔مصدر۔تَذْكِيْرٌ۔(نصیحت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔

ترجمہ آیت:اے نبی آدم ہم نے تم پر پوشاک اتاری کہ تمہارا ستر ڈھانکے اور (تمہارے بدن کو) زینت (دے) اور (جو) پرہیز گاری کا لباس (ہے) وہ سب سے اچھا ہے۔یہ اللہ کی نشانیاں ہیں تاکہ لوگ نصیحت پکڑیں۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ بَنِي:(بیٹو!)اصلاً بَنِيْنَ تھا۔منادیٰ۔منصوب۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔ آدَمَ: (آدمؑ) غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہ)نافیہ۔ يَفْتِنَنَّ:(وہ ضرور بالضرور آزمائش میں ڈال دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ف ت ن)صیغہ۔فتن یفتن۔مصدر۔فتن۔فتونا۔(فتنہ ڈالنا۔آزمائش میں ڈالنا)كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ الشَّيْطَانُ: (شیطان)فاعل مرفوع۔كَمَا:(جس طرح)مرکب :(كَمَا)حرف جار و تشبیہ۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَخْرَجَ :(اس نے نکالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔ خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔أَبَوَيْ:(ماں باپ کو)منصوب مفعول بہ۔اصلاً أَبَوَيْنِ تھا۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔ الْجَنَّةِ:(جنت۔باغ)اسم مجرور۔ يَنْزِعُ:(وہ چھین لیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ع)صیغہ۔نَزَعَ يَنْزِعُ۔مصدر۔نَزْعٌ۔(چھین لینا۔اتروانا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ هُمَا:(وہ دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ لِبَاسَ:(لباس کو)

منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هُمَا: (وہ دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب۔محلاً مجرورمضاف الیہ۔
لِ:(لئے)حرف جار۔ يُرِيَ:(وہ دکھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔
صیغہ۔اَرٰی يُرٰی۔مصدر۔ اِرَاءَةٌ۔ (دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص
یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ هُمَا:
(دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ سَوْءَاتِ:(شرمگاہیں)مجرور
مضاف الیہ۔مضاف۔ هِمَا:(دونوں کی)ضمیر تثنیہ مذکر ومؤنث۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(بے شک)حرف
تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔يَرَا:(وہ دیکھتا ہے)فعل
مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔
مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر
حاضر۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاًمرفوع۔ تاکید برائے ضمیر مستتر۔
وَ:(اور)حرف جار۔ قَبِيْلُ:()مرفوع۔فاعل۔مضاف۔ هُ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف
الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ حَيْثُ :(جہاں)ظرف مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَرَوْنَ:(تم
دیکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب
فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے
دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔ اِنَّا :(بے شک ہم
)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔جَعَلْنَا:(ہم نے
بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد ۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔
الشَّيَاطِيْنَ:(شیاطین کو)منصوب۔مفعول بہ۔اَوْلِيَاءَ:(دوست۔حامی۔سرپرست)منصوب۔مفعول بہ۔
ثانی۔لِ:(لئے)حرف جار۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو) اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔

يُؤْمِنُوْنَ :(ایمان لاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَمِنَ يَامَنَ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔

ترجمہ آیت: اے بنی آدم (دیکھنا کہیں) شیطان تمہیں بہکانہ دے جس طرح تمہارے ماں باپ کو (بہکاکر) بہشت سے نکلوادیا اور ان سے ان کے کپڑے اتروادیئے تاکہ ان کے ستر ان کو کھول کر دکھادے۔ وہ اور اس کے بھائی تم کو ایسی جگہ سے دیکھتے رہے ہیں جہاں سے تم ان کو نہیں دیکھ سکتے ہم نے شیطانوں کو انہیں لوگوں کا رفیق کار بنایا ہے جو ایمان نہیں رکھتے۔

وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ اِذَا:(جب) ظرف زمان شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ فَعَلُوْا:(انہوں نے کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ف ع ل) صیغہ۔ فَعَلَ يَفْعَلُ۔ مصدر۔ فِعْلًا۔ (کرنا)۔ فَاحِشَةً:(بدکردار) منصوب۔ مفعول بہ۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ وَجَدْنَا:(ہم نے پایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(و ج د) مثال واوی۔ صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔ مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ وُجُوْدٌ۔(پانا)۔ عَلَيْ:(پر) حرف جار۔ هَا :(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ اٰبَآءَ:(باپ دادا) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ اَمَرَ:(حکم دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء م ر) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَمَرَ يَاْمُرُ۔ مصدر۔ اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ نَا:(ہم کو) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔

قُلْ :(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا ۔(کہنا بولنا)۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم۔منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَأْمُرُ:(وہ حکم دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔مصدر۔اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ الْفَحْشَاءِ:(بدکرداری)اسم مجرور۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔ تَقُوْلُوْنَ :(تم کہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا ۔(کہنا بولنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ تَعْلَمُوْنَ :(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔

ترجمہ آیت:اورجب کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے بزرگوں کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے اور اللہ نے بھی ہم کو یہی حکم دیا ہے۔ کہہ دو اللہ بے حیائی کے کام کرنے کا ہرگز حکم نہیں دیتا۔ بھلا تم اللہ کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں

قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۣ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڛ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ۝۲۹

قُلْ:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا ۔(کہنا بولنا)۔ أَمَرَ:(حکم دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔مصدر۔اَمْرًا۔(حکم دینا)۔ رَبِّ:(ربّ)مرفوع۔کسرہ برائے اتصال یائے متکلم۔مضاف۔ يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْقِسْطِ:

(عدل)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَقِيمُوا:(تم سب قائم کرو۔سیدھا رکھو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ اَقَامَ يُقِيمُ۔ مصدر۔ اِقَامَةٌ۔(قائم رکھنا۔ قیام کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔ وُجُوهَ:(مونہوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ:(تم اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔محلاً مجرور مضاف۔ مضاف ۔مَسْجِدٍ:(مسجد)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ ادْعُو:(تم پکارو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف۔برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔ دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا ۔بلانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مُخْلِصِيْنَ:(خلوص والے)فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔علامت ۔ی۔حال۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ : (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ الدِّيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ كَمَا:(جیسا کہ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم موصول۔محلاً مجرور۔ بَدَأَ:(اس نے شروع کیا۔ ابتداء کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ :(ظاہر ہو گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب د و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَدَا يَبْدُو۔مصدر۔بَدَاءً۔ بُدُوًّا۔(ظاہر کرنا)۔ باب نصر۔مادہ(ب د ء) مہموز اللام۔صیغہ۔بَدَا يَبْدَءُ۔مصادر۔ بَدَءً ا۔بَدْأَةً۔بِدَايَةً ۔(شروع کرنا۔ابتداء کرنا۔پیدا کرنا)۔ كُمْ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ تَعُودُوْنَ :(تم لوٹتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔صیغہ ۔عَادَ يَعُوْدُ۔مصدر۔عَوْدًا۔(لوٹنا۔دہرانا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ میرے پروردگار نے تو انصاف کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور یہ کہ ہر نماز کے وقت سیدھا (قبلے کی طرف) رخ کیا کرو اور خاص اسی کی عبادت کرو اور اسی کو پکارو۔ اس نے جس طرح تم کو ابتداء میں پیدا کیا تھا اسی طرح تم پھر پیدا ہوگے۔

فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۭ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾

فَرِيقًا :(ایک جماعت)منصوب۔مفعول بہ مقدّم۔ هَدَی:(اس نے ہدایت پائی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی)صیغہ ۔ هَدٰی يَهْدِیُ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ فَرِيْقًا :(ایک جماعت)منصوب۔مفعول بہ۔فعل محذوف۔حَقَّ :(حق) : (سچ کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ح ق ق) مضاعف۔صیغہ ۔حَقَّ يَحِقُّ۔ مصدر۔حَقًّا۔(سچ ہونا۔لازم ہونا۔ واجب ہونا۔ مستحق ہونا)۔ عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔هِمُ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الضَّلَالَةُ:(گمراہی)فاعل مرفوع۔ إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُمُ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔اتَّخَذُوا :(انہوں نے پکڑا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخَذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔الشَّيَاطِيْنَ:(شیطانوں کو)منصوب۔علامت ۔ی۔ مفعول بہ۔أَوْلِيَاءَ:(دوست۔حامی۔ساتھ۔ سرپرست) منصوب۔مفعول ثانی۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ :(علاوہ)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) يَحْسَبُوْنَ:(وہ خیال کرتے۔اندازہ لگاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُمُ:(وہ) ضمیر منفصل۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ مُّهْتَدُوْنَ:(ہدایت یافتہ)فاعل جمع مذکر۔ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:ایک فریق کو تو اس نے ہدایت دی اور ایک فریق پر گمراہی ثابت ہو چکی۔ان لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو رفیق بنالیا اور سمجھتے (یہ) ہیں کہ ہدایت یاب ہیں۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾

يَا(اے)حرف نداء۔ بَنِيْ:(بیٹو!)اصلاً بَنِيْنَ تھا۔منادیٰ۔منصوب۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔ آدَمَ: (آدمؑ) غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف۔ خُذُوْا:(پکڑو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخَذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ زِيْنَتَ:(زیبائش۔ خوبصوتی) منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ :(اپنی) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف الیہ۔ كُلِّ :(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ مَسْجِدٍ: (مسجد)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ كُلُوْا:(تم کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔اَكْلٌ۔(کھانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اشْرَبُوْا: (تم پیؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ب)صیغہ۔شَرِبَ يَشْرَبُ۔مصدر۔شربا۔(پینا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تُسْرِفُوْا:(تجاوز کرو۔ حد سے بڑھو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَسْرَفَ يُسْرِفُ۔مصدر۔اِسْرَافًا۔(فضول خرچی کرنا۔حد سے تجاوز کرنا)۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُحِبُّ :(وہ پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔ اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابًا۔(محبت کرنا۔پسند کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ۔حَبَّ

يُحِبُّ۔ مصدر۔حِبٌّ۔حُبًّا۔(پیار کرنا۔محبت کرنا۔پسند کرنا۔الْمُسْرِفِيْنَ :(تجاوز کرنے والوں کو۔فضول خرچی کرنے والوں کو)منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہٖ۔محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اے نبی آدم! ہر نماز کے وقت اپنے تئیں مزّین کیا کرو اور کھاؤ اور پیؤ اور بے جانہ اڑاؤ کہ اللہ بے جا اڑانے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔مَنْ:(کس نے)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ حَرَّمَ:(حرام کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔حَرَّمَ يُحَرِّمُ۔مصدر۔تَحْرِيْمٌ۔(حرام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ح ر م)صیغہ۔حَرَمَ يَحْرِمُ۔مصدر۔حِرْمًا۔حِرْمَانًا۔(محروم کردینا)۔ زِيْنَةَ:(زیبائش کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔الَّتِيْ :(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً صفت مرفوع۔ أَخْرَجَ:(اس نے نکالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج) صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔خُرُوْجًا۔(نکلنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ عِبَادِ:(بندوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) الطَّيِّبَاتِ :(اچھی اور عمدہ چیزوں سے)معطوف مجرور۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الرِّزْقِ:(رزق۔زندگی کی ہر ضرورت کا سامان)اسم مجرور۔ قُلْ:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔هِيَ:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف

فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ءمن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْحَيَاةِ :(زندگی)اسم مجرور۔موصوف۔ الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً صفت مجرور۔تابع موصوف۔ خَالِصَةً :(خالص۔بلا ملاوٹ)منصوب۔حال۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الْقِيَامَةِ: (قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔ كَذَلِكَ:(اس طرح)مرکب :(كَ+ذَ+لِ+كَ)حرف جار و تشبیہ۔ +اسم اشارہ+ بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ نُفَصِّلُ:(ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ فَصَّلَ يُفَصِّلُ۔مصدر۔تَفْصِيْلًا۔(تفصیل سے بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ف ص ل)صیغہ ۔فَصَلَ يَفْصُلُ۔مصدر۔فُصُوْلاً۔(الگ کرنا)۔فاصلے پر رکھنا۔ الْآيَاتِ:(آیات کو)غیر منصرف۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ قَوْمٍ:(قوم)اسم مجرور۔ يَعْلَمُوْنَ :(وہ جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔

ترجمہ آیت:پوچھو تو کہ جو زینت (وآرائش) اور کھانے (پینے) کی پاکیزہ چیزیں اللہ نے اپنے بندوں کے لیے پیدا کی ہیں ان کو حرام کس نے کیا ہے؟ کہہ دو کہ یہ چیزیں دنیا کی زندگی میں ایمان والوں کے لیے ہیں اور قیامت کے دن خاص ان ہی کا حصہ ہوں گی۔اسی طرح اللہ اپنی آیتیں سمجھنے والوں کے لیے کھول کھول کر بیان فرماتا ہے۔

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف) كافة و مكفوفة۔ مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم +اسم موصول۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ حَرَّمَ:(اس نے حرام کیا)فعل ماضی واحد مذکر

غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔حَرَّمَ یُحَرِّمُ۔مصدر۔تَحْرِیْمٌ۔(حرام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ح ر م)صیغہ۔حَرَمَ یَحْرِمُ۔مصدر۔حِرْمًا۔حِرْمَانًا۔(محروم کردینا)۔ رَبِّ:(ربّ) مرفوع فاعل۔کسرہ برائے اتصال۔مابعد۔یائے متکلم۔مضاف۔ يَ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْفَوَاحِشَ :(بدکرداری۔فحاشی سے)منصوب۔مفعول بہ۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً بدل منصوب۔ ظَهَرَ:(اس نے ظاہر کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ظَهَرَ :(اس نے ظاہر کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ظ ھ ر)صیغہ۔ظَهَرَ یَظْهِرُ۔مصدر۔ظُهُوْرًا۔(ظاہر ہونا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔معطوف۔مجرور۔ بَطَنَ:(اس نے چھپایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ط ن)صیغہ۔بَطَنَ یَبْطُنُ۔مصدر۔بَطْنٌ۔بُطُوْنًا۔(چھپانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْإِثْمَ:(گناہ کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْبَغْيَ:(سرکشی کو۔زیادتی۔قانون الٰہی سے بغاوت کو)معطوف منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ غَيْرِ:(علاوہ)اسم مجرور۔مضاف۔ الْحَقِّ:(حق سچ۔درست)مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ أَنْ:(اگر)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تُشْرِكُوْا:(تم شریک بناؤ۔شریک کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَشْرَكَ یُشْرِكُ۔ مصدر۔اِشْرَاكًا۔(شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔ شَرِكَ یَشْرَكُ۔مصدر۔شَرْكًا۔(شریک بنانا۔ہمسر بنانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔لَمْ:(نہیں) نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يُنَزِّلْ:(اتارا گیا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ یُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِیْلًا (دھیرے دھیرے اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ (اترنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم

مجرور۔سُلْطَانًا :(ثبوت۔سند کے)منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَقُوْلُوْا :(تم کہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ عَلَى: (پر)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَعْلَمُوْنَ :(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ میرے پروردگار نے تو بے حیائی کی باتوں کو ظاہر ہوں یا پوشیدہ اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کرنے کو حرام کیا ہے۔اور اس کو بھی کہ تم کسی کو اللہ کا شریک بناؤ جس کی اس نے کوئی سند نازل نہیں کی اور اس کو بھی کہ اللہ کے بارے میں ایسی باتیں کہو جن کا تمہیں کچھ علم نہیں۔

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٣٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔مضاف۔أُمَّةٍ:(امت۔لوگ۔قوم)مجرور مضاف الیہ۔أَجَلٌ:(ایک وقت)مبتداء۔مؤخر۔ مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيْئٌ۔مَجِئٌ۔ (آنا)۔أَجَلُ:(وقت) فاعل۔ مرفوع۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ لَا : (نہیں)نافیہ۔ يَسْتَأْخِرُوْنَ:(وہ پیچھے نہیں ہوتے۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ ۔اِسْتَاخَرَ يَسْتَاخِرُ۔مصدر۔اِسْتِيْخَارٌ۔ (دیر کرنا۔پیچھے ہونا)۔جملہ محلاً جواب شرط۔ سَاعَةً: (ایک گھڑی۔ایک گھنٹہ۔ایک ساعت)ظرف زمان۔ منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَسْتَقْدِمُوْنَ :(وہ آگے کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر

غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔صیغہ۔اِسۡتَقۡدَمَ یَسۡتَقۡدِمُ۔مصدر۔اِسۡتِقۡدَامٌ۔(آگے بڑھنا۔جلدی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ق د م)صیغہ قَدَمَ یَقۡدُمُ۔مصدر۔قَدۡمًا۔(آگے بڑھنا)۔

ترجمہ آیت:اور ہر ایک فرقے کے لیے (موت کا) ایک وقت مقرر ہے۔جب وہ آجاتا ہے تو نہ تو ایک گھڑی دیر کرسکتے ہیں نہ جلدی۔

یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ اِمَّا یَاۡتِیَنَّکُمۡ رُسُلٌ مِّنۡکُمۡ یَقُصُّوۡنَ عَلَیۡکُمۡ اٰیٰتِیۡ ۙ فَمَنِ اتَّقٰی وَ اَصۡلَحَ فَلَا خَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا ہُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ﴿۳۵﴾

یَا (اے)حرف نداء۔ بَنِيْ:(بیٹو!)اصلاً بَنِیۡنَ تھا۔منادیٰ۔منصوب۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔ آدَمَ: (آدمؑ) غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف۔إِمَّا:(اگر)مرکب:(إِنۡ+مَّا) إِنۡ حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ + مَا زائد۔ یَأۡتِیَنَّ:(وہ ضرور بالضرور آئے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ رُسُلٌ: (رَسُوۡلٌ کی جمع ۔پیغمبر)فاعل مرفوع۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ یَقُصُّوۡنَ: (وہ قصہ بیان کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق ص ص)مضاعف۔صیغہ۔قَصَّ یَقُصُّ۔مصدر۔قَصَصٌ۔(کہانی بیان کرنا۔قصہ سنانا)۔ عَلَيَّ: (پر)حرف جار۔کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ آیَاتِ:(آیات کو)غیر منصرف۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔يِ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ مَنِ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ اتَّقَی :(وہ ڈرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیۡ۔مصدر۔ وِقَایَةً۔وَقۡیًا۔(بچنا۔

پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَصْلَحَ:(وہ درستی کرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصْلَحَ یُصْلِحُ۔مصدر۔اِصْلَاحٌ۔(صلح کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح ۔نصر۔مادہ(ص ل ح)صَلَحَ یَصْلَحُ۔مصدر۔صَلَاحًا۔(اصلاح کرنا۔درستی کرنا)۔ فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔ خَوْفٌ:(ڈر۔خوف)مبتداء مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ محلا مرفوع۔ مبتداء۔ یَحْزَنُوْنَ :(وہ غمگین ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ح ز ن)صیغہ ۔حَزَنَ یَحْزِنُ۔مصدر۔ حُزْنٌ۔(غمگین ہونا)۔

ترجمہ آیت:اے بنی آدم! (ہم تم کو یہ نصیحت ہمیشہ کرتے رہے ہیں کہ) جب ہمارے پیغمبر تمہارے پاس آیا کریں اور ہماری آیتیں تم کو سنایا کریں (تو ان پر ایمان لایا کرو) کہ جو شخص (ان پر ایمان لاکر اللہ سے) ڈرتا رہے گا اور اپنی حالت درست رکھے گا تو ایسے لوگوں کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٣٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا) ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ اسْتَكْبَرُوْا:(تکبر کیا۔بڑے بنے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔مصدر۔اِسْتِكْبَارٌ۔(تکبر کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب

نصر۔کرم۔مادہ(ک ب ر)صیغہ۔کَبَرَ یَکْبُرُ۔ مصدر۔کِبَارٌ۔(بڑا ہونا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ هَا: (اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أُوْلَـٰئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید جمع مذکر و مؤنث۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصْحَابُ:(والے۔ساتھی۔دوست)خبر مرفوع۔ مضاف۔ النَّارِ:(دوزخ۔آگ)مجرور مضاف الیہ۔ هُمْ:(وہ ہی)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ خَالِدُوْنَ:(ہمیشہ رہنے والے)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے سر تابی کی وہی دوزخی ہیں کہ ہمیشہ اس میں (جلتے) رہیں گے۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾

فَ:(پھر)فصیحہ۔ مَنْ:(کونسا؟)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَظْلَمُ:(بہت بڑا ظلم ہے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ مِمَّنِ:(اس سے جو)مرکب :(مِنْ+مَّنِ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون ۔ محلاً اسم مجرور۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ افْتَرَى:(اس نے بہتان باندھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِفْتَرٰی يَفْتَرِيْ۔مصدر۔اِفْتَرَاءٌ۔(جھوٹ بہتان باندھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ سمع۔مادہ(ف ر ی) ناقص یائی۔صیغہ۔فَرٰی يَفْرِيْ۔مصدر۔ فَرْيًا۔ فِرْيَةٌ۔(ٹکڑا ٹکڑا کرنا۔)جیسے: قَطَّعَهٗ قِطْعًا صَغِيْرَةً۔یعنی فَرٰی اللَّحْمَ۔/ بَصَلَ۔ عَلَى:(پر) اللّٰهِ:() كَذِبًا:(جھوٹ)منصوب۔مفعول بہ۔ أَوْ: (یا)حرف عطف۔كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ: (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء۔

مرفوع۔ يَنَالُ:(وہ پہنچے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ی ل)اجوف یائی۔صیغہ۔نَالَ يَنَالُ۔مصدر۔نَيْلٌ۔(پانا۔پہنچنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔نَصِيبُ:(حصہ)فاعل۔مرفوع۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مِّنَ:(سے)حرف اجر۔ الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔اسم مجرور۔ حَتَّى:(یہاں تک)حرف ابتداء۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جَاءَتْ:(وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت ضمیر تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔مصدر جِيئٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا)۔ هُمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ رُسُلُ:(رسول)فاعل مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَتَوَفَّوْنَ:(وہ ماریں گے۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔مصدر۔تَوَفِّيٌّ۔(موت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰى يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أَيْنَ:(کہاں ہیں)اسم استفہام۔ظرف مکان۔منصوب۔محلاً خبر مرفوع مقدّم۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔كُنْتُمْ: (تم تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ضمیر تُمْ فاعل۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ تَدْعُوْنَ:(تم پکارتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب (استمراری)۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔ دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا۔بلانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(سوائے۔علاوہ) ظرف مکان محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔

مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ ضَلُّوْا:(انہوں نے گمراہ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ یَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا)۔ عَنَّا:(ہمارے بارے)مرکب :(عَنْ+نَّا)حرف جار+ضمیر جمع متکلم۔محلاًام مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ شَهِدُوْا:(انہوں نے گواہی دی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ یَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةً۔(گواہی دینا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غاب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًکا اسم منصوب۔ كَانُوْا :(وہ تھے۔وہ ہیں)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔كَافِرِيْنَ :(کفر کرنے والے)فاعل۔جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔محلاً أَنَّ جملہ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے۔ان کو ان کے نصیب کا لکھا ملتا ہی رہے گا یہاں تک کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) جان نکالنے آئیں گے تو کہیں گے کہ جن کو تم اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے وہ (اب) کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے (معلوم نہیں) کہ وہ ہم سے (کہاں) غائب ہوگئے اور اقرار کریں گے کہ بے شک وہ کافر تھے۔

قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ۭ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ۭ حَتّٰٓي اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ڛ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾

قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ اُدْخُلُوْا:(داخل ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون

اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(د خ ل) صیغہ۔ دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر ۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ اُمَمٍ:(لوگوں۔امتوں۔قوموں)اسم مجرور۔ قَدْ:(یقیناً) حرف تحقیق۔ خَلَتْ:(گزر گئی۔خالی کر گئیں)فعل ماضی واحد مؤنث۔علامت تائے تانیث۔ ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔خَلَا یَخْلُو۔مصدر۔خَلَاءٌ۔خَلُوٌّ۔(خالی ہونا۔گزر جانا) مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف ۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنَ:(سے)حرف جارف۔ الْجِنِّ :(جنّ۔غیر مرئی قوت)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْإِنْسِ:(انسان)معطوف مجرور۔ فِي: (میں) حرف جار۔ النَّارِ:(آگ۔دوزخ)اسم مجرو۔ كُلَّمَا:(جب بھی)ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون محلاً منصوب۔ دَخَلَتْ :(وہ داخل ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر ۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ أُمَّةٌ:(امت)فاعل۔ لَّعَنَتْ:(اس نے لعنت کی۔دور کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ل ع ن)صیغہ۔لَعَنَ یَلْعَنُ۔ مصدر۔لَعْنٌ۔(لعنت کرنا۔دور کرنا)۔ أُخْتَ:(بہن کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هَا:(اس کی)ضمیع واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَتَّى:(یہاں تک)حرف ابتداء۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ ادَّارَكُوْا:(وہ آملے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔اصلاًتَدَارَكُوْا تھا۔ت کو د میں ادغام کر دیا گیا۔اور شروع میں همزہ لگا دیا گیا۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔صیغہ۔تدارک یَتَدَارَكُ۔ مصدر۔تَدَارَكٌ۔(گر چکے ۔فنا ہو گئے۔اکٹھا کرنا۔ایک دوسرے سے آملنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جارف۔ هَا : (اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ جَمِيعًا:(سب کے سب)منصوب۔حال۔ قَالَتْ:(ان نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔أُخْرَا:(آخری۔دوسری)فاعل مرفوع۔ تقدیراً ضمہ۔ (اصلی رسم الخط۔ أُخْرٰی۔

ہے۔برائے اتصال ۔ ی۔کو الف سے بدل دیا گیا)۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مضاف الیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔ أُوْلَا:(پہلی)اسم مجرور۔(اصلی رسم الخط۔ أُوْلَى ۔ برائے اتصال ۔ی۔کو الف سے بدل دیا گیا۔)اَوَّلٌ کی مؤنث۔مضاف۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ رَبَّ:(اے ربّ)منادیٰ۔حرف نداء۔محذوف۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هٰؤُلَآءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَضَلُّو:(گمراہ ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ ۔ مصدر۔اِضْلَالٌ۔(گمراہ کر دینا)۔ ثلاثی مجر د ۔باب ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔ مصدر۔ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا)۔ نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس) برائے رابطہ۔آتِ:(دے دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔حرف علت۔ی۔بوجہ التقائے ساکنین۔ محذوف۔ اصلاً آتِيْ تھا۔کسرہ عوضانہ میں۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجر د۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَذَابًا:(عذاب۔سزاء)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔موصوف۔ ضِعْفًا:(دگنا)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ۔مبنی بر سکون۔برائے اتصال مابعد۔ النَّارِ :(دوزخ۔آگ)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاًصفت ثانی منصوب۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجر د۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ كُلٍّ :(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔مرفوع۔ ضِعْفٌ:(دگنا)مبتداء۔مؤخر۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔لٰكِنَّ کا خفیف۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ لَّا: (نہیں)نافیہ۔تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل

مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔ محلاً لٰكِنْ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو اللہ فرمائے گا کہ جنّوں اور انسانوں کی جو جماعتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں ان کے ساتھ تم بھی داخل جہنم ہو جاؤ۔ جب ایک جماعت (وہاں) جاداخل ہو گئی تو اپنی (مذہبی) بہن (یعنی اپنے جیسی دوسری جماعت) پر لعنت کرے گی۔ یہاں تک کہ جب سب اس میں داخل ہو جائیں گے تو پچھلی جماعت پہلی کی نسبت کہے گی کہ اے پروردگار! ان ہی لوگوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا تو ان کو آتش جہنم کا دگنا عذاب دے۔ اللہ فرمائے گا کہ (تم) سب کو دگنا (عذاب دیا جائے گا) مگر تم نہیں جانتے۔

وَقَالَتْ أُولٰىهُمْ لِأُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ ﴿۳۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ قَالَتْ :(ان نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أُولاَ:(پہلی)اسم مجرور۔(اصلی رسم الخط۔ أُوْلَى۔ برائے اتصال۔ی۔کو الف سے بدل دیا گیا۔)اَوَّلٌ کی مؤنث۔فاعل مرفوع۔ مضاف۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ أُخْرَا: (آخری۔ دوسری)اسم مجرور۔ تقدیراً مکسور۔(اصلی رسم الخط۔ أُخْرٰى۔ ہے۔برائے اتصال۔ی۔کو الف سے بدل دیا گیا)۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ تقدیراً جواب شرط۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ:(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔زائد۔ فَضْلٍ:(کرم۔فضل۔ضرورت سے زیادہ۔فالتو چیز کا مل جانا)لفظاً كَانَ کی خبر مؤخر۔ مجرور۔محلاً مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔ ذُوْقُوْا:(تم چکھو)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق) اجوف

واوی۔صیغہ۔ذَاقَ یَذُوْقُ۔ذَوْقٌ۔(مزہ چکھنا)۔ اَلْعَذَابَ: (عذاب۔سزاء کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِمَا)حرف جار+اسم موصول۔ کُنْتُمْ :(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ تَکْسِبُوْنَ :(تم کماتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔کَسَبَ یَکْسِبُ۔مصدر۔کَسْبًا۔(کمانا)۔

ترجمہ آیت:اور پہلی جماعت پچھلی جماعت سے کہے گی کہ تم کو ہم پر کچھ بھی فضیلت نہ ہوئی تو جو (عمل) تم کیا کرتے تھے اس کے بدلے میں عذاب کے مزے چکھو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اَلَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اسم منصوب۔مبتداء مرفوع۔ کَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔ (جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔ کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔آیَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اسْتَکْبَرُوْا: (انہوں نے تکبر کیا۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَکْبَرَ یَسْتَکْبِرُ۔مصدر۔اِسْتِکْبَارٌ۔(تکبر کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔کرم۔ مادہ (ک ب ر)صیغہ۔کَبَرَ یَکْبُرُ۔ مصدر۔کِبَارٌ۔(بڑا ہونا)۔عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تُفَتَّحُ:(کھولا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَتَّحَ یُفَتِّحُ۔مصدر۔تَفْتِیْحًا۔(کھولنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف

ت ح)صیغہ۔فَتَحَ یَفْتَحَ۔مصدر۔فَتْحًا۔(کھولنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔أَبْوَابُ :(دروازے)نائب فاعل مرفوع۔مضاف۔ السَّمَاءِ:(آسمان)مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يَدْخُلُونَ:(وہ داخل ہوں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔ دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ الْجَنَّةَ :(جنت۔باغ)منصوب۔مفعول بہ۔ حَتَّى:(یہاں تک)حرف غایت۔اَنْ مضمر بعدہٗ۔ناصب مضارع۔ يَلِجَ :(داخل ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ول ج)مثال واوی۔صیغہ۔وَلَجَ يَلِجُ۔مصدر۔وَلْجًا۔(داخل ہونا۔) الْجَمَلُ:(اونٹ)فاعل مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔ سَمِّ:(ناکا)اسم مجرور۔مضاف۔ الْخِيَاطِ:(سوئی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ كَذَلِكَ :(اس طرح)مرکب :(كَ+ذَ+لِ+كَ) حرف جار۔تشبیہ۔+اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔ نَجْزِي:(ہم بدلہ دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ جَزٰی یَجْزِیْ۔مصدر۔ جَزَاءً۔ (بدلہ دینا۔معاوضہ دینا)۔ الْمُجْرِمِيْنَ :(مجرموں کو)اسم فاعل۔ محلاً منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے سرتابی کی۔ان کے لیے نہ آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے اور نہ وہ بہشت میں داخل ہوں گے۔یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں سے نہ نکل جائے اور گنہگاروں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّ مِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مروع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔جَهَنَّمَ:(دوزخ۔عذاب گاہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ مِهَادٌ: (بچھونا۔فرش۔ٹھکانہ)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَوْقِ: (اوپر)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ غَوَاشٍ:(اوڑھنے۔پردے۔سائبان)اصلاً غَوَاشِيُ تھا۔مرفوع ہونے کی وجہ سے۔ی۔کو حذف کردیا گیا۔بوجہ التقائے ساکنین۔کہا جاتا ہے کہ یہ تنوین۔محذوفہ۔ی۔کے عوض میں ہے۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔تقدیراً ضمہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَذَٰلِكَ :(اس طرح)مرکب :(كَ+ذَ+لِ+كَ) حرف جار۔ تشبیہ۔+اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔نائب مفعول مطلق۔ نَجْزِي:(ہم بدلہ دیں گے۔دیتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔جَزٰی یَجْزِیُ۔مصدر۔ جَزَاءً۔ (بدلہ دینا۔معاوضہ دینا۔سزاء)۔الظَّالِمِيْنَ:(ظالموں کو۔اندھیر مچانے والوں کو) منصوب۔ علامت۔ ی۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت:ایسے لوگوں کے لیے (نیچے) بچھونا بھی (آتش) جہنم کا ہوگا اور اوپر سے اوڑھنا بھی (اسی کا) اور ظالموں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ آمَنُوْا:(ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوْا:(انہوں نے عمل کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر۔عَمْلًا (کرنا)۔الصَّالِحَاتِ : (نیکیاں)غیر

منصرف۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ نُكَلِّفُ:(ہم تکلیف دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ كَلَّفَ يُكَلِّفُ۔مصدر۔تَكْلِيفًا۔(تکلیف دینا) نَفْسًا:(کسی جان کو) منصوب مفعول بہٖ۔ إِلَّا :(سوائے۔ مگر)حرف استثناء۔ وُسْعَ:(وسعت۔ گنجائش۔طاقت۔)منصوب مفعول بہٖ۔ "یعنی جتنا اس نے کمایا ہوگا۔اتنی ہی جزا و سزاء ہوگی"مضاف۔ هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أُولَئِكَ:(وہ ہی)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ أَصْحَابُ: (ساتھ۔ والے۔ صاحب)خبر مرفوع۔مضاف۔ الْجَنَّةِ :(جنت۔باغ)مجرور مضاف الیہ۔ هُمْ :(وہ ہی)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔ خَالِدُوْنَ: (ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے)خبر مرفوع۔جملہ محلاً أُوْلَئِكَ کی خبر مرفوع۔ثانی۔یا محلاً أَصْحَابُ الْجَنَّةِ کا حال۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے اور ہم (عملوں کے لیے) کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔ ایسے ہی لوگ اہل بہشت ہیں (کہ) اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۟ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْۤا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ نَزَعْنَا:(ہم نے چھین لیا۔ نکال دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ع)صیغہ۔نَزَعَ يَنْزِعُ۔مصدر۔نَزْعٌ۔(چھین لینا۔اتروانا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مفعول بہٖ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ صُدُوْرِ:(سینوں)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔ غِلٍّ :(کینہ ور ہونا۔بیر۔دشمنی۔)اسم مجرور۔ تَجْرِي :(بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ج ر ی) ناقص یائی۔صیغہ۔ جَرٰی يَجْرِیْ۔ مصدر۔ جَرْيَانًا(چلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔

هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔مضاف الیہ۔ الأَنْهَارُ:(نہریں)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ الْحَمْدُ:(تعریف)مبتداء مرفوع۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔ محلاً صفت۔ هَدَا:(اس نے ہدایت دی۔رہنمائی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ھ د ی)صیغہ ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔ مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ هَـذَا:(اس کے)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لِ:(لئے)لائے جحود۔برائے تاکید۔ نَهْتَدِيَ:(ہم ہدایت پاتے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِىْ۔مصدر۔اِهْتَدَاءٌ۔(ہدایت پانا۔)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔لَوْلَا:(کیوں نہیں)حرف شرط۔غیر جازم+ لائے نافیہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ هَدَا ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ھ د ی)صیغہ ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔مرفوع۔ لَ:(ضرور)لائے موطئة للقسم۔برائے تاکید۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَاءَتْ(وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔ رُسُلُ:(رسول کی جمع۔پیغمبر)فاعل مرفوع۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ :(حق و سچ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ نُوْدُوْا:(انہوں نے پکارا)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف

فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ نَادٰی یُنَادِیُ۔مصدر۔مُنَادَاۃً۔(پکارنا۔نداء دینا۔آواز دینا۔)۔أَنۡ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تِلۡکُمُ:(یہ ہے)مرکب:(تِلۡک+کُمُ)اسم اشارہ بعید مونث+حرف خطاب۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ الۡجَنَّةُ: (جنت۔باغ)خبر مرفوع۔أُورِثۡتُمُو:(تم وارث بنائے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر۔واؤ حرف اشباع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوۡرَثَ یُوۡرِثُ۔ مصدر۔اِیۡرَاثٌ۔(وارث بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(و ر ث)مثال واوی۔صیغہ۔وَرِثَ یَرِثُ۔ مصدر۔وِرۡثًا۔وِرَاثَۃً۔(وارث ہونا)۔ هَا:(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِمَا:(جو کچھ):(بِ+مَا)حرف جار۔+مصدریہ۔ کُنۡتُمۡ:(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔ مصدر۔کَوۡنًا۔(ہونا)۔ تَعۡمَلُوۡنَ :(تم کام کرتے ہو۔عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ کَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعۡمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور جو کینے ان کے دلوں میں ہوں گے ہم سب نکال ڈالیں گے۔ان کے محلوں کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم کو یہاں کا راستہ دکھایا اور اگر اللہ ہم کو رستہ نہ دکھاتا تو ہم رستہ نہ پاسکتے۔بے شک ہمارا پروردگار کے رسول حق بات لے کر آئے تھے اور (اس روز) منادی کر دی جائے گی کہ تم ان اعمال کے صلے میں جو دنیا میں کرتے تھے اس بہشت کے وارث بنا دیئے گئے ہو۔

وَنَادٰٓی اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ اَصۡحٰبَ النَّارِ اَنۡ قَدۡ وَجَدۡنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلۡ وَجَدۡتُّمۡ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمۡ حَقًّا ؕ قَالُوۡا نَعَمۡ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيۡنَهُمۡ اَنۡ لَّعۡنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۴۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ نَادٰی:(اس نے پکارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ نَادٰی یُنَادِیُ۔مصدر۔مُنَادَاۃً۔(پکارنا۔نداء دینا۔آواز دینا)۔أَصۡحَابُ: (والے۔ ساتھ۔دوست) فاعل مرفوع۔مضاف۔الۡجَنَّةِ:(جنت)مجرور مضاف الیہ۔ أَصۡحَابَ:(ساتھیوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔

النَّارِ:(آگ۔دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔ أَنْ:(کہ) تفسیری۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ وَجَدْنَا:(ہم نے پایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔وُجُودٌ۔(پانا)۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَعَدَ:(اس نے وعدہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔ وَعْدَةٌ۔(وعدہ کرنا)۔ نَا:(ہم سے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَقًّا:(حق سچ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ فَ: (پس)حرف عطف۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ وَجَدتُّم:(تم پایا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔وُجُودٌ ۔(پانا)۔مَّا :(جو)اسم موصول مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَعَدَ:(اس نے وعدہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔وَعْدَةٌ۔(وعدہ کرنا)۔ رَبُّ: (ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَقًّا:(حق۔سچ)منصوب۔مفعول بہ۔ قَالُوْا (انہوں نے کہا)فاعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ نَعَمْ:(ہاں)حرف ایجاب۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔ أَذَّنَ:(اس نے آواز دی۔اذان دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ اَذَّنَ يُؤَذِّنُ۔مصدر۔تَاذِيْنَ۔(اذان دینا)۔ مُؤَذِّنٌ :(اذان دینے والا)اسم فاعل۔مرفوع۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکاں۔منصوب۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارعہ۔ لَّعْنَةُ:(لعنت)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔ الظَّالِمِيْنَ:(ظالموں۔اندھیر مچانے والوں)اسم مجرور۔محلاًجملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اہل بہشت دوزخیوں سے پکار کر کہیں گے کہ جو وعدہ ہمارے پروردگار نے ہم سے کیا تھا ہم نے تو اسے سچا پالیا۔ بھلا جو وعدہ تمہارے پروردگار نے تم سے کیا تھا تم نے بھی اسے سچا پایا؟ وہ کہیں گے ہاں تو (اس وقت) ان میں ایک پکارنے والا پکارے گا کہ بے انصافوں پر اللہ کی لعنت۔

الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿٤٥﴾

الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر محلاً مبتداء مرفوع۔يَصُدُّوْنَ:(وہ روکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصُدُّ۔ مصدر۔صَدٌّ۔صُدُوْدًا۔(رکنا۔روکنا۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَبْغُوْنَ:(وہ تلاش کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ب غ ی) ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰی يَبْغِيْ۔مصدر۔بَغْيًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا۔تلاش کرنا)۔ هَا :(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ عِوَجًا:(کجی۔کوئی خامی۔ٹیڑھاپن)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔یاحال منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْاٰخِرَةِ:(قیامت۔آخرت۔)اسم مجرور۔ كَافِرُوْنَ:(کفر کرنے والے)فاعل مرفوع۔علامت۔واؤ۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو اللہ کی راہ سے روکتے اور اس میں کجی ڈھونڈتے اور آخرت سے انکار کرتے تھے۔

وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۣ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿٤٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔محلاً مبتداء۔مضاف۔ هُمَا :(دونوں کے)ضمیر تثنیہ مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔حِجَابٌ:(پردہ)مبتداء۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَلَى:(پر)حرف

جار۔الْأَعْرَافِ:(اعراف)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم۔ رِجَالٌ:(مرد)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ يَعْرِفُوْنَ:(پہچانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ۔عَرَفَ يَعْرِفُ۔مصدر۔عُرْفَانًا۔(پہچاننا) كُلاًّ: (کبھی)منصوب مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ سِيْمٰا:(نشانیوں)اسم مجرور۔مضاف۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف نَادَوْ:(انہوں نے آواز دی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ نَادٰى يَنَادِىْ۔مصدر۔ مُنَادَاةً۔(پکارنا۔نداء دینا۔آواز دینا)۔أَصْحَابَ:(والوں۔ساتھیوں کو)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ الْجَنَّةِ:(جنت)مجرور مضاف الیہ۔ أَنْ:(کہ)تفسیری۔ سَلَامٌ:(سلامتی)مبتداء مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع ۔قالب۔ يَدْخُلُوْ:(وہ داخل ہوئے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(دخ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔ (داخل ہونا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ هُمْ: (وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔ يَطْمَعُوْنَ :(وہ امید رکھتے ہوں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ط م ع)صیغہ۔طَمَعَ يَطْمَعُ۔مصدر۔ طَمْعٌ۔ (توقع رکھنا۔آرزو رکھنا۔امید رکھنا)۔

ترجمہ آیت:ان دونوں(یعنی بہشت اور دوزخ) کے درمیان (اعراف نام) ایک دیوار ہوگی اور اعراف پر کچھ آدمی ہوں گے جو سب کو ان کی صورتوں سے پہچان لیں گے۔تو وہ اہل بہشت کو پکار کر کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہو۔یہ لوگ بھی بہشت میں داخل تو نہیں ہوں گے مگر امید رکھتے ہوں گے۔

وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ صُرِفَتْ:(وہ پھیری جائے گی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔أَبْصَارُ:(آنکھیں۔بینائی۔)نائب فاعل۔ مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ تِلْقَاءِ: (ملاقات) ظرف مکان۔مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ أَصْحَابِ:(والے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔النَّارِ:(آگ۔ دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔قَالُوْا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔رَبَّ:(اے ربّ)منادیٰ ۔منصوب۔حرف نداء محذوف۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَجْعَلْ:(تو بنا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًمنصوب مفعول بہ۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ الْقَوْمِ:(قوم۔لوگ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الظَّالِمِيْنَ:(ظالم)مجرور علامت۔ی۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور جب ان کی نگاہیں پلٹ کر اہل دوزخ کی طرف جائیں گی تو عرض کریں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کیجئے۔

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ نَادَى:(اس نے آواز دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ نَادٰى يُنَادِيْ۔مصدر۔ مُنَادَاةً۔(پکارنا۔نداء دینا۔آوازدینا)۔أَصْحَابُ :(اصحاب۔ساتھ۔والے) فاعل۔ مرفوع۔مضاف۔الأَعْرَافِ:(اعراف کے)مجرور مضاف الیہ۔رِجَالاً:(مردوں کو۔یہاں معنی مرد و زن) منصوب۔مفعول يَعْرِفُونَ:(وہ پہچانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ۔عَرَفَ يَعْرِفُ۔مصدر۔عُرْفَانًا۔(پہچاننا)

هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ سِيْمَا:(نشانی)اصلاً سِيْمٰى تھا۔برائے اتصال۔ ی۔کو الف سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔مضاف۔ هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ أَغْنَى:(وہ بے پرواہ ہے۔مالدار ہوئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْنٰى يُغْنِيْ۔مصدر۔ اِغْنَاءٌ۔(مال دار ہونا۔بے پرواہ ہونا) عَنْ:(سے)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ جَمْعُ: (اکٹھ۔جمع)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(کہ)مصدریہ۔ كُنْتُمْ :(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَسْتَكْبِرُوْنَ :(تم تکبر کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔مصدر۔اِسْتِكْبَارٌ۔(تکبر کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔كَرُمَ۔مادہ (ک ب ر) صیغہ۔كَبَرَ يَكْبُرُ۔مصدر۔كِبَارٌ۔(بڑا ہونا)۔

ترجمہ آیت:اور اہل اعراف(کافر) لوگوں کو جنہیں ان کی صورتوں سے شناخت کرتے ہوں گے پکاریں گے اور کہیں گے(کہ آج) نہ تو تمہاری جماعت ہی تمہارے کچھ کام آئی اور نہ تمہارا تکبّر(ہی سود مند ہوا۔

اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔ هٰؤُلَاءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب جمع مذکر۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مرفوع مبتداء۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع خبر۔ أَقْسَمْتُمْ :(تم نے قسمیں کھائیں)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔اَقْسَمَ يُقْسِمُ۔مصدر۔اِقْسَامٌ۔(قسم کھا کر کہنا)۔ثلاثی مجرد

۔باب ضرب۔مادہ(ق س م)صیغہ۔قَسَمَ يَقْسِمُ۔مصدر۔قَسْمًا۔(تقسیم کرنا)۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔ يَنَالُ:(وہ پہنچے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ی ل)اجوف یائی۔صیغہ۔نَالَ يَنَالُ۔مصدر۔نَيْلٌ۔(پانا۔پہنچنا)۔ هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ رَحْمَةٍ:(رحمت۔مہربانی۔عنایت)اسم مجرور۔ اُدْخُلُوْا:(داخل ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤجمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ الْجَنَّةَ: (جنت میں)منصوب۔مفعول بہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ خَوْفٌ:(ڈر۔خوف)مبتداء مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ ہی)نافیہ۔ اَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ تَحْزَنُوْنَ:(تم غمگین ہوتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزَنَ يَحْزِنُ۔مصدر۔حُزْنٌ۔(غمگین ہونا)۔

ترجمہ آیت: (پھر مومنوں کی طرف اشارہ کرکے کہیں گے) کیا یہ وہی لوگ ہیں جن کے بارے میں تم قسمیں کھایا کرتے تھے کہ اللہ اپنی رحمت سے ان کی دستگیری نہیں کرے گا(تو مومنو) تم بہشت میں داخل ہو جاؤ تمہیں کچھ خوف نہیں اور نہ تم کو کچھ رنج واندوہ ہو گا۔

وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ نَادٰى:(اس نے پکارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ نَادٰى يُنَادِىْ۔مصدر۔مُنَادَاةً۔(پکارنا۔نداء دینا۔آواز دینا)۔اَصْحَابُ: (والے۔ ساتھ۔دوست) فاعل مرفوع۔مضاف۔ الْجَنَّةِ:(جنت)مجرور مضاف الیہ۔ اَصْحَابَ:(ساتھیوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ النَّارِ:(آگ۔دوزخ)مجرور

أَ:(کیا)حرف استفہام۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ یَهْدِ:(اس نے ہدایت دی)اصلاً یَهْدِیْ تھی۔ حرف علت محذوف بوجہ سکون۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی یَهْدِیْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور۔ یَرِثُونَ:(وہ وارث بنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔مادہ(و ر ث)مثال واوی۔صیغہ۔ وَرِثَ یَرِثُ۔مصدر۔وِرْثًا۔وِرَاثَةً۔(وارث ہونا)۔ الَارْضَ:(زمین کو)منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔أَهْلِ:(رہنے والے۔گھر والے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنْ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔(ثقیلہ۔کا مخففہ)ناصب اسم۔ ضمیر شان محذوف۔ لَّوْ:(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔نَشَاءُ:(ہم چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ مرفوع۔ محل اعراب مفتوح۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ ۔(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ أَصَبْنَا:(ہم نے پہنچایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِيْبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ص و ب)صیغہ صَابَ یَصُوْبُ۔صَوْبًا۔مصدر۔صَوْبًا:(بارش برسنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ ذُنُوْبِ:(گناہوں کے)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یا استئنافیہ۔ نَطْبَعُ :(ہم مہر لگا دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ط ب ع)صیغہ۔طَبَعَ يَطْبَعُ۔مصدر۔طَبْعٌ۔(چھاپنا۔مہر لگانا)۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔ قُلُوْبِ:(دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:

(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَسْمَعُونَ :(وہ سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ واؤ جمع۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(س م ع) صیغہ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔ مصدر۔ سَمْعٌ۔(سننا)۔

ترجمہ آیت: کیاان لوگوں کو جو اہلِ زمین کے (مر جانے کے) بعد زمین کے مالک ہوتے ہیں، یہ امر موجب ہدایت نہیں ہوا کہ اگر ہم چاہیں تو ان کے گناہوں کے سبب ان پر مصیبت ڈال دیں۔ اور ان کے دلوں پر مہر لگادیں کہ کچھ سن ہی نہ سکیں۔

تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠١﴾

تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مؤنث۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ الْقُرَى:(بستیاں)بدل مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔ نَقُصُّ :(ہم نے قصے بتائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق ص ص) مضاعف۔ صیغہ۔ قَصَّ يَقُصُّ۔ مصدر۔ قَصَصٌ۔(کہانی بیان کرنا۔ قصہ سنانا)۔ عَلَيَّ:(پر۔ کو)حرف جار۔ كَ:(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَنبَآءِ:(خبروں)اسم مجرور۔ مضاف۔ هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ یا استئنافیہ۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَاءتْ:(وہ آئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت ضمیر تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيئُ۔ مصدر جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔ هُمْ : (ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ رُسُلُ:(رسول)فاعل مرفوع۔ مضاف۔ هُم : (ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْبَيِّنَاتِ:(واضح۔ کھلم کھلا۔ بیان کردہ نشانیاں۔ آیات)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔ كَانُوْا : (وہ تھے) فعل

ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ضمیر تُمْ فاعل۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ لِ:(کہ)لائے جحود۔ناصب مضارع۔ یُؤْمِنُوْا:(وہ ایمان لائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِمَا :(جوکچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ کَذَّبُوْا :(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا) ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔ کِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ کَذٰلِكَ :(اس طرح)مرکب :(كَ+ذَا+لِ+كَ)حرف جار و تشبیہ۔+اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔یَطْبَعُ :(وہ مہر لگاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ط ب ع)صیغہ۔طَبَعَ یَطْبَعُ۔مصدر۔طَبْعٌ۔(چھاپنا۔مہر لگانا)۔ اللّٰہُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ عَلٰی:(پر)حرف جار۔ قُلُوْبِ:(دلوں)اسم مجرور۔ مضاف۔ الْکَافِرِیْنَ :(کافروں۔کفر کرنے والے)اسم فاعل۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ بستیاں ہیں جن کے کچھ حالات ہم تم کو سناتے ہیں۔اور ان کے پاس ان کے پیغمبر نشانیاں لے کر آئے۔مگر وہ ایسے نہیں تھے کہ جس چیز کو پہلے جھٹلا چکے ہوں اسے مان لیں اسی طرح اللہ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے۔

وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿١٠٢﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ وَجَدْنَا:(ہم نے پایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ یَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔وُجُوْدٌ۔(پانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔اَكْثَرِ :

(زیادہ۔اکثر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔مضاف۔ هِم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ عَهْدٍ:(عہد۔وعدہ)لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔ وَ:(اور)حرف جار۔ إِنْ:(بے شک) إِنَّ ثقیلہ کا مخفف۔حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔وَجَدْنَا:(ہم نے پایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔وُجُودٌ۔ (پانا)۔ أَكْثَرَ:(زیادہ۔اکثر)افعل التفضیل۔منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً لَ:(یقینا)برائے تاکید۔لائے فارقہ۔فَاسِقِينَ :(نافرمانی کرنے والے)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے ان میں سے اکثروں میں (عہد کا نباہ) نہیں دیکھا۔اور ان میں اکثروں کو(دیکھا تو) بدکار ہی دیکھا

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ بَعَثْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثَ۔مصدر۔بَعْثًا۔ بِعْثَةً۔ (بھیجنا۔مقرر کرنا)۔ مِن:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد) ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مجرور مضاف الیہ۔ مُّوسَى: (موسیٰؑ کو)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ فِرْعَوْنَ: (فرعون) غیر منصرف۔اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف جار۔ مَلَاءِ:(سرداروں)معطوف مجرور۔مضاف۔ هِ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ ظَلَمُوا:(انہوں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث

غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔انظُرْ :(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔نصر۔ مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ کَیْفَ:(کس طرح)اسم استفہام۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً کَانَ کی خبر مقدّم۔ کَانَ :(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔عَاقِبَۃُ :(انجام) کَانَ کا اسم مرفوع۔ الْمُفْسِدِینَ :(فساد کرنے والوں)فاعل۔مضاف الیہ۔مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:پھر ان (پیغمبروں) کے بعد ہم نے موسیٰ کو نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے اعیانِ سلطنت کے پاس بھیجا تو انہوں نے ان کے ساتھ کفر کیا۔سو دیکھ لو کہ خرابی کرنے والوں کا انجام کیا ہوا۔

وَقَالَ مُوْسٰی یٰفِرْعَوْنُ اِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔مُوسَی:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔فاعل۔مرفوع۔ یَا : (اے)حرف نداء۔ فِرْعَوْنُ:(فرعون)منادیٰ۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔اِنِّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ یْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ رَسُولٌ :(پیغمبر) اِنَّ کی خبر مرفوع۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ :(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ الْعَالَمِینَ :(جہانوں کے)مجرور مضاف الیہ۔علامت جر۔ی۔

ترجمہ آیت:اور موسیٰ نے کہا کہ اے فرعون میں رب العالمین کا پیغمبر ہوں۔

حَقِیْقٌ عَلٰٓی اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَی اللّٰہِ اِلَّا الْحَقَّ قَدْ جِئْتُکُمْ بِبَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّکُمْ فَاَرْسِلْ مَعِیَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ﴿۱۰۵﴾

حَقِيقٌ:(قائم۔ثابت۔لائق)ضمیر منفصل۔فاعل محذوف۔اصلاً اَنَا حَقِيقٌ ہے۔ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔ عَلَیٰ:(پر)حرف جار۔ أَن:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔ أَقُولَ :(میں کہتا)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُولُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا) ۔عَلَی :(پر)حرف جار۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔إِلَّا: (مگر)حرف حصر۔الْحَقَّ :(حق ۔سچ) منصوب۔مفعول بہٖ۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جِئْتُ:(میں آیا) فعل ماضی واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)مہموز اللام۔صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔ جِيئٌ۔مَجِئٌ۔ (آنا)۔ كُم :(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ بَيِّنَةٍ: (کھلم کھلا۔نشانی۔آیت۔واضح بیان کردہ)اسم مجرور۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔ أَرْسِلْ : (بھیج)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالًا۔(بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔ رَسَلًا۔رَسَالَةً(اونٹ کا سبک رفتار سے چلنا)۔ مَعِ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کسرہ برائے اتصال مابعد۔ مضاف۔ يَ: (میرے)واحد متکلم۔مضاف الیہ۔ بَنِي:(بیٹوں)اصلاً بَنِيْنَ تھا۔منصوب مفعول بہٖ۔جمع مذکر۔نون محذوف۔بوجہ مضاف۔ إِسْرَائِيلَ :(اسرائیل۔لقب حضرت یعقوب علیہ السلام)منع صرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مجھ پر واجب ہے کہ اللہ کی طرف سے جو کچھ کہوں سچ ہی کہوں۔میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں۔سو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ جانے کی رخصت دے دیجیے۔

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١٠٦﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتَ:(تو تھا۔تو ہے) فعل

ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے مبسوط مفتوح۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ جِئْتَ:(تو آیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت ت مبسوط مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء)مہموز اللام۔ صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیئٌ۔ مَجِیْئٌ۔ (آنا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار آیَةٍ:(آیت۔نشانی۔ معجزہ)اسم مجرور۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔ أْتِ:(تو لا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلا۔ أْتِیْ تھا۔حرف علت۔ی۔بوجہ التقائے ساکین محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ (ء ت ی)مہموزالفاء۔ناقص یائی۔صیغہ اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(آنا)۔محلاً جملہ مجزوم جواب شرط۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ کُنْتَ:(تو تھا۔تو ہے) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے مبسوط مفتوح۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔محلاً ضمیر مبنی بر فتحہ۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الصَّادِقِینَ:(سچے)اسم فاعل۔ محلاً اسم مجرور۔جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: فرعون نے کہا اگر تم نشانی لے کر آئے ہو تو اگر سچے ہو تو لاؤ(دکھاؤ)

فَاَلْقٰی عَصَاهُ فَاِذَا هِیَ ثُعْبَانٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۰۷﴾ۚ

فَ:(پس)حرف عطف۔ أَلْقَى:(اس نے ڈالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَلْقٰی یَلْقٰی۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔تِلْقَاءً۔لُقْیًا۔لِقِیًّا۔لُقًّی۔لُقْیًا۔(ڈالنا۔نیچے رکھنا)۔عَصَا:(ڈنڈا۔ لاٹھی۔ چھڑ۔کو)مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُ:(اس کی۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ ۔فَ:(پس)حرف عطف۔إِذَا:(جب)"ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل" ۔فجائیہ۔ هِيَ:(وہ)ضمیر منفصل ۔واحد مؤنث غائب۔مبتداء۔ثُعْبَانٌ :(اژدہا۔بہت بڑا سانپ)خبر مرفوع۔ موصوف۔ مُّبِینٌ : (واضح۔ ظاہر کرنے والا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: موسیٰ نے اپنی لاٹھی (زمین پر) ڈال دی تو وہ اسی وقت صریح اژدھا (ہو گیا)۔

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ نَزَعَ: (اس نے کھینچا۔ چھینا۔ نکالا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ز ع) صیغہ۔ نَزَعَ يَنْزِعُ۔ مصدر۔ نَزْعٌ۔ (چھین لینا۔ اتروانا)۔ يَدَ: (ہاتھ) منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔ هُ: (وہ۔ اپنا) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ إِذَا: (جب) "ظرف زمان۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل"۔ فجائیہ۔ هِيَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مؤنث غائب۔ مبتداء۔ بَيْضَاءُ: (سفید) خبر مرفوع۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ النَّاظِرِينَ: (دیکھنے والے) اسم فاعل۔ محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور اپنا ہاتھ باہر نکالا تو اسی دم دیکھنے والوں کی نگاہوں میں سفید براق (تھا)۔

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾

قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ الْمَلَاءُ: (سرداروں نے) فاعل مرفوع۔ مِن: (سے) حرف جار۔ قَوْمِ: (قوم۔ لوگ) اسم مجرور۔ مضاف۔ فِرْعَوْنَ: (فرعون) غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هَـٰذَا: (یہ) اسم اشارہ قریب۔ واحد مذکر۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (لئے) برائے تاکید۔ مزحلقہ۔ سَاحِرٌ: (جادو کرنے والا۔ جید عالم) اسم فاعل۔ مرفوع۔ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ موصوف عَلِيْمٌ: (خوب جانے والا) صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تو قوم فرعون میں جو سردار تھے وہ کہنے لگے کہ یہ بڑا علامہ جادو گر ہے۔

يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

يُرِيدُ :(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَرَادَ يُرِيدُ۔مصدر۔ إِرَادَةٌ۔ (ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود) صیغہ۔ رَادَ يَرُودُ :(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُخْرِجَ: (وہ نکالتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔إِخْرَاجًا۔(نکالنا۔ظاہر کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔ كُم :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔أَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ : (تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس)حرف عطف۔یا استئنافیہ۔ مَاذَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ مقدّم۔تَأْمُرُونَ :(تم حکم دیتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔

ترجمہ آیت:اس کا ارادہ یہ ہے کہ تم کو تمہارے ملک سے نکال دے۔ بھلا تمہاری کیا صلاح ہے؟

قَالُوٓا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَأَرْسِلْ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿١١١﴾

قَالُوٓا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔أَرْجِ:(مہلت دے) فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً أَرْجِئْ تھا۔ التقائے ساکنین کی وجہ سے حرف علت محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔أَرْجٰى يُرْجِىْ۔ مصدر۔إِرْجَاءٌ۔(ڈھیل دینا۔مہلت دینا۔)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَخَا:(بھائی کو)معطوف منصوب۔مضاف۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَرْسِلْ:(تو بھیج) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔ أَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔إِرْسَالًا۔(بھیجنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔ رَسَلًا۔رَسَالَةً۔(اونٹ کا سبک رفتار سے چلنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْمَدَآئِنِ: (مدینہ

کی جمع ۔شہر۔)اسم مجرور۔ حَاشِرِیْنَ:(اکٹھا کرنے والے۔ڈھنڈورا پیٹنے والے۔نقیب)اسم فاعل۔محلاً منصوب ۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت:انہوں نے(فرعون سے) کہا کہ فی الحال موسیٰ اور اس کے بھائی کے معاملے کو معاف رکھیے اور شہروں میں نقیب روانہ کر دیجیے۔

يَأْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾

يَأْتُو:(وہ لائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔جواب طلب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ كُلِّ : (تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ سَاحِرٍ:(جادوگر۔جید عالم۔)اسم فاعل۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ عَلِيمٍ :(خوب جاننے والے)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کہ تمام ماہر جادوگروں کو آپ کے پاس لے آئیں۔

وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔ صیغہ جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔السَّحَرَةُ :(جمع۔جادوگر۔جید عالم)فاعل مرفوع۔مضاف۔ فِرْعَوْنَ: (فرعون)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع مذکر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔ ل:(البتۃ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ أَجْرًا: (اجر۔ بدلہ۔معاوضہ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل

شرط۔ كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ نَحْنُ: (ہم)ضمیر منفصل جمع متکلم۔الْغَالِبِينَ :(غلبہ پانے والے)اسم فاعل۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: (چنانچہ ایسا ہی کیا گیا) اور جادو گر فرعون کے پاس آ پہنچے اور کہنے لگے کہ اگر ہم جیت گئے تو ہمیں صلہ عطا کیا جائے۔

قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ نَعَمْ:(ہاں)حرف ایجاب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (ضرور)برائے تاکید۔مزحلقہ مِنَ :(سے)حرف جار۔ الْمُقَرَّبِيْنَ :(نزدیک ہونے والے)اسم مفعول۔محلاً اسم مجرور۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (فرعون نے) کہا ہاں (ضرور) اور (اس کے علاوہ) تم مقربوں میں داخل کر لیے جاؤ گے۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

قَالُو:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔يَا :(اے)حرف نداء۔مُوسَى:(موسیٰؑ)غیر منصرف ۔مرفوع۔مناادیٰ ۔ محلاً منصوب۔إِمَّا:(یہ کہ)حرف تخییر۔مرکب:(إِنْ+مَّا)مصدریہ۔+اسم موصول۔ (اگر۔یا)۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تُلْقِيَ:()فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَلْقٰى يَلْقٰى۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔

صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔ لُقْیَۃً۔تِلْقَاءً۔ لُقْیًا۔لِقِیًّا۔لُقًی۔ لُقْیًا۔ (ڈالنا۔نیچے رکھنا۔)

وَ:(اور)حرف عطف۔ إِمَّا:(یہ کہ)حرف تخییر۔مرکب:(إِنْ+مَّا)مصدریہ۔+اسم موصول۔(اگر۔یا۔یہ کہ)۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ أَن:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ نَّکُونَ:(ہم ہوں)فعل مضارع جمع متکلم۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔الْمُلْقِیْنَ :(ڈالنے والے)اسم فاعل۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: (جب فریقین روزِ مقررہ پر جمع ہوئے تو) جادوگروں نے کہا کہ موسیٰ یا تو تم (جادو کی چیز) ڈالو یا ہم ڈالتے ہیں۔

قَالَ اَلْقُوْا فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿١١٦﴾

قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ اَلْقُوْا:(تم ڈالو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَلْقٰی یَلْقٰی۔مصدر۔اِلْقَاءً۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْیَانًا۔لُقْیَۃً۔تِلْقَاءً۔لُقْیًا۔لُقِیًّا۔لُقًی۔لُقْیًا۔(ڈالنا۔نیچے رکھنا)۔فَ:(پھر) حرف عطف۔ لَمَّا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔محلاً منصوب۔اَلْقَوْا:(انہوں ڈالا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَلْقٰی یَلْقٰی۔مصدر۔اِلْقَاءً۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَۃً۔تِلْقَاءً۔ لُقْیًا۔لُقِیًّا۔لُقًی۔ لُقْیًا۔ (ڈالنا۔نیچے رکھنا۔) سَحَرُوْا:(انہوں نے جادو کیا۔دھوکا دیا۔فریب کاری دکھائی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ح ر)صیغہ۔سَحَرَ یَسْحَرُ۔مصدر۔ سِحْرٌ۔ (جادو کرنا۔دھوکا دینا)۔أَعْیُنَ:(آنکھوں)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ النَّاسِ: (لوگ کی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اسْتَرْھَبُوْ:(انہوں نے ڈرانا چاہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَرْھَبَ یَسْتَرْھِبُ۔مصدر۔اِسْتِرْھَابٌ۔(ڈرانا۔)ثلاثی مجرد۔ باب۔ سمع۔مادہ۔(ر ھ ب)صیغہ۔رَھِبَ یَرْھَبُ۔مصدر۔ رَھْبًا۔(ڈرنا)۔ھُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔

جَاءُوْا:(وہ آئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔ صیغہ جَاءَ یَجِیْئُ جِیْئٌ مَجِیْئٌ(آنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ سِحْرٍ:(جادو۔دلائل۔ثبوت۔فریب کاری)اسم مجرور۔موصوف۔عَظِیْمٍ:(بہت بڑے)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:(موسیٰ نے) کہا تم ہی ڈالو۔جب انہوں نے(جادو کی چیزیں) ڈالیں تو لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا (یعنی نظر بندی کر دی) اور(لاٹھیوں اور رسیوں کے سانپ بنا بنا کر) انہیں ڈرا دیا اور بہت بڑا جادو دکھایا۔

وَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰٓی اَنْ اَلْقِ عَصَاکَ فَاِذَا ھِیَ تَلْقَفُ مَا یَاْفِکُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔یا استئنافیہ۔ أَوْحَيْنَا:(ہم نے حکم دیا۔وحی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَوْحٰی یُوْحِیْ۔ مصدر۔ اِیْحَاءٌ۔(وحی بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی) لفیف مفروق۔مثال واوی+ناقص یائی۔ صیغہ وَحٰی یَحِیْ۔مصدر۔وَحْیًا۔(علانیہ یا خفیہ بات کرنا)۔ إِلَى: (طرف)حرف جار۔ مُوسَى:(موسیٰؑ کی)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ أَلْقِ:(ڈال۔نیچے رکھ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً اَلْقِیْ تھا۔حرف علت ساکن ہونے اور التقائے ساکنین محذوف ہوا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یَلْقٰی۔ مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔تِلْقَاءً۔ لُقْیًا۔ لُقِیًّا۔لُقًّی۔لُقْیًا۔(ڈالنا۔نیچے رکھنا)۔عَصَا:(لاٹھی کو)مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔ كَ:(اپنی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ إِذَا:(اچانک)فجائیہ۔ هِيَ: (وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مؤنث غائب۔ تَلْقَفُ:(نگلنے لگی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ف)صیغہ۔لَقِفَ یَلْقَفُ۔مصدر۔لقف۔(نگلنا۔کھانا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ يَأْفِكُونَ:(بہتان باندھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون

اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ف ک)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَفَکَ يَاْفِكُ۔مصدر۔اِفْكٌ۔(بہتان جھوٹ)

ترجمہ آیت: (اس وقت) ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ تم بھی اپنی لاٹھی ڈال دو۔وہ فوراً(سانپ بن کر) جادوگروں کے بنائے ہوئے سانپوں کو(ایک ایک کرکے) نگل جائے گی۔

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ وَقَعَ:(وہ واقع ہوا۔ثابت ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ق ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَقَعَ يَقَعُ۔مصدر۔وُقُوْعٌ۔(ثابت ہونا۔واقع ہونا۔)اَلْحَقُّ: (حق۔ سچ) فاعل۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَطَلَ :(وہ باطل ہوگئی۔مٹ گئی۔وہ ضائع ہوگئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ب ط ل)صیغہ۔بَطَلَ يَبْطُلُ۔مصدر۔ بُطْلَانٌ۔ (ضائع ہونا۔ مٹ جانا)۔ مَا : (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً فاعل۔ مرفوع۔ كَانُوْا :(وہ ہیں۔وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ يَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت: (پھر) تو حق ثابت ہوگیا اور جو کچھ فرعونی کرتے تھے، باطل ہوگیا۔

فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ غُلِبُوْا:(مغلوب ہوگئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ل ب)صیغہ۔غَلَبَ يَغْلِبُ۔مصدر۔غَلَبَةٌ۔(غلبہ پانا)۔ هُنَالِكَ:(وہاں)ظرف زمان و مکان۔مبنی بر فتحہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔انْقَلَبُوْا:(وہ لوٹے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب

انفعال۔صیغہ۔اِنْقَلَبَ یَنْقَلِبُ۔مصدر۔اِنْقِلَابٌ۔(پلٹنا۔اوپر کا نیچے۔نیچے کا اوپر)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ق ل ب)صیغہ۔قَلَبَ یَقْلِبُ۔مصدر۔قَلْبًا۔(الٹنا پلٹنا)۔ صَاغِرِینَ :(چھوٹے ہونا۔کمینہ ہونا۔گھٹیاہونا۔ذلیل ہونا)۔اسم فاعل۔محلاً منصوب۔حال۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور وہ مغلوب ہوگئے اور ذلیل ہو کر رہ گئے۔

وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اُلْقِيَ:(اس نے(اپناپتّہ کھیلا) ڈالا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَلْقٰی یَلْقٰی۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ یَلْقٰی۔ مصدر۔ لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَۃً۔تِلْقَاءً۔لُقْیًا۔لِقِیًّا۔لُقًّی۔لُقْیًا۔(ڈالنا۔نیچے رکھنا)۔ السَّحَرَةُ:(السَّحَرُ کی جمع۔جادو گروں۔جید علماء)نائب فاعل ۔مرفوع۔سَاجِدِینَ:(سجدہ کرنے والے۔اطاعت گزار)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً منصوب حال۔

ترجمہ آیت:(یہ کیفیت دیکھ کر) جادو گر سجدے میں گر پڑے

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

قَالُوا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ آمَنَّا:(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ رِبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ الْعَالَمِینَ:(جہانوں کا)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور کہنے لگے کہ ہم جہان کے پروردگار پر ایمان لائے

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٢﴾

رَبِّ:(ربّ)بدل مجرور۔مضاف۔ مُوسَى:(موسیٰؑ کے)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ هَارُونَ :(ہارونؑ)غیر منصرف۔محلاً معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت:یعنی موسیٰ اور ہارون کے پروردگار پر۔

قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِى الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿١٢٣﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنابولنا)۔ فِرْعَوْنُ:(فرعون نے)فاعل۔مرفوع۔ آمَنتُمْ :(تم ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ قَبْلَ :(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ اٰذَنَ :(میں اجازت دیتا)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اٰذَنَ يُؤْذِنُ۔مصدر۔ اِيْذَانًا۔(آواز دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذِنَ يَاذَنُ۔ مصدر۔اِذْنٌ۔(اجازت دینا) لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هَـٰذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ مَكْرٌ :(منصوبہ۔چال) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مَّكَرْتُمُو:(تم چال چلے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ برائے شکم پری۔ثلاثی مجرد۔بابن نصر۔مادہ(م ک ر)صیغہ۔مَكَرَ يَمْكُرُ۔ مصدر۔مَكْرٌ۔(چال چلنا)۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔

الْمَدِينَةِ:(شہر)اسم مجرور۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ تُخْرِجُوْا:(تم نکالو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔ اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَهْلَ: (اہل کو۔رہنے والوں کو۔)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ تقدیراًجواب شرط۔ سَوْفَ:(بہت جلد)حرف استقبال۔ تَعْلَمُونَ:(تم جان لو گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔

ترجمہ آیت:فرعون نے کہا کہ پیشتر اس کے کہ میں تمہیں اجازت دوں تم اس پر ایمان لے آئے؟بے شک یہ فریب ہے جو تم نے مل کر شہر میں کیا ہے تا کہ اہلِ شہر کو یہاں سے نکال دو۔سو عنقریب (اس کا نتیجہ) معلوم کر لو گے۔

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

ل:(لازماً)لائے تاکید۔موطئة للقسم ۔ أُقَطِّعَنَّ:(میں کاٹوں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔بابتفعیل۔مادہ(ق ط ع)صیغہ۔قَطَّعَ يُقَطِّعُ۔مصدر۔تَقْطِيعٌ۔(کاٹنا)۔ ثلاثی مجرد ۔ باب فتح۔مادہ(ق ط ع) صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعٌ۔(کاٹنا)۔ أَيْدِيَ:(ہاتھوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔ اصلا أَيْدِيْنَ تھا۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔ كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ أَرْجُلَ:(پاؤں کو)معطوف منصوب۔مضاف۔ كُم:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔ خِلَافٍ:(برعکس۔الٹی جانب)اسم مجرور۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ لَ:(لازماً)لائے تاکید۔ موطئة للقسم ۔ أُصَلِّبَنَّ:(میں صلیب دوں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَلَّبَ يُصَلِّبُ۔مصدر۔ تَصْلِيبٌ۔ (صلیب

دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص ل ب)صیغہ۔صَلَبَ یَصْلُبُ۔مصدر۔صَلْبًا۔(قتل کے لئے گردن کا پٹھہ بوجھ ڈال کر توڑنا)۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَجْمَعِينَ:(تمام کے) برائے تاکید۔منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:میں (پہلے تو) تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کٹوادوں گا پھر تم سب کو سولی چڑھوادونگا۔

7 قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿١٢٥﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم إِلَى:(طرف)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُنقَلِبُونَ:(پلٹنے والے)اسم فاعل۔مرفوع۔محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:وہ بولے کہ ہم تو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿١٢٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔تَنقِمُ:(توانتقام لے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ن ق م)صیغہ۔نَقَمَ یَنْقِمُ۔مصدر۔نَقْمًا۔(بدلہ لینا۔انتقام لینا۔سزادینا)۔ مِنَّا:(ہم سے) مرکب:(مِنْ۔نَّا)حرف جار+ضمیر جمع متکلم۔محلاًاسم مجرور۔ إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ آمَنَّا:(ہم ایمان لے آئے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:

(اے ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ نَا:(ہمارے۔اپنے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ جَاءَتْ:(وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیئٌ۔ مَجِیْءٌ۔(آنا)۔ نَا:(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ رَبَّ:(اے ربّ)منادیٰ۔منصوب۔حرف نداء محذوف۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَفْرِغْ :(توڈال دے۔تو انڈیل دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَفْرَغَ یُفْرِغُ۔مصدر۔ اِفْرَاغٌ۔(انڈیلنا۔ منہ کھولنا۔ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مصدر۔فَرَغَ یَفْرِغُ۔مصدر۔فَرَاغًا۔فُرُوْغًا۔(فارغ ہونا۔الگ ہونا۔خالی کرنا) عَلَيْ:(پر) حرف جار۔ نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔صَبْرًا:(صبر کو۔ڈٹے رہنے کو۔استقامت دکھانے کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ تَوَفَّ:(تو فوت کر۔تو مار دے۔اٹھا لینا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔اصلاً تَوَفّٰی تھا۔حرف علت بوجہ التقائے ساکنین محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَوَفّٰی یَتَوَفّٰی۔مصدر۔تَوَفِّیٌ۔(موت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰی یَفِیْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ نَا:(ہم کو۔)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مُسْلِمِيْنَ:(فرمانبرداروں)منصوب۔علامت۔ی۔حال۔

ترجمہ آیت: اور اس کے سوا تجھ کو ہماری کون سی بات بری لگی ہے کہ جب ہمارے پروردگار کی نشانیاں ہمارے پاس آگئیں تو ہم ان پر ایمان لے آئے۔اے پروردگار ہم پر صبر واستقامت کے دہانے کھول دے اور ہمیں (ماریو تو) مسلمان ہی ماریو۔

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰی وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف یا استئنافیہ۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔اَلْمَلَأُ:(سرداروں نے)فاعل مرفوع۔ مِن:(سے)حرف جار۔ قَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً حال منصوب۔ فِرْعَونَ :(فرعون)غیر منصرف۔لفظاً مفتوح۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفهام۔تَذَرُ:(تو چھوڑ دے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ذ ر) مثال واوی۔صیغہ۔وَذَرَ یَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔چھوڑ دینا۔ مُوسَى:(موسیٰؑ کو)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَوْمَ:(قوم کو)معطوف منصوب۔مضاف۔ هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يُفْسِدُوْا:(وہ فساد پھیلائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفْسَدَ يُفْسِدُ۔مصدر۔اِفْسَادٌ۔(فساد پھیلانا۔بگاڑ پیدا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف س د)صیغہ۔فَسَدَ يَفْسُدُ۔مصدر۔فَسَادًا۔ فُسُوْدًا۔ (فساد کرنا۔کرپشن کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور) يَذَرَ:(وہ چھوڑ دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(وذر) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَذَرَ يَذَرُ۔مصدر۔ وَذْرٌ۔ چھوڑ دینا۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔آلِهَتَ:(معبودوں کو)منصوب ۔ مفعول بہ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔ نُقَتِّلُ :(ہم قتل کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔قَتَّلَ يُقَتِّلُ۔ مصدر۔تَقْتِيْلًا۔(قتل کرنا۔بڑے اہتمام کے ساتھ۔یعنی بری طرح)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ أَبْنَاءَ:(بیٹوں کو۔یعنی مقابلہ کرنے والوں کو۔ اپوزیشن کے دلیر لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

وَ:(اور)حرف عطف۔نَسْتَحْيِيْ:(ہم زندہ رکھیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَحْيٰ يَسْتَحْيِيْ۔ مصدر۔اِسْتِحْيَاءٌ۔(زندہ رکھنا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ح ی ی)مضاعف۔حَيِيَ يَحْيٰ۔مصدر۔ حَيَاةً۔ حَيْوَانًا۔(زندہ ہونا)۔ نِسَاءَ:(عورتوں کو۔یعنی بے پیندے کے لوٹے بننے والوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ و:(حالانکہ)حرف عطف یا حالیہ۔ اِنَّا :(بے شک ہم)مرکب :(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ فَوْقَ:(اوپر)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَاهِرُوْنَ :(زبردستی کرنے والے۔غلبہ پانے والے)اسم فاعل۔مرفوع۔محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور قومِ فرعون میں جو سردار تھے کہنے لگے کہ کیا آپ موسیٰ اور اس کی قوم کو چھوڑ دیجیے گا کہ ملک میں خرابی کریں اور آپ سے اور آپ کے معبودوں سے دست کش ہوجائیں۔وہ بولے کہ ہم ان کے لڑکوں کو قتل کرڈالیں گے اور لڑکیوں کو زندہ رہنے دیں گے اور بے شک ہم ان پر غالب ہیں۔

قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٨﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ مُوْسٰى :(موسیٰؑ نے)غیر منصرف۔مبنی بر فتحہ۔تقدیراً مرفوع۔فاعل۔ لِ: (لئے)حرف جار۔قَوْمِ :(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اسْتَعِيْنُوا:(تم مدد طلب کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَعَانَ يَسْتَعِيْنُ۔مصدر۔اِسْتِعَانَةٌ۔(مدد مانگنا) بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اصْبِرُوْا:

(ڈٹے رہو۔استقامت دکھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد ۔ باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ صَبَرَ یَصْبِرُ۔مصدر۔صبرًا۔(صبر کرنا)۔اِنَّ:(بے شک) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الْاَرْضَ:(زمین) اِنَّ کا اسم منصوب۔ لِلّٰہِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰہِ)حرف جار+اسم مجرور۔ یُورِثُ:(وارث بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْرَثَ یُوْرِثُ۔ مصدر۔اِیْرَاثٌ۔(وارث بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(و ر ث)مثال واوی۔صیغہ۔وَرِثَ یَرِثُ۔ مصدر۔وِرْثًا۔وِرَاثَۃً۔(وارث ہونا) ھَا:(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مَن:(جس کو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔فعول بہ۔ یَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِیْئَۃٌ۔(مرضی ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ عِبَادِ:(بندوں)اسم مجرور۔مضاف۔ ہٖ :(وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْعَاقِبَۃُ:(انجام۔نتیجہ) اِنَّ کی خبر مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ الْمُتَّقِیْنَ:(پرہیز گاروں کے)اسم فاعل مجرور علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ سے مدد مانگو اور ثابت قدم رہو۔زمین تو اللہ کی ہے۔وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا مالک بناتا ہے۔اور آخر بھلا توڈرنے والوں کا ہے۔

قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾٪

قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا ۔(کہنا بولنا)۔اُوذِيَ:(ایذا دی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔صیغہ اٰذٰی یُؤْذِیْ۔مصدر۔اِیْذَاءٌ۔(اذیت دینا۔تکلیف دینا)۔نَا:(ہم

کو)ضمیر جمع متکلم۔نائب فاعل۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ی)مہموز الفاء۔صیغہ اَذِیَ یَاْذٰی۔مصدر۔ اَذًی۔ اَذَاۃً۔اَذِیَّۃً۔:(تکلیف پہنچنا)مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔أَنْ:(کہ) مصدریہ ۔ناصب مضارع۔ تَأْتِيَ:(تو آتا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ نَا :(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مِن :(سے)حرف جار۔بَعْدِ: (بعد) ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔جِئْتَ:(تو آیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے مبسوط مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیئٌ۔مَجِیْئٌ۔(آنا)۔ نَا:(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ عَسَى:(توقع ہے)فعل مقاربہ۔ماضی واحد مذکر غائب۔ فعل جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ناصب خبر۔ رَبُّ:(ربّ)کاعَسَی اسم مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَن:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُهْلِكَ:(وہ ہلاک کردے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَھْلَکَ یُھْلِکُ۔مصدر۔ اِھْلَاکٌ۔ (ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔ھَلَکَ یَھْلِکُ۔مصدر۔ھَلْکًا۔ ھَلَاکًا۔ ھُلُوْکًا۔مُھْلِکًا۔تَھْلُکَۃً۔ ھُلْکًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ عَدُوَّ:(دشمن کو)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَسْتَخْلِفَ:(خلیفہ بنائے۔ جانشین بنائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَخْلَفَ یَسْتَخْلِفُ۔مصدر۔اِسْتِخْلَافٌ۔(جانشین بنانا۔خلیفہ بنانا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ یَخْلُفُ۔مصدر۔خَلْفًا۔(پیچھے

ہونا)۔ کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فِي :(میں)حرف جار۔الاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔فَ:(پس)سببیہ۔ یَنْظُرَ:(وہ دیکھے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد باب ۔ نصر۔ مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظْرًا۔(دیکھنا)۔کَیْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔محلاً منصوب حال۔ تَعْمَلُوْنَ :(تم کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت:وہ بولے کہ تمہارے آنے سے پہلے بھی ہم کو اذیتیں پہنچتی رہیں اور آنے کے بعد بھی۔موسیٰ نے کہا کہ قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تمہارے دشمن کو ہلاک کردے اور اس کی جگہ تمہیں زمین میں خلیفہ بنائے پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔

وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔یااستئنافیہ۔لَ:(البتہ)لائےموطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔أَخَذْنَا: (ہم نے پکڑا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔آلَ:(آل۔نسل۔لوگ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔فِرْعَونَ :(فرعون)غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔السِّنِیْنَ :(قحطوں۔سالوں۔سَنَةٌ اس سال کے لئے عربی میں استعمال ہوتا ہے جو انتہائی تنگی کا ہو۔)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نَقْصٍ :(نقصان۔ گھاٹا۔کم۔)معطوف مجرور۔مِّنِ:(سے)حرف جار۔ الثَّمَرَاتِ:(پھلوں)اسم مجرور۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ یَذَّکَّرُوْنَ:(نصیحت پکڑتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ محلاًلَعَلَّ جملہ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔اِذَّکَّرَ یَذَّکَّرُ۔مصدر۔اَذَّکَّرُ۔(نصیحت کرنا۔یاد دلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَکَرَ یَذْکُرُ۔ذِکْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے فرعونیوں کو قحطوں اور میووں کے نقصان میں پکڑا تاکہ نصیحت حاصل کریں۔

فَاِذَا جَآءَتۡهُمُ الۡحَسَنَةُ قَالُوۡا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوۡا بِمُوۡسٰى وَمَنۡ مَّعَهٗ ؕ اَلَاۤ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۳۱﴾

فَ: (پس) حرف عطف۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ جَاءتْ: (وہ آئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت ضمیر تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيئُ۔ مصدر جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ الْحَسَنَةُ: (اچھائی۔ نیکی۔ خوشحالی) فاعل مرفوع۔ قَالُوا: (انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ نَا: (ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً اسم مجرور۔ هَـذِهِ: (یہ) اسم اشارہ واحد مؤنث قریب۔ مبتداء۔ مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم مضارع۔ تُصِبْ: (تم کو پہنچے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ مجزوم۔ فعل شرط۔ علامت سکون۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَصَابَ يُصِيْبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔ (پہنچنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر ۔ ضرب۔ مادہ (ص و ب) صیغہ صَابَ يَصُوْبُ۔ صَوْبًا۔ مصدر۔ صَوْبًا: (بارش برسنا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ سَيِّئَةٌ: (برائی۔ بدی۔ سختی) فاعل مرفوع۔ يَطَّيَّرُوا: (وہ منحوس ہوتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم جواب شرط۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ بِ: (ساتے۔ کو) حرف جار۔ مُوسَى: (موسیٰؑ کو) غیر منصرف۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مَّعَ: (ساتھ) ظرف مکان۔ مضاف۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَلَآ: (خبردار) حرف تنبیہ۔ إِنَّمَا: (درحقیقت۔ صرف اور صرف) كافة و مكفوفة۔ مرکب: (إِنَّ+مَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ طَائِرُ: (نحوست۔ "دور جاہلیت میں عرب پرندے

اڑا کر فال لیتے تھے کہ کہ کام ہو گا کہ نہیں۔ دائیں جائیں تو ٹھیک۔ اگر الٹے ہاتھ جائیں تو نحوست۔ اس وجہ سے نحوست سے موسوم کیا جاتا ہے") إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف الیہ۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لٰكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ أَكْثَرَ:(اکثر۔ زیادہ)افعل التفضیل۔ محلاً لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔ جمع مکر غائب۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَعْلَمُونَ:(وہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ عَمِلَ يَعْمَلُ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا)۔ محلاً جملہ لٰكِنَّ کا خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: توجب ان کو آسائش حاصل ہوتی تو کہتے کہ ہم اس کے مستحق ہیں۔ اور اگر سختی پہنچتی تو موسیٰ اور ان کے رفیقوں کی بدشگونی بتاتے۔ دیکھو ان کی بدشگونی اللہ کے ہاں مقرر ہے لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے۔

وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ یا استئنافیہ۔ قَالُوْا(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ مَهْمَا:(جو بھی)حرف شرط۔ جازم مضارع۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ تَأْتِ:(تو آئے)فعل مضارع واحد مذکر مجزوم۔ فعل شرط۔ اصلاً تَأْتِيْ تھا۔ بوجہ التقائے ساکنین حرف علت۔ ی۔ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔(دینا۔ لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ نَا:(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ آيَةٍ:(آیت)اسم مجرور۔ لِ:(تاکہ) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ تَسْحَرَ:(تو جادو کرے۔ دھوکا دے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(س ح ر)صیغہ۔ سَحَرَ يَسْحَرَ۔ مصدر۔ سِحْرًا۔(دھوکا

دینا۔فریب کرنا)۔ نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)رابطہ برائے جواب شرط۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔عمل مانند لَيْسَ فعل ناقص۔ناصب خبر۔ نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔زائد۔ مُؤْمِنِيْنَ :(ایمان والے)اسم فاعل۔اسم مجرور۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔شرط اور جواب مل کر مبتداء۔مَهْمَا کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور کہنے لگے کہ تم ہمارے پاس (خواہ) کوئی ہی نشانی لاؤ تا کہ اس سے ہم پر جادو کرو۔ مگر ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ أَرْسَلْنَا :(ہم نے بھیجا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالًا۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلًا۔رَسَالَةً۔(اونٹ کا سبک رفتار سے چلنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمُ:(ان پر)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الطُّوفَانَ:(طوفان)غیر منصرف۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْجَرَادَ:(ٹڈیاں)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْقُمَّلَ:(جوئیں)معطوف منصوب۔وَ:(اور) حرف عطف۔الضَّفَادِعَ:(مینڈک)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الدَّمَ:(خون)معطوف منصوب۔ آيَاتٍ:(آیات۔نشانیاں)لفظاً مکسور۔محلاً منصوب حال۔موصوف۔مُّفَصَّلَاتٍ :(الگ الگ)لفظا مکسور۔محلاً صفت منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ اسْتَكْبَرُوْا :(انہوں نے تکبر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوَ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔ مصدر۔

اِسْتِكْبَارٌ۔(تکبر کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔کرم۔مادہ(ک ب ر)صیغہ۔كَبَرَ يَكْبُرُ۔ مصدر۔كِبَارٌ۔(بڑا ہونا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَانُوْا :(وہ تھے۔وہ ہیں)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ قَوْمًا :(قوم لوگ)کی كَانَ خبر منصوب۔موصوف۔مُّجْرِمِيْنَ:(مجرم۔گناہ گار)اسم فاعل۔محلاًصفت منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:تو ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈیاں اور جوئیں اور مینڈک اور خون کتنی کھلی ہوئی نشانیاں بھیجیں۔مگر وہ تکبر ہی کرتے رہے اور وہ لوگ تھے ہی گنہگار

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۳۴﴾ ۚ

وَ:(اور)حرف عطف۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ وَقَعَ :(اس نے واقع کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ق ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَقَعَ يَقَعُ۔مصدر۔وُقُوْعًا۔(واقع ہونا)۔ عَلَيَ: (پر)حرف جار۔ هِمُ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ الرِّجْزُ:(عذاب)فاعل مرفوع۔ قَالُوْا : (انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ مُوْسَى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً منادیٰ۔منصوب۔ ادْعُ :(دعا کر۔پکار)اصلاً ادْعُوْ تھا۔بوجہ سکون حرف علت واؤ محذوف۔فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔ دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔ دُعَاءٌ۔ دَعْوَةٌ۔(پکارنا ۔بلانا)۔دعائیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ رَبَّ: (ربّ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كَ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ بِمَا: (جو کچھ)مرکب۔:(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ عَهِدَ:(عہد کیا۔وعدہ کیا۔اقرار کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ھ د)صیغہ۔عَهِدَ يَعْهَدُ۔ مصدر۔

عَهِدَ۔(عہد کرنا۔وعدہ کرنا)۔ عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔ كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَئِنْ:(البتہ اگر)مرکب :(لَ+ اِنْ)حرف تاکید موطئة للقسم۔+حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ كَشَفْتَ:(تونے کھینچ کر دور کیا۔کھول دیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔كَشَفَ يَكْشِفُ۔مصدر۔كَشْفٌ۔(ٹال دینا۔کھینچ کر دور کرنا۔کھول دینا)۔عَنَّا:(ہم سے)مرکب :(عَنْ+نَّا)حرف جار۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ الرِّجْزَ :(عذاب کو)منصوب مفعول بہ۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ نُؤْمِنَنَّ:(ہم ضرور ایمان لائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔محلاً مجزوم جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ:(لازماً)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ نُرْسِلَنَّ:(ہم ضرور بالضرور بھیجیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔ اِرْسَالًا۔ (بھیجنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلًا۔رَسَالَة۔ (اونٹ کا سبک رفتار سے چلنا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ كَ :(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ بَنِي :(بیٹے)اصلاً بَنِيْنَ تھا۔نون اعرابی۔ساقط بوجہ مضاف۔ إِسْرَآئِيل : (اسرائیل۔حضرت یعقوبؑ کا لقب)غیر منصرف۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور جب ان پر عذاب واقع ہو تا تو کہتے کہ موسیٰ ہمارے لیے اپنے پروردگار سے دعا کرو۔جیسا اس نے تم سے عہد کر رکھا ہے۔اگر تم ہم سے عذاب کو ٹال دوگے تو ہم تم پر ایمان بھی لے آئیں گے اور بنی اسرائیل کو بھی تمہارے ساتھ جانے (کی اجازت) دیں گے۔

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۱۳۵﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔كَشَفْنَا:(ہم نے کھول دیا۔ہم نے ٹال دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔كَشَفَ يَكْشِفُ۔مصدر۔كَشْفٌ۔(ٹال دینا۔ کھینچ کر دور کرنا۔کھول دینا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمُ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔الرِّجْزَ:(عذاب کو)منصوب۔مفعول بہ۔إِلَى:(طرف۔تک)حرف جار۔أَجَلٍ :(ایک مقررہ وقت)اسم مجرور۔مضاف۔ هُم:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَالِغُو:(پہنچنے والے) خبر مرفوع۔اصلاً بَالِغُو تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔ هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا :(اچانک)ظرف زمان۔فجائیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبتداء۔مرفوع۔ يَنكُثُونَ:(وہ توڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ک ث)صیغہ۔نَكَثَ يَنْكُثُ۔مصدر نَكْثًا۔(توڑنا)

ترجمہ آیت:پھر جب ہم ایک مدت کے لیے جس تک ان کو پہنچنا تھا ان سے عذاب دور کر دیتے تو وہ عہد کو توڑ ڈالتے

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿١٣٦﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔انتَقَمْنَا:(ہم نے انتقام لیا۔ہم نے سزا دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ن ق م)صیغہ۔نَقَمَ يَنْقِمُ۔ مصدر۔نَقْمًا۔(بدلہ لینا۔انتقام لینا۔سزا دینا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ أَغْرَقْنَا:(ہم نے ڈوب دیا۔غرق کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ أَغْرَقَ يُغْرِقُ۔ مصر۔إِغْرَاقٌ۔(ڈوبانا۔غرق کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب اور نصر۔مادہ(غ ر ق)صیغہ۔غَرَقَ يَغْرُقُ۔مصدر۔غَرْقًا۔(غرق ہونا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب محلاً منصوب مفعول بہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْيَمِّ:(سمندر)اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ كَذَّبُوا :(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف

فارق۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔ مصدر۔ تَکْذِیبٌ۔ (جھٹلانا) ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ک ذ ب) صیغہ۔ کَذَبَ یَکْذِبُ۔ مصدر۔ کِذْبًا۔ کِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ آیَاتِ: (آیات) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا: (ہماری) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ کَانُوا: (وہ تھے۔ وہ ہیں) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ عَنْ: (سے) حرف جار۔ هَا: (اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ غَافِلِینَ: (غفلت کرنے والے۔ لا پرواہ) اسم فاعل۔ محلاً جملہ کَانَ کی خبر منصوب۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: تو ہم نے ان سے بدلہ لے کر ہی چھوڑا کہ ان کو دریا میں ڈبو دیا اس لیے کہ وہ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے اور ان سے بے پروائی کرتے تھے۔

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِیْنَ کَانُوْا یُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِیْ بٰرَکْنَا فِیْهَا ؕ وَ تَمَّتْ کَلِمَتُ رَبِّکَ الْحُسْنٰی عَلٰی بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ۙ۬ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَدَمَّرْنَا مَا کَانَ یَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَ قَوْمُهٗ وَمَا کَانُوْا یَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ یا عطفیہ۔ اَوْرَثْنَا: (ہم نے وارث بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَوْرَثَ یُوْرِثُ۔ مصدر۔ اِیْرَاثٌ۔ (وارث بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ (و ر ث) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَرِثَ یَرِثُ۔ مصدر۔ وِرْثًا۔ وِرَاثَةً۔ (وارث ہونا)۔ الْقَوْمَ: (قوم۔ لوگ) منصوب۔ مفعول بہ۔ الَّذِینَ: (وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ صفت۔ کَانُوا: (وہ ہیں۔ وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ یُسْتَضْعَفُونَ: (کمزور کئے جاتے ہیں) فعل مضارع مجہول جمع مذکر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَضْعَفَ یَسْتَضْعِفُ۔ مصدر۔ اَسْتِضْعَافٌ۔ (کمزور سمجھنا۔ کمزور کرنا)۔ مَشَارِقَ:

(مشرقوں کا)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔الۡاَرۡضِ:(زمین)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَغَارِبَ:(مغربوں کو)معطوف منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّتِيۡ:(جس)اسم موصول۔واحد مؤنث۔ بَارَكۡنَا:(ہم نے برکت دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔بَارَکَ یُبَارِکُ۔مصدر۔ مُبَارَكَةٌ۔ (برکت دینا۔وسعت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ر ک)صیغہ۔بَرَکَ یَبۡرُکُ۔ مصدر۔ بُرُوۡكًا۔تَبۡرَاكًا۔(برکت دینا)۔ فِيۡ:(میں) حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)تَمَّتۡ:(اس نے پورا کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ت م م)مضاعف۔صیغہ۔تَمَّ يَتِمُّ۔مصدر۔تَمَامًا۔(مکمل ہونا۔پورا ہونا) ۔كَلِمَتُ:(قرآن مجید)فاعل۔مرفوع۔ مضاف۔رَبِّ: (ربّ) مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ :(تمہارے)ضمیر واحد مذکر غائب محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الۡحُسۡنٰى : (خوبصورت۔بہترین)غیر منصرف۔ افعل التفضیل۔محلاً صفت مرفوع۔ عَلٰى:(پر)حرف جار۔ بَنِيۡ: (بیٹوں)اصلاًبَنِيۡنَ تھا۔مضاف کی وجہ سے نون محذوف۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ إِسۡرَآئِيۡلَ: (اسرائیل۔حضرت یعقوبؑ کا لقب)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ مَا:(جو کہ)مصدریہ۔ صَبَرُوۡا:(وہ ڈٹے رہے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ يَصۡبِرُ۔ مصدر۔صبرًا۔(صبر کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ دَمَّرۡنَا: (ہم نے تباہ کردیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔دَمَّرَ يُدَمِّرُ۔ مصدر۔تَدۡمِيۡرًا۔(تباہ کرنا۔برباد کرنا)۔مَا:(نہیں)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ كَانَ:(وہ ہے۔تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ يَصۡنَعُ :(اس نے بنایا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ص ن ع)صیغہ۔صَنَعَ يَصۡنَعُ۔مصدر۔صَنۡعٌ۔(بنانا۔تیار کرنا) فِرۡعَوۡنُ: (فرعون)

فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ قَوْمُ:(قوم۔لوگ)معطوف۔مرفوع۔مضاف۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ كَانُوْا:(وہ ہیں۔ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَعْرِشُوْنَ:(بلڈ نگز بناتے تھے۔عمارتیں بلند وبالا بناتے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے ان کو زمین (شام) کے مشرق و مغرب کا جس میں ہم نے برکت دی تھی وارث کر دیا اور بنی اسرائیل کے بارے میں ان کے صبر کی وجہ سے تمہارے پروردگار کا وعدۂ نیک پورا ہوا اور فرعون اور قوم فرعون جو (محل) بناتے اور (انگور کے باغ) جو چھتریوں پر چڑھاتے تھے سب کو ہم نے تباہ کر دیا

وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰی قَوْمٍ یَّعْكُفُوْنَ عَلٰۤی اَصْنَامٍ لَّهُمْ قَالُوْا یٰمُوْسَی اجْعَلْ لَّنَاۤ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔ جَاوَزْنَا:(ہم نے پار اتار دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔جَاوَزَ يُجَاوِزُ۔مصدر۔مُجَاوَزَةٌ۔(پار لگانا۔پار اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج و ز)اجوف واوی۔صیغہ۔جَازَ يَجُوْزُ۔مصدر۔جَوَازًا۔جَوْزًا۔(درست)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔(بیٹوں)اصلاً بَنِيْنَ تھا۔مضاف کی وجہ سے نون محذوف۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اِسْرَآئِيْلَ: (اسرائیل۔حضرت یعقوبؑ کا لقب)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْبَحْرَ:(سمندر کو)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ اَتَوْا:(وہ آئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ (دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاْتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا) ہوتا ہے۔عَلٰى:(پر)حرف جار۔ قَوْمٍ :(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ يَعْكُفُوْنَ:(وہ دھیان لگا کر بیٹھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت

نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ع ک ف)صیغہ۔عَكَفَ يَعْكُفُ۔مصدر۔ عُكُوْفٌ۔(سنوارنا۔جم کر بیٹھنا)۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ أَصْنَامٍ:(بتوں)اسم مجرور۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔ قَالُوْا: :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ مُوسَىٰ :(موسیٰؑ)منادیٰ۔تقدیراً منصوب۔غیر منصرف۔اجْعَل :(بنا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ إِلَـهًا:(کوئی معبود)منصوب۔مفعول بہ۔ كَمَا:(جیسا کہ)مرکب :(كَ+مَا)حرف جار و تشبیہ۔+مصدریہ۔کافة و مکفوفة۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔ آلِهَةٌ:(اِلٰهَ کی جمع ۔معبود)مبتداء مؤخر۔ قَالَ: :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ قَوْمٌ:(قوم۔لوگ) إِنَّ کی خبر مرفوع۔تَجْهَلُوْنَ :(ضدیوں کی۔جانتے بوجھتے نا ماننے والے۔تم جہالت سے کام لیتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر ۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ إِنَّ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ج ہ ل)صیغہ۔جَهَلَ يَجْهَلُ۔مصدر۔جَهْلًا۔جَهَالَةٌ۔(جہالت سے کام لینا۔جانتے بوجھتے اڑ جانا۔بے خبر ہونا)۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اتارا تو وہ ایسے لوگوں کے پاس جا پہنچے جو اپنے بتوں (کی عبادت) کے لیے بیٹھے رہتے تھے۔(بنی اسرائیل) کہنے لگے کہ موسیٰ جیسے ان لوگوں کے معبود ہیں۔ہمارے لیے بھی ایک معبود بنادو۔ موسیٰ نے کہا کہ تم بڑے ہی جاہل لوگ ہو۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَ بٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾

إِنَّ:(بیشک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هَؤُلَاءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب جمع مذکر ومؤنث ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ مُتَبَّرٌ :(برباد کیا جانے والا۔تباہ کیا جانے والا)اسم مفعول۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ نائب فاعل۔برائے اسم مفعول۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَاطِلٌ:(مٹنے والا۔غلط۔جھوٹ۔)معطوف مرفوع۔ معطوف علیہ۔ مُتَبَّرٌ ۔ مَّا:(کہ)مصدریہ۔ كَانُوْا :(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا) ۔ يَعْمَلُوْنَ :(وہ عمل کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: یہ لوگ جس(شغل) میں (پھنسے ہوئے) ہیں وہ برباد ہونے والا ہے اور جو کام یہ کرتے ہیں سب بیہودہ ہیں۔

قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰـهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔غَيْرَ:(سوائے)حرف استثناء۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ أَبْغِي:(میں تلاش کروں)فعل مضارع واحد متکلم۔صیغہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال ۔صیغہ۔اَبْغٰى يَبْغِىْ۔مصدر۔بَغْىٌ۔(چاہنا۔تلاش کرنا۔طلب کرنا)ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ (ب غ ی) ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰى يَبْغِىْ۔مصدر۔بَغْيًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِلَـهًا:(معبود)منصوب۔تمییز۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔مرفوع۔ فَضَّلَ:(اس نے فضیلت دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید باب تفعیل۔مادہ(ف ض ل)صیغہ ۔فَضَّلَ يُفَضِّلُ۔ مصدر۔ تَفْضِيلًا(فضیلت

دینا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔۔مادہ(ف ض ل)صیغہ ۔فَضَلَ یَفْضُلُ۔مصدر۔ فَضْلٌ۔(ضرورت سے زیادہ ملنا)۔ کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَلَى :(پر) حرف جار۔ الْعَالَمِیْنَ :(جہانوں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:(اور یہ بھی) کہا کہ بھلا میں اللہ کے سوا تمہارے لیے کوئی اور معبود تلاش کروں حالانکہ اس نے تم کو تمام اہل عالم پر فضیلت بخشی ہے۔

وَاِذْ اَنْجَیْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ یَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ یُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَیَسْتَحْیُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِیْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِیْمٌ ﴿۱۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔ أَنْجَيْنَا:(ہم نے نجات دی۔بچایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَنْجٰی یُنْجِیْ۔مصدر۔اِنْجَآءٌ۔ (نجات دینا۔ بچانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔نَجَا یَنْجُو۔مصدر۔نَجَاءً۔(خلاصی پانا)۔ کُم:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ آلِ:(آل ۔قوم۔نسل)اسم مجرور۔مضاف۔ فِرْعَونَ:(فرعون)منع صرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَسُومُونَ:(تکلفیف پہنچاتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س و م)اجوف واوی۔صیغہ سَامَ يَسُوْمُ۔مصدر۔سَوْمٌ۔(تکلیف دینا)۔ کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔سُوءَ:(برا)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔ الْعَذَابِ:(عذاب۔سزا)مجرور مضاف الیہ۔ يُقَتِّلُونَ:(وہ قتل کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَتَّلَ يُقَتِّلُ۔ مصدر۔تَقْتِيْلًا۔(قتل کرنا۔بڑے اہتمام کے ساتھ۔یعنی بری طرح)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ أَبْنَاءَ: (بیٹوں کو۔یعنی مقابلہ کرنے والوں کو۔ اپوزیشن کے دلیر لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ كُمْ : (تمہارے)ضمیر جمع

مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَسْتَحْيُونَ :(زندہ رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَحْیٰ يَسْتَحْيِي۔ مصدر۔اِسْتِحْيَاءٌ۔(زندہ رکھنا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ح ی ی)مضاعف۔حَيِيَ يَحْيَ۔مصدر۔ حَيَاةً۔ حَيَوَانًا۔(زندہ ہونا)۔ نِسَاءَ:(عورتوں کو۔یعنی بے پیندے کے لوٹے بننے والوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔یا استئنافیہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔ ذَٰلِكُمْ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر۔ذال برائے اشارہ۔لام برائے بُعد۔كُمْ براے خطاب۔شبہ جملہ۔محلاً خبر مرفوع۔مقدّم۔بَلَاءٌ: (آزمائش۔ بلا۔مصیبت)مبتداء مرفوع۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً مرفوع۔صفت۔ عَظِيمٌ :(بہت ہی بڑا)صفت ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اور ہمارے ان احسانوں کو یاد کرو) جب ہم نے تم کو فرعونیوں (کے ہاتھ) سے نجات بخشی وہ لوگ تم کو بڑا دکھ دیتے تھے۔ تمہارے بیٹوں کو قتل کر ڈالتے تھے اور بیٹیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے۔ اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے سخت آزمائش تھی۔

وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴۲﴾

وَ:(اور)حرف استئناف۔یا حرف عطف۔ وٰعَدْنَا:(ہم نے باہم وعدہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ وَاعَدَ يُوَاعِدُ۔مصدر۔مُوَاعَدَةٌ۔(وعدہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔ وَعْدَةٌ۔(وعدہ کرنا)۔ مُوسَىٰ:(موسیٰؑ سے)غیر منصرف۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ثَلَاثِينَ:(تیس)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ لَيْلَةً:(راتیں)منصوب۔تمیز۔ وَ:(اور) حرف

عطف۔ أَتْمَمْنَا:(ہم نے پورا کیا۔ مکمل کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَتَمَّ يُتِمُّ۔مصدر۔اِتْمَامٌ۔(پورا کرنا۔مکمل کرنا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔باب (ت م م)مضاعف۔ صیغہ۔تَمَّ يَتِمُّ۔مصدر۔ تَمَامًا۔(مکمل ہونا۔پورا ہونا) ۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ عَشْرٍ:(دس)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ تَمَّ:(اس نے پورا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔باب (ت م م)مضاعف۔صیغہ۔تَمَّ يَتِمُّ۔ مصدر۔ تَمَامًا۔(مکمل ہونا۔پورا ہونا) ۔ مِيْقَاتُ:(مدت مقررہ)فاعل مرفوع۔مضاف۔ رَبِّ: (ربّ) مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرو مضاف الیہ۔ أَرْبَعِينَ : (چالیس)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔لَيْلَةً :(رات)منصوب۔تمیز۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحدمذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ مُوسَى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً فاعل مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ أَخِي:(بھائی)یکے از ستّہ مکبّرہ۔ی۔برائے جر۔ اسم مجرور۔مضاف۔ هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هَارُونَ :(ہارونؑ)غیر منصرف۔محلاً بدل مجرور۔ اُخْلُفْ:(خلیفہ بنا۔پیچھے چھوڑ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر۔خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔ نِ:(وقایہ) یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔ يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ قَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔مضاف۔ ي:(میری)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَصْلِحْ :(تو درستی کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصْلَحَ يُصْلِحُ۔مصدر۔اِصْلَاحٌ۔(صلح کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔نصر۔مادہ(ص ل ح)صَلَحَ يَصْلَحُ۔ مصدر۔ صَلَاحًا۔ (اصلاح کرنا۔درستی کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا : (نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَتَّبِعْ :(وہ پیروی کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب

ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔سَبِیلَ:(راستے کی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ الْمُفْسِدِینَ :(فساد پھیلانے والے)اسم فاعل۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے موسیٰ سے تیس رات کی میعاد مقرر کی۔اور اس دس(راتیں) اور ملا کر اسے پورا(چلّہ) کر دیا تو اس کے پروردگار کی چالیس رات کی میعاد پوری ہو گئی۔اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ میرے (کوہِ طور پر جانے کے) بعد تم میری قوم میں میرے جانشین ہو(ان کی) اصلاح کرتے رہنا ٹھیک اور شریروں کے رستے نہ چلنا

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰی لِمِیْقَاتِنَا وَکَلَّمَهٗ رَبُّهٗ قَالَ رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْکَ قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ وَلٰکِنِ انْظُرْ اِلَی الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَکَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِیْ فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَکًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَکَ تُبْتُ اِلَیْکَ وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۴۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ لَمَّا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔ جَاءَ :(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ جَاءَ یَجِیئُ۔ جِیئٌ۔ مَجِیٌٔ۔(آنا)۔ مُوسَی:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً تقدیراً مرفوع فاعل۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ مِیقَاتِ:(مقررہ وقت)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر واحد متکلم۔محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ كَلَّمَ :(اس نے کلام کیا۔لَوْ کی وجہ سے بات کرتے کرتے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ كَلَّمَ یُكَلِّمُ۔مصدر۔تَكْلِیمًا۔(کلام کرنا۔بات چیت کرنا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ل م)كَلَمَ یَكْلُمُ۔مصدر۔كَلْمًا۔(زخمی کرنا)۔ هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔ هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔رَبِّ:(ربّ)منادیٰ۔محلاً منصوب۔حرف نداء۔محذوف۔ مضاف۔ یائے متکلم محذوف۔کسرہ بعوض یائے متکلم مضاف الیہ۔دعائیہ۔ أَرِ:(تو دکھا)فعل امر واحد مذکر

حاضر۔اصلاً أَرْءِىْ تھا۔بوجہ التقاے ساکنین یائے حرف علت مخذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرٰى يُرٰى۔مصدر۔ اِرَاءَةٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا ۔آنکھ سے دیکھنا۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ نِ:(وقایہ) یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔ يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔أَنْظُرْ:(میں دیکھوں) فعل مضارع واحد متکلم۔مجزوم جواب طلب۔ثلاثی مجرد باب ۔نصر۔ مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظْرًا۔ (دیکھنا)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف مؤکد بلن ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل نفی۔ تَرَا:(تو دیکھے گا)اصلاً تَرٰى رسم الخط۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔حرف علت بوجہ اتصال مابعد الف سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیکھنا۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ نِ:(وقایہ) یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔ يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنِ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اُنْظُرْ:(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظْرًا۔ (دیکھنا)۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔الْجَبَلِ:(پہاڑ کی)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ إِنِ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ اسْتَقَرَّ:(قرار پائے۔قائم رہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔اِسْتَقَرَّ يَسْتَقِرُّ۔مصدر۔ اِسْتِقْرَارٌ۔(قائم رہنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ر ر)مضاعف۔صیغہ۔قَرَّ يَقِرُّ۔ مصدر۔اَقْرَرْ۔(ٹھنڈی ہونا)۔ مَكَانَ:(جگہ)ظرف۔منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ هُ:(اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ سَوْفَ:(جلد ہی۔فوری)حرف استقبال۔ تَرَا:(تو دیکھے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی

مجر د۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔ يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔ لَمَّا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔تَجَلّٰی:(بجلی چمکی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَجَلّٰی یَتَجَلّٰی۔ مصدر۔تَجَلِّيٌ۔(بجلی کا چمکنا۔جلوہ ڈالنا)۔رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔ هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔ الْجَبَلِ:(پہاڑ)اسم مجرور۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ هٗ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ دَكًّا:(ریزہ ریزہ۔غبار۔ذرہ ذرہ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ خَرَّ :(وہ گر گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ر ر) مضاعف۔صیغہ۔خَرَّ یَخِرُّ۔مصدر۔خَرٌّ۔(گرنا)۔ مُوسٰی :(موسیٰؑ)فاعل۔مرفوع۔ صَعِقًا:(بے ہوش ہوکر)منصوب۔حال۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ لَمَّا :(جب)ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ أَفَاقَ:(افاقہ ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفَاقَ یُفِیْقُ۔مصدر۔اِفَاقَةٌ۔(افاقہ ہونا۔آرام آنا)۔ قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ سُبْحَانَ:(پاک ہے)منصوب۔مفعول مطلق فعل محذوف۔مضاف۔ كَ:(تمہارا۔تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تُبْتُ:(میں نے رجوع کیا۔میں نے توبہ کی)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔تَابَ یَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ أَنَا :(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔محلا مبتداء مرفوع۔ أَوَّلُ:(پہلا)خبر مرفوع۔مضاف۔ الْمُؤْمِنِيْنَ: (مومنوں سے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جب موسیٰ ہمارے مقرر کیے ہوئے وقت پر (کوہ طور) پر پہنچے اور ان کے پروردگار نے ان سے کلام کیا تو کہنے لگے کہ اے پروردگار مجھے (جلوہ) دکھا کہ میں تیرا دیدار (بھی) دیکھوں۔ پروردگار نے کہا کہ تم مجھے ہر گزنہ دیکھ سکو گے۔ ہاں پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو اگر یہ اپنی جگہ قائم رہا تو تم مجھے دیکھ سکو گے۔ جب ان کا پروردگار پہاڑ پر نمودار ہوا تو (تجلی انوارِ ربانی) نے اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ جب ہوش میں آئے تو کہنے لگے کہ تیری ذات پاک ہے اور میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور جو ایمان لانے والے ہیں ان میں سب سے اول ہوں۔

قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِيْ وَبِكَلَامِيْ ۖ فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾

قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ يَا: (اے) حرف نداء۔ مُوسَى: (موسیٰؑ) منادی۔ تقدیراً منصوب۔ مبتداء۔ إِنّ: (بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ ي: (میں) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً إِنّ کا اسم منصوب۔ اصْطَفَيْتُ: (میں نے چن لیا) فعل ماضی واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَصْطَفٰى يَصْطَفِيْ۔ مصدر۔ اِصْطِفَاءٌ۔ (چن لینا۔ امتیازی حیثیت دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ص ف و) ناقص واوی۔ صَفَا يَصْفُو۔ صَفَاءٌ۔ صَفْوًا۔ (صاف کرنا۔)، كَ: (تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ النَّاسِ: (لوگ) اسم مجرور۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ رِسٰلٰتِ: (پیغامات) اسم مجرور۔ مضاف۔ ي: (میرے) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف جار۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ كَلَامِ: (بات۔ قول۔ باہم بات چیت) اسم مجرور۔ مضاف۔ ي: (میری) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ خُذْ: (تو پکڑ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت سکون۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ مَا: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ آتَيْتُ: (میں نے دیا) فعل ماضی واحد متکلم۔ علامت تائے ضمیر مضموم۔ ثلاثی مزید

فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَاءٌ۔ (دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا) ہوتا ہے۔ كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف جار۔ كُنْ:(ہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً كُوْنْ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الشَّاكِرِينَ :(قدر کرنے والے)فاعل۔محلاً اسم مجرور۔اور شبہ جملہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:(اللہ نے) فرمایا موسیٰ میں نے تم کو اپنے پیغام اور اپنے کلام سے لوگوں سے ممتاز کیا ہے۔تو جو میں نے تم کو عطا کیا ہے اسے پکڑ رکھو اور (میرا) شکر بجالاؤ۔

وَكَتَبْنَا لَهٗ فِي الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۭسَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿١٤٥﴾

وَ:(اور)حرف استئنافیہ۔كَتَبْنَا:(ہم نے لکھ دیا۔فرض کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔كِتَابَةٌ۔(لکھنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْاَلْوَاحِ:(فٹیاں۔تختیاں۔)اسم مجرور۔ مِن:(سے)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(کوئی چیز)مجرور مضاف الیہ۔ مَّوْعِظَةً: (نصیحت)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ تَفْصِيلاً :(بالوضاحت)معطوف منصوب۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(چیز)مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس)حرف عطف۔خُذْ(تو پکڑ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت سکون۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔قُوَّةٍ :(قوت۔طاقت)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔أُمُرْ:(تو حکم دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ ۔

مصدر۔اَمْرٌ۔(حکم دینا۔درخواست کرنا)۔ قَوْمَ:(قوم کو۔لوگوں کو)منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔ كَ: (تمہارے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَأْخُذُوا:(وہ پکڑیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔جواب طلب۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ أَحْسَنِ:(بہت اچھا۔بہت خوبصرت)افعل التفضیل۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ سَ:(عنقریب)حرف استقبال۔أُرِي:(و دکھائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرٰی یُرٰی۔مصدر۔ اِرَاءَۃٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْیَۃٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مفعول بہ۔منصوب۔ دَارَ:(گھر)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ الْفَاسِقِينَ:(نافرمانوں کے)فاعل۔محلاً مجرور علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے (تورات) کی تختیوں میں ان کے لیے ہر قسم کی نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی پھر (ارشاد فرمایا کہ) اسے زور سے پکڑے رہو اور اپنی قوم سے بھی کہہ دو کہ ان باتوں کو جو اس میں (مندرج ہیں اور) بہت بہتر ہیں پکڑے رہیں۔میں عنقریب تم کو نافرمان لوگوں کا گھر دکھاؤں گا۔

سَاَصْرِفُ عَنْ اٰیٰتِیَ الَّذِیْنَ یَتَکَبَّرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ ؕ وَ اِنْ یَّرَوْا کُلَّ اٰیَۃٍ لَّا یُؤْمِنُوْا بِہَا ۚ وَ اِنْ یَّرَوْا سَبِیْلَ الرُّشْدِ لَا یَتَّخِذُوْہُ سَبِیْلًا ۚ وَ اِنْ یَّرَوْا سَبِیْلَ الْغَیِّ یَتَّخِذُوْہُ سَبِیْلًا ؕ ذٰلِکَ بِاَنَّہُمْ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَ کَانُوْا عَنْہَا غٰفِلِیْنَ ﴿۱۴۶﴾

سَ:(عنقریب ہی)حرف استقبال۔ أَصْرِفُ:(میں پھیروں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ر ف)صیغہ صَرَفَ یَصْرِفُ۔مصدر۔صَرْفًا۔(پھیرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ الْآيَاتِ: (آیات)لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔يَ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف

الیہ۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ يَتَكَبَّرُوْنَ:(وہ تکبر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَكَبَّرَ يَتَكَبَّرُ۔مصدر۔تَكَبُّرٌ۔(تکبر کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔کرم۔مادہ(ک ب ر)صیغہ۔كَبَرَ يَكْبُرُ۔ مصدر۔كِبَارٌ۔(بڑا ہونا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ غَيْرِ:(سوائے۔علاوہ)اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ الْحَقِّ :(حق و سچ کے)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ يَرَوْا:(وہ دیکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔محلاً فعل شرط۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔كُلَّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔ آيَةٍ :(آیت)مجرور مضاف الیہ۔ لَا :(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔يُؤْمِنُوْا :(وہ ایمان لائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ يَرَوْا:(وہ دیکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔محلاً فعل شرط۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ سَبِيْلَ:(راہ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔الرُّشْدِ:(ہدایت)مجرور مضاف الیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔يَتَّخِذُوْ:(وہ پکڑیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف ۔واؤ جمع۔ الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ سَبِيْلًا:(راہ) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔يَرَوْا:(وہ دیکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم ۔محلاً فعل شرط۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز

العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَۃٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔سَبِیلَ :(راہ کو)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔ الْغَيِّ:(سرکشی۔بغاوت۔ نافرمانی) مجرور مضاف الیہ۔یَتَّخِذُوْ:(وہ پکڑیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ءخ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ ہُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ سَبِیلاً :(راہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ ذَلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکرغائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُمْ: (وہ) ضمیر جمع مذکرغائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ كَذَّبُوْا :(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔بِ: (ساتھ ۔ کو)حرف جار۔ آیَاتِ: (آیات)غیر منصرف۔لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ نَا: (ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ كَانُوْا :(وہ تھے۔وہ ہیں)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ غَافِلِیْنَ :(لاپرواہ۔غفلت کرنے والے۔ بے خبر)اسم فاعل۔ منصوب۔علامت۔ی۔محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:جو لوگ زمین میں ناحق غرور کرتے ہیں ان کو اپنی آیتوں سے پھیر دوں گا۔اگر یہ سب نشانیاں بھی دیکھ لیں تب بھی ان پر ایمان نہ لائیں اور اگر راستی کا رستہ دیکھیں تو اسے (اپنا) رستہ نہ بنائیں۔اور اگر گمراہی کی راہ دیکھیں تو اسے رستہ بنالیں۔یہ اس لیے کہ انہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا اور ان سے غفلت کرتے رہے۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِینَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَذَّبُوا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِقَاءِ:(ملاقات)معطوف مجرور۔مضاف۔الْآخِرَةِ :(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔ حَبِطَتْ:(اس نے ضائع کئے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ب ط)صیغہ ۔حَبِطَ يَحْبِطُ۔مصدر۔حَبْطٌ۔(ضائع ہونا)۔ أَعْمَالُ:(اعمال۔کام۔کارگزاری)فاعل مرفوع۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً اَلَّذِینَ مبتداء کی خبر مرفوع۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ يُجْزَوْنَ: (جزاء دیئے جائیں گے۔بدلہ دیئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔ صیغہ ۔جَزٰی يَجْزِیْ۔ مصدر۔ جَزَاءً۔(بدلہ دینا ۔معاوضہ دینا)۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔كَانُوْا :(وہ تھے۔وہ ہیں)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا ان کے اعمال ضائع ہو جائیں گے۔یہ جیسے عمل کرتے ہیں ویسا ہی ان کو بدلہ ملے گا۔

وَ اتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اتَّخَذَ :(اس نے بنالیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ قَوْمُ:(قوم نے)فاعل مرفوع۔ مُوْسَى:(موسیٰؑ کو)غیر منصرف۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔حُلِيِّ:(زیورات)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مضاف الیہ۔ عِجْلاً:(بچھڑا)منصوب۔مفعول بہ۔ جَسَدًا :(جسم)بدل صفت منصوب۔یا مفعول بہ ثانی۔ لَّ: (لئے)حرف جار۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع ۔خُوَارٌ: (ڈکرانا)مرفوع۔مبتداء مؤخر۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع ۔ قالب۔ يَرَوْا:(وہ دیکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔محلاً فعل شرط۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ أَنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُكَلِّمُ:(کلام کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ كَلَّمَ يُكَلِّمُ۔مصدر۔تَكْلِيمًا۔(کلام کرنا۔بات چیت کرنا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک ل م)كَلَمَ يَكْلُمُ۔مصدر۔كَلْمًا۔(زخمی کرنا)۔۔ هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ ہی) يَهْدِي:(کوئی راہنمائی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب ۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ (ہ د ی)صیغہ ۔ هَدٰى يَهْدِيْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ هِمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ سَبِيلاً:

(راہ) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ اِتَّخَذُو: (انہوں نے بنالیا۔) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔ بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَخَذَ یَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ ہُ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ کَانُوْا: (وہ تھے۔ وہ ہیں) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ ظَالِمِیْنَ: (ظلم کرنے والے۔ اندھیر مچانے والے) اسم فاعل۔ منصوب۔ علامت۔ ی۔ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور قوم موسیٰ نے موسیٰ کے بعد اپنے زیور کا ایک بچھڑا بنالیا (وہ) ایک جسم (تھا) جس میں سے بیل کی آواز نکلتی تھی۔ ان لوگوں نے یہ نہ دیکھا کہ وہ نہ ان سے بات کر سکتا ہے اور نہ ان کو راستہ دکھا سکتا ہے۔ اس کو انہوں نے (معبود) بنالیا اور (اپنے حق میں) ظلم کیا۔

وَلَمَّا سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ یا استئناف۔ لَمَّا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ سُقِطَ: (گرا دیا گیا) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (س ق ط) صیغہ۔ سَقَطَ یَسْقُطُ۔ مصدر۔ سُقُوْطٌ۔ (گرنا)۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ أَيْدِي: (ہاتھوں) اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔ نون جمع محذوف۔ بوجہ۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ رَأَوْا: (انہوں نے دیکھا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ أَنَّ: (بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُمْ: (وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ ضَلُّوْا: (انہوں نے گمراہ کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فعل ماضی

واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ یَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ (گمراہ ہونا)۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٴ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔لَئِن:(البتہ۔اگر)مرکب:(لَ+اِنْ) لائے تاکید۔موطئة للقسم۔+حرف شرطیہ۔جازم فعل شرط۔لَّمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔قالب۔ یَرْحَمْ:(اس نے رحم کیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ح م) صیغہ۔رَحِمَ یَرْحَمُ۔مصدر۔رَحْمٌ۔(رحم کرے)۔ نَا:(ہم پر)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ رَبُّ: (ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ یَغْفِرْ:(وہ مغفرت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ لَ:(تاکہ)لائے جواب قسم۔ نَکُوْنَنَّ:(ہم ضرور بالضرور ہوں جائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔جملہ محلاًجواب شرط محذوف کا جواب قسم۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر ۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔الْخَاسِرِینَ:(گھاٹا کھانے والوں۔نقصان اٹھانے والوں)اسم فاعل۔ جمع۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جب وہ نادم ہوئے اور دیکھا کہ گمراہ ہوگئے ہیں تو کہنے لگے کہ اگر ہمارا پروردگار ہم پر رحم نہیں کرے گا اور ہم کو معاف نہیں فرمائے گا تو ہم برباد ہو جائیں گے۔

وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔رَجَعَ:(وہ لوٹا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ یَرْجِعُ ۔مصدر۔رُجُوْعٌ۔(لوٹنا)۔ مُوسَى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً فاعل مرفوع۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ قَوْمِ:(قوم لوگ۔امت)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ غَضْبَانَ:(سخت غصے سے۔ غضبناک۔غصہ سے بھرا ہوا)منصوب۔حال۔أَسِفًا:(افسوس کرتے ہوئے۔پچھتاتے ہوئے)اسم مفعول۔ منصوب۔حال ثانی۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔بِئْسَ:(اس نے بہت برا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فعل جامد۔ان سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔حرف ذم۔ مَا :(جو)اسم موصول۔ خَلَفْتُمُو:(تم نے خلیفہ بنایا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ واؤ برائے شکم پری۔ نِ: (نون وقایہ)فعل اور فعل ناصبہ سے ۔ی۔کو بچانے کے لئے يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِن:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد) ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ يَ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَعَجِلْتُمْ:(تم نے جلدی کی)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ج ل)صیغہ۔عَجَلَ یَعْجِلُ۔مصدر۔عَجَلٌ۔عَجَلَةٌ۔(جلدی کرنا)۔ أَمْرَ:(حکم کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔رَبِّ: (ربّ) مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَلْقَى :(اس نے ڈال دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَلْقٰی یَلْقٰی۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔ لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔تِلْقَاءً۔لُقْیًا۔لِقِیًّا۔لُقًی۔ لُقْیًا۔(ڈالنا۔نیچے رکھنا)۔ الأَلْوَاحَ: (فٹیوں۔تختیوں) منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ أَخَذَ: (اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ بِ:(ساتھ۔سے۔کو)حرف

جار۔رَأْسِ:(سر)اسم مجرور۔مضاف۔أَخِي: (بھائی)یائے بوجہ مضاف۔از ستہّ مکبّرہ۔مجرور مضاف الیہ۔مضاف هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَجُرُّ:(وہ اسے کھینچتا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج ر ر)مضاعف۔جَرَّ يَجّرُّ۔مصدر۔جُرٌّ۔ (گھسیٹنا۔کھینچنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ هِ : (وہ۔اس۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا) ابْنَ :(بیٹا) منادیٰ۔حرف نداء محذوف۔ مضاف۔ أُمَّ: (ماں)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الْقَوْمَ: (قوم۔لوگ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ اسْتَضْعَفُو:(کمزور سمجھتے ہیں) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَضْعَفَ يَسْتَضْعِفُ۔مصدر۔ اِسْتِضْعَافٌ۔ (کمزور سمجھنا)۔نِ:(نون وقایہ)ماقبل کی حرکت کو بچانے کے لئے۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ي:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ كَادُوا:(قریب تھے)ازافعال مقاربہ۔فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ک و د)اجوف واوی۔صیغہ۔كَادَ يَكَادُ۔مصدر۔ كَوْدٌ۔ (قریب ہونا۔لگنا۔)يَقْتُلُوْنَ:(وہ قتل کر دیتے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ نِ:(نون وقایہ)ماقبل کی حرکت کو بچانے کے لئے۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ي:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم محلاً منصوب مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ لَا :(نہ) ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تُشْمِتْ:(توذلیل کراؤ۔ ہنساؤ۔ تمسخر اڑانے کا موقع دو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَشْمَتَ يُشْمِتُ۔مصدر۔ اِشْمَاتٌ۔ (ہنسنے کا موقع دینا۔مذاق اڑانے کا موقع دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ش م ت)صیغہ ۔ شَمَتَ يَشْمُتُ۔ يَشْمِتُ ۔مصدر۔ شَمَاتَةٌ۔

(دشمنوں کا طعنہ زنی کرنا۔ کھلیاں مارنے کا موقع دینا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔ يَ:(میں۔مجھ)ضمیر واحد متکلم۔محلاًاسم مجرور۔ الأَعْدَاءَ: (دشمنوں)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تَجْعَلْ:(توبنا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ نِ:(نون وقایہ)ما قبل کی حرکت کو بچانے کے لئے۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ي:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان ۔ منصوب۔مضاف۔الْقَوْمِ:(قوم)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ الظَّالِمِيْنَ:(ظالموں کی۔اندھیر مچانے والوں کی) مجرور۔علامت۔ی۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور جب موسیٰ اپنی قوم میں نہایت غصے اور افسوس کی حالت میں واپس آئے۔ تو کہنے لگے کہ تم نے میرے بعد بہت ہی بداطواری کی۔کیا تم نے اپنے پروردگار کا حکم (یعنی میرا اپنے پاس آنا) جلد چاہا(یہ کہا) اور (شدت غضب سے تورات کی) تختیاں ڈال دیں اور اپنے بھائی کے سر (کے بالوں) کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچنے لگے۔انہوں نے کہا کہ بھائی جان لوگ تو مجھے کمزور سمجھتے تھے اور قریب تھا کہ قتل کردیں۔تو ایسا کام نہ کیجیے کہ دشمن مجھ پر ہنسیں اور مجھے ظالم لوگوں میں مت ملایئے۔

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾

قَالَ اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ رَبِّ:(اے میرے ربّ!)مرکب:(رَبَّ+يْ)منادیٰ۔محلاًمنصوب۔ حرف نداء۔محذوف۔کسرہ بعوض۔یائے متکلم۔دعائیہ۔اِغْفِرْ:(تو مغفرت کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔دعائیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔ ي: (میرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لِ:(حرف جار۔) أَخِي:(میرے بھائی کو)اسم مجرور۔از ستّہ

مکبّرہ۔ی۔برائے جر۔اور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ أَدْخِلْ:(داخل کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَدْخَلَ یُدْخِلُ۔مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(دخل) صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔رَحْمَتِ:(رحمت۔مہربانی۔نوازش)اسم مجرور۔مضاف۔كَ: (تو۔اپنی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر حاضر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَرْحَمُ:(خوب رحم کرنے والا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔مضاف۔ الرَّاحِمِیْنَ:(رحم کرنے والوں)اسم فاعل جمع مذکر۔مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:تب انہوں نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَیَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ ذِلَّةٌ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ؕ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُفْتَرِیْنَ ﴿۱۵۲﴾

إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الَّذِینَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔مبتداء۔ مرفوع۔ اتَّخَذُوْا:(انہوں نے پکڑا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔الْعِجْلَ :(بچھڑا)منصوب مفعول بہ۔سَ:(عنقریب)حرف استقبال۔ یَنَالُ:(وہ پہنچے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ی ل)اجوف یائی۔صیغہ۔نَالَ یَنَالُ۔ مصدر۔نَیْلٌ۔ (پانا۔ پہنچنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ غَضَبٌ:(غصہ۔غضب۔ ناراضی)فاعل مرفوع۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ: (اور)حرف

عطف۔ذِلَّةٌ :(رسوائی۔ذلت)معطوف مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔الْحَيَاةِ :(زندگی)اسم مجرور۔موصوف۔ الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مجرور صفت۔تابع موصوف۔وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَذَٰلِكَ : (اس طرح)مرکب :(كَ+ذَ+لِ+كَ) حرف جار۔تشبیہ۔+اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔ نَجْزِي :(ہم بدلہ دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔ صیغہ ۔جَزٰی يَجْزِیُ۔مصدر۔ جَزَاءً۔ (بدلہ دینا۔معاوضہ دینا)۔ الْمُفْتَرِينَ :(بہتان لگانے والوں کو۔جھوٹ گھڑنے والوں کو۔افتراءباندھنے والوں)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:(اللہ نے فرمایا کہ) جن لوگوں نے بچھڑے کو(معبود) بنالیا تھاان پر پروردگار کاغضب واقع ہو گااور دنیاکی زندگی میں ذلت(نصیب ہو گی) اور ہم افتراءپردازوں کوایساہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَ اٰمَنُوْٓا ۡاِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔عَمِلُوْا:(انہوں نے عمل کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔السَّيِّئَاتِ: (برائیاں)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ تَابُوْا:(انہوں نے توبہ کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔مِن:(سے)حرف جار۔بَعْدِ: (بعد) ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ ۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مھموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب

اسم۔ رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ كَ :(تمہارا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِن:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ هَا:(وہ۔اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ غَفُورٌ:(خوب مغفرت کرنے والا) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيمٌ :(خوب رحم کرنے والا) إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جنہوں نے برے کام کیے پھر اس کے بعد توبہ کرلی اور ایمان لے آئے تو کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار اس کے بعد (بخش دے گا کہ وہ) بخشنے والا مہربان ہے۔

وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖ وَفِیْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلَّذِیْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ یَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ سَكَتَ :(وہ چپ کر گیا۔خاموش ہو گیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ک ت)صیغہ۔سَكَتَ يَسْكُتُ۔مصدر۔سُكُوتٌ۔(خاموش ہونا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ مُّوسَى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ الْغَضَبُ:(غضب۔غصہ۔)فاعل مرفوع۔أَخَذَ :(اس نے پکڑا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ءخ ذ) مہموزالفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔الاَلْوَاحَ :(فٹیوں کو۔ تختیوں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ فِي:(میں)حرف جار۔ نُسْخَتِ:(کاپی۔نسخہ۔ نقل۔ آج کے دور میں فوٹو سٹیٹ کاپی آسانی سے ہوتی ہے۔ ان دنوں تو کہیں کہیں کاتب ملتا ہو گا)اسم مجرور۔مضاف۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرو مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ هُدًى:(راہنمائی۔ہدایت)مبتداء۔تقدیراً مضموم مرفوع۔وَ: (اور)حرف عطف۔رَحْمَةٌ:(رحمت۔مہربانی۔نوازش)معطوف مرفوع۔لِّ:(لئے) حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جن کے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَرْهَبُوْنَ

:(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ۔(رھب)صیغہ۔رَهِبَ يَرْهَبُ۔مصدر۔رَهْبًا۔(ڈرنا)۔

ترجمہ آیت:اور جب موسیٰ کا غصہ فرو ہوا تو (تورات) کی تختیاں اٹھالیں اور جو کچھ ان میں لکھا تھا وہ ان لوگوں کے لیے جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں۔ہدایت اور رحمت تھی۔

وَ اخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَ اِيَّايَ ؕ اَ تُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ اخْتَارَ:(اس نے چن لئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اَخْتَارَ يُخْتَارُ۔مصدر۔ اِخْتِيَارٌ۔(چننا۔منتخب کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ت ر)صیغہ۔خَتَرَ يَخْتُرُ۔مصدر۔خَتْرٌ۔ مُوسَى:(موسیٰؑ نے)فاعل مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ قَوْمَ:(قوم سے)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ هُ:(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ سَبْعِيْنَ:(ستّر)منصوب۔مفعول بہ۔ رَجُلًا:(مرد)منصوب۔تمیز۔لِ:(لئے)حرف جار۔مِيْقَاتِ:(مقررہ وقت)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا: (ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔ شرطیہ۔ أَخَذَتْ:(پکڑ لیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ءخ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الرَّجْفَةُ:(زلزلہ۔جس میں زوردار آواز ہو۔اور ہلا دینے والا)فاعل مرفوع۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ رَبِّ:(اے میرے ربّ!)مرکب:(رَبَّ+یِ)منادیٰ۔محلاً منصوب۔ حرف نداء۔محذوف۔کسرہ بعوض۔یائے متکلم۔ دعائیہ۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ شِئْتَ:(تو نے چاہتا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۴۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَطِيْعُوْا:(اطاعت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ صیغہ طَاعَ يَطُوْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(خوشی سے کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلَ:(پیغمبر کی)معطوف منصوب۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَنَازَعُوْا:(تم جھگڑو۔نہ چھینا جھپٹی کرو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ع)صیغہ۔نَزَعَ يَنْزِعُ۔مصدر۔نَزْعٌ۔(چھین لینا۔اتروانا)۔ فَ:(پس)سببیہ۔تَفْشَلُوْا:(کمزور ہو جاؤ گے۔بزدل ہو جاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَذْهَبَ :(چلی جائے گی۔ اکھڑ جائے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔مصدر۔ذَهَابٌ۔(جانا)۔رِيْحُ:(ہوا)فاعل مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اصْبِرُوْا:(صبر کرو۔ڈٹے رہو۔استقامت دکھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صبرًا۔(صبر کرنا)۔إِنَّ:(بے شک) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مضاف۔ الصَّابِرِيْنَ :(ڈٹے رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اللہ اور اس کے رسول کے حکم پر چلو اور آپس میں جھگڑا نہ کرنا کہ (ایسا کرو گے تو) تم بزدل ہو جاؤ گے اور تمہارا اقبال جاتا رہے گا اور صبر سے کام لو۔ کہ اللہ صبر کرنے والوں کا مدد گار ہے۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّ رِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۴۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَكُوْنُوْا :(تم ہو جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔كَ:(تم)حرف جار و تشبیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔۔خَرَجُوْا:(وہ نکلے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔دِيَارِ:(گھروں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَطَرًا:(اتراتے ہوئے)منصوب۔مفعول لہ۔یا حال۔وَ:(اور)رِئَاءَ:(دکھاوا۔ریاکاری) معطوف منصوب۔مضاف۔النَّاسِ:(لوگوں کے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَصُدُّوْنَ:(وہ روکتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصُدُّ۔ مصدر ۔صَدٌّ۔صُدُوْدًا۔ (رکنا۔روکنا۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔بِمَا :(جو کچھ)مرکب:(بِمَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔یا مصدریہ۔يَعْمَلُوْنَ:(وہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ مُحِيْطٌ:(احاطہ کرنے والا۔گھیرنے والا)اسم فاعل مرفوع۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ان لوگوں جیسے نہ ہونا جو اِتراتے ہوئے(یعنی حق کا مقابلہ کرنے کے لیے) اور لوگوں کو دکھانے کے لیے گھروں سے نکل آئے اور لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں۔اور جو اعمال یہ کرتے ہیں اللہ ان پر احاطہ کئے ہوئے ہے۔

وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ۭ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ زَيَّنَ:(اس نے سجایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ زَيَّنَ يُزَيِّنُ۔مصدر۔ تَزْيِيْنٌ۔(سجانا۔سنوارنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ الشَّيْطَانُ:(شیطان)فاعل۔مرفوع۔ أَعْمَالَ:(اعمال کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔ غَالِبَ:(کوئی غالب)لائے نفی جنس کا اسم۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمُ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔ شبہ جملہ محلاً لائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔الْيَوْمَ :(دن۔آج)ظرف زمان۔ منصوب۔مفعول بہ مِنْ :(سے)حرف اجر۔النَّاسِ:(لوگوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنِّي:(بیشک میں)مرکب۔:(إِنِّ+يْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال + ضمیر واحد متکلم۔محلاً کا اسم منصوب۔جَارٌ:(ہمسایہ) إِنَّ کی خبر مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔ لَمَّا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔تَرَاءَتِ:(آمنے سامنے ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔ صیغہ۔ترآء۔ يَتَرَآءُ۔مصدر۔تَرَآءِیٌّ۔ (ایک دوسرے کو دیکھنا۔روبرو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا ۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔

الْفِئَتَانِ :(دو گروہ۔دو جماعتیں)۔تثنیہ۔علامت الف۔نون اعرابی۔نَكَصَ: (وہ پسپا ہوا)۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ک ص)صیغہ ۔نَكَصَ يَنْكُصُ۔ مصدر۔ نَكْصٌ۔(پسپا ہونا۔ واپس پلٹنا) عَلَى :(پر)حرف جار۔عَقِبَيْ:(ایڑیوں)اصلاً عَقِبَيْنِ تھا۔اسم مجرور۔علامت ی۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔هِ:(اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنِّ:(بیشک میں)مرکب۔:(إِنِّ+يْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ کسرہ برائے اتصال + ضمیر واحد متکلم۔ محلاً کا اسم منصوب۔بَرِيْءٌ:(بیزار ہوں۔ بریٔ الذمہ ہوں) إِنَّ کی خبر مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ إِنِّ:(بیشک میں) مرکب۔:(إِنِّ+يْ)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ کسرہ برائے اتصال + ضمیر واحد متکلم۔ محلاً کا اسم منصوب۔أَرَى:(اس نے دکھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرٰى يُرٰى۔ مصدر۔ اِرَاءَةٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَرَوْنَ:(تم دیکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ إِنِّ:(بیشک میں)مرکب۔:(إِنِّ+يْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ۔ ناصب اسم۔ کسرہ برائے اتصال + ضمیر واحد متکلم۔ محلاً کا اسم منصوب۔أَخَافُ:(میں خوف زدہ ہوں۔ڈرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔ خَافَ يَخَافُ۔ مصدر۔خَوْفًا۔(خوف کھانا)۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔شَدِيْدُ :(سخت)خبر مرفوع۔ مضاف۔الْعِقَابِ:(سزاء)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جب شیطانوں نے ان کے اعمال ان کو آراستہ کر کے دکھائے اور کہا کہ آج کے دن لوگوں میں کوئی تم پر غالب نہ ہوگا اور میں تمہارا رفیق ہوں (لیکن) جب دونوں فوجیں ایک دوسرے کے مقابل صف آراء ہوئیں تو پسپا ہو کر چل دیا اور کہنے لگا کہ مجھے تم سے کوئی واسطہ نہیں۔ میں تو ایسی چیزیں دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ سکتے۔ مجھے تو اللہ سے ڈر لگتا ہے۔ اور اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے۔

اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۹﴾

إِذْ: (جب) ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔ يَقُولُ: (وہ کہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُولُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ الْمُنَافِقُونَ: (منافق) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الَّذِينَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً معطوف مرفوع۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ قُلُوبِ: (دلوں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَّرَضٌ: (بیماری) مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ غَرَّ: (اس نے دھوکہ دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (غ ر ر) مضاعف۔ صیغہ۔ غَرَّ يَغُرُّ۔ مصدر۔ غُرُوْرٌ۔ (دھوکہ دینا)۔ هٰؤُلَاءِ: (یہ) اسم اشارہ قریب۔ جمع مذکر و مؤنث۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ مقدّم۔ دِيْنُ: (دین۔ اصول۔ قانون) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَنْ: (جو) اسم شرط۔ جازم فعل شرط۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَتَوَكَّلْ: (وہ بھروسہ کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت محلا اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلُ۔ صیغہ۔ تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔ مصدر۔ تَوَكُّلُ۔ (بھروسہ کرنا۔ توکل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ مادہ (و ک ل) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَكَلَ يَكِلُ۔ مصدر۔ وَكْلًا۔ وُكُوْلًا۔ (بھروسہ کرنا۔ مختار بنانا۔ چھوڑ دینا)۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اللّٰهَ

:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔عَزِيْزٌ:(بہت ہی عزت والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔حَكِيْمٌ : (انتہائی حکمت والا۔ دانائی والا) مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔شرط وجواب شرط مل کر مَنْ مبتداء کی خبر

ترجمہ آیت:اس وقت منافق اور (کافر) جن کے دلوں میں مرض تھا کہتے تھے کہ ان لوگوں کو ان کے دین نے مغرور کرر کھاہے اور جو شخص اللہ پر بھروسہ رکھتاہے تو اللہ غالب حکمت والا ہے۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۵۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔تَرٰى:(تو دیکھے) ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا ۔ آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔يَتَوَفَّى :(وہ فوت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔مصدر۔تَوَفِّیْ۔(موت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَفٰى يَفِىْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ الْمَلَآئِكَةُ :(فرشتے۔غیر مرئی قوتیں۔کائناتی قوتیں)فاعل مرفوع۔يَضْرِبُوْنَ:(وہ مارتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔ مصدر۔ضَرْبٌ۔(مارنا)۔ وُجُوهَ:(مونہوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هُمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَدْبَارَ:(پیٹھوں پر۔پشتوں پر)معطوف منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور ۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف

عطف۔ذُوْقُوْا:(تم چکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ذ و ق) اجوف واوی ۔صیغہ۔ذَاقَ یَذُوْقُ۔ذَوْقٌ۔(مزہ چکھنا)۔ عَذَابَ :(عذاب۔سزاء) منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔الْحَرِيْقِ:(جلادینے والا)اسم فاعل و مفعول۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور کاش تم اس وقت (کی کیفیت) دیکھو۔جب فرشتے کافروں کی جانیں نکالتے ہیں ان کے مونہوں اور پیٹھوں پر(کوڑے اور ہتھوڑے وغیرہ) مارتے(ہیں اور کہتے ہیں) کہ(اب) عذاب آتش(کا مزہ) چکھو۔

ذٰلِکَ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْکُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَیْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ﴿۵۱﴾

ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔مرکب : (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب :(بِ+مَا)حرف جار۔+مصدریہ۔محلاً اسم مجرور۔ قَدَّمَتْ: (اس نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔ مصدر۔ تَقْدِيْمٌ۔(آگے بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق د م)قَدِمَ يَقْدَمُ۔مصدر۔قَدْمًا۔قُدُوْمًا۔(آنا)۔أَيْدِي:(ہاتھوں) فاعل مرفوع۔ اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔نون اعرابی محذوف۔بوجہ مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف ۔أَنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔ناصب خبر۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ زائدہ۔ ظَلَّامٍ:(بہت ہی اندھیر مچانے والا۔بہت ہی ظلم کرنے والا)مبالغہ۔لفظاً محلاً مجرور لَيْسَ کی خبر منصوب۔ لِّ:(لئے)زور دینے کے لئے۔زائدہ۔لْعَبِيْدِ :(بندوں کو)مفعول بہ لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ ان(اعمال) کی سزا ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں۔اور یہ (جان رکھو) کہ اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۵۲﴾

كَ:(جیسا کہ)حرف جار۔ و تشبیہ۔دَأْبِ:(حال)اسم مجرور۔مضاف۔آلِ:(نسل۔قوم)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً معطوف مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔آيَاتِ :(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَخَذَ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ۔وجہ سے)حرف جار۔ذُنُوْبِ:(گناہوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔قَوِيٌّ :(بہت ہی طاقتور) إِنَّ کی خبر مرفوع۔شَدِيْدُ :(سخت) إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔مضاف۔ الْعِقَابِ:(سزاء۔عذاب)اسم مجرور۔وہ سزا جو جرم کے پیچھے دی جائے۔

ترجمہ آیت:جیساحال فرعونیوں اوران سے پہلے لوگوں کا(ہوا تھاویساہی ان کاہوا کہ) انہوں نے اللہ کی آیتوں سے کفر کیاتو اللہ نے ان کے گناہوں کی سزامیں ان کو پکڑلیا۔بے شک اللہ زبردست اور سخت عذاب دینے والا ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۳﴾

ذَلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکرغائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ يَكُ:(وہ ہوا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔اصلاً يَكُوْنُ تھا۔نون اعرابی محذوف۔بوجہ مجزوم۔اور واؤساکن محذوف۔بوجہ علامت جمع ہے۔جبکہ صیغہ واحد کا ہے۔اس لئے اس کو حذف کرنا پڑا۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مُغَيِّرًا:(بدلنے والا۔تبدیل کرنے والا)اسم فاعل۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ نِّعْمَةً:(کسی نعمت کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَنْعَمَ:(اس نے انعام کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَنْعَمَ يُنْعِمُ۔مصدر۔اِنْعَامٌ۔(انعام کرنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ قَوْمٍ :(قوم)اسم مجرور۔حَتَّىٰ :(یہاں تک)حرف غائب۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔يُغَيِّرُوْا:(وہ تبدیل کردے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔غَيَّرَ يُغَيِّرُ۔مصدر۔تَغْيِيْرٌ۔(تبدیل کرنا۔بدل دینا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔سَمِيْعٌ :(خوب سننے والا)مبالغہ۔أَنَّ کی خبر مرفوع۔عَلِيْمٌ:(خوب جاننے والا) مبالغہ۔أَنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ اس لیے کہ جو نعمت اللہ کسی قوم کو دیا کرتا ہے جب تک وہ خود اپنے دلوں کی حالت نہ بدل ڈالیں اللہ اسے نہیں بدلا کرتا۔اور اس لیے کہ اللہ سنتا جانتا ہے۔

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾

كَ:(جیسا کہ)حرف جار۔ و تشبیہ۔دَأْبِ:(حال)اسم مجرور۔مضاف۔آلِ:(نسل۔قوم)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً معطوف مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب محلاً مجرور مضاف الیہ۔كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ کی)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ أَهْلَكْنَا:(ہم نے ہلاک کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔ مصدر۔اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔ مصدر۔ هَلْكًا۔هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ۔وجہ)حرف جار۔ذُنُوْبِ:(گناہوں کی)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَغْرَقْنَا:(ہم نے ڈوب دیا۔ غرق کر دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَغْرَقَ يُغْرِقُ۔ مصر۔اِغْرَاقٌ۔ (ڈوبانا۔غرق کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب اور نصر۔مادہ(غ ر ق)صیغہ۔غَرَقَ يَغْرُقُ۔ مصدر۔غَرْقًا۔(غرق ہونا)۔آلَ:(نسل۔قوم کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون)غیر منصرف۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُلٌّ:(تمام)برائے تاکید۔ مبتداء۔مرفوع۔ كَانُوْا:(وہ تھے۔وہ ہیں) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ

یَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ ظَالِمِيْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے)منصوب۔علامت ۔ی۔ كَانَ کی خبر۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جیساحال فرعونیوں اور ان سے پہلے لوگوں کا(ہوا تھاویساہی ان کاہوا) انہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کرڈالا اور فرعونیوں کو ڈبو دیا۔اور وہ سب ظالم تھے

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۵﴾

اِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ شَرَّ :(بد ترین) اِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ الدَّوَآبِّ:(تم جانور۔جمع)مجرور مضاف الیہ۔ عِنْدَ :(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔فَ:(پس)فصیحہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔

ترجمہ آیت: جانداروں میں سب سے بدتر اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہیں جو کافر ہیں سو وہ ایمان نہیں لاتے۔

اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾

الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔عَاهَدْتَّ:(تم وعدہ کیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔صیغہ۔عَاهَدَ يُعَاهِدُ۔ مصدر۔ مُعَاهَدَةٌ۔ (باہم معاہدہ کرنا) ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ع ھ د)صیغہ۔ عَهِدَ

يَعْهَدُ۔مصدر۔عَهْدٌ۔(عہد کرنا۔وعدہ کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ محلاً شبہ جملہ محلاًمنصوب ۔حال۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔يَنْقُضُوْنَ:(وہ توڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ق ض)صیغہ۔نَقَضَ يَنْقُضُ۔ مصدر۔نَقْضٌ۔(توڑنا۔مسمار کرنا) عَهْدَ:(عہد کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔سب کے سب)برائے تاکید۔ محلاًاسم مجرور۔ مضاف۔ مَرَّةٍ:(مرتبہ ۔ بار)مجرور۔ مضاف الیہ۔وَ:(اور)عطف۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ محلاًمبتداء مرفوع۔لَا: (نہیں)نافیہ۔ يَتَّقُوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں۔پرہیز کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)۔ لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔

ترجمہ آیت:جن لوگوں سے تم نے(صلح کا) عہد کیا ہے پھر وہ ہر بار اپنے عہد کو توڑ ڈالتے ہیں اور(اللہ سے) نہیں ڈرتے۔

فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔اِمَّا:(اگر)مرکب:(اِنْ+مَّا)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔+ مَّا حرف زائدہ۔ تَثْقَفَنَّ:(تم ضرور بالضرور پاؤ)فعل مضارع مؤکد بانون ثقیلہ۔واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ(ث ق ف)صیغہ۔ثَقِفَ يَثْقَفُ۔مصدر۔ثَقْفٌ۔(پانا۔ملنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔الْحَرْبِ:(جنگ۔لڑائی)اسم مجرور۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔شَرِّدْ:(عبرتناک سزا دو۔ جس کو دیکھ کر دوسرے بھاگ جائیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔شَرَّدَ يُشَرِّدُ۔ مصدر ۔تَشْرِيْدٌ۔(عبرت ناک سزا دینا)۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر

سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ خَلْفَ:(پیچھے)ظرف مکان۔ مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ يَذَّكَّرُوْنَ:(وہ نصیحت پکڑیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفْعِيْلٌ۔ صیغہ۔ ذَكَّرَ يُذَكِّرُ۔ مصدر۔ تَذْكِيْرٌ۔(نصیحت پکڑنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)۔

ترجمہ آیت: اگر تم ان کو لڑائی میں پاؤ تو انہیں ایسی سزا دو کہ جو لوگ ان کے پس پشت ہیں وہ ان کو دیکھ کر بھاگ جائیں عجب نہیں کہ ان کو(اس سے) عبرت ہو۔

وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۸:۵۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ إِمَّا:(اگر)مرکب:(إِنْ+مّا)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔+ مّا حرف زائدہ۔ تَخَافَنَّ:(تم ضرور بالضرور خوف زدہ ہوں۔ ڈر ہو۔)فعل مضارع مؤکد بانون ثقیلہ۔ واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد باب سمع۔ مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔ صیغہ۔ خَافَ يَخَافُ۔ مصدر۔ خَوْفٌ۔(خوف کھانا ڈرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَوْمٍ:(قوم)اسم مجرور۔ خِيَانَةً:(بد دیانتی۔ بد عہدی۔ دغا بازی۔ خیانت۔) منصوب۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ انْبِذْ:(پھینک دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ن ب ذ)صیغہ۔ نَبَذَ يَنْبِذُ۔ مصدر۔ نَبْذٌ۔(پھینکنا) إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ هِمْ:(وہ۔ ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ سَوَاءٍ:(برابر۔ یکساں۔ مساوی)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُحِبُّ:(وہ پسند نہیں کرتا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ أَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ أَحْبَابٌ۔

(پسند کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔کرم۔صیغہ۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔حَبَّ یَحِبُّ۔ مصدر۔حُبًّا۔(محبت کرنا۔پیار کرنا۔) الخَائِنِیْنَ:(دھوکا دینے والے۔خائن۔بد دیانت)اسم فاعل۔محلاً مفعول بہ۔محلاً جملہ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم کو کسی قوم سے دغابازی کا خوف ہو تو (ان کا عہد) انہیں کی طرف پھینک دو (اور) برابر (کا جواب دو) کچھ شک نہیں کہ اللہ دغابازوں کو دوست نہیں رکھتا۔

وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا یُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یَحْسَبَنَّ:(وہ ضرور بالضرور خیال کریں۔حساب لگائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب)صیغہ حَسِبَ یَحْسَبَ۔ مصدر۔حِسْبَانًا۔(حساب لگانا۔گمان کرنا۔خیال کرنا)۔ الَّذِیْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ کَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔ مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔سَبَقُوْا:(وہ بھاگ نکلے ہیں) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ یَسْبِقُ۔مصدر۔سَبْقٌ۔(پہل کرنا۔آگے نکلنا۔بھاگ نکلنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُمْ: (وہ) ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔یُعْجِزُوْنَ:(وہ عاجز کر سکتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔مادہ۔افعال۔صیغہ۔اَعْجَزَ یُعْجِزُ۔مصدر۔ اِعْجَازٌ۔(عاجز کرنا۔)ثلاثی مجرد۔ باب مادہ(ع ج ز)صیغہ۔عَجَزَ یَعْجِزُ۔مصدر۔عجز۔(عاجز ہونا۔طاقت نہ رکھنا)۔

ترجمہ آیت:اور کافر یہ نہ خیال کریں کہ وہ بھاگ نکلے ہیں۔وہ (اپنی چالوں سے ہم کو) ہرگز عاجز نہیں کر سکتے۔

وَ اَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَ اٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۶۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَعِدُّوْا:(تم تیاری کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَدَّ یُعِدُّ۔مصدر۔اِعْدَادٌ۔(تیاری کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ ۔ عَدَّ یَعُدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔تَعْدَادًا۔(گننا۔گمان کرنا۔ عَدَدْتُ زَیْدًا صَادِقًا" میں نے زید کو سچا سمجھا۔گمان کیا"۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ اسْتَطَعْتُمْ:(تم کر سکتے ہو۔تم طاقت رکھتے ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اِسْتِطَاعَ یَسْتَطِیْعُ۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔(خوشی سے کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ صیغہ طَاعَ یَطُوْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(خوشی سے کرنا۔اطاعت کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔قُوَّةٍ:(قوت۔طاقت)اسم مجرور۔وَ:(اور)مِنْ:(سے)حرف جار۔رِّبَاطِ:(باندھنا۔ پالان کَسے ہوئے)اسم مجرور۔مضاف۔الْخَيْلِ:(مختلف قسم کے گھوڑے)مجرور مضاف الیہ۔ تُرْهِبُوْنَ:(تم ڈراتے رہو۔خوفزدہ کرتے رہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْهَبَ یُرْهِبُ۔مصدر۔اِرْهَابٌ۔(ڈرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ھ ب)صیغہ ۔رَهِبَ یَرْهَبُ۔مصدر۔رَهْبَةٌ۔رُهْبًا۔رَهْبًا۔رَهَبًا۔رُهْبَانًا۔رَهْبَانًا۔(ڈرنا۔خوف کھانا)۔بِ:(ساتھ۔ ذریعے) حرف جار۔هٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔عَدُوَّ:(دشمن)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَدُوَّ:(دشمن)معطوف منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آخَرِيْنَ:(دوسروں کو)معطوف منصوب۔علامت ۔ی۔مِنْ:(سے)حرف جار۔دُوْنِ:(سوائے۔علاوہ)ظرف مکان۔اسم مجرور۔

مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔مَا:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔محلاً مفعول مقدّم منصوب۔ تُنفِقُوْا:(تم خرچ کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم فعل شرط۔علامت نون محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ سمع۔مادہ(ن ف ق)صیغہ۔نَفَقَ يَنْفِقُ۔مصدر۔ نَفْقٌ۔ (سرنگ نکالنا۔ختم ہو جانا۔چوہے کا سوراخ سے نکلنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔زائدہ۔شَيْءٍ : (کسی چیز)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔تمیز یا حال۔۔فِيْ :(میں)حرف جار۔سَبِيْلِ :(راہ)اسم مجرور۔ مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ يُوَفَّ:(پورا کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل جواب شرط۔یائے حرف علت محذوف۔ضمیر مستتر مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔ مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ أَنْتُمْ: (تم)ضمیر منفصل۔مبتداء۔ مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تُظْلَمُوْنَ:(تم ظلم کئے جاؤ گے) فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔

ترجمہ آیت: اور جہاں تک ہو سکے (فوج کی جمعیت کے) زور سے اور گھوڑوں کے تیار رکھنے سے ان کے (مقابلے کے) لیے مستعد رہو کہ اس سے اللہ کے دشمنوں اور تمہارے دشمنوں اور ان کے سوا اور لوگوں پر جن کو تم نہیں جانتے اور اللہ جانتا ہے ہیبت بیٹھی رہے گی۔ اور تم جو کچھ راہ اللہ میں خرچ کروگے اس کا ثواب تم کو پورا پورا دیا جائے گا اور تمہارا ذرا نقصان نہیں کیا جائے گا۔

وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦١﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ جَنَحُوا: (وہ جھکیں) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ن ح) صیغہ جَنَحَ يَجْنَحُ۔ مصدر۔ جُنُوحٌ۔ (مائل ہونا۔ کسی طرف جھکنا) لِ: (لئے) حرف جار۔ السَّلْمِ: (صلح کے) اسم مجرور۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ اجْنَحْ: (تم مائل ہو جاؤ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ جملہ محلاً فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ن ح) صیغہ۔ جَنَحَ يَجْنَحُ۔ مصدر۔ جُنُوحٌ۔ (مائل ہونا۔ کسی طرف جھکنا) لَ: (لئے) حرف جار۔ هَا: (اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ تَوَكَّلْ: (وہ بھروسہ کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت محلا اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلُ۔ صیغہ۔ تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔ مصدر۔ تَوَكُّلُ۔ (بھروسہ کرنا۔ توکل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ مادہ (و ک ل) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَكَلَ يَكِلُ۔ مصدر۔ وَكْلًا۔ وُكُوْلًا۔ (بھروسہ کرنا۔ مختار بنانا۔ چھوڑ دینا)۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ هُوَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبتداء۔ مرفوع۔ السَّمِيْعُ: (خوب سننے والا) اسم فاعل۔ مبالغہ۔ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ الْعَلِيْمُ: (خوب جاننے والا) مبالغہ۔ محلاً إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر یہ لوگ صلح کی طرف مائل ہوں تو تم بھی اس کی طرف مائل ہو جاؤ اور اللہ پر بھروسہ رکھو۔ کچھ شک نہیں کہ وہ سب کچھ سنتا (اور) جانتا ہے۔

وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ۭ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ يُرِيدُوا:(وہ چاہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔فعل شرط۔علامت نون اعرابی محذوف ۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د) صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ :(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب اسم۔ يَخْدَعُوْ:(وہ دھوکہ دیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(خ د ع)صیغہ خَدَعَ يَخْدَعُ۔مصدر۔خَدْعٌ۔(دھوکہ دینا۔)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔حَسْبَ:(حساب۔گمان) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کی خبر مرفوع۔محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي :(جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر ف سکون۔محلاً خبر مرفوع۔أَيَّدَ:(اس نے طاقت دی۔اس نے تائید کی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَيَّدَ يُؤَيِّدُ۔مصدر۔تَأْيِيْدٌ۔(تائید کرنا۔مدد کرنا۔قوت دینا)۔ كَ:(آپ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔نَصْرِ:(مدد)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمُؤْمِنِيْنَ :(ایماندار۔مومن)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًا سم مجرور۔

ترجمہ آیت:اور اگر یہ چاہیں کہ تم کو فریب دیں تو اللہ تمہیں کفایت کرے گا۔وہی تو ہے جس نے تم کو اپنی مدد سے اور مسلمانوں (کی جمعیت) سے تقویت بخشی۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَلَّفَ:(پیار دیا۔الفت دی۔ملایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔اَلَّفَ یُؤَلِّفُ۔ مصدر۔تَالِیفٌ۔(الفت ڈالنا۔محبت پیدا کرنا۔جوڑنا)۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔ قُلُوْبِ:(دل۔جمع)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ أَنفَقْتَ:(تونے خرچ کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے ضمیر مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ سمع۔مادہ(ن ف ق)صیغہ۔نَفَقَ یَنْفِقُ۔ مصدر۔نَفْقٌ۔(سرنگ نکالنا۔ختم ہوجانا۔چوہے کا سوراخ سے نکلنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ فِيْ :(میں)حرف جار۔ الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ جَمِيْعاً:(سب کے سب)منصوب۔حال۔مَّا:(نہیں)نافیہ۔ أَلَّفْتَ :(تو نے الفت ڈالی)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔تائے ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً مفتوح۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔ قُلُوْبِ:(دل۔جمع)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) لَكِنَّ کا اسم منصوب۔ أَلَّفَ:(پیار دیا۔الفت دی۔ملایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔بالجملہ محلاً کی لَكِنَّ خبر مرفوع۔ تفعیل۔صیغہ۔اَلَّفَ یُؤَلِّفُ۔ مصدر۔تَالِیفٌ۔(الفت ڈالنا۔محبت پیدا کرنا۔جوڑنا)۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب عَزِيزٌ :(خوب عزت والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔حَكِيْمٌ :(خوب حکمت والا۔ دانائی والا۔پالیسی والا) مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اوران کے دلوں میں الفت پیدا کردی۔اوراگر تم دنیابھر کی دولت خرچ کرتے تب بھی ان کے دلوں میں الفت نہ پیدا کرسکتے۔ مگر اللہ ہی نے ان میں الفت ڈال دی۔بے شک وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۴﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(جو بھی)منادیٰ۔ مضموم۔محلاً تقدیراً منصوب۔ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ النَّبِيُّ:(خبر دینے والا) أَيُّ کابدل۔حَسْبُ:(گمان)مرفوع۔مبتداء۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَنِ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ اتَّبَعَ:(اس نے پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔ تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ كَ :(آپ کی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب ۔ مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔محلاً مفتوح۔برائے اتصال مابعد۔ الْمُؤْمِنِيْنَ :(مومن۔ایماندار)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔

ترجمہ آیت:اے نبی! اللہ تم کو اور مومنوں کو جو تمہارے پیرو ہیں کافی ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ۭ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(جو بھی)منادیٰ۔ مضموم۔محلاً تقدیراً منصوب۔ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ النَّبِيُّ: (خبر دینے والا) أَيُّ کابدل۔حَرِّضِ:(تم ابھارنا۔ترغیب دو)فعل امر واحد مذکرغائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔حَرَّضَ يُحَرِّضُ۔مصدر ۔تَحْرِيْضٌ۔(شوق دلانا۔ابھارنا۔ترغیب دینا) الْمُؤْمِنِيْنَ: (مومنوں کو)منصوب۔علامت ی۔ مفعول بہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الْقِتَالِ:(قتال پر۔جنگ پر۔لڑائی پر)اسم

مجرور۔ اِنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ یَّکُنۡ:(وہ ہوں گے)فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔علامت محل اعراب ساکن۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔ کَوۡنًا۔ (ہونا)۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر مقدّم منصوب۔ عِشۡرُوۡنَ:(بیس)کااسم مؤخر مرفوع۔ صَابِرُوۡنَ:(ڈٹے رہنے والے۔استقامت دکھانے والے)اسم فاعل۔مرفوع جمع مذکر۔ محلاًصفت مرفوع۔یَغۡلِبُوۡا:(غلبہ پائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم فعل جواب شرط۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ل ب)صیغہ۔غَلَبَ یَغۡلِبُ۔مصدر۔غَلۡبَۃٌ۔(غلبہ پانا)۔ مِئَتَیۡنِ:(دو سو) منصوب۔مفعول بہ۔تثنیہ۔ منصوب۔ علامت۔ی۔نون اعرابی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِنۡ:(اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ یَّکُنۡ:(وہ ہوں گے)فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔علامت محل اعراب ساکن۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔ کَوۡنًا۔ (ہونا)۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر مقدّم منصوب۔مِّئَۃٌ :(ایک سو) کَانَ کا اسم مرفوع۔یَغۡلِبُوۡا:(غلبہ پائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم فعل جواب شرط۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ل ب)صیغہ۔غَلَبَ یَغۡلِبُ۔مصدر۔ غَلۡبَۃٌ۔ (غلبہ پانا)۔اَلۡفًا :(ایک ہزار)منصوب۔مفعول بہ۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔ الَّذِیۡنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔شبہ جملہ صفت منصوب۔ کَفَرُوۡا :(انہوں نے کفرکیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکۡفُرُ۔مصدر۔کُفۡرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ھُمۡ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ قَوۡمٌ:(قوم) اَنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَفۡقَھُوۡنَ:(وہ غور کرتے ہیں۔سوچتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔جملہ محلاًقَوۡمٌ کی صفت۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ق ھ)صیغہ۔فَقِہَ یَفۡقَہُ۔مصدر۔فِقۡہٌ۔(غور کرنا۔ سمجھنا)۔

ترجمہ آیت: اے نبی! مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو۔ اور اگر تم بیس آدمی ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو کافروں پر غالب رہیں گے۔ اور اگر سو (ایسے) ہوں گے تو ہزار پر غالب رہیں گے۔ اس لیے کہ کافر ایسے لوگ ہیں کہ کچھ بھی سمجھ نہیں رکھتے۔

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾

اَلْاٰنَ: (اب) ظرف زمان۔ خَفَّفَ: (اس نے ہلکا کیا۔ تخفیف کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ خَفَّفَ يُخَفِّفُ۔ مصدر۔ تَخْفِيْفٌ۔ (ہلکا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ مادہ (خ ف ف) مضاعف۔ صیغہ۔ خَفَّ يَخِفُّ۔ مصدر۔ خَفًّا۔ خِفٌّ۔ خَفَّةً۔ ()۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ عَنْ: (سے) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ عَلِمَ: (اس نے جانا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ أَنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔ ضَعْفًا: (کمزور) أَنَّ کا اسم منصوب مؤخر۔ فَ: (پس) استئنافیہ۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ يَّكُنْ: (وہ ہوں گے) فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ فعل شرط۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر مقدّم منصوب۔ مِّئَةٌ: (سو) كَانَ کا اسم مرفوع۔ صَابِرَةٌ: (ڈٹے رہنے والے) صفت مرفوع۔ يَغْلِبُوْا: (غلبہ پائیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم فعل جواب شرط۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (غ ل ب) صیغہ۔ غَلَبَ يَغْلِبُ۔ مصدر۔ غَلَبَةٌ۔ (غلبہ پانا)۔ مِئَتَيْنِ: (دو سو) منصوب۔ مفعول بہ۔ تثنیہ۔ منصوب۔ علامت۔ ی۔ نون اعرابی۔ وَ: () إِنْ: (اگر) حرف

شرط۔جازم فعل شرط۔ یَّکُنۡ:(وہ ہوں گے) فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔ علامت محل اعراب ساکن۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔ کَوۡنًا۔ (ہونا)۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر مقدّم منصوب۔ اَلۡفٌ :(ایک ہزار۔) کَانَ کا اسم مرفوع۔یَغۡلِبُوۡا:(غلبہ پائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم فعل جواب شرط۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ل ب)صیغہ۔غَلَبَ یَغۡلِبُ۔مصدر۔غَلۡبَۃٌ۔(غلبہ پانا)۔اَلۡفَیۡنِ:(دو ہزار)منصوب۔ مفعول بہ۔ تثنیہ۔علامت ی۔نون اعرابی۔ بِ:(سے)حرف جار۔اِذۡنِ:(اجازت)اسم مجرور۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔الصّٰبِرِیۡنَ : (استقامت دکھانے والے۔ڈٹے رہنے والے)مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اب اللہ نے تم پر سے بوجھ ہلکا کر دیا اور معلوم کر لیا کہ (ابھی) تم میں کسی قدر کمزوری ہے۔پس اگر تم میں ایک سو ثابت قدم رہنے والے ہوں گے تو دو سو پر غالب رہیں گے۔اور اگر ایک ہزار ہوں گے تو اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب رہیں گے۔اور اللہ ثابت قدم رہنے والوں کا مددگار ہے۔

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنۡ يَّكُوۡنَ لَهٗۤ اَسۡرٰى حَتّٰى يُثۡخِنَ فِى الۡاَرۡضِ‌ تُرِيۡدُوۡنَ عَرَضَ الدُّنۡيَا ‌وَاللّٰهُ يُرِيۡدُ الۡاٰخِرَةَ‌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ﴿۶۷﴾

مَا :(نہیں)نافیہ۔کَانَ:(وہ ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔کَوۡنًا۔ (ہونا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔نَبِیٍّ:(نبی۔خبر دینے والا)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر مقدّم منصوب۔اَنۡ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یَّکُوۡنَ:(وہ ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔کَوۡنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ

جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔ أَسْرَى:(اَسِیْرٌ کی جمع۔قیدی) کَانَ کا اسم مرفوع۔ حَتّٰی: (یہاں تک کہ)حرف غایت۔اَنْ مضمر۔ يُثْخِنَ: (وہ خوب بہا ئے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَثْخَنَ يُثْخِنُ۔مصدر۔اِثْخَانٌ۔(خون بہانا۔خون ریزی کرنا۔) فِيْ : (میں)حرف جار۔الْاَرْضِ:(زمین)حرف جار۔ تُرِيدُوْنَ:(تم چاہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ عَرَضَ:(سامان۔متاع۔ جس کو ثبات نہ ہو۔ جس کو عارضہ ہو۔) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)عاطفہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔يُرِيدُ:(اس نے چاہا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔محلاً شبہ جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ :(کسی چیز کی تلاش میں آناجانا)۔ الْآخِرَةَ:(آخرت۔قیامت)منصوب۔مفعول بہ۔وَ: (اور) استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ عَزِيْزٌ:(زبردست۔عزت والا۔)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ حَكِيْمٌ :(خوب حکمت والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:پیغمبر کو شایان نہیں کہ اس کے قبضے میں قیدی رہیں جب تک (کافروں کو قتل کرکے) زمین میں کثرت سے خون (نہ) بہادے تم لوگ دنیا کے مال کے طالب ہو۔اور اللہ آخرت (کی بھلائی) چاہتا ہے۔اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔

لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٦٨﴾

لَّوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔لَا :(نہیں)نافیہ۔كِتَابٌ:(کوئی کتاب)مبتداء۔مرفوع۔مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔سَبَقَ:(پہلے ہو چکا ہوتا۔ترجمہ بوجہ لَّوْ)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ

يَسْبِقُ۔مصدر۔ سَبْقٌ۔(پہل کرنا۔آگے نکلنا۔ بھاگ نکلنا)۔ لَ:(لازماً)برائے لَوْ لَا۔رابطہ جواب شرط۔مَسَّ:(اس نے چھوا۔وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔ مَسًّا ۔(چھونا۔پہنچنا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَخَذْتُمْ:(تم نے پکڑا۔تم نے لیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا(پکڑنا)۔عَذَابٌ:(عذاب۔سزاء)فاعل مرفوع۔موصوف۔ عَظِيْمٌ:(بہت بڑا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اگر اللہ کا حکم پہلے نہ ہو چکا ہوتا تو جو(فدیہ) تم نے لیا ہے اس کے بدلے تم پر بڑا عذاب نازل ہوتا۔

فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٩﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔كُلُوْا:(تم سب کھاؤ)فعل امر جمع مذکرحاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔ مصدر۔ اَكْلٌ۔(کھانا)۔مِمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔غَنِمْتُمْ:(جو تم نے مال غنیمت لیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ن م)صیغہ۔غَنِمَ يَغْنَمُ۔مصدر۔غَنْمٌ ۔غَنِيْمَةٌ۔غُنْمٌ۔(مال غنیمت حاصل کرنا) حَلٰلاً :(حلال) منصوب۔حال۔موصوف۔طَيِّبًا:(عمدہ۔صاف ستھرا۔)صفت منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اتَّقُوْا: (تم سب پرہیز کرو۔تم سب ڈرو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔ مصدر۔ وِقَايَةٌ۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔إِنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ

بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ غَفُورٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيمٌ :(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔محلاًإِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:توجومالِ غنیمت تمہیں ملاہے اسے کھاؤ(کہ وہ تمہارے لیے) حلال طیب رہے اور اللہ سے ڈرتے رہو۔بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷۰﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(جو بھی)منادیٰ۔ مضموم۔محلاً تقدیراًمنصوب۔ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ النَّبِيُّ: (خبر دینے والا) أَيُّ کابدل۔قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔ أَيْدِيْ:(ہاتھ)اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔الْاَسْرٰى:(اَسِيْرٌ کی قیدی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ يَّعْلَمِ:(وہ جانے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل شرط۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔فِيْ :(میں)حرف جار۔قُلُوْبِ:(دلوں)اسم مجرور۔ مضاف ۔ كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ مفعول بہ اوّل۔خَيْرًا: (بہتر)منصوب مفعول بہ ثانی۔ يُؤْتِ:(وہ دے)اصلاً يُؤْتِيْ تھا۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔حرف علت۔ی۔بوجہ ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَاءٌ۔ (دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا

ہے۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ خَيْرًا: (بہتر)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مِّمَّآ:(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أُخِذَ:(وہ پکڑا گیا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ضمیر مستتر هُوَ۔نائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَغْفِرْ:(اس نے مغفرت کی)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔معطوف مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)مبتداء مرفوع۔ غَفُوْرٌ: (خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اے پیغمبر جو قیدی تمہارے ہاتھ میں (گرفتار) ہیں ان سے کہہ دو کہ اگر اللہ تمہارے دلوں میں نیکی معلوم کرے گا تو جو(مال) تم سے چھن گیا ہے اس سے بہتر تمہیں عنایت فرمائے گا اور تمہارے گناہ بھی معاف کر دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ وَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ يُّرِيدُوْا:(وہ چاہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د) صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ خِيَانَتَ:(خیانت۔بد دیانتی۔)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَانُوْا:(انہوں نے خیانت کی)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔محلاً مجزوم۔فعل جواب شرط۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ

سے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَمْكَنَ:(پکڑوا دیا۔ گرفتار کروا دیا۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْكَنَ يُمْكِنُ۔مصدر۔اِمْكَانٌ۔(گرفتار کرا دینا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ عَلِيْمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ حَكِيْمٌ :(خوب حکمت والا۔) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

اور اگر یہ لوگ تم سے دغا کرنا چاہیں گے تو یہ پہلے ہی اللہ سے دغا کر چکے ہیں تو اس نے ان کو(تمہارے) قبضے میں کر دیا۔اور اللہ دانا حکمت والا ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّ نَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِنْ وَّلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۷۲﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هَاجَرُوْا:(انہوں نے ہجرت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ ۔صیغہ ۔هَاجَرَ يُهَاجِرُ۔ مصدر۔مُهَاجَرَةٌ۔(ہجرت کرنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ھ ج ر)صیغہ۔هَجَرَ يَهْجُرُ۔ مصدر۔ هَجْرًا۔هَجْرَانًا۔(چھوڑ دینا۔ تعلق ختم کرنا۔طلاق دینا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَاهَدُوْا:(انہوں نے جہاد کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔

اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُؤْمِنِيْنَ :(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان والے)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَحْمَةٌ:(رحمت ۔مہربانی۔کرم۔)معطوف بر۔ اُذُنٌ مرفوع۔لِّ: (لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً مبتداء موکر۔مرفوع۔يُؤْذُوْنَ:(ایذا دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔ صیغہ اٰذٰى يُؤْذِيْ۔مصدر۔اِيْذَاءٌ۔(تکلیف دینا۔ستانا۔اذیت دینا۔)رَسُوْلَ:(پیغمبر کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے)مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدّم مرفوع۔ عَذَابٌ:(عذاب)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ موصوف۔ اَلِيْمٌ :(دردناک۔دکھ والا)مرفوع۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور ان میں بعض ایسے ہیں جو پیغمبر کو ایذا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ شخص نرا کان ہے۔(ان سے) کہہ دو کہ (وہ) کان (ہے تو) تمہاری بھلائی کے لیے۔وہ اللہ کا اور مومنوں (کی بات) کا یقین رکھتا ہے اور جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں ان کے لیے رحمت ہے۔اور جو لوگ رسول اللہ کو رنج پہنچاتے ہیں ان کے لیے عذاب الیم (تیار) ہے۔

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾

يَحْلِفُوْنَ:(حلف اٹھاتے ہیں۔قسم کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ل ف)صیغہ۔حَلَفَ يَحْلِفُ۔مصدر۔حَلْفٌ۔(حلف

اٹھانا۔قسم کھانا)۔بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔لَ:(لئے)حرف جار۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ لِ:(تا کہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یُرْضُوْ:(وہ خوش ہوجائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرْضٰی یُرْضِیْ۔مصدر۔اِرْضَاءٌ۔(راضی کرنا۔خوش کرنا۔ناراضی دور کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِیَ یَرْضٰی۔ مصدر۔رِضْوًا۔رِضَاءٌ۔(خوشنودی۔پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔کُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُولُ:(پیغمبر) معطوف مرفوع۔مضاف۔ہٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَحَقُّ:(بہت زیادہ حقدار)افعل التفضیل۔خبر۔مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یُرْضُوْ:(وہ خوش ہوجائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔ الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرْضٰی یُرْضِیْ۔مصدر۔ اِرْضَاءٌ۔ (راضی کرنا۔خوش کرنا۔ناراضی دور کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِیَ یَرْضٰی۔مصدر۔رِضْوًا۔رِضَاءٌ۔(خوشنودی۔پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔ہٗ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ کَانُوْا :(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔محلاً فعل شرط مجزوم۔مُؤْمِنِیْنَ :(مُؤْمِنٌ کی جمع۔ایمان دار۔)کَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:مومنو! یہ لوگ تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تم کو خوش کردیں۔حالانکہ اگر یہ (دل سے) مومن ہوتے تو اللہ اور اس کے پیغمبر خوش کرنے کے زیادہ مستحق ہیں۔

اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ یُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِیْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْیُ الْعَظِیْمُ ﴿۶۳﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔يَعْلَمُوْا:(انہوں نے جانا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ يُّحَادِدِ:(وہ مخالفت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل شرط۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔حَادَدَ يُحَادِدُ۔مصدر۔مُحَادَدَةٌ۔(مخالفت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح د د)مضاعف۔صیغہ۔حَدَّ يَحُدُّ۔مصدر۔حَدًّا۔(صیقل کرنا۔تیز کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُولَ:(پیغمبر)معطوف منصوب۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔نَارَ:(آگ)کا أَنَّ اسم مؤخر منصوب۔مضاف۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔شرط اور جواب شرط مل کر مبتداء مَنْ کی خبر مرفوع۔جَهَنَّمَ:(دوزخ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ خَالِدًا:(ہمیشہ ہمیشہ کرہیں گے)منصوب۔حال۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔الْخِزْيُ :(رسوائی۔ذلت)خبر مرفوع۔موصوف۔الْعَظِيْمُ :(بہت بڑی)صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت:کیاان لوگوں کو معلوم نہیں کہ جو شخص اللہ اوراس کے رسول سے مقابلہ کرتاہے تواس کے لیے جہنم کی آگ(تیار) ہے جس میں وہ ہمیشہ (جلتا) رہے گا۔یہ بڑی رسوائی ہے۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿٦٤﴾

يَحْذَرُ :(وہ ڈرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ذ ر)صیغہ۔حَذِرَ يَحْذَرُ۔مصدر۔حَذْرًا۔(احتیاط کرنا۔ڈرنا)۔الْمُنَافِقُوْنَ:(منافق کی جمع۔دوغلا عمل کرنے والے)فاعل مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تُنَزَّلَ:(اتارا گیا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا (دھیرے دھیرے اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلّ۔مصدر۔نُزُوْلٌ(اترنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ سُورَةٌ:(کوئی سورت)نائب فاعل۔ مرفوع۔ تُنَبِّئُ:(وہ خبر دیتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب۔ مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔نَبَّاَ يُنَبِّئُ۔مصدر۔تَنْبِئَةٌ۔(خبر دینا۔خبر کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَاَ يَنْبَاُ۔مصدر۔نَبَاً۔نَبُوْءً۔(خبر دینا۔ آہستہ آواز دینا۔دیس نکالا دینا۔ہٹانا۔)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔قُلُوْبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دل)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ قُلِ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر غائب۔مجزوم۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال مابعد۔ اسْتَهْزِءُوْا:(تم تمسخر اڑاؤ۔مذاق اڑاؤ۔ٹھٹھہ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَهْزَاَ يَسْتَهْزِئُ۔مصدر۔اِسْتَهْزَاءٌ۔(مذاق اڑانا۔ٹھٹھہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ھ ز ء)مہموز اللام۔صیغہ ۔هَزَاَ يَهْزَاُ۔مصدر۔هُزْءًا۔هُزُؤًا۔هُزْوًا۔هُزُوْءًا۔(مذاق کرنا) إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ ب الفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مُخْرِجٌ

:(نکالنے والا۔ظاہر کرنے والا)اسم فاعل۔مرفوع۔واحد مذکر۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔مَّا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔برائے مُخْرِجٌ اسم فاعل۔تَحْذَرُوْنَ:(تم ڈرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرا بی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ذ ر)صیغہ۔حَذِرَ یَحْذَرُ۔مصدر۔حَذْرًا۔(احتیاط کرنا۔ڈرنا)۔

منافق ڈرتے رہتے ہیں کہ ان (کے پیغمبر) پر کہیں کوئی ایسی سورت (نہ) اُتر آئے کہ ان کے دل کی باتوں کو ان (مسلمانوں) پر ظاہر کر دے۔ کہہ دو کہ ہنسی کئے جاؤ۔ جس بات سے تم ڈرتے ہو اللہ اس کو ضرور ظاہر کر دے گا

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ۭ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَئِنْ:(البتہ اگر۔ضرور۔)مرکب:(لَ+اِنْ)لام موطئہ للقسم۔برائے تاکید+حرف شرط۔جازم فعل شرط۔سَأَلْتَ:(تونے پوچھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ سَاَلَ یَسْئَلُ۔مصدر۔سَؤَالًا۔(پوچھنا۔سوال کرنا)۔ هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔یَقُوْلُنَّ:(وہ ضرور بالضرور کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مؤکد با نون ثقیلہ۔) إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کااسم منصوب۔جب إِنَّ کے ساتھ۔ مَا لگتا ہے تو اس کا عمل ختم ہو جاتا ہے۔ كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ نَخُوضُ:(ہم شغل کی باتیں کرتے ہیں۔بکواس کرتے ہیں۔بات چیت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ و ض) اجوف واوی۔صیغہ۔ خَاضَ یَخُوْضُ۔مصدر۔خَوْضٌ۔(بکواس کرنا) وَ:(اور)حرف عطف۔نَلْعَبُ:(ہم کھیلتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ع ب)صیغہ۔لَعِبَ یَلْعَبُ۔ مصدر۔لَعْبٌ۔(کھیلنا)۔قُلْ :(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ

يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ آيَاتِ:(آیات۔نشانیاں)معطوف مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُولِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔كُنْتُمْ:(تم تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَسْتَهْزِؤُوْنَ:(تم ٹھٹھ کرتے ہو۔مذاق اڑاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم ان سے (اس بارے میں) دریافت کرو تو کہیں گے ہم تو یوں ہی بات چیت اور دل لگی کرتے تھے۔ کہو کیا تم اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ہنسی کرتے تھے۔

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً ۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾

لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَعْتَذِرُوْا:(تم عذر پیش کرو۔بہانے بناؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِعْتَذَرَ يَعْتَذِرُ۔مصدر۔ اِعْتِذَارٌ۔(بہانہ بنانا۔عذر پیش کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ذ ر)صیغہ۔عَذَرَ يَعْذِرُ۔مصدر۔ عَذْرًا۔عُذْرًا۔(لڑکے کا ختنہ کرنا۔گناہوں کا زیادہ ہونا)۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تاکید۔كَفَرْتُمْ:(تم نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ إِيمَانِ:(يَمِيْنٌ کی جمع۔ایمان لانے کے۔ قسمیں کھانے کے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنْ : (اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ نَّعْفُ:(ہم درگزر کرلیں)اصلاً نَّعْفُوْ تھا۔بوجہ

التقائے ساکنین حرف علت واؤ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ف و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَفَا یَعْفُو۔ مصدر۔عَفْوًا۔(در گرز کرنا۔معاف کرنا۔کثرت سے ہونا۔بڑھنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ طَآئِفَةٍ: (گروہ۔جماعت۔ٹولہ)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت۔ نُعَذِّبْ:(ہم عذاب دیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ مجزوم۔فعل جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل ۔ صیغہ عَذَّبَ یُعَذِّبُ۔مصدر۔تَعْذِیْبٌ۔(عذاب دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ذ ب)صیغہ۔عَذُبَ یَعْذُبُ۔عُذُوْبَةً۔(مزیدار کھانا۔میٹھا۔هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَ هَذَا مَلْحٌ اُجَاجٌ)"یہ میٹھی نہر ہے اور وہ کڑوی کسیلی"۔ طَآئِفَةً :(گروہ۔جماعت۔ٹولے کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ کَانُوْا:(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ مُجْرِمِیْنَ :(گناہ کرنے والے۔جرم کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:بہانے مت بناؤ تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو چکے ہو۔اگر ہم تم میں سے ایک جماعت کو معاف کر دیں تو دوسری جماعت کو سزا بھی دیں گے کیونکہ وہ گناہ کرتے رہے ہیں۔

اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾

الْمُنَافِقُوْنَ:(الْمُنَافِقُ منافق کی جمع۔دورخی بات کرنے والے۔ادھر سے ادھر نکلنے والے)مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُنَافِقٰتُ:(الْمُنَافِقَةُ کی جمع۔منافقہ۔دومونہی۔ادھر کی بات ادھر کرنے والی) معطوف مرفوع۔بَعْضُ:(کچھ۔بعض)بدل۔مبنی بر ضمہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔بَعْضٍ:(کچھ)بدل۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر۔مرفوع۔جملہ محلاً

مبتداءالْمُنَافِقُوْنَ کی خبر مرفوع۔ يَأْمُرُوْنَ:(وہ حکم دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔نیز جملہ محلاً الْمُنَافِقُوْنَ کی خبر ثانی مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ء م ر)صیغہ۔اَمَرَ يَاْمُر۔مصدر۔اَمْرٌ۔(حکم دینا۔)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمُنْكَرِ :(برائی۔شرع کے خلاف بات۔کام)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَنْهَوْنَ:(وہ روکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتحہ۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔نَهْىٌ۔(روکنا۔ منع کرنا۔)۔عَنِ:(سے)حرف جار۔ الْمَعْرُوفِ:(اچھائی۔بھلائی۔نیکی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَقْبِضُوْنَ:(وہ بند رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ب ض)صیغہ۔قَبَضَ يَقْبِضُ۔مصدر۔قَبْضٌ۔(بند رکھنا)۔أَيْدِيَ:(ہاتھوں کو)اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔منصوب۔مفعول بہٖ۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نَسُوا:(وہ بھول گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔جملہ محلاً مبتداء الْمُنَافِقُوْنَ کی خبر ثالث۔ثلاثی مجرد۔ باب۔ سمع۔ مادہ(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔مصدر۔نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ کو) منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔نَسِيَ:(وہ بھول گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب۔سمع۔مادہ(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔مصدر۔نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔هُمْ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْمُنَافِقِيْنَ:(الْمُنَافِقُ منافق کی جمع۔نفاق کرنے والے۔دورخی بات کرنے والے۔ادھر سے ادھر نکلنے والے)۔اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔هُمُ:(وہی)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ الْفَاسِقُوْنَ: (فاسق۔ نافرمان۔حدود اللہ کے توڑنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے کے ہم جنس (یعنی ایک طرح کے) ہیں کہ برے کام کرنے کو کہتے اور نیک کاموں سے منع کرتے اور (خرچ کرنے سے) ہاتھ بند کئے رہتے ہیں۔ انہوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے ان کو بھلا دیا۔ بے شک منافق نافرمان ہیں۔

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۶۸﴾

وَعَدَ: (اس نے وعدہ کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ع د) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔ عِدَّةٌ۔ (وعدہ کرنا)۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ نے) فاعل مرفوع۔ الْمُنَافِقِيْنَ: (منافق۔ دوغلے) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْمُنَافِقٰتِ: (منافق عورتیں۔ دوغلی عورتیں) معطوف منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْكُفَّارَ: (کافر) معطوف۔ منصوب۔ نَارَ: (آگ) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ مضاف۔ جَهَنَّمَ: (دوزخ) غیر منصرف۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ خَالِدِيْنَ: (ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے) منصوب۔ حال۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ هَا: (اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ ضمیر کا مرجع جَهَنَّمَ۔ هِيَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مؤنث غائب مبتداء۔ حَسْبُ: (کافی ہے) خبر مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کا) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَعَنَ: (اس نے لعنت کی۔ اس نے دور کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ل ع ن) صیغہ۔ لَعَنَ يَلْعَنُ۔ مصدر۔ لَعْنٌ۔ (لعنت کرنا)۔ هُمْ: (ان پر) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مقدّم۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ نے) فاعل مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مقدّم۔ عَذَابٌ: (عذاب) مبتداء مؤخر مرفوع۔ موصوف۔ مُّقِيْمٌ: (قائم رہنے والا) مرفوع۔ صفت۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں سے آتش جہنم کا وعدہ کیا ہے جس میں ہمیشہ (جلتے) رہیں گے۔ وہی ان کے لائق ہے۔ اور اللہ نے ان پر لعنت کر دی ہے۔ اور ان کے لیے ہمیشہ کا عذاب (تیار) ہے۔

كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۹﴾

كَ: (جیسا۔ مانند۔ طرح) حرف تشبیہ۔ و جار۔ الَّذِيْنَ: (وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مبتداء محذوف۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ قَبْلِ: (پہلے) ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (تم سے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَانُوْا: (وہ تھے۔ وہ ہیں) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ أَشَدَّ: (بہت زیادہ شدت والا) افعل التفضیل كَانَ کی خبر منصوب۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ قُوَّةً: (قوت۔ طاقت) تمیز منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَكْثَرَ: (بہت زیادہ) افعل التفضیل۔ معطوف بر أَشَدَّ منصوب۔ أَمْوَالاً: (مال) تمیز۔ منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَوْلَادًا: (اولاد) معطوف۔ منصوب۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ اسْتَمْتَعُوْا: (انہوں نے فائدہ اٹھایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَمْتَعَ يَسْتَمْتِعُ۔ مصدر۔ اِسْتِمْتَاعٌ۔ (فائدہ اٹھانا)۔ بِ: (ساتھ۔ سے) حرف جار۔ خَلَاقِ: (خلق۔ عادت) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ اسْتَمْتَعْتُمْ: (تم نے فائدہ اٹھایا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَمْتَعَ يَسْتَمْتِعُ۔ مصدر۔ اِسْتِمْتَاعٌ۔ (فائدہ اٹھانا)۔ بِ: (ساتھ۔ سے) حرف جار۔ خَلَاقِ: (خلق۔ عادت) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (اپنے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَمَا: (جیسا کہ) مرکب :

كَ+مَا)حرف تشبیہ +مصدریہ۔ اِسْتَمْتَعَ:(اس نے فائدہ اٹھایا)فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید۔ باب استفعال۔ صیغہ ۔اِسْتَمْتَعَ يَسْتَمْتِعُ۔مصدر۔اِسْتِمْتَاعٌ۔(فائدہ اٹھانا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ خَلَاقِ:(خلق۔عادت)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔خُضْتُمْ:(تم بحثوں میں پڑے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ و ض) اجوف واوی۔صیغہ۔ خَاضَ يَخُوْضُ۔مصدر۔خَوْضٌ۔(بکواس کرنا) كَ:(جیسا۔مانند۔ طرح۔)حرف تشبیہ۔و جار۔الَّذِي:(جس)اسم موصول۔واحد مذکر مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ خَاضُوْا:(انہوں نے فضول باتیں کیں۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ و ض) اجوف واوی۔صیغہ۔ خَاضَ يَخُوْضُ۔مصدر۔خَوْضٌ۔(بکواس کرنا)۔ أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔حَبِطَتْ:(ضائع ہوا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے مبسوط۔ساکن۔أَعْمَالُ:(اعمال۔)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔ الدُّنْيَا: (دنیا) غیر منصرف۔محلاً اسم مجرو۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْآخِرَةِ:(قیامت۔آخرت۔)معطوف مجرور۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔أُوْلَئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر اور مؤنث۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ هُمْ:(وہ ہی) ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ الْخَاسِرُوْنَ:(گھاٹا کھانے والے)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(تم منافق لوگ) ان لوگوں کی طرح ہو،جو تم سے پہلے ہو چکے ہیں۔وہ تم سے بہت زیادہ طاقتور اور مال و اولاد میں کہیں زیادہ تھے تو وہ اپنے حصے سے بہرہ یاب ہو چکے۔سو جس طرح تم سے پہلے لوگ اپنے حصے سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔اسی

طرح تم نے اپنے حصے سے فائدہ اٹھالیا۔اور جس طرح وہ باطل میں ڈوبے رہے اسی طرح تم باطل میں ڈوبے رہے یہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں ضائع ہو گئے۔اور یہی نقصان اٹھانے والے ہیں

اَلَمۡ یَاۡتِہِمۡ نَبَاُ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ قَوۡمِ نُوۡحٍ وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوۡدَ ۬ۙ وَ قَوۡمِ اِبۡرٰہِیۡمَ وَ اَصۡحٰبِ مَدۡیَنَ وَ الۡمُؤۡتَفِکٰتِ ؕ اَتَتۡہُمۡ رُسُلُہُمۡ بِالۡبَیِّنٰتِ ۚ فَمَا کَانَ اللّٰہُ لِیَظۡلِمَہُمۡ وَ لٰکِنۡ کَانُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ یَظۡلِمُوۡنَ ﴿۷۰﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمۡ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ یَأۡتِ:(وہ آیا)اصلاً یَأۡتِیۡ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت محذوف۔ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیۡ۔ مصدر۔ اِتۡیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ہِمۡ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ نَبَأُ:(خبر۔اطلاع)فاعل مرفوع۔ الَّذِیۡنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔قَبۡلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ہِمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَوۡمِ:(قوم۔لوگ)بدل مجرور۔مضاف۔ نُوۡحٍ:(حضرت نوحؑ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَادٍ:(عاد)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ثَمُوۡدَ :(ثمود)معطوف۔غیر منصرف۔محلاً مجرور بالفتحہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَوۡمِ:(قوم)معطوف مجرور۔مضاف۔إِبۡرَاہِیۡمَ:(حضرت ابراہیمؑ)غیر منصرف۔مجرور مضاف الیہ۔ وِ:(اور)حرف عطف۔أَصۡحَابِ:(والے۔دوست۔ساتھی)معطوف مجرور۔مضاف۔ مَدۡیَنَ:(مدین۔شہر کا نام)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بالفتحہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الۡمُؤۡتَفِکَاتِ:(قوم لوطؑ کی تہہ و بالا کی ہوئی بستیاں۔)اسم فاعل۔معطوف مجرور۔ أَتَتۡ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے مبسوط ساکن۔اصلاً أَتَیَتۡ تھا۔حرف علت بوجہ التقائے ساکنین محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیۡ۔مصدر۔ اِتۡیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ ھُمۡ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ رُسُلُ:(رَسُوۡلٌ کی جمع۔پیغمبر)فاعل

مرفوع۔مضاف۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْبَيِّنَاتِ:(کھلی نشانیوں کے۔واضح دلائل وثبوتوں کے)اسم مجرور۔ فَمَا:(پس نہیں)مرکب:(فَ+مَا)حرف عطف+نافیہ۔ كَانَ : (وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)كَانَ کا اسم مرفوع۔ لِ:(تا کہ)لائے جحود۔ناصب مضارع۔يَظْلِمَ:(وہ ظلم کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔هُمْ:(ان پر)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ كَانُوْا: (وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔أَنْفُسَ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانیں)منصوب۔ مفعول بہٖ مقدّم۔مضاف۔ هُمْ:(وہ ہی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَظْلِمُوْنَ:(وہ ظلم کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔

ترجمہ آیت: کیاان کوان لوگوں(کے حالات) کی خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے تھے(یعنی) نوح اور عاد اور ثمود کی قوم۔اور ابراہیم کی قوم اور مدین والے اور الٹی ہوئی بستیوں والے۔ان کے پاس پیغمبر نشانیاں لے لے کر آئے۔ اور اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اَلْمُؤْمِنُوْنَ:(اَلْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان دار۔)مبتداء مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اَلْمُؤْمِنَاتُ:(اَلْمُؤْمِنَةٌ کی جمع۔ایمان دار)معطوف مرفوع۔بَعْضُ:(کچھ)مرفوع مبتداء۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَوْلِيَاءُ:(دوست۔حامی)غیر منصرف۔خبر ثانی مرفوع۔ مضاف۔بَعْضٍ:(کچھ)مجرور مضاف الیہ۔ يَأْمُرُوْنَ:(حکم دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔ مصدر۔اَمْرٌ۔(حکم دینا۔درخواست کرنا)۔بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔اَلْمَعْرُوْفِ:(نیکی کا)اسم مجرور۔وَ: (اور)حرف عطف۔يَنْهَوْنَ:(منع کرتے ہیں۔روکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔ نَهْيٌ۔(روکنا۔منع کرنا)۔عَنْ :(سے)حرف جار۔اَلْمُنْكَرِ:(بدی۔برائی۔ہر وہ عمل جسے عقل یا شریعت برا جانے۔) وَ:(اور)حرف عطف۔يُقِيْمُوْنَ:(وہ قائم کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَقَامَ يُقِيْمُ۔مصدر۔اِقَامَةٌ۔(قائم رکھنا۔ قیام کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔قائم رہنا)۔ اَلصَّلَاةَ:(صلوٰۃ کو)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُؤْتُوْنَ:(وہ دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ اَلزَّكَاةَ:(زکوٰۃ)منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُطِيْعُوْنَ:(وہ اطاعت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔ مصدر۔ اِطَاعَةٌ۔(خوشی سے کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔صیغہ طَاعَ يَطُوْعُ۔مصدر۔ طَوْعًا۔

(خوشی سے کرنا)۔اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلَ:(پیغمبر) معطوف منصوب۔مضاف۔هٗ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید جمع مذکر ومؤنث۔مبتداء مرفوع۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔يَرْحَمُ:(وہ رحم کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محلاً اعراب مضموم۔ هُمُ:(ان پر)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً أُوْلَئِكَ مبتداء کی خبر مرفوع۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔عَزِيْزٌ :(زبردست عزت والا۔) إِنَّ کی خبر مرفوع۔حَكِيْمٌ:(خوب دانائی والا۔حکمت والا) إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں کہ اچھے کام کرنے کو کہتے ہیں اور بری باتوں سے منع کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں۔یہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا۔بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۷۲﴾

وَعَدَ:(اس نے وعدہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔عِدَّةٌ۔(وعدہ کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ الْمُؤْمِنِيْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع ایمان دار)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔وَ:()الْمُؤْمِنَاتِ:(الْمُؤْمِنَةُ کی جمع۔ ایماندار) معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔ جَنَّاتٍ:(جَنَّةٌ کی جمع۔باغات۔جنت)منصوب۔مفعول بہٖ بالکسرۃ۔ تَجْرِي :(بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰى يَجْرِىْ۔مصدر۔جِرْيَانٌ۔(بہنا۔جاری ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ: (نیچے) ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْاَنْهَارُ:(

نَهْرٌ کی جمع۔نہریں۔دریا)فاعل مرفوع۔ خَالِدِيْنَ:(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے)منصوب۔حال۔ فِيْ :(میں) حرف جار۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَسَاكِنَ:(مَسْكَنٌ کی جمع۔جگہیں)ظرف مکان۔منصوب۔موصوف۔ طَيِّبَةً:(عمدہ۔صاف ستھری)منصوب۔صفت تابع موصوف۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ جَنَّاتِ (جَنَّةٌ کی جمع۔باغات۔جنت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مَسَاكِنَ کی صفت ثانی۔مضاف۔ عَدْنٍ:(ہمیشہ سرسبز و شاداب رہنے والی۔)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رِضْوَانٌ:(راضی ہونا۔خوشنودی۔رضامندی)کا لفظ رضائے الٰہی کے لئے مخصوص۔جنت کے فرشتے کا نام بھی کہا جاتا ہے۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً رِضْوَانٌ کی صفت مرفوع۔أَكْبَرُ:(سب سے بڑی)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔مرکب : (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔برائے حصر۔الْفَوْزُ:(کامیابی)خبر مرفوع۔موصوف۔ الْعَظِيْمُ:(بہت بڑی) صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے بہشتوں کا وعدہ کیا ہے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہیں گے اور بہشت ہائے جاودانی میں نفیس مکانات کا(وعدہ کیا ہے) اور اللہ کی رضامندی تو سب سے بڑھ کر نعمت ہے یہی بڑی کامیابی ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۳﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(جو بھی۔جونسا)منادیٰ۔تقدیراً منصوب۔مضاف هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔النَّبِيُّ :(خبر دینے والا)بدل أَيُّ منادیٰ کا۔جَاهِدِ:(جہاد کرو۔جنگ کرو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعله۔ صیغہ۔جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔ مصدر۔ مُجَاهَدَةٌ۔(جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ھ د)صیغہ۔جَهَدَ يَجْهَدُ۔مصدر۔ جَهْدًا۔ (کوشش

کرنا)۔ اَلْكُفَّارَ:(كَافِرٌ کی جمع کافروں سے)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَلْمُنَافِقِيْنَ:(اَلْمُنَافِقُ کی جمع۔دو مونہوں والوں سے ۔دوغلوں سے)معطوف۔منصوب۔علامت۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اُغْلُظْ:(ڈنڈا دیں۔سختی کریں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(غ ل ظ) صیغہ۔ غَلَظَ يَغْلُظُ۔مصدر۔غِلْظٌ ۔ غِلْظَةٌ۔(سختی کرنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَأْوٰا:(ٹھکانہ)اصلاً مَأْوٰى رسم الخط۔تھا۔ظرف مکان۔مبتداء مرفوع۔ضمہ تقدیراً۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ جَهَنَّمُ :(دوزخ) خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بِئْسَ:(بہت برا)حرف ذم۔فعل جامد۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ اَلْمَصِيْرُ :(ٹھکانہ۔لوٹنے کی جگہ)ظرف مکان۔جملہ محلاً خبر مقدم۔مبتداءمؤخر محذوف۔

ترجمہ آیت:اے پیغمبر! کافروں اور منافقوں سے لڑو۔اور ان پر سختی کرو۔اور ان کاٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْۤا اِلَّاۤ اَنْ اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِى الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۷۴﴾

يَحْلِفُوْنَ:(حلف اٹھاتے ہیں۔قسم کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ل ف)صیغہ۔حَلَفَ يَحْلِفُ۔مصدر۔حَلْفٌ۔(حلف اٹھانا۔قسم کھانا)۔بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہ)اسم مجرور۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ قَالُوْا: (انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔ضرور)لائے موطئة للقسم برائے تاکید۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔: (اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔

قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ كَلِمَةَ:(بات۔کلمہ۔قانون)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔الْكُفْرِ:(انکار۔کفر)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كَفَرُوْا :(انہوں نے انکار کیا۔کفر کیا)فاعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔إِسْلَامِ :(اسلام)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هَمُّوْا:(انہوں نے ارادہ کیا۔ قصد کیا۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ھ م م)مضاعف۔صیغہ۔هَمَّ يَهُمُّ۔مصدر۔هَمَّ ۔ مَهَمَّةٌ۔(ارادہ کرنا۔عزم کرنا)بِمَا:(جو کچھ):(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَنَالُوْا:(وہ حاصل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ی ل)اجوف یائی۔صیغہ۔نَالَ يَنَالُ۔مصدر۔نَيْلٌ۔(پانا۔پہنچنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا: (نہیں)نافیہ۔ نَقَمُوْا: (انہوں نے انتقام لیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ن ق م) صیغہ۔نَقَمَ يَنْقِمُ۔ مصدر۔نَقْمًا۔(بدلہ لینا۔انتقام لینا۔سزا دینا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَنْ:(کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔ أَغْنَا:(ہم نے غنی کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔صیغہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَغْنٰى يُغْنِيْ۔مصدر۔إِغْنَاءٌ۔(بے پرواہ ہونا۔غنی ہونا۔امیر ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ن ی)ناقص یائی۔صیغہ۔غَنِيَ يَغْنٰى۔مصدر۔غَنَاءٌ۔(بے پرواہ ہونا۔بسنا۔آباد ہونا۔مالدار ہونا)۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رَسُوْلُ: (پیغمبر)معطوف مرفوع۔مضاف۔هٗ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔فَضْلِ:(فضل۔مہربانی۔ضرورت سے زیادہ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔يَتُوْبُوْا:(وہ توبہ کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی

مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ ۔تَابَ یَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔اگر بعد میں حرف جار عَلَي ہو تو اس کا ترجمہ ۔(توبہ قبول کرنا۔توجہ دینا۔مہربان ہونا۔)۔یَكُ :()اصلاً یَكُوْنُ تھا۔مجزوم ہونے کی وجہ سے نون محزوف۔ ہوا۔ حرف علت بھی مجزوم ہونے سے ساقط ہو گیا۔ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ خَیْرًا:(بہتر۔بھلا۔اچھا) كَانَ کی خبر منصوب۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِنْ:()حرف شرط۔جازم فعل شرط۔یَتَوَلَّوْا:(وہ منہ پھیر لیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم فعل شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیٌ۔ (مدد کرنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب حسب۔ مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔ مصدر۔وَلْیًا۔(پھرنا)۔ یُعَذِّبْ:(وہ عذاب کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل ۔ صیغہ عَذَّبَ یُعَذِّبُ۔ مصدر۔ تَعْذِیْبٌ۔(عذاب دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ذ ب)صیغہ۔عَذُبَ یَعْذُبُ۔عُذُوْبَةً۔(مزیدار کھانا۔میٹھا۔هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَ هَذَا مَلْحٌ اُجَاجٌ)"یہ میٹھی نہر ہے اور وہ کڑوی کسیلی"۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔عَذَابًا: (عذاب) منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔ أَلِیمًا:(دردناک۔دکھ والا)۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔ فِيْ : (میں)حرف جار۔الدُّنْیَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْآخِرَةِ :(قیامت۔آخرت)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔فِيْ :(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ: (زمین)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ وَلِيٍّ:(کوئی مددگار۔کوئی دوست۔کوئی حامی) مبتداء مؤخر مرفوع۔محلاًلفظاًمجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ)نافیہ۔زائدہ۔نَصِیْرٍ:(کوئی مدد کرنے والا۔بچانے والا)۔معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: یہ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ انہوں نے (تو کچھ) نہیں کہا حالانکہ انہوں نے کفر کا کلمہ کہا ہے اور یہ اسلام لانے کے بعد کافر ہو گئے ہیں اور ایسی بات کا قصد کر چکے ہیں جس پر قدرت نہیں پا سکے۔ اور انہوں نے (مسلمانوں میں) عیب ہی کون سا دیکھا ہے سوا اس کے کہ اللہ نے اپنے فضل سے اور اس کے پیغمبر نے (اپنی مہربانی سے) ان کو دولت مند کر دیا ہے۔ تو اگر یہ لوگ توبہ کر لیں تو ان کے حق میں بہتر ہو گا۔ اور اگر منہ پھیر لیں تو ان کو دنیا اور آخرت میں دکھ دینے والا عذاب دے گا اور زمین میں ان کا کوئی دوست اور مددگار نہ ہو گا۔

وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنۡ اٰتٰٮنَا مِنۡ فَضۡلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوۡنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيۡنَ ﴿۷۵﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مِنۡ: (سے) حرف جار۔ تبعیضیہ۔ هُمۡ: (ان میں) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَنۡ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ عَاهَدَ: (اس نے عہد کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ عَاهَدَ يُعَاهِدُ۔ مصدر۔ مُعَاهَدَةٌ۔ (عہد کرنا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا) ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ھ د) صیغہ۔ عَهِدَ يَعۡهَدُ۔ مصدر۔ عَهۡدٌ۔ (عہد کرنا۔ وعدہ کرنا)۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) منصوب مفعول بہٖ۔ لَئِنۡ: (البتہ اگر) مرکب: (لَ + اِنۡ) حرف تاکید موطئۃ للقسم۔ + حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ اٰتٰنَا: (اس نے دیا) اصلاً اٰتٰی + نَا تھا۔ بوجہ اتصال۔ ی۔ کو الف میں بدل دیا گیا۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ نَا: (ہم کو) ضمیر جمع متکلم۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَی يَاتِیۡ۔ مصدر۔ اِتۡيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ مِنۡ: (سے) حرف جار۔ فَضۡلِ: (فضل۔ مہربانی۔ ضرورت سے زیادہ) اسم مجرور۔ مضاف۔ هٖ: (وہ۔ اپنے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ: (البتہ۔ یقیناً) لائے تاکید۔ واقعہ برائے جواب قسم۔ نَصَّدَّقَنَّ: (ہم ضرور بالضرور صدقہ دیں گے) اصلاً نَتَصَدَّقَنَّ تھا۔ ت اور ص قریب المخرج ہونے کی وجہ سے ادغام کیا گیا۔ فعل مضارع جمع متکلم۔ مؤکد با نون ثقیلہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَصَدَّقَ يَتَصَدَّقُ۔ مصدر۔ تَصَدُّقٌ۔ (خیرات کرنا۔ صدقہ دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب

نصر۔مادہ(ص د ق)صیغہ۔صَدَقَ یَصۡدُقُ۔مصدر۔صَدۡقًا۔ صِدۡقًا ۔(سچ بولنا۔) وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ:(البہ۔یقیناً)لائے تاکید۔ واقعہ برائے جواب قسم۔نَکُوۡنَنَّ :(ہم ضرور بالضرور ہو جائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔ کَوۡنًا۔ (ہونا) ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ کسرہ برائے اتصال مابعد۔ الصّٰلِحِیۡنَ :(نیکی کرنے والوں۔نیکوکاروں)اسم مجرور۔ محلاًجملہ کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اوران میں سے بعض ایسے ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر وہ ہم کو اپنی مہربانی سے (مال) عطا فرمائے گا تو ہم ضرور خیرات کیا کریں گے اور نیک کاروں میں ہو جائیں گے۔

فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ بَخِلُوۡا بِهٖ وَتَوَلَّوۡا وَّهُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۷۶﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔آتَا:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیَ یَاتِیۡ۔ مصدر۔اِتۡیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔فَضۡلِ:(فضل۔مہربانی۔ضرورت سے زیادہ)اسم مجرور ۔مضاف۔هِ:(وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَخِلُوۡا:(انہوں نے بخیلی کی۔انہوں نے کنجوسی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب خ ل)صیغہ۔بَخِلَ یَبۡخَلُ۔مصدر۔بُخۡلٌ۔(کنجوسی کرنا۔ بخیلی کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَوَلَّوۡا:(انہوں نے منہ پھیرا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیٌ۔ (مدد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب حسب۔مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیۡ۔مصدر۔ وَلۡیًا ۔ (پھرنا)۔وَّ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمۡ:(وہ ہی)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔مرفوع۔ مُّعۡرِضُوۡنَ:

(اعراض برتنے والے۔روگردانی کرنے والے۔منہ موڑنے والے۔)اسم فاعل مرفوع۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: لیکن جب اللہ نے ان کو اپنے فضل سے (مال) دیا تو اس میں بخل کرنے لگے اور (اپنے عہد سے) روگردانی کرکے پھر بیٹھے۔

فَأَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِي قُلُوبِهِمْ إِلَىٰ يَوْمِ يَلْقَوْنَهُ بِمَا أَخْلَفُوا اللَّهَ مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ﴿٧٧﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔أَعْقَبَ:(اس نے سزاء دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْقَبَ يُعْقِبُ۔مصدر۔اِعْقَابٌ۔(سزا دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔نصر۔مادہ(ع ق ب)صیغہ ۔عَقَبَ يَعْقِبُ۔مصدر۔عَقْبًا۔(ایڑی مارنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ نِفَاقًا:(منافقانہ)منصوب۔مفعول ثانی۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔ قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دل)اسم مجرور۔مضاف ۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَى :(طرف۔تک)حرف جار۔يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ يَلْقَوْنَ:(وہ ملاقات کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَلْقٰى يَلْقٰى۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لُقْيًا۔لُقِيًّا۔لُقًى۔لُقْيًا۔(ڈالنا۔نیچے رکھنا)۔ هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِمَا :(جو کچھ)مرکب۔:(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔مصدریہ۔ أَخْلَفُوْا:(انہوں نے خلاف ورزی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْلَفَ يُخْلِفُ۔مصدر۔اِخْلَافٌ۔ (خلاف ورزی کرنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر۔خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔ مفعول بہ۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول ثانی۔ وَعَدُوْ:(انہوں نے وعدہ کیا)فعل

ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع ۔ الف فارقہ محذوف۔ بوجہ اتصال مابعد۔ هُ :(اس سے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب۔:(بِ+مَا) حرف جار۔+ اسم موصول۔ مبنی برسکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مصدریہ۔ کَانُوْا:(وہ تھے۔وہ ہیں) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ یَکْذِبُوْنَ:(وہ جھوٹ بولتے تھے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ کَذَبَ یَکْذِبُ۔ مصدر۔ کِذْبًا۔ کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: تواللہ نے اس کا انجام یہ کیا کہ اس روز تک کے لیے جس میں وہ اللہ کے روبرو حاضر ہوں گے ان کے دلوں میں نفاق ڈال دیا اس لیے کہ انہوں نے اللہ سے جو وعدہ کیا تھا اس کے خلاف کیا اور اس لیے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے

أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ وَأَنَّ اللَّهَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ﴿٧٨﴾

أَ:(کیا) حرف استفہام۔ لَمْ:(نہ) حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ یَعْلَمُوْا:(انہوں نے جانا) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ یَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ أَنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ یَعْلَمُ:()وہ جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ محل اعراب مضموم۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ یَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا)۔ سِرَّ:(راز۔ بھید۔ دل کی بات) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔ هُمْ :(ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ نَجْوَا:(انہوں نے کانا پھوسی کی۔ سرگوشی کی) معطوف منصوب تقدیراً مفتوح۔ اصلاً رسم الخط نَجْوٰی تھا۔ برائے اتصال۔ ی۔ کو الف سے بدل دیا گیا۔ مضاف۔ هُمْ : (ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔

اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَّامُ :(خوب جاننے والا۔)مبالغہ۔ أَنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ الْغُيُوْبِ :(الْغَيْبُ کی جمع۔پوشیدہ چیزیں) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کیاان کو معلوم نہیں کہ اللہ ان کے بھیدوں اور مشوروں تک سے واقف ہے اور یہ کہ وہ غیب کی باتیں جاننے والا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾

الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع مبتداء۔يَلْمِزُوْنَ:(وہ طعنہ زنی کرتے ہیں۔ الزام لگاتے ہیں)الْمُطَّوِّعِيْنَ:(رضاکار)منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد بوجہ التقائے ساکنین۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایماندار)اسم فاعل۔جمع مذکر ۔محلاًاسم مجرور۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔الصَّدَقَاتِ:(صدقات۔خیرات)اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب معطوف بر الْمُطَّوِّعِيْنَ ۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔يَجِدُوْنَ:(وہ نہیں پاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع ۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔وُجُوْدٌ۔ (پانا)۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ جُهْدَ:(جہاد۔سخت محنت۔مزدوری۔مشقت۔کوشش)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ يَسْخَرُوْنَ: (تمسخر اڑاتے ہیں۔مذاق کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س خ ر)صیغہ۔سَخِرَ يَسْخَرُ۔مصدر۔سَخْرٌ۔(تمسخر اڑانا۔مذاق اڑانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔ سَخِرَ:(اس نے مذاق اڑایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س خ ر)صیغہ۔سَخِرَ يَسْخَرُ۔مصدر۔سَخْرٌ۔(تمسخر اڑانا۔

مذاق اڑانا)۔ اللّٰہُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً مبتداء اَلَّذِیۡنَ کی خبر مرفوع۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ھُمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔ھُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ عَذَابٌ:(عذاب۔سزاء)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔موصوف۔ اَلِیۡمٌ:(دردناک۔دکھ والا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:جو(ذی استطاعت) مسلمان دل کھول کر خیرات کرتے ہیں اور جو(بے چارے غریب صرف اتناہی کماسکتے ہیں جتنی مزدوری کرتے(اور تھوڑی سی کمائی میں سے خرچ بھی کرتے) ہیں ان پر جو(منافق) طعن کرتے ہیں اور ہنستے ہیں۔اللہ ان پر ہنستا ہے اور ان کے لیے تکلیف دینے والا عذاب(تیار) ہے۔

اِسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ اَوۡ لَا تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ ؕ اِنۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ سَبۡعِيۡنَ مَرَّةً فَلَنۡ يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَهُمۡ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَفَرُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ ﴿۸۰﴾

اِسۡتَغۡفِرۡ:(تو مغفرت کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسۡتَغۡفَرَ یَسۡتَغۡفِرُ۔ مصدر۔اِسۡتِغۡفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغۡفِرُ۔مصدر۔غُفۡرَانٌ۔ مَغۡفِرَۃٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ھُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔اَوۡ:(یا)حرف عطف۔برائے تخییر۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَسۡتَغۡفِرۡ:(تو مغفرت کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسۡتَغۡفَرَ یَسۡتَغۡفِرُ۔مصدر۔اِسۡتِغۡفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغۡفِرُ۔مصدر۔غُفۡرَانٌ۔ مَغۡفِرَۃٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ھُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ اِنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ تَسۡتَغۡفِرۡ:(تو مغفرت کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم فعل شرط۔محلاً اعراب مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسۡتَغۡفَرَ یَسۡتَغۡفِرُ۔ مصدر۔

اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ سَبْعِيْنَ:(ستّر 70)اسم عدد۔منصوب۔علامت ۔ی۔ مَرَّةً:(مرتبہ ۔بار)منصوب۔تمیز۔ فَ: (پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن ناصب مضارع۔بمعنی مستقبل۔ يَغْفِرَ: (وہ مغفرت کرے گا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَةٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً فعل جواب شرط مجزوم۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ كَفَرُوْا :(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر۔واؤ جمع الف فارقہ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔شبہ جملہ محلاً مبتداء ذٰلِكَ کی خبر مروع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلِ: (پیغمبر) معطوف مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔يَهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے۔راہنمائی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب تقدیراً مضموم۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ قَوْمَ :(لوگوں کو۔قوم کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔موصوف۔ الْفَاسِقِيْنَ:(نافرمانی کرنے والوں کو)اسم فاعل جمع مذکر ۔محلاً صفت منصوب۔ تابع موصوف۔محلاًجملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تم ان کے لیے بخشش مانگو یا نہ مانگو۔(بات ایک ہے)۔اگر ان کے لیے ستّر دفعہ بھی بخشش مانگو گے تو بھی اللہ ان کو نہیں بخشے گا۔یہ اس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے کفر کیا۔اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ۭ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۭ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۱﴾

فَرِحَ :(وہ خوش ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ يَفْرَحُ۔مصدر۔فَرْحٌ۔(خوش ہونا۔ فرحت محسوس کرنا)۔الْمُخَلَّفُوْنَ:(پیچھے رہنے والے)اسم مفعول۔مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَقْعَدِ:(بیٹھنے کی جگہ۔سیٹ)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ خِلَافَ:(پیچھے۔خلاف)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔رَسُولِ:(پیغمبر)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَرِهُوْا:(انہوں نے ناپسند کیا۔نفرت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ک ر ھ)صیغہ ۔كَرِهَ يَكْرَهُ۔مصدر۔كَرْهاً۔(نفرت کرنا۔ناپسند کرنا۔ناخوش ہونا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُجَاهِدُوْا:(وہ جہاد کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔مصدر۔مُجَاهَدَةٌ۔(جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ھ د)صیغہ۔جَهَدَ يَجْهَدُ۔مصدر۔جَهْدًا۔(کوشش کرنا)۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔أَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع ۔جانوں سے)معطوف مجرور۔مضاف۔هِمْ:(اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِيْ:(میں)حر جار۔ سَبِيْلِ: (راہ) اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل

ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لَا :(نہ)ناہیہ۔تَنفِرُوْا:(تم کوچ کرو۔ نکل جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ر)صیغہ۔نَفَرَ یَنْفِرُ۔ مصدر۔نُفُوْرٌ۔(نکلنا۔کوچ کرنا۔آگے بڑھنا)۔فِیْ :(میں)حرف جار۔الْحَرِّ:(گرمی)اسم مجرور۔ قُلْ :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔نَارُ:(آگ)مرفوع مبتداء ۔مضاف۔ جَهَنَّمَ:(دوزخ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بالفتحہ۔ أَشَدُّ:(بہ زیادہ)اسم تفضیل۔خبر مرفوع۔ حَرًّا :(گرمی)منصوب۔تمیز۔لَّوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ كَانُوا:(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَفْقَهُوْنَ:(وہ غور کرتے ہیں۔سوچتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ق ھ)صیغہ۔فَقِهَ يَفْقَهُ۔مصدر۔فِقْهٌ۔(غور کرنا۔سمجھنا)۔

ترجمہ آیت:جولوگ(غزوۂ تبوک میں) پیچھے رہ گئے وہ پیغمبر اللہ(کی مرضی) کے خلاف بیٹھے رہنے سے خوش ہوئے اور اس بات کو ناپسند کیا کہ اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کریں۔اور(اوروں سے بھی) کہنے لگے کہ گرمی میں مت نکلنا۔ (ان سے) کہہ دو کہ دوزخ کی آگ اس سے کہیں زیادہ گرم ہے۔کاش یہ (اس بات) کو سمجھتے

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لْ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔يَضْحَكُوْا:(وہ ہنسیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ض ح ک)صیغہ ۔ضَحِكَ يَضْحَكُ۔مصدر۔ضَحْكٌ۔(ہنسنا)۔ قَلِيلاً:(بہت کم۔بہت تھوڑا)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔لْ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔يَبْكُوْا:(وہ روئیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔واؤ جمع

الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب ک ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَکٰی یَبْکِیْ۔مصدر۔بَکَاءٌ۔(رونا)۔ کَثِیْرًا:(بہت زیادہ)صفت مشبة۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ جَزَاءً:(بدلہ۔جزاء۔سزاء۔)منصوب۔مفعول لہٗ۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ کَانُوْا:(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ یَکْسِبُوْنَ:(وہ کماتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔ محلاً جملہ کَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ک س ب)صیغہ۔کَسَبَ یَکْسِبُ۔مصدر۔کَسْبًا۔(کمانا)۔

ترجمہ آیت: یہ (دنیامیں) تھوڑا سا ہنس لیں اور (آخرت میں) ان کو ان اعمال کے بدلے جو کرتے رہے ہیں بہت سارونا ہو گا۔

فَاِنْ رَّجَعَکَ اللّٰهُ اِلٰی طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْکَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِیَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِیَ عَدُوًّا ؕ اِنَّکُمْ رَضِیْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِیْنَ ﴿۸۳﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ رَّجَعَ:(وہ لوٹا۔وہ رجوع کرے)۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ یَرْجِعُ۔مصدر۔رُجُوْعٌ۔(رجوع کرنا۔لوٹنا)۔کَ:(آپ کے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ اِلٰی:(طرف)حرف جار۔ طَآئِفَةٍ:(گروہ۔جماعت۔ٹولہ)اسم مرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اسْتَأْذَنُو:(آپ اجازت دیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَاْذَنَ یَسْتَاْذِنُ۔مصدر۔اِسْتِیْذَانٌ۔(اجازت طلب کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذِنَ یَاْذَنُ۔مصدر۔اِذْنٌ۔(اجازت دینا)۔کَ:(آپ سے)ضمیر واحد مذکر

حاضر۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔اَلْخُرُوْجِ:(نکلنے کے)اسم مجرور۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔قُلْ:(آپ کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَّنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن ناصب مضارع۔بمعنی مستقبل۔ تَخْرُجُوْا:(تم نکلوگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔ مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔مَعِ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔مضاف۔یَ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَبَدًا:(ہمیشہ ہمیشہ۔کبھی بھی)ظرف زمان۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن ناصب مضارع۔بمعنی مستقبل۔تُقَاتِلُوْا:(تم لڑو۔تم جنگ کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف ۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔ قَاتَلَ یُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَۃٌ۔(باہم جھگڑنا۔جنگ کرنا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔ مَعِ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔یائے متکلم۔مضاف۔یَ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَدُوًّا:(دشمن) منصوب۔ مفعول بہ۔اِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ رَضِیْتُمْ:(تم راضی ہوگئے۔تم خوش ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِیَ یَرْضٰی۔مصدر۔ رِضْوًا۔رِضَاءٌ۔ (خوشنودی۔ پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اَلْقُعُوْدِ:(بیٹھ رہنے پر)مصدر۔اسم مجرور۔ اَوَّلَ :(پہلی) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔مَرَّۃٍ :(مرتبہ۔بار۔)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔اُقْعُدُوْا : (تم بیٹھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم ۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ع د)صیغہ۔قَعَدَ یَقْعُدُ۔مصدر۔قُعُوْدٌ۔(بیٹھنا)۔مَعَ :(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔اَلْخَالِفِیْنَ: (پیچھے رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: پھر اگر اللہ تم کو ان میں سے کسی گروہ کی طرف لے جائے اور وہ تم سے نکلنے کی اجازت طلب کریں تو کہہ دینا کہ تم میرے ساتھ ہر گز نہیں نکلو گے اور نہ میرے ساتھ (مددگار ہوکر) دشمن سے لڑائی کرو گے۔ تم پہلی دفعہ بیٹھ رہنے سے خوش ہوئے تو اب بھی پیچھے رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُصَلِّ:(تو دعا کر۔صلوٰۃ ادا کر۔بھلائی کے لئے دعا کرنا)اصلاً تُصَلِّيُ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین حرف علت محذوف۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَلّٰى يُصَلِّيُ۔مصدر۔صَلَاةٌ۔تَصْلِيَةٌ۔(دعا کرنا۔صلوٰۃ ادا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ص ل ی)ناقص یائی۔صَلٰى يَصْلِيُ۔مصدر۔صَلْيًا۔(آگ میں ڈالنا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ أَحَدٍ: (کسی پر۔)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت مجرور۔ مَّاتَ:(وہ مر گیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔مَوْتٌ۔(مرنا)۔ أَبَدًا:(ہمیشہ)ظرف زمان۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقُمْ:(تو کھڑا ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)اجوف واوی۔صیغہ ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔قِيَامٌ۔ (کھڑ ہونا)۔عَلَىَ:(پر)حرف جار۔قَبْرِ:(قبر پر)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ: (ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔مضاف۔هٖ

:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَاتُوْا: (وہ مرگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہی)ضمیر منفصل۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ فَاسِقُوْنَ:(نافرمانی کرنے والے)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت:اور(اے پیغمبر) ان میں سے کوئی مر جائے تو کبھی اس(کے جنازے) پر نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر(جا کر) کھڑے ہونا۔ یہ اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کرتے رہے اور مرے بھی نافرمان(ہی مرے۔

وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تُعْجِبْ:(تو حیران ہو۔ تعجب میں پڑ)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْجَبَ يُعْجِبُ۔مصدر۔اِعْجَابٌ۔(تعجب میں ڈالنا۔ حیرت میں ڈالنا۔ اترانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ب)عَجِبَ يَعْجَبُ۔مصدر۔عَجَبًا۔عُجْبًا۔(پسند کرنا)۔ كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔أَمْوَالُ:(مال و دولت)فاعل مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَوْلَادُ:(اولاد)معطوف مرفوع۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّمَا :(درحقیقت۔ صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔ مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ يُرِيْدُ:(وہ ارادہ کرتا ہے۔چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُّعَذِّبَ:(وہ عذاب دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ عَذَّبَ يُعَذِّبُ۔ مصدر۔ تَعْذِيْبٌ۔(عذاب دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ذ ب)صیغہ۔عَذُبَ يَعْذُبُ۔عُذُوْبَةٌ۔(مزیدار

کھانا۔میٹھا۔هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَ هَذَا مَلْحٌ أُجَاجٌ)"یہ میٹھی نہر ہے اور وہ کڑوی کسیلی"۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ۔سے)هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔فِيْ:(میں)حرف جار۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَزْهَقَ:(وہ نکلے)فعل مضارع معطوف منصوب۔واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ز ھ ق) صیغہ۔زَهَقَ يَزْهَقُ۔مصدر۔زُهُوْقٌ۔(نکلنا۔مٹنا)۔ أَنْفُسُ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانیں)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ: (وہی)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَافِرُوْنَ:(انکار کرنے والے۔کافر)اسم فاعل۔ مرفوع۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔محلاًجملہ منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:ان کے اولاد اور مال سے تعجب نہ کرنا۔ان چیزوں سے اللہ یہ چاہتا ہے کہ ان کو دنیا میں عذاب کرے اور(جب) ان کی جان نکلے تو(اس وقت بھی) یہ کافر ہی ہوں۔

وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۸۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذَآ:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔أُنْزِلَتْ:(وہ اتاری گئی)فعل ماضی مجہول۔ واحد مؤنث غائب۔علامت تائے مبسوط تانیث ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ أَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔ مصدر۔ اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ سُوْرَةٌ:(سورت)نائب فاعل۔مرفوع۔أَنْ :(کہ)حرف تفسیر۔آمِنُوْا:(تم ایمان لاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ أَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَاهِدُوْا:(جہاد

کرو۔جنگ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔ مصدر۔مُجَاهَدَةٌ۔(جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ھ د)صیغہ۔جَهَدَ يَجْهَدُ۔مصدر۔ جَهْدًا۔ (کوشش کرنا)۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔رَسُوْلِ:(پیغمبر)مجرور مضاف الیہ۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اسْتَأْذَنَ:(اس نے اجازت طلب کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَاذَنَ يَسْتَاذِنُ۔مصدر۔اِسْتِيْذَانٌ۔(اجازت طلب کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذِنَ يَاذَنُ۔ مصدر۔اِذْنٌ۔(اجازت دینا)۔ كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔أُولُوا:(والے)از ستّہ مکبرہ۔فاعل مرفوع۔ مضاف۔الطَّوْلِ: (دولت۔مال)مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ ذَرْ:(تو چھوڑ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (و ذ ر)مثال واوی۔صیغہ۔وَذَرَ يَذِرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔(چھوڑ دینا)۔نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہ۔نَكُنْ:(ہم ہو جائیں)اصلاً نَكُوْنُ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت واؤ محذوف۔ فعل مضارع جمع متکلم۔مجزوم۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مَّعَ : (ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔الْقَاعِدِيْنَ:(بیٹھنے والے)مجرور مضاف الیہ۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کے ساتھ ہو کر لڑائی کرو تو جو ان میں دولت مند ہیں وہ تم سے اجازت طلب کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں تو رہنے ہی دیجئے کہ جو لوگ گھروں میں رہیں گے ہم بھی ان کے ساتھ رہیں۔

رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۷﴾

رَضُوْا :(وہ راضی ہوگئے۔وہ خوش ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِیَ یَرْضٰی۔مصدر۔رِضْوًا۔رِضَاءٌ۔(خوشنودی۔پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یَّکُوْنُوْا:(وہ ہوجائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔مَعَ :(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔ الْخَوَالِفِ:(پیچھے رہنے والے)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔طُبِعَ :(مہر لگا دی گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ط ب ع)صیغہ۔طَبَعَ یَطْبَعَ۔مصدر۔ طَبْعٌ۔(مہر لگانا)۔عَلَی :(پر)حرف جار۔قُلُوْبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔هُمْ: (وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔یَفْقَهُوْنَ:(وہ غور کرتے ہیں۔سوچتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ق ہ)صیغہ۔فَقِهَ یَفْقَهُ۔مصدر۔فِقْهٌ۔(غور کرنا۔سمجھنا)۔

ترجمہ آیت:یہ اس بات سے خوش ہیں کہ عورتوں کے ساتھ جو پیچھے رہ جاتی ہیں۔(گھروں میں بیٹھ) رہیں ان کے دلوں پر مہر لگادی گئی ہے تو یہ سمجھتے ہی نہیں۔

لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾

لٰکِنِ:(لیکن)حرف استدراک۔الرَّسُوْلُ:(پیغمبر)مبتداء مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً معطوف مرفوع۔آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب

سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف الیہ۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔جَاهَدُوْا:(انہوں نے جہاد کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔جَاهَدَ یُجَاهِدُ۔ مصدر۔ مُجَاهَدَةٌ۔(جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ھ د)صیغہ۔جَهَدَ یَجْهَدُ۔مصدر۔ جَهْدًا۔ (کوشش کرنا)۔ بِ: (ساتھ۔سے)حرف جار۔أَمْوَالِ:(مال و اسباب)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانیں)معطوف مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔محلاً شبہ جملہ خبر مقدّم مرفوع۔ الْخَيْرَاتُ :(خیرات۔نیکیاں)مبتداء مرفوع۔ جملہ محلاً مبتداءأُوْلَئِكَ کی خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ الْمُفْلِحُوْنَ:(کامیاب ہونے والے۔)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: لیکن پیغمبر اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے سب اپنے مال اور جان سے لڑے۔انہیں لوگوں کے لیے بھلائیاں ہیں۔اور یہی مراد پانے والے ہیں۔

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۸۹﴾

أَعَدَّ:(اس نے تیار کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَعَدَّ یُعِدُّ۔ مصدر۔اِعْدَادٌ۔(تیاری کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ یَعُدُّ۔مصدر۔ عَدًّا۔ تَعْدَادًا۔(گننا۔گمان کرنا۔ عَدَدْتُ زَیْدًا صَادِقًا" میں نے زید کو سچا سمجھا۔گمان کیا"۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ جَنَّاتٍ:(جَنَّةٌ کی

جمع۔باغات۔ جنتیں)منصوب بالکسرہ مفعول بہ۔تَجْرِي:(وہ بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ مرفوع تقدیراً مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی یَجْرِیْ۔مصدر۔ جِرْیَانٌ۔ (بہنا۔جاری ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْاَنْهَارُ:(نَهْرٌ کی جمع۔دریا۔نہریں)فاعل جمع مذکر۔ خَالِدِيْنَ :(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والیاں)منصوب۔علامت ی۔حال۔فِيْ :(میں)حرف جار۔هَا: (اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکرغائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔الْفَوْزُ:(کامیابی)خبر مرفوع۔موصوف۔ الْعَظِيْمُ :(بہت بڑی)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اللہ نے ان کے لیے باغات تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ہمیشہ ان میں رہی گے۔یہ بڑی کامیابی ہے۔

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَ قَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔الْمُعَذِّرُوْنَ:(بہانے بنانے والے۔عذر پیش کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔الْاَعْرَابِ:(الْعَرْبُ کی جمع۔دیہاتیوں۔ بدوؤں۔صحرائی لوگ۔ غیر مہذب لوگ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔يُؤْذَنَ:(اجازت دی جائے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذِنَ يَاذَنُ۔مصدر۔اِذْنٌ۔(اجازت دینا)۔لَ:(لئے۔کو)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔

مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَعَدَ:(وہ بیٹھا رہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق ع د)صیغہ۔قَعَدَ یَقْعُدُ۔مصدر۔قُعُوْدٌ۔(بیٹھ رہنا)۔ اَلَّذِیْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً فاعل مرفوع۔کَذَبُوْا:(انہوں نے جھوٹ بولا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ ۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلَ:(پیغمبر)معطوف منصوب۔ مضاف۔ہٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔یُصِیْبُ:(وہ پہنچے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِیْبُ۔ مصدر۔ اِصَابَۃٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔ ضرب۔ مادہ(ص و ب)صیغہ صَابَ یَصُوْبُ۔صَوْبًا۔ مصدر۔ صَوْبًا:(بارش برسنا)۔ اَلَّذِیْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول ۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ کَفَرُوْا :(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔ مصدر۔ کُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔ھُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔عَذَابٌ:(عذاب۔)فاعل مرفوع۔موصوف۔اَلِیْمٌ:(دردناک)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور صحرا نشینوں میں سے بھی کچھ لوگ عذر کرتے ہوئے(تمہارے پاس) آئے کہ ان کو بھی اجازت دی جائے اور جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے جھوٹ بولا وہ(گھر میں) بیٹھ رہے سو جو لوگ ان میں سے کافر ہوئے ہیں ان کو دکھ دینے والا عذاب پہنچے گا۔

لَیْسَ عَلَی الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَی الْمَرْضٰی وَلَا عَلَی الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ مَا یُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ؕ مَا عَلَی الْمُحْسِنِیْنَ مِنْ سَبِیْلٍ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۹۱﴾

لَّيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی جامد۔اس سے دیگر مضارع کے صیغے برآمد نہیں ہوتے۔ناصب خبر۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ الضُّعَفَاءِ:(کمزور لوگ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَّيْسَ کی خبر منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔لَا :(نہ ہی)نافیہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الْمَرْضٰى:(الْمَرِيْضُ کی جمع۔بیمار)اسم مجرور۔وَ: (اور) حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔عَلَى :(پر)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يَجِدُوْنَ:(وہ پاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ وُجُوْدٌ ۔(پانا)۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔يُنفِقُوْنَ:(وہ خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔ سمع۔مادہ(ن ف ق)صیغہ۔نَفَقَ يَنْفِقُ۔مصدر۔ نَفْقٌ۔ (سرنگ نکالنا۔ ختم ہو جانا۔چوہے کا سوراخ سے نکلنا)۔ حَرَجٌ:(نقصان۔ حرج۔ گناہ۔ تنگی)لَّيْسَ کا اسم مرفوع۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔نَصَحُوْا:(انہوں نے نصیحت کی۔بھلائی چاہی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واو جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ص ح)صیغہ۔نَصَحَ يَنْصَحُ۔مصدر۔نَصْحٌ۔(بھلائی چاہنا۔نصیحت کرنا۔) لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے) مرکب ہے۔لام حرف جار۔اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ رَسُوْلِ: (پیغمبر) معطوف مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔عَلَى: (پر)حرف جار۔الْمُحْسِنِيْنَ:(احسان کرنے والے۔نیکی کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔سَبِيْلٍ:(راہ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔غَفُوْرٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: نہ توضعیفوں پر کچھ گناہ ہے اور نہ بیماروں پر نہ ان پر جن کے پاس خرچ موجود نہیں (کہ شریک جہاد نہ ہوں یعنی) جب کہ اللہ اور اس کے رسول کے خیر اندیش (اور دل سے ان کے ساتھ) ہوں۔ نیکو کاروں پر کسی طرح کا الزام نہیں ہے۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۠ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ الَّذِيْنَ: (وہ جن) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ مَا: (جو) زائدہ۔ أَتَوْ: (وہ آئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَی یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَی یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ كَ: (آپ کے پاس) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ: (تاکہ) لام تعلیل۔ ناصب مضارع۔ تَحْمِلَ: (آپ سواری دیں) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ح م ل) صیغہ۔ حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر۔ حَمْلًا۔ حَمْلٌ۔ (اٹھانا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ قُلْتَ: (تو نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ جملہ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ أَجِدُ: (میں پاتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ج د) مثال واوی۔ صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔ مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ وُجُوْدٌ۔ (پانا)۔ مَا: (جس) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَحْمِلُ: (میں سوار کروں) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ح م ل) صیغہ۔ حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر۔ حَمْلًا۔ حَمْلٌ۔ (اٹھانا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ عَلَيَّ:

(پر)حرف جار۔ہِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔تَوَلَّوْا:(انہوں نے منہ پھیرا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیٌ۔(مدد کرنا)۔ثلاثی مجرد ۔ باب حسب۔مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔ مصدر۔ وَلْیًا ۔ (پھرنا)۔وَّ:(حالانکہ)حالیہ۔أَعْيُنُ:(آنکھیں)مبتداء مرفوع۔ مرفوع۔مضاف۔ هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تَفِیْضُ:(بہتی ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفَاضَ یُفِیْضُ ۔مصدر۔اِفَاضَةٌ۔ (بہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ی ض)اجوف یائی۔صیغہ۔فَاضَ یَفِیْضُ۔مصدر۔ فَیْضًا۔ فَیْضَانًا۔ فُیُوْضًا۔فُیُوْضَةً۔فَیْضُوْضَةً۔(پھیل جانا۔بہہ نکلنا۔برتن کا بھر جانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ الدَّمْعِ:(آنسو۔ہنجو۔اشک)اسم مجرور۔ حَزَنًا:(غم۔دکھ)منصوب۔مفعول لہٗ۔ أَ لَّا :(کہ نہیں)مرکب :(أَنْ+ لَّا)مصدریہ ناصب مضارع۔+نافیہ۔یَجِدُوْا:(وہ پاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ یَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ وُجُوْدٌ۔ (پانا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ یُنْفِقُوْنَ:(وہ خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ ۔اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔ سمع۔مادہ(ن ف ق)صیغہ۔نَفَقَ یَنْفِقُ۔ مصدر۔ نَفْقٌ۔ (سرنگ نکالنا۔ ختم ہو جانا۔چوہے کا سوراخ سے نکلنا)۔

ترجمہ آیت:اورنہ ان(بے سروسامان) لوگوں پر(الزام) ہے کہ تمہارے پاس آئے کہ ان کو سواری دواور تم نے کہا کہ میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں جس پر تم کو سوار کروں تو وہ لوٹ گئے اور اس غم سے کہ ان کے پاس خرچ موجود نہ تھا،ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔

اِنَّمَا السَّبِیۡلُ عَلَی الَّذِیۡنَ یَسۡتَاۡذِنُوۡنَکَ وَ ہُمۡ اَغۡنِیَآءُ ۚ رَضُوۡا بِاَنۡ یَّکُوۡنُوۡا مَعَ الۡخَوَالِفِ ۙ وَ طَبَعَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوۡبِہِمۡ فَہُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۹۳﴾

إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب :(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب مضارع۔(جب اس کے ساتھ لگایا جاتا ہے تو اس کا عمل ختم ہو جاتا ہے)۔السَّبِيلُ:(راہ)مبتداء مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ يَسْتَأْذِنُونَ:(وہ اجازت طلب کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَاذَنَ يَسْتَاذِنُ۔مصدر۔اِسْتِيْذَانٌ۔(اجازت مانگنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ (ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَذِنَ يَاذَنُ۔مصدر۔اَذْنًا۔(آواز دینا۔لمبے اور بڑے کانوں والا۔کان لگا کر سننا۔ اجازت دینا)۔كَ:(آپ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔أَغْنِيَاءُ:(امیر۔غنی)خبر مرفوع۔رَضُوا:(وہ راضی ہو گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔جملہ محلاً فعل جواب شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی) ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰى۔مصدر۔ رِضْوًا۔ رِضَاءٌ۔(خوشنودی۔پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَّكُونُوا:(وہ ہو گئے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ الْخَوَالِفِ: (پیچھے رہنے والے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔طَبَعَ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ط ب ع) صیغہ۔طَبَعَ يَطْبَعُ۔مصدر۔ طَبْعٌ۔(مہر لگانا)۔عَلَى :(پر)حرف جار۔قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔

يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واوٌ جمع۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: الزام تو ان لوگوں پر ہے۔ جو دولت مند ہیں اور (پھر) تم سے اجازت طلب کرتے ہیں (یعنی) اس بات سے خوش ہیں کہ عورتوں کے ساتھ جو پیچھے رہ جاتی ہیں (گھروں میں بیٹھ) رہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی ہے پس وہ سمجھتے ہی نہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

آج مورخہ 20 اکتوبر 2019ء کو 10 واں پارہ مکمل ہوا۔

دعا ہے۔ کہ اللہ جل جلالہٗ توفیق عطا کرے تو پورے قرآن مجید کے **الفاظ کی اعرابی حالت** مکمل ہو جائے۔ آمین

11 پارہ یازدہم یَعْتَذِرُوْنَ

يَعْتَذِرُوْنَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ ۚ قُل لَّا تَعْتَذِرُوْا لَن نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللّٰهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ ۚ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهُ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٤﴾

يَعْتَذِرُوْنَ:(وہ عذر پیش کرتے ہیں۔وہ بہانے بناتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِعْتَذَرَ يَعْتَذِرُ۔مصدر۔اِعْتِذَارٌ۔(بہانہ بنانا۔عذر پیش کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ذر)صیغہ۔عَذَرَ يَعْذِرُ۔مصدر۔عَذْرًا۔عُذْرًا۔(لڑکے کا ختنہ کرنا۔گناہوں کا زیادہ ہونا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ رَجَعْتُمْ:(تم واپس لوٹے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔رُجُوْعٌ۔(رجوع کرنا۔ لوٹنا)۔ إِلَيْ:(طرف) حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ قُلْ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَّا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَعْتَذِرُوْا:(تم عذر پیش کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِعْتَذَرَ يَعْتَذِرُ۔مصدر۔اِعْتِذَارٌ۔(بہانہ بنانا۔عذر پیش کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ذ ر)صیغہ۔عَذَرَ يَعْذِرُ۔مصدر۔ عَذْرًا۔عُذْرًا۔(لڑکے کا ختنہ کرنا۔گناہوں کا زیادہ ہونا)۔ لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن ناصب مضارع۔بمعنی مستقبل۔ نُّؤْمِنَ:(ہم ایمان لائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔

لَ:(لئے)حرف اجر۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔نَبَّأَ:(اس نے خبر دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔نَبَّاَ یُنَبِّیُٔ۔مصدر۔ تَنْبِئَةٌ۔(خبر دینا۔خبر کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَاَ یَنْبَاُ۔مصدر۔نَبَاً۔نَبُوْءً۔(خبر دینا۔آہستہ آواز دینا۔دیس نکالا دینا۔ہٹانا۔)۔نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَخْبَارِ:(خبروں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔ يَرَى:(وہ دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا ۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ اللّٰهُ : (اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔عَمَلَ:(اس نے عمل کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلُ:(پیغمبر)معطوف مرفوع۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔تُرَدُّوْنَ:(تم لوٹائے جاؤگے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَرَدَّدَ یَتَرَدَّدُ۔مصدر۔تَرَدَّدٌ۔(تردد کرنا۔بھٹکنا۔ڈانواں ڈول ہونا۔مرتد ہونا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د) مضاعف۔رَدَّ یَرُدُّ مصدر۔رَدًا۔(منع کرنا۔واپس کرنا۔لوٹانا۔بات کو بار بار دہرانا۔جواب دینا)۔إِلَى:(طرف)حرف عطف۔عَالِمِ:(جاننے والا)اسم فاعل۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ الْغَيْبِ:(پوشیدہ۔غائب۔)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّهَادَةِ :(گواہی۔شہادت۔موجود۔حاضر) معطوف مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔يُنَبِّئُ: (وہ خبر دیتا ہے۔آگاہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔تفعیل۔صیغہ۔نَبَّاَ یُنَبِّیُٔ۔ مصدر۔ تَنْبِئَةٌ۔(خبر دینا۔خبر کرنا)ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء) مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَاَ یَنْبَاُ۔ مصدر۔ نَبَاً نَبُوْءً۔(خبر دینا۔آہستہ آواز دینا۔دیس نکالا دینا۔ہٹانا۔)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً

منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ کُنْتُمْ:(تم تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ تَعْمَلُوْنَ :(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔ مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔محلاً کاکَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے تو تم سے عذر کریں گے تم کہنا کہ مت عذر کرو ہم ہر گز تمہاری بات نہیں مانیں گے اللہ نے ہم کو تمہارے سب حالات بتا دیئے ہیں۔اور ابھی اللہ اور اس کا رسول تمہارے عملوں کو (اور) دیکھیں گے پھر تم غائب و حاضر کے جاننے والے (اللہ واحد) کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور جو عمل تم کرتے رہے ہو وہ سب تمہیں بتائے گا۔

سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ إِذَا انقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۖ فَأَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۖ إِنَّهُمْ رِجْسٌ ۖ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٥﴾

سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔یَحْلِفُوْنَ:(وہ قسمیں کھائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ل ف)صیغہ۔حَلَفَ یَحْلِفُ۔مصدر۔حَلْفٌ۔(حلف اٹھانا۔قسم کھانا)۔بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔انْقَلَبْتُمْ:(تم پلٹا دیئے گئے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْقَلَبَ یَنْقَلِبُ۔مصدر۔اِنْقِلَابٌ۔(پلٹنا۔اوپر کا نیچے۔نیچے کا اوپر ہونا۔لوٹ کر جانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ق ل ب)صیغہ۔قَلَبَ یَقْلِبُ۔مصدر۔ قَلْبًا۔(الٹنا پلٹنا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ لِ: (تا کہ)

لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔**تُعْرِضُواْ**:(تم اعراض برتیں۔منہ پھیر لو۔نظر انداز کر دیں)فعل مضارع جمع مذکر منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔**اَعْرَضَ یُعْرِضُ**۔مصدر۔**اِعْرَاضٌ**۔ (منہ پھیرنا۔توجہ ہٹانا۔اعراض کرنا۔درگزر کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ع ر ض)صیغہ۔**عَرَضَ یَعْرِضُ**۔مصدر۔**عَرْضًا**۔(پیش کرنا)۔**عَنْ**:(سے)حرف جار۔**هُمْ**:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ **فَ**:(پس)برائے رابطہ۔**أَعْرِضُوْا**:(تم اعراض برتو۔منہ پھیر لو۔ نظر انداز کر دو۔توجہ ہٹالو)فعل امر جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔**اَعْرَضَ یُعْرِضُ**۔مصدر۔**اِعْرَاضٌ**۔(منہ پھیرنا۔توجہ ہٹانا۔ اعراض کرنا۔درگزر کرنا)ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ع ر ض)صیغہ۔**عَرَضَ یَعْرِضُ**۔مصدر۔**عَرْضًا**۔ (پیش کرنا)۔ **عَنْ**:(سے)حرف جار۔**هُمْ**:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ **إِنَّ**:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب مضارع۔**هُمْ**:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً **إِنَّ** کا اسم منصوب۔**رِجْسٌ**:() **إِنَّ** کی خبر مرفوع۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**مَأْوٰا**:(ٹھکانہ۔جگہ)ظرف مکان۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔**هُمْ**:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔**جَهَنَّمُ**:(دوزخ)خبر مرفوع۔ **جَزَاءً**:(بدلہ)منصوب۔مفعول لہٗ۔ **بِمَا**:(جو کچھ) مرکب: (**بِ**+**مَا**) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ **كَانُوْا**:(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔**كَانَ یَكُوْنُ**۔مصدر۔ **كَوْنًا**۔ (ہونا)۔ **یَكْسِبُوْنَ**:(وہ کماتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ **كَانَ** کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ک س ب)صیغہ۔**كَسَبَ یَكْسِبُ**۔مصدر۔**كَسْبًا**۔(کمانا)۔

ترجمہ آیت: جب تم ان کے پاس لوٹ کر جاؤ گے تو تمہارے روبرو اللہ کی قسمیں کھائیں گے تا کہ تم ان سے درگزر کرو سو اُن کی طرف التفات نہ کرنا۔ یہ ناپاک ہیں اور جو یہ کام کرتے رہے ہیں اس کے بدلہ ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔

یَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا یَرْضٰی عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِیْنَ ﴿۹۶﴾

يَحْلِفُونَ:(وہ قسمیں کھائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ل ف)صیغہ۔حَلَفَ يَحْلِفُ۔مصدر۔حَلْفٌ۔(حلف اٹھانا۔قسم کھانا)۔ لَ: (لئے۔سامنے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔تَرْضَوْا:(آپؐ راضی ہو جائیں۔خوش ہوجائیں۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰی۔مصدر۔رِضْوًا۔رِضَاءٌ۔(خوشنودی۔پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ تَرْضَوْا :(آپؐ راضی ہوجائیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔فعل شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰی۔مصدر۔ رِضْوًا۔ رِضَاءٌ۔ (خوشنودی۔ پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ: (ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَرْضٰى:(وہ راضی ہو جائے) فعل مضارع واحدمذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰی۔مصدر۔ رِضْوًا۔ رِضَاءٌ۔ (خوشنودی۔ پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔محلاًجملہ مجزوم جواب شرط۔ عَنِ :(سے)حرف جار۔الْقَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔موصوف۔ الْفَاسِقِيْنَ :(نافرمانوں کی)اسم فاعل ۔ محلاً صفت مجرور۔علامت ی۔ محلاًکی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:یہ تمہارے آگے قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے خوش ہو جاؤلیکن اگر تم اُن سے خوش ہو جاؤ گے تو اللہ تونافرمان لوگوں سے خوش نہیں ہوتا۔

اَلۡاَعۡرَابُ اَشَدُّ كُفۡرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجۡدَرُ اَلَّا يَعۡلَمُوۡا حُدُوۡدَ مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوۡلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ﴿۹۷﴾

الۡأَعۡرَابُ:(دیہاتی۔صحرائی۔بدو)مبتداء مرفوع۔ أَشَدُّ :(بہت سخت)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ كُفۡرًا:(کفر۔اللہ کے قوانین کے باغی)منصوب۔تمیز۔وَ:(اور)حرف عطف۔نِفَاقًا:(نفاق۔بدسلوکی) معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَجۡدَرُ:(زیادہ مناسب۔زیادہ لائق)افعل التفضیل۔معطوف مرفوع۔ أَشَدُّ۔معطوف علیہ۔أَلَّا:(کہ نہیں)مرکب:(أَنۡ+لَّا)مصدریہ۔ناصب مضارع+نافیہ۔يَعۡلَمُوۡا: (وہ جانیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعۡلَمُ۔مصدر۔عِلۡمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔ حُدُوۡدَ:(حدود۔قوانین۔ احکام)منصوب۔مفعول بہ۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنۡزَلَ:(اس نے اتارا) :(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنۡزَلَ يُنۡزِلُ ۔مصدر۔ اِنۡزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنۡزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوۡلٌ۔ (اترنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔عَلَىٰ:(اوپر۔پر)حرف جار۔ رَسُوۡلِ: (پیغمبر)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔عَلِيۡمٌ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔حَكِيۡمٌ :(خوب دانائی والا۔خوب حکمت والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: دیہاتی لوگ سخت کافر اور سخت منافق ہیں اور اس قابل ہیں کہ جو احکام (شریعت) اللہ نے اپنے رسول پر نازل فرمائے ہیں ان سے واقف (ہی) نہ ہوں۔اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔

وَمِنَ الۡاَعۡرَابِ مَنۡ يَّتَّخِذُ مَا يُنۡفِقُ مَغۡرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيۡهِمۡ دَآئِرَةُ السَّوۡءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۹۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الْاَعْرَابِ:(دیہاتی۔صحرائی۔بدو)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔مرفوع۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔يَّتَّخِذُ :(وہ پکڑ تا ہے)فعل مضارع جمع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ يُنْفِقُ :(وہ خرچ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔سمع۔مادہ(ن ف ق)صیغہ۔نَفَقَ يَنْفِقُ۔ مصدر۔نَفْقٌ۔(سرنگ نکالنا۔ختم ہوجانا۔چوہے کا سوراخ سے نکلنا)۔مَغْرَمًا:(جرمانہ۔تاوان)منصوب۔مفعول ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَتَرَبَّصُ:(وہ انتظار کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَرَبَّصَ يَتَرَبَّصُ۔مصدر۔تَرَبُّصٌ۔(انتظار کرنا)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ر ب ص)صیغہ۔رَبَصَ يَرْبُصُ۔مصدر۔رَبْصاً۔(کسی کے لئے برائی یا بھلائی کا انتظار کرنا۔تکلیف پہنچانے کی تاڑ میں رہنا)۔بِ:(ساتھ۔سے)كُمُ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ الدَّوَائِرَ :(برے وقت۔گردشی زمانہ۔حالات کی تکالیف)منصوب۔مفعول بہٖ عَلَيْ: (پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مقدّم۔ دَآئِرَةُ :(گول چکر۔دائرہ)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔مضاف۔السَّوْءِ:(برا)مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ سَمِيْعٌ :(خوب سننے والا)مبالغہ۔ محلاًخبر مرفوع۔ عَلِيْمٌ: (خوب علم رکھنے والا) مبالغہ۔محلاًخبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور بعض دیہاتی ایسے ہیں کہ جو خرچ کرتے ہیں اسے تاوان سمجھتے ہیں اور تمہارے حق میں مصیبتوں کے منتظر ہیں۔ان ہی پر بری مصیبت (واقع) ہو۔اور اللہ سننے والا(اور) جاننے والا ہے۔

وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَنْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ قُرُبَاتٍ عِندَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ
الرَّسُولِ أَلَا إِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ۚ سَيُدْخِلُهُمُ اللَّهُ فِي رَحْمَتِهِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٩٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الْاَعْرَابِ:(دیہاتی۔صحرائی۔بدو)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔مرفوع۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔يُؤْمِنُ:(وہ ایمان لاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَوْمِ:(دن)معطوف مجرور۔مضاف۔الْآخِرِ :(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَتَّخِذُ:(وہ اختیار کرتا ہے۔پکڑتا ہے۔وہ بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ يُنْفِقُ:(وہ خرچ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔ سمع۔مادہ(ن ف ق)صیغہ۔نَفَقَ يَنْفِقُ۔ مصدر۔نَفْقٌ۔(سرنگ نکالنا۔ختم ہو جانا۔ چوہے کا سوراخ سے نکلنا)۔ قُرُبَاتٍ:(قُرْبٌ کی جمع۔ قربتوں کا ذریعہ)منصوب بالکسرہ۔مفعول بہٖ ثانی۔ عِنْدَ: (پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ صَلَوَاتِ :(صلواتیں۔دعائیں)معطوف مجرور۔مضاف۔الرَّسُوْلِ:(پیغمبر)مجرور مضاف الیہ۔ اَلَا:(خبر دار۔ سنو۔یاد رکھو۔)حرف تنبیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ قُرْبَةٌ:(قربت۔نزدیکی) اِنَّ کی خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔سَ:(جلد ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔

يُدْخِلُ:(وہ داخل کرے گا۔ڈالے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَدْخَلَ يُدْخِلُ۔مصدر۔اِدْخَالٌ۔(ڈالنا۔داخل کرنا)۔ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔ رَحْمَتِ:(رحمت۔مہربانی۔عنایت)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔غَفُوْرٌ :(مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور بعض دیہاتی ایسے ہیں کہ اللہ پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس کو اللہ کی قُربت اور پیغمبر کی دعاؤں کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔دیکھو وہ بے شبہ ان کے لیے (موجب) قربت ہے اللہ ان کو عنقریب اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

وَالسَّابِقُوْنَ الْأَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔السَّابِقُوْنَ:(سبقت لے جانے والے)جمع مذکر۔مبتداء مرفوع۔الْأَوَّلُوْنَ:(پہلے)جمع مذکر۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔الْمُهَاجِرِيْنَ :(مہاجر۔ہجرت کرنے والے) اسم مجرور۔علامت ۔ی۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَنْصَارِ:(مدد کرنے والے) فاعل جمع مذکر۔محلاً معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ معطوف مرفوع۔اتَّبَعُوْ:(انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ محذوف۔برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی

مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِحْسَانٍ:(اچھے طریقے سے۔خوش کن عمل سے)اسم مجرور۔ رَّضِيَ:(وہ راضی ہوا۔وہ خوش ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی) ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰى۔مصدر۔رِضْوًا۔رِضَاءٌ۔(خوشنودی۔پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً السَّابِقُوْنَ مبتداء کی خبر مرفوع عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَضُوْا:(وہ راضی ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰى۔مصدر۔رِضْوًا۔رِضَاءٌ۔(خوشنودی۔پسندیدگی میں بڑھ جانا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَعَدَّ :(اس نے تیار کی)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَعَدَّ يُعِدُّ۔ مصدر۔اِعْدَادٌ۔(تیاری کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ ۔ عَدَّ يَعُدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔تَعْدَادًا۔(گننا۔گمان کرنا۔ عَدَدْتُ زَيْدًا صَادِقًا"میں نے زید کو سچا سمجھا۔گمان کیا"۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر گائب۔ محلاً اسم مجرور۔جَنَّاتٍ:(جَنَّةٌ کی جمع۔ باغات۔)منصوب بالکسرہ مفعول بہٖ۔ تَجْرِيْ:(وہ بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰى يَجْرِيْ۔مصدر۔ جِرْيَانٌ۔(بہنا۔جاری ہونا)۔تَحْتَ: (نیچے)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْأَنْهَارُ:(نَهْرٌ کی جمع۔دریا۔نہریں)فاعل جمع مذکر۔مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ خَالِدِيْنَ: (ہمیشہ ہمیشہ۔لگاتار)منصوب۔علامت۔ی۔حال۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب ۔محلاً اسم مجرور۔ أَبَدًا:(ہمیشہ)ظرف زمان۔ منصوب۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع مبتداء۔الْفَوْزُ:(کامیابی)خبر مرفوع۔ الْعَظِيْمُ :(بہت بڑی)مبالغہ۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں نے سبقت کی (یعنی سب سے) پہلے (ایمان لائے) مہاجرین میں سے بھی اور انصار میں سے بھی۔ اور جنھوں نے نیکوکاری کے ساتھ ان کی پیروی کی اللہ ان سے خوش ہے اور وہ اللہ سے خوش ہیں اور اس نے ان کے لیے باغات تیار کئے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں اور ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے

وَمِمَّنْ حَوْلَكُم مِّنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُونَ ۖ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ ۖ مَرَدُوا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ ۖ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۚ سَنُعَذِّبُهُم مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ إِلَىٰ عَذَابٍ عَظِيمٍ ﴿١٠١﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مِمَّنْ: (اس سے جو) مرکب: (مِنْ+مَّنْ) حرف جار + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ حَوْلَ: (اردگرد) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنَ: (سے) حرف عطف۔ الْأَعْرَابِ: (عَرَبٌ کی جمع۔ دیہاتی۔ صحرائی۔ بدو) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ مُنَافِقُوْنَ: (دو منہ والے۔ دوغلے۔ نفاق کرنے والے۔ دیکھنے میں مسلمان۔ دل میں مخالفت رکھنے والے) جمع مذکر۔ مبتداء مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ تبعیضیہ۔ أَهْلِ: (اہل۔ گھر والے۔ رہنے والے) اسم مجرور۔ مضاف۔ الْمَدِينَةِ: (شہر) مجرور مضاف الیہ۔ مَرَدُوا: () فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتحہ۔ مادہ (م ر د) صیغہ۔ مَرَدَ يَمْرَدُ۔ مصدر۔ مَرْدُوْدٌ۔ (ردّ کئے ہوئے۔ اڑے ہوئے۔ عادی ہونا)۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ النِّفَاقِ: (نفاق۔ بد سلوکی) اسم مجرور۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ تَعْلَمُ: (آپ جانتے ہیں) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ نَحْنُ: (ہم) ضمیر منفصل۔ جمع متکلم۔ مبتداء مرفوع۔ نَعْلَمُ: (ہم جانتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ سَ: (جلد ہی۔ عنقریب) حرف استقبال۔ نُعَذِّبُ: (ہم سزا دیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید

فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَذَّبَ یُعَذِّبُ۔مصدر۔تَعْذِیْبٌ ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ذ ب)صیغہ۔عَذُبَ یَعْذُبُ۔عُذُوْبَۃً۔(مزیدار کھانا۔میٹھا۔ھَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَ ھَذَا مَلْحٌ اُجَاجٌ)"یہ میٹھی نہر ہے اور وہ کڑوی کسیلی"۔ھُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَّرَّتَیْنِ:(دو بار) منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ یُرَدُّوْنَ :(وہ لوٹائے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔ جمع مذکر غائب۔ مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د) مضاعف۔رَدَّ یَرُدُّ۔مصدر۔رَدًّا۔(منع کرنا۔واپس کرنا۔لوٹانا۔بات کو بار بار دہرانا۔جواب دینا)۔اِلَی:(طرف)حرف جار۔ عَذَابٍ: (عذاب۔سزاء)اسم مجرور۔موصوف۔ عَظِیْمٍ :(بہت بڑا)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور تمہارے گردونواح کے بعض دیہاتی منافق ہیں اور بعض مدینے والے بھی نفاق پر اڑے ہوئے ہیں تم انہیں نہیں جانتے۔ہم جانتے ہیں۔ہم ان کو دوہرا عذاب دیں گے پھر وہ بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

وَآخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّآخَرَ سَيِّئًا عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠٢﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔آخَرُوْنَ:(دوسرے)جمع مذکر مبتداء مرفوع۔اعْتَرَفُوْا:(انہوں نے اعتراف کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِعْتَرَفَ یَعْتَرِفُ۔ مصدر۔ اِعْتِرَافٌ۔(قبول کرنا۔اعتراف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ب)صیغہ۔عَرَفَ یَعْرِفُ۔مصدر۔ عُرْفٌ۔(پہچاننا)۔بِ:(ساتھ۔کا)حرف جار۔ذُنُوْبِ:(ذَنْبٌ کی جمع۔ذُم۔گناہ)اسم مجرور۔مضاف۔ھِمْ:(ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَلَطُوْا:(انہوں نے آمیزش کی۔ملاوٹ کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ل ط)صیغہ۔خَلَطَ یَخْلِطُ۔مصدر۔خَلْطٌ۔(ملانا۔ملاوٹ کرنا۔ خلط ملط کرنا)۔عَمَلاً:(عمل۔کام)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ صَالِحًا:(اچھا۔نیک)منصوب صفت۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آخَرَ :(دوسرا)معطوف منصوب۔سَیِّئًا:(برا)صفت

منصوب۔تابع موصوف۔ عَسَى:(امید ہے)فعل مقاربہ ماضی جامد۔مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَّتُوْبَ :(وہ توبہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب مضارع۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ غَفُوْرٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيْمٌ :(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور کچھ اور لوگ ہیں کہ اپنے گناہوں کا(صاف) اقرار کرتے ہیں انہوں نے اچھے برے عملوں کو ملا جلا دیا تھا۔ قریب ہے کہ اللہ ان پر مہربانی سے توجہ فرمائے۔بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٠٣﴾

خُذْ :(تو پکڑ۔اختیار کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔أَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔صَدَقَةً: (صدقہ۔خیرات)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ تُطَهِّرُ:(تو پاک کرتا ہے۔صاف ستھرا کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تُزَكِّيْ:(تو تزکیہ کرے)معطوف ۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ محل اعراب تقدیراً مضموم۔ ثلاثی مزید۔باب تفعیل۔باب ضرب۔مادہ(ز ک و)ناقص واوی۔صیغہ۔زَكّٰى يُزَكِّيْ۔مصدر۔ تَزْكِيَّةٌ ۔ (صاف و پاک کرنا)۔هِمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بِ: (ساتھ۔ کے) حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔صَلِّ:(دعا کر)اصلاً صَلِّيْ تھا۔

فعل امر واحد مذکر حاضر۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ مجزوم ۔حرف علت محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ صَلّٰى يُصَلِّيْ۔مصدر۔تَصْلِيَةٌ۔(دعا کرنا)۔عَلَيْ:(اوپر۔پر)حرف جار۔ هِمْ: (ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ صَلاَتَ: (دعا) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔سَكَنٌ: (تسکین۔اطمینان۔تسلی) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔سَمِيْعٌ :(خوب سننے والا) مبالغہ۔ خبر مرفوع۔عَلِيْمٌ:(خوب جاننے والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:ان کے مال میں سے زکوٰۃ قبول کرلو کہ اس سے تم ان کو(ظاہر میں بھی) پاک اور(باطن میں بھی) پاکیزہ کرتے ہو اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو کہ تمہاری دعا ان کے لیے موجب تسکین ہے اور اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

أَلَمْ يَعْلَمُوْا أَنَّ اللهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَأْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَأَنَّ اللهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَعْلَمُوْا:(وہ جانیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔ أَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَقْبَلُ:(وہ قبول کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع ۔ضرب۔نصر۔مادہ(ق ب ل)قَبَلَ يَقْبَلَ۔يَقْبَلَ يَقْبِلَ يَقْبُلَ۔مصدر۔قُبُوْلًا۔(قبول کرنا۔متوجہ ہونا۔ نزدیک ہونا۔دایا ہونا۔بچہ کی پیدائش میں مددگار ہونا بھینگا ہونا۔ قَبَّلَ اس نے بوسہ لیا)۔ التَّوْبَةَ:(رجوع کرنے کو۔لوٹنے

کو۔توبہ کو)منصوب۔مفعول بہ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ عِبَادِ:(بندے۔عبادت گزار۔بندگی کرنے والے۔غلامی کرنے والے)اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ :(وہ۔اس۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَأْخُذُ :(وہ پکڑتا ہے۔اختیار کرتا ہے۔بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔الصَّدَقَاتِ:(صَدُقَةٌ کی جمع۔خیرات۔صدقہ)منصوب۔بالکسرہ ۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔هُوَ:(وہ)ضمیر مفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔التَّوَّابُ:(بہت توبہ قبول کرنے والا)مبالغہ۔أَنَّ کی خبر مرفوع۔الرَّحِيْمُ :(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔أَنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اللہ ہی اپنے بندوں سے توبہ قبول فرماتا ہے اور صدقات (وخیرات) لیتا ہے اور بے شک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۗ وَسَتُرَدُّوْنَ إِلٰى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قُلِ:(کہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔ برائے اتصال مابعد اعْمَلُوْا:(عمل کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔ فَ:(پس)حرف تعلیل۔ سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔یَرٰی:(وہ دیکھتا ہے۔یا۔دیکھے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ عَمَلَ:(عمل کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:

(اور)حرف عطف۔رَسُوْلُ:(پیغمبر)معطوف مرفوع۔مضاف۔ہٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُؤْمِنُوْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان دار)فاعل جمع مذکر۔معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی۔حرف استقبال۔)تُرَدُّوْنَ:(تم لوٹائے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع نائب فاعل۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ردد) مضاعف۔رَدَّيَرُدُّ مصدر۔رَدًّا۔(منع کرنا۔واپس کرنا۔لوٹانا۔بات کو بار بار دہرانا۔جواب دینا)۔إِلٰى:(طرف)حرف جار۔عَالِمِ:(جاننے والا)اسم مجرور۔مضاف۔ الْغَيْبِ:(پوشیدہ چیزیں۔غائب۔جہاں انسانی عقل کی پہنچ نہ ہو)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّهَادَةِ:(گواہی۔شہادت۔موجودگی۔ظاہریت)معطوف مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔يُنَبِّئُ:(وہ خبر دیتا ہے۔ یا دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔نَبَّأَ يُنَبِّئُ۔مصدر۔تَنْبِئَةٌ۔(خبر دینا۔خبر کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَأَ يَنْبَأُ۔مصدر۔نَبَأً۔نَبُوْءً۔(خبر دینا۔آہستہ آواز دینا۔دیس نکالا دینا۔ہٹانا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔كُنْتُمْ:(تم تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْمَلُوْنَ :(تم کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔ عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور ان سے کہہ دو کہ عمل کئے جاؤ۔اللہ اور اس کا رسول اور مومن (سب) تمہارے عملوں کو دیکھ لیں گے۔اور تم غائب وحاضر کے جاننے والے (اللہ واحد) کی طرف لوٹائے جاؤ گے پھر جو کچھ تم کرتے رہے ہو وہ سب تم کو بتا دے گا۔

وَآخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللّٰهِ إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَإِمَّا يَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٠٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔آخَرُوْنَ:(آخَرُ کی جمع۔دوسرے)مبتداء مرفوع۔ مُرْجَوْنَ :(ڈھیل دیئے گئے۔ مہلت دئے گئے ہیں۔)صفت مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔أَمْرِ:(حکم)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔إِمَّا:(اگر۔یا۔جزا)مرکب :(إِمَّا)حرف شرط اور تفصیل۔ يُعَذِّبُ:(وہ عذاب دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل ۔صیغہ۔عَذَّبَ يُعَذِّبُ۔مصدر۔تَعْذِيْبٌ ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ذ ب)صیغہ۔عَذُبَ يَعْذُبُ۔ عُذُوْبَةٌ۔(مزیدار کھانا۔میٹھا۔هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَ هَذَا مَلْحٌ أُجَاجٌ)"یہ میٹھی نہر ہے اور وہ کڑوی کسیلی"۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)إِمَّا:(اگر ۔یا۔جزا) مرکب: (إِمَّا)حرف شرط اور تفصیل۔يَتُوْبُ :(وہ توبہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب مضموم ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔ تَوْبَةٌ۔ (لوٹنا۔توبہ کرنا)اگر بعد میں حرف جار عَلَى ہو تو معنی ہوتا ہے۔رجوع کرنا۔ توبہ کی توفیق دینا۔(رحمت سے)توجہ دینا۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔عَلِيْمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ حَكِيْمٌ :(خوب دانائی والا۔خوب حکمت والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا کام اللہ کے حکم پر موقوف ہے۔چاہے ان کو عذاب دے اور چاہے ان کو معاف کردے۔اور اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَكُفْرًا وَتَفْرِيقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِينَ وَإِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ مِن قَبْلُ ۚ وَلَيَحْلِفُنَّ إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا الْحُسْنَىٰ ۖ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿١٠٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِیۡنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اتَّخَذُوۡا: (پکڑی۔بنائی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔ مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ءخ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مَسْجِدًا:(مسجد)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ضِرَارًا:(نقصان دہ۔ضرر پہنچانے والی)منصوب۔ مفعول ثانی۔وَ:(اور) حرف عطف۔کُفْرًا:(کفر۔انکار)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَفْرِیۡقًا :(تفریق۔پیدا کرنا۔ پھوٹ ڈالنا) معطوف منصوب۔بَیۡنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔الْمُؤْمِنِیۡنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع ۔مومن۔ایمان دار)مجرور علامت ۔ی۔ مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِرْصَادًا:(گھات لگانے کے لئے)معطوف منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ حَارَبَ:(اس نے لڑائی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔صیغہ۔ حَارَبَ یُحَارِبُ۔ مصدر۔ مُحَارَبَةٌ۔(لڑائی کرنا)۔اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوۡلَ: (پیغمبر)معطوف منصوب۔مضاف۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنۡ: (سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔قَبۡلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ:(البتہ)لائے موطئة للقسم۔برائے تاکید۔یَحۡلِفَنَّ:(وہ ضرور قسم کھائیں گے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔نون اعرابی اور واؤ جمع محذوف بوجہ نون ثقیلہ۔یہاں تین نون یکجا ہو گئے تھے۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ل ف)صیغہ۔حَلَفَ یَحۡلِفُ۔مصدر۔حَلْفٌ۔(حلف اٹھانا۔قسم کھانا)۔ اِنۡ: (اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ اَرَدۡنَا: :(ہم نے ارادہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرَادَ یُرِیۡدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ یَرُوۡدُ :(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔الۡحُسۡنٰی:(اچھائی۔درستی۔بھلائی)افعل التفضیل۔ واحد مؤنث۔بروزن فُعۡلٰی۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔تقدیراً مفتوح۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء

مرفوع۔يَشْهَدُ:(وہ گواہی دیتا ہے۔یا دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةٌ۔(شہادت دینا۔گواہی دینا)۔إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (لئے)لائے تاکید۔مزحلقہ۔كَاذِبُوْنَ :(جھوٹے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاسم مجرور۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔ جملہ محلاً يَشْهَدُ کا مفعول بہ۔ منصوب۔

ترجمہ آیت:اور(ان میں سے ایسے بھی ہیں) جنہوں نے اس غرض سے مسجد بنوائی کہ ضرر پہنچائیں اور کفر کریں اور مومنوں میں تفرقہ ڈالیں اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے پہلے جنگ کر چکے ہیں ان کے لیے گھات کی جگہ بنائیں۔اور قسمیں کھائیں گے کہ ہمارا مقصود تو صرف بھلائی تھی۔مگر اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں۔

لَا تَقُمْ فِيهِ أَبَدًا ۚ لَّمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَىٰ مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۚ فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ أَنْ يَتَطَهَّرُوْا ۚ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿١٠٨﴾

لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقُمْ:(تو کھڑا ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔أَبَدًا:(ہمیشہ۔کبھی بھی)ظرف زمان۔منصوب۔لَّ:(البتہ)لائے ابتداء۔مَسْجِدٌ:(مسجد)مبتداء۔مرفوع۔ أُسِّسَ:(بنیاد رکھی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔نائب فاعل۔مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ أَسَّسَ يُؤَسِّسُ۔مصدر۔تَاسِيْسٌ۔(بنیاد رکھنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء س س)مہموز الفاء۔صیغہ۔أَسَّ يَؤُسُّ۔مصدر۔إِسَاسٌ۔(بنیاد رکھنا)۔عَلَى:(پر)حرفجار۔التَّقْوَى:(اللہ کا ڈر۔خوف۔پرہیز)اسم مجرور۔مِنْ: (سے)حرف جار۔ أَوَّلِ:(پہلے)اسم مجرور۔مضاف۔يَوْمٍ:(دن)مجرور مضاف الیہ۔ أَحَقُّ:(زیادہ حقدار) افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَقُوْمَ:(آپ کھڑے ہوں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔

مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ رِجَالٌ:(رَجُلٌ کی جمع ۔ مرد۔ آدمی)مبتداء مرفوع مؤخر۔يُحِبُّوْنَ :(وہ پسند کرتے ہیں۔ محبت کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔اَحْبَابٌ۔(پسند کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔کرم۔صیغہ۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔ حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حُبًّا۔(محبت کرنا۔پیار کرنا۔)أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَتَطَهَّرُوْا:(وہ پاک رہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف ۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید۔باب افتعال۔صیغہ۔تَطَهَّرَ يَتَطَهَّرُ۔مصدر۔تَطَهُّرٌ۔(پاک رہنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يُحِبُّ:(وہ پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔ اَحْبَابٌ۔ (پسند کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔کرم۔صیغہ۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حُبًّا۔(محبت کرنا۔پیار کرنا۔)الْمُطَّهِّرِيْنَ:()اصلاً الْمُتَطَهِّرِيْنَ تھا۔ت کو ط میں مدغم کیا۔اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت:تم اس(مسجد) میں کبھی (جاکر) کھڑے بھی نہ ہونا۔البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے اس قابل ہے کہ اس میں جایا (اور نماز پڑھایا) کرو۔اس میں ایسے لوگ ہیں جو کہ پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں۔اور اللہ پاک رہنے والوں کو ہی پسند کرتا ہے۔

أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ تَقْوَىٰ مِنَ اللهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَمْ مَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ۗ وَاللهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠٩﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔مَنْ:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَسَّسَ:(اس نے بنیاد رکھی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔فاعل مرفوع۔ثلاثی

مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَسَّسَ یُؤَسِّسُ۔مصدر۔تَاسِیْسٌ۔(بنیاد رکھنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ء س س)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَسَّ یَؤَسُّ ۔مصدر۔اِسَاسٌ۔(بنیادرکھنا)۔ بُنْیَانَ:(عمارت)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ :(وہ۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ تَقْوَىٰ: (پرہیزگاری۔اللہ کا خوف و ڈر)اسم مجرور۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ فتحہ برائے اتصال ما بعد۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رِضْوَانٍ:(رضامندی۔خوشنودی۔ مرضی)اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص۔معطوف مجرور۔خَيْرٌ :(بہتر) مَنْ مبتداءکی خبر مرفوع۔أَمْ:(یا)حرف عطف۔مَّنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع۔مبتداء۔خبر محذوف۔ أَسَّسَ:(اس نے بنیاد رکھی)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔فاعل مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَسَّسَ یُؤَسِّسُ۔مصدر۔تَاسِیْسٌ۔(بنیادرکھنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء س س)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَسَّ یَؤَسُّ ۔مصدر۔اِسَاسٌ۔(بنیادرکھنا)۔بُنْیَانَ:(عمارت)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ :(وہ۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ شَفَا:(کنارے)مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔مضاف۔جُرُفٍ:(نہر۔یاد دریا۔یا نالہ۔کی کھائیاں جو کٹاؤ کی وجہ سے بن گئی ہوں)مجرور۔مضاف الیہ۔موصوف۔هَارٍ:(ڈھے جانے کے قریب۔گرنے کے قریب)اسم فاعل۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اِنْهَارَ:(وہ گر گئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اَنْهَارَ یَنْهَارُ۔مصدر۔اِنْهِيَارٌ۔(گرپڑھنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔ نَارِ:(آگ)اسم مجرور۔مضاف۔ جَهَنَّمَ: (دوزخ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔ يَهْدِي:(راہنمائی دیتاہے۔ہدایت دیتاہے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی یَهْدِیْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ الْقَوْمَ:(قوم۔لوگوں

کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔ الظّٰلِمِیْنَ :(اندھیر مچانے والے۔ظلم وبربریت کرنے والے)منصوب۔علامت۔ی۔صفت تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: بھلا جس شخص نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے خوف اور اس کی رضامندی پر رکھی وہ اچھا ہے یا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد گر جانے والی کھائی کے کنارے پر رکھی کہ وہ اس کو دوزخ کی آگ میں لے گری اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔

لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١١٠﴾

لاَ:(نہیں)نافیہ۔ یَزَالُ:(وہ زائل ہوگی)فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ناصب خبر۔(ہمیشگی۔ لگاتار کا عمل واقع ہوتا ہے۔)ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(زء ل)اجوف یائی۔ صیغہ۔زَالَ یَزِیْلُ۔مصدر۔زَیْلًا۔(زائل ہونا)۔زَالَ یَزَالُ۔مصدر۔زوال۔(زائل ہونا) بُنْیَانُ: (عمارت) زَالَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔ھُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الَّذِيْ: (جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔بَنَوْا:(انہوں نے بنیاد رکھی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ن ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَنٰی یَبْنِیْ۔ مصدر۔ بِنَآءٌ۔ (بنیاد رکھنا۔عمارت بنانا)۔ رِیْبَۃً:(شک میں ڈالنے والی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔قُلُوْبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔ھِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا: (مگر)حرف استثناء۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَقَطَّعَ:(اس کے ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں)اصلاً تَتَقَطَّعَ تھا۔ایک تا محذوف۔فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔منصوب۔محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَقَطَّعَ یَتَقَطَّعَ ۔مصدر تقطیع۔(ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔پاش پاش ہونا۔پارا پارا ہونا) قُلُوْبُ:(قَلْبٌ کی جمع۔دل)فاعل مرفوع۔مضاف۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔ محلاً مضاف مجرور۔

وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰہُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔عَلِیْمٌ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔حَکِیْمٌ :(خوب دانائی والا۔حکمت والا۔پالیسی والا) مبالغہ۔خبر ثانیہ مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ عمارت جو انہوں نے بنائی ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں (موجب) خلجان رہے گی (اور ان کو متردد رکھے گی) مگر یہ کہ ان کے دل پاش پاش ہو جائیں اور اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۚ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ وَالْقُرْآنِ ۚ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللّٰهِ ۚ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُم بِهِ ۚ وَذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١١١﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ اشْتَرَىٰ :(اس نے بیچا۔اس نے خریدا۔خرید و فرخت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِشْتَرٰی یَشْتَرِیْ۔مصدر۔اِشْتَرَآءٌ۔(بیچنا۔خریدنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ش ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔شَرٰی یَشْرِیْ۔مصدر۔شِرًی ۔ شِرَاءً۔ (خریدنا۔ بیچنا)۔مِنَ :(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان دار۔مومن)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاسم مجرور۔ أَنْفُسَ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانیں)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَمْوَالَ:(مال و دولت۔)معطوف منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔محلاًشبہ جملہ م أَنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔ الجَنَّةَ:(باغ۔جنت) أَنَّ کا اسم منصوب۔يُقَاتِلُوْنَ:(وہ جنگ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔ مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(باہم جھگڑنا۔جنگ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔

مصدر۔قَتْلًا ۔(قتل کرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔يَقْتُلُوْنَ :(وہ قتل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا ۔(قتل کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُقْتَلُوْنَ:(قتل کیا جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا ۔(قتل کرنا)۔ وَعْدًا:(وعدہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔حَقًّا:(سچ۔حق)منصوب صفت۔تابع موصوف فِي:(میں)حرف جار۔ التَّوْرَاةِ:(تورات)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْإِنجِيْلِ: (انجیل) معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْقُرْآنِ:(قرآن)معطوف مجرور۔وَ:(اور)واؤ معترضہ۔ مَنْ: (جو) اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَوْفىٰ:(پورا کرنے والا۔وفا کرنے والا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔عَهْدِ:(عہد۔وعدہ۔اقرار)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔اسْتَبْشِرُوْا:(تم خوشخبری دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَبْشَرَ يَسْتَبْشِرُ۔مصدر۔اِسْتِبْشَارٌ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔بَيْعِ:(فروخت۔سودا)اسم مجرور۔ مضاف۔كُمُ: (تمہاری) مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ضمہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ الَّذِي: (جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔بَايَعْتُمْ:(تم نے کاروبار کیا۔خرید و فروخت کیا۔سودا کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔مفاعلۃ۔صیغہ۔بَايَعَ يُبَايِعُ۔مصدر۔مُبَايَعَةٌ۔(خرید و فرخت کرنا۔سودا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب ی ع)اجوف یائی۔صیغہ بَاعَ يَبِيْعُ۔صیغہ۔بَيْعٌ۔(بیچنا)۔ بِ:

(ساتھ)حرف جار۔ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔برائے حصر۔الْفَوْزُ:(کامیابی)خبر مرفوع۔موصوف۔ الْعَظِيْمُ:(بہت بڑی)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال خرید لیے ہیں (اور اس کے) عوض ان کے لیے بہشت (تیار کی) ہے۔یہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں تو مارتے بھی ہیں اور مارے بھی جاتے ہیں بھی ہیں۔یہ تورات اور انجیل اور قرآن میں سچا وعدہ ہے۔جس کا پورا کرنا اسے ضرور ہے اور اللہ سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والا کون ہے تو جو سودا تم نے اس سے کیا ہے اس سے خوش رہو۔اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

التَّآئِبُوْنَ:(توبہ کرنے والے)اسم فاعل۔محلاً خبر اوّل مرفوع۔ مبتداء محذوف۔الْعَابِدُوْنَ:(بندگی کرنے والے)اسم فاعل۔ محلاً خبر ثانی۔ مرفوع۔ الْحَامِدُوْنَ: (تعریف کرنے والے)اسم فاعل۔ محلاً خبر ثالث۔ مرفوع۔السَّآئِحُوْنَ:(اللہ کی راہ میں سفر کرنے والے سیاحت کرنے والے) اسم فاعل۔محلاً خبر رابع۔ مرفوع۔ الرّٰكِعُوْنَ:(رکوع کرنے والے)اسم فاعل۔محلاً خبر خامس۔ السّٰجِدُوْنَ :(سجدہ کرنے والے)اسم فاعل۔خبر سادس۔ مرفوع۔الْاٰمِرُوْنَ:(حکم کرنے والے)اسم فاعل۔محلاً خبر سابع۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمَعْرُوْفِ:(نیکی کا)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّاهُوْنَ :(روکنے والے۔ منع کرنے والے)اسم فاعل۔عَنِ:(سے)حرف جار۔ الْمُنْكَرِ:(برائی۔جس سے اللہ عز و جل نے منع کیا ہوا ہے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْحٰفِظُوْنَ:(نگرانی کرنے والے۔حفاظت کرنے والے)اسم فاعل۔ لِ:(لئے)حرف جار۔حُدُوْدِ:(اللہ کے قوانین۔احکام)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور

مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَشِّرِ:(خوشخبری دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔بَشَّرَ یُبَشِّرُ۔مصدر ۔تَبْشِیْرٌ۔ (خوشخبری دینا۔)الْمُؤْمِنِیْنَ:(اَلْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایماندار۔مومن)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً منصوب۔علامت۔ ی۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:توبہ کرنے والے،عبادت کرنے والے،حمد کرنے والے،روزہ رکھنے والے،رکوع کرنے والے،سجدہ کرنے والے،نیک کاموں کا امر کرنے والے،بری باتوں سے منع کرنے والے،اللہ کی حدوں کی حفاظت کرنے والے،(یہی مومن لوگ ہیں) اور اے پیغمبر مومنوں کو(بہشت کی) خوش خبری سنادو۔

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔کَانَ:(تھا۔ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔النَّبِیِّ:(نبی۔خبر دینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر مقدّم منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوْا:(ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یَّسْتَغْفِرُوْا:(وہ مغفرت طلب کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔ اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَۃٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُشْرِکِیْنَ:(اَلْمُشْرِكُ کی جمع۔اللہ

کے ساتھ شریک بنانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔كَانُوْا:(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ أُوْلِيْ:(والے) أُوْلُوْا بحالت رفع۔اور أُوْلِيْ بحالت نصب۔ والے۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔ قُرْبٰى:(قرابتداری۔رشتہ داری)مجرور مضاف الیہ۔تقدیرا مکسور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد۔)ظرف زمان۔محلاًاسم مجرور۔ مَا:(کہ)مصدریہ۔ناصب۔ تَبَيَّنَ: (کھول کر بیان ہوگیا۔واضح ہوگیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ۔مصدر۔تَبَيُّنٌ۔(واضح کرنا۔کھول کر بیان کرنا) لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔أَصْحَابُ :(والے۔ساتھ۔صاحب کی جمع۔) أَنَّ کی خبر مرفوع۔ مضاف۔ الْجَحِيْمِ :(دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:پیغمبر اور مسلمانوں کو شایاں نہیں کہ جب ان پر ظاہر ہوگیا کہ مشرک اہل دوزخ ہیں۔ تو ان کے لیے بخشش مانگیں گو وہ ان کے قرابت دار ہی ہوں۔

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَن مَّوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِّلَّهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ ۚ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ ﴿١١٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ :(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔اسْتِغْفَارُ:(مغفرت) كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔ إِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف اجر۔أَبِيْ:(باپ) از ستّہ مکبّرہ۔یائے برائے جر۔اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔عَنْ:(سے)حرف جار۔مَّوْعِدَةٍ :(مقررہ وقت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر

منصوب۔وَعَدَ:(اس نے وعدہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَعَدَ یَعِدُ۔مصدر۔عِدَّةٌ۔(وعدہ کرنا)۔هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ إِيَّا:(ہی)برائے حصر۔هُ:(وہ۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ فَ:(پس)حرف عطف لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں)مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔تَبَيَّنَ:(اس نے واضح کیا۔ کھول کر بیان کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فعل شرط مبنی بر فتحہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ۔مصدر۔تَبَيُّنٌ۔(واضح ہونا۔بیان ہونا۔ظاہر ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب ی ن)اجوف یائی۔صیغہ۔بَانَ يَبِيْنُ۔مصدر۔بَيَانًا۔تِبْيَانًا۔(شادی ہونا۔الگ ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔عَدُوٌّ:(دشمن) أَنَّ کی خبر مرفوع۔ لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ) حرف جار + اسم مجرور۔ تَبَرَّأَ :(وہ بیزار ہوا۔بری الذمہ ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ ۔تَبَرَّءَ يَتَبَرَّءُ۔مصدر۔تَبَرُّءٌ۔(بے زار ہونا۔ناپسندیدہ چیز سے الگ ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ب ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔ بَرَءَ يَبْرَءُ۔مصدر۔ بَرِيٌّ۔(بری الذمہ ہونا۔)مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ إِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔أَوَّاهٌ :(بہت آہ کرنے والا) أَوْهٌ مصدر سے مبالغہ کا صیغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔حَلِيْمٌ :(بہت بردبار۔ بہت نرم دل) إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ابراہیم کا اپنے باپ کے لیے بخشش مانگنا تو ایک وعدے کا سبب تھا جو وہ اس سے کر چکے تھے۔ لیکن جب ان کو معلوم ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو اس سے بیزار ہو گئے۔ کچھ شک نہیں کہ ابراہیم بڑے نرم دل اور متحمل تھے۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ كَانَ: (وہ ہے۔ وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) كَانَ کا اسم مرفوع۔ لِ: (کہ) لائے جحود۔ برائے تاکید نفی۔ يُضِلَّ: (وہ گمراہ کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب اِفعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔ مصدر۔ اِضْلَالٌ۔ (گمراہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔ مصدر۔ ضَلٌّ۔ (گمراہ ہونا)۔ قَوْمًا: (قوم۔ لوگ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بَعْدَ: (بعد) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ اِذْ: (جب) ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هَدَا: (اس نے ہدایت دی) فعل ماضی واحد مذکر۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔ هَدٰى يَهْدِى۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَتّٰى: (یہاں تک) حرف غائت۔ اَنْ مضمر بعدہٗ۔ ناصب مضارع۔ يُبَيِّنَ: (وہ واضح کر دے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفْعِيْلٌ۔ صیغہ۔ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔ مصدر۔ تَبْيِيْنٌ۔ (واضح کرنا۔ کھول کر بیان کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ب ی ن) اجوف یائی۔ صیغہ۔ بَانَ يَبِيْنُ۔ مصدر۔ بَيَانًا۔ تِبْيَانًا۔ (شادی ہونا۔ الگ ہونا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مَّا: (جن سے) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ يَتَّقُوْنَ: (وہ اللہ سے ڈرتے ہیں۔ پرہیز کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِىْ۔ مصدر۔

اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیۡ۔ مصدر۔ وِقَایَۃً۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔کُلِّ :(ہر۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔شَیۡءٍ:(شئے۔چیز)مجرور مضاف الیہ۔ عَلِیۡمٌ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔ اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اللہ ایسا نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد گمراہ کر دے جب تک کہ ان کو وہ چیز نہ بتادے جس سے وہ پرہیز کریں۔بے شک اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ يُحۡىٖ وَيُمِيۡتُ ؕ وَمَا لَـكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿۱۱۶﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ہٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔مُلۡکُ : (ملک۔ریاست)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔السَّمٰوٰتِ :(آسمان) مجرور بالکسرہ۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الۡاَرۡضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ یُحۡیِیۡ:(وہ زندہ کرتا ہے ۔زندگی دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔مرفوع۔علامت تقدیراً مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحۡیٰی یُحۡیِیۡ۔مصدر۔ اِحۡیَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ح ی ی) مضاعف۔صیغہ۔حَیِیَ یَحۡیَ۔مصدر۔ حَیَاۃً۔ حَیَوَانًا۔(زندہ ہونا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔یُمِیۡتُ:(وہ مارتا ہے۔موت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَمَاتَ یُمِیۡتُ۔ مصدر۔اِمَاتَۃٌ۔(موت دینا۔مارنا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ یَمُوۡتُ۔ مصدر۔مَوۡتٌ۔(مرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمۡ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم۔مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ دُوۡنِ: (علاوہ

۔سوائے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مضاف ۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ وَلِيٍّ:(دوست۔ساتھی۔سرپرست)لفظاً اسم مجرور۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔نَصِيْرٍ :(کوئی مددگار)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت:اللہ ہی ہے جس کے لیے آسمانوں اور زمینوں کی بادشاہت ہے۔وہی زندگانی بخشتا ہے(وہی) موت دیتا ہے اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہے۔

لَّقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ فِي سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِن بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٧﴾

لَ:(البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔تَّابَ:(اس نے توبہ قبول کی۔اس نے توجہ کی۔مہربانی کی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔ تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔اگر بعد میں حرف جار علی ہو تو اس کا ترجمہ۔(توبہ قبول کرنا۔توجہ دینا۔مہربان ہونا۔)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ النَّبِيِّ:(نبی۔خبر دینے والا)فاعل۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُهَاجِرِيْنَ:(ہجرت کرنے والے)فاعل جمع مذکر۔ معطوف مجرور۔علامت ۔ی۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَنْصَارِ:(نَاصِرٌ کی جمع۔مددگار۔مدد کرنے والے) فاعل جمع مذکر۔معطوف مجرور۔ الَّذِيْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اتَّبَعُوْ : (انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مزید فیہ ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔ سَاعَةِ:(وقت۔گھڑی)اسم مجرور۔مضاف۔الْعُسْرَةِ:(تنگی)مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مَا:(کہ)مصدریہ۔كَادَ :(قریب تھا)فعل

ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و د۔)اجوف واوی۔صیغہ۔كَادَ يَكُوْدُ۔مصدر ۔ كُوْدٌ۔(قریب ہونا)۔يَزِيغُ :(وہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع ۔ محلا اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی غ)اجوف یائی۔صیغہ۔زَاغَ يَزِيْغُ۔مصدر۔زَيْغٌ۔(کجی ہونا۔ ٹیڑھا ہونا)۔قُلُوْبُ:(قَلْبٌ۔کی جمع۔دل)فاعل مرفوع۔جمع مذکر۔مضاف۔فَرِيْقٍ :(ایک جماعت کے۔ گروہ۔ٹولہ)مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجرور صفت۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ تَابَ:(اس نے توبہ قبول کی۔اس نے توجہ کی۔مہربانی کی۔) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔ تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔اگر بعد میں حرف جار عَلَيٰ ہو تو اس کا ترجمہ ۔(توبہ قبول کرنا۔توجہ دینا۔مہربان ہونا۔)۔عَلَيٰ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ رَؤُوْفٌ:(مہربان۔شفقت کرنے والا)اسم فاعل۔ مرفوع۔واحد مذکر۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا)فاعل مرفوع۔محلاًإِنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:بے شک اللہ نے پیغمبر پر مہربانی کی اور مہاجرین اور انصار پر جو باوجود اس کے کہ ان میں سے بعضوں کے دل جلد پھر جانے کو تھے۔ مشکل کی گھڑی میں پیغمبر کے ساتھ رہے۔پھر اللہ نے ان پر مہربانی فرمائی۔بے شک وہ ان پر نہایت شفقت کرنے والا (اور) مہربان ہے۔

وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا حَتَّىٰ إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنفُسُهُمْ وَظَنُّوا أَن لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللَّهِ إِلَّا إِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١١٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔عَلَىَ:(پر)حرف جار۔الثَّلاثَةِ:(تینوں)اسم مجرور۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔ خُلِّفُوْا:(پیچھے چھوڑے گئے تھے)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔

ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔خَلَّفَ یُخَلِّفُ۔مصدر۔تَخْلِیْفٌ۔ (پیچھے چھوڑنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ یَخْلُفُ۔مصدر۔خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔ حَتّٰی:(یہاں تک کہ)حرف غائت۔حرف ابتداء۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ضَاقَتْ :(تنگ ہوگئی۔) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ضمیر تائے تانیث مبسوط ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ض ی ق)اجوف یائی۔صیغہ۔ضَاقَ یَضِیْقُ۔مصدر۔ضَیْقٌ۔(تنگ ہونا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ الْأَرْضُ:(زمین)فاعل مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔رَحُبَتْ:(کشادہ ہوگئی۔فراخ ہوگئی۔وسیع ہوگئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ر ح ب)صیغہ۔رَحُبَ یَرْحُبُ۔مصدر۔رَحْبٌ۔(۔گرم جوشی۔ویلکم کرنا۔وسیع ہونا۔فراغ ہونا)۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ضَاقَتْ:(تنگ ہوگئی۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ضمیر تائے تانیث مبسوط ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ض ی ق)اجوف یائی۔صیغہ۔ضَاقَ یَضِیْقُ۔مصدر۔ضَیْقٌ۔(تنگ ہونا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ أَنْفُسُ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانیں)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ظَنُّوْا:(انہوں نے گمان کیا۔خیال کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ یَظُنُّ۔مصدر۔ظَنٌّ۔(شک کرنا۔گمان کرنا۔وہم کرنا)۔أَنْ:(کہ) مصدریہ۔یا۔ثقیلہ سے مخففہ ۔ لَّا:(نہیں)لائے نفی جنس۔مَلْجَأَ:(کوئی ٹھکانہ۔کوئی پناہ گاہ)ظرف مکان۔محلاًلائے نفی جنس کا اسم۔منصوب۔جملہ محلاً أَنْ کی خبر مرفوع۔ مِنَ:(سے) حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔إِلَيْ:(طرف۔تک)حرف جار۔هِ: (اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ تَابَ:(اس نے توبہ قبول کی۔اس نے توجہ کی۔مہربانی کی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ ۔ تَابَ یَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔اگر بعد میں حرف جار عَلٰی ہو تو اس کا ترجمہ ۔(توبہ قبول

کرنا۔توجہ دینا۔مہربان ہونا۔)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَتُوبُوا :(وہ توبہ کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔التَّوَّابُ :(خوب توبہ قبول کرنے والا ہے)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔الرَّحِيمُ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ان تینوں پر بھی جن کا معاملہ ملتوی کیا گیا تھا۔یہاں تک کہ جب اُنہیں زمین باوجود فراخی کے ان پر تنگ ہوگئی اور ان کے جانیں بھی ان پر دوبھر ہو گئیں۔اور انہوں نے جان لیا کہ اللہ (کے ہاتھ) سے خود اس کے سوا کوئی پناہ نہیں۔پھر اللہ نے ان پر مہربانی کی تاکہ توبہ کریں۔بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ ﴿١١٩﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(جو بھی۔جونسا)منادیٰ۔تقدیراً منصوب۔ مضاف هَا: (اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً أَيُّ کا بدل منصوب۔آمَنُوا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔إِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ أَمِنَ يَأْمَنُ۔مصدر۔أَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ اتَّقُوا:(ڈرو۔تم تقویٰ اختیار کرو۔پرہیز گار بنو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُونُوا:(تم ہو جاؤ)فعل ناقص امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔مَعَ :(ساتھ)ظرف

مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔الصَّادِقِيْنَ :(سچ بولنے والوں کے)فاعل جمع مذکر۔محلاً مجرور۔علامت ۔ ی۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اے اہل ایمان! اللہ سے ڈرتے رہو اور راست بازوں کے ساتھ رہو۔

مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُم مِّنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنْ رَّسُوْلِ اللهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِأَنْفُسِهِمْ عَن نَّفْسِهِ ۚ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا مَخْمَصَةٌ فِي سَبِيلِ اللهِ وَلَا يَطَئُوْنَ مَوْطِئًا يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ ۚ إِنَّ اللهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ :(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔أَهْلِ:(رہنے والے۔اہل)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ كَانَ کی خبر مقدّم۔مضاف۔الْمَدِينَةِ:(شہر)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔حَوْلَ:(ارد گرد۔گردونواح)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے) مِّنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔بوجہ التقائے ساکنین۔ الْأَعْرَابِ:(صحرائی۔بدو۔دیہاتی۔گنوار)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمنصوب۔حال۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَّتَخَلَّفُوا:(وہ پیچھے رہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔واؤجمع الف فارقہ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَخَلَّفَ يَتَخَلَّفُ۔مصدر۔تَخَلُّفٌ۔ (پیچھے چھوڑنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف) صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر۔خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔رَّسُوْلِ:(پیغمبر)اسم مجرور۔ مضاف۔اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَرْغَبُوْا:(وہ پسند کرتے ہیں۔رغبت رکھتے ہیں۔عزیز رکھتے ہیں) معطوف۔منصوب۔ فعل مضارع جمع مذکر غائب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر غ ب)صیغہ۔رَغَبَ يَرْغِبُ۔ مصدر۔

رَغْبٌ۔رَغْبَةٌ۔(رغبت رکھنا۔عزیز رکھنا) بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانیں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَنْ:(سے)حرف جار۔نَّفْسِ: (جان)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ ذٰلِكَ:(اوہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔مرکب : (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ: (وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً کا اسم منصوب۔۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُصِيبُ:(وہ پہنچے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ يُصِيبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔ مادہ(ص و ب)صیغہ صَابَ يَصُوْبُ۔صَوْبًا۔ مصدر۔صَوْبًا: (بارش برسنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ ظَمَأٌ:(پیاس لگنا۔پیاس)فاعل مرفوع۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ نَصَبٌ:(تھکاوٹ۔مشقت) وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔مَخْمَصَةٌ:(بھوک۔ایسی بھوک جس سے پیٹ میں گڑھا پڑ جائے)معطوف مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَطَئُوْنَ:(وہ داخل ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔فتح۔مادہ(و ط ء)مثال واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔ وَطِئَ يَطَأُ۔مصدر۔وَطْأٌ۔(دشمن کے علاقہ میں داخل ہونا)۔ مَوْطِئًا:(روندی ہوئی جگہ)ظرف مکان۔ منصوب۔مفعول بہ۔يَغِيْظُ:(وہ غصہ دلاتا ہے۔اشتعال دلانا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ی ظ)اجوف یائی۔صیغہ۔غَاظَ يَغِيْظُ۔مصدر۔غَيْظٌ۔(غصہ دلانا) الْكُفَّارَ:(کفار کو) منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَنَالُوْنَ:(حاصل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ی ل)اجوف

یائی۔صیغہ۔نَالَ یَنَالُ۔مصدر۔نَیْلٌ۔(حاصل کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔عَدُوٍّ:(کسی دشمن)اسم مجرور۔ نَّیْلاً:(کوئی حصول۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔إِلَّا:(مگر)حرحصر۔کُتِبَ:(لکھ دیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ ۔کَتَبَ یَکْتُبُ۔مصدر۔کِتَابَۃٌ۔(لکھنا۔لکھائی)۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔عَمَلٌ:(عمل)نائب فاعل مرفوع۔موصوف۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ صَالِحٌ:(نیک)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔یُضِیْعُ :(وہ ضائع کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔جملہ محلاًاَنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَضَاعَ یُضِیْعُ۔مصدر۔اِضَاعَۃٌ۔(ضائع کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ی ع)اجوف یائی۔ صیغہ۔ضَاعَ یَضِیْعُ۔مصدر۔ضِیَاعَۃٌ۔(ضائع ہونا)۔أَجْرَ:(بدلہ۔اجر)منصوب مفعول بہٖ۔ الْمُحْسِنِیْنَ : (احسان کرنے والوں کے)اسم فاعل۔جمع مذکر محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اہل مدینہ کو اور جو ان کے آس پاس دیہاتی رہتے ہیں ان کو شایاں نہ تھا کہ پیغمبر اللہ سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو ان کی جان سے زیادہ عزیز رکھیں۔یہ اس لیے کہ انہیں اللہ کی راہ میں تکلیف پہنچتی ہے پیاس کی، محنت کی یا بھوک کی یا وہ ایسی جگہ چلتے ہیں کہ کافروں کو غصہ آئے یا دشمنوں سے کوئی چیز لیتے ہیں تو ہر بات پر ان کے لیے عمل نیک لکھا جاتا ہے۔کچھ شک نہیں کہ اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا

وَلَا يُنفِقُونَ نَفَقَةً صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً وَلَا يَقْطَعُونَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٢١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یُنْفِقُوْنَ:(وہ خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقٌ۔

(خرچ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ سمع۔مادہ(ن ف ق)صیغہ۔نَفَقَ یَنْفِقُ۔مصدر۔ نَفْقٌ۔ (سرنگ نکالنا۔ ختم ہو جانا۔چوہے کا سوراخ سے نکلنا)۔ نَفَقَةً:(کوئی خرچہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔صَغِيْرَةً:(چھوٹا سا) منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔كَبِيْرَةً:(بڑا)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔ يَقْطَعُوْنَ:(وہ طے کرتے ہیں۔وہ کاٹتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع)صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعٌ۔ (کاٹنا۔طے کرنا)۔ وَادِيًا:(کسی وادی کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ كُتِبَ:(لکھا گیا ہے)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔ كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔كِتَابَةً۔(لکھنا۔لکھائی)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَجْزِيَ:(وہ بدلہ دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَزٰی يَجْزِیْ۔مصدر۔جَزَاءٌ۔(بدلہ دینا)هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ضمہ برائے اتصال ما بعد بوجہ التقائے ساکنین۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ أَحْسَنَ :(بہترین۔بہت اچھی)افعل التفضیل۔محلاً مفعول ثانی ۔منصوب۔مَا:(کہ)مصدریہ۔ كَانُوْا:(وہ تھے۔وہ ہیں) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔ عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور(اسی طرح) جو وہ خرچ کرتے ہیں تھوڑا یا بہت یا کوئی میدان طے کرتے ہیں تو یہ سب کچھ ان کے لیے (اعمال صالحہ) میں لکھ لیا جاتا ہے تاکہ اللہ ان کو ان کے اعمال کا بہت اچھا بدلہ دے۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنفِرُوْا كَآفَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ
وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوْا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ :(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔الْمُؤْمِنُوْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان دار۔مومن) لِ:(کہ)لائے جحود۔ناصب مضارع۔يَنْفِرُوْا:(وہ کوچ کریں۔وہ نکلیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ر)صیغہ ۔نَفَرَ يَنْفُرُ۔مصدر۔نُفُوْرٌ۔(نکلنا۔کوچ کرنا۔آگے بڑھنا)۔ كَآفَّةً :(کافی۔سب کے سب۔ تمام۔کل)تاکید کے لئے۔منصوب۔حال۔فَ:(پس)استئنافیہ۔لَوْلَا:(کیوں نہیں)حرف تحضیض۔ برائے زجرو توبیخ۔ نَفَرَ:(وہ نکلا۔اس نے کوچ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ن ف ر)صیغہ ۔نَفَرَ يَنْفُرُ۔مصدر۔نُفُوْرٌ۔(نکلنا۔کوچ کرنا۔آگے بڑھنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ: (ہر۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مضاف۔فِرْقَةٍ :(جماعت۔گروہ ۔ٹولہ) مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجرور۔صفت۔طَآئِفَةٌ:(گروہ ۔جماعت ۔ٹولہ)فاعل۔مرفوع۔ لِّ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يَتَفَقَّهُوْا:(تفقہ کریں۔وہ سمجھ حاصل کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَفَقَّهَ يَتَفَقَّهُ۔مصدر۔تَفَقُّهٌ۔(سمجھ حاصل کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ف ق ھ)صیغہ۔فَقِهَ يَفْقَهُ۔مصدر۔فِقْهٌ۔(غور کرنا۔سمجھنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔الدِّيْنِ:(دین۔اصول۔طریقہ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)حرف تعلیل۔ناصب مضارع۔يُنذِرُوْا:(تنبیہ کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ يُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔ خبر دار

کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ يَنْذُرُ۔مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر دینا۔ صدقہ دینے کے لئے کسی چیز کا اپنے کو پابند کر لینا۔منت ماننا)۔قَوْمَ:(قوم کو۔لوگوں کو) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کی۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔رَجَعُوْا:(وہ لوٹے۔انہوں نے رجوع کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَيْ:(طرف۔تک)حرف جار۔ هِمْ: (ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔محلاً لَعَلَّ اسم منصوب۔مبتداء مرفوع۔يَحْذَرُوْنَ :(وہ احتیاط کریں۔وہ ڈریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع ۔ مادہ(ح ذ ر)صیغہ۔حَذِرَ يَحْذَرُ۔مصدر۔حَذْرًا۔(احتیاط کرنا۔ڈرنا)۔

ترجمہ آیت:اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ مومن سب کے سب نکل آئیں۔تو یوں کیوں نہ کیا کہ ہر ایک جماعت میں سے چند اشخاص نکل جاتے تاکہ دین کا(علم سیکھتے اور اس) میں سمجھ پیدا کرتے اور جب اپنی قوم کی طرف واپس آتے تو ان کو ڈر سناتے تاکہ وہ حذر کرتے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ۚ وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٣﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(جو بھی۔جونسا)منادیٰ۔تقدیراً منصوب۔ مضاف هَا: (اوئے)حرف تنبیہ۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً أَيُّ کا بدل منصوب۔آمَنُوْا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ أَمِنَ يَأْمَنُ۔مصدر۔أَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ قَاتِلُوْا:(تم جنگ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔الف فارقہ۔

ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(باہم جھگڑنا۔جنگ کرنا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل) صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(قتل کرنا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَلُوْنَ:(وہ آس پاس ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب حسب۔مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔وَلْيًا۔وَلْيٌ۔وِلَايَةٌ۔(پھرنا۔قریب ہونا۔آس پاس ہونا)۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔الْكُفَّارِ:(کافر کی جمع۔دعوت الٰہی کو قبول نہ کرنے والے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(چاہیئے کہ)لائے امر برائے تاکید۔يَجِدُوْا:(وہ پائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔(محلاً فعل امر غائب۔جمع مذکر)واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ وُجُوْدٌ ۔ (پانا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ غِلْظَةً: (سخت۔گاڑھا)منصوب۔مفعول بہ وَ:(اور)حرف عطف۔اِعْلَمُوْا:(تم جان لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا)۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔مَعَ :(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔الْمُتَّقِيْنَ:(پرہیز گار۔ڈرنے والے) اسم فاعل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اے اہلِ ایمان! اپنے نزدیک کے (رہنے والے) کافروں سے جنگ کرو اور چاہیئے کہ وہ تم میں سختی (یعنی محنت و قوت جنگ) معلوم کریں۔اور جان رکھو کہ اللہ پرہیز گاروں کے ساتھ ہے۔

وَإِذَا مَا أُنْزِلَتْ سُورَةٌ فَمِنْهُم مَّن يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿١٢٤﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔ بمعنی شرطیہ۔فعل ماضی سے پہلے آکر فعل مضارع کے معنی دیتا ہے۔یعنی مستقبل کے معنی دیتا ہے۔ مَا:(جو)زائدہ۔أُنْزِلَتْ:(اتاری گئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث مبسوطہ ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ سُوْرَةٌ :(سورت)نائب فاعل مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مَّنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَّقُوْلُ:(کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔أَيُّ:(کون ہے؟)اسم استفہامیہ۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مرفوع مبتداء۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔زَادَتْ:(زیادہ ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ ۔مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ کرنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ هَـٰذِهِ:(یہ)اسم اشارہ بعید مؤنث۔جملہ محلاً مبتداء أَيُّ کی خبر مرفوع۔إِيمَانًا:(ایمان۔عقیدہ۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔فَ:(پس)استئنافیہ۔أَمَّا:(کیا اگر)مرکب:(أَ+ مَّا)استفہامیہ۔+حرف شرط۔و تفصیل۔الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع مبتداء۔آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔زَادَتْ:(اس نے زیادہ کیا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ ۔مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِيمَانًا : (ایمان۔عقیدہ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر۔محلاً مرفوع

مبتداء۔ يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ :(وہ خوش ہوتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسۡتَبۡشَرَ يَسۡتَبۡشِرُ ۔مصدر۔ اسۡتِبۡشَارٌ۔(خوش ہونا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ اور محلاً منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت:اور(سب) لوگ(پہلے) ایک ہی اُمت(یعنی ایک ہی ملت پر) تھے۔پھر جدا جدا ہو گئے۔اور اگر ایک بات جو تمہارے پروردگار کی طرف سے پہلے ہو چکی ہے نہ ہوتی تو جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے ہیں ان میں فیصلہ کر دیا جاتا۔

وَيَقُولُونَ لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۖ فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلَّهِ فَانتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ ﴿٢٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَوْلَا:(کیوں نہ)حرف تحضیض۔(زجر و توبیخ۔ڈانٹ ڈپٹ)۔ اُنْزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ یُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔آیَةٌ :(آیت)نائب فاعل۔مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔قُلْ:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔

مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کااسم منصوب۔ الْغَيْبُ:(غیب۔پوشیدہ چیزیں)مبتداء مرفوع۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمبتداء الْغَيْبُ کی خبر مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔اِنْتَظِرُوْا:(تم انتظار کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِنْتَظَرَ يَنْتَظِرُ مصدر۔اِنْتِظَارٌ۔(انتظار کرنا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظَرَ۔(دیکھنا)۔ إِنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔مبنی بر فتحہ۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔محلاً مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔الْمُنْتَظِرِيْنَ:(انتظار کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور کہتے ہیں کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نازل نہیں ہوئی۔ کہہ دو کہ غیب (کا علم) تو اللہ کو ہے سو تم انتظار کرو۔ میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِي آيَاتِنَا ۚ قُلِ اللّٰهُ أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ﴿٢١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔أَذَقْنَا:(ہم نے چکھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذَاقَ يُذِيْقُ۔مصدر۔اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ذ و ق) اجوف واوی ۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔ذَوْقٌ۔(مزہ چکھنا)۔النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔رَحْمَةً:(رحمت۔مہربانی۔ عنایت) منصوب۔مفعول ثانی۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔محلاًاسم مجرور۔مضاف۔ضَرَّاءِ:(تنگی۔تکلیف جو

بیماری سے پہنچے۔)مجرور۔مضاف الیہ۔ مَسَّتۡ:(اس نے چھوا۔وہ پہنچی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت ت مبسوط ساکن۔تانیث۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ یَمُسُّ۔مصدر۔ مَسًّا ۔(چھونا۔ پہنچنا)۔ هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔إِذَا: (جب۔ تب۔فوراً۔ اچانک) فجائیہ۔ لَ:(لئے۔کو)حرف جار۔هُمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدّم مرفوع۔مَّكۡرٌ:(کوئی چال۔حیلہ سازی کرنا۔چال چلنا۔ منصوبہ) مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔فِيۡ:(میں)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔نشانیوں)اسم مجرور۔مضاف۔نَا :(ہماری) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قُلِ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین لگائی گئی۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا بولنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ أَسۡرَعُ :(زیادہ تیز)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ مَكۡرًا:(چال۔ منصوب) منصوب۔تمیز۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رُسُلَ: (رَسُوۡلٌ کی جمع۔پیغمبر)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَكۡتُبُوۡنَ :(وہ لکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكۡتُبُ۔مصدر۔كِتَابَةٌ۔(لکھنا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ تَمۡكُرُوۡنَ:(تم چالیں چلتے ہو۔منصوبہ بندی کرتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ک ر)صیغہ۔مَكَرَ يَمۡكُرُ۔مصدر۔مَكۡرٌ۔(فریب کرنا۔چال چلنا۔منصوبہ بندی کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور جب ہم لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد (اپنی) رحمت (سے آسائش) کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ ہماری آیتوں میں حیلے کرنے لگتے ہیں۔ کہہ دو کہ اللہ بہت جلد حیلہ کرنے والا ہے۔اور جو حیلے تم کرتے ہو ہمارے فرشتے ان کو لکھتے جاتے ہیں۔

هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَاءَهُمُ الْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿٢٢﴾

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔ الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔يُسَيِّرُ:(چلاتا ہے)فعل مضارع واحد غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ سَيَّرَ يُسَيِّرُ۔مصدر۔تَسْيِيْرٌ۔(سیر کرنا۔ چلنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(س ی ر)اجوف یائی۔صیغہ۔ سَارَ يَسِيْرُ۔مصدر۔سِيْرًا۔(سیر کرنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔فِي:(میں) الْبَرِّ:(خشکی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْبَحْرِ:(سمندر)معطوف مجرور۔حَتَّى : (یہاں تک)حرف غائب۔جار۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔كُنْتُمْ:(تم)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ فِي: (میں)حرف جار۔الْفُلْكِ:(کشتی)اسم مجرور۔ وَ:(وہ)حرف عطف۔جَرَيْنَ:(چلتی ہیں)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰى يَجْرِىْ۔مصدر۔جِرْيَانٌ۔ (بہنا۔جاری ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔رِيْحٍ:(ہوا)اسم مجرور۔موصوف۔طَيِّبَةٍ:(عمدہ۔ستھری)مجرور صفت۔تابع موصوف۔ وَ:(اور) حرف عطف۔فَرِحُوْا:(وہ خوش ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ يَفْرَحُ۔مصدر۔فَرْحٌ۔(خوش ہونا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ جَاءَتْ:(وہ آتی ہے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے ساکن۔علامت تانیث۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء)صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔ هَا: (وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ منصوب مفعول بہٖ۔ رِيْحٌ :(ہوا)فاعل۔مرفوع۔موصوف۔ عَاصِفٌ:(طوفان)

صفت۔ مرفوع۔ تابع موصوف۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیْئٌ۔ مَجِیْءٌ۔(آنا)۔ھُمُ :(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ضمہ برائے اتصال۔مابعد۔الْمَوْجُ :(لہر۔موج) فاعل مرفوع۔مِنْ:(سے) حرف جار۔کُلِّ:(ہر۔ تمام) برائے تاکید۔مضاف۔ مَکَانٍ:(جگہ۔مکان۔) مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔ظَنُّوْا:(انہوں نے گمان کیا۔شک کیا۔خیال کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن) مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ یَظُنُّ۔مصدر۔ظَنٌّ۔(شک کرنا۔گمان کرنا۔وہم کرنا)۔ أَنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ھُمْ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ أُحِیْطَ:(گھیر لیا گیا ہے) فعل مجہول ماضی واحد مذکر غائب۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ھِمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ دَعَوُا:(انہوں نے پکارا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(دع و) ناقص واوی۔صیغہ۔ دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَۃٌ۔(پکارنا)۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ کو) منصوب۔مفعول بہٖ۔ مُخْلِصِیْنَ:(خلوص سے بھرپور۔خالص کرتے ہوئے) اسم فاعل۔جمع مذکر۔مرفوع۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ہٗ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔الدِّیْنَ :(دین۔طریقہ۔اصول) منصوب۔مفعول بہٖ۔لَئِنْ :(یقینا۔اگر) مرکب : لَ+اِنْ) لائے تاکید۔+ حرف شرط۔أَنْجَیْتَ:(تونے بچایا۔نجات دی) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ علامت ت مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْجٰی یُنْجِیْ۔مصدر۔اَنْجَاءٌ۔(نجات دینا۔بچانا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و) ناقص واوی۔نَجَا یَنْجُو۔مصدر۔نَجْوَی۔نَجْوًا(بچنا)۔نَا:(ہم کو) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے) حرف جار۔ھٰذِہٖ :(یہ) اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث۔ محلاً اسم مجرور۔لَ:(البتہ) برائے تاکید۔واقعہ جواب قسم۔نَکُوْنَنّ:(ہم ضرور بالضرور۔ہو جائیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔کَوْنًا۔ (ہونا) ۔ مِنَ:(سے) حرف جار۔الشَّاکِرِیْنَ :(شکر کرنے والوں) اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: وہی تو ہے جو تم کو جنگل اور دریا میں چلنے پھرنے اور سیر کرنے کی توفیق دیتا ہے۔ یہاں تک کہ جب تم کشتیوں میں (سوار) ہوتے اور کشتیاں پاکیزہ ہوا (کے نرم نرم جھونکوں) سے سواروں کو لے کر چلنے لگتی ہیں اور وہ ان سے خوش ہوتے ہیں تو ناگہاں زناٹے کی ہوا چل پڑتی ہے اور لہریں ہر طرف سے ان پر (جوش مارتی ہوئی) آنے لگتی ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ (اب تو) لہروں میں گھر گئے تو اس وقت خالص اللہ ہی کی عبادت کر کے اس سے دعا مانگنے لگتے ہیں کہ (اے اللہ) اگر تو ہم کو اس سے نجات بخشے تو ہم (تیرے) بہت ہی شکر گزار ہوں۔

فَلَمَّآ أَنْجَاهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ ۖ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٣﴾

فَ: (پس) حرف عطف۔ لَمَّا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب: (ابھی تک نہیں) مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔ جازم مضارع ہوتا ہے۔ أَنْجَا: (اس نے نجات دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْجٰی يُنْجِيْ۔ مصدر۔ اَنْجَاءٌ۔ (نجات دینا۔ بچانا) ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ن ج و) ناقص واوی۔ نَجَا يَنْجُو۔ مصدر۔ نَجْوَى۔ نَجْوًا (بچنا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِذَا: (جب۔ اچانک) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ فجائیہ۔ هُمْ: (وہ) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ يَبْغُوْنَ: (تلاش کرتے ہیں۔ بغاوت کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ب غ ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ بَغٰی يَبْغِيْ۔ مصدر۔ بَغْيًا۔ (سرکشی کرنا۔ بغاوت کرنا۔ حد سے فساد برپا کرنا۔ تلاش کرنا۔ جستجو کرنا)۔ فِي: (میں) حرف جار۔ الْأَرْضِ: (زمین) اسم مجرور۔ بِغَيْرِ: (علاوہ۔ سوا۔ مگر۔ نا) مرکب: (بِ + غَيْرِ) حرف جار۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ الْحَقِّ: (حق سچ) مجرور۔ مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ يَا: (اے) حرف نداء۔ أَيُّ: (جو بھی۔ جو نسا) منادیٰ۔ تقدیراً منصوب۔ مضاف هَا: (اوئے) حرف تنبیہ۔ النَّاسُ: (لوگ) بدل أَيُّ منادیٰ کا۔ إِنَّمَا: (درحقیقت۔ صرف اور صرف) کافۃ و مکفوفۃ۔ مرکب: (إِنَّ + مَا)

حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ بَغْيُ:(اس نے سرکشی کی۔ بغاوت کی) مبتداء۔ مرفوع۔ مضاف۔ کُمْ:(تم سے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَى:(پر) حرف جار۔ أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔ جانیں) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاخبر مرفوع۔ مضاف ۔ کُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر مجرور مضاف الیہ۔ مَّتَاعَ:(فائدہ۔) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔ الْحَيَاةِ:(زندگی) مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ الدُّنْيَا:(دنیا) غیر منصرف۔ مبنی بر سکون۔ محلاً صفت مجرور۔ تابع موصوف۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ إِلَيَ:(طرف) حرف جار۔ نَا:(ہماری) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَرْجِعُ:(رجوع کرنے والا۔ لوٹنے والا) مصدر میمی۔ مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ مضاف۔ کُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ نُنَبِّئُ:(ہم خبر دیتے ہیں) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ تفعیل۔ صیغہ۔ نَبَّاَ یُنَبِّئُ۔ مصدر۔ تَنْبِئَةٌ۔(خبر دینا۔ خبر کرنا۔) ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ن ب ء) مہموز اللام۔ صیغہ۔ نَبَاَ یَنْبَاُ۔ مصدر۔ نَبَأً۔ نَبُوْءً۔(خبر دینا۔ آہستہ آواز دینا۔ دیس نکالا دینا۔ ہٹانا۔)۔ کُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ کُنْتُمْ:(تم تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْمَلُوْنَ :(تم کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ عَمِلَ یَعْمَلَ۔ مصدر۔ عَمْلًا (کرنا)۔ محلاً جملہ کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: لیکن جب وہ ان کو نجات دے دیتا ہے تو ملک میں ناحق شرارت کرنے لگتے ہیں۔ لوگو! تمہاری شرارت کا وبال تمہاری ہی جانوں پر ہو گا تم دنیا کی زندگی کے فائدے اُٹھالو۔ پھر تم کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا ہے۔ اس وقت ہم تم کو بتائیں گے جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ قَادِرُونَ عَلَيْهَا أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنَاهَا حَصِيدًا كَأَن لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ ۚ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٢٤﴾

إِنَّمَا :(درحقیقت۔صرف اور صرف)**كافة و مكفوفة**۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔مَثَلُ:(مثال ہے)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الْحَيَاةِ :(زندگی کی)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الدُّنْيَا :(دنیا)غیر منصرف۔مبنی بر سکون۔محلاً صفت مجرور۔تابع موصوف۔كَ:(جیسا کہ)حرف تشبیہ و جار۔مَاءٍ:(پانی)اسم مجرور۔ أَنزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف جار۔اخْتَلَطَ:(اس نے ملایا۔گھنا کر دیا۔مل جل گئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَلَطَ يَخْتَلِطُ۔مصدر۔اِخْتِلَاطٌ۔(ملانا جلانا۔گھنا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(خ ل ط)صیغہ۔خَلَطَ يَخْلِطُ۔مصدر۔خَلْطٌ۔(مکس کرنا۔گڈمڈ کرنا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ نَبَاتُ:(روئیدگی۔ سبزی۔ گھاس۔اگنے والی اشیاء)مبتداء مرفوع۔مضاف۔الْأَرْضِ:(زمین)مجرور مضاف الیہ۔ مِمَّا:(اس سے جو) مرکب:(مِنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَأْكُلُ:(وہ کھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔ اَكْلٌ۔ (کھانا)۔ النَّاسُ:(لوگ)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَنْعَامُ:(مویشی۔چوپائے۔جب تک اس میں اونٹ نہ ہو۔انعام نہیں ہو سکتا)معطوف مرفوع۔ حَتَّىٰ :(یہاں تک)حرف غائت۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔

بمعنی مستقبل۔أَخَذَتِ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ت ساکن علامت تانیث۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ الْأَرْضُ:(زمین) فاعل۔ مرفوع۔زُخْرُفَ:(زیور۔سونا۔آرائش۔ ملمع۔رونق۔کمال کا حسن کہلاتا زُخْرُفٌ ہے)هَا:() وَ:(اور)حرف عطف۔ازَّيَّنَتْ:(وہ زینت والی ہوگئی۔وہ سج گئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ت ساکن علامت تانیث۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ زَيَّنَ يُزَيِّنُ۔مصدر۔تَزْيِيْنٌ۔(مزین کرنا۔سجانا۔زینت دینا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(زی ن)اجوف واوی۔صیغہ زَانَ يَزِيْنُ۔مصدر۔زِيْنَةٌ۔(سجنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ظَنَّ:() ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ظَنٌّ۔(شک کرنا۔گمان کرنا۔وہم کرنا)۔ أَهْلُ:(رہنے والے۔اہل)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔قَادِرُوْنَ:(اندزاے،پیمانے مقرر کرنے والے)اسم فاعل مرفوع۔محلاً جملہ أَنَّ کی خبر مرفوع۔ عَلَيَ: (پر)حرف جار۔هَآ:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔أَتَا:(اس نے دیا)اصلاً رسم الخط۔ أَتیٰ تھا۔ برائے اتصال۔ی کو الف سے بدل دیا گیا۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَمْرُ:(حکم۔امر۔کام۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَيْلاً:(رات)ظرف زمان۔منصوب۔مفعول بہ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔نَهَارًا:(دن)ظرف زمان۔معطوف۔منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنا دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔هَا :(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔حَصِيدًا:(کٹی ہوئی فصل۔جڑ سے کاٹی ہوئی)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ كَأَنْ:(گویا کہ)اصلاً كَأَنَّ تھا۔نون مخففہ کی وجہ سے عمل ختم ہوگیا۔مرکب ہے(كَ+أَنْ)حرف تشبیہ۔+نون مخففہ۔ناصب اسم۔ لَمْ:(نہ)نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔تَغْنَ:(امیر کردیا)اصلاً تَغْنِيْ تھا۔بوجہ لَمْ مجزوم۔حرف علت

محذوف۔ فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَغْنٰى يُغْنِىْ۔ مصدر۔ اِغْنَاءٌ۔(بے پرواہ ہونا۔ غنی ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(غ ن ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ غَنِيَ يَغْنٰى۔ مصدر۔ غَنَاءٌ۔(بے پرواہ ہونا۔ بسنا۔ آباد ہونا۔ مالدار ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْأَمْسِ:(کل گزرا ہوا)ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔ كَذٰلِكَ:(اسی طرح۔ اس کی مانند) مرکب:(كَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَ اسم اشارہ مرفوع۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً+ لِ بُعد کے لئے + كَ خطاب کے لئے۔ نُفَصِّلُ:(ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ فَصَّلَ يُفَصِّلُ۔ مصدر۔ تَفْصِيلًا۔(تفصیل سے بیان کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب مادہ(ف ص ل)صیغہ۔ فَصَلَ يَفْصُلُ۔ مصدر۔ فُصُوْلاً۔(الگ کرنا)۔ فاصلے پر رکھنا۔ الْاٰيَاتِ:(آیات کو) منصوب بالکسرہ۔ مفعول بہ۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ قَوْمٍ:(قوم۔ لوگ)اسم مجرور۔ يَتَفَكَّرُوْنَ:(وہ غور کرتے ہیں۔ سوچتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ۔ مصدر۔ تَفَكُّرٌ۔(غور و غوض کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ ضرب۔ مادہ(ف ک ر)صیغہ۔ فَكَرَ يَفْكِرُ۔ مصدر۔ فِكْرٌ۔(سوچنا۔ غور کرنا۔ تامل کرنا)۔ جملہ محلاً مجرور قَوْمٍ کی صفت۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: دنیا کی زندگی کی مثال مینھ کی سی ہے کہ ہم نے اس کو آسمان سے برسایا۔ پھر اس کے ساتھ سبزہ جسے آدمی اور جانور کھاتے ہیں مل کر نکلا یہاں تک کہ زمین سبزے سے خوشنما اور آراستہ ہوگئی اور زمین والوں نے خیال کیا کہ وہ اس پر پوری دسترس رکھتے ہیں ناگہاں رات کو یا دن کو ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا تو ہم نے اس کو کاٹ (کر ایسا کر) ڈالا کہ گویا کل وہاں کچھ تھا ہی نہیں۔ جو لوگ غور کرنے والے ہیں۔ ان کے لیے ہم (اپنی قدرت کی) نشانیاں اسی طرح کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يَدْعُو:(وہ بلاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔إِلَى :(طرف)حرف جار۔دَارِ :(گھر)اسم مجرور۔مضاف۔السَّلَامِ:(سلامتی کے)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَهْدِي:(ہدایت دیتا ہے۔راہنمائی کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ مَنْ:(جس کو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔يَّشَاءُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔ باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی۔چاہنا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ صِرَاطٍ :(راستہ)اسم مجرور۔موصوف۔مُّسْتَقِيْمٍ :(سیدھا۔قائم رکھنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے۔اور جس کو چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

لِّلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَىٰ وَزِيَادَةٌ ۖ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٦﴾

لِّ:(لئے)حرف جار۔لَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً ااسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ أَحْسَنُوْ:(انہوں نے بھلائی کی۔اچھائی کی۔انہوں نے نیکیاں کیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْسَنَ يُحْسِنُ۔مصدر۔اِحْسَانٌ۔(نیکی کرنا۔بھلائی کرنا)ثلاثی مجرد۔ باب کرم۔مادہ(ح س ن)صیغہ۔حَسُنَ يَحْسُنُ ۔مصدر۔حُسْنًا۔(خوبصورت ہونا)۔الْحُسْنَى: (عمدہ۔ بھلائی۔اچھا بدلہ)افعل التفضیل۔مبتداء مؤخر۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔زِيَادَةٌ:(زیادہ۔مزید۔ زیادہ ہونا)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَرْهَقُ:(چھاجاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ھ ق)صیغہ۔رَهِقَ يَرْهَقُ ۔مصدر۔رَهْقٌ۔(چھا جانا)۔ وُجُوهَ:

وَجْهٌ کی جمع۔چہرے)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مقدّم۔مجرور مضاف الیہ۔ قَتَرٌ :(کنجوسی۔دھواں۔سیاہی)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ذِلَّةٌ:(ذلت۔رسوائی)معطوف مرفوع۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصْحَابُ:(ساتھی۔اصحاب۔)خبر مرفوع۔مضاف۔ الْجَنَّةِ: (جنّت)مجرور مضاف الیہ۔ هُمْ :(وہی) ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ خَالِدُونَ:(ہمیشہ رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں نے نیکوکاری کی ان کے لیے بھلائی ہے اور (مزید برآں) اور بھی اور ان کے مونہوں پر نہ تو سیاہی چھائے گی اور نہ رسوائی۔یہی جنتی ہیں کہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

وَالَّذِينَ كَسَبُوا السَّيِّئَاتِ جَزَاءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ مَّا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ اللَّيْلِ مُظْلِمًا أُولَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔كَسَبُوْا:(انہوں نے کمایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا)۔السَّيِّئَاتِ:(برائیاں)منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہ۔ جَزَاءُ:(بدلہ۔جزاء)مبتداء۔مرفوع۔ مضاف۔سَيِّئَةٍ:(برائی)مجرور۔مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مِثْلِ:(مثال)اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَرْهَقُ:(چھا جاتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ھ ق)صیغہ۔رَهِقَ يَرْهَقُ ۔مصدر۔رَهْقٌ۔(چھا جانا)۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔ ذِلَّةٌ :(ذلت ۔رسوائی)فاعل مرفوع۔مَّا :(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :

(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ فتحہ۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ زائدہ۔ عَاصِمٍ: (بچانے والا۔ روکنے والا۔ دفاع کرنے والا)اسم مجرور۔ كَأَنَّمَا:(گویا کہ)مرکب :(كَأَنَّ+مَا)مشبہ بالفعل۔ غیر عامل۔ أُغْشِيَتْ :(ڈھاپ دیئے گئے)فعل ماضی مجہول۔ واحد مؤنث غائب۔ علامت ت ساکن برائے تانیث۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَغْشٰى يُغْشِيْ۔ مصدر۔ اِغْشَاءٌ۔(ڈھانپ دینا۔)وُجُوهُ:(وَجْهٌ کی جمع۔ چہرے)نائب فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قِطَعًا:(ٹکڑے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ اللَّيْلِ:(رات)اسم مجرور۔ مُظْلِمًا: (اندھیر میں پڑا ہوا)منصوب۔ حال۔ أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء مرفوع۔ أَصْحَابُ:(والے۔ ساتھی۔ دوست)خبر مرفوع۔ مضاف۔ النَّارِ :(آگ۔ دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔ هُمْ :(وہ ہی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ خَالِدُوْنَ :(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے)اسم فاعل۔ جمع مذکر غائب۔ محلاً خبر مرفوع۔ محلاً جملہ منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت: اور جنہوں نے برے کام کئے تو برائی کا بدلہ ویسا ہی ہو گا۔ اور ان کے مونہوں پر ذلت چھا جائے گی۔ اور کوئی ان کو اللہ سے بچانے والا نہ ہو گا۔ ان کے مونہوں (کی سیاہی کا یہ عالم ہو گا کہ ان) پر گویا اندھیری رات کے ٹکڑے اُڑھا دیئے گئے ہیں۔ یہی دوزخی ہیں کہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ ۖ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُم مَّا كُنتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ﴿٢٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ يَوْمَ :(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔ نَحْشُرُ:(ہم جمع کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ح ش ر)صیغہ۔ حَشَرَ يَحْشُرُ۔ مصدر۔ حَشْرٌ۔(اکٹھا کرنا)۔ هُمْ:(ان

کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ جَمِيعًا:(سب کو)منصوب۔حال۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔نَقُوْلُ:(ہم کہیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔أَشْرَكُوْا:(انہوں نے شریک ٹھہرائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔اِشْرَاكًا۔(شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔شَرِكَ يَشْرَكُ۔ مصدر۔ شَرْكًا۔(شریک کربنانا۔ہمسر بنانا)۔ مَكَانَ:(جگہ)اسم فعل امر۔ بمعنی۔ (چمٹے رہنا۔اپنی جگہ ٹھہرے رہنا۔)منصوب ۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)عطف۔ شُرَكَآؤُ: (شَرِيْكٌ کی جمع۔ہم پلہ۔ہمسر۔)منصوب۔بالضمہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔زَيَّلْنَا:(ہم نے الگ کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔زَيَّلَ يُزَيِّلُ۔مصدر۔تَزْيِيْلٌ۔(الگ کرنا۔تفریق کرنا۔) بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔شُرَكَآؤُ:(شَرِيْكٌ کی جمع۔ہم پلہ۔ہمسر۔)فاعل مرفوع۔بالضمہ۔مضاف۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّا:(نہیں)نافیہ۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ إِيَّا:(ہی)حرف حصر۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔تَعْبُدُوْنَ:(تم عبادت کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع ۔ علامت نون

اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَۃٌ۔(بندگی کرنا۔عبادت کرنا۔غلامی کرنا)۔جملہ محلاًکَانَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر مشرکوں سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے شریک اپنی اپنی جگہ ٹھہرے رہو۔تو ہم ان میں تفرقہ ڈال دیں گے اور ان کے شریک (ان سے) کہیں گے کہ تم ہم کو نہیں پوجا کرتے تھے۔

فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِن كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ ﴿٢٩﴾

فَ:(پس)ضرف عطف۔کَفٰی:(کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔کَفٰی یَکْفِیْ۔مصدر۔کِفَایَۃٌ۔(کافی ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔زائدہ۔اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شَھِیْدًا:(گواہ۔نگران۔ شاہد۔شہادت۔گواہی) منصوب۔تمیز۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ کُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنْ:(یقیناً) اِنَّ ثقیلہ۔کا مخففہ۔ برائے تاکید۔کُنَّا:(ہم تھے) فعل ناقص ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ عِبَادَتِ:(عبادت۔بندگی)اسم مجرور۔ مضاف۔کُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الی۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔فارقہ۔غَافِلِیْنَ :(لاپرواہ۔بے خبر۔)اسم فاعل ۔جمع مذکر۔مجرور علامت ۔ی۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً اِنْ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ ہی گواہ کافی ہے۔ہم تمہاری پرستش سے بالکل بے خبر تھے

هُنَالِكَ تَبۡلُو كُلُّ نَفۡسٍ مَّآ أَسۡلَفَتۡ ۚ وَرُدُّوٓاْ إِلَى ٱللَّهِ مَوۡلَىٰهُمُ ٱلۡحَقِّ ۖ وَضَلَّ عَنۡهُم مَّا كَانُواْ يَفۡتَرُونَ ﴿٣٠﴾

هُنَالِكَ:(وہاں۔اس جگہ۔اس وقت)اسم اشارہ۔ظرف مکان وزمان۔ تَبۡلُو:(آزمالے گی۔جانچ لے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَلَا يَبۡلُو۔ مصدر۔بَلَاءٌ۔(جانچنا۔آزمانا)۔ كُلُّ:(ہر۔تمام)تاکیدً۔فاعل مرفوع۔مضاف۔نَفۡسٍ:(جان)مجرور مضاف الیہ۔ مَّآ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ أَسۡلَفَتۡ:(اس نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسۡلَفَ يُسۡلِفُ۔مصدر۔اِسۡلَافٌ۔(پہلے ۔گزرے ہوئے)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رُدُّوٓا:(وہ لوٹائے جائیں گے)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د) مضاعف۔رَدَّ يَرُدُّ مصدر۔رَدًّا۔(منع کرنا۔واپس کرنا۔لوٹانا۔بات کو بار بار دہرانا۔جواب دینا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مَوۡلَا:(آقا۔دوست ساتھی)اصلاً مَوۡلیٰ تھا۔برائے اتصال ی کو الف سے تبدیل کر دیا گیا۔مضاف۔ هُمُ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ الۡحَقِّ:(حق۔سچ) مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ضَلَّ :(وہ گمراہ ہوگئے۔بھٹک گئے)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا)۔عَنۡ:(سے)حرف جار۔هُمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَّا:(نہیں) نافیہ۔ كَانُوا:(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔يَفۡتَرُوۡنَ :(جھٹلاتے ہیں۔بہتان لگاتے ہیں۔جھوٹ گھڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفۡتَرٰى يَفۡتَرِيۡ۔مصدر۔اِفۡتِرَاءٌ۔(جھوٹ گھڑنا۔بہتان لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔فَرٰى

یَفْرِیْ۔مصدر۔فَرْیًا۔فِرْیَۃٌ۔(بکری کاپیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰی بَطْنَ الشَّاۃِ۔فَرَی اللَّحْمَ۔اَوْ۔البَصَلَ)۔محلاً کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: وہاں ہر شخص (اپنے اعمال کی) جو اس نے آگے بھیجے ہوں گے آزمائش کرلے گا اور وہ اپنے سچے مالک کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو کچھ وہ بہتان باندھا کرتے تھے سب ان سے جاتا رہے گا۔

قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَمَّنْ يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَمَنْ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۚ فَسَيَقُولُونَ اللَّهُ ۚ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣١﴾

قُلْ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔مَنْ:(کون)اسم استفہامیہ۔یَّرْزُقُ:(رزق دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ یَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔ کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ فتحہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ السَّمَآءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ أَمَّنْ:(یا۔کون)مرکب۔:(أَمْ+مَنْ)حرف عطف+اسم استفہامیہ۔ یَمْلِكُ:(ملکیت رکھتا ہے۔اختیار رکھتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَکَ یَمْلِکُ۔مصدر۔مُلْکٌ۔(اختیار رکھنا۔ملکیت رکھنا)السَّمْعَ :(سماعت کا۔کان۔ سننا) منصوب۔مفعول بہٖو:(اور)حرف عطف۔الْأَبْصَارَ:(آنکھوں)معطوف۔منصوب۔وَ:(اور) حرف عطف۔ مَنْ:(کون ہے)اسم استفہامیہ۔ یُخْرِجُ:(نکالتا ہے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخْرَجَ یُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ الْحَيَّ :(زندہ کو)منصوب مفعول بہٖ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْمَيِّتِ: (مردے سے)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔یُخْرِجُ:(نکالتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی

مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَخۡرَجَ یُخۡرِجُ۔مصدر۔اِخۡرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج) صیغہ۔خَرَجَ یَخۡرُجُ۔مصدر۔خَرۡجًا۔(نکلنا)۔الۡمَيِّتَ:(مردے کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الۡحَيِّ :(زندہ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَنۡ:(کون ہے)اسم استفہامیہ۔یُدَبِّرُ:(تدبیر کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔دَبَّرَ یُدَبِّرُ۔مصدر۔تَدۡبِیۡرٌ۔(تدبیر کرنا۔منصوبہ بندی کرنا۔غور کرنا)۔ الۡأَمۡرَ :(حکم۔امر۔کام)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پھر)برائے رابطہ۔سَ:(جلد ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔یَقُوۡلُوۡنَ:(وہ کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔قُلۡ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا بولنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَتَّقُوۡنَ :(تم پرہیز کرتے ہو۔ اللہ سے ڈرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰی یَقِیۡ۔مصدر۔وِقَایَةً۔وَقۡیًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقویٰ اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔

ترجمہ آیت:(ان سے) پوچھو کہ تم کو آسمان اور زمین میں رزق کون دیتا ہے یا (تمہارے) کانوں اور آنکھوں کا مالک کون ہے اور بے جان سے جاندار کون پیدا کرتا ہے اور دنیا کے کاموں کا انتظام کون کرتا ہے۔ جھٹ کہہ دیں گے کہ اللہ۔ تو کہو کہ پھر تم (اللہ سے) ڈرتے کیوں نہیں؟

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الۡحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعۡدَ الۡحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ ۚ فَأَنّٰى تُصۡرَفُوۡنَ ﴿۳۲﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔ذَٰلِكُمُ:(وہ)مرکب:(ذَ+لِ+كُمُ)حرف جار و تشبیہ۔+اسم اشارہ+ برائے بعید+برائے خطاب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)خبر مرفوع۔رَبُّ:(ربّ)بدل مرفوع۔ مضاف۔ كُمُ : (تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْحَقُّ:(حق ۔سچ)صفت مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔مَاذَا:(کیا)اسم استفہام۔(مَا استفہامیہ۔ذا۔الگ کرنے کے لئے تاکہ مَا۔نافیہ۔میں فرق معلوم ہوسکے)۔ بَعْدَ :(بعد)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ الْحَقِّ: (حق ۔سچ)مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔الضَّلَالُ :(گمراہی۔راستہ سے بھٹک جانا)بدل مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَنَّىٰ:(کہاں)اسم ظرف زمان اور ظرف مکان دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔زمان کے لئے استعمال ہو تو معنیٰ (مَتیٰ۔جب جس وقت)جب ظرف مکان کے لئے استعمال ہو تو معنیٰ(اَیْنَ۔کہاں)جب استفہامیہ ہو تو معنیٰ(کَیْفَ۔کیسے۔کیونکہ)یہاں (استفھامیہ کے طورپر استعمال ہوا۔معنیٰ سوالیہ۔کا ہوگا۔)اسم استفہام۔مبنی سکون محلاً منصوب۔حال۔تُصْرَفُونَ :(تم پھیرے جاتے ہو)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ر ف)صیغہ۔صَرَفَ يَصْرِفُ۔مصدر۔صَرْفٌ۔(پھر جانا)۔

ترجمہ آیت:یہی اللہ تو تمہارا پروردگار برحق ہے۔اور حق بات کے ظاہر ہونے کے بعد گمراہی کے سوا ہے ہی کیا؟تو تم کہاں پھرے جاتے ہو۔

كَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ فَسَقُوٓا أَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٣﴾

كَذَٰلِكَ:(اسی طرح۔اس کی مانند)مرکب:(كَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ذَ اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً+لِ بُعد کے لئے+كَ خطاب کے لئے۔حَقَّتْ:(وہ سچ ہوا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ح ق ق)مضاعف۔صیغہ حَقَّ يَحِقُّ۔مصدر۔حَقٌّ۔(سچ ہونا۔درست ہونا)۔ كَلِمَتُ: (بات ۔فرمان۔قانون)مبتداء مرفوع۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد

مذکر حاضر علامت مفتوح۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَى:(پر) حرف جار۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ فَسَقُوْا:(انہوں نے نافرمانی کی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ف س ق) صیغہ۔ فَسَقَ يَفْسِقُ۔ مصدر۔ فِسْقٌ۔(نافرمانی کرنا)۔ أَنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُمْ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔ يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً جملہ أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔

ترجمہ آیت: اسی طرح اللہ کا ارشاد ان نافرمانوں کے حق میں ثابت ہو کر رہا کہ یہ ایمان نہیں لائیں گے

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۚ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٤﴾

قُلْ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ هَلْ :(کیا) حرف استفہام۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ شُرَكَآءِ:(کوئی بھی۔ اللہ سے ہمسری کرنے والے) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَّنْ:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مفعول بہ۔ مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ يَبْدَأُ:(ابتداء کرتا ہے۔ شروع کرتا ہے۔ پہلی باب) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ب د ء) صیغہ۔ بَدَءَ يَبْدَؤُ۔ مصدر۔ بَدْءٌ۔(ابتداء کرنا)۔ اَلْخَلْقَ:(پیدا کرنا۔ مخلوق۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ يُعِيْدُ:(دہراتا ہے۔ دوبارہ لوٹاتا ہے۔ دوبارہ پیدا کرے گا)۔ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ اَعَادَ يُعِيْدُ۔ مصدر۔ اِعَادَةٌ۔(دہرانا۔ اعادہ کرنا۔ دوبارہ وہی کام کرنا)۔ هٗ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ قُلِ :(کہہ دیں) فعل امر

واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ یَبْدَأُ:(ابتداء کرتا ہے۔شروع کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب د ء)صیغہ۔بَدَءَ یَبْدَؤُ۔مصدر۔بَدْءٌ۔(ابتداء کرنا)۔ الْخَلْقَ:(پیدا کرنا۔مخلوق۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔یُعِیْدُ:(دہراتا ہے۔دوبارہ لوٹاتا ہے۔دوبارہ پیدا کرے گا)۔ہٗ:(اس کو)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَعَادَ یُعِیْدُ۔مصدر۔اِعَادَۃٌ۔(دہرانا۔اعادہ کرنا۔دوبارہ وہی کام کرنا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَنَّی اسم ظرف زمان اور ظرف مکان دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔زمان کے لئے استعمال ہو تو معنی (مَتیٰ۔جب جس وقت)جب ظرف مکان کے لئے استعمال ہو تو معنی (اَیْنَ۔کہاں)جب استفہامیہ ہو تو معنی(کَیْفَ۔کیسے۔کیونکہ)یہاں (استفهامیه کے طورپر استعمال ہوا۔ معنی سوالیہ۔کاہوگا۔)اسم استفہام۔مبنی سکون محلاً منصوب۔حال۔تُؤْفَکُوْنَ :(تم بہکائے جاتے ہو)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٴ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ف ک)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَفَکَ یَافِکُ۔مصدر۔ اِفْکٌ۔ (پلٹنا۔پھرنا۔بہکانا۔جھوٹ۔بہتان)۔

ترجمہ آیت:(ان سے) پوچھو کہ بھلا تمھارے شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے کہ مخلوق کو ابتداًپیدا کرے(اور) پھر اس کو دوبارہ بنائے؟ کہہ دو کہ اللہ ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی اس کو دوبارہ پیدا کرے گا تو تم کہاں اُکسے جارہے ہو

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ قُلِ اللَّهُ يَهْدِي لِلْحَقِّ ۗ أَفَمَن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ
أَحَقُّ أَن يُتَّبَعَ أَمَّن لَّا يَهِدِّي إِلَّا أَن يُهْدَىٰ ۖ فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿٣٥﴾

قُلْ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔هَلْ :(کیا)حرف استفہام۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ شُرَکَآءِ:(کوئی بھی۔اللہ سے

ہمسری کرنے والے)اسم مجرور۔ مضاف۔ کُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔مَّنْ :(جو)اسم موصول۔ مبنی سکون۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔يَّهْدِيْ:(راہنمائی دیتا ہے۔ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی يَهْدِیْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ الْحَقِّ: (حق۔ سچ۔ حقیقت)اسم مجرور۔ قُلِ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ يَهْدِيْ:(راہنمائی دیتا ہے۔ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی يَهْدِیْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق۔سچ کے)اسم مجرور۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَّهْدِيْ:(راہنمائی دیتا ہے۔ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی يَهْدِیْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ الْحَقِّ:(حق۔سچ۔حقیقت)اسم مجرور۔ أَحَقُّ:(زیادہ حقدار)افعل التفضیل۔ خبر مرفوع۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُّتَّبَعَ:(اس کی پیروی کی جائے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر ۔ اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ أَمَّنْ:(یا جو۔)مرکب۔: (أَمْ+مَّنْ)حرف عطف۔اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ لَّا:(نہیں)نافیہ۔ يَهِدِّيْ:(وہ راہنمائی پائے۔ہدایت پائے) اصلاًيَهْتَدِيْ تھا۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰی يَهْتَدِیْ۔ مصدر۔اِهْتِدَاءٌ۔(ہدایت پانا۔ راہ پانا)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی يَهْدِیْ۔ مصدر ۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب

مضارع۔ یُّھْدٰی: (اس کی راہنمائی کی جائے۔ اس کو راہ دکھائی جائے) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر ھُوَ۔ نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔ ھَدٰی یَھْدِیْ۔ مصدر۔ ھَدَایَۃٌ۔ (ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔ فَ: (تو) استئنافیہ۔ مَا: (کیا) حرف استفہام۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ کُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ کَیْفَ: (کیسے) اسم استفہام۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ حال۔ تَحْکُمُوْنَ: (تم فیصلہ کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ح ک م) صیغہ۔ حَکَمَ یَحْکُمُ۔ مصدر۔ حَکْمٌ۔ (فیصلہ کرنا۔)

ترجمہ آیت: پوچھو کہ بھلا تمہارے شریکوں میں کون ایسا ہے کہ حق کا رستہ دکھائے۔ کہہ دو کہ اللہ ہی حق کا رستہ دکھاتا ہے۔ بھلا جو حق کا رستہ دکھائے وہ اس قابل ہے کہ اُس کی پیروی کی جائے یا وہ کہ جب تک کوئی اسے رستہ نہ بتائے رستہ نہ پائے۔ تو تم کو کیا ہوا ہے کیسا انصاف کرتے ہو؟

وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلَّا ظَنًّا إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا إِنَّ اللهَ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿٣٦﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ یَتَّبِعُ: (وہ پیروی کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔ مصدر۔ اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔ (پیروی کرنا)۔ اَکْثَرُ: (اکثر۔ زیادہ تر) افعل التفضیل۔ فاعل مرفوع۔ مضاف۔ ھُمْ: (وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ ظَنًّا: (گمان۔ خیال۔ وہم) منصوب۔ مفعول بہ۔ اِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ الظَّنَّ: (وہم۔ گمان۔ خیال۔ شک) اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ یُغْنِيْ: (وہ غنی کرے دے گا۔ بے پرواہ کردے گا۔ امیر کر دے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَغْنٰی یُغْنِيْ۔ مصدر۔ اِغْنَاءٌ۔ (بے پرواہ ہونا۔ غنی ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (غ ن ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ غَنِيَ یَغْنٰی۔

مصدر۔غَنَاءٌ۔(بے پرواہ ہونا۔ بسنا۔ آباد ہونا۔مالدار ہونا۔)مِنَ :(سے)حرف جار۔الْحَقِّ :(حق۔سچ)اسم مجرور۔شَيْئًا:(کوئی چیز۔)منصوب۔ مفعول بہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔عَلِيْمٌ:(خوب جاننے والا) إِنَّ کی خبر مرفوع۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يَفْعَلُوْنَ :(وہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔صیغہ۔ فَعَلَ يَفْعَلُ۔ مصدر۔فِعْلٌ۔(کرنا۔ہونا)

ترجمہ آیت:اور ان میں سے اکثر صرف ظن کی پیروی کرتے ہیں۔اور کچھ شک نہیں کہ ظن حق کے مقابلے میں کچھ بھی کارآمد نہیں ہو سکتا۔بے شک اللہ تمہارے (سب) افعال سے واقف ہے۔

وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَنْ يُّفْتَرَىٰ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ ﴿٣٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ: (وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔هَٰذَا:(یہ)اسم اشارہ۔قریب۔واحد مذکر۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ الْقُرْآنُ:(قرآن مجید)بدل مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يُّفْتَرَىٰ :(جھوٹ گھڑتا ہے۔افتراء باندھتا ہے۔ بہتان لگاتا ہے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفْتَرٰى يَفْتَرِىْ۔ مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(جھوٹ گھڑنا۔بہتان لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔فَرٰى يَفْرِىْ۔ مصدر۔فَرْيًا۔فَرْيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰى بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَى اللَّحْمَ۔اَوْ۔ البَصْلَ)۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوائے)ظرف مکان۔محلاً كَانَ اسم مجرور۔ مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ: (اور)حرف عطف۔لَٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل ۔ناصب اسم۔ تَصْدِيْقَ:(تصدیق) لَٰكِنْ کا اسم منصوب۔ لَٰكِنَّ ثقیلہ کا مخففہ۔ الَّذِيْ:(جو)اسم

موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ يَدَيْ:(دونوں ہاتھوں کے)اصلاً يَدَيْنِ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَفْصِيْلَ : (تفصیل۔تفسیر۔وضاحت۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔ مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔ رَيْبَ:(شک)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔فِيْ: (میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًلائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔الْعَالَمِيْنَ:(جہانوں کا)مجرورعلامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا کوئی اس کو اپنی طرف سے بنالائے۔ہاں (ہاں یہ اللہ کا کلام ہے) جو(کتابیں) اس سے پہلے (کی) ہیں۔ان کی تصدیق کرتا ہے اور ان ہی کتابوں کی (اس میں) تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں (کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے۔

أَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ ﴿٣٨﴾

أَمْ:(یا)حرف عطف۔يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ افْتَرَا:(اس نے گھڑ لیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ۔ مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(جھوٹ گھڑنا۔بہتان لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔فَرٰى يَفْرِيْ۔ مصدر۔ فَرْيًا۔فَرْيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰى بَطْنَ الشَّاةِ۔ فَرَى اللَّحْمَ۔أَوِ۔البَصَلَ)۔هُ:(اس نے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔فاعل مرفوع۔ قُلْ :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ فَ:(پھر)برائے رابطہ۔أْتُوْا:(تم لے آؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔سُوْرَةٍ :(سورت) اسم مجرور۔مضاف۔مِّثْلِ:(مانند۔طرح) مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ہٖ :(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔ادْعُوْا:(تم بلاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ(پکارنا)۔مَنِ:(جو) اسم موصول۔شرطیہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اسْتَطَعْتُمْ:(تم کر سکتے ہو۔تم طاقت رکھتے ہو) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اِسْتِطَاعَ یَسْتَطِیْعُ۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔(خوشی سے کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ صیغہ۔طَاعَ یَطُوْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(خوشی سے کرنا۔اطاعت کرنا)۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوائے) ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ اِنْ:(اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ:(تم تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ صَادِقِيْنَ :(سچے ہو) اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس کو اپنی طرف سے بنالیا ہے کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تم بھی اس طرح کی ایک سورت بنالاؤ اور اللہ کے سوا جن کو تم بلا سکو بلا بھی لو۔

بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيْلُهٗ ۚ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۖ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾

بَلْ:(بلکہ) حرف اضراب۔كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا) ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب :(بِ+مَا)

حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔لَمۡ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ یُحِیۡطُوۡا:(گھیرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَاطَ یُحِیۡطُ۔مصدر۔اِحَاطَۃٌ۔(گھیرنا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔عِلۡمِ:(علم۔سائنس)اسم مجرور۔مضاف۔ہِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں)مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔۔یَاۡتِ:(وہ آئی۔ترجمہ بوجہ لَمَّا)اصلاً یَاۡتِیۡ تھا فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین حرف علت ۔ی۔محذوف۔ہِمۡ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ تَاۡوِیۡلُ:(تاویل۔دلیل۔تعبیر۔حقیقت۔تفسیر)ہٗ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔کَذٰلِکَ :(اسی طرح۔اس کی مانند)مرکب:(کَ+ذَ+لِ+کَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَ اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً+ لِ بُعد کے لئے + کَ خطاب کے لئے۔کَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکۡذِیۡبٌ۔(جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔کَذَبَ یَکۡذِبُ۔مصدر۔ کِذۡبًا۔کِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔اَلَّذِیۡنَ :(وہ جنھوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل۔ مرفوع۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔قَبۡلِ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً ام مجرور۔مضاف۔ہِمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اُنۡظُرۡ:(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔علامت۔محلااعراب مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنۡظُرُ۔مصدر۔نَظَرَ ۔ (دیکھنا)۔ کَیۡفَ:(کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کی خبر مقدّم۔منصوب۔ کَانَ:(وہ ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔ کَوۡنًا۔ (ہونا)۔ عَاقِبَۃُ:(انجام۔نتیجہ) کَانَ کا اسم

مرفوع۔مضاف۔ الظّٰلِمِيْنَ:(ظالم۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل جمع مذکر ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی ۔

ترجمہ آیت: حقیقت یہ ہے کہ جس چیز کے علم پر یہ قابو نہیں پاسکے اس کو(نادانی سے) جھٹلا دیا اور ابھی اس کی حقیقت ان پر کھلی ہی نہیں۔اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے تکذیب کی تھی سو دیکھ لو ظالموں کا انجام کیسا ہوا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿٤٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلا خبر مقدّم مرفوع۔ مَّنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ يُّؤْمِنُ :(ایمان لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔هٖ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف جار۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلا خبر مقدّم مرفوع۔ مَّنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ لَّا:(نہیں)نافیہ۔ يُؤْمِنُ:(ایمان لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔هٖ :(اس)ضمیر واحد مذکر۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔ رَبُّ:(ربّ)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔علامت فتحہ۔ أَعْلَمُ:(خوب جانتا

ہے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمُفْسِدِيْنَ :(بگاڑ کرنے والے۔فساد ڈالنے والے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اوران میں سے کچھ تو ایسے ہیں کہ اس پر ایمان لے آتے ہیں اور کچھ ایسے ہیں کہ ایمان نہیں لاتے۔ اور تمھارا پروردگار شریروں سے خوب واقف ہے۔

وَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقُلْ لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ أَنْتُمْ بَرِيْـُٔوْنَ مِمَّآ أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٤١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ كَذَّبُوْ:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع م ذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ محذوف برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ كَ:(آپ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ عَمَلِ:(عمل۔کارکردگی)مبتداء مؤخر تقدیراًمرفوع بالضمہ۔ کسرہ برائے اتصال مابعد۔ مضاف۔يْ:(میرے) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔مضاف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدّم مرفوع۔ عَمَلُ:(کام۔کارکردگی)مبتداءمؤخر۔ مرفوع۔ مضاف۔ كُمْ : (لئے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنْتُمْ : (تم)ضمیر منفصل۔مبنی سکون۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔بَرِيْـُٔوْنَ:(بیزار ہونے والے)فاعل جمع مذکر۔محلاًخبر مرفوع۔ مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔ أَعْمَلُ:(بہترین عمل)فعل مضارع واحد متکلم۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔

عَمَلًا (کرنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنَاْ:(میں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء۔ بَرِيْءٌ:(بیزار ہوں)خبر مرفوع۔مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور اگر یہ تمہاری تکذیب کریں تو کہہ دو کہ مجھ کو میرے اعمال(کا بدلہ ملے گا) اور تم کو تمہارے اعمال(کا) تم میرے عملوں کا جواب دہ نہیں ہو اور میں تمہارے عملوں کا جوابدہ نہیں ہوں

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ إِلَيْكَ أَفَأَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٤٢﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلا خبر مقدّم مرفوع۔ مَّنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ يَسْتَمِعُوْنَ:(سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَمَعَ يَسْتَمِعُ۔مصدر۔اِسْتِمَاعٌ۔(کان لگانا۔غور سے سننا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔(سننا)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)استئنافیہ۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ مبتداء مرفوع۔ تُسْمِعُ :(سنایا جائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسْمَعَ يُسْمِعُ۔مصدر۔اِسْمَاعٌ۔(سنانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع) صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔(سننا)۔الصُّمَّ:(بہرے کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ :(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔كَانُوْا:(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَعْقِلُوْنَ:(وہ عقل رکھتے ہیں۔سمجھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ محلاً مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ

كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔ عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلٌ۔(سمجھنا۔عقل رکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور ان میں سے بعض ایسے ہیں کہ تمہاری طرف کان لگاتے ہیں تو کیا تم بہروں کو سناؤ گے اگرچہ کچھ بھی (سنتے) سمجھتے نہ ہوں۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٤٣﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلا خبر مقدّم مرفوع۔ مَّنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ مبتداء مؤخر۔مرفوع۔يَّنْظُرُ:(وہ دیکھتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرٌ۔ (دیکھنا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ: (پس)استئنافیہ۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔تَهْدِي:(تو ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم ۔ مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ الْعُمْيَ:(اندھے کو)منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ كَانُوْا:(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُبْصِرُوْنَ:(وہ دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔أَبْصَرَ يُبْصِرُ۔مصدر۔إِبْصَارٌ۔ (دیکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ب ص ر)صیغہ۔بَصَرَ يَبْصُرُ۔مصدر۔بَصْرٌ۔(دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور بعض ایسے ہیں کہ تمھاری طرف دیکھتے ہیں۔ تو کیا تم اندھوں کو راستہ دکھاؤ گے اگرچہ کچھ بھی دیکھتے (بھالتے) نہ ہوں۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلٰكِنَّ النَّاسَ أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٤٤﴾

إِنَّ: (یقیناً۔ بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ يَظْلِمُ: (وہ ظلم کرتا۔ ناانصافی کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت محل اعراب مضموم۔ جملہ محلاً إِنَّ خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ ظُلْمًا۔ (ظلم کرنا۔ اندھیر مچانا)۔ النَّاسَ: (لوگوں پر) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ شَيْئًا: (کسی چیز۔ کوئی چیز۔ کچھ بھی) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لٰكِنَّ: (لیکن) حرف استدراک۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ النَّاسَ: (لوگ) لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔ أَنْفُسَ: نَفْسٌ کی جمع۔ جانوں کو) منصوب۔ مفعول بہٖ مقدّم۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَظْلِمُوْنَ: (وہ ظلم کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واوٗ جمع۔ محلاً لٰكِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ ظُلْمًا۔ (ظلم کرنا۔ اندھیر مچانا)۔

ترجمہ آیت: اللہ تو لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْا إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ۚ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿٤٥﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ يَوْمَ: (دن) ظرف زمان۔ منصوب۔ يَحْشُرُ: (وہ جمع کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ح ش ر) صیغہ۔ حَشَرَ يَحْشُرُ۔ مصدر۔ حَشْرٌ۔ (جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ كَأَنْ: (گویا کہ) اصلاً كَأَنَّ تھا۔ نون مخففہ

کی وجہ سے عمل ختم ہو گیا۔ مرکب ہے(كَ+أَنْ)حرف تشبیہ۔+نون مخففہ۔ناصب اسم۔ لَّمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَلْبَثُوْا:(وہ ٹھہرے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔جملہ محلاً كَأَنْ خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ب ث)صیغہ۔لَبِثَ يَلْبِثُ۔ مصدر۔ لَبْثٌ۔(ٹھہرنا۔رکنا۔قیام کرنا۔رہنا)۔ إِلَّا:(سوائے)حرف حصر۔سَاعَةً:(ایک گھنٹہ۔ایک گھڑی) ظرف زمان۔منصوب۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ النَّهَارِ : (دن)اسم مجرور۔شبہ جملہ صفت منصوب۔يَتَعَارَفُوْنَ :(وہ باہم پہچانیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔صیغہ تَعَارَفَ يَتَعَارَفُ۔ مصدر۔ تَعَارُفٌ۔(پہچاننا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ۔عَرَفَ يَعْرِفُ۔مصدر۔عِرْفَانًا۔ (پہچاننا۔ جاننا)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔خَسِرَ:(اس نے گھاٹا کھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ س ر)صیغہ۔خَسِرَ يَخْسَرَ۔مصادر۔خُسْرٌ۔ خَسْرًا۔ خُسْرًا۔خَسَارًا۔ خَسَارَةً۔خُسْرَانًا۔(گھاٹا کھانا)۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔كَذَّبُوْا: (انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔لِقَاءِ:(ملاقات۔آمنے سامنے ملنا) اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں) نافیہ۔ كَانُوْا:(وہ تھے۔وہ ہیں) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مُهْتَدِيْنَ: (ہدایت یافتہ۔ہدایت پانے والے) اسم مجرور۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور جس دن اللہ ان کو جمع کرے گا (تو وہ دنیا کی نسبت ایسا خیال کریں گے کہ) گویا (وہاں) گھڑی بھر دن سے زیادہ رہے ہی نہیں تھے (اور) آپس میں ایک دوسرے کو شناخت بھی کریں گے۔ جن لوگوں نے اللہ کے روبرو حاضر ہونے کو جھٹلایا وہ خسارے میں پڑ گئے اور راہ یاب نہ ہوئے۔

وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ عَلَى مَا يَفْعَلُونَ ﴿٤٦﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ إِمَّا: (اگر) مرکب: (إِنْ + مَّا) حرف شرط + زائدہ۔ نُرِيَنَّ: (ہم ضرور بالضرور دکھائیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَرٰى يُرِٰى۔ مصدر۔ إِرَاءَةٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كَ: (تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بَعْضَ: (کچھ۔ بعض) منصوب۔ مفعول ثانی۔ مضاف۔ الَّذِيْ: (جو) اسم موصول واحد مذکر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نَعِدُ: (ہم وعدہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ع د) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔ عِدَّةٌ۔ (وعدہ کرنا)۔ هُمْ: (ان سے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَوْ: (یا) حرف عطف۔ نَتَوَفَّيَنَّ: (ہم ضرور بالضرور پورا کریں۔ ضرور بالضرور وفات دے دیں۔ ضرور بالضرور اٹھا لیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔ مصدر۔ تَوَفِّيٌّ۔ (موت دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ف ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔ وَفَاءً۔ (پورا ہونا)۔ كَ: (آپ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ: (پھر) حرف عطف۔ إِلَيْ: (طرف) حرف جار۔ نَا: (ہماری) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَرْجِعُ: (رجوع کرنا) مصدر میمی۔ مبتداء مؤخر مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کا) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ شَهِيْدٌ: (گواہ) خبر

مرفوع۔عَلَی:(پر)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ یَفۡعَلُوۡنَ:(وہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ یَفۡعَلُ۔مصدر۔فِعۡلٌ۔(کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور اگر ہم کوئی عذاب جس کا ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں تمہاری آنکھوں کے سامنے (نازل) کریں یا (اس وقت جب) تمہاری مدت حیات پوری کر دیں تو ان کو ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے پھر جو کچھ یہ کر رہے ہیں اللہ اس کو دیکھ رہا ہے۔

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٤٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔کُلِّ:(ہر۔تمام)حرف تاکید۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع ۔مضاف۔أُمَّةٍ:(امت۔گروہ۔جماعت)مجرور مضاف الیہ۔رَّسُوۡلٌ:(ایک پیغمبر)مبتداء مؤخر۔ فَ: (پس) حرف عطف۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔ شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیۡئُ۔ جِیۡئٌ۔ مَجِیۡئٌ۔(آنا)۔ رَسُوۡلُ:(پیغمبر)فاعل مرفوع۔ مضاف۔هُمۡ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قُضِيَ:(فیصلہ کیا گیا) فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔قَضٰی یَقۡضِیۡ ۔مصدر۔قَضَاءٌ۔(پورا کرنا)۔ بَیۡنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار ۔الۡقِسۡطِ:(عدل کے)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمۡ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یُظۡلَمُوۡنَ :(ظلم کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ظ ل م)صیغہ۔ظَلَمَ یَظۡلِمُ۔مصدر۔ظُلۡمٌ۔(اندھیر مچانا۔ظلم کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور ہر ایک اُمت کی طرف سے پیغمبر بھیجا گیا۔ جب ان کا پیغمبر آتا ہے تو اُن میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر کچھ ظلم نہیں کیا جاتا۔

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ يَقُولُونَ: (وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واوَ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ مَتَىٰ: (کب) اسم استفہام۔ مبنی بر سکون۔ محلاً ظرف زمان۔ منصوب۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ هَٰذَا: (یہ) اسم اشارہ قریب واحد مذکر۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الْوَعْدُ: (وعدہ) هَٰذَا کا بدل مرفوع۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ: (تم تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ صَادِقِيْنَ: (سچے۔ سچ بولنے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً کی خبر منصوب۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (جس عذاب کا) یہ وعدہ (ہے وہ آئے گا) کب؟

قُلْ لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٤٩﴾

قُلْ: (کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا بولنا)۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ أَمْلِكُ: (میں ملکیت رکھتا ہوں۔ اختیار رکھتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (م ل ک) صیغہ۔ مَلَكَ يَمْلِكُ۔ مصدر۔ مَلْكٌ۔ (اختیار رکھنا۔ مالک ہونا)۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ نَفْسِ: (جان کے) اسم مجرور۔ مضاف۔ يْ: (اپنی۔ میری) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ضَرًّا: (نقصان۔ کسی ضرر) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہ ہی) نافیہ۔ نَفْعًا: (کسی نفع) منصوب۔ مفعول بہ

ثانی۔ اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی سکون ۔ محلاً منصوب۔ مستثنٰی۔ شَاءَ:(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِیْئَةٌ۔(مرضی)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ کُلِّ:(ہر۔تمام)حرف تاکید۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع ۔مضاف۔ اُمَّةٍ: (امت۔گروہ۔جماعت)مجرور مضاف الیہ۔ اَجَلٌ:(ایک وقت مقررہ)مبتداء مرفوع۔ اِذَا: (جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط مبنی بر فتحہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیئٌ۔ مَجِیْءٌ۔(آنا)۔ اَجَلُ:(ایک وقت مقررہ)فاعل مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَسْتَاْخِرُوْنَ:(وہ پیچھے رہ سکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔ اِسْتَاخِرُ یَسْتَاخِرُ۔ مصدر۔ اِسْتِیْخَارٌ۔ (پیچھے رہنا۔پیچھے رہنے کی طلب)۔ سَاعَةً :(گھنٹہ۔گھڑی۔)وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔ یَسْتَقْدِمُوْنَ :(وہ آگے بڑھ سکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ ۔اِسْتَقْدَمَ یَسْتَقْدِمُ۔مصدر۔اِسْتِقْدَامٌ۔(آگے بڑھنا۔آگے آنا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ میں اپنے نقصان اور فائدے کا بھی کچھ اختیار نہیں رکھتا۔ مگر جو اللہ چاہے۔ ہر ایک امت کے لیے (موت کا) ایک وقت مقرر ہے۔ جب وہ وقت آجاتا ہے تو ایک گھڑی بھی دیر نہیں کرسکتے اور نہ جلدی کرسکتے ہیں

قُلْ اَرَاَیْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَیَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا یَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾

قُلْ:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ اَ:(کیا)حرف استفہام۔ رَاَیْتُمْ:(تم نے دیکھ)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْیَةٌ (دیکھنا ۔ آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ اِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ اَتَا:(وہ آجائے)فعل ماضی واحد

مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط مبنی بر فتحہ۔ تقدیراً مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَی یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ کُمْ: (تم پر) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَذَابُ: (عذاب۔ سزاء۔ دکھ) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ ہٗ: (اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَیَاتًا: (رات کو) ظرف زمان۔ منصوب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أَوْ: (یا) حرف عطف۔ نَهَارًا: (دن کو) ظرف زمان۔ منصوب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ مَّاذَا: (کیا) اسم استفہام۔ (مَا استفہامیہ۔ ذا۔ الگ کرنے کے لئے تاکہ مَا۔ نافیہ۔ میں فرق معلوم ہو سکے)۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ یَسْتَعْجِلُ: (وہ جلدی طلب کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَعْجَلَ یَسْتَعْجِلُ۔ مصدر۔ اِسْتِعْجَالٌ۔ (جلدی طلب کرنا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ ہٗ: (اس ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔ الْمُجْرِمُوْنَ: (گناہگار۔ مجرم) اسم فاعل جمع مذکر۔ مرفوع۔ جملہ محلاً مبتداء مَاذَا کی خبر مرفوع۔ اور محلاً جملہ جواب شرط۔ مجزوم۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ بھلا دیکھو تو اگر اس کا عذاب تم پر (ناگہاں) آجائے رات کو یا دن کو تو پھر گنہگار کس بات کی جلدی کریں گے۔

أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ آمَنْتُمْ بِهِ ۚ آلْآنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٥١﴾

أَ: (کیا) حرف استفہام۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ مَا: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ زائدہ۔ وَقَعَ: (وہ واقع ہو جائے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(و ق ع) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَقَعَ یَقَعُ۔ مصدر۔ وُقُوْعٌ۔ (واقعہ ہونا) آمَنْتُمْ: (تم ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔

بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ہٖ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔اسم مجرور۔آ:(کیا)حرف استفہام۔اٰلْآنَ: (اب)ظرف زمان۔منصوب۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔کُنْتُمْ:(تم تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکرحاضر۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔تَسْتَعْجِلُوْنَ :(تم جلدی طلب کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً جملہ کَانَ کی خبر منصوب۔اور محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَعْجَلَ یَسْتَعْجِلُ۔ مصدر۔اِسْتِعْجَالٌ۔(جلدی طلب کرنا)۔

ترجمہ آیت: کیاجب وہ آواقع ہو گاتب اس پر ایمان لاؤ گے (اس وقت کہاجائے گا کہ) اور اب(ایمان لائے؟) اس کے لیے توتم جلدی مچایا کرتے تھے۔

ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٥٢﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ قِیلَ:(کہاجائے گا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قو ل۔(بات کرنا۔کہنا۔بولنا) لِ:(لئے)حرف جار۔اَلَّذِیْنَ: (جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ ظَلَمُوْا:(انہوں نے ظلم کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ ذُوقُوْا:(تم چکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ذ و ق) اجوف واوی ۔صیغہ۔ذَاقَ یَذُوْقُ۔ذَوْقٌ۔(مزہ چکھنا)۔ عَذَابَ :(عذاب۔سزاء) منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔اَلْخُلْدِ:(دائمی)مجرور مضاف الیہ۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ تُجْزَوْنَ:(تم جزاء دئے جاؤ گے۔تم بدلہ دیئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَزٰی یَجْزِیْ۔مصدر۔جَزَاءٌ۔(بدلہ دینا۔) إِلَّا:

(مگر) حرف حصر۔ بِمَا: (جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + مصدریہ۔ محلاً اسم مجرور۔ کُنْتُمْ: (تم تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ تَکْسِبُوْنَ: (تم کماتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً جملہ کَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ک س ب) صیغہ۔ کَسَبَ یَکْسِبُ۔ مصدر۔ کَسْبًا۔ (کمانا)۔

ترجمہ آیت: پھر ظالم لوگوں سے کہا جائے گا کہ عذاب دائمی کا مزہ چکھو۔ (اب) تم انہیں (اعمال) کا بدلہ پاؤ گے جو (دنیا میں) کرتے رہے۔

وَيَسْتَنْبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ ۖ قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ ۖ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ ﴿٥٣﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ یَسْتَنْبِئُوْنَ: (وہ پوچھتے ہیں۔ دریافت کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَنْبٰی یَسْتَنْبِیْ۔ مصدر۔ اِسْتَنْبَاءٌ۔ (پوچھنا۔ دریافت کرنا۔) ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ن ب ء) مہموز اللام۔ صیغہ۔ نَبَاَ یَنْبَاُ۔ مصدر۔ نَبَاً۔ نَبُوْءً۔ (خبر دینا۔ آہستہ آواز دینا۔ دیس نکالا دینا۔ ہٹانا۔)۔ كَ: (آپ سے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔ حَقٌّ: (حق۔ سچ) خبر مقدّم مرفوع۔ هُوَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ قُلْ: (کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ إِيْ: (ہاں) حرف ایجاب۔ قسم سے پہلے آتا ہے۔ وَ: (قسم) قسمیہ۔ حرف جار۔ رَبِّ: (ربّ) مجرور۔ مقسم بہ۔ مضاف۔ يْ: (میری) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (البتہ) لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ حَقٌّ: (سچ۔ حق۔) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ لیس کا عمل کرتا ہے۔ ناصب خبر۔ اسم کا رافع۔ أَنْتُمْ:

(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔مُعۡجِزِيۡنَ :(لاچار کرنے والے۔کمزور کرنے والے۔عاجز کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًمَا کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور تم سے دریافت کرتے ہیں کہ آیا یہ سچ ہے۔کہہ دوہاں اللہ کی قسم سچ ہے اور تم (بھاگ کر اللہ کو) عاجز نہیں کر سکوگے۔

وَلَوۡ أَنَّ لِكُلِّ نَفۡسٍ ظَلَمَتۡ مَا فِي الۡأَرۡضِ لَافۡتَدَتۡ بِهِ ۗ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الۡعَذَابَ ۖ وَقُضِيَ بَيۡنَهُمۡ بِالۡقِسۡطِ ۚ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُونَ ﴿٥٤﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَوۡ:(اگر)حرف شرط۔امتناعیہ۔غیر جازم۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔لِ:(لئے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً کی خبر مقدم نَفۡسٍ:(جان)مجرور مضاف الیہ۔ ظَلَمَتۡ:(اس نے ظلم کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظۡلِمُ۔مصدر۔ظُلۡمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔الۡأَرۡضِ:(زمین)اسم مجرور۔ لَ:(ضرور لائے تاکید۔افۡتَدَتۡ:(ضرور وہ فدیہ میں دے دے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ت ساکن۔ علامت تانیث۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَسَرُّوا:(انہوں نے چھپایا۔چھپائیں گے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَسَرَّ يُسِرُّ۔مصدر۔اِسۡرَارٌ۔(راز۔چھپانا۔) النَّدَامَةَ: (شرمندگی۔ندامت) منصوب۔مفعول بہ۔لَمَّا :(ابھی تک)اسم ظرف شرطیہ۔مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتاہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔رَأَوۡا :(انہوں نے دیکھا۔وہ دیکھیں گے۔)فعل ماضی جمع مزکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔الۡعَذَابَ:(عذاب۔سزاء۔دکھ۔)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قُضِيَ :(پورا کیا جائے گا۔فیصلہ کیا جائے گا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی) ناقص

یائی۔صیغہ۔قَضٰی یَقْضِیُ۔مصدر۔قَضَاءٌ۔(فیصلہ کرنا۔پوراکرنا)۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْقِسْطِ:(عدل کے)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ یُظْلَمُوْنَ :(ظلم کئے جائیں گے۔زیادتی کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ یَظْلِمُ۔ مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیرمچانا)۔محلاً خبر مرفوع۔ محلاًجملہ منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اور اگر ہر ایک نافرمان شخص کے پاس روئے زمین کی تمام چیزیں ہوں تو(عذاب سے بچنے کے) بدلے میں (سب) دے ڈالے اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو(پچھتائیں گے اور) ندامت کو چھپائیں گے۔اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور(کسی طرح کا) ان پر ظلم نہیں ہو گا۔

أَلَآ إِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ أَلَآ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾

أَلَا :(خبر دار۔)حرف تنبیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم مؤخر۔ منصوب۔فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمٰوٰتِ:(سَمَاءٌ کی جمع۔ آسمان)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ أَلَا:(خبردار)حرف تنبیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔وَعْدَ:(وعدہ)کا إِنَّ اسم منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔حَقٌّ:(حق۔سچ) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنَّ: (لیکن) حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ أَكْثَرَ:(اکثرت۔زیادہ تر)افعل التفضیل۔ محلاً لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضافا الیہ۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔

يَعْلَمُوْنَ :(وہ جانتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع ۔۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔ محلاً لَكِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: سن رکھو جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے سب اللہ ہی کا ہے۔ اور یہ بھی سن رکھو کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

هُوَ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٥٦﴾

هُوَ:(وہ ہے) ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يُحْيِي:(زندہ کرتا ہے۔ زندگی دیتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَحْيٰى يُحْيِيْ۔ مصدر۔اِحْيَاءٌ۔(زندہ رکھنا) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ح ی ی) مضاعف۔ صیغہ۔ حَيِيَ يَحْيَ۔ مصدر۔ حَيَاةً۔ حَيَوَانًا۔(زندہ ہونا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ يُمِيْتُ:(وہ مارتا ہے۔ وہ موت دیتا ہے)۔ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَمَاتَ يُمِيْتُ۔ مصدر۔اَمَاتَةٌ۔(موت دینا۔) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت) اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔ مصدر۔مَوْتٌ۔(مرنا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ إِلَيْ:(طرف) حرف جار۔ هِ :(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ تُرْجَعُوْنَ :(لوٹائے جاؤ گے) فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع) صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔ مصدر۔رَجْعٌ۔(لوٹنا۔رجوع کرنا)۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہی جان بخشتا اور (وہی) موت دیتا ہے اور تم لوگ اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٧﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(جو بھی۔جونسا)منادیٰ۔تقدیراً منصوب۔مضافهَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔ النَّاسُ:(لوگ) أَيُّ کا بدل۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔جَاءَتْ:(وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث ضمیر ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔مَجِيْئٌ۔(آنا)۔ كُمْ:(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَّوْعِظَةٌ:(نصیحت)فاعل مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔شِفَاءٌ:(شفاء ہے)معطوف مرفوع۔ لِّمَا:(جو اس کی)مرکب:(لِّ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فِي: (میں) حرف جار۔ الصُّدُوْرِ:(سینوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هُدًى:(ہدایت)معطوف مرفوع ۔ بالفتحہ تنوین۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَحْمَةٌ:(رحمت۔مہربانی ۔عنایت)معطوف مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ الْمُؤْمِنِيْنَ:(مُؤْمِنٌ کی جمع۔ایمان دار۔مومن)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاًاسم مجرور۔

ترجمہ آیت:لوگو تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا۔اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آپہنچی ہے

قُلْ بِفَضْلِ اللهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿٥٨﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔فَضْلِ:(فضل۔کرم۔ضرورت سے زیادہ)اسم مجرور۔ مضاف۔اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔رَحْمَتِ: (رحمت۔مہربانی)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ: (پس)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)فصیحۃ۔لْ:(تاکہ)اصلاً یہ مکسور تھا۔لائے امر۔جازم۔يَفْرَحُوْا:(چاہیئے کہ وہ خوش ہوں) فعل

مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ یَفْرَحُ۔مصدر۔فَرْحٌ۔(فرحت ہونا۔خوشی ہونا)۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔خَيْرٌ :(بہت بہتر۔اچھا۔)مرفوع خبر۔مِّمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+مَّا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَجْمَعُوْنَ :(وہ جمع کرتے ہیں۔اکٹھے کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ ۔جَمَعَ يَجْمَعُ۔مصدر۔جَمْعٌ۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ (یہ کتاب) اللہ کے فضل اور اس کی مہربانی سے (نازل ہوئی ہے) تو چاہیئے کہ لوگ اس سے خوش ہوں۔یہ اس سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

قُلْ أَرَأَيْتُم مَّا أَنزَلَ اللَّهُ لَكُم مِّن رِّزْقٍ فَجَعَلْتُم مِّنْهُ حَرَامًا وَحَلَالًا قُلْ آللَّهُ أَذِنَ لَكُمْ ۖ أَمْ عَلَى اللَّهِ تَفْتَرُونَ ﴿٥٩﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا ۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَنْزَلَ:(اس نے اتارا) :(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا ۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔ نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رِّزْقٍ:(رزق۔ہر اچھی چیز جو انسان کے لئے ہے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔جَعَلْتُمْ:(تم نے بنایا)فعل ماضی جمع مذکر

حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ مِّنْ:(سے)حرف جار تبعیضیہ۔ہٗ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔حَرَامًا:(حرام۔جو انسان کو نہ کرنا چاہیئے)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔حَلٰلًا :(کچھ حلال)معطوف منصوب۔قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ (آٰللّٰهُ :(کیا اللہ جل جلالہٗ نے)مرکب:(أَ+اَللّٰهُ):حرف استفہام+فاعل مرفوع۔أَذِنَ:(اس نے اجازت دی۔اس نے حکم دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)صیغہ۔اَذِنَ یَاْذَنُ۔مصدر۔اذن۔(اجازت دینا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔أَمْ:(یا)حرف عطف۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔تَفْتَرُوْنَ :(تم جھوٹ بولتے ہو۔افتراء باندھتے ہو۔بہتان طرازی کرتے ہو)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِفْتَرٰی یَفْتَرِیْ۔مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(جھوٹ گھڑنا۔بہتان لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔فَرٰی یَفْرِیْ۔مصدر۔فَرْیًا۔فَرْیَةً۔(بکری کاپیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰی بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَی اللَّحْمَ۔اَوْ۔البَصَلَ)۔

ترجمہ آیت: کہو کہ بھلا دیکھو تو اللہ نے تمھارے لئے جو رزق نازل فرمایا تو تم نے اس میں سے (بعض کو) حرام ٹھہرایا اور (بعض کو) حلال (ان سے) پوچھو کیا اللہ نے تم کو اس کا حکم دیا ہے یا تم اللہ پر افتراء کرتے ہو۔

وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٦٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ظَنُّ :(شک۔گمان۔وہم)خبر مرفوع ۔مضاف۔الَّذِيْنَ :(جو لوگ)اسم موصول۔ جمع مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَفْتَرُوْنَ:(وہ

جھوٹ بولتے ہیں۔وہ افتراء باندھتے ہیں۔بہتان طرازی کرتے ہیں)۔فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِفۡتَرٰی یَفۡتَرِیۡ۔مصدر۔اِفۡتِرَاءٌ۔(جھوٹ گھڑنا۔بہتان لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔فَرٰی یَفۡرِیۡ۔مصدر۔فَرۡیًا۔فَرۡیَۃً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰی بَطۡنَ الشَّاۃِ۔فَرَی اللَّحۡمَ۔اَوۡ۔ البَصۡلَ)۔ عَلَی:(پر)حرف جار۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ الۡکَذِبَ : (جھوٹ)منصوب۔مفعول بہٖ۔یَوۡمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب ۔مضاف۔الۡقِیَامَۃِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ذُوۡ:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ فَضۡلٍ:(فضل۔مہربانی۔ضرورت سے زیادہ)مجرور مضاف الیہ۔عَلَی:(پر)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔لٰکِنَّ: (لیکن) حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اَکۡثَرَ:(اکثر۔زیادہ تر)افعل التفضیل۔محلاً کا اسم منصوب۔ ھُمۡ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یَشۡکُرُوۡنَ:(وہ شکر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔محلاً جملہ لٰکِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَکَرَ یَشۡکُرُ۔مصدر۔شُکۡرٌ۔(شکر کرنا۔قدر کرنا۔)

ترجمہ آیت:اور جو لوگ اللہ پر افتراء کرتے ہیں وہ قیامت کے دن کی نسبت کیا خیال رکھتے ہیں؟بے شک اللہ لوگوں پر مہربان ہے لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔

وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُو مِنْهُ مِن قُرْآنٍ وَلَا تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ ۚ وَمَا يَعْزُبُ عَن رَّبِّكَ مِن مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرَ مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿٦١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔تَکُوْنُ:(تو ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔ (ہونا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ شَأْنٍ:(کسی بھی حالت)اسم مجرور۔شبہ جملہ۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔ وَ: (اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ تَتْلُوْ:(تم پڑھتے۔تلاوت کرتے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔تَلَا یَتْلَا۔مصدر۔تَلَاوَةٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔هُ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔ محلاًاسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قُرْآنٍ:(قرآن مجید)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَعْمَلُوْنَ :(تم عمل کرتے ہو۔) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل) صیغہ ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمْلًا (کرنا)۔مِنْ :(سے)حرف جار۔عَمَلٍ:(عمل۔کام)اسم مجرور۔ إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔کُنَّا :(ہم ہوتے ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔:عَلَي:(پر)حرف جار۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شُهُوْدًا:(گواہی دینا۔موجود ہونا۔گواہ۔شاہد۔)منصوب۔مفعول بہ۔ إِذْ:(جب) ظرف زمان بمعنی ماضی۔تُفِيْضُوْنَ:(بہتے ہیں۔مصروف ہوتے ہو۔مشغول ہوتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفَاضَ یُفِيْضُ۔مصدر۔اِفَاضَةٌ۔(مشغول و مصروف ہونا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ يَعْزُبُ:(وہ چھپتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ز ب)صیغہ۔عَزَبَ يَعْزُبُ۔مصدر۔عُزُوْبٌ۔(چھپنا۔ غائب۔ہونا۔پوشیدہ ہونا۔) عَنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ مِّثْقَالِ :(پیمانے کا نام)فاعل۔لفظاًمجرور۔محلاًمرفوع۔مضاف۔ذَرَّةٍ :(بہت ہی چھوٹی سی چیز۔حقیر سی چیز)مجرور مضاف الیہ۔فِي :(میں) حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی) نافیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔السَّمَاۤءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ أَصْغَرَ: (بہت چھوٹی)افعل التفضیل۔لفظاً مفتوح۔محلاً معطوف۔ مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ ذَٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔ أَكْبَرَ:(بہت بڑی) افعل التفضیل۔ لفظاً مفتوح۔محلاً معطوف۔ مجرور۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ فِي: (میں) حرف جار۔كِتَابٍ :(کتاب)اسم مجرور۔موصوف۔ مُّبِيْنٍ :(واضح۔کھلم کھلا)صفت مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور تم جس حال میں ہوتے ہو یا قرآن میں کچھ پڑھتے ہو یا تم لوگ کوئی (اور) کام کرتے ہو جب اس میں مصروف ہوتے ہو ہم تمہارے سامنے ہوتے ہیں اور تمہارے پروردگار سے ذرہ برابر بھی کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے نہ زمین میں نہ آسمان میں اور نہ کوئی چیز اس سے چھوٹی ہے یا بڑی مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے۔

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاۤءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾

أَلَا:(خبردار)حرف تنبیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔أَوْلِيَاۤءَ:(دوست۔ساتھی۔ ہمدرد۔ سرپرست)غیر منصرف۔محلاً کا إِنَّ اسم منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ ۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔خَوْفٌ:(خوف۔ڈر۔)مبتداء۔مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مرفوع۔ خبر۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَحْزَنُوْنَ:(وہ غمگین ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔جملہ محلاً مبتدا هُمْ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔سمع۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزَنَ يَحْزُنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔حَزَنًا۔(غمگین ہونا)۔

ترجمہ آیت:سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔

الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾

الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ كَانُوْا:(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ يَتَّقُوْنَ:(وہ اللہ سے ڈرتے ہیں۔پرہیز کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔ صیغہ۔وَقٰى يَقِيْ۔ مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔ تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔

ترجمہ آیت: (یعنی) جو لوگ ایمان لائے اور پرہیز گار رہے۔

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمَاتِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔الْبُشْرٰى:(خوشخبری)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْحَيَاةِ:(زندگی)حرف جار۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مجرور صفت مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔فِي :(میں)حرف جار۔الْآخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب خبر اسم۔تَبْدِيْلَ :(تبدیلی)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔لِ:(لئے)حرف جار۔كَلِمَاتِ:(قوانین)اسم مجرور۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔۔ ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے

لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔برائے حصر۔الْفَوْزُ:(کامیابی)خبر مرفوع۔موصوف۔ الْعَظِيْمُ:(بہت بڑی)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ان کے لیے دنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے اور آخرت میں بھی۔اللہ کی باتیں بدلتی نہیں۔یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

وَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ يَحْزُنْ:(غم کر)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ح ز ن)صیغہ ۔حَزَنَ يَحْزُنُ۔مصدر۔ حُزْنٌ۔ (غمگین ہونا۔)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ قَوْلُ: (بات۔ قول)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْعِزَّةَ:(عزت۔وقار۔مرتبہ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے)مرکب :(لِ+اللهِ)حرف جار+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔جَمِيْعًا:(سارے کے سارے)منصوب۔حال۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔السَّمِيْعُ :(خوب سننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الْعَلِيْمُ :(خوب علم رکھنے والا ۔خوب جاننے والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور(اے پیغمبر) ان لوگوں کی باتوں سے آزردہ نہ ہونا(کیونکہ) عزت سب اللہ ہی کی ہے وہ(سب کچھ) سنتا(اور) جانتا ہے۔

أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَن فِي السَّمٰوٰتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ ۗ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ شُرَكَاءَ ۚ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿٦٦﴾

أَلَا:(خبر دار۔سنو!)حرف تنبیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔فِيْ:(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ:(اَلسَّمَاءُ کی جمع۔ آسمانوں)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔معطوف۔فِي:(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔يَتَّبِعُ :(پیروی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔الَّذِيْنَ:(جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل۔مرفوع۔يَدْعُوْنَ:(پکارتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ(پکارنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوائے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ شُرَكَاءَ:(شَرِيْكٌ کی جمع۔شریکوں کو۔ہمسروں کو) منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِنْ :(نہیں)نافیہ۔غیر عامل۔يَتَّبِعُوْنَ:(وہ پیروی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔ اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ الظَّنَّ:(شک۔وہم۔گمان)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ : (نہیں) نافیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔إِلَّا:(سوائے)حرف حصر۔يَخْرُصُوْنَ: (بکواس کرتے ہیں۔اٹکل پچو لگاتے ہیں)جملہ محلاً مرفوع خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ر ص) صیغہ۔ خَرَصَ يَخْرُصُ۔مصدر۔خَرْصٌ۔(اٹکل پچو لگانا۔بکواس کرنا۔بے تکی باتیں کرنا)۔

ترجمہ آیت: سن رکھو کہ جو مخلوق آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے سب اللہ کے (بندے اور اس کے مملوک) ہیں۔ اور یہ جو اللہ کے سوا (اپنے بنائے ہوئے) شریکوں کو پکارتے ہیں۔ وہ (کسی اور چیز کے) پیچھے نہیں چلتے۔ صرف ظن کے پیچھے چلتے ہیں اور محض اٹکلیں دوڑا رہے ہیں۔

هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٦٧﴾

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ ۔جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔لَ:(لئے) حرف جار۔كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون ۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ اللَّيْلَ:(رات) منصوب۔مفعول بہ۔ لِ: (تاکہ) لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَسْكُنُوْا:(تم رہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ک ن) صیغہ۔سَكَنَ يَسْكُنُ۔ مصدر۔سُكُوْنٌ۔(رہنا۔بسنا)۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔النَّهَارَ :(دن) منصوب۔مفعول بہ۔مُبْصِرًا :(روشنی والا۔روشن۔دکھانے والا) اسم فاعل واحد مذکر۔إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔ ذٰلِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔لَ:(لئے) ابتدائیہ۔آيَاتٍ:(آیات) إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب بالکسرہ۔ لِّ:(لئے) حرف جار۔قَوْمٍ:(قوم۔لوگ) اسم مجرور۔ يَسْمَعُوْنَ:(سنتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع) صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔(سننا)۔

ترجمہ آیت: وہی تو ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی تاکہ اس میں آرام کرو اور روز روشن بنایا (تاکہ اس میں کام کرو) جو لوگ (مادۂ) سماعت رکھتے ہیں ان کے لیے ان میں نشانیاں ہیں۔

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحَانَهُ ۖ هُوَ الْغَنِيُّ ۖ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ إِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطَانٍ بِهٰذَا ۚ أَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٨﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اتَّخَذَ:(اس نے پکڑا۔بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔ مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔وَلَدًا:(بیٹا)منصوب۔ مفعول بہٖ۔سُبْحَانَ:(پاک ہے)مفعول مطلق منصوب۔ مضاف۔هُ :(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الْغَنِيُّ:(بے پرواہ)خبر مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔فِيْ:(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ:(اَلسَّمَاءُ کی جمع ۔آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو)معطوف مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ سُلْطَانٍ: (سند۔ثبوت۔دلیل۔سرٹیفیکٹ)مبتداء مؤخر۔لفظاً مجرور۔محلاً مرفوع۔بالکسرہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هٰذَا :(یہ)اسم اشارہ واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔تَقُوْلُوْنَ :() :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)

صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَعْلَمُوْنَ :(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔

ترجمہ آیت: (بعض لوگ) کہتے ہیں کہ اللہ نے بیٹا بنالیاہے۔اس کی ذات(اولاد سے) پاک ہے(اور) وہ بے نیاز ہے۔جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب اسی کا ہے(اے افتراء پردازو) تمہارے پاس اس (قول باطل) کی کوئی دلیل نہیں ہے۔تم اللہ کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے ہو جو جانتے نہیں۔

قُلْ إِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾

قُلْ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً کا اسم منصوب۔يَفْتَرُوْنَ :(انہوں نے جھوٹ گھڑا۔بہتان باندھتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِفْتَرٰى يَفْتَرِىْ۔مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(جھوٹ گھڑنا۔بہتان لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔ فَرٰى يَفْرِىْ۔مصدر۔فَرْيًا۔فِرْيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰى بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَى اللَّحْمَ۔أَوْ۔ البَصَلَ)۔عَلَى :(پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ الْكَذِبَ:(جھوٹ)منصوب۔مفعول بہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُفْلِحُوْنَ :(وہ کامیاب ہوں گے۔وہ فلاح پائیں گے۔)۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفْلَحَ يُفْلِحُ۔مصدر۔اِفْلَاحٌ۔(فلاح پانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ف ل ح)صیغہ۔فَلَحَ يَفْلَحُ۔مصدر۔فَلَاحًا۔(کامیاب ہونا۔فلاح پانا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو جو لوگ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں فلاح نہیں پائیں گے۔

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيدَ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ﴿٧٠﴾

مَتَاعٌ:(مال و اسباب۔وہ چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف مرفوع۔تقدیراً هُوَ ۔ موصوف۔فِي :(میں)حرف جار۔الدُّنْيَا:(دنیا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ ثُمَّ: (پھر)حرف عطف۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدّم مرفوع۔مَرْجِعُ:(رجوع کرنا)مصدر میمی۔مبتداءمؤخر مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ نُذِيقُ:(ہم مزہ چکھائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذَاقَ يُذِيقُ۔مصدر۔اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ذوق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوقُ۔ذَوْقٌ۔(مزہ چکھنا)۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ الْعَذَابَ:(عذاب۔سزاء)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ الشَّدِيدَ:(سخت)صفت منصوب۔تابع موصوف۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار+اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كَانُوا:(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ يَكْفُرُونَ :(وہ کفر کرتے ہیں۔اللہ کے احکام کا انکار کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:(ان کے لیے جو) فائدے ہیں دنیا میں (ہیں) پھر ان کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔اس وقت ہم ان کو شدید عذاب (کے مزے) چکھائیں گے کیونکہ کفر (کی باتیں) کیا کرتے تھے۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ نُوحٍ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِي وَتَذْكِيرِي بِآيَاتِ اللَّهِ فَعَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْتُ فَأَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوا إِلَيَّ وَلَا تُنظِرُونِ ﴿٧١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اتْلُ:(توپڑھ)اصلاً اُتْلُوْ تھا۔فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت واؤ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔تَلَا يَتْلَا۔مصدر۔تَلَاوَةٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مرور۔ نَبَأَ:(خبر۔اطلاع)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔نُوحٍ:(نوحؑ)مجرور مضاف الیہ۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔قَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم جمع۔اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَا:(اے)حرف نداء۔قَوْمِ:(میری قوم) اصلاً قَوْمِيْ تھا۔مرکب(قَوْمِ+يْ)مضاف۔+مضاف الیہ۔ی کو محذوف کرکے مخففہ بنا یا گیا۔کسرہ کو بطور عوضانہ یائے متکلم۔قائم رہنے دیا۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كَانَ:(وہ تھا۔وہ ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔كَبُرَ:(وہ بھاری ہو گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ۔(ک ب ر)صیغہ۔كَبُرَ يَكْبُرُ۔مصادر۔كِبْرٌ۔كُبْرٌ۔(بھاری ہونا۔گراں ہونا۔شاق گزرنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ : (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَّقَامِ :(جگہ۔مقام)لفظاً مجرور برائے اتصال۔ما بعد یائے متکلم۔محلاً مرفوع۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَذْكِيرِ:(نصیحت)لفظاً مجرور۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ :(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔اللَّهِ :

وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ وَنَادَىٰ نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَب مَّعَنَا وَلَا تَكُن مَّعَ الْكَافِرِينَ ﴿٤٢﴾

و:(اور)استئنافیہ۔هِيَ:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبتداء۔مرفوع۔تَجْرِيْ:(وہ چلتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی یَجْرِیْ۔مصدر۔جِرْیَانٌ۔(بہنا۔جاری ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔فِي: (میں) حرف جار۔مَوْجٍ:(لہر)اسم مجرور۔موصوف۔ كَ:(مانند)حرف جار و تشبیہ۔الْجِبَالِ:(پہاڑوں کی)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نَادٰی:(اس نے آواز دی۔بلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلۃ۔صیغہ۔ نَادٰی یُنَادِیْ۔مصدر۔مُنَادَاةٌ۔(پکانا۔بلانا۔ آواز دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَدِیَ یَنْدٰی۔مصدر۔نَدًی۔ نَدَاوَةً۔ نُدُوَةً۔(بھیگ جانا۔نَدِیَ الثَّوْبَ بَالْمِطْرِ)۔ نُوحٌ:(نوحؑ نے)فاعل مرفوع۔ ابْنَ:(بیٹے کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔هُ :(وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اعتراضیہ۔كَانَ:(وہ ہے۔وہ تھا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ مَعْزِلٍ:(الگ۔علیحدہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ يَا : (اے)حرف نداء۔بُنَ:(بیٹے) اِبْنٌ کی تصغیر۔(پیارے بیٹے)منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔يَّ :(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ارْكَبْ:(تو سوار ہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ک ب)صیغہ۔ رَكِبَ يَرْكَبُ۔مصدر۔رُكُوْبٌ۔(سوار ہونا)۔ مَّعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَكُنْ:(تو ہو)اصلاً تَكُوْنُ تھا۔ فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون

اعرابی محذوف۔ بوجہ التقائے سکونات۔ واؤ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا) ۔ مَّعَ :(ساتھ) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ الْکَافِرِیْنَ:(کفر کرنے والوں۔ انکار کرنے والوں کے) مجرور مضاف الیہ۔ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور وہ ان کو لے کر (طوفان کی) لہروں میں چلنے لگی۔ (لہریں کیا تھیں) گویا پہاڑ (تھے) اس وقت نوح نے اپنے بیٹے کو کہ جو (کشتی سے) الگ تھا، پکارا کہ بیٹا ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور کافروں میں شامل نہ ہو۔

قَالَ سَآوِيْٓ إِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ۚ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ إِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿٤٣﴾

قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ سَ: (جلد ہی) حرف استقبال۔ آوِيْ: (پناہ لے لوں گا) فعل مضارع واحد متکلم۔ ی تقدیراً مضموم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء و ی) مہموز الفاء۔ لفیف مقرون۔ اجوف واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَوٰی یَاوِیْ۔ مصدر۔ اُوِیٌّ۔ (ٹھکانہ بنانا۔ پناہ لینا)۔ إِلَى :(طرف) حرف جار۔ جَبَلٍ: (پہاڑ) اسم مجرور۔ یَعْصِمُ: (وہ بچا لے گا۔ مضبوط پکڑ لے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ع ص م) صیغہ۔ عَصَمَ یَعْصِمُ۔ مصدر۔ عِصْمَةٌ۔ عَصْمٌ۔ (حفاظت سے رکھنا۔ بچانا۔ محفوظ کرنا۔ مضبوط پکڑنا)۔ نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔ يْ: (مجھ کو) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنَ: (سے) حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ فتحہ برائے اتصال مابعد۔ الْمَاءِ: (پانی) اسم مجرور۔ قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَا: (نہیں) لائے نفی جنس۔ عَاصِمَ: (کوئی بچانے والا) لائے نفی جنس کا اسم منصب۔ الْيَوْمَ: (آج) ظرف زمان۔ منصوب۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ أَمْرِ: (حکم۔

قانون)اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاًلائے نفی جنس کی خبر۔مرفوع۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(علاوہ۔سوائے)حرف استثناء۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مستثنیٰ۔ رَّحِمَ :(اس نے رحم کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔باب سمع ۔مادہَ(س م ع)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ح م)صیغہ ۔رَحِمَ یَرْحَمُ۔مصدر۔ رَحْمٌ۔(رحم کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔حَالَ:(وہ حائل ہوگئی۔اس نے رکاوٹ ڈالی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔ حَالَ یَحُوْلُ مصدر۔حَوْلٌ۔(حائل ہونا۔ رکاوٹ بننا)۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمَا :(وہ دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْمَوْجُ :(لہر)فاعل مرفوع۔فَ:(پس)حرف جار۔كَانَ:(وہ ہے۔وہ تھا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ الْمُغْرَقِيْنَ: (غرق ہونے والے۔ڈوب جانے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اس نے کہا کہ میں (ابھی) پہاڑ سے جالگوں گا،وہ مجھے پانی سے بچالے گا۔انہوں نے کہا کہ آج اللہ کے عذاب سے کوئی بچانے ؤالا نہیں (اورنہ کوئی بچ سکتا ہے) مگر جس پر اللہ رحم کرے۔اتنے میں دونوں کے درمیان لہر آحائل ہوئی اور وہ ڈوب کر رہ گیا

وَقِيلَ يَٰأَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَٰسَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ ۖ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿٤٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قِيْلَ:(کہا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔يَا:(اے)حرف نداء۔أَرْضُ:(زمین)منادیٰ مرفوع۔اِبْلَعِي:(تو نگل لے)فعل امر واحد مؤنث۔حاضر۔علامت تانیث۔ ی۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ب ل ع)صیغہ۔بَلَعَ يَبْلَعُ۔ مصدر۔بَلْعٌ۔ (نگلنا۔حلق

سے نیچے اتارنا)۔ مَاءَ:(پانی کو)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔كِ:(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(او)حرف عطف۔يَا:(اے)حرف نداء۔سَمَاءُ: (آسمان)منادی۔مرفوع۔أَقْلِعِي:(تو اڑا لے)فعل امر واحد مؤنث حاضر۔علامت تانیث۔ی۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقْلَعَ يُقْلِعُ۔مصدر۔اِقْلَاعٌ۔(تھم جانا۔اڑ جانا۔اڑان بھرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ق ل ع)صیغہ۔قَلَعَ يَقْلَعُ۔مصدر۔قَلْعٌ۔(معزول کرنا۔اکھیڑا۔) وَ:(اور)حرف عطف۔غِيْضَ:(پانی کم کیا گیا۔پانی اتار دیا گیا۔خشک کر دیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ی ض)اجوف یائی۔صیغہ۔غَاضَ يَغِيْضُ۔مصدر۔غَيْضٌ۔نیچے اترنا۔پانی کا کم ہونا۔)۔اَلْمَاءُ:(پانی کو)نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قُضِيَ :(فیصلہ کر دیا گیا۔پورا کر دیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔قضی یقضی۔مصدر۔قضاء۔(پورا کرنا۔فیصلہ کرنا۔)اَلْأَمْرُ:(حکم کو۔فیصلہ کو۔کام)نائب فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَسْتَوَتْ:(وہ ٹھہر گئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے ضمیر ساکن تانیث۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰى يَسْتَوِىْ۔ مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(ٹھہرنا۔مضبوط ہونا۔برابر ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س و ی)لفیف مقرون۔ اجوف واوی+ناقص یائی۔ صیغہ۔سَوِیَ يَسْوٰی۔مصدر۔سَوِیً۔(برابر ہونا۔پکا ہونا۔استقامت رکھنا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔اَلْجُودِيِّ:(جودی۔ایک پہاڑ کا نام جو ترکی میں ہے)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔قِيْلَ:(کہا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔بُعْدًا:(دور ہونا۔پھٹکار۔ لعنت۔ دوری۔)منصوب۔مفعول مطلق ۔فعل محذوف۔لِّ:(لئے)حرف جار۔اَلْقَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ موصوف۔ اَلظَّالِمِيْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل مجمع مذکر۔محلاً مجرور علامت ۔ ی۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: یا اور کشتی کوہ جودی پر جا ٹھہری۔اور کہہ دیا گیا کہ بے انصاف لوگوں پر لعنت

وَنَادَىٰ نُوحٌ رَّبَّهُ فَقَالَ رَبِّ إِنَّ ابْنِي مِنْ أَهْلِي وَإِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَأَنتَ أَحْكَمُ الْحَاكِمِينَ ﴿٤٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نَادَی:(اس نے پکارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔صیغہ۔ نَادٰی یُنَادِیْ۔مصدر۔مُنَادَاةٌ۔(پکانا۔بلانا۔ آواز دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن د ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔نَدِیَ یَنْدٰی۔مصدر۔نَدًی۔ نَدَاوَةً۔ نُدُوَةً۔(بھیگ جانا۔نَدِیَ الثَّوْبَ بَالْمِطْرِ)۔ نُوحٌ:(نوحؑ نے)فاعل مرفوع۔ رَّبَّ:(ربّ کو)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُ:(اس۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ رَبِّ :(میرا ربّ)منادیٰ۔حرف نداء محذوف۔اصلاً رَبِّیْ تھا۔ تخفیف کے لئے ۔ی۔ متکلم۔کو حذف کرکے۔کسرہ اس کے عوض چسپاں کیا: یعنی (رَبِّ+یْ)مضاف+یائے متکلم مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ ابْنِيْ: (میرے بیٹے)مرکب: (ابْنَ + يْ۔)إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔+کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرو مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔ أَهْلِ:(اہل۔گھر والوں)اسم مجرور۔ مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ وَعْدَ:(وعدہ) اِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْحَقُّ:(حق ۔سچ) اِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنْتَ :(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی برفتحہ۔مبتداء۔مرفوع۔أَحْكَمُ : (بہت بڑا حاکم)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔مضاف۔الْحَاكِمِيْنَ:(حاکم کی جمع۔ حکم کرنے والے۔فیصلہ کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور نوح نے اپنے پروردگار کو پکارا اور کہا کہ پروردگار میرا بیٹا بھی میرے گھر والوں میں ہے (تو اس کو بھی نجات دے) تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب سے بہتر حاکم ہے۔

قَالَ يَا نوحُ إِنهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ فَلَا تَسْأَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ إِنِّيْ أَعِظُكَ أَن تَكُوْنَ مِنَ الْجَاهِلِيْن ﴿٤٦﴾

قَالَ: :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔يَا:(اے) حرف نداء۔ نُوْحُ:(نوحؑ) منادیٰ۔مرفوع۔إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَيْسَ:(نہیں) فعل ناقص ماضی۔واحد مذکر۔جامد اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ تبعیضیہ۔ أَهْلِ:(اہل۔گھر والوں) اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًلَيْسَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ) ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔کا إِنَّ اسم منصوب۔ عَمَلٌ:(عمل) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ موصوف۔ غَيْرُ:(نہیں) صفت مرفوع۔مضاف۔ صَالِحٍ :(درست۔اچھے) مجرور مضاف الیہ۔فَ: (پس) برائے رابطہ۔لَا:(نہ) ناہیہ۔جازم فعل مضارع۔ تَسْأَلْنِ:(تو مجھ سے مانگ۔پوچھ۔سوال کر) اصلاً تَسْأَلُ+ نِ+يْ تھا) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(س ء ل) مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔سَوَالٌ (سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔ نِ:(وقایہ۔)یائے متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مَا:(جو) اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ لَيْسَ:(نہیں) فعل ناقص ماضی۔واحد مذکر۔جامد اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔لَ:(لئے) حرف جار۔كَ :(تمہارے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً کی لَيْسَ خبر مقدّم

منصوب۔بِ:(ساتھ۔کا)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ عِلْمٌ:(علم۔سائنس) لَيْسَ کا اسم مرفوع۔إِنِّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔ أَعِظُ:(میں نصیحت کرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وع ظ)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَظَ يَعِظُ۔مصدر۔وَعْظٌ۔(نصیحت کرنا)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَكُوْنَ:(تو ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔الْجَاهِلِيْنَ:(ضدی۔جانتے بوجھتے کسی بھی معاملہ پر اڑ جانا۔جَاهِلٌ کی جمع)اسم مجرور علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اللہ نے فرمایا کہ نوح وہ تیرے گھر والوں میں نہیں ہے وہ تو ناشائستہ افعال ہے تو جس چیز کی تم کو حقیقت معلوم نہیں ہے اس کے بارے میں مجھ سے سوال ہی نہ کرو۔اور میں تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ نادان نہ بنو

قَالَ رَبِّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْأَلَكَ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ ۖ وَإِلَّا تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِي أَكُنْ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٤٧﴾

قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔رَبِّ:(اے میرے ربّ)اصلاً يَا رَبِّيْ تھا۔حرف نداء محذوف۔+منادی منصوب۔ مضاف۔کسرہ بعوض۔یائے متکلم۔إِنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔فعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ اسم منصوب۔ أَعُوْذُ :(میں پناہ مانگتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔جملہ محلاًإِنّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد باب۔نص۔مادہ(ع و ذ)اجوف واوی۔صیغہ۔عَاذَ يَعُوْذُ۔مصدر۔عَوْذٌ۔(پناہ مانگنا)۔بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔كَ:(تجھ۔تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر

فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب فعل مضارع۔۔ أَسْأَلَ:(میں سوال کروں)فعل مضارع واحد متکلم۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ یَسْئَلُ۔مصدر۔ سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی۔واحد مذکر۔جامد اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ لِ:(لئے)حرف جار۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً لَيْسَ کی خبر مقدّم منصوب۔ بِ:(ساتھ۔کے)حرف جار۔ہِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔عِلْمٌ:(علم۔سائنس)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِلَّا:(اگر نہیں) مرکب:(اِنْ+لَا)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔+نافیہ۔تَغْفِرْ:(تو مغفرت کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ فعل شرط۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَرْحَمْ:(تو رحم کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ح م)صیغہ۔رَحِمَ یَرْحَمُ۔مصدر۔رَحْمٌ۔(رحم کرنا)۔نِ:(وقایہ) فعل اور مشبہ بالفعل سے یائے متکلم کو بچانے کئے لئے۔ يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَكُنْ:(میں ہوں گا)اصلاً أَكُوْنُ تھا۔بوجہ التقائے سکونات نون اعرابی اور واؤ حرف علت محذوف۔فعل مضارع واحد متکلم۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ الْخَاسِرِيْنَ: (گھاٹ کھانے والوں میں)اسم مجرور۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:نوح نے کہاپروردگار میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ ایسی چیز کا تجھ سے سوال کروں جس کی حقیقت مجھے معلوم نہیں۔اور اگر تو مجھے نہیں بخشے گا اور مجھ پر رحم نہیں کرے گا تو میں تباہ ہو جاؤں گا۔

قِيلَ يَا نُوحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِنَّا وَبَرَكَاتٍ عَلَيْكَ وَعَلَىٰ أُمَمٍ مِمَّنْ مَعَكَ ۚ وَأُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٤٨﴾

قِيْلَ:(کہا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ نُوْحُ:(نوحؑ)منادیٰ۔ مرفوع۔جملہ محلاً نائب فاعل۔ مرفوع۔ اهْبِطْ:(نکل۔اتر۔جا) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ ب ط)صیغہ۔هَبَطَ يَهْبِطُ۔مصدر۔هُبُوْطًا۔(اترنا۔جانا) بِ: (ساتھ۔سے)حرف جار۔ سَلَامٍ:(سلامتی۔سکون۔آرام)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مِنَّا:(ہم سے) مرکب:(مِن+نَّا) حرف جار۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَرَكَاتٍ :(برکتوں۔رحمتوں۔ نوازشوں۔ مہربانیوں)معطوف مجرور۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(تجھ) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔عَلَىٰ :(پر)حرف جار۔أُمَمٍ :(امتوں۔جماعتوں۔گروہوں۔قوموں)اسم مجرور۔ مِّمَّنْ: (اس سے جو)مرکب:(مِّن+مَنْ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مَّعَ:(ساتھ) ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔أُمَمٌ:(امتوں۔جماعتوں۔گروہوں۔قوموں)مرفوع۔مبتداء۔ سَ:(جلد ہی۔ عنقریب)حرف استقبال۔نُمَتِّعُ:(ہم فائدہ دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔مَتَّعَ يُمَتِّعُ۔مصدر۔تَمْتِيْعٌ۔(فائدہ پہنچانا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ يَمَسُّ:(چھوئے گا۔پہنچے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب

نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔ مَسًّا ۔(چھونا۔پہنچنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنَّا:(ہم سے) مرکب:(مِن+نَّا)حرف جار۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔عَذَابٌ:(عذاب)مبتداء مرفوع۔موصوف۔ أَلِيمٌ:(دردناک)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: حکم ہوُا کہ نوح ہماری طرف سے سلامتی اور برکتوں کے ساتھ (جو) تم پر اور تمہارے ساتھ کی جماعتوں پر (نازل کی گئی ہیں) اتر آؤ۔اور کچھ اور جماعتیں ہوں گی جن کو ہم (دنیا کے فوائد سے) محظوظ کریں گے پھر ان کو ہماری طرف سے عذاب الیم پہنچے گا۔

تِلْكَ مِنْ أَنبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهَا إِلَيْكَ ۖ مَا كُنتَ تَعْلَمُهَا أَنتَ وَلَا قَوْمُكَ مِن قَبْلِ هَٰذَا ۖ فَاصْبِرْ ۖ إِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٤٩﴾

تِلْكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث۔مبتداء مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔أَنْبَاءِ:(خبروں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مضاف۔ الْغَيْبِ :(پوشیدہ۔غیب کی)مجرور مضاف الیہ۔نُوْحِيْ:(ہم نے وحی کی)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْحٰی يُوْحِيْ۔مصدر۔اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحٰی يَحِيْ۔مصدر۔وَحْيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ هَا: (اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ كُنْتَ:(تو تھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْلَمُ:(تو جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔علامت تائے مبسوط مفتوح۔مبتداء۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ قَوْمُ:

(قوم)خبر مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے) حرف جار۔ قَبْلِ :(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔هَـٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فَ:(پس)استئنافیہ۔اصْبِرْ:(ڈٹا رہ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعرا مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْعَاقِبَةَ:(انجام۔نتیجہ)إِنَّ کا اسم منصوب۔ لِ: (لئے)حرف جار۔الْمُتَّقِينَ:(متقی کی جمع۔پرہیز گاروں کے)اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:یہ (حالات) منجملہ غیب کی خبروں کے ہیں جو ہم تمہاری طرف بھیجتے ہیں۔اور اس سے پہلے نہ تم ہی ان کو جانتے تھے اور نہ تمہاری قوم (ہی ان سے واقف تھی) تو صبر کرو کہ انجام پرہیز گاروں ہی کا (بھلا) ہے۔

وَإِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمْ هُودًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا مُفْتَرُونَ ﴿٥٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَىٰ:(طرف)حرف جار۔عَادٍ:(عاد۔قوم کا نام)اسم مجرور۔ أَخَا:(بھائی کو) منصوب بالالف۔از ستہ مکبّرہ۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هُودًا: (ھودؑ کو) أَخَا بدل منصوب۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔قَوْمِ:(میری قوم) مرکب:(قَوْمِ+یْ)منادیٰ منصوب۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔محذوف۔ اعْبُدُوا: (بندگی کرو۔عبادت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا)۔ اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔مفعول بہ۔ مَا:(نہیں ہے)نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔زائدہ۔ إِلَٰهٍ:(کوئی

معبود)مبتداء۔مؤخر۔مجرور۔بوجہ مِنْ زائد۔موصوف۔ غَيْرُ: (نہیں۔علاوہ)صفت مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنْ: (نہیں) نافیہ۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا: (مگر)حرف حصر۔مُفْتَرُوْنَ :(افتراء باندھنے والے۔جھوٹ گھڑنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے عاد کی طرف ان کے بھائی ہود (کو بھیجا) انہوں نے کہا کہ میری قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو،اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔تم (شرک کرکے اللہ پر) محض بہتان باندھتے ہو۔

يَا قَوْمِ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى الَّذِي فَطَرَنِي أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٥١﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔قَوْمِ:(میری قوم) مرکب:(قَوْمِ+یْ)منادیٰ منصوب۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔محذوف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ أَسْأَلُ:(میں مانگتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(س ء ل)مهموزالعین۔صیغہ۔سَالَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔پوچھنا۔مانگنا)۔كُمْ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أَجْرًا : (بدلہ۔اجر۔معاوضہ)منصوب مفعول بہ ۔إِنْ:(نہیں)نافیہ۔(إِنْ کے بعد إِلَّا آئے)تو إِنْ نافیہ ہوتا ہے۔ أَجْرِيَ:(میرا اجر۔)مرکب: (أَجْرِ+يَ)۔مبتداء۔مرفوع۔مضاف + کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الَّذِيْ:(جس) اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فَطَرَ:(اس نے پھاڑا۔ پیدا کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ط ر)صیغہ۔فطر يفطر۔مصدر۔ فَطْرٌ۔(پیدا کرنا۔پھاڑنا)۔خبر مرفوع۔نِ:(وقایہ۔)یائے متکلم کو فعل اور فعل مشبہ سے بچانے کے لئے۔يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ فَ:(پس)حرف

عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَعْقِلُوْنَ:(تم عقل سے کام نہیں لیتے۔عقل نہیں رکھتے) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)۔صیغہ۔عَقَلَ یَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلٌ۔(عقل رکھنا۔سمجھنا)۔

ترجمہ آیت:میری قوم! میں اس(وعظ و نصیحت) کا تم سے کچھ صلہ نہیں مانگتا۔میرا صلہ تو اس کے ذمّے ہے جس نے مجھے پیدا کیا۔بھلا تم سمجھتے کیوں نہیں؟

وَيَا قَوْمِ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُم مِّدْرَارًا وَيَزِدْكُمْ قُوَّةً إِلَىٰ قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِينَ ﴿٥٢﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یَا:(اے)حرف ندا۔قَوْمِ:(میری قوم) مرکب:(قَوْمِ+یْ)منادیٰ منصوب۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔محذوف۔اسْتَغْفِرُوْا:(مغفرت مانگو)فعل امر جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٴ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔ رَبَّ:(ربّ سے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔تُوْبُوْا:(تم توبہ کرو)فعل امر جمع مذکر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٴ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ ۔تَابَ یَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔ہِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔یُرْسِلِ:(اس نے بھیجا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔مجزوم جواب طلب۔محل اعراب ساکن۔کسرہ برائے التقائے ساکنین۔برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا

ہونا)۔ السَّمَاءَ:(آسمان۔ سے) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مِّدْرَارًا :(خوب برسنے والا بادل۔موسلا دھار بارش برسانے والا)۔ منصوب۔حال۔وَ:(حرف عطف۔)يَزِدْ:(وہ زیادہ دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ ۔ مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ کرنا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ قُوَّةً : (طاقت)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔إِلَىٰ:(طرف)حرف جار۔ قُوَّتِ:(قوت)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ: (تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ۔ محلاً صفت۔ منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَتَوَلَّوْا:(تم پھیرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف ۔واؤ جمع الف فارقہ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّيٌ۔(مدد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حسب۔ مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ مُجْرِمِيْنَ:(گناہکار۔جرم کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔جملہ محلاً منصوب حال۔

ترجمہ آیت:اور اے قوم! اپنے پروردگار سے بخشش مانگو پھر اس کے آگے توبہ کرو۔وہ تم پر آسمان سے موسلا دھار مینہ برسائے گا اور تمہاری طاقت پر طاقت بڑھائے گا اور (دیکھو) گنہگار بن کر روگردانی نہ کرو

قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٣﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ هُوْدُ: (ھودؑ)منادیٰ۔مرفوع۔مَا :(نہیں)نافیہ۔جِئْتَ:(تو آیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِيْئٌ۔(آنا)۔ نَا:(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً

منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔بَيِّنَةٍ :(واضح دلائل۔ثبوت)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔ناصب خبر۔نحنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبتداء۔مرفوع۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔تَارِكِي:(چھوڑنے والے)اصلاً تَارِكِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔لفظاً مجرور۔محلاً مَا کی خبر منصوب۔آلِهَتِ:(اِلٰه کی جمع۔معبودوں)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ قَوْلِ: (بات۔قول۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مضاف۔كَ:(تمہارا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لیس کا عمل۔ناصب خبر۔ نَحْنُ : (ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ ۔مبتداء مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ :(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔مُؤْمِنِيْنَ:(کی جمع۔مومنوں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔محلاً مَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:وہ بولے ہود تم ہمارے پاس کوئی دلیل ظاہر نہیں لائے اور ہم (صرف) تمہارے کہنے سے نہ اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے ہیں اور نہ تم پر ایمان لانے والے ہیں۔

إِن نَّقُولُ إِلَّا اعْتَرَاكَ بَعْضُ آلِهَتِنَا بِسُوءٍ قَالَ إِنِّي أُشْهِدُ اللَّهَ وَاشْهَدُوا أَنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ﴿٥٤﴾

إِنْ:(نہیں)نافیہ۔بعد إِلَّا آ جائے تو منفی کے معنی ہوتے ہیں۔ نَّقُوْلُ:(ہم نہیں کہتے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا) إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ اِعْتَرَا: (اس نے مصیبت میں ڈال دیا۔مبتلا کر دیا۔ آزمائش میں ڈال دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِعْتَرٰى يَعْتَرِىْ۔مصدر۔اِعْتِرَاءٌ۔(مصیبت میں ڈالنا۔آزمائش میں ڈالنا):(مبتلا کرنا۔آزمائش میں ڈالنا)۔كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔بَعْضُ:(کچھ۔بعض)برائے تاکید۔فاعل مرفوع۔مضاف۔آلِهَتِ:(اِلٰه کی جمع۔معبودوں) مجرور مضاف

الیہ۔مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔سُوْءٍ:(برائی)اسم مجرور۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنِّيْ:(بے شک میں)اصلاً إِنَّنِيْ تھا۔ایک نون حذف۔مرکب :(إِنَّ+نِ+يْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+نون وقایہ۔یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔ +ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔اور منصوب۔مفعول بہٖ۔ أُشْهِدُ:(میں گواہ بناتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثیمزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَشْهَدُ يُشْهِدُ۔مصدر۔إِشْهَادٌ۔(گواہی دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةٌ۔(شہادت دینا۔گواہی دینا)۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ: (اور)حرف عطف۔اِشْهَدُوْا:(وہ گواہی دیں)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔ شَهَادَةٌ۔ (شہادت دینا۔گواہی دینا)۔ أَنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً أَنِّ کا اسم منصوب۔ بَرِيْءٌ:(بری الذمہ۔بیزار ہوں) أَنِّ کی خبر مرفوع۔ مِّمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تُشْرِكُوْنَ:(تم شریک ٹھہراتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔اِشْرَاكًا۔(شریک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔شَرِكَ يَشْرَكُ۔مصدر۔ شَرْكًا۔(شریک کربنانا۔ہمسر بنانا)۔

ترجمہ آیت:ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے کسی معبود نے تمہیں آسیب پہنچا کر (دیوانہ کر) دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ جن کو تم (اللہ کا) شریک بناتے ہو میں اس سے بیزار ہوں۔

مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾

مِنْ:(سے) حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوائے) ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس) حرف عطف۔كِيْدُوْ:(تم سازش کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔نصر۔مادہ (ک ی د) صیغہ۔كَادَ يَكِيْدُ۔مصدر۔كَيْدٌ۔(مکاری کرنا۔سازش کرنا۔) نِ:(وقایہ) یائے متکلم کو فعل اور مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔يْ:(میں) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ جَمِيْعًا :(تمام کے تمام) منصوب۔حال۔ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔ تُنْظِرُوْنِ:(تم مہلت دو مجھ کو) اصلاً تُنْظِرُوْ+نِيْ تھا۔ تخفیف کرکے ی کو حذف کر دیا گیا۔اور عوض میں کسرہ سے مزین کر دیا گیا۔فعل مضارع ۔جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَنْظَرَ يُنْظِرُ۔مصدر۔ اِنْظَارًا۔(مہلت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ن ظ ر) صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظَرَ۔(دیکھنا)۔ نِ: (وقایہ)۔ یْ :(مجھ کو) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:(یعنی جن کی) اللہ کے سوا (عبادت کرتے ہو تو) تم سب مل کر میرے بارے میں جو تدبیر (کرنی چاہو) کر لو اور مجھے مہلت نہ دو۔

اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ۭ مَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾

اِنِّيْ :(بے شک میں) اصلاً اِنَّنِيْ تھا۔ایک نون حذف ۔مرکب :(اِنَّ+نِ+يْ) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+نون وقایہ۔یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔+ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ تَوَكَّلْتُ :(میں نے بھرسہ کیا۔توکّل کیا) فعل ماضی واحد متکلم۔علامت تائے

مبسوط مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلُ صیغہ۔ تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔ مصدر۔ تَوَكُّلُ۔(بھروسہ کرنا۔ توکل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ مادہ(و ک ل)مثال واوی۔ صیغہ۔ وَكَلَ يَكِلُ۔ مصدر۔ وَكْلًا۔ وُكُوْلًا۔(بھروسہ کرنا۔ مختار بنانا۔ چھوڑ دینا)۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ رَبِّ:(ربّ)بدل مجرور۔ مضاف۔ يْ :(میرا)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رَبِّ:(ربّ)معطوف مجرور۔ مضاف۔ كُمْ :(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّا :(نہیں)نافیہ۔ اگر بعد میں إِلَّا آئے تو نافیہ ہوتا ہے۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دَآبَّةٍ:(ہر قسم کا جانور) لفظاً مجرور۔ محلاً مرفوع۔ مبتداء۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ مبتداء آخِذٌ:(پکڑنے والا)اسم فاعل۔ مرفوع۔ محلاً خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ نَاصِيَتِ:(پیشانیوں کو)منصوب۔ بالکسرہ۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رَبِّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ کسرہ برائے اتصال مابعد۔ مضاف۔ يْ :(میرا)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔ صِرَاطٍ:(راستہ۔)اسم مجرور۔ موصوف۔ مُّسْتَقِيْمٍ :(سیدھا۔ قائم رکھنے والا)صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: میں اللہ پر جو میرا اور تمہارا(سب کا) پروردگار ہے، بھروسہ رکھتا ہوں(زمین پر) جو چلنے پھرنے والا ہے وہ اس کو چوٹی سے پکڑے ہوئے ہے۔ بے شک میرا پروردگار سیدھے رستے پر ہے۔

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَيْكُمْ ۚ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْنَهُ شَيْئًا ۚ إِنَّ رَبِّيْ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿٥٧﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ تَوَلَّوْا :(تم پھر جاؤ۔ لوٹ جاؤ)اصلاً تَتَوَلَّوْا تھا۔ ایک ت حذف کر دی گئی ہے۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ فعل شرط۔ علامت نون اعرابی

محذوف۔واوٗ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیٌ۔(مدد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب حسب۔ مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔ مصدر۔ وَلْیًا۔ (پھرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقینا)حرف تحقیق۔أَبْلَغْتُ:(میں نے پہنچا دیاہے)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْلَغَ یُبْلِغُ۔مصدر۔اِبْلَاغٌ۔(پہنچانا)۔ثلاثی مجرد۔بانصر۔مادہ(ب ل غ) صیغہ۔بَلَغَ یَبْلُغُ۔مصدر۔بُلُوْغٌ۔(پہنچنا۔بالغ ہونا۔)کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔مَّا:(جو)اسم موصول۔أُرْسِلْتُ:(میں بھیجا گیاہوں)فعل ماضی مجہول واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔کُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔یَسْتَخْلِفُ:(وہ جانشین بنادے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔اِسْتَخْلَفَ یَسْتَخْلِفُ۔مصدر۔اِسْتِخْلَافٌ۔ (پیچھے چھوڑنا۔جا نشین بنانا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ یَخْلُفُ۔مصدر۔خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔ رَبِّ: (ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَوْمًا : (قوم)منصوب۔مفعول بہٖ۔غَيْرَ:(علاوہ۔سوائے)صفت منصوب۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔تَضُرُّوْنَ:(تم ضرر پہنچاتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ض ر ر) مضاعف۔صیغہ۔ضَرَّ یَضُرُّ۔ مصدر۔ ضَرٌّ۔(نقصان پہنچانا۔بگاڑنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ شَيْئًا:(کوئی شئے)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبِّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔يْ :(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَىٰ: (پر)حرف

جار۔کُلِّ :(تمام۔ہر)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے)مجرور مضاف الیہ۔ حَفِيْظٌ :(نگران) إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اگر تم روگردانی کروگے تو جو پیغام میرے ہاتھ تمہاری طرف بھیجا گیا ہے، وہ میں نے تمہیں پہنچادیا ہے۔اور میرا پروردگار تمہاری جگہ اور لوگوں کو لابسائے گا۔اور تم اللہ کا کچھ بھی نقصان نہیں کرسکتے۔میرا پروردگار تو ہر چیز پر نگہبان ہے۔

وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُودًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَنَجَّيْنَاهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٥٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَمَّا :(ابھی تک)اسم ظرف شرطیہ۔مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔ جازم مضارع ہوتا ہے۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِيْئٌ(آنا)۔ أَمْرُ:(حکم)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔نَا :(ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔نَجَّيْنَا :(ہم نے بچایا۔نجات دی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نَجّٰى يُنَجِّيْ۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔(نجات دینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔نَجْوَى۔نَجْوًا(بچنا)۔ هُودًا:(ھودؑ کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ: (وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً معطوف منصوب۔آمَنُوْا:()ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔رَحْمَةٍ:(رحمت)اسم مجرور۔ مِنَّا:(ہم سے)مرکب۔:(مِن+نَّا)حرف جار+ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔نَجَّيْنَا:(ہم نے نجات دی۔ بچایا)فعل ماضی

جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَجّٰی یُنَجِّیْ۔مصدر۔تَنْجِیَةٌ۔(نجات دینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا یَنْجُو۔مصدر۔ نَجْوَی۔نَجْوًا(بچنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔عَذَابٍ:(عذاب) اسم مجرور۔موصوف۔ غَلِيْظٍ :(سخت)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور جب ہمارا حکم عذاب آپہنچا تو ہم نے ہود کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے تھے ان کو اپنی مہربانی سے بچالیا۔اور ان کو عذاب شدید سے نجات دی۔

وَتِلْكَ عَادٌ ۖ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٥٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔تِلْكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید واحد مؤنث۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔عَادٌ:(عاد۔قوم کا نام)خبر مرفوع۔جَحَدُوْا :(انہوں نے انکار کیا۔کسی کا حق دینے سے منکر ہونا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ح د)صیغہ۔جَحَدَ یَجْحَدُ۔مصدر۔جُحُوْدٌ۔(انکار کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ: (آیات۔نشانیاں)اسم مجرور۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَصَوْا:(انہوں نے نافرمانی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ص ی)ناقص یائی۔عَصٰی یَعْصِیْ۔مصدر۔عِصْيَانٌ۔(گناہ کرنا۔ نافرمانی کرنا)۔رُسُلَ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔رسولوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّبَعُوْا:(انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ أَمْرَ: (حکم۔فرمان۔ کام۔ امر)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔مضاف الیہ۔مضاف۔ جَبَّارٍ:(زبردست جبر

کرنے و الا)مبالغہ۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ عَنِيْدٍ:(ضدی۔عنادرکھنے والا۔دشمنی رکھنے والا)مبالغہ۔محلاً صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:یہ (وہی) عادہیں جنہوں نے اللہ کی نشانیوں سے انکار کیااور اس کے پیغمبروں کی نافرمانی کی اور ہر متکبر و سرکش کا کہامانا۔

وَاتُّبِعُوا فِي هَذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا إِنَّ عَادًا كَفَرُوا رَبَّهُمْ أَلَا بُعْدًا لِعَادٍ قَوْمِ هُودٍ ﴿٦٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اتُّبِعُوا:(تم پیروی کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف ۔واوٌ جمع الف فارقہ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ فِي: (میں)حرف جار۔ هَذِهِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث ۔الدُّنْيَا:(دنیا) هَذِهِ کا بدل مجرور۔ لَعْنَةً: (لعنت) منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان منصوب۔مضاف۔ الْقِيَامَةِ :(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ أَلَا:(خبر دار۔)حرف تنبیہ ۔ إِنَّ:(یقیناً) عَادًا:(عاد۔ایک قوم کانام) إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَفَرُوا :(انہوں نے انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٌ جمع الف فارقہ۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفرکرنا۔انکارکرنا)۔ رَبَّ : (ربّ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَلَا: (خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ بُعْدًا:(دوری۔پھٹکار۔لعنت۔ہلاکت۔)منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔عَادٍ :(عاد)اسم مجرور۔مضاف۔قَوْمِ :(قوم) عَادٍ کابدل مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هُودٍ: (ھودؑ) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو اس دنیا میں بھی لعنت ان کے پیچھے لگی رہے گی اور قیامت کے دن بھی (لگی رہے گی) دیکھو عاد نے اپنے پروردگار سے کفر کیا۔ (اور) سن رکھو ہود کی قوم عاد پر پھٹکار ہے۔

وَاِلٰى ثَمُوْدَ أَخَاهُمْ صَالِحًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ إِلَـٰهٍ غَيْرُهُ هُوَ أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْا إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿٦١﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ اِلَى: (طرف) حرف جار۔ ثَمُوْدَ: (ثمود۔ ایک قوم کا نام) منع صرف۔ عجمہ۔ مجرور بالفتحہ۔ أَخَا: (بھائی کو) اس ستّہ مکبّرہ۔ منصوب بالفتحہ۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ صَالِحًا: (صالحؑ کو) أَخَا کا بدل۔ منصوب۔ قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ يَا: (اے) حرف نداء۔ قَوْمِ: (میری قوم۔) مرکب۔: (قَوْمِ + ی) منادیٰ۔ منصوب۔ مضاف۔ + یائے متکلم۔ مجرور مضاف الیہ۔ محذوف۔ اعْبُدُوْا: (عبادت کرو۔ بندگی کرو) فعل امر جمع مذکر غائب۔ مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع ب د)۔ صیغہ۔ عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔ (عبادت کرنا۔ بندگی کرنا)۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ کی) منصوب۔ مفعول بہ۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ زائدہ۔ إِلٰهٍ: (کوئی معبود۔) اسم مجرور۔ مبتداء مؤخر۔ لفظاً مجرور۔ محلاً مرفوع۔ موصوف۔ غَيْرُ: (علاوہ۔ سوائے) صفت مرفوع۔ مضاف۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ مجرور مضاف الیہ۔ هُوَ: (اسی نے) ضمیر منفصل۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَنْشَأَ: (پیدا کیا۔ بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْشَاَ يُنْشِئُ۔ مصدر۔ اِنْشَآءٌ۔ (پیدا کرنا۔ بنانا)۔ خبر مرفوع۔ مضاف۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِنَ: (سے) حرف جار۔ الْأَرْضِ: (زمین) اسم مجرور۔

وَ:(اور)حرف عطف۔:(اس نے آباد کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔ اسْتَعْمَرَ يَسْتَعْمِرُ۔مصدر۔ اِسْتِعْمَارٌ ۔(آباد کرنا۔)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔اسْتَغْفِرُوْا:()فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔ اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ تُوْبُوْا :(تم لوٹ جاؤ۔توبہ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔ صیغہ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔ اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبِّ:(ربّ) اِنَّ کا اسم منصوب۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَرِيْبٌ:(قریب ہے) اِنَّ کی خبر مرفوع۔ مُّجِيْبٌ :(وہ قبول کرنے والا ہے)اسم فاعل۔مرفوع۔محلاًاِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو (بھیجا) تو انہوں نے کہا کہ قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوٗا تمہارا کوئی معبود نہیں۔اسی نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور اس میں آباد کیا تو اس سے مغفرت مانگو اور اس کے آگے توبہ کرو۔بے شک میرا پروردگار نزدیک (بھی ہے اور دعا کا) قبول کرنے وٗالا (بھی) ہے۔

قَالُوْا يَا صَالِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هَذَا ۖ أَتَنْهَانَا أَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا وَإِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَا إِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿٦٢﴾

قَالُوْا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ یَا:(اے)حرف نداء۔ صَالِحُ:(صالحؑ)منادیٰ۔محلاً بتداء مرفوع۔قَدْ:(یقیناً)حرف تاکید۔کُنْتَ :(تو تھا)فعل ناقص ماضی۔واحد مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ فِيْ: (میں)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مَرْجُوًّا:(امید کرنا۔)منصوب۔مفعول بہ۔ کَانَ کی خبر مرفوع۔(اصلاً مَرْجُوْوًا تھا۔التقائے واوین کی وجہ سے دونوں کا ادغام ہوا۔مصادر۔رَجَآءٌ۔ و رَجْوٌ۔(امید سے رہنا۔امیدوار رہنا)۔ قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔تَنْهٰىنَا:(تو نے روکا۔منع کیا) اصلی رسم الخط تَنْهٰى ہے۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔نَهْيٌ۔(منع کرنا۔روکنا)۔نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہ۔أَنْ:(کہ) مصدریہ ۔ناصب مضارع۔ نَعْبُدَ:(ہم عبادت کریں۔بندگی کریں)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(بندگی کرنا۔عبادت کرنا۔ پوجا کرنا)۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔يَعْبُدُ:(وہ عبادت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ۔(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(بندگی کرنا۔عبادت کرنا۔پوجا کرنا)۔ آبَاؤُ: (اجداد۔ باپ دادا)فاعل مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔فِيْ :(میں)حرف جار۔شَكٍّ:(شک۔شبہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر۔مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مِمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+مَّا) حرف جار۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تَدْعُوْ:(تم بلاتے ہو۔دعوت دیتے ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی

مجرد۔باب نصر۔مادہ(دع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔ نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرو۔ مُرِيْبٍ:(شک۔گمان۔ایسا جو اضطراب میں ڈالنے والا ہو)۔

ترجمہ آیت: انہوں نے کہا کہ صالح اس سے پہلے ہم تم سے (کئی طرح کی) امیدیں رکھتے تھے (اب وہ منقطع ہو گئیں) کیا تم ہم کو ان چیزوں کے پوجنے سے منع کرتے ہو جن کو ہمارے بزرگ پوجتے آئے ہیں؟ اور جس بات کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو، اس میں ہمیں قوی شبہ ہے۔

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كُنْتُ عَلَى بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّي وَآتَانِي مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَنْصُرُنِي مِنَ اللَّهِ إِنْ عَصَيْتُهُ فَمَا تَزِيدُونَنِي غَيْرَ تَخْسِيرٍ ﴿٦٣﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔يَا:(اے)حرف نداء۔ قَوْمِ: (میری قوم۔) مرکب۔:(قَوْمِ+ی)منادیٰ۔ منصوب۔ مضاف۔+یائے متکلم۔ مجرور مضاف الیہ۔ محذوف۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُ:(میں تھا)۔ فعل ناقص ماضی واحد متکلم۔ناصب خبر۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ بَيِّنَةٍ:(واضح دلیل۔کھلم کھلا ثبوت)۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔آتَا :(اس نے دیا)اصلاً رسم الخط۔ أَتٰى تھا۔برائے اتصال۔ ی کو الف سے بدل دیا گیا۔ فعل ماضی واحد

مذکر غائب۔ نِ:(وقایہ۔)فعل اور مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔یْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ہُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ رَحۡمَةً: (رحمت)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔فَ:(پس)حرف عطف۔مَنۡ:(کون؟)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔یَنۡصُرُ:(مدد کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ یَنۡصُرُ۔مصدر۔نَصۡرٌ۔(مدد کرنا)۔نِ ۔نون وقایہ۔یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔ + یۡ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔إِنۡ:(اگر)حرف شرط جازم فعل شرط۔عَصَیۡتُ:(میں نافرمانی کرو)فعل ماضی واحد متکلم۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ص ی)ناقص یائی۔عَصٰی یَعۡصِیۡ۔مصدر۔عِصۡیَانٌ۔(گناہ کرنا۔ نافرمانی کرنا)۔ہُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔وجواب شرط محذوف۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔تَزِیۡدُوۡنَ:(تم زیادہ کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ یَزِیۡدُ ۔مصدر۔زِیَادَةٌ(زیادہ کرنا)۔نِ:(وقایہ)فعل سے بچانے کے لئے۔یۡ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔غَیۡرَ:(علاوہ۔سوائے)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔تَخۡسِیۡرٍ :(گھاٹادینا۔خسارہ۔نقصان پہنچانا۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:صالح نے کہا اے قوم! بھلا دیکھو تو اگر میں اپنے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیل پر ہوں اور اس نے مجھے اپنے ہاں سے (نبوت کی) نعمت بخشی ہو تو اگر میں اللہ کی نافرمانی کروں تو اس کے سامنے میری کون مدد کرے گا؟تم تو (کفر کی باتوں سے) میرا نقصان کرتے ہو۔

وَيَا قَوْمِ هَـٰذِهِ نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيبٌ ﴿٦٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَا:(اے)حرف نداء۔قَوْمِ:(میری قوم)مرکب۔:(قَوْمِ+ی)منادیٰ۔منصوب۔مضاف +یائے متکلم۔مجرور مضاف الیہ۔محذوف۔هَـٰذِهِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث۔مبتداء۔مرفوع۔نَاقَةُ :(اونٹنی)خبر مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔آيَةً : (آیت ۔نشانی)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ذَرُوْ:(تم چھوڑ دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ذ ر)صیغہ۔وَذَرَ يَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔(چھوڑ دینا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ تَأْكُلْ:(وہ کھائے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔اَكْلٌ۔(کھانا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔أَرْضِ:(زمین)اسم مجرور ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَمَسُّوْ:(تم چھوؤ۔تم روکو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔پہنچنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔سُوْءٍ:(برائی)اسم مجرور۔ فَ:(پس)سببیہ۔يَأْخُذَ:(وہ پکڑے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔ مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ عَذَابٌ:(عذاب)فاعل۔مرفوع۔موصوف۔ قَرِيبٌ:(جلد آنے والا)اسم فاعل۔محلاً صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور یہ بھی کہا کہ اے قوم! یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے ایک نشانی (یعنی معجزہ) ہے تو اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں (جہاں چاہے) چرے اور اس کو کسی طرح کی تکلیف نہ دینا ورنہ تمہیں جلد عذاب آ پکڑے گا۔

فَعَقَرُوهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوا فِي دَارِكُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ ۖ ذَٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ ﴿٦٥﴾

فَ: (پس) استئنافیہ۔ عَقَرُوْ: (انہوں نے کونچیں کاٹ دیں) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ع ق ر) صیغہ۔ عَقَرَ يَعْقِرُ۔ مصدر۔ عَقْرٌ۔ (کاٹنا۔ بانجھ بنانا)۔ هَا: (اس کی) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ تَمَتَّعُوْا: (تم فائدہ اٹھاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ مَتَّعَ يُمَتِّعُ۔ مصدر۔ تَمْتِيْعٌ۔ (فائدہ پہنچانا)۔ فِي: (میں) حرف جار۔ دَارِ: (گھر) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہارے۔ اپنے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثَلَاثَةَ: (تین) عدد۔ منصوب۔ ظرف۔ مضاف۔ أَيَّامٍ: (يَوْمٌ کی جمع۔ دنوں) مجرور مضاف الیہ۔ ذَٰلِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔: (وہ) مرکب: (ذَا+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ وَعْدٌ: (وعدہ) خبر مرفوع۔ غَيْرُ: (نہ۔ سوا) صفت۔ مرفوع۔ مضاف۔ مَكْذُوْبٍ: (جھوٹا ہونے والا) اسم مفعول۔ مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مگر انہوں نے اس کی کانچیں کاٹ ڈالیں۔ تو (صالح نے) کہا کہ اپنے گھروں میں تم تین دن (اور) فائدہ اٹھا لو۔ یہ وعدہ ہے کہ جھوٹا نہ ہو گا۔

فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا صَالِحًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ﴿٦٦﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں)مضارع سے قبل ہوتو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْءُ۔ جِیْءٌ۔ مَجِیْءٌ۔(آنا)۔أَمْرُ:(حکم۔فیصلہ۔کام)فاعل مرفوع۔مضاف۔ نَا:(ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نَجَّيْنَا:(ہم نے نجات دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْجٰی یُنْجِیْ۔مصدر۔اَنْجَاءٌ۔(نجات دینا۔بچانا) ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا یَنْجُو۔مصدر۔نَجْوَی۔نَجْوًا(بچنا)۔صَالِحًا:(صالحؑ کو) منصوب۔مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ :(وہ جو)معطوف منصوب۔ آمَنُوْا: (ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔رَحْمَةٍ:(رحمت)اسم مجرور۔مِنَّا:(ہم سے)مرکب:(مِنْ+نَّا) حرف جار+ ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ خِزْيِ:(رسوائی)اسم مجرور۔يَوْمِئِذٍ:()مرکب :(يَوْمِ+اِذٍ)ظرف زمان مضاف الیہ مجرور۔مضاف+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف لایہ۔هُوَ:(وہی)ضمیر

منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْقَوِيُّ :(مضبوط۔طاقتور۔قوت والا)خبر مرفوع۔موصوف۔الْعَزِيْزُ :(بہت ہی عزت والا۔زبردست)مبالغہ۔صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:جب ہمارا حکم آگیا تو ہم نے صالح کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے تھے ان کو اپنی مہربانی سے بچالیا۔اور اس دن کی رسوائی سے (محفوظ رکھا)۔بے شک تمہارا پروردگار طاقتور اور زبردست ہے۔

وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوْا فِي دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اَخَذَ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ الَّذِيْنَ:(ان جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول۔بہ۔ ظَلَمُوْا :(انہوں نے ظلم کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ الصَّيْحَةُ : (چنگھاڑ۔خوفناک آواز۔ہاتھی کی آواز۔چیخ)فاعل مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَصْبَحُوْا:(وہ ہو گئے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب(ص ب ح)صیغہ۔اَصْبَحَ يُصْبِحُ۔مصدر۔ اِصْبَاحٌ۔(ہونا۔صبح ہونا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔دِيَارِ:(دَارٌ کی جمع۔گھروں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جٰثِمِيْنَ:(اوندھے منہ)خبر۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور جن لوگوں نے ظلم کیا تھا ان کو چنگھاڑ (کی صورت میں عذاب) نے آپکڑا تو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَاۤ اِنَّ ثَمُوْدَا۟ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾

كَاَنْ:(گویا کہ) اصلاً كَاَنَّ تھا۔ تخفیف ہونے سے عمل ختم ہو گیا ہے۔ حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔ لَّمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔يَغْنُوْا:(وہ بے پرواہ ہوگئے۔ غنی ہو گئے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ن ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ غَنِيَ يَغْنٰى۔ مصدر۔غَنَاءٌ۔(بے پرواہ ہونا۔ بسنا۔آباد ہونا۔مالدار ہونا۔) فِيْ: (میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ اَلَآ:(خبر دار۔ سن لو)حرف تنبیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ثَمُوْدَ:(ثمود۔ایک قوم کا نام) اِنَّ کا اسم منصوب۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے انکار کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ رَبَّ:(ربّ سے) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَلَآ:(خبر دار۔ یاد رکھو۔سن لو)حرف تنبیہ۔بُعْدًا:(دوری۔لعنت کر دی گئی۔پھٹکار)منصوب۔مفعول مطلق۔ لِ: (لئے)حرف جار۔ ثَمُوْدَ:(ثمود)غیر منصرف۔عجمہ۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: گویا کبھی ان میں بسے ہی نہ تھے۔سن رکھو کہ ثمود نے اپنے پروردگار سے کفر کیا۔اور سن رکھو ثمود پر پھٹکار ہے۔

وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا اِبْرَاهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلَامًا ؕ قَالَ سَلَامٌ ۖ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿٦٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔جَاءَتْ:(وہ آئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ جِيْئٌ مَجِيْءٌ(آنا)۔ رُسُلُ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبر)فاعل مرفوع۔ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

إِبْرَاهِيْمَ:(ابرہیمؑ کے پاس)غیر منصرف۔عجمہ۔منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبُشْرٰی: (خوشخبری)اسم مجرور۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ سَلَامًا: (سلام دعا کی۔سلامتی ہو۔)منصوب۔مفعول مطلق۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ سَلَامٌ:(سلام)مبتداء مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔لَبِثَ:(وہ رکا ۔ ٹھہرا۔رہا) أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ جَاءَ:(وہ آیا۔وہ لایا۔(کے بعد والا لفظ مجرور بالباء۔ہو تو معنی لانا ہوتا ہے))فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِيْءٌ۔(آنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔عِجْلٍ : (بچھڑے)اسم مجرور۔موصوف۔حَنِيْذٍ:(بھُنا ہوا)مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور ہمارے فرشتے ابراہیم کے پاس بشارت لے کر آئے تو سلام کہا۔انہوں نے بھی (جواب میں) سلام کہا۔ابھی کچھ وقفہ نہیں ہوا تھا کہ (ابراہیم) ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آئے۔

فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۰﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں)مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔ رَأَى:(اس نے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔أَيْدِيَ:(يَدٌّ۔کی جمع۔ہاتھ)اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔منصوب۔بالفتحہ۔مفعول بہ۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور

مضاف الیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَصِلُ:(پہنچتا)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ل)مثال واوی۔صیغہ وَصَلَ يَصِلُ۔مصدر۔وَصْلٌ۔(پہنچنا۔ جوڑنا۔ملانا۔پاس آنا۔دوستی چاہنا)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ نَكِرَ:(اس نے نہ پہچانا۔اس نے اجنبی خیال کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن ک ر)صیغہ۔نَكِرَ يَنْكَرُ مصدر۔نُكْرٌ۔(نہ پہچاننا۔واقفیت نہ ہونا۔)هُمْ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَوْجَسَ:(اس نے محسوس کیا۔دل میں چھپایا۔گھبراہٹ محسوس کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْجَسَ يُوْجِسُ۔مصدر۔اِيْجَاسٌ۔(محسوس کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(و ج س)صیغہ۔وَجَسَ يَجِسَ۔ مصدر۔وَجْسٌ۔(پوشیدہ ہونا۔)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ خِيْفَةً:(خوفزدہ)منصوب مفعول بہ۔ قَالُوْا: (انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔: (کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَخَفْ:(تو ڈر۔خوف کھا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔ خَوْفٌ ۔ (ڈرنا۔خوف کھانا) إِنَّا :(یقیناً ہم)مرکب۔:(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔أُرْسِلْنَا:(ہم بھیجے ہوئے)فعل ماضی مجہول۔جمع متکلم۔صیغہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ إِلَىٰ:(طرف)حرف جار۔ قَوْمِ : (قوم) اسم مجرور۔مضاف۔لُوْطٍ:(لوطؑ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں جاتے (یعنی وہ کھانا نہیں کھاتے) تو ان کو اجنبی سمجھ کر دل میں خوف کیا۔ (فرشتوں نے) کہا کہ خوف نہ کیجیے، ہم قوم لوط کی طرف (ان کے ہلاک کرنے کو) بھیجے گئے ہیں

وَامْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَاقَ وَمِنْ وَرَاءِ إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ ﴿۷۱﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ اِمْرَأَتُ: (عورت) مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ ہٗ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَآئِمَةٌ: (کھڑی کھڑی) خبر مرفوع۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ ضَحِكَتْ: (وہ ہنسی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تائے مبسوط ساکن۔ برائے تانیث۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ض ح ک) صیغہ ۔ ضَحِكَ يَضْحَكُ۔ مصدر۔ ضَحْكٌ۔ (ہنسنا)۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ بَشَّرْنَا: (ہم نے خوشخبری دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔ مصدر۔ تَبْشِيْرٌ۔ (خوشخبری دینا۔) هَا: (اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ إِسْحٰقَ: (اسحٰقؑ کی) غیر منصرف۔ عجمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ وَّرَآءِ: (پیچھے) ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ إِسْحٰقَ: (اسحٰقؑ کے) غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَعْقُوبَ: (یعقوبؑ) غیر منصرف۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور ابراہیم کی بیوی (جو پاس) کھڑی تھی، ہنس پڑی تو ہم نے اس کو اسحاق کی اور اسحاق کے بعد یعقوب کی خوشخبری دی۔

قَالَتْ يَا وَيْلَتَىٰ أَأَلِدُ وَأَنَا عَجُوزٌ وَهَٰذَا بَعْلِي شَيْخًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ ﴿۷۲﴾

قَالَتْ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت ۔ ضمیر تائے مبسوط ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ يَا: (اے) حرف نداء۔ وَيْلَتْ: (افسوس۔ لمبی سانس

بھرنا۔ہو کا لینا۔کم بختی۔خراب ہوا۔بربادی ہوئی۔)اصلاً وَيْلَتِيْ: تھا۔ی۔کو الف سے بدل دیا گیا تو۔ وَيْلَةِ ہوا۔مضاف۔ يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ أَلِدُ:(میں جنوں گی)فعل مضارع واحد متکلم۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ل د)مثال واوی۔صیغہ۔وَلَدَ يَلِدُ۔ مصدر۔وِلَادَةٌ۔(بچہ جننا۔پیدا کرنا)۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ اَنَا:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبتداء مرفوع۔ عَجُوْزٌ:(بوڑھی ہوں)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ هَـٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب واحد مذکر غائب۔مبتداء۔مرفوع۔ بَعْلِ:(شوہر)خبر مرفوع۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شَيْخًا:(بوڑھا۔عمر رسیدہ)منصوب۔مفعول بہ۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هَـٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب واحد مذکر۔ إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔شَيْءٌ :(کوئی چیز)۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ موصوف۔عَجِيْبٌ:(عجیب۔اچنبہ۔)صف مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اس نے کہا اے ہے میرے بچہ ہو گا؟میں تو بڑھیا ہوں اور میرے میاں بھی بوڑھے ہیں۔یہ تو بڑی عجیب بات ہے۔

قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾

قَالُوْا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف عطف۔ تَعْجَبِيْنَ:(تجھے تعجب ہوا)فعل مضارع واحد مؤنث حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ب) صیغہ۔عَجِبَ يَعْجَبُ۔مصدر۔عَجَبٌ۔(حیرانی ہونا۔تعجب ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَمْرِ: (حکم۔کام۔امر)اسم مجرور۔مضاف الیہ۔اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔رَحْمَتُ:(رحمت)مبتداء

مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَرَكَاتُ:(رحمتیں ۔برکتیں۔مہربانیاں۔)معطوف مرفوع۔مضاف۔هٗ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَيْ:(اور)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔أَهْلَ:(رہنے والا)منادیٰ۔منصوب۔حرف نداء محذوف۔مضاف۔الْبَيْتِ:(گھر)مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔حَمِيْدٌ:(بہت زیادہ تعریف کیا ہوا)إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مَّجِيْدٌ :(بڑی شان والا۔بزرگ)إِنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:انہوں نے کہا کیا تم اللہ کی قدرت سے تعجب کرتی ہو؟اے اہل بیت تم پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہیں۔وہ سزاوار تعریف اور بزرگوار ہے۔

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَاءَتْهُ الْبُشْرَى يُجَادِلُنَا فِي قَوْمِ لُوْطٍ ﴿٧٤﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں)مضارع سے قبل ہو توماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔ ذَهَبَ :(وہ گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔ مصدر۔ذَهْبًا۔(جانا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ إِبْرَاهِيْمَ :(ابراہیمؑ)اسم مجرور۔الرَّوْعُ :(ڈر۔خوف)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَاءَتْ: (وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے ساکن برائے تانیث۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ مَجِيْءٌ۔(آنا)۔ هٗ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ الْبُشْرَى: (خوشخبری)فاعل مرفوع۔ يُجَادِلُ:(وہ بحث کرنے لگا۔جھگڑا کرنے لگا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔صیغہ۔ جَادَلَ يُجَادِلُ۔مصدر۔مُجَادَلَةٌ۔ (جھگڑا۔لڑئی۔) ثلاثی مجرد۔باب

نصر۔ضرب۔جَدَلَ يَجْدِلُ / يَجْدُلُ۔مصدر۔جَدْلًا۔(بٹنا۔جھگڑا کرنا)۔نَا:(ہم سے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ قَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔مضاف۔لُوْطٍ : (لوطؑ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:جب ابراہیم سے خوف جاتا رہا اور ان کو خوشخبری بھی مل گئی تو قوم لوط کے بارے میں لگے ہم سے بحث کرنے

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ مُّنِيبٌ ﴿٧٥﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔عجمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔حَلِيمٌ:(بہت ہی بردبار۔)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔ أَوَّاهٌ: (نرم دل)إِنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔ مُّنِيبٌ:(رجوع کرنے والے)إِنَّ کی خبر ثالث مرفوع۔

ترجمہ آیت:بے شک ابراہیم بڑے تحمل والے،نرم دل اور رجوع کرنے والے تھے۔

يَا إِبْرَاهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ هَذَا إِنَّهُ قَدْ جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ وَإِنَّهُمْ آتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ ﴿٧٦﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔إِبْرَاهِيمُ:(ابراہیمؑ)منادیٰ۔مرفوع۔ أَعْرِضْ:(تو اعراض کر۔توجہ نہ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ يُعْرِضُ۔مصدر۔اِعْرَاضٌ۔(نظر انداز کرنا۔ منہ پھیرنا۔توجہ نہ دینا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔هَذَا:(اس سے)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْءُ۔جِيْءٌ۔مَجِيْءٌ(آنا)۔ أَمْرُ:(حکم۔امر)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ آتِيْ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ اِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَذَابٌ:(عذاب)فاعل مرفوع۔موصوف۔غَيْرُ:(علاوہ۔سوائے ۔نہ)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔مضاف۔مَرْدُوْدٍ:(ہٹایا جانے وال۔ٹالا جانے والا)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اے ابراہیم اس بات کو جانے دو۔تمہارے پروردگار کا حکم آپہنچا ہے۔اور ان لوگوں پر عذاب آنے والا ہے جو کبھی نہیں ٹلنے کا۔

وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيْءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالَ هَٰذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ ﴿٧٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں)مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔ جَاءَتْ:(وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيْئٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا)۔رُسُلُ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبر)فاعل مرفوع۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لُوْطًا:(لوطؑ کے پاس)منصوب۔مفعول بہ۔ سِيْءَ:(وہ گھبرا گیا۔وہ غمگین ہوا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔سَآءَ يَسُوْءُ۔مصدر۔سَوْءً۔(بدی کرنا۔برا کرنا۔غمگین ہونا۔گھبرانا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(اس کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔ جملہ جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ضَاقَ:(وہ تنگ ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ض ی ق)اجوف یائی۔صیغہ۔ضَاقَ يَضِيْقُ۔مصدر۔ضَيْقٌ۔(تنگ کرہونا۔) بِ:

(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ ذَرْعًا:(دل میں۔دلی طور پر) منصوب۔تمیز۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ: :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ ھٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبتداء مرفوع۔ یَومٌ :(دن)خبر مرفوع۔عَصِیْبٌ :(بڑا سخت)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور جب ہمارے فرشتے لوط کے پاس آئے تو وہ ان (کے آنے) سے غمناک اور تنگ دل ہوئے اور کہنے لگے کہ آج کا دن بڑی مشکل کا دن ہے۔

وَجَاءَهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوا يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ قَالَ يَا قَوْمِ هَؤُلَاءِ بَنَاتِي هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ فِي ضَيْفِي أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ ﴿٧٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)صیغہ۔جَاءَ یَجِیْءُ۔ جِیْئٌ۔مَجِیْءٌ(آنا)۔ هُ:(اس کے پاس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ قَوْمُ:(قوم)فاعل مرفوع۔ مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔یُهْرَعُوْنَ:(تیز دوڑتے ہوئے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْرَعَ یُهْرِعُ۔مصدر۔ اِهْرَاعٌ۔ (تیز دوڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ سمع۔۔مادہ(ھ ر ع)صیغہ۔هَرَعَ یَهْرَعُ۔مصدر۔هَرْعٌ۔(عالم اضطراب میں جلد جانا۔دوڑنا۔ تیزی سے خون بہنا)۔ اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ كَانُوْا:(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ناقص ماضی جمع مذکر واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ یَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت

نون اعرابی موجود۔جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔ مصدر۔عَمْلًا (کرنا)۔ السَّيِّئَاتِ:(برائیاں)منصوب بالکسرہ۔ مفعول بہٖ۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا :(اے)حرف نداء۔ قَوْمِ :(میری قوم۔)مرکب۔:(قَوْمِ + یْ) منادیٰ۔مضاف + یائے متکلم محذوف۔بعوض کسرہ۔ مضاف الیہ۔هَؤُلاءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ بَنَاتِ: (بیٹیاں)خبر مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هُنَّ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ أَطْهَرُ : (انتہائی پاک صاف)افعل التفضیل۔محلاً خبر مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔اِتَّقُوْا:(تم ڈرو۔اللہ کے قوانین سے ڈرو۔تم پرہیز کرو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔وِقَایَةً۔وَقْیًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم۔ تُخْزُوْنِ:(مجھ کو تم رسوا کرو)اصلاً تُخْزُوْنِي تھا۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔موجودہ نون۔وقایہ۔ی۔ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْزٰی یُخْزِیْ۔مصدر۔اِخْزَاءٌ۔(رسوا کرنا۔ذلیل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب مادہ(خ ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَزِیَ یَخْزَی۔مصدر۔خَزًی۔خِزْیًا۔خِزْیَةً۔(رسوا کرنا۔ذلیل کرنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ ضَيْفِ:(مہمانوں)اصلاً ضَیْفِیْنَ تھا۔اسم مجرور۔علامت ی۔نون اعرابی محذوف۔بوجہ مضاف۔اور ی محذوف۔اور عوضانہ میں کسرہ۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً

مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا) حرف استفہام۔ لَيْسَ:(نہیں) فعل ناقص ماضی۔ واحد مذکر۔ جامد اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ ناصب خبر۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ كُمْ :(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم منصوب۔ رَجُلٌ:(آدمی۔ مرد۔ شخص) لَيْسَ کا اسم مؤخر۔ مرفوع۔ موصوف۔ رَّشِيْدٌ:(رشید۔ ہدایت دینے والا) صفت مرفوع۔ محلاً جملہ لَيْسَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور لوط کی قوم کے لوگ ان کے پاس بے تحاشا دوڑتے ہوئے آئے اور یہ لوگ پہلے ہی سے فعل شنیع کیا کرتے تھے۔ لوط نے کہا کہ اے قوم! یہ (جو) میری (قوم کی) لڑکیاں ہیں، یہ تمہارے لیے (جائز اور) پاک ہیں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں کے (بارے) میں میری آبرو نہ کھوؤ۔ کیا تم میں کوئی بھی شائستہ آدمی نہیں۔

قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنَاتِكَ مِنْ حَقٍّ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿۷۹﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔ بات کرنا)۔ لَ:(البتہ) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ قَدْ :(یقیناً) حرف تحقیق۔ عَلِمْتَ:(تو نے جانا) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ تائے مبسوط۔ مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا۔ جاننا)۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ فِي:(میں) حرف جار۔ بَنَاتِ:(بیٹیاں) اسم مجرور۔ مضاف۔ كَ:(تمہاری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ مِنْ :(سے) حرف جار۔ زائدہ۔ حَقٍّ:(حق۔ سچ) لفظاً اسم مجرور۔ محلاً مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ كَ :(تو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (البتہ) لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ تَعْلَمُ:(تو جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر

مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔ جاننا)۔مَا(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ نُرِيدُ:(ہم چاہتے ہیں)۔فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آناجانا)۔

ترجمہ آیت:وہ بولے تم کو معلوم ہے کہ تمہاری (قوم کی) بیٹیوں کی ہمیں کچھ حاجت نہیں۔اور جو ہماری غرض ہے اسے تم(خوب) جانتے ہو۔

قَالَ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ ﴿٨٠﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔لَوْ:(کاش)حرف تمنّٰی۔ أَنَّ :(یقیناً۔واقعی)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔لِ: (لئے) حرف جار۔ي:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے مقابلہ کی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ قُوَّةً:(قوت۔طاقت۔)منصوب مفعول بہ۔ أَوْ: (یا)حرف عطف۔ آوِي:(میں پناہ لیتا) فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوٰی يَاوِیْ۔مصدر۔اُوِیٌّ۔(پناہ لینا)۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔رُكْنٍ:(قلعہ۔طاقت۔کسی سہارے)اسم مجرور۔ محلاً موصوف۔ شَدِيدٍ :(مضبوط۔سخت)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:لوط نے کہا اے کاش مجھ میں تمہارے مقابلے کی طاقت ہوتی یا کسی مضبوط قلعے میں پناہ پکڑ سکتا۔

قَالُوا يَا لُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَصِلُوا إِلَيْكَ ۖ فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا امْرَأَتَكَ ۖ إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَا أَصَابَهُمْ ۚ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ۚ أَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ ﴿٨١﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ یَا:(اے)حرف نداء۔ لُوْطُ: (لوطؑ)منادیٰ۔مرفوع۔ اِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب۔:(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ رُسُلُ:(رسول کی جمع۔پیغمبر۔بھیجے ہوئے) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مضاف۔رَبِّ:(ربّ) مجرور مضاف الیہ۔كَ:(تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَنْ:(ہر گز نہیں) حرف ناصب مضارع مؤکد بلن۔ بمعنی مستقبل۔ یَّصِلُوْا:(وہ پہنچیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ :(تیری طرف) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس) حرف عطف۔أَسْرِ :(تورات کو چل۔تورات کو نکل۔) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔یائے حرف علت محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔کسرہ بعوض یائے۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسْرٰی یُسْرِیُ۔اسراء۔(رات کو چلنا)۔۔باب ضرب۔مادہ(س ر ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔ سَارَ یَسِیْرُ۔مصدر۔سَیْرٌ۔(چلنا۔سیر کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَهْلِ:(اہل۔والے۔ گھر والے۔متعلقین)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے۔اپنوں)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔قِطْعٍ:(ٹکڑا۔حصہ۔)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔اللَّيْلِ :(رات) اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔یَلْتَفِتْ :(وہ توجہ کریں۔مڑ کے دیکھیں) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِلْتَفَتَ یَلْتَفِتُ۔مصدر ۔اِلْتِفَاتٌ۔(توجہ کرنا۔مڑ کر پیچھے دیکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ل ف ت)صیغہ۔لَفَتَ یَلْفِتُ۔مصدر۔لَفْتًا۔(دائیں یا بائیں مڑنا۔چادر کو گردن پر موڑنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ أَحَدٌ :(کوئی ایک۔)فاعل مرفوع۔اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔امْرَأَتَ:(عورت۔یعنی بیوی) مستثنیٰ منصوب۔

مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ مُصِيْبُ:(پہنچنے والا)خبر مقدّم۔مرفوع۔مضاف۔هَا :(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع۔مبتداء مؤخر۔ أَصَابَ:(وہ پہنچا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ يُصِيْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔ مادہ(ص و ب)صیغہ صَابَ يَصُوْبُ۔صَوْبًا۔ مصدر۔ صَوْبًا: (بارش برسنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ مَوْعِدَ: (مقررہ وقت۔وعدہ کا مقام۔)ظرف زمان و مکان۔مصدر میمی۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کا) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الصُّبْحُ:(صبح) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَيْسَ :(نہیں) فعل ناقص ماضی۔واحد مذکر۔جامد اس سے فعل مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ناصب خبر۔الصُّبْحُ :(صبح) لَيْسَ کا اسم مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔قَرِيْبٍ:(جلد ہی۔ قریب ہی)لفظ مجرور۔محلاً لَيْسَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:فرشتوں نے کہا کہ لوط ہم تمہارے پروردگار کے فرشتے ہیں۔یہ لوگ ہرگز تم تک نہیں پہنچ سکیں گے تو کچھ رات رہے سے اپنے گھر والوں کو لے کر چل دو اور تم میں سے کوئی شخص پیچھے پھر کر نہ دیکھے۔ مگر تمہاری بیوی کہ جو آفت ان پر پڑنے والی ہے وہی اس پر پڑے گی۔ان کے (عذاب کے) وعدے کا وقت صبح ہے۔اور کیا صبح کچھ دور ہے؟

فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ مَّنضُودٍ ﴿٨٢﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں)مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔ أَمْرُ:(حکم۔امر)فاعل مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارا) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔جَعَلْنَا :(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ عَالِيَ:(بلندی والے۔اوپر والے) منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هَا:(اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ سَافِلَ:(نچلے والے) منصوب مفعول بہ۔هَا:(اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔اَمْطَرْنَا:(ہم نے بارش برسائی۔) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَمْطَرَ يَمْطِرُ۔مصدر۔اِمْطَارٌ۔() ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ط ر)صیغہ۔مَطَرَ يَمْطُرُ مصدر۔مَطْراً۔ مَطراً۔(بارش ہونا)۔عَلَيَ:(پر)حرف جار۔هَا :(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔حِجَارَةً :(حَجَرٌ کی جمع۔پتھروں) منصوب۔مفعول بہ۔مِنْ:(سے) حرف جار۔ سِجِّيْلٍ:(آگ میں پکے ہوئے۔کنکر۔کھنگر) اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ مَنْضُوْدٍ:(تہہ در تہہ) اسم مفعول صفت مجرور۔تابع۔موصوف۔

ترجمہ آیت:توجب ہمارا حکم آیا ہم نے اس (بستی) کو (اُلٹ کر) نیچے اوپر کر دیا اور ان پر پتھر کی تہہ بہ تہہ (یعنی پے در پے) کنکریاں برسائیں۔

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ۖ وَمَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿٨٣﴾

مُّسَوَّمَةً:(نشان زدہ۔ٹریڈ مارک) منصوب۔حال۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔رَبِّ: (ربّ) مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مَا :(نہیں) نافیہ۔ عمل لَيْسَ کی مانند۔هِيَ:(وہ) ضمیر منفصل۔مؤنث۔غائب۔مبنی بر

فتحہ۔ مَا کا اسم۔ مرفوع۔ مِنْ :(سے) حرف جار۔ الظَّالِمِيْنَ:(ظالم۔ اندھیر مچانے والے) اسم مجرور۔ علامت ۔ی۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ زائدہ۔ بَعِيْدٍ:(دور) لفظاً مجرور۔ محلاً مَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: جن پر تمہارے پروردگار کے ہاں سے نشان کئے ہوئے تھے اور وہ بستی ان ظالموں سے کچھ دور نہیں

وَاِلٰى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَـٰهٍ غَيْرُهُ وَلَا تَنقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ اِنِّيْ أَرَاكُمْ بِخَيْرٍ وَاِنِّيْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ ﴿٨٤﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ اِلَى:(طرف) حرف جار۔ مَدْيَنَ:(مدین) غیر منصرف۔ محلاً اسم مجرور۔ أَخَا:(بھائی کو) منصوب۔ بالالف۔ مفعول بہٖ۔ از ستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شُعَيْبًا:(شعیبؑ) أَخَا کا بدل منصوب۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔ بات کرنا)۔ يَا :(اے) حرف نداء۔ قَوْمِ :(میری قوم۔) مرکب۔: (قَوْمِ + یْ) منادیٰ۔ مضاف + یائے متکلم محذوف۔ بعوض کسرہ۔ مضاف الیہ۔ اُعْبُدُوْا:(تم بندگی کر۔ عبادت کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع ب د) صیغہ۔ عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔ (بندگی کرنا۔ عبادت کرنا۔ غلامی کرنا)۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ کی) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مَا:(نہیں) نافیہ۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ كُم :(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مِنْ :(سے) حرف جار۔ زائدہ۔ إِلَـٰهٍ:(معبود) لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ غَيْرُ:(علاوہ۔ سوائے) صفت۔ مضاف۔ هُ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَا:(نہ) ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تَنْقُصُوْا:(تم توڑو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ۔(ن ق ص) صیغہ۔ نَقَصَ يَنْقُصُ۔ مصدر۔ نَقْصٌ۔(نقصان کرنا۔ کم کرنا)۔ الْمِكْيَالَ:(پیمانے کو) اسم آلہ۔

منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمِيزَانَ:(تول۔)اسم آلہ۔معطوف منصوب۔ اِنِّ: (یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔یْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ أَرَا:(اس نے دکھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔ صیغہ۔آَرٰی یُرٰی۔مصدر۔ اِرَاءَۃٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَۃٌ (دیکھنا ۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔خَيْرٍ:(بھلائی۔بہتری)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ :(اور)حرف عطف۔اِنِّيْ :(بے شک میں)اصلاً إِنَّنِيْ تھا۔ایک نون حذف ۔مرکب :(إِنَّ+نِ+يْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+نون وقایہ۔یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أَخَافُ :(میں خوف زدہ ہوں۔میں ڈرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔ خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفٌ۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ عَذَابَ :(عذاب کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔يَوْمٍ:(دن)ظرف زمان۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ مُّحِيْطٍ :(گھیرنے والا)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو (بھیجا) تواُنہوں نے کہا کہ اے قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو کہ اس کے سوُا تمہارا کوئی معبود نہیں۔اور ناپ تول میں کمی نہ کیا کرو۔میں تو تم کو آسودہ حال دیکھتا ہوں اور(اگر تم ایمان نہ لاؤ گے تو) مجھے تمہارے بارے میں ایک ایسے دن کے عذاب کا خوف ہے جو تم کو گھیر کر رہے گا۔

وَيَا قَوْمِ أَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٨٥﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔يَا:(اے)حرف نداء۔ قَوْمِ :(میری قوم۔) مرکب۔: (قَوْمِ+یْ) منادیٰ۔ مضاف+یائے متکلم محذوف۔بعوض کسرہ۔مضاف الیہ۔أَوْفُوا:(تم پورا کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب اِفْعالٌ۔صیغہ اَوْفٰی یُوْفِیْ۔مصدر۔اِیْفَاءٌ۔(موت دینا))۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وف ی) مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰی یَفِیْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پوراہونا)۔الْمِكْيَالَ:(پیمانے کو)اسم آلہ۔منصوب مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمِيزَانَ:(ترازو۔وزن کرنے والا)اسم آلہ۔معطوف منصوب۔بِ: (ساتھ) حرف جار۔الْقِسْطِ:(عدل کے۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ) ناہیہ۔جازم مضارع۔تَبْخَسُوا:(تم کم دو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٴ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب خ س)صیغہ۔بَخَسَ يَبْخَسُ۔ مصدر۔ بَخْسٌ۔(کم دینا۔)النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب مفعول بہٖ۔أَشْيَاءَ:(چیزیں)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف ۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَعْثَوْا:(فساد کرو۔دنگا مچاؤ۔بگاڑ پیدا کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٴ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ث ی)ناقص یائی۔صیغہ۔عَثِيَ يَعْثٰى۔ مصدر۔ عَثِيٌّ۔(فساد کرنا۔دنگا مچانا۔) فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین میں)اسم مجرور۔ مُفْسِدِينَ:(بگاڑ کرنے والے۔کرپٹ لوگ۔فسادی)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً منصوب حال۔

ترجمہ آیت:اور قوم! ماپ اور تول انصاف کے ساتھ پوری پوری کیا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دیا کرو اور زمین میں خرابی کرتے نہ پھرو۔

بَقِيَّتُ اللهِ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۚ وَمَا أَنَا عَلَيْكُم بِحَفِيظٍ ﴿٨٦﴾

بَقِيَّةُ:(باقی ماندہ۔بچ ہوا)مبتداء مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔خَيْرٌ:(بہتر ہے)خبر۔مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كُنْتُمْ :(تم تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔محلاً فعل شرط مجزوم۔مُّؤْمِنِيْنَ:(مُؤْمِنٌ کی جمع۔ایماندار۔مومن)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کی طرح عمل کرتا ہے۔ أَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔ مَا کا اسم۔مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔محلاً جملہ کی خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔حَفِيْظٍ:(نگرانی۔حفاظت کرنے والا)لفظاً مجرور۔محلاًمَا کی خبر منصوب۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اگر تم کو (میرے کہنے کا) یقین ہو تو اللہ کا دیا ہوا نفع ہی تمہارے لیے بہتر ہے اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں۔

قَالُوا يَا شُعَيْبُ أَصَلَاتُكَ تَأْمُرُكَ أَنْ نَتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَنْ نَفْعَلَ فِي أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ ۖ إِنَّكَ لَأَنْتَ الْحَلِيمُ الرَّشِيدُ ﴿٨٧﴾

قَالُوْا: :(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ شُعَيْبُ:(شعیبؑ)منادیٰ۔مرفوع۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔صَلَاتُ:(صلوٰۃ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تَأْمُرُ:(وہ حکم دیتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔أَمَرَ يَأْمُرُ۔مصدر۔أَمْرٌ۔(حکم دینا)۔ كَ

:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ نَتْرُكَ: (ہم چھوڑ دیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ر ک)صیغہ۔تَرَکَ یَتْرُکُ۔ مصدر۔تَرْکٌ۔(چھوڑنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ يَعْبُدُ:(بندگی کرتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔عِبَادَةٌ۔(بندگی کرنا۔عبادت کرنا۔پوجا کرنا)۔آبَاؤُ:(باپ دادا۔اجداد)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔نَا : (ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مجرور مضاف الیہ۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ نَّفْعَلَ:(ہم کام کریں۔فعل کریں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔ فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلٌ۔(کرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ أَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔نَشَاءُ:(ہم چاہیں۔)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ :(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔أَنْتَ :(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔مرفوع۔مبتداء۔الْحَلِيْمُ :(خوب برداشت کرنے والا۔خوب بردبار۔)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الرَّشِيْدُ:(خوب ہدایت یافتہ۔بھلا۔بہت ہی سمجھدار۔)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:انہوں نے کہا شعیب کیا تمہاری نماز تمہیں یہ سکھاتی ہے کہ جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے آئے ہیں ہم ان کو ترک کر دیں یا اپنے مال میں تصرف کرنا چاہیں تو نہ کریں۔ تم تو بڑے نرم دل اور راست باز ہو۔

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَرَزَقَنِي مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ مَا أَنْهَاكُمْ عَنْهُ ۚ إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۚ وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿٨٨﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔يَا:(اے)حرف نداء۔ قَوْمِ :(میری قوم۔)مرکب۔: (قَوْمِ + یْ) منادیٰ۔مضاف + یائے متکلم محذوف۔بعوض کسرہ۔مضاف الیہ۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا)فعل ماضی جمع حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كُنْتُ:(میں تھا)فعل ناقص ماضی واحد متکلم۔محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ بَيِّنَةٍ :(واضح دلیل۔کھلم کھلا ثبوت)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًصفت مجرور۔ وَ :(اور)حرف عطف۔رَزَقَ:(اس نے رزق دیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو فعل اور مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔يْ :(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔رِزْقًا:(رزق)منصوب۔ مفعول مطلق۔موصوف۔حَسَنًا:(اچھا۔بہتر۔خوبصورت) منصوب۔صفت ۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔ أُرِيْدُ:(میں چاہتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔

رَادَ يَرُوْدُ :(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ أَنْ: (کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔أُخَالِفَ:(میں مخالفت کروں)فاعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔صیغہ۔اَخَالَفَ يُخَالِفُ۔مصدر۔مخالفة۔ (مخالفت کرنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف) صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر۔خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ مَا:(جس)اسم موصول۔أَنْهَا:(میں منع کروں۔روکوں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔نَهْىٌ۔(منع کرنا۔روکنا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاًاسم مجرور۔ إِنْ:(نہیں)نافیہ۔أُرِيْدُ:(میں چاہتاہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ أُرِيْدُ:(میں چاہتاہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔ (ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔الْإِصْلَاحَ :(درستی۔اصلاح)منصوب مفعول بہ۔ مَا:(کہ)مصدریہ۔ اسْتَطَعْتُ : (میں طاقت رکھوں)فعل ماضی واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اِسْتِطَاعَ يَسْتَطِيْعُ۔ مصدر۔ اِسْتِطَاعَةٌ۔(خوشی سے کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔صیغہ۔طَاعَ يَطُوْعُ۔مصدر۔ طَوْعًا۔(خوشی سے کرنا۔اطاعت کرنا)۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ تَوْفِيْقِ:(طاقت۔توفیق)مبتداء مرفوع۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔یائے متکلم۔ يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تَوَكَّلْتُ :(میں نے بھروسہ کیا) فعل ماضی واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلُ۔صیغہ۔تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔مصدر۔تَوَكُّلُ۔(بھروسہ کرنا۔توکل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔مادہ(و ک ل)مثال واوی۔صیغہ۔وَكَلَ يَكِلُ۔مصدر۔وَكْلًا۔وُكُوْلًا۔(بھروسہ کرنا۔مختار بنانا۔چھوڑ دینا)۔

وَ:(اور)حرف عطف۔ اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أُنِيْبُ:(مجھے لوٹنا ہے)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنَابَ يُنِيْبُ مصدر۔اِنَابَةٌ۔(رجوع کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔نَابَ يَنُوْبُ۔ مصدر۔ نَوْبًا۔نِيَابًا۔(قریب ہونا۔نائب ہونا۔ قائم مقام ہونا۔توبہ کرنا۔پیش آنا)۔

ترجمہ آیت:انہوں نے کہا کہ اے قوم! دیکھو تو اگر میں اپنے پروردگار کی طرف سے دلیل روشن پر ہوں اور اس نے اپنے ہاں سے مجھے نیک روزی دی ہو (تو کیا میں ان کے خلاف کروں گا؟) اور میں نہیں چاہتا کہ جس امر سے میں تمہیں منع کروں خود اس کو کرنے لگوں۔ میں تو جہاں تک مجھ سے ہو سکے (تمہارے معاملات کی) اصلاح چاہتا ہوں اور (اس بارے میں) مجھے توفیق کا ملنا اللہ ہی (کے فضل) سے ہے۔ میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْ أَنْ يُصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَا أَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ أَوْ قَوْمَ هُوْدٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ ۚ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَا:(اے)حرف نداء۔ قَوْمِ :(میری قوم۔)مرکب۔:(قَوْمِ+يْ) منادیٰ۔مضاف+ یائے متکلم محذوف۔بعوض کسرہ۔مضاف الیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَجْرِمَنَّ:(لازماً بھڑکائیں گے۔اکسائیں گے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب ۔مادہ(ج ر م)صیغہ۔جَرَمَ يَجْرِمُ۔مصدر۔جَرْمٌ۔(بھڑکانا۔اکسانا۔آمادہ کرنا)كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ شِقَاقِ:(دشمنی۔لڑائی۔مخالفت)مبتداء مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔ مضاف۔يْ :(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يُصِيْبَ:(وہ پہنچائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔

اَصَابَ يُصِيْبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔ (پہنچنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ ضرب۔ مادہ (ص و ب) صیغہ صَابَ يَصُوْبُ۔ صَوْبًا۔ مصدر۔ صَوْبًا: (بارش برسنا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِّثْلُ: (مانند۔ جیسی ۔ طرح۔ مثل) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ مَا: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَصَابَ: (وہ پہنچا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَصَابَ يُصِيْبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔ (پہنچنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر ۔ ضرب۔ مادہ (ص و ب) صیغہ صَابَ يَصُوْبُ۔ صَوْبًا۔ مصدر۔ صَوْبًا: (بارش برسنا)۔ قَوْمَ: (قوم۔ لوگوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ نُوحٍ: (نوحؑ) مجرور مضاف الیہ۔ أَوْ: (یا) حرف عطف۔ قَوْمَ: (قوم کو۔ لوگوں کو) معطوف منصوب۔ مضاف۔ هُوْدٍ: (ھودؑ) مجرور مضاف الیہ۔ أَوْ: (یا) حرف عطف۔ قَوْمَ: (قوم کو ۔ لوگوں کو) معطوف منصوب۔ مضاف۔ صَالِحٍ: (صالحؑ) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ لَيْسَ کا عمل۔ ناصب خبر ۔ رافع اسم۔ قَوْمُ: (قوم) مَا کا اسم مرفوع۔ مضاف۔ لُوْطٍ: (لوطؑ) مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ زائدہ۔ برائے تاکید نفی۔ بَعِيْدٍ: (کچھ دُور نہیں) لفظاً مجرور۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً مَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور اے قوم! میری مخالفت تم سے کوئی ایسا کام نہ کرادے کہ جیسی مصیبت نوح کی قوم یا ہود کی قوم یا صالح کی قوم پر واقع ہوئی تھی ویسی ہی مصیبت تم پر واقع ہو۔ اور لوط کی قوم (کا زمانہ تو) تم سے کچھ دور نہیں۔

وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْا إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ اسْتَغْفِرُوْا: (مغفرت مانگو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔ اِسْتِغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (غ ف ر) صیغہ ۔ غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔ رَبَّ: (ربّ) منصوب۔ مفعول

بہ۔مضاف۔كُمۡ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ: (پھر)حرف عطف۔تُوۡبُوۡا:(تم لوٹ جاؤ۔توبہ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔تَابَ يَتُوۡبُ۔ مصدر۔تَوۡبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔اِلَيۡ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رَبِّ:(ربّ)اِنَّ کا اسم منصوب۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔مضاف۔يۡ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔رَحِيۡمٌ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔وَدُوۡدٌ:(بہت ہی پیار کرنے والا)اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اپنے پروردگار سے بخشش مانگو اور اس کے آگے توبہ کرو۔بے شک میرا پروردگار رحم والا(اور) محبت والا ہے۔

قَالُوۡا يَا شُعَيۡبُ مَا نَفۡقَهُ كَثِيۡرًا مِّمَّا تَقُوۡلُ وَاِنَّا لَنَرَاكَ فِيۡنَا ضَعِيۡفًا ۚ وَلَوۡلَا رَهۡطُكَ لَرَجَمۡنَاكَ ۖ وَمَا أَنۡتَ عَلَيۡنَا بِعَزِيۡزٍ ﴿۹۱﴾

قَالُوۡا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔يَا:(اے)حرف نداء۔ شُعَيۡبُ:(شعیبؑ)منادیٰ مرفوع۔مَا:(نہیں)نافیہ۔عمل لیس جیسا۔ناصب خبر ۔رافع۔اسم۔ نَفۡقَهُ :(ہم سوچتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ق ھ)صیغہ۔فَقَهَ يَفۡقَهُ۔مصدر۔فِقۡهٌ۔فَقۡهٌ ۔(سمجھنا۔غور کرنا)۔كَثِيۡرًا:(بہت زیادہ۔کثرت کے ساتھ۔بہت کچھ)مبالغہ۔ منصوب۔حال۔ مِّمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِّنۡ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تَقُوۡلُ :(تم کہتے ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔

وَ:(اور)حرف عطف۔اِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔نَرَا:(ہم دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَةٌ(دیکھنا ۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فِيْ:(میں۔درمیان)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ ضَعِيْفًا:(کمزور۔ضعیف)منصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْلَا:(اگر نہ)حرف تحضیض۔(برائے زجرو توبیخ۔ڈانٹ ڈپٹ)۔ رَهْطُ:(قوم۔قبیلہ)مرفوع۔مبتداء۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔رَجَمْنَا:(لائے تاکید کی وہ سے ترجمہ۔ہم سنگسار کر دیتے)فعل ماضی جمع متکلم۔كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔اور جملہ جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔علم لَيْسَ کی مانند۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ أَنْتَ: (تم)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔علامت تائے مبسوط مفتوح۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔ عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔عَزِيْزٍ:(خوب عزت والا۔زبردست)مبالغہ۔لفظاً مجرور۔محلاً مَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اُنہوں نے کہا کہ شعیب تمہاری بہت سی باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تم ہم میں کمزور بھی ہو اور اگر تمہارے بھائی نہ ہوتے تو ہم تم کو سنگسار کر دیتے اور تم ہم پر(کسی طرح بھی) غالب نہیں ہو

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَهْطِي أَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِنَ اللهِ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا إِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿٩٢﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔يَا:(اے)حرف نداء۔ قَوْمِ :(میری قوم۔)مرکب۔:(قَوْمِ+یْ) منادیٰ۔ مضاف + یائے متکلم محذوف۔بعوض کسرہ۔مضاف الیہ۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔رَهْطِ:(قوم)مبتداء۔مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَعَزُّ:(بہت عزت والا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ فتحہ۔بوجہ التقائے سا کنین۔برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّخَذْتُمُوْ:(تم نے اختیار کیا۔بنایا۔پکڑا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ اشباع۔یعنی شکم پری کے لئے۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔وَرَاءَ:(پیچھے)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ظِهْرِيًّا:(بھولا ہوا۔فراموش شدہ)منصوب۔حال۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبِّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔یائے متکلم۔ مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔ مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔مُحِيْطٌ :(گھیرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر غائب۔محلاًجملہ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: انہوں نے کہا کہ قوم! کیا میرے بھائی بندوں کا دباؤ تم پر اللہ سے زیادہ ہے۔ اور اس کو تم نے پیٹھ پیچھے ڈال رکھا ہے۔ میرا پروردگار تو تمہارے سب اعمال پر احاطہ کیے ہوئے ہے۔

وَيَا قَوۡمِ اعۡمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمۡ إِنِّي عَامِلٌ ۖ سَوۡفَ تَعۡلَمُونَ مَن يَأۡتِيهِ عَذَابٌ يُخۡزِيهِ وَمَنۡ هُوَ كَاذِبٌ ۖ وَارۡتَقِبُوا إِنِّي مَعَكُمۡ رَقِيبٌ ﴿٩٣﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ يَا: (اے) حرف نداء۔ قَوۡمِ: (میری قوم۔) مرکب۔: (قَوۡمِ + یْ) منادیٰ۔ مضاف + یائے متکلم محذوف۔ بعوض کسرہ۔ مضاف الیہ۔ اِعۡمَلُوا: (تم عمل کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع م ل) صیغہ۔ عَمِلَ يَعۡمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا)۔ عَلَىٰ: (پر) حرف جار۔ مَكَانَتِ: (جگہ۔ مقام) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمۡ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل ناصب اسم۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ یائے متکلم۔ یْ: (میں) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر کون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب عَامِلٌ: (عمل کرنے والا) اِنَّ کی خبر مرفوع۔ سَوۡفَ: (جلد ہی۔ عنقریب)۔ تَعۡلَمُونَ: (تم جانتے ہو)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعۡلَمُ۔ مصدر۔ عِلۡمًا۔ (سیکھنا۔ جاننا)۔ مَنۡ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ يَأۡتِي: (وہ آئے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَىٰ يَاتِيۡ۔ مصدر۔ اِتۡيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ هِ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ عَذَابٌ: (عذاب) فاعل مرفوع۔ يُخۡزِي: (رسوا کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَخۡزٰی يُخۡزِیۡ۔ مصدر۔ اِخۡزَاءٌ۔ (رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب مادہ (خ ز ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ خَزِیَ يَخۡزَیٰ۔ مصدر۔ خَزًی۔ خِزۡيًا۔ خِزۡيَةً۔ (رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا)۔ هِ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر

کسرہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَنْ:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ معطوف پہلے مَنْ پر۔ هُوَ:(وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ كَاذِبٌ:(جھوٹا) خبر مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ ارْتَقِبُوا:(تم انتظار کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِرْتَقَبَ يَرْتَقِبُ۔ مصدر۔ اِرْتِقَابٌ۔(انتظار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ر ق ب) صیغہ۔ رَقَبَ يَرْقُبُ۔ مصدر۔ رَقَابَةٌ۔ رَقْبًا۔ رُقُوبًا۔(نگرانی کرنا۔ انتظار کرنا۔ ڈرانا) اِنِّيْ :(بے شک میں) اصلاً إِنَّنِيْ تھا۔ ایک نون حذف۔ مرکب:(إِنّ+يْ) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم + ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ مَعَ:(ساتھ) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ رَقِيْبٌ:(نگران) محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور برادران ملت! تم اپنی جگہ کام کیے جاؤ میں (اپنی جگہ) کام کیے جاتا ہوں۔ تم کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ رسوا کرنے والا عذاب کس پر آتا ہے اور جھوٹا کون ہے اور تم بھی انتظار کرو، میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔

وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَأَخَذَتِ الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿٩٤﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ لَمَّا:(جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں) مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔ جازم مضارع ہوتا ہے۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ جِيْئٌ مَجِيْئٌ(آنا)۔ أَمْرُ:(امر۔ حکم۔ فیصلہ) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ نَا:(ہمارا) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نَجَّيْنَا :(ہم نے نجات دی۔ ہم نے بچایا) فعل ماضی جمع

متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ نَجّٰی یُنَجِّیْ۔ مصدر۔ تَنْجِیَةٌ۔ (نجات دینا) ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ج و) ناقص واوی۔ نَجَا یَنْجُو۔ مصدر۔ نَجْوَی۔ نَجْوًا (بچنا)۔ شُعَیْبًا: (شعیبؑ کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الَّذِیْنَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ آمَنُوْا: (وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ مَعَ: (ساتھ) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ رَحْمَةٍ: (رحمت۔ مہربانی۔) اسم مجرور۔ مِنَّا: (ہم سے) مرکب: (مِنْ+نَّا) حرف جار+ ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ اخَذَتِ: () ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَخَذَ یَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ الَّذِیْنَ: (جنہوں نے) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مفعول مقدّم۔ ظَلَمُوْا: (انہوں نے ظلم کیا۔ اندھیر مچایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ یَظْلِمُ۔ مصدر۔ ظُلْمًا۔ (ظلم کرنا۔ اندھیر مچانا)۔ الصَّیْحَةُ: (چنگھاڑ۔ چیخ۔ خوفناک آواز۔) فاعل۔ مرفوع۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ أَصْبَحُوْا: (وہ صبح کو ہوگئے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب(ص ب ح) صیغہ۔ اَصْبَحَ یُصْبِحُ۔ مصدر۔ اِصْبَاحٌ۔ (ہونا۔ صبح ہونا)۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ دِیَارِ: (دَارٌ کی جمع۔ گھروں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان۔ اپنے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ جٰثِمِیْنَ: (اوندھے منہ) خبر۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور جب ہمارا حکم آپہنچا تو ہم نے شعیب کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے تھے ان کو تو اپنی رحمت سے بچالیا۔ اور جو لوگ ظالم تھے، ان کو چنگھاڑ نے آدبوچا تو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۗ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿٩٥﴾

كَاَنْ: (گویا کہ) اصلاً كَاَنَّ تھا۔ تخفیف ہونے سے عمل ختم ہو گیا ہے۔ حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ لَّمْ: (نہ) حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَغْنَوْا: (وہ بے پرواہ ہو گئے۔ غنی ہو گئے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (غ ن ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ غَنِيَ يَغْنٰى۔ مصدر۔ غَنَاءٌ۔ (بے پرواہ ہونا۔ بسنا۔ آباد ہونا۔ مالدار ہونا۔) فِيْ: (میں) حرف جار۔ هَا: (اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ اَلَا: (خبر دار۔ سنو) حرف تنبیہ۔ بُعْدًا: (لعنت۔ دوری۔) مفعول مطلق منصوب۔ فعل بُعْدَتْ محذوف۔ لِّ: (لئے) حرف جار۔ مَدْيَنَ: (مدین۔ نام شہر) غیر منصرف۔ اسم مجرور۔ كَمَا: (جیسا کہ) مرکب: (كَ+مَا) حرف جار + مصدریہ۔ بَعِدَتْ: (وہ دور ہوئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تائے تانیث مبسوط ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ب ع د) صیغہ۔ بَعِدَ يَعْبَدُ۔ مصدر۔ بُعْدًا۔ (دور ہونا۔ پھٹکارنا۔ لعنت ہونا۔ ہلاکت ہونا)۔ ثَمُوْدُ: (ثمود) فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: گویا ان میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ سن رکھو کہ مدین پر (ویسی ہی) پھٹکار ہے جیسی ثمود پر پھٹکار تھی

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٦﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ لَ: (البتہ) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ اَرْسَلْنَا: (ہم نے بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ مُوسٰى: (موسیٰؑ کو) غیر منصرف۔ محلاً

منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔نشانیوں کے) اسم مجرور۔ مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ سُلْطَانٌ:(سند۔ثبوت)غیر منصرف۔ معطوف۔ مجرور۔ موصوف مُّبِيْنَ :(کھلم کھلا۔واضح دلیل۔ثبوت)صفت مجرور۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں اور دلیل روشن دے کر بھیجا۔

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَائِهِ فَاتَّبَعُوٓا أَمْرَ فِرْعَوْنَ ۖ وَمَآ أَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيدٍ ﴿٩٧﴾

إِلَى:(طرف)حرف جار۔فِرْعَوْنَ:(فرعون۔مصر کا بادشاہ)غیر منصرف۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَلَاءِ:(سردار)معطوف مجرور۔ مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف جار۔اتَّبَعُوْا:(انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزیدفیہ ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ أَمْرَ: (حکم۔فرمان۔ کام۔ امر)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون)غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہ تھا)نافیہ۔لَيْسَ کے عمل جیسا۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ أَمْرُ:(حکم) مَا کا اسم مرفوع۔مضاف۔ فِرْعَوْنَ: (فرعون)غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔مَا نافیہ کے بعد حرف جار بِ۔ آئے تو نفی تاکید کے معنوں میں ہوتا ہے رَشِيْدٍ:(نیک چلن۔بھلائی والا۔درست۔خوب ہدایت یافتہ۔)لفظاً مجرور۔ محلاً خبر منصوب۔جملہ محلاً منصوب حال۔

ترجمہ آیت:(یعنی) فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف۔تو وہ فرعون ہی کے حکم پر چلے۔اور فرعون کا حکم درست نہیں تھا۔

يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۖ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُودُ ﴿٩٨﴾

يَقْدُمُ:(وہ آگے آگے چلے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدَمَ يَقْدُمُ۔مصدر۔قدم۔(آگے آگے ہونا)۔قَوْمَ:(قوم۔لوگ)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُ:(اس کی۔اپنی) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔الْقِيَامَةِ : (قیامت)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف جار۔أَوْرَدَ:(وارد کرے گا۔داخل کرے گا۔ڈالے گا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْرَادَ يُوْرِدُ۔مصدر۔اِيْرَادٌ۔ (پہنچنا۔ڈالنا۔گھاٹ پر لانا۔)هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ النَّارَ : (آگ۔دوزخ)منصوب۔مفعول ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔بِئْسَ:(برا)فعل ذم ماضی واحد مذکر غائب۔فعل جامد۔اس کے مضارع صیغے نہیں بنتے۔ الْوِرْدُ :(گھاٹ۔اترنے کی جگہ)ظرف مکان۔مرفوع۔ موصوف۔الْمَوْرُوْدُ:(وہ مقام جہاں وہ اتارے جائیں گے)ظرف مکان۔اسم مفعول۔صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت:وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے چلے گا اور ان کو دوزخ میں جا اُتارے گا اور جس مقام پر وہ اُتارے جائیں گے وہ برا ہے

وَاتُّبِعُوا فِي هَٰذِهِ لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُودُ ﴿٩٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اتَّبِعُوْا:(پیچھا کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ فِيْ: (میں)حرف جار۔ هٰذِهِ:(یہ۔اس)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث ۔محلاً اسم مجرور۔ لَعْنَةً : (لعنت)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔

مضاف۔الۡقِیَامَةِ:(قیامت)مجرور۔مضاف الیہ۔بِئۡسَ: (برا) فعل ذم ماضی واحد مذکر غائب۔ فعل جامد۔اس کے مضارع صیغے نہیں بنتے۔ الرِّفۡدُ: (انعام۔ عطیہ۔ بخشش۔مدد)فاعل مرفوع۔ موصوف۔ الۡمَرۡفُوۡدُ :(انعام دیا گیا۔عطا کیا گیا)اسم مفعول۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور اس جہان میں بھی لعنت ان کے پیچھے لگا دی گئی اور قیامت کے دن بھی (پیچھے لگی رہے گی)۔جو انعام ان کو ملا ہے برا ہے۔

ذَٰلِكَ مِنۡ أَنۢبَآءِ ٱلۡقُرَىٰ نَقُصُّهُۥ عَلَيۡكَ مِنۡهَا قَآئِمٞ وَحَصِيدٞ ﴿١٠٠﴾

ذَٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع مبتداء۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔أَنۢبَاءِ:(خبروں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مضاف۔الۡقُرَىٰ:(بستیوں کی)مجرور مضاف الیہ۔تقدیراً مکسور۔نَقُصُّ:(ہم نے قصہ بیان کیا)فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ص ص)مضاعف۔صیغہ۔قَصَّ یَقُصُّ۔مصدر۔قَصَصٌ۔(کہانی بیان کرنا۔قصہ بیان کرنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔عَلَيۡ:(پر)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ قَآئِمٌ:(قائم رہنے والا۔کھڑا رہنے والا)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔ حَصِيۡدٌ:(کٹ چکی۔مٹ چکی ہیں)معطوف۔مرفوع۔مبتداء۔ مِنۡها خبر محذوف۔

ترجمہ آیت:یہ (پرانی) بستیوں کے تھوڑے سے حالات ہیں جو ہم تم سے بیان کرتے ہیں۔ان میں سے بعض تو باقی ہیں اور بعض کا تہس نہس ہو گیا۔

وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَكِن ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ ۖ فَمَا أَغْنَتْ عَنْهُمْ آلِهَتُهُمُ الَّتِي يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مِن شَيْءٍ لَّمَّا جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَمَا زَادُوهُمْ غَيْرَ تَتْبِيبٍ ﴿١٠١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ ظَلَمْنَا:(ہم نے ظلم کیا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ هُمْ:(ان پر)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ ظَلَمُوا:() ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ أَنْفُسَ:(جانوں)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(انہوں نے اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ أَغْنَتْ:(اس نے غنی کر دیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تائے مبسوط تانیث ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْنٰى يُغْنِيْ۔ مصدر۔ اِغْنَاءٌ۔(بے پرواہ ہونا۔غنی ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(غ ن ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ غَنِيَ يَغْنٰى۔مصدر۔غَنَاءٌ۔(بے پرواہ ہونا۔بسنا۔آباد ہونا۔مالدار ہونا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ آلِهَتُ:(اِلٰه کی جمع۔معبود۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔الَّتِيْ:(جو)اسم موصول واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔صفت مرفوع۔ يَدْعُوْنَ:(پکارتے ہیں)فعل مضارع۔جمع مذکر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود واؤ جمع ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُوْ۔مصدر۔دَعْوَةٌ(پکارنا)۔ مِنْ:(سے) دُوْنِ :(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ شَيْءٍ:(کوئی چیز)اسم مجرور۔ لَمَّا : (جب) ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں)مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا ہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيْئٌ۔

مَجِيْءُ(آنا)۔ أَمْرُ:(حکم)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ زَادُوْ:(انہوں نے زیادہ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ ۔ مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ غَيْرَ:(علاوہ۔سوائے)منصوب۔مفعول ثانی۔مضاف۔ تَتْبِيْبٍ:(ہلاکت۔تباہی۔ بربادی)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے ان لوگوں پر ظلم نہیں کیا بلکہ انہوں نے خود اپنے اُوپر ظلم کیا۔غرض جب تمہارے پروردگار کا حکم آپہنچا تو جن معبودوں کو وہ اللہ کے سوُا پکارا کرتے تھے وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آئے۔اور تباہ کرنے کے سوُا ان کے حق میں اور کچھ نہ کر سکے۔

وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَآ أَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ۚ إِنَّ أَخْذَهٗٓ أَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿١٠٢﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَذَٰلِكَ :(اسی طرح۔اس کی مانند)مرکب:(كَ+ذَا+لِ+كَ)حرف تشبیہ وحرف جار۔ذَا اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم+ لِ بُعد کے لئے+ كَ خطاب کے لئے۔ أَخْذُ:(پکڑ) مبتداء۔مضاف رَبِّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔واحد مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔أَخَذَ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔ مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ الْقُرَى:(بستی کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(حالانکہ)هِيَ:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبتداء مرفوع۔ ظَالِمَةٌ:(ظلم کرنے والی۔اندھیر مچانے والی)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ أَخَذَ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔

صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔اَلِيْمٌ:(دکھ دینے والا۔دردناک)خبر مرفوع۔موصوف۔شَدِيْدٌ:(سخت)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور تمہارا پروردگار جب نافرمان بستیوں کو پکڑا کرتا ہے تو اس کی پکڑ اسی طرح کی ہوتی ہے۔بے شک اس کی پکڑ دکھ دینے والی اور سخت ہے۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْآخِرَةِ ذَٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوعٌ لَّهُ النَّاسُ وَذَٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُودٌ ﴿١٠٣﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ذَٰلِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَةً:(نشانی۔آیت) إِنَّ کا اسم منصوب۔لِّ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔محلاً اسم مجرور۔ خَافَ :(وہ ڈرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔ خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔ خَوْفٌ۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔ عَذَابَ:(عذاب سے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔الْآخِرَةِ: (آخرت۔قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ ذَٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ يَوْمٌ:(دن)خبر مرفوع۔ مَّجْمُوْعٌ :(اکٹھے کئے جانے والے)اسم مفعول۔واحد مذکر ۔صفت مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔ہٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔النَّاسُ :(لوگ)نائب فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ذَٰلِكَ: (وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ يَوْمٌ:(دن)ظرف زمان۔خبر مرفوع۔موصوف۔ مَّشْهُوْدٌ :(حاضر کئے جانے والا)اسم مفعول واحد مذکر۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ان (قصوں) میں اس شخص کے لیے جو عذاب آخرت سے ڈرے عبرت ہے۔ یہ وہ دن ہو گا جس میں سب لوگ اکٹھے کیے جائیں گے اور یہی وہ دن ہو گا جس میں سب (اللہ کے روبرو) حاضر کیے جائیں گے۔

وَمَا نُؤَخِّرُهُۥٓ إِلَّا لِأَجَلٍ مَّعۡدُودٍ ﴿١٠٤﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ نُؤَخِّرُ: (ہم دیر کررہے ہیں۔ تاخیر کررہے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ اَخَّرَ یُؤَخِّرُ۔ مصدر۔ تاخیر۔ هُ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ أَجَلٍ: (وقت۔ مدت) اسم مجرور۔ موصوف۔ مَّعۡدُودٍ: (گنتی کے۔ معینہ۔ مقرر کردہ)۔

ترجمہ آیت: اور ہم اس کے لانے میں ایک وقت معین تک تاخیر کررہے ہیں۔

يَوۡمَ يَأۡتِ لَا تَكَلَّمُ نَفۡسٌ إِلَّا بِإِذۡنِهِۦۚ فَمِنۡهُمۡ شَقِيّٞ وَسَعِيدٞ ﴿١٠٥﴾

يَوۡمَ: (دن) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ يَأۡتِ: (وہ آئے گا) اصلاً يَأۡتِيۡ تھا۔ ی۔ محذوف۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ مضاف الیہ۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ تَكَلَّمُ: (تو کلام کرتا ہے) اصلاً تَتَكَلَّمُ تھا۔ ایک ت محذوف۔ فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَكَلَّمَ يَتَكَلَّمُ۔ مصدر۔ تَكَلُّمٌ۔ نَفۡسٌ: (کوئی جان۔ کوئی نفس۔ کوئی شخص) فاعل مرفوع۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ إِذۡنِ: (اجازت۔ حکم) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

فَ:(پس)برائے تعلیل۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ شَقِيٌّ :(سخت۔کم بخت۔بد)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ سَعِيدٌ :(اچھا۔نیک بخت۔)معطوف مرفوع۔مبتداء۔خبر محذوف۔

ترجمہ آیت: جس روز وہ آجائے گا تو کوئی متنفس اللہ کے حکم کے بغیر بول بھی نہیں سکے گا۔ پھر ان میں سے کچھ بدبخت ہوں گے اور کچھ نیک بخت۔

فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَشَهِيقٌ ﴿١٠٦﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔أَمَّا:(سو۔مگر۔لیکن۔رہے۔بہر حال۔جو)حرف شرط ۔کبھی تفصیل کے لئے ۔رہے۔بہر حال۔ کبھی تاکید کے لئے۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔مبتداء مرفوع۔ شَقُوا :(وہ بدبخت ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔شَقِيَ يَشْقٰى۔ مصدر۔ شَقَاوَةٌ۔ (بدبخت ہونا۔) ۔ فَ: (تو)برائے رابطہ۔فِي:(میں)حرف جار۔النَّارِ: (آگ۔دوزخ) اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً الَّذِينَ مبتداء کی خبر مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔زَفِيرٌ:(گدھے کی آواز۔ٹیچوں ٹیچوں۔ایسی سانس کا لگاتار آنا جس سے پسلیاں پھڑکنے لگیں)مبتداء مؤخر مرفوع۔۔وَ:(اور)حرف عطف۔شَهِيقٌ :(یہ بھی گدھے کی آکر آواز دمہ والے مریض کی سانس کی آواز۔دونوں کا معنیٰ ایک ہی ہے۔سانس کا اندر باہر آنا۔چیخنا چلانا۔گدھے کی آواز کو بہت ہی برا جانا گیا ہے)۔معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو جو بدبخت ہوں گے وہ دوزخ میں (ڈال دیئے جائیں گے) اس میں ان کا چلانا اور دھاڑنا ہو گا۔

خَالِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿١٠٧﴾

خَالِدِيْنَ:(وہ ہمیشہ رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ منصوب۔حال۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مَا :(جب تک)شرطیہ۔زمانیہ۔مصدریہ۔ ظرفیہ۔دَامَتِ:(ہمیشہ) فعل ناقص ماضی واحد مؤنث ۔علامت تائے مبسوط تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د و م)اجو ف واوی۔صیغہ۔دَامَ يَدُوْمُ۔مصدر۔ دَوَامٌ۔(ہمیشہ رہنا۔جاری رہنا۔ قائم ہونا۔)۔ السَّمٰوٰتُ:(سَمَاءٌ کی جمع۔آسمان۔)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضُ:(زمین)معطوف مرفوع۔ إِلَّا:(سوائے ۔ علاوہ)۔حرف استثناء۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مستثنٰی۔ شَاءَ:(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَعَّالٌ :(خود مختاری اور ذمہ داری سے کام کرنے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔لِّ:(لئے)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ يُرِيْدُ : (وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔إِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔

ترجمہ آیت:(اور) جب تک آسمان اور زمین ہیں،اسی میں رہیں گے مگر جتنا تمہارا پروردگار چاہے۔بے شک تمہارا پروردگار جو چاہتا ہے کر دیتا ہے۔

وَأَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ ۖ عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿١٠٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَمَّا:(سو۔مگر۔لیکن۔رہے۔بہر حال۔جو)حرف شرط ۔کبھی تفصیل کے لئے ۔رہے۔بہر حال۔ کبھی تاکید کے لئے۔) الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ سُعِدُوْا:(وہ خوش بخت بنائے گئے)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔واوٴ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(س ع د) صیغہ۔سَعَدَ يَسْعَدُ۔مصدر۔سَعْدٌ۔سَعَادَةٌ۔(خوش بخت بنانا۔)
فَ:(پس)برائے عطف۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔الْجَنةِ:(جنت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔خَالِدِيْنَ:(وہ ہمیشہ رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔منصوب۔حال۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس) ضمیر واحد موٴنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مَا : (جب تک)شرطیہ۔زمانیہ۔مصدریہ۔ظرفیہ۔دَامَتِ:(ہمیشہ) فعل ناقص ماضی واحد موٴنث ۔علامت تائے مبسوط تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د و م)اجوف واوی۔صیغہ۔دَامَ يَدُوْمُ۔مصدر۔ دَوَامٌ۔ (ہمیشہ رہنا۔جاری رہنا۔قائم ہونا)۔
السَّمٰوٰتُ:(سَمَاءٌ کی جمع۔آسمان۔)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضُ:(زمین)معطوف مرفوع۔إِلَّا:(سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔مَا:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مستثنٰی۔ شَاءَ:(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔ مضاف۔كَ : (تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَطَاءَ:(ادائیگی۔ عطائیت۔ بخشش) منصوب۔مفعول بہٖ۔غَيْرَ:(نہیں)صفت منصوب۔مضاف۔مَجْذُوْذٍ:(منقطع ہونے والی۔مٹنے والی۔ختم ہونے والی۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور جو نیک بخت ہوں گے،وہ بہشت میں داخل کیے جائیں گے اور جب تک آسمان اور زمین ہیں ہمیشہ اسی میں رہیں گے مگر جتنا تمہارا پروردگار چاہے۔بے شک تمہارا پروردگار جو چاہتا ہے کر دیتا ہے۔اور جو نیک بخت

ہوں گے وہ بہشت میں داخل کئے جائیں گے (اور) جب تک آسمان اور زمین ہیں ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ مگر جتنا تمہارا پروردگار چاہے۔ یہ (اللہ کی) بخشش ہے جو کبھی منقطع نہیں ہوگی۔

(دنیاوی زندگی کے بارے میں ہے۔ ایسے لوگ جو قوانین الہٰی کے پاسدار نہ ہوں گے۔ ان کی حالت قیامت تک ایسی ہی ہوگی۔ دائیں بائیں نظر دوڑالیں۔ اچھی طرح سمجھ آجائے گی)

فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هَٰؤُلَاءِ ۚ مَا يَعْبُدُونَ إِلَّا كَمَا يَعْبُدُ آبَاؤُهُم مِّن قَبْلُ ۚ وَإِنَّا لَمُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ غَيْرَ مَنقُوصٍ ﴿١٠٩﴾

فَ: (پس) برائے رابطہ۔ لَا: (نہ) ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تَكُ: (تو ہو) اصلاً تَكُوْنُ تھا۔ التقائے ساکنین کے باعث نون اعرابی اور واؤ حرف علت محذوف۔ فعل ناقص مضارع مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ فِي: (میں) مِرْيَةٍ: (شک) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ مِمَّا: (اس سے جو) مرکب: (مِنْ+مَّا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ يَعْبُدُ: (وہ عبادت کرتا ہے۔ بندگی کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع ب د) صیغہ۔ عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔ (عبادت کرنا۔ بندگی کرنا)۔ هَٰؤُلَاءِ: (یہ) اسم اشارہ قریب۔ جمع مذکر و مؤنث۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ يَعْبُدُوْنَ: (وہ عبادت کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع ب د) صیغہ۔ عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔ (عبادت کرنا۔ بندگی کرنا)۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ كَمَا: (جیسا کہ) مرکب۔: (كَ+مَا) حرف تشبیہ و جار + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرورج۔ يَعْبُدُ: (وہ عبادت کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع ب د) صیغہ۔ عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔ (عبادت کرنا۔ بندگی کرنا)۔ آبَاؤُ: (اجداد۔ باپ دادا) فاعل مرفوع۔ جمع مذکر۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ: (سے) حرف

جار۔قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَنَّا:(یقیناً ہم)مرکب: (اَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مُوَفُّوْ:(پورا پورادینے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ اَنَّ کی خبر مرفوع۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔نَصِيْبَ:(حصہ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ غَيْرَ:(بغیر۔نہیں)منصوب ۔ حال۔ مضاف۔مَنْقُوْصٍ:(نقص والا۔کمی کئے ہوئے۔کم وکاست)اسم مفعول واحد مذکر۔مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:تو یہ لوگ جو (غیر اللہ کی) پرستش کرتے ہیں۔اس سے تم خلجان میں نہ پڑنا۔یہ اسی طرح پرستش کرتے ہیں جس طرح پہلے سے ان کے باپ دادا پرستش کرتے آئے ہیں۔اور ہم ان کو ان کا حصہ پورا پورا بلا کم وکاست دینے والے ہیں۔

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوْسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۗ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿١١٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئہ للقسم۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔آتَيْنَا :(ہم نے دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔مُوْسَى:(موسیٰؑ کو)غیر منصرف۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الْكِتَابَ: (کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔اُخْتُلِفَ:(اس نے اختلاف کیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ۔ مصدر۔اِخْتِلَافٌ۔ (پیچھے چھوڑنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔ مصدر۔

خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ہِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ لَا:(اگر نہ)حرف شرط۔كَلِمَةٌ :(کلمہ۔بات۔قانون)مبتداء مرفوع۔سَبَقَتْ:(وہ آگے گئی۔بوجہ لَوْ ترجمہ۔پہلے ہو چکی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے مبسوط تانیث ساکن۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ يَسْبِقُ۔مصدر۔ سَبْقٌ۔(پہلے طے ہونا۔ پہل کرنا۔آگے نکلنا۔ بھاگ نکلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔حرف جواب۔قُضِيَ :(فیصلہ کر دیا جاتا۔بوجہ لَوْ)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔قَضٰى يَقْضِيْ۔مصدر۔قَضَاءٌ۔(پورا کرنا۔ گزر جانا۔)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (ضرور)برائے تاکید۔مزحلقہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ شَكٍّ :(شک)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔ موصوف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔مُرِيْبٍ :(شک۔اضطراب میں ڈالنے والا شبہ)اَرَابَةٌ۔مصدر سے اسم فاعل۔واحد مذکر۔ شَكٍّ کی صفت مجرور۔

اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ہو چکی ہوتی تو ان میں فیصلہ کر دیا جاتا۔اور وہ تو اس سے قوی شبہے میں (پڑے ہوئے) ہیں

وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ۚ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كُلاًّ :(تمام)کا اِنَّ اسم منصوب۔لَّمَّا : (جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب:(ابھی تک نہیں)مضارع سے قبل ہو تو ماضی نفی کے معنی دیتا

ہے۔جازم مضارع ہوتا ہے۔لَ:(تاکہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔يُوَفِّيَنَّ:(وہ ضرور بالضرور پورا کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔ مصدر۔تَوَفِّيٌّ۔(موت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر ۔محلاً منصوب ۔مفعول بہ۔ رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَعْمَالَ:(اعمال۔کام)منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر۔محلاً إِنَّ کااسم منصوب۔ بِمَا:(جوکچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ يَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل) صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ خَبِيْرٌ:(جاننے والاہے)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور تمہاراپروردگاران سب کو (قیامت کے دن) ان کے اعمال کاپوراپورابدلہ دے گا۔بے شک جو عمل یہ کرتے ہیں وہ اس سے وٗاقف ہے۔

فَاسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّ:()هُ:()بِمَا:()تَعْمَلُوْنَ:()بَصِيْرٌ:() ﴿١١٢﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔اسْتَقِمْ:(توکھڑاراہ۔قائم رہ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال ۔صیغہ۔اِسْتَقَامَ يَسْتَقِيْمُ۔مصدر۔اِسْتِقَامَةٌ۔(قائم کرنا۔کھڑی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔ قَوْمًا۔ قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔قائم رہنا)۔ كَمَا :(جیسا کہ) مرکب:(كَ+مَا)حرف تشبیہ۔و جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب مفعول

مطلق۔أُمِرْتَ:(تجھے حکم دیا گیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت تائے ضمیر مبسوط مفتوح۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَاْمُرُ۔مصدر۔اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ تَابَ:(وہ لوٹا۔اس نے رجوع کیا۔توبہ کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَطْغَوْا:(تو بغاوت کر۔سرکشی کر)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ط غ ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔طَغٰی يَطْغٰی۔مصدر۔طُغْيَانٌ۔(سرکشی کرنا۔کناروں سے باہر ہونا۔زیادتی کرنا۔حد سے بڑھنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ:()بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔بَصِيْرٌ:(خوب دیکھنے والا۔خوب بصیرت رکھنے والا) مبالغہ۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:سو (اے پیغمبر) جیسا تم کو حکم ہوتا ہے(اس پر) تم اور جو لوگ تمہارے ساتھ تائب ہوئے ہیں قائم رہو۔اور حد سے تجاوز نہ کرنا۔وہ تمہارے سب اعمال کو دیکھ رہا ہے۔

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿١١٣﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَرْكَنُوْا:(تم جھکو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ک ن)صیغہ۔رَكِنَ يَرْكَنُ۔ مصدر۔ رُكُوْنًا۔

(کسی کی طرف جھکنا۔ بھروسہ کرنا۔)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاًاسم مجرور۔ ظَلَمُوْا:(انہوں نے ظلم کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ فَ:(پس)سببیہ۔ تَمَسَّ:(وہ چھوئے گی) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔ مَسًّا ۔(چھونا۔پہنچنا)۔ كُمُ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ النَّارُ:(آگ)فاعل مرفوع۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمُ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدّم مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ (علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔ محلاًاسم مجرور۔ مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔زائدہ۔أَوْلِيَاءِ:(ساتھ۔دوست۔حامی۔ سرپرست)لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب ۔حال۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔تُنصَرُوْنَ:(تم مدد کئے جاؤ گے) فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاًنائب فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ ظالم ہیں، ان کی طرف مائل نہ ہونا، نہیں تو تمہیں (دوزخ کی) آگ آ لپٹے گی اور اللہ کے سوُا تمہارے اور دوست نہیں ہیں۔ اگر تم ظالموں کی طرف مائل ہوگئے تو پھر تم کو (کہیں سے) مدد نہ مل سکے گی۔

وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَ زُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔اَقِمِ:(تو قائم کر) فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔ قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔ قَوْمًا۔ قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔قائم رہنا)۔ الصَّلٰوةَ:(صلوٰۃ)منصوب۔مفعول بہ۔ طَرَفَيِ:(دونوں اطراف۔کنارے۔سرے)اصلاً طَرَفَيْنِ تھا۔تثنیہ۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔

النَّهَارِ:(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔زُلَفًا:(کچھ گھڑیاں)معطوف منصوب بر طَرَفَيِ ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ اللَّيْلِ:(رات)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ الْحَسَنَاتِ:(نیکیاں۔اچھائیاں)لفظ مجرور۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ يُذْهِبْنَ:(وہ لے جاتی ہیں۔دور کر دیتی ہیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔علامت نون نسوۃ۔ضمیر مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذْهَبَ يُذْهَبُ۔مصدر۔اِذْهَابٌ۔(لے جانا۔دور کر دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔ مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔ مصدر۔ذَهْبًا۔(جانا)۔ السَّيِّئَاتِ:(السَّيِّئَةُ کی جمع۔برائیاں۔ بدیاں)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع مبتداء۔ ذِكْرَى:(نصیحت۔یاد دہانی۔)خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔بر یٰ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الذَّاكِرِينَ:(ذکر کرنے والے۔نصیحت کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور دن کے دونوں سروں(یعنی صبح اور شام کے اوقات میں) اور رات کی چند(پہلی) ساعات میں نماز پڑھا کرو۔کچھ شک نہیں کہ نیکیاں گناہوں کو دور کر دیتی ہیں۔یہ ان کے لیے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں۔

وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿١١٥﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔اِصْبِرْ:(ڈٹا رہ۔استقامت دکھا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ فَ:(پس)تعلیلیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ)کا إِنَّ اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُضِيعُ:(ضائع کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً إِنَّ

کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَاعَ يُضِيْعُ۔ مصدر۔ اِضَاعَةٌ۔ (ضائع کرنا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ض ی ع) اجوف یائی۔ صیغہ۔ ضَاعَ يَضِيْعُ۔ مصدر۔ ضِيَاعَةٌ۔ (ضائع ہونا)۔ أَجْرَ: (بدلہ۔ اجر) منصوب مفعول بہ۔ الْمُحْسِنِيْنَ: (احسان کرنے والوں کے) اسم فاعل۔ جمع مذکر محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور صبر کیے رہو کہ اللہ نیکو کاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ أُولُوا بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّنْ أَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا أُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿١١٦﴾

فَ: (پھر) استئنافیہ۔ لَوْلَا: (کیوں نہ) حرف تحضیض۔ زجر و توبیخ کے لئے۔ كَانَ: (وہ ہے۔ وہ تھا) ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنَ: (سے) حرف جار۔ الْقُرُوْنِ: (قوموں۔ امتوں) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ قَبْلِ: (قبل) ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (تم) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُوْلُوْا: (والے) از ستّہ مکبّرہ۔ فاعل مرفوع۔ مضاف۔ بَقِيَّةٍ: (باقی) مجرور مضاف الیہ۔ يَنْهَوْنَ: (وہ روکتے ہیں۔ منع کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ جملہ محلاً أُوْلُوْا کی صفت مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ (ن ھ ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ نَهٰى يَنْهٰى۔ مصدر۔ نَهْيٌ۔ (منع کرنا۔ روکنا)۔ عَنِ: (سے) حرف عطف۔ الْفَسَادِ: (بگاڑ۔ فساد۔ کرپشن) اسم مجرور۔ فِي: (میں) حرف جار۔ الْأَرْضِ: (زمین) اسم مجرور۔ إِلَّا: (مگر) حرف استثناء۔ قَلِيْلًا: (بہت تھوڑے) منصوب۔ مستثنٰی۔ مِّمَّنْ: (ان سے جن کو) مرکب: (مِّنْ+مَنْ) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب صفت۔ أَنْجَيْنَا: (ہم نے نجات دی۔ بچایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْجٰى يُنْجِيْ۔

مصدر۔اَنْجَاءٌ۔(نجات دینا۔بچانا) ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا یَنْجُو ۔ مصدر۔ نَجْوَی۔نَجْوًا(بچنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔اتَّبَعَ:(اس نے پیچھا کیا۔پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزیدفیہ ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔الَّذِیْنَ :(وہ جنھوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ظَلَمُوْا:() ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ مَا:(جن۔جس)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اُتْرِفُوْا:(ان کو آرام دیا گیا۔)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَتْرَفَ یُتْرِفُ۔مصدر۔اِتْرَافٌ۔(عیش و آرام دینا۔ سکون دینا۔)ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ فِیْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ کَانُوْا:(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔ (ہونا)۔ مُجْرِمِیْنَ:(گناہ کرنے والے۔جرم کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔ علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:توجواُمتیں تم سے پہلے گزر چکی ہیں، ان میں ایسے ہوش مند کیوں نہ ہوئے جو ملک میں خرابی کرنے سے روکتے ہاں(ایسے) تھوڑے سے(تھے) جن کو ہم نے ان میں سے مخلصی بخشی۔اور جو ظالم تھے وہ ان ہی باتوں کے پیچھے لگے رہے جس میں عیش وٗارام تھااور وہ گناہوں میں ڈوبے ہوئے تھے۔

وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔کَانَ:(وہ ہے۔وہ تھا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ رَبُّ:(ربّ) کَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور

مضاف الیہ۔لِ:(تا کہ)لائے جحود۔ناصب مضارع۔یُهْلِكَ:(ہلاک کی گئی)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَکَ یُهْلِکُ۔مصدر۔ اِهْلَاکٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَکَ یَهْلِکُ۔مصدر۔هَلْکًا۔ هَلَاکًا۔هُلُوْکًا۔مُهْلِکًا۔تَهْلُکَةً۔هُلْکًا۔وغیرہ(مار دینا)۔جملہ محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔الْقُرَى: (بستیوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔تقدیراً مفتوح۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ ظُلْمٍ:(ظلم۔اندھیر)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اَهْلُ:(رہنے والے۔اہل)فاعل مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ مُصْلِحُوْنَ:(اصلاح کرنے والے۔درست کرنے والے) اسم فاعل مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اور تمہارا پروردگار ایسا نہیں ہے کہ بستیوں کو جب کہ وہاں کے باشندے نیکوکار ہوں ازراہِ ظلم تباہ کردے

وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَاحِدَةً:() ۖ وَ:()لَا:()يَزَالُوْنَ:() مُخْتَلِفِيْنَ ﴿١١٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ شَاءَ:(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ رَبُّ: (ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(البتہ۔)لائے تاکید۔مزحلقہ۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلُ ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ النَّاسَ :(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔أُمَّةً:(امت)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔موصوف۔وَاحِدَةً :(ایک۔اکیلی) صفت منصوب۔اسم فاعل واحد مؤنث نکرہ۔۔وَ :(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَزَالُوْنَ:(وہ زائل ہوں گے)فعل ناقص مضارع جمع مذکر مرفوع۔علامت نون

اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرف۔مادہ(ز ی ل)اجوف یائی۔صیغہ۔زَالَ یَزَالُ۔مصدر۔زَوَالٌ۔(زائل ہونا۔)۔مُخْتَلِفِيْنَ:(مُخْتَلِفٌ کی جمع۔اختلاف کرنے والے)کی خبر منصوب

ترجمہ آیت:اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو تمام لوگوں کو ایک ہی جماعت کر دیتا لیکن وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے

إِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

إِلَّا:(سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مستثنیٰ۔رَّحِمَ:(اس نے رحم کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ح م)صیغہ۔رَحِمَ یَرْحَمُ۔ مصدر۔رَحْمٌ۔(رحم کرنا۔مہربانی کرنا)۔رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف جار۔لِ:(لئے)حرف جار۔ذَٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَمَّتْ:(اس نے پوری کی۔مکمل کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ضمیر تائے مبسوط برائے تانیث ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ت م م)مضاعف۔صیغہ۔تَمَّ يَتِمُّ۔مصدر۔تَمَامٌ۔(مکمل کرنا۔پورا کرنا۔)كَلِمَةُ:(بات۔کلمہ۔قول۔قانون)فاعل مرفوع۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ کا)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔أَمْلَأَنَّ:(میں لازماً بھروں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(م ل و)ناقص واوی۔ صیغہ۔مَلَا يَمْلَا۔مصدر۔مَلَاءٌ۔(بھرنا۔پُر کرنا۔) جَهَنَّمَ:(جہنم کو۔دوزخ کو۔) غیر منصرف۔منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما

بعد۔ الْجِنَّةِ:(جنت)اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔النَّاسِ:(لوگوں سے)معطوف مجرور۔ أَجْمَعِيْنَ: (تمام۔سب کے سب۔)برائے تاکید۔از توابع۔

ترجمہ آیت: مگر جن پر تمہارا پروردگار رحم کرے۔اور اسی لیے اس نے ان کو پیدا کیا ہے اور تمہارے پروردگار کا قول پورا ہو گیا کہ میں دوزخ کو جنوں اور انسانوں سب سے بھر دوں گا۔

وَكُلًّا نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ ۚ وَجَاءَكَ فِي هَٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿١٢٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كُلًّا:(تمام۔ہر چیز)برائے تاکید۔موصوف۔ نَقُصُّ:(ہم نے قصہ بیان کیا)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ص ص)مضاعف۔صیغہ۔قَصَّ يَقُصُّ۔مصدر۔ قَصَصٌ۔ (کہانی بیان کرنا۔قصہ بیان کرنا)۔عَلَيْ:(پر۔کو)كَ :(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔أَنْبَاءِ:(نَبَاءٌ کی جمع۔خبروں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكُلًّا کی محلاًصفت منصوب ۔مضاف۔الرُّسُلِ:(الرَّسُولُ کی جمع۔ پیغمبروں کی)مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(جو)اسم موصول مبنی بر سکون۔محلاً كُلًّا کا بدل۔ نُثَبِّتُ:(ہم ثابت رکھتے ہیں۔مضبوط رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔باب تفعیل۔صیغہ۔ثَبَّتَ يُثَبِّتُ۔مصدر۔تَثْبِيْتٌ۔(ثابت رہنا۔مضبوط رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔ فُؤَادَ:(دل کو۔)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ: (اور)استئنافیہ۔جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔ كَ:(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَٰذِهِ:(یہ)اسم اشارہ قریب واحد مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔الْحَقُّ:(حق۔سچ۔)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَوْعِظَةٌ : (نصیحت) معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف

عطف۔ذِكْرٰى :(یاد دہانی۔)معطوف مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔ الْمُؤْمِنِيْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان دار۔مومن)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:(اے محمد ﷺ) اور پیغمبروں کے وہ سب حالات جو ہم تم سے بیان کرتے ہیں ان سے ہم تمہارے دل کو قائم رکھتے ہیں۔اور ان (قصص) میں تمہارے پاس حق پہنچ گیا اور یہ مومنوں کے لیے نصیحت اور عبرت ہے

وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قُلِ:(تو کہہ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مھموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ اعْمَلُوْا:(تم عمل کرو) (مضارع) محلاً فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔ عَلٰى :(پر)حرف جار۔مَكَانَتِ:(مَكَانٌ کی جمع۔جگہوں)اسم مجرور۔ مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ عٰمِلُوْنَ : (عمل کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ ایمان نہیں لائے ان سے کہہ دو کہ تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ۔ہم اپنی جگہ عمل کیے جاتے ہیں۔

وَ انْتَظِرُوْا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔انْتَظِرُوْا:(تم انتظار کرو)(فعل مضارع)محلاً فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ اِنَّا :(یقیناً ہم مرکب:(اِنَّ+نَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔مُنْتَظِرُوْنَ:(انتظار کرنے والے) اسم فاعل۔مرفوع۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور(نتیجہ اعمال کا) تم بھی انتظار کرو، ہم بھی انتظار کرتے ہیں۔

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔غَيْبُ :(غیب)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں کا)لفظاً مکسور۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْاَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اِلَيْ: (ظرف حرف جار۔ہِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ يُرْجَعُ:(لوٹایا جائے گا)(فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔رُجُوْعٌ۔(لوٹنا)۔ الْاَمْرُ: (حکم)نائب فاعل مرفوع۔ كُلُّ:(سارے کا سارا)برائے تاکید۔از توابع۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔اُعْبُدْ:(تو عبادت کر۔بندگی کر)(فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔ بندگی کرنا)۔ هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:

(اور)حرف عطف۔ تَوَكَّلْ:(تو بھروسہ کر۔توکل رکھ)اصلاً تَتَوَكَّلْ تھا۔ایک ت کو حذف کر دیا گیا۔ فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلُ۔صیغہ۔تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔مصدر۔ تَوَكُّلُ۔(بھروسہ کرنا۔توکل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔مادہ(و ک ل)مثال واوی۔صیغہ۔وَكَلَ يَكِلُ۔مصدر۔ وَكْلًا۔وُكُوْلًا۔ (بھروسہ کرنا۔مختار بنانا۔چھوڑ دینا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لیس کا عمل کرتا ہے۔ناصب خبر۔رافع اسم۔رَبُّ:(ربّ)کا مَا اسم مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ زائدہ۔منفی پر زور دینے کے لئے۔غَافِلٍ :(لاپرواہ۔غافل۔بے خبر۔)لفظاً مکسور۔محلاً مَا کی خبر منصوب۔ عَمَّا:(جو کچھ)مرکب : عَنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُوْنَ : (تم عمل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمْلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور آسمانوں اور زمین کی چھپی چیزوں کا علم اللہ ہی کو ہے اور تمام امور کا رجوع اسی کی طرف ہے۔تو اسی کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ رکھو۔اور جو کچھ تم کر رہے ہو تمہارا پروردگار اس سے بے خبر نہیں۔

سورہ یوسف 12

رکوعاتھا 12 سُوْرَۃُ 12 یُوسُفَ مَکِّیَّۃٌ 53 اٰیاتھا 111

12 0 بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ ۚ تِلۡكَ آيَاتُ الۡكِتَابِ الۡمُبِينِ ﴿١﴾

الٓرٰ:(۔۔۔)حروف مقطعات۔یہ القابات نبی اکرم ﷺ کے ہیں۔تِلۡكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث غائب۔ت حرف اشارہ مؤنث۔ل برائے بعد۔ک برائے خطاب۔آيَاتُ:(آیات)خبر مرفوع۔ مضاف الۡكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الۡمُبِينِ: (واضح۔کھول کر بیان کرنے والی۔ظاہر کرنے والی)اسم فاعل واحد مذکر۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔مصدر ہے۔اِبَانَةٌ۔

ترجمہ آیت:الرا۔یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں۔

إِنَّا أَنزَلۡنَاهُ قُرۡآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُونَ ﴿٢﴾

إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب :(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔ أَنزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ قُرْآنًا:(قرآن مجید۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔موصوف۔عَرَبِيًّا:(عربی زبان میں)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ لَّعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔محلاً لَّعَلَّ کا اسم منصوب۔ تَعْقِلُونَ:(تم رکھتے ہو۔عقل سے کام لو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً لَّعَلَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا بولنا)۔

ترجمہ آیت: ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل کیاہے تاکہ تم سمجھ سکو

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ هَذَا الْقُرْآنَ وَإِن كُنتَ مِن قَبْلِهِ لَمِنَ الْغَافِلِينَ ﴿٣﴾

نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ نَقُصُّ:(ہم قصہ بیان کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ص ص)مضاعف۔صیغہ۔قَصَّ يَقُصُّ۔مصدر۔قَصَصٌ۔(کہانی بیان کرنا۔قصہ بیان کرنا)۔عَلَيْ:(پر۔کو)حرف جار۔كَ:(تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ أَحْسَنَ :(بہت ہی خوبصورت)افعل التفضیل۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ الْقَصَصِ :(قصہ۔کہانی)مجرور مضاف الیہ۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أَوْحَيْنَا:(ہم نے وحی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔

صیغہ۔اَوْحٰی یُوْحِیُ۔مصدر۔اِیْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔ وَحٰی یَحِیُ۔مصدر۔وَحْیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اَلْقُرْآنَ: (قرآن مجید)بدل منصوب۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اِنْ:(بے شک) اِنَّ کا مخففہ۔ كُنْتَ:(تو تھا)۔ فعل ناقص ماضی۔ واحد مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مضاف۔ ہٖ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(یقیناً)برائے تاکید۔فارقہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ اَلْغَافِلِيْنَ:(اَلْغَافِلُ کی جمع۔بے خبر۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔اور محلاً منصوب۔حال

ترجمہ آیت:(اے پیغمبر) ہم اس قرآن کے ذریعے سے جو ہم نے تمہاری طرف بھیجا ہے تمہیں ایک نہایت اچھا قصہ سناتے ہیں اور تم اس سے پہلے بے خبر تھے۔

اِذْ قَالَ يُوسُفُ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ إِنِّي رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَأَيْتُهُمْ لِي سَاجِدِينَ ﴿٤﴾

اِذْ:(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يُوْسُفُ: (یوسفؑ)فاعل مرفوع۔ لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔أَبِيْ:(باپ)اسم مجرور۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ ہٖ: (وہ۔ اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَا :(اے)حرف نداء۔ أَبَتِ:(میرے پیارے ابّا جان) منادیٰ۔منصوب۔ی۔محذوف۔اس کی عوضانہ میں۔ت ہے۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنِّيْ :(بے شک میں)اصلاً إِنَّنِيْ تھا۔ایک نون حذف۔مرکب:(إِنَّ+نِ+يْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+نون وقایہ۔یائے متکلم کو فعل اور حرف مشبہ بالفعل سے بچانے کے لئے۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔

رَأَيْتُ:(میں نے دیکھا)فعل ماضی واحد متکلم۔علامت تائے مبسوط ضمیر مضموم۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔أَحَدَ عَشَرَ:(گیارہ)مرکب بنائی۔اسم مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔كَوكَبًا:(ستارہ)منصوب۔تمیز۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّمْسَ:(سورج کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْقَمَرَ:(چاند کو)معطوف منصوب۔ رَأَيْتُ:(میں نے دیکھا)فعل ماضی واحد متکلم۔علامت تائے مبسوط ضمیر مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لِيْ :(مجھ کو)مرکب جاری:(لِ+يْ)حرف جار۔+ضمیر واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔سَاجِدِيْنَ:(تعظیم کرنے والے۔اطاعت قبول کرنے والے)منصوب۔علامت۔ی۔حال۔

ترجمہ آیت:جب یوسف نے اپنے وٗالد سے کہا کہ ابا میں نے (خوٗاب میں) گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو دیکھاہے۔دیکھتا (کیا) ہوں کہ وہ مجھے سجدہ کررہے ہیں۔

قَالَ يَا بُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُؤْيَاكَ عَلَىٰ إِخْوَتِكَ فَيَكِيدُوا لَكَ كَيْدًا ۖ إِنَّ الشَّيْطَانَ لِلْإِنسَانِ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٥﴾

قَالَ: :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔يَا:(اے)حرف نداء۔بُنَ:(بیٹا)منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔يَّ :(میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقْصُصْ:(تو قصہ بیان کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ رُؤْيَا:(خواب)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كَ: (تیرا۔اپنا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَىٰ:(پر۔کو)حرف جار۔ إِخْوَتِ:(اَخٌ کی جمع۔بھائیوں)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف

فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۰﴾

فَ:(پس)عطف۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اسْتَيْأَسُوْا:(وہ ناامید ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔ اِسْتَيْـَٔسَ يَسْتَيْئِسُ۔ مصدر۔اِسْتِيْئَاسُ۔(ناامید ہونا۔مایوس ہونا۔) مِنْ:(سے) حرف جار۔ہٗ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ خَلَصُوْا:(وہ الگ ہوگئے۔خالص ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ص)۔صیغہ۔خَلَصَ يَخْلُصُ۔مصدر خُلُوْصٌ۔ (خالص ہونا۔الگ ہونا)۔ نَجِيًّا :(چپکے مشورہ کرنے والے۔مشورہ کرتے ہوئے)منصوب۔حال۔قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔كَبِيْرُ:(بڑا)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ تَعْلَمُوْا:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع

ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔أَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ أَبَا:(ابّا۔باپ کو)منصوب بالالف۔مفعول بہٖ مضاف۔۔از ستّہ مکبّرہ۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَخَذَ :(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ عَلَيْ:(پر۔سے)حرف جار۔ كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَّوْثِقًا:(پختہ وعدہ۔عہد۔اقرار نامہ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَرَّطْتُمْ :(تم زیادتی کی۔غلطی کر چکے ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَرَّطَ يُفَرِّطُ۔مصدر۔تَفْرِيْطٌ۔(زیادتی کرنا۔قصور کرنا۔کوتاہی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ف ر ط)صیغہ۔فَرَطَ يَفْرُطُ۔مصدر۔فَرْطٌ۔ (آگے بڑھنا۔بلا سوچے سمجھے بات کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ يُوسُفَ:(یوسفؑ)غیر منصرف۔مجرور بالفتحہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی ناصب مضارع مؤکد بلن۔بمعنی مستقبل۔ أَبْرَحَ:(میں نہیں ٹلوں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ب ر ح)صیغہ۔بَرَحَ يَبْرَحُ۔مصدر۔بَرْحٌ۔(جگہ سے ہٹنا۔ٹلنا۔چھوڑنا)۔الْاَرْضَ:(زمین سے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔حَتّٰى :(یہاں تک۔کہ)حرف غائت۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔يَأْذَنَ :(وہ اجازت دے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذِنَ يَاذَنُ۔مصدر۔اِذْنٌ۔(اجات دینا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ أَبِي:(میرا باپ۔)اصلاً أَبِ+يِ+ی تھا۔یہ کو حذف کرکے عوضانہ میں کسرہ لگا دی گئی اور یائے متکلم کے اتصال کے لئے بھی وہ ہی کسرہ سے کام لیا گیاہے۔دوسری ی ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ يَحْكُمَ:(وہ حکم دے۔فیصلہ کردے) معطوف منصوب۔فعل

مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ح ک م)صیغہ۔ حَكَمَ يَحْكُمُ۔ مصدر۔ حُكْمٌ۔(فیصلہ دینا۔)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ يْ: (میرے)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ هُوَ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ خَيْرُ:(بھلی۔اچھی۔بہترین)خبر مرفوع۔ مضاف۔ الْحَاكِمِيْنَ : (حَاكِمٌ کی جمع۔ حکم کرنے والے)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جب وہ اس سے ناامید ہوگئے تو الگ ہو کر صلاح کرنے لگے۔ سب سے بڑے نے کہا کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے والد نے تم سے اللہ کا عہد لیا ہے اور اس سے پہلے بھی تم یوسف کے بارے میں قصور کر چکے ہو تو جب تک والد صاحب مجھے حکم نہ دیں میں تو اس جگہ سے ہلنے کا نہیں یا اللہ میرے لیے کوئی اور تدبیر کرے۔ اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿٨١﴾

اِرْجِعُوْا:(تم لوٹو۔ تم واپس چلو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ر ج ع)صیغہ۔ رَجَعَ يَرْجِعُ۔ مصدر۔ رَجْعٌ۔(لوٹنا۔ رجوع کرنا)۔ إِلَى:(طرف۔ پاس)حرف جار۔ أَبِيْ:(باپ)اسم مجرور۔ ستّہ مکبّرۃ۔ ی۔ علامت جرّ۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہارے۔ اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔ قُوْلُوْا:(تم سب کہو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ أَبَا:(ابو جان)منادیٰ۔ منصوب۔ بالالف۔ از ستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ ابْنَ:(بیٹا) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مجرور مضاف الیہ۔ سَرَقَ:(اس نے چوری کی)فعل ماضی واحد

مذکر غائب۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(س رق)صیغہ۔سَرَقَ یَسْرِقُ۔مصدر۔ سَرْقٌ۔(چوری کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ شَهِدْنَا:(ہم نے گواہی دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ یَشْهَدُ۔مصدر۔ شَهَادَةٌ۔ (شہادت دینا۔گواہی دینا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ عَلِمْنَا:(ہمیں معلوم ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا: (نہیں)نافیہ۔كُنَّا:(ہم ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر نَا مبنی بر سکون۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ الْغَيْبِ: (پوشیدہ۔غیب)اسم مجرور۔ حَافِظِيْنَ :(حفاظت کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: تم سب والد صاحب کے پاس واپس جاؤاور کہو کہ ابا آپ کے صاحبزادے نے (وہاں جاکر) چوری کی۔اور ہم نے اپنی دانست کے مطابق آپ سے (اس کے لے آنے کا) عہد کیا تھا مگر ہم غیب کی باتوں کو جاننے اور یادرکھنے والے تو نہیں تھے۔

وَسْئَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اسْئَلِ:(تم پوچھ لو۔دریافت کرلو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ محل اعراب سکان۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ الْقَرْيَةَ:(بستی)منصوب۔ مفعول بہ۔ الَّتِي:(جو۔جس)اسم موصول۔واحد مؤنث۔ مبنی بر سکون۔ محلاً صفت منصوب۔ كُنَّا:(ہم ہیں) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْعِيْرَ:(غلہ۔اناج)منصوب مفعول بہ۔ الَّتِي:(جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔ محلاً صفت منصوب۔ أَقْبَلْنَا:(ہم ملے۔ہم آئے)فعل ماضی جمع متکلم۔

ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقْبَلَ يُقْبِلُ۔مصدر۔اِقْبَالٌ۔(سامنے رکھنا۔متوجہ ہونا۔ملنا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق ب ل)صیغہ۔قَبِلَ يَقْبَلُ۔مصدر۔قُبُوْلًا۔(ملنا۔قبول کرنا۔ ولادت کرانا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔صَادِقُوْنَ :(سچے ہیں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جس بستی میں ہم (ٹھہرے) تھے وہاں سے (یعنی اہل مصر سے) اور جس قافلے میں آئے ہیں اس سے دریافت کر لیجئے اور ہم اس بیان میں بالکل سچے ہیں۔

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾

قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔سَوَّلَتْ:(اس نے گھڑلیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت ت ضمیر ساکن تانیث۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَوَّلَ يُسَوِّلُ۔ مصدر۔ تَسْوِيْلٌ۔(بات بنانا۔گھڑ لینا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اَنْفُسُ:(نفس کی جمع۔نفسوں۔جانوں۔دلوں)فاعل مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف۔اَمْرًا:(بات۔امر۔معاملہ۔فیصلہ)منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(پس)استئنافیہ۔ صَبْرٌ :(صبر کرنا)مبتداء مرفوع۔موصوف۔جَمِيْلٌ:(خوبصورت)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔عَسَى:(امید ہے)ماضی مقاربہ ماضی جامد۔واحد مذکر غائب۔مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔اَللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَأْتِيْ:(وہ لائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ محل

اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔ جَمِيْعًا:(سب کے سب)برائے تاکید۔ منصوب حال۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ ہٗ :(وہ)کا إِنَّ اسم منصوب۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاًمر فوع مبتداء۔الْعَلِيْمُ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الْحَكِيْمُ:(خوب حکمت والا۔ دانائی والا)مبالغہ۔ خبر ثانی مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(جب انہوں نے یہ بات یعقوب سے آکر کہی تو) انہوں نے کہا کہ (حقیقت یوں نہیں ہے) بلکہ یہ بات تم نے اپنے دل سے بنالی ہے تو صبر ہی بہتر ہے۔ عجب نہیں کہ اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے۔بے شک وہ دانا(اور) حکمت والا ہے۔

وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَوَلَّى:(اس نے منہ پھیر لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔بابتَفَعُّلٌ۔صیغہ۔ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔ تَوَلِّيٌّ۔ (مدد کرنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب حسب۔ مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ أَسَفٰى:(میرا افسوس)اصلاً أَسَفِيْ ہے۔منادیٰ۔ منصوب۔ مضاف۔یائے کو الف سے تبدیل کر دیا گیا۔(ہائے مجھے بہت دکھ ہے۔افسوس ہے۔ہوکا بھرنا۔لمبی سانس لینا۔دکھ کا اظہار کرنا)۔ی بطور مضاف الیہ۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ يُوْسُفَ:(یوسفؑ)غیر منصرف۔اسم مجرور۔بالفتحہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ابْيَضَّتْ:(سفید ہو گئیں۔بطور

محاورہ۔یعنی بہت رونا)۔فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ت ضمیر ساکن علامت تانیث۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْیَضَّ۔یُبْیَضُّ۔مصدر۔اِبْیِضَاضٌ۔(سفید ہونا۔اندھا ہونا)۔عَیْنَا:(دونوں آنکھیں)اصلاً عَیْنَانِ تھا۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔ہُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔الْحُزْنِ:(غم کے)اسم مجرور۔فَ:(پس)استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ کَظِیمٌ:(گھٹن والا دال۔غمناک دل)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: پھر ان کے پاس سے چلے گئے اور کہنے لگے ہائے افسوس یوسف (ہائے افسوس) اور رنج والم میں (اس قدر روئے کہ) ان کی آنکھیں سفید ہو گئیں اور ان کا دل غم سے بھر رہا تھا

قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ تَ:(قسمیہ)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مقسم بہٖ۔تَفْتَؤُ:(آپ ہمیہ لگے رہیں گے۔)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔نصر۔مادہ(ف ت ء)مہموز اللام۔صیغہ۔فَتِئَ یَفْتَؤُ۔مصدر۔فَتْئًا۔(لگا رہنا۔ہمیشہ رہنا)۔تَذْكُرُ:(آپ یاد کرتے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرٌ۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔ یُوْسُفَ:(یوسفؑ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ حَتّٰى:(یہاں تک کہ)حرف غایت۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔تَكُوْنَ:(آپ ہو جائیں گے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔محل اعراب مفتوح۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنَ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ حَرَضًا:(گھٹ کر۔گھل کر۔مرنا۔قریب المرگ) كَانَ کی خبر منصوب۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔تَكُوْنَ :(آپ ہو جائیں گے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔

محل اعراب مفتوح۔۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔کَانَ یَکُوْنَ۔ مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْهَالِكِيْنَ:(ہلاک ہونے والے۔مٹ جانے والے)اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:بیٹے کہنے لگے کہ واللہ اگر آپ یوسف کو اسی طرح یاد ہی کرتے رہیں گے تو یا تو بیمار ہو جائیں گے یا جان ہی دے دیں گے۔

قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾

قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أَشْكُوْ:(میں شکوہ کرتا ہوں۔فریاد کرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔مرفوع۔محل اعراب تقدیراً مضموم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ش ک و)ناقص واوی۔صیغہ۔شَکٰی یَشْکُو۔مصدر۔شَکَاۃٌ۔شَکْوٌ۔(شکایت کرنا۔شکوہ کرنا۔فریاد کرنا) بَثِّ:(پریشانی۔بے قراری۔)منصوب۔مفعول بہ۔تقدیراً مفتوح۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ حُزْنِ:(غم)معطوف منصوب۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ أَعْلَمُ:(میں جانتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَعْلَمُوْنَ :(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر

حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔

ترجمہ آیت:انہوں نے کہا کہ میں اپنے غم واندوہ کا اظہار اللہ سے کرتا ہوں۔اور اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔بَنِ:(بیٹو)منادیٰ۔منصوب۔اصلاً بَنِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔کسرہ بعوض۔ی۔اور برائے اتصال ما بعد۔یائے متکلم۔اور دونوں یائے کا ادغام کر دیا گیا۔يَّ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِذْهَبُوْا:(تم سب جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔ مصدر۔ ذَهَابٌ۔(جانا)۔فَ:(پس)حرف عطف۔تَحَسَّسُوْا:(تم ڈھونڈو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَحَسَّسَ يَتَحَسَّسُ۔مصدر۔ تَحَسُّسٌ۔(تلاش کرنا۔ڈھونڈنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔۔مادہ(ح س س) مضاعف۔صیغہ۔حَسَّ يَحُسُّ۔يَحِسُّ۔مصدر۔حُسَّ۔حَسًّا۔(احساس کرنا۔محسوس کرنا)۔مِنْ: (سے)حرف جار۔يُوسُفَ: (یوسف)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور بالفتحہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَخِيْ: (بھائی)مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا: (نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَيْأَسُوْا:(مایوس ہوں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ی ء س)مثال یائی۔مہموز العین۔ صیغہ۔يَئِسَ يَيْئَسُ۔ مصدر۔ يَاسٌ۔(مایوس ہونا۔ناامید ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔رَّوْحِ:(رحمت۔ مہربانی)اسم مجرور۔ مضاف۔

اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ ہٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں) یَیْئَسُ:(مایوس ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ی ء س)مثال یائی۔مہموز العین۔صیغہ۔یَئِسَ یَیْئَسُ۔ مصدر۔یَاسٌ۔(مایوس ہونا۔ناامید ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّوْحِ :(رحمت۔مہربانی)اسم مجرور۔ مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ اِلَّا :(مگر۔ سوائے۔علاوہ)حرف حصر۔ الْقَوْمُ: (قوم) فاعل مرفوع۔موصوف۔ الْکَافِرُوْنَ :(کفر کرنے والے۔انکارکرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاًصفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:بیٹا (یوں کرو کہ ایک دفعہ پھر) جاؤاور یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔ کہ اللہ کی رحمت سے بے ایمان لوگ ناامید ہوا کرتے ہیں۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔:(جب)ظرف زمان۔ شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ دَخَلُوْا:(وہ داخل ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا۔)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ہِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔یَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(جو۔کون)منادیٰ۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔(یٰۤاَيُّهَا۔ مکمل کو بھی حرف نداء بولا جاتا ہے۔اور ہمیشہ اس کے بعد اسم معرف منادیٰ ہوتا ہے)الْعَزِيْزُ:(عزیز۔افسر)صفت مرفوع۔ مَسَّنَا:(ہم نے چھوا۔ہمیں پہنچا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ یَمُسُّ۔مصدر۔ مَسًّا ۔(چھونا۔پہنچنا)۔ وَ:(اور)حرف

عطف۔أَهْلَ:(اہل کو۔گھر والوں کو)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔الضُّرُّ:(نقصان۔تنگی۔ایذاء۔تکلیف۔سختی)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جِئْنَا:(ہم آئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔ مَجِئٌ(آنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔بِضَاعَةٍ :(سامان۔اسباب۔)اسم مجرور۔موصوف مُّزْجَاةٍ: (بے وقعت ۔تھوڑی سی۔حقیر و قلیل۔)صفت مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَوْفِ:(پورا کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ اصلاً أَوْفِيْ تھا۔بوجہ التقائے سا کنین۔حرف علت۔ی۔محذوف۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی) مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰی يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔نَا: (ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔الْكَيْلَ:(ناپ۔ماپ)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ تَصَدَّقْ:(تو خیرات دے۔صدقہ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَصَدَّقَ يَتَصَدَّقُ۔مصدر۔تَصَدُّقٌ۔(صدقہ دینا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہمیں) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)کا اسم منصوب۔يَجْزِي:(وہ بدلہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔تقدیراً مضموم۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَزٰی يَجْزِیْ۔ مصدر۔ جَزَاءٌ۔(بدلہ دینا)۔ الْمُتَصَدِّقِيْنَ :(صدقہ دینے والوں کو)منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:جب وہ یوسف کے پاس گئے تو کہنے لگے کہ عزیز ہمیں اور ہمارے اہل و عیال کو بڑی تکلیف ہو رہی ہے اور ہم تھوڑا سا سرمایہ لائے ہیں آپ ہمیں (اس کے عوض) پورا غلّہ دے دیجئے اور خیرات کیجئے۔کہ اللہ خیرات کرنے والوں کو ثواب دیتا ہے۔

قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾

قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ هَلْ :(کیا)حرف استفہام۔عَلِمْتُمْ:(تم نے جانا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔فَعَلْتُمْ:(تم نے کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ یَفْعَلُ۔مصدر۔فَعْلٌ۔(کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔یُوْسُفَ: (یوسفؑ)غیر منصرف۔محلاًاسم مجرور بالفتحہ۔مضاف۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَخِيْ:(بھائی)از ستّہ مکبّرہ۔مضاف الیہ مجرور بالیاء۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِذْ:(جب کہ)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ جَاهِلُوْنَ:(ہٹ دھرم۔ضدی۔جانتے بوجھتے غلط کام لینے والے)اسم فاعل مرفوع۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(یوسف نے) کہا تمہیں معلوم ہے جب تم نادانی میں پھنسے ہوئے تھے تو تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا کیا تھا۔

قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ؗ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تم) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ اَنْتَ: (تو) ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ یُوْسُفُ:(یوسفؑ ہے)خبر مرفوع۔ قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَنَا:(میں)ضمیر

واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔يُوسُفُ:(یوسفؑ ہوں)خبر مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔هَـٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔أَخِ:(بھائی)مجرور بالیاء محذوف۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر۔مرفوع۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ مَنَّ:(احسان)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ۔(م ن ن)مضاعف۔صیغہ۔مَنَّ يَمُنُّ۔مصدر۔مَنٌّ۔(احسان کرنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے) فاعل مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔يَتَّقِ:(پرہیز کرے۔اللہ جل جلالہٗ سے ڈرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔اصلاًيَتَّقِيْ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین حرف علت۔ی۔محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(وق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔ تقویٰ اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَصْبِرْ:(جو ڈٹا رہے۔ثابت قدم رہے)معطوف مجزوم۔ فعل شرط۔ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔فَ:(پس)برائے جواب شرط۔إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔لَا :(نہیں)نافیہ۔يُضِيْعُ: (ضائع کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَضَاعَ يُضِيْعُ۔مصدر۔ إِضَاعَةٌ۔(ضائع کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ی ع)اجوف یائی۔ صیغہ۔ ضَاعَ يَضِيْعُ۔ مصدر۔ ضِيَاعَةٌ۔(ضائع ہونا)۔أَجْرَ:(بدلہ۔اجر)منصوب مفعول بہ۔ الْمُحْسِنِيْنَ : (احسان کرنے والوں کے)اسم فاعل۔جمع مذکر محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:وہ بولے کیا تم ہی یوسف ہو؟انہوں نے کہاہاں میں ہی یوسف ہوں۔اور(بنیامین کی طرف اشارہ کرکے کہنے لگے) یہ میرا بھائی ہے اللہ نے ہم پر بڑا احسان کیاہے۔جو شخص اللہ سے ڈرتا اور صبر کرتاہے تو اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا

قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۱﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ تَ:(قسمیہ)حرف جار۔ صرف اور صرف اللہ کی قسم کے لئے مستعمل ہے۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔مقسم بہٖ۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ آثَرَ:(اس نے اثر کیا۔نشان چھوڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔آثَرَ یُؤْثِرُ۔مصدر۔آثَارٌ۔(نشان چھوڑنا۔)۔كَ:(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔إِنْ:(یقیناً) إِنَّ کا مخففہ۔حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كُنَّا:(ہم ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔محلاً فعل شرط۔مجزوم۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ک ون) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(ضرور)لائے فارقہ۔خَاطِئِيْنَ :(خطاکار۔غلطی کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:وہ بولے اللہ کی قسم اللہ نے تم کو ہم پر فضیلت بخشی ہے اور بے شک ہم خطاکار تھے

قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾

قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ تَثْرِيْبَ :(کوئی دباؤ۔(ثَرْبٌ وہ چربی جو انتڑیوں پر آجاتی

ہے)لائے نفی کا اسم۔منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمُ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون ۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لائے نفی جنس کی خبر۔مرفوع۔ الْيَوْمَ: (آج) ظرف زمان۔منصوب۔ يَغْفِرُ:(وہ بخش دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ لَ:(لئے۔کو)حرف جار۔كُمُ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَرْحَمُ:(خوب رحم کرنے والا)افعل التفضیل۔محلاً خبر مرفوع۔مضاف۔ الرَّاحِمِيْنَ :(رحم کرنے والا)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:(یوسف نے) کہا کہ آج کے دن سے تم پر کچھ عتاب (وملامت) نہیں ہے۔اللہ تم کو معاف کرے۔ اور وہ بہت رحم کرنے والا ہے۔

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾

اِذْهَبُوْا:(تم سب جاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔مصدر۔ذَهَابٌ۔(جانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔قَمِيْصِ: (قمیض)اسم مجرور۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔أَلْقُو:(تم ڈال دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصدر ۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔ لُقِيًّا۔ لُقْيًا۔ لُقًى۔لَقْيًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ وَجْهِ:(چہرہ)اسم مجرور۔مضاف أَبِيْ:(باپ)از ستّہ مکبّرہ۔مجرور بالیاء۔مضاف الیہ۔

يَأْتِ:(آ جائے گی)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔اصلا يَأْتِيْ تھا۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔بَصِيرًا:(بینائی)منصوب۔مفعول بہ۔ و:(اور)حرف عطف۔آتُوْ:(تم لاؤ)۔ اِيْتُوا ۔ فعل امر جمع مذکر حاضر۔جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا) ہوتا ہے۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(میرے پاس)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَهْلِ:(اہل۔گھروالوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَجْمَعِيْنَ :(سب کے سب)برائے تاکید۔مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:یہ میرا کرتہ لے جاؤ اور اسے والد صاحب کے منہ پر ڈال دو۔وہ بینا ہو جائیں گے۔اور اپنے تمام اہل وعیال کو میرے پاس لے آؤ

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْ لَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔ شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَصَلَتِ:(وہ روانہ ہوا۔وہ جدا ہوا)فعل ماضی واحد مؤنث۔علامت ت ضمیر ساکن۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ص ل)صیغہ۔فَصَلَ يَفْصِلُ۔مصدر۔فَصْلٌ۔(جدا ہونا۔الگ ہونا۔روانہ ہونا۔)الْعِيْرُ:(غلہ۔اناج۔قافلہ)فاعل۔مرفوع۔ قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَبُوْ:(ابو۔باپ)فاعل مرفوع۔علامت رفع۔واؤ۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرو مضاف الیہ۔إِنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً إِنِّ کا اسم منصوب۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔

مزحلقہ۔اَجِدُ:(میں پاتاہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ (پانا۔ملنا)۔ رِيْحَ: (ہوا۔ خوشبو) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔يُوْسُفَ:(یوسفؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور بالفتحہ۔مضاف۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔لَا:(نہ)نافیہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تُفَنِّدُوْ:(تماوٹ پٹانگ باتیں کرنے والا کہو۔ہزیانی باتیں کرنے والا کہو)اصلاً تُفَنِّدُوْنِيْ تھا۔تخفیف کردی گئی ہے۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَنَّدَ يُفَنِّدُ۔ مصدر۔ تَنْفِيْدٌ۔(بہکا ہوا کہنا۔سٹھیایا ہوا کہنا)۔ نِيْ :(مجھے)مرکب:(نِ+یْ)وقایہ۔+یائے متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً منصب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور جب قافلہ (مصر سے) روانہ ہوا تو ان کے والد کہنے لگے کہ اگر مجھ کو یہ نہ کہو کہ (بوڑھا) بہک گیا ہے تو مجھے تو یوسف کی بو آرہی ہے۔

قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ تَ:(قسمیہ)حرف جار۔صرف جار۔صرف اور صرف اللہ جل جلالہٗ کے لئےاللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كَ:(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ ضَلَالِ: (گمراہی۔ غلطی۔خبط۔نا فہمی) اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیری۔اپنی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ الْقَدِيْمِ :(پرانا)مجرور۔صفت۔تابع موصوف

ترجمہ آیت:وہ بولے کہ واللہ آپ اسی قدیم غلطی میں (مبتلا) ہیں

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّیْۤ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَنْ: (کہ) زائد ہے۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیئٌ۔مَجِیْءٌ۔(آنا)۔اَلْبَشِیْرُ:(بشارت دینے والا۔خوشخبری سنانے والا)فاعل مرفوع۔ أَلْقَا:(اس نے ڈالا)اصلاً اَلْقٰی تھا۔ یائے منقوص کو الف سے بدلا ہوا ہے۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِیْ۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔ لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔تِلْقَاءً۔ لُقِیًّا۔ لُقْیًا۔ لُقًى۔لَقْیًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔هُ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مرجع قَمِیْصٌ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ وَجْهِ:(چہرہ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔اِرْتَدَّ:(لوٹ آئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِرْتَدَّ یَرْتَدُّ۔مصدر۔اِرْتِدَادٌ۔(پلٹ جانا۔لوٹ جانا۔مرتد ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ۔رَدَّ یَرُدُّ۔مصدر۔رَدٌّ۔(لوٹانا۔واپس کرنا)۔بَصِیْرًا: (بینائی)منصوب۔مفعول بہ۔ قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ أَقُلْ:(میں نے کہا۔ترجمہ بوجہ لَمْ ماضی میں ہے)فعل مضارع واحد متکلم۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَّ: (لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ إِنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أَعْلَمُ:(میں جانتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م)

صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَعْلَمُوْنَ :(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔

ترجمہ آیت: جب خوشخبری دینے والا آپہنچا تو کرتہ یعقوب کے منہ پر ڈال دیا اور وہ بینا ہو گئے (اور بیٹوں سے) کہنے لگے کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

قَالُوْا یٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَاۤ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕیْنَ ﴿۹۷﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ یَا:(اے)حرف نداء۔أَبَا:(ابو۔باپ)منادی۔ منصوب۔بالالف۔از ستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔اسْتَغْفِرْ:(تو مغفرت کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَۃٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ذُنُوب:(گناہوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔نَا : (ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(إِنَّ+نَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ كُنَّا:(ہم تھے) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔خَاطِئِیْنَ :(خطاکار۔گناہ کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: بیٹوں نے کہا کہ ابا ہمارے لیے ہمارے گناہ کی مغفرت مانگیئے۔بے شک ہم خطاکار تھے۔

قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾

قَالَ :(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔سَوْفَ:(جلد ہی)حرف استقبال۔أَسْتَغْفِرُ:(میں مغفرت کر دوں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔مرفوع۔علامت محل اعراب ضمہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ رَبِّ:(اے ربّ۔)منادیٰ۔حرف نداء محذوف۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْغَفُوْرُ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الرَّحِيْمُ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:انہوں نے کہا کہ میں اپنے پروردگار سے تمہارے لیے بخشش مانگوں گا۔بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰي يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ دَخَلُوْا: (وہ داخل ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا)۔عَلَی:(پر)حرف جار۔یُوسُفَ:(یوسفؑ)غیر منصرف۔ محلاً اسم مجرور بالفتحہ۔آوٰی:(اس نے ٹھکانہ دیا۔جگہ دی۔پناہ دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء و ی)مہموز الفاء۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔ صیغہ۔آوٰی یُؤْوِیْ۔ مصدر۔

اِیْوَاءٌ۔(جگہ دینا۔پناہ دینا۔) إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَبَوَيْ:(والدین)اصلا أَبَوَيْنَ تھا۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اُدْخُلُوْا :(داخل ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔۔ ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُوْلٌ۔ (داخل کرنا۔)۔مِصْرَ:(مصر میں)منصوب۔ مفعول بہ۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ شَاءَ:(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔جواب شرط محذوف۔آمِنِيْنَ: (ایمانتداروں)منصوب۔حال۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:جب یہ (سب لوگ) یوسف کے پاس پہنچے تو یوسف نے اپنے والدین کو اپنے پاس بٹھایا اور کہا مصر میں داخل ہو جایئے اللہ نے چاہا تو جمع خاطر سے رہیئے گا۔

وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْۤ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿١٠٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔رَفَعَ :(اس نے بلند کیا۔رتبہ دیا۔)أَبَوَيْ:(والدین)اصلا أَبَوَيْنَ تھا۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْعَرْشِ: (عرش)تخت۔ وَ:(اور)حرف عطف۔خَرُّوْا:(وہ گر پڑے)فعل ماضی جمع مذکر واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ر ر)مضاعف۔صیغہ۔خَرَّ يَخِرُّ۔مصدر۔خَرٌّ۔(گرنا۔تسلیم کرنا۔مان لینا)۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔سُجَّدًا:(جھکتے ہوئے۔ تعظیم

کرتے ہوئے)منصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ یَا:(اے)حرف نداء۔ أَبَتِ: (پیارے ابّا جان)منادیٰ۔منصوب تقدیراً مفتوح۔ت۔مکسورہ۔بعوض ۔ی۔ محذوف هَـٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔تَأْوِيلُ:(تفسیر۔تعبیر۔دلیل۔ثبوت)خبر مرفوع۔مضاف۔ رُؤْيَا: (خواب)لفظاً منصوب۔تقدیراً مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔يَ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ فتحہ۔بوجہ ما قبل الف۔ مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ قَدْ: (یقیناً)حرف تحقیق۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ رَبِّ:(اے ربّ)منادیٰ منصوب۔ مضاف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔يْ:(میرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًتقدیراً مجرور مضاف الیہ۔ حَقًّا:(حق ۔سچ)منصوب۔مفعول ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَحْسَنَ :(بہت اچھا کیا۔اس نے احسان کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْسَنَ یُحْسِنُ۔مصدر۔اِحْسَانٌ۔(احسان کرنا۔)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ إِذْ :(جب)ظرف زمان۔بمعنی ماضی۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔أَخْرَجَ:(اس نے نکالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَخْرَجَ یَخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔خَرُجًا۔(نکلنا)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کوبچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال۔ السِّجْنِ:(جیل۔قید خانہ) اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیْئٌ مَجِیْئٌ(آنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم

مجرور۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الْبَدْوِ:(دیہات۔موضع۔گاؤں)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ: (بعد)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔نَّزَغَ :(اس نے اختلاف ڈال دیا۔ جھگڑا پیدا کر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ز غ)صیغہ۔نَزَغَ يَنْزَغُ۔ مصدر۔ نَزْغٌ۔(جھگڑا ۔اختلاف ڈالنا۔)۔الشَّيْطَانُ:(شیطان)فاعل مرفوع۔بَيْنِ: (درمیان) ظرف مکان۔ منصوب۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر منصوب۔مضاف۔إِخْوَتِ:(بھائیوں کے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبِّ:(اے ربّ) منادیٰ۔منصوب۔حرف نداء محذوف۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَطِيفٌ:(نازک۔نرم۔)۔نہایت باریک بین۔حسن تدبیر سے کام کرنے والا۔یہ اللہ جل جلالہٗ کا صفاتی نام ہے)۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَشَاءُ: (وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ إِنَّ کا اسم منصوب۔هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْعَلِيمُ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الْحَكِيمُ :(خوب حکمت والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا اور سب یوسفؑ کے آگے سجدہ میں گر پڑے اور (اس وقت) یوسف نے کہا اباجان یہ میرے اس خواب کی تعبیر ہے جو میں نے پہلے (بچپن میں) دیکھا تھا۔میرے پروردگار نے اسے سچ کر دکھایا اور اس نے مجھ پر (بہت سے) احسان کئے ہیں کہ مجھ کو جیل خانے سے نکالا۔اور اس کے بعد کہ

شیطان نے مجھ میں اور میرے بھائیوں میں فساد ڈال دیا تھا۔ آپ کو گاؤں سے یہاں لایا۔ بے شک میرا پروردگار جو چاہتا ہے تدبیر سے کرتا ہے۔ وہ دانا (اور) حکمت والا ہے۔

رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۣ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

رَبِّ: (اے میرے ربّ) اصلاً يَارَبِّيْ ہے۔ (يَا+رَبِّ+يْ) حرف نداء۔+ منادیٰ۔ محلاً منصوب۔ مضاف۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔+ ی۔ محذوف۔ ضمیر واحد متکلم۔ کسرہ بعوض ۔ ی۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَدْ : (یقیناً) حرف تحقیق۔ آتَيْتَ: (تونے دیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ تَ ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاْتِيْ ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ يْ: (مجھے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب تقدیراً۔ مفعول بہ۔ مِنَ: (سے) حرف جار۔ فتحہ۔ برائے اتصال ما بعد۔ الْمُلْكِ: (ملک۔ ریاست۔ ملک۔ بادشاہت) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ عَلَّمْتَ: (تونے سکھایا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ تَ ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔ مصدر ۔ تَعْلِيْمٌ۔ (سکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔ جاننا)۔ نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ يْ: (مجھے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب تقدیراً۔ مفعول بہ۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ تبعیضیہ۔ تَأْوِيلِ : (تعبیر بتانا۔ تفسیر بیان کرنا۔ وضاحت کرنا۔ تاویل بیان کرنا۔ حقیقت بیان کرنا) اسم مجرور۔ مضاف۔ الْاَحَادِيثِ: (باتوں۔ خوابوں۔ ہر وہ بات جو انسان تک کسی بھی ذریعہ سے پہنچ سکے۔ بیداری یا خوابیدگی کی حال میں ہو) مضاف الیہ۔ فَاطِرَ: (اے پیدا کرنے والے۔ اے پھاڑنے والا) منادیٰ۔ منصوب۔ حرف نداء محذوف۔ مضاف۔ السَّمٰوٰتِ: (آسمانوں کو) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْاَرْضِ:

(زمین)معطوف مجرور۔مضاف الیہ۔ أَنتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔علامت ت مفتوح۔مبتداء مرفوع۔ وَلِيِّ:(دوست۔حامی۔سرپرست۔)خبر مرفوع۔مضاف۔يِ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔اسم مجرور۔تقدیراً مکسور ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْآخِرَةِ :(قیامت۔آخرت۔)معطوف مجرور۔تَوَفَّ:(تو پورا کرے۔موت دے)اصلاً تَوَفّٰی ہے۔فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيْلٌ۔صیغہ وَفّٰی يُوَفّٰی۔مصدر۔ تَوْفِيَةٌ۔(پورا پورا دینا۔موت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰی يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ يِ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مُسْلِمًا :(مسلم۔سلامتی والا۔اسلام کی حالت پر۔فرمان بردار)اسم فاعل۔واحد مذکر۔منصوب حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَلْحِقْ:(تو ملا۔شامل کر۔الحاق کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْحَقَ يُلْحِقُ۔ مصدر۔ اِلْحَاقٌ۔(ملانا۔الحاق کرنا۔شامل کرنا۔)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يِ: (مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الصَّالِحِيْنَ: (نیکیاں کرنے والے۔اصلاحی کام کرنے والے۔نیکوکار۔نیک لوگ۔)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاًاسم مجرور۔

ترجمہ آیت:(جب یہ سب باتیں ہولیں تو یوسف نے اللہ سے دعا کی کہ) اے میرے پروردگار تو نے مجھ کو حکومت سے بہرہ دیا اور خوابوں کی تعبیر کا علم بخشا۔اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا کارساز ہے۔تو مجھے (دنیا سے) اپنی اطاعت (کی حالت) میں اٹھائیو اور (آخرت میں) اپنے نیک بندوں میں داخل کیجیو۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

ذَلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔أَنْبَاءِ:(خبروں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً ذَلِكَ مبتداء کی خبر مرفوع۔ مضاف۔الْغَيْبِ:(پوشیدہ۔غیب)مجرور مضاف الیہ۔ نُوحِيْ:(ہم وحی کرتے ہیں۔ ہم حکم دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَوْحٰی يُوْحِيْ۔مصدر۔اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحٰی يَحِيْ۔مصدر۔وَحْيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ هِ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كُنْتَ:(تو تھا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ لَدَيْ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ إِذْ :(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ أَجْمَعُوْا:(انہوں نے اکٹھا کیا۔جمع کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَجْمَعَ يُجْمَعُ۔مصدر۔اِجْمَاعٌ۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ ۔جَمَعَ يَجْمَعُ۔مصدر۔جَمْعٌ۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔ أَمْرَ:(حکم کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَمْكُرُوْنَ:(وہ مکاری کرتے ہیں۔منصوبہ بندی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ک ر)صیغہ۔مَكَرَ يَمْكُرُ۔مصدر۔مَكْرٌ۔(مکاری کرنا۔دھوکا کرنا۔منصوبہ بندی کرنا۔سازش کرنا)۔

ترجمہ آیت:(اے پیغمبر) یہ اخبار غیب میں سے ہیں جو ہم تمہاری طرف بھیجتے ہیں اور جب برادران یوسف نے اپنی بات پر اتفاق کیا تھا اور وہ فریب کر رہے تھے تو تم ان کے پاس تو نہ تھے،

وَمَآ اَكۡثَرُ النَّاسِ وَلَوۡ حَرَصۡتَ بِمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۰۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لیس کا عمل کرتا ہے۔أَكۡثَرُ:(اکثر۔زیادہ تر)افعل التفضيل۔ مَا کا اسم مرفوع۔مضاف۔النَّاسِ:(لوگ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَوۡ:(اگرچہ)وصلیہ۔ حَرَصۡتَ:(تونے لالچ کیا۔تونے خواہش کی)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ت ضمیر حاضر مفتوح۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ح ر ص)صیغہ۔حَرَصَ يَحۡرِصُ۔مصدر۔حَرۡصٌ۔(حرص کرنا۔لالچ کرنا۔خواہش کرنا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔برائے تاکید نفی۔مُؤۡمِنِيۡنَ :(ایمان لانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاً مَا کی خبر لفظاً مجرور محلاً منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور بہت سے آدمی گو تم (کتنی ہی) خواہش کرو ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

وَمَا تَسۡـَٔلُهُمۡ عَلَيۡهِ مِنۡ اَجۡرٍ‌ ؕ اِنۡ هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۰۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ تَسۡـَٔلُ:(تم پوچھتے ہو۔تم طلب کرتے ہو۔تم مانگتے ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت محل اعراب۔مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ يَسۡئَلُ۔مصدر۔سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔پوچھنا۔مانگنا)۔ هُمۡ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔عَلَيۡ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔زائد۔ أَجۡرٍ:(اجر ۔معاوضہ۔بدلہ)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِنۡ:(نہیں)نافیہ۔کیونکہ آگے اِلَّا آرہا ہے۔اس کی وجہ سے نفی ہوگیا ہے هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ذِكۡرٌ:(ذکر۔نصیحت۔یاد داشت۔یاد دہانی۔)خبر مرفوع۔ موصوف۔لِّ:(لئے)حرف جار۔الۡعَالَمِيۡنَ :(تمام جہانوں والوں کے)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمرفوع صفت۔

ترجمہ آیت:اور تم ان سے اس (خیر خواہی) کا کچھ صلا بھی تو نہیں مانگتے۔ یہ قرآن اور کچھ نہیں تمام عالم کے لیے نصیحت ہے۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَاَيِّنْ:(کتنی ہی)اصلاً كَأَيٍّ ہے۔تنوین کو نون کے طور پر لکھا گیا ہے۔یہ ہمیشہ شروع میں آتا۔مبہم تعداد پر دلالت کرتا ہے۔اسم کنایہ۔جیسا کہ كَمْ خبریہ استعمال ہوتا ہے۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ اٰيَةٍ:(آیات۔نشانیاں)اسم مجرور۔شبہ جملہ لفظاً مجرور۔محلاً منصوب تمیز۔فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْاَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔يَمُرُّوْنَ :(وہ گزرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ر ر)مضاعف۔صیغہ۔مَرَّ يَمُرُّ۔مصدر۔مُرُوْرٌ۔(گزرنا۔ٹریفک۔آمد و رفت)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مُعْرِضُوْنَ :(نظر انداز کرنے والے۔منہ پھیرنے والے۔اعراض برتنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور آسمان وزمین میں بہت سی نشانیاں ہیں جن پر یہ گزرتے ہیں اور ان سے اعراض کرتے ہیں

وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔يُؤْمِنُ:(وہ ایمان لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔اَكْثَرُ:(بہت

زیادہ۔اکثر)افعل التفضیل۔فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ۔سے)اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔اِلَّا:(مگر۔)حرف حصر۔وَ: (اور)استئنافیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل ۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ مُّشْرِكُوْنَ :(مُشْرِكٌ کی جمع۔شریک ٹھہرانے والے۔اللہ کا ہمسر بنانے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور یہ اکثر اللہ پر ایمان نہیں رکھتے۔ مگر (اس کے ساتھ) شرک کرتے ہیں۔

اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)استئنافیہ۔أَمِنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَأْتِيَ:(وہ آئی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب/ واحد مذکر حاضر ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔هُمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔غَاشِيَةٌ:(ڈھانپ دینے والی۔چھا جانے والی۔)اسم فاعل واحد مؤنث۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔عَذَابِ:(عذاب۔سزاء)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔تَأْتِيَ:(وہ آئی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب/ واحد مذکر حاضر ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔هُمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب ۔ مفعول بہ۔ السَّاعَةُ:(گھڑی)فاعل مرفوع۔ بَغْتَةً:(اچانک۔یکدم)منصوب۔حال۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَشْعُرُوْنَ:(وہ شعور رکھتے ہیں۔ عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ خبر مرفوع۔ محلاً جملہ

منصوب۔حال۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ع ر)صیغہ۔شَعَرَ یَشْعُرُ۔مصدر۔شُعُوْرٌ۔(آگاہی رکھنا۔شعور رکھنا۔عقل رکھنا۔)۔

ترجمہ آیت: کیا یہ اس (بات) سے بے خوف ہیں کہ ان پر اللہ کا عذاب نازل ہو کر ان کو ڈھانپ لے یا ان پر ناگہاں قیامت آجائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣعَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

قُلْ:(تم کہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ھٰذِہٖ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ سَبِیلِ:(راہ)خبر مرفوع۔کسرہ برائے اتصال۔ ما بعد یائے متکلم مضاف۔یْ:(میری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَدْعُو:(میں نے بلاتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (دع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَۃٌ(پکارنا)۔إِلَیٰ:(طرف)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ عَلَیٰ:(پر)حرف جار۔بَصِیرَۃٍ:(بصیرت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ أَنَا: (میں) ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنِ: (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً معطوف مرفوع۔ اِتَّبَعَ:(اس نے پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ نِ:(وقایہ)ی متکلم کو بچانے کے لئے۔یْ: (مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(حرف عطف۔)سُبْحَانَ :(پاکیزگی۔تسبیح۔) منصوب۔مفعول مطلق۔فعل محذوف۔اَسْبَحَ۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (حالانکہ)حالیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔عمل لَیْسَ جیسا۔أَنَا:(میں) ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔کا اسم

مرفوع۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْمُشْرِكِينَ:(کی جمع۔شریک ٹھہرانے والے۔اللہ جل جلالہٗ کا ہمسر بنانے والے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: کہہ دو میرا رستہ تو یہ ہے میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں (از روئے یقین و برہان) سمجھ بوجھ کر میں بھی (لوگوں کو اللہ کی طرف بلاتا ہوں) اور میرے پیرو بھی۔اور اللہ پاک ہے۔اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔صیغہ۔:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔ (ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِلَّا :(مگر)حرف حصر۔ رِجَالاً: (مرد۔آدمی)منصوب۔مفعول بہ۔ نُّوحِي:(ہم نے وحی کی)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَوْحٰى يُوْحِىْ۔مصدر۔اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ ناقص یائی۔وَحٰى يَحِىْ۔مصدر۔وَحْيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔جملہ محلاًصفت منصوب۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ أَهْلِ :(رہنے والے)اسم مجرور۔مضاف۔الْقُرَى:(بستیوں کے)مجرور مضاف الیہ۔تقدیراً مکسور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ صفت ثانی أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔ لَمْ: (نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔قالب۔ يَسِيرُوا:(وہ چلے پھرے۔سیر کی)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(س ی ر)اجوف یائی۔ صیغہ۔سَارَ يَسِيْرُ۔مصدر۔سَيْرٌ۔(سیر کرنا۔ چلنا پھرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْاَ رْضِ:(زمین)اسم

مجرور۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔یَنْظُرُوْا:(تم نے دیکھا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ۔ مصدر۔نَظْرٌ۔(دیکھنا)۔ کَیْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کَانَ کی خبر مقدّم منصوب۔ کَانَ:(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ عَاقِبَةُ:(نتیجہ۔انجام) کَانَ کا اسم مؤخر مرفوع۔مضاف۔ الَّذِیْنَ: (وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ: (پہلے) ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(اس سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔) وَ:(اور)استئنافیہ۔ لَ:(البتہ۔ضرور)لائے تاکید۔ ابتدائیہ۔دَارُ:(گھر)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الْاٰخِرَةِ : (آخرت)مجرور مضاف الیہ۔خَیْرٌ:(بہتر ہے)خبر مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِیْنَ :(وہ جو)اسم موصول ۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔اتَّقَوْا:(وہ ڈرے۔انہوں نے پرہیز کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فاقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب ۔مادہ(وق ی)۔ لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔وِقَایَةً۔وَقْیًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقویٰ اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَعْقِلُوْنَ:(تم عقل رکھتے ہو۔سمجھ رکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ یَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلٌ۔(عقل رکھنا۔سمجھ رکھنا)

ترجمہ آیت:اور ہم نے تم سے پہلے بستیوں کے رہنے والوں میں سے مرد ہی بھیجے تھے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے۔کیا ان لوگوں نے ملک میں سیر (وسیاحت) نہیں کی کہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام کیا ہوا۔اور متّقیوں کے لیے آخرت کا گھر بہت اچھا ہے۔کیا تم سمجھتے نہیں؟

حَتّٰۤى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾

حَتَّى :(یہاں تک)حرف ابتداء۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔اسْتَيْأَسَ:(وہ مایوس ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَيَاسَ يَسْتِيَاسُ ۔مصدر۔اِسْتِيَاسٌ۔(مایوس ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ی ء س)مثال یائی۔مہموز العین۔صیغہ۔يَئِسَ يَيْئَسُ۔ مصدر۔ يَاسٌ۔(مایوس ہونا۔ناامید ہونا)۔الرُّسُلُ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبر) وَ:(اور)حرف عطف۔ظَنُّوا:(انہوں نے گمان کیا۔خیال کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ظَنٌّ۔(شک کرنا۔گمان کرنا۔وہم کرنا)۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ قَدْ:(یقیناً) حرف تاکید۔ كُذِبُوا:(جھوٹ بولا گیا)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔مَجِئٌ۔ (آنا) ۔ هُمْ :(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ نَصْرُ:(مدد) فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ جواب شرط۔ فَ:(پس)حرف عطف۔نُجِّيَ : (اس کو نجات دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نَجّٰى يُنَجِّيْ۔مصدر۔ تَنْجِيَةٌ۔(نجات دینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔ نَجْوَى۔ نَجْوًا(بچنا)۔ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ نَّشَاءُ:(ہم چاہتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا :(نہیں)نافیہ۔يُرَدُّ:

(لوٹایا جاتا ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ر د د)مضاعف۔ صیغہ۔رَدَّ یَرُدُّ۔مصدر۔رَدٌّ۔(لوٹانا۔واپس کرنا)۔بَأْسُ:(برائی)نائب فاعل۔مرفوع۔ مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَنِ:(سے)حرف جار۔ الْقَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔موصوف۔الْمُجْرِمِیْنَ :(جرم کرنے والے۔گناہ کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً صفت مجرور۔علامت ی۔

ترجمہ آیت: یہاں تک کہ جب پیغمبر ناامید ہو گئے اور انہوں نے خیال کیا کہ اپنی نصرت کے بارے میں جو بات انہوں نے کہی تھی (اس میں) وہ سچے نہ نکلے تو ان کے پاس ہماری مدد آ پہنچی۔ پھر جسے ہم نے چاہا بچا دیا۔ اور ہمارا عذاب (اتر کر) گنہگار لوگوں سے پھرا نہیں کرتا۔

لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ كَانَ :(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فِي :(میں)حرف جار۔قَصَصِ:(قصے۔کہانیاں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر مقدم منصوب۔عِبْرَةٌ:(دوسروں کے انجام سے نصیحت لینا۔) كَانَ کا اسم مؤخر مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔اُوْلِي:(والے۔صاحبان)از ستّہ مکبّرہ۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت مرفوع۔مضاف الْاَ لْبَابِ:(لُبٌّ کی جمع۔ عقل مند)مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ: (وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ حَدِيْثًا:(کوئی نئی بات۔)كَانَ کی خبر منصوب۔ يُفْتَرٰى:(بہتان باندھ لیا گیا۔ جھوٹ وضع کر لیا گیا)فعل

مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفۡتَرٰی یَفۡتَرِیۡ۔ مصدر۔ اِفۡتِرَاءٌ۔ (بہتان باندھنا۔ جھوٹا الزام لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔فَرٰی یَفۡرِیۡ۔مصدر۔ فَرۡیًا۔فَرۡیَۃً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰی بَطۡنَ الشَّاۃِ۔فَرَی اللَّحۡمَ۔اَوۡ۔ البَصۡلَ)۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ تَصۡدِيۡقَ :(تصدیق۔سچ کرنا۔سرٹیفیکیٹ دینا۔تسلی کرنا) لَكِنَّ کا اسم منصوب۔ الَّذِيۡ: (وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَيۡنَ: (درمیان) ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔يَدَيۡ:(ہاتھوں کے)اصلاً يَدَيۡنِ تھا۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔هِ : (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(او)حرف عطف۔تَفۡصِيۡلَ : (تفصیل۔ وضاحت۔ تفسیر)معطوف منصوب۔مضاف۔كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ شَيۡءٍ:(شئے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔هُدًى:(ہدایت۔راہنمائی)معطوف منصوب۔تقدیراً مفتوح۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَحۡمَةً :(رحمت۔مہربانی۔نوازش)معطوف منصوب۔ لِّ: (لئے)حرف جار۔قَوۡمٍ:(قوم)اسم مجرور۔موصوف۔ يُّؤۡمِنُوۡنَ :(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤۡمِنُ۔مصدر۔اِيۡمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاۡمَنُ۔مصدر۔ اَمۡنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔جملہ محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:ان کے قصے میں عقلمندوں کے لیے عبرت ہے۔یہ (قرآن) ایسی بات نہیں ہے جو(اپنے دل سے) بنائی گئی ہو بلکہ جو(کتابیں) اس سے پہلے نازل ہوئی ہیں ان کی تصدیق (کرنے والا) ہے اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

13 سُوْرَةُ الرَّعْدِ

اٰیاتُھَا 43 سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ 96 رکوعاتھا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾

الٓمّٓرٰ :(حروف مقطعات)القابات نبی اکرم ﷺ۔ تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید واحد مؤنث ۔مبتداء مرفوع ۔آيَاتُ: (آیات۔نشانیاں)خبر مرفوع۔مضاف۔الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اُنْزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ اِلَيَّ:(طرف)حرف جار۔كَ :(تمہاری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔مِنْ :(سے)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً

مجرور مضاف الیہ۔ الْحَقُّ:(حق۔سچ)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنَّ :(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔أَكْثَرَ:(اکثریت۔بہت زیادہ)افعل التفضیل۔ لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ النَّاسِ:(لوگوں کی)مجرور۔مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔محلاًلٰكِنَّ کی خبر مرفوع۔اور محلاًمنصوب حال۔

ترجمہ آیت:الٓمّرا۔(اے محمد) یہ کتاب(الہیٰ) کی آیتیں ہیں۔اور جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ﴿۲﴾

اَللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ الَّذِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ رَفَعَ :(اس نے بلند کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ف ع)۔صیغہ رَفَعَ يَرْفَعُ۔ مصدر۔رَفْعٌ۔(بلند کرنا۔) السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں ۔ بمعنی کائنات۔کوسموس)منصوب بال۔کسرہ۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔غَيْرِ:(سوا۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مضاف۔عَمَدٍ:(ستون)مجرور مضاف الیہ۔ تَرَوْنَ:(تم دیکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاً مجرور صفت۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔اِسْتَوٰی:(اس کو سیدھا کیا۔مضبوط کیا۔ترتیب دیا۔برابر کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰی يَسْتَوِیْ۔

مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(ٹھہرنا۔مضبوط ہونا۔برابر ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س وی)لفیف مقرون۔اجوف واوی+ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِیَ یَسْوٰی۔مصدر۔سَوِیً۔(برابر ہونا۔پکا ہونا۔استقامت رکھنا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الْعَرْشِ: (حکومت۔تخت)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔سَخَّرَ:(اس نے قابو کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَخَّرَ یُسَخِّرُ۔مصدر۔تَسْخِيْرٌ۔(قابو کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع ۔مادہ(س خ ر)صیغہ۔سَخِرَ یَسْخَرُ۔ مصدر۔سَخْرٌ۔(ٹھٹھہ کرنا۔مذاق اڑانا)۔ الشَّمْسَ:(سورج کو) منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْقَمَرَ:(چاند)معطوف منصوب۔كُلٌّ:(ایک ایک۔ تمام) برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔يَجْرِيْ:(چلتی ہے۔حرکت کرتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی يَجْرِیْ۔مصدر۔جِرْيَانٌ۔(جاری ہونا۔چلنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔اَجَلٍ:(مدت۔وقت)اسم مجرور۔موصوف مُّسَمًّى:(مقررہ۔نام دیا ہوا)غیر منصوف۔محلاً صفت مجرور۔ يُدَبِّرُ:(وہ تدبیر کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔دَبَّرَ يُدَبِّرُ۔مصدر۔تَدْبِيْرٌ۔(منصوبہ سازی کرنا۔غور و خوض کرنا۔) الْاَمْرَ :(کام۔فیصلہ۔حکم۔امر)منصوب مفعول بہٖ۔يُفَصِّلُ:(وہ الگ الگ کرتا ہے۔وہ تفصیل بیان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَصَّلَ يُفَصِّلُ۔مصدر۔تَفْصِيْلًا۔(وضاحت کے ساتھ۔تفصیل کے ساتھ بیان کرنا)۔الْاٰيٰتِ:(آیات کو)منصوب بالکسرہ۔ مفعول بہٖ۔ لَعَلَّ: (شاید۔ تاکہ)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ لَعَلَّ کا اسم منصوب۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔لِقَاءِ:(ملاقات)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔تُوْقِنُوْنَ :(تم یقین رکھتے ہو۔ایمان رکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب

افعال۔صیغہ۔اَيْقَنَ يُوْقِنُ۔مصدر۔اِيْقَانٌ۔(یقین کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ی ق ن)مثال واوی ۔صیغہ۔يَقِنَ يَيْقَنُ۔مصدر۔يَقْناً۔يَقِيْناً۔(یقین کرنا)

ترجمہ آیت:اللہ وہی تو ہے جس نے ستونوں کے بغیر آسمان جیسا کہ تم دیکھتے ہو (اتنے) اونچے بنائے۔پھر عرش پر جا ٹھہرا اور سورج اور چاند کو کام میں لگادیا۔ہر ایک ایک میعاد معین تک گردش کررہا ہے۔وہی (دنیا کے) کاموں کا انتظام کرتا ہے (اس طرح) وہ اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتا ہے کہ تم اپنے پروردگار کے روبرو جانے کا یقین کرو

وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔الَّذِي :(جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر ۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ مَدَّ :(اس نے لمبا کیا۔اس نے کھینچا۔ بچھایا۔پھیلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م د د)مضاعف۔صیغہ۔مَدَّ يَمُدُّ۔مصدر مُدٌّ۔(لمبا کرنا۔کھینچنا۔پھیلانا۔بچھانا)۔ الْاَرْضَ :(زمین کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ :(اور)حرف عطف۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔رَوَاسِيَ : (پہاڑوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ :(اور)حرف عطف۔أَنْهَارًا :(دریاؤں کو)معطوف منصوب۔ وَ : (اور)حرف عطف۔مِنْ :(سے)حرف جار۔كُلِّ :(ہر۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ الثَّمَرَاتِ :(پھل۔فوائد)اسم مجرور۔جَعَلَ :(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ زَوْجَيْنِ :(جوڑے)تثنیہ۔منصوب۔علامت ۔ی۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ اثْنَيْنِ : (دو دو)صفت تثنیہ۔ علامت ۔ی۔منصوب۔ يُغْشِي :(چھا جاتی۔چھپا لیتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر

غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَغْشٰی یُغْشِیْ۔مصدر۔اِغْشَاءٌ۔(چھا جانا۔چھپا لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ش ی)ناقص یائی۔غَشِیَ یَغْشٰی۔مصدر۔غَشاً۔غَشْیًا۔(چھا جانا)۔ اللَّیْلَ : (رات)منصوب۔مفعول بہ۔النَّھَارَ :(دن)منصوب۔مفعول ثانی۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔فِيْ :(میں)حرف جار۔ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔مضاف۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔اٰیٰتٍ :(آیات۔نشانیاں) اِنَّ کا اسم مؤخر۔منصوب۔ لِّ :(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ :(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ یَّتَفَکَّرُوْنَ :(غور کرتے ہیں۔فکر کرتے ہیں۔سوچتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَکَّرَیُفَکِّرُ۔ مصدر۔تَفْکِیْرٌ۔(غور و فکر کرنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ک ر)صیغہ۔فَکَرَیَفْکُرُ۔مصدر۔ فِکْرٌ۔(غور کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور وہ وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ اور دریا پیدا کئے اور ہر طرح کے میوؤں کی دو دو قسمیں بنائیں۔وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے۔غور کرنے والوں کے لیے اس میں بہت سی نشانیاں ہیں۔

وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِیْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَیْرُ صِنْوَانٍ یُّسْقٰی بِمَآءٍ وَّاحِدٍ۟ وَ نُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰی بَعْضٍ فِی الْاُكُلِ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۴﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔فِي :(میں)حرف جار۔ الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ قِطَعٌ :(ٹکڑا)مبتداء مرفوع۔ مُّتَجَاوِرَاتٌ :(ہمسائے بنے ہوئے۔یعنی ملے ہوئے۔ایک دوسرے سے جڑے ہوئے)صفت مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔جَنَّاتٌ :(باغات)معطوف مرفوع۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔ أَعْنَابٍ :(انگوروں کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔زَرْعٌ :(کھیتی)معطوف۔مرفوع۔وَ :(اور)حرف عطف۔نَخِيْلٌ :(کھجوروں کے درخت)معطوف مرفوع۔ صِنْوَانٌ :(تنے)صفت مرفوع۔وَ :(اور)حرف عطف۔غَيْرُ:(علاوہ۔سوائے۔بغیر)معطوف مرفوع۔مضاف۔صِنْوَانٍ:(تنے)مجرور مضاف الیہ۔ يُسْقَى :

(وہ پلاتا ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(س ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔سَقٰی یَسْقِيْ ۔مصدر۔سَقْیٌ۔سِقَایَةٌ۔(پانی پلانا)۔جملہ محلاًصفت۔برائے تمام درختوں کی اقسام کی۔ بِ :(ساتھ۔سے)حرف جار۔مَاءٍ :(پانی)اسم مجرور۔ وَاحِدٍ :(کوئی ایک)صفت مجرور۔وَ :(اور)حرف عطف۔نُفَضِّلُ :(ہم ترجیح دیتے ہیں۔فضیلت دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَضَّلَ يُفَضِّلُ۔مصدر۔تَفْضِيْلٌ۔(فضیلت دینا۔ترجیح دینا)۔بَعْضَ :(بعض کو۔کچھ کو) منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَی :(اوپر)حرف جار۔ بَعْضٍ :(کچھ۔بعض)اسم مجرور۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الْأُكُلِ :(میوہ جات۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ فِي :(میں)حرف جار۔ ذَٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ)مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَاتٍ:(آیات۔نشانیاں)۔ إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔لِّ :(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ :(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔موصوف۔يَعْقِلُوْنَ :(وہ عقل سے کام لیتے ہیں)فعل مضاع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً مجرور صفت۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلٌ۔(عقل رکھنا۔سمجھ رکھنا)۔ جملہ محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اورزمین میں کئی طرح کے قطعات ہیں۔ایک دوسرے سے ملے ہوئے اورانگور کے باغ اور کھیتی اور کھجور کے درخت۔بعض کی بہت سی شاخیں ہوتی ہیں اور بعض کی اتنی نہیں ہوتیں (باوجود یہ کہ) پانی سب کوایک ہی ملتاہے۔اور ہم بعض میووں کو بعض پر لذت میں فضیلت دیتے ہیں۔اس میں سمجھنے والوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں

وَإِن تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ أَئِذَا كُنَّا تُرَابًا أَئِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ أُولَـٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ وَأُولَـٰئِكَ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَأُولَـٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٥﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ تَعۡجَبۡ:(تم کو حیرانی ہے۔تعجب کریں) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ب) صیغہ۔عَجِبَ يَعۡجَبُ۔مصدر۔عَجَبٌ۔(حیرت کا اظہار کرنا۔تعجب کرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ عَجَبٌ:(عجیب ہے)خبر مقدّم مرفوع۔ قَوۡلُ:(بات۔قول۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمۡ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔ أَ:(کیا)حرف استفهام۔ئِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ہمزہ زائد ہمزہ استفہام کی وجہ سے سابقہ متصل ہے ۔كُنَّا:(ہم ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ تُرَابًا:(مٹی) كَانَ کی خبر منصوب۔ أَ:(کیا)حرف استفهام۔ئِنَّا:(یقیناًہم)ہمزہ متصل۔بوجہ ہمزہ استفهام۔مرکب۔:(اِنَّ+نا)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ ۔فِي:(میں)حرف جار۔خَلۡقٍ:(پیدائش)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ خبر کی مرفوع۔ محلاً موصوف۔ جَدِيۡدٍ:(نئی)صفت مجرور۔تابع موصوف۔ أُولَٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِيۡنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر مرفوع۔ كَفَرُوۡا:(انہوں نے انکار کیا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام سے بغاوت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكۡفُرُ۔مصدر۔كُفۡرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔بِ: (ساتھ۔سے) حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أُولَٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الۡاَغۡلَالُ:(پھندے)مبتداء مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔أَعۡنَاقِ:(گردنوں)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔أُولَٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصۡحَابُ: (ساتھی۔دوست۔والے)خبر مرفوع۔مضاف۔ النَّارِ: (آگ۔دوزخ کے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هُمۡ:(ان

کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ خَالِدُوْنَ :(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔خبر مرفوع۔اور جملہ محلاً منصوب حال۔

ترجمہ آیت:اگر تم عجیب بات سننی چاہو تو کافروں کا یہ کہنا عجیب ہے کہ جب ہم (مر کر) مٹی ہو جائیں گے تو کیا از سر نو پیدا ہوں گے ؟یہی لوگ ہیں جو اپنے پروردگار سے منکر ہوئے ہیں۔اور یہی ہیں جن کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور یہی اہل دوزخ ہیں کہ ہمیشہ اس میں (جلتے) رہیں گے۔

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَسْتَعْجِلُوْنَ:(وہ جلدی طلب کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔استفعال۔صیغہ۔اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ۔ مصدر۔ اِسْتَعْجَالٌ۔(جلدی طلب کرنا)۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔السَّيِّئَةِ:(برائیوں)اسم مجرور۔قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الْحَسَنَةِ:(نیکیوں۔اچھائیوں)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَلَتْ : (گزر گئی۔خالی ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔خَلَا يَخْلُو۔مصدر۔خُلُوٌّ۔خَلَاءٌ۔(وقت۔گزرنا۔خالی ہونا۔تنہا ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے) ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِمُ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔ الْمَثُلَاتُ:(ناک کان ۔جسم کے حصے کاٹ کر ذلیل کرنا۔عبرت ناک سزائیں)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبَّ:(ربّ) اِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(ضرور)لائے

تاکید۔مزحلقہ۔ذُو:(والا)اس ستّہ مکبّرہ۔ اِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔مَغۡفِرَةٍ:(مغفرت)مجرور۔مضاف الیہ۔لِّ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگ کے)اسم مجرور۔عَلٰى:(پر)حرف جار۔ظُلۡمِ:(ظلم۔اندھیر)اسم مجرور۔مضاف۔هِمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبَّ:(ربّ) اِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(ضرور۔البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔شَدِيۡدُ :(سخت۔) اِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔الۡعِقَابِ :(سزاء۔مار۔وہ سزا جو جرم کے پیچھے دی جاتی ہے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور یہ لوگ بھلائی سے پہلے تم سے برائی کے جلد خواستگار یعنی (طالب عذاب) ہیں حالانکہ ان سے پہلے عذاب(واقع) ہو چکے ہیں اور تمہارا پروردگار لوگوں کو باوجود ان کی بےانصافیوں کے معاف کرنے والا ہے۔ اور بے شک تمہارا پروردگار سخت عذاب دینے والا ہے۔

وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوۡلَاۤ اُنۡزِلَ عَلَيۡهِ اٰيَةٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَاۤ اَنۡتَ مُنۡذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوۡمٍ هَادٍ ﴿۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَقُوۡلُ :(وہ کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ الَّذِيۡنَ :(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔كَفَرُوۡا:(انہوں نے انکار کیا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام سے بغاوت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكۡفُرُ۔مصدر۔كُفۡرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ محلاًجملہ خبر مرفوع۔لَوۡلَا:(کیوں نہیں)حرف تحضیض۔زجر و توبیخ لے لئے۔اُنۡزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنۡزَلَ يُنۡزِلُ ۔مصدر۔اِنۡزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنۡزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوۡلٌ۔(اترنا)۔ عَلَيۡ: (پر) حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاًاسم مجرور۔اٰيَةٌ:(آیت)نائب فاعل۔مرفوع۔ مِّنۡ:(سے)حرف

جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّمَا :(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أَنتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبتداء مرفوع۔ مُنذِرٌ:(تنبیہ کرنے والا۔خبردار کرنے والا)اسم فاعل۔خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور ۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدّم مرفوع۔مضاف۔ قَوْمٍ:(قوم)مجرور مضاف الیہ۔ هَادٍ :(ہدایت دینے والا۔راہنمائی کرنے والا۔ ہادی)اسم فاعل۔محلاًمبتداءمؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ اس (پیغمبر) پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی نازل نہیں ہوئی۔ سو (اے محمد ﷺ) تم تو صرف ہدایت کرنے والے ہو اور ہر ایک قوم کے لیے رہنما ہوا کرتا ہے۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۭ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ﴿۸﴾

اَللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ تَحْمِلُ:(وہ بوجھ اٹھاتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ح م ل)صیغہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر۔ حَمْلٌ۔ (اٹھانا)۔ كُلُّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔مضاف۔أُنثَى :(مادہ)مجرور تقدیراً۔مضاف الیہ۔وَ: (اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ تَغِيضُ:(سکڑتا ہے۔کم ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ی ض)اجوف واوی۔ الْأَرْحَامُ:(رِحْمٌ کی جمع۔بچہ دانی)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ تَزْدَادُ :(بڑھتا ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اِزْدَادَ

يَزْدَادَ۔مصدر۔اِزْدَادَ۔(بڑھنا۔زیادہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د) اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ یَزِیْدُ ۔ مصدر۔زِیَادَۃٌ۔(زیادہ کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُلُّ:(ہر۔تمام) برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔ مضاف۔شَيْءٍ:(شئے)مجرور مضاف الیہ۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ مِقْدَارٍ:(مقدار۔ایک اندازہ۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اللہ ہی اس بچے سے واقف ہے جو عورت کے پیٹ میں ہوتا ہے اور پیٹ کے سکڑنے اور بڑھنے سے بھی (واقف ہے)۔اور ہر چیز کا اس کے ہاں ایک اندازہ مقرر ہے۔

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ﴿٩﴾

عَالِمُ:(جاننے والا)مبتداء مرفوع۔مضاف۔الْغَيْبِ:(پوشیدہ۔غیب۔)مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔الشَّهَادَةِ :(سامنے۔موجود)معطوف مجرور۔موصوف۔الْكَبِيْرُ:(بڑی)خبر ثانی مرفوع۔ الْمُتَعَالِ: (بہت بلند)خبر ثالث مرفوع۔ اصلاً الْمُتَعَالِيْ تھا۔ی۔ محذوف۔علامت مرفوع تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت:وہ دانائے نہاں وآشکار ہے سب سے بزرگ (اور) عالی رتبہ ہے۔

سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۭ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ﴿١٠﴾

سَوَاءٌ:(برابر ہے)خبر مقدّم۔مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مَّنْ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء۔مؤخر۔أَسَرَّ:(اس نے چھپا رکھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسَرَّا يُسِرُّ۔مصدر۔اِسْرَارٌ۔(راز رکھنا۔چھپا رکھنا) الْقَوْلَ:(بات۔قول کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔مؤخر۔ جَهَرَ:(بلند آواز سے کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ج

ھ ر)صیغہ۔جَهَرَ يَجْهَرُ۔مصدر۔جَهْرٌ۔(بلند آواز کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مفعول بہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔مُسْتَخْفٍ:(چھپنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔اللَّيْلِ:(رات)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ سَارِبٌ :(گلیوں میں گھومنے والا)۔اسم فاعل مرفوع۔واحد مذکر۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔النَّهَارِ : (دن)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:کوئی تم میں سے چپکے سے بات کہے یاپکار کریارات کو کہیں چھپ جائے یادن کی روشنی میں کھلم کھلا چلے پھرے(اس کے نزدیک) برابر ہے۔

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ مُعَقِّبَاتٌ:(باری سے آنے والے۔پیچھے سے آنے والے)مبتداء مؤخر مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔بَيْنِ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت مرفوع۔ يَدَيْ:(ہاتھوں)اصلاً يَدَيْنِ ہے۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔خَلْفِ:(پیچھے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مجرور مضاف الیہ۔ يَحْفَظُوْنَ:(وہ حفاظت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ف ظ)صیغہ۔حَفِظَ يَحْفِظُ۔مصدر۔حِفْظٌ۔(حفاظت کرنا)۔ هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔ أَمْرِ :(حکم۔فیصلہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُغَيِّرُ :(تبدیل ہوتی ہے)

فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ غَيَّرَ يُغَيِّرُ۔ مصدر۔ تَغْيِيْرٌ۔ (تبدیل ہونا)۔ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مَا :(جو)اسم موصول۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ قَوْمٍ :(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ حَتَّى: (یہاں تک)حرف غایت۔ اَنْ مضمر۔ ناصب مضارع۔ يُغَيِّرُوا:(تبدیل ہوتی ہے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ غَيَّرَ يُغَيِّرُ۔ مصدر۔ تَغْيِيْرٌ۔ (تبدیل ہونا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ بِ:(ساتھ۔ میں)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔ نفسوں۔ جانوں۔ دلوں)اسم مجرور۔ مضاف ۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔ أَرَادَ:(اس نے ارادہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔ چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(رود)صیغہ۔ رَادَ يَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ: (ساتھ۔ سے)حرف جار۔ قَوْمٍ :(قوم۔ لوگ)اسم مجرور۔ سُوءًا:(برابر)منصوب مفعول بہٖ۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ مَرَدَّ :(ردّ کرنا۔ لوٹانا)لائے نفی کا اسم منصوب۔ مصدر میمی۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً لائے نفی جنس کی خبر۔ مرفوع۔۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ :(اس کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔ مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔ سوائے)ظرف مکان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ زائدہ۔ وَالٍ :(سرپرس۔ والی۔ مددگار۔ کارساز)اصلاً وَالِيٌ تھا۔ مبتداء مؤخر۔ لفظاً مجرور۔ محلاً مرفوع بالکسرہ۔

ترجمہ آیت:اس کے آگے اور پیچھے اللہ کے چوکیدار ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ اللہ اس (نعمت) کو جو کسی قوم کو (حاصل) ہے نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اپنی حالت کو نہ بدلے۔ اور جب اللہ کسی قوم کے ساتھ برائی کا ارادہ کرتا ہے تو پھر وہ پھر نہیں سکتی۔ اور اللہ کے سوا ان کا کوئی مددگار نہیں ہوتا۔

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ یُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر۔مرفوع۔يُرِي:(وہ دکھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔صیغہ۔اَرٰی یُرٰی۔مصدر۔اِرَاءَةٌ۔(دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كُمُ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ ضمہ برائے اتصال مابعد۔ الْبَرْقَ :(بجلی)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔خَوْفًا:(خوف۔ڈر۔)منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔طَمَعًا:(امید دلانے)معطوف۔ منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُنْشِئُ:(وہ پیدا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔اَنْشَاءَ يُنْشِئُ۔مصدر۔اِنْشَاءٌ۔(پیدا کرنا) السَّحَابَ:(بادلوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ الثِّقَالَ:(بوجھل۔بھاری)۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور وہی تو ہے جو تم کو ڈرانے اور امید دلانے کے لیے بجلی دکھاتا اور بھاری بھاری بادل پیدا کرتا ہے

وَ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ ۚ وَ یُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَیُصِیْبُ بِهَا مَنْ یَّشَآءُ وَ هُمْ یُجَادِلُوْنَ فِی اللّٰهِ ۚ وَ هُوَ شَدِیْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يُسَبِّحُ :(تسبیح کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحٌ۔(تسبیح کرنا۔پاکیزگی۔ تیزی سے تیرنے کی مانند پاکیزگی بیان کرنا)۔

الرَّعْدُ:(کڑک۔چمک)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔حَمْدِ:(تعریف)اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ: (اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَلٰٓئِكَةُ:(مَلَكٌ کی جمع ۔فرشتے)معطوف مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ خِيْفَتِ:(ڈرا۔خوف)اصلی خِيْفَةِ رسم الخط ہے۔اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُرْسِلُ:(بھجواتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبااور سیدھاہونا)۔ الصَّوَاعِقَ:(صَاعِقَةٌ کی جمع۔بجلیاں)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔يُصِيْبُ:(پہنچاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ يُصِيْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ص و ب)صیغہ صَابَ يَصُوْبُ۔صَوْبًا۔ مصدر۔ صَوْبًا: (بارش برسنا)۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مفعول بہٖ۔ يَشَآءُ:(وہ چاہتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ شَآءَ يَشَآءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يُجَادِلُوْنَ :(جو جھگڑا کرتے ہیں۔جنگ کرتے ہیں)۔فعل مضارع۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبرف مرفوع۔اور محلاً جملہ منصوب۔حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔صیغہ۔جَادَلَ يُجَادِلُ۔مصدر۔مُجَادَلَةٌ۔(باہم جنگ کرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔ شَدِيْدُ :(بہت سخت)خبر مرفوع۔اور جملہ محلاً منصوب حال۔ مضاف۔الْمِحَالِ :(قوت والا۔سزاء دینے والا۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور رعد اور فرشتے سب اس کے خوف سے اس کی تسبیح و تحمید کرتے رہتے ہیں اور وہی بجلیاں بھیجتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے گرا بھی دیتا ہے اور وہ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں۔ اور وہ بڑی قوت والا ہے۔

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾

لَ: (لئے) حرف جار۔ هٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ دَعْوَةُ: (دعوت۔ بلاوا) مبتداء مرفوع ۔مضاف۔ الْحَقِّ: (حق سچ۔ درست) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف جار۔ الَّذِيْنَ: (وہ جو) اسم موصول ۔ جمع مذکر۔ مبنی برفتحہ۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ يَدْعُوْنَ: (وہ بلاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (د ع و) ناقص واوی۔ صیغہ۔ دَعَا يَدْعُو۔ مصدر۔ دَعْوَةٌ (پکارنا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ دُوْنِ: (علاوہ۔ سوائے) ظرف مکان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ هٖ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی برکسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ يَسْتَجِيبُوْنَ: (قبول کرتا ہے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِستِجَابَ يَستجِيْبُ۔ مصدر۔ اِسْتِجَابَةٌ۔ (قبول کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ج و ب) صیغہ۔ جَابَ يَجُوْبُ۔ مصدر۔ جَوْبًا۔ (پتھر گھڑنا۔ تراشنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ شَيْءٍ: (کوئی چیز)۔ اسم مجرور۔ اِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ كَ: (جیسے۔ مانند۔ طرح) حرف جار۔ و حرف تشبیہ۔ بَاسِطِ: (وسیع کرنے والا۔ پھیلانے والا) اسم فاعل۔ محلاً اسم مجرور۔ كَفَّيْ: (دونوں ہتھیلیاں) اصلاً كَفَّيْنِ ہے۔ نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔ هٖ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِلَى: (طرف۔ تک) حرف جار۔ الْمَاءِ: (پانی) اسم مجرور۔ لِ: (تاکہ) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ يَبْلُغَ: (وہ پہنچے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت ۔حل اعراب مفتوح۔ فَا: (منہ) منصوب۔ علامت الف۔ از ستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔ هٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر

غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔بَالِغِ:(پہنچنے والا۔)اسم فاعل۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔هِ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ مہملہ۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔دُعَاءُ:(التجاء۔دعا۔پکار)مبتداء مرفوع۔ الْكَافِرِيْنَ :(کافر۔اللہ کے احکام سے انکار کرنے والے)مجرور مضاف الیہ۔علامت ۔ی۔ اِلَّا :(مگر)حرف حصر۔ فِي :(میں)حرف جار۔ ضَلَالٍ:(گمراہی۔گم ہونا۔راستہ کھودینا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: سودمند پکارنا تو اسی کا ہے اور جن کو یہ لوگ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ ان کی پکار کو کسی طرح قبول نہیں کرتے مگر اس شخص کی طرح جو اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلا دے تاکہ (دور ہی سے) اس کے منہ تک آ پہنچے حالانکہ وہ (اس تک کبھی بھی) نہیں آ سکتا اور (اسی طرح) کافروں کی پکار بیکار ہے۔

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔ يَسْجُدُ: (وہ سجدہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا)۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔فِي:(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں میں ہے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْاَرْضِ: (زمین)معطوف مجرور۔ طَوْعًا:(اطاعت گزار ہو کر۔رضاکارانہ طور پر۔خوشی سے۔)منصوب حال۔ وَ:(اور) حرف عطف۔كَرْهًا:(ناپسند کرتے ہوئے۔مجبوراً)معطوف منصوب۔یعنی بلا چون چرا سر تسلیم خم کرتے ہیں۔عمل بجا لاتے ہیں۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ظِلَالُ:()معطوف مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف

جار۔الْغُدُوِّ:(غَدَاوَۃٌ کی جمع۔صبحوں کو)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْاٰصَالِ :(اَصِیْلٌ کی جمع ۔شاموں کو)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت:اور جتنی مخلوقات آسمانوں اور زمین میں ہے خوشی سے یا زبردستی سے اللہ کے آگے سجدہ کرتی ہے اور ان کے سائے بھی صبح وشام (سجدے کرتے ہیں۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لَا نْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِى الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾

قُلْ:(تم کہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ مَنْ:(کون ہے ؟)اسم استفہام۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ رَّبُّ:(ربّ)خبر مرفوع۔مضاف۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں کا)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْاَرْضِ :(زمین)معطوف مجرور۔قُلِ:(تم کہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جلالہٗ نے)مبتداء۔مرفوع۔خبر رَبّ محذوف۔قُلْ :(تم کہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(تو)حرف عطف۔اِتَّخَذْتُمْ :(تم نے بنالیا۔پکڑ لیا)۔فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(سوائے۔علاوہ)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَوْلِیَآءَ:(سرپرست۔ حامی۔ دوست۔ کارساز) منصوب۔ مفعول بہ۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔ یَمْلِكُوْنَ:(طاقت رکھتے ہیں۔اختیار رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔

مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَكَ يَمْلِكُ۔مصدر۔مَلْكٌ۔(مالک ہونا۔اختیار رکھنا۔) لِ:(لئے۔)حرف جار۔اَ نفُسِ: (جانوں۔نفسوں۔جسموں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نَفْعًا:(کوئی فائدہ)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ ہی)لائے نافیہ۔ ضَرًّا: (ضرر۔نقصان)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ قُلْ:(تم کہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ هَلْ:(کیا)اسم استفہام۔يَسْتَوِي:(برابر ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب تقدیراً مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰی يَسْتَوِىْ۔مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(ٹھہرنا۔مضبوط ہونا۔برابر ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی+ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِیَ يَسْوٰی۔مصدر۔سَوِیً۔(برابر ہونا۔پکا ہونا۔استقامت رکھنا)۔ الْاَعْمٰی: (اندھا) فاعل مرفوع۔تقدیرا مضموم۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْبَصِيْرُ:(دیکھنے والا۔)معطوف مرفوع۔ أَمْ:(یا)حرف عطف۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ تَسْتَوِي:(برابر ہو تا ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔مرفوع۔ علامت محل اعراب تقدیراً مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰی يَسْتَوِىْ۔ مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔ (ٹھہرنا۔مضبوط ہونا۔برابر ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س وی)لفیف مقرون۔اجوف واوی+ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِیَ يَسْوٰی۔مصدر۔سَوِیً۔(برابر ہونا۔پکا ہونا۔استقامت رکھنا)۔ الظُّلُمٰتُ:(اندھیرا)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔النُّوْرُ:(روشنی)معطوف مرفوع۔أَمْ:(یا)حرف عطف۔ جَعَلُوْا:(انہوں نے بنایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔شُرَكَاءَ:(شریک۔ہمسر)منصوب۔مفعول بہ۔خَلَقُوْا:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ كَ : (مانند۔

طرح)حرف جار۔+ حرف تشبیہ۔مضاف۔خَلْقِ:(پیدائش کی)اسم مجرور۔مضاف۔ہِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔نائب مفعول مطلق۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَشَابَہَ :(وہ مشتبہ ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث۔غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔صیغہ۔تَشَابَہَ یَتَشَابَہُ۔ مصدر۔تَشَابُہٌ۔(مشتبہ ہونا۔مشکوک ہونا)۔الْخَلْقُ:(پیدائش)فاعل مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ ھِمْ : (ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ قُلِ:(تم کہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)مبتداء مرفوع۔خَالِقُ:(پیدا کرنے والا ہے)خبر مرفوع۔مضاف۔ كُلِّ:(تمام۔ہر)برائے تاکید۔مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ شَيْءٍ: (شئے) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ھُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْوَاحِدُ : (ایک ہی)خبر مرفوع۔ الْقَھَّارُ :(قہار۔زبردست)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے؟(تم ہی ان کی طرف سے) کہہ دو کہ اللہ۔ پھر (ان سے) کہو کہ تم نے اللہ کو چھوڑ کر ایسے لوگوں کو کیوں کارساز بنایا ہے جو خود اپنے نفع ونقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے(یہ بھی) پوچھو کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہیں؟ یا اندھیرا اور اُجالا برابر ہو سکتا ہے؟ بھلا ان لوگوں نے جن کو اللہ کا شریک مقرر کیا ہے۔کیا انہوں نے اللہ کی سی مخلوقات پیدا کی ہے جس کے سبب ان کو مخلوقات مشتبہ ہوگئی ہے۔ کہہ دو کہ اللہ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ یکتا (اور) زبردست ہے۔

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِیَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّیْلُ زَبَدًا رَّابِیًا ؕ وَ مِمَّا یُوْقِدُوْنَ عَلَیْهِ فِی النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْیَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَ الْبَاطِلَ ؕ۬ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَیَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَ اَمَّا مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْكُثُ فِی الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ﴿۱۷﴾

أَنْزَلَ :(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ یُنْزِلُ ۔مصدر۔ اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ مِنَ:

(سے)حرف جار۔السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔مَاءً:(پانی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ سَالَتْ:(وہ بہہ گئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تانیث تْ ضمیر ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (س ی ل)اجوف یائی۔صیغہ۔سَالَ يَسِيْلُ۔مصدر۔سَيْلَانٌ۔(بہنا۔پانی کا چلنا۔)۔أَوْدِيَةٌ:(وادِيْ کی جمع۔ ندی۔نالے)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔قَدَرِ:(اندازہ۔مقدار۔وسعت)اسم مجرور۔مضاف۔هَا: (وہ۔اپنی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔اِحْتَمَلَ :(اس نے اٹھالیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِحْتَمَلَ يَحْتَمِلُ۔مصدر۔اِحْتِمَالٌ۔ (اٹھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔ حَمْلٌ۔ (اٹھانا)۔ السَّيْلُ:(سیلاب۔باڑ۔ہڑ)فاعل مرفوع۔ زَبَدًا:(جھاگ۔کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔موصوف۔ رَّابِيًا:(ابھرا ہوا۔اوپر آیا ہوا۔)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+ مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کی خبر مقدّم مرفوع۔يُوقِدُوْنَ:(وہ جلاتے ہیں۔گرم کرتے ہیں۔پگھلاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْقَدَ يُوْقِدُ۔مصدر۔اِيْقَادٌ۔(گرم کرنا۔آگ جلانا۔روشن کرنا۔پگھلانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق د)مثال واوی۔صیغہ۔وَقَدَ يَقِدُ۔مصدر۔قِدَةً۔وَقْدًا۔وَقُوْدًا۔(دھکانا۔سلگانا۔جلانا۔شعلہ پیدا کرنا)۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فِي:(میں)حرف جار۔النَّارِ:(آگ)اسم مجرور۔ ابْتِغَاءَ:(تلاش کرنا)منصوب۔مفعول لہٗ۔مضاف۔حِلْيَةٍ:(زیور)مجرور۔مضاف الیہ۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ مَتَاعٍ:(سامان۔پونجی۔فائدہ)معطوف مجرور۔زَبَدٌ:(جھاگ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔موصوف۔ مِّثْلُ:(مانند۔ طرح۔جیسی)صفت۔مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔كَذَلِكَ:(اسی طرح۔اس کی مانند)مرکب: (كَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ذَا اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم+لِ بُعد کے لئے+كَ خطاب کے لئے۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔نائب مفعول مطلق۔ يَضْرِبُ:(بیان

کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔ مصدر۔ضَرْبٌ۔(مارنا۔بیان کرنا۔چلنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ الْحَقَّ :(حق۔سچ)منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْبَاطِلَ:(جھوٹ۔غلط۔باطل)معطوف منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ أَمَّا:(سو۔مگر۔لیکن۔رہے۔بہر حال۔جو)حرف شرط و تفصیل۔ الزَّبَدُ:(جھاگ)مبتداء۔مرفوع۔ فَ: (پس)برائے رابطہ جواب شرط۔يَذْهَبُ :(وہ جاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔مصدر۔ذَهَابٌ۔(لے جانا۔جانا)۔جُفَاءً:(کُکھ کان۔ جھاگ۔کوڑہ کرکٹ۔ناکارہ۔ناچیز)منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَمَّا:(سو۔مگر۔لیکن۔رہے۔بہر حال۔جو)حرف شرط و تفصیل۔ مَا :(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔غیر جازم۔ يَنفَعُ :(نفع دیتاہے۔فائدہ دیتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ن ف ع)۔نَفَعَ يَنْفَعُ۔مصدر۔نَفْعٌ۔(فائدہ ہونا۔نفع دینا)۔النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پس)برائے جواب شرط۔يَمْكُثُ :(وہ ٹھہرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(م ک ث)صیغہ۔مَكَثَ يَمْكُثُ۔مصدر۔مَكْثٌ۔(ٹھہرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ كَذَلِكَ:(اسی طرح۔اس کی مانند)مرکب:(كَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ وحرف جار۔ذَاسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع مقدّم+لِ بُعد کے لئے+كَ خطاب کے لئے۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔نائب مفعول مطلق۔يَضْرِبُ:(بیان کرتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب) صیغہ۔ ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبٌ۔(مارنا۔بیان کرنا۔چلنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ الْأَمْثَالَ : (مثالوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت:اسی نے آسمان سے مینہ برسایا پھر اس سے اپنے اپنے اندازے کے مطابق نالے بہہ نکلے پھر نالے پر پھولا ہوا جھاگ آ گیا۔اور جس چیز کو زیور یا کوئی اور سامان بنانے کے لیے آگ میں تپاتے ہیں اس میں بھی ایسا ہی

جھاگ ہوتا ہے۔اس طرح اللہ حق اور باطل کی مثال بیان فرماتا ہے۔سو جھاگ تو سوکھ کر زائل ہو جاتا ہے۔اور (پانی) جو لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے وہ زمین میں ٹھہرا رہتا ہے۔اس طرح اللہ (صحیح اور غلط کی) مثالیں بیان فرماتا ہے(تاکہ تم سمجھو)۔

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ۣ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ سُوْۗءُ الْحِسَابِ ڏ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾

لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ اسْتَجَابُوْا:(انہوں نے قبول کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِستِجَابَ يَستجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(قبول کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ج و ب) صیغہ۔ جَابَ يَجُوْبُ۔مصدر۔جَوْبًا۔(پتھر گھڑنا۔ تراشنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔ الْحُسْنَى:(خوب خوبصورت۔بہت ہی عمدہ۔)افعل التفضیل مونث۔مبتداء مؤخر۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مفعول بہ۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَسْتَجِيبُوْا:(وہ قبول کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔ اِستِجَابَ يَستجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(قبول کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج و ب) صیغہ۔ جَابَ يَجُوْبُ۔مصدر۔جَوْبًا۔(پتھر گھڑنا۔ تراشنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ لَوْ:(اگر)شرطیہ۔غیر جازم۔ أَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مقدّم مَّا:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ أَنَّ کا اسم مؤخر۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔جَمِيْعًا:(سارے

کا سار)برائے تاکید۔منصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِثْلَ:(مثال۔مانند)معطوف منصوب۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔برائے جواب لَوْ۔افْتَدَوْا:(انہوں نے فدیہ دیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٴ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفْتَدٰی یَفْتَدِیْ۔مصدر۔اِفْتِدَاءٌ۔(فدیہ دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔فَدٰی یَفْدِیْ۔مصدر۔فَدًی۔فَدَاءً۔فَدًی۔(فداء ہونا۔واری واری جانا۔جان نثاری کرنا۔فَدَتَّ الْمِرَاۃُ نَفْسَھَا مِنْ زَوْجِھَا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔اُولٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و موٴنث۔مبتداء۔مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔سُوْءُ:(برا)مبتداء مرفوع۔مضاف۔الْحِسَابِ :(حساب)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَاْوٰا:(ٹھکانا۔جگہ۔پناہ گاہ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ جَهَنَّمُ:(دوزخ۔جہنم)خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔بِئْسَ:(برا)فعل ذم ماضی۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ الْمِهَادُ:(انسٹیٹیوٹ۔ٹھکانہ۔قرار گاہ۔)فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت:جن لوگوں نے اللہ کے حکم کو قبول کیا ان کی حالت بہت بہتر ہو گی۔اور جنہوں نے اس کو قبول نہ کیا اگر روئے زمین کے سب خزانے ان کے اختیار میں ہوں تو وہ سب کے سب اور ان کے ساتھ اتنے ہی اور (نجات کے) بدلے میں صرف کرڈالیں (مگر نجات کہاں؟) ایسے لوگوں کا حساب بھی برا ہو گا۔اور ان کا ٹھکانا بھی دوزخ ہے۔اور وہ بری جگہ ہے۔

اَفَمَنْ یَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ الْحَقُّ کَمَنْ ھُوَ اَعْمٰی اِنَّمَا یَتَذَکَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۹﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔ یَعْلَمُ: (وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔أَنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(إِنَّ +مَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أُنزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ یُنْزِلُ ۔مصدر۔ اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ إِلَيْ: (طرف)حرف جار۔كَ :(تیر)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تم)ضمیر واحد مذکرغائب۔محلاً اسم مجرور۔الْحَقُّ :(حق۔سچ)خبر مرفوع۔مضاف۔كَ:(جیسے)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔ هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَعْمَىٰ:(اندھا)خبر مرفوع ۔إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ يَتَذَكَّرُ:(وہ نصیحت پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔ مصدر۔تَذَكُّرٌ۔(نصیحت پکڑنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔أُوْلُوا:(ذُو کی جمع۔والے)از ستّہ مکبّرہ۔فاعل مرفوع۔جمع مذکر۔مضاف۔ الْأَلْبَابِ:(لب کی جمع۔عقل والے) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: بھلا جو شخص یہ جانتا ہے کہ جو کچھ تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے حق ہے وہ اس شخص کی طرح ہے جو اندھا ہے اور سمجھتے تو وہی ہیں جو عقلمند ہیں

الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ﴿٢٠﴾

الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً أُوْلُوْا کی صفت مرفوع۔یا بدل منہ۔ یُوْفُوْنَ: (وہ پورا کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب اِفْعالٌ ۔صیغہ اَوْفٰی یَوْفِیْ۔مصدر۔اِیْفَاءٌ۔(موت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی) مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰی یَفِیْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔عَھْدِ: (عہد۔میثاق۔پختہ وعدہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں) نافیہ۔یَنْقُضُوْنَ :(وہ توڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔الْمِیْثَاقَ :(میثاق۔وعدہ۔پختہ عہد)منصوب مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت:جو اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور اقرار کو نہیں توڑتے۔

وَالَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰہُ بِہٖٓ اَنْ یُّوْصَلَ وَیَخْشَوْنَ رَبَّھُمْ وَیَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿۲۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبتداء مرفوع۔یَصِلُوْنَ :(ملائے رکھتے ہیں۔جوڑے رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ل)مثال واوی۔صیغہ وَصَلَ یَصِلُ۔مصدر۔ وَصْلٌ۔ (جوڑنا۔ملانا۔پاس آنا۔دوستی چاہنا)۔ مَا:(جو۔جس کا)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔أَمَرَ :(اس نے حکم دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔ مصدر۔ اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔ اللّٰہُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔ہٖ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یُّوْصَلَ:(وہ جوڑا جائے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْصَلَ یُوْصِلُ۔مصدر۔اِیْصَالٌ۔(پہنچانا۔جوڑنا۔ملانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ل)مثال واوی۔صیغہ وَصَلَ یَصِلُ۔مصدر۔وَصْلٌ۔(جوڑنا۔ملانا۔پاس آنا۔دوستی چاہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یَخْشَوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔

علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع ۔ مادہ(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَشِیَ یَخۡشٰی۔مصدر۔خَشۡیَۃٌ۔(ڈرنا)۔ رَبَّ:(ربّ سے) منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یَخَافُوۡنَ :(وہ خوف کھاتے ہیں۔ڈرتے ہیں۔گناہوں سے احتیاط کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ و ف)اجوف واوی۔ صیغہ ۔خَافَ یُخَافُ۔مصدر۔ خَوۡفٌ۔ خِیۡفَۃٌ۔(ڈرنا۔خوف کھانا)۔سُوۡءَ:(برا)منصوب مفعول بہٖ۔ مضاف۔ الۡحِسَابِ:(حساب کا)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور جن(رشتہ ہائے قرابت) کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم دیاہے ان کو جوڑے رکھتے اور اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے اور برے حساب سے خوف رکھتے ہیں

وَ الَّذِیۡنَ صَبَرُوا ابۡتِغَآءَ وَجۡهِ رَبِّهِمۡ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَ اَنۡفَقُوۡا مِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ سِرًّا وَّ عَلَانِیَۃً وَّ یَدۡرَءُوۡنَ بِالۡحَسَنَۃِ السَّیِّئَۃَ اُولٰٓئِکَ لَهُمۡ عُقۡبَی الدَّارِ ﴿۲۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِیۡنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ صَبَرُوۡا: (انہوں نے استقامت دکھائی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ یَصۡبِرُ۔مصدر۔صَبۡرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ ابۡتِغَاءَ:(چاہنے کے لئے)۔مصدر۔ تلاش کرنا۔چاہنا۔منصوب مفعول لہٗ۔مضاف۔وَجۡهِ:(چہرہ۔رضامندی۔خوشنودی)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔رَبِّ:(ربّ) مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔هِمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَقَامُوۡا:(انہوں نے قائم کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔صیغہ۔ اَقَامَ یُقِیۡمُ۔مصدر۔ اِقَامَۃٌ۔(قائم کرنا۔کھڑی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ یَقُوۡمُ۔ مصدر۔ قَوۡمًا۔ قِیَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔ الصَّلَاۃَ:(صلوٰۃ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنۡفَقُوۡا :(انہوں نے خرچ کیا۔) فعل ماضی جمع

مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنۡفَقَ یُنۡفِقُ۔ مصدر۔اِنۡفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِّنۡ+مَّا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ رَزَقۡنَا:(ہم نے رزق دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب۔ نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ یَرۡزُقُ۔مصدر۔رِزۡقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ سِرًّا:(پوشیدہ طور پر۔خفیہ۔رازدارانہ)منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَلَانِيَةً:(ظاہراً۔کھلے عام۔)معطوف منصوب۔ وَ: (اور)حرف عطف۔يَدۡرَءُوۡنَ:(وہ ہٹا دیتے ہیں۔دور کر دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔دَرَءَ يَدۡرَؤُ۔مصدر۔دَرۡءٌ۔(دور کرنا۔ہٹانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الۡحَسَنَةِ :(نیکی۔بھلائی کے)اسم مجرور۔ السَّيِّئَةَ:(برائی کو)منصوب۔مفعول بہ۔ أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ عُقۡبَى:(نتیجہ۔عاقبت۔انجام۔بدلہ۔کسی چیز کی جزاء)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ اور جملہ محلاًأُولَئِكَ مبتداء کی خبر۔مضاف۔ الدَّارِ:(گھر)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور جو پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے (مصائب پر) صبر کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور جو(مال) ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں اور نیکی سے برائی دور کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جن کے لیے عاقبت کا گھر ہے۔

جَنّٰتُ عَدۡنٍ يَّدۡخُلُوۡنَهَا وَمَنۡ صَلَحَ مِنۡ اٰبَآئِهِمۡ وَاَزۡوَاجِهِمۡ وَذُرِّيّٰتِهِمۡ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ يَدۡخُلُوۡنَ عَلَيۡهِمۡ مِّنۡ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾

جَنّٰتُ:(باغات)عُقۡبَى الدَّارِ۔کابدل مرفوع۔مضاف۔ عَدۡنٍ :(ہمیشگی۔سرسبز رہنے والے باغات)مجرور مضاف الیہ۔يَدۡخُلُوۡنَ:(وہ داخل ہوں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی

موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔ مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا)۔ هَا:(اس میں)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مرجع۔ جَنّٰتُ ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔صَلَحَ:(درست ہوا۔نیک ہوا۔سدھر گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ۔(ص ل ح)صیغہ۔صَلَحَ یَصْلُحُ۔مصدر۔صَلَاحٌ۔(سدھرنا۔درستی کرنا۔ صحیح ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔آبَاءِ:(باپ۔دادوں) اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلً منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَزْوَاجِ:(بیویوں)معطوف مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ذُرِّيّٰتِ: (بچے۔ اولادیں) معطوف مجرور۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔الْمَلَاۗئِكَةُ:(فرشتے۔کائناتی قوتیں۔ غیر مرئی قوتیں)مبتداء۔مرفوع۔یَدْخُلُوْنَ:(وہ داخل ہوں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد باب۔ نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمْ: (ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ بَابٍ:(دروازہ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(یعنی) ہمیشہ رہنے کے باغات جن میں وہ داخل ہوں گے اور ان کے باپ دادا اور بیبیوں اور اولاد میں سے جو نیکوکار ہوں گے وہ بھی (بہشت میں جائیں گے) اور فرشتے (بہشت کے) ہر ایک دروازے سے ان کے پاس آئیں گے۔

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾

سَلَا مٌ:(سلام ہو۔سلامتی ہو۔مصائب و آلام سے دور رہنا۔چھٹکارا پانا۔بری ہونا۔)مبتداء مرفوع۔ عَلَيْ: (پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ صَبَرْتُمْ:()۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔ (استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ ڈٹے رہنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔نِعْمَ:()فعل مقاربہ ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے عُقْبَى:(جزاء۔بدلہ۔انجام۔نتیجہ)فاعل مرفوع۔مضاف۔ الدَّارِ:(گھر کا)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(اور کہیں گے) تم پر رحمت ہو(یہ) تمہاری ثابت قدمی کا بدلہ ہے اور عاقبت کا گھر خوب(گھر) ہے۔

وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَنْقُضُوْنَ:(توڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ق ض)صیغہ۔نَقَضَ يَنْقُضُ۔مصدر۔نَقْضٌ۔(توڑنا)۔عَهْدَ:(عہد۔وعدہ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرو۔مضاف۔مِيْثَاقِ:(میثاق۔پختہ وعدہ۔عہد)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَقْطَعُوْنَ :(قطع کرتے ہیں۔کاٹتے ہیں۔روکتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع)صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعٌ۔(کاٹنا۔طے کرنا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب ۔ مفعول بہ۔ أَمَرَ:(اس نے حکم دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔مصدر۔اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ بِ:

(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُّوْصَلَ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْصَلَ يُوْصِلُ۔مصدر۔ اِيْصَالٌ۔ (پہنچانا۔ جوڑنا۔ ملانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ل)مثال واوی۔صیغہ وَصَلَ يَصِلُ۔مصدر۔ وَصْلٌ۔ (جوڑنا۔ ملانا۔ پاس آنا۔دوستی چاہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُفْسِدُوْنَ:(بگاڑ پیدا کرتے ہیں۔کرپشن کرتے ہیں۔فساد کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفْسَدَ يُفْسِدُ۔مصدر۔اِفْسَادٌ۔()ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ف س د)صیغہ۔فَسَدَ يَفْسُدُ۔مصدر۔فَسْدٌ۔(کرپشن کرنا۔فساد کرنا۔بگاڑ پیدا کرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔الْاَرْضِ: (زمین) اسم مجرور۔أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ اللَّعْنَةُ:(لعنت۔دوری)مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ سُوْءُ : (برا۔خرابی)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔الدَّارِ:(گھر)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ اللہ سے عہد واثق کرکے اس کو توڑ ڈالتے اور (رشتہ ہائے قرابت) کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے ان کو قطع کردیتے ہیں اور ملک میں فساد کرتے ہیں۔ایسوں پر لعنت ہے اور ان کے لیے گھر بھی برا ہے

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾

اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)مبتداء مرفوع۔ يَبْسُطُ:(وہ پھیلا دیتا ہے۔وسیع کر دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔مادہ(ب س ط)صیغہ۔بَسَطَ يَبْسُطُ۔مصدر۔ بَسْطٌ۔(کشادہ کرنا۔وسیع کرنا۔زیادہ کرنا۔پھیلانا)۔الرِّزْقَ:(رزق کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ لِ:(لئے) حرف

جار۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَّشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَقْدِرُ:(ماپا تولا دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ يَقْدِرُ۔مصدر۔قَدْرٌ۔(ماپنا۔تولنا۔اندازہ کرنا۔) وَ:(اور) حرف عطف۔فَرِحُوْا:(وہ خوش ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ يَفْرَحُ۔مصدر۔فَرْحٌ۔(فرحت ہونا۔خوش ہونا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَيَاةِ :(زندگی)اسم مجرور۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مجرور صفت۔تابع موصوف ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔الْحَيَاةُ:(زندگی)مبتداء مرفوع۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف ۔محلاً صفت مرفوع بالسکون۔تقدیراً مضموم۔ فِي :(میں)حرف جار۔الْآخِرَةِ :(قیامت۔آخرت)اسم مجرور ۔اِلَّا:(سوائے)حرف حصر۔ مَتَاعٌ:(تھوڑا سا سامان۔)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اللہ جس کا چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور (جس کا چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔اور کافر لوگ دنیا کی زندگی پر خوش ہو رہے ہیں اور دنیا کی زندگی آخرت (کے مقابلے) میں (بہت) تھوڑا فائدہ ہے۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿۲۷﴾

وَ:()يَقُوْلُ:() ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ الَّذِيْنَ:() كَفَرُوْا:(انہوں نے انکار کیا۔انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ لَوْلَا:(کیوں نہیں)برائے جزر و توبیخ ڈانٹ ڈپٹ۔ أُنْزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔

عَلَيۡ:(پر)حرف جار۔ہِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔آيَةٌ : (آیت۔نشانی۔)نائب فاعل مرفوع۔مِّنۡ:(سے) رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ہِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قُلۡ :(تم کہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ يُضِلُّ:(گمراہ کرتا ہے۔اللہ کا قانون بن چکا جو اس پر عمل کرے گا وہی نتیجہ برآمد ہو گا۔اللہ کسی کو گمراہ نہیں کرتا ۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضۡلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔)ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔ مَنۡ: (جسے) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَّشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيۡـئَةٌ۔(مرضی)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔يَهۡدِي:(وہ راستہ دکھاتا ہے۔راہنمائی کرتا ہے۔یعنی بندہ اس کے قانون سے راہنمائی لیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهۡدِىۡ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ إِلَيۡ:(طرف)حرف جار۔ہِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔مَنۡ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ أَنَابَ :(رجوع کرے۔اس نے رجوع کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنَابَ يُنِيۡبُ۔مصدر۔اِنَابَةٌ۔(رجوع کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔نَابَ يَنُوۡبُ۔مصدر۔نُوۡبًا۔(قریب ہونا)

ترجمہ آیت:اور کافر کہتے ہیں کہ اس(پیغمبر) پر اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نازل نہیں ہوئی۔ کہہ دو کہ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جو(اس کی طرف) رجوع ہوتا ہے اس کو اپنی طرف کا رستہ دکھاتا ہے۔

اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَطۡمَـئِنُّ قُلُوۡبُهُمۡ بِذِكۡرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَـئِنُّ الۡقُلُوۡبُ ﴿۲۸﴾

الَّذِیۡنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔مَنۡ کابدل منصوب۔ اٰمَنُوۡا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ ۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤۡمِنُ۔مصدر۔اِیۡمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ءمن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاۡمَنُ۔مصدر۔اَمۡنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَطۡمَئِنُّ:(اطمینان پاتا ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ رباعی۔باب افعلل۔ مادہ(ط م ء ن)صیغہ۔اِطۡمَاَنَّ یَطۡمَئِنُّ۔مصدر۔اِطۡمِیۡنَانٌ۔(تسلی ہونا۔ مطمئن ہونا)۔قُلُوۡبُ:(قَلۡبٌ کی جمع۔ دل)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ: (ساتھ۔ سے) حرف جار۔ذِکۡرِ:(ذکر۔یاد۔ قانون کو نگاہ میں رکھنا۔نصیحت پر عمل کرنا)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔اَلَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ بِ:(سات۔سے)حرف جار۔ذِکۡرِ:(ذکر۔یاد۔ قانون کو نگاہ میں رکھنا۔نصیحت پر عمل کرنا)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ تَطۡمَئِنُّ:(مطمئن ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔رباعی۔باب افعلل۔مادہ(ط م ء ن)صیغہ۔ اِطۡمَاَنَّ یَطۡمَئِنُّ۔مصدر۔اِطۡمِیۡنَانٌ۔(تسلی ہونا۔ مطمئن ہونا)۔قُلُوۡبُ:(قَلۡبٌ کی جمع۔دل)فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:(یعنی) جو لوگ ایمان لاتے اور جن کے دل یادِ اللہ سے آرام پاتے ہیں (ان کو) اور سن رکھو کہ اللہ کی یاد سے دل آرام پاتے ہیں۔

اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوۡبٰی لَهُمۡ وَحُسۡنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾

الَّذِیۡنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔مَنۡ کابدل منصوب۔ اٰمَنُوۡا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ ۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤۡمِنُ۔مصدر۔اِیۡمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ءمن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاۡمَنُ۔مصدر۔اَمۡنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوۡا:(انہوں نے عمل کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ یَعۡمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ :(اچھے۔درست

کرنے والے۔صالح۔نیک)۔طُوۡبٰی :(انتہائی خوشحالی کا مقام ۔ایک درخت کا نام)مبتداء مرفوع۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔وَ:(اور)حُسۡنُ :(خوبصورت۔اچھا۔عمدہ)معطوف مرفوع۔مضاف۔مَاٰبٍ :(لوٹنے کا وقت۔ ٹھکانہ)ظرف مکان وزمان۔مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:جولوگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے ان کے لیے خوشحالی اور عمدہ ٹھکانہ ہے ۔

كَذٰلِكَ اَرۡسَلۡنٰكَ فِىۡۤ اُمَّةٍ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهَاۤ اُمَمٌ لِّتَتۡلُوَا۟ عَلَيۡهِمُ الَّذِىۡۤ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ وَهُمۡ يَكۡفُرُوۡنَ بِالرَّحۡمٰنِ‌ؕ قُلۡ هُوَ رَبِّىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ‌ۚ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَاِلَيۡهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾

كَذٰلِكَ:(اسی طرح۔اس کی مانند) مرکب: (کَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَ اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم+لِ بُعد کے لئے+كَ خطاب کے لئے۔ أَرۡسَلۡنَا: (ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرۡسَلَ يُرۡسِلُ۔مصدر۔ اِرۡسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرۡسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔كَ:(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ أُمَّةٍ :(امت میں۔قوم)اسم مجرور۔ قَدۡ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَلَتۡ: (گزر گئی۔خالی ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔خَلَا يَخۡلُو۔مصدر۔خُلُوٌّ۔خَلَاءٌ۔(وقت۔گزرنا۔خالی ہونا۔تنہا ہونا)۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ قَبۡلِ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ أُمَمٌ:(أُمَّةٌ کی جمع امتیں۔قومیں)لِّ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَتۡلُوۡ:(آپ تلاوت کریں۔پڑھ کر سمجھائے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔تَلَا يَتۡلُو۔ مصدر۔تَلَاوَةٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔ عَلَيۡ:(پر)حرف جار۔هِمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔الَّذِيَ:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَوۡحَيۡنَا:(ہم نے وحی

کی۔حکم دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَوْحٰی یُوْحِیْ۔مصدر۔اِیْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔ وَحٰی یَحِیْ۔مصدر۔وَحْیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔يَكْفُرُوْنَ :(وہ کفر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع ۔ علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور محلاً منصوب۔حال۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔الرَّحْمٰنِ:(رحمٰن۔اللہ جل جلالہٗ کا صفاتی نا۔)اسم مجرور۔ قُلْ:(تم کہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ هُوَ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔رَبِّ:(ربّ)خبر مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔مضاف۔ يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اِلٰهَ:(معبود)لائے نفی جنس کا اسم۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ هُوَ :(وہ ہی)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تَوَكَّلْتُ :(میں نے بھرسہ کیا۔توکّل کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔علامت تائے مبسوط مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلُ۔صیغہ۔ تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔ مصدر۔ تَوَكُّلُ۔(بھروسہ کرنا۔توکل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب۔مادہ(و ک ل)مثال واوی۔صیغہ ۔ وَكَلَ يَكِلُ۔ مصدر۔وَكْلًا۔ وُكُوْلًا۔ (بھروسہ کرنا۔مختار بنانا۔چھوڑ دینا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اِلَيْ: (طرف)حرف جار۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَتَابِ:(رجوع کرنا۔)اصلاً مَتَابِيْ ہے۔مبتداء مؤخر۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ ضمیر۔ی۔ واحد متکلم۔ محذوفہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(جس طرح ہم اور پیغمبر بھیجتے رہے ہیں) اسی طرح (اے محمد ﷺ) ہم نے تم کو اس امت میں جس سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکی ہیں بھیجا ہے تا کہ تم ان کو وہ (کتاب) جو ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے پڑھ کر سنا

دو اور یہ لوگ رحمٰن کو نہیں مانتے۔ کہہ دو وہی تو میرا پروردگار ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ۗ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۗ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ۗ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۳۱﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔لَوْ:(اگر) حرف شرط۔ غیر جازم۔اَنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ قُرْاٰنًا: (قرآن) اَنَّ کا اسم منصوب۔ سُيِّرَتْ:(چلایا جائے) فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔ت مبسوط ضمیر ساکن علامت تانیث۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَيَّرَ يُسَيِّرُ۔مصدر۔تَسْيِيْرٌ۔(چلانا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(س ی ر) اجوف یائی۔صیغہ۔سَارَ يَسِيْرُ۔مصدر۔سَيْرٌ۔(سیر کرنا۔ چلنا پھرنا)۔ بِ: (ساتھ۔ سے) حرف جار۔ہٖ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔الْجِبَالُ:(جَبَلٌ کی جمع پہاڑوں کو) نائب فاعل مرفوع۔جملہ محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع۔ اَوْ:(یا) حرف عطف۔ قُطِّعَتْ:(قطع کر دی جائے۔کم کی جائے) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ت ضمیر ساکن علامت تانیث۔لاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَطَّعَ يُقَطِّعُ۔مصدر۔ تَقْطِيْعٌ۔(کاٹنا) ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع) صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعٌ۔(کاٹنا۔طے کرنا)۔ بِ: (ساتھ۔سے) حرف جار۔ہٖ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔الْاَرْضُ:(زمین کو) معطوف۔مرفوع۔ اَوْ:(یا) حرف عطف۔كُلِّمَ:(کلام کیا جائے) فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَلَّمَ يُكَلِّمُ۔مصدر۔تَكْلِيْمٌ۔(بات چیت کرنا۔ڈائیلاگ کرنا۔کلام کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ک ل م) صیغہ۔كَلَمَ يَكْلُمُ يَكْلِمُ ۔مصدر۔كَلْمًا۔(زخمی کرنا۔) بِ:(ساتھ۔سے) حرف جار۔ہٖ :(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔الْمَوْتٰى:(مردوں سے) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بَلْ:(بلکہ) حرف اضراب۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے) مرکب۔:(لِ+اللّٰهِ) حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ الْاَمْرُ:

(حکم۔فیصلہ)مبتداء مؤخر مرفوع۔ جَمِيْعًا:(سارے کا سارے)منصوب۔حال۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ: (پس)حرف عطف۔لَمْ :(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَايْئَسِ:(مایوس ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ی ء س)مہموز العین۔صیغہ يَئِسَ يَيْئَسُ۔مصدر۔يَاسٌ۔(مایوس ہونا۔نا امید ہونا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ أَنْ:(یہ کہ) مصدریہ۔لَّوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)فاعل مرفوع۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔جواب شرط۔ هَدَى:(س نے راہنمائی کی۔ہدایت دی۔) ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔جَمِيْعًا:(سب کو)منصوب۔حال۔وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا: (نہیں)نافیہ۔ يَزَالُ:(وہ زائل نہیں ہوگا۔یعنی ہمیشہ رہے گا)فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع علامت۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ۔(ز ی ل) اجوف یائی۔صیغہ۔زَالَ يَزَالُ۔مصدر۔ زَوَالٌ۔(زائل ہونا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔ جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ تُصِيْبُ:(وہ پہنچتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ يُصِيْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔مادہ(ص و ب)صیغہ صَابَ يَصُوْبُ۔صَوْبًا۔مصدر۔صَوْبًا: (بارش برسنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر

غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار+اسم موصول۔مبنی بر سکون ۔ محلاً اسم مجرور۔صَنَعُوْا:(انہوں نے بنایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ص ن ع)صیغہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ص ن ع)صیغہ۔صَنَعَ یَصْنَعُ۔مصدر۔ صُنْعٌ۔ (بنانا۔ گھڑنا)۔قَارِعَةٌ :(کڑکا۔مصیبت۔حادثہ۔آفت)فاعل مرفوع۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔تَحُلُّ : (وہ اترتی رہے گی) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔مرفوع۔ علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔نصر۔مادہ(ح ل ل)صیغہ۔حَلَّ یَحُلُّ۔مصدر۔حَلٌّ۔حُلُوْلٌ۔ (داخل ہونا۔مکس ہونا۔اترنا۔ گرنا)۔ قَرِيْبًا:(قریب ہے)ظرف مکان۔منصوب۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ دَارِ:(گھر)اسم مجرور۔هِمْ:(اس کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غائب۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ يَأْتِيَ :(وہ آیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ وَعْدُ:(وعدہ)فاعل مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔ يُخْلِفُ:()فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْلَفَ یُخْلِفُ۔مصدر۔اِخْلَافٌ۔ (پیچھے چھوڑنا۔جا نشین بنانا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ یَخْلُفُ۔مصدر۔خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔الْمِيْعَادَ:(وعدہ)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور اگر کوئی قرآن ایسا ہوتا کہ اس (کی تاثیر) سے پہاڑ چل پڑتے یا زمین پھٹ جاتی یا مردوں سے کلام کرسکتے۔(تو یہی قرآن ان اوصاف سے متصف ہوتا مگر) بات یہ ہے کہ سب باتیں اللہ کے اختیار میں ہیں تو کیا مومنوں کو اس سے اطمینان نہیں ہوا کہ اگر اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت کے رستے پر چلا دیتا۔اور کافروں پر

ہمیشہ ان کے اعمال کے بدلے بلا آتی رہے گی یا ان کے مکانات کے قریب نازل ہوتی رہے گی یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ آ پہنچے۔بے شک اللہ وعدہ خلاف نہیں کرتا۔

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدِ:(یقیناً)حرف تحقیق۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال مابعد۔اِسْتُهْزِئَ:(اس نے ٹھٹھہ کیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَهْزَءَ يَسْتَهْزِئُ۔مصدر۔اِسْتَهْزَاءٌ۔(ٹھٹھہ کرنا۔مذاق اڑانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ھ ز ء)صیغہ۔هَزَءَ يَهْزَا۔مصدر۔هُزْءًا۔هُزُؤًا۔هُزْوًا۔هُزُوءًا۔(مذاق اڑانا۔ٹھٹھہ کرنا) بِ: (ساتھ)حرف جار۔رُسُلٍ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبر)اسم مجرور۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(آپ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً مجرور۔صفت۔فَ:(پس)حرف جار۔اَمْلَيْتُ:(میں نے مہلت دی۔)فعل ماضی واحد متکلم۔علامت ضمیر ت مبسوط۔مضموم۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے انکار کیا۔کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔اَخَذْتُ:(میں نے پکڑ لیا)فعل ماضی واحد متکلم۔علامت ت ضمیر مبسوط مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ فَ:(پس)حرف عطف۔كَيْفَ: (کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً كَانَ کی خبر مقدّم منصوب۔ كَانَ :(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عِقَابِ : (عذاب۔سزاء)اصلاً عِقَابِيْ ہے۔۔(عِقَابِ+یْ) كَانَ کا اسم مرفوع ۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف۔

ترجمہ آیت: اور تم سے پہلے بھی رسولوں کے ساتھ تمسخر ہوتے رہے ہیں تو ہم نے کافروں کو مہلت دی پھر پکڑ لیا۔ سو (دیکھ لو کہ) ہمارا عذاب کیسا تھا۔

اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّـُٔوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾

أَ: (کیا) حرف استفہام۔ فَ: (پھر) استئنافیہ۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء۔ خبر محذوف۔ هُوَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ قَآئِمٌ: (قائم ہے۔ سیدھا ہے۔ نگران۔ محافظ) خبر مرفوع۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ كُلِّ: (ہر۔ تمام) برائے تاکید۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ نَفْسٍ: (جان۔ نفس) اسم مجرور۔ بِمَا: (جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كَسَبَتْ: (کماتی ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ضمیر ت مبسوط ساکن۔ علامت تانیث۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ک س ب) صیغہ۔ كَسَبَ يَكْسِبُ۔ مصدر۔ كَسْبٌ۔ (کمانا)۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ جَعَلُوْا: (انہوں نے بنایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واوٴ جمع الف فارقہ۔ لِلّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ کے لئے) مرکب: (لِ+اللّٰهِ) حرف جار۔ + اسم مجرور۔ شُرَكَآءَ: (شریک کی جمع۔ ہمسر۔ ہم پلہ۔ ساتھی ۔) منصوب مفعول بہٖ۔ قُلْ: (تم کہو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ سَمُّوْ: (نام رکھو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ سَمّٰى يُسَمِّيْ۔ مصدر۔ تَسْمِيَةٌ۔ (نام رکھنا۔ نام لینا۔)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ أَمْ: (یا) حرف عطف۔ تُنَبِّئُوْنَ: (تم خبر دیتے ہو۔ اطلاع دیتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واوٴ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ تفعیل۔ صیغہ۔ نَبَّاَ يُنَبِّئُ۔ مصدر۔ تَنْبِئَةٌ۔ (خبر دینا۔ خبر کرنا۔)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ن

ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَاَ یَنْبَاُ۔مصدر۔نَبَاً۔نَبُوْءً۔(خبر دینا۔آہستہ آواز دینا۔دیس نکالا دینا۔ہٹانا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔فِي:(میں)حرف جار۔الْاَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔أَمْ : (یا) حرف عطف۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ظَاهِرٍ:(ظاہری۔اوپر اوپر۔سرسری۔)محلاً اسم مجرور۔ مِّنَ:(سے) حرف جار۔الْقَوْلِ:(قول۔بات)اسم مجرور۔ بَلْ :(بلکہ)حرف اضراب۔زُيِّنَ:(سجایا گیا۔زینت دی گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔زَیَّنَ یُزَیِّنُ۔مصدر۔تَزْيِيْنٌ۔(مزین کرنا۔سجانا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر) صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔مَكْرُ:(چالبازی۔دھوکہ۔فریب۔مکاری) فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔صُدُّوْا:(وہ روک دیئے گئے۔وہ منع کر دیئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ یَصَدُّ۔مصدر۔صَدٌّ۔(روکنا)۔عَنِ:(سے)حرف جار۔ السَّبِيْلِ: (راہ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔شرطیہ۔ جازم مضارع۔ يُّضْلِلِ:(گمراہ کردے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَضَلَّ یُضِلُّ۔مصدر۔ اِضْلَالٌ۔(گمراہ کرنا۔) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔ لَ:(لئے۔کو)حرف جار۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔زائدہ۔ هَادٍ:(کوئی ہدایت دینے والا)لفظاً مجرور۔محلاً اسم فاعل واحد مذکر۔

ترجمہ آیت: توکیاجو(اللہ) ہر متنفس کے اعمال کانگراں(ونگہباں) ہے(وہ بتوں کی طرح بے علم وبے خبر ہو سکتا ہے) اوران لوگوں نے اللہ کے شریک مقرر کرر کھے ہیں۔ان سے کہو کہ (ذرا) ان کے نام تولو۔کیاتم اسے ایسی چیزیں بتاتے ہو جس کووہ زمین میں (کہیں بھی) معلوم نہیں کرتایا (محض) ظاہری (باطل اور جھوٹی) بات کی (تقلید کرتے ہو) اصل یہ ہے کہ کافروں کوان کے فریب خوبصورت معلوم ہوتے ہیں۔اور وہ(ہدایت کے) رستے سے روک لیے گئے ہیں۔اور جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں۔

لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿٣٤﴾

لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔عَذَابٌ:(عذاب)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔الْحَيَاةِ:(زندگی)اسم مجرور۔ موصوف۔ الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً صفت مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔ ابتدائیہ۔عَذَابُ:(عذاب۔سزاء)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔الْآخِرَةِ:(آخرت۔قیامت)مجرور مضاف الیہ۔أَشَقُّ:(بہت زیادہ سخت)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا : (نہیں) نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنَ: (سے) حرف اجر۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ وَاقٍ:(کوئی بچانے والا)اسم فاعل۔

ترجمہ آیت:ان کو دنیا کی زندگی میں بھی عذاب ہے اور آخرت کا عذاب توبہت ہی سخت ہے۔اوران کو اللہ(کے عذاب سے) کوئی بھی بچانے والا نہیں۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّ ظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿٣٥﴾

مَّثَلُ:(مثال ہے)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔الْجَنَّةِ:(جنت)مجرور مضاف الیہ۔ الَّتِي:(جو)اسم موصول۔ واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور صفت۔ وُعِدَ:(وعدہ کیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔ وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔عِدَّةٌ۔(وعدہ کرنا)۔ الْمُتَّقُونَ:(متقیوں۔پرہیز گاروں۔ڈرنے والے۔)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً نائب فاعل۔ مرفوع۔ تَجْرِي :(بہتی ہے۔جاری ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰى يَجْرِىْ۔مصدر۔جِرْيَانٌ۔ (بہنا۔جاری ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ: (نیچے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْاَنْهَارُ:(نَهْرٌ کی جمع۔نہریں)فاعل مرفوع۔ اُكُلُ:(کھانے والی چیز ۔کھاجا۔ پھل) مبتداء مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ دَآئِمٌ:(ہمیشہ ہمیشہ)خبر مرفوع۔ وِ:(اور)حرف عطف۔ظِلُّ:(سایہ)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث۔ مبتداء۔مرفوع۔ عُقْبَى:(بدلہ۔انجام۔ آخرت)خبر مرفوع۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اتَّقَوْا: (ڈرے۔پرہیز کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِىْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)۔ لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِىْ۔مصدر۔ وِقَايَةً۔ وَقْيًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرناذات کبریاسے)۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔عُقْبَى:(بدلہ۔انجام۔ آخرت)مبتداء مرفوع۔ الْكَافِرِيْنَ:(کافروں کی)مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔ النَّارُ :(آگ۔دوزخ)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جس باغ کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کے اوصاف یہ ہیں کہ اس کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ اس کے پھل ہمیشہ (قائم رہنے والے) ہیں اور اس کے سائے بھی۔ یہ ان لوگوں کا انجام ہے جو متقی ہیں۔ اور کافروں کا انجام دوزخ ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ۭ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۭ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔آتَيْنَا:(ہم نے دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِیْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ الْكِتَابَ: (کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ يَفْرَحُوْنَ:(وہ خوش ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً الَّذِيْنَ مبتداء کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ يَفْرَحُ۔مصدر۔فَرْحٌ۔(خوش ہونا۔)۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أُنزِلَ :(وہ اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ :(تیری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف جار۔مِنَ :(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔ الْاَحْزَابِ:(گروہ۔جماعتیں۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ يُّنْكِرُ:(انکار کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْكَرَ يُنْكِرُ۔مصدر۔اِنْكَارٌ۔(انکار کرنا۔نا پسند کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ک ر)صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن ک ر)صیغہ۔نَكِرَ يَنْكَرُ مصدر۔نُكْرٌ۔(نہ پہچاننا۔واقفیت نہ ہونا۔) بَعْضَ:(بعض۔کچھ)برائے تاکید۔منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔هٗ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قُلْ ۔(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی

۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔کہنا)إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أُمِرْتُ:(مجھے حکم دیا گیا ہے)فعل ماضی مجہول۔واحد متکلم۔علامت ۔ضمیر ت مبسوط مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔مصدر۔اَمْرٌ۔(حکم دینا)أَنْ:(یہ کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔أَعْبُدَ:(میں عبادت کروں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(بندگی کرنا۔عبادت کرنا)۔اللَّهَ:(اللہ جل جلالہ کی) منصوب۔مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ أُشْرِكَ:(میں شریک ٹھہراؤں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔اِشْرَاکٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔شَرْکاً۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا۔)۔بِ: (ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ أَدْعُو:(وہ پکاریں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب نصر۔ صیغہ۔دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(دعوت دنا۔بلانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ : (اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔مَآبِ :(لوٹنے کا وقت۔ٹھکانا۔واپس آنے کی جگہ۔پناہ گاہ) اصلاً مَآبِيْ ہے۔:(مخفف۔مَآبِيْ کا)ظرف زمن ومکان۔مضاف۔+مضاف الیہ۔مجرور۔

ترجمہ آیت:اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس(کتاب) سے جو تم پر نازل ہوئی ہے خوش ہوتے ہیں اور بعض فرقے اس کی بعض باتیں نہیں بھی مانتے۔ کہہ دو کہ مجھ کو یہی حکم ہوا ہے کہ اللہ ہی کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤں۔ میں اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹنا ہے۔

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔كَذٰلِكَ:(اسی طرح۔اس کی مانند) مرکب: (كَ+ذَا+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَا اسم اشارہ مرفوع۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع مقدّم+لِ بُعد کے لئے+كَ خطاب کے لئے۔ أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتار) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔حُكْمًا :(حکم کرنا۔ فرمان دینا)منصوب۔حال عَرَبِيًّا:(عربی زبان) منصوب۔ حال ثانی۔(صاف اور واضح۔عربی زبان۔عربی جو عرب کی طرف منصوب ہو) وَ:(اور) لَئِنِ: (البتہ۔واقعی۔اگر)مرکب۔:(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔+ حرف شرطیہ۔جازم فعل شرط۔اتَّبَعْتَ:(تو پیروی کرے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ضمیر تَ۔ مفتوحہ۔علامت واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر ۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ أَهْوَاءَ:(ھواء کی جمع ۔ خواہشات)منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ مَا:(کہ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيْئٌ۔مَجِيْئٌ۔(آنا)۔ كَ :(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مِنَ :(سے)حرف جار۔الْعِلْمِ:(علم۔سائنس)اسم مجرور۔ مَا : (نہیں) نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلًا اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ زائدہ۔ وَلِيٍّ :(ساتھ۔دوست۔سرپرست۔نگہبان)لفظاًمجرور۔ محلاًمبتداءمؤخر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا : (نہیں) نافیہ۔وَاقٍ :(کوئی بچانے والا)معطوف مرفوع۔ معطوف علیہ۔ وَلِيٍّ۔ اسم فاعل۔

ترجمہ آیت:اور اسی طرح ہم نے اس قرآن کو عربی زبان کا فرمان نازل کیا ہے۔اور اگر تم علم (ودانش) آنے کے بعد ان لوگوں کی خواہشوں کے پیچھے چلو گے تو اللہ کے سامنے کوئی نہ تمہارا مددگار ہو گا اور نہ کوئی بچانے والا

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾

وَ:(اور)استنافیہ۔لَ:(ضرور۔البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ رُسُلاً:(رَسُولٌ کی جمع۔پیغمبر)منصوب۔منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے) قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا :(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أَزْوَاجًا:(بیویاں)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ذُرِّيَّةً :(اولادیں۔بچے)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ:(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔رَسُولٍ:(کسی پیغمبر کے)اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَّأْتِيَ :(لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَةٍ : (آیت)اسم مجرور۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔إِذْنِ:(اجازت۔حکم)اسم مجرور۔ مضاف۔ اللّٰهِ

:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔کُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ أَجَلٍ:(مدت۔وقت)مجرور مضاف الیہ۔ کِتَابٌ:(مقررہ۔فرض کی ہوئی۔)

ترجمہ آیت:اور(اے محمد ﷺ) ہم نے تم سے پہلے بھی پیغمبر بھیجے تھے۔اوران کو بیبیاں اور اولاد بھی دی تھی۔اور کسی پیغمبر کے اختیار کی بات نہ تھی کہ اللہ کے حکم کے بغیر کوئی نشانی لائے۔ہر(حکم) قضا(کتاب میں) مرقوم ہے۔

نوٹ:--(یہ آیت ثابت کرتی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شادی شدہ تھے۔ان کی بیوی تھی اور اولاد بھی۔ کہیں استثناء نہیں ملا۔یوسفی)۔

﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾

يَمْحُو:(وہ مٹادیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(م ح و)۔مَحَا يَمْحُو۔مصدر۔مَحْوٌ۔(مٹانا۔) اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ مَا:(جسے)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُثْبِتُ :(ثابت رکھتا ہے۔قائم رکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَثْبَتَ يُثْبِتُ۔مصدر۔اِثْبَاتٌ۔(قائم رکھنا۔ثابت رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ث ب ت)۔صیغہ۔ثَبَتَ يَثْبُتُ۔مصدر۔ثَبَاتًا۔ثُبُوْتًا۔(قائم کرنا۔ٹھہرنا۔)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ عِنْدَ: (پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُمُّ:(ماں۔جامع۔انسائیکلوپیڈیا۔موسوعہ۔ جس سے بہت سی کتب تیار ہو سکیں۔اور اس میں ہر طرح کا مواد موجود ہو)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔الْكِتَابِ:(کتاب۔تحریر۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اللہ جس کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور(جس کو چاہتا ہے) قائم رکھتا ہے اور اسی کے پاس اصل کتاب ہے

وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔مَّا:(جو۔کہ)زائدہ۔نُرِيَنَّ:(ہم ضرور بالضرور دکھائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔فعل شرط محلاً مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرٰی یُرٰی۔مصدر۔اِرَاءَةٌ۔(دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیکھنا۔دل سے دیدار۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بَعْضَ:(کچھ۔بعض)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔الَّذِي:(جس کی)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نَعِدُ:(ہم وعدہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(و ع د)صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔ وَعْدًا۔ (وعدہ کرنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ نَتَوَفَّيَنَّ:(ہم ضرور بالضرور پورا کریں گے۔وفات دیں گے۔مار دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ تَوَفّٰی يَتَوَفّٰی۔ مصدر۔تَوَفِّیٌّ۔(موت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰی يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔كَ :(تجھ کو)۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ الْبَلَاغُ:(پہنچانا)مبتداءمؤخر۔مرفوع۔جملہ محلاً جواب شرط۔مجزوم۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عَلَيْ: (پر)حرف جار۔ نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ الْحِسَابُ:(حساب لینا)مبتداءمؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر ہم کوئی عذاب جس کا ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں تمہیں دکھائیں (یعنی تمہارے روبروان پر نازل کریں) یا تمہاری مدت حیات پوری کر دیں (یعنی تمہارے انتقال کے بعد عذاب بھیجیں) تو تمہارا کام (ہمارے احکام کا) پہنچادینا ہے اور ہمارا کام حساب لینا ہے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾

أَ: (کیا) حرف استفہام۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَمْ: (نہ) حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ يَرَوْا: (اس نے دیکھا) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ أَنَّا: (یقیناً ہم) مرکب: (أَنَّ+نَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل فعل۔ ناصب اسم۔ + ضمیر متصل۔ جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ نَأْتِي: (ہم لاتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع الْاَرْضَ: (زمین کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ نَنْقُصُ: (ہم گھٹاتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ۔ (ن ق ص) صیغہ۔ نَقَصَ يَنْقُصُ۔ مصدر۔ نَقْصٌ۔ (نقصان کرنا۔ کم کرنا)۔ هَا: (اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ جملہ محلاً منصوب حال۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ أَطْرَافِ: (کناروں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هَا: (اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ يَحْكُمُ: (وہ حکم دیتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ح ک م) صیغہ۔ حَكَمَ يَحْكُمُ۔ مصدر۔ حُكْمٌ۔ (فیصلہ دینا)۔ لَا: (نہیں) لائے نفی جنس۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ مُعَقِّبَ: (ٹالنے والا۔ نظر ثانی کرنے والا۔ پیچھا کرنے والا۔ نگرانی کرنے والا) اسم فاعل۔ محلاً لائے نفی جنس کا اسم۔ منصوب۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ حُكْمِ: (حکم۔ فیصلہ۔) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً

لائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔۔وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ سَرِيعُ :(بہت جلدی)خبر مرفوع۔مضاف۔الْحِسَابِ:(حساب لینا۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آتے ہیں۔اور اللہ (جیسا چاہتا ہے) حکم کرتا ہے کوئی اس کے حکم کارد کرنے والا نہیں۔اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

وَقَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلَّهِ الْمَكْرُ جَمِيعًا يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ وَسَيَعْلَمُ الْكُفَّرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٤٢﴾

ترجمہ آیت:یہ اس لیے کہ اللہ ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلہ دے۔بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

ھٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِیُنۡذَرُوۡا بِہٖ وَلِیَعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَا ھُوَ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ وَّلِیَذَّکَّرَ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ﴿۵۲﴾

ھَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔اصل میں یہ دو الفاظ کا مجموعہ ہے۔(ھَ+ذَا)حرف تنبیہ۔ا+ اسم اشارہ۔از ستّہ مکبّرہ۔مبتداء مرفوع۔ بَلَاغٌ :(پہنچ۔تبلیغ۔آگاہی۔)خبر مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں کے)

اسم مجرور۔شبہ جملہ۔محلاً صفت مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(ضرور)لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ يُنْذَرُوْا:(تنبیہ کی جائے۔خبردار کیا جائے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ يُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔خبردار کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔ مادہ۔(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ يَنْذُرُ۔مصدر۔نَذْرًا۔ نُذُوْرًا۔(نذر ماننا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَعْلَمُوْا:(وہ جانیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ اَنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(اَنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ هُوَ:(وہ ہی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اِلٰهٌ:(معبود۔)خبر مرفوع۔موصوف۔ وَاحِدٌ:(ایک۔یکتا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَذَّكَّرَ:(وہ نصیحت پکڑیں) فعل مضارع واحد مذکر غائب ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرٌ۔ (نصیحت پکڑنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)۔اُولُوْا:(ذُو کی جمع۔والے)ازستہ مکبّرہ۔فاعل مرفوع۔جمع مذکر۔مضاف۔الْاَلْبَابِ:(لب کی جمع۔عقل والے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:یہ قرآن لوگوں کے نام(اللہ کا پیغام) ہے تاکہ ان کو اس سے ڈرایا جائے اور تاکہ وہ جان لیں کہ وہی اکیلا معبود ہے اور تاکہ اہل عقل نصیحت پکڑیں۔

15 سُوْرَةُ الْحِجْرِ

اٰیاتھا99 سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ 54 رکوعاتھا 6

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱﴾

آلرٰ:(حروف مقطعات)یہ مقطعات نبی اکرم ﷺ کے القابات گرامی ہیں۔ تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث ۔مبتداء مرفوع۔ آيَاتُ :(آیات)خبر مرفوع۔الْكِتَابِ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔قُرْآنٍ:(قرآن)معطوف مجرور۔موصوف۔ مُّبِيْنٍ : (واضح۔کھلم کھلا۔آشکارا)۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:الف لام را۔یہ اللہ کی کتاب اور قرآن روشن کی آیتیں ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

آج مورخہ 25نومبر 2019ءبروز پیر کو13واں پارہ مکمل ہوا۔

دعاہے۔کہ اللہ جل جلالہٗ توفیق عطاکرے تو پورے قرآن مجید کے الفاظ کی اعرابی حالت مکمل ہو جائے۔آمین

14 پارہ چہاردہم رُبَمَا یَوَدُّ

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿٢﴾

رُبَمَا:(کسی وقت۔بہت وقت۔بعض اوقات)مرکب:(رُبَّ+مَا)حرف جار۔+کافہ۔يَوَدُّ:(وہ چاہے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(و د د)مضاعف۔صیغہ۔وَدَّ يَوَدُّ۔مصدر۔ مَوَدَّةٌ۔(چاہنا۔خواہش کرنا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔لَوْ :(کاش کہ)تمنّائی۔حرف تمنّا۔ مصدریہ۔كَانُوْا(وہ ہیں۔ وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مُسْلِمِيْنَ :(مُسْلِمٌ کی جمع مسلمان۔فرمان بردار۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:کسی وقت کافر لوگ آرزو کریں گے کہ اے کاش وہ مسلمان ہوتے۔:()

ذَرْهُمْ يَأْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٣﴾

ذَرْ:(تم چھوڑ دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وذر)مثال واوی۔صیغہ۔وَذَرَ يَذِرُ۔مصدر۔وَذْرًا۔(چھوڑنا۔ نظر انداز کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔يَأْكُلُوْا:(وہ کھائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔بوجہ جواب طلب۔۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَتَمَتَّعُوْا:(وہ فائدہ اٹھائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔معطوف۔مرفوع ۔ يَأْكُلُوْا معطوف علیہ۔علامت نون اعرابی

محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَمَتَّعَ یَتَمَتَّعُ۔مصدر۔تَمَتُّعٌ۔(فائدہ پہنچانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یُلْہِ:(غافل کردے۔غفلت میں رکھے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْھٰی یُلْھِیْ۔مصدر۔اِلْھَاءٌ۔(غفلت میں رکھنا۔)۔ھِمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ الْأَمَلُ :(اُمید۔ توقع)فاعل۔مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔سَوْفَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)حرف استقبال۔ یَعْلَمُوْنَ:(وہ نہیں جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔

ترجمہ آیت:(اے محمد) ان کو اُن کے حال پر رہنے دو کہ کھالیں اور فائدے اُٹھالیں اور (طول) امل ان کو دنیا میں مشغول کئے رہے عنقریب ان کو (اس کا انجام) معلوم ہو جائے گا

وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ مَا:(نہیں)نافیہ۔أَهْلَكْنَا:(ہم نے ہلاک کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَھْلَکَ یُھْلِکُ۔مصدر۔اِھْلَاکٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔ھَلَکَ یَھْلِکُ۔ مصدر۔ ھَلْکًا۔ ھَلَاکًا۔ھُلُوْکًا۔مُھْلِکًا۔تَھْلُکَۃً۔ ھُلْکًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ قَرْيَةٍ :(بستی)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب ۔ مفعول بہٖ۔اِلَّا:(مگر۔علاوہ سوائے) حرف حصر۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔ھَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔کِتَابٌ:(کتاب)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔ مَّعْلُومٌ :(جانا ہوا۔مقرر ہے)اسم مفعول۔محلاًصفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے کوئی بستی ہلاک نہیں کی۔ مگر اس کا وقت مرقوم و معین تھا

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۵﴾

مَّا:(نہیں)نافیہ۔ تَسْبِقُ :(وہ آگے نکلی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ يَسْبِقُ۔مصدر۔سَبْقًا۔(آگے نکلنا۔ پہلے پہنچنا۔پہل کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔أُمَّةٍ:(امت۔قوم)اسم مجرور۔أَجَلَ:(مقررہ وقت)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هَا:(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔يَسْتَأْخِرُونَ:(وہ دیر کریں گے۔مؤخر کریں گے۔وہ پیچھے رہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَاخَرَ يَسْتَاخِرُ۔مصدر۔اسْتِيْخَارٌ۔(دیر کرنا۔پیچھے رکھنا۔)

ترجمہ آیت:کوئی جماعت اپنی مدت(وفات) سے نہ آگے نکل سکتی ہے نہ پیچھے رہ سکتی ہے

وَ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الَّذِىْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَالُوا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(جو۔کوئی)منادیٰ۔لفظاً مرفوع۔ محلاً منصوب۔مضاف۔ هَا: (اوئے)حرف تنبیہ۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔نُزِّلَ:(وہ اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ الذِّكْرُ: (ذکر۔نصیحت)نائب فاعل مرفوع۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ :(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر

مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(ضرور۔البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مَجْنُونٌ :(دیوانہ۔عقل گم کردہ)اسم مفعول۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور کفار کہتے ہیں کہ اے شخص جس پر نصیحت (کی کتاب) نازل ہوئی ہے تُو تو دیوانہ ہے۔

لَوْ مَا تَأْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۷﴾

لَّوْمَا:(کیوں نہیں)حرف شرطیہ۔تحضیض۔زجر و توبیخ۔حرف عرض۔تَأْتِي:(لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ نَا :(ہمیں۔ہم کو۔ہم پر)ضمیر متصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف اجر۔الْمَلٰٓئِكَةِ :(کائناتی قوتیں۔فرشتے)اسم مجرور۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتَ :(تو ہے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ الصَّادِقِينَ :(سچوں)اسم مجرور۔ علامت ی۔محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اگر تو سچا ہے تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا

مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ﴿۸﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔نُنَزِّلُ:(ہم نے اتارا)فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ الْمَلٰئِكَةَ:(فرشتے کو)منصوب۔مفعول بہ۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔بِ: (ساتھ سے)حرف جار۔الحَقِّ:(سچ۔حق)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانُوْا(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)

صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ إِذًا:(اس وقت)حرف جزاء۔جواب اور جزا کے لئے آتا ہے۔ مُّنظَرِينَ:(مہلت دیۓ جانے والے۔)اسم مفعول جمع مذکر۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:(کہہ دو) ہم فرشتوں کو نازل نہیں کیا کرتے مگر حق کے ساتھ اور اس وقت ان کو مہلت نہیں ملتی

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّكۡرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوۡنَ ﴿۹﴾

إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب :(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر متصل جمع متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبتداء مرفوع۔ نَزَّلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيلًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ الذِّكْرَ:(ذکر۔نصیحت)منصوب۔مفعول بہ۔ محلاً نَحْنُ مبتداء کی جملہ خبر مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب : (إِنَّ+ نَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر متصل جمع متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔لَ:(البتہ۔ضرور)حرف تاکید۔مزحلقہ۔حَافِظُوْنَ :(نگرانی کرنے والے۔حفاظت کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:بے شک یہ (کتاب) نصیحت ہمیں نے اُتاری ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ فِىۡ شِيَعِ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَرْسَلْنَا :(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً

مجرور مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔ شِيَعِ :(شِيْعَةٌ کی جمع ۔گروہ۔قوم۔جماعت۔)اسم مجرور۔ مضاف۔الْأَوَّلِيْنَ :(پہلے۔اگلے۔)مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے تم سے پہلے لوگوں میں بھی پیغمبر بھیجے تھے۔

وَمَا يَأْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ يَأْتِي تَأْتِي:(لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔هِمْ:(ان پر)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔زائد۔ رَّسُولٍ:(پیغمبر)لفظاً مجرور۔محلاً فاعل مرفوع۔ اِلَّا :(مگر)حرف حصر۔كَانُوْا(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ يَسْتَهْزِؤُوْنَ :(وہ ٹھٹھہ کرتے ہیں)۔فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَهْزَءَ يَسْتَهْزِئُ۔مصدر۔اِسْتَهْزَاءٌ۔ (ٹھٹھہ کرنا۔مذاق اڑانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ھ ز ء)صیغہ۔هَزَءَ يَهْزَا۔مصدر۔هُزْءًا۔هُزُؤًا۔هُزُوًا۔هُزُوءًا۔

ترجمہ آیت:اور اُن کے پاس کوئی پیغمبر نہیں آتا تھا مگر وہ اُس کے ساتھ استہزاء کرتے تھے

كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۲﴾

كَذٰلِكَ:(اسی طرح۔اس کی مانند) مرکب: (كَ+ذَا+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَا اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم+لِ بُعد کے لئے+كَ خطاب کے لئے۔ نَسْلُكُ: (ہم داخل کرتے ہیں/ داخل کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع۔علامت ۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ل

ک)صیغہ۔سَلَکَ یَسْلُکُ۔مصدر۔سَلْکًا۔سُلُوْکًا۔(داخل کرنا۔چلانا۔لڑی میں پرو کر رکھنا۔راستہ کی اتباع کرنا۔)هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ضمیر کا مرجع اِسْتَهْزَآءٌ ہے۔فِيْ:(میں) حرف جار۔قُلُوْبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دل)اسم مجرور۔مضاف۔الْمُجْرِمِينَ :(گنہگاروں۔مجرموں۔قانون شکنوں کو)مجرور۔مضاف علیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اسی طرح ہم اس(تکذیب وضلال) کو گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیتے ہیں۔

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾

لَا: (نہیں) يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔هٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔یا حالیہ۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَلَتْ: (گزر گئی۔خالی ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔خَلَا يَخْلُو۔مصدر۔خُلُوٌّ۔خَلَاءٌ۔(وقت۔گزرنا۔خالی ہونا۔تنہا ہونا)۔ سُنَّةُ :(طریقہ)فاعل مرفوع۔مضاف۔الْأَوَّلِينَ:(پہلوں کا)مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔جملہ محلاً منصوب۔حال

ترجمہ آیت:سو وہ اس پر ایمان نہیں لاتے اور پہلوں کی روش بھی یہی رہی ہے۔

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ﴿۱۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ فَتَحْنَا:(ہم کھول دیں)فعل ماضی جمع متکلم۔محلاً فعل شرط۔ثلاثی مجرد باب۔فتح۔مادہ(ف ت ح)صیغہ۔فَتَحَ يَفْتَحُ۔مصدر۔فَتْحٌ۔(کھولنا۔فتح کرنا)۔ عَلَيّ: (پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بَابًا:(دروازے کو)منصوب

۔مفعول بہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ السَّمَآءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ظَلُّوْا:(وہ رہتے۔ہوتے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ظ ل ل)مضاعف۔صیغہ۔ظَلَّ يُظِلُّ۔مصدر۔ظَلًّا۔ظُلُوْلًا۔(رہنا ہونا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔يَعْرُجُوْنَ:(وہ چڑھتے ہیں۔وہ سیڑھی لگاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ع ر ج)صیغہ۔عَرَجَ يَعْرُجُ۔مصدر۔عُرُوْجًا۔(بلند جگہ پر چڑھنا۔اوپر چڑھنا۔)جملہ محلاً ظَلَّ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور اگر ہم آسمان کا کوئی دروازہ اُن پر کھول دیں اور وہ اس میں چڑھنے بھی لگیں۔

لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ﴿۱۵﴾

لَ:(البتہ)برائے تاکید۔مزحلقہ۔قَالُوْا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّمَا:(در حقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ سُكِّرَتْ:(مضطرف ہوگئی۔مخمور ہوگئی۔)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث۔غائب۔ضمیر ت ساکن۔علامت تانیث۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَكَّرَ يُسَكِّرُ مصدر۔تَسْكِيْرٌ۔(مخمور ہونا۔آنکھوں میں بے قراری ہونا)۔أَبْصَارُ:(آنکھیں۔بینائیاں)نائب فاعل مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔برائے تصدیق۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبتداء مرفوع۔قَوْمٌ:(قوم۔لوگو) خبر مرفوع۔موصوف۔ مَّسْحُوْرُوْنَ :(جادو کئے ہوئے)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:تو بھی یہی کہیں کہ ہماری آنکھیں مخمور ہوگئی ہیں بلکہ ہم پر جادو کر دیا گیا ہے۔

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ زَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ بُرُوجًا:(بُرْجٌ کی جمع ٹاور۔ ہوروسکوپ) منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔زَيَّنَّا:(ہم نے سجایا۔زینت دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔زَيَّنَ يُزَيِّنُ۔مصدر۔تَزْيِيْنٌ۔(مزین کرنا۔سجانا)۔هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاظِرِينَ:(دیکھنے والوں کے) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اور ہم ہی نے آسمان میں برج بنائے اور دیکھنے والوں کے لیے اُس کو سجادیا۔

وَ حَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۱۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔حَفِظْنَا:(ہم محفوظ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ف ظ) صیغہ۔حَفِظَ يَحْفَظُ۔مصدر۔حَفْظًا۔(حفاظت کرنا۔ محفوظ کرنا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔ مضاف۔ شَيْطَانٍ:(شیطان۔ہر وہ چیز جس سے نقصان کا احتمال ہو۔)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ رَّجِيْمٍ:(راندہ ہوا۔سنگسار کیا ہوا۔مردود)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور ہر شیطان راندۂ درگاہ سے اُسے محفوظ کردیا۔

اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾

اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ مَنِ:(جو)اسم موصول شرطیہ۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اسْتَرَقَ :(اس نے چرا لیا۔چوری کرنا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔

صیغہ۔اِسْتَرَقَ يَسْتَرِقُ۔مصدر۔اِسْتِرَاقٌ۔(چوری کرنا۔ چرانا)۔السَّمْعَ:(غور سے سن کر۔ کان لگا کر)منصوب۔حال۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَتْبَعَ:(پیچھے لگتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزیدفیہ۔افعال۔صیغہ۔ثلاثی مزیدفیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اَتْبَعَ يُتْبِعُ۔مصدر۔اِتْبَاعًا(پیروی کرنا۔پیچھے لگنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ شِهَابٌ:(انگارے۔شعلے۔مضبوط دلائل۔یہ ایک کنایہ ہے۔) فاعل مرفوع۔موصوف۔مُّبِيْنٌ :(واضح۔روشن)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:ہاں اگر کوئی چوری سے سنناچاہے توچمکتاہواانگارہ اس کے پیچھے لپکتا ہے۔

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الأَرْضَ:(زمین کو)منصوب مفعول بہ۔مَدَدْنَا:(ہم نے کھینچ دیا۔لمبا کردیا پھیلا دیا)۔فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م د د)مضاعف۔صیغہ۔مَدَّ يَمُدُّ۔مصدر مُدٌّ۔(لمبا کرنا۔کھینچنا۔پھیلانا۔بچھانا)۔ هَا :(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:()أَلْقَيْنَا :(ہم نے ڈال دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِىْ۔ مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔ مصدر۔ لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔ لُقِيًّا۔ لُقْيًا۔ لُقًّى۔لَقْيًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا: (اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ رَوَاسِيَ:(رَاسِيَّةٌ کی جمع۔پہاڑوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنبَتْنَا:(ہم نے اگا دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَنْبَتَ يُنْبِتُ۔مصدر۔اَنْبَاتًا۔(اگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔نصر۔مادہ(ن ب ت)صیغہ۔ نَبَتَ يَنْبِتُ۔مصدر۔نَبْتٌ۔(اگانا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)حرف تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ :(چیز۔شئے) مجرور۔

مضاف الیہ۔موصوف۔ مَّوْزُوْنٍ :(مناسب۔درست طریقے سے۔نپی تلی۔جتنی درکار ہو) ۔اسم مفعول۔محلاً صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اورزمین کو بھی ہم ہی نے پھیلایااوراس پرپہاڑ(بناکر) رکھ دیئےاوراس میں ہرایک سنجیدہ چیزاُگائی۔

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون،۔محلاً اسم مجرور۔ مَعَايِشَ:(رہنے کی جگہیں)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول مبنی بر سکون۔محلاًمعطوف منصوب۔ لَّسْتُمْ:(تم نہیں)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔جامد۔ناصب خبر۔رافع اسم۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔زائدہ۔رَازِقِيْنَ :(رزق دینے والے)اسم فاعل۔لفظاً مجرور۔محلاًلَيْسَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور ہم ہی نے تمہارے لیے اوران لوگوں کے لیے جن کو تم روزی نہیں دیتےاس میں معاش کے سامان پیدا کئے۔

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اِنْ:(نہیں)نافیہ۔کیونکہ بعد اِلَّا آگیاہے۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔زائدہ۔ شَيْءٍ: (کوئی چیز۔) اِلَّا :(مگر)حرف حصر۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَزَائِنُ:(خزانے)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد

مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَا :(نہیں) نافیہ۔ نُنَزِّلُ:(ہم نے اتارا) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ نَزَّلَ یُنَزِّلُ۔ مصدر۔ تَنْزِیْلًا۔ (اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ هٗ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ اِلَّا :(مگر) حرف حصر۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ قَدَرٍ :(اندازہ۔ مقدار۔) موصوف۔ مَّعْلُوْمٍ : (معلوم ہے۔ جانا ہوا) مجرور صفت۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ہمارے ہاں ہر چیز کے خزانے ہیں اور ہم ان کو بمقدار مناسب اُتارتے رہتے ہیں۔

وَ اَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ أَرْسَلْنَا :(ہم نے بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ صیغہ۔:(ہم نے بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ حاضر۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ الرِّیَاحَ:(ہوا کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ لَوَاقِحَ:(ایسی ہوائیں جو پانے والے بادلوں کو اٹھائے ہوئی ہوں۔ بارآور۔ بارش برسانے والی) منصوب مفعول بہ ثانی۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَنْزَلَ۔ یُنْزِلُ۔ مصدر۔ اِنْزالٌ۔ (اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ السَّمَاءِ: (آسمان) اسم مجرور۔ مَاءً:(پانی) منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس) حرف جار۔ أَسْقَیْنَا:(ہم نے پلایا۔ سیراب کرایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَسْقٰی یُسْقِیْ۔ مصدر۔ اِسْقَاءٌ۔ (پانی پلانا۔ سیراب کرانا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(س ق ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ سَقٰی یَسْقِیْ ۔ مصدر۔ سَقْیٌ۔ سِقَایَةٌ۔ کُمُو:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ تقدیراً منصوب مفعول بہ اوّل۔ مضموم۔ بوجہ واؤ اشباع۔ مضاف۔ هٗ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب مفعول بہ ثانی۔ وَ: (حالانکہ۔)

حالیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ عمل لَيْسَ کے مطابق۔رافع اسم۔ناصب خبر۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔زائدہ۔خَازِنِيْنَ:(خزانہ بنانے والے۔اکٹھا کرنے والے۔ذخیرہ کرنے والے)مَا کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور ہم ہی ہوائیں چلاتے ہیں (جو بادلوں کے پانی سے) بھری ہوئی ہوتی ہیں اور ہم ہی آسمان سے مینہ برساتے ہیں اور ہم ہی تم کو اس کا پانی پلاتے ہیں اور تم تو اس کا خزانہ نہیں رکھتے۔

وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿٢٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل فعل۔ناصب اسم۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(ضرور۔البتہ)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ نَحْنُ: (ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبتداء مرفوع۔ نُحْيِي:(ہم زندہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔تقدیراً مرفوع۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَحْيٰ يَحْيِيْ۔مصدر۔اِحْيَاءٌ۔(زندہ رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی)لفیف مقرون۔اجوف یائی۔و ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيَا۔مصدر۔ حَيَاةً۔ حَيْوَانًا۔(زندگی ۔موت کے برعکس۔)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نُمِيتُ:(ہم موت دیتے ہیں۔مار دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔جملہ معطوف مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمَاتَ يُمِيْتُ۔مصدر۔ اِمَاتَةٌ۔(مارنا۔وفات دینا۔) وَ:(اور)حرف عطف۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْوَارِثُوْنَ:(وارث بنانے والے ہیں)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم ہی حیات بخشتے اور ہم ہی موت دیتے ہیں۔اور ہم سب کے وارث (مالک) ہیں۔

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿٢٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔عَلِمْنَا:(ہم نے جانا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ:(گزر جانے والے۔آگے چلے جانے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً منصوب۔علامت ۔ی۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔عَلِمْنَا :(ہم نے جانا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ الْمُسْتَأْخِرِيْنَ :(پیچھے رہ جانے والے۔پیچھے آنے والے) اسْتِيْخَارٌ۔مصدر۔سے اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ تم میں پہلے گزر چکے ہیں ہم کو معلوم ہیں اور جو پیچھے آنے والے ہیں وہ بھی ہم کو معلوم ہیں

وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَحْشُرُ:(وہ جمع کرتا ہے / کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مضموم۔جملہ محلاً هُوَ مبتداء کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر) صیغہ۔حَشَرَ يَحْشُرُ ۔مصدر۔حَشْرٌ۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلا إِنَّ کا اسم منصوب۔حَكِيْمٌ:(وہ بہت ہی حکمت والا ہے)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ عَلِيْمٌ :(خوب جاننے والا) مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور تمہارا پروردگار (قیامت کے دن) ان سب کو جمع کرے گا وہ بڑا دانا (اور) خبر دار ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ الْإِنْسَانَ:(انسان کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ صَلْصَالٍ:(روہی کی مٹی۔خشک کھنکھانے والی مٹی۔)اسم مجرور۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ حَمَإٍ:(کیچڑ۔گارا)اسم مجرور۔موصوف۔ مَّسْنُوْنٍ :(سڑا ہوا)اسم مفعول۔محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے انسان کو کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا ہے۔

وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الْجَآنَّ:(جنّ۔)منصوب۔ مفعول بہ۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مِنْ:(سے)حرف جار۔نَّارِ:(آگ)اسم مجرور۔مضاف۔ السَّمُومِ:(زہریلی۔لُووالی۔شعلوں والی۔سخت گرمی والی)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور جنوں کو اس سے بھی پہلے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا تھا۔

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِنْ صَلْصَالٍ مِنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔فعل اُذْكُرْ محذوف۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)الْمَلٰٓئِكَةِ:(کائناتی قوت۔غیر مرئی قوت۔فرشتے)اسم مجرور۔إِنِّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون محلاً إِنَّ کا اسم منصوب خَالِقٌۢ:(پیدا کرنے والا)اسم فاعل۔محلاً إِنِّ کی خبر مرفوع۔ بَشَرًا : (انسان کو۔بشر۔بندہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ صَلْصَالٍ:(روہی کی مٹی۔خشک کھنکھانے والی مٹی۔)اسم مجرور۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔حَمَاٍ:(کیچڑ۔گارا)اسم مجرور۔موصوف۔مَّسْنُوْنٍ : (سڑاہوا)اسم مفعول۔محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور جب تمہارے پرورد گار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے ایک بشر بنانے والا ہوں۔

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔ سَوَّيْتُ:(میں نے درست کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔علامت ت ضمیر مبسوط مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔سَوّٰى يُسَوِّىْ۔مصدر۔تَسْوِيَةٌ۔(برابر کرنا۔ٹھیک کرنا۔درست کرنا۔نوک پلک سنوارنا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَفَخْتُ:(میں نے پھونک ماری)فعل ماضی واحد متکلم۔ علامت ت ضمیر مبسوط مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ف خ)صیغہ۔نَفَخَ يَنْفَخُ۔مصدر۔نَفْخًا۔(پھونک مارنا) فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ رُّوْحِ:(روح۔کوئی چیز ہے مانند ہوا، خوشبو۔مہک)اسم مجرور۔مضاف۔

يْ:(میری۔اپنی)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔۔قَعُوْا :(وہ گر پڑو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ق ع)صیغہ۔وَقَعَ يَقَعُ۔مصدر۔ وُقُوْعًا۔(گر پڑنا۔واقع ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاسم مجرور۔سَاجِدِيْنَ:(سجدہ کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاًمنصوب۔علامت۔ی۔حال۔

ترجمہ آیت:جب اس کو(صورت انسانیہ میں) درست کرلوں اوراس میں اپنی (بے بہاچیز یعنی) روح پھونک دوں تواس کے آگے سجدے میں گر پڑنا۔

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿٣٠﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔سَجَدَ:(اس نے سجدہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔(سجدہ کرنا۔جھک جانا۔اطاعت قبول کرنا)۔الْمَلٰئِكَةُ:(کائناتی قوتیں۔غیر مرئی طاقتیں۔فرشتے)فاعل مرفوع۔ كُلُّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید معنوی۔ مرفوع۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَجْمَعُوْنَ :(سارے کے سارے)برائے تاکید ثانی۔

ترجمہ آیت:تو فرشتے توسب کے سب سجدے میں گر پڑے۔

اِلَّآ اِبْلِيْسَ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿٣١﴾

اِلَّا:(سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔ إِبْلِيسَ :(ابلیس۔شیطان۔)منصوب۔مستثنٰی منقطع۔أَبَى:(اس نے انکار کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔اَبٰى يَابِيْ۔مصدر۔اَبَاءٌ۔(انکار کرنا۔)أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَكُوْنَ:(وہ ہوا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔

علامت۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مَعَ : (ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔السَّاجِدِيْنَ :(سجدہ کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مگر شیطان کہ اس نے سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہونے سے انکار کر دیا۔

قَالَ يٰۤاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا :(اے)حرف نداء۔إِبْلِيسُ:(ابلیس۔شیطان۔)منادیٰ۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مَا :(نہیں)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوعد۔۔ لَ: (لئے)حرف جار۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ مَا محلاً کی خبرمرفوع أَلَّا :(کہ نہ۔)مرکب۔: (أَنْ+لَا)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ + نافیہ۔تَكُوْنَ:(تو ہوا) فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت۔ محل اعراب مفتوح۔۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مَعَ: (ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔السَّاجِدِيْنَ:(سجدہ کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(اللہ نے فرمایا) کہ ابلیس! تجھے کیا ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا۔

قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَمْ :(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع ۔ قالب۔ أَكُنْ:(میں ہوں)اصلاً أَكُوْنُ ہے۔بوجہ التقائے ساکنین۔نون اعرابی اور واؤ حرف علت محذوف۔فعل ناقص مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد

۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضاف۔أَسْجُدَ:(میں سجدہ کروں)فعل مضارع واحد متکلم۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ یَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔(سجدہ کرنا۔ جھک جانا۔ اطاعت قبول کرنا)۔لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔بَشَرٍ :(بشر۔انسان۔ آدمی۔بندہ)اسم مجرور۔خَلَقْتَ:(تو نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت۔ت ضمیر مبسوط مفتوح۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔ مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وجملہ محلاً بَشَر کی صفت۔ مجرور۔۔مِنْ: (سے)حرف جار۔ صَلْصَالٍ:(روہی کی مٹی۔خشک کھنکھانے والی مٹی۔)اسم مجرور۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔حَمَإٍ:(کیچڑ۔گارا)اسم مجرور۔موصوف۔مَّسْنُوْنٍ:(سڑاہوا)اسم مفعول۔محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:(اس نے) کہا کہ میں ایسا نہیں ہوں کہ انسان کو جس کو تونے کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے بنایا ہے سجدہ کروں۔

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّکَ رَجِیْمٌ ﴿۳۴﴾

قَالَ:() ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔اُخْرُجْ :(تو نکل جا)فعل امر واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس) حرف تعلیل۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ :(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔رَجِیْمٌ:(سنگسار کیا ہوا۔لعنتی۔راندہ ہوا۔مردود)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اللہ نے) فرمایا یہاں سے نکل جا۔تو مردود ہے۔

وَّ اِنَّ عَلَیۡکَ اللَّعۡنَۃَ اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنِ ﴿۳۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف عطف۔ كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔اللَّعْنَةَ:(لعنت) منصوب ۔مفعول بہ۔إِلَى:(طرف۔ تک)حرف جار۔يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ الدِّيْنِ : (طریقہ۔شریعت۔ اصول۔) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور تجھ پر قیامت کے دن تک لعنت (برسے گی)۔

قَالَ رَبِّ فَاَنۡظِرۡنِیۡۤ اِلٰی یَوۡمِ یُبۡعَثُوۡنَ ﴿۳۶﴾

قَالَ:() ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ رَبِّ:(اے میرے ربّ)منادیٰ۔محلاً منصوب۔حرف نداء۔محذوف۔مضاف۔یائے متکلم۔محذوف۔مضاف الیہ۔ فَ:(پھر) برائے رابطہ یا فصیحہ۔أَنْظِرْ:(مہلت دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ رجائیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَنْظَرَ يُنْظِرُ۔مصدر۔إِنْظَارًا۔(مہلت دینا۔دیکھنا) نِ:(وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَى: (طرف۔ تک)حرف اجر۔ يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ يُبْعَثُوْنَ :(وہ دوبارہ اٹھائے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ب ع ث) صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(دوبارہ اٹھانا۔)۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(اس نے) کہا کہ پروردگار مجھے اس دن تک مہلت دے جب لوگ (مرنے کے بعد) زندہ کئے جائیں گے۔

قَالَ فَاِنَّکَ مِنَ الۡمُنۡظَرِیۡنَ ﴿۳۷﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ فَ:(پس) برائے رابطہ۔إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تو) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلا إِنَّ کا اسم منصوب۔مِنْ:(سے) حرف جار۔ الْمُنْظَرِيْنَ:(مہلت دیئے جانے والے) اسم مفعول جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔محلاً شبہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: فرمایا کہ تجھے مہلت دی جاتی ہے۔

اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾

إِلَى:(طرف۔تک) حرف جار۔يَوْمِ:(دن) ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ الْوَقْتِ: (وقت۔ قیامت۔ آخرت) مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الْمَعْلُوْمِ:(جاناہوا۔معلوم۔جس کا علم ہے) مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وقت مقرر (یعنی قیامت) کے دن تک۔

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۳۹﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ رَبِّ:(اے میرے رب۔) منادیٰ۔حرف نداء۔محذوف۔منصوب۔مضاف۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم محذوف۔مضاف الیہ۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار سببیہ۔+ اسم مصدریہ۔أَغْوَيْتَ:(تونے بہکایا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت۔ت ضمیر مبسوط مفتوح۔نِ:(وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ي:(مجھ کو) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ لَ:(البتہ) لائے تاکید۔ موطئة للقسم ۔أُزَيِّنَنَّ:(میں ضرور بالضرور آراستہ کروں گا) فعل مضارع واحد متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔زَيَّنَ يُزَيِّنُ۔مصدر۔تَزْيِيْنٌ۔(مزین کرنا۔سجانا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فِي:(میں) حرف جار۔ الْأَرْضِ :

(زمین)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔أُغْوِيَنَّ:(میں ضرور بالضرور بہکاؤں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَغْوٰی یُغْوِیْ۔ مصدر۔اِغْوَآءٌ۔(بہکانا۔گمراہ کرنا۔غلط راستہ پر چلانا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔أَجْمَعِيْنَ:(سب کے سب کو)برائے تاکید۔ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:(اس نے) کہا کہ پروردگار جیسا تونے مجھے رستے سے الگ کیا ہے میں بھی زمین میں لوگوں کے لیے (گناہوں) کو آراستہ کر دکھاؤں گا اور سب کو بہکاؤں گا۔

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾

اِلَّا :(سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔عِبَادَ:(عَبْدٌ کی جمع۔بندے)مستثنیٰ منصوب۔مضاف۔ كَ:(تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ هُمُ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔ الْمُخْلَصِيْنَ :(مخلص ۔خلوص سے عمل کرنے والے۔خالص۔)صفت مجرور۔تابع موصوف

ترجمہ آیت:ہاں ان میں جو تیرے مخلص بندے ہیں (ان پر قابو چلنا مشکل ہے)۔

قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿۴۱﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ هٰذَا :(یہ)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔صِرَاطٌ:(راستہ)خبر مرفوع۔ عَلَيَّ :(مجھ پر)مرکب جاری :(عَلٰی+یَّ)حرف جار۔+یائے واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔مُسْتَقِيْمٌ:(سیدھا۔قائم رکھنے والا)صفت ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اللہ نے) فرمایا کہ مجھ تک (پہنچنے کا) یہی سیدھا رستہ ہے۔

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْغٰوِیْنَ ﴿۴۲﴾

إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔عِبَادِ:(عَبْدٌ کی جمع۔بندے) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر وسکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی۔جامد اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔رافع اسم ۔ناصب خبر۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ: (تیرے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَيْسَ کی خبر مقدّم منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔سُلْطَانٌ:(ثبوت ۔سند۔دلیل) لَيْسَ کا اسم مؤخر مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ اِلَّا :(سوائے۔علاوہ)حرف استثنٰی۔مَنِ :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔کسرہ برائے اتصال۔ما بعد۔اتَّبَعَ:(اس نے پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا۔پیچھے پیچھے چلنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ الْغَاوِيْنَ:(الْغَاوِيْ کی جمع ۔گمراہوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:جو میرے (مخلص) بندے ہیں ان پر تجھے کچھ قدرت نہیں (کہ ان کو گناہ میں ڈال سکے) ہاں بد راہوں میں سے جو تیرے پیچھے چل پڑے۔

وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔جَهَنَّمَ:(دوزخ۔جہنم) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مَوْعِدُ:(مقررہ جگہ)ظرف مکان۔وعدہ کی جگہ۔مضاف۔

هُمْ :(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَجْمَعِينَ :(سارے کے سارے) برائے تاکید۔

ترجمہ آیت:اور ان سب کے وعدے کی جگہ جہنم ہے۔

لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ لِكُلِّ بَابٍ مِنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔سَبْعَةُ:(ساتھ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ أَبْوَابٍ:(دروازے)مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔كُلِّ :(تمام۔ہر)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔مضاف۔بَابٍ:(دروازہ)مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ جُزْءٌ:(کوئی حصہ۔ایک حصہ۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔ مَّقْسُوْمٌ :(تقسیم کیا ہوا۔علیحدہ کیا ہوا۔ مخصوص کیا ہوا)اسم مفعول۔محلاًصفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اس کے سات دروازے ہیں۔ہر ایک دروازے کے لیے ان میں سے جماعتیں تقسیم کر دی گئی ہیں۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾

إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْمُتَّقِيْنَ:(پرہیز گار۔اللہ سے ڈرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔علامت۔ی۔ فِي :(میں)حرف جار۔جَنَّاتٍ:(جَنَّةٌ کی جمع۔باغوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔عُيُوْنٍ :(عَيْنٌ کی جمع۔چشمے)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت:جو متقی ہیں وہ باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔

اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾

أُدْخُلُوْ:(داخل ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ محذوف۔برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُولٌ۔(داخل کرنا۔)۔ هَا:(اس میں)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔سَلَامٍ:(سلامتی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔آمِنِيْنَ :(امن والے) منصوب۔علامت۔ی۔حال۔

ترجمہ آیت:(ان سے کہاجائے گا کہ) ان میں سلامتی (اور خاطر جمع سے) داخل ہو جاؤ۔

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نَزَعْنَا :(ہم نے چھین لیا۔نکال دیا۔اتار دیا۔ کھینچ لیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ز ع)صیغہ۔نَزَعَ يَنْزَعُ۔مصدر۔نَزْعًا۔(نکال دینا۔ کھینچ دینا۔اتار دینا)۔مَا:(جو)اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔صُدُوْرِ:(صَدْرٌ کی جمع ۔سینے)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔غِلٍّ:(کدورت۔کینہ۔نفرت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔إِخْوَانًا :(بھائی بھائی) منصوب۔حال ثانی۔عَلَى :(پر)حرف جار۔سُرُرٍ:(سَرِيْرٌ کی جمع۔پلنگ۔تخت۔)اسم مجرور۔ مُّتَقَابِلِيْنَ : (روبرو۔آمنے سامنے)منصوب۔علامت۔ی۔حال ثالث۔

ترجمہ آیت:اوران کے دلوں میں جو کدورت ہو گی ان کو ہم نکال کر(صاف کر) دیں گے (گویا) بھائی بھائی تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں۔

لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّ مَا هُمْ مِنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يَمَسُّ:(چھوتا ہے۔پہنچتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔پہنچنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ نَصَبٌ:(پہنچنا۔گاڑنا۔)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔هُمْ:(ان) مَا کا اسم مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔مُخْرَجِيْنَ:(نکلنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔لفظا مجرور۔محلاً مَا کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:نہ ان کو وہاں کوئی تکلیف پہنچے گی اور نہ وہاں سے نکالے جائیں گے۔

نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾

نَبِّئْ:(خبر دو۔اطلاع دو۔بتادو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔ صیغہ۔نَبَاَ يَنْبَاُ۔مصدر۔نَبَاً۔نَبُوْءً۔(خبر دینا۔آہستہ آواز دینا۔دیس نکالا دینا۔ہٹانا۔)۔عِبَادِ:(عبد کی جمع ۔بندے)منصوب۔مفعول بہٖ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔أَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبتداء مرفوع۔ الْغَفُورُ :(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔ أَنَّ کی خبر مرفوع۔ الرَّحِيمُ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔ أَنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اے پیغمبر) میرے بندوں کو بتادو کہ میں بڑا بخشنے والا (اور) مہربان ہوں۔

وَ اَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔عَذَابِ:(عذاب۔سزاء) أَنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْعَذَابُ:(عذاب۔سزاء)خبر مرفوع۔موصوف۔ الْأَلِيْمُ:(دردناک۔دکھ دینے والا)اسم فاعل مرفوع۔محلاًمرفوع۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور یہ کہ میرا عذاب بھی درد دینے والا عذاب ہے۔

وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔نَبِّئْ:(خبر دو۔اطلاع دو۔بتادو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔ صیغہ۔نَبَأَ يَنْبَأُ۔مصدر۔نَبَأً۔نَبُوْءً۔(خبر دینا۔آہستہ آواز دینا۔دیس نکالا دینا۔ہٹانا۔) ۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ ضَيْفِ :(مہمان)اسم مجرور۔مضاف۔إِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور ان کو ابراہیم کے مہمانوں کا احوال سنادو۔

اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾

إِذْ:(جب)ظرف زمان بمعنی ماضی مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔دَخَلُوْا:(وہ داخل ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُوْلٌ۔ (داخل کرنا۔)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ ۔محلاً اسم مجرور۔ فَ: (پس)حرف عطف۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔سَلَامًا :(سلامتی)منصوب مفعول مطلق۔فعل محذوف۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔

قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل فعل۔ناصب اسم۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر ۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَجِلُوْنَ:(ڈرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:جب وہ ابراہیم کے پاس آئے تو سلام کہا۔(انہوں نے) کہا کہ ہمیں تو تم سے ڈر لگتا ہے۔

قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ ﴿۵۳﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَوْجَلْ:(تو ڈر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(و ج ل)مثال واوی۔صیغہ وجل یوجل مصدر۔وجلا۔(ڈرنا)۔إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل فعل۔ناصب اسم۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ نُبَشِّرُ:(ہم خوشخبری دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ ۔مصدر۔تَبْشِيْرٌ۔(خوشخبری سنانا)۔كَ:(تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ بِ:(ساتھ)حرف جار۔غُلَامٍ:(لڑکے کی)اسم مجرور۔ عَلِيْمٍ:(علم والا۔دانشمند)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:(مہمانوں نے) کہا کہ ڈریئے نہیں ہم آپ کو ایک دانشمند لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں

قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِیْ عَلٰۤی اَنْ مَّسَّنِیَ الْکِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام تعجب۔بَشَّرْتُمُو:(تم نے خوشخبری دی)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ برائے شکم پری۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔مصدر۔ تَبْشِيْرٌ۔ (خوشخبری

سنانا)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔الْكِبَرُ:(بڑھاپا)فاعل مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔مَّسَّ:(اس نے چھوا۔وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔پہنچنا)۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔بِمَ:(کس کی)مرکب: (بِ+مَ)حرف جار۔+ما کا مخففہ۔اسم استفہام۔ تُبَشِّرُوْنَ:(تم خوشخبری دیتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ ۔مصدر۔تَبْشِيْرٌ۔(خوشخبری سنانا)۔

ترجمہ آیت:(وہ) بولے کہ جب مجھے بڑھاپے نے آپکڑا تو تم خوشخبری دینے لگے۔اب کاہے کی خوشخبری دیتے ہو۔

قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔بَشَّرْنَا:(ہم نے خوشخبری دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ ۔مصدر۔تَبْشِيْرٌ۔(خوشخبری سنانا)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق۔سچ)اسم مجرور۔ فَ: (پس) حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَكُنْ:(تو ہو)اصلاًتَكُوْنُ ہے۔بوجہ التقائے ساکنات۔نون اعرابی اور واؤ حرف علت محذوف۔ فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ الْقَانِطِيْنَ: (مایوس ہونے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:(انہوں نے) کہاہم آپ کو سچی خوشخبری دیتے ہیں آپ مایوس نہ ہوئیے۔

قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَن:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ يَقْنَطُ:(مایوس ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق ن ط)صیغہ۔قَنِطَ يَقْنَطُ۔مصدر۔قُنُوْطًا۔(مایوس ہونا۔ناامید ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔رَّحْمَةِ:(رحمت۔مہربانی۔ نوازش) اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هٖ:(اس کی۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِلَّا:(مگر۔سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔ الضَّآلُّوْنَ :(گمراہوں کے۔ رستہ بھٹکنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً مستثنیٰ۔منصوب۔فاعل يَقْنَطُ۔کابدل۔

ترجمہ آیت:(ابراہیم نے) کہاکہ اللہ کی رحمت سے(میں مایوس کیوں ہونے لگا اس سے) مایوس ہونا گمراہوں کاکام ہے۔

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔مَا:(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ خَطْبُ:(حال۔حقیقت۔معاملہ۔کام)خبر مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَيُّهَا:(اے)مرکب۔:(أَيُّ+هَا)منادیٰ تقدیرا منصوب۔حرف نداء محذوف۔ أَيُّ: (جو۔کوئی)منادیٰ۔لفظاًمرفوع۔محلاًمنصوب۔مضاف۔هَا: (اوئے)حرف تنبیہ۔ الْمُرْسَلُوْنَ:(الْمُرْسَلُ کی جمع۔بھیجے ہوئے)اسم موصول۔جمع مذکر۔صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: پھر کہنے لگے کہ فرشتو! تمہیں (اور) کیاکام ہے۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّا :(یقیناً ہم)مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل فعل۔ناصب اسم۔+ ضمیر متصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ أُرْسِلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی مجہول جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ قَوْمٍ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔موصوف مُّجْرِمِيْنَ :(گنہگار۔قانون شکن۔)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً صفت۔مجرور۔علامت۔ی۔تابع موصوف

ترجمہ آیت:(انہوں نے) کہا کہ ہم ایک گنہگار قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں (کہ اس کو عذاب کریں)۔

اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۹﴾

اِلَّا :(مگر)حرف استثناء۔آلَ :(قوم۔رشتہ دار۔خاندان)۔مستثنیٰ منصوب۔مضاف۔لُوْطٍ:(لوطؑ)مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل فعل۔ناصب اسم۔+ ضمیر متصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(لازماً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مُنَجُّو:(نجات دہندہ۔بچانے والے)اصلاً مُنَجِّيُوْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ۔مضاف۔ی۔کو بسبب ثقیل ہونے کے گرا دیا گیا۔أَنَّ کی خبر مرفوع۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَجْمَعِينَ : (سارے کے سارے)برائے تاکید معنوی۔مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:مگر لوط کے گھر والے کہ ان سب کو ہم بچالیں گے۔

اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾

اِلَّا :(مگر)حرف استثناء۔اِمْرَأَتَ:(عورت)منصوب۔ مستثنیٰ۔مضاف۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَدَّرْنَا :(ہم نے طے کردیا۔مقرر کر دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔قَدَّرَ يُقَدِّرُ۔مصدر۔تَقْدِيْراً ۔(اندازہ لگانا۔پیمانہ مقرر کرنا۔)۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(ضرور۔یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔الْغَابِرِيْنَ:(پیچھے رہ جانے والوں۔گزرنے والے۔تباہ ہونے والے)اسم فاعل جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:البتہ ان کی عورت (کہ) اس کے لیے ہم نے ٹھہرادیا ہے کہ وہ پیچھے رہ جائے گی۔

فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٦١﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا) ۔ آلَ: (قوم)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔لُوْطٍ:(لوطؑ)مجرور مضاف الیہ۔الْمُرْسَلُوْنَ :(بھیجے ہوئے)اسم مفعول ۔محلاًفاعل جمع مذکر۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:پھر جب فرشتے لوط کے گھر گئے۔

قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿٦٢﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ قَوْمٌ:(قوم۔لوگ) إِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔ مُّنْكَرُوْنَ : (انکار کرنے

والے۔انجان۔ناواقف۔نا آشنا۔غیر معروف۔اجنبی)اسم مفعول۔محلاً فاعل مرفوع۔ جمع مذکر۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:تو لوط نے کہا تم تو نا آشنا سے لوگ ہو۔

قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿٦٣﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ بَلْ :(بلکہ)حرف اضراب۔جِئْنَا:(ہم آئے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِيُّ۔ (آنا) ۔كَ :(تمہارے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔كَانُوْا(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔يَمْتَرُوْنَ:(تم شک کرتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب افتعال ۔ صیغہ۔اِمْتَرٰى يَمْتَرِىْ۔مصدر۔اِمْتَرَاءٌ۔(شک کرنا)۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:وہ بولے کہ نہیں بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جس میں لوگ شک کرتے تھے۔

وَ اٰتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٦٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اَتَيْنَا:(ہم نے دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِىْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔كَ : (تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ: (سچ۔ حق)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل فعل۔ ناصب

اسم۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(یقیناً۔ضرور)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔صَادِقُوْنَ :(سچے۔سچ کرنے والے۔سچ بولنے والے)اسم فاعل۔مرفوع۔جمع مذکر۔محلاً أَنَّ جملہ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ہم آپ کے پاس یقینی بات لے کر آئے ہیں اور ہم سچ کہتے ہیں

فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ﴿٦٥﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔أَسْرِ :(چل۔نکل۔جا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔محل اعراب مجزوم۔علامت یائے بوجہ التقائے ساکنین۔محذوف۔ثلاثی مجرد۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَسْرٰی یُسْرِیْ۔مصدر۔اِسْرَاءٌ۔(رات کولے کر سیر کرنا۔چلنا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(س ی ر)اجوف یائی۔صیغہ۔سَارَ يَسِيْرُ۔ مصدر۔ سَيْرٌ۔(سیر کرنا۔ چلنا پھرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَهْلِ:(گھر والے۔ساتھی)اسم مجرور۔مضاف۔ كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ بِ:(ساتھ۔)حرف جار۔قِطْعٍ:(ٹکڑے۔کسی حصے۔)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ اللَّيْلِ:(رات)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِتَّبِعْ:(پیروی کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ أَدْبَارَ:(پیٹھوں۔پشتوں۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا: (نہ) لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ يَلْتَفِتْ :(وہ توجہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِلْتَفَتَ يَلْتَفِتُ۔مصدر۔اِلْتِفَاتٌ۔(توجہ کرنا۔مڑکر دیکھنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَحَدٌ:(کوئی ایک بھی)فاعل مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔امْضُوْا:(پوراکرو۔گزارو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔نون اعرابی محذوف۔واؤجمع

الف فارقہ۔ حَيْثُ:(جہاں)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ تُؤْمَرُوْنَ :(تم حکم دئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَاْمُرُ۔ مصدر۔ اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔جملہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:تو آپ کچھ رات رہے سے اپنے گھر والوں کو لے نکلیں اور خود ان کے پیچھے چلیں اور اور آپ میں سے کوئی شخص مڑ کر نہ دیکھے۔اور جہاں آپ کو حکم ہو وہاں چلے جایئے۔

وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿٦٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَضَيْنَا:(ہم نے پورا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔قَضٰی یَقْضِیْ ۔ مصدر۔قَضَاءٌ۔(پورا کرنا)۔اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ہِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً منصوب مفعول بہ۔الْاَمْرَ:(باب۔حکم)منصوب۔مفعول بہ۔کا ذٰلِكَ بدل منصوب۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔دَابِرَ:(جڑ) أَنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ هٰٓؤُلَاءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَقْطُوعٌ:(کٹی ہوئی)اسم مفعول۔أَنَّ کی خبر مرفوع۔مُّصْبِحِيْنَ :(صبح پانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً حال منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے لوط کی طرف وحی بھیجی کہ ان لوگوں کی جڑ صبح ہوتے ہوتے کاٹ دی جائے گی۔

وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٦٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔أَهْلُ:(والے۔اہل)فاعل مرفوع۔مضاف۔الْمَدِيْنَةِ:(شہر کے)مجرور مضاف الیہ۔ يَسْتَبْشِرُوْنَ :(وہ خوش ہو رہے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت نون

اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَبْشَرُ يَسْتَبْشِرُ ۔ مصدر۔اِسْتِبْشَارٌ۔(خوشخبری سنانا)۔

ترجمہ آیت:اور اہل شہر (لوط کے پاس) خوش خوش (دوڑے) آئے۔

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِىْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٰؤُلاء :(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ضَيْفِ:(مہمان) إِنَّ کی خبر مرفوع۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس) حرف عطف۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَفْضَحُونِ :(تم ذلیل کرو۔بے عزت کرو)اصلاً تَفْضَحُونِيْ ہے۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ يْ: (مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ۔ (ف ض ح)صیغہ۔فَضَحَ يَفْضَحُ۔مصدر۔ فَضْحًا۔(بے عزت کرنا۔ذلیل کرنا۔)۔

ترجمہ آیت:(لوط نے) کہا کہ یہ میرے مہمان ہیں (کہیں ان کے بارے میں) مجھے رسوانہ کرنا۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾

وَ:(اور)عطف۔اتَّقُوا:(ڈرو۔پرہیز کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِىْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)۔لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِىْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقویٰ اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تُخْزُوْنِ:(تم رسوا

کرو) اصلاً تَخْزُوْنِيْ ہے۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ یْ: (مجھے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَخْزٰی یُخْزِیْ۔ مصدر۔ اِخْزَاءٌ۔ (رسوا کرنا۔ ذلیل کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور اللہ سے ڈرو۔ اور میری بے آبروئی نہ کیجو۔

قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾

قَالُوْا: (انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَمْ: (نہ) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ نَنْهَ: (ہم نے روکا) اصلاً نَنْهَیْ تھا۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ حرف علت ی۔ محذوف۔ فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ن ھ ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ نَهٰی یَنْهَی۔ مصدر۔ نَهْيًا۔ (روکنا۔ منع کرنا)۔ كَ: (تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ عَنِ: (سے) حرف جار۔ الْعَالَمِيْنَ: (تمام جہانوں۔) جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: کیا ہم نے تم کو سارے جہان (کی حمایت وطرفداری) سے منع نہیں کیا۔

قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾

قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ هٰؤُلَاءِ: (یہ) اسم اشارہ قریب۔ جمع مذکر و مؤنث۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ بَنَاتِ: (بیٹیاں) خبر مرفوع۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ مضاف۔ يْ: (میری) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ: (تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ محلاً منصوب۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔

كَوْنًا۔(ہونا)۔ فَاعِلِيْنَ:(فعل کرنے والے۔کام کرنے والے)اسم فاعل۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًجواب شرط۔

ترجمہ آیت:(انہوں نے) کہا کہ اگر تمہیں کرناہی ہے تو یہ میری (قوم کی) لڑکیاں ہیں (ان سے شادی کرلو)۔

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٢﴾

لَ:(قسم)لائے ابتداء۔قسمیہ۔عَمْرُ:(عمر)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعول۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مز حلقہ۔فِي:(میں)حرف جار۔ سَكْرَتِ:(نشے میں مدہوشی۔مستی۔اضطرابی کیفیت)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ يَعْمَهُوْنَ:(سرگردان۔ آوارہ۔حیران۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی۔مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ہ)صیغہ۔عَمِهَ يَعْمَهُ۔مصدر۔عَمْهًا۔(سرگردان پھرنا۔آوارہ پھرنا۔)جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:(اے محمد) تمہاری جان کی قسم وہ اپنی مستی میں مدہوش(ہورہے) تھے۔

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿٧٣﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔أَخَذَتْ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ علامت تانیث۔ ت مبسور ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ الصَّيْحَةُ :(چنگھاڑ۔خوف ناک آواز۔)فاعل مرفوع۔ مُشْرِقِيْنَ :(چڑھنے والے۔اجالے میں ہونے والے۔صبح ہوتے ہیں۔سورج نکلتے ہی۔روشنی ہوتے ہی)منصوب۔علامت۔ی۔حال۔

ترجمہ آیت: سوان کو سورج نکلتے نکلتے چنگھاڑنے آپکڑا۔

فَجَعَلۡنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمۡطَرۡنَا عَلَيۡهِمۡ حِجَارَةً مِّنۡ سِجِّيۡلٍ ﴿۷۴﴾

فَ:(پس) حرف عطف۔ جَعَلۡنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل)۔ صیغہ جَعَلَ يَجۡعَلَ ۔ مصدر۔ جَعۡلًا۔(بنانا)۔ عَالِيَ:(بالائی حصہ۔ بلندی۔ اوپر والا حصہ۔) اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ مضاف۔ هَا:(اس کا) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ سَافِلَ:(نچلا حصہ۔ نیچے والا حصہ۔) اسم فاعل واحد مذکر۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مضاف۔ هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَمۡطَرۡنَا:(ہم نے بارش برسائی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَمۡطَرَ يُمۡطِرُ۔ مصدر۔ اِمۡطَارٌ۔(بارش برسانا)۔ عَلَيۡ:(پر۔ اوپر) حرف جار۔ هِمۡ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ حِجَارَةً:(پتھریوں کو) منصوب مفعول بہٖ۔ موصوف۔ مِنۡ:(سے) حرف جار۔ سِجِّيلٍ:(کھنگر۔ آگ میں تپائے ہوئے) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً حِجَارَةً کی صفت منصوب۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے اس شہر کو (الٹ کر) نیچے اوپر کر دیا۔ اور ان پر کھنگر کی پتھریاں برسائیں۔

اِنَّ فِيۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلۡمُتَوَسِّمِيۡنَ ﴿۷۵﴾

إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ فِي:(میں) حرف جار۔ ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔۔ ل:(ضرور) لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ آيَاتٍ:(آیات۔ نشانیاں) إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔ لِّ:(لئے) حرف جار۔ الۡمُتَوَسِّمِينَ :(الۡمُتَوَسِّمُ کی جمع۔ فہم و فراست کے مالک۔ عقلمند۔ عمیق بصیرت سے شناخت کرنے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: بے شک اس (قصے) میں اہل فراست کے لیے نشانی ہے۔

وَ اِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿٧٦﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هَا: (وہ) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (البتہ۔ ضرور۔) لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ سَبِيلٍ: (راہ) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مُّقِيمٍ: (قائم رکھنے والی۔ سیدھی) صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور وہ (شہر) اب تک سیدھے رستے پر (موجود) ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾

إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ فِي: (میں) حرف جار۔ ذَٰلِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔: (وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم۔ مرفوع۔ ل: (ضرور) لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ آيَةً: (آیت۔ نشانی کو۔) کا اسم إِنَّ مؤخر منصوب۔ لِّ: (لئے) حرف جار۔ الْمُؤْمِنِينَ: (الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ مومن۔ ایمان والے) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: بے شک اس میں ایمان لانے والوں کے لیے نشانی ہے۔

وَ اِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿٧٨﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ إِنْ: (إِنَّ ثقیلہ کا مخففہ۔) حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ كَانَ: (وہ ہے۔ وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ أَصْحَابُ: (صَاحِبٌ کی جمع۔ ساتھی۔ والے۔ رہنے والے۔ مالک۔ رہائشی۔) كَانَ کا اسم مرفوع۔ مضاف۔

الأَيْكَةِ:(ایک ایک مقام ہے)مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔فارقہ۔ظَالِمِيْنَ :(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور بَن کے رہنے والے(یعنی قوم شعیب کے لوگ) بھی گنہگار تھے۔

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٩﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔اِنتَقَمْنَا:(ہم نے سزا دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اَنْتَقَمَ يَنْتَقِمُ۔مصدر۔اِنْتِقَامٌ۔(سزادینا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمَا: (دونوں)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِمَامٍ:(پیشوا۔امام۔رہنما۔مذہبی سردار)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ موصوف۔مُّبِيْنٍ :(کھلم کھلا۔واضح۔ ظاہر کرنے والا۔۔)اسم فاعل۔مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:تو ہم نے ان سے بھی بدلہ لیا۔اور یہ دونوں شہر کھلے رستے پر(موجود) ہیں۔

وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٨٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ ۔مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب)صیغہ ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ أَصْحَابُ:(صَاحِبٌ کی جمع۔ساتھی۔والے۔رہنے والے۔مالک۔رہائشی۔)فاعل مرفوع۔مضاف۔ الحِجْرِ: (حجر)مجرور۔مضاف الیہ۔ الْمُرْسَلِيْنَ :(بھیجے ہوئے۔یعنی پیغمبروں کو)اسم مفعول۔جمع مذکر۔ منصوب۔ علامت۔ی۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور (وادی) حجر کے رہنے والوں نے بھی پیغمبروں کی تکذیب کی۔

وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۸۱﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ آتَيْنَا: (ہم نے دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰی یُؤتِیْ۔ مصدر۔ اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَیٰ یَاْتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ آيَاتِ: (آیات۔نشانیاں) منصوب۔ مفعول بہ بالکسرہ۔ مضاف۔ نَا: (ہماری) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ كَانُوْا (وہ ہیں۔وہ تھے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ عَنْ: (سے) حرف جار۔ هَا: (اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مُعْرِضِيْنَ: (اعراض برتنے والے۔ نظر انداز کرنے والے) اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: ہم نے ان کو اپنی نشانیاں دیں اور وہ ان سے منہ پھرتے رہے۔

وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿۸۲﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ كَانُوْا (وہ ہیں۔وہ تھے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ يَنْحِتُوْنَ: (وہ گھڑتے۔وہ تراشتے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت ۔نون اعرابی موجود۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ح ت) صیغہ۔ نَحَتَ يَنْحِتُ۔ مصدر۔ نَحْتٌ۔ (گھڑنا۔ تراشنا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ الْجِبَالِ: (جَبَلٌ کی جمع ۔پہاڑ) بُيُوْتًا: (بَيْتٌ کی جمع۔ گھروں) منصوب۔ مفعول بہ۔ آمِنِيْنَ: (بے خوب ہو کر۔ امن سے۔ تسلی سے) اسم فاعل جمع مذکر۔ منصوب۔ حال۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور وہ پہاڑوں کو تراش تراش کر گھر بناتے تھے (کہ) امن (واطمینان) سے رہیں گے۔

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿۸۳﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔أَخَذَتْ:(اس نے پکڑ لیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت۔ضمیر ت مبسوط ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ الصَّيْحَةُ:(چنگھاڑ نے ۔چیخ نے)فاعل مرفوع۔ مُصْبِحِيْنَ:(صبح ہوتے ہی۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب حال۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:تو چیخ نے ان کو صبح ہوتے ہوتے آ پکڑا۔

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٤﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔أَغْنَى:(وہ کام آیا۔اس نے بچایا۔اس نے بے پرواہ کیا) عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔كَانُوْا (وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَكْسِبُوْنَ :(وہ کماتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبٌ۔(کمانا)۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جو کام وہ کرتے تھے وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آئے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿٨٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا))فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمان)منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو)الْأَرْضَ:(زمین)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم

موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔هُمَا : (دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِلَّا :(مگر)حرف حصر۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق۔سچ۔درست طریقہ سے)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ السَّاعَةَ :(گھڑی۔قیامت)إِنَّ کااسم منصوب۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آتِيَةٌ:(آنے والی)اسم فاعل۔مرفوع۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔اصْفَحِ :(معاف کرنا۔صرف نظر کرنا۔درگزر کرنا۔)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم محل اعراب ساکن۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔الصَّفْحَ :(معاف کرنا۔صرف نظر کرنا۔درگزر کرنا۔)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔ الْجَمِيْلَ :(بڑھیاطریقے سے۔اچھے انداز سے۔)

ترجمہ آیت:اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) ان میں ہے اس کو تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے۔اور قیامت تو ضرور آکر رہے گی تو تم (ان لوگوں سے) اچھی طرح سے درگزر کرو۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۶﴾

إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ :(تیرا) ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْخَلاَّقُ:(خوب پیدا کرنے والا)مبالغہ۔محلاً خبر مرفوع۔ الْعَلِيْمُ:(خوب جاننے والا) مبالغہ۔ محلاً خبر ثانی مرفوع۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار (سب کچھ) پیدا کرنے والا (اور) جاننے والا ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔ضرور)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔آتَيْنَا:(ہم نے دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیٰ یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔سَبْعًا:(سات۔مضبوط ترین۔عربوں کے نزدیک یہ ہندسہ سب زیادہ طاقتور ہے۔جیسے درندہ۔یعنی اچھائی + برائی۔ سمجھنے کے لئے)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ الْمَثَانِيْ :(دہرائی جانے والی۔آیات کا ذکر تو نہیں۔واقعات بھی ہوسکتے ہیں جن کا بیان بار بار ہوا ہے۔اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ باہر کی چیزیں ہیں۔نہ کہ قرآن کی آیات کیونکہ آگے قرآن مجید کا عطا کرنا الگ بیان ہوا ہے۔ تاویل کی گنجائش یہاں موجود نہیں۔بلکہ خصوصاً سورہ فاتحہ کو کہا جاتا ہے کہ یہ بار بار دہرائی جاتی ہیں۔مگر سوچنے کی بات یہ ہے کہ سورہ فاتحہ کی سات آیات ہے ہی نہیں۔نقل در نقل بلا عقل یہی ترجمہ کیا جاتا ہے۔)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ وَ: (اور)حرف عطف۔الْقُرْآنَ :(قرآن)منصوب ۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ الْعَظِيْمَ : (بہت بڑی عظمت والا)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے تم کو سات (آیتیں) جو (نماز میں) دہرا کر پڑھی جاتی ہیں (یعنی سورۂ الحمد) اور عظمت والا قرآن عطا فرمایا ہے۔

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾

لَا :(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَمُدَّنَّ:(آپ ہرگز پھیلائیں۔کھینچیں۔لمبا کریں۔)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مؤکد با نون ثقیلہ عَيْنَيْ:(دونوں آنکھیں)تثنیہ مذکر۔اصلاً عَيْنَيْنَ ہے۔نون اعرابی۔ محذوف۔بوجہ مضاف۔كَ:(تیری۔اپنی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَى:(طرف)حرف جر۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَتَّعْنَا:(ہم نے فائدہ دیا۔مال و اسباب)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔مَتَّعَ يُمَتِّعُ۔مصدر۔تَمْتِيْعٌ۔(فائدہ پہنچانا)۔

بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔اسم مجرور۔أَزْوَاجًا: (جوڑوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)لَا :(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَحْزَنْ :(تو غمگین ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِخْفِضْ:(کم کر دیں۔جھکا دیں۔پست کر۔نرمی اختیار کریں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ جَنَاحَ:(پر۔بازو۔)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ الْمُؤْمِنِيْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان والے۔ایماندار)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے کفار کی کئی جماعتوں کو جو(فوائد دنیاوی سے) متمتع کیا ہے تم ان کی طرف(رغبت سے) آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا اور نہ ان کے حال پر تاسف کرنا اور مومنوں سے خاطر اور تواضع سے پیش آنا۔

وَقُلْ اِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾

وَ:(اور)عطف۔قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنّ کا اسم منصوب۔ أَنَا:(میں)ضمیر منفصل واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء۔مرفوع۔ النَّذِيْرُ:(متنبہ کرنے والا۔خبر دار کرنے والا۔آگاہ کرنے والا)خبر مرفوع۔ موصوف۔ الْمُبِيْنُ:(واضح۔کھلم کھلا۔)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور کہہ دو کہ میں تو علانیہ ڈر سنانے والا ہوں۔

كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾

كَمَا :(جیسا کہ)مرکب۔:(كَ+مَا)حرف تشبیہ۔و جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أَنزَلْنَا :(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اترنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْمُقْتَسِمِينَ :(تقسیم کاروں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:(اور ہم ان کفار پر اسی طرح عذاب نازل کریں گے) جس طرح ان لوگوں پر نازل کیا جنہوں نے تقسیم کر دیا

الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾

الَّذِيْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔جَعَلُوْا:(انہوں نے بنایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ الْقُرْآنَ :(قرآن کریم کو)منصوب۔ مفعول بہ۔عِضِيْنَ :(عِضَةٌ کی جمع۔ ٹکڑے ٹکڑے)منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: یعنی قرآن کو(کچھ ماننے اور کچھ نہ ماننے سے) ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔

فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔وَ:(قسمیہ)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے کی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(یقیناً)لائے واقعہ۔جواب قسم۔نَسْأَلَنَّ:(ہم ضرور بالضرور پوچھیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔ صیغہ۔سَالَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَوَالٌ۔ (سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔أَجْمَعِيْنَ:(سارے کے سارے)برائے تاکید۔منصوب۔

ترجمہ آیت:تمہارے پروردگار کی قسم ہم ان سے ضرور پرسش کریں گے۔

عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

عَمَّا: (جو کچھ)مرکب:(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ كَانُوْا(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَعْمَلُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً جملہ كَانَ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت:ان کاموں کی جو وہ کرتے رہے۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔اصْدَعْ:(کھوپڑیوں میں ڈال دیں۔کھول کر بتا دیں۔اعلان کر دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ص د ع)۔صَدَعَ يَصْدَعُ۔مصدر۔صَدْعًا۔(کھوپڑی میں ڈالنا۔کھول کر بیان کرنا۔سنانا۔اعلان کر دیں) بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تُؤْمَرُ:(تجھ کو حکم دیا گیا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔ مصدر۔ اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَعْرِضْ:(منہ موڑ لیں۔نظر انداز کر دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔محل اعراب ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ يُعْرِضُ۔مصدر۔اِعْرَاضٌ۔(نظر انداز کرنا۔منہ موڑ لینا)۔عَنِ:(سے)حرف جار۔ الْمُشْرِكِينَ : (اللہ تعالیٰ کے ہمسر بنانے والے۔شریک ٹھہرانے والے۔تمسخر اڑانے والے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:پس جو حکم تم کو(اللہ کی طرف سے) ملا ہے وہ(لوگوں کو) سنا دو اور مشرکوں کا(ذرا) خیال نہ کرو۔

اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾

إِنَّا :(یقیناً ہم)مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل فعل۔ناصب اسم۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ كَفَيْنَا:(ہم کافی ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ كَفٰى يَكْفِيْ۔مصدر۔كِفَايَةٌ۔(کافی ہونا)۔كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الْمُسْتَهْزِئِيْنَ :(ٹھٹھہ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔

ترجمہ آیت:ہم تمہیں ان لوگوں(کے شر) سے بچانے کے لیے جو تم سے استہزاء کرتے ہیں کافی ہیں۔

الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾

الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً الْمُسْتَهْزِئِيْنَ کی۔صفت منصوب۔ يَجْعَلُوْنَ:(وہ بناتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔إِلٰهًا:(معبود کو)منصوب۔مفعول بہ۔ آخَرَ:(دوسرا)صفت۔منصوب۔فَ:(پس)استئنافیہ۔سَوْفَ:(جلد ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔ يَعْلَمُوْنَ: (وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔

ترجمہ آیت:جو اللہ کے ساتھ معبود قرار دیتے ہیں۔سو عنقریب ان کو(ان باتوں کا انجام) معلوم ہوجائے گا۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔نَعْلَمُ:(ہم جانتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔

(سیکھنا۔جاننا)۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ يَضِيْقُ:(تنگ ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ی ق)اجوف یائی۔صیغہ۔ضَاقَ يَضِيْقُ۔مصدر۔ ضَيْقًا۔(تنگ ہونا۔) صَدْرُ:(سینہ)فاعل مرفوع۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور ہم جانتے ہیں کہ ان باتوں سے تمہارا دل تنگ ہوتا ہے۔

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿٩٨﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ۔سَبِّحْ:(تسبیح بیان کر۔جلدی جلدی عمل کر۔اللہ تعالیٰ کی طرف چل)فعل امر واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب۔ساکن۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔حَمْدِ:(حمد۔تعریف)اسم مجرور۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُنْ:(تو ہوجا)اصلاً كُوْنْ ہے۔التقائے ساکنین کی وجہ سے نون اعرابی اور واؤ حرف علت محذوف۔فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ السَّاجِدِينَ:(سجدہ کرنے والوں میں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:توتم اپنے پروردگار کی تسبیح کہتے اور(اس کی) خوبیاں بیان کرتے رہو اور سجدہ کرنے والوں میں داخل رہو۔

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿٩٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اُعْبُدْ:(عبادت کر۔بندگی کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَۃٌ۔(بندگی کرنا۔عبادت کرنا)۔ رَبَّ:(ربّ کی)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔كَ:(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غایت۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ یَأْتِيَ:(وہ آجائے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَی یَاْتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔كَ :(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔الْيَقِيْنُ :(اطمینان۔یقین۔ تسلی۔موت)اسم فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اپنے پروردگار کی عبادت کئے جاؤ یہاں تک کہ تمہاری موت (کاوقت) آجائے۔

16 سُوْرَةُ النَّحْلِ

اٰیَاتُھَا 128 16 سُوْرَةُ النَّحْلِ مَکِّیَّةٌ 70 رُکُوْعَاتُھَا 16

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَتٰۤی اَمْرُ اللّٰہِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْہُ ؕ سُبْحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ﴿۱﴾

أَتَیٰ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیٰ یَاتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ أَمْرُ:(حکم)فاعل مرفوع۔ مضاف۔ اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف معطوف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَسْتَعْجِلُو:(تم جلدی طلب کر)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَعْجَلَ یَسْتَعْجِلُ۔مصدر۔اِسْتِعْجَالًا۔(جلدی طلب کرنا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ سُبْحَانَ:(پاک ہے) منصوب۔محلاً مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔ہٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔تَعَالَیٰ:(وہ بہت بلند ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔ صیغہ ۔تَعَالٰی یَتَعَالٰی۔مصدر۔تَعَالِیٌ۔(بلند ہونا)۔ عَمَّا: (جو کچھ) مرکب:(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔یُشْرِکُوْنَ:(وہ شریک ٹھہراتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ثلاثی مزید۔ باب۔ افعال۔ صیغہ۔ اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔ اِشْرَاکٌ۔ (شریک

ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔ شَرْکاً۔ (ساتھی بننا۔شریک ہونا۔)۔

ترجمہ آیت:اللہ کا حکم(یعنی عذاب گویا) آہی پہنچاتو(کافرو) اس کے لیے جلدی مت کرو۔یہ لوگ جو(اللہ کا) شریک بناتے ہیں وہ اس سے پاک اور بالاتر ہے۔

یُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِکَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ﴿۲﴾

یُنَزِّلُ:(وہ اتارتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ یُنَزِّلُ مصدر۔تَنْزِیْلٌ۔(بڑے اہتمام سے اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ اَلْمَلآئِکَةَ:(فرشتوں کو۔کائناتی قوتوں کو۔غیر مرئی طاقتوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اَلرُّوحِ:(روح کے۔)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَمْرِ:(حکم)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ عَلَى:(پر)حرف جر۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ یَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِیْئَةٌ۔ (مرضی)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ عِبَادِ:(بندوں)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ أَنْذِرُوْا:(وہ ڈرائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ یُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔خبردار کرنا۔)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔ مادہ۔(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ یَنْذُرُ۔مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا)۔ أَنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں) نفی لائے جنس۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔إِلٰهَ: (معبود)أَنَّ

کا اسم منصوب۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔اَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔ واحد متکلم۔محلاً مبتداء مرفوع ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اتَّقُونِ :(مجھ سے ڈرو)اصلاً اتَّقُونِیْ ہے(اتَّقُوْ+نِ+یْ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ محذوف۔بوجہ اتصال ما بعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)۔ لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔ صیغہ وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔ وِقَایَۃً۔ وَقْیًا۔ (بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔+نون وقایہ۔یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔+ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت:وہی فرشتوں کو پیغام دے کر اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس کے پاس چاہتا ہے بھیجتا ہے کہ (لوگوں کو) بتادو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو مجھی سے ڈرو۔

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳﴾

خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کو)منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور) حرف عطف۔الْأَرْضَ:(زمین)معطوف منصوب۔بِ:(ساتھ)حرف مجرور۔الْحَقِّ:(حق۔سچ) تَعَالَی:(وہ بہت بلند ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔صیغہ۔تَعَالٰی یَتَعَالٰی۔ مصدر۔ تَعَالِیٌ۔(بلند ہونا)۔ عَمَّا: (جو کچھ) مرکب:(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يُشْرِكُوْنَ:(وہ شریک ٹھہراتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ثلاثی مزید۔ باب۔ افعال۔ صیغہ۔ اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔اِشْرَاکٌ۔ (شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔شَرْكاً۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔

ترجمہ آیت:اسی نے آسمانوں اور زمین کو مبنی بر حکمت پیدا کیا۔اس کی ذات ان(کافروں) کے شرک سے اونچی ہے۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴﴾

خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ الْإِنسَانَ:(انسان کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ نُّطْفَةٍ :(نطفہ۔منی کا قطرہ)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔إِذَا :(اچانک۔ناگہاں۔)ظرف زمان۔فجائیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ خَصِيمٌ:(جھگڑالو)خبر مرفوع۔ موصوف۔مُّبِيْنٌ :(علانیہ۔کھلم کھلا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اسی نے انسان کو نطفے سے بنایا مگر وہ اس(خالق) کے بارے میں علانیہ جھگڑنے لگا۔

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الأَنْعَامَ:(مویشی۔چوپائے۔مگر اونٹ شامل ہونا لازمی۔ورنہ الانعام نہیں ہوں گے) منصوب۔مفعول بہٖ۔ فعل محذوف۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مونث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔ دِفْءٌ: (گرم کپڑے۔گرمی حاصل کرنے کا سامان)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنَافِعُ :(مَنْفَعَةٌ کی جمع۔فائدے)معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجور۔تَأْكُلُوْنَ:(تم کھاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔

مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَکَلَ یَاْکُل۔مصدر۔اَکْلاً۔(کھانا)۔

ترجمہ آیت:اور چار پایوں کو بھی اسی نے پیدا کیا۔ان میں تمہارے لیے جڑاول اور بہت سے فائدے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے بھی ہو۔

وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ﴿٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ جَمَالٌ :(خوبصورتی ہے۔حُسن ہے۔زینت ہے۔آبرو۔رونق)مبتداء مؤخر مرفوع۔ حِينَ:(وقت)ظرف زمان منصوب۔مضاف۔ تُرِيحُونَ:(تم صبح چرانے جاتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ باب افعال۔صیغہ۔اَرَاحَ يُرِيْحُ۔مصدر۔اِرَاحَةٌ۔(صبح کو چرانے جانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔حِيْنَ:(وقت)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔ تَسْرَحُوْنَ:(شام کو واپس آتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ر ح)۔صیغہ۔سَرَحَ يَسْرَحُ۔ مصدر۔ سَرْحًا۔(شام کو چرانے کے بعد واپس آنا)محلاًجملہ مضاف الیہ۔مجرور۔

ترجمہ آیت:اور جب شام کو انہیں (جنگل سے) لاتے ہو اور جب صبح کو(جنگل) چرانے لے جاتے ہو تو ان سے تمہاری عزت وشان ہے۔

وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَحْمِلُ:(وہ اٹھاتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا)۔أَثْقَالَ:(ثِقْلٌ کی جمع۔بوجھ۔بھار)۔مضاف ۔ كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔بَلَدٍ: (شہر) اسم مجرور۔ لَّمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم ۔جازم مضارع۔ قالب۔ تَكُونُوا:(تم ہوگئے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ بَالِغِي:(پہنچنے والے)اصلاًبَالِغِيْنَ ہے۔نون جمع بوجہ محذوف بوجہ۔ مضاف ۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔بِ: (ساتھ)حرف جار۔شِقِّ :(تھکاوٹ۔مشقت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مضاف۔ الْأَنْفُسِ: (نَفْسٌ کی جمع۔جانیں)مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبَّ: (ربّ)إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(یقیناً۔ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔رَؤُوفٌ:(انتہائی نرم دل۔بہت نرمی کرنے والا)اسم فاعل ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔رَّحِيمٌ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔۔

ترجمہ آیت:اور(دور دراز) شہروں میں جہاں تم زحمتِ شاقّہ کے بغیر پہنچ نہیں سکتے وہ تمہارے بوجھ اٹھا کر لے جاتے ہیں۔کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار نہایت شفقت والا اور مہربان ہے۔

وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ۭ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الْخَيْلَ:(ہر قسم کے گھوڑے)منصوب۔مفعول بہ۔معطوف علیہ۔اَلْاَنْعَامَ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔الْبِغَالَ:(اَلْبَغْلُ کی جمع۔خچر)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْحَمِيرَ: (گدھے)معطوف منصوب۔ لِ:(تاکہ۔)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَرْكَبُو:(تم سواری کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔محذوف بوجہ اتصال

مابعد۔ هَا:(اس پر) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ جملہ محلاً منصوب مفعول لہٗ۔ زِينَةً:(زینت۔ خوبصوتی) معطوف۔ مفعول لہٗ بر لَتَرْكَبُوْهَا۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ يَخْلُقُ:(وہ پیدا کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔ خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقٌ۔(پیدا کرنا)۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔ تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا۔ جاننا)۔

ترجمہ آیت: اور اسی نے گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا کئے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور (وہ تمہارے لیے) رونق وزینت (بھی ہیں) اور وہ (اور چیزیں بھی) پیدا کرتا ہے جن کی تم کو خبر نہیں۔

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ۭ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٩﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ عَلَى:(پر۔ اوپر) حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ قَصْدُ:(ارادہ۔ قصد) مبتداء مؤخر مرفوع۔ مضاف۔ السَّبِيْلِ:(راہ) اسم مجرور۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔ مرفوع۔ جَآئِرٌ:(جَوْرٌ کی جمع۔ راہ سے ہٹنے والے۔ ٹیڑھے۔ ڈِنگے۔) مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَوْ:(اگر) حرف شرط۔ غیر جازم۔ شَآءَ:(اس نے چاہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ لَ: (تاکہ) لائے واقعہ جواب شرط۔ هَدَا:(ہدایت) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ھ د ی) صیغہ۔ هَدٰى يَهْدِىْ۔ تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔ كُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أَجْمَعِيْنَ:(سارے کے سارے) برائے تاکید۔ منصوب۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور سیدھا رستہ تو اللہ تک جا پہنچتا ہے۔ اور بعض رستے ٹیڑھے ہیں (وہ اس تک نہیں پہنچتے) اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو سیدھے رستے پر چلا دیتا۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿١٠﴾

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔۔ أَنْزَلَ:(اس نے اتار)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔ مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔مَاءً:(پانی کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ شَرَابٌ:(پینا۔پینے والی چیز۔بلا چبانے کی چیزیں)مبتداء مؤخر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔شَجَرٌ:(درخت)مبتداء مؤخر مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ تُسِيمُوْنَ :(تم چراتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسَامَ يُسِيْمُ ۔مصدر۔اِسَامَةٌ۔(چرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س و م)اجوف واوی۔صیغہ ۔سَامَ يَسُوْمُ۔مصدر۔سَوْمًا۔سَوَامًا۔(جانور چرانا)۔

ترجمہ آیت: وہی تو ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا جسے تم پیتے ہو اور اس سے درخت بھی (شاداب ہوتے ہیں) جن میں تم اپنے چارپایوں کو چراتے ہو۔

يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۱﴾

يُنْبِتُ:(وہ اگاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْبَتَ يُنْبِتُ ۔مصدر۔اِنْبَاتٌ۔(اگانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ الزَّرْعَ:(کاشت کرنا۔کھیتی کرنا۔کھیتی)منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الزَّيْتُوْنَ: (زیتون۔کاؤ)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّخِيْلَ:(کھجور)معطوف منصوب۔وَ:(اور)الأَعْنَابَ :(انگور)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ الثَّمَرَاتِ : (الثَّمَرُ کی جمع۔تمام پھلوں کی اقسام۔مختلف پھل)مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔فِي:(میں)حرف جار۔ ذٰلِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+ لِ+ كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔لَ: (ضرور ۔یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَةً :(نشانی۔آیت) إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ: (قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ يَتَفَكَّرُوْنَ :(غور کرتے ہیں۔فکر کرتے ہیں۔ سوچتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَكَّرَ يُفَكِّرُ۔ مصدر۔ تَفْكِيْرٌ۔(غوروفکر کرنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ک ر)صیغہ۔فَكَرَيَفْكُرُ۔ مصدر۔ فِكْرٌ۔(غور کرنا)۔

ترجمہ آیت:اسی پانی سے وہ تمہارے لیے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور (اور بے شمار درخت) اُگاتا ہے۔اور ہر طرح کے پھل (پیدا کرتا ہے) غور کرنے والوں کے لیے اس میں (قدرتِ اللہ کی بڑی) نشانی ہے۔

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔سَخَّرَ:(اس نے قابو میں دے دیا۔مسخر کر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ ۔سَخَّرَ یُسَخِّرُ۔مصدر۔تَسۡخِیۡرٌ۔(قابو کرنا۔مسخر کرنا۔کام میں لگانا)۔لَ: (لئے)حرف جار۔کُمۡ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔اللَّیۡلَ:(رات کو) منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّهَارَ:(دن)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الشَّمۡسَ:(سورج)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الۡقَمَرَ:(چاند)معطوف منصوب۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ الۡنُّجُومُ:(ستارے)مبتداء مرفوع۔ مُسَخَّرٰتٌ:(مُسَخَّرَةٌ کی جمع۔قابو میں ہیں۔مسخر ہیں)خبر مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَمۡرِ:(حکم۔امر۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم فِي :(میں)حرف جار۔ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم۔مرفوع۔لَ:(البتہ۔ضرور۔یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آیَاتٍ: (آیات۔نشانیاں)محلاً إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوۡمٍ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ یَعۡقِلُوۡنَ:(وہ عقل سے کام لیتے ہیں)فعل مضاع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً مجرورصفت۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ یَعۡقِلُ۔مصدر۔عَقۡلٌ۔(عقل رکھنا۔سمجھ رکھنا)۔جملہ محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور اسی نے تمہارے لیے رات اور دن اور سورج اور چاند کو کام میں لگایا۔اور اسی کے حکم سے ستارے بھی کام میں لگے ہوئے ہیں۔سمجھنے والوں کے لیے اس میں (قدرت اللہ کی بہت سی) نشانیاں ہیں۔

وَمَا ذَرَاَ لَكُمۡ فِى الۡاَرۡضِ مُخۡتَلِفًا اَلۡوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰ لِكَ لَاٰيَةً لِّقَوۡمٍ يَّذَّكَّرُوۡنَ ﴿۱۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہذَرَأَ:(اس نے پھیلا دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔ذَرَءُ یَذۡرَءُ۔مصدر۔ذَرۡءً۔(پھیلانا۔ظاہر کرنا۔پیدا

کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔مُخْتَلِفًا:(الگ الگ۔علیحدہ علیحدہ۔مختلف)منصوب۔حال۔ أَلْوَانُ:(لَوْنٌ کی جمع۔رنگ)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ فِيْ:(فی)حرف جار۔ ذَلِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ۔ محلاً إِنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔لَ:(یقیناً۔ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَةً:(آیت) إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ:(قوم)اسم مجرور۔ يَذَّكَّرُوْنَ :(وہ نصیحت پکڑتے ہیں۔ذکر کرتے ہیں)فعل مضارع۔جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِذَّكَّرَ يَذَّكَّرُ۔مصدر۔اِذَّكَّرُ۔(نصیحت حاصل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور جو طرح طرح کے رنگوں کی چیزیں اس نے زمین میں پیدا کیں (سب تمہارے زیر فرمان کر دیں) نصیحت پکڑنے والوں کے لیے اس میں نشانی ہے،

وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّ تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔الَّذِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔سَخَّرَ:(اس نے قابو میں دے دیا۔مسخر کردیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَخَّرَ يُسَخِّرُ۔مصدر۔تَسْخِيْرٌ۔(قابو کرنا۔مسخر کرنا۔کام میں لگانا)۔الْبَحْرَ:(سمندر کو)منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَأْكُلُوْا:(تم کھاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب

نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَكَلَ يَأْكُلُ۔مصدر۔اَكْلاً۔(کھانا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُ : (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔لَحْمًا:(گوشت)منصوب مفعول بہ۔طَرِيًّا: (تازہ) مجرور۔ صفت۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَسْتَخْرِجُوْا:(تم نکالو)معطوف منصوب۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ اِسْتَخْرَجَ يَسْتَخْرِجُ۔مصدر۔ اِسْتِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ حِلْيَةً:(زیور)منصوب۔مفعول بہ۔تَلْبَسُوْنَ:(تم پہنتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ل ب س)صیغہ۔لَبَسَ يَلْبِسُ۔مصدر۔ لَبْساً۔(پہننا)هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً منصوب۔ صفت۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَرَى:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔ محل اعراب تقدیراً مضموم۔:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الْفُلْكَ:(کشتی کو)منصوب۔مفعول بہ۔ مَوَاخِرَ:(پھاڑتی ہوئی۔چیرتی ہوئی چلی جانے والی)منصوب۔حال۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔تَبْتَغُوْا:(تم تلاش کرو۔ڈھونڈو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَضْلِ:(فضل۔ضرورت سے زیادہ۔فالتو) اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَعَلَّ: (شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب مضارع۔۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تَشْكُرُوْنَ :(تم شکر کرتے ہو۔قدر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون

اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔ مصدر۔ شُكْرٌ۔(شکر کرنا)۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور وہی تو ہے جس نے دریا کو تمہارے اختیار میں کیا تا کہ اس میں سے تازہ گوشت کھاؤ اور اس سے زیور (موتی وغیرہ) نکالو جسے تم پہنتے ہو۔اور تم دیکھتے ہو کہ کشتیاں دریا میں پانی کو پھاڑتی چلی جاتی ہیں۔اور اس لیے بھی (دریا کو تمہارے اختیار میں کیا) کہ تم اللہ کے فضل سے (معاش) تلاش کرو تا کہ اس کا شکر کرو۔

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّ سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَلْقَى:(اس نے ڈالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصدر ۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔ مصدر۔لِقَاءً۔لُقِيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِيًّا۔لُقْيًا۔لُقًّى۔لَقْيًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔رَوَاسِيَ:(رَاسِيَةٌ کی جمع ۔پہاڑوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔أَنْ:(یہ کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَمِيْدَ:(وہ ہلا دے۔)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ صیغہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ی د)مضاعف۔صیغہ۔مَادَ يُمِيْدُ۔۔مصدر۔ مَيْدًا۔(ہلانا۔ڈھلکن جانا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ: (اور)حرف عطف۔أَنْهَارًا:(نہروں کو) معطوف۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔سُبُلًا:(سَبِيْلٌ کی جمع۔راستے)معطوف منصوب۔ لَّعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر ۔مبنی بر سکون۔ محلاً لَّعَلَّ کا اسم منصوب۔تَهْتَدُوْنَ:(تم راہنمائی پاتے ہیں۔وہ ہدایت پاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِيْ۔مصدر۔ اِهْتِدَاءٌ۔ (ہدایت پانا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔محلاً جملہ لَّعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اسی نے زمین پر پہاڑ (بناکر) رکھ دیئے کہ تم کو لے کر کہیں جھک نہ جائے اور نہریں اور رستے بنا دیئے تاکہ ایک مقام سے دوسرے مقام تک (آسانی سے) جاسکو۔

وَ عَلٰمٰتٍ ؕ وَ بِالنَّجۡمِ هُمۡ يَهۡتَدُوۡنَ ﴿۱۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔عَلامَاتٍ:(نشانیاں)معطوف۔منصوب۔رَوَاسِيَ معطوف علیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔النَّجْمِ:(ستاروں کے)اسم مجرور۔مضاف۔هُمْ: (وہ)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَهْتَدُوْنَ:(وہ راہنمائی پاتے ہیں۔وہ ہدایت پاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ جملہ خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال ۔ صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِيْ۔مصدر۔اِهْتَدَاءٌ۔(ہدایت پانا)۔ثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔

ترجمہ آیت:اور (راستوں میں) نشانات بنادیئے اور لوگ ستاروں سے بھی رستے معلوم کرتے ہیں۔

اَفَمَنۡ يَّخۡلُقُ كَمَنۡ لَّا يَخۡلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۱۷﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَخْلُقُ:(پیدا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔ خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ بنانا)۔ كَ:(جیسا۔مانند۔طرح) حرف تشبیہ۔و حرف جار۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مَنْ مبتداء کی خبر مرفوع۔لَا:(نہیں) نافیہ۔ يَخْلُقُ:(پیدا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ بنانا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پھر)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَذَكَّرُوْنَ:(تم نصیحت پکڑتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید

فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرًا۔(نصیحت پکڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔

ترجمہ آیت:توجو(اتنی مخلوقات) پیدا کرے۔کیا وہ ویسا ہے جو کچھ بھی پیدا نہ کرسکے تو پھر تم غور کیوں نہیں کرتے؟

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تَعُدُّوْا:(تم گنو۔تم شمار کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم فعل شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔نِعْمَةَ:(نعمت)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔تُحْصُو:(تم گن سکوگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم فعل جواب شرط۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)صیغہ۔عَدَّ يَعُدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔(گننا۔شمار کرنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(یقیناً۔لازماً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔غَفُوْرٌ:(انتہائی مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو گن نہ سکو۔بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ تُسِرُّوْنَ:(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔

وَ:()مَا:() تُعْلِنُوْنَ :(تم اعلانیہ کرتے ہو۔تم ظاہر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔

اور جو کچھ تم چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو سب سے اللہ واقف ہے

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿٢٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَدْعُوْنَ : (وہ پکارتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔دُوْنِ:(سوائے۔علاوہ) ظرف مکان۔ محلاً اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ اللهِ : (اللہ جل جلالہٗ)مجرو مضاف الیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَخْلُقُوْنَ:(وہ پیدا کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔جملہ محلاً الَّذِيْنَ مبتداء کی خبر مرفوع۔ شَيْئًا:(کوئی شئے)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء۔يُخْلَقُوْنَ:(وہ پیدا کئے جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ بنانا)۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور جن لوگوں کو یہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ کوئی چیز بھی تو نہیں بناسکتے بلکہ خود ان کو اور بناتے ہیں۔

اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٢١﴾

أَمْوَاتٌ:(مردے۔لاشیں)خبر مرفوع۔ مبتداء محذوف۔غَيْرُ:(سوا۔ علاوہ)صفت مرفوع۔مضاف۔أَحْيَاءٍ : (زندہ) مجرور مضاف الیہ۔وَ: (اور) حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔(لَيْسَ کا عمل کرتا ہے)يَشْعُرُوْنَ :(وہ

شعور رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ع ر)صیغہ۔شَعَرَ يَشْعُرُ۔ مصدر۔شُعُوْرًا۔(عقل رکھنا۔باریک بینی سے سوچنا)۔اَيَّانَ :(کب ۔کس وقت)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔ظرف زمان۔محلاً منصوب۔۔يُبْعَثُوْنَ:(وہ اٹھائے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(دوبارہ اٹھنا۔دوبارہ زندہ کرنا۔)جملہ محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(وہ) لاشیں ہیں بے جان۔ان کو یہ بھی تو معلوم نہیں کہ اٹھائے کب جائیں گے۔

اِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾

إِلٰهُ:(معبود)خبر مقدّم مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلٰهٌ:(معبود۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔وَاحِدٌ:(ایک)صفت مرفوع۔تابع موصوف ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی برفتحہ۔محلاًمبتداءمرفوع۔لَا: (نہیں)نافیہ۔يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں۔وہ یقین کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔ علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع، ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اٰمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا) ۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔الْاٰخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔قُلُوْبُ:(قلب کی جمع۔دل)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔مُّنْكِرَةٌ:(انکار کرنے والی۔انکاری)اسم فاعل واحد مؤنث۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُم:(وہ)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلامبتداء مرفوع۔مُّسْتَكْبِرُوْنَ:(بڑائی طلب کرنے والے۔متکبر لوگ۔ تکبر کرنے والے)اسم فاعل۔مرفوع۔محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:تمہارا معبود تو اکیلا اللہ ہے۔تو جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل انکار کر رہے ہیں اور وہ سرکش ہو رہے ہیں۔

لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ؕ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْتَکْبِرِیْنَ ﴿۲۳﴾

لاَ :(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔جَرَمَ :(اس نے یقین کیا۔لازمی ہے۔)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔یَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ یُسِرُّوْنَ:(وہ چھپاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسَرَّ یُسِرُّ۔مصدر۔اِسْرَارٌ۔(کسی بات کو چھپا رکھنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔یُعْلِنُوْنَ:(تم اعلانیہ کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَعْلَنَ یُعْلِنُ۔مصدر۔اِعْلَانٌ۔(ظاہر کرنا۔اعلانیہ کرنا)۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ہٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔یُحِبُّ:(وہ پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابٌ۔(پسند کرنا۔) باب۔کرم۔حَبَّ یَحِبُّ۔مصدر۔حَبًّا۔(پسند کرنا)۔ الْمُسْتَکْبِرِینَ :(جو بڑائی طلب کرتے ہیں۔جو تکبر کرتے ہیں۔)اسم فاعل۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:یہ جو کچھ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں اللہ اس کو ضرور جانتا ہے۔وہ سرکشوں کو ہرگز پسند نہیں کرتا

وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّکُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۲۴﴾

وَ:(اور)إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ قِیلَ:(کہا گیا ہے)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات

کرنا)۔ لَ:(لئے)هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّاذَا :(کیا)اسم استفہام۔(مَا کے ساتھ ذَا لگانے کی وجہ مَا نافیہ ۔ مَا موصول۔ مَا مصدریہ سے مَا استفہامیہ کو الگ کیا جا سکے۔)۔أَنْزَلَ :(اس نے اتار)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔ كُمْ :(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَالُوْا :(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَسَاطِيرُ:(لکھی ہوئی کہانیاں۔قصے)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔مضاف۔ الأَوَّلِيْنَ :(پہلے لوگوں کے)مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور جب ان(کافروں) سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے کیا اتارا ہے تو کہتے ہیں کہ(وہ تو) پہلے لوگوں کی حکایتیں ہیں۔

لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿٢٥﴾

لِ:(البتہ۔یقیناً)لائے عاقبت۔يَحْمِلُوْا:(وہ اٹھائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر ۔حَمْلٌ۔(اٹھانا)۔أَوْزَارَ:(وِزْرَةٌ کی جمع۔بوجھ۔)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مجاف الیہ۔كَامِلَةً:(مکمل۔سارے۔پورا۔کامل)منصوب۔حال۔ يَوْمَ: (دن)ظرف زمان۔ منصوب ۔مضاف۔الْقِيَامَةِ:(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَوْزَارِ:(وِزْرَةٌ کی جمع۔بوجھ۔)اسم مجرور۔مضاف۔ الَّذِيْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يُضِلُّوْنَ:(گمراہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے

پر چلنا۔ گمراہ ہونا۔) ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ یَضِلُّ۔ مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔ هُم:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ بِغَیۡرِ :(بغیر۔) مرکب جاری:(بِ+غَیۡرِ)حرف جار۔ غَیۡرِ:(علاوہ۔ سوا۔)اسم مجرور۔ اس کے بعد کا لفظ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔ مضاف۔ عِلۡمٍ:(علم ۔سائنس)مضاف مجرور۔ اَلَا :(خبردار۔ دیکھو۔ ہوشیار۔ سنو۔)حرف تنبیہ۔ سَاءَ:(وہ برا ہے) فعل ذم ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(س و ء)اجوف واوی + مہموز اللام۔ صیغہ۔ سَاءَ یَسُوۡءُ۔ مصدر۔ سُوۡءٌ۔(برا ہونا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ یَزِرُوۡنَ :(وہ بوجھ اٹھاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ ضرب۔ مادہ(وزر)صیغہ۔ وَزَرَ یَزِرُ۔ مصدر۔ وِزۡرًا۔(بوجھ اٹھانا)۔

ترجمہ آیت:(اے پیغمبر ان کو بکنے دو) یہ قیامت کے دن اپنے (اعمال کے) پورے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور جن کو یہ بے تحقیق گمراہ کرتے ہیں ان کے بوجھ بھی اٹھائیں گے۔ سن رکھو کہ جو بوجھ اٹھا رہے ہیں برے ہیں۔

قَدۡ مَکَرَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَاَتَی اللّٰهُ بُنۡیَانَهُمۡ مِّنَ الۡقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَیۡهِمُ السَّقۡفُ مِنۡ فَوۡقِهِمۡ وَ اَتٰىهُمُ الۡعَذَابُ مِنۡ حَیۡثُ لَا یَشۡعُرُوۡنَ ﴿۲۶﴾

قَدۡ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ مَکَرَ:(اس نے چال چلی۔) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(م ک ر)صیغہ۔ مَکَرَ یَمۡکُرُ۔ مصدر۔ مَکۡرٌ۔(دھوکا کرنا۔ فریب دینا۔ مکاری کرنا۔ سازش کرنا)۔ الَّذِیۡنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً فاعل مرفوع۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ قَبۡلِ: (پہلے) ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمۡ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ اَتَی:(اس نے دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَی یَاۡتِیۡ۔ مصدر۔ اِتۡیَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ بُنۡیَانَ:(عمارت)منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هُمۡ:(ان

کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ الْقَوَاعِدِ:(بنیادوں)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔خَرَّ :(وہ گر پڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ر ر)مضاعف۔صیغہ۔خَرَّ يَخِرُّ۔مصدر۔خَرًّا۔خُرُوْرًا۔ (گرنا۔نیچے گرنا۔)۔ عَلَيْ: (پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال مابعد ۔السَّقْفُ :(چھت۔مکان کا بالائی حصہ۔)فاعل۔مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَوْقِ:(اوپر)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَتَىٰ:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محل اعراب تقدیراً مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَىٰ يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔الْعَذَابُ :(عذاب)فاعل مرفوع۔مِنْ :(سے)حرف جار۔حَيْثُ :(جہاں سے) ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَشْعُرُوْنَ : (وہ شعور رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ع ر)صیغہ۔شَعَرَ يَشْعُرُ۔ مصدر۔شُعُوْرًا۔(عقل رکھنا۔باریک بینی سے سوچنا)۔

ترجمہ آیت:ان سے پہلے لوگوں نے بھی (ایسی ہی) مکاریاں کی تھیں تو اللہ (کا حکم) ان کی عمارت کے ستونوں پر آپہنچا اور چھت ان پر ان کے اوپر سے گر پڑی اور (ایسی طرف سے) ان پر عذاب آ واقع ہوا جہاں سے ان کو خیال بھی نہ تھا۔

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٧﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔الْقِيَامَةِ:(قیامت۔آخرت)اسم مجرور۔يُخْزِيْ:(وہ رسوا کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب تقدیراً مضموم ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔ اَخْزٰی يُخْزِیْ۔مصدر۔اِخْزَاءٌ۔(رسوا کرنا۔ذلیل کرنا)۔هِمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَقُوْلُ:(وہ کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب۔ مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اَيْنَ :(کہاں)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔منصوب۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ شُرَكَآءِ:(ہمسر۔ شریک) مبتداء مؤخر مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ يَ: (میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِيْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًصفت مرفوع۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔محلاً منصوب ۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تُشَاقُّوْنَ:(تم جھگڑتے ہو۔لڑتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔شَآقَّ يُشَآقُّ۔مصدر۔شَقَاقًا۔(مخالفت کرنا۔ جھگڑنا۔لڑنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ق ق)مضاعف۔صیغہ۔شَقَّ يَشُقُّ۔مصدر۔شَقًّا۔(پھاڑنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار ۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔ اُوْتُوْا:(ان کو دیا گیا)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِیْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ضمیر جمع مذکر نائب فاعل۔مرفوع۔الْعِلْمَ:(علم۔سائنس)منصوب۔مفعول بہ۔اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب

اسم۔الْخِزْيَ :(رسوائی) إِنَّ کااسم منصوب۔الْيَوْمَ :(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔السُّوءَ:(برا)معطوف۔منصوب۔الْخِزْيَ معطوف علیہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الْكَافِرِينَ: (کافروں پر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: پھر وہ ان کو قیامت کے دن بھی ذلیل کرے گا اور کہے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جن کے بارے میں تم جھگڑا کرتے تھے۔ جن لوگوں کو علم دیا گیا تھا وہ کہیں گے کہ آج کافروں کی رسوائی اور برائی ہے۔

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ۭ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾

الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً صفت۔مفروع۔ تَتَوَفَّا:(تو نے پورا کیا)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيْلٌ۔صیغہ تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔مصدر۔تَوَفِّيٌ۔(پورا پورا کر دینا۔موت دینا۔اٹھالینا۔جان نکال لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰى يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔هُمُ:(ان کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔الْمَلَائِكَةُ:(فرشتے۔کائناتی قوتوں نے۔غیر مرئی طاقتوں نے)فاعل مرفوع۔ ظَالِمِيْ:(ظلم کرنے والے۔)اصلاً ظَالِمِيْنَ ہے۔نون اعرابی محذوف۔بوجہ مضاف۔أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ اَلْقَوْا:(وہ پیش کرتے ہیں۔ڈالتے ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِيًّا۔لُقْيًا۔لُقًى۔لَقْيًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔السَّلَمَ:(سپرد کرنا۔فرمانبرداری)منصوب۔مفعول بہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ نَعْمَلُ :(ہم عمل کرتے ہیں۔كُنَّا کی وجہ سے کرتے تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی

مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمْلًا (کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ زائد۔سُوءٍ :(برائی)لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بَلَى:(کیوں نہیں)حرف جواب۔ إِنَّ :(بے شک) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔عَلِيْمٌ:(خوب جاننے والا) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ بِمَا:(جوکچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كُنْتُمْ :(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔ محلاً منصوب۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْمَلُوْنَ :(وہ کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمْلًا (کرنا)۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:(ان کا حال یہ ہے کہ) جب فرشتے ان کی روحیں قبض کرنے لگتے ہیں (اور یہ) اپنے ہی حق میں ظلم کرنے والے(ہوتے ہیں) تو مطیع و منقاد ہو جاتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم کوئی برا کام نہیں کرتے تھے۔ہاں جو کچھ تم کیا کرتے تھے اللہ اسے خوب جانتا ہے۔

فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔اُدْخُلُوْا:(داخل ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔ دُخُوْلٌ۔ (داخل کرنا)۔أَبْوَابَ :(بَابٌ کی جمع دروازوں سے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ جَهَنَّمَ: (دوزخ۔ جہنم۔آگ)غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَالِدِيْنَ:(ہمیشہ ہمیشہ) منصوب۔حال۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔بِئْسَ:(اس نے برا کیا)فعل ذم ماضی واحد مذکر۔جامد۔مَثْوَى :(ٹھکانہ)فاعل مرفوع۔ مضاف۔الْمُتَكَبِّرِيْنَ :(تکبر کرنے والے۔اترانے والے)مجرور علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:سو دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ۔ہمیشہ اس میں رہو گے۔اب تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قِيلَ:(کہا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِينَ :(وہ جو۔)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔اِتَّقَوْا:(وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے۔انہوں نے تقوی کا اختیار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔ مَاذَا :(کیا)اسم استفہام۔(مَا کے ساتھ ذَا لگانے کی وجہ مَا نافیہ ۔ مَا موصول۔ مَا مصدریہ سے۔ مَا استفہامیہ کو الگ کیا جا سکے۔)۔ أَنْزَلَ :(اس نے اتارا)فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ رَبُّ:(ربّ نے)فاعل مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ خَيْرًا:(بہتر۔اچھا)منصوب۔ مفعول بہ۔لِّ:(لئے)حرف جار۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ أَحْسَنُوْا:(انہوں نے نیکی کی۔اچھا کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَحْسَنَ يُحْسِنُ۔مصدر۔اِحْسَانٌ۔(احسان کرنا۔اچھا سلوک کرنا۔نیک برتاؤ کرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هَذِهِ: (یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ الدُّنْيَا: (دنیا)بدل مجرور۔ حَسَنَةٌ: (نیکی)مبتداء مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(یقیناً)لائے ابتداء۔برائے تاکید۔ الدَّارُ:(گھر)مبتداء

مرفوع۔ مضاف۔ الْآخِرَةِ :(آخرت۔ قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ خَيْرٌ :(بہتر) خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ نِعْمَ :(اچھا)فعل مدح ماضی۔ جامد ۔ دَارُ: (گھر)فاعل مرفوع۔ مضاف۔ الْمُتَّقِيْنَ:(متقیوں کا)مجرور۔ علامت۔ ی۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور (جب) پرہیز گاروں سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے کیا نازل کیا ہے۔ تو کہتے ہیں کہ بہترین (کلام)۔ جو لوگ نیکوکار ہیں ان کے لیے اس دنیا میں بھلائی ہے۔ اور آخرت کا گھر تو بہت ہی اچھا ہے۔ اور پرہیز گاروں کا گھر بہت خوب ہے۔

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾

جَنّٰتُ:(جنتیں۔ باغات)خبر۔ مبتداء محذوف۔ مضاف۔ عَدْنٍ:(ہمیشہ ہمیشہ کے لئے۔ دائمی طور پر ۔ رہنا بسنا۔ ہمیشگی)مجرور مضاف الیہ۔ يَدْخُلُوْنَ:(وہ داخل ہوں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔ نصر۔ مادہ(د خ ل) صیغہ۔ دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُوْلٌ۔ (داخل کرنا۔)۔ هَا:(اس میں)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنیبر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ تَجْرِيْ:(جاری ہیں۔ بہتی ہیں۔ چلتی ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ جَرٰى يَجْرِيْ۔ مصدر ۔جِرْيَانٌ۔(جاری ہونا۔ چلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْأَنْهَارُ:(نہریں)فاعل مرفوع۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ يَشَآؤُوْنَ:(وہ چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ كَذٰلِكَ :(اسی طرح۔ اس کی مانند) مرکب: (كَ+ذَا+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَ اسم اشارہ مرفوع۔ محلاً اسم

مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم+ لِ بُعد کے لئے + كَ خطاب کے لئے۔شبہ جملہ محلاً مفعول مطلق کا نائب۔ يَجْزِي:(وہ بدلہ۔معاوضہ۔صلہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَزٰى يَجْزِىْ۔ مصدر۔ جَزَاءٌ۔(بدلہ دینا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔الْمُتَّقِيْنَ :(پرہیزگاروں کو)منصوب۔علامت۔ی۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت:(وہ) بہشت جاودانی (ہیں) جن میں وہ داخل ہوں گے ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں وہاں جو چاہیں گے ان کے لیے میسر ہو گا۔اللہ پرہیزگاروں کو ایسا ہی بدلہ دیتا ہے۔

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾

الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً تَتَوَفَّا:(تو وفات دیتا ہے۔موت دیتا ہے) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيْلٌ۔صیغہ تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔مصدر۔تَوَفِّيٌ۔(پورا پورا کر دینا۔موت دینا۔اٹھا لینا۔جان نکال لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔ صیغہ۔وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔ الْمَلٰٓئِكَةُ:(فرشتے۔کائناتی قوتیں۔غیر مرئی طاقتیں)فاعل مرفوع۔ موصوف۔طَيِّبِيْنَ:(پاک مرد۔پاکیزہ۔صاف ستھرے)منصوب۔حال۔يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ سَلامٌ:(سلام ہو۔سلامتی ہو)مبتداء مرفوع۔ عَلَيّ: (پر) حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اُدْخُلُوْا :(داخل ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا)۔الْجَنَّةَ :(جنت میں)منصوب۔مفعول بہٖ۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔كُنْتُمْ :(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع

مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ محلاً منصوب۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْمَلُوْنَ :(تم کرتے تھے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً جملہ کَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ یَعْمَلَ۔ مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت:(ان کی کیفیت یہ ہے کہ) جب فرشتے ان کی جانیں نکالنے لگتے ہیں اور یہ (کفر و شرک سے) پاک ہوتے ہیں تو سلام علیکم کہتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) جو عمل تم کیا کرتے تھے ان کے بدلے میں بہشت میں داخل ہو جاؤ

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٣٣﴾

هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔یَنْظُرُوْنَ:(وہ دیکھتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت ۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ۔ مصدر۔ نَظْرٌ۔ (دیکھنا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَأْتِيَ:(وہ آئے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا۔دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ الْمَلٰئِكَةُ:(فرشتوں۔کائناتی قوتوں نے۔غیر مرئی طاقتوں نے)فاعل مرفوع۔ أَوْ :(یا)حرف عطف۔يَأْتِيَ:(وہ آئے) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ أَمْرُ:(کوئی حکم)فاعل مرفوع۔ مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَذَلِكَ : (اسی طرح۔اس کی مانند) مرکب: (كَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَ اسم اشارہ مرفوع۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدّم+لِ بُعد کے لئے+كَ خطاب کے لئے۔شبہ جملہ محلاً مفعول مطلق کانائب۔ فَعَلَ :(اس نے کیا) فعل ماضی واحد

مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ یَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلًا۔(کرنا)۔ اَلَّذِیْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔مِنْ :(سے)حرف جار۔ قَبْلِ: (پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ ظَلَمَ:(اس نے ظلم کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ هُمُ:(ان پر)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکو۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰهُ : (اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔كَانُوْا(وہ ہیں۔وہ تھے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ أَنْفُسَ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانوں پر)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کی۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَظْلِمُوْنَ :(وہ ظلم کرتے ہیں۔اندھیر مچاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: کیا یہ (کافر) اس بات کے منتظر ہیں کہ فرشتے ان کے پاس(جان نکالنے) آئیں یا تمہارے پروردگار کا حکم(عذاب) آپہنچے۔اسی طرح اُن لوگوں نے کیا تھا جو اُن سے پہلے تھے اور اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے۔

فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٤﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔أَصَابَ:(وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ يُصِيْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ص و ب)صیغہ صَابَ يَصُوْبُ۔ صَوْبًا ۔مصدر۔صَوْبًا: (بارش برسنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔

سَيِّئَاتُ:(سَيِّئَةٌ کی جمع۔برائیاں۔برے نتائج)فاعل مرفوع۔مضاف۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَمِلُوْا:(انہوں نے عمل کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔حَاقَ :(احاطہ کرلیا۔گھیر لیا۔آدبوچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ی ق)اجوف یائی۔ صیغہ۔ حَاقَ يَحِيْقُ۔مصدر۔حِيْقًا۔(گھیرنا۔احاطہ کرنا۔)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مرور۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً فاعل مرفوع۔كَانُوْا(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ يَسْتَهْزِءُوْنَ :(مذاق اڑاتے ہیں۔ٹھٹھہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَهْزَءَ يَسْتَهْزِئُ۔مصدر۔ اِسْتَهْزَاءٌ ۔(ٹھٹھہ کرنا۔مذاق اڑانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ھ ز ء)صیغہ۔هَزَءَ يَهْزَا۔مصدر۔هُزْءً ا ۔هُزُؤًا۔ هُزْوًا۔هُزُوءًا۔

ترجمہ آیت:توان کوان کے اعمال کے برے بدلے ملے اور جس چیز کے ساتھ وہ ٹھٹھے کیا کرتے تھے اس نے ان کو (ہر طرف سے) گھیر لیا

وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَالَ:() ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنھوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔ اَشْرَكُوْا:(انہوں نے شرک کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔

مصدر۔اِشْرَاکٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔ مصدر۔ شَرْکاً۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا۔)لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ شَاءَ:(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِیْئَۃٌ۔ (مرضی)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔مَا:(نہیں)نافیہ۔عَبَدْنَا:(ہم نے عبادت کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَۃٌ۔(بندگی کرنا۔عبادت کرنا۔ غلامی کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(سوا۔علاوہ)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ شَيْءٍ:(کوئی چیز)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔نَّحْنُ:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مرفوع۔ محلاً برائے تاکید۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔آبَاؤُ:(باپ دادا)خبر مرفوع۔ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔حَرَّمْنَا:(ہم نے حرام کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔بابتفعیل۔صیغہ۔حَرَّمَ یُحَرِّمُ۔ مصدر۔تَحْرِیْمًا۔(حرام ٹھہرانا۔احترام کرنا۔حرام کرنا۔عزت دینا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔دُوْنِ:(سوال۔علاوہ)ظرف مکان۔مضاف۔محلاً اسم مجرور۔ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔شَيْءٍ:(شئے۔چیز)اسم مجرور۔کَذٰلِكَ :(اسی طرح۔اس کی مانند)مرکب: (کَ+ذَ+لِ+ كَ)حرف تشبیہ وحرف جار۔ذَا اسم اشارہ مرفوع۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع مقدّم+لِ بُعد کے لئے+كَ خطاب کے لئے۔شبہ جملہ محلاًبرائے نائب مفعول مطلق۔ فَعَلَ:(اس نے کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ یَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلًا۔ (کرنا)۔الَّذِیْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔ جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔مِنْ :(سے)حرف جار۔ قَبْلِ: (پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ہِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر) استئنافیہ۔

هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الرُّسُلِ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبرمقدّم مرفوع۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔الْبَلَاغُ:(پہنچانا)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔ الْمُبِيْنُ: (واضح۔کھلم کھلا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور مشرک کہتے ہیں کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم ہی اس کے سوا کسی چیز کو پوجتے اور نہ ہمارے بڑے ہی (پوجتے) اور نہ اس کے (فرمان کے) بغیر ہم کسی چیز کو حرام ٹھہراتے۔(اے پیغمبر) اسی طرح ان سے اگلے لوگوں نے کیا تھا۔تو پیغمبروں کے ذمے (اللہ کے احکام کو) کھول کر سنا دینے کے سوا اور کچھ نہیں

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ۚ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔بَعَثْنَا :(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ب ع ث) صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(دوبارہ زندہ کرکے اٹھانا۔بھیجنا)۔فِي :(میں)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔ہر)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اُمَّةٍ:(امت۔ قوم) مجرور مضاف الیہ۔ رَّسُوْلاً:(رسول کو)منصوب مفعول بہ۔ أَنِ :(کہ)حرف تفسیر۔اعْبُدُوْا:(تم عبادت کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔(بندگی کرنا۔عبادت کرنا۔غلامی کرنا)۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اجْتَنِبُوْا:(پرہیز کرو۔ تم بچو۔احتیاط کرو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ۔مصدر۔ اِجْتِنَابٌ۔(اجتناب کرنا۔ پرہیز کرنا۔احتیاط کرنا۔) الطَّاغُوتَ:(طاغوت۔ شیطان۔دین کے باغیوں سے۔سرکشوں سے)منصوب۔مفعول بہ۔فَ: (پس) حرف عطف۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً

خبر مقدّم مرفوع۔ مَّنْ:(جن کو)اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ هَدَى:(ہدایت دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ہ دی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ نے)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔هُمْ: (ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَّنْ :(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔حَقَّتْ:(اس نے سچ کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔علامت تانیث۔ ت ضمیر ساکن۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الضَّلٰلَةُ :(گمراہی) فاعل مرفوع۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔سِيْرُوْا:(تم سیر کرو۔چلو پھرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ۔ (س ی ر)اجوف یائی۔صیغہ۔سَارَ يَسِيْرُ۔مصدر۔سَيْرٌ۔(سیر کرنا۔چلنا پھرنا)۔ فِي: (میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔اُنْظُرُوْا:(تم دیکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ظ ر) صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرٌ۔ (دیکھنا)۔ كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔محلاً كَانَ کی خبر مقدّم مرفوع۔ كَانَ: (وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔عَاقِبَةُ: (نتیجہ۔انجام) كَانَ کا اسم مؤخر مرفوع۔مضاف۔الْمُكَذِّبِيْنَ :(جھٹلانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے ہر جماعت میں پیغمبر بھیجا کہ اللہ ہی کی عبادت کرو اور بتوں (کی پرستش) سے اجتناب کرو۔ تو ان میں بعض ایسے ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی اور بعض ایسے ہیں جن پر گمراہی ثابت ہوئی۔ سو زمین پر چل پھر کر دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔

اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٣٧﴾

إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تَحْرِصْ :(خواہش کرو۔لالچ کرو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔محلاً فعل شرط۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ هُدٰى:(ہدایت)اسم مجرور۔مضاف۔هُمْ:(ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)کا اسم منصوب۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔ يَهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔ هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔مَنْ :(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔يُضِلُّ:(وہ گمراہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔ اِضْلَالٌ۔ (گمراہ کرنا۔) ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ عمل لَيْس کا۔رافع اسم ۔ نصب خبر۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مَا کی خبر مقدّم منصوب۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ نَّاصِرِينَ :(مدد کرنے والوں)لفظاً مجرور محلاً اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً جملہ مَا مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اگر تم ان(کفار) کی ہدایت کے لیے للچاؤ تو جس کو اللہ گمراہ کر دیتا ہے اس کو وہ ہدایت نہیں دیا کرتا اور ایسے لوگوں کا کوئی مددگار بھی نہیں ہوتا۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَقْسَمُوْا:(تم قسمیں کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب ۔افعال۔صیغہ۔اَقْسَمَ يُقْسِمُ۔ مصدر۔ اِقْسَامًا۔ (قسمیں کھانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ جَهْدَ: (پوری۔ پکی۔ مضبوط۔ کوشش۔)

منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ أَيْمَانِ:(يَمِيْنٌ کی جمع ۔قسموں) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا :(نہیں) نافیہ۔ يَبْعَثُ:(زندہ کرکے اٹھائے گا۔وہ بھیجتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتحہ۔ مادہ(ب ع ث) صیغہ۔ بَعَثَ يَبْعَثُ۔ مصدر۔ بَعْثًا۔(دوبارہ اٹھانا۔)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ يَمُوْتُ:(مارتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(م و ت) اجوف واوی۔ صیغہ۔ مَاتَ يَمُوْتُ۔ صیغہ۔ مَوْتًا۔ (مرنا۔ فوت ہونا۔ موت واقع ہونا)۔ بَلَىٰ:(کیوں نہیں) حرف ایجاب۔ اس کا استعمال دو طرح ہوتا ہے۔ ایک تو نفی کی تردید کے لئے۔ دوسرا سوال کے جواب میں جو نفی پر واقع ہو۔ اس جگہ نفی کے بعد اثبات کے لئے ہے۔ وَعْدًا : (وعدہ) مفعول مطلق منصوب۔ عَلَيْ:(پر) حرف جار۔ هِ :(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔ حَقًّا:(حق۔ سچ) منصوب۔ صفت۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لٰكِنَّ:(لیکن) حرف استدراک ۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ أَكْثَرَ:(اکثریت۔ زیادہ تر۔) افعل التفضيل۔ لٰكِنَّ کا اسم منصوب ۔ مضاف۔ النَّاسِ:(لوگ) مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔ يَعْلَمُوْنَ :(وہ جانتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا۔ جاننا)۔ جملہ محلاً لٰكِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور یہ اللہ کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے اللہ اسے (قیامت کے دن قبر سے) نہیں اٹھائے گا۔ ہر گز نہیں۔ یہ (اللہ کا) وعدہ سچا ہے اور اس کا پورا کرنا اسے ضرور ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾

لِ:(یقیناً) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔۔ يُبَيِّنَ :(وہ بیان کرے۔ وضاحت کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ تفعیل۔ صیغہ۔ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔ مصدر۔ تَبْيِيْنٌ۔ (وضاحت کرنا۔) لَ:(لئے) حرف

جار۔**هُمُ**:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔ **الَّذِي**:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔**يَخْتَلِفُوْنَ**:(وہ اختلاف کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔**اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ**۔مصدر۔**اِخْتِلَافٌ**۔ (مخالفت کرنا۔اختلاف رکھنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔**خَلَفَ يَخْلُفُ**۔مصدر۔ **خَلْفًا**۔(پیچھے ہونا)۔**فِي**:(میں)حرف جار۔**هِ**:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**لِ**:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب اسم۔**يَعْلَمَ**:(وہ جانے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔**عَلِمَ يَعْلَمُ**۔ مصدر۔ **عِلْمًا**۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ **الَّذِيْنَ**:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔**كَفَرُوْا**:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔**كَفَرَ يَكْفُرُ**۔مصدر۔**كُفْرًا**۔(کفر کرنا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔ **أَنَّ**:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔**هُمْ**:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً **أَنَّ** کا اسم منصوب۔ **كَانُوْا**(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔**كَانَ يَكُوْنُ**۔مصدر۔**كَوْنًا**۔(ہونا)۔ **كَاذِبِيْنَ** :(جھوٹے۔جھوٹ بولنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً**كَانَ** کی خبر منصوب۔ محلاً**أَنَّ** جملہ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تاکہ جن باتوں میں یہ اختلاف کرتے ہیں وہ ان پر ظاہر کر دے اور اس لیے کہ کافر جان لیں کہ وہ جھوٹے تھے

اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾

إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)**کافۃ ومکفوفۃ**۔مرکب:(**إِنَّ+مَا**)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً**إِنَّ** کا اسم منصوب۔**قَوْلُ**:(بات۔قول۔)**إِنَّ** کی خبر مرفوع۔ مضاف۔**نَا**:(ہمارا)ضمیر متصل جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔**لِ**:(لئے)حرف جار۔ **شَيْءٍ**:(کوئی شئے)اسم مجرور۔**إِذَا**:(جب)ظرف

زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔أَرَدْنَا:(ہم نے ارادہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ یُرِیْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آناجانا)۔هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔نَّقُوْلَ:(ہم کہتے ہیں۔کہیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔كُنْ:(تو ہو جا)اصلاً كُوْنُ ہے۔بوجہ التقائے سکونات۔نون اعرابی اور واؤ حرف علت محذوف۔فعل امر تام واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فَ:(پھر)حرف عطف۔يَكُوْنُ:(ہو جاتی ہے)فعل مضارع تام۔واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔

ترجمہ آیت:جب ہم کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو ہماری بات یہی ہے کہ اس کو کہہ دیتے ہیں کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَـنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ هَاجَرُوْا:(انہوں نے ہجرت کی۔وہ الگ ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔هَاجَرَ يُهَاجِرُ۔مصدر۔مُهَاجِرَةٌ۔(ہجرت کرنا۔الگ ہونا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ مَا:(کہ)مصدریہ۔ظُلِمُوْا:(ظلم کئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ لَ:(البتہ۔یقینا)لائے تاکید۔موطئہ للقسم۔نُبَوِّئَنَّ:(ہم ضرور بالضرور پناہ دیں گے۔ٹھکانہ دیں گے۔جگہ دیں گے)فعل مضارع

جمع متکلم۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔ تفعیل۔صیغہ۔بَوَّءَ يُبَوِّئُ۔مصدر۔تَبوِئَةٌ۔(جگہ دینا۔ٹھکانہ دینا) هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فِي:(میں)حرف جار ۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔حَسَنَةً: (نیکی۔خوبی۔ بھلائی۔اچھائی۔نعمت) منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ: (ضرور)لامِ ابتدائیہ۔ أَجْرُ: (بدلہ۔ معاوضہ۔ اجرت) مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الْآخِرَةِ:(آخرت۔قیامت)مجرور مضاف الیہ۔أَكْبَرُ: (بہت بڑی)صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔محلاً خبر مرفوع۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ كَانُوْا(وہ ہیں۔ وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔ جاننا)۔محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جن لوگوں نے ظلم سہنے کے بعد اللہ کے لیے وطن چھوڑا ہم ان کو دنیا میں اچھا ٹھکانا دیں گے۔اور آخرت کا اجر تو بہت بڑا ہے۔کاش وہ(اسے) جانتے۔

الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۴۲﴾

الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔صَبَرُوْا:(انہوں نے استقامت دکھائی۔وہ ڈٹے رہے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ يَصْبِرُ۔ مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَتَوَكَّلُوْنَ:(وہ بھروسہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔ مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلُ۔صیغہ۔تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔مصدر۔تَوَكُّلُ۔

(بھروسہ کرنا۔ توکل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ مادہ(و ک ل)مثال واوی۔صیغہ ۔ وَكَلَ يَكِلُ۔ مصدر۔ وَكْلًا۔ وُكُوْلًا۔ (بھروسہ کرنا۔ مختار بنانا۔ چھوڑ دینا)۔

ترجمہ آیت: یعنی وہ لوگ جو صبر کرتے ہیں اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔صیغہ۔:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ حاضر۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ كَ:(تمہارے لئے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ رِجَالًا:(رَجُلٌ کی جمع۔مردوں) نُّوحِي:(ہم نے حکم دیا۔وحی کی)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَوْحٰى يُوْحِيْ۔مصدر۔اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحٰى يَحِيْ۔مصدر۔وَحْيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔اِسْئَلُوْا :(تم پوچھو۔ سوال کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَوَالٌ۔ (سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔ أَهْلَ: (والے۔ اہل) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ الذِّكْرِ:(ذکر بیان۔ نصیحت)مجرور مضاف الیہ۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔كُنْتُمْ :(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ محلاً منصوب۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر

حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے تم سے پہلے مردوں ہی کو پیغمبر بنا کر بھیجا تھا جن کی طرف ہم وحی بھیجا کرتے تھے اگر تم لوگ نہیں جانتے تو اہل کتاب سے پوچھ لو۔

بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾

بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبَيِّنَاتِ:(واضح دلائل۔ثبوت)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الزُّبُرِ:(زُبُوْرٌ کی جمع۔اوراق۔کتابیں)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔الذِّكْرَ:(نصیحت۔ذکر)منصوب۔مفعول بہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُبَيِّنَ:(تو وضاحت سے بیان کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت ۔محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ۔ مصدر۔ تَبَيُّنٌ۔ (وضاحت کرنا۔) لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ : (لئے)اسم مجرور۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔نُزِّلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِمْ : (ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ يَتَفَكَّرُوْنَ :(وہ سوچتے ہیں۔فکر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی۔ موجود ۔واؤ جمع۔

ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَفَکَّرَ یَتَفَکَّرُ۔ مصدر۔ تَفَکُّرٌ۔(غور و فکر کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ف ک ر)صیغہ۔فَکَرَ یَفْکُرُ۔مصدر۔ فِکْرٌ۔(غور کرنا)۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اور ان پیغمبروں کو) دلیلیں اور کتابیں دے کر (بھیجا تھا) اور ہم نے تم پر بھی یہ کتاب نازل کی ہے تاکہ جو (ارشادات) لوگوں پر نازل ہوئے ہیں وہ ان پر ظاہر کر دو اور تاکہ وہ غور کریں۔

اَفَاَمِنَ الَّذِیْنَ مَکَرُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ یَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ یَاْتِیَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَیْثُ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۴۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام فَ:(پھر)حرف عطف۔أَمِنَ:(وہ ایمان لایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔الَّذِیْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔ مَکَرُوْا:(انہوں نے چال چلی۔منصوبہ بنایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ک ر) صیغہ۔ مَکَرَ یَمْکُرُ ۔مصدر۔مَکْرٌ۔(دھوکا کرنا۔فریب دینا۔مکاری کرنا۔سازش کرنا)۔ السَّیِّئَاتِ:(برائیاں)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَنْ:(یہ کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یَخْسِفَ:(وہ دھنسا دے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب۔مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ س ف) صیغہ۔ خَسَفَ یَخْسِفُ۔مصدر۔خُسُوْفًا۔(دھنسانا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔هِمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔ الْأَرْضَ:(زمین کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ یَأْتِيَ:(وہ آ جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا) اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔هُمُ:(ان پر)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ الْعَذَابُ:(عذاب)فاعل مرفوع۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔حَیْثُ :(جہاں)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَشْعُرُوْنَ:(وہ شعور رکھتے ہیں۔عقل

رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ خبر مرفوع۔ محلاً جملہ مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ع ر)صیغہ۔شَعَرَ يَشْعُرُ۔مصدر۔ شُعُوْرٌ۔(آگاہی رکھنا۔ شعور رکھنا۔ عقل رکھنا۔)۔

ترجمہ آیت: کیا جو لوگ بری بری چالیں چلتے ہیں اس بات سے بے خوف ہیں کہ اللہ ان کو زمین میں دھنسادے یا (ایسی طرف سے) ان پر عذاب آجائے جہاں سے ان کو خبر ہی نہ ہو۔

اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۴۶﴾

أَوْ:(یا)حرف عطف۔يَأْخُذَ:(وہ پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب ۔ مفعول بہ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ تَقَلُّبِ:(الٹتے پلٹتے۔چلتے پھرتے۔آنے جانے۔از باب تَفَعُّلٌ۔)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔مَا: (نہیں) نافیہ۔عمل لَيْسَ کا۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمَا کا اسم مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائد۔برائے تاکید۔ نفی۔ مُعْجِزِينَ:(عاجز کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً کی خبر منصوب۔ علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: یا ان کو چلتے پھرتے پکڑ لے وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے۔

اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۷﴾

أَوْ:(یا) يَأْخُذَ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ حلاً منصوب مفعول بہ۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ تَخَوُّفٍ:(خوف کا ظاہر ہونا۔باب تَفَعُّلٌ۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)حرف تعلیل۔إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر

حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(تاکہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔رَءُوْفٌ :(انتہائی شفقت والا) اِنَّ کی خبر مرفوع۔رَّحِیْمٌ : (خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔ اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: یاجب ان کو عذاب کاڈر پیدا ہو گیا ہو تو ان کو پکڑ لے۔ بے شک تمہارا پروردگار بہت شفقت کرنے والا اور مہربان ہے۔

اَوَلَمْ یَرَوْا اِلٰی مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ یَّتَفَیَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْیَمِیْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔وَ :(اور)استئنافیہ۔لَمْ :(نہ)حرف نفی جحد بلم جازم مضارع۔ قالب۔ یَرَوْا:(اس نے دیکھا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔مرفوع۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْیَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیکھنا۔دل سے دیدار۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔اِلَی:(طرف)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون محلاًاسم مجرور۔خَلَقَ :(پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ شَيْءٍ :(کوئی شئے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔یَتَفَیَّأُ:(ڈھلتا ہے۔جھکتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَفَیَّءَ یَتَفَیَّؤُا۔مصدر۔ تَفَیُّءٌ۔ (جھکنا۔ڈھلنا)۔ ظِلَالُ:(ظِلٌّ کی جمع۔سائے)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَنِ: (سے)حرف جار۔الْیَمِیْنِ:(دائیں)ظرف مکان۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمنصوب حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّمَآئِلِ:(بائیں)ظرف مکان۔ معطوف مجرور۔ سُجَّدًا:(جھکنے والے۔تعظیم کرنے والے۔) منصوب۔مفعول بہ۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب جاری۔:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔اسم مجرور۔ وَ: (حالانکہ)حالیہ۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ دَاخِرُوْنَ : (عاجزی کرنے والے۔ذلیل ہونے والے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاًخبر مرفوع۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: کیاان لوگوں نے اللہ کی مخلوقات میں سے ایسی چیزیں نہیں دیکھیں جن کے سائے دائیں سے (بائیں کو) اور بائیں سے (دائیں کو) لوٹتے رہتے ہیں (یعنی) اللہ کے آگے عاجز ہو کر سجدے میں پڑے رہتے ہیں۔

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)مرکب جاری۔:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔يَسْجُدُ: (وہ جھکتا ہے۔سجدہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع فِي:(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول مبنی بر سکون۔محلاً معطوف۔مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دَآبَّةٍ :(جانور)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْمَلآئِكَةُ:(فرشتے۔کائناتی قوتیں۔غیر مرئی طاقتیں)غیر منصرف۔معطوف مرفوع۔ مَا معطوف علیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔هُمْ:(وہ) ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی برسکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَسْتَكْبِرُوْنَ :(تکبر کرتے ہیں۔بڑائی طلب کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔صیغہ۔اسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔مصدر۔ اِسْتِكْبَارٌ۔(تکبر کرنا۔غرور کرنا۔دھوکے میں رہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب کَرُمَ۔مادہ۔(ک ب ر)صیغہ۔كَبُرَ يَكْبُرُ۔مصادر۔كِبَرٌ۔كُبْرٌ۔(بھاری ہونا۔گراں ہونا۔ شاق گزرنا)۔محلاًخبر مرفوع۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور تمام جاندار جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سب اللہ کے آگے سجدہ کرتے ہیں اور فرشتے بھی اور وہ ذرا غرور نہیں کرتے۔

يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾۩

یَخَافُوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں۔وہ خوف کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ ۔خَافَ یُخَافُ۔مصدر۔خَوْفٌ۔ خِیْفَةٌ۔ (ڈرنا۔خوف کھانا)۔رَبَّ:(ربّ سے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هُمْ: (ان۔اپنے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔ فَوْقِ:(اوپر)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَفْعَلُوْنَ:(وہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ یَفْعَلُ۔ مصدر۔ فَعْلٌ۔ (کرنا)۔ مَا:() یُؤْمَرُوْنَ:() فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔ مصدر۔ اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔

ترجمہ آیت:اوراپنے پروردگار سے جوان کے اوپر ہے ڈرتے ہیں اورجوان کوارشادہوتا ہےاس پر عمل کرتے ہیں۔

وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰـهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَالَ:() ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ نے)فاعل مرفوع۔ لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَتَّخِذُوْا:(اختیار کرتے ہیں۔بناتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔اِلٰهَيْنِ:(اِلٰهَ کا تثنیہ۔دومعبود۔)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ اثْنَيْنِ:(دو دو)تثنیہ۔منصوب۔بالکسرہ۔صفت۔تابع موصوف۔اِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اورصرف)کافة و مکفوفة۔ مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔کا اسم منصوب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اِلٰهٌ:(معبود)خبر مرفوع۔موصوف۔

وَاحِدٌ:(ایک)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔إِيَّا:(ہی)حرف حصر۔يَ:(مجھ سے)ضمیر واحد متکلم۔مرجع إِلٰهٌ ۔ فَ:(سو)اَرْهَبُوْنِ:(مجھ سے ڈرو)اصلاً اَرْهَبُوْنِيْ ہے۔مرکب: (اَرْهَبُوْ+نِ+ی)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔+نون وقایہ یائے متکلم کو بچانے کے لئے + ضمیر واحد متکلم مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(رھ ب)صیغہ۔رَهَبَ يَرْهَبُ۔مصدر۔رَهْبٌ۔(ڈرنا)۔

ترجمہ آیت:اور اللہ نے فرمایا ہے کہ دو دو معبود نہ بناؤ۔معبود وہی ایک ہے۔تو مجھ ہی سے ڈرتے رہو۔

وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ؕ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔ اَلسَّمٰوٰتِ: (آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَلْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔اَلدِّيْنُ:(اطاعت۔شریعت۔عبادت۔حکم ماننا۔بدلہ دینا۔اطاعت کرنا)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ وَاصِبًا:(ضروری لازمی۔ہمیشہ ہمیشہ)اصل معنٰی زائل ہونا۔منصوب۔حال۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ فَ:(پس)حرف عطف۔غَيْرَ:(سوائے۔علاوہ)منصوب۔مفعول بہ۔مقدّم۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ تَتَّقُوْنَ :(تم ڈرتے ہو۔پرہیز کرتے ہو) ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(اللہ کا خوف کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرنا ذات کبریا سے)۔

ترجمہ آیت:اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے اور اسی کی عبادت لازم ہے۔تو تم اللہ کے سوا اوروں سے کیوں ڈرتے ہو۔

وَمَا بِكُمْ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿۵۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ كُم: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ نِّعْمَةٍ:(نعمتوں)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔فَ:(پھر) زائد۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔مَسَّ:(اس نے چھوا۔وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔پہنچنا)۔ كُمُ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔الضُّرُّ:(گزند۔نقصان۔تنگی)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تَجْـَٔرُوْنَ:(تم گڑگڑاتے ہو۔آہ و زاری کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ء ر)مہموز العین۔صیغہ۔جَأَرَ يَجْأَرُ۔مصدر۔ جُؤُورًا۔ (گڑگڑانا۔آہ و زاری کرنا)

ترجمہ آیت:اور جو نعمتیں تم کو میسر ہیں سب اللہ کی طرف سے ہیں۔پھر جب تم کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اسی کے آگے چلاتے ہو۔

ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔ كَشَفَ:(دور کر دیا۔ہٹا دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔ كَشَفَ يَكْشِفُ۔مصدر۔كَشْفًا۔(ہٹانا۔دور کرنا)الضُّرَّ:(تکلیف۔تنگی۔نقصان) منصوب۔ مفعول بہٖ عَنْ: (سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ إِذَا:(اچانک)ظرف زمان۔فجائیہ۔فَرِيقٌ :(جماعت۔گروہ۔ٹولہ۔کچھ لوگ)مبتداء مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُم: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يُشْرِكُونَ: (شریک ٹھہراتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید۔باب۔افعال۔صیغہ۔أَشْرَكَ يُشْرِكُ۔مصدر۔إِشْرَاكٌ۔ (شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِكَ يَشْرَكُ۔مصدر۔شَرْكًا۔(ساتھی بننا۔ شریک ہونا۔)۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:پھر جب وہ تم سے تکلیف کو دور کر دیتا ہے تو کچھ لوگ تم میں سے اللہ کے ساتھ شریک کرنے لگتے ہیں۔

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَكْفُرُوْا:(وہ کفر کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔آتَيْنَا:(ہم نے دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ إِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔أَتَى يَأْتِيْ۔مصدر۔إِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب

مفعول بہ۔ فَ:(تو)استئنافیہ۔تَمَتَّعُوْا:(تم فائدہ اٹھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔فَ:(پھر)تعلیلیہ ۔حرف عطف۔سَوْفَ:(جلد ہی)حرف استقبال۔ تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔

ترجمہ آیت: تاکہ جو(نعمتیں) ہم نے ان کو عطا فرمائی ہیں ان کی ناشکری کریں تو(مشرکو) دنیا میں فائدے اٹھالو۔ عنقریب تم کو(اس کا انجام) معلوم ہو جائے گا۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یَجْعَلُوْنَ:(وہ بناتے ہیں۔مقرر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لِمَا:(جن کے لئے)مرکب جاری :(لِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ نَصِیبًا:(ایک حصہ)منصوب۔مفعول بہ۔ مِّمَّا:(اس سے جو) مرکب:(مِّنْ+مَّا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب صفت۔ رَزَقْنَا:(ہم نے رزق دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ یَرْزُقُ۔ مصدر۔رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ تَ:(قسمیہ)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ لَ:(ضرور)جواب قسم کے لئے واقعہ ہوا ۔تُسْأَلُنَّ:(ضرور بالضرور پوچھا جائے گا)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ما قبل ضمہ برائے جمع۔ عَمَّا:(اس سے جو)مرکب جاری۔:(عَنْ +مَّا)حرف جار+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ کُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع

مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ محلاً منصوب۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ تَفْتَرُوْنَ:(تم بہتان باندھتے ہیں ۔ جھوٹ وضع کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِفْتَرَی یَفْتَرِیُ۔مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(بہتان باندھنا۔جھوٹا الزام لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔فَرٰی یَفْرِیُ۔مصدر۔فَرْیًا۔فَرْیَۃً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰی بَطْنَ الشَّاۃِ۔فَرَی اللَّحْمَ۔اَوْ۔ البَصَلَ)۔جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور ہمارے دیئے ہوئے مال میں سے ایسی چیزوں کا حصہ مقرر کرتے ہیں جن کو جانتے ہی نہیں۔ (کافرو) اللہ کی قسم کہ جو تم افتراء کرتے ہو اس کی تم سے ضرور پرسش ہو گی۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یَجْعَلُوْنَ:(وہ بناتے ہیں۔مقرر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب جاری:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔اَلْبَنَاتِ:(بیٹیاں)منصوب بالکسرہ۔مفعول بہٖ۔سُبْحَانَ:(پاک ہے)مفعول مطلق۔فعل محذوف۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّا: (جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ یَشْتَهُوْنَ:(بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ مرغوب رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِشْتَهٰی یَشْتَهِیُ۔ مصدر۔اِشْتِهَاءٌ۔(بھوک لگنا۔چاہنا۔پسند رکھنا۔لذیذ بنانا۔) ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ھ و۔ی)ناقص واوی۔یائی۔صیغہ۔شَهَا یَشْهُو۔یَشْهَی۔مصدر۔ شَهْوَةٌ۔ (مزیدار۔زیادہ پسند ہونا۔مرغوب ہونا۔مَا اَشْهَی هٰذَا الطَّعَامُ)۔کھانا کتنا مزیدار دار بنایا ہے؟

اور یہ لوگ اللہ کے لیے تو بیٹیاں تجویز کرتے ہیں۔(اور) وہ ان سے پاک ہے اور اپنے لیے (بیٹے) جو مرغوب و دلپسند ہیں۔

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔محلاً منصوب۔بُشِّرَ:(خوشخبری سنائی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔ مصدر۔تَبْشِيْرٌ۔(خوشخبری سنانا)۔ أَحَدُ:(کسی ایک)نائب فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْأُنْثَى :(مونث۔مادہ۔ بیٹی۔ لڑکی)اسم مجرور۔ظَلَّ:(ہوگیا)فعل ناقص۔رافع اسم۔ناصب خبر۔ وَجْهُ:(چہرہ) ظَلَّ کا اسم مرفوع۔ مضاف۔هُ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف۔مُسْوَدًّا:(گہرا سیاہ) ظَلَّ کی خبر منصوب۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَظِيمٌ: (غمگین۔غم سے بھرپور)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:حالانکہ جب ان میں سے کسی کو بیٹی (کے پیدا ہونے) کی خبر ملتی ہے تو اس کا منہ (غم کے سبب) کالا پڑ جاتا ہے اور (اس کے دل کو دیکھو تو) وہ اندوہناک ہو جاتا ہے۔

يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾

يَتَوَارٰى:(وہ چھپاتا ہے۔وہ چھپتا پھرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔ صیغہ۔تَوَارٰى يَتَوَارٰى۔مصدر۔تَوَارٰى۔(اپنے آپ کو چھپانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ الْقَوْمِ: (قوم) اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ سُوْءِ:(برائی)اسم مجرور۔مضاف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بُشِّرَ:(خوشخبری سنائی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ ثلاثی مزید

فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ یُبَشِّرُ ۔ مصدر۔تَبْشِیْرٌ۔(خوشخبری سنانا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔ یُمْسِكُ: (وہ روک رکھے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید باب افعال۔صیغہ ۔اَمْسَکَ یُمْسِکُ ۔مصدر۔ اِمْسَاکٌ۔ (روکنا۔ سنبھالنا۔ تھامنا)۔ہٗ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔عَلَیٰ:(پر)حرف عطف۔ هُوْنٍ:(اہانت۔ذلت۔رسوائی۔)اسم مجرور۔أَمْ :(یا)حرف عطف۔یَدُسُّ: (دفن کردے۔ گاڑدے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د س س) مضاعف۔دَسَّ یَدُسُّ۔ مصدر۔ دَسٌّ۔(دفن کرن۔گاڑنا) ہٗ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فِي: (میں)حرف جار۔التُّرَابِ:(مٹی)اسم مجرور۔أَلَا :(خبردار۔سن لو۔آگاہ رہو ۔)حرف تنبیہ۔سَآءَ:(برا ہوا)فعل ذم ماضی۔واحد مذکر۔ثلاثی مجرد۔سَاءَ یَسُوْٓءُ۔مصدر۔سُوْٓءٌ۔(برا ہونا۔) مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ یَحْكُمُوْنَ:(وہ حکم کرتے ہیں۔فیصلہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م)صیغہ۔حَکَمَ یَحْکُمُ۔مصدر۔حُکْمٌ۔(فیصلہ دینا۔)۔

ترجمہ آیت:اور اس خبر بد سے (جو وہ سنتا ہے) لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے (اور سوچتا ہے) کہ آیا ذلت برداشت کرکے لڑکی کو زندہ رہنے دے یا زمین میں گاڑدے۔دیکھو یہ جو تجویز کرتے ہیں بہت بری ہے۔

لِلَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۶۰﴾

لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُؤْمِنُوْنَ :(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت ۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔

بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْآخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔مَثَلُ :(مثال)مبتداء مؤخر مرفوع۔ مضاف۔السَّوْءِ:(برائی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے) :(لِ+ اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ الْمَثَلُ:(مثال)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ موصوف۔الْأَعْلَىٰ :(سب سے اعلیٰ۔بلند۔سب سے اونچا مرتبہ رکھنے والا)افعل التفضیل۔نعت مرفوع۔تقدیراً مضموم۔وَ:(اور)حرف عطف۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْعَزِيزُ:(بہت عزت والا۔زبردست غالب)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الْحَكِيمُ :(خوب دانائی والا۔حکمت والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان ہی کے لیے بری باتیں (شایان) ہیں۔اور اللہ کو صفت اعلیٰ (زیب دیتی ہے) اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٦١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم يُؤَاخِذُ:(پکڑے جائیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔آخَذَ يُؤَاخِذُ۔مصدر۔مُؤَاخَذَةٌ۔(پکڑنا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ظُلْمِ :(ظلم)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَّا:(نہیں)نافیہ۔تَرَكَ:(اس نے چھوڑا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ر ک)صیغہ۔تَرَكَ يَتْرُكُ۔ مصدر۔ تَرْكًا۔(چھوڑنا)۔ عَلَىٰ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔زائدہ۔ دَآبَّةٍ:(کوئی بھی چلنے والا۔جانور)اسم مجرور۔وَ:(اور)لٰكِنْ:(لیکن)حرف

استدراک۔ یُؤَخِّرُ:(دیر کرتا ہے۔مؤخر کرتا ہے۔لیٹ کرتا ہے۔ڈھیل دیتا ہے۔مہلت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ اَخَّرَ یُؤَخِّرُ۔مصدر۔تَاخِیْرٌ۔(دیر کرنا۔ڈھیل دینا۔مہلت دینا۔)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اِلٰی:(طرف۔تک)حرف جار۔اَجَلٍ:(مدت۔وقت)اسم مجرور۔موصوف۔مُّسَمًّى:(مقررہ۔معینہ)لفظاً منصوب۔محلاً تقدیراً مجرور۔تابع موصوف۔فَ:(پس)حرف عطف ۔ اِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔جَآءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ جِیْئٌ مَجِیْئٌ(آنا)۔ اَجَلُ:(وقت۔مدت)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا :(نہیں)نافیہ۔یَسْتَاْخِرُوْنَ:(وہ پیچھے رہ سکتے ہیں۔دیر کر سکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔فعل جواب شرط۔مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَاْخَرَ یَسْتَاْخِرُ۔مصدر۔ اِسْتِیْخَارٌ۔(دیر کرنا۔ پیچھے رکھنا۔)سَاعَةً:(گھڑی۔قیامت۔آخرت)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں) نافیہ۔ زائدہ۔ یَسْتَقْدِمُوْنَ :(آگے بڑھ سکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَقْدَمَ یَسْتَقْدِمُ۔ مصدر۔اِسْتِقْدَامٌ۔ (آگے بڑھنا)۔

ترجمہ آیت:اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے ظلم کے سبب پکڑنے لگے تو ایک جاندار کو زمین پر نہ چھوڑے لیکن ان کو ایک وقت مقرر تک مہلت دیئے جاتا ہے۔جب وہ وقت آجاتا ہے تو ایک گھڑی نہ پیچھے رہ سکتے ہیں نہ آگے بڑھ سکتے ہیں

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿٦٢﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یَجْعَلُوْنَ:(وہ بناتے ہیں۔مقرر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لِلّٰهِ:

(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب جاری:(لِ+اللّٰہِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔مَا:(جن کو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔یَکْرَھُوْنَ:(ناپسند کرتے ہیں۔نفرت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ک ر ھ)صیغہ۔کَرِہَ یَکْرَہُ۔ مصدر۔کرھا۔(ناپسند کرنا۔نفرت کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَصِفُ:(تعریف کرتی ہے۔وصف بیان کرتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔مرفوع۔علامت ۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(و ص ف)مثال واوی۔وَصَفَ یَصِفُ۔مصدر۔وَصْفًا۔(وصف بیان کرنا)۔ اَلْسِنَتُ:(لِسَانٌ کی جمع۔زبانیں۔)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ھُمُ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔ الْکَذِبَ :(جھوٹ)منصوب۔مفعول بہٖأَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔لَ:(لئے)حرف جار۔ھُمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب ۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔ الْحُسْنَیٰ: (نیکی۔اچھائی)افعل التفضیل۔بروزن فُعْلیٰ۔ أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَا :(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔جَرَمَ:(لازمی۔کوئی شک نہیں)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔لَ:(لئے)حرف جار۔ھُمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون محلاًاسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔الْنَّارَ:(آگ۔دوزخ۔جہنم)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ ھُم:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ مُّفْرَطُوْنَ :(آگے چلائے گئے۔آگے بھیجے جانے والے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور یہ اللہ کے لیے ایسی چیزیں تجویز کرتے ہیں جن کو خود ناپسند کرتے ہیں اور زبان سے جھوٹ بکے جاتے ہیں کہ ان کو (قیامت کے دن) بھلائی (یعنی نجات) ہو گی۔ کچھ شک نہیں کہ ان کے لیے (دوزخ کی) آگ (تیار) ہے اور یہ (دوزخ میں) سب سے آگے بھیجے جائیں گے۔

تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾

تَ: (قسمیہ) حرف جار۔ اللهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ لَ: (البتہ۔ ضرور) حرف تاکید۔ **مؤطئة للقسم**۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ أَرْسَلْنَا: (ہم نے بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ صیغہ۔: (ہم نے بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ حاضر۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ إِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ إِلَى: (طرف) حرف جار۔ أُمَمٍ: (امتوں۔ قوموں کی) اسم مجرور۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ قَبْلِ: (پہلے) ظرف زمان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ كَ: (تم) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔ فَ: (تو) حرف عطف۔ زَيَّنَ: (اس نے سجایا۔ خوبصوت بنایا۔ ملمع سازی کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ زَيَّنَ يُزَيِّنُ۔ مصدر۔ تَزْيِيْنٌ۔ (مزین کرنا۔ سجانا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ الشَّيْطَانُ: (شیطان۔ ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے شیطان ہے۔) فاعل مرفوع۔ أَعْمَالَ: (اعمال۔ کام۔ حرکات) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) استئنافیہ۔ هُوَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ وَلِيُّ: (ساتھ۔ دوست۔ سرپرست) خبر مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلا مجرور مضاف الیہ۔ الْيَوْمَ: (دن) ظرف زمان۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور)

حرف عطف۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ عَذَابٌ:(عذاب۔ سزاء) مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ موصوف۔ أَلِيمٌ: (دردناک۔) صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اللہ کی قسم ہم نے تم سے پہلی امتوں کی طرف بھی پیغمبر بھیجے تو شیطان نے ان کے کردار (ناشائستہ) ان کو آراستہ کر دکھائے تو آج بھی وہی ان کا دوست ہے اور ان کے لیے عذاب الیم ہے۔

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ مَا:(نہیں) نافیہ۔ أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتار) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔ مصدر۔ اِنْزَالٌ۔ (اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ عَلَيْ:(پر۔ اوپر) حرف جار۔ كَ:(تم) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ الْكِتَابَ:(کتاب) معرف باللام۔ خاص کتاب۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ اِلَّا:(مگر) حرف حصر۔ لِ: (تاکہ) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ تُبَيِّنَ ثلاثی مزید فیہ۔ تفعیل۔ صیغہ۔ بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔ مصدر۔ تَبْيِيْنٌ۔ (وضاحت کرنا۔) لَ:(لئے) حرف جار۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ الَّذِي: (جو) اسم موصول۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ اِخْتَلَفُوْا:(انہوں نے اختلاف کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ۔ مصدر۔ اِخْتِلَافٌ۔ (مخالفت کرنا۔ اختلاف رکھنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ل ف) صیغہ۔ خَلَفَ يَخْلُفُ۔ مصدر۔ خَلْفًا۔ (پیچھے ہونا)۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔ هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ هُدًى :(ہدایت) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ رَحْمَةً :(رحمت۔ مہربانی۔ نوازش) معطوف منصوب۔ لِّ:(لئے) حرف جار۔ قَوْمٍ:(قوم۔ لوگ) اسم مجرور۔ موصوف۔ يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً جملہ قَوْمٍ کی

صفت مجرور۔ تابع موصوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔

اور ہم نے جو تم پر کتاب نازل کی ہے تو اس کے لیے جس امر میں ان لوگوں کو اختلاف ہے تم اس کا فیصلہ کر دو۔ اور (یہ) مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ أَنْزَلَ:(اس نے اتار)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ اَلسَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ مَاءً: (پانی کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَحْيَا :(اس نے زندگی دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَحْیٰ یُحْیِیْ۔مصدر۔اِحْیَاءٌ۔(زندہ رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی)لفیف مقرون۔اجوف یائی۔و ناقص یائی۔صیغہ۔حَیِیَ یَحْیَا۔مصدر۔ حَیَاۃً۔ حَیْوَانًا۔ (زندگی کے بر عکس۔)۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ الْأَرْضَ:(زمین کو)منصوب۔ مفعول بہ۔بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔ مَوْتِ: (موت۔ زندگی کی ضد)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ فِي:(میں)حرف جار۔ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَةً:(آیت) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ قَوْمٍ: (قوم۔لوگ)اسم مجرور۔موصوف يَسْمَعُوْنَ:(وہ سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت

نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ جملہ محلاً قَوْمٍ کی صفت مجرور۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (س م ع) صیغہ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔ مصدر۔ سَمْعٌ۔ (سننا)۔

ترجمہ آیت: اور اللہ ہی نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کیا۔ بے شک اس میں سننے والوں کے لیے نشانی ہے۔

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُّسْقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِن بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِينَ ﴿٦٦﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ فِي: (میں) حرف جار۔ الأَنْعَامِ: (چوپاؤں۔ اونٹ کا ہونا لازمی ہے۔ ورنہ بھیڑ بکریاں ہی رہیں گی) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ لَ: (البتہ) لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ عِبْرَةً: (عبرت۔ پکی نشانی۔ نصیحت۔ سبق) إِنَّ کا اسم منصوب۔ نُّسْقِيْ: (ہم پلاتے ہیں) فعل مضارع مجہول جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (س ق ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ سَقٰی يَسْقِيْ۔ مصدر۔ سَقْيٌ۔ سِقَايَةٌ۔ (پانی پلانا)۔ كُم: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِّمَّا: (اس سے جو) مرکب: (مِّنْ+مَّا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فِي: (میں) حرف جار۔ بُطُونِ: (بَطْنٌ کی جمع۔ پیٹ۔ شکم) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ بَيْنِ: (درمیان) ظرف مکان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ فَرْثٍ: (گوبر) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ دَمٍ: (خون) معطوف مجرور۔ لَّبَنًا: (دودھ) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ موصوف۔ خَالِصًا: (خالص۔ بلا ملاوٹ) اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ منصوب۔ صفت۔ تابع موصوف۔ سَآئِغًا: (مصدر۔ سَوْغٌ۔ مزیدار۔ حلق سے آسانی سے اترنے والا) منصوب۔ صفت ثانی۔ تابع موصوف۔ لِ: (لئے) حرفجار۔ الشَّارِبِيْنَ: (پینے والوں کے لئے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور تمہارے لیے چارپایوں میں بھی (مقام) عبرت (وغور) ہے کہ ان کے پیٹوں میں جو گوبر اور لہو ہے اس سے ہم تم کو خالص دودھ پلاتے ہیں جو پینے والوں کے لیے خوشگوار ہے

وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔۔ ثَمَرَاتِ:(مختلف پھل۔تمام قسم کے پھل)اسم مجرور۔مضاف۔النَّخِيْلِ:(کھجوریں)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَعْنَابِ:(انگور)معطوف مجرور۔ تَتَّخِذُوْنَ :(تم بناتے ہو۔اختیار کرتے ہو۔پکڑتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ءخ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔سَكَرًا:(چینی۔شکر۔کھانڈ۔نشہ آور اشیاء)منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رِزْقًا:(رزق)معطوف منصوب۔موصوف۔حَسَنًا:(اچھی۔خوبصورت)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔فِي:(میں)حرف جار۔ ذَلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ ل:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَةً:(آیت) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ: (قوم۔لوگ)اسم مجرور۔موصوف يَعْقِلُوْنَ :(وہ عقل رکھتے ہیں۔عقل سے کام کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مجرور۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلٌ۔(عقل رکھنا۔سمجھ رکھنا)

ترجمہ آیت: اور کھجور اور انگور کے میووں سے بھی (تم پینے کی چیزیں تیار کرتے ہو کہ ان سے شراب بناتے ہو) اور عمدہ رزق (کھاتے ہو) جو لوگ سمجھ رکھتے ہیں ان کے لیے ان (چیزوں) میں (قدرت اللہ کی) نشانی ہے۔

وَ اَوۡحٰی رَبُّکَ اِلَی النَّحۡلِ اَنِ اتَّخِذِیۡ مِنَ الۡجِبَالِ بُیُوۡتًا وَّ مِنَ الشَّجَرِ وَ مِمَّا یَعۡرِشُوۡنَ ﴿۶۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَوْحَیٰ:(اس نے وحی کی۔ حکم دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَوْحٰی یُوْحِیْ۔مصدر۔اِیْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔ وَحٰی یَحِیْ۔مصدر۔وَحْیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ رَبُّ:(ربّ نے)فاعل مرفوع۔كَ:(تجھ پر)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِلَى :(طرف)حرف جار۔النَّحْلِ:(شہد کی مکھی۔)اسم مجرور۔ أَنِ:(کہ)مصدریہ۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ناصب۔اتَّخِذِي:(اختیار کرے۔بنائے)فعل امر واحد مؤنث حاضر۔علامت مؤنث۔ ی۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔ مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ الْجِبَالِ:(پہاڑوں میں)اسم مجرور۔بُیُوتًا :(گھروں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور) حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ الشَّجَرِ :(درختوں پر)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+مَّا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يَعْرِشُونَ :(چھتریاں بناتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ش)صیغہ۔عَرَشَ یَعْرِشُ۔مصدر۔عَرْشًا۔(چھتریاں بنانا)۔

ترجمہ آیت:اور تمہارے پروردگار نے شہد کی مکھیوں کو ارشاد فرمایا کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور اونچی اونچی چھتریوں میں جو لوگ بناتے ہیں گھر بنا۔

ثُمَّ کُلِیۡ مِنۡ کُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسۡلُکِیۡ سُبُلَ رَبِّکِ ذُلُلًا ؕ یَخۡرُجُ مِنۡۢ بُطُوۡنِہَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُہٗ فِیۡہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَۃً لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ ﴿۶۹﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔كُلِي:(تو کھا)فعل امر واحد مؤنث حاضر۔علامت۔ی۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَكَلَ يَأْكُل۔مصدر۔اَكْلاً۔(کھانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔الثَّمَرَاتِ:(الثَّمَرُ کی جمع۔پھل)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ اسْلُكِيْ:(تو چل)فعل امر واحد مؤنث حاضر۔علامت۔ی۔سُبُلَ:(راستوں پر)منصوب۔مفعول۔ مضاف ۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔كِ:(اپنے۔تیرے)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔مبنی بر کسرہ۔و علامت مؤنث۔ مجرور مضاف الیہ۔ ذُلُلاً:(قابو۔مسخر۔مطیع کئے ہوئے)منصوب۔حال يَخْرُجُ :(وہ نکالتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ بُطُوْنِ:(بَطْنٌ کی جمع۔پیٹ۔شکم)اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس۔اپنے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ شَرَابٌ:(پینے والی چیز) فاعل۔مرفوع۔موصوف۔مُّخْتَلِفٌ:(مختلف۔الگ الگ)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔أَلْوَانُ:(رنگ) صفت ثانی مرفوع۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِيْ: (میں) حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم۔شِفَاءٌ:(شفاء۔صحت)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔جملہ محلاً صفت ثانی۔مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ :(لوگوں کے)اسم مجرور۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔فِي :(میں)حرف جار۔ذَلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے +خطاب کے لئے۔محلاً خبر مقدّم۔ مرفوع۔ لَ: (البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَةً:(آیت)إِنَّ کا اسم منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ:(قوم)اسم مجرور۔ موصوف۔يَتَفَكَّرُوْنَ :(وہ غور کرتے ہیں۔فکر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔محلاًصفت مجرور۔محلاً جملہ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہر قسم کے میوے کھا۔ اور اپنے پروردگار کے صاف رستوں پر چلی جا۔ اس کے پیٹ سے پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں اس میں لوگوں (کے کئی امراض) کی شفا ہے۔ بے شک سوچنے والوں کے لیے اس میں بھی نشانی ہے۔

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۙ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٧٠﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ خَلَقَ: (اس نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (خ ل ق) صیغہ۔ خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔ (پیدا کرنا۔ بنانا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محل منصوب۔ مفعول بہٖ۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ يَتَوَفّٰى: (وہ وفات دے گا۔ مار دے گا۔ موت دے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔ مصدر۔ تَوَفِّيٌّ۔ (موت دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ف ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔ وَفَاءً۔ (پورا ہونا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَّنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ يُرَدُّ: (وہ لوٹایا جاتا ہے) فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ر د د) مضاعف۔ صیغہ۔ رَدَّ يَرُدُّ۔ مصدر۔ رَدٌّ۔ (لوٹانا۔ واپس کرنا)۔ إِلَى: (طرف) حرف جار۔ أَرْذَلِ: (ناکارہ۔ زیادہ نکمی) افعل التفضيل۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ الْعُمُرِ: (عمر) مجرور مضاف الیہ۔ لِكَيْ: (تاکہ): (لِكَيْ) لائے تعلیل۔ + ناصب مضارع۔ لَا (نہیں) نافیہ۔ يَعْلَمَ: (وہ جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت ۔ محل اعراب۔ مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا جاننا)۔ بَعْدَ: (بعد) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ عِلْمٍ: (علم۔ سائنس) مجرور مضاف الیہ۔ شَيْـًٔا

:(کوئی شئے)منصوب۔ مفعول بہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ قَدِيرٌ :(خوب اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا) مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اللہ ہی نے تم کو پیدا کیا۔ پھر وہی تم کو موت دیتا ہے اور تم میں بعض ایسے ہوتے ہیں کہ نہایت خراب عمر کو پہنچ جاتے ہیں اور (بہت کچھ) جاننے کے بعد ہر چیز سے بے علم ہو جاتے ہیں۔ بے شک اللہ (سب کچھ) جاننے والا (اور) قدرت والا ہے۔

وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعۡضَكُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ فِى الرِّزۡقِ‌ ۚ فَمَا الَّذِيۡنَ فُضِّلُوۡا بِرَآدِّىۡ رِزۡقِهِمۡ عَلٰى مَا مَلَـكَتۡ
اَيۡمَانُهُمۡ فَهُمۡ فِيۡهِ سَوَآءٌ‌ ؕ اَفَبِنِعۡمَةِ اللّٰهِ يَجۡحَدُوۡنَ ﴿۷۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔فَضَّلَ:(اس نے فضیلت دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَضَّلَ يُفَضِّلُ۔مصدر۔تَفْضِيْلٌ۔(فضیلت دینا)۔ بَعْضَ: (بعض۔کچھ)منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ بَعْضٍ:(بعض۔کچھ)اسم مجرور۔ فِي :(میں)حرف جار۔الْرِّزْقِ:(رزق)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔ فُضِّلُوْا:(فضیلت دیئے گئے)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَضَّلَ يُفَضِّلُ۔مصدر۔تَفْضِيْلٌ۔(فضیلت دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ برائے تاکید نفی۔رَآدِّي:(لوٹانے والے)اصلاً رَادِّيْنَ ہے۔اسم فاعل جمع مذکر۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔محلاً مَا کی خبر منصوب۔ رِزْقِ: (رزق)مجرور مضاف الیہ۔هِمْ:(ان کے)مجرور مضاف الیہ۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مَلَكَتْ:(وہ مالک بنی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل

ک)صیغہ۔مَلَکَ یَمْلِکُ۔مصدر۔مِلْکًا۔(مالک بننا)۔ أَيْمَانُ:(يَمِيْنٌ کی جمع۔داہنے ہاتھ)فاعل مرفوع۔ مضاف۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔محلاً شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔سَوَاءٌ:(برابر)خبر مرفوع۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ فَ:(پس)حرف جار۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔نِعْمَةِ:(نعمت)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ يَجْحَدُوْنَ:(وہ انکار کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ج ح د)صیغہ۔جَحَدَ يَجْحَدُ۔مصدر۔ جُحُوْدًا۔(انکار کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور اللہ نے رزق(ودولت) میں بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے تو جن لوگوں کو فضیلت دی ہے وہ اپنا رزق اپنے مملوکوں کو تو دے ڈالنے والے ہیں نہیں کہ سب اس میں برابر ہو جائیں۔تو کیا یہ لوگ نعمت الٰہی کے منکر ہیں

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٢﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُم: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ أَزْوَاجًا:(جوڑے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ كُم: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَزْوَاجِ:(بیویوں)اسم مجرور۔كُم:

(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَنِیْنَ:(ابن کی جمع۔بیٹے)منصوب علامت ی۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔حَفَدَۃً :(پوتے)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَزَقَ:(اس نے رزق دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب۔نصر۔مادہ(رزق)صیغہ۔رَزَقَ یَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔الطَّیِّبَاتِ:(عمدہ۔اچھے ۔صاف)اسم مجرور۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبَاطِلِ:(باطل۔جھوٹ۔غلط)اسم مجرور۔یُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)اسم جار۔نِعْمَتِ:(نعمت)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ ھُمْ:(وہی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ یَکْفُرُوْنَ :(وہ کفر کرتے ہیں۔انکار کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر) صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور اللہ ہی نے تم میں سے تمہارے لیے عورتیں پیدا کیں اور عورتوں سے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کیے اور کھانے کو تمہیں پاکیزہ چیزیں دیں۔تو کیا بے اصل چیزوں پر اعتقاد رکھتے اور اللہ کی نعمتوں سے انکار کرتے ہیں

وَیَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَیْـًٔا وَّلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ﴿۷۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔یَعْبُدُوْنَ:(وہ عبادت کرتے ہیں۔ بندگی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ :(علاوہ)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً محلاً منصوب حال۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف

الیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَمْلِكُ:(وہ ملکیت رکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَکَ یَمْلِکُ۔مصدر۔مِلْکًا۔(مالک بننا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ رِزْقًا:(رزق)منصوب مفعول بہٖ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الاَرْضِ : (زمین) معطوف مجرور۔شَیْئًا:(کوئی شئ) رِزْقًا کا بدل۔منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَسْتَطِیعُوْنَ:(وہ کر سکتے ہیں۔وہ طاقت رکھتے ہیں۔استطاعت رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَطَاعَ یَسْتَطِیعُ۔ مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ یَطُوْعُ ۔ یَطِیْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور اللہ کے سواایسوں کو پوجتے ہیں جو ان کو آسمانوں اور زمین میں روزی دینے کا ذرا بھی اختیار نہیں رکھتے اور نہ کسی اور طرح کا مقدور رکھتے ہیں۔

فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ اِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَضْرِبُوْا:(تو مار۔بیان کر)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض رب)صیغہ۔ضَرَبَ یَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبٌ۔(مارنا۔بیان کرنا۔چلنا)۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار+اسم مجرور۔الْأَمْثَالَ:(مثالوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔یَعْلَمُ :(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً

مبتداء مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔

ترجمہ آیت:تو(لوگو) اللہ کے بارے میں (غلط) مثالیں نہ بناؤ۔(صحیح مثالوں کا طریقہ) اللہ ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾

ضَرَبَ:(بیان کیا۔مارا۔چلا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ یَضْرِبُ ۔ مصدر۔ ضَرْبٌ۔(مارنا۔بیان کرنا۔چلنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔مَثَلاً:(مثال)منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَبْدًا:(بندہ۔غلام۔) مَثَلاً کا بدل منصوب۔موصوف۔مَّمْلُوْكًا:(ملکیت میں ہونا)اسم مفعول۔محلاًصفت منصوب۔تابع موصوف۔ لَّا:(نہیں)نافیہ۔يَقْدِرُ:(وہ طاقت رکھتا ہے۔قدرت رکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)۔قَدَرَ یَقْدِرُ۔ مصدر۔قُدْرَةٌ۔(قدرت رکھنا۔طاقت رکھنا)۔عَلَیٰ:(پر)حرف جار۔ شَيْءٍ:(کسی شئے)اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔ رَّزَقْنَا:(ہم نے رزق دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔ باب۔نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ یَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔ هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنَّا:(ہم سے)مرکب جاری :(مِنْ+نَّا)حرف جار۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ رِزْقًا:(رزق)منصوب مفعول بہٖ۔ منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔موصوف۔حَسَنًا:(خوبصورت۔اچھا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ فَ:(پس) استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔ يُنفِقُ:(خرچ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف

جار۔ہٗ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔سِرًّا :(پوشیدہ۔خفیہ۔چھپا کر)منصوب۔ حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَهْرًا :(کھلم کھلا۔اعلان کر کے۔بتا کر)معطوف منصوب۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔يَسْتَوُوْنَ :(وہ برابر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰى يَسْتَوِىْ۔مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(ٹھہرنا۔مضبوط ہونا۔برابر ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی+ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِيَ يَسْوٰى۔مصدر۔سَوِيٌّ۔(برابر ہونا۔پکا ہونا۔استقامت رکھنا)۔اَلْحَمْدُ:(تعریف۔)معرف باللام۔خاص تعریف۔مبتداء مرفوع۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب۔:(لِ+اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔أَكْثَرُ:(اکثریت۔بہت زیادہ۔)افعل التفضیل۔مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَعْلَمُوْنَ :(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔

ترجمہ آیت:اللہ ایک اور مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام ہے جو(بالکل) دوسرے کے اختیار میں ہے اور کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور ایک ایسا شخص ہے جس کو ہم نے اپنے ہاں سے(بہت سا) مال طیب عطا فرمایا ہے اور وہ اس میں سے(رات دن) پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا رہتا ہے تو کیا یہ دونوں شخص برابر ہیں؟ (ہرگز نہیں) الحمد للہ لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں سمجھ رکھتے۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٧٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ضَرَبَ:(بیان کیا۔مارا۔چلا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ ضَرْبٌ۔(مارنا۔بیان کرنا۔چلنا)۔اَللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔مَثَلًا:(مثال)

منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔رَّجُلَيۡنِ:(دو آدمیوں)تثنیہ۔ مجرور مضاف الیہ۔أَحَدُ:(ایک)فاعل مرفوع۔ مضاف۔هُمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَبۡكَمُ:(گونگا)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔صفت۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَقۡدِرُ :(وہ طاقت رکھتا ہے۔قدرت رکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)۔قَدَرَ يَقۡدِرُ۔ مصدر۔ قُدۡرَةٌ۔(قدرت رکھنا۔طاقت رکھنا)۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔شَيۡءٍ:(شئے)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هُوَ: (وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔كَلٌّ :(بوجھ۔ایسا شخص جس کا کوئی فائدہ ہی نہ ہو۔وہ معاشرہ پر گھر پر بوجھ ہی ہوتا ہے)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔عَلَىٰ : (پر)حرف جار۔مَوۡلَا: (آقا۔ والی۔ سرپرست۔مالک)اسم مجرور۔ مضاف۔هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَيۡنَمَا:(جہاں کہیں۔جس طرف)مرکب:(أَيۡنَ+مَا)اسم استفہام۔شرطیہ۔جازم مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ ظرف مکان۔ +اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ يُوَجِّههُّ:(وہ اسے بھیجتا ہے)فعل مضارع۔ مجزوم۔ فعل شرط۔محلاً محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَجَّهَ يُوَجِّهُ۔مصدر۔ تَوۡجِيۡهًا۔ (کسی کو کسی چیز کے لئے بھیجنا) لَا:(نہیں)نافیہ۔يَأۡتِ:(وہ لائے)اصلا يَأۡتِيۡ ہے۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم فعل جواب شرط۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت محذوف۔ محلاً مجزوم۔فعل جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَىٰ يَاتِيۡ۔مصدر۔اِتۡيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔خَيۡرٍ:(بھلائی۔بہتری۔نیکی)اسم مجرور۔هَلۡ: (کیا)حرف استفہام۔ يَسۡتَوِي:(برابر ہوتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِسۡتَوٰى يَسۡتَوِيۡ۔مصدر۔ اِسۡتِوَاءٌ۔(ٹھہرنا۔مضبوط ہونا۔برابر ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی+ناقص یائی۔ صیغہ۔سَوِيَ يَسۡوٰى۔مصدر۔سَوِىً۔(برابر ہونا۔پکا ہونا۔استقامت رکھنا)۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنۡ:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔يَأۡمُرُ:(حکم دیتا ہے۔فیصلہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م

ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔ مصدر۔اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔بِ:(ساتھ۔کا)حرف جار ۔الْعَدْلِ :(عدل۔کانٹا سیدھا رکھنا)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔عَلَى :(پر)حرف جار۔صِرَاطٍ:(راہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔موصوف۔مُّسْتَقِيْمٍ: (سیدھی۔قائم کرنے والی)اسم فاعل۔محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور اللہ ایک اور مثال بیان فرماتا ہے کہ دو آدمی ہیں ایک اُن میں سے گونگا(اور دوسرے کی ملک ہے(بے اختیار وناتوان) کہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا۔اور اپنے مالک کو دوبھر ہو رہا ہے وہ جہاں اُسے بھیجتا ہے (خیر سے کبھی) بھلائی نہیں لاتا۔کیا ایسا (گونگا بہرا) اور وہ شخص جو(سنتا بولتا اور) لوگوں کو انصاف کرنے کا حکم دیتا ہے اور خود سیدھے راستے پر چل رہا ہے دونوں برابر ہیں؟

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۷۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب۔:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔غَيْبُ:(پوشیدہ۔غائب کی چیزیں)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں کی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ :(زمین)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔لیس کا عمل۔رافع اسم۔ناصب خبر۔أَمْرُ:(حکم۔امر۔فیصلہ) مَا کا اسم مرفوع۔مضاف۔ السَّاعَةِ:(گھڑی۔قیامت۔آخرت)مجرو مضاف الیہ۔إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔كَ:(طرح۔مانند)حرف تشبیہ و حرف جار۔لَمْحِ:(جھپکنا۔اسی سے اردو کا لفظ لمحہ۔نکلا ہے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ الْبَصَرِ:(نظر۔دکھائی)مجرور مضاف الیہ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔أَقْرَبُ:(بہت ہی قریب)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید

۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب ۔عَلَى :(پر)حرف جار۔ كُلِّ: (ہر۔ تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے)مجرور۔مضاف الیہ۔ قَدِيرٌ :(بہت زیادہ قدرت رکھنے والا۔ہر چیز کے پیمانے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور آسمانوں اور زمین کا علم اللہ ہی کو ہے اور (اللہ کے نزدیک) قیامت کا آنا یوں ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا بلکہ اس سے بھی جلد تر۔کچھ شک نہیں کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔أَخْرَجَ:(اس نے نکالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يَخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بُطُوْنِ:(بَطْنٌ کی جمع۔شکم۔پیٹ۔رحم)اسم مجرور مضاف۔ أُمَّهَاتِ:(اُمٌّ کی جمع۔ماؤں کے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔ شَيْئًا :(کوئی چیز)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمُ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔السَّمْعَ :(کان)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَبْصَارَ:(آنکھیں)معطوف منصوب۔وَ: (اور)حرف عطف۔الْأَفْئِدَةَ:(دل)معطوف۔ منصوب۔لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ

:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلا لَعَلَّ کا اسم منصوب۔تَشْکُرُوْنَ:(تم شکر کرو۔ قدر کرو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ فارقہ۔جملہ محلاًلَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَکَرَ یَشْکُرُ۔مصدر۔شُکْرٌ۔(شکر کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور اللہ ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے شکم سے پیدا کیا کہ تم کچھ نہیں جانتے تھے۔اور اس نے تم کو کان اور آنکھیں اور دل (اور اُن کے علاوہ اور) اعضا بخشے تا کہ تم شکر کرو۔

اَلَمْ یَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۷۹﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔یَرَوْا:(انہوں نے دیکھا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔إِلَى: (طرف)حرف جار۔الطَّيْرِ:(الطَّائِرِ کی جمع۔پرندوں کی)اسم مجرور۔ مُسَخَّرَاتٍ:(تسخیر کیا ہوا ہے)اسم مفعول جمع مؤنث۔محلاًمنصوب۔بالکسرہ۔حال۔ فِي:(میں)حرف جار۔جَوِّ :(فضاء)اسم مجرور۔ مضاف۔السَّمَاءِ:(آسمان)مجرور مضاف الیہ۔مَا: (نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔رافع اسم۔ناصب خبر۔ یُمْسِكُ:(روکتی ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید باب افعال۔صیغہ۔اَمْسَکَ یُمْسِکُ۔ مصدر۔اِمْسَاکٌ۔(روکنا۔سنبھالنا۔تھامنا)۔هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب مفعول بہٖ۔جملہ محلاًمنصوب حال۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے) فاعل مرفوع ۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔فِي:(میں)حرف جار۔ذَلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب :(وہ)مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدّم مرفوع۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَاتٍ :(آیات) إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ: (قوم۔لوگ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت منصوب۔یُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً صفت مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ

يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اٰمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔

ترجمہ آیت: کیاان لوگوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا کہ آسمان کی ہوا میں گھرے ہوئے (اُڑتے رہتے) ہیں۔ان کو اللہ ہی تھامے رکھتا ہے۔ایمان والوں کے لیے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٨٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بُيُوْتِ:بَيْتٌ کی جمع۔گھروں)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔سَكَنًا:(رہائش ۔رہنا)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ جُلُوْدِ:(کھالوں)اسم مجرور۔مضاف۔ الْاَنْعَامِ:(چوپاؤں کی)مجرور مضاف الیہ۔بُيُوْتًا:(گھروں کو)منصوب۔مفعول بہ۔ تَسْتَخِفُّوْنَ:(تم ہلکا پھلکا پاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَخَفَّ يَسْتَخِفُّ۔ مصدر۔اِسْتِخْفَافٌ۔(ہلکا پھلکا پانا۔ہلکا سمجھنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مضاف۔ ظَعْنِ:(چلنے۔کوچ کرنے۔سفر کے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ كُمْ : (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ اِقَامَتِ:(ٹھہرنے۔قیام کرنے کے۔اقامت)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمْ: (تمہارے

ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَصْوَافِ:(صَوْفٌ کی جمع۔ بھیڑوں کی اون)اسم مجرور۔ مضاف۔ھَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَوْبَارِ:(وُبُرٌ کی جمع۔پشموں۔)معطوف مجرور۔مضاف۔ھَا :(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَشْعَارِ:(بالوں)معطوف مجرور۔ مضاف۔ ھَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مجرور مضاف الیہ۔ أَثَاثًا :(گھریلو سامان۔فرنیچر۔)منصوب۔مفعول بہ۔وَ: (اور)حرف عطف۔مَتَاعًا:(مال و اسباب۔جس سے فائدہ حاصل کیا جائے)معطوف منصوب۔ إِلَىٰ: (طرف۔تک) حرف جار۔ حِينٍ:(ایک وقت۔مدت)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت:اور اللہ ہی نے تمہارے لیے گھروں کو رہنے کی جگہ بنایا اور اُسی نے چوپایوں کی کھالوں سے تمہارے لیے ڈیرے بنائے۔جن کو تم سبک دیکھ کر سفر اور حضر میں کام میں لاتے ہو اور اُن کی اون، پشم اور بالوں سے تم اسباب اور برتنے کی چیزیں (بناتے ہو جو) مدت تک (کام دیتی ہیں)۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَأْسَكُمْ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔مِّمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+مَّا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ ظِلَالًا :(ظِلٌّ کی جمع۔سائے)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔مِنْ

:(سے)حرف جار۔ اَلْجِبَالِ:(پہاڑوں)اسم مجرور۔ اَكْنَانًا:(كِنٌّ کی جمع۔ چھپنے کی جگہیں۔غاریں۔پناہ گاہیں) وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔سَرَابِيلَ:(سَرْبِيْلٌ کی جمع۔ قمیصیں۔) تَقِيْ:(وہ بچاتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرناذات کبریاسے)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ضمہ برائے اتصال مابعد۔ اَلْحَرَّ:(گرمی)منصوب مفعول بہ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ سَرَابِيلَ:(سَرْبِيْلٌ کی جمع۔ قمیصیں۔)معطوف منصوب۔تَقِيْ:(وہ بچاتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(وق ی)۔لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةً۔وَقْيًا۔(بچنا۔پرہیز کرنا۔تقوی اختیار کرنا۔ڈرناذات کبریاسے)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بَأْسَ:(جنگ کی شدت۔لڑائی۔برائی۔ سختی۔)منصوب۔ مفعول بہ ۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَذٰلِكَ:(اسی طرح۔اس کی مانند)مرکب:(كَ+ذَا+لِ+كَ)حرف تشبیہ وحرف جار۔ ذَا اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔ +لِ بُعد کے لئے +كَ خطاب کے لئے۔ يُتِمُّ:(وہ پورا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَتَمَّ يُتِمُّ۔مصدر۔اِتْمَامٌ۔(پورا کرنا۔)۔نِعْمَتَ: (نعمت) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔هٗ:(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تُسْلِمُوْنَ:(تم فرماں بردار بن جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اللہ ہی نے تمہارے (آرام کے) لیے اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں کے سائے بنائے اور پہاڑوں میں غاریں بنائیں اور کُرتے بنائے جو تم کو گرمی سے بچائیں۔ اور (ایسے) کُرتے (بھی) جو تم کو اسلحہ جنگ (کے ضرر) سے محفوظ رکھیں۔ اسی طرح اللہ اپنا احسان تم پر پورا کرتا ہے تاکہ تم فرمانبردار بنو۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾

فَ: (پس) حرف عطف۔ اِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ تَوَلَّوْا: (تم پلٹ جاؤ۔ منہ پھیر لو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم محلاً فعل شرط۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔ مصدر۔ تَوَلِّيٌ۔ (مدد کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حسب۔ مادہ (و ل ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِيَ يَلِيُ۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ فَ: (تو) حرف تعلیلیہ۔ اِنَّمَا: (در حقیقت۔ صرف اور صرف) **كافة و مكفوفة**۔ مرکب: (اِنَّ + مَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَيْ: (پر۔ اوپر) حرف جار۔ كَ: (تم) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ اَلْبَلَاغُ: (پہنچانا) مبتداء مؤخر مرفوع۔ موصوف۔ اَلْمُبِيْنُ: (واضح۔ کھلم کھلا) صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اگر یہ لوگ اعتراض کریں تو (اے پیغمبر) تمہارا کام فقط کھول کر سنادینا ہے۔

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾

يَعْرِفُوْنَ: (وہ پہنچانتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ۔ (ع ر ف) صیغہ۔ عَرَفَ يَعْرِفُ۔ مصدر۔ عِرْفَانٌ۔ (پہنچاننا) نِعْمَتَ: (نعمت) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہ) مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ يُنْكِرُوْنَ: (وہ ناپسند کئے جاتے ہیں۔ نفرت کئے جاتے ہیں۔ وہ انکار کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید

فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْكَرَ يُنْكِرُ مصدر۔اِنْكَارًا۔(انکار کرنا۔)هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ: (حالانکہ) حالیہ۔أَكْثَرُ:(اکثریت۔زیادہ تر)افعل التفضیل۔ مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْكَافِرُوْنَ:(کافر ہیں۔کفر کرنے والے۔ناقدری کرنے والے۔ناشکری کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:یہ اللہ کی نعمتوں سے واقف ہیں۔مگر(واقف ہو کر) اُن سے انکار کرتے ہیں اور یہ اکثر ناشکرے ہیں۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔نَبْعَثُ:(ہم دوبارہ زندہ کر کے اٹھائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعِثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(اٹھانا۔موت کے بعد دوبارہ اٹھانا۔کھڑا کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر۔تمام۔)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مضاف۔أُمَّةٍ:(امت)مجرور مضاف الیہ۔شَهِيدًا:(گواہ)منصوب۔مفعول بہ۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔ يُؤْذَنُ:(وہ اجازت دیا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذِنَ يَاْذَنُ۔مصدر۔اِذْنًا۔(اجازت دینا۔)۔ لِ:(لئے۔کو) حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يُسْتَعْتَبُوْنَ :(ان کے عذر قبول کئے جائیں گے۔ان سے عتاب کو دور کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکو۔محلاً نائب فاعل۔جملہ محلاً خبر

مرفوع۔۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسۡتَعۡتَبَ یَسۡتَعۡتِبُ مصدر۔ اِسۡتِعۡتَابًا۔(غصہ فرو کرنا۔عتاب دور کرنا۔عذر قبول کرنا۔توبہ کا مطالبہ کرنا)

ترجمہ آیت:اور جس دن ہم ہر اُمت میں سے گواہ(یعنی پیغمبر) کھڑا کریں گے تو نہ تو کفار کو(بولنے کی) اجازت ملے گی اور نہ اُن کے عذر قبول کئے جائیں گے۔

وَ اِذَا رَاَ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوا الۡعَذَابَ فَلَا یُخَفَّفُ عَنۡهُمۡ وَلَا هُمۡ یُنۡظَرُوۡنَ ﴿۸۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔ رَأَی:(اس نے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤۡیَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الَّذِیۡنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔محلاً جملہ مجرور مضاف الیہ۔ ظَلَمُوۡا:(انہوں نے ظلم کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ یَظۡلِمُ۔ مصدر۔ظُلۡمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔الۡعَذَابَ:(عذاب۔سزاء)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یُخَفَّفُ:(ہلکا کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔خَفَّفَ یُخَفِّفُ۔مصدر۔تَخۡفِیۡفًا۔(ہلکا کرنا)۔ عَنۡ:(سے)حرف جار۔هُمۡ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ ہی)نافیہ۔هُمۡ:(ان سے)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مررفوع۔ یُنۡظَرُوۡنَ :(وہ مہلت دیئے جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور جب ظالم لوگ عذاب دیکھ لیں گے تو پھر نہ تو اُن کے عذاب ہی میں تخفیف کی جائے گی اور نہ اُن کو مہلت ہی دی جائے گی۔

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٨٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔ رَأٰى: (اس نے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔محلاً جملہ مجرور مضاف الیہ۔ أَشْرَكُوْا:(انہوں نے شریک بنائے)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید۔باب۔ افعال۔صیغہ۔اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔اِشْرَاکٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔شَرْکًا۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا۔) شُرَكَاءَ:(شَرِيْكٌ کی جمع۔ہمسر۔برابری کرنے والے)۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔رَبَّ:(ربّ)منادیٰ منصوب۔حرف نداء محذوف۔مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔هٰٓؤُلَآءِ:(یہ)اسم اشارہ۔قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ شُرَكَآؤُ:(شریک کی جمع۔ہمسری کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاًصفت مرفوع۔ كُنَّا:(ہم ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ نَدْعُوْ:(ہم پکارتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ(پکارنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔ سوائے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ

جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اَ لْقَوْا:(انہوں نے ڈالا۔پھینک دیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِیْ۔مصادر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِیًّا۔لُقِیًا۔لُقًّی۔لَقْیًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔ اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔ھِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔بوجہ التقائے ساکنین۔اَلْقَوْ لَ:(قول۔بات)منصوب۔مفعول بہٖ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔کَاذِبُوْنَ :(جھوٹے۔جھوٹ بولنے والے۔)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع

ترجمہ آیت:اور جب مشرک (اپنے بنائے ہوئے) شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ پروردگار یہ وہی ہمارے شریک ہیں جن کو ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے۔تو وہ (اُن کے کلام کو مسترد کر دیں گے اور) اُن سے کہیں گے کہ تم تو جھوٹے ہو۔

وَ اَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ یَوْمَئِذِ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اَلْقَوْا:(انہوں نے ڈالا۔پھینک دیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِیْ۔مصدر ۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی) ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِیًّا۔لُقْیًا۔لُقًّی۔لَقْیًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔یَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب:(یَوْمَ+ ئِذٍ)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔+ظرف زمان مبنی بر سکون۔محلا مجرور۔مضاف الیہ۔ السَّلَمَ: (فرمانبرداری۔اطاعت گزاری۔عاجزی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ضَلَّ :(وہ گم ہوجائے گا۔گمراہ ہوجائے۔گا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ یَضِلُّ۔مصدر۔

ضَلَّ۔ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔ عَنۡ:(سے)حرف جار۔هُمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَّا :(جو)اسم موصول مبنی بر سکون۔كَانُوۡا(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔ كَوۡنًا۔ (ہونا)۔ يَفۡتَرُوۡنَ:(وہ جھوٹ باندھتے ہیں۔بہتان لگاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفۡتَرَی يَفۡتَرِیۡ۔مصدر۔ اِفۡتِرَاءٌ۔ (بہتان باندھنا۔ جھوٹا الزام لگانا)۔ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب۔مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ فَرٰی يَفۡرِیۡ۔مصدر۔فَرۡيًا۔فَرۡيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ فَرٰی بَطۡنَ الشَّاةِ۔فَرَی اللَّحۡمَ۔اَوۡ۔البَصَلَ)۔

ترجمہ آیت:اور اس دن اللہ کے سامنے سرنگوں ہوجائیں گے اور جو طوفان وہ باندھا کرتے تھے سب اُن سے جاتا رہے گا

اَلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ زِدۡنٰهُمۡ عَذَابًا فَوۡقَ الۡعَذَابِ بِمَا كَانُوۡا يُفۡسِدُوۡنَ ﴿۸۸﴾

الَّذِيۡنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَفَرُوۡا:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔صَدُّوۡا:(انہوں نے روکا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصَدُّ۔ مصدر۔صَدٌّ۔(روکنا)۔عَنۡ:(سے)حرف جار۔سَبِيۡلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ زِدۡنَا:(ہم نے زیادہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د) اجوف یائی۔ صیغہ۔زَادَ يَزِيۡدُ ۔ مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ دینا۔زیادہ کرنا)۔ هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَذَابًا:(عذاب)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ فَوۡقَ :(اوپر) ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب صفت۔الۡعَذَابِ:(عذاب)مجرور مضاف الیہ۔بِمَا: (جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔(مصدریہ) مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كَانُوۡا(وہ ہیں۔وہ

تھے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ يُفْسِدُوْنَ: (وہ فساد کرتے ہیں۔ کرپشن کرتے ہیں۔ بگاڑ پیدا کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ محلاً كَانَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے روکا ہم اُن کو عذاب پر عذاب دیں گے۔ اس لیے کہ شرارت کیا کرتے تھے۔

وَ يَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ جِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّ هُدًى وَّ رَحْمَةً وَّ بُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ يَوْمَ: (دن) ظرف زمان منصوب۔ نَبْعَثُ: (ہم دوبارہ زندہ کرکے اٹھائیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ب ع ث) صیغہ۔ بَعَثَ يَبْعِثُ۔ مصدر۔ بَعْثًا۔ (اٹھانا۔ موت کے بعد دوبارہ اٹھانا۔ کھڑا کرنا) فِيْ: (میں) حرف جار۔ كُلِّ: (ہر ایک۔ تمام) برائے تاکید۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ أُمَّةٍ: (امت۔ قوم) مجرور مضاف الیہ۔ شَهِيدًا: (گواہ) منصوب مفعول بہ۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ هِمْ: (ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ أَنْفُسِ: (نَفْسٌ کی جمع۔ جانیں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ جِئْنَا: (ہم لے آئے) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا)۔ بِ: (ساتھ۔ کو) حرف جار۔ كَ: (تجھ) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شَهِيدًا: (گواہ) منصوب۔ مفعول بہ۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ هٰٓؤُلَاءِ: (یہ) اسم اشارہ قریب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ نَزَّلْنَا: (ہم نے بڑے اہتمام سے اتار) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔ مصدر۔ تَنْزِيْلًا۔ (دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ كَ: (تجھ) ضمیر واحد مذکر

حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ الْكِتَابَ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔منصوب۔مفعول بہ۔ تِبْيَانًا:(کھلم کھلا۔دلائل سے بھرپور۔واضح)مفعول لہٗ۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ:(شئے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔هُدًى: (ہدایت) منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔رَحْمَةً:(رحمت۔مہربانی۔نوازش۔عنایت)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بُشْرَىٰ :(خوشخبری۔)معطوف منصوب۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُسْلِمِينَ :(فرمانبراروں کے۔مطیع لوگوں کے۔اطاعت گزاروں کے)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:اور(اس دن کو یاد کرو) جس دن ہم ہر اُمت میں سے خود اُن پر گواہ کھڑے کریں گے۔اور(اے پیغمبر) تم کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔اور ہم نے تم پر(ایسی) کتاب نازل کی ہے کہ(اس میں) ہر چیز کا بیان (مفصل) ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿٩٠﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔يَأْمُرُ:(وہ حکم دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔ مصدر۔ اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔بِ:(ساتھ۔کا)الْعَدْلِ:(عدل۔سیدھا کانٹا رکھ کر) اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْإِحْسَانِ:(اچھے طریقے سے۔نیکی۔یعنی قانون کے مطابق اور انصاف ہوتا ہوا بھی نظر آئے۔)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِيتَاءِ:(دینا)مصدر۔معطوف مجرور۔ ذِي: (والا)از اسمائے ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔الْقُرْبَىٰ:(قریبی رشتہ داری۔)تقدیراًمجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَنْهَىٰ:(اس نے روکا۔منع کیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَهَى يَنْهَى۔مصدر۔نَهْيٌ۔(روکنا۔منع کرنا)عَنِ:(سے)حرف جار۔الْفَحْشَاءِ:(فحاشی سے۔بے

حیائی سے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُنْكَرِ :(برے کام۔ جن باتوں سے اللہ عزوجل نے کرنے سے منع فرمایا ہے) وَ:(اور)حرف عطف۔الْبَغْيِ :(سرکشی۔بغاوت۔)۔ معطوف۔ مجرور۔ يَعِظُ: (وعظ کرتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع ظ)مثال واوی۔صیغہ وَعَظَ يَعِظُ۔مصدر۔وَعْظًا۔(نصیحت کرنا)۔كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ لَعَلَّ:(شاید۔)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔تَذَكَّرُوْنَ:(تم ذکر کرتے ہو۔نصیحت پکڑتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔ مصدر۔ تَذَكُّرٌ۔(نصیحت پکڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔

ترجمہ آیت:اللہ تم کو انصاف اور احسان کرنے اور رشتہ داروں کو(خرچ سے مدد) دینے کا حکم دیتا ہے۔اور بے حیائی اور نامعقول کاموں سے اور سرکشی سے منع کرتا ہے(اور) تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم یاد رکھو۔

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۹۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَوْفُوْا:(تم پورے کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب اِفْعَالٌ۔صیغہ اَوْفٰی يُوْفِيْ۔مصدر۔اِيْفَاءٌ۔(پورا پورا دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَفٰی يَفِيْ۔ مصدر۔ وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔کو)حرف جار۔عَهْدِ:(عہد۔وعدہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔عَاهَدْتُّمْ:(تم ایک دوسرے سے عہد کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔عَاهَدَ يُعَاهِدُ۔مصدر۔مُعَاهَدَةٌ۔(عہد کرنا۔وعدہ کرنا۔اقرار

کرنا) وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَنقُضُوا:(تم توڑو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ق ض)صیغہ۔نَقَضَ يَنْقُضُ۔مصدر۔نَقْضٌ۔(توڑنا)۔)الْأَيْمَانَ:(يَمِيْنٌ کی جمع ۔قسموں کو)منصوب مفعول بہ۔بَعْدَ :(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔تَوْكِيْدِ:(تاکید۔ضرور)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔جَعَلْتُمُ:(تم نے بنایا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ کو)منصوب۔مفعول بہ۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔ كَفِيْلاً:(ضامن۔ذمہ دار۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔يَعْلَمُ :(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ تَفْعَلُوْنَ:(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔ مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فَعْلًا۔فَعَالًا۔فَعَالَيَةٌ۔(کرنا)۔

ترجمہ آیت:اور جب اللہ سے عہد واثق کرو تو اس کو پورا کرو اور جب پکی قسمیں کھاؤ تو اُن کو مت توڑو کہ تم اللہ کو اپنا ضامن مقرر کر چکے ہو۔اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو جانتا ہے۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَكُوْنُوْا:(تم ہو جاؤ)فعل ناقص مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ناصب مضارع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ

يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ كَ:(جس طرح۔مانند۔)حرف جار و حرف تشبیہ۔الَّتِي:(جس نے)اسم موصول واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔ نَقَضَتْ :(اس نے توڑ دیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ق ض)صیغہ۔نَقَضَ يَنْقُضُ۔مصدر۔نَقْضٌ۔(توڑنا)۔غَزْلَ: (سوت) منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هَا:(اس۔اپنے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔مضاف۔قُوَّةٍ :(طاقت۔قوت)مجرور مضاف الیہ۔أَنْكَاثًا:(توڑنا۔ٹکڑے ٹکڑے کرنا)منصوب ۔حال۔ تَتَّخِذُوْنَ:(تم پکڑتے ہو۔اختیار کرتے ہو۔تم بناتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ أَيْمَانَ:(يَمِيْنٌ کی جمع۔قسموں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ :(تمہاری۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔دَخَلًا:(اندر داخل ہونا)منصوب مفعول بہ ثانی۔ بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًصفت منصوب۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَكُوْنَ:(تم ہو گئے)فعل ناقص مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔أُمَّةٌ :(امت۔جماعت)كَانَ کا اسم مرفوع۔هِيَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔ أَرْبَى :(زیادہ بڑھی ہوئی)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔تقدیراًمضموم۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أُمَّةٍ :(جماعت۔ٹولہ۔امت)اسم مجرور۔إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ يَبْلُو :(وہ آزمائش میں ڈالتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَلَا يَبْلُو۔مصدر۔بَلَاءٌ۔(مصیبت میں پڑنا۔آزمائش میں آنا۔)كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع

مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ضمہ برائے اتصال مابعد بوجہ التقائے ساکنین۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرا ستئنافیہ۔لَ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ يُبَيِّنَنَّ:(وہ ضرور بالضرور کھول کر بیان کرے۔وضاحت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔تفعیل۔صیغہ۔بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔ مصدر۔ تَبْيِيْنٌ۔ (وضاحت کرنا۔) لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ الْقِيَامَةِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔تَخْتَلِفُوْنَ :(تم مختلف رائے رکھتے ہو۔اختلاف کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ۔مصدر۔اِخْتِلَافٌ۔(پیچھے چھوڑنا۔جانشین بنانا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔ مصدر۔خَلْفًا۔(پیچھے ہونا)۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اُس عورت کی طرح نہ ہونا جس نے محنت سے توسوت کاتا۔پھر اس کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔کہ تم اپنی قسموں کو آپس میں اس بات کا ذریعہ بنانے لگو کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے زیادہ غالب رہے۔ بات یہ ہے کہ اللہ تمہیں اس سے آزماتا ہے۔اور جن باتوں میں تم اختلاف کرتے ہو قیامت کو اس کی حقیقت تم پر ظاہر کر دے گا۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ شَاءَ :(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔لَ:(البتہ)برائے رابطہ جواب شرط۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أُمَّةً:(امت۔جماعت۔گروہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی ۔موصوف۔وَاحِدَةً :(ایک)صفت منصوب۔تابع موصوف۔وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ يُضِلُّ : (وہ گمراہ ہوا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔) ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ (گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔يَشَاءُ :(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَهْدِيْ :(وہ راہنمائی دیتا ہے۔راہ دکھاتا ہے۔ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔ تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب ۔ مفعول بہٖ يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ تُسْأَلُنَّ:(تم کو ضرور بالضرور پوچھا جائے گا)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔مرفوع۔علامت ضمہ بعوض۔واوٴ جمع۔نون اعرابی محذوف بوجہ نون ثقیلہ۔ عَمَّا : (جو کچھ) مرکب:(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔

كُنْتُمْ :(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْمَلُوْنَ:(تم کام کرے ہو۔ عمل کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور اگر اللہ چاہتا تو تم (سب) کو ایک ہی جماعت بنا دیتا۔ لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔اور جو عمل تم کرتے ہو (اُس دن) اُن کے بارے میں تم سے ضرور پوچھا جائے گا۔

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَتَّخِذُوْا:(تم اختیار کرو۔ پکڑو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واو جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔اِتِّخَاذٌ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔أَيْمَانَ:(يَمِيْنٌ کی جمع۔قسموں کو)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ دَخَلًا:(دھوکہ دینے کا ذریعہ۔بہانہ۔دغا۔فساد۔)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخِلَ يَدْخَلُ۔مصدر۔ دَخَلًا۔(دھوکہ دینے کا بہانہ بنانا۔) بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًصفت منصوب۔ فَ:(پس)سببیہ۔کے بعد اَنْ مضمر ہوتا ہے جو مضارع کو نصب دیتا ہے۔تَزِلَّ:(وہ پھسل جائے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔منصوب۔ علامت ۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ل ل)مضاعف۔صیغہ۔زَلَّ يَزِلُّ۔مصدر۔ قَدَمٌ:(کوئی قدم)فاعل مرفوع۔ بَعْدَ :(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ثُبُوْتِ:(ڈٹنا۔جمنا۔ثابت رہنا۔مضبوط ہونا۔)مجرور

مضاف الیہ۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَذُوْقُوْا:(تم مزہ چکھو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔معطوف منصوب۔ تَزِلَّ معطوف علیہ۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق) صیغہ۔ذَاقَ یَذُوْقُ۔مصدر۔ذَوْقٌ۔(مزہ چکھنا۔)اَلسُّوْءَ :(برا)منصوب۔مفعول بہٖ۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ صَدَدْتُّمْ:(تم نے روکا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ یَصَدُّ۔مصدر۔صَدٌّ۔(روکنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔سَبِیْلِ :(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ کُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔عَذَابٌ:(عذاب)مبتداءمؤخر مرفوع۔موصوف۔عَظِیْمٌ :(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور اپنی قسموں کو آپس میں اس بات کا ذریعہ نہ بناؤ کہ (لوگوں کے) قدم جم چکنے کے بعد لڑکھڑا جائیں اور اس وجہ سے کہ تم نے لوگوں کو اللہ کے رستے سے روکا تم کو عقوبت کا مزہ چکھنا پڑے۔اور بڑا سخت عذاب ملے

وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَشْتَرُوْا:(تم خریدتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واوجمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِشْتَرٰی یَشْتَرِیْ۔مصدر۔اِشْتِرَآءٌ۔(خرید و فروخت کرنا) بِ:(ساتھ۔کے)حرف جار۔عَهْدِ:(عہد)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ ثَمَنًا:(قیمت)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ قَلِیْلًا:(تھوڑی۔بہت کم)صفت مشبہ منصوب۔تابع موصوف۔ اِنَّمَا:(در حقیقت۔صرف اور صرف)کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ محلاً مبتداء مرفوع۔خَيْرٌ:(بہتر۔اچھا)خبر مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ إِنْ: (اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنتُمْ :(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ محلاً منصوب۔فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔ جاننا)۔

ترجمہ آیت:اور اللہ سے جو تم نے عہد کیا ہے (اس کو مت بیچو اور) اس کے بدلے تھوڑی سی قیمت نہ لو۔(کیونکہ ایفائے عہد کا) جو صلہ اللہ کے ہاں مقرر ہے وہ اگر سمجھو تو تمہارے لیے بہتر ہے

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾

مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف ۔ كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَنْفَدُ:(وہ نکلتا ہے۔ختم ہوتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن ف ذ) صیغہ۔نَفِذَ يَنْفَذُ۔مصدر۔نَفَاذًا۔(ختم ہونا۔خرچ کرنا۔ نکلنا)جملہ محلاً خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔عِنْدَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔بَاقٍ:(باقی رہنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ مَا کی خبر مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔نَجْزِيَنَّ:(ہم ضرور بالضرور بدلہ دیں گے۔) فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَزٰى يَجْزِىْ۔ مصدر۔ جَزَاءٌ۔(بدلہ دینا)۔ الَّذِيْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ صَبَرُوْا:(وہ ڈٹے رہے۔استقامت سے رہے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف

فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ یَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔ جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ أَجْرَ:(اجرت۔بدلہ۔معاوضہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَحْسَنِ:(بہت ہی اچھا۔ بہت ہی بہتر)افعل التفضیل۔اسم مجرور۔مضاف ۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَانُوا(وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَعْمَلُوْنَ:(وہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔ عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت:جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی ہے کہ(کبھی ختم نہیں ہو گا)
اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم اُن کو ان کے اعمال کا بہت اچھا بدلہ دیں گے۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾

مَنْ:(جو)اسم موصول شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ عَمِلَ :(اس نے عمل کیا۔کام کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔ عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ صَالِحًا:(نیک)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ ذَكَرٍ:(نر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔أُنْثَى:(مادہ)معطوف مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔مُؤْمِنٌ :(ایمان والا۔یقین والا۔ایماندار)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ نُحْيِيَنَّ:(ہم لازمی زندہ کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ جملہ محلاً جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال

۔صیغہ۔اَحْیٰ یَحْیِیْ۔مصدر۔اِحْیَاءٌ۔(زندہ رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی)لفیف مقرون۔ اجوف یائی۔و ناقص یائی۔صیغہ۔حَیِیَ یَحْیَا۔مصدر۔ حَیَاۃً۔ حَیَوَانًا۔(زندگی۔موت کے بر عکس۔)۔ ہٗ : (اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ حَیَاۃً :(زندگی)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔موصوف۔طَیِّبَۃً:(عمدہ۔صاف۔ستھری)صفت موصوف ۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)لَ:(البتہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔نَجْزِیَنَّ:(ہم ضرور بالضرور بدلہ دیں گے۔) فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَزٰی یَجْزِیْ۔مصدر۔جَزَاءٌ۔(بدلہ دینا)۔ ھُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب ۔مفعول بہ۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔ أَجْرَ:(اجرت۔بدلہ۔معاوضہ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔ھُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَحْسَنِ:(بہت ہی اچھا۔ بہت ہی بہتر)افعل التفضیل۔اسم مجرور۔مضاف۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ کَانُوْا(وہ تھے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔ (ہونا)۔یَعْمَلُوْنَ:(وہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر۔عَمْلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت:جو شخص نیک اعمال کرے گا مرد ہو یا عورت وہ مومن بھی ہو گا تو ہم اس کو(دنیا میں) پاک(اور آرام کی)زندگی سے زندہ رکھیں گے اور(آخرت میں) اُن کے اعمال کا نہایت اچھا صلہ دیں گے

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔قَرَأْتَ: (تو پڑھے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت مذکر حاضر ت مبسوط ضمیر مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ۔(ق ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔قَرَاءَ یَقْرَاءُ۔مصدر۔قَرَاءَۃٌ(پڑھنا)۔اَلْقُرْآنَ:(قرآن کریم) منصوب مفعول بہ۔ فَ: (پس)حرف عطف اسْتَعِذْ:(آپ

پناہ مانگ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَعَذَ یَسْتَعِیْذُ۔ مصدر۔ اِسْتَعَاذَةٌ۔ (پناہ مانگنا۔) ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع و ذ) اجوف واوی۔ صیغہ۔ عَاذَ یَعُوْذُ۔ مصدر۔ عِیَاذًا۔ عَوْذًا۔ (پناہ میں آنا)۔ بِ: (ساتھ ۔ کی) اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ الشَّیْطَانِ: (شیطان۔ ہر وہ چیز جو گزند پہنچائے) اسم مجرور۔ موصوف۔ الرَّجِیْمِ: (سنگسار کیا ہوا۔ ذلیل کیا ہوا۔ راندہ ہوا۔) صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے پناہ مانگ لیا کرو۔

اِنَّهٗ لَیْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾

اِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هٗ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَیْسَ: (نہیں) فعل ناقص ماضی۔ جامد۔ رافع اسم ۔ ناصب خبر۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً لَیْسَ کی خبر مقدّم منصوب۔ سُلْطَانٌ: (سند۔ ثبوت۔ حکمران۔ قوت۔ غلبہ۔) لَیْسَ کا اسم مؤخر مرفوع۔ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ عَلَی: (پر) حرف جار۔ الَّذِیْنَ: (وہ جنہوں نے) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوْا: (وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ عَلَی: (پر) حرف جار۔ رَبِّ: (ربّ) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ یَتَوَكَّلُوْنَ: (وہ بھروسہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَكَّلَ یَتَوَكَّلُ۔ مصدر۔ تَوَكُّلٌ۔ (بھروسہ کرنا۔ توکل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ مادہ (و ک ل) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَكَلَ یَكِلُ۔ مصدر۔ وَكْلًا۔ وُكُوْلًا۔ (بھروسہ کرنا۔ مختار بنانا۔ چھوڑ دینا)۔

ترجمہ آیت: کہ جو مومن ہیں اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں اُن پر اس کا کچھ زور نہیں چلتا

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَ الَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

إِنَّمَا: (درحقیقت۔ صرف اور صرف) كافة و مكفوفة۔ مرکب: (إِنَّ+مَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ سُلْطَانُ: (سند۔ ثبوت۔ حکمران۔ قوت۔ زور۔ غلبہ۔) مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هُ :(اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ الَّذِيْنَ: (وہ جنہوں نے) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ يَتَوَلَّوْنَ: (وہ پھیر لیتے ہیں۔ موڑ لیتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔ واوَ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ صیغہ۔ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔ مصدر۔ تَوَلِّيٌّ۔ (مدد کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حسب۔ مادہ (ول ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ هُ: (اس سے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الَّذِيْنَ: (وہ جنہوں نے) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً معطوف مجرور۔ هُم: (وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هِ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ مُشْرِكُوْنَ: (شریک بنانے والے) اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس کا زور ان ہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس کو رفیق بناتے ہیں اور اس کے (وسوسے کے) سبب (اللہ کے ساتھ) شریک مقرر کرتے ہیں۔

وَاِذَا بَدَّلْنَاۤ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْۤا اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔ بَدَّلْنَا: (ہم نے بدل دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ بَدَّلَ

فَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ جَاءَ : (وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا)۔وَعْدُ:(وعدہ)فاعل مرفوع۔ أُوْلَا:(پہلا)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمَا:(دونوں کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَعَثْنَا:(ہم۔اٹھایا۔زندہ کیا۔بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(دوبارہ اٹھنا۔دوبارہ زندہ کرنا)۔جملہ جواب شرط۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)اسم مجرور۔ عِبَادًا:(بندے)منصوب۔مفعول بہ۔لَّ: (لئے) حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أُوْلِيْ:(پہلا)صفت ثانی منصوب۔ مضاف۔بَأْسٍ:(برا۔لڑائی)مضاف الیہ۔موصوف۔شَدِيْدٍ:(بہت سخت)صفت مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔جَاسُوْا :(وہ گھس گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج و س)اجوف واوی۔صیغہ۔جَاسَ يَجُوْسُ۔مصدر۔جَوْسًا۔(گھسنا)۔خِلَالَ:(دو چیزوں کے درمیان۔اندر)ظرف مکان۔مضاف۔الدِّيَارِ:(گھروں کے)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كَانَ (وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا) ۔ وَعْدًا:(وعدہ)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔كَانَ کی خبر منصوب۔ مَّفْعُولاً :(پورا۔یقین الوقوع۔ہوکر رہنے والا۔کیاہوا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:پس جب پہلے (وعدے) کا وقت آیا تو ہم نے سخت لڑائی لڑنے والے بندے تم پر مسلط کردیئے اور وہ شہروں کے اندر پھیل گئے۔اور وہ وعدہ پورا ہو کر رہا۔

ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنٰكُمْ بِأَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ أَكْثَرَ نَفِيْرًا ﴿٦﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔رَدَدْنَا:(ہم نے دور کردیا۔لوٹا دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ر د د) مضاعف۔ صیغہ۔رَدَّ يَرُدُّ۔مصدر۔رَدًّ۔(لوٹانا۔واپس کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ :

(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الْكَرَّةَ:(دشمن پر ٹوٹ پڑنا۔یکبار حملہ کرنا۔غلبہ)منصوب۔مفعول بہ۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَمْدَدْنَا:(ہم نے مدد دی)فعل ماضی جمع متکلم۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَمَدَّ يُمِدُّ۔مصدر۔اِمْدَادٌ۔(مدد دینا۔)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَمْوَالٍ:(مال)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔بَنِيْنَ :(بیٹے)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ أَكْثَرَ:(اکثریت۔بہت زیادہ)افعل التفضیل۔منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ نَفِيْرًا : (خاندان۔کنبہ۔جہادی دستہ۔جمگھٹا۔جماعت گروہ)منصوب تمیز۔

ترجمہ آیت:پھر ہم نے دوسری بات تم کو اُن پر غلبہ دیا اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کی۔اور تم کو جماعت کثیر بنادیا

اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ﴿۷﴾

إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَحْسَنْتُمْ:(تم نے نیکی کی۔بھلائی کی)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔فعل شرط۔محلاً مجزوم۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْسَنَ يُحْسِنُ۔مصدر۔اِحْسَانٌ۔(احسان کرنا۔اچھا سلوک کرنا۔نیک برتاؤ کرنا)۔ أَحْسَنْتُمْ:(تم نے نیکی کی۔بھلائی کی)برائے تاکید۔فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فعل جواب شرط۔محلاً مجزوم۔ لِ:(لئے)حرف جار۔اَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔نفس۔جان)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔أَسَاْتُمْ:(تم نے برائی کی)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسَاءَ يُسِيْءُ۔مصدر۔اِسَاءَةٌ۔(برائی کرنا)۔ ثلاثی

مجرد۔باب نصر۔مادہ(س و ء)اجوف واوی + مہموز اللام۔صیغہ۔سَآءَ یَسُوْٓءُ۔مصدر۔سُوْٓءٌ۔(برا کرنا۔ بگاڑنا ۔)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَ:(لئے)حرف شرط۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مبتداء محذوف۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔فَ:(پس)حرف عطف۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔جَآءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔جَآءَ یَجِيْءُ۔جِيْئٌ۔مَجِيْءٌ(آنا)۔وَعْدُ:(وعدہ)فاعل مرفوع۔مضاف۔الْاٰخِرَةِ: (آخرت۔قیامت)مجرور مضاف الیہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَسُوْءُوْا:(وہ بگاڑدیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س و ء)اجوف واوی + مہموز اللام۔صیغہ۔سَآءَ یَسُوْٓءُ۔مصدر۔سُوْٓءٌ۔(برا کرنا۔بگاڑنا)۔ وُجُوْهَ: (چہرے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَدْخُلُوْا:(وہ اندر داخل ہوجائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر۔ دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا)۔الْمَسْجِدَ:(مسجد)منصوب۔مفعول بہ۔ كَمَا:(جیسا کہ) مرکب:(كَ+مَا)حرف تشبیہ و جار+ مصدریہ۔مبنی بر سکون۔ دَخَلُوْ:(وہ داخل ہوں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا)۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب ۔ مفعول بہ۔ أَوَّلَ :(پہلی)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔مَرَّةٍ :(مرتبہ ۔بار)مجرور مضاف الیہ۔وَ: () لِ: (تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یُتَبِّرُوْا:()فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔تَبَّرَ یُتَبِّرُ۔مصدر۔تَتْبِیْرٌ۔(تباہ وبرباد کرنا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ عَلَوْا:(چڑھائی کرنا۔یکبار حملہ کرنا۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ع ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَلَا یَعْلُو۔مصدر۔عُلُوًّا۔(چڑھائی کرنا۔بلند کرنا۔تباہ وبرباد کرنا۔سرکشی کرنا)۔تَتْبِیْرًا :(برباد کرنا۔تباہ کرنا۔ہلاک کرنا)منصوب مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت:اگر تم نیکوکاری کروگے تو اپنی جانوں کے لئے کروگے۔اور اگر اعمال بد کروگے تو(اُن کا) وبال بھی تمہاری ہی جانوں پر ہوگا پھر جب دوسرے(وعدے) کا وقت آیا (تو ہم نے پھر اپنے بندے بھیجے) تاکہ تمہارے چہروں کو بگاڑ دیں اور جس طرح پہلی دفعہ مسجد(بیت المقدس) میں داخل ہوگئے تھے اسی طرح پھر اس میں داخل ہو جائیں اور جس چیز پر غلبہ پائیں اُسے تباہ کر دیں۔

عَسٰی :(توقع ہے۔امید ہے۔قریب ہے۔شاید کہ)فعل مقاربہ ماضی۔ جامد۔رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔ مضاف۔کُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یَّرْحَمَ:(وہ رحم کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(رح م)صیغہ۔رَحِمَ یَرْحَمُ ۔مصدر۔رَحْمًا۔(رحم کرنا)۔کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ عُدْتُّمْ:(تم اعادہ کرو۔دوبارہ کروگے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔صیغہ۔عَادَ یَعُوْدُ۔ مصدر۔عَوْدًا۔(لوٹنا۔واپس آنا۔دوبارہ کرنا)۔عُدْنَا:(ہم بھی دوبارہ کریں گے۔دہرائیں گے)فعل ماضی جمع متکلم۔ محلاً جواب فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔صیغہ۔عَادَ یَعُوْدُ۔مصدر۔عَوْدًا۔(لوٹنا۔واپس آنا۔دوبارہ کرنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔یا عاطفہ۔جَعَلْنَا :(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ جَهَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ۔آگ۔تکلیفوں کی جگہ)ظرف مکان۔ منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ الْكَافِرِيْنَ :(کافروں۔کفر کرنے والوں کے)اسم مجرور۔علامت ۔ی۔حَصِيْرًا:(ٹھکانہ۔قید خانہ۔) منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت:امید ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم کرے،اور اگر تم پھر وہی (حرکتیں) کروگے تو ہم بھی (وہی پہلا سلوک) کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لئے قید خانہ بنا رکھا ہے۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِىْ لِلَّتِىْ هِىَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ﴿۹﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هَـذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔الْقُرْآنَ:(قرآن کریم) هَـذَا کا بدل منصوب۔يَهْدِي :(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)صیغہ۔هَدٰى يَهْدِیْ۔ تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔الَّتِي:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔هِيَ: (وہ) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبتداء مرفوع۔أَقْوَمُ:(بہت ہی سیدھا ۔ قائم رکھنے والا)خبر مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔يُبَشِّرُ:(وہ خوشخبری دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل ۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ ۔ مصدر۔تَبْشِيْرٌ۔(خوشخبری سنانا)۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایماندار۔یقین رکھنے والے)منصوب علامت۔ی۔ مفعول بہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ يَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں۔کام کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔الصَّالِحَاتِ:(الصَّالِحُ کی جمع۔نیک۔اچھی۔عورتیں)اسم فاعل ۔جمع مؤنث۔محلاً منصوب بالکسرہ۔مفعول بہ۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مقدّم مرفوع۔ أَجْرًا:(اجر۔معاوضہ۔بدلہ) أَنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔موصوف۔ كَبِيْرًا: (بہت بڑا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:یہ قرآن وہ رستہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے اور مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں بشارت دیتا ہے کہ اُن کے لئے اجر عظیم ہے۔

وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔الْاٰخِرَةِ:(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔ أَعْتَدْنَا :(ہم نے تیار کر رکھی ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْتَدَ يُعْتِدُ۔مصدر۔اِعْتَادٌ۔(تیار کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔عَذَابًا:(عذاب۔سزاء)منصوب مفعول بہ۔موصوف۔ أَلِيْمًا:(بہت دکھ والی۔دردناک)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور یہ بھی (بتاتا ہے) کہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے لئے ہم نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿۱۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔يَدْعُ:(وہ دعا کرتا ہے۔مانگتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔آخر سے عربی رسم الخط کی وجہ سے حرف علت واؤ محذوف۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔ صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ(پکارنا)۔ الْإِنسَانُ:(انسان)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الشَّرِّ :(بُری۔شرارت والی۔تنگ کرنے والی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔دُعَاءَ:(پکار۔دعا کرنا) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُ :(اپنی اپنی۔اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْخَيْرِ:(اچھی۔بھلائی کی)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ وَ: (حالانکہ) حالیہ۔كَانَ :(وہ تھا۔وہ ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔

مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ الْإِنسَانُ:(انسان) كَانَ کا اسم مرفوع۔ عَجُوْلاً :(جلد باز)مبالغہ۔ كَانَ کی خبر منصوب ۔جملہ محلاً منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت:اور انسان جس طرح(جلدی سے) بھلائی مانگتا ہے اسی طرح برائی مانگتا ہے۔اور انسان جلد باز(پیدا ہوا) ہے۔

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ اللَّيْلَ:(رات) منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ النَّهَارَ: (دن) معطوف منصوب۔ آيَتَيْنِ:(دو آیات۔نشانیاں) تثنیہ۔ منصوب مفعول بہ ثانی۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔ مَحَوْنَا:(ہم نے مٹا دیا۔ہم نے تاریک۔اندھیرا بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ح و) ناقص واوی۔صیغہ۔ مَحَا يَمْحُو۔مصدر۔ مَحْوًا۔(مٹانا۔غائب کردینا۔بے نور بنا دینا۔تاریک بنانا) آيَةَ:(آیت۔نشانی) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اللَّيْلِ:(رات کی) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ آيَةَ :(نشانی۔آیت) منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ النَّهَارِ:(دن کی) مجرور مضاف الیہ۔ مُبْصِرَةً :(دکھانے والی) اسم فاعل۔ محلاً مفعول بہ ثانی ۔ لِ:(تاکہ) لائے تعلیل۔ناصب اسم۔ تَبْتَغُوْا:(تم تلاش کرو۔ڈھونڈو) فعل مضارع جمع مذکر غائب منصول۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ ۔ اِبْتَغٰى يَبْتَغِيْ۔مصدر۔ اِبْتِغَاءٌ۔(تلاش کرنا۔ڈھونڈنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ب غ ی) ناقص یائی۔ بَغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔ بَغْيًا۔(سرکشی کرنا۔زیادتی کرنا)۔ فَضْلًا:(رحمت۔فضل۔) منصوب مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ) اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے۔اپنے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ فَضْلًا کی صفت

وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تا کہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَعْلَمُوْا :(تم جان جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔عَدَدَ:(گنتی۔تعداد۔شمار۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔السِّنِیْنَ:(اَلسَّنَةُ کی جمع۔سالوں کی)مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْحِسَابَ:(حساب)معطوف منصوب۔ عَدَدَ معطوف علیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُلَّ :(تمام۔ہر)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے)مجرور ۔مضاف الیہ۔ فَصَّلْنَا:(ہم نے تفصیل سے بیان کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَصَّلَ یُفَصِّلُ۔مصدر۔ تَفْصِیْلاً ۔(وضاحت۔تفصیل)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔تَفْصِیْلاً :(تفصیل۔وضاحت۔ تفسیر)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے دن اور رات کو دو نشانیاں بنایا ہے رات کی نشانی کو تاریک بنایا اور دن کی نشانی کو روشن۔تا کہ تم اپنے پروردگار کا فضل(یعنی) روزی تلاش کرو اور برسوں کا شمار اور حساب جانو۔اور ہم نے ہر چیز کو(بخوبی) تفصیل کر دی ہے

وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰۗىِٕرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۭ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ۝۱۳

وَ:(اور)حرف عطف۔كُلَّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔إِنسَانٍ:(انسان)مجرور مضاف الیہ۔أَلْزَمْنَا:(ہم نے چمٹا دی ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَلْزَمَ یُلْزِمُ۔مصدر۔اِلْزَامًا۔(لازم کرنا۔چمٹا دینا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔طَآئِرَ:(نحوست۔شامت اعمال۔زمانۂ جاہلیت میں لوگ پرندوں سے فال نکالتے تھے۔پرندوں کو نحوست کی علامت جانتے تھے۔اس لئے طَآئِرَ کو منحوس خیال کیا گیا۔کام شروع کرنے سے پہلے پرندے اڑاتے کہ اگر بائیں کو جائیں گے تو کام نہیں کرنا۔اگر دائیں کو جائیں تو کام پورا ہو جائے گا۔)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِيْ :(میں)حرف جار۔عُنُقِ:(گردن۔گلا)اسم مجرور۔

مضاف۔(ہٖ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔ نُخْرِجُ:(ہم نکالتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ یَخْرِجُ۔ مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔(ہٗ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔یَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔الْقِیٰامَةِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔کِتَابًا:(لکھی ہوئی)منصوب مفعول بہ۔ یَّلْقَا:(وہ ملتا ہے۔وہ ملاقات کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی) ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصادر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔تِلْقَاءً۔لِقِیًّا۔لُقِیًّا۔لُقًّی۔لَقْیًا۔ (ملاقات کرنا۔ملنا)۔ہُ :(اس کو)ضمیر واح مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مَنْشُوْرًا:(بکھیری ہوئی۔ نشر کی ہوئی۔پھیلائی ہوئی۔کھلا ہوا)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے ہر انسان کے اعمال کو(بہ صورت کتاب) اس کے گلے میں لٹکا دیا ہے۔اور قیامت کے روز (وہ) کتاب اسے نکال دکھائیں گے جسے وہ کھلا ہوا دیکھے گا۔

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿١٤﴾

اقْرَأْ:(پڑھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ق ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔قَرَاءَ یَقْرَاءُ۔مصدر۔قِرَاءَةٌ۔(پڑھنا)۔ کِتَابَ:(کتاب)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔کَفٰی:(کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب ۔مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔کَفٰی یَکْفِیْ۔مصدر۔کِفَایَةٌ۔(کافی ہونا۔مزید کی کوئی ضرورت نہ ہونا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔نَفْسِ:(نفس۔جان)لفظاً مجرور۔محلاً فاعل مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ۔ الْیَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔

عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔اسم مجرور حَسِيْبًا:(خوب احتساب کرنے والی۔محاسبہ کرنے والی۔جمع تفریق کرنے والی)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:(کہا جائے گا کہ) اپنی کتاب پڑھ لے۔تو آج اپنا آپ ہی محاسب کافی ہے۔

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

مَّنِ:(جو) اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ اِهْتَدٰى:(اس نے ہدایت دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِهْتَدٰى يَهْتَدِيْ۔مصدر۔اِهْتَدَاءٌ۔(ہدایت پانا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ دی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔اِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ يَهْتَدِيْ:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِيْ۔مصدر۔اِهْتَدَاءٌ۔(ہدایت پانا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ دی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔نَفْسِ:(نفس۔جان)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔ضَلَّ:(گمراہ کیا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔اِنَّمَا: (درحقیقت۔ صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔ مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔يَضِلُّ:(وہ گمراہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔شرط اور جواب شرط۔ محلاً مَنْ

مبتداء کی خبر مرفوع۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ ضَلَّ یَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَزِرُ:(تو بوجھ اٹھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(و ز ر)صیغہ۔وَزَرَ یَزِرُ۔ مصدر۔ وِزْرًا۔(بوجھ اٹھانا)۔ وَازِرَةٌ:(بوجھ اٹھانے والا)اسم فاعل۔ وِزْرَ:(بوجھ)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ اُخْرَی: (دوسرا)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مُعَذِّبِيْنَ :(مُعَذِّبٌ کی جمع۔عذاب دینے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًكَانَ کی خبر۔ منصوب۔حَتّٰی:(یہاں تک)حرف غایت۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔نَبْعَثَ :(ہم بھیجیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔علامت ۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ب ع ث) صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر ۔بَعْثًا۔(دوبارہ زندہ کرکے اٹھانا۔ بھیجنا)۔رَسُوْلًا : (کوئی پیغمبر)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:جو شخص ہدایت اختیار کرتا ہے تو اپنے لئے اختیار کرتا ہے۔اور جو گمراہ ہوتا ہے گمراہی کا ضرر بھی اسی کو ہوگا۔اور کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔اور جب تک ہم پیغمبر نہ بھیج لیں عذاب نہیں دیا کرتے

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿١٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ اَرَدْنَا:(ہم نے ارادہ کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔نُّهْلِكَ:(ہم ہلاک کریں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔مصدر۔اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔ مصدر۔ هَلْكًا۔ هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔مُهْلِكًا۔تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔

وغیرہ(مار دینا)۔قَرْيَةً:(بستی کو)منصوب۔مفعول بہ۔ أَمَرْنَا:(ہم نے حکم دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَامُرُ۔ مصدر۔ اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔ مُتْرَفِيْ:(خوش حال۔آسودہ حال۔دولت مند)اصلاً مُتْرَفِيْنَ ہے۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔هَا: (اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ فَسَقُوْا: (انہوں نے نافرمانی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب مادہ(ف س ق)۔فَسَقَ يَفْسُقُ۔مصدر۔فِسْقًا۔فُسُوْقًا۔(نافرمانی کرنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔حَقَّ :(سچ ہونا۔حق ہونا۔جائز ہونا۔) عَلَيَ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الْقَوْلُ:(قول)فاعل مرفوع۔ فَ: (پس)حرف جار۔دَمَّرْنَا:(ہم نے تباہ و برباد کردیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ دَمَّرَ يُدَمِّرُ۔ مصدر۔تَدْمِيْرًا۔(مکمل تباہ کرنا۔برباد کرنا۔)هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔تَدْمِيْرًا:(مکمل طور پر تباہ کرنا۔برباد کرنا)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت:اور جب ہمارا ارادہ کسی بستی کے ہلاک کرنے کا ہوا تو وہاں کے آسودہ لوگوں کو(فواحش پر) مامور کردیا تو وہ نافرمانیاں کرتے رہے۔پھر اس پر(عذاب کا) حکم ثابت ہوگیا۔اور ہم نے اسے ہلاک کرڈالا۔

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَمْ:(بہت سے)خبریہ۔مبنیہ۔محلاً سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ مقدّم۔ أَهْلَكْنَا:(ہم نے ہلاک کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔ مصدر۔ اِهْلَاكٌ ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔مصدر۔هَلْكًا۔هَلَاكًا۔ هُلُوْكًا۔مُهْلِكًا۔تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔وغیرہ(مار دینا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الْقُرُوْنِ :(الْقَرْنُ کی جمع۔ پہلے لوگ۔ قومیں۔الگ زمانے والی۔زمانوں کی قومیں۔امتیں۔)مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد) ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَمْ کی تمیز۔منصوب۔مضاف۔نُوْحٍ:(نوحؑ)مجرور مضاف

الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔یا عاطفہ۔كَفٰى:(کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔كَفٰى يَكْفِىْ۔مصدر۔كَفَايَةٌ۔(کافی ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائد۔ رَبِّ:(ربّ)لفظاً مجرور۔محلاً فاعل مرفوع۔بالکسرہ۔مضاف۔كَ:(تم)مجرور۔مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ذُنُوْبِ:(ذَنْبٌ کی جمع۔گناہ۔دُمیں۔کیونکہ دُم ہمیشہ گندگی سے لتھڑی رہتی ہے اس لئے جو آدمی گناہ کرتا ہے۔ وہ اس کے ساتھ ہمیشہ کے لئے چمٹا رہتا ہے)۔مضاف۔عِبَادِ:(بندوں کے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔خَبِيْرًا:(خوب واقف کار۔خوب خبر رکھنے والا) مبالغہ۔ منصوب۔تمیز۔بَصِيْرًا:(خوب بصیرت والا۔دیکھنے والا۔)مبالغہ۔ منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے نوح کے بعد بہت سی اُمتوں کو ہلاک کرڈالا۔اور تمہارا پروردگار اپنے بندوں کے گناہوں کو جاننے اور دیکھنے والا کافی ہے۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾

مَّنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔كَانَ: (وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا) ۔ يُرِيْدُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ الْعَاجِلَةَ :(جلدی والی۔دنیا)اسم فاعل۔واحد مؤنث ۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَجَّلْنَا:(ہم نے جلدی دی۔جلدی دیتے ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔محلاً مجزوم جواب شرط۔شرط + جواب شرط۔مبتدا مَّنْ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَجَّلَ يُعَجِّلُ۔مصدر۔تَعْجِيْلًا۔ (جلدی دینا۔)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔فِيْ:(میں)حرف

جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ نَشَاءُ :(ہم چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔لِ:(لئے)حرف جار۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ نُّرِيْدُ:(ہم چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آناجانا)۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔جَهَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ۔آگ)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہٖ۔يَصْلٰى:(وہ آگ میں ڈالے ۔بھونے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔محل اعراب تقدیرا مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ص ل ی)ناقص یائی۔صیغہ۔صَلِيَ يَصْلىٰ۔مصدر۔صَلْيًا۔(آگ میں ڈالنا۔بھوننا۔جلنا۔آگ میں داخل کرنا۔)هَا :(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔مَذْمُوْمًا:(مذمت کیا ہوا)اسم مفعول۔محلاً حال منصوب۔مَّدْحُوْرًا:(دھتکارا ہوا)اسم مفعول۔ محلاً حال ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت:جو شخص دنیا (کی آسودگی) کا خواہشمند ہو تو ہم اس میں سے جسے چاہتے ہیں اور جتنا چاہتے ہیں جلد دے دیتے ہیں۔پھر اس کے لئے جہنم کو(ٹھکانا) مقرر کر رکھا ہے۔جس میں وہ نفرین سن کر اور (درگاہ اللہ سے) راندہ ہو کر داخل ہو گا۔

وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبتداء مرفوع۔ أَرَادَ:(اس نے ارادہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب

نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ یَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اَلْآخِرَۃَ:(آخرت۔قیامت)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔سَعٰی:(اس نے کوشش کی۔دوڑ لگائی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَعٰی یَسْعٰی۔مصدر۔سَعْیًا۔(کوشش کرنا۔ دوڑنا) لَ:(لئے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ سَعْيَ:(کوشش۔دوڑ)منصوب۔مفعول مطلق۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مُؤْمِنٌ:(مومن۔ایماندار۔ایمان والا)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر ومؤنث۔محلاًمبتداء مرفوع۔كَانَ:(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا) ۔ سَعْيُ:(کوشش) كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّشْكُوْرًا :(قدر کیا ہوا۔قبول کیا ہوا) کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جو شخص آخرت کا خواستگار ہوا اور اس میں اتنی کوشش کرے جتنی اسے لائق ہے اور وہ مومن بھی ہو تو ایسے ہی لوگوں کی کوشش ٹھکانے لگتی ہے۔

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿٢٠﴾

كُلًّا:(ہر ایک)منصوب۔مفعول بہٖ مقدّم۔نُّمِدُّ:(ہم مدد کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید۔ باب افعال۔صیغہ۔اَمَدَّ يُمِدُّ۔مصدر۔اِمْدَادًا۔(مدد کرنا)۔ هٰٓؤُلَآءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ هٰٓؤُلَآءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔ كُلًّا کا بدل۔منصوب۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔عَطَآءِ:(عطیہ۔بخشش۔دین)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ) مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(حالانکہ) حالیہ ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ: :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون)صیغہ۔كَانَ

يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَطَاءُ:(عطیہ)كَانَ كا اسم مرفوع۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ) مجرور۔مضاف الیہ۔ مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔مَحْظُوْرًا:(بند کیا ہوا۔روکا ہوا)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:ہم اُن کو اور ان کو سب کو تمہارے پروردگار کی بخشش سے مدد دیتے ہیں۔اور تمہارے پروردگار کی بخشش (کسی سے) رکی ہوئی نہیں۔

اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾

اُنْظُرْ:(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر) صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظْرٌ۔ (دیکھنا)۔ كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔ مبتداء مرفوع۔ فَضَّلْنَا:(ہم نے فضیلت دی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ فَضَّلَ يُفَضِّلُ۔ مصدر۔تَفْضِيْلٌ۔(فضیلت دینا)۔بَعْضَ:(کچھ کو)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلٰى:(پر)حرف جار۔بَعْضٍ:(بعض)برائے تاکید۔اسم مجرور ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَ:(لئے)لائے ابتداء۔الْآخِرَةُ:(آخرت۔قیامت)مبتداء۔مرفوع۔ أَكْبَرُ: (بہت بڑی)افعل التفضیل۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ دَرَجَاتٍ: (درجے)تمیز۔ منصوب۔ بالکسرہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَكْبَرُ:(بہت بڑی)افعل التفضیل۔معطوف مرفوع۔ تَفْضِيْلاً : (فضیلت)تمیز۔منصوب۔

ترجمہ آیت:دیکھو ہم نے کس طرح بعض کو بعض پر فضیلت بخشی ہے۔اور آخرت درجوں میں (دنیا سے) بہت برتر اور برتری میں کہیں بڑھ کر ہے۔

لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾

لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَجْعَلْ:(تو بنا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ یَجْعَلُ ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔اِلٰهًا:(معبود)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔آخَرَ:(دوسرا)صفت منصوب۔ تابع موصوف۔ فَ:(پس)سببیہ۔ناصب مضارع۔اَنْ مضمر۔تَقْعُدَ:(تو بیٹھ)فعل مضارع واحد مذکر حاضر ۔منصوب۔علامت ۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ق د)صیغہ۔عَقَدَ یَعْقُدُ۔ مصدر۔قُعُوْدًا۔(بیٹھنا)۔ مَذْمُوْمًا:(مذمت کیا ہوا۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔ محلاً منصوب۔حال۔ مَّخْذُوْلًا :(بے یارومددگار چھوڑا ہوا۔)اسم مفعول ثانی۔واحد مذکر۔ محلاً منصوب۔حال ثانی۔

ترجمہ آیت:اور اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود نہ بنانا کہ ملامتیں سن کر اور بے کس ہو کر بیٹھے رہ جاؤ گے

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَاۤ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَاۤ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَضٰى:(اس نے پورا کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔قَضٰى یَقْضِیْ ۔ مصدر۔قَضَاءٌ۔(پورا کرنا)۔ رَبُّ:(ربّ نے)فاعل مرفوع۔ مضاف۔ كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ۔اَلَّا:(کہ نہ)مرکب:(اَنْ+لَا)مصدریہ۔ناصب مضارع۔+ نہیں۔تَعْبُدُوْا:(تم عبادت کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(بندگی کرنا۔ عبادت کرنا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔اِیَّا:(ہی)حالت مفعولی میں برائے حصر ہوتا ہے هُ:(وہی۔صرف اور صرف اس کی)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْوَالِدَيْنِ:(والدین۔ماں باپ)اسم مجرور۔اِحْسَانًا:(حسن سلوک۔اچھے طریقے سے۔احسان کرنا)منصوب۔مفعول مطلق فعل اَحْسَنُوْا محذوف۔ اِمَّا: (اگر) مرکب:(اِنْ+مَّا)حرف شرط۔جازم فعل

شرط۔+حرف زائد۔يَبْلُغَنَّ :(وہ ضرور بالضرور پہنچ جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ)صیغہ۔بلغ یبلغ۔مصدر بلوغ۔(پہنچنا)۔عِنْدَ:(پاس۔)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْكِبَرَ:(بڑھاپے کو) منصوب مفعول ۔ أَحَدُ:(کوئی ایک)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمَا:(دونوں وہ)ضمیر تثنیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَوْ :(یا)حرف عطف۔كِلَا:(دونوں)برائے تاکید۔تثنیہ برائے مذکر۔معطوف مرفوع۔ مضاف۔هُمَا:(دونوں وہ)ضمیر تثنیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَقُلْ:(تو کہہ)اصلاً تَقُوْلُ ہے۔واؤ حرف علت بوجہ التقائے ساکنین محذوف۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمَا:(دونوں وہ)ضمیر تثنیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور ۔ أُفٍّ: (اف۔بمعنی اَتَضَجُّرُ۔(ڈانٹ ڈپٹ)یعنی ہلکا سا دل خراش انداز نہ اپنانا۔نہ کہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَنْهَرْ:(تو جھڑک۔ڈانٹ)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ن ھ ر)صیغہ۔نَهَرَ يَنْهَرُ۔مصدر۔نَهْرٌ۔(سختی سے ڈانٹنا۔جھڑکنا)۔هُمَا:(دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قُلْ:(تو کہہ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمَا:(دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔قَوْلاً :(قول۔بات۔گفتگو)منصوب۔مفعول بہ۔كَرِيْمًا: (بہت تکریم والی۔بہت احترام والی۔)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور تمہارے پروردگار نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو۔اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو اُن کو اُف تک نہ کہنا اور نہ انہیں جھڑکنا اور اُن سے بات ادب کے ساتھ کرنا۔

وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِخْفِضْ:(جھکادے)فعل امر واحد مذکر غائب۔مجزوم۔محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ف ض)صیغہ۔خَفَضَ يَخْفِضُ۔ مصدر۔خِفْضًا۔(جھکا دینا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمَا:(دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ الف علامت تثنیہ۔محلاً اسم مجرور۔ جَنَاحَ:(بازو۔پر۔سیکشن۔وارڈ)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔الذُّلِّ:(فرمانبرداری کا۔عاجزی)مجرور مضاف الیہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الرَّحْمَةِ:(رحمت۔ہمدردی۔مہربانی۔رحملی۔)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ قُلْ:(تو کہہ)اصلاً قُوْلْ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف۔فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔محل اعراب ساکن۔ رَّبِّ :(اے میرے ربّ)اصلاً يَا رَّبِّيْ ہے۔حرف نداء محذوف۔منادیٰ منصوب۔مضاف۔یائے متکلم محذوف برائے تخفیف۔کسرہ بعوض۔ ی۔ مضاف الیہ۔ارْحَمْ:(رحم کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ محل اعراب۔ساکن۔دعائیہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ح م) صیغہ۔رَحِمَ يَرْحَمُ ۔مصدر۔رَحْمًا۔(رحم کرنا)۔هُمَا:(دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔الف علامت تثنیہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ كَمَا:(جیسا کہ)مرکب۔:(كَ+مَا)حرف تشبیہ و جار +مصدریہ(اسم موصول)۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔رَبَّيَانِ:(دونوں نے مجھے پالا۔پرورش کی) مرکب:(رَبَّيَا+نِ+ىْ) فعل ماضی تثنیہ۔الف علامت تثنیہ۔نون اعرابی محذوف۔+نون وقایہ۔ یائے متکلم کو بچانے کے۔+یائے متکلم مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔صَغِيْرًا:(چھوٹا ہونے کی حالت میں۔بچپن میں۔)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اور عجز و نیاز سے ان کے آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار جیسا انہوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کیا ہے تو بھی اُن (کے حال) پر رحمت فرما۔

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ۭ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾

رَّبُّ:(ربّ نے)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَعْلَمُ:(خوب جانتا ہے)افعل التفضيل۔خبر مرفوع۔بِمَا :(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار+اسم مصدریہ۔فِيْ : (میں)حرف جار۔نُفُوْسِ:(جانوں۔دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ تَكُونُوْا:(تم ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔محلاً فعل شرط۔ :(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ صَالِحِيْنَ:(نیک لوگ) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔کی خبر منصوب۔علامت۔ ی۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ :(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْاَوَّابِيْنَ:(اَوْبٌ کی جمع۔بار بار رجوع کرنے والے)اسم مجرور۔ غَفُوْرًا : (مغفرت کرنے والا۔)مبالغہ۔كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے تمہارا پروردگار اس سے بخوبی واقف ہے۔اگر تم نیک ہوگے تو وہ رجوع لانے والوں کو بخش دینے والا ہے

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَ ابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿٢٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔آتِ:(تم دو۔)اصلاً آتِيْ ہے۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت۔ی۔محذوف۔فعل امر واحد مذکر حاضر۔ذَا:(والے)از ستّہ مکبّرہ۔منصوب مفعول بہ۔مضاف۔الْقُرْبٰى:(نزدیکی۔رشتہ دار۔)مضاف الیہ۔تقدیراً۔مجرور۔حَقَّ:(سچ۔حق)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔هٗ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)۔الْمِسْكِيْنَ :(مسکین۔جن کی کاروباری گاڑی رک گئی ہو۔)معطوف منصوب۔علامت ی۔وَ:(اور)حرف عطف۔ابْنَ:(بیٹا۔والا)۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ السَّبِيْلِ:(مسافر۔اللہ کی راہ میں

جہاد کرنے والا)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُبَذِّرْ:(فضول خرچی کرو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔علامت محل اعراب۔ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ بَذَّرَ يُبَذِّرُ۔مصدر۔تَبْذِيْرًا۔(فضول خرچی کرنا۔حد سے نکلنا)۔تَبْذِيْرًا:()منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور رشتہ داروں اور محتاجوں اور مسافروں کو ان کا حق ادا کرو۔اور فضول خرچی سے مال نہ اُڑاؤ۔

اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ۭ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْمُبَذِّرِيْنَ :(فضول خرچی کرنے والے)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔محلاً کا اسم منصوب۔علامت ی۔كَانُوْا (وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔إِخْوَانَ:(اَخٌ کی جمع۔بھائی)از ستہّ مکبّرہ۔ منصوب ۔ مفعول بہ۔مضاف۔الشَّيَاطِيْنِ:(شَيْطٰنٌ کی جمع۔ہر وہ چیز جو نقصان دہ ہو۔ضرر رساں ہوں)۔ وَ: (اور)حرف عطف۔كَانَ(وہ ہیں۔وہ تھے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔الشَّيْطَانُ:(شیطان)فاعل مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔كَفُوْرًا :(بہت ہی ناشکرا ہونا)مبالغہ۔کی كَانَ خبر منصوب۔محلاً جملہ منصوب حال۔

ترجمہ آیت: کہ فضول خرچی کرنے والے تو شیطان کے بھائی ہیں۔اور شیطان اپنے پروردگار (کی نعمتوں) کا کفران کرنے والا (یعنی ناشکرا) ہے۔

وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاۗءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِمَّا:(اگر)مرکب:(إِنْ+مَّا)حرف شرط۔جازم فعل شرط+حرف زائدہ۔تُعْرِضَنَّ: (تجھے ضرور بالضرور نظر انداز کرنا ہو گا۔اعراض برتنا ہو گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی

مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ یُعْرِضُ۔ مصدر۔اِعْرَاضًا۔(اعراض کرنا۔ نظر انداز کرنا۔پرواہ نہ کرنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمُ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔مضاف۔ ابْتِغَاءِ:(تلاش کرنا۔)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَحْمَةٍ:(رحمت۔ مہربانی۔)مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔تَرْجُوْ:(تو امید رکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ر ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَجَا یَرْجُو۔مصدر۔رِجَاءٌ۔(امید رکھنا۔توقع رکھنا۔خواہش رکھنا)۔هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔قُلْ :(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔قَوْلًا:(بات۔ گفتگو۔ قول۔)منصوب مفعول بہٖ۔موصوف۔ مَّیْسُوْرًا:(آسان۔نرم۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم نے اپنے پروردگار کی رحمت (یعنی فراخ دستی) کے انتظار میں جس کی تمہیں امید ہو ان (مستحقین) کی طرف توجہ نہ کر سکو اُن سے نرمی سے بات کہہ دیا کرو۔

وَلَا تَجْعَلْ یَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰی عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَجْعَلْ:(تو بنا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔یَدَ:(ہاتھ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔كَ : (اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ مجرور مضاف الیہ۔مَغْلُوْلَةً:(پھندا۔ غلیل۔)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ اِلَی:(تک۔طرف۔)حرف جار۔عُنُقِ:(گردن)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(اپنی)ضمری واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَبْسُطْ:(تم کھولو۔پھیلاؤ) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ب س ط)

صیغہ۔بَسَطَ یَبْسُطُ۔مصدر۔بَسْطًا۔(پھیلانا۔بڑھانا۔کھول دینا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ كُلَّ :(ہر۔تمام)برائے تاکید۔منصوب۔الْبَسْطِ:(کھول دینا) فَ:(پھر)سببیہ۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔تَقْعُدَ:(ت بیٹھ جائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ق د)صیغہ۔عَقَدَ یَعْقُدُ۔ مصدر۔قُعُوْدًا۔(بیٹھنا)۔ مَذْمُومًا: (مذمت کیا ہوا۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً منصوب۔حال۔ مَّحْسُورًا:(حسرت زدہ۔تھکا ماندہ۔ اندروں باہروں اوپر نیچے سے جلتے رہنا)منصوب۔حال ثانی۔

ترجمہ آیت:اور اپنے ہاتھ کو نہ تو گردن سے بندھا ہوا(یعنی بہت تنگ) کرلو(کہ کسی کچھ دو ہی نہیں) اور نہ بالکل کھول ہی دو(کہ سبھی دے ڈالو اور انجام یہ ہو) کہ ملامت زدہ اور درماندہ ہو کر بیٹھ جاؤ۔

اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔یَبْسُطُ :(پھیلاتا ہے۔کھولتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب س ط) صیغہ۔بَسَطَ یَبْسُطُ۔مصدر۔بَسْطًا۔ (پھیلانا۔بڑھانا۔کھول دینا۔)۔الرِّزْقَ :(رزق کو۔وہ چیز جو زندگی کی ضرورت ہو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون محلاً اسم مرور۔ یَّشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَقْدِرُ:(کمی بیشی کرتا ہے۔ اندازے کے مطابق مقررہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب۔ مضموم۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ یَقْدِرُ۔مصدر۔قَدْرًا۔(پورا پورا ہی۔ایک اندازے کے مطابق۔پیمانے سے دینا)۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم

منصوب۔كَانَ(وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔عِبَادِ:(بندوں کے)اسم مجرور۔ مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَبِيْرًا:(بہت زیادہ خبر رکھنے والا)مبالغہ۔ كَانَ کی خبر منصوب۔ بَصِيْرًا:(خوب دیکھنے والا۔) مبالغہ۔كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:بے شک تمہارا پروردگار جس کی روزی چاہتا ہے فراخ کر دیتا ہے اور (جس کی روزی چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے وہ اپنے بندوں سے خبر دار ہے اور (ان کو) دیکھ رہا ہے۔

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقْتُلُوْا:(تم قتل کرو۔ان کے حقوق غصب نہ کرو۔سلب نہ کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔ أَوْلَادَ:(اولاد کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تم اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَشْيَةَ:(خطرے سے۔خوف سے۔خشیت سے)منصوب۔مفعول لۂ۔مضاف۔إِمْلَاقٍ:(مفلسی۔ تنگی۔)مجرور مضاف الیہ۔نَّحْنُ:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ نَرْزُقُ:(ہم رزق دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِيَّا:(ہی)برائے حصر۔كُمْ:(تم ہی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔مفعول بہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ قَتْلَ:(قتل) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَانَ (وہ ہے۔وہ تھا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ خِطْاً:

(غلطی۔خطاء۔گناہ۔)كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔كَبِيْرًا :(بہت ہی بڑی)مبالغہ۔صفت منصوب۔محلاًاَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے قتل نہ کرنا۔(کیونکہ) ان کو اور تم کو ہم ہی رزق دیتے ہیں۔کچھ شک نہیں کہ ان کا مارڈالنابڑا سخت گناہ ہے۔

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقْرَبُوْا:(ت قریب جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق ر ب)صیغہ۔قَرِبَ يَقْرَبُ۔مصدر۔قُرْبًا(قریب جانا)۔الزِّنٰى:(زنا)منصوب۔مفعول بہٖ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ فَاحِشَةً :(بے حیائی۔فحاشی)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔سَاءَ:(بُری) فعل ذم ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔سَاءَ يَسُوْءُ۔مصدر۔سُوْءٌ۔(برا کرنا) سَبِيْلاً :(راہ)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:اور زنا کے بھی پاس نہ جانا کہ وہ بے حیائی اور بری راہ ہے۔

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقْتُلُوْا:(تم قتل کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ

يَقۡتُلُ۔ مصدر۔قَتۡلًا ۔(جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔ النَّفۡسَ:(جان کو)منصوب۔ مفعول بہ۔الَّتِيۡ:(جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔ مبنی بر سکون۔حَرَّمَ:(حرام کیا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔حَرَّمَ يُحَرِّمُ۔ مصدر۔تَحۡرِيۡمًا۔(حرام ٹھہرانا۔احترام کرنا۔حرام کرنا۔عزت دینا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔إِلَّا :(مگر۔سوائے)حرف حصر۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الحَقِّ :(حق کے)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنۡ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ قُتِلَ:(قتل کیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر هُوَ۔نائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقۡتُلُ۔ مصدر۔قَتۡلًا ۔(جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔ مَظۡلُومًا:(ظلم کیا ہوا۔ ظلم سے)اسم مفعول۔ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدۡ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَعَلۡنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجۡعَلَ۔مصدر۔ جَعۡلًا۔(بنانا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔وَلِيِّ:(دوست۔حامی۔ساتھی)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکرغائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔سُلۡطَانًا :(غلبہ ۔اختیار۔ اقتدار) منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔يُسۡرِفُ:(حد سے بڑھے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسۡرَفَ يُسۡرِفُ۔مصدر۔اِسۡرَافًا۔(حد سے بڑھنا۔زیادتی کرنا۔)۔ فِيۡ :(میں)حرف جار۔الۡقَتۡلِ:(قتل)اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ مَنۡصُورًا:(فتح کیا ہوا)اسم مفعول۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جس کا جاندار کا مارنا اللہ نے حرام کیا ہے اسے قتل نہ کرنا مگر جائز طور پر (یعنی بفتویٰ شریعت)۔ اور جو شخص ظلم سے قتل کیا جائے ہم نے اس کے وارث کو اختیار دیا ہے (کہ ظالم قاتل سے بدلہ لے) تو اس کو چاہیئے کہ قتل (کے قصاص) میں زیادتی نہ کرے کہ وہ منصور و فتحیاب ہے۔

وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۠ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ) ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقْرَبُوْا:(تم قریب جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق ر ب)صیغہ۔قَرِبَ يَقْرَبُ۔مصدر۔قُرْبًا(قریب جانا)۔مَالَ:(مال)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔الْيَتِيْمِ:(یتیم۔بے آسرا کا)مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الَّتِيْ :(جو)اسم موصول۔واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔هِيَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مؤنث غائب۔مبتداء مرفوع۔ أَحْسَنُ :(اچھے طریقے سے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غایت۔ان مضمر۔ناصب مضارع۔ يَبْلُغَ:(پہنچ جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ)صیغہ۔بَلَغَ يَبْلُغُ۔مصدر۔بُلُوْغٌ۔(پہنچنا)۔أَشُدَّ:(سخت۔پوری طرح۔مکمل۔زور۔جوانی۔ سمجھ)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف ۔ هٗ :(وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَوْفُوْا: (پورا کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب اِفْعَالٌ۔ صیغہ اَوْفٰى يُوْفِيْ۔مصدر۔اِيْفَاءٌ۔(پورا پورا دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔ وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْعَهْدِ:(عہد)اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْعَهْدَ:(عہد)إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔

ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ مَسْؤُوْلاً: (ذمہ دار۔جواب دہ۔سوال کیاہوا۔بازپرس۔پوچھا جانے والا)اسم مفعول۔محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور یتیم کے مال کے پاس بھی نہ پھٹکنا مگر ایسے طریق سے کہ بہت بہتر ہو یہاں تک کہ وہ جوانی کو پہنچ جائے۔اور عہد کو پورا کرو کہ عہد کے بارے میں ضرور پرسش ہوگی

وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف أَوْفُوا: (پورا کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب اِفْعَالٌ۔ صیغہ اَوْفٰی یُوْفِيْ۔مصدر۔اِیْفَاءٌ۔(پوراپورادینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب ۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰی یَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پوراہونا)۔ الْكَيْلَ: (ناپ۔ماپ۔پیمانے کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔منصوب۔بمعنی مستقبل۔ كِلْتُمْ:(تم ناپو) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ک ی ل)اجوف یائی۔صیغہ۔كَالَ يَكِيْلُ۔ مصدر۔ كَيْلًا۔(ناپنا)۔وَزِنُوا:(تم تولو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ز ن)مثال واوی۔صیغہ۔وَزَنَ یَزِنُ۔مصدر۔وَزْنًا۔(وزن کرنا۔تولنا) بِ:(ساتھ)حرف جار استعانیہ۔ الْقِسْطَاسِ: (ترازو۔عدل۔ڈنڈی)اسم مجرور۔موصوف۔ الْمُسْتَقِيْمِ:(سیدھی۔قائم کرکے۔کھڑی کرکے)مجرور صفت۔تابع موصوف۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکرغائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ خَيْرٌ:(بہتر۔اچھا)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَحْسَنُ: (بہت ہی اچھی)افعل التفضیل۔معطوف مرفوع۔ تَأْوِيْلاً :(تاویل۔نتیجہ۔انجام)مادہ (اَوَلٌ) اصل کی جانب لوٹنا۔منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: اور جب (کوئی چیز) ناپ کر دینے لگو تو پیمانہ پورا بھرا کرو اور (جب تول کر دو تو) ترازو سیدھی رکھ کر تولا کرو۔ یہ بہت اچھی بات اور انجام کے لحاظ سے بھی بہت بہتر ہے۔

وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ﴿۳۶﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہ) ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تَقْفُ: (تو پیچھے نہ پڑ) اصلاً تَقْفُوْ ہے۔ لائے ناہیہ کی وجہ سے مجزوم۔ واؤ حرف علت محذوف۔ فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق ف و) ناقص واوی۔ صیغہ۔ قَفَا يَقْفُو۔ مصدر۔ قَفْوًا۔ قُفُوًا۔ (کسی کے پیچھے پڑنا) مَا: (جو۔ جس) اسم موصول۔ لَيْسَ: (نہیں) فعل ناقص ماضی۔ جامد۔ رافع اسم۔ ناصب خبر۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كَ: (تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً کی لَيْسَ خبر مقدّم منصوب۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هٖ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ عِلْمٌ: (علم۔ سائنس) کا لَيْسَ اسم مؤخر مرفوع۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ السَّمْعَ: (کان۔ شنوائی) إِنَّ کا اسم منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْبَصَرَ: (آنکھ۔ بینائی) معطوف منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْفُؤَادَ: (دل) معطوف۔ منصوب۔ كُلُّ: (تمام۔ ہر ایک) برائے تاکید۔ مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ أُولٰئِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَانَ: (وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ عَنْ: (بارے میں) حرف جار۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ مَسْؤُوْلاً: (ذمہ دار۔ باز پرس۔ جوابدہ۔ سوال کیا ہوا) اسم موصول۔ محلاً كُلُّ کی خبر منصوب۔ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور (اے بندے) جس چیز کا تجھے علم نہیں اس کے پیچھے نہ پڑ۔ کہ کان اور آنکھ اور دل ان سب (جوارح) سے ضرور باز پرس ہوگی۔

وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿۳۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَمْشِ:(تو چل)اصلاً تَمْشِيُ ہے۔بوجہ التقائے ساکنین۔ حرف علت ۔ی۔ محذوف۔فِيْ :(میں)حرف جار۔الْاَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔مَرَحًا :(اکڑتے ہوئے) منصوب۔مفعول بہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ :(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل۔تَخْرِقَ :(تو پھاڑ دے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت ۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ر ق)صیغہ۔خَرَقَ يَخْرِقُ۔مصدر۔خَرْقًا۔(پھاڑنا)۔الْاَرْضَ:(زمین کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل۔ تَبْلُغَ:(تو پہنچے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ)صیغہ۔بَلَغَ يَبْلُغُ۔مصدر۔بُلُوْغٌ۔(پہنچنا)۔ الْجِبَالَ:(الْجَبَلُ کی جمع۔پہاڑوں کو)منصوب مفعول بہ۔موصوف۔ طُوْلاً :(لمبائی)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:اور زمین پر اکڑ کر (اور تن کر) مت چل کہ تو زمین کو پھاڑ تو نہیں ڈالے گا اور نہ لمبا ہو کر پہاڑوں (کی چوٹی) تک پہنچ جائے گا۔

كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿٣٨﴾

كُلُّ:(ہر۔تمام)مبتداء مرفوع۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+ بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ كَانَ :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ سَيِّئُ:(بری)كَانَ کا اسم مرفوع۔ مضاف۔هٗ :(وہ)ضمیر واح مذکر غائب۔مجرور مضاف الیہ۔عِنْدَ:(پاس)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَكْرُوْهًا:(مکروہ۔ناپسندیدہ)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً كُلُّ مبتداء کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ان سب (عادتوں) کی برائی تیرے پروردگار کے نزدیک بہت ناپسند ہے۔

ذٰلِکَ مِمَّآ اَوۡحٰۤی اِلَیۡکَ رَبُّکَ مِنَ الۡحِکۡمَۃِ ؕ وَلَا تَجۡعَلۡ مَعَ اللّٰہِ اِلٰـہًا اٰخَرَ فَتُلۡقٰی فِیۡ جَہَنَّمَ مَلُوۡمًا مَّدۡحُوۡرًا ﴿۳۹﴾

ذَٰلِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔: (وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ مِمَّا: (اس سے جو) مرکب: (مِنْ+ مَّا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ أَوْحَىٰ: (اس نے وحی کی۔ حکم دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَوْحٰی يُوْحِيْ۔ مصدر۔ اِيْحَاءٌ۔ (حکم دینا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ح ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔ وَحٰی يَحِيْ۔ مصدر۔ وَحْيٌ۔ (حکم دینا۔ وحی کرنا)۔ إِلَيَّ: (طرف) حرف جار۔ كَ: (تیری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ رَبُّ: (ربّ) مبتداء مؤخر۔ مضاف۔ كَ: (تیرا) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنَ: (سے) حرف عطف۔ مبنی بر سکون۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ الْحِكْمَةِ: (حکمت۔ پالیسی۔ دانائی) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہ) ناہیہ۔ جازم فعل مضارع۔ تَجْعَلْ: (تو) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت۔ محل اعراب مفتوح۔ مَعَ: (ساتھ) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ اللَّهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ إِلَٰهًا: (معبود) منصوب۔ مفعول بہ۔ آخَرَ: (دوسرا) صفت منصوب۔ تابع موصوف۔ فَ: (پس) سببیہ۔ اَنْ مضمر۔ ناصب مضارع۔ تُلْقَىٰ: (تجھے ڈالا جائے گا) فعل مضارع مجہول۔ واحد مذکر حاضر۔ تقدیراً منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَلْقٰی يُلْقِيْ۔ مصادر۔ اِلْقَاءٌ۔ (ڈالنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ل ق ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ لَقِيَ يَلْقٰی۔ مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔ لُقِيًّا۔ لُقْيًا۔ لُقًی۔ لَقْيًا۔ (ملاقات کرنا۔ ملنا)۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ جَهَنَّمَ: (جہنم۔ دوزخ۔ آگ) غیر منصرف۔ اسم مجرور۔ مَلُومًا: (مذمت کیا ہوا۔ ملامت کیا ہوا) اسم مفعول۔ محلاً منصوب۔ حال۔ مَّدْحُورًا: (دھتکارا ہوا) اسم مفعول۔ محلاً منصوب۔ حال ثانی۔

ترجمہ آیت: اے پیغمبر یہ ان (ہدایتوں) میں سے ہیں جو اللہ نے دانائی کی باتیں تمہاری طرف وحی کی ہیں۔اور اللہ کے ساتھ کوئی معبود نہ بنانا کہ (ایسا کرنے سے) ملامت زدہ اور (درگاہ اللہ سے) راندہ بنا کر جہنم میں ڈال دیئے جاؤ گے۔

اَفَاَصۡفٰكُمۡ رَبُّكُمۡ بِالۡبَنِيۡنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الۡمَلٰۤٮِٕكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمۡ لَتَقُوۡلُوۡنَ قَوۡلًا عَظِيۡمًا ﴿۴۰﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَصۡفَا:(اس نے چن لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصۡفیٰ یُصۡفِیۡ۔مصدر۔اِصۡفَاءٌ۔(چن لینا)۔کُمۡ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔رَبُّ:(ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔کُمۡ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔اَلۡبَنِيۡنَ:(بیٹے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَتَّخَذَ :(وہ پکڑتا ہے۔اختیار کرتا ہے۔وہ بناتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخۡذًا۔(پکڑنا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔اَلۡمَلآئِكَةِ:(فرشتوں۔کائناتی قوتیں۔غیر مرئی طاقتیں)اسم مجرور۔ إِنَاثًا:(اَنۡثٌ کی جمع۔مادائیں۔مونث۔عورتیں۔لڑکیاں۔بیٹیاں)منصوب۔مفعول بہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(البتہ۔ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔تَقُوۡلُوۡنَ:(تم کہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ یَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا۔گفتگو کرنا۔) قَوۡلاً :(بات۔قول۔)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔عَظِيۡمًا:(بہت بڑی۔)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (مشرکو!) کیا تمہارے پروردگار نے تم کو لڑکے دیئے اور خود فرشتوں کو بیٹیاں بنایا۔کچھ شک نہیں کہ (یہ) تم بڑی (نامعقول بات) کہتے ہو۔

وَلَقَدۡ صَرَّفۡنَا فِىۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لِيَذَّكَّرُوۡا ؕ وَمَا يَزِيۡدُهُمۡ اِلَّا نُفُوۡرًا ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یا عاطفہ۔لَ:(ضرور۔البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ صَرَّفْنَا:(ہم نے موڑ دیا۔پھیر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَرَّفَ يُصَرِّفُ۔مصدر۔تَصْرِيفًا۔(پھیرنا۔موڑنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَـٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔محلاًاسم مجرور۔الْقُرْآنِ:(قرآن مجید) هَـٰذَا کا بدل مجرور۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يَذَّكَّرُوْا:(وہ ذکر کرتے ہیں۔نصیحت پکڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِذَّكَّرَ يَذَّكَّرُ۔مصدر۔ اِذَّكُّرٌ۔(نصیحت حاصل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا ۔ نصیحت کرنا)۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔يَزِيْدُ:(وہ زیادہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د) اجوف یائی۔ صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ ۔ مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ دینا۔زیادہ کرنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ نُفُوْرًا : (نفرت۔بھاگنا۔بدکنا)منصوب۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے اس قرآن میں طرح طرح کی باتیں بیان کی ہیں تاکہ لوگ نصیحت پکڑیں گے۔مگر وہ اس سے اور بدک جاتے ہیں۔

قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِـهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِى الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔گفتگو کرنا) لَّوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔آلِهَةٌ:(اِلٰهَ کی جمع۔معبودوں)مبتداء مؤخر مرفوع۔ كَمَا:(جیسا کہ)حرف تشبیہ و

حرف جار۔+مصدریہ۔ محلاً اسم مجرور۔ **يَقُوْلُوْنَ**:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واوٌ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ **قَالَ يَقُوْلُ**۔ مصدر۔ **قَوْلًا**۔(بات کرنا۔گفتگو کرنا۔) **إِذًا**:(تب۔عموماًاِذَنْ۔ناصب مضارع لکھا جاتا ہے) **لَ**:(ضرور۔ البتہ) لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔**اِبْتَغَوْا**:(تلاش کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واوٌ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ ۔**اِبْتَغٰى يَبْتَغِيْ**۔مصدر۔ **اِبْتِغَاءٌ**۔(تلاش کرنا۔ڈھونڈنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔**بَغٰى يَبْغِيْ**۔مصدر۔ **بَغْيًا**۔(سرکشی کرنا۔زیادتی کرنا)۔**إِلَى**:(طرف۔تک)حرف جار۔**ذِيْ**:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔محلاً اسم مجرور ۔مضاف۔ **الْعَرْشِ**: (عرش۔ تخت حکومت۔ چھت۔بلندی)مجرور مضاف الیہ۔**سَبِيْلًا**:(راستہ) منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ اگر اللہ کے ساتھ اور معبود ہوتے جیسا کہ یہ کہتے ہیں تو وہ ضرور (اللہ) مالک عرش کی طرف (لڑنے بھڑنے کے لئے) رستہ نکالتے۔

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾

سُبْحَانَ:(پاک ہے)منصوب۔مفعول مطلق۔فعل محذوف۔مضاف۔**هُ**:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔**وَ**:(اور)حرف عطف۔**تَعَالَى**:(وہ اعلیٰ ہوا۔بلند ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔**تَعَالٰى يَتَعَالٰى**۔مصدر۔**تَعَالِيٌ**۔(بلند ہونا)۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(ع ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔**عَلَا يَعْلُو**۔مصدر۔**عُلُوًّا**۔(چڑھائی کرنا۔ بلند کرنا۔تباہ و برباد کرنا۔سرکشی کرنا)۔ **عَمَّا**:(جو کچھ) مرکب:(**عَنْ+مَّا**)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ **يَقُوْلُوْنَ** :(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واوٌ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ **قَالَ يَقُوْلُ**۔ مصدر۔ **قَوْلًا**۔(بات کرنا۔گفتگو کرنا۔) **عُلُوًّا** : (سرکشی۔بغاوت)مفعول مطلق۔ منصوب۔ موصوف **كَبِيْرًا**:(بہت بڑی)صفت۔ منصوب۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وہ پاک ہے اور جو کچھ یہ بکواس کرتے ہیں اس سے (اس کا رتبہ) بہت عالی ہے۔

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾

تُسَبِّحُ: (وہ تسبیح کرتی ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔ مصدر۔ تَسْبِيْحًا۔ (تسبیح کرنا۔ پاکیزگی بیان کرنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ السَّمٰوٰتُ: (آسمانوں) فاعل مرفوع۔ السَّبْعُ: (ساتواں۔ ساتوں) خبر مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْاَرْضُ: (زمین) معطوف مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ هِنَّ: (ان) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ إِنْ: (نہیں) نافیہ۔ بعدہ۔ إِلَّا آ گیا ہے۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ زائدہ۔ شَيْءٍ: (کوئی شئے) لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا: (سوائے۔ مگر) حرف حصر۔ يُسَبِّحُ: (وہ تسبیح بیان کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔ مصدر۔ تَسْبِيْحًا۔ (تسبیح کرنا۔ پاکیزگی بیان کرنا)۔ جملہ محلاً مبتداء شَيْءٍ کی خبر مرفوع۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ حَمْدِ: (تعریف) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ لٰكِنْ: (لیکن) حرف استدراک۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ تَفْقَهُوْنَ: (تفقہ کرتے ہیں۔ غور کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت ۔نون اعرابی موجود۔ واو جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ف ق ھ) صیغہ۔ فَقَهَ يَفْقَهُ۔ مصدر۔ فِقْهٌ۔ (سوچنا۔ غور کرنا)۔ تَسْبِيْحَ: (تسبیح) منصوب۔ مفعول بہ مضاف۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ: (وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک

ون)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ حَلِیْمًا :(نرم دل۔برداشت کرنے والا۔بردبار۔)کَانَ کی خبر منصوب۔غَفُوْرًا:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:ساتوں آسمان اور زمین اور جو لوگ ان میں ہیں سب اسی کی تسبیح کرتے ہیں۔اور (مخلوقات میں سے) کوئی چیز نہیں مگر اس کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتی ہے۔لیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے۔بے شک وہ بردبار (اور) غفار ہے۔

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَکَ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔قَرَأْتَ:(تونے پڑھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ق ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔قَرَاءَ یَقْرَاءُ۔مصدر۔ قِرَاءَةٌ۔(پڑھنا)۔اَلْقُرآنَ:(قرآن مجید)منصوب مفعول بہ۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔لَکَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ وَ:(اور)بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔اَلَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔یُؤْمِنُوْنَ :(وہ ایمان لائیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اَلْآخِرَةِ: (آخرت۔ قیامت)اسم مجرور۔حِجَابًا:(ایک پردہ)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ مَّسْتُوْرًا :(چھپا ہوا)اسم مفعول۔واحد مذکر۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور جب قرآن پڑھا کرتے ہو تو ہم تم میں اور ان لوگوں میں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے حجاب پر حجاب کر دیتے ہیں۔

وَّ جَعَلۡنَا عَلٰی قُلُوۡبِهِمۡ اَكِنَّةً اَنۡ یَّفۡقَهُوۡهُ وَ فِیۡۤ اٰذَانِهِمۡ وَقۡرًا ؕ وَاِذَا ذَكَرۡتَ رَبَّكَ فِی الۡقُرۡاٰنِ
وَحۡدَهٗ وَلَّوۡا عَلٰۤی اَدۡبَارِهِمۡ نُفُوۡرًا ﴿۴۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ قُلُوبِ:(قَلَبٌ کی جمع۔دلوں)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَكِنَّةً:(پردے۔ غلاف)منصوب۔مفعول بہ۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَّفْقَهُو:(وہ غور کریں۔وہ سوچیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع۔الف فارقہ۔محذوف بوجہ اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ق ھ)صیغہ۔فَقَهَ يَفْقَهُ۔مصدر۔ فِقْهٌ۔(سوچنا۔غور کرنا) ۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ آذَانِ:(أُذُنٌ کی جمع۔کانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَقْرًا :(بوجھ)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔ شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔ ذَكَرْتَ:(تونے ذکر کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت ت مبسوط ضمیر ساکن۔)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔ رَبَّ:(رب سے)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔كَ :(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔الْقُرْآنِ:(قرآن مجید۔)اسم مجرور۔وَحْدَ:(ایک)منصوب۔حال۔ مضاف۔ هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَلَّوْا:(انہوں نے منہ پھیر لئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيْلٌ۔ صیغہ۔وَلّٰى يُوَلِّيْ۔مصدر۔تَوْلِيَةٌ۔ (مدد کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب حسب۔مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔ عَلَى:(پر)حرف

جار۔ أَدْبَارِ:(پشتوں۔ پیٹھوں)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔
نُفُورًا :(بدکتے ہوئے۔ نفرت کرتے ہوئے)منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت: اور ان کے دلوں پر پردہ ڈال دیتے ہیں کہ اسے سمجھ نہ سکیں اور ان کے کانوں میں ثقل پیدا کر دیتے ہیں۔ اور جب تم قرآن میں اپنے پروردگار یکتا کا ذکر کرتے ہو تو وہ بدک جاتے اور پیٹھ پھیر کر چل دیتے ہیں۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿٤٧﴾

نَّحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَعْلَمُ :(وہ خوب جانتا ہے)افعل التفضیل۔ خبر مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ يَسْتَمِعُونَ:(وہ غور سے سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَمَعَ يَسْتَمِعُ۔ مصدر۔ اِسْتِمَاعٌ۔(غور سے سننا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(س م ع) صیغہ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔ مصدر۔ سَمْعٌ۔(سننا)۔ بِ:(ساتھ۔ سے)حرف جار۔ هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ يَسْتَمِعُونَ:(وہ غور سے سنتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَمَعَ يَسْتَمِعُ۔ مصدر۔ اِسْتِمَاعٌ۔ (غور سے سننا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(س م ع) صیغہ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔ مصدر۔ سَمْعٌ۔(سننا)۔ إِلَيَ: (طرف۔)حرف جار۔ كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ نَجْوَى:(اس نے سرگوشی کرنے والے۔)اسم نکرہ۔ خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ج و)ناقص یائی۔ صیغہ۔ نَجَا يَنْجُو۔ مصدر۔ نَجْوَةٌ۔(سرگوشی کرنا۔ کانا پھوسی کرنا) إِذْ:(جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ يَقُوْلُ :(وہ کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ

يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔الظّٰلِمُوْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے) فاعل جمع مذکر۔ مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنْ:(نہ)نافیہ۔آگے اِلَّا ہو تو معنی نفی ہو تا ہے تَتَّبِعُوْنَ:(تم پیروی کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر ۔ اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔رَجُلًا:(آدمی مرد۔ شخص)منصوب۔مفعول بہ۔ موصوف ۔ مَّسْحُوْرًا:(سحر زدہ۔جادو کیاہوا)منصوب۔اسم مفعول۔محلاً صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:یہ لوگ جب تمہاری طرف کان لگاتے ہیں تو جس نیت سے یہ سنتے ہیں ہم اسے خوب جانتے ہیں اور جب یہ سرگوشیاں کرتے ہیں (یعنی) جب ظالم کہتے ہیں کہ تم ایک ایسے شخص کی پیروی کرتے ہو جس پر جادو کیا گیا ہے

اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾

اُنْظُرْ:(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔ مصدر۔ نَظْرٌ۔ (دیکھنا)۔ كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب حال۔ ضَرَبُوْا:(انہوں نے بیان کیا۔ مارا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبٌ۔(مارنا۔بیان کرنا۔چلنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر ۔محلاً اسم مجرور۔الْاَمْثَالَ :(مثالیں)منصوب مفعول بہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ضَلُّوْا:(وہ گمراہ ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔ فَ:(تو)حرف عطف۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔يَسْتَطِيْعُوْنَ:(وہ طاقت رکھتے ہیں۔کرسکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ

۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ یَطُوْعُ ۔ یَطِیْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔سَبِیْلاً:(راہ)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: دیکھو انہوں نے کس کس طرح کی تمہارے بارے میں باتیں بنائیں ہیں۔ سو یہ گمراہ ہورہے ہیں اور رستہ نہیں پاسکتے۔

وَ قَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِیْدًا ﴿۴۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَالُوْا :(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔اِئِذَا:(کیا جب۔):(أ+اِذَا)حرف استفہام انکاری۔+ ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔كُنَّا :(ہم ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔ رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عِظَامًا:(عَظْمٌ کی جمع۔ ہڈیاں) كَانَ کی خبر منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رُفَاتًا:(بوسیدہ۔گلی ہوئیں۔چورا چورا۔ریزہ ریزہ۔) معطوف منصوب۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب۔:(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ لَ:(البتہ ۔ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مَبْعُوْثُوْنَ:(زندہ کرکے اٹھائے جانے والے)اسم مفعول جمع مذکر۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ خَلْقًا:(پیدائش)منصوب۔حال۔موصوف۔ جَدِیْدًا :(نئے۔نئے سرے سے)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور کہتے ہیں کہ جب ہم(مرکر بوسیدہ) ہڈیوں اور چُور چُور ہوجائیں گے تو کیا ازسرنو پیدا ہو کر اُٹھیں گے۔

قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِیْدًا ﴿۵۰﴾

قُلْ:(تم کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ كُوْنُوْا:(تم ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی

محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔حِجَارَةً:(پتھر)منصوب۔حال۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔حَدِيْدًا:(لوہا)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ (خواہ تم) پتھر ہو جاؤ یا لوہا۔

اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿٥١﴾

أَوْ:(یا)حرف عطف۔ خَلْقًا :(پیدائش۔ مخلوق)منصوب۔ مفعول بہ مقدّم۔مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+ مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت منصوب۔یَکْبُرُ:(وہ بڑا ہو)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ک ب ر)صیغہ۔کَبُرَ یَکْبُرُ۔مصدر۔کِبْرًا۔(بڑا ہونا)۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔صُدُوْرِ:(صَدْرٌ کی جمع۔سینے۔دل)اسم مجرور۔ مضاف۔کُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔سَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)حرف استقبال۔یَقُوْلُوْنَ: (وہ کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات۔قول)۔ مَنْ:(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ مبتداء۔ مرفوع۔ یُّعِیْدُ:(وہ لوٹائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَادَ یُعِیْدُ۔ مصدر۔ اِعَادَةٌ۔(لوٹانا۔دہرانا)۔نَا:(ہم کو۔ ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔قُلِ:(تم کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات۔ قول۔)۔ الَّذِيْ :(جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر۔ محلاً مبتداء مرفوع۔فَطَرَ:(اس نے پیدا کیا۔پھاڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ط ر)صیغہ۔فَطَرَ یَفْطُرُ۔مصدر۔فَطْرًا۔(عدم سے پیدا کرنا)۔کُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ أَوَّلَ:(پہلے)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔مَرَّةٍ:(بار۔مرتبہ)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:

(پس)برائے رابطہ۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔يَنْغِضُوْنَ:(وہ تعجب سے ہلائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْغَضَ يُنْغِضُ۔مصدر۔ اِنْغَاضٌ۔(حیرت ۔نفرت۔تعجب سے سر کا ہلانا) اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ : (تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔رُؤُوْسَ:(رَاسٌ کی جمع۔سروں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ مَتَىٰ:(کب)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔قُلْ : (تو کہہ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا) عَسَىٰ:(توقع ہے)فعل مقاربہ ماضی۔جامد۔واحد مذکر غائب۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَّكُوْنَ:(وہ ہو)فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ قَرِيْبًا:(قریب) كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:یا کوئی اور چیز جو تمہارے نزدیک (پتھر اور لوہے سے بھی) بڑی (سخت) ہو(جھٹ کہیں گے) کہ (بھلا) ہمیں دوبارہ کون جلائے گا؟ کہہ دو کہ وہی جس نے تم کو پہلی بار پیدا کیا۔تو(تعجب سے) تمہارے آگے سر ہلائیں گے اور پوچھیں گے کہ ایسا کب ہو گا؟ کہہ دو کہ امید ہے جلد ہو گا۔

يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۵۲﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔يَدْعُوْ:(وہ پکارتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُوْ۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔

محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔تَسْتَجِيْبُوْنَ:(تم قبول کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِستَجَابَ يَستجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(قبول کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج و ب) صیغہ۔ جَابَ يَجُوْبُ۔ مصدر۔جَوْبًا۔(پتھر گھڑنا۔ تراشنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔حَمْدِ:(تعریف)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَظُنُّوْنَ:(تم گمان کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ظَنٌّ۔(شک کرنا۔گمان کرنا۔وہم کرنا)۔إِنْ:(نہیں)نافیہ۔لَّبِثْتُمْ: (تم ٹھہرے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً فعل شرط۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ب ث) صیغہ۔لَبِثَ يَلْبَثُ۔مصدر۔لَبْثٌ۔(ٹھہرنا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ قَلِيْلاً :(تھوڑا۔بہت کم)نائب ظرف زمان۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: جس دن وہ تمہیں پکارے گا تو تم اس کی تعریف کے ساتھ جواب دوگے اور خیال کروگے کہ تم (دنیا میں) بہت کم (مدت) رہے۔

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۵۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قُلْ:(تو کہہ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ عِبَادِ: (عَبْدٌ کی جمع۔بندے)اسم مجرور۔مضاف۔يْ :(میرے)ضمیر واحد متکلم۔ مجرور مضاف الیہ۔يَقُوْلُوْا:(وہ کہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔جواب طلب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔الَّتِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ هِيَ:(وہ)ضمیر

منفصل۔واحد مؤنث غائب۔مبتداء مرفوع۔ أَحْسَنُ: (بہت اچھی۔بہت ہی خوبصورت۔) افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔الشَّيْطَانَ:(شیطان۔ہر وہ چیز ضرررساں ہو۔)کا إِنَّ اسم منصوب۔يَنْزَغُ:(جھگڑتا ہے۔اختلاف کرتا ہے۔اکساتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ز غ) صیغہ۔ نَزَغَ يَنْزَغُ۔مصدر۔نَزْغًا۔(جھگڑا ڈالنا۔اختلاف پیدا کرنا۔)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف ماکن۔منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الشَّيْطَانَ:(شیطان۔ہر وہ چیز ضرررساں ہو۔) کا إِنَّ اسم منصوب۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لِ: (لئے)حرف جار۔الْإِنْسَانِ:(انسان)اسم مجرور۔عَدُوًّا:(دشمن) منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔مُّبِيْنًا: (کھلم کھلا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور میرے بندوں سے کہہ دو کہ (لوگوں سے) ایسی باتیں کہا کریں جو بہت پسندیدہ ہوں۔کیونکہ شیطان (بری باتوں سے) ان میں فساد ڈلوا دیتا ہے۔کچھ شک نہیں کہ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۵۴﴾

رَّبُّ:(ربّ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَعْلَمُ:(خوب جانتا ہے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف اجر۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔يَّشَاءْ:(وہ چاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ يَرْحَمْ:(وہ رحم کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔ فعل جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ح م)صیغہ۔رَحِمَ يَرْحَمُ۔مصدر۔ رَحْمٌ۔(رحم کرنا)۔كُمْ:(تم کو۔پر)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔

أَوْ:(یا)حرف عطف۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ يَّشَاْ:(وہ چاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ يُعَذِّبْ:(وہ عذاب دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔محلاً جواب فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَذَّبَ يُعَذِّبُ۔ مصدر۔تَعْذِيْبٌ۔(عذاب دینا۔سزاء دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرُم۔ مادہ (ع ذ ب)صیغہ۔عذب یعذب مصدر۔عذوبۃ۔(میٹھا۔اچھا۔مزیدار۔هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَ هٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ)كُمْ :(تم کو۔پر)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)اعتراضیہ۔ مَا:(نہیں) نافیہ۔ أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔كَ :(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔منصوب۔مفعول بہ۔ عَلَيْ: (پر)حرف جار۔هِمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔وَكِيْلاً:(وکیل۔قابل بھروسہ۔کارساز)۔منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:تمہارا پروردگار تم سے خوب واقف ہے۔اگر چاہے تو تم پر رحم کرے یا اگر چاہے تو تمہیں عذاب دے۔اور ہم نے تم کو ان پر داروغہ (بناکر) نہیں بھیجا۔

وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰي بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔رَبُّ:(ربّ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَعْلَمُ:(خوب جانتا ہے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَنْ: (جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔فِيْ:(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ :(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْاَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔یا استئناف۔ لَ: (ضرور۔ البتہ)لائے

تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔فَضَّلْنَا:(ہم نے فضیلت دی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَضَّلَ یُفَضِّلُ۔مصدر۔تَفْضِيْلٌ۔(فضیلت دینا)۔ بَعْضَ : (کچھ)برائے تاکید۔منصوب ۔مفعول بہ۔مضاف۔النَّبِيّنَ:(نَبِیٌّ کی جمع۔خبر دینے والے) مجرور۔ علامت۔ی۔مضاف الیہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔بَعْضٍ:(بعض۔کچھ)برائے تاکید۔محلاًاسم مجرور۔وَ: (اور)حرف عطف۔آتَيْنَا:(ہم نے دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَیٰ یَاْتِیْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ دَاوٗدَ:(داوٗدؑ)منصوب۔ مفعول بہ۔زَبُوْرًا :(زبر کی جمع۔ورق۔کتاب زبور)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت:اور جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں تمہارا پروردگار ان سے خوب واقف ہے۔اور ہم نے بعض پیغمبروں کو بعض پر فضیلت بخشی اور داوٗد کو زبور عنایت کی۔

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿٥٦﴾

قُلِ:(تو کہہ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔اُدْعُوْا:(تم بلاؤ۔پکارو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدْعُوْ۔ مصدر۔دَعْوَةٌ(پکارنا)۔ الَّذِيْنَ :(وہ جن)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ ۔ زَعَمْتُمْ:(تم نے گمان کیا۔خیال کیا)فعل قلوب ماضی۔جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ز ع م)صیغہ۔زَعَمَ یَزْعَمُ۔مصدر۔زَعْمًا۔(گمان کرنا۔کسی چیز کے بارے میں خیال کرنا۔وہ غلط ہو یا درست)۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔دُوْنِ:(علاوہ۔سوائے)ظرف مکان۔محلاًاسم مجرور۔ مضاف۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔

يَمْلِكُوْنَ :(وہ ملکیت رکھتے ہیں۔اختیار رکھتے ہیں۔طاقت رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)۔صیغہ۔مَلَكَ يَمْلِكُ۔مصدر۔مَلْكًا۔مُلْكًا۔(مالک بننا۔اختیار رکھنا)۔كَشْفَ:(دور کرنا)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ الضُّرِّ:(تکلیف۔ تنگی۔)مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً مرفوع خبر۔مبتداء محذوف۔ تقدیرًا هُمْ۔عَنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)زائدہ۔برائے تاکید نفی۔تَحْوِيْلاً :(تبدیل کرنا۔موڑنا۔بدلنا۔بدلنے کا) معطوف۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: کہو کہ (مشرکو) جن لوگوں کی نسبت تمہیں (معبود ہونے کا) گمان ہے ان کو بلا کر دیکھو۔ وہ تم سے تکلیف کے دور کرنے یا اس کے بدل دینے کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ۭ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾

أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً بدل اسم اشارہ۔ يَدْعُوْنَ:(وہ پکارتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔ دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔يَبْتَغُوْنَ:(وہ تلاش کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاًمبتداءأُولَئِكَ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِبْتِغٰى يَبْتَغِيْ۔مصدر۔اِبْتِغَاءٌ۔(تلاش کرنا۔ڈھونڈنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔بَغِيَ يَبْغٰي۔مصدر۔بَغْيًا۔(سرکشی کرنا۔زیادتی کرنا بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا۔ تلاش کرنا۔جستجو کرنا)۔ إِلَى : (طرف)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف

الیہ۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔ الْوَسِيْلَةَ:(وسیلہ)منصوب۔مفعول بہٖ أَيُّ:(کون۔کونسا)اسم استفہام۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَقْرَبُ:(بہت قریب)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَرْجُوْنَ:(امید رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ر ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَجَا يَرْجُو۔مصدر۔رِجَاءٌ۔(امید رکھنا۔توقع رکھنا۔خواہش رکھنا)۔ رَحْمَتَ:(رحمت۔مہربانی۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔يَخَافُوْنَ :(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ و ف)اجوف واوی۔ صیغہ ۔خَافَ يُخَافُ۔مصدر۔خَوْفٌ۔ خِيْفَةٌ۔(ڈرنا۔خوف کھانا)۔عَذَابَ:(عذاب سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ عَذَابَ : (عذاب۔سزاء) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مَحْذُوْرًا:(ڈرایا گیا ہوا۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ لوگ جن کو(اللہ کے سوا) پکارتے ہیں وہ خود اپنے پروردگار کے ہاں ذریعہ (تقرب) تلاش کرتے رہتے ہیں کہ کون ان میں (اللہ کا) زیادہ مقرب ہوتا ہے اور اس کی رحمت کے امیدوار رہتے ہیں اور اس کے عذاب سے خوف رکھتے ہیں۔بے شک تمہارے پروردگار کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے۔

وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنۡ:(نہیں)نافیہ۔بعد اِلَّا میں آرہا ہے۔ مِّنۡ:(سے)حرف زائدہ۔ قَرۡيَةٍ:(بستی)لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر نَحۡنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مُهۡلِكُوۡ:(ہلاک کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر ۔نون جمع ۔محذوف بوجہ مضاف۔ خبر مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَبۡلَ: (پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔يَوۡمِ:(دن)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔الۡقِيٰمَةِ :(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔اَوۡ:(یا)حرف عطف۔ مُعَذِّبُوۡ:(عذاب دینے والے)نون جمع ۔محذوف بوجہ مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَذَابًا: (عذاب) منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ شَدِيۡدًا:(بہت سخت)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ فِيۡ:(میں)حرف جار۔ الۡكِتٰبِ :(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔اسم مجرور۔مَسۡطُوۡرًا: (لکھی ہوئی)اسم مفعول۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور(کفر کرنے والوں کی) کوئی بستی نہیں مگر قیامت کے دن سے پہلے ہم اسے ہلاک کردیں گے یا سخت عذاب سے معذب کریں گے۔یہ کتاب(یعنی تقدیر) میں لکھا جاچکا ہے۔

وَمَا مَنَعَنَاۤ اَنۡ نُّرۡسِلَ بِالۡاٰيٰتِ اِلَّاۤ اَنۡ كَذَّبَ بِهَا الۡاَوَّلُوۡنَ ؕ وَاٰتَيۡنَا ثَمُوۡدَ النَّاقَةَ مُبۡصِرَةً فَظَلَمُوۡا بِهَا ؕ وَمَا نُرۡسِلُ بِالۡاٰيٰتِ اِلَّا تَخۡوِيۡفًا ﴿۵۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔مَنَعَ:(اس نے منع کیا۔روکا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(م ن ع)صیغہ۔مَنَعَ يَمۡنَعُ۔مصدر۔مَنۡعٌ۔(منع کرنا۔روکنا)۔نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ اَنۡ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ نُّرۡسِلَ :(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔

ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔ (ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَۃً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْآيَاتِ :(آیات۔نشانیوں کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الْأَوَّلُونَ:(پہلوں نے)فاعل مرفوع۔جمع مذکر۔ وَ:(اور) حرف عطف۔آتَيْنَا:(ہم نے دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیٰ یَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ثَمُوْدَ:(ثمود۔ایک قوم کا نام)منصوب۔مفعول بہٖ۔ النَّاقَةَ:(اونٹنی)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ مُبْصِرَةً :(دکھانے والی۔اعلانیہ۔روشن۔واضح)منصوب حال۔فَ:(پس)حرف عطف۔ظَلَمُوْا:(انہوں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔ اندھیر مچانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔نُرْسِلُ:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ (بھیجنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔ رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْآيَاتِ: (آیات۔ نشانیوں کے) إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ تَخْوِيفًا :(ڈراوے کے۔ڈرانے کے لئے۔ خوف دلانے کے لئے) منصوب۔ مفعول لہٗ۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے نشانیاں بھیجنی اس لئے موقوف کر دیں کہ اگلے لوگوں نے اس کی تکذیب کی تھی۔اور ہم نے ثمود کو اونٹنی (نبوت صالح کی کھلی) نشانی دی۔تو انہوں نے اس پر ظلم کیا اور ہم جو نشانیاں بھیجا کرتے ہیں تو ڈرانے کو

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿۶۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ بمعنی ماضی۔ قُلْنَا:() ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا) لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَحَاطَ:(اس نے گھیرا۔احاطہ کیا۔چاردیواری کر دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَاطَ يُحِيْطُ۔مصدر۔ اِحَاطَةٌ۔(گھیر لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح و ط)اجوف یائی۔صیغہ۔حَاطَ يَحُوْطُ۔مصدر۔حَوْطًا۔حَيْطَةً۔حِيْطَةً۔حِيَاطَةً۔(گھیر لینا۔حفاظت میں لینا۔نگہبانی کرنا۔احاطہ کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ النَّاسِ:(لوگ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ الرُّؤْيَا:(دکھاوا۔منظر۔خواب)منصوب۔مفعول بہ۔الَّتِيْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً صفت منصوب۔أَرَيْنَا:(ہم نے دکھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔ صیغہ۔اَرٰی يُرٰی۔ مصدر۔ اِرَاءَةٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر غائب ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ فِتْنَةً: (فتنہ۔آزمائش۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّجَرَةَ :(درخت) معطوف۔

منصوب۔ موصوف۔ الْمَلْعُوْنَةَ:(لعنتی۔ دور کیا ہوا۔ برا)صفت منصوب۔ تابع موصوف۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ الْقُرْآنِ:(قرآن کریم)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ نُخَوِّفُ:(ہم ڈراتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ خَوَّفَ يُخَوِّفُ۔ مصدر۔ تَخْوِيْفًا۔(ڈرانا۔ خوفزدہ کرنا۔) ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔(خ و ف)اجوف واوی۔ صیغہ۔ خَافَ يُخَافُ۔ مصدر۔ خَوْفٌ۔ خِيْفَةٌ۔(ڈرنا۔ خوف کھانا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ يَزِيْدُ:(وہ زیادہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔ صیغہ۔ زَادَ يَزِيْدُ ۔ مصدر۔ زِيَادَةٌ۔(زیادہ دینا۔ زیادہ کرنا) هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ طُغْيَانًا:(سرکشی۔ بغاوت)منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ موصوف۔ كَبِيْرًا:(بہت بڑی)صفت منصوب۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جب ہم نے تم سے کہا کہ تمہارا پروردگار لوگوں کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اور جو نمائش ہم نے تمہیں دکھائی اس کو لوگوں کے لئے آزمائش کیا۔ اور اسی طرح (تھوہر کے) درخت کو جس پر قرآن میں لعنت کی گئی۔ اور ہم انہیں ڈراتے ہیں تو ان کو اس سے بڑی (سخت) سرکشی پیدا ہوتی ہے۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ﴿٦١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ إِذْ :(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ بمعنی ماضی۔ قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا۔ کہنا)۔ لِ:(لئے)الْمَلَآئِكَةِ : (فرشتے۔ کائناتی قوتیں۔ غیر مرئی طاقتیں)اسم مجرور۔ اُسْجُدُوْا:(سجدہ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت ۔نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(س ج د)صیغہ۔ سَجَدَ يَسْجُدُ۔ مصدر۔ سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔ زمین پر ماتھا ٹیکنا۔ تعظیم کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف اجر۔ آدَمَ:(آدمؑ)غیر منصرف۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ سَجَدُوْا:(انہوں نے سجدہ کیا)فعل ماضی جمع مذکر

غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔ سُجُوْدٌ۔
(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا)۔اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔إِبْلِيْسَ:(ابلیس۔انکار کرنے والا)مستثنٰی منصوب۔
قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد۔مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔
قَوْلًا۔(بات کرنا۔کہنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام انکاری۔أَسْجُدُ:(میں سجدہ کروں)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی
مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا)۔
لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ :(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔خَلَقْتَ :(تونے پیدا کیا) فعل
مضارع واحد مذکر حاضر۔ت مبسوط ضمیر مفتوح۔علامت حاضر مذکر۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ (خ ل ق)
صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔طِيْنًا:(مٹی سے)اسم منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہ کیا۔بولا کہ
بھلا میں ایسے شخص کو سجدہ کروں جس کو تونے مٹی سے پیدا کیا ہے۔

قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۲﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد۔مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔
قَوْلًا۔(بات کرنا۔کہنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔رَأَيْتَ:(تونے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ت مبسوط ضمیر
مفتوح۔علامت حاضر مذکر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔
مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر
حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ هَـٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ الَّذِيْ:
(جو)اسم موصول واحد مذکر۔محلاً هَـٰذَا کا بدل۔ منصوب۔ كَرَّمْتَ:(تونے احترام کیا۔تکریم کی)فعل ماضی واحد
مذکر حاضر۔ علامت ۔ ت مبسوط ضمیر مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَرَّمَ يُكَرِّمُ۔ مصدر۔
تَكْرِيْمًا۔(عزت دینا۔ تعظیم دینا)۔عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔ لَئِنْ:(یقیناً اگر)مرکب :(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔

+حرف شرطیہ۔ أَخَّرْتَنِ:(تو نے مہلت دی۔مؤخر کیا)مرکب:(أَخَّرْتَ+نِ+ی)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ علامت ۔ ت مبسوط ضمیر مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔اَخَّرَ يُؤَخِّرُ۔مصدر۔ تَاخِيْرًا۔(لیٹ کرنا۔مؤخر کرنا۔مہلت دینا)۔+نون وقایہ۔یائے متکلم کو بچانے کے لئے+ضمیر واحد متکلم۔محذوف۔بعوض کسرہ۔منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَىٰ:(طرف۔تک)حرف جار۔ يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔الْقِيَامَةِ: (قیامت) مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔اَحْتَنِكَنَّ :(میں قابو کروں گا۔جڑ سے اکھاڑ دوں گا۔)فعل مضارع واحد متکلم۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِحْتَنَکَ يَحْتَنِكُ۔مصدر۔اِحْتِنَاكٌ۔(قابو پانا۔جڑ سے اکھاڑنا)۔ذُرِّيَّتَ:(اولاد کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔قَلِيْلاً:(بہت تھوڑا)مستثنیٰ منصوب۔

ترجمہ آیت:(اور ازراہ طنز) کہنے لگا کہ دیکھ تو یہی وہ ہے جسے تو نے مجھ پر فضیلت دی ہے۔اگر تو مجھ کو قیامت کے دن تک مہلت دے تو میں تھوڑے سے شخصوں کے سوا اس کی (تمام) اولاد کی جڑ کاٹتا رہوں گا۔

قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَإِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿٦٣﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد۔مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا۔کہنا)۔اِذْهَبْ:(توجا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ(ذ ھ ب) صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ ۔مصدر۔ذِهَابًا۔(جانا)۔فَ:(پھر)عاطفہ۔یا استئنافیہ۔مَنِ:(جو)اسم موصول شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔مبتداء مرفوع۔تَبِعَ:(وہ پیروی کرے گا۔پیچھا کرے گا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔جواب شرط۔إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ

بالفعل۔ناصب اسم۔جَهَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ۔آگ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ جَزَآؤُ: (جزاء۔بدلہ۔) إِنَّ کی خبر مرفوع۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ جَزَاءً:(جزاء۔بدلہ۔)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔ مَّوْفُوْرًا:(وافر۔ بھرپور۔) اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاًصفت منصوب۔تابع موصوف

ترجمہ آیت:اللہ نے فرمایا (یہاں سے) چلا جا۔جو شخص ان میں سے تیری پیروی کرے گا تو تم سب کی جزا جہنم ہے(اور وہ) پوری سزا(ہے)

وَ اسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَ اَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَ الْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿٦٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِسْتَفْزِزْ:(تو بہکا لے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَفَزَّ يَسْتَفِزُّ۔مصدر۔اِسْتِفْزَازٌ۔(بہکانا۔پھسلانا۔)۔مَنِ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ اسْتَطَعْتَ:(تو طاقت رکھتا ہے۔تیر بس چلتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ت مبسوط ضمیر مفتوح۔علامت مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتِطَاعَ يَسْتَطِيْعُ۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔ مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔صَوْتِ:(آواز)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(اپنی۔تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَجْلِبْ:(تو چڑھا دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید۔باب افعال۔صیغہ۔اَجْلَبَ يَجْلِبُ۔مصدر۔اِجْلَابٌ۔(چڑھانا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاًاسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔خَيْلِ:(گھوڑے۔گھڑ سوار۔)اسم مجرور۔مضاف۔ كَ:(اپنے۔تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَجِلِ: (پیدل۔

پیادہ)معطوف مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔شَارِكْ:(شریک بنا۔ساتھی بنا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ شَارَکَ یُشَارِکُ۔مصدر۔مُشَارَكَةٌ۔(حصہ دار بنانا۔شریک بنانا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔الاَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْاَوْلَادِ:(اولاد)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔عِدْ:(ان سے وعدہ کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(و ع د)صیغہ۔وَعَدَ یَعِدُ۔مصدر۔ وَعْدًا۔ (وعدہ کرنا)۔ هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔یا عاطفہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔يَعِدُ:(وہ وعدہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(و ع د)صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔ وَعْدًا۔ (وعدہ کرنا)۔ هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الشَّيْطَانُ:(شیطان)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔إِلَّا:(سوائے۔مگر)حرف حصر۔غُرُوْرًا:(دھوکا دینا۔)نائب مفعول مطلق۔فاعل محذوف۔

ترجمہ آیت:اور ان میں سے جس کو بہکا سکے اپنی آواز سے بہکا تارہ۔اور ان پر اپنے سواروں اور پیاروں کو چڑھا کر لا تارہ اور ان کے مال اور اولاد میں شریک ہو تارہ اور ان سے وعدے کر تارہ۔اور شیطان جو وعدے ان سے کرتا ہے سب دھوکا ہے۔

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَ كَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿٦٥﴾

إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔عِبَادِ:(بندے)إِنَّ کا اسم منصوب کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واح متکلم۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَيْسَ: (نہیں)فعل ناقص ماضی۔جامد۔مضارع کے صیغے اس سے نہیں آتے۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ : (تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَيْسَ کی خبر منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔سُلْطَانٌ : (سلطان۔ طاقت۔اقتدار۔کوئی غلبہ۔کوئی

زور۔) لَيْسَ کا اسم مؤخر مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ كَفٰى:(کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ كَفٰى يَكْفِيْ۔مصدر۔كَفَايَةٌ۔(کافی ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔رَبِّ:(ربّ)لفظاً مجرور۔محلاً فاعل مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَكِيْلًا :(کارساز۔قابل بھروسہ۔وکیل۔)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:جو میرے (مخلص) بندے ہیں ان پر تیرا کچھ زور نہیں۔اور (اے پیغمبر) تمہارا پروردگار کارساز کافی ہے

رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿٦٦﴾

رَبُّ:(ربّ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِيْ: (وہ) اسم موصول واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔يُزْجِيْ:(ہنکاتا ہے۔چلاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَزْجٰى يُزْجِيْ۔مصدر۔اِزْجَاءٌ۔(چلانا۔ہنکانا) لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ الْفُلْكَ:(کشتی کو)منصوب مفعول بہ۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔ الْبَحْرِ:(سمندر)اسم مجرور۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَبْتَغُوْا:(تم تلاش کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ ۔ اِبْتَغٰى يَبْتَغِيْ۔مصدر۔اِبْتِغَاءٌ۔(تلاش کرنا۔ڈھونڈنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔بَغِيَ يَبْغٰى۔مصدر۔ بَغْيًا۔(سرکشی کرنا۔زیادتی کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَضْلِ:(فضل۔رحمت۔مہربانی۔ضرورت سے زیادہ)اسم مجرور۔مضاف۔ هٖ: (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلا إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ رَحِيْمًا:(خوب رحم کرنے والا)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تمہارا پروردگار وہ ہے جو تمہارے لئے دریا میں کشتیاں چلاتا ہے تاکہ تم اس کے فضل سے (روزی) تلاش کرو۔ بے شک وہ تم پر مہربان ہے۔

وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ﴿٦٧﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔ مَسَّ: (چھوئے۔ پہنچے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (م س س) مضاعف۔ صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔ مصدر۔ مَسًّا۔ (چھونا۔ پہنچنا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ الْضُّرُّ: (تنگی۔ نقصان۔ ضرر) فاعل مرفوع۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي: (میں۔ بیچ) حرف جار۔ الْبَحْرِ: (سمندر) اسم مجرور۔ ضَلَّ: (گمراہ ہوئے۔ راستہ گم کر دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔ مصدر۔ ضَلٌّ۔ (گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ تَدْعُوْنَ: (تم پکارتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ع د) مثال واوی۔ وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔ عِدَّةٌ۔ (وعدہ کرنا۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ع د) مثال واوی۔ وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔ عِدَّةٌ۔ (وعدہ کرنا إِلَّا: (مگر) حرف استثناء۔ إِيَّاهُ: (وہ ہی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مستثنیٰ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ لَمَّا: (جب) ظرف زمان مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ نَجَّا: (اس نے نجات دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ نَجّٰى يُنَجِّيْ۔ مصدر۔ تَنْجِيَةٌ۔ (نجات دینا۔ بچا دینا۔ بچا لینا) ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ن ج و) ناقص واوی۔ نَجَا يَنْجُو۔ مصدر۔ نَجْوَى۔ نَجْوًا (بچنا)۔ كُمْ: (تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِلَى: (طرف) حرف جار۔ الْبَرِّ: (خشکی) اسم مجرور۔ أَعْرَضْتُمْ: (تم منہ موڑ لیتے ہو) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَعْرَضَ يُعْرِضُ مصدر۔ اِعْرَاضًا۔ (اعراض

کرنا۔منہ پھیر لینا۔ نظر انداز کرنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔کَانَ :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ الْإِنْسَانُ:(انسان) کَانَ کا اسم مرفوع۔کَفُوْرًا : (ناشکرا)کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جب تم کو دریا میں تکلیف پہنچتی ہے (یعنی ڈوبنے کا خوف ہوتا ہے) تو جن کو تم پکارا کرتے ہو سب اس (پروردگار) کے سوا گم ہو جاتے ہیں۔ پھر جب وہ تم کو (ڈوبنے سے) بچا کر خشکی پر لے جاتا ہے تو تم منہ پھیر لیتے ہو اور انسان ہے ہی ناشکرا۔

اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ یَّخْسِفَ بِکُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ یُرْسِلَ عَلَیْکُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَکُمْ وَکِیْلًا ﴿۶۸﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)استئنافیہ۔أَمِنْتُمْ:(تم ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ أَنْ: (کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یَّخْسِفَ:(اس نے زمین میں دھنسا دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ س ف)صیغہ۔خَسَفَ یَخْسِفُ۔ مصدر۔خُسُوْفًا۔(زمین میں دھنسا دینا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔کُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ جَانِبَ :(طرف۔کنارے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔الْبَرِّ:(خشکی)مجرور مضاف الیہ۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ یُرْسِلَ:(وہ بھیجتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالًا۔ (بھیجنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔مصدر۔ رَسَلًا۔ رَسَالَۃً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ حَاصِبًا:(کنکریوں والی۔پتھراؤ کرنے والی آندھی)منصوب۔مفعول بہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَجِدُوْا:(تم پاتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ معطوف منصوب۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ لاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ یَجِدُ۔مصدر۔

وِجْدَانٌ۔(پانا۔ملنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَكِيْلاً:(وکیل۔کارساز۔قابل بھروسہ)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: کیاتم(اس سے) بے خوف ہو کہ اللہ تمہیں خشکی کی طرف(لے جاکر زمین میں) دھنسادے یاتم پر سنگریزوں کی بھری ہوئی آندھی چلادے۔پھر تم اپنا کوئی نگہبان نہ پاؤ۔

اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿٦٩﴾

أَمْ:(یا)حرف عطف۔أَمِنْتُمْ:(تم ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب اسم۔ يُعِيْدَ:(وہ لوٹائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَادَ يُعِيْدُ۔مصدر ۔اِعَادَةٌ۔(لوٹانا۔دہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔صیغہ۔عَادَ يَعُوْدُ۔مصدر۔ عُوْدًا ۔عَوْدَةً۔(لوٹنا)۔دہرنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِيْ: (میں)حرف جار۔هِ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ تَارَةً:(مرتبہ۔دفعہ۔بار۔باری۔)اصلاً تَاَرَةٌ ہے۔منصوب۔نائب مفعول مطلق۔أُخْرَى:(دوسری)دوسری۔مؤنث۔اٰخَرَ۔مذکر (دوسری بار)صفت منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔يُرْسِلَ :(وہ بھیجتا ہے)فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔ رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ قَاصِفًا:(توڑنے والی)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔الرِّيْحِ:(ہوا۔آندھی)اسم مجرور۔فَ:(پس)سببیہ۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ يَغْرِقَ: (غرق کردے۔ڈبودے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْرَقَ يُغْرِقُ۔

مصدر۔اِغْرَاقًا۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(غ ر ق)صیغہ۔غَرِقَ يَغْرَقُ۔مصدر۔ غَرْقًا۔ (ڈوبنا۔غرق ہونا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كَفَرْتُمْ:(تم نے انکار کیا۔کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَا:(نہ)نافیہ۔ تَجِدُوْا:(تم پاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ (پانا۔ملنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ تَبِيْعًا:(پیچھا کرنے والا)مصدر۔ بمعنی فاعل۔ منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:یا (اس سے) بے خوف ہو کر تم دوسری دفعہ دریامیں لے جائے پھر تم پر تیز ہوا چلائے اور تمہارے کفر کے سبب تمہیں ڈبو دے۔پھر تم اس غرق کے سبب اپنے لئے کوئی ہمارا پیچھا کرنے والا نہ پاؤ۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿٧٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ كَرَّمْنَا:(ہم نے عزت دی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَرَّمَ يُكَرِّمُ۔مصدر۔ تَكْرِيْمًا۔ (عزت دینا۔تعظیم دینا۔)۔ بَنِيْ:(بیٹوں کو)اصلاً بَنِيْنَ ہے۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔ آدَمَ:(آدمؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور بالفتحہ۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔حَمَلْنَا:(ہم اٹھایا۔ہم نے سواری دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر۔ حَمْلٌ۔ (اٹھانا)۔

هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ الْبَرِّ: (خشکی)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْبَحْرِ:(سمندر۔دریا)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ رَزَقْنَا:(ہم نے رزق دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔ مصدر۔رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔الطَّيِّبَاتِ:(عمدہ۔صاف ستھرا)اسم مجرور وَ:(اور)حرف عطف۔ فَضَّلْنَا: (ہم نے فضیلت دی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَضَّلَ يُفَضِّلُ۔ مصدر۔ تَفْضِيْلٌ۔(فضیلت دینا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ عَلَىٰ: (پر) حرف جار۔كَثِيْرٍ:(کثرت۔زیادہ)اسم مجرور۔مِّمَّنْ:(اس میں سے)مرکب :(مِّنْ+مَّنْ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ تَفْضِيْلاً :(فضلیت دینا۔کسی ایک کو نوازنا۔)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی اور ان کو جنگل اور دریا میں سواری دی اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی۔

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿٧١﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔یا۔مفعول بہ۔فعل محذوف۔ نَدْعُوْ:(ہم نے پکارا)فعل مضارع جمع متکلم۔ جملہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (دع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔ كُلَّ:(تم۔ہر)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اُنَاسٍ:(قبیلے)مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔) حرف جار۔اِمَامِ:(سامنے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر

سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔محلاًمبتداء مرفوع۔ اُوْتِيَ :(دی گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔كِتَابَ: (کتاب) منصوب۔مفعول بہٖ۔هٗ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ)حرف عطف۔ يَمِيْنِ:(دایاں ہاتھ)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکرغائب۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔۔اُولٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَقْرَءُوْنَ :(وہ پڑھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور محلاً جملہ مجزوم جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ۔(ق ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔ قَرَاءَ يَقْرَاءُ۔مصدر۔قَرَاءَةٌ۔(پڑھنا)۔كِتَابَ:(کتاب۔ قرآن مجید)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔هُمْ :(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُظْلَمُوْنَ:(ظلم کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ فَتِيْلًا :(ایک بتی برابر۔ کھجور کی گٹھلی کے شگاف کے برابر بھی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت:جس دن ہم سب لوگوں کوان کے پیشواؤں کے ساتھ بلائیں گے۔توجن(کے اعمال) کی کتاب ان کے داہنے ہاتھ میں دی جائے گی وہ اپنی کتاب کو(خوش ہوہو کر) پڑھیں گے اوران پر دھاگے برابر بھی ظلم نہ ہو گا

وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۷۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم شرط۔جازم مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ كَانَ:(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ فِيْ :(میں)حرف

جار۔هَـٰذِهِ :(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔أَعْمَىٰ:(اندھا)كَانَ کی خبر منصوب۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِيْ: (میں)حرف جار۔ الْآخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔أَعْمَىٰ:(اندھا)خبر مرفوع۔جملہ محلاً جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَضَلُّ:(وہ بھٹک گیا۔گمراہ ہوا) ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔) ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل)مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔سَبِيلًا:(راہ)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:اور جو شخص اس(دنیا) میں اندھا ہو وہ آخرت میں بھی اندھا ہو گا۔اور(نجات کے) رستے سے بہت دور۔

وَإِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِیْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ﴿۷۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(إِنَّ کا مخففہ۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كَادُوْا:(وہ قریب تھے)فعل مقاربہ ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ نصر۔ مادہ(ک ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔كَادَ يَكِيْدُ۔مصدر۔كَيْدٌ۔(مکاری کرنا۔سازش کرنا۔) مادہ(ک و د) اجوف واوی۔ صیغہ۔كَادَ يَكَادُ۔مصدر۔كَوْدًا(بہت قریب ہونا۔سازش کرنا۔)۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ يَفْتِنُوْنَ:(وہ فتنہ میں ڈالتے ہیں۔آزمائش میں ڈالتے ہیں۔بہکاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔ مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ف ت ن)صیغہ۔فَتَنَ يَفْتِنُ۔مصدر۔فَتْنًا۔فُتُوْنًا۔(آزمائش میں ڈالنا۔آزمانا۔بہکانا۔)كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔عَنِ:(سے)حرف جار۔ الَّذِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أَوْحَيْنَا:(ہم نے حکم دیا۔وحی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَوْحٰى يُوْحِيْ۔ مصدر۔اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحٰى يَحِيْ۔مصدر۔وَحْيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔لِ:(تاکہ)لئے

تعلیل۔ناصب مضارع۔تَفْتَرِيَ :(تو بہتان باندھے۔ جھوٹ وضع کرے)فعل مضارع منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفْتَرَى يَفْتَرِىْ۔ مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔ (بہتان باندھنا۔ جھوٹا الزام لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔فَرٰى يَفْرِىْ۔ مصدر۔ فَرْيًا۔فَرْيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰى بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَى اللَّحْمَ۔اَوِ۔ البَصَلَ)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ غَيْرَ: (علاوہ)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِذًا:(تب۔اس وقت)حرف جزاء۔جواب اور جزاء کے لئے آتا ہے۔ لَ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔اِتَّخَذُوْا:(وہ پکڑیں۔بنالیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔ مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔خَلِيْلاً : (خلیل۔ دوستی۔خِلَالٌ سے۔بنیادی معنی ہے خرابی پیدا کرنے والا۔کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مشرکوں کے بتوں کو خراب کیا۔ خلل ڈالا۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت:اور اے پیغمبر جو وحی ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے قریب تھا کہ یہ (کافر) لوگ تم کو اس سے بچلا دیں تاکہ تم اس کے سوا اور باتیں ہماری نسبت بنالو۔اور اس وقت وہ تم کو دوست بنالیتے۔

وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿۷۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْلَا:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ ثَبَّتْنَا:(ہم نے ثابت رکھا۔)فعل ماضی جمع متکلم ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ثَبَّتَ يُثَبِّتُ۔مصدر۔تَثْبِيْتًا۔(ثابت قدم رکھنا)(قائم رکھنا۔ثابت رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ث ب ت) ۔صیغہ۔ثَبَتَ يَثْبُتُ۔مصدر۔ ثَبَاتًا۔ ثُبُوْتًا۔(قائم کرنا۔ٹھہرنا) ۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَ:(البتہ ۔ بلاشبہ۔

ضرور)لائے تاکید۔لَوْلَا کے جواب میں واقعہ ہوا۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔کِدْتَّ:(آپ قریب تھے) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ت مبسوط ضمیر مفتوح علامت مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر وفتح۔ مادہ (ک و د) اجوف واوی۔ صیغہ۔کَادَ یَکَادُ۔مصدر۔کَوْدًا(بہت قریب ہونا۔سازش کرنا۔) تَرْکَنُ:(تو جھکتا ہے۔مائل ہوتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ک ن)صیغہ۔رَکِنَ یَرْکَنُ۔مصدر۔رُکُوْنًا۔(کسی پر جھکنا۔مائل ہونا)۔ اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شَيْئًا :(کوئی شئے۔کچھ)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔قَلِيْلاً : (بہت کم۔تھوڑاسا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم کو ثابت قدم نہ رہنے دیتے تو تم کسی قدر ان کی طرف مائل ہونے ہی لگے تھے۔

اِذًا لَّاَ ذَقْنٰکَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَکَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾

إِذاً:(اس وقت۔تب۔)حرف جزاء۔جواب کے لئے آتا ہے۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم ۔اذَقْنَا:(ہم چکھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذَاقَ يُذِيْقُ۔ مصدر۔اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔ مصدر۔ ذَوْقٌ۔(چکھنا)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ ضِعْفَ: (دُگنا۔ دونا۔) منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔الْحَيَاةِ:(زندگی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ضِعْفَ: (دگنا۔دونا)معطوف۔ منصوب۔مضاف۔الْمَمَاتِ:(موت)مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔تَجِدُ:(تو پاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ (پانا۔ملنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔نَصِيْرًا:(مددگار۔)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اس وقت ہم تم کو زندگی میں (عذاب کا) دونا اور مرنے پر بھی دونا مزا چکھاتے پھر تم ہمارے مقابلے میں کسی کو اپنا مددگار نہ پاتے۔

وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۷۶﴾

وَ:(اور) عاطفہ یا استئنافیہ۔اِنْ:(اِنَّ کا مخففہ۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ كَادُوْا:(وہ قریب تھے)فعل مقاربہ ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ نصر۔ مادہ(ک ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔كَادَ يَكِيْدُ۔مصدر۔كَيْدٌ۔(مکاری کرنا۔سازش کرنا۔) مادہ(ک و د) اجوف واوی۔ صیغہ۔كَادَ يَكَادُ۔مصدر۔كَوْدًا(بہت قریب ہونا۔سازش کرنا۔)۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ يَسْتَفِزُّوْنَ:(وہ اکھاڑ دیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٴ جمع۔كَ:(آپ کے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الْاَرْضِ : (زمین)اسم مجرور۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يُخْرِجُوْ:(وہ نکال دیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واوٴ جمع ۔الف فارقہ۔ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اِذًا:(اس وقت۔تب)حرف جزاء۔جواب کے لئے لَا:(نہیں)نافیہ۔يَلْبَثُوْنَ :(وہ ٹھہرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٴ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ب ث) صیغہ۔لَبِثَ يَلْبَثُ۔مصدر۔لَبْثٌ۔(ٹھہرنا)۔خِلٰفَ:(پیچھے۔بعد)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔كَ : (تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ قَلِيْلًا :(بہت کم۔تھوڑا سا۔) منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: اور قریب تھا کہ یہ لوگ تمہیں زمین (مکہ) سے پھسلا دیں تاکہ تمہیں وہاں سے جلاوطن کر دیں۔ اور اس وقت تمہارے پیچھے یہ بھی نہ رہتے مگر کم۔

سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿۷۷﴾

سُنَّةَ: (طریقہ) منصوب۔ مفعول مطلق۔ فعل محذوف۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ أَرْسَلْنَا: (ہم نے بھیجے) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ قَبْلَ: (پہلے) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ كَ: (تجھ سے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ رُّسُلِ: (رَسُوْلٌ کی جمع۔ پیغمبر) اسم مجرور۔ مضاف ۔نَا: (ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ تَجِدُ تَجِدُ: (تو پاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (وج د) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ (پانا۔ ملنا)۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ سُنَّتِ: (طریقہ) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا: (ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تَحْوِيْلاً: (تبدیلی۔ موڑ) منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: جو پیغمبر ہم نے تم سے پہلے بھیجے تھے ان کا (اور ان کے بارے میں ہمارا یہی) طریق رہا ہے اور تم ہمارے طریق میں تغیر و تبدل نہ پاؤ گے۔

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿۷۸﴾

أَقِمِ: (تم قائم کرو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال ۔صیغہ۔ اَقَامَ يُقِيْمُ۔ مصدر۔ اِقَامَةٌ۔ (قائم کرنا۔ کھڑی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و م) صیغہ۔ قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔ قَوْمًا۔ قِيَامٌ۔ (کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔ الصَّلَاةَ: (صلوٰۃ کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ دُلُوْكِ:

(ڈھلنا۔غروب ہونا۔)اسم مجرور۔مضاف۔الشَّمۡسِ:(سورج)مجرور مضاف الیہ۔إِلَىٰ:(طرف۔تک) حرف جار۔غَسَقِ:(چھا جانا۔ڈھانپ لے)اسم مجرور۔مضاف۔اللَّيۡلِ:(رات۔تاریکی)مجرور مضاف الیہ ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قُرۡآنَ:(قرآن۔)معطوف۔منصوب۔الصَّلَاةَ معطوف علیہ۔مضاف۔الۡفَجۡرِ: (فجر۔صبح۔سویرا)مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ناصب اسم۔قُرۡآنَ:(قرآن کریم) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ الۡفَجۡرِ:(فجر۔صبح۔سویرا)مجرور مضاف الیہ۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ مَشۡهُوۡدًا :(روبرو۔ حاضر۔حاضر ہونے کا سبب۔حاضر کیا ہوا۔)اسم مفعول ۔واحد مذکر۔ كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:(اے محمد ﷺ) سورج کے ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک (ظہر، عصر، مغرب، عشا کی) نمازیں اور صبح کو قرآن پڑھا کرو۔کیوں صبح کے وقت قرآن کا پڑھنا موجب حضور (ملائکہ) ہے۔

وَمِنَ الَّيۡلِ فَتَهَجَّدۡ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰٓى اَنۡ يَّبۡعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا ﴿۷۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔ اللَّيۡلِ: (رات)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَهَجَّدۡ:(تو صبح کی نماز پڑھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَهَجَّدَ يَتَهَجَّدُ۔مصدر۔تَهَجُّدٌ۔(تہجد پڑھنا۔صبح کی نماز پڑھنا) ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔نَافِلَةً:(لوٹ مار۔نفل۔عام عبادتوں سے زائد)منصوب۔مفعول بہ۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔عَسَىٰ:(توقع ہے۔امید ہے۔قریب ہے)فعل مقاربہ ماضی جامد۔مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ أَنۡ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَبۡعَثَ:(وہ کھڑا کر دے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبۡعَثُ۔مصدر۔بَعۡثًا۔(بھیجنا۔دوبارہ اٹھنا۔دوبارہ زندہ کرنا بھیجنا۔

اٹھانا۔ کھڑا کرنا۔)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔ مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَقَامًا:(مقام)ظرف مکان۔ منصوب۔ موصوف۔ مَّحْمُودًا:(بہت زیادہ تعریف کیاہوا)مصدر میمی۔اسم مفعول۔واحد مذکر۔یعنی(کسی کی بھی ازل سے ابد تک ایسی تعریف نہ کی گئی ہو)محلاًصفت منصوب۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور بعض حصہ شب میں بیدار ہوا کرو(اور تہجد کی نماز پڑھا کرو)۔(یہ شب خیزی) تمہاری لئے (سبب) زیادت ہے(ثواب اور نماز تہجد تم کو نفل) ہے قریب ہے کہ اللہ تم کو مقام محمود میں داخل کرے۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قُلْ:(تو کہہ دے) ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ رَّبِّ:(اے میرے رب)اصلاً رَّبِّيْ ہے۔ مرکب:(يَا+رَّبِّ+یْ)حرف نداء۔ محذوف+ منادیٰ۔ منصوب۔ مضاف بالکسرہ بوجہ یائے متکلم۔+ضمیر واحد متکلم۔ مجرور مضاف الیہ۔ أَدْخِلْ:(توڈال دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ دعائیہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَدْخَلَ يُدْخِلُ۔مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا۔)۔ نِ:(نون وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ مُدْخَلَ:(داخل کرنا)مصدر میمی۔ منصوب۔ مضاف۔صِدْقٍ:(سچائی۔ سچا۔ سچ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(او)حرف عطف۔ أَخْرِجْ:(تو نکال دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ دعائیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا ۔(نکلنا)۔ نِ:(نون وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ مُخْرَجَ :(نکالنا)مصدر میمی۔ منصوب۔ مضاف۔صِدْقٍ:(سچائی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔اِجْعَلْ:(تو بنا دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ دعائیہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ

جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔جَعَلَ کا مفعول بہٖ ثانی۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ لَّدُنْ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مجرور مضاف الیہ ۔سُلْطَانًا:(اقتدار۔غلبہ۔بادشاہت۔حکمرانی۔دلیل۔ثبوت۔حجت)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ نَّصِیْرًا :(مددگار)منصوب صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:اور کہو کہ اے پروردگار مجھے (مدینے میں) اچھی طرح داخل کیجیو اور (مکے سے) اچھی طرح نکالیو۔ اور اپنے ہاں سے زور و قوت کو میرا مددگار بنائیو۔

وَ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قُلْ:(تو کہہ دے) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ جَاءَ:(وہ آگیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیْئٌ۔ مَجِیْئٌ۔(آنا)۔ الْحَقُّ:(حق)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔زَهَقَ:(وہ مٹ گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ز ھ ق)صیغہ۔زَهَقَ یَزْهَقُ۔مصدر۔زُهُوْقًا۔(مٹ جانا)۔ الْبَاطِلُ: (جھوٹ۔باطل)فاعل مرفوع۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْبَاطِلَ: (جھوٹ۔باطل)اِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔زَهُوْقًا:(مٹنا۔مٹ جانا)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور کہہ دو کہ حق آگیا اور باطل نابود ہو گیا۔بے شک باطل نابود ہونے والا ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔نُنَزِّلُ:(ہم نے اتارا)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ یُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِیْلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ الْقُرْآنِ:(قرآن)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔هُوَ:(وہ) ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔شِفَاءٌ:(شفاء۔صحت یاب ہونا۔بیماری دور ہونا۔)خبر مرفوع۔ وَ: (او)حرف عطف۔رَحْمَةٌ:(رحمت۔مہربانی۔)معطوف مرفوع۔لِّ:(لئے)حرف جار۔الْمُؤْمِنِیْنَ:(الْمُؤْمِنُ کی جمع۔ایمان دار۔مومن)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یَزِیْدُ:(وہ زیادہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د) اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ یَزِیْدُ ۔ مصدر۔ زِیَادَةٌ۔(زیادہ کرنا)۔ الظَّالِمِیْنَ:(ظالم کی جمع۔اندھیر مچانے والے۔ظلم کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہٖ۔ اِلَّا:(مگر۔سوائے۔علاوہ)حرف حصر۔خَسَارًا : (نقصان۔ زیاں۔ گھاٹا۔خسارہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت:اور ہم قرآن (کے ذریعے) سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کے حق میں تو اس سے نقصان ہی بڑھتا ہے۔

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿٨٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔ أَنْعَمْنَا:(ہم نے انعام دیا۔نعمتیں دیں)فعل ماضی جمع متکلم۔محلاً فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔صیغہ۔اَنْعَمَ یُنْعِمُ۔مصدر۔اِنْعَامًا۔(انعام کرنا۔)عَلَی:(پر)حرف جار۔الْإِنسَانِ :(انسان)اسم مجرور ۔أَعْرَضَ:(اس نے منہ موڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔جملہ جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْرَاضَ یُعْرِضُ۔مصدر۔اِعْرَاضًا۔(منہ پھیرنا۔اعراض برتنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔

نَأَى:(اس نے دور کر لیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضرب۔ مادہ(ن وی)لفیف مقرون۔ اجوف واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ نَایٰ یَنۡیٰ۔ مصدر۔ نَایٌ۔(دور کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ جَانِبِ: (طرف۔ پہلو)اسم مجرور۔ مضاف۔ ہٖ:(اپنی۔ اپنے)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔ مَسَّ :(اس نے چھوا۔ پہنچا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(م س س) مضاعف۔ صیغہ۔ مَسَّ یَمُسُّ۔ مصدر۔ مَسًّا۔(چھونا۔ پہنچنا)۔ ہُ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ الشَّرُّ:(تکلیف۔ شر۔ برائی)فاعل۔ مرفوع۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔ كَانَ يَكُوۡنُ۔ مصدر۔ كَوۡنًا۔(ہونا)۔ يَؤُوۡسًا:(مایوس۔ ناامید۔)منصوب۔ صفت مشبہ۔ مصدر۔ يَاسٌ۔ يَاسَةٌ۔ كَانَ کی خبر منصوب۔ جملہ جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اور جب ہم انسان کو نعمت بخشتے ہیں تو روگرداں ہو جاتا اور پہلو پھیر لیتا ہے۔ اور جب اسے سختی پہنچتی ہے تو ناامید ہو جاتا ہے۔

قُلۡ كُلٌّ يَّعۡمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمۡ اَعۡلَمُ بِمَنۡ هُوَ اَهۡدٰى سَبِيۡلًا ﴿۸۴﴾

قُلۡ:(تو کہہ دے) ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(بات کرنا۔ کہنا)۔ كُلٌّ:(تمام۔ ہر)برائے تاکید۔ مبتداء مرفوع۔ يَعۡمَلُ:(وہ عمل کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ يَعۡمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ شَاكِلَتِ:(ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ۔)اسم مجرور۔ محلاً اسم فاعل۔ واحد مؤنث۔ مضاف۔ ہٖ :(وہ۔ اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)عاطفہ یا استئنافیہ۔ رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔ مضاف۔ كُمۡ : (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَعۡلَمُ:(وہ بہت جانتا ہے)افعل التفضیل۔ خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ مَنۡ :(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَهْدَى:(زیادہ ہدایت والا۔زیادہ سیدھا) افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔سَبِيْلاً:(راہ)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ ہر شخص اپنے طریق کے مطابق عمل کرتا ہے۔سو تمہارا پروردگار اس شخص سے خوب واقف ہے جو سب سے زیادہ سیدھے رستے پر ہے۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَسْئَلُوْنَ:(وہ سوال کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔كَ:(آپ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَنِ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ الرُّوحِ:(روح۔جوہر۔رس)اسم مجرور۔ قُلِ:(تو کہہ دے) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلاً۔(بات کرنا۔کہنا)۔ الرُّوحُ :(روح)مبتداء مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَمْرِ:(امر۔حکم۔نشان۔شان)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔يْ: (میرے) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) عاطفہ یا استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔کیونکہ بعد إِلَّا میں آرہا ہے۔ أُوتِيْتُمْ:(تم کو دیا گیا ہے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الْعِلْمِ:(علم۔سائنس)اسم مجرور۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ قَلِيْلاً:(بہت ہی کم۔بہت تھوڑا)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور تم سے روح کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔کہہ دو کہ وہ میرے پروردگار کی ایک شان ہے اور

تم لوگوں کو (بہت ہی) کم علم دیا گیا ہے۔

وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾

وَ:(اور) عاطفہ یا استئنافیہ۔لَئِن:(یقیناً اگر)مرکب:(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔+حرف شرط جازم فعل شرط۔ شِئْنَا:(ہم چاہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔محلاً مجزوم فعل شرط۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔جواب قسم کے لئے واقعہ ہوا۔نَذْهَبَنَّ:(ہم ضرور لے جائیں گے)آگے آنے والے ب حرف جار۔نے اس کو متعدی بنایا۔تو معنی بدل گیا۔فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔ مصدر۔ذَهَابًا۔(جانا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَوْحَيْنَا :(ہم نے حکم دیا۔وحی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَوْحٰى يُوْحِيْ۔ مصدر۔اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحٰى يَحِيْ۔ مصدر۔وَحْيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔إِلَيَّ:(طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف لَا:(نہیں)نافیہ۔تَجِدُ:(تم پاؤ گے) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانٌ۔ (پانا۔ملنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔محلاً اسم مجرور۔ وَكِيْلاً :(کار ساز۔وکیل۔ قابل بھروسہ۔حمایتی)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور اگر ہم چاہیں تو جو(کتاب) ہم تمہاری طرف بھیجتے ہیں اسے (دلوں سے) محو کر دیں۔پھر تم اس کے لئے ہمارے مقابلے میں کسی کو مدد گار نہ پاؤ۔

اِلَّا رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ اِنَّ فَضۡلَهٗ كَانَ عَلَيۡكَ كَبِيۡرًا ﴿۸۷﴾

إِلَّا:(مگر۔سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔ رَحْمَةً:(رحمت۔مہربانی۔شفقت)منصوب۔مستثنیٰ۔ مِّنۡ:(سے) حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔فَضۡلَ:(فضل۔ضرورت سے زائد۔) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ عَلَيۡ: (پر)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔كَبِيۡرًا:(بہت بڑا)كَانَ کی خبر منصوب۔محلاًجملہ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اگر ہم چاہیں توجو(کتاب) ہم تمہاری طرف بھیجتے ہیں اسے(دلوں سے) محو کر دیں۔پھر تم اس کے لئے ہمارے مقابلے میں کسی کو مددگار نہ پاؤ<۸٦> مگر(اس کا قائم رہنا) تمہارے پروردگار کی رحمت ہے۔ کچھ شک نہیں کہ تم پر اس کا بڑا فضل ہے۔

قُلۡ لَّـئِنِ اجۡتَمَعَتِ الۡاِنۡسُ وَالۡجِنُّ عَلٰۤى اَنۡ يَّاۡتُوۡا بِمِثۡلِ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لَا يَاۡتُوۡنَ بِمِثۡلِهٖ وَلَوۡ كَانَ بَعۡضُهُمۡ لِبَعۡضٍ ظَهِيۡرًا ﴿۸۸﴾

قُلِ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَّئِنِ:(یقیناً اگر) مرکب: (لَ+اِنۡ)لائے تاکید۔موطئة للقسم+حرف شرط جازم فعل شرط۔اجۡتَمَعَتِ:(جمع ہوجائیں۔ اکٹھے ہوجائیں)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِجۡتَمَعَ يَجۡتَمِعُ۔ مصدر۔ اِجۡتِمَاعًا۔(اکٹھے ہونا۔جمع ہونا)۔ثلاثی مجرد باب۔فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ۔جَمَعَ يَجۡمَعُ۔مصدر۔جَمۡعٌ۔(جمع کرنا)۔الۡإِنۡسُ: (انسان۔مہذب

قومیں)فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْجِنُّ :(جنّ۔غیر مہذب قومیں۔) معطوف مرفوع۔ عَلٰٓى:(پر)حرف جار۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَّاْتُوْا:(لے آؤ)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔بِ:()مِثْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَىٰ يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا) ہوتا ہے۔لِ:(لئے)حرف جار۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الْقُرْاٰنِ: (قرآن کریم) هٰذَا کا بدل مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَاْتُوْنَ:(تم نہیں لاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَىٰ يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مِثْلِ:(مانند۔طرح۔ مثل)اسم مجرور۔مضاف۔ هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔كَانَ :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ بَعْضُ:(بعض۔کچھ)كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔بَعْضٍ:(بعض۔کچھ)اسم مجرور۔ ظَهِيْرًا: (مددگار۔مدد کرنے والا۔پشت پناہی کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ اگر انسان اور جن اس بات پر مجتمع ہوں کہ اس قرآن جیسا بنا لائیں تو اس جیسا نہ لا سکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کو مددگار ہوں۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۫ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٨٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔صَرَّفْنَا:(ہم نے موڑ دیا۔ پھیر دیا۔یعنی طرح طرح سے بیان کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَرَّفَ يُصَرِّفُ۔ مصدر۔ تَصْرِيْفًا۔ (پھیرنا۔موڑنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔

فِيْ:(میں)حرف جار۔هٰذَا :(یہ) اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔الْقُرْآنِ:(قرآن کریم) هٰذَا کا بدل۔مجرور۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔ہر)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ مَثَلٍ : (مثال۔)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَبَىٰ:(انکار کیا)فعل ماضی واحد مذکر۔غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب فتح۔مادہ(ء ب ی) مہموز الفاء+ناقص یائی۔صیغہ۔اَبٰى يَابٰى۔مصدر۔اَبَاءٌ۔(انکار کرنا۔رد کرنا۔) ۔ أَكْثَرُ:(اکثریت۔زیادہ تر) افعل التفضیل۔فاعل مرفوع۔مضاف۔ النَّاسِ :(لوگوں کی)مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔كُفُورًا:(ناشکرگزار۔بےایمانی۔کفرکرنا۔ردکرنا۔انکارکرنا۔)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے قرآن میں سب باتیں طرح طرح سے بیان کر دی ہیں۔مگر اکثر لوگوں نے انکار کرنے کے سوا قبول نہ کیا۔

وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾

وَ:(اور)عاطفہ یا استئنافیہ۔قَالُوْا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی ناصب مضارع۔بمعنی مستقبل۔نُّؤْمِنَ :(ہم ایمان لائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔محل اعراب۔ مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ لَ:(لئے۔پر)حرف جار۔كَ :(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غایت۔ان مضمر۔ناصب مضارع۔ تَفْجُرَ:(تم پھاڑ لاؤ)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔محل اعراب مفتوح ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ج ر)صیغہ۔فَجَرَ يَفْجُرُ۔مصدر۔فَجْرًا۔ فُجُوْرًا۔(پھاڑلانا۔کھود نکالنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِنَ: (سے)حرف جار۔ الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔يَنْۢبُوْعًا:(يَنَابِيْعُ کا واحد۔چشمہ)منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور کہنے لگے کہ ہم تم پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک کہ (عجیب و غریب باتیں نہ دکھاؤ یعنی یا تو) ہمارے لئے زمین سے چشمہ جاری کر دو۔

اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ عِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾

أَوْ: (یا) حرف عطف۔ تَكُوْنَ: (تو ہو جائے) فعل ناقص مضارع واحد مذکر حاضر۔ معطوف۔ منصوب۔ تَفْجُرَ معطوف علیہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كَ: (تمہارے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ جَنَّةٌ: (جنت۔ باغ۔) مبتداء مؤخر مرفوع۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ نَّخِيْلٍ: (کھجور) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ عِنَبٍ: (انگور) معطوف مجرور۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ تُفَجِّرَ: (تو اہتمام سے پھاڑے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ معطوف منصوب۔ تَكُوْنَ معطوف علیہ۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ فَجَّرَ يُفَجِّرُ۔ مصدر۔ تَفْجِيْرًا۔ (دھیرے دھیرے پھاڑنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ف ج ر) صیغہ۔ فَجَرَ يَفْجُرُ۔ مصدر۔ فَجْرًا۔ فُجُوْرًا۔ (پھاڑلانا۔ کھود نکالنا)۔ الْاَنْهَارَ: (نہروں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ خِلَالَ: (خَلَلٌ کی جمع۔ خالی جگہ۔ درمیان۔ بیچ۔ وسط۔) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هَا: (اس کی) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ تَفْجِيْرًا: (پھاڑنا۔ کھودنا) منصوب۔ مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: یا تمہارا کھجوروں اور انگوروں کا کوئی باغ ہو اور اس کے بیچ میں نہریں بہا نکالو۔

اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾

أَوْ: (یا) حرف عطف۔ تُسْقِطَ: (آپ گرا دیں) فعل مضارع۔ واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَسْقَطَ يُسْقِطُ۔ مصدر۔ اِسْقَاطًا۔ (گرانا۔) ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ۔ (س ق ط) صیغہ۔

سَقَطَ يَسْقُطُ۔مصدر۔سَقْطًا۔سُقُوطًا۔(گرنا)۔السَّمَآءَ:(آسمان کو)منصوب مفعول بہٖ۔كَمَا:(جیسا کہ) مرکب:(كَ+مَا)حرف تشبیہ وحرف جار+مصدریہ۔زَعَمْتَ:(تونے گمان کیا)فعل ماضی از افعال قلوب۔واحد مذکر حاضر۔علامت۔ت مبسوط۔ضمیر مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ز ع م)صیغہ۔ زَعَمَ يَزْعَمُ۔مصدر۔زُعْمًا۔(گمان کرنا۔دعویٰ کرنا) عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كِسَفًا:(كِسْفَةٌ کی جمع۔ٹکڑے۔)منصوب۔حال۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ تَأْتِيَ:(تو لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت محل اعراب تقدیراً مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیَ يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَلآئِكَةِ :(فرشتے۔کائناتی قوتیں۔غیر مرئی قوتیں)معطوف مجرور۔قَبِيْلاً:(قَبِيْلَةٌ کی جمع۔ جماعت۔آگے ۔سامنے۔قبیلے)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: یا جیسا تم کہا کرتے ہو ہم پر آسمان کے ٹکڑے لا گراؤ یا اللہ اور فرشتوں کو(ہمارے) سامنے لاؤ۔

اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِى السَّمَآءِ ؕ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾

أَوْ:(یا)حرف عطف۔يَكُوْنَ:(وہ ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتح۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ بَيْتٌ: (گھر) مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔زُخْرُفٍ:(زیور۔سونا۔چاندی۔ملمع۔سنہری۔ آراستہ ۔کسی چیز کے کمال حسن کو کہتے ہیں)اسم مجرور۔ أَوْ :(یا)حرف عطف۔تَرْقَى:(آپ ترقی پا جائیں۔چڑھ جائیں۔)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ق ی) ناقص یائی۔صیغہ۔رَقِيَ يَرْقَى۔

مصدر۔رُقِيًّا۔(چڑھنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔السَّمَآءِ:(آسمان)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَنْ:(ہر گز نہیں)حرف نفی ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل۔ نُّؤْمِنَ:(ہم ایمان لائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔ محل اعراب۔ مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔رُقِيّ:(بلند ہونا۔اوپر چڑھنا)اسم مجرور۔ مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غایت۔ان مضمر۔ناصب مضارع۔ تُنَزِّلَ:(تو اتارے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ مصدر۔تَنْزِيْلٌ۔(بڑے اہتمام سے اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ كِتَابًا:(کتاب)منصوب۔مفعول بہ۔نَّقْرَؤُ:(ہم پڑھیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔قَرَءَ يَقْرَءُ ۔ مصدر۔ قِرَاءَةٌ۔(پڑھنا۔) هٗ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔قُلْ:(تو کہہ دے)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ سُبْحَانَ: (پاک ہے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔هَلْ :(کیا)حرف استفہام۔كُنْتُ:(میں تھا)فعل ماضی واحد متکلم۔ علامت ت مبسوط ضمیر مضموم۔۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ اِلَّا:(مگر۔سوائے ۔علاوہ)حرف حصر۔بَشَرًا:(ایک آدمی۔مرد۔انسان) كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔ رَّسُوْلاً:(پیغمبر)منصوب صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: یا تو تمہارا سونے کا گھر ہو یا تم آسمان پر چڑھ جاؤ۔ اور ہم تمہارے چڑھنے کو بھی نہیں مانیں گے جب تک کہ کوئی کتاب نہ لاؤ جسے ہم پڑھ بھی لیں۔ کہہ دو کہ میرا پروردگار پاک ہے میں تو صرف ایک پیغام پہنچانے والا انسان ہوں۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ یا عاطفہ۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ مَنَعَ: (اس نے منع کیا۔ روکا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتحہ۔ مادہ (م ن ع) صیغہ۔ مَنَعَ يَمْنَعُ۔ مصدر۔ مَنْعٌ۔ (منع کرنا۔ روکنا)۔ النَّاسَ: (لوگوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ أَنْ: (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يُؤْمِنُوْا: (وہ ایمان لائیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ إِذْ: (جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً بمعنی ماضی۔ جَاءَ جَاءَ: (وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِيٌّ۔ (آنا)۔ هُمُ: (ان) ضمیر جمع مذکر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ضمہ برائے اتصال مابعد بوجہ التقائے ساکنین۔ الْهُدٰى: (ہدایت۔ رہنمائی) فاعل۔ تقدیراً مرفوع۔ محلاً جملہ مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ أَنْ: (کہ) مصدریہ۔ قَالُوْا: (انہوں نے کہا۔) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔ بَعَثَ: (اس نے بھیجا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ بَعَثَ يَبْعَثُ۔ مصدر۔ بَعْثًا۔ (بھیجنا۔ کھڑا کرنا۔ دوبارہ زندہ کرنا۔ اٹھانا)۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ نے) فاعل مرفوع۔ بَشَرًا: (انسان۔ بشر۔ آدمی) منصوب۔ حال۔ رَّسُوْلًا: (پیغمبر۔ بھیجا ہوا۔) منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور جب لوگوں کے پاس ہدایت آگئی تو ان کو ایمان لانے سے اس کے سوا کوئی چیز مانع نہ ہوئی کہ کہنے لگے کہ کیا اللہ نے آدمی کو پیغمبر کرکے بھیجا ہے۔

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾

قُلْ:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً قُوْلُ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین حرف علت واؤ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ مَلٰٓئِكَةٌ:(فرشتے۔کائناتی قوتیں۔غیر مرئی طاقتیں)كَانَ کا اسم مرفوع۔ يَمْشُوْنَ:(وہ چلتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ۔ (م ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔مَشٰى يَمْشِيْ۔مصدر۔مَشْيًا۔(چلنا)۔ مُطْمَئِنِّيْنَ:(مطمئن ہونے والے) منصوب۔علامت۔ی۔حال۔ لَ:(کہ)برائے جواب شرط۔نَزَّلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ مصدر۔تَنْزِيْلٌ۔(بڑے اہتمام سے اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ مَلَكًا:(فرشتہ)منصوب۔حال۔ رَّسُوْلًا :(پیغمبر)منصوب۔مفعول بہ

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ اگر زمین میں فرشتے ہوتے (کہ اس میں) چلتے پھرتے (اور) آرام کرتے (یعنی بستے) تو ہم اُن کے پاس فرشتے کو پیغمبر بنا کر بھیجتے۔

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿۹۶﴾

قُلْ:(تو کہہ دے) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ كَفٰى:(کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔كَفٰى يَكْفِيْ۔

مصدر۔كَفَايَةٌ۔(کافی ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)لفظاً مجرور۔محلاً مرفوع۔ فاعل۔ شَهِيْدًا:(گواہ)منصوب۔تمیز۔ بَيْنِ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف اجر۔عِبَادِ:(بندے)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ خَبِيْرًا:(بہ خبر رکھنے والا)صفت مشبہ۔ كَانَ کی خبر منصوب۔ بَصِيْرًا:(خوب دیکھنے والا) صفت مشبہ۔كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ ہی گواہ کافی ہے۔وہی اپنے بندوں سے خبر دار(اور ان کو) دیکھنے والا ہے۔

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿۹۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جسے)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَهْدِ:(وہ ہدایت دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔حرف علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔هُوَ:(وہ) ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْمُهْتَدِ:(ہدایت یافتہ)اسم فاعل۔واحد مذکر۔خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔محلاً مجزوم فعل جواب شرط۔حرف علت۔ی۔بوجہ التقائے ساکنین۔محذوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔

مَنۡ:(جسے)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔يُّضۡلِلۡ:(گمراہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضۡلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔) ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔جواب شرط۔لَنۡ:(ہرگز نہیں)حرف نفی ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل۔ تَجِدَ:(تو پائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔وِجۡدَانٌ۔(پانا۔ملنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اَوۡلِيَآءَ:(مدد گار۔ پشت پناہ۔)منصوب۔مفعول بہ۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔ دُوۡ:(علاوہ۔سوائے)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔نِهٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ نَحۡشُرُ:(ہم جمع کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر) صیغہ۔حَشَرَ يَحۡشُرُ ۔مصدر۔حَشۡرٌ۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ يَوۡمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔الۡقِيٰمَةِ:(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔عَلٰى:(پر) حرف جار۔ وُجُوۡهِ:(چہرے۔اوندھے منہ۔بل۔مونڈھے منہ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔عُمۡيًا:(اندھے)منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔ بُكۡمًا:(گونگے)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔صُمًّا:(بہرے)معطوف منصوب۔مَّاۡوٰا: (ٹھکانہ۔ پناہ گاہ)مبتداء۔مرفوع۔تقدیرًا مضموم۔مضاف۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ جَهَنَّمُ:(جہنم۔دوزخ۔آگ)خبر مرفوع۔ كُلَّمَا :(جب کبھی۔جب بھی)مرکب ہے۔(كُلَّ+ مَا)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔جازم فعل شرط۔خَبَتۡ:(وہ بجھنے لگے گی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تائے ساکن۔جمع واحد مؤنث۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ب و)ناقص واوی۔صیغہ۔خَبَا

يَخْبُو۔مصدر۔خَبُوًا۔(آگ کا بجھنا۔) زِدْنَا:(ہم نے زیادہ کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ز ی د) اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ ۔مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ کرنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ سَعِيْرًا:(آگ کے شعلے۔آگ کا بھڑکانا۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ جملہ جواب شرط۔

ترجمہ آیت:اور جس شخص کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت یاب ہے۔اور جن کو گمراہ کرے تو تم اللہ کے سوا اُن کے رفیق نہیں پاؤگے۔اور ہم اُن کو قیامت کے دن اوندھے منہ اندھے گونگے اور بہرے (بناکر) اٹھائیں گے۔ اور ان کاٹھکانہ دوزخ ہے۔جب(اس کی آگ) بجھنے کو ہوگی توہم ان کو(عذاب دینے کے لئے) اور بھڑکا دیں گے

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿٩٨﴾

ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔جَزَآؤُ:(بدلہ)خبر۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(بےشک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔محلاًاسم مجرور۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًأَنَّ کا اسم منصوب۔ كَفَرُوْا: (انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام کاانکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔ نشانیوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔قَالُوْا :(انہوں نے کہا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔أَئِذَا:(کیاجب)مرکب:(أَ+اِذَا)حرف استفہام۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاًمنصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔كُنَّا :(ہم ہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عِظَامًا:(ہڈیاں)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رُفَاتًا:(بوسیدہ۔گلے سڑے ۔ٹکڑے ٹکڑے۔ریزہ ریزہ)معطوف منصوب۔ أَ:(کیا)حرف

أَوۡ:(یا)حرف عطف۔ يُصۡبِحَ:(وہ ہو جائے)فعل ناقص مضارع۔ منصوب۔واحد مذکر منصوب۔ معطوف۔ غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَصۡبَحَ يُصۡبِحُ۔مصدر۔اِصۡبَاحٌ۔(صبح ہونا۔ہونا۔)۔ مَاۤؤُ:(ٹھکانہ) يُصۡبِحَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔هَا :(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔غَوۡرًا: (گڑھا۔ڈھلوانی جگہ۔جہاں پانی اندر گھس جائے۔گہرا) يُصۡبِحَ کی خبر منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔لَنۡ:(ہرگز نہیں)حرف ناصب مضارع بمعنی نفی مستقبل۔ تَسۡتَطِيۡعَ:(وہ ہو سکے۔تو کر سکے۔ تجھ میں قوت نہ رہے گی۔)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسۡتَطَاعَ يَسۡتَطِيۡعُ۔ مصدر۔اِسۡتِطَاعَۃٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوۡعُ ۔ يَطِيۡعُ۔مصدر۔ طَوۡعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔طَلَبًا: (طلب۔ ڈیمانڈ۔ تلاش۔ڈھونڈنا۔تلاش کرنا) منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: یا اس (کی نہر) کا پانی گہرا ہو جائے تو پھر تم اسے نہ لا سکو۔

وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ اُحِيْطَ:(گھیر لی جائے) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحَاطَ يُحِيْطُ۔ مصدر۔ اِحَاطَةٌ۔(گھیر لینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ح و ط) اجوف یائی۔ صیغہ۔ حَاطَ يَحُوْطُ۔ مصدر۔ حَوْطًا۔ حَيْطَةً۔ حِيْطَةً۔ حِيَاطَةً۔(گھیر لینا۔ حفاظت میں لینا۔ نگہبانی کرنا۔ احاطہ کرنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ ثَمَرِ:(پھل) اسم مجرور۔ مضاف۔ هٖ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ اَصْبَحَ:(وہ ہو گیا) فعل ناقص ماضی۔ واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ اَصْبَحَ يُصْبِحُ۔ مصدر۔ اِصْبَاحٌ۔(صبح ہونا۔ ہونا)۔ يُقَلِّبُ:(الٹ پلٹ دیتا ہے۔ پھیر دیتا ہے۔ اوپر کا نیچے کر دیتا ہے۔ وہ ملتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ قَلَّبَ يُقَلِّبُ۔ مصدر۔ تَقْلِيْبًا۔(الٹ پلٹ کرنا۔ اوپر نیچے کرنا)۔ كَفَّيْ:(ہتھیلیاں) تثنیہ۔ منصوب مفعول بہ۔ علامت ی۔ اصلاً كَفَّيْنِ ہے۔ نون اعرابی۔ محذوف بوجہ مضاف۔ هِ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلٰى:(پر) حرف جار۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ اَنْفَقَ:(اس نے خرچ کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔ هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هِيَ:(وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ خَاوِيَةٌ:(گرا ہوا۔ کھوکھلا ہوا۔ گر ہوا) اسم فاعل واحد مؤنث۔ محلاً خبر مرفوع۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ عَلٰى:(پر) حرف جار۔ عُرُوْشِ:(عَرْشٌ کی جمع۔ چھتیں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ يَقُوْلُ:(وہ کہتا

ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ یَا:(اے)حرف نداء۔ لَیْتَ:(کاش)حرف تمنیٰ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ نِ: (وقایہ) يْ:(مجھ کو)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔ لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع ۔قالب۔أُشْرِكُ :(میں شریک بناتا)فعل مضارع واحد متکلم ۔ثلاثی مزید۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔اِشْرَاکٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔شَرْکًا۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ يْ:(میرے۔اپنے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَحَدًا:(کسی ایک کو) منصوب۔مفعول بہٖ۔جملہ لَیْتَ محلاً کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور اس کے میووں کو عذاب نے آگھیرا اور وہ اپنی چھتریوں پر گر کر رہ گیا۔تو جو مال اس نے اس پر خرچ کیا تھا اس پر (حسرت سے) ہاتھ ملنے لگا اور کہنے لگا کہ کاش میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناتا

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔قالب۔تَکُنْ:(تو ہوا)اصلا تَكُوْنُ ہے۔نون اعرابی اور حرف علت واو محذوف۔بوجہ التقائے سکونات۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔فِئَةٌ :(گروہ۔ٹولہ۔جماعت)کا اسم مرفوع۔يَنْصُرُوْنَ:(وہ مدد کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(سوائے۔علاوہ)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ: (وہ تھا)فعل ماضی واحد

مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ مُنْتَصِرًا:(مددگار۔ بدلہ لینے والا۔ غالب) کی اسم خبر منصوب۔

ترجمہ آیت:(اس وقت) اللہ کے سوا کوئی جماعت اس کی مددگار نہ ہوئی اور نہ وہ بدلہ لے سکا۔

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّ خَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾

هُنَالِكَ:(وہاں) اسم اشارہ بعید۔ ظرف مکان۔ الْوَلَايَةُ:(ولایت۔ حکومت ۔ اقتدار۔ مدد۔ اختیار) مبتداء مرفوع۔ لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے) :(لِ+اللّٰهِ) حرف جار۔ + اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مضاف۔ الْحَقِّ: (سچ۔ حق۔) مجرور مضاف الیہ۔ هُوَ :(وہ) ضمیر منفصل۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ خَيْرٌ: (بہتر۔ اچھا) خبر مرفوع۔ ثَوَابًا :(نتیجہ۔ انجام۔ جزا۔ ثواب۔ بدلہ۔ اچھا کا برا۔ عموماً اچھے اعمال کی جزا کے لئے مستعمل ہے) منصوب۔ تمیز۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ خَيْرٌ:(اچھا۔ بہتر) معطوف مرفوع۔ عُقْبًا:(سزا۔ برا انجام۔ عاقبت۔ جزاء۔ معنی عقوبت کا لیا جاتا ہے۔) منصوب۔ تمیز۔

ترجمہ آیت: یہاں (سے ثابت ہوا کہ) حکومت سب اللہ برحق ہی کی ہے۔ اسی کا صلہ بہتر اور (اسی کا) بدلہ اچھا ہے

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ اِضْرِبْ:(بیان کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ض ر ب) صیغہ۔ ضَرَبَ يَضْرِبُ۔ مصدر۔ ضَرْبٌ۔(مارنا۔ بیان کرنا۔ چلنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَّثَلَ: (مثال) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ الْحَيٰوةِ:(زندگی) مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ الدُّنْيَا:(دنیا) غیر منصرف۔ محلاً مجرور صفت۔ تابع موصوف كَ:(مانند۔ طرح۔ جیسی۔) حرف تشبیہ۔ و حرف جار۔ مَاءٍ:(پانی) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً

منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتار)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن زل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔مِنَ :(سے)حرف جار۔السَّمَاءِ: (آسمان)اسم مجرور۔ فَ:(پس)عطف۔اِخْتَلَطَ:(وہ مل جل گئی۔مکس ہوگئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَلَطَ یَخْتَلِطُ۔مصدر۔اِخْتِلَاطٌ۔(ملاوٹ کرنا۔ملانا۔ مکس کرنا۔مل جل جانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔ نَبَاتُ:(بوٹیاں۔روئیدگی۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔الْاَرْضِ:(زمین)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَصْبَحَ:(وہ ہوگیا)فعل ناقص ماضی۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔اَصْبَحَ یُصْبِحُ۔ مصدر۔اِصْبَاحٌ۔(صبح ہونا۔ہونا۔)۔ هَشِيْمًا:(ریزہ ریزہ۔چوراچورا۔ذرہ ذرہ۔خشک چھڑیاں) اَصْبَحَ کی خبر منصوب۔ تَذْرُوْ:()فعل مضارع۔واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ر و)صیغہ۔ذَرَاَ یَذْرُو۔مصدر۔ذَرْوًا۔(منتشر کرنا۔اڑائے پھرنا۔)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ الرِّيَاحُ:(رِيْحٌ کی جمع۔آندھیاں۔ہوائیں۔)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔یا۔حالیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) كَانَ کا اسم مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ كُلِّ: (ہرایک۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ:(کوئی شئے۔کوئی چیز)مجرور مضاف الیہ۔ مُّقْتَدِرًا:(اقتدار رکھنے والا۔قدرت رکھنے والا)اسم فاعل۔مرفوع۔محلاً كَانَ خبر منصوب۔یا۔منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور ان سے دنیا کی زندگی کی مثال بھی بیان کر دو (وہ ایسی ہے) جیسے پانی جسے ہم نے آسمان سے برسایا۔ تو اس کے ساتھ زمین کی روئیدگی مل گئی۔ پھر وہ چورا چورا ہو گئی کہ ہوائیں اسے اڑاتی پھرتی ہیں۔ اور اللہ تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾

اَلْمَالُ: (مال) مبتداء۔ مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ اَلْبَنُوْنَ: (اِبْنٌ کی جمع۔ بیٹے) معطوف مرفوع۔ زِيْنَةُ: (زینت۔ خوبصورتی) خبر مرفوع۔ مضاف۔ اَلْحَيٰوةِ: (زندگی کی) مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ الدُّنْيَا: (دنیا) غیر منصرف۔ مبنی بر سکون۔ محلاً صفت۔ مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ یا۔ حرف استئناف۔ اَلْبَاقِيَاتُ: (بَقِيَةٌ کی جمع۔ بچی ہوئیں) مبتداء مرفوع۔ موصوف۔ الصَّالِحَاتُ: (نیکیاں۔ اچھائیاں) صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔ خَيْرٌ: (بہتر۔ اچھا) خبر مرفوع۔ عِنْدَ: (پاس) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ رَبِّ: (ربّ) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ كَ: (تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثَوَابًا: (انجام۔ نتیجہ۔ بدلہ۔ ثواب۔) منصوب تمیز۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ خَيْرٌ: (بہتر۔ اچھا) خبر مرفوع۔ أَمَلًا: (آمَالٌ کی واحد۔ بھرپور امید۔ توقع۔) منصوب۔ تمیز۔

ترجمہ آیت: مال اور بیٹے تو دنیا کی زندگی کی (رونق و) زینت ہیں۔ اور نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں وہ ثواب کے لحاظ سے تمہارے پروردگار کے ہاں بہت اچھی اور امید کے لحاظ سے بہت بہتر ہیں۔

وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ يَوْمَ: (دن) ظرف زمان۔ منصوب۔ نُسَيِّرُ: (ہم چلائیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ سَيَّرَ يُسَيِّرُ۔ مصدر۔ تَسْيِيْرٌ۔ (چلانا۔) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ۔ (س ی ر) اجوف یائی۔ صیغہ۔ سَارَ يَسِيْرُ۔ مصدر۔ سَيْرٌ۔ (سیر کرنا۔ چلنا پھرنا)۔ اَلْجِبَالَ: (پہاڑوں کو)

منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَرَی:(آپ دیکھیں گے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَۃٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔الْاَرْضَ :(زمین)منصوب۔مفعول بہٖ۔بَارِزَۃً:(صاف کھلی)منصوب۔حال۔ حَشَرْنَا:(ہم نے جمع کیا۔اکٹھا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر)صیغہ۔حَشَرَ یَحْشُرُ۔مصدر۔حَشْرٌ۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔ وَ:(اور۔حالانکہ)حرف عطف۔یا۔حالیہ۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ نُغَادِرْ:(ہم چھوڑیں۔جانے دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔اَغَادَرَ یُغَادِرُ۔مصدر۔مُغَادَرَۃٌ۔(جانے دینا۔اندراج کرکے چھوڑنا۔چھوڑنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَحَدًا :(کسی ایک کو)منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تم زمین کو صاف میدان دیکھو گے اور ان(لوگوں کو) ہم جمع کرلیں گے تو ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے۔

وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۢ ؗ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔عُرِضُوا:(وہ پیش کئے جائیں گے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔صَفًّا:(قطار اندر قطار۔قطار باندھے ہوئے۔صفت باندھے ہوئے)منصوب۔حال۔ لَ:(ضرور۔البتہ۔)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔جِئْتُمُو:(تم آئے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤبرائے شکم پری۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔

نَا:(ہم پاس)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ كَمَا:(جیسا کہ)مرکب:(كَ+مَا)حرف جار۔اور حرف تشبیہ۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ خَلَقْنَا :(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَوَّلَ :(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔مَرَّةٍ:(مرتبہ ۔بار۔دفعہ)مجرور مضاف الیہ۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ زَعَمْتُمْ:(تم نے گمان کیا۔خیال کیا)فعل قلوب ماضی۔جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ز ع م)صیغہ۔زَعَمَ يَزْعَمُ۔ مصدر۔زَعْمًا۔(گمان کرنا۔کسی چیز کے بارے میں خیال کرنا۔وہ غلط ہو یا درست)۔ أَلَّنْ:(کہ ہر گز نہیں) مرکب:(أَنْ+لَّنْ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔+حرف نفی۔ناصب مضارع۔بمعنی نفی مستقبل۔ نَّجْعَلَ: (ہم ضرور بالضرور بنائیں گے۔ہم مقرر کریں گے)فعل مضاع جمع متکلم۔منصوب۔علامت۔محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مَّوْعِدًا:(مقررہ۔وعدہ کیا ہوا۔مدت مقررہ)اسم ظرف زمان۔نکرہ منصوب۔یا۔منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور سب تمہارے پروردگار کے سامنے صف باندھ کر لائے جائیں گے (تو ہم ان سے کہیں گے کہ) جس طرح ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا(اسی طرح آج) تم ہمارے سامنے آئے لیکن تم نے تو یہ خیال کر رکھا تھا کہ ہم نے تمہارے لئے (قیامت کا) کوئی وقت مقرر ہی نہیں کیا۔

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔وُضِعَ:(رکھی ہوئی۔رکھ دی جائے گی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب۔ فتح۔مادہ(و ض ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَضَعَ يَضَعُ۔مصدر۔وَضْعًا۔(رکھنا۔گھڑنا۔ڈالنا۔مقرر کرنا)۔

اَلْکِتَابُ:(کتاب۔)معرف باللام۔(قرآن مجید)نائب فاعل مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَرَی:(تو دیکھے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت تقدیراً مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَۃٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔اَلْمُجْرِمِیْنَ:(گنہگاروں کو۔مجرموں کو)منصوب۔علامت ی۔مفعول بہٖ۔مُشْفِقِیْنَ:(ڈرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔علامت ی۔حال۔مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فِیْ:(میں)حرف جار۔ہِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔یَا:(اے)حرف نداء۔حسرت۔وَیْلَتَ:(افسوس ہے۔وائے ہے۔ہائے بربادی۔)منادیٰ۔متحسر بہٖ۔منصوب۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لِ:(حرف جار۔)ھٰذَا:(یہ)اسم اشارہ۔قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اَلْکِتَابِ:(کتاب)مشارٌ الیہ۔مجرور تابع اسم اشارہ۔معرف باللام۔(قرآن مجید)مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یُغَادِرُ:(وہ چھوڑتا۔جانے دیتا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔ اَغَادَرَ یُغَادِرُ۔مصدر۔مُغَادَرَۃٌ۔(جانے دینا۔اندراج کر کے چھوڑنا۔چھوڑنا)۔صَغِیْرَۃً :(چھوٹے)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔زائدہ۔ کَبِیْرَۃً:(بڑے)معطوف منصوب۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔اَحْصَا:(اس نے گنا۔شمار کیا۔گن رکھا ہے۔شمار کیا ہوا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَحْصٰی یُحْصِیْ۔مصدر۔اِحْصَاءٌ۔(گننا۔شمار کرنا۔)۔ھَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یا حالیہ۔وَجَدُوْا:(انہوں نے پایا۔ڈھونڈا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ۔وَجَدَ یَجِدُ۔مصدر۔وِجْدَانًا۔وُجُوْدًا۔ (پانا۔ملنا)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر

سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔عَمِلُوْا:(انہوں نے عمل کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ حَاضِرًا:(موجود ہونا۔حاضر ہونا۔)اسم فاعل۔واحد مذکر غائب۔ منصوب۔مفعول مطلق۔یا مفعول بہ ثانی۔وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں) نافیہ۔يَظْلِمُ:(وہ ظلم کرتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَحَدًا:(کسی ایک)منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور(عملوں کی) کتاب(کھول کر) رکھی جائے گی تو تم گنہگاروں کو دیکھو گے کہ جو کچھ اس میں (لکھا) ہوگا اس سے ڈر رہے ہوں گے اور کہیں گے ہائے شامت یہ کیسی کتاب ہے کہ نہ چھوٹی بات کو چھوڑتی ہے نہ بڑی کو۔(کوئی بات بھی نہیں) مگر اسے لکھ رکھا ہے۔اور جو عمل کئے ہوں گے سب کو حاضر پائیں گے۔اور تمہارا پروردگار کسی پر ظلم نہیں کرے گا۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿۵۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔ قُلْنَا :(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ لِ:(لئے۔)حرف جار۔ الْمَلٰٓئِكَةِ:(فرشتوں۔کائناتی قوتوں۔غیر مرئی طاقتوں)اسم مجروراُسْجُدُوْا:(سجدہ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا۔قبول کرنا۔اطاعت کرنا۔تعظیم کرنا)۔ لِ:(لئے،کو)حرف جار۔آدَمَ:(آدمؑ کو)منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔سَجَدُوْا:(انہوں نے سجدہ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔ مصدر۔

سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا)۔اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ اِبْلِیْسَ:(ابلیس۔انکار کرنے والا۔متکبر۔ نافرمان)محلاً منصوب مستثنیٰ۔ کَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔الْجِنِّ: (جنّ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔ فَ:(پس)حرف عطف۔فَسَقَ:(اس نے نافرمانی کی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف س ق)صیغہ۔فَسَقَ یَفْسِقُ۔مصدر۔فُسُوْقًا۔(حکم عدولی کرنا۔نافرمانی کرنا۔)عَنْ :(سے)حرف جار۔اَمْرِ :(حکم۔معاملہ۔امر۔فیصلہ)اسم مجرور۔ مضاف۔رَبِّ: (ربّ)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَ:(کیا)حرف استفہام۔ انکاری۔فَ:(پس)حرف عطف یا استئنافیہ۔تَتَّخِذُوْنَ:(تم پکڑتے ہو۔اختیار کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ: (اور)حرف عطف۔ذُرِّیَّتَ: (بچے۔اولاد۔ نسل۔ذریت) منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔هٗ: (اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَوْلِیَآءَ:(دوست۔حامی۔ساتھی۔سرپرست)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوائے)ظرف مکان۔مضاف۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔عَدُوٌّ:(دشمن)خبر مرفوع۔جملہ محلا منصوب حال۔ بِئْسَ:(بہت برا)فعل ذم ماضی۔جامد۔ لِ: (لئے)حرف جار۔الظّٰلِمِیْنَ:(ظالم لوگ۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت ۔ی۔ بَدَلًا :(بدلہ۔بدل۔عوض۔تبدیلی)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس (نے نہ کیا) وہ جنات میں سے تھا تو اپنے پروردگار کے حکم سے باہر ہو گیا۔ کیا تم اس کو اور اس کی اولاد کو میرے سوا دوست بناتے ہو۔ حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں (اور شیطان کی دوستی) ظالموں کے لئے (اللہ کی دوستی کا) برا بدل ہے۔

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾

مَا: (نہیں) نافیہ۔ أَشْهَدْتُّ: (میں نے گواہ بنایا) فعل ماضی واحد متکلم۔ ت مبسوط۔ ضمیر مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَشْهَدَ يُشْهِدُ۔ مصدر۔ اِشْهَادٌ۔ (گواہ بنانا۔)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ خَلْقَ: (پیدائش۔ پیدا کرنے میں) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ مضاف۔ السَّمٰوٰتِ: (آسمانوں کی) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْاَرْضِ: (زمین) معطوف مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) زائدہ۔ خَلْقَ: (کوئی پیدائش۔ پیدا کرنے کا) معطوف۔ منصوب۔ مضاف۔ أَنْفُسِ: (نَفْسٌ کی جمع۔ جانوں کی) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ كُنْتُ: (میں تھا) فعل ناقص ماضی واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مُتَّخِذَ: (اخذ کرنے والا۔ اختیار کرنے والا۔ پکڑنے والا۔ مددگار بنانے والا) اسم فاعل۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ الْمُضِلِّيْنَ: (گمراہ کرنے والے) اسم فاعل۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَضُدًا: (بازو۔ طاقت۔ قوت۔ مددگار۔) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: میں نے ان کو نہ تو آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے کے وقت بلایا تھا اور نہ خود ان کے پیدا کرنے کے وقت۔ اور میں ایسا نہ تھا کہ گمراہ کرنے والوں کو مددگار بناتا۔

وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔ یَقُوْلُ :(وہ کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ نَادُوْا:(تم آواز دو۔ پکارو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰی یُنَادِیْ۔مصدر۔مُنَادَاۃٌ۔(آواز دینا۔پکارنا) شُرَکَاءِ:(شَرِیْکٌ کی جمع۔شریکوں کو)۔منصوب۔مفعول بہ۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔ مضاف۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ زَعَمْتُمْ :(تم نے گمان کیا۔خیال کیا)فعل قلوب ماضی۔ جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ز ع م)صیغہ۔زَعَمَ یَزْعَمُ۔مصدر۔زَعْمًا۔(گمان کرنا۔کسی چیز کے بارے میں خیال کرنا۔وہ غلط ہو یا درست)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔دَعَوْ:(انہوں نے پکارا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَایَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَۃٌ۔(پکارنا)۔ھُمْ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ فَ:(پس)حرف عطف۔لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم۔مضارع۔ قالب۔یَسْتَجِیْبُوْا:(وہ جواب دیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔ علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتِجَابَ یَسْتَجِیْبُ۔ مصدر۔اِسْتِجَابَۃٌ۔(قبول کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ج و ب) صیغہ۔جَابَ یَجُوْبُ۔ مصدر۔جَوْبًا۔(پتھر گھڑنا۔ تراشنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔مَّوْبِقًا:(دوزخ کاایک خاص مقام۔ہلاکت کی جگہ)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہ۔اور جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور جس دن اللہ فرمائے گا کہ (اب) میرے شریکوں کو جن کی نسبت تم گمان (الوہیت) رکھتے تھے بلاؤ تو وہ ان کے بلائیں گے مگر وہ ان کو کچھ جواب نہ دیں گے۔ اور ہم ان کے بیچ میں ایک ہلاکت کی جگہ بنا دیں گے

وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ رَأَى: (اس نے دیکھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الْمُجْرِمُوْنَ: (مجرموں۔ گناہگاروں نے) فاعل۔ مرفوع۔ النَّارَ: (آگ کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ ظَنُّوا: (انہوں نے گمان کیا۔ خیال کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ وآو جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ظ ن ن) مضاعف۔ صیغہ۔ ظَنَّ يَظُنُّ۔ مصدر۔ ظَنٌّ۔ (شک کرنا۔ گمان کرنا۔ وہم کرنا)۔ أَنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُمْ: (وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ مُّوَاقِعُوْ: (گرنے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ نون جمع۔ محذوف بوجہ مضاف۔ هَا: (اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَمْ: (نہ) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ يَجِدُوْا: (وہ پائیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (وج د) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَجَدَ يَجِدُ۔ مصدر۔ وِجْدَانًا۔ وُجُوْدًا۔ (پانا۔ ملنا)۔ عَنْ: (سے) حرف جار۔ هَا: (اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَصْرِفًا: (لوٹنے کی جگہ۔ پھیرنے کی جگہ۔ بچنے کی جگہ۔) ظرف مکان۔ منصوب۔ اور مفعول بہٖ منصوب۔

ترجمہ آیت: اور گنہگار لوگ دوزخ کو دیکھیں گے تو یقین کرلیں گے کہ وہ اس میں پڑنے والے ہیں۔ اور اس سے بچنے کا کوئی رستہ نہ پائیں گے۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(ضرور۔البتہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔صَرَّفْنَا:(ہم نے موڑ دیا۔پھیر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَرَّفَ يُصَرِّفُ۔ مصدر۔ تَصْرِيْفًا۔(پھیرنا۔موڑنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر محلاً اسم مجرور۔ الْقُرْآنِ:(قرآن کریم) هَذَا کا بدل۔مجرور۔ لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ :(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔مَثَلٍ :(مثال)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔الْإِنسَانُ:(انسان) كَانَ کا اسم مرفوع۔ أَكْثَرَ:(بہت زیادہ۔ اکثر)افعل التفضیل۔ كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔ شَيْءٍ:(کوئی شئے۔کوئی چیز)مجرور مضاف الیہ۔ جَدَلًا: (لڑائی۔جھگڑا۔بحث مباحثہ)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت:اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کے سمجھانے) کے لئے طرح طرح کی مثالیں بیان فرمائی ہیں۔ لیکن انسان سب چیزوں سے بڑھ کر جھگڑالو ہے۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔مَنَعَ:(اس نے منع کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔ مادہ(م ن ع)صیغہ۔مَنَعَ يَمْنَعُ۔مصدر۔مَنْعٌ۔(منع کرنا۔روکنا)۔ النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يُّؤْمِنُوْا :(وہ ایمان لائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین

کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ إِذْ :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔جَاءَ :(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیئٌ۔ مَجِیْءٌ۔(آنا)۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الْهُدَىٰ:(ہدایت۔راہنمائی)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَسْتَغْفِرُوا:(وہ مغفرت طلب کریں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔يُؤْمِنُوا معطوف علیہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔ اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ رَبَّ:(رب سے) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَأْتِيَ:(وہ آئے۔ پیش آئے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیٰ یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا) ہوتا ہے۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ سُنَّةُ: (طریقہ۔ سنت۔معاملہ۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الْأَوَّلِينَ:(پہلوں کا)مجرور علامت ۔ی۔مضاف الیہ۔أَوْ:(یا) حرف عطف۔ يَأْتِيَ:(وہ آئے۔پیش آئے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیٰ یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔ الْعَذَابُ:(عذاب)فاعل مرفوع۔ قُبُلًا :(قَبِیْلٌ کی جمع۔سامنے سے۔ آگے سے)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور لوگوں کے پاس جب ہدایت آگئی تو ان کو کس چیز نے منع کیا کہ ایمان لائیں۔ اور اپنے پروردگار سے بخشش مانگیں۔ بجز اس کے کہ (اس بات کے منتظر ہوں کہ) انہیں بھی پہلوں کا سا معاملہ پیش آئے یا ان پر عذاب سامنے آموجود ہو۔

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿٥٦﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَا: (جو) نافیہ۔ نُرْسِلُ: (ہم بھیجتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ الْمُرْسَلِيْنَ: رَسُوْلٌ کی جمع۔ پیغمبروں کو منصوب۔ علامت ۔ی۔ مفعول بہ۔ اِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ مُبَشِّرِيْنَ: (خوشخبری دینے والے) منصوب۔ حال۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مُنْذِرِيْنَ: (آگاہ کرنے والے۔ تنبیہ کرنے والے خبر دار کرنے والے) معطوف منصوب۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ يُجَادِلُ: (وہ جھگڑا کرتے ہیں۔ جنگ کرتے ہیں) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلة۔ صیغہ۔ جَادَلَ يُجَادِلُ۔ مصدر۔ مُجَادَلَةٌ۔ (باہم جنگ کرنا)۔ الَّذِيْنَ: (وہ جو) اسم موصول جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً فاعل مرفوع۔ كَفَرُوْا: (انہوں نے انکار کیا۔ انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ف ر) صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔ (کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ الْبَاطِلِ: (جھوٹ۔ باطل) اسم مجرور۔ لِ: (تاکہ) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ يُدْحِضُوْا: (وہ پھسلادیں۔ دور کردیں۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت۔ نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هِ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ الْحَقَّ: (حق۔ سچ۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور۔ حالانکہ) حرف عطف۔ یا حالیہ۔ اِتَّخَذُوْا: (وہ پکڑیں) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔

بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ آیَاتِ :(آیات)منصوب بالکسرہ۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً معطوف۔منصوب۔ اُنْذِرُوْا: (انہوں نے تنبیہ کی۔آگاہ کیا۔ڈرایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ یُنْذِرُ ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(آگاہ کرنا۔خبر دار کرنا۔ڈرانا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔ مادہ۔(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ یَنْذُرُ۔مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا)۔ هُزُوًا :(ہنسی۔مذاق۔جس کا مذاق اڑایا جائے)اسم مفعول۔منصوب مفعول بہٖ ثانی۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ھ ز ء)صیغہ۔هَزَءَ یَهْزَاُ۔ مصدر۔ هُزْءً ا۔هُزُؤًا۔هُزُوًا۔هُزُوءًا۔(مذاق اڑانا۔ٹھٹھہ کرنا)

ترجمہ آیت:اور ہم جو پیغمبروں کو بھیجا کرتے ہیں تو صرف اس لئے کہ(لوگوں کو اللہ کی نعمتوں کی) خوشخبریاں سنائیں اور(عذاب سے) ڈرائیں۔اور جو کافر ہیں وہ باطل کی (سند) سے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اس سے حق کو پھسلا دیں اور انہوں نے ہماری آیتوں کو اور جس چیز سے ان کو ڈرایا جاتا ہے ہنسی بنالیا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۵۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(کون)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔أَظْلَمُ:(بہت بڑا ظالم)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ مِمَّنْ:(اس میں سے)مرکب :(مِنْ+مَّنْ)حرف جار۔ +اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ذُكِّرَ:(ذکر کیا گیا۔نصیحت کی گئی)فعل ماضی مجہول واحد مذکر ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيلٌ۔صیغہ۔ذَكَّرَ يُذَكِّرُ۔مصدر۔تَذْكِيرٌ۔(نصیحت پکڑنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔ مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور

مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَعْرَضَ:(اس نے اعراض کیا۔منہ موڑا۔نظر انداز کیا)۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ یُعْرِضُ۔مصدر۔اِعْرَاضٌ۔(منہ موڑنا۔نظر انداز کرنا۔توجہ نہ دینا)۔عَنْ: (سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَسِيَ :(وہ بھول گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب۔سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔مصدر۔نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ قَدَّمَتْ: (اس نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔مصدر ۔ تَقْدِيْمًا۔(آگے بھیجنا)۔يَدَا:(دونوں ہاتھوں نے)اصلاً يَدَانِ ہے۔تثنیہ۔علامت الف۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّا:(یقیناہم نے) :(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔قُلُوْبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔ دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلا مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔أَكِنَّةً:(كِنَانٌ کی جمع ۔پردے۔) منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَفْقَهُوْ:(وہ سوچیں۔غور کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ۔جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ق ھ)صیغہ۔فَقِهَ يَفْقَهُ ۔مصدر۔فَقْهًا۔ (سوچنا۔ سمجھنا۔غور کرنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔فِيْ :(میں)حرف جار۔آذَانِ:(کانوں)تثنیہ۔علامت الف۔مرفوع۔نون اعرابی۔موجود۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَقْرًا:(بوجھ۔ڈاٹ۔بہرہ پن) منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تَدْعُ:(تو پکارے)اصلاً تَدْعُوْ ہے۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ۔حرف علت محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ

(دع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَايَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَى :(طرف)حرف جار۔الْهُدَى:(ہدایت)اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف ناصب مضارع۔بمعنی نفی مستقبل۔يَهْتَدُوْا:(وہ ہدایت پائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ إِذًا:(تب)حرف جزا۔جواب اور جزا کے لئے مستعمل ہے۔ أَبَدًا:(ہمیشہ ہمیشہ۔کبھی بھی)ظرف زمان۔منصوب۔

ترجمہ آیت: اوراس سے ظالم کون جس کواس کے پروردگار کے کلام سے سمجھایا گیاتواُس نےاس سے منہ پھیر لیا۔اور جواعمال وہ آگے کرچکااس کو بھول گیا۔ہم نےان کے دلوں پرپردے ڈال دیئے کہ اسے سمجھ نہ سکیں۔اورکانوں میں ثقل(پیدا کر دیا ہے کہ سن نہ سکیں) اوراگر تم ان کورستے کی طرف بلاؤتو کبھی رستے پر نہ آئیں گے۔

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔رَبُّ:(ربّ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْغَفُوْرُ :(خوب بخشنے والا)خبر مرفوع۔ذُو:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔خبر ثانی مرفوع۔مضاف۔ الرَّحْمَةِ:(رحمت کی)مجرور مضاف الیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ يُؤَاخِذُ:(وہ پکڑتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔آخَذَ يُؤْخِذَ۔مصدر۔مُوَاخَذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ كَسَبُوْ ا:(انہوں نے کمایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی

مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔کَسَبَ یَکْسِبُ۔مصدر۔کَسْبٌ۔(کمانا)۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔عَجَّلَ:(وہ جلد لاتا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَجَّلَ یُعَجِّلُ۔مصدر۔تَعْجِیْلًا۔(جلدلانا) لَ:(لئے)حرف جار۔هُمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ الْعَذَابَ:(عذاب کو)منصوب۔مفعول بہ۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ماقبل سے اعراض اور اصلاح کے لئے مستعمل ہے۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدّم مرفوع۔ مَّوْعِدٌ:(مقررہ وقت۔وعدہ شدہ)مبتداء مؤخر مرفوع۔ لَّنْ:(ہرگز نہیں۔)حرف ناصب مضارع۔بمعنی نفی مستقبل۔یَجِدُوْا :(وہ پاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ یَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانًا۔وُجُوْدًا۔(پانا۔ملنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوائے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلا مجرور مضاف الیہ۔ مَوْئِلًا:(جائے پناہ۔جائے فرار۔لوٹنے کی جگہ۔)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور تمہارا پروردگار بخشنے والا صاحب رحمت ہے۔اگر وہ ان کے کرتوتوں پر ان کو پکڑنے لگے تو ان پر جھٹ عذاب بھیج دے۔مگر ان کے لئے ایک وقت(مقرر کر رکھا) ہے کہ اس کے عذاب سے کوئی پناہ کی جگہ نہ پائیں گے

وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْقُرٰى: (بستیوں کو)مشارٌ الیہ۔خبر مرفوع۔أَهْلَكْنَا:(ہم نے تباہ وبرباد کردیا۔ہلاک کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔ مصدر۔اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔مصدر۔هَلْكًا۔هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔مُهْلِكًا۔تَهْلُكَةً۔هُلْكًا۔وغیرہ(مار

دینا۔)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ لَمَّا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلا۔ منصوب۔ظَلَمُوْا:(انہوں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ وَ: (اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلُ ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مَهْلِكِ:(ہلاکت گاہ۔ہلاکت کا وقت) ظرف مکان و زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّوْعِدًا:(وقت مقررہ۔وعدہ کاوقت)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور یہ بستیاں (جو ویران پڑی ہیں) جب انہوں نے (کفر سے) ظلم کیا تو ہم نے ان کو تباہ کر دیا۔اور ان کی تباہی کے لئے ایک وقت مقرر کر دیا تھا۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ مُوْسَى: (موسیٰؑ نے)غیر منصرف۔فاعل مرفوع۔تقدیراً مضموم۔لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔فَتَا:(نوجوان)اسم مجرور تقدیراً مکسور۔مضاف۔هُ :(اس۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔أَبْرَحُ : (میں ہٹوں گا۔ٹلوں گا)فعل ناقص مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ر ح)صیغہ۔بَرَحَ يَبْرَحُ۔ مصدر۔بَرْحًا۔(جگہ سے ہٹنا)۔حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غایت۔ان مضمر۔ناصب مضارع۔ أَبْلُغَ :(میں پہنچوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ)صیغہ۔بَلَغَ يَبْلُغُ۔مصدر۔ بُلُوْغًا۔ (پہنچنا)۔مَجْمَعَ :(مجمع۔جمع ہونے کی جگہ۔ملنے کی جگہ۔)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ الْبَحْرَيْنِ:(دو دریاؤں کے)مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔أَوْ :(یا)حرف عطف۔أَمْضِيَ :(گزر

جائیں)فعل مضارع۔واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(م ض ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔مَضِیَ یَمْضِی۔ مصدر۔مَضِیًا۔(گزرنا۔چلنا۔)حُقُبًا:(ان گنت۔جہاں اکائیاں دہائیاں ختم ہو جائیں۔صدیوں۔ مدتوں۔) ظرف زمان۔منصوب۔

ترجمہ آیت:اور جب موسیٰ نے اپنے شاگرد سے کہا کہ جب تک دودریاؤں کے ملنے کی جگہ نہ پہنچ جاؤں ہٹنے کا نہیں خواہ برسوں چلتارہوں۔

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلا۔منصوب۔ بَلَغَا :(دونوں پہنچے)فعل ماضی تثنیہ۔مذکر۔غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ)صیغہ۔بَلَغَ يَبْلُغُ۔مصدر۔بُلُوْغًا ۔(پہنچنا)۔مَجْمَعَ :(مجمع۔جمع ہونے کی جگہ۔ملنے کی جگہ۔)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہ۔بَيْنِ: (درمیان)ظرف مکان۔مضاف۔هِمَا:(ان کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔نَسِيَا:(دونوں بھول گئے)فعل ماضی تثنیہ۔مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔مصدر۔نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔حُوْتَ:(مچھلی۔جس کا وزن 7 کلو سے زیادہ ہو۔چھوٹی کو سَمَكٌ۔کہا جاتا ہے)۔منصوب۔مفعول بہ۔مضافهُمَا:(ان کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث ۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔اِتَّخَذَ:(اس نے پکڑا۔اس نے لیا۔اختیار کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔:(ان کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ سَبِيْلَ:(راہ) منصوب ۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ :(اس۔اپنا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِيْ :(میں)حرف جار۔ الْبَحْرِ :(سمندر۔)اسم مجرور۔سَرَبًا:(فندق۔سرنگ۔غار جیسی راہ۔نشیب)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت:جب ان کے ملنے کے مقام پر پہنچے تو اپنی مچھلی بھول گئے تو اس نے دریا میں سرنگ کی طرح اپنا رستہ بنالیا۔

فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۫ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلا۔منصوب۔جَاوَزَا :(دونوں نے عبور کر لیا۔گزرگئے)فعل ماضی تثنیہ۔مذکر۔غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَاوَزَ يُجَاوِزُ۔ مصدر۔مُجَاوَزَةٌ۔(آگے گزر جانا۔آگے بڑھنا۔پار کرنا۔عبور کرنا)۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لِ: (لئے۔کو) حرف جار۔فَتَا:(نوجوان)اسم مجرور۔مضاف۔هُ :(اس۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔آتِ :(تو لے آ)اصلاً اِيْتِيْ ہے۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت ی۔ محذوف۔فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ نَا :(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مفعول بہ۔غَدَاءَ:(لنچ۔دوپہر کا کھانا)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔نَا :(ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ لَقِيْنَا:(ہم نے ڈالا۔یعنی ٹھہرے۔ہم کو ہو گئی ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔ لُقِيًّا۔ لُقْيًا۔لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا ۔ملنا۔پہنچنا۔ہو جانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔سَفَرِ :(سفر)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔واحد مذکر۔ نَصَبًا:(تھکاوٹ)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:جب آگے چلے تو(موسیٰ نے) اپنے شاگرد سے کہا کہ ہمارے لئے کھانا لاؤ۔اس سفر سے ہم کو بہت تکان ہو گئی ہے۔

قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۖ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿٦٣﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔أَ:(کیا) حرف استفہام۔رَأَيْتَ:(تو نے دیکھا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔إِذْ:(جب) ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔أَوَيْنَا:(ہم نے پناہ لی۔ ٹھہرے۔اترے۔رکے تھے) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاڈی مجرد باب ضرب۔مادہ(ء و ی)لفیف مقرون ۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَوٰى يَاوِىْ۔مصدر۔اَوْىً۔(ٹھہرنا۔اترنا۔پناہ لینا۔)۔إِلَى: (طرف۔ پاس) حرف جار۔الصَّخْرَةِ:(چٹان) اسم مجرور۔ فَ:(پاس) استئنافیہ۔إِنِّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔يْ:(میں) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ نَسِيْتُ:(میں بھول گیا) فعل ماضی واحد مذکر متکلم۔ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔مصدر۔نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ الْحُوتَ: (مچھلی۔ سات کلو سے زیادہ کا وزن ہو۔چھوٹی ہو تو اس کا سَمَكٌ کہا جا ہے۔)منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَا:(نہیں) نافیہ۔ أَنْسَا: (اس نے بھلا دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْسٰى يُنْسِىْ۔مصدر۔اِنْسَاءً۔ (بھلانا۔ فراموش کرا دینا۔)۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔مصدر۔نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔نِ:(وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ ثانی۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔الشَّيْطَانُ:(شیطان نے) فاعل مرفوع۔ أَنْ : (کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔أَذْكُرَ:(میں ذکر کرتا) فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ذ

ک ر)صیغہ۔ذَکَرَ یَذْکُرُ۔ ذِکْرًا۔ (یاد کرنا۔ذکر کرنا ۔ نصیحت کرنا۔ہٗ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِتَّخَذَ:(اس نے اختیار کیا۔بنالیا۔پکڑ لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔ مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ سَبِیْلَ:(راہ۔راستہ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ہٗ :(اس۔اپنا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِیْ:(میں)حرف جار۔الْبَحْرِ : (سمندر)اسم مجرور۔ عَجَبًا:(عجیب طرح)منصوب۔مفعول ثانی۔

ترجمہ آیت:(اس نے) کہا کہ بھلا آپ نے دیکھا کہ جب ہم نے پتھر کے ساتھ آرام کیا تھاتو میں مچھلی (وہیں) بھول گیا۔اور مجھے(آپ سے) اس کاذکر کرنا شیطان نے بھلا دیا۔اور اس نے عجب طرح سے دریامیں اپنارستہ لیا

قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے +خطاب کے لئے۔مَا :(نہیں)نافیہ۔کُنَّا :(ہم تھے) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ نَبْغِ :(ہم تلاش کرتے تھے)اصلاًنَبْغِی ہے۔فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔جملہ محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ب غ ی) ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰی یَبْغِیْ۔مصدر۔بَغْیًا۔(سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا۔حد سے فساد برپا کرنا۔تلاش کرنا۔جستجو کرنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اِرْتَدَّا :(لوٹ آئی)فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِرْتَدَّ یَرْتَدُّ۔مصدر۔اِرْتِدَادٌ۔(پلٹ جانا۔لوٹ جانا۔مرتد ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ۔رَدَّ یَرُدُّ۔مصدر۔رَدٌّ۔(لوٹانا۔واپس کرنا)۔ عَلٰی :(پر)حرف

جار۔آثَارِ:(نشانات۔قدموں کے نشانات)اسم مجرور۔مضاف۔هِمَا :(دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔قَصَصًا:(پیروی کرنا۔لوٹنا۔پیچھا کرنا۔بیان کرنا۔کہانی سنانا)منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت:(موسیٰ نے)کہایہی تو(وہ مقام)ہے جسے ہم تلاش کرتے تھے تو وہ اپنے پاؤں کے نشان دیکھتے دیکھتے لوٹ گئے۔

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔وَجَدَا:(دونوں نے پایا)فعل ماضی تثنیہ۔علامت الف۔مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانًا۔وُجُوْدًا۔(پانا۔ملنا)۔ عَبْدًا: (ایک بندہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔عِبَادِ:(بندوں)اسم مجرور۔مضاف۔نَا: (ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اٰتَيْنَا:(ہم نے دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔رَحْمَةً:(رحمت ۔مہربانی۔نبوت)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔عِنْدِ:(پاس)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہمارے۔اپنے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب صفت۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَلَّمْنَا:(ہم نے سکھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔مصدر ۔تَعْلِيْمٌ۔ (سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔ هٗ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ لَّدُنَّا:(اپنے پاس سے۔ طرف پاس۔)مرکب:(لَّدُنَّ+نَا)ظرف زمان۔ابتدائی وقت پر دلالت کرتا ہے۔ عِلْمًا: (علم۔ سائنس) منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت:(وہاں) انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ دیکھا جس کو ہم نے اپنے ہاں سے رحمت (یعنی نبوت یا نعمت ولایت) دی تھی اور اپنے پاس سے علم بخشا تھا۔

قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لَ:(لئے۔کو)حرف جار۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔مُوْسٰی:(موسیٰؑ نے)غیر منصرف۔تقدیراً مضموم۔ فاعل مرفوع۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ أَتَّبِعُ: (میں نے پیروی کی۔پیچھا کیا)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر ۔اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ كَ : (تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔عَلَی:(پر)حرف جار۔ أَنْ:(کہ) مصدریہ ۔ناصب مضارع۔ تُعَلِّمَنِ:(تو سکھائے)مرکب۔: (تُعَلِّمَ+نِ+یْ محذوف)۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ یُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِیْمٌ۔(سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔+نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔+کسرہ بعوض۔یائے متکلم۔ محذوف۔ منصوب۔ مفعول بہٖ مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+ مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔عُلِّمْتَ:(تو نے سکھایا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر حاضر۔ علامت ت مبسوط ضمیر مفتوح۔ محلاًنائب فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ یُعَلِّمُ۔مصدر۔ تَعْلِیْمٌ۔ (سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ رُشْدًا:(ہدایت۔راہنمائی)منصوب۔مفعول۔

ترجمہ آیت:موسیٰ نے ان سے کہا کہ جو علم (اللہ کی طرف سے) آپ کو سکھایا گیا ہے اگر آپ اس میں سے مجھے کچھ بھلائی (کی باتیں) سکھائیں تو میں آپ کے ساتھ رہوں۔

قَالَ اِنَّكَ لَنۡ تَسۡتَطِيۡعَ مَعِىَ صَبۡرًا ﴿٦٧﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔إِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی برفتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَنْ:(ہرگز نہیں) حرف نفی ناصب مضارع۔ بمعنی نفی مستقبل۔ تَسْتَطِيْعَ:(تو کرسکے گا) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ۔ مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔ طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔ مَعِ: (ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔یائے متکلم۔ مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔صَبْرًا:(ڈٹے رہنا۔استقامت دکھانا)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: کہا کہ تم میرے ساتھ رہ کر صبر نہیں کر سکو گے۔

وَكَيۡفَ تَصۡبِرُ عَلٰى مَا لَمۡ تُحِطۡ بِهٖ خُبۡرًا ﴿٦٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كَيْفَ:(کیسے؟)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب حال۔تَصْبِرُ:(تو ڈٹا رہتا ہے۔جم جاتا ہے۔استقامت دکھاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ لَمْ:(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ تُحِطْ: (تو گھیرے۔احاطہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اَحَاطَ يُحِيْطُ۔مصدر۔اِحَاطَةٌ۔(گھیر لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح و ط) اجوف یائی۔صیغہ۔حَاطَ يَحُوْطُ۔مصدر۔ حَوْطًا۔ حَيْطَةً۔حِيْطَةً۔حِيَاطَةً۔(گھیر لینا۔حفاظت میں لینا۔ نگہبانی کرنا۔احاطہ کرنا)۔

بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔خُبْرًا:(خبر۔سمجھ۔علم)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور جس بات کی تمھیں خبر ہی نہیں اس پر صبر کر بھی کیوں کر سکتے ہو۔

قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿٦٩﴾

فَ: (پھر) حرف عطف۔ اَشَارَتْ: (اس نے اشارہ کیا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ت ساکن علامت تانیث۔ اِلَيْ: (طرف) حرف جار۔ هِ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ قَالُوْا: (انہوں نے کہا۔) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ كَيْفَ: (کیسے) اسم استفہام۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ حال۔ نُكَلِّمُ: (ہم بات کریں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَلَّمَ يُكَلِّمُ۔ مصدر۔ تَكْلِيْمًا۔ (بات کرنا۔ گفتگو کرنا۔)۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ كَانَ: (وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ فِي: (میں) حرف جار۔ الْمَهْدِ: (پالنا۔ پنگوڑا) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ صَبِيًّا: (بچہ جو ابھی بلوغت کو نہ پہنچا ہو) منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت: تو مریم نے اس لڑکے کی طرف اشارہ کیا۔ وہ بولے کہ ہم اس سے کہ گود کا بچہ ہے کیونکر بات کریں۔

قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ ۟ؕ اٰتٰىنِیَ الْكِتٰبَ وَ جَعَلَنِیْ نَبِیًّا ﴿۳۰﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ اِنِّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔یْ :(میں)ضمیر واحد متکلم۔ اِنَّ کا اسم منصوب۔عَبْدُ:(بندہ)اِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔اٰتٰ: (اس نے دی)اصلاً اٰتٰی تھا۔حرف علت محذوف۔اور فتحہ برائے اتصال مابعد۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یَ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔الْكِتٰبَ:(کتاب)معرف باللام۔منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ نِ: (وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔نَبِیًّا:(نبی)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: بچے نے کہا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں اس نے مجھے کتاب دی ہے اور نبی بنایا ہے۔

وَّ جَعَلَنِیْ مُبٰرَكًا اَیْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَ اَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ﴿۳۱﴾

وَّ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ نِ: (وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مُبٰرَكًا:(برکت والا)منصوب۔ مفعول بہٖ۔اَیْنَمَا:(جہاں کہیں)اسم شرط جازم۔ فعل شرط۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ ظرف مکان۔كُنْتُ :(میں تھا)فعل ماضی واحد متکلم۔ ت مضموم ضمیر فاعل مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اَوْصٰ:(اس نے وصیت کی۔یعنی حکم دیا)فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْصٰی یُوْصِیْ۔مصدر۔ اِیْصَاءٌ۔ نصیحت کے طور پر دوسرے کو عمل کی تاکید کرنا۔تاکیدی حکم دینا۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے یْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔

الصَّلٰوةِ:(صلاۃ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الزَّكٰوةِ:(زکات)معطوف مجرور۔ مَا:(جب تک)مصدریہ۔زمانیہ۔ دُمْتُ:(میں رہوں)فعل ناقص ماضی واحد متکلم۔لاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د و م)اجوف واوی۔صیغہ۔دَامَ يَدُوْمُ۔مصدر۔دَوْمًا۔(رہنا)۔ حَيًّا:(زندہ)دَامَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور میں جہاں ہوں(اور جس حال میں ہوں) مجھے صاحب برکت کیا ہے اور جب تک زندہ ہوں مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا ارشاد فرمایا ہے۔

وَّبَرًّاۢ بِوَالِدَتِيْ ۡ وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿۳۲﴾

وَّ:(اور)استئنافیہ۔ بَرًّا:(احسان کرنے والا۔نیک سلوک کرنے والا۔)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ وَالِدَتِ:(والدہ کے)اسم مجرور۔مضاف۔ يْ:(اپنی)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَجْعَلْ:(اس نے بنایا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ جَبَّارًا:(زبردست۔جبر کرنے والا۔دباؤ ڈالنے والا۔سرکش) مبالغہ۔منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔شَقِيًّا:(بدبخت۔محروم)جمع اَشْقِيَا۔صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور(مجھے) اپنی ماں کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا(بنایا ہے) اور سرکش وبدبخت نہیں بنایا۔

وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ السَّلٰمُ:(سلام۔سلامتی۔امان۔حفاظت)مبتداء۔مرفوع۔ عَلَيَّ:(مجھ پر۔)مرکب:(عَلَى+يَّ) دونوں۔ی۔کو مدغم کر دیا گیا ہے۔حرف جار+ ضمیر واحد متکلم۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ وُلِدْتُّ:(میں پیدا کیا گیا۔جنا گیا۔)فعل ماضی مجہول۔واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ل د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَلَدَ يَلِدُ۔مصدر۔وِلَادَةٌ(پیدائش۔پیدا کرنا۔)۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔اَمُوْتُ:(میں مروں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت) اجوف واوی۔ صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا۔وفات پانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔ اُبْعَثُ:

(میں اٹھایا جاؤں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ یَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(اٹھانا۔کھڑا کرنا۔)حَيًّا:(زندہ)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں گا اور جس دن زندہ کرکے اٹھایا جاؤں گا مجھ پر سلام(ورحمت) ہے۔

ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿٣٤﴾

ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔عِيْسَى:(عیسیٰؑ)غیر منصرف۔مشارٌ الیہ۔خبر مرفوع۔ابْنُ :(بیٹا)بدل مرفوع۔مضاف۔مَرْيَمَ:(مریم رضی اللہ عنہا)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَوْلَ:(بات)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ الْحَقِّ:(حق۔سچ۔مطابقت و موافقت)مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِيْ :(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔يَمْتَرُوْنَ :(وہ شک کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مزید۔باب افتعال۔ صیغہ۔اَمْتَرٰی يَمْتَرِيْ۔مصدر۔ اِمْتِرَآءٌ۔(شک کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ر ی)ناقص یائی۔مَرٰی يَمْرِيْ۔مصدر۔مَرْيًا۔(شک میں پڑنا۔)

ترجمہ آیت: یہ مریم کے بیٹے عیسیٰ ہیں (اور یہ) سچی بات ہے جس میں لوگ شک کرتے ہیں۔

مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ سُبْحٰنَهٗ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٣٥﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر مقدم منصوب۔ ۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَّتَّخِذَ:(وہ پکڑیں۔بنالیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔وَّلَدٍ:(لڑکا۔بیٹا)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ سُبْحٰنَ:(وہ پاک ہے)مفعول مطلق۔منصوب۔فعل محذوف۔مضاف۔ هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔مبنی بر

سکون۔ محلاً منصوب۔ قَضٰى:(پورا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ق ض ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ قَضٰى يَقْضِىْ۔ مصدر۔ قَضَآءٌ۔ قَضْيًا۔ (فیصلہ کرنا۔ پورا کرنا۔ گزرنا)۔ اَمْرًا:(حکم کو۔ بات کو۔ کام کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ اِنَّمَا:(در حقیقت۔ صرف اور صرف) کافة و مکفوفة۔ مرکب: (إِنَّ + مَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ يَقُوْلُ:(وہ کہتا ہے۔ کہے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ هٗ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ كُنْ:(تو ہو جا) فعل امر۔ واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ فَ:(پس) برائے رابطہ۔ يَكُوْنُ:(وہ ہو جاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔

ترجمہ آیت: اللہ کو سزاوار نہیں کہ کسی کو بیٹا بنائے۔ وہ پاک ہے جب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو یہی کہتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔

وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٣٦﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ اِنَّ:(یقینا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔ رَبِّ:(ربّ) مرفوع۔ کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ مضاف۔ يْ:(میرا) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ رَبُّ:(ربّ) مرفوع۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارا) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس) برائے رابطہ۔ اُعْبُدُوْ:(تم عبادت کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی۔ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ع ب د) صیغہ۔ عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔ (عبادت کرنا۔ بندگی کرنا۔ غلامی کرنا)۔ هُ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ هٰذَا:(یہ) اسم اشارہ قریب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ صِرَاطٌ:(راستہ) خبر مرفوع۔ موصوف۔ مُّسْتَقِيْمٌ : (سیدھا) صفت۔ مرفوع۔ تابع موصوف۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت: اور بے شک اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا رستہ ہے۔

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۳۷﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔اَخْتَلَفَ:(اس نے اختلاف کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اَخْتَلَفَ یَخْتَلِفُ۔مصدر۔اِخْتِلَافٌ۔(مخالفت کرنا۔اختلاف کرنا)۔اَلْاَحْزَابُ :(ٹولے۔گروہ۔)فاعل مرفوع۔ مِنْۢ: (سے)حرف جار۔ بَيْنِ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔فَ:(پس)حرف عطف۔ وَيْلٌ:(خرابی۔بربادی۔ تباہی)مبتداء مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ف ر) صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ مَّشْهَدِ:(حاضری۔)شہود۔حاضر ہونا۔موجود ہونا۔ اسم مجرور۔مصدر میمی۔مضاف۔يَوْمٍ :(دن)مجرور مضاف الیہ۔عَظِيْمٍ :(بہت بڑا)صرف۔مجرور۔تابع موصوف

ترجمہ آیت: پھر(اہل کتاب کے) فرقوں نے باہم اختلاف کیا۔سوجولوگ کافرہوئے ہیں ان کوبڑے دن(یعنی قیامت کے روز) حاضر ہونے سے خرابی ہے۔

اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾

اَسْمِعْ :(کیا خوب سننے والے ہوں گے)بر وزن افعال تعجب۔ فعل ماضی جامد۔مبنی بر فتحہ۔تقدیراً صیغہ امر کی شکل میں۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرو سر۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَبْصِرْ:(خوب دیکھنے والے)بروزن افعال تعجب۔ فعل ماضی جامد۔بشکل صیغہ امر۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ يَاْتُوْنَ:(وہ آتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔نَا:(ہمارے پاس)ضمیر متصل۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔لٰكِنِ: (لیکن)حرف استدراک۔ الظّٰلِمُوْنَ:(الظَالِمُ کی جمع۔ ظلم کرنے والے۔ظالم لوگ)۔اسم فاعل مرفوع۔جمع مذکر اَلْيَوْمَ:(آج)ظرف زمان۔منصوب۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔ضَلٰلٍ:(گمراہی)اسم مجرور۔اسم مصدر۔ موصوف۔مُّبِيْنٍ :(واضح۔کھلم کھلا۔بیان کرنے والا۔ظاہر کرنے

والا)اسم فاعل واحد مذکر۔صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وہ جس دن ہمارے سامنے آئیں گے۔کیسے سننے والے اور کیسے دیکھنے والے ہوں گے مگر ظالم آج صریح گمراہی میں ہیں۔

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اَنْذِرْ:(خوب تنبیہ کریں)فعل امر۔واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محلاً اعراب ساکن۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ يُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔خبردار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ضرب۔مادہ۔(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ يَنْذُرُ۔ مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ يَوْمَ :(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔ الْحَسْرَةِ :(حسرت۔ناامیدی۔اندر باہر۔اوپر نیچے سے جلتے رہنا۔)مجرور مضاف الیہ۔اِذْ :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ بمعنی ماضی۔(قُضِيَ: (فیصلہ کیا جائے گا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔قَضٰى يَقْضِيْ۔مصدر۔قَضْيًا۔قَضَآءٌ۔(فیصلہ کرنا)۔ الْاَمْرُ:(بات۔حکم۔کام۔معاملہ)نائب فاعل مرفوع۔ وَ :(حالانکہ)حالیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔غَفْلَةٍ:(غفلت۔لاپرواہی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور جملہ محلاً منصوب۔حال۔ وَّ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُؤْمِنُوْنَ :(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً مبتداءهُمْ کی خبر مرفوع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور ان کو حسرت(وافسوس) کے دن سے ڈراؤ جب بات فیصل کر دی جائے گی۔اور(ہیہات) وہ غفلت میں (پڑے ہوئے ہیں) اور ایمان نہیں لاتے۔

اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾

اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب :(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم

منصوب۔ نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔مبتداء مرفوع۔ نَرِثُ:(ہم وارث ہوں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرا۔نَحْنُ۔ اور جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(ورث)مثال واوی۔صیغہ۔وَرِثَ یَرِثُ۔مصدر۔ وِرْثًا۔وِرَاثَةً۔(وارث ہونا)۔الْاَرْضَ:(زمین)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔عَلَیْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ یُرْجَعُوْنَ:(لوٹا دیئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ یَرْجِعُ۔مصدر۔ رُجُوْعًا۔ مَرْجِعًا۔(۔(لوٹانا۔واپس کیاجانا)۔

ترجمہ آیت: ہم ہی زمین کے اور جولوگ اس پر(بستے) ہیں ان کے وارث ہیں۔اور ہماری ہی طرف ان کولوٹنا ہو گا۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۬ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اُذْكُرْ:(ذکر کر۔یاد کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْكِتٰبِ: (کتاب۔) معرف باللام۔ خاص کتاب۔(قرآن مجید)اسم مجرور۔ مضاف۔ اِبْرٰهِيْمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ صِدِّيْقًا: (سچا)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع نَّبِيًّا:(نبی)كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: اور کتاب میں ابراہیم کو یاد کرو۔بے شک وہ نہایت سچے پیغمبر تھے۔

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿۴۲﴾

اِذْ:(جب)ظرف زمان بمعنی ماضی ۔مبنی بر سکون۔ بدل اِبْرَاهِيْمَ۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔اَبِيْ:(باپ)از

ستّہ مکبّرہ۔ مجرور علامت۔ ی۔ مضاف۔ ہِ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ یَا:(اے)حرف نداء۔ اَبَتِ:(میرے پیارے باپ)اصلاً اَبَتِیْ تھا۔ منادیٰ منصوب۔ کسرہ بعوض یائے متکلم محذوف۔ مضاف الیہ۔ لِمَ:(کیوں ۔کس لئے۔ کس وجہ سے)مرکب: (لِ+مَ)لائے تعلیل۔+اسم استفہام مخففہ۔ تَعْبُدُ:(تو عبادت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔ عَبَدَ یَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَۃٌ۔(عبادت کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَسْمَعُ:(وہ سنتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔ سَمِعَ یَسْمَعُ۔ مصدر۔ سَمْعًا۔(سننا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)نافیہ۔ یُبْصِرُ:(وہ دیکھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَبْصَرَ یُبْصِرُ۔ مصدر۔ اِبْصَارٌ۔(دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ب ص ر)صیغہ۔ بَصِرَ یَبْصُرُ۔ مصدر۔ بَصَارَۃٌ۔(دیکھنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یُغْنِیْ:(وہ کام آسکتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَغْنٰی یُغْنِیْ۔ مصدر۔ اِغْنِیَاءٌ۔(کام آنا)۔ عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ کَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شَیْئًا:(کوئی شئے۔ کچھ بھی)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: جب انہوں نے اپنے باپ سے کہا کہ ابّا آپ ایسی چیزوں کو کیوں پوجتے ہیں جو نہ سنیں اور نہ دیکھیں اور نہ آپ کے کچھ کام آسکیں۔

يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْٓ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾

یَا:(اے)حرف نداء۔ اَبَتِ:(میرے پیارے باپ)اصلاً اَبَتِیْ تھا۔ منادیٰ منصوب۔ کسرہ بعوض یائے متکلم محذوف۔ مضاف الیہ۔ اِنّ:(بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ یْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ سابقہ برائے ماضی قریب بنانے کے لئے۔ جَآءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیئٌ۔ مَجِیْءٌ۔(آنا)۔ نِ(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ یْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ فتحہ برائے اتصال مابعد۔ الْعِلْمِ:(علم۔ سائنس۔)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی

جحد بلم۔جازم مضارع۔قالب۔ یَأْتِ:(وہ دیتا ہے)فعل مضارع مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت۔ی۔ محذوف۔کَ :(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی ب رفتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف رابطہ۔اِتَّبِعْ:(تو پیروی کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔ مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ نِ: (وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ یِ :(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔اَهْدِ:(میں ہدایت دوں گا۔راہنمائی کروں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ صیغہ۔هَدٰى يَهْدِیْ۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔رہنمائی کرنا)۔کَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔صِرَاطًا:(راستہ)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔موصوف۔سَوِيًّا:(پورا۔کامل۔سیدھا۔مضبوط)صفت۔ منصوب۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ابا مجھے ایسا علم ملا ہے جو آپ کو نہیں ملا ہے تو میرے ساتھ ہو جیئے میں آپ کو سیدھی راہ پر چلا دوں گا۔

يٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔اَبَتِ:(میرے پیارے باپ)اصلاً اَبَتِیْ تھا۔منادیٰ منصوب۔کسرہ بعوض یائے متکلم محذوف۔مضاف الیہ۔ لَا(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَعْبُدِ (تو پوجا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ(عبادت کرنا)۔ الشَّيْطٰنَ(شیطان۔ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے)منصوب۔مفعول بہٖ۔اِنَّ(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الشَّيْطٰنَ (شیطان۔ ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے)اِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لِ(لئے)حرف جار۔ الرَّحْمٰنِ(رحمان)اسم مجرور۔ عَصِيًّا (گناہ۔غلطی۔نافرمانی) كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ابا شیطان کی پرستش نہ کیجیئے۔بے شک شیطان اللہ کا نافرمان ہے۔

يٰٓاَبَتِ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿۴۵﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔اَبَتِ:(میرے پیارے باپ)اصلاً اَبَتِیْ تھا۔منادیٰ منصوب۔کسرہ بعوض یائے متکلم محذوف۔مضاف الیہ۔

اِنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ یْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ اَخَافُ :(میں خوفزدہ ہوں۔ڈرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ یَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا)۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یَّمَسَّ:(وہ پہنچے۔ وہ چھوئے۔وہ سزا دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ یَمَسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔سزا دینا۔پہنچنا)۔کَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ عَذَابٌ:(عذاب)مبتداء مرفوع۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔ الرَّحْمٰنِ: (رحمان)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ فَ:(پس)سببیہ۔تَكُوْنَ:(آپ ہو جائیں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔ الشَّيْطٰنِ :(شیطان۔ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے)اسم مجرور۔وَلِيًّا:(دوست۔کارساز۔ ساتھی۔سرپرست۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: ابا مجھے ڈر لگتا ہے کہ آپ کو اللہ کا عذاب آ پکڑے تو آپ شیطان کے ساتھی ہو جائیں۔

قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿٤٦﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ اَ:(کیا)حرف استفہام۔رَاغِبٌ:(پسند کرنے والا ہے)مبتداء مرفوع۔اَنْتَ:(تو) ضمیر منفصل واحد مذکر حاضر۔قائم مقام فاعل مرفوع۔اور خبر۔عَنْ:(بارے۔سے)حرف جار۔ اٰلِهَتِ:(اٰلِهَةٌ کی جمع۔ معبودوں)اسم مجرور۔ مضاف۔ يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَا:(اے)حرف نداء۔اِبْرٰهِيْمُ: (ابراہیمؑ) منادیٰ۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔لَئِنْ:(البتہ اگر)مرکب:(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ + شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔قالب۔ تَنْتَهِ:(تو منع ہوا۔باز آیا) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت۔ی۔حرف علت محذوف۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِنْتَهٰى يَنْتَهِيْ۔مصدر۔ اِنْتِهَاءٌ۔(منع ہونا۔باز آنا)۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔اَرْجُمَنَّ:(میں ضرور بالضرور سنگسار کروں گا)فعل مضارع مؤکد بانون ثقیلہ۔واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ج م)صیغہ۔رَجَمَ يَرْجُمُ۔مصدر۔رَجْمًا۔(پتھر مارنا۔سنگسار کرنا)۔كَ :(تجھے)ضمیر واحد مذکر

حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اُهۡجُرۡ:(الگ ہو جاؤ۔نکل جاؤ۔ہجرت کرو۔چھوڑ جاؤ)فعل امر واحد حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ھ ج ر)صیغہ۔هَجَرَ يَهۡجُرُ۔مصدر۔ هَجۡرًا۔(الگ ہونا۔ہجرت کرنا۔نکل جانا۔چھوڑنا۔)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یُ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مَلِيًّا:(دور دراز۔طویل عرصہ۔مدت دراز۔)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔یا۔ظرف زمان۔

ترجمہ آیت: اس نے کہا ابراہیم کیا تو میرے معبودوں سے برگشتہ ہے؟ اگر تو باز نہ آئے گا تو میں تجھے سنگسار کر دوں گا اور تو ہمیشہ کے لئے مجھ سے دور ہو جا۔

قَالَ سَلٰمٌ عَلَيۡكَ ۚ سَاَسۡتَغۡفِرُ لَكَ رَبِّيۡ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِيۡ حَفِيًّا ﴿۴۷﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔ قَوۡلًا۔(بات کرنا۔)۔سَلٰمٌ:(سلامتی ہو)مبتداء مرفوع۔ عَلَيۡ:(پر اوپر)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ سَ:(عنقریب)حرف استقبال۔ اَسۡتَغۡفِرُ:(میں مغفرت طلب کروں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسۡتَغۡفَرَ يَسۡتَغۡفِرُ۔مصدر۔ اِسۡتَغۡفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ ۔غَفَرَ يَغۡفِرُ۔ مصدر۔ غُفۡرَانٌ۔مَغۡفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔رَبِّ:(ربّ)منصوب۔مفعول بہٖ۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔مضاف۔یۡ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھو۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔یۡ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون ۔ محلاً اسم مجرور۔ حَفِيًّا:(بہت ہی مہربان۔بہت ہی رحم کرنے والا)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ مصدر۔حَفَاوَةٌ۔

ترجمہ آیت:ابراہیم نے سلام علیک کہا(اور کہا کہ) میں آپ کے لئے اپنے پروردگار سے بخشش مانگوں گا۔بے شک وہ مجھ پر نہایت

مہربان ہے۔

وَاَعۡتَزِلُكُمۡ وَمَا تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَاَدۡعُوۡا رَبِّىۡ ‌ۖ عَسٰٓى اَلَّاۤ اَكُوۡنَ بِدُعَآءِ رَبِّىۡ شَقِيًّا ﴿۴۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اَعۡتَزِلُ:(میں الگ ہوا۔علیحدہ ہوا۔چھوڑ دیا)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِعۡتَزَلَ یَعۡتَزِلُ۔مصدر۔اِعۡتِزَالٌ۔(الگ ہونا۔کنارہ کرنا۔چھوٹنا)۔كُمۡ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جن کو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔تَدۡعُوۡنَ:(تم پکارتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ فاعل۔ ضمیر۔ مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدۡعُو۔مصدر۔دَعۡوَةٌ۔(پکارنا)۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ دُوۡنِ: (علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَدۡعُوۡا:(میں پکارتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدۡعُو۔ مصدر۔ دَعۡوَةٌ۔ (پکارنا)۔رَبِّ:(ربّ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔ مضاف۔ ىۡ:(اپنے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَسٰٓى:(توقع ہے۔امید ہے)فعل مقاربہ ماضی۔ جامد اَلَّاۤ:(کہ نہیں):(اَنۡ+لَا)مصدریہ۔ناصب مضارع +نافیہ۔اَكُوۡنَ:(میں ہو جاؤں)فعل ناقص مضارع واحد متکلم۔ناصب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر ۔ مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔صیغہ۔ كَانَ يَكُوۡنُ۔ مصدر۔ كَوۡنًا۔ (ہونا) ۔ بِ:(ساتھ ۔سے۔)حرف جار۔دُعَآءِ: (دعا۔پکارنے)اسم مجرور۔ رَبِّ:(ربّ)مضاف الیہ۔مجرور۔ مضاف۔ىۡ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شَقِيًّا:(بے نصیب۔)كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور میں آپ لوگوں سے اور جن کو آپ اللہ کے سوا پکارا کرتے ہیں ان سے کنارہ کرتا ہوں اور اپنے پروردگار ہی کو پکاروں گا۔امید ہے کہ میں اپنے پروردگار کو پکار کر محروم نہیں رہوں گا۔

فَلَمَّا اعۡتَزَلَهُمۡ وَمَا يَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبۡنَا لَهٗۤ اِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ‌ ؕ وَكُلًّا جَعَلۡنَا نَبِيًّا‏ ﴿۴۹﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ اِعۡتَزَلَ:(وہ الگ ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فعل شرط۔مبنی بر فتحہ۔ فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِعۡتَزَلَ یَعۡتَزِلُ۔مصدر۔

اِعۡتِزَالٌ۔(الگ ہونا۔کنارہ کرنا۔چھوڑنا)۔هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔معطوف بر ضمیر(اِعۡتَزَلَهُمۡ)۔يَعۡبُدُوۡنَ:(وہ عبادت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔ عَبَدَ يَعۡبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(بندگی کرنا۔عبادت کرنا)۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ دُوۡنِ: (علاوہ۔سوا) ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَهَبۡنَا:(ہم نے تحفہ دیا۔عنایت کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔جملہ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(وھ ب)مثال واوی۔صیغہ۔وَهَبَ يَهَبُ۔مصدر۔وَهۡبًا۔(تحفہ دینا۔عطا کرنا۔عنایت کرنا۔بخشنا۔)۔لِ:(لئے)حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاسم مجرور۔ اِسۡحٰقَ: (اسحاقؑ)منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَعۡقُوۡبَ:(یعقوبؑ)معطوف منصوب۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔كُلًّا:(دونوں کو) مفعول بہٖ اوّل مقدم منصوب۔ جَعَلۡنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ يَجۡعَلُ۔مصدر۔ جَعۡلًا۔ (بنانا)۔نَبِيًّا:(نبی)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور جب ابراہیم ان لوگوں سے اور جن کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتے تھے اُن سے الگ ہوگئے تو ہم نے ان کو اسحاق اور (اسحاق کو) یعقوب بخشے۔اور سب کو پیغمبر بنایا۔

وَوَهَبۡنَا لَهُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِنَا وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ لِسَانَ صِدۡقٍ عَلِيًّا ﴿۵۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔وَهَبۡنَا:(ہم نے تحفہ دیا۔عنایت کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔جملہ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(وھ ب)مثال واوی۔صیغہ۔وَهَبَ يَهَبُ۔ مصدر۔وَهۡبًا۔(تحفہ دینا۔ عطا کرنا۔عنایت کرنا۔بخشنا۔)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔مِّنۡ:(سے)حرف جار۔رَّحۡمَتِ:(رحمت۔مہربانی نوازش)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلۡنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجۡعَلُ ۔ مصدر۔ جَعۡلًا۔ (بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ لِسَانَ :(زبان۔ذکر۔) منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔موصوف۔ صِدۡقٍ :(سچے۔نیک نامی)مجرور مضاف الیہ۔عَلِيًّا:(اعلیٰ۔بلند۔ عالیشان) صفت۔

منصوب۔تابع۔موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ان کو اپنی رحمت سے (بہت سی چیزیں) عنایت کیں۔اور ان کا ذکر جمیل بلند کیا۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اُذْكُرْ:(یاد کر۔ذکر کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا) فِي:(میں)حرف جار۔ الْكِتٰبِ :(کتاب) معرف باللام۔خاص کتاب(قرآن مجید)اسم مجرور۔ مُوْسٰٓى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اِنَّ: (بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ: (وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مُخْلَصًا:(نیک نیت۔مخلص۔خلوص والا)كَانَ کی خبر منصوب۔وَّ:(اور)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ رَسُوْلًا:(پیغمبر)كَانَ کی خبر منصوب۔نَّبِيًّا:(نبی)كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: اور کتاب میں موسیٰ کا بھی ذکر کرو۔بے شک وہ (ہمارے) برگزیدہ اور پیغمبر مُرسل تھے۔

وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿۵۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نَادَيْنَا:(ہم نے آواز دی۔پکارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔مصدر۔مُنَادَاةٌ۔(آواز دینا۔پکارنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ جَانِبِ:(طرف۔سمت۔جانب)اسم مجرور۔ مضاف۔الطُّوْرِ :(طور)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الْاَيْمَنِ :(دائیں۔داہنی۔سیدھے ہاتھ)صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔وَ: (اور)حرف عطف۔ قَرَّبْنَا:(ہم نے قریب کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔قَرَّبَ يُقَرِّبُ۔مصدر۔تَقْرِيْبًا۔(قریب کرنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ نَجِيًّا :(سرگوشی کرتے ہوئے۔کانا پھوسی کرنے والے)اسم فاعل۔منصوب۔محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان کو طور کی داہنی جانب پکارا اور باتیں کرنے کے لئے نزدیک بلایا۔

وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿۵۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔وَهَبْنَا:(ہم نے تحفہ دیا۔عنایت کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔جملہ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(وھ ب) مثال واوی۔صیغہ۔وَهَبَ يَهَبُ۔مصدر۔وَهْبًا۔(تحفہ دینا۔عطا کرنا۔عنایت کرنا۔بخشنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّحْمَتِ:(رحمت۔مہربانی۔نوازش۔)اسم مجرور۔ مضاف۔نَآ:(ہماری۔اپنی)ضمیر متصل۔جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَخَا:(بھائی کو)از ستّہ مکبّرہ۔ منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُ:(ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔هٰرُوْنَ:(ہارونؑ)غیر منصرف۔ بدل۔اَخٌ۔منصوب۔مفعول بہٖ۔نَبِيًّا:(نبی)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور اپنی مہربانی سے اُن کو اُن کا بھائی ہارون پیغمبر عطا کیا۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اُذْكُرْ:(یاد کر۔ذکر کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)فِي:(میں)حرف جار۔الْكِتٰبِ:(کتاب) معرف باللام۔خاص کتاب(قرآن مجید)اسم مجرور۔ اِسْمٰعِيْلَ:(اسماعیلؑ)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اِنَّ کا اسم۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ صَادِقَ:(سچا) كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔الْوَعْدِ:(وعدہ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ رَسُوْلًا: (پیغمبر)كَانَ کی خبر منصوب۔نَّبِيًّا:(نبی)كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: اور کتاب میں اسمٰعیل کا بھی ذکر کرو وہ وعدے کے سچے اور ہمارے بھیجے ہوئے نبی تھے۔

وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۠ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿۵۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَاْمُرُ:(وہ حکم دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَمَرَ يَاْمُرُ۔ مصدر۔ اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔ اَهْلَ:(اہل۔گھر والے۔تعلقہ دار۔رشتہ دار)منصوب۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔هٗ :(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔کا)حرف جار۔الصَّلٰوةِ :(صلاۃ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الزَّكٰوةِ:(زکوٰۃ)معطوف۔مجرور۔وَ: (اور)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور۔مضاف الیہ۔هٖ :(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَرْضِيًّا:(پسندیدہ)كَانَ کی خبر منصوب۔اسم مفعول۔واحد مذکر۔

ترجمہ آیت: اور اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم کرتے تھے اور اپنے پروردگار کے ہاں پسندیدہ (وبرگزیدہ) تھے۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ اُذْكُرْ:(یاد کر۔ذکر کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا ۔ نصیحت کرنا) فِي:(میں)حرف جار۔ الْكِتٰبِ :(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب(قرآن مجید)اسم مجرور۔اِدْرِيْسَ:(ادریس ؑکا)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔اِنَّ: (بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ: (وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ صِدِّيْقًا:(سچا)كَانَ کی خبر منصوب۔نَّبِيًّا:(نبی)كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور کتاب میں ادریس کا بھی ذکر کرو۔وہ بھی نہایت سچے نبی تھے۔

وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾

وَّ :(اور)استئنافیہ۔رَفَعْنَا:(ہم نے بلند کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ف ع)صیغہ۔رَفَعَ يَرْفَعُ۔ مصدر۔رَفْعٌ۔(بلند کرنا۔بلند ہونا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَكَانًا :

(مرتبہ۔رتبہ۔مقام۔جگہ)ظرف مکان۔منصوب۔موصوف۔ عَلِيًّا:(بلند۔عالیشان)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان کو اونچی جگہ اُٹھالیا تھا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۡ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْرَآءِيْلَ ۡ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ؕ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ بُكِيًّا ﴿۵۸﴾

اُولٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر ومؤنث۔مبتداء مرفوع۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر مرفوع۔ اَنْعَمَ:(اس نے انعام کیا۔نعمتیں دیں)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْعَمَ يُنْعِمُ۔مصدر۔اِنْعَامٌ۔(انعام کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔ النَّبِيّٖنَ:(النَّبِيُّ کی جمع۔نبیوں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔ ذُرِّيَّةِ:(اولاد۔چھوٹی بڑی اولاد)اسم مجرور۔مضاف۔ اٰدَمَ:(آدم)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ بدل۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِمَّنْ :(اس میں سے جو)مرکب :(مِّنْ+مَّنْ)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ حَمَلْنَا:(ہم نے اٹھایا۔لادا)فعل ماضی واحد جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ح م ل) صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا)۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ نُوْحٍ :(نوحؑ) مجرور ۔مضاف الیہ۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ ذُرِّيَّةِ :(چھوٹی بڑی اولاد)اسم مجرور۔مضاف۔ اِبْرٰهِيْمَ: (ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔اِسْرَآءِيْلَ :(اسرائیل۔یعقوبؑ)غیر منصرف۔ معطوف مجرور۔وَ: (اور)حرف عطف۔مِمَّنْ:(اس میں سے)مرکب :(مِّنْ + مَّنْ)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ هَدَيْنَا:(ہم نے ہدایت دی۔راہنمائی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ (ھ د ی)صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔ تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اجْتَبَيْنَا:(ہم نے چن لیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِجْتَبٰى يَجْتَبِىْ۔ مصدر۔ اِجْتِبَآءٌ۔(چن لینا)۔ اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ تُتْلٰى:(پڑھی جاتی ہے)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث غائب۔ نائب

فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ۔(ت ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔تَلَا یَتْلُو۔مصدر۔ تِلَاوَةٌ۔(پڑھنا)۔ عَلَيْ:(پر ۔اوپر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ اٰيٰتُ :(آیات)نائب فاعل مرفوع۔مضاف۔الرَّحْمٰنِ:(رحمٰن)مجرور مضاف الیہ۔خَرُّوْا :(ترجمہ بوجہ اِذَا۔وہ گر پڑتے تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔جواب شرط مبنی بر ضمہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ر ر) مضاعف۔صیغہ۔خَرَّ یَخِرُّ۔مصدر۔خِرًّا۔(گر پڑنا)۔سُجَّدًا:(سَاجِدٌ کی جمع۔سجدہ کرتے ہوئے)اسم فاعل۔مرفوع۔ محلاً منصوب۔حال۔وَّ:(اور)حرف عطف۔بُكِيًّا:(باکی کی جمع۔روتے ہوئے)اسم فاعل۔مرفوع۔معطوف۔منصوب۔

ترجمہ آیت: یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے اپنے پیغمبروں میں سے فضل کیا۔(یعنی) اولاد آدم میں سے اور ان لوگوں میں سے جن کو نوح کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا اور ابراہیم اور یعقوب کی اولاد میں سے اور ان لوگوں میں سے جن کو ہم نے ہدایت دی اور برگزیدہ کیا۔جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی تھیں تو سجدے میں گر پڑتے اور روتے رہتے تھے۔

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿۵۹﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔خَلَفَ:(وہ جانشین ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ف) صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر۔خِلَافَةٌ۔(جانشین ہونا)۔ مِنْۢ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَلْفٌ:(برے جانشین۔ناخلف۔)اگر لام پر فتحہ ہو تو معنی ہوں گے۔(اچھے۔نیک جانشین)۔فاعل مرفوع۔اَضَاعُوْا:(انہوں نے ضائع کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَضَاعَ يُضِيْعُ۔مصدر۔ اِضَاعَةٌ۔(ضائع کرنا)۔الصَّلٰوةَ:(صلاۃ کو)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِتَّبَعُوْا:(انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔الشَّهَوٰتِ:(خواہشات)منصوب مفعول بہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔سَوْفَ:(جلد ہی)حرف استقبال۔يَلْقَوْنَ:(وہ ملاقات کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِيًّا۔

لُقِيًّا۔لُقِّيَ۔لَقِيًّا۔(جھیلنا۔ ملنا۔ پہنچنا۔ ہو جانا۔)۔غَيًّا:(گمراہی۔راستہ بھٹکے ہوئے)اسم فعل۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: پھر ان کے بعد چند ناخلف ان کے جانشیں ہوئے جنہوں نے نماز کو (چھوڑ دیا گویا اسے) کھو دیا۔اور خواہشات نفسانی کے پیچھے لگ گئے۔ سو عنقریب ان کو گمراہی (کی سزا) ملے گی۔

اِلَّا مَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓـئِكَ يَدۡخُلُوۡنَ الۡجَـنَّةَ وَلَا يُظۡلَمُوۡنَ شَيۡــًٔـا ۞۶۰

اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مستثنٰی۔تَابَ:(اس نے توبہ کی۔وہ لوٹا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(توبہ کرنا۔لوٹنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اٰمَنَ:(وہ ایمان لایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ عَمِلَ:(اس نے کام کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا۔(عمل کرنا۔جاندار کا فعل) صَالِحًا:(نیک۔صالح) منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(پس)حرف عطف۔اُولٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔يَدْخُلُوْنَ:(وہ داخل ہوں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ الْجَنَّةَ: (جنت میں) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُظْلَمُوْنَ:(ظلم کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ شَيْئًا:(کوئی چیز۔کچھ بھی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔یا مفعول مطلق۔بلا فعل۔

ترجمہ آیت: ہاں جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل نیک کئے تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے اور ان کا ذرا نقصان نہ کیا جائے گا۔

جَنّٰتِ عَدۡنِ ۨالَّتِىۡ وَعَدَ الرَّحۡمٰنُ عِبَادَهٗ بِالۡغَيۡبِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ وَعۡدُهٗ مَاۡتِيًّا ۞۶۱

جَنّٰتِ:(باغات۔ جنتیں)بدل منصوب۔ مضاف۔عَدْنِ:(ہمیشہ کی زندگی۔رہنا بسنا۔ مقیم ہونا۔ہمیشہ رہنے کی جگہ۔) مجرور

مضاف الیہ۔ الَّتِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَعَدَ:(اس نے وعدہ کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔ وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔ الرَّحْمٰنُ:(رحمان نے)فاعل مرفوع۔ عِبَادَ:(بندے)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هٗ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْغَيْبِ:(پوشیدہ۔غیب۔جو دکھائی نہ دے)اسم مجرور۔اِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ:(وہ تھا۔وہ ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔وَعْدُ:(وعدہ)كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔هٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَاْتِيًّا:(لازماً آنے والا۔ آ کے رہنے والا۔پورا ہو کر رہنے والا)كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: (یعنی) بہشت جاودانی (میں) جس کا اللہ نے اپنے بندوں سے وعدہ کیا ہے(اور جو ان کی آنکھوں سے) پوشیدہ (ہے)۔بے شک اس کا وعدہ(نیکوکاروں کے سامنے) آنے والا ہے۔

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿٦٢﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يَسْمَعُوْنَ:(وہ سنتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(سننا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا: (اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لَغْوًا:(بے ہودہ۔واہیات)منصوب۔مفعول بہٖ۔اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ سَلٰمًا:(سلام)منصوب۔ مستثنیٰ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدم۔رِزْقُ:(رزق)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس میں)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ بُكْرَةً :(صبح) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَّ :(اور)حرف عطف،عَشِيًّا :(شام) معطوف۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: وہ اس میں سلام کے سوا کوئی بیہودہ کلام نہ سنیں گے،اور ان کے لئے صبح وشام کا کھانا تیار ہو گا۔

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِىْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾

تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث۔ مبتداء مرفوع۔ الْجَنَّةُ:(جنت)خبر مرفوع۔ الَّتِىْ:(وہ جو)اسم موصول واحد مؤنث۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع۔صفت۔نُوْرِثُ:(ہم وارث بنائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْرَثَ يُوْرِثُ۔ مصدر۔اِيْرَاثًا۔(وارث بنانا)ثلاثی مجرد۔باب حسب۔مادہ(ورث)مثال واوی۔ صیغہ۔وَرِثَ يَرِثُ۔مصدر۔وِرْثَةٌ۔(مالک ہونا۔وارث ہونا)۔مِنْ :(سے)حرف جار۔عِبَادِ:(عَبْدٌ کی جمع۔بندے)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَنْ :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔كَانَ :(وہ تھا۔وہ ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔تَقِيًّا:(ڈرنے والے)كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: یہی وہ جنت ہے جس کا ہم اپنے بندوں میں سے ایسے شخص کو وارث بنائیں گے جو پرہیز گار ہو گا۔

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ عمل جیسے لَيْسَ کا۔نَتَنَزَّلُ:(ہم اترتے ہیں)۔فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔بابتَفَعُّلٌ۔تَنَزَّلَ يَتَنَزَّلُ۔مصدر۔تَنَزُّلٌ۔(خاص اہتمام سے اترنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف استثناء حرف حصر۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔اَمْرِ:(حکم)اسم مجرور۔مضاف۔رَبِّ:(رب)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ: (تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔اَيْدِىْ:(ہاتھوں)اصلاًاَيْدِيْنَ:(تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔ پہلے مَا پر معطوف۔خَلْفَ:(پیچھے)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ پہلے ما پر معطوف۔بَيْنَ :(درمیان)ظرف مکان۔

منصوب۔ مضاف۔ ذٰلِکَ:(اس کے)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ کَانَ:(وہ تھا۔وہ ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ رَبُّ:(ربّ)مرفوع۔ کَانَ کا اسم۔ مضاف۔ کَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نَسِیًّا:(بھولنے والا)کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور(فرشتوں نے پیغمبر کو جواب دیا کہ) ہم تمہارے پروردگار کے حکم سوا اُتر نہیں سکتے۔جو کچھ ہمارے آگے ہے اور پیچھے ہے اور جو ان کے درمیان ہے سب اسی کا ہے اور تمہارا پروردگار بھولنے والا نہیں۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِیًّا ﴿۶۵﴾

رَبُّ:(ربّ)بدل کان ک اسم مرفوع۔یا مبتداء کی خبر محذوف۔۔ مضاف۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمان)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْاَرْضِ:(زمین) معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا :(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور معطوف۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔هُمَا:(دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔اعْبُدْ:(عبادت کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل ضمیر مستتر اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ(بندگی کرنا۔عبادت کرنا)۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اصْطَبِرْ:(استقامت دکھا۔ڈٹا رہ)۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِصْطَبَرَ یَصْطَبِرُ۔مصدر۔اِصْطِبَارٌ۔(استقامت کے ساتھ قائم رہنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔عِبَادَتِ:(عبادت)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ تَعْلَمُ:(تو سیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔سَمِیًّا:(نام رکھنا)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: (یعنی) آسمان اور زمین کا اور جو ان دونوں کے درمیان ہے سب کا پروردگار ہے۔تو اسی کی عبادت کرو اور اسی کی عبادت پر ثابت قدم رہو۔ بھلا تم کوئی اس کا ہم نام جانتے ہو۔

وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَإِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَقُولُ:(وہ کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ الْإِنسَانُ :(انسان)فاعل مرفوع۔ءَ:(کیا)حرف استفہام۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ مَا:(جو)زائدہ۔ مِتُّ :(میں مر جاؤ)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت) اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوتُ۔مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا۔وفات پانا۔) لَ:(واقعی۔یقیناً)لائے تاکید۔سَوْفَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔ أُخْرَجُ:(میں نکالا جاؤں گا)فعل مضارع مجہول واحد متکلم۔ ضمیر أَنَا مستتر مرفوع۔محلاً نائب فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔إِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج) صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔حَيًّا:(زندہ) منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور(کافر) انسان کہتا ہے کہ جب میں مر جاؤ گا تو کیا زندہ کر کے نکالا جاؤں گا؟۔

أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ﴿٦٧﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔وَ :(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَذْكُرُ:(وہ یاد کرتا ہے۔ذکر کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔ الْإِنسَانُ: (انسان)فاعل مرفوع۔أَنَّا:(بے شک ہم نے)مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔خَلْقًا۔ (پیدا کرنا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔قَبْلُ :(پہلے)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَكُ:(وہ تھا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔التقائے ساکنین کی وجہ سے حرف علت اور نون محذوف۔ثلاثی مجرد۔صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ شَيْئًا:(کوئی شئے)كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: کیا (ایسا) انسان یاد نہیں کرتا کہ ہم نے اس کو پہلے بھی پیدا کیا تھا اور وہ کچھ بھی چیز نہ تھا۔

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿۶۸﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔وَ:(اور)حرف جار وقسم۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف لایہ۔لَ:(تاکہ)جرائے واقعہ جواب قسم۔نَحْشُرَنَّ:(ہم لازماً جمع کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر)صیغہ۔حَشَرَ يَحْشُرُ۔مصدر۔حَشْرًا۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یا معیت۔ الشَّيٰطِيْنَ:(شیطانوں کو)معطوف منصوب۔علامت۔ی۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔لَ:(ضرور)واقعہ جواب شرط۔ نُحْضِرَنَّ:(ہم ضرور حاضر کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْضَرَ يُحْضِرُ۔مصدر۔اِحْضَارٌ۔(حاضر کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ض ر)صیغہ۔حَضَرَ يَحْضُرُ۔مصدر۔حُضُوْرًا۔(حاضر ہونا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ حَوْلَ: (گرداگرد)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ جَهَنَّمَ:(جہنم)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ جِثِيًّا:(جَاثٍ کی جمع۔ مونڈھے منہ۔گھٹنوں کے بل۔)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: تمہارے پروردگار کی قسم! ہم ان کو جمع کریں گے اور شیطانوں کو بھی۔پھر ان سب کو جہنم کے گرد حاضر کریں گے (اور وہ) گھٹنوں پر گرے ہوئے(ہوں گے۔

ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿۶۹﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔نَنْزِعَنَّ :(لازماً اتار لیں گے۔چھین لیں گے۔کھینچ لیں گے) مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ شِيْعَةٍ:(ٹولہ۔گروہ۔جماعت)مجرور مضاف الیہ۔ اَيُّ:(کون)اسم موصول استفہامیہ۔هُمْ:(ان میں)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَشَدُّ:(بہت سخت۔زیادہ مضبوط)افعل التفضیل۔عَلَى:(پر۔اوپر)حرف جار۔الرَّحْمٰنِ:(رحمٰن۔)اسم مجرور۔عِتِيًّا: (سرکشی۔حد سے بڑھنا۔) منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: پھر ہر جماعت میں سے ہم ایسے لوگوں کو کھینچ نکالیں گے جو اللہ سے سخت سرکشی کرتے تھے۔

ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿۷۰﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَ:(یقیناً۔)واقعہ جواب شرط۔لائے تاکید۔ نَحْنُ:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔ منفصل۔ مبتداء۔مرفوع۔ اَعْلَمُ:(بہت جاننا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔بِ:(ساتھ)الَّذِیْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداءمرفوع۔۔اَوْلٰى:(بہت زیادہ قریب۔بہت زیادہ حق دار۔)خبر مرفوع۔ضمہ تقدیراً۔افعل التفضیل۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔صِلِيًّا:(آگ میں داخل ہونا)منصوب۔تمیز۔یاحال۔منصوب۔

ترجمہ آیت: اورہم ان لوگوں سے خوب واقف ہیں جوان میں داخل ہونے کے زیادہ لائق ہیں۔

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿۷۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنْ:(نہیں)نافیہ۔بعد میں اِلَّا آرہاہے مِّنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ وَارِدُ:(اترنے والا۔گزرنے والا۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔عَلٰى:(پر۔اوپر)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف لایہ۔حَتْمًا:(حتمی طور پر۔قطعی۔لازمی) كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔مَّقْضِيًّا:(فیصلہ کن۔فیصلہ کیاہوا۔فیصل شدہ۔)اسم مفعول۔محلاًصفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اورتم میں کوئی (شخص) نہیں مگر اسے اس پر گزرناہو گا۔یہ تمہارے پروردگار پرلازم اور مقرر ہے۔

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿۷۲﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔نُنَجِّي:(ہم نجات دیں گے۔بچالیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نَجّٰي يُنَجِّيْ۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔(نجات دینا۔بچا دینا۔بچالینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔ نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔ نَجْوٰى۔نَجْوًا(بچنا)۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اتَّقَوْا:(پرہیز گاری کی۔تقویٰ اختیار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰي يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص

یائی۔صیغہ۔وَقٰی یَقِی۔مصدر۔وِقَایَۃٌ۔وَقْیًا۔(بچانا۔محفوظ رکھنا۔دشمنوں سے بچانا)۔وَّ:(اور)حرف عطف۔نَذَرُ:(ہم چھوڑ دیں گے۔)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔وَذَرَ یَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔(چھوڑ دینا)۔ الظّٰلِمِیْنَ :(ظالموں کو)اسم فاعل۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔علامت ۔ی۔فِیْ:(میں)حرف جار۔ھَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔جِثِیًّا:(جَاثٍ کی جمع۔مونڈھے منہ۔گھٹنوں کے بل۔)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: پھر ہم پرہیز گاروں کو نجات دیں گے۔اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل پڑا ہوا چھوڑ دیں گے۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿۷۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔تُتْلٰی:(تلاوت کی جاتی ہے)فعل مضارع مجہول۔واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ت ل و)ناقص واوی۔ صیغہ۔تَلَا یَتْلُو۔ مصدر۔تَلَاوَۃٌ۔(سمجھ کر پڑھنا)۔ عَلٰی:(پر،اوپر)حرف جار۔ھِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔اٰیٰتُ:(آیات)مبتداء مرفوع۔موصوف۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَیِّنٰتٍ:(واضح۔کھلم کھلا۔نشانیاں)مجرور صفت۔تابع موصوف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔الَّذِیْنَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔کَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔ کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ لِ:(لئے) حرف جار۔الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ اٰمَنُوْٓا:(ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔اَیُّ:(کون)اسم موصول۔استفہامیہ۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ الْفَرِیْقَیْنِ :(دو جماعتیں)تثنیہ۔مجرور مضاف الیہ۔خَیْرٌ :(بہتر۔اچھا)خبر۔ مرفوع۔ مَّقَامًا:(مقام)منصوب۔ تمیز۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔ اَحْسَنُ:(بہت اچھا)افعل التفضیل۔معطوف۔مرفوع۔ نَدِیًّا :(مجلس ایسی محفل جہاں لوگ بیٹھ کر باتیں کرتے ہیں۔منصوب۔ تمیز۔

ترجمہ آیت: اور جب ان لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو جو کافر ہیں وہ مومنوں سے کہتے ہیں کہ دونوں فریق میں سے مکان کس کے اچھے اور مجلسیں کس کی بہتر ہیں۔

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿۷۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَمْ :(کتنی) خبریہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مقدم۔ اَهْلَكْنَا:(ہم نے ہلاک کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔ مصدر۔ اِهْلَاكٌ۔ (ہلاک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔ هَلَكَ يَهْلِكُ۔ مصدر۔ هَلْكًا۔ هَلَاكًا۔ هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا۔)۔ قَبْلَ:(پہلی)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ هُمْ :(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔ قَرْنٍ :(امتیں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب تمییز۔ هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اَحْسَنُ :(بہت اچھی۔)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ كَمْ خبریہ کی۔ اَثَاثًا :(گھریلو متاع۔مال و اسباب۔سازو سامان۔)منصوب۔تمییز۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔ رِءْيًا:(ریاکاری۔ظاہر نمود و نمائش۔ظاہر شان و شوکت)معطوف۔منصوب۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان سے پہلے بہت سی اُمتیں ہلاک کر دیں۔وہ لوگ (ان سے) ٹھاٹھ اور نمود میں کہیں اچھے تھے۔

قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿۷۵﴾

قُلْ:(تو کہہ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ مَنْ :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الضَّلٰلَةِ: (گمراہی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ كَانَ کی خبر منصوب۔ فَ :(پس)برائے رابطہ۔ لْ:(چاہیے کہ)لائے امر۔ جازم مضارع۔ يَمْدُدْ :(ڈھیل دیں۔لمبا کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب مجزوم۔ فعل شرط و جواب محلاً مرفوع۔خبر۔(مَنْ) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م د د)مضاعف۔صیغہ۔ مَدَّ يَمُدُّ۔ مصدر۔ مَدًّا۔(لمبا کرنا)۔ لَ:

(لئے)حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاسم مجرور۔الرَّحْمٰنُ:(رحمان)مبتداءمرفوع۔ مَدًّا:(لمبا کرنا۔ڈھیل دینا)۔مفعول مطلق منصوب۔ حَتّٰٓى :(یہاں تک)حرف غایت۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ رَاَوْا:(وہ دیکھ لیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ مضموم تقدیراً۔واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(رءی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ يُوْعَدُوْنَ:(وہ وعدہ کیا جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔اِمَّا:(اگر) مرکب:(اِنْ+مَّا)حرف شرط۔جازم فعل شرط + حرف زائدہ۔الْعَذَابَ: (سزا۔عذاب)منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِمَّا:(اگر) مرکب:(اِنْ+مَّا)حرف شرط۔و تفصیل۔ جازم فعل شرط + حرف زائدہ۔ السَّاعَةَ:(گھڑی۔قیامت)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔سَ:(جلد ہی)حرف استقبال۔يَعْلَمُوْنَ:(وہ جان جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعربی موجود۔واؤجمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر منفصل۔مبتداء۔مرفوع۔ شَرٌّ:(فساد۔ بدمعاشی۔برائی۔برا۔بدتر۔) خبر مرفوع۔مَّكَانًا:(مقام۔جگہ۔)منصوب۔تمیز۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔اَضْعَفُ:(کمزورترین) افعل التفضیل۔معطوف بر(شَرٌّ)مرفوع۔ جُنْدًا:(لشکر۔فوج)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ جو شخص گمراہی میں پڑا ہوا ہے اللہ اس کو آہستہ آہستہ مہلت دیئے جاتا ہے۔یہاں تک کہ جب اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے خواہ عذاب اور خواہ قیامت۔تو(اس وقت) جان لیں گے کہ مکان کس کا برا ہے اور لشکر کس کا کمزور ہے۔

وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ۭ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿۷۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَزِيْدُ:(وہ زیادہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔ صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ ۔ مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ دینا۔زیادہ کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)

فاعل مرفوع۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم مو فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ صول جمع مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔
اهْتَدَوْا:()فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِىْ۔مصدر۔اِهْتَدَاءٌ۔
(ہدایت پانا)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔ هَدَايَةٌ۔
(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ هُدًى :(ہدایت۔راہنمائی)منصوب۔تمیز۔یا مفعول بہ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْبٰقِيٰتُ:
(رہنے والیاں۔ باقیات)اسم فاعل جمع مؤنث۔مرفوع۔الصّٰلِحٰتُ:(نیک۔صالحات۔)اسم فاعل جمع مؤنث۔محلاً صفت مرفوع۔
خَيْرٌ:(بہتر)خبر مرفوع۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ
:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثَوَابًا:(نتیجہ۔بدلہ۔انجام۔جزا)منصوب۔تمیز۔ وَّ :(اور)
حرف عطف۔خَيْرٌ:(بہت اچھا۔بہتر)خبر مرفوع۔مَّرَدًّا:(لوٹایا جانا)مصدر میمی۔اسم ظرف مکان وزمان۔محلاً منصوب۔تمیز۔
ترجمہ آیت:اور جو لوگ ہدایتیاب ہیں اللہ ان کو زیادہ ہدایت دیتا ہے۔اور نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں وہ تمہارے پروردگار کے صلے
کے لحاظ سے خوب اور انجام کے اعتبار سے بہتر ہیں۔

اَفَرَءَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّ وَلَدًا ﴿۷۷﴾

اَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)استئنافیہ۔رَءَيْتَ:(تو نے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔
ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے
دیدار۔دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔الَّذِىْ:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔
كَفَرَ:(اس نے کفر کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً مستتر۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف
ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔اٰيٰتِ:(آیات)اسم مجرور۔ مضاف
۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔ متصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی
واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لَ:(یقینا۔
بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ اُوْتَيَنَّ:(ضرور دیا جاؤں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ ضمیر مستتر
اَنَا۔مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِىْ۔ مصدر۔ اِيْتَاءٌ۔ (دینا)۔ ثلاثی

مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔مَالًا:(مال ودولت)منصوب مفعول بہ۔وَّ:(اور)حرف عطف۔وَلَدًا:(لڑکا)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں سے کفر کیا اور کہنے لگا کہ (اگر میں از سر نو زندہ ہوا بھی تو یہی) مال اور اولاد مجھے (وہاں) ملے گا۔

اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿۷۸﴾

اَ:(کیا)حرف استفہام۔طَّلَعَ:(اس کو اطلاع ملی۔وہ مطلع ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِطَّلَعَ یَطَّلِعُ۔مصدر۔اِطِّلَاعٌ۔(مطلع ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط ل ع)صیغہ۔طَلَعَ یَطْلُعُ۔مصدر۔ طُلُوْعًا۔ (طلوع ہونا)۔ الْغَيْبَ: (پوشیدہ۔خفیہ۔چھپی ہوئی)منصوب۔مفعول بہ۔ اَمِ:(یا)حرف عطف۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ اتَّخَذَ:(اس نے اختیار کیا۔اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔الرَّحْمٰنِ :(رحمٰن)مجرور مضاف الیہ۔عَهْدًا: (عہد۔وعدہ) منصوب۔مفعول بہ

ترجمہ آیت: کیا اس نے غیب کی خبر پالی ہے یا اللہ کے یہاں (سے) عہد لے لیا ہے؟۔

كَلَّا ۭ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿۷۹﴾

كَلَّا:(ہر گز نہیں)حرف ردع۔زجر و توبیخ۔سَ:(جلد ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔نَكْتُبُ:(ہم لکھتے ہیں)۔فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔ مصدر۔كِتَابًا۔ (لکھنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَقُوْلُ:(وہ کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ نَمُدُّ:(ہم ڈھیل دیتے ہیں۔لمبا کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(م د د)مضاعف۔صیغہ۔مَدَّ يَمُدُّ۔مصدر۔مَدًّا۔(ڈھیل دینا۔کھینچنا۔لمبا کرنا) لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر

سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ الْعَذَابِ:(عذاب)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مَدًّا (ڈھیل دینا۔کھینچنا۔لمبا کرنا) منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: ہر گز نہیں۔یہ جو کچھ کہتا ہے ہم اس کو لکھتے جاتے اور اس کے لئے آہستہ آہستہ عذاب بڑھاتے جاتے ہیں۔

وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿۸۰﴾

وَّ :(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔ نَرِثُ:(ہم وارث ہوں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب حسب۔مادہ(و ر ث)مثال واوی۔صیغہ۔وَرِثَ يَرِثُ۔مصدر۔وِرْثًا۔وِرَاثَةٌ۔(وارث ہونا۔)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب ۔مفعول بہٖ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مفعول بہٖ۔يَقُوْلُ:(وہ کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَاْتِيْ:(وہ آئے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ نَا:(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔ متصل۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ فَرْدًا:(اکیلا ہی)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور جو چیزیں یہ بتاتا ہے ان کے ہم وارث ہوں گے اور یہ اکیلا ہمارے سامنے آئے گا۔

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿۸۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِتَّخَذُوْا:(وہ پکڑیں۔بنالیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔اٰلِهَةً:(اِلٰهَ کی جمع۔معبود)منصوب۔ مفعول بہٖ۔لِّ:(تا کہ)لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ يَكُوْنُوْا: (وہ ہو جائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔عِزًّا:(عزت والا)كَانَ کی خبر۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: اوران لوگوں نے اللہ کے سوااور معبود بنالئے ہیں تا کہ وہ ان کے لئے (موجب عزت و) مدد ہوں۔

كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾

كَلَّا: (ہرگز نہیں) حرف ردع۔ زجر۔ سَ: (جلد ہی۔ عنقریب۔) حرف استقبال۔ يَكْفُرُونَ: (وہ انکار کریں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ف ر) صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔ (کفر کرنا۔ اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ عِبَادَتِ: (پوجا۔ بندگی۔ غلامی) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يَكُونُونَ: (ہو جائیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُونُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا) عَلَىٰ: (پر۔ اوپر) حرف جار۔ هِمْ: (ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ ضِدًّا: (برعکس۔ مدمقابل۔ آمنے سامنے) مفرد و جمع ہم معنی ہوتا ہے۔ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: ہرگز نہیں وہ (معبودان باطل) ان کی پرستش سے انکار کریں گے اور ان کے دشمن (و مخالف) ہوں گے۔

أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ﴿٨٣﴾

أَ: (کیا) حرف استفہام۔ لَمْ: (نہیں) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ تَرَ: (تو نے دیکھا) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت حرف علت۔ ی۔ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَأَى يَرَى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ أَنَّا: (بے شک ہم۔) مرکب: (أَنَّ+نَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ + ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ أَرْسَلْنَا: (ہم نے بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ إِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلًا۔ رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ الشَّيَاطِينَ: (شَيْطَنٌ کی جمع۔ شیطانوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ علامت۔ ی۔ عَلَىٰ: (پر۔ اوپر) حرف جار۔ الْكَافِرِينَ: (كَافِرٌ کی جمع۔ منکرین۔ انکار کرنے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔ تَؤُزُّ: (وہ اکساتے

ہیں۔بہکاتے ہیں) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ نصر۔مادہ(ءزز)مضاعف۔صیغہ۔اَزَّ یَؤُزُّ۔مصدر۔ اَزًّا۔ (ابھارنا۔بہکانا۔اکسانا)۔هُمْ :(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ اَزًّا :(ابھارنا۔بہکانا۔ اکسانا) منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: کیاتم نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیطانوں کو کافروں پر چھوڑ رکھا ہے کہ ان کو برانگیختہ کرتے رہتے ہیں۔

فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾

فَ:(پس)فصیحة۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَعْجَلْ:(تو جلدی کر) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیرا اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ل)۔عَجِلَ یَعْجَلُ۔مصدر۔عَجَلًا۔عَجْلَةً۔(جلدی کرنا)۔ عَلَىٰ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هِمْ :(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔اِنَّمَا:(در حقیقت۔ صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔نَعُدُّ:(ہم شمار کرتے ہیں۔ہم گن رہے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔ صیغہ۔عَدَّ یَعُدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔(شمار کرنا۔گننا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔عَدًّا:(گننا)منصوب۔ مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: تو تم ان پر (عذاب کے لئے) جلدی نہ کرو۔اور ہم تو ان کے لئے (دن) شمار کر رہے ہیں۔

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔ نَحْشُرُ:(ہم اکٹھا کریں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر)صیغہ۔حَشَرَ یَحْشُرُ۔مصدر۔حَشْرًا۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔ الْمُتَّقِيْنَ:(مُتَّقِیْ کی جمع۔پرہیز گاروں کو۔اللہ سے ڈرنے والوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔علامت۔ی۔اِلَى:(طرف۔جانب)حرف جار۔الرَّحْمٰنِ:(رحمان)اسم مجرور۔وَفْدًا:(نمائندے۔ قاصد۔مہمان)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: جس روز ہم پرہیز گاروں کو اللہ کے سامنے (بطور) مہمان جمع کریں گے۔

وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾

وَّ:(اور)استئنافیہ۔ نَسُوۡقُ:(ہم چلائیں گے۔ہانکیں گے۔)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(س و ق) اجوف واوی۔صیغہ۔سَاقَ یَسُوۡقُ۔مصدر۔سَوۡقًا۔(ڈرائیونگ کرنا۔ہانکنا۔چلانا)۔ الۡمُجۡرِمِیۡنَ:(الۡمُجۡرِمُ کی جمع۔ مجرموں کو قانون شکنوں کو۔گناہگاروں کو)منصوب مفعول بہ۔علامت۔ی۔اِلٰی:(طرف)حرف جار۔جَهَنَّمَ : (جہنم۔دوزخ۔بہت بڑے دکھ کی جگہ)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔وِرۡدًا:(بھوکے پیاسے)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور گنہگاروں کو دوزخ کی طرف پیاسے ہانک لے جائیں گے۔

لَا یَمۡلِکُوۡنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنۡدَ الرَّحۡمٰنِ عَهۡدًا ﴿۸۷﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔یَمۡلِکُوۡنَ:(وہ اختیار رکھتے ہیں۔ملکیت رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَکَ یَمۡلِکُ۔مصدر۔مَلۡکًا۔(مالک ہونا۔حکومت کرنا۔اختیار کرنا)۔ الشَّفَاعَةَ:(سفارش کی۔شفاعت کی)منصوب۔مفعول بہ۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ مَنِ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اتَّخَذَ:(اس نے پکڑا۔بنایا۔اختیار کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاۡخُذُ۔ مصدر۔ اَخۡذًا۔ (پکڑنا)۔ عِنۡدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ الرَّحۡمٰنِ :(رحمان)مجرور مضاف الیہ۔ عَهۡدًا:(کوئی عہد۔کوئی وعدہ۔)مصدر۔نکرہ۔منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: (تو لوگ) کسی کی سفارش کا اختیار نہ رکھیں گے مگر جس نے اللہ سے اقرار لیا ہو۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحۡمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ قَالُوۡا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر محلاً مرفوع هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا۔)۔اتَّخَذَ:(وہ پکڑتا ہے۔ اختیار کرتا ہے۔وہ بناتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاۡخُذُ۔ مصدر۔ اَخۡذًا۔ (پکڑنا۔بنانا)۔ الرَّحۡمٰنُ:(رحمان)فاعل مرفوع۔ وَلَدًا:(لڑکا۔بیٹا۔بیٹی)منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور کہتے ہیں کہ اللہ بیٹا رکھتا ہے۔

لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ﴿٨٩﴾

لَ:(البتہ۔)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقینا)حرف تحقیق۔جِئْتُمْ:(تم لائے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔ شَيْئًا:(کوئی شئے۔کوئی بات) منصوب۔ مفعول بہ۔موصوف۔ إِدًّا:(عجیب۔اچنبھا۔حیرت ناک۔بہت ہی سخت۔)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (ایسا کہنے والو یہ تو) تم بری بات(زبان پر) لائے ہو۔

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾

تَكَادُ:(وہ قریب ہوئی)فعل مقاربہ۔مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ۔(ک و د)اجوف واوی۔صیغہ۔كَادَ يَكَادُ۔مصدر۔كَوْدًا۔(قریب ہونا)۔السَّمٰوٰتُ:(آسمانوں)مبتداء مرفوع۔يَتَفَطَّرْنَ:(پھٹ جائے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَفَطَّرَ يَتَفَطَّرُ۔مصدر۔تَفَطُّرٌ(پھٹ جانا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ط ر)صیغہ۔فَطَرَ يَفْطُرُ۔مصدر۔فَطْرًا۔(پیدا کرنا۔)مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَنْشَقُّ:(وہ شق ہو جاتی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْشَقَّ يَنْشَقُّ۔مصدر۔اِنْشِقَاقٌ۔(شق ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ق ق)مضاعف۔صیغہ۔شَقَّ يَشُقُّ۔مصدر۔شَقًّا۔مَشَقَّةً۔الْأَرْضُ:(زمین)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ تَخِرُّ:(ڈھے پڑتے۔گر پڑتے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔صیغہ۔خَرَّ يَخِرُّ۔مصدر۔خَرًّا۔(گر پڑنا)۔الْجِبَالُ:(پہاڑ)فاعل مرفوع۔ هَدًّا:(منہدم ہونا۔پہاڑ یا عمارت کا ریزہ ریزہ ہو کر گرنے کا عمل)۔مصدر۔ منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: قریب ہے کہ اس(افتراء) سے آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ پارہ پارہ ہو کر گر پڑیں۔

أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾

أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔دَعَوْا :(انہوں نے پکارا۔انہوں نے دعویٰ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف

فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔دُعَآءٌ۔(پکارنا۔دعویٰ کرنا)۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔مفعول لہٗ۔لِ:(لئے)۔الرَّحْمٰنِ:(رحمان۔)اسم مجرور۔وَلَدًا:(بیٹایابیٹی)منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: کہ انہوں نے اللہ کے لئے بیٹا تجویز کیا۔

وَمَا یَنْۢبَغِیْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ یَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿۹۲﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔یَنْۢبَغِیْ:(لائق ہے۔مناسب ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْبَغٰی یَنْبَغِیْ۔مصدر۔اِنْبِغَآءٌ۔(لائق ہونا۔زیباہونا۔مناسب ہونا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔الرَّحْمٰنِ:(رحمان)اسم مجرور۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یَّتَّخِذَ:(وہ بنائے۔اختیار کرے۔یعنی ناممکن ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔وَلَدًا:(لڑکا۔یالڑکی)منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: اور اللہ کوشایاں نہیں کہ کسی کوبیٹابنائے۔

اِنْ كُلُّ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِی الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿۹۳﴾

اِنْ:(نہیں)نافیہ۔بعدمیں اِلَّا کاصلہ آرہاہے۔اس لئے معنی ہے(نہیں)۔كُلُّ:(تمام۔ہر)برائے تاکید۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔مضاف۔مَنْ:(جوکچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِی:(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْاَرْضِ:(زمین)معطوف۔مجرور۔اِلَّآ:(مگر)حرف حصر۔اٰتِی:(آنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔الرَّحْمٰنِ:(رحمان)مجرور۔مضاف الیہ۔عَبْدًا:(بندہ۔غلام)اسم نکرہ۔منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: تمام شخص جوآسمانوں اورزمین میں ہیں سب اللہ کے روبروبندے ہوکرآئیں گے۔

لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿۹۴﴾

لَ:(ضرور۔البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ اَحْصٰ:(اس نے گنا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْصٰی یَحْصِیُ۔مصدر۔اِحْصَاءٌ۔(گننا۔شمار کرنا۔گھیرنا۔احاطہ کرنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَدَّ:(اس نے گن رکھا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ یَعِدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔(گننا۔شمار کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔عَدًّا:(خوب گننا)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اُس نے ان(سب) کو(اپنے علم سے) گھیر رکھا اور(ایک ایک کو) شمار کر رکھا ہے۔

وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔ كُلُّ:(تمام۔ہر)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اٰتِيْ:(آنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔مضاف۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الْقِيٰمَةِ :(قیامت)اسم مجرو۔ فَرْدًا حالت۔نصب۔:(اکیلا۔تنہا)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:اور سب قیامت کے دن اس کے سامنے اکیلے اکیلے حاضر ہوں گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾

اِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔اٰمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوْا:(انہوں نے کام کئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ :(نیک۔صالح۔اچھے)

لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔سَ:(عنقریب۔)حرف استقبال۔یَجْعَلُ:(وہ بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔لَ:(لئے) حرف جار۔هُمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ الرَّحْمٰنُ :(رحمان)مبتداء مرفوع۔وُدًّا:(محبت۔دوستی۔ چاہت) منصوب۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے اللہ ان کی محبت (مخلوقات کے دل میں) پیدا کر دے گا۔

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾

ف:(پھر)استئنافیہ۔اِنَّمَا:(در حقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔يَسَّرْنَا:(ہم نے آسان کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔يَسَّرَ يُيَسِّرُ۔مصدر۔تَيْسِيْرًا۔(آسان کرنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔لِسَانِ:(زبان)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ تُبَشِّرَ:(آپ خوشخبری دیں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔مصدر۔تَبْشِيْرًا۔ (خوشخبری دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ الْمُتَّقِيْنَ:(الْمُتَّقِي کی جمع۔متقیوں کو۔اللہ سے ڈرنے والوں کو۔اپنے آپ کو بچانے والوں کو)۔منصوب۔مفعول بہٖ۔علامت۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ تُنْذِرَ : (آپ تنبیہ کریں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَنْذَرَ يُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔خبر دار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ضرب۔ مادہ۔(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ يَنْذُرُ۔ مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔ قَوْمًا:(قوم۔لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔لُدًّا:(سخت۔جھگڑالو)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر) ہم نے یہ (قرآن) تمہاری زبان میں آسان (نازل) کیا ہے تاکہ تم اس سے پرہیزگاروں کو خوشخبری پہنچا دو اور جھگڑالو وں کو ڈر سنا دو۔

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَمْ:(کتنی)خبریہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مقدم۔ اَهْلَكْنَا:(ہم نے ہلاک کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔ مصدر۔ اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔ مصدر۔ هَلْكًا۔ هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا۔)۔ قَبْلَ:(پہلی)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔هُمْ :(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔قَرْنٍ:(امتیں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب تمیز۔ هَلْ: (کیا) حرف استفہام۔تُحِسُّ: (تم احساس کرتے ہو)فعل مضارع واحد مذکرحاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَحَسَّ يُحِسُّ۔مصدر۔ اِحْسَاسًا۔(محسوس کرنا۔احساس کرنا۔)مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ اَحَدٍ:(کسی ایک)لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اَوْ:(یا)حرف عطف۔تَسْمَعُ:(تو سنتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سَمِعَ۔مادہ(س م ع) صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(سننا)۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ رِكْزًا:(کوئی آہٹ۔بھنک۔کوئی خفیہ آواز۔)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے اس سے پہلے بہت سے گروہوں کو ہلاک کر دیا ہے۔ بھلا تم ان میں سے کسی کو دیکھتے ہو یا (کہیں) ان کی بھنک سنتے ہو۔

20سورہ طٰہٰ

رکوعاتھا 8 20 سُوْرَۃُ طٰہٰ مَکِّیَّۃٌ 45 اٰیاتھا 135

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰہٰ ﴿۱﴾ طہ

مَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡکَ الۡقُرۡاٰنَ لِتَشۡقٰۤی ﴿۲﴾

مَآ: (نہیں) نافیہ۔ اَنْزَلْنَا: (ہم نے اتارا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔ مصدر۔ اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ عَلَیْ: (پر۔ اوپر) حرف جار۔ کَ: (تم) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ اَلْقُرْاٰنَ: (قرآن مجید کو) منصوب مفعول بہٖ۔ لِ: (تاکہ) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ تَشْقٰٓی: (آپ مشقت میں پڑیں) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ش ق ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ شَقِیَ یَشْقٰی۔ مصدر۔ شَقَاوَۃٌ۔ (سختی میں پڑنا۔ مشقت میں پڑنا۔ مصیبت میں پڑنا)۔

ترجمہ آیت: (اے محمد ﷺ) ہم نے تم پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ۔

اِلَّا تَذۡکِرَۃً لِّمَنۡ یَّخۡشٰی ﴿۳﴾

اِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ تَذْکِرَۃً: (نصیحت) منصوب مفعول لہٗ۔ لِ: (لائے) حرف جار۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ یَّخْشٰی: (وہ ڈرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (خ ش ی۔) ناقص یائی۔ صیغہ۔ خَشِیَ یَخْشٰی۔ مصدر۔ خَشْیَۃٌ۔ (ڈرنا)۔

ترجمہ آیت: بلکہ اس شخص کو نصیحت دینے کے لئے (نازل کیا ہے) جو خوف رکھتا ہے۔

تَنۡزِیۡلًا مِّمَّنۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ وَ السَّمٰوٰتِ الۡعُلٰی ﴿۴﴾

تَنْزِیْلًا: (نازل کیا ہوا) منصوب۔ مفعول مطلق۔ فعل محذوف۔ مِّمَّنْ: (جس نے) مرکب: (مِنْ + مَّنِ) حرف جار۔ + اسم

موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ خَلَقَ :(اس نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔ خَلَقَ يَخۡلُقُ۔ مصدر۔ خَلۡقًا۔(پیدا کرنا۔ بنانا)۔ الۡاَرۡضَ:(زمین کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ :(اور) حرف عطف۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں کو) معطوف منصوب۔ موصوف الۡعُلٰى :(اونچے اونچے) صفت منصوب۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: یہ اس (ذات برتر) کا اتارا ہوا ہے جس نے زمین اور اونچے اونچے آسمان بنائے۔

اَلرَّحۡمٰنُ عَلَى الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰى ﴿۵﴾

اَلرَّحۡمٰنُ :(رحمان) مبتداء مرفوع۔ عَلَى:(پر۔ اوپر) حرف جار۔ الۡعَرۡشِ :(بلندی۔ عرش۔ چھت) اسم مجرور۔ اِسۡتَوٰى : (اس نے مضبوط کیا۔ اس کو سنورا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِسۡتَوٰى يَسۡتَوِىۡ۔ مصدر۔ اِسۡتِوَاءٌ۔(برابر ہونا۔ قرار پکڑنا۔ جلوہ گر ہونا)۔

ترجمہ آیت: (یعنی اللہ) رحمٰن جس نے عرش پر قرار پکڑا۔

لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا وَمَا تَحۡتَ الثَّرٰى ﴿۶﴾

لَ:(لئے) حرف جار۔ هٗ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مَا:(جو کچھ) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ فِى:(میں) حرف جار۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَا:(جو کچھ) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ معطوف۔ مرفوع۔ بر مَا سابقہ۔ فِى:(میں) حرف جار۔ الۡاَرۡضِ:(زمین) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَا:(جو کچھ) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ معطوف۔ مرفوع۔ بر مَا سابقہ۔ بَيۡنَ:(درمیان) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُمَا:(دونوں کے) ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَا :(جو کچھ) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ معطوف۔ مرفوع۔ بر مَا سابقہ۔ تَحۡتَ:(نیچے) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ الثَّرٰى :(گہرائی۔ گیلی مٹی کے) مجرور مضاف الیہ۔ تقدیراً مکسور۔

ترجمہ آیت: جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے بیچ میں ہے اور جو کچھ (زمین کی) مٹی کے نیچے ہے سب اسی کا ہے۔

وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ تَجْهَرْ:(آپ بلند آواز سے کہیں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ھ ر)صیغہ۔جَهَرَ يَجْهَرُ ۔ مصدر۔ جَهْرًا۔ (ظاہر) بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْقَوْلِ:(قول۔بات۔)اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔اِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر ۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔ السِّرَّ: (پوشیدہ۔رازدارانہ۔راز۔بھید۔)منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اَخْفٰى : (بہت ہی مخفی۔خفیہ)افعل التفضیل۔ معطوف۔ منصوب۔

ترجمہ آیت:اور اگر تم پکار کر بات کہو تو وہ تو چھپے بھید اور نہایت پوشیدہ بات تک کو جانتا ہے۔

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ﴿۸﴾

اَللّٰهُ :(اللہ جل جلالہ)مبتداء مرفوع۔ لَآ :(نہیں)لائے جنس۔ناصب اسم ۔رافع۔ خبر۔ اِلٰهَ:(معبود۔)لائے نفی جنس کا اسم۔ منصوب۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔استثناء۔هُوَ:(وہی)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔مبتداء۔لَ: (لئے)حرف جار۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمرفوع۔خبر مقدم۔ الْاَسْمَآءُ:(نام)مبتداء مؤخر مرفوع۔ موصوف۔ الْحُسْنٰى :(بہت درست۔بہت خوبصورت)بر وزن فُعْلٰى۔افعل التفضیل۔ مونث۔ صفت۔مرفوع۔تقدیرا مضموم۔تابع موصوف۔شبہ جملہ محلاًخبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت:(وہ معبود برحق ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔اس کے (سب) نام اچھے ہیں۔

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔اَتٰى:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ کَ :(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ حَدِيْثُ :(کوئی نئی چیز)فاعل مجرفوع۔ مضاف۔

مُوْسٰی :(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور کیا تمہیں موسیٰ (کے حال) کی خبر ملی ہے۔

اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْٓ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿۱۰﴾

اِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔بمعنی ماضی۔رَاٰ:(اس نے دیکھی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ نَارًا:(آگ کو)منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لِ: (لئے)حرف جار۔اَھْلِ:(رہنے والے۔گھر والے۔تعلقہ دار)اسم مجرور۔مضاف۔ہِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اُمْكُثُوْٓا:(رکو۔تم ٹھہرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ک ث)صیغہ۔ مَكَثَ یَمْكُثُ۔مصدر۔مَكْثًا۔(ٹھہرنا)۔ اِنّ:(بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔یِّ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔اٰنَسْتُ:(مجھے دکھائی دی ہے)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰنَسَ یُؤْنِسُ۔مصدر۔اِیْنَاسٌ۔(محسوس کرنا۔دکھائی دینا)۔نَارًا:(آگ کو)منصوب۔مفعول بہ۔لَّعَلِّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ناصب اسم۔یِّ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔اٰتِیْ:(لانے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔اگر بعد میں صلہ ب حرف جار ہو تو معنی ہوگا(لانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ كُمْ:(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مِّن:(سے) حرف جار۔ھَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔قَبَسٍ:(کسی انگارے کو۔ سونچ۔جلتی لکڑی کا شعلہ۔)اسم مجرور۔ اَوْ :(یا)حرف عطف۔اَجِدُ:(میں پاؤں)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ یَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانًا۔وُجُوْدًا۔ (پانا۔ملنا)۔ عَلَی:(پر۔اوپر)حرف جار۔النَّارِ:(آگ)اسم مجرور۔ھُدًی:(ہدایت۔کوئی راہنمائی)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: جب انہوں نے آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا کہ تم (یہاں) ٹھہرو میں نے آگ دیکھی ہے (میں وہاں جاتا ہوں) شاید اس میں سے میں تمہارے پاس انگاری لاؤں یا آگ (کے مقام) کا رستہ معلوم کر سکوں۔

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ﴿۱۱﴾

فَ: (پس) حرف عطف۔ لَمَّا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلا۔ منصوب۔ اَتٰی: (وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَی یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ هَا: (اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نُوْدِيَ: (آواز دی گئی۔ آواز آئی) فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ مادہ۔ (ن د ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ نَادٰی يُنَادِيْ۔ مصدر۔ مُنَادَاةٌ۔ (آواز دینا۔ پکارنا)۔ يَا: (اے) حرف نداء۔ مُوْسٰى: (موسیٰؑ) غیر منصرف۔ منادیٰ مبنی بر ضمہ تقدیراً منصوب۔ مضاف۔

ترجمہ آیت: جب وہاں پہنچے تو آواز آئی کہ موسیٰ۔

اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۲﴾

اِنِّ: (بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ يَ: (میں) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ اَنَا: (میں) ضمیر منفصل۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ رَبُّ: (ربّ) خبر مرفوع۔ مضاف۔ كَ: (تیرا) ضمیر واحد مؤنث حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف لایہ۔ فَ: (پھر) حرف عطف۔ اِخْلَعْ: (اتار۔ الگ کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (خ ل ع) صیغہ۔ خَلَعَ يَخْلَعُ۔ مصدر۔ خَلْعًا۔ (اتارنا۔ الگ کرنا)۔ نَعْلَيْ: (جوتے) اصلاً نَعْلَيْنَ تھا۔ نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔ كَ: (تیرے۔ اپنے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ: (بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع۔ خبر۔ كَ: (تم) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ الْوَادِ: (وادی۔ پہاڑوں کے سلسلہ کے ساتھ آبادی۔) ظرف مکان۔ محلاً اسم مجرور۔ موصوف۔ شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ الْمُقَدَّسِ: (پاکیزہ۔ پاک) مجرور۔ صفت۔ تابع موصوف۔ طُوًى: (نام آبادی کا۔ جو ملک سوریا میں ہے) بدل۔ مجرور۔ یا۔ عطف بیان۔

ترجمہ آیت: میں تو تمہارا پروردگار ہوں تو اپنی جوتیاں اتار دو۔ تم (یہاں) پاک میدان (یعنی) طویٰ میں ہو۔

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا یُوْحٰی ﴿۱۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ اَنَا :(میں) ضمیر منفصل جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔اخْتَرْتُ:(میں نے چن لیا)فعل ماضی واحد متکلم۔ت مضموم علامت واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَارَ یَخْتَارُ۔ مصدر۔ اِخْتِیَارٌ۔ كَ :(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ۔اِسْتَمِعْ :(تو سن)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَمَعَ یَسْتَمِعُ مصدر۔اِسْتِمَاعٌ۔(غور سے سننا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)۔صیغہ۔سَمِعَ یَسْمَعُ۔مصدر سَمْعًا۔(سننا)۔لِمَا: (جو کچھ)مرکب :(لِ+مَا) حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔یُوْحٰی :(وحی کیا جائے۔حکم کیا جائے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ضمیر مستتر ھُوَ۔نائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْحٰی یُوْحِیْ۔مصدر۔اِیْحَاءٌ۔(حکم دینا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ ناقص یائی۔ وَحٰی یَحِیْ۔مصدر۔وَحْیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور میں نے تم کو انتخاب کر لیا ہے تو جو حکم دیا جائے اسے سنو۔

اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ ﴿۱۴﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب۔اسم رافع۔خبر۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یَ :(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔اِنَّ کا اسم منصوب۔اَنَا:(میں ہوں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبتداء۔مرفوع۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)اِنَّ کی مرفوع خبر۔لَآ:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اِلٰهَ:(معبود۔)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔اِلَّآ: (سوائے۔مگر)حرف حصر۔ اَنَا:(میں ہوں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔بدل جملہ اِنَّ کی خبر ثانی۔مبتداء۔مرفوع۔ فَ:(پھر)حرف فصیحہ۔ اُعْبُدْ: (عبادت کرو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب۔ نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔ عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔پوجا کرنا)۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یْ :(مجھے۔میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اَقِمِ:(قائم کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔کسرہ بوجہ

التقائے ساکنین۔برائے اتصال مابعد۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرا اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقَامَ یُقِیْمُ۔ مصدر۔اِقَامَۃٌ(قائم کرنا۔سیدھا رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)اجوف واوی۔صیغہ۔قَامَ یَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔ قِیَامَۃٌ۔قُوْمَۃٌ۔قَامَۃً۔(اٹھنا۔سیدھا کھڑا ہونا۔کھڑا ہونا۔روکنا)۔ الصَّلٰوۃَ :(صلاۃ)منصوب مفعول بہ۔لِ:(لئے) حرف جار۔ذِکْرِ :(ذکر۔یاد)اسم مجرور۔مضاف۔یْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔کسرہ تقدیراً۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:بے شک میں ہی اللہ ہوں۔میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری عبادت کرو اور میری یاد کے لئے نماز پڑھا کرو۔

اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ﴿۱۵﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔السَّاعَۃَ:(گھڑی۔ساعت۔قیامت)اِنَّ کا اسم منصوب۔ اٰتِیَۃٌ :(آنے والی)اسم فاعل۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔اَکَادُ:(میں چاہتا ہوں۔)فعل مضارع مرفوع۔واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و د)صیغہ۔کَادَ یَکَادُ۔مصدر۔کَوْدًا۔(قریب ہونا)۔اُخْفِیْ:(میں چھپا کر رکھوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْفٰی یُخْفِیْ۔مصدر۔اِخْفَاءٌ۔(چھپا کر رکھنا)۔ھَا:(اسے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُجْزٰی:(بدلہ دیا جائے)فعل مضارع مجہول۔منصوب۔واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)صیغہ۔جَزٰی یَجْزِیْ۔ مصدر۔جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔کُلُّ :(تمام۔ہر) برائے تاکید۔مرفوع۔مضاف۔ نَفْسٍ:(نفس۔جان)اسم مجرور۔بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔تَسْعٰی:(وہ کوشش کرے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَعٰی یَسْعٰی۔مصدر۔ سَعْیًا۔(کوشش کرنا۔دوڑ لگانا)۔

ترجمہ آیت: قیامت یقیناً آنے والی ہے۔میں چاہتا ہوں کہ اس(کے وقت) کو پوشیدہ رکھوں تاکہ ہر شخص جو کوشش کرے اس کا بدلا پائے۔

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿۱۶﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَصُدَّنَّ:(وہ لازماً روکے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ یَصُدُّ۔مصدر۔صَدًّا۔صُدُوْدًا۔(روکنا)۔ کَ: (تجھے)ضمیر واحد مذکر

حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَنْ:(سے۔بارئ میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَّا:(نہ) نافیہ۔ يُؤْمِنُ :(ایمان لائے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّبَعَ:(اس نے پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ هَوٰى:(خواہش)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُ : (وہ۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(ورنہ)سببیہ۔ناصب مضارع۔تَرْدٰى:(تو ہلاک ہو جائے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَدِيَ يَرْدٰى۔مصدر۔ رَدْيًا۔(ہلاک ہونا۔)ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: توجو شخص اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی خواہش کے پیچھے چلتا ہے (کہیں) تم کو اس (کے یقین) سے روک نہ دے تو (اس صورت میں) تم ہلاک ہو جاؤ۔

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۱۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ مَا:(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ مبتداء مرفوع۔ تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مؤنث۔خبر مرفوع۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔يَمِيْنِ:(دائیں)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔يَا:(اے)حرف نداء۔مُوْسٰى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔منادیٰ۔مبنی بر ضمہ تقدیراً۔محلاً منصوب۔

ترجمہ آیت: اور موسیٰ یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے۔

قَالَ هِيَ عَصَايَ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿۱۸﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا۔)۔هِيَ:(وہ۔یہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔مبتداء مرفوع۔عَصَا:(ڈنڈا۔لاٹھی۔ چھڑ)خبر مرفوع۔

تقدیراً مضموم۔مضاف۔یَ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَتَوَكَّؤُا:(میں ٹیک لگاتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَكَّأَ يَتَوَكَّؤُ۔مصدر۔تَوَكُّؤٌ۔(ٹیک لگانا)۔ عَلَىٰ: (پر۔اوپر)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَهُشُّ:(میں جھاڑتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔صیغہ۔هَشَّ يَهُشُّ۔مصدر۔هَشًّا۔(پتے جھاڑنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ عَلٰى:(پر)حرف جار۔ غَنَمِ:(بکریوں)اسم مجرور۔مضاف۔یْ : (میری۔اپنی) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔ یَ: (میرے۔اپنے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم ۔ مرفوع۔ فِیْ:(میں)حرف جار۔ هَا: (اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَاٰرِبُ :(مَارِبَةٌ کی جمع۔حاجتیں۔ضروریات)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔اُخْرٰى :(دوسری)صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔تقدیراً۔ضمہ۔

ترجمہ آیت: انہوں نے کہا یہ میری لاٹھی ہے۔اس پر میں سہارا لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں کے لئے پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے لئے اور بھی کئی فائدے ہیں۔

قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿١٩﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ اَلْقِ:(تو ڈال)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ی۔بوجہ التقائے ساکنین۔محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصدر اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔لِقِيًّا۔لُقِيًّا۔ لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا ۔ ہو جانا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔يَا:(اے)حرف نداء۔مُوْسٰى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔منادیٰ۔تقدیراً مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔

ترجمہ آیت: فرمایا کہ موسیٰ اسے ڈال دو۔

فَاَلْقٰهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿٢٠﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔اَلْقٰی:(اس نے ڈال دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِیْ۔ مصدر اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔ لُقْیَانًا۔لُقْیَۃً۔ تِلْقَاءً۔لِقِیًّا۔لُقِیًّا۔لُقًی۔لَقْیًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہو جانا۔)۔ ھَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔اِذَا:(اچانک)فجائیہ۔ھِیَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مؤنث غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مبتداء۔مرفوع۔حَیَّۃٌ:(سانپ)خبر مرفوع۔موصوف۔تَسْعٰی :(دوڑتا ہوا)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَعٰی یَسْعٰی۔مصدر۔سَعْیًا۔(کوشش کرنا۔دوڑ لگانا)۔جملہ محلاً صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو انہوں نے اس کو ڈال دیا اور وہ ناگہاں سانپ بن کر دوڑنے لگا۔

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿۲۱﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا)۔خُذْ:(پکڑو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَخَذَ یَاخُذُ۔ مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ ھَا :(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَخَفْ:(تو ڈر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً مستتر۔اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ یَخَافُ مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔ سَ:(جلد ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔نُعِیْدُ:(ہم لوٹائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَعَادَ یُعِیْدُ۔مصدر۔اِعَادَۃٌ(دوبارہ کرنا۔لوٹانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔صیغہ۔عَادَ یَعُوْدُ۔ مصدر۔عَوْدًا۔(لوٹنا۔واپس آنا۔دہرانا)۔ھَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ سِیْرَتَ: (چال۔حالت۔سیرت)اسم منصوب۔موصوف۔مصدر۔سَیْرًا۔مضاف۔ھَا :(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَلْاُوْلٰی:(پہلی)اَوَّلُ کی مؤنث۔صفت۔ منصوب۔تابع موصوف۔تقدیراً مفتوح۔

ترجمہ آیت: اللہ نے فرمایا کہ اسے پکڑ لو اور ڈرنا مت۔ہم اس کو ابھی اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے۔

وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿۲۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ اضْمُمْ:(ضم کریں۔ڈال دیں۔ملا دیں۔دبا لو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ض م م)مضاعف۔صیغہ۔ضَمَّ یَضُمُّ۔مصدر۔ضَمًّا۔(دبانا۔ملانا۔اکٹھا کرنا۔)۔یَدَ:(ہاتھ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ کَ:(تیرا۔اپنا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِلٰی:(طرف)حرف جار۔ جَنَاحِ: (بغل۔ پر۔ پہلو۔ بازو۔)اسم مجرور۔مضاف۔کَ ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تَخْرُجْ:(وہ نکلے گا)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔مجزوم۔برائے جواب طلب ۔ محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔خُرُوْجًا۔(باہر نکلنا)۔بَیْضَآءَ:(سفید)مؤنث۔منصوب۔حال۔مِنْ:(سے)حرف جار۔غَیْرِ: (علاوہ۔ سوا۔بغیر۔)اسم مجرور۔مضاف۔ سُوْٓءٍ :(برائی۔عیب۔تکلیف۔بیماری کے)مجرور مضاف الیہ۔ اٰیَةً :(آیت۔ نشانی) منصوب۔حال ثانی۔موصوف۔اُخْرٰی:(دوسری۔ایک اور)صفت منصوب۔تقدیراً مفتوح۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اپنا ہاتھ اپنی بغل سے لگا لو وہ کسی عیب (و بیماری) کے بغیر سفید (چمکتا دمکتا) نکلے گا۔(یہ) دوسری نشانی (ہے)۔

لِنُرِیَکَ مِنْ اٰیٰتِنَا الْکُبْرٰی ﴿۲۳﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔نُرِیَ:(ہم دکھائیں)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔علامت۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔ افعال۔صیغہ۔اَرٰی یُرِیْ۔مصدر۔اِرَاءَةٌ (دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔کَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنْ:(میں سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔ اٰیٰتِ:(آیات۔نشانیوں سے)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ الْکُبْرٰی :(بڑی)صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تاکہ ہم تمہیں اپنے نشانات عظیم دکھائیں۔

اِذْهَبْ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی ﴿۲۴﴾

اِذْهَبْ:(تو جا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔ذَهَبَ یَذْهَبُ۔مصدر۔ذَهَابًا۔(جانا)۔ اِلٰی : (طرف) حرف جار۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون لعین)غیر منصرف۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب

اسم۔رافع۔خبر۔ہٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔مبتداء مرفوع۔طَغٰی :(وہ سرکش ہو گیا۔وہ باغی ہو گیا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔طَغٰی یَطْغٰی۔مصدر۔طُغْیَانًا۔(سرکش۔باغی۔) جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تم فرعون کے پاس جاؤ(کہ) وہ سرکش ہو رہا ہے۔

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾

قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ رَبِّ :(اے میرے رب) اصلاً رَبِّيْ تھا۔:(یَا+ رَبِّ+یْ)حرف نداء محذوف۔+منادیٰ۔محلاً منصوب۔مضاف۔+یائے متکلم۔محذوف۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِشْرَحْ:(تو کھول دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ر ح)صیغہ۔شَرَحَ یَشْرَحُ۔مصدر۔شَرْحًا۔(کھولنا)۔ لِ :(لئے)حرف جار۔یْ :(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔صَدْرِ :(سینہ کو)منصوب۔مفعول بہ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔مضاف۔یْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کہا میرے پروردگار(اس کام کے لئے) میرا سینہ کھول دے۔

وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ یَسِّرْ:(آسان کردے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔یَسَّرَ یُیَسِّرُ۔ مصدر۔تَیْسِیْرًا۔(آسان کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔یَ :(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ اَمْرِ :(کام۔امر۔حکم۔فیصلہ۔)منصوب۔مفعول بہ۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔مضاف۔یْ :(میرا) ضمیر واحد مذکر متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور میرا کام آسان کردے۔

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ اُحْلُلْ:(کھول دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔ مادہ

(ح ل ل)مضاعف۔صیغہ حَلَّ یَحُلُّ مصدر۔حَلًّا۔حُلُوْلًا۔(گرہ کھولنا)۔عُقْدَۃً:(گرہ کو) منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِّنْ:
(سے)حرف جار۔لِّسَانِ:(زبان)اسم مجرور۔مضاف۔یْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔

یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴿۲۸﴾

یَفْقَهُوْا:(وہ سمجھ جائیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔برائے جواب طلب۔ قَوْلِ:(بات۔گفتگو) منصوب۔مفعول بہٖ۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔مضاف۔یْ: (میری)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔

ترجمہ آیت: تاکہ وہ بات سمجھ لیں۔

وَاجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَهْلِیْ ﴿۲۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اجْعَلْ:(تو بنا دے۔مقرر کر دے) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ل:(لئے)۔حرف جار۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَزِیْرًا: (بوجھ اٹھانے والا۔وزیر۔بھار بٹانے والا۔مددگار)منصوب۔مفعول بہٖ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔اَهْلِ:(کوئی گھر والے۔اہل۔تعلقہ دار۔)اسم مجرور۔مضاف۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور میرے گھر والوں میں سے (ایک کو) میرا وزیر (یعنی مددگار) مقرر فرما۔

هٰرُوْنَ اَخِیْ ﴿۳۰﴾

هٰرُوْنَ:(ہارونؑ)بدل۔وَزِیْرًا۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔ اَخِ:(بھائی)اصلاً اَخٌ تھا۔کسرہ بوجہ یائے متکلم کے لگائی گئی۔مجرور مضاف ۔مضاف۔عطف بیان۔یابدل منصوب۔ی:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:(یعنی) میرے بھائی ہارون کو۔

اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِیْ ﴿۳۱﴾

اشْدُدْ :(مضبوط کر۔)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش د د)

مضاعف۔صیغہ۔شَدَّ یَشُدُّ۔مصدر۔شَدًّا۔(مضبوط کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ اَزْرِ :(کمر۔پشت۔قوت)منصوب۔مفعول بہ۔تقدیراً مفتوح۔مضاف۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اس سے میری قوت کو مضبوط فرما۔

وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۳۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ اَشْرِكْ:(شریک کر۔شامل کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید۔باب۔ افعال۔صیغہ۔اَشْرَكَ یُشْرِكُ۔مصدر۔اِشْرَاكٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ش ر ک)صیغہ۔شَرِكَ یَشْرَكُ۔ مصدر۔شَرْكًا۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فِيْٓ :(میں)حرف جار۔اَمْرِ:(کام۔امر۔حکم)اسم مجرور۔مضاف۔ یْ : (میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور اسے میرے کام میں شریک کر۔

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۳﴾

كَيْ :(تاکہ)حرف ناصب مضارع۔۔نُسَبِّحَ:(ہم تسبیح کریں)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ یُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِیْحًا۔(بہت تیزی سے عمل کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ یَسْبَحُ۔مصدر۔سَبْحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔كَ : (تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔موصوف۔كَثِيْرًا:(بہت زیادہ)صفت مشبہ۔منصوب۔یا۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: تاکہ ہم تیری بہت سی تسبیح کریں۔

وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۴﴾

وَّ :(اور)حرف عطف۔نَذْكُرَ:(ہم ذکر کریں)فعل مضارع واحد متکلم۔منصوب۔محل اعراب۔مفتوح۔معطوف منصوب۔ معطوف علیہ۔ نُسَبِّحَ۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ یَذْكُرُ۔مصدر۔

ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔كَ :(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔كَثِيْرًا :(بہت زیادہ)صفت مشبہ۔منصوب۔یا۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: اور تجھے کثرت سے یاد کریں۔

اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿۳۵﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ:(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ كُنْتَ:(تو تھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔بَصِيْرًا :(بہت زیادہ دیکھنے والا۔خوب دیکھنے والا)كَانَ کی خبر منصوب۔صفت،مشبہ۔منصوب۔یامفعول بہٖ۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو ہم کو(ہر حال میں) دیکھ رہا ہے۔

قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿۳۶﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔)۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔اُوْتِيْتَ:(تو دیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر حاضر۔تَ علامت ضمیر فاعل واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ سُؤْلَ:(تمنیٰ۔مانگی ہوی چیز۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يٰ:(اے)حرف نداء۔مُوْسٰى:(موسیٰؑ)منادیٰ۔مبنی برضمہ تقدیراً۔محلاً منصوب۔

ترجمہ آیت: فرمایا موسیٰ تمہاری دعا قبول کی گئی۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ﴿۳۷﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔لَ:(البتہ۔)لائے موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔مَنَنَّا:(ہم نے احسان کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ن ن)مضاعف۔صیغہ۔مَنَّ يَمُنُّ۔مصدر۔مَنًّا۔(احسان

جتانا۔احسان کرنا)۔عَلَیۡ:(پر۔اوپر)حرف جار۔کَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مَرَّةً :(ایک مرتبہ۔ایک بار)منصوب۔مفعول بہٖ۔اُخۡرٰی :(دوسری)مونث۔بروزن فُعۡلٰی۔صفت۔منصوب۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے تم پر ایک بار اور بھی احسان کیا تھا۔

اِذۡ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلٰۤی اُمِّکَ مَا یُوۡحٰۤی ﴿۳۸﴾

اِذۡ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ اَوۡحَیۡنَاۤ:(ہم نے وحی بھیجی)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوۡحٰی یُوۡحِیۡ۔ مصدر۔اِیۡحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وح ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔ وَحٰی یَحِیۡ۔مصدر۔وَحۡیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ اِلٰۤی:(طرف)حرف جار۔ اُمِّ:(ماں)اسم مجرور۔مضاف۔کَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔محلاً مبتداء مرفوع۔ یُوۡحٰۤی :(وحی کی جاتی ہے)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَوۡحٰی یُوۡحِیۡ۔ مصدر۔اِیۡحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحٰی یَحِیۡ۔مصدر۔وَحۡیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔

ترجمہ آیت: جب ہم نے تمہاری والدہ کو الہام کیا تھا جو تمہیں بتایا جاتا ہے۔

اَنِ اقۡذِفِیۡهِ فِی التَّابُوۡتِ فَاقۡذِفِیۡهِ فِی الۡیَمِّ فَلۡیُلۡقِهِ الۡیَمُّ بِالسَّاحِلِ یَاۡخُذۡهُ عَدُوٌّ لِّیۡ وَ عَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَ اَلۡقَیۡتُ عَلَیۡکَ مَحَبَّةً مِّنِّیۡ ۚ۬ وَ لِتُصۡنَعَ عَلٰی عَیۡنِیۡ ﴿۳۹﴾

اَنِ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اِقۡذِفِیۡ:(تو ڈال)فعل امر واحد واحد مؤنث حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ق ذ ف)صیغہ۔قَذَفَ یَقۡذَفُ۔مصدر۔قَذۡفًا۔(الزام لگانا۔ڈال دینا۔پھینکنا۔الٹ دینا۔زنا کی تہمت لگانا)۔هِ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ ضمیر کا مرجع مُوۡسٰی۔فِیۡ:(میں)حرف جار۔التَّابُوۡتِ: (تابوت۔صندوق)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔اقۡذِفِیۡ:(تو ڈال)فعل امر واحد واحد مؤنث حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ9(ق ذ ف) صیغہ۔ قَذَفَ یَقۡذَفُ۔مصدر۔قَذۡفًا۔(پھینکنا۔ڈالنا)۔هِ (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ضمیر کا مرجع التَّابُوۡتِ۔فِیۡ:(میں)حرف جار۔الۡیَمِّ :(دریا)اسم مجرور۔فَ:(پھر)حرف عطف۔لۡ:(چاہیئے کہ)لائے

امر۔جازم مضارع۔ يُلْقِ:(وہ ڈال دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِىْ۔ مصادر ۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِىَ يَلْقٰى۔مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِيًّا۔لُقُيًّا۔لُقًى۔لَقْيًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔ ہِ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اليَمُّ:(پانی۔دریا)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔السَّاحِلِ:(سمندر کا کنارہ)اسم مجرور۔يَأْخُذْ:(وہ پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔جواب طلب۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔عَدُوٌّ:(دشمن)فاعل مرفوع۔ لِّ:(لئے) حرف جار۔ىْ :(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ :(اور)حرف عطف۔عَدُوٌّ:(دشمن)معطوف مرفوع۔فاعل۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔ہٗ:(اس کے ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اَلْقَيْتُ:(میں نے ڈال دی)فعل ماضی واحد متکلم۔تُ مضموم۔علامت ضمیر واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِىْ۔ مصادر ۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔لَقِىَ يَلْقٰى۔مصدر۔ لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔ لُقِيًّا۔ لُقُيًّا۔ لُقًى۔لَقْيًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔ عَلَىْ:(پر) حرف جار۔كَ :(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ مَحَبَّةً:(محبت)منصوب۔مفعول بہ۔مِّنِّىْ:(مجھ سے) مرکب۔ :(مِّنْ+نِ+ىْ)حرف جار۔+ن وقایہ یائے متکلم کو بچانے کے لئے+ی ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُصْنَعَ:(تجھے بنایا جائے۔تو تیار کیا جائے۔تو پرورش کی جائے۔)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ضمیر مستتر اَنْتِ۔نائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ص ن ع)صیغہ۔صَنَعَ يَصْنَعُ۔مصدر۔ صَنْعًا۔(بنانا۔تیار کرنا۔) عَلٰى:(پر۔اوپر)حرف جار۔ عَيْنِ:(آنکھ)اسم مجرور۔مضاف۔ىْ :(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (وہ یہ تھا) کہ اسے (یعنی موسیٰ کو) صندوق میں رکھو پھر اس (صندوق) کو دریا میں ڈال دو تو دریا اسے کنارے پر ڈال دے گا (اور) میرا اور اس کا دشمن اسے اٹھالے گا۔اور (موسیٰ) میں نے تم پر اپنی طرف سے محبت ڈال دی ہے (اس لئے کہ تم پر

مہربانی کی جائے) اور اس لئے کہ تم میرے سامنے پرورش پاؤ۔

اِذۡ تَمۡشِیۡۤ اُخۡتُکَ فَتَقُوۡلُ ہَلۡ اَدُلُّکُمۡ عَلٰی مَنۡ یَّکۡفُلُہٗ ؕ فَرَجَعۡنٰکَ اِلٰۤی اُمِّکَ کَیۡ تَقَرَّ عَیۡنُہَا وَ لَا تَحۡزَنَ ۬ؕ وَ قَتَلۡتَ نَفۡسًا فَنَجَّیۡنٰکَ مِنَ الۡغَمِّ وَ فَتَنّٰکَ فُتُوۡنًا ۬ۚ فَلَبِثۡتَ سِنِیۡنَ فِیۡۤ اَہۡلِ مَدۡیَنَ ۬ۙ ثُمَّ جِئۡتَ عَلٰی قَدَرٍ یّٰمُوۡسٰی ﴿۴۰﴾

اِذْ:(جب)ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔ تَمْشِیْٓ:(تو چلے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ۔ (م ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔مَشٰی یَمْشِیْ۔مصدر۔مَشْیًا۔(چلنا)۔اُخْتُ:(بہن)مبتداء مرفوع۔مضاف۔کَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَقُوْلُ:(وہ کہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ھَلْ:(کیا)حرف استفہام۔اَدُلُّ:(میں دلیل دوں۔ثبوت دوں۔رہنمائی کروں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(د ل ل)مضاعف۔صیغہ۔دَلَّ یَدُلُّ۔ مصدر۔دَلَالَۃٌ۔(ظاہر کرنا۔ نشان زدہ کرنا۔)۔کُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَلٰی:(پر۔اوپر)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ یَّکْفُلُ:(وہ کفالت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ل)صیغہ۔کَفَلَ یَکْفُلُ۔ مصدر۔کِفَالَۃٌ۔(کفالت کرنا)۔ہٗ :(اس کہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔رَجَعْنَا:(ہم نے لوٹایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع) صیغہ۔رَجَعَ یَرْجِعُ۔مصدر۔ رُجُوْعًا۔مَرْجَعًا۔ (۔(لوٹانا۔ واپس کیا جانا)۔کَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔اِلٰٓی :(طرف)حرف جار۔اُمِّ:(ماں)اسم مجرور۔ مضاف۔کَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ کَیْ:(تا کہ)ناصب مضارع۔ تَقَرَّ:(وہ ٹھنڈی ہو)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ صیغہ۔قَرَّ یَقَرُّ۔ مصدر۔قَرًّا۔(ٹھنڈی ہونا)۔عَیْنُ:(آنکھ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ھَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)نافیہ۔ مضارع۔ تَحْزَنَ :(وہ غمگین ہو۔وہ غم کرے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ معطوف۔ منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزِنَ یَحْزَنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔ (رنجیدہ ہونا۔ غم کرنا۔ دکھی ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَتَلْتَ:(تو نے قتل کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر

تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔مصدر۔قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔نَفْسًا:(ایک شخص۔جان کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پس)حرف عطف۔نَجَّیْنَا:(ہم نے نجات دی۔ بچایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَجّٰی یُنَجِّیْ۔مصدر۔تَنْجِیَۃٌ۔(نجات دینا۔بچا دینا۔ بچا لینا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا یَنْجُو۔مصدر۔نَجْوَی۔نَجْوًا(بچنا)۔کَ:(تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔الْغَمِّ :(غم۔دکھ۔)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔فَتَنَّا:(ہم نے آزمائش میں ڈالا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ت ن)صیغہ۔فَتَنَ یَفْتِنُ۔مصدر۔فَتْنًا۔فُتُوْنًا۔(آزمانا۔آزمائش میں ڈالنا)۔کَ: (تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فُتُوْنًا:(خوب آزمانا)مفعول مطلق۔ فَ:(پس)حرف عطف۔لَبِثْتَ:(تو ٹھہرا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔تَ مفتوح۔ علامت۔ ضمیر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ل ب ث) صیغہ۔لَبِثَ یَلْبَثُ۔مصدر۔لَبْثٌ۔ (ٹھہرنا)۔ سِنِیْنَ:(سال ہا سال)ظرف زمان۔منصوب۔علامت ۔ی۔فِیْٓ:(میں) حرف جار۔ اَهْلِ:(رہنے والے۔گھر والے۔تعلقہ دار۔)اسم مجرور۔مضاف۔مَدْیَنَ:(مدین)غیر منصرف۔ مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف،جِئْتَ :(تو آیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ت مفتوح۔علامت ضمیر واحد مذکر حاضر۔ :(تو آیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔علامت۔ت مبسوط ضمیر مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیئٌ۔مَجِیْءٌ۔(آنا)عَلٰی:(پر)حرف جار۔قَدَرٍ:(اندازہ۔)اسم مجرور۔یٰٓا:(اے)حرف نداء۔مُوْسٰی:(موسیٰؑ) غیر منصرف۔منادیٰ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔

ترجمہ آیت: جب تمہاری بہن(فرعون کے ہاں) گئی اور کہنے لگی کہ میں تمہیں ایسا شخص بتاؤں جو اس کو پالے۔تو(اس طریق سے) ہم نے تم کو تمہاری ماں کے پاس پہنچا دیا تا کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ رنج نہ کریں۔اور تم نے ایک شخص کو مار ڈالا تو ہم نے تم کو غم سے مخلصی دی اور ہم نے تمہاری (کئی بار) آزمائش کی۔پھر تم کئی سال اہل مدین میں ٹھہرے رہے۔پھر اے موسیٰ تم (قابلیت رسالت کے) اندازے پر آ پہنچے۔

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ اصْطَنَعْتُ:(میں نے بنایا۔تیار کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔تُ مضموم۔علامت ضمیر فاعل۔واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِصْطَنَعَ یَصْطَنِعُ۔مصدر۔اِصْطِنَاعٌ۔(بنانا)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔نَفْسِ:(جان۔ نفس۔)اسم مجرور۔مضاف۔ يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور میں نے تم کو اپنے (کام کے) لئے بنایا ہے۔

اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿۴۲﴾

اِذْهَبْ:(تو جا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔مصدر۔ ذِهَابًا۔(جانا)۔اَنْتَ:(تم)ضمیر منفصل۔مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَخُوْ:(بھائی)معطوف مرفوع۔مضاف۔ كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اٰيٰتِ: (آیات۔نشانیاں)اسم مجرور۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَنِيَا:(تم دونوں سستی کرو)فعل مضارع تثنیہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف علامت تثنیہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ن ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَنَى يَنِيْ۔مصدر۔ونیا۔(سست ہونا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ ذِكْرِ:(یاد۔ذکر۔نصیحت)اسم مجرور۔مضاف۔ يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو تم اور تمہارا بھائی دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ اور میری یاد میں سستی نہ کرنا۔

اِذْهَبَآ اِلٰى:()فِرْعَوْنَ:()اِنَّ:()هٗ:()طَغٰى ﴿۴۳﴾

اِذْهَبَآ:(تم دونوں جاؤ)فعل امر تثنیہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف علامت تثنیہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔مصدر۔ ذِهَابًا۔(جانا)۔ اِلٰى:(طرف۔)حرف جار۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون) غیر منصرف۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔اِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔طَغٰى :(باغی۔سرکش)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ط غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔طَغٰى

یَطْغٰی۔مصدر۔طُغْیَانًا۔(سرکش ہونا۔باغی ہونا۔حد سے بڑھنا)۔ضمیر فاعل مستترھُوَ۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: دونوں فرعون کے پاس جاؤوہ سرکش ہورہاہے۔

فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔قُوْلَا:(دونوں بات کرو)فعل امر تثنیہ۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔قَوْلًا:(بات)منصوب مفعول مطلق۔ لَّيِّنًا:(نرمی سے)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔لَّعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًلَّعَلَّ کا اسم منصوب۔ يَتَذَكَّرُ:(وہ نصیحت پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرُ۔(نصیحت حاصل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔اَوْ:(یا)حرف عطف۔يَخْشٰى:(وہ ڈر جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَشِيَ يَخْشٰى۔ مصدر۔ خَشْيَةٌ۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔

ترجمہ آیت: اوراس سے نرمی سے بات کرناشاید وہ غور کرے یاڈر جائے۔

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾

قَالَا:(ان دونوں نے کہا)فعل ماضی تثنیہ۔مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ رَبَّنَا :(اے ہمارے رب)مرکب:(يَا+رَبَّ+نَا)حرف نداء۔محذوف۔+منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم رافع۔خبر۔ نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کااسم منصوب۔نَخَافُ:(ہم ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ ۔خَافَ يُخَافُ۔مصدر۔خَوْفٌ۔خِيْفَةٌ۔(ڈرنا۔خوف کھانا)۔ اَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَّفْرُطَ:(وہ زیادہ ہوجائے۔یعنی زیادتی کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔

علامت۔ محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ر ط)صیغہ۔فَرَطَ یَفْرُطُ۔مصدر۔فَرْطًا۔(کسی کے خلاف زیادتی کرنا۔جلد بازی۔بے انصافی کے اقدام کرنا)۔ عَلَیْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔نَآ:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اَوْ:(یا)حرف عطف۔ اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یَّطْغٰی :(وہ سرکشی کرے۔بغاوت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔طَغٰی یَطْغٰی۔مصدر۔طُغْیَانًا۔(سرکش۔باغی۔)

ترجمہ آیت: دونوں کہنے لگے کہ ہمارے پروردگار ہمیں خوف ہے کہ ہم پر تعدی کرنے لگے یا زیادہ سرکش ہو جائے۔

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِیْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿۴۶﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لَا:(نہیں)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَخَافَآ:(تم ڈرتے ہو)فعل مضارع تثنیہ۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ و ف)اجوف واوی۔ صیغہ ۔خَافَ یُخَافُ۔مصدر۔ خَوْفٌ۔خِیْفَةٌ۔(ڈرنا۔خوف کھانا)۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔كُمَآ:(تم دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ اَسْمَعُ:(میں سنتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع) صیغہ۔سَمِعَ یَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔(دیکھنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اَرٰى :(میں دیکھتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْیَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً اَنَا۔

ترجمہ آیت: اللہ نے فرمایا کہ ڈرومت میں تمہارے ساتھ ہوں (اور) سنتا اور دیکھتا ہوں۔

فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔اْتِيَا:(تم دونوں جاؤ)فعل امر تثنیہ۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ ہٗ :(اس کے پاس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پس)قُوْلَآ:(دونوں کہو)فعل امر تثنیہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بولنا۔بات کرنا۔کہنا)۔ اِنَّآ:(بے شک ہم)مرکب :(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔ محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔رَسُوْلَا:(دونوں پیغمبر) تثنیہ۔مضاف۔ رَبِّ: (ربّ) مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔کَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ اَرْسِلْ:(تو بھیج)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالًا۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلاً۔ رَسَالَۃً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔نَا : (ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَنِیْٓ:(بیٹوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ اصلاً بَنِیْنَ تھا۔ نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔ اِسْرَآءِیْلَ:(اسرائیل کے)غیر منصرف۔ منصوب۔مفعول بہٖ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تُعَذِّبْ:(تو عذاب کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل۔ضمیر تقدیراً۔اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَذَّبَ یُعَذِّبُ۔ مصدر۔ تَعْذِیْبٌ۔(عذاب دینا۔سزاء دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرُم۔ مادہ (ع ذ ب)صیغہ۔عَذُبَ یَعْذُبُ مصدر۔ عُذُوْبَۃٌ۔(میٹھا۔اچھا۔مزیدار۔ھٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَ ھٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ)۔ ۔ "ایک کا پانی میٹھا۔پیاس بجھانے کے لئے۔دوسرے کا کڑوہ کسیلا کھاری انتڑیاں چیرنے والا۔سینہ جلانے والا۔ سورہ فرقان۔آیت نمبر 53"۔ھُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔اور ماضی قریب بنانے کے لئے سابقہ لگایا جاتا ہے۔ جِئْنَا:(ہم آئے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ۔ فاعل۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیئٌ۔ مَجِیْءٌ۔ (آنا)۔ کَ:(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتح۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اٰیَۃٍ :(آیات کے)اسم مجرور۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔کَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔مضاف

الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔السَّلٰمُ :(سلامتی ہے)مبتداء مرفوع۔ عَلٰی :(پر)حرف جار۔ مَنِ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔ اِتَّبَعَ :(اس نے پیروری کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔مصادر۔ تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔الْهُدٰی :(ہدایت پائی)منصوب۔ مفعول بہ۔تقدیراًمفتوح۔

ترجمہ آیت: (اچھا) تواس کے پاس جاؤاور کہو کہ ہم آپ کے پروردگار کے بھیجے ہوئے ہیں تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے کی اجازت دیجئے۔اور انہیں عذاب نہ کیجیئے۔ہم آپ کے پاس آپ کے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آئے ہیں۔اور جو ہدایت کی بات مانے اس کو سلامتی ہو۔

اِنَّا قَدْ اُوْحِیَ اِلَیْنَاۤ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰی مَنْ كَذَّبَ وَ تَوَلّٰى ﴿۴۸﴾

اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب :(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔اُوْحِیَ:(وحی کیا گیا ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْحٰی یُوْحِیْ۔ مصدر۔ اِیْحَاءٌ۔(حکم دینا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔ وَحٰی یَحِیْ۔مصدر۔ وَحْیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔نَآ:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ اَنَّ: (بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الْعَذَابَ :(عذاب) اَنَّ کا اسم منصوب۔عَلٰی:(پر)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ یُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔كَذَبَ یَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَوَلّٰی :(اس نے منہ موڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(ول ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔مصدر۔وَلْیًا۔(پھرنا)۔

ترجمہ آیت: ہماری طرف یہ وحی آئی ہے کہ جو جھٹلائے اور منہ پھیرے اس کے لئے عذاب (تیار) ہے۔

قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا یٰمُوْسٰى ﴿۴۹﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا)۔ فَ:(پس)حرف فصیحت۔مَنۡ :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔رَّبُّ: (ربّ)خبر مرفوع۔مضاف۔کُمَا:(تم دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔یٰا:(اے)حرف نداء۔مُوۡسٰی:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔مبنی بر تقدیر اًضمہ۔منادیٰ۔منصوب۔

ترجمہ آیت:(غرض موسیٰ اورہارون فرعون کے پاس گئے) اس نے کہا کہ موسیٰ تمہاراپروردگار کون ہے؟

قَالَ رَبُّنَا الَّذِیۡۤ اَعۡطٰی کُلَّ شَیۡءٍ خَلۡقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ﴿۵۰﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا)۔رَبُّ:(ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الَّذِیۡۤ:(وہ جو)اسم موصول واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ اَعۡطٰی:(اس نے عطا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔صیغہ۔اَعۡطٰی یُعۡطِیۡ۔مصدر۔اِعۡطَاءٌ۔(دینا)۔کُلَّ:(تمام۔ہر) برائے تاکید۔منصوب۔ مضاف۔شَیۡءٍ :(چیز)مجرور مضاف الیہ۔خَلۡقَ:(پیدائش۔ شکل وصورت۔ساخت)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ هَدٰی :(اس نے راہنمائی دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی یَهۡدِیۡ۔ تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَایَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔

ترجمہ آیت: کہا کہ ہماراپروردگار وہ ہے جس نے ہر چیز کواس کی شکل وصورت بخشی پھر راہ دکھائی۔

قَالَ فَمَا بَالُ الۡقُرُوۡنِ الۡاُوۡلٰی ﴿۵۱﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔مَا:(کیا)اسم استفہامیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ بَالُ:(حال۔خبر)خبر مرفوع۔مضاف۔ الۡقُرُوۡنِ :(قومیں)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ الۡاُوۡلٰی :(پہلی)بروزن فُعۡلٰی۔اَلۡاَوَّلُ کی مؤنث۔ صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔تقدیراً۔مکسور۔

ترجمہ آیت: کہا تو پہلی جماعتوں کا کیا حال؟

قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى ﴿٥٢﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ عِلْمُ:(علم۔سائنس)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عِنْدَ :(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ يْ: (میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔كِتٰبٍ :(کتاب)اسم مجرور۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔يَضِلُّ:(گمراہ ہوتا ہے۔بھٹکتا ہے۔ غلطی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر محلاً مرفوع هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ضَلَالًا۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔ رَبِّ:(اے میرے ربّ) مرکب:(رَبِّ+يْ)حرف نداء۔محذوف۔+منادیٰ۔منصوب۔مضاف يْ: (میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔ يَنْسَى :(وہ بھولتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔ مصدر۔ نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔

ترجمہ آیت: کہا کہ ان کا علم میرے پروردگار کو ہے(جو) کتاب میں (لکھا ہوا ہے)۔میرا پروردگار نہ چوکتا ہے نہ بھولتا ہے۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿٥٣﴾

الَّذِيْ:(وہ جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔واحد مذکر۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الْاَرْضَ:(زمین)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ مَهْدًا: (بچھونا)صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔وَّ:(اور)حرف عطف۔سَلَكَ:(اس نے راستہ بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ل ک)صیغہ۔سَلَكَ يَسْلُكُ۔مصدر۔سَلْكًا۔(راستہ بنانا۔چلانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:

(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔سُبُلًا:(راستے)منصوب مفعول بہ۔وَّ:(اور)حرف عطف۔ اَنْزَلَ:(اس نے اتارا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔ اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ السَّمَآءِ :(آسمان)اسم مجرور۔ مَآءً:(پانی) منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اَخْرَجْنَا:(ہم نے نکالا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ یَخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ اَزْوَاجًا : (جوڑے۔نر و مادہ) منصوب۔مفعول بہ۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔ نَّبَاتٍ :(نباتات۔روئیدگی۔زمین کا سبزہ)اسم مجرور۔موصوف۔ شَتّٰى : (مختلف۔متفرق۔طرح طرح)منصوب۔صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وہ(وہی توہے) جس نے تم لوگوں کے لئے زمین کو فرش بنایااور اس میں تمہارے لئے رستے جاری کئے اور آسمان سے پانی برسایا۔پھر اس سے انواع واقسام کی مختلف روئیدگیاں پیدا کیں۔

كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۵۴﴾

كُلُوْا:(تم سارے کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَکَلَ یَاکُلُ۔ صدر۔ اَکْلًا۔(کھانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِرْعَوْا:(تم چراؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَعٰی یَرْعٰی۔مصدر۔رَعْیًا۔(چرانا)۔اَنْعَامَ:(مویشیوں کو۔ان میں اونٹ شامل ہوتو پھر معنی مویشی ہوتا ہے۔ورنہ عام چوپائے ہی ہو گا)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی۔بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔فِيْ:(میں) حرف جار۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر۔ مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مقدم۔ مرفوع۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔اٰيٰتٍ :(آیات۔نشانیاں) اِنَّ کا اسم منصوب۔ لِّ: (لئے) حرف جار۔اُولِي

:(والے)اسم نکرہ۔اسم مجرور۔مضاف۔ النُّهٰى :(النَّهْيَةُ کی جمع۔ عقل مندوں کے)مجرور تقدیراً مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کہ (خود بھی) کھاؤ اور اپنے چارپایوں کو بھی چراؤ۔بے شک ان (باتوں) میں عقل والوں کے لئے (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾

مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ فِیْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ نُعِيْدُ:(ہم لوٹائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَادَ يُعِيْدُ۔مصدر۔اِعَادَةٌ۔(دوبارہ کرنا۔لوٹانا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ نُخْرِجُ:(ہم نکالتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خُرُوْجًا۔(نکلنا)۔كُمْ :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔تَارَةً:(مرتبہ۔باری۔دفعہ۔)اصلاً تَأْرَةٌ تھا۔کثرت استعمال سے شکل بگڑ گئی۔اُخْرٰى:(دوسری)بروزن فُعْلٰى۔مؤنث۔صفت۔منصوب۔تقدیراً مفتوح۔

ترجمہ آیت: اسی (زمین) سے ہم تم کو پیدا کیا اور اسی میں تمہیں لوٹائیں گے اور اسی سے دوسری دفعہ نکالیں گے۔

وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ اَرَيْنَا:(ہم نے دکھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال ۔ صیغہ۔اَرٰى يُرِىْ۔ مصدر۔اِرَاءَةٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ هٗ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اٰيٰتِ:(آیات۔نشانیاں) منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔نَا:(ہماری۔)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كُلَّ:(تمام۔ہر)برائے

تاکید۔منصوب۔مضاف۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل تقدیراًھُوَ۔ مستتر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَبٰى:(انکار کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل تقدیراً هُوَ۔مستتر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب فتح۔مادہ(ء ب ی) مہموز الفاء+ ناقص یائی۔صیغہ۔اَبٰى يَابٰى۔مصدر۔اَبَاءٌ۔ (انکار کرنا۔رد کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے فرعون کو اپنی سب نشانیاں دکھائیں مگر وہ تکذیب وانکار ہی کرتا رہا۔

قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل تقدیراً هُوَ۔ مستتر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔اَ:(کیا)حرف استفہام۔جِئْتَ:(تو آیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ علامت۔تَ مبسوط ضمیر مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔مَجِئٌ۔ (آنا)۔نَا:(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُخْرِجَ:(تو نکالتا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ نَا:(ہم کو)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ اَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ مضاف۔نَا:(ہماری) ضمیر جمع متکلم ۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔سِحْرِ:(جادو۔علمیت۔ چالاکی)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تمہاری۔اپنی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَا:(اے)حرف نداء۔ مُوْسٰى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔مبنی بر ضمہ تقدیراً۔محلاً منصوب۔منادیٰ۔

ترجمہ آیت: کہنے لگا کہ موسیٰ تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ اپنے جادو(کے زور) سے ہمیں ہمارے ملک سے نکال دو۔

فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔نَاْتِیَنَّ:(ہم ضرور لائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ضمیر فاعل مستترنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔کَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔سِحْرٍ:(جادو۔علمیت۔)اسم مجرور۔مضاف۔ مِّثْلِ:(مثال۔مانند۔ طرح)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس) برائے رابطہ۔اجْعَلْ:(توبنا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔کَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر مبنی بر فتحہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔مَوْعِدًا:(مقررہ وقت)منصوب۔مفعول بہ۔لَّا:(نہیں)نافیہ۔نُخْلِفُ:(ہم خلاف کریں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْلَفَ یُخْلِفُ۔مصدر۔اِخْلَافٌ۔(خلاف کرنا)۔ضمیر فاعل مستترنَحْنُ۔جملہ محلاًصفت۔منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ یَخْلُفُ۔مصدر۔خَلَافًا۔ (پیچھے ہونا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔متکلم۔برائے تاکید۔محلاًمزید تاکید۔ ضمیر مستتر کے لئے۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَآ:(نہیں)نافیہ۔ اَنْتَ :(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمعطوف بر ضمیر مستتر۔ مَکَانًا: (جگہ)مقام۔بدل منصوب۔مَوْعِدًا:موصوف۔سُوًی:(ہموار۔جس کے دونوں اطراف برابر ہوں)۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔تقدیرا۔مفتوح۔

ترجمہ آیت: توہم بھی تمہارے مقابل ایسا ہی جادو لائیں گے تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وقت مقرر کرلو کہ نہ توہم اس کے خلاف کریں اور نہ تم (اور یہ مقابلہ) ایک ہموار میدان میں (ہوگا)۔

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَن يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ مَوْعِدُ:(مقررہ وقت)مبتداء مرفوع۔مضاف۔کُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر

سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ یَوْمُ:(دن)خبر مرفوع۔ مضاف۔ الزِّيْنَةِ :(زیبائش۔زینت۔سجاوٹ۔جشن۔میلہ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ یُّحْشَرَ:(اکٹھا کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر) صیغہ۔حَشَرَ يَحْشُرُ۔مصدر۔حَشْرٌ۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔ النَّاسُ: (لوگ) نائب فاعل۔مرفوع۔ضُحًى:(بوقت چاشت)ظرف زمان۔منصوب۔تقدیراًمفتوح۔

ترجمہ آیت: موسیٰ نے کہا آپ کے لئے(مقابلے کا) دن نوروز(مقرر کیا جاتا ہے) اور یہ کہ لوگ اس دن چاشت کے وقت اکٹھے ہوجائیں۔

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿٦٠﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔تَوَلّٰى:(اس نے منہ موڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔ هُوَ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّيْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔ فِرْعَوْنُ :(فرعون)فاعل مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔جَمَعَ :(اس نے جمع کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد باب۔فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ۔جَمَعَ يَجْمَعُ۔ مصدر۔ جَمْعٌ۔(جمع کرنا)۔كَيْدَ:(دھوکے بازوں کو۔مکاروں کو۔مکر و فریب۔اچھی بری تدابیر۔داؤں۔چال۔منصوبہ) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ:(وہ۔اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاسف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ اَتٰى:(وہ آگیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔

ترجمہ آیت: تو فرعون لوٹ گیا اور اپنے سامان جمع کرکے پھر آیا۔

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿٦١﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر ۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مُّوْسٰى: (موسیٰؑ)غیر منصرف۔فاعل۔مرفوع۔وَيْلَ:(خرابی۔بربادی۔ہلاکت۔تباہی۔کلمہ زجر و عذاب)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔

كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف لایہ۔ لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَفْتَرُوْا:(تم جھوٹ باندھو۔افتراء باندھو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِفْتَرٰی يَفْتَرِیْ۔مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(بہتان باندھنا۔جھوٹا الزام لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔فَرٰی يَفْرِیْ۔مصدر۔فَرْيًا۔ فَرْيَةً۔ (بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰی بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَی اللَّحْمَ۔اَوْ۔ البَصَلَ) ۔
عَلَى:(پر۔اوپر)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ كَذِبًا :(جھوٹ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(پس) سببیہ۔ يُسْحِتَ:(ہلاک کردے۔تباہ کردے۔جڑ سے اکھاڑ دے۔نام و نشان مٹا دے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسْحَتَ يُسْحِتُ۔مصدر۔اِسْحَاتٌ۔(ہلاک کرنا۔نام و نشان مٹانا۔جڑ سے اکھاڑ پھینکنا)۔ كُمْ: (تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔عَذَابٍ:(عذاب)اسم مجرور۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔سابقہ برائے تعمیر ماضی قریب۔ خَابَ :(وہ ناکام۔وہ مایوس ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ی ب)اجوف یائی۔صیغہ۔خَابَ يَخِيْبُ۔مصدر۔خَيْبَةٌ۔ (مایوس ہونا۔ناکام ہونا)۔
مَنِ:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اِفْتَرٰی :(جھوٹ باندھا۔افتراء۔الزام تراشی کی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ افتعال۔صیغہ۔اِفْتَرٰی يَفْتَرِیْ۔ مصدر۔ اِفْتِرَاءٌ۔(بہتان باندھنا۔جھوٹا الزام لگانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ ۔فَرٰی يَفْرِیْ۔مصدر۔فَرْيًا۔فَرْيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰی بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَی اللَّحْمَ اَوْ البَصَلَ) ۔

ترجمہ آیت: موسیٰ نے ان(جادوگروں) سے کہا کہ ہائے تمہاری کم بختی۔اللہ پر جھوٹ افتراء نہ کرو کہ وہ تمہیں عذاب سے فنا کردے گا اور جس نے افتراء کیا وہ نامراد رہا۔

فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔تَنَازَعُوْٓا:(وہ جھگڑ پڑے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔ الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَنَازَعَ يَتَنَازِعُ۔مصدر۔تَنَازُعٌ۔(جھگڑا کرنا)۔اَمْرَ:(معاملہ۔ حکم ۔امر)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔

هُمْ:(اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔
هُمْ:(اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَسَرُّوا: (رازدارانہ)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسَرَّ يُسِرُّ۔ مصدر۔ اسرار۔ (چھپانا۔ پوشیدہ۔کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(س ر ر)مضاعف۔صیغہ۔سَرَّ يَسُرُّ۔مصدر۔ سُرُوْرًا۔ مَسَرَّةً۔ (خوش کرنا۔اچھالگنا۔بھانا)۔النَّجْوٰى:(سرگوشی)معرف باللام۔خاص قسم کی سرگوشی۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔تقدیراًمفتوح۔

ترجمہ آیت: تووہ باہم اپنے معاملے میں جھگڑانے اور چپکے چپکے سرگوشی کرنے لگے۔

قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰىنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾

قَالُوْٓا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ اِنْ:(یقیناً)ثقیلہ سے مخففہ۔برائے تاکید ویقین۔هٰذَانِ:(یہ دونوں) اسم اشارہ قریب۔مرفوع۔مبتداء ۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔سٰحِرٰنِ:(دونوں عالموں۔جادوگروں۔ سحر انگیز باتیں کرنے والوں کے)خبر مرفوع۔يُرِيْدٰنِ:(وہ دونوں چاہتے ہیں)فعل مضارع تثنیہ۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔الف تثنیہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ (ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ر و د) صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ : (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُّخْرِجْ:(وہ دونوں نکال دیں) فعل مضارع تثنیہ۔مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکال دینا)۔ كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ اَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔سِحْرِ:(علم۔جادو)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمَا:(ان دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَذْهَبَا:(دونوں لے جائیں۔ہٹادیں۔خاتمہ کردیں)فعل مضارع تثنیہ۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔ مصدر۔ذِهَابًا۔(لے جانا۔ہٹانا۔خاتمہ کرنا) بِ:(ساتھ۔سے) طَرِيْقَتِ:(راستہ)اسم مجرور۔مضاف۔ موصوف۔ كُمُ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔

اَلْمُثْلٰی:(عمدہ۔بہتر۔مثالی۔)بروزن فُعْلٰی۔اسم تفضیل۔واحد مؤنث۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کہنے لگے یہ دونوں جادو گر ہیں چاہتے ہیں کہ اپنے جادو(کے زور) سے تم کو تمہارے ملک سے نکل دیں اور تمہارے شائستہ مذہب کو نابود کر دیں۔

فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔اَجْمِعُوْا:(جمع کرلو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَجْمَعَ یُجْمِعُ۔مصدر۔اِجْمَاعٌ۔(ایک رائے پر اکٹھا کرنا۔جمع کرنا) كَيْدَ: (چال۔ دھوکا۔ فریب۔منصوب۔تدبیر)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری۔)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ اِئْتُوْا:(تم آؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ صَفًّا:(قطار باندھنا۔لائن بنانا۔صف باندھ کر)۔منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔اَفْلَحَ:(وہ کامیاب ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفْلَحَ يُفْلِحُ۔مصدر۔اِفْلَاحٌ۔(فلاح پانا۔کامیاب ہونا)۔ اَلْيَوْمَ: (آج۔دن)ظرف زمان۔منصوب۔ مَنِ:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اسْتَعْلٰی: (اس نے غلبہ حاصل کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَعْلٰی يَسْتَعْلِيْ۔ مصدر۔اِسْتِعْلَاءٌ۔(غلبہ چاہنا۔غلبہ حاصل کرنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم(جادو کا) سامان اکٹھا کرلو اور پھر قطار باندھ کر آؤ۔ آج جو غالب رہا وہی کامیاب ہوا۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔)۔يَا:(اے)حرف نداء۔مُوْسٰى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔منادیٰ۔ منصوب۔ تقدیراً مفتوح۔ اِمَّآ:(اگر) مرکب:(اِنْ+مَّا)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔+حرف

زائد۔ اَنْ: (کہ)مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ تُلْقِيَ:(توڈالے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصادر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِيًّا۔لُقْيًا۔لُقًى۔لَقْيًا۔ (ملاقات کرنا۔ملنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اِمَّآ:(اگر) مرکب:(اِنْ+مَّا)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔+حرف زائد۔ اَنْ:(کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔نَّكُوْنَ:(ہم ہوں)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ اَوَّلَ: (پہلے)کی خبر منصوب۔مَنْ: (جنھوں نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مجرور مضاف الیہ۔ اَلْقٰى:(اس نے ڈالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔تقدیرا مستترهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔ مصادر۔اِلْقَاءٌ۔ (ڈالنا۔) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔ لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِيًّا۔ لُقْيًا۔لُقًى۔ لَقْيًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔

ترجمہ آیت: بولے کہ موسیٰ یاتم(اپنی چیز) ڈالو یاہم(اپنی چیزیں) پہلے ڈالتے ہیں۔

قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿٦٦﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔)۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔اَلْقُوْا:(تم سب ڈالو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔اِذَا:(اچانک۔ناگہاں۔)فجائیہ۔ حِبَالُ:(حَبْلٌ کی جمع۔ رسیاں)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف لایہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔عِصِيٌّ:(عَصَا کی جمع۔لاٹھیاں)معطوف مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمعمذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يُخَيَّلُ:(وہ گمان کرنا۔خیال کرتا ہے کہ ان کے دلائل مضبوط ہیں)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستترهو نائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ خَيَّلَ يُخَيِّلُ۔مصدر۔تَخْيِيْلٌ۔(گمان کرنا۔خیال کرنا)۔ اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔سِحْرِ:

(جادو۔خاص تقریر۔خاص دلیل)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔
اَنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اَنَّ کا اسم
منصوب۔ تَسْعٰی :(وہ دوڑ رہی ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔سَعٰی يَسْعٰی۔ مصدر۔
سَعْيًا۔(دوڑنا۔کوشش کرنا)۔

ترجمہ آیت: موسٰی نے کہا نہیں تم ہی ڈالو۔(جب انہوں نے چیزیں ڈالیں) تو ناگہاں ان کی رسیاں اور لاٹھیاں موسی کے خیال میں ایسی آنے لگیں کہ وہ(میدان) میں ادھر اُدھر دوڑ رہی ہیں۔

فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔اَوْجَسَ:(اس نے محسوس کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔
اَوْجَسَ يُوْجِسُ۔مصدر۔اِيْجَاسٌ۔(محسوس کرنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔نَفْسِ:(جان۔دل۔ دماغ) اسم مجرور۔مضاف۔هٖ
:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خِيْفَةً: (خوف۔ڈر)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مُّوْسٰى
:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً مرفوع تقدیراً ضمہ۔فاعل۔

ترجمہ آیت: (اُس وقت) موسٰی نے اپنے دل میں خوف معلوم کیا۔

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾

قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔
قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لَا :(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَخَفْ:(تو ڈر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب
ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ و ف)اجوف واوی۔ صیغہ ۔خَافَ يُخَافُ۔مصدر۔خَوْفٌ۔ خِيْفَةٌ۔
(ڈرنا۔خوف کھانا)۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ :(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر
فتحہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔اَنْتَ :(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔اِنَّ کا اسم منصوب۔برائے تاکید۔الْاَعْلٰى :(خوب بلند و
بالا۔)افعل التفضیل۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔تقدیراً ضمہ۔

ترجمہ آیت: ہم نے کہا خوف نہ کرو بلاشبہ تم ہی غالب ہو۔

وَاَلْقِ مَافِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَاصَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾

اِنَّمَآ :(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔اِلٰهُ:(معبود۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كُمُ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔لَآ:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اِلٰهَ:(معبود۔) لائے نفی جنس۔کا اسم منصوب۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔مبتداء مرفوع۔وَسِعَ:(اس نے کھلا کیا۔وسیع کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(و س ع)مثال واوی۔صیغہ ۔وَسِعَ يَسَعُ۔مصدر۔سِعَةٌ۔(وسیع ہونا۔)۔كُلَّ :(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے)مجرور۔مضاف الیہ۔عِلْمًا:(علم۔سائنس)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: تمہارا معبود اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔اس کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔

كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿٩٩﴾

كَذٰلِكَ:(اسی طرح۔اس کی مانند)مرکب: (كَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَا اسم اشارہ مرفوع۔ محلاً اسم مجرور۔ + لِ بُعد کے لئے + كَ خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ نَقُصُّ:(ہم بیان کرتے ہیں۔قصہ سناتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔فاعل۔نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔صیغہ قَصَّ يَقُصُّ۔مصدر۔قَصَصًا۔(بیان کرنا)۔ عَلَىٰ:(پر۔اوپر۔)حرف جار۔كَ:(تم کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔اَنْۢبَآءِ:(نَبَاٌ کی جمع۔ خبروں)اسم مجرور۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔سَبَقَ:(اس نے پہلی کی۔وہ گزر گیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔فاعل۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ يَسْبِقُ۔ مصدر۔ سَبْقًا۔(آگے بڑھنا۔پہلے پہنچنا۔پہل کرنا۔ گزرنا)۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔عاطفہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔اٰتَيْنَا:(ہم نے دیا۔عطا کیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ لَّدُنّ:(پاس سے)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔نَا:(اپنے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ذِكْرًا:(یاد۔ذکر۔ نصیحت)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: جو شخص اس سے منہ پھیرے گا وہ قیامت کے دن (گناہ کا) بوجھ اُٹھائے گا۔

مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾

مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔اَعْرَضَ:(اس نے منہ پھیر گا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجزوم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ يُعْرِضُ۔ مصدر۔ اِعْرَاضًا۔(اعراض کرنا۔منہ پھیرنا۔ نظر انداز کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ض)صیغہ۔عَرَضَ يَعْرِضُ۔ مصدر۔ عَرْضًا۔ (پیش کرنا)عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔هٗ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ: (وہ)ضمیر واحد مذکر

غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ يَحْمِلُ:(وہ اٹھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔جملہ محلاً جواب شرط۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ح م ل)صیغہ۔ حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر۔ حَمْلًا۔ (اٹھانا)۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔ الْقِيٰمَةِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ وِزْرًا:(ایک بوجھ)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: جو شخص اس سے منہ پھیرے گا وہ قیامت کے دن (گناہ کا) بوجھ اُٹھائے گا۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَاۗءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾ ۙ

خٰلِدِيْنَ:(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے)منصوب۔علامت۔ی۔حال۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ سَاۗءَ:(برا ہوگا)فعل ذم ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔سَاءَ يَسُوْءُ۔مصدر۔سَوْءٌ۔(برا ہونا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الْقِيٰمَةِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔حِمْلًا :(ایک بوجھ)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: (ایسے لوگ) ہمیشہ اس (عذاب) میں (مبتلا) رہیں گے اور یہ بوجھ قیامت کے روز ان کے لئے برا ہے۔

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَىِٕذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ ښ

يَّوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔يُنْفَخُ :(پھونک ماری جائے گی)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف خ)صیغہ۔نَفَخَ يَنْفُخُ۔مصدر۔نَفْخًا۔(منہ سے پھونک مارنا)۔فِي:(میں)الصُّوْرِ : (کرناہ۔نرسنگا۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ نَحْشُرُ :(ہم اکٹھے کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ضمیر مستتر تقدیراً فاعل مرفوع۔نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر) صیغہ۔ حَشَرَ يَحْشُرُ۔مصدر۔حَشْرٌ۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔الْمُجْرِمِيْنَ:(گنہگاروں کو)منصوب۔ علامت۔ ی۔ مفعول بہ۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ئِذٍ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ تقدیراً محلاً مجرور مضاف الیہ۔ زُرْقًا :(اَزْرَقُ کی جمع۔نیلی آنکھوں والے۔اندھے۔نیلاہٹ یا سبزی۔یا۔زردی مائل)صفت۔منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: جس روز صور پھونکا جائے گا اور ہم گنہگاروں کو اکٹھا کریں گے اور ان کی آنکھیں نیلی نیلی ہوں گی۔

يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿۱۰۳﴾

يَّتَخَافَتُوْنَ:(سرگوشی کر رہے ہوں۔چپکے چپکے کہہ رہے ہوں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَخَافَتَ يَتَخَافَتُ۔مصدر۔تَخَافَتٌ۔(چپکے چپکے کہنا۔آہستہ آہستہ باتیں کرنا۔سرگوشیاں کرنا)۔ بَيْنَ:(درمیان) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔هُمْ :(ان کے۔اپنے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِنْ:(نہیں) آگے صلہ اِلَّا ہے۔نافیہ۔لَّبِثْتُمْ :(تم رہے۔ ٹھہرے۔) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ب ث) صیغہ۔لَبِثَ يَلْبَثُ۔مصدر۔ لَبْثٌ۔ (ٹھہرنا)۔ اِلَّا :(مگر) حرف حصر۔عَشْرًا:(دس دن) ظرف زمان۔ منصوب۔۔

ترجمہ آیت: (تو) وہ آپس میں آہستہ آہستہ کہیں گے کہ تم (دنیا میں) صرف دس ہی دن رہے ہو۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿۱۰۴﴾

نَحْنُ:(ہم) ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اَعْلَمُ:(وہ خوب جاننے والا) افعل التفضیل۔ بِمَا (جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہیں گے۔وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اِذْ:(جب) ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ يَقُوْلُ :(وہ کہے گا۔کہا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اَمْثَلُ:(زیادہ مثالی۔بہت اچھا) افعل التفضیل۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔طَرِيْقَةً:(راستہ) منصوب۔ تمیز۔اِنْ :(نہیں) صلہ اِلَّا آرہا ہے۔نافیہ۔لَّبِثْتُمْ :(تم ٹھہرے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ب ث) صیغہ۔لَبِثَ يَلْبَثُ۔مصدر۔لَبْثٌ۔(ٹھہرنا)۔اِلَّا: (مگر) حرف حصر۔يَوْمًا:(دن) ظرف زمان۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: جو باتیں یہ کریں گے ہم خوب جانتے ہیں۔ اس وقت ان میں سب سے اچھی راہ والا (یعنی عاقل و ہوشمند) کہے گا کہ (نہیں بلکہ) صرف ایک ہی روز ٹھہرے ہو۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿۱۰۵﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ يَسْـَٔلُوْنَ: (وہ دریافت کرے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ كَ: (آپ سے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَنِ: (سے۔ بارے میں) حرف جار۔ الْجِبَالِ: (پہاڑوں) اسم مجرور۔ فَ: (پس) برائے رابطہ۔ قُلْ: (تو کہہ دے) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ يَنْسِفُ: (وہ بکھیر دے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن س ف) صیغہ۔ نَسَفَ يَنْسِفُ۔ مصدر۔ نَسْفًا۔ (گھسیٹنا۔ بکھیرنا)۔ هَا: (اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ رَبِّ: (ربّ) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ يْ: (میرے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ نَسْفًا: (بکھیرنا۔ گھسیٹنا) منصوب مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور تم سے پہاڑوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ اللہ ان کو اُڑا کر بکھیر دے گا۔

فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿۱۰۶﴾

فَ: (پس) استئنافیہ۔ يَذَرُ: (وہ چھوڑ دے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ وَذَرَ يَذَرُ۔ مصدر۔ وَذْرٌ۔ (چھوڑ دینا)۔ هَا: (اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ قَاعًا: (نرم۔ ہموار میدان ٹیلوں اور پہاڑوں سے دور ہو) منصوب۔ حال۔ صَفْصَفًا: (ایک ہموار زمین س کے اجزا ایک وصف میں ہوں۔ چٹیل) منصوب حال ثانی۔

ترجمہ آیت: اور زمین کو ہموار میدان کر چھوڑے گا۔

لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿۱۰۷﴾

لَّا: (نہیں) نافیہ۔ تَرٰى: (تو دیکھتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ فِيْ: (میں)

حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔عِوَجًا:(کجی۔ٹیڑھاپن۔)وَّ:(اور)حرف عطف۔لَآ:(نہیں)نافیہ۔اَمْتًا:(ٹیلہ۔ٹبہ۔نشیب وفراز۔ایک چیز کا دوسری کا مختلف ہونا)۔معطوف علیہ۔منصوب۔

ترجمہ آیت: جس میں نہ تم کجی (اور پستی) دیکھو گے نہ ٹیلا (اور بلندی)۔

يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾

يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب: (يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔+مضاف الیہ۔اس۔ایسے واقعات کے۔يَّتَّبِعُوْنَ:(وہ اتباع کریں۔پیروی کریں۔پیچھا کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔الدَّاعِيَ:(پکارنے والا)اسم فاعل۔از مصدر۔دعاء۔واحد مذکر منصوب۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔عِوَجَ:(کجی۔ٹیڑھا پن۔کوئی کمی)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔خَشَعَتِ:(دھیمی ہوئی۔پست ہوئی۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ضمیر تانیث۔فاعل۔مرفوع۔ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(خ ش ع)صیغہ خَشَعَ يَخْشَعُ۔مصدر۔خُشُوْعًا۔(عاجزی کرنا۔پست ہونا۔دھیما ہونا)۔الْاَصْوَاتُ :(آوازیں)فاعل مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الرَّحْمٰنِ:(رحمان)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَسْمَعُ :(تو سنے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب۔سمع۔مادہ(س م ع) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع) صیغہ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔(سننا)۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔هَمْسًا :(بھنبھنانا۔آہٹ۔پست آواز۔کھسر پھسر۔جو سننے پر بھی سمجھ نہ آسکے) منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اس روز لوگ ایک پکارنے والے کے پیچھے چلیں گے اور اس کی پیروی سے انحراف نہ کر سکیں گے اور اللہ کے سامنے آوازیں پست ہو جائیں گی تو تم آواز خفی کے سوا کوئی آواز نہ سنو گے۔

يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ﴿۱۰۹﴾

يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔+ مضاف الیہ۔اس۔ایسے واقعات کے۔لَّا: (نہیں)

نافیہ۔ تَنۡفَعُ:(نفع دیتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ف ع)صیغہ۔ نَفَعَ یَنۡفَعُ۔مصدر۔ نَفۡعًا۔(فائدہ دینا۔ نفع دینا)۔ الشَّفَاعَةُ:(شفاعت۔سفارش۔)فاعل مرفوع۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ مَنۡ:(جس)اس موصول۔مبنی بر سکون۔ اَذِنَ:(وہ اجازت دے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَذِنَ یَاذِنُ۔مصدر۔ اِذۡنًا۔(اجازت دینا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔ الرَّحۡمٰنُ:(رحمان)فاعل مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ رَضِیَ:(وہ راضی ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی) ناقص یائی۔صیغہ۔ رَضِیَ یَرۡضٰی۔مصدر۔ رِضًا۔ رِضۡوَانًا۔(راضی ہونا۔)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ قَوۡلًا:(بول۔بات۔)منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اس روز (کسی کی) سفارش کچھ فائدہ نہ دے گی مگر اس شخص کی جسے اللہ اجازت دے اور اس کی بات کو پسند فرمائے۔

یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِهٖ عِلۡمًا ﴿۱۱۰﴾

یَعۡلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ یَعۡلَمُ۔مصدر۔ عِلۡمًا۔ (سیکھنا۔ جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بَیۡنَ: (درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ اَیۡدِیۡ:(ہاتھوں)اصلاً اَیۡدِیۡنَ تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔ هِمۡ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ خَلۡفَ:(پیچھے)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُمۡ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یُحِیۡطُوۡنَ:(وہ گھیر سکتے۔احاطہ کر سکتے)فعل مضارع جمع مذکر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَحَاطَ یُحِیۡطُ۔ مصدر۔ اِحَاطَةٌ۔(گھیر لینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح و ط)اجوف یائی۔صیغہ۔ حَاطَ یَحُوۡطُ۔ مصدر۔ حَوۡطًا۔ حَیۡطَةً۔ حِیۡطَةً۔ حِیَاطَةً۔(گھیر لینا۔ حفاظت میں لینا۔ نگہبانی کرنا۔ احاطہ کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ عِلۡمًا:(علم۔سائنس)منصوب۔ تمیز۔

ترجمہ آیت: جو کچھ ان کے آگے ہے اور کچھ ان کے پیچھے ہے وہ اس کو جانتا ہے اور وہ (اپنے) علم سے اللہ (کے علم) پر احاطہ نہیں کر سکتے۔

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾

وَ: (حرف عطف۔) عَنَتِ: (وہ جھک جائے گا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع ن و) ناقص واوی۔ صیغہ۔ عَنَا یَعْنُو۔ مصدر۔ عَنَآءٌ۔ عُنُوَّۃٌ۔ (جھک جانا)۔ الْوُجُوْهُ: (چہرے) فاعل مرفوع۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ الْحَیِّ: (زندہ رکھنے والا) اسم مجرور۔ الْقَیُّوْمِ: (قائم رہنے والا) بدل مجرور۔ وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ خَابَ: (وہ ناکام۔ وہ مایوس ہوا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (خ ی ب) اجوف یائی۔ صیغہ۔ خَابَ یَخِیْبُ۔ مصدر۔ خَیْبَۃٌ۔ (مایوس ہونا۔ ناکام ہونا)۔ مَنْ: (جس نے) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ حَمَلَ: (اس نے اٹھایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ح م ل) صیغہ۔ حَمَلَ یَحْمِلُ۔ مصدر۔ حَمْلًا۔ (اٹھانا)۔ ظُلْمًا: (ظلم۔ اندھیر) منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور اس زندہ و قائم کے روبرو منہ نیچے ہو جائیں گے۔ اور جس نے ظلم کا بوجھ اٹھایا وہ نامراد رہا۔

وَمَنْ یَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا یَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ مبتداء مرفوع۔ یَّعْمَلْ: (کام۔ عمل کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع م ل) صیغہ۔ عَمِلَ یَعْمَلُ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا)۔ مِنَ: (سے) حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ فتحہ برائے اتصال مابعد۔ الصّٰلِحٰتِ: (اچھے۔ نیک) اسم مجرور۔ وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ هُوَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبتداء مرفوع۔ مُؤْمِنٌ: (مومن) خبر مرفوع۔ جملہ محلاً منصوب حال۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ لَا: (نہیں) یَخٰفُ: (وہ ڈرتا ہے۔ خوف کھاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ضمہ محلاً مجزوم جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (خ و ف) اجوف واوی۔ صیغہ۔ خَافَ یَخَافُ۔ مصدر۔ خَوْفٌ۔ خِیْفَۃٌ۔ (ڈرنا۔ خوف کھانا)۔ ظُلْمًا: (ظلم۔ اندھیر۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَّ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ هَضْمًا: (کم کرنا۔ نیکیوں کی کمی۔ کسی کا حق ضائع کرنا) معطوف۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جو نیک کام کرے گا اور مومن بھی ہو گا تو اس کو نہ ظلم کا خوف ہو گا اور نہ نقصان کا۔

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَذٰلِكَ :(اسی طرح۔اس کی مانند) مرکب: (كَ+ذَا+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَا اسم اشارہ مرفوع۔ محلاًاسم مجرور۔+لِ بُعد کے لئے +كَ خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ اَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالٌ۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔هُ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ قُرْاٰنًا:(قرآن)منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔یا حال۔موصوف۔عَرَبِيًّا:(عربی)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ وَّ :(اور) حرف عطف۔صَرَّفْنَا:(ہم نے پھیر دیا۔پلٹ دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ صَرَّفَ يُصَرِّفُ۔ مصدر۔ تَصْرِيْفًا۔(پھیرنا۔ موڑنا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ص ر ف)صیغہ۔صَرَفَ يَصْرِفُ۔مصدر۔ صَرْفًا۔(دور ہٹانا۔دور رکھنا۔پھیرنا۔)فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنَ: (سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔ الْوَعِيْدِ:(وعدۂ عذاب۔ڈرانے کی باتیں)اسم مجرور۔ لَعَلَّ: (شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ) لَعَلَّ کا اسم منصوب۔يَتَّقُوْنَ :(وہ تقویٰ اختیار کریں۔ڈریں۔پرہیز کریں)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰى يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةٌ۔وَقْيًا۔(بچانا۔ محفوظ رکھنا۔دشمنوں سے بچانا)۔اَوْ :(یا)حرف عطف۔ يُحْدِثُ :(وہ پیدا کر دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْدَثَ يُحْدِثُ۔مصدر۔ اِحْدَاثًا۔(پیدا کرنا۔نئی چیز بنانا۔ایجاد کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح د ث)صیغہ۔حَدَثَ يَحْدُثُ۔مصدر۔حُدُوْثٌ۔ حَدَاثَةٌ۔(نیا ہونا)لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ ذِكْرًا :(کوئی نصیحت)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے اس کو اسی طرح کا قرآن عربی نازل کیا ہے اور اس میں طرح طرح کے ڈراوے بیان کر دیئے ہیں تا کہ لوگ پرہیز گار بنیں یا اللہ ان کے لئے نصیحت پیدا کر دے۔

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰۤى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔تَعٰلٰی:(وہ بلند ہوا۔برتر ہوا۔اعلیٰ وارفع ہے۔)فعل مضاع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔ صیغہ۔تَعَالٰی یَتَعَالٰی۔مصدر۔تَعَالِیٌ۔(بلند ہونا۔برتر ہونا۔بلند و برتر ہونا۔) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔موصوف۔ الْمَلِكُ:(بادشاہ۔ہر چیز کا مالک)صفت مرفوع۔ الْحَقُّ :(برحق ۔سچا۔ حقیقی)صفت ثانی مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَعْجَلْ:(تم جلدی کرتے ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ل)صیغہ۔عَجِلَ یَعْجَلُ۔مصدر۔ عَجْلًا۔(جلدی کرنا۔)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْقُرْاٰنِ: (قرآن)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ :(پہلے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُّقْضٰۤى:(وہ فیصلہ کرے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ فتحہ تقدیراً۔ضمیر مستتر ھُوَ نائب فاعل۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔قَضٰی یَقْضِیْ ۔مصدر۔قَضَاءٌ۔(گزارنا۔فیصلہ کرنا۔پورا کرنا)۔ اِلَیْ: (طرف)حرف جار۔کَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔وَحْیُ:(حکم۔وحی)نائب فاعل مرفوع۔بر ضمہ۔ مضاف۔هٗ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ قُلْ :(تو کہہ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ رَّبِّ:(اے میرے ربّ) مرکب:(یا+ رَّبِّ+ی)حرف نداء محذوف+منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔کسرہ برائے اتصالاور بعوض ما بعد یائے متکلم۔ محذوف۔ زِدْ:(زیادہ کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د) اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ یَزِیْدُ ۔مصدر۔زِیَادَةٌ۔(زیادہ دینا۔زیادہ کرنا)۔نِ: (وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یْ :(مجھے) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ عِلْمًا :(علم۔سائنس)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: تو اللہ جو سچا بادشاہ ہے عالی قدر ہے۔ اور قرآن کی وحی جو تمہاری طرف بھیجی جاتی ہے اس کے پورا ہونے سے پہلے قرآن کے (پڑھنے کے) لئے جلدی نہ کیا کرو اور دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے اور زیادہ علم دے۔

وَلَقَدْ عَهِدْنَآ إِلَىٰٓ ءَادَمَ مِن قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُۥ عَزْمًا ﴿١١٥﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ لَ: (بلاشبہ) لائے موطئة للقسم۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ عَهِدْنَآ: (ہم نے عہد لیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ھ د) صیغہ۔ عَهِدَ يَعْهَدُ۔ مصدر۔ عَهْدًا۔ (عہد لینا)۔ إِلَىٰٓ: (طرف۔ سے) حرف جار۔ ءَادَمَ: (آدم) غیر منصرف۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ قَبْلُ: (پہلے) ظرف زمان۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ: (پھر) حرف عطف۔ نَسِيَ: (وہ بھول گیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔ مادہ۔ (ن س ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ نَسِيَ يَنْسَىٰ۔ مصدر۔ نِسْيَانٌ۔ (بھولنا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَمْ: (نہیں) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب نَجِدْ: (ہم نے پائی) فعل مضارع جمع متکلم۔ مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ج د) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَجَدَ يَجِدُ۔ مصدر۔ وِجْدَانًا۔ وُجُودًا۔ (پانا۔ ملنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ عَزْمًا: (پختہ ارادہ) منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے پہلے آدم سے عہد لیا تھا مگر وہ (اسے) بھول گئے اور ہم نے ان میں صبر و ثبات نہ دیکھا۔

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَٰٓئِكَةِ ٱسْجُدُوا۟ لِءَادَمَ فَسَجَدُوٓا۟ إِلَّآ إِبْلِيسَ أَبَىٰ ﴿١١٦﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ إِذْ: (جب) ظرف مکان۔ مبنی بر سکون۔ بمعنی ماضی۔ محلاً منصوب۔ قُلْنَا: (ہم نے کہا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُولُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ الْمَلَٰٓئِكَةِ: (فرشتوں۔ غیر مرئی قوتوں کو) اسم مجرور۔ اُسْجُدُوا: (سجدہ کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (س ج د) صیغہ۔ سَجَدَ يَسْجُدُ۔ مصدر۔ سُجُودٌ۔ (جھکنا۔ زمین پر ماتھا ٹیکنا۔ تعظیم کرنا)۔ لِ: (لئے۔ کو) حرف جار۔ ءَادَمَ: (آدم) غیر منصرف۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ: (پھر) حرف عطف۔ سَجَدُوٓا: (انہوں نے سجدہ کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (س ج د) صیغہ۔ سَجَدَ يَسْجُدُ۔ مصدر۔ سُجُودٌ۔ (جھکنا۔ زمین پر ماتھا ٹیکنا۔ تعظیم کرنا)۔ إِلَّآ:

(مگر)حرف استثناء۔ اِبْلِیْسَ:(ابلیس) منصوب۔ مستثنیٰ منقطع۔ اَبٰی:(اس نے انکار کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ء ب ی) مہموز الفاء+ناقص یائی۔صیغہ۔اَبٰی یَابٰی۔مصدر۔اَبَاءٌ۔(انکار کرنا۔رد کرنا)۔

ترجمہ آیت: اورجب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کے آگے سجدہ کروتوسب سجدے میں گر پڑے مگرابلیس نے انکار کیا۔

فَقُلْنَا یٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا یُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔یَا:(اے)حرف نداء۔اٰدَمُ:(آدم)غیر منصرف۔منادیٰ۔محلاً منصوب۔ اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ عَدُوٌّ:(دشمن)خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔کَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لِ:(لئے)حرف جار۔زَوْجِ:(خاوند۔بیوی۔دونوں کے لئے مستعمل ہے)اسم مجرور۔کَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی برفتحہ۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ یُخْرِجَنَّ:(وہ ضرور بالضرور نکالے گا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَخْرَجَ یَخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خُرُجًا۔ (نکلنا)۔ کُمَا:(تم دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنَ:(سے) حرف جار۔مبنی برسکون۔فتح۔برائے اتصال مابعد۔الْجَنَّةِ:(جنت۔باغ)اسم مجرور۔فَ:(پس)سببیہ۔ناصب مضارع۔تَشْقٰى: (تو مشقت میں پڑجائے۔تکلیف اٹھائے)فعل مضارع منصوب۔تقدیراً مفتوح۔فاعل ضمیر مستتر اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ش ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔شَقِیَ یَشْقٰی۔مصدر۔شَقَاوَةٌ۔(مشقت میں پڑنا۔تکلیف میں پڑجانا)۔

ترجمہ آیت: ہم نے فرمایا کہ آدم یہ تمہارااور تمہاری بیوی کا دشمن ہے تو یہ کہیں تم دونوں کو بہشت سے نکلوانہ دے۔پھر تم تکلیف میں پڑجاؤ۔

اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِیْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾

اِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ لَ:(لئے)حرف جار۔کَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر

حاضر۔مبنی برفتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اَنَّ کی خبر مقدم مرفوع۔ اَلَّا :(کہ نہ)مرکب:(أَنْ+لَا) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ + نہیں۔ تَجُوْعَ :(تو بھوکا ہوگا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج و ع) اجوف واوی۔صیغہ۔جَاعَ يَجُوْعُ۔مصدر۔جَوْعًا۔(بھوکا ہونا)۔فِيْ: (میں) حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔ تَعْرٰى :(تو ننگا ہوگا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔عَرِيَ يَعْرٰى۔مصدر۔عُرْيًا۔(برہنہ ہونا۔بلا کپڑوں کے ہونا۔ننگا ہونا)۔

ترجمہ آیت: یہاں تم کو یہ (آسائش) ہوگی کہ نہ بھوکے رہو نہ ننگے۔

وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اَنَّ:(بے شک)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی برفتحہ۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہ)نافیہ۔ تَظْمَؤُا:(تم پیاسے رہوگے)فعل مضارع واحد حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ظ م ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ظَمِئَ يَظْمَؤُ۔مصدر۔ظَمًا ۔ ظَمَاءٌ۔(پیاس لگنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)تَضْحٰى:(تجھے دھوپ لگے گی)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ض ح ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ضَحِيَ يَضْحٰى۔مصدر۔ضَحًا۔(دھوپ لگنا)۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ نہ پیاسے رہو اور نہ دھوپ کھاؤ۔

فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔وَسْوَسَ :(اس کو وہم ہوا۔وسوسہ ڈالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔رباعی۔صیغہ۔وَسْوَسَ يُوَسْوِسُ۔ مصدر۔وَسْوَاسًا۔(وسوسہ ڈالنا۔برے مشورے دینا)۔اِلٰى:(طرف)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔الشَّيْطٰنُ:(شیطان نے۔ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے وہ شیطان ہوتی ہے)فاعل مرفوع۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔يَا:(اے)حرف نداء۔اٰدَمُ:(آدم)غیر منصرف۔منادیٰ۔محلاً منصوب۔هَلْ:(کیا) حرف

استفہام۔ اَدُلُّ:(میں ثبوت دوں۔ دلیل پیش کروں۔ راہنمائی کروں) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(د ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ دَلَّ یَدُلُّ۔ مصدر۔ دَلَالَۃٌ۔(راہنمائی کرنا۔ ظاہر کرنا۔ دلیل دینا۔ ثبوت دینا۔ پتہ دینا۔) کَ:(تجھے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ عَلٰی :(پر۔ اوپر) حرف جار۔ شَجَرَۃِ: (درخت) اسم مجرور۔ مضاف۔ الْخُلْدِ: (ہمیشہ رہنا۔ دوام۔ بقا۔ ہمیشگی۔ دائمی زندگی کا) مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور) حرف عطف۔ مُلْکٍ:(ملک۔ ریاست۔ بادشاہت) معطوف۔ مجرور۔ لَّا:(نہیں) نافیہ۔ یَبْلٰی :(وہ پرانی ہو) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ب ل ی) ناقص یائی۔ بَلِیَ یَبْلٰی۔ مصدر۔ بَلَآءٌ۔ جملہ محلاً صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: توشیطان نے ان کے دل میں وسوسہ ڈالا۔ (اور) کہا کہ آدم بھلا میں تم کو (ایسا) درخت بتاؤں (جو) ہمیشہ کی زندگی کا (ثمرہ دے) اور (ایسی) بادشاہت کہ کبھی زائل نہ ہو۔

فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۚ وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾

فَ:(پس) استئنافیہ۔ اَكَلَا:(دونوں کھاؤ) فعل امر تثنیہ۔ علامت الف۔ مجزوم۔ نون اعرابی محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ۔ (ء ک ل) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَكَلَ يَاْكُلُ۔ مصدر۔ اَكْلًا۔ (کھانا)۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ بَدَتْ :(اس نے ابتداء کی۔ ظاہر ہو گئیں) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ت ساکن۔ علامت ضمیر فاعل مؤنث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِیَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ب د و) ناقص واوی۔ بَدَا يَبْدُو۔ مصدر۔ بَدْوًا۔ بَدَاءٌ۔ (ظاہر ہونا۔ ظاہر ہو گئی)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ هُمَا:(دونوں) ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث۔ غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ سَوْاٰتُ:(شرمگاہ۔ لاش۔ عیب) مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هُمَا:(دونوں) ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث۔ غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ طَفِقَا:(وہ دونوں کرنے لگے) فعل مقاربہ ماضی تثنیہ۔ غائب۔ علامت الف تثنیہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ط ف ق) صیغہ۔ طَفِقَ يَطْفَقُ۔ مصدر۔ طَفَقًا۔ (شروع کرنا)۔ يَخْصِفٰنِ:(چپکانے لگے۔ چھپانے لگے۔ پیوند کاری کرنے لگے) فعل مضارع تثنیہ۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ الف تثنیہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(خ ص ف) صیغہ۔ خَصَفَ يَخْصِفُ۔ مصدر۔ خَصْفًا۔ (چپکانا)۔ عَلَیْ:(پر۔ اوپر) حرف جار۔ هُمَا:(دونوں) ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث۔ غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مِنْ:(سے) اسم مجرور۔ وَّرَقِ:(پتا) اسم مجرور۔

مضاف۔الْجَنَّةِ:(جنت۔باغ کے)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ عَصٰی:(اس نے غلطی کی۔نافرمانی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ص ی)ناقص یائی۔صیغہ۔عَصٰی يَعْصِيْ۔مصدر۔عِصْيَانٌ۔(نافرمانی کرنا۔غلطی کرنا)۔ اٰدَمُ:(آدم)فاعل مرفوع۔ رَبَّ:(ربّ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔غَوٰی:(وہ بہک گیا۔وہ بھٹک گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔غَوٰی يَغْوِيْ۔مصدر۔غَيًّا۔(بہک جانا۔بھٹک جانا۔)

ترجمہ آیت: تو دونوں نے اس درخت کا پھل کھالیا تو ان پر ان کی شرمگاہیں ظاہر ہو گئیں اور وہ اپنے (بدنوں) پر بہشت کے پتّے چپکانے لگے۔اور آدم نے اپنے پروردگار کے حکم خلاف کیا تو (وہ اپنے مطلوب سے) بے راہ ہو گئے۔

ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰی ﴿١٢٢﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ اجْتَبٰ:(چن لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِجْتَبٰی يَجْتَبِيْ۔مصدر۔اِجْتِبَاءٌ۔(چننا۔انتخاب کرنا۔)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔هٗ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔تَابَ:(اس نے توجہ فرمائی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔تَابَ يَتُوْبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(توبہ کرنا۔لوٹنا۔توبہ قبول کرنا۔توجہ دینا)۔اگر صلہ اِلٰی ہو تو اللہ کی طرف توجہ اور انابت کے معنیٰ ہوتے ہیں۔اگر صلہ عَلٰی ہو تو توجہ دینے اور توبہ کی توفیق دینے کے معنیٰ ہوتے ہیں۔اس نے توجہ فرمائی۔ عَلٰ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هَدٰی :(اس نے راہنمائی پائی۔ہدایت حاصل کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هِدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔

ترجمہ آیت: پھر ان کے پروردگار نے ان کو نوازا تو ان پر مہربانی سے توجہ فرمائی اور سیدھی راہ بتائی۔

قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ﴿١٢٣﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ اهْبِطَا:(دونوں نکلو۔اترو)فعل امر تثنیہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف تثنیہ۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ جَمِيْعًا:(سب کے سب) منصوب۔حال۔ بَعْضُ:(کچھ)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔بَعْضٍ:(کچھ)برائے تاکید۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ عَدُوٌّ:(دشمن) مرفوع۔ خبر۔فَ:(پس)حرف عطف۔اِمَّا :(اگر) مرکب:(إِنْ+مَّا)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔+ حرف زائد۔يَأْتِيَنَّ:(وہ ضرور بالضرور دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ كُمْ :(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مِّنِّيْ:(مجھ سے)مرکب :(مِّنِّ+یْ)حرف جار۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ هُدًى:(ہدایت)فاعل۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔مَنْ:(جس نے)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔اِتَّبَعَ: :(اس نے پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم فعل شرط۔مبنی بر فتحہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ هُدَا: (ہدایت)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔یَ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَضِلُّ :(وہ گمراہ ہوگا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔ضَلَالًا۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔وَ :(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَشْقٰى :(وہ مشقت میں پڑتا ہے۔تکلیف میں پڑتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔تقدیراً مضموم۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔شَقِيَ يَشْقٰى۔ مصدر۔شَقَاوَةٌ۔(بدنصیب ہونا۔مشقت میں پڑنا۔تکلیف میں پڑنا)

ترجمہ آیت: فرمایا کہ تم دونوں یہاں سے نیچے اتر جاؤ۔ تم میں بعض بعض کے دشمن (ہوں گے) پھر اگر میری طرف سے تمہارے پاس ہدایت آئے تو جو شخص میری ہدایت کی پیروی کرے گا وہ نہ گمراہ ہو گا اور نہ تکلیف میں پڑے گا۔

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ مَنْ: (جس نے) اسم موصول شرطیہ۔ جازم فعل شرط۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ اَعْرَضَ: (اعراض برتا۔ منہ پھیرا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَعْرَضَ يُعْرِضُ۔ مصدر۔ اِعْرَاضًا۔ (اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ نظر انداز کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ع ر ض) صیغہ۔ عَرَضَ يَعْرِضُ۔ مصدر۔ عَرْضًا۔ (پیش کرنا۔ سامنے لانا۔) عَنْ: (سے۔ بارے میں) ذِكْرِ: (نصیحت۔ ذکر۔ یاد) اسم مجرور۔ مضاف۔ یْ: (میرے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ اِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب مضارع۔ رافع خبر۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مقدم مرفوع۔ مَعِيْشَةً: (معیشت۔ رہن سہن۔ گزران۔ دنیاوی معاش۔ سامان زیست) منصوب مفعول بہ۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب مؤخر۔ جملہ محلاً جواب شرط۔ ضَنْكًا: (تنگ ہونا۔ تنگ) صفت۔ منصوب۔ وَّ: (اور) حرف عطف۔ نَحْشُرُ: (ہم جمع کریں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ح ش ر) صیغہ۔ حَشَرَ يَحْشُرُ ۔ مصدر۔ حَشْرٌ۔ (اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا)۔ هٗ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ يَوْمَ: (دن) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ الْقِيٰمَةِ: (قیامت) مجرور مضاف الیہ۔ اَعْمٰى: (اندھے) منصوب۔ مبنی بر مفتوح تقدیراً۔ حال۔

ترجمہ آیت: اور جو میری نصیحت سے منہ پھیرے گا اس کی زندگی تنگ ہو جائے گی اور قیامت کو ہم اسے اندھا کر کے اٹھائیں گے۔

قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾

قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (بات کرنا)۔ رَبِّ: (اے میرے ربّ) مرکب: (يَا+رَبِّ+یْ) حرف نداء محذوف۔ + منادیٰ۔ منصوب۔ مضاف۔ + کسرہ برائے یائے متکلم۔ بعوض۔ ضمیر واحد متکلم۔ محذوف۔ لِمَ: (کیوں۔ کس لئے) مرکب: (لِ+مَا) حرف جار۔ + اسم استفہام محلاً

اسم مجرور۔ حَشَرْتَ:(تو نے جمع کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ت مفتوح۔ضمیر فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ح ش ر) صیغہ۔حَشَرَ یَحْشُرُ ۔مصدر۔حَشْرٌ۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یِّ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ اَعْمٰی:(اندھا)منصوب۔تقدیراً مفتوح۔حال۔ وَ :(اور)حرف عطف۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ کُنْتُ:(میں تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر حاضر۔تُ مضموم۔علامت ضمیر فاعل۔مرفوع۔کَانَ کا اسم مرفوع۔ناصب خبر۔رافع۔اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ بَصِیْرًا:(خوب دیکھنے والا)مبالغہ۔کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: وہ کہے گا میرے پروردگار تو نے مجھے اندھا کر کے کیوں اٹھایا میں تو دیکھتا بھالتا تھا۔

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ کَذٰلِکَ:(اسی طرح۔اس کی مانند) مرکب: (کَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَا اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔+ لِ بُعد کے لئے + كَ خطاب کے لئے۔ اَتَتْ:(وہ آئیں)فعل ماضی واحد مؤنث ۔غائب۔ت ساکن۔علامت ضمیر فاعل تانیث۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔ اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ کَ:(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔اٰیٰتُ:(نشانیاں۔آیات)فاعل مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔نَسِیْتَ:(تو بھول گیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ت مفتوح۔ضمیر فاعل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِیَ یَنْسٰی۔مصدر۔ نِسْیَانٌ۔ (بھولنا)۔ ضمیر فاعل۔مرفوع ۔ مستتر۔تقدیراً۔ھُوَ۔ ھَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔کَذٰلِکَ:(اسی طرح۔اس کی مانند)مرکب: (کَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ذَا اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔+ لِ بُعد کے لئے + كَ خطاب کے لئے۔ اَلْیَوْمَ:(آج۔دن)ظرف زمان۔ منصوب۔محلاً مضاف۔ تُنْسٰی:(بھول گیا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر حاضر۔تقدیراً مضموم۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن

س ی) ناقص یائی۔صیغہ۔ نَسِیَ یَنۡسٰی۔ مصدر۔ نِسۡیَانٌ۔ (بھولنا)۔ ضمیر فاعل۔ مرفوع۔ مستتر۔ تقدیراً۔ ھُوَ۔

ترجمہ آیت: اللہ فرمائے گا کہ ایسا ہی (چاہیئے تھا) تیرے پاس میری آیتیں آئیں تو تو نے ان کو بھلا دیا۔ اسی طرح آج ہم تجھ کو بھلا دیں گے۔

وَكَذٰلِكَ نَجۡزِیۡ مَنۡ اَسۡرَفَ وَلَمۡ يُؤۡمِنۡۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الۡاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبۡقٰى ﴿۱۲۷﴾

وَ :() كَذٰلِكَ:(اسی طرح۔اس کی مانند) مرکب: (كَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَ اسم اشارہ مرفوع۔ محلاً اسم مجرور۔+ لِ بُعد کے لئے + كَ خطاب کے لئے۔ نَجۡزِیۡ:(ہم بدلہ دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع تقدیراً مضموم۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)صیغہ۔ جَزٰی یَجۡزِیۡ۔ مصدر۔ جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔ مَنۡ:(جس نے)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ اَسۡرَفَ:(حد سے تجاوز کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَمۡ:(نہ)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يُؤۡمِنۡ:(ایمان نے لائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فعل جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤۡمِنُ۔ مصدر۔ اِيۡمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاۡمَنُ۔ مصدر۔ اَمۡنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ اٰيٰتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ ہٖ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)استئنافیہ۔ لَ:(البتہ)لائے ابتداء۔ عَذَابُ:(عذاب۔سزاء)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الۡاٰخِرَةِ :(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔ اَشَدُّ:(بہت سخت۔)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اَبۡقٰى :(وہ باقی رہے گا) ۔ اَبۡقٰى :(وہ بہت زیادہ باقی رہنے والا)افعل التفضیل۔ معطوف مرفوع۔تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: اور جو شخص حد سے نکل جائے اور اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان نہ لائے ہم اس کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔ اور آخرت کا عذاب بہت سخت اور بہت دیر رہنے والا ہے۔

اَفَلَمۡ يَهۡدِ لَهُمۡ كَمۡ اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ مِّنَ الۡقُرُوۡنِ يَمۡشُوۡنَ فِىۡ مَسٰكِنِهِمۡ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِى النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾

اَ:(کیا)حرف استفہام۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ لَمۡ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَهۡدِ:(اس نے ہدایت پائی)فعل مضارع مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔ حرف علت۔ ی۔ محذوف۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔

ھَدٰی یَھْدِیْ۔ تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ ھَدَایَۃٌ۔(ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ کَمْ:(کتنے)خبریہ۔ مفعول بہٖ مقدم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ اَھْلَکْنَا:(ہم نے ہلاک کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَھْلَکَ یُھْلِکُ۔ مصدر۔ اِھْلَاکٌ۔(ہلاک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔ ھَلَکَ یَھْلِکُ۔ مصدر۔ ھَلْکًا۔ ھَلَاکًا۔ ھُلُوْکًا۔ مُھْلِکًا۔ تَھْلُکَۃً۔ ھُلْکًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مضاف۔ ھُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الْقُرُوْنِ:(لوگوں۔ قومیں۔ امتوں کو)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب تمییز۔ یَمْشُوْنَ:(وہ چلتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ۔ (م ش ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ مَشٰی یَمْشِیْ۔ مصدر۔ مَشْیًا۔(چلنا)۔ فِیْ:(میں)حرف جار۔ مَسٰکِنِ:(ٹھکانوں۔ رہنے کی جگہوں)اسم مجرور۔ مضاف۔ ھِمْ:(اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ فِیْ:(میں)حرف جار۔ ذٰلِکَ(وہ)۔ مرکب:(ذَ+لِ+كَ)ذَا اسم اشارہ مرفوع۔ محلاً اسم مجرور۔ + لِ بُعد کے لئے + كَ خطاب کے لئے۔ شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع مقدم۔ لَ:(البتہ)برائے تاکید۔ مزحلقہ۔ اٰیٰتٍ: (آیات۔ نشانیاں) اِنَّ کا اسم منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ اُولِی:(والوں)مؤنث۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ النُّھٰی:(عقلوں والوں کے لئے۔ جو بری باتوں سے روکنے والی)مجرور مضاف الیہ۔ تقدیراً مکسور۔

ترجمہ آیت: کیا یہ بات ان لوگوں کے لئے موجب ہدایت نہ ہوئی کہ ہم ان سے پہلے بہت سے لوگوں کو ہلاک کر چکے ہیں جن کے رہنے کے مقامات میں یہ چلتے پھرتے ہیں۔ عقل والوں کے لئے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

وَلَوْلَا کَلِمَۃٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّکَ لَکَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّی ﴿۱۲۹﴾ ط

وَ:(اور)استئنافیہ۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ کَلِمَۃٌ:(قانون۔ بات۔)مرفوع مبتداء۔ سَبَقَتْ:(پہلے بڑھ چکی۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(س ب ق)صیغہ۔ سَبَقَ یَسْبِقُ۔ مصدر۔ سَبْقًا۔(پہل کرنا۔ آگے بڑھنا۔ پہلے طے ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔ کَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر

حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(البتہ۔یقیناً)لائے تاکید۔برائے رابطہ جواب شرط۔کَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ لِزَامًا:(چپکنا۔ثابت رہنا۔لازم رہنا۔لازم) کَانَ کی خبر منصوب۔ وَّ:(اور)حرف عطف۔ اَجَلٌ:(وقت)ظرف زمان۔معطوف بر کَلِمَۃٌ۔ مُّسَمًّی:(مقررہ۔نام دیا ہوا)۔صفت۔تابع موصوف۔مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: اور اگر ایک بات تمہارے پروردگار کی طرف سے پہلے صادر اور (جزائے اعمال کے لئے) ایک میعاد مقرر نہ ہو چکی ہوتی تو (نزول) عذاب لازم ہو جاتا۔

فَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّیْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّکَ تَرْضٰی ﴿۱۳۰﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔اِصْبِرْ :(استقامت دکھا۔ڈٹا رہ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ یَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ عَلٰی:(پر)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ یَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ سَبِّحْ:(تو تسبیح کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ یُسَبِّحُ۔مصدر۔ تَسْبِیْحًا۔ (تسبیح کرنا۔ پاکیزگی بیان کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ یَسْبَحُ۔مصدر۔سَبْحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔حَمْدِ:(تعریف)اسم مجرور۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔کَ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلا مجرور مضاف الیہ۔ قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ طُلُوْعِ :(نکلنے سے)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔الشَّمْسِ:(سورج)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ غُرُوْبِ:(غروب ہونے سے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ھَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ اٰنَآئِ :(اِنْیٌ کا واحد۔اوقات ۔گھڑیاں۔)اسم مجرور۔ مضاف۔

الَّيْلِ:(رات)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔سَبِّحْ:(تو تسبیح کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(تسبیح کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ يَسْبَحُ۔مصدر۔سَبْحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَطْرَافَ: (کناروں۔اطراف) منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ النَّهَارِ: (دن)مجرور مضاف الیہ۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تَرْضٰى :(تو راضی ہوجائے۔خوش ہوجائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔فاعل ضمیر مستتر اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی) ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰى۔مصدر۔رِضًا۔رِضْوَانًا۔(راضی ہونا۔)۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: پس جو کچھ یہ بکواس کرتے ہیں اس پر صبر کرو۔اور سورج کے نکلنے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اپنے پروردگار کی تسبیح و تحمید کیا کرو۔اور رات کی ساعات (اولین) میں بھی اس کی تسبیح کیا کرو اور دن کی اطراف (یعنی دوپہر کے قریب ظہر کے وقت بھی) تاکہ تم خوش ہوجاؤ۔

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَمُدَّنَّ:(آپ ضرور بالضرور کھینچیں۔بڑھائیں۔اٹھائیں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م د د)مضاعف۔صیغہ۔مَدَّ يَمُدُّ۔مصدر۔ مَدًّا۔ (کھینچنا۔ بڑھانا۔اٹھانا)۔عَيْنَيْ:(آنکھوں)تثنیہ عَيْنَيْنَ اصلاً تھا۔نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔کَ: (تیری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِلٰى:(طرف)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور4۔مَتَّعْنَا:(ہم نے فائدہ دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔مَتَّعَ يُمَتِّعُ۔مصدر۔ تَمْتِيْعٌ۔ (فائدہ پہنچانا۔فائدہ دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ اَزْوَاجًا:(جوڑوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب صفت۔زَهْرَةَ:(پھول۔رونق۔زینت۔شان وشوکت)منصوب۔ حال۔مضاف۔الْحَيٰوةِ:(زندگی) مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ الدُّنْيَا :(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مجرور صفت۔تابع موصوف۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب

مضارع۔نَفْتِنَ:(ہم آزمائش میں ڈالیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ت ن)صیغہ۔فَتَنَ یَفْتِنُ۔مصدر۔ فَتْنًا۔فُتُوْنًا۔(آزمانا۔آزمائش میں ڈالنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔فِیْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ رِزْقُ :(رزق) مبتداء مرفوع۔ رَبِّ:(رب)خبر مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَيْرٌ:(بہتر)خبر مرفوع۔وَّ:(اور)حرف عطف۔اَبْقٰى:(بہت باقی رہنے والا۔زیادہ دیر تک رہنے والا)افعل التفضیل۔معطوف۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: اور کئی طرح کے لوگوں کو جو ہم نے دنیا کی زندگی میں آرائش کی چیزوں سے بہرہ مند کیا ہے تا کہ ان کی آزمائش کریں ان پر نگاہ نہ کرنا۔اور تمہاری پروردگار کی (عطا فرمائی ہوئی) روزی بہت بہتر اور باقی رہنے والی ہے۔

وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اُؤْمُرْ:(حکم دو۔)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَاْمُرُ۔مصدر۔اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔اَهْلَ:(گھر والوں کو)منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔كَ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الصَّلٰوةِ:(صلاۃ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اصْطَبِرْ :(آپ ڈٹے رہو۔استقامت دکھاؤ۔آپ پابند رہیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ ۔اِصْطَبَرَ يَصْطَبِرُ۔مصدر۔اِصْطِبَارٌ۔(استقامت سے رہنا۔ پابند رہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔ جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ عَلٰى:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔نَسْـَٔلُ:(ہم پوچھیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)۔مہموز العین سَالَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سُؤَالًا۔(پوچھنا دریافت کرنا)۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ رِزْقًا: (رزق) منصوب۔مفعول بہ ثانی۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔مرفوع۔مبتداء ۔ نَرْزُقُ:(ہم رزق دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔ مصدر۔

رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔کَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور) استئنافیہ۔الْعَاقِبَةُ:(انجام۔نتیجہ۔)مبتداء مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔التَّقْوٰی:(پرہیز گاری۔خوف الٰہی۔ڈر)اسم مجرور۔ تقدیراً مکسور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم کرو اور اس پر قائم رہو۔ہم تم سے روزی کے خواستگار نہیں۔بلکہ تمہیں ہم روزی دیتے ہیں اور (نیک) انجام (اہل) تقویٰ کا ہے۔

وَقَالُوا لَوْلَا يَأْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَالُوا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَوْ لَا:(کیوں نہیں) تمنیٰ اور عرض کے لئے۔يَاْتِيْ:(وہ لاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اٰيَةٍ:(آیات۔ا)اسم مجرور۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اَ:(کیا)حرف استفہام۔وَ :(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ تَاْتِ:(وہ اس کے پاس آئی) فعل مضارع۔واحد مؤنث غائب۔مجزوم۔علامت حرف علت۔ی۔بوجہ التقائے ساکنین۔محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا۔دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هِمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بَيِّنَةُ :(کھلی نشانی)فاعل مرفوع۔ مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔الصُّحُفِ:(صحف۔کتابوں ۔ صحیفوں۔)اسم مجرور۔ موصوف۔الْاُوْلٰى:(پہلے۔اگلے)اَوَّلٌ کا مؤنث۔بروزن۔فُعْلٰى۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور کہتے ہیں کہ یہ (پیغمبر) اپنے پروردگار کی طرف سے ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے۔کیا ان کے پاس پہلی کتابوں کی نشانی نہیں آئی؟

وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿١٣٤﴾

وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَدْخَلْنَا:(ہم نے داخل کر لیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَدْخَلَ يُدْخِلُ مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کرلینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔دُخُوْلًا۔ (داخل ہونا)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فِي:(میں)حرف جار۔ رَحْمَتِ: (رحمت۔مہربانی۔نوازش)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری۔اپنی)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع۔خبر۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ مِنَ:(سے)حرف جر۔الصَّالِحِيْنَ:(نیکوکار۔اچھے لوگ)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًإِنَّ جملہ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور انہیں اپنی رحمت کے (محل میں) داخل کیا۔کچھ شک نہیں کہ وہ نیک بختوں میں تھے۔

وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نُوحًا :(نوحؑ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔إِذْ :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب ۔بمعنی ماضی۔ نَادٰى:(ہم نے آواز دی)فعل ماضی جمع متکلم۔مبنی بر فتحہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔جملہ محلاًمجرور۔مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔ مصدر۔ مُنَادَاةٌ۔(آواز دینا۔پکارنا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاسم مجرور۔فَ:(پھر)حرف عطف۔ اسْتَجَبْنَا:(ہم نے قبول کر لی)فعل ماضی جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(دعا قبول کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً

اسم مجرور۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔نَجَّيْنَا:(ہم نے نجات دی۔بچایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نَجّٰی یُنَجِّیْ۔ مصدر۔تَنْجِیَةٌ۔(نجات دینا۔بچا دینا۔بچا لینا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و) ناقص واوی۔نَجَا یَنْجُو۔ مصدر۔ نَجْوٰی۔نَجْوًا(بچنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَهْلَ:(گھر والوں۔ساتھیوں۔تعلقہ دار۔)معطوف منصوب۔ مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ فتحہ برائے اتصال مابعد۔الْكَرْبِ:(دکھ۔کرب۔تکلیف۔غم۔بے چینی۔)معرف باللام۔خاص تکالیف۔اسم مجرور۔موصوف۔ الْعَظِيْمِ:(بہت بڑی)مبالغہ کاصیغہ۔محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اورنوح(کاقصہ بھی یادکرو) جب(اس سے) پیشتر انہوں نے ہم کو پکاراتوہم نے ان کی دعاقبول فرمائی اوران کواوران کے ساتھیوں کوبڑی گھبراہٹ سے نجات دی۔

وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۷۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نَصَرْنَا:(ہم نے مدد کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ یَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔ الْقَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔ الَّذِيْنَ :(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاًصفت۔كَذَّبُوا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ یُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات۔نشانیوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًإِنَّ کااسم منصوب۔ كَانُوا :(وہ تھے)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاًكَانَ کااسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ضمیر مبنی بر سکون۔ قَوْمَ:(قوم) كَانَ کی

خبر منصوب۔موصوف۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ سَوْءٍ:(بُری۔بدکردار)صفت مجرور۔تابع موصوف۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَغْرَقْنَا:(ہم نے غرق کردیا۔ ڈبودیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًمرفوع۔فاعل۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْرَقَ يُغْرِقُ۔مصدر۔ اِغْرَاقًا۔ (ڈوبانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(غ ر ق)صیغہ۔غَرِقَ يَغْرَقُ۔مصدر۔غَرْقًا۔(ڈوبنا۔غرق ہونا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول۔محلاً جملہ إِنَّ کی خبر۔اَجْمَعِيْنَ:(سارے کے سارے)تاکید۔ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے تھے ان پر نصرت بخشی۔وہ بے شک برے لوگ تھے سو ہم نے ان سب کو غرق کردیا۔

وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿۷۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔استئنافیہ۔دَاوٗدَ:(داؤدؑ کو)غیر منصرف۔ منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔سُلَيْمَانَ:(سلیمانؑ) معطوف منصوب۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔يَحْكُمَانِ:(وہ دونوں فیصلہ کر رہے تھے)فعل مضارع تثنیہ۔علامت مرفوع۔نون اعرابی موجود۔ الف تثنیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م) صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ۔ مصدر۔حُكْمًا۔(فیصلہ کرنا۔حکم دینا)۔فِي:(میں)حرف جار۔الْحَرْثِ:(کھیت)اسم مجرور۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ نَفَشَتْ:(وہ رات کو چر گئی۔کھیت کو اجاڑ دیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ت ساکن۔علامت ضمیر فاعل تانیث۔ مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ش)۔صیغہ۔نَفَشَ يَنْفُشُ۔ مصدر۔نَفْشًا۔(بغیر گڈریئے کے رات کو بکریوں کا کھیت چر جانا۔)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس میں)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ غَنَمُ:(بکریاں)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ الْقَوْمِ:(قوم کی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُنَّا(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ضمیر فاعل مستتر نَحْنُ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔ حُكْمِ:(فیصلہ کے)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شَاهِدِيْنَ:(دیکھنے والے۔موجود۔گواہی دینے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور داؤد اور سلیمان (کا حال بھی سن لو کہ) جب وہ ایک کھیتی کا مقدمہ فیصلہ کرنے لگے جس میں کچھ لوگوں کی بکریاں رات کو چر گئی (اور اسے روند گئی) تھیں اور ہم ان کے فیصلے کے وقت موجود تھے۔

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۖ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۚ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔فَهَّمْنَا:(ہم نے سمجھا دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَهَّمَ يُفَهِّمُ۔ مصدر۔ تَفْهِيْمٌ۔(سمجھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ھ م)صیغہ۔فَهِمَ يَفْهَمُ۔مصدر۔فَهْمًا۔(سمجھنا جاننا) هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مرجع۔حُكْمِ۔سُلَيْمَانَ:(سلیمانؑ)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُلًّا:(تمام۔ہر ایک)معطوف منصوب۔برائے تاکید۔آتَيْنَا:(ہم نے دیا۔عطا کیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔حُكْمًا:(فیصلہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عِلْمًا :(علم۔دانست) معطوف منصوب۔وَ: (اور)حرف عطف۔سَخَّرْنَا:(ہم نے قابو کروا دیا۔مسخر کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَخَّرَ يُسَخِّرُ۔مصدر۔تَسْخِيْرًا۔(مسخر کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(س خ ر)صیغہ۔سَخِرَ يَسْخَرُ۔مصدر۔سَخْرًا۔(مذاق اڑانا)۔ مَعَ :(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔دَاوٗدَ:(داوٗدؑ)غیر منصرف۔مجرور مضاف الیہ۔ الْجِبَالَ :(جَبَلٌ کی پہاڑوں کو)۔يُسَبِّحْنَ:(وہ ضرور بالضرور تسبیح کریں گے۔تیزی سے احکام الٰہی پر چلتے جائیں گے)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔ علامت نون نسوۃ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔ مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(بہت تیزی سے عمل کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(س ب ح)صیغہ۔ سَبَحَ يَسْبَحُ۔ مصدر۔سَبْحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔وَ:(ساتھ ہی)معیّت۔ الطَّيْرَ:(الطَّآئِرُ کی جمع۔پرندے)منصوب۔مفعول معہٗ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستتر نَحْنُ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔فَاعِلِيْنَ:(فعل کرنے والے۔کام کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: توہم نے فیصلہ (کرنے کا طریق) سلیمان کو سمجھا دیا۔اور ہم نے دونوں کو حکم (یعنی حکمت و نبوت) اور علم بخشا تھا۔اور ہم نے پہاڑوں کو داؤد کا مسخر کر دیا تھا کہ ان کے ساتھ تسبیح کرتے تھے اور جانوروں کو بھی (مسخر کر دیا تھا اور ہم ہی ایسا) کرنے والے تھے۔

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔عَلَّمْنَا:(ہم نے سکھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ يُعَلِّمُ۔ مصدر۔ تَعْلِيْمًا۔(سکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔صَنْعَةَ:(بنانا۔تیار کرنا)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔ لَبُوْسٍ:(ہر لباس۔زرہ بکتر)مجرور۔مضاف الیہ۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔لِ:(تاکہ) لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُحْصِنَ:(وہ بچائے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر۔ مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْصَنَ يُحْصِنُ۔مصدر۔اِحْصَانًا۔(محفوظ رکھنا۔بچانا۔) كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ بَأْسِ:(آفت۔مصیبت۔لڑائی۔جنگ)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(تو)برائے رابطہ۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔أَنْتُمْ:(تم) ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبتداء مرفوع۔شَاكِرُوْنَ:(قدر کرنے والے ہو۔شکر کرنے والے ہو۔)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے تمہارے لئے ان کو ایک (طرح) کا لباس بنانا بھی سکھا دیا تاکہ تم کو لڑائی (کے ضرر) سے بچائے۔پس تم کو شکر گزار ہونا چاہیئے۔

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔سُلَيْمَانَ:(سلیمانؑ)غیر منصرف۔اسم مجرور۔الرِّيْحَ:(ہوا)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔عَاصِفَةً:(اندھیری۔طوفانی)صفت منصوب ۔تابع موصوف۔ تَجْرِيْ:(چلتی ہے۔جاری رہتی ہے۔بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰى يَجْرِيْ۔ مصدر۔ جِرْيَانٌ۔(بہنا۔جاری ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَمْرِ:(حکم)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَى:(لئے)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔الَّتِيْ:(جسے)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون محلاً مفعول بہ۔ بَارَكْنَا:(ہم نے برکت دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔مفاعلہ۔صیغہ۔ بَارَكَ يُبَارِكُ۔مصدر۔مُبَارَكَةٌ۔(برکت دینا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔

محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُنَّا(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ضمیر فاعل مستترنَحْنُ۔كَانَ کااسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ:(کوئی شے)مجرور۔مضاف الیہ۔ عَالِمِيْنَ:(جاننے والے۔علم رکھنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اورہم نے تیز ہوا سلیمان کے تابع (فرمان) کردی تھی جوان کے حکم سے اس ملک میں چلتی تھی جس میں ہم نے برکت دی تھی (یعنی شام) اورہم ہر چیز سے خبر دار ہیں۔

وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر کسرہ۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔ الشَّيَاطِيْنِ:(الشَّيْطَانُ کی جمع۔ہر وہ چیز جو نقصان دہ ہو)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ يَغُوْصُوْنَ:(غوطہ لگاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واو جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(غ و ص)اجوف واوی۔صیغہ۔غَاصَ يَغُوْصُ۔مصدر۔غَوْصًا۔(ڈبکی لگانا۔غوطہ لگانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔عَمَلًا:(عمل۔کام کرنا)منصوب۔ مفعول مطلق۔دُوْنَ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔ مرکب: (ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كُنَّا (ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔نَا ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًكَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ حَافِظِيْنَ:(حفاظت کرنے والے۔نگرانی کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور دیوؤں (کی جماعت کو بھی ان کے تابع کردیا تھا کہ ان) میں سے بعض ان کے لئے غوطے مارتے تھے اور اس کے

سوا اور کام بھی کرتے تھے اور ہم ان کے نگہبان تھے۔

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَيُّوبَ:(ایوبؑ)غیر منصرف۔منصوب مفعول بہٖ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔نَادٰى:(اس نے آواز دی۔پکارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِىْ۔مصدر۔مُنَادَاةٌ۔(پکارنا)۔ رَبَّ:(ربّ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هٗ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنِّي:(بے شک میں)مرکب۔(أَنِّ+يْ)مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔+ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ مَسَّ:(اس نے چھوا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمَسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔ (چھونا۔سزادینا۔پہنچنا۔)۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔الضُّرُّ:(نقصان۔ضرر۔ تنگی۔ مفلسی۔ سختی۔تکلیف)مبتداء مرفوع۔وَ:(حالانکہ) حالیہ۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔أَرْحَمُ:(بہت ہی رحم کرنے والا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب ۔حال۔مضاف۔ الرّٰحِمِيْنَ:(رحم کرنے والا)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور ایوب کو(یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ مجھے ایذا ہو رہی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔اسْتَجَبْنَا:(ہم نے دعا قبول کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔فاعل۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(دعا قبول کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پھر)حرف عطف۔كَشَفْنَا:(ہم دور کردی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔كَشَفَ يَكْشِفُ۔مصدر۔كَشْفًا۔(دور کرنا)۔ مَا:(جو)اسم

موصول۔مبنی بر سکون۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ:(اس کے۔)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مِنۡ: (سے)حرف جار۔ ضُرٍّ:(تنگی۔تکلیف۔)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آتَيۡنَا :(ہم نے دیا۔عطا کیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤۡتِیۡ۔ مصدر۔اِیۡتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاۡتِیۡ۔مصدر۔اِتۡیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منسوب۔مفعول بہ۔ أَهۡلَ:(اہل۔گھر والوں۔تعلقہ دار کو)منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔ہٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِثۡلَ: (مانند۔ طرح)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ هُمۡ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّعَ: (ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔هُمۡ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب ۔حال۔ رَحۡمَةً:(رحمت۔مہربانی۔نوازش۔عنایت)منصوب مفعول لہٗ۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ عِنۡدِ: (پاس)ظرف مکان۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ذِكۡرٰى:(نصیحت۔ذکر۔ کثرت ذکر کے لئے بولا جاتا ہے)تقدیراً معطوف منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الۡعَابِدِيۡنَ:(بندگی کرنے والے۔عبادت کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ علامت۔ی۔

ترجمہ آیت:توہم نے ان کی دعا قبول کرلی اور جو ان کو تکلیف تھی وہ دور کردی اور ان کو بال بچے بھی عطا فرمائے اور اپنی مہربانی کے ساتھ اتنے ہی اور (بخشے) اور عبادت کرنے والوں کے لئے (یہ) نصیحت ہے۔

وَاِسۡمٰعِيۡلَ وَاِدۡرِيۡسَ وَذَا الۡكِفۡلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيۡنَ ۚ﴿۸۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِسۡمَاعِيلَ:(اسماعیلؑ)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِدۡرِيۡسَ:(ادریسؑ)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ذَا الۡكِفۡلِ:(ذالکفل)معطوف منصوب۔كُلٌّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔مبتداء۔مِّنَ:(سے) حرف جار۔الصَّابِرِيۡنَ:(استقامت دکھانے والے۔ڈٹے رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور اسمٰعیل اور ادریس اور ذوالکفل (کو بھی یاد کرو) یہ سب صبر کرنے والے تھے۔

وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِیْ رَحْمَتِنَا اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۶﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ أَدْخَلْنَا: (ہم نے داخل کر دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَدْخَلَ يُدْخِلُ مصدر۔ اِدْخَالٌ۔ (داخل کرلینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (د خ ل) صیغہ۔ دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُوْلًا۔ (داخل ہونا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فِي: (میں) حرف جار۔ رَحْمَتِ: (رحمت۔ مہربانی۔ نوازش۔ عنایت) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا: (اپنی) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ هُم: (وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ مِّنَ: (سے) حرف جار۔ الصَّالِحِيْنَ: (نیکوکار۔ اچھے لوگ) اسم مجرور۔ علامت۔ ی۔ محلاً کی خبر مرفوع۔ شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان کو اپنی رحمت میں داخل کیا۔ بلاشبہ وہ نیکوکار تھے۔

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾

وَ: (اور) حرف عطف ذَا النُّوْنِ: (نون والا۔ مچھلی والا۔ یونس ؑ) اصلاً ذَا + النُّوْنِ ہے۔ از ستہ مکبرہ۔ (والا) منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔ + مچھلی کا نام۔ "معلوم ہوتا ہے آپ مچھلی فروش تھے" إِذْ: (جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ ذَّهَبَ: (وہ گیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ذ ھ ب) صیغہ۔ ذَهَبَ يَذْهَبُ۔ مصدر۔ ذَهَابًا۔ (چلے جانا۔ جانا)۔ مُغَاضِبًا: (ناراضی سے۔ غصے سے) منصوب۔ حال۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ ظَنَّ: (اس نے گمان کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً ھو۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ظ ن ن) مضاعف۔ صیغہ۔ ظَنَّ يَظُنُّ۔ مصدر۔ ظَنًّا: (گمان کرنا۔ خیال کرنا۔ وہم ہونا۔ شک ہونا)۔ أَنْ: (کہ) مصدریہ۔ یا اَنَّ کو مخفف کیا گیا ہے۔ لَّنْ: (ہرگز نہیں) حرف ناصب مضارع۔ بمعنی نفی مستقبل۔ نَّقْدِرَ: (ہم تنگی کریں) فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔ علامت۔ محل اعراب مفتوح۔ ضمیر فاعل۔ مستتر نَحْنُ۔ جملہ محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ق د ر) صیغہ۔ قَدَرَ

يَقْدِرُ۔مصدر۔قَدْرًا۔ (اندازہ کرنا۔) عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔
فَ:(پھر)حرف عطف۔نَادٰى :(اس نے پکارا۔آواز دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔
مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔ مصدر۔ مُنَادَاةٌ۔(آواز دینا۔ پکارنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔
الظُّلُمَاتِ:(اندھیروں میں۔بے بسی۔غلطی پر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ أَنْ :(کہ)مصدریہ۔یا تفسیری۔ لَّا:
(نہیں) لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ إِلٰهَ:(معبود) منصوب۔لائے نفی جنس کا اسم۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔أَنْتَ:
(تو)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ سُبْحَانَ:(پاک ہے)مصدر۔مضاف۔كَ :(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر
فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔يْ:
(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔كُنْتُ:(میں تھا۔میں ہوگیا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر حاضر۔تُ
مضموم۔علامت ضمیر فاعل۔مرفوع۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ناصب خبر۔رافع۔اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔
كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الظَّالِمِيْنَ:(ظلم کرنے والوں۔بھٹکنے والوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔
محلاً اسم مجرور۔محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

اور ذوالنون (کو یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم سے ناراض ہو کر) غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر قابو نہیں پا سکیں گے۔ آخر اندھیرے میں (اللہ کو) پکارنے لگے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے (اور) بے شک میں قصوروار ہوں۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔اسْتَجَبْنَا:(ہم نے دعا قبول کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ فاعل۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً
مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(دعا قبول کرنا)۔ لَ: (لئے)حرف
جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نَجَّيْنَا:(ہم نے نجات دی۔
بچایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نَجّٰى يُنَجِّيْ۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔ (نجات دینا۔بچا
دینا۔بچا لینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔ نَجْوَى۔ نَجْوًا(بچنا)۔هُ:(اس
کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔

الْغَمِّ:(غم۔دکھ۔تکلیف)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَذٰلِكَ:(اس طرح)مرکب: (كَ+ذٰ+لِ+كِ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد+خطابیہ۔محلاً اسم مجرور۔ نُنْجِي:(ہم نے نجات دیتے ہیں۔بچاتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْجٰى يُنْجِىْ۔مصدر۔اِنْجَاءٌ۔(نجات دلانا۔بچانا)۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَجّٰى يُنَجِّىْ۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔(نجات دینا۔بچا دینا۔بچالینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔ نَجْوٰى۔نَجْوًا(بچنا)۔ الْمُؤْمِنِينَ:(مومنوں کو)اسم فاعل ۔جمع مذکر۔منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: توہم نے ان کی دعاقبول کرلی اوران کو غم سے نجات بخشی۔اور ایمان والوں کو ہم اسی طرح نجات دیا کرتے ہیں۔

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔زَكَرِيَّا:(زکریاؑ)منصوب۔مفعول بہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔نَادٰى:(اس نے پکارا۔آواز دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِىْ۔ مصدر۔ مُنَادَاةٌ۔(آواز دینا۔ پکارنا)۔ رَبَّ:(ربّ کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هٗ: (اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ رَبِّ:(اے میرے رب)اصلاً يَارَبِّىْ تھا۔تخفیف کیا گیا ہے۔حرف نداء محذوف+منادیٰ منصوب مضاف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اور بعوض یائے متکلم۔محذوف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَذَرْ:(تو چھوڑ)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ذ ر)مثال واوی۔صیغہ۔وَذَرَ يَذِرُ۔مصدر۔وِذْرًا۔(چھوڑنا)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فَرْدًا:(تنہا۔اکیلا۔)منصوب۔حال۔ وَ:(اور) حرف عطف۔أَنْتَ :(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔خَيْرُ:(بہت۔اچھا)خبر مرفوع۔ مضاف۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ الْوَارِثِينَ: (تمام وارثوں سے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًمجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اورزکریا(کویادکرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ پروردگار مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۫ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿۹۰﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔اسْتَجَبْنَا:(ہم نے دعا قبول کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ فاعل۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(دعا قبول کرنا)۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔وَهَبْنَا:(ہم نے تحفہ دیا۔ عنایت کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔جملہ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ھ ب)مثال واوی۔صیغہ۔وَهَبَ يَهَبُ۔ مصدر۔وَهْبًا۔(تحفہ دینا۔ عطا کرنا۔عنایت کرنا۔ بخشنا۔)۔لِ :(لئے) حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ يَحْيٰى:(یحیٰؑ)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَصْلَحْنَا:(ہم نے صحیح کر دی۔ کمی دور کردی)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل ضمیر نَحْنُ مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔صیغہ۔اَصْلَحَ يُصْلِحُ ۔مصدر۔اِصْلَاحًا۔ (درست کرنا۔ تندرست بنانا۔ صحت دینا۔ کمی دور کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔زَوْجَ:(بیوی کو۔یہ مذکر و مؤنث کے لئے مستعمل ہے)منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانُوا :(وہ تھے)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔رافع اسم۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يُسَارِعُونَ:(وہ جلدی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔سَارَعَ يُسَارِعُ۔مصدر۔مُسَارَعَةٌ۔(تیزی کرنا۔ جلدی کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْخَيْرَاتِ:(نیکیوں۔ بھلائیوں ۔ اچھائیوں) مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ يَدْعُونَ:(وہ پکارتے ہیں۔ دعا کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔ صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(بلانا۔ پکارنا۔)۔نَا :(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ رَغَبًا :(چاہت۔ رغبت۔ پسندیدگی سے۔ توقع۔ امید سے)منصوب۔ حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَهَبًا:(ڈر ۔ اور خوف۔)

معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ رافع اسم۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ خَاشِعِيْنَ:(ڈرنے والے۔ خوف الٰہی رکھنے والے۔ عاجزی کرنے والے)اسم فاعل۔ جمع مذکر غائب۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: توہم نے ان کی پکار سن لی۔ اور ان کو یحییٰ بخشے اور ان کی بیوی کو اُن کے(حسن معاشرت کے) قابل بنادیا۔ یہ لوگ لپک لپک کر نیکیاں کرتے اور ہمیں امید سے پکارتے اور ہمارے آگے عاجزی کیا کرتے تھے۔

وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ الَّتِيْ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ أَحْصَنَتْ:(قلعہ بند تھی۔ یعنی شادی شدہ تھی۔ حفاظت کی۔ جو بے حیا نہیں ہوتیں وہ سب پاکباز ہوتی ہیں اور اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھتی ہیں۔۔۔۔۔۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔ ضمیر تانیث۔ مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحْصَنَ يُحْصِنُ۔ مصدر۔ اِحْصَانًا۔ (قلعہ بند ہونا۔ شادی شدہ ہونا۔ حفاظت میں ہونا۔ حِصْنٌ کا مطلب قلعہ ہوتا ہے) فَرْجَ:(فرج۔ شرمگاہ۔ اندام نہانی۔) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ هَا:(اپنی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ نَفَخْنَا:(ہم نے پھونک دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ف خ)صیغہ۔ نَفَخَ يَنْفُخُ۔ مصدر۔ نَفْخًا۔(پھونکنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔ رُّوْحِ:(روح۔ حکم۔)اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا:(اپنی)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ ابْنَ:(بیٹے کو)معطوف منصوب۔ مضاف۔ هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ آيَةً:(آیت۔ نشانی)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ الْعَالَمِيْنَ:(جہانوں کے)اسم مجرور۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور ان(مریم) کو(بھی یاد کرو) جنہوں نے اپنی عفّت کو محفوظ رکھا۔ تو ہم نے ان میں اپنی روح پھونک دی اور ان کے

بیٹے کو اہل عالم کے لئے نشانی بنا دیا۔

اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾

إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هَٰذِهِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مؤنث۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أُمَّتُ:(امت۔جماعت۔گروہ)إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أُمَّةً:(امت۔جماعت۔گروہ)منصوب۔حال۔موصوف۔وَاحِدَةً:(ایک)صفت منصوب۔تابع موصوف۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔رَبُّ:(ربّ)خبر مرفوع۔مضاف۔ كُمْ: (تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)فصیحت۔اُعْبُدُونِ:(میری عبادت کرو)اصلاً أُعْبُدُونِي تھا۔یائے متکلم کو حذف کرکے تخفیف کی گئی ہے فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔غلامی کرنا)۔ +نون وقایہ۔یائے متکلم کو بچانے کے لے +کسرہ برائے اتصال یائے متکلم۔محذوف۔+ضمیر واحد متکلم۔محذوف۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: یہ تمہاری جماعت ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں تو میری ہی عبادت کیا کرو۔

وَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿۹۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَقَطَّعُوا:(انہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَقَطَّعَ يَتَقَطَّعُ۔مصدر۔ تَقَطُّعٌ۔(الگ ہونا۔کٹ جانا۔متفرق ہونا۔بکھر جانا)۔ أَمْرَ: (حکم۔امر۔فیصلہ۔معاملہ)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔محلاً مضاف۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كُلٌّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ رَاجِعُونَ:(پلٹنے والے۔لوٹنے والے۔واپس آنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر غائب۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور یہ لوگ اپنے معاملے میں باہم متفرق ہوگئے۔(مگر) سب ہماری طرف رجوع کرنے والے ہیں۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم شرط۔جازم فعل شرط۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔یَعْمَلْ:(وہ عمل کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعْمَلُ۔مصدر۔ عَمَلًا۔(عمل کرنا۔کام کرنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی ر سکون۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔ الصّٰلِحٰتِ:(نیکیاں)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مُؤْمِنٌ: (ایمان والا۔ایماندار۔مومن)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)برائے رابطہ شرط۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ كُفْرَانَ:(کوئی نا شکری۔کوئی نا قدری۔)مصدر۔لائے نفی جنس کا اسم۔منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ سَعْيِهٖ:(دوڑ۔کوشش)اسم مجرور۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِنَّا:(بے شک ہم) مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔كٰتِبُوْنَ:(لکھنے والے۔لکھاری)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جونیک کام کرے گااور مومن بھی ہو گاتواس کی کوشش رائیگاں نہ جائے گی۔اور ہم اس کے لئے(ثواب اعمال) لکھ رہے ہیں۔

وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَاۤ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔حَرٰمٌ:(حرام ہے)مبتداء مرفوع۔ عَلٰى:(پر۔اوپر)حرف جار۔قَرْيَةٍ:(بستی)اسم مجرور۔اَهْلَكْنَا :(ہم نے ہلاک کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔مصدر۔اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔ مصدر۔ هَلْكًا۔ هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ اَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعلل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاَنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يَرْجِعُوْنَ:(وہ پلٹتے ہیں۔وہ واپس لوٹتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی

موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ یَرْجِعُ۔مصدر۔ رَجْعٌ۔(لوٹانا۔واپس کیاجانا)۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جس بستی (والوں) کو ہم نے ہلاک کر دیا محال ہے کہ (وہ دنیا کی طرف رجوع کریں) وہ رجوع نہیں کریں گے۔

حَتّٰۤى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾

حَتَّى :(یہاں تک)حرف ابتداء۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ فُتِحَتْ :(کھولے جائیں گے)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔فَتَحَ يَفْتَحُ۔مصدر۔فَتْحًا۔(کھولنا)۔يَأْجُوجُ: (یاجوج۔ گاگ۔ایک قوم کا نام)نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَأْجُوجُ :(ماجوج۔ مگاگ دوسری قوم کا نام) معطوف مرفوع۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ :(تمام)اسم مجرور۔مضاف۔حَدَبٍ:(ٹیلہ۔اونچی بلند جگہ۔کبڑا)مجرور مضاف الیہ۔يَنسِلُونَ:(وہ دوڑتے ہوئے نکلیں گے)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن س ل)صیغہ۔نَسَلَ يَنْسِلُ۔مصدر۔نَسَلَانًا۔(دوڑتے آنا۔ تیزی سے نکلنا)۔

ترجمہ آیت: یہاں تک کہ یاجوج ماجوج کھول دیئے جائیں اور وہ ہر بلندی سے دوڑ رہے ہوں۔

وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِىَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِىْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِقْتَرَبَ:(وہ قریب ہوا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِقْتَرَبَ يَقْتَرِبُ۔مصدر۔اِقْتِرَابًا۔(قریب آنا)۔ الْوَعْدُ:(وعدہ)مبتداء مرفوع۔ الْحَقُّ:(حق۔سچ۔)خبر مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِذَا:(اچانک۔ناگہانی)ظرف زمان۔فجائیہ۔بمعنی مستقبل۔ هِيَ :(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔شَاخِصَةٌ: (کھلی رہ جانے والی۔یعنی حیران ہوں گی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً خبر مرفوع۔ أَبْصَارُ:(آنکھیں)فاعل مرفوع۔محلاً مضاف۔ الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔ كَفَرُوا:()انہوں نے انکار کیا۔اللہ کے احکام سے بغاوت کی) فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ يَا :(ہائے)کلمہ افسوس۔حرف نداء۔وَيْلَ:(خرابی۔تباہی۔جہنم کی وادی کا نام۔)منادیٰ منصوب ۔مضاف۔

نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ کُنَّا(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستتر نَحْنُ۔ کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ غَفْلَةٍ:(غفلت۔لاپرواہی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ کُنَّا (ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستتر نَحْنُ۔ کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ظَالِمِيْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور (قیامت کا) سچا وعدہ قریب آجائے تو ناگاہ کافروں کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں (اور کہنے لگیں کہ) ہائے۔ شامت ہم اس (حال) سے غفلت میں رہے بلکہ (اپنے حق میں) ظالم تھے۔

إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ أَنْتُمْ لَهَا وَارِدُونَ ﴿٩٨﴾

إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ تَعْبُدُوْنَ:(تم عبادت کرتے ہو۔پوجا کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔غلامی کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔دُوْنِ:(سوا۔علاوہ)ظرف مکان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔حَصَبُ:(ایندھن)خبر مرفوع۔ مضاف۔ جَهَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ)غیر منصرف۔ محلاً خبر مرفوع۔أَنْتُمْ:(تم) ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔وَارِدُوْنَ:(داخل ہونے والے۔وارد ہونے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (کافرو اس روز) تم اور جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو دوزخ کا ایندھن ہوں گے۔اور تم سب اس میں داخل ہو کر رہو گے۔

لَوْ كَانَ هَؤُلَاءِ آلِهَةً مَا وَرَدُوهَا ۖ وَكُلٌّ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٩٩﴾

لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔كَانَ:(وہ ہے۔تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔رافع اسم۔ناصب خبر۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ون) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔هٰٓؤُلَاۗءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔اٰلِهَةً:(اِلٰهَ کی جمع۔معبود)خبر مرفوع۔مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَرَدُوْ:(وہ داخل ہوتے ہیں۔ وارد ہوتے ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب مادہ(و ر د)مثال واوی۔صیغہ۔وَرَدَ يَرِدُ۔مصدر وُرُوْدًا۔(داخل ہونا۔وارد ہونا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ كُلٌّ:(تمام)مبتداء مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ خَالِدُوْنَ:(ہمیشہ رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اگر یہ لوگ (در حقیقت) معبود ہوتے تو اس میں داخل نہ ہوتے۔سب اس میں ہمیشہ (جلتے) رہیں گے۔

لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿١٠٠﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ زَفِيْرٌ:(سانس کی تیز جس سے پسلیاں بجنے لگیں۔گدھے کی پہلی آواز۔چلّانا)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَسْمَعُوْنَ:(وہ سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(سننا)۔

ترجمہ آیت: وہاں ان کو چلاّنا ہوگا اور اس میں (کچھ) نہ سن سکیں گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى اُولٰۗئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿١٠١﴾

إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اسم منصوب۔سَبَقَتْ:(وہ آگے بڑھ گئی۔بازی لے گئی۔اس نے پہل کی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن ضمیر فاعل تانیث۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ يَسْبِقُ۔ مصدر۔ سَبْقًا۔(آگے بڑھنا۔پہلے پہنچنا۔پہل

کرنا۔گزرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مِّنَّا:(ہم سے)مرکب:(مِنْ+نَا)حرف جار۔مبنی بر سکون+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ الْحُسْنَى:(بہ تا اچھا)افعل التفضیل مؤنث۔بروزن فُعْلٰى۔فاعل مرفوع۔ أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔مبنی بر سکون۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مُبْعَدُونَ:(دور رکھے گئے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں کے لئے ہماری طرف سے پہلے بھلائی مقرر ہو چکی ہے۔وہ اس سے دور رکھے جائیں گے۔

لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ أَنفُسُهُمْ خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يَسْمَعُونَ:(وہ سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(س م ع) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع) صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔ مصدر۔ سَمْعٌ۔(سننا)۔ حَسِيسَ:(آہٹ۔بھنبھناہٹ۔ہلکی سی آواز)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔اشْتَهَتْ:(وہ خواہش رکھے گی۔وہ خواہش کرے گی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ث ساکن علامت ضمیر فاعل تانیث۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِشْتَهٰى يَشْتَهِيْ۔ مصدر۔ اَشْتِهَاءٌ۔(خواہش کرنا۔بہت طلب ہونا)۔ أَنفُسُ:(نَفْسٌ کی جمع۔جانوں)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف۔ خَالِدُونَ:(ہمیشہ رہنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: (یہاں تک کہ) اس کی آواز بھی تو نہیں سنیں گے۔اور جو کچھ ان کا جی چاہے گا اس میں (یعنی) ہر طرح کے عیش اور لطف میں ہمیشہ رہیں گے۔

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ هَٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يَحْزُنُ:(وہ ملال کرتا ہے۔غمگین ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب

مضموم۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزَنَ یَحْزُنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔(غمگین ہونا۔غم کرنا)۔ هُمُ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ الْفَزَعُ:(گھبراہٹ۔خوف۔)فاعل مرفوع۔الْأَكْبَرُ:(بہت بڑا) افعل التفضیل۔صف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَتَلَقَّا:(وہ لینے آئے گا۔استقبال کرے گا)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَتَلَقّٰى يَتَلَقّٰى۔مصدر۔تَلَقِّيٌ(استقبال کرنا۔لینے آنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لِقِيًّا۔لُقِيًّا۔لُقًّى۔ لَقْيًا۔ (ملاقات کرنا۔ملنا)۔ هُمُ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ الْمَلٰٓئِكَةُ:(فرشتہ۔غیر مرئی قوت۔)فاعل مرفوع۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر غائب۔مبتداء مرفوع۔ يَوْمُ:(دن)خبر مرفوع۔ مضاف۔ كُمُ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔رافع۔اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔تُوْعَدُوْنَ:(تم وعدہ کئے جاؤگے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًنائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔

ترجمہ آیت: ان کو(اس دن کا) بڑا بھاری خوف غمگین نہیں کرے گا۔اور فرشتے ان کو لینے آئیں گے(اور کہیں گے کہ) یہی وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ نَطْوِي:(ہم لپیٹ دیں گے۔تہہ کر دیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ط و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ طَوٰى يَطْوِيُ۔مصدر۔طَيًّا۔(تہہ کرنا۔لپیٹنا)۔ السَّمَآءَ:(آسمان کو)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔ كَ:(کی طرح۔مانند)حرف تشبیہ و جار۔طَيِّ:(لپیٹنا۔لپیٹنے)اسم مجرور مضاف۔ السِّجِلِّ: (رجسٹر۔ریکارڈ)مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْكُتُبِ:(كِتَابٌ کی جمع۔کتابیں۔لکھی ہوئیں) اسم مجرور۔ كَمَا:(جیسا کہ)مرکب:(كَ+مَا)حرف تشبیہ وجار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔بَدَأْنَا:(ہم نے شروع کی)فعل ماضی جمع

متکلم۔شبہ جملہ۔محلاً منصوب۔نائب مفعول مطلق۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔بَدَاَ یَبْدَاُ۔مصدر۔بَدْءً۔ (شروع کرنا۔)
أَوَّلَ:(پہلے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ خَلْقٍ:(پیدائش)مجرور۔مضاف الیہ۔ نُّعِيدُ:(ہم دہرائیں گے۔)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَادَ یُعِیْدُ۔ مصدر۔ اِعَادَۃٌ(دہرانا۔اعادہ کرنا۔دوبارہ کرنا۔)هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَعْدًا :(وعدہ)منصوب۔مفعول مطلق فعل محذوف۔عَلَيْ: (پر۔اوپر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب :(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر + ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔كُنَّا(ہم تھے)فعل ناقص ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستترنَحْنُ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فَاعِلِيْنَ:(کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹ لیں گے جیسے خطوں کا طومار لپیٹ لیتے ہیں۔جس طرح ہم نے(کائنات کو) پہلے پیدا کیا اسی طرح دوبارہ پیدا کر دیں گے۔(یہ) وعدہ(جس کا پورا کرنا لازم) ہے۔ہم(ایسا) ضرور کرنے والے ہیں۔

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿١٠٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ كَتَبْنَا:(ہم نے لکھا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ یَكْتُبُ۔مصدر۔ كِتَابَةٌ۔ (لکھنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الزَّبُوْرِ:(زبور۔آسمانی کتاب جو حضرت داوٗد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔)اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ الذِّكْرِ: (نصیحت۔ذکر۔یاد)مجرور مضاف الیہ۔أَنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الْأَرْضَ:(زمین)أَنَّ کا اسم منصوب۔يَرِثُ:(وہ وارث بنائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔ فاعل ۔ ضمیر مستترتقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(و ر ث)مثال واوی۔صیغہ۔وَرِثَ یَرِثُ۔مصدر۔وِرْثًا۔ وِرَاثَةٌ۔ (وراثت)۔هَا :(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔عِبَادِ:(عَبْدٌ کی جمع۔بندے)۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔يَ:(میرے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ موصوف الصَّالِحُونَ:(نیک لوگ۔اچھے کام کرنے والے۔)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً صفت

مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے نصیحت (کی کتاب یعنی تورات) کے بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ میرے نیکوکار بندے ملک کے وارث ہوں گے۔

اِنَّ فِیْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِیْنَ ﴿١٠٦﴾

إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ فِي:(میں)حرف جار۔ هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقه۔بَلَاغًا:(پیغام ہے)إِنَّ کا اسم منصوب لّ: (لئے)حرف جار۔قَوْمٍ :(قوم)اسم مجرور۔موصوف۔ عَابِدِيْنَ:(عبادت کرنے والے۔بندگی کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: عبادت کرنے والے لوگوں کے لئے اس میں (اللہ کے حکموں کی) تبلیغ ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿١٠٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔ رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔رَحْمَةً:(رحمت۔مہربانی۔نوازش۔عنایت)منصوب۔ مفعول لہٗ۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْعَالَمِيْنَ : (جہانوں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور (اے محمد ﷺ) ہم نے تم کو تمام جہان کے لئے رحمت (بناکر) بھیجا ہے۔

قُلْ اِنَّمَا یُوْحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٠٨﴾

قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔کہنا)۔ اِنَّمَاَ:(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔ اَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔ مبتداء۔ مرفوع۔يُوْحَى: (وحی کیا جاتا ہے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَوْحٰى يُوْحِيْ۔ مصدر۔اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال

واوی۔ناقص یائی۔ وَحٰی یَحِیْ۔ مصدر۔وَحْیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔اِلَیَّ:(میری طرف)مرکب :(اِلَي+یَ)حرف جار۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔فتحہ بوجہ ی۔ کا ادغام۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔ اَنَّمَآ:(درحقیقت۔صرف اورصرف)کافۃ و مکفوفۃ۔ مرکب:(اَنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ اَنَا: (میں) ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبتداء۔مرفوع۔ اِلٰهُ:(معبود)مبتداء مرفوع۔مضاف۔کُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِلٰهٌ :(معبود)خبر مرفوع۔موصوف۔وَاحِدٌ:(یکتا۔اکیلا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔فَ: (پھر)حرف عطف۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔اَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔مُّسْلِمُوْنَ:(مُسْلِمٌ کی جمع۔اسلام لانے والے۔سلامتی پیدا کرنے والے۔فرمان برداری کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت۔ کہہ دو کہ مجھ پر(اللہ کی طرح سے) یہ وحی آتی ہے کہ تم سب کا معبود اللہ واحد ہے۔تو تم کو چاہیئے کہ فرمانبردار بن جاؤ۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ وَاِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٩﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔اِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تَوَلَّوْا:(تم منہ پھیر لو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ۔محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(ول ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔مصدر۔وَلْیًا۔(پھرنا)۔ فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔کہنا۔)۔ اٰذَنْتُ:(میں نے آگاہ کیا۔تنبیہ کی۔خبر دار کر دیا)فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰذَنَ یُؤْذِنُ۔مصدر۔اِیْذَانًا۔(انتباہ کرنا۔خبر دار کرنا۔متنبہ کرنا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ءذن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذِنَ یَاْذِنُ۔مصدر۔اِذْنًا۔(اجازت دینا)۔کُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ عَلَى :(پر۔اوپر)حرف جار۔سَوَاءٍ:(برابر۔یکساں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِنْ :(نہیں)نافیہ۔اَدْرِيْ:(مجھے نہیں معلوم۔میں نہیں جانتا)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(د ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔دَرٰی یَدْرِیْ۔مصدر۔

دِرَايَةٌ۔ (جاننا۔ معلوم ہونا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔قَرِيبٌ:(نزدیک۔ قریب۔) خبر مقدم۔مرفوع۔ أَمْ:(یا)حرف عطف۔ بَعِيدٌ:(دور)معطوف مرفوع۔ مَّا:(جس کا)اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداءمؤخر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔ مفعول۔ تُوعَدُونَ:(تم وعدہ دیئے جاتے ہو)فعل مضارع مجہول۔ جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاًنائب فاعل۔ مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔وَعْدَةٌ۔وَعْدًا۔ (وعدہ کرنا۔)جملہ محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اگر یہ لوگ منہ پھیریں تو کہہ دو کہ میں نے تم کو سب کو یکساں (احکام الٰہیٰ سے) آگاہ کر دیا ہے۔اور مجھ کو معلوم نہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ(عن) قریب (آنے والی) ہے یا (اس کا وقت) دور ہے۔

اِنَّهٗ يَعۡلَمُ الۡجَهۡرَ مِنَ الۡقَوۡلِ وَيَعۡلَمُ مَا تَكۡتُمُوۡنَ ﴿۱۱۰﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ الْجَهْرَ:(بلند آواز۔)منصوب۔ مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الْقَوْلِ:(قول۔بات)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔تَكْتُمُونَ:(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت م) صیغہ۔كَتَمَ يَكْتُمُ۔مصدر۔كِتْمَانًا۔(چھپانا۔پوشیدہ رکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور جو بات پکار کی جائے وہ اسے بھی جانتا ہے اور جو تم پوشیدہ کرتے ہو اس سے بھی واقف ہے۔

وَاِنۡ اَدۡرِىۡ لَعَلَّهٗ فِتۡنَةٌ لَّـكُمۡ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيۡنٍ ﴿۱۱۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنْ:(نہیں)نافیہ۔أَدْرِي:(مجھے نہیں معلوم۔میں نہیں جانتا)فعل مضارع واحد متکلم۔ ضمیر مستتر تقدیرا أنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(د ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔دَرَى يَدْرِي۔مصدر۔دِرَايَةٌ۔(جاننا۔ معلوم ہونا)۔لَعَلّ:(شاید) ترجی۔

مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ہٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلا لَعَلَّ کا اسم منصوب۔فِتْنَةٌ:(آزمائش۔)لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَتَاعٌ:(فائدہ۔نفع۔سامان زیست)معطوف مرفوع۔ إِلَىٰ:(طرف۔تک)حرف جار۔حِينٍ:(جمع اَحْيَانٌ۔ایک وقت۔مدت۔زمانہ) ظرف زمان۔اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور میں نہیں جانتا شاید وہ تمہارے لئے آزمائش ہو اور ایک مدت تک (تم اس سے) فائدہ (اٹھاتے رہو)۔

قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ رَبِّ:(اے میرے ربّ)اصلاً يَا+ رَبِّ+یْ تھا۔حرف نداء۔محذوف۔+منادیٰ منصوب۔مضاف۔+کسرہ بعوض محذوفہ ی۔اور برائے اتصال یائے متکلم۔محذوف۔اُحْكُمْ:(فیصلہ کردے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ضمیر مستتر فاعل۔تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م) صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ۔ مصدر۔حَكْمًا۔(فیصلہ کرنا۔حکم دینا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق۔سچ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رَبُّ:(ربّ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الرَّحْمٰنُ:(رحمان)خبر مرفوع۔الْمُسْتَعَانُ:(مدد طلب کیا گیا ہوا)اسم مفعول۔واحد مذکر۔عَلَىٰ:(پر۔اوپر)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تَصِفُوْنَ:(تم بیان کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٴ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ف)صیغہ۔وَصَفَ يَصِفُ۔مصدر۔وَصْفًا۔(بیان کرنا۔)

ترجمہ آیت: پیغمبر نے کہا کہ اے میرے پروردگار حق کے ساتھ فیصلہ کردے۔اور ہمارا پروردگار بڑا مہربان ہے اسی سے ان باتوں میں جو تم بیان کرتے ہو مدد مانگی جاتی ہے۔

22 سُوْرَةُ الْحَجِّ

رکوعاتھا 10 22 سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ 103 اٰیاتھا 78

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝۱

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔النَّاسُ:(لوگو!)صفت مرفوع۔بدل أَيُّ ۔یا۔لفظاً مرفوع عطف بیان۔(اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کے ساتھ أَيُّهَا آتا ہے)۔اِتَّقُوْا:(تم ڈرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رَبَّ:(ربّ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔كُمْ: (تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ زَلْزَلَةَ:(بھونچال۔زلزلہ)إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ السَّاعَةِ:(گھڑی۔قیامت۔ساعت)مجرور مضاف الیہ۔ شَيْءٌ:(کوئی شئے)خبر مرفوع۔موصوف۔عَظِيْمٌ:(بہت بڑی)مبالغہ۔محلاً صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو۔ کہ قیامت کا زلزلہ ایک حادثۂ عظیم ہو گا۔

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَ لٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝۲

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔تَرَوْنَ:(تم دیکھو گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود واؤ فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔تَذْهَلُ:(وہ بھول جائے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب

فتح۔مادہ(ذ ھ ل)صیغہ۔ذَھَلَ یَذْھَلُ۔مصدر۔ذُھُوْلًا۔(بھول جانا)۔کُلُّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔مُرْضِعَةٍ: (دودھ پلانے والی)اسم فاعل واحد مؤنث۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔عَمَّآ:(جس سے)مرکب :(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَرْضَعَتْ:(وہ دودھ پلاتی ہو گی)فعل ماضی واحد مؤنث۔غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل تانیث۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْضَعَ یُرْضِعُ۔مصدر۔اِرْضَاعٌ۔(بچہ کو چھاتی سے دودھ پلانا) وَ:(اور)حرف عطف۔تَضَعُ :(وہ رکھ دے گی۔گرادے گی۔جنم دے گی۔)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ض ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَضَعَ یَضَعُ۔مصدر۔وَضْعٌ۔(رکھنا۔بچہ جنم دینا۔گرادینا۔)۔کُلُّ:(ہر ایک۔ تمام) برائے تاکید۔ذَاتِ :(والی)از ستّہ مکبّرہ۔والی۔حَمْلٍ:(حمل۔رحم میں جو بچہ ہوتا ہے)مجرو مضاف الیہ۔ حَمْلَ:(حمل) منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هَا:(اپنا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ تَرَى:(تو دیکھے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى یَرٰى۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔سُكَارٰى:(بے چینی۔مدہوشی میں)منصوب۔حال۔وَ: (حالانکہ)حالیہ۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔لَيْسَ جیسا عمل۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔بِ:(ساتھ) حرف جار۔زائدہ۔سُكَارٰى:(بے چینی۔مدہوشی)لفظاً منصوب۔محلاًتقدیراًمفتوح۔محلاًمَا کی خبر منصوب۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لٰكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔ رافع خبر۔ عَذَابَ :(عذاب) لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔شَدِيْدٌ:(سخت)لٰكِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اے مخاطب) جس دن تو اس کو دیکھے گا(اُس دن یہ حال ہو گا کہ) تمام دودھ پلانے والی عورتیں اپنے بچوں کو بھول جائیں گی۔اور تمام حمل والیوں کے حمل گر پڑیں گے۔اور لوگ تجھ کو متوالے نظر آئیں گے مگر وہ متوالے نہیں ہوں گے بلکہ (عذاب دیکھ کر) مدہوش ہو رہے ہوں گے۔بے شک اللہ کا عذاب بڑا سخت ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ﴿۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔النَّاسِ:(لوگوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء موخر مرفوع۔۔يُجَادِلُ:(لڑائی کرتے ہیں۔ جھگڑا کرتے ہیں۔)فعل مضارع

واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَادَلَ یُجَادِلُ۔مصدر۔ مُجَادَلَۃٌ۔(جھگڑا کرنا۔بحث کرنا۔)فِي:(میں۔بارے میں) اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔غَیۡرِ :(غیر)اسم مجرور۔مضاف۔عِلۡمٍ:(علم کے)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یَتَّبِعُ :(وہ پیروی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر ۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتۡبَعُ۔ مصادر۔تَبۡعًا۔تُبُوۡعًا۔(پیروی کرنا)۔ کُلَّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔مضاف۔شَیۡطٰنٍ: (شیطان۔ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔مَّرِیۡدٍ:(راندہ ہوا ۔باغی۔سرکش)صفت مجرور۔تابع موصوف۔ مصدر۔ مُرُوۡدَۃٌ۔

ترجمہ آیت: اور بعض لوگ ایسے ہیں جو اللہ (کی شان) میں علم (ودانش) کے بغیر جھگڑتے اور ہر شیطان سرکش کی پیروی کرتے ہیں۔

كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَن تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ﴿٤﴾

كُتِبَ:(لکھ دیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔کَتَبَ یَکۡتُبُ۔ مصدر۔کِتَابَۃٌ۔(لکھنا)۔عَلَیۡ:(پر۔اوپر)حرف جار۔ہِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب ۔مبنی بر کسرہ ۔محلاً اسم مجرور۔ أَنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ہٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاَنَّ کا اسم منصوب۔ مَنۡ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔جازم فعل شرط۔مبتداء مرفوع۔تَوَلَّا:(وہ دوستی کرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔ ھُوَ ۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔ تَوَلِّیۡ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(ول ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیۡ۔ مصدر۔وَلۡیًا۔(پھرنا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔ أَنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ہٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً۔أَنَّ کا اسم منصوب۔یُضِلُّ:(گمراہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ یُضِلُّ۔ مصدر۔اِضۡلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ یَضِلُّ۔ مصدر۔ ضَلٌّ۔ ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔ ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔ محلاً منصوب ۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر ثانی۔ مرفوع۔اور جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔وَ:(اور)حرف عطف۔۔

يَهْدِي(وہ ہدایت دیتا ہے۔وہ راہنمائی کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی یَھْدِیْ۔ تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ ہِ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔إِلَى :(طرف)حرف جار۔عَذَابِ: (عذاب)اسم مجرور۔مضاف۔ السَّعِيْرِ:(شعلہ مارتی ہوئی آگ۔بھڑکتی آگ۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جس کے بارے میں لکھ دیا گیا ہے کہ جو اسے دوست رکھے گا تو اس کو گمراہ کردے گا اور دوزخ کے عذاب کا رستہ دکھائے گا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاۗءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْــــًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝۵

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔النَّاسُ:(لوگو!)صفت مرفوع۔بدل أَيُّ ۔یا۔لفظاً مرفوع عطف بیان۔(اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کے ساتھ أَيُّهَا آتا ہے)۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔رافع۔اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ ضمیر تُمْ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔رَيْبٍ:(شک)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔ الْبَعْثِ:(دوبارہ زندہ ہونے)اسم مجرور۔فَ: (تو)رابطہ برائے جواب شرط۔۔إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب :(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔خَلَقْنَا :(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ تُرَابٍ:(مٹی)اسم مجرور۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔نُّطْفَةٍ:(نطفہ۔قطرہ منی)اسم مجرور۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ مِنْ

:(سے)حرف جار۔عَلَقَةٍ:(جونک نما شکل۔جرثومہ حیات۔جو مرد(نر) کے اندر موجود ہوتا ہے۔)اسم مجرور۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔مُّضْغَةٍ:(لو تھڑے۔بوٹی)اسم مجرور۔موصوف۔مُّخَلَّقَةٍ:(پیدا کردہ)اسم مفعول۔محلاًصفت مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔غَيْرِ:(بلا۔بغیر)معطوف مجرور۔ مجرور۔مضاف۔ مُخَلَّقَةٍ:(پیدا کردہ)مجرور مضاف الیہ۔ لِّ:(تا کہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔نُبَيِّنَ:(ہم بیان کریں۔واضح کریں۔کھلم کھلا)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔تَبْيِينٌ۔(کھول کھول بیان کرنا۔وضاحت کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور) استئنافیہ۔نُقِرُّ:(ہم ٹھہراتے ہیں۔)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیرا نحن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقَرَّ يُقِرُّ۔مصدر۔اِقْرَارًا۔(ٹھہرانا۔قائم رکھنا۔برقرار رکھنا) فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْحَامِ:(بچہ دانیوں۔رحموں۔عورت کے جسم کا وہ حصہ۔جس میں بچہ پیدا ہونے تک پرورش پاتا ہے)اسم مجرورمَا:(جسے)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔نَشَاءُ:(ہم چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیرا نحن۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ إِلَىٰ:(تک)حرف جار۔أَجَلٍ:(وقت۔مدت)اسم مجرور۔موصوف۔مُّسَمًّى:(نام دیا ہوا۔مقررہ۔مقرر کیا ہوا)صفت مجرور۔ تقدیراًمکسور۔مصدر۔(تَسْمِيَةٌ)۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔نُخْرِجُ:(ہم نکالتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیرا نحن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرُجًا۔(نکلنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصب۔مفعول بہ طِفْلًا:(طفل۔بچہ)بدل۔یا۔منصوب حال۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لِ:(تا کہ۔)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَبْلُغُوا:(تم پہنچو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًفاعل۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ)صیغہ۔ بَلَغَ يَبْلُغُ۔مصدر۔بُلُوْغًا۔(پہنچنا)۔ أَشُدَّ:(مضبوط۔سمجھدار۔قوت۔ عقل و تمیز۔جوانی۔عنفوان شباب کو)افعل التفضیل۔منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ:(اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم مرفوع۔

مَّنۡ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ يُتَوَفّٰى:(پوری کرتا ہے۔فوت کیاجاتا ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ضمیر نائب فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔صیغہ۔تَوَفِّیٌّ۔ (ماردینا۔ فوت کر دینا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔كُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مَّنۡ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ يُرَدُّ:(وہ لوٹایا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ ضمیر نائب فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ۔رَدَّ يَرُدُّ۔ مصدر۔رَدٌّ۔مَرۡدُوۡدًا۔ (لوٹانا۔واپس کرنا)۔اِلٰى:(طرف)حرف جار۔اَرۡذَلِ:(زیادہ بے بس۔ناکارہ۔نکما۔ رذالت۔کام کانہ کاج کا دشمن اناج کا)افعل التفضیل۔اسم مجرور۔مضاف۔ الۡعُمُرِ:(عمر)مجرور۔مضاف الیہ۔ لِ:(تاکہ)حرف جار۔نیز۔لائے تعلیل۔ اس لام کو لائے کئی بھی کہا جاتا ہے یہ اکیلا بھی آتا ہے اور كَيۡ کے ساتھ بھی(تاکہ۔) ناصب مضارع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَعۡلَمَ:(وہ جان لے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت۔ محل اعراب مفتوح۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعۡلَمُ۔مصدر۔ عِلۡمًا۔(جاننا)۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔ بَعۡدِ :(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔عِلۡمٍ :(علم۔سائنس)مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب ۔حال۔ شَيۡـًٔا:(کوئی چیز۔کچھ بھی)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَرَى:(تو دیکھتا ہے۔دیکھے گا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین ۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔رُؤۡيَةٌ۔ (دیکھنا)۔ الۡاَرۡضَ: (زمین)منصوب۔ مفعول بہ۔موصوف۔ هَامِدَةً :(خشک۔ناقابل کاشت) منصوب۔حال۔فَ:(پھر) حرف عطف۔ اِذَاۤ:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مصوب۔ بمعنی مستقبل۔اَنۡزَلۡنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً نَحۡنُ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنۡزَلَ يُنۡزِلُ۔مصدر۔اِنۡزَالًا۔(اتارنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنۡزِلُ۔مصدر۔نُزُوۡلٌ۔(اترنا)۔عَلَيۡ:(پر۔اوپر)هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔الۡمَآءَ:(پانی)منصوب۔ مفعول بہ۔اهۡتَزَّتۡ:(وہ ہلاتی ہے۔لہلہاتی ہے۔تروتازہ ہوتی ہے۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن۔علامت تانیث۔ مبنی بر فتحہ محذوف۔ ضمیر فاعل۔جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهۡتَزَّ يَهۡتَزُّ۔مصدر۔اِهۡتِزَازٌ۔(جھومنا۔لہلہانا۔بل کھانا۔ہلنا)وَ:(اور)حرف عطف۔رَبَتۡ:(وہ

پلی بڑھی۔ابھری) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔علامت تانیث۔ مبنی بر فتحہ مخذوف۔ ضمیر فاعل۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ب و) ناقص واوی۔صیغہ۔رَبَا یَرْبُو۔مصدر۔رَبَاءٌ۔رُبُوًّا۔(بڑھنا۔ابھرنا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔أَنۡبَتَتۡ:(اس نے اُگائی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت تانیث۔ مبنی بر فتحہ مخذوف۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنۡبَتَ یُنۡبِتُ۔مصدر۔اِنۡبَاتٌ۔(اگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ب ت)صیغہ۔نَبَتَ یَنۡبُتُ۔مصدر۔ نَبۡتًا۔نَبَاتًا۔(اُگنا)۔ مِنۡ: (سے) حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام) برائے تاکید۔اسم مجرور۔ مضاف۔زَوۡجٍ:(جوڑا) مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔بَهِيجٍ: (خوشنما۔خوبصورت۔بارونق) صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: لوگو! اگر تم کو مرنے کے بعد جی اُٹھنے میں کچھ شک ہو تو ہم نے تم کو (پہلی بار بھی تو) پیدا کیا تھا (یعنی ابتدا میں) مٹی سے پھر اس سے نطفہ بنا کر۔ پھر اس سے خون کالو تھڑا بنا کر۔ پھر اس سے بوٹی بنا کر جس کی بناوٹ کامل بھی ہوتی ہے اور ناقص بھی تاکہ تم پر (اپنی خالقیت) ظاہر کر دیں۔ اور ہم جس کو چاہتے ہیں ایک میعاد مقرر تک پیٹ میں ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر تم کو بچہ بنا کر نکالتے ہیں۔ پھر تم جوانی کو پہنچتے ہو۔ اور بعض (قبل از پیری مر جاتے ہیں اور بعض شیخ فالی ہو جاتے اور بڑھاپے کی) نہایت خراب عمر کی طرف لوٹائے جاتے ہیں کہ بہت کچھ جاننے کے بعد بالکل بے علم ہو جاتے ہیں۔ اور (اے دیکھنے والے) تو دیکھتا ہے (کہ ایک وقت میں) زمین خشک (پڑی ہوتی ہے) پھر جب ہم اس پر مینہ برساتے ہیں تو شاداب ہو جاتی اور ابھرنے لگتی ہے اور طرح طرح کی بارونق چیزیں اُگاتی ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡحَقُّ وَاَنَّهٗ یُحۡیِ الۡمَوۡتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۶﴾

ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔بِ:(ساتھ) حرف جار۔أَنَّ:(بے شک)۔حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔هُوَ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الۡحَقُّ:(حق سچ۔) خبر مرفوع۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔وَ:(اور) حرف عطف۔أَنَّ:(بے شک)۔حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔یُحۡیِي:(وہ زندہ کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحۡیٰ یُحۡیِيۡ۔مصدر۔ اِحۡیَاءٌ۔ (زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی)

مضاعف۔ لفیف مقرون۔اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰي۔ مصدر۔حَيَاةٌ(زندہ رہنا)۔ الْمَوْتٰى: (الْمَيِّتُ کی جمع۔مردوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَنَّ: (بے شک)۔حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ عَلٰى: (پر۔اوپر)حرف جار۔كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)حرف تاکید۔ اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(چیز۔شیئ)مجرور مضاف الیہ۔قَدِيرٌ:(ٹھیک ٹھیک اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ان قدرتوں سے ظاہر ہے کہ اللہ ہی (قادر مطلق ہے جو) برحق ہے اور یہ کہ وہ مردوں کو زندہ کر دیتا ہے۔اور یہ کہ وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنَّ:(بے شک)۔حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ السَّاعَةَ :(گھڑی۔ساعت۔قیامت) أَنَّ کا اسم منصوب۔آتِيَةٌ:(آنا)فاعل۔واحد مؤنث۔مرفوع۔محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ لَّا:(نہیں)لائے نفی جنس۔رافع خبر۔ناصب اسم۔ رَيْبَ:(کوئی شک)لائے نفی جس کا اسم۔منصوب۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(بےشک)۔حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ يَبْعَثُ:(وہ زندہ اٹھا تا ہے ۔اٹھائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔محل اعراب مضموم۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ فاعل۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)۔صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(اٹھانا۔کھڑا کرنا۔بھیجنا)۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فِي :(میں) حرف جار۔الْقُبُورِ:(الْقَبْرُ کی جمع۔قبروں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے۔اس میں کچھ شک نہیں۔اور یہ کہ اللہ سب لوگوں کو جو قبروں میں ہیں جلا اٹھائے گا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔النَّاسِ:(لوگ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔۔يُجَادِلُ:(جھگڑتے ہیں۔بحث کرتے ہیں)فعل

مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھو۔ فاعل۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ جَادَلَ یُجَادِلُ۔ مصدر۔ مُجَادَلَةٌ۔ (جھگڑا کرنا۔ بحث کرنا)۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ بِغَيْرِ: (بغیر) مرکب: (بِ+غَيْرِ) حرف جار۔ +اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔ عِلْمٍ: (علم۔ سائنس) مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہ) نافیہ۔ هُدًى: (کسی ہدایت کے) منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہ ہی) كِتَابٍ: (کتاب) معطوف مجرور۔ موصوف۔ مُّنِيْرٍ: (روشن) صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ (کی شان) میں بغیر علم (ودانش) کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر کتاب روشن کے جھگڑتا ہے۔

ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۹﴾

ثَانِيَ: (موڑنے والا) اسم فاعل۔ منصوب۔ حال ثانی۔ مصدر۔ ثَنْیٌ مضاف۔ عِطْفِ: (پہلو۔ جسم کا لچک دار حصہ۔ جس کو آسانی سے موڑا جا سکے) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هٖ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ: (تاکہ) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ يُضِلَّ: (وہ گمراہ کرے۔ راستہ بھٹکائے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھو۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔ مصدر۔ اِضْلَالٌ۔ (راستہ بھول جانا۔ غلط راستے پر چلنا۔ گمراہ ہونا) ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔ مصدر۔ ضَلٌّ۔ (گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔ عَنْ: (سے) حرف جار۔ سَبِيْلِ: (راہ) اسم مجرور۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ الدُّنْيَا: (دنیا) غیر منصرف۔ محلاً اسم مجرور۔ خِزْيٌ: (رسوائی۔ ذلت) مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ نُذِيْقُ: (ہم چکھائیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَذَاقَ يُذِيْقُ۔ مصدر۔ اِذَاقَةٌ۔ (مزہ چکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ذوق) اجوف واوی۔ صیغہ۔ ذَاقَ يَذُوْقُ۔ مصدر۔ ذَوْقًا۔ (چکھنا)۔ هٗ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ يَوْمَ: (دن) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ الْقِيَامَةِ: (قیامت) مجرور مضاف الیہ۔ عَذَابَ: (عذاب سزاء) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ مضاف۔

الْحَرِيْقِ:(جلانے والا) مجرور۔ مضاف الیہ۔

(اور تکبر سے) گردن موڑلیتا (ہے) تاکہ (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے گمراہ کردے۔ اس کے لئے دنیا میں ذلت ہے۔ اور قیامت کے دن ہم اسے عذاب (آتش) سوزاں کا مزہ چکھائیں گے

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿١٠﴾

ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ قَدَّمَتْ:(آگے بھیجا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔ علامت ضمیر تانیث۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔ مصدر۔ تَقْدِيْمًا۔(آگے بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ سمع۔ مادہ (ق د م) صیغہ۔ قَدِمَ يَقْدَمُ۔ مصدر۔ قُدُوْمًا۔ مَقْدَمًا۔ (آنا۔ واپس ہونا۔ کہیں سے واپس ہونا۔ آگے بڑھنا۔ متوجہ ہونا۔ آنا جانا)۔ يَدَا:(دونوں ہاتھوں نے) اصلاً يَدَانِ تھا۔ فاعل۔ مرفوع۔ الف تثنیہ۔ نون اعرابی محذوف بوجہ مضاف۔ كَ:(تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَنَّ:(بے شک) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ لَيْسَ :(نہیں) فعل ناقص ماضی۔ جامد۔ مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ زائدہ۔ برائے تاکید نفی۔ (ہرگز)۔ ظَلَّامٍ:(بہت ظلم کرنے والا) مبالغہ۔ لفظاً مجرور۔ محلاً لَيْسَ کی خبر منصوب۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ لِّ:(لئے) حرف جار۔ الْعَبِيْدِ:(الْعَبْدُ کی جمع۔ بندے) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (اے سرکش) یہ اس (کفر) کی سزا ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ اطْمَاَنَّ بِهٖ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿١١﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ مِنَ :(سے) حرف جار۔ فتحہ برائے اتصال مابعد۔ النَّاسِ:(لوگ) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مَنْ:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر۔ يَعْبُدُ:(وہ عبادت کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع ب د) صیغہ۔ عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔ بندگی کرنا۔ غلامی

کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ کی)منصوب۔مفعول بہ۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ حَرْفٍ:(کنارہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ فَ:(تو)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔أَصَابَ:(وہ پہنچے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِیْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(تکلیف پہنچنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔خَيْرٌ:(کوئی بہتری۔اچھائی)فاعل مرفوع۔اطْمَأَنَّ:(وہ مطمئن ہوجاتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم جواب فعل شرط۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔رباعی مزید فیہ۔باب افعلال۔مادہ(ط م ء ن)مہموز اللام۔صیغہ۔اِطْمَاَنَّ یَطْمَئِنَّ۔مصدر۔اطمینان۔(مطمئن ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔أَصَابَتْ:(وہ پہنچے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِیْبُ۔مصدر۔ اِصَابَةٌ۔(پہنچنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فِتْنَةٌ:(آزمائش۔)فاعل مرفوع۔ اِنقَلَبَ:(وہ پلٹ گیا۔حرف شرط کی وجہ سے ترجمہ ہے وہ پلٹ جاتا ہے۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْقَلَبَ یَنْقَلِبُ۔مصدر۔اِنْقِلَابٌ۔(الٹنا پلٹنا)۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔وَجْهِ: (منہ۔چہرہ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَسِرَ:(اس نے گھاٹا کھایا۔نقصان اٹھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ س ر)صیغہ۔خَسِرَ یَخْسَرُ۔مصدر۔خسرانٌ۔ خَسَارَةٌ۔خُسْرًا۔(گھاٹا کھانا۔ نقصان اٹھانا)۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْآخِرَةَ: (آخرت۔ قیامت)معطوف منصوب۔ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔الْخُسْرَانُ:(خسارہ۔گھاٹا)خبر مرفوع۔موصوف۔الْمُبِينُ:(کھلم کھلم،واضح بیان کردہ۔)اسم فاعل۔واحد مذکر۔صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اورلوگوں میں بعض ایسا بھی ہے جو کنارے پر (کھڑا ہو کر) اللہ کی عبادت کرتا ہے۔اگر اس کو کوئی (دنیاوی) فائدہ پہنچے تو اس کے سبب مطمئن ہو جائے اور اگر کوئی آفت پڑے تو منہ کے بل لوٹ جائے(یعنی پھر کافر ہو جائے) اس نے دنیا میں بھی نقصان اٹھایا اور آخرت میں بھی۔یہی تو نقصان صریح ہے۔

يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿١٢﴾

يَدْعُو:(وہ پکارتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔يَضُرُّ:(نقصان دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ض ر ر)مضاعف۔صیغہ۔ضَرَّ يَضُرُّ۔مصدر۔ ضَرًّا۔ضُرًّا۔(نقصان پہنچانا)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يَنْفَعُ:(وہ نفع دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ف ع)صیغہ۔نَفَعَ يَنْفَعُ۔مصدر۔نَفْعًا۔(فائدہ دینا۔ نفع دینا)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ)مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔هُوَ :(وہ ہی)ضمیر منفصل واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔زور دینے کے لئے۔الضَّلٰلُ:(گمراہی۔راستہ بھٹکنا)خبر مرفوع۔موصوف۔الْبَعِيْدُ:(دور کی۔بہت بڑی)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: یہ اللہ کے سوا ایسی چیز کو پکارتا ہے جو نہ اسے نقصان پہنچائے اور نہ فائدہ دے سکے۔یہی تو پرلے درجے کی گمراہی ہے۔

يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿١٣﴾

يَدْعُو:(وہ پکارتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضَرُّ:(نقصان)مبتداء مرفوع۔۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ أَقْرَبُ: (بہت ہی قریب)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ نَّفْعِ:(نفع)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔لَ:(ضرور۔البتہ۔)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔بِئْسَ:(وہ برا)فعل ماضی ذم۔ جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔الْمَوْلٰى:(کارساز۔حمائتی۔دوست۔)اسم مفرد۔فاعل۔ مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔ضمیر

محذوف۔تقدیراًھُوَ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(ضرور۔بلاشبہ۔)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم ۔بِئْسَ:(وہ برا ہے)فعل ماضی ذم۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔الْعَشِيرُ:(میل جول رکھنے والا۔شوشل ایبل۔دوست ساتھی۔رفیق ۔) فاعل۔مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔ ضمیر محذوف تقدیراًھُوَ۔

ترجمہ آیت:(بلکہ) ایسے شخص کو پکارتا ہے جس کانقصان فائدہ سے زیادہ قریب ہے۔ایسادوست برا بھی اور ایسا ہم صحبت بھی برا۔

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيدُ ﴿١٤﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللہَ:(اللہ جل جلالہٗ)إِنَّ کا اسم منصوب۔يُدْخِلُ:(وہ داخل کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَدْخَلَ يُدْخِلُ۔ مصدر۔ اِدْخَالٌ۔(داخل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ اٰمَنُوْا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عَمِلُوا:(انہوں نے کام کئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل) صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمْلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ :(نیک۔صالح۔اچھے)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ جَنَّاتٍ:(باغات) مفعول ثانی۔تقدیراً منصوب۔ تَجْرِيْ:(بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر هِيَ۔تقدیرا مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی يَجْرِیْ۔مصدر۔ جِرْيَانٌ۔ (بہنا۔جاری ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے) ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هَا :(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْاَنْهَارُ: (نہریں)فاعل مرفوع۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللہَ :(اللہ جل جلالہٗ)إِنَّ کا اسم منصوب۔يَفْعَلُ:(وہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ فاعل۔ضمیر مستترھُوَ۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلًا۔(کرنا ہونا۔سہنا)۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب ۔مفعول بہٖ۔يُرِيدُ:(وہ چاہتا ہے۔چاہے گا)فعل مضارع واحد

مذکر غائب۔ مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ۔ (ارادہ کرنا۔ چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آناجانا)۔

ترجمہ آیت: جولوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے اللہ ان کو بہشتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں چل رہیں ہیں۔کچھ شک نہیں کہ اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿١٥﴾

مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَانَ :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَظُنُّ:(وہ گمان کرتا تھا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔خیال کرنا۔وہم ہونا۔شک ہونا)۔ أَنْ:(بے شک) أَنَّ کا مخفف۔لَّنْ:(ہر گز نہیں)حرف ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل نفی۔يَنْصُرَ:(وہ مدد کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْآخِرَةِ:(قیامت۔آخرت) معطوف مجرور۔ فَ: (پھر) برائے رابطہ۔لْ:(چاہیئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔يَمْدُدْ:(وہ دراز کرے ۔لمبا کرے۔ کھینچ لے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م د د)مضاعف۔صیغہ۔مَدَّ يَمُدُّ۔ مصدر۔مَدًّا۔(مدد کرنا۔دراز کرنا)بِ:(ساتھ)حرف جار۔سَبَبٍ:(ایک رسی۔ہر وہ رسی جو اوپر سے ڈالی جائے۔ جیسے کنویں میں ڈول لٹکانے کے لئے)اسم مجرور۔إِلَى:(طرف۔سے)حرف جار۔السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔لِ:(چاہیئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔يَقْطَعْ:(وہ کاٹ دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ضمیر مستتر هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع)صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔ مصدر۔قَطْعًا۔(کاٹنا)۔فَ:(پھر)حرف عطف۔

لْ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔يَنْظُرْ :(وہ دیکھے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستترهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظَرًا۔(دیکھنا)۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ يُذْهِبَنَّ:(وہ واقعی لے جاتی ہے)فعل مضارع مجہول۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ فاعل ۔ضمیر مستتر هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذْهَبَ يُذْهِبُ۔مصدر اِذْهَابٌ۔(لے جانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔مصدر۔ ذَهَابًا۔(جانا)۔ كَيْدُ:(دھوکا۔فریب۔مکاری۔سازشی منصوب۔)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔يَغِيظُ:(وہ غصہ دلاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ی ظ)اجوف یائی۔صیغہ۔غَاظَ يَغِيظُ۔ مصدر۔ غَيْظًا۔(غصہ دلانا)

ترجمہ آیت: جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ اللہ اس کو دنیا اور آخرت میں مدد نہیں دے گا تو اس کو چاہیئے کہ اوپر کی طرف (یعنی اپنے گھر کی چھت میں) ایک رسی باندھے پھر (اس سے اپنا) گلا گھونٹ لے۔پھر دیکھے کہ آیا یہ تدبیر اس کے غصے کو دور کر دیتی ہے

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿١٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَذَٰلِكَ :(اس طرح)مرکب: (كَ+ذٰ+لِ+كِ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد+خطابیہ۔ أَنْزَلْنَا :(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔ اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔آيَاتٍ:(آیات۔نشانیاں)لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔حال۔ موصوف۔بَيِّنَاتٍ :(کھلم کھلا۔واضح۔)صفت لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔تابع موصوف۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ يَهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔ فاعل۔ضمیر مستترهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔يُرِيدُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔

اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود) صیغہ۔رَادَ یَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آناجانا)۔

ترجمہ آیت: اوراسی طرح ہم نے اس قرآن کو اُتارا ہے(جس کی تمام) باتیں کھلی ہوئی (ہیں) اور یہ (یادرکھو) کہ اللہ جس کو چاہتا ہے ہدایات دیتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـِٕيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿17﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔ اٰمَنُوْا :(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ هَادُوْا:(وہ یہودی ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ھ و د)اجوف واوی۔صیغہ۔هَادَ یَهُوْدُ۔مصدر۔هُوْدًا۔(یہودی ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الصَّابِئِيْنَ:(صابئی۔ستارہ پرست)معطوف منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّصَارٰی:(نصاریٰ۔عیسائی) معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَجُوْسَ:(مجوسی)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ اَشْرَكُوْا:(شریک بنائے۔شریک ٹھہرائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًمرفوع هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔مصدر۔اِشْرَاكٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔ شَرِكَ يَشْرَكُ۔ مصدر۔شِرْكًا۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہ)اِنَّ کا اسم منصوب۔يَفْصِلُ:(فیصلہ کرتا ہے۔الگ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مصدر۔مادہ(ف ص ل)صیغہ۔فَصَلَ يَفْصِلُ۔مصدر۔ فَصْلًا۔(فیصلہ کرنا۔الگ کرنا)۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔الْقِيَامَةِ:(قیامت) مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔عَلَى:(پر۔اوپر)حرف جار۔ كُلِّ: (ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(کوئی شئے۔سب کچھ)مجرور مضاف الیہ۔ شَهِيدٌ:(گواہ۔ نگران۔شاہد)اسم فاعل واحد مذکر۔محلاً جملہ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو لوگ مومن (یعنی مسلمان) ہیں اور جو یہودی ہیں اور ستارہ پرست اور عیسائی اور مجوسی اور مشرک۔اللہ ان(سب) میں قیامت کے دن فیصلہ کردے گا۔بے شک اللہ ہر چیز سے باخبر ہے۔

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَكَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ ۖ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۗ وَمَنْ يُهِنِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ مُكْرِمٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ۩ ﴿١٨﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ تَرَ:(تونے دیکھا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً أَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَأَى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔يَسْجُدُ:(وہ سجدہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔ مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا۔ تعظیم کرنا)۔لَ:(لئے) حرف جار۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔مَنْ :(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔فاعل۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو کچھ) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّمْسُ:(آسمان)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْقَمَرُ:(چاند)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)النُّجُومُ:(ستارے)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْجِبَالُ:(پہاڑ)معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الشَّجَرُ :(درخت)معطوف۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الدَّوَابُّ:(جانور۔مویشی ۔چوپائے) وَ:(اور)حرف عطف۔ كَثِيرٌ:(بہت زیادہ)مبالغہ۔معطوف مرفوع۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ النَّاسِ:(لوگ)اسم مجرور۔

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَثِيرٌ:(بہت زیادہ)مبالغہ۔معطوف مرفوع۔حَقَّ:(وہ حق۔سچ ہے)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ق ق)مضاعف۔صیغہ۔حَقَّ يَحِقُّ۔مصدر۔ حَقًّا۔ (حق ہونا۔سچ ہونا)۔عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ الْعَذَابُ:(عذاب۔سزاء) فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداءمرفوع۔يُهِنِ: (وہ کمزور کرتا ہے۔اہانت کرتا ہے۔ذلیل کرے۔رسوا کرے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً ھُوَ۔اصلاًيُهِيْنُ تھا۔فعل شرط بوجہ التقائے سا کنین۔حرف علت ی۔ محذوف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهَانَ يُهِنُ۔مصدر۔اِهَانَةٌ۔(ذلیل کرنا۔رسوا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ و ن)مثال واوی۔ صیغہ۔هَانَ يَهِنُ۔مصدر۔هَوْنًا۔(کمزور کرنا) ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمرفوع خبر مقدم۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ مُّكْرِمٍ:(عزت کرنے والا)لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔جملہ محلاًمجزوم جواب شرط۔إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ)إِنَّ کا اسم منصوب۔يَفْعَلُ:(وہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔ فِعْلًا۔(کرنا۔ہونا سہنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔ يَشَاءُ :(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔

ترجمہ آیت: کیاتم نے نہیں دیکھا کہ جو(مخلوق) آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور سورج اور چاند ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چارپائے اور بہت سے انسان اللہ کو سجدہ کرتے ہیں۔اور بہت سے ایسے ہیں جن پر عذاب ثابت ہو چکا ہے۔اور جس شخص کو اللہ ذلیل کرے اس کو عزت دینے والا نہیں۔بے شک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ ۫ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِیَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِیْمُ ﴿۱۹﴾

هَذَانِ:(یہ دونوں)اسم اشارہ قریب۔تثنیہ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔الف۔تثنیہ۔مبتداءمرفوع۔ خَصْمَانِ:

(دونوں جھگڑا کرنے والے)اسم فاعل۔تثنیہ۔محلاً خبر مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔الف۔تثنیہ۔ اخْتَصَمُوْا:(انہوں نے جھگڑا کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً مرفوع صفت۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَصَمُ يَخْتَصِمُ ۔مصدر۔اِخْتِصَامٌ۔(جھگڑا کرنا)۔ فِيْ:(میں۔بارے میں)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔ الَّذِيْنَ:(جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء۔ كَفَرُوا :(انہوں نے انکار کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ قُطِّعَتْ:(الگ الگ کر دئے گئے۔کاٹ دئے گئے)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث۔ نائب فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هِيَ:(انہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيْلٌ۔صیغہ۔قَطَّعَ يُقَطِّعُ۔مصدر۔ تَقْطِيْعٌ۔(الگ ہونا۔کٹ جانا۔متفرق ہونا۔بکھر جانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع)صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعًا۔(کاٹنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ ثِيَابٌ:(ثَوْبٌ کی جمع۔کپڑے۔پوشاکیں)نائب فاعل مرفوع۔جملہ محلاً الَّذِيْنَ مبتداء کی خبر۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔نَّارٍ:(آگ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت مرفوع۔يُصَبُّ:(ڈال دیا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص ب ب) صیغہ۔صَبَّ يَصُبُّ۔مصدر۔ صَبًّا۔(ڈالنا۔انڈیلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَوْقِ: (اوپر) ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مضاف۔ رُءُوْسِ:(رَاْسٌ کی جمع۔ سروں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ الْحَمِيْمُ: (سخت گرم۔کھولتا ہوا پانی)نائب فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ دو(فریق) ایک دوسرے کے دشمن اپنے پروردگار(کے بارے) میں جھگڑتے ہیں۔توکافر ہیں ان کے لئے آگ کے کپڑے قطع کئے جائیں گے(اور) ان کے سروں پر جلتا ہوا پانی ڈالا جائے گا۔

يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿٢٠﴾

يُصْهَرُ:(گلادی جائیں گی۔پگھلادی جائیں گی)فعل مضارع مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً

هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ص ھ ر)صیغہ۔صَهَرَ يَصْهِرُ۔مصدر۔صَهْرٌ۔(پگھلانا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ: (اس کے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل مرفوع۔ فِي: (میں)حرف جار۔بُطُونِ:(بَطْنٌ کی جمع۔پیٹوں۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْجُلُودُ:(جِلْدٌ کی جمع۔جلدوں)معطوف مرفوع۔نائب فاعل۔

ترجمہ آیت: اس سے ان کے پیٹ کے اندر کی چیزیں اور کھالیں گل جائیں گی۔

وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔مَّقَامِعُ:(مِقْمَعٌ کی جمع۔گرزیں۔جو پہلوانوں کے ہاتھوں میں ہوتی ہیں ان جیسے ہتھوڑے)اسم آلہ۔مرفوع۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔حَدِيْدٍ:(لوہے کی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت۔

اور ان (کے مارنے ٹھوکنے) کے لئے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے

كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾

كُلَّمَا:(جب کبھی)ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔أَرَادُوا:(انہوں نے ارادہ کیا۔چاہا)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود) صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَخْرُجُوا:(وہ نکلیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُمْ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ غَمٍّ:(غم۔دکھ۔رنج)اسم مجرور۔ أُعِيدُوا:(وہ دوبارہ آئیں گے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَادَ يُعِيْدُ۔مصدر۔اِعَادَةٌ۔(دوبارہ کرنا۔لوٹانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔صیغہ۔عَادَ يَعُوْدُ۔مصدر۔ عَوْدًا۔مَعَادٌ۔(لوٹنا۔دہرانا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔

وَ:(اور)حرف عطف۔ذُوْقُوْا:(تم چکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔محلاًنون اعرابی محذوف واؤ جمع۔الف فارقہ۔صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ یَذُوْقُ ۔مصدر۔ ذَوْقًا۔ (چکھنا)۔ عَذَابَ :(عذاب کا۔سزاء)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔الْحَرِيْقِ:(جلنے کا)اسم فاعل۔محلاًمجرو مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جب وہ چاہیں گے کہ اس رنج(وتکلیف)کی وجہ سے دوزخ سے نکل جائیں تو پھر اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے۔اور(کہا جائے گا کہ) جلنے کے عذاب کا مزہ چکھتے رہو۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّ لُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)إِنَّ کا اسم منصوب۔يُدْخِلُ:(وہ داخل کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَدْخَلَ يُدْخِلُ مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کرلینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔ دُخُوْلًا۔ (داخل ہونا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ اٰمَنُوْا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاًمرفوع فاعل۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوْا:(انہوں نے کام کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع فاعل۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل) صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ :(نیک۔صالح۔اچھے)لفظاًمجرور۔محلاً منصوب مفعول بہ۔جَنّٰتٍ:(باغات)مفعول ثانی۔ تقدیراًمنصوب۔تَجْرِيْ:(بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر هِيَ۔تقدیرا مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی يَجْرِیْ۔مصدر۔ جِرْيَانٌ۔ (بہنا۔جاری ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے) ظرف مکان۔محلاًاسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ الْاَنْهٰرُ:(نہریں۔)فاعل مرفوع۔ يُحَلَّوْنَ:(ان کو زیور پہنائے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔

مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔حَلّٰی یُحَلِّیْ۔مصدر۔ تَحْلِیَةٌ۔(زیور پہنانا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَسَاوِرَ:(کڑے۔ کنگن۔ گوکھڑو۔پونچیاں۔)اسم مجرور بالفتحہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔برائے مفعول۔ يُحَلَّوْنَ ۔ تقدیراً۔حِلْيًا۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ذَهَبٍ:(سونا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجرور صفت۔وَ:(اور)حرف عطف۔لُؤْلُؤًا: (لَاٰلِیْ۔کاواحد۔ سُچاموتی)وَ:(اور)استئنافیہ۔لِبَاسُ:(لباس)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔حَرِيْرٌ:(ریشم۔جوایک کیڑا بناتا ہے)۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جولوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے اللہ ان کو بہشتوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ وہاں ان کو سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور موتی۔اور وہاں ان کا لباس ریشمی ہو گا۔

وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿٢٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔هُدُوْا :(ہدایت دی گئی)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔نائب فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ إِلَى :(طرف)حرف جار۔الطَّيِّبِ:(عمدہ)اسم مجرور۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الْقَوْلِ:(بات)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمنصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هُدُوا:(ہدایت دی گئی)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔نائب فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔ هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ إِلَى :(طرف)حرف جار۔صِرَاطِ :(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ الْحَمِيْدِ:(تعریف کیا ہوا۔اللہ جل جلالہٗ کا صفاتی نام)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور ان کو پاکیزہ کلام کی ہدایت کی گئی اور (اللہ) حمید کی راہ بتائی گئی۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَاۗءَۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ۭ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢٥﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔الَّذِينَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔كَفَرُوا:()انہوں نے انکار کیا۔اللہ کے احکام سے بغاوت کی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)وَ:(اور)حرف عطف۔يَصُدُّونَ:(وہ روکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصُدُّ۔مصدر۔ صَدًّا۔صُدُوْدًا۔(روکنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔سَبِيلِ:(راہ) اسم مجرور۔مضاف۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَسْجِدِ:(مسجد)معطوف مجرور۔مضاف۔ الْحَرَامِ :(حرام۔)صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔الَّذِي:(جسے)اسم موصول۔واحد مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔جَعَلْنَا :(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحدمذکرغائب۔مبنی برضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔سَوَاءً:(یکساں۔برابر)مصدر۔موضع حال۔ الْعَاكِفُ: بیٹھنے والے۔مجاور۔رہنے والے۔صاف ستھرا رکھنے والے۔ سنوارنے والے۔)فاعل۔مرفوع۔فِي: (میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْبَادِ:(بادیہ نشین۔بدّو۔دیہاتی)معطوف مرفوع۔تقدیراً مضموم۔محذوف۔از آخر۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم شرط۔جازم فعل شرط۔ يُرِدْ:(وہ ارادہ کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔محلاً فعل شرط۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ أَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔إِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود) صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آناجانا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ۔)إِلْحَادٍ:(کجروی۔کفر۔ایمان سے خارج ہوجانا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔بِ: (ساتھ) حرف جار۔ظُلْمٍ:(ظلم۔اندھیر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال ثانی۔نُذِقْ:(ہم مزہ چکھائیں)فعل مضارع جمع متکلم۔مجزوم۔محلاً جواب شرط۔علامت محل اعراب ساکن۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔فاعل۔مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَذَاقَ يُذِيْقُ۔مصدر۔إِذَاقَةٌ(مزہ چکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔مصدر۔ذَوْقًا۔(چکھنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ محلاً

منصوب مفعول بہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔ عَذَابٍ:(عذاب)اسم مجرور۔ موصوف۔ أَلِيمٍ :(انتہائی درد پہنچانے والا۔ دکھ دینے والا)صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جو لوگ کافر ہیں اور (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے اور مسجد محترم سے جسے ہم نے لوگوں کے لئے یکساں (عبادت گاہ) بنایا ہے روکتے ہیں۔ خواہ وہاں کے رہنے والے ہوں یا باہر سے آنے والے۔ اور جو اس میں شرارت سے کج روی (وکفر) کرنا چاہے اس کو ہم درد دینے والے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَنْ لَا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ﴿٢٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ بمعنی ماضی۔ بَوَّأْنَا:(ہم متعین کر دیا۔ طے کر دیا ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ضمیر فاعل مرفوع۔ مبنی بر سکون۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔ اسم مجرور۔ مَكَانَ: (جگہ۔ مکان) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ الْبَيْتِ:(گھر)مجرور۔ مضاف الیہ۔ أَنْ:(کہ۔ یعنی) تفسیری۔ لَا:(نہ) ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تُشْرِكْ:(تو شریک بنا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ـُ:(وہ شریک ٹھہرائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ ثلاثی مزید۔ باب۔ افعال۔ صیغہ۔ أَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔ إِشْرَاكٌ۔(شریک ٹھہرانا) ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ش ر ک) صیغہ۔ شَرِكَ يَشْرَكُ۔ مصدر۔ شِرْكًا۔(ساتھی بننا۔ شریک ہونا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ يِ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شَيْئًا:(کوئی شئے۔)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ طَهِّرْ:(پاک رکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ طَهَّرَ يُطَهِّرُ۔ مصدر۔ تَطْهِيرٌ۔(پاک صاف رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب کرم۔ مادہ(ط ھ ر)صیغہ۔ طَهُرَ يَطْهُرُ۔ مصدر۔ طُهْرًا۔ طَهُورًا۔ طَهَارَةً۔(پاک ہونا۔ صاف ہونا)۔ بَيْتِ:(گھر)منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔ يَ:(میرے) ضمیر واحد متکلم۔ محلاً مجرور بالفتحہ ۔ مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ الطَّائِفِينَ:(آنے جانے والوں۔ نگرانی کرنے والوں۔ طواف کرنے والوں) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور ۔ موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْقَائِمِينَ :(قیام کرنے والوں)اسم فاعل۔ معطوف مجرور۔۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الرُّكَّعِ :(رکوع کرنے والوں۔ ایسے لوگ جنہوں نے عہد جاہلیت میں بھی کبھی بھی شرک نہ کیا ہو۔)معطوف مجرور۔ السُّجُودِ:(سَاجِدٌ کی جمع۔ سجدہ کرنے والوں)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (اور ایک وقت تھا) جب ہم نے ابراہیم کے لئے خانہ کعبہ کو مقرر کیا (اور ارشاد فرمایا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کیجیو اور طواف کرنے والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں (اور) سجدہ کرنے والوں کے لئے میرے گھر کو صاف رکھا کرو۔

وَاَذِّنۡ فِى النَّاسِ بِالۡحَجِّ يَاۡتُوۡكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاۡتِيۡنَ مِنۡ كُلِّ فَجٍّ عَمِيۡقٍ ﴿۲۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَذِّنۡ:(آواز دے۔تو اعلان کردے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً فاعل مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔اَذَّنَ يُؤَذِّنُ۔مصدر۔تَاذِيۡنٌ(اذان کہنا۔آواز دینا۔پکارنا۔اعلان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذِنَ يَاذِنُ۔مصدر۔اِذۡنًا۔(اجازت دینا)۔فِي:(میں) النَّاسِ :(لوگوں)اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الۡحَجِّ:(حج کا)اسم مجرور۔يَاۡتُو:(وہ آئیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيۡ۔مصدر۔اِتۡيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔كَ:(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔رِجَالًا:(رَجُلٌ کی جمع۔آدمی۔یا پیدل چلنے والوں)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَلَى:(پر۔اوپر)حرف جار۔كُلِّ: (تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔مضاف۔ضَامِرٍ:(دبلا پتلا۔کمزور سواری کا جانور۔)اسم فاعل۔محلاً مضاف الیہ۔يَاۡتِيۡنَ: (وہ آئیں گے)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔ضمیر جمع۔فاعل هُنَّ۔مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيۡ ۔مصدر۔اِتۡيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)حرف تاکید۔مضاف۔فَجٍّ :(دروں۔پہاڑوں کا درمیان کا راستہ۔ہر دور دراز راستے)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔عَمِيۡقٍ:(گہرا)مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور لوگوں میں حج کے لئے ندا کر دو کہ تمہاری پیدل اور دبلے دبلے اونٹوں پر جو دور دراز رستوں سے چلے آتے ہو (سوار ہو کر) چلے آئیں۔

لِّيَشۡهَدُوۡا مَنَافِعَ لَهُمۡ وَيَذۡكُرُوا اسۡمَ اللّٰهِ فِىۡۤ اَيَّامٍ مَّعۡلُوۡمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمۡ مِّنۡۢ بَهِيۡمَةِ الۡاَنۡعَامِ‌ۚ فَكُلُوۡا مِنۡهَا وَاَطۡعِمُوا الۡبَآٮِٕسَ الۡفَقِيۡرَ ﴿۲۸﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَشْهَدُوْا:(وہ گواہی دیں۔وہ حاضر ہوں۔موجود ہونا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔الف فارقہ۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د) صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شُهُوْدًا۔ مَنَافِعَ:(نفع دینے والا۔فوائد کی چیزیں۔)منصوب۔مفعول بہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَذْكُرُوْا:(وہ ذکر کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔ اِسْمَ:(نام)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ اَيَّامٍ:(دنوں)اسم مجرور۔ظرف زمان۔ موصوف۔ مَّعْلُوْمَاتٍ:(مَعْلُوْمَةٌ کی جمع۔جانے ہوئے۔مقررہ۔معلوم)اسم مفعول جمع مؤنث۔محلاً مجرور صفت۔ عَلٰى: (پر) حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔رَزَقَ:(اس نے رزق دیا۔ہر چیز برائے زیست۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔ رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ مِّنْ:(سے)حرف جار۔بَهِيْمَةِ:(بہائم۔گونگے۔چوپائے چرنے والے)اسم مجرور۔مضاف۔ الْاَنْعَامِ :(مویشی۔ان میں اونٹ لازمی ہو۔اگر نہ ہوگا تو صرف بھیڑ بکریوں۔گائے۔بھینسوں وغیرہ کے لئے استعمال ہوگا)۔مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔كُلُوْا:(تم کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاْكُلُ۔ مصدر۔اَكْلًا۔(کھانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَطْعِمُوا:(تم کھلاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَطْعَمَ يُطْعِمُ۔مصدر۔ اِطْعَامٌ۔(کھلانا)۔ الْبَآئِسَ:(تنگدست۔بھوکا۔مصیبت کا مارا ہوا۔)اسم فاعل۔واحد مذکر منصوب مفعول بہ۔موصوف الْفَقِيْرَ: (مفلس۔تنگدست۔ضرورت مند۔محتاج۔)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تاکہ اپنے فائدے کے کاموں کے لئے حاضر ہوں۔اور(قربانی کے) ایام معلوم میں چہارپایاں مویشی (کے ذبح کے

وقت) جو اللہ نے ان کو دیئے ہیں ان پر اللہ کا نام لیں۔ اس میں سے تم خود بھی کھاؤ اور فقیر درماندہ کو بھی کھلاؤ۔

ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ﴿۲۹﴾

ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ لْ: (چاہیئے کہ) لائے امر جازم مضارع۔ يَقْضُوا: (وہ فیصلہ کریں۔ ختم کریں۔ دور کریں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ق ض ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ قَضٰى يَقْضِىْ ۔ مصدر۔ قَضَاءٌ۔ (پورا کرنا)۔ تَفَثَ: (میل کچیل) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کے۔ اپنے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لْ: (چاہیئے کہ) لائے امر۔ جازم مضارع۔ يُوفُوا: (وہ پورا کریں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ف ی) مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَفٰى يَفِىْ۔ مصدر۔ وَفَاءً۔ (پورا ہونا)۔ نُذُورَ: (نَذْرٌ کی جمع۔ منتوں۔ نیازوں۔ نذریں) منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کی۔ اپنی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لْ: (چاہیئے کہ) يَطَّوَّفُوا: (وہ طواف کریں۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ت کا ط میں ادغام کر دیا گیا ہے۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِطَّوَّفَ يَتَطَوَّفُ۔ مصدر۔ اِطَّوُّفُ۔ (آنا جانا۔ طواف کرنا۔ گھومنا پھرنا۔ نگرانی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ط و ف) اجوف واوی۔ صیغہ۔ طَافَ يَطُوْفُ۔ مصادر۔ طَوْفًا۔ طَوَافًا۔ طَوْفَانًا۔ تَطْوَافًا۔ (چکر کاٹنا۔ طواف کرنا)۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ الْبَيْتِ: (گھر) اسم مجرور۔ موصوف۔ الْعَتِيقِ: (پرانے۔ قدیم) صفت۔ مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پھر چاہیئے کہ لوگ اپنا میل کچیل دور کریں اور نذریں پوری کریں اور خانۂ قدیم (یعنی بیت اللہ) کا طواف کریں۔

ذٰلِكَ وَمَنْ يُعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿۳۰﴾

ذٰلِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔: (وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ شرطیہ۔ جازم فعل شرط۔ يُعَظِّمْ: (تعظیم کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب

تفعیل۔صیغہ۔عَظَّمَ یُعَظِّمُ ۔مصدر۔تَعۡظِیۡمًا۔(عظمت بیان کرنا۔ تعظیم کرنا)۔حُرُمَاتِ:(حُرۡمَةٌ کی جمع۔حرمتوں۔عزت والے۔ادب والے۔ احترام کی چیزیں)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔اللهِ:(الله جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)برائے رابطہ۔هُوَ :(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔خَيۡرٌ:(بہتر۔اچھا)خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔لَّ: (لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔عِنۡدَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(اس۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔اُحِلَّتۡ:(وہ حلال کی گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن علامت ضمیر فاعل تانیث۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَلَّ یُحِلُّ۔مصدر۔اِحۡلَالًا۔(حلال کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ۔نصر۔مادہ(ح ل ل)مضاعف۔صیغہ حَلَّ یَحُلُّ۔مصدر۔حَلًّا۔حُلُوۡلًا۔(گرہ کھولنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمُ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ ضمہ برائے اتصال مابعد۔الۡاَنۡعَامُ:(نَعَمٌ کی جمع مویشی۔مع اونٹ۔ورنہ بھیڑ۔بکری۔گائے۔ بھینس)نائب فاعل مرفوع۔اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مستثنٰی منصوب۔يُتۡلٰی:(پڑھ کر سنایا جاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ضمیر نائب فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔تَلَا یَتۡلُو۔مصدر۔تِلَاوَةٌ۔(تلاوت کرنا۔پڑھ کر سنانا)۔عَلَيۡ:(پر۔اوپر)حرف جار۔كُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔اجۡتَنِبُوا:(پرہیز کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید۔باب افتعال۔صیغہ۔اِجۡتَنَبَ یَجۡتَنِبُ۔مصدر۔اِجۡتِنَابٌ۔(پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج ن ب)صیغہ۔جَنَبَ یَجۡنُبُ ۔جَنۡبًا۔(الگ رکھو۔بچاؤ)۔ الرِّجۡسَ:(گندگی۔پلیدی۔ناپاکی)منصوب۔مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ برائے اتصال مابعد۔الۡاَوۡثَانِ:(وَثَنٌ کی جمع۔بتوں۔الله جل جلالہٗ کے علاوہ جس کی بھی پوجا کی جائے وہ وَثَنٌ ہے۔)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اجۡتَنِبُوۡا:(پرہیز کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید۔باب افتعال۔صیغہ۔اِجۡتَنَبَ یَجۡتَنِبُ ۔مصدر۔اِجۡتِنَابٌ۔(پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج ن ب)صیغہ۔جَنَبَ یَجۡنُبُ ۔جَنۡبًا۔(الگ رکھو۔بچاؤ)۔ قَوۡلَ: (بات۔ قول۔ گفتگو) منصوب مفعول بہ۔مضاف۔الزُّوۡرِ:(جھوٹ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ (ہمارا حکم ہے) جو شخص ادب کی چیزوں کی جو اللہ نے مقرر کی ہیں عظمت رکھے تو یہ پروردگار کے نزدیک اس کے حق میں بہتر ہے۔اور تمہارے لئے مویشی حلال کر دیئے گئے ہیں۔سوا ان کے جو تمہیں پڑھ کر سنائے جاتے ہیں تو بتوں کی پلیدی سے بچو اور جھوٹی بات سے اجتناب کرو۔

حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۗ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿۳۱﴾

حُنَفَاءَ:(حَنِيْفٌ۔کی جمع۔اللہ کی طرف لو لگائے رکھنے والے۔یکسو رہنے والے)منصوب۔حال۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)۔مرکب :(لِ+اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔ غَيْرَ: :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)۔مرکب :(لِ+اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔ (علاوہ۔سوا)منصوب۔حال ثانی۔مضاف۔ مُشْرِكِينَ :(اللہ جل جلالہٗ کے شریک ٹھہرانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مضاف الیہ۔مجرور۔علامت۔ی۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم شرطیہ۔جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يُشْرِكْ :(شریک ٹھہرائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔محلاً فعل شرط۔ثلاثی مزید۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَشْرَکَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔ اِشْرَاکٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ش ر ک)صیغہ۔شَرِكَ يَشْرَكُ۔ مصدر۔شَرْكًا۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ فَ:(تو)برائے رابطہ۔كَاَنَّمَا:(گویا کہ۔درحقیقت)كافة و مكفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ خَرَّ:(وہ گر پڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(خ ر ر)صیغہ۔خَرَّ يَخِرُّ ۔مصدر۔خَرًّا۔خُرُوْرًا۔(نیچے گرنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ تَخْطَفُ: (وہ اچک لیتے ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(خ ط ف) صیغہ۔خَطَفَ يَخْطُفُ۔مصدر۔خَطْفًا۔(اچک لینا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔الطَّيْرُ:(الطَّائِرُ کی جمع۔پرندے)فاعل مرفوع۔ أَوْ :(یا)حرف عطف۔تَهْوِي :(گرا دیتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔مادہ(ھ و ی)لفیف مقرون۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔هَوٰى يَهْوِىْ۔مصدر۔هَوِيًّا۔(گرانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔الرِّيحُ:(ہوا۔)فاعل مرفوع۔فِيْ:(میں)حرف جار۔مَكَانٍ:(جگہ۔مکان۔)اسم مجرور۔موصوف۔سَحِيْقٍ:(کسی دور۔)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: صرف ایک اللہ کے ہو کراس کے ساتھ شریک نہ ٹھیرا کر۔اورجو شخص(کسی کو) اللہ کے ساتھ شریک مقرر کرے تو وہ گویاایسا ہے جیسے آسمان سے گرپڑے پھراس کو پرندے اُچک لے جائیں یاہوا کسی دور جگہ اُڑا کر پھینک دے۔

ذٰلِكَ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿۳۲﴾

ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔وَ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ :(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔يُعَظِّمْ:(تعظیم کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَظَّمَ يُعَظِّمُ ۔مصدر۔تَعْظِيْمًا۔(عظمت بیان کرنا۔ تعظیم کرنا)۔شَعَآئِرَ:(شَعِيْرَةٌ کی جمع۔نشانیوں)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔

اللّٰهِ : (اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هَا :(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اِنَّ اسم منصوب۔مِنْ :(سے)حرف جار۔تَقْوٰى :(ڈر۔ خوف۔ پرہیز)اسم مجرور تقدیراًمکسور۔شبہ جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔جملہ محلاًجواب شرط۔مضاف۔الْقُلُوْبِ:(اَلْقَلْبُ کی جمع۔دلوں)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (یہ ہمارا حکم ہے) اور جو شخص ادب کی چیزوں کی جو اللہ نے مقرر کی ہیں عظمت رکھے تو یہ (فعل) دلوں کی پرہیز گاری میں سے ہے۔

لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۳۳﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔ مرفوع۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔مَنَافِعُ:(مَنْفَعَةٌ کی جمع منافع۔فوائد۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔اِلٰى:(تک)حرف جار۔ اَجَلٍ :(مدت۔وقت)اسم مجرور۔موصوف۔مُّسَمًّى :(مقررہ۔ نامزد۔طے شدہ)صفت تقدیراًمجرور۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔مَحِلُّ:(مذبح۔قربان گاہ۔)ظرف مکان۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر

واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔**اِلَى**:(طرف)حرف جار۔**الْبَيْتِ**:(گھر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔**الْعَتِيْقِ**:(قدیمی۔پرانا۔بیت الحرام۔خانہ کعبہ)صفت۔ مجرور۔تابع موصوف۔مصدر۔**عَتَاقَةٌ**۔

ترجمہ آیت: ان میں ایک وقت مقرر تک تمہارے لئے فائدے ہیں پھر ان کو خانۂ قدیم (یعنی بیت اللہ) تک پہنچانا (اور ذبح ہونا) ہے۔

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ فَاِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿۳۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔**لِ**:(لئے)حرف جار۔**كُلِّ**:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ **اُمَّةٍ**: (امت۔ جماعت۔ گروہ)مجرور۔مضاف الیہ۔ **جَعَلْنَا** :(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ **جَعَلَ يَجْعَلُ**۔مصدر۔ **جَعْلًا**۔(بنانا)۔ **مَنْسَكًا**:(طور طریقے۔ایک شریعت۔ قانون مقرر کردیا ہے جس پر وہ عمل کرتے ہیں۔چلتے ہیں)مصدر میمی۔ منصوب۔ مفعول بہ۔**لِ**:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔**يَذْكُرُوا**: (وہ یاد کریں۔ذکر کریں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل ضمیر مستتر مبنی بر سکون۔**هُمْ**۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔**ذَكَرَ يَذْكُرُ**۔مصدر۔**ذِكْرًا**۔ (یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔**اِسْمَ**: (نام)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔**اللّٰهِ**:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔**عَلَى**:(پر)حرف جار۔**مَا**:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔**رَزَقَ**:(اس نے رزق دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً۔**هُوَ**۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔**رَزَقَ يَرْزُقُ**۔مصدر۔**رِزْقًا**۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے۔**هُمْ**:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ **مِّنْ**:(سے)حرف جار۔ **بَهِيْمَةِ** :(چرنے والے)اسم مجرور۔مضاف۔ **الْاَنْعَامِ**:(جانور۔گونگے۔جو قوت گویائی نہ رکھتے ہوں۔)۔ **فَ**:(پھر) استئنافیہ۔ **اِلٰهُ**:(معبود)مبتداء۔ مرفوع۔ مضاف۔**كُمْ**:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ **اِلٰهٌ**: (معبود۔)خبر۔مرفوع۔موصوف۔ **وَاحِدٌ**:(اکیلا۔)صفت ۔مرفوع۔تابع موصوف۔ **فَ**:(پس)برائے رابطہ۔ **لَ**:(لئے)حرف جار۔**هٗ** :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔**اَسْلِمُوْا**:(تم فرمانبرداری کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف ۔واؤ جمع الف فارقہ۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً۔**اَنْتُمْ**۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔**اَسْلَمَ يُسْلِمُ**۔

مصدر۔اِسۡلَامًا۔(فرمان برداری کرنا۔فرمان بردار ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَشِّرِ:(توخوشخبری دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔کسرہ برائے اتصال۔بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل ضمیر تقدیراً انت۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ یُبَشِّرُ۔ مصدر۔تَبۡشِیۡرًا۔ (خوشخبری سنانا)۔ اَلۡمُخۡبِتِیۡنَ: (مُخۡبِتٌ کی جمع۔عاجزی کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مفعول بہٖ۔منصوب۔ علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ہر اُمت کے لئے قربانی کا طریق مقرر کر دیا ہے تا کہ جو مویشی چارپائے اللہ نے ان کو دیئے ہیں (ان کے ذبح کرنے کے وقت) ان پر اللہ کا نام لیں۔ سو تمہارا معبود ایک ہی ہے تو اسی کے فرمانبردار ہو جاؤ۔ اور عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنادو۔

الَّذِيۡنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتۡ قُلُوۡبُهُمۡ وَالصّٰبِرِيۡنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمۡ وَالۡمُقِيۡمِى الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ ﴿۳۵﴾

اَلَّذِیۡنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔ ذُکِرَ:(ذکر کیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَکَرَ یَذۡکُرُ۔ذِکۡرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)۔ اَللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)نائب فاعل۔ مرفوع۔ وَجِلَتۡ:(وہ ڈر گئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن۔علامت فاعل۔ ضمیر تانیث۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(و ج ل)مثال واوی۔صیغہ۔وَجِلَ یَوۡجَلُ۔مصدر۔وَجَلًا۔ وَجۡلًا ۔(ڈرنا۔خوف کھانا)۔ قُلُوۡبُ:(قَلۡبٌ کی جمع۔ دلوں) فاعل مرفوع۔مضاف۔ھُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اَلصَّابِرِیۡنَ:(صبر کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ معطوف مجرور۔عَلَی :(پر۔اوپر)حرف جار۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔اَصَابَ:(اس کو پہنچے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِیۡبُ۔ مصدر۔ اِصَابَۃٌ۔(تکلیف پہنچنا)۔ھُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَلۡمُقِیۡمِیۡ:(وہ قائم کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔اصلاً اَلۡمُقِیۡمِیۡنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔اَلصَّلَاۃِ:(صلاۃ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِنۡ + مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ رَزَقۡنَا :(ہم نے رزق دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔مادہ(ر ز

ق)صیغہ۔رَزَقَ یَرْزُقُ۔ مصدر۔رِزْقًا۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔یُنفِقُونَ:(وہ خرچ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔ (خرچ کرنا)۔

ترجمہ آیت: یہ وہ لوگ ہیں کہ جب اللہ کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور جب ان پر مصیبت پڑتی ہے تو صبر کرتے ہیں اور نماز آداب سے پڑھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے (اس میں سے) (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں۔

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٣٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الْبُدْنَ:(بڑے بدن والے جانور۔اونٹ۔گائے)منصوب مفعول بہ جَعَلْنَا :(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔شَعَائِرِ:(شَعِیْرَةٌ کی جمع۔نشانیوں)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدم۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ خَيْرٌ: (بہتری۔ بھلائی۔اچھائی)مبتداء مؤخر مرفوع۔ فَ:(پس)فصیحت۔اذْكُرُوا:(تم ذکر کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرًا اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ یَذْكُرُ۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔ اِسْمَ:(نام)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ صَوَافَّ: (صف باندھنے والے۔قطار میں رہنے والے)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔منصوب۔حال۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔وَجَبَتْ:(وہ گر پڑی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرًا هِی۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج ب)مثال واوی۔صیغہ۔وَجَبَ یَجِبُ۔مصدر۔وَجْبًا۔وَجْبَةٌ۔(جان نکلنے کے بعد گر پڑنا)۔ جُنُوبُ:(جَنْبٌ

کی جمع۔پہلوؤں)فاعل مرفوع۔مضاف۔ھَا:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔کُلُوْا:(تم سارے کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموا الفاء۔ صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔ صدر۔اَكْلًا۔(کھانا)۔ مِنْ:(میں)حرف جار۔ھَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَطْعِمُوا أَطْعِمُوا :(تم کھلاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطْعَمَ يُطْعِمُ۔مصدر۔ اِطْعَامٌ۔(کھلانا)۔ الْقَانِعَ :(قناعت کرنے والوں کو)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُعْتَرَّ:(مانگنے والوں کو۔پیچھے پڑ کے مانگنے والے۔سوال کرنے والے)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً معطوف منصوب۔ كَذٰلِكَ :(اس طرح۔اس کی مانند) مرکب: (کَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَا اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدم+ لِ بُعد کے لئے + كَ خطاب کے لئے۔ سَخَّرْنَا:(ہم نے قابو کر دیا۔قبضہ میں دے دیا۔ہم نے تابع کر دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر فاعل مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَخَّرَ يُسَخِّرُ۔مصدر۔تَسْخِيْرًا۔(قابو میں دینا۔تابع کر دینا۔مطیع بنا دینا)۔ھَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔لَعَلَّ کا اسم منصوب۔تَشْكُرُوْنَ:(تم شکر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا)۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور قربانی کے اونٹوں کو بھی ہم نے تمہارے لئے شعائراللہ مقرر کیا ہے۔ان میں تمہارے لئے فائدے ہیں۔تو (قربانی کرنے کے وقت) قطار باندھ کر ان پر اللہ کا نام لو۔جب پہلو کے بل گر پڑیں تو ان میں سے کھاؤ اور قناعت سے بیٹھ رہنے والوں اور سوال کرنے والوں کو بھی کھلاؤ۔اس طرح ہم نے ان کو تمہارے زیر فرمان کر دیا ہے تاکہ تم شکر کرو۔

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾

لَنْ:(ہر گز نہیں)حرف ناصب مضارع۔ بمعنی نفی مستقبل۔یَنَالَ:(وہ پہنچے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔محلاً فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ی ل)اجوف یائی۔صیغہ۔نَالَ یَنَالُ۔ مصدر۔نَیْلًا۔(پانا۔حاصل کرنا۔پہنچنا)۔ اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ لُحُومُ:(لَحْمٌ کی جمع۔گوشت)فاعل۔ مرفوع۔مضاف۔ھَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔دِمَاؤُ:(دَمٌ کی جمع۔خون)معطوف مرفوع۔مضاف۔ھَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰکِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔مخففہ۔ یَنَالُ:(وہ پہنچتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُوَ۔ثلاثی مجرد ۔ باب فتح۔مادہ(ن ی ل)اجوف یائی۔صیغہ۔نَالَ یَنَالُ۔ مصدر۔نَیْلًا۔(پانا۔حاصل کرنا۔پہنچنا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔التَّقْوٰی:(اللہ کا ڈر۔خوف الٰہی۔تقویٰ۔برائی سے اپنے آپ کو بچانا)فاعل مرفوع۔محلاً مضموم۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ کَذٰلِكَ :(اسی طرح۔اس کی مانند) مرکب:(کَ+ذَ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و حرف جار۔ ذَا اسم اشارہ مرفوع۔محلاً اسم مجرور۔+ لِ بُعد کے لئے + كَ خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔ سَخَّرَ:(اس کو قابو کرایا۔قبضہ کرایا۔مطیع کرایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَخَّرَ یُسَخِّرُ۔مصدر۔ تسخیرا۔(مسخر کرنا)۔ھَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَ:(لئے)حرفجار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔تُکَبِّرُوا:(تم بڑھائی بیان کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل مبنی بر سکون۔محلاً ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔کَبَّرَ یُکَبِّرُ۔مصدر۔تَکْبِیْرًا۔(بڑائی بیان کرنا۔تکبیر کہنا۔اللہ اکبر کہنا)۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔عَلٰی:(پر)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ھَدَا:(اس نے ہدایت دے۔ راہنمائی کی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔ھَدٰی یَھْدِیُ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ ھَدَایَۃٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ کُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔بَشِّرِ:(تم خوشخبری دو)فعل امر

واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ یُبَشِّرُ۔ مصدر۔ تَبْشِیْرًا۔ (خوشخبری سنانا الْمُحْسِنِينَ:(احسان کرنے والوں کو۔نیکی کرنے والوں کو۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اللہ تک نہ اُن کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ خون۔بلکہ اس تک تمہاری پرہیز گاری پہنچتی ہے۔اسی طرح اللہ نے ان کو تمہارا مسخر کر دیا ہے تاکہ اس بات کے بدلے کہ اس نے تم کو ہدایت بخشی ہے اسے بزرگی سے یاد کرو۔اور (اے پیغمبر) نیکوکاروں کو خوشخبری سنادو۔

إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ ﴿٣٨﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللَّهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔يُدَافِعُ:(وہ دیتا ہے۔وہ دور کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً ھو۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔دَافَعَ يُدَافِعُ۔مصدر۔مُدَافَعَةٌ۔(دور کرنا۔دفع کرنا۔دینا)۔عَنِ:(سے)حرف جار۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو) اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اسم منصوب۔آمَنُوْا :(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللَّهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُحِبُّ:(وہ پسند کرتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔ اِحْبَابٌ۔(پسند کرنا۔محبت کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔صیغہ۔حَبَّ يَحِبُّ۔ مصدر۔حَبًّا۔حُبًّا۔(چاہنا۔پسند کرنا۔ پسند دیدہ۔پسند کیا جانا)۔ كُلَّ: (تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔۔خَوَّانٍ :(بڑا بے ایمان۔بڑی خیانت کرنے والا۔)مبالغہ۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔كَفُوْرٍ :(بہت ہی بڑا ناشکرا)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اللہ تو مومنوں سے ان کے دشمنوں کو ہٹاتا رہتا ہے۔بے شک اللہ کسی خیانت کرنے والے اور کفران نعمت کرنے

والے کو دوست نہیں رکھتا۔

اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِیْرُ ۙ﴿۳۹﴾

اُذِنَ:(اس کو اجازت دی گئی۔)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِیْنَ :(جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ یُقَاتَلُوْنَ :(ان سے جنگ کی جاتی ہے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔قَاتَلَ یُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(باہم لڑائی کرنا۔جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔جھگڑا کرنا۔حق سلب کر دینا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ ظُلِمُوا:(وہ ظلم کئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ضمیر جمع نائب فاعل۔مرفوع۔مبنی بر سکون۔محلاً هُمْ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)إِنَّ کا اسم منصوب۔عَلَى:(پر)حرف جار۔نَصْرِ:(مدد)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(ضرور۔بلاشبہ)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔ قَدِیْرٌ:(زبردست اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جن مسلمانوں سے(خواہ مخواہ) لڑائی کی جاتی ہے ان کو اجازت ہے(کہ وہ بھی لڑیں) کیونکہ ان پر ظلم ہو رہا ہے۔اور اللہ(ان کی مدد کرے گا وہ) یقیناً ان کی مدد پر قادر ہے۔

الَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بِغَیْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ یَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِیَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ یُذْكَرُ فِیْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِیْرًا ؕ وَلَیَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ یَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ﴿۴۰﴾

الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أُخْرِجُوا:(نکالے گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارق۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَخْرَجَ

يُخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔ خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دِيَارِ:(گھروں)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ غَيْرِ :(غیر)اسم مجرور۔ مضاف۔ حَقٍّ:(حق۔وجہ۔سبب)مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَقُولُوا:(وہ کہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ رَبُّ:(ربّ)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ نَا:(ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔ لَا (نہیں)نافیہ۔ دَفْعُ :(دور کرنا۔ہٹانا)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بَعْضَ:(کچھ۔بعض) النَّاسَ کابدل منصوب۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ بَعْضٍ:(کچھ۔بعض)اسم مجرور۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔ هُدِّمَتْ: (منہدم کردئے جائیں۔مسمار کردئے جائیں)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن علامت ضمیر فاعل تانیث۔ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ هَدَّمَ يُهَدِّمُ۔ مصدر۔ تَهْدِيْمًا۔ (گرادینا۔منہدم کردینا۔ڈھا دینا) صَوَامِعُ:(عبادت گاہیں۔گرجے۔عیسائیوں کے راہبوں کے خلوت خانے۔خانقا ہیں۔درگاہیں)نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بِيَعٌ :(یہودیوں کے معبد کدے۔)معطوف۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ صَلَوَاتٌ: (نمازیں۔ دعائیں۔یہودیوں کی عبادت گاہیں)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَسَاجِدُ:(مسجدیں۔ مسلمانوں کی سجدہ گاہیں۔عبادت کی جگہیں)معطوف مرفوع۔ يُذْكَرُ:(ذکر کیا جاتاہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ اِسْمُ:(نام)نائب فاعل مرفوع۔ مضاف۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ كَثِيرًا:(بہت زیادہ۔کثرت۔اکثر)مبالغہ۔منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(بلاشبہ۔)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ يَنْصُرَنَّ:(ضرور بالضرور وہ مدد کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون

ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔

اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہ)فاعل مرفوع۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔ يَنْصُرُ:(وہ مدد کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھو۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔ هُ: (اس کی)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِنَّ:(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اَللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔قَوِيٌّ :(بہت مضبوط۔قوت والا۔طاقت والا)اسم فاعل۔مرفوع۔محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔عَزِيزٌ:(بہت ہی عزت والا۔ زبردست۔)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ وہ لوگ ہیں کہ اپنے گھروں سے ناحق نکال دیئے گئے(انہوں نے کچھ قصور نہیں کیا) ہاں یہ کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے۔اور اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے سے نہ ہٹاتا رہتا تو(راہبوں کے) صومعے اور(عیسائیوں کے) گرجے اور (یہودیوں کے) عبادت خانے اور(مسلمانوں کی) مسجدیں جن میں اللہ کا بہت ساذکر کیا جاتا ہے ویران ہوچکی ہوتیں۔اور جو شخص اللہ کی مدد کرتا ہے اللہ اس کی ضرور مدد کرتا ہے۔بے شک اللہ توانا اور غالب ہے۔

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿41﴾

اَلَّذِينَ :(یہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ مَّكَّنَّا:(ہم ٹھکانہ دیں۔مقام دیں۔اقتدار دیں)فعل ماضی جمع متکلم۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔مَكَّنَ يُمَكِّنُ۔ مصدر۔ تَمْكِيْنًا۔(قائم کرنا۔اقتدار دینا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔فِي: (میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ أَقَامُوا:(وہ قائم کریں)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ محلاًمجزوم۔ فعل جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَقَامَ يُقِيْمُ۔مصدر۔اِقَامَةٌ۔ (قائم کرنا۔کھڑی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م) صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔قائم رہنا)۔ الصَّلَاةَ:(صلاۃ کا)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔آتَوُا :(وہ دیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ تقدیراً مضموم محذوف۔از اخیر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُمْ۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔بوجہ التقائے ساکنین۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)

مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ الزَّکٰوۃَ :(زکوٰۃ)۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَمَرُوْا:(وہ حکم دیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ ھُمْ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَاْمُرُ۔ مصدر۔ اَمْرٌ۔(حکم دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمَعْرُوْفِ:(دستور کے مطابق۔نیکی کا)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَھَوْا:(وہ منع کریں۔روکیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَھٰی یَنْھٰی۔مصدر۔نَھْیٌ۔(منع کرنا۔روکنا)۔عَنِ:(سے)حرف جار۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔الْمُنْکَرِ:(جس سے منع کیا گیا۔برائی سے۔جس سے قانون اسلامی روکتا ہے) اسم مفعول۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِلّٰہِ :(اللہ کے لئے)مرکب :(لِ+ اللّٰہِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔عَاقِبَةُ:(انجام۔نتیجہ۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔ الْاُمُوْرِ: (معاملات۔کام۔تمام امور)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو ملک میں دسترس دیں تو نماز پڑھیں اور زکوٰۃ ادا کریں اور نیک کام کرنے کا حکم دیں اور برے کاموں سے منع کریں اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿٤٢﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔یُکَذِّبُوْ:(وہ جھٹلائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔محلاً فعل شرط۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔ مصدر۔ تَکْذِیْبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔کَ :(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ: (یقیناً)حرف تحقیق۔کَذَّبَتْ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔ مصدر۔ تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ک ذ ب) صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَوْمُ:(قوم۔لوگوں)مبتداء مرفوع۔ محلاً جملہ جواب شرط

مجزوم۔مضاف۔ نُوحٍ :(نوحؑ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَادٌ:(عاد۔ایک قوم کانام) معطوف مرفوع۔
وَ:(اور)حرف عطف۔ثَمُودُ:(ثمود۔ایک دوسری قوم کانام)معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر یہ لوگ تم کو جھٹلاتے ہیں ان سے پہلے نوح کی قوم اور عاد وثمود بھی (اپنے پیغمبروں کو) جھٹلا چکے ہیں۔

وَقَوْمُ إِبْرَاهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ ﴿٤٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَوْمُ:(قوم)فاعل مرفوع۔مضاف۔إِبْرَاهِيمَ :(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرومضاف الیہ۔وَ:
(اور)حرف عطف۔قَوْمُ:(قوم)معطوف مرفوع۔مضاف۔لُوطٍ:(لوطؑ)مجرور مضاف الی۔

ترجمہ آیت: اور قوم ابراہیم اور قوم لوط بھی۔

وَأَصْحَابُ مَدْيَنَ وَكُذِّبَ مُوسَى فَأَمْلَيْتُ لِلْكَافِرِينَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿٤٤﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَصْحَابُ:(ساتھی۔والے۔رہنے والے)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔ مَدْيَنَ:(مدین)غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كُذِّبَ :(جھٹلایا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مرفوع۔مستتر تقدیراً هُوَ۔مُوسَى :(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً مرفوع مضموم۔نائب فاعل۔فَ:(پس)حرف عطف۔ أَمْلَيْتُ: (میں نے مہلت دی۔نرمی کی)فعل ماضی واحد متکلم۔تُ مضموم۔علامت ضمیر فاعل واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَمْلَى يُمْلِي۔مصدر۔إِمْلَاءٌ۔(مہلت دینا۔ڈھیل دینا۔نرمی کرنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْكَافِرِينَ:(انکار کرنے والوں۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام سے بغاوت کرنے والوں کے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ أَخَذْتُ:(میں نے پکڑ لیا)فعل ماضی واحد متکلم۔ تُ مضموم۔علامت ضمیر فاعل واحد متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔أَخَذَ يَأْخُذُ۔مصدر۔أَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔كَيْفَ:(کیسا؟)اسم استفہام۔محلاً كَانَ کی خبر مقدم۔منصوب۔ كَانَ :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هو۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ نَكِيرِ :(میرا عذاب)اصلاً نَكِيرِ +یْ تھا۔مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔وبعوض۔ی۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور مدین کے رہنے والے بھی۔ اور موسیٰ بھی تو جھٹلائے جا چکے ہیں لیکن میں کافروں کو مہلت دیتا رہا پھر ان کو پکڑ لیا۔ تو (دیکھ لو) کہ میرا عذاب کیسا (سخت) تھا۔

فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾

فَ: (پس) استئنافیہ۔ كَاَيِّنْ: (کتنی) اصلاً كَاَيٍّ تھا۔ تنوین کو قرآنی رسم الخط سے ن میں بدل دیا گیا ہے۔ شروع کلام میں آتا ہے۔ تعداد مبہم پر دلالت کرتا ہے۔ اسم کنایہ۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ قَرْيَةٍ: (قُرٰی کا واحد۔ بستیوں۔ ترجمہ جمع میں) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ تمیز۔ أَهْلَكْنَا: (ہم نے تباہ و برباد کر دیا۔ ہلاک کر دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔ مصدر۔ اِهْلَاكٌ۔ (ہلاک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ فتح۔ مادہ (ھ ل ک) صیغہ۔ هَلَكَ يَهْلِكُ۔ مصدر۔ هَلْكًا۔ هَلَاكًا۔ هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ (مار دینا)۔ هَا: (اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ هِيَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ ظَالِمَةٌ: (ظلم کرنے والی۔ اندھیر مچانے والی) اسم فاعل۔ واحد مؤنث۔ محلاً خبر مرفوع۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ فَ: (پھر) حرف عطف۔ هِيَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ خَاوِيَةٌ: (گری ہوئی۔ کھوکھلی) اسم فاعل۔ واحد مؤنث محلاً خبر مرفوع۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ عُرُوْشِ: (چھتیں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هَا: (اس کی) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ بِئْرٍ: (کنواں) معطوف مجرور۔ موصوف۔ مُّعَطَّلَةٍ: (ناکارہ۔ کھنڈل۔ اندھا۔ جو استعمال میں نہ ہو۔ تعطل کا شکار ہو۔ چھٹی پر ہو) صفت مجرور۔ تابع موصوف۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ قَصْرٍ: (محل۔ بڑا مکان) معطوف مجرور۔ مَّشِيْدٍ: (مضبوط۔) صفت۔ مجرور۔ تابع موصوف۔ اسم مفعول مصدر شَيْدٌ سے۔

ترجمہ آیت: اور بہت سی بستیاں ہیں کہ ہم نے ان کو تباہ کر ڈالا کہ وہ نافرمان تھیں۔ سو وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں۔ اور (بہت سے) کنوئیں بے کار اور (بہت سے) محل ویران پڑے ہیں۔

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَاۤ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾

أَ: (کیا) حرف استفہام۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ لَمْ: (نہیں) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ يَسِيْرُوْا: (وہ چلے) فعل

مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(س ی ر) اجوف یائی۔صیغہ۔سَارَ يَسِيْرُ ۔مصدر۔سَيْرٌ۔سَيْرًا۔(سیر کرنا۔چلنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ فَ:(پس)سببیہ۔تَكُوْنَ:(وہ ہوتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔منصوب۔ناصب خبر۔ رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا) ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔قُلُوْبٌ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)كَانَ کا اسم مرفوع۔يَعْقِلُوْنَ:(وہ عقل سے کام لیتے ہیں۔عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(عقل رکھنا)۔بِ: (ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ آذَانٌ:(أُذُنٌ کی جمع۔ کان)معطوف مرفوع۔يَسْمَعُوْنَ:(سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(س م ع) صیغہ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(سننا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَعْمَى:(اندھی ہوتی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ی)اجوف یائی۔صیغہ۔عَمِيَ يَعْمٰى۔مصدر۔عَمْيًا۔(اندھا ہونا)۔الْأَبْصَارُ :(بَصَرٌ کی جمع۔آنکھیں)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ تَعْمَى:(اندھی ہوتی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ی)اجوف یائی۔صیغہ۔عَمِيَ يَعْمٰى۔مصدر۔عَمْيًا۔(اندھا ہونا)۔ الْقُلُوْبُ:(قَلْبٌ کی جمع۔دل)فاعل مرفوع۔الَّتِي :(جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً صفت۔مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔الصُّدُوْرِ: (صَدْرٌ کی جمع۔سینوں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: کیا ان لوگوں نے ملک میں سیر نہیں کی تاکہ ان کے دل (ایسے) ہوتے کہ ان سے سمجھ سکتے۔اور کان (ایسے) ہوتے کہ ان سے سن سکتے۔بات یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں (وہ) اندھے ہوتے ہیں۔

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَسْتَعْجِلُوْنَ:(وہ جلدی طلب کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤجمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ۔مصدر۔اِسْتَعْجَالًا۔(جلدی طلب کرنا۔جلد خواہش رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ل)صیغہ۔عَجِلَ يَعْجَلُ۔مصدر۔عَجَلًا۔(جلدی کرنا)۔ كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔الْعَذَابِ :(عذاب)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَنْ :(ہرگز نہیں)حرف ناصب مضارع بمعنی نفی مستقبل۔يُخْلِفَ:(وہ خلاف ورزی کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْلَفَ يُخْلِفُ۔مصدر۔ اِخْلَافٌ۔(اس نے خلاف کرنا۔خلاف ورزی کی۔قانون شکنی کی)۔ضمیر فاعل مستترھُوَ۔جملہ محلاًصفت۔منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر۔ خَلَافًا۔(پیچھے ہونا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔وَعْدَ: (وعدہ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ :(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔يَوْمًا:(دن)ظرف زمان۔ اِنَّ کا اسم منصوب۔ عِنْدَ: (پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَ:(مانند۔طرح)حرف تشبیہ و جار۔اَلْفِ:(ایک ہزار)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔سَنَةٍ:(سال)مجرور مضاف الیہ۔مِّمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+ مَا)حرف جار۔+اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجرور صفت۔تَعُدُّوْنَ:(تم گنتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤفارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ يَعُدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔(شمار کرنا۔گننا)۔

ترجمہ آیت: اور(یہ لوگ) تم سے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں اور اللہ اپنا وعدہ ہرگز خلاف نہیں کرے گا۔اور بے شک تمہارے پروردگار کے نزدیک ایک روز تمہارے حساب کے رو سے ہزار برس کے برابر ہے۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿٤٨﴾

وَ:(پس)استئنافیہ۔كَاَيِّنْ:(کتنی)اصلاًكَاَيٍّ تھا۔تنوین کو قرآنی رسم الخط سے ن میں بدل دیا گیا ہے۔شروع کلام میں آتا ہے۔ تعداد مبہم پر دلالت کرتا ہے۔اسم کنایہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔قَرْيَةٍ:(قُرٰی کا واحد۔بستیوں۔ترجمہ جمع میں)اسم مجرور۔شبہ جملہ

محلاً منصوب۔ تمییز۔أَمْلَيْتُ:(میں نے مہلت دی۔نرمی کی)فعل ماضی واحد متکلم۔تُ مضموم۔علامت ضمیر فاعل واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْلٰی یُمْلِیْ۔مصدر۔اِمْلَاءٌ۔(مہلت دینا۔ڈھیل دینا۔نرمی کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔و:(حالانکہ)حالیہ۔هِيَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ ظَالِمَةٌ :(ظلم کرنے والی۔اندھیر مچانے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔أَخَذْتُ:(میں نے پکڑ لیا)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)إِلَيَّ:(اپنی طرف)مرکب :(إِلَى+يَّ) حرف جار اور ضمیر واحد متکلم۔ کا ادغام کر دیا گیا ہے۔حرف جار+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔الْمَصِيرُ:(ٹھکانہ۔لوٹنے کی جگہ)اسم ظرف مکان۔مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور بہت سی بستیاں ہیں کہ میں ان کو مہلت دیتا رہا اور وہ نافرمان تھیں۔پھر میں نے ان کو پکڑ لیا۔اور میری طرف ہی لوٹ کر آنا ہے۔

قُلْ يَآأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَآ أَنَا لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿۴۹﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔يَا:(اے) حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔النَّاسُ:(لوگو!)صفت مرفوع۔بدل أَيُّ۔يا۔لفظاً مرفوع عطف بیان۔(اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کے ساتھ أَيُّهَا آتا ہے)۔إِنَّمَا:(در حقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مکفوفة۔مرکب: (إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔ واحد متکلم۔مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔نَذِيرٌ:(تنبیہ کرنے والا۔آگاہ کرنے والا)مبالغہ۔اسم فاعل واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔مُّبِينٌ:(کھلم کھلا۔واضح بیان کردہ۔)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر) کہہ دو کہ لوگو! میں تم کو کھلم کھلا نصیحت کرنے والا ہوں۔

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔آمَنُوْا:(ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤجمع۔الف فارقہ۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوْا:(انہوں نے کام کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤجمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمْلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ :(نیک۔صالح۔اچھے)جمع مؤنث سالم۔ مجرور۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔بالکسرہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مَّغْفِرَةٌ:(مغفرت۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رِزْقٌ:(رزق)معطوف مرفوع۔موصوف۔كَرِيْمٌ:(عزت والا۔اچھا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: توجو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کے لئے بخشش اور آبرو کی روزی ہے۔

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔سَعَوْا:(انہوں نے دوڑ لگائی۔کوشش کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَعٰى يَسْعٰى۔مصدر۔ سَعْيًا۔(دوڑنا۔کوشش کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔نشانیاں)اسم مجرور۔مضاف۔نَا: (ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُعَاجِزِيْنَ:(کمزور کرنے والے۔عاجز کرنے والے) حال۔منصوب۔ علامت۔ی۔ أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصْحَابُ:(صَاحِبٌ کی جمع۔ساتھی۔رفیق۔والے۔)۔خبر مرفوع۔مضاف۔الْجَحِيْمِ:(دوزخ۔بھڑکتی آگ۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں (اپنے زعم باطل میں) ہمیں عاجز کرنے کے لئے سعی کی،وہ اہل دوزخ ہیں۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ

يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اَعْتَصِمُوْا:(مضبوطی سے پکڑلو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اَعْتَصَمَ يَعْتَصِمُ۔مصدر۔اِعْتِصَامًا۔(مضبوط پکڑنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ هُوَ: (وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔مضاف۔ مَوْلَا: (مالک۔والی۔کارساز۔مددگار۔)خبر مرفوع تقدیراً مضموم۔محلاً مضاف الیہ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔نِعْمَ:(بہترین۔بہت اچھا)فعل مدح واحد مذکر۔جامد۔ الْمَوْلَى :(والی۔حامی۔مددگار۔ کارساز۔) فاعل۔ مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔نِعْمَ:(بہترین۔بہت اچھا)فعل مدح واحد مذکر۔جامد۔النَّصِيْرُ:(خوب مددگار۔اچھی طرح سے مدد کرنے والا)مبالغہ۔فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اللہ (کی راہ) میں جہاد کرو جیسا جہاد کرنے کا حق ہے۔اس نے تم کو برگزیدہ کیا ہے اور تم پر دین کی (کسی بات) میں تنگی نہیں کی۔(اور تمہارے لئے) تمہارے باپ ابراہیم کا دین (پسند کیا) اُسی نے پہلے (یعنی پہلی کتابوں میں) تمہارا نام مسلمان رکھا تھا اور اس کتاب میں بھی (وہی نام رکھا ہے تو جہاد کرو) تاکہ پیغمبر تمہارے بارے میں شاہد ہوں۔اور تم لوگوں کے مقابلے میں شاہد اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ کے دین کی (رسی کو) پکڑے رہو۔وہی تمہارا دوست ہے۔اور خوب دوست اور خوب مددگار ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

آج مورخہ 5 مارچ 2020ء بروز جمعرات کو 17 واں پارہ مکمل ہوا۔

دعا ہے۔کہ اللہ جل جلالہٗ توفیق عطا کرے تو پورے قرآن مجید کے **الفاظ کی اعرابی حالت** مکمل ہو جائے۔آمین۔

حکیم محمد یوسف صابر ایم اے

حال مقیم۔الرفاع ویوز۔ولا نمبر 2629۔بحرین

محلہ اسلام نگر غربی، مین سوئی گیس روڈ، شاہدرہ لاہور۔پاکستان۔

18 پارہ ہشدہم قَدأَفلَحَ

رکوعاتھا 6 23 سُوۡرَةُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ مَكِّيَّةٌ 74 اٰیاتھا 118

بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ ط

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱﴾

قَد :(یقیناً) حرف تحقیق۔ أَفلَحَ :(کامیاب ہو گیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھو۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَفلَحَ یُفلِحُ۔ مصدر۔ اِفلَاحًا۔ (فلاح پانا۔ کامیاب ہونا) الۡمُؤۡمِنُوۡنَ :(ایمان والے) فاعل مرفوع۔ جمع مذکر۔

ترجمہ آیت: بے شک ایمان والے رستگار ہو گئے۔

الَّذِيۡنَ هُمۡ فِىۡ صَلَاتِهِمۡ خٰشِعُوۡنَ ﴿۲﴾

الَّذِينَ :(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ هُم :(اپنی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي :(میں) حرف جار۔ صَلَاتِ :(صلوٰۃ) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِم :(اپنی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ خَاشِعُونَ :(عاجزی کرنے والے۔ ڈرنے والے۔ خوف الٰہی رکھنے والے) اسم فاعل مرفوع۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو نماز میں عجز و نیاز کرتے ہیں۔

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ عَنِ اللَّغۡوِ مُعۡرِضُوۡنَ ﴿۳﴾

وَ :(اور) الَّذِينَ :(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ هُم :(اپنی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ عَنِ :(سے۔ بارے میں) حرف جار۔ اللَّغوِ :(بےہودہ) اسم مجرور۔ مُعرِضُونَ :(اعراض برتنے والے۔ الگ ہونے والے۔ منہ موڑنے والے) اسم فاعل جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو بیہودہ باتوں سے منہ موڑے رہتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ﴿۴﴾

وَ :(اور)۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ هُم :(اپنی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ لِ :(لئے)حرف جار۔زور دینے کے لئے۔اس کو لام تقوية کہا جاتا ہے۔ الزَّكَاةِ :(زکوۃ)لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَاعِلُونَ :(ادا کرنے والے۔کام کرنے والے۔ فعل کرنے والے)اسم فاعل مرفوع۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو زکوۃ ادا کرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ﴿۵﴾

وَ :()الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ هُم :(اپنی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ لِ :(لئے)حرف جار۔زور دینے کے لئے۔اس کو لام تقوية کہا جاتا ہے۔ فُرُوجِ :(شرمگاہیں)لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔ هِم :(اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ مجرور مضاف الیہ۔ حَافِظُونَ :(حفاظت کرنے والے۔)اسم فاعل مرفوع۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿۶﴾

إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔ عَلَى :(پر۔اوپر)حرف جار۔ أَزْوَاجِ :(زَوجٌ کی جمع۔بیویوں۔شوہروں۔دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔ هِم :(اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ أَو :(یا)حرف عطف۔ مَا :(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ معطوف۔ مَلَكَت :(وہ مالک ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ت ساکن علامت ضمیر فاعل تانیث۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)۔صیغہ۔ مَلَكَ يَملِكُ۔ مصدر۔ مَلكًا۔(ملکیت رکھنا۔مالک ہونا۔) أَيمَانُ :(داہنا ہاتھ۔قبضہ میں)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هُم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ :(پس)حرف تعلیل۔ إِنَّ :(یقیناً)حرب تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔ هُم :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً کا اسم منصوب۔ غَيرُ :(سوائے۔علاوہ)کی خبر مرفوع۔ مضاف۔ مَلُومِينَ :(مَلُومٌ کی جمع۔ملامت کئے ہوئے۔ملامت زدہ۔)اسم مفعول۔ منصوب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مگر اپنی بیویوں سے یا (کنیزوں سے) جو ان کی مِلک ہوتی ہیں کہ (ان سے) مباشرت کرنے سے انہیں ملامت نہیں۔

فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ﴿۷﴾

فَ :(پس)حرف عطف۔مَنِ :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ابْتَغَى :(وہ چاہے۔تلاش کرے۔)فعل ماضی واحد مذکر۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ثاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِبْتَغٰى يَبْتَغِي۔ مصدر۔اِبْتِغَاء۔(چاہنا۔تلاش کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ ۔بَغٰى يَبْغِي۔ مصدر۔بَغْيًا۔بَغْيَةً۔ (چاہنا)۔وَرَاءَ :(آڑ۔حد فاصل۔کسی چیز کے آگے ہونا یا پیچھے ہونا۔علاوہ۔سوا ہونا۔)ذٰلِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ)مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ :(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔أُولَئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ هُمُ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع مبتداء ثانی۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔العَادُونَ :(سرکشی کرنے والے۔تجاوز کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اور جو ان کے سوا اوروں کے طالب ہوں وہ (اللہ کی مقرر کی ہوئی حد سے) نکل جانے والے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿۸﴾

وَ:(اور)عطف۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔هُم :(اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔لِ :(لئے)حرف جار۔زور دینے کے لئے۔اس کو لام تقویة کہا جاتا ہے۔زائد۔أَمَانَاتِ :(امانتیں)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب ۔مفعول بہ۔مضاف۔هِم :(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔عَهدِ :(عہد۔وعدے)معطوف مجرور۔مضاف۔هِم :(اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔رَاعُونَ :(حفاظت کرنے والے۔نگرانی کرنے والے۔پاسداری کرنے والے۔لحاظ کرنے والے)اسم فاعل مرفوع۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو امانتوں اور اقراروں کو ملحوظ رکھتے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹﴾

وَ:(اور)عطف۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ هُم :(اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔عَلَى :(پر)حرف جار۔ صَلَوَاتِ :(نمازوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِم :(اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يُحَافِظُونَ :(وہ حفاظت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔حَافَظَ يُحَافِظُ۔مصدر۔مُحَافَظَةٌ۔(حفاظت کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ف ظ)صیغہ۔حَفِظَ يَحفَظُ۔مصدر۔حِفظًا۔(یاد رکھنا۔حفظ کرنا۔سنبھالنا۔نگہداشت کرنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع

ترجمہ آیت: اور جو نمازوں کی پابندی کرتے ہیں۔

أُولَٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ ﴿١٠﴾

أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔هُمُ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع مبتداء ثانی۔الوَارِثُونَ :(وارث ہیں)خبر مرفوع۔جملہ محلاًأُولَئِكَ مبتداء کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ ہی لوگ میراث حاصل کرنے والے ہیں۔

الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١١﴾

الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔يَرِثُونَ :(وارث بنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(و ر ث)مثال واوی۔صیغہ۔وَرِثَ يَرِثُ ۔ مصدر۔ وِرثًا۔ وِرَاثَةٌ۔(وراثت)۔ الفِردَوسَ :(جنت۔کا نام۔)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هُم:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔ خَالِدُونَ :(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے)اسم فاعل مرفوع۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: (یعنی) جو بہشت کی میراث حاصل کریں گے۔اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن سُلَالَةٍ مِّن طِينٍ ﴿١٢﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔لَ :(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَد :(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَلَقنَا :(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخلُقُ۔مصدر۔خَلقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔

الإِنْسَانَ :(انسان کو)منصوب۔مفعول بہ۔ مِن :(سے)حرف جار۔ سُلٰلَةٍ :(جوہر۔نچوڑ۔ روح۔ خلاصہ۔مادہ(س ل ل)اسم مجرور۔

مِّن :(سے)حرف جار۔طِينٍ :(مٹی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصے سے پیدا کیا ہے۔

ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ جَعَلنَا :(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجعَلَ ۔ مصدر۔ جَعلًا۔ (بنانا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ نُطفَةً :(نطفہ۔منی کا قطرہ۔جرثومۂ حیات)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ فِي :(میں)حرف جار۔ قَرَارٍ :(ٹھہراؤ۔)اسم مجرور۔مضاف۔

مَّكِينٍ :(جگہ۔ٹھکانہ۔مقام)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: پھر اس کو ایک مضبوط (اور محفوظ) جگہ میں نطفہ بنا کر رکھا۔

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ خَلَقنَا :(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخلُقُ۔مصدر۔خَلقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ النُّطفَةَ :(نطفہ۔قطرۂ منی۔) عَلَقَةً :(جرثومۂ حیات۔ جونک نما)فَ :(پھر)حرف عطف۔ خَلَقنَا :(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخلُقُ۔مصدر۔خَلقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔العَلَقَةَ :(جرثومۂ حیات۔جونک نما) منصوب۔مفعول بہ۔ مُضغَةً :(لو تھڑا۔بوٹی۔)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ :(پھر)حرف عطف۔ خَلَقنَا :(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔ خَلَقَ يَخلُقُ۔مصدر۔ خَلقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔المُضغَةَ :(لو تھڑا)منصوب۔مفعول بہ۔عِظَامًا :(ہڈیاں)منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ فَ :(پھر)حرف عطف۔كَسَونَا :(ہم پہنایا۔ چڑھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل مرفوع۔ضمیر نَحنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک س و)ناقص واوی۔صیغہ۔كَسَا يَكسُو۔مصدر۔كَسوًا۔(پہنانا۔کپڑے پہنانا۔)العِظَامَ :(ہڈیوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔لَحمًا :(گوشت)منصوب۔مفعول

بہٖ ثانی۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ أَنْشَأنَا :(ہم نے بنایا۔پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل ضمیر نَحنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْشَاَ یُنشِئ۔مصدر۔ اِنْشَاءً۔(پیدا کرنا۔بنانا)ثلاثی مجرد۔باب فتح اور کرم۔مادہ(ن ش ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَشَاَ یَنشَاُ۔ مصدر۔ نَشأً۔نَشَاۃً۔(ابھرنا۔ نشوونماپانا۔زندہ رہنا۔ تخلیق کرنا۔چڑھنا۔پیدا کرنا)۔ہُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔خَلقًا:(پیدا کرنا) منصوب۔حال۔موصوف۔آخَرَ :(دوسری)صفت منصوب۔تابع موصوف ۔فَ :(پس)حرف عطف۔تَبَارَكَ :(اس نے برکت دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔یہ صرف اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے۔جامد۔اس سے کوئی صیغہ نہیں آتا ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔أَحسَنُ :(بہت ہی اچھا۔ بہترین۔)افعل التفضیل۔ اللّٰهُ کا بدل۔خبر مرفوع۔مضاف۔ الخَالِقِينَ :(پیدا کرنے والے۔بنانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: پھر نطفے کالو تھڑا بنایا۔پھر لو تھڑے کی بوٹی بنائی پھر بوٹی کی ہڈیاں بنائیں پھر ہڈیوں پر گوشت (پوست) چڑھایا۔پھر اس کو نئی صورت میں بنادیا۔تو اللہ جو سب سے بہتر بنانے والا بڑا بابرکت ہے۔

ثُمَّ اِنَّكُمۡ بَعۡدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوۡنَ ﴿۱۵﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُم :(تم)ضمیر جمع حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔بَعدَ :(بعد)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔ذٰلِكَ :(وہ۔اس کے)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ مجرور مضاف الیہ۔لَ : (بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مَيِّتُونَ :(کی جمع۔مرے ہوئے۔مردہ لوگ۔بے جان)اسم مفعول۔مرفوع۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: پھر اس کے بعد تم مر جاتے ہو۔

ثُمَّ اِنَّكُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ تُبۡعَثُوۡنَ ﴿۱۶﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كُم :(تم)ضمیر جمع حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔يَومَ :(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ القِيَامَةِ :(قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔تُبعَثُونَ :(تم زندہ کرکے

اٹھائے جاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث) صیغہ۔بَعَثَ یَبعَثُ۔مصدر۔بَعثًا۔(بھیجنا۔دوبارہ اٹھنا۔دوبارہ زندہ کرنا بھیجنا۔ اٹھانا۔ کھڑا کرنا)۔

ترجمہ آیت: پھر قیامت کے روز اُٹھا کھڑے کئے جاؤ گے۔

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا فَوۡقَكُمۡ سَبۡعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الۡخَلۡقِ غٰفِلِيۡنَ ﴿۱۷﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔لَ :(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَد :(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَلَقنَا :(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخلُقُ۔مصدر۔خَلقًا۔(پیدا کرنا۔بنانا)۔ فَوقَ :(اوپر)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔کُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ سَبعَ :(سات 7)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔طَرَائِقَ :(طَرِيقَ کی جمع۔راستے)۔مجرور بافتحہ۔مضاف الیہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔ کُنَّا :(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستتر نَحنُ۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُونُ۔مصدر۔ کَونًا۔(ہونا)۔ عَنِ :(سے۔بارے میں)حرف جار۔ الخَلقِ :(پیدائش۔خلقت)اسم مجرور۔غَافِلِينَ :(لاپرواہ۔بے خبر۔غافل۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔ علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے تمہارے اوپر (کی جانب) سات آسمان پیدا کئے۔اور ہم خلقت سے غافل نہیں ہیں۔

وَاَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسۡكَنّٰهُ فِى الۡاَرۡضِ‌ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوۡنَ‌ ﴿۱۸﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔أَنزَلنَا :(ہم نے اتارا) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنزَلَ یُنزِلُ۔ مصدر۔اِنزَالٌ۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنزِلُ۔ مصدر۔ نُزُولٌ۔ (اترنا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔ السَّمَاءِ :(آسمان)اسم مرور مَاءً:(پانی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔ قَدَرٍ :(مقدار۔ اندازے سے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔ فَ :(پھر)حرف عطف۔أَسكَنَّا :(ہم نے ٹھہرایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر فاعل مرفوع انَا۔ثلاثی مجرد۔باب افعال۔صیغہ۔اَسكَنَ یُسكِنُ۔مصدر۔اِسكَانًا۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فِي :(میں)حرف جار۔ الأَرضِ :(زمین)اسم مجرور۔وَ :(اور)حرف عطف۔إِنَّا

:(بے شک ہم) :(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ عَلَىٰ :(پر۔اوپر)حرف جار۔ ذَهَابٍ :(لے جانے)اسم مجرور۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ لَ :(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔قَادِرُونَ:(اندازے مقرر کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔مرفوع۔محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم ہی نے آسمان سے ایک اندازے کے ساتھ پانی نازل کیا۔پھر اس کو زمین میں ٹھہرا دیا اور ہم اس کے نابود کر دینے پر بھی قادر ہیں۔

فَأَنشَأْنَا لَكُم بِهِ جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ لَّكُمْ فِيهَا فَوَاكِهُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿١٩﴾

فَ :(پس)حرف عطف۔أَنشَأْنَا :(ہم نے بنایا۔پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل ضمیر نَحنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَنشَا یُنشِی۔مصدر۔اِنشَاءً۔(پیدا کرنا۔بنانا)ثلاثی مجرد۔باب فتح اور کرم۔مادہ(ن ش ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَشَا یَنشَاُ۔ مصدر۔نَشاً۔نَشاۃً۔(ابھرنا۔نشوونما پانا۔زندہ رہنا۔تخلیق کرنا۔چڑھنا۔پیدا کرنا)۔لَ :(لئے)حرف جار۔کُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔جَنَّاتٍ :(باغات)لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِّن :(سے)حرف جار۔ نَّخِيلٍ :(کھجوروں کے)اسم مجرور۔ وَ :(اور)حرف عطف۔أَعْنَابٍ :(انگوروں کے)معطوف مجرور۔لَّ :(لئے)حرف جار۔کُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَوَاكِهُ :(فَاكِهَةٌ کی جمع۔ پھل)مبتداء مؤخر مرفوع۔جملہ محلا منصوب صفت ثانی۔كَثِيرَةٌ :(کثرت سے۔بہت زیادہ)صفت۔ مرفوع۔وَ :(اور)حرف عطف۔مِن :(سے)حرف جار۔هَا :(اس) :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تَأْكُلُونَ :(تم کھاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَکَلَ یَاکُلُ۔مصدر۔اَکلًا۔(کھانا)۔

ترجمہ آیت: پھر ہم نے اس سے تمہارے لئے کھجوروں اور انگوروں کے باغ بنائے،ان میں تمہارے لئے بہت سے میوے پیدا ہوتے ہیں۔اور ان میں سے تم کھاتے بھی ہو۔

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِن طُورِ سَيْنَاءَ تَنبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْآكِلِينَ ﴿٢٠﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔شَجَرَةً :(درخت)منصوب۔مفعول بہ۔جَنّٰتٍ معطوف علیہ۔تَخْرُجُ :(وہ نکلتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔۔فاعل ضمیر مستتر۔تقدیراً۔هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔ اَكْلًا۔(کھانا)۔ مِن :(سے)طُورِ :(طور۔ایک پہاڑ کانام)اسم مجرور۔مضاف۔سَيْنَاءِ :(سینا۔ایک وادی کانام)مجرور مضاف الیہ۔ تَنْبُتُ :(وہ اُگتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً هِيَ ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔اَكْلًا۔(کھانا)۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔الدُّهْنِ :(تیل۔روغن)اسم مجرور۔وَ :(اور) حرف عطف۔صِبْغٍ :(اس کی جمع اَصبَاغٌ ۔رنگ)معطوف مجرور۔"وہ سالن جو روٹی ڈبونے سے رنگ دے" لِّ :(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔الاٰكِلِينَ :(کھانے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجرور صفت۔

ترجمہ آیت: اور وہ درخت بھی (ہم ہی نے پیدا کیا) جو طور سینا میں پیدا ہوتا ہے(یعنی زیتون کادرخت کہ) کھانے کے لئے روغن اور سالن لئے ہوئے اُگتا ہے۔

وَاِنَّ لَكُمۡ فِى الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَةً ‌ؕ نُسۡقِيۡكُمۡ مِّمَّا فِىۡ بُطُوۡنِهَا وَلَـكُمۡ فِيۡهَا مَنَافِعُ كَثِيۡرَةٌ وَّمِنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ۙ‏ ﴿۲۱﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ لَ :(لئے)حرف جار۔كُم :(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدم مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الْأَنْعَامِ :(جانور)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔لَ :(لئے)برائے تاکید۔مزحلقه۔ عِبْرَةً :(عبرت)اسم مجرور۔إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔ نُّسقِي :(ہم پلاتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید۔باب افعال۔صیغہ۔ اَسْقٰى يُسقِي۔مصدر۔ إِسقَاءٌ۔(پلانا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔(پلانا)مادہ(س ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَقٰى يَسقِي۔مصدر۔ سَقيًا۔(پانی پینا)۔كُم :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِّمَّا :(اس سے جو) مرکب:(مِّن+ مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فِي :(میں)حرف جار۔ بُطُونِ :(بَطنٌ کی جمع۔پیٹوں)اسم مجرور۔مضاف۔هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔لَ :(لئے)حرف جار۔كُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مَنَافِعُ :(فوائد۔)مبتداء مؤخر

مرفوع۔ كَثِيرَةٌ :(بہت زیادہ)صفت مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مِن :(سے) حرف جار۔ هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور ۔تَأْكُلُونَ :(تم کھاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔اَكلًا۔(کھانا)۔

ترجمہ آیت:اور تمہارے لئے چارپایوں میں بھی عبرت(اور نشانی) ہے کہ ان کے پیٹوں میں ہے اس سے ہم تمہیں (دودھ)پلاتے ہیں اور تمہارے لئے ان میں اور بھی بہت سے فائدے ہیں اور بعض کو تم کھاتے بھی ہو۔

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ ﴿٢٢﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔عَلَى :(پر)حرف جار۔ هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور وَ :(اور)حرف عطف۔عَلَى :(پر)حرف جار۔الفُلكِ :(کشتی)اسم مجرور۔تُحمَلُونَ :(اٹھاتے ہوئے۔سوار ہوتے ہوئے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر اَنتُم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ح م ل) صیغہ۔حَمَلَ يَحمِلُ۔مصدر۔حَملًا۔(اٹھانا)۔

ترجمہ آیت: اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار ہوتے ہو۔

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۚ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٢٣﴾

وَ : :(اور)استئنافیہ۔لَ :(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَد :(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَرسَلنَا :(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرسَلَ يُرسِلُ۔ مصدر۔اِرسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ نُوحًا :(نوحؑ کو) منصوب۔ مفعول بہ۔إِلَى :(طرف)حرف جار۔قَومِ :(قوم)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ :(پس)حرف عطف۔قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر مرفوع۔هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔ قَولًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ يَا :(اے)حرف نداء۔ قَومِ :(میری قوم۔)اصلاً قَومِي تھا۔ی۔متکلم محذوف کرکے تخفیف کی گئی۔ عوضانہ میں کسرہ رہنے دی۔منادیٰ منصوب۔مضاف+یائے متکلم محذوف۔مجرور مضاف الیہ۔اعبُدُوا :(تم عبادت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ

جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ع ب د) صیغہ۔ عَبَدَ یَعبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔ (بندگی کرنا۔ عبادت کرنا)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مَا :(نہیں)لائے نافیہ۔ لَ :(لئے)حرف جار۔ كُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مِّن :(سے)حرف جار۔ زائد۔ إِلٰهٍ :(معبود)لفظاً مکسور۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ غَيرُ :(علاوہ۔ سوا)مضاف۔ هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ : (کیا)حرف استفہام۔ فَ :(پس)حرف عطف۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔ تَتَّقُونَ :(تم تقویٰ کرتے۔ ڈرتے۔ پرہیز کرتے۔ خوف الٰہی رکھتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰی یَتَّقِی۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (پرہیز گاری کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ وَقٰی یَقِی۔ مصدر۔ وَقَایَةٌ۔ (بچنا)۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو انہوں نے ان سے کہا کہ اے قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، کیا تم ڈرتے نہیں۔

فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۖۚ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾

فَ :(پس)استئنافیہ۔ قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر مرفوع۔ هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُولُ۔ مصدر۔ قَولًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ المَلَأُ :(سرداروں نے)فاعل مرفوع۔ الَّذِينَ :(وہ جنہوں نے) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ كَفَرُوا :(انہوں نے انکار کیا۔ کفر کیا۔ قوانین الٰہی سے بغاوت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُم۔:(ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكفُرُ۔ مصدر۔ كُفرًا۔ (کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ مِن :(سے)حرف جار۔ قَومِ :(قوم) اسم مجرور۔ مضاف۔ هٖ :(اپنی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔ هٰذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔ بَشَرٌ :(بشر۔ انسان۔)خبر مرفوع۔ موصوف۔ مِّثلُ :(مانند۔ طرح۔) صفت۔ مرفوع۔ مضاف۔ كُم :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ يُرِيدُ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَرَادَ يُرِيدُ۔ مصدر۔ إِرَادَةٌ۔ (ارادہ کرنا۔ چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(رود) صیغہ۔ رَادَ يَرُودُ:(کسی چیز کی

تلاش میں آنا جانا)۔ أَن :(کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَتَفَضَّلَ :(وہ فضیلت حاصل کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَفَضَّلَ يَتَفَضَّلُ۔ مصدر۔ تَفَضُّلٌ۔(فضیلت دینا۔ برتری حاصل کرنا۔) عَلَيَ :(پر۔اوپر)حرف جار۔كُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ :(اور) حرف عطف۔لَو :(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔ شَاءَ :(اس نے چاہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيئَةٌ۔(مرضی)۔اللَّهُ :(اللہ جل جلالہ)فاعل مرفوع۔لَ :(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقه۔اسے لائے واقعہ برائے جواب بھی کہا جاتا ہے۔أَنزَلَ :(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً جواب شرط۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنزَلَ يُنزِلُ۔مصدر۔اِنزَالٌ۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنزِلُ۔مصدر۔نُزُولٌ۔ (اترنا)۔مَلَائِكَةً :(فرشتوں کو۔غیر مرئی قوتوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مَّا :(نہیں) نافیہ۔ سَمِعنَا :(ہم نے سنا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسمَعُ۔مصدر۔ سَمعًا۔ (سننا)۔ بِ :(ساتھ)هَذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فِي :(میں)حرف جار۔ آبَاءِ:(باپ دادا۔اسلاف۔)اسم مجرور۔موصوف۔ مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الأَوَّلِينَ :(اَلاوَّلُ کی جمع۔پہلے) آبَاءِ کی صفت مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: تو ان کی قوم کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے کہ یہ تو تم ہی جیسا آدمی ہے۔تم پر بڑائی حاصل کرنی چاہتا ہے۔اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتے اُتار دیتا۔ہم نے اپنے اگلے باپ دادا میں تو یہ بات کبھی سنی نہیں تھی۔

إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌۢ بِهِۦ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوا۟ بِهِۦ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٢٥﴾

إِن :(نہیں)نافیہ۔بعد میں صلہ۔إِلَّا آرہا ہے اس وجہ سے معنی نفی کے ہیں۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔رَجُلٌ :(ایک مرد۔آدمی)خبر مرفوع۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔جِنَّةٌ :(مجنون)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ فَ :(پس)برائے رابطہ۔تَرَبَّصُوا :(تم انتظار کرو۔گھات لگانا) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔

فاعل۔مرفوع۔انتُم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَرَبَّصَ یَتَرَبَّصُ۔ مصدر۔ تَرَبُّصٌ۔(گھات لگانا۔انتظار کرنا)۔ بِ :(ساتھ۔بارے میں)حرف جار۔ہِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برکسرہ۔محلاً اسم مجرور۔حَتّٰی :(یہاں تک کہ)حرف غایت۔حرف جار۔حِینٍ :(ایک وقت۔ایک مدت۔ایک زمانہ۔)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اس آدمی کو تو دیوانگی (کاعارضہ) ہے تو اس کے بارے میں کچھ مدت انتظار کرو۔

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿٢٦﴾

قَالَ (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا)۔ رَبِّ :(اے میرے رب) مرکب:(یَا+رَبِّ+يِ)حرف نداء محذوف۔+منادیٰ۔منصوب۔ مضاف۔ + کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ محذوف۔+ضمیر واحد متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔محذوف۔اُنْصُر :(تو مدد کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنتَ۔نِ :(وقایہ۔)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ي :(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كَذَّبُونِ :(انہوں نے مجھے جھٹلایا)اصلاً كَذَّبُونِي تھا۔بوجہ وقف یائے متکلم کو حذف کیا گیا۔مرکب:(كَذَّبُو+نِ)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً۔هُم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكذِبُ۔مصدر۔كِذبًا۔كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔+نون وقایہ۔کسرہ برائے اتصال وعوضانہ ضمیر واحد متکلم۔ی۔محذوف۔۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: نوح نے کہا کہ پروردگار انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے تو میری مدد کر۔

فَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَ اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿٢٧﴾

فَ :(پس)استئنافیہ۔أَوحَينَا :(ہم نے حکم دیا۔وحی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوحٰی یُوحِی۔ مصدر۔ اِيحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ ناقص یائی۔وَحٰی يَحِي۔ مصدر۔ وَحيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ إِلَي :(طرف)حرف جار۔ہِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برکسرہ۔محلاً اسم مجورر۔أَنِ :(کہ)تفسیری۔

ناصب۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اِصۡنَعِ :(بناؤ۔تیار کرو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ص ن ع)صیغہ۔صَنَعَ یَصۡنَعُ۔ مصدر۔صَنۡعًا۔(بنانا۔تیار کرنا) الۡفُلۡكَ :(کشتی کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ :(ساتھ۔سامنے)حرف جار۔أَعۡيُنِ :(عَيۡنٌ کی جمع۔آنکھوں کے)اصلاً أَعۡيُوۡنِ تھا۔واؤ حرف علت محذوف۔ضمہ بعوض واؤ جمع۔نون جمع بوجہ مجبوری حذف نہ ہوا مضاف۔نَا :(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ وَ :(اور)حرف عطف۔وَحۡيِ :(وحی۔حکم)معطوف مجرور۔ مضاف۔نَا :(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ :(پس) حرف عطف۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔جَاءَ :(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مرفوع مستتر تقدیراً ھو۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِيءٌ۔ (آنا) ۔أَمۡرُ :(حکم۔معاملہ۔امر۔فیصلہ) فاعل۔مرفوع۔مضاف۔نَا :(ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔فَارَ :(بہہ نکلا۔ابل پڑا)فعل ماضی واحد مذکر۔فاعل ضمیر مستتر۔تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف و ر)اجوف واوی۔صیغہ۔فَارَ يَفُوۡرُ۔مصدر۔فَوۡرَانًا۔(بلنا۔بہہ نکلنا)۔ التَّنُّوۡرُ :(ندی نالے)فاعل مرفوع۔ فَ :(پھر)حرف عطف۔اُسۡلُكۡ :(سوار ہو۔داخل ہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل ضمیر مستتر۔تقدیراً اَنۡتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ل ک)صیغہ۔سَلَكَ يَسۡلُكُ۔ مصدر۔سَلۡكًا۔سُلُوۡكًا۔(راستہ بنانا۔چلنا۔داخل ہونا) فِيۡ :(میں)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِنۡ :(سے)حرف جار۔ كُلٍّ :(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ زَوۡجَيۡنِ :(جوڑوں سے) منصوب مفعول بہٖ۔ علامت ۔ی۔ اثۡنَيۡنِ :(دو دو)تاکید۔منصوب۔ وَ :(اور)استئنافیہ۔أَهۡلَ:(رہنے والے۔تعلقہ دار۔گھر والے۔ ساتھی) منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔كَ :(اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا :(مگر) حرف استثناء۔مَنۡ :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مستثنیٰ۔ سَبَقَ :(وہ آگے نکلا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مرفوع۔مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ يَسۡبِقُ۔مصدر۔سَبۡقًا۔(آگے بڑھنا۔پہلے پہنچنا۔پہل کرنا۔گزرنا)۔ عَلَيۡ :(پر)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ الۡقَوۡلُ :(بات)فاعل مرفوع۔مِنۡ :(سے)حرف جار۔هُمۡ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً

منصوب۔حال۔ وَ :(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔۔ تُخَاطِب :(توخطاب کر۔بات کر۔گفتگو کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔خَاطَبَ يُخَاطِبُ۔ مصدر۔مُخَاطَبَةٌ۔(گفتگو کرنا۔بات کرنا)۔نِ :(وقایہ۔)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ي :(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔مبتداء مرفوع۔ ظَلَمُوا :(انہوں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ظَلَمَ يَظلِمُ ۔ مصدر۔ ظُلمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ إِنّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ هُم :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔مُّغرَقُونَ:(کی جمع۔غرق کئے جانے والے۔ڈوب دیئے جانے والے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاً إِنّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: پس ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ ہمارے سامنے اور ہمارے حکم سے ایک کشتی بناؤ۔پھر جب ہمارا حکم آ پہنچے اور تنور(پانی سے بھر کر) جوش مارنے لگے تو سب(قسم کے حیوانات) میں جوڑا جوڑا(یعنی نر اور مادہ) دو دو کشتی میں بٹھا دو اور اپنے گھر والوں کو بھی،سوا ان کے جن کی نسبت ان میں سے(ہلاک ہونے کا) حکم پہلے صادر ہو چکا ہے۔اور ظالموں کے بارے میں ہم سے کچھ نہ کہنا،وہ ضرور ڈبو دیئے جائیں گے۔

فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٨﴾

فَ :(پھر)استئنافیہ۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی۔مستقبل۔ استَوَيتَ :(تو بیٹھ جا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ضمیر فاعل مرفوع۔تَ مفتوح۔مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِستَوٰی يَستَوِی۔مصدر۔ اِستِوَاءٌ۔(چڑھنا۔بیٹھ جانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ()س و ی)اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِیَ يَسوٰی۔مصدر۔ اَسوَ۔ سِوًی۔(درست کرنا۔باکردار ہونا۔مناسب ہونا)۔ أَنتَ :(تو)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔برائے تقویت و تاکید۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مَن :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مرفوع۔ مَّعَ :(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَى :(پر)حرف جار۔الفُلكِ :(کشتی)اسم مجرور۔ فَ :(پس)برائے رابطہ۔قُلِ :(تو کہہ دے) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔فاعل

ضمیر مستتر تقدیراً اَنتَ۔جملہ محلاً مجزوم۔ جواب شرط۔برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔الحَمدُ :(الحمد۔شکر ہے۔سب تعریف ہے) مبتداء مرفوع۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے) مرکب:(لِ+اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔الَّذِي :(جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً صفت مرفوع۔نَجّٰا:(اس نے نجات دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَجّٰی يُنَجِّي۔مصدر۔تَنجِيَةٌ۔(نجات دینا۔بچا دینا۔بچا لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا يَنجُو۔مصدر۔نَجوٰی۔ نَجوًا(بچنا)۔نَا:(ہمیں) ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنَ :(سے) حرف جار۔ القَومِ :(قوم)اسم مجرور۔موصوف۔ الظّٰلِمِينَ :(ظلم کرنے والوں۔اندھیر مچانے والوں سے) مجرور صفت۔تابع موصوف۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور جب تم اور تمہارے ساتھی کشتی میں بیٹھ جاؤ تو (اللہ کا شکر کرنا اور) کہنا کہ سب تعریف اللہ ہی کو (سزاوار) ہے۔ جس نے ہم کو نجات بخشی ظالم لوگوں سے۔

وَقُل رَّبِّ اَنزِلنِي مُنزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنتَ خَيرُ المُنزِلِينَ ﴿۲۹﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔قُل :(تو کہہ دے) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنتَ۔جملہ محلاً مجزوم۔ جواب شرط۔برائے اتصال ما بعد۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔رَّبِّ :(اے میرے رب) مرکب: (يَا+ رَبِّ +ي) حرف نداء ۔ محذوف۔ + منادیٰ۔منصوب۔ مضاف۔ + کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ محذوف۔+ضمیر واحد متکلم مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔محذوف۔ أَنزِل :(تو اتار)فعل امر واحد مذکر حاضر۔دعائیہ۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنزَلَ يُنزِلُ۔مصدر۔ اِنزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنزِلُ۔ مصدر۔ نُزُولٌ۔(اترنا)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ي :(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مُنزَلًا :(اتارا جانا۔اترنے کی جگہ۔یا۔ظرف مکان۔ اترنے کی جگہ۔یا۔منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔مُّبٰرَكًا :(بابرکت۔مبارک)منصوب۔صفت۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔أَنتَ :(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔

خَيْرُ :(بہتر)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ مضاف۔الْمُنزِلِينَ :(اچھا۔بہترین)مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور(یہ بھی) دعاکرنا کہ اے پروردگار ہم کو مبارک جگہ اُتاریو اور تو سب سے بہتر اُتارنے والا ہے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾

إِنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔فِي :(میں)حرف جار۔ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔لَ :(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَاتٍ :(آیات)إِنَّ کا اسم منصوب۔وَ :(اور)حرف عطف۔إِن :(بے شک) إِنَّ کامخففہ۔كُنَّا :(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستترنَحنُ۔كَانَ کااسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَونًا۔(ہونا)۔لَ :(البتہ)لائے فارقہ۔مُبتَلِينَ :(آزمانے والے۔آزمائش کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:بے شک اس(قصے) میں نشانیاں ہیں اور ہمیں تو آزمائش کرنی تھی۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔أَنْشَأْنَا :(ہم نے بنایا۔پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل ضمیر نَحنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنْشَاَ يُنْشِيْ۔مصدر۔اِنْشَاءً۔(پیدا کرنا۔بنانا)ثلاثی مجرد۔باب فتح اور کرم۔مادہ(ن ش ء)مہموز اللام۔ صیغہ۔نَشَاَ يَنْشَاُ۔مصدر۔نَشاً۔نَشَاةً۔(ابھرنا۔نشو ونما پانا۔ زندہ رہنا۔ تخلیق کرنا۔چڑھنا۔پیدا کرنا)۔مِن :(سے)حرف جار۔بَعدِ :(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔هِم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔قَرنًا :(امت۔ جماعت) منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔آخَرِينَ :(دوسری۔)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پھر ان کے بعد ہم نے ایک اور جماعت پیدا کی۔

فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾

فَ :(پھر)حرف عطف۔أَرسَلنَا :(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرسَلَ يُرسِلُ۔مصدر۔اِرسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔

رَسَالَةً۔(لمبااور سیدھاہونا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔هِم :(اس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔رَسُولًا :(پیغمبر)منصوب۔مفعول بہ۔ مِن :(میں)حرف جار۔هِم :(اس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمنصوب۔صفت۔ أَنِ :(یعنی)تفسیری۔اُعۡبُدُوا :(تم عبادت کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنۡتُم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعۡبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ(عبادت کرنا)۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔مفعول بہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔لَ :(لئے)حرف جار۔كُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ مِّن :(سے)حرف جار۔زائد۔إِلٰهٍ :(معبود)لفظاًمکسور۔محلاًمبتداء مرفوع۔موصوف۔غَيۡرُ :(سوائے)صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ :(کیا)حرف استفہام۔فَ :(پھر)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔ تَتَّقُونَ :(تم تقویٰ اختیار کرتے ہو۔ڈرتے ہو۔ پرہیز کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔:(تم تقویٰ کرتے۔ڈرتے۔پرہیز کرتے۔خوف الٰہی رکھتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِي۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔وَقٰى يَقِي۔مصدر۔وَقَايَةٌ۔(بچنا)۔

ترجمہ آیت: اور ان ہی میں سے ان میں ایک پیغمبر بھیجا (جس نے ان سے کہا) کہ اللہ ہی کی عبادت کرو (کہ) اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، تو کیا تم ڈرتے نہیں۔

وَقَالَ الۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِهِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَكَذَّبُوۡا بِلِقَآءِ الۡاٰخِرَةِ وَاَتۡرَفۡنٰهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ ۙ يَاۡكُلُ مِمَّا تَاۡكُلُوۡنَ مِنۡهُ وَيَشۡرَبُ مِمَّا تَشۡرَبُوۡنَ ﴿۳۳﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔جملہ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا)۔الۡمَلَأُ :(سرداروں نے)فاعل مرفوع۔مِن :(سے) حرف جار۔قَومِ :(قوم)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کی۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصوف۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفع۔كَفَرُوا :(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكۡفُرُ۔ مصدر۔ كُفۡرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ وَ

:(اور)حرف عطف۔كَذَّبُوا :(انہوں نے جھٹلایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا بِ :(ساتھ۔کے بارے میں)اسم مجرور۔لِقَاءِ :(ملاقات۔ ملنا)اسم مجرور۔مضاف۔الآخِرَةِ :(قیامت۔ آخرت)مجرور مضاف الیہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔أَتْرَفْنَا :(ہم نے خوشحالی دی۔آسودگی دی۔آرام دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَتْرَفَ يُتْرِفُ۔مصدر۔اِتْرَافٌ۔(آرام دینا۔خوشحالی دینا۔)هُم :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔فِي :(میں)حرف جار۔الحَيَاةِ :(زندگی)اسم مجرور۔ موصوف۔ الدُّنيَا:(دنیا)غیر منصرف۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔ هَذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا :(سوائے۔علاوہ۔)حرف استثناء۔ بَشَرٌ :(ایک انسان۔بشر)خبر مرفوع۔موصوف۔مِّثلُ :(مانند۔طرح)صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔مضاف۔كُم :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَأكُلُ :(وہ کھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔ صدرر۔اَكلًا۔(کھانا)۔مِمَّا :(جو اس وجہ سے)مرکب :(مِن+مَا)حرف جار۔برائے سبب وعلت۔وجہ سے+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تَأكُلُونَ :(تم کھاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔صدرر۔اَكلًا۔(کھانا)۔مِن :(سے)حرف جار۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ :(اور)حرف عطف۔يَشرَبُ :(وہ پیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ب) صیغہ۔شَرِبَ يَشرَبُ۔مصدر۔شُربًا۔(پینا)۔مِمَّا :(جو اس وجہ سے)مرکب :(مِن+مَا)حرف جار۔برائے سبب وعلت۔وجہ سے+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ تَشرَبُونَ :(تم پیتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنتم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ب)صیغہ۔شَرِبَ يَشرَبُ۔مصدر۔شُربًا۔(پینا)۔

ترجمہ آیت: تو ان کی قوم کے سردار جو کافر تھے اور آخرت کے آنے کو جھوٹ سمجھتے تھے اور دنیا کی زندگی میں ہم نے ان کو آسودگی دے رکھی تھی۔کہنے لگے کہ یہ تو تم ہی جیسا آدمی ہے، جس قسم کا کھانا تم کھاتے ہو، اسی طرح کا یہ بھی کھاتا ہے اور جو پانی تم پیتے ہو

اسی قسم کا یہ بھی پیتا ہے۔

وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔لَئِن :(بلاشبہ اگر)مرکب :(لَ+اِن)لائے تاکید۔+حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَطَعتُم :(تم فرمانبرداری کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ضمیر فاعل مرفوع مبنی بر سکون۔محلاً اَنتُم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اِطَاعَ یُطِیعُ۔مصدر۔اِطَاعَة۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ یَطُوعُ ۔یَطِیعُ۔مصدر۔طَوعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔ بَشَرًا :(انسان کی)منصوب مفعول بہ۔موصوف۔ مِثلَ :(مانند۔طرح)صفت منصوب۔تابع موصوف۔مضاف۔کُم :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کُم :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔اِذًا :(تب اس وقت)حرف جزاء۔حرف جواب۔لَّ :(ضرور۔یقیناً)لائے تاکید۔ مزحلقه۔خَاسِرُونَ :(خسارہ کھانے والے۔گھاٹا کھانے والے)اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر تم اپنے ہی جیسے آدمی کا کہامان لیا تو گھاٹے میں پڑ گئے۔

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾

أَ :(کیا)حرف استفہام۔یَعِدُ :(وہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُوَ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ یَعِدُ۔ مصدر۔ وَعدًا۔ (وعدہ کرنا)۔کُم :(تمہارے ساتھ)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔أَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کُم :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ اِذَا :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔مِتُّم :(تم مر جاؤ)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ضمیر فاعل۔ مرفوع۔مبنی بر سکون۔اَنتُم۔وَ :(اور)حرف عطف۔کُنتُمْ :(تم تھے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ناصب خبر۔رافع اسم۔تُم:محلاً کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُونُ۔مصدر۔کَونًا۔ (ہونا)۔ تُرَابًا :(مٹی)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔عِظَامًا :(ہڈیاں)معطوف منصوب۔ أَنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کُم

:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔مُّخرَجُونَ :(نکالے جانے والے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا یہ تم سے یہ کہتاہے کہ جب تم مرجاؤگے اور مٹی ہوجاؤگے اور استخوان(کے سوا کچھ نہ رہے گا) توتم(زمین سے) نکالے جاؤگے۔

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ ﴿٣٦﴾

هَيهَاتَ :(دور ہے)اسم فعل بمعنی ماضی ۔ هَيهَاتَ :(بہت دور ہے۔یعنی ناممکن ہے)برائے تاکید۔اسم فعل۔ لِمَا:(جو کچھ)مرکب :(لِ+مَا)حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تُوعَدُونَ :(تم وعدہ کئے جاتے ہو) فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر نائب فاعل۔مرفوع۔أَنتُم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(وع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔وَعدًا۔(وعدہ کرنا)۔

ترجمہ آیت: جس بات کا تم سے وعدہ کیاجاتاہے(بہت) بعید اور(بہت) بعید ہے۔

اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِيْنَ ﴿٣٧﴾

إِن :(نہیں)نافیہ۔بعد میں صلہ۔ إِلَّا۔ہے۔ هِيَ :(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا :(مگر۔ سوائے)حرف حصر۔ حَيَاتُ :(زندگی)خبر مرفوع۔مضاف۔نَا :(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الدُّنيَا :(دنیا)غیر منصرف۔صفت مرفوع۔نَمُوتُ :(ہم مرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل ضمیر مستتر نَحنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔ صیغہ۔مَاتَ يَمُوتُ۔ مصدر۔ مَوتًا۔ (مرنا۔وفات پانا۔فوت ہونا)۔ وَ :(اور)حرف عطف۔نَحيَا :(ہم جیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل ضمیر مستترنَحنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔ اجوف یائی۔ناقص یائی۔ صیغہ۔حَيِيَ يَحيٰى۔ مصدر۔ حَيَاةٌ (زندہ رہنا)۔ وَ :(اور)حرف عطف۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔لیس کا عمل۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ نَحنُ :(ہم)ضمیر منفصل۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔زائد۔ برائے تاکید نفی۔مَبعُوثِينَ :(زندہ کرکے اٹھائے جانے والے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔لفظاً مجرور۔ محلاًمَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: زندگی تو یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے کہ (اسی میں) ہم مرتے اور جیتے ہیں، اور ہم پھر نہیں اُٹھائے جائیں گے۔

اِنۡ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨافۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحۡنُ لَهٗ بِمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۳۸﴾

إِن :(نہیں) بعد میں صلہ۔ إِلَّا۔ہے۔ هُوَ :(وہ) ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ إِلَّا :(سوائے۔مگر) حرف حصر۔ رَجُلٌ :(آدمی۔مرد) خبر مرفوع۔ اِفۡتَرَى :(اس نے افتراء باندھا۔اس نے جھوٹ گھڑ لیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔اِفۡتَرَى يَفۡتَرِي۔مصدر۔ اِفۡتِرَاءٌ۔ (بہتان باندھنا۔ جھوٹا الزام لگانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ف ر ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔فَرٰى يَفۡرِي ۔مصدر۔ فَرۡيًا۔ فَرِيَةً۔ (بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰى بَطۡنَ الشَّاةِ۔فَرَى اللَّحۡمَ۔اَو۔ البَصلَ)۔ عَلَى :(پر) حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ كَذِبًا :(جھوٹ) منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ :(اور) حرف عطف۔مَا :(نہیں) نافیہ۔لیس کا عمل۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ نَحۡنُ :(ہم) ضمیر منفصل۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَ :(لئے) حرف جار۔هٗ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ بِ :(ساتھ) حرف جار۔ زائد۔ برائے تاکید نفی۔مُؤۡمِنِيۡنَ :(ایمان لانے والے) لفظاً مجرور۔ محلاً مَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: یہ تو ایک ایسا آدمی ہے جس نے اللہ پر جھوٹ افتراء کیا ہے اور ہم اس کو ماننے والے نہیں۔

قَالَ رَبِّ انۡصُرۡنِيۡ بِمَا كَذَّبُوۡنِ ﴿۳۹﴾

قَالَ (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔ (کہنا)۔ رَبِّ :(اے میرے رب) مرکب:(يَا+ رَبّ+ي) حرف نداء محذوف۔+ منادیٰ۔منصوب۔ مضاف۔ + کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ محذوف۔+ ضمیر واحد متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔محذوف۔ اُنۡصُرۡ :(تو مدد کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔نِ :(وقایہ۔) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ي :(مجھے) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔بِمَا :(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كَذَّبُوۡنِ : (مجھے جھٹلاتے ہیں) اصلاً كَذَّبُوۡ+نِ+ی ہے : فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔مبنی بر سکون۔ مستتر تقدیراً هُم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكۡذِيۡبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک

ذب) صیغہ۔ کَذَبَ یَکذِبُ۔ مصدر۔ کِذبًا۔ کِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔+ نِ :(وقایہ۔) یائے متکلم محذوف۔ کو بچانے کے لئے۔
ي :(مجھے) ضمیر واحد متکلم محذوف۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: پیغمبر نے کہا کہ اے پروردگار انہوں نے مجھے جھوٹا سمجھا ہے تو میری مدد کر۔

قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

قَالَ (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُولُ۔ مصدر۔ قَولًا۔ (کہنا)۔
عَمَّا :(اس سے جو) مرکب :(عَن+مَّا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ زائد۔ قَلِيلٍ :(بہت تھوڑا) اسم مجرور۔ لَ :(بلاشبہ۔ یقیناً) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ یُصبِحُنَّ :(وہ ہو جائیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَصبَحَ یُصبِحُ۔ مصدر۔ إِصبَاحًا۔ إِصبَاحٌ۔ (ہو جانا۔ صبح ہونا)۔ نَادِمِينَ :(شرمندہ ہونے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً کی خبر منصوب۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: فرمایا کہ یہ تھوڑے ہی عرصے میں پشیمان ہو کر رہ جائیں گے۔

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

فَ :(تو) استئنافیہ۔ أَخَذَت :(اس نے پکڑ لیا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ت ساکن۔ علامت ضمیر فاعل۔ تانیث۔ مستتر تقدیراً۔ هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَخَذَ یَاخُذُ۔ مصدر۔ اَخذًا۔ (پکڑنا)۔ هُمُ :(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ ضمہ برائے اتصال مابعد۔ الصَّیحَةُ :(کڑکا۔ دھماکہ۔ خوف ناک آواز۔ گڑگڑاہٹ) فاعل مرفوع۔ بِ :(ساتھ) حرف جار۔ الحَقِّ :(حق) اسم مجرور۔ فَ :(پھر) حرف عطف۔ جَعَلنَا :(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ یَجعَلَ۔ مصدر۔ جَعلًا۔ (بنانا)۔ هُم :(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ غُثَاءً :(تنکے۔ سیلاب سے بہہ کے آنے والا کچرا) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ فَ :(پھر) حرف عطف۔ بُعدًا :(بہت دور۔ لعنت۔ اظہار نفرت کے لئے بولا جاتا ہے) معطوف منصوب۔ لِّ :(لئے) حرف جار۔ القَومِ :(قوم) اسم مجرور۔ موصوف۔ الظَّالِمِينَ :(ظلم کرنے والی۔ اندھیر مچانے والی) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً صفت مجرور۔ علامت۔ ی۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: توان کو (وعدہ برحق کے مطابق) زور کی آواز نے آپکڑا، توہم نے ان کو کوڑا کرڈالا۔ پس ظالم لوگوں پر لعنت ہے۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿٤٢﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ أَنْشَأْنَا :(ہم نے بنایا۔پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل ضمیر نَحنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنشَاَ یُنشِیُ۔مصدر۔اِنشَاءً۔(پیدا کرنا۔بنانا)ثلاثی مجرد۔باب فتح اور کرم۔مادہ(ن ش ء) مہموز اللام۔صیغہ۔نَشَاَ یَنشَاُ۔ مصدر۔نَشاً۔نَشَاۃً۔(ابھرنا۔نشوونماپانا۔زندہ رہنا۔ تخلیق کرنا۔چڑھنا۔پیدا کرنا)۔ مِن :(سے)حرف جار۔ بَعدِ :(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ هِم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قُرُونًا :(لوگوں۔ امتوں۔قوموں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ آخَرِينَ :(دوسری)صفت منصوب۔علامت۔ی۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پھر ان کے بعد ہم نے اور جماعتیں پیدا کیں۔

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿٤٣﴾

مَا :(نہیں)نافیہ۔ تَسبِقُ :(آگے جاتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ یَسبِقُ۔ مصدر۔ سَبقًا۔(آگے بڑھنا۔پہلے پہنچنا۔پہل کرنا۔گزرنا)۔ مِن :(سے)حرف جار۔زائدہ۔ أُمَّةٍ :(امت۔قوم)لفظاً مجرور۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ أَجَلَ :(مدت۔وقت مقررہ)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔ هَا :(اپنے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔ يَستَأْخِرُونَ :(پیچھے رہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِستَاخَرَ یَستَاخِرُ۔مصدر۔اِستِیخَارٌ۔(پیچھے رہنا۔)

ترجمہ آیت: کوئی جماعت اپنے وقت سے نہ آگے جا سکتی ہے نہ پیچھے رہ سکتی ہے۔

ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٤٤﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ أَرسَلنَا :(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرسَلَ یُرسِلُ۔مصدر۔اِرسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ یَرسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔

رَسَالَةٌ۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ رُسُلَ :(پیغمبروں کو) منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔ نَا :(اپنے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تَتْرَا :(پے در پے۔ یکے بعد دیگرے) اصلاً وَتْرٰی تھا۔ واؤ کو ت سے بدل دیا گیا ہے۔ منصوب۔ حال۔ كُلَّمَا :(جب بھی) مرکب:(كُلَّ+مَا) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ منصوب۔ مضاف۔ +زائدہ۔ جَاءَ :(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً ھو۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا)۔ أُمَّةً :(امت۔ قوم) منصوب۔ مفعول بہ۔ رَّسُولُ :(کوئی پیغمبر) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ هَا :(اس کا) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَذَّبُو :(انہوں نے جھٹلایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔ هُ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ :(پھر) حرف عطف۔ أَتْبَعْنَا :(ہم نے پیچھا کیا۔ پیروی کی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَتْبَعَ يُتْبِعُ۔ مصدر۔ اِتْبَاعًا۔ (پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبَعًا۔ تُبُوعًا۔ (پیروی کرنا)۔ بَعْضَ :(کچھ) منصوب۔ مفعول بہ۔ مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔ هُم :(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَعْضًا :(کچھ) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ وَ :(اور) حرف عطف۔ جَعَلْنَا :(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ هُم :(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ أَحَادِيثَ :(قصے۔ کہانیاں) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ فَ :(پس) حرف عطف۔ بُعْدًا :(دوری۔ لعنت) منصوب مفعول مطلق۔ فعل محذوف۔ لِّ :(لئے) حرف جار۔ قَومٍ :(قوم) اسم مجرور۔ لَّا :(نہیں) نافیہ۔ يُؤْمِنُونَ :(ایمان لاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔

ترجمہ آیت: پھر ہم نے پے در پے اپنے پیغمبر بھیجتے رہے۔ جب کسی اُمت کے پاس اس کا پیغمبر آتا تھا تو وہ اسے جھٹلاتے تھے تو ہم بھی بعض کو بعض کے پیچھے (ہلاک کرتے اور ان پر عذاب) لاتے رہے اور ان کے افسانے بناتے رہے۔ پس جو لوگ ایمان نہیں

لاتے ان پر لعنت۔

ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔ أَرسَلنَا :(ہم نے بھیجے) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرسَلَ یُرسِلُ۔ مصدر۔ اِرسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ یَرسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ مُوسَى :(موسیٰؑ کو)غیر منصرف۔ منصوب مفعول بہ۔ وَ :(اور) حرف عطف۔أَخَا :(بھائی کو)ازستّہ مکبّرہ۔ منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ مضاف۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔هَارُونَ :(ہارونؑ)غیر منصرف۔أَخَا کابدل منصوب۔بِ :(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ :(نشانیوں کے)اسم مجرور۔ مضاف۔نَا:(اپنی)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔سُلطَانٍ :(ثبوت ۔ سند)معطوف مجرور۔موصوف۔ مُّبِينٍ :(واضح۔ کھلم کھلا۔)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پھر ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیاں اور دلیل ظاہر دے کر بھیجا۔

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾

إِلَى :(طرف)حرف جار۔ فِرعَونَ :(فرعون)غیر منصرف۔اسم مجرور۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مَلَإِ :(سردار) معطوف مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ :(پھر)حرف عطف۔استَكبَرُوا :(وہ تکبر کیا۔بڑا بننا چاہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِستَكبَرَ يَستَكبِرُ۔مصدر۔اِستِكبَارًا۔(تکبر کرنا۔بڑائی کی خواہش رکھنا)۔وَ :(اور)حرف عطف۔كَانُوا :(وہ تھے)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔ صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔ كَونًا۔ (ہونا)۔ضمیر فاعل ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ قَومًا :(قوم) كَانَ کی خبر مرفوع۔ موصوف۔ عَالِينَ :(سرکش لوگ۔ سرکشی کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔صفت۔ منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (یعنی) فرعون اور اس کی جماعت کی طرف، تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ سرکش لوگ تھے۔

فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾

فَ :(پھر)حرف عطف۔قَالُوا :(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ أَ :(کیا)حرف استفہام۔نُؤْمِنُ :(ہم ایمان لائیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لِ :(لئے)حرف جار۔بَشَرَیْنِ :(دونوں آدمیوں کو)تثنیہ۔اسم مجرور۔موصوف۔ مِثْلِ :(مثل۔مانند۔طرح)صفت مجرور۔تابع موصوف۔نَا :(ہماری) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(حالانکہ۔)حالیہ۔قَوْمُ :(قوم)مبتداء مرفوع۔مضف۔هُمَا :(وہ دونوں)ضمیر تثنیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ :(لئے)حرف جار۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَابِدُونَ :(عبادت کرنے والے۔بندگی کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: کہنے لگے کہ کیا ہم ان اپنے جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں اور اُن کو قوم کے لوگ ہمارے خدمت گار ہیں۔

فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا مِنَ الْمُهْلَكِينَ ﴿٤٨﴾

فَ :(تو)حرف عطف۔كَذَّبُو :(انہوں نے جھٹلایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ هُمَا:(ان دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَ :(پس)حرف عطف۔كَانُوا (وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ضمیر فاعل۔كَانَ کا اسم مرفوع۔نصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔مِنَ :(سے)حرف جار۔الْمُهْلَكِينَ :(ہلاک ہونے والے۔)اسم مفعول۔جمع مذکر۔اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: تو اُن لوگوں نے اُن کی تکذیب کی سو (آخر) ہلاک کر دیئے گئے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ﴿٤٩﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔لَ (البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ(یقیناً)حرف تحقیق۔آتَيْنَا :(ہم نے دی۔ عطا کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِی۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)

مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(آنا۔دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔مُوْسَی :(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ الْکِتٰبَ :(کتاب)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ لَعَلَّ :(شاید) ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ھُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔یَھْتَدُوْنَ :(وہ ہدایت پائیں۔راہنمائی حاصل کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِھْتَدٰی یَھْتَدِیْ۔ مصدر۔اِھْتَدَاءٌ۔(ہدایت پانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ھ د ی) صیغہ۔ ھَدٰی یَھْدِیْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔ ھَدَایَۃٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ۔آیت: اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تھی تاکہ وہ لوگ ہدایت پائیں۔

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا :(ہم نے بنایا۔پیدا کی) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ابْنَ :(بیٹے کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔مَرْیَمَ :(مریم رضی اللہ عنہا)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔اُمَّ :(ماں)منصوب۔مفعول بہٖ مضاف۔ہٗ :(اس کو)ضمیر مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مرجع اِبنٌ۔اٰیَۃً :(نشانی)منصوب۔مفعول بہ۔وَ :(اور) حرف عطف۔اٰوَیْنَا :(ہم نے ٹھکانہ دیا۔ہم نے جگہ دی۔پناہ دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ افعال۔صیغہ۔اٰوٰی یُؤْوِی۔مصدر۔اِیْوَاءٌ۔(پناہ دینا۔جگہ دینا)۔ھُمَا :(ان دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔اِلٰی :(طرف)حرف جار۔ رَبْوَۃٍ :(بلند مقام۔ٹیلا۔اونچی جگہ۔)اسم مرور۔ذَاتِ :(والا)ذُو کی مؤنث۔ازستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔ قَرَارٍ :(قرار۔سکون۔آرام کی جگہ۔ٹھہرنے کی جگہ۔)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔وَ :(اور)حرف عطف۔مَعِیْنٍ :(بہتا پانی۔جاری چشمہ۔وہ پانی جو چلا تا ہوا نظر آئے۔)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے مریم کے بیٹے (عیسیٰ) اور ان کی ماں کو (اپنی) نشانی بنایا تھا اور ان کو ایک اونچی جگہ پر جو رہنے کے لائق تھی اور جہاں (نتھرا ہوا) پانی جاری تھا، پناہ دی تھی۔

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔ الرُّسُلُ :(رَسُولٌ کی جمع۔ پیغمبروں)مبتداء مرفوع۔ كُلُوا :(تم کھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔مصدر۔ اَكْلًا۔(کھانا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال ما بعد۔ الطَّيِّبَاتِ :(عمدہ۔اچھی۔مزیدار۔ صاف ستھری)اسم مجرور۔ وَ :(اور)حرف عطف۔اِعْمَلُوا :(عمل کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُم۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔صَالِحًا :(صالح۔ اچھے۔ نیک)منصوب مفعول بہ۔ إِنِّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔ي :(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعمَلُونَ:(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ ۔ عَمِلَ يَعمَلَ۔مصدر۔عَملًا (کرنا)۔عَلِيمٌ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اے پیغمبرو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور عمل نیک کرو۔جو عمل تم کرتے ہو میں ان سے واقف ہوں۔

وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔إِنَّ :(یقینا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هَذِهِ :(یہ)اسم اشارہ قریب۔ مونث۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أُمَّتُ :(امت۔لوگ۔جماعت) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مضاف۔كُم :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أُمَّةً:(امت۔لوگ۔قوم۔جماعت)منصوب حال۔موصوف۔ وَاحِدَةً:(ایک)صفت منصوب ۔تابع موصوف۔وَ :(حالانکہ)حالیہ۔أَنَا :(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ رَبُّ :(ربّ)خبر مرفوع۔مضاف۔كُم :(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ :(پس)حرف عطف۔اتَّقُونِ :(تم ڈرو۔پرہیز کرو۔احتیاط کرو۔ مجھ سے)اصلاً اتَّقُونِي تھا۔ یائے متکلم۔حذف کرکے تخفیف کی گئی ہے۔مرکب:(اتَّقُو+ نِ+ی)۔فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف۔برائے اتصال مابعد۔ضمیر

فاعل مستتر تقدیراً اَنْتُم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِی۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔+ نون وقایہ یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔+ ی۔ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور یہ تمہاری جماعت (حقیقت میں) ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں تو مجھ سے ڈرو۔

فَتَقَطَّعُوٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔تَقَطَّعُوا :(انہوں نے الگ الگ کر دیا۔ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔جدا جدا کر دیا) ۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مرفوع۔مبنی بر سکون۔ مستتر تقدیراً ھُم ۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَقَطَّعَ یَتَقَطَّعُ۔ مصدر۔تَقَطُّعٌ۔ (الگ ہونا۔کٹ جانا۔متفرق ہونا۔بکھر جانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع)صیغہ۔ قَطَعَ یَقْطَعُ۔مصدر۔ قَطْعًا۔ (کاٹنا)۔اَمْرَ :(حکم۔امر۔معاملہ)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ھُم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَيْن :(درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔مضاف۔ھُم :(اس کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ زُبُرًا :(زَبُوْرٌ کی جمع۔ٹکڑے ٹکڑے۔پارہ پارہ۔صفحات)۔ منصوب۔حال۔ كُلُّ :(تمام)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔حِزْبٍ :(گروہ۔ٹولہ۔جماعت)مجرور مضاف الیہ۔ بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ لَدَي :(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مضاف۔هِم :(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَرِحُونَ :(خوش باش۔اترانے والے۔گھمنڈی)اسم جمع۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو پھر آپس میں اپنے کام کو متفرق کر کے جدا جدا کر دیا۔جو چیزیں جس فرقے کے پاس ہے وہ اس سے خوش ہو رہا ہے۔

فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾

فَ :(پس)استئنافیہ۔ذَر :(تو چھوڑ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً انت۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ذ ر)مثال واوی۔صیغہ۔وَذَرَ يَذِرُ۔مصدر۔وِذرًا۔(چھوڑنا)۔ھُم :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فِي :(میں)حرف جار۔غَمرَتِ :(غفلت۔لاپرواہی۔بے خبری۔گہرا پانی کہ نیچے کی زمین نظر نہ آئے۔مراد جہالت۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِم :(اپنی) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَتّٰى :(یہاں تک)حرف غایت۔حرف جار۔حِينٍ :(ایک وقت۔ایک مدت)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: توان کوایک مدت تک ان کی غفلت میں رہنے دو۔

اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾

أَ :(کیا)حرف استفہام۔يَحسَبُونَ :(وہ گمان کرتے ہیں۔خیال کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔حَسِبَ يَحسَبُ۔مصدر۔حِسبَانٌ۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔ سوچنا)۔أَنَّمَا:(در حقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کااسم منصوب۔نُمِدُّ :(وہ دراز کرے۔لمباکرے۔کھینچ لے)فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَمَدَّ يُمِدُّ۔مصدر ۔اِمدَادٌ۔(مدد کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م د د)مضاعف۔صیغہ۔مَدَّ يَمُدُّ۔مصدر۔مَدًّا۔(مدد کرنا۔دراز کرنا)هُم :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مِن :(سے)حرف جار۔ مَّالٍ :(مال و دولت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ :(اور)حرف عطف۔بَنِينَ :(بیٹے)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: کیا یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم جو دنیامیں ان کومال اور بیٹوں سے مدد دیتے ہیں۔

نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾

نُسَارِعُ :(ہم جلدی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔سَارَعَ يُسَارِعُ۔مصدر۔مُسَارَعَةٌ(جلدی کرنا)۔لَ :(لئے)حرف جار۔هُم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مرور۔فِي :(میں)حرف جار۔ الخَيرَاتِ :(خیرات۔نیکی۔بھلائی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔بَل :(بلکہ۔)حرف اضراب۔ لَّا :(نہیں)نافیہ۔ يَشعُرُونَ :(وہ شعور نہیں رکھتے۔عقل نہیں رکھتے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ضمیر فاعل مبنی بر سکون۔ مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ع ر) ۔صیغہ۔شَعَرَ يَشعُرُ۔مصدر۔شُعُورًا۔(گہری سوچ رکھنا۔شعور رکھنا۔ باریک عقل رکھنا)۔

ترجمہ آیت: تو(اس سے) ان کی بھلائی میں جلدی کررہے ہیں (نہیں) بلکہ یہ سمجھتے ہی نہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾

إِنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ هُم :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مِّن :(سے)حرف جار۔ خَشْيَةِ :(ڈر۔خوف۔)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ :(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِم :(اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الی۔مُّشْفِقُونَ :(شفقت کرنے والے۔ڈرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو اپنے پروردگار کے خوف سے ڈرتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ هُم :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔بِ :(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ :(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ :(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِم :(اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يُؤْمِنُونَ :(وہ ایمان رکھتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور جو اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ هُم :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔بِ :(ساتھ)حرف جار۔رَبِّ :(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا :(نہیں)نافیہ۔يُشْرِكُونَ :(وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔شریک بناتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع هُم۔ ثلاثی مزید۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔مصدر۔اِشْرَاكٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک)

صیغہ۔شَرِکَ یَشرَکُ۔مصدر۔شَرکاً۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو اپنے پروردگار کے ساتھ شریک نہیں کرتے۔

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿٦٠﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔الَّذِینَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً منصوب مفعول بہ۔یُؤتُونَ :(وہ دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِی۔مصدر۔اِیتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِی۔مصدر۔اِتیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔آتَوا :(انہوں نے دیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِی۔مصدر۔اِیتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَی یَاتِی۔ مصدر۔ اِتیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ وَّ :(حالانکہ)حالیہ۔قُلُوبُ :(قَلبٌ کی جمع۔دل)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَجِلَةٌ :(ڈر۔خوف)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔أَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُم :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔کا أَنَّ اسم منصوب۔ إِلَی :(طرف)حرف جار۔ رَبِّ :(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔رَاجِعُونَ :(لوٹنے والے۔واپس جانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً جملہ خبر اِنَّ کی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو دے سکتے ہیں دیتے ہیں اور ان کے دل اس بات سے ڈرتے رہتے ہیں کہ ان کو اپنے پروردگار کی لوٹ کر جانا ہے۔

اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿٦١﴾

أُولَئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔ یُسَارِعُونَ :(وہ جلدی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ سَارَعَ یُسَارِعُ۔مصدر۔مُسَارَعَةٌ۔(جلدی کرنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الخَيرَاتِ :(خیرات ۔اچھائی۔بھلائی)اسم مجرور۔ وَ :(حالانکہ)حالیہ۔هُم :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔لَ :(لئے)حرف جار۔هَا :(اس

کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔سَابِقُونَ :(پہل کرنے والے۔آگے نکلنے والے) اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

یہی لوگ نیکیوں میں جلدی کرے اور یہی اُن کے لئے آگے نکل جاتے ہیں

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتَٰبٌ يَنطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٦٢﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔لَا :(نہیں)نافیہ۔نُكَلِّفُ :(ہم تکلیف دیتے ہیں۔)فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَلَّفَ يُكَلِّفُ۔مصدر۔تَكْلِيفًا۔(تکلیف دینا)۔نَفْسًا :(کسی جان کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔إِلَّا :(مگر)حرف استثناء۔ وُسْعَ :(وسعت۔طاقت۔گنجائش)مستثنیٰ۔منصوب۔مضاف۔هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔لَدَي :(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مضاف۔نَا :(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كِتَابٌ :(کتاب)مبتداء مرفوع۔ يَنطِقُ :(بولتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ۔(ن ط ق)صیغہ۔نَطَقَ يَنطِقُ۔ مصدر۔ نُطْقًا۔(بولنا)۔بِ :(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ :(حق۔)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ۔)حالیہ۔هُم :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔لَا :(نہیں) نافیہ۔يُظْلَمُونَ :(وہ ظلم کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ظَلَمَ يَظلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(اندھیر مچانا)۔

ترجمہ آیت:اور ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس کتاب ہے جو سچ سچ کہہ دیتی ہے اور ان لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

بَلْ قُلُوبُهُمْ فِي غَمْرَةٍ مِّنْ هَٰذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِّن دُونِ ذَٰلِكَ هُمْ لَهَا عَامِلُونَ ﴿٦٣﴾

بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔قُلُوبُ :(قَلْبٌ کی جمع۔دل)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔ غَمْرَةٍ :(غفلت میں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مِّن :(سے) حرف جار۔هَٰذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔وَ :(اور)حرف عطف۔لَ :(لئے) حرف جار۔هُم :(ان

کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ أَعمَالٌ :(اعمال۔ کام)مبتداء مؤخر مرفوع۔مِن :(سے)حرف جار۔ دُونِ :(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکرغائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔مضاف۔ هُم :(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ :(لئے)حرف جار۔هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔عَامِلُونَ :(عمل کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًجملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: مگران کے دل ان(باتوں) کی طرف سے غفلت میں (پڑے ہوئے) ہیں،اور ان کے سوااور اعمال بھی ہیں جو یہ کرتے رہتے ہیں۔

حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿٦٤﴾

حَتَّى :(یہاں تک)حرف ابتداء۔ إِذَا :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔ أَخَذنَا :(ہم نے پکڑا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ءخ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخذًا۔ (پکڑنا)۔مُترَفِي :(خوشحال لوگ)اصلاً مُترَفِينَ تھا۔نون جمع بوجہ مضاف محذوف۔ منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هِم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔العَذَابِ :(عذاب)اسم مجرور۔إِذَا :(جب)فجائیہ۔ هُم:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مروع۔يَجأَرُونَ:(وہ چیخیں گے۔چلّائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ء ر) صیغہ۔جَأَرَ يَجأَرُ۔ مصدر۔جَارًا۔جُؤَارًا۔(چلانا۔چیخنا)۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہاں تک کہ جب ہم نے ان میں سے آسودہ حال لوگوں کو پکڑ لیا تووہ اس وقت چلائیں گے۔

لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۣ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾

لَا :(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَجأَرُوا :(تم چیخو۔چلّاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واوٗ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ء ر) صیغہ۔جَأَرَ يَجأَرُ۔مصدر۔جَارًا۔ جُؤَارًا۔(چلانا۔چیخنا)۔ اليَومَ :(آج)ظرف زمان۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔كُم :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر

سکون۔ محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔ مِّنَّا :(ہم سے) مرکب :(مِّن+نَّا) حرف جار۔ + ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ لَا :(نہیں) نافیہ۔ تُنصَرُونَ :(تم مدد کئے جاؤ گے) فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واوٗ جمع۔ نائب فاعل ضمیر مبنی بر سکون۔ مستتر تقدیراً أَنتُم۔ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: آج مت چلاؤ! تم کو ہم سے کچھ مدد نہیں ملے گی۔

قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾

قَد :(یقیناً) حرف تحقیق۔ كَانَت :(وہ تھی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ت ساکن علامت تانیث۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُونُ۔ مصدر۔ كَونًا۔ (ہونا)۔ آيَاتِ: (آیات) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ ي :(میری) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تُتلَى :(سنانے کے لئے پڑھی جاتی ہیں۔ تلاوت کی جاتی ہیں) فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هِيَ۔ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ت ل و) ناقص یائی۔ صیغہ۔ تَلَا يَتلُو۔ مصدر۔ تِلَاوَةٌ (سنانے کے لئے پڑھنا۔ تلاوت کرنا)۔ عَلَي :(پر) حرف جار۔ كُم :(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ :(تو) حرف عطف۔ كُنتُم :(تم تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُونُ۔ مصدر۔ كَونًا۔ (ہونا)۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُو۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ عَلَيَ :(پر) حرف جار۔ أَعقَابِ :(ایڑیوں) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُم :(اپنی) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تَنكِصُونَ :(تم الٹے پھر جاتے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ک ص) صیغہ۔ نَكَصَ يَنكِصُ۔ مصدر۔ نَكصًا۔ (پھرنا۔ باز رہنا۔ الٹا پھر جانا)۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی تھیں اور تم الٹے پاؤں پھر پھر جاتے تھے۔

مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾

مُستَكبِرِينَ :(بڑھائی چاہنے والے۔ تکبر کرنے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً منصوب۔ علامت ۔ ی۔ حال۔ بِ :(ساتھ) حرف جار۔ هِ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ سَامِرًا :(کہانیاں سنانے والے۔ قصہ

گو۔)اسم فاعل۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ تَهْجُرُونَ :(تم بیہودہ گفتگو کرتے۔بکواس کرتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ھ ج ر)صیغہ۔هَجَرَ يَهْجُرُ۔مصدر۔هَجْرًا۔(بکواس کرنا۔بے ہودہ گفتگو کرنا۔ہذیان بکنا۔)جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: ان سے سرکشی کرتے، کہانیوں میں مشغول ہوتے اور بیہودہ بکواس کرتے تھے۔

اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾

أَ :(کیا)حرف استفہام۔فَ :(پس)حرف عطف۔لَم :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَدَّبَّرُوا :(وہ غور کریں)فعل مضارع جمع مذکر ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَدَبَّرَ يَتَدَبَّرُ۔مصدر۔تَدَبُّرٌ۔(غور و خوض کرنا۔تدبیر کرنا)۔ القولَ :(گفتگو۔قول۔بات) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أَم :(یا)حرف عطف۔ منقطعة۔ جَاءَ :(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ت ضمیر مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔جِيئٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا) ۔هُم :(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ لَم :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَأْتِ :(وہ آیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔حرف علت۔بوجہ التقائے ساکنین۔محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔أَتَى يَأتِي۔مصدر۔إِتيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے آبَاءَ :(اسلاف۔باپ دادا۔اجداد)منصوب۔مفعول بہٖ۔ موصوف۔مضاف۔ هُمُ :(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الأَوَّلِينَ :(پہلے)صفت منصوب۔علامت۔ی۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کیا انہوں نے اس کلام میں غور نہیں کیا یا ان کے پاس کوئی ایسی چیز آئی ہے جو ان کے اگلے باپ دادا کے پاس نہیں تھی۔

اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾

أَم :(یا)حرف عطف۔ منقطعة لَم :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَعرِفُوا :(انہوں نے پہچانا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ف) صیغہ۔ عَرَفَ يَعرِفُ۔مصدر۔عِرفَانًا۔مَعرِفَةٌ۔(پہچاننا)۔رَسُولَ :(پیغمبر)منصوب ۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔هُم :(اپنے)

ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ :(پھر)حرف عطف۔هُم :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَ :(لئے)حرف جار۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ مُنكِرُونَ :(انکار کرنے والے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔مرفوع۔محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: یا یہ اپنے پیغمبر کو جانتے پہنچانتے نہیں،اس وجہ سے ان کو نہیں مانتے۔

أَمْ يَقُولُونَ بِهِ جِنَّةٌ ۚ بَلْ جَاءَهُم بِالْحَقِّ وَأَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ ﴿٧٠﴾

أَم :(یا)حرف عطف۔منقطعة۔ يَقُولُونَ :(وہ کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔جِنَّةٌ :(جنون۔پاگل پن)مبتداءمرفوع۔بَل :(بلکہ)حرف اضراب۔جَاءَ :(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ت ضمیر مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا) ۔هُم :(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔الحَقِّ :(حق)اسم مجرور۔ وَ :(حالانکہ) حالیہ۔أَكْثَرُ :(بہت زیادہ)افعل التفضيل۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ :(لئے)حرف جار۔الحَقِّ :(حق)اسم مجرور۔كَارِهُونَ :(کراہت کرنے والے۔ناپسند کرنے والے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر مرفوع۔محلاًخبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔

ترجمہ آیت: کیا یہ کہتے ہیں کہ اسے سودا ہے(نہیں) بلکہ وہ ان کے پاس حق کو لے کر آئے ہیں اور ان میں سے اکثر حق کو ناپسند کرتے ہیں۔

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ أَهْوَاءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ وَمَن فِيهِنَّ ۚ بَلْ أَتَيْنَاهُم بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَن ذِكْرِهِم مُّعْرِضُونَ ﴿٧١﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔لَوِ :(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ اتَّبَعَ :(لَو کی وجہ سے ترجمہ۔ پیروی کرے۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ثلاثی

مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتبَعُ۔ مصادر۔ تَبعًا۔ تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔ الحَقُّ :(حق) فاعل مرفوع۔ أَهوَاءَ :(خواہشات کی)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُم:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ :(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔فَسَدَتِ :(لَو کی وجہ سے ترجمہ۔ بگڑ جاتا۔فساد ہوتا۔کرپشن ہوتی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ت ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف س د)صیغہ۔ فَسَدَ يَفسُدُ۔ مصدر۔ فَسَادًا۔ (فساد ہونا۔بگڑنا) السَّمَاوَاتُ :(آسمانوں)مبتداء مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔ الأَرضُ :(زمین)معطوف مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مَن :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مرفوع۔فِي :(میں)حرف جار۔هِنَّ :(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔بَل :(بلکہ۔)حرف اضراب۔ أَتَينَا :(ہم نے دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔أَتَى يَاتِي۔مصدر۔اِتيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے هُم :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب ۔مفعول بہ۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔ذِكرِ :(یاد۔ذکر۔نصیحت)اسم مجرور۔ مضاف۔هِم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ :(پس)حرف جار۔هُم :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوعل۔ عَن :(بارے میں)حرف جار۔ ذِكرِ :(ذکر۔یاد۔نصیحت)اسم مجرور۔مضاف۔هِم :(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُّعرِضُونَ :(منہ موڑنے والے۔اعراض کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔مرفوع۔علامت واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اللہ (بر حق) ان کی خواہشوں پر چلے تو آسمان اور زمین اور جو ان میں ہیں سب درہم برہم ہو جائیں۔بلکہ ہم نے ان کے پاس ان کی نصیحت (کی کتاب) پہنچادی ہے اور وہ اپنی (کتاب) نصیحت سے منہ پھیر رہے ہیں۔

اَمۡ تَسۡـَٔلُهُمۡ خَرۡجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيۡرٌ ۖ وَّ هُوَ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ﴿۷۲﴾

أَم :(یا)حرف عطف۔منقطعۃ۔ تَسأَلُ :(تم پوچھتے ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل) صیغہ۔سَئَلَ يَسئَلُ۔(سَالَ يَسئَالُ)مصدر۔سؤالًا۔(پوچھنا۔جاننا۔دریافت کرنا۔سوال کرنا)۔هُم :(ان سے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔خَرجًا :(اجرت۔خراج۔تاوان۔)منصوب مفعول بہ ثانی۔ فَ :(پس) حرف تعلیل۔خَرَاجُ:(مزدوری۔اجرت۔خرچہ۔تاوان۔ محصول۔ ٹیکس)۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور

مضاف الیہ۔ مضف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَيْرٌ :(بہتر۔اچھا۔ بھلا)خبر۔ مرفوع ۔ وَ :(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔خَيْرُ :(بہتر۔اچھا) خبر مرفوع ۔مضاف۔الرَّازِقِينَ :(رزق دینے والا)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کیا تم ان سے (تبلیغ کے صلے میں) کچھ مال مانگتے ہو، تو تمہارا پروردگار کا مال بہت اچھا ہے اور وہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

وَإِنَّكَ لَتَدْعُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٧٣﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ :(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ :(تاکہ)حرف تعلیل۔ناصب مضارع۔تَدْعُو :(تم پکارو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔ مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعوَةٌ۔(بلانا۔پکارنا۔)هُم :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔إِلَىٰ :(طرف) حرف جار۔صِرَاطٍ :(راہ)اسم مجرور۔موصوف۔مُّسْتَقِيمٍ :(سیدھی)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

اور تم تو ان کو سیدھے راستے کی طرف بلاتے ہو

وَإِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنَاكِبُونَ ﴿٧٤﴾

وَ :(اور)حرف عطف۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔لَا :(نہیں)نافیہ۔يُؤْمِنُونَ :(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًفاعل مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔إِيمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ أَمِنَ يَأمَنُ۔مصدر۔أَمنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ :(ساتھ۔پر)حرف جار۔الآخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔عَنِ :(سے۔بارے میں)حرف عطف۔ الصِّرَاطِ :(راہ)اسم مجرور۔لَ :(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔نَاكِبُونَ :(الگ ہونے والے۔)فاعل مرفوع۔جمع مذکر۔محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جولوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ رستے سے الگ ہورہے ہیں۔

وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾

وَ :(اور)عطف۔لَو :(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔رَحِمنَا :(ہم نے رحم کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ر ح م)صیغہ۔رَحِمَ یَرحَمُ۔مصدر۔رَحمَةٌ۔(رحم کرنا۔مہربانی کرنا۔)۔هُم :(ان پر)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ :(اور)حرف عطف۔کَشَفنَا :(دور کردیا۔ہٹادیا۔دور کردیں گے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔کَشَفَ یَکشِفُ۔مصدر۔کَشفًا۔(دور کرنا۔ہٹادینا)۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔هِم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِّن :(سے)حرف جار۔ضُرٍّ :(تنگی۔کوئی تکلیف)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔لَّ :(ضرور)لائے جواب طلب۔لَجُّوا :(وہ اڑ جائیں۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ل ج ج) مضاعف۔صیغہ۔لَجَّ یَلِجُّ۔مصدر۔لَجَاجَةٌ۔(اڑ جانا۔اصرار کرنا۔ضد کرنا) فِي :(میں)حرف جار۔طُغيَانِ :(سرکشی)اسم مجرور۔مضاف۔هِم :(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔یَعمَهُونَ :(سرگردان۔ادھر ادھر بھٹکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ھ)صیغہ۔عَمِهَ یَعمَهُ۔مصدر۔عَمَهًا۔(سرگردان پھرنا۔سیدھا راستہ نہ پانا۔)جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور جو تکلیفیں ان کو پہنچ رہی ہیں،وہ دور کردیں تو اپنی سرکشی پر اڑے رہیں (اور) بھٹکتے (پھریں)۔

وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَد:(یقیناً)حرف تحقیق۔أَخَذنَا :(ہم نے پکڑا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخذًا۔(پکڑنا)۔ هُم :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔بِ :(ساتھ)حرف جار۔العَذَابِ :(تکلیف۔سزاء۔عذاب)اسم مجرور۔ فَ :(پس)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔استَكَانُوا :(وہ جھکے۔عاجزی کرنے لگے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِستَکَانَ یَستَکِینَ۔مصدر۔اِستِکَانَةٌ۔(عاجزی کرنا۔جھکنا)۔لِ :(لئے)حرف جار۔رَبِّ :(ربّ) اسم

مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔ يَتَضَرَّعُونَ :(وہ عاجزی کرتے ہیں۔گریہ زاری کرتے ہیں۔گڑگڑاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَضَرَّعَ يَتَضَرَّعُ۔مصدر۔تَضَرُّعٌ۔(زاری کرنا۔گڑگڑانا)۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان کو عذاب میں پکڑا تو بھی انہوں نے اللہ کے آگے عاجزی نہ کی اور وہ عاجزی کرتے ہی نہیں۔

حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿٧٧﴾

حَتَّى :(یہاں تک)حرف ابتداء۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔فَتَحنَا :(ہم نے کھول دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔فَتَحَ يَفتَحُ۔مصدر۔فَتحًا۔(کھولنا۔) عَلَي :(پر۔اوپر)هِم :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔بَابًا :(دروازہ)منصوب مفعول بہ۔ذَا :(والا)از ستّہ مکبّرہ۔اسم جامد۔مادہ (ذ و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔مضاف۔عَذَابٍ :(سزاء۔عذاب۔دکھ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔شَدِيدٍ :(سخت۔)صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔إِذَا :(جب)فجائیہ۔هُم :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فِي :(میں)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مُبلِسُونَ :(ناامید ہونے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہاں تک کہ جب ہم نے پر عذاب شدید کا دروازہ کھول دیا تو اس وقت وہاں ناامید ہو گئے۔

وَهُوَ الَّذِيْۤ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي :(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ أَنشَأَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر۔تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنشَاَ يُنشِي۔مصدر۔اِنشَاءً۔(پیدا کرنا۔بنانا)ثلاثی مجرد۔باب فتح اور کرم۔مادہ(ن ش ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَشَاَ يَنشَاُ۔ مصدر۔ نَشأً۔نَشَاَةً۔(ابھرنا۔نشو ونما پانا۔ زندہ رہنا۔ تخلیق کرنا۔چڑھنا۔پیدا کرنا)۔ لَ :(لئے)حرف جار۔كُمُ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔السَّمعَ :(کانوں کو)منصوب مفعول بہ۔وَ

:(اور)حرف عطف۔الأَبْصَارَ :(آنکھوں کو)معطوف منصوب۔ وَ :(اور)حرف عطف۔الأَفْئِدَةَ :(دلوں کو) معطوف منصوب۔قَلِيلًا :(بہت تھوڑا۔بہت کم)منصوب۔ مفعول بہ۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔زائدہ۔تَشْكُرُونَ :(تم شکر کرتے ہو۔ قدر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ش ک ر) صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا۔)

ترجمہ آیت: اور وہی تو ہے جس نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے۔(لیکن) تم کم شکر گزاری کرتے ہو۔

وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٧٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي :(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ ذَرَأَ :(پیدا کیا۔پھیلایا۔بڑھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ذ ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔ذَرَا يَذرَءُ۔مصدر۔ذَرءً۔(پیدا کرنا۔پھیلانا۔بڑھانا)كُم :(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔الأَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔ وَ :(اور)حرف عطف۔إِلَي :(طرف)حرف جار۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ تُحشَرُونَ :(تم جمع کئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ح ش ر)صیغہ۔حَشَرَ يَحشُرُ۔ مصدر۔ حَشرًا۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں پیدا کیا اور اسی کی طرف تم جمع ہو کر جاؤ گے۔

وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٨٠﴾

وَ :(اور)استئنافیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي :(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ يُحيِي :(زندہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔أَحيَى يُحيِي۔مصدر ۔إِحيَاءٌ۔(زندہ رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔ اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحيٰى۔مصدر۔حَيَاةٌ۔(زندہ رہنا)۔ وَ :(اور)حرف عطف۔ يُمِيتُ :(وہ موت دے۔مارے گا۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔

صیغہ۔اَمَاتَ یُمِیتُ۔مصدر۔ اِمَاتَةٌ۔(موت دینا۔ مارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔ صیغہ۔مَاتَ یَمُوتُ۔مصدر۔مَوتًا۔(مرنا۔فوت ہونا۔وَ :(اور)حرف عطف۔لَ :(لئے)حرف جار۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔اخِتِلَافُ :(۔اختلاف رکھنا۔بدلنا۔گردش کرنا۔)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔ اللَّيلِ :(رات کا)مجرور مضاف الیہ۔ وَ :(اور)حرف عطف۔النَّهَارِ :(دن)معطوف مجرور۔ أَ :(کیا)حرف استفہام۔فَ :(پھر)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔ تَعقِلُونَ :(تم عقل رکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ یَعقِلُ۔مصدر۔عَقلاً۔

ترجمہ آیت: اور وہی ہے جو زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے اور رات اور دن کا بدلتے رہنا اسی کا تصرف ہے، کیا تم سمجھتے نہیں۔

بَلۡ قَالُوۡا مِثۡلَ مَا قَالَ الۡاَوَّلُوۡنَ ﴿۸۱﴾

بَل :(بلکہ)حرف اضراب۔قَالُوا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع ذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا)۔ مِثلَ :(مانند۔طرح۔جیسے۔مثل)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَالَ:(اس نے کہا) الف فارقہ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا)۔الأَوَّلُونَ :(پہلوں۔اگلوں نے)فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: بات یہ ہے کہ جو بات اگلے (کافر) کہتے تھے اسی طرح کی (بات یہ) کہتے ہیں۔

قَالُوۡۤا ءَاِذَا مِتۡنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ﴿۸۲﴾

قَالُوا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع ذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا)۔أَئِذَا:(کیا جب)مرکب :(أَ+اِذَا)حرف استفہام+ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی استقبال۔مِتنَا :(ہم مر جائیں گے۔فوت ہوجائیں گے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔ صیغہ۔مَاتَ یَمُوتُ۔مصدر۔مَوتًا۔(مرنا۔فوت ہونا۔ وَ :(اور)حرف عطف۔كُنَّا :(ہم ہوجائیں گے) فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستتر نَحنُ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَونًا۔(ہونا)۔تُرَابًا :(مٹی)كَانَ کی خبر منصوب۔ وَ :(اور)حرف عطف۔عِظَامًا :(ہڈیاں)معطوف منصوب۔أَئِنَّا

:(کیایقیناً ہم)مرکب :(أَ+إِنَّ+نا)حرف استفہام۔+حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ :(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقه۔مَبعُوثُونَ :(زندہ کرکے اٹھائے جانے والے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

کہتے ہیں کہ جب ہم مرجائیں گے اور مٹی ہوجائیں گے اور استخوان (بوسیدہ کے سوا کچھ) نہ رہے گا تو کیا ہم پھر اٹھائے جائیں گے؟

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَا هَٰذَا مِنْ قَبْلُ إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٨٣﴾

لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدِ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ وُعِدنَا :(ہم سے وعدہ کیا گیا) فعل ماضی مجہول جمع متکلم۔ضمیر نائب فاعل۔مرفوع۔نَحنُ :(ہم سے)برائے تاکید۔نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔آبَاؤُ :(اسلاف۔آباؤ اجداد۔باپ دادا)معطوف معطوف علیہ۔ضمیر نَا نائب فاعل مرفوع ۔مضاف۔نَا :(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هَذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِن :(سے)حرف جار۔ قَبلُ :(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ إِن :(نہیں)نافیہ۔علامت۔بعد میں إِلَّا صلہ آرہا ہے۔هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔أَسَاطِيرُ :(سطریں۔ لکھی ہوئی۔تحریر۔قصے کہانیاں)خبر مرفوع۔مضاف۔الأَوَّلِينَ :(پہلی)مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: یہ وعدہ ہم سے اور ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا سے بھی ہوتا چلا آیا ہے(اجی) یہ تو صرف اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔

قُلْ لِمَنِ الْأَرْضُ وَمَنْ فِيهَا إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٨٤﴾

قُل:(کہہ دو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لِ :(لئے)حرف جار۔مَن:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔الأَرضُ :(زمین) مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مَن :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مرفوع۔ فِي :(میں) حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔إِن :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔کُنتُم :(ہوتم)) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ناصب خبر۔رافع اسم۔تُم :محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُونُ۔مصدر۔کَونًا۔(ہونا)۔تَعلَمُونَ :(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون

اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعلَمُ۔مصدر۔عِلمًا۔ (جاننا)۔محلاً کَانَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہو کہ اگر تم جانتے ہو تو بتاؤ کہ زمین اور جو کچھ زمین میں ہے سب کس کا مال ہے؟

سَیَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾

سَ:(جلدی ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔یَقُولُونَ :(وہ کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُولُ۔ مصدر۔ قَولًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔لِلّٰهِ :(اللہ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔ یعنی(الارض للہ)قُل :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً قُول تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔أَ :(کیا)حرف استفہام۔ فَ :(پس) حرف عطف۔لَا :(نہیں)لافیہ۔ تَذَكَّرُونَ :(تم نصیحت پکڑتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔ علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَذَكَّرَ یَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرُ۔ (نصیحت حاصل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ یَذكُرُ۔مصدر ذِكرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔

ترجمہ آیت: جھٹ بول اٹھیں گے کہ اللہ کا۔کہو کہ پھر تم سوچتے کیوں نہیں؟۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾

قُل :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً قُول تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔مَن :(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ رَبُّ :(ربّ)خبر مرفوع۔مضاف۔السَّمَاوَاتِ :(آسمانوں)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔السَّبعِ :(سات۔لاتعداد۔ان گنت۔جیسے ہم کہتے ہیں ڈھیروں من۔ہزاروں میل بطور مبالغہ استعمال ہوتا ہے)۔صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔ وَ :(اور)حرف عطف۔رَبُّ :(ربّ)معطوف مرفوع۔مضاف۔العَرشِ :(عرش۔بلندی۔چھت۔)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔العَظِيمِ :(بہت بڑی)صفت مجرور۔

ترجمہ آیت: (ان سے) پوچھو کہ سات آسمانوں کا کون مالک ہے اور عرش عظیم کا (کون) مالک (ہے)؟

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾

سَ :(جلدی ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔يَقُوْلُوْنَ :(وہ کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لِلّٰهِ :(اللہ کے لئے)مرکب :(لِ+اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔یعنی (هی لله)قُلْ :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً قُوْل تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَ :(کیا)حرف استفہام۔فَ :(پس)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔تَتَّقُوْنَ :(تم تقوی کرتے۔ڈرتے۔پرہیز کرتے۔خوف الٰہی رکھتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِي۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔ (پرہیز گاری کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔وَقٰى يَقِي۔مصدر۔وِقَايَةٌ۔(بچنا)۔

ترجمہ آیت: بے ساختہ کہہ دیں گے کہ یہ (چیزیں) اللہ ہی کی ہیں، کہو کہ پھر تم ڈرتے کیوں نہیں؟

قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾

قُلْ :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً قُوْل تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ ۔(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ مَن :(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ :(ساتھ)حرف جار۔يَدِ :(ہاتھ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مَلَكُوْتُ :(بادشاہت)مبتداء مؤخر مرفوع۔جملہ محلاً مَن مبتداء کی خبر مرفوع۔مضاف۔ كُلِّ :(ہر۔تمام)برائے تاکید۔مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ شَيْءٍ :(سب کچھ۔کچھ بھی۔کوئی شئے)مجرور مضاف الیہ۔وَ :(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔يُجِيْرُ :(وہ جگہ دیتا ہے۔پناہ دیتا ہے۔ حفاظت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَجَارَ يُجِيْرُ۔مصدر۔اِجَارَةٌ۔(پناہ دینا۔مکمل اختیار رکھنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج و ر)اجوف واوی۔ صیغہ۔جَارَ يَجُوْرُ۔ مصدر۔جَوْرًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا۔عدل نہ کرنا)۔ وَ :(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں) نفی۔يُجَارُ :(پناہ دی جاتی ہے)فعل

مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ ضمیر نائب فاعل۔ مستتر تقدیراً ھو۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَجَارَ یُجِیرُ۔مصدر۔ اِجَارَۃٌ۔(پناہ دینا۔مکمل اختیار رکھنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج و ر)اجوف واوی۔صیغہ۔جَارَ یَجُورُ۔ مصدر۔جَورًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا۔عدل نہ کرنا)۔عَلَي :(پر)حرف جار۔ہِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ إِن :(اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔کُنتُم :(ہوتم)) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔تُم:محلاًکَان کا اسم مرفوع۔ محلاًفعل شرط۔مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُونُ۔مصدر۔کَونًا۔(ہونا)۔تَعلَمُونَ :(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعلَمُ۔مصدر۔عِلمًا۔ (جاننا)۔محلاًکَانَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہو کہ اگر تم جانتے ہو تو بتاؤ کہ وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابل کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا۔

سَيَقُولُونَ لِلّٰهِ ؕ قُلۡ فَاَنّٰى تُسۡحَرُوۡنَ ﴿۸۹﴾

سَ :(جلدی ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔یَقُولُونَ :(وہ کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔ مصدر۔قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لِلّٰهِ :(اللہ کے لئے)مرکب:(لِ+اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مبتداء محذوف۔تقدیراً(ھُوَ)۔ قُل :(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔اصلاً قُول تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ فَ :(پھر)برائے رابطہ۔أَنَّى : (کہاں)ظرف مکان۔استفہامیہ۔تُسحَرُونَ :(تم جادو کئے جاتے ہو)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ح ر) صیغہ۔سَحَرَ یَسحَرُ۔مصدر۔سَحرًا۔(جادو کرنا)۔

ترجمہ آیت: فوراً کہہ دیں گے کہ (ایسی بادشاہی تو) اللہ ہی کی ہے،تو کہو پھر تم پر جادو کہاں سے پڑ جاتا ہے؟

بَلۡ اَتَيۡنٰهُمۡ بِالۡحَقِّ وَاِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ﴿۹۰﴾

بَلْ :(بلکہ)حرف اضراب۔اَتَیْنَا:(ہم لائے ہیں۔ معنی بوجہ صلہ۔ب۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔هُم :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔بِ :(ساتھ)حرف جار۔الحَقِّ :(حق کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ :(حالانکہ)حالیہ۔اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هُم : (وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔لَ :(ضرور)برائے تاکید۔مزحلقہ۔کَاذِبُوْنَ :(جھوٹ بولنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: بات یہ ہے کہ ہم نے ان کے پاس حق پہنچادیا ہے اور جو(بت پرستی کئے جاتے ہیں) بے شک جھوٹے ہیں۔

مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿91﴾

منصوب۔مفعول بہ۔لَّ:(لئے)حرف جار۔كُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔بَلْ: (بلکہ)حرف اضراب۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ خَيْرٌ:(بہتر۔بھلا۔اچھائی)خبر مرفوع۔ لَّ: (لئے)حرف جار۔كُم :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لِ:(لئے)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔مضاف۔امْرِئٍ:(شخص)مجرور مضاف الیہ۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔هُم : (ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ اِكْتَسَبَ:(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِكْتَسَبَ يَكْتَسِبُ۔مصدر۔اِكْتِسَابًا۔(اکتساب کرنا۔اچھا یا برا عمل)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب) صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔ مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا) مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ما بعد۔ الْإِثْمِ: (گناہ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِي:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ تَوَلَّىٰ:(وہ منہ پھیرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّي۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِي۔مصدر۔وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ كِبْرَ:(بڑا۔)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُم :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ: (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔عَذَابٌ: (عذاب۔سزاء۔ دکھ) مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔عَظِيمٌ:(بہت ہی بڑا)مبالغہ۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں نے بہتان باندھا ہے تم ہی میں سے ایک جماعت ہے اس کو اپنے حق میں برا نہ سمجھنا۔بلکہ وہ تمہارے لئے اچھا ہے۔ان میں سے جس شخص نے گناہ کا جتنا حصہ لیا اس کے لئے اتنا ہی وبال ہے۔اور جس نے ان میں سے اس بہتان کا بڑا بوجھ اٹھایا ہے اس کو بڑا عذاب ہوگا۔

لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾

لَوْلَا:(کیوں نہ)حرف تحضیض۔برائے زجر و توبیخ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔

سَمِعتُمُو:(تم نے سنا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤبرائے شکم پری(حرف شباع)۔جملہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ ۔سَمِعَ یَسمَعُ۔سَمعٌ۔مصدر۔سَمعٌ۔(دیکھنا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ظَنَّ:(اس نے گمان کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً ھو۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ یَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔خیال کرنا۔وہم ہونا۔شک ہونا)۔ المُؤمِنُونَ: (ایمان والوں نے)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔المُؤمِنَاتُ:(ایمان والیوں نے)معطوف مرفوع۔ بِ:(ساتھ۔سے) أَنفُسِ:(نَفسٌ کی جمع۔جانوں۔لوگوں)اسم مجرور۔محلاً مضاف۔ هِم:(اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَيرًا:(بہتر۔اچھا)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَالُوا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا)۔هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر ۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ إِفكٌ:(بہتان۔گھڑا ہوا جھوٹ)خبر مرفوع۔موصوف۔ مُّبِينٌ:(بیان کردہ۔ کھلم کھلا۔واضح۔) صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جب تم نے وہ بات سنی تھی تو مومن مردوں اور عورتوں نے کیوں اپنے دلوں میں نیک گمان نہ کیا۔اور کیوں نہ کہا کہ یہ صریح طوفان ہے۔

لَوۡلَا جَآءُوۡ عَلَيۡهِ بِاَرۡبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذۡ لَمۡ يَاۡتُوۡا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓـئِكَ عِنۡدَ اللّٰهِ هُمُ الۡكٰذِبُوۡنَ ﴿۱۳﴾

لَولَا :(کیوں نہ)حرف تحضیض۔برائے زجر و توبیخ۔ جَاؤُوا:(وہ آئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِيئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا)۔ عَلَيَ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔أَربَعَةِ:(چار)اسم مجرور۔مضاف۔ شُهَدَاءِ:(گواہ)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِذ :(جب۔)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔لَم:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَأتُوا:(وہ لائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔محلاً فعل شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِی۔مصدر۔اِتيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ بِ:(ساتھ۔کے)حرف جار۔الشُّهَدَاءِ:(گواہ)اسم

مجرور۔فَ:(پس) برائے رابطہ جواب شرط۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هُمُ:(وہی)ضمیر منفصل۔برائے تقویۃ۔الْكٰذِبُونَ:(جھوٹ بولنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر غائب۔محلاًخبر مرفوع۔جملہ محلاًجواب شرط۔

ترجمہ آیت: یہ (افتراءپرداز) اپنی بات(کی تصدیق) کے(لئے) چار گواہ کیوں نہ لائے۔توجب یہ گواہ نہیں لاسکے تواللہ کے نزدیک یہی جھوٹے ہیں۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَو:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔لَا:(نہ)نافیہ۔فَضلُ:(فضل۔رحمت۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ عَلَيَ:(پر)حرف جار۔كُم:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَحمَتُ:(رحمت۔فضل۔مہربانی)معطوف مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الدُّنيَا:(دنیا)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الآخِرَةِ: (آخرت۔قیامت)معطوف مجرور۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مَسَّ:(اس نے چھوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمَسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔سزادینا۔پہنچنا۔)۔كُم:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔أَفَضتُم:(تم نے چرچا کیا۔)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔افاض يفيض۔مصدر۔افاضة۔ (منتشر ہونا۔چرچا کرنا۔پھیلانا۔مشغول ہونا۔بہانا۔انڈیلنا۔جلدی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ی ض)اجوف یائی۔صیغہ۔فَاضَ يَفِيضُ۔مصدر۔فَيضًا۔فَيضَانًا۔(بہنا۔کثرت سے ہونا۔بھر جانا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔عَذَابٌ:(عذاب۔سزاء۔دکھ)فاعل۔مرفوع۔موصوف۔ عَظِيمٌ :(بہت بڑا) مبالغہ۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اگر دنیااور آخرت میں تم پر اللہ کا فضل اوراس کی رحمت نہ ہوتی توجس بات کا تم چرچا کرتے تھے اس کی وجہ سے تم پر بڑا (سخت) عذاب نازل ہوتا۔

اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾

اِذْ:(جب) تَلَقَّوْنَ:(تم لاتے رہے)۔ اصلاً تَتَلَقَّوْنَ تھا۔ تخفیف کے لئے ایک ت۔ محذوف۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَلَقّٰی یَتَلَقّٰی۔ مصادر۔تَلَقِّیٌ۔(اخذ کرنا۔کسی چیز کا لینا۔ تلقین پان۔سامنے ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔ مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَۃً۔تِلقاءً۔لِقِیًّا۔ لُقِیًّا۔لُقًی۔لَقیًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔ ہٖ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔اَلْیَمُّ:(پانی۔دریا)فاعل مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔السَّاحِلِ:(سمندر کا کنارہ)اسم مجرور۔ یَأْخُذْ:(وہ پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔جواب طلب۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخذًا۔(پکڑنا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَدُوٌّ:(دشمن)فاعل مرفوع۔لِ:(لئے) حرف جار۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَدُوٌّ:(دشمن)معطوف مرفوع۔فاعل۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔ہٗ:(اس کے ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اَلْقَیْتُ:(میں نے ڈال دی)فعل ماضی واحد متکلم۔تُ مضموم۔ علامت ضمیر واحد متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِی۔ مصادر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَۃً۔تِلقاءً۔لُقِیًّا۔لُقیًا۔لُقًّی۔لَقیًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔ ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔بِ: (ساتھ) حرف جار۔اَلْسِنَتِ:لِسَانٌ کی جمع۔ زبانوں)اسم مجرور۔مضاف۔کُم:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ تَقُوْلُوْنَ:(تم کہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اَفْوَاہِ:(مونہوں)اسم مجرور۔مضاف۔ کُم:(اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَّا:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔لَیْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی۔جامد۔مضارع کے صیغے نہیں آتے ل۔ناصب خبر۔رافع اسم۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُم:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔لَیْسَ کی خبر مقدم۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد

مذکرغائب۔مبنی برکسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ عِلمٌ:(علم۔سائنس) لَیسَ کا اسم مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَحسَبُونَ: (تم گمان کرتے ہو۔حساب لگاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔حَسِبَ یَحسَبُ۔مصدر۔حِسبَانٌ۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔سوچنا)۔ ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ هَيِّنًا: (کمزور۔گھٹیا۔معمولی۔کمینہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ وَ: (حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکرغائب۔مبنی برفتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی برفتحہ۔ مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔عَظِيمٌ:(بہت بڑا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: جب تم اپنی زبانوں سے اس کا ایک دوسرے سے ذکر کرتے تھے اور اپنے منہ سے ایسی بات کہتے تھے جس کا تم کو کچھ علم نہ تھا اور تم اسے ایک ہلکی بات سمجھتے تھے اور اللہ کے نزدیک وہ بڑی بھاری بات تھی۔

وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿١٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَولَا:(کیوں نہ)حرف تحضیض۔برائے زجر و توبیخ۔ إِذا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔ سَمِعتُمُو:(تم نے سنا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ حرف اشباع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ یَسمَعُ ۔مصدر ۔سَمعًا۔(سننا)۔ ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ قُلتُم:(تم نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُولُ۔ مصدر۔ قَولًا۔(کہنا)۔مَّا:(نہیں)نافیہ۔یَکُونُ:(وہ ہوتا ہے)فعل ناقص مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مضموم۔رافع اسم۔ناصب خبر۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً ھو۔کاکَانَ اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُونُ۔مصدر۔ کَونًا۔ (ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر مقدم منصوب۔ أَن:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ نَّتَكَلَّمَ:(ہم بات کریں)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔فاعل ضمیر مستتر تقدیرا نَحنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَكَلَّمَ یَتَكَلَّمُ۔مصدر۔تَكَلُّمٌ۔(بات کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَذَا:(اس کے)اسم اشارہ قریب واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ سُبحَانَ:(پاک ہے۔پاکیزگی)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر

فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هٰذَا:(اس کے)اسم اشارہ قریب واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مبتداء مرفوع۔ بُهْتَانٌ:(بہتان۔الزام۔گھڑاہوا جھوٹ)خبر مرفوع۔موصوف۔عَظِيمٌ:(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اورجب تم نے اسے سناتھاتوکیوں نہ کہہ دیاکہ ہمیں شایاں نہیں کہ ایسی بات زبان پرنہ لائیں۔(پروردگار) توپاک ہے یہ تو(بہت) بڑابہتان ہے۔

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾

يَعِظُ:(وہ تم نصیحت کرتا ہے۔وعظ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع ظ)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَظَ يَعِظُ۔مصدر۔وَعظًا۔(نصیحت۔ہمدردی کرنا)۔كُمُ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔أَنْ:(کہ) مصدریہ۔ناصب اسم۔تَعُودُوا:(تم دہراؤ۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔ واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع و د)اجوف واوی۔صیغہ۔عَادَ يَعُودُ۔مصدر۔عَودًا۔(لوٹنا۔دہرانا۔دوبارہ کرنا۔)لِ:(لئے)حرف جار۔مِثْلِ:(مانند۔طرح۔) اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَبَدًا:(ہمیشہ ہمیشہ۔لامتناہی زمان۔کبھی بھی نہ ختم ہونے والا)ظرف زمان۔منصوب۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔كُنْتُمْ: (تم تھے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر ۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔تُم:محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَونًا۔(ہونا)۔مُّؤْمِنِينَ:(ایمان والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔اور جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ اگر مومن ہوتو پھر کبھی ایساکام نہ کرنا۔

وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يُبَيِّنُ:(وہ بیان کرتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔تَبيِينٌ۔(کھول کھول کر بیان کرنا۔وضاحت سے بیان کرنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمُ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔الآيَاتِ: (آیات کو)منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداءمرفوع۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

حَكِيمٌ:(خوب حکمت والا۔ دانائی والا) مبالغہ۔ خبر ثانی مرفوع۔

اور اللہ تمہارے (سمجھانے کے لئے) اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے

إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿١٩﴾

إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ الَّذِينَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ يُحِبُّونَ:(وہ پسند کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ إِحبَابًا۔ (پسند کرنا۔ محبت کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب کرم۔ مادہ (ح ب ب) مضاعف۔ حَبَّ يَحُبُّ۔ مصدر۔ حَبًّا۔ (پسند کرنا۔ محبت کرنا)۔ أَن:(کہ) مصدریہ۔ ناصب اسم۔ تَشِيعَ:(وہ پھیلاتی ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ش ی ع) اجوف یائی۔ صیغہ۔ شَاعَ يَشِيعُ۔ مصدر۔ شُيُوعًا۔ شَيَعَانًا۔ مَشَاعًا۔ (پھیلنا)۔ الْفَاحِشَةُ:(بے حیائی۔ فحاشی۔ بدکاری۔ حد سے بڑی ہوئی بدی۔) فاعل مرفوع۔ فِي:(میں) حرف جار۔ الَّذِينَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ آمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ إِيمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ أَمِنَ يَأْمَنُ۔ مصدر۔ أَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ هُم:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ عَذَابٌ:(عذاب) مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ موصوف۔ أَلِيمٌ:(خوب دکھ دینے والا) مبالغہ۔ صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔ فِي:(میں) حرف جار۔ الدُّنْيَا:(دنیا) غیر منصرف۔ اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الْآخِرَةِ:(آخرت۔ قیامت) معطوف مجرور۔ وَ:(استئنافیہ)۔ اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ أَنْتُم:(تم) ضمیر منفصل۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ تَعلَمُونَ:(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ مومنوں میں بے حیائی یعنی (تہمت بدکاری کی خبر) پھیلے ان کو دنیا اور آخرت میں دکھ دینے والا عذاب ہو گا۔ اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۲۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَو:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔لَا:(نہ)نافیہ۔فَضلُ:(فضل۔رحمت۔کرم۔مہربانی)مبتداء مرفوع ۔ مضاف ۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔عَلَيَ:(پر)حرف جار۔كُم:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَحمَتُ:(رحمت۔مہربانی۔نوازش۔عنایت)معطوف مرفوع۔مضاف۔هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔ خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ رَؤُوفٌ:(نرمی والا۔پیار والا۔)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ أَنَّ کی خبر مرفوع۔ رَحِيمٌ:(خوب رحم کرنے والا)اسم فاعل۔ واحد مذکر۔مبالغہ۔أَنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی (تو کیا کچھ نہ ہوتا مگر وہ کریم ہے) اور یہ کہ اللہ نہایت مہربان اور رحیم ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّبِعُوۡا خُطُوٰتِ الشَّيۡطٰنِ ؕ وَمَنۡ يَّتَّبِعۡ خُطُوٰتِ الشَّيۡطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاۡمُرُ بِالۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡكَرِ ؕ وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنۡكُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰـكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّىۡ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۲۱﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب صفت۔ آمَنُوا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤمِنُ۔مصدر۔ اِيمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ أَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ أَمنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَتَّبِعُوا:(تم پیروی کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتبَعُ۔ مصادر۔تَبعًا۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔ خُطُوَاتِ:(منصوبوں)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔الشَّيطَانِ:(شیطان۔ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَن:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔مبتداء مرفوع۔ جازم فعل شرط۔يَتَّبِع:(پیروی کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔

اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتبَعُ۔مصادر۔تَبعًا۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔خُطُوَاتِ :(منصوبوں)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔الشَّيطَانِ:(شیطان۔ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(تو)برائے رابطہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔یَأمُرُ:(وہ حکم دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم۔جواب فعل شرط۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔مصدر۔اَمرٌ۔(حکم دینا)۔بِ:(ساتھ۔کا) الفَحشَاءِ:(بے حیائی۔فحاشی۔بد کرداری۔بدی کا)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔المُنكَرِ:(وہ عمل جس کو شریعت اسلام ناپسندیدہ قرار دے۔عقل و فہم۔برا تصور کرے۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَو:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔لَا:(نہ)نافیہ۔فَضلُ:(فضل۔رحمت)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کا) اسم مجرور۔عَلَيَ:(پر)حرف جار۔کُم:(تم پر)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَحمَتُ:(رحمت۔مہربانی)معطوف مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔زَكٰى:(وہ پاک ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ز ک و)ناقص واوی۔صیغہ۔زَكٰی یَزکُو۔مصدر۔زَكَاءًا۔(پاک کرنا)اگر باب سمع۔ہو گا تو معنی ہو گا(نشو و نما پایا۔بڑھا۔زیادہ ہوا۔)صیغہ۔زَكِیَ یَزکٰی۔مصدر۔زَكوًا۔(پاک ہونا۔بڑھنا۔نشو و نما پانا۔)باب فتح۔صیغہ۔زَكٰی یَزکٰی۔مصدر۔زَكَاءًا۔(پاک ہونا۔بڑھنا۔نشو و نما پانا۔)مِن:(سے)حرف جار۔کُم:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مِّن:(سے)حرف جار۔زائد۔ أَحَدٍ:(کوئی ایک)لفظاً مجرور۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ أَبَدًا:(ہمیشہ ہمیشہ۔لا انتناہی زمانہ مستقبل)ظرف زمان۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)کالٰكِنَّ اسم منصوب۔ یُزَكِّي:(وہ پاک کرتا ہے۔نشوونما کرتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔زَكّٰی یُزَكِّی۔مصدر۔تَزكِيَةٌ۔(پاک بنانا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ز ک و)ناقص واوی۔صیغہ۔زَكٰی یَزکُو۔ مصدر۔ زَكَاءًا۔(پاک کرنا)اگر باب سمع۔ ہو گا تو معنی ہو گا (نشو و نما پایا۔بڑھا۔زیادہ ہوا۔)صیغہ۔زَكِیَ یَزکٰی۔مصدر۔ زَكوًا۔ (پاک ہونا۔بڑھنا۔نشو و نما پانا۔)باب فتح ۔صیغہ۔زَكٰی یَزکٰی۔مصدر۔زَكَاءًا ۔(پاک ہونا۔بڑھنا۔نشو و نما پانا۔) مَن:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ يَّشَاءُ:(وہ چاہتا

ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِیئَۃٌ۔ (مرضی)۔ وَ: (اور)استئنافیہ۔اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔سَمِیعٌ:(خوب سننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔عَلِیمٌ:(خوب جاننے والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اے مومنو! شیطان کے قدموں پر نہ چلنا۔اور جو شخص شیطان کے قدموں پر چلے گا تو شیطان تو بے حیائی (کی باتیں) اور برے کام ہی بتائے گا۔اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی تو ایک شخص بھی تم میں پاک نہ ہو سکتا۔ مگر اللہ جس کو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے۔اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔

وَلَا یَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْکُمْ وَالسَّعَۃِ اَنْ یُّؤْتُوْا اُولِی الْقُرْبٰی وَالْمَسٰکِیْنَ وَالْمُھٰجِرِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ۖ وَلْیَعْفُوْا وَلْیَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ یَّغْفِرَ اللّٰہُ لَکُمْ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۲۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔یَأْتَلِ:(وہ قسم کھائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِیتَلَا یَاتَلِي۔مصدر۔اِیتِلَاءً۔(قسم کھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ل ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَلَی یَلِي۔مصدر۔اَلِيٌّ۔(بیویوں سے الگ رہنے کی قسم کھانا)۔أُولُوا:(والے)از ستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔ الفَضلِ:(فضل۔رحمت۔کرم۔مہربانی)مجرور مضاف الیہ۔ مِن:(سے)حرف جار۔کُم:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔السَّعَۃِ:(وسیع۔کھلی۔بہت زیادہ مال رکھنے والے)معطوف مجرور۔ أَن: (کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یُؤتُوا:(وہ دیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِي۔مصدر۔اِیتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِي۔مصدر۔اِتیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔أُولِي: (والے) منصوب۔مفعول بہ۔علامت۔ی۔مضاف۔القُربَیٰ:(قرابت دار۔رشتہ دار۔جمع مؤنث بروزن فعلی)تقدیراً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔المَسَاکِینَ:(وہ لوگ جن کا کاروبار رک گیا ہو۔راتوں رات مفلس ہو گئے ہوں)معطوف مجرور۔علامت ۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔المُھَاجِرِینَ:(الگ ہونے والے۔ہجرت کرنے والے)معطوف مجرور۔علامت ۔ی۔ فِي :(میں)حرف جار۔سَبِیلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:

(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَعفُوا:(وہ معاف کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ف و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَفَا یَعفُو۔ مصدر۔عَفوًا۔(معاف کردینا) وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَصفَحُوا:(وہ درگزر کریں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی۔محذوف واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ص ف ح) صیغہ۔صَفَحَ یَصفَحُ۔ مصدر۔صَفحًا۔(درگزر کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تُحِبُّونَ:(تم پسند کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکرحاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ احَبَّ یُحِبُّ۔ مصدر۔ إِحبَابًا۔(پسند کرنا۔محبت کرنا)۔ثلاثی مرد۔باب کرم۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔حَبَّ یَحُبُّ۔مصدر۔ حَبًّا۔(پسند کرنا۔محبت کرنا)۔أَن:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یَّغفِرَ:(وہ مغفرت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ ۔غَفَرَ یَغفِرُ۔ مصدر۔ غُفرَانٌ۔ مَغفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُم:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ غَفُورٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ رَّحِیمٌ:(خوف رحم کرنے والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اورجولوگ تم میں صاحب فضل(اور صاحب) وسعت ہیں،وہ اس بات کی قسم نہ کھائیں کہ رشتہ داروں اور محتاجوں اوروطن چھوڑ جانے والوں کو کچھ خرچ پات نہیں دیں گے۔ان کو چاہیئے کہ معاف کردیں اور درگزر کریں۔کیاتم پسند نہیں کرتے کہ اللہ تم کو بخش دے؟اور اللہ تو بخشنے والا مہربان ہے۔

اِنَّ الَّذِیۡنَ یَرۡمُوۡنَ الۡمُحۡصَنٰتِ الۡغٰفِلٰتِ الۡمُؤۡمِنٰتِ لُعِنُوۡا فِی الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ ۪ وَ لَہُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿۲۳﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الَّذِینَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اسم منصوب۔جملہ محلاً مبتداء۔مرفوع۔یَرمُونَ:(پھینکتے ہیں۔الزام لگاتے ہیں۔تہمت لگاتے ہیں)فعل مضارع۔جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر م ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَمٰی یَرمِی۔ مصدر۔رَمیًا۔(پھینکنا۔الزام لگانا۔تہمت لگانا)۔المُحصَنَاتِ:(قلعہ بند۔شادی شدہ۔شوہر والیاں۔پاک دامن) اسم فاعل۔جمع

مؤنث۔منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔الْغَافِلَاتِ:(بے خبر۔لا پرواہ۔غافل۔بھولی بھالی عورتیں)صفت منصوب تابع موصوف۔ الْمُؤْمِنَاتِ:(ایمان دار۔مومن عورتیں) صفت منصوب تابع موصوف۔لُعِنُوا:(دور کئے گئے۔لعنت کئے گئے) فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔نائب فاعل مرفوع ضمیر مبنی بر سکون۔تقدیراً هُم۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ل ع ن)صیغہ۔لَعَنَ يَلعَنُ۔مصدر۔لَعنًا۔(دور کرنا۔لعنت بھیجنا)فِي:(میں)حرف جار۔الدُّنيَا:(دنیا)غیر منصرف۔ اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْآخِرَةِ:(قیامت۔آخرت)معطوف مجرور۔وَ: (اور) استئنافیہ ۔ لَ: (لئے)حرف جار۔ هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ عَذَابٌ: (عذاب۔ دکھ۔ سزاء۔)مبتداءمؤخر مرفوع۔موصوف۔عَظِيمٌ:(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جولوگ پرہیز گار اور برے کاموں سے بے خبر اور ایمان دار عورتوں پر بدکاری کی تہمت لگاتے ہیں ان پر دنیاوآخرت (دونوں) میں لعنت ہے۔اوران کو سخت عذاب ہو گا۔

يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾

يَومَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔تَشهَدُ:(وہ گواہی دے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةٌ(گواہی دینا۔) عَلَي:(پر)حرف جار۔هِم:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أَلسِنَتُ:(لِسَانٌ کی جمع۔زبانوں)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔هُم:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب ۔ مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَيدِي:(ہاتھوں)اصلاًأَيدِينَ تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔ هِم: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَرجُلُ:(رِجْلٌ کی جمع۔ پاؤں)معطوف مرفوع۔مضاف۔هُم:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِمَا :(جو کچھ)مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔كَانُوا كَانُوا (وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ضمیر فاعل۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔نصب خبر۔رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَونًا۔(ہونا)۔يَعمَلُونَ :(تم کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔محلاًكَانَ کی

خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: (یعنی قیامت کے روز) جس دن ان کی زبانیں ہاتھ اور پاؤں سب ان کے کاموں کی گواہی دیں گے۔

يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿٢٥﴾

يَوْمَئِذٍ :(اس دن)مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يُوَفِّي:(وہ پورا پورا دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَفّٰى يُوَفِّي۔مصدر۔تَوْفِيَةٌ۔(پورا پورا دینا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰى يَفِي۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔هِمُ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)فاعل مرفوع۔ دِينَ: (دین۔ طریقہ۔ اصول۔)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُمُ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْحَقَّ:(بالکل حق۔)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَعْلَمُونَ:(تم کرتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔أَنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ هُوَ:(وہ ہی)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْحَقُّ :(حق ۔سچ)خبر مرفوع۔موصوف۔ الْمُبِينُ:(واضح بیان کردہ۔کھلم کھلا)

ترجمہ آیت: اس دن اللہ ان کو(ان کے اعمال کا) پورا پورا(اور) ٹھیک بدلہ دے گا اور ان کو معلوم ہو جائے گا کہ اللہ برحق(اور حق کو) ظاہر کرنے والا ہے۔

اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٦﴾

الْخَبِيثَاتُ:(بری۔ناپاک عورتیں)مبتداء۔مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْخَبِيثِينَ:(برے۔مردوں)اسم مجرور۔علامت ۔ی۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْخَبِيثُونَ:(برے۔مرد)مبتداء مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔ الْخَبِيثَاتِ:(بری۔عورتیں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الطَّيِّبَاتُ: (عمدہ۔پاکباز

عورتیں) مبتداء مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الطَّيِّبِينَ:(عمدہ۔پاکباز مرد)اسم مجرور۔علامت ی۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الطَّيِّبُونَ:(عمدہ۔پاکباز مرد)مبتداء مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الطَّيِّبَاتِ: (عمدہ۔ پاکباز عورتیں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔مُبَرَّؤُونَ:(بری الذمہ۔بری کئے ہوئے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔ مِمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِن+ مَّا)حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يَقُولُونَ:(وہ کہتے ہیں۔کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدم۔مَّغْفِرَةٌ:(مغفرت)مبتداء مؤخر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔رِزْقٌ:(رزق۔ہر وہ چیز جو زندگی میں درکار ہے)معطوف مرفوع۔موصوف۔ كَرِيمٌ: (بڑھیا۔اچھا۔باعزت۔)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت:ناپاک عورتیں ناپاک مردوں کے لئے اور ناپاک مرد ناپاک عورتوں کے لئے۔اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے۔اور پاک مرد پاک عورتوں کے لئے۔یہ (پاک لوگ) ان (بدگویوں) کی باتوں سے بری ہیں (اور) ان کے لئے بخشش اور نیک روزی ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿٢٧﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب صفت۔ آمَنُوا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ آمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔إِيمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ أَمِنَ يَأْمَنُ۔مصدر۔أَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَدْخُلُوا:(تم اندر داخل ہوں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُولًا۔(داخل ہونا)۔ بُيُوتًا:(بَيْتٌ کی جمع۔گھروں میں)منصوب۔مفعول بہ۔ غَيْرَ:(سوا۔علاوہ)صفت منصوب۔مضاف۔بُيُوتِ:(بَيْتٌ کی جمع۔گھروں میں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُم:(اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف

الیہ۔ حَتّٰى:(یہاں تک) حرف غایت۔ اَن مضمر۔ناصب مضارع۔ تَستَأنِسُوا :(تم اجازت لے لو۔یعنی آواز دو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِستَاْنَسَ یَستَاْنِسُ۔ مصدر۔اِستِینَاسٌ۔(انس پیدا کرنا۔اجاز طلب کرنا۔) وَ:(اور) حرف عطف۔تُسَلِّمُوا :(تم سلام بولو۔سلام کرو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَلَّمَ یُسَلِّمُ۔ مصدر۔ تَسلِیمًا۔(سلام کرنا۔جھکنا)۔عَلٰى:(پر۔کو) حرف جار۔ أَهلِ:(گھر والوں کو۔اہل کو۔تعلقہ داروں کو) اسم مجرور۔مضاف۔هَا : (اپنے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی ب سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ذٰلِکُم :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَا+لِ+کُم) اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب جمع کے لئے۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مبتداء مرفوع۔ خَیرٌ:(بہتر۔اچھا۔خوب۔نیک) خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے) حرف جار۔کُم :(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لَعَلَّ:(شاید) ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کُم :(تم) لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تَذَکَّرُونَ:(تم نصیحت پکڑو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَذَکَّرَ یَتَذَکَّرُ۔مصدر۔تَذَکُّرُ۔(نصیحت حاصل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَکَرَ یَذکُرُ۔ مصدر۔ ذِکرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔محلاًلَعَلَّ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: مومنو! اپنے گھروں کے سوادوسرے (لوگوں کے) گھروں میں گھر والوں سے اجازت لئے اوران کوسلام کئے بغیر داخل نہ ہوا کرو۔یہ تمہارے حق میں بہتر ہے (اور ہم) یہ نصیحت اس لئے کرتے ہیں کہ شاید تم یادرکھو۔

فَاِنۡ لَّمۡ تَجِدُوۡا فِیۡهَاۤ اَحَدًا فَلَا تَدۡخُلُوۡهَا حَتّٰی یُؤۡذَنَ لَکُمۡ ۚ وَاِنۡ قِیۡلَ لَکُمُ ارۡجِعُوۡا فَارۡجِعُوۡا هُوَ اَزۡکٰی لَکُمۡ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ عَلِیۡمٌ ﴿۲۸﴾

فَ:(پھر) استئنافیہ۔اِن:(اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔لَّم :(نہ) حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ تَجِدُوا:(تم پاؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واو جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَجَدَ یَجِدُ ۔مصدر۔ وِجدَانًا۔وُجُودًا۔ (پانا۔ملنا)۔فِي:(میں) حرف جار۔هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَحَدًا :(کوئی ایک) منصوب۔ مفعول بہ۔فَ:(پس) حرف عطف۔ لَا:(نہ) ناہیہ۔جازم

مضارع۔ تَدۡخُلُو:(تم اندر داخل ہوں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ یَدۡخُلُ۔مصدر۔دُخُولًا۔(داخل ہونا)۔هَا:(اس میں)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غائب۔اَن مضمر۔ناصب مضارع۔ یُؤۡذَنَ:(اجازت دے جاؤ)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔آذَنَ یُؤۡذِنُ۔ مصدر۔اِیذَانًا۔(انتباہ کرنا۔خبردار کرنا۔متنبہ کرنا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذَنَ یَاۡذِنُ۔مصدر۔ اِذۡنًا۔(اجازت دینا)۔ لَ:(لئے۔کو)حرف جار۔كُم:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِن:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ قِيلَ:(کہا جائے)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُولُ۔ مصدر۔ قَولًا۔ (کہنا)۔ لَ:(لئے۔کو)كُمُ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔ مرفوع۔ اِرۡجِعُوا :(واپس لوٹ جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع) صیغہ۔رَجَعَ يَرۡجِعُ۔مصدر۔رُجُوعًا۔مَرۡجَعًا۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔ فَ: (تو)حرف عطف۔ اِرۡجِعُوا:(واپس لوٹ جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔فعل جواب شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع) صیغہ۔رَجَعَ يَرۡجِعُ۔مصدر۔رُجُوعًا۔مَرۡجَعًا۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔أَزۡكٰى:(بہت درست۔بہت اچھا۔زیادہ پاکیزہ)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔لَ: (لئے حرف جار۔كُم:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعۡمَلُونَ:(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل) صیغہ۔ عَمِلَ يَعۡمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔عَلِيمٌ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اگر تم گھر میں کسی کو موجود نہ پاؤ تو جب تک تم کو اجازت نہ دی جائے اس میں مت داخل ہو۔اور اگر یہ کہا جائے کہ (اس وقت) لوٹ جاؤ تو لوٹ جایا کرو۔یہ تمہارے لئے بڑی پاکیزگی کی بات ہے۔اور جو کام تم کرتے ہو اللہ سب جانتا ہے۔

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾

لَّيسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی ۔جامد۔مضارع کے صیغے نہیں آتے ۔ رافع اسم ۔ناصب خبر۔ عَلَيّ:(پر)حرف جار۔ كُم: (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَّيسَ کی خبر مقدم۔ منصوب۔ جُنَاحٌ:(گناہ)لَّيسَ کا اسم مؤخر مرفوع۔ أَن:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَدخُلُوا:(تم داخل ہوں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدخُلُ۔مصدر۔ دُخُولًا ۔ (داخل ہونا)۔ بُيُوتًا:(گھروں میں)منصوب۔مفعول بہ۔غَيرَ:(علاوہ۔سوا)صفت۔منصوب۔مضاف۔ مَسكُونَةٍ:(آباد۔ رہنے کی جگہ۔)مجرور مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔ مَتَاعٌ:(فائدہ)مبتداء۔مؤخر ۔مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كُم:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ يَعلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مضموم۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعلَمُ ۔مصدر۔ عِلمًا۔ (سیکھنا۔ جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔تُبدُونَ:(تم اعلانیہ کرتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبدٰی يُبدِى۔مصدر۔اِبدَاءً۔(ظاہر کرنا۔)۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًمنصوب۔ معطوف تَكتُمُونَ:(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً فاعل مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت م)صیغہ۔كَتَمَ يَكتُمُ۔مصدر۔كِتمَانًا۔ (چھپانا۔پوشیدہ رکھنا)۔

ترجمہ آیت: ہاں اگر تم کسی ایسے مکان میں جاؤ جس میں کوئی نہ بستا ہو اور اس میں تمہارا اسباب (رکھا) ہو، تم پر کچھ گناہ نہیں،اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو پوشیدہ کرتے ہو اللہ کو سب معلوم ہے۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾

قُل :(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔المُؤمِنِينَ:(مومنوں کو)اسم

مجرور۔علامت ۔ی۔ يَغُضُّوا:(وہ نیچے رکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔جواب طلب۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(غ ض ض)صیغہ ۔غَضَّ يَغُضُّ۔مصدر۔غَضًّا۔(نیچے رکھنا۔جھکا کے رکھنا)۔ مِن:(سے)حرف جار۔ أَبۡصَارِ:(نگاہوں۔آنکھوں کو)اسم مجرور۔مضاف۔هِم:(اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَحۡفَظُوا:(حفاظت کریں)فعل مضارع۔جمع مذکر۔مجزوم۔جواب طلب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ف ظ)صیغہ۔حَفِظَ يَحۡفَظُ۔مصدر۔ حِفۡظًا۔ (سنبھال کر رکھنا۔حفاظت کرنا)۔ فُرُوجَ:(شرمگاہوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔هُم:(اپنی)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔ أَزۡكَىٰ:(بہت درست۔بہت اچھا۔زیادہ پاکیزہ)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع۔خبر۔اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ)إِنَّ کااسم منصوب۔خَبِيرٌ:(بہت واقف کار۔خبر رکھنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يَصۡنَعُونَ:(وہ تیار کرتے ہیں۔بناتے ہیں۔گھڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ص ن ع)صیغہ۔صَنَعَ يَصۡنَعُ۔مصدر۔صَنۡعًا۔(بنانا۔تیار کرنا۔)

ترجمہ آیت: مومن مردوں سے کہہ دو کہ اپنی نظریں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کیا کریں۔یہ ان کے لئے بڑی پاکیزگی کی بات ہے اور جو کام یہ کرتے ہیں اللہ ان سے خبر دار ہے۔

وَقُلۡ لِّلۡمُؤۡمِنٰتِ يَغۡضُضۡنَ مِنۡ اَبۡصَارِهِنَّ وَيَحۡفَظۡنَ فُرُوۡجَهُنَّ وَلَا يُبۡدِيۡنَ زِيۡنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنۡهَا وَلۡيَضۡرِبۡنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوۡبِهِنَّ وَلَا يُبۡدِيۡنَ زِيۡنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوۡلَتِهِنَّ اَوۡ اٰبَآئِهِنَّ اَوۡ اٰبَآءِ بُعُوۡلَتِهِنَّ اَوۡ اَبۡنَآئِهِنَّ اَوۡ اَبۡنَآءِ بُعُوۡلَتِهِنَّ اَوۡ اِخۡوَانِهِنَّ اَوۡ بَنِىۡۤ اِخۡوَانِهِنَّ اَوۡ بَنِىۡۤ اَخَوٰتِهِنَّ اَوۡ نِسَآئِهِنَّ اَوۡ مَا مَلَـكَتۡ اَيۡمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيۡنَ غَيۡرِ اُولِى الۡاِرۡبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفۡلِ الَّذِيۡنَ لَمۡ يَظۡهَرُوۡا عَلٰى عَوۡرٰتِ النِّسَآءِ وَلَا يَضۡرِبۡنَ بِاَرۡجُلِهِنَّ لِيُعۡلَمَ مَا يُخۡفِيۡنَ مِنۡ زِيۡنَتِهِنَّ وَتُوۡبُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ جَمِيۡعًا اَيُّهَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ﴿۳۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قُل:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُولُ مصدر۔ قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لِّ:(لئے۔کو) المُؤمِنَاتِ: (مومن عورتیں)اسم مجرور۔یَغضُضنَ:(وہ جھکا کر رکھیں۔نیچی رکھیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(غ ض ض)صیغہ۔غَضَّ یَغُضُّ۔مصدر۔غَضًّا۔(نیچے رکھنا۔جھکا کے رکھنا) مِن:(سے)حرف جار۔ أَبصَارِ: (نگاہوں۔آنکھوں کو)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ:(اپنی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔یَحفَظنَ:(وہ سنبھال کر رکھیں۔حفاظت کریں)فعل مضارع۔جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ح ف ظ)صیغہ۔حَفِظَ یَحفَظُ۔مصدر۔ حِفظًا۔ (سنبھال کر رکھنا۔حفاظت کرنا)۔ فُرُوجَ:(شرم گاہوں کو) منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔هُنَّ:(اپنی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا: (نہ) ناہیہ۔جازم مضارع۔یُبدِینَ:(وہ ظاہر کریں)فعل مضارع جمع مؤنث۔نون نسوۃ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَبدٰی یُبدِی۔مصدر۔اِبدَاءً۔(ظاہر کرنا)۔ زِینَتَ:(سنگھار۔زینت۔بناؤ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ هُنَّ: (اپنی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مستثنیٰ۔ظَهَرَ:(اس نے ظاہر کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ظ ھ ر) صیغہ۔ظَهَرَ یَظهَرُ ۔مصدر۔ظَهرًا۔ظُهُورًا۔(ظاہر کرنا۔ننگا کرنا)۔ مِن:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ل:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔یَضرِبنَ:(وہ ماریں۔ڈالیں۔ ماریں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔علامت نون نسوۃ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ یَضرِبُ۔مصدر۔ضَربًا۔(مارنا۔چلنا۔بنانا۔بیان کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔خُمُرِ: (اوڑھنی۔ چادر۔ دوپٹہ۔)اسم مجرور۔ مضاف۔هِنَّ:(اپنی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَیٰ:(پر)حرف جار۔ جُیُوبِ: جَیبٌ کی جمع۔گریبانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ:(اپنی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ یُبدِینَ:(وہ ظاہر کریں)فعل مضارع جمع مؤنث۔علامت نون نسوۃ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَبدٰی یُبدِی۔مصدر۔اِبدَاءً۔(ظاہر کرنا۔)زِینَتَ زِینَتَ:(سنگار۔زینت۔بناؤ) منصوب۔مفعول بہٖ۔

مضاف۔ هُنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(سوائے) حرف استثناء۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ بُعُولَتِ:(شوہروں کے) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَو: (یا) حرف عطف۔ آبَائِ:(اپنے باپوں) معطوف مجرور۔ مضاف۔ هِنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَو:(یا) حرف عطف۔ آبَاءِ:(باپوں) معطوف مجرور۔ مضاف۔ بُعُولَتِ:(شوہروں کے) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هِنَّ: (اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَو:(یا) حرف عطف۔ أَبْنَائِ:(بیٹوں) معطوف مجرور۔ مضاف۔ هِنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَو:(یا) حرف عطف۔ أَبْنَاءِ: (بیٹوں) معطوف مجرور۔ مضاف۔ بُعُولَتِ:(شوہروں کے) مجرور۔ مضاف الیہ۔ مضاف۔ هِنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَو:(یا) حرف عطف۔ إِخْوَانِ:(بھائیوں) معطوف مجرور۔ مضاف۔ هِنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَو:(یا) حرف عطف۔ بَنِي:(بیٹوں) اصلاً بَنِينَ تھا۔ معطوف مجرور۔ نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔ إِخْوَانِ:(بھائیوں) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هِنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَو: (یا) حرف عطف۔ بَنِي:(بیٹوں) اصلاً بَنِينَ تھا۔ معطوف مجرور۔ نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔ أَخَوَاتِ:(بہنوں) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هِنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَو :(یا) حرف عطف۔ نِسَائِ:(عورتوں) معطوف مجرور۔ مضاف۔ هِنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَو:(یا) حرف عطف۔ مَا :(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً معطوف مجرور۔ مضاف۔ مَلَكَتْ:(ملکیت۔ قبضے میں ہیں) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔ علامت ضمیر فاعل۔ تانیث۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(م ل ک) صیغہ۔ مَلَكَ يَمْلِكُ۔ مصدر۔ مَلْكًا۔(مالک بننا)۔ أَيْمَانُ:(دائیں ہاتھ) فاعل۔ واحد مذکر۔ مضاف۔ هُنَّ:(اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَوِ:(یا) حرف عطف۔ التَّابِعِينَ:(پیروی کرنے والے۔ زیر فرمان رہنے والے۔ نوکر۔ بچا کھچا کھانے والے۔ لانگری وغیرہ) اسم فاعل جمع مذکر۔ مجرور علامت ۔ی۔ غَيْرِ:(علاوہ۔ سوا) صفت مجرور۔ أُولِي:(والے) جمع بر وزن فُعلیٰ۔ مؤنث۔ مضاف۔ الْإِرْبَةِ:(پلنے والا۔ یعنی غرض۔ حاجت۔ ایسی سخت جسے دور کرنے لئے کوئی تدبیر کرنا پڑے۔ شہوت والے نہیں۔ نکاح کی حاجت)۔ مجرور مضاف الیہ۔ مِنَ :(سے) حرف جار۔ الرِّجَالِ: (مردوں) اسم مجرور۔ أَوِ:(یا) حرف عطف۔

الطِّفلِ:(بچے)معطوف مجرور۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور صفت۔ لَم:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔قالب۔ يَظهَرُوا :(وہ ظاہر کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ظ ھ ر)صیغہ۔ظَهَرَ يَظهَرُ ۔مصدر۔ ظَهرًا۔ ظُهُورًا۔(ظاہر کرنا۔ننگا کرنا)۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔عَورَاتِ:(چھپی باتیں۔پردہ کی باتیں۔مرد وزن کی شرمگاہیں۔)اسم مجرور۔مضاف۔ النِّسَاء:(عورتوں کی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔يَضرِبنَ:(وہ ماریں۔چھنکائیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔علامت نون نسوۃ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضرِبُ۔مصدر۔ضَربًا۔ (مارنا۔چلنا۔بنانا۔بیان کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَرجُلِ:(پاؤں)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ: (اپنی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يُعلَمَ:(وہ جان جائیں)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعلَمُ۔مصدر۔عِلمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ يُخفِينَ:(وہ چھپاتی ہیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔علامت نون نسوۃ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخفٰی يُخفِي۔مصدر۔اِخفَاءً۔(چھپانا۔پوشیدہ رکھنا)۔ مِن:(سے)حرف جار۔ زِينَتِ:(زیبائش۔خوبصورتی۔)هِنَّ :(اپنی)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔تُوبُوا :(تم توبہ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف ۔واوٗ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔تَابَ يَتُوبُ۔ مصدر۔تَوبَةٌ۔(توبہ کرنا)۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔جَمِيعًا:(سارے کے سارے) منصوب۔حال۔ أَيُّ:(جو)منادیٰ۔مضاف باضمہ۔حرف نداء محذوف۔هَا: (خبردار۔سنو)حرف تنبیہ۔ المُؤمِنُونَ:(مومن کی جمع۔ایمان والے)اسم فاعل جمع مذکر ۔محلاًصفت مرفوع۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ كُم: (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًلَعَلَّ کااسم منصوب۔ تُفلِحُونَ:(تم فلاح پاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفلَحَ يُفلِحُ۔مصدر۔اِفلَاحٌ۔(فلاح پانا۔کامیاب ہونا۔)محلاًجملہ لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور مومن عورتوں سے بھی کہہ دو کہ وہ بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کیا کریں اور اپنی

آرائش (یعنی زیور کے مقامات) کو ظاہر نہ ہونے دیا کریں مگر جو ان میں سے کھلا رہتا ہو۔ اور اپنے سینوں پر اوڑھنیاں اوڑھے رہا کریں اور اپنے خاوند اور باپ اور خسر اور بیٹیوں اور خاوند کے بیٹوں اور بھائیوں اور بھتیجیوں اور بھانجوں اور اپنی (ہی قسم کی) عورتوں اور لونڈی غلاموں کے سوا نیز ان اللھم کے جو عورتوں کی خواہش نہ رکھیں یا ایسے لڑکوں کے جو عورتوں کے پردے کی چیزوں سے واقف نہ ہوں (غرض ان لوگوں کے سوا) کسی پر اپنی زینت (اور سنگھار کے مقامات) کو ظاہر نہ ہونے دیں۔ اور اپنے پاؤں (ایسے طور سے زمین پر) نہ ماریں (کہ جھنکار کانوں میں پہنچے اور) ان کا پوشیدہ زیور معلوم ہو جائے۔ اور مومنو! سب اللہ کے آگے توبہ کرو تاکہ فلاح پاؤ۔

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ۗ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٢﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ أَنْكِحُوا: (تم نکاح کراؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْكَحَ يُنْكِحُ۔ مصدر۔ اِنْكَاحًا۔ (نکاح کرانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ک ح) صیغہ۔ نَكَحَ يَنْكِحُ۔ مصدر۔ نَكْحًا۔ (نکاح کرنا۔ شادی کرنا۔ جنسی تعلق کو جائز طریقہ اختیار کرنا۔ مباشرت کے لئے حلال کرانا)۔ الْأَيَامَى: (أَيِّمٌ کی جمع۔ ایسی عورتیں یا مرد۔ جو کنواری یا بیوہ یا مطلقہ۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ مِن: (سے) حرف جار۔ كُم: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الصَّالِحِينَ: (نیک) معطوف۔ منصوب۔ مِن: (سے) حرف جار۔ عِبَادِ: (عَبدٌ کی جمع۔ غلام) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُم: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ إِمَائِ: (اَمَةٌ کی جمع۔ لونڈیاں۔ نوکرانیاں) معطوف مجرور۔ مضاف۔ كُم: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِن: (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يَكُونُو: (وہ ہوں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ضمیر فاعل۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ نصب خبر۔ رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُونُ۔ مصدر۔ كَونًا۔ (ہونا)۔ فُقَرَاءُ: (فَقِيرٌ کی جمع۔ مفلس افراد) كَانَ کا اسم مرفوع۔ يُغنِ: (وہ امیر۔ غنی کر دے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ یائے علت محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَغنٰى يُغنِي۔ مصدر۔ إِغنَاءً۔ (امیر ہونا۔ غنی ہونا۔ بے پرواہ ہونا۔ مال دار ہونا)۔ هِمُ: (وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ ضمہ برائے اتصال ما بعد۔

اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ مِن:(سے)حرف جار۔ فَضلِ:(فضل۔کرم۔مہربانی۔رحمت۔)اسم مجرور۔مضاف۔ ہِ:(اپنے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔واسِعٌ:(خوب وسیع کرنے والا۔زیادہ کرنے والا۔وسعت والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔خبر مرفوع۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اپنی قوم کی بیوہ عورتوں کے نکاح کر دیا کرو۔اور اپنے غلاموں اور لونڈیوں کے بھی جو نیک ہوں (نکاح کر دیا کرو) اگر وہ مفلس ہوں گے تو اللہ ان کو اپنے فضل سے خوش حال کر دے گا۔اور اللہ (بہت) وسعت والا اور (سب کچھ) جاننے والا ہے۔

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِينَ يَبْتَغُونَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔يَستَعفِفِ:(وہ پاکدامن رہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔کسرہ برائے اتصال مابعد بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِستَعَفَّ يَستَعِفُّ۔مصدر۔اِستِعفَافٌ۔(عفت والی ہونا۔پاکدامن ہونا۔گناہ سے بچنا۔)۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يَجِدُونَ:(وہ پاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔ وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجدَانًا۔وُجُودًا۔(پانا۔ملنا)۔ نِكَاحًا:(نکاح۔شادی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ حَتّٰى:(یہاں تک کہ)حرف غایت۔اَن مضمر۔ناصب اسم۔ يُغنِيَ:(وہ بے پرواہی کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَغنٰى يُغنِي۔مصدر۔اِغنَاءً۔(امیر ہونا۔غنی ہونا۔بے پرواہ ہونا۔مال دار ہونا)۔هُم:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ مِن:(سے)حرف جار۔فَضلِ: (فضل۔کرم۔مہربانی رحمت۔)اسم مجرور۔مضاف۔ہِ :(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔يَبتَغُونَ:(وہ تلاش کرتے ہیں۔وہ چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔افتعال یائی۔

صیغہ۔اِبۡتَغٰی یَبۡتَغِیۡ۔مصدر۔ اِبۡتِغَاءٌ۔(تلاش کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص۔ صیغہ۔بَغٰی یَبۡغِیۡ۔مصدر۔بَغۡیًا۔بَغۡیَۃً۔ (چاہنا)۔ الۡکِتَابَ:(کتاب)معرف باللام۔خاص کتاب۔قرآن مجید۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِّنۡ+ مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔مَلَکَتۡ:(وہ مالک ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک) صیغہ۔مَلَکَ یَمۡلِکُ۔مصدر۔مَلۡکًا۔(مالک بننا)۔ اَیۡمَانُ:(دائیں ہاتھ)فاعل۔واحد مذکر۔مضاف۔کُمۡ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔کَاتِبُوۡ:(تم لکھ کر دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔کَاتَبَ یُکَاتِبُ۔مصدر مُکَاتَبَۃٌ۔(مکاتبت کرنا۔لکھ کر دینا۔لکھت پڑھت کرنا)۔ھُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔اِنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔فعل شرط۔عَلِمۡتُمۡ:(اِنۡ کی وجہ سے ترجمہ۔تم جان لو۔معلوم کرلو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعۡلَمُ۔مصدر۔ عِلۡمًا۔ (سیکھنا۔ جاننا)۔ فِیۡ:(میں)حرف جار۔ھِمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔خَیۡرًا:(بہتری۔بھلائی۔اچھائی۔نیکی)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اٰتُوۡ:(تم دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُوۡتِیۡ۔مصدر۔اِیۡتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاۡتِیۡ۔مصدر۔اِتۡیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ ھُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ مَّالِ: (مال)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔الَّذِیۡ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اٰتٰا:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھو۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُوۡتِیۡ۔مصدر۔ اِیۡتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاۡتِیۡ۔مصدر۔اِتۡیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ کُمۡ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ) ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُکۡرِھُوۡا:(تم کراہت کرو۔پسند کرو۔نفرت کرو۔مجبور کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَکۡرَہَ یُکۡرِہُ۔ مصدر۔ اِکۡرَاھًا۔(نفرت کرنا۔ناپسند

کرنا۔کراہت کھانا۔مجبور کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ک ر ہ)صیغہ۔کَرِہَ یَکرَہُ۔مصدر۔ کَرھًا۔کُرھًا۔کَرَاھِیَۃٌ۔ (ناپسند کرنا)۔فَتَیَاتِ:(فَتَاۃٌ کی جمع۔نوجوان لڑکیاں)۔منصوب بالکسرہ۔منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔کُم:(تم اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَی:(پر)حرف جار۔البِغَاءِ:(بغاوت۔ سرکشی)اسم مجرور۔اِن:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ اَرَدنَ:(وہ ارادہ کریں)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔علامت ۔نون نسوۃ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ یُرِیدُ۔مصدر۔اِرَادَۃٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود) صیغہ۔رَادَ یَرُودُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ تَحَصُّنًا :(شوہر کرنے میں۔قلعہ بند ہونے میں۔پاکباز رہنا) منصوب۔ مفعول بہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَبتَغُوا:(تم تلاش کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔افتعال یائی۔صیغہ۔اِبتَغٰی یَبتَغِی۔مصدر۔اِبتِغَاءٌ۔(تلاش کرنا۔ چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص۔ صیغہ۔بَغٰی یَبغِی۔مصدر۔ بَغیًا۔ بَغیَۃً۔ (چاہنا)۔ عَرَضَ: (سامان۔فائدہ۔متاع۔)اصلاً عَرَضًا تھا۔ منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔الحَیَاۃِ:(زندگی)مجرور مضاف الیہ۔الدُّنیَا: (دنیا)غیر منصرف۔صفت۔مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَن:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔جازم مضارع۔یُکرِہ:(مجبور کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَکرَہَ یُکرِہُ۔مصدر۔اِکرَاھًا۔(نفرت کرنا۔ناپسند کرنا۔کراہت کھانا۔ مجبور کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ک ر ہ)صیغہ۔کَرِہَ یَکرَہُ۔مصدر۔کَرھًا۔کُرھًا۔کَرَاھِیَۃٌ۔(ناپسند کرنا)۔ ھُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔فَ:(تو)برائے رابطہ۔جواب شرط۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہ)اِنَّ کا اسم منصوب۔مِن:(سے)حرف جار۔بَعدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔اِکرَاہِ:(مجبور کیا جانا۔یعنی بدکاری پر مجبور کرنا)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ھِنَّ:(ان کے) ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔غَفُورٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔رَّحِیمٌ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔ اِنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جن کو بیاہ کا مقدور نہ ہو وہ پاک دامنی کو اختیار کئے رہیں یہاں تک کہ اللہ ان کو اپنے فضل سے غنی کردے۔اور جو غلام تم سے مکاتبت چاہیں اگر تم ان میں (صلاحیت اور) نیکی پاؤ تو ان سے مکاتبت کرلو۔اور اللہ نے جو مال تم کو بخشا ہے اس میں

سے ان کو بھی دو۔اور اپنی لونڈیوں کو اگر وہ پاک دامن رہنا چاہیں تو (بے شرمی سے) دنیاوی زندگی کے فوائد حاصل کرنے کے لئے بدکاری پر مجبور نہ کرنا۔اور جو ان کو مجبور کرے گا تو ان (بیچاریوں) کے مجبور کئے جانے کے بعد اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٤﴾

وَ :(اور) استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً) حرف تحقیق۔أَنزَلْنَا :(ہم نے اتارا) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنزَلَ یُنزِلُ۔مصدر۔ اِنزَالًا ۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ یَنزِلُ۔ مصدر۔ نُزُولٌ۔ (اترنا)۔ إِلَي:(طرف) حرف جار۔کُم :(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ آیَاتٍ :(آیات۔نشانیاں) لفظاً مکسور۔ محلاً منصوب۔حال۔ موصوف مُّبَيِّنَاتٍ ۔ :(مُّبَيِّنَةٌ کی جمع۔کھول کر بیان کرنے والی۔واضح۔کھلم کھلا) اسم فاعل۔جمع مؤنث۔صفت لفظاً مکسور۔ محلاً منصوب۔تابع موصوف۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مَثَلًا:(مثال) منصوب۔ مفعول بہ۔مِّنَ:(سے) حرف جار۔الَّذِينَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔خَلَوا:(وہ گزر گئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (خ ل و) ناقص واوی۔صیغہ۔خَلَا یَخلُو۔مصدر۔خَلُوًّا۔خَلَاءً۔(گزرنا) مِن:(سے) حرف جار۔ قَبلِ: (پہلے) ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔کُم :(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مَوعِظَةً:(ایسی نصیحت جو خوف سے بھرپور ہو۔) منصوب۔ مفعول بہ۔لِّ:(لئے) حرف جار۔الْمُتَّقِيْنَ: (متقیوں۔پرہیز گاروں۔اللہ سے ڈرنے والوں کے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے تمہاری طرف روشن آیتیں نازل کی ہیں اور جو لوگ تم سے پہلے گزر چکے ہیں ان کی خبریں اور پرہیز گاروں کے لئے نصیحت۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٣٥﴾

اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔نُورُ:(نور۔روشنی۔ہدایت) خبر مرفوع۔ مضاف۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کا) مجرور مضاف الیہ

۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ مَثَلُ:(مثال)مبتداء مرفوع۔نُورِ:(نور۔ہدایت۔ روشنی۔ راہنمائی۔)خبر مرفوع۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔كَ:(مانند۔)حرف جار و تشبیہ۔مِشْكَاةٍ:(چراغ دان۔دیوٹ۔طاقچہ ۔دیوار میں ایک دیا رکھنے کی جگہ)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مِصبَاحٌ:(چراغ)مبتداء مؤخر مرفوع۔الْمِصبَاحُ:(چراغ) مبتداء مرفوع فِي:(میں)حرف جار۔زُجَاجَةٍ:(شیشہ۔فانوس)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔الزُّجَاجَةُ:(شیشہ)مبتداء مؤخر مرفوع۔ كَأَنَّ:(گویا کہ)حرف تشبیہ۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔كَوكَبٌ:(ستارہ)كَأَنَّ کی خبر مرفوع۔ موصوف دُرِّيٌّ:(موتی)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔يُوقَدُ:(جلائی گئی۔آگ)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَوقَدَ يُوقِدُ۔مصدر۔ إِيقَادٌ۔(آگ جلانا۔دیا جلانا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق د)مثال واوی۔صیغہ۔وَقَدَ يَقِدُ۔مصدر۔ وَقدًا۔وُقُودًا۔(روشنی کرنا۔آگ جلانا۔) مِن:(سے)حرف جار۔ شَجَرَةٍ:(درخت)اسم مجرور۔موصوف۔مُّبَارَكَةٍ:(برکت والی)صفت مجرور۔تابع موصوف۔ مضاف۔زَيْتُونَةٍ: (تیل۔ کاؤ۔ ایک درخت اور پہاڑی کا نام)عطف بیان۔یابدل۔مجرور۔لَّا:(نہیں)نافیہ۔شَرقِيَّةٍ: (مشرقی۔ مشرق کی طرف۔)صفت ثانی۔ مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ غَربِيَّةٍ:(مغرب کی جانب۔)صفت مجرور۔يَكَادُ:(وہ قریب ہے)فعل مقاربہ مضارع۔ واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔فتح۔مادہ(ک و د۔ک ی د۔اجوف واوی۔اور یائی)صیغہ۔كَادَ يَكَادُ۔ مصدر۔كَودًا۔(قریب ہونا)۔ زَيتُ:(تیل)كَادَ کا اسم۔مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔يُضِيءُ:(روشنی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔جملہ محلاً كَادَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَضَاءَ يُضِيءُ۔مصدر۔إِضَائَةٌ۔(روشن ہونا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ض و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔ضَاءَ يَضُوءُ۔مصدر۔ضَوءًا۔ضِيَاءًا۔(روشنی ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَو:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ لَم :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔تَمسَس:(وہ چھوئے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔مَسَّ يَمُسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔ (چھونا۔پہنچنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر

غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ نَارٌ:(آگ)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال نُّورٌ: (روشنی۔ نور۔ہدایت۔ راہنمائی) خبر مرفوع۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔نُورٍ:(نور۔روشنی۔ہدایت۔ راہنمائی) اسم مجرور۔يَهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ہ دی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِي۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔نُورِ:(نور۔روشنی)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَن:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔يَّشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيئَةٌ۔(مرضی)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَضْرِبُ:(وہ بیان کرتا ہے)فعل مضاع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(مارنا۔چلنا۔بنانا۔بیان کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔الْأَمْثَالَ: (مثالیں)منصوب۔مفعول بہٖ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔ مضاف۔شَيْءٍ:(چیز۔شے)مجرور مضاف الیہ۔عَلِيمٌ:(خوب علم رکھنے والا۔خوب جاننے والا)مبالغہ۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔اس کے نور کی مثال ایسی ہے کہ گویا ایک طاق ہے جس میں چراغ ہے۔اور چراغ ایک قندیل میں ہے۔اور قندیل (ایسی صاف شفاف ہے کہ) گویا موتی کا سا چمکتا ہوا تارہ ہے اس میں ایک مبارک درخت کا تیل جلایا جاتا ہے(یعنی) زیتون کہ نہ مشرق کی طرف ہے نہ مغرب کی طرف۔(ایسا معلوم ہوتا ہے کہ) اس کا تیل خواہ آگ اسے نہ بھی چھوئے جلنے کو تیار ہے(پڑی) روشنی پر روشنی (ہو رہی ہے) اللہ اپنے نور سے جس کو چاہتا ہے سیدھی راہ دکھاتا ہے۔اور اللہ نے(جو مثالیں) بیان فرماتا ہے(تو) لوگوں کے(سمجھانے کے) لئے اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

فِي بُيُوتٍ أَذِنَ اللّٰهُ أَن تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ يُسَبِّحُ لَهُ فِيهَا بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ ﴿٣٦﴾

فِي:(میں)حرف جار۔بُيُوتٍ:(بَيْتٌ کی جمع۔گھروں)اسم مجرور۔أَذِنَ:(اس نے اجازت دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔أَذِنَ يَأْذِنُ۔مصدر۔إِذْنًا۔(اجازت دینا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ أَن:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تُرْفَعَ:(وہ بلند کیا جائے) فعل مضارع مجہول۔ واحد مذکر

غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ف ع)صیغہ۔رَفَعَ یَرفَعُ۔مصدر۔ رَفعٌ۔(بلند کرنا۔بلند ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یُذکَرَ:(ذکر کیا جاتا ہے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَکَرَ یَذکُرُ۔مصدر۔ذِکرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اسمُ: (نام)نائب فاعل مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔یُسَبِّحُ:(وہ تسبیح کرتا ہے۔تیزی سے اللہ جل جلالہٗ کے احکام پر چلتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ یُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسبِیحًا۔(بہت تیزی سے عمل کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ یَسبَحُ۔مصدر۔سَبحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ۔)حرف جار۔الغُدُوِّ:(غَدَاۃٌ۔ کی جمع۔ صبحیں۔)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الآصَالِ:(اَصِیلٌ کی جمع۔شامیں)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: (وہ قندیل) ان گھروں میں (ہے) جن کے بارے میں اللہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ بلند کئے جائیں اور وہاں اللہ کے نام کا ذکر کیا جائے (اور) ان میں صبح وشام اس کی تسبیح کرتے رہیں۔

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾

رِجَالٌ:(رَجُلٌ کی جمع۔ آدمی۔مرد۔)مبتداء مرفوع۔لَّا:(نہیں)نافیہ۔تُلهِي:()فعل مضارع واحد واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلهٰی یُلهِي۔مصدر۔اِلهَاءٌ۔(غافل ہونا۔بے خبر ہونا)۔هِم:(ان کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب ۔مفعول بہ۔ تِجَارَةٌ:(کاروبار۔تجارت)مبتداء۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہ ہی)نافیہ۔ بَیعٌ:(خرید و فروخت)معطوف مرفوع۔عَن:(سے۔بارے میں) ذِکرِ:(یاد۔ذکر۔نصیحت)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِقَامِ :(قائم کرنا)مصدر۔ مجرور۔اصلاً إِقَامَةٌ تھا۔مخفف۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال ۔صیغہ۔ اَقَامَ یُقِیمُ۔مصدر۔ اِقَامَةٌ۔(قائم کرنا۔ کھڑی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)

صیغہ۔قَامَ یَقُومُ۔ مصدر۔ قَومًا۔ قِیَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔ الصَّلَاۃِ :(صلاۃ کو)منصوب مفعول بہٖ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔إِيتَاءِ:(دینا)مصدر۔ مجرور۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِی۔ مصدر۔اِیتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِی۔مصدر۔اِتیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ الزَّكَاةِ:(زکوٰۃ)مجرور مضاف الیہ۔ یَخَافُونَ:(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ یَخَافُ۔ مصدر۔خَوفًا۔(ڈرنا)۔یَومًا:(دن)منصوب۔ مفعول بہٖ۔تَتَقَلَّبُ:(وہ پلٹ جائے گی۔اوپر نیچے ہو جائے گی)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَقَلَّبَ یَتَقَلَّبُ ۔مصدر۔تَقَلُّبٌ۔(پلٹنا۔الٹنا۔اوپر نیچے کرنا۔پھر جانا) فِي: (میں)حرف جار۔ہِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔القُلُوبُ:(دل)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الأَبصَارُ:(آنکھیں)معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: (یعنی ایسے) لوگ جن کو اللہ کے ذکر اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے سے نہ سوداگری غافل کرتی ہے نہ خرید وفروخت۔ وہ اس دن سے جب دل (خوف اور گھبراہٹ کے سبب) الٹ جائیں گے اور آنکھیں (اوپر کو چڑھ جائیں گی) ڈرتے ہیں۔

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَجزِيَ:(وہ بدلہ دے۔جزاء دے۔معاوضہ دے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)صیغہ۔جَزٰی یَجزِی۔مصدر۔جَزَآءٌ۔ (بدلہ دینا)۔ ھُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ضمہ برائے اتصال ما بعد۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ أَحسَنَ:(بہت اچھا۔بہت خوبصورت)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔عَمِلُوا:(انہوں نے عمل کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعمَلُ۔ مصدر۔عَمَلًا۔(عمل کرنا۔جاندار کا فعل)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یَزِیدَ:(وہ زیادہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ معطوف۔ یَجزِيَ معطوف علیہ۔ منصوب۔ لاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔ صیغہ۔زَادَ یَزِیدُ ۔ مصدر۔ زِیَادَۃٌ۔(زیادہ دینا۔زیادہ کرنا)۔ ھُم:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر

سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ فَضلِ:(فضل۔ کرم۔ مہربانی عنایت)اسم مجرور۔ مضاف۔ ہِ:(اپنے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ یَرزُقُ:(وہ رزق دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھو۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔ مادہ(ر ز ق)صیغہ۔ رَزَقَ یَرزُقُ۔ مصدر۔ رِزقٌ۔ (ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔ مَن:(جسے)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ یَّشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِیئَۃٌ۔ (مرضی)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ غَیرِ:(بغیر)اسم مجرور۔ مضاف۔ حِسَابٍ:(حساب)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تاکہ اللہ ان کو ان کے عملوں کا بہت اچھا بدلہ دے اور اپنے فضل سے زیادہ بھی عطا کرے۔ اور جس کو چاہتا ہے اللہ بے شمار رزق دیتا ہے۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوٓا اَعۡمَالُهُمۡ كَسَرَابٍۭ بِقِيۡعَةٍ يَّحۡسَبُهُ الظَّمۡاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمۡ يَجِدۡهُ شَيۡـئًا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنۡدَهٗ فَوَفّٰٮهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿۳۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ الَّذِینَ:(وہ جنہوں نے)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ کَفَرُوا:(انہوں نے انکار کیا۔ کفر کیا۔ اللہ کے احکام کو ماننے سے بغاوت کی)۔ فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ کَفَرَ یَکفُرُ۔ مصدر۔ کُفرًا۔(کفر کرنا۔ اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔ أَعمَالُ:(اعمال۔ کام)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ ھُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ کَ:(جیسے)حرف جار۔ و تشبیہ۔ سَرَابٍ:(دھوکا۔ صحراء کی ریت کی چمک سے پانی چلنے کا گمان۔)اسم مجرور۔ بِ: (ساتھ۔ میں) حرف جار۔ قِیعَۃٍ:(چٹیل میدان۔ بے آب و گیاہ میدان)مجرور مضاف الیہ۔ یَحسَبُ:(وہ گمان کرتا ہے۔ خیال کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ(ح س ب) صیغہ۔ حَسِبَ یَحسَبُ۔ مصدر۔ حِسبَانٌ۔(گمان کرنا۔ خیال کرنا۔ سوچنا)۔ ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ الظَّمآنُ:(پیاسا)اسم فاعل۔ مبتداء۔ مرفوع۔ مَاءً:(پانی)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔ حَتّٰی:(یہاں تک)حرف ابتداء۔ إِذَا:

(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا) ۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَجِدْ:(وہ پائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجدَانًا۔وُجُودًا۔(پانا۔ملنا)۔هُ:(اسے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔شَيْئًا:(کوئی شئے)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔وَجَدَ:(اس نے پایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجدَانًا۔ وُجُودًا۔(پانا۔ملنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہ۔ عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف جار۔وَفّٰا:(وہ پورا کرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَفّٰى يُوَفِّي۔ مصدر۔ تَوفِيَةٌ۔(پورا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَفٰى يَفِي۔ مصدر۔ وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ هٗ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب ۔مفعول بہ۔حِسَابَ:(حساب۔ منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔هٗ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ: (اور) استئنافیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔سَرِيعُ:(بہت جلدی)خبر مرفوع۔مضاف۔الحِسَابِ:(حساب) مجرور۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال کی مثال ایسی ہے جیسے میدان میں ریت کہ پیاسا اسے پانی سمجھے یہاں تک کہ جب اس کے پاس آئے تو اسے کچھ بھی نہ پائے اور اللہ ہی کو اپنے پاس دیکھے تو وہ اسے اس کا حساب پورا پورا چکا دے۔اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہے۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾

أَوْ:(یا)حرف عطف۔كَ:(جیسے)حرف جار و تشبیہ۔ظُلُمَاتٍ:(اندھیرے)اسم مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔بَحرٍ:(سمندر) اسم

مجرور۔موصوف۔ لُّجِّيٍّ:(بہت گہرا)صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔ يَغْشَا:(وہ ڈھانپتا ہے۔چھپالیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔غَشِيَ يَغْشٰى۔مصدر۔ غَشَيَانًا۔غِشَاوَةٌ۔(چھاجانا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مَوجٌ:(ایک لہر۔ایک موج)فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً صفت۔ثانی۔مِّن:(سے)حرف جار۔ فَوقِ:(اوپر)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدم۔مَوجٌ :(ایک لہر۔ایک موج) مبتداء مؤخر۔مرفوع۔جملہ محلاًصفت مرفوع۔مِّن:(سے)حرف جار۔فَوقِ:(اوپر)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مضاف۔ هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔سَحَابٌ:(بادل)مبتداء مرفوع۔ ظُلُمَاتٌ:(اندھیرے)خبر مرفوع۔ بَعضُ:(کچھ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَوقَ:(اوپر)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ بَعضٍ:(کچھ)مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا: (جب) ظرف مکان۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ أَخرَجَ:(اس نے نکالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أخرَجَ يُخرِجُ۔مصدر۔إِخرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ (خ ر ج) صیغہ۔خَرَجَ يَخرُجُ۔مصدر۔ خَرجًا۔ (نکلنا)۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَدَ:(ہاتھ کو)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔لَم :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَكَد:()فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ نصر۔مادہ(ک ی د)اجوف یائی۔ صیغہ۔كَادَ يَكِيدُ۔مصدر۔كَيدٌ۔(مکاری کرنا۔سازش کرنا) مادہ(ک و د) اجوف واوی۔ صیغہ۔كَادَ يَكَادُ۔ مصدر۔كَودًا(بہت قریب ہونا۔سازش کرنا۔)۔يَرَا:(وہ دیکھے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَن:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔جازم فعل شرط۔مبتداء مرفوع۔ لَّم : (نہیں) حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَجعَلِ:(وہ بنائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع

ل) صیغہ جَعَلَ یَجعَلَ۔ مصدر۔ جَعلًا۔ (بنانا)۔ کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔ برائے اتصال مابعد۔ اللّٰہُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ ہٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ نُورًا: (روشنی۔ ہدایت۔ راہنمائی۔) منصوب مفعول بہ۔ فَ: (تو) برائے رابطہ جواب شرط۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ ہٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مِن: (سے) حرف جار۔ زائد۔ نُّورٍ: (نور۔ روشنی۔ ہدایت۔ راہنمائی) لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ جملہ محلاً مجزوم۔ جواب شرط۔

ترجمہ آیت: یا (ان کے اعمال کی مثال ایسی ہے) جیسے دریائے عمیق میں اندھیرے جس پر لہر چڑھی چلی آتی ہو اور اس کے اوپر اور لہر (آرہی ہو) اور اس کے اوپر بادل ہو، غرض اندھیرے ہی اندھیرے ہوں، ایک پر ایک (چھایا ہوا) جب اپنا ہاتھ نکالے تو کچھ نہ دیکھ سکے۔ اور جس کو اللہ روشنی نہ دے اس کو (کہیں بھی) روشنی نہیں (مل سکتی)۔

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالطَّيۡرُ صٰٓفّٰتٍ‌ ؕ كُلٌّ قَدۡ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسۡبِيۡحَهٗ‌ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِمَا يَفۡعَلُوۡنَ ﴿۴۱﴾

أَ: (کیا) حرف استفہام۔ لَم: (نہیں) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ تَرَ: (تو دیکھے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤیَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ أَنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) کا اسم منصوب۔ یُسَبِّحُ: (وہ تیزی سے احکام الٰہی پر عمل کرتا ہے۔ تسبیح کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ سَبَّحَ یُسَبِّحُ۔ مصدر۔ تَسبِیحًا۔ (بہت تیزی سے عمل کرنا۔ پاکیزگی بیان کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (س ب ح) صیغہ۔ سَبَحَ یَسبَحُ۔ مصدر۔ سَبحًا۔ (تیرنا۔ تسبیح کرنا) لَ: (لئے) حرف جار۔ ہٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ مَن: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ فِي: (میں) حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ: (آسمانوں) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الأَرضِ: (زمین) معطوف مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الطَّیرُ: (اَلطَّائِرُ۔ کی جمع۔ پرندے) صَافَّاتٍ: (قطار اندر قطار۔ صف در صف) منصوب۔ بالکسرہ۔ حال۔ کُلٌّ: (تمام) مبتداء مرفوع۔ قَد: (یقیناً) حرف تحقیق۔ عَلِمَ: (اس نے جانا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔

مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعلَمُ۔مصدر۔عِلمًا۔(سیکھنا)۔ صَلَاتَ:(صلوٰۃ کا)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ہٗ:(اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَسبِيحَ:(تسبیح۔تیزی سے احکام الٰہی کی پابندی کرنا۔) معطوف منصوب۔مضاف۔ہٗ:(اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يَفعَلُونَ:(جو وہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفعَلُ۔مصدر۔فِعلًا۔(کرنا ہونا۔سہنا)۔

ترجمہ آیت: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور پر پھیلائے ہوئے جانور بھی۔اور سب اپنی نماز اور تسبیح کے طریقے سے واقف ہیں۔اور جو کچھ وہ کرتے ہیں (سب) اللہ کو معلوم ہے۔

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ:(اللہ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مُلكُ:(ریاست۔بادشاہی۔ملک)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔الأَرضِ:(زمین کی)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔المَصِيرُ:(واپس لوٹنے کی جگہ۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور آسمان اور زمین کی بادشاہی اللہ کے لئے ہے۔اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ۚ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَم:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔تَرَ:(تو دیکھے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ حرف علت۔ی۔محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَأى يَرَى۔مصدر۔رُؤيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیکھنا۔ دیدار۔ دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ أَنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)کا اسم منصوب۔يُزجِي:(وہ چلاتا ہے۔ہانکتا ہے۔دھکیلتا ہے۔)فعل مضارع

واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَزجٰی یُزجِی۔مصدر۔اَزجَاءً۔(چلانا۔ہانکنا۔دھکیلنا)سَحَابًا:(بادل)منصوب۔مفعول بہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔یُؤَلِّفُ:(وہ ملاتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔اَلَّفَ یُؤَلِّفُ۔ مصدر۔ تَالِیفٌ۔(ملانا۔جمع کرنا)۔بَینَ:(درمیان)ظرف مکان۔مبنی برفتحہ۔مضاف۔هُ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔یَجعَلُ:(وہ بناتا ہے۔وہ کردیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔جَعَلَ یَجعَلَ۔مصدر۔جَعلًا۔(بنانا۔کرنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ محلاً منصوب۔مفعول ہ۔ رُکَامًا:(تہہ بہ تہہ۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ک م)صیغہ۔رَکَمَ یَرکُمُ۔مصدر۔رُکَامًا ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَرَی:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًاَنتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤیَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الوَدقَ:(بہت بارش۔موسلادھار۔بارش)یَخرُجُ:(وہ نکلتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخرُجُ۔مصدر۔ خَرجًا۔ (نکلنا)۔ مِن:(سے)خِلَالِ:(خلا۔دو چیزوں کے دمیان خالی جگہ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برکسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یُنَزِّلُ:(وہ اتارتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ یُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنزِیلًا۔ (دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنزِلُ۔ مصدر۔ نُزُولٌ۔ (اترنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ مِن:(سے)حرف جار۔جِبَالٍ:(جَبَلٌ کی جمع۔پہاڑوں)اسم مجرور۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برسکون۔محلاً اسم مجرور۔مِن:(سے)حرف جار۔بَرَدٍ:(ٹھنڈک)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔یُصِیبُ:(وہ پہنچاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِیبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔(تکلیف پہنچنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برکسرہ۔محلاً اسم مجرو۔مَن:(جو)اسم موصول۔مبنی برسکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔یَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل

مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيئَةٌ۔ (مرضی)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يَصرِفُ: (وہ پھیر دیتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ص ر ف) صیغہ۔ صَرَفَ يَصرِفُ۔ مصدر۔ صَرفًا۔ (دور ہٹانا۔ پھیر دینا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ص ر ف) صیغہ۔ صَرَفَ يَصرِفُ۔ مصدر۔ صَرفًا۔ (دور ہٹانا۔ دور رکھنا۔ پھیرنا) ہٗ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ عَن: (سے) حرف جار۔ مَّن: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ يَشَاءُ: (وہ چاہتا ہے) فعل مضارع۔ واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيئَةٌ۔ (مرضی)۔ يَكَادُ: (وہ جلدی کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ نصر۔ مادہ (ک ی د) اجوف یائی۔ صیغہ۔ كَادَ يَكِيدُ۔ مصدر۔ كَيدٌ۔ (مکاری کرنا۔ سازش کرنا۔) مادہ (ک و د) اجوف واوی۔ صیغہ۔ كَادَ يَكَادُ۔ مصدر۔ كَودًا (بہت قریب ہونا۔ سازش کرنا۔)۔ سَنَا: (چمک۔ تیز روشنی۔) كَادَ کا اسم مرفوع۔ مضاف۔ بَرقِ: (بجلی) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ ہٖ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَذهَبُ: (ب کے صلہ کے ساتھ معنی ہوگا۔ لے جائے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ جملہ محلاً كَادَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ذ ھ ب) صیغہ۔ ذَهَبَ يَذهَبُ۔ مصدر۔ ذَهَابًا۔ (چلے جانا۔ جانا)۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ الأَبصَارِ: (آنکھوں کو۔ بینائی) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی بادلوں کو چلاتا ہے، اور ان کو آپس میں ملا دیتا ہے، پھر ان کو تہ بہ تہ کر دیتا ہے، پھر تم دیکھتے ہو کہ بادل میں سے مینہ نکل (کر برس) رہا ہے اور آسمان میں جو (اولوں کے) پہاڑ ہیں، ان سے اولے نازل کرتا ہے تو جس پر چاہتا ہے اس کو برسا دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے ہٹا دیتا ہے۔ اور بادل میں جو بجلی ہوتی ہے اس کی چمک آنکھوں کو خیرہ کر کے بینائی کو اُچکے لئے جاتی ہے۔

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيلَ وَالنَّهَارَ اِنَّ فِي ذٰلِكَ لَعِبرَةً لِّاُولِي الاَبصَارِ ﴿۴۴﴾

يُقَلِّبُ: (وہ پلٹتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ قَلَّبَ

يُقَلِّبُ۔ مصدر۔تَقْلِيبٌ۔(الٹانا پلٹانا۔اوپر نیچے کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ اللَّيْلَ:(رات کو) ظرف زمان۔ منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّهَارَ:(دن کو)معطوف منصوب۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ فِي:(میں)حرف جار۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔اسم مجرور۔لَ:(ضرور۔بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔عِبرَةً:(عبرت۔ نشانی۔ نصیحت)إِنَّ کا اسم منصوب۔لِّ:(لئے)حرف جار۔أُولِي:(والی)ازستّہ مکبّرہ۔بروزن فُعلیٰ۔ الأَبْصَارِ:(آنکھوں۔نگاہوں)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور اللہ ہی رات اور دن کو بدلتا رہتا ہے۔اہل بصارت کے لئے اس میں بڑی عبرت ہے۔

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ كُلَّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔ دَابَّةٍ: (چوپائے۔ جانور)مجرور مضاف الیہ۔ مِن:(سے)حرف جار۔ مَّاءٍ:(پانی)اسم مجرور۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔مِن:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مَّن:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔يَمْشِي :(چلتے ہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ۔(م ش ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔مَشٰى يَمْشِي۔مصدر۔مَشْيًا۔(چلنا)۔ عَلَى:(پر۔اوپر۔سے) حرف جار۔ بَطْنِ:(پیٹ)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ :(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔مِن:(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مَّن:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًمبتداء موخر مرفوع۔يَمْشِي:(چلتے ہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(م ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔مَشٰى يَمْشِي۔ مصدر۔ مَشْيًا۔(چلنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔رِجلَينِ:(دو پاؤں پر)تثنیہ۔اسم مجرور۔علامت ۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:

(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔هُم:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مَّن:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔يَمشِي:(چلتے ہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ۔ (م ش ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔مَشٰی يَمشِي۔ مصدر۔مَشْيًا۔ (چلنا)۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔أَربَعٍ:(چار۔یعنی چار پاؤں پر)اسم مجرور۔يَخلُقُ:(وہ پیدا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخلُقُ۔ مصدر۔ خَلقًا۔(پیدا کرنا۔ اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔يَشَاءُ:(وہ چاہتے ہے)فعل مضارع واحد مذکر۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيئَةٌ۔(مرضی)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رافع خبر۔اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ)إِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام۔)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ شَيءٍ:(چیز۔شے)مجرور مضاف الیہ۔ قَدِيرٌ:(اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اللہ ہی نے ہر چلنے پھرنے والے جاندار کو پانی سے پیدا کیا۔تو اس میں بعضے ایسے ہیں کہ پیٹ کے بل چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو دو پاؤں پر چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو چار پاؤں پر چلتے ہیں۔اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے،بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

لَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ مُّبَيِّنَاتٍ ۚ وَاللَّهُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٤٦﴾

لَ (البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَد(یقیناً)حرف تحقیق۔أَنزَلنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنزَلَ يُنزِلُ۔مصدر۔اِنزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ يَنزِلُ۔مصدر۔نُزُولٌ۔(اترنا)۔آيَاتٍ:(آیات۔نشانیاں)لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔حال۔موصوف مُّبَيِّنَاتٍ۔:(مُّبَيِّنَةٌ کی جمع۔کھول کر بیان کرنے والی۔واضح۔کھلم کھلا)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔صفت لفظاً مکسور۔محلاً منصوب۔تابع موصوف۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ يَهدِي :(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد ۔باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی يَهدِی۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ مَن:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ يَشَاءُ(وہ چاہتے ہے)فعل

مضارع واحد مذکر۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيئَةٌ۔ (مرضی)۔ إِلَىٰ:(طرف)حرف جار۔ صِرَاطٍ:(راہ)اسم مجرور۔ مُّسْتَقِيمٍ:(سیدھی)صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ہم ہی نے روشن آیتیں نازل کیں ہیں اور اللہ جس کو چاہتا ہے سیدھے رستے کی طرف ہدایات کرتا ہے۔

وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالرَّسُولِ وَأَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٌ مِّنْهُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا أُولَٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ يَقُولُونَ :(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُولُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (بات کرنا)۔ آمَنَّا:(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ آمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ إِيمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ أَمِنَ يَأْمَنُ۔ مصدر۔ أَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔ پر)حرف جار۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بِ: (ساتھ۔ پر)۔ حرف جار۔ الرَّسُولِ:(پیغمبر)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَطَعْنَا:(ہم نے اطاعت کی۔ فرمانبرداری کی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَطَاعَ يُطِيعُ۔ مصدر۔ إِطَاعَةً۔ (طاقت رکھنا۔ کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ طَاعَ يَطُوعُ ۔ يَطِيعُ۔ مصدر۔ طَوْعًا۔ (فرمانبرداری کرنا)۔ ثُمَّ: (پھر)حرف عطف۔ يَتَوَلَّىٰ:(وہ منہ پھیرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلَّىٰ يَتَوَلَّىٰ۔ مصدر۔ تَوَلِّي۔ (منہ پھیرنا۔ منہ موڑنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِيَ يَلِي۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ فَرِيقٌ:(ایک گروہ۔ ایک جماعت)فاعل مرفوع۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ هُم :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ مِّن:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ ذَٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔ لَيسَ کا عمل۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ أُولَٰئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ مَا کا اسم مرفوع۔

بِ:(ساتھ)حرف جار۔برائے تقویۃ نفی۔الْمُؤْمِنِينَ:(مومنوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔لفظاً مجرور۔محلاً مَا کی خبر مرفوع۔محلاً جملہ منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور رسول پر ایمان لائے اور (ان کا) حکم مان لیا پھر اس کے بعد ان میں سے ایک فرقہ پھر جاتا ہے اور یہ لوگ صاحب ایمان ہی نہیں ہیں۔

وَإِذَا دُعُوٓا إِلَى ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُم مُّعْرِضُونَ ﴿٤٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔دُعُوا:(پکارا جائے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدعُو۔مصدر۔ دَعوَةٌ (پکارنا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُولِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَحكُمَ:(وہ فیصلہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م) صیغہ۔حَكَمَ يَحكُمُ۔مصدر۔حَكمًا۔(فیصلہ کرنا۔حکم دینا)۔ بَينَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ فَرِيقٌ:(کوئی فریق۔گروہ۔جماعت)مبتداء مرفوع۔ مِّن:(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔هُم:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مُّعرِضُونَ:(منہ موڑنے والے۔اعراض برتنے والے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جب ان کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ (رسول اللہ) ان کا قضیہ چکادیں تو ان میں سے ایک فرقہ منہ پھیر لیتا ہے۔

وَإِن يَكُن لَّهُمُ ٱلْحَقُّ يَأْتُوٓا إِلَيْهِ مُذْعِنِينَ ﴿٤٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِن:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ يَكُن :(وہ ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین حرف علت۔واؤ۔محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَونًا۔(ہونا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔الحَقُّ: (حق۔سچ۔)مبتداء

مرفوع۔ يَأْتُوا :(وہ آتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔فعل جواب شرط۔۔علامت نون اعرابی محذوف۔ دواؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاتِي۔مصدر۔اِتيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ مُذْعِنِينَ:(اطاعت گزار۔فرمانبرداری کرنے والے۔مطیع۔)اسم فاعل ۔جمع مذکر۔مصدر۔اِذعَان محلاً منصوب۔علامت۔ی۔حال۔

ترجمہ آیت: اگر (معاملہ) حق (ہو اور) ان کو (پہنچتا) ہو تو ان کی طرف مطیع ہو کر چلے آتے ہیں۔

اَفِیۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ اَمِ ارۡتَابُوۡۤا اَمۡ يَخَافُوۡنَ اَنۡ يَّحِيۡفَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ وَرَسُوۡلُهٗ ؕ بَلۡ اُولٰٓـئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۵۰﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فِي:(میں)حرف جار۔ قُلُوبِ:(دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مَّرَضٌ:(بیماری)مبتداء مؤخر مرفوع۔ أَمِ:(یا) حرف عطف۔ ارْتَابُوا:(وہ شک میں پڑ گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔ افتعال۔ صیغہ۔اِرتَابَ يَرتَابُ مصدر۔اِرتِيَابٌ۔(شک میں پڑنا)۔ أَمْ:(یا)حرف عطف ۔ يَخَافُونَ:(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔ صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔ مصدر۔ خَوفًا۔(ڈرنا)۔ أَن:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَحِيفَ:(وہ بے انصافی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ی ف)اجوف یائی۔صیغہ۔حَافَ يَحِيفُ۔مصدر۔حَيفًا۔(بے انصافی کرنا) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِم :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ: (اور)حرف عطف۔رَسُولُ:(پیغمبر)معطوف مرفوع۔مضاف۔هُ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَل:(بلکہ)حرف اضراب۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء مرفوع۔هُمُ:(وہ)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔الظَّالِمُونَ:(ظالم۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے یا (یہ) شک میں ہیں یا ان کو یہ خوف ہے کہ اللہ اور اس کا رسول ان کے حق میں ظلم کریں گے (نہیں) بلکہ یہ خود ظالم ہیں۔

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾

اِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کااسم منصوب۔كَانَ (وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔مرفوع۔فاعل۔ضمیر مستترھُوَ۔محلاًكَانَ کااسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔قَوْلَ:(بات۔گفتگو)كَانَ کی خبر منصوب۔ مضاف۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(مومن کی جمع۔مومنوں کا)مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔دُعُوْا:(پکاراجائے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔جملہ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔ دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔اِلَى:(طرف)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔مضاف۔هٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَحْكُمَ:(وہ فیصلہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔ مستترتقدیراًھو۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م) صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ۔مصدر۔حَكْمًا۔(فیصلہ کرنا۔حکم دینا)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَقُوْلُوْا:(وہ کہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔سَمِعْنَا:(ہم نے سنا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع) صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعٌ۔(دیکھنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَطَعْنَا:(ہم نے فرمانبرداری کی۔اطاعت کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔ مصدر۔اِطَاعَةً۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔ طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔اُولٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر ومؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداءمرفوع۔هُمُ:(وہی)ضمیر منفصل۔الْمُفْلِحُوْنَ:(فلاح پانے والے۔کامیاب ہونے والے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: مومنوں کی تو یہ بات ہے کہ جب اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جائیں تاکہ وہ ان میں فیصلہ کریں تو کہیں کہ

ہم نے (حکم) سن لیا اور مان لیا۔ اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَنْ: (جو) اسم شرط۔ جازم فعل شرط۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء۔ يُطِعِ: (وہ اطاعت کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط۔ مجزوم۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ حرف علت۔ ی۔ محذوف۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَطَاعَ يُطِيعُ۔ مصدر۔ اِطَاعَة۔ (طاقت رکھنا۔ کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ ضرب۔ مادہ (ط و ع) اجوف واوی۔ طَاعَ يَطُوعُ۔ يَطِيعُ۔ مصدر۔ طَوعًا۔ (فرمانبر داری کرنا)۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ رَسُولَ: (پیغمبر) معطوف منصوب۔ مضاف۔ هٗ: (اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يَخْشَ: (وہ ڈرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ منصوب۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ حرف علت۔ ی۔ محذوف۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (خ ش ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ خَشِيَ يَخْشٰى۔ مصدر۔ خَشْيَةٌ۔ (ڈرنا۔ خوف ہونا)۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ سے) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يَتَّقِ: (وہ پرہیز کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ منصوب۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ حرف علت۔ ی۔ محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِي۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (پرہیز گاری کرنا۔ تقویٰ اختیار کرنا۔ نافرمانی سے بچنا)۔ هِ: (اس سے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ أُولٰئِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ هُمُ: (وہ ہی) ضمیر منفصل۔ الفَائِزُونَ: (الفَائِزُ کی جمع۔ کامیاب ہونے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبر داری کرے گا اور اس سے ڈرے گا تو ایسے لوگ مراد کو پہنچنے والے ہیں۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ أَقْسَمُوا: (تم قسمیں کھاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَقْسَمَ يُقْسِمُ۔ مصدر اِقْسَامٌ۔ (قسم کھانا)۔ بِ: (ساتھ۔ کی) حرف جار۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ)

اسم مجرور۔جَهدَ:(کوشش کرنا۔محنت کرنا۔)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ أَيمَانِ:(اَیمَنٌ کی جمع۔قسمیں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِم:(ان کی)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَئِن:(بلاشبہ اگر)مرکب :(لَ+اِن)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔+حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ أَمَرتَ:(تونے حکم دیا۔فیصلہ کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔مصدر۔اَمرٌ۔(حکم دینا)۔ هُم:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَ:(چاہئے کہ)لائے واقعہ برائے جواب قسم۔يَخرُجُنَّ:(وہ ضرور بالضرور نکل جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ضمہ بوجہ واؤ محذوف۔ تیسرا نون اعرابی محذوف۔بوجہ التقائے نونات۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخرُجُ۔مصدر۔خَرجًا۔(نکلنا)۔قُل:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔مبنی بر سکون۔ضمیر فاعل مستتر اَنتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔مصدر۔قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لَّا:(نہ) ناہیہ۔جازم مضارع۔تُقسِمُوا:(تم قسمیں کھاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔

صیغہ۔اَقسَمَ یُقسِمُ۔ مصدر۔اِقسَامٌ۔(قسم کھانا)۔طَاعَةٌ:(فرمانبرداری)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔

تقدیراً "اَمرُکُم"موصوف۔ مَّعرُوفَةٌ:(دستور کے مطابق۔جانی پہچانی۔)صفت مرفوع۔ إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔خَبِيرٌ:(بہت ہی واقف کار۔خوب خبر رکھنے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔ بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعمَلُونَ:(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعمَلَ۔مصدر۔عَملًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور(یہ) اللہ کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر تم ان کو حکم دو تو(سب گھروں سے) نکل کھڑے ہوں۔کہہ دو کہ قسمیں مت کھاؤ،پسندیدہ فرمانبرداری (درکار ہے)۔بے شک اللہ تمہارے سب اعمال سے خبر دار ہے

قُلۡ اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ‌ۚ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا عَلَيۡهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيۡكُمۡ مَّا حُمِّلۡتُمۡ‌ؕ وَاِنۡ تُطِيۡعُوۡهُ تَهۡتَدُوۡا‌ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوۡلِ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿۵۴﴾

قُل:(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔ مبنی بر سکون۔ ضمیر فاعل مستتر اَنتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُولُ۔ مصدر۔ قَولًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ أَطِيعُوا:(تم فرمانبر داری کرو۔ اطاعت کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت۔ نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَطَاعَ يُطِيعُ۔ مصدر۔ اِطَاعَة۔ (طاقت رکھنا۔ کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔ طَاعَ يَطُوعُ ۔ يَطِيعُ۔ مصدر۔ طَوعًا۔ (فرمانبر داری کرنا)۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہ کی) منصوب مفعول بہٖ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَطِيعُوا:(تم فرمانبر داری کرو۔ اطاعت کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت۔ نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَطَاعَ يُطِيعُ۔ مصدر۔ اِطَاعَة۔ (طاقت رکھنا۔ کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔ طَاعَ يَطُوعُ ۔ يَطِيعُ۔ مصدر۔ طَوعًا۔ (فرمانبر داری کرنا)۔ الرَّسُولَ:(پیغمبر کی) معطوف۔ منصوب۔ فَ:(تو) حرف عطف۔ إِن:(اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ تَوَلَّوا :(تم منہ پھیر لو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ الف فارقہ۔ محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّل۔ صیغہ۔ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔ مصدر۔ تَوَلِّي۔ (منہ پھیرنا۔ منہ موڑنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ (و ل ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِيَ يَلِي۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ فَ:(پھر) برائے رابطہ جواب شرط۔ إِنَّمَا : (در حقیقت۔ صرف اور صرف) کافۃ و مکفوفۃ۔ مرکب: (إِنَّ+مَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَيهِ:(پر) حرف جار۔ هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مَا :(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ جملہ محلاً مجزوم۔ جواب شرط۔ حُمِّلَ:(اس پر بوجھ ڈالا گیا) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ حَمَّلَ يُحَمِّلُ مصدر۔ تَحمِيلاً۔ (اٹھانا۔ بوجھ ڈالنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ۔ (ح م ل) صیغہ۔ حَمَلَ يَحمِلُ۔ مصدر۔ حَملًا۔ (اٹھانا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ عَلَيكُم:(پر) حرف جار۔ كُم :(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ مَّا:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ حُمِّلتُم :(تم کو اٹھایا گیا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ نائب فاعل۔ جمع مذکر تقدیراً۔ تُم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ حَمَّلَ يُحَمِّلُ مصدر۔ تَحمِيلاً۔ (اٹھانا۔ بوجھ ڈالنا)۔ ثلاثی

(انہوں نے بیان کیا۔باتیں کیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ ضَرَبَ یَضرِبُ۔مصدر۔ضَربًا۔(مارنا۔چلنا۔بنانا۔بیان کرنا)۔لَ:(لئے۔بارے میں)حرف جار۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔الأَمثَالَ:(مثالیں)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(تو)حرف عطف۔ضَلُّوا:(وہ گمراہ ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد ۔باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ یَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔فَ:(تو)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یَستَطِیعُونَ:(وہ کرسکتے ہیں۔طاقت رکھتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال ۔صیغہ۔ اِستِطَاعَ یَستَطِیعُ ۔مصدر۔اِستِطَاعَة۔(طاقت رکھنا۔کرسکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ یَطُوعُ ۔یَطِیعُ۔مصدر۔طَوعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔سَبِیلًا:(راہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر) دیکھوتو یہ تمہارے بارے میں کس کس طرح کی باتیں کرتے ہیں سو گمراہ ہوگئے اور رستہ نہیں پاسکتے۔

تَبٰرَکَ الَّذِیۡۤ اِنۡ شَآءَ جَعَلَ لَکَ خَیۡرًا مِّنۡ ذٰلِکَ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ ۙ وَ یَجۡعَلۡ لَّکَ قُصُوۡرًا ﴿۱۰﴾

تَبَارَكَ:(وہ بہت برکت والا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔اس کی گردان نہیں آتی۔یہ صرف اللہ جل جلالہٗ کے ساتھ مخصوص ہے۔الَّذِي:(جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔فاعل۔مرفوع۔إِن:(اگر)حرف شرط۔شَاءَ:(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِیئَةٌ۔(مرضی)۔جَعَلَ:(وہ بنادے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاًمجزوم۔فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔جَعَلَ یَجعَلَ۔مصدر۔جَعلًا۔(بنانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ كَ: (تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔خَیرًا:(بہتر۔اچھا۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔مِّن:(سے)حرف جار۔ ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔ مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً اسم مجرور۔جَنَّاتٍ:(باغات)منصوب مفعول بہٖ۔تَجرِي:(وہ بہتی ہیں) :(چلتی ہے۔)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً ھِیَ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ جَرٰی یَجرِی۔مصدر۔جِریَانٌ۔(بہنا۔جاری ہونا)۔مِن:(سے)حرف جار۔تَحتِ:(نیچے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مضاف۔

هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْأَنْهَارُ:(نہریں)فاعل مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔يَجْعَلْ:(وہ بناتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)۔ صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعلًا۔(بنانا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔قُصُورًا:(محلات)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: وہ(اللہ) بہت بابرکت ہے جو اگر چاہے تو تمہارے لئے اس سے بہتر (چیزیں) بنادے(یعنی) باغات جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں۔نیز تمہارے لئے محل بنادے۔

بَلْ كَذَّبُوا بِالسَّاعَةِ وَأَعْتَدْنَا لِمَن كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيرًا ﴿١١﴾

بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ كَذَّبُوا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔ كِذبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔السَّاعَةِ:(گھڑی۔قیامت۔آخرت۔ساعت)اسم مجرور۔وَ:(اور) حرف عطف۔أَعْتَدْنَا:(ہم نے تیار کر رکھی ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَعْتَدَ يُعْتِدُ۔مصدر۔إِعْتَادٌ۔(تیار کرنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔مَن:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔السَّاعَةِ: (گھڑی۔قیامت۔آخرت۔ساعت) اسم مجرور۔موصوف سَعِيرًا:(بھڑکتی ہوئی آگ)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: بلکہ یہ تو قیامت ہی کو جھٹلاتے ہیں اور ہم نے قیامت کے جھٹلانے والوں کے لئے دوزخ تیار کر رکھی ہے۔

إِذَا رَأَتْهُم مِّن مَّكَانٍ بَعِيدٍ سَمِعُوا لَهَا تَغَيُّظًا وَزَفِيرًا ﴿١٢﴾

إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔رَأَتْ:(اس نے دیکھا۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔فاعل۔مرفوع۔ضمیر۔تْ ساکن علامت تانیث۔هُم:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول

بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّن:(سے)حرف جار۔مَّكَانٍ:(مکان۔جگہ) ظرف مکان۔اسم مجرور۔موصوف۔ بَعِيدٍ:(دور)مجرور صفت۔تابع موصوف۔سَمِعُوا:(انہوں نے سنا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمعًا۔(سننا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ تَغَيُّظًا:(غصہ۔غصیلی۔)منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔زَفِيرًا:(چیخنا۔چلانا۔ چنگھاڑنا۔گدھے کی آواز۔ شوکر۔ سانس چھوڑنا)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: جس وقت وہ ان کو دور سے دیکھے گی (تو غضبناک ہو رہی ہو گی اور یہ) اس کے جوش (غضب) اور چیخنے چلانے کو سنیں گے۔

وَإِذَآ أُلۡقُوا۟ مِنۡهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِينَ دَعَوۡا۟ هُنَالِكَ ثُبُورًا ﴿١٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ أُلْقُوا :(وہ ڈالے جائیں گے)۔فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔ نائب فاعل ضمیر مستتر هُم۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِي۔مصدر اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی) ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔لِقِيًّا۔ لُقِيًّا۔لُقًّى۔لَقْيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔ پہنچنا۔ہو جانا۔)۔ مِن:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔مَكَانًا:(کسی جگہ)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہ۔موصوف ضَيِّقًا:(تنگ)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ مُقَرَّنِينَ:(جکڑے ہوئے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔حال۔ دَعَوا:(انہوں نے پکارا۔پکاریں گے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدعُو۔مصدر۔دَعوَةٌ۔(پکارنا)۔هُنَالِكَ:(اس وقت۔اس جگہ۔)ظرف زمان و مکان۔دونو کے لئے مستعمل ہے۔بعید۔ثُبُورًا:(ہلاکت ہونا۔مر جانا۔موت۔ہلاکت)منصوب۔مفعول بہ

ترجمہ آیت: اور جب یہ دوزخ کی کسی تنگ جگہ میں (زنجیروں میں) جکڑ ڈالے گی تو وہاں موت کو پکاریں گے۔

لَّا تَدۡعُوا۟ ٱلۡيَوۡمَ ثُبُورًا وَٰحِدًا وَٱدۡعُوا۟ ثُبُورًا كَثِيرًا ﴿١٤﴾

لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَدعُوا:(تم پکارو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدعُو۔مصدر۔دَعوَةٌ۔(پکارنا)۔ اليَومَ:(آج۔دن)ظرف

زمان۔ منصوب۔ثُبُورًا:(ہلاکت ہونا۔مر جانا۔موت۔ہلاکت)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔وَاحِدًا:(ایک ہی۔اکیلا۔)اسم فاعل۔محلاً صفت ۔منصوب۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ادعُوا :(تم پکارو۔بلاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدعُو۔ مصدر۔ دَعوَۃٌ۔(پکارنا)۔ ثُبُورًا:(ہلاکت ہونا۔مر جانا۔موت۔ہلاکت)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ کَثِیرًا:(بہت زیادہ۔کثرت۔) صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: آج ایک ہی موت کو نہ پکارو بہت سی موتوں کو پکارو

قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ﴿١٥﴾

قُل:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُولُ۔ مصدر۔ قَولًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے +خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔خَیرٌ:(بہتر۔اچھا۔)خبر مرفوع۔ أَم :(یا)حرف عطف۔جَنَّةُ :(جنت۔باغ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الخُلدِ:(ہمیشہ ہمیشہ)اسم مجرور۔الَّتِي :(جس کا)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وُعِدَ:(وعدہ کیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(و ع د) مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ یَعِدُ۔ مصدر۔ وَعدًا۔ (وعدہ کرنا)۔ المُتَّقُونَ:(پرہیز گاروں۔تقویٰ اختیار کرنے والوں۔ڈرنے والوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔کَانَت:(وہ ہے)) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ت ساکن۔علامت تانیث۔ضمیر فاعل۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُونُ۔مصدر۔ کَونًا۔(ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ھُم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔جَزَاءً:(بدلہ)کَانَ کی خبر منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَصِیرًا:(لوٹ کر آنے کی جگہ۔ٹھکانہ)ظرف مکان۔محلاً معطوف۔منصوب۔

ترجمہ آیت: پوچھو کہ یہ بہتر ہے یا بہشت جاودانی جس کا پرہیز گاروں سے وعدہ ہے۔یہ ان(کے عملوں) کا بدلہ اور رہنے کا ٹھکانہ ہو گا

لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿١٦﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَشَاؤُونَ:(وہ چاہیں گے۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيئَةٌ۔(مرضی)۔خَالِدِينَ:(ہمیشہ ہمیشہ)منصوب۔علامت۔ی۔حال۔كَانَ:(وہ ہے)) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ۔محلاً منصوب۔حال۔وَعْدًا:(وعدہ) كَانَ کی خبر منصوب۔مَسْؤُولًا:(پوچھا گیا۔جواب دہ۔قابل طلب)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً صفت۔منصوب۔

ترجمہ آیت: وہاں جو چاہیں گے ان کے لئے میسر ہو گا ہمیشہ اس میں رہیں گے۔یہ وعدہ اللہ کو(پورا کرنا) لازم ہے اور اس لائق ہے کہ مانگ لیا جائے۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَيَقُولُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔يَحْشُرُ:(وہ جمع کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً ھو۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر) صیغہ۔حَشَرَ يَحْشُرُ۔ مصدر۔حَشْرٌ۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(ساتھ)معیت۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔منصوب مفعول معہٗ۔يَعْبُدُونَ:(وہ عبادت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔غلامی کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔دُونِ:(سوا۔علاوہ)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔يَقُولُ:(وہ کہتا ہے۔کہے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔

مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔أَنۡتُمۡ:(تم)ضمیر منفصل۔ضمیر مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَضۡلَلۡتُمۡ:(تم نے گمراہ کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضۡلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔)ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔ عِبَادِ:(بندوں کو)منصوب ۔ مفعول بہ۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔یائے متکلم۔مضاف۔ يِ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هٰؤُلَاءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔جمع مذکر و مؤنث۔ أَمۡ:(یا)حرف عطف۔ هُمۡ:(وہی)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ ضَلُّوا: (گمراہ ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔السَّبِيلَ:(راہ سے)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور جس دن(اللہ) ان کو اور اُن کو جنہیں یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں جمع کرے گا تو فرمائے گا کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا تھا یا یہ خود گمراہ ہو گئے تھے۔

قَالُوۡا سُبۡحٰنَکَ مَا کَانَ یَنۡۢبَغِیۡ لَنَاۤ اَنۡ نَّتَّخِذَ مِنۡ دُوۡنِکَ مِنۡ اَوۡلِیَآءَ وَ لٰکِنۡ مَّتَّعۡتَہُمۡ وَ اٰبَآءَہُمۡ حَتّٰی نَسُوا الذِّکۡرَ ۚ وَ کَانُوۡا قَوۡمًۢا بُوۡرًا ﴿۱۸﴾

قَالُوا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔ مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا)۔سُبۡحَانَ:(پاک ہے)منصوب۔مفعول مطلق۔ فعل محذوف۔مضاف۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ :(وہ تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ فاعل مرفوع۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ يَنۡبَغِي:(وہ لائق ہے۔ سزاوار ہے۔شایان شان ہے۔))فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هو۔جملہ محلاً کی خبر منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔انفعال۔صیغہ۔اَنۡبَغٰى يَنۡبَغِي۔مصدر۔اِنۡبِغَاءٌ۔(لائق ہونا۔زیبا ہونا۔)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰى يَبۡغِي۔مصدر۔بَغۡيٌ۔(چاہنا۔بغاوت کرنا۔سرکشی کرنا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَنۡ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔نَتَّخِذَ:(ہم بنائیں۔

اختیار کریں۔پکڑیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔ لینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِن:(سے)حرف جار۔ دُونِ:(سوا۔علاوہ)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِن:(سے)حرف جار۔زائدہ۔أَولِيَاءِ:(دوست۔حامی۔سرپرست۔ساتھی۔)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِن:(لیکن)حرف استدراک۔مخففہ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔مَتَّعتَ:(تونے فائدہ دیا۔)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ۔تَ بالفتح۔علامت حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔مَتَّعَ یُمَتِّعُ۔مصدر۔تَمتِيعٌ۔(فائدہ دینا۔سامان زیست دینا۔)۔هُم:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ آبَاءَ:(اسلاف۔باپ دادا۔) منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَتَّی: (یہاں تک)حرف غایت۔اور حرف جار۔ نَسُوا:(ہم بھول گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحنُ۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنسٰى۔مصدر۔ نِسيَانٌ۔ (بھولنا)۔ الذِّكرَ: (ذکر۔یاد۔نصیحت کو)منصوب ۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كَانُوا:(وہ تھے)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَونًا۔(ہونا)۔ قَومًا:(قوم)كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔بُورًا:(بَائِرٌ کی جمع۔تباہ ہونے والے۔ہلاک ہونے والے)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وہ کہیں گے تو پاک ہے ہمیں یہ بات شایان نہ تھی کہ تیرے سوا اوروں کو دوست بناتے۔لیکن تونے ہی ان کو اور ان کے باپ دادا کو برتنے کو نعمتیں دیں یہاں تک کہ وہ تیری یاد کو بھول گئے۔اور یہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔

فَقَدْ كَذَّبُوكُم بِمَا تَقُولُونَ فَمَا تَسْتَطِيعُونَ صَرْفًا وَلَا نَصْرًا وَمَن يَظْلِم مِّنكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيرًا ﴿١٩﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔قَد:(یقیناً)حرف تحقیق۔كَذَّبُو :(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكذِبُ۔مصدر۔كِذبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔كُم:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر

سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَقُوْلُوْنَ :(تم کہتے ہو۔ کہوگے) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔فَ:(پس)حرف عطف۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔ تَسْتَطِیْعُوْنَ :(تم کرسکتے ہیں۔طاقت رکھتے ہیں۔استطاعت رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَطَاعَ یَسْتَطِیْعُ۔ مصدر۔ اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ یَطُوْعُ ۔ یَطِیْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)صَرْفًا:(پھیرنے کی۔ہٹانے کی)منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔نَصْرًا:(مدد کرنے کی)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔جازم مضارع۔ یَظْلِمْ:(ظلم کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ضمیر مستتر ھُوَ۔ فاعل مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ظَلَمَ یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(اندھیر مچانا)۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ کُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ نُذِقْ:(مزہ چکھائیں)فعل مضارع جمع متکلم۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔ی۔حرف علت محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذَاقَ یُذِیْقُ۔مصدر۔اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ یَذُوْقُ ۔مصدر۔ذَوْقًا۔(چکھنا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔عَذَابًا:(عذاب کا)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ موصوف۔کَبِیْرًا:(بہت بڑا)صفت منصوب۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تو(کافرو) انہوں نے توتم کوتمہاری بات میں جھٹلادیا۔پس(اب) تم(عذاب کو) نہ پھیر سکتے ہو۔نہ(کسی سے) مدد لے سکتے ہو۔اور جو شخص تم میں سے ظلم کرے گاہم اس کوبڑے عذاب کامزا چکھائیں گے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَکَ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَیَاْکُلُوْنَ الطَّعَامَ وَیَمْشُوْنَ فِی الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَکُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَکَانَ رَبُّکَ بَصِیْرًا ﴿۲۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ اَرْسَلْنَا :(ہم نے بھیجے) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسْلًا۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر

حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلً منصوب۔حال۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔الْمُرْسَلِينَ:(پیغمبروں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هُم:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقه۔يَأْكُلُونَ (وہ کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر فاعل مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموا الفاء۔صیغہ۔أَكَلَ يَأْكُلُ۔ صدر۔أَكْلاً۔(کھانا)۔الطَّعَامَ(کھانا)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ(اور) حرف عطف۔ يَمْشُونَ:(وہ چلتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(م ش ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔مَشَى يَمْشِي۔مصدر۔مَشْيًا۔(چلنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَسْوَاقِ:(السُّوقُ کی جمع۔بازاروں۔ منڈیوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعلًا۔(بنانا)۔بَعْضَ:(کچھ۔حصہ۔ٹکڑا)اسم جامد۔مفعول بہ۔كُم:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔بَعْضٍ:(بعض۔کچھ۔ٹکڑا)اسم مجرور۔ فِتْنَةً:(آزمائش۔ فتنہ۔) منصوب۔مفعول بہ۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔تَصْبِرُونَ:(تم صبر کروگے۔کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ يَصبِرُ۔ مصدر۔ صَبرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَانَ :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَونًا۔(ہونا)۔رَبُّ:(ربّ) كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔ كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَصِيرًا:(خوب دیکھنے والا۔نگاہ رکھنے والا)كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے تم سے پہلے جتنے پیغمبر بھیجے ہیں سب کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے۔اور ہم نے تمہیں ایک دوسرے کے لئے آزمائش بنایا ہے۔کیا تم صبر کروگے۔اور تمہارا پروردگار تو دیکھنے والا ہے۔

اَلحَمدُ لِلّٰہِ

آج مورخہ 13 مارچ 2020ء بروز جمعہ کو 18 واں پارہ مکمل ہوا۔

دعا ہے۔ کہ اللہ جل جلالہٗ توفیق عطا کرے تو پورے قرآن مجید کے **الفاظ کی اعرابی حالت** مکمل ہو جائے۔ آمین۔

حکیم محمد یوسف صابر ایم اے

حال مقیم۔ الرفاع ویوز۔ولا نمبر 2629۔بحرین

محلہ اسلام نگر غربی، مین سوئی گیس روڈ، شاہدرہ لاہور۔ پاکستان۔

19 پارہ نوزدہم وَقَالَ الَّذِينَ

وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ أُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ أَوْ نَرٰى رَبَّنَا لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ أَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿۲۱﴾

وَ: حرف عطف۔(اور) قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً فاعل مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَرْجُوْنَ: (امید رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ لِقَاءَ:(ملاقات۔پیشی۔جواب دہی)منصوب مفعول بہٖ۔ مضاف۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَوْلَا:(کیوں نہیں)حرف تحضیض۔ ماضی سے پہلے ہو تو ترغیب۔ مضارع سے پہلے ہو تو ڈانٹ ڈپٹ۔ زجر و توبیخ۔ أُنْزِلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ أَنْزَلَ يُنْزِلُ۔ مصدر۔ اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ الْمَلَائِكَةُ:(فرشتے)نائب فاعل۔ مرفوع۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ نَرَى:(ہم دیکھتے)فعل مضارع جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی يَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ رَبَّنَا:(اے ربّ)حرف نداء محذوف۔ منادیٰ منصوب۔ مضاف۔ نَآ:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(ضرور) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ اسْتَكْبَرُوْا: (انہوں نے بڑا بننا چاہا۔ تکبر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔:(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔ مصدر۔ اِسْتِكْبَارًا۔(تکبر کرنا۔ بڑائی کی خواہش رکھنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(نَفْسٌ کی جمع۔ جانوں)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عَتَوْ:(انہوں نے سرکشی کی۔ حد سے تجاوز کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ صیغہ۔ عَتَا يَعْتُوْ۔ مصدر۔ عَتْوًا۔(سرکشی کرنا۔ بغاوت کرنا۔ خودسر ہونا)۔ عُتُوًّا:(بغاوت۔

سرکشی)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔کَبِیْرًا:(بہت بڑی)مبالغہ۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اورجولوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے۔کہتے ہیں کہ ہم پر فرشتے کیوں نہ نازل کئے گئے۔یاہم اپنی آنکھ سے اپنے پروردگار کودیکھ لیں۔یہ اپنے خیال میں بڑائی رکھتے ہیں اور(اسی بناپر) بڑے سرکش ہورہے ہی۔۔

يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾

يَوْمَ :(دن)ظرف زمان۔منصوب۔يَرَوْنَ:(وہ دیکھیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کوچاند دیکھنا)۔الْمَلَائِكَةَ:(فرشتوں کو)غیر منصرف۔منصوب مفعول بہ۔لَا:(نہیں) لائے نفی جنس۔ بُشْرٰى:(کوئی خوشخبری)لئے نفی جنس کا اسم منصوب۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔جب)مرکب :(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔مجرور۔مضاف الیہ۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔الْمُجْرِمِيْنَ:(مجرموں کے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف معطوف۔يَقُوْلُوْنَ :(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ حِجْرًا :(منع۔ممنوع ۔رکاوٹ۔آڑ)اسم۔مفعول مطلق۔فعل محذوف۔موصوف۔ مَّحْجُوْرًا: (اوٹ۔آڑ)صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جس دن یہ فرشتوں کودیکھیں گے اس دن گنہگاروں کے لئے خوشی کی بات نہیں ہوگی اور کہیں گے(اللہ کرے تم) روک لئے(اوربند کردیئے) جاؤ۔

وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَدِمْنَا:(ہم آگے بڑھے۔ہم متوجہ ہوئے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدِمَ يَقْدَمُ۔مصدر۔قُدُوْمًا۔مَقْدَمًا۔(آگے بڑھنا۔متوجہ ہونا)۔ اِلٰى:(طرف)حرف جار۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔عَمِلُوْا:(انہوں نے عمل کیا۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔ مصدر۔عَمَلًا۔(عمل کرنا۔جاندار کا فعل)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔

عَمَلٍ:(عمل)اسم مجرور۔فَ:(پھر)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔هَبَاءً:(غبار۔باریک ذرّات۔باریک ترین مٹی۔)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ مَّنْثُورًا:(بکھرے ہوئے)صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور جو انہوں نے عمل کئے ہوں گے ہم ان کی طرف متوجہ ہوں گے تو ان کو اُڑتی خاک کر دیں گے۔

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿٢٤﴾

أَصْحَابُ:(ساتھی۔دوست۔اہل)مبتداء مرفوع۔مضاف۔الْجَنَّةِ:(جنت)مجرور۔مضاف الیہ۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب :(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔+ظرف ۔مبنی بر سکون۔مضاف الیہ۔خَيْرٌ:(بہتر)خبر مرفوع۔ مُّسْتَقَرًّا: (ٹھکانہ۔قرار گاہ)منصوب۔تمیز۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَحْسَنُ:(بہت خوبصورت)افعل التفضیل۔معطوف مرفوع۔ مَقِيْلًا :(آرام گاہ۔قیلولہ کرنے کاوقت۔یاجگہ۔)ظرف زمان ومکان۔)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: اس دن اہل جنت کا ٹھکانا بھی بہتر ہو گا اور مقام استراحت بھی ہو گا۔

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿٢٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔تَشَقَّقُ:(پھٹ جائے گا)اصلاً تَتَشَقَّقُ تھا۔ایک ت تخفیفاً محذوف۔ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَشَقَّقَ يَتَشَقَّقُ۔مصدر۔ تَشَقُّقٌ۔ السَّمَاءُ:(آسمان)فاعل مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْغَمَامِ:(الْغَمَامَةُ کی جمع ۔بادلوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔نُزِّلَ:(اتارا جائے گا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر۔غائب۔نائب فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ (اترنا)۔ الْمَلَائِكَةُ:(فرشتے)نائب فاعل۔مرفوع۔ تَنْزِيْلًا:(بڑے اہتمام کے ساتھ۔تواتر سے)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور جس دن آسمان ابر کے ساتھ پھٹ جائے گا اور فرشتے نازل کئے جائیں گے۔

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿۲۶﴾

اَلْمُلْكُ:(بادشاہت۔ حکومت۔)مبتداء مرفوع۔ يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب :(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔+ ظرف۔مبنی بر سکون۔مضاف الیہ۔ اَلْحَقُّ:(حق۔سچ)صفت مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ الرَّحْمٰنِ :(رحمان)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَوْمًا :(دن)ظرف زمان۔كَانَ کی خبر منصوب۔ عَلَى :(پر)حرف اجر۔الْكَافِرِيْنَ:(کفر کرنے والوں۔احکام الٰہی سے بغاوت کرنے والوں۔کافر۔کی جمع۔)عَسِيْرًا:(تنگی۔مشکل۔سختی)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اس دن سچی بادشاہی اللہ ہی کی ہوگی۔اور وہ دن کافروں پر (سخت) مشکل ہوگا۔

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔يَعَضُّ:(وہ پیسیں گے۔چبائیں گے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ض ض)مضاعف۔صیغہ۔عَضَّ يَعُضُّ۔مصدر۔عَضًّا۔(دانتوں سے کوئی چیز چبانا۔غصے اور حسرت کی علامت۔دانت پیسنا)۔ الظَّالِمُ:(ظالم)فاعل مرفوع۔عَلٰى:(پر)حرف جار۔ يَدَيْ:(دونوں ہاتھوں کو)اصلاً يَدَيْنِ تھا۔نون تثنیہ۔ محذوف بوجہ مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَقُوْلُ:(وہ کہیں گے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔يَا:(ہائے)حرف نداء۔لَيْتَ:(کاش) تمنّا۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔ خبر۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)اِتَّخَذْتُ:(میں نے اختیار کیا۔میں نے پکڑا۔بنایا)فعل ماضی واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔ مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔لینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مَعَ :(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔الرَّسُوْلِ: (پیغمبر) مجرور۔ مضاف الیہ۔سَبِيْلًا:(راہ کو)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور جس دن (ناعاقبت اندیش) ظالم اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کر کھائے گا (اور کہے گا) کہ اے کاش میں نے پیغمبر کے ساتھ رشتہ اختیار کیا ہوتا۔

يَٰوَيْلَتَىٰ لَيْتَنِى لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا ﴿٢٨﴾

يَٰوَيْلَتَىٰ: (ہائے میری بربادی۔ہائے افسوس) مرکب: (يَا+وَيْلَتِ+ىْ) يَا: (ہائے) حرف نداء۔+ وَيْلَتِ: (کاش) منادیٰ۔ منصوب۔مضاف۔+ ىْ۔ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَيْتَ: (کاش) متًّا۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع۔ خبنِ: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ يْ: (مجھے) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ لَمْ: (نہیں) نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ أَتَّخِذْ: (میں پکڑتا۔بناتا۔اختیار کرتا) فعل مضارع واحد متکلم۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔ لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ فُلَانًا: (فلاں۔غیر واضح شخصیت) منصوب۔مفعول بہٖ۔ خَلِيلًا: (دوست۔اصلاً خُلَّةٌ اس سے مشتق ہے۔جس کا معنی دوستی ہے)۔ منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: ہائے شامت کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا۔

لَّقَدْ أَضَلَّنِى عَنِ ٱلذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَآءَنِى ۗ وَكَانَ ٱلشَّيْطَٰنُ لِلْإِنسَٰنِ خَذُولًا ﴿٢٩﴾

لَ: (ضرور) لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ أَضَلَّ: (اس نے گمراہ کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا) ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ: (مجھے) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَنِ: (سے۔بارے میں) اسم جار۔ الذِّكْرِ: (ذکر۔نصیحت۔یاد) اسم مجرور۔ بَعْدَ: (بعد) ظرف زمان۔منصوب۔ إِذْ: (جب) ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔بمعنی ماضی۔ جَاءَ: (وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مرفوع مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا) ۔نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ يْ: (میرے پاس) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔كَانَ: (وہ تھا) فعل ماضی واحد

مذکرغائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا) الشَّيْطٰنُ:(شیطان۔ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے)كَانَ کااسم مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْإِنسَانِ:(انسان)اسم مجرور۔خَذُوْلًا:(دھوکے باز۔دغاباز)كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اس نے مجھ کو(کتاب) نصیحت کے میرے پاس آنے کے بعد بہکادیا۔اور شیطان انسان کووقت پر دغادینے والا ہے۔

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿٣٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ الرَّسُوْلُ:(پیغمبر نے)فاعل مرفوع۔يَا:(اے)حرف نداء۔رَبِّ۔:(میرے رب)اصلاًرَبِّيْ تھا۔ تخفیف کیا گیا ہے۔منادیٰ منصوب مضاف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اور بعوض یائے متکلم۔ محذوف۔إِنَّ :(بے شک)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔قَوْمِ:(قوم) إِنَّ کا اسم منصوب۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔ مضاف۔ يْ: (میری) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اتَّخَذُوْا :(انہوں نے پکڑا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔ لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ءخ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔الْقُرْاٰنَ :(قرآن) مشارٌالیہ۔بدل منصوب۔مَهْجُوْرًا:(پشت پیچھے رکھاہوا۔ چھوڑ ہوا۔الگ کیاہوا۔)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: اور پیغمبر کہیں گے کہ اے پروردگار میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿٣١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَذٰلِكَ :(اس طرح)مرکب: (كَ+ذٰ+لِ+كِ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد+خطابیہ۔محلاً اسم مجرور۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔كُلِّ:(ہر۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ نَبِيٍّ :(خبر دینے والا۔ پیغمبر)مجرور مضاف الیہ۔عَدُوًّا:(دشمن)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الْمُجْرِمِيْنَ:(کی جمع۔گناہ کرنے والے۔قانون شکنی کرنے والے)اسم مجرور۔علامت ۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كَفٰى:(کافی ہے۔)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔كَفٰى يَكْفِيْ۔مصدر۔كِفَايَةً۔(کافی ہونا)۔

بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔ رَبِّ:(ربّ)لفظاً مجرور۔محلاًمرفوع فاعل۔مضاف۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔هَادِيًا:(ہدایت دینے والا)منصوب تمیز۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَصِيْرًا:(مدد گار) معطوف۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: اوراسی طرح ہم نے گنہگاروں میں سے ہر پیغمبر کا دشمن بنادیا۔اور تمہاراپروردگارہدایت دینے اور مدد کرنے کو کافی ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿۳۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاًمبتداء مرفوع۔كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ لَوْلَا:(کیوں نہ)حرف تحضیض۔ماضی سے پہلے برائے ترغیب۔مضارع سے پہلے۔زجر و توبیخ۔ڈانٹ ڈپٹ۔نُزِّلَ: (وہ اتارا جاتا ہے)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔ الْقُرْآنُ:(قرآن)نائب فاعل۔مرفوع۔جُمْلَةً:(اکٹھا)منصوب۔حال۔موصوف۔وَاحِدَةً:(ایک ہی بار)صفت منصوب۔كَذَٰلِكَ:(اس طرح)مرکب: (كَ+ذٰ+لِ+كِ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ ۔+برائے بعد+خطابیہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔نُثَبِّتَ :(ہم مضبوط کریں۔)فعل مضارع جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ثَبَّتَ يُثَبِّتُ۔مصدر۔تَثْبِيْتًا۔(ثابت رکھنا۔برقرار رکھنا۔پکا کرنا۔مضبوط کرنا۔)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔فُؤَادَ:(دل)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَتَّلْنَا:(ہم نے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید۔باب تفعیل۔ صیغہ ۔ رَتَّلَ يُرَتِّلُ۔مصدر۔تَرْتِيْلًا:(ٹھہر ٹھہر پڑھنا۔)هُ:()تَرْتِيْلًا:(ٹھہر ٹھہر پڑھنا۔) منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور کافر کہتے ہیں کہ اس پر قرآن ایک ہی دفعہ کیوں نہیں اُتارا گیا۔اس طرح (آہستہ آہستہ) اس لئے اُتارا گیا کہ اس سے تمہارے دل کو قائم رکھیں۔اوراسی واسطے ہم اس کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے رہے ہیں۔

وَلَا يَأْتُونَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيرًا ﴿٣٣﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَأْتُونَ:(وہ لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِ: (ساتھ) حرف جار۔مَثَلٍ:(مثال)اسم مجرور۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔جِئْنَا:(ہم لائے۔صلہ ب ہے اس وجہ سے معنی لانا ہے)۔فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔ كَ:(آپ کے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق۔سچ)اور وَ:(اور)حرف عطف۔أَحْسَنَ :(بہت ہی خوبصورت)افعل التفضیل۔محلاً معطوف مجرور۔تَفْسِيْرًا:(توضیح۔ تفسیر۔ وضاحت) منصوب۔ تمیز۔

ترجمہ آیت: اور یہ لوگ تمہارے پاس جو(اعتراض کی) بات لاتے ہیں ہم تمہارے پاس اس کا معقول اور خوب مشرح جواب بھیج دیتے ہیں۔

اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿٣٤/٣٢﴾

الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔يُحْشَرُوْنَ:(وہ اکٹھے کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر) صیغہ۔حَشَرَ يَحْشُرُ ۔مصدر۔ حَشْرٌ۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ وُجُوْهِ:(منہ۔چہرے)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ جَهَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ۔آگ)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ أُوْلَئِكَ أُوْلَئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ شَرٌّ:(شر۔بہت برا۔بدترین)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ مَّكَانًا:(مکان۔جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ٹھکانہ) منصوب۔تمیز۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَضَلُّ:(اس نے گمراہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ ۔اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔سَبِيْلًا:(راہ)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: جو لوگ اپنے مونہوں کے بل دوزخ کی طرف جمع کئے جائیں گے ان کا ٹھکانا بھی برا ہے اور وہ رستے سے بھی بہکے ہوئے ہیں۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿٣٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ آتَيْنَا :(ہم نے دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔(دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(آنا۔دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔مُوْسَى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الْكِتَابَ:(کتاب)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔ مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَخَا:(بھائی کو)از ستّہ مکبّرہ۔منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔هَارُوْنَ:(ہارونؑ)بدل۔منصوب۔وَزِيْرًا:(بوجھ بٹانے والا۔مددگار۔معاون خاص۔وزیر) مبالغہ۔ منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور ان کے بھائی ہارون کو مددگار بنا کر ان کے ساتھ کیا

فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿٣٦﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ اِذْهَبَا:(دونوں جاؤ)فعل امر تثنیہ۔مذکر۔حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔مصدر۔ذَهَابًا۔(لے جانا)۔ إِلَى:(طرف۔پاس)حرف جار۔ الْقَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔ الَّذِيْنَ :(جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔نشانیوں کو) منصوب۔بالکسرہ۔محلاً مفعول بہ۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(تو)حرف عطف۔

دَمَّرْنَا:(ہم نے برباد کر دیا۔ہلاک کر دیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔دَمَّرَ یُدَمِّرُ ۔مصدر۔تَدْمِیْرًا۔(تباہ کرنا۔برباد کرنا۔ہلاک کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔

تَدْمِیْرًا: (تباہ کرنا۔برباد کرنا۔ہلاک کرنا)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور کہا کہ دونوں ان لوگوں کے پاس جاؤ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کی تکذیب کی۔(جب تکذیب پر اڑے رہے) تو ہم نے ان کو ہلاک کر ڈالا۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ۗ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَوْمَ:(قوم)منصوب۔مفعول بہ مقدم۔مضاف۔نُوْحٍ:(نوحؑ)مجرور۔مضاف الیہ۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ كَذَّبُوا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ الرُّسُلَ:رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں کو)منصوب۔مفعول بہ۔ أَغْرَقْنَا ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْرَقَ يُغْرِقُ۔مصدر۔ اِغْرَاقًا۔ (ڈوبانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(غ ر ق)صیغہ۔غَرِقَ يَغْرَقُ۔مصدر۔غَرْقًا۔(ڈوبنا۔غرق ہونا)هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ آيَةً:(نشانی۔آیت) منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَعْتَدْنَا:(ہم نے تیار کر رکھی ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَعْتَدَ يُعْتِدُ۔مصدر۔اِعْتَادٌ۔(تیار کرنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔ لِ: (لئے)حرف جار۔الظَّالِمِيْنَ :(ظلم کرنے والوں۔اندھیر مچانے والوں کے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔عَذَابًا:(عذاب کا)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔أَلِيْمًا: (دردناک) صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور نوح کی قوم نے بھی جب پیغمبروں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں غرق کر ڈالا اور لوگوں کے لئے نشانی بنا دیا۔اور ظالموں

کے لئے ہم نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

وَّ عَادًا وَّ ثَمُوْدَا وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَیْنَ ذٰلِکَ کَثِیْرًا ﴿۳۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔عَادًا:(عاد۔قوم کا نام)منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ثَمُوْدَ:(ثمود۔ایک قوم کا نام)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَصْحَابَ:(ساتھ۔والے۔اہل)معطوف منصوب۔مضاف۔الرَّسِّ:(رسّ۔ایک کنویں کا نام)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قُرُوْنًا :(امتوں۔لوگوں۔قوموں)معطوف۔منصوب۔بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔محلاًمجرور۔مضاف الیہ۔کَثِیْرًا:(کثرت سے۔بہت زیادہ۔)مبالغہ۔صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور عاد اور ثمود اور کنوئیں والوں اور ان کے درمیان اور بہت سی جماعتوں کو بھی (ہلاک کرڈالا)۔

وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿۳۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كُلًّا :(تمام کی تمام)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہ۔ضَرَبْنَا:(ہم نے بیان کیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ یَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(مارنا۔چلنا۔بنانا۔بیان کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً اسم مجرور۔الْأَمْثَالَ:(مثالیں)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف جار۔ كُلًّا:(تمام کی تمام)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہ۔تَبَّرْنَا:(ہم تباہ کردیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ تَبَرَّ یُتَبَرُّ۔مصدر۔تَتْبِیْرًا۔(تباہ کرنا۔برباد کرنا)۔تَتْبِیْرًا۔(تباہ کرنا۔برباد کرنا۔)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور سب کے (سمجھانے کے لئے) ہم نے مثالیں بیان کیں اور (نہ ماننے پر) سب کا تہس نہس کردیا۔

وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿۴۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَتَوْا:(وہ آئے۔گزر گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ عَلَی:(پر)حرف جار۔الْقَرْيَةِ:(بستی)اسم مجرور۔ الَّتِي: (جس)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ أُمْطِرَتْ:(بارش کی گئی۔برسائی گئی)فعل ماضی

مجہول۔واحد مؤنث غائب۔نائب فاعل۔ضمیر تْ ساکن۔علامت تانیث۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْطَرَ یُمْطِرُ۔مصدر۔اِمْطَارٌ۔(برسانا)۔ مَطَرَ :(بارش برسنا)اصلاً مَطَرًا تھا۔تنوین محذوف۔بوجہ۔مضاف۔السَّوْءِ:(بری)مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پھر)حرف عطف۔لَمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔یَکُوْنُوْا:(وہ ہوگئے)۔ فعل ناقص مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ یَرَوْنَ: (وہ دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین ۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رُؤْیَةٌ۔(دیکھنا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔بَلْ:(بلکہ) کَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔ (ہونا لَا:(نہیں)نافیہ۔یَرْجُوْنَ:(وہ امید رکھتے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَجَا یَرْجُو۔مصدر۔رَجَاءًا۔رَجَآءٌ۔(امید رکھنا۔توقع رکھنا)۔ نُشُوْرًا:(بروز قیامت دوبارہ جی اٹھنا)منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت:اور یہ کافر اس بستی پر بھی گزر چکے ہیں جس پر بری طرح کا مینہ برسایا گیا تھا۔کیا وہ اس کو دیکھتے نہ ہوں گے۔بلکہ ان کو (مرنے کے بعد) جی اُٹھنے کی امید ہی نہیں تھی۔

وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔رَأَوْ:(انہوں نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رُؤْیَةٌ۔(دیکھنا)۔ كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔إِنْ: (نہیں)نافیہ۔ یَتَّخِذُوْنَ:(وہ اختیار کرتے ہیں۔بناتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء

خ ذ)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ هُزُوًا:(تمسخر۔مذاق اڑانا۔ٹھٹھا کرنا)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔ انکاری۔هٰذَا:(یہی ہے)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔الَّذِيْ:(جس کا)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔بَعَثَ:(اس نے بھیجا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث) صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ مصدر۔ بَعْثًا۔ (بھیجنا۔اٹھانا۔کھڑا کرنا۔دوبارہ زندہ کرکے اٹھانا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ نے)فاعل مرفوع۔رَسُوْلًا: (پیغمبر)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور یہ لوگ جب تم کو دیکھتے ہیں تو تمہاری ہنسی اُڑاتے ہیں۔ کہ کیا یہی شخص ہے جس کو اللہ نے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے۔

اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْ لَاۤ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۚ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

اِنْ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔مخففہ۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَادَ:(قریب تھا)فعل مقاربہ ماضی۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔فتح۔مادہ(ک و د۔ک ی د۔اجوف واوی۔اور یائی)صیغہ۔كَادَ يَكَادُ۔مصدر۔كَوْدًا۔(قریب ہونا)۔ لَ: (بلاشبہ)لائے تاکید۔فارقہ۔يُضِلُّ:(وہ گمراہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔)ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)نَا:(ان کو)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ آلِهَتِ:(اِلٰهَ کی جمع۔معبودوں)اسم مجرور۔ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَوْلَا:(کیوں نہیں)حرف تحضیض۔ماضی سے پہلے آئے تو ترغیب۔اگر مضارع سے پہلے آئے تو زجر و توبیخ۔(حرف امتناع لوجود) أَنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ صَبَرْنَا:(ہم استقامت دکھائیں۔ڈٹے رہیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔عَلٰى:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب ۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔سَوْفَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔ يَعْلَمُوْنَ :(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔حِيْنَ:(ایک وقت۔ایک مدت)ظرف زمان۔منصوب۔ يَرَوْنَ :(وہ دیکھیں گے)فعل مضارع جمع

مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْیَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ اَلْعَذَابَ :(عذاب کو)منصوب۔مفعول بہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَضَلُّ:(زیادہ بھٹکا ہوا۔انتہائی گمراہ شدہ)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔سَبِيْلًا:(راہ)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: اگر ہم نے اپنے معبودوں کے بارے میں ثابت قدم نہ رہتے تو یہ ضرور ہم کو بہکا دیتا۔(اور ان سے پھیر دیتا) اور یہ عنقریب معلوم کرلیں گے جب عذاب دیکھیں گے کہ سیدھے رستے سے کون بھٹکا ہوا ہے،

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـهَهٗ هَوٰىهُ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔رَأَيْتَ:(تو نے دیکھا)فعل مضارع واحد مذکر۔حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْیَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ مَنِ:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ اتَّخَذَ:(اس نے بنایا۔اختیار کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ اِلٰهَ:(معبود)منصوب۔ مفعول بہ۔ثانی مضاف۔هٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔هَوَا:(خواہش کو)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هٗ:(اس کی۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔ فَ:(تو)حرف استئنافیہ۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبتداء مرفوع۔تَكُوْنُ:(تو ہو جائے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔وَكِيْلًا:(حامی۔قابل اعتبار۔کارساز۔نگران۔مددگار۔ذمہ دار)کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے خواہش نفس کو معبود بنا رکھا ہے تو کیا تم اس پر نگہبان ہو سکتے ہو۔

اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۴﴾

أَمْ:(یا)حرف عطف۔تَحْسَبُ:(تم گمان کرتے ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔مصدر۔حِسْبَانٌ۔(گمان کرنا۔ خیال کرنا۔ سوچنا)۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔أَكْثَرَ:(بہت زیادہ)افعل التفضیل۔أَنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَسْمَعُوْنَ:(وہ سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(سننا)۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔يَعْقِلُوْنَ:(وہ عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلاً۔ إِنْ:(نہیں)نافیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔كَ:(جیسا کہ۔ مانند۔ طرح)حرف جار۔وتشبیہ۔الْأَنْعَامِ:(جانور۔مع اونٹ۔ورنہ صرف بھیڑ بکریاں ہوں گے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء، أَضَلُّ:(بہت ہی زیادہ گمراہ۔بھٹکے ہوئے)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔سَبِيْلًا:(راہ)منصوب۔تمییز۔

ترجمہ آیت: یاتم یہ خیال کرتے ہو کہ ان میں اکثر سنتے یا سمجھتے ہیں (نہیں) یہ توچوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔

اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿۴۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔تَرَ:(تونے دیکھا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔حرف علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیکھنا۔دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِلَى:(طرف) حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔ منصوب حال۔۔ مَدَّ:(اس نے لمبا کیا۔کھینچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م د د)مضاعف۔صیغہ۔مَدَّ يَمُدُّ۔مصدر۔مَدًّا۔(لمبا کرنا) ۔ الظِّلَّ:(سایہ)منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔شَاءَ:(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً

أَلَّا:(یہ کہ نہیں)مرکب :(أَنْ+لَا)مصدریہ۔ناصب مضارع۔+لائے نافیہ۔يَسْجُدُوْا:(وہ سجدہ کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔ مصدر۔ سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا۔ تعظیم کرنا)۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔ + اسم مجرور۔الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔يُخْرِجُ:(وہ نکالتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا) ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔الْخَبْءَ:(خفیہ۔پوشیدہ۔جمع شدہ چیزوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْأَرْضِ:

(زمین)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَعْلَمُ:(وہ جانتاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔مَا:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ تُخْفُوْنَ:(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْفٰی یُخْفِیْ۔مصدر۔اِخْفَاءٌ۔(چھپانا۔پوشیدہ رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَفِیَ یَخْفٰی۔مصدر۔خَفَاءً۔(پوشیدہ رہنا۔چھپانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔معطوف منصوب۔تُعْلِنُوْنَ:(اعلانیہ کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْلَنَ یُعْلِنُ۔مصدر۔اِعْلَانًا۔()ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ع ل ن)صیغہ۔عَلَنَ یَعْلُنُ۔مصدر۔عَلَنًا۔عَلَانِیَةٌ۔(کھلنا۔نمایاں ہونا)۔

ترجمہ آیت: (اور نہیں سمجھتے) کہ اللہ کو آسمانوں اور زمین میں چھپی چیزوں کو ظاہر کر دیتا اور تمہارے پوشیدہ اور ظاہر اعمال کو جانتا ہے کیوں سجدہ نہ کریں۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٦﴾

اَللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اِلٰهَ:(کوئی معبود۔) لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اَللّٰهُ بدل مرفوع۔رَبُّ: (ربّ) خبر ثانی مرفوع۔مضاف۔الْعَرْشِ:(عرش۔تخت۔حکومت۔چھت)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الْعَظِيْمِ:(بہت بڑا) مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔

قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ سَ:(جلد ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔نَنْظُرُ:(ہم دیکھیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ۔مصدر۔نَظَرًا۔(دیکھنا)۔اَ:(کیا)حرف استفہام۔صَدَقْتَ:(تو

نے سچ کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د ق)صیغہ۔صَدَقَ یَصْدُقُ۔مصدر۔صِدْقًا۔(سچ کرنا)۔ أَمْ:(یا)حرف عطف۔ کُنْتَ:(تو تھا۔ہے) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔مِنَ: (سے) حرف جار۔اَلْکَاذِبِیْنَ:(جھوٹے۔جھوٹ بولنے والوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: سلیمان نے کہا(اچھا) ہم دیکھیں گے،تو نے سچ کہا ہے یا تو جھوٹا ہے۔

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾

اِذْهَبْ:(تو جا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ذ ھ ب) صیغہ۔ذَهَبَ یَذْهَبُ۔مصدر۔ ذِهَابًا۔(جانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔کِتَابِ:(کتاب۔یعنی لکھی ہوئی۔خط)اسم مجرور۔مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فَ:(تو)حرف عطف۔اَلْقِ:(تو ڈال دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔حرف علت محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِيْ۔مصادر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔لَقِيَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِیًّا۔لُقْیًا۔لُقًّی۔لَقْیًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔ هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ تَوَلَّ:(تو لوٹ آ) فعل امر۔واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ی حرف علت محذوف بوجہ التقاءے ساکنین۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّيْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ یَلِيْ۔مصدر۔وَلْیًا۔(پھرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔اُنْظُرْ:(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ۔ مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ مَاذَا:(کیا)اسم استفہام۔یَرْجِعُوْنَ:(وہ

لوٹتے ہیں۔ یعنی جواب دیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(رج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔رُجُوْعًا۔مَرْجَعًا۔(۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔

ترجمہ آیت: یہ میرا خط لے جا اور اسے ان کی طرف ڈال دے پھر ان کے پاس سے پھر آ اور دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔

قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۹﴾

قَالَتْ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ يَا)۔يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔الْمَلَأُ:(سردارو!)صفت مرفوع۔ إِنِّ:(بے شک میں)مرکب :(اِنِّ+ ی)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ + ی۔ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔أُلْقِيَ:(ڈالا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصدر اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی) ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔لُقِيًّا۔لُقْيًا۔ لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔ پہنچنا۔ ہو جانا۔)۔إِلَيَّ:(میری طرف)مرکب :(إِلَي+يَّ)حرف جار۔+ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ بالفتحہ۔ كِتَابٌ: (کتاب)نائب فاعل۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔ كَرِيْمٌ:(عمدہ۔اچھی۔بزرگی والی۔احترام والی) مبالغہ۔ صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ملکہ نے کہا کہ درباروالو! میری طرف ایک نامہ گرامی ڈالا گیا ہے۔

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۳۰﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ سُلَيْمَانَ: (سلیمانؑ)غیر منصرف۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔اِسْمِ:(نام)اسم مجرور۔ مضاف۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔الرَّحْمَنِ:(رحم کرنے والا۔بلامشقت نعمتیں دینے والا)صفت۔ مجرور۔الرَّحِيْمِ:(خوب رحم کرنے والا۔

بامشقت محنت نعمتیں دینے والا) صفت ثانی۔ مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور مضمون یہ ہے کہ شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾

أَلَّا: (کہ۔ نہیں) مرکب: (أَنْ+لَا) تفسیری۔ + لائے ناہیہ۔ تَعْلُوْا: (بڑے بنیں۔ تکبر کریں۔ سرکشی کریں) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع ل و) ناقص واوی۔ صیغہ۔ عَلَا يَعْلُو۔ مصدر۔ عُلُوًّا۔ (زیادتی کرنا۔ سرکشی کرنا۔ بڑا بننا۔ تکبر کرنا)۔ عَلَيَّ: (مجھ پر) مرکب: (عَلَي+يَّ) حرف جار۔ + ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ بالفتحہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أْتُوْنِيْ: (لے آؤ میرے پاس) مرکب: (أْتُو+نِ+يْ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ +ن: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ يْ: (مجھے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مُسْلِمِيْنَ: (مسلمان بن کر۔ فرمانبردار بن کر۔) منصوب۔ علامت۔ ی۔ حال۔

ترجمہ آیت: (بعد اس کے یہ) کہ مجھے سرکشی نہ کرو اور مطیع و منقاد ہو کر میرے پاس چلے آؤ۔

قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾

قَالَتْ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ت ساکن۔ علامت ضمیر فاعل۔ تانیث۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ يَا: (اے) حرف نداء۔ أَيُّ: (کون سا) منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ هَا: () حرف تنبیہ۔ الْمَلَؤُا: (سرداروں۔ درباریوں) صفت مرفوع۔ بدل أَيُّ۔ یا۔ لفظاً مرفوع عطف بیان۔ (اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کے ساتھ أَيُّهَا آتا ہے)۔ أَفْتُوْ: (مجھے فتویٰ دو۔ مشورہ دو۔) مرکب: (اَفْتُوْ+نِ+یْ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَفْتٰى يُفْتِيْ۔ مصدر۔ اِفْتَاءٌ۔ (فتویٰ دینا۔ مشورہ دینا۔) + نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ + يْ: (مجھے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ أَمْرِ: (حکم۔ امر۔ معاملہ) اسم مجرور۔ مضاف۔ يْ: (میرے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر

سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كُنْتُ:(میں ہوں)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ قَاطِعَةً:(قطعی۔حتمی)كَانَ کی خبر منصوب۔ أَمْرًا:(فیصلہ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غایت۔ان۔مضمر ناصب مضارع۔ تَشْهَدُوْنِ: (تم میرے پاس حاضر ہوں)اصلاً تَشْهَدُوْنِيْ تھا۔مرکب(تَشْهَدُوْ+نِ+ی)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شُهُوْدًا۔(گواہ دینا۔موجود ہونا۔)
+نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔+يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔محذوف۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: (خط سنا کر) وہ کہنے لگی کہ اے اہل دربار میرے اس معاملے میں مجھے مشورہ دو، جب تک تم حاضر نہ ہو(اور صلاح نہ دو) میں کسی کام کو فیصل کرنے والی نہیں۔

قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿۳۳﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔منفصل۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔أُوْلُوْا: (والے)از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ قُوَّةٍ :(قوت۔طاقت)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أُوْلُوْا:(والے)از ستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔ بَأْسٍ:(جنگ)مجرور۔مضاف الیہ۔موصوف۔ شَدِيْدٍ:(سخت)مجرور ۔صفت۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَمْرُ: (فیصلہ ۔حکم۔معاملہ)مبتداء مرفوع۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كِ :(آپ کی)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔فَ:(تو)برائے رابطہ۔اُنْظُرِيْ:(تو انتظار کر۔مہلت دے)فعل امر واحد مؤنث حاضر۔مبنی بر سکون۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتِ۔علامت تانیث۔ی۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔ مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ مَاذَا: (کیا)اسم استفہام۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مفعول بہٖ مقدم۔تَأْمُرِيْنَ:(تم کیا حکم دیتی ہو)فعل مضارع واحد مؤنث حاضر۔ فاعل ضمیر مبنی بر سکون۔ مستتر تقدیراً۔ی۔جملہ محلاً منصوب۔اُنْظُرِيْ کا مفعول بہٖ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ يَاْمُرُ۔مصدر۔اَمْرًا۔(حکم دینا۔فیصلہ کرنا۔)

ترجمہ آیت: وہ بولے کہ ہم بڑے زور آور اور سخت جنگجو ہیں اور حکم آپ کے اختیار ہے تو جو حکم دیجئے گا(اس کے مآل پر) نظر کر لیجئے گا۔

قَالَتۡ اِنَّ الۡمُلُوۡكَ اِذَا دَخَلُوۡا قَرۡيَةً اَفۡسَدُوۡهَا وَ جَعَلُوۡۤا اَعِزَّةَ اَهۡلِهَاۤ اَذِلَّةً ۚ وَ كَذٰلِكَ يَفۡعَلُوۡنَ ﴿۳۴﴾

قَالَتْ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ت ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الْمُلُوْكَ:(الْمَلَكُ کی جمع۔بادشاہ)۔ إِنَّ کا اسم منصوب۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ دَخَلُوْا:(إِذَا کی وجہ سے ترجمہ۔وہ داخل ہوتے ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ محلاً فعل شرط۔ قَرْيَةً:(بستی میں)منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَفْسَدُوْ:(کہ وہ فساد پھیلاتے ہیں۔بگاڑ دیتے ہیں۔تباہ وبرباد کردیتے ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔هَا:(اس کو) قَرْيَةً کا بدل۔ضمیر واحد مؤنث۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفْسَدَ يُفْسِدُ۔ مصدر۔ اِفْسَادٌ۔ (بگاڑدینا۔تباہ وبرباد کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف س د)صیغہ۔فَسَدَ يَفْسُدُ۔مصدر۔فَسَادًا۔(گل جانا۔ بگڑ جانا۔خراب کرنا)وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلُوْا:(وہ بناتے ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ أَعِزَّةَ :(معزز لوگوں کو۔عزت دار لوگوں کو)مبالغہ۔منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔أَهْلِ:(لوگ۔اہل۔تعلقہ دار۔والے)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔هَا :(اس کی) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَذِلَّةً:(ذلیل)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ كَذٰلِكَ:(اس طرح)مرکب: (كَ+ذٰ+لِ+كِ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد+خطابیہ۔محلاً اسم مجرور۔ يَفْعَلُوْنَ:(وہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلًا۔(کرنا۔ہونا۔سہنا۔)

ترجمہ آیت: اس نے کہا کہ بادشاہ جب کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو تباہ کردیتے ہیں اور وہاں کے عزت والوں کو ذلیل کردیا کرتے ہیں اور اسی طرح یہ بھی کریں گے۔

وَاِنِّىۡ مُرۡسِلَةٌ اِلَيۡهِمۡ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌ ۢ بِمَ يَرۡجِعُ الۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۳۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال۔مابعد۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب مُرْسِلَةٌ :(بھیجنے والی ہوں)اسم فاعل ۔واحد مؤنث۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

اِلَيۡ:(طرف)حرف اجر۔هِمۡ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَدِيَّةٍ:(کوئی تحفہ)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔نَاظِرَةٌ:(دیکھنے والی ہوں)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔بِمَ:(کس کے ساتھ) اصلاً بِمَا تھا۔الف گرا کر تخفیف کی گئی ہے ۔مرکب:(بِ+مَا)حرف جار+ اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔يَرۡجِعُ:(وہ لوٹاتا ہوں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ر ج ع) صیغہ۔رَجَعَ يَرۡجِعُ۔مصدر۔رُجُوۡعًا۔مَرۡجِعًا۔(۔(لوٹانا۔واپس کیاجانا)۔اَلۡمُرۡسَلُوۡنَ:(بھیجے ہوئے۔ایلچی۔ قاصد۔پیغمبر۔)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاًفاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور میں ان کی طرف کچھ تحفہ بھیجتی ہوں اور دیکھتی ہوں کہ قاصد کیاجواب لاتے ہیں۔

فَلَمَّا جَآءَ سُلَيۡمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوۡنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيۡرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمۡ بَلۡ اَنۡتُمۡ بِهَدِيَّتِكُمۡ تَفۡرَحُوۡنَ ﴿۳۶﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔جَآءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مرفوع مستترتقدیراًھو۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيۡئُ۔ جِيۡئٌ۔مَجِيۡئٌ۔(آنا) ۔سُلَيۡمَانَ:(سلیمانؑ) غیر منصرف۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحدمذکرغائب۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔تُمِدُّوۡنَ:(تم مدد کروگے) اصلاً تُمِدُّوۡنَنِيۡ تھا۔(تُمِدُّوۡنَ+نِ+ىۡ)۔فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمَدَّ يُمِدُّ۔مصدر۔اِمۡدَادٌ۔(مدد کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م د د)مضاعف۔صیغہ۔مَدَّ يَمُدُّ۔مصدر۔مَدًّا۔(لمبا کرنا۔)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے +ی ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَالٍ:(مال ودولت)اسم مجرور۔فَ:(پس)تعلیلیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ آتَا:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اٰتٰى يُؤۡتِيۡ۔ مصدر۔ اِيۡتَآءٌ۔ (دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰى يَاۡتِيۡ۔مصدر۔اِتۡيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے +ی ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اَللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء

مرفوع۔ خَيْرٌ :(بہتر۔بھلا۔نیکی) خبر مرفوع۔مِمَّا :(اس سے جو)مرکب :(مِّن+مَّا)حرف جار+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔ آتَانِ:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِیْ۔ مصدر۔ اِیْتَآءٌ۔ (دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ کُمْ :(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔هَدِيَّتِ:(تحفہ۔ ہدیہ۔ تحفہ۔سوغات)اسم مجرور۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جم مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔تَفْرَحُوْنَ: (تم خوش ہو جاؤ گے۔فرحت محسوس کرو گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ يَفْرَحَ۔مصدر۔فَرْحًا۔(خوش ہونا)۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جب(قاصد) سلیمان کے پاس پہنچا تو سلیمان نے کہا کیا تم مجھے مال سے مدد دینا چاہتے ہو، جو کچھ اللہ نے مجھے عطا فرمایا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو تمہیں دیا ہے حقیقت یہ ہے کہ تم ہی اپنے تحفے سے خوش ہوتے ہو گے۔

اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّ هُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

اِرْجِعْ:(واپس جاؤ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(رج ع) صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔رُجُوْعًا۔مَرْجَعًا۔(۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔ اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔لَ:(تاکہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔نَأْتِيَنَّ:(ہم ضرور بالضرور آئیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَآءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔ اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔هُمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔جُنُوْدٍ:(لشکر)اسم مجرور۔ لَّا:(نہیں)لائے نفی جنس۔قِبَلَ:(کوئی بھی پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔محلاًلائے نفی جنس کا اسم۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع

مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً لائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(یقیناً) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ نُخْرِجَنَّ: (ہم ضرور بالضرور نکال دیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔(نکال دینا)۔ هُمْ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔ هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً اسم مجرور۔ أَذِلَّةً :(ذلیل) منصوب۔ حال وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هُمْ :(وہی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ صَاغِرُوْنَ:(کمینے۔ گھٹیا۔ چھوٹے لوگ) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت: ان کے پاس واپس جاؤ ہم ان پر ایسے لشکر سے حملہ کریں گے جس کے مقابلے کی ان میں طاقت نہ ہو گی اور ان کو وہاں سے بے عزت کر کے نکال دیں گے اور وہ ذلیل ہوں گے۔

قَالَ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ يَا:(اے) حرف نداء۔ أَيُّ:(کون سا) منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ هَا:() حرف تنبیہ۔ الْمَلَؤُا : (سرداروں۔ درباریوں) صفت مرفوع۔ بدل أَيُّ۔ یا لفظاً مرفوع عطف بیان۔(اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کے ساتھ أَيُّهَا آتا ہے)۔ أَيُّ:(کون) اسم استفہام۔ مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَأْتِي:(وہ لایا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔(دینا۔ لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ نِ:(وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے يْ:(مجھے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ عَرْشِ:(تخت) اسم مجرور۔ مضاف۔ هَا:(اس کا) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَبْلَ:(پہلے) ظرف زمان۔ منصوب۔ أَنْ:(کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يَّأْتُوْ:(وہ آئیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَى يَاتِيْ۔

مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے يْ: (میرے پاس) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مُسْلِمِيْنَ: (فرمانبردار۔ مطیع۔ اسلام لانے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ منصوب۔ علامت۔ ی۔ حال۔

ترجمہ آیت: سلیمان نے کہا کہ اے درباروالو! کوئی تم میں ایسا ہے کہ قبل اس کے کہ وہ لوگ فرمانبردار ہو کر ہمارے پاس آئیں ملکہ کا تخت میرے پاس لے آئے۔

قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿۳۹﴾

قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ عِفْرِيْتٌ: (بہت بڑا طاقتور جن) فاعل مرفوع۔ مِّنَ: (سے) حرف جار۔ الْجِنِّ: (جنوں سے) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ اَنَا: (میں) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ آتِيْ: (میں لے آؤں گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰی يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ (دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ كَ: (تجھے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هٖ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ قَبْلَ: (پہلے) ظرف زمان۔ منصوب۔ اَنْ: (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ تَقُوْمَ: (تو کھڑا ہو جائے۔ اٹھے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و م) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔ قَوْمًا۔ قِيَامَةٌ۔ قُوْمَةٌ۔ قَامَةً۔ (اٹھنا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کھڑا ہونا۔ روکنا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ مَّقَامِ: (جگہ) اسم مجرور۔ مضاف۔ كَ: (تیری۔اپنی) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ اِنِّ: (یقیناً میں) مرکب: (اِنَّ+يْ) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم رافع خبر کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ + ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ هِ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ لَ: (یقیناً) لائے تاکید۔ مزحلقه۔ قَوِيٌّ: (بہت مضبوط۔طاقتور) اِنَّ کی خبر مرفوع۔ موصوف۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ أَمِيْنٌ: (امانت دار) اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: جنات میں سے ایک قوی ہیکل جن نے کہا کہ قبل اس کے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں میں اس کو آپ کے پاس لا حاضر کرتا ہوں اور میں اس (کے اٹھانے کی) طاقت رکھتا ہوں (اور) امانت دار ہوں۔

قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ لِیَبْلُوَنِیْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ كَرِیْمٌ ﴿۴۰﴾

قَالَ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ الَّذِيْ: (وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل۔ مرفوع۔ عِنْدَ: (پاس) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ عِلْمٌ: (علم۔ سائنس) مبتداء مؤخر مرفوع۔ مِّنَ: (سے) حرف جار۔ الْكِتَابِ: (کتاب) اسم مجرور۔ اَنَا: (میں) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ آتِي: (میں لے آؤں گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ (دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ كَ: (تیرے پاس) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هٖ: (اس سے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ قَبْلَ: (پہلے) ظرف زمان۔ منصوب۔ اَنْ: (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يَرْتَدَّ: (وہ واپس آئے۔ لوٹے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِرْتَدَّ يَرْتَدُّ۔ مصدر۔ اِرْتِدَادٌ۔ (لوٹ کر آنا)۔ اِلَيْ: (طرف) حرف جار۔ كَ: (تیری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ طَرْفُ: (نظر۔ نگاہ۔ آنکھ۔ یعنی جھپکے) مبتداء مؤخر مرفوع۔ مضاف۔ كَ: (تیری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف۔ فَ: (پھر) حرف عطف۔ لَمَّا: (جب) ظرف زمان مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ رَآ: (وہ دیکھے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ هٗ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مُسْتَقِرًّا: (ٹھہرنے والا۔ قرار پکڑنے والا) اسم فاعل۔ منصوب۔ حال۔

عِندَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا)۔ هَذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔مِن :(سے)حرف جار۔فَضْلِ: (فضل۔ کرم۔)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔ي:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَبْلُوَ:(وہ آزمائے۔آزمائش میں ڈالے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل و)ناقص واوی۔ صیغہ۔ بَلَا يَبْلُو۔مصدر۔بَلَاءٌ۔(آزمائش میں ڈالنا۔)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ي:(مجھے)ضمیر واحد مذکر متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أ:(کیا)حرف استفہام۔أَشْكُرُ:(میں شکر کروں)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا۔) أَمْ:(یا)حرف عطف۔أَكْفُرُ:(میں کفر کروں۔ناشکری کروں)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أنَا۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔ شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔شَكَرَ:(اس نے شکر کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔ مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا۔) فَ:(تو)برائے جواب شرط۔إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ يَشْكُرُ:(وہ شکر کرتا ہے۔کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔ مصدر۔ شُكْرًا۔ (قدر کرنا۔شکر کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔نَفْسِ:(جان)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ :(اس کی۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ كَفَرَ:(اس نے کفر کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ فَ:(پس)برائے جواب شرط۔إِنَّ:(یقیناً)

حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔رَبِّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔کسرہ برائے اتصال ما بعد یائے متکلم۔ مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔غَنِيٌّ:(غنی۔بہت بے پرواہ۔ امیر)۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔کَرِيْمٌ:(خوب مہربانی کرنے والا۔بہت کرم کرنے والا))إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: ایک شخص جس کو کتاب الٰہی کا علم تھا کہنے لگا کہ میں آپ کی آنکھ کے جھپکنے سے پہلے پہلے اسے آپ کے پاس حاضر کئے دیتا ہوں۔جب سلیمان نے تخت کو اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا تو کہا کہ یہ میرے پروردگار کا فضل ہے تاکہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا کفران نعمت کرتا ہوں اور جو شکر کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لئے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرتا ہے تو میرا پروردگار بے پروا(اور) کرم کرنے والا ہے۔

قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٤١﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ نَكِّرُوْا:(تم شکل بدل دو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واوٴ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَكَّرَ يُنَكِّرُ۔مصدر۔تَنْكِيْرًا۔(حالت بدلنا۔شکل بدلنا)۔لَ:(لئے۔کی)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ عَرْشَ:(تخت)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هَا :(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔نَنْظُرْ:(ہم دیکھیں)فعل مضارع جمع متکلم۔مجزوم۔برائے جواب طلب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔تَهْتَدِيْ:(وہ ہدایت پاتی ہے۔راہ پاتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتِ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِهْتَدٰى يَهْتَدِيْ۔مصدر۔ اِهْتِدَاءٌ۔ (ہدایت پانا)۔ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی)۔صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔أَمْ:(یا) حرف عطف۔تَكُوْنُ:(وہ ہو جائے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف عطف۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَهْتَدُوْنَ:(وہ ہدایت پاتے ہیں۔عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر

غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِهْتَدٰى يَهْتَدِيْ۔ مصدر۔ اِهْتَدَاءٌ۔ (ہدایت پانا)۔ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔

ترجمہ آیت: سلیمان نے کہا کہ ملکہ کے (امتحان عقل کے) لئے اس کے تخت کی صورت بدل دو۔دیکھیں کہ وہ سوجھ رکھتی ہے یا ان لوگوں میں ہے جو سوجھ نہیں رکھتے۔

فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿۴۲﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا :(جب)ظرف زمان مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔جَاءَتْ:(وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا) ۔ قِيلَ:(کہا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔هَا:(اوئے)حرف تنبیہ۔كَ:(جیسا کہ)حرف تشبیہ۔و حرف جار۔ ذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ عَرْشُ:(تخت)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ مضاف۔كِ:(تمہارا)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالَتْ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ كَأَنَّ:(گویا کہ)فعل ناقص ماضی۔ جامد۔اس سے صیغے نہیں آتے۔ناصب خبر۔رافع اسم۔هُ:(وہی ہے)كَأَنَّ کا اسم مرفوع۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر منصوب۔۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أُوْتِيْنَا:(ہمیں دیا گیا ہے)فعل ماضی مجہول جمع متکلم۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔(دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا۔دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ الْعِلْمَ:(علم۔سائنس)منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مضاف ۔هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستتر نَحْنُ۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)

صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مُسْلِمِيْنَ:(فرمان بردار۔ مطیع)منصوب۔علامت۔ی۔كَانَ کی خبر۔

ترجمہ آیت: جب وہ آپہنچی تو پوچھا گیا کہ کیا آپ کا تخت بھی اسی طرح کا ہے؟اس نے کہا کہ یہ تو گویا ہو بہو وہی ہے اور ہم کو اس سے پہلے ہی (سلیمان کی عظمت شان) کا علم ہو گیا تھا اور ہم فرمانبردار ہیں۔

وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔صَدَّ:(اس نے روکا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصُدُّ۔مصدر۔صَدًّا۔صُدُوْدًا۔(روکنا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَتْ:(تو ہے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔۔ضمیر فاعل مستتر هِيَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔تَّعْبُدُ:(وہ پوجا کرتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔ عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔غلامی کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَتْ:(تو ہے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔۔ ضمیر فاعل مستتر هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔قَوْمٍ:(قوم)اسم مجرور۔موصوف۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر۔منصوب۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔كَافِرِيْنَ:(کفر کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور وہ جو اللہ کے سوا (اور کی) پرستش کرتی تھی، سلیمان نے اس کو اس سے منع کیا (اس سے پہلے تو) وہ کافروں میں سے تھی۔

قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾

قِيْلَ:(کہا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اُدْخُلِي:(تو اندر داخل ہو۔)فعل امر واحد مؤنث غائب۔علامت۔ی۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتِ۔ ثلاثی مجرد۔

باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ یَدۡخُلُ۔مصدر۔دُخُوۡلًا۔(داخل ہونا)۔الصَّرۡحَ:(محل میں۔منقش عمارت۔) منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(تو)استئنافیہ۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔رَأَتۡ:(تونے دیکھا)فعل ماضی واحد مؤنث۔غائب۔تۡ ساکن علامت ضمیر فاعل مرفوع۔تانیث۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤۡیَۃٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب مفعول بہٖ۔حَسِبَتۡ:(اس نے گمان کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن علامت ضمیر فاعل مرفوع۔تانیث۔تقدیراًھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔حَسِبَ یَحۡسَبُ۔مصدر۔حِسۡبَانٌ۔ (گمان کرنا۔ خیال کرنا۔ سوچنا)۔ ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًمنصوب مفعول بہٖ۔لُجَّۃً:(گہرا پانی۔دریا کا درمیانی حصہ۔جو بہت گہرا ہوتا ہے)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔کَشَفَتۡ: (اس نے کھولا۔اوپر کیا۔ اوپر کھینچا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن علامت ضمیر فاعل مرفوع۔تانیث۔تقدیراًھِیَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ک ش ف)صیغہ۔کَشَفَ یَکۡشُفُ۔مصدر۔ کَشۡفًا۔ (کھولنا۔ کھینچا۔اٹھانا۔اتارنا)۔ عَنۡ:(سے)حرف جار۔ سَاقَیۡ: (دونوں پنڈلیوں)اصلاً سَاقَیۡنَ تھا۔نون تثنیہ۔محذوف بوجہ۔مضاف۔ھَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا)۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل فعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ہٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ صَرۡحٌ:(محل۔قصر۔منقش عمارت) اِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔ مُّمَرَّدٌ: (چکنا۔صاف ستھرا۔جڑا ہوا۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاًصفت مرفوع۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ قَوَارِیۡرَ:(قَارُوۡرَۃٌ کی جمع۔شیشے)اسم مجرور۔ قَالَتۡ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن علامت ضمیر فاعل مرفوع۔تانیث۔تقدیراًھِیَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا)۔رَبِّ:(اے میرے ربّ)مرکب:(یا+رَبِّ+یۡ)حرف نداء محذوف۔ منادیٰ مضاف منصوب۔کسرہ بعوض یائے متکلم۔مضاف الیہ۔اِنِّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے تصال مابعد۔یۡ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔ظَلَمۡتُ:(میں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًاَنَا۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ

یَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ نَفْسِ: (جان۔نفس)منصوب مفعول بہ۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔یائے متکلم۔مضاف۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَسْلَمْتُ:(میں اسلام قبول کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔صیغہ۔اَسْلَمَ یُسْلِمُ۔مصدر۔ اِسْلَامًا۔ (اسلام لانا۔فرمان بردار ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ل م)صیغہ۔سَلِمَ یَسْلَمُ ۔سَلَامَةٌ۔سَلَامًا۔(اچھی حالت میں ہونا۔صحت مند ہونا۔بے عیب ہونا)مَعَ:(ساتھ۔پر)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔سُلَيْمَانَ:(سلیمانؑ)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ لِلَّهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔موصوف۔رَبِّ:(ربّ)صفت مجرور۔تابع موصوف۔مضاف۔الْعَالَمِيْنَ:(جہانوں کے)جمع مذکر۔مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (پھر) اس سے کہا گیا کہ محل میں چلیے،جب اس نے اس(کے فرش) کو دیکھا تو اسے پانی کا حوض سمجھا اور (کپڑا اٹھا کر) اپنی پنڈلیاں کھول دیں۔ سلیمان نے کہا یہ ایسا محل ہے جس میں (نیچے بھی) شیشے جڑے ہوئے ہیں۔وہ بول اٹھی کہ پروردگار میں اپنے آپ پر ظلم کرتی رہی تھی اور (اب) میں سلیمان کے ہاتھ پر اللہ رب العالمین پر ایمان لاتی ہوں۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ إِلَیٰ:(طرف)حرف جار۔ثَمُوْدَ:(ثمود۔ایک قوم کا نام)اسم مجرور۔أَخَا:(بھائی کو)ازستّہ مکبّرہ۔الف برائے نصب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔صَالِحًا:(صالحؑ)أَخَا کا بدل۔ منصوب۔أَنِ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔أُعْبُدُوْا:(عبادت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔عِبَادَةٌ(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔غلامی کرنا)۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(تو) استئنافیہ۔إِذَا: (جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فَرِيْقَانِ:(دو جماعتیں)خبر مرفوع۔ يَخْتَصِمُوْنَ:(جو دشمنی کرتی ہیں۔جھگڑتی ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔

علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ص م)صیغہ۔خَصَمَ یَخْصِمُ۔مصدر۔خَصْمًا۔(جھگڑا کرنا۔دشمنی کرنا۔)جملہ محلاًصفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ثمود کی طرف اس کے بھائی صالح کو بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو تو وہ دو فریق ہو کر آپس میں جھگڑنے لگے۔

قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾

قَالَ :(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھو۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ یَا :(اے)حرف نداء۔قَوْمِ :(قوم)منادیٰ منصوب۔مضاف۔يْ: (میری) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِمَ:(کس لئے؟)مرکب :(لِ+مَا)حرف جار۔+اسم استفہام۔مخففہ۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔تَسْتَعْجِلُوْنَ:(تم جلدی طلب کرتے ہو۔عجلت کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَعْجَلَ یَسْتَعْجِلُ۔مصدر۔اِسْتَعْجَالًا۔(جلدی طلب کرنا۔جلد خواہش رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ج ل)صیغہ۔عَجَلَ یَعْجِلُ۔مصدر۔عَجْلًا۔(جلدی کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔السَّيِّئَةِ :(برائی)اسم مجرور۔قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الْحَسَنَةِ :(بھلائی۔اچھائی۔نیکی)مجرور مضاف الیہ۔لَوْلَا :(کیوں نہیں)حرف تحضیض۔ماضی سے پہلے ہو تو ترغیب کے لئے۔اگر مضارع سے پہلے ہو تو زجر و توبیخ۔ڈانٹ ڈپٹ کے لئے۔تَسْتَغْفِرُوْنَ :(تم مغفرت طلب کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔ اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔استغفار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔لَعَلَّ:(شاید) ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًلَعَلَّ کااسم منصوب۔تُرْحَمُوْنَ:(تم رحم کئے جاؤ)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًنائب فاعل مرفوع۔ جملہ محلاًلَعَلَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ر ح م)صیغہ۔رَحِمَ یَرْحَمُ۔مصدر۔رَحْمًا۔(رحم کرنا)۔

ترجمہ آیت: صالح نے کہا کہ بھائیو تم بھلائی سے پہلے برائی کے لئے کیوں جلدی کرتے ہو(اور) اللہ سے بخشش کیوں نہیں مانگتے

تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾

قَالُوْا :(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔اَطَّيَّرْنَا:(ہم نے نحوست پکڑی)اصلاًتَطَيَّرْنَا تھا۔ت کو ط میں مدغم کیا اور الف کو ملحق کیا گیا۔ فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَطَيَّرَ يَتَطَيَّرُ ۔مصدر۔تَطَيُّرٌ۔(منحوس پانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔بِ: (ساتھ) حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مَّعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ طَائِرُ:(نحوست)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عِنْدَ :(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔بَلْ :(بلکہ) حرف اضراب۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ منفصل۔محلاً مبتداء مرفع۔قَوْمٌ:(قوم)خبر مرفوع۔موصوف۔تُفْتَنُوْنَ: (آزمائش میں ڈالے گئے۔فتنے میں مبتلا کئے گئے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ت ن)صیغہ۔فَتَنَ يَفْتِنُ۔مصدر۔فَتْنًا۔فُتُوْنًا۔(آزمانا۔آزمائش میں ڈالنا۔فتنہ میں ڈالنا۔)۔جملہ محلاً صفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہ کہنے لگے کہ تم اور تمہارے ساتھی ہمارے لئے شگون بد ہے۔صالح نے کہا کہ تمہاری بد شگونی اللہ کی طرف سے ہے بلکہ تم ایسے لوگ ہو جن کی آزمائش کی جاتی ہے۔

وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔مرفوع۔فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَوْمًا:(دن)ظرف زمان۔كَانَ کی خبر منصوب۔ فِي :(میں)حرف جار۔الْمَدِيْنَةِ:(شہر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ تِسْعَةُ:(نو) كَانَ کا اسم

مرفوع۔مضاف۔رَهۡطٍ:(قوم۔ایسی جماعت جو 10 لوگوں سے کم ہو۔سردار۔لیڈر۔قبیلہ ۔برادری)مجرور مضاف الیہ۔ يُفۡسِدُوۡنَ:(فساد کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفۡسَدَ يُفۡسِدُ۔مصدر۔اِفۡسَادً۔(فساد پھیلانا۔بگاڑ پیدا کرنا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف س د)صیغہ۔فَسَدَ يَفۡسُدُ۔مصدر۔فَسَادًا۔(بگاڑنا۔فساد کرنا۔خرابی پیدا کرنا۔کرپشن کرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔الۡاَرۡضِ: (زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُصۡلِحُوۡنَ:(اصلاح کرتے ہو۔درستی کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ افعال۔صیغہ۔اَصۡلَحَ يُصۡلِحُ۔مصدر۔ اِصۡلَاحًا۔(درست کرنا۔تندرست بنانا۔صحت دینا۔کمی دور کرنا)۔۔

ترجمہ آیت: اور شہر میں نو شخص تھے جو ملک میں فساد کیا کرتے تھے اور اصلاح سے کام نہیں لیتے تھے۔

قَالُوۡا تَقَاسَمُوۡا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهۡلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوۡلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدۡنَا مَهۡلِكَ اَهۡلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوۡنَ ﴿۴۹﴾

قَالُوۡا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا)۔تَقَاسَمُوۡا:(تم تقسیم کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَقَاسَمَ يَتَقَاسِمُ۔مصدر۔تَقَاسُمٌ۔(باہم تقسیم کرنا۔آپس میں بانٹنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ لَ:(تاکہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔نُبَيِّتَنَّ:(ہم ضرور بالضرور شب خون ماریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَيَّتَ يُبَيِّتُ۔ مصدر ۔تَبۡيِيۡتٌ۔(رات کو تباہی مچانا۔رات کو حملہ کرنا)۔هٗ:(اسے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔اَهۡلَ:(اہل۔تعلقہ دار۔گھر والے)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَ:(تاکہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم ۔نَقُوۡلَنَّ:(ہم ضرور بالضرور کہیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔وَلِيِّ:(دوست۔حامی۔ساز گار۔ سرپرست)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ: (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ شَهِدۡنَا :(ہم موجود تھے۔ہم حاضر

تھے۔)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةٌ۔(موجود ہونا)۔مَهْلِكَ:(ہلاکت کا وقت)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ أَهْلِ:(اہل۔تعلقہ دار۔ گھر والے۔)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب :(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔صَادِقُونَ:(سچ بولنے والے۔سچے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہنے لگے کہ اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم رات کو اس پر اور اس کے گھر والوں پر شب خون ماریں گے پھر اس کے وارث سے کہہ دیں گے کہ ہم تو صالح کے گھر والوں کے موقع ہلاکت پر گئے ہی نہیں اور ہم سچ کہتے ہیں۔

وَمَكَرُوا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٥٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَكَرُوا:(انہوں نے منصوبہ بندی کی۔چال چلی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ک ر)صیغہ۔مَكَرَ يَمْكُرُ۔ مصدر۔مَكْرًا۔(ایک چال چلنا)۔ مَكْرًا:(چال چلنا)منصوب۔مفعول مطلق۔وَ:()مَكَرْنَا:(ہم نے ایک چال چلی)فعل ماضی جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ک ر) صیغہ۔مَكَرَ يَمْكُرُ۔مصدر۔مَكْرًا۔(ایک چال چلنا)۔مَكْرًا:(چال چلنا)منصوب۔مفعول مطلق۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَشْعُرُونَ:(وہ شعور رکھتے ہیں۔عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ع ر)۔ صیغہ۔شَعَرَ يَشْعُرُ۔مصدر۔شُعُورًا۔(گہری سوچ رکھنا۔شعور رکھنا۔باریک عقل رکھنا)۔جملہ محلاًهُمْ لَا يَشْعُرُونَ منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور وہ ایک چال چلے اور ان کو کچھ خبر نہ ہوئی۔

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ أَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٥١﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔اُنْظُرْ:(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔ مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاًكَانَ کی خبر مقدم۔مرفوع۔ كَانَ:(وہ تھا۔وہ ہے)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ

يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَاقِبَةُ:(انجام۔عاقبت۔نتیجہ۔) كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔مَكْرِ:(چال)مجرور مضاف الیہ۔ هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَنَّا:(یقیناً ہم)مرکب :(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔دَمَّرْنَا:(ہم نے برباد کر دیا۔ہلاک کر دیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔دَمَّرَ يُدَمِّرُ ۔ مصدر۔تَدْمِيْرًا۔(تباہ کرنا۔برباد کرنا۔ہلاک کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَوْمَ:(قوم)معطوف منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَجْمَعِيْنَ:(تمام۔سب)برائے تاکید۔منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: تو دیکھ لو ان کی چال کا کیسا انجام ہوا۔ہم نے ان کو اور ان کی قوم سب کو ہلاک کر ڈالا۔

فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ بُيُوْتُ:(گھروں)خبر مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَاوِيَةً:(خالی۔ویران۔اجڑے ہوئے)منصوب۔حال۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ظَلَمُوْا:(انہوں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رافع خبر۔فِي :(میں)حرف جار۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدم مرفوع۔لَ:(ضرور۔بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ آيَةً:(آیت) إِنَّ کا اسم منصوب۔لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ:(قوم)اسم مجرور۔ يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔

ترجمہ آیت: اب یہ ان کے گھر ان کے ظلم کے سبب خالی پڑے ہیں۔جو لوگ دانش رکھتے ہیں،ان کے لئے اس میں نشانی ہے۔

وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنْجَيْنَا:(ہم نے نجات دلائی۔ہم نے بچایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراًنَحْنُ۔:(ہم نے نجات دی۔بچایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔انْجٰی یُنْجِیْ۔مصدر۔اِنْجَاءٌ۔(نجات دینا۔ بچا دینا۔بچا لینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا یَنْجُو۔مصدر۔نَجْوٰی۔نَجْوًا (بچنا)۔ الَّذِيْنَ: (وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كَانُوا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَتَّقُوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں۔پرہیز کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(ڈرنا۔ پرہیز کرنا)۔ثلاثی مجرد۔وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔وِقَايَةٌ۔(بچنا)۔جملہ محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ ایمان لائے اور ڈرتے تھے ان کو ہم نے نجات دی۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لُوطًا:(لوطؑ)منصوب ۔مفعول بہٖ۔مقدم۔فعل محذوف۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی۔ماضی۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔لِ:(لئے)قَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اپنی۔اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔تَأْتُوْنَ:(کرتے ہو۔تم آتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت ۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔ لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ الْفَاحِشَةَ:(بد عملی ۔بد فعلی۔فحاشی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔أَنْتُمْ:(تم) ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ تُبْصِرُوْنَ:(تم دیکھتے ہو)فعل

مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَبۡصَرَ یُبۡصِرُ۔ مصدر۔اِبۡصَارٌ۔(دیکھنا)خبر مرفوع۔جملہ محلاً " اَنۡتُمۡ تُبۡصِرُوۡنَ " منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور لوط کو(یاد کرو) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم بے حیائی (کے کام) کیوں کرتے ہو اور تم دیکھتے ہو۔

اَئِنَّكُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ الرِّجَالَ شَهۡوَةً مِّنۡ دُوۡنِ النِّسَآءِ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ تَجۡهَلُوۡنَ ﴿۵۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔تَاۡتُوۡنَ :(تم آتے ہو۔کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاۡتِیۡ۔مصدر۔اِتۡیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔الرِّجَالَ:(مردوں کے پاس)منصوب مفعول بہ۔ شَهۡوَةً :(شہوت۔لذت)منصوب۔مفعول لہ۔مِّنۡ :(سے)حرف جار۔دُوۡنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ النِّسَاءِ:(عورتوں کے پاس) مجرور مضاف الیہ۔ بَلۡ:(بلکہ)حرف اضراب۔ اَنۡتُمۡ : (تم)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ قَوۡمٌ:(قوم)خبر مرفوع۔ تَجۡهَلُوۡنَ:(ہٹ دھرمی ۔اڑتے ہو۔جہالت کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع ۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح ۔مادہ(ج ھ ل)صیغہ۔جَهَلَ يَجۡهَلُ مصدر۔جَهۡلًا۔جَهَالَةً۔(سمجھتے بوجھتے بات کو تسلیم نہ کرنا)۔

ترجمہ آیت: کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر(لذت حاصل کرنے) کے لئے مردوں کی طرف مائل ہوتے ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ تم احمق لوگ ہو۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوۡمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوۡۤا اَخۡرِجُوۡۤا اٰلَ لُوۡطٍ مِّنۡ قَرۡيَتِكُمۡ ۚ اِنَّهُمۡ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوۡنَ ﴿۵۶﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ (وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔مرفوع۔فاعل۔ضمیر مستتر هُوَ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ جَوَابَ:(جواب) كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔قَوۡمِ:(قوم)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ہٖ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِلَّآ:(مگر)حرف حصر۔اَنۡ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔قَالُوۡۤا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(بات

کرنا)۔اَخۡرِجُوۡۤا:(ان کو نکالو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل محلاً ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخۡرَجَ یَخۡرِجُ۔ مصدر۔اِخۡرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخۡرُجُ۔ مصدر۔ خَرۡجًا۔(نکلنا)۔ اٰلَ: (آل۔نسل۔ساتھی)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔لُوۡطٍ: (لوطؑ)مجرور مضاف الیہ۔مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ قَرۡیَتِ:(بستی)اسم مجرور۔مضاف۔کُمۡ :(تمہاری۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ھُمۡ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ اُنَاسٌ:(لوگ)اِنَّ کی خبر مرفوع۔یَّتَطَهَّرُوۡنَ:(وہ پاکباز بنتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَطَهَّرَ یَتَطَهَّرُ۔ مصدر۔ تَطَهُّرٌ۔(پاکباز بننا)۔

ترجمہ آیت: توان کی قوم کے لوگ (بولے تو) یہ بولے اور اس کے سوا ان کا کچھ جواب نہ تھا کہ لوط کے گھر والوں کو اپنے شہر سے نکال دو۔ یہ لوگ پاک رہنا چاہتے ہیں۔

فَاَنۡجَیۡنٰهُ وَ اَهۡلَهٗۤ اِلَّا امۡرَاَتَهٗ قَدَّرۡنٰهَا مِنَ الۡغٰبِرِیۡنَ ﴿۵۷﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔اَنۡجَیۡنٰ:(ہم نے نجات دی۔ہم نے بچایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ :(ہم نے نجات دی۔بچایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنۡجٰی یُنۡجِیۡ۔مصدر۔اِنۡجَاءٌ۔(نجات دینا۔ بچا دینا۔بچالینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا یَنۡجُو۔مصدر۔نَجۡوَی۔نَجۡوًا (بچنا)۔ ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ :(اور)حرف عطف۔ اَهۡلَ: (گھر والوں۔تعلقہ دار۔اہل)معطوف منصوب۔مضاف۔ہٗۤ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِلَّا:(سوائے۔علاوہ۔مگر)حرف استثناء۔امۡرَاَتَ:(عورت)منصوب مستثنیٰ۔مضاف۔ہٗ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَدَّرۡنٰ:(ہم نے مقرر کرر کھا ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّرَ یُقَدِّرُ۔مصدر۔تَقۡدِیۡرًا۔(قدر کرنا۔فیصلہ کرنا۔پیمانہ مقرر کرنا۔اندازہ کرنا)۔هَا :(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الۡغٰبِرِیۡنَ: (پیچھے رہ جانے والوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: تو ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو نجات دی۔ مگر ان کی بیوی کہ اس کی نسبت ہم نے مقرر کرر کھا

ہے (کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں ہو گی)۔

وَ اَمۡطَرۡنَا عَلَیۡهِمۡ مَّطَرًا فَسَآءَ مَطَرُ الۡمُنۡذَرِیۡنَ ﴿۵۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ اَمۡطَرۡنَا:(ہم نے بارش برسائی۔"پتھروں کی")فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَمۡطَرَ یُمۡطِرُ۔مصدر۔اِمۡطَارٌ۔(برسانا)۔ عَلَیۡ:(پر)حرف جار۔هِمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مَّطَرًا :(بارش۔ بمعنی عذاب۔رحمت کے بجائے زحمت)منصوب۔مفعول مطلق۔فَ:(تو)حرف عطف۔ سَآءَ:(وہ بری تھی)فاعل ذم ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س و ء)اجوف واوی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔سَاءَ یَسُوۡءُ۔مصدر۔سوء۔(برا ہونا)مَطَرُ:(بارش)فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ الۡمُنۡذَرِیۡنَ:(آگاہ کئے ہوئے۔ تنبیہ کئے ہوئے)اسم مفعول۔جمع مذکر غائب۔ محلاً مجرور۔علامت۔ی۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان پر مینہ برسایا سو (جو) مینہ ان لوگوں پر برسا جن کو متنبہ کر دیا گیا تھا، برا تھا۔

قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَ سَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیۡنَ اصۡطَفٰی ءٰٓاللّٰهُ خَیۡرٌ اَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ﴿۵۹﴾

قُلِ:(آپ کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔ (کہنا۔بات کرنا) الۡحَمۡدُ:(الحمد۔تمام تعریفیں۔کلمہ شکر)مبتداء مرفوع۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب : لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ :(اور)حرف عطف۔سَلٰمٌ :(سلامتی)مبتداء مرفوع۔ عَلٰی: (پر)حرف جار۔ عِبَادِ:(بندوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ الَّذِیۡنَ:(وہ جنہوں کو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔اصۡطَفٰی:(اس نے چن لیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِصۡطَفٰی یَصۡطَفِیۡ۔مصدر۔اِصۡطِفَاءٌ۔(چننا۔انتخاب کرنا۔پسند کرنا)۔ ءٰٓاللّٰهُ:(کیا اللہ جل جلالہٗ)اصلاً أ+اللّٰهُ تھا۔أ:(کیا) حرف استفہام۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔خَیۡرٌ:(بہتر۔اچھا) خبر مرفوع۔اَمَّا:(یا جنہیں) مرکب۔:(اَمۡ+ما)حرف عطف+اسم موصول۔ یُشۡرِکُوۡنَ:(وہ شریک ٹھہراتے ہیں)فعل مضارع۔ جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَشۡرَکَ یُشۡرِکُ۔مصدر۔اِشۡرَاکٌ۔(شریک ٹھہرانا۔ہمسر بنانا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ سب تعریف اللہ ہی کو سزاوار ہے اور اس کے بندوں پر سلام ہے جن کو اس نے منتخب فرمایا۔ بھلا اللہ بہتر ہے یا وہ جن کو یہ (اس کا شریک) ٹھہراتے ہیں۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ

آج مورخہ 22 مارچ 2020ء بروز اتوار کو 19 واں پارہ مکمل ہوا۔

دعا ہے۔ کہ اللہ جل جلالہٗ توفیق عطا کرے تو پورے قرآن مجید کے **الفاظ کی اعرابی حالت** مکمل ہو جائے۔ آمین۔

حکیم محمد یوسف صابر ایم اے

حال مقیم۔ الرفاع ویوز۔ ولا نمبر 2629۔ بحرین

محلہ اسلام نگر غربی، مین سوئی گیس روڈ، شاہدرہ لاہور۔ پاکستان۔

20 پارہ بسیتم أَمَّنْ خَلَقَ

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿٦٠﴾

أَمَّنْ:(یا وہ جس نے)مرکب :(أَمْ+مَّنْ)حرف عطف+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔ خَلَقَ:(اس نے پید کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کو)منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضَ:(زمین)معطوف منصوب۔وَ:(اور) حرف عطف۔أَنْزَلَ:(اتارا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔ مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُم:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔مَاءً:(پانی)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔أَنْبَتْنَا:(ہم نے اگایا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْبَتَ يُنْبِتُ۔مصدر۔اِنْبَاتًا۔ اَنْبَاتٌ۔(اگانا۔پیدا کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔حَدَائِقَ:(حَدِيْقَةٌ کی جمع باغات۔چاردیواری والا باغ) ذَاتَ:(والی)ستّہ مکبّرہ۔ذو کی مؤنث۔مضاف۔ بَهْجَةٍ: (شاداب۔ بارونق۔ تروتازہ)مجرور مضاف الیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(وہ تھا۔ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب مقدم۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب۔ تُنْبِتُوا:(تم اگاتے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واو جمع۔فاعل۔علامت ضمیر مستتر أَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْبَتَ يُنْبِتُ۔مصدر۔ اِنْبَاتًا۔ اَنْبَاتٌ۔ (اگانا۔پیدا کرنا)۔ شَجَرَ:(درختوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف

استفہام۔ إِلَٰهٌ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ مَّعَ: (ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔ بَلْ :(بلکہ) حرف اضراب۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ قَوْمٌ:(قوم)خبر مرفوع۔يَعْدِلُونَ:(انحراف کررہے ہو۔ہٹ رہے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع د ل۔)صیغہ۔عَدَلَ يَعْدِلُ۔ مصدر۔ عَدْلًا۔عُدُوْلٌ۔(عدل کرنا۔برابری کرنے والی۔سیدھی راہ سے ہٹ جانے والی)۔جملہ محلاًصفت مرفع۔

ترجمہ آیت: بھلا کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور (کس نے) تمہارے لئے آسمان سے پانی برسایا۔(ہم نے) پھر ہم ہی نے اس سے سرسبز باغ اُگائے۔تمہارا کام تو نہ تھا کہ تم اُن کے درختوں کو اگاتے۔تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے؟(ہرگز نہیں) بلکہ یہ لوگ رستے سے الگ ہو رہے ہیں۔۔

أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا وَجَعَلَ خِلَالَهَا أَنْهَارًا وَجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ۗ أَإِلَٰهٌ مَّعَ اللَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٦١﴾

أَمَّنْ:(یا وہ جس نے)مرکب:(أَمْ +مَّنْ)حرف عطف +اسم موسول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔الْأَرْضَ:(زمین کو)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ قَرَارًا:(قرار گاہ۔ٹھہرنے کی جگہ)ظرف مکان۔ منصوب۔ مفعول ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔خِلَالَ:(خالی جگہیں۔درمیان۔بیچ۔)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔أَنْهَارًا:(نہروں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ :(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ رَوَاسِيَ : رَاسِيَةٌ کی جمع۔ پہاڑ)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً

هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔جَعْلًا ۔ (بنانا)۔ بَيْنَ :(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔الْبَحْرَيْنِ :(دونوں سمندروں کے)اسم مجرور۔حَاجِزًا: (پردہ۔اوٹ۔ حجاب۔روک۔آڑ) منصوب۔ مفعول بہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔إِلَٰهٌ:(معبود)مبتداء مرفوع۔ مَّعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ أَكْثَرُ:(اکثر۔اکثریت)افعل التفضیل۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔ هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف۔الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَعْلَمُونَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔

ترجمہ آیت: بھلا کس نے زمین کو قرار گاہ بنایا اور اس کے بیچ نہریں بنائیں اور اس کے لئے پہاڑ بنائے اور (کس نے) دو دریاؤں کے بیچ اوٹ بنائی (یہ سب کچھ اللہ نے بنایا) تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟(ہرگز نہیں) بلکہ ان میں اکثر دانش نہیں رکھتے۔

أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ الْأَرْضِ ۗ أَإِلَٰهٌ مَعَ اللَّهِ ۚ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ ﴿٦٢﴾

أَمَّنْ :(یا وہ جس نے)مرکب:(أَمْ +مَّنْ)حرف عطف+اسم موسول۔مبنی بر سکون۔ مبتداء مرفوع۔ يُجِيبُ:(وہ جواب دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَجَابَ يُجِيبُ۔مصدر۔إِجَابَةٌ۔(جواب دینا۔التجا قبول کرنا۔دعا قبول کرنا) الْمُضْطَرَّ:(بے چارہ۔بے اختیار۔لاچار کو)منصوب مفعول بہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ دَعَا:(اس نے پکارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(بلانا۔پکارنا۔)هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَكْشِفُ:(وہ دور کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔كَشَفَ يَكْشِفُ۔ مصدر۔ كَشْفًا۔ (دور کرنا۔ہٹا دینا)۔ السُّوءَ:(برائی)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَجْعَلُ:(وہ بناتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا ۔ (بنانا)۔كُمْ :(تمہیں)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ خُلَفَاءَ:(پیچھے آنے والا۔)منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔مضاف۔ الْأَرْضِ:(زمین

کا)مجرور۔مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ إِلَٰهٌ:(معبود۔) مبتداء۔مرفوع۔ مَّعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ قَلِيلًا:(بہت تھوڑے) منصوب۔حال۔یانائب مفعول مطلق۔ مَّا:(جو)زائد۔ تَذَكَّرُونَ:(تم ذکر کرتے ہو۔نصیحت پکڑتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرٌ۔ (نصیحت حاصل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔

ترجمہ آیت: بھلا کون بیقرار کی التجا قبول کرتا ہے۔جب وہ اس سے دعا کرتا ہے اور (کون اس کی) تکلیف کو دور کرتا ہے اور (کون) تم کو زمین میں (اگلوں کا) جانشین بناتا ہے(یہ سب کچھ اللہ کرتا ہے) تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے(ہرگز نہیں مگر) تم بہت کم غور کرتے ہو۔

أَمَّنْ يَهْدِيكُمْ فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۗ أَإِلَٰهٌ مَعَ اللَّهِ ۚ تَعَالَى اللَّهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٦٣﴾

أَمَّنْ:(یاوہ جس نے)مرکب:(أَمْ+مَّنْ)حرف عطف+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔ يَّهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيُ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔ هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِي: (میں) حرف جار۔ ظُلُمَاتِ:(اندھیروں)اسم مجرور۔مضاف۔الْبَرِّ:(خشکی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْبَحْرِ: (سمندر)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ شرطیہ۔مبتداء مرفوع۔خبر محذوف۔ يُرْسِلُ:(وہ بھیجتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ أَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔إِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ الرِّيَاحَ:(ہواؤں کو)منصوب۔مفعول بہ۔ بُشْرًا:(خوشخبری دینے والیاں)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔منصوب۔حال۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ يَدَيْ:(ہاتھوں کے)اصلاً يَدَيْنِ تھا۔نون اعرابی تثنیہ۔محذوف بوجہ۔مضاف۔رَحْمَتِ:(رحمت)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(اس کی۔اپنی)ضمیر واحد مذکر

غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا) حرف استفہام۔انکاری۔ إِلٰهٌ :(معبود۔) مبتداء مرفوع۔ مَّعَ :(ساتھ) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔ مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ تَعَالَى:(وہ بلند ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔ صیغہ۔ تَعَالَى يَتَعَالَى۔مصدر۔ تَعَالِيٌ۔(بلند ہونا۔) اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ عَمَّا:(اس سے جو) مرکب:(عَنْ+مَّا) حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ يُشْرِكُوْنَ:(شریک ٹھہراتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔ اِشْرَاكٌ۔(شریک ٹھہرانا۔ہمسر بنانا۔)

ترجمہ آیت: بھلا کون تم کو جنگل اور دریا کے اندھیروں میں رستہ بناتا ہے اور (کون) ہواؤں کو اپنی رحمت کے آگے خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے (یہ سب کچھ اللہ کرتا ہے) تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ (ہر گز نہیں)۔یہ لوگ جو شرک کرتے ہیں اللہ (کی شان) اس سے بلند ہے۔

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٦٤﴾

أَمَّنْ:(یا وہ جس نے) مرکب:(أَمْ+مَّنْ) حرف عطف+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔ يَبْدَأُ:(ابتداء کرتا ہے۔وہ پہلی بار پیدا کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب دء) مہموز الفاء۔صیغہ۔ بَدَءَ يَبْدَؤُ۔مصدر۔ بَدْءًا۔(ابتداء کرنا۔شروع کرنا)۔ الْخَلْقَ: (پیدائش۔) ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ يُعِيدُ:(وہ لوٹائے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَعَادَ يُعِيْدُ۔مصدر۔ اِعَادَةٌ۔(لوٹانا۔دوبارہ ۔دہرانا۔اعادہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ع و ذ) اجوف واوی۔صیغہ۔ عَادَ يَعُوْدُ۔مصدر۔ عَوْدًا۔عودۃ۔(واپس ہونا۔لوٹنا۔دور ہونا)۔ هُ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَنْ:(جو) اسم موصول۔واحد مذکر۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَرْزُقُ:(وہ رزق دیتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هو۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔مادہ(ر ز ق) صیغہ۔ رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔ رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔ كُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون ۔ محلاً

منصوب۔ مفعول بہ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْأَرْضِ: (زمین) معطوف مجرور۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔ إِلَٰهٌ :(معبود)مبتداء مرفوع۔ مَّعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔ مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔مبنی بر سکون۔ ضمیر فاعل مستتر اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ هَاتُوا:(لے آؤ۔ ہمزہ ھ سے بدلا ہوا ہے اور اگلا لفظ ب سے شروع ہے۔وہ ہی صلہ ہے معنی ہو گا "لانا") فعل امر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔ اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔ اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ بُرْهَانَ: (دلیل۔ ثبوت۔ سند) منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ: (تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنْ: (اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ:(تم ہو) فعل ناقص جمع مذکر حاضر۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ صَادِقِيْنَ:(سچ بولنے والے۔سچے)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً کی خبر۔ منصوب۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: بھلا کون خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا۔پھر اس کو بار بار پیدا کرتا رہتا ہے اور (کون) تم کو آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے(یہ سب کچھ اللہ کرتا ہے) تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے(ہرگز نہیں) کہہ دو کہ (مشرکو) اگر تم سچے ہو تو دلیل پیش کرو۔

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٦٥﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔مبنی بر سکون۔ ضمیر فاعل مستتر اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ لَّا:(نہیں)نافیہ۔ يَعْلَمُ:(وہ علم رکھتا ہے۔جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ الْغَيْبَ:(پوشیدہ چیزوں۔غیب کا مطلب

ہے۔جہاں کسی عقل و جسم کی رسائی نہ ہوسکے)منصوب مفعول بہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ يَشْعُرُونَ:(وہ جانتے ہیں) ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ش ع ر)۔ صیغہ۔ شَعَرَ يَشْعُرُ۔مصدر۔شُعُورًا۔(گہری سوچ رکھنا۔شعور رکھنا۔ باریک عقل رکھنا)۔جملہ محلاً هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ منصوب۔حال۔ أَيَّانَ:(کب)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ محلاً منصوب مفعول بہ۔ يُبْعَثُونَ:(دوبارہ زندہ کرکے اٹھائے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث) صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ مصدر۔بَعْثًا۔(بھیجنا۔اٹھانا۔کھڑا کرنا۔دوبارہ زندہ کرکے اٹھانا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں اللہ کے سوا غیب کی باتیں نہیں جانتے۔اور نہ یہ جانتے ہیں کہ کب(زندہ کرکے) اٹھائے جائیں گے۔

بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۣ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۫ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿٦٦﴾

بَلِ:(بلکہ)حرف اضراب۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ ادّٰرَكَ:(وہ ختم ہوگیا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَدَارَكَ يَتَدَارَكُ۔مصدر۔تَدَارُكٌ۔(کسی ناپسندیا بری چیز کو دور کرنا۔ختم کرنا۔فناہ کرنا۔روکنا)عِلْمُ:(علم۔سائنس)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي:(میں۔)حرف جار۔الْاٰخِرَةِ :(آخرت)اسم مجرور۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔شَكٍّ :(شک۔گمان۔شبہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمجرور صفت۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔عَمُوْنَ:(نابینا۔اندھے ہیں)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: بلکہ آخرت(کے بارے) میں ان کا علم منتہی ہوچکا ہے بلکہ وہ اس سے شک میں ہیں۔بلکہ اس سے اندھے ہو رہے ہیں۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿٦٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستترھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتح۔فاعل۔مرفوع۔ کَفَرُوْا: (انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ ۔ مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔ أَئِذَا:(کیا جب)مرکب :(أَ+اِذَا)ظرف زمان۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔بمعنی مستقبل۔ کُنَّا:(ہم ہو جائیں گے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ضمیر فاعل مستترنَحْنُ۔کَانَ کااسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ تُرَابًا: (مٹی)کَانَ کی خبر۔ منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔آبَاؤُ:(باپ دادا۔اجداد۔اسلاف)معطوف کَانَ کااسم۔۔مضاف۔ نَا: (ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔أَئِنَّا:(کیایقیناًہم)مرکب :(أَ+اِنَّ+نا)حرف استفہام۔ +حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (بلاشبہ) لائے تاکید۔مزحلقہ۔مُخْرَجُوْنَ:(نکالے ہوئے۔گئے ہوں گے)اسم مفعول جمع مذکر۔محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جولوگ کافر ہیں کہتے ہیں جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائیں گے تو کیاہم پھر (قبروں سے) نکالے جائیں گے۔

لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾

لَ(البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ(یقیناً)حرف تحقیق۔ وُعِدْنَا:(ہم نے وعدہ کیا گیا)فعل ماضی جمع متکلم۔نائب فاعل ۔ضمیر مستترتقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ یَعِدُ۔ مصدر۔ وَعَدَۃٌ۔وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔ھٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداءمرفوع۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر ۔مبنی برضمہ۔برئے تاکید۔وَ:(اور)حرف عطف۔آبَاؤُ:(اجداد۔باپ دادا)مبتداءمرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ اِنْ:(نہیں)نافیہ۔ ھٰذَا: (یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَسَاطِیْرُ:(لکھی ہوئی کہانیاں۔قصے)خبر مرفوع۔مضاف۔ الْأَوَّلِیْنَ:(پہلے)مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ وعدہ ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے پہلے سے ہوتا چلا آیا ہے (کہاں کا اُٹھنا اور کیسی قیامت) یہ تو صرف پہلے لوگوں

کی کہانیاں ہیں۔

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾

قُلْ :(آپ کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستتر۔هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ سِيْرُوْا:(چلو پھرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ۔(س ی ر)اجوف یائی۔صیغہ۔سَارَ يَسِيْرُ مصدر۔سَيْرًا۔(سیر کرنا۔چلنا پھرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔انْظُرُوْا:(تم دیکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔محلاً كَانَ کی منصوب کی خبر مقدم۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَاقِبَةُ:(انجام)كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔الْمُجْرِمِيْنَ: (مجرموں کا۔گنہگاروں کا۔قانون شکنوں کا)اسم فاعل جمع مذکر۔مجرور مضاف الیہ۔محلاً جملہ منصوب۔مفعول بہ۔فعل(انْظُرُوْا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ ملک میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ گنہگاروں کا انجام کیا ہوا ہے۔

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَحْزَنْ:(تو ڈر۔ غمگین ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزَنَ يَحْزُنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔(غمگین ہونا۔ملال کرنا۔دکھی ہونا) عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَكُنْ:(تو ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔نون اعرابی اور واؤ بوجہ التقائے ساکنین۔محذوف۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ ضَيْقٍ:(تنگی۔چھوٹا)اسم مجرور۔شبہ جملہ۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ مِّمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+مَّا)حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَمْكُرُوْنَ:(وہ چال چلتے ہیں۔وہ سازش کرتے ہیں) فعل

مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(م ک ر)صیغہ۔ مَکَرَ یَمْکُرُ۔ مصدر۔ مَکْرًا۔ (ایک چال چلنا)۔

ترجمہ آیت: اور ان (کے حال) پر غم نہ کرنا اور نہ اُن چالوں سے جو یہ کررہے ہیں تنگ دل ہونا۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ يَقُوْلُوْنَ فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (بات کرنا)۔ مَتٰى: (کب) اسم استفہام۔ محلاً خبر مقدم۔ هٰذَا: (یہ) اسم اشارہ قریب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ الْوَعْدُ: (وعدہ) هٰذَا کابدل مرفوع ۔ اِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ: (تم ہو) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ تُمْ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع الصَّادِقِيْنَ: (سچے۔ سچ بولنے والے) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ جواب شرط محذوف۔

ترجمہ آیت: اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہو گا؟

قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٧٢﴾

قُلْ: (آپ کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ عَسٰى: (توقع ہے) فعل مقاربہ ماضی جامد۔ اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ اَنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ يَكُوْنَ: (وہ ہو جائے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ رَدِفَ: (وہ قریب ہوا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ر د ف) صیغہ۔ رَدِفَ يَرْدَفُ۔ مصدر۔ رَدْفًا۔ (قریب ہونا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ بَعْضُ: (بعض۔ کچھ) فاعل مرفوع۔ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ مضاف۔

الَّذِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔واحد مذکر محلاً مجرور مضاف الیہ تَسْتَعْجِلُوْنَ:(تم عجلت طلب کرتے ہیں۔جلدی مانگتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ۔مصدر۔اِسْتَعْجَالًا۔(جلدی طلب کرنا۔جلد خواہش رکھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ج ل) صیغہ۔عَجَلَ يَعْجِلُ۔مصدر۔عَجْلًا۔(جلدی کرنا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ جس(عذاب) کے لئے تم جلدی کررہے ہو شاید اس میں سے کچھ تمہارے نزدیک آپہنچا ہو۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ كَ: (تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ذُو:(والا۔پر۔ساتھ)از ستّہ مکبّرہ۔اسم اشارہ۔مضاف۔فَضْلٍ :(فضل۔کرم۔مہربانی۔رحمت)مجرور مضاف الیہ۔عَلَى :(پر)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں) اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔أَكْثَرَ:(بہت ہی)افعل التفضیل ۔لَكِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَشْكُرُوْنَ:(وہ قدر کرتے ہیں۔شکر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔ مصدر۔ شُكْرًا۔ (قدر کرنا۔شکر کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور تمہارا پروردگار تو لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ: (تیرا) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔تُكِنُّ:(وہ چھپاتے ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مزید

فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَکَنَّ یُکِنُّ۔مصدر۔اِکْنَانٌ۔(دل میں چھپانا۔) صُدُوْرُ:(سینوں۔دلوں)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول مبنی بر سکون۔محلاً معطوف۔منصوب۔یُعْلِنُوْنَ:()ظاہر کرتے ہیں۔اعلان کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْلَنَ یُعْلِنُ۔مصدر۔اِعْلَانٌ۔(اعلان کرنا۔ظاہر کرنا)

ترجمہ آیت: اور جو باتیں ان کے سینوں میں پوشیدہ ہوتی ہیں اور جو کام وہ ظاہر کرتے ہیں تمہارا پروردگار ان (سب) کو جانتا ہے۔

وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ غَائِبَةٍ:(کوئی پوشیدہ چیز) لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ: (زمین) معطوف مجرور۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔فِي:(میں)حرف جار۔كِتَابٍ:(کتاب)اسم مجرور۔موصوف۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مُّبِيْنٍ:(کھلم کھلا۔واضح۔بیان شدہ۔)مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور آسمانوں اور زمین میں کوئی پوشیدہ چیز نہیں ہے مگر (وہ) کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۷۶﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ الْقُرْآنَ:(قرآن مجید)کا بدل۔منصوب۔يَقُصُّ:(وہ قصہ بیان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ص ص)مضاعف۔صیغہ۔قَصَّ يَقُصُّ۔مصدر۔ قَصَصًا۔(قصہ کہانی سنانا) عَلَى:(پر)حرف جار۔ بَنِي:(بیٹوں)اصلا بَنِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔ إِسْرَائِيْلَ: (اسرائیل۔حضرت یعقوبؑ کا لقب۔)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَكْثَرَ :(اکثریت۔)افعل التفضیل۔ منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔يَخْتَلِفُوْنَ:(وہ اختلاف کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔

ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَلَفَ یَخْتَلِفُ۔مصدر۔اَخْتِلَافٌ۔(اختلاف کرنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل کے سامنے اکثر باتیں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں، بیان کر دیتا ہے۔

وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔هُدًى:(راہنمائی۔ہدایت)خبر مرفوع۔محلاً مضموم وَ:(اور)حرف عطف۔رَحْمَةٌ: (رحمت۔مہربانی۔کرم)معطوف مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(ایمانداروں۔ایمان والوں کے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور بے شک یہ مومنوں کے لئے ہدایات اور رحمت ہے۔

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۸﴾

اِنَّ :(یقیناً)حرف مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔رَبَّ:(ربّ) اِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ: (تیرا) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَقْضِيْ:(وہ فیصلہ کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ محلاً ضمیر مستتر تقدیراً مضموم۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔قَضٰى يَقْضِيْ۔مصدر۔قَضْيًا۔قَضَاءٌ۔(فیصلہ کرنا۔گزرنا)

بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ: (ساتھ)حرف جار۔حُكْمِ :(حکم)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْعَزِيْزُ:(خوب عزت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الْعَلِيْمُ:(خوب علم والا۔جاننے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: تمہارا پروردگار (قیامت کے روز) اُن میں اپنے حکم سے فیصلہ کر دے گا اور وہ غالب (اور) علم والا ہے۔

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿۷۹﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ۔تَوَكَّلْ:(تو بھروسہ کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔تفعل۔صیغہ۔تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔مصدر۔تَوَكُّلٌ۔(بھروسہ کرنا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔اِنَّ:

(یقیناً)حرف مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔كَ :(آپ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْحَقِّ:(حق۔سچ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔ الْمُبِيْنِ:(واضح۔کھلم کھلا۔ صریح)۔مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تواللہ پر بھروسہ رکھو تم توحق صریح پر ہو۔

إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ﴿٨٠﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔كَ:(آپ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تُسْمِعُ:(آپ نہیں سنا سکتے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَسْمَعَ يُسْمِعُ۔مصدر۔إِسْمَاعٌ(سنانا)۔ الْمَوْتَىٰ:(مَيِّتٌ کی جمع۔مردے)فاعل مرفوع۔وَ:(اور) حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تُسْمِعُ:(آپ نہیں سنا سکتے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَسْمَعَ يُسْمِعُ۔مصدر۔إِسْمَاعٌ(سنانا)۔ الصُّمَّ:(بہروں کو)منصوب۔مفعول بہ۔الدُّعَاءَ:(پکار کو۔بلانے کو) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ إِذَا:(جب)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔مضاف۔وَلَّوْا:(وہ مڑے۔پلٹے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَلَّىٰ يُوَلِّي۔مصدر۔تَوْلِيَةٌ۔(منہ پھیرنا۔منہ کرنا۔دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے)۔مُدْبِرِيْنَ:(پیچھے کی طرف مڑنے والے۔پیٹھ پھیرنے والا۔پشت پھیرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً منصوب۔علامت۔ی۔حال۔

ترجمہ آیت: کچھ شک نہیں کہ تم مردوں کو(بات) نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو جب کہ وہ پیٹھ پھیر کر پھر جائیں آواز سنا سکتے ہو۔

وَمَا أَنتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَن ضَلَالَتِهِمْ ۖ إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ ﴿٨١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔رافع اسم۔ناصب خبر۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائد۔هَادِي:(ہدایت دینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔لفظاً مجرور۔محلاً مَا کی خبر۔ منصوب۔ مضاف۔الْعُمْيِ :(اندھا)مجرور۔مضاف الیہ۔عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ ضَلَالَتِ: (گمراہی)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنْ: (نہیں) نافیہ۔بعد میں إِلَّا صلہ ہے۔

تُسْمِعُ:(آپ نہیں سنا سکتے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَسْمَعَ یُسْمِعُ۔مصدر۔اِسْمَاعٌ۔(سنانا)۔اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ یُؤْمِنُ:(ایمان لائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔ مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ آیَاتِ: (آیات)اسم مجرور۔ مضاف۔نَا: (ہماری) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔هُمْ:(وہی)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔مُّسْلِمُوْنَ:(فرمانبرداری کرنے والے۔مطیع رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اورنہ اندھوں کو گمراہی سے (نکال کر) رستہ دیکھا سکتے ہو۔تم ان ہی کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں اور وہ فرمانبردار ہو جاتے ہیں۔

وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔وَقَعَ:(وہ واقع ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَقَعَ يَقَعُ۔مصدر۔وُقُوْعًا۔(واقع ہونا)۔ اَلْقَوْلُ :(قول۔بات)فاعل مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَخْرَجْنَا:(ہم نے نکالا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ دَابَّةً:(جانور۔ہر وہ جو پاؤں پر چلتا ہے)۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔تُكَلِّمُ:(وہ بات کرے گا۔کلام کرے گا)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَلَّمَ يُكَلِّمُ۔مصدر۔تَكْلِيْمًا۔(کلام کرنا۔بات کرنا)۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناص اسم۔ النَّاسَ :(لوگ) أَنَّ کا اسم منصوب۔كَانُوْا:(وہ تھا۔ہے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ضمیر فاعل مستتر هُمْ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ

يُوْقِنُوْنَ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہماری) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُوْقِنُوْنَ:(وہ ایمان رکھتے ہیں۔یقین رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَيْقَنَ يُوْقِنُ۔مصدر۔اِيْقَانًا۔(پختہ یقین کرنا۔بلاشک وشبہ سچ ماننا)ثلاثی مجرد۔باب حسب۔مادہ(ی ق ن)مثال یائی۔صیغہ۔يَقِنَ يَيْقِنُ۔ مصدر۔ يَقْنًا۔(یقین ہونا)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر۔منصوب۔جملہ محلاًاَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جب اُن کے بارے میں (عذاب) کا وعدہ پورا ہو گا تو ہم اُن کے لئے زمین میں سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے بیان کردے گا۔اس لئے کہ لوگ ہماری آیتوں پر ایمان نہیں لاتے تھے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔ نَحْشُرُ:(ہم جمع کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ش ر)صیغہ۔حَشَرَ يَحْشُرُ۔مصدر۔حَشْرًا۔(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور مضاف۔ اُمَّةٍ:(قوم۔امت)مجرور مضاف الیہ۔ فَوْجًا: (ایک ٹولہ کو)منصوب۔مفعول بہ۔ مِّمَّنْ:(اس سے جو)مرکب :(مِنْ+مَّنْ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت منصوب۔يُّكَذِّبُ:(وہ جھٹلاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اٰيَاتِ: (آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرو مضاف الیہ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔ يُوْزَعُوْنَ:(تقسیم کئے گئے۔الگ الگ کئے گئے) فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔نائب فاعل۔ ضمیر مبنی بر سکون۔تقدیراًهُمْ۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(وز ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَزَعَ يَزِعُ۔مصدر۔وَزْعًا۔(تقسیم کرنا۔درجہ بندی کرنا۔)جملہ محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جس روز ہم ہر اُمت میں سے اس گروہ کو جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے تھے تو اُن کی جماعت

بندی کی جائے گی۔

حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّا ذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾

حَتّٰى:(یہاں تک کہ)حرف ابتداء۔ اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جَآؤُوْا:(وہ آئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ضمیر فاعل مرفوع مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ جِیئٌ مَجِیْءٌ۔(آنا)۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مرفوع مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔کَذَّبْتُمْ:(تم نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ضمیر فاعل مرفوع مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ آیَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔تُحِیْطُوْا:(تم نے گھیر ہے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَحَاطَ یُحِیْطُ۔مصدر۔ اِحَاطَةٌ۔(گھیرنا۔احاطہ کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ھَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ عِلْمًا :(علم۔سائنس)منصوب۔تمیز۔ أَمَّا :(یا کیا)مرکب :(أَمْ+مَاذَا)حرف اضراب۔+اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ مقدم۔کُنْتُمْ:(تم تھے)فعل ناقص جمع مذکر حاضر۔ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا) تَعْمَلُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: یہاں تک کہ جب(سب) آجائیں گے تو(اللہ) فرمائے گا کہ کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلا دیا تھا اور تم نے(اپنے) علم سے ان پر احاطہ تو کیا ہی نہ تھا۔ بھلا تم کیا کرتے تھے۔

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۸۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔وَقَعَ:(وہ واقع ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وق ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَقَعَ يَقَعُ۔مصدر۔وُقُوْعًا۔(واقع ہونا)۔ الْقَوْلُ :(بات۔قول)فاعل مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔بِمَا:(جوکچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ظَلَمُوْا:(انہوں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٴجمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(اندھیر مچانا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَنْطِقُوْنَ:(وہ بولتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ن ط ق) صیغہ۔نَطَقَ يَنْطِقُ۔ مصدر۔نُطْقًا۔(بولنا)۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اُن کے ظلم کے سبب اُن کے حق میں وعدہ(عذاب) پورا ہو کر رہے گا تو وہ بول بھی نہ سکیں گے۔

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ﴿۸۶﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَرَوْا:(انہوں نے دیکھا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٴ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(رءی) مہموزالعین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ أَنَّا:(یقیناًہم)مرکب :(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًأَنَّ کا اسم منصوب۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ اللَّيْلَ:(رات)منصوب مفعول بہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَسْكُنُوْا:(وہ رہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واوٴ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ک ن)صیغہ۔سَكَنَ يَسْكُنُ۔ مصدر۔سُكُوْنٌ۔(رہنا)۔فِيْ: (میں)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔النَّهَارَ:(دن)معطوف منصوب۔مُبْصِرًا:(دیکھانے والا۔روشن)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ منصوب۔حال۔إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب

اسم۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکرغائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبنی بر فتحہ۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مقدم۔ لَ: (بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَاتٍ:(آیات)کا اسم منصوب۔بالکسرہ۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ:(قوم)اسم مجرور۔ موصوف۔ يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لائیں گے)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔جملہ محلاً صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے رات کو(اس لئے) بنایا ہے کہ اس میں آرام کریں اور دن کو روشن(بنایا ہے کہ اس میں کام کریں) بے شک اس میں مومن لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔ يُنْفَخُ :(پھونکا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(ن ف خ)صیغہ۔نَفَخَ يَنْفُخُ۔مصدر۔نَفْخًا۔(پھونکنا۔پھونک مارنا)فِيْ:(میں)حرف جار۔الصُّوْرِ:(صور۔کرناہ۔ناقوس۔بگل۔نرسنگھا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔فَزِعَ:(وہ گڑگڑایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ف ز ع)صیغہ۔فَزِعَ يَفْزَعُ۔مصدر۔فَزَعًا۔(گھبرانا۔خوفزدہ ہونا۔دہشت زدہ ہونا۔ڈرنا)۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مرفوع۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔مَنْ: (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مستثنٰی۔شَاءَ:(اس نے چاہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)فاعل مرفوع۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔كُلٌّ:(تمام)مبتداء مرفوع۔ اَتَوْ:(وہ آئیں گے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار

آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ هُ:(اس کے پاس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔
دَاخِرِيْنَ:(ذلیل۔ رسوا۔ ہو کر۔ بے عزت ہو کر) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً منصوب۔ علامت۔ ی۔ حال۔

ترجمہ آیت: اور جس روز صور پھونکا جائے گا تو جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں سب گھبر ا اُٹھیں گے مگر وہ جسے اللہ چاہے اور سب اس کے پاس عاجز ہو کر چلے آئیں گے۔

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۭ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ۭ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ تَرَى:(تو دیکھتا ہے) فعل مضارع۔ واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (رءی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔ الْجِبَالَ:(اَلْجَبَلُ کی جمع۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ تَحْسَبُ:(تم خیال کرتے ہو۔ گمان کرتے ہو) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ (ح س ب) صیغہ۔ حَسِبَ يَحْسَبُ۔ مصدر۔ حِسْبَانٌ۔(گمان کرنا۔ خیال کرنا۔ سوچنا)۔ هَا:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ جَامِدَةً:(جمے ہوئے) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هِيَ:(وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ تَمُرُّ :(تو چلتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (م ر ر) مضاعف۔ مَرَّ يَمُرُّ۔ مصدر۔ مُرُوْرًا۔(گزرنا۔ چلنا۔)۔ مَرَّ:(وہ گزرا۔) فعل ماضی واحد مذکر۔ یہاں بطور مصدر۔ استعمال ہوا ہے۔ اصلاً مَرًّا تھا۔(چلنا۔ چال۔) مفعول مطلق۔ منصوب۔ مضاف۔ السَّحَابِ:(بادل۔ دھکا دینا۔ یہ ایک جگہ رکتا نہیں۔ آگے کی جانب دھکیلا جاتا ہے) اسم مجرور۔ صُنْعَ:(بنا ہوا۔ کاریگری۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِيْ :(وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ اَتْقَنَ:(اس نے درست کیا۔ مضبوط کیا) فاعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَتْقَنَ يُتْقِنُ۔ مصدر۔ اِتْقَانٌ۔(درست کرنا۔ مضبوط کیا۔)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ت ق ن) صیغہ۔ تَقِنَ يَتْقَنُ۔ مصدر۔ تَقْنًا۔(درست کرنا۔ مہارت سے کرنا۔) كُلَّ:(ہر۔ تمام) برائے تاکید۔ منصوب۔ مضاف۔ شَيْءٍ:(چیز) مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هٗ :(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اِنَّ:(کا اسم منصوب۔ خَبِيْرٌ:(خوب خبر رکھنے والا) مبالغہ۔ اِنَّ:(کی خبر مرفوع۔ بِمَا: (جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار + اسم مصدریہ۔

تَفْعَلُوْنَ:(تم کرتے ہو) فعل مضارع۔ جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ف ع ل) صیغہ۔ فَعَلَ یَفْعَلُ۔ مصدر۔ فِعْلًا۔ (کرنا۔ ہونا۔ سہنا)۔

ترجمہ آیت: اور تم پہاڑوں کو دیکھتے ہو تو خیال کرتے ہو کہ (اپنی جگہ پر) کھڑے ہیں مگر وہ (اس روز) اس طرح اُڑے پھریں گے جیسے بادل۔ (یہ) اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط بنایا۔ بے شک وہ تمہارے سب افعال سے باخبر ہے۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَیْرٌ مِّنْهَا وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ یَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾

ترجمہ آیت: اور وہی اللہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں دنیا اور آخرت میں اُسی کی تعریف ہے اور اُسی کا حکم اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾

قُلْ :(کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ واؤ حرف علت محذوف۔ أَ:(کیا) حرف استفہام۔ رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ عَلَيْ:(پر۔ اوپر) حرف جار۔ كُمُ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فتحہ۔ برائے اتصال ما بعد۔ اللَّيْلَ:(رات) منصوب۔ مفعول بہٖ سَرْمَدًا:(ہمیشہ کے لئے۔ دائمی) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ إِلَى: (طرف۔ تک) حرف جار۔ يَوْمِ:(دن) ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ الْقِيَامَةِ :(قیامت) مجرور مضاف الیہ۔ مَنْ :(کون) اسم استفہام۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلٰهٌ:(معبود۔) خبر مرفوع۔ غَيْرُ:(علاوہ۔ سوا) صفت۔ مرفوع۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ يَأْتِي:(وہ لے آئے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف

جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ كُمْ: (تمہارے پاس) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ ضِيَاءٍ: (روشنی) اسم مجرور۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔ انکاری۔ فَ: (تو) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ تَسْمَعُوْنَ: (تم سنتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (س م ع) صیغہ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔ مصدر۔ سَمْعٌ۔ (سننا)۔

ترجمہ آیت: کہو بھلا دیکھو تو اگر اللہ تم پر ہمیشہ قیامت کے دن تک رات (کی تاریکی) کئے رہے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تم کو روشنی لا دے تو کیا تم سنتے نہیں؟

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٧٢﴾

قُلْ: (کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ واؤ حرف علت محذوف۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔ رَأَيْتُمْ: (تم نے دیکھا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ جَعَلَ: (اس نے بنایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل مرفوع۔ عَلَيَّ: (پر) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ النَّهَارَ: (دن) ظرف زمان۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ سَرْمَدًا: (ہمیشہ دائمی) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ إِلَيَّ: (طرف) حرف جار۔ يَوْمِ: (دن) ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ الْقِيَامَةِ: (قیامت) مجرور مضاف الیہ۔ مَنْ: (کون) اسم استفہام۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلٰهٌ: (معبود۔) خبر مرفوع۔ غَيْرُ: (علاوہ۔ سوا) صفت۔ مرفوع۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ يَأْتِيْ: (وہ لے آئے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ لَيْلٍ: (رات) اسم مجرور۔ تَسْكُنُوْنَ: (تم رہو۔ آرام کرو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون

اعرابی موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ک ن)صیغہ۔سَكَنَ يَسْكُنُ مصدر۔سَكْنًا۔سُكُوْنًا۔(آرام کرنا۔رہائش رکھنا۔ٹھہرنا۔رہنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پھر)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تُبْصِرُوْنَ:(تم دیکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْصَرَ يُبْصِرُ۔مصدر۔اِبْصَارٌ۔(دیکھنا)

ترجمہ آیت: کہوتو بھلا دیکھو تو اگر اللہ تم پر ہمیشہ قیامت تک دن کئے رہے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے کہ تم کو رات لا دے جس میں تم آرام کرو۔تو کیا تم دیکھتے نہیں؟۔

وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔رَّحْمَتِ:(رحمت۔مہربانی۔شفقت۔نوازش۔کرم۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔لَ:(لئے) حرف جار۔ كُمُ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ۔برائے اتصال مابعد۔اللَّيْلَ:(رات کو)منصوب مفعول بہ۔وَ: (اور)حرف عطف۔النَّهَارَ:(دن)معطوف منصوب۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ تَسْكُنُوْا:(تم آرام کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ک ن)صیغہ۔سَكَنَ يَسْكُنُ مصدر۔سَكْنًا۔سُكُوْنًا۔(آرام کرنا۔رہائش رکھنا۔ٹھہرنا۔رہنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب اسم۔تَبْتَغُوْا:(تم تلاش کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔نون اعرابی محذوف۔واو جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِبْتَغٰى يَبْتَغِيْ۔مصدر۔اِبْتِغَاءٌ۔(چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔بَغْيًا۔بَغْيَةً۔ (تلاش کرنا۔چاہنا۔خواہش کرنا۔ظلم کرنا۔زیادتی کرنا)۔ مِنْ:(میں)حرف جار۔ فَضْلِ:(فضل۔کرم۔ رحمت۔مہربانی۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَعَلَّ:(شاید)ترجمہ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تَشْكُرُوْنَ:(تم قدر

کرو۔شکر کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ش ک ر)
صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا)۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اوراس نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات کو اور دن کو بنایا تاکہ تم اس میں آرام کرو اوراس میں اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ شکر کرو۔

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَاءِيَ الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٧٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔يُنَادِي:(پکارا جائے گا۔آواز دی جائے گی)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔مصدر۔مُنَادَاةٌ۔(آواز دینا۔پکارنا)۔هِمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔يَقُولُ:(وہ کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)
صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ أَيْنَ:(کہاں ہیں)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر مقدم مرفوع۔ شُرَكَاءِ:
(شریک۔ہمسر۔)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔مضاف۔يَ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور
مضاف الیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ كُنْتُمْ :(تم تھے)فعل فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ضمیر
تُمْ مبنی بر سکون۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔
تَزْعُمُوْنَ:(زعم رکھتے تھے۔خیال کرتے تھے۔گمان کرتے تھے۔تخمینے لگاتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ از حرف
قلوب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ز ع م)صیغہ۔زَعَمَ يَزْعَمُ۔ مصدر۔
زَعْمًا۔(تخمینہ لگانا۔خیال کرنا۔گمان کرنا۔)جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جس دن وہ اُن کو پکارے گا اور کہے گا کہ میرے وہ شریک جن کا تمہیں دعوٰی تھا کہاں گئے؟

وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا فَقُلْنَا هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوا أَنَّ الْحَقَّ لِلَّهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٧٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نَزَعْنَا:(نکال دیا۔اتار دیا۔چھین لیا۔نکال لیں گے)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی

مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ن ز ع)۔صیغہ۔نَزَعَ یَنْزِعُ۔مصدر۔نَزْعًا۔(اتارنا۔کھینچنا۔نکالنا۔چھیننا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ أُمَّةٍ:(امت۔قوم۔لوگ)مجرور مضاف الیہ۔ شَهِيْدًا: (گواہ) منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔قُلْنَا:(ہم نے کہا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ هَاتُوا:(لے آؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔اصلاً آتُوا تھا۔ ہمزہ کو ھ۔بدلا ہوا ہے۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔بُرْهَانَ:(دلیل۔ثبوت۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔كُمْ:(تم۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔عَلِمُوْا:(انہوں نے جانا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔ أَنَّ:(یقینا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْحَقَّ:(حق۔سچ)أَنَّ کا اسم منصوب۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ضَلَّ:(اس نے گمراہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔)۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ثلاثی مجرد۔ باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ كَانُوْا:(وہ تھے۔ہیں)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَفْتَرُوْنَ:(وہ افتراء باندھتے ہیں۔جھوٹ گھڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔ اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ۔مصدر۔ اِفْتِرَاءٌ۔ (بہتان باندھنا۔جھوٹا الزام لگانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ ۔فَرٰى يَفْرِيْ۔ مصدر۔ فَرْيًا۔فَرْيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰى بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَى اللَّحْمَ۔اَوْ۔الْبَصَلَ)۔محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور ہم ہر ایک اُمت میں سے گواہ نکال لیں گے پھر کہیں گے کہ اپنی دلیل پیش کرو تو وہ جان لیں گے کہ سچ بات اللہ کی

ہے اور جو کچھ وہ افتراء کیا کرتے تھے ان سے جاتا رہے گا۔

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَاۤ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِى الْقُوَّةِ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿۷۶﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ قَارُوْنَ :(قارون) إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ تھا۔ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستترهُوَ۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔قَوْمِ :(قوم)اسم مجرور۔مضاف۔مُوسَى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔بَغَى:(وہ سرکش ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر نائب فاعل۔ مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔بَغْيٌ۔ (چاہنا۔ بغاوت کرنا۔سرکشی کرنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آتَيْنَا:(ہم نے دی۔عطا کی)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (آنا۔دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْكُنُوزِ:(الْكَنْزُ کی جمع۔خزانے)اسم مجرور۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ ثانی۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔مَفَاتِحَ:(مِفْتَاحٌ کی جمع۔چابیاں)إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی برضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ مزحلقه۔تَنُوْءُ:(وہ مشکل سے اٹھاتی۔بہت بھاری۔زیادہ)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل ضمیر مستترتقدیراًهِيَ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ن و ء)اجوف واوی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔نَاءَ يَنُوْءُ۔ مصدر۔نَوْءٌ۔(بھاری بوجھ۔ اٹھانے میں مشکل ہو۔)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْعُصْبَةِ:(ایک جماعت ۔گروہ۔ٹولہ۔ پارٹی) اسم مجرور۔ أُولِي:(والی)مؤنث بحالت نصب۔ أُولُوا ۔بحالت رفع۔مضاف۔ الْقُوَّةِ:(طاقت۔قوت)اسم مجرور۔إِذْ:(جب) ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔گزرے ہوئے واقعہ سے پہلے آتا ہے۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر

مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔قَوْمُ:(قوم)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔مضاف۔هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا:(نہ)ناھیہ۔جازم مضارع۔تَفْرَحْ:(تو خوش ہو)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔ فَرِحَ یَفْرَحُ۔مصدر۔ فَرْحًا۔(خوش ہونا۔اترانا۔گھمنڈ کرنا۔) اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔ یُحِبُّ:(پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔ مصدر۔اِحْبَابًا۔(پسند کرنا۔محبت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔ مادہ(ح ب ب) مضاعف۔حَبَّ یَحُبُّ۔مصدر۔حَبًّا۔(پسند کرنا۔محبت کرنا)۔ الْفَرِحِیْنَ:(تکبر کرنے والے۔اترانے والے۔بددماغی سے خوش ہونے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔ منصوب۔علامت۔ی۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: قارون موسیٰ کی قوم میں سے تھااور ان پر تعدّی کرتا تھا۔اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیئے تھے کہ اُن کی کنجیاں ایک طاقتور جماعت کو اُٹھانی مشکل ہوتیں جب اس سے اس کی قوم نے کہا کہ اترائیے مت۔ کہ اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ابْتَغِ:(تلاش کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔حرف علت۔ی۔بوجہ التقائے ساکنین۔محذوف۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔افتعال یائی۔صیغہ۔اِبْتَغٰی یَبْتَغِیْ۔مصدر۔اِبْتِغَاءٌ۔(تلاش کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص۔ صیغہ۔بَغٰی یَبْغِیْ۔مصدر۔بَغْیًا۔بَغْیَةً۔ (چاہنا)۔ فِیْمَا: (میں جو)مرکب:(فِیْ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اٰتٰا:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ كَ: (تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔ مرفوع۔ الدَّارَ: (گھر)

منصوب ۔مفعول بہ۔موصوف۔ الْاٰخِرَةَ:(آخرت۔قیامت)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:()
تَنْسَ:(تو بھول)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ی۔حرف علت بوجہ التقائے ساکنین۔ محذوف۔ ثلاثی مجرد
باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔مصدر۔ نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔ نَصِيْبَ:(حصہ)منصوب۔ مفعول
بہ۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکرحاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنَ: (سے)حرف اجر۔ الدُّنْيَا:(دنیا)غیر
منصرف۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَحْسِنْ:(تو احسان کر)فعل امر واحد مذکر
حاضر۔مبنی بر سکون۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَحْسَنَ يُحْسِنُ۔ مصدر۔
اِحْسَانٌ۔(احسان کرنا) كَمَا:(جیسا کہ)مرکب:(كَ+مَا)حرف تشبیہ۔جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔
أَحْسَنَ:(اس نے احسان کیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔ افعال۔
صیغہ۔اَحْسَنَ يُحْسِنُ۔مصدر۔اِحْسَانٌ۔(احسان کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)فاعل مرفوع۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔
كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکرحاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَبْغِ:(سرکشی
کر۔بغاوت کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔حرف علت۔ی۔محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مزید فیہ۔ افتعال
یائی۔ صیغہ۔اِبْتَغٰى يَبْتَغِيْ۔مصدر۔اِبْتِغَاءٌ۔(تلاش کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص۔ صیغہ۔بَغٰى
يَبْغِيْ۔مصدر۔بَغْيًا۔بَغْيَةً۔(چاہنا)۔ الْفَسَادَ:(فساد۔بگاڑ)منصوب۔ مفعول بہ۔فِي:(میں) حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم
مجرور۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ)إِنَّ کااسم منصوب۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُحِبُّ:(وہ
پسند کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔
مصدر۔اِحْبَابًا۔(پسند کرنا۔محبت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔ حَبَّ يَحُبُّ۔مصدر۔حَبًّا۔(پسند
کرنا۔محبت کرنا)۔ الْمُفْسِدِيْنَ:(فساد کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاًمنصوب۔ علامت۔ی۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور جو(مال) تم کو اللہ نے عطا فرمایا ہے اس سے آخرت کی بھلائی طلب کیجئے اور دنیا سے اپنا حصہ نہ بھلایئے اور جیسی اللہ
نے تم سے بھلائی کی ہے(ویسی) تم بھی (لوگوں سے) بھلائی کرو۔اور ملک میں طالب فساد نہ ہو۔کیونکہ اللہ فساد کرنے والوں کو
دوست نہیں رکھتا۔

قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ
جَمْعًا وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٧٨﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستترھُوَ ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔اِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ اُوْتِيتُ:(میں دیا گیا ہوں)فعل ماضی مجہول۔واحد متکلم۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَلٰى:(پر۔اوپر)حرف جار۔ عِلْمٍ : (علم۔سائنس۔)اسم مجرور۔ عِنْدِ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَمْ : (نہیں)حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔يَعْلَمْ :(وہ جان لے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَهْلَكَ:(اس نے ہلاک کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔مصدر۔اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔ مصدر۔ هَلْكًا۔هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔مُهْلِكًا۔تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔هٖ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال مابعد۔ الْقُرُوْنِ:(قوموں۔امتوں۔لوگوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مَنْ: (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَشَدُّ: (بہت سخت) افعل التفضيل۔خبر مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ قُوَّةً: (طاقت۔قوت)منصوب تمیز۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَكْثَرُ:

(اکثریت۔اکثر۔زیادہ تر)معطوف مرفوع۔ جَمْعًا:(اکٹھے) منصوب۔ تمیز۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُسْأَلُ:(اس سے پوچھا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ ذُنُوبِ:(ذَنْبٌ کی جمع۔گناہوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ الْمُجْرِمُونَ:(گنہگار۔قانون شکن۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: بولا کہ یہ (مال) مجھے میری دانش (کے زور) سے ملا ہے کیا اس کو معلوم نہیں کہ اللہ نے اس سے پہلے بہت سی اُمتیں جو اس سے قوت میں بڑھ کر اور جمعیت میں بیشتر تھیں ہلاک کر ڈالی ہیں۔اور گنہگاروں سے اُن کے گناہوں کے بارے میں پوچھا نہیں جائے گا۔

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَاۤ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔خَرَجَ:(وہ نکلا۔گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ (خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔قَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔زِينَتِ:(زیبائش۔ آرائش۔ خوبصورتی۔زینت)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔فاعل مرفوع۔ يُرِيدُونَ:(وہ چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَرَادَ يُرِيدُ۔مصدر۔إِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د) صیغہ۔رَادَ يَرُودُ:(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔الْحَيَاةَ:(زندگی۔زیست)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ الدُّنيَا:(دنیا)غیر منصرف۔صفت منصوب۔يَا:(اے۔ہائے)حرف تنبیہ۔لَيْتَ:(کاش)تمنّٰی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَيْتَ کی خبر مرفوع۔مِثْلَ:(مانند۔طرح۔مثل)لَيْتَ کا اسم منصوب۔مضاف۔

مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مجرور مضاف الیہ۔ أُوْتِيَ:(وہ دیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔

قَارُوْنُ:(قارون)غیر منصرف۔نائب فاعل۔مرفوع۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ: (یقینا)لائے تاکید۔مزحلقه۔ذُو:(والا) إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔حَظٍّ:(حصہ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔عَظِيْمٍ:(بہت بڑا)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تو(ایک روز) قارون(بڑی) آرائش(اور ٹھاٹھ) سے اپنی قوم کے سامنے نکلا۔جو لوگ دنیا کی زندگی کے طالب تھے کہنے لگے کہ جیسا (مال ومتاع) قارون کو ملا ہے کاش ایسا ہی ہمیں بھی ملے۔وہ تو بڑا ہی صاحب نصیب ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا وَلَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جنہیں)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔ أُوْتُوا:(وہ دیئے گئے)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔الْعِلْمَ: (علم۔ سائنس) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَيْلَ:(خرابی ہے۔افسوس۔عذاب۔)حرف ندامت۔یا زجر و توبیخ۔ منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثَوَابُ:(نتیجہ۔ثواب۔انجام۔صلہ)مبتدء مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ۔خَيْرٌ:(اچھا۔ نیک۔ بھلا)خبر مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ آمَنَ:(وہ ایمان لایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَأْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلَ :(اس نے عمل کیا)فعل ماضی واحد ذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔صَالِحًا:(صالح۔ اچھے۔ نیک)منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)اعتراضیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُلَقَّا:(وہ ملاقات کرے گا)فعل مضارع مجہول

واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔لَقّٰی یُلَقِّیْ۔مصدر۔تَلْقِیَةٌ۔(ملاقات کرنا۔استقبال کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔ لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔تِلْقَاءً۔ لُقِیًّا۔ لُقْیًا۔لُقًی۔لَقْیًا۔(جھیلنا۔ملنا۔ پہنچنا۔ہوجانا۔ هَا:(اس سے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔الصّٰبِرُوْنَ:(استقامت دکھانے والے۔ڈٹے رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًنائب فاعل۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جن لوگوں کو علم دیا گیا تھاوہ کہنے لگے کہ تم پر افسوس۔مومنوں اور نیکوکاروں کے لئے(جو) ثواب اللہ(کے ہاں تیار ہے وہ) کہیں بہتر ہے اور وہ صرف صبر کرنے والوں ہی کو ملے گا۔

فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔خَسَفْنَا:(ہم نے دھنسادیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ س ف) صیغہ۔ خَسَفَ یَخْسِفُ۔مصدر۔خَسْفًا۔(دھنسانا۔گھسیڑنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔دَارِ:(گھر)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْاَرْضَ:(زمین)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف جار۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(وہ تھا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب مقدم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا) لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر مقدم منصوب۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔فِئَةٍ:(کوئی جماعت)لفظاً مجرور۔محلاًكا اسم مرفوع۔يَنْصُرُوْنَ:(وہ مدد کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ص ر) صیغہ۔ نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور ۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(وہ تھا۔ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ ضمیر فاعل مستترهُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْمُنْتَصِرِيْنَ:(بدلہ لینے والوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: پس ہم نے قارون کو اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا تو اللہ کے سوا کوئی جماعت اس کی مدد گار نہ ہو سکی۔ اور نہ وہ بدلہ لے سکا۔

وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَصْبَحَ:(اس نے صبح کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصْبَحَ يُصْبِحُ۔مصدر۔اِصْبَاحًا۔اِصْبَاحٌ۔(ہو جانا۔صبح ہونا)۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔تَمَنَّوْا:(انہوں خواہش کی۔آرزو کی۔امید کی۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَمَنّٰى يَتَمَنّٰى۔مصدر۔تَمَنِّيًا۔(آرزو کرنا۔ پڑھنا۔ تلاوت کرنا۔خواہش کرنا)۔ مَكَانَ:(جگہ۔رتبہ۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْأَمْسِ:(کل۔گزرا ہوا)ظرف زمان۔اسم مجرور۔يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہہ رہے تھے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا۔ وَيْكَأَنَّ:(تعجب ہے کہ۔گویا کہ)مرکب :(وَيْ+كَأَنَّ)اسم فعل مضارع "تعجب"۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔+حرف تشبیہ۔ناصب اسم۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) كَأَنَّ کا اسم منصوب۔يَبْسُطُ:(وہ کشادہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ب س ط)صیغہ۔بَسَطَ يَبْسُطُ۔مصدر۔بَسْطًا۔(کشادہ کرنا)۔ الرِّزْقَ:(رزق کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ عِبَادِ:(عَبْدٌ کی جمع۔بندے)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَقْدِرُ:(وہ اندازہ مقرر کرتا ہے۔ مقدار طے کرتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ يَقْدِرُ۔مصدر۔قَدْرًا۔(ویلو کرنا۔اندازہ کرنا۔پیمانہ

مقرر کرنا۔وسائل تنگ کرنا)۔ لَوْلَا:(اگر نہ۔)امتناعیہ۔مرکب:(لَوْ+لَا)حرف شرط۔غیر جازم۔+ نافیہ۔ أَنْ: (کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔ مَّنَّ:(اس نے احسان کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ن ن)مضاعف۔صیغہ۔مَنَّ یَمُنُّ ۔مصدر۔مَنًّا۔(احسان کرنا۔یا احسان جتانا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔مرفوع۔ عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔لَ:(ضرور)برائے واقعہ جواب شرط۔۔خَسَفَ:(اس نے دھنسایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(خ س ف)صیغہ۔خَسَفَ یَخْسِفُ۔مصدر۔خُسُوْفًا۔(دھنسانا۔گھسیڑنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَيْكَأَنَّ:(تعجب ہے کہ۔گویا کہ)مرکب:(وَيْ+كَأَنَّ)اسم فعل مضارع"تعجب"۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔+حرف تشبیہ۔ناصب اسم۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً كَأَنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُفْلِحُ:(وہ فلاح پائے گا۔کامیاب ہوگا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَفْلَحَ يُفْلِحُ۔مصدر۔اِفْلَاحٌ۔(کامیاب ہونا۔فلاح پانا)۔الْكَافِرُوْنَ:(کفر کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔جملہ محلاًكَأَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور وہ لوگ جو کل اُس کے رتبے کی تمنا کرتے تھے صبح کو کہنے لگے ہائے شامت! اللہ ہی تو اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور (جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔اگر اللہ ہم پر احسان نہ کرتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا۔ہائے خرابی! کافر نجات نہیں پاسکتے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾

تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ الدَّارُ:(گھر)تِلْكَ کا بدل مرفوع۔خبر مرفوع۔موصوف۔ الْاٰخِرَةُ: (قیامت۔آخرت)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔نَجْعَلُ:(ہم بناتے ہیں۔بنائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُرِيْدُوْنَ :(وہ چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔

مصدر۔اِرَادَةٌ (ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(رود) صیغہ۔رَادَ یَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ عُلُوًّا: (بلند ہونا۔سرکشی کرنا۔تکبرونخوت میں مبتلا ہونا۔بڑابننا)۔ منصوب مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً صفت منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔فَسَادًا:(فساد۔بگاڑ۔)معطوف منصوب۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔الْعَاقِبَةُ:(عاقبت۔نتیجہ۔انجام۔آخر)مبتداءمرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُتَّقِيْنَ:(کی جمع۔پرہیزگارلوگ۔خوف الٰہی رکھنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہ(جو) آخرت کاگھر (ہے) ہم نے اُسے اُن لوگوں کے لئے(تیار) کرر کھاہے جوملک میں ظلم اورفساد کاارادہ نہیں رکھتے اورانجام(نیک) توپرہیزگاروں ہی کا ہے۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾

مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا) ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَسَنَةِ:(اچھائی۔نیکی)اسم مجرور۔ فَ:(پھر)واقعہ جواب شرط۔۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی برضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ خَيْرٌ:(بھلا۔بہتر۔اچھا)مبتداءمؤخر۔مرفوع۔ مِّنْ: (سے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔جازم۔محلاً مبتداءمرفوع۔جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکرغائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا) ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔السَّيِّئَةِ:(برائی۔بدی)اسم مجرور۔ فَ:(پس)واقعہ جواب شرط۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُجْزَى:(جزاء دی گئی)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکرغائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً مجزوم۔ فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)صیغہ۔جَزٰى يَجْزِىْ۔مصدر۔جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی برفتحہ۔محلاً نائب فاعل۔ عَمِلُوْا:(انہوں نے عمل کیا)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا۔(عمل کرنا۔جاندار کا فعل)۔ السَّيِّئَاتِ:(برائیوں کو۔بدیوں

کو)منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ مَا :(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ ثانی۔كَانُوا:(وہ تھے۔ہیں)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔يَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا۔(عمل کرنا۔جاندار کا فعل)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: جو شخص نیکی لے کر آئے گا اس کے لئے اس سے بہتر (صلہ موجود) ہے اور جو برائی لائے گا تو جن لوگوں نے برے کام کئے ان کو بدلہ بھی اسی طرح کا ملے گا جس طرح کے وہ کام کرتے تھے۔

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّیْۤ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰی وَ مَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۸۵﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔ فَرَضَ:(اس نے لازم کر دیا۔فرض کر دیا۔ذمہ لگا دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ر ض)صیغہ۔فَرَضَ يَفْرِضُ۔مصدر۔ فَرْضًا۔(فرض کرنا۔ذمہ لگانا۔لازمی قرار دینا) عَلَيَّ: (پر)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ الْقُرْآنَ:(قرآن کریم)منصوب مفعول بہ۔ لَ: (یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔رَادُّ:(لوٹانے والا۔واپس کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ مَعَادٍ:(لوٹنے کی جگہ)ظرف مکان۔اسم مجرور۔قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًأَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔کہنا)۔رَبِّي:(میرا ربّ)مرکب:(رَبِّ+يْ)مبتداء۔تقدیراًمرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔أَعْلَمُ:(خوب جاننے والا ہے)افعل التفضیل۔ خبر مرفوع۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔ صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِيْئٌ۔ (آنا) ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْهُدَى:(راہنمائی ۔ہدایت)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمعطوف منصوب۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔ضَلَالٍ: (گمراہی۔

بھول)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔مُّبِيْنٍ:(کھلم کھلا۔واضح)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر) جس (اللہ) نے تم پر قرآن (کے احکام) کو فرض کیا ہے وہ تمہیں بازگشت کی جگہ لوٹادے گا۔ کہہ دو کہ میرا پروردگار اس شخص کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا اور (اس کو بھی) جو صریح گمراہی میں ہے۔

وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كُنْتَ:(تو تھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ مرفوع۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَرْجُوْ:(آپ امید رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر اَنْتَ۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَجَا يَرْجُو۔مصدر۔رَجَاءًا۔(امید رکھنا۔توقع رکھنا)۔ أَنْ:(کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يُلْقٰى:(نازل کی جائے ۔ڈالی جائے۔القا کی جائے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔ مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔ لِقِيًّا۔لُقِيًّا۔لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہوجانا۔) إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔الْكِتَابُ:(کتاب۔)نائب فاعل مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ رَحْمَةً:(رحمت۔مہربانی۔نوازش۔شفقت۔)منصوب۔مفعول لہٗ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ) اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مجاف الیہ۔فَ:(پس)حرف فصیحت۔ لَا:(نہیں) ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَكُوْنَنَّ:(تو ضرور بالضرور ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ ظَهِيرًا: (مددگار۔ پشت پناہ) محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْكَافِرِيْنَ:(کافروں کے۔کفر کرنے والوں کے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور تمہیں اُمید نہ تھی کہ تم پر کتاب نازل کی جائے گی۔ مگر تمہارے پروردگار کی مہربانی سے (نازل ہوئی) تو تم ہرگز کافروں کے مددگار نہ ہونا۔

وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَصُدُّنَّ:(وہ ضرور بالضرور روکے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصُدُّ۔مصدر۔صَدًّا۔صُدُوْدًا۔(روکنا)۔ كَ:(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔گزرے ہوئے زمانے سے پہلے آتا ہے۔ أُنْزِلَتْ:(وہ اتاری گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔نائب فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ أَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔ إِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ :(تیری۔اپنی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اُدْعُ:(آپ بلائیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔ صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(بلانا۔پکارنا۔)إِلَى:(طرف)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ: (تیری ۔اپنی) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم۔مضارع۔ تَكُوْنَنَّ:(تو ضرور بالضرور ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم مؤکد بانون ثقیلہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔الْمُشْرِكِيْنَ:(شرک کرنے والے۔شریک بنانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور وہ تمہیں اللہ کی آیتوں کی تبلیغ سے بعد اس کے کہ وہ تم پر نازل ہو چکی ہیں روک نہ دیں اور اپنے پروردگار کو پکارتے رہو اور مشرکوں میں ہر گز نہ ہوجیو۔

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۚ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸/۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَدْعُ:(تم بلاؤ۔پکارو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت حرف علت محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا

يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(بلانا۔پکارنا۔) مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ إِلٰهًا:(معبود)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ آخَرَ:(دوسرا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ إِلٰهَ:(کوئی معبود۔)لائے نفی جنس کا اسم۔منصوب۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً بدل مرفوع۔ كُلُّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔ شَيْءٍ:(شئے۔چیز)مجرور مضاف الیہ۔هَالِكٌ:(ہلاک کرنے والی)اسم فاعل۔واحد مذکر۔خبر مرفوع۔إِلَّا:(مگر۔سوا)حرف استثناء۔وَجْهَ:(چہرہ)منصوب۔مستثنیٰ۔مضاف۔هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدم الْحُكْمُ:(حکم۔فیصلہ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔تُرْجَعُوْنَ:(تم لوٹائے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔محلاً

ترجمہ آیت: اور اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود (سمجھ کر) نہ پکارنا اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔اس کی ذات (پاک) کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔

29 سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ

رکوعاتھا 7   29 سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ مَکِّیَّۃٌ 85   اٰیاتھا 69

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

29   1   الٓمّٓ   الٓمّٓ

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ ﴿۲﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔حَسِبَ:(اس نے گمان کیا۔خیال کیا۔حساب لگایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ یَحْسَبُ۔مصدر۔حِسْبَانٌ۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔ سوچنا)۔النَّاسُ:(لوگ)فاعل۔مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یُتْرَکُوْا:(ترک کر دیئے جائیں۔چھوڑ دیئے جائیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ر ک)صیغہ۔تَرَکَ یَتْرُکُ۔مصدر۔ أَنْ:(کہ)مصدری۔ناصب مضارع۔ یَقُوْلُوْا:(وہ کہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ آمَنَّا:(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ھُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔لَا:()یُفْتَنُوْنَ: (آزمائش میں ڈالے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ مبنی بر سکون۔ نائب فاعل۔محلاً ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ت ن)صیغہ۔فَتَنَ یَفْتِنُ۔مصدر۔فَتْنًا۔ فُتُوْنًا۔ (آزمانا۔آزمائش

میں ڈالنا۔فتنہ میں ڈالنا)۔جملہ محلاً صفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیالوگ یہ خیال کئے ہوئے ہیں کہ صرف یہ کہنے سے کہ ہم ایمان لے آئے چھوڑ دیئے جائیں گے اور اُن کی آزمائش نہیں کی جائے گی۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ(البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ(یقیناً)حرف تحقیق۔فَتَنَّا:(ہم نے آزمائش میں ڈالا) فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ت ن)صیغہ۔فَتَنَ يَفْتِنُ۔مصدر۔ فَتْنًا۔ فُتُوْنًا۔ (آزمانا۔آزمائش میں ڈالنا۔فتنہ میں ڈالنا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مفعول بہ منصوب۔مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(اس)ضمیر جمع مذکر غائب مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)واقعہ برائے جواب قسم۔لَ:(بلاشبہ۔)حرف تاکید۔موطئة للقسم ۔يَعْلَمَنَّ: (ضرور بالضرور وہ جان جائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)فاعل مرفوع۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ صَدَقُوْا:(انہوں نے سچ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د ق)صیغہ۔صَدَقَ يَصْدُقُ۔مصدر۔صِدْقًا۔(سچ کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(بلاشبہ)واقعہ برائے جواب قسم۔۔يَعْلَمَنَّ:(وہ ضرور بالضرور جان جائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا)۔ الْكَاذِبِيْنَ:(جھوٹ بولنے والے۔ جھوٹے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ اُن سے پہلے ہو چکے ہیں ہم نے اُن کو بھی آزمایا تھا(اور ان کو بھی آزمائیں گے) سو اللہ اُن کو ضرور معلوم کریں گے جو (اپنے ایمان میں) سچے ہیں اور اُن کو بھی جو جھوٹے ہیں۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۴﴾

اَمْ:(یا)حرف عطف۔منقطعہ۔ بمعنی بَلْ۔ حرف اضراب۔حَسِبَ:(اس نے گمان کیا۔خیال کیا۔حساب لگایا)فعل ماضی واحد

مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔مصدر۔حِسْبَانٌ۔ (گمان کرنا۔خیال کرنا۔ سوچنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔يَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل) صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔ السَّيِّئَاتِ:(برے)منصوب۔مفعول بہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب اسم۔ يَسْبِقُو:(وہ بچ نکلیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ يَسْبِقُ۔مصدر۔سَبْقًا۔(آگے بڑھنا۔پہلے پہنچنا۔پہل کرنا۔گزرنا)۔ نَا:(ہم سے۔)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ، سَاءَ:(برا کیا) فعل ذم ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔سَاءَ يَسُوْءُ۔مصدر سُوْءً۔مَسَائَةً۔(برا ہونا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً فاعل مرفوع۔يَحْكُمُوْنَ:(وہ فیصلہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م)صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ۔مصدر۔حُكْمًا۔(فیصلہ کرنا)۔

ترجمہ آیت: کیا وہ لوگ جو برے کام کرتے ہیں یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ یہ ہمارے قابو سے نکل جائیں گے۔جو خیال یہ کرتے ہیں برا ہے

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۵﴾

مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔جازم فعل شرط۔ كَانَ:(وہ تھا۔ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً فعل شرط مجزوم ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ يَرْجُو:(وہ امید رکھتا ہے)۔فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔رجا یرجو۔ لِقَاءَ:(ملاقات)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ:(یقینا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع۔خبر۔ أَجَلَ:(مدت۔وقت مقررہ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(یقینا)لائے تاکید۔مزحلقه۔آتٍ:(وہ آنے والی ہے)اسم فاعل۔واحد مذکر۔علامت تقدیرا مرفوع مضموم۔ی۔ حرف علت محذوف۔ إِنَّ

کی خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔جملہ محلاً جواب شرط۔مجزوم۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔السَّمِيْعُ:(خوب سننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الْعَلِيْمُ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو شخص اللہ کی ملاقات کی اُمید رکھتا ہو اللہ کا(مقرر کیا ہوا) وقت ضرور آنے والا ہے۔اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔جازم فعل شرط۔ جَاهَدَ:(وہ جہاد کرتا ہے۔کوشش کرتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔مصدر۔مُجَاهَدَةٌ۔(کوشش کرنا۔جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ھ د)صیغہ۔جَهَدَ يَجْهَدُ۔مصدر۔جَهْدًا۔(کوشش کرنا۔جدوجہد کرنا۔محنت کرنا۔اپنے آپ کو تھکا دینا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ اِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔ يُجَاهِدُ:(جو جہاد کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔مصدر۔مُجَاهَدَةٌ۔(کوشش کرنا۔جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ھ د)صیغہ۔جَهَدَ يَجْهَدُ۔مصدر۔جَهْدًا۔(کوشش کرنا۔جدوجہد کرنا۔محنت کرنا۔اپنے آپ کو تھکا دینا)۔ لِ:(لئے) حرف جار۔نَفْسِ:(جان)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی۔ اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔لَ: (یقیناً)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔غَنِيٌّ :(غنی ۔بے پرواہ) اِنَّ کی خبر مرفوع۔عَنِ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ الْعَالَمِيْنَ:(جہانوں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور جو شخص محنت کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لئے محنت کرتا ہے۔اور اللہ تو سارے جہان سے بے پرواہ ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔آمَنُوْا :(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔

مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اٰمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عَمِلُوا: (انہوں نے کام کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل) صیغہ ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ:(نیک۔صالح۔اچھے)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔ موطئۃ للقسم۔نُکَفِّرَنَّ:(ہم ضرور بالضرور دور کریں گے۔ڈھانپ دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراًھُمْ۔:(ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔عَنْ:(ان سے)حرف جار۔ھُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔سَیِّئَاتِ:(برائیوں کو۔غلطیوں۔گناہوں کو۔)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ھِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔نَجْزِیَنَّ:(ضرور بالضرور بدلہ دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراًھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)صیغہ۔جَزٰی یَجْزِیُ۔ مصدر۔جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔ ھُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَحْسَنَ:(بہت خوبصورت۔بہت اچھا۔)افعل التفضیل۔منصوب۔مفعول بہ۔ الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔کَانُوا:(وہ تھے۔ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ضمیر فاعل مستترھُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ یَعْمَلُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکرغائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل) صیغہ ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ہم ان کے گناہوں کو اُن سے دور کردیں گے اور ان کو ان کے اعمال کا بہت اچھا بدلہ دیں گے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔وَصَّیْنَا:(ہم نصیحت کی۔ہم نے وصیت کی۔ہم نے حکم دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔۔فاعل ضمیر

مستترتقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَصّٰی یُوَصِّیْ۔مصدر۔تَوْصِیَۃٌ۔(حکم کرنا۔وصیت کرنا۔نصیحت کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(وص ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَصٰی یَصِیْ۔مصدر۔وَصْیًا۔(ساتھ ملانا۔ مل جانا۔)اَلْاِنْسَانَ :(انسان کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔وَالِدَیْ:(والدین)اصلاً وَالِدَیْنَ تھا۔نون تثنیہ۔محذوف بوجہ مضاف۔ہِ :(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔حُسْنًا :(احسان مندی سے پیش آنا۔حسن سلوک کرنا)منصوب۔حال۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ جَاهَدَا: (دونوں کوشش کریں۔زور دیں۔جہاد کریں)فعل ماضی تثنیہ۔مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُمَا۔محلاًمجزوم۔فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَاهَدَ یُجَاهِدُ۔مصدر۔مُجَاهَدَۃٌ(کوشش کرنا۔جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ھ د)صیغہ۔جَهَدَ یَجْهَدُ۔مصدر۔جَهْدًا۔(کوشش کرنا۔جدوجہد کرنا۔محنت کرنا۔اپنے آپ کو تھکا دینا)۔ كَ:(تیرے ساتھ) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُشْرِكَ:(تو شرک کرے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَشْرَكَ یُشْرِكُ۔ مصدر۔اِشْرَاكٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔شَرِكَ یَشْرَكُ۔مصدر۔ شَرْكًا۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔مَا:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔لَیْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی۔جامد۔مضارع کے صیغے نہیں آتے۔رافع اسم۔ناصب خبر۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔ شبہ جملہ محلالَیْسَ کی خبر منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔عِلْمٌ :(علم)کا لَیْسَ اسم مرفوع۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُطِعْ:(تو اطاعت کر۔تو پیروی کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًاَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ یُطِیْعُ۔مصدر۔ اِطَاعَۃٌ۔(طاقت رکھنا۔کرسکنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ یَطُوْعُ ۔یَطِیْعُ۔ مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔هُمَا:(دونوں کی)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔جملہ محلاًمجزوم۔جواب شرط۔اِلَیَّ:(میری طرف۔) مرکب :(اِلَیْ+یَ)حرف جار۔+ضمیر واحد متکلم۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مَرْجِعُ:(لوٹنے کی جگہ۔

واپس آنے کی جگہ) ظرف مکان۔ مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ مضاف۔ کُمۡ: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ اُنَبِّئُ: (میں خبر دوں۔ اطلاع کروں۔) فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ نَبَّاَ یُنَبِّئُ۔ مصدر۔ تَنۡبِئَةٌ۔ (آگاہ کرنا۔ خبر دینا۔ بتانا)۔ کُمۡ: (تمہیں) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِمَا: (جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ کُنۡتُمۡ: (تم تھے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ضمیر محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوۡنُ۔ مصدر۔ کَوۡنًا۔ (ہونا)۔ تَعۡمَلُوۡنَ: (تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ یَعۡلَمُ۔ مصدر۔ عِلۡمًا۔ (جاننا)۔ جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے۔ (اے مخاطب) اگر تیرے ماں باپ تیرے درپے ہوں کہ تو میرے ساتھ کسی کو شریک بنائے جس کی حقیقت کی تجھے واقفیت نہیں۔ تو ان کا کہنا نہ مانیو۔ تم (سب) کو میری طرف لوٹ کر آنا ہے۔ پھر جو کچھ تم کرتے تھے میں تم کو جتا دوں گا۔

وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدۡخِلَنَّهُمۡ فِى الصّٰلِحِيۡنَ ﴿۹﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ الَّذِيۡنَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ اٰمَنُوۡا: (وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤۡمِنُ۔ مصدر۔ اِيۡمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَاۡمَنُ۔ مصدر۔ اَمۡنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ عَمِلُوۡا: (انہوں نے کام کئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع م ل) صیغہ۔ عَمِلَ یَعۡمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ: (نیک۔ صالح۔ اچھے) لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ لَ: (بلاشبہ) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ نُدۡخِلَنَّ: (ہم ضرور بالضرور داخل کریں گے۔ شامل کریں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَدۡخَلَ یُدۡخِلُ مصدر۔ اِدۡخَالٌ۔ (داخل کرلینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (د خ ل) صیغہ۔ دَخَلَ یَدۡخُلُ۔ مصدر۔ دُخُوۡلًا۔ (داخل ہونا)۔ هُمۡ: (ان

کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الصّٰلِحِيْنَ: (نیکوکاروں۔اچھے۔صالح لوگوں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو ہم نیک لوگوں میں داخل کریں گے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنَ :(سے)النَّاسِ:(لوگوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ يَقُوْلُ:(کہتے ہیں۔کہیں گے)فعل مضارع۔واحد ذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔آمَنَّا:(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ: (ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔فَ:(پھر)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ أُوذِيَ:(تکلیف دی جائے گی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔آذٰى يُؤْذِىْ۔ مصدر۔ اِيْذَاءٌ۔(تکلیف دینا۔دکھ دینا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا) فعل ماضی واحدمذکرغائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ فِتْنَةَ :(آزمائش۔فتنہ)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔النَّاسِ :(لوگ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ كَ:(مانند) حرف جار تشبیہ۔عَذَابِ:(عذاب۔)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَئِنْ:(بلا شبہ۔اگر)مرکب :(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔+حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکرغائب۔فاعل۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔ صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِيْءٌ۔(آنا) ۔ نَصْرٌ:(کوئی فتح۔مدد)فاعل مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف ۔كَ:(تیرے)ضمیر

واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(بلاشبہ)لائے واقعہ برائے جواب شرط۔۔موطئۃ للقسم۔یَقُوْلُنَّ:(وہ ضرور بالضرور کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ضمہ برائے واؤ جمع محذوف۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل۔ مستتر تقدیراً ھُمْ۔مؤکد بانون ثقیلہ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔اِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب :(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ کُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستتر نَحْنُ۔ کَانَ کااسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا) ۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔اَ:(کیا)حرف استفہام۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَیْسَ:(نہیں)فعل ماضی جامد۔مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔رافع اسم۔ناصب خبر۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ) لَیْسَ کا اسم مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار زائدہ۔اَعْلَمَ:(زیادہ جاننے والا) افعل التفضیل۔لَیْسَ کی خبر منصوب۔بِمَا:(جوکچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فِیْ:(میں)حرف جار۔ صُدُوْرِ: (سینوں۔ دلوں) اسم مجرور۔مضاف۔ الْعٰلَمِیْنَ: (جہانوں)مجرور۔علامت۔ی۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور بعض لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے جب اُن کو اللہ(کے رستے) میں کوئی ایذا پہنچتی ہے تو لوگوں کی ایذا کو(یوں) سمجھتے ہیں جیسے اللہ کا عذاب۔ اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے مدد پہنچے تو کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ تھے۔کیا جو اہل عالم کے سینوں میں ہے اللہ اس سے واقف نہیں؟

وَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَیَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ﴿۱۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مؤطئۃ للقسم۔یَعْلَمَنَّ:(وہ ضرور بالضرور جان لے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اٰمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں

ہونا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔ مؤطئة للقسم ۔ يَعْلَمَنَّ :(وہ ضرور بالضرور جان لے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔ الْمُنَافِقِيْنَ:(نفاق پیدا کرنے والے۔ لوگوں کے درمیان سرنگیں نکالنے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ منصوب۔ علامت۔ ی۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور اللہ اُن کو ضرور معلوم کرے گا جو (سچے) مومن ہیں اور منافقوں کو بھی معلوم کر کے رہے گا۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ۭ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً فاعل مرفوع۔ كَفَرُوْا: (انہوں نے انکار کیا۔ کفر کیا۔) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک ف ر) صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔ (کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوْا :(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ اِتَّبِعُوْا:(تم پیروی کرو) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔ اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔ (پیروی کرنا۔ سَبِيْلَ:(راہ) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ نَا:(ہماری) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لْ:(چاہیئے کہ) لائے امر۔ جازم مضارع۔ نَحْمِلْ:(ہم اٹھائیں) فعل امر جمع متکلم۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل۔ مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ مؤکد بانون ثقیلہ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ح م ل) صیغہ۔ حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر۔ حَمْلًا۔ (اٹھانا۔ حاملہ ہونا)۔ خَطَايَا:(خَطِيْئَةٌ کی جمع۔ خطائیں۔ غلطیاں۔ گناہ) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) اعتراضیہ۔ مَا:(نہیں) نافیہ۔ لَيْسَ کا عمل کرتا

ہے۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔زائدہ۔برائے تقویۃ نفی۔ حَامِلِيْنَ:(اٹھانے والے)لفظاً مجرور۔محلاً اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مَا کی خبر مرفوع۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔خَطَايَا:(خَطِيْئَةٌ کی جمع۔خطائیں۔غلطیاں۔گناہ۔)اسم مجرور۔بالفتحہ۔محلاً تقدیراً مجرور۔مضاف۔ هُمْ: (ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مِّن :(سے)حرف جار۔ زائدہ۔شَيْءٍ:(کوئی شئے۔کوئی چیز) لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔كَاذِبُوْنَ:(جھوٹ بولنے والے۔ جھوٹے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً إِنَّ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو کافر ہیں وہ مومنوں سے کہتے ہیں کہ ہمارے طریق کی پیروی کرو ہم تمہارے گناہ اُٹھا لیں گے۔حالانکہ وہ اُن کے گناہوں کا کچھ بھی بوجھ اُٹھانے والے نہیں۔کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں۔

وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۫ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مؤطئة للقسم۔يَحْمِلُنَّ:(وہ ضرور بالضرور اٹھائیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ضمہ برائے واؤ جمع محذوف۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً فاعل۔ مستتر تقدیراً هُمْ۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا۔حاملہ ہونا۔)۔أَثْقَالَ:(بھاری بوجھ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)۔أَثْقَالًا:(بھاری بوجھ)منصوب۔مفعول مطلق۔ مَّعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔أَثْقَالِ:(بھاری بوجھ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ يُسْـَٔلُنَّ:(ضرور بالضرور پوچھا جائے گا) فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔ضمہ بعوض واؤ جمع ضمیر نائب فاعل۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)۔مہموز العین سَالَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سُؤَالًا۔(پوچھنا دریافت کرنا)۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الْقِيَامَةِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔عَمَّا:(اس سے جو) مرکب:(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔كَانُوْا:(وہ تھے۔ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ضمیر فاعل

مستترهُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَفْتَرُوْنَ(وہ جھوٹ باندھتے ہیں۔وہ افتراء کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ ضمیر فاعل مستترهُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ افتعال۔صیغہ۔اِفْتَرٰى يَفْتَرِىْ۔مصدر۔ اِفْتِرَاءٌ۔(بہتان باندھنا۔جھوٹا الزام لگانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ ۔فَرٰى يَفْرِىْ۔مصدر۔فَرْيًا۔فَرْيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰى بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَى اللَّحْمَ۔اَوْ۔البَصْلَ)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور یہ اپنے بوجھ بھی اُٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ اور(لوگوں کے) بوجھ بھی۔اور جو بہتان یہ باندھتے رہے قیامت کے دن اُن کی اُن سے ضرور پرسش ہو گی

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

وَ:(استئنافیہ)۔لَ (البتہ۔بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ(یقیناً)حرف تحقیق۔أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًنحن ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ نُوحًا:(نوحؑ)منصوب۔ مفعول بہ۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔قَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔لَبِثَ:(وہ رہا۔ٹھہرا۔قیام کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ب ث) صیغہ۔لَبِثَ يَلْبَثُ۔مصدر۔ لَبْثٌ۔ (ٹھہرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَلْفَ :(ایک ہزار) ظرف زمان۔منصوب۔ مضاف۔ سَنَةٍ:(سال)مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔خَمْسِيْنَ:(پچاس) مستثنٰی منصوب ۔عَامًا :(سال)منصوب۔تمیز۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَخَذَ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔الطُّوفَانُ:(طوفان)فاعل مرفوع۔وَ: (حالانکہ۔)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔ظَالِمُوْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًخبر

مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے نوحؑ کو اُن کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ ان میں پچاس برس کم ہزار برس رہے پھر اُن کو طوفان (کے عذاب) نے آ پکڑا۔اور وہ ظالم تھے۔

فَاَنْجَیْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِیْنَةِ وَجَعَلْنٰهَاۤ اٰیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۵﴾

فَ:(پھر) استئنافیہ۔أَنجَیْنَا:(ہم نے نجات دی۔ بچایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نجّٰی یُنَجِّی۔مصدر۔تَنْجِیَةٌ۔(نجات دینا۔بچا دینا۔بچا لینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و) ناقص واوی۔نَجَا یَنْجُو۔ مصدر۔نَجْوَی۔نَجْوًا (بچنا)۔هُ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔أَصْحَابَ:(والوں۔ساتھی۔) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔السَّفِیْنَةِ:(کشتی) مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ آیَةً :(آیت۔نشانی۔) منصوب مفعول بہ۔ثانی۔لِّ:(لئے) حرف جار۔الْعَالَمِیْنَ:(جہانوں کے) اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب صفت۔

ترجمہ آیت: پھر ہم نے نوحؑ کو اور کشتی والوں کو نجات دی اور کشتی کو اہل عالم کے لئے نشانی بنا دیا۔

وَاِبْرٰهِیْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔إِبْرَاهِیْمَ:(ابراہیمؑ) منصوب۔مفعول بہ۔إِذْ:(جب) ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔بمعنی ماضی۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لِ:(لئے) حرف جار۔قَوْمِ:(قوم۔لوگ) اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اُعْبُدُوْا:(عبادت کرو۔بندگی کرو۔غلامی کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د) صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ) منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔اتَّقُوْ:(تم ڈرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔باب افتعال۔

صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مقرون۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔وِقَایَۃٌ۔وَقْیًا۔(بچانا۔ محفوظ رکھنا۔دشمنوں سے بچانا)۔ہُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ذٰلِکُمْ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر کُمْ۔خطابیہ۔مبتداء مرفوع۔خَیْرٌ:(بہتر ہے)خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ کُنْتُمْ:(تم تھے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ اَنْتُمْ:محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔ (ہونا)۔تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔جملہ محلاً کی خبر منصوب۔جواب شرط۔ محذوف۔

ترجمہ آیت: اور ابراہیمؑ کو(یاد کرو) جب اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو اگر تم سمجھ رکھتے ہو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔

اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

اِنَّمَآ:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ تَعْبُدُوْنَ :(تم عبادت کرتے ہو۔پوجا کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ نصر۔ مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔ عِبَادَۃٌ۔ (عبادت کرنا۔پوجا کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ: (علاوہ۔سوا) ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہ کے)مجرور۔مضاف الیہ۔ اَوْثَانًا:(وَثَنٌ کی جمع بتوں کی)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔تَخْلُقُوْنَ:(تم پیدا کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ اِفْكًا:(جھوٹ۔بہتان) منصوب۔ مفعول بہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا

اسم منصوب۔تَعۡبُدُوۡنَ:(تم عبادت کرتے ہو۔پوجا کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ نصر۔ مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعۡبُدُ۔مصدر۔ عِبَادَۃٌ۔(عبادت کرنا۔پوجا کرنا)۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ دُوۡنِ: (علاوہ۔سوا) ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰہِ :(اللہ جل جلالہ کے)مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب ۔حال۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَمۡلِکُوۡنَ:(ملکیت رکھتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَکَ یَمۡلِکُ۔مصدر۔مَلۡکًا۔ملکیت ہونا۔ مالک ہونا۔اختیار رکھنا۔)لَ:(لئے)حرف جار۔کُمۡ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔رِزۡقًا: (رزق) منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔ابۡتَغُوۡا:(تم تلاش کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِبۡتَغٰی یَبۡتَغِیۡ۔مصدر۔اِبۡتِغَاءٌ۔ (چاہنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب ۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰی یَبۡغِیۡ۔مصدر۔بَغۡیًا۔بَغۡیَۃً۔(تلاش کرنا۔چاہنا۔خواہش کرنا۔ ظلم کرنا۔زیادتی کرنا)۔عِنۡدَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔ اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ الرِّزۡقَ :(رزق) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اُعۡبُدُوۡ:(عبادت کرو۔بندگی کرو۔غلامی کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔ عَبَدَ یَعۡبُدُ۔ مصدر۔عِبَادَۃٌ(عبادت کرنا۔۔بندگی کرنا)۔ہٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔اشۡکُرُوۡا:(تم قدر کرو۔شکر کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف ۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَکَرَ یَشۡکُرُ۔مصدر۔شُکۡرًا۔(قدر کرنا۔ شکر کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔اِلَیۡ:(طرف)حرف جار۔ہِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔تُرۡجَعُوۡنَ:(لوٹائے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذک رغائب۔ مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ر ج ع) صیغہ۔رَجَعَ یَرۡجِعُ۔مصدر۔رُجُوۡعًا۔مَرۡجَعًا۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔

ترجمہ آیت: توتم اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو پوجتے اور طوفان باندھتے ہو تو جن لوگوں کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو وہ تم کو رزق دینے کا اختیار

نہیں رکھتے پس اللہ ہی کے ہاں سے رزق طلب کرو اور اسی کی عبادت کرو اور اسی کا شکر کرو اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔

وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تُكَذِّبُوْا :(تم جھٹلاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔فعل شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔ كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔ كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ اُمَمٌ:(اُمَّةٌ کی جمع۔ امتوں۔قوموں نے)فاعل مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔آگے صلہ اِلَّا آیا ہے معنی منفی ہو گا۔ عَلَى:(پر۔اوپر)حرف جار۔ الرَّسُوْلِ:(پیغمبر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مرفوع۔ خبر مقدم۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ الْبَلٰغُ:(تبلیغ کرنے کے پہنچانے کے)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ موصوف۔الْمُبِيْنُ: (واضح۔کھول کھول کر۔کھلم کھلا)صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر تم(میری) تکذیب کرو تو تم سے پہلے بھی اُمتیں (اپنے پیغمبروں کی) تکذیب کر چکی ہیں۔اور پیغمبر کے ذمے کھول کر سنا دینے کے سوا اور کچھ نہیں۔

اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾

اَ:(کیا)حرف استفہام۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَرَوْا :(انہوں نے دیکھا) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كَيْفَ:(کیسے؟)اسم استفہام۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔يُبْدِئُ:(ابتداء کرتا ہے۔پیدا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْدَاَ يُبْدِئُ۔مصدر۔اِبْدَاءً۔(ابتداء کرنا۔پہلی دفعہ کوئی کام کرنا۔ایجاد

کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب دء)مہموز الفاء۔صیغہ۔بَدَءَ یَبْدَؤُ۔مصدر۔بَدْءًا۔(ابتداء کرنا۔شروع کرنا)۔ اَللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ اَلْخَلْقَ: (پیدائش۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔ ثُمَّ:(پھر)استئنافیہ۔ یُعِیدُ:(وہ لوٹائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھو۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَادَ یُعِیدُ۔مصدر۔اِعَادَةً(لوٹانا۔دوبارہ دہرانا۔اعادہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ع وذ)اجوف واوی۔صیغہ۔عَادَ یَعُوْدُ۔مصدر۔عَوْدًا۔عودۃ۔(واپس ہونا۔لوٹنا۔دور ہونا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب: (ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اسم منصوب۔ عَلَی:(پر)حرف عطف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔یَسِیْرٌ:(آسان ہے)اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ کس طرح خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا پھر (کس طرح) اس کو بار بار پیدا کرتا رہتا ہے۔ یہ اللہ کو آسان ہے۔

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۚ﴿۲۰﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔مبنی بر سکون۔ضمیر فاعل مستتر اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔سِیْرُوْا:(چلو پھرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(س ی ر)اجوف یائی۔صیغہ۔سَارَ یَسِیْرُ مصدر۔سَیْرًا۔(سیر کرنا۔چلنا پھرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اُنْظُرُوْا:(تم دیکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ کَیْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔بَدَاَ:(اس نے ابتداء کی۔شروع کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب دء)مہموز الفاء۔صیغہ۔بَدَءَ یَبْدَؤُ۔مصدر۔بَدْءًا۔(ابتداء کرنا۔شروع کرنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ اَلْخَلْقَ: (پیدائش۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ یُنْشِئُ:(وہ پیدا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح،کرم۔صیغہ۔نَشَاَ یَنْشَاُ / نَشُؤَ یَنْشُؤُ۔مصدر۔نَشْاً۔نُشُوْءً۔نَشَاَةً

۔(ابھرنے والی۔ نشوونما پانا۔زندہ رہنا۔ تخلیق کرنا۔چڑھنا۔پیدا کرنا)۔ النَّشْأَةَ:(پیدا کرنا)منصوب۔ مفعول مطلق۔الْآخِرَةَ: (آخرت)صفت منصوب۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ:(کوئی شئے۔کچھ بھی)مجرور مضاف الیہ۔قَدِيرٌ:(بہت ٹھیک ٹھیک اندازے۔پیمانے۔اقدار پیدا کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ ملک میں چلو پھرو اور دیکھو کہ اس نے کس طرح خلقت کو پہلی دفعہ پیدا کیا ہے پھر اللہ ہی پچھلی پیدائش پیدا کرے گا۔بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾

يُعَذِّبُ:(وہ عذاب دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔عَذَّبَ يُعَذِّبُ۔مصدر۔تَعْذِيبٌ۔(عذاب دینا۔سزاء دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرُم۔مادہ(ع ذ ب) صیغہ۔عَذُبَ يَعْذُبُ۔ مصدر۔عُذُوبَةٌ۔(میٹھا۔اچھا۔مزیدار۔هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّ هٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ)۔ مَنْ: (جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ يَشَاءُ:(جسے چاہے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَرْحَمُ:(وہ رحم کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ر ح م)صیغہ۔رَحِمَ يَرْحَمُ۔ مصدر۔رَحْمًا۔(رحم کرنا)۔ مَنْ:(جسے) :(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ يَشَاءُ:(وہ چاہے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ تُقْلَبُونَ:(تم لوٹائے جاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ل ب)صیغہ۔قَلَبَ يَقْلِبُ۔ مصدر۔قَلْبًا۔(پلٹنا۔لوٹنا)۔

ترجمہ آیت: وہ جسے چاہے عذاب دے اور جس پر چاہے رحم کرے۔اور اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

وَمَآ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ‌ وَمَا لَـكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿۲۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل کرتا ہے أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائد۔برائے تقوية منفی۔مُعْجِزِيْنَ:(کمزور کرنے والے۔عاجز کرنے والے)لفظاً مجرور۔ محلاً اسم فاعل۔ جمع۔محلاً مَا کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔زئدہ۔فِي:(میں)حرف جار۔السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَالَ:(مال و دولت) منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مِّنْ: (سے)حرف جار۔زائدہ۔دُوْنِ:(سوا۔علاوہ)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ وَلِيٍّ:(ساتھی۔کارساز۔حامی۔سرپرست۔دوست)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔نَصِيْرٍ:(مددگار۔)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: اور تم (اُس کو) نہ زمین میں عاجز کر سکتے ہو نہ آسمان میں اور نہ اللہ کے سوا تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ مددگار۔

وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖۤ اُولٰٓـئِكَ يَئِسُوۡا مِنۡ رَّحۡمَتِىۡ وَاُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَ لِيۡمٌ ﴿۲۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے انکار کیا۔کفر کیا۔اللہ کے احکام کو ماننے سے بغاوت کی)۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ضمیر مبنی بر سکون۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِقَاءِ:(ملاقات)معطوف مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أُوْلَئِكَ: (وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔يَئِسُوْا:(وہ مایوس ہو گئے ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب (ی ء س)مثال یائی۔مہموز العین۔صیغہ۔يَئِسَ يَيْأَسُ۔مصدر۔يَاْسًا۔يَاسَةً (مایوس ہونا۔ناامید ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّحْمَتِ:(رحمت۔مہربانی۔کرم۔نوازش۔شفقت)اسم مجرور۔مضاف۔ يْ:(میری) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔

محلاً مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ عَذَابٌ:(عذاب)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔موصوف۔أَلِيمٌ:(انتہائی دردناک۔)صفت مجرور۔

ترجمہ آیت: اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں سے اور اس کے ملنے سے انکار کیا وہ میری رحمت سے نااُمید ہو گئے ہیں اور ان کو درد دینے والا عذاب ہو گا۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(وہ تھا۔ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر فاعل مستترهُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ جَوَابَ:(جواب)كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔قَوْمِ: (قوم۔لوگ) مجرور مضاف الیہ۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ ناصب مضارع۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستترهُمْ۔اور کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔اُقْتُلُوْ:(تم قتل کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔جھگڑا کرنا۔حق سلب کر دینا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔حَرِّقُوْ:(تم جلادو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔حَرَّقَ يُحَرِّقُ۔مصدر۔تَحْرِيْقًا۔(جلانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَنْجَا:(اس نے نجات دلائی۔بچایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ اَنْجٰى يُنْجِيْ۔مصدر۔اِنْجَاءٌ۔(نجات دلانا۔بچانا)۔) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔نَجْوٰى۔نَجْوًا(بچنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔النَّارِ:(آگ)اسم مجرور۔ إِنَّ (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ +بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدم مرفوع۔ لَ:(بلاشبہ)لائے

تاکید۔مزحلقه۔آيَاتٍ:(آیات)إِنَّ کا اسم منصوب۔لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ : (قوم۔لوگ)اسم مجرور۔يُؤْمِنُونَ:(ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔جملہ محلاً صفت مجرور۔تابع موصوف "قَوْمٍ "۔

ترجمہ آیت: تواُن کی قوم کے لوگ جواب میں بولے تو یہ بولے کہ اُسے مار ڈالو یا جلادو۔ مگر اللہ نے اُن کو آگ (کی سوزش) سے بچالیا۔جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اُن کے لئے اس میں نشانیاں ہیں۔

وَقَالَ إِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّمَا:(در حقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب: (إِنَّ+مَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔اِتَّخَذْتُمْ:(تم نے پکڑ لیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔أَوْثَانًا:(وَثْنٌ کی جمع۔بت)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَّوَدَّةَ:(محبت۔پیار۔)منصوب۔مفعول لہٗ۔مضاف۔ بَيْنِ:(درمیان) ظرف مکان۔مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِي: (میں) حرف جار۔الْحَيَاةِ:(زندگی)اسم مجرور۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً مجرور صفت۔تابع موصوف۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الْقِيَامَةِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔يَكْفُرُ:(وہ کفر کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بَعْضُ:(بعض۔کچھ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر

سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔بَعْضٍ:(کچھ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَلْعَنُ:(وہ لعنت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ل ع ن)صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنُ۔ مصدر۔لَعْنًا۔(لعنت کرنا۔دور کرنا)۔ بَعْضُ:(بعض۔کچھ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَعْضًا:(کچھ کو)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَأْوَا:(ٹھکانہ۔)ظرف مکان۔ مبتداء مرفوع۔تقدیراً مضموم۔مضاف۔كُمُ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ النَّارُ: (آگ۔دوزخ)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔نَّاصِرِيْنَ:(مدد گار۔ مدد کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ابراہیم نے کہا کہ تم جو اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو لے بیٹھے ہو تو دنیا کی زندگی میں باہم دوستی کے لئے (مگر) پھر قیامت کے دن تم ایک دوسرے (کی دوستی) سے انکار کر دو گے اور ایک دوسرے پر لعنت بھیجو گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہو گا اور کوئی تمہارا مدد گار نہ ہو گا۔

فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۶﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔آمَنَ:(وہ ایمان لایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً اسم مجرور۔لُوْطٌ:(لوطؑ)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اِنِّيْ:(بے شک میں)مرکب:(اِنِّ+يْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ی۔ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔مُهَاجِرٌ:(ہجرت کرنے والا)اسم فاعل۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔اِلٰى: (طرف)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِنَّ حرف تاکید۔مشبہ

بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً الْعَزِيزُ:(زبردست عزت والا)مبالغہ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ الْحَكِيمُ:(خوب حکمت والا)مبالغہ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: پس اُن پر(ایک) لوط ایمان لائے اور (ابراہیم) کہنے لگے کہ میں اپنے پروردگار کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں۔ بیشک وہ غالب حکمت والا ہے۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٢٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔وَهَبْنَا:(ہم نے عطا کیا۔تحفہ دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(وھ ب)مثال واوی۔صیغہ۔وَهَبَ يَهَبُ۔مصدر۔وَهْبًا۔(تحفہ دینا۔عطا کرنا۔عنایت کرنا۔بخشنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔إِسْحَقَ:(اسحاقؑ)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَعْقُوبَ :(یعقوبؑ)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔فِي: (میں)حرف جار۔ ذُرِّيَّتِ:(بچے۔اولاد۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ النُّبُوَّةَ :(نبوت۔پیغمبر)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْكِتَابَ:(کتاب)منصوب ۔مفعول بہ ثانی۔ وَ: (اور)حرف عطف۔آتَيْنَا:(ہم نے دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِي۔ مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَجْرَ: (بدلہ۔اجر)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔هُ :(اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي: (میں)حرف جار۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔هُ :(وہ)) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ فِي: (میں)حرف جار۔ الْآخِرَةِ :(آخرت۔قیامت۔)اسم مجرور۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال ما

بعد۔الصَّالِحِيْنَ:(نیک لوگ۔ اصلاح کرنے والے۔ درستی کرنے والے)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے اُن کو اسحٰق اور یعقوب بخشے اور اُن کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب (مقرر) کر دی اور ان کو دنیا میں بھی اُن کا صلہ عنایت کیا اور وہ آخرت میں بھی نیک لوگوں میں ہوں گے۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۫ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لُوطًا:(لوطؑ)منصوب مفعول بہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔قَالَ: (اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستترھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لِ:(لئے)۔حرف جار۔قَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کی۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضافالیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔تَأْتُوْنَ:(تم آتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔أَتَىٰ يَأْتِيْ۔مصدر۔إِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔
الْفَاحِشَةَ:(فحاشی۔بد عملی)منصوب۔مفعول بہ۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔سَبَقَ:(پہلے۔آگے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(س ب ق)صیغہ۔سَبَقَ يَسْبِقُ۔ مصدر۔ سَبْقًا۔(آگے بڑھنا۔ پہلے پہنچنا۔پہل کرنا۔گزرنا)۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔أَحَدٍ:(کوئی ایک) لفظاً مجرور۔محلاً فاعل۔مرفوع۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔الْعَالَمِيْنَ:(جہانوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور لوط(کو یاد کرو) جب اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم(عجب) بے حیائی کے مرتکب ہوتے ہو۔تم سے پہلے اہل عالم میں سے کسی نے ایسا کام نہیں کیا۔

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا

بِعَذَابِ اللّٰهِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾

أَئِنَّ:(کیا یقیناً)مرکب : (أَ+إِنَّ)حرف استفہام+حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے مزحلقہ۔تَأْتُونَ:(تم آتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔أَتَى يَأْتِي۔مصدر۔إِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ الرِّجَالَ:(الرَّجُلُ کی جمع مرد۔آدمی)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَقْطَعُونَ:(تم راستے کاٹتے ہو۔ڈاکے مارتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع) صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔مصدر۔قَطْعًا۔(کاٹنا)۔ السَّبِيلَ:(راہ)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَأْتُونَ:(تم آتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔أَتَى يَأْتِي۔مصدر۔إِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ فِي:(میں)حرف جار۔نَادِي:(کلب۔ایسی مجلس جو بے حیائی کا ٹھکانہ ہو)اسم مجرور۔مضاف۔كُمُ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْمُنْكَرَ:(ایسا قول یا عمل جس کو دل و دماغ برا جانے۔ناپسندیدہ کام۔برا کام۔برائی۔)اسم مفعول واحد مذکر۔فَ:(تو)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(وہ تھا۔ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ جَوَابَ:(جواب)منصوب۔مفعول بہ۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔ قَوْمِ:(قوم۔لوگ)مجرور ۔مضاف الیہ۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔أَنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔قَالُوا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اِئْتِ:(تو لے آ)فعل امر۔واحد مذکر حاضر۔اصلاً اِئْتِيْ تھا۔حرف علت بوجہ التقائے ساکنین محذوف۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔أَتَى يَأْتِي۔مصدر۔إِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ نَا:(ہمارے پاس)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔

عَذَابِ:(عذاب)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ إِنْ: (اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ:(تم ہو) فعل ناقص جمع مذکر حاضر۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ (ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔ صَادِقِيْنَ:(سچ بولنے والے۔سچے)اسم فاعل۔جمع مذکر اسم۔مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر۔ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: تم کیوں (لذت کے ارادے سے) لونڈوں کی طرف مائل ہوتے اور(مسافروں کی) رہزنی کرتے ہو اور اپنی مجلسوں میں ناپسندیدہ کام کرتے ہو۔تو اُن کی قوم کے لوگ جواب میں بولے تو یہ بولے کہ اگر تم سچے ہو تو ہم پر عذاب لے آؤ

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ رَبِّ :(اے میرے ربّ)مرکب :(يَا+رَبِّ+يْ)حرف نداء محذوف۔+منادیٰ منصوب مضاف۔کسرہ بعوض یائے متکلم۔+ضمیر واحد متکلم محذوف۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ اُنْصُرْ:(تو مدد کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔ مصدر۔ نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَلَى:(پر۔اوپر)حرف اجر۔ الْقَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔موصوف۔ الْمُفْسِدِيْنَ:(فساد کرنے والے۔کرپشن کرنے والے۔بگاڑ پیدا کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور علامت ی۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: لوطؑ نے کہا کہ اے میرے پروردگار ان مفسد لوگوں کے مقابلے میں مجھے نصرت عنایت فرما

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَمَّا (جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔حِيْنَ کا ہم معنی۔جَاءَتْ:(تو آئی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔تْ ساکن علامت ضمیر تانیث۔محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِيْئٌ۔(آنا)۔ رُسُلُنَا:(ہمارے پیغمبر)مرکب۔(رُسُلُ+نَا)فاعل۔مضاف۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ کو)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْبُشْرَى:(خوشخبری)اسم

مجرور۔تقدیراً مکسور۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر هُمْ۔ محلاً مجزوم۔ فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اِنَّا:(یقیناً ہم) مرکب:(اِنَّ+نَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ مُهْلِكُوْ:(وہ ہلاک کرنے والے) اسم فاعل۔جمع مذکر۔ اِنَّ کی خبر منصوب۔ مضاف۔ اَهْلِ:(اہل۔لوگ۔ تعلقہ دار) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هٰذِهِ:(اس) اسم اشارہ قریب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مضاف الیہ۔ الْقَرْيَةِ:(بستی) مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ اَهْلَ:(اہل۔لوگ۔ تعلقہ دار) اِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ هَا: (اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ كَانُوْا:(وہ تھے۔ہیں) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ ظٰلِمِيْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے) اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جب ہمارے فرشتے ابراہیم کے پاس خوشی کی خبر لے کر آئے تو کہنے لگے کہ ہم اس بستی کے لوگوں کو ہلاک کر دینے والے ہیں کہ یہاں کے رہنے والے نافرمان ہیں۔

قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ڭ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔ هَا: (اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ لُوْطًا:(لوطؑ) اِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔ مفعول بہٖ۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ نَحْنُ:(ہم) ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ اَعْلَمُ:(وہ زیادہ علم رکھنے والا ہے) افعل التفضیل۔ خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ مَنْ:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ هَا: (اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ نُنَجِّيَنَّ:(ہم ضرور بچالیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔

صیغہ۔نَجّٰی یُنَجِّیْ۔مصدر۔تَنْجِیَۃٌ۔(نجات دینا۔بچا دینا۔بچا لینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا یَنْجُو۔مصدر۔نَجْوٰی۔نَجْوًا(بچنا)۔ ہٗ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَھْلَ:(اہل۔لوگ۔تعلقہ دار)معطوف منصوب۔مضاف۔ہٗ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔اِمْرَأَتَ:(عورت۔بمعنی لوطؑ کی بیوی) منصوب۔مستثنٰی۔مضاف۔ہٗ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔کَانَتْ:(وہ تھی۔ہے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔۔ ضمیر فاعل مستترھِیَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ: (سے)حرف جار۔الْغَابِرِیْنَ:(پیچھے رہ جانے والوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: ابراہیم نے کہا کہ اس میں تو لوط بھی ہیں۔وہ کہنے لگے کہ جو لوگ یہاں (رہتے) ہیں ہمیں سب معلوم ہیں۔ہم اُن کو اور اُن کے گھر والوں کو بچا لیں گے بجز اُن کی بیوی کے وہ پیچھے رہنے والوں میں ہو گی۔

وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِیْنَ ﴿۳۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَمَّا (جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔حِیْنَ کا ہم معنی۔ أَنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ جَاءَتْ:(تو آئی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔تْ ساکن علامت ضمیر تانیث۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً ھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔ صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیْئٌ۔ مَجِیْئٌ۔ (آنا)۔ رُسُلُنَا:(ہمارے پیغمبر) مرکب۔(رُسُلُ+نَا) فاعل۔ مضاف۔ + ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لُوطًا:(لوطؑ)منصوب۔مفعول بہٖ۔سِيْءَ:(برا ہوا۔رنجیدہ ہوا۔ غمگین ہوا۔)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔جملہ محلاً جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔سَاءَ یَسُوْءُ ۔مصدر۔سُوْءً۔مَسَائَۃً۔(غمگین ہونا۔رنجیدہ ہونا۔برا ہونا) بِ: (ساتھ)حرف جار۔ھِمْ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ضَاقَ:(وہ تنگ ہوا۔) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ی ق)اجوف یائی۔ صیغہ۔ ضَاقَ یَضِیْقُ۔مصدر۔ضَیْقًا۔ضِیْقًا۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ھِمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور اگر اُن سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا۔ اور سورج اور چاند کو کس نے (تمہارے) زیر فرمان کیا تو کہہ دیں گے اللہ نے۔ تو پھر یہ کہاں اُلٹے جا رہے ہیں۔

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۲﴾

اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہ) مبتداء مرفوع۔ يَبْسُطُ: (کشادہ کرتا ہے۔ زیادہ کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ب س ط) صیغہ۔ بَسَطَ يَبْسُطُ۔ مصدر۔ بَسْطًا۔ (کشادہ کرنا)۔ الرِّزْقَ: (رزق۔ روزی روٹی۔ سامان زیست) منصوب مفعول بہ۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ مَنْ: (جسے) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ يَشَاءُ: (وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ عِبَادِ: (بندوں اسم مجرور۔ مضاف۔ هِ: (اس کے۔ اپنے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ يَقْدِرُ: (اندازے کے مطابق دیتا ہے۔ تنگ کر دیتا ہے۔) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ق د ر) صیغہ۔ قَدَرَ يَقْدِرُ۔ مصدر۔ قَدْرًا۔ (اندازہ کرنا۔ تخمینہ لگانا) لَ: (لئے) حرف جار۔ هٗ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ اِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہ) اِنَّ کا اسم منصوب۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ كُلِّ: (تمام۔ ہر ایک) اسم مجرور۔ مضاف۔ شَيْءٍ: (کچھ بھی) مجرور مضاف الیہ۔ عَلِيْمٌ: (خوب جاننے والا ہے) مبالغہ۔ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اللہ ہی اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے بیشک اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۳﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ لَئِنْ: (بلاشبہ اگر) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ + حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ سَاَلْتَ: (تو نے دریافت کیا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (س ء ل) صیغہ۔ سَئَلَ يَسْئَلُ۔ (سَالَ يَسْئَالُ) مصدر۔

سَؤَالًا۔(پوچھنا۔جاننا۔دریافت کرنا۔سوال کرنا)۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مَّنْ:(کس نے)اسم استفهام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔نَزَّلَ:(اس نے اتارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔مِنَ:(سے)حرف جار۔السَّمَآءِ:(آسمان)اسم مجرور۔مَآءً:(پانی)منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔اَحْيَا:(اس نے زندگی دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰ يُحْيِيْ۔مصدر۔اِحْيَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰي۔مصدر۔حَيَاةٌ(زندہ رہنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔الْاَرْضَ:(زمین کو) منصوب مفعول بہ۔مِنْۢ:(سے)حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔مَوْتِ:(موت کے۔مرنے کے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ: (یقیناً) لائے واقعہ جواب شرط۔يَقُوْلُنَّ:(وہ ضرور بالضرور کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ محذوف ان کے عوض ضمہ۔برائے جمع۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جواب قسم۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ نے)مبتداء مرفوع۔خبر محذوف۔تقدیراً(اَنْزَلَ)قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔الْحَمْدُ:(الحمد۔سب تعریفیں)مبتداء مرفوع۔لِلّٰهِ:(اللہ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔اَكْثَرُ:(اکثر)افعل التفضیل۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا :(نہیں)نافیہ۔يَعْقِلُوْنَ (تم عقل رکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(عقل رکھنا۔سوجھ بوجھ رکھنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمان سے پانی کس نے نازل فرمایا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد (کس نے)

زندہ کیا تو کہہ دیں گے کہ اللہ نے۔ کہہ دو کہ اللہ کا شکر ہے۔ لیکن ان میں اکثر نہیں سمجھتے۔

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ۭ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔هَذِهِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْحَيَاةُ:(زندگی) خبر مرفوع۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔صفت مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ لَهْوٌ:(تماشہ۔دل لگی)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَعِبٌ:(کھیل)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔ الدَّارَ:(گھر)کا اسم منصوب۔موصوف۔الْآخِرَةَ :(آخرت۔قیامت)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔هِيَ:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْحَيَوَانُ:(حیوان)خبر مرفوع۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔كَانُوا :(وہ تھے)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) ناصب خبر ۔رافع اسم۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ضمیر فاعل ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ يَعْلَمُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور یہ دنیا کی زندگی تو صرف کھیل اور تماشہ ہے اور (ہمیشہ کی) زندگی (کا مقام) تو آخرت کا گھر ہے۔کاش یہ (لوگ) سمجھتے

فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڬ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٥﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔رَكِبُوا:(وہ سوار ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ فعل شرط۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ر ک ب)صیغہ۔رَكِبَ يَرْكَبُ مصدر۔رَكْبًا۔رُكُوْبًا۔(سوار ہونا)فِي :(میں)حرف جار۔الْفُلْكِ:(کشتی)اسم مجرور۔ دَعَوا:(انہوں نے پکارا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔محلاً فعل جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔ مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ(پکارنا۔بلانا)۔ اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہ۔ مُخْلِصِيْنَ: (مخلص کی جمع۔خالص کرنے والے۔خالص کرتے ہوئے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔علامت۔ی۔حال۔ لَ:(لئے) حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔الدِّيْنَ:(دین۔اصول۔طریقہ) منصوب۔مفعول بہ۔

فَ:(پس)حرف عطف۔لَمَّا(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ حِيْنَ کاہم معنی۔نَجّٰا:(اس نےبچالیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَجّٰی يُنَجِّيْ۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔(نجات دینا۔بچا دینا۔بچالینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔نَجْوَى۔نَجْوًا(بچنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِلَى:(طرف)حرف جار۔ الْبَرِّ:(خشکی)اسم مجرور۔ اِذَا :(اچانک۔ ناگہاں) ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔فجائیہ۔ بمعنی مستقبل۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يُشْرِكُوْنَ:(شریک ٹھہراتے ہیں۔شریک بنا لیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔ افعال۔ صیغہ۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔ اِشْرَاكٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔شَرِكَ يَشْرَكُ۔ مصدر۔شِرْكًا۔ (ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: پھر جب یہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو اللہ کو پکارتے (اور) خالص اُسی کی عبادت کرتے ہیں۔ لیکن جب وہ اُن کو نجات دے کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو جھٹ شرک کرنے لگے جاتے ہیں۔

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾

لِ:(تاکہ)لائے تاکید۔ناصب مضارع۔يَكْفُرُوْا:(وہ انکار کریں۔ناشکری کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔ منصوب۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُمْ۔:(ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا۔ناشکری کرنا)۔بِمَا:(جوکچھ) مرکب: (بِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔اٰتَيْنَا:(ہم نے دیا۔عطا کیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يَتَمَتَّعُوْا: (وہ فائدہ اٹھائیں۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید

فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔مَتَّعَ یُمَتِّعُ۔ مصدر۔ تَمْتِیْعٌ۔ (فائدہ پہنچانا۔فائدہ دینا)۔ فَ:(تو)حرف عطف۔سَوْفَ:(جلد ہی) حرف استقبال۔ یَعْلَمُوْنَ :(تم جان لوگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔

ترجمہ آیت: تاکہ جو ہم نے اُن کو بخشا ہے اُس کی ناشکری کریں اور فائدہ اٹھائیں (سو خیر) عنقریب اُن کو معلوم ہو جائے گا۔

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّیُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَكْفُرُوْنَ ﴿٦٧﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَرَوْا:(انہوں نے دیکھا۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔ اَنَّا:(یقیناً ہم)مرکب :(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رافع خبر۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔حَرَمًا:(حرم۔ قابل احترام۔ قابل عزت۔)منصوب۔ مفعول بہ۔موصوف۔آمِنًا:(امن والا)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُتَخَطَّفُ:(اچک لیا گیا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔تَخَطَّفَ يَتَخَطِّفُ۔مصدر۔تَخَطُّفٌ۔(اچک لینا)۔ النَّاسُ: (لوگ)نائب فاعل۔مرفوع۔محلاً منصوب۔حال۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ حَوْلِ:(گرداگرد۔)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام انکاری ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبَاطِلِ:(باطل۔ جھوٹ)اسم مجرور۔ يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً فاعل مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ نِعْمَةِ:(نعمت)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔يَكْفُرُوْنَ:(وہ انکار کرتے ہیں۔ناشکری کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علاامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا۔ناشکری کرنا)۔

ترجمہ آیت: کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے حرم کو مقام امن بنایا ہے اور لوگ اس کے گردونواح سے اُچک لئے جاتے ہیں۔ کیا یہ لوگ باطل پر اعتقاد رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(کون)اسم استفہامیہ۔شرطیہ۔مبتداء مرفوع۔ أَظْلَمُ:(زیادہ ظالم۔)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ مِمَّنِ :(اس میں سے)مرکب:(مِنْ+مَّنْ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔اَفْتَرَی:(اس نے جھوٹ گھڑا۔بہتان تراشی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِفْتَرٰی یَفْتَرِیْ۔مصدر۔اِفْتِرَاءٌ۔(بہتان باندھنا۔جھوٹا الزام لگانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔فَرٰی یَفْرِیْ۔مصدر۔فَرْیًا۔فَرْیَۃً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰی بَطْنَ الشَّاۃِ۔فَرَی اللَّحْمَ۔اَوْ۔البَصَلَ)۔عَلَی :(پر)حرف جار۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ کَذِبًا: (جھوٹ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ کَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔ مصدر۔ تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔ کِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْحَقِّ: (حق۔سچ۔)اسم مجرور۔لَمَّا(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔حِیْنَ کا ہم معنی۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔مصدر۔ جِیئٌ۔مَجِیْئٌ۔(آنا) ۔ہٗ:(اس کے پاس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔أَ:(کیا)حرف عطف۔لَیْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔فِي:(میں)حرف جار۔جَهَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًلَیْسَ کی خبر منصوب۔مقدم۔مَثْوًی:(ٹھکانہ) لَیْسَ کا اسم مؤخر منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْکَافِرِیْنَ:(ناشکری کرنے والے۔کفر کرنے والے۔انکار کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور اس سے ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا جب حق بات اُس کے پاس آئے تو اس کی تکذیب کرے۔کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۶۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔ جَاهَدُوْا :(انہوں نے جہاد کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَاهَدَ یُجَاهِدُ۔مصدر۔مُجَاهَدَۃٌ۔

(جہاد کرنا۔کوشش کرنا۔محنت کرنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ لَ: (یقیناً)لائے تاکید۔موطئة للقسم ۔نَهۡدِيَنَّ:(ہم ضرور بالضرور ہدیات دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ دی)صیغہ۔هَدٰی يَهۡدِیۡ۔ تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ سُبُلَ:(سَبِيۡلٌ کی جمع۔راہیں۔راستے)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً الَّذِيۡنَ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ۔)لائے تاکید۔ مزحلقه۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً مضاف۔ الۡمُحۡسِنِيۡنَ:(احسان کرنے والوں۔ حسن سلوک سے پیش آنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں نے ہمارے لئے کوشش کی ہم اُن کو ضرور اپنے رستے دکھادیں گے۔اور اللہ تو نیکوکاروں کے ساتھ ہے۔

30 سُوْرَةُ الرُّوْمِ

رکوعاتها 6 | 30 سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ 74 | اٰياتها 60

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾

الٓمّٓ ۚ از حروف مقطعات۔القابات الرسولِ۔ ان کا مطلب اللہ جل جلالہ ہی بہت جانتا ہے۔

غُلِبَتِ الرُّوۡمُ ﴿۲﴾

غُلِبَتِ:(وہ مغلوب ہو گئے)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ل ب)صیغہ۔غَلَبَ يَغْلِبُ۔مصدر۔غَلْبًا۔غَلَبَةً۔(غلبہ پانا۔زیر تسلط رکھنا)۔ الرُّوْمُ: (روم۔یعنی روم کے لوگ)۔نائب فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اہلِ) روم مغلوب ہو گئے۔

فِیۡۤ اَدۡنَی الۡاَرۡضِ وَ ہُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ غَلَبِہِمۡ سَیَغۡلِبُوۡنَ ﴿۳﴾

فِي:(میں)حرف جار۔ أَدْنَىٰ:(بہت قریب۔مصدر۔دُنُوٌّ)افعل التفضیل۔اسم مجرور۔مضاف۔ الْأَرْضِ :(زمین)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔غَلَبِ:(غلبہ پانا)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ سَ:(جلد ہی)حرف استقبال۔يَغْلِبُوْنَ:(وہ غلبہ پالیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ل ب) صیغہ۔غَلَبَ يَغْلِبُ۔ مصدر۔غَلْبًا۔غَلَبَةً۔(غلبہ پانا۔زیر تسلط رکھنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۬ؕ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۴﴾

فِي:(میں)حرف جار۔ بِضْعِ :(چند)اسم مجرور۔مضاف۔سِنِيْنَ:(سالوں)مجرور۔مضاف الیہ۔علامت۔ی۔ لِلّٰهِ :(اللہ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔الْأَمْرُ:(امر۔حکم۔معاملہ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے۔) ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدُ:(بعد۔)ظرف زمان۔مبنی برضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَوْمَئِذٍ :(اس دن۔جب)مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ مجرور۔مضاف الیہ۔تنوین کسرہ۔بعوض۔جملہ۔ يَفْرَحُ :(وہ خوش ہو گا۔اترائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ يَفْرَحُ۔مصدر۔فَرْحًا۔(خوش ہونا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ الْمُؤْمِنُوْنَ:(ایمان والے۔ایماندار)فاعل جمع مذکر۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: چند ہی سال میں پہلے بھی اور پیچھے بھی اللہ ہی کا حکم ہے اور اُس روز مومن خوش ہو جائیں گے۔

بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾

بِ:(ساتھ)حرف جار۔نَصْرِ:(مدد)اسم مجرور۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔يَنْصُرُ:(وہ مدد کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔ مصدر۔ نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًيَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الْعَزِيْزُ : (خوب زبردست عزت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الرَّحِيْمُ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔ خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: (یعنی) اللہ کی مدد سے۔وہ جسے چاہتا ہے مدد دیتا ہے اور وہ غالب (اور) مہربان ہے۔

وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶﴾

وَعْدَ:(وعدہ)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُخْلِفُ:(وہ خلاف کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْلَفَ يُخْلِفُ۔مصدر۔ اِخْلَافٌ۔(اس نے خلاف کرنا۔خلاف ورزی کی۔قانون شکنی کی)۔ضمیر فاعل مستتر نَحْنُ۔جملہ محلاً صفت۔منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ف)صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر۔خَلَافًا۔(پیچھے ہونا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ وَعْدَ:(وعدہ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ہٗ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ: (اور/حالانکہ) حرف عطف۔یا حالیہ۔لٰكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اَكْثَرَ:(اکثر۔زیادہ تر) افعل التفضیل۔لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔النَّاسِ:(لوگ)مجرور۔مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يَعْلَمُوْنَ:(وہ عمل کرتے ہیں)ضمیر فاعل مستتر هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔جملہ محلاً حال ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: (یہ) اللہ کا وعدہ(ہے) اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَ هُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٧﴾

يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں) ضمیر فاعل مستتر هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔ ظَاهِرًا :(ظاہری طور پر۔ظاہر۔کھلا۔واضح۔آشکارا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِّنَ : (سے)حرف جار۔الْحَيَاةِ:(زندگی)اسم مجرور۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔وَ: (اور) حرف عاطف۔حالیہ۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔عَنِ:(بارے میں۔سے)حرف جار۔الْاٰخِرَةِ:(آخرت۔قیامت۔) هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً برائے تاکید۔ غَافِلُوْنَ:(غفلت کرنے والے۔لاپرواہ لوگ۔بے خبر لوگ)اسم فاعل۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔ملہ محلاً منصوب۔حال۔

یہ تو دنیا کی ظاہری زندگی کو جانتے ہیں۔اور آخرت(کی طرف) سے غافل ہیں

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۫ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ﴿٨﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔یَتَفَکَّرُوْا:(انہوں نے غور کیا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف ۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَفَکَّرَ یَتَفَکَّرُ۔مصدر۔تَفَکُّرٌ۔(فکر کرنا۔غور و خوض کرنا۔)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔أَنْفُسِ:(نفسوں۔جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل مرفوع۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضَ: (زمین)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف منصوب۔ بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔هُمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق ۔سچ۔درست)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَجَلٍ: (وقت۔ مدت)معطوف مجرور۔موصوف۔ مُّسَمًّى:(مقررہ۔نام دیا ہوا)صفت۔مجرور۔تقدیراً مکسور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَثِيرًا:(بہت)إِنَّ کا اسم منصوب۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔النَّاسِ:(لوگوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔لِقَاءِ:(ملاقات)اسم مجرور۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقه۔كَافِرُوْنَ: (کفر کرنے والے۔ناشکری کرنے والے۔انکار کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا اُنہوں نے اپنے دل میں غور نہیں کیا۔ کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اُن کو حکمت سے اور ایک وقت مقرر تک کے لئے پیدا کیا ہے۔اور بہت سے لوگ اپنے پروردگار سے ملنے کے قائل ہی نہیں۔

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۹﴾

أَ:حرف استفہام۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَسِيْرُوْا:(وہ چلے۔انہوں نے سیر کی)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هم۔ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔ مادہ۔(س ی ر)اجوف یائی۔صیغہ۔سَارَ یَسِیْرُ مصدر۔سَیْرًا۔(سیر کرنا۔چلنا پھرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ: (زمین)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔یَنْظُرُوْا:(وہ دیکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظر)صیغہ۔نَظَرَیَنْظُرُ۔ مصدر۔نَظَرًا۔ (دیکھنا)۔ کَیْفَ:(کیسے ؟)اسم استفہام۔ محلاً کَانَ کی منصوب کی خبر مقدم۔ کَانَ:(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ عَاقِبَةُ:(انجام) کَانَ کا اسم مرفوع۔ مضاف۔ الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکرغائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ: (پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَانُوْا :(وہ تھے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ ضمیر فاعل مستترھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ أَشَدَّ:(انتہائی سخت)افعل التفضیل۔کَانَ کی خبر منصوب۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ قُوَّةً:(طاقت۔قوت۔ مضبوط)منصوب۔ تمیز۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَثَارُوْا:(انہوں نے زراعت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَثَارَیُثِیْرُ۔مصدر۔إِثَارَةٌ۔(ہل جوتنا۔کاشت کرنا۔زراعت کرنا۔کھیتی باڑی کرنا)۔الْأَرْضَ:(زمین کو)منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَمَرُوْ:(انہوں نے تعمیر کی۔انہوں نے آباد کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع م ر) صیغہ۔عَمَرَیَعْمُرُ۔مصدر۔ عِمَارَةٌ۔(آباد کرنا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَكْثَرَ:(بہت زیادہ)افعل التفضیل۔ منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ مِمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+ مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔عَمَرُوْ:(انہوں نے تعمیر کی۔انہوں نے آباد کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع م ر)صیغہ۔عَمَرَ یَعْمُرُ۔ مصدر۔عِمَارَةٌ۔(آباد کرنا۔)هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَاءَتْ :(وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت فاعل۔ ضمیر تانیث۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ جَاءَ یَجِیْئُ۔مصدر۔جِیْئٌ۔مَجِیْئٌ۔(آنا) ۔هُمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول

بہٖ۔ رُسُلُ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبر)مبتداءمرفوع۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْبَيِّنَاتِ:(کھلی۔واضح۔ثبوت۔دلائل کے)اسم مجرور۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ:(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستترھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)كَانَ کا اسم مرفوع۔ لِ:(تاکہ)لائے جحود۔ يَظْلِمَ:(وہ ظلم کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ ضمیر فاعل مستترھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ كَانُوْا:(وہ تھے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستترھُمْ۔محلاً کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ أَنْفُسَ:(جانوں۔نفسوں) منصوب۔ مفعول بہٖ مقدم۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَظْلِمُوْنَ:(وہ ظلم کرتے ہیں۔ اندھیر مچاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر فاعل۔ مستتر۔تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: کیااُن لوگوں نے ملک میں سیر نہیں کی (سیر کرتے)تودیکھ لیتے کہ جولوگ اُن سے پہلے تھے ان کاانجام کیسے ہوا۔وہ اُن سے زوروقوت میں کہیں زیادہ تھے اور اُنہوں نے زمین کوجوتااور اس کواس سے زیادہ آباد کیاتھاجواُنہوں نے آباد کیا۔اور اُن کے پاس اُن کے پیغمبر نشانیاں لے کر آتے رہے تواللہ ایسانہ تھا کہ اُن پر ظلم کرتا۔بلکہ وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓاٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ كَانَ:(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَاقِبَةَ:(نتیجہ۔انجام۔عاقبت)كَانَ کی خبر منصوب۔مقدم۔مضاف۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَسَاءُوا:(انہوں نے براکیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَسَاءَ يَسِيْءُ۔مصدر۔ اِسَاءَةٌ۔(برائی کرنا)۔ السُّوْأَى:(بہت ہی برا۔)افعل التفضیل۔منصوب۔ مفعول مطلق منصوب۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)

فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ۔ کو)۔ آيَاتِ:(آیات۔ نشانیوں) اسم مجرور۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ كَانُوْا:(وہ تھے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ يَسْتَهْزِءُوْنَ:(وہ ٹھٹھا کرتے ہیں۔ مذاق اڑاتے ہیں۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَهْزَءَ يَسْتَهْزِئُ۔ مصدر۔ اِسْتِهْزَآءٌ۔ (مذاق اڑانا۔ ٹھٹھہ کرنا)۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: پھر جن لوگوں نے برائی کی اُن کا انجام بھی برا ہوا اس لیے کہ اللہ کی آیتوں کو جھٹلاتے اور اُن کی ہنسی اُڑاتے رہے تھے۔

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾

اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ يَبْدَأُ:(وہ شروع کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ بَدَاَ يَبْدَاُ۔ مصدر۔ بَدْءٌ۔ (شروع کرنا۔) اَلْخَلْقَ:(پیدائش) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ يُعِيْدُ:(وہ لوٹائے گا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَعَادَ يُعِيْدُ۔ مصدر۔ اِعَادَةٌ۔ (دہرانا۔ اعادہ کرنا۔ دوبارہ کرنا۔)۔ هٗ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ اِلَيْ:(طرف) حرف جار۔ هِ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ تُرْجَعُوْنَ:(تم لوٹائے جاؤ گے) فعل مضارع مجہول جمع مذکر۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ر ج ع) صیغہ۔ رَجَعَ يَرْجِعُ۔ مصدر۔ رُجُوْعًا۔ مَرْجَعًا۔ (لوٹانا۔ واپس کیا جانا)۔

ترجمہ آیت: اللہ ہی خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا ہے وہی اس کو پھر پیدا کرے گا پھر تم اُسی کی طرف لوٹ جاؤ گے۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔ تَقُوْمُ:(وہ قائم ہوگی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م) صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔ السَّاعَةُ:(گھڑی۔قیامت۔ساعت)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔يُبْلِسُ:(وہ ناامید ہو جائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْلَسَ يُبْلِسُ۔مصدر۔اِبْلَاسٌ۔(مایوس ہونا۔نا امید ہونا۔)اَلْمُجْرِمُوْنَ:(گنہگار۔قانون شکن۔جرم کرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جس دن قیامت برپا ہوگی گنہگار نااُمید ہو جائیں گے

وَلَمْ يَكُن لَّهُم مِّن شُرَكَائِهِمْ شُفَعَاءُ وَكَانُوا بِشُرَكَائِهِمْ كَافِرِينَ ﴿١٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ يَكُنْ:(وہ ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت واؤ محذوف۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔شُرَكَاءِ:(شریکوں۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ شُفَعَاءُ:(سفارشی۔شفاعت کرنے والے) شَفَاعَةٌ سے اسم فاعل۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً۔هُمْ۔اور كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔شُرَكَاءِ:(شریکوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَافِرِيْنَ:(کفر کرنے والے۔ناشکری کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور ان کے (بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ان کا سفارشی نہ ہوگا اور وہ اپنے شریکوں سے نامعتقد ہو جائیں گے۔

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَتَفَرَّقُونَ ﴿١٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔یَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔ تَقُوْمُ:(وہ قائم ہوگی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م) صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔

السَّاعَةُ:(گھڑی۔قیامت۔ساعت)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب۔(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔+ظرف زمان ۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔تنوین بعوض۔جملہ۔ يَتَفَرَّقُوْنَ:(وہ الگ الگ ہو جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَفَرَّقَ يَتَفَرَّقُ۔مصدر۔تَفَرُّقٌ۔(الگ الگ کرنا۔شیرازہ بکھیرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ر ق)صیغہ۔فَرَقَ يَفْرُقُ۔مصدر۔فَرْقًا۔فُرْقَانًا۔(پھاڑنا۔الگ کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور جس دن قیامت برپا ہو گی اس روز وہ الگ الگ فرقے ہو جائیں گے۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔أَمَّا:(لیکن)حرف شرط و تفصیل۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوْا:(انہوں نے کام کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل) صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔الصّٰلِحٰتِ: (نیک۔صالح۔اچھے)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فِي :(میں)حرف جار۔رَوْضَةٍ:(باغیچہ۔پھلواڑی۔باغ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ يُحْبَرُوْنَ:(خوش کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هم۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ب ر) صیغہ۔حَبِرَ يَحْبَرُ۔ مصدر۔ حَبْرًا۔حُبُوْرًا۔ (خوش کرنا۔)جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: تو جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے وہ (بہشت کے) باغ میں خوش حال ہوں گے۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔أَمَّا:(لیکن)حرف شرط و تفصیل۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔كَفَرُوْا:(انہوں نے انکار کیا۔کفر کیا۔اللہ کے احکام کو ماننے سے بغاوت کی)۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ضمیر مبنی بر سکون۔فاعل مرفوع۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ: (ساتھ)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِقَاءِ:(ملاقات)معطوف مجرور۔موصوف۔الْآخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)صفت مجرور۔تابع موصوف۔ فَ: (تو)برائے رابطہ جواب شرط۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ مبنی بر فتحہ محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْعَذَابِ: (عذاب۔)اسم مجرور۔مُحْضَرُوْنَ:(حاضر کئے ہوئے۔حاضر کئے جانے والے۔)اسم مفعول۔جمع مذکر۔ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا۔وہ عذاب میں ڈالے جائیں گے۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔سُبْحَانَ:(پاک ہے۔پاکیزگی)مفعول مطلق۔فعل محذوف۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ حِيْنَ :(مدت۔وقت۔جب)ظرف زمان۔ منصوب۔تُمْسُوْنَ:(تم شام کرتے ہو)فعل ناقص مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْسٰى يُمْسِيْ ۔مصدر۔ اَمْسَاءٌ۔(شام وشام) وَ:(اور)حرف عطف۔حِيْنَ:(مدت۔وقت۔جب)ظرف زمان۔ منصوب۔تُصْبِحُوْنَ: (تم صبح کرتے ہو) فعل ناقص مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصْبَحَ يُصْبِحُ۔مصدر۔اِصْبَاحٌ۔(صبح کرنا)۔

ترجمہ آیت: توجس وقت تم کو شام ہو اور جس وقت صبح ہو اللہ کی تسبیح کرو(یعنی نماز پڑھو)۔

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع ۔مقدم۔الْحَمْدُ:(خاص تعریف)مبتداء مؤخر مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَشِيًّا:(بعد از دوپہر)ظرف زمان۔منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔حِيْنَ:(مدت۔وقت۔جب)ظرف زمان۔منصوب۔تُظْهِرُوْنَ:(تم دوپہر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ افعال۔صیغہ۔اَظْهَرَ يُظْهِرُ۔مصدر۔اِظْهَارٌ۔(واضح ہونا۔دوپہر۔ظہر کا وقت ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور آسمانوں اور زمین میں اُسی کی تعریف ہے۔اور تیسرے پہر بھی اور جب دوپہر ہو (اُس وقت بھی نماز پڑھا کرو۔

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ وَكَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ﴿۱۹﴾

يُخْرِجُ:(وہ نکالتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔الْحَيَّ:(زندہ کو)منصوب۔مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الْمَيِّتِ:(مردے)اسم مجرور۔وَ: (اور) حرف عطف۔يُخْرِجُ:()فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔ الْمَيِّتَ:(مردے کو)منصوب۔مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الْحَيِّ:(زندہ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُحْيِي:(زندہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰى يُحْيِيْ۔مصدر۔اِحْيَاءٌ۔(زندہ رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔ اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰى۔مصدر۔حَيَاةٌ۔(زندہ رہنا)۔ الْأَرْضَ :(زمین کو)منصوب۔مفعول بہ۔بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ مَوْتِ:(مرنے کے)مجرور مضاف الیہ۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔كَذَٰلِكَ:(اس طرح) مرکب:(كَ+ذَٰ+لِ+كَ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد+خطابیہ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ مفعول مطلق مقدم۔تُخْرَجُوْنَ:(تم نکالے جاؤ گے) فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر

تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج) صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔

ترجمہ آیت: وہی زندے کو مردے سے نکالتا اور (وہی) مردے کو زندے سے نکالتا ہے اور (وہی) زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے۔اور اسی طرح تم (دوبارہ زمین میں سے) نکالے جاؤ گے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدم۔أَنْ :(کہ)مصدریہ۔ناصب فعل مضارع۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔تُرَابٍ: (مٹی) اسم مجرور۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ إِذَا:(اچانک ۔ناگہاں۔یکایک)فجائیہ۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔بَشَرٌ:(بشر۔انسان۔)خبر مرفوع۔تَنْتَشِرُوْنَ:(تم پھیل رہے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْتَشَرَ يَنْتَشِرُ۔مصدر۔اَنْتِشَارٌ۔(پھیلنا۔بکھرنا)

ترجمہ آیت: اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ اُس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا۔ پھر اب تم انسان ہو کر جابجا پھیل رہے ہو۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ أَنْفُسِ: (جانوں۔نفسوں) اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَزْوَاجًا:

(جوڑے۔) منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَسْكُنُوْا:(تم رہ سکو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ک ن) صیغہ۔سَكَنَ يَسْكُنُ۔مصدر۔سَكْنًا۔سُكُوْنًا۔(رہنا۔رہائش رکھنا)۔اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ مبنی بر فتحہ۔ مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَّوَدَّةً:(مؤدت۔پیار۔ شفقت۔ دوستی۔محبت)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَحْمَةً:(رحمت۔مہربانی) معطوف منصوب۔ اِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکرغائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے +خطاب کے لئے۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ مقدم۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔اٰيٰتٍ:(آیات) اِنَّ کا اسم مؤخر۔ منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ :(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔يَّتَفَكَّرُوْنَ:(وہ غوروفکر کرتے ہیں۔غوروخوض کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ۔مصدر۔تَفَكُّرٌ۔(فکر کرنا۔غوروخوض کرنا۔)

ترجمہ آیت: اور اسی کے نشانات(اور تصرفات) میں سے ہے کہ اُس نے تمہارے لئے تمہاری ہی جنس کی عورتیں پیدا کیں تاکہ اُن کی طرف(مائل ہوکر) آرام حاصل کرو اور تم میں محبت اور مہربانی پیدا کردی جو لوگ غور کرتے ہیں اُن کے لئے ان باتوں میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿۲۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ اٰيٰتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور ۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔خَلْقُ:(پیدائش)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔ السَّمٰوٰتِ: (آسمانوں)مجرور ۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْاَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اخْتِلَافُ: (اختلاف) معطوف۔ مرفوع۔مضاف۔اَلْسِنَتِ:(زبانوں کا)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر ۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف

الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَلْوَانِ:(رنگ)معطوف ۔مجرور۔مضاف الیہ۔ مضاف۔كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔فِي:(میں)حرف جار۔ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ)مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔مقدم۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔ مزحلقه۔آيَاتٍ:(آیات) إِنَّ کا اسم مؤخر۔منصوب۔لِّ:(لئے)حرف جار۔الْعَالِمِيْنَ:(جہانوں)اسم مجرور۔محلاًشبہ جملہ محلاًصفت۔

ترجمہ آیت: اوراسی کے نشانات(اور تصرفات) میں سے ہے آسمانوں اور زمین کاپیدا کرنااور تمہاری زبانوں اور رنگوں کاجداجدا ہونا۔ اہلِ دانش کے لیے ان(باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مَنَامُ:(نیند۔سونا)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللَّيْلِ:(رات)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّهَارِ:(دن)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِبْتِغَاؤُ:(تلاش کرنا)معطوف بر مَنَامُ ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔فَضْلِ:(فضل۔کرم۔مہربانی۔عنایت) اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔فِي:(میں)حرف جار۔ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ)مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔مقدم۔لَ:(یقیناً)حرف تاکید۔مزحلقه۔ آيَاتٍ:(آیات) إِنَّ کا اسم مؤخر۔منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ: (قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ يَسْمَعُوْنَ:(وہ سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سَمِعَ۔ مادہ(س م ع) صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(سننا)۔شبہ جملہ محلاًصفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے تمہارا رات اور دن میں سونا اور اُس کے فضل کا تلاش کرنا۔ جو لوگ سنتے ہیں اُن کے لیے ان باتوں میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۴﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات) اسم مجرور۔ مضاف۔ ہِ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ يُرِي:(اس نے دکھاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرٰی يُرٰی۔ مصدر۔ اِرَاءَةٌ۔(دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (رءی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی يَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیکھنا۔ دل سے دیدار۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ضمہ برائے اتصال ما بعد۔ الْبَرْقَ: (بجلی۔ چمک) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ خَوْفًا:(خوف۔) منصوب۔ حال۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ طَمَعًا :(امید) معطوف منصوب۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ يُنَزِّلُ:(ہم اتارتے ہیں) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔ مصدر۔ تَنْزِيْلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ مِنَ:(سے) حرف جار۔ السَّمَاءِ:(آسمانوں) اسم مجرور۔ مَاءً:(پانی) منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔ يُحْيِيْ:(زندہ کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحْيٰ يُحْيِيْ۔ مصدر۔ اِحْيَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ح ی ی) مضاعف۔ لفیف مقرون۔ اجوف یائی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ حَيِيَ يَحْيٰي۔ مصدر۔ حَيَاةٌ۔(زندہ رہنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ ہِ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ الْأَرْضَ:(زمین) منصوب۔ مفعول بہ۔ بَعْدَ:(بعد) ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ مَوْتِ:(موت۔ مرنے کے) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هَا:(اس کی) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ فِي:(میں) حرف جار۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ+ بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی

خبر مرفوع۔ مقدم۔لَ:(یقیناً)حرف تاکید۔مزحلقه۔ آيَاتٍ:(آیات) إِنَّ کا اسم مؤخر۔منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔ يَعْقِلُوْنَ:(وہ عقل سے کام لیتے ہیں۔عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔ عَقْلًا۔ (عقل رکھنا)۔شبہ جملہ محلاًصفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ تم کو خوف اور اُمید دلانے کے لئے بجلی دکھاتا ہے اور آسمان سے مینھ برساتا ہے۔پھر زمین کو اس کے مرجانے کے بعد زندہ(وشاداب) کر دیتا ہے۔عقل والوں کے لئے ان (باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ۭ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ڰ مِّنَ الْاَرْضِ ڰ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَقُوْمَ:(وہ قائم ہوں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م) صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔ قَوْمًا۔ قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔السَّمَاءُ:(آسمان)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضُ:(زمین)معطوف مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَمْرِ:(معاملہ۔امر۔حکم۔فیصلہ۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔دَعَا:(اس نے بلایا۔پکارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔ دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔ كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ دَعْوَةً:(دعوت۔پکار۔بلاوا)منصوب۔مفعول مطلق۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔الْأَرْضِ: (زمین)اسم مجرور۔إِذَا :(اچانک۔ ناگہاں۔)فجائیہ۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع ۔تَخْرُجُوْنَ:(تم نکلو گے۔نکلتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خُرُجًا۔(نکلنا)۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ آسمان اور زمین اس کے حکم سے قائم ہیں۔ پھر جب وہ تم کو زمین میں سے (نکلنے کے لئے) آواز دے گا تو تم جھٹ نکل پڑو گے۔

وَلَهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوۡنَ‏ ﴿۲۶﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدم۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ فِي: (میں) حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ: (آسمانوں) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْأَرْضِ: (زمین) معطوف مجرور۔ كُلٌّ: (تمام۔ ہر ایک) برائے تاکید۔ مبتداء مرفوع۔ لَّ: (لئے) حرف جار۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ قَانِتُونَ: (فرمانبرداری کرنے والے۔) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور آسمانوں اور زمین میں (جتنے فرشتے اور انسان وغیرہ ہیں) اسی کے (مملوک) ہیں (اور) تمام اس کے فرمانبردار ہیں۔

وَهُوَ الَّذِىۡ يَبۡدَؤُا الۡخَـلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ وَهُوَ اَهۡوَنُ عَلَيۡهِ‌ ؕ وَلَهُ الۡمَثَلُ الۡاَعۡلٰى فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲۷﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ هُوَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي: (جس نے) اسم موصول۔ واحد مذکر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً خبر مرفوع۔ يَبْدَأُ: (وہ شروع کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ بَدَاَ يَبْدَاُ۔ مصدر۔ بَدْءً۔ (شروع کرنا) الْخَلْقَ: (پیدائش) منصوب۔ مفعول بہ۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ يُعِيدُ: (وہ لوٹائے گا۔) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَعَادَ يُعِيْدُ۔ مصدر۔ إِعَادَةٌ (دہرانا۔ اعادہ کرنا۔ دوبارہ کرنا۔) ۔هُ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ هُوَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَهْوَنُ: (آسان ہے) خبر مرفوع۔ عَلَيَ: (پر) حرف جار۔ هِ: (اس) :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور وَ: (اور) حرف عطف۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ الْمَثَلُ: (مثال) مبتدء مؤخر۔ مرفوع۔ موصوف۔ الْأَعْلَى: (بہت ہی بلند مرتبے والا۔) صفت۔ مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔ فِي: (میں) حرف

جار۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف۔مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْعَزِيْزُ:(خوب عزت والا۔زبردست۔ شان والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الْحَكِيْمُ:(خوب حکمت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور وہی تو ہے جو خلقت کو پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے پھر اُسے دوبارہ پیدا کرے گا۔اور یہ اس کو بہت آسان ہے۔اور آسمانوں اور زمین میں اس کی شان بہت بلند ہے۔اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾

ضَرَبَ:(اس نے بیان کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب) صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(مارنا۔چلنا۔بیان کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور مَّثَلًا:(ایک مثال)منصوب مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف اجر۔ أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام انکاری۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كُم:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ مَّا:(جو)اس موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مَلَكَتْ:(وہ ملکیت ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَكَ يَمْلِكُ۔مصدر۔مَلْكًا۔(ملکیت ہونا۔مالک ہونا۔وارث ہونا)۔أَيْمَانُ:(دایاں ہاتھ)فاعل مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔شُرَكَاءِ:(شریکوں۔برابری کرنے والے۔حصہ دار)اسم مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔رَزَقْنَا:(ہم نے رزق دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(رزق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقًا۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔سَوَاءٌ:(برابر ہے)خبر مرفوع۔تَخَافُونَ:(تم ڈرتے ہو)فعل

مضارع جمع مذکر حاضر۔:(وہ ڈرتے ہیں) مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ یَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔جملہ محلاً مبتداء أَنْتُمْ کی خبر ثانی۔ كَ:(کی مانند۔ طرح) حرف جار۔تشبیہ۔ خِيفَتِ:(خوف۔ڈر)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ أَنْفُسَ:(جانوں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَذَٰلِكَ:(اس طرح)مرکب: (كَ+ذَٰ+لِ+كِ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ۔+ برائے بعد+خطابیہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب نائب۔مفعول مطلق۔ نُفَصِّلُ:(ہم بالوضاحت بیان کرتے ہیں۔ کھول کھول کر بیان کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔فَصَّلَ يُفَصِّلُ۔مصدر۔تَفْصِيلًا(کھول کر بیان کرنا۔وضاحت سے بتانا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مصدر۔مادہ(ف ص ل)صیغہ۔فَصَلَ يَفْصِلُ۔مصدر۔ فَصْلًا۔(فیصلہ کرنا۔الگ کرنا)۔ الْآيَاتِ: (آیات کو)منصوب بالکسرہ۔مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔قَوْمٍ :(قوم)اسم مجرور۔يَعْقِلُونَ :(وہ عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(عقل رکھنا)۔جملہ محلاً مجرور صفت۔

ترجمہ آیت: وہ تمہارے لئے تمہارے ہی حال کی ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ بھلا جن (لونڈی غلاموں) کے تم مالک ہو وہ اس (مال) میں جو ہم نے تم کو عطا فرمایا ہے تمہارے شریک ہیں، اور (کیا) تم اس میں (اُن کو اپنے) برابر (مالک سمجھتے) ہو(اور کیا) تم اُن سے اس طرح ڈرتے ہو جس طرح اپنوں سے ڈرتے ہو، اسی طرح عقل والوں کے لئے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَهْوَاءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَمَنْ يَهْدِي مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ ﴿۲۹﴾

بَلِ:(بلکہ)حرف اضراب۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ اِتَّبَعَ:(تو پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔تَبْعًا۔ تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً فاعل مرفوع۔ظَلَمُوا:(انہوں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔

مصدر۔ظُلْمًا۔(اندھیر مچانا)۔ أَهْوَاءَ:(خواہشات کی)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِغَيْرِ:(بغیر)مرکب:(بِ+غَيْرِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ عِلْمٍ:(علم۔سائنس)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)فصيحة۔مَنْ:(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَهْدِي:(ہدایت دیتا ہے۔راہنمائی دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔ محل اعراب تقدیراً مضموم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ھ د ی)صیغہ۔هَدٰى يَهْدِيْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔ هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔أَضَلَّ:(اس نے گمراہ کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔ إِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔مَا: (نہیں)نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مِّنْ:(اسے)حرف جار۔زائد۔ نَّاصِرِيْنَ:(مدد کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر لفظاً مجرور۔ علامت۔ی۔ محلاً۔مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: مگر جو ظالم ہیں بے سمجھے اپنی خواہشوں کے پیچھے چلتے ہیں تو جس کو اللہ گمراہ کرے اُسے کون ہدایت دے سکتا ہے؟اور ان کا کوئی مدد گار نہیں۔

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾

فَ:(پس)فصيحة۔أَقِمْ:(قائم ہو۔اٹھ۔کھڑا ہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَقَامَ يُقِيْمُ۔ مصدر۔إِقَامَةٌ(قائم کرنا۔سیدھا رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔ قَوْمًا۔قِيَامَةٌ۔قَوْمَةٌ۔قَامَةٌ۔(اٹھنا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کھڑا ہونا۔روکنا۔)۔ وَجْهَ:(چہرہ۔منہ) منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحۃ محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔ الدِّيْنِ:

(طریقہ۔دین۔شریعت)اسم مجرور۔حَنِيْفًا:(یکسو۔سیدھا۔ایک طرف ہونے والا)منصوب۔حال۔ فِطْرَتَ: (فطرت۔ازلی بناوٹ۔تخلیق۔بنائی ہوئی چیز۔)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور۔مضاف الیہ۔ الَّتِيْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔صفت۔ فَطَرَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ط ر)صیغہ۔فَطَرَ يَفْطُرُ۔مصدر۔فِطْرًا۔(قدرتی پیدا ہونا۔پیدا کرنا۔عدم سے وجود میں لانا)۔ النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔اسم کا ناصب۔خبر کا رافع۔ تَبْدِيْلَ:(کوئی تبدیلی۔)لائے نفی جنس کا اسم۔منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔خَلْقِ:(پیدائش۔پیدا کردہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً لائے نفی جنس کی خبر مقدم مرفوع۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔: (وہ) مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔الدِّيْنُ :(دین۔طریقہ۔ شریعت۔)خبر مرفوع۔موصوف۔الْقَيِّمُ :(سیدھا۔درست۔ صحیح۔مضبوط)صفت مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنَّ : (لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔أَكْثَرَ:(اکثریت۔بہت زیادہ)افعل التفضیل۔لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ النَّاسِ:(لوگوں کی)مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا)۔جملہ محلاً لٰكِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: توتم ایک طرف کے ہو کر دین (اللہ کے رستے) پر سیدھا منہ کئے چلے جاؤ(اور) اللہ کی فطرت کو جس پر اُس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے(اختیار کئے رہو) اللہ کی بنائی ہوئی (فطرت) میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا۔یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۳۱﴾

مُنِيْبِيْنَ:(رجوع کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔علامت۔ی۔حال۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِتَّقُوْ:(تم ڈرو۔تقویٰ اختیار کرو۔پرہیز کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔

صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔
وَ:(اور)حرف عطف۔أَقِيْمُوْا:(قائم کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل ضمیر
مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقَامَ يُقِيْمُ۔مصدر۔اِقَامَةٌ۔(قائم کرنا۔درست کرنا۔سیدھا کیا)۔
ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق وم)اجوف واوی۔صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامَةٌ۔قُوْمَةٌ۔قَامَةً۔(اٹھنا۔سیدھا کھڑا ہونا
۔ کھڑا ہونا۔روکنا)۔ الصَّلٰوةَ:(صلاۃ کو)منصوب مفعول بہٖ۔وَ:()لَا:(اور)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَكُوْنُوْا:(تم ہو جاؤ)فعل مضارع
جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامات نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)
صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔الْمُشْرِكِيْنَ:(مشرک۔شریک ٹھہرانے والے۔)اسم
فاعل۔جمع مذکر۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: (مومنو) اُسی (اللہ) کی طرف رجوع کئے رہو اور اس سے ڈرتے رہو اور نماز پڑھتے رہو اور مشرکوں میں نہ ہونا۔

مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿٣٢﴾

مِنَ:(سے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔الْمُشْرِكِيْنَ کا بدل منصوب۔فَرَّقُوْا:
(انہوں نے الگ الگ کیا۔تفرقہ ڈالا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب
تفعیل۔صیغہ۔فَرَّقَ يُفَرِّقُ۔مصدر۔تَفْرِيْقًا۔(الگ الگ کرنا۔شیرازہ بکھیرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ف ر ق)
صیغہ۔فَرَقَ يَفْرُقُ۔مصدر۔ فَرْقًا۔ فُرْقَانًا۔ (پھاڑنا۔الگ کرنا)۔ دِيْنَ:(دین۔اصول۔شریعت۔ طریقہ۔کو) منصوب۔
مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَانُوْا:(وہ ہو
گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔
كَوْنًا۔(ہونا)۔ شِيَعًا:(ٹولہ۔گروہ۔جماعت)كَانَ کی خبر منصوب۔كُلُّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔
حِزْبٍ:(گروہ۔ٹولہ۔جماعت)مجرور مضاف الیہ۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً
اسم مجرور۔لَدَيْ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً مضاف۔هِمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور
مضاف الیہ۔فَرِحُوْنَ:(خوش ہونے والے۔اترانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اورنہ) اُن لوگوں میں (ہونا) جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور (خود) فرقے فرقے ہو گئے۔ سب فرقے اسی سے خوش ہیں جو اُن کے پاس ہے

وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيبِينَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ﴿۳۳﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔ مَسَّ: (اس نے چھوا۔ وہ پہنچا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ۔ (م س س) مضاعف۔ صیغہ۔ مَسَّ يَمُسُّ۔ مصدر۔ مَسًّا۔ (چھونا۔ پہنچنا)۔ النَّاسَ: (لوگوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ ضُرٌّ: (نقصان) فاعل مرفوع۔ دَعَوْا: (انہوں نے پکارا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (د ع و) ناقص واوی۔ صیغہ۔ دَعَا يَدْعُو۔ مصدر۔ دَعْوَةٌ۔ (پکارنا)۔ رَبَّ: (ربّ کو) منصوب مفعول بہ۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کے۔ اپنے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُّنِيبِينَ: (رجوع کرنے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ منصوب۔ علامت۔ ی۔ حال۔ إِلَيّ: (طرف) حرف جار۔ هِ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی۔ مستقبل۔ أَذَاقَ: (اس نے مزہ چکھایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَذَاقَ يُذِيقُ۔ مصدر۔ اِذَاقَةٌ۔ (مزہ چکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ذ و ق) اجوف واوی۔ صیغہ۔ ذَاقَ يَذُوقُ۔ مصدر۔ ذَوْقًا۔ (چکھنا)۔ هُمْ: (ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ هُ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔ رَحْمَةً: (رحمت۔ مہربانی۔ شفقت۔ کرم۔) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ إِذَا: (اچانک۔ ناگہاں) فجائیہ۔ فَرِيقٌ (ایک فریق۔ جماعت۔ ٹولہ۔ گروہ) مبتداء مرفوع۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ هُمْ: (ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ رَبِّ: (ربّ) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يُشْرِكُونَ: (وہ شریک ٹھہراتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ افعال۔ صیغہ۔ اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔ اِشْرَاكٌ۔

(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔شَرِکَ یَشْرَکُ۔مصدر۔ شَرْکًا۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔ جملہ۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جب لوگوں کو تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پروردگار کو پکارتے اور اسی کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔پھر جب وہ ان کو اپنی رحمت کا مزا چکھاتا ہے تو ایک فرقہ اُن میں سے اپنے پروردگار سے شرک کرنے لگتا ہے۔

لِيَكْفُرُوا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ فَتَمَتَّعُوا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾

لِ:(یقیناً)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَکْفُرُوْا:(وہ انکار کریں۔کفر کریں۔ناشکری کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر) صیغہ۔ کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔آتَیْنَا:(ہم نے دیا۔عطا کیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ھُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَمَتَّعُوْا:(تم فائدہ اٹھاؤ)فعل امر جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔تَمَتَّعَ یَتَمَتَّعُ۔مصدر۔تَمَتُّعٌ۔(فائدہ اٹھانا۔فائدہ لینا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔سَوْفَ:(جلد ہی۔)حرف استقبال۔تَعْلَمُوْنَ:(تم جان جاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا۔سیکھنا)۔

ترجمہ آیت: تاکہ جو ہم نے ان کو بخشا ہے اُس کی ناشکری کریں سو(خیر) فائدے اُٹھالو عنقریب تم کو(اس کا انجام) معلوم ہو جائے گا۔

اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۵﴾

أَمْ:(یا/کیا)حرف عطف۔استفہامیہ۔أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔عَلَيْ: (پر۔اوپر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ سُلْطَانًا :(ثبوت۔ سند۔ دلیل۔) منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(تو)حرف عطف۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَتَكَلَّمُ:(اس نے کلام کیا۔بات کی۔)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔ صیغہ۔تَكَلَّمَ يَتَكَلَّمُ۔مصدر۔تَكَلُّمٌ۔(بات کرنا۔کلام کرنا) بِمَا:(جوکچھ)مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔كَانُوْا(وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ ضمیر فاعل۔كَانَ کا اسم مرفوع۔نصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔بِ: (ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس)ضمیر واحد مذکرغائب۔محلاً اسم مجرور۔يُشْرِكُوْنَ:(وہ شریک ٹھہراتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔مصدر۔ اِشْرَاكٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔شَرِكَ يَشْرَكُ۔مصدر۔شَرْكًا۔ (ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔محلاً کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت کیاہم نے ان پر کوئی ایسی دلیل نازل کی ہے کہ اُن کو اللہ کے ساتھ شرک کرنا بتاتی ہے۔

وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ۭ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ﴿٣٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔أَذَقْنَا:(ہمنے چکھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔محلاً فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذَاقَ يُذِيْقُ۔مصدر۔اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذوق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔مصدر۔ذَوْقًا۔(چکھنا)۔النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ رَحْمَةً:(رحمت)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔فَرِحُوْا:(وہ خوش ہوئے)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ يَفْرَحُ۔مصدر۔فَرْحًا۔(خوش ہونا۔اترانا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل۔شرط۔ تُصِبْ:(تم کو پہنچے)اصلاً تُصِيْبُ تھا۔التقائے ساکنین۔حرف علت۔ی۔ محذوف۔ فعل مضارع واحد مذکر

حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَصَابَ يُصِيبُ۔ مصدر۔ إِصَابَةٌ۔ (تکلیف پہنچنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ سَيِّئَةٌ:(برائی۔تکلیف)فاعل مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔ قَدَّمَتْ:(اس نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ:(آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔ علامت فاعل تانیث۔ثلاث مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔مصدر۔تَقْدِيمًا۔(آگے بھیجنا)۔أَيْدِي:(ہاتھوں نے) فاعل۔ مرفوع۔اصلاً أَيْدِينَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔هِمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِذَا:(اچانک)فجائیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًمبتداء مرفوع۔يَقْنَطُونَ:(ناامید ہوتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق ن ط)صیغہ۔قَنِطَ يَقْنَطُ۔مصدر۔قُنُوطًا۔(مایوس ہونا۔ناامید ہونا۔)جملہ محلاًخبر مرفوع۔ محلاًمجزوم۔جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اورجب ہم لوگوں کواپنی رحمت کامزا چکھاتے ہیں تواُس سے خوش ہوجاتے ہیں اور اگراُن کے عملوں کے سبب جواُن کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں کوئی گزند پہنچے تو ناامید ہو کر رہ جاتے ہیں۔

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٣٧﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَرَوْا:(انہوں نے دیکھا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَأَى يَرَى۔مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ) أَنَّ کا اسم منصوب۔يَبْسُطُ:(وہ کشادہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب س ط)صیغہ۔بَسَطَ يَبْسُطُ۔مصدر۔بَسْطًا۔(کشادہ کرنا)۔الرِّزْقَ:(رزق۔روزی روٹی۔ہر وہ چیز جو زندگی میں درکار ہوتی ہے۔)منصوب۔ مفعول بہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جس کے)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف

یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِیْئَۃٌ۔(مرضی)۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَقْدِرُ:()فاعل ضمیر مبنی بر سکون۔ تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ یَقْدِرُ۔مصدر۔قَدْرًا۔(اندازہ کرنا۔تخمینہ لگانا۔) إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔فِي :(میں)حرف جار۔ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکرغائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مقدم۔مرفوع۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آیَاتٍ:(آیات)لفظاً مجرور۔محلاً کا أَنَّ اسم منصوب۔لِّ:(لئے) حرف جار۔قَوْمٍ: (قوم۔ لوگ۔)اسم مجرور۔موصوف۔ يُؤْمِنُونَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرا هُمْ۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔محلاًجملہ صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیااُنھوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی جس کے لئے چاہتاہے رزق فراخ کرتاہے اور(جس کے لئے چاہتاہے) تنگ کرتا ہے۔بیشک اس میں ایمان لانے والوں کے لئے نشانیاں ہیں

فَاٰتِ ذَاالْقُرْبٰی حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۳۸﴾

فَ:(پس)فصیحۃ۔آتِ:(تو دے)اصلاً آتِيْ تھا۔بوجہ التقائے ساکنین۔حرف علت۔ ی۔محذوف۔ فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا۔دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ ذَا:(والا۔صاحب۔)از ستّہ مکبّرہ۔الف علامت نصب ۔مفعول بہ۔مضاف۔الْقُرْبٰى:(قریبی رشتہ دار۔اپنوں کے)مجرور مضاف الیہ۔تقدیراًمکسور۔حَقَّ:(حق۔حصہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔هٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمِسْكِيْنَ:(مسکین۔جس کا کاروبار بند ہوگیا ہو) معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔ابْنَ السَّبِيْلِ:("راستے کا بیٹا" مسافر۔مجاہد۔جس کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو۔)مرکب :(ابْنَ +السَّبِيْلِ)معطوف منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔+مجرور مضاف الیہ۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکرغائب۔ :(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے

لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔خَيْرٌ:(بہتر۔نیکی۔خیر۔بھلائی)خبر مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ: (وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔يُرِيْدُوْنَ:(چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رود)صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ : (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ وَجْهَ : (چہرہ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر ومؤنث۔مبتداء مرفوع۔ هُمُ:(وہ ہی)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔برائے تقویۃ۔الْمُفْلِحُوْنَ:(فلاح پانے والے۔کامیاب ہونے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو اہلِ قرابت اور محتاجوں اور مسافروں کو ان کا حق دیتے رہو۔جو لوگ رضائے اللہ کے طالب ہیں یہ اُن کے حق میں بہتر ہے۔اور یہی لوگ نجات حاصل کرنے والے ہیں۔

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۠ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿٣٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(جو)اسم شرط۔غیر زمانیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ آتَيْتُم :(تم دیتے ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رِّبًا:(سود)منصوب۔محلاً اسم مجرور۔ لِّ:(یقیناً)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَرْبُوَ:(وہ بڑھتا جائے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ب و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَبَا يَرْبُو۔مصدر۔رِبَاءٌ۔(بڑھنا۔زیادہ ہونا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ أَمْوَالِ: (مال و دولت)اسم مجرور۔مضاف۔النَّاسِ:(لوگوں کا)مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔يَرْبُو:(وہ بڑھتا رہے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ب و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَبَا يَرْبُو۔ مصدر۔ رِبَاءٌ۔(بڑھنا۔زیادہ ہونا)۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)

حرف عطف۔مَا:(جو)اسم شرط غیر زمانیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ آتَيْتُم:(تم دیتے ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔زَكَاةٍ:(زکوٰۃ)اسم مجرور۔تُرِيدُوْنَ:(تم چاہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ یُرِیْدُ۔مصدر۔ اِرَادَةٌ(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(رود) صیغہ۔رَادَ یَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔وَجْهَ:(چہرہ) منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف۔الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ هُمُ:(وہ ہی)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔ برائے تقویۃ۔ الْمُضْعِفُوْنَ:(الْمُضْعِفُ کی جمع۔دگنے کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اور جو تم سود دیتے ہو کہ لوگوں کے مال میں افزائش ہو تو اللہ کے نزدیک اس میں افزائش نہیں ہوتی اور جو تم زکوٰۃ دیتے ہو اور اُس سے اللہ کی رضامندی طلب کرتے ہو تو (وہ موجب بِرکت ہے اور) ایسے ہی لوگ (اپنے مال کو) دوچند سہ چند کرنے والے ہیں۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ هَلْ مِنْ شُرَكَآىِٕكُمْ مَّنْ یَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۴۰﴾

اَللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔الَّذِي:(وہ جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔رَزَقَ:(اس نے رزق دیا۔ہر چیز برائے زیست۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔مادہ(ر ز ق) صیغہ۔رَزَقَ یَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔یُمِیتُ:(وہ مارے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً

هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَمَاتَ یُمِیْتُ۔ مصدر۔ اِمَاتَةٌ۔ (موت دینا۔ مارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (م و ت) اجوف واوی۔ صیغہ۔ مَاتَ یَمُوْتُ۔ مصدر۔ مَوْتًا۔ (مرنا۔ فوت ہونا)۔ کُمْ: (تمہیں) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ یُحْیِیْ: (وہ زندہ کرے گا)۔ فعل مضارع۔ واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحْیٰی یُحْیِیْ۔ مصدر۔ اِحْیَاءٌ۔ (زندہ رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ح ی ی) مضاعف۔ لفیف مقرون۔ اجوف یائی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ حَیِیَ یَحْیٰی۔ مصدر۔ حَیَاةٌ (زندہ رہنا)۔ کُمْ: (تمہیں) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ هَلْ: (کیا) حرف استفہام۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ شُرَکَاءِ: (شریک۔ حصہ دار) اسم مجرور۔ مضاف۔ کُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ مَّنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ یَفْعَلُ: (وہ کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ فَعَلَ یَفْعَلُ۔ مصدر۔ فَعَلاً۔ (کرنا۔ ہونا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ ذٰلِکُمْ: (ان۔ وہ) مرکب (ذَا+لِ+کُمْ)۔ اسم اشارہ + بعد کے لئے۔ + جمع مذکر حاضر۔ خطابیہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ زائد۔ شَيْءٍ: (کوئی شے۔ کچھ بھی) لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بالکسرہ۔ سُبْحَانَ: (پاک ہے) منصوب مفعول مطلق۔ مضاف۔ هُ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ تَعَالٰی: (وہ بلند ہے۔ وہ بہت ہی برتر ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَاعِلٌ۔ صیغہ۔ تَعَالٰی یَتَعَالٰی۔ مصدر۔ تَعَالِیٌ۔ (برتر ہونا۔ اعلیٰ ارفع ہونا)۔ عَمَّا: (اس سے جو) مرکب: (عَنْ+مَّا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ یُشْرِکُوْنَ: (وہ شریک ٹھہراتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ افعال۔ صیغہ۔ اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔ مصدر۔ اِشْرَاکٌ۔ (شریک ٹھہرانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ش ر ک) صیغہ۔ شَرِکَ یَشْرَکُ۔ مصدر۔ شَرْکًا۔ (ساتھی بننا۔ شریک ہونا)۔

ترجمہ آیت: اللہ ہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا پھر تم کو رزق دیا پھر تمہیں مارے گا۔ پھر زندہ کرے گا۔ بھلا تمہارے (بنائے ہوئے) شریکوں میں بھی کوئی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کچھ کر سکے۔ وہ پاک ہے اور (اس کی شان) ان کے شریکوں سے بلند ہے۔

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٤١﴾

ظَهَرَ:(اس نے ظاہر کیا۔پھیلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ظ ھ ر) صیغہ۔ظَهَرَ يَظْهَرُ۔مصدر۔ظُهُرًا۔() الْفَسَادُ :(فساد۔بگاڑ۔)فاعل۔مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔الْبَرِّ:(خشکی)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْبَحْرِ :(سمندر)معطوف۔مجرور۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔كَسَبَتْ:(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل تانیث۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب) صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔ مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا) بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔أَيْدِي:(ہاتھوں نے) فاعل۔مرفوع۔اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔النَّاسِ:(لوگ)مجرور مضاف الیہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يُذِيقَ:(وہ مزہ چکھائے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذَاقَ يُذِيْقُ۔ مصدر۔ اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔مصدر۔ذَوْقًا۔(چکھنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بَعْضَ:(بعض۔کچھ) منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔ الَّذِي:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَمِلُوا:(انہوں نے عمل کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجمہ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔ يَرْجِعُوْنَ:(وہ لوٹتے ہیں۔باز آجائیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع) صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔رُجُوْعًا۔مَرْجَعًا۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب فساد پھیل گیا ہے تاکہ اللہ اُن کو اُن کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے عجب نہیں کہ وہ باز آجائیں۔

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلُ كَانَ أَكْثَرُهُم مُّشْرِكِينَ ﴿٤٢﴾

قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ هَلْ :(کیا)حرف استفہام۔سِيْرُوْا:(تم سیر کرو۔چلو پھرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔

علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(س ی ر) اجوف یائی۔صیغہ۔ سَارَ یَسِیْرُ۔مصدر۔ سَیْرٌ۔سَیْرًا۔(سیر کرنا۔چلنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔اُنْظُرُوْا:(تم دیکھو))فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔ نَظَرَ یَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ کَیْفَ: (کیسے؟)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔کَانَ کی خبر مقدم۔مرفوع۔کَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔مرفوع۔فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ عَاقِبَةُ :(نتیجہ۔انجام۔سزاء) کَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔کَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔مرفوع۔فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔ أَكْثَرُ:(اکثر۔اکثریت)افعل التفضیل۔ کَانَ کا اسم مرفوع۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مُّشْرِكِيْنَ:(مشرک لوگ۔شریک ٹھہرانے والے۔برابری کرانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔مبتداء مرفوع۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ ملک میں چلو پھرو اور دیکھو کہ جو لوگ (تم سے) پہلے ہوئے ہیں ان کا کیسا انجام ہوا ہے۔ان میں زیادہ تر مشرک ہی تھے۔

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔أَقِمْ :(تو قائم رکھ۔سیدھا رکھ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقَامَ یُقِیْمُ۔مصدر۔اِقَامَةٌ۔ (قائم کرنا۔درست کرنا۔سیدھا کیا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ق و م)اجوف واوی۔صیغہ۔قَامَ یَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔قِیَامَةٌ۔قُوْمَةٌ۔قَامَةً۔(اٹھنا۔سیدھا کھڑا ہونا۔ کھڑا ہونا۔روکنا)۔ وَجْهَ:(چہرہ)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔كَ:(تیرا۔اپنا) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے) حرف جار۔الدِّيْنِ:(دین۔طریقہ۔شریعت۔راستہ۔اصول۔)اسم مجرور۔مضاف۔الْقَيِّمِ :(سیدھا۔مضبوط)مجرور مضاف الیہ۔

مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب اسم۔ يَأْتِيَ:(وہ آیا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیَ یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا) ہوتا ہے۔يَوْمٌ:(دن) فاعل۔ مرفوع۔ لَّا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔مَرَدَّ:(ٹلنا۔ہٹ جانا۔دور ہونا)مصدر میمی۔ لَّا کا اسم منصوب۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَّا کی خبر مرفوع۔ مِنَ: (سے)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ +ظرف زمان۔ مجرور مضاف الیہ۔۔يَصَّدَّعُوْنَ:()اصلاً"يَتَصَدَّعُوْنَ۔" ت کو ص سے بدلا پھر ص اور ص کا ادغام کیا۔ فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَصَدَّعَ یَتَصَدَّعُ۔مصدر۔تَصَدُّعٌ۔(جدا جدا ہونا۔ منتشر ہونا۔)

تو اس روز سے پہلے جو اللہ کی طرف سے آکر رہے گا اور رک نہیں سکے گا دین (کے رستے) پر سیدھا منہ کئے چلے چلو اس روز (سب) لوگ منتشر ہو جائیں گے

مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾

مَنْ:(جس)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ كَفَرَ:(اس نے کفر کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(انکار کرنا۔کفر کرنا)۔ فَ:(تو)حرف عطف۔ عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع مقدم۔كُفْرُ: (کفر۔ انکار۔ناشکرا پن)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ عَمِلَ:(اس نے عمل کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔صَالِحًا:(نیک۔اچھے)منصوب۔حال۔فَ:(پس)حرف جار۔لِ:(لئے)حرف جار۔أَنْفُسِ: (جانوں کے) اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَمْهَدُوْنَ:(وہ آرام کرتے ہیں۔)فعل مضارع جمع ذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(م ھ د)صیغہ۔

مَهَدَ يَمْهَدُ۔مصدر۔مَهْدًا۔(ہموار کرنا۔تیار کرنا۔)

ترجمہ آیت: جس شخص نے کفر کیا تو اس کے کفر کا ضرر اُسی کو ہے اور جس نے نیک عمل کئے تو ایسے لوگ اپنے ہی لئے آرام گاہ درست کرتے ہیں۔

لِيَجْزِيَ الَّذِينَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَجْزِيَ:(وہ جزا دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)صیغہ۔جَزٰى يَجْزِيْ۔مصدر۔جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصب مفعول بہٖ۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عَمِلُوْا:(انہوں نے کام کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا(کرنا)۔الصَّالِحَاتِ)۔الصّٰلِحٰتِ:(نیک۔صالح۔اچھے)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے) حرف جار۔فَضْلِ:(فضل۔رحمت۔کرم۔)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يُحِبُّ:(وہ پسند کرتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابٌ۔(پسند کرنا۔محبت کرنا۔)۔ الْكَافِرِيْنَ:(کافروں کو۔کفر کرنے والوں کو۔انکار کرنے والوں کو)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اُن کو اللہ اپنے فضل سے بدلہ دے گا۔بیشک وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا

وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر

کسرہ۔ محلاً مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُرْسِلَ:(وہ بھیجے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ أَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔الرِّيَاحَ :(ہوائیں)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔مُبَشِّرَاتٍ:(خوشخبریاں دینے والی)اسم فاعل۔ جمع مؤنث۔مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يُذِيقَ:(وہ چکھائے مزہ)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَذَاقَ يُذِيقُ۔مصدر۔اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوقُ۔مصدر۔ ذَوْقًا۔ (چکھنا)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رَّحْمَتِ:(رحمت۔ مہربانی۔کرم۔نوازش۔شفقت) اسم مجرور مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف جار۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَجْرِيَ:(وہ چلے۔جاری رہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰى يَجْرِىْ۔ مصدر۔جِرْيَانٌ۔(بہنا۔جاری ہونا)۔الْفُلْكُ:(کشتی)فاعل مرفوع۔"مذکر ومؤنث"بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَمْرِ :(حکم) اسم مجرور۔ مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ: (تاکہ) لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَبْتَغُوْا:(تم تلاش کریں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔اِبْتَغٰى يَبْتَغِىْ۔مصدر۔اِبْتِغَاءٌ۔(تلاش کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔بَغٰى يَبْغِىْ۔مصدر۔ بَغْيًا۔ بُغْيَةً۔(چاہنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَضْلِ:(فضل۔رحمت۔کرم۔مہربانی)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔تَشْكُرُوْنَ:(تم قدر کرتے ہو۔شکر کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔لَعَ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔ مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا۔)لَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اُسی کی نشانیوں میں سے ہے کہ ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ خوشخبری دیتی ہیں تاکہ تم کو اپنی رحمت کے مزے چکھائے اور تاکہ اس کے حکم سے کشتیاں چلیں اور تاکہ اس کے فضل سے (روزی) طلب کرو عجب نہیں کہ تم شکر کرو۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔اَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ: (پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔رُسُلًا:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبر) منصوب۔ مفعول بہ۔ اِلٰى:(طرف)حرف جار۔قَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(سو)حرف عطف۔جَآءُوْ:(وہ لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیْئٌ۔مَجِیْءٌ۔(آنا)۔اگر صلہ بِ ہو تو معنی ہوگا(لانا)۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبَيِّنَاتِ:(واضح۔کھلم کھلا دلائل۔ثبوت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔فَ: (تو) حرف عطف۔اِنْتَقَمْنَا:(ہم نے سزاء دی۔انتقام۔ معنی درست نہیں۔انتقام۔کمزور آدمی لیتا ہے۔اللہ کی ذات کی ذات سب سے بڑی طاقت ور ہے۔)فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِنْتَقَمَ یَنْتَقِمُ۔ مصدر۔اِنْتِقَامٌ۔(سزاء دینا۔بدلہ لینا) مِنَ:(سے)حرف جار۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔اَجْرَمُوْا:(انہوں نے گناہ کئے۔قانون شکنی کی۔)فعل ماضی جمع مذکر۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَجْرَمَ یُجْرِمُ۔مصدر۔اِجْرَامٌ۔(جرم کرنا۔گناہ کرنا۔قانون شکنی کرنا) وَ: (اور)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ حَقًّا:(حق۔سچ) كَانَ کی خبر مقدم۔منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔نَصْرُ:(مدد)كَانَ کا اسم

مرفوع۔مضاف۔ الْمُؤْمِنِيْنَ:(ایمانداروں۔مومنوں۔ایمان رکھنے والوں کی)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے تم سے پہلے بھی پیغمبر ان کی قوم کی طرف بھیجے تو وہ اُن کے پاس نشانیاں لے کر آئے سو جو لوگ نافرمانی کرتے تھے ہم نے اُن سے بدلہ لے کر چھوڑا اور مومنوں کی مدد ہم پر لازم تھی۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَیَبْسُطُهٗ فِی السَّمَآءِ كَیْفَ یَشَآءُ وَ یَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾

اَللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔الَّذِيْ:(جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔يُرْسِلُ:(بھیجتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔رَسْلاً۔رَسَالَةٌ۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔الرِّيَاحَ:(الرِّيْحُ کی جمع۔ہواؤں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پس)حرف عطف۔تُثِيْرُ:(وہ اٹھاتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَثَارَ يُثِيْرُ۔مصدر۔اِثَارَةٌ۔(زمین جوتنا۔ابھارنا۔اٹھانا۔سَحَابًا:(سَحَابَةٌ کی جمع۔بادلوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پس)حرف عطف۔يَبْسُطُ:(وہ کشادہ کرتا ہے۔پھیلاتا ہے۔بڑھاتا ہے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب س ط)صیغہ۔بَسَطَ يَبْسُطُ۔مصدر۔بَسْطًا۔(بڑھانا۔پھیلانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔شرطیہ۔غیر جازم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب حال۔جواب محذوف تقدیراً۔(كَيْفَ يَبْسُطُهُ فِي السَّمَاءِ)يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔محلاً فعل شرط۔ فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَجْعَلُ:(وہ بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔كِسَفًا:(كِسْفَةٌ کی جمع۔ ٹکڑے ٹکڑے۔تہہ بہ تہہ)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔فَ:(پس)حرف عطف۔تَرَى:(آپ دیکھتے ہیں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء

ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْیَۃٌ۔(دیکھنا)۔اَلْوَدْقَ:(بارش)منصوب۔مفعول بہ۔یَخْرُجُ:(وہ نکلتا ہے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ رج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔خِلَالِ:(دوچیزوں کے درمیان کی جگہ۔بیچ۔وسط)اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔أَصَابَ:(وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِیْبُ۔مصدر۔اِصَابَۃٌ۔(تکلیف پہنچنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔یَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔محلاً فعل شرط۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِیْئَۃٌ (مرضی)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔عِبَادِ: (بندوں)اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔یا۔فجائیہ۔ھُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔یَسْتَبْشِرُوْنَ:(وہ خوشخبری چاہتے ہیں۔خوش ہوجاتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَبْشَرَ یَسْتَبْشِرُ۔مصدر۔اِسْتِبْشَارٌ۔(خوشی طلب کرنا۔خوشخبری چاہنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔و جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اللہ ہی تو ہے جو ہواؤں کو چلاتا ہے تو وہ بادل کو اُبھارتی ہیں۔پھر اللہ اس کو جس طرح چاہتا ہے آسمان میں پھیلا دیتا اور تہ بتہ کر دیتا ہے پھر تم دیکھتے ہو کہ اس کے بیچ میں سے مینھ نکلنے لگتا ہے پھر جب وہ اپنے بندوں میں سے جن پر چاہتا ہے اُسے برسا دیتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں۔

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اِنْ:(بلاشبہ۔) اِنَّ کا مخففہ۔غیر عامل۔كَانُوْا(وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔نصب خبر۔رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ

يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ أَنْ: (کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُنَزَّلَ:(اتاری جائے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔مصدر۔تَنْزِيْلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِ : (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے فارقہ۔مُبْلِسِيْنَ:(مایوس ہونے والے۔ناامید ہونے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور بیشتر تووہ مینہ کے اُترنے سے پہلے نااُمید ہورہے تھے۔

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔اُنْظُرْ:(تو دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ اِلٰى :(طرف)حرف جار۔اٰثٰرِ:(نشانات۔)اسم مجرور۔مضاف۔ رَحْمَتِ :(رحمت۔مہربانی۔کرم)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔حال۔يُحْيِيْ:(زندہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰ يُحْيِيْ۔مصدر۔اِحْيَاءٌ۔ (زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰى۔ مصدر۔حَيَاةٌ۔(زندہ رہنا)۔ الْأَرْضَ:(زمین کو)منصوب مفعول بہٖ۔جملہ اٰثٰرِ کا بدل مجرور۔بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔مَوْتِ:(موت۔)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً کا اسم منصوب۔ لَ: (بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مُحْيِي:(زندہ کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر غائب۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ الْمَوْتٰى:(مردے)مجرور مضاف الیہ۔تقدیراً مکسور۔وَ:(اور)حرف عطف۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر

سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ عَلٰی:(پر۔اوپر)حرف جار۔ کُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ شَیۡءٍ:(تمام شئے۔ سب کچھ)مجرور مضاف الیہ۔ قَدِیۡرٌ:(خوب اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا)اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو(اے دیکھنے والے) اللہ کی رحمت کی نشانیوں کی طرف دیکھ کہ وہ کس طرح زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے۔بیشک وہ مردوں کو زندہ کرنے والا ہے۔اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَلَئِنۡ اَرۡسَلۡنَا رِیۡحًا فَرَاَوۡهُ مُصۡفَرًّا لَّظَلُّوۡا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ یَكۡفُرُوۡنَ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ لَئِنۡ:(بلاشبہ اگر) :(لَ+اِنۡ)لائے تاکید۔ موطئۃ للقسم +حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ اَرۡسَلۡنَا:(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ۔ مصدر۔ اِرۡسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔ رَسِلَ یَرۡسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَۃً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ رِیۡحًا:(ہوا کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ رَاَوۡ:(انہوں نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمۡ ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤۡیَۃً (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ مُصۡفَرًّا:(زرد پڑا ہوا)اسم مفعول۔واحد مذکر۔ محلاً منصوب۔ حال۔ لَّ:(البتہ۔یقیناً)لائے واقعہ۔ جواب قسم۔ ظَلُّوۡا:(وہ ہو گئے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمۡ۔ نیز ظَلَّ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ظَلَّ یَظِلُّ۔ مصدر۔ ظَلًّا۔ ظُلُوۡلًا۔(ہونا۔ہو جانا)۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ بَعۡدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ یَكۡفُرُوۡنَ:(وہ کفر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ یَكۡفُرُ۔ مصدر۔ كُفۡرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ جملہ محلاً ظَلَّ کی خبر منصوب۔جواب قسم محذوف۔

ترجمہ آیت: اور اگر ہم ایسی ہوا بھیجیں کہ وہ(اس کے سبب) کھیتی کو دیکھیں (کہ) زرد(ہو گئی ہے) تو اس کے بعد وہ ناشکری کرنے لگ جائیں۔

فَاِنَّكَ لَا تُسۡمِعُ الۡمَوۡتٰى وَلَا تُسۡمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوۡا مُدۡبِرِيۡنَ ﴿۵۲﴾

فَ:(پس)حرف تعلیل۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ:(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تُسۡمِعُ:(آپ سناتے ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔اَسۡمَعَ يُسۡمِعُ۔مصدر۔اِسۡمَاعٌ۔(سنانا)۔ الۡمَوۡتٰى:(مردے)منصوب۔تقدیراً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تُسۡمِعُ:(آپ سناتے ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔اَسۡمَعَ يُسۡمِعُ۔ مصدر۔اِسۡمَاعٌ۔(سنانا)۔الصُّمَّ:(بہروں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔الدُّعَآءَ:(پکار۔بلاوا)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔إِذَا: (جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔وَلَّوۡا:(انہوں نے پھیر لئے۔موڑ لئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَلّٰى يُوَلِّيۡ۔ مصدر۔تَوۡلِيَةٌ۔(منہ پھیرنا۔منہ کرنا۔دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے)۔مُدۡبِرِيۡنَ:(پیچھے کی طرف مڑنے والے۔پیٹھ پھیرنے والے۔پشت پھیرنے والے)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: توتم مردوں کی (بات) نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو جب وہ پیٹھ پھیر کر پھر جائیں آواز سنا سکتے ہو۔

وَمَآ اَنۡتَ بِهٰدِ الۡعُمۡىِ عَنۡ ضَلٰلَتِهِمۡ اِنۡ تُسۡمِعُ اِلَّا مَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ﴿۵۳﴾

(نہیں)نافیہ۔ یَكُونَ:(وہ ہو)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْمُؤْمِنِيْنَ:(ایماندار۔ایمان والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ حَرَجٌ:(نقصان۔گھاٹا۔حرج۔کوئی تنگی۔گناہ)۔مبتداء مؤخر مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ أَزْوَاجِ:(بیویوں)اسم مجرور۔مضاف۔ أَدْعِيَاءِ:(جن کو بیٹا بلایا جائے۔منہ بولے بیٹے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل قَضَوْا:(انہوں نے فیصلہ کیا۔پورا کیا۔گزارا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ق ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ قَضٰى يَقْضِيْ۔ مصدر۔ قَضَاءٌ۔(پورا کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُنَّ:(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَطَرًا:(ضرورت۔حاجت۔غرض)منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ أَمْرُ:(فیصلہ۔حکم۔امر) كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ۔ مَفْعُوْلًا:(وہ شے جس کو کیا جائے۔یا۔کیا گیا ہو۔ہو کر رہنے والا)اسم مفعول واحد مذکر۔ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جب تم اس شخص سے جس پر اللہ نے احسان کیا اور تم نے بھی احسان کیا (یہ) کہتے تھے کہ اپنی بیوی کو اپنے پاس رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور تم اپنے دل میں وہ بات پوشیدہ کرتے تھے جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور تم لوگوں سے ڈرتے تھے۔حالانکہ اللہ ہی اس کا زیادہ مستحق ہے کہ اس سے ڈرو۔پھر جب زید نے اس سے (کوئی) حاجت (متعلق) نہ رکھی (یعنی اس کو طلاق دے دی) تو ہم نے تم سے اس کا نکاح کر دیا تا کہ مومنوں کے لئے ان کے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (کے ساتھ نکاح کرنے کے بارے) میں جب وہ ان سے اپنی حاجت (متعلق) نہ رکھیں (یعنی طلاق دے دیں) کچھ تنگی نہ رہے۔اور اللہ کا حکم واقع ہو کر رہنے والا تھا۔

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا ﴿۳۸﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔

باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ النَّبِيِّ:(نبی۔پیغمبر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر مقدم منصوب۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ حَرَجٍ:(نقصان۔گناہ۔گھاٹا)لفظاً مجرور۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ فِيْمَا :(اس میں جو)مرکب:(فِيْ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فَرَضَ:(ذمہ لگا دیا۔فرض کر دیا۔مقرر کر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) لَ: (لئے)حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔سُنَّةَ:(سنت۔طریقہ)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کا)مجرور مضاف الیہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ خَلَوْا:(وہ خالی کر گئے۔گزر گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔خَلَا يَخْلُو۔مصدر۔خَلَاءً۔خُلُوًّا۔(تنہا ہونا۔وقت گزرنا۔بری ہونا۔خالی ہونا) مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ أَمْرُ:(حکم۔فیصلہ۔معاملہ)كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔قَدَرًا:(ویلیو۔اندازہ۔پیمانہ۔معیار اہلیت و قابلیت۔فیصلہ) كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔ مَّقْدُوْرًا:(طے شدہ۔مقرر کردہ۔ٹھہرایا ہوا)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پیغمبر پر اس کام میں کچھ تنگی نہیں جو اللہ نے ان کے لئے مقرر کر دیا۔اور جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں ان میں بھی اللہ کا یہی دستور رہا ہے۔اور اللہ کا حکم ٹھیر چکا ہے۔

الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾

الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يُبَلِّغُوْنَ:(پہنچاتے ہیں۔تبلیغ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَلَّغَ يُبَلِّغُ مصدر۔تَبْلِيْغًا۔(پہنچانا۔تبلیغ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ)صیغہ۔ بَلَغَ يَبْلُغُ۔مصدر۔ بُلُوْغًا۔ (پہنچنا) ۔رِسَالَاتِ: (پیغامات) منصوب بالکسرہ۔مفعول بہٖ۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ کے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ يَخْشَوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں)فعل

مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَشِيَ يَخْشٰى۔ مصدر۔ خَشْيَةٌ۔ (ڈرنا۔خوف ہونا)۔هٗ :(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَخْشَوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَشِيَ يَخْشٰى۔ مصدر۔ خَشْيَةٌ۔ (ڈرنا۔خوف ہونا)۔

أَحَدًا:(ایک)منصوب۔مفعول بہٖ۔ إِلَّا:(مگر۔سوائے)حرف استثناء۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب مستثنیٰ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔كَفٰى:(کافی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔كَفٰى يَكْفِيْ۔مصدر۔كِفَايَةٌ۔(کافی ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) لفظاً مجرور۔محلاً فاعل۔مرفوع۔حَسِيْبًا:(حساب کرنے والا)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: اور جو اللہ کے پیغام (جوں کے توں) پہنچاتے اور اس سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تھے۔اور اللہ ہی حساب کرنے کو کافی ہے۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾

مَّا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مُحَمَّدٌ:(محمد ﷺ تعریف کیا ہوا)اسم مفعول واحد مذکر۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ أَبَا:(باپ) كَانَ کی خبر منصوب۔علامت الف۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ أَحَدٍ :(کسی ایک کا)مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔رِّجَالِ:(مردوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنْ:(لیکن) لٰكِنَّ کا مخففہ۔حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ رَّسُوْلَ :(پیغمبر) لٰكِنْ کا اسم منصوب۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔

وَ:(اور)حرف عطف۔خَاتَمَ :(مہر۔ختم کرنے کرنے والا۔اگر یہ معنیٰ لیا جائے تو رسول ختم کرنے والا نہیں بنتا۔کیونکہ رسول تو مفعول ہے۔اس کا مرجع اللہ کی ذات ہو سکتی ہے۔جس نے سلسلہ بند کیا۔وہی فاعل ہے۔نہ کہ رسول ﷺ) رَّسُوْلَ کا معطوف منصوب۔مضاف۔النَّبِيّٖنَ:(نبیوں کو)مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر

غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)كَانَ کا اسم مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے۔سب کچھ)مجرور مضاف الیہ۔عَلِيْمًا:(جاننے والا)مبالغہ۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں بلکہ اللہ کے پیغمبر اور نبیوں (کی نبوت) کی مہر(یعنی اس کو ختم کر دینے والے) ہیں اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب صفت۔ آمَنُوا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔اُذْكُرُوْا :(ذکر کرو۔یاد رکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ ذِكْرًا:(ذکر)منصوب۔مفعول مطلق۔ موصوف۔ كَثِيْرًا:(بہت زیادہ)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اے اہل ایمان اللہ کا بہت ذکر کیا کرو۔

وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔سَبِّحُوْ:(جلدی جلدی احکام الٰہی کو پورا کیا کرو۔تسبیح کیا کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ يُسَبِّحُ ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(بہت تیزی سے عمل کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ب ح) صیغہ۔سَبَحَ يَسْبَحُ۔ مصدر۔سَبْحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ بُكْرَةً:(شام کو) منصوب۔ظرف زمان۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَصِيْلًا:(صبح کو)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: اور صبح اور شام اس کی پاکی بیان کرتے رہو۔

هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ﴿۴۳﴾

هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الَّذِي:(وہ)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔يُصَلِّي :(وہ درود بھیجتا ہے۔رحمت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَلّٰی يُصَلِّيْ۔مصدر۔تَصْلِيَةً۔(درود بھیجنا۔رحمت بھیجنا۔نماز پڑھنا)۔عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔كُمْ: (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَلٰئِكَةُ:(غیر مرئی قوتیں۔فرشتے) معطوف۔مرفوع۔مضاف۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يُخْرِجَ:(وہ نکالے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔كُمْ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خُرُجًا۔(نکلنا)۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔الظُّلُمَاتِ:(اندھیروں)اسم مجرور۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ النُّوْرِ :(نور۔روشنی۔ہدایت۔راہنمائی۔)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔مرفوع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(ایمان دار۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔رَحِيْمًا:(بہت رحم کرنے والا)مبالغہ۔كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی۔تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے۔اور اللہ مومنوں پر مہربان ہے۔

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ ۚ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيمًا ﴿۴۴﴾

تَحِيَّتُ:(سلام۔دعا۔تحفہ۔دعائے خیر۔ماخذ حَيَاةٌ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَوْمَ :(دن)ظرف زمان۔منصوب۔يَلْقَوْنَ:(وہ ملیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰي۔مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔

تِلْقَاءً۔ لُقِيًّا۔ لُقْيًا۔ لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہوجانا۔) هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔سَلَامٌ :(خبر۔مرفوع۔)وَ:(اور)حرف عطف۔أَعَدَّ:(اس نے تیار کررکھا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَدَّ یُعِدُّ۔مصدر۔اِعْدَادٌ۔(تیار رکھنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ یَعُدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔(شمار کرنا۔گننا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔أَجْرًا:(اجر۔معاوضہ۔بدلہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ كَرِيمًا: (بہت ہی عزت والا۔)منصوب ۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جس روزوہ اس سے ملیں گے ان کا تحفہ (اللہ کی طرف سے) سلام ہو گااور اس نے ان کے لئے بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبردار۔سنو)حرف تنبیہ۔ النَّبِيُّ:(پیغمبر!)صفت مرفوع۔بدل أَيُّ ۔یا۔لفظاًمرفوع عطف بیان ۔(اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کے ساتھ أَيُّهَا آتا ہے)۔ إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔ أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔كَ:(تمہارے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔ شَاهِدًا: (گواہی دینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر غائب۔محلاً منصوب ۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مُبَشِّرًا:(خوشخبری دینے والا) معطوف منصوب۔ وَ: (اور)حرف عطف۔نَذِيْرًا:(آگاہ کرنے والا۔تنبیہ کرنے والا۔خبردار کرنے والا)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: اے پیغمبر ہم نے تم کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔دَاعِيًا:(بلانے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔منصوب۔حال۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِذْنِ:(اجازت)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً

مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔سِرَاجًا :(چراغ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ موصوف۔ مُّنِيْرًا:(روشنی کرنے والا۔مصدر۔اِنَارَةٌ)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاًمنصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اللہ کی طرف بلانے والا اور چراغ روشن۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿٤٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔بَشِّرِ :(خوشخبری دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔ مصدر۔تَبْشِيْرًا۔(خوشخبری سنانا)۔ الْمُؤْمِنِيْنَ :(ایمان داروں کو)منصوب۔علامت ۔ی۔ مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔شبہ جملہ محلاًأَنَّ کی خبر مقدم۔۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔فَضْلًا:(فضل۔کرم۔مہربانی۔ضرورت سے زیادہ ملنا) أَنَّ کا اسم منصوب۔ موصوف۔كَبِيْرًا:(بہت زیادہ۔بہت بڑا)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور مومنوں کو خوشخبری سنادو کہ ان کے لئے خدا کی طرف سے بڑا فضل ہو گا۔

وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿٤٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُطِعِ:(تو اطاعت کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔اِطَاعَةً۔(طاقت رکھنا۔ کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔ مصدر۔طَوْعًا۔ (فرمانبرداری کرنا)۔ الْكَافِرِيْنَ:(کافروں کی۔احکامِ الٰہی سے انکار کرنے والوں سے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ منصوب۔علامت۔ ی۔ منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُنَافِقِيْنَ:(دو منہ والوں سے۔نفاق پیدا کرنے والوں سے)معطوف منصوب۔علامت ۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔دَعْ:(چھوڑ دو۔آپ نظر انداز کردیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ علامت حرف علت ی۔ محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مجرد۔باب فتح ۔مادہ(و د ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَدَعَ يَدَعُ۔مصدر۔ وَدْعًا۔ (چھوڑنا۔نظر انداز کرنا۔اعراض کرنا۔توجہ نہ کرنا۔خیال نہ کرنا)أَذًا:(تکلیف پہنچانا۔ایذارسانی۔)محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)

ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ تَوَكَّلْ :(تو بھروسہ کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ ۔ مصدر۔ تَوَكُّلٌ۔ (بھروسہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(و ک ل) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَكَلَ يَكِلُ ۔ مصدر۔ وَكْلًا۔ (اپنا معاملہ کسی کو سونپنا۔ ذمہ داری دینا۔ وکیل بنانا)۔ عَلَى :(پر) حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ كَفٰى :(کافی ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ک ف ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ كَفٰى يَكْفِيْ۔ مصدر۔ كِفَايَةً۔ (کافی ہونا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ زائدہ۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) لفظاً مجرور۔ محلاً فاعل۔ مرفوع۔ وَكِيْلًا:(کارساز۔ حامی۔) منصوب۔ تمیز۔

ترجمہ آیت: اور کافروں اور منافقوں کا کہانہ ماننا اور نہ ان کے تکلیف دینے پر نظر کرنا اور اللہ پر بھروسہ رکھنا۔ اور اللہ ہی کارساز کافی ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾

يَا (اے) حرف نداء۔ أَيُّ:(کون سا) منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ هَا:() حرف تنبیہ۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب صفت۔ آمَنُوا :(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ إِذَا :(جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ نَكَحْتُمْ: (تم نے نکاح کیا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ن ک ح) صیغہ۔ نَكَحَ يَنْكِحُ۔ مصدر۔ نِكَاحًا۔ (مباشرت کے لئے شرعاً جائز کرنا۔ شادی کا معاہدہ)۔ الْمُؤْمِنَاتِ:(ایماندار عورتوں سے) منصوب۔ بالکسرہ۔ مفعول بہٖ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ طَلَّقْتُمُو:(آپ نے طلاق دی) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ طَلَّقَ يُطَلِّقُ۔ مصدر۔ تَطْلِيْقًا۔ (تم طلاق دے دو) واؤ برائے شکم پری۔ هُنَّ:(ان کو) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ قَبْلِ: (پہلے) ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ أَنْ:(اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ تَمَسُّوْ:(تم چھوؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم

علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س) مضاعف۔صیغہ۔ مَسَّ یَمُسُّ۔مصدر۔مَسًّا ۔(چھونا۔پہنچنا)۔+هُنَّ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ: (تو)برائے رابطہ جواب شرط۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدم عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔هِنَّ:(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔زائدہ۔ عِدَّةٍ :(کوئی مدت۔ مقررہ وقت)لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔تَعْتَدُّوْنَ:(تم گنتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِعْتَدَّ یَعْتَدُّ۔مصدر۔اِعْتِدَادًا۔(گننا۔شمار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ یَعُدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔(شمار کرنا۔گننا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(تو)حرف عطف۔مَتِّعُوْ:(تم فائدہ پہنچاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ مَتَّعَ یُمَتِّعُ۔مصدر۔تَمْتِیْعٌ۔(فائدہ پہنچانا۔فائدہ دینا)۔هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔سَرِّحُوْ:(رخصت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَرَّحَ یُسَرِّحُ۔مصدر۔تَسْرِیْحٌ۔(رخصت کرنا۔رہا کرنا)۔:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔سَرَاحًا:(رخصت کرنا۔آزاد کرنا۔رہا کرنا)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔جَمِیْلًا:(خوبصورت طریقہ سے۔خوب تر۔بہت بہتر۔اچھائی۔)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

مومنو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرکے ان کو ہاتھ لگانے (یعنی ان کے پاس جانے) سے پہلے طلاق دے دو تو تم کو کچھ اختیار نہیں کہ ان سے عدت پوری کراؤ۔ان کو کچھ فائدہ (یعنی خرچ) دے کر اچھی طرح سے رخصت کر دو۔ ترجمہ آیت:

يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِي آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْكَ وَبَنَاتِ عَمِّكَ وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ اللَّاتِي هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَنْ يَسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَكَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۗ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٥٠﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبردار۔سنو)حرف تنبیہ۔ النَّبِيُّ:(پیغمبر!)صفت مرفوع۔بدل أَيُّ ۔یا۔لفظاً مرفوع عطف بیان ۔(اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کے ساتھ أَيُّهَا آتا ہے)۔ إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب:(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔ أَحْلَلْنَا:(ہم نے حلال کر دیں)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَحَلَّ يُحِلُّ۔مصدر۔اِحْلَالٌ۔(حلال کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔أَزْوَاجَ:(بیویوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔كَ :(تجھ کو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اللَّاتِي:(وہ جو)اسم مفعول جمع مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًصفت مرفوع۔ آتَيْتَ:(تو نے دے دئے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًأَنْتَ۔ أُجُورَ:(معاوضے۔بدلے۔مہر)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هُنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جن کا)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مَلَكَتْ:(وہ ملکیت ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت فاعل۔ضمیر تانیث۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَكَ يَمْلِكُ۔مصدر۔مَلْكًا۔(مالک بننا)۔يَمِينُ: (دایاں ہاتھ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+ مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمنصوب۔حال۔أَفَاءَ:(مال غنیمت دیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفَاءَ يُفِيْءُ۔مصدر۔اِفَاءَةٌ۔(مال غنیمت میں دینا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ف ی ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔فَاءَ يَفِيْءُ ۔مصدر۔فَاءً۔(لوٹانا)۔اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(آپ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَنَاتِ:(بیٹیاں) معطوف منصوب۔ أَزْوَاجَ معطوف علیہ۔مضاف۔عَمِّ:(چچا۔ تایا)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔بَنَاتِ :(بیٹیاں) معطوف منصوب۔ مضاف۔عَمَّاتِ: (پھوپھیاں۔)معطوف منصوب۔مضاف۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَنَاتِ:(بیٹیاں)معطوف منصوب۔مضاف۔خَالِ:(ماموں)مجرور مضاف الیہ۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر

فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَنَاتِ:(بیٹیاں)معطوف منصب۔مضاف۔ خَالَاتِ: (خالاؤں۔ماسیاں)مجرور
مضاف الیہ۔ كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اللَّاتِي:(جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مؤنث
۔صفت منصوب۔ هَاجَرْنَ:(انہوں نے ہجرت کی)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرا۔ هُنَّ۔نون
نسوۃ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔ هَاجَرَ يُهَاجِرُ۔مصدر۔ مُهَاجَرَةٌ (باہم ہجرت کرنا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف
مکان۔منصوب۔مضاف۔ كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ اِمْرَأَةً
:(کوئی عورت)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ مُّؤْمِنَةً:(ایماندار)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً صفت۔منصوب۔ إِنْ:(اگر)
حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ وَهَبَتْ:(وہ ہبہ کردے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔ علامت ضمیر تانیث۔فاعل۔
ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(وہ ب)مثال واوی۔ صیغہ۔ وَهَبَ يَهَبُ۔مصدر۔ وَهْبًا۔
(تحفہ دینا۔ہبہ کرنا۔نذر کرنا)۔ نَفْسَ:(جان۔ذات۔خود کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هَا:(وہ۔اپنے آپ)ضمیر واحد مؤنث
غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ النَّبِيِّ:(پیغمبر)اسم مجرور۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل
شرط۔ أَرَادَ:(وہ ارادہ کرے۔چاہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ثلاثی مزید
فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ أَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ إِرَادَةٌ (ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ۔ رَادَ يَرُوْدُ:
(کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ النَّبِيُّ:(پیغمبر)فاعل۔مرفوع۔ أَنْ:(اگر) مصدریہ۔ناصب مضاف۔ يَسْتَنْكِحَ:(وہ نکاح کی
طلب کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔ اِسْتَنْكَحَ
يَسْتَنْكِحُ۔مصدر۔ اِسْتِنْكَاحٌ۔(نکاح کی طلب کرنا)۔ هَا :(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔
مفعول بہ۔ خَالِصَةً:(خالص۔صاف طور پر۔نرمی۔خاص طور پر)اسم فاعل۔ واحد مؤنث۔منصوب۔حال۔ لَّ:(لئے)حرف
جار۔ كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم
مجرور۔مضاف۔ الْمُؤْمِنِيْنَ :(ایمان دار۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور۔علامت ۔ی۔مضاف الیہ۔ قَدْ :(یقیناً)حرف
تحقیق۔ عَلِمْنَا:(ہم نے جانا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل
م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا۔سیکھنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَرَضْنَا:

(ہم نے فرض کر دیا۔ذمہ لگا دیا۔لازم کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ف ر ض)صیغہ۔فَرَضَ يَفْرِضُ۔مصدر۔فَرْضًا۔(فرض کرنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔أَزْوَاجِ:(بیویوں)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مَلَكَتْ:(وہ ملکیت ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت فاعل۔ ضمیر تانیث۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَكَ يَمْلِكُ۔مصدر۔مَلْكًا۔(مالک بننا)۔أَيْمَانُ:(دائیں ہاتھ) فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِكَيْلَا۔مرکب:(لَ+كَيْ+لَا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔+كَيْ:(تاکہ)ناصب مضارع۔+لَا:(نہیں)نافیہ۔يَكُونَ:(وہ ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر مقدم۔منصوب۔حَرَجٌ:(حرج۔نقصان۔گناہ۔ تنگی)کا اسم مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔كَانَ:(وہ تھا۔ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)كَانَ کا اسم مرفوع۔غَفُورًا:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔رَّحِيمًا:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔ محلاً كَانَ کی خبر ثان منصوب۔

ترجمہ آیت: اے پیغمبر ہم نے تمہارے لئے تمہاری بیویاں جن کو تم نے ان کے مہر دے دیئے ہیں حلال کر دی ہیں اور تمہاری لونڈیاں جو اللہ نے تم کو (کفار سے بطور مال غنیمت) دلوائی ہیں اور تمہارے چچا کی بیٹیاں اور تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تمہارے ماموؤں کی بیٹیاں اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں جو تمہارے ساتھ وطن چھوڑ کر آئی ہیں (سب حلال ہیں) اور کوئی مومن عورت اگر اپنے تئیں پیغمبر کو بخش دے (یعنی مہر لینے کے بغیر نکاح میں آنا چاہے) بشر طیکہ پیغمبر بھی ان سے نکاح کرنا چاہیں (وہ بھی حلال ہے لیکن) یہ اجازت (اے محمد ﷺ) خاص تم ہی کو ہے سب مسلمانوں کو نہیں۔ہم نے ان کی بیویوں اور لونڈیوں کے بارے میں جو(مہر واجب الادا) مقرر کر دیا ہے ہم کو معلوم ہے(یہ) اس لئے(کیا گیا ہے) کہ تم پر کسی طرح کی تنگی نہ رہے۔اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

تُرۡجِیۡ مَنۡ تَشَآءُ مِنۡهُنَّ وَتُـٔۡوِیۡۤ اِلَیۡکَ مَنۡ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابۡتَغَیۡتَ مِمَّنۡ عَزَلۡتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیۡکَ ؕ ذٰلِکَ اَدۡنٰۤی اَنۡ تَقَرَّ
اَعۡیُنُهُنَّ وَلَا یَحۡزَنَّ وَیَرۡضَیۡنَ بِمَاۤ اٰتَیۡتَهُنَّ کُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ یَعۡلَمُ مَا فِیۡ قُلُوۡبِکُمۡ ؕ وَکَانَ اللّٰهُ عَلِیۡمًا حَلِیۡمًا ﴿۵۱﴾

تُرْجِي:(آپ علیحدہ رکھیں۔مؤخر کردیں۔کنارے۔)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرْجٰی یُرْجِیْ۔مصدر۔اِرْجَاءً۔()ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(رج و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَجَا یَرْجُو مصدر۔رِجَاءً۔(امید رکھنا)۔ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔ تَشَاءُ:(آپؐ چاہیں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِیْئَةٌ۔(مرضی)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُنَّ:(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمنصوب حال۔ وَ:(اور)حرف جار۔تُؤْوِي:(آپ جگہ دیں۔پناہ دیں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔آوٰی یُؤْوِیْ۔مصدر۔اِیْوَاءٌ۔(پناہ دینا۔جگہ دینا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب ۔مادہ(ء و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَوٰی یَاوِیْ۔مصدر۔اُوِیٌّ ۔اَوِیًّا۔(ٹھکانا پانا)۔ اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ:(آپؐ کی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔تَشَاءُ:(آپؐ چاہیں)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِیْئَةٌ۔(مرضی)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنِ:(جسے)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاًمبتداء مرفوع۔ ابْتَغَيْتَ:(آپ تلاش کریں۔طلب کریں۔)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔اِبْتَغٰی یَبْتَغِیْ۔مصدر۔اِبْتِغَاءٌ۔(تلاش کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔بَغٰی یَبْغِیْ۔ مصدر۔ بَغْیًا۔بَغْیَةً۔ (چاہنا)۔ مِمَّنْ:(اس میں سے)مرکب:(مِنْ+مَّنْ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔عَزَلْتَ:(آپ نے الگ کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ع ز ل)صیغہ۔عَزَلَ یَعْزِلُ۔مصدر۔عَزْلًا۔(ایک طرف کرنا۔الگ کردینا۔)۔ فَ:(تو)برائے رابطہ۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ جُنَاحَ:(گناہ)لائے نفی جنس کا اسم۔منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(تجھ) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًلائے نفی جنس کی خبر

مرفوع۔ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ أَدْنَىٰ :(بہت قریب۔چھوٹا۔حقیر۔)خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَقَرَّ: (اسے ٹھنڈک ملی۔تسکین پائی۔اطمینان حاصل ہوا۔قرار پائی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔نصر۔نصر۔مادہ(ق ر ر)مضاعف۔صیغہ۔قَرَّ يَقَرُّ۔مصدر۔قَرَارًا۔(قرار پانا۔تسکین ہونا۔اطمینان ہونا)۔أَعْيُنُ: (آنکھیں)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُنَّ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔يَحْزَنَّ:(وہ ہرگز غمگین ہوج)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔(نون لفظی اور نون نسوۃ کو مدغم کیا گیا ہے۔) ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزَنَ يَحْزَنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔ (غمگین ہونا۔غم کرنا۔)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَرْضَيْنَ:(وہ راضی ہوں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی) ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِيَ يَرْضَىٰ۔مصدر۔رِضًا۔رِضْوَانًا۔(راضی ہونا۔)۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ آتَيْتَ:(آپ دے دیں) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَىٰ يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا) ہوتا ہے۔ هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔كُلُّ:(ہر ایک۔سب۔تمام)برائے تاکید۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مضاف۔هُنَّ :(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔ مَا: (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔قُلُوبِ:(دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔كَانَ:(وہ تھا۔ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)کا اسم مرفوع۔عَلِيمًا:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔ كَانَ کی خبر منصوب۔حَلِيمًا:(خوب بردبار۔برداشت کرنے والا۔)مبالغہ۔كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: (اور تم کو یہ بھی اختیار ہے کہ) جس بیوی کو چاہو علیحدہ رکھو اور جسے چاہو اپنے پاس رکھو۔ اور جس کو تم نے علیحدہ کر دیا ہو اگر اس کو پھر اپنے پاس طلب کر لو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ یہ (اجازت) اس لئے ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ غمناک نہ ہوں اور جو کچھ تم ان کو دو۔ اسے لے کر سب خوش رہیں۔ اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ اسے جانتا ہے۔ اور اللہ جاننے والا اور بردبار ہے۔

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾

لَا: (نہیں) نافیہ۔ يَحِلُّ: (وہ حلال کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحَلَّ يُحِلُّ۔ مصدر۔ اِحْلَالًا۔ (حلال کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔ مادہ (ح ل ل) مضاعف۔ صیغہ حَلَّ يَحُلُّ۔ مصدر۔ حَلًّا۔ حُلُوْلًا۔ (گرہ کھولنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كَ: (تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ النِّسَآءُ: (عورتوں نے) فاعل۔ مرفوع۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ بَعْدُ: (بعد) ظرف زمان۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ زائدہ۔ اَنْ: (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ تَبَدَّلَ: (آپ بدل لیں) اصلاً تَتَبَدَّلَ تھا۔ ثقل دُور کرنے کے لئے ایک تاء کو ساقط کر دیا گیا۔ فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَبَدَّلَ يَتَبَدَّلُ۔ مصدر۔ تَبَدُّلٌ۔ (بدلنا۔ تبدیل کرنا)۔ بِ: (ساتھ۔) حرف جار۔ هِنَّ: (ان کے) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ زائدہ۔ اَزْوَاجٍ: (بیویوں) لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ لَوْ: (اگرچہ) وصلیہ۔ شرطیہ۔ غیر جازم۔ اَعْجَبَ: (پسندیدہ ہو۔ وہ اچھا لگے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَعْجَبَ يُعْجِبُ۔ مصدر۔ اِعْجَابٌ۔ (پسند آئے۔ اچھا لگے)۔ كَ: (تجھے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ حُسْنُ: (خوبصورت۔ اچھا ہونا۔ عمدہ ہونا) فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ هُنَّ: (ان کا) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ اِلَّا: (مگر) حرف استثناء۔ مَا: (جس کا) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مستثنٰی۔ مَلَكَتْ: (وہ مالک بنی۔ ملکیت ہوئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ۔ (م ل ک) صیغہ۔ مَلَكَ

يَمْلِكُ۔مصدر۔مَلْكًا۔(مالک بننا)۔يَمِيْنُ:(دایاں ہاتھ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔كَ:(تمہارا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔كَانَ:(وہ تھا۔ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستترهُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)كَانَ کااسم مرفوع۔عَلٰى:(پر)حرف جار۔ كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے۔کچھ بھی)مجرور مضاف الیہ۔رَّقِيْبًا:(نگران)كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر)ان کے سوااور عورتیں تم کو جائز نہیں اورنہ یہ کہ ان بیویوں کو چھوڑ کر اور بیویاں کرو خواہ ان کا حسن تم کو (کیساہی) اچھا لگے مگر وہ جو تمہارے ہاتھ کا مال ہے(یعنی لونڈیوں کے بارے میں تم کو اختیار ہے) اور اللہ ہر چیز پر نگاہ رکھتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۫ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب صفت۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستترهُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَدْخُلُوْا:(تم داخل ہوں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتراَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(د خ ل) صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلٌ۔(داخل کرنا)۔ بُيُوْتَ:(گھروں میں)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ النَّبِيِّ:(پیغمبر) مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر۔سوائے)حرف استثناء۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يُؤْذَنَ:(اجازت دی جائے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستترهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ءذن)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَذِنَ يَاْذِنُ۔ مصدر۔اِذْنًا۔ (اجازت دینا)۔ لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ إِلَى: (طرف۔تک)حرف جار۔طَعَامٍ:(کھانا)اسم مجرور۔غَيْرَ:(علاوہ۔سوا)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔نَاظِرِيْنَ:(دیکھنے والے)

اسم فاعل۔جمع مذکر۔مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔إِنَا:(إِنیٰ پکنا۔)مصدر۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُ:(اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ إِذَا:(جب) ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ دُعِيْتُمْ:(تم بلائے جاؤ)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر حاضر۔ فعل شرط۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتراَنْتُمْ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔اُدْخُلُوْا:(داخل ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔طَعِمْتُمْ:(تم کھانا کھا چکو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فعل شرط۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمْ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ط ع م)صیغہ۔ طَعِمَ يَطْعَمُ۔مصدر۔طَعَامٌ۔(کھانا)۔فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔اِنْتَشِرُوْا:(تم منتشر ہو جاؤ۔بکھر جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْتَشَرَ يَنْتَشِرُ۔مصدر۔ اِنْتِشَارٌ۔(بکھر جانا۔پھیل جانا۔منتشر ہو جانا) وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔ مُسْتَئْنِسِيْنَ:(دلچسپی کے ساتھ بیٹھ رہنے والے۔خوش گپیوں کے لئے بیٹھنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ لِ:(لئے)حرف جار۔حَدِيْثٍ:(بات)اسم مجرور۔ إِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ذٰلِكُمْ :(وہ)مرکب: (ذَا+لِ+كُمْ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+جمع خطاب کے لئے۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هو۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔يُؤْذِي:(وہ ایذا دیتا ہے۔تکلیف دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً۔هو۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔آذٰى يُؤْذِيْ۔مصدر۔اِيْذَاءٌ۔(تکلیف دینا۔دکھ دینا)۔النَّبِيَّ:(پیغمبر کو)منصوب مفعول بہ۔فَ:(تو)حرف عطف۔يَسْتَحْيِي:(وہ زندہ رکھتا۔ان کو آرام دیتا۔وہ شرماتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَحْیٰ يَسْتَحْيِيْ۔ مصدر۔ اِسْتِحْيَاءٌ۔(زندہ رکھنا۔زندہ رہنے دینا۔ شرمانا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔لَا: (نہیں)

نافیہ۔یَسْتَحْیِیْ:(وہ زندہ رکھتا۔ان کو آرام دیتا۔وہ شرماتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَحْیٰ یَسْتَحْیِیْ۔مصدر۔اِسْتِحْیَاءٌ۔(زندہ رکھنا۔زندہ رہنے دینا۔شرمانا)۔مِنَ:(سے) حرف جار۔ اَلْحَقِّ:(سچ۔حق)اسم مجرور۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔سَاَلْتُمُوْ:(تم ان سے مانگو۔ترجمہ بوجہ اِذَا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ۔برائے شکم پری۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ یَسْئَلُ۔مصدر۔سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔پوچھنا۔مانگنا)۔ھُنَّ:(ان سے)ضمیر جمع مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَتَاعًا:(فائدہ۔دنیاوی سامان زیست۔ضرورت کی کوئی چیز)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔اسْاَلُو(تم پوچھو۔سوال کرو۔دریافت کریں)۔فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ یَسْئَلُ۔مصدر۔سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔پوچھنا۔مانگنا)۔ھُنَّ:(ان سے)ضمیر جمع مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔وَرَاءِ:(پیچھے۔)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔حِجَابٍ:(حجاب۔پردہ) مجرور مضاف الیہ۔ذٰلِکُمْ:(وہ۔یہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر غائب۔مرکب:(ذَا+لِ+کُمْ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+جمع خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔اَطْھَرُ:(زیادہ پاکیزہ۔صاف)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔قُلُوْبِ:(دلوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قُلُوْبِ:(دلوں کے)معطوف مجرور۔مضاف۔ھِنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔کَانَ:(وہ تھا۔وہ ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔کَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تُؤْذُوْا:(تم ایذاء دو۔تکلیف پہنچائیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰذٰی یُؤْذِیْ۔مصدر۔اِیْذَاءٌ۔(تکلیف دینا۔دکھ دینا)۔رَسُوْلَ:(پیغمبر کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف ۔ اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔زائدہ۔اَنْ:(کہ) مصدریہ۔

ناصب مضارع۔ تَنۡكِحُوۡٓا:(آپ نکاح کریں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ک ح)صیغہ۔نَكَحَ يَنۡكِحُ۔مصدر۔ نِكَاحًا۔ (مباشرت کے لئے شرعاً جائز کرنا۔شادی کا معاہدہ۔)اَزۡوَاجَ:(بیویوں سے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔بَعۡدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَبَدًا:(ہمیشہ)ظرف زمان۔منصوب ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ذٰلِكُمۡ:(وہ)مرکب:(ذَا+لِ+كُمۡ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+جمع خطاب کے لئے۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔عِنۡدَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔ منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔عَظِيۡمًا:(بہت بڑا)مبالغہ۔كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: مومنو!پیغمبر کے گھروں میں نہ جایا کرو مگر اس صورت میں کہ تم کو کھانے کے لئے اجازت دی جائے اور اس کے پکنے کا انتظار بھی نہ کرنا پڑے۔ لیکن جب تمہاری دعوت کی جائے تو جاؤ اور جب کھانا کھا چکو تو چل دو اور باتوں میں جی لگا کر نہ بیٹھ رہو۔ یہ بات پیغمبر کو ایذا دیتی ہے۔ اور وہ تم سے شرم کرتے ہیں (اور کہتے نہیں ہیں) لیکن اللہ سچی بات کے کہنے سے شرم نہیں کرتا۔ اور جب پیغمبروں کی بیویوں سے کوئی سامان مانگو تو پردے کے باہر مانگو۔ یہ تمہارے اور ان کے دونوں کے دلوں کے لئے بہت پاکیزگی کی بات ہے۔ اور تم کو یہ شایاں نہیں کہ پیغمبر اللہ کو تکلیف دو اور نہ یہ کہ ان کی بیویوں سے کبھی ان کے بعد نکاح کرو۔ بے شک یہ اللہ کے نزدیک بڑا (گناہ کا کام) ہے۔

اِنۡ تُبۡدُوۡا شَيۡـًٔـا اَوۡ تُخۡفُوۡهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمًا ﴿۵۴﴾

اِنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تُبۡدُوۡا:(تم ظاہر کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔ فعل شرط۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبۡدٰى يُبۡدِىۡ۔مصدر۔بَدَاءٌ۔(ظاہر کرنا۔شروع کرنا۔ابتداء کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب دء)مہموز الفاء۔صیغہ۔بَدَءَ يَبۡدَؤُ۔مصدر۔بَدۡءًا۔(ابتداء کرنا۔شروع کرنا)۔ شَيۡـًٔـا:(کوئی شئے۔ کچھ بھی)منصوب۔مفعول بہ۔اَوۡ:(یا)حرف عطف۔تُخۡفُوۡ:(تم چھپاؤ)معطوف منصوب۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر

مستتر تقدیراً اَنْتُمْ ۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْفٰی یُخْفِیْ۔مصدر۔اِخْفَاءٌ۔(چھپا کر رکھنا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(پھر)برائے رابطہ۔جواب شرط۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ)کا اسم منصوب۔کَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔مرفوع۔فاعل۔ضمیر مستتر ھُوَ۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔کُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے)مجرور مضاف الیہ۔عَلِيْمًا:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو یا اس کو مخفی رکھو تو(یاد رکھو کہ) اللہ ہر چیز سے باخبر ہے۔

لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾

لَّا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔جُنَاحَ:(گناہ)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِنَّ:(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔فِي :(میں)حرف جار۔آبَاءِ:(باپوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ :(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔زائدہ۔برائے تاکید۔ أَبْنَاءِ:(بیٹوں)معطوف مجرور۔مضاف۔هِنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔ زائدہ۔برائے تاکید۔ إِخْوَانِ: (بھائیوں) معطوف مجرور۔مضاف۔هِنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)زائدہ۔برائے تاکید۔أَبْنَاءِ:(بیٹوں)معطوف مجرور۔مضاف۔ إِخْوَانِ:(بھائیوں)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔هِنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں) زائدہ۔برائے تاکید۔أَبْنَاءِ:(بیٹوں کے) معطوف مجرور۔مضاف۔ أَخَوَاتِ:(بہنوں)مجرور مضاف الیہ۔هِنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔زائدہ۔برائے تاکید۔نِسَاءِ:(عورتوں)معطوف مجرور۔مضاف۔هِنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔

زائدہ۔برائے تاکید۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَلَكَتْ:(وہ مالک بنی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَكَ يَمْلِكُ۔مصدر۔مَلْكًا۔ملکیت ہونا۔ أَيْمَانُ:(داہنے ہاتھ)فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔هُنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِتَّقِيْنَ:(عورتو!تم ڈرو۔)فعل امر جمع مؤنث حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُنَّ۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ سے) منصوب۔مفعول بہٖ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ون) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَلٰى:(پر)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔شَيْءٍ:(چیز۔کچھ بھی) اسم مجرور۔شَهِيْدًا:(گواہ)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:عورتوں پر اپنے باپوں سے(پردہ نہ کرنے میں) کچھ گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں سے اور نہ اپنے بھائیوں سے اور نہ اپنے بھتیجوں سے اور نہ اپنے بھانجوں سے نہ اپنی (قسم کی) عورتوں سے اور نہ لونڈیوں سے۔اور(اے عورتو) اللہ سے ڈرتی رہو۔بے شک اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٥٦﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَلٰئِكَةَ:(فرشتے۔غیر مرئی قوتیں)معطوف منصوب۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يُصَلُّوْنَ:(وہ درود بھیجتے ہیں۔ان کے اسوہ حسنہ کو سراہتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَلّٰى يُصَلِّيْ۔مصدر۔ تَصْلِيَةً۔ صَلَاةٌ۔(درود بھیجنا۔رحمت بھیجنا۔نماز پڑھنا)۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔النَّبِيِّ:(پیغمبر)اسم مجرور۔ يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو۔ہوشیار)حرف تنبیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب صفت۔ آمَنُوا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ

يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اٰمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔صَلُّوا:(درود بھیجو۔ان کے اسوہ حسنہ کی پیروی کرو۔اور اس کو سراہو۔)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔صَلّٰی يُصَلِّيْ۔مصدر۔ تَصْلِيَةً۔ صَلَاةٌ۔(درود بھیجنا۔رحمت بھیجنا۔ نماز پڑھنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔سَلِّمُوا:(سلام بھیجو۔سلامتی کے لئے امور طے کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَلَّمَ يُسَلِّمُ ۔ مصدر۔تَسْلِيْمًا۔(سلام بھیجنا۔سلام کرنا۔۔فیصلہ کو تسلیم کرنا۔مان لینا۔تنگ دل نہ ہونا۔خوشی سے قبول کرنا)۔ تَسْلِيْمًا:۔ (سلام بھیجنا۔سلام کرنا۔۔فیصلہ کو تسلیم کرنا۔مان لینا۔تنگ دل نہ ہونا۔خوشی سے قبول کرنا۔)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اللہ اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں۔مومنو تم بھی ان پر دُرود اور سلام بھیجا کرو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اسم منصوب۔ محلاًمبتداء مرفوع۔يُؤْذُوْنَ:(وہ ایذاء دیتے ہیں۔تکلیف پہنچاتے ہیں)فعل مضارع۔جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔آذٰی يُؤْذِيْ۔مصدر۔اِيْذَاءٌ۔ (تکلیف دینا۔دکھ دینا)۔اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ رَسُوْلَ:(پیغمبر)معطوف منصوب۔ مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔لَعَنَ:(اس نے لعنت کی۔دور کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ل ع ن) صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنُ۔ مصدر۔لَعْنًا۔(لعنت کرنا۔دور کرنا)۔هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْاٰخِرَةِ :(آخرت۔قیامت۔)معطوف مجرور۔وَ:(اور) حرف عطف۔أَعَدَّ:(اس نے تیار کر رکھا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَدَّ يُعِدُّ۔ مصدر۔اِعْدَادٌ۔(تیار رکھنا۔) ثلاثی

مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ یَعُدُّ۔ مصدر۔عَدًّا۔(شمار کرنا۔گننا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔عَذَابًا:(عذاب۔سزاء۔دکھ)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔مُّهِیْنًا:(رسوا کرنے والا۔ذلت آمیز۔اہانت کرنے والا۔ذلیل کرنے والا)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جولوگ اللہ اوراس کے پیغمبر کورنج پہنچاتے ہیں ان پر اللہ دنیااور آخرت میں لعنت کرتا ہے اوران کے لئے اس نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کرر کھاہے۔

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَیْرِ مَا اکْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِیْنًا ﴿۵۸﴾

وَ:(یہ) حرف عطف۔آيَةٌ:(آیت)خبر مقدم مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمُ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔الْأَرْضُ:(زمین)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔الْمَيْتَةُ: (مردہ) صفت مرفوع۔أَحْيَيْنَا:(ہم نے زندہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْیٰ يُحْيِيْ۔مصدر۔اِحْيَاءٌ۔ (زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰی۔مصدر۔حَيَاةٌ(زندہ رہنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَخْرَجْنَا:(ہم نے نکالا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔حَبًّا:(دانہ۔اناج۔غلہ)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔مِنْ:(سے) حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ يَأْكُلُوْنَ:(وہ کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاْكُلُ۔صدر۔اَكْلًا۔(کھانا)۔

ترجمہ آیت: اور ایک نشانی ان کے لئے زمین مردہ ہے کہ ہم نے اس کو زندہ کیا اور اس میں سے اناج اُگایا۔پھر یہ اس میں سے کھاتے ہیں۔

وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔جَنَّاتٍ:(باغات)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِن:(سے)حرف ج ار۔نَّخِيلٍ :(کھجوروں)اسم مجرور۔وَ:()أَعْنَابٍ:(انگور)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔فَجَّرْنَا:(ہم نے نکالے۔پیدا کئے۔) فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَجَّرَ يُفَجِّرُ۔ مصدر ۔ تَفْجِيْرًا۔(پھاڑنا۔نکالنا۔پیدا کرنا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔الْعُيُوْنِ:(عَيْنٌ کی جمع۔چشمے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کیے اور اس میں چشمے جاری کر دیئے۔

لِيَأْكُلُوا مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٥﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَأْكُلُوا:(وہ کھائیں) فعل مضارع جمع مذکرغائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل) مہموز الفاء۔صیغہ۔أَكَلَ يَأْكُلُ۔ صدر۔ أَكْلًا۔(کھانا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ثَمَرِ:(پھل)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔مَا:(جو۔نہیں)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مجرور۔یا۔نافیہ۔عَمِلَتْ:(وہ عمل کرتی ہے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا۔(عمل کرنا۔جاندار کا فعل)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَيْدِي:(ہاتھوں نے)فاعل۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔اصلا أَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَشْكُرُونَ:(وہ قدر کرتے ہیں۔شکر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔ مصدر۔ شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا)۔

ترجمہ آیت: تاکہ یہ ان کے پھل کھائیں اور ان کے ہاتھوں نے تو ان کو نہیں بنایا تو پھر یہ شکر کیوں نہیں کرتے؟

سُبْحٰنَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ أَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٦﴾

سُبْحَانَ:(پاک ہے)مفعول مطلق۔ فعل محذوف۔ مضاف۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔الْأَزْوَاجَ:(جوڑے)منصوب۔مفعول بہٖ۔ كُلَّ:(تمام)برائے تاکید۔ منصوب۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ + مَا)حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔تُنْبِتُ:(اس نے اگایا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَنْبَتَ يُنْبِتُ۔ مصدر۔إِنْبَاتٌ۔(اگانا)۔الْأَرْضُ:(زمین)فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے) اسم مجرور۔أَنْفُسِ: (جانوں)

اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+مَّا)حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔

ترجمہ آیت: وہ اللہ پاک ہے جس نے زمین کی نباتات کے اور خود ان کے اور جن چیزوں کی ان کو خبر نہیں سب کے جوڑے بنائے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اٰيَةٌ:(آیت) خبر مقدم مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلا اسم مجرور۔ اللَّيْلُ:(رات)مبتداء مؤخر مرفوع۔ نَسْلَخُ :(ہم کھال اتار دیں گے۔کھینچ دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ل خ)صیغہ۔سَلَخَ يَسْلُخُ۔مصدر۔ سَلْخًا۔(کھال کھینچنا)

مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ النَّهَارَ:(دن کو)منصوب ۔مفعول بہ۔

فَ:(پس)حرف عطف۔إِذَا:(اچانک)فجائیہ۔ هُم:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔

مُّظْلِمُوْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے۔تاریکی میں ڈوب جانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ایک نشانی ان کے لئے رات ہے کہ اس میں سے ہم دن کو کھینچ لیتے ہیں تو اس وقت ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے۔

وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾

وَ:(اور)عطف۔الشَّمْسُ:(سورج)مبتداء مرفوع۔تَجْرِي:(چلتا ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔جَرٰى يَجْرِيْ۔مصدر۔جِرْيَانٌ۔(بہنا۔جاری ہونا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مُسْتَقَرٍّ:(قرار گاہ۔ٹھکانہ۔ٹھہرنے کی جگہ)ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔

لَّ:(لئے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجرور صفت۔

ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔تَقْدِيْرُ:(اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا)خبر مرفوع۔مضاف۔الْعَزِيْزِ:(زبردست عزت والا)مبالغہ۔مضاف الیہ۔ مجرور۔موصوف۔الْعَلِيْمِ:(خوب علم رکھنے والا۔)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور سورج اپنے مقرر رستے پر چلتا رہتا ہے۔ یہ (اللہ) غالب اور دانا کا (مقرر کیا ہوا) اندازہ ہے۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ الْقَمَرَ: (چاند) مفعول بہ۔ فعل محذوف۔ قَدَّرْنَا: (ہم نے اندازہ مقرر کر دیا۔ طے کر دیا ہے) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ قَدَّرَ يُقَدِّرُ۔ مصدر۔ تَقْدِيْرًا۔ (اندازہ مقرر کرنا۔ طے کر دینا)۔ هُ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مَنَازِلَ: (مَنْزِلٌ کی جمع۔ اترنے کی جگہیں) ظرف مکان۔ منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ حَتّٰى: (یہاں تک) حرف غایت۔ عَادَ: (وہ لوٹا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ع و د) اجوف واوی۔ صیغہ۔ عَادَ يَعُوْدُ۔ مصدر۔ عَوْدًا۔ (لوٹنا۔ واپس آنا۔ دہرانا)۔ كَ: (مانند۔ طرح۔ مثل) حرف تشبیہ۔ جار۔ الْعُرْجُوْنِ: (کھجور کی ٹیڑھی شاخ۔) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ موصوف۔ الْقَدِيْمِ: (پرانی) صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور چاند کی بھی ہم نے منزلیں مقرر کر دیں یہاں تک کہ (گھٹتے گھٹتے) کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہو جاتا ہے۔

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾

لَا: (نہیں) نافیہ۔ الشَّمْسُ: (سورج) مبتداء مرفوع۔ يَنْبَغِيْ: (محال ہے۔ مشکل ہے۔ ہو سکے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب انفعال۔ صیغہ۔ اِنْبَغٰى يَنْبَغِيْ۔ مصدر۔ اِنْبِغَاءٌ۔ (لائق ہونا۔ مجال ہونا۔ ہو سکنا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ب غ ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ بَغٰى يَبْغِيْ۔ مصدر۔ بَغْيًا۔ بُغْيَةً۔ (چاہنا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هَا: (اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أَنْ: (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ تُدْرِكَ: (وہ پالے۔ پکڑ لے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَدْرَكَ يُدْرِكُ۔ مصدر۔ اِدْرَاكٌ۔ (پانا۔ پکڑ لینا)۔ الْقَمَرَ: (چاند کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ اللَّيْلُ: (رات) مبتداء مرفوع۔ سَابِقُ: (آگے نکلنے والی۔) اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔ مضاف۔ النَّهَارِ: (دن) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ كُلٌّ: (تمام۔ ہر ایک) مبتداء مرفوع۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ فَلَكٍ: (گردش۔ مدار۔ دائرہ۔ گھیرا۔ آسمان) اسم مجرور۔ يَسْبَحُوْنَ: (وہ تیرتے ہیں۔ گردش کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی

موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ يَسْبَحُ۔مصدر۔ سَبْحًا۔(تیرنا۔ تسبیح کرنا)۔

ترجمہ آیت: نہ تو سورج ہی سے ہو سکتا ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات ہی دن سے پہلے آسکتی ہے۔اور سب اپنے اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استنافیہ۔اٰيَةٌ:(آیت)خبر مقدم مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔اَنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔حَمَلْنَا:(ہم نے اٹھایا۔سوار کیا)فعل ماضی متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔جملہ محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا)۔ ذُرِّيَّتَ:(اولاد کو) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْفُلْكِ:(کشتی)اسم مجرور۔موصوف۔الْمَشْحُوْنِ:(بوجھ لدی ہوئیں۔بھری ہوئی)اسم مفعول۔واحد مذکر۔ مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ایک نشانی ان کے لئے یہ ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔مِّثْلِ:(مانند۔مثل۔)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(جن)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ منصوب۔ مفعول بہ۔يَرْكَبُوْنَ:(سوار ہوتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واو جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ک ب)۔صیغہ۔رَكِبَ يَرْكَبُ۔مصدر۔رُكُوْبًا۔(سوار ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور ان کے لئے ویسی ہی اور چیزیں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں۔

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔نَّشَاۡ:(ہم چاہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ ۔محلاً فعل شرط۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِیۡئَۃٌ۔(مرضی)۔ نُغۡرِقۡ:(ہم غرق کردیں۔ڈبودیں)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ محلاً مجزوم۔ جواب فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغۡرَقَ یُغۡرِقُ۔مصدر۔اِغۡرَاقٌ۔(ڈبونا۔غرق کرنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ر ق)صیغہ۔غَرَقَ یَغۡرِقُ۔مصدر۔غَرۡقًا۔(ڈوبنا۔غرق ہونا)۔ھُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔ صَرِیۡخَ :(چیخنا۔چلّانا۔کوئی سننے والانہ ہوگا۔فریاد کرنے والا۔)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔لَ:(لئے)حرف جار۔ ھُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًلائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔ ھُمۡ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ مبتداء مرفوع۔ یُنۡقَذُوۡنَ:(وہ بچائے جاسکیں۔رہائی پاسکیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُمۡ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنۡقَذَ یُنۡقِذُ۔مصدر۔اِنۡقَاذٌ۔(رہائی دلانا۔بچانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ق ذ)صیغہ۔نَقَذَ یَنۡقُذُ۔مصدر۔نَقۡذًا۔(رہائی پانا۔بچ نکلنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر ہم چاہیں تو ان کو غرق کردیں۔پھر نہ تو ان کا کوئی فریادرس ہوا اور نہ ان کو رہائی ملے۔

اِلَّا رَحۡمَۃً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰی حِیۡنٍ ﴿۴۴﴾

اِلَّا:(سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔ رَحۡمَۃً :(رحمت۔مہربانی۔)منصوب۔مفعول لہٗ۔مِّنَّا:(ہم سے)مرکب: (مِّنۡ+نَا)حرف جار+ ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَتَاعًا:(فائدہ۔گھریلو سامان۔ اٹھانا)معطوف منصوب۔اِلٰی:(طرف۔تک۔)حرف جار۔حِیۡنٍ:(ایک وقت۔مدت)ظرف زمان۔اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: مگر یہ ہماری رحمت اور ایک مدت تک کے فائدے ہیں۔

وَاِذَا قِیۡلَ لَھُمُ اتَّقُوۡا مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡکُمۡ وَمَا خَلۡفَکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ﴿۴۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔قِیۡلَ:(کہا گیا ہے)فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُمۡ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ

یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اِتَّقُوْا:(پرہیز گاری کرو۔تقویٰ اختیار کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰی یَقِیْ۔مصدر۔وِقَایَةٌ۔وَقْیًا۔(بچانا۔ محفوظ رکھنا۔دشمنوں سے بچانا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔أَیْدِي:(ہاتھوں کے)مجرور مضاف الیہ۔ اصلاً أَیْدِیْنَ تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)معطوف منصوب۔سابق مَا معطوف علیہ۔ خَلْفَ:(پیچھے)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔تُرْحَمُوْنَ:(تم رحم کئے جاؤ گے۔تم پر رحم کیا جائے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ ۔ثلاثی مجرد ۔باب سمع۔مادہ(رح م)صیغہ۔رَحِمَ یَرْحَمُ۔مصدر۔رَحْمًا۔رَحْمَةٌ۔(رحم کرنا۔نرمی کرنا)۔جملہ محلاً گی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو تمہارے آگے اور جو تمہارے پیچھے ہے اس سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَأْتِيهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔تَأْتِي:(وہ آتی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ هِمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ اٰيَةٍ:(کوئی نشانی)لفظاً مجرور۔محلاً فاعل مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔آيَاتِ:(نشانیوں)اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔كَانُوا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَنْ:(سے)حرف

جار۔هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مُعْرِضِينَ:(اعراض برتنے والے۔منہ موڑنے والے۔ نظر انداز کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاً كَانَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور ان کے پاس ان کے پروردگار کی کوئی نشانی نہیں آتی مگر اس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٤٧﴾

وَ:(اور)حرف استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔قِيلَ:(کہا جائے گا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لَ:(لئے۔کو)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَنفِقُوا:(انہوں نے خرچ کیا)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔إِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+ مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔رَزَقَ:(اس نے رزق دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔ مصدر۔رِزْقًا۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔ مرفوع۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ جواب شرط۔ كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر) صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(انکار کرنا۔کفر کرنا)۔لِ:(لئے۔)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔إِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔نُطْعِمُ:(ہم کھلائیں)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطْعَمَ يُطْعِمُ۔مصدر۔اِطْعَامٌ۔(کھانا

کھلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ط ع م)صیغہ۔طَعِمَ یَطْعَمُ۔مصدر۔طَعَامٌ۔(کھانا)۔ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔منصوب۔مفعول بہٖ۔لَّوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔یَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِیْئَۃٌ۔(مرضی)۔اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔أَطْعَمَ:(اس نے کھلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوِ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَطْعَمَ یُطْعِمُ۔مصدر۔اِطْعَامٌ۔(کھانا کھلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ط ع م) صیغہ۔طَعِمَ یَطْعَمُ۔مصدر۔ طَعَامٌ (کھانا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ جملہ جواب شرط۔إِنْ:(نہیں)نافیہ۔آگے إِلَّا صلہ آرہا ہے۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔فِي:(میں)حرف اجر۔ضَلَالٍ:(گمراہی۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔مُّبِينٍ:(واضح۔صریحاً)مجرور۔علامت۔ی۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو رزق اللہ نے تم کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرو۔ تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں کہ بھلا ہم ان لوگوں کو کھانا کھلائیں جن کو اگر اللہ چاہتا تو خود کھلا دیتا۔ تم تو صریح غلطی میں ہو۔

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَقُولُونَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ مَتَىٰ :(کب؟)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ظرف زمان۔ محلاً خبر مقدم مرفوع۔هَٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مؤخر مرفوع۔الْوَعْدُ:(وعدہ)خبر مرفوع۔إِن:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كُنتُمْ:(تم ہو۔تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ضمیر محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔صَادِقِينَ:(سچے۔سچ بولنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔محذوف۔

ترجمہ آیت: اور کہتے ہیں اگر تم سچ کہتے ہو تو یہ وعدہ کب (پورا) ہو گا؟

مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ﴿٤٩﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔ يَنظُرُونَ:(وہ دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ن ظ ر) صیغہ۔نَظَرَ يَنظُرُ۔ مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔محلاً خبر مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔صَيْحَةً :(چنگھاڑ۔چیخ)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔وَاحِدَةً :(ایک)منصوب۔ صفت۔ تابع موصوف۔تَأْخُذُ:(تو پکڑتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔أَخَذَ يَأْخُذُ۔ مصدر۔ أَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(حالانکہ۔)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَخِصِّمُونَ:(وہ آپس میں جھگڑا کررہے ہوں گے۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔اصلاً يَخْتَصِمُونَ تھا۔تْ کو ساکن کیا پھر تْ کو صاد میں تبدیل کیا۔پھر صاد کا صاد میں ادغام کیا۔خ کو بوجہ التقائے ساکنین۔کسرہ دیا۔تو يَخِصِّمُونَ ہوا۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اهُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَصَمَ يَخْتَصِمُ۔ مصدر۔اِخْتِصَامٌ۔(باہم جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ص م)صیغہ۔خَصَمَ يَخْصِمُ۔مصدر۔خَصْمًا۔(جھگڑا کرنا۔دشمنی کرنا)۔

ترجمہ آیت: یہ تو ایک چنگھاڑ کے منتظر ہیں جو ان کو اس حال میں کہ باہم جھگڑرہے ہوں گے آپکڑے گی۔

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ﴿٥٠﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَسْتَطِيعُونَ:(وہ کرسکتے ہیں۔طاقت نہیں رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال ۔صیغہ۔اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيعُ ۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوعُ ۔ يَطِيعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔ تَوْصِيَةً:(وصیت کرنا)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔إِلَىٰ:(طرف۔)حرف جار۔أَهْلِ:(والے۔اہل تعلقہ دار)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَرْجِعُونَ:(وہ لوٹیں گے۔رجوع کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔رُجُوعًا۔مَرْجَعًا۔(۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔

ترجمہ آیت: پھر نہ وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں میں واپس جا سکیں گے۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نُفِخَ:(پھونک ماری گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ن ف خ)صیغہ۔نَفَخَ يَنْفُخُ۔مصدر۔نَفْخًا۔(منہ سے پھونک مارنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الصُّوْرِ : (کرناہ۔نرسنگا۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔إِذَا:(اچانک)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔فجائیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون محلاً مبتداء مرفوع۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔الْأَجْدَاثِ:(قبروں)اسم مجرور۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَنسِلُوْنَ:(وہ تیزی سے دوڑرہے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن س ل)صیغہ۔نَسَلَ يَنْسِلُ۔مصدر۔نَسْلًا۔(تیزی سے دوڑنا۔پیدا کرنا۔نسل کابڑھنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور(جس وقت) صور پھونکا جائے گا یہ قبروں سے (نکل کر) اپنے پروردگار کی طرف دوڑ پڑیں گے۔

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾

قَالُوا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔يَا:(ہائے)حرف تنبیہ۔حرف حسر۔افسوس۔ وَيْلَنَا :(ہماری بربادی۔بد بختی۔)مرکب:(وَيْلَ+نَا)منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔مَنْ:(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔بَعَثَ:(اس نے دوبارہ زندہ کیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(اٹھانا۔کھڑا کرنا۔ بھیجنا)۔۔نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔مَّرْقَدِ:(قبر)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری۔اپنی)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًخبر مرفوع۔۔وَعَدَ:(اس نے وعدہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔الرَّحْمٰنُ:(رحمان نے)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)صَدَقَ:(اس نے سچ کیا۔کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔

فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ص د ق)صیغہ۔ صَدَقَ يَصْدُقُ۔ مصدر۔ صِدْقًا۔(سچ کہنا)۔ اَلْمُرْسَلُوْنَ: (بھیجے ہوئے۔ پیغمبر۔)اسم مفعول جمع مذکر۔ محلاً فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہیں گے اے ہے ہمیں ہماری خوابگاہوں سے کس نے (جگا) اُٹھایا؟ یہ وہی تو ہے جس کا اللہ نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے سچ کہا تھا۔

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾

اِنْ:(نہیں)نافیہ۔ كَانَتْ:(وہ ہوئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔ علامت ضمیر مستتر فاعل تانیث۔ هِيَ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ صَيْحَةً:(چنگھاڑ۔ دلدوز چیخ) منصوب۔ مفعول بہ۔ موصوف۔ وَاحِدَةً :(ایک)صفت۔ منصوب۔ تابع موصوف۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ اِذَا: (اچانک۔ ناگہاں۔ اس وقت۔ یکایک)ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔ فجائیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ جَمِيْعٌ :(سب کے سب۔ اکٹھے)خبر مرفوع۔ لَدَيْ:(پاس)ظرف مکان۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُحْضَرُوْنَ:(حاضر کئے ہوئے)اسم مفعول۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: صرف ایک زور کی آواز کا ہونا ہو گا کہ سب کے سب ہمارے روبرو آ حاضر ہوں گے۔

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔ اَلْيَوْمَ:(آج)ظرف زمان۔ منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تُظْلَمُ:(ظلم کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔ واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔ اندھیر مچانا)۔ نَفْسٌ:(کوئی جان۔ کسی نفس)نائب فاعل مرفوع۔ شَيْئًا:(کچھ بھی۔ کوئی شئے)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)نافیہ۔ تُجْزَوْنَ:(تمہیں بدلہ دیا جائے گا)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ج ز ی)صیغہ۔ جَزٰى يَجْزِىْ۔ مصدر۔ جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ مَا :(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ كُنْتُمْ:(تم ہو۔ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ضمیر محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن)ناصب

خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ضمیر فاعل مستتر أَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا(کرنا)۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اس روز کسی شخص پر کچھ ظلم نہیں کیا جائے گا اور تم کو بدلہ ویسا ہی ملے گا جیسے تم کام کرتے تھے۔

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔أَصْحَابَ:(ساتھ۔والے)إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ الْجَنَّةِ:(جنت) مجرور۔مضاف الیہ۔الْيَوْمَ:(آج)ظرف زمان۔منصوب۔فِي:(میں)حرف جار۔شُغُلٍ:(مصروف۔مگن ہونا۔کسی دوسری طرف دھیان نہ ہونا)اسم مجرور۔فَاكِهُوْنَ:(فَاكِهَةٌ کی جمع۔مزے اڑانے والے۔آرام پانے والے۔خوش۔)اسم فاعل جمع مذکر۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اہل جنت اس روز عیش و نشاط کے مشغلے میں ہوں گے۔

هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾

هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَزْوَاجُ:(بیویاں)خبر مرفوع۔ مضاف۔هُمْ:(ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔ ظِلَالٍ:(چھتریوں۔ بالکونیوں۔سایوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْأَرَائِكِ:(أَرِيْكَةٌ کی جمع صوفے۔ تختوں) مُتَّكِؤُوْنَ:(تکیے لگائے ہوئے)اسم مفعول جمع مذکر۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہ بھی اور ان کی بیویاں بھی سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔

لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فَاكِهَةٌ:(پھل)مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔يَدَّعُوْنَ:(وہ طلب کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ضمیر فاعل مستتر هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔اِدَّعٰى يَدَّعِيْ۔مصدر۔اِدِّعَاءٌ۔(دعویٰ کرنا۔مانگنا۔طلب کرنا)۔

ترجمہ آیت: وہاں ان کے لئے میوے اور جو چاہیں گے (موجود ہو گا)۔

سَلٰمٌ ۟ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ﴿۵۸﴾

سَلَامٌ: (سلامتی ہو۔امن۔سلام) مبتداء مرفوع۔خبر محذوف۔ قَوْلًا: (بات۔قول۔فرمان۔کہنا) منصوب۔مفعول بہ۔
مِنْ: (سے) حرف جار۔رَّبٍّ: (ربّ) اسم مجرور۔موصوف۔رَّحِيْمٍ: (رحم کرنے والا) مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پروردگار مہربان کی طرف سے سلام (کہا جائے گا)۔

وَامۡتَازُوا الۡیَوۡمَ اَیُّهَا الۡمُجۡرِمُوۡنَ ﴿۵۹﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔امْتَازُوا: (تم الگ ہو جاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِمْتَازَ يَمْتَازُ۔مصدر۔اِمْتِيَازٌ۔(الگ ہو جائیں۔ جدا ہو جائیں) اَلْيَوْمَ: (آج) ظرف زمان۔منصوب۔ اَيُّهَا: (اے) حرف نداء۔منصوب۔مضاف۔ هَا: (خبر دار۔سنو) حرف تنبیہ۔اَلْمُجْرِمُوْنَ: (جرم کرنے والے۔گناہگار) اسم فاعل۔جمع مذکر۔صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور گنہگارو! آج الگ ہو جاؤ۔

اَلَمۡ اَعۡهَدۡ اِلَیۡكُمۡ یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ اَنۡ لَّا تَعۡبُدُوا الشَّیۡطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ ﴿۶۰﴾

أَ: (کیا) حرف استفہام۔انکاری۔لَمْ: (نہیں) حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔أَعْهَدْ: (میں نے وعدہ کیا) فعل مضارع واحد متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ع ھ د) صیغہ۔عَهِدَ يَعْهَدُ۔مصدر۔عَهْدًا۔ (عہد لینا)۔اِلٰى: (طرف۔سے) حرف جار۔كُمْ: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَا: (اے) حرف نداء۔بَنِي: (بیٹو!) اصلاً بَنِيْنَ تھا۔ن جمع محذوف بوجہ مضاف۔ آدَمَ: (آدم) غیر منصرف۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ أَنْ: (کہ) تفسیری۔ لَّا: (نہ) ناہیہ۔جازم مضارع۔تَعْبُدُوْا: (عبادت کرو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔(مجزوم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ع ب د) صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔غلامی کرنا)۔الشَّيْطَانَ: (شیطان۔ہر نقصان دینے والی چیز) منصوب۔مفعول بہ۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ: (لئے) حرف جار۔كُمْ: (تمہارا) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ عَدُوٌّ: (دشمن) إِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔مُّبِيْنٌ: (کھلم کھلا۔صریحاً) صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اے آدم کی اولاد ہم نے تم سے کہہ نہیں دیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

وَّاَنِ اعۡبُدُوۡنِیۡ ؕ ہٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِیۡمٌ ﴿۶۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اَنْ:(کہ) تفسیری۔اُعْبُدُوْ:(تم عبادت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔ غلامی کرنا)۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یِ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ھٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔صِرَاطٌ:(راستہ)خبر مرفوع۔موصوف۔مُّسْتَقِیْمٌ: (سیدھا۔ قائم رکھنے والا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا۔یہی سیدھا راستہ ہے۔

وَلَقَدۡ اَضَلَّ مِنۡكُمۡ جِبِلًّا كَثِيۡرًا ؕ اَفَلَمۡ تَكُوۡنُوۡا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۶۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔اَضَلَّ اس نے گمراہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَضَلَّ یُضِلُّ۔ مصدر۔ اِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔)ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ ضَلَّ یَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔جِبِلًّا:(فطرتی طور پر۔ تخلیقی طور پر)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔کَثِیْرًا:(بہت زیادہ)صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔اَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔تَكُوْنُوْا:(تم ہو جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَعْقِلُوْنَ:(تم عقل رکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ یَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(سمجھنا۔ عقل رکھنا)۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور اس نے تم میں سے بہت سی خلقت کو گمراہ کر دیا تھا۔تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے؟

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِىۡ كُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۶۳﴾

هَذِهٖ :(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث غائب۔مبنی برکسرہ محلاً مبتداء مرفوع۔جَهَنَّمُ:(دوزخ۔جہنم۔)خبر مرفوع۔ الَّتِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًصفت مرفوع۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تُوْعَدُوْنَ:(تم وعدہ دیئے جاتے ہو)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔ وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: یہی وہ جہنم ہے جس کی تمہیں خبر دی جاتی ہے۔

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٦٤﴾

اِصْلَوْا:(آگ میں داخل کر دو۔ڈال دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ اَلْيَوْمَ:(آج)ظرف زمان۔منصوب۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ تَكْفُرُوْنَ:(تم انکار کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: (سو) جو تم کفر کرتے رہے ہو اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾

اَلْيَوْمَ:(آج)ظرف زمان۔منصوب۔نَخْتِمُ:(ہم بند کرتے ہیں۔مہر لگاتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔أَفْوَاهِ:(فَمٌ کی جمع منہوں۔اصلاًفُوْهٌ تھا۔ہ کو م سے تبدیل کر دیا گیا۔جس فَمٌ۔ ہو گیا ہے)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ تُكَلِّمُ:(تم کلام کرتے ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔

صیغہ۔كَلَّمَ يُكَلِّمُ۔ مصدر۔تَكْلِيمًا۔(کلام کرنا۔بات کرنا۔)۔نَا:(ہمارے ساتھ)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔ أَيْدِي:(ہاتھوں)اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَشْهَدُ:(وہ گواہی دے گی۔یا تم گواہی دو گے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔ شَهِدَ يَشْهَدُ۔ مصدر۔ شَهَادَةٌ۔(گواہی دینا)۔ أَرْجُلُ:(رِجْلٌ کی جمع ۔پاؤں)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔بِمَا:(جوکچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔كَانُوْا:(وہ تھے۔ہیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔يَكْسِبُوْنَ:(وہ کمایا کرتے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگادیں گے اور جوکچھ یہ کرتے رہے تھے ان کے ہاتھ ہم سے بیان کردیں گے اور ان کے پاؤں(اس کی) گواہی دیں گے۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ نَشَاءُ:(ہم چاہتے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ش ی ء)مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ لَ:(بلاشبہ) رابطہ جواب شرط۔طَمَسْنَا:(ہم نے بگاڑ دیا۔ مسخ کردیا۔مٹادیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ط م س)صیغہ۔طَمَسَ يَطْمِسُ۔مصدر۔طَمْسًا۔(بگاڑنا۔برباد کرنا۔ مسخ کرنا۔مٹادینا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ أَعْيُنِ:(آنکھوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔اِسْتَبَقُوْا:(وہ دوڑے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَبَقَ يَسْتَبِقُ۔مصدر۔اِسْتِبَاقٌ۔(بڑھنا۔آگے نکلنا۔دوڑنا)الصِّرَاطَ :(راستہ)منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَنَّى:(کیونکر۔کیسے؟)حرف استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔حال۔يُبْصِرُوْنَ:(وہ دیکھیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔

مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْصَرَ یُبْصِرُ۔ مصدر۔اِبْصَارٌ۔(دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ص ر)صیغہ۔بَصِرَ یَبْصُرُ۔مصدر۔بَصَارَةٌ۔(دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں کو مٹا کر (اندھا کر) دیں۔پھر یہ رستے کو دوڑیں تو کہاں دیکھ سکیں گے۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ نَشَاءُ:(ہم چاہتے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ش ی ء)مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ لَ:(بلاشبہ)رابطہ جواب شرط۔مَسَخْنَا :(ہم نے شکل بگاڑ دی۔ مسخ کر دی۔صوت بدل دی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد باب۔فتح۔مادہ(م س خ)صیغہ۔مَسَخَ یَمْسَخُ۔مصدر۔مَسْخًا۔(بگاڑنا۔مسخ کر دینا)هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔مَكَانَتِ:(جگہ۔گھر۔مکان)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔اسْتَطَاعُوا:(وہ کر سکتے۔طاقت رکھتے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال ۔صیغہ۔اِسْتَطَاعَ یَسْتَطِيْعُ ۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔ (طاقت رکھنا۔کر سکنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ یَطُوْعُ ۔یَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔مُضِيًّا:(گزر جانا۔چلے جانا۔چلنا)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَرْجِعُوْنَ:(وہ لوٹیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔فاعل ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ یَرْجِعُ۔مصدر۔رُجُوْعًا۔مَرْجِعًا۔(۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔

اور اگر ہم چاہیں تو ان کی جگہ پر ان کی صورتیں بدل دیں پھر وہاں سے نہ آگے جا سکیں اور نہ (پیچھے) لوٹ سکیں

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۚ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم شرط۔جازم فعل شرط۔ نُعَمِّرْ:(ہم لمبی عمر دیتے ہیں۔)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔مجزوم۔ فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَمَّرَ یُعَمِّرُ مصدر۔ تَعْمِيْرًا۔(لمبی عمر دینا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ نُنَكِّسْ:(ہم الٹا کر دیتے ہیں)

فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَکَّسَ یُنَکِّسُ۔ مصدر۔ تَنْکِیْسًا۔(الٹ دینا۔اوندھا کر دینا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔الْخَلْقِ:(پیدائش۔خلقت)اسم مجرور۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَعْقِلُوْنَ:(تم عقل رکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ع ق ل) صیغہ۔عَقَلَ یَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(سمجھنا۔عقل رکھنا)۔

ترجمہ آیت: اورر جس کو ہم بڑی عمر دیتے ہیں تو اسے خلقت میں اوندھا کر دیتے ہیں تو کیا یہ سمجھتے نہیں؟

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔عَلَّمْنَا:(ہم نے سکھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ یُعَلِّمُ ۔مصدر۔تَعْلِیْمٌ۔(سکھانا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ ہٗ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔الشِّعْرَ:(شعر۔شعر وشاعری)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔یَنْبَغِيْ:(شایان شان ہے۔لائق ہونا۔درست ہونا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْبَغٰی یَنْبَغِيْ۔مصدر۔اِنْبِغَاءٌ۔(لائق ہونا۔مجال ہونا۔ہو سکنا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔بَغٰی یَبْغِيْ۔مصدر۔بَغْیًا۔بَغْیَةً۔ (چاہنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔ھُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا: (مگر)حرف حصر۔ ذِکْرٌ:(ذکر۔نصیحت۔یاد)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قُرْآنٌ:(قرآن کریم)معطوف مرفوع۔موصوف۔مُّبِیْنٌ:(کھلم کھلا۔واضح)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان (پیغمبر) کو شعر گوئی نہیں سکھائی اور نہ وہ ان کو شایاں ہے۔یہ تو محض نصیحت اور صاف صاف قرآن (پُراز حکمت) ہے۔

لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یُنْذِرَ:(وہ آگاہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ یُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔خبردار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ ضرب۔

مادہ۔(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ یَنْذُرُ۔ مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا)۔مَن:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔کَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔حَيًّا:(زندہ ہونا)۔کَانَ کی خبر منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَحِقَّ:(وہ سچ کرتا ہے۔وہ ثابت ہوجاتا ہے)۔ فعل مضارع غائب۔ منصوب۔۔یُنذِرَ معطوف علیہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ح ق ق)مضاعف۔صیغہ۔حَقَّ یَحِقُّ۔مصدر۔حَقًّا۔(سچ ہونا۔ثابت ہونا)۔الْقَوْلُ:(بات۔کہنا۔)فاعل۔مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔الْكَافِرِينَ:(انکار کرنے والے۔کافر)اسم فاعل۔جمع مذکر۔اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: تاکہ اس شخص کو جو زندہ ہو ہدایت کا رستہ دکھائے اور کافروں پر بات پوری ہو جائے

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَرَوْا:(وہ دیکھتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ اَنَّآ:(بے شک ہم۔)مرکب:(اَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+ مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً اسم مجرور۔ عَمِلَتْ:(اس نے عمل کیا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔أَيْدِي:(ہاتھوں)فاعل۔مرفوع۔اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔ نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنْعَامًا:(مویشی) منصوب ۔ مفعول بہ۔فَ:(پس)استئنافیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَالِكُوْنَ:(ملکیت رکھتے ہیں۔مالک ہیں)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جو چیزیں ہم نے اپنے ہاتھوں سے بنائیں ان میں سے ہم نے ان کے لئے چارپائے پیدا کر دیئے اور یہ ان کے مالک ہیں

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ذَلَّلْنَا:(ہم نے رسوا کر دیا۔ذلیل کر دیا۔مطیع کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ذَلَّلَ يُذَلِّلُ۔مصدر۔تَذْلِيْلٌ۔(مطیع کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ذ ل ل)۔صیغہ۔ذَلَّ يَذِلُّ۔ مصدر۔ذِلَّةٌ۔مَذَلَّةٌ۔(پست ہونا۔نرم ہونا۔قابل نفرت ہونا۔فرمان بردار ہونا)۔ ہَا:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔رَكُوْبُ:(سواری)اسم مفعول۔واحد مذکر۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَأْكُلُوْنَ:(وہ کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَأْكُلُ۔صدر۔اَكْلاً۔(کھانا)۔

ترجمہ آیت: اور ان کو ان کے قابو میں کر دیا تو کوئی تو ان میں سے ان کی سواری ہے اور کسی کو یہ کھاتے ہیں۔

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فِيْ: (میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔۔ مَنَافِعُ:(مَنْفِعَةٌ کی جمع۔منافع۔فائدہ۔ نفع۔)مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَشَارِبُ:(پینے کی چیزیں) مصدر میمی۔معطوف مرفوع۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَشْكُرُوْنَ ۔ يَشْكُرُوْنَ:(وہ قدر کرتے ہیں۔شکر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور ان میں ان کے لئے (اور) فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں۔تو یہ شکر کیوں نہیں کرتے؟

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِتَّخَذُوْا:(وہ پکڑیں۔بنالیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اٰلِهَةً:(اِلٰه کی جمع معبود) منصوب مفعول بہٖ اوّل۔لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔يُنْصَرُوْنَ:(مدد کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)۔صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا۔)جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور انہوں نے اللہ کے سوا(اور) معبود بنالیے ہیں کہ شاید (ان سے) ان کو مدد پہنچے۔

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يَسْتَطِيْعُوْنَ:(وہ کرسکتے ہیں۔طاقت رکھتے ہیں۔استطاعت رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ۔مصدر۔ اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کرسکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔ نَصْرَ:(مدد)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ جُنْدٌ:(فوجی۔لشکر)خبر مرفوع۔مُّحْضَرُوْنَ:(حاضر کئے ہوئے۔موجود)اسم مفعول۔جمع مذکر۔صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت:(مگر) وہ ان کی مدد کی (ہرگز) طاقت نہیں رکھتے۔اور وہ ان کی فوج ہو کر حاضر کیے جائیں گے۔

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَحْزُنُ:(وہ غمگین ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔

ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ح ز ن)صیغہ۔حَزَنَ یَحْزُنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔(غمگین ہونا۔غم کرنا۔)۔کَ:(تمہارا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔قَوْلُ:(بات)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔)إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رافع خبر۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔محلاًاِنَّ کااسم منصوب۔نَعْلَمُ:(ہم جانتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔یُسِرُّوْنَ: (چھپاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسَرَّ یُسِرُّ۔ مصدر۔ اِسْرَارٌ۔ (چھپانا۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(س ر ر)مضاعف۔صیغہ۔سَرَّ یَسُرُّ۔مصدر۔سُرُوْرًا۔مَسَرَّةً۔(خوش ہونا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔یُعْلِنُوْنَ: (وہ اعلانیہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًهُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْلَنَ یُعْلِنُ۔مصدر۔اِعْلَانٌ۔(ظاہر اً کرنا۔کھلے عام کرنا۔اعلانیہ۔کرنا)۔

ترجمہ آیت: تو ان کی باتیں تمہیں غمناک نہ کردیں۔یہ جو کچھ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں ہمیں سب معلوم ہے

اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ﴿۷۷﴾

أَ:(اور)حرف استفہام۔انکاری۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔یَرَ:(وہ دیکھے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔حرف علت۔ی۔محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْیَةً(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔الْإِنْسَانُ:(انسان)فاعل مرفوع۔ أَنَّا:(بے شک ہم)مرکب :(اَنَّ+نَآ)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ ضمیر جمع متکلم۔محلاًاَنَّ کااسم منصوب۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔ مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع مِنْ:(سے)حرف جار۔ نُّطْفَةٍ:(نطفہ۔قطرۂ منی)اسم مجرور۔فَ: (پس)حرف جار۔إِذَا :(اچانک)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔فجائیہ۔

هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکرغائب۔مبنی برفتحہ۔محلاً متبداء مرفوع۔ خَصِيمٌ:(جھگڑالو)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔مُّبِينٌ:(کھلم کھلا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کیاانسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا۔پھر وہ تڑاق پڑاق جھگڑنے لگا۔

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾

أَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ ﴿١٥٣﴾

أَصْطَفَى:(اس نے چن لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِصْطَفٰى يَصْطَفِىْ۔مصدر۔اِصْطِفَاءٌ۔(چننا۔انتخاب کرنا۔ترجیح دینا)۔ الْبَنَاتِ:(بیٹیوں کو)جمع مؤنث۔ منصوب۔ بالکسرہ۔ مفعول بہٖ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الْبَنِيْنَ:(بیٹوں)جمع مذکر۔اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: کیااس نے بیٹوں کی نسبت بیٹیوں کو پسند کیاہے؟

مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ كَيْفَ:(کیسے؟)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔حال۔ تَحْكُمُوْنَ: (تم فیصلہ کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م)صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ ۔مصدر۔حُكْمًا۔(فیصلہ کرنا۔)

ترجمہ آیت: تم کیسے لوگ ہو، کس طرح کافیصلہ کرتے ہو۔

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ۚ

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(تو)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَذَكَّرُوْنَ:(نصیحت پکڑتے ہو)اصلاً تَتَذَكَّرُوْنَ تھا۔ایک ت محذوف۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔:(وہ نصیحت پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔بابتَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرٌ ۔ (نصیحت حاصل کرنا۔غور کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر۔ ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔

ترجمہ آیت: بھلاتم غور کیوں نہیں کرتے۔

اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾ۙ

أَمْ:(یا)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم مرفوع۔سُلْطَانٌ:(دلیل۔سند۔ثبوت)مبتداء مرفوع۔ موصوف۔مُّبِيْنٌ:(کھلم کھلا۔صریحاً)صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: یاتمہارے پاس کوئی صریح دلیل ہے۔

فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾

فَ:(تو)فصیحت۔اْتُوْا:(تم لے آؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی موجود۔واو جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔کِتَابِ:(کتاب)اسم مجرور۔مضاف۔کُمْ:(تمہاری۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔کُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔کَانَ کا اسم مرفوع۔محلاً فعل شرط۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔صَادِقِیْنَ:(سچے۔سچ بولنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔جواب شرط محذوف۔

ترجمہ آیت: اگر تم سچے ہو تو اپنی کتاب پیش کرو۔

وَجَعَلُوْا بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ ۙ

وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلُوْا:(انہوں نے بنایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد ۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔بَیْنَ :(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔الْجِنَّةِ:(جنت۔باغ)مجرور مضاف الیہ۔ نَسَبًا:(رشتہ داری از طرف باپ۔)منصوب۔مفعول بہٖ اوّل۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ عَلِمَتِ:(وہ جانتی ہے)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔کسرہ برائے اتصال۔علامت تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھِیَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔ الْجِنَّةُ:(جنت)فاعل۔مرفوع۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔مُحْضَرُوْنَ:(حاضر کئے ہوئے۔موجود۔)اسم مفعول۔جمع مذکر۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور انہوں نے اللہ میں اور جنوں میں رشتہ مقرر کیا۔حالانکہ جنات جانتے ہیں کہ وہ(اللہ کے سامنے) حاضر کئے جائیں گے۔

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ ۙ

سُبْحَانَ:(پاک ہے)منصوب۔مفعول مطلق۔ فعل محذوف۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ عَمَّا: (اس سے جو)مرکب:(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔يَصِفُوْنَ:(وہ بیان کرتے ہیں) فعل مضارع۔جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ف)مثال واوی۔صیغہ۔ وَصَفَ يَصِفُ۔مصدر۔وَصْفًا۔(بیان کرنا۔)

یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں اللہ اس سے پاک ہے

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٦٠﴾

اِلَّا:(سوائے۔علاوہ)عِبَادَ:(عَبْدٌ کی جمع۔بندے۔عبادت کرنے والے۔یعنی غلامی کرنے والے)منصوب۔ مستثنیٰ۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الْمُخْلَصِيْنَ:(مخلص۔ مخصوص۔خالص۔)مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: مگر اللہ کے بندگان خالص (مبتلائے عذاب نہیں ہوں گے)۔

فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿١٦١﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)کا اسم منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جنہیں)موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔تَعْبُدُوْنَ:(تم پوجتے ہو۔عبادت کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔غلامی کرنا)۔

ترجمہ آیت: سو تم اور جن کو تم پوجتے ہو۔

مَا اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿١٦٢﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اَنْتُمْ :(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مَا کا اسم منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی کسرہ محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔برائے تقویۃ نفی۔فَاتِنِين:(فتنہ میں ڈالنے والے۔بہکانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔جملہ محلاً مَا کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اللہ کے خلاف بہکا نہیں سکتے۔

اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿١٦٣﴾

اِلَّا:(سوائے۔علاوہ)حرف حصر۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ صَالِ:(بھڑکتی آگ میں داخل ہونے والا)اصلاً صَالِيٌ تھا۔حرف علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔اسم فاعل۔واحد مذکر۔خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔مضاف۔ الْجَحِيْمِ:(دوزخ۔آگ) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مگر اس کو جو جہنم میں جانے والا ہے۔

وَمَامِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿١٦٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔آگے اِلَّا صلہ ہے۔ مِنَّا:(ہم سے)مرکب:(مِنْ+نَا)حرف جار۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔مَقَامٌ:(مقام۔ٹھکانہ۔)مبتداء۔مؤخر۔مرفوع۔موصوف۔ مَّعْلُوْمٌ : (جانا پہچانا۔مقررہ)اسم موصول۔واحد مذکر۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور (فرشتے کہتے ہیں کہ) ہم میں سے ہر ایک کا ایک مقام مقرر ہے۔

وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿١٦٥﴾

وَ:(اور)حرف عطف ۔اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب :(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔الصَّآفُّوْنَ:(صفت باندھنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم صف باندھے رہتے ہیں۔

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿١٦٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف ۔اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب :(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔الْمُسَبِّحُوْنَ:(تسبیح کرنے والے۔پل ڈھونڈنے کے بجائے تیرنے والوں کی طرح سفر کم کرنے والے۔اسی طرح اللہ کے احکام پر جلد جلدی عمل کرنے والے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور (اللہ) پاک (ذات) کا ذکر کرتے رہتے ہیں۔

وَاِنۡ كَانُوۡا لَيَقُوۡلُوۡنَ ﴿۱۶۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اِنۡ :(یقیناً)اِنَّ کا مخففہ۔حرف تاکید مشبہ بالفعل۔غیر ناصب اِسم۔كَانُوۡا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔فارقہ۔یا۔مزحلقہ۔يَقُوۡلُوۡنَ:(وہ کہیں گے۔وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور یہ لوگ کہا کرتے تھے

لَوۡ اَنَّ عِنۡدَنَا ذِكۡرًا مِّنَ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۶۸﴾

لَوۡ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔أَنَّ حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔عِنۡدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ذِكۡرًا :(کوئی نصیحت)أَنَّ کا اسم منصوب۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔الۡأَوَّلِينَ:(پہلوں۔اگلوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہ اگر ہمارے پاس اگلوں کی کوئی نصیحت (کی کتاب) ہوتی۔

لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۱۶۹﴾

لَ:(بلاشبہ)لائے رابطہ جواب شرط۔كُنَّا:(ہم ہوجائیں گے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ضمیر فاعل مستتر نَحۡنُ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔عِبَادَ:(عَبۡدٌ کی جمع۔بندے۔غلام)كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الۡمُخۡلَصِيۡنَ: (مخلص۔پرخلوص۔مخصوص۔)صفت۔مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: تو ہم اللہ کے خالص بندے ہوتے۔

فَكَفَرُوۡا بِهٖ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۷۰﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔كَفَرُوۡا:(انہوں نے انکار کیا۔کفر کیا۔) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكۡفُرُ۔مصدر۔كُفۡرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف اجار۔هٖ:(اس کے)ضمیر

واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔ سَوْفَ:(جلد ہی۔ عنقریب) حرف استقبال۔ یَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں۔ وہ جان جائیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ یَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔

ترجمہ آیت: لیکن (اب) اس سے کفر کرتے ہیں سو عنقریب ان کو (اس کا نتیجہ) معلوم ہو جائے گا۔

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٧١﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ قَدْ:(یقیناً) حرف تحقیق۔ سَبَقَتْ:(وہ آگے نکلی۔ وہ دوڑی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔ علامت ضمیر فاعل۔ تانیث۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(س ب ق) صیغہ۔ سَبَقَ یَسْبِقُ۔ مصدر۔ سَبْقًا۔(پہلے کرنا۔ پہلے صادر ہونا۔ صادر ہو چکا)۔ كَلِمَتُ:(فیصلہ۔ وعدہ۔ حکم۔) فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ عِبَادِ:(عَبْدٌ کی جمع۔ بندے) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْمُرْسَلِيْنَ:(مُرْسَلٌ کی جمع۔ بھیجے ہوئے۔ پیغمبر) اسم مفعول۔ جمع مذکر۔ محلاً صفت مجرور۔ علامت۔ ی۔ تابع عِبَادِ موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اپنے پیغام پہنچانے والے بندوں سے ہمارا وعدہ ہو چکا ہے۔

اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿١٧٢﴾

إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ هُمْ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(لبلاشبہ) حرف تاکید۔ مزحلقه۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ الْمَنْصُوْرُوْنَ:(مدد ئے ہوئے) اسم مفعول۔ جمع مذکر۔ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہ وہی (مظفرو) منصور ہیں۔

وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿١٧٣﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ جُنْدَ:(لشکر) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ(لبلاشبہ) حرف تاکید۔ مزحلقه۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ الْغَالِبُوْنَ:(غلبہ پانے والے۔ قابو پانے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہمارا لشکر غالب رہے گا۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٤﴾

فَ:(پس) برائے رابطہ۔ تَوَلَّ:(تم نے منہ پھیرا) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت ۔ی۔ حرف علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً اَنْتَ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔ مصدر۔ تَوَلِّيْ۔ (منہ پھیرنا۔ منہ موڑنا)۔ ثلاثی مجرد ۔باب حَسِبَ۔ مادہ (ول ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ عَنْ:(سے) حرف جار۔ هُمْ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ حَتّٰى (یہاں تک) حرف غایت۔ و۔ جار۔ حِيْنٍ:(ایک وقت۔ مدت) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: تو ایک وقت تک ان سے اعراض کئے رہو۔

وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٥﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ اَبْصِرْ:(تو دیکھ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت ۔ی۔ حرف علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل ضمیر۔ مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَبْصَرَ يُبْصِرُ۔ مصدر۔ اِبْصَارٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ب ص ر) صیغہ۔ بَصِرَ يَبْصُرُ۔ مصدر۔ بَصَارَةٌ۔ (دیکھنا)۔ هُمْ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ سَوْفَ:(جلد ہی۔ عنقریب۔) حرف استقبال۔ يُبْصِرُوْنَ: (دیکھتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت ۔ نون اعرابی موجود۔ واوٗ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَبْصَرَ يُبْصِرُ۔ مصدر۔ اِبْصَارٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ب ص ر) صیغہ۔ بَصِرَ يَبْصُرُ۔ مصدر۔ بَصَارَةٌ۔ (دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور انہیں دیکھتے رہو۔ یہ بھی عنقریب (کفر کا انجام) دیکھ لیں گے۔

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٧٦﴾

اَ:(کیا) حرف استفہام۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ عَذَابِ:(عذاب) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا: (ہمارا) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ يَسْتَعْجِلُوْنَ:(وہ جلدی طلب کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واوٗ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ۔ مصدر۔ اِسْتَعْجَالًا۔ (جلدی طلب کرنا۔ جلد خواہش رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ع ج ل)

صیغہ۔عَجَلَ یَعْجِلُ۔مصدر۔عَجْلًا۔(جلدی کرنا)۔

ترجمہ آیت: کیا یہ ہمارے عذاب کے لئے جلدی کررہے ہیں۔

فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٧﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔نَزَلَ:(وہ اترا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔سَاحَتِ:(میدان۔ صحن۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔سَاءَ :(اس نے برا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔سَاءَ یَسُوْءُ۔مصدر۔سُوْءً۔(برا۔برا ہونا)۔صَبَاحُ:(صبح صبح۔سویرے۔سورج نکلتے ہوئے)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔الْمُنْذَرِيْنَ:(تنبیہ کئے ہوئے۔خبر دار کئے ہوئے)اسم موصول۔جمع مذکر۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مگر جب وہ ان کے میدان میں آ اترے گا تو جن کو ڈر سنادیا گیا تھا ان کے لئے برا دن ہو گا۔

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَوَلَّ:(تم نے منہ پھیرا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ی۔حرف علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔أَنْتَ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَوَلّٰى یَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّیْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(ول ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔مصدر۔وَلْیًا۔(پھرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ حَتَّى حَتَّى (یہاں تک)حرف غایت۔و۔جار۔حِيْنٍ:(ایک وقت۔مدت)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور ایک وقت تک ان سے منہ پھیرے رہو۔

وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَبْصِرْ:(تو دیکھ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔ی۔حرف علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔

ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْصَرَ یُبْصِرُ۔مصدر۔اِبْصَارٌ۔(دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ص ر)صیغہ۔بَصِرَ یَبْصُرُ۔مصدر۔بَصَارَۃٌ۔(دیکھنا)۔ ھُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔سَوْفَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)حرف استقبال۔ یُبْصِرُوْنَ: (دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَبْصَرَ یُبْصِرُ۔مصدر۔اِبْصَارٌ۔(دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ص ر)صیغہ۔بَصِرَ یَبْصُرُ۔مصدر۔بَصَارَۃٌ۔(دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور دیکھتے رہو یہ بھی عنقریب (نتیجہ) دیکھ لیں گے

سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

سُبْحَانَ:(پاک ہے)منصوب۔مفعول مطلق۔ فعل محذوف۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ) :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ: :(ربّ)بدل مجرور۔مضاف۔الْعِزَّۃِ:(عزت)مجرور مضاف الیہ۔عَمَّا :(اس سے جو)مرکب:(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+ اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔یَصِفُوْنَ:(وہ بیان کرتے ہیں) فعل مضارع۔جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ف)مثال واوی۔صیغہ۔وَصَفَ یَصِفُ۔مصدر۔وَصْفًا۔(بیان کرنا۔)

ترجمہ آیت: یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں تمہارا پروردگار جو صاحب عزت ہے اس سے (پاک ہے)۔

وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۸۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔سَلَامٌ :(سلامتی ہو)مبتداء مرفوع۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الْمُرْسَلِیْنَ:(مرسل کی جمع۔بھیجے ہوئے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور پیغمبروں پر سلام۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۸۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الْحَمْدُ:(الحمد۔خاص الخاص تعریف۔)مبتداء مرفوع۔لِلّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب:(لِ + اللّٰہِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)بدل۔مجرور۔مضاف۔الْعَالَمِیْنَ:(جہانوں کے)مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور سب طرح کی تعریف اللہ رب العالمین کو (سزاوار) ہے۔

38 سُوْرَۃُ صٓ

رکوعاتھا 5 — 38 سُوْرَۃُ صٓ مَکِّیَّۃٌ 38 — اٰیاتھا 88

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

صٓ وَ الْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ ﴿۱﴾

صٓ:(لقب نبی اکرم ﷺ)از حروف مقطعات۔ وَ:(قسم ہے)حرف جار قسمیہ۔ الْقُرْآنِ:(قرآن مجید کی) مقسم بہ۔ مجرور۔ ذِيْ:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔ الذِّکْرِ:(ذکر۔ نصیحت۔)اسم مصدر۔ مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: صٓ۔ قسم ہے اس قرآن کی جو نصیحت دینے والا ہے(کہ تم حق پر ہو)۔

بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ عِزَّۃٍ وَّ شِقَاقٍ ﴿۲﴾

بَلِ:(بلکہ)حرف اضراب۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاًمبتداء مرفوع۔ کَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ کَفَرَ یَکْفُرُ۔ مصدر۔ کُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ عِزَّةٍ:(عزت۔یہاں مراد گھمنڈ۔ تکبر غرور۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف جار۔ شِقَاقٍ:(مخالفت)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: مگر جو لوگ کافر ہیں وہ غرور اور مخالفت میں ہیں۔

کَمْ اَهْلَکْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّ لَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾

کَمْ:(کتنے)اسم استفہام۔برائے تعداد و مقدار ظاہر کرنے کے لئے۔ محلاًمفعول بہ مقدم۔ أَهْلَکْنَا:(ہم نے ہلاک کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَهْلَکَ یُهْلِکُ۔ مصدر۔ اِهْلَاکٌ۔(ہلاک کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔ هَلَکَ یَهْلِکُ۔ مصدر۔ هَلْکًا۔ هَلَاکًا۔ هُلُوْکًا۔ مُهْلِکًا۔ تَهْلُکَةً۔ هُلْکًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر

غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ قَرۡنٍ :(زمانہ۔ایک زمانہ کے لوگ۔امتوں۔قوموں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب تمیز۔کَمۡ خَبۡرِیَّةٌ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔نَادَوۡا:(انہوں نے پکارا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰی یُنَادِیۡ۔ مصدر۔ مُنَادَاةٌ(آواز دینا۔پکارنا)۔ وَ: (حالانکہ)حالیہ۔لَاتَ :(نہیں)نافیہ۔حرف ناقص۔ عمل لَیۡسَ کی طرح۔رافع اسم ۔ناصب خبر۔حِیۡنَ :(ایک وقت) لَاتَ کا خبر منصوب۔مضاف۔ مَنَاصٍ:(بچنے کا۔بھاگنے کا۔کنی کترانا۔دور رہنا۔پسپا ہونا)مصدر۔میمی۔مجرور مضاف الیہ۔(اسم ظرف مکان و زمان۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ن و ص۔)اجوف واوی۔صیغہ۔نَاصَ یَنُوۡصُ۔مصدر۔نَوۡصًا۔مَنَاصًا۔

ترجمہ آیت: ہم نے ان سے پہلے بہت سی اُمتوں کو ہلاک کر دیا تو وہ(عذاب کے وقت) لگے فریاد کرنے اور وہ رہائی کا وقت نہیں تھا۔

وَعَجِبُوۡۤا اَنۡ جَآءَهُمۡ مُّنۡذِرٌ مِّنۡهُمۡ ۫ وَقَالَ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿ۖ۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔عَجِبُوۡا:(انہوں نے تعجب کیا۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ أَنۡ: (کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیۡئُ۔ جِیۡئٌ۔ مَجِیۡئٌ۔(آنا)۔هُمۡ :(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مُّنۡذِرٌ:(آگاہ کرنے والا۔تنبیہ کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔فاعل مرفوع۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ هُمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا۔)۔ الۡكَافِرُوۡنَ :(کافروں نے۔کفر کرنے والوں نے۔انکار کرنے والوں نے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاً فاعل۔مرفوع۔ هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ سَاحِرٌ:(جادو گر۔دھوکے باز۔فریبی۔مکار)خبر مرفوع۔ موصوف۔كَذَّابٌ:(خوب جھوٹ بولنے والا)مبالغہ۔صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور انہوں نے تعجب کیا کہ ان کے پاس ان ہی میں سے ہدایت کرنے والا آیا اور کافر کہنے لگے کہ یہ تو جادو گر ہے جھوٹا۔

اَجَعَلَ الۡاٰلِهَةَ اِلٰـهًا وَّاحِدًا ۖۚ اِنَّ هٰذَا لَشَىۡءٌ عُجَابٌ ﴿۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا ۔(بنانا)۔الْآلِهَةَ:(اِلٰہ کی جمع۔معبود)منصوب۔ مفعول بہٖ۔إِلَهًا:(معبود) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔موصوف۔ وَاحِدًا:(ایک)صفت منصوب۔تابع موصوف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ شَيْءٌ:(کوئی شے)إِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔عُجَابٌ:(تعجب خیزبات)صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیااس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود بنادیا۔یہ توبڑی عجیب بات ہے۔

وَانْطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا وَاصْبِرُوا عَلَىٰ آلِهَتِكُمْ ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ ﴿٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اِنطَلَقَ:(اس نے چھوڑ دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْطَلَقَ یَنْطَلِقُ۔ مصدر۔اِنْطِلَاقًا۔(چھوڑنا۔چلانا) الْمَلَأُ :(سردار)فاعل۔ مرفوع۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔هُمْ:(اس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَنِ :(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔کسرہ برائے اتصال۔اِمْشُوا:(تم چلو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ۔ (م ش ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔مَشٰی یَمْشِيْ۔مصدر۔مَشْيًا۔(چلنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِصْبِرُوْا :(استقامت دکھاؤ۔ڈٹے رہو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ یَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرًا۔(استقامت دکھنا۔ڈتے رہنا۔) عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ آلِهَتِ:(معبودوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ: (بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔شَيْءٌ:(کوئی شئے)إِنَّ کی خبر مرفوع۔يُرَادُ:(اس کا ارادہ کیا جائے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ أَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ إِرَادَةٌ (چاہنا۔ ارادہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(رود) صیغہ۔رَادَ یَرُوْدُ۔ مصادر۔رُدُ۔رَوَدَانًا۔رِیَادًا۔ (کسی چیز کی تلاش میں آناجانا)۔

ترجمہ آیت: توان میں جو معزز تھے وہ چل کھڑے ہوئے(اور بولے) کہ چلواور اپنے معبودوں(کی پوجا) پر قائم رہو۔بے شک یہ ایسی بات ہے جس سے(تم پر شرف وفضیلت) مقصود ہے۔

مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۖ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ﴿٧﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔ سَمِعْنَا:(ہم نے سنا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٰذَا:(اس)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْمِلَّةِ:(قوم۔مذہب۔دین۔ملت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔موصوف۔الْاٰخِرَةِ:(آخری۔پچھلے)صفت مجرور۔تابع موصوف۔اِنْ:(نہیں)نافیہ۔آگے اِلَّا صلہ آرہا ہے۔ هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ اخْتِلَاقٌ: (گھڑی ہوئی۔ بنائی ہوئی۔ تخلیق کی ہوئی۔ من گھڑت)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ پچھلے مذہب میں ہم نے کبھی سنی ہی نہیں۔یہ بالکل بنائی ہوئی بات ہے

ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ﴿٨﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔أُنزِلَ:(وہ اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔هِ:(س)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ خبر مرفوع۔مقدم۔الذِّكْرُ:(نصیحت۔)نائب فاعل۔مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔بَيْنِ:(درمیان)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔شَكٍّ:(شک۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ذِكْرِ:(یاد۔)اسم مجرور۔مضاف۔ ي:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً صفت۔مجرور۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلا۔ منصوب۔(مضارع کو جزم دیتا ہے اور معانی ماضی میں بدل دیتا ہے۔)جازم مضارع۔قالب۔يَذُوْقُوْا:(وہ چکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔مصدر۔ذَوْقًا۔مذَاقًا۔مَذَاقَةٌ۔(مزہ چکھنا)عَذَابِ:(میرا عذاب)۔اصلاً عَذَابِيْ تھا۔ تخفیف کے لئے۔ی۔ محذوف۔کسرہ بعوض۔ی۔ ضمیر محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کیاہم سب میں سے اسی پر نصیحت (کی کتاب) اُتری ہے؟(نہیں) بلکہ یہ میری نصیحت کی کتاب سے شک میں ہیں۔
بلکہ انہوں نے ابھی میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا۔

اَمۡ عِنۡدَهُمۡ خَزَآئِنُ رَحۡمَةِ رَبِّكَ الۡعَزِيۡزِ الۡوَهَّابِ ﴿۹﴾

أَمۡ :(یا)حرف عطف۔ عِنۡدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ خَزَائِنُ :(خزانے)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ رَحۡمَةِ:(رحمت۔ مہربانی نوازش۔عنایت۔)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ مضاف۔ كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الۡعَزِيۡزِ:(زبردست عزت والا)مبالغہ۔صفت مجرور۔ الۡوَهَّابِ:(عطا کرنے والا) صفت ثانی۔ مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کیاان کے پاس تمہارے پروردگار کی رحمت کے خزانے ہیں جوغالب اور بہت عطا کرنے والا ہے۔

اَمۡ لَهُمۡ مُّلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا فَلۡيَرۡتَقُوۡا فِى الۡاَسۡبَابِ ﴿۱۰﴾

أَمۡ :(یا)حرف عطف۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُم :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ مُّلۡكُ:(ملک۔سلطنت۔بادشاہت)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الۡأَرۡضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بَيۡنَ:(درمیاں)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُمَا:(دونوں کے)ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔ لۡ:(چاہئے کہ)لائے امر۔ جازم مضارع۔ يَرۡتَقُوۡا:(وہ چڑھیں)فعل مضارع جمع مذکر منصوب۔ حرف علت ی ۔ محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ر ت ق)صیغہ۔ رَتَقَ يَرۡتِقُ۔ مصدر۔ رَتۡقًا۔ (چڑھنا) فِي:(میں)حرف جار۔ الۡأَسۡبَابِ:(۔سامان۔ ذریعہ۔طریقہ۔رسیاں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: یا آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے ان(سب) پر ان ہی کی حکومت ہے۔توچاہیئے کہ رسیاں تان کر(آسمانوں) پر چڑھ جائیں۔

جُنۡدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهۡزُوۡمٌ مِّنَ الۡاَحۡزَابِ ﴿۱۱﴾

جُنْدٌ:(لشکر)خبر مرفوع مبتداء محذوف۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔زائدہ۔هُنَالِكَ:(وہاں)اسم اشارہ مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ظرف مکان۔ مَهْزُوْمٌ:(شکست خوردہ)اسم مفعول واحد مذکر۔محلاً صفت مرفوع۔مِّنَ :(سے)حرف جار۔الْأَحْزَابِ:(گروہ۔جماعتیں۔ٹولے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً جُندٌ کی صفت۔

ترجمہ آیت: یہاں شکست کھائے ہوئے گروہوں میں سے یہ بھی ایک لشکر ہے۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ ﴿١٢﴾

كَذَّبَتْ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً۔هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ قَوْمُ:(قوم)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔نُوحٍ:(نوحؑ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَادٌ:(عاد)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔فِرْعَوْنُ:(فرعون)معطوف مرفوع۔ ذُوْ :(والا)از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔الْأَوْتَادِ:(وتد کی جمع۔میخوں) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: ان سے پہلے نوح کی قوم اور عاد اور میخوں والا فرعون (اور اس کی قوم کے لوگ) بھی جھٹلا چکے ہیں۔

وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَّأَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ أُولٰٓئِكَ الْأَحْزَابُ ﴿١٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ثَمُوْدُ:(ثمود)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَوْمُ:(قوم)معطوف مرفوع۔مضاف۔لُوطٍ:(لوطؑ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَصْحَابُ:(ساتھی۔والے)معطوف مرفوع۔مضاف۔الْأَيْكَةِ:(ایکہ) مجرور مضاف الیہ۔أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔الْأَحْزَابُ:(گروہ۔ٹولے۔جماعتیں)خبر مرفوع۔

اور ثمود اور لوط کی قوم اور بن کے رہنے والے بھی۔یہی وہ گروہ ہیں

إِنْ كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿١٤﴾

إِنْ:(نہیں)نافیہ۔كُلٌّ :(تمام۔ہر ایک)مبتداء مرفوع۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ كَذَّبَ :(اس نے جھٹلایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی

مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔ کِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔الرُّسُلَ :(رِسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(تو)حرف عطف۔حَقَّ:(سچ ہے۔حق ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ق ق) مضاعف۔صیغہ۔حَقَّ یَحِقُّ۔مصدر۔ حَقًّا۔ (حق ہونا۔سچ ہونا)۔ عِقَابِ:(میرا عذاب۔)اصلاً عِقَابِی تھا۔ تخفیف ہوئی۔کسرہ بعوض یائے متکلم۔ محذوف۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (ان) سب نے پیغمبروں کو جھٹلایا تو میرا عذاب (ان پر) آواقع ہوا۔

وَمَا یَنۡظُرُ هٰۤؤُلَآءِ اِلَّا صَیۡحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنۡ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔ آگے اِلَّا صلہ۔ہے یَنْظُرُ:(وہ دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ یَنْظُرُ۔مصدر۔نَظَرًا۔(دیکھنا)۔ ھٰؤُلَاءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء مرفوع۔ اِلَّا:(سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔صَیْحَةً:(چنگھاڑ۔چیخ)منصوب۔ مستثنٰی۔موصوف۔ وَاحِدَةً:(ایک)منصوب۔صفت منصوب۔مَّا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔ھَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدم۔مِنْ :(سے)حرف جار۔زائدہ۔فَوَاقٍ:(کوئی وقفہ)لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مرفوع۔جملہ محلاً صفت۔

ترجمہ آیت: اور یہ لوگ تو صرف ایک زور کی آواز کا جس میں (شروع ہوئے پیچھے) کچھ وقفہ نہیں ہو گا،انتظار کرتے ہیں۔

وَقَالُوۡا رَبَّنَا عَجِّلۡ لَّنَا قِطَّنَا قَبۡلَ یَوۡمِ الۡحِسَابِ ﴿۱۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)۔صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔رَبَّنَا:(اے ہمارے رب)مرکب:(یَا+رَبَّ+نَا)حرف نداء۔ محذوف۔+منادیٰ۔ منصوب۔ مضاف۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَجِّلْ:(جلدی کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً انت۔دعائیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَجَّلَ یُعَجِّلُ۔ مصدر۔ تَعْجِیْلًا۔(جلدی کرنا۔عجلت سے کام کرنا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ قِطَّ:(اعمال نامہ۔لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا۔حصہ۔)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔نَا:(ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور

مضاف الیہ۔ قَبۡلَ:(پہلے)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف الیہ۔ یَوۡمِ:(دن)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ الۡحِسَابِ:(حساب۔) مجرور۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ہمارا حصہ حساب کے دن سے پہلے ہی دے دے۔

اِصۡبِرۡ عَلٰی مَا یَقُوۡلُوۡنَ وَ اذۡكُرۡ عَبۡدَنَا دَاوٗدَ ذَا الۡاَیۡدِ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾

اِصۡبِرۡ:(استقامت دکھا۔ڈٹارہ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً انت۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ یَصۡبِرُ۔مصدر۔صَبۡرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔عَلٰی:(پر)حرف جار۔ مَا: (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔یَقُوۡلُوۡنَ:(وہ کہیں گے۔وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔اُذۡكُرۡ:(آپ ذکر کریں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ یَذۡكُرُ۔مصدر۔ذِكۡرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔عَبۡدَ:(بندے کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔نَا: (ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ دَاوٗدَ :(داؤدؑ) عَبۡدَ کا بدل۔ منصوب۔ذَا:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔ منصوب۔مضاف۔ الۡاَیۡدِ:(قوت۔طاقت۔ مضبوط ہونا۔ قوی ہونا)مجرور مضاف الیہ۔اِنَّ:یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔اَوَّابٌ:(خوب رجوع کرنے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر) یہ جو کچھ کہتے ہیں اس پر صبر کرو۔ اور ہمارے بندے داؤد کو یاد کرو جو صاحب قوت تھے (اور) بے شک وہ رجوع کرنے والے تھے۔

اِنَّا سَخَّرۡنَا الۡجِبَالَ مَعَهٗ یُسَبِّحۡنَ بِالۡعَشِیِّ وَ الۡاِشۡرَاقِ ﴿۱۸﴾

اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ سَخَّرۡنَا:(ہم نے قابو کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔سَخَّرَ یُسَخِّرُ۔مصدر۔تَسۡخِیۡرًا۔(قابو کرنا)۔الۡجِبَالَ :(پہاڑوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مَعَ:(ساتھ) ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔هٗ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔یُسَبِّحۡنَ:(وہ ضرور بالضرور تسبیح کرتی ہیں)فعل مضارع جمع مونث غائب۔نون نسوۃ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔

صیغہ۔سَبَّحَ یُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِیْحًا۔(تسبیح کرنا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْعَشِیِّ :(شام۔دوپہر کے بعد سورج غروب ہونے سے پہلے تک)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْاِشْرَاقِ:(صبح)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: ہم نے پہاڑوں کو ان کے زیر فرمان کردیا تھا کہ صبح وشام ان کے ساتھ (اللہ) پاک (کا) ذکر کرتے تھے۔

وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ﴿۱۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الطَّیْرَ:(طائر کی جمع۔پرندوں کو)معطوف منصوب۔الْجِبَالَ معطوف علیہ۔مَحْشُوْرَۃً:(اکٹھے کئے ہوئے)اسم مفعول ۔واحد مؤنث۔ منصوب۔حال۔کُلٌّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔ ہٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔اَوَّابٌ:(خوب رجوع کرنے والا)مبالغہ۔اسم فاعل۔واحد مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور پرندوں کو بھی کہ جمع رہتے تھے۔سب ان کے فرمانبردار تھے۔

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ﴿۲۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔شَدَدْنَا:(ہم نے مضبوط کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش د د)مضاعف۔صیغہ۔شَدَّ یَشُدُّ۔مصدر۔شَدًّا۔(مضبوط کرنا۔سخت کرنا) مُلْكَ:(بادشاہت۔سلطنت۔ملک) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ہٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اٰتَیْنَا):(ہم نے دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)۔اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الْحِكْمَةَ :(حکمت ۔ دانائی۔ عقلمندی) منصوب۔مفعول بہ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔فَصْلَ :(فیصلہ کرنا)معطوف منصوب۔مضاف۔ الْخِطَابِ: (انداز تکلم۔ گفتگو)مجرور مضاف الیہ۔۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان کی بادشاہی کو مستحکم کیا اور ان کو حکمت عطا کی اور (خصومت کی) بات کا فیصلہ (سکھایا)۔

وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ﴿۲۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔اَتٰىكَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هو۔) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)۔اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔كَ:(تیرے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ نَبَؤُا: (خبر) فاعل مرفوع۔مضاف۔ الْخَصْمِ:(جھگڑے کی)مجرور مضاف الیہ۔اِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ تَسَوَّرُوا:(وہ دیوار پھاند کر داخل ہوئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَسَوَّرَ يَتَسَوَّرُ۔مصدر۔تَسَوُّرٌ۔دیوار پھلانگ کر داخل ہونا)جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْمِحْرَابَ: (محراب میں۔عبادت خانہ۔)منسوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: بھلا تمہارے پاس ان جھگڑنے والوں کی بھی خبر آئی ہے جب وہ دیوار پھاند کر عبادت خانے میں داخل ہوئے۔

اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾

اِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔دَخَلُوا:(وہ داخل ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ عَلٰى:(پر)حرف جار۔ دَاوٗدَ:(داؤدؑ)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(تو)حرف عطف۔فَزِعَ:(وہ ڈر گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ قَالُوا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔)۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَخَفْ:(تو ڈر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا)۔خَصْمَانِ:(دو جھگڑنے والے)تثنیہ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔الف علامت تثنیہ۔خبر مرفوع۔مبتداء نَحْنُ محذوف۔ بَغٰى:(اس نے سرکشی کی۔بغاوت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هو۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔ بَغْيًا۔بَغْيَةً۔(چاہنا)۔ بَعْضُ: (کچھ)فاعل۔ مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلٰى:(پر)حرف

جار۔بَعْضٍ:(کچھ)اسم مجرور۔فَ:(پس)فصیحت۔اُحْكُمْ:(تو حکم دے۔فیصلہ کر دے) فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م)صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ۔ مصدر۔ حُكْمًا۔(فیصلہ کرنا)۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکونَ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق۔سچ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تُشْطِطْ:(زیادتی نہ کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَشَطَّ يُشِطُّ۔مصدر۔اِشْطَاطٌ۔(بے انصافی کرنا۔زیادتی کرنا)وَ:(اور)حرف عطف۔اِهْدِ:(تو راہنمائی کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت حرف علت۔ی۔محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔ تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔اِلٰى:(طرف)حرف جار۔سَوَاءِ:(درست۔سیدھا۔برابر۔)اسم مجرور۔موصوف۔الصِّرَاطِ:(راہ)مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جس وقت وہ داؤد کے پاس آئے تو وہ ان سے گھبرا گئے انہوں نے کہا کہ خوف نہ کیجیے۔ہم دونوں کا ایک مقدمہ ہے کہ ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے تو آپ ہم میں انصاف کا فیصلہ کر دیجیے اور بے انصافی نہ کیجیے گا اور ہم کو سیدھا راستہ دکھا دیجیے۔

اِنَّ هٰذَاۤ اَخِیْ۫ لَهٗ تِسْعٌ وَّ تِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِیَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ۫ فَقَالَ اَكْفِلْنِیْهَا وَعَزَّنِیْ فِی الْخِطَابِ﴿۲۳﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔اَخِيْ:(میرا بھائی) اِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف +مضاف الیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مقدم۔تِسْعٌ:(نو۔9)مبتداء مرفوع۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔تِسْعُوْنَ:(نوے 90)معطوف۔مرفوع۔نَعْجَةً:(دنبیاں۔)نِعَاجٌ جمع منصوب۔ تمیز۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔يَ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔تقدیراً مکسور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔نَعْجَةٌ:(دنبی)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔وَاحِدَةٌ:(ایک)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔فَ:(پھر) حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) اجوف

واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ أَكْفِلْ:(تو حوالے کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَكْفَلَ يُكْفِلُ۔مصدر اِكْفَالًا۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مرجع۔ نَعْجَةٌ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَزَّ:(اس نے زیادتی کی۔وہ غالب آگیا۔چھا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ز ز) مضاعف۔ صیغہ۔عَزَّ يَعِزُّ۔مصدر۔عَزًا۔(چھاجانا۔معزز ہونا۔غالب آنا۔)نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔الْخِطَابِ:(گفتگو۔انداز تکلم۔)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (کیفیت یہ ہے کہ) یہ میرا بھائی ہے اس کے(ہاں) ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے (پاس) ایک دُنبی ہے۔یہ کہتا ہے کہ یہ بھی میرے حوالے کردے اور گفتگو میں مجھ پر زبردستی کرتا ہے۔

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ قَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَ ظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَ خَرَّ رَاكِعًا وَّ اَنَابَ ﴿۲۴﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ظَلَمَ:(اس نے ظلم کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔اندھیر مچانا)۔ كَ :(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔سُؤَالِ :(مانگ۔مطالبہ۔)اسم مجرور۔مضاف۔نَعْجَتِ:(دنبی)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ :(تیری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔نِعَاجِ:(نَعْجَةٌ کی جمع دنبیاں)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔كَثِيرًا:(بہت زیادہ۔اکثریت۔اکثر)کا اسم منصوب۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔الْخُلَطَاءِ: (الْخَلِيطُ کی جمع۔ملے ہوئے۔شرکت والے۔ساجھی۔حصہ دار۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔يَبْغِي:(وہ زیادتی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔بَغٰی یَبْغِیْ۔مصدر۔ بَغْیًا۔بَغْیَۃً۔ (چاہنا)۔ بَعْضُ: (بعض)فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلٰی :(پر) حرف جار۔ بَعْضٍ:(کچھ)اسم مجرور۔اِلَّا:(سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔ الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مستثنیٰ۔ آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَمِلُوا:(انہوں نے کام کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ یَعْمَلُ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ :(نیک۔ صالح۔اچھے) لفظاً مجرور۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَلِیْلٌ:(تھوڑا)خبر مقدم۔مرفوع۔ مَّا :(جو۔) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًزائدہ۔هُمْ :(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ظَنَّ :(اس نے گمان کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔ صیغہ۔ظَنَّ یَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔خیال کرنا۔وہم ہونا۔شک ہونا)۔ دَاوٗدُ :(داوٗدؑ) فاعل۔ مرفوع۔ اَنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔ فَتَنّٰهُ:(ہم نے آزمائش میں ڈال دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ت ن)صیغہ۔فَتَنَ یَفْتِنُ۔مصدر۔فَتْنًا۔ فُتُوْنًا۔ (آزمانا۔آزمائش میں ڈالنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔)۔جملہ محلاً صفت۔مرفوع۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔اِسْتَغْفَرَ:(اس نے استغفار کیا۔مغفرت طلب کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتِغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَۃٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ رَبَّ:(ربّ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هٗ :(اس کے۔اپنے)ضمیرواحدمذکرغائب۔مبنی برضمہ۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔خَرَّ:(وہ ڈھے پڑا۔گر پڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ صیغہ۔خَرَّ یَخِرُّ۔مصدر۔خَرًّا۔(گر پڑنا)۔

رَاكِعًا:(جھکے ہوئے) منصوب۔حال۔وَ:(اور) حرف عطف۔اَنَابَ:(اس نے رجوع کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنَابَ يُنِيبُ۔مصدر۔اِنَابَةٌ۔(رجوع کرنا۔)

ترجمہ آیت: انہوں نے کہا کہ یہ جو تیری دنبی مانگتا ہے کہ اپنی دنبیوں میں ملالے بے شک تجھ پر ظلم کرتا ہے۔اور اکثر شریک ایک دوسرے پر زیادتی ہی کیا کرتے ہیں۔ہاں جو ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے اور ایسے لوگ بہت کم ہیں۔اور داؤد نے خیال کیا کہ (اس واقعے سے) ہم نے ان کو آزمایا ہے تو انہوں نے اپنے پروردگار سے مغفرت مانگی اور جھک کر گر پڑے اور (اللہ کی طرف) رجوع کیا۔

فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ۚ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾

فَ:(پھر) استئنافیہ۔غَفَرْنَا:(ہم نے مغفرت کر دی) فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔لَ:(لئے) حرف جار۔هٗ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔ :(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء مرفوع۔وَ:(اور) حرف عطف۔اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔لَ:(لئے) حرف جار۔هٗ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔عِنْدَ:(پاس) ظرف مکان۔منصوب۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب مضاف۔نَا:(ہم) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔محلاً منصوب۔حال۔لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔مزحلقه۔زُلْفٰى:(درجہ۔مرتبہ خاص قرب۔) اِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔وَ:(اور) حرف عطف۔حُسْنَ:(خوبصورت۔اچھا۔عمدہ) معطوف منصوب۔ مضاف۔مَاٰبٍ:(لوٹنے کی جگہ۔ٹھکانہ۔) ظرف مکان۔مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو ہم نے ان کو بخش دیا۔اور بے شک ان کے لئے ہمارے ہاں قرب اور عمدہ مقام ہے۔

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۗ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿۲۶﴾

يَا:(اے) حرف ندا۔دَاوٗدُ:(داوٗدؑ) منادیٰ۔غیر منصرف۔محلاً منصوب۔اِنَّا:(بے شک ہم) مرکب:(اِنَّ+نَا) حرف تاکید مشبہ بالفعل ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔كَ:(تجھے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً

منصوب۔ مفعول بہٖ۔خَلِيفَةً:(خلیفہ۔بعد میں آنے والا)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔فِي:(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔فَ:(پس)فصیحت۔اُحْكُمْ:(توحکم دے۔فیصلہ کردے) فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م)صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ۔ مصدر۔ حُكْمًا۔(فیصلہ کرنا)۔ بَيْنَ: (درمیان) ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔النَّاسِ:(لوگوں)مجرور ۔مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق۔سچ۔درست) اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَتَّبِعِ:(توپیروی کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ثلاثی مزیدفیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبَعًا۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔الْهَوَى:(خواہشات کی)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔يُضِلَّ:(گمراہ ہوتا ہے۔بھٹکتا ہے۔ غلطی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔ كَ :(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب مفعول بہٖ۔عَنْ:(سے)حرف جار۔سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔يَضِلُّوْنَ:(گمراہ ہوتے ہیں۔بھٹکتے ہیں۔ غلطی کرتا ہے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔ (گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔ مضاف الیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔ مقدم۔عَذَابٌ:(عذاب۔سزاء۔دکھ)مبتداء مرفوع۔موصوف۔ شَدِيْدٌ:(سخت۔)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔نَسُوا:(وہ بھول گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔مصدر۔نِسْيَانٌ۔ (بھولنا)۔يَوْمَ:(دن کو)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔الْحِسَابِ:(حساب کا)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اے داوٗد ہم نے تم کو زمین میں بادشاہ بنایا ہے تو لوگوں میں انصاف کے فیصلے کیا کرو اور خواہش کی پیروی نہ کرنا کہ وہ تمہیں اللہ کے رستے سے بھٹکا دے گی۔ جو لوگ اللہ کے رستے سے بھٹکتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب (تیار) ہے کہ انہوں نے حساب کے دن کو بھلا دیا۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿۲۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا :(نہیں)نافیہ۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔السَّمَاءَ:(آسمان کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضَ: (زمین) معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف۔منصوب۔ بَيْنَ: (درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمَا:(ان دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَاطِلًا:(جھوٹ۔فضول۔بے کار۔بے مقصد)منصوب۔حال۔ ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء مرفوع۔ظَنُّ :(گمان۔شک)خبر مرفوع۔ مضاف۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔وَيْلٌ:(خرابی ہے۔سختی۔عذاب۔دوزخ کی ایک وادی کا نام)مبتداء مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔كَفَرُوْا :(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔مِنَ:(سے)حرف جار۔النَّارِ:(دوزخ۔آگ۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً۔وَيْلٌ کی صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کائنات ان میں ہے اس کو خالی از مصلحت نہیں پیدا کیا۔یہ ان کا گمان ہے جو کافر ہیں۔سو کافروں کے لئے دوزخ کا عذاب ہے۔

اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾

أَمْ :(یا)حرف عطف۔ نَجْعَلُ:(ہم نے بنایا)فعل مضارع۔ جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ الَّذِينَ :(وہ جو) اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اٰمَنُوْا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عَمِلُوا:(انہوں نے کام کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ :(نیک۔صالح۔اچھے) لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔كَ:(طرح ۔مانند) حرف تشبیہ۔و ۔جار۔الْمُفْسِدِينَ:(بگاڑ پیدا کرنے والوں کی۔فساد پھیلانے والوں کی)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلًّااسم مجرور۔فِي:(میں)حرف اجر۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمنصوب۔ جَعَلَ کامفعول بہٖ ثانی۔ أَمْ :(یا)حرف عطف۔ نَجْعَلُ: :(ہم نے بنایا)فعل مضارع۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ الْمُتَّقِيْنَ:(پرہیز گاروں کو)منصوب۔علامت۔ی۔ مفعول بہٖ۔ كَ:(مانند ۔طرح)حرف تشبیہ۔و۔جار۔الْفُجَّارِ:(بدکاروں کی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمنصوب۔ جَعَلَ کامفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: جولوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے۔کیاان کو ہم ان کی طرح کردیں گے جوملک میں فساد کرتے ہیں۔یا پرہیز گاروں کو بدکاروں کی طرح کردیں گے۔

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ﴿۲۹﴾

كِتَابٌ:(کتاب)خبر۔مرفوع۔ مبتداء محذوف۔هَذَا۔ أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔إِلَيْ:(طرف) حرف جار۔كَ :(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مُبَارَكٌ: (بابرکت)مبتداء مرفوع۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَدَّبَّرُوْا:(وہ غوروخوض کریں)اصلاًيَتَدَبَّرُوْا تھا۔فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَدَبَّرَ يَتَدَبَّرُ مصدر۔تَدَبُّرٌ۔(غور

وفکر کرنا)۔آیَاتِ:(آیات۔)منصوب بالکسرہ۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ہٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔یَتَذَکَّرَ:(وہ نصیحت پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَذَکَّرَ یَتَذَکَّرُ۔مصدر۔ تَذَکُّرُ۔(نصیحت حاصل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَکَرَیَذْکُرُ۔مصدر۔ذِکْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔اُوْلُوا:(والے)فاعل۔مرفوع۔اسم جامد۔اس کی واحد نہیں آتی۔مضاف۔الْاَلْبَابِ:(لُبٌّ کی جمع۔عقلوں۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (یہ) کتاب جو ہم نے تم پر نازل کی ہے بابرکت ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں اور تاکہ اہل عقل نصیحت پکڑیں۔

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿٣٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔وَھَبْنَا:(ہم عطا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ھ ب) مثال واوی۔صیغہ۔وَھَبَ یَھَبُ۔مصدر۔وَھْبًا۔(تحفہ دینا۔ عطا کرنا۔عنایت کرن۔بخشنا)۔ لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔دَاوٗدَ:(داوٗدؑ)غیر منصرف۔محلاًاسم مجرور۔سُلَیْمَانَ:(سلیمانؑ)غیر منصرف۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔نِعْمَ:(اچھا۔)فعل ماضی جامد۔مبنی بر فتح۔ فعل مدح۔الْعَبْدُ:(بندہ)فاعل۔مرفوع۔بوجہ مدح۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ہٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔اَوَّابٌ:(خوب رجوع کرنے والا)کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے داوٗد کو سلیمان عطا کئے۔بہت خوب بندے(تھے اور) وہ(اللہ کی طرف) رجوع کرنے والے تھے۔

اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿٣١﴾

اِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔عُرِضَ:(پیش کئے گئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ض)صیغہ۔عَرَضَ یَعْرِضُ۔مصدر۔عَرْضًا۔(پیش کرنا۔)عَلَیْ:(پر)حرف جار۔ہِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاًاسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف عطف۔الْعَشِیِّ:(شام۔بعد دوپہر تا غروب آفتاب)اسم مجرور۔الصَّافِنَاتُ:(صُفُوْنٌ کی جمع۔چوتھے پاؤں کو آرام دینے والے۔اور تین پر کھڑے ہونے والے)نائب فاعل۔مرفوع۔موصوف الْجِیَادُ:(تیز دوڑنے والے)صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: جب ان کے سامنے شام کو خاصے کے گھوڑے پیش کئے گئے۔

فَقَالَ اِنِّىْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿٣٢﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستترھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اِنِّیۡ :(بے شک میں)مرکب:(اِنَّ+ یۡ) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔یۡ۔ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔اَحۡبَبۡتُ :(میں نے محبت کی)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل۔ضمیر مستر تقدیراًاَنَا۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔ مصدر۔اِحۡبَابٌ۔(محبت کرنا۔محبوب رکھنا۔پسند کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔صیغہ۔حَبَّ یَحُبُّ۔مصادر۔حَبًّا۔حُبًّا۔(چاہنا۔پسند کرنا۔پسند کیا جانا۔پسندیدہ ہونا)۔ حُبَّ :(محبت)منصوب۔مفعول مطلق۔مضاف۔ الۡخَیۡرِ : (بھلائی۔ خیر۔نیکی)مجرور مضاف الیہ۔عَنۡ:(سے)حرف عطف۔ذِکۡرِ :(ذکر۔یاد۔نصیحت)اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاًمنصوب۔ حال۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔یۡ:(میرے۔اپنے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔حَتّٰی:(یہاں تک کہ)حرف غایت۔تَوَارَتۡ:(وہ چھپ گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔تۡ ساکن۔علامت تانیث۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھِیَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعلٌ۔صیغہ۔تَوَارٰی یَتَوَارٰی۔مصدر۔تَوَارِیٌ۔(چھپ جانا۔اپنے آپ کو چھپالینا۔چھپنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الۡحِجَابِ: (پردہ۔ حجاب۔ اوڑھنی)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: تو کہنے لگے کہ میں نے اپنے پروردگار کی یاد سے(غافل ہو کر) مال کی محبت اختیار کی۔یہاں تک کہ(آفتاب) پردے میں چھپ گیا۔

رُدُّوۡهَا عَلَیَّ ؕ فَطَفِقَ مَسۡحًۢا بِالسُّوۡقِ وَ الۡاَعۡنَاقِ ﴿۳۳﴾

رُدُّوۡ:(ان کو واپس کیا گیا)فعل امر۔جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ۔رَدَّ یَرُدُّ۔ مصدر۔ رَدٌّ۔ (لوٹانا۔واپس کرنا)۔ھَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلا منصوب۔مفعول بہ۔ عَلَیَّ :(مجھ پر)مرکب:(عَلٰی+ی)حرف جار۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔طَفِقَ:(شروع کر دیا۔)فعل مقاربہ شروع ماضی۔واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ط ف ق)صیغہ۔طَفِقَ یَطۡفَقُ۔مصدر۔طَفۡقًا۔(شروع کرنا۔کام میں مشغول ہو جانا)۔مَسۡحًا:(جھاڑ پونچھ کرنا۔ڈسٹر کرنا۔کھرکنا کرنا۔ تھپکیاں دینا)منصوب۔مفعول مطلق۔فعل محذوف۔یَمۡسَحُ۔مَسۡحًا۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ السُّوۡقِ:(سَاقٌ کی جمع پنڈلیوں)وَ:(اور)حرف عطف۔الۡاَعۡنَاقِ:(عنق کی جمع۔گردنوں) معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: (بولے کہ) ان کو میرے پاس واپس لے آو۔ پھر ان کی ٹانگوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔ موطئۃ للقسم۔ قَدْ:(یقیناً) حرف تحقیق۔ فَتَنَّا:(ہم نے آزمائش میں ڈال دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ف ت ن) صیغہ۔ فَتَنَ يَفْتِنُ۔ مصدر۔ فَتْنًا۔ فُتُوْنًا۔ (آزمانا۔ آزمائش میں ڈالنا۔ فتنہ میں ڈالنا)۔ سُلَيْمَانَ:(سلیمانؑ کو) غیر منصرف۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ اَلْقَيْنَا:(ہم نے ڈال دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَلْقٰى يُلْقِيْ۔ مصدر اِلْقَاءٌ۔ (ڈالنا) ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ل ق ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ لَقِيَ يَلْقٰى۔ مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔ لُقِيًّا۔ لُقْيًا۔ لُقًى۔ لَقْيًا۔ (جھیلنا۔ ملنا۔ پہنچنا۔ ہوجانا)۔ عَلٰى:(پر) حرف جار۔ كُرْسِيِّ:(کرسی) اسم مجرور۔ مضاف۔ هٖ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ جَسَدًا:(جسم کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ ثُمَّ:(پھر) حرف عطف۔ اَنَابَ:(اس نے رجوع کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنَابَ يُنِيْبُ۔ مصدر۔ اِنَابَةٌ۔ (رجوع کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے سلیمان کی آزمائش کی اور ان کے تخت پر ایک دھڑ ڈال دیا پھر انہوں نے (اللہ کی طرف) رجوع کیا۔

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا)۔ رَبِّ:(اے میرے رب) حرف نداء محذوف + منادیٰ منصوب تقدیراً۔ کسرہ بعوض یائے متکلم۔ ضمیر واحد متکلم۔ محذوف۔۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِغْفِرْ:(تو مغفرت کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ دعائیہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ۔ غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ يْ:(میرے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ هَبْ:(تو عطا کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ دعائیہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(و ہ ب) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَهَبَ يَهَبُ۔ مصدر۔ وَهْبًا۔ (تحفہ دینا۔ عطا کرنا۔ عنایت کرنا۔ بخشنا)۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ يْ:(میرے) ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مُلْكًا:(ملک۔ حکومت۔ ریاست۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ لَّا:(نہیں) نافیہ۔ يَنْبَغِيْ: (لائق ہے۔ مناسب ہے) فعل مضارع واحد

مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنۡبَغٰی یَنۡبَغِیۡ۔مصدر۔ اِنۡبِغَآءٌ۔(لائق ہونا۔زیبا ہونا۔مناسب ہونا)۔
لِ:(لئے)حرف جار۔أَحَدٍ:(کسی ایک کے)اسم مجرور۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ بَعۡدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔
يۡ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اس منصوب۔أَنۡتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الۡوَهَّابُ:(خوب عطا کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اور) دعا کی کہ اے پروردگار مجھے مغفرت کر اور مجھ کو ایسی بادشاہی عطا کر کہ میرے بعد کسی کو شایاں نہ ہو۔ بے شک تو بڑا عطا فرمانے والا ہے۔

فَسَخَّرۡنَا لَهُ الرِّيۡحَ تَجۡرِيۡ بِأَمۡرِهٖ رُخَآءً حَيۡثُ أَصَابَ ﴿۳۶﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔سَخَّرۡنَا:(ہم نے قابو کر دیا۔قبضے میں دے دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔سَخَّرَ يُسَخِّرُ۔مصدر۔تَسۡخِيۡرًا۔(قابو کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س خ ر)صیغہ۔سَخِرَ يَسۡخَرُ۔مصدر۔سَخۡرًا۔(مذاق اڑانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔الرِّيۡحَ:(ہوا کو)منصوب۔مفعول بہ۔ تَجۡرِيۡ:(چلتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی يَجۡرِيۡ۔مصدر۔ جِرۡيَانٌ۔ (بہنا۔ جاری ہونا)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔
بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَمۡرِ:(حکم)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔
رُخَآءً:(آرام سے۔ہلکی ہلکی)منصوب۔حال۔ حَيۡثُ:(جہاں)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ أَصَابَ:(وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَصَابَ يُصِيۡبُ۔مصدر۔إِصَابَةٌ۔
(پہنچانا)۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: پھر ہم نے ہوا کو ان کے زیر فرمان کر دیا کہ جہاں وہ پہنچنا چاہتے ان کے حکم سے نرم نرم چلنے لگتی

وَالشَّيٰطِيۡنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الشَّيَاطِيۡنَ :(شیطانوں کو)منصوب مفعول بہ۔ الرِّيۡحَ معطوف علیہ۔كُلَّ :(تمام)برائے تاکید۔ مفعول بہ ثانی۔مضاف۔بَنَّآءٍ:(معمار)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔غَوَّاصٍ:(غوطہ خور۔ڈبکیاں لگانے والے)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: اَور دیووں کو بھی (ان کے زیر فرمان کیا) وہ سب عمارتیں بنانے والے اور غوطہ مارنے والے تھے

وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔آخَرِيْنَ:(دوسرے) معطوف۔ منصوب۔ موصوف۔كُلَّ بَنَّآءٍ معطوف علیہ۔مُقَرَّنِيْنَ: (جکڑے ہوئے)اسم مفعول۔ جمع مذکر۔ محلاً صفت منصوب۔فِي:(میں)حرف جار۔الْأَصْفَادِ:(بیڑیوں۔زنجیروں۔) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور اَوروں کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے۔

هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾

هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔عَطَاؤُ:(بخشش۔)خبر مرفوع۔ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مضاف الیہ۔فَ:(تو)فصیحت۔اُمْنُنْ:(احسان کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ن ن)مضاعف۔صیغہ۔ مَنَّ يَمُنُّ۔مصدر۔مُنًّا۔(احسان کرنا۔)۔أَوْ:(یا) أَمْسِكْ:(روک لو۔پکڑ لو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْسَکَ يُمْسِکُ۔مصدر۔اِمْسَاکٌ۔(پکڑنا۔روکے رکھنا)۔ بِغَيْرِ:(بغیر)مرکب :(بِ+غَيْرِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔ محلاً مضاف۔حِسَابٍ:(حساب)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (ہم نے کہا) یہ ہماری بخشش ہے(چاہو) تو احسان کر دیا (چاہو تو) رکھ چھوڑو(تم سے) کچھ حساب نہیں ہے۔

وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(س کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔زُلْفَى:(قرب خاص)إِنَّ کا اسم منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔حُسْنَ:(اچھا۔عمدہ۔)معطوف منصوب۔زُلْفَى معطوف علیہ۔ مضاف۔مَآبٍ: (ٹھکانہ۔ پناہ گاہ۔لوٹنے کی جگہ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت:اور بے شک ان کے لئے ہمارے ہاں قُرب اور عمدہ مقام ہے۔

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اُذْكُرْ:(یاد رکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔ عَبْدَ:(بندے کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَيُّوْبَ:(ایوبؑ)عَبْدَ کا بدل۔غیر منصرف۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ اِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔ نَادٰى:(اس نے پکارا۔آواز دی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔مصدر۔ مُنَادَاةٌ۔(پکارنا)۔ رَبَّ:(ربّ)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هٗ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَنِّيْ:(بے شک میں)مرکب:(اَنِّ + يْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ى۔ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔مَسَّ:(اس نے چھوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمَسُّ۔مصدر۔ مَسًّا۔ (چھونا۔سزا دینا۔پہنچنا)۔ نِ: (وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔الشَّيْطٰنُ:(شیطان نے)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔نُصْبٍ:(رنج ۔ دکھ۔)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَذَابٍ:(سزاء۔دکھ۔سزاء)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: اور ہمارے بندے ایوب کو یاد کرو جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ (بار الہٰا) شیطان نے مجھ کو ایذا اور تکلیف دے رکھی ہے۔

اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّ شَرَابٌ ﴿۴۲﴾

اُرْكُضْ:(زور سے مار۔بھاگو۔دوڑو۔ٹھوکر مارو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ک ض)صیغہ۔رَكَضَ يَرْكُضُ۔ مصدر۔ رَكْضًا۔(دوڑنا۔بھاگنا مجبور کرنا۔ ٹھوکر مارنا) بِ: (ساتھ)حرف جار۔رِجْلِ:(پاؤں)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مُغْتَسَلٌ:(دھونے کی جگہ ۔نہانے کی جگہ۔ چشمہ۔وغیرہ)ظرف مکان۔محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔بَارِدٌ:(ٹھنڈا)صفت مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔شَرَابٌ: (پینے کا پانی۔ہر وہ چیز جس کو چبانا نہ پڑے)معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت:(ہم نے کہا کہ زمین پر) لات مارو(دیکھو) یہ (چشمہ نکل آیا) نہانے کو ٹھنڈا اور پینے کو(شیریں)۔

وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔وَهَبْنَا:(ہم نے عطا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(و ھ ب)مثال واوی۔صیغہ۔وَهَبَ يَهَبُ۔مصدر۔وَهْبًا۔(تحفہ دینا۔عطا کرنا۔عنایت کرنا۔بخشنا۔)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔اَهْلَ:(اہل۔گھر والے۔تعلقہ دار)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِثْلَ:(مانند۔ طرح۔ مثل۔)معطوف منصوب۔ اَهْلَ معطوف علیہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَّعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ رَحْمَةً:(رحمت)منصوب۔مفعول لہٗ۔ مِّنَّا:(ہم سے)مرکب :(مِّنْ+نَا)حرف جار+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ذِكْرٰى:(ذکر۔نصیحت)معطوف منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ اُولِىْ: (والے۔مؤنث)اسم مجرور۔مضاف الْاَلْبَابِ۔(لُبٌّ کی جمع۔ عقل۔شعور۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان کو اہل وعیال اور ان کے ساتھ ان کے برابر اور بخشے۔(یہ) ہماری طرف سے رحمت اور عقل والوں کے لئے نصیحت تھی۔

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔خُذْ:(پکڑ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔يَدِ:(ہاتھ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ضِغْثًا :(جھاڑو۔بوکر کو۔ چھوٹے موٹ فضول سے تنکوں کا مٹھا) منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(تو)استئنافیہ۔اضْرِبْ:(تومار)) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔ مصدر۔ ضَرْبًا۔(مارنا۔ چلنا۔ بنانا۔بیان کرنا)۔بِّ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔هٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَحْنَثْ:(تو قسم توڑ)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی

فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔حَنَثَ يَحْنَثُ۔مصدر۔حِنْثًا۔(قسم توڑنا)۔إِنَّا:(بے شک ہم) مرکب:(إِنَّ+نَا)حرف تاکید مشبہ بالفعل ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔وَجَدْنَا:(ہم نے پایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانًا۔وُجُودًا۔(پانا۔ملنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔صَابِرًا:(استقامت والا۔ڈٹا رہنے والا)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ نِعْمَ:(اچھا۔) فعل ماضی جامد۔مبنی بر فتح۔ فعل مدح۔ الْعَبْدُ:(بندہ)فاعل۔ مرفوع۔بوجہ مدح۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔أَوَّابٌ:(لوٹنے کی جگہ۔ٹھکانہ)إِنَّ کی خبر مرفوع۔

اور اپنے ہاتھ میں جھاڑو لو اور اس سے مارو اور قسم نہ توڑو۔بے شک ہم نے ان کو ثابت قدم پایا۔بہت خوب بندے تھے بے شک وہ رجوع کرنے والے تھے

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿٤٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اُذْكُرْ:(یاد رکھ۔ذکر کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔ عِبَادَ:(بندوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔إِسْحَقَ :(اسحاقؑ کو)معطوف۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَعْقُوبَ:(یعقوبؑ کو)معطوف منصوب۔ أُولِي : (والا۔مونث)صفت منصوب۔مضاف۔الْأَيْدِي:(ہاتھوں والا)مجرور مضاف الیہ۔ی۔ تقدیراً مکسور ۔ وَ:(اور)حرف جار۔الْأَبْصَارِ:(آنکھوں والے)معطوف مجرور۔الْأَيْدِي معطوف علیہ۔

ترجمہ آیت: اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کو یاد کرو جو ہاتھوں والے اور آنکھوں والے تھے

اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿٤٦﴾

إِنَّآ:(بے شک ہم)مرکب:(اَنَّ+نَآ)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ ضمیر جمع متکلم۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ أَخْلَصْنَا:(ہم نے چن لیا۔خالص کر دئے۔ممتاز کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْلَصَ يُخْلِصُ۔ مصدر۔إِخْلَاصٌ۔(چن لینا۔خالص کرلینا۔ممتاز کرنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع

مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔خَالِصَةٍ:(خالص۔خاص صفت)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔ذِكْرَى:(ذکر۔یاد)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔الدَّارِ:(گھر)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: ہم نے ان کو ایک (صفت) خاص (آخرت کے) گھر کی یاد سے ممتاز کیا تھا۔

وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۷﴾

وَ:()اِنَّ حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ ضمیر جمع متکلم۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔مِنَ:(سے)اسم مجرور۔الْمُصْطَفَيْنَ: (دونوں چنے ہوئے)اسم مجرور۔علامت۔ی۔موصوف۔شبہ گزرتا ہے کہ یہ تثنیہ ہے۔مگری لفظ کی اصلی ہے۔گری نہیں۔اسی کو علامت مجرور بنایا گیا ہے۔نون جمع کا ہے۔الْأَخْيَارِ:(بہترین۔اچھے۔)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ہمارے نزدیک منتخب اور نیک لوگوں میں سے تھے۔

وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اُذْكُرْ:(یاد رکھ۔ذکر کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔ إِسْمَاعِيلَ :(اسمٰعیلؑ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَسَعَ:(یسعؑ کو)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف ذَالْكِفْلِ:(ذوالکفلؑ)مرکب:(ذَا+ الْكِفْلِ)از ستہ مکبّرہ۔والا معطوف منصوب۔(الْيَسَعَ معطوف علیہ)۔مضاف۔+ مجرور مضاف الیہ۔جار مجرور۔محلاً منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كُلٌّ: (تمام)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔الْأَخْيَارِ:(بہترین۔) اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اسمٰعیل اور الیسع اور ذوالکفل کو یاد کرو۔وہ سب نیک لوگوں میں سے تھے۔

هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾

هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلً مبتداء مرفوع۔ ذِكْرٌ:(یاد۔ذکر۔نصیحت)خبر مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُتَّقِيْنَ: (پرہیز گاروں کے۔اللہ تعالیٰ

جل جلالہٗ سے ڈرنے والوں کے)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔حُسْنَ:(عمدہ۔اچھا)کا اسم منصوب۔مؤخر۔مضاف۔مَآبٍ:(ٹھکانہ۔لوٹنے کی جگہ۔)ظرف مکان۔مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ نصیحت ہے اور پرہیز گاروں کے لئے تو عمدہ مقام ہے۔

جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾

جَنَّاتِ :(باغات)بدل منصوب بالکسرہ۔عَدْنٍ:(سرسبز وشادات۔ایور گرین)مجرور مضاف الیہ۔ مُّفَتَّحَةً:(کھلا ہوا۔کھولا ہوا)اسم مفعول۔واحد مؤنث۔ منصوب حال۔لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔الْأَبْوَابُ:(دروازے)مُّفَتَّحَةً کا نائب فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: ہمیشہ رہنے کے باغ جن کے دروازے ان کے لئے کھلے ہوں گے۔

مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّ شَرَابٍ ﴿۵۱﴾

مُتَّكِئِينَ:(مُتَّكِئٌ کی جمع تکیہ لگائے بیٹھے ہوئے۔)منصوب حال۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس میں)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَدْعُونَ: :(وہ پکارتے ہیں۔بلاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(دع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔ دُعَاءٌ۔ دَعْوَةٌ۔(بلانا۔پکارنا۔) فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس میں)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔فَاكِهَةٍ :(پھل)اسم مجرور۔موصوف۔كَثِيرَةٍ :(بہت۔کثرت)صفت مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔شَرَابٍ:(پینے والی چیز۔)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: ان میں تکئے لگائے بیٹھے ہوں گے اور (کھانے پینے کے لئے) بہت سے میوے اور شراب منگواتے رہیں گے۔

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ قَاصِرَاتُ:(نظر کو روکنے والیاں۔ شرمیلی)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الطَّرْفِ:(نگاہ۔نظر)مجرور مضاف الیہ۔أَتْرَابٌ:()صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی (اور) ہم عمر (عورتیں) ہوں گی۔

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾

هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔واحد مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مَا:(جو)اس موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً خبر مرفوع۔ تُوْعَدُوْنَ:(تم سے وعدہ کئے جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔ وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔الْحِسَابِ:(حساب)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ وہ چیزیں ہیں جن کا حساب کے دن کے لئے تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔واحد مذکر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔رِزْقُ:(رزق) إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔برائے تاکید۔ نَّفَادٍ:(مٹ جانا۔نیست و نابود ہونا۔ختم ہونا۔)لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:یہ ہمارا رزق ہے جو کبھی ختم نہیں ہو گا

هٰذَا ۚ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾

هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔واحد مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الطَّاغِيْنَ:(سرکشوں۔باغیوں۔حد سے بڑھنے والوں کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدم۔مرفوع۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔شَرَّ:(برا۔برائی۔جس سے نفرت کی جائے)إِنَّ کا اس منصوب۔مضاف۔مَآبٍ:(ٹھکانہ۔لوٹنے کی جگہ۔)ظرف مکان۔مجرور مضاف الیہ۔

یہ (نعمتیں تو فرمانبرداروں کے لئے ہیں) اور سرکشوں کے لئے برا ٹھکانا ہے

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾

جَهَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ)شَرَّ کا بدل منصوب۔یا عطف بیان۔يَصْلَوْنَ:(وہ داخل ہوں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔

مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً **هُمْ**۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ص ل ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ **صَلِيَ يَصْلٰى**۔مصدر۔**صَلْيٌ۔ صَلْيًا**۔داخل ہونا۔)**هَا** :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔**فَ**:(تو)برائے رابطہ۔**بِئْسَ**:(برا)فعل ذم ماضی۔جامد اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔ **الْمِهَادُ**: (ٹھکانہ۔ بچھونا۔فرش)فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: (یعنی) دوزخ۔جس میں وہ داخل ہوں گے اور وہ بری آرام گاہ ہے۔

هٰذَا فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّ غَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾

هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔واحد مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔**فَ**:(پس)حرف عطف۔**لْ**:(چاہیئے کہ)لائے امر ۔جازم مضارع۔**يَذُوْقُوْ**:(وہ چکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً **هُمْ**۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ ۔**ذَاقَ يَذُوْقُ**۔مصدر۔**ذَوْقٌ**۔(چکھنا۔)۔**هُ** :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔**حَمِيْمٌ**:(انتہائی گرم پانی۔)خبر مرفوع۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**غَسَّاقٌ**:(پیپ۔جو زخموں سے بہتی ہے) معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ کھولتا ہوا گرم پانی اور پیپ (ہے) اب اس کے مزے چکھیں۔

وَّ اٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔**آخَرُ**:(دوسرا)مبتداء مرفوع۔ **مِنْ**:(سے)حرف جار۔ **شَكْلِ**:(شکل)اسم مجرور۔مضاسف۔**هِ**:(اس کے)ضمیر واحد مذکر۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔**أَزْوَاجٌ**:(جوڑے)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اسی طرح کے اور بہت سے (عذاب ہوں گے)۔

هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾

هٰذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب ۔واحد مذکر ۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔**فَوْجٌ**:(فوج)صفت مرفوع۔ موصوف۔ **مُّقْتَحِمٌ**:(خوفناک مقام میں گھس پڑنے والا۔)اسم فاعل۔واحد مذکر۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔ **مَّعَ**:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔**كُمْ**:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ **لَا**:(نہیں)نافیہ۔ **مَرْحَبًا**:(کوئی گرم جوش استقبال۔کشادہ جگہ۔) منصوب۔مفعول مطلق فعل محذوف۔ **بِ**:(ساتھ)حرف جار۔**هِمْ**:(ان

کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ إِنَّ:(بے شک۔یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ صَالُوا:(داخل ہونے) إِنَّ کی خبر مرفوع۔اصلاً صَالُوْنَ تھا۔اسم فاعل۔جمع مذکر۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔النَّارِ:(آگ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ ایک فوج ہے جو تمہارے ساتھ داخل ہو گی۔ان کو خوشی نہ ہو یہ دوزخ میں جانے والے ہیں۔

قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۫ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾

قَالُوا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔فاعل ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔مَرْحَبًا:(کوئی گرم جوش استقبال۔کشادہ جگہ۔)منصوب۔مفعول مطلق فعل محذوف۔ بِ:(ساتھ)۔حرف جار۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَنْتُمْ ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔قَدَّمْتُمُوْ:(تم نے آگے بھیجا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ برائے اشباع۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔مصدر۔ تَقْدِيْمًا۔(آگے بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدِمَ يَقْدَمُ۔ مصدر۔قَدُوْمًا۔ مَقْدَمًا۔ (آگے بڑھنا۔متوجہ ہونا)۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔ بِئْسَ:(برا) فعل ذم ماضی۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔الْقَرَارُ:(قرار۔ٹھکانہ۔)فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہیں گے بلکہ تم ہی کو خوشی نہ ہو۔تم ہی تو یہ (بلا) ہمارے سامنے لائے سو(یہ) برا ٹھکانا ہے۔

قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿۶۱﴾

قَالُوا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔فاعل ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔رَبَّنَا:(اے ہمارے رب)مرکب:(يَا+رَبَّ+ نَا)حرف نداء۔محذوف۔+منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔+ ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَنْ:(جو)اسم شرط۔جازم فعل شرط۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ قَدَّمَ:(اس نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر

مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔ مصدر۔تَقْدِيْمًا۔(آگے بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدِمَ يَقْدَمُ۔ مصدر۔قَدُوْمًا۔مَقْدَمًا۔(آگے بڑھنا۔ متوجہ ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔زِدْ:(زیادہ کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔ صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ۔ مصدر۔ زِيَادَةٌ۔(زیادہ دینا۔ زیادہ کرنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔عَذَابًا: (عذاب) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ موصوف۔ضِعْفًا:(دگنا)منصوب صفت تابع موصوف۔فِيْ:(میں)حرف جار۔النَّارِ:(آگ)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: وہ کہیں گے اے پروردگار جو اس کو ہمارے سامنے لایا ہے اس کو دوزخ میں دونا عذاب دے۔

وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿۶۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً مرفوع۔ فاعل ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ مَا:(کیا)حرف استفہام۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔نَرٰى:(ہم نے دیکھے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ رِجَالًا:(مردوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستتر نَحْنُ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ نَعُدُّ:(ہم گنتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔ صیغہ۔عَدَّ يَعُدُّ۔ مصدر۔عَدًّا۔(شمار کرنا۔ گننا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔الْأَشْرَارِ:(بدمعاشوں۔ برے۔ شریروں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور کہیں گے کیا سبب ہے کہ (یہاں) ہم ان شخصوں کو نہیں دیکھتے جن کو بروں میں شمار کرتے تھے۔

اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿۶۳﴾

أَ:(کیا)حرف استفهام۔اَتَّخَذْنَا:(ہم نے پکڑ۔اختیار کیا۔بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔ مصدر۔ اِتِّخَاذٌ (پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔سِخْرِيًّا:(ٹھٹھا۔مذاق۔)منصوب مفعول بہ ثانی۔ أَمْ:(یا)حرف عطف۔زَاغَتْ:(پھیر دی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت تانیث۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ۔(ز ی غ۔)اجوف یائی۔صیغہ۔زَاغَ یَزِیْغُ۔مصدر۔زَیْغًا۔(رخ بدلنا۔چوکنا۔پھر جانا۔کجی ہونا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمُ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔الْأَبْصَارُ:(نظر۔آنکھیں۔بینائیاں)فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا ہم نے ان سے ٹھٹھا کیا ہے یا (ہماری) آنکھیں ان (کی طرف) سے پھر گئی ہیں؟

اِنَّ ذٰلِکَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔حَقٌّ:(حق۔سچ) اِنَّ کی خبر مرفوع۔ تَخَاصُمُ:(باہم جھگڑا کرنا۔آپس میں جھگڑا کرنا۔)مصدر۔خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔مضاف۔ أَهْلِ:(اہل۔گھروالے۔تعلقہ دار۔)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ النَّارِ: (آگ۔دوزخ) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: بے شک یہ اہل دوزخ کا جھگڑنا برحق ہے۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾

قُلْ:(آپ کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔إِنَّمَآ:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة ومکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ اَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔ مبتداء۔مرفوع۔ مُنذِرٌ:(آگاہ کرنے والا۔تنبیہ کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:

(نہیں)نافیہ۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔زائد۔اِلٰهٍ:(معبود۔)لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) خبر مرفوع۔ موصوف۔ الۡوَاحِدُ:(اکیلا)صفت مرفوع۔ الۡقَهَّارُ:(زبردست)مبالغہ۔صفت مرفوع ثانی۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ میں تو صرف ہدایت کرنے والا ہوں۔ اور اللہ یکتا اور غالب کے سوا کوئی معبود نہیں

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا الۡعَزِيۡزُ الۡغَفَّارُ ﴿٦٦﴾

رَبُّ:(ربّ)صفت ثالث مرفوع۔یا اللّٰهُ کا بدل۔ مرفوع۔ مضاف۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کا) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الۡأَرۡضِ: (زمین)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا :(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً بَيۡنَ: (درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُمَا:(دونوں کا) ضمیر تثنیہ۔غائب۔مبنی بر سکون۔ مذکر و مؤنث۔ مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ الۡعَزِيۡزُ:(زبردست عزت والا)مبالغہ۔ خبر رابع مرفوع۔ الۡغَفَّارُ: (خوب مغفرت کرنے والا) مبالغہ۔ خبر خامس۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو آسمانوں اور زمین اور جو مخلوق ان میں ہے سب کا مالک ہے غالب (اور) بخشنے والا۔

قُلۡ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيۡمٌ ﴿٦٧﴾

قُلۡ:(آپ کہہ دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ هُوَ:(وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ نَبَأٌ:(خبر) خبر مرفوع۔ موصوف۔ عَظِيۡمٌ:(بہت بڑی)مبالغہ۔صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ یہ ایک بڑی (ہولناک چیز کی) خبر ہے۔

اَنۡتُمۡ عَنۡهُ مُعۡرِضُوۡنَ ﴿٦٨﴾

أَنۡتُمۡ:(تم) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ مبتداء مرفوع۔ عَنۡ:(سے)حرف جار۔ هُ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ مُعۡرِضُوۡنَ:(نظر انداز کرنے والے۔ اعراض برتنے والے۔ توجہ نہ دینے والے) خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جس کو تم دھیان میں نہیں لاتے۔

مَا كَانَ لِيَ مِنۡ عِلۡمٍۢ بِالۡمَلَاِ الۡاَعۡلٰٓى اِذۡ يَخۡتَصِمُوۡنَ ﴿٦٩﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَانَ :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هِيَ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔يْ:(میرے) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ عِلْمٍ :(علم۔سائنس)لفظاً مجرور۔محلاً كَانَ کا اسم مؤخر مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْمَلَإِ:(سرداروں)اسم مجرور۔موصوف۔ الْأَعْلَىٰ:(بلند و بالا۔)صفت۔تقدیراً مجرور۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔يَخْتَصِمُونَ:(وہ جھگڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَصَمَ يَخْتَصِمُ۔مصدر۔ اِخْتِصَامٌ۔ (آپ میں جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔باہم بحث کرنا۔)جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مجھ کو اوپر کی مجلس (والوں) کا جب وہ جھگڑتے تھے کچھ بھی علم نہ تھا۔

اِنْ يُّوْحٰۤى اِلَيَّ اِلَّاۤ اَنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۰﴾

إِن:(نہیں)نافیہ۔ آگے إِلَّا صلہ آرہا ہے۔يُوحَىٰ:(وحی کی جاتی ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَوْحَىٰ يُوحِيْ۔مصدر۔ اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی) مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحَىٰ يَحِيْ۔ مصدر۔ وَحْيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ إِلَيَّ:(میری طرف)مرکب :(إِلَيْ+ی)حرف جار۔ +ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَنَّمَآ:(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(أَنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ أَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ نَذِيرٌ:(آگاہ کرنے والا۔تنبیہ کرنے والا)خبر مرفوع۔موصوف۔مُّبِينٌ:(کھلم کھلا)صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: میری طرف تو یہی وحی کی جاتی ہے کہ میں کھلم کھلا ہدایت کرنے والا ہوں۔

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿۷۱﴾

إِذْ :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ رَبُّ: (ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے)حرف

جار۔اَلْمَلٰٓئِكَةِ:(فرشتے۔غیر مرئی قوتیں)اسم مجرور۔إِنِّي:(بے شک میں)مرکب :(اِنِّ+ ی)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ی۔ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنّ کا اسم منصوب۔خَالِقٌۢ:(پیدا کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔بَشَرًا:(بشر۔انسان)منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔طِيْنٍ:(مٹی)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں مٹی سے انسان بنانے والا ہوں۔

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔سَوَّيْتُ:(میں پورا کر لوں۔درست کرلوں)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔محلاً فعل شرط۔مبنی بر سکون۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔سَوّٰی یُسَوِّیْ۔مصدر۔تَسْوِيَةٌ۔(برابر کرنا۔درست کرنا۔سنوارنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَفَخْتُ:(میں نے پھونک ماری)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ن ف خ)صیغہ۔نَفَخَ يَنْفُخُ۔مصدر۔نَفْخًا۔(پھونک مارنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔رُّوْحِيْ:(میری روح۔اپنی روح)مرکب۔:(رُّوْحِ+يْ)جوہر۔ست۔مضاف۔کسرہ برائے اتصال۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔قَعُوْا:(تم گر پڑو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی۔محذوف۔واؤ جمع۔جملہ جواب شرط۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(و ق ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَقَعَ يَقَعُ۔ مصدر۔ وُقُوْعًا۔(گر پڑنا۔نیچے گر پڑنا۔واقع ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔سَاجِدِيْنَ:(سجدہ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت:جب اس کو درست کرلوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں تو اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا۔

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔سَجَدَ:(اس نے سجدہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا۔تعظیم کرنا)۔اَلْمَلٰٓئِكَةُ:(فرشتے۔غیر مرئی

قوتیں)فاعل۔مرفوع۔ كُلُّ:(تمام۔ہر ایک) برائے تاکید۔مضاف۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرورمضاف الیہ۔أَجْمَعُوْنَ:(سارے کے سارے)تاکید ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: توتمام فرشتوں نے سجدہ کیا۔

اِلَّآ اِبۡلِيۡسَ ؕ اِسۡتَكۡبَرَ وَكَانَ مِنَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۷۴﴾

إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ إِبْلِيْسَ:(ابلیس۔انکار کرنے والا۔)منصوب مستثنیٰ۔اِسْتَكْبَرَ:(اس نے تکبّر کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔مصدر۔اِسْتِكْبَارًا۔(تکبر کرنا۔بڑائی کی خواہش رکھنا۔)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا۔وہ ہے)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًهُوَ۔كَانَ کا اسم مرفوع ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔الْكَافِرِيْنَ:(کافر۔انکار کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: مگر شیطان اکڑ بیٹھااور کافروں میں ہو گیا۔

قَالَ يٰۤاِبۡلِيۡسُ مَا مَنَعَكَ اَنۡ تَسۡجُدَ لِمَا خَلَقۡتُ بِيَدَىَّ ؕ اَسۡتَكۡبَرۡتَ اَمۡ كُنۡتَ مِنَ الۡعَالِيۡنَ ﴿۷۵﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔يَا:(اے)حرف نداء۔إِبْلِيْسُ:(ابلیس۔انکار کرنے والا)منادیٰ۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مَا:(کس نے)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مَنَعَ:(اس نے منع کیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔مَنَعَ يَمْنَعُ ۔مصدر۔مَنْعًا۔(منع کرنا۔روکنا)۔ كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکرحاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَسْجُدَ:(تو سجدہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا۔تعظیم کرنا)۔لِمَا:(اس کو جسے)مرکب:(لِ+مَا)حرف جار۔ +اسم موصول۔مبنی برسکون۔محلاًاسم مجرور۔خَلَقْتُ:(میں نےپیداکیا)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنَا۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔يَدَيَّ: (اپنے ہاتھوں ۔میرے ہاتھوں)اصلاً۔يَدَيْنَ+يْ :تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مشدّد بوجہ

ادغام۔أَسْتَكْبَرْتَ :(تونے تکبّر کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔مصدر۔اِسْتِكْبَارًا۔(تکبر کرنا۔بڑائی کی خواہش رکھنا۔)۔أَمْ :(یا)حرف استفہام۔كُنْتَ:(توتھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْعَالِيْنَ: (بلند مرتبے والوں۔اونچے درجوں والوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اللہ نے) فرمایا کہ اے ابلیس جس شخص کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا اس کے آگے سجدہ کرنے سے تجھے کس چیز نے منع کیا۔کیا تو غرور میں آگیا یا اونچے درجے والوں میں تھا؟

قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۷۶﴾

قَالَ :(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ أَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔خَيْرٌ: (بہتر۔اچھا)خبر مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔خَلَقْتَ:(تو نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ نَّارٍ:(آگ)اسم مجرور۔ وَ:()خَلَقْتَ:(تو نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔هُ :(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصو۔مفعول۔مِنْ:(سے)حرف جار۔طِيْنٍ:(مٹی)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: بولا کہ میں اس سے بہتر ہوں(کہ)تو نے مجھ کو کو آگ سے پیدا کیا اور اسے مٹی سے بنایا۔

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۷۷﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اُخْرُجْ:(تو نکل)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔

مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)تعلیلیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔رَجِيمٌ:(پتھر کھایا ہوا۔راندہ ہوا۔دھتکارا ہوا)اسم مفعول۔واحد مذکر۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: فرمایا یہاں سے نکل جا تو مردود ہے۔

وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٧٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔لَعْنَتِ:(لعنت۔دوری)إِنَّ کی خبر مرفوع۔کسرہ برائے اتصال۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَى:(طرف۔تک)حرف جار۔ يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ الدِّيْنِ:(قیامت۔فیصلے کے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور تجھ پر قیامت کے دن تک میری لعنت(پڑتی) رہے گی۔

قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿٧٩﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَنْظَرَ يُنْظِرُ۔ مصدر۔إِنْظَارٌ۔(مہلت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ رَبِّ:(اے میرے رب)اصلاً يَارَبِّيْ تھا۔ تخفیف کیا گیا ہے۔حرف نداء محذوف + منادیٰ منصوب مضاف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اور بعوض یائے متکلم۔محذوف۔ فَ:(پس)فصیحت۔أَنْظِرْ:(مہلت دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظَرًا۔(دیکھنا)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِلَى :(طرف۔تک)حرف جار۔ يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ يُبْعَثُوْنَ:(زندہ کرکے اٹھائے جائیں گے)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)۔صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔ بَعْثًا۔ (اٹھانا۔کھڑا کرنا۔بھیجنا)۔

ترجمہ آیت: کہنے لگا کہ میرے پروردگار مجھے اس روز تک کہ لوگ اٹھائے جائیں مہلت دے۔

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔فَ:(تو)فصیحت۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ :(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اسم منصوب۔مِنَ :(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال۔ الْمُنْظَرِيْنَ:(انتظار کرنے والوں۔مہلت دیئے جانے والوں)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاًشبہ جملہ۔کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: فرمایا کہ تجھ کو مہلت دی جاتی ہے۔

اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾

إِلَى:(طرف۔تک)حرف جار۔ يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ الْوَقْتِ:(وقت)ظرف زمان۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الْمَعْلُوْمِ :(جاناہوا۔معلوم۔مقررہ)مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اس روز تک جس کا وقت مقرر ہے۔

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ (ق و ل)صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔بِ:(قسم ہے)حرف جار قسمیہ۔عِزَّتِ: (عزت۔ وقار) اسم مجرور۔مقسم بہ۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے واقعہ جواب قسم۔أُغْوِيَنَّ:(میں ضرور بالضرور بہکاؤں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنَا۔هُمْ :(انہیں)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔أَجْمَعِيْنَ:(تمام۔سب کے سب)برائے تاکید۔منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: کہنے لگا کہ مجھے تیری عزت کی قسم میں ان سب کو بہکاتا رہوں گا

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾

إِلَّا :(سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔عِبَادَ:(بندے)منصوب۔مستثنیٰ۔مضاف۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً

منصوب۔حال۔الْمُخْلَصِيْنَ:(مخلص۔ مخصوص۔خالص ایمان رکھنے والے۔چنے ہوئے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: سوا ان کے جو تیرے خالص بندے ہیں۔

قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔(ق و ل)صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔الْحَقُّ :(حق۔سچ)مبتداء مرفوع۔وَ:(اور) اعتراضیہ۔الْحَقَّ:(حق۔ صحیح)منصوب۔ مفعول بہٖ۔أَقُوْلُ:(میں کہتا ہوں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ (ق و ل)صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔

ترجمہ آیت: فرمایا سچ (ہے) اور میں بھی سچ کہتا ہوں۔

لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾

لَ:(بلاشبہ)لائے واقعہ جواب قسم۔أَمْلَأَنَّ:(میں ضرور بالضرور بھروں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ۔(م ل ء)مہموز اللام۔مَلَا يَمْلَا۔مَلَأً۔مَلْئَانًا۔(بھرنا)۔ جَهَنَّمَ:(دوزخ کو)غیر منصرف۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔مِمَّنْ:(اس میں سے جو)مرکب :(مِنْ+مَّنْ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تَبِعَ:(اس نے پیروی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔مصادر۔ تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ أَجْمَعِيْنَ:(سب کے سب۔تمام)برائے تاکید۔

ترجمہ آیت: کہ میں تجھ سے اور جو ان میں سے تیری پیروی کریں گے سب سے جہنم کو بھر دوں گا۔

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾

قُلۡ:(تو کہہ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔مَاۤ :(نہیں)نافیہ۔اَسۡـَٔلُ:(میں مانگتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَاَلَ یَسۡـَٔلُ۔ مصدر۔سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔کُمۡ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ عَلَيۡ:(پر)حرف جار۔ہٖ :(اس)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔زائد۔ اَجۡرٍ:(اجر۔بدلہ۔معاوضہ۔)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی وَ:(اور)حرف عطف۔مَاۤ:(نہیں)نافیہ۔اَنَاۡ:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الۡمُتَكَلِّفِيۡنَ:(مُتَكَلِّفٌ کی جمع تکلّف کرنے والے۔تصنع سے کام لینے والے۔بناوٹی۔ایسا عمل جس میں کافی تکلیف اٹھانا پڑی ہو۔جیسے کسی نے بہت لوازمات داخل کر کے کھانا تیار کیا ہو۔دوسرا اس کہے یار تم نے بہت تکلف کیا ہے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اے پیغمبر کہہ دو کہ میں تم سے اس کا صلہ نہیں مانگتا اور نہ میں بناوٹ کرنے والوں میں ہوں۔

اِنۡ هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ﴿۸۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَسْتَوِي:(وہ برابر ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰی یَسْتَوِیْ۔مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(قرار پکڑنا۔جلوہ گر ہونا)۔ الْحَسَنَةُ: (اچھائی۔نیکی) فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نافیہ۔ السَّيِّئَةُ:(بدی۔برائی)معطوف مرفوع۔ ادْفَعْ:(تو دور رکھ۔دور کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(د ف ع)صیغہ۔دَفَعَ یَدْفَعُ۔مصدر۔ دَفْعًا۔(دور کرنا۔ہٹانا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔الَّتِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ هِيَ:(وہ) ضمیر منفصل۔واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔أَحْسَنُ:(بہت خوب۔بہت اچھا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ فَ:(تو)فصیحة۔إِذَا:(اچانک)فجائیہ۔الَّذِي:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔بَيْنَ:(درمیان) ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔بَيْنَ:(درمیان) ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَدَاوَةٌ:(دشمنی)مصدر۔مبتداء مؤخر مرفوع۔كَأَنَّ:(گویا کہ)مرکب۔(كَ+أَنَّ)حرف تشبیہ۔+

حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ہٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ وَلِيٌّ:(دوست۔ ساتھی۔سرپرست)أَنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔حَمِيْمٌ:(پکا۔گہرا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہوسکتی۔تو(سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو (ایسا کرنے سے تم دیکھوگے) کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی گویا وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے۔

وَمَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿٣٥﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔يُلَقّٰى:(وہ ملایا جائے گا۔ملاقات کرائی جائے گی گا۔)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔حرف علت۔ی۔کو الف سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔برائے اتصال۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔ مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصادر۔ لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لُقِيًّا۔لُقِيًا۔لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہوجانا۔)هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مفعول بہ۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ الَّذِيْنَ:(جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ صَبَرُوْا:(انہوں نے استقامت دکھائی۔ڈٹے رہے)فعل ماضی جمع مذکر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ يُلَقّٰى:(وہ ملایا جائے گا۔ملاقات کرائی جائے گی گا۔)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔حرف علت۔ی۔کو الف سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔برائے اتصال۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔ مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصادر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔ لُقِيًّا۔لُقِيًا۔لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہوجانا۔)هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مفعول بہ۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ذُوْ:(والا)از ستہ مکبرہ۔نائب فاعل۔مرفوع۔مضاف۔حَظٍّ:(حصہ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔عَظِيْمٍ:(بہت بڑا)مبالغہ۔مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور یہ بات ان ہی لوگوں کو حاصل ہوتی ہے جو برداشت کرنے والے ہیں۔اور ان ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہیں۔

وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِمَّا:(رہی)حرف تفصیل۔شرطیہ۔يَنزَغَنَّ:(ضرور بالضرور وہ وسوسہ آ جائے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ز غ)صیغہ۔نَزَغَ يَنْزَغُ۔مصدر۔نَزْغًا۔(وسوسہ ڈالنا۔وسوسہ آنا۔برائی پر اکسانا)۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ مِنَ:(سے)حرف جار۔الشَّيْطَانِ :(شیطان۔ہر وہ چیز جو نقصان پہنچائے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔نَزْغٌ:(وسوسہ۔فاسد خیال۔)فاعل مرفوع۔ فَ:(تو)برائے رابطہ۔اِسْتَعِذْ:(تو پناہ مانگ۔)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔مبنی بر سکون۔محلاً جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَعَاذَ يَسْتَعِيْذُ ۔مصدر۔اِسْتِعَاذًا۔(پناہ مانگنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)اسم مجرور۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً کا اسم منصوب۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔برائے تاکید۔ السَّمِيْعُ :(خوب سننے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔العَلِيْمُ :(خوب جاننے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر تمہیں شیطان کی جانب سے کوئی وسوسہ پیدا ہو تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔بے شک وہ سنتا جانتا ہے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ اللَّيْلُ:(رات) ظرف زمان۔مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّهَارُ:(دن)ظرف زمان۔معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّمْسُ:(سورج)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَلْقَمَرُ:(چاند)معطوف۔مرفوع۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَسْجُدُوْا:(تم سجدہ کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔مجزوم۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د) صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔ مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا۔ تعظیم کرنا)۔ لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔ الشَّمْسِ:(سورج)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔زائدہ لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔القَمَرِ:(چاند)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اُسْجُدُوْا:(تم سجدہ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ يَسْجُدُ۔ مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا۔ تعظیم

کرنا)۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔ الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاًصفت مرفوع۔خَلَقَ:(ان کو پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ هُنَّ:(انہیں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل۔شرط۔ كُنْتُمْ:(تم تھے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ناصب خبر۔رافع اسم۔اَنْتُمْ:محلاًكَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ إِيَّا:(ہی۔۔۔۔بے معنی)حرف حصر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ مقدم۔تَعْبُدُوْنَ: (تم عبادت کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ(عبادت کرنا۔پوجا کرنا)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔اور جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اور رات اور دن اور سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔تم لوگ نہ تو سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو۔بلکہ اللہ ہی کو سجدہ کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے اگر تم کو اس کی عبادت منظور ہے۔

فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ﴿٣٨﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔إِنِ:(اگر)حرف شرط۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال۔جازم فعل شرط۔اِسْتَكْبَرُوْا:(وہ تکبر کریں) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ۔مصدر۔اِسْتِكْبَارًا۔(تکبر کرنا۔بڑائی کی خواہش رکھنا)۔ فَ:(سو)برائے رابطہ۔الَّذِيْنَ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يُسَبِّحُوْنَ:(وہ اپنے فرائض جلدی جلدی انجام دیتے ہوئے۔تسبیح کرتے ہوئے۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(تسبیح کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔اللَّيْلِ: (رات) اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّهَارِ :(دن)معطوف مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔

لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَسْئَمُوْنَ:(وہ تھکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ء م)مہموزالعین۔صیغہ۔سَئِمَ يَسَامُ۔مصدر۔سَامَةً سَامًا۔(اکتانا۔تھکنا۔دل برداشتہ ہونا)جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اگر یہ لوگ سرکشی کریں تو(اللہ کو بھی ان کی پروا نہیں) جو(فرشتے) تمہارے پروردگار کے پاس ہیں وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور (کبھی) تھکتے ہی نہیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ تَرَى:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔رُؤْيَةً (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الْأَرْضَ:(زمین)منصوب۔مفعول بہ۔خَاشِعَةً:(ذلیل ہونے والی۔دب جانے والی۔بنجر۔خشک)منصوب۔حال۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا) فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔إِنْزَالٌ۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب ۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الْمَاءَ:(پانی)منصوب۔مفعول بہ۔ اِهْتَزَّتْ:(اس نے ہلایا۔جھومتی ہے۔بل کھاتی ہے۔مراد لہلہاتی ہے۔ترجمہ بوجہ إِذَا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستر تقدیراً هِيَ ۔ثلاثی مزید فیہ۔افتعال۔صیغہ۔اِهْتَزَّ يَهْتَزُّ۔مصدر۔ اِهْتِزَازًا۔(بل کھانا۔جھوم جانا۔لہلہانا) وَ:(اور)حرف عطف۔رَبَتْ:(وہ ابھری۔وہ ابھرتی ہے۔پھولتی ہے۔ترجمہ بوجہ إِذَا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ب و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَبَا يَرْبُو۔مصدر۔ رِبَاءً۔ رُبُوًّا۔(بڑھنا۔ابھرنا۔پھلنا پھولنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الَّذِيْ:(جو)اسم

موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أَحْيَا:(اس نے زندگی دی)ی حرف علت کو الف سے بدل دیا گیا۔برائے اتصال۔ضمیر۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰ يُحْيِيْ۔مصدر۔اِحْيَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔ اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰي۔مصدر۔حَيَاةٌ(زندہ رہنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مُحْيِيْ:(زندگی دینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ الْمَوْتىٰ:(الْمَيِّتُ کی جمع۔مردوں کے)مجرور ۔مضاف الیہ۔تقدیراً مکسور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔عَلٰى:(پر)حرف جار۔ كُلِّ: (تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے۔کچھ بھی)مجرور مضاف الیہ۔قَدِيْرٌ:(اندازے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور(اے بندے یہ) اسی کی قدرت کے نمونے ہیں کہ توزمین کو دبی ہوئی (یعنی خشک) دیکھتا ہے۔جب ہم اس پر پانی برسادیتے ہیں توشاداب ہو جاتی اور پھولنے لگتی ہے توجس نے زمین کو زندہ کیا وہی مردوں کو زندہ کرنے والا ہے۔بے شک وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۭ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾

إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الَّذِيْنَ:(جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔يُلْحِدُوْنَ:(وہ ٹیڑھے چلتے ہیں۔کجروی کرتے ہیں۔کفر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْحَدَ يُلْحِدُ۔مصدر۔اِلْحَادًا۔(ٹیڑھا ہونا۔کج رو ہونا۔الٹ تاویل کرنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يَخْفَوْنَ:(وہ چھپاتے ہیں۔مخفی رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَفِيَ يَخْفٰي۔مصدر۔اِخْفَاءً۔(خفیہ رکھنا۔چھپا رہنا۔پوشیدہ رہنا۔) عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ فَ: (پس)حرف

عطف۔ مَنۡ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يُلۡقٰى:(وہ ڈالا جائے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ نائبفاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَلۡقٰى يُلۡقِىۡ۔ مصدر۔ اِلۡقَاءً۔ لُقۡيَانًا۔ (ڈالنا۔ پھینکنا۔) فِيۡ:(میں)حرف جار۔ النَّارِ :(آگ)اسم مجرور۔ خَيۡرٌ:(بہتری۔اچھائی)مَنۡ مبتداء کی خبر مرفوع۔ أَمۡ:(یا)حرف عطف۔ مَّنۡ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتدء مرفوع۔ يَأۡتِيۡ:(وہ آیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاۡتِىۡ۔ مصدر۔ اِتۡيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ اٰمَنَّا:(ہم ایمان لائے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤۡمِنُ۔ مصدر۔ اِيۡمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاۡمَنُ۔ مصدر۔ اَمۡنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ يَوۡمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ الۡقِيَامَةِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ اِعۡمَلُوۡا:() :(وہ عمل کریں)فعل امر واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر فاعل مستتر اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ يَعۡمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ شِئۡتُمۡ:(تم چاہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر فاعل مستتر اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيۡئَةٌ۔ (مرضی)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعۡمَلُوۡنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر فاعل مستتر اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ يَعۡمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا)۔ بَصِيۡرٌ:(خوب دیکھنے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو لوگ ہماری آیتوں میں کج راہی کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ بھلا جو شخص دوزخ میں ڈالا جائے وہ بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن وامان سے آئے۔ (تو خیر) جو چاہو سو کرلو۔ جو کچھ تم کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے۔

اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِالذِّكۡرِ لَمَّا جَآءَهُمۡ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيۡزٌ ﴿۴۱﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ الَّذِيۡنَ:(جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَفَرُوۡا:(انہوں نے کفر کیا۔ انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً

هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ کَفَرَ یَکْفُرُ۔ مصدر۔ کُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔الذِّکْرِ:(ذکر۔یاد۔نصیحت)اسم مجرور۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیئٌ۔مَجِیْءٌ۔(آنا)۔هُمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مرفوع۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔اِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب لَ:(بلاشبہ)لام تاکید۔مزحلقه۔کِتَابٌ:(کتاب) اِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔ عَزِيْزٌ:(زبردست عزت والی۔کمال کی۔بڑے مرتبے والی ہے)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں نے نصیحت کو نہ مانا جب وہ ان کے پاس آئی۔اور یہ تو ایک عالی رتبہ کتاب ہے۔

لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ لَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ ﴿۴۲﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔یَأْتِي:(وہ آتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے هِ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ البَاطِلُ:(جھوٹ۔غلط۔باطل) فاعل۔مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔بَیْنِ:(درمیان)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔یَدَيْ:(دونوں ہاتھوں کے)مضاف الیہ۔اصلاً یَدَیْنِ تھا۔نون تثنیہ محذوف۔بوجہ مضاف۔هِ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔خَلْفِ:(پیچھے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔تَنْزِیْلٌ:(اتارا ہوا)مصدر بمعنی مفعول۔ خبر مرفوع۔ مبتداء هُوَ محذوف۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ حَکِیْمٍ :(بہت حکمت والا)اسم مجرور۔موصوف۔ حَمِیْدٍ:(بڑی تعریف والا۔بڑی خوبیوں والا)خبر مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اس پر جھوٹ کا دخل نہ آگے سے ہو سکتا ہے نہ پیچھے سے۔(اور) دانا(اور) خوبیوں والے (اللہ) کی اُتاری ہوئی ہے۔

مَا یُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِیْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّ ذُوْ عِقَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۴۳﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔يُقَالُ:(کہاجاتاہے)فعل مضارع مجہول۔واحدمذکرغائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحدمذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔قِيْلَ:(کہاگیا)فعل ماضی واحدمذکرغائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔الرُّسُلِ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں کے)اسم مجرور۔مِنْ:(سے) حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحدمذکرحاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔رَبَّ:(ربّ)إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كَ ضمیر واحدمذکرحاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ذُو:(والا)از ستہ مکبّرہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔مَغْفِرَةٍ:(مغفرت)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ذُو:(والا)معطوف مجرور۔مضاف۔عِقَابٍ:(سزاء۔عقوبت۔عذاب) مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔أَلِيْمٍ:(بہت دردناک)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تم سے وہی باتیں کہیں جاتی ہیں جو تم سے پہلے اور پیغمبروں سے کہی گئی تھیں۔بے شک تمہارا پروردگار بخش دینے والا بھی اور عذاب الیم دینے والا بھی ہے۔

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَ اَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَو:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔فعل شرط۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحدمذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔قُرْاٰنًا:(قرآن مجید)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔موصوف۔أَعْجَمِيًّا:(غیر عرب۔غیر زبان)صفت منصوب۔تابع موصوف۔لَّ:(بلاشبہ)برائے رابطہ۔جواب شرط۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع ذکرغائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔لَوْلَا:(کیوں نہ)حرف تحضیض۔برائے زجر و توبیخ۔اس کو حرف تندیم بھی کہا جاتا ہے۔اگر مضارع سے پہلے آئے تو برائے ترغیب۔کسی کام میں ہلا شیری دینا۔فُصِّلَتْ:(تفصیل سے بیان کرنا۔کھول کر بیان کرنا)فعل ماضی مجہول واحد

مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَصَّلَ يُفَصِّلُ۔مصدر۔تَفْصِيلًا۔(تفصیل سے بیان کرنا)۔ آيَاتُ:(آیات)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکار۔أَعْجَمِيٌّ:(غیر زبان۔غیر عربی)خبر مرفوع۔مبتداء هُوَ محذوف تقدیراً۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَرَبِيٌّ:(عرب)خبر مرفوع مبتداء هُوَ محذوف تقدیراً۔یعنی الرَّسُوْلُ۔قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔بوجہ التقائے ساکنین۔واؤ حرف علت محذوف۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔لِ: (لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ هُدًى:(ہدایت)خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ وَ:(اور)حرف عطف۔شِفَاءٌ:(شفاء۔بیماری سے اچھا ہونا۔مریض کا اچھا ہونا)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُؤْمِنُونَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔آذَانِ:(أُذُنٌ۔کی جمع۔کانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔وَقْرٌ:(بہرے۔بوجھل)مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(اس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔عَمًى:(اندھاپن۔دکھائی نہ دینا۔)خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يُنَادَوْنَ:(وہ نداد یئے ہیں۔پکارتے ہیں)فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔ مصدر۔ مُنَادَاةٌ(آواز دینا۔پکارنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔مَّكَانٍ:(مکان۔جگہ۔مقام)اسم مجرور۔موصوف۔بَعِيْدٍ: (دوری)مجرور۔

صفت۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اگر ہم اس قرآن کو غیر زبان عرب میں (نازل) کرتے تو یہ لوگ کہتے کہ اس کی آیتیں (ہماری زبان میں) کیوں کھول کر بیان نہیں کی گئیں۔ کیا (خوب کہ قرآن تو) عجمی اور (مخاطب) عربی۔ کہہ دو کہ جو ایمان لاتے ہیں ان کے لئے (یہ) ہدایت اور شفا ہے۔ اور جو ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں گرانی (یعنی بہرا پن) ہے اور یہ ان کے حق میں (موجب) نابینائی ہے۔ گرانی کے سبب ان کو (گویا) دور جگہ سے آواز دی جاتی ہے۔

وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰبَ فَاخۡتُلِفَ فِيۡهِ ‌ؕ وَلَوۡلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتۡ مِنۡ رَّبِّكَ لَقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ‌ ؕ وَاِنَّهُمۡ لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ مُرِيۡبٍ ﴿۴۵﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ لَ:(بلا شبہ) لائے تاکید۔ موطئة للقسم۔ قَدۡ:(یقینا) حرف تحقیق۔ آتَيۡنَا:(ہم نے دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰی یُؤۡتِیۡ۔ مصدر۔ اِیۡتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰی یَاۡتِیۡ۔ مصدر۔ اِتۡیَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ مُوۡسَى:(موسیٰ کو) غیر منصرف۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ الۡكِتَابَ:(کتاب) مفعول بہ ثانی۔ فَ:(تو) حرف عطف۔ اِخۡتُلِفَ:(اختلاف کیا گیا) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اَخۡتَلَفَ يَخۡتَلِفُ۔ مصدر۔ اِخۡتِلَافٌ۔ (مخالفت کرنا۔ اختلاف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (خ ل ف) صیغہ۔ خَلَفَ يَخۡلُفُ۔ مصدر۔ خِلَافَةٌ۔ (جانشین ہونا)۔ فِيۡ:(میں) حرف جار۔ هِ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَوۡ:(اگر) حرف شرط۔ غیر جازم۔ لَا:(نہ) نافیہ۔ كَلِمَةٌ:(بات) مبتداء مرفوع۔ سَبَقَتۡ:(وہ آگے نکل گئی۔ پہلے طے ہو گئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (س ب ق) صیغہ۔ سَبَقَ يَسۡبِقُ۔ مصدر۔ سَبۡقًا۔ (آگے بڑھنا۔ پہلے پہنچنا۔ پہل کرنا۔ گزرنا)۔ مِنۡ:(سے) حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ) اسم مجرور۔ مضاف۔ كَ:(تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید برائے رابطہ۔ جواب شرط۔ قُضِيَ:(فیصلہ کر دیا گیا) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ق ض ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ قَضٰی يَقۡضِیۡ۔ مصدر۔ قَضَاءٌ۔ (پورا کرنا)۔ بَيۡنَ:(درمیان) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُمۡ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ یا۔ حالیہ۔ اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم رافع خبر۔ هُمۡ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلا اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔

مزحلقه۔فِي:(میں)حرف جار۔شَكٍّ:(شک)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔مِّنْ:(سے۔میں)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔مُرِيْبٍ:(شک میں ڈالنے والا۔)اسم فاعل۔واحد مذکر۔صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا۔اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ٹھہر چکی ہوتی تو ان میں فیصلہ کر دیا جاتا۔اور یہ اس (قرآن) سے شک میں الجھ رہے ہیں۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾

مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔عَمِلَ:(اس نے عمل کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر ۔عَمْلًا (کرنا)۔ صَالِحًا:(نیک۔اچھا)منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لِ:(لئے)حرف جار۔نَفْسِ:(جان)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ: (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔مبتدء محذوف تقدیراً" عَمِلَ صَالِحًا "۔جملہ محلاًجواب شرط۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔أَسَاءَ:(اس نے برا کیا۔برا کرے گا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاًفعل شرط مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسَاءَ يُسِيْءُ۔مصدر۔اِسَاءَةً۔(برائی کرنا)۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔عَلَيّ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔رافع اسم ۔ناصب خبر۔رَبُّ:(ربّ) مَا کا اسم مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔برائے تاکید۔نفی۔ظَلَّامٍ:(بہت ظلم کرنے والا)لفظاًمجرور۔محلاًمَا کی خبر منصوب۔لِّ:(لئے۔پر)حرف جار۔العَبِيْدِ:(بندوں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: جو نیک کام کرے گا تو اپنے لئے۔اور جو برے کام کرے گا تو ان کا ضرر اسی کو ہو گا۔اور تمہارا پروردگار بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

آج مورخہ 6 مئی 2020ء بروز بدھ کو 24واں پارہ مکمل ہوا۔

دعاہے۔ کہ اللہ جل جلالہٗ توفیق عطا کرے تو پورے قرآن مجید کے **الفاظ کی اعرابی حالت** مکمل ہو جائے۔ آمین۔

حکیم محمد یوسف صابر ایم اے

حال مقیم۔ الرفاع ویوز۔ وِلّا نمبر 2926۔ بحرین

محلہ اسلام نگر غربی، مین سوئی گیس روڈ، شاہدرہ لاہور۔ پاکستان۔

25 پارہ بست وپنجم اِلَيْهِ يُرَدُّ

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ۙ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ﴿۴۷﴾

إِلَيْ:(طرف۔)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔يُرَدُّ:(وہ واپس کیا جائے گا۔لوٹایا جائے گا۔) فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔ صیغہ۔رَدَّ يَرُدُّ۔ مصدر۔ رَدٌّ۔مَرْدُوْدًا۔ (لوٹانا۔واپس کرنا)۔ عِلْمُ:(علم ۔سائنس۔)نائب فاعل۔ مرفوع۔مضاف۔ السَّاعَةِ:(ساعت۔گھڑی۔قیامت۔آخرت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا: (نہیں)نافیہ۔تَخْرُجُ :(تو نکلتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنتَ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔ خُرُجًا۔ (نکلنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ ثَمَرٰتٍ :(ثمر کی جمع ۔ پھلوں)اسم مجرور۔مِّنْ :(سے)حرف جار۔ أَكْمَامِ:(کُمٌّ۔کی جمع۔غلافوں)اسم مجرور۔مضاف۔هَا :(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔تَحْمِلُ:(وہ اٹھاتی ہے۔حاملہ ہو گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا۔حاملہ ہونا)۔مِنْ:(سے) حرف جار۔أُنْثَىٰ:(مادہ)اسم مجرور۔تقدیراً مکسور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَضَعُ :(وہ جنتی ہے۔وضع کرتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔وَضَعَ يَضَعُ۔مصدر۔ وَضْعًا۔(رکھنا۔بچہ جننا۔ پیدا کرنا)۔ إِلَّا: (مگر)حرف حصر۔بِ:(ساتھ۔میں)حرف جار۔عِلْمِ:(علم۔سائنس)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مفعول بہ۔يُنَادِي:(وہ آواز دیتا ہے۔یاد دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔ مصدر۔مُنَادَاةٌ(آواز دینا۔پکارنا)۔هِمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَيْنَ :(کہاں

ہیں)اسم استفہام۔ظرف مکان۔ منصوب۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ شُرَكَاءِ:(شریک۔برابری کرنے والے۔حصہ دار)مبتداءمرفوع۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ مضاف۔ يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالُوْا :(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔آذَنَّا:(ہم نے آگاہ کردی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔آذَنَ يُؤْذِنُ۔مصدر۔اِيْذَانًا۔(انتباہ کرنا۔خبردار کرنا۔متنبہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذَنَ يَاذِنُ۔مصدر۔اِذْنًا۔(اجازت دینا)۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مَا :(نہیں)حرف نفی۔مِنَّا:(ہم سے)مرکب:(مِنْ+نَا)حرف جار۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔ مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ شَهِيْدٍ:(گواہ)لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداءمؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: قیامت کے علم کا حوالہ اسی کی طرف دیا جاتا ہے(یعنی قیامت کا علم اسی کو ہے) اور نہ تو پھل گابھوں سے نکلتے ہیں اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی اور نہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے۔اور جس دن وہ ان کو پکارے گا(اور کہے گا) کہ میرے شریک کہاں ہیں تو وہ کہیں گے کہ ہم تجھ سے عرض کرتے ہیں کہ ہم میں سے کسی کو(ان کی) خبر ہی نہیں۔

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۴۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ضَلَّ:(وہ غائب ہوا۔گم ہوا۔گمراہ ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد ۔باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔مَّا: (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔يَدْعُوْنَ :(وہ پکارتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔ دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف

زمان۔مرفوع۔اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ظَنُّوْا:(انہوں نے گمان کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراًھو۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ یَظُنُّ۔ مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔خیال کرنا۔وہم ہونا۔شک ہونا)۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(اس کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔زائد۔ مَّحِيْصٍ:(کوئی جائے پناہ۔بھاگنے کی جگہ)ظرف مکان۔لفظا مجرور۔محلاً مبتداء مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جن کو پہلے وہ(اللہ کے سوا) پکارا کرتے تھے(سب) ان سے غائب ہوجائیں گے اور وہ یقین کرلیں گے کہ ان کے لئے مخلصی نہیں۔

لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿٤٩﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يَسْأَمُ:(وہ تھکتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ء م)مہموز العین۔صیغہ سَئِمَ يَسَامُ ۔مصدر۔سَامًا۔سَامَةٌ۔(تھکنا۔اکتا جانا۔دل برداشتہ ہونا) الْإِنسَانُ: (انسان)فاعل ۔مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔دُعَاءِ:(بلانا۔پکارنا۔مانگنا۔طلب کرنا۔)اسم مجرور۔مضاف۔ الْخَيْرِ:(نیکی ۔بھلائی۔)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔مَّسَّ:(اس نے چھوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراًھُوَ۔ ضمیر فاعل۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمَسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔سزا دینا۔پہنچنا۔)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الشَّرُّ:(برائی۔بدمعاشی۔تکلیف)فاعل۔مرفوع۔ فَ: (پس)برائے رابطہ جواب شرط۔۔يَؤُوسٌ:(مایوس)خبر مرفوع۔جملہ محلاًمجزوم۔جواب شرط۔قَنُوطٌ: (ناامیدی۔مایوسی)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: انسان بھلائی کی دعائیں کرتا کرتا تو تھکتا نہیں اور اگر تکلیف پہنچ جاتی ہے تو ناامید ہوجاتا اور آس توڑ بیٹھتا ہے۔

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿٥٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَئِنۡ:(یقیناً اگر)مرکب۔:(لَ+اِنۡ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔+شرطیہ جازم فعل شرط۔ اَذَقۡنَا:(ہم نے مزہ چکھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذَاقَ یُذِیۡقُ۔ مصدر۔اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا۔)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ یَذُوۡقُ۔مصدر۔ذَوۡقًا۔(چکھنا)۔ ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ رَحۡمَةً:(رحمت)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ مِنَّا:(ہم سے)مرکب:(مِنۡ+نَا)حرف جار۔+ ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔بَعۡدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ضَرَّآءِ:(نقصان۔ تنگی۔تکلیف)مجرور مضاف الیہ۔ مَسَّتۡ:(اس نے چھوا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ضمیر فاعل۔تۡ ساکن علامت تانیث۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِیَ۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ یَمَسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔سزا دینا۔پہنچنا۔)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد ذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ لَ:(تاکہ)لائے واقعہ برائے جواب طلب۔یَقُوۡلَنَّ:(وہ ضرور بالضرور کہیں گے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِیَ۔ مؤکد بانون ثقیلہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔ي:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔اَظُنُّ:(میں گمان کرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔ صیغہ۔ ظَنَّ یَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔خیال کرنا۔وہم ہونا۔ شک ہونا)۔ السَّاعَةَ:(ساعت۔گھڑی۔قیامت)منصوب۔مفعول بہٖ۔قَآئِمَةً:(کھڑی ہونے والی۔قائم ہونے والی۔ واقع ہونے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَئِنۡ:(یقیناً اگر) مرکب۔:(لَ+اِنۡ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔+شرطیہ جازم فعل شرط۔ رُّجِعۡتُ:(میں لوٹایا جاؤں۔لوٹایا گیا)فعل ماضی مجہول واحد متکلم۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ محلاً جازم فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ یَرۡجِعُ۔مصدر۔ رَجۡعٌ۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔ اِلٰى :(طرف)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔ي:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ تقدیراً مکسور۔ اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔لِ:(لئے)حرف جار۔ي:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً

اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً حال منصوب۔ مقدم۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ الْحُسْنٰى:(زیادہ اچھائی۔زیادہ بھلائی)افعل التفضیل۔ اِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔ فَ:(تو)فصیحۃ۔ لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔نُنَبِّئَنَّ:(ہم ضرور بالضرور بیان کریں گے۔خبر دیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ نَبَّاَ يُنَبِّئُ مصدر۔ تَنْبِئَةٌ۔(آگاہ کرنا۔ خبر دینا۔ بتانا)۔الَّذِيْنَ :(جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل۔ مرفوع۔كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ بِمَا :(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار+اسم مصدریہ۔عَمِلُوْا:(انہوں نے کام کئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔نُذِيقَنَّ:(ہم ضرور بالضرور مزہ چکھائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذَاقَ يُذِيقُ۔مصدر۔ اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔مصدر۔ذَوْقًا۔(چکھنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ عَذَابٍ:(عذاب۔سزاء۔دکھ)اسم مجرور۔موصوف۔غَلِيْظٍ:(بہت سخت۔گاڑھا)مصدر۔غِلْظَةٌ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اگر تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اس کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو میرا حق تھا اور میں نہیں خیال کرتا کہ قیامت برپا ہو۔اور اگر (قیامت سچ مچ بھی ہو اور) میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو میرے لئے اس کے ہاں بھی خوشحالی ہے۔پس کافر جو عمل کیا کرتے وہ ہم ان کو ضرور جتائیں گے اور ان کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔اَنْعَمْنَا:(ہم نے انعام کیا۔نعمتیں دیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْعَمَ

یُنْعِمُ۔مصدر۔نِعْمَةً۔(انعام دینا)ثلاثی مجرد۔باب فتح و سمع۔صیغہ۔نَعَمَ یَنْعَمُ۔ نَعِمَ یَنْعَمُ مصدر۔نِعْمَةً۔(آسائش میں رہنا۔آرام میں رہنا۔خوشگوار زندگی گزارنا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ الْإِنسَانِ:(انسان)اسم مجرور۔أَعْرَضَ:(اس نے منہ موڑا۔اعراض کیا۔نظر انداز کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ یُعْرِضُ۔مصدر۔اِعْرَاضًا۔(اعراض کرنا۔منہ پھیرنا۔نظر انداز کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ نَأَىٰ:(اس نے دور کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔نَایٰ یَنَایٰ۔ مصدر۔نَایًا۔(دور کرلینا۔ریٹائر ہونا۔دور ہوجانا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔جَانِبِ:(پہلو۔جانب۔طرف۔سمت۔کروٹ۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ مَسَّ:(اس نے چھوا)فعل ماضی واحدمذکر غائب۔ضمیر فاعل۔ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ یَمَسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔سزا دینا۔پہنچنا۔)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلا منصوب۔مفعول بہ۔الشَّرُّ: (شر۔ بدمعاشی۔ مصیبت۔تکلیف۔برائی)فاعل۔ مرفوع۔ فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔۔ذُوْ:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ دُعَاءٍ:(دعا کرنے والا۔پکارنے والا)اسم فاعل۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ عَرِيضٍ:(لمبی چوڑی)مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور جب ہم انسان پر کرم کرتے ہیں تو منہ موڑلیتا ہے اور پہلو پھیر کر چل دیتا ہے۔اور جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی لمبی دعائیں کرنے لگتا ہے۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِىْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾

قُلْ:(کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔بوجہ التقائے ساکنین واؤ حرف علت محذوف۔کسرہ برائے اتصال ما بعد۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَایٰ یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔

إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم۔ فعل شرط۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ محلاً فعل شرط۔مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔عِنْدِ:(پاس)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ كَفَرْتُمْ: (تم نے کفر کیا۔انکار کیا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ مَنْ:(کون ہے؟)اسم استفہام۔محلاً مبتدء مرفوع۔ أَضَلُّ:(زیادہ گمراہ۔ زیادہ بھٹکا ہوا)افعل التفضیل۔محلاً خبر مرفوع۔مِمَّنْ:(اس میں سے جو)مرکب:(مِنْ+مَّنْ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔ شِقَاقٍ :(مخالفت۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔بَعِيْدٍ:(بہت دور)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کہو کہ بھلا دیکھو اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو پھر تم اس سے انکار کرو تو اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہے جو(حق کی) پرلے درجے کی مخالفت میں ہو۔

سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ

﴿۵۳﴾

سَ:(عنقریب)حرف استقبال۔نُرِي:(ہم دکھائیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرٰى يُرِى۔ مصدر۔اِرَاءَةٌ۔(دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔هِمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ آيَاتِ:(آیات۔نشانیوں کو) منصوب۔بالکسرہ۔جمع مکسر۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي:(میں)حرف۔جار۔الْآفَاقِ:(أُفُقٌ کی جمع۔آفاق۔دنیا۔چہار دانگ عالم۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔فِي:(میں)حرف جار۔أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَتَّى:(یہاں

تک)حرف غایت۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔ يَتَبَيَّنَ :(وہ بیان کرتا ہے۔ظاہر کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَبَيَّنَ يَبَيَّنُ۔مصدر۔تَبَيُّنٌ۔(کھول کھول بیان کرنا۔وضاحت کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ: (ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر وحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ الْحَقُّ:(حق۔سچ) أَنَّ کی خبر مرفوع۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔يَكْفِ :(وہ کفایت۔وہ کافی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ مجزوم۔ علامت۔ی۔حرف علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ک ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔كَفٰى يَكْفِيْ۔مصدر۔كِفَايَةٌ۔(کافی ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکدی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکرغائب۔ مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔عَلٰى:(پر)حرف جار۔ كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔ مضاف۔ شَيْءٍ:(کچھ بھی۔شئے)مجرور مضاف الیہ۔ شَهِيْدٌ:(گواہ) أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ہم عنقریب ان کو اطراف(عالم) میں بھی اور خود ان کی ذات میں بھی اپنی نشانیاں دکھائیں گے یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ (قرآن) حق ہے۔کیا تم کو یہ کافی نہیں کہ تمہارا پروردگار ہر چیز سے خبردار ہے۔

اَلَاۤ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ﴿۵۴﴾

أَلَا:(خبردار۔)حرف تنبیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ مِرْيَةٍ :(شک)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ لِّقَاءِ :(ملاقات۔پیشی۔ملنے)اسم مجرور مضاف الیہ۔ رَبِّ:(ربّ) مجرور۔مضاف الیہ۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَلَا :(خبردار۔سنو) حرف تنبیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔هُ :(وہ)ضمیر واحدمذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُلِّ:(تمام ۔ہر ایک)برائے تاکید ۔اسم مجرور۔مضاف ۔ شَيْءٍ :(شئے۔کچھ بھی)مجرور مضاف الیہ۔مُّحِيْطٌ:(گھیرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً کی خبر مرفوع۔

ترجمہآیت: دیکھو یہ اپنے پروردگار کے روبرو حاضر ہونے سے شک میں ہیں۔ سن رکھو کہ وہ ہر چیز پر احاطہ کئے ہوئے ہے۔

42 سُوْرَةُ الشُّوْرٰى

ركوعاتها 5   42 سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ 62   اٰياتها 53

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾   حٰمٓ:()

عٓسٓقٓ ﴿۲﴾   عٓسٓقٓ:()

كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾

كَذَٰلِكَ:(اس طرح)مرکب: (کَ+ذٰ+لِ+کِ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ ۔+برائے بعد+خطابیہ۔محلاً اسم مجرور۔ يُوحِي:(وحی کیاجاتاہے)فعل مضارع ۔واحدمذکرغائب۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ثلاثی مزیدفیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْحٰی یُوْحِیْ۔ مصدر۔اِیْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وحی)مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحٰی یَحِیْ۔ مصدر۔ وَحْیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ إِلَيْكَ:(تیری طرف)مرکب :(اِلَیْ+کَ)حرف جار۔+ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَى :(طرف)حرف جار۔الَّذِيْنَ: (جو) اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مضاف ۔كَ:(تجھ سے)ضمیر واحدمذکرحاضر۔مبنی برفتحہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔اللّٰهُ

:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔ مرفوع۔ الْعَزِيْزُ :(زبردست عزت دار)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الْحَكِيْمُ:(خوب حکمت والا) مبالغہ۔صفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اللہ غالب ودانا اسی طرح تمہاری طرف مضامین اور (براہین) بھیجتا ہے جس طرح تم سے پہلے لوگوں کی طرف وحی بھیجتا رہا ہے۔

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۴﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مَا :(جو)اسم موصول۔منی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فِي :(میں)حرف جار۔السَّمَاوَاتِ: (آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(جو) اسم موصول۔منی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فِي : (میں)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔الْعَلِيُّ:(عالی مرتبہ۔ارفع و اعلیٰ۔بڑی شان والا)خبر مرفوع۔ الْعَظِيْمُ:(بہت بڑا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔اور وہ عالی رتبہ اور گرامی قدر ہے۔

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾

تَكَادُ:(وہ قریب ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و د) اجوف واوی۔صیغہ۔كَادَ يَكَادُ۔ مصدر۔كَوْدًا۔(قریب ہونا)۔السَّمَاوَاتُ :(آسمانوں)فاعل۔مرفوع۔ يَتَفَطَّرْنَ :(ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں۔وہ پھٹ پڑیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔يَتَفَطَّرَ يَتَفَطَّرُ۔مصدر۔ يَتَفَطُّرُ ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَوْقِ:(اوپر)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَلٰئِكَةُ:(فرشتے۔غیر مرئی قوتیں)مبتداء مرفوع۔يُسَبِّحُوْنَ:(وہ تسبیح کرتے ہیں۔ اپنی تفویضہ ذمہ داریاں جلدی جلدی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(بہت تیزی سے عمل کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی

مجرد۔باب فتح۔ مادہ(س ب ح) صیغہ۔سَبَحَ یَسْبَحُ۔مصدر۔سَبْحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔حَمْدِ:(تعریف۔حمد)اسم مجرور۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف ۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ: (اور)حرف عطف۔يَسْتَغْفِرُوْنَ:(وہ استغفار مانگتے ہیں۔مغفرت طلب کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتَغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ أَلَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللهَ :(اللہ جل جلالہٗ)کا إِنَّ اسم منصوب۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً برائے تقویۃ۔الْغَفُوْرُ: (خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔الرَّحِيْمُ:(خوب رحم کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: قریب ہے کہ آسمان اوپر سے پھٹ پڑیں اور فرشتے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور جو لوگ زمین میں ہیں ان کے لئے معافی مانگتے رہتے ہیں۔سن رکھو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔اِتَّخَذُوْا:(انہوں نے پکڑ لیا۔اختیار کر لیا۔بنا لیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔ لینا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔دُوْنِ:(سوا۔علاوہ۔)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هٖ : (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَوْلِيَاءَ: (دوست۔ ساتھی۔سرپرست) منصوب۔مفعول بہ۔ اللهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔حَفِيْظٌ:(حفاظت کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لیس جیسا عمل۔رافع اسم ۔ناصب خبر۔ أَنْتَ :(تم)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف

جار۔ هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔زائدہ۔وَكِيْلٍ:(داروغہ۔قابل اعتماد۔کارساز۔)لفظاًمجرور۔محلاًمَا کی خبر مرفوع منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جن لوگوں نے اس کے سوا کارساز بنا رکھے ہیں وہ اللہ کو یاد ہیں۔اور تم ان پر داروغہ نہیں ہو

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ﴿۷﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ هُوَ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِيْ:(جو) اسم موصول۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً خبر مرفوع۔ يُنَزِّلُ:(وہ اتارتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔ مصدر۔ تَنْزِيْلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ الْغَيْثَ:(بارش کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد) ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ مَا:(کہ) مصدریہ۔ قَنَطُوْا:(ناامید ہوتے ہیں) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مصدر۔ قَنَطَ يَقْنُطُ۔ مصدر۔ قُنُوْطًا۔(ناامید ہونا۔ مایوس ہونا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ يَنْشُرُ:(وہ بکھیرتا ہے۔ پھیلاتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ۔ (ن ش ر) صیغہ۔ نَشَرَ يَنْشُرُ۔ مصدر۔ نَشْرًا۔ (پھیلانا) رَحْمَتَ:(رحمت۔ مہربانی۔ عنایت) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هٗ:(اس کی۔ اپنی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ هُوَ:(وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر

غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔الْوَلِيُّ :(ساتھی۔دوست۔سرپرست۔مدد گار)خبر مرفوع۔ الْحَمِيْدُ:(انتہائی قابل تعریف)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور وہی تو ہے جو لوگوں کے ناامید ہو جانے کے بعد مینہ برساتا اور اپنی رحمت (یعنی بارش) کی برکت کو پھیلا دیتا ہے۔ اور وہ کارساز اور سزاوار تعریف ہے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ :(سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔نشانیاں)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور۔مضاف۔الیہ۔محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔خَلْقُ:(پیدائش)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔ السَّمَاوَاتِ: (آسمانوں کی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مجرور۔بَثَّ:(اس نے پھیلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ث ث)مضاعف۔صیغہ۔بَثَّ يَبُثُّ ۔مصدر۔بَثًّا۔(پھیلانا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث غائب۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دَابَّةٍ:(جانور۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ جَمْعِ:(اکٹھ۔جمع)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ قَدِيْرٌ:(پیمانے۔اندازے مقرر کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً کی خبر مرفوع۔مبتداء"هُوَ "۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور اسی کی نشانیوں میں سے ہے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور ان جانوروں کا جو اس نے ان میں پھیلا رکھے ہیں اور وہ جب چاہے ان کے جمع کر لینے پر قادر ہے۔

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(جو)اسم شرط۔جازم مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصَابَ:(اس کو پہنچے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَصَابَ يُصِيبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔ (تکلیف پہنچنا)۔ كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ مُّصِيبَةٍ:(مصیبت۔تکلیف)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ :(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔بِمَا :(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار+اسم مصدریہ۔كَسَبَتْ:(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔ علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔ مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا۔کمائی کرنا) أَيْدِي:(ہاتھ)اصلاً أَيْدِينَ تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔كُمْ : (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)اعتراضیہ۔يَعْفُو:(وہ معاف کردیتا ہے۔ درگزر کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ع ف و) ناقص واوی۔صیغہ۔عَفَا يَعْفُو۔مصدر عَفْوًا۔(معاف کرنا۔درگزر کرنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔كَثِيرٍ:(اکثریت۔زیادہ تر) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور جو مصیبت تم پر واقع ہوتی ہے سو تمہارے اپنے فعلوں سے اور وہ بہت سے گناہ تو معاف ہی کر دیتا ہے۔

وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ ۖ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿٣١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں) عمل لیس کا۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائد۔برائے تاکید نفی۔مُعْجِزِينَ:(عاجز کرنے والوں کے۔کمزور کرنے والوں کے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔لفظاً مجرور۔مَا کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔فِي:(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا: (نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ دُونِ:(علاوہ)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف علیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔وَلِيٍّ:(ولی۔دوست۔حامی۔سرپرست۔)لفظاً مجرور۔محلاً متبداء مؤخر۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔نَصِيرٍ:(مددگار)مبالغہ۔لفظاً معطوف مجرور۔محلاً مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور تم زمین میں (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے۔اور اللہ کے سوا نہ تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ مددگار۔

وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ﴿٣٢﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔نشانیوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔الْجَوَارِ:(جَارِيَة کی جمع۔کشتیاں۔بحری جہاز۔لانچیں)۔لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔الْبَحْرِ:(سمندر)اسم مجرور۔مضاف۔ كَ:(جیسے)حرف تشبیہ ۔ اور جار۔الْأَعْلَامِ:(پہاڑوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔

ترجمہ آیت:اور اسی کی نشانیوں میں سے سمندر کے جہاز ہیں (جو) گویا پہاڑ(ہیں)۔

إِن يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ﴿٣٣﴾

إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔يَشَأْ:(وہ چاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ يُسْكِنِ:(وہ روک دے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔جواب شرط۔کسرہ برائے اتصال بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَسْكَنَ يُسْكِنُ۔ مصدر۔إِسْكَانًا۔ (روکنا۔ساکن کرنا)۔الرِّيحَ:(ہوا کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔يَظْلَلْنَ:(وہ ہو جائیں)فعل ناقص مضارع جمع مؤنث۔غائب۔مبنی بر سکون۔نون نسوہ۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ظَلَّ يَظِلُّ۔مصدر۔ظَلًّا۔ظُلُوْلًا۔(ہونا۔ہو جانا)۔ رَوَاكِدَ:رَاكِدٌ کی جمع۔ٹھہرے ہوئے۔کھڑے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ منصوب۔ مفعول بہٖ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ظَهْرِ:(پیٹھ۔پشت۔ سطح)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مرجع الْبَحْرِ ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔ فِي:(میں)حرف جار۔ذَٰلِكَ:(وہ) مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔لَ:(یقیناً)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آيَاتٍ:(آیات)لفظاً مجرور ۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور مضاف۔ صَبَّارٍ :(خوب ڈٹے رہنے والے۔استقامت والے)مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔شَكُورٍ:(بہت قدردان۔بہت شکر کرنے والے)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اگر اللہ چاہے تو ہوا کو ٹھیرادے اور جہاز اس کی سطح پر کھڑے رہ جائیں۔تمام صبر اور شکر کرنے والوں کے لئے ان (باتوں) میں قدرت اللہ کے نمونے ہیں۔

اَوۡ یُوۡبِقۡهُنَّ بِمَا كَسَبُوۡا وَیَعۡفُ عَنۡ كَثِیۡرٍ ﴿۳۴﴾

اَوۡ:(یا)حرف عطف۔ یُوۡبِقۡ:(تباہ کردے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً هُمۡ۔ معطوف مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔باب افعال۔صیغہ۔اَوۡبَقَ یُوۡبِقُ۔مصدر۔اِیۡبَاقٌ۔(تباہ کرنا۔برباد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حسب۔مادہ(و ب ق)مثال واوی۔صیغہ۔وَبِقَ یَبِقُ۔مصدر۔یُوۡبِقٌ۔وَبُقًا۔(برباد ہونا)۔ هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ كَسَبُوۡا:(انہوں نے کمایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ یَكۡسِبُ۔مصدر۔كَسۡبًا۔(کمائی کرنا۔کمانا) وَ:(اور)حرف عطف۔یَعۡفُ:(وہ معاف کرتا ہے۔درگزر کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً هُمۡ۔معطوف مجزوم۔علامت واؤ حرف علت محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ف و)ناقص یائی۔صیغہ۔عَفَا یَعۡفُو۔مصدر۔عَفۡوًا۔(معاف کرنا۔درگزر کرنا)۔ عَنۡ:(سے)حرف جار۔ كَثِیۡرٍ:(بہت زیادہ)اسم مجرور۔

یا ان کے اعمال کے سبب ان کو تباہ کردے۔اور بہت سے قصور معاف کردے

وَّیَعۡلَمَ الَّذِیۡنَ یُجَادِلُوۡنَ فِیۡۤ اٰیٰتِنَا ؕ مَا لَهُمۡ مِّنۡ مَّحِیۡصٍ ﴿۳۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔یَعۡلَمَ :(وہ جان لیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب ساکن۔(معطوف علیہ۔ میری سمجھ میں نہیں آرہا۔یہ لفظ کس وجہ سے منصوب۔کونسا لفظ محذوف ہے) فاعل۔ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً هُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعۡلَمُ۔مصدر۔ عِلۡمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔الَّذِیۡنَ :(جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل۔مرفوع۔یُجَادِلُوۡنَ :(وہ جھگڑتے ہیں۔بحث مباحثہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع۔مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً هُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَادَلَ یُجَادِلُ۔مصدر۔مُجَادَلَةٌ۔(جھگڑا کرنا۔بحث کرنا)۔ فِیۡ:(میں۔بارے میں)اسم مجرور۔آیَاتِ:(آیات۔نشانیوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔زائد۔برائے تاکید۔ مَّحِیۡصٍ: (ٹھکانہ۔بھاگنے کی جگہ۔لوٹنے کی جگہ۔جائے پناہ)لفظاًمجرور۔محلاًمبتداء مرفوع۔

اور (انتقام اس لئے لیا جائے کہ) جو لوگ ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں۔ وہ جان لیں کہ ان کے لئے خلاصی نہیں

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٣٦﴾

فَ: (تو) استئنافیہ۔ مَا: (اگر) اسم شرط۔ جازم فعل شرط۔ اُوْتِيْتُمْ: (تم کو دیا گیا) فعل ماضی مجہول۔ جمع مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً اَنْتُمْ۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا)۔ اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ شَيْءٍ: (چیز) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ مَتَاعُ: (مال اسباب۔ فائدہ دینے والا سامان) خبر مرفوع۔ مبتداء محذوف "هُوَ" مضاف۔ الْحَيَاةِ: (زندگی) مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ الدُّنْيَا: (دنیا) غیر منصرف۔ صفت مجرور۔ تابع موصوف۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَا: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ عِنْدَ: (پاس) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ خَيْرٌ: (بھلائی۔ اچھائی۔ بہتری۔) خبر مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ اَبْقٰى: (ہمیشہ رہنے والا) افعل التفضیل۔ معطوف مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ الَّذِيْنَ: (جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ اٰمَنُوْا: (وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ عَلٰى: (پر) حرف جار۔ رَبِّ: (ربّ) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرو مضاف الیہ۔ يَتَوَكَّلُوْنَ: (وہ توکل کرتے ہیں۔ بھروسہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔ مصدر۔ تَوَكُّلٌ۔ (توکل کرنا۔ اعتماد کرنا)۔

ترجمہ آیت: (لوگو) جو (مال و متاع) تم کو دیا گیا ہے وہ دنیا کی زندگی کا (ناپائیدار) فائدہ ہے۔ اور جو کچھ اللہ کے ہاں ہے وہ بہتر اور قائم رہنے والا ہے (یعنی) ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿٣٧﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ الَّذِيْنَ: (جو) اسم موصول جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً معطوف بر سابق۔ يَجْتَنِبُوْنَ: (وہ پرہیز کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ

مصدر۔اِجْتِنَابٌ۔(پرہیز کرنا)۔كَبَائِرَ:(بڑے)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔ الْاِثْمِ:(گناہ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔الْفَوَاحِشَ:(بدعملیوں۔بے حیائیوں)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔مَا:(۔۔)زائدہ۔ غَضِبُوْا:(انہوں نے غصہ کیا۔غضبناک ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ض ب)صیغہ۔غَضِبَ يَغْضَبُ ۔مصدر۔غَضْبًا۔(غصہ ہونا۔ غضبناک ہونا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَغْفِرُوْنَ:(وہ مغفرت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ اور جواب شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے پرہیز کرتے ہیں۔اور جب غصہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۠وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً معطوف مجرور۔اسْتَجَابُوْا:(انہوں نے قبول کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(دعا قبول کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَقَامُوْا:(انہوں نے کھڑی کی۔ قائم کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَقَامَ يُقِيْمُ۔ مصدر۔اِقَامَةٌ۔(قائم کرنا۔ کھڑی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م) صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔ قَوْمًا۔ قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔ الصَّلَاةَ:(صلوٰۃ کو)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَمْرُ:(حکم۔ فیصلہ۔ معاملہ) مبتداء مرفوع۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شُوْرٰى:(مشورہ کرنا۔ مشورہ)خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+ مَّا)حرف جار۔+اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجرور صفت۔ رَزَقْنَا:(ہم نے رزق دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً

نَحۡنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔ مادہ(ر ز ق) صیغہ۔ رَزَقَ یَرۡزُقُ۔ مصدر۔ رِزۡقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔ هُمۡ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ یُنۡفِقُوۡنَ:(وہ خرچ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنۡفَقَ یُنۡفِقُ۔ مصدر۔ اِنۡفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور جو اپنے پروردگار کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ اور اپنے کام آپس کے مشورے سے کرتے ہیں۔ اور جو مال ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

وَالَّذِيۡنَ اِذَاۤ اَصَابَهُمُ الۡبَغۡىُ هُمۡ يَنۡتَصِرُوۡنَ ﴿۳۹﴾

وَ:(اور) عطف۔ الَّذِیۡنَ:(جو) اسم موصول جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً معطوف مجرور۔ إِذَا:(جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ أَصَابَ:(اس کو پہنچے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُوَ۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَصَابَ یُصِیۡبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔(تکلیف پہنچنا)۔ هُمُ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ضمہ برائے اتصال ما بعد۔ الۡبَغۡيُ :(ظلم ۔اندھیر۔ زیادتی۔) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ هُمۡ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ یَنۡتَصِرُوۡنَ:(وہ مدد کرتے ہیں۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ص ر) صیغہ۔ نَصَرَ یَنۡصُرُ۔ مصدر۔ نَصۡرًا۔(مدد کرنا)۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو ایسے ہیں کہ جب ان پر ظلم وتعدی ہو تو (مناسب طریقے سے) بدلہ لیتے ہیں۔

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثۡلُهَا‌ ۚ فَمَنۡ عَفَا وَاَصۡلَحَ فَاَجۡرُهٗ عَلَى اللّٰهِ‌ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۴۰﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ جَزَاءُ:(جزاء۔ بدلہ۔ معاوضہ۔) مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ سَيِّئَةٍ:(برائی۔ بدی۔ بری) مجرور مضاف الیہ۔ سَيِّئَةٌ: (برائی۔ بدی۔ بری) خبر مرفوع۔ موصوف۔ مِّثۡلُ:(مانند۔ طرح) صفت۔ مرفوع۔ تابع موصوف۔ مضاف۔ هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو) حرف عطف۔ مَنۡ:(جو) اسم شرط۔ جازم فعل شرط۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ عَفَا:(اس نے معاف کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ۔(ع ف و) ناقص واوی۔ صیغہ۔ عَفَا یَعۡفُو۔ مصدر عَفۡوًا۔(معاف کرنا۔ درگزر کرنا)۔ وَ:(اور) حرف

عطف۔ أَصْلَحَ:(اس نے درستی کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ افعال۔ صیغہ۔ اَصْلَحَ يُصْلِحُ ۔مصدر۔اِصْلَاحًا۔(درست کرنا۔ تندرست بنانا۔ صحت دینا۔ کمی دور کرنا)۔ فَ:(تو) برائے رابطہ جواب شرط۔ أَجْرُ:(اجر۔بدلہ۔معاوضہ۔) مبتداء مرفوع۔مضاف۔ هُ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَى:(پر) حرف جار۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هُ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔ يُحِبُّ:(وہ پیار کرتا ہے۔پسند کرتا ہے۔دوست بناتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔ اِحْبَابٌ۔(پسند کرنا۔ محبت کرنا)۔ كُلَّ:(تمام۔ہر ایک) برائے تاکید۔منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔ الظّٰلِمِيْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے) اسم فاعل۔جمع مذکر ۔منصوب۔ مفعول بہ۔علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور برائی کا بدلہ تو اسی طرح کی برائی ہے۔ مگر جو درگزر کرے اور (معاملے کو) درست کردے تو اس کا بدلہ اللہ کے ذمے ہے۔ اس میں شک نہیں کہ وہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۱﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔ابتدائیہ۔ مَنِ:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔ مبتداء مرفوع۔کسرہ برائے اتصال۔ اِنْتَصَرَ:(وہ بدلہ لے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِنْتَصَرَ يَنْتَصِرُ۔مصدر۔ اِنْتِصَارًا۔(بدلہ لینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر) صیغہ۔ نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔ نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔ بَعْدَ:(بعد) ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ ظُلْمِ:(ظلم۔اندھیر کا) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هِ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس) برائے رابطہ۔جواب شرط۔ أُولٰئِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء مرفوع۔ مَا:(نہیں) نافیہ۔ عَلَيْ:(پر) حرف جار۔ هِمْ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔زائدہ۔ سَبِيْلٍ:(راہ) لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔اور جملہ محلاً جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اور جس پر ظلم ہوا ہو اگر وہ اس کے بعد انتقام لے تو ایسے لوگوں پر کچھ الزام نہیں۔

اِنَّمَا السَّبِيۡلُ عَلَى الَّذِيۡنَ يَظۡلِمُوۡنَ النَّاسَ وَيَبۡغُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ بِغَيۡرِ الۡحَقِّ‌ؕ اُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۴۲﴾

إِنَّمَا:(درحقیقت۔ صرف اور صرف)کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔السَّبِيْلُ:(راہ) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ الَّذِيْنَ:(وہ)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔يَظْلِمُوْنَ:(وہ ظلم کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی ۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ يَظْلِمُ۔ مصدر۔ ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔ اندھیر مچانا)۔ النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَبْغُوْنَ:(وہ حد سے بڑھتے ہیں۔سرکشی کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔بَغٰى يَبْغِىْ۔مصدر۔ بَغْيًا۔بَغْيَةً۔ (چاہنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ بِغَيْرِ :(بغیر)مرکب :(بِ+غَيْرِ)ساتھ+حرف جار۔مضاف۔ الْحَقِّ:(حق۔سچ)مجرور مضاف الیہ۔ أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔عَذَابٌ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)خبر مرفوع۔جملہ محلاًأُوْلَئِكَ مبتدا کی خبر مرفوع۔موصوف۔أَلِيْمٌ:(دردناک)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: الزام تو ان لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور ملک میں ناحق فساد پھیلاتے ہیں۔یہی لوگ ہیں جن کو تکلیف دینے والا عذاب ہوگا۔

وَلَمَنۡ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔ابتدائیہ۔مَنِ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔مبتداء مرفوع۔صَبَرَ:(اس نے استقامت دکھائی۔ڈٹا رہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا) ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔غَفَرَ:(اس نے مغفرت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ ذٰلِكَ:(اس کے)اسم اشارہ بعید۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَ:

(بلاشبہ۔)لائے تاکید۔مزحلقه۔مِنْ:(سے)حرف جار۔عَزْمِ:(پختہ ارادہ۔ہمت۔جذبہ)اسم مجرور۔مضاف۔ الْأُمُوْرِ:(معاملات۔)۔

ترجمہ آیت: اور جو صبر کرے اور قصور معاف کردے تو یہ ہمت کے کام ہیں۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(اور)اسم موصول۔ شرطیہ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ مقدم۔جازم مضارع۔يُضْلِلِ: (وہ گمراہ کردے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔کسرہ برائے اتصال بوجہ التقائے ساکنین۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔)ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم ۔مرفوع مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ وَلِيٍّ:(دوست ۔سرپرست۔کارساز)لفظاً مجرور محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد) ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ تَرَى :(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الظّٰلِمِيْنَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے)منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہ۔ لَمَّا:(جب۔ بمعنی حِيْنَ)ظرف زمان۔شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ رَاَوْا:(انہوں نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ضمہ بوجہ وصل۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الْعَذَابَ :(عذاب۔دکھ۔سزاء کو)منصوب۔مفعول بہ۔يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہیں گے۔وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ إِلٰى :(طرف)حرف جار۔مَرَدٍّ :(لوٹ جائے۔واپس

جائے)مصدر۔میمی۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔زائدہ ۔برائے تاکید۔
سَبِيۡلٍ:(راہ)لفظاًمجرور۔محلاًمبتداء مؤخر۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جس شخص کو اللہ گمراہ کرے تو اس کے بعد اس کا کوئی دوست نہیں۔اور تم ظالموں کو دیکھو گے کہ جب وہ (دوزخ کا) عذاب دیکھیں گے تو کہیں گے کیا (دنیا میں) واپس جانے کی بھی کوئی سبیل ہے؟

وَتَرٰىهُمۡ يُعۡرَضُوۡنَ عَلَيۡهَا خٰشِعِيۡنَ مِنَ الذُّلِّ يَنۡظُرُوۡنَ مِنۡ طَرۡفٍ خَفِيٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ الۡخٰسِرِيۡنَ الَّذِيۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ وَاَهۡلِيۡهِمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِيۡنَ فِىۡ عَذَابٍ مُّقِيۡمٍ ﴿۴۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔تَرَا:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔برائے اتصال۔ضمیر حرف علت۔ی۔کو الف سے بدلا گیا۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤۡيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔يُعۡرَضُوۡنَ:(پیش کئے جائیں گے)فعل مضارع جمع مجہول مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ع ر ض)صیغہ۔عَرَضَ يَعۡرِضُ۔مصدر۔عَرۡضًا۔(پیش کرنا۔سامنے لانا۔) عَلَيۡ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔خَاشِعِيۡنَ:(زاری کرنے والے۔عاجزی کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہ۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ۔برائے اتصال۔بوجہ التقائے ساکنین۔الذُّلِّ:(ذلت۔رسوائی۔)اسم مجرور۔يَنۡظُرُوۡنَ:(وہ دیکھتے ہیں۔دیکھیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنۡظُرُ۔ مصدر۔نَظَرًا۔(مہلت دینا۔دیکھنا)۔جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ طَرۡفٍ :(نگاہ۔نظر)اسم مجرور۔موصوف۔ خَفِيٍّ ۔(چھپی ہوئی)منصوب۔صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔اِخۡفَاءٌ:(چھپانا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَفِيَ يَخۡفِيۡ۔مصدر۔خفیا۔(چھپانا۔پوشیدہ رکھنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا)۔الَّذِيۡنَ:(جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ اٰمَنُوۡا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل

۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الْخَاسِرِیْنَ:(گھاٹا کھانے والے۔نقصان اٹھانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔علامت۔ی۔الَّذِیْنَ:(جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔خَسِرُوْا:(انہوں نے گھاٹا کھایا۔نقصان اٹھایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ س ر)صیغہ۔خَسِرَ یَخْسَرُ۔مصدر۔ خسرانٌ۔ خَسَارَةٌ۔خُسْرًا۔(گھاٹا کھانا۔ نقصان اٹھانا)۔ اَنْفُسَ:(جانوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَهْلِیْ:(والے۔گھر والے۔تعلقہ دار)معطوف منصوب۔ اصلاً اَهْلِیْنَ تھا۔نون جمع۔محذوف بوجہ مضاف۔هِمْ:(اس کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ یَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الْقِیَامَةِ:(قیامت کے)اسم مجرور مضاف الیہ۔اَلَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الظّٰلِمِیْنَ:(ظالم۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔علامت۔ی۔ فِیْ:(میں)حرف جار۔عَذَابٍ:(عذاب۔دکھ۔سزاء۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ اِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔مُّقِیْمٍ:(قائم رہنے والا۔دائمی)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور تم ان کو دیکھو گے کہ دوزخ کے سامنے لائے جائیں گے ذلت سے عاجزی کرتے ہوئے چھپی (اور نیچی) نگاہ سے دیکھ رہے ہوں گے۔اور مومن لوگ کہیں گے کہ خسارہ اٹھانے والے تو وہ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو خسارے میں ڈالا۔ دیکھو کہ بے انصاف لوگ ہمیشہ کے دکھ میں (پڑے) رہیں گے۔

وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر مقدم۔مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ اَوْلِيَاءَ:(دوست۔حامی۔سرپرست)غیر منصرف۔محلاً لفظاً مجرور۔محلاً اسم مؤخر مرفوع۔يَنْصُرُوْنَ:(مدد کرتے ہیں۔یا مدد کریں

گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً أَوْلِيَاءَ کی صفت۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)۔صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا) هُمْ: (ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔ اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مقدم۔جازم فعل شرط۔ يُضْلِلِ:(وہ گمراہ کردے))فعل مضارع واحد مذکر غائب۔محلاً فعل شرط۔مجزوم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔کسرہ برائے اتصال بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ أَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔إِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔)ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ فَ: (پس)برائے رابطہ۔جواب شرط۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی ضمہ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔سَبِيْلٍ:(راہ)لفظاًمجرور۔محلاًمبتداءمؤخر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اور اللہ کے سوا ان کے کوئی دوست نہ ہوں گے کہ اللہ کے سوا ان کو مدد دے سکیں۔اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کے لئے (ہدایت کا) کوئی رستہ نہیں۔

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿۴۷﴾

اِسْتَجِيْبُوْا:(تم قبول کرو۔تم حکم مان لو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔مجزوم۔جواب طلب۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔صیغہ۔ اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيْبُ۔مصدر۔اِسْتِجَابَةٌ۔(دعا قبول کرنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ کی)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ مِنْ: (سے)حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَأْتِيَ:(وہ لے آیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔يَوْمٌ:(دن)فاعل۔مرفوع۔لَّا:(نہیں) نفی لائے جنس۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔مَرَدَّ:(لوٹ آنا۔واپس آنا۔پلٹ دینا۔)لائے نفی کا اسم منصوب۔۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ

:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًلائے نفی کی خبر مرفوع۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔ضمہ۔برائے اتصال۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ مَّلْجَاٍ: (ٹھکانہ) لَجَاءٌ۔لَجُوْءٌ۔مصدر۔لفظاً مجرور۔محلاً ظرف مکان۔مبتداء مؤخر مرفوع۔ يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔قیامت کے دن) مرکب: (يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔مضاف۔+ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا: (نہیں) نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔محلا جملہ خبر مقدم۔ مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔برائے تاکید۔۔نَّكِيْرٍ:(انکار۔)مصدر۔لفظاًمجرور۔محلاًمبتدءمؤخرمرفوع۔

ترجمہ آیت: ان سے کہہ دو کہ) قبل اس کے کہ وہ دن جو ٹلے گا نہیں اللہ کی طرف سے آموجود ہو اپنے پروردگار کا حکم قبول کرو۔ اس دن تمہارے لئے نہ کوئی جائے پناہ ہوگی اور نہ تم سے گناہوں کا انکار ہی بن پڑے گا۔

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ اَعْرَضُوْا:(وہ منہ موڑیں۔اعراض برتیں۔نظر انداز کریں۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً فعل شرط۔مجزوم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَعْرَضَ يُعْرِضُ۔مصدر۔اِعْرَاضًا۔(اعراض کرنا۔منہ پھیرنا۔نظر انداز کرنا)۔فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ اَرْسَلْنَآ:(ہم نے بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْحنُ۔محلاً مجزوم۔فعل جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ حَفِيْظًا: (حفاظت کرنے والا۔)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ محلاً منصوب۔حال۔ اِنْ :(نہیں)نافیہ۔آگے اِلَّا صلہ ہے عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ :(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ۔محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔الْبَلٰغُ:(پیغام پہنچانا۔تبلیغ کرنا)مبتداءمؤخر مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنَّآ:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع

خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ إِذَا :(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی مستقبل۔أَذَقْنَا :(ہم نے چکھایا۔ہم مزہ چکھاتے ہیں)فعل ماضی جمع متکلم ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔محلاً فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَذَاقَ یُذِیْقُ۔مصدر۔اِذَاقَةٌ۔(مزہ چکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ یَذُوْقُ۔مصدر۔ذَوْقًا۔(چکھنا)۔الْإِنسَانَ:(انسان کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنَّا:(ہم سے)مرکب:(مِنْ+نَا)حرف جار۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ رَحْمَةً:(رحمت۔مہربانی ۔عنایت)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔فَرِحَ:(وہ خوش ہوا۔خوش ہو جاتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔جواب شرط۔فاعل۔ضمیر محلاً مرفوع هُوَ۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ یَفْرَحُ۔ مصدر۔فَرَحًا۔(خوش ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔ تُصِبْ:(تم کو پہنچے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ فعل شرط۔أَصَابَ:(وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَصَابَ یُصِیْبُ۔ مصدر۔اِصَابَةٌ۔(پہنچانا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ سَيِّئَةٌ: (برائی۔تکلیف۔دکھ)فاعل۔مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار+اسم مصدریہ۔قَدَّمَتْ:(اسے نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّمَ یُقَدِّمُ۔مصدر۔تَقْدِیْمًا۔(آگے بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدِمَ یَقْدَمُ۔ مصدر۔قُدُوْمًا۔ مَقْدَمًا۔ (آگے بڑھنا۔متوجہ ہونا)۔ أَيْدِيْ:(ہاتھوں نے)فاعل۔مرفوع۔اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔نون محذوف بوجہ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔الْإِنسَانَ:(انسان) إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَفُوْرٌ:(بہت زیادہ ناشکرا)إِنَّ کی خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔

ترجمہ آیت: پھر اگر یہ منہ پھیر لیں تو ہم نے تم کو ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا۔تمہارا کام تو صرف (احکام کا) پہنچا دینا ہے۔اور جب ہم انسان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو اس سے خوش ہو جاتا ہے۔اور اگر ان کو ان ہی کے اعمال کے سبب کوئی سختی پہنچتی ہے تو (سب احسانوں کو بھول جاتے ہیں) بے شک انسان بڑا ناشکرا ہے۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾

لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مُلْكُ:
(ملک۔ریاست۔بادشاہت)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں کی)مجرو مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔
الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔يَخْلُقُ:(وہ پیدا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ثلاثی
مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً
منصوب۔مفعول بہٖ يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔
مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ يَهَبُ:(وہ عطا کرتا ہے۔ہبہ
کرتا ہے۔تحفہ دیتا ہے) فعل مضاع واحد مذکر غائب۔۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔دعائیہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(وھ ب)
مثال واوی۔صیغہ۔وَهَبَ يَهَبُ۔مصدر۔وَهَبْنًا۔(تحفہ دینا۔ عطا کرنا۔عنایت کرنا۔بخشنا۔)۔لِ:(لئے)حرف جار۔
مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَشَاء:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر
تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔
إِنَاثًا:(اُنْثٰى کی جمع۔مادائیں۔لڑکیاں۔عورتیں)منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَهَبُ وہ عطا کرتا ہے۔ہبہ
کرتا ہے۔تحفہ دیتا ہے) فعل مضاع واحد مذکر غائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔دعائیہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(وھ ب) مثال
واوی۔صیغہ۔وَهَبَ يَهَبُ۔مصدر۔وَهَبْنًا۔(تحفہ دینا۔عطا کرنا۔عنایت کرنا۔بخشنا۔)۔لِ:(لئے)حرف جار۔ مَنْ:(جسے)اسم
موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَشَاء:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ثلاثی
مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ الذُّكُورَ:(اَلذَّكَرُ
کی جمع۔نر)۔منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: (تمام) بادشاہت اللہ ہی کی ہے آسمانوں کی بھی اور زمین کی بھی۔وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا
کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے بخشتا ہے۔

اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا وَّيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾

أَوْ:(یا)حرف عطف۔يُزَوِّجُ:(ملے جلے۔جوڑے دینا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید
فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَزْوَجَ يُزْوِجُ۔مصدر۔اِزْوَاجًا۔(جوڑے)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً

منصوب۔مفعول بہ۔ ثانی۔ ذُكْرَانًا:(نر۔مرد۔لڑکے)منصوب۔مفعول بہ۔ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَاثًا: (عورتیں۔لڑکیاں)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَجْعَلُ:(وہ بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ مَنْ:() يَشَاءُ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ عَقِيْمًا:(بانجھ)منصوب مفعول بہ ثانی۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔عَلِيْمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔قَدِيْرٌ:(خوب اندازے۔پیمانے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں دونوں عنایت فرماتا ہے۔اور جس کو چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے۔وہ تو جاننے والا(اور) قدرت والا ہے

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔بَشَرٍ: (بشر۔انسان)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يُكَلِّمَ:(وہ کلام کرے۔بات کرے) فعل مضارع وحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَلَّمَ يُكَلِّمُ۔مصدر۔ تَكْلِيْمًا۔(کلام کرنا۔بات کرنا)۔هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ) كَانَ کا اسم مؤخر مرفوع۔إِلَّا:(مگر۔سوائے۔علاوہ)حرف استثناء۔وَحْيًا:(وحی)منصوب۔مستثنیٰ۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔مِنْ: (سے)حرف جار۔ وَرَاءِ:(پیچھے سے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ حِجَابٍ:(پردے کے)مجرور۔مضاف الیہ۔أَوْ:(یا) حرف عطف۔يُرْسِلَ:(بھیجا جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔جواب طلب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔إِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔رَسْلاً۔رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ رَسُوْلًا:(پیغمبر۔بھیجا ہوا)منصوب۔مفعول

بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔يُوحِيَ:(حکم دیا جاتا ہے۔وحی کی جاتی ہے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَوْحٰى يُوْحِيْ۔مصدر۔اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔ وَحٰى يَحِيْ۔ مصدر۔ وَحْيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔إِذْنِ:(اجازت)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ إِنَّ کا اسم منصوب۔عَلِيٌّ:(اعلیٰ و ارفع)إِنَّ کی خبر مرفوع۔حَكِيمٌ:(حکمت والا)إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور کسی آدمی کے لئے ممکن نہیں کہ اللہ اس سے بات کرے مگر الہام (کے ذریعے) سے یا پردے کے پیچھے سے یا کوئی فرشتہ بھیج دے تو وہ اللہ کے حکم سے جو اللہ چاہے القا کرے۔ بے شک وہ عالی رتبہ (اور) حکمت والا ہے۔

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِنَا ۭ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿52﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَذٰلِكَ:(اس طرح)مرکب: (كَ+ذٰ+لِ+كِ)حرف تشبیہ وجار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد + خطابیہ۔محلاً اسم مجرور۔ أَوْحَيْنَا:(ہم نے حکم دیا۔وحی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْحٰى يُوْحِيْ۔مصدر۔ اِيْحَاءٌ۔(حکم دینا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)مثال واوی۔ ناقص یائی۔وَحٰى يَحِيْ۔ مصدر۔ وَحْيٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔رُوحًا:(روح۔جبرائیلؑ)منصوب مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَمْرِ :(فیصلہ۔ حکم۔معاملہ۔امر)اسم مجرور مضاف۔ نَا: (ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كُنْتَ:(تو تھا)فعل مضاع واحد متکلم۔۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ناصب خبر۔رافع اسم ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ تَدْرِي:(تو جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر

منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(د ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔دَرٰی یَدْرِیْ۔مصدر۔دِرَایَۃٌ۔(جاننا)۔ مَا:(کیا ہے)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔۔الْكِتَابُ:(کتاب۔قرآن مجید)خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ الْإِيْمَانُ:(ایمان)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ نُوْرًا:(نور۔روشنی۔ہدایت) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ نَّهْدِيْ:(ہم ہدایت دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ہ د ی)صیغہ۔هَدٰی یَهْدِی۔ تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ نَّشَاءَ :(ہم چاہتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ ۔شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔عِبَادِ:(عَبْدٌ کی جمع۔بندے۔)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔تَهْدِيْ:(تو ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ہ د ی)صیغہ۔هَدٰی یَهْدِی۔ تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔إِلٰى :(طرف)حرف جار۔صِرَاطٍ :(راستہ)اسم مجرور۔موصوف۔مُّسْتَقِيْمٍ:(قائم رکھنے والا۔سیدھا)اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ محلاً صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے تمہاری طرف روح القدس کے ذریعے سے (قرآن) بھیجا ہے۔تم نہ تو کتاب کو جانتے تھے اور نہ ایمان کو۔لیکن ہم نے اس کو نور بنایا ہے کہ اس سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں۔ اور بے شک (اے محمد ﷺ) تم سیدھا رستہ دکھاتے ہو۔

صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾

صِرَاطِ:(راستہ)بدل مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِي:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً صفت مجرور۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔معطوف مرفوع۔فِي :(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ: (زمین) اسم مجرور۔أَلَا:(خبر دار۔سنو!)حرف تنبیہ۔إِلَى :(طرف)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہ ہو)اسم مجرور۔تَصِيرُ:(وہ لوٹتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًأَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ی ر)اجوف یائی۔ صیغہ۔صَارَ يَصِيرُ۔مصدر۔صَارًا۔(لوٹ جانا۔پلٹ جانا۔لوٹ جانا)۔الْأُمُورُ:(معاملات۔احکامات۔امور)فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: (یعنی) اللہ کا رستہ جو آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں کا مالک ہے۔دیکھو سب کام اللہ کی طرف رجوع ہوں گے (اور وہی ان میں فیصلہ کرے گا)

43 سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ

رکوعاتها 7 | 43 سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ 63 | اٰياتها 89

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ حٰمٓ:(لقب نبی اکرم ﷺ)

وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾

وَ:(قسم ہے)قسمیہ۔الْكِتَابِ:(کتاب۔معرف باللام۔خاص کتاب۔قرآن مجید)مقسم بہ۔اسم مجرور۔موصوف۔الْمُبِيْنِ: (کھول کھول کر بیان کرنے والی۔واضح)۔

ترجمہ آیت: کتاب روشن کی قسم۔

اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٣﴾

إِنَّا:(بے شک ہم)۔مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔أَنَّ کا اسم منصوب۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا ۔ (بنانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔قُرآنًا:(قرآن مجید)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔موصوف۔عَرَبِيًّا:(عربی زبان۔)صفت منصوب تابع موصوف۔ لَّعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً لَّعَلَّ کا اسم منصوب۔ تَعْقِلُوْنَ:(تم عقل سے کام لیتے ہیں۔تم عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔أَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(عقل رکھنا)۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع

ترجمہ آیت: کہ ہم نے اس کو قرآن عربی بنایا ہے تاکہ تم سمجھو۔

وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿٤﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ فِي:(میں)حرف جار۔ أُمِّ :(ماں)اسم مجرور۔مضاف۔الْكِتَابِ:(کتاب)مجرور مضاف الیہ۔ لَدَيْ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ عَلِيٌّ:(اعلیٰ۔فضیلت والی) إِنَّ کی خبر مرفوع۔حَكِيْمٌ:(بڑی حکمت والی) إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور یہ بڑی کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں ہمارے پاس (لکھی ہوئی اور) بڑی فضیلت اور حکمت والی ہے

اَفَنَضۡرِبُ عَنۡكُمُ الذِّكۡرَ صَفۡحًا اَنۡ كُنۡتُمۡ قَوۡمًا مُّسۡرِفِيۡنَ ﴿۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(تو)استئنافیہ۔نَضۡرِبُ:(ہم بیان کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضۡرِبُ۔مصدر۔ضَرۡبًا۔(مارنا۔چلنا۔بنانا۔بیان کرنا)۔ عَنۡ: (سے)حرف جار۔كُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال۔بوجہ التقائے ساکنین۔ الذِّكۡرَ:(ذکر۔نصیحت۔)منصوب۔مفعول بہ۔ صَفۡحًا:(اعراض کرنا۔نظر انداز کرنا)مفعول مطلق۔فعل محذوف۔صَفَحَ يَصۡفَحُ۔مصدر۔ صَفۡحًا ۔ أَنۡ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ كُنۡتُمۡ:(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکرحاضر۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنۡتُمۡ:محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔قَوۡمًا:(قوم) كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔مُّسۡرِفِيۡنَ:(حد سے بڑھنے والے۔فضول خرچ) اسم فاعل۔جمع مذکر۔ صفت۔ منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: بھلا اس لئے کہ تم حد سے نکلے ہوئے لوگ ہو ہم تم کو نصیحت کرنے سے باز رہیں گے۔

وَكَمۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ نَّبِيٍّ فِى الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَمۡ:(کتنے)خبریہ۔اسم مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ مقدم۔ أَرۡسَلۡنَا أَرۡسَلۡنَآ:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرۡسَلَ يُرۡسِلُ۔ مصدر۔ إِرۡسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرۡسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔نَّبِيٍّ:(نبی۔منادی کرنے والا۔خبر پہنچانے والا۔اطلاع دینے والا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔تمیز۔فِي:(میں)حرف جار۔الۡأَوَّلِيۡنَ:(پہلوں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے پہلے لوگوں میں بھی بہت سے پیغمبر بھیجے تھے

وَمَا يَاۡتِيۡهِمۡ مِّنۡ نَّبِىٍّ اِلَّا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔یَأْتِيْ:(وہ آتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔هِمْ:(ان کو) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منسوب۔ مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔نَّبِيٍّ:(نبی۔منادی کرنے والا۔خبر پہنچانے والا۔اطلاع دینے والا)اسم فاعل۔لفظاً مجرور۔ محلاً فاعل مرفوع۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يَسْتَهْزِءُوْنَ:(وہ تمسخر اڑاتے ہیں۔ٹھٹھا کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَهْزَءَ يَسْتَهْزِئُ۔مصدر۔اِسْتِهْزَآءٌ۔(مذاق اڑانا۔ ٹھٹھہ کرنا)۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور کوئی پیغمبر ان کے پاس نہیں آتا تھا مگر وہ اس سے تمسخر کرتے تھے۔

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٨﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔أَهْلَكْنَا:(ہم نے ہلاک کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔مصدر۔اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔مصدر۔هَلْكًا۔هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ أَشَدَّ:(بہت سخت)افعل التفضیل۔منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ بَطْشًا:(سخت گرفت۔پکڑنا)منصوب۔ تمیز۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَضٰى:(وہ گزر چکا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ مَثَلُ:(مثال)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔الْأَوَّلِيْنَ:(پہلی)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: توجوان میں سخت زور والے تھے ان کو ہم نے ہلاک کر دیا اور اگلے لوگوں کی حالت گزر گئی۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿٩﴾

فَ:(پس) استئنافیہ۔لَمَّا :(جب) ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔هُمْ :(ان کے پاس) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ آيَاتِ: (آیات) اسم مجرور۔ مضاف۔نَا:(ہماری) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِذَا :(جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ فجائیہ۔هُمْ :(وہ) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ يَضْحَكُوْنَ:(وہ ہنستے ہیں۔ مذاق اڑاتے۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ض ح ک) صیغہ۔ضَحِكَ يَضْحَكُ۔ مصدر۔ضَحْكًا۔(ہنسنا۔ مذاق اڑانا) جملہ محلاً خبر مرفوع۔ اور جملہ جواب شرط۔

ترجمہ آیت: جب وہ ان کے پاس ہماری نشانیاں لے کر آئے تو وہ نشانیوں سے ہنسی کرنے لگے۔

وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۫ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔مَا :(نہیں) نافیہ۔نُرِيْ: (ہم دکھائی گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال ۔ صیغہ۔اَرٰى يُرٰى۔ مصدر۔ اِرَاءَةٌ۔ (دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔هِمْ :(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ زائدہ۔ آيَةٍ:

(آیت)محلاً مجرور۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ **اِلَّا**:(مگر)حرف حصر۔ **هِيَ**:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ **اَكْبَرُ**:(بہت بڑا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ **مِنْ** :(سے)حرف جار۔**اُخْتِ**:(بہن)اسم مجرور۔ مضاف۔**هَا**:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ **وَ**:(اور)حرف عطف۔**اَخَذْنَا**:(ہم نے پکڑا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً **نَحْنُ**۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔**اَخَذَ يَاْخُذُ**۔ مصدر۔ **اَخْذًا**۔(پکڑنا)۔ **هُمْ** :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔**بِ**:(ساتھ)حرف جار۔**الْعَذَابِ**:(عذاب۔دکھ۔سزاء)اسم مجرور۔ **لَعَلَّ**:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔**هُمْ**:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً **لَعَلَّ** کا اسم منصوب۔ **يَرْجِعُوْنَ**:(وہ لوٹیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً **نَحْنُ**۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع) صیغہ۔**رَجَعَ يَرْجِعُ**۔مصدر۔**رُجُوْعًا**۔**مَرْجَعًا**۔(۔(لوٹانا۔واپس کیاجانا)۔جملہ محلاً **لَعَلَّ** کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو نشانی ہم ان کو دکھاتے تھے وہ دوسری سے بڑی ہوتی تھی اور ہم نے ان کو عذاب میں پکڑ لیا تاکہ باز آئیں۔

وَقَالُوْا يٰۤاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔**قَالُوْا**:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً **هُمْ**۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔**قَالَ يَقُوْلُ**۔مصدر۔**قَوْلًا**۔(کہنا)۔**يَا**:(اے)حرف نداء۔**اَيُّ**:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔**هَا**:()حرف تنبیہ۔ **السَّاحِرُ** :(جادو گر۔دھوکے باز۔فریب کار۔جید عالم)صفت مرفوع۔بدل۔لفظاً مرفوع۔عطف بیان۔(اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کے ساتھ **اَيُّهَا** آتا ہے)۔**اُدْعُ**:(دعا کرو۔بلاؤ۔پکارو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔حرف علت۔**واؤ**۔محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ضمیر مستتر **اَنْتَ**۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔**دَعَا يَدْعُو**۔مصدر۔**دَعْوَةٌ**(پکارنا)۔ **لَ**:(لئے)حرف جار۔**نَا**:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ **رَبَّ**:(ربّ)منصوب۔ مفعول بہ۔**كَ**:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔**بِمَا**:(جو کچھ) مرکب: (**بِ**+**مَا**) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔**عَهِدَ**:(اس نے عہد کرر کھا ہے۔وعدہ کیا ہوا ہے۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً **هُوَ** ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ھ

د)صیغہ۔ عَھِدَ یَعْھَدُ۔مصدر۔ عَھْدًا۔(عہد لینا)۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔مُھْتَدُوْنَ:(ہدایت پانے والے۔ہدایت یافتہ)اسم فاعل۔جمع مذکر۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور کہنے لگے کہ اے جادو گر اس عہد کے مطابق جو تیرے پروردگار نے تجھ سے کر رکھا ہے اس سے دعا کر بے شک ہم ہدایت یاب ہو جائیں گے۔

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾

(تو)حرف عطف۔لَمَّا(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔حِیْنَ کا ہم معنی۔ كَشَفْنَا:(ہم دور کر دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔كَشَفَ يَكْشِفُ۔مصدر۔كَشْفًا۔(دور کرنا۔) عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال۔ الْعَذَابَ: (عذاب)منصوب۔مفعول بہ۔ إِذَا :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ فجائیه۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَنْكُثُوْنَ:(وہ عہد توڑتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ک ث) صیغہ۔نَكَثَ يَنْكُثُ۔مصدر۔نَكْثًا۔(عہد توڑنا۔)جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور۔جواب شرط۔

ترجمہ آیت: سو جب ہم نے ان سے عذاب کو دور کر دیا تو وہ عہد شکنی کرنے لگے۔

وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نَادٰی :(اس نے نداء دی۔پکارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔فِرْعَوْنُ: (فرعون)فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعله۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰی یُنَادِیْ۔ مصدر۔ مُنَادَاةٌ۔(آواز دینا۔پکارنا)۔ فِيْ :(میں)حرف جار۔قَوْمِ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً جواب

شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔ مضاف قَوْمِ:(میری قوم)مرکب :(قَوْمِ+یْ) تخفیف شدہ ہے۔قوم منادیٰ منصوب۔مضاف۔+کسرہ بعوض یائے متکلم۔اور برائے اتصال+ یائے متکلم محذوف۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی۔رافع اسم۔ناصب خبر۔ جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ لِ:(لئے)حرف جار۔يْ :(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَيْسَ کی خبر مقدم۔منصوب۔مُلْكُ:(ملک ۔ریاست۔بادشاہت)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ مِصْرَ: (مصر۔شہر)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هٰذِهِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث۔مبنی بر کسرہ محلاً مبتداء مرفوع۔الْأَنْهَارُ:(نہریں)بدل۔مرفوع۔تَجْرِيْ:(بہتی ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ جَرٰی يَجْرِيْ۔مصدر۔جَرْيَانٌ۔ (بہنا۔جاری ہونا)۔مِنْ :(سے)حرف جار۔تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مضاف۔ يْ:(میرے۔یعنی محلّات کے نیچے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَ:(کیا)حرف استفہام انکاری۔فَ:(تو)حرف عطف۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔تُبْصِرُوْنَ:(دکھائی جاتی ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَبْصَرَ يُبْصِرُ۔مصدر۔ اِبْصَارٌ۔(دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ص ر)صیغہ۔بَصِرَ يَبْصُرُ۔مصدر۔بَصَارَةٌ۔(دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور فرعون نے اپنی قوم سے پکار کر کہا کہ اے قوم کیا مصر کی حکومت میرے ہاتھ میں نہیں ہے۔اور یہ نہریں جو میرے (محلوں کے) نیچے بہہ رہی ہیں (میری نہیں ہیں) کیا تم دیکھتے نہیں۔

اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾

أَمْ :(یا۔بلکہ)حرف عطف۔ أَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ خَيْرٌ:(بہتر۔اچھا)خبر مرفوع۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔محلاًبدل مجرور۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔مَهِيْنٌ:(اہانت زدہ۔رسوا۔ ذلیل) خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَكَادُ:(وہ قریب ہے)فعل مضارع واحد مزکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر

تقدیراً هُوَ۔ كَادَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ نصر۔ مادہ (ک ی د) اجوف یائی۔ صیغہ۔ كَادَ يَكِيْدُ۔ مصدر۔ كَيْدٌ۔ (مکاری کرنا۔ سازش کرنا۔) مادہ (ک و د) اجوف واوی۔ صیغہ۔ كَادَ يَكَادُ۔ مصدر۔ كَوْدًا (بہت قریب ہونا۔ سازش کرنا۔)۔ يُبِيْنُ: (وہ بات کھول کر کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت محل اعراب مضموم۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَبَانَ يُبِيْنُ۔ مصدر۔ اِبَانَةٌ۔ (صاف صاف بات کرنا۔ واضح بات کرنا)۔ جملہ محلاً كَادَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: بے شک میں اس شخص سے جو کچھ عزت نہیں رکھتا اور صاف گفتگو بھی نہیں کر سکتا کہیں بہتر ہوں۔

فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾

فَ: (تو) برائے رابطہ۔ لَوْلَا: (کیوں نہیں) حرف تحضیض۔ مضارع سے پہلے ہو تو ترغیب۔ رغبت دلانے کے لئے۔ ابھارنے کے لئے۔ ہَلّا شیری کے لئے۔ اگر ماضی سے پہلے ہو تو شرمندہ کرنے کے لئے۔ حرف تندیم۔ کہلاتا ہے اُلْقِيَ: (ڈالا گیا۔ اتار گیا۔) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَلْقٰى يُلْقِيْ۔ مصدر۔ اِلْقَاءٌ۔ (ڈالنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ل ق ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ لَقِيَ يَلْقٰى۔ مصدر۔ لِقَاءً۔ لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔ لِقِيًّا۔ لُقِيًا۔ لُقًى۔ لَقْيًا۔ (جھیلنا۔ ملنا۔ پہنچنا۔ ہو جانا۔) عَلَيْ: (پر) حرف جار۔ هِ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ اَسْوِرَةٌ: (کنگن۔ کڑے۔ گوکھڑو) نائب فاعل۔ مرفوع۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ ذَهَبٍ: (سونا) اسم مجرور۔ اَوْ: (یا) حرف عطف۔ جَاءَ: (وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِيْءٌ۔ (آنا)۔ مَعَ: (ساتھ) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْمَلَائِكَةُ: (فرشتے۔ غیر مرئی قوتیں) فاعل۔ مرفوع۔ مُقْتَرِنِيْنَ: (ساتھ رہنے والے۔ ساتھی۔ دوست) منصوب۔ علامت۔ ی۔ حال۔

ترجمہ آیت: تو اس پر سونے کے کنگن کیوں نہ اُتارے گئے یا (یہ ہوتا کہ) فرشتے جمع ہو کر اس کے ساتھ آتے۔

فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔اسْتَخَفَّ:(اس نے ہلکا کر دیا۔بیو قوف بنایا۔ورغلایا۔پھسلایا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَخَفَّ يَسْتَخِفُّ۔مصدر۔اِسْتِخَفَافٌ۔(بے وقوف بنانا۔الو بنانا)۔ قَوْمَ:(قوم)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَطَاعُو:(انہوں نے اطاعت کی۔فرمانبر داری کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبر داری کرنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔نصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل۔كَانَ کا اسم مرفوع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔قَوْمًا:(قوم) كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔ فَاسِقِيْنَ:(نافرمانی کرنے والے۔حکم کو نہ ماننے والے۔مخالفت کرنے والے۔نافرمان)اسم فاعل۔جمع مذکر۔صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: غرض اس نے اپنی قوم کی عقل مار دی۔اور انہوں نے اس کی بات مان لی۔بے شک وہ نافرمان لوگ تھے

فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔آسَفُو:(انہوں نے افسوس کیا۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔آسَفَ يُؤْسِفُ۔مصدر۔اِيْسَافٌ۔(دکھی کرنا۔غصہ دلانا۔ ناراض کرنا۔ناخوش کرنا)۔نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔انْتَقَمْنَا:(ہم نے بدلہ لیا۔سزا دی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِنْتَقَمَ يَنْتَقِمُ۔مصدر۔اِنْتِقَامًا۔(بدلہ لینا۔سزا دینا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(تو)حرف عطف۔أَغْرَقْنَا:(ہم نے غرق کر دیا۔ڈبو دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔فاعل۔ثلاثی مزید فیہ۔باب

افعال۔صیغہ۔اَغۡرَقَ یُغۡرِقُ۔مصدر۔ اِغۡرَاقًا۔ (ڈوبانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(غ ر ق)صیغہ۔غَرِقَ یَغۡرَقُ۔مصدر۔غَرۡقًا۔(ڈوبنا۔غرق ہونا)۔هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول۔ اَجۡمَعِيۡنَ:(تمام کے تمام)برائے تاکید۔منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: جب انہوں نے ہم کو خفا کیا تو ہم نے ان سے انتقام لے کر اور ان سب کو ڈبو کر چھوڑا۔

فَجَعَلۡنٰهُمۡ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلۡاٰخِرِيۡنَ ﴿۵۶﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ جَعَلۡنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ یَجۡعَلَ ۔ مصدر۔جَعۡلًا (بنانا)۔هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ سَلَفًا:(پچھلے ۔جو پہلے گزر گئے ہیں۔اسلاف۔آباؤ اجداد۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَثَلًا:(مثال)معطوف منصوب۔لِ: (لئے) حرف جار۔الۡاٰخِرِيۡنَ:(دوسروں کے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور ان کو گئے گزرے کر دیا اور پچھلوں کے لئے عبرت بنا دیا۔

وَلَمَّا ضُرِبَ ابۡنُ مَرۡيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوۡمُكَ مِنۡهُ يَصِدُّوۡنَ ﴿۵۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَمَّا(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔حِيۡنَ کا ہم معنی۔ضُرِبَ:(مارا کیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضۡرِبُ۔مصدر۔ضَرۡبًا۔ (مارنا۔چلنا۔بنانا۔بیان کرنا)۔ ابۡنُ:(بیٹا)نائب فاعل۔مرفوع۔مضاف۔مَرۡيَمَ:(مریم رضی اللہ عنہا)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَثَلًا:(مثال)منصوب۔مفعول بہٖ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔فجائیہ۔قَوۡمُ:(قوم)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كَ:(تمہاری)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتح۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔هٗ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔يَصِدُّوۡنَ:(وہ خوشی سے شور شرابہ کرنے لگے۔چیخنے چلانے لگے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصِدُّ۔مصدر۔صَدِيۡدًا۔ (خوشی سے چیخنا چلانا۔شور و غل مچانا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جب مریم کے بیٹے (عیسیٰ) کا حال بیان کیا گیا تو تمہاری قوم کے لوگ اس سے چِلا اُٹھے۔

وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔آلِهَتُ:(الہ کی جمع۔معبود) مبتداء مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔خَيْرٌ:(بہت۔اچھا)خبر مرفوع۔ أَمْ:(یا)حرف عطف۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ضَرَبُوْ:(انہوں نے مارا)فعل ماضی۔جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ مبنی بر سکون۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(مارنا۔چلنا۔بنانا۔بیان کرنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ جَدَلًا:(جھگڑا)منصوب۔مفعول لہٗ۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ قَوْمٌ:(قوم)خبر مرفوع۔موصوف۔ خَصِمُوْنَ:(جھگڑا کرنے والے۔جھگڑالو۔)اسم فاعل۔جمع مذکر ۔محلاً صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور کہنے لگے کہ بھلا ہمارے معبود اچھے ہیں یا عیسیٰ؟ انہوں نے عیسیٰ کی جو مثال بیان کی ہے تو صرف جھگڑنے کو۔ حقیقت یہ ہے یہ لوگ ہیں ہی جھگڑالو۔

اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾

إِنْ:(نہیں)نافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔عَبْدٌ:(بندہ)خبر مرفوع۔ أَنْعَمْنَا:(ہم نے نعمتیں دیں۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَنْعَمَ يُنْعِمُ۔مصدر۔إِنْعَامٌ۔(انعام کرنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔وَ:()۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا (بنانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ مَثَلًا:(مثال)منصوب

مفعول بہٖ ثانی۔لِّ:(لئے)حرف جار۔بَنِي:(بیٹے)اسم مجرور۔اصلاً بَنِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔
إِسْرَآئِيْلَ:(اسرائیل۔حضرت یعقوبؑ کالقب)غیر منصرف۔محلاً مجرور۔مضاف۔

ترجمہ آیت: وہ تو ہمارے ایسے بندے تھے جن پر ہم نے فضل کیا اور بنی اسرائیل کے لئے ان کو(اپنی قدرت کا) نمونہ بنادیا۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿٦٠﴾

وَ:(اور)اعتراضیہ۔لَوْ :(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔نَشَاءُ:(ہم چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔
لَ:(بلاشبہ)لائے برائے رابطہ۔جواب شرط۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔جَعْلًا (بنانا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مَّلَآئِكَةً:(فرشتے۔غیر مرئی قوتیں)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فِي:(میں)حرف جار۔
الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔يَخْلُفُوْنَ:(وہ جانشین ہوں)فعل مضارع جمع مذکر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ ل ف) صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔ مصدر۔خِلَافَةٌ۔(جانشین ہونا)۔جملہ محلاً مَّلَآئِكَةً کی صفت منصوب۔

ترجمہ آیت: اور اگر ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتے بنادیتے جو تمہاری جگہ زمین میں رہتے۔

وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔عِلْمٌ:(علم۔سائنس)کی خبر مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔السَّاعَةِ:(گھڑی۔ساعت۔قیامت)اسم مجرور۔ فَ:(تو)حرف فصيحة۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَمْتَرُنَّ:(تم ضرور بالضرور شکر کرو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِمْتَرٰى يَمْتَرِىْ۔مصدر۔اِمْتِرَاءٌ۔(شک کرنا۔حجت کرنا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّبِعُوْنِ:(میری اتباع کرو۔پیروی کرو) اصلاً اتَّبِعُوْ+نِ+یْ تھا۔(فعل امر جمع

مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔ مصدر۔ اِتِّبَاعًا (پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ +نون وقایہ۔یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔+ یْ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ صِرَاطٌ:(راستہ)خبر مرفوع۔ موصوف۔مُّسْتَقِيْمٌ:(سیدھا۔ قائم رکھنے والا)صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور وہ قیامت کی نشانی ہیں۔تو(کہہ دو کہ لوگو) اس میں شک نہ کرو اور میرے پیچھے چلو۔یہی سیدھا رستہ ہے۔

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٦٢﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔يَصُدَّنَّ:(وہ ضرور بالضرور روکے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصُدُّ۔مصدر۔صَدًّا۔ (روکنا۔ منع کرنا)۔ كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ضمہ برائے اتصال مابعد۔الشَّيْطَانُ:(شیطان)فاعل مرفوع۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ہٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً کا اسم منصوب۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے۔)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔عَدُوٌّ:(دشمن)اِنَّ کی خبر مرفوع۔ موصوف۔مُّبِيْنٌ:(واضح۔ کھلم۔کھلا)صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور (کہیں) شیطان تم کو(اس سے) روک نہ دے۔وہ تو تمہارا اعلانیہ دشمن ہے۔

وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ﴿٦٣﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔ شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔ عِيْسَى:(عیسیٰؑ)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبَيِّنَاتِ:(واضح دلائل۔ثبوت۔)اسم مجرور۔قَالَ:(اس نے کہا۔) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جواب شرط۔مبنی بر فتحہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جِئْتُ:(میں آیا)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر

تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔جَاءَ یَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا)۔کُمْ:(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحِكْمَةِ :(حکمت۔دانائی)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف جار۔لِ:(بلاشبہ)لائے تاکید تعلیل۔ناصب مضارع۔أُبَيِّنَ:(میں ضرور بالضرور وضات سے بیان کروں گا۔)فعل مضارع واحد متکلم۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر تَبْيِيْنًا۔(وضاحت سے بیان کرنا۔کھول کر بیان کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔بَعْضَ:(کچھ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔تَخْتَلِفُوْنَ:(تم اختلاف کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً انتم۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اَخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ۔مصدر۔ اِخْتِلَافٌ۔ (مخالفت کرنا۔اختلاف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ف) صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔ مصدر۔خِلَافَةٌ۔(جانشین ہونا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)فصیحة۔اِتَّقُوْا:(تم ڈرو)فعل امر امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (پرہیز گاری کرنا)۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَطِيعُونِ:(تم میری اطاعت کرو)مرکب :(أَطِيعُو+نِ+يْ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔مجزوم۔علامت ۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔ مصدر۔اِطَاعَةٌ۔ (طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔+نِ (وقایہ)۔یائے متکلم کو بچانے کے لئے کسرہ برائے بعوض وبرائے اتصال +يْ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: اورجب عیسیٰ نشانیاں لے کر آئے تو کہنے لگے کہ میں تمہارے پاس دانائی (کی کتاب) لے کر آیا ہوں۔نیز اس لئے کہ بعض باتیں جن میں تم اختلاف کررہے ہو تم کو سمجھادوں۔تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦٤﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً برائے تقویۃ۔ مضاف۔رَبِّ:(ربّ) إِنَّ کی خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔کسر برائے اتصال۔ مضاف ۔ ي:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رَبُّ:(ربّ)معطوف۔مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(اور)فصیحۃ۔اُعْبُدُوْ:(عبادت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ يَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔غلامی کرنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔صِرَاطٌ:(راستہ۔)خبر مرفوع۔موصوف۔مُّسْتَقِيْمٌ:(سیدھا۔قائم رکھنے والا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کچھ شک نہیں کہ اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے پس اسی کی عبادت کرو۔یہی سیدھا رستہ ہے۔

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۶۵﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔اِخْتَلَفَ:(اس نے اختلاف کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اَخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ۔مصدر۔اِخْتِلَافٌ۔(مخالفت کرنا۔اختلاف کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ف) صیغہ۔خَلَفَ يَخْلُفُ۔مصدر۔خِلَافَةٌ۔(جانشین ہونا)۔الْأَحْزَابُ:(گروہ۔جماعتیں۔ٹولے)۔فاعل مرفوع۔ مِنْ: (سے)حرف جار۔ بَيْنِ:(درمیان)ظرف مکان ۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔وَيْلٌ:(خرابی ہے۔بربادی ہے۔دوزخ کا ایک درجہ ہے)مبتداء مرفوع۔لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ظَلَمُوْا:(انہوں نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)۔فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ظ ل م) صیغہ۔ظَلَمَ يَظْلِمُ۔مصدر۔ظُلْمًا۔(اندھیر مچانا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ عَذَابِ: (عذاب۔دکھ۔سزاء)اسم مجرور۔مضاف۔ يَوْمٍ: (دن)ظرف زمان۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔اَلِيْمٍ:(دردناک)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پھر کتنے فرقے ان میں سے پھٹ گئے۔سو جو لوگ ظالم ہیں ان کی درد دینے والے دن کے عذاب سے خرابی ہے۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٦﴾

هَلْ :(کیا)حرف استفہام۔ يَنْظُرُوْنَ :(دیکھتے ہیں۔منتظر ہیں) فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔ مصدر۔ نَظَرًا۔(مہلت دینا۔دیکھنا)۔اِلَّا :(مگر)حرف حصر۔السَّاعَةَ:(گھڑی۔ساعت۔قیامت)منصوب۔مفعول بہٖ۔ اَنْ :(کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَأْتِيَ:(وہ آئے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بَغْتَةً :(اچانک۔ناگہاں۔) منصوب ۔حال۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتدائ مرفوع۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔يَشْعُرُوْنَ:(وہ عقل رکھتے ہیں۔باریک بین ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ش ع ر)صیغہ۔شَعُرَ يَشْعُرُ۔مصدر۔شِعْرًا۔شُعُوْرًا۔(شعور رکھنا۔باریک بین ہونا۔ سمجھدار ہونا)۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: یہ صرف اس بات کے منتظر ہیں کہ قیامت ان پر ناگہاں آموجود ہو اور ان کو خبر تک نہ ہو۔

اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٧﴾

الْأَخِلَّاء:(خَلِيْلٌ کی جمع۔جگری دوست) مبتداء مرفوع۔ يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ مضاف۔ +ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَعْضُ:(کچھ۔بعض)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔بَعْضٍ:(کچھ۔بعض)اسم مجرور۔عَدُوٌّ:(دشمن)خبر مرفوع۔ اِلَّا:(سوا۔علاوہ)حرف استثناء۔ الْمُتَّقِيْنَ:(پرہیز گاروں کے۔اللہ جل جلالہٗ سے ڈرنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً منصوب۔مستثنیٰ۔

ترجمہ آیت: (جو آپس میں) دوست (ہیں) اس روز ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے۔مگر پرہیز گار (کہ باہم دوست ہی رہیں گے)۔

يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿٦٨﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔عِبَادِ:(عَبْدٌ کی جمع۔میرے بندے)مرکب۔(عِبَادِ+یْ محذوف)منادیٰ۔منصوب۔کسرہ بعوض۔ یائے متکلم۔محذوف۔مضاف+یائے متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔بعمل لَيْسَ۔رافع اسم۔ ناصب خبر۔ خَوْفٌ:(خوف۔ڈر) لَا کا اسم مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَا کی خبر منصوب۔الْيَوْمَ:(آج)ظرف زمان۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا :(نہیں)نافیہ۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔تَحْزَنُونَ:(تم غمگین ہوگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ح ز ن) صیغہ۔ حَزَنَ يَحْزُنُ۔مصدر۔حُزْنًا۔(غمگین ہونا۔غم کرنا)۔ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: میرے بندو آج تمہیں نہ کچھ خوف ہے اور نہ تم غمناک ہوگے۔

الَّذِينَ آمَنُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا مُسْلِمِينَ ﴿٦٩﴾

الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً جملہ عِبَاد کی صفت۔منصوب۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ آمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ إِيمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ أَمِنَ يَأْمَنُ۔مصدر۔أَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔آيَاتِ:(نشانیوں۔آیات)اسم مجرور۔مضاف۔نَا :(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَانُوا:(وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔نصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل۔كَانَ کا اسم مرفوع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُونُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔مُسْلِمِينَ:(فرمانبردار۔سلامتی والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: جو لوگ ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور فرمانبردار ہوگئے۔

ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُونَ ﴿٧٠﴾

ادْخُلُوا :(تم داخل ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُولًا۔(داخل ہونا)۔ الْجَنَّةَ:(جنت میں)

منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أَنْتُمْ :(تم) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَزْوَاجُ:(بیویاں) معطوف مرفوع۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تُحْبَرُوْنَ:(وہ عزت کی جائیں گے) فعل مضارع مجہول۔ جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ نائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ح ب ر) صیغہ۔ حَبِرَ يَحْبَرُ۔ مصدر۔ حُبُوْرًا۔ (تمہاری عزت افزائی کی جائے گی۔ تم خوش کئے جاؤ گے)۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت: (ان سے کہا جائے گا) کہ تم اور تمہاری بیویاں عزت (واحترام) کے ساتھ بہشت میں داخل ہو جاؤ۔

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّأَكْوَابٍ وَّفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْأَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ وَأَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾

يُطَافُ :(وہ طواف کیا جائے گا۔ چوکیدارہ کیا جائے گا۔) فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ط و ف) اجوف واوی۔ صیغہ۔ طَافَ يَطُوْفُ۔ مصدر۔ طَوْفًا۔ طَوَافًا۔ (چکر لگانا۔ آنا جانا۔) عَلَيْ:(پر) حرف جار۔ هِمْ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔ مرفوع۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ صِحَافٍ:(رکابیاں بڑے تھال۔ ٹریز) اسم مجرور۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ ذَهَبٍ:(سونا) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَكْوَابٍ:(كُوْبٌ کی جمع ۔پیالیاں) معطوف مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔ هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً کی خبر مقدم۔ مرفوع۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ تَشْتَهِيْ:(وہ چاہے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِشْتَهٰى يَشْتَهِيْ۔ مصدر۔ اِشْتِهَاءٌ۔ (چاہنا)۔ هِ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ الْأَنْفُسُ:(جانوں) فاعل۔ مرفوع وَ:(اور) حرف عطف۔ تَلَذُّ:(وہ لذت پاتی ہے۔ تسکین حاصل کرتی ہے) فعل مضارع۔ واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ل ذ ذ) مضاعف۔ صیغہ۔ لَذَّ يَلُذُّ۔ مصدر۔ لَذَاذًا۔ (لذت دینا۔ تسکین دینا۔ میٹھا۔ لذیذ۔ مزیدفار۔ خوشگوار۔ چٹخارے دار)۔ الْأَعْيُنُ:(آنکھوں) فاعل۔ مرفوع۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ أَنْتُمْ:(تم) ضمیر منفصل۔ مبتداء مرفوع۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔ هَا

:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔خَالِدُوْنَ:(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: ان پر سونے کی پرچوں اور پیالوں کادور چلے گا۔اور وہاں جو جی چاہے اور جو آنکھوں کو اچھا لگے (موجود ہو گا) اور (اے اہل جنت) تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٧٢﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْجَنَّةُ:(جنت)خبر مرفوع۔ الَّتِي:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً صفت مرفوع۔ اُوْرِثْتُمُوْ:(تم وارث بنائے گئے)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر حاضر۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔واؤ برائے اشباع۔ ثلاثی مزید۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْرَثَ يُوْرِثُ۔مصدر۔اِيْرَاثًا۔(وارث بنانا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار+اسم مصدریہ۔كُنْتُمْ:(تم ہو۔تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ضمیر محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا(کرنا)۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور یہ جنت جس کے تم مالک کر دیئے گئے ہو تمہارے اعمال کا صلہ ہے۔

لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٧٣﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا : (اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔اسم مجرور۔ فَاكِهَةٌ :(پھل ۔میوے)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔كَثِيْرَةٌ:(بہت زیادہ۔)صفت مرفوع۔تابع موصول۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تَاْكُلُوْنَ:(تم کھاتے ہو۔کھاؤ گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون

اعرابی موجود۔واؤجمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔صدر۔اَكْلاً ۔(کھانا)۔جملہ محلاً صفت ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہاں تمہارے لئے بہت سے میوے ہیں جن کو تم کھاؤ گے۔

اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۷۴﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الْمُجْرِمِيْنَ:(جرم کرنے والے۔گنہگار)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔علامت۔ی۔فِيْ:(میں)حرف جار۔عَذَابِ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)اسم مجرور۔مضاف۔جَهَنَّمَ:(جہنم۔ دوزخ) غیر منصرف۔مجرور مضاف الیہ۔خَالِدُوْنَ:(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے)إِنَّ کی خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: (اور کفار) گنہگار ہمیشہ دوزخ کے عذاب میں رہیں گے۔

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۵﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يُفَتَّرُ:(وقفہ دیاجائے گا۔ہلکا کیاجائے گا۔کمزور کرنا۔کمر کرنا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل ۔ضمیر مستتر اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَتَّرَ يُفَتِّرُ۔مصدر۔تَفْتِيْرًا۔(وقفہ دینا۔ہلکا کرنا) عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ ۔محلاً اسم مجرور۔مُبْلِسُوْنَ:(مایوس ہونے والے۔مایوس۔ناامید۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: جو ان سے ہلکا نہ کیاجائے گا اور وہ اس میں ناامید ہو کر پڑے رہیں گے۔

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ظَلَمْنَا:(ہم نے ظلم کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر نَحْنُ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔نصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل۔كَانَ کا اسم مرفوع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً

هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔هُمْ: (وہ)ضمیر الظّٰلِمِیْنَ:(ظلم کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا۔بلکہ وہی (اپنے آپ پر) ظلم کرتے تھے۔

وَنَادَوْا یٰمٰلِکُ لِیَقْضِ عَلَیْنَا رَبُّکَ ؕ قَالَ اِنَّکُمْ مّٰکِثُوْنَ ﴿۷۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نَادَوْا:(انہوں نے آواز دی)فعل ماضی جمع مذکر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔نَادٰی یُنَادِیْ۔مصدر۔مُنَادَاةٌ(پکارنا)۔یَا:(اے)حرف نداء۔مَالِكُ:(مالک۔عزرائیل) منادی۔ مبنی بر مفتوح۔محلاً منصوب۔لِ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔یَقْضِ:(وہ پورا کرے۔موت دے۔خاتمہ کرے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔مجزوم۔علامت حرف علت۔ی۔ محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔عَلَیْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ رَبُّ:(ربّ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔إِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ: (تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔مّٰكِثُوْنَ:(رہنے والے۔ٹھہرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور پکاریں گے کہ اے مالک تمہارا پروردگار ہمیں موت دے دے۔وہ کہے گا کہ تم ہمیشہ (اسی حالت میں) رہو گے۔

لَقَدْ جِئْنٰکُمْ بِالْحَقِّ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَکُمْ لِلْحَقِّ کٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔جِئْنَا:(ہم آئے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔جِیْئٌ۔مَجِیْئٌ۔(آنا)۔كُمْ:(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق۔سچ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ أَكْثَرَ:(اکثر۔اکثریت۔زیادہ تر)افعل التفضیل۔لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

لِ:(لئے)حرف جار۔الْحَقِّ :(حق۔سچ)اسم مجرور۔کٰرِھُوْنَ:(نفرت کرنے والے۔ناخوش ہونے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًلٰکِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ہم تمہارے پاس حق لے کر آئے ہیں لیکن تم اکثر حق سے ناخوش ہوتے رہے۔

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾

أَمْ :(یا)حرف عطف۔أَبْرَمُوْا:(انہوں نے مضبوط ارادہ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْرَمَ یُبْرِمُ۔مصدر۔اِبْرَامٌ۔(مضبوط ارادہ کرنا۔پختہ منصوبہ سازی کرنا) أَمْرًا:(امر۔حکم۔فیصلہ ۔معاملہ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔مُبْرِمُوْنَ:(مضبوط ارادہ کرنے والے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا انہوں نے کوئی بات ٹھہرا رکھی ہے تو ہم بھی کچھ ٹھہرانے والے ہیں۔

اَمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّھُمْ وَنَجْوٰىھُمْ ؕ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَیْھِمْ یَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾

أَمْ :(یا)حرف عطف۔ یَحْسَبُوْنَ:(وہ حساب لگاتے ہیں۔ سمجھتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ حسب۔نصر۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ یَحْسَبُ۔مصدر۔ حُسْبَانًا۔(حساب لگانا۔گمان کرنا۔خیال کرنا)، أَنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر متصل۔جمع متکلم۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں)نافیہ۔نَسْمَعُ:(ہم سنتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)۔ صیغہ۔ سَمِعَ یَسْمَعُ۔مصدر سَمْعًا۔(سننا)۔ سِرَّ:(بھید۔راز۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَجْوَا:(سرگوشی)معطوف منصوب۔مضاف۔ ھُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَلٰى:(ہاں کیوں نہیں)حرف ایجاب۔ نفی سوال۔ مثبت جواب کے لئے۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔رُسُلُ:(رِسُوْلٌ کی جمع مکسر۔پیغمبروں کو)مبتداء۔مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً

مجرور مضاف الیہ۔ لَدَيْ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَكْتُبُوْنَ:(وہ لکھتے رہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔كِتَابًا۔(لکھنا)۔محلاً مبتداء رُسُلُنَا کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا یہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کی پوشیدہ باتوں اور سرگوشیوں کو سنتے نہیں؟ہاں ہاں(سب سنتے ہیں) اور ہمارے فرشتے ان کے پاس(ان کی سب باتیں) لکھ لیتے ہیں۔

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾

قُلْ:(تو کہہ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ضمیر مستتر هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كَانَ:(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الرَّحْمَنِ:(رحمان کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر مقدم۔منصوب۔وَلَدٌ:(کوئی بچہ۔ایک ہو یا زیادہ۔لڑکا ہو یا لڑکی۔جمع اَوْلَادٌ۔)كَانَ کا اسم مؤخر مرفوع۔فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔اَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اَوَّلُ :(پہلا)خبر۔ مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔مضاف۔الْعَابِدِيْنَ:(عبادت کرنے والوں سے)اسم فاعل جمع مذکر۔مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ اگر اللہ کے اولاد ہو تو میں (سب سے) پہلے (اس کی) عبادت کرنے والا ہوں۔

سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾

سُبْحَانَ:(پاک ہے)منصوب مفعول مطلق۔فعل محذوف۔مضاف۔ رَبِّ :(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔السَّمَاوَاتِ :(آسمانوں کے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔مضاف۔ رَبِّ :(ربّ)بدل۔ مجرور۔بدل منہ۔ربّ سابق۔مضاف۔الْعَرْشِ:(بلندی۔عرش۔تخت حکومت۔چھت۔)مجرور مضاف الیہ۔عَمَّا:(اس سے جو)مرکب :(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَصِفُوْنَ:(وہ بیان کرتے ہیں۔یونہی تعریف کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی

مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ف)مثال واوی۔صیغہ۔وَصَفَ يَصِفُ۔مصدر۔وَصْفًا۔(بیان کرنا۔بڑھا چڑھا کر صفت بیان کرنا۔فضول تعریف کرنا)۔

ترجمہ آیت: یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں آسمانوں اور زمین کا مالک (اور) عرش کا مالک اس سے پاک ہے۔

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿٨٣﴾

فَ:(پس)فصیحۃ۔ذَرْ:(تو چھوڑ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔وَذَرَ يَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔(چھوڑ دینا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔يَخُوْضُوْا:(وہ بکواس کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوف۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔جواب طلب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ و ض)اجوف واوی۔صیغہ۔خَاضَ يَخُوْضُ۔مصدر۔خَوْضًا۔(بکواس کرنا۔فضول عمل کرنا۔لغو باتیں کرنا)وَ:(اور)حرف عطف۔يَلْعَبُوْا:(وہ کھیلتے ہیں)معطوف مجزوم۔ فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔جواب طلب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ل ع ب)صیغہ۔لَعِبَ يَلْعَبُ۔مصدر۔لَعْبًا۔(کھیلنا۔مذاق کرنا)۔حَتّٰى:(یہاں تک کہ)حرف غایت۔أَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔يُلَاقُوْا:(وہ ملاقات کریں۔وہ جاملیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔لَاقٰى يُلَاقِيْ۔مصدر۔مُلَاقَاةٌ۔(ملاقات کرنا۔ایک دوسرے سے ملنا۔) يَوْمَ: (دن)ظرف زمان۔منصوب مفعول بہٖ۔ مضاف۔هُمُ:(اس کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔الَّذِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً صفت منصوب۔۔يُوْعَدُوْنَ:(وہ وعدہ کیا جاتے ہیں) فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرا۔هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔

ترجمہ آیت: تو ان کو بک بک کرنے اور کھیلنے دو۔یہاں تک کہ جس دن کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے اس کو دیکھ لیں۔

وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿٨٤﴾

وَ:(اور)استئنافیہ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ إِلَٰهٌ :(معبود۔)خبر مرفوع۔مبتداء "هُوَ" محذوف۔وَ:(اور)حرف عطف۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ إِلَٰهٌ:(معبود) خبر مرفوع۔مبتداء "هُوَ" محذوف۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ) :(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْحَكِيمُ:(حکیم۔دانا۔حکمت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الْعَلِيمُ:(خوب علم والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور وہی (ایک) آسمانوں میں معبود ہے اور (وہی) زمین میں معبود ہے۔اور وہ دانا(اور) علم والا ہے۔

وَتَبٰرَكَ الَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٥﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَبَارَكَ:(وہ بڑہ برکت والا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔یہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے ساتھ منسلک ہے۔اور کسی کے ساتھ نہیں۔یہی صیغہ۔مستعمل ہے۔ الَّذِي:(وہ جس)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاًفاعل۔مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔۔مُلْكُ:(ملک۔بادشاہت۔حکومت)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ السَّمَاوَاتِ :(آسمانوں کی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف۔مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ معطوف۔مجرور۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمَا:(ان دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔عِلْمُ :(علم۔سائنس)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ مضاف۔ السَّاعَةِ:(گھڑی۔ساعت۔قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔تُرْجَعُونَ:(تم لوٹائے جاؤ گے۔)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرا۔أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(رج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ ۔ مصدر۔رَجْعًا۔رُجُوعٌ۔(لوٹنا۔واپس ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور وہ بہت بابرکت ہے جس کے لئے آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کی بادشاہت ہے۔ اور اسی کو قیامت کا علم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٨٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَمْلِكُ:(وہ اختیار رکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا۔ أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَكَ يَمْلِكُ۔مصدر۔مَلْكًا۔(مالک ہونا۔حکومت کرنا۔اختیار کرنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔يَدْعُونَ:(وہ پکارتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا۔هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔ دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُونِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ـهِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الشَّفَاعَةَ:(شفاعت۔ سفارش) منصوب۔مفعول بہ۔إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مستثنیٰ۔شَهِدَ:(اس نے گواہی دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔ مصدر۔شَهَادَةٌ(گواہی دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق ۔سچ)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هُمْ:(وہ) ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَعْلَمُونَ:(وہ جانتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور جن کو یہ لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ سفارش کا کچھ اختیار نہیں رکھتے۔ہاں جو علم ویقین کے ساتھ حق کی گواہی دیں (وہ سفارش کرسکتے ہیں)۔

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ فَأَنَّى يُؤْفَكُونَ ﴿٨٧﴾

وَ:(اور)لَئِنْ:(البتہ اگر)مرکب:(لَ+إِنْ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔ + شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ سَأَلْتَ:(تو نے پوچھا۔سوال کیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فعل شرط۔مبنی بر سکون۔محلاً مجزوم۔۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی

مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)۔ مہموز العین سَالَ یَسْئَلُ۔مصدر۔سُؤَالًا۔(پوچھنادریافت کرنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مَّنْ:(جس نے)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مبتداء مَّنْ کی خبر مرفوع۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔يَقُوْلُنَّ:(وہ ضرور بالضرور۔کہیں گے)فعل مضارع۔علامت ۔ضمہ۔ جمع مذکر غائب۔نون مؤکد بانون ثقیلہ۔جملہ جواب قسم۔دلالت بر جواب شرط۔محذوف۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔فَ:(پس)فصیحۃ۔اَنّٰى :(کیونکر۔کیسے)اسم استفہام۔مبنی بر منصوب۔ظرف مکان۔يُؤْفَكُوْنَ:(وہ بہکائے جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔نائب فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔افک یافک۔مصدر۔افکا۔(بہتان لگانا۔پھیرنا۔بہکانا۔)

ترجمہ آیت: اور اگر تم ان سے پوچھو کہ ان کو کس نے پیدا کیا ہے تو کہہ دیں گے کہ اللہ نے۔تو پھر یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں؟

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾

وَ:(قسم ہے)حرف قسمیہ۔و جار۔قِيْلِ:(کہنا) مقسم بہ۔مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔جواب شرط۔محذوف۔يَا:(اے)حرف نداء۔رَبِّ :(ربّ)منادیٰ۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔کسرہ عوض۔یائے متکلم محذوف۔مجرور مضاف الیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٰٓؤُلَآءِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔قَوْمٌ:(قوم)اِنَّ کی خبر مرفوع۔لَّا:(نہیں)نافیہ۔يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً مبتداء هُمْ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔جملہ محلاً صفت۔

ترجمہ آیت: اور (بسا اوقات) پیغمبر کہا کرتے ہیں کہ اے پروردگار یہ ایسے لوگ ہیں کہ ایمان نہیں لاتے۔

فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾

فَ:(پس)حرف فصیحۃ۔اِصْفَحْ:(تو درگزر کر۔)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ف ص ح)صیغہ۔صَفَحَ يَصْفَحُ۔مصدر۔صَفْحًا۔(درگزر کرنا۔معاف کرنا۔ہاتھ ملانا)۔ عَنْ:(سے) حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔قُلْ:(آپ کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ سَلَامٌ:(سلام ہو۔سلامتی۔امان)خبر۔مبتداء محذوف۔مرفوع۔ فَ:(پس)فصیحۃ۔سَوْفَ:(عنقریب)حرف استقبال۔يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًفاعل۔مرفوع۔ فاعل ۔ضمیر مستترتقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔

توان سے منہ پھیر لو اور سلام کہہ دو۔ان کو عنقریب (انجام) معلوم ہو جائے گا

44 سُوْرَةُ الدُّخَانِ

رکوعاتھا 3 | 44 سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ 64 | اٰیاتھا 59

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ حٰم:(لقب رسول مقبول ﷺ)از حروف مقطعات۔

وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾

وَ:(قسم ہے)حرف قسم۔جار۔الْكِتَابِ:(کتاب) مقسم بہ۔ اسم مجرور۔موصوف۔ الْمُبِيْنِ:(واضح ۔کھلم کھلی)صفت مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اس کتاب روشن کی قسم۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ﴿۳﴾

فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ عَمِلُوا:(انہوں نے کام کیئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ یَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ الصّٰلِحٰتِ:(نیک۔ صالح۔اچھے) لفظاً مجرور۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔جَنّٰتٍ:(باغات)جمع مؤنث سالم۔ مفعول ثانی۔تقدیراً منصوب۔تَجْرِيْ:(بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر ھِیَ۔تقدیراً مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی یَجْرِیْ۔مصدر۔ جِرْیَانٌ۔ (بہنا۔ جاری ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے) ظرف مکان۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔ھَا :(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْاَنْھٰرُ: (نہریں)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ: (جنہوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء۔ کَفَرُوا :(انہوں نے انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ کَفَرَ یَکْفُرُ۔ مصدر۔ کُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔یَتَمَتَّعُوْنَ:(وہ فائدہ اٹھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَمَتَّعَ یَتَمَتَّعُ۔ مصدر۔تَمَتُّعٌ۔(فائدہ اٹھانا) وَ:(وہ)حرف عطف۔یَاْكُلُوْنَ:(وہ کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَکَلَ یَاْکُلُ۔ صدر۔ اَکْلًا۔(کھانا)۔کَمَا:(جیسا کہ)مرکب:(كَ+مَا) حرف تشبیہ۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔اسم مجرور۔ محلاً مصدریہ۔تَاْكُلُ: (تم کھاتے ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموا الفاء۔صیغہ۔اَکَلَ یَاْکُلُ۔ صدر۔اَکْلٌ۔(کھانا)۔ الْاَنْعَامُ:(جانور۔مویشی۔)فاعل مرفوع۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ النَّارُ: (آگ) معطوف مرفوع۔ مَثْوًی:(لوٹنے کی جگہ۔ٹھکانہ)۔ خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔جملہ محلاً منصوب۔حال لَّ:(لئے)حرف جار۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے ان کو اللہ بہشتوں میں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں داخل فرمائے گا۔ اور جو کافر ہیں وہ فائدے اٹھاتے ہیں اور (اس طرح) کھاتے ہیں جیسے حیوان کھاتے ہیں۔اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے

وَكَاَيِّنۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ هِىَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنۡ قَرۡيَتِكَ الَّتِىۡۤ اَخۡرَجَتۡكَ ۚ اَهۡلَكۡنٰهُمۡ فَلَا نَاصِرَ لَهُمۡ ﴿۱۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَأَيِّن:(بہت۔کتنی)اصلاًكَأَيٍّ تھا۔تنوین بشکل۔نون ہے۔اسم کنایہ۔بمعنی کتنے۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔مِّنۡ:(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔ قَرۡيَةٍ:(بستی)اسم مجرور۔ هِيَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مؤنث غائب۔مبتداء مرفوع۔ أَشَدُّ:(زیادہ سخت۔)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ قُوَّةً:(طاقت۔قوت)منصوب۔تمیز۔مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ قَرۡيَتِ:(بستی)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(آپ کی)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الَّتِي:(جس)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور صفت۔أَخۡرَجَتۡ:(وہ نکالی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ت ساکن علامت ضمیر تانیث۔۔ فاعل۔ ضمیر فاعل مستترهِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَخۡرَجَ يُخۡرِجُ۔مصدر۔اِخۡرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخۡرُجُ۔مصدر۔خَرۡجًا۔(نکلنا)۔كَ: (تجھے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَهۡلَكۡنَا:(ہم نے ہلاک کیا۔تباہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهۡلَكَ يُهۡلِكُ۔مصدر۔اِهۡلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ ۔هَلَكَ يَهۡلِكُ۔مصدر۔ هَلۡكًا۔هَلَاكًا۔هُلُوكًا۔ مُهۡلِكًا۔ تَهۡلُكَةً۔ هُلۡكًا۔ وغیرہ(مار دینا۔)۔هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔جملہ محلاً" كَأَيِّن "مبتداء کی خبر مرفوع۔ فَ:(تو)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم رافع خبر۔ نَاصِرَ:(مددگار۔مدد کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاًلائے نفی جنس کا اسم۔منصوب۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًلائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور بہت سی بستیاں تمہاری بستی سے جس (کے باشندوں نے تمھیں وہاں) سے نکال دیا زور و قوت میں کہیں بڑھ کر تھیں ہم نے ان کا ستیاناس کر دیا اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوا۔

اَفَمَنۡ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ كَمَنۡ زُيِّنَ لَهٗ سُوۡٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوۡۤا اَهۡوَآءَهُمۡ ﴿۱۴﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَمَنۡ:(تو۔جو)مرکب:(فَ+مَنۡ) حرف فصیحۃ۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔بَيِّنَةٍ:(واضح۔دلائل۔ثبوت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی

خبر منصوب۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔ ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً مجرور صفت۔ كَ:(تشبیہ۔)حرف جار۔ مَنۡ:(جس)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ زُيِّنَ:(سجایا گیا۔خوبصورت بنایا گیا۔مزین کیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ مستتر۔تقدیراً۔ اَنۡتُمۡ۔:(اس نے خوبصورت بنادیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ زَيَّنَ يُزَيِّنُ۔ مصدر۔ تَزۡيِيۡنٌ۔(سجانا۔خوبصوت بنانا۔ ملمع کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ سُوۡٓءُ:(برا۔ہر وہ چیز جو انسان کو غمگین کرے۔رنج میں مبتداء کرے)نائب مرفوع۔مضاف۔ عَمَلِ:(عمل)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ ہٖ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اتَّبَعُوۡا:(انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔ اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتۡبَعُ۔ مصادر۔ تَبۡعًا۔ تُبُوۡعًا۔(پیروی کرنا)۔ اَهۡوَآءَ:(خواہشات)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔ هُمۡ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: بھلاجو شخص اپنے پروردگار(کی مہربانی) سے کھلے رستے پر(چل رہا) ہووہ ان کی طرح(ہوسکتا) ہے جن کے اعمال بد انہیں اچھے کرکے دکھائی جائیں اور جو اپنی خواہشوں کی پیروی کریں۔

مَثَلُ الۡجَنَّةِ الَّتِىۡ وُعِدَ الۡمُتَّقُوۡنَ ؕ فِيۡهَاۤ اَنۡهٰرٌ مِّنۡ مَّآءٍ غَيۡرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ لَّبَنٍ لَّمۡ يَتَغَيَّرۡ طَعۡمُهٗ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ خَمۡرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيۡنَ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمۡ فِيۡهَا مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغۡفِرَةٌ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ؕ كَمَنۡ هُوَ خَالِدٌ فِى النَّارِ وَسُقُوۡا مَآءً حَمِيۡمًا فَقَطَّعَ اَمۡعَآءَهُمۡ ﴿۱۵﴾

مَثَلُ:(مثال)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الۡجَنَّةِ:(باغ۔جنت)مجرور۔مضاف الیہ۔ الَّتِىۡ:(جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور صفت۔ وُعِدَ:(وعدہ کیا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔ وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔ وَعۡدًا۔(وعدہ کرنا)۔ الۡمُتَّقُوۡنَ :(تقویٰ کرنے والے۔اللہ عز و جل سے ڈرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً نائب مرفوع۔ فِىۡ:(میں)حرف جار۔ هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ اَنۡهٰرٌ:(نہریں)مبتداء مؤخر مرفوع۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔

مَّاءٍ:(پانی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت مجرور۔ مضاف۔ غَيْرِ:(نہیں)مجرور صفت۔ مضاف۔ آسِنٍ:(بدبو پیدا کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:اور(حرف عطف۔)۔أَنْهَارٌ:(نہریں)معطوف مرفوع۔ أَنْهَارٌ سابق معطوف علیہ۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔لَّبَنٍ:(دودھ۔اب لسّی چھاچھ۔کو کہا جاتا ہے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت مرفوع۔ لَّمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَتَغَيَّرْ:(وہ تبدیل ہوا۔بدلا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔غَيَّرَ يُغَيِّرُ۔مصدر۔تَغْيِيْرًا۔(بدلنا۔تبدیل کرنا)۔ طَعْمُ:(مزہ۔ذائقہ)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْهَارٌ:(نہریں)۔ معطوف مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ خَمْرٍ:(مے۔شراب)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت۔ مرفوع۔مضاف۔ لَّذَّةٍ:(لذت۔مزہ۔ذائقہ)مجرور صفت۔لِ:(لئے)حرف جار۔الشَّارِبِيْنَ:(پینے والوں کے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔مجرور۔علامت۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْهَارٌ :(نہریں)معطوف مرفوع۔ أَنْهَارٌ سابق معطوف علیہ۔مِّنْ:(سے) حرف جار۔ عَسَلٍ:(شہد)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔شبہ جملہ محلاًصفت مرفوع۔ مُّصَفًّى: (صاف۔خالص)مجرور صفت۔تقدیراً مکسور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ الثَّمَرَاتِ:(ثَمَرٌ کی جمع پھل)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَغْفِرَةٌ :(مغفرت)مبتداء مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَ:(طرح۔مانند۔مثل۔)حرف تشبیہ۔جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مبتداء۔مَثَلُ کی خبر مرفوع۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔خَالِدٌ:(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ النَّارِ:(آگ۔دوزخ)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔سُقُوْا:(ان کو پانی پلایا جائے گا)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(س ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَقٰى يَسْقِيْ۔مصدر۔سَقْيٌ۔(پانی پلانا۔پانی دینا)۔ مَاءً:(پانی)منصوب۔ مفعول بہ۔موصوف۔حَمِيْمًا :(انتہائی گرم۔)صفت۔ منصوب۔تابع موصوف۔فَ:(پس)حرف عطف۔قَطَّعَ:(کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا)فعل ماضی واحد

مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيْلٌ۔صیغہ۔قَطَّعَ يُقَطِّعُ۔مصدر۔ تَقْطِيْعٌ۔(الگ ہونا۔ کٹ جانا۔متفرق ہونا۔بکھر جانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ط ع)صیغہ۔قَطَعَ يَقْطَعُ۔ مصدر۔قَطْعًا۔(کاٹنا)۔ أَمْعَاءً:(انتڑیوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جنت جس کا پرہیز گاروں سے وعدہ کیا جاتا ہے۔اس کی صفت یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں ہیں جو بو نہیں کرے گا۔ اور دودھ کی نہریں ہیں جس کا مزہ نہیں بدلے گا۔اور شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کے لئے (سراسر) لذت ہے۔اور شہد مصفا کی نہریں ہیں (جو حلاوت ہی حلاوت ہے) اور (وہاں) ان کے لئے ہر قسم کے میوے ہیں اور ان کے پروردگار کی طرف سے مغفرت ہے۔(کیا یہ پرہیز گار) ان کی طرح (ہوسکتے) ہیں جو ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور جن کو کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا تو ان کی انتڑیوں کو کاٹ ڈالے گا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۣ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مَّنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ يَسْتَمِعُ:(وہ غور سے سنتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَمَعَ يَسْتَمِعُ مصدر۔اِسْتِمَاعٌ۔(غور سے سننا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)۔ صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر سَمْعًا۔(سننا)۔ إِلَيْ: (طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ حَتّٰى:(جہاں تک)حرف ابتداء۔ إِذَا: (جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ خَرَجُوْا:(وہ نکلیں گے)فعل ماضی جمع مذکر واؤ جمع الف فارقہ۔محلاً فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔عِنْدِ:(پاس)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ محلاً جواب شرط۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لِ:(لئے)الَّذِيْنَ:(جن کے)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔أُوْتُوا:(وہ دیئے جائیں گے)فعل مضارع

جمع مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اُتِیَ یُؤتیٰ۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ الْعِلْمَ:(علم۔سائنس)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مَاذَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ مقدم۔:مَانافیہ۔مَاموصولہ۔مَامصدریہ۔مَازائدہ۔وغیرہ سے الگ کرنے کے لئے ذا کا اضافہ کیا گیا"۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ اٰنِفًا:(ابھی)ظرف زمان۔منصوب۔اُولٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر مرفوع۔ طَبَعَ:(اس نے مہر لگا دی۔ٹھپہ لگا دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ۔(ط ب ع)صیغہ۔طَبَعَ یَطْبَعُ۔ مصدر۔طَبْعًا۔(مہر لگانا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔عَلٰی:(پر)حرف اجر۔ قُلُوْبِ:(قلب کی جمع۔دل)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّبَعُوْا:(انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر ۔ اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ اَهْوَاءَ:(خواہشات)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور ان میں بعض ایسے بھی ہیں جو تمہاری طرف کان لگائے یہاں تک کہ (سب کچھ سنتے ہیں لیکن) جب تمہارے پاس سے نکل کر چلے جاتے ہیں تو جن لوگوں کو علم (دین) دیا گیا ہے ان سے کہتے ہیں کہ (بھلا) انہوں نے ابھی کیا کہا تھا؟ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا رکھی ہے اور وہ اپنی خواہشوں کے پیچھے چل رہے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔اِهْتَدَوْا:(انہوں نے ہدایت پائی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِهْتَدٰی یَهْتَدِیْ۔مصدر۔ اِهْتَدَاءٌ۔ (ہدایت پانا)۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی یَهْدِیْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔

هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔ راہ دکھانا)۔ هُدًى :(ہدایت۔راہنمائی)منصوب۔ تمیز۔یا مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ زَادَ:(اس نے بڑھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ز ی د) اجوف یائی۔ صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ۔ مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ دینا۔زیادہ کرنا)۔ هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ هُدًى:(ہدایت)منصوب مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ آتَا:(اس نے دی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَأتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)۔اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ تَقْوَا: (پرہیز گاری۔ اللہ کا خوف۔)مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی تقدیراً مفتوح۔ مضاف۔هُمْ:(اس کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہیں ان کو وہ ہدایت مزید بخشتا اور پرہیز گاری عنایت کرتا ہے۔

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ يَنْظُرُوْنَ:(وہ انتظار کرتے ہیں۔دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ السَّاعَةَ:(گھڑی۔ساعت۔قیامت)منصوب۔ مفعول بہٖ۔أَنْ:(کہ) مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَأْتِيَ:(وہ آئے گی)فعل مضارع واحد مونث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)۔اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔بَغْتَةً:(اچانک۔ناگہاں۔آناً فاناً۔یکدم)منصوب۔حال۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِيْءٌ (آنا) ۔ أَشْرَاطُ:(شرائط۔علامات۔نشانیاں) فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَنَّى:(کیسے؟کیونکہ۔ بمعنی كَيْفَ)اسم استفہام۔ظرف

مکان۔ ۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب حال۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جَاءَتْ:(وہ آئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ضمیر کا مرجع"السَّاعَةَ "ہے۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِيٌّ۔(آنا) ۔ هُمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ذِكْرَا:(ذکر۔یاد۔نصیحت)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔ هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اب تو یہ لوگ قیامت ہی کو دیکھ رہے ہیں کہ ناگہاں ان پر آ واقع ہو۔سو اس کی نشانیاں (وقوع میں) آ چکی ہیں۔پھر جب وہ ان پر آ نازل ہو گی اس وقت انہیں نصیحت کہاں (مفید ہو سکے گی؟)۔

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾

فَ:(پس)فصیحة۔اِعْلَمْ:(تو جان لے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت ۔ محل اعراب ساکن۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم رافع خبر۔ إِلَهَ:(معبود۔)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)إِلَهَ کا بدل۔مرفوع۔محلاً۔ أَنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِسْتَغْفِرْ:(تو مغفرت کر)فعل امر واحد مذکر غائب۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتَغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ ۔ (مغفرت کرنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔ذَنْبِ:(گناہ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرو مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)الْمُؤْمِنِيْنَ:(مُؤْمِنٌ کی جمع۔ ایمان والے۔)اسم فعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت ۔ی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُؤْمِنَاتِ:(مُؤْمِنَةٌ۔کی جمع۔ عورتیں۔)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔مُتَقَلَّبَ:(چلنے پھرنے کی جگہ)ظرف مکان۔منصوب۔مفعول

بہ۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ مَثْوٰا:(ٹھکانہ) معطوف۔ منصوب۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارا) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: پس جان رکھو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور (اور) مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لئے بھی۔ اور اللہ تم لوگوں کے چلنے پھرنے اور ٹھیرنے سے واقف ہے۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ﴿۲۰﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ يَقُوْلُ:(وہ کہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ فاعل۔ مرفوع۔ اٰمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لَوْلَآ:(کیوں نہیں) حرف تحضیض۔ ابھارنے کے لئے۔ نُزِّلَتْ:(وہ اتاری گئی) فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔ مصدر۔ تَنْزِيْلًا۔ (دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ سُوْرَةٌ:(سورۃ) نائب فاعل۔ مرفوع۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ اِذَا:(جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ شرطیہ۔ محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔ اُنْزِلَتْ:(وہ نازل کی جاتی ہے) فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔ مصدر۔ اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ن ز ل) صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ سُوْرَةٌ:(سورۃ) نائب فاعل۔ مرفوع۔ موصوف۔ مُّحْكَمَةٌ:(محکم ہوئی۔ مضبوط ہوئی) اسم مفعول واحد مؤنث۔ صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ ذُكِرَ:(ذکر کیا گیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ذ ک ر) صیغہ۔ ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر۔ ذِكْرًا۔ (یاد کرنا۔ ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔ هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ الْقِتَالُ:(لڑائی۔ جنگ) نائب فاعل۔ مرفوع۔ رَاَيْتَ:(تو نے دیکھا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر

تقدیراً أَنْتَ۔ فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔ رُؤْیَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول ۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔قُلُوبِ :(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مَّرَضٌ:(بیماری)مبتداء مؤخر مرفوع۔۔ يَنظُرُونَ:(وہ دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗجمع۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر) صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظَرًا۔(دیکھنا)۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كَ:(تیری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ نَظَرَ:(دیکھنا)مصدر۔اصلاً نَظَرًا تھا۔مفعول مطلق۔تنوین محذوف۔بوجہ مضاف۔(اضافی طور پر حالت فعل لکھی گئی۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر) صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔ مصدر۔نَظَرًا۔(دیکھنا)۔) الْمَغْشِيِّ :(چھا جانے والی۔ غشی طاری ہونا۔حالت نزع۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الْمَوْتِ :(موت)اسم مجرور۔فَ :(پس)استئنافیہ۔أَوْلَى :(زیدہ قریب۔بہتر۔زیادہ حق دار۔اگر صلہ لام ہو توڈانٹ ڈپٹ اور دھمکی کا معنیٰ ہوتا ہے۔خرابی۔برائی)افعل التفضيل۔مبتداء مرفوع۔ لَ :(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور مومن لوگ کہتے ہیں کہ (جہاد کی) کوئی سورت کیوں نازل نہیں ہوتی؟لیکن جب کوئی صاف معنوں کی سورت نازل ہو اور اس میں جہاد کا بیان ہو تو جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے تم ان کو دیکھو کہ تمہاری طرف اس طرح دیکھنے لگیں جس طرح کسی پر موت کی بے ہوشی (طاری) ہورہی ہو۔سو ان کے لئے خرابی ہے۔

طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿۲۱﴾

طَاعَةٌ:(فرمانبرداری)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَوْلٌ:(بات)معطوف مرفوع۔موصوف۔ مَّعْرُوْفٌ:(اچھی۔دستور کے مطابق۔نیک)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔فَ:(پس)استئنافیہ۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔شرطیہ۔محلاً منصوب۔ بمعنی مستقبل۔عَزَمَ:(اس نے پختہ ارادہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ز م)صیغہ۔عَزَمَ يَعْزِمُ۔مصدر۔عَزْمًا۔(پختہ ارادہ کرنا)۔ الْأَمْرُ: (معاملہ

۔امر۔فیصلہ۔حکم)فاعل۔ مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔ صَدَقُوْا:(وہ سچے رہتے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ص د ق)صیغہ۔صَدَقَ یَصْدَقُ ۔مصدر۔صِدْقاً۔(سچائی)۔ اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب مفعول بہٖ۔ لَ: (بلاشبہ)برائے واقعہ جواب۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ انَ کااسم منصوب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔خَیْرًا:(بہتر۔نیک۔اچھا) انَ کی خبر منصوب۔ لَ:(لئے)هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (خوب کام تو) فرمانبر داری اور پسندیدہ بات کہنا(ہے) پھر جب(جہاد کی) بات پختہ ہوگئی تو اگر یہ لوگ اللہ سے سچے رہنا چاہتے تو ان کے لئے بہت اچھا ہوتا۔

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔هَلْ :(کیا)حرف استفہام۔عَسَيْتُمْ :(تم سے امید ہے۔ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمْ ۔اس کی گردانیں نہیں آتیں۔ فعل ترجی۔ جامد۔علمائے لغت کے مطابق۔(۔امام راغب کے مطابق: اگر فعل کافاعل اللہ جل جلالہٗ کومانا جائے تو مطلب ہو۔"اللہ تعالیٰ سے امید ہے" اگر اس کافاعل کسی انسان کو مانا جائے تو پھر معنی ہو گا "محتاط اور خوفزدہ ہونا "ہوں گے۔اور اگر اس کے بعد اسم آئے۔مثلاً عَسَى اللّٰہُ یا ضمیر آئے مثلاً عَسَيْتُمْ یا إِنْ آئے تو معنی ہوں گے "ہو سکتا ہے کہ ")۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تَوَلَّيْتُمْ :(تم نے منہ موڑلیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً اَنْتُمْ۔محلاً مجزوم فعل شرط۔و جواب شرط محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَوَلّٰى یَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّيْ۔ (منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب حَسِبَ۔ مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ یَلِيْ۔مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تُفْسِدُوْا:(تم بگاڑ پیدا کرو۔فساد کرو۔دنگا مچاؤ)فعل مضارع۔جمع مذکر حاضر۔منصوب۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَفْسَدَ یُفْسِدُ۔مصدر۔ اِفْسَادٌ۔(فساد کرنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف س د)صیغہ۔فَسَدَ یَفْسُدُ۔مصدر۔فَسَادًا۔(بگاڑنا۔فساد کرنا۔خرابی پیدا کرنا۔کرپشن کرنا)۔فِي :(میں)حرف جار۔الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تُقَطِّعُوْا :(تم ٹکڑے ٹکڑے کردو۔تم توڑ ڈالو۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ معطوف

منصوب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيْلٌ۔ صیغہ۔تَقَطَّعَ يَتَقَطَّعُ۔مصدر۔ تَقْطِيْعٌ۔(الگ ہونا۔کٹ جانا۔متفرق ہونا۔بکھر جانا۔توڑ ڈالنا)۔أَرْحَامَ: (قرابتدار۔قرابتی رشتوں۔رِحْمٌ کی جمع۔بچہ دانی۔)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (اے منافقو!) تم سے عجب نہیں کہ اگر تم حاکم ہو جاؤ تو ملک میں خرابی کرنے لگو اور اپنے رشتوں کو توڑ ڈالو۔

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾

أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر مرفوع۔لَعَنَ:(اس نے لعنت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ل ع ن)صیغہ۔لَعَنَ يَلْعَنُ۔مصدر۔لَعْنًا۔(دور کرنا۔لعنت کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ضمہ برائے اتصال۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)فاعل۔مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔أَصَمَّ:(ان کو بہرہ کر دینا۔یعنی وہ اس طرف توجہ ہی نہیں کرتے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَمَّ يُصِمُّ۔مصدر۔اِصْمَامٌ۔(بہرہ کر دینا۔عدم توجہ کے قابل بنا دینا۔لاپرواہ کر دینا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَعْمَىٰ:(اس نے اندھا کر دیا۔یعنی کسی بھی طرح توجہ نہیں کرتے۔یعنی عقل ختم ہو گئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْمٰى يُعْمِيْ۔مصدر۔اِعْمَاءً۔(اندھا کرنا)۔أَبْصَارَ:(آنکھوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے اور ان (کے کانوں) کو بہرا اور (ان کی) آنکھوں کو اندھا کر دیا ہے۔

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَتَدَبَّرُوْنَ :(وہ غور کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَدَبَّرَ يَتَدَبَّرُ۔مصدر۔يَتَدَبُّرٌ۔(تدبر کرنا۔غور و خوض کرنا۔)الْقُرْآنَ:(قرآن مجید)منصوب۔مفعول بہ۔ أَمْ:(یا)حرف عطف۔

عَلٰی:(پر)حرف جار۔قُلُوْبٍ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ أَقْفَالُ:(قُفْلٌ کی جمع ۔تالے)مبتداءمؤخر۔مرفوع۔ مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: بھلا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا (ان کے) دلوں پر قفل لگ رہے ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً کا اسم منصوب۔اِرْتَدُّوْا:(وہ واپس لوٹ گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال ۔صیغہ۔اِرْتَدَّ يَرْتَدُّ۔ مصدر۔اِرْتِدَادٌ۔(مرتد ہونا۔واپس لوٹنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر د د)مضاعف۔رَدَّ يَرُدُّ۔ مصادر۔ رَدًّا۔مَرَدًّا۔مَرْدُوْدًا۔(واپس بھیجنا۔واپس لوٹانا۔جواب دینا۔انکار کرنا۔دھتکارنا)۔ عَلٰى:(پر)حرف جار۔ اَدْبَارِ:(دُبُرٌ کی جمع۔ پشتوں۔پیٹھوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مَا:(جو)مصدریہ۔ تَبَيَّنَ:(وہ واضح ہوچکی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ۔مصدر۔تَبَيُّنٌ۔(واضح ہونا)۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔تَبْيِيْنٌ۔(کھول کھول بیان کرنا۔وضاحت کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال۔الْهُدٰى:(ہدایت۔راہنمائی)فاعل۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔الشَّيْطٰنُ:(شیطان)مبتداء مرفوع۔ سَوَّلَ:(اس نے اچھا کرکے دکھایا۔ملمع سازی کی۔حیلہ سازی کی۔بات گھڑلی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی۔مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَوَّلَ يُسَوِّلُ۔مصدر۔تَسْوِيْلًا۔(اچھا کرکے دکھانا۔دھوکہ دینا۔ غلطی کروانا۔گمراہ کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَمْلٰى:(اس نے لمبی امید دلائی۔ ڈھیل دینا۔لمبی مہلت دینا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْلٰى يُمْلِىْ۔مصدر۔اِمْلَاءٌ۔(لمبی امیدیں دلانا۔ڈھیل دینا۔لمبی مہلت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(م ل و)ناقص واوی۔ صیغہ۔ مَلَا يَمْلُوْ۔مصدر۔ مَلْوًا۔(تیز قدم چلنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: جولوگ راہِ ہدایت ظاہر ہونے کے بعد پیٹھ دے کر پھر گئے۔شیطان نے(یہ کام) ان کو مزین کر دکھایااور انہیں طول (عمر کاوعدہ) دیا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾

ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم مفعول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔كَرِهُوْا:(انہوں نے ناپسند کیا۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔كَرِهَ يَكْرَهُ۔مصدر۔كَرْهًا۔ كُرْهًا۔(مجبور کرنا۔کراہت کرنا۔نفرت کرنا۔)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔نَزَّلَ:(اس نے اتارا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ ۔ مصدر۔ تَنْزِيْلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔فَ:(تو)حرف عطف۔سَ:(عنقریب۔)حرف استقبال۔نُطِيْعُ:(ہم اطاعت کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔ مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فِيْ :(میں)حرف جار۔بَعْضِ:(بعض۔کچھ)اسم مجرور۔ مضاف۔ الْأَمْرِ:(معاملہ۔حکم۔فیصلہ۔)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔ إِسْرَارَ:(سِرٌّ کی جمع۔رازوں۔بھیدوں۔پوشیدہ باتوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ اس لئے کہ جولوگ اللہ کی اُتاری ہوئی (کتاب) سے بیزار ہیں یہ ان سے کہتے ہیں کہ بعض کاموں میں ہم تمہاری بات بھی مانیں گے۔اور اللہ ان کے پوشیدہ مشوروں سے واقف ہے۔

فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَٰٓئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔كَيْفَ:(کیسے؟)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر مبتداء محذوف۔"حَالُهُمْ"۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔تَوَفَّتْ:(اس نے پورا کیا۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔ علامت۔ ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى۔مصدر۔تَوَفِّيٌّ(پورا کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)لفیف مفروق۔مثال واوی+ناقص یائی۔صیغہ۔ وَفٰى يَفِيْ۔ مصدر۔ وَفَاءً۔وَفْيًا۔(پورا ہونا)۔ هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔الْمَلَائِكَةُ: (فرشتوں۔غیر مرئی قوتوں نے)فاعل مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَضْرِبُوْنَ:(وہ مارتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(بیان کرنا۔مارنا)۔ وُجُوْهَ:(چہروں۔مونہوں پر)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَدْبَارَ:(پشتوں۔پیٹھوں پر)معطوف منصوب۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تواُس وقت (ان کا) کیسا (حال) ہو گا جب فرشتے ان کی جان نکالیں گے اور ان کے مونہوں اور پیٹھوں پر مارتے جائیں گے۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا مَآ أَسْخَطَ اللَّهَ وَكَرِهُوا رِضْوَانَهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾

ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔محلاً مصدریہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔اِتَّبَعُوْا:(انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع۔الف فارقہ۔ جملہ محلاً ذٰلِكَ مبتداء کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر

سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَسْخَطَ: (اس نے ناراض کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَسْخَطَ يُسْخِطُ۔ مصدر۔ اِسْخَاطٌ۔ (ناراض کرنا۔ بیزار کرنا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔ مادہ۔ (س خ ط) صیغہ۔ سَخِطَ يَسْخَطُ۔ مصدر۔ سَخْطًا۔ (غضبناک ہونا۔ مشتعل ہونا۔ آپے سے باہر ہونا) اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہ) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ كَرِهُوْا: (انہوں نے ناپسند کیا۔) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ كَرِهَ يَكْرَهُ مصدر۔ كَرْهًا۔ كُرْهًا۔ (مجبور کرنا۔ کراہت کرنا۔ نفرت کرنا)۔ رِضْوَانَ: (خوشی۔ خوشنودی۔ رضا۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اس کا مرجع اَللّٰهَ ہے۔ فَ: (تو) حرف عطف۔ أَحْبَطَ: (ضائع کرا دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحْبَطَ يُحْبِطُ۔ مصدر۔ اِحْبَاطٌ۔ (ضائع کر دینا۔ اکارت کر دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ح ب ط) صیغہ۔ حَبِطَ يَحْبَطُ۔ مصدر۔ حَبْطًا۔ (بیکار ہونا۔ برباد ہونا۔ اکارت جانا)۔ أَعْمَالَ: (عَمَلٌ کی جمع۔ اعمال کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هُمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ اس لئے کہ جس چیز سے اللہ ناخوش ہے یہ اس کے پیچھے چلے اور اس کی خوشنودی کو اچھا نہ سمجھے تو اُس نے بھی ان کے عملوں کو برباد کر دیا۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿٢٩﴾

أَمْ: (یا) حرف عطف۔ حَسِبَ: (اس نے گمان کیا۔ خیال کیا۔) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ (ح س ب) صیغہ۔ حَسِبَ يَحْسَبُ۔ مصدر۔ حِسْبَانٌ۔ (گمان کرنا۔ خیال کرنا۔ سوچنا) الَّذِيْنَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً فاعل مرفوع۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ قُلُوْبِ: (قَلْبٌ کی جمع۔) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ مَّرَضٌ: (بیماری۔ مرض) مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ أَنْ: (یقیناً) أَنَّ کا مخففہ۔ لَّنْ: (ہرگز نہیں) حرف ناصب مضارع۔ منفی تاکید بلن۔ بمعنی مستقبل نفی۔ يُخْرِجَ: (وہ نکال دے گا۔ ظاہر کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ (خ

ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔جملہ محلاًأَنْ کی خبر مرفوع۔ أَضْغَانَ:(ضِغْنٌ۔ کی جمع۔کینوں۔بغضوں۔سخت عداوتوں۔کو)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کیاوہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے یہ خیال کئے ہوئے ہیں کہ اللہ ان کے کینوں کوظاہر نہیں کرے گا؟

وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔نَشَاءُ:(ہم چاہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ محلاًفعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ لَ:(بلاشبہ)لائے واقعتہ۔برائے جواب شرط۔أَرَيْنَا:(ہم دکھائیں)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔افعال۔صیغہ۔اَرٰی یُرِیْ۔مصدر۔اِرَاَةٌ۔(دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہٖ۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔ثانی۔فَ:(پس)حرف عطف۔لَ:(بلاشبہ)برائے مکرر تاکید۔عَرَفْتَ:(تونے پہچان لیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ۔عَرَفَ یَعْرِفُ۔ مصدر۔ عِرْفَانًا۔مَعْرِفَةٌ۔(پہچاننا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هُمْ:(انہیں)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔سِيْمَا: (نشانی۔علامت)اسم مجرور۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(یقیناً) لائے تاکید موطئة للقسم۔تَعْرِفَنَّ:(تم ضرور پہنچان لے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ۔ عَرَفَ یَعْرِفُ۔مصدر۔عِرْفَانًا۔مَعْرِفَةٌ۔(پہچاننا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب ۔ مفعول بہٖ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔لَحْنِ:(آواز۔انداز تکلم۔بات کرنے کے انداز۔لہجہ۔)اسم مجرور۔مضاف۔ الْقَوْلِ:(باب)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ یَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے۔وہ جان جائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً ھُوَ۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔

عِلْمًا۔ (جاننا)۔ أَعْمَالَ:(عَمَلٌ کی جمع۔اعمال)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور اگر ہم چاہتے تو وہ لوگ تم کو دکھا بھی دیتے اور تم ان کو ان کے چہروں ہی سے پہچان لیتے۔اور تم انہیں (ان کے) انداز گفتگو ہی سے پہچان لو گے! اور اللہ تمہارے اعمال سے واقف ہے۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۠ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(تاکہ)لائے موطئۃ للقسم۔نَبْلُوَنَّ:(ہم ضرور آزمائش میں ڈالیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ مؤکد با نون ثقیلہ۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔بَلَا يَبْلُو۔مصدر۔بَلَاءٌ۔(آزمائش میں ڈالنا۔آزمانا)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔حَتّٰى:(یہاں تک کہ)حرف غایت۔اَنْ مضمر۔ناصب مضارع۔نَعْلَمَ:(ہم جان لیں گے۔ہم جانے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔ الْمُجَاهِدِيْنَ:(مجاہدوں کو۔کوشش کرنے والوں کو۔جہاد کرنے والوں کو)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً منصوب۔علامت۔ی۔حال۔۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مزکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔الصَّابِرِيْنَ:(استقامت دکھانے والے۔ڈٹے رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ علامت ۔ی۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَبْلُوَا:(ہم آزمائش میں ڈالیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل و)ناقص واوی۔ صیغہ ۔بَلَا يَبْلُو۔مصدر۔ بَلَاءٌ۔ (آزمائش میں ڈالنا۔آزمانا)۔ أَخْبَارَ:(خَبَرٌ کی جمع۔خبریں)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم تو لوگوں کو آزمائیں گے تاکہ جو تم میں لڑائی کرنے والے اور ثابت قدم رہنے والے ہیں ان کو معلوم کریں۔اور تمہارے حالات جانچ لیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔محلاًإِنَّ کااسم منصوب۔ كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(انکار کرنا۔کفر کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ صَدُّوا :(انہوں نے روکا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ يَصُدُّ۔مصدر۔ صَدًّا۔صُدُوْدًا۔(روکنا۔)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ سَبِيلِ: (راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔شَاقُّوا:(انہوں نے مخالفت کی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔شَاقَّ يُشَاقُّ۔ مصدر۔ شَقَاقًا۔(مخالفت کرنا)۔الرَّسُولَ :(پیغمبر)منصوب۔مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مَا:(کہ) مصدریہ۔ تَبَيَّنَ:(وہ واضح ہوچکی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ۔مصدر۔تَبَيُّنٌ۔(واضح ہونا)۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر ۔ تَبْيِيْنٌ۔(کھول کھول بیان کرنا۔وضاحت کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ الْهُدَى:(ہدایت۔راہنمائی)فاعل۔مرفوع۔ لَنْ:(ہر گز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن۔ناصب مضارع۔بمعنی نفی مستقبل۔يَضُرُّوا:(وہ نقصان کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ض ر ر) مضاعف۔ صیغہ۔ضَرَّ يَضُرُّ۔مصدر۔ضَرًّا۔(نقصان کرنا) اللَّهَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہٖ۔شَيْئًا:(شئے)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔يُحْبِطُ:(وہ ضائع کردے گا۔اکارت کردے گا) فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَحْبَطَ يُحْبِطُ۔مصدر ۔ اِحْبَاطًا۔(ضائع ہونا۔برباد ہونا۔)ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ح ب ط)صیغہ۔حَبِطَ يَحْبَطُ۔مصدر۔حَبْطًا۔(ضائع ہونا۔برباد ہونا)۔أَعْمَالَ:(عَمَلٌ کی جمع۔اعمال)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں کو سیدھا رستہ معلوم ہو گیا (اور) پھر بھی انہوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا اور پیغمبر کی مخالفت کی وہ اللہ کا کچھ بھی بگاڑ نہیں سکیں گے۔ اور اللہ ان کا سب کیا کرایا اکارت کر دے گا۔

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ اٰمَنُوْا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ أَطِيعُوْا:(اطاعت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔ مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبر داری کرنا)۔اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَطِيعُوْا:(اطاعت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔ اِطَاعَةٌ۔ (طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔ مصدر۔ طَوْعًا۔(فرمانبر داری کرنا)۔الرَّسُولَ:(پیغمبر)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُبْطِلُوْا:(تم ضائع کرو)فعل مضارع جمع مذکر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْطَلَ يُبْطِلُ۔مصدر۔اِبْطَالٌ۔(ضائع کرنا۔باطل کرنا)۔ أَعْمَالَ:(عَمَلٌ کی جمع۔اعمال) منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مومنو! اللہ کا ارشاد مانو اور پیغمبر کی فرمانبرداری کرو اور اپنے عملوں کو ضائع نہ ہونے دو۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر فتحہ۔جمع مذکر۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی

مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔کُفْرًا۔(انکار کرنا۔کفر کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ صَدُّوْا:(انہوں نے روکا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ یَصُدُّ۔مصدر۔ صَدًّا۔صُدُوْدًا۔(روکنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ سَبِیْلِ: (راہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔مَاتُوْا:(وہ مر گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔ صیغہ۔مَاتَ یَمُوْتُ۔مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا۔فوت ہونا)۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ھُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔کُفَّارٌ:(بہت زیادہ کفر کرنے والے۔قوانین الٰہی کے باغی)مبالغہ۔خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)حرف عطف۔لَنْ:(ہر گز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن۔ناصب مضارع۔بمعنی مستقبل۔ نفی۔ یَغْفِرَ:(ہو مغفرت کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت ۔ محل اعراب مفتوح۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔

ترجمہ آیت: جولوگ کافر ہوئے اور اللہ کے رستے سے روکتے رہے پھر کافر ہی مر گئے اللہ ان کو ہر گز نہیں بخشے گا۔

فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٥﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَھِنُوْا:(تم کمزور نہ بنو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ھ ن)صیغہ۔وَھَنَ یَھِنُ۔مصدر۔وَھْنًا۔(کمزور ہونا۔ہمت ہارنا۔کمزور بننا۔دل چھوٹا کرنا)وَ:(اور)حرف عطف۔تَدْعُوْ:(تم بلاؤ۔دعوت دو۔درخواست کرو۔)معطوف مجزوم۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدْعُو۔ مصدر۔ دَعْوَۃٌ۔(پکارنا)۔ اِلَی:(طرف)حرف جار۔ السَّلْمِ:(صلح کی)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اَنْتُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ضمہ برائے اتصال۔الْاَعْلَوْنَ:(تم کامیابی وکامرانی حاصل کرنے والے۔غلبہ پانے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف االیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَنْ:(ہر گز نہیں)حرف نفی مؤکد بلن۔ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل۔ نفی۔ یَتِرَ:(وہ کم کرے گا۔)فعل مضارع۔واحد

مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ت ر)مثال واوی۔صیغہ۔وَتَرَ یَتِرُ۔مصدر۔وَتْرًا۔(اکیلے ہونا۔کم کرنا۔) کُمْ: (تمھیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ أَعْمَالَ:(عَمَلٌ کی جمع ۔اعمال) منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ مضاف۔کُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: توتم ہمت نہ ہارواور(دشمنوں کو) صلح کی طرف نہ بلاؤ۔اور تم توغالب ہو۔اور اللہ تمہارے ساتھ ہےوہ ہر گز تمہارے اعمال کوکم(اور گم) نہیں کرے گا۔

اِنَّمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا لَعِبٌ وَّلَهۡوٌ ‌ؕ وَاِنۡ تُؤۡمِنُوۡا وَتَتَّقُوۡا يُؤۡتِكُمۡ اُجُوۡرَكُمۡ وَلَا يَسۡـَٔـلۡكُمۡ اَمۡوَالَـكُمۡ ﴿۳۶﴾

إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)كافة و مكفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ الحَيَاةُ:(زندگی)مبتداء مرفوع۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً صفت مرفوع۔ لَعِبٌ:(کھیل)خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَهْوٌ:(تماشا۔وہ چیز جو اصل کام سے توجہ ہٹا دے)معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تُؤْمِنُوا:(تم ایمان لائے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًأَنْتُمْ۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ وَ:(اور)تَتَّقُوا:(تم پرہیز گار کرو۔) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًأَنْتُمْ۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی يَتَّقِيْ۔مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(ڈرنا۔پرہیز کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰی يَقِيْ۔مصدر۔وِقَايَةٌ۔وَقْيًا۔(بچانا۔ محفوظ رکھنا۔دشمنوں سے بچانا)۔يُؤْتِ:(وہ دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔محلاً مجزوم۔جواب شرط۔علامت ۔ی۔حرف علت بوجہ التقائے ساکنین۔محذوف۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَاءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاْتِيْ۔ مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔کُمْ:(تمھیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أُجُورَ:(بدلے۔اجر۔معاوضے) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)يَسْئَلْ:(وہ سوال کرے گا)فعل مضارع واحد

مذکرغائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔مجزوم۔ یُؤْتِ معطوف علیہ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)۔مہموز العین سَالَ یَسْئَلُ۔مصدر۔ سُؤَالًا۔ (پوچھنا دریافت کرنا)۔کُمْ:(تم سے)ضمیر جمع مذکرحاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ اَمْوَالَ:(مال و دولت)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ مضاف۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکرحاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: دنیا کی زندگی تو محض کھیل اور تماشاہے۔اور اگر تم ایمان لاؤگے اور پرہیزگاری کروگے تو وہ تم کو تمہارا اجر دے گا۔اور تم سے تمہارا مال طلب نہیں کرے گا۔

اِنۡ یَّسۡـَٔلۡكُمُوۡهَا فَيُحۡفِكُمۡ تَبۡخَلُوۡا وَيُخۡرِجۡ اَضۡغَانَكُمۡ ﴿۳۷﴾

مستتر تقدیراً اُهُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ یَسْخَرْ:(تمسخر کرو۔مذاق اڑاؤ)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔ مادہ(س خ ر)صیغہ۔سَخِرَ یَسْخَرُ۔مصدر۔سَخْرًا۔(مذاق اڑانا) ۔ قَوْمٌ:(قوم۔لوگ) فاعل۔مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ قَوْمٍ:(قوم)اسم مجرور۔ عَسَىٰ:(توقع ہے)فعل مقاربہ ماضی واحد مذکر غائب۔ جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ویسے گردان ہو جاتی ہے۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یَکُوْنُوْا:(وہ ہوجائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ خَیْرًا:(بہتر ہے۔اچھاہے)کَانَ کی خبر منصوب۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)نافیہ۔نِسَاءٌ:(عورتیں)فاعل۔مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔نِّسَاءٍ:(عورتیں)اسم مجرور۔ عَسَىٰ:(توقع ہے)فعل مقاربہ ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ویسے گردان ہو جاتی ہے۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یَکُنَّ:(وہ ہوں)فعل ناقص مضارع جمع مؤنث غائب۔منصوب۔اصلاً یَکُوْنَنَّ تھا۔التقائے نونات۔نون اعرابی اور واؤ جمع حرف علت۔محذوف۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔(ہونا)۔خَیْرًا:(بہتر ہے)کَانَ کی خبر منصوب۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُنَّ:(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَلْمِزُوْا:(عیب لگاؤ۔تہمت لگاؤ۔جھوٹ گھڑ کے چسپاں کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ل ز م)صیغہ۔لَمَزَ یَلْمِزُ۔ مصدر۔لَمْزًا۔(بہتان چمٹانا۔الزام لگانا)۔ أَنْفُسَ:(جانوں پر)منصوب۔ مفعول بہٖ۔کُمْ:(تمہاری۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَنَابَزُوْا:(تم بگاڑو۔باہم ایک دوسرے کو چڑانا)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔صیغہ۔تَنَابَزَ یَتَنَابَزُ۔مصدر۔تَنَابُزٌ۔(بگاڑنا۔ایک دوسرے کو برے طریقہ سے بلانا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ب ز)صیغہ۔نَبَزَ یَنْبِزُ ۔مصدر۔نَبْزًا۔(گالیاں دینا۔لعن طعن کرنا ۔) بِ: (ساتھ ۔ سے)حرف

جار۔ الْأَلْقَابِ:(القاب)اسم مجرور۔ بِئْسَ:(برا)فعل ذم ماضی۔جامد گردان استعمال نہیں ہوتی۔ الِاسْمُ:(نام)فاعل۔ مرفوع۔ الْفُسُوقُ:(نافرمان۔بدمعاش۔گناہ والا نام)مبتداء مؤخر مرفوع۔ بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔ مضاف۔ الْإِيمَانِ :(ایمان۔)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنْ:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ شرطیہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَتُبْ:(وہ توبہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔تَابَ يَتُوبُ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(توبہ کرنا۔لوٹنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر ومؤنث۔مبتداء مرفوع۔ هُمُ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔برائے تقویة۔ الظَّالِمُونَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً جملہ خبر مرفوع۔اور جواب شرط۔

ترجمہ آیت: مومنو! کوئی قوم کسی قوم سے تمسخر نہ کرے ممکن ہے کہ وہ لوگ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں سے (تمسخر کریں) ممکن ہے کہ وہ ان سے اچھی ہوں۔ اور اپنے (مومن بھائی) کو عیب نہ لگاؤ اور نہ ایک دوسرے کا برا نام رکھو۔ ایمان لانے کے بعد برا نام (رکھنا) گناہ ہے۔ اور جو توبہ نہ کریں وہ ظالم ہیں۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا ٱجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ ٱلظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ ٱلظَّنِّ إِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضًا أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوهُ وَٱتَّقُوا ٱللَّهَ إِنَّ ٱللَّهَ تَوَّابٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ هَا:(خبردار۔)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً صفت مرفوع۔ امَنُوْا :(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ اجْتَنِبُوا:(تم اجتناب کرو۔پرہیز کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِجْتَنَابَ يَجْتَنِبُ۔مصدر۔ اِجْتِنَابٌ۔(پرہیز کرنا)۔ كَثِيرًا:(بہت زیادہ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الظَّنِّ:(گمان۔خیال۔شک)اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔ بَعْضَ :(بعض۔کچھ) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ الظَّنِّ:(گمان ۔خیال۔شک)اسم مجرور مضاف الیہ۔ إِثْمٌ:(گناہ ہے) إِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَجَسَّسُوا:(تم تلاش میں

رہ۔ جستجو کرو) فعل مضارع جمع مذکر مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَجَسَّسَ یَتَجَسَّسُ۔ مصدر۔تَجَسُّسٌ۔(کھوج لگانا۔جاسوسی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ج س س)مضاعف۔صیغہ۔ جَسَّ یَجُسُّ۔ مصدر۔جَسًّا۔(محسوس کرنا۔چھونا۔) وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔یَغْتَبْ:(وہ غیبت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِغْتَابَ یَغْتَابُ۔مصدر۔اِغْتِیَابٌ۔(غیبت کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ی ب)اجوف یائی۔صیغہ۔غَابَ یَغِیْبُ۔مصدر۔ غَیْبًا۔(چھپ جانا۔پوشیدہ ہونا۔غائب ہونا۔)۔ بَعْضُ:(کچھ)فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَعْضًا:(کچھ)منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَ:(کیا) حرف استفہام۔یُحِبُّ:(وہ پسند کرتا ہے۔محبت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابٌ۔(محبت کرنا۔محبوب رکھنا۔پسند کرنا)۔ أَحَدُ:(کوئی ایک) فاعل۔مرفوع۔مضاف۔کُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔یَأْكُلَ:(وہ کھائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محلاً اعراب مفتوح۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ یَاْكُلُ۔صدر۔اَكْلاً۔(کھانا)۔لَحْمَ:(گوشت)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔ أَخِي:(بھائی)از ستہ مکبّرہ۔ی۔علامت مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ہِ:(وہ۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَیْتًا:(مردہ)منصوب۔حال۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔کَرِهْتُمُو:(تم نے ناپسند کیا۔) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔واؤ برئے شکم پری۔و تجمیل۔۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔کَرِهَ یَكْرَهُ۔ مصدر۔کَرْهًا۔کُرْهًا۔(مجبور کرنا۔کراہت کرنا۔نفرت کرنا۔)۔هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِتَّقُوْا:(پرہیز گاری کی۔تقویٰ اختیار کیا)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى یَتَّقِیْ۔مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰى یَقِیْ۔مصدر۔وِقَايَةٌ۔وَقْيًا۔ (بچانا۔محفوظ رکھنا۔ دشمنوں سے بچانا)۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔تَوَّابٌ:(خوب توبہ قبول کرنے والا)مبالغہ۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔رَّحِیْمٌ:(خوب رحم

کرنے والا) مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اے اہلِ ایمان! بہت گمان کرنے سے احتراز کرو کہ بعض گمان گناہ ہیں۔ اور ایک دوسرے کے حال کا تجسس نہ کیا کرو اور نہ کوئی کسی کی غیبت کرے۔ کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ اس سے تو تم ضرور نفرت کرو گے۔ (تو غیبت نہ کرو) اور اللہ کا ڈر رکھو بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ۚ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۳﴾

يَا:(اے) حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا) منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبردار۔) حرف تنبیہ۔اَيُّهَا مذکر کے لئے اَيَّتُهَا مؤنث کے لئے استعمال ہونا۔ النَّاسُ:(لوگ) أَيُّ کا بدل۔صفت مرفوع۔ إِنَّا:(بے شک ہم) مرکب :(اِنَّ+نَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ كُمْ:(تمہیں) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔ ذَكَرٍ:(نر۔مرد) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔أُنْثَى:(مادہ۔عورت) معطوف مجرور۔ تقدیراً مکسور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ جَعَلْنَا:(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ شُعُوبًا:(شَعْبٌ کی جمع۔ذاتیں۔قومیں۔شاخیں) منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(اور) حرف عطف۔قَبَائِلَ:(قَبِيلَةٌ کی جمع۔قبیلے۔) معطوف منصوب۔ لِ:(تاکہ) لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَعَارَفُوا :(تم پہچانوں) اصلاً تَتَعَارَفُوا تھا۔ایک تُ کو حذف کر دیا گیا۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَعَارَفَ يَتَعَارَفُ۔مصدر۔تَعَارُفٌ۔(پہچاننا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ۔ عَرَفَ يَعْرِفُ۔مصدر۔عِرْفَانًا۔مَعْرِفَةٌ۔(پہچاننا)۔ إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ أَكْرَمَ:(زیادہ بزرگی والا۔زیادہ عزت والا) افعل التفضیل۔إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ مجرور مضاف الیہ۔ عِنْدَ:(پاس) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ أَتْقَا:(زیادہ تقویٰ والا۔ زیادہ پرہیز گار۔زیادہ متقی) اصلاً اَوْقٰی تھا۔واؤ کو ت سے بدل دیا گیا ہے۔اس کا مصدر۔وَقْيٌ۔ہے۔ محلاً افعل التفضیل۔ مضاف۔اِنَّ کی

خبر مرفوع۔ كُمْ: (تمہارا) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلِيْمٌ: (خوب علم رکھنے والا) مبالغہ۔ اِنَّ کی خبر مرفوع۔ خَبِيْرٌ: (خوب خبر رکھنے والا) مبالغہ۔ اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہاری قومیں اور قبیلے بنائے۔ تاکہ ایک دوسرے کو شناخت کرو۔ اور اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیز گار ہے۔ بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا (اور) سب سے خبر دار ہے۔

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾

قَالَتِ: (اس نے کہا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن علامت تانیث۔ فاعل۔ ضمیر۔ مستتر تقدیراً هِيَ۔ کسرہ برائے اتصال۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (بات کرنا)۔ الْأَعْرَابُ: (دیہاتی۔ بدو۔ صحرائی لوگ) فاعل مرفوع۔ آمَنَّا: (ہم ایمان لائے) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ قُلْ: (تو کہہ دے) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ لَمْ: (نہیں) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ تُؤْمِنُوْا: (تم ایمان لاؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت۔ نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لٰكِنْ: (لیکن) حرف استدراک۔ قُوْلُوْا: (تم کہو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ أَسْلَمْنَا: (ہم نے اسلام لائے۔ ہم نے فرمان برداری کی) فعل ماضی جمع متکلم۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً۔ نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَسْلَمَ يُسْلِمُ۔ مصدر۔ اِسْلَامًا۔ (فرمان برداری کرنا۔ فرمان بردار ہونا) وَ: (حالانکہ) حالیہ۔ لَمَّا (جب) حرف نفی۔ جازم مضارع۔ ظرف زمان۔ شرطیہ۔ حِيْنَ کا ہم معنی۔ يَدْخُلِ: (داخل ہوتا ہے۔ ہوگا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔

مجزوم۔کسرہ برائے اتصال۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ الْإِيمَانُ:(ایمان۔یقین)فاعل۔مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ قُلُوْبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔ دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم مضارع۔ تُطِيعُوا:(تم اطاعت کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔فعل شرط۔ علامت نون اعرابی محذوف واوٗ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔اِطَاعَۃٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔ طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبر داری کرنا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ کی)منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلَ:(پیغمبر)معطوف منصوب۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يَلِتْ:(وہ کم کر دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔محلاً فعل جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ء ل ت)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَلَتَ يَلِتُ۔مصدر۔اَلْتًا۔(کمی کرنا۔کم کر دینا)۔ كُمْ: (تمہیں۔تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔أَعْمَالِ:(عَمَلٌ کی جمع۔ اعمال۔)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شَيْئًا:(کوئی شئے) منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔غَفُوْرٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: دیہاتی کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے۔کہہ دو کہ تم ایمان نہیں لائے (بلکہ یوں) کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ایمان تو ہنوز تمہارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا۔اور تم اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبر داری کروگے تو اللہ تمہارے اعمال سے کچھ کم نہیں کرے گا۔بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ ﴿١٥﴾

إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًإِنَّ کااسم منصوب۔ الْمُؤْمِنُونَ:(ایمان دار۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔مبتداء مرفوع۔إِخْوَةٌ:(اَخٌ کی جمع۔بھائی)خبر مرفوع۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًخبر مرفوع۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُولِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَرْتَابُوا:(وہ شک میں پڑے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔اِرْتَابَ يَرْتَابُ۔مصدر۔اِرْتِيَابٌ۔(شک میں پڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ی ب)اجوف یائی۔صیغہ۔رَابَ يَرِيْبُ۔مصدر۔رَيْبًا۔(کسی کو شک میں ڈالنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَاهَدُوا:(انہوں نے جہاد کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔مصدر۔مُجَاهَدَةٌ۔(کوشش کرنا۔جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ھ د)صیغہ۔جَهَدَ يَجْهَدُ۔مصدر۔جَهْدًا۔(کوشش کرنا۔جدوجہد کرنا۔محنت کرنا۔اپنے آپ کو تھکا دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْفُسِ:(جانوں)معطوف مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ أُولَئِكَ(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔برائے تقویة۔ الصَّادِقُونَ:(سچے۔سچ کرنے والے۔سچ بولنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: مومن تو وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر شک میں نہ پڑے اور اللہ کی راہ میں مال اور جان سے لڑے۔ یہی لوگ (ایمان کے) سچے ہیں۔

قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾

قُلْ:(آپ کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔أَ:(کیا)حرف استفہام۔ تُعَلِّمُوْنَ:(تم سکھاتے ہو۔تم آگاہ کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ يُعَلِّمُ ۔مصدر۔تَعْلِيْمٌ۔ (سکھانا) ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ يُعَلِّمُ ۔مصدر۔تَعْلِيْمٌ۔(سکھانا۔آگاہ کرنا) ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ اللَّهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ دِيْنِ: (دین۔ شریعت۔طریقہ۔اصول)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون ۔معطوف۔ منصوب۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ: (شئے)مجرور مضاف الیہ۔عَلِيْمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: ان سے کہو کیا تم اللہ کو اپنی دینداری جتلاتے ہو۔اور اللہ تو آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں سے واقف ہے۔اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔

يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾

يَمُنُّوْنَ:(وہ احسان کرتے ہیں۔نیکی کا کام کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(م ن ن)مضاعف۔صیغہ۔ مَنَّ يَمُنُّ۔مصدر۔مَنًّا۔(احسان کرنا۔احسان جتانا۔حسن سلوک سے پیش آنا)۔ عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔كَ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔أَنْ:(اگر)مصدریہ۔ناصب مضارع۔أَسْلَمُوْا:(وہ اسلام لائے۔انہوں نے فرمان برداری کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَسْلَمَ يُسْلِمُ۔مصدر۔اِسْلَامًا۔(فرمان برداری کرنا۔فرمان بردار ہونا)۔قُلْ:(آپ کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر

حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ لَّا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَمُنُّوْا:(وہ احسان کرتے ہیں۔نیکی کا کام کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ن ن) مضاعف۔صیغہ۔مَنَّ یَمُنُّ۔مصدر۔مَنًّا۔(احسان کرنا۔احسان جتانا۔حسن سلوک سے پیش آنا)۔ عَلَيَّ:(مجھ پر)مرکب :(عَلَيْ+يَّ)حرف جار۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور بالفتحہ۔تقدیراً مکسور۔ اِسْلَامَ:(اسلام)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بَلِ:(بلکہ)حرف اضراب مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال۔ اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ یَمُنُّ:(وہ احسان کرتا ہے۔نیکی کا کام کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ن ن)مضاعف۔صیغہ۔مَنَّ یَمُنُّ۔مصدر۔مَنًّا۔(احسان کرنا۔احسان جتانا۔حسن سلوک سے پیش آنا)۔عَلَيْ:(پر۔اوپر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَنْ:(کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔هَدَى:(اس نے راہنمائی کی۔ہدایت دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی)صیغہ۔هَدٰی یَهْدِیْ۔ تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْإِيمَانِ:(ایمان۔یقین)اسم مجرور۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔رافع۔اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔اور کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔صَادِقِيْنَ:(سچے۔سچ بولنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔كَانَ کی خبر منصوب۔علامت ی۔جواب شرط۔

ترجمہ آیت: یہ لوگ تم پر احسان رکھتے ہیں کہ مسلمان ہوگئے ہیں۔ کہہ دو کہ اپنے مسلمان ہونے کا مجھ پر احسان نہ رکھو۔بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کا رستہ دکھایا بشرطیکہ تم سچے(مسلمان) ہو۔

إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٨﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ)إِنَّ کا اسم منصوب۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل

م)صیغہ۔عَلِمَ یَعۡلَمُ۔مصدر۔عِلۡمًا۔(جاننا)۔ غَيۡبَ:(غیب۔پوشیدہ باتوں۔چیزوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کی)مجورر مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الۡأَرۡضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ بَصِيۡرٌ:(خوب جاننے والا)خبر مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔تَعۡمَلُوۡنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعۡمَلَ۔ مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت: بے شک اللہ آسمانوں اورزمین کی پوشیدہ باتوں کو جانتاہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اسے دیکھتا ہے۔

50 سُوۡرَۃُ قٓ

رکوعاتہا 3 | 50 سُوۡرَۃُ قٓ مَکِّیَّۃٌ 34 | اٰیاتہا 45

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قٓ ۟ۚ وَ الۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِیۡدِ ۚ﴿۱﴾

قٓ:(لقب نبی اکرم ﷺ)حرف از مقطعات۔ وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔ الۡقُرۡاٰنِ:(قرآن)مجرور مقسم بہ۔مضاف۔ الۡمَجِیۡدِ:(بہت بزرگی والا۔عظمت والا)اسم فاعل واحد مذکر۔مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: قٓ۔قرآن مجید کی قسم (کہ محمد پیغمبر اللہ ہیں۔)

بَلۡ عَجِبُوۡۤا اَنۡ جَآءَہُمۡ مُّنۡذِرٌ مِّنۡہُمۡ فَقَالَ الۡکٰفِرُوۡنَ ہٰذَا شَیۡءٌ عَجِیۡبٌ ۚ﴿۲﴾

بَلۡ :(بلکہ)حرف اضراب۔ عَجِبُوۡا:(انہیں تعجب ہوا)فعل ماضی۔جمع مذکر۔غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اھُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ب)صیغہ۔عَجِبَ یَعۡجَبُ۔مصدر۔عَجۡبًا۔(تعجب کرنا۔حیران ہونا۔) اَنۡ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ جَآءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیۡۂُ۔جِیۡءٌ۔مَجِیۡءٌ۔(آنا) ۔ ھُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مُنۡذِرٌ:(آگاہ کرنے والا۔تنبیہ کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔مبتداء مرفوع۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ ھُمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا)۔ الۡکَافِرُوۡنَ :(کافروں نے۔کفر کرنے والوں نے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ ھَذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مفوع۔ شَیۡءٌ:(شئے۔چیز)خبر مرفوع۔موصوف۔ عَجِیۡبٌ:(عجیب۔انوکھی)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: لیکن ان لوگوں نے تعجب کیا کہ انہی میں سے ایک ہدایت کرنے والا ان کے پاس آیا تو کافر کہنے لگے کہ یہ بات تو (بڑی) عجیب ہے۔

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ﴿۳﴾

أَئِذَا:(کیا جب) مرکب:(أَ+اِذَا) حرف استفہام۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ مِتْنَا:(ہم مر گئے) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت) اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔ مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا۔وفات پانا۔فوت ہونا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ كُنَّا:(ہم ہو جائیں گے) فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل مستتر نَحْنُ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔تُرَابًا :(مٹی) كَانَ کی خبر منصوب۔جواب محذوف۔ ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔ :(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء مرفوع رَجْعٌ:(واپس لوٹنا۔زندہ ہونا) خبر مرفوع۔موصوف۔بَعِيْدٌ:(بہت دور)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی ہو گئے (تو پھر زندہ ہوں گے؟) یہ زندہ ہونا (عقل سے) بعید ہے۔

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ﴿۴﴾

قَدْ:(یقیناً) حرف تحقیق۔ عَلِمْنَا:(ہم نے سیکھا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔ مَا:(جتنا) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ تَنْقُصُ:(تو کم کرتی ہے۔گھاٹا کھاتی ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ق ص) صیغہ۔نَقَصَ يَنْقُصُ۔مصدر۔نَقْصًا۔نُقْصًا۔(نقصان ہونا) الْأَرْضُ:(زمین) فاعل۔مرفوع۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔هُمْ: (ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(حالانکہ) حالیہ۔عِنْدَ:(پاس) ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كِتَابٌ:(کتاب) مبتداء موخر مرفوع۔موصوف۔ حَفِيْظٌ:(ایک یادداشت۔ محفوظ رکھنے والی) صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ان کے جسموں کو زمین جتنا (کھا کھا کر) کم کرتی جاتی ہے ہمیں معلوم ہے۔اور ہمارے پاس تحریری یادداشت بھی ہے۔

بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ﴿۵﴾

بَلْ :(بلکہ)حرف اضراب۔ كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْحَقِّ:(حق۔سچ)اسم مجرو۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلا۔منصوب۔ بمعنی۔حِيْنٌ۔(مضارع کو جزم دیتا ہے اور معانی ماضی میں بدل دیتا ہے۔)جازم مضارع۔قالب۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيْئٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا) ۔ هُمْ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔جواب شرط محذوف۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ أَمْرٍ:(معاملہ۔بات۔ حکم۔فیصلہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔ مَّرِيْجٍ:(الجھاہوا)صفت مجرور۔

ترجمہ آیت: بلکہ(عجیب بات یہ ہے کہ) جب ان کے پاس(دین) حق آپہنچاتو انہوں نے اس کو جھوٹ سمجھاسو یہ ایک الجھی ہوئی بات میں (پڑرہے) ہیں۔

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ﴿٦﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَنْظُرُوْا:(وہ دیکھیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر) صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظَرًا۔(دیکھنا)۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ فَوْقَ:(پر)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ كَيْفَ:(کیسے)اسم استفہام مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ بَنَيْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ب ن ء)مہموز اللام۔صیغہ۔بَنٰى يَبْنِيْ۔مصدر۔بِنَاءٌ۔(بنانا)۔ هَا: (اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔زَيَّنَّا:(ہم نے سنوارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔زَيَّنَ يُزَيِّنُ۔ مصدر۔تَزْيِيْنٌ۔ (سجانا۔خوبصورت بنانا۔ ملمع کرنا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًمنصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:

(نہیں)نافیہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ فُرُوْجٍ:(کوئی شگاف۔دراڑ۔)لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان کی طرف نگاہ نہیں کی کہ ہم نے اس کو کیونکر بنایا اور (کیونکر) سجایا اور اس میں کہیں شگاف تک نہیں۔

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ الْأَرْضَ:(زمین)منصوب۔ مفعول بہ۔ مَدَدْنَا:(ہم نے پھیلا دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ ل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (م د د)مضاعف۔صیغہ ۔مَدَّ يَمُدُّ۔مصدر۔ مَدًّا۔(مدد کرنا۔دراز کرنا۔پھیلا دینا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَلْقَيْنَا:(ہم نے ڈال دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ ل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصدر اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔ لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔لِقِيًّا۔لُقِيًّا۔ لُقًّى۔ لَقْيًا۔ (جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہوجانا۔)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ رَوَاسِيَ:(پہاڑ)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَنْبَتْنَا:(ہم نے اگایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنْبَتَ يُنْبِتُ ۔ مصدر۔اِنْبَاتٌ۔(اگانا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مِن:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ زَوْجٍ:(جوڑا۔ہر قسم۔نباتات میں بھی نرومادہ ہوتا ہے۔ورنہ افزائش ہی نہیں ہوسکتی)مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ بَهِيْجٍ:(خوشنما۔تروتازہ)صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور زمین کو (دیکھو اسے) ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑ رکھ دیئے اور اس میں ہر طرح کی خوشنما چیزیں اُگائیں۔

تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۸﴾

تَبْصِرَةً:(دکھلانا۔سمجھانا۔بصیرت)منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ ذِكْرَى:(زیادہ ذکر۔کثرت ذکر کے لئے بولا جاتا ہے) معطوف منصوب۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ كُلِّ :(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ عَبْدٍ:(بندہ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ مُّنِيْبٍ:(رجوع کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ محلاً صفت۔ مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تاکہ رجوع لانے والے بندے ہدایت اور نصیحت حاصل کریں۔

وَنَزَّلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنۡۢبَتۡنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الۡحَصِيۡدِ ﴿۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ نَزَّلۡنَا :(ہم نے اتارا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔ مصدر۔تَنۡزِيۡلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنۡزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوۡلٌ۔ (اترنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ مَاءً:(پانی)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ مُّبَارَ كًا: (برکت والا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَنۡبَتۡنَا:(ہم نے اگایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنۡبَتَ يُنۡبِتُ ۔مصدر۔اِنۡبَاتٌ۔(اگانا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔هِ: (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ جَنّٰتٍ:(باغات)منصوب۔مفعول بہٖ بالکسرہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ حَبَّ :(اناج۔غلہ۔دانے۔گندم اور جو وغیرہ)معطوف منصوب۔مضاف۔ الۡحَصِيۡدِ:(بیخ کندہ۔جڑ سے کٹا ہوا۔یعنی کاٹی جانے والی کھیتی کا اناج)اسم مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور آسمان سے برکت والا پانی اُتارا اور اس سے باغ وبستان اُگائے اور کھیتی کا اناج۔

وَالنَّخۡلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلۡعٌ نَّضِيۡدٌ ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔النَّخۡلَ:(کھجوریں)منصوب۔مفعول بہٖ۔بَاسِقَاتٍ:(بَاسِقَةٌ کی جمع۔لمبی لمبی)۔منصوب۔حال۔بالکسرہ۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ طَلۡعٌ:(شگوفہ۔گابھا۔خوشے)مبتدء مؤخر۔مرفوع۔موصوف۔نَّضِيۡدٌ:(تہہ در تہہ۔)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

اور لمبی لمبی کھجوریں جن کا گابھا تہہ بہ تہہ ہوتا ہے

رِّزۡقًا لِّلۡعِبَادِ ۙ وَاَحۡيَيۡنَا بِهٖ بَلۡدَةً مَّيۡتًا ؕ كَذٰلِكَ الۡخُرُوۡجُ ﴿۱۱﴾

رِزۡقًا:(رزق)منصوب۔مفعول لہٗ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ الۡعِبَادِ:(عَبۡدٌ کی جمع ۔بندوں کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَحۡيَيۡنَا:(ہم نے زندگی دی)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحۡيٰ يُحۡيِيۡ۔مصدر۔اِحۡيَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔اجوف یائی۔ناقص یائی۔ صیغہ۔حَيِيَ يَحۡيٰی۔ مصدر۔حَيَاةٌ۔(زندہ رہنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر

غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ بَلۡدَةً:(شہر کو)منصوب مفعول بہ۔موصوف۔ مَّيۡتًا:(مردہ)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ كَذٰلِكَ:(اس طرح) مرکب: (کَ+ذٰ+لِ+کِ)حرف تشبیہ وجار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد+خطابیہ۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم مرفوع۔ الۡخُرُوۡجُ: (نکلنا)مبتداءمؤخر۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:(یہ سب کچھ) بندوں کوروزی دینے کے لئے(کیاہے) اوراس(پانی) سے ہم نے شہر مردہ(یعنی زمین افتادہ) کوزندہ کیا۔(بس) اسی طرح(قیامت کے روز) نکل پڑناہے۔

كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ وَّاَصۡحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوۡدُ ﴿۱۲﴾

كَذَّبَتۡ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكۡذِيۡبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكۡذِبُ۔مصدر۔كِذۡبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔قَبۡلَ:(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَوۡمُ:(قوم)فاعل مرفوع۔مضاف۔ نُوۡحٍ:(نوحؑ کی)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اَصۡحٰبُ:(اصحاب۔ساتھ۔والے)معطوف مرفوع۔مضاف۔ الرَّسِّ:رسّ کے۔ایک کنوئیں کانام ہے)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ثَمُوۡدُ:(ثمود۔حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کانام)معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: ان سےپہلے نوح کی قوم اور کنوئیں والے اور ثمود جھٹلا چکے ہیں۔

وَعَادٌ وَّفِرۡعَوۡنُ وَاِخۡوَانُ لُوۡطٍ ﴿۱۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ عَادٌ:(عاد۔قوم کا نام)مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ فِرۡعَوۡنُ:(فرعون)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِخۡوَانُ:(اخ کی جمع۔بھائیوں)معطوف مرفوع۔مضاف۔لُوۡطٍ:(لوطؑ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور عاد اور فرعون اور لوط کے بھائی۔

وَّاَصۡحٰبُ الۡاَيۡكَةِ وَقَوۡمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيۡدِ ﴿۱۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ اَصۡحٰبُ:(ساتھی۔والے۔اصحاب۔دوست)معطوف مرفوع۔مضاف۔ الۡاَيۡكَةِ:(ایکہ۔جنگلوں میں رہنے والوں)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَوۡمُ:(قوم)معطوف مرفوع۔مضاف۔ تُبَّعٍ:(تبع۔)یمن کابادشاہ۔مجرور مضاف الیہ۔كُلٌّ:(تمام۔ہر ایک نے)مبتداء مرفوع۔ كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن۔علامت

ضمیر فاعل۔تانیث۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ الرُّسُلَ :(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ حَقَّ:(سچ ہوا۔ثابت ہو گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ق ق)مضاعف۔صیغہ۔حَقَّ يَحِقُّ۔مصدر۔ حَقًّا۔ (سچ کرنا۔حق کرنا)۔ وَعِيْدِ :(میرا وعدہ۔عذاب کا)اصلاً وَعِيْدِیْ تھا۔مرکب(وَعِيْدِ+یْ)فاعل۔مرفوع۔+ضمیر واحد متکلم۔محذوف۔اس کے عوض کسرہ لگائی گئی ہے۔

کتب کے حوالہ سے: سیدتنا عائشہ صدیقہ نے فرمایا تبع کو برا نہ کہو وہ مرد صالح تھا، آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے تبع کے بارے میں فرمایا کہ وہ اسلام لایا تھا. تبع نے دار ابوایوب آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے بنوایا تھا اور وصیت نامہ لکھا تھا کہ نبی آخر الزمان جب تشریف لائیں تو یہ گھر اور میرا پیام نیاز پیش خدمت کیا جائے، چنانچہ وہ خط ابو ایوب انصاری نے آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی خدمت میں پیش کیا۔ [4]اس خط میں یہ اشعار بھی تھے :

شهدتُ علی احمد أنّہٗ رسول من الله باری النسم فلو مد عمری الی عمرہ لکنتُ وزیراً لہٗ وابن عم خط کا مضمون ابن اسحق کی روایت کے مطابق یہ تھا : امّا بعد! فانی آمنتُ بک وبکتابک الذی أنزل علَیْک، وانا علی دینک وسنتکَ وآمنتُ بربک ورب کل شئ وآمنتُ بکل ما جاء من ربک من شرائع الاسلام فِان ادرکتُکَ فبھا ونعمت وان لم ادرککَ فاشفع لی ولا تنسنی یوم القیامة فانی من ربک من امتک الاولین وتابعتک قبل مجیئک وأنا علی ملتک وملت ابیک ابراهیم (علیہ السلام) ثم ختم الکتاب ونقش علیه، للہ الامر من قبل ومن بعد وکتب عنوانه الی محمد بن عبد اللہ نبی اللہ ورسوله خاتم النبیین و رسول رب العالمین (ﷺ) من تُبّع اول۔ واللہ اعلم بالصواب۔)

ترجمہ آیت: اور بن کے رہنے والے اور تُبّع کی قوم۔(غرض) ان سب نے پیغمبروں کو جھٹلایا تو ہمارا وعید (عذاب) بھی پورا ہو کر رہا۔

اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ۭ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿١٥﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ عَيِيْنَا:(ہم تھک گئے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ی ی)لفیف مقرون۔اجوف یائی۔+ناقص یائی۔صیغہ۔عَيِيَ يَعْيَىٰ۔مصدر۔عَيَاءٌ۔(تھک جانا۔اکتا جانا) بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْخَلْقِ:(پیدائش)اسم مجرور۔مضاف۔ الْأَوَّلِ:(پہلے۔پہلی بار۔)۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ لَبْسٍ:(شک)اسم مجرور۔ مِّنْ

:(میں)حرف جار۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔ خَلْقٍ:(پیدائش)اسم مجرور۔ موصوف۔ جَدِيْدٍ:(نئی۔از سرنو)اسم مفعول۔صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کیاہم پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں؟ (نہیں) بلکہ یہ از سرنو پیدا کرنے میں شک میں (پڑے ہوئے) ہیں۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿١٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ الْإِنْسَانَ:(انسان کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نَعْلَمُ:(ہم جانتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ مَا:(جو)موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب مفعول بہ۔ تُوَسْوِسُ:(وہ وہم ڈالتی ہے۔وسوسہ پیدا کرتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هِيَ۔رباعی مجرد۔باب فعلل۔مادہ۔(وس و س)صیغہ۔وَسْوَسَ يُوَسْوِسُ۔مصدر۔ وَسْوَاسًا۔(وسوسہ ڈالنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاًاسم مجرور۔ نَفْسُ:(جان)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ هٗ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاًمجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاًمبتداء مرفوع۔ أَقْرَبُ:(زیادہ قریب)افعل التفضیل۔محلاًخبر مرفوع۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاًاسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ حَبْلِ:(رسّی۔)اسم مجرور۔ مضاف۔ الْوَرِيْدِ:(وہ نالی جو دل کی طرف جاتی ہیں۔جو دل سے باہر کو جاتی ہیں ان کو شریان کہتے ہیں۔اس کی جمع۔اَلْاَوْرِيْدَةُ۔ حَبْلِ الْوَرِيْدِ کا معنی ہے ہے شاہ رگ۔جو نرخرہ کی دونوں جانب۔باریک سی تڑپتی ہوئی نالیاں ہیں۔جو دونوں ہاتھوں کے کی جانب بازو میں تڑپتی دکھائی دیتی ہیں۔وہ ان نالیوں کا حصہ ہے۔) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور ہم ہی نے انسان کو پیدا کیا ہے اور جو خیالات اس کے دل میں گزرتے ہیں ہم ان کو جانتے ہیں۔اور ہم اس کی رگ جان سے بھی اس سے زیادہ قریب ہیں۔

اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿١٧﴾

إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ يَتَلَقَّى:(وہ لینے آئے گا۔استقبال کرے گا)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَتَلَقّٰى يَتَلَقّٰى۔مصدر۔تَلَقِّيٌ۔(استقبال کرنا۔لینے آنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔لِقِيًّا۔لُقِيًّا۔لُقًى۔ لَقْيًا۔(ملاقات کرنا۔ملنا)۔ الْمُتَلَقِّيَانِ:(دو لینے والے)اسم فاعل۔تثنیہ مذکر۔ مرفوع۔ علامت الف۔نون اعرابی موجود۔محلاً فاعل۔مرفوع۔عَنِ:(سے)حرف جار۔الْيَمِيْنِ:(دائیں ہاتھ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ عَنِ:(سے)حرف جار۔ الشِّمَالِ :(بائیں جانب) اسم مجرور۔ قَعِيْدٌ:(ہم نشین)مبتداءمؤخر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: جب(وہ کوئی کام کرتا ہے تو) دو لکھنے والے جو دائیں بائیں بیٹھے ہیں، لکھ لیتے ہیں

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿١٨﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔ يَلْفِظُ:(پھنکتا ہے۔بولتا ہے۔)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ل ف ظ)صیغہ۔لَفَظَ يَلْفِظُ۔مصدر۔لَفْظًا۔(بولنا۔پھینکنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَوْلٍ:(بات)اسم مجرور۔ إِلَّا: (مگر)حرف حصر۔لَدَيْ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔رَقِيْبٌ:(نگران۔مانیٹر)مبتداءمؤخر۔مرفوع۔موصوف۔ عَتِيْدٌ:(ایک تیار شدہ)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کوئی بات اس کی زبان پر نہیں آتی مگر ایک نگہبان اس کے پاس تیار رہتا ہے۔

وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿١٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ جَاءَتْ جَاءَتْ: (وہ آئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا) ۔ سَكْرَةُ:(بے ہوشی)فاعل مرفوع۔مضاف۔ الْمَوْتِ:(موت)مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْحَقِّ:(حق کے۔ثبوت کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب ۔حال۔ ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ مَا :(جس سے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ كُنْتَ:(تو تھا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ

يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ۔محلاًاسم مجرور۔ تَحِيْدُ:(تو بھاگتا تھا۔کتراتا تھا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔حَادَ يَحِيْدُ۔مصدر۔حَيْدًا۔(کترانا۔دور بھاگنا)جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور موت کی بے ہوشی حقیقت کھولنے کو طاری ہو گئی۔(اے انسان) یہی (وہ حالت) ہے جس سے تو بھاگتا تھا۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿٢٠﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔نُفِخَ:(پھونکا جائے گا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الصُّوْرِ:(صور۔نرسنگا۔ناقوس۔کرناہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔(وہ)مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے +خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔ يَوْمُ:(دن)ظرف زمان۔ خبر مرفوع۔مضاف۔ الْوَعِيْدِ:(۔عذاب۔سزاء وعدہ کا)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور صور پھونکا جائے گا۔یہی (عذاب کے) وعید کا دن ہے

وَجَاۗءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَاۗئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿٢١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ جَاۗءَتْ: (وہ آئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْءُ۔جِيْءٌ۔مَجِيْءٌ (آنا) ۔ كُلُّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔فاعل مرفوع۔مضاف۔ نَفْسٍ:(جان)مجرور مضاف الیہ۔ مَّعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مضاف۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مذکر مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ سَاۗئِقٌ:(ڈرائیور۔ہانکنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔جملہ محلاً صفت۔مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ شَهِيْدٌ:(گواہی دینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہر شخص(ہمارے سامنے) آئے گا۔ایک (فرشتہ) اس کے ساتھ چلانے والا ہو گا اور ایک (اس کے عملوں کی) گواہی دینے والا۔

لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ ھٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاۗءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾

لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ قَدۡ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ كُنۡتَ:(تو تھا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔ مصدر۔ كَوۡنًا۔(ہونا)۔ فِيۡ:(میں)حرف جار۔ غَفۡلَةٍ:(غفلت۔بے خبری)اسم مجرور۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ كَشَفۡنَا:(ہم دور کر دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔ كَشَفَ يَكۡشِفُ۔مصدر۔ كَشۡفًا۔(دور کرنا۔) عَنۡ:(سے)حرف جار۔ كَ: (تجھ) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ غِطَآءَ:(پردے کو)منصوب۔مفعول بہ۔ كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ بَصَرُ:(نظر۔نگاہ۔بینائی۔اندرونی یا بیرونی)مبتداء مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیری) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ الۡيَوۡمَ:(آج)ظرف زمان۔منصوب۔ حَدِيۡدٌ:(لوہا۔سخت۔بہت ہی تیز)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (یہ وہ دن ہے کہ) اس سے تو غافل ہو رہا تھا۔اب ہم نے تجھ پر سے پردہ اُٹھا دیا۔تو آج تیری نگاہ تیز ہے۔

وَقَالَ قَرِيۡنُهٗ هٰذَا مَا لَدَىَّ عَتِيۡدٌ ﴿۲۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا)۔ قَرِيۡنُ:(ساتھی۔دوست۔قُرَنَآءُ۔جمع)فاعل۔مرفوع۔ مضاف۔ هٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هٰذَا:(یہ ہے)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ مبتداء مرفوع۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً بدل۔ هٰذَا مبدل منہ۔ لَدَيَّ:(میرے پاس)ظرف مکان۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بالفتحہ۔ عَتِيۡدٌ:(تیار ہے۔تیار شدہ)اسم مفعول۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اس کا ہم نشین (فرشتہ) کہے گا کہ یہ (اعمال نامہ) میرے پاس حاضر ہے۔

اَلۡقِيَا فِىۡ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيۡدٍ ﴿۲۴﴾

اَلۡقِيَا:(تم دونوں ڈال دو)فعل امر تثنیہ۔مذکر غائب۔علامت الف۔مجزوم۔نون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمَا۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلۡقٰى يُلۡقِيۡ۔مصدر۔اِلۡقَآءٌ۔(ڈالنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلۡقٰى۔مصدر۔لِقَآءً۔لُقِيَانًا۔ لُقۡيَةً۔تِلۡقَآءً۔ لُقِيًّا۔لُقۡيًا۔لُقًى۔لَقۡيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہو جانا۔)

فِي :(میں)حرف جار۔ جَهَنَّمَ :(دوزخ۔ جہنم)غیر منصرف۔اسم مجرور۔ كُلَّ :(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ كَفَّارٍ :(بڑے کافروں کی۔ناشکرے)مبالغہ۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ عَنِيْدٍ:(ضدی۔مخالف) مجرور ۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (حکم ہو گا کہ) ہر سرکش ناشکرے کو دوزخ میں ڈال دو۔

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿٢٥﴾

مَّنَّاعٍ:(بہت روکنے والا۔ منع کرنے والا)مبالغہ۔صفت ثانی۔مجرور۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ الْخَيْرِ:(بہتری۔اچھائی۔نیکی)اسم مجرور۔ مُعْتَدٍ:(حد سے بڑھنے والا۔ تجاوز کنے والا)اسم فاعل۔صفت ثالث۔مجرور۔ مُّرِيْبٍ:(شک میں ڈالنے والا)صفت رابع۔مجرور۔

ترجمہ آیت: جو مال میں بخل کرنے والا حد سے بڑھنے والا شبہے نکالنے والا تھا

الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿٢٦﴾

الَّذِي :(وہ جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا۔پیدا کیا۔ ٹھہرایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ إِلَهًا:(دو معبود۔) منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ آخَرَ:(دوسرا)صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ أَلْقِيَا:(تم دونوں ڈال دو)فعل امر تثنیہ۔مذکر غائب۔علامت الف۔مجزوم۔نون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔ لُقِيًّا۔لُقْيًا۔لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہوجانا۔)هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الْعَذَابِ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)اسم مجرور۔ موصوف۔ الشَّدِيْدِ:(سخت۔)مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جس نے اللہ کے ساتھ اور معبود مقرر کر رکھے تھے۔ تو اس کو سخت عذاب میں ڈال دو۔

قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿٢٧﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ قَرِیْنُ:(دوست۔ساتھی)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ رَبَّنَا:(اے ہمارے رب)مرکب:(یَا+رَبَّ+نَا)حرف نداء۔ محذوف۔+منادیٰ۔منصوب۔مضاف۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَآ:(نہیں)نافیہ۔اَطْغَیْتُ:(میں نے سرکش بنایا۔نافرمان۔گمراہ کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطْغٰی یُطْغِیْ۔مصدر۔اِطْغَآءٌ۔(سرکش بنانا۔باغی بنانا۔گمراہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح+نصر۔مادہ(ط غ ی+ط غ و)ناقص یائی۔ناقص واوی۔صیغہ جات۔طَغٰی یَطْغٰی۔مصدر۔طَغْیًا۔طُغْیَانًا۔(حد سے نکل جانا)+طَغَا یَطْغُو ۔مصدر۔طُغُوًّ۔طُغْوَانًا۔(طغیانی آنا۔پانی کا دریا سے باہر آنا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰکِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔کَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ ضَلٰلٍ:(گمراہی)اسم مجرور۔موصوف۔ بَعِیْدٍ:(دور کی۔صریحاً)مجرور صفت۔

ترجمہ آیت: اس کا ساتھی (شیطان) کہے گا کہ اے ہمارے پروردگار میں نے اس کو گمراہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ آپ ہی رستے سے دور بھٹکا ہوا تھا۔

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَیَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَیْکُمْ بِالْوَعِیْدِ ﴿۲۸﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَخْتَصِمُوْا:(تم دشمنی کرو)فعل مضارع جمع حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِخْتَصَمَ یَخْتَصِمُ۔ مصدر۔اِخْتِصَامٌ۔(باہم جھگڑا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ص م)صیغہ۔خَصَمَ یَخْصِمُ ۔مصدر۔خَصْمًا۔(جھگڑا کرنا۔دشمنی کرنا)۔ لَدَيَّ:(میرے پاس)مرکب:(لَدَيْ+یَ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔محذوف۔مجرور مضاف الیہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ قَدَّمْتُ:(میں نے پہلے بھیج دیا تھا)فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّمَ

يُقَدِّمُ۔مصدر۔تَقْدِيْمًا۔(آگے بھیجنا)۔ اِلَيَّ:(طرف)حرف جار۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ۔)حرف جار۔ الْوَعِيْدِ:(کیا ہوا وعدہ۔عذاب۔ڈراوا۔)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (اللہ) فرمائے گا کہ ہمارے حضور میں ردوکد نہ کرو۔ہم تمہارے پاس پہلے ہی (عذاب کی) وعید بھیج چکے تھے۔

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۲۹﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔ يُبَدَّلُ:(اس نے تبدیل کرتا ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَدَّلَ يُبَدِّلُ۔مصدر۔تَبْدِيْلًا۔(بدلنا۔) الْقَوْلُ:(بات۔قول)فاعل۔مرفوع۔ لَدَيَّ:(میرے پاس)مرکب:(لَدَيْ+ی)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔محذوف۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔لَيْسَ کا عمل۔رافع خبر۔ناصب اسم۔ اَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مَا کا اسم مرفوع۔ بِ:(ساتھ)زائدہ۔برائے تقوية نفی۔ظَلَّامٍ:(بہت ظلم)مبالغہ۔لفظاً مجرور محلاً مَا کی خبر مرفوع۔ لِ:(لئے۔پر)حرف جار۔الْعَبِيْدِ:(عبد کی جمع۔بندوں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: ہمارے ہاں بات بدلا نہیں کرتی اور ہم بندوں پر ظلم نہیں کیا کرتے۔

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔نَقُوْلُ:(ہم کہیں گے۔پوچھیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔ جَهَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ)اسم مجرور۔ هَلِ:(کیا)حرف استفہام۔کسرہ برائے اتصال۔ امْتَلَاْتِ:(تو بھر گئی)فعل ماضی واحد مؤنث حاضر۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتِ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِمْتَلَى يَمْتَلِيْ۔مصدر۔اِمْتِلَاءً۔(بھرنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(م ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔مَلَا يَمْلُوْ۔مصدر۔مَلْوًا۔(تیز گام۔تیزی سے چلنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ تَقُوْلُ:(وہ کہے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ مَّزِيْدٍ:(مزید۔زیادہ)لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مرفوع۔خبر محذوف۔"هَلْ هناک مزید "۔

ترجمہ آیت: اس دن ہم دوزخ سے پوچھیں گے کہ کیا تو بھر گئی؟ وہ کہے گی کہ کچھ اور بھی ہے؟

وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أُزْلِفَتِ:(وہ قریب کردی جائے گی)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث غائب۔تُ ساکن علامت تانیث۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ الْجَنَّةُ:(جنت)نائب فاعل۔مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُتَّقِيْنَ:(تقویٰ اختیار کرنے والوں کے۔پرہیز گاروں کے۔متقیوں کے)اسم مجرور۔علامت ۔ی۔ غَيْرَ :(نہیں)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ بَعِيْدٍ: (دور)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور بہشت پرہیز گاروں کے قریب کردی جائے گی(کہ مطلق)دور نہ ہوگی۔

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿۳۲﴾

هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مَا:(جس کا)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ تُوْعَدُوْنَ:(تم وعدہ دیئے جاتے ہو)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔ وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ أَوَّابٍ:(رجوع کرنے والے)مبالغہ۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ حَفِيْظٍ:(نگرانی کرنے والا۔نگہبان۔حفاظت کرنے والا)مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: یہی وہ چیز ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا(یعنی) ہر رجوع لانے والے حفاظت کرنے والے سے۔

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ﴿۳۳﴾

مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔كُلِّ کا بدل۔مجرور۔ خَشِيَ:(وہ ڈرا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَشِيَ يَخْشٰی۔ مصدر۔ خَشْيَةٌ۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔ الرَّحْمٰنَ:(رحمان۔بلا مشقت دینے والا)منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْغَيْبِ:(پوشیدہ۔غیب)اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِيْءٌ۔ (آنا) ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ قَلْبٍ:(دل)اسم مجرور۔ مضاف۔ مُّنِيْبٍ:(رجوع کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جو اللہ سے بن دیکھے ڈرتا ہے اور رجوع لانے والا دل لے کر آیا۔

ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾

اُدْخُلُوْ:(تم داخل ہو جاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واو جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(دخل)صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔ هَا:(اس میں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ سَلَامٍ:(سلامتی۔آرام۔سکون کے)اسم مجرور۔ ذٰلِكَ: (وہ)) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔ یَوْمُ: (دن)ظرف زمان۔خبر مرفوع۔مضاف۔ الْخُلُوْدِ:(ہمیشہ ہمیشہ رہنے کا) مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اس میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿٣٥﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ یَشَاۤؤُوْنَ:(وہ چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ ۔شَاءَ یَشَاءُ۔مصدر۔ مَشِیْئَةٌ۔ (مرضی)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَدَيْ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَزِيْدٌ:(مزید۔اور۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہاں وہ جو چاہیں گے ان کے لئے حاضر ہے اور ہمارے ہاں اور بھی (بہت کچھ) ہے۔

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿٣٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ كَمْ:(کتنی)خبریہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مقدم۔ اَهْلَكْنَا:(ہم نے ہلاک کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔ مصدر۔ اِهْلَاكٌ۔ (ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔مصدر۔ هَلْكًا۔هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا۔)۔قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ قَرْنٍ :(پہلے لوگ۔امت۔صدی۔ایک ہی زمانے کے لوگ)اسم مجرور۔ هُمْ:(اس کے)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اَشَدُّ:(زیادہ سخت)افعل

التفضیل۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ هُمۡ:(اس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ بَطۡشًا:(سخت پکڑ۔گرفت۔قوت۔ سختی)منصوب۔تمیز۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔نَقَّبُوۡا:(انہوں نے نگرانی کی۔گشت کرنے لگے۔چھاننے لگے۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُمۡ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔نَقَّبَ یُنَقِّبُ۔مصدر ۔نَقِیۡبًا۔(نگرانی کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ن ق ب)صیغہ۔نَقَبَ یَنۡقُبُ۔مصدر۔نَقۡبًا۔(سیند لگانا۔دیوار میں سوراخ نکالنا) ۔ فِیۡ :(میں)حرف جار۔ الۡبِلَادِ:(بَلَدٌ کی جمع۔شہروں)اسم مجرور۔ هَلۡ:(کیا)حرف استفہام۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ مَّحِیۡصٍ:(جائے پناہ۔بھاگنے کی جگہ۔بچنے کی جگہ)لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مرفوع۔خبر محذوف۔"لَهُمۡ"

ترجمہ آیت: اورہم نے ان سے پہلے کئی اُمتیں ہلاک کرڈالیں۔وہ ان سے قوت میں کہیں بڑھ کر تھےوہ شہروں میں گشت کرنے لگے۔کیا کہیں بھاگنے کی جگہ ہے؟

اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَذِکۡرٰی لِمَنۡ کَانَ لَہٗ قَلۡبٌ اَوۡ اَلۡقَی السَّمۡعَ وَ ہُوَ شَہِیۡدٌ ﴿۳۷﴾

إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ فِيۡ:(میں)حرف جار۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔ لَ: (بلاشبہ) لائے تاکید۔مزحلقہ۔ ذِكۡرٰى:(بہت زیادہ ذکرکے)اسم مجرور۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مَنۡ:(جس کے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستترهُوَ۔ محلاًكَانَ کااسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر مقدم۔مرفوع۔قَلۡبٌ:(دل)كَانَ کااسم مؤخر مرفوع۔ أَوۡ:(یا)حرف عطف۔ اَلۡقَى:(اس نے ڈالا۔وہ لگائے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَلۡقٰى يُلۡقِيۡ۔ مصدر۔اِلۡقَاءٌ۔(ڈالنا۔لگانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلۡقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقۡيَانًا۔ لُقۡيَةً۔تِلۡقَاءً ۔ لُقِيًّا۔لُقۡيًا۔لُقًى۔لَقۡيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہوجانا۔) السَّمۡعَ: (کان۔سماعت۔کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔شَهِيۡدٌ:(گواہ۔شاہد۔موجود۔حاضر)اسم فاعل۔واحد مذکر۔خبر مرفوع۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: جو شخص دل (آگاہ) رکھتا ہے یا دل سے متوجہ ہو کر سنتا ہے اس کے لئے اس میں نصیحت ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿٣٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَلَقْنَا :(ہم نے پیدا کیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ السَّمَاوَاتِ :(آسمانوں کو)جمع مؤنث۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْأَرْضَ:(زمین)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف منصوب۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ هُمَا:(دونوں کے)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ سِتَّةِ:(چھ)اسم عدد مجرور۔مضاف۔ أَيَّامٍ :(دن۔وقفہ۔کیونکہ اس وقت دن رات کا تصور نہ تھا۔روشنی نہیں تھی۔صرف صرف اندھیرا ہی اندھیرا تھا۔ترجمہ دن درست نہیں)ظرف زمان۔مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ مَا :(نہیں)نافیہ۔ مَسَّ:(اس نے چھوا۔وہ پہنچا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمَسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔سزا دینا۔پہنچنا)۔ نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔الُّغُوْبٍ:(کوئی تھکاوٹ۔)لفظاً مجرور۔محلاً مرفوع۔فاعل۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) ان میں ہے سب کو چھ دن میں بنا دیا۔اور ہم کو ذرا تکان نہیں ہوئی۔

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿٣٩﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔ اِصْبِرْ :(استقامت دکھا۔ڈٹا رہ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ سَبِّحْ:(تو تسبیح کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ سَبَّحَ

يُسَبِّحُ۔ مصدر۔تَسْبِيْحًا۔ (تسبیح کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔حَمْدِ:(تعریف)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔کَ:(اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلا مجرور مضاف الیہ۔قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔طُلُوْعِ:(نکلنے سے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔الشَّمْسِ:(سورج)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ قَبْلَ: (پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔مضاف۔ غُرُوْبِ:(غروب ہونے سے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: توجوکچھ یہ (کفار) بکتے ہیں اس پر صبر کرو اور آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ اللَّيْلِ:(رات)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ سَبِّحْ:(احکام الٰہی پر جلدی جلدی عمل پرا ہو۔تسبیح کر۔) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(تسبیح کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ أَدْبَارَ :(دُبُرٌ کی جمع۔پشتیں۔پیٹھیں۔پیچھے۔) السُّجُوْدِ:(سجدہ کرنا۔ہمیشہ عاجزانہ رویہ رکھنا۔صلوٰۃ کے بارے میں۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور رات کے بعض اوقات میں بھی اور نماز کے بعد بھی اس (کے نام) کی تنزیہ کیا کرو

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِسْتَمِعْ:(توغور سے سن) فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِسْتَمَعَ يَسْتَمِعُ مصدر۔اِسْتِمَاعٌ۔(غور سے سننا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)۔ صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر سَمْعًا۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ يُنَادِ:(وہ پکارے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔محل اعراب آخر حرف علت۔ی۔ محذوف۔تقدیراً مضموم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔مادہ۔(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰی يُنَادِيْ۔ مصدر۔ مُنَادَاةٌ۔(آواز دینا۔پکارنا)۔ الْمُنَادِ: (پکارنے والا)اسم فاعل۔آخر سے حرف علت۔ ی۔ محذوف۔تقدیراً مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ مَّكَانٍ: (جگہ۔

مکان۔مقام)ظرف مکان۔ محلاً اسم مجرور۔موصوف۔ قَرِيْبٍ:(بہت نزدیک۔بہت قریب۔)مجرورصفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور سنو جس دن پکارنے والا نزدیک کی جگہ سے پکارے گا۔

يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾

يَوْمَ:(دن)بدل ۔ يَوْمَ مبدل منہ ۔سابقہ۔ظرف زمان۔منصوب۔ يَسْمَعُوْنَ:(وہ سنیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(سننا)۔ الصَّيْحَةَ:(چیخ۔شدت کی آواز۔ ایک دوسرے کو زور زور سے بلانا،پکارنا)منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْحَقِّ:(حق۔ثبوت)اسم مجرور۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+ خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَوْمُ:(دن)ظرف زمان۔خبر مرفوع۔مضاف۔ الْخُرُوْجِ:(نکل پڑنے کا"قبروں سے۔یعنی یوم الحشر")مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جس دن لوگ چیخ یقیناً سن لیں گے۔وہی نکل پڑنے کا دن ہے۔

اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾

اِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب: (اِنَّ+نا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ نُحْيِي:(ہم زندہ کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔جملہ محلاً نَحْنُ مبتداء کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰ يُحْيِي۔مصدر۔اِحْيَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ح ی ی) مضاعف۔ لفیف مقرون۔اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰى۔ مصدر۔حَيَاةٌ۔(زندہ رہنا)۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ نُمِيْتُ:(ہم مارتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمَاتَ يُمِيْتُ۔مصدر۔اِمَاتَةٌ۔(موت دینا۔مارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا۔فوت ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اِلَيْ:(طرف)حرف جار۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔۔ الْمَصِيْرُ:(لوٹنے کی جگہ۔ٹھکانہ)ظرف مکان۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ہم ہی تو زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے۔

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصب۔ تَشَقَّقُ:(وہ پھٹ جائے گی)اصلاً تَتَشَقَّقُ تھا۔ایک ت محذوف۔برائے تخفیف۔ فعل مضارع مجہول۔واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔تَشَقَّقَ يَتَشَقَّقُ۔مصدر۔ تَشَقُّقٌ:(پھٹ جانا)۔ الْأَرْضُ:(زمین)فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ سِرَاعًا:(جلدی جلدی۔جھٹ پٹ۔دوڑنے والے۔) منصوب۔حال۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے +خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء مرفوع۔حَشْرٌ:(جمع کرنا۔اکٹھا کرنا)خبر مرفوع۔موصوف۔عَلَيْ:(پر)حرف عطف۔نَا:(ہمارے لئے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَسِيْرٌ:(آسان ہے)صفت مرفوع۔

اس دن زمین ان پر سے پھٹ جائے گی اور وہ جھٹ پٹ نکل کھڑے ہوں گے۔یہ جمع کرنا ہمیں آسان ہے

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿٤٥﴾

نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَعْلَمُ:(خوب جاننا)افعل التفضيل۔محلاً خبر مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں۔کہیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً فاعل مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ليس کا عمل۔ أَنْتَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔محلاً کا اسم مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔برائے تقوية نفی۔ جَبَّارٍ:(جبر کرنے والا۔زبردستی کرنے والا)مبالغہ۔لفظاً مجرور۔محلاً خبر مرفوع۔ فَ:(تو)حرف عطف۔ذَكِّرْ:(ذکر کر۔نصیحت کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔محل اعراب ساکن۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ذَكَّرَ يُذَكِّرُ مصدر۔تَذْكِيْرًا۔(ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْقُرْآنِ:(قرآن مجید)اسم مجرور۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ يَخَافُ:(وہ ڈرتا ہے۔ڈرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔محلاً اعراب مضموم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا)۔

وَعِيْدِ:(میرے عذاب کے وعدے) اصلاً وَعِيْدِ+یْ تھا۔ مفعول بہٖ تقدیراً منصوب۔ مضاف۔ + ضمیر یائے متکلم۔ محذوف۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں ہمیں خوب معلوم ہے اور تم ان پر زبردستی کرنے والے نہیں ہو۔ پس جو ہمارے (عذاب کی) وعید سے ڈرے اس کو قرآن سے نصیحت کرتے رہو۔

51 سُوۡرَةُ الذّٰرِيٰتِ

رکوعاتها 3   51 سُوۡرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ 67   اٰياتها 60

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کانام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرۡوًا ﴿۱﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔ الذَّارِيَاتِ:(بکھیرنے والیاں کی)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔ مقسم بہ۔اسم مجرور۔ ذَرْوًا:(اڑانا۔اڑا کرخراب کرنا)۔مفعول مطلق۔منصوب۔(اَلرِّيَاحُ آندھیوں۔ہواؤں کی صفت جو کہ محذوف ہے)

ترجمہ آیت: بکھیرنے والیوں کی قسم جو اُڑا کر بکھیر دیتی ہیں۔

فَالۡحٰمِلٰتِ وِقۡرًا ﴿۲﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔ الۡحَامِلَاتِ:(اٹھانے والیاں)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔معطوف مجرور۔وِقۡرًا:(بوجھ "پانی کا")منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: پھر (پانی کا) بوجھ اٹھاتی ہیں۔

فَالۡجٰرِيٰتِ يُسۡرًا ﴿۳﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔ الۡجَارِيَاتِ:(چلنے والیاں) اسم فاعل۔جمع مؤنث۔ معطوف مجرور۔يُسۡرًا:(سیر کرنا۔ آرام سے چلنا)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: پھر آہستہ آہستہ چلتی ہیں۔

فَالۡمُقَسِّمٰتِ اَمۡرًا ﴿۴﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔ الۡمُقَسِّمَاتِ:(تقسیم کرنے والیاں) اسم فاعل۔جمع مؤنث۔ معطوف مجرور۔ أَمۡرًا:(معاملات۔احکام۔چیزوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: پھر چیزیں تقسیم کرتی ہیں

اِنَّمَا تُوۡعَدُوۡنَ لَصَادِقٌ ﴿۵﴾

اِنَّمَا:(در حقیقت۔صرف اور صرف)کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ تُوۡعَدُوۡنَ:(تم وعدہ کئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاًنائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنۡتُمۡ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(و ع د) مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ یَعِدُ۔مصدر۔وَعۡدًا۔(وعدہ کرنا)۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ صَادِقٌ:(سچ کرنے والے۔سچ بولنے والے)اسم فاعل۔واحد مذکر۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ سچا ہے۔

وَّاِنَّ الدِّيۡنَ لَوَاقِعٌ ﴿۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب الدِّيۡنَ:(دین۔اصول۔طریقہ۔شریعت) اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔وَاقِعٌ:(گرنے والی۔واقع ہونے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور انصاف(کا دن) ضرور واقع ہو گا۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الۡحُبُكِ ﴿۷﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔ السَّمَآءِ:(آسمان)اسم مجرور۔موصوف۔ ذَاتِ:(ذُو کی مؤنث۔والا)صفت مجرور۔مضاف۔ الۡحُبُكِ:(مضبوط کی ہوئی شے۔پانی یا ریت میں پیدا ہونے والی لہر۔ستاروں کے درمیان کا راستہ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور آسمان کی قسم جس میں رستے ہیں۔

اِنَّكُمۡ لَفِىۡ قَوۡلٍ مُّخۡتَلِفٍ ﴿۸﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ كُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)برائے تاکید۔مزحلقہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔ قَوۡلٍ:(بات۔قول۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مقدم۔مرفوع۔موصوف۔ مُّخۡتَلِفٍ:(مخالفت والی۔اختلاف والی۔جھگڑے والی)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاًصفت مجرور۔۔

ترجمہ آیت: کہ(اے اہل مکہ) تم ایک متناقض بات میں (پڑے ہوئے) ہو۔

يُّؤۡفَكُ عَنۡهُ مَنۡ اُفِكَ ﴿۹﴾

يُؤْفَكُ :(وہ پھیرا جاتا ہے۔بہکایا جاتا ہے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ء ف ک)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَفَکَ يَاْفِکُ۔مصدر۔اِفْكًا۔(جھوٹ بولنا۔پھیرنا۔بہتان لگانا۔جھوٹ گھڑنا)۔عَنۡ:(سے)حرف جار۔ هٗ :(اس)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ مَنۡ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًنائب فاعل۔ أُفِكَ :(وہ پھیر دیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ء ف ک)مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَفَکَ يَاْفِکُ۔مصدر۔اِفْكًا۔(جھوٹ بولنا۔پھیرنا۔بہتان لگانا۔جھوٹ گھڑنا)۔

ترجمہ آیت: اس سے وہی پھرتا ہے جو (اللہ کی طرف سے) پھیرا جائے۔

قُتِلَ الۡخَرّٰصُوۡنَ ﴿۱۰﴾

قُتِلَ:(وہ قتل کیا گیا۔وہ ہلاک کیا گیا) فعل ماضی مجہول۔واحدمذکرغائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔جھگڑا کرنا۔حق سلب کردینا)۔ الْخَرّٰصُوۡنَ:(اٹکل پچو لگانے والے۔بکواس کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔مبالغہ کاصیغہ۔محلاًنائب فاعل۔

ترجمہ آیت: اٹکل دوڑانے والے ہلاک ہوں۔

الَّذِيۡنَ هُمۡ فِىۡ غَمۡرَةٍ سَاهُوۡنَ ﴿۱۱﴾

الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًصفت۔مرفوع۔ هُمۡ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِيۡ :(میں)حرف جار۔ غَمۡرَةٍ:(غفلت۔جہالت۔) اسم مجرور۔ سَاهُوۡنَ:(بھول جانے والے)اصلاً سَاهِيُوۡنَ تھا۔ماقبل۔مکسور ہونے کی وجہ سے۔ی۔حرف علت محذوف۔اسم فاعل۔جمع مذکر۔(ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ہ و)ناقص واوی۔صیغہ۔سَهَا يَسْهُو۔مصدر۔سَهْوًا۔سُهُوًّا۔(نظر انداز کرنا۔بے خبر ہونا۔بھول جانا))۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو بے خبری میں بھولے ہوئے ہیں۔

يَسۡـَٔلُوۡنَ اَيَّانَ يَوۡمُ الدِّيۡنِ ﴿۱۲﴾

يَسْـَٔلُوْنَ:(وہ سوال کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(س ء ل) مہموز العین۔ صیغہ۔ سَالَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔ اَيَّانَ:(وقت پوچھے کے لئے مستعمل ہے۔ بمعنی مَتٰى۔ کب؟)اسم استفہام۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ يَوْمُ: (دن)مبتداء مرفوع۔ ظرف زمان۔ مضاف۔ الدِّيْنِ:(دین۔ اصول۔ شریعت۔ قانون۔ حساب کتاب۔ فیصلہ کا) مجرور مضاف الیہ۔ جملہ محلاً منصوب۔ مفعول۔

ترجمہ آیت: پوچھتے ہیں کہ جزا کا دن کب ہو گا؟

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ هُمْ:(وہ) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ النَّارِ:(آگ)اسم مجرور۔ يُفْتَنُوْنَ:(وہ آزمائش میں ڈالیں جائیں گے۔ آگ میں تپائے جائیں گے) فعل مضارع مجہول۔ جمع مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ف ت ن)صیغہ۔ فَتَنَ يَفْتِنُ۔ مصدر۔ فَتْنًا۔ فُتُوْنًا۔(آزمانا۔ آزمائش میں ڈالنا۔ آگ میں تپانا)۔ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اُس دن (ہو گا) جب ان کو آگ میں عذاب دیا جائے گا۔

ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾

ذُوْقُوْا :(مزہ چکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ محلاً نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔ صیغہ۔ ذَاقَ يَذُوْقُ ۔ مصدر۔ ذَوْقًا۔ (چکھنا)۔ فِتْنَتَ:(پرکھنا۔ آگ میں ڈال کر سونا کندن بنانا۔ فتنہ۔ آزمائش۔ آگ میں تپانا۔ بہکانا۔ جلنا۔ سزاء)اسم منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔ كُمْ:(تم ۔ اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً خبر مرفوع۔ كُنْتُمْ:(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ فاعل ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ تَسْتَعْجِلُوْنَ:(تم جلدی طلب کرتے ہو۔ جلدی مچانا) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَعْجَلَ

يَسْتَعْجِلُ۔مصدر۔اِسْتَعْجَالٌ۔(جلدی کی خواہش کرنا) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ل)۔عَجِلَ يَعْجَلُ۔مصدر۔عَجَلًا۔عَجَلَةً۔(جلدی کرنا)جملہ محلاًکَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اب اپنی شرارت کامزہ چکھو۔یہ وہی ہے جس کے لئے تم جلدی مچایا کرتے تھے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔ الْمُتَّقِيْنَ:(پرہیز گار۔اللہ جل جلالہٗ سے ڈرنے والے)کا اسم منصوب۔علامت ۔ی۔ فِي:(میں)حرف جار۔ جَنَّاتٍ :(باغات)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔عُيُوْنٍ:(چشمے)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: بے شک پرہیز گار بہشتوں اور چشموں میں (عیش کررہے) ہوں گے

اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾

آخِذِينَ:(پکڑنے والے۔لینے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔منصوب۔حال۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ آتَا:(اس نے دی۔ آفاقی ترجمہ۔وہ دے گا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(آنا۔دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔رَبُّ:(ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانُوا :(وہ ہوں)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر ۔رافع اسم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔اور کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔ صیغہ۔کَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔ (ہونا)۔ قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔ مرکب: (ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے +خطاب کے لئے۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُحْسِنِيْنَ:(احسان کرنے والے۔نیکوکار)اسم فاعل۔جمع مذکر۔کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اور) جو جو(نعمتیں) ان کا پروردگار انہیں دیتا ہو گا ان کو لے رہے ہوں گے۔بے شک وہ اس سے پہلے نیکیاں کرتے تھے۔

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿١٧﴾

كَانُوْا:(وہ ہوں) فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ اور كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ قَلِيْلًا:(تھوڑا)نائب ظرف زمان۔منصوب۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الَّيْلِ:(رات)اسم مجرور۔ مَا:(جو)برائے تاکید۔زائدہ۔ يَهْجَعُوْنَ:(وہ سویا کرتا ہے۔سکون کی نیند لیتا ہے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ہ ج ع)۔صیغہ۔هَجَعَ يَهْجَعُ۔مصدر۔هُجُوْعٌ۔(پر سکون نیند۔)محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: رات کے تھوڑے سے حصے میں سوتے تھے۔

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿١٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْأَسْحَارِ:(سَحْرٌ کی جمع۔کئی صبح)اسم مجرور۔ هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَسْتَغْفِرُوْنَ:(وہ مغفرت طلب کرتے ہیں)فعل مضارع۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔اِسْتِغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اوقات سحر میں بخشش مانگا کرتے تھے۔

وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿١٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ أَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَقٌّ:(حق۔سچ۔ مستحق۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ السَّآئِلِ:(سوال کرنے والا۔مانگنے والا)اسم فعل۔واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْمَحْرُوْمِ:(خالی۔جن کے پاس کچھ نہیں)اسم مفعول۔واحد مذکر۔

ترجمہ آیت: اور ان کے مال میں مانگنے والے اور نہ مانگنے والے (دونوں) کا حق ہوتا تھا۔

وَفِي الْأَرْضِ آيَاتٌ لِّلْمُوقِنِينَ ﴿٢٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ فِي :(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ آيَاتٌ: (آیات۔ نشانیاں)مبتداء مؤخر مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔الْمُوقِنِينَ:(یقین کرنے والوں۔ایمان داروں کے)اسم مجرور۔علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور یقین کرنے والوں کے لئے زمین میں (بہت سی) نشانیاں ہیں

وَفِي أَنفُسِكُمْ ۚ أَفَلَا تُبْصِرُونَ ﴿٢١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ فِي:(میں)حرف جار۔ أَنفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔ فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تُبْصِرُونَ:(تم دیکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَبْصَرَ يُبْصِرُ۔مصدر۔إِبْصَارٌ۔(دیکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ب ص ر)صیغہ۔بَصُرَ يَبْصُرُ۔مصدر۔ بَصَارَةٌ۔(دیکھنے والا ہونا۔بینا ہونا۔دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور خود تمہارے نفوس میں تو کیا تم دیکھتے نہیں؟۔

وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ﴿٢٢﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔فِي:(میں)حرف جار۔السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ رِزْقُ:(رزق)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:() تُوعَدُونَ:(تم وعدہ کئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(و ع د) مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور تمہارا رزق اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے آسمان میں ہے۔

فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَا أَنَّكُمْ تَنطِقُونَ ﴿٢٣﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ وَ:(قسم ہے)حرف جار۔ قسمیہ۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مقسم بہ۔مضاف۔السَّمَاءِ:(آسمان)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع

خبر۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًإِنّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔ حَقٌّ:(حق۔سچ)إِنّ کی خبر مرفوع۔ مِّثْلَ:(مانند۔مثل۔)منصوب۔حال۔مَا:(جو)زائدہ۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر ضمہ۔محلاًإِنّ کا اسم منصوب۔ تَنْطِقُوْنَ :(تم بولتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ط ق)۔صیغہ۔نَطَقَ يَنْطِقُ۔مصدر۔نُطْقًا۔(بولنا۔)۔جملہ محلاًإِنّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو آسمانوں اور زمین کے مالک کی قسم! یہ (اسی طرح) قابل یقین ہے جس طرح تم بات کرتے ہو۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۴﴾

هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ اَتَا:(وہ آگیا۔وہ آپ کے پاس آئی ہے" حَدِيْثُ۔خبر") فعل ماضی واحد مذکر غائب۔۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ كَ :(تجھ کو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ حَدِيْثُ:(خبر ۔بات۔کہانی)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ ضَيْفِ:(مہمان کی)مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ مضاف۔ إِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْمُكْرَمِيْنَ:(قابل احترام۔بزرگ۔معزز)اسم مفعول۔۔محلاًصفت ۔مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: بھلا تمہارے پاس ابراہیمؑ کے معزز مہمانوں کی خبر پہنچی ہے؟

اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا قَالَ سَلٰمٌ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۲۵﴾

إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ دَخَلُوْا:(وہ داخل ہوئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔ مصدر۔ دُخُوْلًا۔ (داخل ہونا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پھر)حرف عطف۔قَالُوْا: (انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ سَلَامًا:(سلامتی۔سلام۔امان)منصوب۔مفعول مطلق۔فعل محذوف۔تقدیراً "نُسَلِّمُ"۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)

صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔سَلَامٌ:(سلامتی۔سلام۔سلامتی)مبتداء مرفوع۔ قَوْمٌ:(قوم۔)خبر مرفوع۔ موصوف۔ مُّنکَرُوْنَ:(اجنبی۔انجان۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًصفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: جب وہ ان کے پاس آئے تو سلام کہا۔انہوں نے بھی (جواب میں) سلام کہا(دیکھا تو) ایسے لوگ کہ نہ جان نہ پہچان۔

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿۲۶﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔ رَاغَ:(گھات لگائی۔چپکے سے۔یعنی بغیر بتائے جانا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(روغ)اجوف واوی۔صیغہ۔رَاغَ یَرُوْغُ۔مصدر۔رَوْغًا۔(خاموشی سے جان۔چپکے سے جانا)۔ اِلَیٰ: (طرف)حرف جار۔ أَهْلِ:(گھر والا۔تعلقہ دار۔اہل کی)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ :(اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف جار۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیْئٌ۔ مَجِیْءٌ۔ (آنا) ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ عِجْلٍ:(بچھڑا)اسم مجرور۔موصوف۔سَمِیْنٍ:(موٹا تازہ)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تو اپنے گھر جا کر ایک (بھنا ہوا) موٹا بچھڑا لائے۔

فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۷﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔ قَرَّبَ:(اس نے قریب کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔قَرَّبَ یُقَرِّبُ۔مصدر۔تَقْرِیْبًا۔(قریب کرنا)۔ هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَيَ:(طرف)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَأْكُلُوْنَ:(تم کھاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل)مہموزالفاء۔صیغہ۔اَکَلَ یَاکُلُ۔ صدر۔اَکْلًا۔(کھانا)۔

ترجمہ آیت: (اور کھانے کے لئے) ان کے آگے رکھ دیا۔کہنے لگے کہ آپ تناول کیوں نہیں کرتے؟

فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾

فَ:(حرف عطف۔)أَوْجَسَ:(اس نے محسوس کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔اَوْجَسَ يُوْجِسُ۔مصدر۔اِيْجَاسٌ۔(محسوس کرنا۔)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ خِيْفَةً:(خوف۔ڈر)منصوب۔مفعول بہ۔قَالُوْا(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ لَا:(نہ)لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَخَفْ:(تو ڈر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يُخَافُ۔مصدر۔خَوْفٌ۔خِيْفَةٌ۔(ڈرنا۔خوف کھانا)۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَشَّرُوْ:(انہوں نے خوشخبری دی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔مصدر۔تَبْشِيْرٌ۔(خوشخبری دینا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔ غُلَامٍ:(لڑکے کی)اسم مجرور۔موصوف۔ عَلِيْمٍ:(خوب علم والا)مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور دل میں ان سے خوف معلوم کیا۔(انہوں نے) کہا کہ خوف نہ کیجیئے۔اور ان کو ایک دانشمند لڑکے کی بشارت بھی سنائی۔

فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ﴿٢٩﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔اَقْبَلَتِ:(وہ آگے بڑی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ت ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقْبَلَ يُقْبِلُ۔مصدر۔اِقْبَالًا۔(آگے بڑھنا۔متوجہ ہونا۔) امْرَأَتُ:(عورت)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ هُ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ صَرَّةٍ:(کھل کھلا کر ہنسنا۔حیرت سے قہقہہ لگانا۔)اسم مجرور۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ صَكَّتْ:(اس نے دوہتڑ ماری۔سر کو پیٹا۔اس نے ہاتھ مارا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهِيَ۔ثلاثی مجرد۔نصر۔مادہ(ص ک ک)مضاعف۔صیغہ۔صَكَّ يَصُكُّ۔ مصدر۔صَكًّا۔(زور سے پیٹنا۔ہاتھ مارنا) وَجْهَ:(چہرے کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هَا:(اس کو۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور۔مضاف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ قَالَتْ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ عَجُوْزٌ:(بڑھیا نے)فاعل۔مرفوع۔موصوف۔عَقِيْمٌ:(بانجھ)مرفوع۔صفت۔تابع موصوف۔

توابراہیمؑ کی بیوی چلاّتی آئی اور اپنامنہ پیٹ کر کہنے لگی کہ (اے ہے ایک تو) بڑھیااور (دوسرے) بانجھ

قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۰﴾

قَالُوْا (انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ كَذٰلِكَ:(اس طرح)مرکب: (کَ+ذٰ+لِ+کِ)حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد+خطابیہ۔محلاً اسم مجرور۔ قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ رَبُّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔ كِ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً کا اسم منصوب۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْحَكِيْمُ:(خوب حکمت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الْعَلِيْمُ:(خوب جاننے والا۔علم والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: (انہوں نے) کہا(ہاں) تمہارے پروردگار نے یوں ہی فرمایاہے۔وہ بے شک صاحبِ حکمت (اور) خبر دار ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

آج مورخہ 27 مئی 2020ء بروز بدھ کو 26واں پارہ مکمل ہوا۔

دعاہے۔کہ اللہ جل جلالہٗ توفیق عطاکرے توپورے قرآن مجید کے الفاظ کی اعرابی حالت مکمل ہو جائے۔ آمین۔

حکیم محمد یوسف صابر ایم اے

حال مقیم۔الرفاع ویوز۔وِلاّ نمبر 2926۔بحرین

محلہ اسلام نگر غربی، مین سوئی گیس روڈ، شاہدرہ لاہور۔پاکستان۔

27پارہ بیست و ہفتم قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾

قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ فَ:(تو)فصیحۃ۔یازائدہ۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ خَطْبُ:(بات۔معاملہ)خبر مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَيُّهَا)۔ يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔(اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف نداکے ساتھ اَيُّهَا آتا ہے)۔ الْمُرْسَلُوْنَ:(بھیجے ہوئے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاًبدل منادیٰ۔مرفوع علامت واؤ۔محلاً منصوب۔

ترجمہ آیت: ابراہیمؑ نے کہا کہ فرشتو! تمہارا مدعا کیا ہے؟

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اُرْسِلْنَا:(ہم نے بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔قَوْمٍ:(قوم۔لوگ)اسم مجرور۔موصوف۔مُّجْرِمِيْنَ:(گناہگار۔جرم کرنے والے۔ قانون شکن)مجرور۔علامت۔ی۔صفت۔تابع موصوف۔

انہوں نے کہا کہ ہم گنہگار لوگوں کی طرف بھیجے گئے ہیں

لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾

لِ:(تاکہ)لامِ تعلیل۔ناصب مضارع۔نُرْسِلَ:(ہم بھیجیں۔) فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س

ل) صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔ عَلَيَ:(پر)حرف جار۔هِمْ :(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ماسم مجرور۔حِجَارَةً :(پتھر)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔مِّن:(سے)حرف جار۔ طِيْنٍ:(مٹی"کے غلیلے")اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاًصفت۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: تاکہ ان پر کھنگر برسائیں۔

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾

مُسَوَّمَةً :(نشان لگے ہوئے۔مہریں لگے ہوئے)منصوب۔مفعول بہ۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُسْرِفِيْنَ:(زیادتی کرنے والوں۔حد سے بڑھنے والوں کے)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: جن پر حد سے بڑھ جانے والوں کے لئے تمہارے پروردگار کے ہاں سے نشان کر دیئے گئے ہیں۔

فَأَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔أَخْرَجْنَا:(ہم نے نکالا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔ (نکلنا)۔مَنْ:(جتنے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی ب سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(مؤمن کی جمع۔ایماندار)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: تو وہاں جتنے مومن تھے ان کو ہم نے نکال لیا

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ وَجَدْنَا:(ہم نے پایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانًا۔ وُجُوْدًا۔ (پانا۔ملنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔

هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی ب سکون۔محلاً اسم مجرور۔ غَيْرَ:(علاوہ۔سوا)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ بَيْتٍ:(گھر)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الْمُسْلِمِيْنَ:(فرمانبرداروں۔)اسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاًصفت۔مجرور۔

ترجمہ آیت: اور اس میں ایک گھر کے سوا مسلمانوں کا کوئی گھر نہ پایا۔

وَتَرَكْنَا فِيهَا آيَةً لِّلَّذِينَ يَخَافُونَ الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٣٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَرَكْنَا:(ہم نے چھوڑا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ت ر ک)صیغہ۔تَرَكَ يَتْرُكُ۔مصدر۔تَرْكًا۔(چھوڑنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی ب سکون۔محلاًاسم مجرور۔ آيَةً:(آیت۔نشانی)منصوب۔مفعول بہٖ۔لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔يَخَافُوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا)۔ الْعَذَابَ:(عذاب ۔دکھ ۔سزاء سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔الْأَلِيْمَ:(بہت ہی دکھ دینے والا)مبالغہ۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ عذاب الیم سے ڈرتے ہیں ان کے لئے وہاں نشانی چھوڑ دی۔

وَفِي مُوسَىٰ إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿٣٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔فِي:(میں)حرف جار۔مُوسَىٰ:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاًاسم مجرور۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔ أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ أَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔إِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسْلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون)غیر منصرف۔محلاًاسم مجرور۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔سُلْطَانٍ:(ثبوت۔سند۔)اسم مجرور۔موصوف۔مُّبِيْنٍ:(کھلم کھلا)صفت مجرور۔تابع موصوف۔شبہ جملہ محلاًمنصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور موسیٰ (کے حال) میں (بھی نشانی ہے) جب ہم نے ان کو فرعون کی طرف کھلا ہوا معجزہ دے کر بھیجا۔

فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔تَوَلّٰى:(اس نے منہ پھیر لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر۔مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّيْ۔ (منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔رُكْنِ:(زور۔طاقت۔قوت۔ممبر۔)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ سَاحِرٌ:(جادو کر۔عالم)اسم فاعل۔ واحد مذکر۔محلاً خبر۔مرفوع۔مبتداء محذوف۔اَوْ:(یا)حرف عطف۔مَجْنُوْنٌ:(پاگل۔دیوانہ۔مجنوں۔عقل گم کردہ)معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو اس نے اپنی جماعت(کے گھمنڈ) پر منہ موڑ لیا اور کہنے لگا یہ تو جادو گر ہے یا دیوانہ

فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔اَخَذْنَا:(ہم نے پکڑا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔جُنُوْدَ:(لشکروں کو)معطوف منصوب۔مضاف۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔نَبَذْنَا:(ہم نے پھینکا۔ڈالا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ب ذ)صیغہ ۔نَبَذَ يَنْبِذُ۔مصدر۔نَبْذًا۔(پھینکنا۔ڈالنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔اَلْيَمِّ:(سمندر۔دریا)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔مُلِيْمٌ:(ملامت والے کام کرنے والا۔برے کام کرنے والا۔)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔محلاً جملہ منصوب۔حال۔

توہم نے اس کو اور اس کے لشکروں کو پکڑ لیا اور ان کو دریا میں پھینک دیا اور وہ کام ہی قابل ملامت کرتا تھا

وَفِىْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ عَادٍ:(عاد۔ایک قوم کا نام۔ حضرت صالحؑ کے وقت کے لوگ)اسم مجرور۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔یعنی ماضی کے واقعات کے بارے میں۔ أَرْسَلْنَا :(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمُ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ضمہ برائے اتصال مابعد۔ الرِّيحَ:(ہوا۔آندھی)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ الْعَقِيْمَ:(بانجھ بنانے والی۔تباہ برباد کرنے والی۔خیر و برکت سے خالی۔کسی کام کا نہ رہنے دینا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور عاد(کی قوم کے حال) میں بھی (نشانی ہے) جب ہم نے ان پر نامبارک ہوا چلائی۔

مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾

مَا :(نہیں)نافیہ۔تَذَرُ :(وہ نہیں چھوڑتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔وَذَرَ يَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔(چھوڑ دینا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔شَيْءٍ:(کوئی شئے)اسم مجرور۔أَتَتْ:(وہ آئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ جَعَلَتْ:(اس نے بنایا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔كَ:(مانند۔طرح)حرف جار۔تشبیہ۔الرَّمِيْمِ:(ہر ایک خستہ حال چیز کی طرح۔بوسیدہ چیز بوسیدہ ہڈیاں۔چورا چورا)اسم مجرور۔اس کی جمع اِرْمَاءٌ ہے۔

ترجمہ آیت: وہ جس چیز پر چلتی اس کو ریزہ ریزہ کئے بغیر نہ چھوڑتی۔

وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔فِي:(میں)حرف جار۔ ثَمُوْدَ:(ایک قوم کا نام۔ حضرت صالحؑ کے وقت کے لوگ) إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔یعنی ماضی کے واقعات کے بارے میں۔قِيْلَ:(کہا گیا ہے)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ تَمَتَّعُوْا :(تم فائدہ اٹھاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔جملہ محلاً نائب فاعل مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔مَتَّعَ يُمَتِّعُ۔مصدر۔تَمْتِيْعٌ۔(فائدہ پہنچانا۔فائدہ دینا)۔حَتّٰى:(یہاں تک)حرف غایت۔حرف جار۔حِيْنٍ:(ایک وقت)ظرف زمان۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور(قوم) ثمود(کے حال) میں (نشانی ہے) جب ان سے کہا گیا کہ ایک وقت تک فائدہ اٹھالو

فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔عَتَوْا:(انہوں نے حد سے تجاوز کیا۔بغاوت کی۔سرکشی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ت و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَتَا يَعْتُو۔مصدر۔عُتُوًّا۔(حد سے گزرنا۔باغی ہونا۔سرکشی کرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ اَمْرِ:(حکم)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے ربّ۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔اَخَذَتْ:(اس نے پکڑ لیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔ مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔صَاعِقَةُ:(کڑکا۔چنگھاڑ۔ چیخ۔آسمان سے آگ برسنے والی بجلی نے۔)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَنْظُرُوْنَ:(وہ دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظَرًا۔(دیکھنا)۔ جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: تو انہوں نے اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی۔سو ان کو کڑک نے آ پکڑا اور وہ دیکھ رہے تھے۔

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿٤٥﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔مَا:(نہ)نافیہ۔اسْتَطَاعُوْا:(وہ طاقت رکھیں۔وہ کر سکیں۔انہوں نے طاقت پائی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتِطَاعَ يَسْتَطِيْعُ ۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔ (طاقت رکھنا۔کر سکنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط وع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔قِيَامٍ:(ٹھہرنے کی۔قیام کی۔کھڑے ہونے کی)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔كَانُوْا:(وہ ہوں)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔اور كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مُنْتَصِرِيْنَ:(مقابلہ کرنے والے۔بدلہ لینے والے)اسم فاعل۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: پھر وہ نہ تو اُٹھنے کی طاقت رکھتے تھے اور نہ مقابلہ ہی کر سکتے تھے

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٤٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔قَوْمَ:(قوم)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔ نُوْحٍ:(نوحؑ)مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف عطف۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔ كَانُوْا:(وہ ہوں)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔اور كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ قَوْمًا:(قوم) كَانَ ۔کی خبر منصوب۔موصوف۔ فٰسِقِيْنَ:(نافرمانوں۔قوانین الٰہی کے باغیوں۔) فُسُوْقٌ مصدر۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اس سے پہلے(ہم) نوح کی قوم کو(ہلاک کر چکے تھے) بے شک وہ نافرمان لوگ تھے۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿٤٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔السَّمَاءَ:(آسمان۔)منصوب۔مفعول بہ۔ بَنَيْنَا:(ہم نے بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ب ن ء)مہموز اللام۔صیغہ۔بَنٰى يَبْنِىْ۔مصدر۔بِنَاءٌ۔(بنانا)۔ هَا : (اس کو)ضمیر واحد

مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ أَيْدٍ:(ہاتھ۔طاقت۔طاقت) اسم مجرور۔ اسم جامد ۔جمع مکسر۔باب ضرب۔مادہ(ءی د+ی د و)صیغہ۔اَدَ يَئِيْدُ۔ أَيْدٍ:(قوت۔طاقت) وَ:(حالانکہ)حالیہ۔إِنَّا:(یقیناً ہم)مرکب: (إِنَّ+نا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ: (بلاشبہ) لائے تاکید۔مزحلقہ۔مُوسِعُوْنَ:(وسعت والے۔)مصدر۔اِيْسَاعٌ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور آسمانوں کو ہم ہی نے ہاتھوں سے بنایا اور ہم کو سب مقدور ہے۔

وَالْأَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿٤٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضَ:(زمین)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَرَشْنَا:(ہم نے بچھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ف ر ش)صیغہ۔فَرَشَ يَفْرِشُ۔مصدر۔فَرْشًا۔(بچھانا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔نِعْمَ :(اچھا)فعل مدح ماضی۔جامد۔الْمَاهِدُوْنَ: (بچھانے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور زمین کو ہم نے بچھایا تو (دیکھو) ہم کیا خوب بچھانے والے ہیں۔

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ:(شئے)مجرور مضاف الیہ۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔زَوْجَيْنِ:(دونوں جوڑے۔دو قسمیں)منصوب مفعول بہٖ۔لَعَلَّ:(شاید)ترجی ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً کا اسم منصوب۔تَذَكَّرُوْنَ:(تم نصیحت پکڑتے ہو)اصلاً تَتَذَكَّرُوْنَ تھا۔ایک ت محذوف۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔:(وہ نصیحت پکڑے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرُ ۔(نصیحت حاصل کرنا۔غور کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔ مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔محلاً جملہ لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہر چیز کی ہم نے دو قسمیں بنائیں تا کہ تم نصیحت پکڑو۔

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿۱﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔النَّجْمِ:(ستارے کی)مجرور ۔ مقسم بہ۔ إِذَا :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔هَوٰى:(وہ غروب ہوا۔جائے گا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ و ی)لفیف مقرون۔اجواف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔هَوٰى يَهْوِىْ۔مصدر۔هَوِيًّا۔(گرنا۔نیچے اترنا۔غروب ہونا)۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تارے کی قسم جب غائب ہونے لگے۔

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ﴿۲﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔ضَلَّ :(وہ گمراہ ہوگیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔ صَاحِبُ:(دوست۔ساتھی)فاعل مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکرحاضر۔مبنی برسکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔غَوٰى:(وہ بہک گیا۔راستہ بھٹک گیا۔غلط راستہ پر چل دیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی+ناقص یائی۔ صیغہ۔غَوٰى يَغْوِىْ۔ مصدر۔ غَيًّا ۔غَوَايَةٌ۔(بھٹکنا۔بہکنا۔غلط راستہ پر چلنا)۔

ترجمہ آیت: کہ تمہارے رفیق (محمد ﷺ) نہ رستہ بھولے ہیں نہ بھٹکے ہیں۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ﴿۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ یَنْطِقُ :(تم بولتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت محلا اعراب مضموم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ط ق)۔صیغہ۔نَطَقَ یَنْطِقُ۔مصدر۔نُطْقًا۔(بولنا)۔
عَنِ:(سے)حرف جار۔الْھَوٰی:(خواہش)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اورنہ خواہش نفس سے منہ سے بات نکالتے ہیں۔

اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی ﴿۴﴾

اِنْ:(نہیں)نافیہ۔آگے صلہ اِلَّا ہے۔ ھُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اِلَّا :(مگر)حرف حصر۔ وَحْيٌ:(وحی۔)خبر مرفوع۔ یُوْحٰی:(وحی کی گئی۔ حکم دیا گیا)فعل مضارع مجهول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَوْحٰی یُوْحِیْ۔ مصدر۔اِیْحَاءٌ۔(حکم دینا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ح ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحٰی یَحِیْ۔ مصدر۔ وَحْیٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔

ترجمہ آیت: یہ (قرآن) توحکم اللہ ہےجو(ان کی طرف) بھیجاجاتا ہے۔

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ﴿۵﴾

عَلَّمَ:(اس نے سکھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ عَلَّمَ یُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِیْمٌ۔ (سکھانا) ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ یُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِیْمٌ۔(سکھانا۔آگاہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ هٗ:(اس کو۔یعنی محمد ﷺ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ شَدِيْدُ:(زبردست۔)فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً خبر ثانی۔مبتداء "ھُوَ"۔مضاف۔الْقُوٰى:(قوت۔طاقت)مجرور بالکسرہ تقدیراً۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: ان کونہایت قوت والے نے سکھایا۔

ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ﴿۶﴾

ذُوْ:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ مِرَّةٍ:(قوت۔ہر قسم کی)مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔اسْتَوٰى:(اس نے مضبوط کیا۔برابر کیا۔سیدھا کھڑا ہونا۔قصد کرنا۔قرار پکڑنا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰی یَسْتَوِیْ۔مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(قرار پکڑنا۔جلوہ گر ہونا)۔

(یعنی جبرائیل) طاقتور نے پھر وہ پورے نظر آئے۔

(یہ ترجمہ نامناسب۔فرشتہ غیر مرئی ہے۔اس کو کوئی نہیں دیکھ سکتا ہے۔اٹکل پچو سے ترجمہ کیا۔(یہ تعریف ہمہ جہت نبی اکرم ﷺ کی گئی ہے۔نہ کہ حضرت جبرائیل امین کی۔اللہ عزوجل نبی اکرم ﷺ کے کردار کے بارے میں آیات ہیں۔مندرجہ بالا آیات اس کی تائید میں پیش کی جاسکتی ہیں۔) تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں۔یوسفی۔

وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ﴿۷﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔اس کا مرجع نبی اکرم ﷺ ہی ہیں۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْأُفُقِ:(حد نگاہ سے جہاں زمین آسمان آپس میں ملے نظر آتے ہیں۔اس کو "آسمان کا کنارہ" کہا جاتا ہے۔یعنی نبی اکرم ﷺ وہ ستارہ ہیں ۔جن کا کمال آسمان کی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔)۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔الْأَعْلَى: (بلند۔اعلیٰ۔)افعل التفضیل۔صفت مرفوع۔تقدیراً مکسور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور وہ(آسمان کے) اونچے کنارے میں تھے۔

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ﴿۸﴾

ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔دَنَا:(وہ قریب ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(د ن و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَنَا يَدْنُو۔مصدر۔دُنُوٌّ۔(قریب ہونا)۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَدَلّٰى:(وہ زیادہ قریب ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَدَلّٰى يَتَدَلّٰى۔مصدر۔تَدَلِّيٌّ۔(زیادہ قریب ہونا۔اترنا۔معلق ہونا۔)

ترجمہ آیت: پھر قریب ہوئے اور اَور آگے بڑھے۔

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ﴿۹﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔مرفوع۔فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ قَابَ:(کمان کے قبضہ سے نوک تک کا فاصلہ۔سرا)۔ظرف مکان۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔قَوْسَيْنِ:(دونوں کمان کے) مجرور مضاف الیہ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔أَدْنَى:(زیادہ قریب۔)افعل التفضیل۔معطوف منصوب۔معطوف علیہ۔"قَابَ"۔

ترجمہ آیت: تو دو کمان کے فاصلے پر یا اس سے بھی کم۔

فَاَوۡحٰۤى اِلٰى عَبۡدِهٖ مَاۤ اَوۡحٰى ﴿۱۰﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔أَوۡحَىٰ:(اس نے حکم دیا۔وحی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَوۡحٰى يُوۡحِىۡ۔ مصدر۔اِيۡحَاءٌ۔(حکم دینا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وح ی) لفیف مفروق۔مثال واوی+ناقص یائی۔وَحٰى يَحِىۡ۔ مصدر۔ وَحۡىٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔ إِلَىٰ:(طرف)حرف جار۔عَبۡدِ:(بندے کی)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔أَوۡحَىٰ:(اس نے حکم دیا۔وحی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَوۡحٰى يُوۡحِىۡ۔ مصدر۔اِيۡحَاءٌ۔(حکم دینا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وح ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔وَحٰى يَحِىۡ۔ مصدر۔ وَحۡىٌ۔(حکم دینا۔وحی کرنا)۔

ترجمہ آیت: پھر اللہ نے اپنے بندے کی طرف جو بھیجا سو بھیجا۔

مَا كَذَبَ الۡفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿۱۱﴾

مَا :(نہیں)نافیہ۔كَذَبَ:(اس نے جھوٹ بولا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔ مادہ(ک ذب) صیغہ۔كَذَبَ يَكۡذِبُ۔مصدر۔كِذۡبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔الۡفُؤَادُ:(دل)فاعل۔مرفوع۔مَا:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔رَأَىٰ:(اس نے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع۔ هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤۡيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: جو کچھ انہوں نے دیکھا ان کے دل نے اس کو جھوٹ نہ مانا۔

اَفَتُمٰرُوۡنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿۱۲﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پھر)حرف عطف۔تُمَارُونَ:(تم جھگڑتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع۔اَنۡتُمۡ۔ هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔مَا: (جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَرَىٰ:(وہ دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤۡيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے

دیدار۔دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: کیا جو کچھ وہ دیکھتے ہیں تم اس میں ان سے جھگڑتے ہو؟

وَلَقَدۡ رَاٰهُ نَزۡلَةً اُخۡرٰی ﴿۱۳﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدۡ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ رَآ:(اس نے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر محلاً مرفوع۔ هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤۡیَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ی۔محذوف بوجہ اتصال مابعد۔ضمیر۔اور الف سے تبدیل کر دی گئی۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔نَزۡلَةً:(اترنا)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔اُخۡرٰی:(دوسرا)صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

"پھر ایک بار انہوں نے اپنی بصیرت سے معاملات کو ملاحظہ کیا۔پھر فیصلہ ایسا مضبوط قسم کا ہوتا ہے جو تبدیلی کا خواہاں نہیں ہوتا۔مگر علمائے ہر جگہ فرشتہ جبرائیل کو شامل کر رہے ہیں۔جب کہ وہ غیر مرئی قوت ہے۔جو کسی آنکھ کو نظر نہیں آتا۔"

ترجمہ آیت: اور انہوں نے اس کو ایک بار بھی دیکھا ہے۔

عِنۡدَ سِدۡرَةِ الۡمُنۡتَهٰی ﴿۱۴﴾

عِنۡدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ سِدۡرَةِ:(بیری)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ الۡمُنۡتَهٰی:(آخری حد)صفت مرفوع۔تقدیراً مکسور۔

(سِدۡرَةِ الۡمُنۡتَهٰی۔یعنی مقام حیرت۔کا مطلب انتہائی مقام حیرت۔جہاں عقل انسانی گم ہو جاتی ہے۔نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم کی بصیرت کی ادنیٰ سی مثال ہے۔جو کسی عام انسان کے فہم وادراک میں نہیں آسکتی۔یعنی آپ بام عروج پر تھے۔یہی معراج ہے)یوسفی۔

ترجمہ آیت: پرلی حد کی بیری کے پاس۔

عِنۡدَهَا جَنَّةُ الۡمَاۡوٰی ﴿۱۵﴾

عِنۡدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔جَنَّةُ:(جنت)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الۡمَاۡوٰی:(ٹھکانہ۔قیام کرنے کی جگہ۔رہنے کی جگہ)ظرف مکان۔مجرور مضاف الیہ۔تقدیراً مکسور۔

ترجمہ آیت: اسی کے پاس رہنے کی جنت ہے

إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَىٰ ﴿١٦﴾

إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔ يَغْشَى:(وہ چھا جاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ش ی) ناقص یائی۔صیغہ ۔غَشِيَ يَغْشَى۔مصدر۔ غَشْيٌ۔ غَشْيَانًا۔غِشَاوَةٌ۔(چھا جانا۔ڈھانکنا۔چھپانا۔۔چھانا۔)۔السِّدْرَةَ :(سدرہ۔بیری۔ عقل کی آخر حد۔یعنی نبی اکرم ﷺ کی بصیرت کا ادراک کوئی عام انسان نہیں کر سکتا۔ایک ایٹم یا ملیکیول۔کے برابر بھی ان کی سوچ میں کمی نہیں آتی۔اتنی باریک بینی سے جائزہ لیتے ہیں چاہے حالات کی سنگینی کتنی ہی ہو۔)منصوب۔مفعول بہ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً فاعل مرفوع۔يَغْشَى:(وہ چھاجاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ش ی) ناقص یائی۔صیغہ۔غَشِيَ يَغْشَى۔مصدر۔غَشْيٌ غَشْيَانًا۔غِشَاوَةٌ۔(چھاجانا۔ڈھانکنا۔چھپانا۔۔چھانا)۔

ترجمہ آیت: جب کہ اس بیری پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَىٰ ﴿١٧﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔ زَاغَ:(وہ مڑا۔رخ بدلا۔وہ ادھر ادھر ہوئی۔یعنی یک سو رہتی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی غ)اجوف یائی۔صیغہ۔زَاغَ يَزِيغُ۔مصدر۔زَيْغًا۔(رخ بدلنا۔ایک طرف مڑنا۔ادھر ادھر ہونا)۔الْبَصَرُ:(آنکھ)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔طَغَى:(اس نے سرکشی کی۔ تجاوز کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ط غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔طَغَى يَطْغَى۔مصدر۔طَغْيًا۔(حد سے بڑھنا۔تجاوز کرنا۔سرکشی کرنا۔بغاوت کرنا)۔

ترجمہ آیت: ان کی آنکھ نہ تو اور طرف مائل ہوئی اور نہ (حد سے) آگے بڑھی۔

لَقَدْ رَأَىٰ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَىٰ ﴿١٨﴾

لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔رَأَى:(اس نے دیکھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔صیغہ۔رَأَى يَرَى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ مِنْ:(سے بعض)حرف جار۔تبعیضیة۔ آيَاتِ:(آیات۔نشانیاں)اسم

مجرور۔ مضاف۔ رَبِّ: (ربّ) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ ہِ :(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْكُبْرَى:(بہت بڑی) افعل التفضیل۔ صفت مجرور۔ تقدیراً مکسور۔

ترجمہ آیت: انہوں نے اپنے پروردگار (کی قدرت) کی کتنی ہی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں۔

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿۱۹﴾

أَ:(کیا) حرف استفہام۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔ رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (رءی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰی يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ اللَّاتَ:(لات۔ ایک بت۔ کا نام) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الْعُزَّى: (عزّیٰ) معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: بھلا تم لوگوں نے لات اور عزیٰ کو دیکھا۔

وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿۲۰﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ مَنَاةَ :(منات) معطوف منصوب۔ موصوف۔ الثَّالِثَةَ:(تیسری) صفت۔ منصوب۔ تابع موصوف۔ تقدیراً مفتوح۔ الْأُخْرَى:(دوسری) صفت ثانی۔ منصوب۔ تقدیراً مفتوح۔

ترجمہ آیت: اور تیسرے منات کو (کہ یہ بت کہیں اللہ ہوسکتے ہیں)۔

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿۲۱﴾

أَ:(کیا) حرف استفہام۔ انکاری۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ كُمْ :(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ محلاً مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ الذَّكَرُ:(نر۔ بیٹے) مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ هُ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ الْأُنْثَى:(مادہ۔ بیٹیاں) مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (مشرکو!) کیا تمہارے لئے تو بیٹے اور اللہ کے لئے بیٹیاں۔

تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾

تِلْكَ:(وہ) اسم اشارہ واحد مؤنث۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ إِذًا :(تب) حرف جواب۔ قِسْمَةٌ:(تقسیم) خبر مرفوع۔ ضِيْزَى:(نامناسب۔ غیر منصفانہ۔ بے انصافی) صفت۔ مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: یہ تقسیم تو بہت بے انصافی کی ہے

إِنْ هِيَ إِلَّآ أَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوهَآ أَنتُمْ وَءَابَآؤُكُم مَّآ أَنزَلَ ٱللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَٰنٍ ۚ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا ٱلظَّنَّ وَمَا تَهْوَى ٱلْأَنفُسُ ۖ وَلَقَدْ جَآءَهُم مِّن رَّبِّهِمُ ٱلْهُدَىٰٓ ﴿٢٣﴾

إِنْ:(نہیں)نافیہ۔آگے إِلَّا صلہ ۔ هِيَ:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی برفتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ أَسْمَاءٌ:(ناموں)خبر مرفوع۔سَمَّيْتُمُو:(تم نے نام رکھے ہوئے ہوئے ہیں)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔واؤ برائے اشباع۔یعنی شکم پری اور خوبصورتی کے لئے۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَمّٰى يُسَمِّيْ۔مصدر۔تَسْمِيَةٌ۔(نام رکھنا)۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔برائے تاکید۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آبَاؤُ:(اجداد۔باپ دادا۔)معطوف مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَّا:(نہیں)نافیہ۔أَنْزَلَ:(وہ اتارا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھو۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔سُلْطَانٍ:(سند۔ثبوت۔دلیل)اسم مجرور۔إِنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَتَّبِعُوْنَ:(وہ اتباع کریں۔پیروی کریں)۔فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔ (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ الظَّنَّ:(گمان۔خیال۔وہم۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔تَهْوَى:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ھ و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔۔ الْأَنْفُسُ: (جانیں۔)فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِيْءٌ۔ (آنا) ۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم

مجرور۔مضاف۔هِمُ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْهُدٰى:(ہدیات)فاعل۔ مرفوع۔تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: وہ تو صرف نام ہی نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے گھڑ لئے ہیں۔اللہ نے تو ان کی کوئی سند نازل نہیں کی۔یہ لوگ محض ظن (فاسد) اور خواہشات نفس کے پیچھے چل رہے ہیں۔حالانکہ ان کے پروردگار کی طرف سے ان کے پاس ہدایت آچکی ہے۔

اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾

أَمْ:(کیا)اسم استفہام۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْإِنسَانِ:(انسان)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ تَمَنَّى:(وہ خواہش۔آرزو کرے۔تمنا کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَمَنّٰى يَتَمَنّٰى۔مصدر۔تَمَنِّيٌ۔(آرزو کرنا۔)

ترجمہ آیت: کیا جس چیز کی انسان آرزو کرتا ہے وہ اسے ضرور ملتی ہے۔

فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

فَ:(تو)تعلیلیۃ۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)مرکب:(لِ + اللهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم ۔مرفوع۔ الْآخِرَةُ:(آخرت۔)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأُولَى:(اوّل۔کی مؤنث۔پہلی دنیا)معطوف مرفوع۔تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: آخرت اور دنیا تو اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿۲۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَمْ:(کتنے)خبریہ۔اسم مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔مَّلَكٍ:(فرشتہ۔غیر مرئی قوت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً تمییز۔منصوب۔ فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت۔ مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تُغْنِي:(وہ کام آئے گی)فعل مضارع واحد مؤنث۔غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر۔تقدیراً۔هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْنٰى يُغْنِيْ۔مصدر۔اِغْنَاءٌ۔(کام آنا۔۔کفایت کرنا۔)۔ شَفَاعَتُ:(سفارش۔ شفاعت۔)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شَيْئًا:(کوئی شئے)منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَّا:(مگر)استثناء۔

مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ أَنْ: (کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يَأْذَنَ:()فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ءذن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَذِنَ يَاذِنُ۔مصدر۔ اِذْنًا۔(اجازت دینا)۔
اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔مَنْ:(جس)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَشَاءُ:(وہ چاہے گا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔

ترجمہ آیت: اور آسمانوں میں بہت سے فرشتے ہیں جن کی سفارش کچھ بھی فائدہ نہیں دیتی مگر اس وقت کہ اللہ جس کے لئے چاہے اجازت بخشے اور (سفارش) پسند کرے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿٢٧﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الَّذِيْنَ :(وہ)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَا:(نہیں)يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ءمن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْاٰخِرَةِ:(آخرت)اسم مجرور۔ لَ:(بلاشبہ۔)لائے تاکید۔مزحلقہ۔يُسَمُّوْنَ:(وہ نام رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَمّٰى يُسَمِّيْ۔مصدر۔تَسْمِيَةٌ۔(نام رکھنا۔)۔
الْمَلَائِكَةَ :(فرشتوں کے)غیر منصرف۔منصوب۔مفعول بہٖ۔تَسْمِيَةَ :(نام رکھنا)منصوب۔مفعول مطلق ۔مضاف۔
الْأُنْثٰى:(مادائیں۔لڑکیوں کے)اسم مجرور۔مضاف الیہ۔تقدیراًمکسور۔

ترجمہ آیت: جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ فرشتوں کو (اللہ کی) لڑکیوں کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ﴿٢٨﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔محلاً خبر مقدم۔مرفوع محذوف۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ :(سے)حرف جار۔زائدہ۔عِلْمٍ :(کوئی علم۔سائنس)لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔إِنْ:(نہیں)نافیہ۔يَتَّبِعُوْنَ:(وہ اتباع

کریں۔پیروی کریں)۔ فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔ (پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ الظَّنَّ:(ظن۔شک۔وہم۔خیال)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الظَّنَّ:(ظن۔شک۔وہم۔خیال)اِنَّ کا اسم منصوب ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُغْنِي:(وہ کام آئے گا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْنٰى يُغْنِيْ۔مصدر۔ اِغْنَاءٌ۔(کام آنا۔کفایت کرنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْحَقِّ:(حق۔سچ)اسم مجرور۔شَيْئًا:(کوئی چیز)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: حالانکہ ان کو اس کی کچھ خبر نہیں۔وہ صرف ظن پر چلتے ہیں۔اور ظن یقین کے مقابلے میں کچھ کام نہیں آتا۔

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٢٩﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ۔أَعْرِضْ:(تو نظر انداز کر۔منہ موڑ۔اعراض برتو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ يُعْرِضُ۔مصدر۔اِعْرَاضًا۔(اعراض کرنا۔منہ پھیرنا۔نظر انداز کرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔مَّنْ:(جس)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تَوَلّٰى:() ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّيْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(ول ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ذِكْرِ:(ذکر۔یاد۔)اسم مجرور۔مضاف۔نَا: (ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔ جازم۔مضارع۔ قالب۔ يُرِدْ:(وہ چاہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (رود) صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ ۔مصادر۔رُدْ۔رَوَدَانًا۔رِيَادًا۔: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ الْحَيَاةَ :(دنیا)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاًصفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: توجوہماری یاد سے روگردانی اور صرف دنیاہی کی زندگی کا خواہاں ہو اس سے تم بھی منہ پھیرلو۔

ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿٣٠﴾

ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔ مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء مرفوع۔مَبْلَغُ:(پہنچ۔انتہا۔اخیر۔رسائی)مصدر۔میمی۔خبر مرفوع۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔مضاف۔هُم:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔الْعِلْمِ:(علم۔سائنس)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔أَعْلَمُ:(زیادہ جاننا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَنْ:(جس)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ ضَلَّ:(وہ گمراہ ہوگیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب۔ ضرب۔مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ضَلٌّ۔ ضَلَالًا۔ (گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَعْلَمُ:(زیادہ جاننا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ مَنِ:(جس)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔کسرہ برائے اتصال۔اِهْتَدٰى:(وہ ہدایت پائے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِهْتَدٰى يَهْتَدِىْ۔مصدر۔اِهْتَدَاءٌ۔(ہدایت پانا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔

ترجمہ آیت: ان کے علم کی انتہا یہی ہے۔تمہارا پروردگار اس کو بھی خوب جانتا ہے جو اس کے رستے سے بھٹک گیا اور اس سے بھی خوب واقف ہے جو رستے پر چلا۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ﴿۳۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب۔:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ: (زمین)اسم مجرور۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَجْزِيَ:(وہ جزاء۔بدلہ۔دے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)صیغہ۔جَزٰى يَجْزِىْ۔ مصدر۔جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ

جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَسَاؤُوا:(انہوں نے برائی کی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَسَآءَ يُسِيْءُ ۔ مصدر۔ اِسَاءَةً۔ (برائی کرنا) بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ عَمِلُوْا:(انہوں نے کام کیئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ يَعْمَلُ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَجْزِيَ:(وہ جزاء۔ بدلہ۔ دے)معطوف منصوب۔ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ج ز ی)صیغہ۔ جَزٰی يَجْزِیْ۔ مصدر۔ جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَحْسَنُوْا:(انہوں نے اچھا کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحْسَنَ يُحْسِنُ۔ مصدر۔ اِحْسَانًا۔(احسان کرنا۔ اچھا کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ الْحُسْنٰى:(زیادہ اچھا)افعل التفضیل۔ محلاً اسم مجرور۔ تقدیراً مکسور۔

ترجمہ آیت: اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے (اور اس نے خلقت کو) اس لئے (پیدا کیا ہے) کہ جن لوگوں نے برے کام کئے ان کو ان کے اعمال کا (برا) بدلا دے اور جنہوں نے نیکیاں کیں ان کو نیک بدلہ دے

اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿۳۲﴾

الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ يَجْتَنِبُوْنَ:(وہ اجتناب کرتے ہیں۔ وہ پرہیز کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِجْتِنَابَ يَجْتَنِبُ۔ مصدر۔ اِجْتِنَابٌ۔(پرہیز کرنا)۔ كَبٰٓئِرَ:(بڑے) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ الْإِثْمِ:(گناہ) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْفَوَاحِشَ:(فُحْشٌ کی جمع۔ فحاشیاں۔ بد عملیاں۔ بے حیائیاں۔ ایسی برائی جس کا اثر دوسروں پر پڑے)معطوف منصوب۔ إِلَّا:(علاوہ۔ سوائے۔ مگر) حرف استثناء۔ اللَّمَمَ:(غیر ارادی گناہ۔ گناہ صغیرہ) منصوب۔ مستثنیٰ۔ إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ رَبَّ:(ربّ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ كَ:(تیرا) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَاسِعُ :(وسعت والا۔ کشادگی

والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مضاف۔ الْمَغْفِرَةِ:(مغفرت)مجرور مضاف الیہ۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَعْلَمُ :(زیادہ جاننے والا) افعل التفضیل۔ محلاً خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ أَنْشَأَ:(اس نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ مستتر۔ تقدیراً۔ هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْشٰی یُنْشِیُ۔ مصدر۔ اِنْشَاءٌ۔(پیدا کرنا)۔ كُمْ :(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِذْ:(جب)ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَجِنَّةٌ :(جَنِیْنٌ۔ کی جمع۔ حمل والے بچے جو ابھی پیدا نہیں ہوئے۔)خبر مرفوع۔ فِي :(میں)اسم جار۔ بُطُوْنِ:(رحموں۔ پیٹوں۔ بطنوں)اسم مجرور۔ مضاف۔ أُمَّهَاتِ:(اُمٌّ کی جمع۔ ماؤں کے)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ كُمْ :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تُزَكُّوا:(تم پاکیزگی کا دعوٰی کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ مستتر۔ تقدیراً۔ هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ زَكّٰی یُزَكِّیُ۔ مصدر۔ تَزْكِيَةٌ۔(پاک کرنا۔ پاک ٹھہرانا۔ صاف جتانا۔ پاکیزگی کا دعوٰی کرنا)۔ أَنْفُسَ:(جانوں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ كُمْ :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون محلاً مجرور مضاف الیہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَعْلَمُ :(وہ زیادہ جانتا ہے) افعل التفضیل۔ محلاً خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف عطف۔ مَنِ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ اِتَّقٰی:(اس نے تقوٰی اختیار کیا۔ پرہیزگاری کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ مستتر۔ تقدیراً۔ هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰی یَتَّقِیُ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(پرہیزگاری کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَقٰی یَقِیُ۔ مصدر۔ وِقَايَةٌ۔ وَقْيًا۔ (بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ دشمنوں سے بچانا)۔

ترجمہ آیت: جو صغیرہ گناہوں کے سوا بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے اجتناب کرتے ہیں۔ بے شک تمہارا پروردگار بڑی بخشش والا ہے۔ وہ تم کو خوب جانتا ہے۔ جب اس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں بچّے تھے۔ تو اپنے آپ کو پاک صاف نہ جتاؤ۔ جو پرہیزگار ہے وہ اس سے خوب واقف ہے۔

اَفَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ تَوَلّٰىۙ ﴿۳۳﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پھر)حرف عطف۔رَأَيْتَ:(تونے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ الَّذِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔تَوَلّٰى:() ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ صیغہ۔تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّيْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔

ترجمہ آیت: بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے منہ پھیر لیا۔

وَاَعۡطٰى قَلِيۡلًا وَّاَكۡدٰى ﴿۳۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَعْطٰى:(اس نے عطا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْطٰى يُعْطِيْ۔مصدر۔اِعْطَاءً۔(دینا۔عطا کرنا)۔ قَلِيْلًا:(بہت تھوڑا۔بہت کم)۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَكْدٰى:(وہ دینے سے رک گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَكْدٰى يُكْدِيْ۔مصدر۔اِكْدَاءً۔(روک دینا۔دینے سے رک جانا)۔

ترجمہ آیت: اور تھوڑا سا دیا (پھر) ہاتھ روک لیا۔

اَعِنۡدَهٗ عِلۡمُ الۡغَيۡبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿۳۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔عِلْمُ:(علم۔سائنس)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔ الْغَيْبِ: (پوشیدہ۔چیزیں۔غیب)مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَرٰى:(وہ دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ۔(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ اس کو دیکھ رہا ہے۔

اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِیْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿۳۶﴾

أَمْ:(یا)حرف عطف۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يُنَبَّأْ:(اس کو خبر دی گئی)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ نَبَّأَ يُنَبِّئُ۔مصدر۔تَنْبِئَةٌ۔(آگاہ کرنا۔خبر دینا۔بتانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَأَ يَنْبَأُ۔مصدر۔نَبْئًا۔نُبُوْءًا۔(خبر دینا۔اطلاع دینا۔تنبیہ کرنا)۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+ مَا)حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فِي:(میں)حرف جار۔ صُحُفِ:(اخبار۔صَحِيْفَةٌ ۔کی جمع۔لکھا ہوا کاغذ۔یہاں مراد الہامی کتب۔)اسم مجرور۔مضاف۔ مُوسَىٰ:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کیاجو باتیں موسیٰ کے صحیفوں میں ہیں ان کی اس کو خبر نہیں پہنچی۔

وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤى ﴿۳۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِبْرَاهِيمَ:(ابراہیمؑ)معطوف مجرور۔ الَّذِي:(جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور صفت۔وَفَّىٰ:(اس نے پورا کیا) فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَفّٰى يُوَفِّيْ۔مصدر۔تَوْفِيَةٌ۔(پورا کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰى يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور ابراہیمؑ کی جنھوں نے(حق طاعت ورسالت) پورا کیا

اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴿۳۸﴾

أَلَّا:(کہ نہیں)مرکب:(اَنْ+لَّا)حرف تاکید۔مخففہ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+۔لائے نافیہ۔تَزِرُ:(وہ بوجھ اٹھائے گی)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ز ر)مثال واوی۔صیغہ۔وَزَرَ يَزِرُ۔مصدر۔وِزْرًا۔(بوجھ اٹھانا)۔وَازِرَةٌ:(بوجھ اٹھانے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع۔ وِزْرَ:(بوجھ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔أُخْرَىٰ:(دوسری کا)مؤنث۔تقدیراً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ کہ کوئی شخص دوسرے(کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مخففہ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ لَّيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی جامد۔رافع اسم۔ناصب خبر۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْإِنسَانِ:(انسان)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَّيْسَ کی خبر مقدم منصوب۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔مَا:(کہ)مصدریہ۔سَعَىٰ:(اس نے بھاگ دوڑ کی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَعٰى يَسْعٰى۔مصدر۔سَعْيًا۔(بھاگ دوڑ کرنا۔)محلاً لَّيْسَ کا اسم مؤخر مرفوع۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ اس کی کوشش دیکھی جائے گی۔

وَاَنَّ سَعۡيَهٗ سَوۡفَ يُرٰى ﴿۴۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مخففہ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ سَعْيَ:(بھاگ دور۔کوشش)أَنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔سَوْفَ:(جلد ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔ يُرَىٰ:(وہ دکھائی جائے گی)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔ افعال۔صیغہ۔اَرٰى يُرِىْ۔مصدر۔اِرَاءَةٌ (دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ اس کی کوشش دیکھی جائے گی۔

ثُمَّ يُجۡزٰٮهُ الۡجَزَآءَ الۡاَوۡفٰى ﴿۴۱﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ يُجْزَا:(جزاء۔بدلہ دیا جائے گا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی)صیغہ۔ جَزٰى يَجْزِىْ۔مصدر۔ جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔الْجَزَاءَ:(بدلا)منصوب مفعول بہ۔موصوف۔ الْأَوْفَىٰ:(بالکل پورا پورا۔زیادہ پورا۔)افعل التفضیل۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پھر اس کو اس کا پورا پورا بدلا دیا جائے گا۔

وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الۡمُنۡتَهٰى ﴿۴۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔إِلَىٰ:(طرف)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم

مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مقدم۔مرفوع

الْمُنْتَهَى:(آخری حد۔انتہا تک)مصدر۔میمی۔أَنَّ کا اسم منصوب۔تقدیراً مفتوح۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ تمہارے پروردگار ہی کے پاس پہنچنا ہے۔

وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔أَضْحَكَ:(اس نے ہنسایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔أَضْحَكَ يُضْحِكُ۔مصدر۔اِضْحَاكًا۔(ہنسانا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ۔(ض ح ک)صیغہ۔ضَحِكَ يَضْحَكُ۔مصدر۔ضَحْكًا۔(ہنسنا۔مذاق اڑانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَبْكَى:(اس نے رلایا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْكٰى يُبْكِيْ۔ مصدر۔اِبْكَاءً۔(رلانا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب ک ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَكٰى يَبْكِيْ۔مصدر۔ بَكَاءً۔(رونا)۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ وہ ہنساتا اور رلاتا ہے۔

وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ أَمَاتَ:(وہ مارتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمَاتَ يُمِيْتُ۔مصدر۔ اِمَاتَةٌ۔(موت دینا۔مارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔ مَوْتًا۔ (مرنا۔فوت ہونا)۔وَ:(اور) حرف عطف۔أَحْيَا:(وہ زندہ کرتا ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰى يُحْيِيْ۔مصدر۔اِحْيَاءٌ۔(زندہ رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔ اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰى۔مصدر۔حَيَاةٌ۔(زندہ رہنا)۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ وہی مارتا اور جلاتا ہے۔

وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۴۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ ہٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔ الزَّوْجَیْنِ: (جوڑے۔دو قسمیں)تثنیہ۔منصوب۔علامت ۔ی۔مرفوع۔ الذَّکَرَ:(مذکر۔نر۔ لڑکا ۔مرد۔)بدل منصوب ۔مفتوح۔ وَ:(حرف عطف۔) الْأُنْثٰی:(مادہ۔لڑکی۔عورت) معطوف۔ منصوب۔تقدیراً مفتوح۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ وہی نر اور مادہ دو قسم (کے حیوان) پیدا کرتا ہے۔

مِنۡ نُّطۡفَةٍ اِذَا تُمۡنٰى ﴿۴۶﴾

مِنْ:(سے)حرف جار۔ نُّطْفَةٍ:(نطفہ۔منی کا قطرہ)اسم مجرور۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب ۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ تُمْنٰی:(ٹپکایا جاتا ہے۔)فعل مضارع مجہول۔واحد مؤنث غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھِیَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْنٰی یُمْنِیْ۔مصدر۔اِمْنَاءً۔(منی خارج کرنا)۔

ترجمہ آیت: (یعنی) نطفے سے جو (رحم میں) ڈالا جاتا ہے۔

وَاَنَّ عَلَيۡهِ النَّشۡاَةَ الۡاُخۡرٰى ﴿۴۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔عَلَیْ:(پر)حرف جار۔ہِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔النَّشْأَةَ:(پیدائش) أَنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔موصوف۔ الْأُخْرٰی:(دوسری"مرتبہ")اٰخَرَ۔آخِرَ کی مؤنث۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ (قیامت کو) اسی پر دوبارہ اٹھانا لازم ہے۔

وَاَنَّهٗ هُوَ اَغۡنٰى وَاَقۡنٰى ﴿۴۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ ہٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ ھُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ أَغْنٰی:(اس نے غنی کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْنٰی یُغْنِیْ۔مصدر۔اِغْنَاءٌ۔(کام آنا۔۔کفایت کرنا۔غنی بنانا۔مالدار بنانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَقْنٰی:(اس نے مفلس کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر

تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقْنٰی یُقْنِیْ۔مصدر۔اِقْنَاءً۔(مفلس بنانا)۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ وہی دولت مند بناتا اور مفلس کرتا ہے۔

وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿۴۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ رَبُّ:(ربّ) أَنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ الشِّعْرٰی:(ایک ستارے کا نام۔جس کی پوجا کی جاتی تھا۔)مجرور۔مضاف الیہ۔تقدیراً مکسور۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ وہی شعریٰ کا مالک ہے۔

وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا ۨ الْاُوْلٰى ﴿۵۰﴾

و:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ أَهْلَكَ:(ہم نے ہلاک کیا۔تباہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ یُهْلِكُ۔مصدر۔اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔فتح۔مادہ(ہ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ یَهْلِكُ۔ مصدر۔ هَلْكًا۔ هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ عَادًا :(عاد نے)فاعل۔مرفوع۔موصوف۔ الْأُوْلَی:(پہلے کو)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور یہ کہ اسی نے عاد اول کو ہلاک کر ڈالا۔

وَثَمُوْدَا فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ثَمُوْدَا:(ثمود۔حضرت صالحؑ کی قوم)معطوف منصوب۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ أَبْقٰی:(اس نے باقی چھوڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔"یہی وزن صیغہ افعل التفضیل کا ہے"ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَبْقٰی یُبْقِیْ۔مصدر۔اِبْقَاءً۔(باقی چھوڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَقِیَ یَبْقٰی۔مصدر۔بَقَاءً۔(باقی رہنا)۔

ترجمہ آیت: اور ثمود کو بھی۔غرض کسی کو باقی نہ چھوڑا۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿۵۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَوْمَ:(قوم۔لوگ)معطوف منصوب۔مضاف۔ نُوْحٍ :(نوحؑ)مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔اَظْلَمَ:(زیادہ ظلم کرنے والا۔اندھیر مچانے والا)افعل التفضیل۔محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَطْغٰى:(زیادہ۔سرکش۔بغاوت کرنے والا)افعل التفضیل۔معطوف مرفوع۔تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: اور ان سے پہلے قوم نوحؑ کو بھی۔کچھ شک نہیں کہ وہ لوگ بڑے ہی ظالم اور بڑے ہی سرکش تھے۔

وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿۵۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُؤْتَفِكَةَ:(الٹ جانے والی بستی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً مفعول بہ مقدم۔ اَهْوٰى:(اس نے الٹا دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْوٰى يُهْوِىْ۔مصدر۔اِهْوَاءً۔(الٹ دینا۔گرادینا۔ماردینا۔)

ترجمہ آیت: اور اسی نے الٹی ہوئی بستیوں کو دے پٹکا۔

فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿۵۴﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔غَشّٰا:(وہ چھا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ی۔کو الف سے بدل دیا گیا۔برائے اتصال مابعد۔ضمیر۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ش ی) ناقص یائی۔صیغہ۔غَشِیَ يَغْشٰى۔مصدر۔غَشْيَانًا۔غِشَاوَةٌ۔(چھاجانا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ غَشّٰى:(وہ چھا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(غ ش ی) ناقص یائی۔صیغہ۔غَشِیَ يَغْشٰى۔مصدر۔غَشْيَانًا۔غِشَاوَةٌ۔(چھاجانا)۔

ترجمہ آیت: پھر ان پر چھایا جو چھایا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿۵۵﴾

فَ:(پس)فصیحة۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ:(کون سی)اسم استفہام۔اسم مجرور۔مضاف۔ آلَاءِ:(طاقت۔قوت) مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔تَتَمَارٰى:(تو جھگڑے گا۔شک کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔صیغہ۔تَمَارٰى يَتَمَارٰى۔مصدر۔تَمَارِیٌ۔(شک کرنا۔جھگڑا کرنا)۔

ترجمہ آیت: تو(اے انسان) تو اپنے پروردگار کی کون سی نعمت پر جھگڑے گا۔

هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿٥٦﴾

هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ نَذِيْرٌ :(آگاہ کرنے والا۔تنبیہ کرنے والا)خبر مرفوع۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔النُّذُرِ:(آگاہ کرنے والے۔تنبیہ کرنے والے)اسم مجرور۔موصوف۔الْأُولَى:(پہلے)۔صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ (محمد ﷺ) بھی اگلے ڈرسنانے والوں میں سے ایک ڈرسنانے والے ہیں۔

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿٥٧﴾

أَزِفَتِ:(وہ قریب آگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔کسرہ برائے اتصال ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ز ف)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَزَفَ يَزِفُ۔مصدر۔اِزْفًا۔(قریب آ پہنچنا۔قریب آنا) الْاٰزِفَةُ:()فاعل۔واحد مؤنث۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: آنے والی (یعنی قیامت) قریب آپہنچی۔

لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾

لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لَيْسَ کی خبر مقدم منصوب۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ: (علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ كَاشِفَةٌ:(دور کرنے والی۔کھولنے والی۔ہٹانے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔مرفوع۔لَيْسَ کا اسم مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس(دن کی تکلیفوں) کو اللہ کے سوا کوئی دور نہیں کر سکے گا۔

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پھر)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الْحَدِیْثِ:(بات۔قول۔) هٰذَا کا بدل۔مجرور ۔ تَعْجَبُوْنَ:(تم حیرت کرتے ہو۔تعجب کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ج ب)صیغہ۔عَجِبَ یَعْجَبُ۔مصدر۔عَجَبًا۔(تعجب کرنا۔حیران ہونا۔)

ترجمہ آیت: اے منکرین اللہ) کیا تم اس کلام سے تعجب کرتے ہو؟

وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿٦٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَضْحَكُوْنَ:(تم ہنستے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ض ح ک)صیغہ۔ ضَحِکَ یَضْحَکُ۔ مصدر۔ضَحْكًا۔(ہنسنا۔مذاق اڑانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔تَبْكُوْنَ:(تم روتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب ک ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَكٰی یَبْكِیْ۔مصدر۔بُكَاءً۔(رونا)۔

ترجمہ آیت: اور ہنستے ہو اور روتے نہیں؟ ۔

وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿٦١﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔سَامِدُوْنَ:(مدہوش ہونے والے۔بے خبر رہنے والے۔غفلت میں پڑے رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور تم غفلت میں پڑ رہے ہو

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿٦٢﴾

فَ:(تو)فصیحة۔اُسْجُدُوْا:(تم سجدہ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(س ج د)صیغہ۔سَجَدَ یَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔ (جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا۔ تعظیم کرنا)۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)مرکب:(لِ + اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔مضاف۔ وَ:(اور) حرف عطف۔اُعْبُدُوْا:(تم عبادت کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب د)صیغہ۔عَبَدَ یَعْبُدُ۔مصدر۔عِبَادَةٌ۔(عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔غلامی کرنا)۔

ترجمہ آیت: تو اللہ کے آگے سجدہ کرو اور (اسی کی) عبادت کرو۔

54 سُوْرَةُ الْقَمَرِ

رکوعاتها 3 | 54 سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ 37 | اٰياتها 55

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ آیت: شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿۱﴾

اِقْتَرَبَتِ:(وہ قریب ہو گئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ کسرہ برائے اتصال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِقْتَرَبَ يَقْتَرِبُ۔مصدر۔اِقْتِرَابًا۔(قریب آنا۔نزدیک ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔کرم۔مادہ(ق ر ب)صیغہ جات۔قَرِبَ يَقْرَبُ+ قَرُبَ يَقْرُبُ۔مصادر۔قُرْبًا۔قُرْبَةً۔قُرْبَانًا۔ (قریب ہونا۔پہنچ کرنا۔قرابت میں نزدیک ہونا۔پیش کرنا) السَّاعَةُ:(ساعت۔گھڑی۔قیامت)مبتداء مرفوع۔ وَ: (اور)حرف عطف۔اِنْشَقَّ:(وہ پھٹ گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْشَقَّ يَنْشَقُّ۔مصدر۔اِنْشِقَاقًا۔(پھٹ جانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔(ش ق ق)مضاعف۔صیغہ۔شَقَّ يَشُقُّ۔مصدر۔ شَقًّا۔(جدا کرنا۔پھاڑنا) الْقَمَرُ:(چاند)فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: قیامت قریب آپہنچی اور چاند شق ہو گیا۔

وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ﴿۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔يَرَوْا:(وہ دیکھتے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔محلاً فعل شرط۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیکھنا۔ دیدار۔دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ اٰيَةً:(آیت۔نشانی)منصوب۔ مفعول بہ۔يُعْرِضُوْا:(وہ اعراض برتتے۔نظر انداز کرتے۔منہ پھیرتے۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔مجزوم۔محلاً فعل جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْرَضَ

یُعۡرِضُ۔مصدر۔اِعۡرَاضًا۔(اعراض کرنا۔منہ پھیرنا۔نظر انداز کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یَقُوۡلُوۡا:(وہ کہتے)معطوف مجزوم۔فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔قَوۡلًا۔(کہنا)۔ سِحۡرٌ:(جادو۔دھوکا۔فریب۔)خبر مرفوع۔مبتداء "ھٰذَا" محذوف۔موصوف۔مُّسۡتَمِرٌّ:(ہمیشہ جاری رہنے والا۔ہمیشہ سے چلا آنے والا۔قدیمی)مصدر۔میمی۔اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اگر(کافر) کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ ایک ہمیشہ کا جادو ہے

وَكَذَّبُوۡا وَاتَّبَعُوۡۤا اَهۡوَآءَهُمۡ وَكُلُّ اَمۡرٍ مُّسۡتَقِرٌّ ﴿۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔کَذَّبُوۡا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٴ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔ مصدر۔ تَکۡذِیۡبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ کَذَبَ یَکۡذِبُ۔مصدر۔کِذۡبًا۔ کِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِتَّبَعُوۡا :(تم اتباع کرو۔پیروی کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنۡتُمۡ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔ اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتۡبَعُ۔ مصادر۔تَبۡعًا۔ تُبُوۡعًا۔(پیروی کرنا)۔ اَهۡوَاءَ:(ھَوٰی کی جمع۔خواہشات کی)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هُمۡ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔کُلُّ:(تمام)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔اَمۡرٍ:(معاملہ۔کام۔)مجرور مضاف الیہ۔مُّسۡتَقِرٌّ: (مقررہ وقت۔قرار پکڑنے والا۔ٹھہرنے والا۔انجام کو پہنچنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور انہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کی اور ہر کام کا وقت مقرر ہے۔

وَلَقَدۡ جَآءَهُمۡ مِّنَ الۡاَنۡۢبَآءِ مَا فِيۡهِ مُزۡدَجَرٌ ﴿۴﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدۡ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیۡئُ۔جِیۡئٌ۔مَجِیۡءٌ۔(آنا)۔ هُمۡ:(ان کے پاس)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال۔ الۡاَنۡۢبَاءِ:(نَبَاءٌ کی جمع۔خبروں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مَا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً۔فِیۡ: (میں) حرف جار۔ہِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مُزۡدَجَرٌ:(زجر و توبیخ۔ڈانٹ ڈپٹ۔

عبرت۔بازرکھنا۔بازرہنا)اصلاً مُزْتَجَرٌ تھا۔ت کو د سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔مبتداء مؤخر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ز ج ر)صیغہ۔زَجَرَ یَزْجُرُ۔مصدر۔زَجْرًا۔(لعن طعن کرنا۔ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔لعنت ملامت کرنا۔)

ترجمہ آیت: اور ان کو ایسے حالات(سابقین) پہنچ چکے ہیں جن میں عبرت ہے۔

حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ﴿۵﴾

حِكْمَةٌ:(حکمت)مبتداء مرفوع۔موصوف۔ بَالِغَةٌ:()صفت مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔جازم مضارع۔تُغْنِ:(وہ فائدہ دیتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔مرفوع تقدیراً مجزوم۔علامت حرف علت۔ی۔ محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْنٰی یُغْنِیْ۔مصدر۔اِغْنَاءٌ۔(کام آنا۔۔کفایت کرنا۔)۔ النُّذُرُ:(تنبیہ کرنے والے۔آگاہ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔

ترجمہ آیت: اور کامل دانائی (کی کتاب بھی) لیکن ڈرانا ان کو کچھ فائدہ نہیں دیتا۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَىٰ شَيْءٍ نُّكُرٍ ﴿۶﴾

فَ:(تو)فصیحة۔تَوَلَّ:(آپ منہ پھیر لیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(ول ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔ مصدر۔ وَلْیًا۔ (پھرنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔يَدْعُ:(وہ بلائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی ۔صیغہ۔دَعَا یَدْعُو۔ مصدر۔ دَعْوَةٌ(پکارنا)۔ الدَّاعِ:(بلانے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ إِلَىٰ:(طرف) حرف جار۔شَيْءٍ:(کوئی شئے)اسم مجرور۔موصوف۔نُّكُرٍ:(ناگوار۔ناپسندیدہ۔مکروہ)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تو تم بھی ان کی کچھ پروا نہ کرو۔جس دن بلانے والا ان کو ایک ناخوش چیز کی طرف بلائے گا۔

خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنتَشِرٌ ﴿۷﴾

خُشَّعًا:(جھکی ہوئی۔نیچی کی ہوئی)منصوب۔حال۔ أَبْصَارُ:(آنکھیں)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَخْرُجُونَ :(وہ نکلتے ہیں۔نکلیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔

مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ (خ ر ج)صیغہ۔ خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔ (نکلنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ الْأَجْدَاثِ:(جَدَثٌ کی جمع۔قبروں)اسم مجرور۔ كَأَنَّ:(گویا کہ)حرف تاکید۔ و تشبیہ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً كَأَنَّ کا اسم منصوب۔ جَرَادٌ:(ٹڈیاں) كَأَنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔ مُّنْتَشِرٌ:(بکھری ہوئی۔ پھیلی ہوئی۔)اسم فاعل ۔واحد مذکر۔محلاً صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تو آنکھیں نیچی کئے ہوئے قبروں سے نکل پڑیں گے گویا بکھری ہوئی ٹڈیاں۔

مُّهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ ۖ يَقُولُ الْكٰفِرُونَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ﴿٨﴾

مُّهْطِعِينَ:(سر جھکا کر تیزی سے دوڑنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔مصدر۔اِهْطَاعٌ۔محلاً منصوب۔علامت ۔ی۔حال۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ الدَّاعِ :(پکارنے والا)اسم فاعل۔محلاًاسم مجرور۔يَقُولُ:(وہ کہے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ الْكَافِرُونَ:(کافر۔انکار کرنے والے۔قوانین الٰہی سے بغاوت کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ هَذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَوْمٌ:(دن)ظرف زمان۔محلاً خبر مرفوع۔ موصوف۔عَسِرٌ:(بڑا سخت۔)صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اس بلانے والے کی طرف دوڑتے جاتے ہوں گے۔کافر کہیں گے یہ دن بڑا سخت ہے۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ وَّازْدُجِرَ ﴿٩﴾

كَذَّبَتْ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔ قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔قَوْمُ۔:(قوم)فاعل۔ مرفوع ۔مضاف۔ نُوحٍ:(نوحؑ)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔كَذَّبُوا:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔ تانیث۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی

مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔ کِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ عَبْدَ:(بندے کو) منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ قَالُوْا: (انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)۔صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ مَجْنُوْنٌ:(پاگل۔دیوانہ۔ عقل گم کردہ)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔تقدیراً"ھُوَ"۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِزْدُجِرَ:(اس نے ڈانٹ دیا۔ جھڑک دیا) فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِزْدَجَرَ یَزْدَجِرُ۔ مصدر۔ اِزْدِجَارٌ۔ (زجر و توبیخ۔ڈانٹ ڈپٹ)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ز ج ر)صیغہ۔زَجَرَ یَزْجُرُ۔مصدر۔ زَجْرًا۔ (لعن طعن کرنا۔ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔لعنت ملامت کرنا۔)

ترجمہ آیت: ان سے پہلے نوحؑ کی قوم نے بھی تکذیب کی تھی تو انہوں نے ہمارے بندے کو جھٹلایا اور کہا کہ دیوانہ ہے اور انہیں ڈانٹا بھی

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔دَعَا:(اس نے پکارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(بلانا۔پکارنا)۔رَبَّ:(ربّ کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔اَنِّیْ:(بے شک میں)مرکب: (اَنَّ + یْ)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔ی۔ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔مَغْلُوْبٌ:(زیر تسلط۔بے بس۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلا اَنَّ کی خبر مرفوع۔ فَ: (پھر)فصیحۃ۔اِنْتَصِرْ:(تو بدل لے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔دعائیہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِنْتَصَرَ یَنْتَصِرُ۔مصدر۔اِنْتِصَارٌ۔(بدلہ لینا۔مدد کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)۔صیغہ۔نَصَرَ یَنْصُرُ۔ مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔

ترجمہ آیت: تو انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ (بار الہٰا) میں (ان کے مقابلے میں) کمزور ہوں تو (ان سے) بدلہ لے۔

فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔فَتَحْنَا:(ہم نے کھول دیئے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب

فتح۔صیغہ۔فَتَحَ یَفْتَحُ۔مصدر۔فَتْحًا۔(کھولنا)۔أَبْوَابَ:(دروازے)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔السَّمَاءِ:(آسمان)مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَاءٍ:(پانی)اسم مجرور۔موصوف۔مُّنْهَمِرٍ:(موسلا دھار۔کھل کر برسنے والا۔نہر بنانے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پس ہم نے زور کے مینہ سے آسمان کے دہانے کھول دیئے۔

وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔فَجَّرْنَا:(ہم نے پھاڑا۔پیدا کیا۔ہم نے نکالے)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔فَجَّرَ يُفَجِّرُ۔مصدر۔تَفْجِيْرًا۔(پھاڑنا۔نکالنا۔پیدا کرنا)۔الْأَرْضَ:(زمین کو)منصوب۔مفعول بہ۔عُيُوْنًا:(چشمے)منصوب۔تمیز۔فَ:(پھر)حرف عطف۔اِلْتَقَى:(وہ مل گیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِلْتَقٰى يَلْتَقِيْ۔مصدر۔اِلْتِقَاءٌ (ملنا۔مقابل ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔لُقْيَةً۔تِلْقَاءً۔لِقِيًّا۔لُقِيًّا۔لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا۔ملنا۔پہنچنا۔ہوجانا)۔اَلْمَاءُ:(پانی)فاعل مرفوع۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔أَمْرٍ:(کام۔معاملہ۔)اسم مجرور۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔قُدِرَ:(مقدار قائم کردی گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ يَقْدِرُ۔مصدر۔قَدْرًا۔(اندازہ کرنا۔ناپ تول کر)۔

ترجمہ آیت: اور زمین میں چشمے جاری کر دیئے تو پانی ایک کام کے لئے جو مقدر ہو چکا تھا جمع ہو گیا۔

وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿۱۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔حَمَلْنَا:(ہم نے اٹھایا۔سوار کردیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔عَلَىٰ:(پر)حرف عطف۔ذَاتِ:(والی)از ستّہ مکبّرہ۔اسم مجرور۔مضاف۔أَلْوَاحٍ:(تختوں)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔دُسُرٍ:(دِسَارٌ۔کی جمع۔میخوں)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے نوحؑ کو ایک کشتی پر جو تختوں اور میخوں سے تیار کی گئی تھی سوار کر لیا۔

تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾

تَجْرِي:(وہ چلتی ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔جَرٰی یَجْرِیْ۔مصدر۔جِرْیَانٌ۔(بہنا۔جاری ہونا)۔بِ:(ساتھ۔سامنے) حرف جار۔أَعْيُنِ:(آنکھوں کے) اسم مجرور۔مضاف۔نَا :(ہماری) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب ۔حال۔جَزَاءً: (بدلہ) منصوب۔مفعول لہ۔لِّ:(لئے) حرف جار۔مَنْ:(جو) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔كُفِرَ:(انکار کیا گیا۔قوانین الٰہی سے بغاوت کی گئی) فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: وہ ہماری آنکھوں کے سامنے چلتی تھی۔(یہ سب کچھ) اس شخص کے انتقام کے لئے(کیا گیا) جس کو کافر مانتے نہ تھے۔

وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿١٥﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً) حرف تحقیق۔تَّرَكْنَا:(ہم نے چھوڑ دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ر ک)صیغہ۔تَرَكَ يَتْرُكُ۔مصدر۔تَرْكًا۔(چھوڑنا)۔هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اٰيَةً:(ایک آیت۔ایک نشانی) منصوب۔حال۔ فَ: (پھر) فصيحة۔هَلْ:(کیا) حرف استفہام۔مِنْ:(سے۔کوئی) حرف جار۔زائد۔مُّدَّكِرٍ :(نصیحت لے۔سوچے سمجھے) اسم فاعل۔واحد مذکر۔اِدِّكَارًا۔مصدر۔ذ کو د سے بدل کر ادغام کر دیا گیا ہے۔لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مرفوع۔خبر محذوف۔"مَوْجُوْدٌ۔"

ترجمہ آیت: اور ہم نے اس کو ایک عبرت بنا چھوڑا تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿١٦﴾

فَ:(پھر) حرف عطف۔كَيْفَ:(کیسے ؟) اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً كَانَ کی خبر مقدم منصوب۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ عَذَابِ:(عذاب۔سزا۔دکھ) كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔يْ:(میرا) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور) حرف عطف۔نُذُرِ:(میری تنبیہ کرنا۔میرا آگاہ کرنا۔) اصلاً نُذُرِيْ تھا۔مرکب(نُذُرِ+یْ) اسم مصدر۔+ ضمیر

واحد متکلم۔کسرہ برائے اتصال۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا؟

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔يَسَّرْنَا:(ہم نے آسان کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔يَسَّرَ يُيَسِّرُ۔مصدر۔تَيْسِيْرًا۔(آسان کرنا)۔ الْقُرْآنَ:(قرآن مجید کو)منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الذِّكْرِ:(ذکر۔یاد۔نصیحت۔)اسم مجرور۔ فَ:(تو)فصيحة۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ مُّدَّكِرٍ:(نصیحت لینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔لفظاًمجرور۔محلاًمبتداءمرفوع۔خبر محذوف۔"مَوْجُوْدٌ"۔

اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۱۸﴾

كَذَّبَتْ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔ عَادٌ:(عاد نے)فاعل مرفوع۔فَ:(تو)حرف عطف۔ كَيْفَ:(کیسے؟)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً كَانَ کی خبر مقدم۔منصوب۔ كَانَ :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ عَذَابِ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ي:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔نُذُرِ:(میری تنبیہ کرنا۔میرا آگاہ کرنا۔)اصلاً نُذُرِيْ تھا۔مرکب(نُذُرِ+يْ)اسم مصدر۔+ ضمیر واحد متکلم۔کسرہ برائے اتصال۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: عاد نے بھی تکذیب کی تھی سو(دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿۱۹﴾

اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اَنَّ+نَا)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ ضمیر جمع متکلم۔محلاًاَنَّ کا اسم منصوب۔

أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔نَحْنُ۔جملہ محلاًاَنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل)صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَۃً۔(لمبااور سیدھا ہونا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔ رِيحًا:(رحمت کی ہوا)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ صَرْصَرًا:(تند و تیز۔)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ فِي:(میں) حرف جار۔ يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ نَحْسٍ:(نحس۔ منحوس۔بد شگون) مجرور۔مضاف الیہ۔موصوف۔ مُّسْتَمِرٍّ:(لگاتار چلنے والی۔دائمی)اسم فاعل۔واحد مذکر۔صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ہم نے ان پر سخت منحوس دن میں آندھی چلائی۔

تَنْزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿۲۰﴾

تَنْزِعُ:(وہ اکھاڑ پھینکتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ ضرب۔ مادہ(ن ز ع)صیغہ۔نَزَعَ يَنْزِعُ۔مصدر۔نَزْعًا۔(اتارنا۔اکھاڑ پھینکنا۔چھین لینا۔کھینچ لینا۔توڑ ڈالنا۔نکال لیناکاٹ دینا۔پھاڑ دینا)۔ النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔كَاَنَّ:(گویا کہ)برائے تشبیہ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ: (اور)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً كَاَنَّ کا اسم منصوب۔ اَعْجَازُ:(عَجُزٌ کی جمع۔درخت کا پچھلا حصہ۔جڑیں۔ تنا۔) كَاَنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ نَخْلٍ:(کھجور کے)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ مُّنْقَعِرٍ:(جڑ سے اکھڑے ہوئے)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: وہ لوگوں کو(اس طرح) اکھیڑے ڈالتی تھی گویا اکھڑی ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں۔

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۲۱﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔كَيْفَ:(کیسے؟)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً كَانَ کی خبر مقدم۔ منصوب۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ عَذَابِ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ ي:(میرا) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔نُذُرِ:(میری تنبیہ کرنا۔میرا آگاہ کرنا۔)اصلاً نُذُرِيْ تھا۔مرکب(نُذُرِ+يْ)اسم مصدر۔+ ضمیر واحد متکلم۔کسرہ برائے اتصال۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۲۲﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ لَ: (البتہ۔) لائے موطئۃ للقسم۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ يَسَّرْنَا: (ہم نے آسان کر دیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ يَسَّرَ يُيَسِّرُ۔ مصدر۔ تَيْسِيْرًا۔ (آسان کرنا)۔ الْقُرْآنَ: (قرآن مجید کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ الذِّكْرِ: (ذکر۔ یاد۔ نصیحت۔) اسم مجرور۔ فَ: (تو) فصیحۃ۔ هَلْ: (کیا) حرف استفہام۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ زائدہ۔ مُّدَّكِرٍ: (نصیحت لینے والا) اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ لفظاً مجرور۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ خبر محذوف۔ "مَوْجُوْدٌ"۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟۔

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿۲۳﴾

كَذَّبَتْ: (اس نے جھٹلایا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔ علامت ضمیر فاعل۔ تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔ ثَمُوْدُ: (ثمود) فاعل مرفوع۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ النُّذُرِ: (تنبیہ کرنے والے۔ خطرے سے آگاہ کرنے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: ثمود نے بھی ہدایت کرنے والوں کو جھٹلایا۔

فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۲۴﴾

فَ: (پس) حرف عطف۔ قَالُوْا: (انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ أَ: (کیا) حرف استفہام۔ بَشَرًا: (ایک انسان۔ بشر۔ آدمی۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ مِّنَّا: (ہم سے) مرکب: (مِنْ+نَا) حرف جار۔ + ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَاحِدًا: (کوئی ایک) صفت منصوب۔ نَتَّبِعُ: (ہم پیروی کرتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ (تو پیروی کر) فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ۔ مصدر۔ اِتِّبَاعًا۔ (پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ت ب ع) تَبِعَ يَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبْعًا۔ تُبُوْعًا۔ (پیروی کرنا)۔ هٗ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ

محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ إِنَّآ:(بے شک ہم) مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید مشبہ بالفعل ناصب اسم ۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ إِذًا:(تب۔اس وقت) جواب اور جزاء کے لئے آتا ہے لَّ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔ فِي:(میں)حرف جار۔ضَلَالٍ:(گمراہی)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔سُعُرٍ:(دیوانہ پن۔پاگل پن۔دیوانگی)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: اور کہا کہ بھلا ایک آدمی جو ہم ہی میں سے ہے ہم اس کی پیروی کریں؟ یوں ہو تو ہم گمراہی اور دیوانگی میں پڑ گئے۔

ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿۲۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔اُلْقِيَ:(ڈالی گئی۔نازل کی گئی۔اتاری گئی) فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل ضمیر مستتر تقدیرا هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِيْ۔مصدر۔ اِلْقَاءٌ۔ (ڈالنا)۔الذِّكْرُ:(ذکر۔حکم۔وحی۔نصیحت)نائب فاعل۔مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَيْنِ:(درمیان)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَلْ :(بلکہ)حرف اضراب۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَذَّابٌ:(خوب جھوٹ بولنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔أَشِرٌ:(بدمعاش۔اترانے والا۔متکبر۔خودپسند)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا ہم سب میں سے اسی پر وحی نازل ہوئی ہے؟(نہیں) بلکہ یہ جھوٹا خودپسند ہے۔

سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿۲۶﴾

سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔يَعْلَمُوْنَ :(وہ جانتے ہیں۔وہ جان جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع ۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیرا هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔غَدًا:(کل آنے والا)منصوب۔مفعول بہٖ۔مَّنِ:(کون؟)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔کسرہ برائے اتصال۔ الْكَذَّابُ:(خوب جھوٹ بولنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔أَشِرٌ:(بدمعاش۔اترانے والا۔متکبر۔خود پسند)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: ان کو کل ہی معلوم ہو جائے گا کہ کون جھوٹا خودپسند ہے۔

اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾

إِنَّآ:(بے شک ہم) مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید مشبہ بالفعل ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔

مُرْسِلُوْا:(مُرْسِلٌ کی جمع۔ بھیجنے والے)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔اصلاً مُرْسِلُوْنَ تھا۔الف فارقہ لگایا گیا ہے۔اورنون محذوف بوجہ مضاف۔النَّاقَةِ:(اونٹنی)مجرور مضاف الیہ۔فِتْنَةً:(آزمائش۔)منصوب۔ مفعول لہٗ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔اِرْتَقِبْ:(انتظار کر۔راہ دیکھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِرْتَقَبَ يَرْتَقِبُ۔ مصدر۔اِرْتِقَابٌ۔ (انتظار کرنا۔راہ دیکھنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ اصْطَبِرْ:(استقامت دکھاؤ۔ڈٹے رہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً انت۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اِصْطَبَرَ يَصْطَبِرُ مصدر۔اِصْطِبَارٌ۔(استقامت کے ساتھ قائم رہنا۔ڈٹے رہنا)باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔

ترجمہ آیت: (اے صالح) ہم ان کی آزمائش کے لئے اونٹنی بھیجنے والے ہیں توتم ان کو دیکھتے رہو اور صبر کرو۔

وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔نَبِّئْ:(خبر دو۔آگاہ کر دو۔)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً انت۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ نَبَّاَ يُنَبِّئُ۔مصدر۔ تَنْبِئَةٌ۔(آگاہ کرنا۔ خبر دینا۔ بتانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَاَ يَنْبَاُ۔مصدر۔نَبْئًا۔نُبُوْءًا۔(خبر دینا۔اطلاع دینا۔تنبیہ کرنا۔)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ اَنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔الْمَاءَ:(پانی) اَنَّ کا اسم منصوب۔ قِسْمَةٌ: (باری۔بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ تقسیم۔بانٹ)اَنَّ کی خبر مرفوع۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كُلُّ:(تمام۔ہر)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔ شِرْبٍ:(پانی کا ایک حصہ۔پانی پینے کی ایک باری۔اَشْرَابٌ۔جمع۔باریاں)مجرور مضاف الیہ۔مُّحْتَضَرٌ:(حاضر ہوا جائے)اسم مفعول۔واحد مذکر۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ان کو آگاہ کر دو کہ ان میں پانی کی باری مقرر کر دی گئی ہے۔ہر(باری والے کو اپنی) باری پر آنا چاہیئے

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔نَادَوْا:(انہوں نے آواز دی۔پکارا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔مصدر۔مُنَادَاةٌ۔(پکارنا)۔ صَاحِبَ:(ساتھ۔دوست۔والا)

منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف ۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔تَعَاطٰی:(اس نے پکڑا۔وار کیا۔دست درازی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَعَاطٰی یَتَعَاطٰی۔مصدر۔تَعَاطِیٌ۔(دست درازی کرنا۔پکڑنا۔وار کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ع ط و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَطَا یَعْطُو۔مصدر۔عُطُوًا۔(لینا۔خصوصاً ہاتھ سے لینا)فَ:(پھر)حرف عطف۔عَقَرَ:(اس نے کاٹ دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ۔(ع ق ر)صیغہ۔عَقَرَ یَعْقِرُ۔مصدر۔عَقْرًا۔(کاٹنا۔زخمی کرنا۔"جانور کی کونچیں کاٹنا۔یاذبح کردینا")

ترجمہ آیت: توان لوگوں نے اپنے رفیق کو بلایا اور اس نے (اونٹنی کو پکڑ کر اس کی) کونچیں کاٹ ڈالیں۔

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۳۰﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔كَيْفَ:(کیسا؟)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً كَانَ کی خبر مقدم۔ منصوب۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔عَذَابِ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ ي:(میرا) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نُذُرِ:(میری تنبیہ کرنا۔میرا آگاہ کرنا۔)اصلاً نُذُرِيْ تھا۔مرکب(نُذُرِ+یْ)اسم مصدر۔ + ضمیر واحد متکلم۔کسرہ برائے اتصال۔مضاف۔ + ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: سو(دیکھ لو کہ) میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا؟

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾

إِنَّا(یقیناً ہم)مرکب: (إِنَّ+نا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔ أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔صَيْحَةً:(چیخ۔چنگھاڑ۔دل دہلا دینے والی آواز۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ وَاحِدَةً :(ایک)صفت۔منصوب۔تابع۔موصوف۔ فَ:(پس)حرف عطف۔ كَانُوْا:(وہ ہوں۔تھے)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ اور

كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔كَ:(کی مانند۔طرح۔)حرف تشبیہ۔جار۔هَشِيْمِ:(ٹکڑے ٹکڑے کی ہوئی۔چوراچورا کی ہوئی۔روندی ہوئی۔باڑ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔الْمُحْتَظِرِ:(باڑلگانے والا) اسم فاعل۔واحد مذکر۔مجرور مضاف الیہ۔"مصدر۔ اِحْتِظَارٌ۔(باڑلگانا) مکان۔حَظِيْرَةٌ۔(باڑا)"۔

ترجمہ آتی: ہم نے ان پر(عذاب کے لئے) ایک چیخ بھیجی تو وہ ایسے ہو گئے جیسے باڑ والے کی سوکھی اور ٹوٹی ہوئی باڑ۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔يَسَّرْنَا:(ہم نے آسان کر دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔يَسَّرَ يُيَسِّرُ۔مصدر۔تَيْسِيْرًا۔(آسان کرنا)۔ الْقُرْآنَ:(قرآن مجید کو)منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الذِّكْرِ:(ذکر۔یاد۔نصیحت۔)اسم مجرور۔ فَ:(تو) فصيحة۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ مُّدَّكِرٍ:(نصیحت لینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مرفوع۔خبر محذوف۔"مَوْجُوْدٌ"۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍ بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾

كَذَّبَتْ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر فاعل۔تانیث۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔ هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ قَوْمُ:(قوم۔لوگوں نے)فاعل مرفوع۔مضاف۔لُوطٍ: (لوطؑ کی)مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔النُّذُرِ:(تنبیہ کرنے والے۔خطرے سے آگاہ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: لوط کی قوم نے بھی ڈر سنانے والوں کو جھٹلایا تھا۔

اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّاۤ اٰلَ لُوْطٍ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾

إِنَّا(یقیناً ہم)مرکب:(إِنَّ+نا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع

متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔عَلَيَ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ حَاصِبًا:(پتھر برسانے والی ہوا)اسم فاعل۔واحد مذکر ۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔ اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ آلَ:(قوم ۔اولاد۔تعلقہ دار)منصوب۔ مستثنٰی۔مضاف۔ لُوطٍ:(لوطؑ)مجرور مضاف الیہ۔ نَّجَّيْنَا:(ہم نے نجات دی۔بچایا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔نَجّٰی یُنَجِّیْ۔مصدر۔تَنْجِيَةٌ۔(نجات دینا۔بچا دینا۔بچا لینا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و)ناقص واوی۔نَجَا يَنْجُو ۔مصدر۔نَجْوٰی۔نَجْوًا(بچنا۔کسی سے راز کی بات چھپانا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔سَحَرٍ:(پچھلے پہر۔رات کا آخری حصہ۔صبح کے نزدیک)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: توہم نے ان پر کنکر بھری ہوا چلائی مگر لوط کے گھر والے کہ ہم نے ان کو پچھلی رات ہی سے بچالیا۔

نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿۳۵﴾

نِعْمَةً:(انعام۔نعمت۔فضل۔)منصوب۔مفعول لہ۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔عِنْدِ:(پاس)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔كَذٰلِكَ:(اس طرح)مرکب:(كَ+ذٰ+لِ+كِ) حرف تشبیہ و جار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد+خطابیہ۔محلاًاسم مجرور۔نَجْزِي: (ہم بدلہ دیتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز ی) ناقص یائی۔صیغہ۔جَزٰی یَجْزِیْ۔مصدر۔جَزَاءٌ۔(بدلہ دینا۔اجر دینا۔معاوضہ دینا)۔ مَنْ:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً شَكَرَ:(اس نے قدر کی۔شکر کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر)صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا)۔

ترجمہ آیت: اپنے فضل سے۔شکر کرنے والوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔

وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔أَنْذَرَ:(اس نے آگاہ کیا۔تنبیہ کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ يُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ

کرنا۔خبردار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ ضرب۔ مادہ۔(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ یَنْذُرُ۔ مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا) هُمْ: (ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔بَطْشَتَ:(پکڑ۔گرفت)مصدر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔تَمَارَوْا:(انہوں نے شک کیا۔ جھگڑا کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَمَارٰی یَتَمَارٰی۔ مصدر۔تَمَارِیٌ۔(شک کرنا۔جھگڑا کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔النُّذُرِ:(تنبیہ کرنے والے۔خطرے سے آگاہ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور لوطؑ نے ان کو ہماری پکڑ سے ڈرایا بھی تھا مگر انہوں نے ڈرانے میں شک کیا۔

وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۳۷﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(البتہ۔)لائے موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ رَاوَدُو:(انہوں نے بہکایا۔ورغلایا۔ پھسلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعل۔صیغہ۔رَاوَدَ یُرَاوِدُ۔ مصدر۔مُرَاوَدَةً۔(پھسلانا۔گفت وشنید کرنا۔لیناچاہنا۔پھرناچاہنا۔بہکانا۔ورغلانا۔آمادہ کرنا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔عَنْ:(سے)حرف جار۔ ضَيْفِ:(مہمان)اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ :(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔طَمَسْنَا:(ہم نے مٹا دیا۔ مسخ کر دیا۔ شکل بگاڑ دی۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ط م س)صیغہ۔طَمَسَ یَطْمِسُ۔ مصدر۔طَمْسًا۔(مٹادینا۔ مسخ کر دینا۔ شکل بگاڑ دینا۔)اَعْيُنَ:(آنکھوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔هُمْ: (ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(تو)حرف عطف۔ذُوْقُوْا:(تم چکھو)فعل امر جمع حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ یَذُوْقُ۔مصدر۔ذَوْقًا۔مَذَاقًا۔مَذَاقَةٌ۔(مزہ چکھنا)۔ عَذَابِ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)منصوب ۔مفعول بہٖ۔مضاف۔يْ:(میرا) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔نُذُرِ:(میری تنبیہ کرنا۔میرا آگاہ کرنا۔)اصلاًنُذُرِيْ تھا۔مرکب(نُذُرِ+یْ)اسم مصدر۔ + ضمیر واحد متکلم۔کسرہ برائے اتصال۔مضاف۔+ ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: ترجمہ آیت: اوران سے ان کے مہمانوں کو لے لیناچاہاتوہم نے ان کی آنکھیں مٹادیں سو(اب) میرے عذاب اور ڈرانے کے مزے چکھو۔

﴿وَلَقَدۡ صَبَّحَهُم بُكۡرَةً عَذَابٞ مُّسۡتَقِرّٞ ۝٣٨﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔صَبَّحَ:(وہ آگیا۔وہ صبح آپڑا۔)فعل ماضی واحدمذکرغائب۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَبَّحَ يُصَبِّحُ۔مصدر۔تَصْبِيحٌ۔(آ پڑنا۔ہو جانا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بُكْرَةً:(سویرے سویرے)ظرف زمان۔منصوب۔ عَذَابٌ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)فاعل۔مرفوع۔موصوف۔ مُّسْتَقِرٌّ:(ٹھہراہوا۔یعنی ہمیشہ رہنے والا۔ کبھی نہ ہٹنےوالا)اسم فاعل۔واحدمذکر۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اوران پر صبح سویرے ہی اٹل عذاب آنازل ہوا۔

﴿فَذُوقُواْ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝٣٩﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ذُوْقُوْا :(تم چکھو)فعل امر جمع حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوقُ۔ مصدر۔ ذَوْقًا۔ مذَاقًا۔مَذَاقَةٌ۔(مزہ چکھنا)۔عَذَابِ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ي:(میرا) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔نُذُرِ:(میری تنبیہ کرنا۔میرا آگاہ کرنا۔)اصلاً نُذُرِيْ تھا۔مرکب(نُذُرِ+ يْ)اسم مصدر۔+ ضمیر واحد متکلم۔کسرہ برائے اتصال۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تواب میرے عذاب اورڈرانے کے مزے چکھو۔

﴿وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا ٱلۡقُرۡءَانَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِن مُّدَّكِرٖ ۝٤٠﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔يَسَّرْنَا:(ہم نے آسان کردیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔يَسَّرَ يُيَسِّرُ۔مصدر۔تَيْسِيْرًا۔(آسان کرنا)۔الْقُرْآنَ:(قرآن مجید کو)منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الذِّكْرِ:(ذکر۔یاد۔نصیحت۔)اسم مجرور۔ فَ:(تو) فصيحة۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔مُّدَّكِرٍ:(نصیحت لینے والا)اسم فاعل۔واحدمذکر۔لفظاًمجرور۔محلاًمبتداءمرفوع۔خبر محذوف۔"مَوْجُوْدٌ"۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچ سمجھے؟

وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿۴۱﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ لَ:(البتہ۔)لائے موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیئٌ۔ مَجِیْءٌ (آنا) ۔آلَ:(آل۔اولاد۔تعلقہ دار۔قوم)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون)غیر منصرف۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ النُّذُرُ:(تنبیہ کرنے والے۔آگاہ کرنے والے)فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور قوم فرعون کے پاس بھی ڈر سنانے والے آئے۔

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۴۲﴾

كَذَّبُوا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔نشانیوں)اسم مجرور مضاف۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَخَذْنَا:(ہم نے پکڑا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ءخ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَخْذَ:(پکڑ)منصوب۔مفعول مطلق۔مضاف۔ عَزِيزٍ:(زبردست عزت والا۔بڑا غالب)مبالغہ۔مجرور مضاف الیہ۔ موصوف ۔ مُّقْتَدِرٍ:(قدرت والا۔طاقت والا۔اختیارات والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: انہوں نے ہماری تمام نشانیوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو اس طرح پکڑ لیا جس طرح ایک قوی اور غالب شخص پکڑ لیتا ہے۔

اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿۴۳﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔كُفَّارُ:(کافر۔زیادہ کفر کرنے والے)مبالغہ۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ خَيْرٌ:(بہتر۔اچھا)خبر مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ أُولَئِكُمْ : (وہ)

مرکب:(أُوْلَاءِ+كُمْ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔+كُمْ خطابیہ۔ أَمْ:(یا)حرف عطف۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ بَرَاءَةٌ:(چھٹکارا۔ بری الذمہ ہونا۔معافی نامہ۔بیزاری۔چھٹکاراپانا۔)مبتداءمرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔الزُّبُرِ:(زُبُورٌ کی جمع۔اوراق۔کتابیں۔)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (اے اہل عرب) کیاتمہارے کافران لوگوں سے بہتر ہیں یاتمہارے لئے(پہلی) کتابوں میں کوئی فارغ خطی لکھ دی گئی ہے۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿۴۴﴾

أَمْ:(یا)حرف عطف۔ يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہیں گے۔وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ نَحْنُ:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔جَمِيْعٌ:(تمام کے تمام۔ایک جماعت۔جمعیت۔)خبر مرفوع۔موصوف۔مُّنْتَصِرٌ:(بدلہ لینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاًصفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہماری جماعت بڑی مضبوط ہے۔

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾

سَ:(عنقریب۔جلد ہی۔)حرف استقبال۔يُهْزَمُ:(وہ شکست دی جائے گی)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ ز م)صیغہ۔هَزَمَ يَهْزِمُ۔مصدر۔هَزْمًا۔هَزِيْمَةٌ۔(شکست دینا۔) الْجَمْعُ:(جماعت۔ٹولہ۔)نائب فاعل۔ مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُوَلُّوْنَ:(وہ پھر جائیں گے۔پلٹ جائیں گے۔یعنی دوڑ جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر۔ مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَلّٰى يُوَلِّيْ۔ مصدر۔ تَوْلِيَةٌ۔(منہ پھیرنا۔منہ کرنا۔دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے)۔ الدُّبُرَ:(پیٹھ۔پشت کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: عنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔

بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿۴۶﴾

بَلِ:(بلکہ)حرف اضراب۔ السَّاعَةُ:(ساعت۔گھڑی۔قیامت)مبتداء مرفوع۔ مَوْعِدُ:(وعدہ کیاہوا۔وعدہ کا وقت)ظرف زمان۔خبر مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ السَّاعَةُ:(ساعت۔گھڑی۔قیامت)مبتداءمرفوع۔أَدْهٰى:(زیادہ مصیبت۔زیادہ بڑی آفت)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔

وَ:(اور)حرف عطف۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔أَمَرُّ:(زیادہ کڑوا۔زیادہ تلخ۔)افعل التفضیل۔معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: ان کے وعدے کاوقت تو قیامت ہے اور قیامت بڑی سخت اور بہت تلخ ہے

اِنَّ الْمُجْرِمِیْنَ فِیْ ضَلٰلٍ وَّ سُعُرٍ ﴿۴۷﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الْمُجْرِمِيْنَ:(مجرم کی جمع۔قوانین الٰہی کی خلاف ورزی کرنے والے۔قانون شکن)إِنَّ کا اسم منصوب۔علامت۔ ی۔ فِي:(میں)حرف جار۔ ضَلَالٍ:(گمراہی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔سُعُرٍ:(پاگل پن۔دیوانگی)معطوف مجرور۔(سَعِيْرًا:(بھڑکتی ہوئی آگ۔دوزخ)اسم جامد۔جب مایوسی ہوتی ہے۔یادماغ میں غصے کی آگ بھڑکتی ہے توسوجھ بوجھ ختم۔ہوجاتی ہے۔یہی حال اسلام دشمنوں کا ہے)

ترجمہ آیت: بے شک گنہگارلوگ گمراہی اور دیوانگی میں (مبتلا) ہیں۔

یَوْمَ یُسْحَبُوْنَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ ؕ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿۴۸﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔ يُسْحَبُوْنَ:(دھکیلے جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ نائب فاعل۔ضمیر ۔ مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(س ح ب)صیغہ۔سَحَبَ يَسْحَبُ۔مصدر۔سَحْبًا۔(دھکیلنا۔گھسیٹنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ النَّارِ:(آگے)اسم مجرور۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ وُجُوْهِ:(وَجْهٌ کی جمع۔چہرے)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ذُوْقُوْا:(تم چکھو)فعل امر جمع حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔ مصدر۔ ذَوْقًا۔ مذَاقًا۔مَذَاقَةٌ۔(مزہ چکھنا) مَسَّ:(اس نے چھوا)اصلاً مَسَّ تھا۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ مبنی بر فتحہ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔ صیغہ۔مَسَّ يَمَسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔سزا دینا۔پہنچنا۔)محلاًاصل میں مَسَّ تھا۔تنوین محذوف۔بوجہ مضاف۔ منصوب۔ مفعول بہ۔سَقَرَ:(آگ)مجرور بالفتحہ۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اس روز منہ کے بل دوزخ میں گھسیٹے جائیں گے اب آگ کا مزہ چکھو۔

اِنَّا كُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿۴۹﴾

إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔

كُلَّ:(تمام)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ شَيْءٍ:(شئے)مجرور مضاف الیہ۔ خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِ:(ساتھ۔مطابق)حرف جار۔قَدَرٍ:(پیمانے کے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: ہم نے ہر چیز اندازہ مقرر کے ساتھ پیدا کی ہے۔

وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ بِالْبَصَرِ ﴿۵۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔أَمْرُ:(حکم)مبتداء مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارا)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ وَاحِدَةٌ:()اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً خبر مرفوع۔ كَ:(مانند۔طرح)حرف جار۔تشبیہ۔لَمْحٍ:(جھپکنا)اسم مجرور۔بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔الْبَصَرِ:(آنکھ)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور ہمارا حکم تو آنکھ کے جھپکنے کی طرح ایک بات ہوتی ہے

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔اَهْلَكْنَا:(ہم نے ہلاک کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ يُهْلِكُ۔ مصدر۔ اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔فتح۔مادہ(ہ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔مصدر۔هَلْكًا۔هَلَاكًا۔هُلُوكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ اَشْيَاعَ:(شِيْعَةٌ کی جمع۔گروہ۔ٹولے۔جماعتیں۔فرقوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔ مُّدَّكِرٍ:(نصیحت لینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مرفوع۔خبر محذوف۔"مَوْجُوْدٌ"۔ترجمہ آیت: اور ہم ترجمہ آیت: تمہارے ہم مذہبوں کو ہلاک کر چکے ہیں تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟

وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ﴿۵۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كُلُّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔ شَيْءٍ:(کوئی شئے)مجرور مضاف الیہ۔ فَعَلُوْ:(انہوں نے کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔ مصدر۔فَعَلاً۔(کرنا۔ہونا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔

الزُّبُرِ:(زُبُورٌ کی جمع۔اوراق۔کتابیں)اسم مجرور۔محلاًشبہ جملہ محلاًخبر۔مرفوع۔مبتداء"کُلُّ "۔

ترجمہ آیت: اور جو کچھ انہوں نے کیا، (ان کے) اعمال ناموں میں (مندرج) ہے۔

وَكُلُّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔کُلُّ:(تمام۔ہر ایک)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ صَغِيْرٍ:(چھوٹا)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔کَبِيْرٍ:(بڑا)معطوف مجرور۔مُسْتَطَرٌ:(لکھاہوا۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاًخبر مرفوع۔ مبتداء"کُلُّ "۔

(یعنی) ہر چھوٹا اور بڑا کام لکھ دیا گیا ہے

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿۵۴﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الْمُتَّقِيْنَ:(پرہیز گاروں۔قوانین الٰہی کے پاسدار۔تقویٰ اختیار کرنے والے)إِنَّ کا اسم منصوب۔علامت۔ی۔فِي:(میں)حرف جار۔جَنَّاتٍ:(باغات)اسم مرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔شبہ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔نَهَرٍ:(دریا۔نہر)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: جو پرہیز گار ہیں وہ باغوں اور نہروں میں ہوں گے۔

فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾

فِي:(میں)حرف جار۔مَقْعَدِ:(بیٹھے کی جگہ۔مقام۔مجلس۔)ظرف مکان۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مرفوع۔مضاف۔صِدْقٍ:(سچائی۔راستی۔پاکیزگی)مجرور مضاف الیہ۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ مَلِيْكٍ:(بادشاہ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ مُّقْتَدِرٍ:(پروگرام دینے والا۔اختیارات رکھنے والا۔ہر قسم کی طاقت رکھنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (یعنی) پاک مقام میں ہر طرح کی قدرت رکھنے والے بادشاہ کی بارگاہ میں۔

55 سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ

رکوعاتھا 3 　　55 سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَكِّيَّةٌ 97 　　اٰیاتھا 78

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ آیت: شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ ﴿۱﴾

الرَّحْمَنُ:(بلامشقت ومزد اپنی نعمتیں دینے والا)مبتداء مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اللہ جو) نہایت مہربان۔

عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿۲﴾

عَلَّمَ:(اس نے سکھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ يُعَلِّمُ ۔مصدر۔تَعْلِيْمٌ۔ (سکھانا) ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ يُعَلِّمُ ۔مصدر۔تَعْلِيْمٌ۔(سکھانا۔آگاہ کرنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ الْقُرْآنَ:(قرآن مجید)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿۳﴾

خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔جملہ محلاً خبر ثانی۔مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔الْإِنْسَانَ:(انسان کو)منصوب۔مفعول بہ

ترجمہ آیت: اسی نے انسان کو پیدا کیا۔

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾

عَلَّمَ:(اس نے سکھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب

تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ یُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِیْمٌ۔ (سکھانا) ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ یُعَلِّمُ۔مصدر۔تَعْلِیْمٌ۔ (سکھانا۔آگاہ کرنا) ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ الْبَیَانَ:(بیان کرنا۔بولنا۔بات کرنا)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: اسی نے اس کو بولنا سکھایا۔

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿۵﴾

الشَّمْسُ:(سورج)مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْقَمَرُ:(چاند)معطوف مرفوع۔ بِ:(ساتھ۔کے لئے) حُسْبَانٍ: (حساب کتاب۔اندازہ۔شمارہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں۔

وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ یَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔النَّجْمُ:(ستارہ۔بغیر تنے کے پودے۔گھاس۔بوٹیاں۔جھاڑیاں۔وغیرہ)معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّجَرُ:(درخت)معطوف مرفوع۔ یَسْجُدَانِ:(وہ دونوں سجدہ کرتے ہیں)۔فعل مضارع تثنیہ۔مذکر غائب۔علامت الف تثنیہ۔نون اعرابی۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمَا۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(س ج د) صیغہ۔سَجَدَ یَسْجُدُ۔مصدر۔سُجُوْدٌ۔(جھکنا۔زمین پر ماتھا ٹیکنا۔ تعظیم کرنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔

وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ ﴿۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔السَّمَاءُ:(آسمان)مبتداء مرفوع۔ رَفَعَ:(اس نے بلند کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ف ع)صیغہ۔رَفَعَ یَرْفَعُ۔مصدر۔رَفْعًا۔(بلند کرنا۔اونچا کرنا۔لہرانا۔اٹھانا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔وَضَعَ:(اس نے رکھا۔قائم کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ صیغہ۔ وَضَعَ یَضَعُ۔مصدر۔ وَضْعًا۔(رکھنا۔بچہ جننا۔پیدا کرنا)۔الْمِیْزَانَ:(ترازو کو)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی۔

اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ﴿٨﴾

اَلَّا (کہ نہیں) مرکب: (اَنْ+لَّا) تفسیری۔لائے ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَطْغَوْا: (تم زیادتی کرو۔تم حد سے تجاوز کرو۔) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی موجود۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح+نصر۔مادہ(ط غ ی+ط غ و)ناقص یائی۔ناقص واوی۔صیغہ جات۔طَغٰی یَطْغٰی۔مصدر۔طَغْیًا۔طُغْیَانًا۔(حد سے نکل جانا)+طَغَا یَطْغُو ۔مصدر۔طُغُوٌّ۔ طُغْوَانًا۔(طغیانی آنا۔ پانی کا دریا سے باہر آنا)۔ فِي: (میں) حرف جار۔ الْمِيزَانِ: (میزان۔ترازو۔تول) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو۔

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿٩﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔أَقِيمُوا: (تم قائم رکھو۔سیدھا رکھوا) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع ۔الف فارقہ۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقَامَ یُقِیْمُ۔ مصدر۔ اِقَامَةٌ (قائم کرنا۔سیدھا رکھنا)۔الْوَزْنَ: (وزن کو۔تول کو) منصوب۔ مفعول بہ۔بِ: (ساتھ) حرف جار۔الْقِسْطِ: (پوراپورا حصہ۔انصاف) اسم مجرور۔جملہ محلاً منصوب حال۔ وَ: (اور) حرف عطف۔لَا: (نہ) ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُخْسِرُوْا: (تم گھاٹا دو۔کم دو۔نقصان کرو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ س ر)صیغہ۔خَسِرَ یَخْسَرُ۔مصدر۔خسرانٌ۔خَسَارَةٌ۔خُسْرًا۔(گھاٹا کھانا۔ نقصان اٹھانا)۔الْمِيْزَانَ: (تول کو۔ترازو کو)

ترجمہ آیت: اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو۔اور تول کم مت کرو۔

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿١٠﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔الْأَرْضَ: (زمین) معطوف منصوب۔ وَضَعَ: (اس نے رکھا۔ قائم کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ صیغہ۔ وَضَعَ یَضَعُ۔مصدر۔وَضْعًا۔(رکھنا۔بچہ جننا۔پیدا کرنا)۔ هَا: (اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔لِ: (لئے) حرف جار۔الْأَنَامِ: (لوگ۔خلقت) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور اسی نے خلقت کے لئے زمین بچھائی۔

فِيهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ﴿١١﴾

فِي:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔

فَاكِهَةٌ:(ہر قسم کا پھل)مبتدء مؤخر۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النَّخْلُ:(کھجور کا درخت۔کھجور)معطوف مرفوع۔

ذَاتُ:(والے)ازستہ مکبّرہ۔صفت مرفوع۔مضاف۔ الْأَكْمَامِ:(غلاف والے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں۔

وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الْحَبُّ:(دانہ۔اناج۔غلہ) ذُو:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔صفت مرفوع۔مضاف۔الْعَصْفِ:(بھوسہ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الرَّيْحَانُ:(شاہسفرم۔نیازبو۔خوشبودار پھول)معطوف۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اناج جس کے ساتھ بھس ہوتا ہے اور خوشبودار پھول۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٣﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو(اے گروہ جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾

خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ الْإِنْسَانَ:(انسان کو)منصوب۔مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔صَلْصَالٍ:(کھڑکتی مٹی سے۔)اسم مجرور۔كَ:(مانند۔طرح۔جیسا)الْفَخَّارِ:(ٹھیکرا)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اسی نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی مٹی سے بنایا۔

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿۱۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔الْجَانَّ:(جنّ)معطوف منصوب۔مِنْ:(سے)حرف جار۔مَّارِجٍ:(شعلہ)اسم مجرور۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔نَّارٍ:(آگ کے)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا۔

(ابوالبشر اور ابوالجن۔کے مسئلہ پر نہیں الجھنا یہ دونوں ابو پیچیدہ مبحث ہیں۔یوسفیؔ)۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۶﴾

فَ:(تو)فصيحة۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿۱۷﴾

رَبُّ:(ربّ)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔"هُوَ"۔مضاف۔ الْمَشْرِقَيْنِ:(دونوں مشرقوں)تثنیہ۔مجرور ۔ علامت ۔ی۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَبُّ:(ربّ)معطوف۔مضاف۔ الْمَغْرِبَيْنِ:(دونوں مغربوں)تثنیہ۔مجرور۔ علامت ۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: وہی دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک (ہے)۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾

فَ:(تو)فصيحة۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و

مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾

مَرَجَ:(اس نے کھلا چھوڑ دیا۔رواں دواں کئے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ الْبَحْرَيْنِ:(دو سمندر)تثنیہ۔علامت۔ی۔ يَلْتَقِيَانِ:(دونوں آپس میں ملتے ہیں)فعل مضارع تثنیہ۔مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمَا۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِلْتَقٰى يَلْتَقِيْ۔مصدر۔اِلْتِقَاءً۔(ملاقات کرنا۔ملنا۔) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ يَلْقٰى۔مصدر۔ لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔لُقِيًّا۔لُقْيًا۔ لُقًى۔ لَقْيًا۔ (جھیلنا ۔ملنا۔پہنچنا۔ہو جانا۔)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اسی نے دو دریا رواں کئے جو آپس میں ملتے ہیں۔

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾

بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔هُمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔بَرْزَخٌ:(اوٹ۔پردہ۔روک۔ آڑ۔یعنی دو چیزوں کے درمیان حد بندی)مبتداء مؤخر مرفوع۔لَّا:(نہیں)نافیہ يَبْغِيَانِ:(وہ سرکشی کرتے ہیں۔تجاوز کرتے ہیں) فعل مضارع تثنیہ۔مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمَا۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔بَغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔بَغْيًا۔(سرکشی کرنا۔زیادتی کرنا)۔

ترجمہ آیت: دونوں میں ایک آڑ ہے کہ(اس سے) تجاوز نہیں کر سکتے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾

فَ:(تو)فصیحة۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً

اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟۔

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾

يَخْرُجُ:(وہ نکلتا ہے) فعل مضارع واحد۔مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ اللُّؤْلُؤُ:(گوہر۔موتی۔)فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَرْجَانُ:(مونگا)۔معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾

فَ:(تو)فصیحة۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟

وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۲۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔مضاف۔ الْجَوَارِ:(جاری رہنے والا۔چلنے والا۔)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔اصلاً الْجَوَارِيُّ تھا۔برائے اتصال۔ی۔ محذوف۔مصدر۔جَرْيٌ۔ مبتداء مؤخر مرفوع۔ موصوف۔ الْمُنشَآتُ:(مُنْشَاةٌ۔کی واحد۔بادبان۔ بلند کشتی)صفت مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْبَحْرِ:(میں)حرف جار۔ كَ:(مانند۔طرح۔جیسا)حرف جار و تشبیہ۔ الْأَعْلَامِ: (پہاڑوں کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًمنصوب حال ثانی۔

ترجمہ آیت: اور جہاز بھی اسی کے ہیں جو دریا میں پہاڑوں کی طرح اونچے کھڑے ہوتے ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۲۵﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔کُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔تُکَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤگے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

تو تم اپنے پرورد گار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ ﴿۲۶﴾

کُلُّ:(تمام۔ہر ایک)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مضاف الیہ۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ فَانٍ:(فنا ہونے والا۔ختم ہو جانے والا)اصلاً فَانِيٌ تھا۔اسم فاعل۔واحد مذکر۔تقدیراً مضموم۔ی۔محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔کُلُّ مبتداء کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو(مخلوق) زمین پر ہے سب کو فنا ہونا ہے

وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّکَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ﴿۲۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔يَبْقَىٰ:(باقی رہے گی)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَقِيَ يَبْقَى۔ مصدر۔بَقَاءٌ۔(باقی رہنا)۔ وَجْهُ:(چہرہ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔كَ :(تیرے۔)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ذُو:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔نعت۔مرفوع۔مضاف۔ الْجَلَالِ:(جلال)مجرور مضاف الیہ وَ:(اور)حرف عطف۔الْإِكْرَامِ:(عظمت۔شان۔بلند مرتبہ۔بزرگی)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: اور تمہارے پرورد گار ہی کی ذات(بابرکات) جو صاحب جلال و عظمت ہے باقی رہے گی۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾

فَ:(تو)فصیحة۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾

يَسْأَلُ:(وہ پوچھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل) مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔پوچھنا۔مانگنا)۔هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔مَنْ:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً فاعل۔مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ كُلَّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔مضاف۔ يَوْمٍ :(دن)مجرور مضاف الیہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔ شَأْنٍ:(شان۔عظمت۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: آسمان اور زمین میں جتنے لوگ ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں۔وہ ہر روز کام میں مصروف رہتا ہے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾

فَ:(تو)فصیحة۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب)صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾

سَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)حرف استقبال۔نَفْرُغُ:(ہم فارغ ہوں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ر غ۔)صیغہ۔فَرَغَ یَفْرُغُ مصدر۔فُرُوْغًا۔ فَرَاغًا۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اَيُّهَا:(اے) حرف نداء محذوف۔أَيُّ منادی۔تقدیرا منصوب۔هَا حرف تنبیہ۔مضاف۔الثَّقَلَانِ:(دو۔چیزیں۔جماعتیں۔)بدل مرفوع۔علامت نون اعرابی۔الف تثنیہ۔

ترجمہ آیت: اے دونوں جماعتو! ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔ نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔مَعَاشِرُ:(گروہ۔ٹولہ۔جماعت) مَعْشَرَ کی جمع۔منادی۔منصوب۔ مضاف۔الْجِنِّ: (جنّ) وَ: (اور) حرف عطف۔الْإِنسِ:(انسان)معطوف مجرور۔إِنِ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔اسْتَطَعْتُمْ:(تم قوت رکھتے ہو۔تم کر سکتے ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال ۔صیغہ۔اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ ۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع) اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبر داری کرنا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَنفُذُوا:(تم نکل جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمْ۔محلاًجواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ذ) صیغہ۔ نَفَذَ يَنْفُذُ۔مصدر۔نَفَذًا۔نَفَاذًا۔(نکلنا)۔ مِنْ :(سے)حرف جار۔أَقْطَارِ:(قُطْرٌ کی جمع۔کناروں۔اطراف۔)اسم مجرور۔

مضاف۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الْأَرْضِ:(زمین) معطوف مجرور۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ اُنفُذُوا:(تم نکل جاؤ) فعل امر جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ جملہ محلاً جواب شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ف ذ) صیغہ۔ نَفَذَ يَنْفُذُ۔ مصدر۔ نَفَذًا۔ نَفَاذًا۔ (نکلنا۔ عبور کرنا۔ نکل جانا)۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔ تَنفُذُونَ:(تم نکلو گے) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ف ذ) صیغہ۔ نَفَذَ يَنْفُذُ۔ مصدر۔ نَفَذًا۔ نَفَاذًا۔ (نکلنا۔)۔ إِلَّا:(مگر) حرف حصر۔ بِ:(ساتھ۔) حرف جار۔ سُلْطَانٍ: (طاقت۔ سند۔ ثبوت۔ زور۔ دلیل۔ قوت) اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اے گروہِ جن وانس اگر تمہیں قدرت ہو کہ آسمان اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ تو نکل جاؤ۔ اور زور کے سوا تم نکل سکنے ہی کے نہیں۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٣٤﴾

فَ:(تو) فصیحۃ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ أَيِّ :(کون کون سی) اسم استفہام۔ مضاف۔ آلَاءِ:(طاقتوں کو۔ قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ رَبِّ:(ربّ) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ كُمَا:(تم دونوں) ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے) تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟۔

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ ﴿٣٥﴾

يُرْسَلُ:(بھیج دیا جائے) فعل مضارع مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ عَلَيْ:(پر) حرف جار۔ كُمَا:(تم دونوں۔ مرجع جنّ و انس۔) شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ شُوَاظٌ:(شعلے) نائب فاعل۔ مرفوع۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔ نَّارٍ:(آگ) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ نُحَاسٌ:(پگھلا ہوا تانبہ۔ دھواں) معطوف مرفوع۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ لَا:(نہیں) نافیہ۔ تَنتَصِرَانِ:(تم دونوں بدلہ لے سکو گے۔ مقابلہ کر سکو گے۔ بچ سکو گے) فعل مضارع تثنیہ۔ مذکر

حاضر۔الف تثنیہ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔
صیغہ۔اِنۡتَصَرَ یَنۡتَصِرُ۔مصدر۔اِنۡتِصَارٌ۔(مدد طلب کرنا۔انتقام لینا۔سزاء دینا)۔

ترجمہ آیت: تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو پھر تم مقابلہ نہ کر سکو گے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ:(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔
نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر
سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمَا۔ ثلاثی مزید
فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكۡذِيۡبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ
يَكۡذِبُ۔مصدر۔كِذۡبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟۔

فَاِذَا انۡشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتۡ وَرۡدَةً كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔اِنۡشَقَّتِ:(وہ پھٹ جائے
گا۔پھٹ جائے گا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔محلاً فعل شرط مبنی بر فتحہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب
انفعال۔صیغہ۔اِنۡشَقَّ يَنۡشَقُّ۔مصدر۔اِنۡشِقَاقٌ۔(پھٹ جانا)۔ثلاثی مجرد باب۔نصر۔مادہ(ش ق ق)مضاعف۔ صیغہ۔شَقَّ
يَشُقُّ مصدر۔شَقًّا۔(پھٹنا)السَّمَاءُ:(آسمان)فاعل مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔كَانَتۡ:(وہ ہو جائے گی۔ہو جائے گا)فعل
ماضی واحد مؤنث غائب۔تۡ ساکن۔علامت ضمیر مستتر فاعل تانیث۔هِيَ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)
صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔ مصدر۔ كَوۡنًا۔(ہونا)۔ وَرۡدَةً:(گلابی)منصوب مفعول بہ۔كَانَ کی خبر منصوب۔كَ:(مانند۔طرح۔ جیسا)
حرف تشبیہ و جار۔الدِّهَانِ:(تیل کی تلچھٹ۔سرخ چمڑہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔صفت۔وَرۡدَةً موصوف۔

ترجمہ آیت: پھر جب آسمان پھٹ کر تیل کی تلچھٹ کی طرح گلابی ہو جائے گا(تو) وہ کیسا ہولناک دن ہو گا

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ:(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔

نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ کُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُکَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾

ف:(اور)استئنافیہ۔یَوْمَئِذٍ:(اس دن۔قیامت کے دن) مرکب: (یَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ مضاف۔+ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ لَّا:(نہیں)نافیہ۔ یُسْأَلُ:(پوچھا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)۔مہموز العین سَالَ یَسْئَلُ۔مصدر۔سُؤَالًا۔(پوچھنا دریافت کرنا)۔ عَنْ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ ذَنْبِ:(گناہ)اسم مجرور۔مضاف۔ہِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ إِنسٌ:(انسان)نائب فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔ جَانٌّ:(جنّ)معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس روز نہ تو کسی انسان سے اس کے گناہوں کے بارے میں پرسش کی جائے گی اور نہ کسی جن سے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾

ف:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ کُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُکَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾

يُعْرَفُ:(وہ پہچانا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ر ف)صیغہ۔عَرَفَ يَعْرِفُ۔مصدر۔عِرْفَانًا۔مَعْرِفَةٌ۔(پہچاننا)۔الْمُجْرِمُوْنَ:(مجرموں کو۔قوانین شکنوں کو۔جرم کرنے والوں کو)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔بِ:(ساتھ۔ذریعے۔)حرف جار۔سِيْمَا:(داغ۔ علامت۔نشانی۔پیشانی)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔يُؤْخَذُ:(وہ پکڑا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔بِ: (ساتھ۔سے) النَّوَاصِي: (نَاصِيَةٌ۔ کی جمع۔پیشانیوں کے بال)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَقْدَامِ:(قدم کی جمع مکسر۔پاؤں)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: گنہگار اپنے چہرے ہی سے پہچان لئے جائیں گے تو پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ لئے جائیں گے۔

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾

فَ:(تو)فصیحة۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾

هَذِهِ:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مؤنث۔مبنی بر کسرہ۔محلاًمبتداء مرفوع۔جَهَنَّمُ:(جہنم۔)خبر مرفوع۔الَّتِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًصفت۔مرفوع۔يُكَذِّبُ:(وہ جھٹلاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا: (اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم

مجرور۔ الْمُجْرِمُوْنَ:(قوانین شکنوں۔ گناہگاروں۔ مجرموں نے)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاًفاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہی وہ جہنم ہے جسے گنہگار لوگ جھٹلاتے تھے۔

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ﴿٤٤﴾

يَطُوْفُوْنَ:(وہ گھومتے پھرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ط وف)اجوف واوی۔ صیغہ۔ طَافَ يَطُوْفُ۔ مصدر۔ طَوْفًا۔ طَوَافًا۔(چکر لگانا۔ آنا جانا۔) بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ بَيْنَ :(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب ۔ مضاف۔ حَمِيْمٍ:(انتہائی گرم پانی۔ پکا دوست۔)مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ آنٍ:(کھولتا ہوا)اِنْيٌ ۔ اِنْيَةٌ۔ مصدر۔ اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ محلاً صفت مجرور تقدیراً مکسور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وہ دوزخ اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان گھومتے پھریں گے۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٤٥﴾

فَ:(تو)فصیحة۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔ مضاف۔ آلَاءِ:(طاقتوں کو۔ قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ﴿٤٦﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ خَافَ:(وہ ڈرا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(خ و ف) اجوف واوی۔ صیغہ۔ خَافَ يَخَافُ۔ مصدر۔ خَوْفًا۔(ڈرنا)۔ مَقَامَ:(کھڑا ہونا)مصدر میمی۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور

مضاف۔الیہ۔مضاف۔ہٖ :(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ ۔ جَنَّتَانِ:(دو جنتیں)تثنیہ۔علامت الف تثنیہ۔نون اعرابی۔مبتداءمؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرااس کے لئے دوباغ ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔کُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔تُکَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤگے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤگے؟

ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾

ذَوَاتَا:(والے)از ستّہ مکبرّہ۔تثنیہ۔مونث۔"جَنَّتَانِ"کی صفت مرفوع۔بالالف۔ مضاف۔ أَفْنَانٍ:(دونوں گھنی شاخوں) مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: ان دونوں میں بہت سی شاخیں (یعنی قسم قسم کے میووں کے درخت ہیں)۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔کُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔تُکَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤگے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤگے؟

فِيهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿۵۰﴾

فِي:(میں)حرف جار۔هِمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔
عَيْنَانِ:(دوچشمے)مبتداء مرفوع۔بالالف۔موصوف۔تَجْرِيَانِ:(بہتے ہوئے۔جاری وساری)فعل مضارع تثنیہ۔مذکر حاضر۔
ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی يَجْرِیْ۔مصدر۔جِرْيَانٌ۔(بہنا۔ جاری
ہونا)۔تثنیہ۔علامت الف مرفوع۔نون اعرابی۔جملہ محلاًصفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: ان میں دوچشمے بہہ رہے ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔
نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر
سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤگے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید
فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ
يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤگے؟

فِيهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾

فِي:(میں)حرف جار۔هِمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم
مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔مضاف۔فَاكِهَةٍ:(پھل۔تمام قسموں کے۔انار۔
آم۔امرود۔کیلاوغیرہ)مجرور مضاف الیہ۔زَوْجَانِ:(دوقسمیں۔)مبتداءمؤخر مرفوع۔تثنیہ۔علامت الف۔نون اعرابی۔

ترجمہ آیت: ان میں سب میوے دودو قسم کے ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔
نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر

سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے) تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍؕ وَجَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾

مُتَّكِئِيْنَ :(تکیہ لگانے والے۔ ٹیک لگائے ہوئے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ منصوب۔ حال۔ علامت۔ ی۔ عَلَى :(پر) حرف جار۔ فُرُشٍ:(بچھونوں) اسم مجرور۔ بَطَائِنُ:(استر۔ نیچے لگانے کا کپڑا) مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هَا:(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ إِسْتَبْرَقٍ:(بڑھکیلا۔ چمکدار۔ موٹا ریشم) اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ جَنَى:(توڑے جانے والا پھل) اس کی جمع۔ اَجْنَاءٌ۔ ہے۔ مبتداء مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔ مضاف۔ الْجَنَّتَيْنِ:(دو جنتوں۔ باغوں کا) مجرور۔ علامت ۔ ی۔ مضاف الیہ۔ دَانٍ:(مصدر دُنُوٌّ سے۔ قریب) اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ خبر مرفوع۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔

ترجمہ آیت: (اہل جنت) ایسے بچھونوں پر جن کے استر اطلس کے ہیں تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے۔ اور دونوں باغوں کے میوے قریب (جھک رہے) ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾

فَ:(تو) فصیحۃ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ أَيِّ :(کون کون سی) اسم استفہام۔ مضاف۔ آلَاءِ:(طاقتوں کو۔ قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ رَبِّ:(ربّ) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ كُمَا:(تم دونوں) ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے) تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾

فِي:(میں)حرف جار۔هِنَّ:(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ قَاصِرَاتُ :(نیچے رکھنے والی عورتیں۔ ایسی عورتیں جن کی نگاہیں سوائے اپنے خاوندوں کے کسی دوسرے کی طرف نہ جائیں۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الطَّرْفِ:(نگاہ۔ نظر)مجرور مضاف الیہ۔ لَمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَطْمِثْ:(اس نے مباشرت کے لئے عورت کو چھوا۔ہاتھ لگایا۔)فعل مضارع واحد مذکر۔غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ط م ث)صیغہ۔طَمَثَ يَطْمِثُ۔مصدر۔طَمْثًا۔(عورت کو مباشرت کے لئے چھونا)۔ هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ إِنْسٌ:(کسی انسان نے)فاعل۔مرفوع۔ قَبْلَ:(پہلے)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ جَانٌّ:(کسی جن نے)معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: ان میں نیچی نگاہ والی عورتیں ہیں جن کو اہل جنت سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٥٧﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔ قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟۔

كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٥٨﴾

كَأَنَّ:(گویا کہ)حرف تشبیہ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رافع خبر۔هُنَّ:(وہ)ضمیر جمع مونث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً كَأَنَّ کا اسم منصوب۔ الْيَاقُوتُ:(یاقوت۔ایک قیمتی پتھر)كَأَنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَرْجَانُ: (مرجان۔ مونگا۔ایک بحری جانور کا گھر ہے۔اس کی شاخ کو بسد۔یا جڑ مونگا بھی کہا جاتا۔)معطوف۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ:(کون کون سی)اسم استفهام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟۔

هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾

هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔جَزَاءُ:(جزاء۔بدلہ)مبتداء مرفوع۔مضاف۔الْإِحْسَانِ:(احسان۔حسن سلوک۔اچھے انداز۔نیکی کا)مجرور۔مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔الْإِحْسَانُ:(احسان۔حسن سلوک۔اچھا انداز۔نیکی)خبر مرفوع۔۔

ترجمہ آیت: نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ:(کون کون سی)اسم استفهام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟

وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾

وَ:(اور)اسْتِئنافیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔هِمَا:(دونوں کا)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرو مضاف الیہ۔جَنَّتَانِ:(دو باغ۔دو جنتیں)تثنیہ۔ علامت الف

۔نون اعرابی موجود۔ محلاًمبتداءمؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ان باغوں کے علاوہ دوباغ اور ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟۔

مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾

مُدْهَامَّتَانِ:(دونوں خوب گہرے سبز سیاہی مائل)خبر۔"هُمَا"مبتداءمرفوع۔

ترجمہ آیت: دونوں خوب گہرے سبز۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟

فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾

فِي:(میں)حرف جار۔هِمَا:(ان دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔

عَيْنَانِ:(دو چشمے)تثنیہ۔علامت الف ۔نون اعرابی موجود۔مرفوع۔مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔ نَضَّاخَتَانِ:(دونوں ابلتے ہوئے) تثنیہ۔علامت الف۔نون اعرابی موجود۔مرفوع۔محلاًصفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ان میں دو چشمے ابل رہے ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٧﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤگے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًأَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤگے ؟۔

فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿٦٨﴾

فِي:(میں)حرف جار۔هِمَا:(ان دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ فَاكِهَةٌ:(پھل ہر قسم کا)مبتداء مؤخرمرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نَخْلٌ:(کھجور)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رُمَّانٌ:(انار)معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: ان میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٩﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤگے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًأَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟۔

فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾

فِي:(میں)حرف جار۔هِنَّ :(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ خَيْرَاتٌ :(نیکیاں۔بھلائیاں۔نیک عورتیں۔خوب وصف والی عورتیں)مبتداء مؤخر مرفوع۔ موصوف۔ حِسَانٌ: (حَسِيْنٌ ۔ واحد ۔بہت خوب صوت عورتیں)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ان میں نیک سیرت (اور) خوبصورت عورتیں ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟۔

حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿۷۲﴾

حُورٌ:(حَوْرَاءٌ کی جمع۔گوری چٹی۔حوریں۔)مبتداء مرفوع۔یا بدل۔مرفوع۔مبدل منہ" خَيْرَاتٌ "۔موصوف۔ مَّقْصُورَاتٌ:(محلوں میں رہنے والیاں۔ٹھہرائی ہوئیں۔)اسم مفعول جمع مؤنث۔صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔ فِي:(میں)حرف جار۔الْخِيَامِ :(خیمۃ کی جمع۔خیموں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (وہ) حوریں (ہیں جو) خیموں میں مستور(ہی)۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ :(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔احسانات۔نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔كُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر ومؤنث۔مبنی بر

سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے) تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾

لَمْ:(نہیں) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ يَطْمِثْ:(مباشرت کے لئے چھونا۔ ہاتھ لگانا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ ضرب۔ مادہ(ط م ث) صیغہ۔ طَمَثَ يَطْمِثُ۔ مصدر۔ طَمْثًا۔ (مباشرت کے لئے عورت کو چھونا۔ ہاتھ لگانا)۔ هُنَّ:(ان کو) ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ اِنْسٌ:(انسان نے) فاعل۔ مرفوع۔ قَبْلَ:(پہلے) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف جار۔ لَا:(نہ ہی) نافیہ جَآنٌّ:(جن نے) معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: ان کو اہل جنت سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾

فَ:(تو) فصیحة۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ اَيِّ:(کون کون سی) اسم استفہام۔ مضاف۔ آلَاءِ:(طاقتوں کو۔ قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ رَبِّ:(ربّ) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ كُمَا:(تم دونوں) ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ تُكَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤ گے) تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔

ترجمہ آیت: تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟۔

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾

مُتَّكِئِينَ:(مُتَّكِئٌ کی جمع۔ تکیہ لگائے ہوئے) اسم مفعول۔ جمع مذکر۔ منصوب۔ حال۔ علامت ۔ ی۔ عَلَى:(پر) حرف جار۔ رَفْرَفٍ:(قالینوں) اسم مجرور۔ موصوف۔ خُضْرٍ:(سبز) صفت۔ مجرور۔ تابع موصوف۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ عَبْقَرِيٍّ:(نایاب۔ نادر)

معطوف۔ مجرور۔ موصوف۔ حِسَانٍ:(حسین کی جمع۔خوبصورت عورتیں)صفت۔ مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: سبز قالینوں اور نفیس مسندوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيِّ:(کون کون سی)اسم استفہام۔مضاف۔آلَاءِ:(طاقتوں کو۔قوتوں کو۔ احسانات۔ نعمتوں)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔کُمَا:(تم دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔تُکَذِّبَانِ:(تم جھٹلاؤگے)تم دونوں تثنیہ مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔کِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤگے؟

تَبٰرَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلٰلِ وَ الْاِکْرَامِ ﴿۷۸﴾

تَبَارَكَ:(بہت برکت والا) فعل ماضی واحد مذکر۔اس کا کوئی دوسرا صیغہ استعمال نہیں ہوتا۔کیونکہ اللہ جل جلالہ کے لئے مخصوص ہے۔اس کا اسم فعل بھی کہا جاتا ہے۔ اِسْمُ:(نام۔)فاعل مرفوع۔ مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ذِي:(والا)ازستّہ مکبّرہ۔صفت۔مجرور۔مضاف۔الْجَلَالِ:(جلالت۔زبردست شان والا۔بلند مرتبہ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْإِكْرَامِ: (عظمت والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: (اے محمد ﷺ) تمہارا پروردگار جو صاحب جلال و عظمت ہے اس کا نام بڑا بابرکت ہے۔

56 سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ

رکوعاتها 3 | 56 سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ 46 | اٰياتها 96

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱﴾

إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ وَقَعَتِ:(وہ واقع ہوگی۔)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَقَعَ يَقِعُ ۔مصدر۔وُقُوْعٌ۔(واقع ہونا)۔ الْوَاقِعَةُ:(واقعہ ہونے والی۔)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جب واقع ہونے والی واقع ہو جائے۔

لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿۲﴾

لَيْسَ:(نہیں)فعل ناقص ماضی۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔رافع اسم ۔ناصب خبر۔ لِ:(لئے)حرف جار۔وَقْعَتِ:(وہ واقع ہوگی۔)اسم مجرور هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلا اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کی خبر مقدم۔منصوب۔كَاذِبَةٌ:(جھوٹ بولنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً کا اسم مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس کے واقع ہونے میں کچھ جھوٹ نہیں۔

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿۳﴾

خَافِضَةٌ:(لڑکیوں کا ختنہ کرنے والی۔پست کرنے والی۔آہستہ کرنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث ۔خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔"هُوَ" رَّافِعَةٌ:(بلند کرنے والی)خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: کسی کو پست کرے کسی کو بلند۔

اِذَا رُجَّتِ الۡاَرۡضُ رَجًّا ﴿۴﴾

اِذَا:(جب) ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ رُجَّتِ:(لرزنے لگے)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث غائب۔تُ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھِیَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ج ج) مضاعف۔ صیغہ۔رَجَّ یَرُجُّ۔ مصدر۔ رَجًّا۔ (لرزنا۔ہلنا۔کپکپانا)۔ الۡاَرۡضُ:(زمین)نائب فاعل۔مرفوع۔ رَجًّا: (کپکپانا۔ لرزنا۔ ہلنا) منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: جب زمین بھونچال سے لرزنے لگے

وَّ بُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔بُسَّتِ:(ریزہ ریزہ ہو جائے گا)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث غائب۔ تُ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھِیَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب س س)مضاعف۔صیغہ۔بَسَّ یَبُسُّ۔مصدر۔بَسًّا۔(ریزہ ریزہ ہونا)۔الۡجِبَالُ:(جَبَلٌ کی جمع۔پہاڑ)نائب فاعل۔مرفوع۔بَسًّا:(ریزریزہ ہونا۔پیس ڈالنا)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور پہاڑ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں۔

فَكَانَتۡ هَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا ﴿۶﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔کَانَتۡ:(وہ ہو گئی) فعل ناقص ماضی واحد مؤنث غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ضمیر مستتر ھِیَ۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔کَوۡنًا۔(ہونا)۔ھَبَآءً:(غبار۔ایسے ذرات جو کسی سوراخ سے سورج کی روشنی اندر آنے سے نظر آتے ہیں) کَانَ کی خبر منصوب۔ مُّنۡۢبَثًّا:(منتشر۔پھیلا ہوا۔ اڑتا ہوا) اِنۡبِثَاثٌ۔مصدر۔اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً صفت منصوب۔

ترجمہ آیت: پھر غبار ہو کر اُڑنے لگیں۔

وَّ كُنۡتُمۡ اَزۡوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔کُنۡتُمۡ:(تم ہو۔تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ضمیر محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔ صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔کَوۡنًا۔(ہونا)۔ اَزۡوَاجًا:(اقسام۔)کَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔ثَلَاثَةً:(تین)صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور تم لوگ تین قسم ہو جاؤ۔

فَاَصۡحٰبُ الۡمَیۡمَنَةِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡمَیۡمَنَةِ ﴿۸﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔أَصْحَابُ:(ساتھی۔دوست۔والے)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الْمَيْمَنَةِ :(دائیں جانب)مجرور۔ مضاف الیہ۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصْحَابُ:(ساتھی۔دوست۔والے)خبر مرفوع۔مضاف۔ الْمَيْمَنَةِ:(دائیں)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو داہنے ہاتھ والے (سبحان اللہ) داہنے ہاتھ والے کیا (ہی چین میں) ہیں۔

وَاَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ﴿۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَصْحَابُ:(ساتھی۔دوست۔والے)مبتداء مرفوع۔مضاف۔الْمَشْأَمَةِ :(بائیں جانب)مجرور۔مضاف الیہ۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصْحَابُ:(ساتھی۔دوست۔والے) مَا کی خبر مرفوع۔ الْمَشْأَمَةِ:(بائیں جانب)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور بائیں ہاتھ والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (گرفتار عذاب) ہیں۔

وَالسّٰبِقُوۡنَ السّٰبِقُوۡنَ ﴿ۚۙ۱۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔السَّابِقُوْنَ:(پہل کرنے والے۔آگے بڑھنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔ السَّابِقُوْنَ:(پہل کرنے والے۔آگے بڑھنے والے۔سبقت لے جانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔برائے تاکید۔

ترجمہ آیت: اور جو آگے بڑھنے والے ہیں (ان کا کیا کہنا) وہ آگے ہی بڑھنے والے ہیں۔

اُولٰٓئِکَ الۡمُقَرَّبُوۡنَ ﴿ۚ۱۱﴾

أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْمُقَرَّبُوْنَ:(مقرب۔انتہائی قریب کئے ہوئے۔زیادہ عزت دار۔)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہی (اللہ کے) مقرب ہیں

فِیۡ جَنّٰتِ النَّعِیۡمِ ﴿۱۲﴾

فِي:(میں)حرف جار۔جَنَّاتِ:(باغات)اسم مجرور مضاف۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔النَّعِيْمِ:(نعمتوں والے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: نعمت کے بہشتوں میں۔

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾

ثُلَّةٌ:(اون کا گوڑا۔اکٹھ۔اجتماع۔انبوہ کثیر۔بہت ہی بڑی جماعت)خبر مرفوع۔مبتداء"هُمْ" محذوف۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الْأَوَّلِيْنَ:(اگلے۔پہلے)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: وہ بہت سے تو اگلے لوگوں میں سے ہوں گے

وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَلِيْلٌ:(تھوڑے)معطوف مرفوع۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الْآخِرِيْنَ:(دوسروں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور تھوڑے سے پچھلوں میں سے۔

عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿۱۵﴾

عَلَى:(پر)حرف جار۔ سُرُرٍ:(پلنگوں۔تختوں۔)اسم مجرور۔ مَّوْضُوْنَةٍ:(جڑے ہوئے۔کڑھائی کی ہوئی۔سونے کی تاروں سے سجائے ہوئے۔)

ترجمہ آیت: (لعل و یاقوت وغیرہ سے) جڑے ہوئے تختوں پر۔

مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿۱۶﴾

مُتَّكِئِيْنَ:(مَتَّكِئٌ کی جمع۔تکیہ لگائے ہوئے ٹیک لگائے ہوئے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً منصوب حال۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔مُتَقَابِلِيْنَ:(ایک دوسرے کے آمنے سامنے)منصوب۔حال ثانی۔

ترجمہ آیت: آمنے سامنے تکیہ لگائے ہوئے۔

يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿۱۷﴾

يَطُوْفُ:(وہ چکر لگاتے ہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ف)اجوف واوی۔طَافَ يَطُوْفُ۔مصادر۔طَوْفًا۔طَوَافًا۔طَوَفَانًا۔تَطْوَافًا۔(چکر لگانا۔طواف کرنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔وِلْدَانٌ:(نوخیز لڑکے)۔فاعل مرفوع۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔موصوف۔مُّخَلَّدُوْنَ: (ہمیشہ) مصدر۔

تَخْلِيْدٌ۔اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاًصفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: نوجوان خدمت گزار جو ہمیشہ (ایک ہی حالت میں) رہیں گے ان کے آس پاس پھریں گے۔

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۱۸﴾

بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَكْوَابٍ:(كُوْبٌ کی جمع۔پیالے۔کپ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَبَارِيقَ :(کیتلیاں ۔بالٹیاں۔ٹونٹی والی صراحیاں۔لوٹے۔جگ۔آفتابے)معطوف مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَأْسٍ:(گلاس)معطوف مجرور۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔مَّعِيْنٍ:(شراب۔جو جنت کے چشموں سے بہہ رہی ہو گی۔)شبہ جملہ محلاًصفت مجرور۔

ترجمہ آیت:یعنی آبخورے اور آفتابے اور صاف شراب کے گلاس لے لے کر۔

لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يُصَدَّعُوْنَ:(انہیں دردِ سر ہو گا)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَدَّعَ يُصَدِّعُ۔مصدر۔تَصْدِيْعٌ۔(سر درد ہونا۔سر چکرانا)۔محلاً منصوب۔حال۔عَنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔زائدہ۔برائے تاکید۔يُنْزِفُوْنَ:(وہ مدہوش ہوں گے۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔ افعال۔صیغہ۔اَنْزَفَ يُنْزِفُ۔مصدر۔ اِنْزَافٌ۔(مدہوش ہونا۔عقل زائل ہونا)۔ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ن ز ف)صیغہ۔نَزَفَ يَنْزِفُ۔مصدر۔نَزْفًا۔(حد درجہ خستہ ہونا۔حواس گم ہونا)۔معطوف۔يُصَدَّعُوْنَ معطوف علیہ۔محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اس سے نہ تو سر میں درد ہو گا اور نہ ان کی عقلیں زائل ہوں گی۔

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿۲۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔فَاكِهَةٍ:(پھل۔ہر قسم۔)معطوف۔مجرور۔اَكْوَابٍ۔معطوف علیہ۔ مِّمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِّنْ+ مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يَتَخَيَّرُوْنَ:(وہ پسند کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَخَيَّرَ يَتَخَيَّرُ۔مصدر۔ تَخَيُّرٌ۔(پسند کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور میوے جس طرح کے ان کو پسند ہوں۔

وَلَحۡمِ طَيۡرٍ مِّمَّا يَشۡتَهُوۡنَ ﴿۲۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَحۡمِ:(گوشت)معطوف مجرور۔مضاف۔طَيۡرٍ:(طَائِرٌ کی جمع۔پرندوں کا۔)مِّمَّا:(اس سے جو)مرکب:(مِنۡ+ مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔يَشۡتَهُوۡنَ:(جو وہ چاہیں گے۔وہ خواہش کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔افتعال۔صیغہ۔اِشۡتَهٰى يَشۡتَهِيۡ۔مصدر۔اِشۡتِهَاءٌ۔(چاہنا۔خواہش کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ش ھ و)ناقص واوی۔صیغہ۔شَهَا يَشۡهُوۡ۔مصدر۔شَهۡوَةٌ۔(شہوت۔پسند کرنا۔کھاناوغیرہ پسند کرنا۔رغبت پیدا ہونا۔کسی چیز کو چاہنا)۔

ترجمہ آیت: اور پرندوں کا گوشت جس قسم کا ان کا جی چاہے۔

وَحُوۡرٌ عِيۡنٌ ﴿۲۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔حُوۡرٌ :(حوراء۔ کی جمع۔خوبصورت گوری چٹی عورتیں)مبتداء مرفوع۔خبر محذوف۔"لَهُمۡ"۔ عِيۡنٌ:(عَيۡنَاءٌ۔کی جمع۔موٹی موٹی آنکھوں والیاں)صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں۔

كَاَمۡثَالِ اللُّؤۡلُؤِ الۡمَكۡنُوۡنِ ﴿۲۳﴾

كَ:(مانند۔جیسا۔طرح)حرف تشبیہ و جار۔اَمۡثَالِ:(مَثَلٌ کی جمع۔مثالیں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت۔" حُوۡرٌ "۔مضاف۔اللُّؤۡلُؤِ :(گوہر۔موتی۔جو سیپ سے نکلتے ہیں)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الۡمَكۡنُوۡنِ:(چھپے ہوئے۔چھپا کر رکھے ہوئے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔صفت مجرور۔

ترجمہ آیت: جیسے (حفاظت سے) تہہ کئے ہوئے(آب دار) موتی۔

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۴﴾

جَزَآءً:(بدلہ)منصوب۔مفعول لہٗ۔بِمَا :(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔كَانُوۡا:(وہ تھے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ مرفوع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔

يَعْمَلُوْنَ :(وہ عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔جملہ محلاً منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔ مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: یہ ان اعمال کابدلہ ہے جو وہ کرتے تھے

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿٢٥﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يَسْمَعُوْنَ:(وہ سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعل۔صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔سَمْعًا۔(کان لگا کر سننا۔غور سے سننا)۔فِيْ: (میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لَغْوًا:(فضول۔لغو۔فحش۔بے مقصد۔بے تکی گفتگو۔)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَأْثِيْمًا:(گنہگاری۔گناہ میں ڈالنا)۔معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: وہاں نہ بیہودہ بات سنیں گے اور نہ گالی گلوچ۔

اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿٢٦﴾

إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ قِيْلًا:(کہنا۔کلام)منصوب مستثنیٰ۔ سَلَامًا:(سلامتی ۔امن ۔آشتی۔سلام)بدل منصوب۔ سَلَامًا:(سلامتی۔امن۔آشتی۔سلام)برائے تاکید۔یکے از توابع۔

ترجمہ آیت: ہاں ان کا کلام سلام سلام (ہو گا)۔

وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿٢٧﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَصْحَابُ:(ساتھ۔دوست۔والے)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الْيَمِيْنِ:(دائیں ہاتھ)مجرور مضاف الیہ۔مَا: (کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع۔مبتداء۔ أَصْحَابُ:(ساتھ۔دوست۔والے)خبر مرفوع۔مضاف۔ الْيَمِيْنِ: (دائیں ہاتھ)مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً" أَصْحَابُ "مبتداء کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور داہنے ہاتھ والے (سبحان اللہ) داہنے ہاتھ والے کیا (ہی عیش میں) ہیں۔

فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ﴿٢٨﴾

فِيْ:(میں)حرف جار۔سِدْرٍ:(سِدْرَةٌ کی جمع۔بیری)اسم مجرور۔موصوف۔مَّخْضُوْدٍ:(بلا کانٹے والی) خَضْدٌ مصدر۔اسم مفعول۔واحد

مذکر۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (یعنی) بے خار کی بیریوں۔

وَّطَلۡحٍ مَّنۡضُوۡدٍ ﴿۲۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔طَلۡحٍ :(طَلۡحَةٌ کی جمع۔کیلا)معطوف مجرور۔موصوف۔مَّنۡضُوۡدٍ:(گچھوں کے گچھے۔لونگر۔تہہ در تہہ۔کپڑوں یافرشتوں کابنڈل یا گٹھڑ)نَضۡدٌمصدر۔اسم مفعول۔واحدمذکر۔مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور تہہ بہ تہہ کیلوں۔

وَّظِلٍّ مَّمۡدُوۡدٍ ﴿۳۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ظِلٍّ:(سایہ)معطوف مجرور۔موصوف۔ مَّمۡدُوۡدٍ:(لمبے۔وسیع۔پھیلے ہوئے)اسم مفعول۔واحد مذکر۔مجرورصفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور لمبے لمبے سایوں۔

وَّمَآءٍ مَّسۡكُوۡبٍ ﴿۳۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَآءٍ:(پانی)معطوف مجرور۔موصوف۔مَّسۡكُوۡبٍ:(چشمے۔جھرنے۔آبشار کی شکل میں اوپر سے گرنے والا)اسم مفعول۔واحدمذکر۔مجرورصفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اورپانی کے جھرنوں۔

وَّفَاكِهَةٍ كَثِيۡرَةٍ ﴿۳۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔فَاكِهَةٍ:(پھل۔ہر قسم کا)معطوف مجرور۔موصوف۔ كَثِيۡرَةٍ:(کثرت سے۔بہت زیادہ)مونث و مذکر۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور میوہ ہائے کثیرہ (کے باغوں) میں۔

لَّا مَقۡطُوۡعَةٍ وَّلَا مَمۡنُوۡعَةٍ ﴿۳۳﴾

لَّا:(نہ)نافیہ۔مَقۡطُوۡعَةٍ:(قطع ہونے والے۔ختم ہونے والے)اسم مفعول۔واحد مؤنث۔معطوف مجرور۔صفت ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔زائدہ۔برائے تاکید۔مَمۡنُوۡعَةٍ:(منع کیاہوا۔روکاہوا)اسم مفعول۔واحد مؤنث۔معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: جو نہ کبھی ختم ہوں اور نہ ان سے کوئی روکے۔

وَّفُرُشٍ مَّرۡفُوۡعَةٍ ﴿۳۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔فُرُشٍ :(فِرَاشٌ کی جمع۔بسترے۔فرش)معطوف۔مجرور۔موصوف۔ مَّرۡفُوۡعَةٍ:(اونچے اونچے۔) رَفۡعٌ مصدر۔اسم مفعول۔واحد مونث۔مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

اور اونچے اونچے فرشوں میں

اِنَّاۤ اَنۡشَاۡنٰهُنَّ اِنۡشَآءً ﴿۳۵﴾

إِنَّا :(بے شک ہم)مرکب :(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ + ضمیر جمع متکلم۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ أَنْشَأْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنۡشَاَ یُنۡشِئُ۔مصدر۔اِنۡشَاءً۔(پیدا کرنا۔)ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔کرم۔ مادہ(ن ش ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَشَاَ یَنۡشَاُ۔ مصدر۔نَشَاةٌ(نشوونما کرنا۔پالنا۔زندہ رہنا۔ تخلیق کرنا۔چڑھنا۔پیدا کرنا)۔هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔إِنْشَاءً:(پیدا کرنا)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: ہم نے ان(حوروں) کو پیدا کیا۔

فَجَعَلۡنٰهُنَّ اَبۡكَارًا ﴿۳۶﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔جَعَلۡنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ فاعل۔ضمیر مستتر نَحۡنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ یَجۡعَلُ۔مصدر۔جَعۡلًا۔(بنانا)هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔أَبۡكَارًا:(بَاكِرَةٌ کی جمع۔کنواریں۔مرد نادیدہ عورتیں)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: تو ان کو کنواریاں بنایا۔

عُرُبًا اَتۡرَابًا ﴿۳۷﴾

عُرُبًا:(عَرُوبٌ کی جمع۔شوہر والیاں۔شوہروں کی محبوبہ بیویاں) أَبۡكَارًا کی صفت۔منصوب۔ أَتۡرَابًا:(تِرۡبٌ کی جمع۔ہم عمر عورتیں)صفت ثانی۔

ترجمہ آیت: (اور شوہروں کی) پیاریاں اور ہم عمر۔

لِّاَصۡحٰبِ الۡیَمِیۡنِ ﴿۳۸﴾

لِ:(لئے)حرف جار۔أَصۡحَابِ:(دوست۔ساتھ۔والے)اسم مجرور۔مضاف۔الۡیَمِینِ:(دہنے ہاتھ) مجرور مضاف الیہ۔ علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: یعنی داہنے ہاتھ والوں کے لئے

ثُلَّۃٌ مِّنَ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۳۹﴾

ثُلَّةٌ:(اون کا گوڑا۔اکٹھ۔اجتماع۔انبوہ کثیر۔بہت ہی بڑی جماعت)خبر مرفوع۔مبتداء"هُمۡ" محذوف۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الۡأَوَّلِینَ:(اگلے۔پہلے)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: (یہ) بہت سے اگلے لوگوں میں سے ہیں۔

وَ ثُلَّۃٌ مِّنَ الۡاٰخِرِیۡنَ ﴿۴۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف ثُلَّةٌ:(اون کا گوڑا۔اکٹھ۔اجتماع۔انبوہ کثیر۔بہت ہی بڑی جماعت)خبر مرفوع۔مبتداء"هُمۡ" محذوف۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔الۡآخِرِینَ:(دوسروں۔پچھلوں)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور بہت سے پچھلوں میں سے۔

وَ اَصۡحٰبُ الشِّمَالِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ الشِّمَالِ ﴿۴۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَصۡحَابُ:(ساتھی۔دوست۔والے)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الشِّمَالِ:(دائیں جانب۔)مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَصۡحَابُ:(ساتھی۔دوست۔والے)خبر مرفوع۔مضاف۔ الشِّمَالِ:(بائیں جانب)۔مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور بائیں ہاتھ والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (ہی عذاب میں) ہیں۔

فِیۡ سَمُوۡمٍ وَّ حَمِیۡمٍ ﴿۴۲﴾

فِي:(میں)حرف اجر۔ سَمُوۡمٍ:(زہریلی۔سخت گرم۔ جسم کے اندر گھس جانے والی شدید گرمی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔حَمِیۡمٍ:(کھولتا ہوا پانی)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: (یعنی دوزخ کی) لپٹ اور کھولتے ہوئے پانی میں۔

وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿۴۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ظِلٍّ :(سایہ)معطوف مجرور۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ يَحْمُومٍ:(سیاہ دھویں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں۔

لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿۴۴﴾

لَّا:(نہیں)نافیہ۔ بَارِدٍ:(ٹھنڈا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔كَرِيْمٍ:(با وقار۔با عزت)معطوف مجرور۔

ترجمہ آیت: (جو) نہ ٹھنڈا (ہے) نہ خوشنما۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿۴۵﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منسوب۔ كَانُوْا :(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واوَ جمع الف فارقہ۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) ناصب خبر ۔ رافع اسم۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ قَبْلَ:(پہلے)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔ :(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے +خطاب کے لئے۔مجرور مضاف الیہ۔ مُتْرَفِيْنَ:(خوشحالی سے زندگی گزارنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًكَانَ خبر منصوب۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔۔

ترجمہ آیت: یہ لوگ اس سے پہلے عیش نعیم میں پڑے ہوئے تھے۔

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿۴۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واوَ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) ناصب خبر ۔ رافع اسم۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ يُصِرُّوْنَ:(وہ اصرار کیا کرتے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَصَرَّ يُصِرُّ۔مصدر۔اِصْرَارًا۔(اصرار کرنا)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔عَلَى:(پر)حرف جار۔الْحِنْثِ: (گناہ۔)اسم

مجرور۔ موصوف۔ الْعَظِيْمِ:(بہت بڑا)صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور گناہ عظیم پر اڑے ہوئے تھے۔

وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) ناصب خبر ۔ رافع اسم۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ أَئِذَا :(کیا جب)مرکب :(أَ+اِذَا)حرف استفہام۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔مِتْنَا:(ہم مر جائیں گے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔ صیغہ۔مَاتَ يَمُوْتُ۔مصدر۔مَوْتًا۔(مرنا۔فوت ہونا)۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔كُنَّا :(وہ تھے۔ہیں) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ تُرَابًا:(مٹی) كَانَ کی خبر منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عِظَامًا:(ہڈیاں) معطوف منصوب۔أَئِنَّا:(کیا۔ہم یقینا)مرکب :(أَ+اِنَّ+نا)حرف استفہام۔+حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔مَبْعُوْثُوْنَ:(دوبارہ زندہ کئے جائیں گے۔اٹھائے جائیں گے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور کہا کرتے تھے کہ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی ہو گئے اور ہڈیاں (ہی ہڈیاں رہ گئے) تو کیا ہمیں پھر اُٹھنا ہو گا؟

اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔ وَ:(اور) حرف عطف۔آبَاؤُ:(اجداد۔باپ دادا)معطف۔ مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْأَوَّلُوْنَ:(پہلے)صفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور کیا ہمارے باپ دادا کو بھی؟

قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۹﴾

قُلْ:(آپ کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اَلْاَوَّلِیْنَ:(اَلْاَوَّلُ کی جمع۔پہلے)کااسم منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَلْآخِرِیْنَ:(اَلْاٰخِرُ کی جمع۔پچھلے)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ بے شک پہلے اور پچھلے

لَمَجْمُوْعُوْنَ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾

لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مَجْمُوْعُوْنَ:(جمع کئے جائیں گے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔ اِلَى:(طرف)حرف جار۔ مِيْقَاتِ:(مقررہ وقت)اسم مجرور۔مضاف۔ يَوْمٍ:(دن)ظرف زمان۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ مَّعْلُوْمٍ:(جانا ہوا)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاًصفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (سب) ایک روز مقرر کے وقت پر جمع کئے جائیں گے۔

ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔اِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ۔منصوب۔بالضمہ۔حرف نداء محذوف۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ الضَّآلُّوْنَ:(گمراہ ہو۔گمراہ ہونے والاے)بدل منادی۔یاصفت۔محلاً اسم فاعل۔جمع مذکر۔الْمُكَذِّبُوْنَ:(جھٹلانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔صفت ثانی۔

ترجمہ آیت۔پھر تم اے جھٹلانے والے گمراہو!

لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾

لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔آكِلُوْنَ:(کھانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ شَجَرٍ:(درخت)اسم مجرور۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔زَقُّوْمٍ:(تھوہر)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت۔

ترجمہ آیت: تھوہر کے درخت کھاؤ گے۔

فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔مَالِئُوْنَ:(بھرنے والے)معطوف مرفوع۔"آكِلُوْنَ" عطوف علیہ۔مِنْ:سے(حرف جار۔) هَا:(اس)

ضمیرواحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔الْبُطُوْنَ:(بَطْنٌ کی جمع۔پیٹوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔فاعل۔"مَالِئُوْنَ "۔

ترجمہ آیت: اور اسی سے پیٹ بھروگے۔

فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿٥٤﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔شَارِبُوْنَ:(پینے والے)اسم فاعل۔جمع مذکرغائب۔معطوف مرفوع۔" آكِلُوْنَ "معطوف علیہ۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر کسرہ محلاًاسم مجرور۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْحَمِيْمِ:(ابلتا ہوا پانی۔کھولتاہوا پانی)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور اس پر کھولتاہوا پانی پیوگے۔

فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿٥٥﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔شَارِبُوْنَ:(پینے والے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔معطوف ۔مرفوع۔" آكِلُوْنَ "معطوف علیہ۔ شُرْبَ:(پینا)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔الْهِيْمِ :(اھیم کی جمع۔اونٹ کی پیاس۔جب وہ بیمار ہوتا اس کو بہت پیاس لگتی ہے۔ اس کو" عُطَاشُ "۔کہاجاتاہے (جس میں پانی پینے سے پیاس نہیں بجھتی) ۔)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور پیوگے بھی تو اس طرح جیسے پیاسے اونٹ پیتے ہیں۔

هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٥٦﴾

هَذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔نُزُلُ:(مہمان نوازی کا کھانا۔مہمانی۔ضیافت۔)خبر مرفوع۔ مضاف۔هُمْ :(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَوْمَ :(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الدِّيْنِ:(فیصلہ۔مقررہ۔جزاوسزاء۔قیامت کے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جزا کے دن یہ ان کی ضیافت ہوگی۔

نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿٥٧﴾

نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداءمرفوع۔خَلَقْنَا :(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد ۔ باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔كُمْ :(تمھیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔لَوْلَا:(کیوں نہیں)حرف تحضیض۔برائے زجر و توبیخ۔

تُصَدِّقُوْنَ:(تم تصدیق کرتے ہو۔سچ سمجھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَدَّقَ یُصَدِّقُ۔مصدر۔تَصْدِیْقًا۔(سند دینا۔تصدیق کرنا۔)

ترجمہ آیت: ہم نے تم کو(پہلی بار بھی تو) پیدا کیا ہے تو تم (دوبارہ اُٹھنے کو) کیوں سچ نہیں سمجھتے؟

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿۵۸﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔تُمْنُوْنَ:(تم منی ٹپکاتے ہو۔ڈالتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْنٰی یُمْنِیْ۔مصدر۔اِمْنَاءٌ۔(منی ڈالنا)۔

ترجمہ آیت: دیکھو تو کہ جس (نطفے) کو تم (عورتوں کے رحم میں) ڈالتے ہو۔

ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾

أَ:(کیا)حرف عطف۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔تَخْلُقُوْنَ:(تم پیدا کرتے ہو۔بناتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا) ۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔أَمْ:(یا)حرف عطف۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْخَالِقُوْنَ:(بنانے والے ہیں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا تم اس (سے انسان) کو بناتے ہو یا ہم بناتے ہیں؟۔

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۶۰﴾

نَحْنُ:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔قَدَّرْنَا:(ہم نے اندازہ لگا دیا۔مقرر کر دیا۔ہم نے طے کر لیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّرَ یُقَدِّرُ۔مصدر۔تَقْدِيْرًا۔(اندازہ مقرر کرنا۔طے کر دینا)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔

محلاً مجرور مضاف الیہ۔ضمہ۔برائے اتصال۔ الْمَوْتَ :(موت)منصوب مفعول بہٖ ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ نَحْنُ:(ہم) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائدہ۔برائے تاکید۔مَسْبُوْقِیْنَ:(پیچھے رہ جانے والے۔عاجز)اسم مفعول۔جمع مذکر۔خبر مجرور۔لفظاً مجرور محلاً منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: ہم نے تم میں مرنا ٹھہرا دیا ہے اور ہم اس (بات) سے عاجز نہیں۔

عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾

عَلٰى:(پر)حرف جار۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ نُّبَدِّلَ:(ہم بدل دیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَدَّلَ يُبَدِّلُ۔مصدر۔تَبْدِيْلًا۔(بدل دینا)۔ أَمْثَالَ:(مثل کی جمع۔مثالوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ كُمْ :(تمہاری۔اپنی)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔نُنْشِئَ:(ہم پیدا کردیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنْشٰى يُنْشِئُ۔مصدر۔اِنْشَاءٌ۔(پیدا کرنا)۔كُمْ:(تم کو)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور لَا:(نہیں)نافیہ۔تَعْلَمُوْنَ:(تم جانتے ہیں۔تم جان جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔

ترجمہ آیت: کہ تمہاری طرح کے اور لوگ تمہاری جگہ لے آئیں اور تم کو ایسے جہان میں جس کو تم نہیں جانتے پیدا کردیں۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ عَلِمْتُمْ :(تم نے جانا۔)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔ النَّشْأَةَ:(پیدائش)منصوب۔مفعول۔بہٖ۔موصوف۔ الْأُولَى:(پہلی)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔لَوْلَا:(کیوں نہیں؟)حرف تحضیض۔برائے زجر و توبیخ۔ تَذَكَّرُوْنَ:(تم نصیحت پکڑتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرٌ۔ (نصیحت حاصل کرنا۔غور کرنا)۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ ذِكْرًا۔(یاد

کرنا۔ ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)۔

اور تم نے پہلی پیدائش تو جان ہی لی ہے۔ پھر تم سوچتے کیوں نہیں؟

أَفَرَءَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ ﴿٦٣﴾

أَ:(کیا) حرف استفہام۔ فَ:(پس) حرف عطف۔ رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (رءی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَأَى يَرَى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ مَّا:(جو کچھ) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔ تَحْرُثُونَ:(تم بوتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ح ر ث) صیغہ۔ حَرَثَ يَحْرُثُ۔ مصدر۔ حَرْثًا۔ (کھیتی باڑی کرنا۔ بونا۔ کاشت کرنا)۔

ترجمہ آیت: بھلا دیکھو تو کہ جو کچھ تم بوتے ہو۔

ءَأَنْتُمْ تَزْرَعُونَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُونَ ﴿٦٤﴾

أَ:(کیا) حرف استفہام۔ أَنْتُمْ:(تم) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ تَزْرَعُونَ:(تم اگاتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ جملہ خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ح ر ث) صیغہ۔ زَرَعَ يَزْرَعُ۔ مصدر۔ زَرْعًا۔ (کھتی باڑی کرنا۔ کاشتکاری کرنا)۔ هُ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَمْ:(یا) حرف عطف۔ نَحْنُ:(ہم) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الزَّارِعُونَ:(اگانے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو کیا تم اسے اگاتے ہو یا ہم اُگاتے ہیں؟

لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ ﴿٦٥﴾

لَوْ:(اگر) حرف شرط۔ غیر جازم۔ نَشَاءُ:(ہم چاہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ محلاً فعل شرط۔ لَ:(بلاشبہ) برائے رابطہ جواب شرط۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ هُ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ حُطَامًا:(چورا چورا۔ ٹکڑے

ٹکڑے)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔حال۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ظَلَلْتُمْ:(تم ہو گئے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔محلاً ظَلَّ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ظَلَّ یَظَلُّ۔مصدر۔ظَلًّا۔(ہو جانا)۔

تَفَكَّهُوْنَ:(تم باتیں بناتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَفَكَّهَ یَتَفَكَّهُ۔مصدر۔تَفَكُّهٌ۔(باتیں بنانا۔تعجب کرنا)۔جملہ محلاً ظَلَّ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اگر ہم چاہیں تو اسے چورا چورا کر دیں اور تم باتیں بناتے رہ جاؤ۔

اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾

إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید مشبہ بالفعل ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔

لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔مُغْرَمُوْنَ:(تاوان زدہ۔جرمانہ کئے ہوئے۔تاوان ڈالے ہوئے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (کہ ہائے) ہم تو مفت تاوان میں پھنس گئے۔

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾

بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مَحْرُوْمُوْنَ:(محروم کئے جانے والے۔خالی کر دئے جانے والے)اسم مفعول۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: بلکہ ہم ہیں ہی بے نصیب۔

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِىْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾

أ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ اَلْمَاءَ:(پانی کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ اَلَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ تَشْرَبُوْنَ:(تم پیتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ب)صیغہ۔شَرِبَ يَشْرِبُ۔مصدر۔شُرْبًا۔(پینا)۔

ترجمہ آیت: بھلا دیکھو تو کہ جو پانی تم پیتے ہو۔

ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿۶۹﴾

أَ:(کیا) حرف استفہام۔ أَنْتُمْ:(تم) ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَنْزَلْتُمُوْ:(تم نے اتارا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔واؤ برائے اشباع۔یعنی شکم پری۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔هُ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مِنَ:(سے) حرف جار۔ الْمُزْنِ:(مُزْنَةٌ کی جمع۔بادل) اسم مجرور۔ أَمْ:(یا) حرف عطف۔ نَحْنُ:(ہم نے) ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْمُنْزِلُوْنَ:(اتارنے والے۔نازل کرنے والے) اسم فاعل۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا تم نے اس کو بادل سے نازل کیا ہے یا ہم نازل کرتے ہیں؟

لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

لَوْ:(اگر) حرف شرط۔غیر جازم۔ نَشَاءُ:(ہم چاہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔محلاً فعل شرط۔ لَ:(بلاشبہ) برائے رابطہ جواب شرط۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔هُ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔أُجَاجًا:(کڑوا۔تلخ۔سخت نمکین۔کھارا) منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ فَ:(تو) حرف عطف۔لَوْلَا:(کیوں نہیں؟) حرف تحضیض۔برائے زجر و توبیخ۔ تَشْكُرُوْنَ:(تم شکر کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ر) صیغہ۔شَكَرَ يَشْكُرُ۔مصدر۔شُكْرًا۔(قدر کرنا۔شکر کرنا)۔

ترجمہ آیت: اگر ہم چاہیں تو ہم اسے کھاری کر دیں پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے؟

اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿۷۱﴾

أَ:(کیا) حرف استفہام۔فَ:(پس) حرف عطف۔رَأَيْتُمْ:(تم نے دیکھا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات

کو چاند دیکھنا)۔ النَّارَ:(آگ کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ الَّتِي:(جسے)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ
تُورُوْنَ:(تم درخت سے نکالتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً
اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَرٰی یُوْرِیُ۔ مصدر۔ اِیْرَاءٌ۔ (سلگانا۔ چلانا۔)

ترجمہ آیت: بھلا دیکھو تو جو آگ تم درخت سے نکالتے ہو۔

ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَاۤ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿۷۲﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَنْشَأْتُمْ:(تم نے پیدا
کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْشٰی
یُنْشِیُ۔مصدر۔اِنْشَاءٌ۔(پیدا کرنا)۔شَجَرَتَ:(درخت)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث
غائب۔مبنی سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَمْ:(یا)حرف عطف۔ نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء
مرفوع۔الْمُنْشِؤُوْنَ:(پیدا کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا تم نے اس کے درخت کو پیدا کیا ہے یا ہم پیدا کرتے ہیں؟

نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّ مَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿۷۳﴾

نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر
مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔هَا:(اسے)ضمیر واحد
مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔تَذْكِرَةً:(یاددہانی۔یاد کرنے کی چیز)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔وَ:(اور)حرف
عطف۔مَتَاعًا:(مال واسباب۔جس سے گھریلو فائدہ اٹھایا جائے)معطوف منصوب۔لِّ:(لئے)حرف جار۔الْمُقْوِيْنَ:(مُقْوِيْ کی
جمع۔جنگلوں کے باسی۔جنگلی۔)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: ہم نے اسے یاد دلانے اور مسافروں کے برتنے کو بنایا ہے۔

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾

فَ:(پھر)فصیحة۔سَبِّحْ :(تسبیح کر۔ تفویضہ امور کو جلدی جلدی انجام دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب
ساکن۔۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ یُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِیْحًا۔(بہت تیزی سے عمل

کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(س ب ح) صیغہ۔سَبَحَ یَسۡبَحُ۔ مصدر۔ سَبۡحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔
بِ:(ساتھ)حرف جار۔اسۡمِ:(نام)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ كَ:(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الۡعَظِيۡمِ:(بہت بڑا)مجرور صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار بزرگ کے نام کی تسبیح کرو۔

فَلَآ اُقۡسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوۡمِ ﴿۷۵﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔برائے تاکید قسم۔(زائدہ) اُقۡسِمُ:(میں قسم کھاتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقۡسَمَ یُقۡسِمُ۔مصدر۔اِقۡسَامٌ۔(قسم کھانا)۔ بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔مَوَاقِعِ:(گرنے کی جگہیں)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مقسم بہ۔مضاف۔النُّجُوۡمِ:(ستاروں کے)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: ہمیں تاروں کی منزلوں کی قسم۔

وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عَظِيۡمٌ ﴿۷۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاِنَّ کااسم منصوب۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔قَسَمٌ:(قسم)اِنَّ کی خبر مرفوع۔لَّوۡ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ تَعۡلَمُوۡنَ:(تم جانتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراهُمۡ ۔محلاً فعل شرط۔مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعۡلَمُ۔مصدر۔ عِلۡمًا۔(جاننا۔علم رکھنا)۔عَظِيۡمٌ:(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت۔مرفوع۔جواب شرط۔محذوف۔

ترجمہ آیت: اور اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے۔

اِنَّهٗ لَقُرۡاٰنٌ كَرِيۡمٌ ﴿۷۷﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔
لَ:(بلاشبہ)حرف تاکید۔مزحلقه۔قُرۡاٰنٌ:(قرآن مجید)اِنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔ كَرِيۡمٌ:(بہت ہی بزرگی والا۔وقار والا ۔عزت والا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کہ یہ بڑے رتبے کا قرآن ہے۔

فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾

فِي:(میں)حرف جار۔كِتَابٍ:(کتاب۔)اسم مجرور۔مَّكْنُوْنٍ:(چھپائی ہوئی۔محفوظ)اسم مفعول۔واحد مذکر۔

ترجمہ آیت: (جو) کتاب محفوظ میں (لکھا ہوا ہے)۔

لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾

لَّا:(نہیں)نافیہ۔ يَمَسُّ:(وہ چھوتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م س س)مضاعف۔صیغہ۔مَسَّ يَمَسُّ۔مصدر۔مَسًّا۔(چھونا۔سزا دینا۔پہنچنا۔)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ الْمُطَهَّرُوْنَ:(الْمُطَهَّرُ کی جمع۔پاک شدہ۔طہارت والے۔پاک لوگ)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاًفاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس کو وہی ہاتھ لگاتے ہیں جو پاک ہیں۔

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾

تَنْزِيلٌ:(اتارنا۔یہاں بطور مفعول مستعمل ہے۔اتارا ہوا۔اتارا گیا)خبر مرفوع۔مبتداء"هو"محذوف۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔الْعَالَمِيْنَ:(جہانوں کا)مجرور۔مضاف لایہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: پروردگار عالم کی طرف سے اُتارا گیا ہے۔

اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿۸۱﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(پس)حرف عطف۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔هَذَا :(اس کے)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔الْحَدِيْثِ :(نئی چیز۔بات۔حدیث)بدل مجرور۔" هَذَا "مبدل منہ۔مجرور مضاف الیہ۔ أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔مُّدْهِنُوْنَ:(جھٹلانے والے۔انکار کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا تم اس کلام سے انکار کرتے ہو؟

وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَجْعَلُوْنَ:(تم بناتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔

فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ یَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ رِزْقَ:(رزق۔سامان زیست)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنَّ:(یقینا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔تُكَذِّبُوْنَ:(تم جھٹلاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اپنا وظیفہ یہ بناتے ہو کہ (اسے) جھٹلاتے ہو۔

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَوْلَا:(کیوں نہیں؟)حرف تحضیض۔برائے زجر و توبیخ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ بَلَغَتِ:(وہ پہنچے گی۔ پہنچ جاتی ہے۔ترجمہ إِذَا بوجہ۔"جان۔روح۔")فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ت ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ)صیغہ۔ بَلَغَ يَبْلُغُ۔مصدر۔بُلُوْغًا۔(پہنچنا)الْحُلْقُوْمَ:(شاہ رگ۔نرخرہ کے دائیں بائیں دوتڑپتی شریانیں)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: بھلا جب روح گلے میں آ پہنچتی ہے۔

وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ حِيْنَئِذٍ:(اس وقت)مرکب :(حِيْنَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ منصوب۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔تَنْظُرُوْنَ:(تم دیکھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون عرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظْرًا۔(مہلت دینا۔ دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور تم اس وقت کی (حالت کو) دیکھا کرتے ہو۔

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

وَ:()نَحْنُ:(ہم)ضمیر منفصل۔جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَقْرَبُ:(زیادہ قریب)افعل التفضیل۔محلاً خبر

مرفوع۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔لَّا:(نہیں)نافیہ۔ تُبْصِرُوْنَ:(دکھائی جاتی ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْصَرَ يُبْصِرُ۔مصدر۔اِبْصَارٌ۔(دکھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ص ر)صیغہ۔بَصِرَ يَبْصُرُ۔مصدر۔بَصَارَةٌ۔(دیکھنا)۔

اور ہم اس(مرنے والے) سے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن تم کو نظر نہیں آتے

فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ﴿۸۶﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔لَوْلَا:(کیوں نہیں؟)حرف تحضیض۔برائے زجر و توبیخ۔ اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كُنْتُمْ:(تم ہو۔تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ضمیر محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔محلاًمجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ غَيْرَ:(علاوہ۔سوا۔نہیں) كَانَ کی خبر منصوب۔جواب شرط محذوف۔۔مضاف۔مَدِيْنِيْنَ:(مَدِيْنٌ کی جمع۔محکوم۔مسخر۔مملوک۔زیر حکم)اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاًمجرور۔مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: پس اگر تم کسی کے بس میں نہیں ہو۔

تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ﴿۸۷﴾

تَرْجِعُوْنَ:(وہ لوٹتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب ۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ ۔ مصدر۔رَجْعًا۔رُجُوْعٌ۔(لوٹنا۔واپس ہونا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كُنْتُمْ:(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ناصب خبر۔رافع اسم۔محلاًمجزوم۔فعل شرط۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔محلاًكَانَ کا اسم مرفوع۔۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)
صَادِقِيْنَ:(سچ بولنے والے۔سچ کرنے والے۔سچے)کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔جواب شرط محذوف۔

ترجمہ آیت: تو اگر سچے ہو تو روح کو پھیر کیوں نہیں لیتے؟

فَاَمَّآ اِنۡ كَانَ مِنَ الۡمُقَرَّبِيۡنَ ﴿۸۸﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔أَمَّا:(لیکن۔رہا۔بہر حال)حرف شرط و تفصیل۔إِنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كَانَ:(وہ ہوا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ:محلاًكَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الۡمُقَرَّبِيۡنَ:(قریب کئے ہوئے۔زیادہ عزت دار۔ قابل اعتماد۔)شبہ جملہ محلاً کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: پھر اگر وہ(اللہ کے) مقربوں میں سے ہے۔

فَرَوۡحٌ وَّرَيۡحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيۡمٍ ﴿۸۹﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ۔رَوۡحٌ:(خوشبو)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔جملہ محلاً جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَيۡحَانٌ :(نیاز بو۔شاہسفرم۔)معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَنَّةُ:(جنت۔باغ)معطوف مرفوع۔مضاف۔نَعِيۡمٍ :(نعمت)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو(اس کے لئے) آرام اور خوشبودار پھول اور نعمت کے باغ ہیں۔

وَاَمَّآ اِنۡ كَانَ مِنۡ اَصۡحٰبِ الۡيَمِيۡنِ ﴿۹۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَمَّا:(لیکن۔رہا۔بہر حال)حرف شرط۔تفصیل۔ إِنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كَانَ:(وہ ہوا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ:محلاًكَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔ كَوۡنًا۔ (ہونا) مِنَ:(سے)حرف جار۔ أَصۡحَابِ:(ساتھی۔ دوست۔والے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔الۡيَمِيۡنِ:(دائیں جانب۔دائیں ہاتھ)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور اگر وہ دائیں ہاتھ والوں میں سے ہے۔

فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنۡ اَصۡحٰبِ الۡيَمِيۡنِ ﴿۹۱﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔سَلَامٌ:(سلامتی ہے)مبتداء مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاًاسم مجرور۔ مِنۡ:(سے)حرف جار۔ أَصۡحَابِ:(ساتھی۔ دوست۔والے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر منصوب۔اور محلاًجواب شرط مجزوم۔مضاف۔الۡيَمِيۡنِ:(دائیں جانب۔دائیں ہاتھ)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو(کہا جائے گا کہ) تجھ پر داہنے ہاتھ والوں کی طرف سے سلام۔

وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۹۲﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَمَّا:(لیکن۔رہا۔بہر حال)حرف شرط۔و تفصیل۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كَانَ:(وہ ہوا) فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔ ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ:محلاًكَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا) مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْمُكَذِّبِيْنَ:(جھٹلانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ محلاًاسم مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔ موصوف۔ الضَّالِّيْنَ:(گمراہوں)مجرور صفت۔ علامت۔ی۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اگر وہ جھٹلانے والے گمراہوں میں سے ہے

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔نُزُلٌ:(مہمان نوازی۔مہمانی)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ حَمِيْمٍ:(کھولتے پانی۔ابلتاہواپانی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو(اس کے لئے) کھولتے پانی کی ضیافت ہے۔

وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَصْلِيَةُ:(آگ میں جلانا۔داخل کرنا۔جھونک دینا۔ڈال دینا۔)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔مضاف۔ جَحِيْمٍ:(بھڑکتی ہوئی آگ۔انتہائی گرم جگہ،دوزخ،جہنم کے ناموں میں سے ایک نام۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جہنم میں داخل کیاجانا۔

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هَذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ حَقُّ:(حق۔سچ)خبر مرفوع۔مضاف۔الْيَقِيْنِ:(ایمان۔یقین)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ (داخل کیاجانایقیناً صحیح یعنی) حق الیقین ہے۔

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾

فَ:(تو)فصیحۃ۔سَبِّحْ :(تسبیح کر۔ اپنی تفویضہ ذمہ داریاں جلدی جلدی کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ یُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِیْحًا۔(بہت تیزی سے عمل کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ب ح) صیغہ۔سَبَحَ یَسْبَحُ۔ مصدر۔ سَبْحًا۔ (تیرنا۔تسبیح کرنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔اسْمِ:(نام)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ مضاف۔ كَ:(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْعَظِيْمِ :(بہت بڑا)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: توتم اپنے پروردگار بزرگ کے نام کی تسبیح کرتے رہو۔

57 سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ

رکوعاتها 4 | 57 سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ 94 | اٰياتها 29

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ آیت: شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾

سَبَّحَ:(تسبیح کر۔ اپنی تفویضہ ذمہ داریاں جلدی جلدی کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔ مصدر۔ تَسْبِيْحًا۔ (بہت تیزی سے عمل کرنا۔ پاکیزگی بیان کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(س ب ح) صیغہ۔ سَبَحَ يَسْبَحُ۔ مصدر۔ سَبْحًا۔ (تیرنا۔ تسبیح کرنا)۔ لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے) مرکب: (لِ+اللهِ) حرف جار۔+اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ مَا:(جو کچھ) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل۔ مرفوع۔ فِي:(میں) حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین) معطوف مجرور۔ وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ هُوَ:(وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الْعَزِيْزُ:(زبردست عزت والا) مبالغہ۔ خبر مرفوع۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ الْحَكِيْمُ:(خوب حکمت والا) مبالغہ۔ خبر ثانی۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو مخلوق آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتی ہے۔ اور وہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲﴾

لَ:(لئے) حرف جار۔ هُ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مُلْكُ:(ملک۔ ریاست۔) مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کی) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الْأَرْضِ:(زمین) معطوف مجرور۔ يُحْيِي:(وہ زندہ کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحْيٰ يُحْيِيْ۔ مصدر۔ اِحْيَاءٌ۔ (زندہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ح ی ی) مضاعف۔ لفیف مقرون۔ اجوف یائی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ حَيِيَ يَحْيٰي۔ مصدر۔ حَيَاةٌ۔ (زندہ رہنا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ يُمِيْتُ:(وہ موت دیتا

ہے۔مارتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمَاتَ یُمِیْتُ۔ مصدر۔ اِمَاتَۃٌ۔(موت دینا۔ مارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م و ت)اجوف واوی۔ صیغہ۔مَاتَ یَمُوْتُ۔ مصدر۔ مَوْتًا۔ (مرنا۔فوت ہونا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ ھُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ عَلَی:(پر)حرف عطف۔کُلِّ:(تمام۔ہر ایک)اسم مجرور۔مضاف۔ شَيْءٍ:(شئے)مجرور مضاف الیہ۔ قَدِیْرٌ:(ہر چیز کے اندازے پیمانے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے۔(وہی) زندہ کرتا اور مارتا ہے۔اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۳﴾

ھُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْأَوَّلُ:(اوّل۔پہلا)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْآخِرُ:(آخر۔)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الظَّاهِرُ:(ظاہر)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْبَاطِنُ:(پوشیدہ۔خفیہ۔چھپا ہوا۔)معطوف مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ھُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔کُلِّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(شئے کو)مجرور مضاف الیہ۔عَلِیْمٌ:(خوب جاننے والا)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہ(سب سے) پہلا اور(سب سے) پچھلا اور(اپنی قدرتوں سے سب پر) ظاہر اور(اپنی ذات سے) پوشیدہ ہے اور وہ تمام چیزوں کو جانتا ہے۔

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ؕ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا یَعْرُجُ فِیْهَا ؕ وَ هُوَ مَعَكُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۴﴾

ھُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الَّذِي:(وہ جس نے)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضَ:(زمین کو)معطوف منصوب۔فِي:(میں)حرف جار۔سِتَّةِ:(چھ)اسم عدد۔اسم مجرور۔مضاف۔أَيَّامٍ: (دنوں۔ وقفوں)مجرور مضاف الیہ۔ ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔اسْتَوَی:(اس نے برابر کیا۔مضبوط کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔

فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰی یَسْتَوِیْ مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(برابر ہونا۔سیدھا ہونا۔جم جانا)۔ عَلَی:(پر)حرف عطف۔الْعَرْشِ:(عرش۔چھت۔تخت)اسم مجرور۔یَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔جاننا)۔مَا:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔یَلِجُ:(وہ داخل ہوتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ل ج)مثال واوی۔صیغہ۔وَلَجَ یَلِجُ۔مصدر۔ وَلُوْجًا۔ (داخل ہونا۔گھس جانا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ معطوف۔ منصوب۔یَخْرُجُ:(وہ نکلتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ (خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔خُرُوْجًا۔(نکلنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ ھَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔یَنْزِلُ:(وہ اترتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔السَّمَاءِ:(آسمان)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ معطوف ۔منصوب۔یَعْرُجُ:(وہ چڑھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ (خ ر ج)صیغہ۔عَرَجَ یَعْرُجُ۔مصدر۔عُرُوْجًا۔(بلند ہونا۔چڑھنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ھَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔ھُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ أَیْنَ:(کہاں)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ظرف مکان۔۔ مَا:(کہ)زائدہ۔ کُنْتُمْ:(تم ہوتے تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ضمیر محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔بِمَا :(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار+اسم مجرور۔تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر أَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔بَصِیْرٌ:(خوب دیکھنے والا۔بصیرت رکھنے والا)اسم فاعل۔واحد

مذکر۔ مبالغہ۔ محلاً كَانَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا۔ جو چیز زمین میں داخل ہوتی اور جو اس سے نکلتی ہے اور جو آسمان سے اُترتی اور جو اس کی طرف چڑھتی ہے سب اس کو معلوم ہے۔ اور تم جہاں کہیں ہو وہ تمہارے ساتھ ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھ رہا ہے۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٥﴾

لَ:(لئے)حرف جار۔ هُ:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مبتداء مقدم۔مرفوع۔ مُلْكُ:(ملک۔ریاست۔حکومت۔بادشاہت)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ تُرْجَعُ:(تو لوٹائے جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول۔واحد مؤنث غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔ رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔ رَجْعٌ۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔ الْأُمُورُ:(معاملات۔احکام۔امور)نائب فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے۔ اور سب امور اسی کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۭ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٦﴾

يُولِجُ:(وہ داخل کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ أَوْلَجَ يُوْلِجُ۔مصدر۔ إِيْلَاجٌ۔(داخل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ل ج)مثال واوی۔صیغہ۔ وَلَجَ يَلِجُ۔ مصدر۔ وَلُوْجًا۔(داخل ہونا۔گھس جانا)۔ اللَّيْلَ:(رات کو)منصوب۔مفعول بہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ النَّهَارِ:(دن)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يُولِجُ:(وہ داخل کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ أَوْلَجَ يُوْلِجُ۔مصدر۔ إِيْلَاجٌ۔(داخل کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ل ج)مثال واوی۔صیغہ۔ وَلَجَ يَلِجُ۔مصدر۔ وَلُوْجًا۔(داخل ہونا۔گھس جانا)۔ النَّهَارَ:(دن کو)منصوب۔مفعول بہ۔ فِي :(میں)حرف جار۔ اللَّيْلِ:(رات)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ عَلِيْمٌ:(خوب جاننے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ ذَاتِ:(والی)از ستّہ مکبّرہ۔اسم مجرور۔مضاف۔ الصُّدُوْرِ:(دلوں۔سینوں)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (وہی) رات کو دن میں داخل کرتا اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔ اور وہ دلوں کے بھیدوں تک سے واقف ہے۔

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِیْنَ فِیْهِ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِیْرٌ ﴿۷﴾

اٰمِنُوْا:(تم ایمان لاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔ پر) حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ رَسُوْلِ:(پیغمبر) معطوف مجرور۔ مضاف۔ هٖ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ اَنْفِقُوْا:(تم خرچ کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔ (خرچ کرنا)۔ مِمَّا:(اس سے جو) مرکب:(مِنْ+ مَّا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا۔ شامل کر لیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ كُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مُّسْتَخْلَفِیْنَ:(مُّسْتَخْلَفٌ کی جمع۔ خلیفہ بنائے ہوئے۔ وارث۔ جانشینوں کو) منصوب۔ علامت۔ ی۔ مفعول بہٖ ثانی۔ فِیْ:(میں) حرف جار۔ هٖ:(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔ الَّذِیْنَ:(وہ) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ اٰمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ اَنْفَقُوْا:(انہوں نے خرچ کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔ (خرچ کرنا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ اَجْرٌ:(اجر۔ بدلہ۔ معاوضہ۔) مبتداء مرفوع۔ موصوف۔ كَبِیْرٌ:(بہت بڑا) صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (تو) اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور جس (مال) میں اس نے تم کو (اپنا) نائب بنایا ہے اس میں سے خرچ کرو۔

ترجمہ آیت: جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور (مال) خرچ کرتے رہے ان کے لئے بڑا ثواب ہے۔

وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ لِتُؤْمِنُوا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ أَخَذَ مِيثَاقَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تُؤْمِنُوْنَ:(تم یقین کرتے ہو۔ایمان لاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل ضمیر۔ مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔الرَّسُوْلُ:(پیغمبر)مبتداء مرفوع۔یَدْعُوْ:(وہ بلاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا یَدْعُوْ۔مصدر۔دَعْوَةٌ۔ (پکارنا)۔ کُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تُؤْمِنُوْا:(تم ایمان لاؤ۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ ۔پر)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔کُمْ:(تمہارے۔ اپنے)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَدْ :(یقیناً)حرف تحقیق۔أَخَذَ :(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔ اَخَذَ یَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔مِیْثَاقَ:(پختہ عہد۔وعدہ۔قول و قرار۔ایسا عہد جس پر قسم کھائی گئی ہو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔کُمْ:(تمہارا) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔کُنْتُمْ:(تم ہو) فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ: محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)مُؤْمِنِیْنَ:(ایمان رکھنے والے۔یقین رکھنے والے۔ایمان دار۔)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔اور جواب شرط محذوف۔

ترجمہ آیت: اور تم کیسے لوگ ہو کہ اللہ پر ایمان نہیں لاتے۔حالانکہ (اس کے) پیغمبر تمہیں بلا رہے ہیں کہ اپنے پروردگار پر ایمان

ترجمہ آیت: لاؤ اور اگر تم کو باور ہو تو وہ تم سے (اس کا) عہد بھی لے چکا ہے۔

هُوَ الَّذِیۡ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبۡدِہٖۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ لِّیُخۡرِجَکُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰہَ بِکُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۹﴾

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ يُنَزِّلُ:(وہ بڑے اہتمام سے اتارتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ نَزَّلَ يُنَزِّلُ۔ مصدر۔ تَنْزِيلًا۔(دھیرے دھیرے اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ عَبْدِ:(بندہ)اسم مجرور۔مضاف۔ هِ:(اس۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ آيَاتٍ:(آیات کو)منصوب بالکسرہ۔ مفعول بہ۔موصوف۔ بَيِّنَاتٍ :(واضح ۔کھلم کھلا۔)صفت منصوب۔بالکسرہ۔تابع موصوف۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يُخْرِجَ:(وہ نکالتا ہے۔نکالے گا) فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔مصدر۔ اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔ خَرَجَ يَخْرُجُ ۔مصدر۔ خَرْجًا ۔(نکلنا)۔ كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ الظُّلُمَاتِ:(تاریکی۔گمراہی)اسم مجرور۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ النُّورِ:(روشنی۔ہدایت)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔ مزحلقه۔ رَؤُوْفٌ:(انتہائی شفقت) إِنَّ کی خبر۔مرفوع۔موصوف۔ رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا) إِنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔موصوف۔

ترجمہ آیت: وہی تو ہے جو اپنے بندے پر واضح (المطالب) آیتیں نازل کرتا ہے تاکہ تم کو اندھیروں میں سے نکال کر روشنی میں لائے۔بے شک اللہ تم پر نہایت شفقت کرنے والا (اور) مہربان ہے

وَ مَا لَکُمۡ اَلَّا تُنۡفِقُوۡا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَ لِلّٰہِ مِیۡرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ لَا یَسۡتَوِیۡ مِنۡکُمۡ مَّنۡ اَنۡفَقَ مِنۡ قَبۡلِ الۡفَتۡحِ وَ قٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِکَ اَعۡظَمُ دَرَجَۃً مِّنَ الَّذِیۡنَ اَنۡفَقُوۡا مِنۡۢ بَعۡدُ وَ قٰتَلُوۡا ؕ وَ کُلًّا وَّعَدَ اللّٰہُ الۡحُسۡنٰی ؕ وَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌ ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ أَلَّا:(کہ نہیں)مرکب :(اَنْ+لَّا)مصدریہ۔ناصب

مضارع۔تُنْفِقُوْا :(تم خرچ کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور مضاف ۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب۔:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مِيرَاثُ :(جائداد۔ ملکیت جو اجداد سے ملی ہو)مبتداء مرفوع۔مضاف۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف۔مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَسْتَوِي:(وہ برابر کرتا ہے۔ٹھیک کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰى يَسْتَوِىْ۔مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(قرار پکڑنا۔جلوہ گر ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔مَّنْ:(جو)اسم موسوٗل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ أَنْفَقَ :(اس نے خرچ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ الْفَتْحِ:(فتح۔کامیابی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قَاتَلَ:(اس نے جھگڑا کیا۔جہاد کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(جنگ کرنا۔جہاد کرنا۔) أُولَٰئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء مرفوع۔ أَعْظَمُ:(زیادہ بڑا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ دَرَجَةً :(مرتبہ۔رتبہ۔درجہ)منصوب۔ تمیز۔ مِّنَ :(سے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔۔ أَنْفَقُوْا :(انہوں نے خرچ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدُ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔بالضمہ۔ وَ :(اور) حرف عطف۔قَاتَلُوْا:(انہوں نے قتال کیا۔جہاد کیا۔جنگ کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(جنگ کرنا۔جہاد کرنا۔)وَ:(اور)حرف عطف۔كُلًّا:(سب۔ہر ایک)منصوب۔حال۔ وَعَدَ:(اس نے وعدہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر محلاً مرفوع هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(و ع د)صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔ مصدر۔ وَعْدًا۔ (وعدہ کرنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ الْحُسْنَىٰ:

(اچھا۔)افعل التفضيل۔ بر وزن فُعْلٰی۔ منصوب مفعول بہٖ ثانی مرفوع۔ وَ:(اور)اسْتئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتدء مرفوع۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔۔تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سَمِعَ۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔خَبِيْرٌ:(خوب خبر رکھنے والا۔باخبر۔)مبالغہ۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور تم کو کیا ہوا ہے کہ اللہ کے رستے میں خرچ نہیں کرتے حالانکہ آسمانوں اور زمین کی وراثت اللہ ہی کی ہے۔ جس شخص نے تم میں سے فتح(مکہ) سے پہلے خرچ کیا اور لڑائی کی وہ (اور جس نے یہ کام پیچھے کئے وہ) برابر نہیں۔ ان کا درجہ ان لوگوں سے کہیں بڑھ کر ہے جنہوں نے بعد میں خرچ(اموال) اور (کفار سے) جہاد و قتال کیا۔ اور اللہ نے سب سے (ثواب) نیک (کا) وعدہ تو کیا ہے۔ اور جو کام تم کرتے ہو اللہ ان سے واقف ہے۔

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۱﴾

مَنْ:(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ذَا:(وہ۔یہ)اسم اشارہ مبنی بر سکون۔ محلاً خبر مرفوع۔ الَّذِي:(جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔" ذَا "کا بدل مرفوع۔يُقْرِضُ:(قرض دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقْرَضَ يُقْرِضُ۔مصدر۔قَرْضًا۔(قرض دینا) اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔قَرْضًا:(قرض دینا)منصوب۔ مفعول مطلق۔موصوف۔حَسَنًا:(اچھا)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ فَ:(پس)سببیہ۔ناصب مضارع۔يُضَاعِفَ:(وہ دگنا کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلۃ۔صیغہ۔ضَاعَفَ يُضَاعِفُ۔مصدر۔مُضَاعَفَةٌ۔(دگنا کرنا۔بڑھانا۔کئی گنا کرنا)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ضمہ محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ضمہ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔أَجْرٌ:(اجر۔معاوضہ۔بدلہ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔موصوف۔ كَرِيْمٌ:(بہت عزت دار۔بہترین)صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کون ہے جو اللہ کو (نیت) نیک (اور خلوص سے) قرض دے تو وہ اس کو اس سے دگنا کرے اور اس کے لئے عزت کا صلہ (یعنی جنت) ہے۔

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مفعول بہ۔فعل محذوف۔ تَرَى:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔الْمُؤْمِنِيْنَ :(مُؤْمِنٌ کی جمع۔ایمان دار۔)منصوب۔علامت ۔ی۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ الْمُؤْمِنَاتِ:(مُؤْمِنَةٌ کی جمع۔ایماندار عورتیں)معطوف منصوب بالکسرہ۔ يَسْعٰى:(وہ دوڑتا ہے۔کوشش کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَعٰى يَسْعٰى۔مصدر۔ سَعْيًا۔(دوڑنا۔) نُوْرُ:(ہدایت۔روشنی)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ أَيْدِي:(ہاتھوں)مجرور مضاف الیہ۔اصلاً أَيْدِيْنَ تھا۔نون محذوف بوجہ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَيْمَانِ:(ایمان۔یقین)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بُشْرَا:(خوشخبری)مبتداء مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ی۔کوالف میں تبدیل کر دیا گیا۔برائے اتصال۔مابعد۔ضمیر۔كُمُ: (تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ الْيَوْمَ:(آج)ظرف زمان۔منصوب۔ جَنَّاتٌ: (باغات)خبر مرفوع۔ تَجْرِي:(بہتی ہیں۔چلتی ہیں)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهِيَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب حال۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔ جَرٰى يَجْرِيْ۔مصدر۔ جِرْيَانٌ۔ (بہنا۔ جاری ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْأَنْهَارُ:(نہریں)فاعل مرفوع۔ خَالِدِيْنَ:(ہمیشہ ہمیشہ)منصوب۔ حال۔علامت ۔ی۔فِي:(میں)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ)مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء مرفوع۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔برائے تقویۃ۔ الْفَوْزُ:(کامیابی)خبر مرفوع۔موصوف۔الْعَظِيْمُ :(بہت بڑی)صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جس دن تم مومن مردوں اور مومن عورتوں کو دیکھو گے کہ ان (کے ایمان) کا نور ان کے آگے آگے اور داہنی طرف

چل رہا ہے (تو ان سے کہا جائے گا کہ) تم کو بشارت ہو (کہ آج تمہارے لئے) باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں ان میں ہمیشہ رہو گے۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

يَوۡمَ يَقُوۡلُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَالۡمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوا انۡظُرُوۡنَا نَقۡتَبِسۡ مِنۡ نُّوۡرِكُمۡ‌ ۚ قِيۡلَ ارۡجِعُوۡا وَرَآءَكُمۡ فَالۡتَمِسُوۡا نُوۡرًا ؕ فَضُرِبَ بَيۡنَهُمۡ بِسُوۡرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيۡهِ الرَّحۡمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنۡ قِبَلِهِ الۡعَذَابُ ﴿۱۳﴾

يَوۡمَ: (دن) ظرف زمان۔ بدل منصوب۔ "يَوۡمَ" مبدل منہ۔ يَقُوۡلُ: (وہ کہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ الۡمُنَافِقُوۡنَ: (منافق کرنے والے۔ دو مونہوں والے۔ سرنگوں والے۔ ادھر سے سنا۔ دوسروں پر انڈیل دیا۔ چوہے کی صفت والے۔ اس بل میں گھسا۔ دوسری سے نکل گیا۔ اس کو منافق کہتے ہیں۔) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً فاعل۔ مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الۡمُنَافِقَاتُ: (دو مونہوں والی عورتیں۔ لگائی بجھائی کرنے والی عورتیں) اسم فاعل۔ جمع مؤنث۔ معطوف۔ مرفوع۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ الَّذِيۡنَ: (اوہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوۡا: (وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤۡمِنُ۔ مصدر۔ اِيۡمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاۡمَنُ۔ مصدر۔ اَمۡنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ اُنۡظُرُوۡ: (تم دیکھو۔ انتظار کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ن ظ ر) صیغہ۔ نَظَرَ يَنۡظُرُ۔ مصدر۔ نَظۡرًا۔ (دیکھنا)۔ نَا: (ہمیں) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ نَقۡتَبِسۡ: (ہم سوئچ دبا دیں۔ روشنی حاصل کر لیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ مجزوم۔ جواب طلب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِقۡتَبَسَ يَقۡتَبِسُ۔ مصدر۔ اِقۡتِبَاسٌ۔ (روشنی حاصل کرنا۔ انگارہ لینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ق ب س) صیغہ۔ قَبِسَ يَقۡبَسُ۔ مصدر۔ قَبۡسًا۔ (کسی دوسرے سے آگ لینا۔ نور یا علم لینا۔ قَبۡسٌ۔ چنگاڑی۔ شعلہ۔ انگارہ۔)۔ مِنۡ: (سے) حرف جار۔ تبعیضیہ۔ نُّوۡرِ: (نور۔ ہدایت۔ روشنی) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمۡ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قِيۡلَ: (کہا گیا ہے) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔ (بات کرنا۔ اِرۡجِعُوۡا: (تم رجوع کرو۔ لوٹ جاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ر

ج ع)صیغہ۔رَجَعَ یَرْجِعُ۔مصدر۔رَجْعًا۔رُجُوْعٌ۔(لوٹنا۔واپس ہونا)۔وَرَاءَ:(آگے۔پیچھے)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔کُمْ: (تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔اِلْتَمِسُوْا:(تلاش کرو۔ڈھونڈو۔طلب کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِلْتَمَسَ یَلْتَمِسُ مصدر۔اِلْتِمَاسٌ۔(ڈھونڈنا۔طلب کرنا۔تلاش کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ل م س)صیغہ۔لَمَسَ یَلْمِسُ ۔مصدر۔لَمْسًا۔(چھونا۔محسوس کرنا۔ٹٹولنا)۔ نُوْرًا:(نور۔روشنی۔ہدایت)منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔ضُرِبَ:(کھڑی کی گئی۔)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ یَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(چلنا۔بنانا۔کھڑا کرنا۔مارنا۔بیان کرنا)۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔سُوْرٍ:(دیوار)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔۔بَابٌ:(ایک دروازہ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔مضاف۔ بَاطِنُ:(اندرونی جانب۔چھپاہوا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً مبتداء ثانی مرفوع۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِیْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔الرَّحْمَةُ:(رحمت)مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ظَاهِرُ:(ظاہر۔کھلا۔بیرونی جانب۔)مبتداء مرفوع ثانی۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ قِبَلِ: (سامنے۔جانب۔طرف۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔الْعَذَابُ:(عذاب)مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اُس دن منافق مرد اور منافق عورتیں مومنوں سے کہیں گے کہ ہماری طرف سے(شفقت) کیجیے کہ ہم بھی تمہارے نور سے روشنی حاصل کریں۔تو ان سے کہا جائے گا کہ پیچھے کو لوٹ جاؤ اور(وہاں) نور تلاش کرو۔پھر ان کے بیچ میں ایک دیوار کھڑی کردی جائے گی۔جس میں ایک دروازہ ہو گا جو اس کی جانب اندرونی ہے اس میں تو رحمت ہے اور جو جانب بیرونی ہے اس طرف عذاب(واذیت)۔

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ

اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾

يُنَادُونَ:(وہ پکارتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔ مادہ۔ (ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَادٰی يُنَادِيْ۔ مصدر۔ مُنَادَاةٌ۔(آواز دینا۔پکارنا)۔ ھُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔قالب نَكُنْ:(ہم ہوں)فعل مضارع جمع متکلم۔مجزوم۔علامت۔واؤاور نون اعرابی محذوف۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مَّعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔قَالُوا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ بَلٰى:(کیوں نہیں)حرف ایجاب۔سوال نفی کے جواب مثبت کے لئے۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لٰكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًکا اسم منصوب۔ فَتَنْتُمْ:(تم نے آزمائش میں ڈالا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ت ن) صیغہ۔فَتَنَ يَفْتِنُ۔مصدر۔فَتْنًا۔فُتُوْنًا۔(آزمانا۔آزمائش میں ڈالنا۔فتنہ میں ڈالنا)۔ أَنْفُسَ:(جانوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَرَبَّصْتُمْ:(تم نے انتظار کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَرَبَّصَ يَتَرَبَّصُ۔ مصدر۔تَرَبُّصٌ۔(انتظار کرنا۔)وَ:(اور)حرف عطف۔اِرْتَبْتُمْ:(تم شک میں پڑ گئے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِرْتَابَ يَرْتَابُ۔مصدر۔اِرْتَابٌ۔ (شک میں پڑنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔غَرَّتْ:(اس نے دھوکا دیا) فعل ماضی واحد مؤنث۔غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(غ ر ر)مضاعف۔غَرَّ يَغُرُّ۔مصدر۔ غَرًّا۔غُرُوْرًا۔(دھوکا دینا۔فریب کرنا)۔ كُمْ:(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔الْاَمَانِيُّ:(تمنائیں۔ جھوٹی آرزوئیں۔)فاعل۔حَتّٰى:(یہاں تک)غایت۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيْئٌ۔مَجِيْءٌ۔ (آنا)۔أَمْرُ:(حکم۔)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔غَرَّ:(اس نے دھوکا دیا) فعل ماضی واحد مذکر۔غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(غ ر ر)مضاعف۔غَرَّ يَغُرُّ۔مصدر۔

غَرًّا۔غُرُوْرًا۔(دھوکا دینا۔فریب کرنا)۔ کُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔الْغَرُوْرُ:(خوب دھوکہ دینے والا۔مکار۔دغاباز۔)فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو منافق لوگ مومنوں سے کہیں گے کہ کیا ہم (دنیا میں) تمہارے ساتھ نہ تھے وہ کہیں گے کیوں نہیں تھے۔ لیکن تم نے خود اپنے تیئں بلا میں ڈالا اور (ہمارے حق میں حوادث کے) منتظر رہے اور (اسلام میں) شک کیا اور (لاطائل) آرزوؤں نے تم کو دھوکہ دیا یہاں تک کہ اللہ کا حکم آپہنچا اور اللہ کے بارے میں تم کو (شیطان) دغاباز دغا دیتا رہا۔

فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ مَأْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٥﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔الْيَوْمَ:(آج)ظرف زمان۔منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يُؤْخَذُ:(وہ نہیں لیا جائے گا۔پکڑا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔ محل اعراب مضموم۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ فِدْيَةٌ:(فدیہ۔تاوان)نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں) نافیہ۔زائدہ۔برائے تاکید۔مِنَ:(سے)حرف جار۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ كَفَرُوْا :(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔مَأْوٰا:(ٹھکانہ۔)ظرف مکان۔محلاً مبتداء تقدیراً مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ النَّارُ:(آگ)خبر مرفوع۔ هِيَ: (وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مَوْلَا:(مولا۔آقا۔والی وارث)خبر مرفوع۔كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔بِئْسَ:(برا)فعل ذم۔ماضی۔جامد۔الْمَصِيْرُ:(لوٹنے کی جگہ) ظرف مکان۔فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو آج تم سے معاوضہ نہیں لیا جائے گا اور نہ (وہ) کافروں ہی سے (قبول کیا جائے گا) تم سب کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ (کہ) وہی تمہارے لائق ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿١٦﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ یَأْنِ:(وہ وقت آیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔مجزوم۔علامت۔ی حرف علت محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنٰی یَانِیْ۔مصدر۔اِنَاءً۔(وقت آنا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِیْنَ:(وہ)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراهُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَخْشَعَ:(وہ جھک جائے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔منصوب علامت محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح ۔مادہ(خ ش ع)صیغہ۔ خَشَعَ یَخْشَعُ۔مصدر۔خُشُوْعًا۔(عاجزی کرنا۔جھک جانا۔) قُلُوْبُ:(قَلْبٌ کی جمع۔دل)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی برسکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔ذِكْرِ:(یاد۔ذکر)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف۔مجرور۔" ذِكْرِ "معطوف علیہ۔ نَزَلَ:(وہ اترا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل) صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔ نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْحَقِّ: (حق۔سچ۔ سچائی) اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یَكُوْنُوْا:(وہ ہو جائیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل مرفوع ضمیر مستترتقدیراًهُمْ۔ معطوف منصوب۔" تَخْشَعَ"معطوف علیہ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ كَ:(مانند۔طرح۔جیسا)حرف جار۔تشبیہ۔الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔أُوْتُوْا:(وہ دیئے گئے)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔نائب فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔ اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)۔اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔الْكِتَابَ:(کتاب)منصوب مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف جار۔ طَالَ:(وہ لمبا ہو گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔طَالَ یَطُوْلُ۔مصدر۔طَوْلًا۔(لمبا کرنا۔طویل ہونا۔دراز ہونا)۔ عَلَیَّ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم

مرفوع۔ الْأَمَدُ:(غیر معین مدت)مبتداء مؤخر مرفوع۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔قَسَتْ:(سخت ہوگیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق س و)ناقص واوی۔صیغہ۔قَسَا يَقْسُو۔مصدر۔قَسْوَةٌ۔(سخت ہونا)۔قُلُوْبُ:(قَلْبٌ کی جمع۔دل) فاعل۔ مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كَثِيْرٌ:(زیادہ)مبتداء۔مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فَاسِقُوْنَ:(نافرمانی کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا ابھی تک مومنوں کے لئے اس کا وقت نہیں آیا کہ اللہ کی یاد کرنے کے وقت اور (قرآن) جو (اللہ) برحق (کی طرف) سے نازل ہوا ہے اس کے سننے کے وقت ان کے دل نرم ہو جائیں اور وہ ان لوگوں کی طرف نہ ہو جائیں جن کو (ان سے) پہلے کتابیں دی گئی تھیں۔پھر ان پر زمان طویل گزر گیا تو ان کے دل سخت ہو گئے۔اور ان میں سے اکثر نافرمان ہیں۔

اِعْلَمُوْا:(جان لو)فعل امر۔جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)أَنَّ کا اسم منصوب۔يُحْيِيْ:(وہ زندہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْيٰ يُحْيِيْ۔مصدر۔اِحْيَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔ لفیف مقرون۔اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَيِيَ يَحْيٰى۔ مصدر۔ حَيَاةٌ (زندہ رہنا)۔ الْأَرْضَ:(زمین کو)منصوب مفعول بہ۔ بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ مَوْتِ:(مرنے کے)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ بَيَّنَّا:(ہم نے کھول کر بیان کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيْلٌ۔ صیغہ۔بَيَّنَ يُبَيِّنُ۔مصدر۔تَبْيِيْنًا۔تِبْيَانًا۔(کسی چیز کو کھول کر بیانا کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ضمہ برائے اتصال۔ الْاٰيَاتِ:(آیات)منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہ۔لَعَلَّ: (شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ تَعْقِلُوْنَ:(تم عقل سے کام لیتے ہیں۔تم عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔أَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(عقل رکھنا)۔جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع

ترجمہ آیت: جان رکھو کہ اللہ ہی زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے۔ ہم نے اپنی نشانیاں تم سے کھول کھول کر بیان کر دی ہیں تا کہ تم سمجھو۔

اِنَّ الْمُصَّدِّقِیْنَ وَ الْمُصَّدِّقٰتِ وَ اَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعَفُ لَهُمْ وَ لَهُمْ اَجْرٌ كَرِیْمٌ ﴿۱۸﴾

اِنَّ :(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اَلْمُصَّدِّقِیْنَ:(صدقہ۔ خیرات کرنے والے مرد) تَصَدُّقٌ۔ مصدر باب تَفَعُّلٌ۔ اصلاً اَلْمُتَصَدِّقِیْنَ تھا۔ ت کو ص سے بدل کر ص میں مدغم کر دیا گیا۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ اَلْمُصَّدِّقَاتِ:(صدقہ۔ خیرات کرنے والی عورتیں) تَصَدُّقٌ مصدر باب تَفَعُّلٌ۔ اصلاً اَلْمُتَصَدِّقَاتِ تھا۔ ت کو ص سے بدل کر ص میں مدغم کر دیا گیا۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ أَقْرَضُوْا:(انہوں نے قرض دیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَقْرَضَ یُقْرِضُ۔ مصدر۔ اِقْرَاضًا۔(قرض دینا)۔ اَللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ قَرْضًا: (قرض دینا۔ کترانا۔ وہ چیز جو کسی کو اس کی ضرورت پوری کرنے کے لئے دی جائے اور اس کی واپسی لازم ہو۔ قرض) مصدر۔ منصوب۔ مفعول مطلق۔ موصوف۔ حَسَنًا:(اچھا۔ عمدہ۔) صفت منصوب۔ تابع موصوف۔ یُضَاعَفُ:(وہ دگنا کرے گا۔ کرتا ہے۔) فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلۃ۔ صیغہ۔ ضَاعَفَ یُضَاعِفُ۔ مصدر۔ مُضَاعَفَةٌ۔(دگنا کرنا۔ بڑھانا۔ کئی گنا کرنا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ هُمْ:(ان کے) :(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ أَجْرٌ: (اجر۔ بدلہ۔ معاوضہ۔ ثواب) مبتداء مؤخر۔ موصوف۔ كَرِیْمٌ:(بہت ہی عزت والا۔ باوقار۔) صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جو لوگ خیرات کرنے والے ہیں مرد بھی اور عورتیں بھی۔ اور اللہ کو (نیت) نیک (اور خلوص سے) قرض دیتے ہیں ان کو دوچند ادا کیا جائے گا اور ان کے لئے عزت کا صلہ ہے۔

وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖۤ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ ﳓ وَ الشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْؕ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَ نُوْرُهُمْؕ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓىٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ ﴿۱۹﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ اَلَّذِیْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔ یقین

کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ اٰمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔
بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رُسُلِ:(رسول کی جمع۔پیغمبروں کے)
معطوف مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أُولَئِكَ : (وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع
مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر منفصل جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔برائے تاکید۔الصِّدِّيقُونَ:(سچ بولنے
والے۔سچ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشُّهَدَاءُ:(شہداء۔گواہی دینے والے۔
موجود)معطوف مرفوع۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔
مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر
جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔أَجْرُ:(اجر۔معاوضہ۔بدلہ۔ثواب۔)مبتداء مؤخر
مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔نُورُ: (نور۔
ہدایت۔روشنی) معطور مرفوع۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔
وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِينَ:(جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔كَفَرُوا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل
ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ
يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَذَّبُوا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی
جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔
(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ:
(ساتھ۔کو)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔نَا :(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔
أُولَئِكَ: : (وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ أَصْحَابُ:(ساتھی۔دوست۔والے۔رہنے والے)خبر مرفوع۔
جملہ محلاً" الَّذِينَ " کی خبر مرفوع۔مضاف۔الْجَحِيمِ:(دوزخ۔بھڑکتی ہوئی آگ)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جو لوگ اللہ اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لائے یہی اپنے پروردگار کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں۔ان کے لئے
ان(کے اعمال) کا صلہ ہوگا۔اور ان(کے ایمان) کی روشنی۔اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی اہل دوزخ ہیں۔

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ

الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ یَهِیْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ یَكُوْنُ حُطَامًا ؕ وَ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ۙ وَّ مَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانٌ ؕ وَ مَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾

اِعْلَمُوْا:(جان لو)فعل امر۔جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔اَنَّمَا:(در حقیقت۔ صرف اور صرف)کافۃ و مکفوفۃ۔مرکب:(اِنَّ+مَا) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ اَلْحَیَاةُ :(زندگی)مبتداء مرفوع۔ موصوف۔اَلدُّنْیَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً صفت مرفوع۔ لَعِبٌ:(کھیل کود۔)خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَهْوٌ: (تماشہ۔دل لگی ۔ایسے کام میں مشغول ہونا۔ کہ ضروری کام کو بھول جانا۔)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔زِیْنَةٌ: (زینت۔زیبائش۔)معطوف مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَفَاخُرٌ:(فخر کرنا۔ہم چو ما دیگرے نیست۔بڑائی جتانا۔خود ستائی کرنا۔خود نمائی کرنا۔ گھمنڈ کرنا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ معطوف مرفوع۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ کُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔تَکَاثُرٌ:(دشمنی۔زیادہ سے زیادہ حاصل کرنا۔ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا۔زرداری۔اور نواز شریف کی طرح کہ عوام کا مال لوٹو۔اور دولت اکٹھی کرو)۔فِیْ:(میں)حرف جار۔اَلْاَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَلْاَوْلَادِ :(اولاد)معطوف مجرور۔کَ:(مانند۔طرح۔جیسا)حرف تشبیہ و جار۔مَثَلِ :(مثال۔مانند)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر ثانی مبتداء "اَلْحَیَاةُ " کی۔مضاف۔غَیْثٍ:(بارش)مجرور مضاف الیہ۔اَعْجَبَ:(اس نے خوش کر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْجَبَ یُعْجِبُ۔مصدر۔اِعْجَابٌ۔(زیادہ پسند ہونا۔خوش کن۔خوش لگنا۔بھلا لگنا)۔اَلْکُفَّارَ:(انکار کرنے والوں کو۔قوانین الٰہی سے بغاوت کرنے والوں کو۔کافروں کو۔زیادہ کفر کرنے والوں کو۔کاشتکاروں کو)مبالغہ۔منصوب۔مفعول بہ۔نَبَاتُ:(اگنے والی۔کھیتی۔جب وہ پروان چڑھ رہی ہو۔عام معنی تو جڑی بوٹیاں۔اگنے والی چیزیں)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔یَهِیْجُ:(وہ پک جاتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔(مرجھانا۔خشک ہونا۔پک جانا)۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔تَرَا:(تو دیکھے گا۔دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رُؤْیَةٌ۔(دیکھنا)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ مُصْفَرًّا:(زرد ہونے والی۔زرد پڑنے

والی)اسم فاعل۔واحد مذکر۔منصوب۔حال۔ ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ يَكُوْنُ:(وہ ہوجاتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت محل اعراب مفتوح۔فاعل ضمیر مستتر۔تقدیراًھُوَ۔كَانَ کااسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ حُطَامًا:(ریزہ ریزہ۔ٹکڑے ٹکڑے۔چورا چورا) كَانَ کی خبر منصوب ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْاٰخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔عَذَابٌ :(عذاب۔سزاء۔دکھ۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔شَدِيْدٌ:(بہت زیادہ سخت)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَغْفِرَةٌ :(مغفرت۔)معطوف مرفوع۔" عَذَابٌ "معطوف علیہ۔مِّنَ :(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رِضْوَانٌ:(رضامندی۔خوشنودی)معطوف مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔آگے" إِلَّا " صلہ ہے الْحَيٰوةُ:(دنیا)مبتداء مرفوع۔موصوف۔ الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاًصفت مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ مَتَاعُ:(اسباب۔مال۔فائدہ کی چیزیں)مرفوع۔مضاف۔الْغُرُوْرِ:(دھوکے کی۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جان رکھو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا اور زینت (وآرائش) اور تمہارے آپس میں فخر (وستائش) اور مال واولاد کی ایک دوسرے سے زیادہ طلب (وخواہش) ہے (اس کی مثال ایسی ہے) جیسے بارش کہ (اس سے کھیتی اُگتی اور) کسانوں کو کھیتی بھلی لگتی ہے پھر وہ خوب زور پر آتی ہے پھر (اے دیکھنے والے) تو اس کو دیکھتا ہے کہ (پک کر) زرد پڑ جاتی ہے پھر چورا چورا ہو جاتی ہے اور آخرت میں (کافروں کے لئے) عذاب شدید اور (مومنوں کے لئے) اللہ کی طرف سے بخشش اور خوشنودی ہے۔اور دنیا کی زندگی تو متاع فریب ہے۔

سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾

سَابِقُوْا:(تم ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔(ایک دوسرے سے بازی لینا۔آگے نکلنا)۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔مَغْفِرَةٍ :(مغفرت)اسم مجرور۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔جَنَّةٍ:(جنت۔باغ)معطوف مجرور۔ عَرْضُ:(چوڑائی۔عرض۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَ:(جیسی۔مانند۔طرح)حرف

تشبیہ و جار۔عَرْضِ:(چوڑائی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مضاف۔السَّمَآءِ:(آسمان)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف جار۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔أُعِدَّتْ:(تیار کی گئی ہے)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث غائب۔ت ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعَدَّ يُعِدُّ۔مصدر۔اِعْدَادٌ۔(تیار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔عَدَّ يُعِدُّ۔مصدر۔عَدًّا۔عِدَّةً۔(گننا۔شمار کرنا۔اندازہ لگانا) لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رُسُلِ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں)معطوف مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مرجع "اللّٰهِ "۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء مرفوع۔فَضْلُ:(فضل۔کرم۔ضرورت سے زیادہ) خبر مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔يُؤْتِيْ:(وہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔هٖ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ ثانی۔يَشَآءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ۔شَآءَ يَشَآءُ۔مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔ذُوْ: (والا)از ستّہ مکبّرہ۔خبر مرفوع۔مضاف۔الْفَضْلِ:(فضل۔کرم۔ضرورت سے زیادہ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الْعَظِيْمِ: (بہت بڑا)مبالغہ۔صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (بندو) اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف اور جنت کی (طرف) جس کا عرض آسمان اور زمین کے عرض کا سا ہے۔اور جو ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جو اللہ پر اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لائے ہیں لپکو۔یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے عطا فرمائے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

مَاۤ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَاؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرٌۚۖ﴿۲۲﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔أَصَابَ:(اس کو پہنچے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر محلاًمرفوع تقدیراًھُوَ۔محلاًمجزوم فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصَابَ یُصِیْبُ۔مصدر۔اِصَابَةٌ۔(تکلیف پہنچنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ مُّصِيبَةٍ: (مصیبت۔تکلیف)لفظاً مجرور۔ محلاً فاعل۔مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔زائدہ برائے تاکید نفی۔ فِي :(میں)حرف جار۔أَنْفُسِ:(جانوں)اسم مجرور۔مضاف۔ كُمْ :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔فِي:(میں)حرف جار۔كِتَابٍ:(کتاب)اسم مجرور۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ :(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ نَّبْرَأَ:(ہم پیدا کریں)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ب ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔بَرَاَ یَبْرَاُ۔مصدر۔بَرْءٌ۔(پیدا کرنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ذَٰلِكَ:(وہ) مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔عَلَى:(پر)حرف جار۔اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔يَسِيرٌ:(آسان)إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کوئی مصیبت ملک پر اور خود تم پر نہیں پڑتی مگر پیشتر اس کے کہ ہم اس کو پیدا کریں ایک کتاب میں (لکھی ہوئی) ہے۔(اور) یہ (کام) اللہ کو آسان ہے

لِّكَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَ لَا تَفْرَحُوْا بِمَاۤ اٰتٰىكُمْؕ وَ اللّٰهُ لَا یُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِۙ﴿۲۳﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔كَيْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب (لِكَيْ)اکٹھا استعمال ہوتا ہے۔اسی لئے۔لام کو لائے کئی کہا جاتا ہے۔لَا:(نہیں)نافیہ۔تَأْسَوْا:(تو غم کر)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء س و)مہموز الفاء۔ناقص واوی۔صیغہ۔اَسِيَ يَاْسٰى۔مصدر۔اَسًى۔(دکھی ہونا۔غم کرنا۔ملال کرنا۔رنجیدہ ہونا)۔عَلَى:(پر)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔فَاتَ:(وہ فوت ہو گیا۔ہاتھ سے نکل گیا۔نکل جائے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف و ت)اجوف واوی۔صیغہ۔فَاتَ يَفُوْتُ۔مصدر۔فَوْتًا۔(مرنا۔فوت ہونا)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَفْرَحُوا:(تم خوش ہوں۔تم خوشی سے پھولو)فعل مضارع

جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ف ر ح)صیغہ۔فَرِحَ یَفْرَحُ۔مصدر۔ فَرْحًا۔ (خوش ہونا۔خوشی سے پھولنا)۔ بِمَا:(جوکچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار+اسم موصول۔مبنی برسکون۔محلاًاسم مجرور۔ اٰتٰىا(اس نے دیا)فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)۔ اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی برسکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یُحِبُّ:(وہ پیار کرتا ہے۔پسند کرتا ہے۔دوست بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَحَبَّ یُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابٌ۔(پسند کرنا۔محبت کرنا)۔ كُلَّ:(تمام)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ مُخْتَالٍ: (اکڑنے والے۔اترانے والے۔مغرور۔گھمنڈی۔تکبر کرنے والے)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ فَخُوْرٍ:(بہت فخر کرنے والا)مبالغہ۔صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تاکہ جو(مطلب) تم سے فوت ہوگیاہو اس کا غم نہ کھایا کرو اور جو تم کو اس نے دیا ہو اس پر اترایا نہ کرو۔اور اللہ کسی اترانے اور شیخی بگھارنے والے کو دوست نہیں رکھتا۔

الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ وَیَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۲۴﴾

الَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًخبر مرفوع۔مبتداء "ھُمْ" محذوف۔یَبْخَلُوْنَ:(وہ کنجوسی کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ثلاثی مجرد۔صیغہ۔بَخِلَ یَبْخَلُ ۔مصدر۔ بُخْلًا۔(کنجوسی کرنا۔بخل کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَاْمُرُوْنَ:(وہ حکم دیتے ہی۔تلقین کرتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَاْمُرُ۔ مصدر۔اَمْرًا۔(حکم دینا)النَّاسَ:(لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔بِ:(ساتھ۔کا)حرف جار۔الْبُخْلِ:(کنجوسی کا۔بخیلی کا)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم شرط۔مبنی برسکون۔جازم فعل شرط۔محلاًمبتداء مرفوع۔یَتَوَلَّ:(اس نے منہ پھیر لیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔حرف علت محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیْ۔ (منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد ۔باب حَسِبَ۔ مادہ (و ل ی)لفیف مفروق۔مثال

واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔ مصدر۔ وَلْیًا۔ (پھرنا)۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کااسم منصوب۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحدمذکرغائب۔مبنی برفتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْغَنِيُّ:(بے پرواہ۔امیر۔بڑا بے نیاز) اِنَّ کی خبر مرفوع۔محلاً مجزوم۔جواب شرط۔۔الْحَمِيْدُ:(بہت قابل تعریف۔بہت تعریف والا۔تعریف کیاگیا)اِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آتی: جوخود بھی بخل کریں اورلوگوں کو بھی بخل سکھائیں اورجو شخص روگردانی کرے تواللہ بھی بےپروا(اور) وہی سزاوارحمد (وثنا) ہے۔

لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۵﴾

لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔محلاًمجزوم۔فعل جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالٌ۔(بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔مصدر۔رَسَلاً۔رَسَالَةً۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔رُسُلَ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبَيِّنَاتِ:(واضح بیان کردہ۔کھلم کھلا۔ثبوتوں کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔ اِنْزَالاً۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔ نَزَلَ يَنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔هُمُ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْكِتَابَ: (کتاب) منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف جار۔الْمِيْزَانَ:(ترازو)معطوف منصوب۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَقُوْمَ:(وہ کھڑی ہو)فعل مضارع واحدمذکرغائب۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م) صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔ قَوْمًا۔ قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔النَّاسُ:(لوگ)فاعل۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ الْقِسْطِ: (عدل کے)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالاً۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ

يُنْزِلُ۔ مصدر۔ نُزُوْلٌ۔ (اترنا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْحَدِيْدَ:(لوہا) منصوب۔ مفعول بہ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ بَأْسٌ:(لڑائی۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔ شَدِيْدٌ:(بہت سخت)صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنَافِعُ:(نفع دینے والا۔فائدہ مند)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ معطوف مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ النَّاسِ:(لوگوں کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يَعْلَمَ:(وہ جان لے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا۔علم رکھنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ مَنْ:(کون؟)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَنْصُرُ:(وہ مدد کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔ نَصَرَ يَنْصُرُ۔ مصدر۔ نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رُسُلَ:رَسُوْلٌ۔ کی جمع۔پیغمبروں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔ الْغَيْبِ:(پوشیدہ چیزیں۔غیب)اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ قَوِيٌّ:(بہت مضبوط۔طاقتور)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ عَزِيْزٌ:(بہت زبردست عزت والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی نشانیاں دے کر بھیجا۔اور اُن پر کتابیں نازل کیں اور ترازو(یعنی قواعد عدل) تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔اور لوہا پیدا کیا اس میں (اسلحۂ جنگ کے لحاظ سے) خطرہ بھی شدید ہے۔اور لوگوں کے لئے فائدے بھی ہیں اور اس لئے کہ جو لوگ بن دیکھے اللہ اور اس کے پیغمبروں کی مدد کرتے ہیں اللہ ان کو معلوم کرے۔بے شک اللہ قوی (اور) غالب ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٦﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ لَ:(البتہ۔)لائے موطئة للقسم۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ اَرْسَلْنَا:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَحْنُ۔ محلاً مجزوم۔ فعل جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ نُوْحًا:(نوحؑ کو)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ إِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ کو)معطوف

منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ ذُرِّيَّتِ: (اولاد۔ نسل) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمَا:(دونوں کی)ضمیر تثنیہ۔مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ النُّبُوَّةَ:(نبوت۔پیغمبر کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْكِتَابَ:(کتاب)معطوف منصوب۔ فَ:(تو)حرف عطف۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔ مُّهْتَدٍ:(ہدایت یافتہ۔ہدایت والے)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ مبتداءمؤخر۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ كَثِيرٌ:(زیادہ تر۔اکثریت)مبتداء۔مرفوع۔ مِّنْ: (سے)حرف جار۔تبعیضیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔برائےتقویۃ۔ فَاسِقُونَ:(نافرمانی کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے نوح اور ابراہیم کو(پیغمبر بناکر) بھیجااور ان کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب(کے سلسلے) کو(وقتاًفوقتاًجاری) رکھاتو بعض توان میں سے ہدایت پر ہیں۔اور اکثر ان میں سے خارج از اطاعت ہیں۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَرَهْبَانِيَّةَ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٧﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ قَفَّيْنَا:(ہم پیچھے بھیجے۔پے درپے بھیجے۔لگاتار بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ قَفّٰى يُقَفِّيْ۔ مصدر۔ تَقْفِيَةٌ۔(پیچھے پیچھے بھیجنا۔پے درپے بھیجنا۔تواتر سے بھیجنا)۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔ آثَارِ:(نشانات۔ نقش قدم۔یعنی وہی عمل کرنے والے)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ رُسُلِ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ قَفَّيْنَا:(ہم پیچھے بھیجے۔پے درپے بھیجے۔لگاتار بھیجے)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ قَفّٰى يُقَفِّيْ۔مصدر۔ تَقْفِيَةٌ۔(پیچھے پیچھے بھیجنا۔پے درپے بھیجنا۔تواتر سے بھیجنا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔ عِيسَى:(عیسیٰؑ) غیر منصرف۔محلاًاسم مجرور۔موصوف۔ ابْنِ:(بیٹا)صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔مضاف۔ مَرْيَمَ:(مریم رضی اللہ عنہا)غیر

منصرف۔ مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ آتَیْنَا:(ہم نے دی) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی یُؤتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ءت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب مفعول بہ۔الْإِنجِيلَ :(انجیل)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا (بنانا)۔فِي:(میں)حرف جار۔قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔الَّذِیْنَ:(وہ جو) اسم موصول جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اتَّبَعُوْ:(انہوں نے پیروی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا(پیروی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ہٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ رَأْفَةً:(نرمی۔شفقت۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رَحْمَةً:(رحمت۔مہربانی۔ کرم۔فضل۔ عنایت۔) معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَهْبَانِيَّةً:(پرہیز گار۔رہبانیت کو)معطوف منصوب۔ اِبْتَدَعُوْ:(انہوں نے ایجاد کر لیا۔گھڑ لیا۔نئی بات نکال لی۔نئی راہ بنالی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ اِبْتَدَعَ یَبْتَدِعُ۔مصدر۔اِبْتِدَاعٌ۔(ایجاد کرنا۔دین میں نئی بات نکالنا۔)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ كَتَبْنَا:(ہم نے لکھا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔کَتَبَ یَکْتُبُ۔مصدر۔کِتَابًا۔(لکھنا)۔ هَا: (اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ ابْتِغَاءَ:(چاہنے۔)منصوب۔مفعول لہٗ۔مضاف۔رِضْوَانِ :(خوشنودی۔ رضا۔)مجرور۔مضاف الیہ۔ مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ رَعَوْ: (انہوں نے رعایت کی۔انہوں نے نباہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واو جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔ باب۔ ضرب۔مادہ(ر ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَعٰی یَرْعِیْ۔مصدر۔رَعْيًا۔رِعَايَةً۔(رعایت کرنا۔نباہ کرنا۔)۔هَا:(اسے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔حَقَّ:(حق سچ)منصوب۔مضاف۔رِعَايَتِ:(ایسا کرنے کا۔نباہنے کا)مجرور۔مضاف الیہ۔

هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)حرف عطف۔آتَيْنَا:(ہم نے دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی یُوْتِیْ۔ مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أَجْرَ:(اجر۔معاوضہ۔بدلہ)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ مضاف۔هُمْ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔كَثِيْرٌ:(کثرت سے۔زیادہ تر)مبتداء مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔فَاسِقُوْنَ:(نافرمانی کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: پھر ان کے پیچھے انہی کے قدموں پر (اور) پیغمبر بھیجے اور ان کے پیچھے مریمؑ کے بیٹے عیسیٰ کو بھیجا اور ان کو انجیل عنایت کی۔اور جن لوگوں نے ان کی پیروی کی ان کے دلوں میں شفقت اور مہربانی ڈال دی۔اور لذات سے کنارہ کشی کی تو انہوں نے خود ایک نئی بات نکال لی ہم نے ان کو اس کا حکم نہیں دیا تھا مگر (انہوں نے اپنے خیال میں) اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے (آپ ہی ایسا کر لیا تھا) پھر جیسا اس کو نباہنا چاہیئے تھا نباہ بھی نہ سکے۔پس جو لوگ ان میں سے ایمان لائے ان کو ہم نے ان کا اجر دیا اور ان میں بہت سے نافرمان ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔(اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو حرف ندا کے ساتھ أَيُّهَا آتا ہے)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًبدل ۔ أَيُّ مبدل منہ۔یا۔صفت۔مرفوع۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔

اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ اِتَّقُوْا:(تم ڈرو) فعل امر امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (پرہیز گاری کرنا)۔اللّٰہَ :(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ آمِنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔رَسُوْلِ:(پیغمبر)اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔یُؤْتِ:(وہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔جواب طلب ۔ حرف علت ۔ی۔فاعل مرفوع ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ بعد ضمیر۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰی یُؤْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔کُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ کِفْلَیْنِ:(دوہرا حصہ۔تثنیہ۔کِفْلٌ۔واحد)منصوب۔علامت۔ی۔ مفعول بہٖ ثانی۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّحْمَتِ:(رحمت۔مہربانی ۔نوازش۔عنایت)اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یَجْعَلْ:(وہ بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ یَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا (بنانا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ نُوْرًا:(روشنی)منصوب مفعول بہٖ۔ تَمْشُوْنَ:(تم چلتے ہو۔چلو گے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔مَشٰی یَمْشِیْ۔مصدر۔مَشْیًا۔(چلنا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَغْفِرْ:(وہ مغفرت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔جواب طلب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَۃٌ۔(مغفرت کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)جمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰہُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔غَفُوْرٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔رَّحِیْمٌ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: مومنو! اللہ سے ڈرو اور اس کے پیغمبر پر ایمان لاؤ وہ تمہیں اپنی رحمت سے دگنا اجر عطا فرمائے گا اور تمہارے لئے روشنی کر دے گا جس میں چلو گے اور تم کو بخش دے گا۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾

لِئَلَّا:(تاکہ)مرکب:(لِ+اَنْ+لَّا)۔لائے تعلیل ناصب مضارع۔+۔مصدریہ+ناصب ۔مضارع۔+زائدہ۔ يَعْلَمَ:(وہ جانیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا۔ علم رکھنا)۔ أَهْلُ:(اہل۔والے۔تعلقہ دار)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ الْكِتَابِ:(کتاب)مجرور مضاف الیہ۔ أَلَّا:(کہ نہیں)مرکب:(اَنْ+لَّا) اَنَّ ثقیلہ کا مخففہ۔۔ناصب مضارع۔+نافیہ۔يَقْدِرُوْنَ:(وہ قدرت رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔ قَدَرَ يَقْدِرُ۔ مصادر۔قَدْرًا۔قُدْرَةٌ۔مَقْدَرَةٌ۔(قدرت رکھنا) عَلَى:(پر)حرف جار۔ شَيْءٍ :(شئے)اسم مجرور۔مِّنْ:(سے) حرف جار۔ فَضْلِ:(فضل۔کرم۔عنایت۔ضرورت سے زیادہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مجرور۔ مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الْفَضْلَ: (فضل۔کرم۔ ضرورت سے زیادہ) أَنَّ کا اسم منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔يَدِ:(ہاتھ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کی خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ يُؤْتِي:(وہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔هِ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً منصوب ۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاً اَنَّ کی خبر ثانی۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ ثانی۔ يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ ذُوْ:(والا)خبر مرفوع۔ازستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ الْفَضْلِ:(فضل۔کرم۔ضرورت سے زیادہ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ الْعَظِيْمِ:(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (یہ باتیں) اس لئے (بیان کی گئی ہیں) کہ اہل کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل پر کچھ بھی قدرت نہیں رکھتے۔اور یہ کہ فضل اللہ ہی کے ہاتھ ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ

آج مورخہ 7جون 2020ء بروز اتوار کو 27واں پارہ مکمل ہوا۔

دعا ہے۔کہ اللہ جل جلالہ توفیق عطا کرے تو پورے قرآن مجید کے **الفاظ کی اعرابی حالت** مکمل ہو جائے۔آمین۔

حکیم محمد یوسف صابر ایم اے۔

حال مقیم۔الرفاع ویوز۔وِلّا نمبر 2629۔بحرین

محلہ اسلام نگر غربی، مین سوئی گیس روڈ، شاہدرہ لاہور۔پاکستان۔

28 پارہ بست و ہشتم قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ

رکوعاتھا 3 — 58 سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ 105 — اٰیاتھا 22

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝۱

قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔سَمِعَ:(اس نے سنا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(س م ع)۔صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر سَمْعًا۔(سننا)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ قَوْلَ: (قول۔بات)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ الَّتِيْ:(جو)اسم موصول۔واحد مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تُجَادِلُ: (جھگڑتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلۃ۔ صیغہ۔جَادَلَ يُجَادِلُ۔ مصدر۔مُجَادَلَةٌ۔(جھگڑا کرنا۔) كَ:(تجھ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ فِيْ: (میں)حرف جار۔زَوْجِ:(شوہر)اسم مجرور۔مضاف۔هَا :(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَشْتَكِيْ:(اس نے شکایت کی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال ۔صیغہ۔اِشْتَكٰى يَشْتَكِيْ۔ مصدر۔ اِشْتِكَاءٌ۔(شکایت کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ش ک ی)ناقص یائی۔صیغہ۔شَكَا يَشْكُو ۔مصدر۔شَكْوٰى ۔ شَكَاةٌ۔(شکایت کرنا۔الزام دینا۔) اِلَى: (طرف۔کو)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔يَسْمَعُ:(وہ سنتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)۔ صیغہ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر سَمْعًا۔(سننا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔تَحَاوُرَ:(مکالمہ۔گفتگو۔سوال و جواب۔)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔كُمَا:(دونوں کو)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔

اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہ) کا اسم منصوب۔ سَمِيْعٌ: (خوب سننے والا) مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ بَصِيْرٌ: (خوب دیکھنے والا) مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر) جو عورت تم سے اپنے شوہر کے بارے میں بحث جدال کرتی اور اللہ سے شکایت (رنج وملال) کرتی تھی۔ اللہ نے اس کی التجا سن لی اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سن رہا تھا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ سنتا دیکھتا ہے۔

الَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـئِيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۲﴾

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۱﴾

كَتَبَ:(اس نے لکھ دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب) صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔كِتَابًا۔(لکھنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔أَغْلِبَنَّ:(میں ضرور بالضرور غلبہ پاؤں گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ل ب)صیغہ۔غَلَبَ يَغْلِبُ۔مصدر۔غَلَبَةٌ۔(غالب رہنا۔) أَنَا:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔رُسُلِ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں)معطوف منصوب۔کسرہ بوجہ ما بعد یائے متکلم۔مضاف۔ يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔قَوِيٌّ:(بہت قوت والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔عَزِيْزٌ:(زبردست عزت والا)مبالغہ۔ مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اللہ کا حکم ناطق ہے کہ میں اور میرے پیغمبر ضرور غالب رہیں گے۔بے شک اللہ زورآور (اور) زبردست ہے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔تَجِدُ:(تو پاتا ہے۔پائے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانًا۔وُجُوْدًا۔(پانا۔ملنا)۔ قَوْمًا:(قوم کو) منصوب مفعول بہٖ۔يُؤْمِنُوْنَ:(وہ ایمان لاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔

بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَوْمِ :(دن)ظرف زمان۔مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ الْآخِرِ:(دوسرے)صفت مجرور۔ يُوَادُّوْنَ :(وہ دوستی رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُمْ ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(و د د)مثال واوی۔+مضاعف۔صیغہ۔وَدَّ يَوَدُّ۔مصدر۔وَدٌّ۔مَوَدَّةٌ(چاہنا۔محبت کرنا۔دوستی رکھنا)۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔حَادَّ فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلۃ۔صیغہ۔حَآدَّ يُحَادُّ۔ مصدر۔مُحَادَةٌ(مخالفت کرنا)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ح د د)مضاعف۔حَدَّ يَحُدُّ۔مصادر۔ اَحْدُدْ۔حُدَّ۔حَدًّا۔(تیز کرنا۔حدبندی کرنا۔سزاءلگانا۔اللہ جل جلالہٗ کے حکم کے مطابق حد لگانا۔)اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلَ:(پیغمبر)معطوف منصوب۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔وفعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔اٰبَآءَ:(اجداد۔باپ دادا)كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔ هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اَوْ :(یا)حرف عطف۔اَبْنَآءَ:(بیٹے)معطوف منصوب۔مضاف۔ هُمْ: (وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَوْ:(یا)حرف عطف۔ اِخْوَانَ:(بھائی)معطوف منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَوْ :(یا)حرف عطف۔عَشِيْرَتَ:(رشتہ دار۔کنبہ۔برادری۔وہ رشتہ دار جن کے ذریعے اس سے کثرت حاصل ہوتی ہے)معطوف منصوب۔مضاف۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اُولٰٓئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر ومؤنث۔مبتداء مرفوع۔كَتَبَ:(اس نے لکھ دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب) صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔كِتَابًا۔(لکھنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ قُلُوْبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)۔هِمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الْاِيْمَانَ :(ایمان۔یقین)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَيَّدَ: (اس نے تائید کی۔قوت دی ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔

صیغہ۔اَيَّدَ يُؤَيِّدُ۔مصدر۔تَاۡئِيْدٌ۔(تائید کرنا۔مضبوط کرنا۔قوت دینا) هُمۡ:(وہ)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔رُوۡحٍ:(روح۔)اسم مجرور۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔هٗ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت۔مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُدۡخِلُ:(وہ داخل کرے گا)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَدۡخَلَ يُدۡخِلُ۔ مصدر۔ اِدۡخَالٌ۔(داخل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدۡخُلُ۔مصدر۔دُخُوۡلًا۔(داخل ہونا)۔هُمۡ:(وہ)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی برسکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔جَنّٰتٍ:(باغات۔جنتیں)جمع مؤنث مکسر۔محلاًمنصوب بالکسرہ۔مفعول بہ ثانی۔تَجۡرِيۡ:(بہتی ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراًهِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی يَجۡرِیۡ۔مصدر۔ جِرۡيَانٌ۔ (بہنا۔ جاری ہونا)۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔ تَحۡتِ:(نیچے) ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هَا :(اس کے) ضمیر واحد مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الۡاَنۡهٰرُ: (نہریں) فاعل مرفوع۔ خٰلِدِيۡنَ:(ہمیشہ ہمیشہ کے لئے)منصوب۔ علامت۔ی۔حال۔فِيۡ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ رَضِيَ :(وہ رضی ہو گیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ مرفوع۔ضمیر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی) ناقص یائی۔صیغہ۔ رَضِيَ يَرۡضٰى۔مصدر۔رِضًا۔رِضۡوَانًا۔(راضی ہونا۔)۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔عَنۡ:(سے)حرف جار۔ هُمۡ:(وہ)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی برسکون۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَضُوۡا:(وہ راضی ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی) ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِيَ يَرۡضٰى۔مصدر۔رِضًا ۔رِضۡوَانًا۔(راضی ہونا۔)۔ عَنۡ: (سے)حرف جار۔هٗ :(اس)ضمیر واحد مذکرغائب ۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔اُولٰٓئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ حِزۡبُ :(گروہ۔ٹولہ۔جماعت)خبر مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔اَلَاۤ:(خبر دار)حرف تنبیہ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔ حِزۡبَ:(گروہ۔ٹولہ۔جماعت) اِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔هُمُ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکرغائب۔مبنی برسکون ۔ضمہ برائے اتصال۔۔برائےتقویۃ۔الۡمُفۡلِحُوۡنَ:(کامیاب ہونےوالے۔فلاح پانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو لوگ اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو اللہ اور اس کے رسول کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے۔ خواہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا خاندان ہی کے لوگ ہوں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان (پتھر پر لکیر کی طرح) تحریر کر دیا ہے اور فیض غیبی سے ان کی مدد کی ہے۔ اور وہ ان کو بہشتوں میں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں داخل کرے گا ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش اور وہ اللہ سے خوش۔ یہی گروہ اللہ کا لشکر ہے۔ (اور) سن رکھو کہ اللہ ہی کا لشکر مراد حاصل کرنے والا ہے۔

59 سُوْرَۃُ الْحَشْرِ

رکوعاتھا 3 — 59 سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ 101 — اٰیاتھا 24

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾

سَبَّحَ:(اس نے تسبیح کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(تسبیح کرنا۔ تعریف کرنا۔عبادت کرنا)لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ) حرف جار۔+اللہ جل جلالہ اسم مجرور۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ فِي:(میں)حرف جار۔السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ معطوف۔مرفوع۔بر مَا سابقہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الْاَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْعَزِيْزُ:(زبردست عزت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الْحَكِيْمِ:(خوب حکمت والا۔ دانائی والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں (سب) اللہ کی تسبیح کرتی ہیں۔اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ۭ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾

هُوَ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔أَخْرَجَ:(اس نے نکالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔ مصدر۔خُرُوْجًا۔(نکلنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ

(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ أَهْلِ:(والے۔ گھر والے۔تعلقہ دار)اسم مجرور۔مضاف۔ الْكِتَابِ:(کتاب)مجرور۔ مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ دِيَارِ:(گھروں۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔أَوَّلِ :(پہلے)اسم مجرور۔مضاف۔الْحَشْرِ:(اکٹھ۔جمع)مجرور مضاف الیہ۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ ظَنَنْتُمْ:(تم نے گمان کیا۔)فعل ماضی جمع مذکرحاضر۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن) مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔خیال کرنا۔وہم ہونا۔شک ہونا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَخْرُجُوا:(وہ نکل جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔ خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ظَنُّوا:(انہوں نے گمان کیا) فعل ماضی جمع مذکرغائب۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔ صیغہ۔ ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔ خیال کرنا۔وہم ہونا۔شک ہونا)۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکرغائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔مَّانِعَتُ:(مَّانِعَةٌ منع کرنے والا۔روکنے والا۔حفاظت کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(انہیں)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حُصُونُ:(حَصْنٌ کی جمع۔ قلعے۔)مضاف۔هُمْ:(انہیں)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ مِّنَ: (سے)حرف جار۔اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔فَ:(تو)حرف عطف۔أَتَا:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ی۔کو الف سے تبدیل کیا گیاہے۔برائے اتصال۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هُمُ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ضمہ برائے اتصال۔ اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ حَيْثُ:(جہاں۔جس جگہ)ظرف مکان۔مبنی برضمہ۔محلاً مجرور۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ يَحْتَسِبُوا:(وہ حساب کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ

جمع۔الف فارقہ۔جملہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب افتعال۔صیغہ۔اِحْتَسَبَ يَحْتَسِبُ۔مصدر۔اِحْتِسَابٌ۔(گمان کرنا۔خیال کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔مصدر۔ حِسْبَانٌ۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔ سوچنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَذَفَ:(اس نے ڈال دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ق ذ ف)صیغہ۔قَذَفَ يَقْذَفُ۔مصدر۔قَذْفًا۔(الزام لگانا۔ڈال دینا۔پھینکنا۔الٹ دینا۔زنا کی تہمت لگانا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ قُلُوْبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الرُّعْبَ:(رعب۔دبدبہ)منصوب۔ مفعول بہ۔يُخْرِبُوْنَ:(وہ خراب کرتے ہیں۔برباد کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَبَ يُخْرِبُ۔مصدر۔اِخْرَابٌ۔(خراب کرنا۔برباد کرنا۔ڈھانا۔اجاڑنا)۔ بُيُوْتَ:(بَيْتٌ کی جمع۔گھروں کو)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔اَيْدِيْ:(ہاتھوں)اسم مجرور۔تقدیراً مکسور۔اصلاً اَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور حرف عطف۔)اَيْدِيْ:(ہاتھوں)معطوف مجرور۔اصلاً اَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ مضاف۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(مؤمن کی جمع۔ایمان دار۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔ فَ:(پس)فصیحۃ۔اِعْتَبِرُوْا:(عبرت حاصل کرو۔نصیحت پکڑو۔سبق حاصل کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔ اِعْتَبَرَ يَعْتَبِرُ۔مصدر۔اِعْتِبَارٌ۔(عبرت پکڑنا۔اہمیت دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع ب ر)صیغہ۔عَبَرَ يَعْبُرُ۔مصدر۔عَبْرًا۔عِبَارَةٌ "عُبُوْرًا"۔(وضاحت سے بیان کرنا۔ترجمانی کرنا۔تعبیر بتانا"پار کرنا۔عبور کرنا۔راستہ سے یا دریا کو تیر کر پار کرنا"۔)۔ يَا :(اے)حرف نداء۔اُولِي :(والا)منادیٰ۔تقدیراً منصوب۔مضاف۔الْاَبْصَارِ:(بصیرت والے۔آنکھوں والے) مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور وہ لوگ یہ سمجھے ہوئے تھے کہ ان کے قلعے ان کو اللہ (کے عذاب) سے بچالیں گے۔ مگر

اللہ نے ان کو وہاں سے آلیا جہاں سے ان کو گمان بھی نہ تھا۔ اور ان کے دلوں میں دہشت ڈال دی کہ اپنے گھروں کو خود اپنے ہاتھوں اور مومنوں کے ہاتھوں سے اُجاڑنے لگے تو اے (بصیرت کی) آنکھیں رکھنے والو عبرت پکڑو۔

وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاۗءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۭ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ﴿۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَوْلَا:(اگر نہیں)مرکب:(لَوْ+لَا)حرف شرط غیر جازم۔+نافیہ۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب فعل مضارع۔ كَتَبَ:(اس نے لکھا۔فرض کردیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب)صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔ مصدر۔كِتَابًا۔ (لکھنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الْجَلَاۗءَ:(دیس نکالا ہونا۔جلاوطن ہونا)مصدر۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ لَ:(ضرور)لائے تاکید۔لائے جواب شرط۔عَذَّبَ:(تو عذاب کر)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل۔ضمیر تقدیراً۔اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَذَّبَ يُعَذِّبُ۔ مصدر۔تَعْذِيْبٌ۔(عذاب دینا۔سزاء دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرُم۔ مادہ (ع ذ ب)صیغہ۔عَذُبَ يَعْذُبُ مصدر۔ عُذُوْبَةٌ۔(میٹھا۔اچھا۔ مزیدار۔هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَ هٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ)۔"ایک کا پانی میٹھا۔پیاس بجھانے کے لئے۔دوسرے کا کڑوہ کسیلا کھاری انتڑیاں چیرنے والا۔سینہ جلانے والا۔سورہ فرقان۔آیت نمبر 53"۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فِي:(میں)حرف جار۔ الدُّنْيَا:(دنیا)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ لَ: (لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ فِي: (میں)حرف جار۔الْاٰخِرَةِ :(آخرت۔قیامت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔عَذَابُ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)مبتداء مرفوع۔مضاف۔النَّارِ:(آگ۔دوزخ)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور اگر اللہ نے ان کے بارے میں جلاوطن کرنا نہ لکھ رکھا ہوتا تو ان کو دنیا میں بھی عذاب دے دیتا۔اور آخرت میں تو ان کے لئے آگ کا عذاب (تیار) ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۗقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاۗقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴﴾

ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے + خطاب کے

لئے۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ شَاقُّوا:(انہوں نے مخالفت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً۔هُمْ۔ جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلۃ۔ صیغہ۔شَاقَّ یُشَاقُّ۔ مصدر۔شِقَاقًا۔(مخالفت کرنا۔ ناچاقی پیدا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ش ق ق)مضاعف۔ صیغہ۔شَقَّ یَشُقُّ۔ مصدر۔شَقًّا۔(جدا کرنا۔ پھاڑنا)۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہ کی)منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ رَسُوْلَ:(پیغمبر)معطوف۔ منصوب۔ مضاف۔ هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ شرطیہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ یُشَاقِّ:(مخالفت کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلۃ۔ صیغہ۔شَاقَّ یُشَاقُّ۔ مصدر۔شِقَاقًا۔(مخالفت کرنا۔ ناچاقی پیدا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ش ق ق)مضاعف۔ صیغہ۔شَقَّ یَشُقُّ۔ مصدر۔شَقًّا۔(جدا کرنا۔ پھاڑنا)۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہ کی)منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہ)إِنَّ کا اسم منصوب۔ شَدِیْدُ:(سخت)إِنَّ کی خبر مرفوع۔ مضاف۔ الْعِقَابِ:(سزاء۔ عذاب دینا۔ سزا دینا)مجرور۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ اس لئے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی۔ اور جو شخص اللہ کی مخالفت کرے تو اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۵﴾

مَا:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ شرطیہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ مقدم۔ جازم فعل شرط۔ قَطَعْتُمْ:(تم کاٹ دئے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً۔أَنْتُمْ۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ق ط ع)صیغہ۔قَطَعَ یَقْطَعُ۔ مصدر۔قَطْعًا۔(کاٹنا)۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ لِّيْنَةٍ:(ہرا بھرا سرسبز کھجور کا درخت)اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ تَرَكْتُمُو:(تم نے چھوڑ دئے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ واؤ برائے اشباع و تجمیل۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً۔أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ت ر ک)صیغہ۔تَرَكَ یَتْرُكُ۔ مصدر۔تَرْكًا۔(چھوڑنا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد

مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ قَائِمَةً :(کھڑا)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔ محلاً منصوب ۔حال۔ عَلَىٰ: (پر)حرف جار۔ أُصُولِ:(جڑوں)اسم مجرور۔ مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔إِذْنِ:(اجازت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ۔)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يُخْزِيَ:(وہ رسوا کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ محل اعراب ساکن۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْزٰى يُخْزِىْ۔مصدر۔اِخْزَاءٌ۔(رسوا کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ ز ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ خَزِىَ يَخْزٰى۔مصدر۔خِزْيًا۔(رسوا ہونا۔)۔ الْفَاسِقِيْنَ:(نافرمانوں کو۔نافرمانی کرنے والوں کو)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ منصوب۔ مفعول بہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: (مومنو) کھجور کے جو درخت تم نے کاٹ ڈالے یا ان کو اپنی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا سو اللہ کے حکم سے تھا اور مقصود یہ تھا کہ وہ نافرمانوں کو رسوا کرے۔

وَمَآ أَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ مقدم۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔أَفَاءَ:(اس نے لوٹایا۔واپس کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفَاءَ يُفِيْءُ۔مصدر۔اِفَاءَةٌ۔(لوٹانا۔واپس کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ی ء)اجوف واوی+مہموز اللام۔صیغہ۔فَاءَ يَفِيْءُ۔مصدر۔فَيْئًا۔(سائے کا واپس لوٹنا۔اپنی جگہ بدلنا۔ڈھلنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔ مرفوع۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔رَسُولِ:(پیغمبر)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔۔مَا:(نہیں)نافیہ۔أَوْجَفْتُمْ:(تم نے سواریاں دوڑائیں)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ باب۔افعال۔اَوْجَفَ يُوْجِفُ۔مصدر۔اِيْجَافًا۔(سواری دوڑانا۔گھوڑے یا اونٹ یا خچر

وغیرہ کو تیز دوڑانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج ف)مثال واوی۔صیغہ۔وَجَفَ يَجِفُ ۔مصدر۔وَجفًا۔وَجِيفًا۔(جوش میں آنا۔انتہائی پریشانی میں ہونا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ خَيْلٍ:(مختلف گھوڑوں)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہ بالکسرہ۔ وَ:(اور)حرف جار۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ رِكَابٍ:(اونٹ ۔سواری اونٹ)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَكِنَّ :(لیکن)استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ)لَكِنَّ کا اسم منصوب۔يُسَلِّطُ:(وہ مسلط کر دیتا ہے۔قابض بنا دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔سَلَّطَ يُسَلِّطُ۔ مصدر۔تَسْلِيْطٌ۔(مسلط کر دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س ل ط)صیغہ۔سَلِطَ يَسْلَطُ۔مصدر۔سَلَاطَةٌ۔ (مضبوط ہونا۔سخت ہونا۔ تیز ہونا)۔ رُسُلَ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء)اجوف یائی۔مہموز اللام۔صیغہ ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔وَ:(اور)حرف عطف۔اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ كُلِّ :(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ:(سب کچھ۔ہر ایک چیز)مجرور مضاف الیہ۔قَدِيْرٌ:(اندازے پیمانے مقرر کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

اور جو(مال) اللہ نے اپنے پیغمبر کو ان لوگوں سے(بغیر لڑائی بھڑائی کے) دلوایا ہے اس میں تمہارا کچھ حق نہیں کیونکہ اس کے لئے نہ تم نے گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ لیکن اللہ اپنے پیغمبروں کو جن پر چاہتا ہے مسلط کر دیتا ہے۔اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۷﴾

مَّا:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مقدم۔قبل از فعل۔أَفَاءَ:(اس نے لوٹایا۔واپس کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَفَاءَ

يُفِيْئُ۔مصدر۔اِفَاءَةٌ۔(لوٹانا۔واپس کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ف ی ء)اجوف واوی+مہموز اللام۔صیغہ۔فَاءَ يَفِيْءُ۔مصدر۔فِيْئًا۔(سائے کا واپس لوٹنا۔اپنی جگہ بدلنا۔ڈھلنا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ رَسُوْلِ:(پیغمبر)اسم مجرور۔مضاف۔ہِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔أَهْلِ:(رہنے والے۔گھر والے۔اہل۔تعلقہ دار)اسم مجرور۔مضاف۔الْقُرَىٰ:(الْقُرْيَةٌ کی جمع۔آبادیوں کے)مجرور تقدیراً مکسور۔مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب:(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔الرَّسُوْلِ:(پیغمبر)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف جار۔لِ:(لئے)حرف جار۔ذِي:(والے)معطوف مجرور۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔الْقُرْبَىٰ:(قریبی رشتہ دار۔)مجرور تقدیراً مکسور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَتَامَىٰ:(اَلْيَتِيْمُ کی جمع۔بے سہارا۔بیوہ عورتیں۔اور وہ بچے جن کے ماں باپ نہ ہوں)معطوف۔ مجرور تقدیراً مکسور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَسَاكِيْنِ:(مِسْكِيْنٌ ۔کی جمع۔جن کا چلتا ہوا کاروبار ٹھپ ہوجائے۔رک جائے)معطوف مجرور ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ابْنِ:(بیٹا)معطوف مجرور۔مضاف۔ السَّبِيْلِ:(راستے کا)مجرور۔مضاف الیہ۔ "مسافر۔مجاہد۔اللہ کی راہ۔میں حصول علم۔یا قتال کے لئے جانے والا"۔ كَيْ:(تا کہ)حرف ناصب مضارع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَكُوْنَ:(وہ ہو)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ دُوْلَةً:(گردش کرنے والا۔جو کبھی کسی کے ہاتھ کبھی کسی کے ہاتھ۔) كَانَ کی خبر منصوب۔ بَيْنَ :(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔الْأَغْنِيَاءِ:(غَنِيٌّ کی جمع۔مراء۔صاحب ثروت)مجرور مضاف الیہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب ۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔جازم فعل شرط۔محلاً منصوب مفعول بہٖ ثانی۔ قبل از فعل۔آتَا:(اس نے دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَىٰ يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔كُمُ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ضمہ برائے اتصال۔ الرَّسُوْلُ:(پیغمبر)فاعل مرفوع۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔خُذُوْ:(تم لے لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل

۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هُ:(اسے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔جازم فعل شرط۔مبتداء مرفوع۔نَهَا:(اس نے منع کی۔روک دیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔حرف علت۔ی۔ کوالف سے تبدیل کیا گیاہے۔برائے اتصال باضمیر۔ ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَهٰی یَنْهٰی۔مصدر۔نَهْیٌ۔(منع کرنا۔روکنا۔)کُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکرحاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔عَنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔اِنْتَهُوْا:(تم منع ہو جاؤ۔رک جاؤ)فعل امر جمع مذکرحاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ن ھ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَهٰی یَنْهٰی۔مصدر۔نَهْیٌ۔(منع کرنا۔روکنا۔)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اِتَّقُوْا:(تم ڈرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہ۔ اِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔شَدِیْدُ:(سخت)اِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ الْعِقَابِ:(سزا دینے والا۔عقوبت دینے والا۔سزاء۔عذاب)اسم فاعل۔مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جو مال اللہ نے اپنے پیغمبر کو دیہات والوں سے دلوایا ہے وہ اللہ کے اور پیغمبر کے اور (پیغمبر کے) قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور حاجتمندوں کے اور مسافروں کے لئے ہے۔ تاکہ جو لوگ تم میں دولت مند ہیں ان ہی کے ہاتھوں میں نہ پھرتا رہے۔ سو جو چیز تم کو پیغمبر دیں وہ لے لو۔ اور جس سے منع کریں (اس سے) باز رہو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِیْنَ الَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّیَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿۸﴾

لِ:(لئے)حرف جار۔الْفُقَرَاءِ:(مفلسوں کے۔محتاجوں۔جن کے پاس سامان زیست کی کمی ہو)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم

مجرور۔موصوف۔ اَلْمُهَاجِرِيْنَ:(الگ ہونے والے۔ہجرت کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً صفت مجرور۔علامت ی۔ اَلَّذِيْنَ:(جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً صفت ثانی۔محلاً مجرور۔ اُخْرِجُوْا:(وہ نکالے گئے)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يَخْرِجُ۔ مصدر۔اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔دِيَارِ:(دَارٌ کی جمع۔گھروں)اسم مجرور۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَمْوَالِ:(مال و دولت)معطوف مجرور۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَبْتَغُوْنَ:(وہ تلاش کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِبْتَغٰى يَبْتَغِيْ۔مصدر۔اِبْتِغَاءٌ۔ (تلاش کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔بَغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔ بَغْيًا۔بَغْيَةً۔ (چاہنا۔خواہش کرنا۔بے انصافی کرنا۔ ظلم کرنا۔زیادتی کرنا)۔فَضْلًا:(فضل۔کرم۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رِضْوَانًا: (خوشنودی۔ رضا۔) مصدر۔منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَنْصُرُوْنَ:(وہ مدد کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ يَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلَ:(پیغمبر)معطوف منصوب۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اُولٰٓئِكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔برائے تقویۃ۔ضمہ برائے اتصال۔ اَلصَّادِقُوْنَ:(سچ بولنے۔سچ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اور) ان مفلسان تارک الوطن کے لئے بھی جو اپنے گھروں اور مالوں سے خارج(اور جدا) کر دیئے گئے ہیں (اور) اللہ کے فضل اور اس کی خوشنودی کے طلبگار اور اللہ اور اس کے پیغمبر کے مدد گار ہیں۔یہی لوگ سچے(ایماندار) ہیں۔

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَ

يُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۫ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔تَبَوَّءُوا:(انہوں نے جگہ بنالی ہے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَبَوَّءَ يَتَبَوَّءُ۔مصدر۔تَبَوُّءٌ۔(ٹھکانہ بنانا۔جگہ بنانا۔پناہ گاہ بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب وء)۔اجوف واوی+ مہموز اللام۔صیغہ۔بَاءَ يَبُوْءُ۔مصدر۔بَوْءً۔(صلہ "اِلٰی "ہو تو معنی واپس آنا۔لوٹنا۔لانا۔اگر"صلہ بِ ہو تو"واپس لے جانا۔بھگتنا)۔الدَّارَ:(گھر)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْإِيمَانَ:(ایمان۔یقین)معطوف منصوب۔مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يُحِبُّوْنَ:(وہ محبت کرتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابٌ۔(محبت کرنا۔محبوب رکھنا۔پسند کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔صیغہ۔حَبَّ يَحِبُّ۔ مصدر۔حَبًّا۔حُبًّا۔(چاہنا۔پسند کرنا۔پسندیدہ۔پسند کیا جانا۔)۔مَنْ :(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔هَاجَرَ:(اس نے ہجرت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلۃ۔صیغہ۔هَاجَرَ يُهَاجِرُ۔مصدر۔مُهَاجَرَةٌ۔(الگ ہونا۔ہجرت کرنا۔اپنا وطن چھوڑنا۔ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوجانا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ھ ج ر)صیغہ۔هَجَرَ يَهْجُرُ۔ مصدر۔هَجْرًا۔هِجْرَانًا۔(الگ ہونا۔چھوڑنا۔ترک کرنا۔جدا ہونا۔آوارہ گردی کرنا۔فضول باتیں کرنا) إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا: (نہیں)نافیہ۔يَجِدُوْنَ:(وہ پاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔ وِجْدَانًا۔وُجُوْدًا۔(پانا۔ملنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔ صُدُوْرِ:(دلوں۔سینوں۔ذہنوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حَاجَةً :(حاجت۔ضرورت)منصوب۔مفعول بہ۔مِمَّا :(جو اس وجہ سے)مرکب :(مِنْ+مَا)حرف جار۔برائے سبب و علت۔وجہ سے+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ اُوْتُوا:(وہ

دیئے گئے) فعل ماضی مجہول۔ جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ نائب فاعل۔ ضمیر محلاً مرفوع تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰی یُؤتِیْ۔ مصدر۔ اِیْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَیَ یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا)۔ اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ یُؤْثِرُوْنَ: (وہ ترجیح دیتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰثَرَ یُؤْثِرُ۔ مصدر۔ اِیْثَارًا۔ (ترجیح دینا۔ ایثار کرنا۔ قربانی دینا۔) عَلٰی: (پر) حرف جار۔ اَنْفُسِ: (جانوں۔ نفسوں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَوْ: (اگر) حرف شرط۔ غیر جازم۔ کَانَ: (وہ تھا۔ وہ ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔ سے) حرف جار۔ هِمْ: (ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔ خَصَاصَةٌ: (تنگی۔ فاقہ۔ سخت ضرورت۔ بھوک) کَانَ کا اسم مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَنْ: (جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ یُوْقَ: (وہ بچائے جائیں گے) فعل مضارع مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ فعل شرط مجزوم۔ علامت۔ حرف علت۔ ی۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ق ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَقٰی یَقِیْ۔ مصدر۔ وِقَایَةٌ۔ وَقْیًا۔ (بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ دشمنوں سے بچانا)۔ شُحَّ: (خود غرضی۔ بخل۔ حرص وہوا۔ لالچی ہونا۔) مصدر۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ (ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ "ش ح ح" مضاعف۔ صیغہ۔ شَحَّ یَشُحُّ۔ مصدر۔ شَحًّا۔ شُحًّا۔ "بخیلی کرنا۔ کنجوسی کرنا۔ خود غرض ہونا۔ اپنی خواہشات کی ہی پیروی کرنا۔") مضاف۔ نَفْسِ: (جان) مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هٖ: (اپنی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (تو) برائے جواب شرط۔ اُولٰٓئِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ هُمُ: (وہ) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ برائے تقویۃ۔ ضمہ برائے اتصال۔ الْمُفْلِحُوْنَ: (فلاح پانے والے۔ کامیاب ہونے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر غائب۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور (ان لوگوں کے لئے بھی) جو مہاجرین سے پہلے (ہجرت کے) گھر (یعنی مدینے) میں مقیم اور ایمان میں (مستقل) رہے (اور) جو لوگ ہجرت کر کے ان کے پاس آتے ہیں ان سے محبت کرتے ہیں اور جو کچھ ان کو ملا اس سے اپنے دل

میں کچھ خواہش (اور خلش) نہیں پاتے اور ان کو اپنی جانوں سے مقدم رکھتے ہیں خواہ ان کو خود احتیاج ہی ہو۔ اور جو شخص حرص نفس سے بچالیا گیا تو ایسے لوگ مراد پانے والے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ جَآؤُوْا:(وہ آئے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِيْءٌ۔ (آنا)۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد) ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہیں گے۔ وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ رَبَّنَا:(اے ہمارے رب) مرکب:(يَا+رَبَّ+نَا) حرف نداء۔ محذوف۔ + منادیٰ۔ منصوب۔ مضاف۔ + ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اغْفِرْ:(تو مغفرت کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ دعائیہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (غ ف ر) صیغہ۔ غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لِ:(لئے) حرف جار۔ إِخْوَانِ:(اَخٌ کی جمع۔ بھائیوں کے) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور صفت۔ سَبَقُوْ:(انہوں نے پہل کی۔ بازی لے گئے) فعل ماضی جمع ذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ فاعل۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (س ب ق) صیغہ۔ سَبَقَ يَسْبِقُ۔ مصدر۔ سَبْقًا۔ (آگے بڑھنا۔ پہلے پہنچنا۔ پہل کرنا۔ گزرنا)۔ نَا:(ہم سے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ الْإِيْمَانِ:(ایمان کے) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَا:(نہ) ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تَجْعَلْ:(تم بناؤ) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ فِيْ:(میں) حرف جار۔ قُلُوْبِ:(دلوں۔) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی

بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ غِلًّا:(کینہ رکھنا۔ کینہ۔ چھپی دشمنی رکھنا) منصوب۔ مفعول بہ۔ لِّ:(لئے) حرف جار۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ مبنی بر فتحہ۔ جمع مذکر۔ محلاً اسم مجرور۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ رَبَّنَا:(اے ہمارے رب) مرکب:(يَا+رَبَّ+نَا) حرف نداء۔ محذوف۔ + منادیٰ۔ منصوب۔ مضاف۔ + ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ كَ:(تو) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ رَؤُوفٌ:(انتہائی نرمی سے پیش آنے والا۔ بے حد شفقت کرنے والا) رَافَةٌ۔ مصدر۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا) رَحْمَةٌ مصدر۔ مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور (ان کے لئے بھی) جو ان (مہاجرین) کے بعد آئے (اور) دعا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں گناہ معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (وحسد) نہ پیدا ہونے دے۔ اے ہمارے پروردگار تو بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾

أَ:(کیا) حرف استفہام۔ انکاری۔ لَمْ:(نہیں) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ تَرَ:(تو نے دیکھا) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت حرف علت۔ ی۔ محذوف۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ إِلَى:(طرف) حرف جار۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ نَافَقُوْا:(انہوں نے منافقت کی۔) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ مفاعلة۔ صیغہ۔ نَافَقَ يُنَافِقُ۔ مصدر۔ مُنَافَقَةٌ۔(منافقت کرنا۔ دوہرا عمل کرنا۔ نفاق پیدا کرنا)۔ يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہیں گے۔ وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔

قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لِ:(لئے)حرف جار۔إِخْوَانِ:(اَخٌ کی جمع۔بھائیوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً صفت۔مجرور۔كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔أَهْلِ: (اہل والے)اسم مجرور۔الْكِتَابِ:(کتاب)مجرور مضاف الیہ۔لَئِنْ:(البتہ اگر)مرکب:(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔+ شرطیہ۔جازم فعل شرط۔أُخْرِجْتُمْ :(تم نکالے گئے)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر حاضر۔جملہ محلاً جواب قسم۔جواب شرط محذوف۔مجزوم۔نائب فاعل۔ مرفوع۔ضمیر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يَخْرِجُ۔مصدر۔ اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔(نکلنا)۔لَ:(ضرور)واقعۃ فی جواب القسم۔نَخْرُجَنَّ:(ہم ضرور بالضرور نکلیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً نَحْنُ۔جملہ محلاً جواب شرط۔مگر جواب شرط محذوف۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا :(نہیں)نافیہ۔نُطِيْعُ:(ہم اطاعت کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ مرفوع۔ضمیر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيْعُ۔مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر،ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔يَطِيْعُ۔مصدر۔ طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَحَدًا:(کوئی ایک)منصوب۔مفعول بہ۔أَبَدًا:(ہمیشہ)ظرف زمان۔منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔قُوْتِلْتُمْ:(تم سے جنگ کی گئی)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر حاضر۔نائب فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(باہم لڑائی کرنا۔جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔جھگڑا کرنا۔حق سلب کر دینا)۔ لَ:(ضرور۔بلاشبہ)واقعۃ فی جواب قسم۔ نَنْصُرَنَّ:(ہم ضرور بالضرور مدد کریں گے)فعل مضارع جمع

متکلم۔مؤکد با نون ثقیلہ۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ یَنْصُرُ۔ مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔کُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔منصوب۔مفعول بہ۔جملہ جواب شرط۔مگر جواب شرط محذوف۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔یَشْهَدُ:(وہ گواہی دے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ یَشْهَدُ۔مصدر ۔شَهَادَةٌ۔(گواہی دینا)۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔ مزحلقہ۔کَاذِبُوْنَ:(جھوٹ بولنے والے۔جھوٹ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا تم نے ان منافقوں کو نہیں دیکھا جو اپنے کافر بھائیوں سے جو اہل کتاب ہیں کہا کرتے ہیں کہ اگر تم جلاوطن کئے گئے تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکل چلیں گے اور تمہارے بارے میں کبھی کسی کا کہنا مانیں گے۔اور اگر تم سے جنگ ہوئی تو تمہاری مدد کریں گے۔مگر اللہ ظاہر کئے دیتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں۔

لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا یَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا یَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَیُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا یُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾

لَئِنْ:(البتہ اگر)مرکب:(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔+ شرطیہ۔جازم فعل شرط۔اُخْرِجُوا:(وہ نکالے گئے)۔ فعل ماضی جمع مذکر غائب۔محلاً فعل شرط۔مجزوم۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَخْرَجَ یُخْرِجُ۔ مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔ مصدر۔ خُرُوْجًا۔ (نکلنا)۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔یَخْرُجُوْنَ:(وہ نکلیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خُرُوْجًا۔ (نکلنا)۔جملہ محلاً جملہ محلاً جواب قسم۔جواب شرط۔محذوف۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَئِنْ:(البتہ اگر)مرکب:(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔+ شرطیہ۔جازم فعل شرط۔ قُوْتِلُوْا:(وہ قتل کئے گئے) فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔محلاً فعل شرط۔مجزوم۔نائب فاعل۔ مرفوع۔ضمیر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلۃ۔ صیغہ۔قَاتَلَ یُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(باہم لڑائی کرنا۔جھگڑا

کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا ۔(جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَنْصُرُوْنَ:(وہ مدد کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔جملہ جواب قسم۔جواب شرط محذوف۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ یَنْصُرُ۔مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔ھُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَئِنْ:(البتہ اگر) مرکب:(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔موطئۃ للقسم۔+ شرطیہ۔جازم فعل شرط۔نَّصَرُوْ:(انہوں نے مدد کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔محلاً فعل شرط۔مجزوم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ یَنْصُرُ۔مصدر۔ نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔ ھُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ لَ:(بلاشبہ)واقعۃ فی جواب قسم۔یُوَلُّنَّ:(وہ ضرور بالضرور پھیر لیں گے۔بھاگ جائیں گے۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ نون اعرابی محذوف۔ضمہ بعوض واؤ جمع ۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَلّٰی یُوَلِّیْ۔مصدر۔ تَوْلِیَۃٌ۔(منہ پھیرنا۔منہ کرنا۔دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے)۔ الْأَدْبَارَ :(پیٹھوں۔پشتوں کو)منصوب مفعول بہ۔ثُمَّ :(پھر)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یُنْصَرُوْنَ:(وہ مدد کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔نائب فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ص ر)صیغہ۔نَصَرَ یَنْصُرُ۔ مصدر۔نَصْرًا۔(مدد کرنا)۔

ترجمہ آیت: اگر وہ نکالے گئے تو یہ ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے۔اور اگر ان سے جنگ ہوئی تو ان کی مدد نہیں کریں گے۔اگر مدد کریں گے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔پھر ان کو(کہیں سے بھی) مدد نہ ملے گی۔

لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾

لَ:(بلاشبہ)لائے۔ابتداء۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَشَدُّ:(زیادہ سخت)۔فاعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ رَھْبَةً:(خوف۔ڈر۔رعب۔ہیبت)منصوب۔ تمیز۔ فِي:(میں)حرف جار۔ صُدُوْرِ:(سینوں۔ دلوں۔ دماغوں)اسم مجرور۔مضاف۔ھِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ذٰلِكَ:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔

کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً مبتداء مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔ قَوْمٌ:(قوم۔لوگ) أَنَّ:(کی خبر مرفوع۔ لَّا: (نہیں)نافیہ۔ يَفْقَهُوْنَ:(وہ سمجھ سے کام لیتے ہیں۔ غور وخوض کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ف ق ھ)صیغہ۔فَقِهَ يَفْقَهُ۔ مصدر۔فِقْهٌ۔فَقَهًا۔(سمجھنا۔غور وخوض کرنا)۔

ترجمہ آیت: (مسلمانو!) تمہاری ہیبت ان لوگوں کے دلوں میں اللہ سے بھی بڑھ کر ہے۔یہ اس لئے کہ یہ سمجھ نہیں رکھتے۔

لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ۭ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ۭ تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يُقَاتِلُوْنَ:()فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ۔(باہم لڑائی کرنا۔ جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔ كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ جَمِيْعًا:(سب کے سب۔جمع ہو کر)منصوب۔حال۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ قُرًى:(قَرْيَةٌ کی جمع۔بستیوں)اسم مجرور۔تقدیراً مکسور۔موصوف۔ مُّحَصَّنَةٍ:(قلعہ بند۔قلعہ بنا کر محفوظ ہوئی)مجرور صفت۔مجرور۔أَوْ:(یا)حرف عطف۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ وَرَاءِ:(آگے ۔پیچھے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مضاف۔ جُدُرٍ:(دیواروں کے)مجرور مضاف الیہ۔ بَأْسُ:(لڑائی۔جنگ۔ آفت۔ مصیبت) مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شَدِيْدٌ :(سخت)خبر مرفوع۔تَحْسَبُ:(تو گمان کرتا ہے۔خیال کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ حسب، نصر۔مادہ(ح س ب)صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔مصدر۔ حِسْبَانٌ۔(خیال کرنا۔اندازہ لگانا۔حساب کرنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ جَمِيْعًا:(سب کے سب۔اکٹھے۔جمع ہو کر۔)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔قُلُوْبُ:(قلب کی جمع۔دلوں نے)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان

کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شَتّٰى:(علیحدہ علیحدہ۔الگ الگ۔متفرق)خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً کا اسم منصوب۔ قَوْمٌ:(قوم۔لوگ)خبر مرفوع۔موصوف۔ لَّا:(نہیں)نافیہ۔ يَعْقِلُوْنَ:(وہ عقل سے کام لیتے ہیں۔ عقل رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واوٗ جمع۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ق ل)صیغہ۔عَقَلَ يَعْقِلُ۔مصدر۔عَقْلًا۔(عقل رکھنا)۔محلاًصفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ سب جمع ہو کر بھی تم سے (بالمواجہہ) نہیں لڑ سکیں گے مگر بستیوں کے قلعوں میں (پناہ لے کر) یا دیواروں کی اوٹ میں (مستور ہو کر) ان کا آپس میں بڑا رعب ہے۔تم شاید خیال کرتے ہو کہ یہ اکھٹے (اور ایک جان) ہیں مگر ان کے دل پھٹے ہوئے ہیں یہ اس لئے کہ یہ بے عقل لوگ ہیں۔

كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٥﴾

كَ:(مانند۔طرح)حرف جار۔و تشبیہ۔مَثَلِ:(مثال)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔مبتداء محذوف۔ "مَثَلُهُمْ" مضاف۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَرِيْبًا:(تقریبا۔نزدیک نزدیک)برائے تاکید۔ظرف زمان۔ منصوب۔ذَاقُوْا:(انہوں نے چکھا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٗ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق) اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔مصدر۔ذَوْقًا۔ (چکھنا)۔ وَبَالَ:(وبال۔سختی۔ناگواری۔مصیبت)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔أَمْرِ:(معاملہ۔کام۔امر)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هِمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ عَذَابٌ:(عذاب۔سزاء۔دکھ)مبتداء مرفوع۔موصوف۔أَلِيْمٌ:(دردناک۔زیادہ دکھ دینے والا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ان کا حال ان لوگوں کا سا ہے جو ان سے کچھ ہی پیشتر اپنے کاموں کی سزا کا مزہ چکھ چکے ہیں۔ اور (ابھی) ان کے لئے دکھ دینے والا عذاب (تیار) ہے۔

كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦﴾

كَ:(مانند۔طرح)حرف جار۔و تشبیہ۔مَثَلِ:(مثال)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔مبتداء محذوف۔ "مَثَلُهُمْ" مضاف۔الشَّيْطَانِ:(شیطان۔ہر وہ چیز جو گزند پہنچائے شیطان ہے)مجرور مضاف الیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر تقدیراً مستتر۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔لِ:(لئے۔کو) الْإِنسَانِ: (انسان)اسم مجرور۔اُكْفُرْ:(انکار کر۔کافر ہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔ محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً مستتر۔ اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔ (کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ كَفَرَ:(اس نے کفر کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔محلاً فعل شرط۔منصوب۔فاعل۔ضمیر تقدیراً مستتر۔ هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔ (کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً مستتر۔ هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ إِنِّي :(یقینا میں۔بے شک میں)مرکب۔:(إِنَّ+يْ)۔ حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔بَرِيءٌ:(بے زاری۔بریٌ الذمہ۔لا تعلق)اسم فاعل۔واحد مذکر۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔كَ:(تجھ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔إِنِّي:(یقینا میں۔بے شک میں)مرکب۔:(إِنِّ+يْ)۔حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع۔خبر۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًاِنَّ کا اسم منصوب۔أَخَافُ:(میں ڈرتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔فاعل۔ضمیر تقدیراً مستتر۔اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يَخَافُ مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہ)منصوب۔مفعول بہ۔ رَبَّ :(ربّ)بدل منصوب۔" اللّٰهَ "مبدل منہ۔متبوع۔الْعَالَمِيْنَ:(جہانوں کے)مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: منافقوں کی) مثال شیطان کی سی ہے کہ انسان سے کہتا رہا کہ کافر ہو جا۔ جب وہ کافر ہو گیا تو کہنے لگا کہ مجھے تجھ سے کچھ سروکار نہیں۔ مجھ کو اللہ رب العالمین سے ڈر لگتا ہے۔

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا ۗ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾

فَ: (پس) استئنافیہ۔ كَانَ: (وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ عَاقِبَتَ: (نتیجہ۔ انجام۔ عاقبت) كَانَ کی خبر منصوب۔ مضاف۔ هُمَا: (دونوں) ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع۔ خبر۔ هُمَا: (دونوں) ضمیر تثنیہ۔ مذکر و مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ فِي: (میں) حرف جار۔ النَّارِ: (آگ۔ دوزخ) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ خَالِدَيْنِ: (ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً منصوب۔ علامت۔ ی۔ حال۔ فِيْ: (میں) حرف جار۔ هَا: (اس) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ ذٰلِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔: (وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ جَزَاءُ: (بدلہ۔ معاوضہ۔ سزاء) خبر مرفوع۔ مضاف۔ الظَّالِمِيْنَ: (ظلم کرنے والوں کا۔ اندھیر مچانے والوں کا) مجرور۔ علامت۔ ی۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو دونوں کا انجام یہ ہوا کہ دونوں دوزخ میں (داخل ہوئے) ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ اور بے انصافوں کی یہی سزا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾

يَا: (اے) حرف نداء۔ أَيُّ: (کون سا) منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ هَا: (خبر دار۔ سنو) حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً بدل۔ "أَيُّ"۔ آمَنُوا: (وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ اِتَّقُوْا: (تم ڈرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (پرہیز گاری کرنا)۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ

سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لْ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔ تَنْظُرْ :(وہ دیکھے)فعل مضارع واحد مؤنث۔غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔ نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔ نَظْرًا۔(دیکھنا)۔ نَفْسٌ :(جان۔نفس)فاعل۔مرفوع۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ قَدَّمَتْ:(اس نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔علامت فاعل تانیث۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔مصدر۔ تَقْدِيْمًا۔(آگے بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ق د م)صیغہ۔ قَدِمَ يَقْدَمُ۔مصدر۔ قُدُوْمًا۔ مَقْدَمًا۔(آنا۔واپس ہونا۔کہیں سے واپس ہونا۔آگے بڑھنا۔متوجہ ہونا۔آنا جانا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ غَدٍ:(کل آنے والا)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اِتَّقُوْا :(تم ڈرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) اِنَّ کا اسم منصوب۔ خَبِيْرٌ:(خوب خبر رکھنے والا)مبالغہ۔ اِنَّ کی خبر مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ يَعْمَلَ۔ مصدر۔ عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت: اے ایمان والوں! اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص کو دیکھنا چاہیئے کہ اس نے کل (یعنی فردائے قیامت) کے لئے کیا (سامان) بھیجا ہے اور (ہم پھر کہتے ہیں کہ) اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝19

وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَكُوْنُوْا:(تم ہو جاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ كَ:(مانند۔طرح۔مثل)حرف تشبیہ و جار۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ نَسُوْا:(وہ بھول گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی

مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔ مصدر۔نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔أَنسَا:(اس نے بھلادیا)۔"یعنی میں توجہ نہیں کروں گا۔اللہ جل جلالہٗ تو کسی چیز کو نہیں بھولتا"۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْسٰى يُنْسِيُ۔مصدر۔اِنْسَاءٌ۔(بھلا دینا)۔ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ۔(ن س ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَسِيَ يَنْسٰى۔ مصدر۔ نِسْيَانٌ۔(بھولنا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ أَنْفُسَ:(جانوں کو) منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔هُمُ:(وہ ہی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔برائے تقویۃ۔ الْفَاسِقُوْنَ:(نافرمانی کرنے والے۔بدکردار لوگ)اسم فاعل۔جمع مذکر غائب۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے انہیں ایسا کر دیا کہ خود اپنے تیئں بھول گئے۔یہ بدکردار لوگ ہیں۔

لَا يَسْتَوِيٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔يَسْتَوِي:(برابر ہوتے ہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِسْتَوٰى يَسْتَوِيُ۔مصدر۔اِسْتِوَاءٌ۔(برابر ہونا۔قرار پکڑنا۔جلوہ گر ہونا)۔ أَصْحَابُ:(ساتھی۔ دوست۔والے)فاعل مرفوع۔مضاف۔النَّارِ:(آگ۔دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَصْحَابُ ساتھی۔دوست۔والے) معطوف ۔مرفوع۔مضاف۔ الْجَنَّةِ:(جنت۔باغ)مجرور مضاف الیہ۔ أَصْحَابُ (ساتھی۔دوست۔والے)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الْجَنَّةِ:(جنت۔باغ)مجرور مضاف الیہ۔هُمُ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔برائے تقویۃ۔ الْفَائِزُوْنَ:(کامیاب ہونے والے۔زیادہ پانے والے۔بامراد)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اہل دوزخ اور اہل بہشت برابر نہیں۔اہل بہشت تو کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾

لَوْ:(اگر)حرف شرط۔ أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا) فعل ماضی جمع متکلم۔ محلاً فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔ مصدر۔ اِنْزَالٌ۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن زل)صیغہ۔ نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ هٰذَا:(اس کو)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ الْقُرْآنَ:(قرآن مجید)بدل۔ منصوب۔تابع مبدل منہ۔ عَلٰی:(پر)حرف جار۔جَبَلٍ:(پہاڑ)اسم مجرور۔ لَ:(بلاشبہ)رابطہ برائے جواب شرط۔ رَأَیْتَ:(تو نے دیکھا۔حرف شرط لَوْ کی وجہ سے ترجمہ "تو دیکھتا")فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْیَةٌ(دیکھنا۔ آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔ہٗ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔خَاشِعًا:(پست ہونے والا۔جھک جانے والا۔دب جانے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔ محلاً منصوب۔ حال۔ یا مفعول بہٖ ثانی۔ مُّتَصَدِّعًا:(ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا۔ پھٹ کر پاش پاش ہونے والا۔) تَصَدُّعٌ مصدر۔ منصوب۔حال۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ خَشْیَةِ:(خشیت ۔خوف ۔ڈر۔)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(او)حرف عطف۔تِلْكَ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔الْأَمْثَالُ:(مثالیں)بدل۔مرفوع۔تابع مبدل منہ۔ نَضْرِبُ:(ہم بیان کرتے ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ر ب)صیغہ۔ضَرَبَ یَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(مارنا۔چلنا۔بنانا۔بیان کرنا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔النَّاسِ :(لوگوں کے)اسم مجرور۔لَعَلَّ:(شاید)ترجی ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هُمْ: (وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ یَتَفَکَّرُوْنَ:(وہ غور و فکر کریں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَفَکَّرَ یَتَفَکَّرُ ۔مصدر۔تَفَکُّرٌ۔(غور وفکر کرنا)جملہ محلاً لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تم اس کو دیکھتے کہ اللہ کے خوف سے دبا اور پھٹا جاتا ہے۔اور یہ باتیں ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ فکر کریں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)بر مرفوع۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًصفت مرفوع۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔اسم کو ناصب۔خبر کا رافع۔ إِلٰهَ:(کوئی معبود)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ بدل مرفوع۔ تابع مبدل منہ۔ عَالِمُ :(جاننے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔صفت ثانی مرفوع۔ مضاف۔ الْغَيْبِ:(غیب۔پوشیدہ چیزیں) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّهَادَةِ :(گواہی)معطوف مجرور۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ محلاً مبتداء مرفوع۔الرَّحْمٰنُ :(کچھ نعمتیں بلامشقت ہر ایک کو۔خوب دینے والی ہستی۔)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الرَّحِيْمُ :(کچھ نعمتیں با مشقت کسی کو خوب دینے والی ہستی۔) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾

هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)خبر مرفوع۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًصفت مرفوع۔ لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔اسم کو ناصب۔خبر کا رافع۔ إِلٰهَ:(کوئی معبود)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔إِلَّا :(مگر)حرف حصر۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ بدل مرفوع۔ تابع مبدل منہ۔الْمَلِكُ:(مالک)صفت ثانی مرفوع۔ الْقُدُّوْسُ:(پاک)صفت ثالث۔مرفوع۔ السَّلَامُ :(سلامتی)صفت رابع مرفوع۔ الْمُؤْمِنُ:(مومن)صفت۔خامس۔مرفوع۔ الْمُهَيْمِنُ:()صفت۔سادس۔مرفوع۔ الْعَزِيْزُ:(زبرست۔عزت والا) مبالغہ۔صفت۔سابع۔مرفوع۔ الْجَبَّارُ :(خوب جبر کرنے والا)مبالغہ۔صفت۔ثامن۔مرفوع۔ الْمُتَكَبِّرُ :(خوب بڑائی والا) مبالغہ۔صفت تاسع۔۔سُبْحَانَ :(پاک۔پاکیزگی)منصوب۔ مفعول مطلق فعل محذوف۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔عَمَّا :(اس سے جو)مرکب :(عَنْ+مَّا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ يُشْرِكُوْنَ:(وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ہمسر بناتے ہیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَشْرَكَ يُشْرِكُ۔ مصدر۔ اِشْرَاكٌ۔ (شریک ٹھہرانا)۔

ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔شَرِكَ يَشْرَكُ۔مصدر۔شَرْكاً۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔

ترجمہ آیت: وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔بادشاہ(حقیقی) پاک ذات(ہر عیب سے) سلامتی امن دینے والا نگہبان غالب زبردست بڑائی والا۔اللہ ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے

هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)خبر مرفوع۔الْخَالِقُ:(پیدا کرنے والا)صفت۔مرفوع۔اوّل۔الْبَارِئُ:(عدم سے وجود میں لانے والا۔ایجاد کرنے والا۔بغیر کسی اوزا کے تصویر کشی کرنے والا)صفت ثانی۔مرفوع۔ الْمُصَوِّرُ:(تصویر بنانے والا)صفت ثالث۔مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ الْأَسْمَاءُ :(اِسْمٌ کی جمع۔ناموں)مبتداء مرفوع۔موصوف۔الْحُسْنَىٰ:(زیادہ خوب صورت۔اچھے)افعل التفضيل۔محلاً خبر مرفوع۔يُسَبِّحُ:(وہ تسبیح کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعيل۔صیغہ۔ سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(تسبیح کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ يَسْبَحُ۔مصدر۔سَبْحًا۔سَبَاحَةً۔(تیرنا۔تیزی سے جانا۔)لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔فِي:(میں)حرف جار۔ السَّمَاوَاتِ :(آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْعَزِيْزُ:(زبردست عزت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔ الْحَكِيْمُ:(خوب حکمت والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔محلاً جملہ منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: وہی اللہ(تمام مخلوقات کا) خالق۔ایجاد واختراع کرنے والا صورتیں بنانے والا اس کے سب اچھے سے اچھے نام ہیں۔ جتنی چیزیں آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اس کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

60 سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ

رکوعاتھا 2 — 60 سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ 91 — اٰیاتھا 13

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ
يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ٭
تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ٭ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَاۤ اَخْفَيْتُمْ وَمَاۤ اَعْلَنْتُمْ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی برفتحہ۔محلاًبدل۔"أَيُّ "۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَتَّخِذُوا :(تم پکڑو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔لینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ عَدُوِّ:(دشمن)منصوب مفعول بہ۔تقدیراًمفتوح۔کسرہ برائے اتصال۔مابعد یائے متکلم۔مضاف۔يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَدُوَّ:(دشمن) معطوف منصوب۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔أَوْلِيَاءُ:(دوست۔ساتھی۔سرپرست)مبتداءمرفوع۔تُلْقُونَ:(تم ملتے ہو۔پیغام بھیجتے ہو۔تم بڑھاؤ گے۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰى يُلْقِيْ۔مصدر اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔نیچے ڈالنا)ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِيَ

يَلْقٰى۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْيَانًا۔ لُقْيَةً۔ تِلْقَاءً۔لِقِيًّا۔ لُقِيًّا۔ لُقًى۔لَقْيًا۔(جھیلنا ۔ملنا۔ پہنچنا ۔ہو جانا۔)۔ إِلَيَّ: (طرف)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ۔)حرف جار۔الْمَوَدَّةِ: (مؤدت۔پیار۔محبت۔دوستی کا۔)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔بِمَا:(جو کچھ)مرکب:(بِ+مَا) حرف جار + اسم موصول واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيْئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا) ۔كُمْ:(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔الْحَقِّ:(حق اور سچائی)اسم مجرور۔يُخْرِجُوْنَ:(وہ نکالے جائیں گے۔نکالتے جاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يَخْرِجُ۔ مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج) صیغہ۔ خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔ الرَّسُوْلَ:(پیغمبر کو)منصوب۔مفعول بہٖ وَ:(اور)حرف عطف۔إِيَّا: (کوئی معنی نہیں)برائے حصر۔حالت مفعولی بنانے کے لئے۔كُمْ:(تم ہی)ضمیر جمع مذکر حاضر منصوب۔مفعول بہٖ۔أَنْ:(کہ) مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ تُؤْمِنُوْا:(تم ایمان لائیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ رَبِّ: (ربّ) بدل۔مجرور۔یاصفت مجرور۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنْ: (اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ماضی جمع حاضر۔محلاً فعل شرط مجزوم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ خَرَجْتُمْ:(تم نکلے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)

صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ جِهَادًا:(جہاد)منصوب۔ مفعول لہٗ۔یا۔ مفعول مطلق۔ فعل محذوف۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ سَبِيْلِ :(راہ)اسم مجرور۔ مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِبْتِغَاءَ:(تلاش)معطوف منصوب۔ مضاف۔مَرْضَاتِ:(رضامندی۔مرضی۔خوشنودی) مصدر۔ میمی۔ مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔يْ:(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تُسِرُّوْنَ :(تم چھپاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَسَرَّ یُسِرُّ۔ مصدر۔اسرار۔ (چھپانا۔ پوشیدہ۔کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(س ر ر)مضاعف۔صیغہ۔سَرَّ یَسُرُّ۔ مصدر۔سُرُوْرًا۔مَسَرَّةً۔(خوش کرنا۔اچھا لگنا۔بھانا)۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔الْمَوَدَّةِ :(مؤدت۔پیار۔محبت۔دوستی)اسم مجرور۔وَ:(حالانکہ) حالیہ۔ أَنَا:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَعْلَمُ:(زیادہ جاننے والا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ أَخْفَيْتُمْ:(تم نے خفیہ رکھا۔تم نے چھپایا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اخفی یخفی۔مصدر۔ اِخْفَاءً۔(چھپانا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ ف ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَفِيَ يَخْفٰی۔مصدر۔خَفَاءًا۔(پوشیدہ رہنا۔چھپا رہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً معطوف۔ مجرور۔۔ أَعْلَنْتُمْ:(تم اعلانیہ کرتے ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَعْلَنَ يُعْلِنُ۔مصدر۔ اِعْلَانٌ۔ (ظاہراً کرنا۔اعلانیہ کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔نصر۔مادہ(ع ل ن)صیغہ۔عَلَنَ يَعْلَنُ۔مصدر۔عَلَنًا۔عَلَانِيَةً۔ (کھلنا۔ نمایاں ہونا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔ يَفْعَلْ:(وہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ محلاً فعل شرط۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فَعَلاً۔ (کرنا۔ہونا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ ضَلَّ:(وہ گمراہ ہوا۔وہ ضائع ہوگئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ محلاً مجزوم جواب شرط۔

ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ (ض ل ل) مضاعف۔ صیغہ۔ضَلَّ یَضِلُّ۔ مصدر۔ ضَلٌّ۔ضَلَالًا ۔ (گمراہ ہونا۔ گمراہی اختیار کرنا۔ ناکام ہونا۔ ضائع ہونا۔ بھٹک جانا۔)۔سَوَاءَ:(برابر۔سیدھا)اسم مصدر۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ السَّبِيْلِ:(راستہ)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مومنو! اگر تم میری راہ میں لڑنے اور میری خوشنودی طلب کرنے کے لئے (مکے سے) نکلے ہو تو میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ۔ تم تو ان کو دوستی کے پیغام بھیجتے ہو اور وہ (دین) حق سے جو تمہارے پاس آیا ہے منکر ہیں۔ اور اس باعث سے کہ تم اپنے پروردگار اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے ہو پیغمبر کو اور تم کو جلاوطن کرتے ہیں۔ تم ان کی طرف پوشیدہ پوشیدہ دوستی کے پیغام بھیجتے ہو۔ اور جو کچھ تم مخفی طور پر اور جو علی الاعلان کرتے ہو وہ مجھے معلوم ہے۔ اور جو کوئی تم میں سے ایسا کرے گا وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔

اِنۡ یَّثۡقَفُوۡکُمۡ یَکُوۡنُوۡا لَکُمۡ اَعۡدَآءً وَّیَبۡسُطُوۡۤا اِلَیۡکُمۡ اَیۡدِیَہُمۡ وَ اَلۡسِنَتَہُمۡ بِالسُّوۡٓءِ وَ وَدُّوۡا لَوۡ تَکۡفُرُوۡنَ ﴿۲﴾

اِنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ یَثۡقَفُوۡ:(وہ قابو پالیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔ فعل شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ۔(ث ق ف)۔ثَقِفَ یَثۡقَفُ۔مصدر۔ ثَقۡفًا۔(پانا۔قابو پالینا)۔کُمۡ:(تم پر)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ یَکُوۡنُوۡا:(وہ ہو جائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔ محلاًجواب شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُمۡ۔کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوۡنُ۔مصدر۔ کَوۡنًا۔(ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمۡ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ أَعۡدَاءً :(عَدُوٌّ۔کی جمع۔دشمن) کَانَ کی خبر منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔یَبۡسُطُوۡا:(وہ بڑھائیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ معطوف مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ب س ط)صیغہ۔بَسَطَ یَبۡسُطُ۔ مصدر۔ بَسۡطًا۔(بڑھانا)۔إِلَیۡ:(طرف)حرف جار۔کُمۡ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَيۡدِيَ: (ہاتھوں) اصلاً أَيۡدِيۡنِ تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔هُمۡ:(یَدٌ کی جمع۔ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَلۡسِنَتَ:(لِسَانٌ۔کی جمع۔زبانیں)معطوف۔ منصوب۔مضاف۔ هُمۡ:(ان کی۔

اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔السُّوءِ:(برائی ۔بدی۔ عیب۔ گناہ۔ کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔وَدُّوْا:(انہوں نے چاہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ثلاثی مجرد۔ باب۔ سمع۔مادہ(و د د)مضاعف۔صیغہ۔وَدَّ یَوَدُّ۔مصدر۔وَدٌّ۔مَوَدَّةٌ(چاہنا۔خواہش کرنا)۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔ تَكْفُرُوْنَ:(تم انکار کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔

ترجمہ آیت: اگر یہ کافر تم پر قدرت پالیں تو تمہارے دشمن ہو جائیں اور ایذا کے لئے تم پر ہاتھ (بھی) چلائیں اور زبانیں (بھی) اور چاہتے ہیں کہ تم کسی طرح کافر ہو جاؤ۔

لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۳﴾

لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف ناصب مؤکد مضارع۔ نفی مستقبل۔تَنْفَعَ:(تجھے نفع دے گا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ف ع)صیغہ ۔نَفَعَ يَنْفَعُ۔مصدر۔ نَفْعًا۔(فائدہ دینا۔ نفع دینا)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَرْحَامُ:(رحم کی جمع۔ یعنی کوئی رشتہ دار)فاعل۔ مرفوع۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔ أَوْلَادُ:(اولاد)معطوف۔مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ الْقِيَامَةِ:(قیامت کے)اسم مجرور۔ يَفْصِلُ:(وہ فیصلہ کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ف ص ل) صیغہ۔ فَصَلَ يَفْصِلُ۔مصدر۔فَصْلًا۔(فیصلہ کرنا)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔بَصِيْرٌ: (خوب دیکھنے والا۔بصیرت وبصارت والا) مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: قیامت کے دن نہ تمہارے رشتے ناتے کام آئیں گے اور نہ اولاد۔ اس روز وہی تم میں فیصلہ کرے گا۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھتا ہے۔

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۴﴾

قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ كَانَتْ: (وہ تھی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً۔ كَانَ کی خبر مقدم۔ منصوب۔ اُسْوَةٌ: (چال ڈھال۔ ڈھنگ۔ نمونہ عمل۔) ۔كَانَ کا اسم مؤخر مرفوع۔ موصوف۔ مؤنث۔ حَسَنَةٌ: (اچھا۔ خوبصورت) صفت مؤنث۔ مرفوع۔ تابع موصوف۔ فِي: (میں) حرف جار۔ اِبْرَاهِيْمَ: (ابراہیمؑ) غیر منصرف۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الَّذِيْنَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ معطوف مجرور۔ مَعَ: (ساتھ) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ اِذْ: (جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔ گزرے ہوئے واقعہ سے پہلے آتا ہے۔ قَالُوْا: (انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (بات کرنا)۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ قَوْمِ: (قوم۔ لوگ) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّا: (بے شک ہم) مرکب: (اِنَّ + نَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ + ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ بُرَاءُوْا: (بَرِيْٓءٌ کی جمع۔ بیزار ہونے والے۔ لاتعلق۔ بری الذمہ) اِنَّ کی خبر مرفوع۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ كُمْ: (تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرو۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مِمَّا: (جو اس وجہ سے) مرکب: (مِنْ+مَا) حرف جار۔ برائے سبب وعلت۔ وجہ سے + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعْبُدُوْنَ: (تم عبادت کرتے ہو۔ پوجا کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔ مادہ (ع ب د) صیغہ۔ عَبَدَ يَعْبُدُ۔ مصدر۔ عِبَادَةٌ۔

(عبادت کرنا۔پوجا کرنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔كَفَرْنَا:(ہم نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَدَا:(اس نے ابتداء کی۔ظاہر ہو گیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب د و)ناقص واوی۔بَدَا يَبْدُو۔مصدر۔ بَدْوًا۔ بَدَاءٌ۔ (ظاہر ہونا۔ظاہر ہو گئی)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔كُمُ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی ب سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْعَدَاوَةُ :(عداوت۔دشمنی)مصدر۔فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْبَغْضَاءُ:(بغض)معطوف مرفوع۔ أَبَدًا:(ہمیشہ)ظرف زمان۔منصوب۔ حَتّٰى:(یہاں تک کہ)حرف غایت۔ان مضمر۔ناصب مضارع۔ تُؤْمِنُوْا:(تم ایمان لے آؤ)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ: (پر۔)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَحْدَ:(یکتا۔واحد)حال منصوب۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف۔استثناء۔ قَوْلَ:(بات۔قول۔کہنا)منصوب۔ مستثنٰی۔ مضاف۔ إِبْرَاهِيْمَ:(ابراہیمؑ)غیر منصرف۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔أَبِيْ:(باپ)اسم مجرور۔علامت۔ی۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔أَسْتَغْفِرَنَّ: (میں ضرور بالضرور مغفرت کرے گا)فعل مضارع واحد متکلم۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتَغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔مَا :(نہیں)

نافیہ۔أَمْلِكُ:(میں ملکیت رکھتا ہوں۔اختیار رکھتا ہوں۔)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔مَلَكَ يَمْلِكُ۔مصدر۔مَلْكًا۔(مالک ہونا۔حکومت کرنا۔اختیار کرنا۔)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔ شَيْءٍ:(کوئی شئے)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ رَبَّنَا:(اے ہمارے رب)مرکب:(يَا+رَبَّ+نَا)حرف نداء۔محذوف۔+منادیٰ۔ منصوب۔مضاف۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ تَوَكَّلْنَا:(ہم نے بھروسہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔مصدر۔تَوَكُّلٌ۔ (بھروسہ کرنا۔اعتماد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ک ل)مثال واوی۔صیغہ۔وَكَلَ يَكِلُ۔ مصدر۔وَكْلًا۔(اپنے معاملات کسی کے سپرد کرنا۔کسی پر اعتماد کرنا۔) وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَيْ:(طرف۔)كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔أَنَبْنَا :(ہم نے رجوع کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَنَابَ يُنِيبُ۔مصدر۔اَنَابَةٌ۔(رجوع کرنا پشیمان ہو کر اللہ کی طرف لوٹنا) وَ:(اور)حرف عطف۔إِلَيْ:(طرف۔)كَ:(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔۔الْمَصِيرُ:(لوٹنے کی جگہ۔)ظرف مکان۔محلاً مبتداء مؤخر۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: تمہیں ابراہیم اور ان کے رفقاء کی نیک چال چلنی (ضرور) ہے۔جب انہوں نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ ہم تم سے اور ان (بتوں) سے جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو بے تعلق ہیں (اور) تمہارے (معبودوں کے کبھی) قائل نہیں (ہوسکتے) اور جب تک تم اللہ واحد پر ایمان نہ لاؤ ہم میں تم میں ہمیشہ کھلم کھلا عداوت اور دشمنی ال ابراہیمؑ نے اپنے باپ سے یہ (ضرور) کہا کہ میں آپ کے لئے مغفرت مانگوں گا اور اللہ کے سامنے آپ کے بارے میں کسی چیز کا کچھ اختیار نہیں رکھتا۔اے ہمارے پروردگار تجھ ہی پر ہمارا بھروسہ ہے اور تیری ہی طرف ہم رجوع کرتے ہیں اور تیرے ہی حضور میں (ہمیں) لوٹ کر آنا ہے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٥﴾

رَبَّنَا:(اے ہمارے رب)مرکب:(يَا+رَبَّ+نَا)حرف نداء۔محذوف۔+منادیٰ۔ منصوب۔مضاف۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر

سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم فعل مضارع۔ تَجْعَلْ:(توبنا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فِتْنَةً:(آزمائش۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔لِ:(لئے)حرف جار۔الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور شبہ جملہ محلاً صفت۔منصوب۔ كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِغْفِرْ:(تو مغفرت کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً اَنْتَ۔دعائیہ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔رَبَّنَا:(اے ہمارے رب)مرکب:(يَا+رَبَّ+نَا)حرف نداء۔محذوف۔+منادیٰ۔ منصوب۔مضاف۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ:(تو)کا اسم منصوب۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔برائے تقویۃ۔الْعَزِيْزُ:(زبردست۔عزت والا)مبالغہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔الْحَكِيْمُ:(خوب حکمت والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اے ہمارے پروردگار ہم کو کافروں کے ہاتھ سے عذاب نہ دلانا اور اے پروردگار ہمارے ہمیں معاف فرما۔بے شک تو غالب حکمت والا ہے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيهِمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٦﴾

لَقَدْ:(البتہ۔)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقینا)حرف تحقیق۔ كَانَ:(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر مقدم۔ منصوب۔ فِي:(میں)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أُسْوَةٌ:(چال ڈھال۔ڈھنگ۔نمونہ عمل۔)۔كَانَ کا اسم مؤخر مرفوع۔موصوف۔مؤنث۔حَسَنَةٌ:(اچھا۔خوبصورت)صفت مؤنث۔مرفوع۔تابع موصوف۔لِ:(لئے)

حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول ۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَرْجُوْ:(وہ امید رکھتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ر ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَجَا يَرْجُو۔مصدر۔رَجَاءً۔(امید رکھنا۔توقع رکھنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْيَوْمَ:(دن۔یوم۔روز)ظرف زمان۔ منصوب۔ موصوف الْآخِرَ:(آخرت۔قیامت)صفت منصوب۔ تابع موصوف۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔جازم فعل شرط۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَتَوَلَّ:(وہ منہ پھیرتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط مجزوم۔ حرف علت۔ی۔ محذوف۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔ هُوَ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّيْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)کا اسم منصوب۔ هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔برائے تقویۃ۔الْغَنِيُّ:(امیر ۔ غنی۔بے نیاز۔دولتمند۔) إِنَّ کی خبر مرفوع۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ الْحَمِيْدُ:(بہت تعریف کیا گیا۔بہت تعریف والا۔بہت قابل تعریف۔)إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: تم(مسلمانوں) کو یعنی جو کوئی اللہ (کے سامنے جانے) اور روز آخرت (کے آنے) کی امید رکھتا ہو اسے ان لوگوں کی نیک چال چلنی (ضرور) ہے۔اور روگردانی کرے تو اللہ بھی بے پرواہ اور سزاوار حمد (وثنا) ہے۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷﴾

عَسَى:(توقع ہے۔)فعل مقاربہ۔ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے مضارع کے صیغے نہیں آتے۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَجْعَلَ:(وہ بنائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔بَيْنَ:(درمیان)معطوف منصوب۔ مضاف۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَادَيْتُمْ:(تم

نے دشمنی کی ہے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ ۔ ثلاثی ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلۃ۔ صیغہ۔ عَادٰی یُعَادِیْ۔ مصدر۔ مُعَادَاۃً۔ عَدَاءًا۔ (عداوت رکھنا۔ دشمنی کرنا۔ بدسلوکی ۔ دور ہونا۔ تنہا ہونا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔ مادہ (ع و د) اجوف واوی۔ صیغہ۔ عَدَا یَعْدُو ۔ مصدر۔ عَدْوًا۔ عُدُوًّا۔ عُدْوَانًا۔ (دشمنی کرنا۔ عداوت رکھنا)۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ هُمْ: (ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ مَّوَدَّةً: (مؤدت۔ دوستی۔ محبت۔) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ قَدِیْرٌ: (خوب اندازے پیمانے۔ معیار قائم کرنے والا) مبالغہ۔ اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ غَفُوْرٌ: (خوب مغفرت کرنے والا) مبالغہ۔ خبر مرفوع۔ رَّحِیْمٌ: (خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔ خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: عجب نہیں کہ اللہ تم میں اور ان لوگوں میں جن سے تم دشمنی رکھتے ہو دوستی پیدا کردے۔ اور اللہ قادر ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

لَا یَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِیْنَ لَمْ یُقَاتِلُوْكُمْ فِی الدِّیْنِ وَ لَمْ یُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِیَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَ تُقْسِطُوْۤا اِلَیْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ﴿۸﴾

لَا: (نہیں) نافیہ۔ یَنْهٰا: (وہ منع کرتا ہے۔ روکتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ن ہ ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ نَهٰی یَنْهٰی۔ مصدر۔ نَهْیٌ۔ (منع کرنا۔ روکنا)۔ كُمْ: (تمہیں) ضمی جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔ مرفوع۔ عَنِ: (سے) حرف جار۔ الَّذِیْنَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ لَمْ: (نہیں) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ یُقَاتِلُو: (انہوں نے جنگ کی۔) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ قَاتَلَ یُقَاتِلُ۔ مصدر۔ مُقَاتَلَةٌ۔ (باہم لڑائی کرنا۔ جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق ت ل) صیغہ۔ قَتَلَ یَقْتُلُ۔ مصدر۔ قَتْلًا۔ (جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔ كُمْ: (تمہارے ساتھ) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فِیْ: (میں) حرف جار۔ الدِّیْنِ: (دین۔ شریعت۔ طریقہ۔)

اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔ مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَمۡ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ یُخۡرِجُوۡ:(انہوں نے نکال)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخۡرَجَ یُخۡرِجُ۔مصدر۔اِخۡرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخۡرُجُ۔مصدر۔خَرۡجًا۔(نکلنا)۔ کُمۡ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ دِیَارِ:(گھروں)اسم مجرور۔مضاف۔کُمۡ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنۡ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تَبَرُّوۡ:(تم نیکی کرو۔اچھا سلوک کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنۡتُمۡ ۔ثلاثی مجرد۔ باب۔نصر۔مادہ(ب ر ر)مضاعف۔صیغہ۔بَرَّ یَبُرُّ۔ مصدر۔بَرّاً۔(نیکی کرنا۔اچھا سلوک کرنا۔بھلائی کرنا)۔هُمۡ:(ان کے ساتھ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تُقۡسِطُوۡا:(تم عدل کرنا۔سوئی برابر رکھنا)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤجمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنۡتُمۡ ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقۡسَطَ یُقۡسِطُ۔مصدر۔اِقۡسَاطًا۔(عدل سے کام لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق س ط) صیغہ۔قَسَطَ یَقۡسِطُ۔مصدر۔قَسۡطًا۔(عدل سے کام لینا)۔إِلَیۡ:(طرف)حرف جار۔هِمۡ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)إِنَّ کا اسم منصوب۔ یُحِبُّ:(وہ پسند کرتا ہے۔محبت کرتا ہے۔پیار کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔مصدر۔اِحۡبَابٌ۔(پسند کرنا۔محبت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ب ب) مضاعف۔صیغہ۔حَبَّ یَحُبُّ ۔مصدر۔ حَبًّا۔حُبًّا۔(پسندیدہ ہونا۔پسند کرنا۔چاہنا)۔ الۡمُقۡسِطِیۡنَ:(عدل کرنے والے۔حقدار کو صحیح حق دینے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ منصوب۔علامت۔ی۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ نہیں کی اور نہ تم کو تمہارے گھروں سے نکالا ان کے ساتھ بھلائی اور انصاف کا سلوک کرنے سے اللہ تم کو منع نہیں کرتا۔اللہ تو انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

اِنَّمَا یَنۡهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِیۡنَ قٰتَلُوۡكُمۡ فِی الدِّیۡنِ وَ اَخۡرَجُوۡكُمۡ مِّنۡ دِیَارِكُمۡ وَ ظٰهَرُوۡا عَلٰۤى اِخۡرَاجِكُمۡ اَنۡ تَوَلَّوۡهُمۡ ۚ وَ

مَنۡ یَّتَوَلَّهُمۡ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۹﴾

اِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ یَنْهَا:(وہ منع کرتا ہے۔روکتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ ھُوَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ھ ی) ناقص یائی۔صیغہ۔نَھٰی یَنْھٰی۔مصدر۔نَھْیٌ۔(منع کرنا۔روکنا)۔ کُمۡ :(تمہیں)ضمی جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ عَنِ: (سے) حرف جار۔ الَّذِیۡنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔قَاتَلُوۡ:(انہوں نے جنگ کی۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ ھُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔قَاتَلَ یُقَاتِلُ۔مصدر۔ مُقَاتَلَةٌ۔(باہم لڑائی کرنا۔جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ یَقْتُلُ۔ مصدر۔ قَتْلًا۔ (جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔کُمۡ:(تمہارے ساتھ)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فِیۡ:(میں)حرف جار۔الدِّیۡنِ:(دین۔ شریعت۔ طریقہ۔) اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔ مرفوع۔وَ: (اور)حرف عطف۔اَخۡرَجُوۡ:(انہوں نے نکال دیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ ھُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخۡرَجَ یُخۡرِجُ۔ مصدر۔اِخۡرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخۡرُجُ۔مصدر۔ خَرۡجًا۔ (نکلنا)۔ کُمۡ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ دِیَارِ:(گھروں)اسم مجرور۔مضاف۔کُمۡ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ظَاهَرُوۡا:(انہوں نے ایک دوسرے کی معاونت کی۔مدد کی۔پشت پناہی کی) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمۡ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلة۔ صیغہ۔ظَاهَرَ یُظَاهِرُ ۔مصدر۔مُظَاهَرَةٌ۔(ظہار کرنا۔ماں کہہ دینا۔مدد کرنا۔باہمی تعاون کے طور پر پشت پناہی کرنا)ثلاثی مجرد۔ باب۔ فتح۔مادہ(ظ ھ ر) صیغہ۔ظَھَرَ یَظۡھَرُ۔مصدر۔ ظُھُوۡرًا۔(ظاہر ہونا۔نمایاں ہونا۔واضح ہونا۔ کھل جانا۔باہر آنا۔چڑھنا)۔ عَلٰی:(پر)حرف جار۔اِخۡرَاجِ:(نکالنا)اسم مجرور۔ مضاف۔کُمۡ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَنۡ:(اگر)حرف مصدریہ۔ناصب مضارع۔ تَوَلَّوۡ:(تم نے پھیر لیا)فعل مضارع۔ جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف

فارقہ۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔ مصدر۔ تَوَلِّیْ۔ (منہ پھیرنا۔ منہ موڑنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ (و ل ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِیَ یَلِیْ۔ مصدر۔ وَلْیًا۔ (پھرنا)۔ هُمْ: (ان سے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ مَنْ: (جو) اسم شرط۔ مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔ محلاً مبتدا اسم مرفوع۔ يَتَوَلَّ: (تم نے پھیر لیا) فعل مضارع۔ واحد مذکر غائب۔ محلاً فعل شرط۔ مجزوم۔ حرف علت ۔ ی۔ محذوف۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔ مصدر۔ تَوَلِّیْ۔ (منہ پھیرنا۔ منہ موڑنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ (و ل ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِیَ یَلِیْ۔ مصدر۔ وَلْیًا۔ (پھرنا)۔ هُمْ: (ان سے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ أُولَئِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر و مؤنث۔ مبتداء مرفوع۔ هُمْ: (وہ) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ برائے تقویۃ۔ الظَّالِمُونَ: (ظلم کرنے والے۔ اندھیر مچانے والے) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ خبر مرفوع۔ جملہ محلاً مجزوم۔ جواب شرط۔

ترجمہ آیت: اللہ ان ہی لوگوں کے ساتھ تم کو دوستی کرنے سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی۔ تو جو لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں۔

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾

يَا: (اے) حرف نداء۔ أَيُّ: (کون سا) منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ هَا: (خبر دار۔ سنو) حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً بدل۔ "أَيُّ "۔ آمَنُوا: (وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت

میں ہونا)۔ إِذَا :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء)مہموز اللام۔صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔جِيئٌ۔مَجِئٌ۔(آنا)۔ كُمُ:(تمہارے پاس)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ الْمُؤْمِنَاتُ:(مومنہ عورتیں)فاعل مرفوع۔ جملہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔مُهَاجِرَاتٍ:(ہجرت کرنے والیاں)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔حال۔فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔اِمْتَحِنُوْ:(تم ان کا امتحان لو۔پرکھ لو۔جانچ لو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔اِمْتَحَنَ يَمْتَحِنُ۔مصدر۔اِمْتِحَانٌ۔(امتحان لینا۔جانچنا۔)هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔أَعْلَمُ:(خوب جاننے والا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔إِيْمَانِ:(ایمان۔یقین)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ:(ان کا)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(تو)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔عَلِمْتُمُوْ:(تم جان لو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔واؤ برائے اشباع و تجمیل۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مُؤْمِنَاتٍ:(مومنہ عورتوں کو۔ایمان دار عورتوں کو)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔محلاً منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔۔لَا :(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَرْجِعُوْ:(تم لوٹاؤ۔واپس کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔محلاً مجزوم فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔رُجُوْعًا۔ مَرْجَعًا۔(۔لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔هُنَّ:(ان)ضمیر جمع مؤنث۔غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔الْكُفَّارِ:(کافروں کی)مبالغہ۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔لَا :(نہ ہی)نافیہ۔هُنَّ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔حِلٌّ:(حلال)خبر مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَحِلُّوْنَ:(وہ حلال ہوں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب ۔نصر۔مادہ(ح ل ل)مضاعف۔صیغہ حَلَّ يَحُلُّ۔مصدر۔حَلًّا۔حُلُوْلًا۔(گرہ کھولنا۔)۔

لَ:(لئے)حرف جار۔هُنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔آتُوْ:(تم دو۔ادا کردو)فعل امر جمع مذکر جمع مذکر۔حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مَّا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَنفَقُوْا:(انہوں نے خرچ کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف ق)صیغہ۔نَفَقَ یَنْفُقُ۔مصدر۔نَفْقًا۔(خرچ ہونا۔فنا ہونا۔ختم ہونا۔استعمال ہو جانا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)لائے نفی جنس۔ناصب اسم۔رافع خبر۔جُنَاحَ:(کوئی گناہ)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً لائے نفی جنس کی خبر مرفوع۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضاف۔ تَنكِحُوْ:(تم نکاح کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ن ک ح)صیغہ۔نَكَحَ یَنْكَحُ۔مصدر۔نِكَاحًا۔(نکاح کرنا۔شادی کرنا) هُنَّ :(وہ)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔آتَيْتُمُوْ:(تم دو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ واؤ برائے اشباع و تجمیل۔ محلاً فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث۔غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔أُجُورَ:(حق۔مہر۔)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔مضاف۔هُنَّ:(ان کے)ضمیر جمع مؤنث ۔غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُمْسِكُوْا:(تم چھوئے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔عالامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَمْسَکَ یُمْسِکُ ۔مصدر۔اِمْسَاکٌ۔(روک رکھنا۔تھام رکھنا)۔بِ:(ساتھ۔میں)حرف جار۔عِصَمِ:(عِصْمَةٌ کی جمع۔عقد۔رسیاں۔نکاح۔)اسم

مجرور۔ مضاف۔ الْكَوَافِرِ:(واحدانیت ۔ نبوت۔ قرآن مجید کا انکار کرنے والیاں) مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ اسْأَلُوا:(تم پوچھو۔ سوال کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(س ء ل)۔ مہموز العین سَالَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سُؤَالًا۔ (پوچھنا دریافت کرنا)۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ أَنفَقْتُمْ:(تم نے خرچ کیا) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔ (خرچ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ن ف ق) صیغہ۔ نَفَقَ يَنْفُقُ۔ مصدر۔ نَفْقًا۔ (خرچ ہونا۔ فنا ہونا۔ ختم ہونا۔ استعمال ہو جانا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لْ:(چاہیئے کہ) لائے امر جازم مضارع۔ يَسْأَلُوا:(وہ پوچھتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ(س ء ل)۔ مہموز العین سَالَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سُؤَالًا۔ (پوچھنا دریافت کرنا)۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أَنفَقُوا:(انہوں نے خرچ کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔ (خرچ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ن ف ق) صیغہ۔ نَفَقَ يَنْفُقُ۔ مصدر۔ نَفْقًا۔ (خرچ ہونا۔ فنا ہونا۔ ختم ہونا۔ استعمال ہو جانا)۔ ذَٰلِكُمْ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر۔ مرکب:(ذَا+لِ+كُمْ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ حُكْمُ:(حکم۔ فیصلہ) خبر مرفوع۔ مضاف۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ يَحْكُمُ:(وہ فیصلہ کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ح ک م) صیغہ۔ حَكَمَ يَحْكُمُ۔ مصدر۔ حُكْمًا۔ (فیصلہ کرنا۔ حکم دینا)۔ بَيْنَ:(درمیان) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ عَلِيمٌ:(خوب جاننے والا) مبالغہ۔ خبر مرفوع۔ حَكِيمٌ:(خوب حکمت والا۔ دانائی والا) مبالغہ۔ خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: مومنو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں وطن چھوڑ کر آئیں تو ان کی آزمائش کر لو۔(اور) اللہ تو ان کے ایمان کو خوب جانتا ہے۔ سو اگر تم کو معلوم ہو کہ مومن ہیں تو ان کو کفار کے پاس واپس نہ بھیجو۔ کہ نہ یہ ان کو حلال ہیں اور نہ وہ ان کو جائز۔ اور جو کچھ انہوں نے(ان پر) خرچ کیا ہو وہ ان کو دے دو۔ اور تم پر کچھ گناہ نہیں کہ ان عورتوں کو مہر دے کر ان سے نکاح کر لو اور

کافر عورتوں کی ناموس کو قبضے میں نہ رکھو (یعنی کفار کو واپس دے دو) اور جو کچھ تم نے ان پر خرچ کیا ہو تم ان سے طلب کر لو اور جو کچھ انہوں نے (اپنی عورتوں پر) خرچ کیا ہو وہ تم سے طلب کر لیں۔ یہ اللہ کا حکم ہے جو تم میں فیصلہ کئے دیتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

وَ:(اور) حرف عطف۔ اِنْ:(اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ فَاتَ:(وہ فوت ہو گیا۔ ہاتھ سے نکل جائے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ف و ت) اجوف واوی۔ صیغہ۔ فَاتَ يَفُوْتُ۔ مصدر۔ فَوْتًا۔ (مر جانا۔ فوت ہو جانا۔ ہاتھ سے نکل جانا)۔ كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ شَيْءٌ:(کوئی چیز) فاعل۔ مرفوع۔ مِّنْ:(سے) حرف جار۔ اَزْوَاجِ:(بیویوں) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِلَى:(طرف) حرف جار۔ الْكُفَّارِ:(کافروں کی) اسم مجرور۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔ عَاقَبْتُمْ:(تم بدلہ لو۔ سزا دو۔ بدلہ حاصل کرو) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلة۔ صیغہ۔ عَاقَبَ يُعَاقِبُ۔ مصدر۔ مُعَاقَبَةٌ۔ (بدلہ لینا۔ سزا دینا۔ بدلہ حاصل کرنا)۔ فَ:(تو) برائے رابطہ جواب شرط۔ اٰتُوْا:(تم دو۔ ادا کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت۔ نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ محلاً مجزوم۔ جواب شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتٰى يَاْتِيْ۔ مصدر۔ اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا)۔ اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ذَهَبَتْ:(وہ چلی گئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ ـتْ ساکن۔ علامت تانیث۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ ذَهَبَ يَذْهَبُ۔ مصدر۔ ذَهَابًا۔ (جانا)۔ اَزْوَاجُ:(بیویاں) فاعل مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کی) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مِّثْلَ:(مانند۔ طرح) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ مضاف۔ مَا:(جو) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔ اَنْفَقُوْا:(انہوں نے خرچ کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔

صیغہ۔ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔ (خرچ کرنا۔)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ن ف ق) صیغہ۔ نَفَقَ يَنْفُقُ۔ مصدر۔ نَفْقًا۔ (خرچ ہونا۔ فنا ہونا۔ ختم ہونا۔ استعمال ہو جانا۔)۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ اتَّقُوْا: : (تم ڈرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (پرہیزگاری کرنا)۔ اللهَ: (اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ الَّذِي: (وہ جو) اسم موصول۔ واحد مذکر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً صفت منصوب۔ اَنْتُمْ: (تم) ضمیر منفصل۔ جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ هِ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔ مُؤْمِنُوْنَ: (مومن کی جمع۔ ایمان والے۔ ایمان دار۔) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً جملہ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اگر تمہاری عورتوں میں سے کوئی عورت تمہارے ہاتھ سے نکل کر کافروں کے پاس چلی جائے (اور اس کا مہر وصول نہ ہوا ہو) پھر تم ان سے جنگ کرو (اور ان سے تم کو غنیمت ہاتھ لگے) تو جن کی عورتیں چلی گئی ہیں ان کو (اس مال میں سے) اتنا دے دو جتنا انہوں نے خرچ کیا تھا اور اللہ سے جس پر تم ایمان لائے ہو ڈرو۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾

يَا: (اے) حرف نداء۔ أَيُّ: (کون سا) منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ هَا: (خبردار۔ سنو) حرف تنبیہ۔ النَّبِيُّ: (نبی۔ پیغمبر) بدل۔ یا صفت مرفوع۔ إِذَا: (جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ جَاءَ: (وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ج ی ء) صیغہ۔ جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا)۔ كَ: (آپ ﷺ کے پاس) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ الْمُؤْمِنَاتُ: (ایماندار عورتیں۔) فاعل مرفوع۔ يُبَايِعْنَ: (وہ بیعت کریں) فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔ نون نسوہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلۃ۔ صیغہ۔ بَايَعَ يُبَايِعُ۔ مصدر۔ مُبَايَعَةٌ۔ (بیعت کرنا۔ باہم بیچنا)۔ كَ: (آپ ﷺ سے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ عَلَىٰ: (پر) حرف جار۔ أَنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔

لَّا:(نہ)نافیہ۔ یُشْرِکْنَ:(وہ شریک ٹھہرائیں گی۔شرک کریں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوہ ۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔ افعال۔ صیغہ۔ اَشْرَکَ یُشْرِکُ۔مصدر۔اِشْرَاکٌ۔(شریک ٹھہرانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ک) صیغہ۔ شَرِکَ یَشْرَکُ۔ مصدر۔شَرْکاً۔(ساتھی بننا۔شریک ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔شَيْئًا:(کسی چیز کو۔کسی کو)منصوب مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔یَسْرِقْنَ:(وہ چوری کریں گی)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ۔(س ر ق)صیغہ۔سَرَقَ یَسْرِقُ۔مصدر۔سَرْقَةٌ۔(چوری کرنا۔چرانا۔)۔وَ:(اور)حرف عطف۔ لَا:(نہ)نافیہ۔ یَزْنِيْنَ:(وہ زنا کریں گی)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ز ن ی)ناقص یائی۔صیغہ۔زَنٰی یَزْنِی۔مصدر۔زِنَاءٌ۔(زنا کرنا۔غیر مرد سے شہوت رانی کرنا)۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔یَقْتُلْنَ:(وہ قتل کریں گی) فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔ قَتَلَ یَقْتُلُ۔مصدر۔ قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔جھگڑا کرنا۔حق سلب کر دینا)۔ اَوْلَادَ:(اولاد۔بچوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هُنَّ:(وہ۔اپنے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتح۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔یَأْتِيْنَ:(وہ لائیں گی۔لگائیں گی))فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (آنا۔دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔بُهْتَانٍ: (بہتان۔ جھوٹ جسے جو سنے حیران ہو جائے۔الزام دینا۔)اسم مجرور۔یَفْتَرِيْنَ:(وہ جھوٹ گھڑتی ہیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔اِفْتَرٰی یَفْتَرِیْ۔مصدر۔ اِفْتِرَاءٌ۔ (بہتان باندھنا۔جھوٹا الزام لگانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ ۔فَرٰی یَفْرِیْ۔ مصدر۔فَرْيًا۔فَرْيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰی بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَی اللَّحْمَ۔اَوْ۔ البَصَلَ)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بَيْنَ:(درمیان۔)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ اَيْدِيْ:(ہاتھوں)اصلاً اَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف بوجہ۔مضاف۔هِنَّ

:(ان۔اپنے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَرْجُلِ:(رِجْلٌ کی جمع۔پاؤں) معطوف مجرور۔هِنَّ:(ان۔اپنے) ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔ يَعْصِينَ:(وہ نافرمانی کریں گی۔) فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ع ص ی)ناقص یائی۔صیغہ۔عَصٰی يَعْصِيْ۔مصدر۔عِصْيَانٌ۔عَصْيًا۔(نافرمانی کرنا)۔كَ:(آپ ﷺ کی۔)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔ مَعْرُوْفٍ:(اچھا کام۔بہترین کام) عِرْفَانٌ مصدر۔اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔بَايِعْ:(بیعت کریں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع اَنْتَ۔هُنَّ:(ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً جواب شرط۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِسْتَغْفِرْ:(اس نے استغفار کیا۔مغفرت طلب کی)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتِغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُنَّ :(ان سے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہ)منصوب۔مفعول بہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہ) إِنَّ کا اسم منصوب۔غَفُوْرٌ:(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔ رَّحِيْمٌ:(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اے پیغمبر! جب تمہارے پاس مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کو آئیں کہ اللہ کے ساتھ نہ شرک کریں گی نہ چوری کریں گی نہ بدکاری کریں گی نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی نہ اپنے ہاتھ پاؤں میں کوئی بہتان باندھ لائیں گی اور نہ نیک کاموں میں تمہاری نافرمانی کریں گی تو ان سے بیعت لے لو اور ان کے لئے اللہ سے بخشش مانگو۔بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً بدل۔"أَيُّ "۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔

فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لَا: (نہ) ناہیہ۔ جازم مضارع۔ تَتَوَلَّوْا: (تم دوستی کرو۔ "اپنوں سے منہ موڑو۔") فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔ مصدر۔ تَوَلِّیْ۔ (منہ پھیرنا۔ منہ موڑنا۔ دوستی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔ مادہ (و ل ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِیَ یَلِیْ۔ مصدر۔ وَلْیًا۔ (پھرنا)۔ قَوْمًا: (قوم۔ لوگوں سے) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ غَضِبَ: (غصہ۔ غضب۔ ناراضی۔) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (غ ض ب) صیغہ۔ غَضِبَ یَغْضَبُ۔ مصدر۔ غَضْبًا۔ (غصہ کرنا۔ ناراض ہونا۔ غضب ناک ہونا)۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔ مرفوع۔ عَلَیْ: (پر) حرف جار۔ هِمْ: (ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ قَدْ: (یقیناً) حرف تحقیق۔ یَئِسُوْا: (وہ ناامید ہو چکے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ حسب۔ مادہ (ی ء س) مثال یائی۔ + مہموز العین۔ صیغہ۔ یَئِسَ یَیْاَسُ۔ مصدر۔ یَاْسًا۔ یَاٰسَةً۔ (ناامید ہونا۔ آس ختم ہونا)۔ مِنَ: (سے) حرف جار۔ الْاٰخِرَةِ: (آخرت۔ قیامت) اسم مجرور۔ كَمَا: (جیسا کہ) مرکب: (كَ+مَا) حرف جار + مصدریہ۔ یَئِسَ: (وہ مایوس ہوا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ حسب۔ مادہ (ی ء س) مثال یائی۔ + مہموز العین۔ صیغہ۔ یَئِسَ یَیْاَسُ۔ مصدر۔ یَاْسًا۔ یَاٰسَةً۔ (ناامید ہونا۔ آس ختم ہونا)۔ الْكُفَّارُ: (بہت زیادہ کفر کرنے والے۔ انتہائی انکار کرنے والے) مبالغہ۔ فاعل۔ مرفوع۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ أَصْحَابِ: (ساتھی۔ دوست۔ والے) اسم مجرور۔ مضاف۔ الْقُبُوْرِ: (قبر کی جمع۔ قبروں کے) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مومنو! ان لوگوں سے جن پر اللہ غصے ہوا ہے دوستی نہ کرو (کیونکہ) جس طرح کافروں کو مردوں (کے جی اُٹھنے) کی امید نہیں اسی طرح ان لوگوں کو بھی آخرت (کے آنے) کی امید نہیں۔

61 سُوْرَةُ الصَّفِّ

رکوعاتھا 2 — 61 سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ 109 — اٰیاتھا 14

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾

سَبَّحَ :(اس نے تسبیح کی۔امور کو جلدی جلدی سر انجام دیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(بہت تیزی سے عمل کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ يَسْبَحُ۔مصدر۔سَبْحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب:(لِ + اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔مضاف۔ مَا :(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔السَّمَاوَاتِ: (آسمانوں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ معطوف۔فِي:(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ: (زمین)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْعَزِيْزُ :(زبردست عزت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الْحَكِيْمُ :(خوب حکمت والا) مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو چیز آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے سب اللہ کی تنزیہ کرتی ہے اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً بدل۔"أَيُّ "۔آمَنُوا :(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لِمَ :(کیوں۔کس لئے)مرکب:(لِ+مَ)حرف جار+استفہامیہ۔الف محذوف۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔

تَقُوْلُوْنَ:(تم کہتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ ضمیر مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَفْعَلُوْنَ:(تم کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ فَعَلَ يَفْعَلُ۔ مصدر۔ فَعَلًا۔(کرنا۔ ہونا)

ترجمہ آیت: مومنو! تم ایسی باتیں کیوں کہا کرتے ہو جو کیا نہیں کرتے۔

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۳﴾

كَبُرَ:(وہ بڑا سخت ہے۔ وہ بھاری ہو گیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب کرم۔ مادہ(ک ب ر)صیغہ۔ كَبُرَ يَكْبُرُ۔ مصدر۔ كِبَرًا۔(بھاری ہونا۔ سخت ہونا)۔ مَقْتًا:(بیزار ہونا۔ بیزاری۔ ناپسندیدہ۔)منصوب۔ تمیز۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ جازم مضارع۔ تَقُوْلُوْا:(وہ کہیں)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ منصوب۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَفْعَلُوْنَ:(تم کہتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ صیغہ۔ فَعَلَ يَفْعَلُ۔ مصدر۔ فَعَلًا۔(کرنا۔ ہونا۔)

ترجمہ آیت: اللہ اس بات سے سخت بیزار ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ﴿۴﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)اِنَّ کا اسم منصوب۔ يُحِبُّ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَحَبَّ يُحِبُّ۔ مصدر۔ اِحْبَابٌ۔(پسند کرنا۔ محبت کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ح ب ب)مضاعف۔ صیغہ۔ حَبَّ يَحِبُّ۔ مصدر۔ حَبًّا۔ حُبًّا۔(چاہنا۔ پسند کرنا۔ پسندیدہ۔ پسند کیا جانا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔

يُقَاتِلُوْنَ:(جو قتال کرتے ہیں۔جنگ کرتے ہیں) فعل مضارع۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔ مصدر۔ مُقَاتَلَةٌ۔(باہم لڑائی کرنا۔جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔ (جان سے مار دینا۔جھگڑا کرنا۔حق سلب کر دینا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔صَفًّا:(صف بستہ)منصوب۔مفعول بہ۔ كَأَنَّ:(گویا کہ)حرف تشبیہ۔+مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً كَأَنَّ کا اسم منصوب۔بُنْيَانٌ:(دیوار۔عمارت) كَأَنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔مَّرْصُوْصٌ:(سیسہ پلائی ہوئی۔سکہ کی بنی ہوئی)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جولوگ اللہ کی راہ میں (ایسے طورپر) پرے جما کر لڑتے کہ گویا سیسہ پلائی دیوار ہیں وہ بے شک محبوب کردگار ہیں۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۭ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝5

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذْ:(جب)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فعل "اُذْكُرْ" محذوف۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ مُوْسٰى:(موسیٰؑ نے) فاعل مرفوع۔لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔قَوْمِ:(قوم)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَا:(اے)قَوْمِ:(میری قوم)مرکب۔(قَوْمِ+ی)منادیٰ۔تقدیراً منصوب۔مضاف۔کسرہ برائے اتصال۔یائے محذوفہ۔مجرور مضاف الیہ۔لِمَ:(کیوں۔کس لئے)مرکب:(لِ+مَ)حرف جار+استفہامیہ۔الف محذوف۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔تُؤْذُوْنَ:(تم ایذا دیتے ہو۔تکلیف پہنچاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰذٰى يُؤْذِيْ۔مصدر۔اِيْذَاءًا۔(ایذا دینا۔تکلیف پہنچانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔سمع۔مادہ(ء ذ ی)مہموز الفاء+ناقص یائی۔صیغہ اذى ياذى۔مصدر۔اَذًى۔اَذَاةً۔اَذِيَةً۔(دکھ دینا۔تکلیف دینا)۔ نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(حالانکہ)

حالیہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔تَّعْلَمُوْنَ :(تم جانتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔أَنِّي:(یقیناًمیں)مرکب:(أَنِّ+يْ)۔أَنِّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔يْ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ رَسُوْلُ: (پیغمبر)أَنِّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)استئنافیہ۔لَمَّا(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔حِیْنَ کاہم معنی۔زَاغُوْا:(وہ پھیر گئے۔مڑ گئے۔وہ ٹیڑھے ہوگئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔محلاً فعل شرط۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ۔(ز ی غ۔)اجوف یائی۔صیغہ۔زَاغَ یَزِیْغُ۔مصدر۔زَیْغًا۔(رخ بدلنا۔چوکنا۔پھر جانا۔کجی ہونا)۔ أَزَاغَ:(وہ پھیر دیا۔موڑ دیا۔ٹیڑھے کر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَزَاغَ یَزِیْغُ ۔مصدر۔اِزَاغَۃٌ۔(ٹیڑھا کر دینا۔موڑ دینا۔پھیر دینا)۔ثلاثی مجرد۔ باب۔ضرب۔مادہ۔(ز ی غ۔)اجوف یائی۔صیغہ۔زَاغَ یَزِیْغُ۔مصدر۔زَیْغًا۔(رخ بدلنا۔چوکنا۔پھر جانا۔کجی ہونا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ نے)فاعل۔مرفوع۔ قُلُوْبَ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یَهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی یَهْدِیْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔ هَدَایَۃٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ الْقَوْمَ:(قوم۔لوگ) منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ الْفَاسِقِیْنَ:(نافرمانی کرنے والے۔بدکردار لوگ)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً صفت منصوب۔ علامت۔ی۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور وہ وقت یاد کرنے کے لائق ہے جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اے قوم! تم مجھے کیوں ایذا دیتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو کہ میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں۔تو جب ان لوگوں نے کج روی کی اللہ نے بھی ان کے دل ٹیڑھے کر دیئے۔اور اللہ نافرمانوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

وَاِذْ قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًا

بِرَسُوۡلٍ یَّاۡتِیۡ مِنۡۢ بَعۡدِی اسۡمُہٗۤ اَحۡمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَہُمۡ بِالۡبَیِّنٰتِ قَالُوۡا ہٰذَا سِحۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۶﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔إِذْ :(جب)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔فعل "اُذۡکُرۡ"محذوف۔عِيسَى:(عیسیٰ علیہ السلام نے)فاعل۔مرفوع۔موصوف۔ ابْنُ :(بیٹا)بدل۔" عِیسیٰ علیہ السلام "مبدل منہ۔صفت۔مرفوع۔مضاف۔مَرْيَمَ :(مریم رضی اللہ عنہا کا)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَا:(اے)حرف نداء۔بَنِي:(بیٹو!)اصلاًبَنِیۡنَ تھا۔منادیٰ۔ تقدیراً منصوب۔نون محذوف۔بوجہ مضاف۔ إِسْرَائِيلَ:(اسرائیل)غیر منصرف۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔إِنِّي :(یقیناً میں)مرکب:(إِنّ+يِ) ۔ إِنِّ:(یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کسرہ بوجہ ما بعد یائے متکلم۔يِ:(میں)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔رَسُولُ:(پیغمبر) إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كُمْ :(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُّصَدِّقًا:(تصدیق کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر ۔محلاً منصوب۔حال۔ لِّمَا:(اس کو جسے)مرکب:(لِ+مَا)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ بَيْنَ:(درمیان)ظرف مکان ۔منصوب۔مضاف۔ يَدَيَّ :(میرے دونوں ہاتھوں)مرکب:(يَدَيْ+ی)اصلاً تھا۔(يَدَيۡنِ+یۡ)نون تثنیہ۔محذوف بوجہ مضاف۔+یائے متکلم۔ی۔ مجرور مضاف الیہ۔۔کا ادغام ہوا۔تثنیہ کی ی میں۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ التَّوْرَاةِ :(تورات)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مُبَشِّرًا:(بشارت دینے والا۔خوشخبری دینے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔معطوف۔منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔رَسُولٍ:(پیغمبر)اسم مجرور۔يَأْتِي:(وہ آئے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیَ یَاتِیۡ۔مصدر۔اِتۡیَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بَعْدِ:(بعد)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اسْمُ:(نام)مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَحْمَدُ:(احمد ﷺ)افعل التفضیل۔بر وزن اَفۡعَلُ۔یا(مبالغہ فاعل+مفعول بھی ہو سکتا ہے"زیادہ تعریف کرنے والا"یا"زیادہ تعریف کیا گیا")منع صرف۔خبر مرفوع۔ فَ:(پھر)استئنافیہ۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔محلاً فعل

شرط۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ جَاءَ یَجِیْئُ۔ جِیئٌ۔ مَجِیْءٌ۔ (آنا) ۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی برسکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْبَيِّنَاتِ:(ثبوتوں کے۔دلائل۔واضح احکام ونشانیوں کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ محلاً جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ول) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ هٰذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔سِحْرٌ:(جادو)خبر مرفوع۔موصوف۔ مُّبِيْنٌ:(کھلم کھلا)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور(وہ وقت بھی یاد کرو) جب مریمؑ کے بیٹے عیسیٰ نے کہا کہ اے بنی اسرائیل میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں(اور) جو(کتاب) مجھ سے پہلے آچکی ہے(یعنی) تورات اس کی تصدیق کرتا ہوں اور ایک پیغمبر جو میرے بعد آئیں گے جن کا نام احمد ﷺ ہوگا ان کی بشارت سناتا ہوں۔(پھر) جب وہ ان لوگوں کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تو کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو ہے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(کون؟)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَظْلَمُ:(زیادہ ظالم)افعل التفضیل۔محلاً خبر مرفوع۔ مِمَّنِ:(اس میں سے جو)مرکب:(مِّنْ+مَّنْ)حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ افْتَرٰى: (اس نے جھوٹ باندھا۔افتراء کیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ افتعال۔ صیغہ۔اِفْتَرٰى يَفْتَرِىْ۔مصدر۔ اِفْتِرَاءٌ۔(بہتان باندھنا۔جھوٹا الزام لگانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ف ر ی)ناقص یائی۔ صیغہ ۔فَرٰى يَفْرِىْ۔مصدر۔فَرْيًا۔فَرْيَةً۔(بکری کا پیٹ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔گوشت۔یا۔پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔فَرٰى بَطْنَ الشَّاةِ۔فَرَى اللَّحْمَ۔اَوْ۔ البَصَلَ)۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ الْكَذِبَ :(جھوٹ)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکرغائب۔مبنی برفتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔يُدْعٰى:(وہ بلایا جاتا ہے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکرغائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔اور محلاً منصوب۔حال۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔

مصدر۔ دَعْوَةٌ۔(پکارنا۔بلانا)۔ اِلَی:(طرف)حرف جار۔ الْاِسْلَامِ:(اسلام)اسم مجرور۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔ هَدٰی يَهْدِيْ۔ تقدیراً مضموم۔مصدر۔ هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ الْقَوْمَ:(قوم۔لوگ)منصوب مفعول بہٖ۔موصوف۔ الظّٰلِمِيْنَ:(ظلم کرنے والوں کو۔اندھیر مچانے والوں کو)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اس سے ظالم کون کہ بلایا تو جائے اسلام کی طرف اور وہ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے۔اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸﴾

يُرِيْدُوْنَ:(وہ چاہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَرَادَ يُرِيْدُ۔ مصدر۔ اِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د) صیغہ۔ رَادَ يَرُوْدُ : (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ يُطْفِؤُوْا:(وہ بجھائیں)فعل مضارع جمع مذکر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَطْفٰی يُطْفِيْ۔مصدر۔ اِطْفَاءًا۔(بجھانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(بجھنا۔دیا۔یا آگ کا بجھنا) نُوْرَ:(نور کو۔روشنی کو۔ہدایت کو)منصوب مفعول بہٖ۔ مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کی)مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔ اَفْوَاهِ:(فَمٌ کی جمع۔ مونہوں)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ :(ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ مُتِمٌّ:(تمام کرنے والا) اِتْمَامٌ مصدر۔اسم فاعل۔خبر مرفوع۔مضاف۔ نُوْرِ:(ہدایت۔روشنی۔)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔ كَرِهَ:(اس نے ناپسند کیا۔نفرت کی۔کراہت کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً فعل شرط۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ک ر ھ)صیغہ۔ كَرِهَ يَكْرَهُ۔مصدر۔ كَرْهًا۔ كُرْهًا۔ (نفرت کرنا۔ناپسند کرنا۔کراہت کرنا)۔ الْكَافِرُوْنَ:(کفر کرنے والے۔قوانین الٰہی سے بغاوت کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً جواب شرط۔اور منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے (چراغ) کی روشنی کو منہ سے (پھونک مار کر) بجھادیں۔ حالانکہ اللہ اپنی روشنی کو پورا کر کے رہے گا خواہ کافر ناخوش ہی ہوں۔

هُوَ الَّذِيٓ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَهٗ بِالۡهُدٰی وَدِيۡنِ الۡحَقِّ لِيُظۡهِرَهٗ عَلَى الدِّيۡنِ كُلِّهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُشۡرِكُوۡنَ ﴿۹﴾

هُوَ:(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي:(وہ جو) اسم موصول۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً خبر مرفوع۔ أَرۡسَلَ:(اس نے بھیجا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرۡسَلَ يُرۡسِلُ۔ مصدر۔ اِرۡسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ يَرۡسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَةً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ رَسُولَ:(پیغمبر کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مضاف۔ هٗ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ الۡهُدٰی:(ہدایت) اسم مجرور۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ دِيۡنِ:(دین۔ طریقہ۔ اصول۔ شریعت) معطوف مجرور۔ مضاف۔ الۡحَقِّ :(حق۔ سچ) مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(تاکہ) لائے تعلیل۔ ناصب مضارع۔ يُظۡهِرَ:(ظاہر کرے۔ غالب کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَظۡهَرَ يُظۡهِرُ۔ مصدر۔ اِظۡهَارًا۔ (غالب کرنا۔) ثلاثی مجرد۔ باب۔ فتح۔ مادہ (ظ ھ ر) صیغہ۔ ظَهَرَ يَظۡهَرُ ۔ مصدر۔ ظُهُوۡرًا۔ (ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔ واضح ہونا۔ کھل جانا۔ باہر آنا)۔ هٗ :(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَلَى:(پر) حرف جار۔ الدِّيۡنِ:(دین۔ شریعت۔ طریقہ) اسم مجرور۔ كُلِّ:(تمام کا تمام۔) برائے تاکید۔ مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ هٖ:(اس کے) ضمیر واحد مذکر۔ مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ لَوۡ:(اگر) حرف شرط۔ غیر جازم۔ كَرِهَ:(اس نے ناپسند کیا۔ نفرت کی۔ کراہت کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ک ر ھ) صیغہ۔ كَرِهَ يَكۡرَهُ ۔ مصدر۔ كَرۡهًا۔ كُرۡهًا۔ (نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ کراہت کرنا)۔ الۡمُشۡرِكُوۡنَ:(شریک ٹھہرانے والے۔) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ جملہ محلاً منصوب۔ وجواب شرط محذوف۔

ترجمہ آیت: وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبر کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تاکہ اسے اور سب دینوں پر غالب کرے خواہ مشرکوں کو برا ہی لگے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا هَلۡ اَدُلُّكُمۡ عَلٰی تِجَارَةٍ تُنۡجِيۡكُمۡ مِّنۡ عَذَابٍ اَلِيۡمٍ ﴿۱۰﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی برفتحہ۔محلاً بدل۔"أَيُّ "۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔أَدُلُّ:(میں دلیل دوں۔ثبوت دوں۔بتاؤں)فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ل ل)مضاعف۔صیغہ۔دَلَّ يَدُلُّ۔مصدر۔دَلَالَةٌ۔(ثبوت دینا۔دلیل دینا۔وضاحت سے بتانا)۔ كُمْ :(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ عَلَى:(پر۔کے)حرف جار۔ تِجَارَةٍ:(تجارت۔کاروبار)اسم مجرور۔تُنْجِي:(وہ نجات دے گی۔بچالے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْجٰی يُنْجِي۔مصدر۔اِنْجَاءٌ۔(نجات دینا۔بچانا) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ج و) ناقص واوی۔نَجَا يَنْجُو۔مصدر۔نَجْوٰی۔نَجْوًا(بچنا)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ مِّنْ :(سے)حرف جار۔عَذَابٍ:(عذاب۔سزا۔دکھ)اسم مجرور۔موصوف۔ أَلِيمٍ:(دردناک۔انتہائی دکھ دینے والا)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: مومنو! میں تم کو ایسی تجارت بتاؤں جو تمہیں عذاب الیم سے مخلصی دے

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾

تُؤْمِنُوْنَ :(تم ایمان لاتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔تُجَاهِدُوْنَ:(تم جہاد کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔ جَاهَدَ يُجَاهِدُ۔

مصدر۔مُجَاهَدَةٌ(کوشش کرنا۔جہاد کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ھ د)صیغہ۔جَهَدَ يَجْهَدُ۔ مصدر۔ جَهْدًا۔ (کوشش کرنا۔جدوجہد کرنا۔محنت کرنا۔اپنے آپ کو تھکادینا)۔فِي:(میں)حرف جار۔سَبِيْلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔أَمْوَالِ:(مال و دولت)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکرحاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْفُسِ:(جانوں کے)معطوف مجرور۔مضاف۔ كُمْ: (تمہاری۔اپنی)ضمیر جمع مذکرحاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ذٰلِكُمْ :(وہ)اسم اشارہ بعید۔ جمع مذکر۔مرکب: (ذَ+لِ+كُمْ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+جمع خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔خَيْرٌ:(بہتر۔اچھا)خبر مرفوع۔لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔إِنْ:(اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ماضی جمع حاضر۔محلاًفعل شرط مجزوم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔تَعْلَمُوْنَ(تم جانتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔ محلاًجملہ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: (وہ یہ کہ) اللہ پر اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو۔اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾

يَغْفِرْ:(وہ مغفرت کرے۔)فعل مضارع واحد مذکر۔مجزوم۔ محل اعراب۔ساکن۔محلاًجواب طلب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر) صیغہ۔غَفَرَ يَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ۔مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔لَ:(لئے) حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ ذُنُوبَ:(گناہوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارے) ضمیر جمع مذکرحاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُدْخِلْ:(وہ داخل کرے گا) فعل مضارع واحد مذکر۔مجزوم۔ محل اعراب۔ساکن۔محلاًجواب طلب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب

افعال۔صیغہ۔اَدْخَلَ یُدْخِلُ۔مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)۔صیغہ۔دَخَلَ یَدْخُلُ۔ مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔کُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔جَنّٰتٍ:(جَنَّةٌ کی جمع۔باغات۔)منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہٖ ثانی۔تَجْرِيْ:(بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر هِيَ۔تقدیرا مضموم۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی یَجْرِیْ۔مصدر۔ جِرْیَانٌ۔ (بہنا۔جاری ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔تَحْتِ:(نیچے) ظرف مکان۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔الْأَنْهٰرُ:(نہریں۔)فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَسٰكِنَ :(مَسْكَنٌ کی جمع۔جگہیں۔مقامات۔مکانات)معطوف منصوب۔جَنّٰتٍ معطوف علیہ۔ظرف مکان۔منصوب۔موصوف۔ طَيِّبَةً :(عمدہ۔صاف ستھری۔)منصوب صفت۔تابع موصوف۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ جَنّٰتِ :(جَنَّةٌ کی جمع۔باغات۔)اسم مجرور۔مضاف۔عَدْنٍ:(ہمیشہ رہنے والے۔سرسبز وشاداب۔ایور گرین)مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ "مَسٰكِنَ " کی صفت منصوب۔ ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ الْفَوْزُ:(کامیابی)مشارٌ الیہ۔محلاً خبر مرفوع۔موصوف۔ الْعَظِيْمُ:(بہت بڑی) مبالغہ۔صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تم کو باغہائے جنت میں جن میں نہریں بہہ رہیں ہیں اور پاکیزہ مکانات میں جو بہشت ہائے جاودانی میں (تیار) ہیں داخل کرے گا۔یہ بڑی کامیابی ہے۔

وَأُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أُخْرٰى:(ایک دوسری چیز)منصوب۔مفعول بہٖ۔تُحِبُّوْنَ:(تم پسند کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَهُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ يُحِبُّ۔مصدر۔اِحْبَابٌ۔(محبت کرنا۔محبوب رکھنا۔پسند کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔صیغہ۔حَبَّ يَحِبُّ۔مصدر۔حَبًّا۔حُبًّا۔(چاہنا۔پسند کرنا۔پسند دیدہ۔پسند کیا جانا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ نَصْرٌ :(مدد۔امداد۔)خبر۔مرفوع۔مبتداء محذوف۔تقدیراً"هِيَ"۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل

جلالہ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔فَتْحٌ :(فتح۔کامیابی)معطوف مجرور۔ شبہ جملہ خبر مرفوع۔موصوف۔قَرِيْبٌ:(قریب۔جلدی۔قریبی۔فوری۔نزدیکی۔قریب والی)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔ وَ:(اور) حرف حرف۔بَشِّرِ :(توخوشخبری دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔محل اعراب ساکن۔کسرہ برائے اتصال۔بوجہ التقائے ساکنین۔فاعل ضمیر تقدیراً انت۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَشَّرَ يُبَشِّرُ۔ مصدر۔تَبْشِيْرًا۔ (خوشخبری سنانا)۔ الْمُؤْمِنِيْنَ:(مُؤْمِنٌ کی جمع۔)منصوب۔مفعول بہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور ایک اور چیز جس کو تم بہت چاہتے ہو(یعنی تمہیں) اللہ کی طرف سے مدد(نصیب ہوگی) اور فتح عنقریب ہوگی اور مومنوں کو(اس کی) خوشخبری سنادو۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَ كَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿۱۴﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی برفتحہ۔محلاًبدل۔"أَيُّ "۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ كُوْنُوْا:(ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ محلاًكَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ أَنْصَارَ:(مددگار)كَانَ کی خبر منصوب۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ۔كَمَا:(جیسا کہ)مرکب :(كَ+مَا)حرف تشبیہ۔جار۔+مصدریہ۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ عِيْسَى :(عیسیٰؑ نے)فاعل۔مرفوع۔ابْنُ:(بیٹا)بدل۔یاصفت۔مرفوع۔مضاف۔مَرْيَمَ:(مریم رضی اللہ عنہا)غیر منصرف۔مجرور مضاف الیہ۔ لِ:(لئے۔کو)حرف جار۔الْحَوَارِيِّيْنَ:(حَوَارِيٌّ کی جمع۔ صحابیوں۔"دھوبیوں"

دوسرا معنی ہے۔ کہ حَوْرٌ کا معنی ہے سفیدی۔ حضرت عیسیٰ کے ساتھی سفید کپڑے پہنتے تھے۔واللہ اعلم بالصواب) اسم مجرور۔ علامت۔ی۔ مَنْ:(جو)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ مبتداء مرفوع۔ أَنصَارِ:(نَاصِرٌ کی جمع۔ مدد گار)خبر مرفوع۔مضاف۔ يْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ إِلَى:(طرف۔)حرف جار۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ الْحَوَارِيُّوْنَ: (حَوَارِيٌّ کی جمع۔ صحابیوں۔ساتھیوں۔نے) فاعل۔مرفوع۔نَحْنُ :(ہم)ضمیر منفصل۔ جمع متکلم۔مبنی برضمہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ أَنصَارُ:(نَاصِرٌ کی جمع۔مدد گار)خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)استئنافیہ۔آمَنَتْ:(وہ ایمان لائی۔تسلیم کیا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔طَّائِفَةٌ:(جماعت) فاعل۔مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ بَنِيْ:(بیٹوں)اصلاً بَنِيْنَ تھا۔نون جمع محذوف۔بوجہ مضاف۔ إِسْرَائِيْلَ:(اسرائیل۔لقب حضرت یعقوبؑ)غیر منصرف۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔كَفَرَتْ:(اس نے انکار کیا۔) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔ علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔ طَّائِفَةٌ:(ایک جماعت نے)فاعل مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔أَيَّدْنَا:(ہم نے تائید کی۔ہم نے طاقت بخشی)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔أَيَّدَ يُؤَيِّدُ۔مصدر۔تَأْيِيْدًا۔(تائید کرنا۔مدد کرنا۔قوت بخشنا)۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ آمَنُوْا :(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٴ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔عَلَى :(پر)حرف جار۔ عَدُوِّ:(دشمن)اسم مجرور۔ مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پھر)حرف

عطف۔أَصْبَحُوْا:(وہ ہوگئے)فعل ناقص ماضی۔جمع مذکر۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔کا اَصْبَحَ اسم مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصْبَحَ یُصْبِحُ۔مصدر۔اِصْبَاحًا۔اِصْبَاحٌ۔(ہو جانا۔ صبح ہونا)۔ظَاهِرِيْنَ: (ظاہر ہونے والے۔غلبہ پانے والے۔قابو پانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاَصْبَحَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: مومنو! اللہ کے مددگار بن جاؤ جیسے عیسیٰ ابن مریم نے حواریوں سے کہا کہ بھلا کون ہیں جو اللہ کی طرف (بلانے میں) میرے مددگار ہوں۔حواریوں نے کہا کہ ہم اللہ کے مددگار ہیں۔تو بنی اسرائیل میں سے ایک گروہ تو ایمان لے آیا اور ایک گروہ کافر رہا۔ آخر الامر ہم نے ایمان لانے والوں کو ان کے دشمنوں کے مقابلے میں مدد دی اور وہ غالب ہو گئے۔

62 سُوۡرَۃُ الۡجُمُعَةِ

رکوعاتھا 2 62 سُوۡرَۃُ الۡجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ 110 اٰیاتھا 11

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ الۡمَلِکِ الۡقُدُّوۡسِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَکِیۡمِ ﴿۱﴾

یُسَبِّحُ:(وہ تسبیح کرتی ہے۔ تفویضہ امور کو جلدی سے سرانجام کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔سَبَّحَ يُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسْبِيْحًا۔(بہت تیزی سے عمل کرنا۔پاکیزگی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ يَسْبَحُ۔مصدر۔سَبْحًا۔(تیرنا۔ تسبیح کرنا)۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)۔مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔ مَا :(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔مبتداء مرفوع۔ فِي : (میں)حرف جار۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ معطوف۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ الْمَلِكِ:(مالک)بدل ۔ اللّٰهِ مبدل منہ۔متبوع۔یا صفت اوّل مجرور۔ الْقُدُّوسِ :(انتہائی پاک)مبالغہ۔ بدل۔ اللّٰهِ مبدل منہ۔متبوع۔یا صفت ثانی مجرور۔الْعَزِيْزِ:(زبردست عزت والا) مبالغہ۔ بدل ۔ اللّٰهِ مبدل منہ۔ متبوع۔یا صفت ثالث مجرور۔ الْحَكِيْمِ :(خوب حکمت والا) مبالغہ۔ بدل ۔ اللّٰهِ مبدل منہ۔ متبوع۔یاصفت رابع مجرور۔

ترجمہ آیت: جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے سب اللہ کی تسبیح کرتی ہے جو بادشاہ حقیقی پاک ذات زبردست حکمت والا ہے۔

ھُوَ الَّذِیۡ بَعَثَ فِی الۡاُمِّیّٖنَ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ یَتۡلُوۡا عَلَیۡهِمۡ اٰیٰتِهٖ وَ یُزَکِّیۡهِمۡ وَ یُعَلِّمُهُمُ الۡکِتٰبَ وَ الۡحِکۡمَةَ ٭ وَ اِنۡ کَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ لَفِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۲﴾

هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول ۔واحد مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً خبر مرفوع۔ بَعَثَ:(اس نے بھیجا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع

ث)۔صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(اٹھانا۔کھڑا کرنا۔بھیجنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔الْأُمِّيِّينَ:(وہ لوگ جو عجمی اعراق سے ہجرت کر کے آئے تھے۔ان کو عرب۔عربی نہیں مانتے تھے۔ان کو عجمی کہتے تھے جو ترجمہ ہمارے علماء کرتے ہیں۔معجزہ کے طور پر لیتے ہیں۔جو حقیقتاً غلط فہمی ہے۔کہ آپ ان پڑھ تھے۔جو ماں کے شکم سے آتا ہے سب ان پڑھ ہوتے ہیں۔بعد میں سکول کالج۔جاتا ہے سیکھتا ہے۔وہ سب کچھ اللہ کی مرضی سے ہوتا ہے۔اس کی مرضی کے بغیر پتہ نہیں ہلتا۔اسی طرح سب کے ساتھ سلوک ہوتا ہے۔ہمارے نزدیک ان پڑھ ہونا ایک نازیبا لفظ ہے جو گنوار کے لئے بولا جاتا ہے۔میرے نبی اکرم کے پاس سب سے زیادہ علم تھا۔آپ کے دادا نے مکہ میں ایک یونیورسٹی بنائی جس کا نام دار ارقم تھا۔کیا ایسے لوگ ان پڑھ ہوسکتے ہیں اور ان کی اولادیں ان پڑھ ہوں گی؟حضرت ابو طالب اور دیگر کے قصیدے آج بھی موجود ہیں۔یہ لوگ معجزوں کا سہارا لے کر ان پڑھ کہتے ہیں۔میرے نبی اکرم ان پڑھ نہ تھے۔آپ لکھتے بھی تھے اور پڑھتے بھی تھے۔"وَقَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلَىٰ عَلَيْهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ﴿٥﴾" کہتے ہیں یہ پرانے لوگوں کی لکھی ہوئی چیزیں ہیں جنہیں یہ شخص نقل کرتا ہے اور وہ اسے صبح و شام سنائی جاتی ہیں ۔سورہ فرقان)رَسُولًا:(پیغمبر)منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ يَتْلُو:(وہ پڑھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ت ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔تَلَا يَتْلُو۔مصدر۔ تِلَاوَةٌ(تلاوت کرنا۔پڑھ کر سنانا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر حاضر۔دمبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ آيَاتِ:(آیات)جمع مؤنث مکسر۔منصوب مفعول بہ۔بالکسرہ۔مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُزَكِّي:(وہ تزکیہ کرتا ہے۔ذہنی نشو و نما۔کرتا ہے۔یعنی برین واشنگ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔زَكَّى يُزَكِّي مصدر۔ تَزْكِيَةٌ۔(پختہ کرنا۔نشوونما کرنا۔برین واشنگ کرنا۔"پاک کرنا"اس معنی سے میرا اتفاق نہیں)ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔فتح۔ سمع۔علی الترتیب۔مادہ(ز ک و)ناقص واوی۔صیغہ۔زَكَىٰ يَزْكُو۔مصدر۔زَكَاءًا۔زَكَىٰ يَزْكَىٰ ۔مصدر۔زَكَاءًا۔زَكِيَ يَزْكَىٰ مصدر۔زَكْوًا۔ هِمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُعَلِّمُ:(وہ سکھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَلَّمَ يُعَلِّمُ ۔ مصدر۔تَعْلِيمًا۔(تعلیم دینا۔سکھانا)۔ثلاثی

مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (سیکھنا)۔ هُمُ: (ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ضمہ برائے اتصال۔الْكِتٰبَ:(کتاب)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْحِكْمَةَ:(حکمت۔دانائی)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ضمیر جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) ناصب خبر۔رافع اسم۔صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔قَبْلُ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔فِيْ:(میں)حرف جار۔ضَلٰلٍ:(گمراہی۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔مُّبِيْنٍ:(صریحاً۔واضح۔کھلم کھلا)صفت۔مجرور۔تابع۔موصوف۔

ترجمہ آیت: وہی تو ہے جس نے ان پڑھوں میں ان ہی میں سے (محمد ﷺ) کو پیغمبر (بنا کر) بھیجا جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے اور ان کو پاک کرتے اور (اللہ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں۔اور اس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔

وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اٰخَرِيْنَ:(اٰخَرُ کی جمع۔دوسرے لوگ)معطوف مجرور۔علامت۔ی۔" الْاُمِّيّٖنَ "معطوف علیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً مجرور صفت۔لَمَّا:(ابھی تک نہیں)حرف نفی جحد بِلَمَّا۔جازم مضارع۔قالب۔يَلْحَقُوْا:(وہ ملے۔وہ پہنچے۔انہوں نے جالیا۔الحاق کرلیا)فعل مضارع جمع مذکر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب۔سمع۔مادہ(ل ح ق)صیغہ۔لَحِقَ يَلْحَقُ۔ مصدر۔لَحَاقًا۔لُحُوْقٌ۔(ملنا۔الحاق کرنا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الْعَزِيْزُ:(زبردست عزت والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔الْحَكِيْمُ:(خوب حکمت والا) مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور ان میں سے اور لوگوں کی طرف بھی (ان کو بھیجا ہے) جو ابھی ان (مسلمانوں سے) نہیں ملے۔اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۴﴾

ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ)مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔فَضْلُ:(فضل۔کرم۔مہربانی۔ضرورت سے زیادہ)خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ يُؤْتِيْ:(وہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔هِ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی جملہ محلاً منصوب۔حال۔ يَشَآءُ(وہ چاہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ ذُوْ: (والا)خبر مرفوع۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔ الْفَضْلِ:(فضل۔کرم۔ضرورت سے زیادہ)مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ الْعَظِيْمِ:(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾

مَثَلُ:(مثال)مبتداء مرفوع۔مضاف۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ حُمِّلُوْا:(بوجھ ڈالا گیا۔لادا گیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔نائب فاعل۔ ضمیر۔ مستتر تقدیراً هُمْ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ تفعیل۔صیغہ۔حَمَّلَ يُحَمِّلُ۔مصدر۔تَحْمِيْلًا۔(اٹھانا۔لادنا۔بوجھ رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا۔حاملہ ہونا)۔التَّوْرَاةَ :(تورات)منصوب۔مفعول بہٖ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ يَحْمِلُوْ:(انہوں نے اٹھایا)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر۔ مستتر تقدیراً هُمْ ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔حَمْلًا۔ (اٹھانا۔حاملہ ہونا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ كَ:(جیسی)حرف تشبیہ و

جار۔مَثَلِ:(مثال)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔"مَثَلُ"مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الْحِمَارِ:(گدھے کی)مجرور مضاف الیہ۔يَحْمِلُ:(وہ اٹھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر۔ مستتر تقدیراًهُوَ ۔ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا۔حاملہ ہونا)۔أَسْفَارًا:(سِفْرٌ کی جمع۔ بڑی بڑی کتابیں) منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔بِئْسَ:(برے)فعل ذم ماضی۔جامد۔اس سے صیغے نہیں آتے۔محلاًصفت۔منصوب۔مَثَلُ:(مثال)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ الْقَوْمِ:(قوم)مجرور مضاف الیہ۔ الَّذِينَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔كَذَّبُوا:(انہوں ن جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر۔ مستتر تقدیراً هُمْ ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔(جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ۔کو)آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ اللَّهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللَّهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر ۔ مستتر تقدیراً هُوَ ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ (ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ الْقَوْمَ:(قوم ۔لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ الظَّالِمِينَ:(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔منصوب۔صفت۔علامت۔ی۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جن لوگوں(کے سر) پر تورات لدوائی گئی پھر انہوں نے اس(کے بار تعمیل) کو نہ اٹھایا ان کی مثال گدھے کی سی ہے جن پر بڑی بڑی کتابیں لدی ہوں۔جو لوگ اللہ کی آیتوں کی تکذیب کرتے ہیں ان کی مثال بری ہے۔اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

قُلْ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ هَادُوا إِنْ زَعَمْتُمْ أَنَّكُمْ أَوْلِيَاءُ لِلَّهِ مِنْ دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٦﴾

قُلْ:(تو کہہ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر۔ مستتر تقدیراًأَنْتَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًبدل۔" أَيُّ "۔هَادُوا :(وہ یہودی ہو گئے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً مرفوع هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ھ و د)اجوف

واوی۔صیغہ۔هَادُوْ يَهُوْدُ۔مصدر۔هُوْدًا۔(یہودی ہونا)۔ اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ زَعَمْتُمْ:(تمہیں گمان ہو۔زعم ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ز ع م)صیغہ۔زَعَمَ يَزْعَمُ۔مصدر۔زَعْمًا۔(گمان کرنا۔دعوی کرنا) اَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كُمْ:(تم) اَنَّ کا اسم منصوب۔اَوْلِيَاءُ:(دوست۔)اَنَّ کی خبر مرفوع۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ دُوْنِ:(علاوہ۔سوا)ظرف مکان۔اسم مجرور۔مضاف۔ النَّاسِ:(لوگوں)اسم مجرور۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔تَمَنَّوُا :(تم تمنّا کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَمَنّٰى يَتَمَنّٰى ۔مصدر۔تَمَنِّيًا۔(تمنا کرنا۔آرزو کرنا)۔الْمَوْتَ:(موت)منصوب۔مفعول بہٖ۔ اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر۔ناصب خبر۔رافع۔اسم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔اور کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔صٰدِقِيْنَ:(سچے۔سچ بولنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔كَانَ کی خبر منصوب۔علامت ی۔جواب شرط۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ اے یہود اگر تم کو دعویٰ ہو کہ تم ہی اللہ کے دوست ہو اور لوگ نہیں تو اگر تم سچے ہو تو (ذرا) موت کی آرزو تو کرو۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يَتَمَنَّوْنَ:(وہ تمنّا کریں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَمَنّٰى يَتَمَنّٰى ۔مصدر۔تَمَنِّيًا۔(تمنا کرنا۔آرزو کرنا)۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔اَبَدًا :(ہمیشہ ہمیشہ۔کبھی بھی)ظرف زمان۔منصوب۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔قَدَّمَتْ:(آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔ مصدر۔تَقْدِيْمًا۔(آگے بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدِمَ يَقْدَمُ۔مصدر۔قُدُوْمًا۔ مَقْدَمًا۔ (آنا۔واپس ہونا۔کہیں سے واپس ہونا۔آگے بڑھنا۔متوجہ ہونا۔آنا جانا)۔ اَيْدِيْ:(دونوں ہاتھوں نے)فاعل۔ مرفوع۔تقدیراً مضموم۔اصلاً اَيْدِيْنَ تھا۔نون جمع۔ محذوف بوجہ مضاف۔هِمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف

الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔عَلِيْمٌ:(خوب جانتا ہے)مبالغہ۔خبر مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔الظّٰلِمِيْنَ:(ظلم کرنے والوں کو۔اندھیر مچانے والوں کو)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور یہ ان (اعمال) کے سبب جو کر چکے ہیں ہر گز اس کی آرزو نہیں کریں گے۔اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے۔

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾

قُلْ:(تو کہہ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الْمَوْتَ:(موت) اِنَّ کا اسم منصوب۔ الَّذِيْ:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔تَفِرُّوْنَ :(تم فرار ہوتے ہو۔بھاگتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ف ر ر)صیغہ۔فَرَّ يَفِرُّ۔مصدر۔فِرَارٌ۔(بھاگنا۔فرار ہونا۔جان بچانا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هٗ :(اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔فَ:(پس)حرف عطف۔ اِنَّ: (یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هٗ :(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ مُلٰقِيْ:(ملاقات کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔تُرَدُّوْنَ :(تم لوٹائے جاؤ گے) فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر ۔مادہ(ر د د)مضاعف۔صیغہ۔رَدَّ يَرُدُّ۔ مصدر۔ رَدٌّ۔ (لوٹانا۔واپس کرنا)۔اِلٰى: (طرف) حرف جار۔ عٰلِمِ :(جاننے والے کی)اسم مجرور۔مضاف۔الْغَيْبِ:(غیب۔پوشیدہ چیزوں کے)مجرور مضاف الیہ۔وَ: (اور)حرف عطف۔الشَّهَادَةِ :(گواہی)معطوف مجرور۔فَ:(پھر)حرف عطف۔يُنَبِّئُ:(وہ آگاہ کرتا ہے۔خبر دیتا ہے۔اطلاع کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ نَبَّاَ يُنَبِّئُ۔مصدر۔ تَنْبِئَةٌ۔(آگاہ کرنا۔خبر دینا۔بتانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَاَ يَنْبَاُ۔مصدر۔نَبْئًا۔نَبُوْءًا۔(خبر دینا۔اطلاع دینا۔تنبیہ کرنا)۔كُمْ :(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔كُنْتُمْ :(تم تھے) فعل ماضی جمع مذکر

حاضر۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ مرفوع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون)۔صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔جملہ محلاً منصوب۔کَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔ مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ موت جس سے تم گریز کرتے ہو وہ تو تمہارے سامنے آکر رہے گی۔پھر تم پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے پھر جو کچھ تم کرتے رہے ہو وہ سب تمہیں بتائے گا۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً بدل۔"أَيُّ "۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ أَمِنَ يَأمَنُ۔مصدر۔أَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ نُودِيَ:(ندا دی جائے۔اذان دی جائے۔بلایا جائے)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔نَادٰی یُنَادِیْ۔مصدر۔مُنَادَاةٌ(پکارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن د ی)ناقص یائی۔صیغہ۔نَدٰی یَنْدِیْ۔مصدر۔نَدًا۔نَدَاوَةً۔نَدُوَةً۔(بھیگنا۔گیلا ہونا۔شرمساری سے چہرے پر پسینہ آنا۔)لِ:(لئے)حرف جار۔الصَّلَاةِ :(صلوٰۃ)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔اور مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ الْجُمُعَةِ:(جمعہ)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔اِسْعَوْا:(تم دوڑو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع۔الف فارق۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَعٰی یَسْعٰی۔مصدر۔ سَعْيًا۔(دوڑنا۔کوشش کرنا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ ذِكْرِ:

(ذکر۔یاد۔نصیحت۔وعظ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ذَرُوْا:(تم چھوڑ دو)۔فعل امر جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وذر)مثال واوی۔صیغہ۔وَذَرَ یَذِرُ۔مصدر۔وِذْرًا۔(چھوڑنا)۔اَلْبَیْعَ:(خرید وفروخت۔کاروبار۔ تجارت) منصوب مفعول بہٖ۔ذٰلِكُمْ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كُمْ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔خَيْرٌ:(بہت ۔اچھا ہے)خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے لئے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔اِنْ(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كُنْتُمْ:(تم ہو)فعل ماضی جمع حاضر۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ ۔۔كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لَا (نہیں)نافیہ۔تَعْلَمُوْنَ(تم جانتے تھے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔عِلْمًا(سیکھنا)۔ محلاً جملہ كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: مومنو! جب جمعے کے دن نماز کے لئے اذان دی جائے تو اللہ کی یاد (یعنی نماز) کے لئے جلدی کرو اور (خرید و فروخت ترک کر دو۔اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔قُضِيَتِ:(جب پوری ہو جائے)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ق ض ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔قَضٰى يَقْضِيْ ۔مصدر۔قَضَاءٌ۔(پورا کرنا)۔اَلصَّلَاةُ:(صلوٰۃ)نائب فاعل۔مرفوع۔فَ:(پھر) برائے رابطہ جواب شرط۔اِنْتَشِرُوْا:(تم پھیل جاؤ۔بکھر جاؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِنْتَشَرَ يَنْتَشِرُ۔ مصدر۔اِنْتِشَارٌ۔(بکھر جانا پھیل جانا۔)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ن ش ر)صیغہ۔نَشَرَ يَنْشُرُ مصدر۔نَشْرًا۔نُشُوْرًا۔(پھیلانا۔ دوبارا جان ڈالنا۔کھلا رکھنا۔کھولنا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔ اَلْاَرْضِ: (زمین)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِبْتَغُوْا:(تم تلاش کرو۔خواہش کرو۔تم طلب کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔

ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِبْتَغٰی یَبْتَغِیْ۔مصدر۔اِبْتِغٰی۔(تلاش کرنا۔ڈھونڈنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بغی,بغی۔مصدر۔بَغْیًا۔بَغْیَۃً۔(تلاش کرنا۔چاہنا۔خواہش کرنا۔بے انصافی کرنا۔زیادتی کرنا۔ ظلم کرنا۔اندھیر مچانا) مِنْ:(سے)حرف جار۔ فَضْلِ:(فضل۔کرم۔ضرورت سے زیادہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔اُذْکُرُوْا :(تم ذکر کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ ذَکَرَ یَذْکُرُ۔ذِکْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)۔اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہٗ کا)منصوب۔مفعول بہٖ۔ کَثِیْرًا:(کثرت سے۔زیادہ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔یانائب مفعول مطلق منصوب۔لَّعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ کُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًکا اسم منصوب۔تُفْلِحُوْنَ:(تم فلاح پاؤ۔تم کامیاب ہوجاؤ)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَفْلَحَ یُفْلِحُ۔مصدر۔ اِفْلَاحٌ۔(فلاح پانا۔کامیاب ہونا۔)محلاًجملہ لَعَلَّ کی خبر مرفوع۔

پھر جب نماز ہوچکے تو اپنی اپنی راہ لو اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو بہت بہت یاد کرتے رہو تا کہ نجات پاؤ

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿١١﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ رَاَوْا:(انہوں نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رُؤْیَۃٌ(دیکھنا)۔ تِجَارَۃً :(تجارت۔کاروبار۔خرید و فروخت)منصوب مفعول بہٖ۔اَوْ:(یا)حرف عطف۔لَھْوًا :(کھیل تماشہ۔ایسا کام جو اصل کام سے توجہ ہٹا دے)معطوف منصوب۔اِنْفَضُّوْا:(وہ اٹھ کر چلے گئے۔ متفرق ہوگئے۔دوڑ گئے۔)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْفَضَّ یَنْفَضُّ ۔مصدر۔اِنْفِضَاضٌ۔(دوڑ جانا۔ متفرق ہو جانا۔الگ ہو جانا۔اٹھ کر چلے جانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ف ض ض) مضاعف۔فَضَّ یَفِضُّ۔مصدر۔فَضًّا۔(ٹوٹنا۔کسی حصوں میں بٹنا۔) اِلَیْ:(طرف)حرف جار۔ھَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث۔

غائب۔مرجع "تِجَارَةً "۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَرَكُوْ:(انہوں نے چھوڑ دیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف بوجہ اتصال۔ فاعل۔ضمیر تقدیرا۔هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ر ک)صیغہ۔تَرَكَ يَتْرُكُ۔مصدر۔تَرْكًا۔(چھوڑنا)۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔قَائِمًا:(کھڑے کھڑے) منصوب۔حال۔ قُلْ:(کہہ دو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ عِنْدَ :(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔اللهِ :(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔خَيْرٌ :(بہت ۔اچھا۔)خبر مرفوع۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔اللَّهْوِ:(کھیل تماشہ۔ایساکام جواصل کام سے توجہ ہٹادے)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِنَ:(سے)حرف جار۔مبنی بر سکون۔فتحہ برائے اتصال ۔التِّجَارَةِ :(تجارت۔کاروبار۔خرید و فروخت)اسم مجرور۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ خَيْرُ:(بہتر۔اچھا)خبر مرفوع۔مضاف۔الرّٰزِقِيْنَ:(سامان زیست دینے والارزق دینے والا)اسم فاعل جمع مذکر۔ مجرور۔علامت۔ی۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جب یہ لوگ سودا بکتا یا تماشا ہوتا دیکھتے ہیں تو ادھر بھاگ جاتے ہیں اور تمہیں (کھڑے کا) کھڑا چھوڑ جاتے ہیں۔ کہہ دو کہ جو چیز اللہ کے ہاں ہے وہ تماشے اور سودے سے کہیں بہتر ہے اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

63 سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ

رکوعاتھا 2 — 63 سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ 104 — اٰیاتھا 11

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ﴿۱﴾

إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب ۔ فاعل۔ضمیر تقدیرا۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا)۔كَ:(آپ کے پاس)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ الْمُنَافِقُوْنَ:(منافق لوگ۔نفاق پیدا کرنے والے۔دو مونہوں والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔فاعل مرفوع۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر تقدیرا۔هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا۔) نَشْهَدُ:(ہم گواہی دیت ہیں)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر تقدیرا۔نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَهِدَ يَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَةٌ۔(گواہی دینا)۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلا شبہ۔)لائے تاکید۔مزحلقہ۔رَسُوْلُ:(پیغمبر) إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)اعتراضیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)مبتداء۔ مرفوع۔ يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر تقدیرا۔هُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔كَ:(تو)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(بلا شبہ۔)لائے تاکید۔مزحلقہ۔رَسُوْلُ:(پیغمبر) إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)اعتراضیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل

جلالہٗ)مبتداء۔مرفوع۔یَشْھَدُ:(وہ گواہی دیتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً ھُوَ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔شَھِدَ یَشْھَدُ۔مصدر ۔شَھَادَۃٌ۔(گواہی دینا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الْمُنَافِقِیْنَ :(دو مونہوں والے۔نفاق پیدا کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔علامت ۔ی۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔کَاذِبُوْنَ:(جھوٹے ۔جھوٹ بولنے والے۔جھوٹ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اے محمد ﷺ) جب منافق لوگ تمہارے پاس آتے ہیں تو(ازراہ نفاق) کہتے ہیں کہ ہم اقرار کرتے ہیں کہ آپ بے شک اللہ کے پیغمبر ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ درحقیقت تم اس کے پیغمبر ہو لیکن اللہ ظاہر کئے دیتا ہے کہ منافق(دل سے اعتقاد نہ رکھنے کے لحاظ سے) جھوٹے ہیں۔

اِتَّخَذُوْٓا اَیْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۲﴾

اِتَّخَذُوْا:(تم اختیار کرو۔بناؤ۔پکڑو) :(وہ پکڑیں۔بنالیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّخَذَ یَتَّخِذَ۔ مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ أَیْمَانَ:(یَمِیْنٌ کی جمع۔قسموں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ھُمْ : (وہ۔اپنی) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ جُنَّةً :(ڈھال)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔فَ:(پس)حرف عطف۔ صَدُّوْا:(انہوں نے روک دیا۔منع کر دیا)فعل ماضی جمع مذکر۔غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ یَصُدُّ۔مصدر۔ صَدًّا۔صُدُوْدًا۔(روکنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ سَبِیْلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔ رافع خبر۔ھُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ سَاءَ:(اس نے برا کیا)فعل ذم ماضی۔واحد مذکر غائب۔فعل جامد۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(س و ء)اجوف واوی۔مہموز اللام۔صیغہ۔سَاءَ یَسُوْءُ۔مصدر۔سَوْءٌ۔(برا ہونا)۔ مَا:(نہیں)نافیہ۔ کَانُوْا:(وہ تھے)فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)ناصب خبر۔رافع اسم۔ صیغہ۔کَانَ

يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ يَعْمَلُوْنَ: (وہ کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ جملہ محلاً مجرور صفت۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع م ل) صیغہ۔ عَمِلَ يَعْمَلُ۔ مصدر۔ عَمَلًا۔ (کرنا۔ ہونا۔ سہنا)۔ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے اور ان کے ذریعے سے (لوگوں کو) راہ اللہ سے روک رہے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ جو کام یہ کرتے ہیں برے ہیں۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۳﴾

ذٰلِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔: (وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ بِ: (وجہ سے) حرف جار۔ سببیہ۔ أَنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ هُمْ: (وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ آمَنُوْا: (وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ يَاْمَنُ۔ مصدر۔ اَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ ثُمَّ: (پھر) حرف عطف۔ كَفَرُوْا: (انہوں نے انکار کیا۔ کفر کیا۔ اللہ کے احکام کو ماننے سے بغاوت کی)۔ فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ف ر) صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔ (کفر کرنا۔ اللہ جل جلالہٗ کے احکام کا انکار کرنا)۔ فَ: (پھر) حرف عطف۔ طُبِعَ: (مہر کر دی گئی) فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ (ط ب ع) صیغہ۔ طَبَعَ يَطْبَعُ۔ مصدر۔ طَبْعًا۔ (چھاپا لگانا۔ مہر لگانا) عَلٰى: (پر) حرف جار۔ قُلُوْبِ: (قَلْبٌ کی جمع۔ دلوں) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ: (ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔ مرفوع۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (تو) تعلیلیۃ۔ هُمْ: (وہ ہی) ضمیر منفصل۔ مبنی بر سکون۔ مبتداء مرفوع۔ لَا: (نہیں) نافیہ۔ يَفْقَهُوْنَ: (وہ سمجھتے ہیں۔ غور و خوض کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ صیغہ۔ فَقِهَ يَفْقَهُ۔ مصدر۔ فِقْهًا۔ (سمجھنا۔ غور و فکر کرنا) جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ اس لئے کہ یہ (پہلے تو) ایمان لائے پھر کافر ہو گئے تو ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی۔ سو اب یہ سمجھتے ہی نہیں۔

وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ۭ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ۭ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۭ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ۭ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۡ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔رَاَيْتَ:(تو نے دیکھا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔تَ مفتوح۔علامت ضمیر فاعل واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ ۔محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔ دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔تُعْجِبُ:(وہ اچھی لگتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هِيَ۔محلاً جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَعْجَبَ يُعْجِبُ۔مصدر۔اِعْجَابٌ۔(تعجب میں ڈالنا۔۔بھلا معلوم ہونا۔اچھا لگنا)۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اَجْسَامُ:(جِسْمٌ کی جمع۔اجسام)فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔يَقُوْلُوْا:(وہ کہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔فعل شرط۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔تَسْمَعْ:(تو سنے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔جواب طلب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(س م ع) ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(س م ع) صیغہ۔ سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر۔ سَمْعٌ۔(سننا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔قَوْلِ:(قول۔بات۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ كَاَنَّ:(گویا کہ)حرف تشبیہ۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً كَاَنَّ کا اسم منصوب۔ خُشُبٌ:(خَشَبٌ کی جمع۔ لکڑیاں)كَاَنَّ کی خبر مرفوع۔مُّسَنَّدَةٌ:(دیوار کے سہارے کھڑی ہونا)اسم مفعول۔واحد مؤنث۔ محلاً يَحْسَبُوْنَ:(وہ گمان کرتے ہیں۔اندازہ لگاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔ مصدر۔ حِسْبَانٌ۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔ سوچنا)۔ كُلَّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔منصوب۔

مفعول بہٖ اوّل۔ مضاف۔ صَیۡحَۃٍ:(چیخ) مجرور مضاف الیہ۔ عَلَیۡ:(پر) حرف جار۔ ھِمۡ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ محلاً مفعول بہٖ ثانی۔ ھُمُ:(وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الۡعَدُوُّ:(دشمن) خبر مرفوع۔ فَ:(پس) فصیحۃ۔ اِحۡذَرۡ:(احتیاط کر) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنۡتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ فتح۔ مادہ۔(ح ذ ر) صیغہ۔ حَذَرَ یَحۡذَرُ۔ مصدر۔ حَذۡرًا۔(احتیاط کرنا۔ ڈرنا)۔ ھُمۡ:(ان سے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہٖ۔ قَاتَلَ:(اس نے جنگ کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ قَاتَلَ یُقَاتِلُ۔ مصدر۔ مُقَاتَلَۃٌ۔(باہم لڑائی کرنا۔ جھگڑا کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق ت ل) صیغہ۔ قَتَلَ یَقۡتُلُ۔ مصدر۔ قَتۡلًا۔(جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔ ھُمُ:(ان سے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔ مرفوع۔ اَنّٰی:(کیونکر) اسم استفہام۔ بمعنی کَیۡفَ۔ یا۔ ظرف مکان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ یُؤۡفَکُوۡنَ:(وہ بہکائے جاتے ہیں) فعل مضارع مجہول۔ جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب مادہ(ء ف ک) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَفَکَ یَاۡفِکُ۔ مصدر۔ اِفۡکًا۔(بہتان لگانا۔ پھیرنا۔ بہکانا)۔

ترجمہ آیت: اور جب تم ان (کے تناسب اعضا) کو دیکھتے ہو تو ان کے جسم تمہیں (کیا ہی) اچھے معلوم ہوتے ہیں۔ اور جب وہ گفتگو کرتے ہیں تو تم ان کی تقریر کو توجہ سے سنتے ہو (مگر فہم وادراک سے خالی) گویا لکڑیاں ہیں جو دیواروں سے لگائی گئی ہیں۔ (بزدل ایسے کہ) ہر زور کی آواز کو سمجھیں (کہ) ان پر بلا آئی۔ یہ (تمہارے) دشمن ہیں ان سے بے خوف نہ رہنا۔ اللہ ان کو ہلاک کرے۔ یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں۔

وَ اِذَا قِیۡلَ لَہُمۡ تَعَالَوۡا یَسۡتَغۡفِرۡ لَکُمۡ رَسُوۡلُ اللّٰہِ لَوَّوۡا رُءُوۡسَہُمۡ وَ رَاَیۡتَہُمۡ یَصُدُّوۡنَ وَ ہُمۡ مُّسۡتَکۡبِرُوۡنَ ﴿۵﴾

وَ:(اور) استئنافیہ۔ اِذَا:(جب) ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ قِیۡلَ:(کہا گیا) فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔ نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و ل) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَالَ یَقُوۡلُ۔ مصدر۔ قَوۡلًا۔(بات کرنا)۔ لَ:(لئے) حرف جار۔ ھُمۡ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعَالَوۡا:(تم آؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ تفاعل۔ صیغہ۔ تَعَالٰی یَتَعَالٰی۔

مصدر۔تَعَالِیٌ۔(بلند ہونا۔آنا۔)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ع ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَلَا یَعْلُو ۔مصدر۔عُلُوًّا۔(بلند ہونا۔اوپر ہونا۔بلند ہونا۔چڑھنا۔غالب ہونا) یَسْتَغْفِرْ:(وہ مغفرت طلب کرے)فعل مضارع واحد مذکر مجزوم۔جواب طلب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔ صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔ اِسْتِغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ ۔مَغْفِرَةٌ۔(مغفرت کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ رَسُوْلُ:(پیغمبر)مبتداء مرفوع۔مضاف۔اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ لَوَّوْا:(وہ پھیر لیتے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔جواب طلب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔لَوّٰی یُلَوِّیْ۔مصدر۔تَلْوِیَةٌ۔(پھیر لینا۔) رُءُوسَ:(رَاسٌ کی جمع سروں کو۔)منصوب مفعول بہ۔مضاف۔هُمْ:(ان کے۔اپنے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَأَيْتَ:(تو نے دیکھا)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔ پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔یَصُدُّوْنَ:(وہ روکتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د د)مضاعف۔صیغہ۔صَدَّ یَصُدُّ۔مصدر۔ صَدًّا۔صُدُوْدًا۔(روکنا۔)۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مُّسْتَكْبِرُوْنَ:(تکبر کرنے والے۔بڑائی طلب کرنے والے۔گھمنڈی)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور جب ان سے کہا جائے کہ آؤ رسول اللہ تمہارے لئے مغفرت مانگیں تو سر ہلا دیتے ہیں اور تم ان کو دیکھو کہ تکبر کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے ہیں۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۶﴾

سَوَاءٌ:(برابر ہے)خبر مقدم۔ مرفوع۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَسْتَغْفَرْتَ:(تو نے مغفرت طلب کی)اصلاً أَاِسْتَغْفَرْتَ تھا۔ہمزہ تسویہ۔ہمزہ اصل۔محذوف۔فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔

فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔محلاًمبتدء مؤخر۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔اِسْتَغْفَارٌ۔(مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔مصدر۔ غُفْرَانٌ ۔مَغْفِرَۃٌ۔(مغفرت کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَمْ:(یا)حرف عطف۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع ۔ قالب۔تَسْتَغْفِرْ:(تو مغفرت طلب کرے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْفَرَ یَسْتَغْفِرُ۔مصدر۔اِسْتَغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ ۔مَغْفِرَۃٌ۔ (مغفرت کرنا)۔لَ: (لئے) حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔لَنْ:(ہر گز نہیں)حرف نفی ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل منفی۔ يَغْفِرَ:(وہ مغفرت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(غ ف ر)صیغہ ۔غَفَرَ یَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ ۔مَغْفِرَۃٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ :(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَهْدِي:(وہ راہنمائی کرتا ہے۔ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ۔هُوَ۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی يَهْدِیْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔الْقَوْمَ:(قوم۔لوگوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ الْفَاسِقِيْنَ:(نافرمانوں کو۔ بدکرداروں کو)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًصفت منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: تم ان کے لئے مغفرت مانگو یا نہ مانگو ان کے حق میں برابر ہے۔اللہ ان کو ہر گز نہ بخشے گا۔بے شک اللہ نافرمانوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۷﴾

هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔ جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ اَلَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًخبر مرفوع۔يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہیں گے۔وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُنْفِقُوْا:(تم خرچ کرو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔واؤ جمع الف فارقہ۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔جملہ محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ عَلَى :(پر)حرف جار۔مَنْ:(جو)اس موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ عِنْدَ :(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔ مضاف ۔ رَسُوْلِ:(پیغمبر)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔حَتّٰى:(یہاں تک کہ)حرف غایت۔"اَنْ "مضمر۔ناصب مضارع۔ يَنْفَضُّوْا:(وہ اٹھ کر چلے جائیں۔متفرق ہوجائیں۔دوڑ جائیں۔)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ۔ منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْفَضَّ يَنْفَضُّ ۔مصدر۔اِنْفِضَاضٌ۔(دوڑ جانا۔متفرق ہو جانا۔الگ ہو جانا۔اٹھ کر چلے جانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ف ض ض) مضاعف۔فَضَّ يَفِضُّ۔مصدر۔فَضًّا۔(ٹوٹنا۔کسی حصوں میں بٹنا۔)۔وَ:(اور)استئنافیہ۔ لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ خَزَآئِنُ:(خَزَانَةٌ۔کی جمع۔خزانے)مبتداء مؤخر مرفوع۔مضاف۔ السَّمٰوٰتِ:(آسمانوں کے)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔الْاَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنَّ:(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الْمُنٰفِقِيْنَ:(دومونہوں والے۔نفاق پیدا کرنے والے)لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔علامت ی۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَفْقَهُوْنَ:(وہ سمجھتے ہیں۔غوروخوض کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔صیغہ۔فَقِهَ يَفْقَهُ۔مصدر۔فَقْهًا۔(سمجھنا۔غوروفکر کرنا) جملہ محلاًلٰكِنَّ کی خبر مرفوع

ترجمہ آیت: یہی ہیں جو کہتے ہیں کہ جو لوگ رسول اللہ کے پاس(رہتے) ہیں ان پر(کچھ) خرچ نہ کرو۔یہاں تک کہ یہ (خود بخود) بھاگ جائیں۔حالانکہ آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ ہی کہ ہیں لیکن منافق نہیں سمجھتے۔

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ۭ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨﴾

يَقُوْلُوْن:(وہ کہیں گے۔وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُمْ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لَئِنْ:(البتہ اگر)مرکب:(لَ+اِنْ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔ + حرف شرط۔جازم فعل شرط۔رَّجَعْنَا:(ہم لوٹے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔نَحْنُ ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ر ج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔ رُجُوْعًا۔ مَرْجَعًا۔(لوٹانا۔ واپس کیا جانا)۔ اِلَى :(طرف)حرف جار۔الْمَدِيْنَةِ:(شہر)اسم مجرور۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔يُخْرِجَنَّ:(وہ ضرور بالضرور نکال دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مؤکد بانون ثقیلہ۔ فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ يُخْرِجُ۔ مصدر۔اِخْرَاجًا۔(نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ الْأَعَزُّ:(زیادہ عزت والا)افعل التفضيل۔فاعل۔ مرفوع۔جملہ محلاً جواب قسم۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔الْأَذَلَّ :(زیادہ ذلیل۔زیادہ کمزور۔ذلیل تر)افعل التفضيل۔مفعول بہ۔ منصوب۔وَ:(اور)استئنافیہ۔لِلّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ کے لئے) مرکب :(لِ+اللّٰهِ)حرف جار۔+اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔الْعِزَّةُ :(عزت)مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔رَسُوْلِ:(پیغمبر)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف جار۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُؤْمِنِيْنَ:(مومنوں کے)اسم مجرور۔ علامت ۔ی۔وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنَّ :(لیکن)حرف استدراک۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم ۔رافع خبر۔الْمُنَافِقِيْنَ: (منافقوں)لٰكِنَّ کا اسم منصوب۔علامت ۔ی۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَعْلَمُوْنَ:(وہ جان جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعربی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)لٰكِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہتے ہیں کہ اگر ہم لوٹ کر مدینے پہنچے تو عزت والے ذلیل لوگوں کو وہاں سے نکال باہر کریں گے۔حالانکہ عزت اللہ

کی ہے اور اس کے رسول کی اور مومنوں کی لیکن منافق نہیں جانتے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًبدل۔"أَيُّ "۔آمَنُوا:(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واوٌ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔تُلْهِ:(وہ غافل کرے)فعل مضارع۔واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔حرف علت۔ی۔محذوف برائے اتصال۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْهٰى يُلْهِيْ۔مصدر۔اَلْهَاءً۔(غاف کرنا) كُمْ: (تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ أَمْوَالُ:(مال ودولت)فاعل۔مرفوع۔ مضاف۔كُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔ أَوْلَادُ: (اولاد)معطوف مرفوع۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔ ذِكْرِ:(یاد۔ذکر۔نصیحت)اسم مجرور۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَنْ: (جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًشرطیہ۔جازم مضارع۔يَفْعَلْ:(وہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فَعَلاً۔(کرنا۔ہونا)۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ)مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔جواب شرط۔أُوْلَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمرفوع خبر۔ هُمْ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ برائےتقویۃ۔الْخَاسِرُوْنَ:(گھاٹا کھانے والے۔خسارے میں رہنے والے۔نقصان اٹھانے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًخبر مرفوع۔جملہ محلاًجواب شرط۔

ترجمہ آیت: مومنو! تمہارا مال اور اولاد تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کردے۔اور جو ایسا کرے گا تو وہ لوگ خسارہ اٹھانے والے ہیں

وَ اَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَیَقُوْلَ رَبِّ لَوْ لَاۤ اَخَّرْتَنِیْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِیْبٍ فَاَصَّدَّقَ وَ اَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔أَنفِقُوا:(تم خرچ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔ مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا۔)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ مَّا :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔رَزَقْنَا:(ہم نے رزق دیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ یَرْزُقُ۔ مصدر۔رِزْقًا۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ:(پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَأْتِيَ:(وہ آئے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَی یَاْتِیْ۔ مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ أَحَدَ:(کس ایک)منصوب۔مفعول بہٖ۔ مضاف۔ كُمُ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور۔ مضاف الیہ۔ضمہ برائے اتصال۔الْمَوْتُ:(موت)فاعل۔مرفوع۔ فَ:(تو)حرف عطف۔يَقُوْلَ :(وہ کہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ معطوف منصوب۔ محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔رَبِّ:(اے میرے ربّ) اصلاًیَارَبِّیْ تھا۔ تخفیف کیا گیا ہے۔حرف نداء محذوف +منادیٰ منصوب مضاف۔کسرہ برائے اتصال مابعد۔اور بعوض یائے متکلم۔محذوف۔ لَوْلَا :(کیوں نہیں؟)حرف تحضیض۔زجر و توبیخ۔أَخَّرْتَ:(تو نے مؤخر کر دیا۔مہلت دی۔)فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔اَخَّرَ یُؤَخِّرُ ۔مصدر۔تَاخِیْرًا۔(دیر کرنا۔ مہلت دینا۔تاخیر کرنا)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یْ:(مجھے)ضمیر واحد مذکر متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔إِلَى:(طرف)حرف جار۔ أَجَلٍ:(مدت۔وقت)اسم مجرور۔موصوف۔قَرِيْبٍ :(نزدیک۔جلدی۔ قریب۔فوری)صفت مجرور ۔تابع موصوف۔فَ:(پس)سببیہ۔أَصَّدَّقَ:(میں صدقہ کرتا ہوں)اصلاً اَتَصَدَّقَ تھا۔فعل مضارع واحد متکلم۔منصوب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَصَدَّقَ یَتَصَدَّقُ۔مصدر۔

تَصَدَّقُ۔(صدقہ دینا۔) وَ:(اور)حرف عطف۔أَكُنْ:(میں ہو جاؤں)فعل ناقص مضارع۔واحد متکلم۔مجزوم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً انَا۔مجزوم۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ مِّنَ:(سے)حرف جار۔الصّٰلِحِيْنَ:(نیکوکاروں میں)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور جو(مال) ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس(وقت) سے پیشتر خرچ کرلو کہ تم میں سے کسی کی موت آجائے تو (اس وقت) کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار تو نے مجھے تھوڑی سی اور مہلت کیوں نہ دی تاکہ میں خیرات کرلیتا اور نیک لوگوں میں داخل ہو جاتا۔

وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف ناصب مضارع مؤکد بلن۔ بمعنی مستقبل منفی۔يُؤَخِّرَ:(وہ مہلت دے گا۔مؤخر کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔اَخَّرَ يُؤَخِّرُ ۔مصدر۔تَاخِيْرًا۔(دیر کرنا۔ مہلت دینا۔ تاخیر کرنا)۔ اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ نَفْسًا:(نفس۔جان کو)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ جَاءَ:(وہ آیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيئٌ۔ مَجِئٌ۔(آنا)۔أَجَلُ:(وقت)فاعل مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ خَبِيْرٌ :(خوب خبر رکھنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور جب کسی کی موت آجاتی ہے تو اللہ اس کو ہرگز مہلت نہیں دیتا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خبر دار ہے۔

64 سُوۡرَۃُ التَّغَابُنِ

رکوعاتہا 2 — 64 سُوۡرَۃُ التَّغَابُنِ مَدَنِیَّۃٌ 108 — اٰیاتہا 18

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ۚ لَہُ الۡمُلۡکُ وَ لَہُ الۡحَمۡدُ ۫ وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۱﴾

یُسَبِّحُ:(وہ تسبیح کرتا ہے۔احکام الٰہی کو پورا کرنے کے لئے جلدی کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ یُسَبِّحُ۔مصدر۔تَسۡبِیۡحًا۔(تسبیح کرنا۔تعریف کرنا۔عبادت کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ یَسۡبَحُ۔مصدر۔سَبۡحًا۔(تیرنا۔ تسبیح کرنا)۔ لِلّٰہِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)مرکب :(لِ+اللّٰہِ)حرف جار۔+اللہ جل جلالہٗ اسم مجرور۔مَا :(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ فِی:(میں)حرف جار۔ السَّمٰوٰتِ :(آسمانوں)اسم مجرور۔ وَ :(اور)حرف عطف۔مَا:(جو کچھ)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ معطوف۔مرفوع۔برمَا سابقہ۔فِی:(میں)حرف جار۔الۡاَرۡضِ:(زمین)اسم مجرور۔لَ:(لئے)حرف جار۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ الۡمُلۡکُ: (ملک۔ریاست۔ حکومت۔)مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(لئے)حرف جار۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔الۡحَمۡدُ:(تعریف)مبتداء مؤخر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔ھُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔عَلٰی:(پر)حرف جار۔ کُلِّ :(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَیۡءٍ:(شئے۔کچھ بھی)مجرور مضاف الیہ۔ قَدِیۡرٌ:(اندازے پیمانے مقرر کرنے والا ہے۔معیار قائم کرنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے(سب) اللہ کی تسبیح کرتی ہے۔اسی کی سچی بادشاہی ہے اور اسی کی تعریف (لامتناہی) ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

ہُوَ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ فَمِنۡکُمۡ کَافِرٌ وَّ مِنۡکُمۡ مُّؤۡمِنٌ ؕ وَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ ﴿۲﴾

هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مرفوع۔ خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ كُمْ :(تم کو) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ كَافِرٌ: (کافر۔انکار کرنے والا)مبتداء مؤخر مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كُمْ:(تم) ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ مُؤْمِنٌ :(مومن۔ایماندار)اسم فاعل۔واحد مذکر۔مبتداء مؤخر مرفوع۔وَ :(اور)حرف عطف۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ تَعْمَلُوْنَ:(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ (ع م ل)صیغہ ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر ۔عَمَلًا (کرنا)۔ بَصِيْرٌ: (خوب دیکھنے الا۔بصیرت وبصارت والا) مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: وہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا پھر کوئی تم میں کافر ہے اور کوئی مومن۔اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھتا ہے۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾

خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کو)منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأَرْضَ:(زمین)معطوف منصوب۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحَقِّ :(حق۔سچ۔درست۔ثبوت)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔صَوَّرَ:(صورت بنائی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَوَّرَ يُصَوِّرُ ۔مصدر۔تَصْوِيْرًا۔(تصویر کشی کرنا۔صورت بنانا۔ شکل بنانا۔سنوارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص و ر)اجوف واوی۔صیغہ۔صَارَ يَصُوْرُ۔مصدر۔صَوْرًا۔(ہلانا۔مائل ہونا)۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔أَحْسَنَ:(اس نے اچھا کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْسَنَ يُحْسِنُ۔مصدر۔اِحْسَانًا۔(اچھا کرنا۔اچھا

بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب کرم۔ صیغہ۔ حَسُنَ يَحْسُنُ۔ مصدر۔ حَسَنًا۔ حَسَنَةً۔ حُسْنًا۔ (خوبصورت ہنا۔ بھلائی کرنا۔ اچھا دکھائی دینا۔) صُوَرَ: (صُوْرَةٌ کی جمع۔ صورتوں کو) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ إِلَيْ: (طرف) حرف جار۔ هِ: (اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ الْمَصِيْرُ: (لوٹنے کی جگہ۔ ٹھکانہ) ظرف مکان۔ محلاً مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: اسی نے آسمانوں اور زمین کو مبنی بر حکمت پیدا کیا اور اسی نے تمہاری صورتیں بنائیں اور صورتیں بھی پاکیزہ بنائیں۔ اور اسی کی طرف (تمہیں) لوٹ کر جانا ہے۔

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۴﴾

يَعْلَمُ: (وہ جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔ جاننا)۔ مَا: (جو کچھ) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ منصوب مفعول بہ۔ فِي: (میں) حرف جار۔ السَّمٰوٰتِ: (آسمانوں) اسم مجرور۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ الْاَرْضِ: (زمین) معطوف مجرور۔ وَ: (اور) حرف معطوف۔ يَعْلَمُ: (وہ جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا۔ (سیکھنا۔ جاننا)۔ مَا: (جو کچھ) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ منصوب مفعول بہ۔ تُسِرُّوْنَ: (تم چھپاتے ہو۔ خفیہ رکھتے ہو۔ کرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَا: (جو کچھ) اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ منصوب مفعول بہ۔ تُعْلِنُوْنَ: (تم اعلانیہ کرتے ہو۔ ظاہراً کرتے ہو) وَ: (اور) استئنافیہ۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ عَلِيْمٌ: (خوب جاننے والا) مبالغہ۔ خبر مرفوع۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ ذَاتِ: (والا) اسم مجرور۔ از ستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔ الصُّدُوْرِ: (دلوں۔ سینوں) مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ سب جانتا ہے اور جو کچھ تم چھپا کر کرتے ہو اور جو کھلم کھلا کرتے ہو اس سے بھی آگاہ ہے۔ اور اللہ دل کے بھیدوں سے واقف ہے۔

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۫ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۵﴾

أَ: (کیا) حرف استفہام۔ انکاری۔ لَمْ: (نہیں) حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ يَأْتِ: (وہ آیا) محلاً مجزوم۔ حرف علت۔

ی۔ محذوف۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ اَتَیٰ یَاتِیْ۔ مصدر۔ اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ كُمْ: (تمہارے پاس) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ نَبَأُ: (خبر) فاعل۔ مرفوع۔ الَّذِيْنَ: (وہ جنہوں نے) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ كَفَرُوْا: (انہوں نے کفر کیا۔ انکار کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک ف ر) صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔ (کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ قَبْلُ: (پہلے) ظرف زمان۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ شبہ جملہ محلاً منصوب۔ حال۔ فَ: (تو) حرف عطف۔ ذَاقُوْا: (انہوں نے مزہ چکھ لیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ذ و ق) اجوف واوی۔ صیغہ۔ ذَاقَ يَذُوْقُ۔ مصدر۔ ذَوْقًا۔ (چکھنا)۔ وَبَالَ: (وبال۔ مصیبت۔ تکلیف۔) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ أَمْرِ: (معاملہ۔ حکم۔ کام) مجرور مضاف الیہ۔ هِمْ: (ان کا) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ هُمْ: (ان کا) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ عَذَابٌ: (عذاب۔ دکھ۔ سزاء) مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔ موصوف۔ أَلِيْمٌ: (دردناک۔ دکھ دینے والا) مبالغہ۔ صفت مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کیا تم کو ان لوگوں کے حال کی خبر نہیں پہنچی جو پہلے کافر ہوئے تھے تو انہوں نے اپنے کاموں کی سزا کا مزہ چکھ لیا اور (ابھی) دکھ دینے والا عذاب (اور) ہونا ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۶﴾

ذٰلِكَ: (وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر مرکب: (ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ أَنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ هٗ: (وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ كَانَتْ: (وہ تھی) فعل ناقص ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن علامت تانیث۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) ناصب خبر۔ رافع اسم۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ تَأْتِيْ: (وہ آتا ہے) فعل مضارع۔ واحد مؤنث

غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَی یَاتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔ (دینا۔ لانا) اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔ هِمْ:(ان کے پاس) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ رُسُلُ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبر) فاعل مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ) حرف جار۔الْبَيِّنَاتِ:(کھلم کھلا۔واضح۔ثبوتوں۔دلائل کے) اسم مجرور۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔قَالُوْا: (انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔أَ:(کیا) حرف استفہام۔بَشَرٌ:(بشر۔انسان) مبتداء مرفوع۔يَهْدُوْنَ:(وہ ہدایت دیتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ صیغہ۔هَدٰی یَهْدِیْ۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔رہنمائی کرنا)۔نَا:(ہمیں) ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پس) حرف عطف۔كَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر) صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔ وَ:(اور) حرف عطف۔تَوَلَّوْا:(انہوں نے منہ پھیر لیا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ (و ل ی) لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔ وَّ:(اور) حرف عطف۔اسْتَغْنَى:(اس نے بے پرواہی کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْنٰی یَسْتَغْنِیْ۔مصدر۔اِسْتِغْنَاءٌ۔(بے پرواہ ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔سمع۔مادہ(غ ن ی) صیغہ۔غَنِیَ یَغْنٰی۔مصدر۔ غِنَاءًا۔ مَغْنٰی۔(آباد ہونا۔امیر ہونا۔مالدار ہونا۔آسودہ حال ہونا) اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور) استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔غَنِيٌّ:(بے پرواہ۔) خبر مرفوع۔حَمِيْدٌ:(بہت تعریف والا) صفت مشبہ۔خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہ اس لئے کہ ان کے پاس پیغمبر کھلی نشانیاں لے کر آئے تو یہ کہتے کہ کیا آدمی ہمارے ہادی بنتے ہیں؟ تو انہوں نے (ان کو) نہ مانا اور منہ پھیر لیا اور اللہ نے بھی بے پروائی کی۔ اور اللہ بے پروا (اور) سزاوار حمد (وثنا) ہے۔

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۷﴾

زَعَمَ :(اس نے گمان کیا۔خیال کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ز ع م)صیغہ۔زَعَمَ یَزْعَمُ۔مصدر۔زَعْمًا۔(گمان کرنا۔خیال کرنا)۔اَلَّذِیْنَ:(جنھوں نے)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل مرفوع۔ کَفَرُوْا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ کَفَرَ یَکْفُرُ۔ مصدر۔ کُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ اَنْ:(اگر)اَنْ کامخففہ۔مشبہ بالفعل۔غیر عامل۔لَّنْ:(ہر گز نہیں)حرف نفی ناصب مضارع۔بمعنی مستقبل منفی۔ یُبْعَثُوْا:(دوبارا زندہ کرکے کھڑے کئے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ یَبْعَثُ۔ مصدر۔بَعْثًا۔(اٹھانا۔کھڑا کرنا۔ بھیجنا)۔ قُلْ:(تو کہہ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔بَلٰی:(کیوں نہیں)حرف ایجاب۔ نفی سوال کا مثبت جواب کے لئے۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَبِّ:(اے میرے رب) اصلاً رَبِّیْ تھا۔:(یَا+ رَبِّ+یْ)حرف نداء محذوف۔+منادیٰ۔محلاً منصوب۔مضاف۔+یائے متکلم۔محذوف۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مؤطئة للقسم۔تُبْعَثُنَّ:(تم ضرور بالضرور زندہ کرکے اٹھائے جاؤگے) فعل مضارع مجہول۔مؤکد بانون ثقیلہ۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔۔ضمہ بعوض جمع۔۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ یَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(اٹھانا۔کھڑا کرنا۔ بھیجنا)۔ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ لَ:(بلاشبہ۔)لائے تاکید۔مؤطئة للقسم۔تُنَبَّؤُنَّ:(آگاہ کئے جاؤ گے۔خبر دئے جاؤ گے)فعل مضارع مجہول۔مؤکد با نون ثقیلہ۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔۔ضمہ بعوض جمع۔۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ نَبَّاَ یُنَبِّئُ۔مصدر۔تَنْبِئَةٌ۔(آگاہ کرنا۔خبر دینا۔بتانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَاَ یَنْبَاُ۔مصدر۔نَبْئًا۔(خبر دینا)۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔عَمِلْتُمْ:(تم نے عمل کیا)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ یَعْمَلَ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔ مرکب:

(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔عَلَى:(پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔يَسِيْرٌ:(بہت آسان)يُسْرٌ مصدر۔صفت مشبہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جو لوگ کافر ہیں ان کا اعتقاد ہے کہ وہ (دوبارہ) ہرگز نہیں اٹھائے جائیں گے۔ کہہ دو کہ ہاں ہاں میرے پروردگار کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر جو کام تم کرتے رہے ہو وہ تمہیں بتائے جائیں گے اور یہ (بات) اللہ کو آسان ہے۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۸

فَ:(پھر)فصیحۃ۔آمِنُوْا:(تم ایمان لاؤ)فعل امر جمع مذکر غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔رَسُوْلِ:(پیغمبر)معطوف مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔النُّوْرِ:(نور۔روشنی۔ہدایت)معطوف مجرور۔الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول ۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًصفت مجرور۔أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ + اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔تَعْمَلُوْنَ :(تم عمل کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع م ل)صیغہ۔ عَمِلَ يَعْمَلَ۔ مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔خَبِيْرٌ:(خوب خبر رکھنے والا)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو اللہ پر اور اس کے رسول پر اور نور (قرآن) پر جو ہم نے نازل فرمایا ہے ایمان لاؤ۔اور اللہ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ يَجْمَعُ:(وہ اکٹھا کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب۔فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ۔ جَمَعَ يَجْمَعُ۔ مصدر۔ جَمْعٌ۔(جمع کرنا)۔ كُمْ :(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔يَوْمِ :(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ الْجَمْعِ:(جمع۔اکٹھ)مجرور مضاف الیہ۔ ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر۔ مرکب:(ذَ+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَوْمُ:(دن)ظرف زمان۔خبر مرفوع۔مضاف۔ التَّغَابُنِ :(ہار جیت۔)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔محلاً جازم فعل شرط۔ يُؤْمِنْ:(وہ ایمان لائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محلا اعراب ساکن۔محلاً فعل شرط۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ يَامَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَعْمَلْ:(وہ عمل کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔ محل اعراب ساکن۔ محلاً فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ (ع م ل)صیغہ۔عَمِلَ يَعْمَلُ۔مصدر۔عَمَلًا (کرنا)۔ صَالِحًا:(نیک۔اچھے)منصوب۔مفعول بہٖ۔ يُكَفِّرْ:(ڈھانپ دے گا۔ ختم کردے گا۔دور کردے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔محلاً فعل جواب شرط۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید باب تفعیل۔ صیغہ۔كَفَّرَ يُكَفِّرُ۔ مصدر۔تَكْفِيْرًا۔(ڈھانپنا۔دور کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكْفُرُ۔مصدر۔ كُفْرًا۔ (انکار کرنا۔کفر کرنا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔سَيِّئَاتِ: (برائیوں) منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هِ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُدْخِلْ:(وہ داخل کردے گا)معطوف مجزوم۔ فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَدْخَلَ يُدْخِلُ۔ مصدر۔اِدْخَالٌ۔(داخل کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔دَخَلَ يَدْخُلُ۔مصدر۔دُخُوْلًا۔(داخل ہونا)۔هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ۔محلاً منصو۔مفعول بہٖ۔جَنَّاتٍ: (جنتیں۔باغات)منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہٖ۔تَجْرِي :(بہتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب

ضرب۔مادہ(ج ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔جَرٰی یَجْرِیْ۔مصدر۔ جِرْیَانٌ۔ (بہنا۔ جاری ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ تَحْتِ:(نیچے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الْأَنْهَارُ :(نہریں۔دریا)فاعل۔مرفوع۔خَالِدِيْنَ:(ہمیشہ ہمیشہ)منصوب۔حال۔علامت ۔ی۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَبَدًا:(ہمیشہ ہمیشہ)ظرف زمان۔منصوب۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر۔مرکب:(ذَا+لِ+كَ) اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْفَوْزُ:(کامیابی) خبر مرفوع۔موصوف۔الْعَظِيْمُ:(بہت بڑی)مبالغہ۔صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جس دن وہ تم کو اکٹھا ہونے (یعنی قیامت) کے دن اکٹھا کرے گا وہ نقصان اٹھانے کا دن ہے۔اور جو شخص اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے وہ اس سے اس کی برائیاں دور کر دے گا اور باغہائے بہشت میں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں داخل کرے گا۔ہمیشہ ان میں رہیں گے۔یہ بڑی کامیابی ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ كَفَرُوْا :(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل۔مرفوع۔ضمیر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيْبٌ۔ (جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔ نَا:(ہماری) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أُوْلٰئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔أَصْحَابُ :(ساتھی ۔ دوست۔والے۔)خبر مرفوع۔مضاف۔النَّارِ:(آگ۔دوزخ)مجرور مضاف الیہ۔ خَالِدِيْنَ :(ہمیشہ ہمیشہ۔)منصوب ۔حال۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور) استئنافیہ۔ بِئْسَ: (برا) فعل ذم ماضی۔جامد۔کوئی صیغہ نہیں بنتا۔الْمَصِيْرُ:(لوٹنے کی جگہ۔ٹھکانہ)ظرف مکان۔محلاً فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی اہل دوزخ ہیں۔ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ اور وہ بری جگہ ہے۔

مَآ اَصَابَ مِنۡ مُّصِيۡبَةٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنۡ يُّؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ يَهۡدِ قَلۡبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۱۱﴾

مَا: (نہیں) نافیہ۔ آگے اِلَّا صلہ ہے۔ جو مَا کو نفی بناتا ہے۔ اَصَابَ: (وہ پہنچا ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَصَابَ یُصِیبُ۔ مصدر۔ اِصَابَةٌ۔ (پہنچنا)۔ مِنۡ: (سے) حرف جار۔ مُّصِيۡبَةٍ: (مصیبت۔ دکھ۔ تکلیف۔ رنج۔ غم۔) اسم مجرور۔ اِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ بِ: (ساتھ) حرف جار۔ اِذۡنِ: (اجازت) اسم مجرور۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہ) مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ مَنۡ: (جو) اسم شرط۔ مبنی بر سکون۔ جازم فعل شرط۔ يُّؤۡمِنۡ: (وہ ایمان لائے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت محلاً اعراب ساکن۔ محلاً فعل شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤۡمِنُ۔ مصدر۔ اِیۡمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔ مصدر۔ اَمۡنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ: (ساتھ۔ پر) حرف جار۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہ) اسم مجرور۔ يَهۡدِ: (وہ ہدایت دے۔ راہنمائی کرے۔) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت۔ ی۔ حرف علت محذوف۔ محلاً مجزوم فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ صیغہ۔ هَدٰی یَهۡدِیۡ۔ مصدر۔ هَدَایَةٌ۔ (ہدایت دینا۔ رہنمائی کرنا)۔ قَلۡبَ: (دل) منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هٗ: (اس کا) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) استئنافیہ۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہ) مبتداء مرفوع۔ بِ: (ساتھ۔) حرف جار۔ كُلِّ: (تمام۔ ہر ایک) برائے تاکید۔ اسم مجرور۔ مضاف۔ شَيۡءٍ: (سب کچھ۔ کچھ بھی) اسم مجرور۔ عَلِيۡمٌ: (خوب جاننے والا) مبالغہ۔ خبر مرفوع۔

کوئی مصیبت نازل نہیں ہوتی مگر اللہ کے حکم سے۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے وہ اس کے دل کو ہدایت دیتا ہے۔ اور اللہ ہر چیز سے باخبر ہے

وَاَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ ۚ فَاِنۡ تَوَلَّيۡتُمۡ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوۡلِنَا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ﴿۱۲﴾

وَ: (اور) استئنافیہ۔ اَطِيۡعُوۡا: (تم اطاعت کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَطَاعَ یُطِیۡعُ۔ مصدر۔ اِطَاعَةٌ۔ (طاقت رکھنا۔ کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ ضرب۔ مادہ (ط و ع) اجوف واوی۔ طَاعَ یَطُوۡعُ ۔ یَطِیۡعُ۔ مصدر۔ طَوۡعًا۔ (فرمانبر داری

کرنا)۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ کی) منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَطِيْعُوْا: (تم اطاعت کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَطَاعَ يُطِيْعُ۔ مصدر۔ اِطَاعَةٌ۔ (طاقت رکھنا۔ کر سکنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ ضرب۔ مادہ (ط و ع) اجوف واوی۔ طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔ مصدر۔ طَوْعًا۔ (فرمانبرداری کرنا)۔ الرَّسُوْلَ: (پیغمبر) معطوف۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ: (پھر) حرف عطف۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ تَوَلَّيْتُمْ: (تم نے منہ موڑا۔ تم پھر گئے) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔ مصدر۔ تَوَلِّيْ۔ (منہ پھیرنا۔ منہ موڑنا)۔ ثلاثی مجرد ۔باب حَسِبَ۔ مادہ (و ل ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَلِيَ يَلِيْ۔ مصدر۔ وَلْيًا۔ (پھرنا)۔ فَ: (پس) برائے رابطہ جواب شرط۔ إِنَّمَا: (در حقیقت۔ صرف اور صرف) كافة و مكفوفة۔ مرکب: (إِنَّ+مَا) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ رَسُوْلِ: (پیغمبر) اسم مجرور۔ مضاف۔ نَا: (ہمارے) ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ الْبَلَاغُ: (پہنچانا۔) اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ موصوف۔ الْمُبِيْنُ: (کھلم کھلا۔ واضح۔) صفت۔ مرفوع۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔ اگر تم منہ پھیر لوگے تو ہمارے پیغمبر کے ذمے تو صرف پیغام کا کھول کھول کر پہنچا دینا ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾

اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ لَا: (نہیں) لائے نفی جنس۔ إِلٰهَ: (کوئی معبود) لائے نفی جنس کا اسم۔ منصوب۔ محلاً خبر مرفوع۔ إِلَّا: (مگر) حرف حصر۔ هُوَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً بدل مرفوع۔ وَ: (اور) استنافیہ۔ عَلَى: (پر) حرف جار۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) اسم مجرور شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ فَ: (پس) برائے رابطہ۔ لْ: (چاہیئے کہ) لائے امر۔ يَتَوَكَّلِ: (وہ بھرسہ کرے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ مجزوم۔ کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔ تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔ مصدر۔ تَوَكُّلٌ۔ (اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا)۔ الْمُؤْمِنُوْنَ: (مومن کی جمع۔ ایماندار) اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً فاعل۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: اللہ (جو معبود برحق ہے اس) کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں تو مومنوں کو چاہیئے کہ اللہ ہی پر بھروسا رکھیں

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَ اِنْ تَعْفُوْا وَ تَصْفَحُوْا وَ تَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۴﴾

يَا: (اے) حرف نداء۔ أَيُّ: (کون سا) منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ هَا: (خبر دار۔ سنو) حرف تنبیہ۔ الَّذِينَ: (وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً بدل۔ "أَيُّ"۔ آمَنُوا: (وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔ مصدر۔ اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔ یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ء م ن) مہموز الفاء۔ صیغہ أَمِنَ يَأْمَنُ۔ مصدر۔ أَمْنًا۔ (امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ تبعیضیہ۔ أَزْوَاجِ: (بیویوں) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَوْلَادِ: (اولاد) معطوف مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہاری) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَدُوًّا: (دشمن) منصوب۔ مفعول بہ۔ لَّ: (لئے) حرف جار۔ كُمْ: (تمہارے) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ: (پس) حرف عطف۔ اِحْذَرُوْ: (تم ڈرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ فتح۔ مادہ۔ (ح ذ ر) صیغہ۔ حَذَرَ يَحْذَرُ۔ مصدر۔ حَذْرًا۔ (احتیاط کرنا۔ ڈرنا)۔ هُمْ: (وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ إِنْ: (اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ تَعْفُوْا: (تم معاف کردو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔ مادہ۔ (ع ف و) ناقص واوی۔ صیغہ۔ عَفَا يَعْفُو۔ مصدر۔ عَفْوًا۔ (معاف کرنا۔ درگزر کرنا) وَ: (اور) حرف عطف۔ تَصْفَحُوْا: (تم صلح کراؤ۔ ہاتھو ملواؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ فتح۔ مادہ (ص ف ح) صیغہ۔ صَفَحَ يَصْفَحُ۔ مصدر۔ صَفْحًا۔ (ہاتھ ملانا۔ صلح کرانا) وَ: (اور) حرف عطف۔ تَغْفِرُوْا: (تم مغفرت کرو۔) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (غ ف ر) صیغہ۔ غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غَفْرًا۔ غُفْرَانٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ فَ: (تو)

استئنافیہ۔إِنَّ :(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم منصوب۔غَفُوْرٌ :(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔رَّحِيْمٌ :(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: مومنو! تمہاری عورتیں اور اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن (بھی) ہیں سو ان سے بچتے رہو۔اور اگر معاف کر دو اور درگزر کرو اور بخش دو تو اللہ بھی بخشنے والا مہربان ہے۔

اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۗ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿١٥﴾

إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أَمْوَالُ:(مال و دولت)مبتداء مرفوع ۔مضاف۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَوْلَادُ:(اولاد)معطوف مرفوع۔مضاف۔كُمْ : (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فِتْنَةٌ:(فتنہ۔آزمائش)خبر مرفوع۔وَ:(اور)استئنافیہ۔اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ)مبتداء مرفوع۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هٗ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ أَجْرٌ :(اجر۔معاوضہ۔اجرت۔بدلہ)مبتداء مؤخر مرفوع۔موصوف۔عَظِيْمٌ:(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔

تمہارا مال اور تمہاری اولاد تو آزمائش ہے۔اور اللہ کے ہاں بڑا اجر ہے

فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۗ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٦﴾

فَ:(پس)فصیحة۔اتَّقُوْا:(تم ڈرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ) منصوب۔مفعول بہ۔مَا :(کہ)مصدریہ۔اِسْتَطَعْتُمْ:(تم طاقت رکھتے ہو۔کر سکتے ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال ۔صیغہ۔اِسْتِطَاعَ يَسْتَطِيْعُ ۔مصدر۔اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔طَوْعًا۔(فرمانبرداری کرنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِسْمَعُوْا:(تم سنو)فعل امر جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔

فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَطِيعُوا:(تم اطاعت کرو) فعل امر جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَطَاعَ يُطِيعُ۔ مصدر۔اِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ ضرب۔ مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوعُ ۔ يَطِيعُ۔مصدر۔ طَوْعًا۔(فرمانبر داری کرنا)۔ وَ:()أَنْفِقُوا:(تم خرچ کرو) فعل امر جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا۔)۔ خَيْرًا:(بہتر۔اچھا ہے)منصوب۔مفعول بہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔ أَنْفُسِ:(جانوں۔نفسوں کے)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔محلاً جازم۔ فعل شرط۔ يُوقَ:(وہ بچائے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقَى يَقِي۔مصدر۔وِقَايَةٌ۔وَقْيًا۔(بچانا۔محفوظ رکھنا۔دشمنوں سے بچانا)۔ شُحَّ:(خود غرضی۔بخل۔حرص وہوا۔لالچی ہونا۔)مصدر۔ منصوب۔مفعول بہ۔(ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ"ش ح ح"مضاعف۔صیغہ۔شَحَّ يَشُحُّ۔مصدر۔شَحًّا۔شُحًّا۔"بخیلی کرنا۔کنجوسی کرنا۔خود غرض ہونا۔اپنی خواہشات کی ہی پیروی کرنا۔")مضاف۔ نَفْسِ:(جان)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مضاف الیہ۔فَ:(پس)استئنافیہ۔أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ هُمُ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔برائے تقویة۔ضمہ برائے اتصال۔ الْمُفْلِحُونَ:(فلاح پانے والے۔کامیاب ہونے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر غائب۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: سو جہاں تک ہو سکے اللہ سے ڈرو اور (اس کے احکام کو) سنو اور (اس کے) فرمانبر دار رہو اور (اس کی راہ میں) خرچ کرو (یہ) تمہارے حق میں بہتر ہے۔اور جو شخص طبیعت کے بخل سے بچایا گیا تو ایسے ہی لوگ راہ پانے والے ہیں۔

إِنْ تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ ﴿١٧﴾

إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔تُقْرِضُوا:(تم قرض دوگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔محلاً فعل شرط مجزوم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقْرَضَ يُقْرِضُ۔مصدر۔اَقْرَاضًا۔(قرض دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔

مادہ(ق ر ض)صیغہ۔قَرَضَ یَقْرِضُ۔مصدر۔قَرْضًا۔(کاٹنا۔اگانا۔آہستہ چبانا۔) اللّٰہَ:(اللہ جل جلالہ) منصوب۔مفعول بہٖ۔ قَرْضًا:(قرض)منصوب۔مفعول مطلق۔موصوف۔ حَسَنًا:(اچھا۔بہتر)صفت منصوب۔تابع موصوف۔یُضَاعِفُ:(وہ دگنا کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔محلاً فعل جواب شرط۔مجزوم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلۃ۔ صیغہ۔ضَاعَفَ یُضَاعِفُ۔مصدر۔مُضَاعَفَةٌ۔(دگنا کرنا۔بڑھانا)ثلاثی مجرد۔باب کرم۔فتح۔۔مادہ(ض ع ف) صیغہ۔ضَعُفَ یَضْعُفُ۔مصدر۔ضَعْفًا۔ضَعَافَةً۔(کمزور کرنا) ضَعُفَ یَضْعَفُ۔مصدر۔ضَعْفًا۔ (دگنا کرنا۔بڑھانا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔لَ:(لئے)حرف جار۔ کُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔یَغْفِرْ:(وہ مغفرت کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ معطوف۔مجزوم۔ تُقْرِضُوا معطوف علیہ۔ "جواب شرط"۔لَ:(لئے)حرف جار۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ: (اور) استئنافیہ۔ اللّٰہُ:(اللہ جل جلالہ)مبتداء مرفوع۔شَکُوْرٌ:(خوب قدر کرنے والا بڑا شکر پسند۔بڑا قدر شناس) مبالغہ۔خبر مرفوع۔ حَلِیْمٌ:(خوب حلم والا۔نرمی کرنے والا۔بے حد بردبار۔باوقار)مبالغہ۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اگر تم اللہ کو (اخلاص اور نیت) نیک (سے) قرض دو گے تو وہ تم کو اس کا دوچند دے گا اور تمہارے گناہ بھی معاف کر دے گا۔ اور اللہ قدر شناس اور بردبار ہے۔

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٨﴾

عَالِمُ:(جاننے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔مضاف۔ خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔"ھُوَ" الْغَیْبِ:(غیب۔پوشیدہ چیزوں کا)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الشَّهَادَةِ :(گواہ ۔گواہی۔موجود۔ظاہر۔حاضر)معطوف مجرور۔الْعَزِیْزُ:(خوب عزت والا)مبالغہ۔خبر ثانی مرفوع۔ الْحَکِیْمُ:(خوب حکمت والا۔بہترین پالیسی ساز) مبالغہ۔خبر ثالث مرفوع۔

ترجمہ آیت: پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا غالب اور حکمت والا ہے۔

65 سُوْرَةُ الطَّلَاقِ

رکوعاتھا 2 — 65 سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ 99 — اٰیاتھا 12

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰۤاَیُّہَا النَّبِیُّ اِذَا طَلَّقۡتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوۡہُنَّ لِعِدَّتِہِنَّ وَ اَحۡصُوا الۡعِدَّۃَ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰہَ رَبَّکُمۡ ۚ لَا تُخۡرِجُوۡہُنَّ مِنۡۢ بُیُوۡتِہِنَّ وَ لَا یَخۡرُجۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ یَّاۡتِیۡنَ بِفَاحِشَۃٍ مُّبَیِّنَۃٍ ؕ وَ تِلۡکَ حُدُوۡدُ اللّٰہِ ؕ وَ مَنۡ یَّتَعَدَّ حُدُوۡدَ اللّٰہِ فَقَدۡ ظَلَمَ نَفۡسَہٗ ؕ لَا تَدۡرِیۡ لَعَلَّ اللّٰہَ یُحۡدِثُ بَعۡدَ ذٰلِکَ اَمۡرًا ﴿۱﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:(خبر دار۔سنو)حرف تنبیہ۔ النَّبِيُّ :(نبی۔پیغمبر۔خبر پہنچانے والے۔)۔بدل ۔یا۔صفت۔مرفوع۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ طَلَّقْتُمُ :(آپ نے طلاق دی۔ إِذَا کی وجہ سے ترجمہ تم طلاق دو۔)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔طَلَّقَ يُطَلِّقُ۔مصدر۔تَطْلِيْقًا۔(طلاق دینا۔)۔ النِّسَاءَ:(اِمْرَاَةٌ کی جمع۔عورتوں کو)منصوب مفعول بہٖ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔طَلِّقُوْ:(آپ طلاق دیں)فعل امر جمع مذکر حاضر۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف بوجہ اتصال۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔طَلَّقَ يُطَلِّقُ۔مصدر۔تَطْلِيْقًا۔(طلاق دینا۔)۔هُنَّ :(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔لِ:(لئے) حرف جار۔عِدَّتِ:(عدت۔گنتی۔معینہ مدت)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ:(ان کی) ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَحْصُوْا:(تم گنو۔شمار کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْصٰی يُحْصِيْ۔مصدر۔اِحْصَاءً۔(گنتی کرنا۔شمار کرنا۔)۔ الْعِدَّةَ:(عدت۔معینہ مدت)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اتَّقُوْا:(تم ڈرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔مرفوع۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔

صیغہ۔اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔ رَبَّ:(ربّ)بدل۔یا صفت۔منصوب۔مضاف۔ كُمْ:(تمہارا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُخْرِجُوْ:(تم نکالو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَخْرَجَ یُخْرِجُ۔ مصدر۔ اِخْرَاجًا۔ (نکالنا)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ هُنَّ:(انہیں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ بُيُوتِ:(بیت کی جمع گھروں)اسم مجرور۔مضاف۔هِنَّ :(ان کے۔اپنے)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)نافیہ۔يَخْرُجْنَ:(وہ باہر نکلیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُنَّ۔)۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔أَنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔يَأْتِينَ: (وہ لائیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوۃ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔ اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا) ہوتا ہے۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔فَاحِشَةٍ:(بے حیائی۔ فحاشی)اسم مجرور۔موصوف۔مُّبَيِّنَةٍ:(کھلم کھلا۔صریحاً)صفت مجرور۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔مؤنث۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ حُدُودُ:(قائم کردہ حدیں۔)خبر مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔يَتَعَدَّ:(تجاوز کرے۔حد سے نکلے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔محلاً فعل شرط۔علامت حرف علت۔ی۔محذوف۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَعَدّٰی یَتَعَدّٰی۔مصدر۔تَعَدِّیٌ۔(حد سے نکلنا۔حد سے تجاوز کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ع د د)مضاعف۔صیغہ۔عَدَّ یَعُدُّ مصدر۔عَدًّا۔عِدَّةٌ۔(گننا شمار کرنا۔اندازہ لگانا) حُدُودَ:(حدود)منصوب مفعول بہٖ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ ظَلَمَ :(اس نے ظلم کیا۔اندھیر مچایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجزوم۔فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ظ ل م)صیغہ۔ ظَلَمَ یَظْلِمُ۔ مصدر۔ظُلْمًا۔(ظلم کرنا۔ اندھیر مچانا)۔ نَفْسَ:(جان۔نفس)منصوب

مفعول بہ۔ مضاف۔ هُ :(اس کی۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لَا :(نہیں)نافیہ۔تَدْرِيْ:(تو جانتا)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔ محل اعراب۔تقدیراً مضموم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ ضرب۔مادہ(د ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔دَرٰی یَدْرِیْ۔مصدر۔دِرَایَةٌ۔(معلوم ہونا۔جاننا)۔ لَعَلَّ:(شاید)ترجی۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)لَعَلَّ کا اسم منصوب۔ يُحْدِثُ:(وہ نئی بات کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْدَثَ یُحْدِثُ ۔مصدر۔اِحْدَاثٌ۔(نئی بات پیدا کرنا)۔ بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔مرکب:(ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔اَمْرًا:(حکم۔معاملہ)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اے پیغمبر (مسلمانوں سے کہہ دو کہ) جب تم عورتوں کو طلاق دینے لگو تو عدت کے شروع میں طلاق دو اور عدت کا شمار رکھو۔اور اللہ سے جو تمہارا پروردگار ہے ڈرو۔(نہ تو تم ہی) ان کو (ایام عدت میں) ان کے گھروں سے نکالو اور نہ وہ (خود ہی) نکلیں۔ہاں اگر وہ صریح بے حیائی کریں (تو نکال دینا چاہیئے) اور یہ اللہ کی حدیں ہیں۔جو اللہ کی حدوں سے تجاوز کرے گا وہ اپنے آپ پر ظلم کرے گا۔(اے طلاق دینے والے) تجھے کیا معلوم شاید اللہ اس کے بعد کوئی (رجعت کی) سبیل پیدا کردے۔

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَیْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِیْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ذٰلِكُمْ یُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ۬ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ﴿۲﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔بَلَغْنَ:(وہ پہنچیں)فعل ماضی جمع مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ) صیغہ۔بَلَغَ یَبْلُغُ۔مصدر۔ بُلُوْغًا۔ (پہنچنا)۔اَجَلَ:(مدت۔وقت)منصوب۔مفعول بہ۔هُنَّ:(وہ)ضمیر جمع مؤنث۔غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً فاعل۔ مرفوع۔فَ:(تو)حرف عطف۔اَمْسِكُوْ:(تم روکو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَمْسَکَ یُمْسِکُ۔مصدر۔اِمْسَاکٌ۔(روک رکھنا۔تھام رکھنا)۔هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَعْرُوْفٍ :(دستور کے مطابق اچھے طریقے سے۔جانا پہچانا۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔اَوْ:(یا)حرف عطف۔ فَارِقُوْ:(تم ایک دوسرے سے الگ ہو جاؤ)فعل امر جمع مذکر

حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلۃ۔صیغہ۔فَارَقَ یُفَارِقُ۔مصدر۔مُفَارَقَۃٌ۔(الگ کرنا۔) ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔ضرب۔مادہ(ف ر ق)فَرَقَ یَفْرُقُ۔ / یَفْرِقُ۔مصدر۔فَرْقًا۔فُرْقَانًا۔(تقسیم کرنا۔الگ کرنا۔امتیاز کرنا۔دو کے درمیان فیصلہ کرنا)۔هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔مَعْرُوْفٍ :(دستور کے مطابق اچھے طریقے سے۔جانا پہچانا۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَشْهِدُوْا:(گواہی دو۔گواہ بنو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ش ھ د)صیغہ۔ شَهِدَ یَشْهَدُ۔مصدر۔شَهَادَۃٌ۔(گواہی دینا)۔ ذَوَيْ:(والے) اصلاً ذَوَیْنِ تھا۔نون تثنیہ اعرابی محذوف۔بوجہ مضاف۔منصوب۔علامت۔ی۔از ستّہ مکبّرہ۔مضاف۔عَدْلٍ:(عدل۔ترازو برابر)مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔اَقِيْمُوْا:(قائم کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقَامَ یُقِیْمُ۔مصدر۔اِقَامَۃٌ(قائم کرنا۔سیدھا رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م) صیغہ۔قَامَ یَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔قِیَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔الشَّهَادَةَ: (گواہی)منصوب۔مفعول بہ۔لِلّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ کے لئے)۔مرکب :(لِ+اللہِ)حرف جار۔+اسم مجرور۔ذٰلِكُمْ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+کُمْ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔يُوْعَظُ:(وہ وعظ کیا جاتا ہے۔نصیحت کی جاتی ہے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(و ع ظ)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَظَ یَعِظُ۔مصدر۔وَعْظًا۔(وعظ کرنا۔نصیحت کرنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً" ذٰلِكُمْ "مبتداء کی خبر مرفوع۔كَانَ: :(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هو۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔يُؤْمِنُ:(وہ ایمان لاتا ہے۔لائے گا) فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ ۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔ مصدر۔اِیْمَانًا۔(ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔

الْيَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔الْآخِرِ:(آخرت۔قیامت)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَتَّقِ:(ڈرے۔پرہیز کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم محلاً فعل شرط۔ علامت۔ی۔حرف علت محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِىْ۔ مصدر۔اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ سے)منصوب۔مفعول بہٖ۔ يَجْعَلْ:(وہ بنائے دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب ساکن۔مجزوم۔علامت محل اعراب۔ساکن۔محلاً فعل جواب شرط۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔مَخْرَجًا:(نکلنے کاراستہ۔)ظرف مکان۔محلاً منصوب۔راستہ۔

ترجمہ آیت: پھر جب وہ اپنی میعاد (یعنی انقضائے عدت) کے قریب پہنچ جائیں تو یاتوان کو اچھی طرح (زوجیت میں) رہنے دو یا اچھی طرح سے علیحدہ کردو اور اپنے میں سے دو منصف مردوں کو گواہ کرلو اور (گواہو!) اللہ کے لئے درست گواہی دینا۔ان باتوں سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔اور جو کوئی اللہ سے ڈرے گا وہ اس کے لئے (رنج و محن سے) مخلصی (کی صورت) پیدا کرے گا۔

وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ﴿۳﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يَرْزُقْ:(وہ رزق دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ باب۔ نصر۔مادہ(ر ز ق)صیغہ۔رَزَقَ يَرْزُقُ۔مصدر۔رِزْقٌ۔(ہر وہ چیز جو انسانی ضرورت ہے)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ حَيْثُ:(جہاں)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَحْتَسِبُ:(وہ گمان کرتا ہے۔وہم کرتا ہے۔سوچتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔ حَسِبَ يَحْسَبُ۔ مصدر۔ حِسْبَانًا۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔سوچنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔شرطیہ۔جازم فعل شرط۔محلاً مبتداء مرفوع۔ يَتَوَكَّلْ:(وہ توکل

کرے۔بھروسہ کرے گا)۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَكَّلَ يَتَوَكَّلُ۔مصدر۔تَوَكُّلٌ۔(بھروسا کرنا۔توکل کرنا۔کارساز سمجھنا۔) عَلَى:(پر)حرف جار۔ اللّٰهِ :(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب شرط۔هُوَ :(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔حَسْبُ:(گمان۔وہم۔خیال۔کافی۔کفایت۔)خبر مرفوع۔مضاف۔هٗ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ)کا اسم منصوب۔بَالِغُ:(پہنچنے والا۔پورا کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔أَمْرِ:(حکم۔امر۔فیصلہ۔معاملہ)مجرور۔مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ۔(ج ع ل) صیغہ۔جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ لِ:(لئے)حرف جار۔كُلِّ:(ہر ایک۔تمام)برائے تاکید۔اسم مجرور۔مضاف۔شَيْءٍ :(شئے۔چیز۔سب کچھ)مجرور مضاف الیہ۔قَدْرًا:(ایک اندازے۔پیمانے کے مطابق۔)منصوب۔مفعول۔

ترجمہ آیت: اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دے گا جہاں سے(وہم و) گمان بھی نہ ہو۔اور جو اللہ پر بھروسہ رکھے گا تو وہ اس کو کفایت کرے گا۔اللہ اپنے کام کو(جو وہ کرنا چاہتا ہے) پورا کر دیتا ہے۔اللہ نے ہر چیز کا اندازہ مقرر کر رکھا ہے۔

وَالّٰٓـِٔيْ يَىِٕسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ وَّالّٰٓـِٔيْ لَمْ يَحِضْنَ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ﴿۴﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اللَّائِي:(وہ جو)اسم موصول جمع مؤنث۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَئِسْنَ:(وہ مایوس ہو جائیں۔یعنی ماہواری آنا بند ہو جائے۔اور اولاد پیدا کرنے س مایوس ہو چکی ہوں)فعل مضارع۔جمع مؤنث غائب۔نون نسوہ۔فاعل۔ضمیر مستتر۔تقدیراً هُنَّ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔ مادہ(ی ء س)صیغہ۔يَئِسَ يَيْئَسُ۔مصدر۔یاس۔(ناامید ہونا۔مایوس ہونا۔) مِنَ:(سے)حرف جار۔الْمَحِيْضِ:(حیض)مصدر۔میمی۔محلاً اسم مجرور۔مِنْ:(سے)حرف جار۔نِّسَاءِ:(عورتیں)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور ۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ ارْتَبْتُمْ:(تم شک کرو۔تمہیں شک ہو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر۔

تقدیراً اَنْتُمْ۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اَرْتَابَ یَرْتَابُ۔ مصدر۔ اِرْتِیَابٌ۔(شک میں پڑنا۔ شک کرنا)۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔ عِدَّتُ:(گنتی۔ مقررہ مدت پوری کرنا)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هُنَّ:(وہ)ضمیر جمع مؤنث غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ جملہ محلاً مجزوم۔ جواب۔ شرط۔ ثَلَاثَةُ:(تین)خبر مرفوع۔ مضاف۔ اَشْهُرٍ:(مہینے)مجرور۔ مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اللَّائِي:(وہ جو)اسم موصول۔ جمع مونث۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔ جازم مضارع۔ قالب۔ يَحِضْنَ:(انہیں حیض نہیں آیا)فعل مضارع جمع مؤنث۔ مبنی بر فتحہ۔ محلامجزوم۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ(ح ی ض)اجوف یائی۔ صیغہ۔ حَاضَ يَحِيْضُ۔ مصدر۔ حَيْضًا۔(حیض آنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ اُولَاتُ:(والیاں)اُولُوْ۔ کی مؤنث۔ از ستّہ مکبّرہ۔ مضاف۔ الْاَحْمَالِ :(حمل)مجرور مضاف الیہ۔ اَجَلُ:(مقررہ مدت۔ وقت۔ عدّت)مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هُنَّ:(ان کی)ضمیر جمع مؤنث۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ ناصب مضارع۔ يَضَعْنَ:(وہ رکھیں۔ وضع حمل کریں۔ بچہ کی پیدائش کریں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔ نون نسوہ۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(و ض ع)مثال واوی۔ صیغہ۔ وَضَعَ يَضَعُ۔ مصدر۔ وَضْعاً۔(رکھنا۔ وضع کرنا۔ بچہ جننا)۔ حَمْلَ:(حمل)منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ هُنَّ :(ان کی)ضمیر جمع مؤنث ۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔ مَنْ:(جو ڈرے)اسم موصول۔ شرطیہ۔ جازم فعل شرط۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَتَّقِ:(وہ" ڈرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مجزوم۔ علامت حرف علت۔ ی۔ محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔ فعل شرط۔ فعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰی يَتَّقِيْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(وق ی)لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَقٰی يَقِيْ۔ مصدر۔ وِقَايَةٌ۔ وَقْيًا۔(بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ دشمنوں سے بچانا)۔ اللّٰهَ:(اللہ جل جلالہٗ" سے)منصوب۔ مفعول بہ۔ يَجْعَل:(وہ بناتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً مجزوم۔ فعل جواب شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔ مادہ۔(ج ع ل)صیغہ۔ جَعَلَ يَجْعَلُ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔ هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ اَمْرِ :(حکم۔ معاملہ۔ امر۔ فیصلہ۔)اسم مجرور۔ مضاف۔ هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يُسْرًا: (آسانی)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور تمہاری (مطلقہ) عورتیں جو حیض سے ناامید ہو چکی ہوں اگر تم کو (ان کی عدت کے بارے میں) شبہ ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے اور جن کو ابھی حیض نہیں آنے لگا (ان کی عدت بھی یہی ہے) اور حمل والی عورتوں کی عدت وضع حمل (یعنی بچّہ جننے) تک ہے۔ اور جو اللہ سے ڈرے گا اللہ اس کے کام میں سہولت پیدا کر دے گا۔

ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ﴿۵﴾

ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔أَمْرُ :(امر۔حکم۔فیصلہ۔معاملہ)خبر مرفوع۔مضاف۔اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔أَنْزَلَ:(اس نے اتارا۔ اس نے نازل کیا)فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَنْزَلَ يُنْزِلُ۔ مصدر۔اِنْزَالًا۔(اتارنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ يَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً منصوب مفعول بہ۔إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كُمْ :(تمہاری۔)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً شرطیہ۔جازم فعل شرط۔مبتداء مرفوع۔ يَتَّقِ يَتَّقِ: (وہ " ڈرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت حرف علت ۔ی۔محذوف بوجہ التقائے ساکنین۔محلاً فعل شرط۔ فعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّقٰى يَتَّقِيْ۔مصدر۔ اِتِّقَاءٌ ۔(پرہیز گاری کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقٰى يَقِيْ۔ مصدر۔وِقَايَةٌ۔وَقْيًا۔(بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ دشمنوں سے بچانا)۔ اللهَ:(اللہ جل جلالہٗ)منصوب۔مفعول بہ۔يُكَفِّرْ :(وہ دور کر دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً مجزوم۔ فعل جواب شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔كَفَّرَ يُكَفِّرُ۔مصدر۔تَكْفِيْرًا۔(دور کر دینا۔ہٹا دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكْفُرُ۔ مصدر۔ كُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس سے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ سَيِّئَاتِ:(سَيِّئَةٌ کی جمع۔برائیاں۔بدیاں)منصوب بالکسرہ۔ مفعول بہ۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يُعْظِمْ :(وہ بڑا کر دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ معطوف۔ مجزوم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْظَمَ يُعْظِمُ ۔مصدر۔اِعْظَامًا۔(بڑا کرنا)۔لَ:(لئے) حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر

واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلا۔اسم مجرور۔أَجْرًا:(اجر۔معاوضہ۔بدلہ۔اجرت۔صلہ)۔منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: یہ اللہ کے حکم ہیں جو اللہ نے تم پر نازل کئے ہیں۔اور جو اللہ سے ڈرے گا وہ اس سے اس کے گناہ دور کر دے گا اور اسے اجر عظیم بخشے گا۔

اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ۗ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى ﴿٦﴾

أَسْكِنُوْ:(ان کو رہنے دو۔رہائش دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔واؤ جمع الف فارقہ۔علامت نون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَسْكَنَ يُسْكِنُ۔اِسْكَانًا۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(س ک ن)صیغہ۔سَكَنَ يَسْكُنُ۔مصدر۔سَكْنًا۔(رہائش رکھنا۔رہنا)۔هُنَّ:(انہیں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔حَيْثُ:(جہاں)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ محلاً اسم مجرور۔ سَكَنْتُمْ:(تم رہ رہے ہو۔تمہاری رہائش ہے)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(س ک ن) صیغہ۔اَسْكَنَ يُسْكِنُ۔مصدر۔سَكْنًا۔(رہائش رکھنا۔رہنا)۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ وُجْدِ:(وسعت۔استطاعت۔قوت۔طاقت)اسم مجرور۔مضاف۔كُمْ:(تمہارا اپنا)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُضَارُّوْ:(تم تکلیف دو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلۃ۔صیغہ۔ظَآرَّ يُظَآرَّ۔مصدر۔مُضَارَّةٌ۔(ضرر پہنچانا۔تکلیف دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ض ر ر)مضاعف۔صیغہ۔ضَرَّ يَضُرُّ۔مصدر۔ضَرًّا۔ضُرًّا۔(نقصان دینا۔دکھ دینا۔زخمی کرنا) هُنَّ:(ان کو)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔ تُضَيِّقُوْا:(تم تنگ کرو۔تکلیف دو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔منصوب۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔ضَيَّقَ يُضَيِّقُ۔مصدر۔تَضِيْقًا۔(تنگ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ض ی ق)اجوف یائی۔صیغہ۔ضَاقَ يَضِيْقُ۔مصدر۔ضَيْقًا۔ضِيْقًا۔(تنگ ہو جان۔محصور ہونا۔)عَلَيْ:(پر)حرف جار۔

هِنَّ:(انہیں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔إِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ كُنَّ:(تم کرو)فعل ماضی جمع مؤنث حاضر۔نون نسوہ۔فاعل۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُنَّ۔محلاً کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔ (ہونا)۔ أُولَاتِ:(والیاں) کَانَ کی خبر منصوب۔ازسۃ مکبّرہ۔اُوْلُوْ کی مؤنث۔ مضاف۔ حَمْلٍ:(حمل)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔جواب شرط۔أَنفِقُوا :(تم خرچ کرو۔نان نفقہ دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔محلاً فعل جواب شرط۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔جملہ محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِنَّ:(ان)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔حَتَّى:(جہاں تک کہ) حرف غایت۔اَنْ مضمر ناصب مضارع۔يَضَعْنَ:(وہ رکھیں۔وضع حمل کریں۔بچہ کی پیدائش کریں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔نون نسوہ۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ض ع)مثال واوی۔ صیغہ۔وَضَعَ يَضَعُ۔مصدر۔ وَضْعاً۔(رکھنا۔وضع کرنا۔بچہ جننا)۔ حَمْلَ:(حمل کو)منصوب ۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُنَّ :(ان کا۔اپنا)۔مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔إِنْ :(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔أَرْضَعْنَ:(وہ دودھ پلائیں)فعل مضارع جمع مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُنَّ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَرْضَعَ يُرْضِعُ۔ مصدر۔ اِرْضَاعًا۔ (دودھ پلانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔ ضرب۔مادہ(ر ض ع)صیغہ۔صیغہ۔رَضَعَ يَرْضَعُ۔/۔رَضَعَ يَرْضِعُ مصدر۔ رَضْعًا۔رَضَاعَةٌ۔رِضَاعًا۔(چھاتی سے دودھ پلانا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔آتُوْ:(تم دو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُؤْتِیْ۔مصدر۔اِیْتَآءٌ۔(دینا۔دلانا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰی یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ هُنَّ:(انہیں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔أُجُوْرَ:(اَجْرٌ کی جمع۔ان کے حق مہر۔اجرتیں۔معاوضے)منصوب۔مفعول بہ۔ هُنَّ: (انہیں)ضمیر جمع مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أْتَمِرُوْا:(تم مشورہ کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِيْتَمَرَ يَاتَمِرُ۔مصدر۔

اِئْتِمَارٌ۔(مشورہ کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ء م ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمَرَ یَامُرُ۔مصدر۔اَمْرًا۔(حکم دینا۔فیصلہ کرنا۔)
بَیْنَ:(درمیان) ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ کُمْ: (تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔
بِ: (ساتھ) حرف مجرور۔مَعْرُوْفٍ:(نیکی کے طور۔دستور کے مطابق۔اچھے انداز کے)اسم مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔
اِنْ:(اگر)حرف شرط۔جازم فعل شرط۔ تَعَاسَرْتُمْ :(تم باہم تنگی محسوس کرو)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔محلاً مجزوم۔فعل شرط۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفاعل۔صیغہ۔تَعَاسَرَ یَتَعَاسَرُ۔مصدر۔تَعَاسُرٌ۔(باہم تنگی محسوس کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ع س ر)صیغہ۔عَسُرَ یَعْسُرُ۔مصدر۔عُسْرًا۔عُسْرَۃٌ۔(تنگی ہونا)۔ فَ:(تو) برائے رابطہ جواب شرط۔سَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)حرف استقبال۔تُرْضِعُ :(وہ دودھ پلائے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُنَّ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَرْضَعَ یُرْضِعُ۔مصدر۔اِرْضَاعًا۔(دودھ پلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔ ضرب۔مادہ(ر ض ع)صیغہ۔صیغہ۔رَضَعَ یَرْضَعُ۔/۔ رَضَعَ یَرْضِعُ مصدر۔ رَضْعًا۔رَضَاعَۃٌ۔رِضَاعًا۔(چھاتی سے دودھ پلانا) لَ:(لئے)حرف جار۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ اُخْرٰی: (دوسری) آخِرٌ کی مؤنث۔فاعل۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔جملہ محلاً مجزوم جواب شرط۔

ترجمہ آیت: (مطلقہ) عورتوں کو(ایام عدت میں) اپنے مقدور کے مطابق وہیں رکھو جہاں خود رہتے ہو اور ان کو تنگ کرنے کے لئے تکلیف نہ دو اور اگر حمل سے ہوں تو بچّہ جننے تک ان کا خرچ دیتے رہو۔پھر اگر وہ بچّے کو تمہارے کہنے سے دودھ پلائیں تو ان کو ان کی اجرت دو۔اور (بچّے کے بارے میں) پسندیدہ طریق سے مواقفت رکھو۔اور اگر باہم ضد (اور نااتفاقی) کرو گے تو (بچّے کو) اس کے (باپ کے) کہنے سے کوئی اور عورت دودھ پلائے گی۔

لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۭ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۭ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ۭ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝ۧ

لِ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔یُنْفِقْ :(وہ خرچ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْفَقَ یُنْفِقُ۔مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ ذُوْ: (والا)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔سَعَۃٍ:(وسعت رکھنے۔گنجائش۔)مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔سَعَتِ: (وسعت۔

گنجائش)اسم مجرور۔مضاف۔ہٖ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور ۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ مَنْ:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔جازم فعل شرط۔ قُدِرَ:(اندازہ کیا گیاہو۔تنگ کیا گیاہو)فعل ماضی مجہول۔ واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ يَقْدِرُ۔ مصدر۔ تَقْدِيْرًا۔ (اندازہ مقرر کرنا۔طے کر دینا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاًاسم مجرور۔ رِزْقُ: (رزق۔سامان زیست)نائب فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هٗ :(اس کا)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔لْ:(چاہئے کہ)لائے امر۔جازم مضارع۔يُنْفِقْ :(وہ خرچ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْفَقَ يُنْفِقُ۔ مصدر۔ اِنْفَاقٌ۔(خرچ کرنا)۔ مِمَّا :(اس سے جو)مرکب:(مِنْ+ مَّا)حرف جار۔ + اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔آتٰا:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)۔اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔ اللّٰهُ: (اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُكَلِّفُ :(وہ تکلف کرتا ہے۔تکلیف دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔كَلَّفَ يُكَلِّفُ مصدر۔تَكْلِيْفًا (تکلیف دینا۔)ثلاثی مجرد۔ باب۔ سمع۔مادہ(ک ل ف)صیغہ۔كَلِفَ يَكْلَفُ ۔مصدر۔كَلْفًا۔(سرگرم ہونا۔سخت محنت کرنا۔) اللّٰهُ :(اللہ جل جلالہٗ) فاعل۔مرفوع۔نَفْسًا:(کسی جان کو)منصوب۔مفعول بہ۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ مَا :(وہ وج)اسم موصول۔مبنی بر منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔آتٰا:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰتٰى يُؤْتِيْ۔مصدر۔اِيْتَآءٌ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔ لانا)۔اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔هَا :(اسے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔ مفعول بہ۔ سَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)حرف استقبال۔يَجْعَلُ:(وہ بنائے گا)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت محل اعراب مضموم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ۔مصدر۔ جَعْلًا۔

(بنانا)۔ اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ)فاعل مرفوع۔ بَعْدَ :(بعد)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔ عُسْرٍ : (تنگی۔ سختی۔ مشکل)مجرور مضاف الیہ۔ يُسْرًا:(آسانی)منصوب۔ مفعول بہ۔۔

ترجمہ آیت: صاحب وسعت کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرنا چاہیئے۔اور جس کے رزق میں تنگی ہو وہ جتنا اللہ نے اس کو دیا ہے اس کے موافق خرچ کرے۔اللہ کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اسی کے مطابق جو اس کو دیا ہے۔اور اللہ عنقریب تنگی کے بعد کشائش بخشے گا

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔كَاَيِّنْ:(کتنی ہی)اصلاً كَاَيٍّ تھا۔تنوین بشکل نون ہے۔غیر معین تعداد کے لئے۔یعنی مبہم کثیر۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔زائد۔قَرْيَةٍ:(بستی)لفظاً مجرور۔محلاً منصوب۔تمیز۔عَتَتْ :(اس نے سرکشی کی)فعل واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر ساکن۔فاعل۔ ضمیر مستتر۔تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ع ت و)ناقص واوی۔صیغہ۔عَتَا يَعْتُو۔مصدر۔عَتُوًّا۔(سرکشی کرنا)۔عَنْ:(سے)حرف جار۔أَمْرِ:(امر۔حکم۔معاملہ)اسم مجرور۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هَا :(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ رُسُلِ:(رَسُوْلٌ کی جمع۔پیغمبروں)معطوف مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔حَاسَبْنَا:(ہم نے حساب لیا۔محاسبہ کیا)فعل ماضی جمع متکلم ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔مفاعلہ۔صیغہ۔حَاسَبَ يُحَاسِبُ۔مصدر۔مُحَاسَبَةٌ۔(محاسبہ کرنا)۔هَا:(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر۔سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ حِسَابًا:(حساب۔)منصوب۔مفعول بہ۔ موصوف۔ شَدِيْدًا: (سخت۔ زبردست)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَذَّبْنَا:(ہم نے عذاب۔دیا۔)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔عَذَّبَ يُعَذِّبُ۔ مصدر۔ تَعْذِيْبٌ۔(عذاب دینا۔سزاء دینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب کرُم۔ مادہ (ع ذ ب)صیغہ۔عَذُبَ يَعْذُبُ مصدر۔ عُذُوْبَةٌ۔ (میٹھا۔اچھا۔ مزیدار۔هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَ هٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ)۔ "ایک کا پانی میٹھا۔پیاس بجھانے کے لئے۔دوسرے کا کڑوہ کسیلا کھاری انتڑیاں چیرنے والا۔سینہ جلانے والا۔ سورہ فرقان۔ آیت نمبر 53"۔هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔عَذَابًا:(عذاب۔دکھ۔سزاء)منصوب۔مفعول مطلق۔

موصوف۔ نُّكْرًا:(ناقابل برداشت۔ ان دیکھا۔ ناپسندیدہ۔ سخت۔ شدید۔ خوفناک)۔ منصوب۔ صفت۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور بہت سی بستیوں (کے رہنے والوں) نے اپنے پروردگار اور اس کے پیغمبروں کے احکام سے سرکشی کی تو ہم نے ان کو سخت حساب میں پکڑ لیا اور ان پر (ایسا) عذاب نازل کیا جو نہ دیکھا تھا نہ سنا،

فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ﴿٩﴾

فَلَمَّا:(پھر جب)مرکب(فَ+لَمَّا)استئنافیہ+ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔بمعنی "حِیْنَ"محلاً منصوب۔ رَأَوْ: (انہوں نے دیکھا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر محلاً مرفوع هُمْ۔محلاً فعل جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ضَالُّوْنَ:(گمراہ ہونے والے۔راستہ بھولے ہوئے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاِنَّ کی خبر۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: جب باغ کو دیکھا تو (ویران) کہنے لگے کہ ہم رستہ بھول گئے ہیں۔

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۲۷﴾

بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ نَحْنُ:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر ضمہ محلاً مبتداء مرفوع۔مَحْرُوْمُوْنَ:(خالی رہنے والے۔محروم کئے گئے"وہ بدنصیب جو اپنی مطلوبہ شے سے محروم رہے")اسم مفعول۔جمع مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: نہیں بلکہ ہم (برگشتہ نصیب) بے نصیب ہیں۔

قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿۲۸﴾

قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر محلاً مرفوع هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ أَوْسَطُ:(درمیانہ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کا)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ أَقُلْ:(میں کہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔

ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔ کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔ لَوْلَا:(کیوں نہیں)حرف تحضیض۔ تُسَبِّحُوْنَ:(وہ تسبیح کرتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًاَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَبَّحَ یُسَبِّحُ۔ مصدر۔تَسْبِیْحًا۔(تسبیح کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ب ح)صیغہ۔سَبَحَ یَسْبَحُ۔مصدر۔سَبْحًا۔(تیرنا۔تسبیح کرنا)۔

ترجمہ آیت: ایک جو اُن میں فرزانہ تھابولا کہ کیامیں نے تم سے نہیں کہاتھا کہ تم تسبیح کیوں نہیں کرتے؟

قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔فاعل۔ ضمیر محلاًمرفوع ھُمْ۔ محلاًفعل جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ سُبْحَانَ:(پاک ہے۔ پاکیزگی۔) منصوب۔ مفعول مطلق۔ فعل محذوف "نُسَبِّحُ"۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور۔مضاف الیہ۔ مضاف۔ نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ ضمیر مستترنَحْنُ۔کَانَ کااسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔ظَالِمِینَ(ظلم کرنے والے۔اندھیر مچانے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (تب) وہ کہنے لگے کہ ہماراپروردگارپاک ہے بے شک ہم ہی قصوروار تھے۔

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿٣٠﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔اَقْبَلَ:(وہ متوجہ ہوا۔اس نے توجہ کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستترھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔افعال۔صیغہ۔اَقْبَلَ یُقْبِلُ۔مصدر۔ اِقْبَالٌ۔(توجہ کرنا)۔ بَعْضُ:(بعض)فاعل مرفوع۔مضاف۔ھُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ عَلَیٰ:(پر)حرف جار۔ بَعْضٍ:(بعض۔کچھ)اسم مجرور۔ یَتَلَاوَمُوْنَ:(وہ ملامت کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر ھُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفاعل۔صیغہ۔تَلَاوَمَ یَتَلَاوَمُ۔مصدر۔تَلَاوُمٌ۔(آپس میں ملامت کرنا)ثلاثی

مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ل و م)اجوف واوی۔صیغہ۔لَامَ یَلُوْمُ۔مصدر۔لُوْمًا۔(کسی کو کسی بات پر ملامت کرنا)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: پھر لگے ایک دوسرے کو رودررو ملامت کرنے۔

قَالُوْا یٰوَیْلَنَآ اِنَّا کُنَّا طٰغِیْنَ ﴿۳۱﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔ضمیر محلاً مرفوع هُمْ۔محلاً فعل جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ یَا :(ہائے)حرف نداء و حسر۔ وَیْلَ:(خرابی ہوئی۔ہلاکت ہوئی۔بد بختی)منادیٰ۔ منصوب۔ مضاف۔ نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔کُنَّا :(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر نَحْنُ۔ کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا)۔طَاغِیْنَ:(سرکشی کرنے والے۔حد سے بڑھنے والے)اسم فاعل جمع مذکر۔محلاً کَانَ کی خبر منصوب جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہنے لگے ہائے شامت ہم ہی حد سے بڑھ گئے تھے۔

عَسٰی رَبُّنَآ اَنْ یُّبْدِلَنَا خَیْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾

عَسٰی:(توقع ہے)فعل مقاربہ ماضی واحد مذکر غائب۔جامد۔اس سے صیغے نہیں بنتے۔ رَبُّ:(ربّ)فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ نَا :(ہمارے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ یُبْدِلَ:(وہ بدلہ میں دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْدَلَ یُبْدِلُ۔مصدر۔ اِبْدَالًا۔(بدلہ میں دینا۔ وہ بدلے میں دے)۔نَا :(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب مفعول بہ۔خَیْرًا: (بہتر۔اچھا)منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ اِنَّا :(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔اِلَیٰ: (طرف)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)

اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔رَاغِبُوْنَ:(رَاغِبٌ کی جمع۔مائل ہونے والے۔پسند کرنے والے۔رغبت کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔جملہ محلاًاِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: امید ہے کہ ہمارا پروردگار اس کے بدلے میں ہمیں اس سے بہتر باغ عنایت کرے ہم اپنے پروردگار کی طرف سے رجوع لاتے ہیں۔

كَذٰلِكَ الْعَذَابُ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾

كَذٰلِكَ:(اس طرح)مرکب: (كَ+ذٰ+لِ+كِ)حرف تشبیہ و جار+اسم اشارہ+برائے بعد+خطابیہ۔محلاًاسم مجرور۔جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔ الْعَذَابُ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)مبتدء مؤخر۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(بلاشبہ)لائے ابتداء۔عَذَابُ:(عذاب ۔دکھ۔سزاء۔)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ الْاٰخِرَةِ:(آخرت)مجرور مضاف الیہ۔ اَكْبَرُ :(زیادہ بڑا)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔غیر جازم۔كَانُوْا:(وہ تھے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔نصب خبر۔رافع اسم۔ ضمیر فاعل۔كَانَ کا اسم مرفوع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔(جاننا۔علم رکھنا)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: (دیکھو) عذاب یوں ہوتا ہے۔اور آخرت کا عذاب اس سے کہیں بڑھ کر ہے۔کاش! یہ لوگ جانتے ہوتے

اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۳۴﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُتَّقِيْنَ:(کی جمع۔پرہیز گاروں کے۔اللہ جل جلالہٗ سے ڈرنے والوں سے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مقدم۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی ب سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔مضاف۔جَنّٰتِ:(باغات)مجرور مضاف الیہ۔محلاًاسم منصوب۔بالکسرہ۔مضاف۔النَّعِيْمِ:(نعمتوں والی)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: پرہیز گاروں کے لئے ان کے پروردگار کے ہاں نعمت کے باغ ہیں۔

اَفَنَجۡعَلُ الۡمُسۡلِمِيۡنَ كَالۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿۳۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔فَ:(تو)حرف عطف۔نَجْعَلُ:(ہم بنائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ الْمُسْلِمِيْنَ:(مسلمانوں کو) منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہ۔ كَ:(مانند۔طرح)حرف تشبیہ و جار۔الْمُجْرِمِيْنَ:(مجرموں کی)مجرور۔علامت۔ی۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: کیاہم فرمانبرداروں کونافرمانوں کی طرف(نعمتوں سے) محروم کردیں گے؟

مَا لَكُمۡ كَيۡفَ تَحۡكُمُوۡنَ ﴿۳۶﴾

مَا :(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ كَيْفَ:(کیسے؟)اسم استفہام۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔حال۔ تَحْكُمُوْنَ:(تم فیصلہ کرتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م) صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ۔مصدر۔حَكْمًا۔(فیصلہ کرنا۔حکم دینا)۔

ترجمہ آیت: تمہیں کیاہو گیاہے کیسی تجویزیں کرتے ہو؟

اَمۡ لَكُمۡ كِتٰبٌ فِيۡهِ تَدۡرُسُوۡنَ ﴿۳۷﴾

أَمْ:(کیا)عاطفہ منقطہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔كِتَابٌ:(کتاب۔)مبتداء مرفوع۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔تَدْرُسُوْنَ:(تم پڑھتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ۔(د ر س)صیغہ۔دَرَسَ يَدْرُسُ۔مصدر۔دَرْسًا۔(پڑھنا)۔جملہ محلاً صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیاتمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں (یہ) پڑھتے ہو۔

اِنَّ لَكُمۡ فِيۡهِ لَمَا تَخَيَّرُوۡنَ ﴿۳۸﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر

سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فِيْ:(میں)حرف عطف۔ هِ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ لَمَا:(بلاشبہ جو)مرکب۔(لَ+مَا)لائے ابتداء۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔ تَخَيَّرُوْنَ:(تم پسند کرتے ہو)اصلاً تَتَخَيَّرُوْنَ تھا۔ایک ت تخفیف کے لئے محذوف۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَخَيَّرَ يَتَخَيَّرُ۔مصدر۔تَخَيُّرٌ۔(پسند کرنا)۔

ترجمہ آیت: کہ جو چیز تم پسند کرو گے وہ تم کو ضرور ملے گی۔

اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۹﴾

أَمْ :(کیا)عاطفہ منقطعہ۔لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ أَيْمَانٌ:(یمین کی جمع۔قسمیں)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔ عَلَيَ:(پر)حرف جار۔نَا :(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔بَالِغَةٌ:(انتہا کو پہنچنے والی۔)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً مبتداء مؤخر۔إِلَى :(طرف۔)حرف جار۔يَوْمِ :(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ الْقِيَامَةِ:(قیامت)اسم مجرور۔ إِنَّ: (یقیناً) حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ :(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لَمَا:(بلاشبہ جو)مرکب۔(لَ+مَا)لائے ابتداء۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ تَحْكُمُوْنَ:(تم فیصلہ کرتے ہو۔)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔موجود۔واؤ جمع۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ح ک م) صیغہ۔حَكَمَ يَحْكُمُ۔مصدر۔حُكْمًا۔(فیصلہ کرنا۔حکم دینا)۔

ترجمہ آیت: یا تم نے ہم سے قسمیں لے رکھی ہیں جو قیامت کے دن تک چلی جائیں گی کہ جس شے کا تم حکم کرو گے وہ تمہارے لئے حاضر ہوگی۔

سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿۴۰﴾

سَلْ:(تو سوال کر۔پوچھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَوَالٌ۔ (سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔ هُمْ :(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَيُّ:(کون)اسم استفہام۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔مضاف۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر

غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ذٰلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر۔مرکب: (ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ +بُعد کے لئے +خطاب کے لئے۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ زَعِيۡمٌ:()مبتداء مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: ان سے پوچھو کہ ان میں سے اس کا کون ذمہ لیتا ہے؟

اَمۡ لَهُمۡ شُرَكَآءُ ۚ فَلۡيَاۡتُوۡا بِشُرَكَآئِهِمۡ اِنۡ كَانُوۡا صٰدِقِيۡنَ ﴿۴۱﴾

أَمۡ:(کیا)عاطفہ منقطعۃ۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ شُرَكَآءُ:(شَرِيۡكٌ۔برابری کرنے والے)مبتداء مؤخر مرفوع۔ فَ:(پس)فصیحۃ۔لۡ: (بلاشبہ) لائے امر۔يَاۡتُوۡا:(وہ لائیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محزوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاۡتِیۡ۔مصدر۔اِتۡيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔شُرَكَآءِ:(شریک کی جمع۔برابری کرنے والے۔)اسم مجرور۔مضاف۔هِمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِنۡ:(اگر) حرف شرط۔جازم فعل شرط۔كَانُوۡا:(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ ضمیر مستتر هُمۡ۔ محلاً فعل شرط۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوۡنُ۔مصدر۔كَوۡنًا۔(ہونا)۔صَادِقِيۡنَ: (سچ بولنے والے۔سچ کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔علامت۔ی۔جواب شرط محذوف۔

ترجمہ آیت: کیا (اس قول میں) ان کے اور بھی شریک ہیں؟ اگر یہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو لا سامنے کریں۔

يَوۡمَ يُكۡشَفُ عَنۡ سَاقٍ وَّيُدۡعَوۡنَ اِلَى السُّجُوۡدِ فَلَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ ﴿۴۲﴾

يَوۡمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔يُكۡشَفُ:(کھول دیا جائے گا۔دور کر دیا جائے گا۔پردہ ہٹا دیا جائے گا) فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل ۔ضمیر مستتر هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ک ش ف)صیغہ۔كَشَفَ يَكۡشِفُ۔مصدر۔كَشۡفًا۔(دور کرنا۔کھول دینا۔پردہ ہٹانا)۔عَنۡ:(سے)حرف جار۔سَاقٍ:(پنڈلی)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يُدۡعَوۡنَ:(وہ بلائے جائیں گے) فعل مضارع جمع مجہول مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت

نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔نائب فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(د ع و)ناقص واوی۔ صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔مصدر۔دُعَاءٌ۔دَعْوَةٌ۔(بلانا۔پکارنا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ السُّجُوْدِ:(سجدہ کی جمع۔سجدوں)اسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَسْتَطِيْعُوْنَ:(وہ کر سکتے ہیں۔طاقت رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ۔مصدر۔ اِسْتِطَاعَةٌ۔(طاقت رکھنا۔کر سکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(ط و ع)اجوف واوی۔طَاعَ يَطُوْعُ۔ يَطِيْعُ۔مصدر۔ طَوْعًا۔(فرمانبر داری کرنا)۔

ترجمہ آیت: جس دن پنڈلی سے کپڑا اٹھادیا جائے گا اور کفار سجدے کے لئے بلائے جائیں گے تو سجدہ نہ کر سکیں گے۔

خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۚ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾

خَاشِعَةً:(جھکی ہوں گی۔نیچی ہوں گی)منصوب۔حال۔ أَبْصَارُ:(آنکھیں)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُمْ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ تَرْهَقُ:(چھا جائے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(رھ ق)صیغہ۔ رَهِقَ يَرْهَقُ۔مصدر۔رَهْقًا۔(قابو پانا۔وہ چھا جانا)۔ هُمْ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ ذِلَّةٌ:(ذلت۔رسوائی)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔قَدْ: (یقیناً)حرف تحقیق۔كَانُوْا:(وہ ہوں)فعل ناقص جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔اور كَانَ کا اسم مرفوع۔جواب شرط محذوف۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)اجوف واوی۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔يُدْعَوْنَ:(وہ بلائے جائیں گے)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(د ع و) ناقص واوی ۔صیغہ۔دَعَا يَدْعُو۔ مصدر۔ دَعْوَةٌ۔(پکارنا)۔ إِلَى:(طرف۔۔لئے)حرف جار۔ السُّجُوْدِ:(سجدہ کی جمع۔سجدے)اسم مجرور۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔هُمْ :(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔سَالِمُوْنَ:(صحیح وسالم)خبر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی اور ان پر ذلت چھارہی ہوگی حالانکہ پہلے (اُس وقت) سجدے کے لئے بلاتے جاتے تھے جب کہ صحیح وسالم تھے۔

فَذَرۡنِيۡ وَمَنۡ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الۡحَدِيۡثِ ؕ سَنَسۡتَدۡرِجُهُمۡ مِّنۡ حَيۡثُ لَا يَعۡلَمُوۡنَ

فَ:(تو)فصیحۃ۔ذَرۡ:(تو چھوڑ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ صیغہ۔ وَذَرَ يَذَرُ۔ مصدر۔وَذۡرٌ۔(چھوڑ دینا)۔نِ: (وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے+يِ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محذوف۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔وَ:(اور)معیت۔مَنۡ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔یا مفعول معہٗ۔يُكَذِّبُ:(وہ جھٹلاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكۡذِيۡبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكۡذِبُ۔ مصدر۔ كِذۡبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ الۡحَدِيۡثِ: (بات۔کہانی۔حدیث۔"قرآن مجید")بدل مجرور۔ سَ:(عنقریب۔جلد ہی۔)حرف استقبال۔ نَسۡتَدۡرِجُ: (ہم آہستہ آہستہ۔پکڑیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحۡنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔اِسۡتَدۡرَجَ يَسۡتَدۡرِجُ۔مصدر۔اِسۡتِدۡرَاجًا۔(آہستہ آہستہ پکڑنا۔لے جانا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ر ج)صیغہ۔دَرَجَ يَدۡرُجُ۔ مصدر۔دُرُوۡجًا۔دَرَجَانًا۔(قدم بقدم جانا۔چلنا۔سبقت کرنا۔) هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مِّنۡ:(سے)حرف جار۔ حَيۡثُ:(جہاں)ظرف مکان۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ لَا: (نہیں)نافیہ يَعۡلَمُوۡنَ:(وہ جانتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م) صیغہ۔ عَلِمَ يَعۡلَمُ۔مصدر۔عِلۡمًا۔(سیکھنا۔جاننا)۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو مجھ کو اس کلام کے جھٹلانے والوں سے سمجھ لینے دو۔ہم ان کو آہستہ آہستہ ایسے طریق سے پکڑیں گے کہ ان کو خبر بھی نہ ہو گی۔

وَاُمۡلِيۡ لَهُمۡ ؕ اِنَّ كَيۡدِيۡ مَتِيۡنٌ ﴿۴۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اُمۡلِيۡ:(میں نے مہلت دی)فعل مضارع واحد متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمۡلٰى يُمۡلِيۡ۔مصدر۔اِمۡلَاءً۔(مہلت دینا۔ڈھیل دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(م ل و)ناقص واوی۔ صیغہ۔مَلَا يَمۡلُو۔مصدر۔مَلۡوًا۔(تیز قدم چلنا۔)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً

اسم مجرور۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ كَيْدِ:(چال۔منصوبہ بندی۔تدبیر) إِنَّ کا اسم منصوب۔کسرہ بوجہ اتصال ۔مضاف۔يْ :(میری)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔ مَتِيْنٌ:(سنجیدہ۔مضبوط۔قوی)إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور میں ان کو مہلت دیئے جاتاہوں میری تدبیر قوی ہے۔

اَمۡ تَسۡـَٔلُهُمۡ اَجۡرًا فَهُمۡ مِّنۡ مَّغۡرَمٍ مُّثۡقَلُوۡنَ ﴿۴۶﴾

أَمْ تَسْأَلُ:(توسوال کرتا ہے۔مانگتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(س ء ل) مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ يَسْئَلُ۔ مصدر۔ سَوَالٌ۔ (سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔ هُمْ: (ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ أَجْرًا:(اجر۔معاوضہ۔بدلہ)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔فَ:(تو) تعلیلیة۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ مَّغْرَمٍ: (جرمانہ۔تاوان)اسم مجرور۔ مُّثْقَلُوْنَ:(بھاری)اسم مفعول۔جمع مذکر۔ خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا تم ان سے کچھ اجر مانگتے ہو کہ ان پر تاوان کا بوجھ پڑ رہا ہے۔

اَمۡ عِنۡدَهُمُ الۡغَيۡبُ فَهُمۡ يَكۡتُبُوۡنَ ﴿۴۷﴾

أَمْ :(یا)حرف عطف۔عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔ مرفوع۔ الْغَيْبُ:(غیب۔پوشیدہ چیز)مبتداء مرفوع۔ فَ:(تو)حرف عطف۔ هُمْ: (وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يَكْتُبُوْنَ:(وہ لکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ت ب) صیغہ۔كَتَبَ يَكْتُبُ۔مصدر۔كِتَابًا۔(لکھنا)۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: یاان کے پاس غیب کی خبر ہے کہ (اسے) لکھتے جاتے ہیں۔

فَاصۡبِرۡ لِحُكۡمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنۡ كَصَاحِبِ الۡحُوۡتِ اِذۡ نَادٰى وَهُوَ مَكۡظُوۡمٌ ﴿۴۸﴾

فَ:(تو)فصيحة۔اِصْبِرْ:(توڈٹارہ۔استقامت دکھا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔ باب

ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ یَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ ڈٹے رہنا)۔ لِ: (لئے)حرف جار۔حُکْمِ:(حکم۔فیصلہ)اسم مجرور۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضا۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَكُنْ:(تو ہو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔نون اعرابی محذوف۔ واؤ حرف علت بوجہ التقائے ساکنین۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) ناصب خبر۔رافع اسم۔ صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ كَ:(جیسے)حرف تشبیہ و جار۔صَاحِبِ:(دوست۔ساتھی۔والا)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً كَانَ کی خبر مقدم۔منصوب۔مضاف۔ الْحُوتِ:(مچھلی۔جوسات کلو سے وزن سے زیادہ ہو)مجرور مضاف الیہ۔إِذْ:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔بمعنی ماضی۔ نَادٰی:(اس نے آواز دی۔پکارا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔نَادٰی يُنَادِيْ۔مصدر۔ مُنَادَاةٌ۔(پکارنا)۔ وَ:(اور)استئنافیہ۔هُوَ :(وہ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔مَكْظُوْمٌ:(غم سے بھرا ہوا۔تھکا ہوا۔ دکھی،مصیبت زدہ(2) غصہ سے حلق میں پھندا لگا ہوا۔)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: تو اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کئے رہو اور مچھلی (کا لقمہ ہونے) والے یونس کی طرح نہ ہونا کہ انہوں نے (اللہ) کو پکارا اور وہ (غم و) غصے میں بھرے ہوئے تھے۔

لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾

لَوْلَا:(اگر نہیں)امتناعیۃ۔"حرف شرط+نافیہ"۔اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَدَارَكَ:(تو پالیتا۔سنبھال لیتا۔سنبھالا ہوتا۔یعنی نہ پھسلتا)اصلاً تَتَدَارَكَ تھا۔ایک ت محذوف۔بوجہ ثقالت۔فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔منصوب۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل۔ضمیر مستتر اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَدَارَكَ يَتَدَارَكُ۔مصدر۔تَدَارُكٌ۔(پالینا۔سنبھالنا)۔ هُ:(اسے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔نِعْمَةٌ:(نعمت)فاعل۔مرفوع۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔رَّبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ: (بلاشبہ)لائے واقعۃ برائے جواب"لَوْلَا "۔نُبِذَ:(پھینکا گیا۔ڈالا گیا)فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر

ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ب ذ)صیغہ۔نَبَذَ یَنْبِذُ۔مصدر۔نبذا۔(چھوڑ دینا۔پھینک دینا۔ڈال دینا)۔بِ: (ساتھ)حرف جار۔الْعَرَاءِ:(ننگی زمین۔میدان۔چٹیل میدان جہاں کوئی سبزہ نہ ہو۔اور وہ ہموار ہو)اسم مجرور۔ وَ: (حالانکہ)حالیہ۔ھُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔مَذْمُوْمٌ:(مذمت کیا ہوا۔شرم وحیا۔ خوف ملامت کیا ہوا)اسم مفعول۔واحد مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔محلاً جملہ منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اگر تمہارے پروردگار کی مہربانی ان کی یاوری نہ کرتی تو وہ چٹیل میدان میں ڈال دیئے جاتے اور ان کا حال ابتر ہو جاتا۔

فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۵۰﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔اِجْتَبَا:(اس کو چن لیا۔)اصلاً اِجْتَبٰی تھا۔ی۔حرف علت کو برائے اتصال مابعد ضمیر۔الف سے بدل دیا گیا ہے۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِجْتَبٰی یَجْتَبِیْ۔ مصدر۔اِجْتِبَاءً۔(چن لینا۔منتخب کر لینا۔)۔ہٗ:(اسے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ رَبُّ: (ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔ جَعَلَ:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ یَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا ۔ (بنانا)۔ہٗ :(اسے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ مِنَ :(سے)حرف جار۔الصَّالِحِیْنَ:(نیکوکاروں۔اچھا کرنے والوں)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: پھر پروردگار نے ان کو برگزیدہ کر کے نیکوکاروں میں کر لیا۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔اِنْ:(بے شک۔یقینا)اِنَّ ثقیلہ کا مخففہ۔غیر عامل۔یَکَادُ:(وہ بہت قریب ہوگی)فعل مقاربہ۔مضارع۔واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔فتح۔مادہ(ک و د۔)صیغہ۔کَادَ یَکُوْدُ۔مصدر۔کَوْدًا۔(قریب ہونا)۔اَلَّذِیْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔کَفَرُوْا کَفَرُوْا: نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ کَفَرَ یَکْفُرُ۔ مصدر۔کُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔جملہ محلاً خبر مرفوع۔ لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔یُزْلِقُوْنَ:(وہ پھسلا دیتے ہیں۔

پھسلا دیں گے۔وہ لڑکھڑا دیتے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَزْلَقَ يُزْلِقُ۔مصدر۔اِزْلَاقٌ۔(پھسلانا۔لڑکھڑانا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ز ل ق)صیغہ۔زَلَقَ يَزْلِقُ۔ مصدر۔ زَلْقًا۔(پھسلنا۔ پھسلن)۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ أَبْصَارِ:(بَصَرٌ کی جمع۔آنکھیں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کی۔اپنی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔ مبنی بر سکون۔ بمعنی۔"حِيْنٌ"محلاً منصوب۔ سَمِعُوْا:(انہوں نے سنا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)۔صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ۔مصدر سَمْعًا۔(سننا)۔الذِّكْرَ:(ذکر۔نصیحت۔)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَقُوْلُوْنَ :(وہ کہیں گے۔وہ کہتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابي موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقه۔ مَجْنُوْنٌ: (دیوانہ۔پاگل۔عقل گم کردہ)إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور کافر جب(یہ) نصیحت (کی کتاب) سنتے ہیں تو یوں لگتے ہیں کہ تم کو اپنی نگاہوں سے پھسلا دیں گے اور کہتے یہ تو دیوانہ ہے۔

وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔مَا :(نہیں) نافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ ذِكْرٌ:(ذکر ۔یاد۔نصیحت)خبر مرفوع۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔الْعَالَمِيْنَ:(الْعَالَمُ کی جمع۔سب جہانوں کے)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًصفت۔مرفوع۔موصوف۔" ذِكْرٌ "یعنی قرآن مجید۔

ترجمہ آیت: اور(لوگو) یہ (قرآن) اہل عالم کے لئے نصیحت ہے

69 سُوْرَۃُ الْحَآقَّـۃِ

رکوعاتھا 2   69 سُوْرَۃُ الْحَآقَّـۃِ مَکِّیَّۃٌ 78   اٰیاتھا 52

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کانام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَآقَّۃُ ﴿۱﴾

اَلْحَاقَّۃُ:(حقیقتا۔سچ مچ۔)مبتداء مرفوع۔

ترجمہ آیت: سچ مچ ہونے والی

مَا الْحَآقَّۃُ ﴿۲﴾

مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔اَلْحَاقَّۃُ:(حقیقتا۔سچ مچ۔)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت وہ سچ مچ ہونے والی کیا ہے؟

وَمَآ اَدْرٰىکَ مَا الْحَآقَّۃُ ﴿۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔أَدْرَا:(آگاہ کیا۔خبر دار کیا۔معلوم کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ ضرب۔مادہ(د ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔دَرٰی یَدْرِیْ۔مصدر۔دِرَایَۃٌ۔(معلوم ہونا۔جاننا)۔کَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاًمبتداء مرفوع۔اَلْحَاقَّۃُ:(حقیقتا۔سچ مچ۔)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور تم کو کیا معلوم ہے کہ سچ مچ ہونے والی کیا ہے؟

کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَۃِ ﴿۴﴾

کَذَّبَتْ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ث ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھِیَ۔ثلاثی

مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔کَذَّبَ یُکَذِّبُ۔مصدر۔تَکْذِیْبٌ۔(جھٹلانا)۔ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔کَذَبَ یَکْذِبُ۔مصدر۔کِذْبًا۔ کِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ ثَمُوْدُ :(ثمود۔حضرت صالحؑ کے وقت کے لوگ۔)۔فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔عَادٌ:(عرب بائدہ کاایک شخص۔عاد کے نام سے مشہور ایک پرانا عرب قبیلہ۔)بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْقَارِعَۃِ:(دھماکہ۔کڑکا۔انتہائی شدت کی آواز۔"قیامت")اسم مجرور۔اسم فعل۔واحد مؤنث۔

ترجمہ آیت: (وہی) کھڑ کھڑانے والی (جس) کو ثمود اور عاد(دونوں) نے جھٹلایا۔

فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ﴿٥﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔أَمَّا :(بہر حال۔رہے)حرف تفصیل۔حرف شرط۔ثَمُوْدُ :(ثمود۔)مبتداء مرفوع۔فَ:(پھر)برائے جواب شرط۔أُهْلِكُوْا:(وہ ہلاک کئے گئے)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَکَ یُهْلِکُ۔ مصدر۔ اِهْلَاکٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ ۔هَلَکَ یَهْلِکُ۔مصدر۔هَلْكًا۔هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔الطَّاغِيَةِ:(سرکشی۔بغاوت۔طاغوتی ذہن والے۔نافرمان)اسم مجرور۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔مبتداء"ثَمُوْدُ"۔

ترجمہ آیت: سو ثمود تو کڑک سے ہلاک کر دیئے گئے۔

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ﴿٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَمَّا :(بہر حال۔رہے)حرف تفصیل۔حرف شرط۔عَادٌ :(عاد)مبتداء مرفوع۔فَ:(پھر)برائے جواب شرط۔أُهْلِكُوْا:(وہ ہلاک کئے گئے)فعل ماضی مجہول۔جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَکَ یُهْلِکُ۔ مصدر۔ اِهْلَاکٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ فتح۔ مادہ(ھ ل ک)صیغہ ۔هَلَکَ یَهْلِکُ۔ مصدر۔ هَلْكًا۔ هَلَاكًا۔ هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔رِيْحٍ:(آندھی۔ہوا)اسم مجرور۔موصوف۔ صَرْصَرٍ:(یخ بستہ۔انتہائی ٹھنڈی)صفت۔مجرور۔تابع موصول۔ عَاتِيَةٍ:(بہت سرکش۔انتہائی تیز)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاًصفت ثانی۔مصدر۔عُتُوٌّ۔

ترجمہ آیت: رہے عاد تو ان کا نہایت تیز آندھی سے ستیاناس کر دیا گیا۔

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ﴿۷﴾

سَخَّرَ:(مسلط کر دیا۔ قابو میں دے دیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔سَخَّرَ يُسَخِّرُ۔مصدر۔تَسْخِيْرًا۔(قابو میں دینا۔مسلط کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س خ ر)صیغہ۔سَخِرَ يَسْخَرُ۔ مصدر۔سَخْرًا۔سُخْرَةً۔(مذاق اڑانا۔کسی سے تمسخر کرنا۔ہنسی اڑانا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔سَبْعَ:(ساتھ)اسم عدد۔نائب ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔لَيَالٍ :(راتیں) ظرف زمان۔مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔ ثَمَانِيَةَ:(آٹھ)اسم عدد مؤنث۔ نائب ظرف زمان۔ منصوب۔مضاف۔ اَيَّامٍ :(يَوْمٌ کی جمع۔دن)ظرف زمان۔مجرور مضاف الیہ۔حُسُوْمًا:(نا مبارک۔جڑ کاٹ دینے والی۔نسل ختم کر دینے والی)منصوب۔حال۔ فَ:(پھر)استئنافیہ۔تَرَى:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔الْقَوْمَ:(لوگوں۔قوم کو)منصوب مفعول بہٖ۔فِيْ: (میں) حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔صَرْعٰى:(صَرْعٌ مرگی۔ جیسے مرگی والے کو دورا پڑا ہو۔ صَرِيْعٌ کی جمع۔ گرے ہوئے۔ بے ڈھنگ کے)اسم مفعول جمع مذکر۔ منصوب۔حال۔ كَاَنَّ:(گویا کہ)حرف تشبیہ+حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً كَاَنَّ کا اسم منصوب۔اَعْجَازُ:(تنے جڑوں سمیت) كَاَنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔ نَخْلٍ :(کھجوروں کے)مجرور مضاف الیہ۔ موصوف۔خَاوِيَةٍ:(کھوکھلے۔گری ہوئی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اللہ نے اس کو سات رات اور آٹھ دن لگاتار ان پر چلائے رکھا تو(اے مخاطب) تو لوگوں کو اس میں (اس طرح) ڈھئے (اور مرے) پڑے دیکھے جیسے کھجوروں کے کھوکھلے تنے۔

فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ﴿۸﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔تَرٰى:(تو دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰى يَرٰى۔ مصدر۔ رُؤْيَةٌ۔

(دیکھنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمۡ:(ان کے)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ مِّنۡ:(سے)حرف جار.زائد۔بَاقِيَةٍ:(باقی رہنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔لفظاًمجرور۔ محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: بھلاتوان میں سے کسی کو بھی باقی دیکھتاہے؟۔

وَجَآءَ فِرۡعَوۡنُ وَمَنۡ قَبۡلَهٗ وَالۡمُؤۡتَفِكٰتُ بِالۡخَاطِئَةِ ۝٩

وَ:(اور)حرف عطف۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) اجوف یائی۔مہموز اللام۔ صیغہ۔جَاءَ يَجِيْئُ۔ جِيْئٌ۔ مَجِئٌ۔ (آنا)۔ فِرۡعَوۡنُ:(فرعون)فاعل مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَنۡ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً قَبۡلَ:(پہلے)ظرف زمان۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الۡمُؤۡتَفِكَاتُ:(الٹ جانے والی۔اجڑنے والی۔بستیاں۔)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔محلاً معطوف مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الۡخَاطِئَةِ:(گناہ ، ارادہ گناہ ، جرم :)مصدر۔محلاًاسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور فرعون اور جو لوگ اس سے پہلے تھے اور وہ جو الٹی بستیوں میں رہتے تھے سب گناہ کے کام کرتے تھے۔

فَعَصَوۡا رَسُوۡلَ رَبِّهِمۡ فَاَخَذَهُمۡ اَخۡذَةً رَّابِيَةً ۝١٠

فَ:(تو)حرف عطف۔عَصَوۡا:(انہوں نے نافرمانی کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ع ص ی)ناقص یائی۔صیغہ۔عَطٰى يَعۡصِيۡ۔مصدر۔عِصۡيَانٌ۔عَصۡيًا۔مَعۡصِيَةٌ۔(نافرمانی کرنا)۔ رَسُوۡلَ:(پیغمبر کی)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمۡ:(اس کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ فَ:(تو)حرف عطف۔أَخَذَ:(اس نے پکڑ لیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔فاعل ۔ضمیر مستترتقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخۡذًا۔ (پکڑنا)۔هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر۔ أَخۡذَةً:(پکڑ۔گرفت)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ رَّابِيَةً:(سخت۔بڑھتی ہوئی)اصلاً رَّابِوَةً تھا۔اسم فاعل۔واحد مؤنث۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: انہوں نے اپنے پروردگار کے پیغمبر کی نافرمانی کی تو اللہ نے بھی ان کو بڑا سخت پکڑا۔

إِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ﴿۱۱﴾

إِنَّا:(بے شک ہم) مرکب:(إِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔لَمَّا:(جب)ظرف زمان۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ طَغَى :(وہ طغیانی میں آگیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔نصر۔صیغہ۔طَغٰى يَطْغُو۔مصدر۔ طُغُوًا۔طُغْوَانًا۔(پانی کا طغیانی میں آنا۔دریا کے کناروں سے باہر ہونا) باب۔فتح۔صیغہ۔طَغَا يَطْغٰى۔مصدر۔طَغْيًا۔طُغْيَانًا۔(باغی ہونا۔سرکشی کرنا۔ سرکش۔)۔الْمَاءُ:(پانی)فاعل مرفوع۔حَمَلْنَا: (ہم نے اٹھایا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔ مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا)۔ كُمْ :(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً شرطیہ۔ إِنَّ کی خبر مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔ الْجَارِيَةِ:(چلنے والی۔کشتی۔"کشتی۔دخانی جہاز۔بادبان۔کسی بھی قسم کا جو پانی میں چلتا ہے")اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: جب پانی طغیانی پر آیا تو ہم نے تم (لوگوں) کو کشتی میں سوار کرلیا۔

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ أُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ﴿۱۲﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔نَجْعَلَ:(ہم بنائیں)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ هَا: (اسے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ تَذْكِرَةً:(ذکر۔نصیحت۔تذکرہ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَعِيَ:(وہ ذہن میں رکھے۔یاد رکھے)فعل مضارع معطوف۔واحد مؤنث غائب۔ منصوب۔ علامت محل اعراب مفتوح۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(و ع ی)لفیف مفروق۔صیغہ۔وَعٰى يَعِيْ۔ مصدر۔ وَعْيًا۔(دماغ میں رکھنا۔یاد رکھنا۔)هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔أُذُنٌ :(کان)فاعل۔مرفوع۔موصوف۔وَاعِيَةٌ:(یادرکھنے والا۔)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاًصفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: تاکہ اس کو تمہارے لئے یادگار بنائیں اور یادرکھنے والے کان اسے یاد رکھیں۔

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔إِذَا :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔نُفِخَ :(پھونک ماری جائے گی۔پھونکا جائے گا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر۔مستترتقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف خ)صیغہ۔نَفَخَ يَنْفُخُ۔مصدر۔نَفْخًا۔(منہ سے پھونک مارنا)۔فِي:(میں)حرف جار۔الصُّورِ :(کرناہ۔ناقوس۔ناد۔صور۔)اسم مجرور۔نَفْخَةٌ:(پھونکنا)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔نائب فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔ وَاحِدَةٌ:(ایک ہی)صفت مرفوع۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: توجب صور میں ایک (بار) پھونک ماردی جائے گی۔

وَّحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿۱۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔حُمِلَتِ:(اٹھائی جائے گی)فعل ماضی مجہول۔واحد مؤنث۔غائب۔نائب فاعل۔ضمیر۔مستترتقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا۔حاملہ ہونا)۔ الْأَرْضُ :(زمین)نائب فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْجِبَالُ:(جَبَلٌ کی جمع۔)معطوف مرفوع۔فَ:(پھر)حرف عطف۔دُكَّتَا:(دونوں پیسے جائیں گے۔)فعل ماضی مجہول تثنیہ۔علامت۔تَا تثنیہ مؤنث۔نائب فاعل۔ضمیر۔مستترتقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ک ک)مضاعف۔صیغہ۔دَكَّ يَدُكُّ۔ مصدر۔دَكًّا۔(پیسنا۔توڑنا۔کوٹنا۔) دَكَّةً:(چوٹ۔ضرب)منصوب مفعول مطلق۔موصوف۔وَاحِدَةً:(ایک ہی)صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور زمین اور پہاڑ دونوں اٹھالئے جائیں گے۔پھر ایک بار گی توڑ پھوڑ کر برابر کردیئے جائیں گے۔

فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱۵﴾

فَ:(تو)برائے رابطہ۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔قیامت کے دن)مرکب: (يَوْمَ +إِذٍ)ظرف زمان۔مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَقَعَتِ:(گرگئی۔واقع ہوگئی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔کسرہ برائے اتصال۔بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ضمیر ۔مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(و ق ع)مثال واوی۔صیغہ۔وَقَعَ يَقِعُ۔مصدر۔وُقُوْعًا۔(واقع ہونا۔نیچے گرجانا۔صلہ عَلٰی کے ساتھ گزرنا۔یقینی ہونا)الْوَاقِعَةُ:(واقع ہونے

والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔"قیامت"۔

ترجمہ آیت: تو اس روز ہو پڑنے والی (یعنی قیامت) ہو پڑے گی

وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿۱۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اِنْشَقَّتِ:(وہ پھٹ جائے گی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔کسرہ برائے اتصال۔بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ ضمیر ۔ مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔انفعال۔صیغہ۔اِنْشَقَّ يَنْشَقُّ مصدر۔اِنْشِقَاقٌ۔(پھٹنا۔ پھٹ جانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ش ق ق)مضاعف۔صیغہ۔شَقَّ يَشُقُّ۔مصدر۔شَقًّا۔(جدا ہونا۔پھاڑنا)۔ السَّمَاءُ:(آسمان)فاعل۔مرفوع۔ فَ:(پھر)استئنافیہ۔هِيَ:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔قیامت کے دن)مرکب: (يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ مضاف۔+ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔وَاهِيَةٌ:(کمزور۔بوسیدہ)۔خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور آسمان پھٹ جائے گا تو وہ اس دن کمزور ہو گا۔

وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ؕ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ﴿۱۷﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔الْمَلَكُ:(فرشتہ۔غیر مرئی طاقت)مبتداء مرفوع۔عَلَى:(پر)حرف جار۔أَرْجَاءِ:(رِجَاءٌ کی جمع۔کناروں)اسم مجرور۔ مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔يَحْمِلُ :(وہ اٹھاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر ۔مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح م ل)صیغہ۔حَمَلَ يَحْمِلُ۔مصدر۔حَمْلًا۔(اٹھانا)۔عَرْشَ:(تخت۔چھت۔)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَوْقَ:(اوپر)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هُمْ :(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔قیامت کے دن)مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ثَمَانِيَةٌ: (آٹھ"وہ قوتیں جو دیکھی نہیں جاسکتی۔خلانورد۔یا علم ہیئت کو جاننے والے صحیح بتاسکتے ہیں کہ کیسے سورج چاند کو اٹھایا گیا۔نہ وہ اوپر جاتے ہیں نہ ہی نیچے۔نہ ہی وہ اپنی رفتار کم و بیش کرتے ہیں")فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور فرشتے اس کے کناروں پر (اُتر آئیں گے) اور تمہارے پروردگار کے عرش کو اس روز آٹھ فرشتے اپنے سروں پر اُٹھائے ہوں گے۔

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿۱۸﴾

يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔ قیامت کے دن) مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔+ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ تُعْرَضُوْنَ:(نظر انداز کئے جائیں گے۔اعراض برتا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔ جمع مذکر حاضر۔ نائب فاعل۔ضمیر ۔ مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔ سمع۔مادہ(ع ر ض)صیغہ۔عَرَضَ يَعْرِضُ۔/عَرِضَ يَعْرَضُ۔مصدر۔عَرْضًا۔(پیش آنا۔واقع ہونا۔ل کے ساتھ پیش کرنا۔صلہ عَلٰی کے ساتھ ظاہر کرنا۔سامنے رکھنا)۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔تَخْفٰى:(وہ پوشیدہ نہیں رہے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ ضمیر۔ مستترتقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ ف ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔خَفِيَ يَخْفٰى۔مصدر۔خَفَاءًا۔(پوشیدہ رہنا۔چھپا رہنا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ خَافِيَةٌ:(کچھ بھی چھپنے والی"چیز۔بات۔کردار")اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاًفاعل مرفوع۔جملہ محلاًمنصوب حال۔

ترجمہ آیت: اس روز تم (سب لوگوں کے سامنے) پیش کئے جاؤ گے اور تمہاری کوئی پوشیدہ بات چھپی نہ رہے گی۔

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿۱۹﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔اَمَّا:(لیکن۔رہا۔بہر حال)حرف شرط و تفصیل۔ مَنْ :(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔اُوْتِيَ:(دی گئی)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ كِتَابَ:(کتاب)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔سے)حرف جار۔يَمِيْنِ:(دائیں ہاتھ۔درست طریقہ۔ سے)۔اسم مجرور۔مضاف۔هٖ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًمنصوب۔حال۔فَ:(تو)برائے رابطہ جواب شرط۔۔يَقُوْلُ:(وہ کہے گا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔

قَوۡلًا۔(کہنا)۔ هَاؤُمُ:(لے لو)اسم فعل امر۔مبنی بر ضمہ۔بمعنی "خُذُوۡا"(پکڑو)۔اِقۡرَؤُوۡا:(تم پڑھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ق ر ء)مہموز اللام۔صیغہ۔قَرَاَ يَقۡرَاُ۔ مصدر۔قَرَاءَةٌ۔(پڑھنا)۔ كِتَابِيَهۡ:(میری کتاب "اعمال نامہ")مرکب:(كِتَابِ+يَ+هْ) منصوب۔مفعول بہ۔کسرہ برائے اتصال۔ضمیر متکلم۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔+زائدہ۔محلاً برائے سکتہ۔

ترجمہ آیت: توجس کا(اعمال) نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ(دوسروں سے) کہے گا کہ لیجئے میرا نامہ(اعمال) پڑھیئے۔

اِنِّيۡ ظَنَنۡتُ اَنِّيۡ مُلٰقٍ حِسَابِيَهۡ ﴿۲۰﴾

إِنِّي:(یقیناً میں)مرکب(إِنِّ+يِ) إِنِّ:(یقیناً۔بے شک)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔يِ:(میں) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب:()ظَنَنۡتُ:(میں نے گمان کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن) مضاعف۔صیغہ۔ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔خیال کرنا۔وہم ہونا۔شک ہونا)۔مُلَاقٍ :(ملنے والا) مُلَاقَاةٌ مصدر۔اسم فاعل۔واحد مذکر۔اصلاً مُلَاقِيٌ تھا۔اِنَّ کی خبر مرفوع۔حِسَابِيَهۡ:(میرا حساب۔"اعمال کا نتیجہ")مرکب:(حِسَابِ+يَ+هْ) منصوب۔مفعول بہ۔کسرہ برائے اتصال۔ضمیر متکلم۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔+زائدہ۔محلاً برائے سکتہ۔

ترجمہ آیت: مجھے یقین تھا کہ مجھ کو میرا حساب(کتاب) ضرور ملے گا۔

فَهُوَ فِيۡ عِيۡشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿۲۱﴾

فَ:(پس)اِستئنافیہ۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي :(میں)حرف جار۔عِيۡشَةٍ: (جینا۔زندگی۔)مصدر۔صیغہ۔عَاشَ يَعِيۡشُ۔عِيۡشَةً۔رَّاضِيَةٍ:(پسندیدہ۔خوشی والی۔پر مسرت۔من بھاتی)صفت۔مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: پس وہ(شخص) من مانے عیش میں ہو گا۔

فِيۡ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿۲۲﴾

فِي:(میں)حرف جار۔جَنَّةٍ:(باغ)اسم مجرور۔موصوف۔عَالِيَةٍ:(بلند وبالا۔اونچے "محلّات")مجرور۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (یعنی) اونچے(اونچے محلوں) کے باغ میں۔

قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿۲۳﴾

قُطُوْفُ:(قِطْفٌ کی جمع۔ٹوٹے ہوئے۔خود پک کر گرے ہوئے)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً مبتداء مرفوع۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔دَانِيَةٌ:(قریب۔نزدیک) دُنُوٌّ مصدر۔خبر مرفوع۔جملہ صفت۔"جَنَّة"موصوف۔

ترجمہ آیت: جن کے میوے جھکے ہوئے ہوں گے۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـــًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿۲۴﴾

كُلُوْا:(تم کھاؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء ک ل) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَكَلَ يَاكُلُ۔ صدر۔اَكْلًا۔(کھانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اِشْرَبُوْا:(تم پیؤ) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ش ر ب)صیغہ۔شَرِبَ يَشْرَبُ۔مصدر۔شُرْبًا۔(پینا)۔ هَنِيْئًا: (مزیدار۔پر لذت۔) منصوب۔حال۔بِمَا:(جوکچھ) مرکب:(بِ+مَا) حرف جار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَسْلَفْتُمْ:(تم آگے بھیجے۔)فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَسْلَفَ يُسْلِفُ۔مصدر۔اِسْلَافًا۔(آگے بھیجنا۔پہلے کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(س ل ف)صیغہ۔سَلَفَ يَسْلُفُ۔مصدر۔ سَلْفًا۔ سُلُوْفًا۔(ختم کرنا۔فوت ہونا۔پہلے گزر جانا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔الْاَيَّامِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔موصوف۔الْخَالِيَةِ:(گزرنے والے۔گزرے ہوئے)مصدر۔اسم فاعل۔واحد مؤنث۔صفت۔مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جو(عمل) تم ایام گزشتہ میں آگے بھیج چکے ہو اس کے صلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو۔

وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ﴿۲۵﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔ أَمَّا:(لیکن۔رہا۔بہر حال)حرف شرط و تفصیل۔ مَنْ :(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔أُوْتِيَ:(دی گئی) فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگر بعد میں صلہ بِ حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔ كِتَابَ:(کتاب)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ :(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

بِ:(ساتھ)حرف جار۔شِمَالِ:(بائیں ہاتھ)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔فَ:(پھر)برائے رابطہ جواب۔"اَمَّا"حرف شرط۔۔يَقُوْلُ:(وہ کہے گا)فعل مضارع واحدمذکرغائب۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔جملہ محلاًمبتداء"مَنْ "کی خبر مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ يَا:(ہائے)حرف نداء۔حسر۔یاحرف تنبیہ۔لَيْتَ:(کاش)حرف تمنّا۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم رافع خبر۔نِيْ۔(مجھے) نِ: (وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے +يْ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محذوف۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔اُوْتَ:(دیا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔حرف علت۔محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔نائب فاعل۔ضمیر مستترتقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔ لانا)اگربعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔كِتَابِيَهْ:(میری کتاب۔"میرا اعمال نامہ")مرکب:(كِتَابِ+يَ+هْ) منصوب۔مفعول بہ۔کسرہ برائے اتصال مابعد یائے متکلم۔مضاف+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔+ زائدہ۔محلاًبرائے سکتہ۔جملہ محلاً "لَيْتَ"کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور جس کانامہ(اعمال) اس کے بائیں ہاتھ میں یا دجائے گاوہ کہے گاا ے کاش مجھ کو میرا (اعمال) نامہ نہ دیا جاتا۔

وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ﴿۲۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ اَدْرِ:(مجھے معلوم ہے)فعل مضارع واحد متکلم۔مجزوم۔علامت یائے حرف علت محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ثلاثی مجرد۔باب۔ ضرب۔مادہ(د ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔دَرٰى يَدْرِيْ۔مصدر۔دِرَايَةٌ۔(معلوم ہونا۔جاننا)۔مَا:(کیا)استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ حِسَابِيَهْ:(میرا حساب۔"اعمال کا نتیجہ ")مرکب:(حِسَابِ+يَ+هْ) خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔کسرہ برائے اتصال۔ضمیر متکلم۔مضاف۔+ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔+زائدہ۔محلاًبرائے سکتہ۔

ترجمہ آیت: اور مجھے معلوم نہ ہو کہ میرا حساب کیا ہے۔

يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿۲۷﴾

یَا:(اے۔ہائے)حرف نداء۔حرف تنبیہ۔حرف حسر۔ لَیْتَ:(کاش)حرف تمنا۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هَا: (وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاًلَیْتَ کا اسم منصوب۔ كَانَتِ:(وہ ہوجائے گی۔ہو جائے گا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تُ ساکن۔علامت ضمیر مستتر فاعل تانیث۔هِیَ۔ کَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔ مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔اَلْقَاضِیَةَ:(پورا کر دینے والی۔کام تمام کرنے والی۔خاتمہ کرنے والی)قَضَاءٌ مصدر۔ (موت۔)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔ کَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًلَیْتَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اے کاش موت(ابد الا آباد کے لئے میرا کام) تمام کرچکی ہوتی۔

مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ﴿٢٨﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔أَغْنَی:(وہ کام آیا) :(وہ کسی کام آئے گی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْنٰی یُغْنِیْ۔مصدر۔اِغْنِیَاءٌ۔(کام آنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(غ ن ی)ناقص یائی۔صیغہ غَنِیَ یَغْنٰی۔ مصدر۔غَنِیٌّ۔غِنَاءًا۔(آباد ہونا۔بسنا۔مالدار ہونا۔آسودہ حال ہونا۔) عَنِّ:(سے)حرف جار۔ي :(مجھ)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور۔مَالِیَهْ:(مال ودولت)منصوب۔ مفعول بہ۔هْ۔زائد۔ محلاًبرائے سکتہ۔

ترجمہ آیت: (آج) میرا مال میرے کچھ بھی کام بھی نہ آیا۔

هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطٰنِيَهْ ﴿٢٩﴾

هَلَكَ:(اس نے ہلاک کیا۔برباد کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔فتح۔مادہ(ہ ل ک)صیغہ ۔هَلَكَ يَهْلِكُ۔مصدر۔هَلْكًا۔(ہلاک ہونا۔برباد ہونا۔ تلف ہونا) عَنِّ:(سے)حرف جار۔ي:(مجھ) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاًاسم مجرور سُلْطَانِیَهْ:(ریاست۔ملک۔ حکومت)منصوب۔ مفعول بہ۔هْ۔زائد۔ محلاًبرائے سکتہ۔

ترجمہ آیت: (ہائے) میری سلطنت خاک میں مل گئی۔

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿٣٠﴾

خُذُو:(تم پکڑو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ محذوف برائے اتصال ما بعد۔ضمیر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔ مصدر۔

اَخۡذًا۔(پکڑنا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔فَ:(تو)حرف عطف۔غُلُّوۡ:(تم پھندہ لگاؤ۔طوق پہناؤ)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔محذوف۔بوجہ اتصال ما بعد۔ضمیر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(غ ل ل)مضاعف۔صیغہ۔غَلَّ یَغُلُّ۔مصدر۔ غَلًّا۔(پھندہ لگانا۔طوق ڈالنا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: (حکم ہو گا کہ) اسے پکڑلو اور طوق پہنادو۔

ثُمَّ الۡجَحِيۡمَ صَلُّوۡهُ ﴿۳۱﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ الۡجَحِيۡمَ:(دوزخ۔بھڑکتی ہوئی آگ)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔ صَلُّوۡ:(تم داخل کرو۔ جھونک دو۔) فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔محذوف۔بوجہ اتصال مابعد۔ضمیر۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صَلّٰی یُصَلِّیۡ۔مصدر۔تَصۡلِيَةٌ۔(آگ میں ڈالنا۔جھونکنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ل ی)ناقص یائی۔صیغہ ۔ صَلِیَ یَصۡلِیۡ۔مصدر۔صَلِیٌّ۔(داخل ہونا۔)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: پھر دوزخ کی آگ میں جھونک دو۔

ثُمَّ فِيۡ سِلۡسِلَةٍ ذَرۡعُهَا سَبۡعُوۡنَ ذِرَاعًا فَاسۡلُكُوۡهُ ﴿۳۲﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔فِيۡ:(میں)حرف جار۔سِلۡسِلَةٍ:(زنجیر۔ہتھکڑی)اسم مجرور۔ذَرۡعُ:(بازو)مبتداء مرفوع۔مضاف۔ هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔سَبۡعُوۡنَ:(ستر)خبر مرفوع۔اسم عدد۔ ذِرَاعًا:(ہاتھ۔پیمانہ۔)منصوب۔ تمیز۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔اُسۡلُكُوۡ:(تم جکڑو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔محذوف۔بوجہ۔برائے اتصال مابعد ضمیر۔ ضمیر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(س ل ک) ۔صیغہ ۔سَلَکَ یَسۡلُکُ۔مصدر۔سَلۡكًا۔سُلُوۡكٌ۔(جکڑنا۔)ہُ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: پھر زنجیر سے جس کی ناپ ستر گز ہے جکڑ دو۔

اِنَّهٗ كَانَ لَا یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ ﴿۳۳﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ہٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ :(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔لَا:(نہیں) نافیہ۔یُؤْمِنُ:(وہ ایمان لاتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔جملہ محلاً كَانَ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَاْمَنُ۔مصدر۔ اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔ حفاظت میں ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)اسم مجرور۔موصوف۔الْعَظِیْمِ:(بہت بڑا)مبالغہ۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: یہ نہ تو اللہ جل شانہ پر ایمان لاتا تھا۔

وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ ﴿۳۴﴾

ترجمہ آیت: ہاں اللہ کی طرف سے احکام کا اور اس کے پیغاموں کا پہنچا دینا (ہی) میرے ذمے ہے۔اور جو شخص اللہ اور اس کے پیغمبر کی نافرمانی کرے گا تو ایسوں کے لئے جہنم کی آگ ہے ہمیشہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

حَتّٰۤى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾

حَتّٰى :(یہاں تک)حرف ابتداء۔اِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔رَاَوْا:(وہ دیکھ لیں)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ مضموم تقدیراً۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔محلاً فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔يُوْعَدُوْنَ:(وہ وعدہ کیا جاتے ہیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع ۔ نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ يَعِدُ۔مصدر۔وَعْدًا۔(وعدہ کرنا)۔فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔يَعْلَمُوْنَ:(وہ جان جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی

مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔مَنْ:(کون۔کس کا)اسم استفہام۔۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔أَضْعَفُ:(زیادہ کمزور)افعل التفضیل۔محلاً خبر مرفوع۔ نَاصِرًا:(مدد گار۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔أَقَلُّ:(زیادہ کم۔بہت تھوڑا)افعل التفضیل۔معطوف مرفوع۔عَدَدًا:(گنتی)اسم عدد۔منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: یہاں تک کہ جب یہ لوگ وہ(دن) دیکھ لیں گے جس کاان سے وعدہ کیا جاتا ہے تب ان کو معلوم ہو جائے گا کہ مدد گار کس کے کمزور اور شمار کن کا تھوڑا ہے

قُلْ اِنْ اَدْرِیْٓ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾

قُلْ:(تو کہہ دے)فعل امر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ إِنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔أَدْرِي:(میں جانتا ہوں۔معلوم ہے) فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(د ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔دَرٰی یَدْرِیْ۔ مصدر۔دِرَایَةٌ۔(جاننا۔معلوم ہونا)۔ أَ:(کیا)حرف استفہام۔قَرِيبٌ:(نزدیک۔قریب۔)خبر مقدم۔مرفوع۔مَّا:(جس کا)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔مفعول۔ تُوْعَدُوْنَ:(تم وعدہ دئے جاتے ہو)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ضمیر مبنی بر سکون۔محلاً نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ع د)مثال واوی۔صیغہ۔وَعَدَ یَعِدُ۔مصدر۔وَعْدَةٌ۔وَعْدًا۔(وعدہ کرنا۔)جملہ محلاً خبر مرفوع۔أَمْ:(یا)حرف عطف۔يَجْعَلُ:(وہ بنائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔رَبِّ:(ربّ)فاعل مرفوع۔مضاف۔يْ:(میرا)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَمَدًا:(لمبی مدت۔أَمَدًا اور أَبَدًا میں فرق۔مترادف معنی ہے مگر۔أَبَدًا میں۔غیر معین مدت ہوتی ہے۔ہمیشہ ہمیشہ کے لئے۔أَمَدًا مقرر ہوتی ہے۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: کہہ دو کہ جس(دن) کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے میں نہیں جانتا کہ وہ(عن) قریب (آنے والا ہے) یا میرے پروردگار نے اس کی مدت دراز کر دی ہے۔

عٰلِمُ الۡغَیۡبِ فَلَا یُظۡهِرُ عَلٰی غَیۡبِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

عَالِمُ :(جاننے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔"هُوَ"۔مضاف۔الْغَيْبِ:(غیب۔پوشیدہ چیزیں) مجرور۔مضاف الیہ۔ فَ:(تو)حرف جار۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُظْهِرُ:(وہ ظاہر کردے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَظْهَرَ يُظْهِرُ۔مصدر۔اِظْهَارًا۔(ظاہر کرنا افشاء کرنا۔غلبہ دلانا۔وقت پر پہنچنا۔داخل ہونا۔)۔)ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ظ ھ ر)صیغہ۔ ظَهَرَ يَظْهَرُ۔مصدر۔ظَهْرًا۔ظُهُوْرًا۔(ظاہر ہونا۔نمایاں ہونا۔واضح ہونا۔ کھل جانا۔باہر آنا۔چڑھنا) عَلَى: (پر) حرف جار۔ غَيْبِ:(غیب ۔پوشیدہ اشیاء)اسم مجرور۔مضاف۔هِ :(اس کی۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَحَدًا:(کس ایک)منصوب۔ مفعول بہ۔

(وہی) غیب (کی بات) جاننے والاہے اور کسی پر اپنے غیب کو ظاہر نہیں کرتا

اِلَّا مَنِ ارۡتَضٰی مِنۡ رَّسُوۡلٍ فَاِنَّهٗ یَسۡلُکُ مِنۡۢ بَیۡنِ یَدَیۡهِ وَ مِنۡ خَلۡفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾

إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ مَنِ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مستثنیٰ۔کسرہ برائے اتصال۔بوجہ التقائے ساکنین۔ اِرْتَضَى :(وہ راضی ہوجائے۔وہ پسند کرے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِرْتَضٰى يَرْتَضِيْ۔مصدر۔اِرْتِضَاءً۔(راضی ہونا۔پسند کرنا) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰى۔مصدر۔رِضًا ۔ رِضْوَانًا۔(راضی ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔ رَّسُوْلٍ:(پیغمبر)اسم مجرور۔ فَ:(تو) تعلیلیۃ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔يَسْلُكُ :(وہ چلتا ہے۔راستہ بناتا ہے۔ مقرر کردیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(س ل ک)صیغہ۔سَلَكَ يَسْلُكُ۔مصدر۔سَلْكًا۔سُلُوْكًا۔(مقرر کرنا۔راستہ بنانا)۔جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔بَيْنِ:(درمیان)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مضاف۔يَدَيْ:(ہاتھوں)اصلاًيَدَيْنِ تھا۔نون اعرابی تثنیہ۔محذوف بوجہ مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مِنْ :(سے)حرف جار۔خَلْفِ:(پیچھے)ظرف مکان۔اسم مجرور۔ مضاف۔هِ :(اس کے ۔)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔رَصَدًا:(گھات لگانا۔نگاہ رکھنا۔چوکیدارہ کرنا۔نگہبانی کرنا)مَرْصَادٌ۔ظرف مکان۔ منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: ہاں جس پیغمبر کو پسند فرمائے تو اس (کو غیب کی باتیں بتا دیتا اور اس) کے آگے اور پیچھے نگہبان مقرر کر دیتا ہے۔

لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿٢٨﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَعْلَمَ:(وہ جانے)فعل مضارع واحد مذکرغائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ أَنْ:(بلاشبہ) أَنَّ ثقیلہ کا مخففہ۔مشبہ بالفعل۔محلاً غیر عامل۔ قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ أَبْلَغُوْا:(انہوں نے پہنچائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْلَغَ يُبْلِغُ۔مصدر۔اِبْلَاغًا۔(پہنچانا۔) ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ) صیغہ۔بَلَغَ يَبْلُغُ۔ مصدر۔بُلُوْغًا۔(پہنچنا)۔رِسَالَاتِ:(پیغامات)جمع مؤنث سالم۔منصوب۔بالکسرہ۔مفعول بہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَحَاطَ:(اس نے گھیر لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَاطَ يُحِيْطُ۔مصدر۔اِحَاطَةٌ۔(گھیر لینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ح و ط)اجوف یائی۔صیغہ۔حَاطَ يَحُوْطُ۔مصدر۔ حَوْطًا۔ حَيْطَةً۔ حِيْطَةً۔حِيَاطَةً۔(گھیر لینا۔ حفاظت میں لینا۔ نگہبانی کرنا۔احاطہ کرنا)۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ لَدَىْ:(پاس)ظرف مکان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مضاف۔ هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَحْصَى:(اس نے گن رکھا ہے۔شمار کر رکھا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْصٰى يُحْصِيْ۔مصدر۔اِحْصَاءٌ۔(گننا۔شمار کرنا۔گھیرنا۔احاطہ کرنا)۔ كُلَّ :(تمام۔ہر)برائے تاکید۔منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔ شَيْءٍ:(شئے۔چیز۔کچھ بھی)مجرور مضاف الیہ۔عَدَدًا:(گنتی)منصوب۔تمیز۔

تاکہ معلوم فرمائے کہ انہوں نے اپنے پروردگار کے پیغام پہنچا دیئے ہیں اور (یوں تو) اس نے ان کی سب چیزوں کو ہر طرف سے قابو کر رکھا ہے اور ایک ایک چیز گن رکھی ہے

73 سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ

رکوعاتھا 2 — 73 سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ 3 — اٰیاتھا 20

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾

يَا :(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔ الْمُزَّمِّلُ:(نبی اکرم ﷺ کا لقب۔ کپڑے اوڑھنے والے۔ اپنے ساتھیوں کو ساتھ لے کر چلنے والے۔ قرآن کا بوجھ اٹھانے والے)

ترجمہ آیت: اے (محمد ﷺ) جو کپڑے میں لپٹ رہے ہو۔

قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲﴾

قُمِ:(کھڑا ہو۔اٹھ)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔کسرہ بوجہ التقائے ساکنین۔برائے اتصال مابعد۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا أَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)اجوف واوی۔صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامَةٌ۔قُوْمَةٌ۔قَامَةً۔(اٹھنا۔سیدھا کھڑا ہونا ۔ کھڑا ہونا۔روکنا)۔ اللَّيْلَ :(رات کو)ظرف زمان۔منصوب۔ مفعول بہ۔إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ قَلِيْلًا:(بہت تھوڑا)منصوب۔ مستثنیٰ۔

ترجمہ آیت: رات کو قیام کیا کرو مگر تھوڑی سی رات۔

نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ﴿۳﴾

نِصْفَ:(آدھی)بدل منصوب۔"اللَّيْلَ " مبدل منہ۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَوِ:(یا)حرف عطف۔ أُنْقُصْ :(آپ ﷺ کم کریں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیرا أَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ق ص)صیغہ۔نَقَصَ يَنْقُصُ۔مصدر۔نَقْصًا۔(کم کرنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔قَلِيْلًا:(تھوڑا)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: (قیام) آدھی رات (کیا کرو)۔

اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ﴿۴﴾

أَوْ:(یا)حرف عطف۔زِدْ:(آپ ﷺ زیادہ کریں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د) اجوف یائی۔ صیغہ۔زَادَ یَزِیْدُ ۔ مصدر۔زِیَادَةٌ۔(زیادہ دینا۔زیادہ کرنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔ہِ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاًاسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔رَتِّلِ:(آپ ﷺ ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کریں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ مجزوم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔رَتَّلَ یُرَتِّلُ۔مصدر۔تَرْتِیْلًا۔(ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کرنا۔ بات کو سلیقہ اور ترتیب سے ادا کرنا۔بہتر طریقہ پر پڑھنا کہ تمام الفاظ و حروف واضح ہو جائیں)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ت ل)صیغہ۔رَتِلَ یَرْتَلُ۔مصدر۔رَتْلًا۔(ترتیب وسلیقہ سے ہونا، مرتب وہموار ہونا)۔الْقُرْآنَ:(قرآن مجید کو)منصوب۔مفعول بہ۔تَرْتِیْلًا:(ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کرنا) منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: یا اس سے کچھ کم یا کچھ زیادہ اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو۔

اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ﴿۵﴾

إِنَّا :(بے شک ہم)مرکب :(اَنَّ+نَا)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ ضمیر جمع متکلم۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔نُلْقِي :(ہم ڈالیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیرا نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِیْ۔مصدر اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا۔) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ق ی)ناقص یائی۔صیغہ۔لَقِیَ یَلْقٰی۔مصدر۔لِقَاءً۔لُقْیَانًا۔لُقْیَةً۔ تِلْقَاءً۔لُقِیًّا۔لُقْیًا۔ لُقًّی۔لَقْیًا۔(جھیلنا۔ملنا۔ پہنچنا۔ ہو جانا۔)۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كَ:(آپ ﷺ) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔ قَوْلًا:(بات۔ قول۔ فرمان۔)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ثَقِیْلًا:(بھاری)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: ہم عنقریب تم پر ایک بھاری فرمان نازل کریں گے۔

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِیْلًا ﴿۶﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔نَاشِئَةَ:(رات کو نیند سے بیدار ہو کر اٹھ کھڑا ہونا۔یعنی صلوٰۃ کے

لئے۔ابھرنے والی۔ معنی اسم مصدر کا۔"اٹھنا")اسم فاعل۔۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔کرم۔مادہ(ن ش ء)مہموز اللام۔صیغہ۔نَشَاَ يَنْشَأُ / نَشُؤَ يَنْشُؤُ ۔مصدر۔نَشَأً۔نُشُوءًا۔نَشْأَةً۔(بچے کا نشوو نما پانا۔زندہ رہنا۔تخلیق کرنا۔چڑھنا۔پیدا کرنا۔پالنا پوسنا۔پرورش کرنا) إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔اللَّيْلِ:(رات)ظرف زمان۔مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِيَ:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتح۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَشَدُّ:(زیادہ سخت)افعل التفضيل۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔وَطْءًا:(پیروں سے روندنا کچلنا)منصوب۔تمیز۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَقْوَمُ:(زیادہ سیدھا۔زیادہ درست)افعل التفضيل۔معطوف۔مرفوع۔قِيلًا:(کہا ہوا۔بات۔)منصوب۔تمیز۔

ترجمہ آیت: کچھ شک نہیں کہ رات کا اٹھنا(نفس بہیمی) کو سخت پامال کرتا ہے اور اس وقت ذکر بھی خوب درست ہوتا ہے۔

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿۷﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔فِي:(میں)حرف جار۔ اَلنَّهَارِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔ سَبْحًا:(تیزی سے تیرنا۔جلدی جلدی اپنے فرائض ادا کرنا۔مشغول ہونا۔ایک کام)کا اسم مؤخر۔منصوب۔موصوف۔طَوِيْلًا:(لمبی)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: دن کے وقت تو تمہیں اور بہت سے شغل ہوتے ہیں۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ﴿۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اُذْكُرِ:(آپ ﷺ یاد کریں۔ذکر کریں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرا اَنْتَ ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)؛ اسْمَ :(نام کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔كَ:(تیرے ﷺ)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَبَتَّلْ:(آپ ﷺ لا تعلق ہو جائیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔بَتَّلَ يُبَتِّلُ۔مصدر۔تَبْتِيْلًا۔(وقف ہو جانا۔دنیا سے لا تعلق ہونا۔دنیا سے الگ تھلگ ہونا۔) إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔تَبْتِيْلًا(وقف ہو جانا۔دنیا سے لا تعلق ہونا۔دنیا سے الگ تھلگ ہونا۔)

منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: تواپنے پروردگار کے نام کاذکر کرواور ہر طرف سے بے تعلق ہو کر اسی کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿٩﴾

رَبُّ:(ربّ)خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔"هُوَ"مضاف۔الْمَشْرِقِ:(مشرق۔بلندی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَغْرِبِ: (مغرب۔پستی)معطوف مجرور۔لَآ :(نہیں)لائے نفی جنس۔اِلٰهَ:(کوئی معبود۔)منصوب۔لائے نفی جنس کا اسم۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔مبنی بر فتحہ۔محلاًبدل منصوب۔"اِلٰهَ "مبدل منہ۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔اِتَّخِذْ:(آپ ﷺ اختیار کریں۔پکڑیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًاَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ۔مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔لینا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاخُذُ۔مصدر۔اَخْذًا۔(پکڑنا)۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔وَكِيْلًا: (حامی۔ کارساز۔قابل بھروسہ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: (وہی) مشرق اور مغرب کامالک(ہے اور) اس کے سوا کوئی معبود نہیں تواسی کو اپنا کارساز بناؤ

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿١٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اِصْبِرْ :(آپ ﷺ ثابت قدم رہیں۔ڈٹے رہیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔ صَبَرَ يَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔جمے رہنا۔ڈٹے رہنا۔ثابت قدم رہنا)۔ عَلٰى:(اوپر۔پر)حرف جار۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔يَقُوْلُوْنَ :(وہ کہتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔اُهْجُرْ:(آپ ﷺ الگ ہو جائیں۔ہجرت کریں)) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ھ ج ر)صیغہ۔هَجَرَ يَهْجُرُ۔مصدر۔هَجْرًا۔(الگ ہونا۔کنارہ کش ہونا۔ہجرت کرنا)۔هُمْ:(ان سے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔هَجْرًا:(الگ ہونا۔کنارہ کش ہونا۔ہجرت کرنا۔)منصوب۔مفعول مطلق۔ موصوف۔ جَمِيْلًا:

(خوبصورت۔ اچھے اندازسے)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور جو جو(دل آزار) باتیں یہ لوگ کہتے ہیں ان کو سہتے رہو اور اچھے طریق سے ان سے کنارہ کش رہو۔

وَذَرۡنِيۡ وَالۡمُكَذِّبِيۡنَ اُولِى النَّعۡمَةِ وَمَهِّلۡهُمۡ قَلِيۡلًا ﴿۱۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ذَرۡ:(آپ ﷺ چھوڑدیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًأَنۡتَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(و ذ ر)مثال واوی۔صیغہ۔وَذَرَ يَذِرُ۔مصدر۔وِذۡرًا۔(چھوڑنا)۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ يۡ:(مجھے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الۡمُكَذِّبِيۡنَ:(جھٹلانے والوں کو)اسم فاعل۔ جمع مذکر۔ منصوب۔علامت ۔ی۔ مفعول بہ۔ أُولِي:(والے)صفت۔منصوب۔مضاف۔ النَّعۡمَةِ:(نعمت۔آسائش۔ آرام۔خوشحالی)مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَهِّلۡ:(آپ ﷺ مہلت دیں) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًأَنۡتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔مَهَّلَ يُمَهِّلُ۔مصدر۔تَمۡهِيۡلًا۔(مہلت دینا۔ڈھیل دینا۔شرافت سے پیش آنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(م ھ ل) صیغہ۔مَهَلَ يَمۡهَلُ مصدر۔مَهۡلًا۔(سکون سے کام لینا۔) هُمۡ:(ان کو)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب مفعول بہ۔قَلِيۡلًا:(تھوڑی)نائب ظرف زمان۔منصوب۔یانائب مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور مجھے ان جھٹلانے والوں سے جو دولتمند ہیں سمجھ لینے دو اور ان کو تھوڑی سی مہلت دے دو۔

اِنَّ لَدَيۡنَاۤ اَنۡكَالًا وَّجَحِيۡمًا ﴿۱۲﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ لَدَيۡ:(پاس)ظرف مکان۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مرفوع۔مضاف۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَنۡكَالًا:(نِكۡلٌ کی جمع۔بیڑیاں)إِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔جَحِيۡمًا:(بھڑکتی ہوئی آگ۔دہکتی ہوئی آگ)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: کچھ شک نہیں کہ ہمارے پاس بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی ہوئی آگ ہے۔

وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيۡمًا ﴿۱۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔طَعَامًا:(کھانا۔جو چیز کھائی جائے۔خوراک۔) اَطۡعِمَةٌ جمع ۔منصوب۔معطوف۔ ذَا:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔صفت۔منصوب۔مضاف۔ غُصَّةٍ:(جو نگلی نہ جا سکے۔حلق میں رک جائے۔اٹک جائے۔)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:

(اور)حرف عطف۔ عَذَابًا:(عذاب۔ سزاء۔دکھ)معطوف منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ أَلِيْمًا:(دردناک۔بہت دکھ دینے والا) منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور گلو گیر کھانا ہے اور درد دینے والا عذاب (بھی) ہے۔

يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مفعول بہٖ۔تَرْجُفُ:(وہ کانپے گی۔زلزلے میں آنا۔)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(رج ف)صیغہ۔رَجَفَ يَرْجُفُ۔مصدر۔رَجْفًا۔(ایسا ہلنا جس میں آواز بھی ہو۔)۔الْأَرْضُ:(زمین)فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْجِبَالُ:(جَبَل کی جمع۔پہاڑ)معطوف۔ مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔كَانَتِ: (وہ تھی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن علامت ضمیر تانیث۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)الْجِبَالُ:(جَبَل کی جمع۔پہاڑ) كَانَ کا اسم مرفوع۔كَثِيْبًا:(ریت کا ٹیلہ)كَانَ کی خبر منصوب۔موصوف۔مَّهِيْلًا:(بھر بھری۔ایسی ریت کا ٹیلہ۔جو ہوا یا ٹھوکر سے پانی کی مانند بہنے لگے)اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: جس دن زمین اور پہاڑ کانپنے لگیں اور پہاڑ ایسے بھر بھرے (گویا) ریت کے ٹیلے ہو جائیں۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اِنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔أَرْسَلْنَآ:(ہم نے بھیجا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔اَرْسَلَ يُرْسِلُ۔ مصدر۔اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(ر س ل) صیغہ۔رَسِلَ يَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسْلاً۔ رَسَالَةٌ۔(لمبا اور سیدھا ہونا)۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ إِلَيْ:(طرف)حرف جار۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ رَسُوْلًا:(پیغمبر کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔موصوف۔ شَاهِدًا :(گواہ)صفت منصوب۔تابع موصوف۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ كَمَا:(جیسا کہ)مرکب:(كَ+مَا)حرف تشبیہ وجار۔+اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔أَرْسَلْنَآ:(ہم نے

بھیجا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَرْسَلَ یُرْسِلُ۔ مصدر۔ اِرْسَالٌ۔ (بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ۔ (ر س ل) صیغہ۔ رَسِلَ یَرْسَلُ۔ مصدر۔ رَسَلاً۔ رَسَالَۃً۔ (لمبا اور سیدھا ہونا)۔ اِلٰی:(طرف) حرف جار۔ فِرْعَوْنَ:(فرعون) غیر منصرف۔ محلاً اسم مجرور۔ رَسُوْلًا: (پیغمبر) منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: (اے اہل مکہ) جس طرح ہم نے فرعون کے پاس (موسیٰ کو) پیغمبر (بناکر) بھیجا تھا (اسی طرح) تمہارے پاس بھی (محمد ﷺ) رسول بھیجے ہیں جو تمہارے مقابلے میں گواہ ہوں گے۔

فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِیْلًا ﴿۱۶﴾

فَ:(پس) استئنافیہ۔ عَصٰی:(اس نے نافرمانی کی۔ غلطی کی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ع ص ی) ناقص یائی۔ عَطٰی یَعْصِیُ۔ مصدر۔ عِصْیَانٌ۔ عَصْیًا۔ مَعْصِیَۃٌ۔ (گناہ کرنا۔ نافرمانی کرنا)۔ فِرْعَوْنُ:(فرعون نے) فاعل مرفوع۔ الرَّسُوْلَ:(پیغمبر کی) منصوب۔ مفعول بہ۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔ أَخَذْنَا:(ہم نے پکڑ لیا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔ اَخَذَ یَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔ ہٗ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ أَخْذًا: (پکڑ) منصوب۔ مفعول مطلق۔ موصوف۔ وَبِیْلًا:(انتہائی سخت۔) اسم فاعل۔ واحد مذکر۔ منصوب۔ صفت۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: سو فرعون نے (ہمارے) پیغمبر کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اس کو بڑے وبال میں پکڑ لیا۔

فَکَیْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ کَفَرْتُمْ یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبًا ﴿۱۷﴾

فَ:(تو) فصیحۃ۔ کَیْفَ:(کیسے؟) اسم استفہام۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ حال۔ تَتَّقُوْنَ:(تم ڈرتے ہو) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ علامت۔ نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔ صیغہ۔ اِتَّقٰی یَتَّقِیْ۔ مصدر۔ اِتِّقَاءٌ۔ (پرہیز گاری کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ق ی) لفیف مفروق۔ مثال واوی۔ ناقص یائی۔ صیغہ۔ وَقٰی یَقِیْ۔ مصدر۔ وِقَایَۃٌ۔ وَقْیًا۔ (بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ دشمنوں سے بچانا)۔ اِنْ:(اگر) حرف شرط۔ جازم فعل شرط۔ کَفَرْتُمْ: (تم کفر کرو۔ انکار کرو) فعل ماضی جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ محلاً مجزوم فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔

باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ کَفَرَ یَکْفُرُ۔مصدر۔ کُفْرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ یَوْمًا:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔ یَجْعَلُ:(وہ بنائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ اَلْوِلْدَانَ:(لڑکے۔لڑکیاں۔جوان بیٹے۔بیٹیاں۔بچے۔بچیاں)منصوب۔ مفعول بہٖ اوّل۔موصوف۔شِیْبًا:(اَشْیَبُ۔کی جمع۔بوڑھے)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔جملہ محلاً صفت منصوب۔

ترجمہ آیت: اگر تم بھی (ان پیغمبروں کو) نہ مانوگے تو اس دن سے کیونکر بچوگے جو بچّوں کو بوڑھا کردے گا۔

السَّمَآءُ مُنۡفَطِرٌۢ بِهٖ كَانَ وَعۡدُهٗ مَفۡعُوۡلًا ﴿۱۸﴾

اَلسَّمَاءُ:(آسمان) مبتداء مرفوع۔ مُنْفَطِرٌ :(پھٹ جانے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔خبر مرفوع۔۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ :(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً اسم مجرور۔کَانَ:(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ وَعْدُ:(وعدہ) کَانَ کا اسم مرفوع۔ مضاف۔ہٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَفْعُوْلًا:(ہونے والا) کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: (اور) جس سے آسمان پھٹ جائے گا۔یہ اس کا وعدہ(پورا) ہو کر رہے گا۔

اِنَّ هٰذِهٖ تَذۡكِرَةٌ ۚ فَمَنۡ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيۡلًا ﴿۱۹﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ھٰذِہٖ:(یہ)اسم اشارہ۔واحد مؤنث غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔تَذْکِرَۃٌ :(ذکر۔تذکرہ۔یاد۔نصیحت) اِنَّ کی خبر مرفوع۔فَ:(تو)حرف عطف۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔شرطیہ۔مبتداء مرفوع۔جازم فعل شرط۔ شَاءَ:(وہ چاہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔ شَاءَ یَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِیْئَۃٌ۔ (مرضی)۔ اِتَّخَذَ:(اس نے پکڑ لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔ صیغہ۔اَخَذَ یَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ اِلٰی:(طرف)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔سَبِیْلًا:(راہ)منصوب۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: یہ (قرآن) تو نصیحت ہے۔ سو جو چاہے اپنے پروردگار تک (پہنچنے کا) رستہ اختیار کر لے۔

اِنَّ رَبَّكَ يَعۡلَمُ اَنَّكَ تَقُوۡمُ اَدۡنٰى مِنۡ ثُلُثَىِ الَّيۡلِ وَنِصۡفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيۡنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيۡلَ وَ النَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنۡ لَّنۡ تُحۡصُوۡهُ فَتَابَ عَلَيۡكُمۡ فَاقۡرَءُوۡا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنۡ سَيَكُوۡنُ مِنۡكُمۡ مَّرۡضٰى ۙ وَ اٰخَرُوۡنَ يَضۡرِبُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ يَبۡتَغُوۡنَ مِنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوۡنَ يُقَاتِلُوۡنَ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ۖ فَاقۡرَءُوۡا مَا تَيَسَّرَ مِنۡهُ وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقۡرِضُوا اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوۡا لِاَنۡفُسِكُمۡ مِّنۡ خَيۡرٍ تَجِدُوۡهُ عِنۡدَ اللّٰهِ هُوَ خَيۡرًا وَّاَعۡظَمَ اَجۡرًا ؕ وَاسۡتَغۡفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۲۰﴾

إِنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ رَبَّ:(رب) إِنَّ کا اسم منصوب۔ مضاف۔ كَ:(تمہارے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ صیغہ۔ عَلِمَ يَعْلَمُ۔ مصدر۔ عِلْمًا(سیکھنا)۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ أَنَّ:(یقیناً) حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ كَ:(تم) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ تَقُومُ:(وہ قائم ہوتا ہے۔ کھڑا ہوتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ق و م) اجوف واوی۔ صیغہ۔ قَامَ يَقُومُ۔ مصدر۔ قَوْمًا۔ قِيَامَةٌ۔ قُومَةٌ۔ قَامَةً۔ (اٹھنا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کھڑا ہونا۔ روکنا)۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔ أَدْنَى:(بہت نزدیک) افعل التفضیل۔ کی خبر تقدیراً مرفوع۔ مِنْ:(سے) حرف جار۔ ثُلُثَيِ:(دو تہائی۔) اصلاً ثُلُثَيْنِ تھا۔ نون تثنیہ۔ محذوف بوجہ مضاف۔ اللَّيْلِ:(رات) ظرف زمان۔ مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ نِصْفَ:(آدھ) منصوب۔ تمیز۔ مضاف۔ هُ:(اس کی) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ ثُلُثَهُ:(تیسرا۔ ایک تہائی) اسم عدد۔ مبتداء مرفوع۔ وَ:(اور) حرف عطف۔ طَائِفَةٌ:(گروہ۔ جماعت۔) خبر مرفوع۔ مِّنَ:(سے) حرف جار۔ الَّذِينَ:(وہ جو) اسم موصول۔ جمع مذکر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً اسم مجرور۔ مَعَ:(ساتھ) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ كَ:(تیرے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور) استئنافیہ۔ اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ) مبتداء مرفوع۔ يُقَدِّرُ:(اندزے۔ معیار۔ پیمانے مقرر کرتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ قَدَّرَ يُقَدِّرُ۔ مصدر۔ تَقْدِيرًا۔ (پیمانے۔ اندازے۔ معیار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ ضرب۔

مادہ۔(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ یَقْدِرُ۔مصدر۔قَدْرًا۔(اندازہ کرنا۔ تخمینہ لگانا۔) الَّيْلَ:(رات کو)ظرف زمان۔ منصوب۔ مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ النَّھَارَ:(دن)معطوف منصوب۔ عَلِمَ:(اس نے جانا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔ عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا۔علم ہونا) أَنْ:(بے شک)أَنَّ کا مخففہ۔ لَّنْ:(ہر گز نہیں)حرف ناصب مضارع۔ بمعنی مستقبل نفی۔ تُحْصُو:(تم شمار کرو۔گنو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا اَنْتُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْطٰی یَحْصِیْ۔مصدر۔اِحْصَاءٌ۔(گننا۔شمار کرنا۔ گھیرنا۔احاطہ کرنا)۔ہٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فَ:(پس)حرف عطف۔تَابَ:(اس نے توبہ قبول کی۔صلہ "عَلٰی" کے ساتھ۔ معنی ہو گا۔توبہ کی توفیق دینا۔مہربانی کرنا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ت و ب)اجوف واوی۔صیغہ۔تَابَ یَتُوْبُ ۔مصدر۔تَوْبَةٌ۔(رجوع کرنا۔واپس لوٹنا۔توبہ کرنا)۔ عَلَيْ:(پر)حرف جار۔كُمْ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ فَ:(پس)فصیحۃ۔ اِقْرَؤُوا:(تم پڑھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤجمع۔ ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ق ر ء) مہموز اللام۔ صیغہ۔قَرَءَ یَقْرَءُ۔مصدر۔قَرَآءَةٌ(پڑھنا)۔مَا:(جو۔جتنا)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ تَیَسَّرَ:(آسانی سے ہو سکے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَیَسَّرُ یَتَیَسَّرُ۔مصدر۔تَیَسُّرٌ۔(آسانی ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ی س ر)صیغہ۔یَسَرَ یَیْسِرَ۔مصدر۔ یَسْرًا۔(آسان ہونا۔ممکن ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْقُرْآنِ :(قرآن مجید)اسم مجرور۔عَلِمَ:(اس نے جانا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ یَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔(جاننا)۔أَنْ: (بلاشبہ)أَنَّ ثقیلہ۔کا مخففہ۔سَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)حرف استقبال۔یَکُوْنُ:(وہ ہو گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا ھُوَ۔رافع اسم ۔ناصب خبر۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن)صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔تبعیضیۃ۔كُمْ:(تم سے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً کَانَ کی خبر منصوب۔ مَّرْضٰی:(مَرِیْضٌ کی جمع۔روگی۔بیمار۔مریض) کَانَ کا اسم مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔آخَرُوْنَ:(دوسرے۔اورلوگ)معطوف مرفوع۔ یَضْرِبُوْنَ:(وہ سفر کرتے ہیں۔چلتے پھرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔

ضمیر مستتر تقدیرا هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ ضرب۔مادہ(ض رب)صیغہ۔ضَرَبَ يَضْرِبُ۔مصدر۔ضَرْبًا۔(مارنا۔بیان کرنا۔سفر کرنا۔)فِي :(میں)حرف جار۔الْأَرْضِ :(زمین)اسم مجرور۔يَبْتَغُونَ:(وہ تلاش کرتے ہیں۔کریں گے)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیرا هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔اِبْتَغٰى يَبْتَغِيْ۔مصدر۔اِبْتِغَاءً۔(تلاش کرنا۔ڈھونڈنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب غ ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔بَغٰى يَبْغِيْ۔مصدر۔بَغْيًا۔بَغْيَةً (چاہنا)۔ مِنْ: (سے) حرف جار۔ فَضْلِ:(فضل۔کرم۔ضرورت سے زیادہ)اسم مجرور۔مضاف۔ اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔آخَرُونَ:(دوسرے۔لوگ)معطوف۔يُقَاتِلُونَ:(ان سے جنگ کی جاتی ہے)فعل مضارع مجھول جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔ قَاتَلَ يُقَاتِلُ۔مصدر۔مُقَاتَلَةٌ(باہم لڑائی کرنا۔جھگڑا کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔فِي:(میں)حرف جار۔سَبِيلِ:(راہ)اسم مجرور۔مضاف۔اللهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔فَ:(تو)فصیحۃ۔اِقْرَؤُوْا:(تم پڑھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ق ر ء) مھموز اللام۔صیغہ۔قَرَءَ يَقْرَءُ۔مصدر۔قَرَآءَةٌ(پڑھنا)۔ مَا:(جو۔جتنا)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ تَيَسَّرَ:(آسانی سے ہو سکے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرا هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَيَسَّرَ يَتَيَسَّرُ۔ مصدر۔تَيَسُّرٌ۔(آسانی ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ی س ر)صیغہ۔يَسَرَ يَيْسِرُ۔مصدر۔يَسْرًا۔(آسان ہونا۔ ممکن ہونا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور۔بدل۔"قرآن مجید"مبدل منہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔أَقِيمُوا:(تم قائم کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیرا أَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَقَامَ يُقِيمُ۔ مصدر۔ اِقَامَةٌ(قیام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔ مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامٌ۔(کھڑے ہونا۔ قائم رہنا)۔الصَّلَاةَ:(صلاۃ کو)منصوب مفعول بہٖ۔وَ:(اور)حرف عطف۔آتُوا:(تم ادا کرو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیرا أَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مھموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں

صلہ ب حرف جار آئے تو معنیٰ (لانا) ہوتا ہے۔ الزَّكٰوةَ: (زکوٰۃ)۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَقْرِضُوا: (قرض دو۔ ادھار دو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیرا اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید۔ باب افعال۔ صیغہ۔ اَقْرَضَ يُقْرِضُ۔ مصدر۔ اِقْرَاضًا۔ (قرض دینا۔ ادھار دینا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (ق ر ض) صیغہ۔ قرض یقرض۔ مصدر۔ قرضا۔ (آہستہ آہستہ کاٹنا۔ اگانا۔ آہستہ چبانا)۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ کو) منصوب مفعول بہ۔ قَرْضًا: (قرض) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ موصوف۔ حَسَنًا: (بہتر۔ اچھا۔ خوبصورت) منصوب۔ صفت۔ تابع موصوف۔ وَ: (اور) اعتراضیۃ۔ مَا: (جو) اسم شرط۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء۔ جازم فعل شرط۔ تُقَدِّمُوا: (تم نے آگے بھیجا) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ محلاً فعل شرط۔ علامت نون اعرابی محذوف واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔ مصدر۔ تَقْدِيمًا۔ (آگے بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ سمع۔ مادہ (ق د م) صیغہ۔ قَدِمَ يَقْدَمُ۔ مصدر۔ قُدُومًا۔ مَقْدَمًا۔ (آنا۔ واپس ہونا۔ کہیں سے واپس ہونا۔ آگے بڑھنا۔ متوجہ ہونا۔ آنا جانا)۔ لِ: (لئے) حرف جار۔ أَنْفُسِ: (جانوں کے) اسم مجرور۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہاری۔ اپنی) ضمیر جمع مذکر حاضر۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ مِّنْ: (سے) حرف جار۔ خَيْرٍ: (بہتری۔ بھلائی۔ نیکی) اسم مجرور۔ تَجِدُوهُ: (تم پاؤ) فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ محلاً جواب شرط۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (و ج د) مثال واوی۔ صیغہ۔ وَجَدَ يَجِدُ۔ مصدر۔ وِجْدَانًا۔ وُجُودًا۔ (پانا۔ ملنا)۔ هُ: (اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ عِنْدَ: (پاس) ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ اللّٰهِ: (اللہ جل جلالہٗ) مجرور مضاف الیہ۔ هُوَ: (وہ) ضمیر منفصل۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر فتحہ۔ برائے تقویۃ۔ خَيْرًا: (بہتری۔ بھلائی۔ نیکی۔ اچھائی۔) منصوب۔ مفعول بہ ثانی۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ أَعْظَمَ: (زیادہ بڑا) افعل التفضیل۔ معطوف۔ منصوب۔ أَجْرًا: (اجر۔ معاوضہ۔ اجرت۔ بدلہ) منصوب۔ تمیز۔ وَ: (اور) حرف عطف۔ اَسْتَغْفِرُوا: (مغفرت طلب کرو) فعل امر جمع مذکر حاضر۔ مجزوم۔ علامت نون اعرابی محذوف۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب استفعال۔ صیغہ۔ اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ۔ مصدر۔ اِسْتِغْفَارٌ۔ (مغفرت طلب کرنا۔ استغفار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ (غ ف ر) صیغہ۔ غَفَرَ يَغْفِرُ۔ مصدر۔ غُفْرَانٌ۔ مَغْفِرَةٌ۔ (مغفرت کرنا)۔ اللّٰهَ: (اللہ جل جلالہٗ سے) منصوب۔ مفعول بہ۔ إِنَّ:

(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ اللّٰهَ :(اللہ جل جلالہٗ) إِنَّ کا اسم۔ منصوب۔غَفُوْرٌ :(خوب مغفرت کرنے والا)مبالغہ۔إِنَّ کی خبر مرفوع۔رَّحِيْمٌ :(خوب رحم کرنے والا) مبالغہ۔إِنَّ کی خبر ثانی مرفوع۔

ترجمہ آیت: تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ تم اور تمہارے ساتھ کے لوگ (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات قیام کیا کرتے ہو۔اور اللہ تو رات اور دن کا اندازہ رکھتا ہے۔اس نے معلوم کیا کہ تم اس کو نباہ نہ سکو گے تو اس نے تم پر مہربانی کی۔پس جتنا آسانی سے ہو سکے (اتنا) قرآن پڑھ لیا کرو۔اس نے جانا کہ تم میں بعض بیمار بھی ہوتے ہیں اور بعض اللہ کے فضل (یعنی معاش) کی تلاش میں ملک میں سفر کرتے ہیں اور بعض اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں۔تو جتنا آسانی سے ہو سکے اتنا پڑھ لیا کرو۔اور نماز پڑھتے رہو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کو نیک (اور خلوص نیت سے) قرض دیتے رہو۔اور جو عمل نیک تم اپنے لئے آگے بھیجو گے اس کو اللہ کے ہاں بہتر اور صلے میں بزرگ تر پاؤ گے۔اور اللہ سے بخشش مانگتے رہو۔بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

74 سُوۡرَةُ الۡمُدَّثِّرِ

رکوعاتھا 2 | 74 سُوۡرَةُ الۡمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ 4 | اٰیاتھا 56

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا الۡمُدَّثِّرُ ۙ‏ ﴿۱﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔أَيُّ:(کون سا)منادیٰ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب۔هَا:()حرف تنبیہ۔ الْمُدَّثِّرُ:(چادر ، کمبل اوڑھنے والے)بدل "أَيُّ " کا۔یا۔صفت۔مرفوع۔

اے(محمد ﷺ) جو کپڑا لپیٹے پڑے ہو

قُمۡ فَاَنۡذِرۡ ۙ‏ ﴿۲﴾

قُمْ:(آپ اٹھیں۔ﷺ کھڑا ہو)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)اجوف واوی۔صیغہ۔قَامَ يَقُوْمُ۔مصدر۔قَوْمًا۔قِيَامَةٌ۔قُوْمَةٌ۔قَامَةً۔(اٹھنا۔ سیدھا کھڑا ہونا ۔ کھڑا ہونا۔رو کنا)۔

فَ:(تو)حرف عطف۔أَنْذِرْ:(آگاہ کرو۔خبر دار کرو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ يُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔خبر دار کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ضرب۔مادہ۔(ن ذر) صیغہ۔نَذَرَ يَنْذُرُ۔ مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا)۔

ترجمہ آیت: اُٹھو اور ہدایت کرو۔

وَرَبَّكَ فَكَبِّرۡ ۙ‏ ﴿۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔رَبَّ:(ربّ)منصوب۔مفعول بہ مقدم۔مضاف۔كَ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(تو)حرف عطف۔كَبِّرْ:(تکبیر کہو۔بڑائی بیان کرنا)۔ فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَبَّرَ يُكَبِّرُ۔مصدر۔تَكْبِيْرًا۔(بڑائی بیان کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔کرم۔

صیغہ۔کَبُرَ یَکْبُرُ۔مصدر۔کَبُرًا۔کِبْرًا۔(بھاری ہونا۔سخت ہونا۔قابل نفرت ہونا۔دکھی ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور اپنے پروردگار کی بڑائی کرو۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ﴿۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ثِیَابَ:(کپڑوں کو)منصوب۔مفعول بہٖ مقدم۔مضاف۔كَ:(تمہارے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی برفتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(تو)حرف عطف۔طَهِّرْ:(پاک صاف رکھ) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔طَھَّرَ یُطَھِّرُ۔مصدر۔تَطْھِیْرٌ۔(پاک صاف رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ط ھ ر)صیغہ۔طَھُرَ یَطْھُرُ۔مصدر۔طُھْرًا۔طَھُوْرًا۔طَھَارَۃٌ۔(پاک ہونا۔صاف ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھو۔

وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ﴿۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الرُّجْزَ :(گندگی۔ناپاکی)منصوب۔مفعول بہٖ مقدم۔فَ:(پس)حرف عطف۔اُھْجُرْ:(الگ رہو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ھ ج ر)صیغہ۔ھَجَرَ یَھْجُرُ۔مصدر۔ھَجْرًا۔(الگ ہونا۔ہجرت کرنا۔نکل جانا۔چھوڑنا)۔

ترجمہ آیت: اور ناپاکی سے دور رہو

وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ﴿۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَمْنُنْ:(تو احسان کر"جتاؤ")فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب۔ساکن۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(م ن ن)مضاعف۔صیغہ۔مَنَّ یَمُنُّ۔مصدر۔مَنًّا۔(احسان جتانا۔احسان کرنا)۔ تَسْتَكْثِرُ:(زیادہ طلب کرو)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔استفعال۔صیغہ۔اِسْتَکْثَرَ یَسْتَکْثِرُ۔مصدر۔اِسْتِکْثَارًا۔(زیادہ طلب کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب کرم۔مادہ(ک ث ر)صیغہ۔کَثُرَ یَکْثُرُ۔مصدر۔کَثْرًا۔(مقدار۔تعداد میں زیادہ ہونا۔متعدد۔بڑھنا۔کئی گنا ہو جانا)۔

ترجمہ آیت: اور (اس نیت سے) احسان نہ کرو کہ اس سے زیادہ کے طالب ہو۔

وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ﴿٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ) اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تمہارے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:()اصْبِرْ:(ثابت قدم رہو۔ڈٹے رہو۔جمے رہو) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ص ب ر)صیغہ۔صَبَرَ یَصْبِرُ۔مصدر۔صَبْرٌ۔(استقامت دکھانا۔ جمے رہنا۔ڈٹے رہنا)۔

ترجمہ آیت: اور اپنے پروردگار کے لئے صبر کرو۔

فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ ﴿٨﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔نُقِرَ:(کھٹکھٹایا جائے گا۔ بجایا جائے۔"پھونکا جائے گا")فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ن ق ر)صیغہ۔نَقِرَ يَنْقَرُ۔مصدر۔نَقْرًا۔(بگل بجانا نفیری بجانا۔چونچ مارنا۔ٹھک ٹھک کرنا۔کھٹکھٹانا۔) فِي:(میں)حرف جار۔النَّاقُورِ:(ناد۔سنکھ۔نرسنگا۔صور۔)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: جب صور پھونکا جائے گا

فَذَٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ ﴿٩﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر۔مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔مبتداء مرفوع۔ يَوْمَئِذٍ: (اس دن)مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)اسم ظرف زمان۔مضاف+ مجرور مضاف الیہ۔ يَوْمٌ:(دن)ظرف زمان۔خبر مرفوع۔جملہ محلاً جواب شرط۔موصوف۔عَسِيرٌ:(تنگی۔مشکل)مرفوع۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وہ دن کا مشکل دن ہو گا۔

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيرٍ ﴿١٠﴾

عَلَى :(پر)حرف جار۔الْكَافِرِيْنَ :(قوانین الٰہی سے بغاوت کرنے والے۔کافر)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً اسم مجرور۔علامت۔ی۔غَيْرُ:(نہیں)خبر مرفوع۔مضاف۔يَسِيْرٍ:(آسان)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (یعنی) کافروں پر آسان نہ ہو گا

ذَرۡنِیۡ وَ مَنۡ خَلَقۡتُ وَحِیۡدًا ﴿۱۱﴾

ذَرۡ: (آپ ﷺ چھوڑ دیں)) فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔وَذَرَ یَذَرُ۔مصدر۔وَذۡرٌ۔(چھوڑ دینا)۔ نِ: (وقایہ) یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یۡ: (مجھے) ضمیر واحد متکلم۔اِنَّ کا اسم منصوب۔ وَ: (اور) حرف عطف۔مَنۡ: (جو کچھ) اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔خَلَقۡتُ: (میں نے پیدا کیا) فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ یَخۡلُقُ۔ مصدر۔ خَلۡقًا۔(پیدا کرنا۔ وَحِیۡدًا: (اکیلا) منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: ہمیں اس شخص سے سمجھ لینے دو جس کو ہم نے اکیلا پیدا کیا۔

وَّ جَعَلۡتُ لَہٗ مَالًا مَّمۡدُوۡدًا ﴿۱۲﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔جَعَلۡتُ: (میں نے بنایا) فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجۡعَلُ ۔ مصدر۔ جَعۡلًا۔ (بنانا)۔ لَ: (لئے) حرف جار۔ہُ: (اس کے) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔مَالًا: (مال۔دولت) منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔ مَّمۡدُوۡدًا: (لمبا کیا ہوا۔وسیع کیا ہوا۔) اسم مفعول۔واحد مذکر۔محلاً صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور مال کثیر دیا

وَّ بَنِیۡنَ شُہُوۡدًا ﴿۱۳﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔بَنِیۡنَ: (بیٹے) منصوب۔علامت۔ ی۔مفعول بہ مقدم۔موصوف۔شُہُوۡدًا: (شَاھِدٌ کی جمع۔موجود۔ حاضر رہنے والے۔) اسم فاعل۔جمع مکسر۔صفت منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور (ہر وقت اس کے پاس) حاضر رہنے والے بیٹے دیئے

وَّ مَہَّدۡتُّ لَہٗ تَمۡہِیۡدًا ﴿۱۴﴾

وَ: (اور) حرف عطف۔مَہَّدۡتُّ: (میں نے "آرام کا" سامان تیار کیا۔) فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی

مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔مَهَّدَ يُمَهِّدُ۔مصدر۔تَمْهِيْدٌ۔(آرام دہ سامان تیار کرنا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًاسم مجرور۔تَمْهِيْدًا:(آرام دہ سامان تیار کرنا)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور ہر طرح کے سامان میں وسعت دی

ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ﴿۱۵﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔يَطْمَعُ:(وہ خواہش کرتا ہے۔طمع رکھتا ہے۔لالچ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔أَزِيْدَ:(میں زیادہ دوں۔زیادہ کروں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنَا۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د)اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ۔مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ دینا)۔

ترجمہ آیت: ابھی خواہش رکھتا ہے کہ اور زیادہ دیں۔

كَلَّا اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ﴿۱۶﴾

كَلَّا:(ہر گز نہیں۔)حرف ردع۔زجر و توبیخ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانَ:(وہ تھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ لِ:(لئے)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔عَنِيْدًا:(ضدی۔ دشمن۔سخت ضد کے موقف پر اڑے رہنا۔جانتے بوجھتے سچائی کی مخافت کرنا۔دشمن۔)كَانَ کی خبر۔منصوب۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ایسا ہر گز نہیں ہو گا۔یہ ہماری آیتیں کا دشمن رہا ہے۔

سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ﴿۱۷﴾

سَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)أُرْهِقُ:(میں تکلیف میں ڈالوں گا۔چڑھاوں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔ضمیر مستتر تقدیراًاَنَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَرْهَقَ يُرْهِقُ ۔مصدر۔اِرْهَاقًا۔(چڑھانا۔تکلیف دینا۔)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔صیغہ۔رَهِقَ يَرْهَقُ۔مصدر۔رَهْقًا۔(بیوقوف ہونا۔نادان ہونا۔ ظلم اور برائی پر آمادہ ہونا۔گناہوں میں مبتلا ہونا۔جھوٹ بولنا۔عجلت کرنا۔)هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔صَعُوْدًا:(چڑھائی)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: ہم اسے صعود پر چڑھائیں گے۔

إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿١٨﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاًإِنَّ کا اسم منصوب۔فَكَّرَ:(اس نے غور کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ تفعیل ۔ صیغہ۔فَكَّرَ يُفَكِّرُ۔مصدر۔تَفْكِيْرًا۔(غور کرنا۔ فکر کرنا)۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔ وَ: (اور) حرف عطف۔قَدَّرَ:(اس نے تنگ کردیا۔اندازہ کیا۔تخمینہ لگایا۔مقدر کردیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔قَدَّرَ يُقَدِّرُ۔مصدر۔ تَقْدِيْرًا۔(مقدار مقرر کرنا۔ناپنا۔ تجویز کرنا۔ڈگری دیان۔اندازہ کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ يَقْدِرُ۔مصدر۔قُدْرَةٌ۔مَقْدَرَةٌ:(اس نے مقرر کیا۔ناپا تلا دیا۔)

ترجمہ آیت: اس نے فکر کیا اور تجویز کی

فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿١٩﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔قُتِلَ:(وہ مارا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔ كَيْفَ:(کیسے؟)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمنصوب۔حال۔قَدَّرَ:(اس نے تنگ کردیا۔اندازہ کیا۔تخمینہ لگایا۔مقدر کردیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔قَدَّرَ يُقَدِّرُ۔مصدر۔ تَقْدِيْرًا۔(مقدار مقرر کرنا۔ناپنا۔ تجویز کرنا۔ڈگری دیان۔اندازہ کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ يَقْدِرُ۔مصدر۔قُدْرَةٌ۔مَقْدَرَةٌ:(اس نے مقرر کیا۔ناپا تلا دیا۔)

ترجمہ آیت: یہ مارا جائے اس نے کیسی تجویز کی۔

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿٢٠﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔قُتِلَ:(وہ مارا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق ت ل)صیغہ۔قَتَلَ يَقْتُلُ۔ مصدر۔قَتْلًا۔(جان سے مار دینا۔ جھگڑا کرنا۔ حق سلب کر دینا)۔ كَيْفَ:

(کیسے؟)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔حال۔ قَدَّرَ:(اس نے تنگ کر دیا۔اندازہ کیا۔تخمینہ لگایا۔مقدر کر دیا۔)فعل ماضی واحدمذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔قَدَّرَ يُقَدِّرُ۔مصدر۔تَقْدِيرًا۔(مقدار مقرر کرنا۔ناپنا۔تجویز کرنا۔ڈگری دیان۔اندازہ کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق د ر)صیغہ۔قَدَرَ يَقْدِرُ۔ مصدر۔قُدْرَةٌ۔مَقْدَرَةٌ:(اس نے مقرر کیا۔نپا تلا دیا۔)

ترجمہ آیت: پھر یہ مارا جائے اس نے کیسی تجویز کی۔

ثُمَّ نَظَرَ ﴿۲۱﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ نَظَرَ:(اس نے دیکھا۔غور کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ظ ر)صیغہ۔نَظَرَ يَنْظُرُ۔مصدر۔نَظْرًا۔(دیکھنا۔غور کرنا)۔

ترجمہ آیت: پھر تامل کیا۔

ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿۲۲﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔عَبَسَ:(اس نے تیوڑی چڑھائی)فعل ماضی واحدمذکرغائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ب س)صیغہ۔عَبَسَ يَعْبِسُ۔مصدر۔عَبْسًا۔(تیوڑی چڑھانا۔نفرت کرنا۔غصہ کرنا) وَ:(اور)حرف عطف۔بَسَرَ:(اس نے منہ بسورا۔منہ بنایا۔ترش روئی دکھائی۔برامنایا)فعل ماضی واحدمذکرغائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ب س ر)صیغہ۔بَسَرَ يَبْسِرُ۔مصدر۔بَسْرًا۔(بسورنا۔منہ بنانا۔برامنانا)۔

ترجمہ آیت: پھر تیوری چڑھائی اور منہ بگاڑ لیا۔

ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔أَدْبَرَ:(اس نے پیٹھ پھیری) فعل ماضی واحدمذکرغائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَدْبَرَ يُدْبِرُ ۔مصدر۔إِدْبَارًا۔(پشت پھیرنا۔پیٹھ پھیرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔ مادہ(د ب ر)صیغہ۔دَبَرَ يَدْبِرُ۔مصدر۔ دَبْرًا ۔دُبُورًا۔(پیچھے مڑنا۔بھاگنا۔ / فرار ہونا۔پیچھا کرنا) وَ:(اور)حرف عطف۔اِسْتَكْبَرَ:(اس نے تکبر کیا۔بڑائی طلب کی) فعل ماضی واحدمذکرغائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید

فیہ۔باب استفعال۔صیغہ۔ اِسۡتَکۡبَرَ یَسۡتَکۡبِرُ۔مصدر۔اِسۡتِکۡبَارًا۔(تکبر کرنا۔بڑائی کی خواہش رکھنا۔)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔کرم۔مادہ(ک ب ر)صیغہ۔کَبُرَ یَکۡبُرُ۔مصدر۔کِبۡرًا۔کُبۡرًا۔(بڑاہونا۔)۔

ترجمہ آیت: پھر پشت پھیر کر چلااور (قبول حق سے) غرور کیا۔

فَقَالَ اِنۡ ھٰذَآ اِلَّا سِحۡرٌ یُّؤۡثَرُ ﴿۲۴﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوۡلُ۔مصدر۔قَوۡلًا۔(بات کرنا۔)۔اِنۡ:(نہیں)نافیہ۔ھٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ سِحۡرٌ:(جادو۔کھلم کھلا دھوکا۔مکاری)خبر مرفوع۔یُؤۡثَرُ:(اثر چھوڑا جاتا ہے۔ایک دوسرے سے چلا آتا ہے۔ نقل در نقل کیا جاتا ہے۔ترجیح دی جاتی ہے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اٰثَرَ یُؤۡثِرُ۔مصدر۔اِیۡثَارًا۔(ترجیح دینا۔منتقل کرنا۔نقل کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔نصر۔مادہ(ء ث ر)مہموز الفاء۔صیغہ۔اَثَرَ یَاۡثِرُ۔مصدر۔اَثۡرًا۔(اٹھانا۔ اڑانا۔ نشان ہونا۔اثر ہونا۔)۔جملہ محلاً صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: پھر کہنے لگا کہ یہ تو جادو ہے جو (اگلوں سے) منتقل ہوتا آیا ہے۔

اِنۡ ھٰذَآ اِلَّا قَوۡلُ الۡبَشَرِ ﴿۲۵﴾

اِنۡ:(نہیں)نافیہ۔ ھٰذَا :(یہ)اسم اشارہ قریب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ قَوۡلُ:(بات۔کلام۔)خبر مرفوع۔مضاف۔الۡبَشَرِ:(انسان۔بشر۔آدمی)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (پھر بولا) یہ (اللہ کا کلام نہیں بلکہ) بشر کا کلام ہے۔

سَاُصۡلِیۡہِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾

سَ:(عنقریب۔جلد ہی)اُصۡلِيۡ:(میں ڈالوں گا۔داخل کروں گا)فعل مضارع واحد متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَصۡلٰی یُصۡلِیۡ۔مصدر۔اِصۡلَاءً۔(آگ میں ڈالنا۔بھوننا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ فتح۔مادہ(ص ل ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ صَلٰی یَصۡلِیۡ۔مصدر۔صَلِیًّا۔(آگ میں داخل کرنا۔بھوننا۔روسٹ کرنا)۔ہٖ:(اس

کو)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر کسرہ محلاً منصوب۔مفعول بہ۔سَقَرَ:(دوزخ کے ایک طبق کا نام۔)فعل کا دھوکا لگتا ہے۔"سَقَرٌ"منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔

ترجمہ آیت: ہم عنقریب اس کو سقر میں داخل کریں گے۔

وَمَآ اَدۡرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔مبتدء مرفوع۔ أَدْرَا:(اس نے جانا۔خبر ہوئی)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَدْرٰى يُدْرِىْ۔مصدر۔اِدْرَاءً۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(د ر ی)ناقص یائی۔صیغہ۔دَرٰى يَدْرِىْ۔مصدر۔دِرَايَةٌ۔(جاننا۔معلوم ہونا)۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔سَقَرُ:(دوزخ کا ایک طبقہ)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور تم کیا سمجھے کہ سقر کیا ہے؟

لَا تُبۡقِىۡ وَلَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔تُبْقِي:(وہ بچے گی۔وہ باقی رکھتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَبْقٰى يُبْقِىْ۔مصدر۔اِبْقَاءً۔(باقی رکھنا۔)ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ب ق ی) ناقص یائی۔صیغہ۔بَقِيَ يَبْقٰى۔مصدر۔بَقَاءً۔(باقی رہنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ تَذَرُ:(تو چھوڑے گا/وہ چھوڑے گی)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔(واحد مؤنث غائب۔) فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔وَذَرَ يَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔(چھوڑ دینا)۔

ترجمہ آیت: (وہ آگ ہے کہ) نہ باقی رکھے گی اور نہ چھوڑے گی

لَوَّاحَةٌ لِّلۡبَشَرِ ﴿۲۹﴾

لَوَّاحَةٌ :(خوب جھلس کر سیاہ کر دینے والی۔)تَلْوِيحٌ مصدر۔مبالغہ۔خبر مرفوع۔مبتداء"هِيَ" محذوف۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْبَشَرِ:(کھال۔جلد۔)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور بدن جھلس کر سیاہ کردے گی۔

عَلَيۡهَا تِسۡعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾

عَلَيۡ:(پر)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًخبر مقدم۔مرفوع۔تِسۡعَةَ: (نو 9)عَشَرَ:(دس10) مرکب بنائی۔(اُنیس19 دواجزاءپر مشتمل)اسم عدد۔مبنی بر فتحہ۔محلاًمبتداء۔مؤخر۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس پر اُنیس داروغہ ہیں۔

وَمَا جَعَلۡنَاۤ اَصۡحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلۡنَا عِدَّتَهُمۡ اِلَّا فِتۡنَةً لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ۙ لِيَسۡتَيۡقِنَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ وَ يَزۡدَادَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِيۡمَانًا وَّلَا يَرۡتَابَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۙ وَلِيَقُوۡلَ الَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ وَّ الۡكٰفِرُوۡنَ مَاذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعۡلَمُ جُنُوۡدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَمَا هِىَ اِلَّا ذِكۡرٰى لِلۡبَشَرِ ﴿۳۱﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔جَعَلۡنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل)۔ صیغہ جَعَلَ يَجۡعَلُ۔مصدر۔ جَعۡلًا۔ (بنانا)۔أَصۡحَابَ:(دوست۔ساتھی۔والے)منصوب۔مفعول بہٖ اوّل۔مضاف۔ النَّارِ:(آگ)مجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔مَلَائِكَةً:(فرشتے۔غیر مرئی قوتیں)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔وَ: (اور) حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔جَعَلۡنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔جواب شرط۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجۡعَلُ۔مصدر۔ جَعۡلًا۔ (بنانا)۔عِدَّتَ:(تعداد)مصدر۔مفعول بہٖ اوّل۔مضاف۔هُمۡ:(ان کی)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔فِتۡنَةً:(آزمائش)منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔لِّ:(لئے)حرف جار۔الَّذِيۡنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔كَفَرُوۡا:(انہوں نے کفر کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک ف ر)صیغہ۔كَفَرَ يَكۡفُرُ۔مصدر۔كُفۡرًا۔(کفر کرنا۔انکار کرنا)۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَسۡتَيۡقِنَ:(وہ یقین پائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔استفعال۔صیغہ۔اِسۡتَيۡقَنَ يَسۡتَيۡقِنُ۔ مصدر۔ اِسۡتِيۡقَانًا۔(یقینا کرنا)ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔مادہ۔(ی ق ن)مثال یائی۔صیغہ۔يَقِنَ يَيۡقِنُ۔مصدر۔يَقۡنًا۔(یقین کرنا)۔

الَّذِيْنَ:(وہ جنہوں کو)اسم موصول۔مبنی برفتحہ۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔أُوْتُوا:(ان کو دی گئی)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُوْتِیْ۔ مصدر۔ اِیْتَآءٌ۔ (دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیَ یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار۔آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔الْكِتَابَ:(کتاب)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَزْدَادَ:(وہ زیادہ ہوگئی۔اضافہ ہو جائے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افتعال۔صیغہ۔اَزْدَادَ یَزْدَادُ۔مصدر۔اِزْدِیَادًا۔(زیادہ ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔ مادہ۔(ز ی د)اجوف یائی۔ صیغہ ۔ زَادَ یَزِیْدُ ۔ مصدر۔زِیَادَۃٌ۔(زیادہ دینا۔زیادہ کرنا)۔الَّذِيْنَ :(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر ۔مبنی بر فتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔آمَنُوْا :(وہ ایمان لائے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اٰمَنَ یُؤْمِنُ۔مصدر۔ اِیْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن)مہموز الفاء۔صیغہ اَمِنَ یَامَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)۔إِيمَانًا:(ایمان۔یقینا)منصوب۔تمییز۔یامفعول بہ ثانی۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَرْتَابَ:(شک کرتے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔اِرْتَابَ یَرْتَابُ۔ مصدر۔اِرْتِیَابًا۔(شک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ر ی ب)اجوف یائی۔صیغہ۔رَابَ یَرِیْبُ۔ مصدر۔رَیْبًا۔(شک کرنا۔گمان ہونا) الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی برفتحہ۔محلاًمبتداءمرفوع۔أُوْتُوا:(ان کو دی گئی)فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰی یُوْتِیْ۔ مصدر۔اِیْتَآءٌ۔(دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَیَ یَاْتِیْ۔مصدر۔اِتْیَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔الْكِتَابَ :(کتاب)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمُؤْمِنُوْنَ:(مُؤْمِنٌ کی جمع۔ایمان لانے والے۔)اسم فاعل۔جمع مذکر۔فاعل مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔يَقُوْلَ:(وہ کہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی برفتحہ۔محلاًفاعل مرفوع۔

فِي:(میں)حرف جار۔ قُلُوبِ:(قَلْبٌ کی جمع۔دلوں)اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ مَّرَضٌ:(بیماری۔مرض)مبتداء مؤخر مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْكَافِرُونَ:(کفر کرنے والوں۔قوانین الٰہی سے بغاوت کرنے والوں کو)معطوف۔مرفوع۔ مَاذَا :(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ مقدم۔مَا نافیہ۔مَاموصولہ۔مَا زائدہ۔مَامصدریہ۔مَاشرطیہ۔مَاتعجبیہ۔ وغیرہ سے جدا کرنے لئے کہ ذاکا اضافہ کیا گیا۔أَرَادَ:(اس نے چاہا۔ارادہ کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔اِرَادَةٌ (ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ر و د) صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔ اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَذَا:(یہ)اسم اشارہ واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاًاسم مجرور۔ مَثَلًا:(مثال)منصوب۔حال۔ كَذَلِكَ:(اس طرح)مرکب: (کَ+ذٰ+لِ+کِ)حرف تشبیہ وجار۔+اسم اشارہ۔+برائے بعد+خطابیہ۔محلاًاسم مجرور۔يُضِلُّ:(وہ گمراہ کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اَضَلَّ يُضِلُّ۔مصدر۔اِضْلَالٌ۔(راستہ بھول جانا۔غلط راستے پر چلنا۔گمراہ ہونا۔)ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ض ل ل) مضاعف۔صیغہ۔ ضَلَّ يَضِلُّ۔مصدر۔ ضَلٌّ۔(گمراہ ہونا۔گمراہی اختیار کرنا)۔ اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہٖ۔يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَهْدِي:(وہ ہدایت دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ صیغہ۔هَدٰی يَهْدِیْ۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔رہنمائی کرنا)۔ مَنْ:(جسے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔ يَشَاءُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد ۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔ شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔ مَشِيْئَةٌ۔ (مرضی)۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَا :(نہیں)نافیہ۔يَعْلَمُ:(وہ جانتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔ عِلْمًا۔ (جاننا)۔جُنُودَ:(جُنْدٌ کی جمع۔لشکروں کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔كَ:(تیرے)ضمیر

واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ إِلَّا:(مگر) حرف حصر۔هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً فاعل مرفوع۔وَ:(اور) حرف عطف۔مَا:(نہیں) نافیہ۔هِيَ:(وہ۔)ضمیر منفصل۔واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ إِلَّا:(مگر) حرف حصر۔ ذِكْرَى:(بڑی نصیحت۔بڑا ذکر) خبر مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔لِ:(لئے) حرف جار۔الْبَشَرِ : (انسان۔ آدمی)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے دوزخ کے داروغہ فرشتے بنائے ہیں۔اور ان کا شمار کافروں کی آزمائش کے لئے مقرر کیا ہے (اور) اس لئے کہ اہل کتاب یقین کریں اور مومنوں کا ایمان اور زیادہ ہو اور اہل کتاب اور مومن شک نہ لائیں۔اور اس لئے کہ جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے اور (جو) کافر (ہیں) کہیں کہ اس مثال (کے بیان کرنے) سے اللہ کا مقصد کیا ہے؟اسی طرح اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور تمہارے پروردگار کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔اور یہ تو بنی آدم کے لئے نصیحت ہے۔

كَلَّا وَالْقَمَرِ ﴿٣٢﴾

كَلَّا:(ہرگز نہیں) حرف ردع۔زجر و توبیخ۔وَ:(قسم ہے) حرف جار۔قسمیہ۔الْقَمَرِ:(چاند) اسم مجرور۔ مقسم بہ۔

ترجمہ آیت: ہاں ہاں (ہمیں) چاند کی قسم

وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ ﴿٣٣﴾

وَ:(قسم ہے) حرف جار۔ قسمیہ۔اللَّيْلِ:(رات) اسم مجرور۔ مقسم بہ۔إِذْ:(جب) ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ بمعنی ماضی۔أَدْبَرَ:(اس نے پیٹھ پھیری) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔أَدْبَرَ يُدْبِرُ ۔مصدر۔إِدْبَارًا۔(پشت پھیرنا۔پیٹھ پھیرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ضرب۔مادہ(د ب ر)صیغہ۔ دَبَرَ يَدْبِرُ۔مصدر۔ دَبْرًا ۔دُبُوْرًا۔(پیچھے مڑنا۔بھاگنا۔ / فرار ہونا۔پیچھا کرنا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔افعال۔صیغہ۔أَسْفَرَ يُسْفِرُ۔مصدر۔إِسْفَارًا۔(روشن ہونا)جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور رات کی جب پیٹھ پھیرنے لگے

وَالصُّبۡحِ اِذَاۤ اَسۡفَرَ ﴿۳۴﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔الصُّبۡحِ:(صبح)اسم مجرور۔ مقسم بہٖ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ شرطیہ۔بمعنی۔ مستقبل۔أَسۡفَرَ:(اس نے سفر کیا۔روشن ہوئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔

ترجمہ آیت: اور صبح کی جب روشن ہو

اِنَّهَا لَاِحۡدَى الۡكُبَرِ ﴿۳۵﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔لَ:(بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔إِحۡدَى:(ایک) إِنَّ کی خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔مضاف۔ الۡكُبَرِ: (بڑی" مصیبت۔آفت")مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کہ وہ (آگ) ایک بہت بڑی (آفت) ہے

نَذِيۡرًا لِّلۡبَشَرِ ﴿۳۶﴾

نَذِيۡرًا:(خوب آگاہ کرنے والا۔تنبیہ کرنے والا)اسم فاعل۔منصوب۔حال۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الۡبَشَرِ:(انسان۔بشر۔ آدمی۔)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (اور) بنی آدم کے لئے موجب خوف۔

لِمَنۡ شَآءَ مِنۡكُمۡ اَنۡ يَّتَقَدَّمَ اَوۡ يَتَاَخَّرَ ﴿۳۷﴾

لِ:(لئے)حرف جار۔مَنۡ:(جس کے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ شَاءَ:(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔ صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔مصدر۔مَشِيۡئَةٌ۔ (مرضی)۔مِنۡ:(سے)حرف جار۔كُمۡ:(تم)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ أَنۡ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يَتَقَدَّمَ:(وہ آگے بڑھتا ہے۔بڑھے گا)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَقَدَّمَ يَتَقَدَّمُ۔مصدر۔تَقَدُّمٌ۔(آگے بڑھنا۔بازی لے جانا) ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدِمَ يَقۡدَمُ۔مصدر۔قُدُوۡمًا۔مَقۡدَمًا۔(آگے بڑھنا۔متوجہ ہونا)۔أَوۡ:(یا)حرف عطف۔

يَتَأَخَّرَ:(وہ پیچھے ہٹے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَأَخَّرَ يَتَأَخَّرُ۔مصدر۔تَأَخُّرٌ۔ (مؤخر کرنا۔دیر کرنا۔لیٹ کرنا۔ پیچھے ہٹنا)۔

ترجمہ آیت: جو تم میں سے آگے بڑھنا چاہے یا پیچھے رہنا چاہے۔

كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿۳۸﴾

كُلُّ:(تمام۔ہر)برائے تاکید۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔ نَفْسٍ:(جان)مجرور مضاف الیہ۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ كَسَبَتْ:(اس نے کمایا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ک س ب)صیغہ۔كَسَبَ يَكْسِبُ۔مصدر۔كَسْبًا۔(کمانا۔کرنا)۔رَهِيْنَةٌ:(رہن ہے۔گروی ہے)خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ہر شخص اپنے اعمال کے بدلے گرو ہے۔

اِلَّاۤ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ﴿۳۹﴾

إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔أَصْحَابَ:(ساتھی۔دوست۔والے)مستثنیٰ۔ منصوب۔مضاف۔الْيَمِيْنِ:(دائیں طرف)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مگر داہنی طرف والے(نیک لوگ)۔

فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾

فِي:(میں)حرف جار۔ جَنَّاتٍ :(باغات)اسم مجرور۔يَتَسَاءَلُوْنَ:(وہ پوچھتے ہیں۔پوچھیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت ۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَاعُلٌ۔ صیغہ۔تَسَاءَلَ يَتَسَاءَلُ ۔مصدر۔تَسَاءُلٌ۔(ایک دوسرے سے پوچھنا۔) ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)۔مہموز العین سَالَ يَسْئَلُ۔مصدر۔سُؤَالًا۔(پوچھنا دریافت کرنا)۔

ترجمہ آیت: (کہ) وہ باغہائے بہشت میں (ہوں گے اور) پوچھتے ہوں گے۔

عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

عَنِ:(سے)حرف جار۔الْمُجْرِمِيْنَ:(مجرموں۔گناہگاروں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔

(یعنی آگ میں جلنے والے) گنہگاروں سے

مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾

مَا :(کس نے)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔سَلَكَ:(اس نے راستہ بنایا۔اس نے ڈالا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ۔(س ل ک)صیغہ۔سَلَکَ يَسْلُکُ۔مصدر۔سَلْكًا۔ سُلُوْكٌ۔ (جکڑنا۔راستہ بنانا۔داخل کردینا۔ڈالنا)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔فِي: (میں)حرف جار۔سَقَرَ:(دوزخ کاایک طبقہ۔آگ دوزخ۔)اسم مجرور بالفتحہ۔

ترجمہ آیت: کہ تم دوزخ میں کیوں پڑے؟۔

قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔ صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔نَكُ:(ہم تھے)فعل مضارع جمع متکلم۔مجزوم۔علامت۔واؤ حرف علت۔اورنون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الْمُصَلِّيْنَ:(صلوٰۃادا کرنے والے۔نظام ربوبیت کے عامل)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: وہ جواب دیں گے کہ ہم نماز نہیں پڑھتے تھے۔

وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿۴۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ نَكُ:(ہم تھے)فعل مضارع جمع متکلم۔ مجزوم۔علامت۔واؤ حرف علت۔اورنون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ نُطْعِمُ:(ہم کھاناکھلاتے تھے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَطْعَمَ يُطْعِمُ۔مصدر۔اِطْعَامًا۔(کھاناکھلانا)ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ط ع م) صیغہ۔طَعِمَ يَطْعَمُ۔مصدر۔طَعْمًا۔طَعَامًا۔(کھانا)۔ الْمِسْكِيْنَ:(مِسْكِيْنٌ کی جمع۔ مسکینوں کو۔جن کاکاروباررک گیاہو۔)

جمع مذکر۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور نہ فقیروں کو کھانا کھلاتے تھے۔

وَ كُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿۴۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ ضمیر مستتر نَحْنُ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا) ۔نَخُوْضُ:(ہم بکواس کرتے۔فضول باتیں کرتے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(خ و ض)اجوف واوی۔صیغہ۔خَاضَ يَخُوْضُ۔ مصدر۔خَوْضًا۔(بکواس کرنا۔فضول بحث کرنا۔باتیں بنانا۔بے مقصد گفتگو میں الجھے رہنا)۔ مَعَ:(ساتھ)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ الْخَائِضِيْنَ:(بکواس کرنے والے۔بیہودہ گفتگو کرنے والے)اسم فاعل ۔جمع مذکر ۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔ علامت۔ ی۔

ترجمہ آیت: اور اہل باطل کے ساتھ مل کر (حق سے) انکار کرتے تھے۔

وَ كُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۴۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ كُنَّا:(ہم تھے)فعل ماضی جمع متکلم۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ ضمیر مستتر نَحْنُ۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔نُكَذِّبُ:(ہم جھٹلاتے تھے)فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔جملہ محلاً۔كَانَ کی خبر منصوب۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔يَوْمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔ مضاف۔الدِّيْنِ:(جزاء۔فیصلہ۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور روز جزا کو جھٹلاتے تھے۔

حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿۴۷﴾

حَتّٰى:(یہاں تک کہ)حرف غایت ۔ اَتٰى:(وہ آگیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ۔ی۔کو الف سے بدل دیا گیا۔بوجہ ااتصال۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔ صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔

(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی (لانا)ہوتا ہے۔ نَا:(ہمیں)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔الْیَقِیْنُ:(ایمان۔یقین۔)فاعل مرفوع۔

ترجمہ آیت: یہاں تک کہ ہمیں موت آگئی۔

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ﴿٤٨﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ تَنفَعُ:(نفع دیتا ہے۔فائدہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ف ع)صیغہ۔نَفَعَ یَنْفَعُ۔مصدر۔نَفْعًا۔(فائدہ دینا۔نفع دینا)۔هُمْ:(انہیں)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ شَفَاعَةُ:(شفاعت۔سفارش۔)فاعل مرفوع۔مضاف۔ الشَّافِعِیْنَ:(شفاعت کرنے والے۔سفارش کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: (تو اس حال میں) سفارش کرنے والوں کی سفارش ان کے حق میں کچھ فائدہ نہ دے گی

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٩﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔مَا:(کیا)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔ لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ عَنِ:(سے)حرف جار۔ التَّذْكِرَةِ:(تذکرہ۔ذکر۔نصیحت)اسم مجرور۔ مُعْرِضِیْنَ:(اعراض برتنے والے۔منہ پھیرنے والے۔اعراض کرنے والے۔توجہ نہ دینے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر۔منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: ان کو کیا ہوا ہے کہ نصیحت سے روگرداں ہو رہے ہیں۔

كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿٥٠﴾

کَاَنَّ:(گویا کہ)حرف تشبیہ۔مشبہ بافعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً کَاَنَّ کا اسم منصوب۔حُمُرٌ:(حِمَارٌ کی جمع۔گدھے) کَاَنَّ کی خبر مرفوع۔موصوف۔ مُّسْتَنْفِرَةٌ:(بدکنے والی۔خوف زدہ ہو کر بھاگنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔صفت۔مرفوع۔تابع موصوف۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: گویا گدھے ہیں کہ بدک جاتے ہیں۔

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿٥١﴾

فَرَّتْ:(وہ بھاگ گئی۔فرار ہوگئی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ف ر ر) مضاعف۔صیغہ۔فَرَّ يَفِرُّ۔مصدر۔فَرًّا۔فِرَارًا۔مَفَرًّا۔(فرار ہونا۔بھاگ جانا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔قَسْوَرَةٍ:(شیر)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (یعنی) شیر سے ڈر کر بھاگ جاتے ہیں۔

بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُؤْتَىٰ صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿٥٢﴾

بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔يُرِيدُ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَرَادَ يُرِيدُ۔ مصدر۔إِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر و د)صیغہ۔رَادَ يَرُودُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔كُلُّ:(تمام۔ہر ایک)برائے تاکید۔فاعل۔مرفوع۔مضاف۔امْرِئٍ:(ہر آدمی۔مرد۔ شخص۔)مجرور مضاف الیہ۔مِّنْ:(سے)حرف جار۔هُمْ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُؤْتَىٰ:(وہ دے)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت۔ محل اعراب مفتوح۔نائب فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ ۔أَتَىٰ يُؤْتِي۔ مصدر۔ إِيْتَاءٌ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔أَتَىٰ يَأْتِي۔مصدر۔إِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)۔اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنیٰ(لانا)ہوتا ہے۔صُحُفًا:(صَحِيفَةٌ کی جمع۔ صحیفے)منصوب۔ مفعول بہ۔موصوف۔مُّنَشَّرَةً:(پھیلا ہوا۔نشر شدہ۔کھلا ہوا)اسم مفعول واحد مؤنث۔ محلاً صفت۔ منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اصل یہ ہے کہ ان میں سے ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے پاس کھلی ہوئی کتاب آئے۔

كَلَّا ۖ بَل لَّا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ ﴿٥٣﴾

كَلَّا:(ہرگز نہیں)حرف ردع۔زجر و توبیخ۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ يَخَافُونَ :(وہ خوف کھاتے ہیں۔ ڈرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔ الْآخِرَةَ:(آخرت ۔ قیامت)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کو آخرت کا خوف ہی نہیں

كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿۵۴﴾

كَلَّا:(ہرگز نہیں)حرف ردع۔زجر و توبیخ۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔تَذْكِرَةٌ:(تذکرہ۔ذکر۔نصیحت)إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کچھ شک نہیں کہ یہ نصیحت ہے

فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۵۵﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔مَنْ:(جو)اسم شرط۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔جازم فعل شرط۔شَاءَ :(اس نے چاہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ ذَكَرَ:(اس نے یاد رکھا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔هُ:(اسے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً مجزوم۔فعل جواب شرط۔

ترجمہ آیت: توجو چاہے اسے یادرکھے۔

وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿۵۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔يَذْكُرُوْنَ :(وہ ذکر کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر)صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا)۔ إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يَشَاءَ:(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ اللهُ:(اللہ جل جلالہٗ)فاعل۔مرفوع۔ هُوَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء۔مرفوع۔ أَهْلُ:(والے۔تعلقہ دار)خبر مرفوع۔مضاف۔ التَّقْوَى:(تقوی۔پرہیز گار۔خوف الٰہی)مجرور مضاف الیہ۔ تقدیراً مکسور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَهْلُ:(والے۔ تعلقہ دار)معطوف مرفوع۔الْمَغْفِرَةِ:(مغفرت)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اوریاد بھی تب ہی رکھیں گے جب اللہ چاہے۔وہی ڈرنے کے لائق اور بخشش کامالک ہے۔

75 سُوۡرَۃُ الۡقِیٰمَۃِ

رکوعاتھا 2 — 75 سُوۡرَۃُ الۡقِیٰمَۃِ مَکِّیَّۃٌ 31 — اٰیاتھا 40

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کانام لے کر جوبڑامہربان نہایت رحم والاہے

لَاۤ اُقۡسِمُ بِیَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ ۙ﴿۱﴾

لَا:(نہیں) نافیہ۔زائدہ۔ أُقْسِمُ:(میں قسم کھاتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔ فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقۡسَمَ یُقۡسِمُ۔مصدر۔اِقۡسَامًا۔(قسمیں کھانا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق س م)صیغہ۔قَسَمَ یَقۡسِمُ۔مصدر۔قَسۡمًا۔(تقسیم کرنا۔بانٹنا)۔بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔یَوۡمِ:(دن)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔ الۡقِیَامَۃِ:(قیامت کی)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: ہم کو روز قیامت کی قسم

وَ لَاۤ اُقۡسِمُ بِالنَّفۡسِ اللَّوَّامَۃِ ؕ﴿۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف لَا:(نہیں)نافیہ۔زائدہ۔ أُقْسِمُ:(میں قسم کھاتا ہوں) فعل مضارع واحد متکلم۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَقۡسَمَ یُقۡسِمُ۔مصدر۔اِقۡسَامًا۔(قسمیں کھانا)ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق س م) صیغہ۔قَسَمَ یَقۡسِمُ۔مصدر۔قَسۡمًا۔(تقسیم کرنا۔بانٹنا)۔ بِ:(ساتھ۔کی)حرف جار۔النَّفۡسِ:(نفس۔جان)اسم مجرور۔موصوف۔اللَّوَّامَۃِ:(ملامت کرنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور نفس لوامہ کی (کہ سب لوگ اٹھاکر) کھڑے کئے جائیں گے۔

اَیَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ اَلَّنۡ نَّجۡمَعَ عِظَامَہٗ ؕ﴿۳﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔یَحۡسَبُ:(وہ خیال کرتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔

باب حَسِبَ۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔ حَسِبَ یَحْسَبُ۔ مصدر۔ حِسْبَانًا۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔ سوچنا)۔ الْإِنسَانُ: (انسان)فاعل۔مرفوع۔ أَلَّنْ:(کہ ہر گز نہیں)مرکب :(أَ+لَّنْ)اصلاً أَنْ+لَّنْ تھا۔ ۔یا۔ أَنَّ ثقیلہ کا مخففہ+حرف حرف مصدریہ اور ناصب مضارع۔برائے تاکید۔بمعنی مستقبل منفی۔ نَجْمَعَ :(ہم جمع کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد باب۔فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ۔جَمَعَ یَجْمَعُ۔ مصدر۔ جَمْعٌ۔(جمع کرنا)۔جملہ محلاًأَنَّ کی خبر مرفوع۔عِظَامَ:(ہڈیوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔ مضاف۔هُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کیاانسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی (بکھری ہوئی) ہڈیاں اکٹھی نہیں کریں گے ؟۔

بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ﴿۴﴾

بَلَى:(کیوں نہیں؟)حرف ایجاب۔سوال نفی کے مثبت جواب کے لئے استعمال ہوتا ہے۔قَادِرِيْنَ:(قَادِرٌ کی جمع۔قدرت رکھنے والا)اسم فاعل۔جمع مذکر۔ منصوب۔حال۔ عَلَى:(پر)حرف جار۔أَنْ:(کہ)حرف مصدریہ۔اسم مجرور۔ناصب مضارع۔ نُّسَوِّيَ :(ہم درست کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔علامت محل اعراب۔ساکن۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَوّٰى يُسَوِّيْ۔مصدر۔تَسْوِيَةٌ۔(سنوارنا۔برابر کرنا۔درست کرنا)ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔ مادہ(س و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِيَ يَسْوٰى۔مصدر۔ اَسْوَءً۔سِوًى۔ (برابر۔ مکمل۔ طاقتور۔ پورا)۔بَنَانَ:(بَنَانَةٌ کی جمع۔پورپور۔انگلیوں کااگلاحصہ۔)منصوب۔ مفعول بہ۔مضاف۔هُ:(اس کے)ضمیرواحدمذکرغائب۔مبنی برضمہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: ضرور کریں گے(اور) ہم اس بات پر قادر ہیں کہ اس کی پور پور درست کر دیں۔

بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ﴿۵﴾

بَلْ :(بلکہ)حرف اضراب۔يُرِيدُ :(وہ چاہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب افعال۔صیغہ۔أَرَادَ يُرِيْدُ۔مصدر۔إِرَادَةٌ۔(ارادہ کرنا۔چاہنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ(رود) صیغہ۔رَادَ يَرُوْدُ: (کسی چیز کی تلاش میں آنا جانا)۔الْإِنسَانُ :(انسان)فاعل۔مرفوع۔لِ:(بلاشبہ)لائے تعلیل۔ناصب اسم۔يَفْجُرَ:(وہ گناہ کرے)

فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ف ج ر)صیغہ۔فَجَرَ یَفْجُرُ۔ مصدر۔ فَجْرًا۔فُجُوْرًا۔(پھوٹ پڑنا۔ فسق و فجور کرنا۔نافرمانی کرنا۔گناہ کرنا۔اخلاق حسنہ کے برعکس کام کرنا)۔ أَمَامَ:(سامنے۔)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مگر انسان چاہتا ہے کہ آگے کو خودسری کرتا جائے۔

یَسْـَٔلُ اَیَّانَ یَوْمُ الْقِیٰمَةِ ﴿٦﴾

یَسْأَلُ:(وہ پوچھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(س ء ل)مہموز العین۔صیغہ۔سَالَ یَسْئَلُ۔ مصدر۔سَوَالٌ۔(سوال کرنا۔ پوچھنا۔ مانگنا)۔ أَیَّانَ:(کب؟ بمعنی مَتٰی۔ کسی شئے کا وقت معلوم کرنے کے لئے مستعمل ہے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔ظرف زمان۔خبر مقدم۔مرفوع۔یَوْمُ:(دن)ظرف زمان۔مبتداء مرفوع۔مضاف۔الْقِیَامَةِ:(قیامت)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہوگا؟

فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ﴿٧﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔ بَرِقَ:(وہ بجلی کی چمک سے چندھیا گئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ب ر ق)صیغہ۔بَرَقَ یَبْرَقُ مصدر۔بَرْقًا۔(ہکا بکا رہنا۔ پتھرا جانا۔ چندھیا جانا)۔الْبَصَرُ:(آنکھ۔ نظر۔ بینائی۔ نگاہ)فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: جب آنکھیں چندھیا جائیں

وَ خَسَفَ الْقَمَرُ ﴿٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔خَسَفَ:(وہ دھنس گیا۔ گرہن لگ گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(خ س ف)صیغہ۔خَسَفَ یَخْسِفُ۔ مصدر۔خَسْفًا۔خُسُوْفًا۔(زمین میں دھنسنا۔بے نور ہونا۔ گرہن لگنا)۔ الْقَمَرُ:(چاند)فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور چاند گہنا جائے۔

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ﴿٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ جُمِعَ:(جمع کیا گیا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ج م ع)صیغہ۔جَمَعَ يَجْمَعُ۔مصدر۔جَمْعًا۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔الشَّمْسُ:(سورج)نائب فاعل۔مرفوع۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْقَمَرُ:(چاند)معطوف مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور سورج اور چاند جمع کر دیئے جائیں۔

يَقُولُ الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ ﴿١٠﴾

يَقُولُ:(وہ کہتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُولُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ الْإِنسَانُ:(انسان)فاعل مرفوع۔ يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب :(يَوْمَ+إِذٍ)ظرف زمان۔ مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَيْنَ:(کہاں؟ جگہ پوچھنے کے لئے مستعمل ہے)اسم استفہام۔مبنی بر فتحہ۔محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔الْمَفَرُّ:(فرار کی جگہ۔چھپنے کی جگہ۔جائے پناہ)فَرَارًا۔مصدر۔ظرف مکان۔مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس دن انسان کہے گا کہ (اب) کہاں بھاگ جاؤں؟

كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿١١﴾

كَلَّا:(ہر گز نہیں)حرف ردع۔زجر و توبیخ۔لَا:(نہیں) لائے نفی جنس۔ وَزَرَ:(بوجھ۔پہاڑ۔جائے پناہ۔)لائے نفی جنس کا اسم منصوب۔ ظرف مکان۔بطور فعل۔ (اس نے بوجھ اٹھایا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(وزر)مثال واوی۔صیغہ۔وَزَرَ يَزِرُ۔مصدر۔وِزْرًا۔(بوجھ اٹھانا)۔

ترجمہ آیت: بے شک کہیں پناہ نہیں

إِلَىٰ رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ ﴿١٢﴾

إِلَى:(طرف)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب:(يَوْمَ+إِذٍ)ظرف زمان۔مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر

سکون۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔ الْمُسْتَقَرُّ:(ٹھکانہ۔پناہ گاہ۔ جگہ)ظرف مکان۔ مبتداءمؤخر۔ مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس روز پروردگار ہی کے پاس ٹھکانا ہے

يُنَبَّؤُا الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ ﴿۱۳﴾

يُنَبَّأُ:(وہ خبر دیتا ہے۔) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ نَبَّأَ يُنَبِّئُ۔مصدر۔تَنْبِئَةٌ۔(آگاہ کرنا۔ خبر دینا۔ بتانا)۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ن ب ء) مہموز اللام۔صیغہ۔نَبَأَ يَنْبَأُ۔مصدر۔ نَبْئًا۔ نَبُوءًا۔(خبر دینا۔ اطلاع دینا۔ تنبیہ کرنا۔)۔ الْإِنسَانُ:(انسان۔)فاعل۔مرفوع۔ يَوْمَئِذٍ:(اس دن)مرکب:(يَوْمَ+إِذٍ) ظرف زمان۔ مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔ بِمَا:(جو کچھ) مرکب: (بِ+مَا) حرف جار۔ +اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ قَدَّمَ:(اس نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔مصدر۔تَقْدِيمًا۔(آگے بھیجنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدِمَ يَقْدَمُ۔ مصدر۔قُدُومًا۔ مَقْدَمًا۔ (آگے بڑھنا۔ متوجہ ہونا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَخَّرَ:(اس نے پیچھے رکھا۔ پیچھے چھوڑا)۔فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔اَخَّرَ يُؤَخِّرُ۔مصدر۔تَأْخِيرًا۔(دیر کرنا۔ پیچھے ڈالنا۔ پیچھے چھوڑنا)۔

ترجمہ آیت: اس دن انسان کو جو (عمل) اس نے آگے بھیجے اور پیچھے چھوڑے ہوں گے سب بتا دیئے جائیں گے۔

بَلِ الْإِنْسَانُ عَلَىٰ نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ ﴿۱۴﴾

بَلِ:(بلکہ)حرف اضراب۔ الْإِنسَانُ:(انسان)مبتداء مرفوع۔ عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔ نَفْسِ:(جان)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاًمجرور مضاف الیہ۔بَصِيرَةٌ:(خوب بصیرت۔ خوب دانائی۔گہرائی سے جانچنا۔ آگاہ)خبر مرفوع۔ تائے مربوطہ برائے مبالغہ۔

ترجمہ آیت: بلکہ انسان آپ اپنا گواہ ہے۔

وَلَوْ أَلْقَىٰ مَعَاذِيرَهُ ﴿۱۵﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔لَوْ:(اگر)حرف شرط۔ غیر جازم۔أَلْقَىٰ:(اس نے ڈالا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً

ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَلْقٰی یُلْقِیْ۔مصدر۔اِلْقَاءٌ۔(ڈالنا)۔مَعَاذِیْرَ:(مَعْذِرَۃٌ کی جمع۔ معذرتیں)اسم جمع۔ منصوب۔ مفعول بہ۔ مضاف۔ہٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اگرچہ عذر و معذرت کرتا ہے۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿۱۶﴾

لَا:(نہیں)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تُحَرِّكْ:(تو ہلا۔چلا۔حرکت دے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔حَرَّكَ یُحَرِّكُ۔مصدر۔تَحْرِیْكًا۔(حرکت دینا۔ہلانا۔چلانا)۔ثلاثی مجرد۔ باب۔فتح ۔مادہ(ح ر ک)صیغہ۔حَرَكَ یَحْرَكَ۔مصدر۔حَرْكًا۔(حرکت دینا۔صیغہ جات غیر مستعمل)۔بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔ہٖ:(اس۔اپنی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً اسم مجرور۔لِسَانَ:(زبان)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كَ:(تیری۔اپنی) ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔تَعْجَلَ:(تو جلید کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ج ل)صیغہ۔عَجَلَ یَعْجِلُ۔مصدر۔عَجْلًا۔عَجَلَۃٌ۔(جلدی کرنا۔"حفظ کر لیں")۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔ہٖ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور(اے محمد ﷺ) وحی کے پڑھنے کے لئے اپنی زبان نہ چلایا کرو کہ اس کو جلد یاد کر لو۔

اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿ۚ۱۷﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔عَلَيْ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہمارے)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مقدم مرفوع۔جَمْعَ:(جمع کرنا)مصدر۔اِنَّ کا اسم مؤخر منصوب۔ مضاف۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔قُرْآنَ:(قرآن مجید۔ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا پڑھانا)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ہٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اس کا جمع کرنا اور پڑھانا ہمارے ذمے ہے۔

فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿۱۸﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔اِذَا :(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔قَرَاْنٰا:(ہم نے پڑھا)فعل ماضی۔جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔قَرَاَ یَقْرَاُ۔صدر۔قِرَاءۃً۔قُرْآنًا۔(پڑھنا)۔ ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب مفعول بہ۔ فَ:(پس)برائے رابطہ۔اِتَّبِعْ:(تو پیروی کر)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ۔مصدر۔اِتِّبَاعًا۔(پیروی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ت ب ع)۔تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔ تَبْعًا۔تُبُوْعًا۔(پیروی کرنا)۔ قُرْآنَ:(قرآن مجید کو)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ہُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جب ہم وحی پڑھا کریں تو تم (اس کو سنا کرو اور) پھر اسی طرح پڑھا کرو

ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿١٩﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔ نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مقدم۔مرفوع۔ بَیَانَ:(وضاحت کرنا۔کھول کر بیان کرنا۔)اسم مصدر۔اِنَّ کا اسم مؤخر۔ منصوب۔ مضاف۔ہُ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: پھر اس (کے معانی) کا بیان بھی ہمارے ذمے ہے۔

كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿٢٠﴾

كَلَّا:(ہرگز نہیں)حرف ردع۔زجر و توبیخ۔ بَلْ:(بلکہ)حرف اضراب۔تُحِبُّوْنَ:(تم محبت کرتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحَبَّ یُحِبُّ۔ مصدر۔اِحْبَابٌ۔(محبت کرنا۔محبوب رکھنا۔پسند کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ح ب ب)مضاعف۔صیغہ۔حَبَّ یَحُبُّ۔مصادر۔حَبًّا۔حُبًّا۔(چاہنا۔پسند کرنا۔پسند کیا جانا۔پسندیدہ ہونا)۔ اَلْعَاجِلَةَ:(جلدی کرنے والی۔جلدی ملنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: مگر (لوگو) تم دنیا کو دوست رکھتے ہو۔

وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿٢١﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔تَذَرُوْنَ:(تم چھوڑ دیتے ہو)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔

فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔صیغہ۔وَذَرَ یَذَرُ۔مصدر۔وَذْرٌ۔(چھوڑ دینا)۔۔الْاٰخِرَةَ: (آخرت۔ قیامت کو)منصوب۔مفعول بہ۔

اور آخرت کوترک کئے دیتے ہو

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾

وُجُوْهٌ :(وَجْهٌ کی جمع چہرے۔منہ)مبتداء مرفوع۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔جب)مرکب :(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔مجرور۔مضاف الیہ۔ نَّاضِرَةٌ:(ترو تازہ۔پررونق)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً خبر مرفوع۔یاصفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس روز بہت سے منہ رونق دار ہوں گے۔

اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾

إِلَى:(طرف)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔نَاظِرَةٌ:(دیکھنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث غائب۔محلاً خبر مرفوع۔"وُجُوهٌ"مبتداء۔

ترجمہ آیت: (اور) اپنے پروردگار کے محو دیدار ہوں گے۔

وَ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ﴿۲۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔وُجُوهٌ:(وَجْهٌ کی جمع چہرے۔منہ)مبتداء مرفوع۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔جب)مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔مجرور۔مضاف الیہ۔بَاسِرَةٌ:(بسورے ہوئے۔پریشان۔اداسی چھائی ہوئی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاً کی خبر مرفوع۔یا۔صفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور بہت سے منہ اس دن اداس ہوں گے۔

تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾

تَظُنُّ:(توگمان کرے گا)فعل مضارع۔واحد مؤنث غائب۔ فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔ صیغہ۔ ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔ خیال کرنا۔وہم ہونا۔شک ہونا)۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب

مضارع۔ يُفْعَلَ :(وہ کیا جائے گا)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔ منصوب۔علامت محل اعراب۔ساکن۔ نائب فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ف ع ل)صیغہ۔فَعَلَ يَفْعَلُ۔مصدر۔فِعْلًا۔(کرنا۔ہونا۔سہنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا :(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔فَاقِرَةٌ:(مصیبت۔سختی۔کمر توڑنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: خیال کریں گے کہ ان پر مصیبت واقع ہونے کو ہے۔

كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿٢٦﴾

كَلَّا:(ہرگز نہیں)حرف ردع۔زجر وتوبیخ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔بَلَغَتْ :(وہ پہنچے گی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ب ل غ) صیغہ۔بَلَغَ يَبْلُغُ۔ مصدر۔بُلُوْغًا۔(پہنچنا)۔التَّرَاقِيَ:(ترقوۃ۔ہنسلی کی ہڈی تک)منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: دیکھو جب جان گلے تک پہنچ جائے۔

وَقِيْلَ مَنْ رَّاقٍ ﴿٢٧﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قِيْلَ:(کہا جائے گا)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔ مَنْ:(کون)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔رَاقٍ:(جھاڑ پھونک مارنے والا۔دم جھاڑا کرنے والا۔ تعویز گنڈے کرنے والا۔"نَفَثَ الرَّاقِي فِيْ الْعُقْدَةِ۔جھاڑ پھونک یا تعویز گنڈا کرنے والے کا گرہ میں پھونک مارنا۔") رَقْيٌ۔رُقْيَةٌ۔مصادر۔اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاًخبر مرفوع۔تقدیراًمضموم۔

ترجمہ آیت: اور لوگ کہنے لگیں (اس وقت) کون جھاڑ پھونک کرنے والا ہے۔

وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿٢٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ظَنَّ:(اس نے گمان کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ظ ن ن)مضاعف۔ صیغہ۔ظَنَّ يَظُنُّ۔مصدر۔ظَنًّا:(گمان کرنا۔خیال کرنا۔وہم ہونا۔شک ہونا)۔ أَنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُ:(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً أَنَّ کا اسم منصوب۔ الْفِرَاقُ:

(علیحدگی۔جدائی)أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور اس (جان بلب) نے سمجھا کہ اب سب سے جدائی ہے

وَ الۡتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿۲۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اِلۡتَفَّتِ:(لپٹ جانا۔ بوجہ اِذَا۔لپٹ جائے گی۔)لَفِیۡفٌ۔اکٹھا جڑا ہوا۔ فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔کسرہ برائے اتصال۔ بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِلۡتَفَّ يَلۡتَفُّ۔ مصدر۔اِلۡتِفَاتًا۔(لپٹ جانا)۔السَّاقُ:(پنڈلی)فاعل۔مرفوع۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔السَّاقِ:(پنڈلی)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے۔

اِلٰی رَبِّکَ یَوۡمَئِذِ الۡمَسَاقُ ﴿۳۰﴾

إِلَى:(طرف)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔جب)مرکب:(يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ منصوب۔ مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔مجرور۔مضاف الیہ۔الْمَسَاقُ:(چلنا۔روانہ ہونا۔روانگی۔ہنکانا۔ڈرائیو کرنا)مصدر میمی۔مبتداء مؤخر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس دن تجھ کو اپنے پروردگار کی طرف چلنا ہے۔

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی ﴿۳۱﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔صَدَّقَ:(اس نے تصدیق کی۔سچ جانا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔صَدَّقَ يُصَدِّقُ۔مصدر۔ تَصۡدِيۡقًا۔(سند دینا۔تصدیق کرنا۔)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د ق)صیغہ۔صَدَقَ يَصۡدُقُ۔مصدر۔صِدۡقًا۔(سچ کہنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔صَلَّى:(اس نے صلوٰۃ قائم کی۔نظام ربوبیت پر عمل کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَلَّى يُصَلِّيۡ۔مصدر۔تَصۡلِيَةً۔(ذمہ داری پوری کرنا۔نظام صلوٰۃ قائم کرنا۔نماز پڑھنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ص ل ی)ناقص یائی۔صیغہ۔صَلِيَ يَصۡلِيۡ۔مصدر۔صَلۡيٌ۔(داخل ہونا۔بھوننا۔روسٹ کرنا)۔

ترجمہ آیت: تواس (ناعاقبت) اندیش نے نہ تو (کلام اللہ) کی تصدیق کی نہ نماز پڑھی

وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۳۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لٰكِنْ:(لیکن)حرف استدراک۔ كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ الَّذِينَ:(وہ جو) فاعل مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ قَبْلِ: (پہلے)ظرف زمان۔اسم مجرور۔مضاف۔هِمْ:(ان کے)ضمیر وَ:(اور)حرف عطف۔تَوَلّٰى:(اس نے منہ پھیرا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔ تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى۔مصدر۔تَوَلِّيْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِيَ يَلِيْ۔مصدر۔وَلْيًا۔(پھرنا)۔

ترجمہ آیت: بلکہ جھٹلایا اور منہ پھیر لیا۔

ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف جار۔ذَهَبَ:(وہ چلا گیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ذ ھ ب) صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔مصدر۔ذَهَابًا۔(چلے جانا۔جانا)۔اِلَى:(طرف)حرف جار۔ أَهْلِ:(اہل۔گھر والے۔تعلقہ دار)اسم مجرور۔مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ يَتَمَطّٰى:(وہ اکڑتا ہے۔اکڑتے ہوئے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَمَطّٰى يَتَمَطّٰى۔ مصدر۔تَمَطِّيْ۔(اکڑنا۔ تکبر کرنا۔غرور کرنا۔اپنے آپ کو دھوکا دینا)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: پھر اپنے گھر والوں کے پاس اکڑتا ہوا چل دیا۔

اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾

أَوْلَى:(افسوس ہے)افعل التفضیل مبتداء مرفوع۔تقدیراً مضموم۔لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔فَ:(پھر)حرف عطف۔أَوْلَى:(افسوس ہے)افعل التفضیل۔معطوف مرفوع۔تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے۔

ثُمَّ اَوۡلٰی لَکَ فَاَوۡلٰی ﴿۳۵﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ أَوْلَىٰ:(افسوس ہے)افعل التفضیل۔مبتداء مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔ لَ:(لئے)حرف جار۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکرحاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع ۔فَ:(پھر)حرف عطف۔أَوْلَىٰ:(افسوس ہے) افعل التفضیل۔معطوف مرفوع۔تقدیراًمضموم۔

ترجمہ آیت: پھر افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے۔

اَیَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ اَنۡ یُّتۡرَکَ سُدًی ﴿۳۶﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔يَحْسَبُ:(وہ حساب لگاتا ہے۔خیال کرتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔حَسِبَ يَحْسَبُ۔مصدر۔حِسْبَانٌ۔ (گمان کرنا۔خیال کرنا۔ الْإِنسَانُ:(انسان)فاعل۔مرفوع۔أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔يُتْرَكَ:(وہ چھوڑ دے)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ت ر ک)صیغہ۔تَرَکَ يَتْرُکُ۔مصدر۔تَرْكًا۔(چھوڑنا)۔ سُدًى: ("یوں ہی" بے کار۔ آزاد۔ہر طرح کا فارغ ہو۔شتر بے مہار کی طرح گھومنے والا) منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: کیا انسان خیال کرتا ہے کہ یوں ہی چھوڑ دیا جائے گا؟

اَلَمۡ یَکُ نُطۡفَۃً مِّنۡ مَّنِیٍّ یُّمۡنٰی ﴿۳۷﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔ لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَكُ:(وہ ہو گیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت۔واؤ حرف علت۔اور نون اعرابی محذوف۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ نُطْفَةً:(قطرہ سے)منصوب۔مفعول بہ۔ مِّنْ:(سے)حرف جار۔ مَّنِيٍّ : (منی)اسم مجرور۔مضاف۔يُمْنَىٰ:(وہ ڈالی جاتی ہے۔ٹپکائی جاتا ہے۔)فعل مضارع مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَمْنٰى يُمْنِى۔مصدر۔اِمْنَاءٌ۔(منی خارج کرنا۔ٹپکانا۔گرانا)۔

ترجمہ آیت: کیا وہ منی کا جو رحم میں ڈالی جاتی ہے ایک قطرہ نہ تھا؟

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔عَلَقَةً:(جونک۔لوتھڑا) كَانَ کی خبر منصوب۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔ خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(خ ل ق) صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔ مصدر۔ خَلْقًا۔(پیدا کرنا۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔سَوّٰى:(اس کو درست کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔سَوّٰى يُسَوِّيْ۔مصدر۔تَسْوِيَةٌ۔(برابر کرنا۔درست کرنا۔سنوارنا)۔

ترجمہ آیت: پھر لوتھڑا ہوا پھر(اللہ نے) اس کو بنایا پھر(اس کے اعضا کو) درست کیا

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔جَعَلَ:(اس نے بنایا پیدا کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔مفعول بہٖ ثانی۔الزَّوْجَيْنِ:(دوجوڑے۔دو قسمیں)منصوب۔علامت۔ی۔ مفعول بہٖ اوّل۔ الذَّكَرَ:(مذکر۔مرد۔لڑکا۔نر)۔بدل منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْاُنْثٰى:(مؤنث۔ لڑکی۔ عورت۔مادہ)معطوف منصوب۔۔

ترجمہ آیت: پھر اس کی دو قسمیں بنائیں (ایک) مرد اور(ایک) عورت۔

اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔لَيْسَ :(نہیں)فعل ناقص ماضی۔جامد اس سے مضارع کے صیغے نہیں بنتے۔رافع اسم۔ناصب خبر۔ذٰلِكَ :(وہ) اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔محلاًلَيْسَ کا اسم مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔زائد۔برائے تاکید۔قَادِرٍ :(قدرت رکھنے والا)لفظاًمجرور۔محلاًاسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً لَيْسَ کی خبر منصوب ۔عَلَى:(پر)حرف جار۔ أَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔ يُحْيِيَ:(وہ زندہ کرے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔منصوب۔محلاً اعراب مفتوح۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب

افعال۔صیغہ۔اَحْیٰ یُحْیِیْ۔مصدر۔اِحْیَاءٌ۔(زندہ کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ح ی ی) مضاعف۔لفیف مقرون۔اجوف یائی۔ناقص یائی۔صیغہ۔حَیِیَ یَحْیٰی۔ مصدر۔حَیَاۃٌ۔(زندہ رہنا)۔ اَلْمَوْتٰی:(میت۔کی جمع۔مردوں کو)منصوب۔مفعول بہ۔تقدیراً مفتوح۔

ترجمہ آیت: کیااس خالق کواس بات پر قدرت نہیں کہ مردوں کوجلااُٹھائے؟

76 سُوْرَةُ الدَّهْرِ

رکوعاتھا 2 — 76 سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ 98 — اٰیاتھا 31

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ﴿١﴾

هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔تقریری۔بمعنی۔"بلاشبہ۔بے شک"۔ أَتَىٰ:(وہ آیا۔گزر گیا۔)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ (ءت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگربعد میں صلہ ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔عَلَىٰ:(پر)حرف جار۔الْإِنسَانِ:(انسان)اسم مجرور۔حِينٌ:(ایک وقت۔مدت)فاعل۔مرفوع۔مِّنَ:(سے)حرف جار۔الدَّهْرِ:(زمانہ)اسم مجرور۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی۔جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔يَكُن:(وہ تھا)فعل ناقص مضارع واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ شَيْئًا:(کوئی شئ)كَانَ کی خبر۔منصوب۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔ مَّذْكُورًا:(ذکر کی ہوئی)اسم مفعول۔واحد مذکر۔

ترجمہ آیت: بے شک انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے کہ وہ کوئی چیز قابل ذکر نہ تھی۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿٢﴾

إِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستترتقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔جملہ محلاً اَنَّ کی خبر مرفوع الْإِنسَانَ:(انسان کو) منصوب۔مفعول بہ۔مِن:(سے)حرف جار۔ نُّطْفَةٍ:(نطفہ۔قطرہ)اسم مجرور۔موصوف۔أَمْشَاجٍ:(ملے ہوئے۔مخلوط) مَشْجٌ مصدر۔صفت مجرور۔تابع موصوف۔ نَّبْتَلِي:(ہم اسے آزمائش میں ڈالتے ہیں) فعل مضارع جمع متکلم۔مرفوع تقدیراً مضموم۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اِبْتَلٰى يُبْتَلِيْ۔مصدر اِبْتِلَاءٌ۔(آزمانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ۔(ب ل و)ناقص

واوی۔صیغہ۔بَلَا یَبْلُو۔مصدر۔بَلَاءً۔(مصیبت میں ڈالنا۔ آزمائش میں ڈالنا)۔ہِ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔فَ: (پھر)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ۔ جَعَلَ یَجْعَلَ۔مصدر۔جَعْلًا۔(بنانا)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔سَمِیْعًا:(خوب سننے والا۔)مبالغہ۔منصوب۔مفعول بہ ثانی۔بَصِیْرًا:(خوب دیکھنے والا)مبالغہ۔منصوب۔مفعول بہ ثالث۔

ترجمہ آیت: ہم نے انسان کو نطفہ مخلوط سے پیدا کیا تاکہ اسے آزمائیں تو ہم نے اس کو سنتا دیکھتا بنایا۔

اِنَّا ھَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاکِرًا وَّاِمَّا کَفُوْرًا ﴿۳﴾

اِنَّا:(بے شک ہم)۔مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔أَنَّ کا اسم منصوب۔ھَدَیْنَا:(ہم نے ہدایت دی)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ صیغہ۔ھَدٰی یَھْدِیْ۔مصدر۔ھَدَایَةٌ۔(ہدایت دینا۔رہنمائی کرنا۔)۔ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔۔السَّبِیْلَ:(راہ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔اِمَّا: (اگر۔خواہ" کبھی شک کے معنی میں۔ کبھی ابہام کے معنی میں۔ کبھی اختیار دینے کے معنی میں۔ کبھی تفصیل بیان کے کے معنی میں۔")مرکب:(إِنْ+مَّا)حرف شرط۔جازم فعل شرط + حرف زائد۔ شَاکِرًا:(شکر کرنے والے۔قدر کرنے والے)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً منصوب۔حال۔وَ:(اور)حرف عطف۔اِمَّا(اگر۔خواہ" کبھی شک کے معنی میں۔ کبھی ابہام کے معنی میں۔ کبھی اختیار دینے کے معنی میں۔ کبھی تفصیل بیان کے کے معنی میں۔")مرکب:(إِنْ+مَّا)حرف شرط۔جازم فعل شرط + حرف زائد۔کَفُوْرًا:(بڑا ناشکرا۔کفر کرنے والا۔انکار کرنے والا۔احسان کش)مبالغہ۔منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: (اور)اسے رستہ بھی دکھادیا۔(اب)وہ خواہ شکر گزار ہو۔خواہ ناشکرا۔

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْکٰفِرِیْنَ سَلٰسِلَا۟ وَاَغْلٰلًا وَّ سَعِیْرًا ﴿۴﴾

اِنَّا:(بے شک ہم)۔مرکب:(أَنَّ+نَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ضمیر جمع متکلم۔أَنَّ کا اسم منصوب۔أَعْتَدْنَا:(ہم نے تیار کی ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔اعتد

یعتد مصدر۔اِعْتَادًا۔(تیار کر رکھنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ع ت د)صیغہ۔عَتَدَ یَعْتُدُ۔مصدر۔عَتَادًا۔(تیار ہونا)

لِ:(لئے)حرف جار۔الْکَافِرِیْنَ:(کافروں)اسم مجرور۔علامت۔ی۔ سَلَاسِلَا:(سِلْسِلَۃٌ کی جمع۔زنجیریں)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَغْلَالًا:(غُلٌّ کی جمع۔بیڑیاں۔ ہتھکڑیاں۔طوق۔غلیلیں)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔سَعِیْرًا:(بھڑکتی آگ۔دہکتی آگ)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: جو نیکوکار ہیں اور وہ ایسی شراب نوش جان کریں گے جس میں کافور کی آمیزش ہو گی۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ یَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ﴿۵﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔الْأَبْرَارَ:(بَرٌّ کی جمع۔نیک لوگ۔)إِنَّ کا اسم منصوب۔یَشْرَبُوْنَ:(وہ پیتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ۔(ش ر ب)صیغہ۔شَرِبَ یَشْرَبُ۔مصدر۔شُرْبًا۔(پینا)۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔مِنْ:(سے)حرف جار۔كَأْسٍ:(گلاس)اسم مجرور۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن)صیغہ۔كَانَ یَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔مِزَاجُ:(آمیزش۔ملاوٹ۔ملی ہوئی۔"خو۔مزاج۔طبیعت۔ایک مخصوص عقلی اور جسمانی استعداد جو قدیم حکما کے قول کے مطابق جسم کے اندرونی عناصر اربعہ میں سے کسی ایک غلبہ کی بنا پر پیدا ہوتی ہے وہ عناصر ہیں : الدم خون الصفراء(صفرا) السوادء(سوداء)البلغم(بلغم) اسی مناسبت سے وہ چار قسم کے مزاج مانتے تھے۔مزاج دموی ۔مزاج صفراوی ۔مزاج۔مزاج بلغمی موجود دور کے حکما قدماء سے اس بات میں متفق ہیں کہ مزاج جسمانی اثرات کی بنا پر بنتے ہیں لیکن ان کی تعداد اور ناموں میں اختلاف کرتے ہیں ان کے نزدیک مزاجوں کی ساخت میں ان کے مختلف قسم کے افرازات کو دخل ہے جو مخصوص غدوں سے جاری ہوتے ہیں") كَانَ کا اسم مرفوع۔مضاف۔هَا :(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرو مضاف الیہ۔كَافُوْرًا: (ٹھنڈی۔کافور۔"اسی سے قرص کافور کا نام رکھا ہوا کہ دل و دماغ کو ٹھنڈک پہنچتی ہے۔اور بھینی بھینی خوشبو ہوتی ہے۔جو فرحت بخشتی ہے"۔ایسا مشروب ہو گا جو ہر دلعزیز ہو گا) كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاً مجرور۔

ترجمہ آیت: جو نیکوکار ہیں اور وہ ایسی شراب نوش جان کریں گے جس میں کافور کی آمیزش ہو گی۔

عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ یُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِیْرًا ﴿۶﴾

عَيْنًا:(ایک چشمہ۔)بدل منصوب۔" كَافُوْرًا "مبدل منہ۔يَشْرَبُ:(وہ پیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ۔(ش ر ب)صیغہ۔شَرِبَ يَشْرَبُ۔مصدر۔شُرْبًا۔(پینا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ عِبَادُ:(عَبْدٌ کی جمع بندے)فاعل مرفوع۔مضاف۔اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔يُفَجِّرُوْنَ:(بہا کرلے جائیں گے۔وہ پانی کو جاری کرتے ہیں)فعل مضارع مجہول۔جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔فَجَّرَ يُفَجِّرُ۔مصدر۔تَفْجِيْرًا۔(کثرت سے پانی کا بہہ نکلنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ف ج ر)صیغہ۔فَجَرَ يَفْجُرُ۔مصدر۔فَجْرًا۔فُجُوْرًا۔(گناہ کرنا۔خلاف اخلاق کام کرنا۔پھوٹ پڑنا۔لوٹنا۔کھود نکالنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔تَفْجِيْرًا۔(کثرت سے پانی کا بہہ نکلنا)۔ منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: یہ ایک چشمہ ہے جس میں سے اللہ کے بندے پیئیں گے اور اس میں سے (چھوٹی چھوٹی) نہریں نکالیں گے۔

يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ﴿۷﴾

يُوْفُوْنَ:(وہ پوری کرتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَوْفٰى يُوْفِيْ۔مصدر۔اِيْفَاءً۔(پورا کرنا) ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ف ی)مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَفٰى يَفِيْ۔مصدر۔وَفَاءً۔(پورا ہونا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔النَّذْرِ:(نذروں)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔يَخَافُوْنَ:(وہ ڈرتے ہیں۔خوف کھاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يَخَافُ مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔يَوْمًا:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔مفعول بہ۔كَانَ:(وہ تھا)فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔شَرُّ:(برائی۔شر۔آفت۔مصیبت) كَانَ کا اسم۔مرفوع۔مضاف۔هٗ:(اس کی)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مُسْتَطِيْرًا:(پھیل جانے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: یہ لوگ نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے جس کی سختی پھیل رہی ہو گی خوف رکھتے ہیں۔

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّ اَسِيْرًا ﴿٨﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔يُطْعِمُوْنَ:(کھلاتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَطْعَمَ يُطْعِمُ۔مصدر۔اِطْعَامٌ۔(کھانا کھلانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ط ع م)صیغہ۔طَعِمَ يَطْعَمُ۔ مصدر۔ طَعَامٌ۔(کھانا)۔ الطَّعَامَ:(کھانا)منصوب۔مفعول بہٖ اوّل۔ عَلٰى:(پر۔کی) حُبِّ:(پیار)اسم مجرور۔مضاف۔هٖ:(اس کی۔اپنی) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب حال۔ مِسْكِيْنًا:(مسکین کو)منصوب۔مفعول بہٖ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ يَتِيْمًا:(یتیم کو۔)معطوف منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔اَسِيْرًا:(قیدی کو)کی جمع "اُسَارٰى"۔معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: اور باوجود یہ کہ ان کو خود طعام کی خواہش (اور حاجت) ہے فقیروں اور یتیموں اور قیدیوں کو کھلاتے ہیں۔

اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ﴿٩﴾

عَمَّ: (کس سے) مرکب۔ (عَن+مَا) حرف جار۔+اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور "الف محذوف بوجہ تفریق مابین مَا خبریہ اور مَا استفہامیہ "۔يَتَسَاءلُونَ: (وہ سوال کرتے ہیں۔ پوچھتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمۡ۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ (س ء ل)۔ مہموز العین سَالَ يَسۡئَلُ۔ مصدر۔ سُؤَالًا۔ (پوچھنا دریافت کرنا)۔

ترجمہ آیت: (یہ) لوگ کس چیز کی نسبت پوچھتے ہیں؟۔

عَنِ النَّبَاِ الۡعَظِيۡمِ ۙ﴿۲﴾

عَنِ: (سے) حرف جار۔ النَّبَإِ: (خبر۔) اسم مجرور۔ موصوف۔ الۡعَظِيۡمِ: (بہت بڑی) صفت مجرور۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (کیا) بڑی خبر کی نسبت؟۔

الَّذِىۡ هُمۡ فِيۡهِ مُخۡتَلِفُوۡنَ ؕ﴿۳﴾

الَّذِي: (وہ جو) اسم موصول۔ واحد مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً صفت ثانی۔ هُمۡ: (وہ) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ فِي: (میں) حرف جار۔ هِ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔ مُخۡتَلِفُونَ: (الگ الگ کرنے والے۔ اختلاف کرنے والے) اس فاعل۔ جمع مذکر۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: جس میں یہ اختلاف کر رہے ہیں۔

كَلَّا سَيَعۡلَمُوۡنَ ۙ﴿۴﴾

كَلَّا:(ہرگز نہیں)حرف ردع۔زجر و توبیخ۔سَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)حرف استقبال۔يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں۔وہ جان جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔

ترجمہ آیت: دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے۔

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿۵﴾

ثُمّ:(پھر)حرف عطف۔ كَلَّا:(ہرگز نہیں)حرف ردع۔زجر و توبیخ۔سَ:(جلد ہی۔عنقریب۔)حرف استقبال۔يَعْلَمُوْنَ:(وہ جانتے ہیں۔وہ جان جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت۔نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ع ل م)صیغہ۔عَلِمَ يَعْلَمُ۔مصدر۔عِلْمًا۔ (جاننا)۔

ترجمہ آیت: پھر دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ﴿۶﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔نَجْعَلِ:(ہم بنائیں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔مجزوم۔کسرہ برائے اتصال۔بوجہ التقائے ساکنین۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلُ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ الْأَرْضَ:(زمین)منصوب۔مفعول بہ۔ مِهَادًا:(بچھونا۔فرش۔ٹھہرنے کی جگہ۔قرار گاہ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: کیاہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا۔

وَّ الْجِبَالَ اَوْتَادًا ﴿۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الْجِبَالَ:(جَبَلٌ کی جمع۔پہاڑ)معطوف منصوب۔أَوْتَادًا:(وَتَدٌ کی جمع۔میخیں)مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: اور پہاڑوں کو(اس کی) میخیں (نہیں ٹھہرایا؟

وَّ خَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ﴿۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ

يَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔(پیدا کرنا)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔أَزْوَاجًا:(جوڑا جوڑا)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: (بے شک بنایا) اور تم کو جوڑا جوڑا بھی پیدا کیا۔

وَّ جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ﴿۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیر اًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ نَوْمَ:(نیند)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔كُمْ:(تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ سُبَاتًا:(کار جہاں سے تعلق ختم کرنا۔ آرام ۔راحت۔تھکان کا دور کرنا) منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: اور نیند کو تمہارے لیے (موجب) آرام بنایا۔

وَّ جَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیر اًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ اللَّيْلَ:(رات)منصوب۔مفعول بہ۔لِبَاسًا:(اوڑھنا۔لباس۔جو جسم کو چھپالے)

ترجمہ آیت: اور رات کو پردہ مقرر کیا۔

وَّ جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ﴿۱۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیر اًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ ۔ مصدر۔ جَعْلًا۔(بنانا)۔ النَّهَارَ:(دن کو)منصوب۔مفعول بہ۔ مَعَاشًا:(روزی کمانے کے لئے۔رہن سہن۔زندگی کے معاملات طے کرنے کے لئے)۔منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: اور دن کو معاش(کا وقت) قرار دیا۔

وَّ بَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿۱۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔بَنَيْنَا:(ہم نے تعمیر کیا۔بنایا)فعل ماضی جمع متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیر اًنَحْنُ۔ ثلاثی مجرد ۔ باب۔

ضرب۔مادہ(ب ن ی)صیغہ۔بَنٰی یَبْنِیْ۔مصدر۔بَنَاءٌ۔(بنانا۔تعمیر کرنا۔)۔فَوْقَ:(اوپر)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔کُمْ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرو مضاف الیہ۔ سَبْعًا :(سات۔بہت زیادہ۔)یہ اسم عدد نہیں۔"بلکہ مبالغہ کے لئے۔ان گنت کے معنی میں۔تصور سے دور"۔موصوف۔شِدَادًا:(سخت۔مضبوط۔)صفت۔منصوب۔

ترجمہ آیت: اور تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) بنائے

وَّ جَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ﴿۱۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَعَلْنَا:(ہم نے بنایا) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ (ج ع ل) صیغہ جَعَلَ یَجْعَلَ ۔مصدر۔ جَعْلًا ۔(بنانا)۔ سِرَاجًا :(چراغ۔دیا۔"سورج")منصوب۔ مفعول بہ۔وَهَّاجًا:(بہت روشن۔"بہت روشنی دینے والا سورج")۔صفت منصوب۔

ترجمہ آیت: اور (آفتاب کا) روشن چراغ بنایا۔

وَّ اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ﴿۱۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْزَلْنَا:(ہم نے اتارا)فعل ماضی جمع متکلم۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْزَلَ یُنْزِلُ۔مصدر۔اِنْزَالًا۔ (اتارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ن ز ل)صیغہ۔نَزَلَ یَنْزِلُ۔مصدر۔نُزُوْلٌ۔(اترنا)۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الْمُعْصِرَاتِ:(وہ بادل جو پانی سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔نچڑنے والا۔یعنی برسنے والا)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔محلاً اسم مجرور۔ مَاءً:(پانی) منصوب۔ مفعول بہ۔موصوف۔ثَجَّاجًا:(خوب برسنے والا۔موسلا دھار۔زور سے برسنا)ثَجٌّ مصدر۔صفت۔ منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور نچڑتے بادلوں سے موسلا دھار مینہ برسایا۔

لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا ﴿۱۵﴾

لِ:(تاکہ)لائے تعلیل۔ناصب مضارع۔نُخْرِجَ:(ہم نکالیں) فعل مضارع جمع متکلم۔ منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ یَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً اسم مجرور۔حَبًّا:(غلہ۔اناج۔دانے)منصوب۔ مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔نَبَاتًا:(بوٹیاں۔روئیدگی۔زمین سے اگنے والی چیزیں۔سبزہ۔نباتات۔)معطوف۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: تا کہ اس سے اناج اور سبزہ پیدا کریں

وَّ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿۱۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَنَّاتٍ:(باغات)لفظاً مجرور۔محلاً معطوف منصوب۔موصوف۔ أَلْفَافًا:(لپٹے ہوئے۔گھنے۔) منصوب۔ صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور گھنے گھنے باغ۔

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ إِنَّ کا اسم منصوب۔مضاف۔ الْفَصْلِ:(الگ)مجرور۔مضاف الیہ۔كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستترھُوَ۔محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔ (ہونا)۔ مِيْقَاتًا:(بروقت۔مقررہ)كَانَ کی خبر منصوب۔جملہ محلاًإِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: بے شک فیصلہ کا دن مقرر ہے۔

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زماں ۔بدل منصوب۔" يَوْمَ الْفَصْلِ "مبدل منہ۔ يُنْفَخُ :(پھونکا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستترھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ن ف خ)صیغہ۔نَفَخَ يَنْفُخُ۔ مصدر۔ نَفْخًا۔ (منہ سے پھونک مارنا)۔ فِي:(میں)حرف جار۔ الصُّوْرِ : (کرناہ۔نرسنگا۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاًنائب فاعل۔مرفوع۔فَ:(پس)حرف عطف۔تَأْتُوْنَ:(تم آؤگے)فعل مضارع جمع مذکر حاضر۔ مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستترھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔ (دینا۔لانا)اگر بعد میں ب حرف جار آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔أَفْوَاجًا:(فوج در فوج۔)منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم لوگ غٹ کے غٹ آموجود ہو گے۔

وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔فُتِحَتِ:(کھولی گئی۔کھولے گئے)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستترھِیَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتحہ۔مادہ(ف ت ح)صیغہ۔فَتَحَ یَفْتَحُ۔مصدر۔فَتْحًا۔(کھولنا)۔ السَّمَاءُ:(آسمان)نائب فاعل۔مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔کَانَتْ: (وہ تھی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن علامت ضمیر تانیث۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔ کَوْنًا۔ (ہونا) اَبْوَابًا:(دروازے)کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور آسمان کھولا جائے گا تو(اس میں) دروازے ہو جائیں گے۔

وَّ سُیِّرَتِ الْجِبَالُ فَکَانَتْ سَرَابًا ﴿۲۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔سُیِّرَتِ:(چلائے گئے۔)فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھِیَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَیَّرَ یُسَیِّرُ ۔مصدر۔تَیْسِیْرًا۔(چلانا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(س ی ر)اجوف یائی۔صیغہ۔سَارَ یَسِیْرُ ۔مصدر۔سَیْرًا۔(چلنا۔سیر کرنا۔)۔ الْجِبَالُ:(جَبَلٌ کی جمع۔پہاڑوں کو)نائب فاعل۔مرفوع۔ فَ:(پس)حرف عطف۔کَانَتْ: (وہ تھی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن علامت ضمیر تانیث۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا) سَرَابًا:(صحرا میں پانی کا دھوکا۔چمکتی ہوئی ریت۔یعنی پہاڑ ذرہ ذرہ ہو جائیں گے ریت کی مانند۔)کَانَ کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو وہ ریت ہو کر رہ جائیں گے۔

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿۲۱﴾

اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ جَھَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ)اِنَّ کا اسم منصوب۔کَانَتْ: (وہ تھی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن علامت ضمیر تانیث۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا) مِرْصَادًا:(گھات۔چھپ کا انتظار کرنے کی جگہ) : (وہ تھی) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن علامت ضمیر تانیث۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔ھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ون) صیغہ۔کَانَ یَکُوْنُ۔مصدر۔کَوْنًا۔(ہونا) کی خبر منصوب۔

ترجمہ آیت: بے شک دوزخ گھات میں ہے

لِّلطَّاغِينَ مَآبًا ﴿۲۲﴾

لِ:(لئے)حرف جار۔الطَّاغِينَ:(سرکشوں کے۔طاغوتی طاقتیں۔باغی۔"ایسے لوگ جو ہمیشہ دوسروں کو ہیچ سمجھتے ہوں اور ذلیل کرنے کی تاک میں رہتے ہیں۔متکبر")اسم مجرور۔علامت۔ی۔مَآبًا:(ٹھکانہ۔لوٹنے کی جگہ۔)منصوب مفعول بہ۔یا۔كَانَ کی خبر ثانی منصوب۔

ترجمہ آیت: (یعنی) سرکشوں کا وہی ٹھکانہ ہے۔

لَّابِثِينَ فِيهَا أَحْقَابًا ﴿۲۳﴾

لَابِثِين:(ٹھہرنے والے۔رہنے والے)اسم فاعل۔جمع مذکر ۔محلاً منصوب۔علامت ۔ی۔حال۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔أَحْقَابًا:(ایک اکائی کا نام۔جو پدموں کے بعد آتی ہے۔یعنی بے انتہا زمانے۔مدتوں)ظرف زمان۔منصوب۔

ترجمہ آیت: اس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے۔

لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾

لَّا:(نہیں)نافیہ۔يَذُوقُونَ:(وہ چکھیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوقُ۔مصدر۔ ذَوْقًا۔مذاقًا۔مَذَاقَةٌ۔(مزہ چکھنا)۔ فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔بَرْدًا:(ٹھنڈک کا)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہ ہی)نافیہ۔شَرَابًا:(پینے کوئی چیز)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: وہاں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے۔نہ (کچھ) پینا (نصیب ہو گا)۔

إِلَّا حَمِيمًا وَغَسَّاقًا ﴿۲۵﴾

إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔حَمِيمًا:(ابلتا ہوا۔انتہائی گرم)مستثنیٰ منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔غَسَّاقًا:(پیپ)معطوف۔منصوب۔

ترجمہ آیت: مگر گرم پانی اور بہتی پیپ۔

جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾

جَزَاءً:(بدلہ۔معاوضہ۔صلہ۔اجرت)منصوب۔مفعول مطلق۔فعل محذوف۔موصوف۔وِفَاقًا:(پوراپورا۔)صفت منصوب۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: (یہ) بدلہ ہے پوراپورا۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکرغائب۔مبنی بر سکون۔محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔كَانُوْا:(وہ تھے) فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔فاعل۔ضمیر مستترهُمْ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن)صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔يَرْجُوْنَ:(وہ امید رکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکرغائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔ فاعل۔ضمیر مستترتقدیراًهُمْ۔ثلاثی مجرد ۔باب نصر۔مادہ(رج و)ناقص واوی۔صیغہ۔رَجَا يَرْجُو۔مصدر۔رِجَاءٌ۔(امیدرکھنا۔)۔جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔حِسَابًا: (حساب کا)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: یہ لوگ حساب(آخرت) کی امید ہی نہیں رکھتے تھے۔

وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾

وَ:(حالانکہ)حالیہ۔۔كَذَّبُوْا:(انہوں نے جھٹلایا)فعل ماضی جمع مذکرغائب۔واؤجمع۔الف فارقہ۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔ هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ۔کو)حرف جار۔ آيَاتِ:(آیات)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔كِذَّابًا:(بالکل جھٹلا دینا۔) منصوب مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور ہماری آیتوں کو جھوٹ سمجھ کر جھٹلاتے رہتے تھے۔

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كُلَّ :(تمام۔ہر ایک)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔شَيْءٍ:(چیز۔شئے۔کچھ بھی)مجرور مضاف الیہ۔ أَحْصَيْنَا:(ہم نے شمار کر رکھا ہے۔گن رکھا ہے)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیرا نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَحْصٰی يَحْصِيْ۔مصدر۔اِحْصَاءٌ۔(گننا۔شمار کرنا۔گھیرنا۔احاطہ کرنا)۔ ہُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔كِتَابًا:(لکھی ہوئی)منصوب۔نائب مفعول بہ مطلق۔

ترجمہ آیت: اور ہم نے ہر چیز کو لکھ کر ضبط کر رکھا ہے۔

فَذُوقُوا فَلَنْ نَّزِيدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔ذُوْقُوْا:(تم مزہ چکھو)فعل امر جمع مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت۔نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع الف فارقہ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ و ق)اجوف واوی۔صیغہ۔ذَاقَ يَذُوْقُ۔مصدر۔ ذَوْقًا۔ مذَاقًا۔مَذَاقَةٌ۔(مزہ چکھنا)۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔لَنْ:(ہرگز نہیں)حرف ناصب مضارع۔برائے تاکید۔ مستقبل منفی۔ نَّزِيْدَ:(ہم زیادہ کریں گے)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ز ی د) اجوف یائی۔صیغہ۔زَادَ يَزِيْدُ۔مصدر۔زِيَادَةٌ۔(زیادہ دینا۔زیادہ کرنا)۔ كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔عَذَابًا:(عذاب)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔

ترجمہ آیت: سو(اب) مزہ چکھو۔ہم تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے۔

اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل ناصب اسم۔رافع خبر۔ لِ:(لئے)حرف جار۔الْمُتَّقِيْنَ:(الْمُتَّقِيْ کی جمع۔پرہیز گاروں کے۔)اسم مجرور۔علامت۔ی۔مَفَازًا:(کامیابی)إِنَّ کا اسم منصوب۔

ترجمہ آیت: بے شک پرہیز گاروں کے لیے کامیابی ہے۔

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾

حَدَائِقَ:(حَدِيْقَةٌ کی جمع۔باغ۔جس میں سبزہ ہو۔)بدل منصوب۔" مَفَازًا "مبدل منہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَعْنَابًا: (انگور)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: (یعنی) باغ اور انگور۔

وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كَوَاعِبَ:(دوشیزائیں۔کنواریاں)معطوف منصوب۔موصوف۔ اَتْرَابًا:(تُرْبٌ کی جمع۔ہم عمر۔برابر)صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور ہم عمر نوجوان عورتیں۔

وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كَأْسًا:(گلاس۔پیالے۔کٹورے۔جام)معطوف۔منصوب۔موصوف۔ دِهَاقًا:(چھلکتے ہوئے۔بھرے ہوئے۔)صفت۔منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور شراب کے چھلکتے ہوئے گلاس۔

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾

لَّا:(نہیں)نافیہ۔يَسْمَعُوْنَ:(وہ سنتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ علامت نون اعرابی موجود۔واؤجمع۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(س م ع)صیغہ۔سَمِعَ يَسْمَعُ مصدر۔سَمْعًا۔سَمَاعٌ۔سَمَاعَةٌ۔(سننا)۔فِيْ:(میں)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ لَغْوًا:(بیہودہ۔فضول۔واہیات)منصوب۔مفعول بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔كِذّٰبًا:(بالکل جھٹلا دینا۔)معطوف۔منصوب۔

ترجمہ آیت: وہاں نہ بیہودہ بات سنیں گے نہ جھوٹ(خرافات(

جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾

جَزَاءً:(بدلہ۔جزاء۔صلہ۔اجرت۔)منصوب۔مفعول مطلق۔فعل محذوف۔"موصوف" مِّنْ:(سے)حرف جار۔ رَّبِّ: (ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ :(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔ صفت۔ عَطَاءً:(دیا ہوا۔عنایت کردہ)منصوب۔مففعول بہ۔بدل منصوب۔"جَزَاءً "مبدل منہ۔حِسَابًا:(حساب۔بہ زیادہ)صفت۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے صلہ ہے انعام کثیر۔

رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا یَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾

رَبِّ:(ربّ)بدل مجرور۔مضاف۔ السَّمَاوَاتِ:(آسمانوں کا)مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْأَرْضِ:(زمین)معطوف مجرور۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً معطوف مجرور۔ بَیْنَ:(درمیان)ظرف مکان۔ منصوب۔ مضاف۔ هُمَا:(دونوں)ضمیر تثنیہ۔مذکر و مؤنث۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مضاف۔ الرحْمَنِ:(رحمان)مجرور مضاف الیہ۔ لَا:(نہیں)نافیہ۔ یَمْلِكُوْنَ:(وہ ملکیت رکھتے ہیں۔اختیار رکھتے ہیں) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(م ل ک)صیغہ۔ مَلَکَ یَمْلِکُ۔ مصدر۔ مَلْكًا۔ملکیت ہونا۔مالک ہونا۔اختیار رکھنا۔) مِنْ:(سے)حرف جار۔ هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ خِطَابًا:(خطاب۔بات کرنا)۔ منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: وہ جو آسمانوں اور زمین اور جو ان دونوں میں ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان کسی کو اس سے بات کرنے کا یارا نہیں ہو گا۔

یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا یَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾

یَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ یَقُوْمُ:(وہ قائم کرے گا۔) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و م)اجوف واوی۔صیغہ۔ قَامَ یَقُوْمُ۔مصدر۔ قَوْمًا۔ قِیَامَةً۔ قُوْمَةً۔ قَامَةً۔(اٹھنا۔سیدھا کھڑا ہونا ۔کھڑا ہونا۔روکنا۔)۔ الرُّوْحُ:(روح۔جبرائیلؑ)فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ الْمَلَائِكَةُ:(فرشتے۔غیر مرئی قوتیں)معطوف مرفوع۔ صَفًّا:(صفوں۔لائنوں)منصوب۔حال۔ لَّا:(نہیں)لائے نافیہ۔ یَتَكَلَّمُوْنَ:(بلائے جائیں گے)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی۔واؤ جمع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔ تَكَلَّمَ یَتَكَلَّمُ۔مصدر۔ تَكَلُّمٌ۔(کلام کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔ضرب۔مادہ(ک ل م)صیغہ۔ كَلَمَ یَكْلُمُ۔یَكْلِمُ۔مصدر۔ كَلْمًا۔(زخمی کرنا۔) إِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مستثنیٰ منصوب۔ أَذِنَ:(اس نے اجازت دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء ذ ن)مہموز الفاء۔صیغہ۔ أَذِنَ یَأْذَنُ۔مصدر۔ إِذْنًا۔(اجازت دینا)۔ لَ:(لئے)حرف جار۔ هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً اسم مجرور۔ الرَّحْمَنُ:(رحمان۔)فاعل۔مرفوع۔ وَ:(اور)حرف عفطف۔ قَالَ:(اس نے کہا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔

ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔ صَوَابًا:(درست۔ صحیح)نائب مفعول مطلق۔ منصوب۔

ترجمہ آیت: جس دن روح(الامین) اور فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے تو کوئی بول نہ سکے گا مگر جس کو(اللہ رحمٰن) اجازت بخشے اور اس نے بات بھی درست کہی ہو۔

ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾

ذَلِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔ واحد مذکر غائب۔:(وہ) مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔ مبتداء مرفوع۔ اَلْيَوْمُ:(دن۔ آج)ظرف زمان۔بدل مرفوع۔"ذَلِكَ "مبدل منہ۔ اَلْحَقُّ:(حق۔سچ)خبر مرفوع۔فَ:(پس)برائے رابطہ۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔جازم فعل شرط۔ شَاءَ:(اس نے چاہا) فعل ماضی واحد مذکر حاضر۔محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔ باب فتح۔مادہ(ش ی ء) اجوف یائی۔ مہموز اللام۔صیغہ۔شَاءَ يَشَاءُ۔ مصدر۔مَشِيْئَةٌ۔(مرضی)۔ اِتَّخَذَ:(وہ اختیار کرے۔پکڑے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔ صیغہ۔اِتَّخَذَ يَتَّخِذَ۔ مصدر۔اِتِّخَاذٌ۔(پکڑنا۔بنانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ يَاْخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔ (پکڑنا)۔جملہ محلاً مجزوم۔جواب شرط۔ اِلَى:(طرف)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مَآبًا:(ٹھکانا۔لوٹنے کی جگہ۔لوٹنا۔)ظرف مکان۔ منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: یہ دن برحق ہے۔پس جو شخص چاہے اپنے پروردگار کے پاس ٹھکانہ بنائے۔

اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚۖ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِىْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

اِنَّا:(بے شک ہم)مرکب:(اَنَّ+نَا)حرف تاکید مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔+ ضمیر جمع متکلم۔محلاً اَنَّ کا اسم منصوب۔ اَنْذَرْنَا:(ہم نے آگاہ کیا۔خبردار کیا۔تنبیہ کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔مبنی بر سکون۔ علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ يُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔خبردار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ضرب۔مادہ۔(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ يَنْذُرُ۔ مصدر۔نَذْرًا۔نُذُوْرًا۔(نذر ماننا)۔كُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی

بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَذَابًا: (عذاب۔)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ موصوف۔ قَرِيْبًا: (قریب)صفت منصوب۔ تابع موصوف۔ يَوْمَ: (دن)ظرف زمان۔ منصوب۔ يَنْظُرُ: (وہ دیکھتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ن ظ ر)صیغہ۔ نَظَرَ يَنْظُرُ۔ مصدر۔ نَظَرًا۔ (دیکھنا۔ غور کرنا)۔ الْمَرْءُ: (مرد۔ آدمی۔)فاعل۔ مرفوع۔ مَا: (جو)اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ قَدَّمَتْ: (اس نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔ تْ ساکن۔ علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ قَدَّمَ يُقَدِّمُ۔ مصدر۔ تَقْدِيْمًا۔ (آگے بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔ مادہ (ق د م)صیغہ۔ قَدِمَ يَقْدَمُ۔ مصدر۔ قُدُوْمًا۔ مَقْدَمًا۔ (آگے بڑھنا۔ متوجہ ہونا)۔ يَدَا: (دونوں ہاتھوں) فاعل۔ مرفوع۔ اصلاً يَدَانِ تھا۔ الف علامت تثنیہ۔ نون اعرابی محذوف۔ بوجہ مضاف۔ هُ: (اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ: (اور)حرف عطف۔ يَقُوْلُ: (وہ کہتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ مرفوع۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔ (کہنا۔ بات کرنا)۔ الْكَافِرُ: (کافر۔ اللہ تعالیٰ کے قانون کا انکاری۔)فاعل مرفوع۔ يَا: (ہائے)کلمہ حسرت۔ افسوس۔ حرف تنبیہ۔ لَيْتَ: (کاش)تمنّٰی مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ نِيْ: (مجھے) مرکب (نِ+يْ)۔ نِ: (وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔ يْ: (میری)ضمیر واحد متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ كُنْتُ: (میں تھا)فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ناصب خبر۔ رافع اسم۔ كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ک و ن) صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔ (ہونا)۔ تُرَابًا: (مٹی)كَانَ کی خبر منصوب۔ جملہ محلاً لَيْتَ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: ہم نے تم کو عذاب سے جو عنقریب آنے والا ہے آگاہ کر دیا ہے جس دن ہر شخص ان (اعمال) کو جو اس نے آگے بھیجے ہوں گے دیکھ لے گا اور کافر کہے گا کہ اے کاش میں مٹی ہوتا۔

79 سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ

رکوعاتہا 2 79 سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ 81 اٰیاتہا 46

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿۱﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔النَّازِعَاتِ :(سختی سے کھینچ کر نکالنے والے)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔ مقسم بہ۔غَرْقًا:(ڈبو کر۔غوطے دینا)منصوب۔نائب مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: ان (فرشتوں) کی قسم جو ڈوب کر کھینچ لیتے ہیں۔

وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿۲﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔النَّاشِطَاتِ:(بند کھولنے والے۔خلاصی کرنے والے۔رہا کرنے والے)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔ مقسم بہ۔نَشْطًا:(آسانی سے کھولنا۔ اکھاڑنا کھینچنا جیسے نَشْطُ الدَّلْوَ : ڈول کھینچنا (بلا چرخی۔ نکلنا)۔منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور ان کی جو آسانی سے کھول دیتے ہیں۔

وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿۳﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔السَّابِحَاتِ:(تیرنے والیں)اسم فاعل۔جمع مؤنث۔ مقسم بہ۔سَبْحًا:(تیرنا)منصوب۔مفعول مطلق۔

ترجمہ آیت: اور ان کی جو تیرتے پھرتے ہیں

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿۴﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔(قسمیہ)السَّابِقَاتِ:(آگے بڑھنے والیاں۔بازی لے جانے والیاں) اسم فاعل۔جمع مؤنث۔ مقسم بہ۔

سَبْقًا:(آگے بڑھنا۔بازی لے جانا)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: پھر لپک کر آگے بڑھتے ہیں۔

فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿۵﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔(قسمیہ)الْمُدَبِّرَاتِ:(تدبیر کرنے والیں۔منصوبہ بندی کرنے والیاں) اسم فاعل۔جمع مؤنث۔ مقسم بہ۔

أَمْرًا:(حکم۔امر۔کام۔)منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: پھر (دنیا کے) کاموں کا انتظام کرتے ہیں۔

یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿۶﴾

یَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔تَرْجُفُ:(وہ کانپتا ہے۔ہلتا ہے۔ہلے گی۔کانپے گی)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ر ج ف)صیغہ۔رَجَفَ یَرْجُفُ۔مصدر۔رَجْفًا۔(کانپنا۔زلزلہ)۔الرَّاجِفَةُ:(ہلانے والی۔کانپنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاًفاعل۔مرفوع۔جملہ محلاًمجرور مضاف الیہ۔

(کہ وہ دن آکر رہے گا) جس دن زمین کو بھونچال آئے گا

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿۷﴾

تَتْبَعُ:(وہ پیروی کرتی ہے) فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔ثلاثی مجرد۔ باب سمع۔مادہ(ت ب ع) تَبِعَ یَتْبَعُ۔ مصادر۔تَبَعًا۔تُبُوعًا۔(پیروی کرنا)۔هَا:(اس کی)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًمنصوب۔مفعول بہ۔الرَّادِفَةُ:(سواری پر کسی کے پیچھے بیٹھنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔محلاًفاعل۔مرفوع۔جملہ محلاًمنصوب۔حال۔بوجہ "الرَّاجِفَةُ"۔

ترجمہ آیت: پھر اس کے پیچھے اور (بھونچال) آئے گا۔

قُلُوْبٌ یَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿۸﴾

قُلُوْبٌ :(قَلْبٌ کی جمع۔دل) مبتداء مرفوع۔یَوْمَئِذٍ:(اس دن۔جب)مرکب:(یَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔منصوب۔ مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔مجرور۔مضاف الیہ۔وَاجِفَةٌ:(دھڑکنے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔مرفوع۔محلاًخبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس دن (لوگوں) کے دل خائف ہو رہے ہوں گے۔

اَبۡصَارُہَا خَاشِعَةٌ ﴿۹﴾

أَبْصَارُ:(آنکھیں) مبتداء مرفوع۔ مضاف۔ هَا:(اس کی) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔

خَاشِعَةٌ:(جھکی ہوئی۔ دبی ہوئی۔ سہمی ہوئی۔) اسم فاعل۔ واحد مؤنث۔ مرفوع۔ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اور آنکھیں جھکی ہوئی۔

یَقُوۡلُوۡنَ ءَاِنَّا لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ فِی الۡحَافِرَةِ ﴿۱۰﴾

يَقُوْلُوْنَ:(وہ کہتے ہیں۔ کہیں گے) فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ مرفوع۔ علامت نون اعرابی موجود۔ واؤ جمع۔ جملہ محلاً كَانَ کی خبر منصوب۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(بات کرنا۔ کہنا۔)۔ أَئِنَّا:(کیا یقیناً ہم) مرکب:(أَ+اِنَّ+نا) حرف استفہام۔ + حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔ رافع خبر۔ + ضمیر جمع متکلم۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ:(بلاشبہ) لائے تاکید۔ مزحلقه۔ مَرْدُوْدُوْنَ:(مَرْدُوْدٌ کی جمع۔ لوٹائے ہوئے۔) رَدٌّ مصدر۔ اسم مفعول۔ جمع مذکر۔ محلاً محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔ فِي:(میں) حرف جار۔ الْحَافِرَةِ:(گڑھا کھودنے والی" کھدی ہوئی زمین۔ پہلا راستہ یا جگہ کہتے ہیں : رَجَعَ اِلٰی حَافِرَتِهٖ : وہ جس جگہ یا راستہ سے آیا تھا وہاں لوٹ گیا۔ حیات قبل از موت۔ قران پاک میں ہے:" ائنا لمردودون فی الحافرۃ " رَجَعَ اِلٰی حَافِرَتِهٖ۔ بوڑھا ہو جانا "۔) اسم فاعل۔ واحد مؤنث۔ محلاً اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: (کافر) کہتے ہیں کیا ہم الٹے پاؤں پھر لوٹ جائیں گے۔

ءَاِذَا کُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿۱۱﴾

أَئِذَا:(کیا جب) مرکب:(أَ+ اِذَا)حرف استفہام۔ + ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ كُنَّا :(ہم ہوجائیں) فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ محلاً كَانَ کا اسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(ک و ن) ناصب خبر۔ رافع اسم۔ صیغہ۔ كَانَ يَكُوْنُ۔ مصدر۔ كَوْنًا۔(ہونا)۔ ضمیر فاعل۔ عِظَامًا:(عَظْمٌ کی جمع۔ ہڈیاں) منصوب مفعول بہ۔ كَانَ کی خبر منصوب۔ موصوف۔ نَّخِرَةً:(بوسیدہ۔ سوراخ دار کھوکھلی ہڈیاں وغیرہ۔ ریزہ ریزہ شدہ چیز) منصوب۔ صفت۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: بھلا جب ہم کھوکھلی ہڈیاں ہوجائیں گے (تو پھر زندہ کئے جائیں گے)۔

قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿۱۲﴾

قَالُوْا:(انہوں نے کہا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔ مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا)۔تِلْكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔واحد مؤنث۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء مرفوع۔اِذًا:(تب ۔جب، جس وقت، اگر۔) برائے شرط و جزا۔ جیسے اِذَا اجْتَهَدْتَ نَجَحْتَ۔(فعل ماضی پر داخل ہو کر اسے مضارع کے معنی میں کر دیتا ہے)اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے بعد شرط و جزا کے دونوں فعل مرفوع ہوتے ہیں۔جیسے"واذا ترد الی قلیل تقنع" کبھی کبھی اس کے بعد فعل کو مجزوم بھی لاتے ہیں خصوصا شعر میں، مگر ایسا بہت کم ہوتا ہے۔)حرف جواب۔كَرَّةٌ:(لوٹنا۔واپسی۔ فنا کے بعد دوبارہ پیدائش)خبر مرفوع۔ موصوف۔خَاسِرَةٌ:(گھاٹا کھانے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔صفت۔ منصوب۔ تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کہتے ہیں کہ یہ لوٹنا تو (موجب) زیاں ہے۔

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾

فَ:(تو)استئنافیہ۔اِنَّمَا:(درحقیقت۔ صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔ مرکب:(اِنَّ+مَا)حرف تاکید۔ مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ هِيَ:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مبتداء۔ مرفوع۔ زَجْرَةٌ:(ڈانٹ ڈپٹ۔توبیخ)خبر مرفوع۔ موصوف۔وَاحِدَةٌ:(ایک)مرفوع۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: وہ تو صرف ایک ڈانٹ ہو گی۔

فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾

فَ:()اِذَا:(اگر،جب)ظرف زمان شرطیہ۔ بمعنی۔ مستقبل،)فجائیہ۔"مزید وضاحت۔ بمعنی :اچانک، کیا دیکھتا ہوں کہ۔جیسے خَرَجْتُ فَاِذَا الْبَرْدُ شَدِيْدٌ۔برائے شرط و جزا۔ بمعنی:جب، جس وقت، اگر۔جیسے اِذَا اجْتَهَدْتَ نَجَحْتَ۔(فعل ماضی پر داخل ہو کر اسے مضارع کے معنی میں کر دیتا ہے)اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے بعد شرط و جزا کے دونوں فعل مرفوع ہوتے ہیں۔جیسے"وَاِذَا تَرَدُّ اِلٰى قَلِيْلٍ تَقْنَعُ" کبھی کبھی اس کے بعد فعل کو مجزوم بھی لاتے ہیں خصوصا شعر میں، مگر ایسا بہت کم ہوتا ہے۔جیسے شاعر کا قول۔وَاِذَا تُصِبْكَ خِصَاصَةٌ فَتَعَمَّنَّ ۔ کبھی اسم مرفوع اسم مرفوع حقیقت ۔ محذوف کا فاعل ہے۔اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ۔") هُمْ:(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔السَّاهِرَةِ:(نیند

اڑنے والی۔ جاگنے والی۔ سفید و ہموار زمین، ایسی ہی زمین پر قیامت کے روز لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا۔ سو نہیں سکیں گے۔ نیند حرام ہو چکی ہو گی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: اس وقت وہ(سب) میدان (حشر) میں آ جمع ہوں گے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿۱۵﴾

هَلْ:(کیا)حرف عطف۔مبنی بر سکون۔ اَتٰى:(اس نے دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔مادہ(ء ت ی) مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتَى يَاتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار۔ آئے تو معنی(لانا)ہوتا ہے۔ كَ:(تمہیں)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔حَدِيْثُ:(حدیث۔)فاعل مرفوع۔مضاف۔مُوْسَى:(موسیٰؑ)غیر منصرف۔تقدیراً مکسور۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: بھلا تم کو موسیٰ کی حکایت پہنچی ہے

اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۶﴾

إِذْ:(جب۔جبکہ۔جس وقت۔)" گزشتہ فعل کا ظرف زمان۔جملہ فعلیہ اسمیہ کی طرف مضاف ہوتا ہے۔کبھی جملہ حذف کر دیا جاتا ہے اور اذ کے اخیر میں تنوین آجاتی ہے، جیسے: حِيْنَئِذٍ۔ بمعنی: اس وقت۔تعلیلیہ۔ بمعنی: کیونکہ، جیسے ضَرَبْتُه اِذَا اَسَاءَ۔ قران پاک میں ہے"وَاِذَا لَمْ يَهْتَدُوْا فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَا اِفْكٌ قَدِيْمٌ۔ برائے منصب۔ بمعنی: اچانک۔یہ بَيْنَا اور بَيْنَهُمَا کے بعد آتا ہے۔جیسے :فَبَيْنَهُمَا العسر اِذَا دَارَتْ مِيَاسَيِرُ "۔ نَادَا:(اس نے پکارا۔آواز دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔صیغہ۔نَادٰى يُنَادِيْ۔مصدر۔نِدَاءً۔ مُنَادَاةٌ۔(پکارنا)۔ هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔رَبُّ:(ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔هُ:(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔بِ:(ساتھ۔میں)حرف جار۔الْوَادِ:(وادی)اسم مجرور۔ موصوف۔ الْمُقَدَّسِ: (پاک کیا ہوا۔مقدّس)اسم مفعول۔واحد مذکر۔مجرور صفت مجرور۔تابع موصوف۔مضاف۔طُوًى:(طویٰ۔وادی کا نام)عطف بیان۔یا۔بدل مجرور۔"الْوَادِ "مبدل منہ۔

ترجمہ آیت: جب اُن کے پروردگار نے ان کو پاک میدان (یعنی) طویٰ میں پکارا۔

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۱۷﴾

اِذْهَبْ:(تو جا)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ذ ھ ب)صیغہ۔ذَهَبَ يَذْهَبُ۔مصدر۔ذَهَابًا۔مَذْهَبًا۔(جانا)۔ اِلَى:(طرف)حرف جار۔ فِرْعَوْنَ :(فرعون)غیر منصرف۔محلاً اسم مجرور۔اِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هٗ :(وہ)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اِنَّ کا اسم منصوب۔ طَغٰى:(سرکش ہونا۔باغی ہونا۔شیطان بننا)فاعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ نصر۔ صیغہ۔ طَغٰى يَطْغُو۔مصدر۔ طُغُوًا۔طُغْوَانًا۔(پانی کا طغیانی میں آنا۔دریا کے کناروں سے باہر ہونا) باب۔فتح۔صیغہ۔طَغَايَطْغٰى۔ مصدر۔طَغْيًا۔طُغْيَانًا۔(باغی ہونا۔سرکشی کرنا۔سرکش۔)۔جملہ محلاً اِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: (اور حکم دیا) کہ فرعون کے پاس جاؤ وہ سرکش ہورہا ہے۔

فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔قُلْ:(آپ کہہ دیں)فعل امر واحد مذکر حاضر۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔ (کہنا۔بات کرنا)۔ هَلْ:(کیا)حرف استفہام۔مبنی بر سکون۔ لَّ: (لئے) حرف جار۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مرفوع۔مبتداء محذوف۔ اِلَى: (طرف۔)حرف جار۔ اَنْ:(کہ)مصدریہ۔ناصب مضارع۔تَزَكّٰى:(تو پاک ہوجائے۔نشوونما ہو جائے۔بڑھوتڑی مل جائے)اصلاً تَتَزَكّٰى تھا۔ایک ت کی تخفیف کر دی گئی ہے۔ فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ منصوب۔علامت محل اعراب۔ مفتوح۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ صیغہ۔تَزَكّٰى يَتَزَكّٰى ۔ تَزَكِّيٌّ۔(پاک بنانا۔پاک کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ز ک و)ناقص واوی۔صیغہ۔ زَكٰى يَزْكُو ۔مصدر۔زَكَاءً ۔(بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ نشو و نما پانا۔موٹا تازہ ہونا)باب ۔ سمع۔مادہ(ز ک ی)اجوف یائی۔صیغہ۔زَكِيَ يَزْكٰى۔مصدر۔زَكَاءً۔(زُكُوًا۔(پاک ہونا۔ پاکیز ہو جانا)۔

ترجمہ آیت: اور(اس سے) کہو کہ کیا تو چاہتا ہے کہ پاک ہو جائے؟

وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَهْدِيَ:(میں نے ہدایت دیتاہوں۔)فعل مضارع۔واحد متکلم۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰی یَهْدِیْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔ هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔ كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔إِلَى:(طرف۔)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔ فَ:(پس)حرف عطف۔تَخْشَى:(تو ڈرتا ہے۔ڈر جائے)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَشِیَ یَخْشٰی۔ مصدر۔ خَشْيَةٌ۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور میں تجھے تیرے پروردگار کا رستہ بتاؤں تاکہ تجھ کو خوف (پیدا) ہو۔

فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔أَرَا:(اس نے دکھائی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَرٰی یُرِیْ۔مصدر۔اِرَاءَةٌ۔(دکھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔ رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رَاْیًا۔ رُؤْيَةٌ (دیکھنا۔آنکھ سے دیکھنا۔دل سے دیدار۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔هُ :(اسے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الْآيَةَ:(آیات)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔الْكُبْرَى:(بڑی)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: غرض انہوں نے اس کو بڑی نشانی دکھائی۔

فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هِيَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔عَصَى:(اس نے نافرمانی کی) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلا خبر مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ص ی) ناقص یائی۔عَصٰی یَعْصِیْ۔مصدر۔ عِصْيَانٌ۔ (گناہ کرنا۔نافرمانی کرنا)۔

ترجمہ آیت: مگر اس نے جھٹلایا اور نہ مانا۔

ثُمَّ اَدۡبَرَ یَسۡعٰی ﴿۲۲﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ أَدْبَرَ:(وہ لوٹا۔پلٹا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَدْبَرَ یُدْبِرُ۔ مصدر۔اِدْبَارًا۔(تدبیر کرنا۔ منصوبہ بندی کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔ ضرب۔مادہ(د ب ر) صیغہ۔دَبَرَ یَدْبِرُ۔ یَدْبُرُ ۔ مصدر۔دَبْرًا۔ /دُبُوْرًا۔(پیچھے مڑنا۔بھاگنا۔ / فرار ہونا۔پیچھا کرنا)۔ یَسْعٰی:(وہ دوڑتا ہے۔کوشش کرنے لگا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی۔ مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔ سَعٰی یَسْعٰی۔مصدر۔سَعْیًا۔(دوڑنا۔بھاگ دور کرنا۔کوشش کرنا)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: پھر لوٹ گیا اور تدبیریں کرنے لگا۔

فَحَشَرَ فَنَادٰی ﴿۲۳﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔حَشَرَ:(اس نے جمع کیا۔اکٹھا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ح ش ر)صیغہ۔حَشَرَ یَحْشُرُ۔مصدر۔حَشْرًا۔(اکٹھا کرنا۔جمع کرنا)۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔نَادٰی:(اس نے آواز دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب مفاعلہ۔ صیغہ۔نَادٰی یُنَادِیُ۔ مصدر۔نِدَاءٌ۔ مُنَادَاۃٌ۔(پکارنا)۔

ترجمہ آیت: اور (لوگوں کو) اکٹھا کیا اور پکارا۔

فَقَالَ اَنَا رَبُّکُمُ الۡاَعۡلٰی ﴿۲۴﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔ قَالَ یَقُوْلُ۔ مصدر۔ قَوْلًا۔(کہنا)۔ اَنَا:(میں)ضمیر منفصل۔واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ رَبُّ:(ربّ)خبر مرفوع۔"موصوف۔"مضاف۔کُمُ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ضمہ برائے اتصال۔ الْأَعْلَى:(اعلیٰ۔ارفع۔سب سے بلند رتبے والا۔)افعل التفضیل۔ محلاً صفت۔ مرفوع۔ تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: کہنے لگا کہ تمہارا سب سے بڑا مالک میں ہوں۔

فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ﴿٢٥﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔أَخَذَ:(اس نے پکڑا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ء خ ذ) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَخَذَ یَاخُذُ۔ مصدر۔ اَخْذًا۔(پکڑنا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔اللّٰهُ:(اللہ جل جلالہ نے)فاعل مرفوع۔ نَكَالَ:(عذاب۔سزاء۔)اسم نکرہ منصوب۔نائب مفعول مطلق۔مضاف۔ الْآخِرَةِ:(آخرت۔قیامت۔)مجرور۔مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأُولَى:(اَوّلٌ کی مؤنث۔پہلی۔دنیا)۔معطوف مجرور ۔تقدیراًمکسور۔

ترجمہ آیت: تو اللہ نے اس کو دنیا اور آخرت (دونوں) کے عذاب میں پکڑ لیا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿٢٦﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔فِي:(میں)حرف جار۔ذَٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔ :(وہ) مرکب: (ذَا+لِ+كَ)اسم اشارہ + بُعد کے لئے + خطاب کے لئے۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ لَ: (بلاشبہ)لائے تاکید۔مزحلقہ۔عِبْرَةً:(عبرت۔یادگار نصیحت۔) إِنَّ کا اسم منصوب۔ لِّ:(لئے)حرف جار۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً صفت۔ مجرور۔ يَخْشَى:(وہ ڈرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر فاعل مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَشِيَ يَخْشَى۔مصدر۔ خَشْيَةٌ۔ (ڈرنا۔خوف ہونا)۔

ترجمہ آیت: جو شخص (اللہ سے) ڈر رکھتا ہے اس کے لیے اس (قصے) میں عبرت ہے۔

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۚ بَنٰىهَا ﴿٢٧﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔أَنْتُمْ:(تم)ضمیر منفصل۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ أَشَدُّ :(زیادہ سخت)افعل التفضیل۔خبر مرفوع۔خَلْقًا:(پیدا کرنا)منصوب تمیز۔ أَمِ :(یا)حرف عطف۔مبنی بر سکون۔کسرہ برائے اتصال۔ السَّمَاءُ:(آسمان)معطوف مرفوع۔بَنَا:(اس نے بنایا۔تعمیر کیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراًهُوَ۔ثلاثی

مجرد۔باب ضرب۔مادہ (ب ن ی)ناقص یائی۔صیغہ۔بَنٰی یَبْنِیْ۔ مصدر۔بَنَاءٌ۔(بنانا)۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: بھلا تمہارا بنانا آسان ہے یا آسمان کا؟اسی نے اس کو بنایا۔

رَفَعَ سَمۡکَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾

رَفَعَ:(اس نے بلند کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ف ع) صیغہ۔رَفَعَ يَرْفَعُ۔مصدر۔رَفْعًا۔(بلند کرنا)۔سَمْكَ:(بلندی۔اونچائی۔ چھت)منصوب۔ مفعول بہٖ۔مضاف۔ هَا :(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔سَوّٰا:(اس نے درست کیا۔برابر کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔ تفعیل۔صیغہ۔سَوّٰی یُسَوِّیْ۔مصدر۔تَسْوِیَةٌ۔(برابر کرنا۔درست کرنا۔سنوارنا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔سَوِیَ یَسْوٰی۔مصدر۔سِوًی۔(برابر۔پورا۔مکمل۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: اس کی چھت کو اونچا کیا اور پھر اسے برابر کر دیا۔

وَاَغۡطَشَ لَيۡلَهَا وَاَخۡرَجَ ضُحٰهَا ﴿۲۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَغْطَشَ:(اس نے اندھیرا کر دیا۔تاریک کر دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَغْطَشَ يُغْطِشُ۔مصدر۔اِغْطَاشًا۔(اندھیرا کرنا۔تاریک کرنا)۔ لَيْلَ:(رات)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هَا:(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مرجع" السَّمَاءُ "۔ وَ:(اور)حرف عطف۔أَخْرَجَ:(اس نے نکالا) :(تو نکل)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔ خَرْجًا۔ (نکلنا)۔ ضُحَا:(دھوپ کی گرمی لگنا)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔هَا:(اس کا)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مرجع"السَّمَاءُ "۔

ترجمہ آیت: اور اسی نے رات کو تاریک بنایا اور(دن کو) دھوپ نکالی۔

وَالۡاَرۡضَ بَعۡدَ ذٰلِكَ دَحٰهَا ﴿۳۰﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔الْأَرْضَ:(زمین)منصوب۔مفعول بہ۔بَعْدَ:(بعد)ظرف زمان۔منصوب۔مضاف۔ذٰلِكَ:(وہ) اسم اشارہ بعید۔واحد مذکر غائب۔مرکب:(ذَ+لِ+كَ)اسم اشارہ+بُعد کے لئے+خطاب کے لئے۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔۔دَحَا:(اس نے بچھادیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د ح و)ناقص واوی۔صیغہ۔دَحٰی يَدْحُو ۔مصدر۔دَحْو۔(بچھانا)۔هَا:(وہ)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔مرجع۔"الْأَرْضَ"۔

ترجمہ آیت: اور اس کے بعد زمین کو پھیلا دیا۔

اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰهَا ﴿٣١﴾

أَخْرَجَ:(اس نے نکالا) :(تو نکل)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ مادہ(خ ر ج)صیغہ۔خَرَجَ يَخْرُجُ۔مصدر۔خَرْجًا۔(نکلنا)۔مِنْ:(سے)حرف جار۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مَاءَ:(پانی)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف۔وَ:(اور)حرف عطف۔مَرْعَا:(چارہ)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هَا:(اس)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف۔

ترجمہ آیت: اسی نے اس میں سے اس کا پانی نکالا اور چارا اگایا۔

وَالْجِبَالَ اَرْسٰهَا ﴿٣٢﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الْجِبَالَ:(جَبَلٌ کی جمع۔پہاڑوں)منصوب۔مفعول بہ۔ أَرْسَا:(اس نے گاڑ دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَرْسٰی يُرْسِيْ۔مصدر۔اِرْسَاءًا۔ (گاڑنا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: اور اس پر پہاڑوں کا بوجھ رکھ دیا۔

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٣﴾

مَتَاعًا:(فائدہ۔فائدہ پہنچانا۔خانگی سامان۔کام کی چیز)منصوب۔ مفعول بہٖ۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔کُمۡ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ وَ: (اور)حرف عطف۔لِ:(لئے)حرف جار۔أَنۡعَامِ:(مویشی۔جانور۔مع اونٹ۔ورنہ۔بکریاں بھیڑیں)اسم مجرور۔ مضاف۔کُمۡ:(تمہارے)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہ سب کچھ تمہارے اور تمہارے چارپایوں کے فائدے کے لیے (کیا)۔

فَإِذَا جَاءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾

فَ:(پھر)استئنافیہ۔إِذَا:(جب۔)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔جَاءَتِ:(وہ آئی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔تُ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيْءُ۔جِيْءٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا) ۔ الطَّآمَّةُ:(آفت۔مصیبت۔وبال)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔موصوف۔الْكُبْرٰى:(بہت بڑی)اسم تفضیل۔صفت۔مرفوع۔تقدیراً مضموم۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: توجب بڑی آفت آئے گی۔

يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾

يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔ منصوب۔يَتَذَكَّرُ:(وہ یاد کرتا ہے۔کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرٌ۔ (نصیحت حاصل کرنا۔غور کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَكَرَ يَذْكُرُ۔مصدر۔ذِكْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔نصیحت کرنا)۔الْإِنْسَانُ:(انسان) فاعل۔ مرفوع۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔سَعٰى:(اس نے دوڑ دھوپ کی۔ کوشش کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی۔مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(س ع ی)ناقص یائی۔صیغہ۔سَعٰى يَسْعٰى۔مصدر۔سَعْيًا۔(دوڑنا۔بھاگ دور کرنا۔کوشش کرنا)۔

ترجمہ آیت: اس دن انسان اپنے کاموں کو یاد کرے گا۔

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔بُرِّزَتِ:(سامنے رکھ دی۔ظاہر کردی)فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔ صیغہ۔بَرَّزَ يُبَرِّزُ۔مصدر۔تَبْرِيْزٌ۔(باہر نکالنا۔ظاہر کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ۔(ب ر ز)۔ صیغہ۔بَرَزَ يَبْرُزُ بَرُوْزًا۔(باہر نکلنا۔ظاہر ہونا۔چھپنے کے بعد اپنے آپ کو ظاہر کرنا) الْجَحِيْمُ:(دوزخ)نائب فاعل۔ مرفوع۔لِ: (لئے)حرف جار۔مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔يَرٰى:(وہ دیکھتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ر ء ی)مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰى۔مصدر۔رُؤْيَةٌ۔ (دیکھنا)۔

ترجمہ آیت: اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائے گی۔

فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿۳۷﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔أَمَّا :(رہا۔بہرحال)حرف شرط۔تفصیل۔مَنْ:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔۔طَغٰى: (سرکشی کی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔صیغہ۔طَغٰى يَطْغُو۔مصدر۔ طُغُوًّا۔ طُغْوَانًا۔(پانی کا طغیانی میں آنا۔دریا کے کناروں سے باہر ہونا) باب۔فتح۔صیغہ۔طَغَا يَطْغٰى۔ مصدر۔طَغْيًا۔ طُغْيَانًا۔ (باغی ہونا۔سرکشی کرنا۔سرکش۔)۔توجس نے سرکشی کی۔محلاً خبر مرفوع۔

وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۳۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔آثَرَ :(اس نے اثر قبول کیا۔ترجیح دی۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰثَرَ يُؤْثِرُ۔مصدر۔اِيْثَارٌ۔(ترجیح دینا۔اثر قبول کرنا۔)۔ الْحَيَاةَ:(دنیا کو) منصوب۔ مفعول بہٖ۔ موصوف۔الدُّنْيَا:(دنیا)صفت۔ منصوب۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: اور دنیا کی زندگی کو مقدم سمجھا۔

فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۳۹﴾

فَ:(تو)واقعہ جواب شرط" أَمَّا "۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ الْجَحِيْمَ :(دوزخ) إِنّ کا اسم منصوب۔ هِيَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْمَأْوٰى:(ٹھکانہ۔پناہ گاہ) إِنّ کی خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔جملہ محلاًخبر مرفوع۔"مَنْ "مبتداء۔

ترجمہ آیت: اس کاٹھکانہ دوزخ ہے۔

وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿۴۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَمَّا :(رہا۔بہرحال)حرف شرط۔تفصیل۔مَنْ :(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔خَافَ :(وہ ڈرا۔اس نے خوف کھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ يَخَافُ۔مصدر۔خَوْفًا۔(ڈرنا)۔مَقَامَ:(مکان۔جگہ۔مقام)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔نَهَى:(اس نے منع کیا۔روکا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتحہ۔صیغہ۔نَهٰى يَنْهٰى۔مصدر۔ نَهْيًا۔نَهْيٌ۔(روکنا۔منع کرنا۔باز رکھنا)۔ النَّفْسَ:(نفس کو۔جی کو۔اپنے آپ کو)منصوب۔مفعول بہ۔ عَنِ:(سے)حرف جار۔الْهَوٰى:(خواہش۔)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا اور جی کو خواہشوں سے روکتا رہا۔

فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۴۱﴾

فَ:(پس)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔الْجَنَّةَ:(جنت)منصوب۔مفعول بہ۔هِيَ:(وہ)ضمیر منفصل۔واحد مؤنث غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ الْمَأْوٰى:(ٹھکانہ۔پناہ گاہ) إِنّ کی خبر مرفوع۔تقدیراً مضموم۔ جملہ محلاًخبر مرفوع۔"مَنْ "مبتداء۔

ترجمہ آیت: اس کاٹھکانہ بہشت ہے۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿۴۲﴾

يَسْأَلُونَ:(وہ دریافت کرتے ہیں۔پوچھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔ ثلاثی مجرد۔باب۔فتحہ۔مادہ(س ء ل)صیغہ۔سَاَلَ يَسْاَلُ۔مصدر۔سَوَالًا۔مَسْاَلَةً۔(پوچھنا۔دریافت کرنا۔)۔كَ:(آپ سے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ عَنِ:(سے۔بارے میں)حرف جار۔ السَّاعَةِ:(ساعت۔گھڑی۔قیامت)اسم مجرور۔ أَيَّانَ:(بمعنی متٰی۔کب؟)اصلاً أَيَّ+اَوَانٍ تھا۔"کون سے وقت بتاتے ہیں"الف محذوف ہوا۔اور واؤ بنادیا گیا۔پھر۔ی۔کو۔ی۔میں مدغم کیا گیا۔تو أَيَّانَ بنا۔اسم استفہام۔ظرف زمان۔ منصوب۔ خبر مقدم۔ محذوف۔ مُرْسَا:(واقع ہونا۔ آنا۔پہنچنا)مصدر۔ میمی۔ مبتداء مؤخر۔ مرفوع۔مضاف۔هَا: (اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (اے پیغمبر،لوگ)تم سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہو گا؟

فِيمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿۴۳﴾

فِيْ:(میں)حرف جار۔مَ:(کس)اصلاً مَا تھا۔ تخفیف کی گئی ہے۔اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم مرفوع۔ أَنْتَ:(تم)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مؤخر مرفوع۔ مِنْ:(سے)حرف جار۔ ذِكْرًا:(بہت زیادہ ذکر۔)اصلاً ذِكْرَى تھا۔ی۔کو الف سے تبدیل کیا گیا برائے اتصال مابعد ضمیر۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: سو تم اس کے ذکر سے کس فکر میں ہو۔

اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿۴۴﴾

إِلَى:(طرف)حرف جار۔رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔ مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مُنْتَهَا:(آخر۔) اصلا مُنْتَهٰى تھا۔ی۔کو الف سے تبدیل کیا گیا برائے اتصال مابعد ضمیر۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اس کا منتہا(یعنی واقع ہونے کا وقت) تمہارے پروردگار ہی کو(معلوم ہے)۔

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰهَا ﴿۴۵﴾

إِنَّمَا:(درحقیقت۔صرف اور صرف)کافة و مکفوفة۔مرکب:(إِنَّ+مَا)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ ناصب اسم۔+اسم موصول۔ مبنی بر سکون۔ محلاً إِنَّ کا اسم منصوب۔ أَنْتَ :(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ مُنْذِرُ:(آگاہ کرنے والا۔تنبیہ کرنے والا۔خبردار کرنے والا)اسم فاعل۔واحد مذکر۔محلاً خبر مرفوع۔مضاف۔ مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی برسکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَخْشَا:(وہ ڈرتا ہے) اصلاً يَخْشَى تھا۔ی۔کو الف سے تبدیل کیا گیا برائے اتصال ما بعد ضمیر۔ فاعل۔ضمیر ۔ مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ۔(خ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔خَشِيَ يَخْشَى۔ مصدر۔خَشْيَةٌ۔(ڈرنا۔خوف ہونا)۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی برسکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جو شخص اس سے ڈر رکھتا ہے تم تو اسی کو ڈر سنانے والے ہو۔

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحَاهَا ﴿٤٦﴾

كَأَنَّ:(گویا کہ)حرف تشبیہ+مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔هُمْ :(وہ)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً كَأَنَّ کا اسم منصوب۔ يَوْمَ:(دن)ظرف زمان۔منصوب۔ يَرَوْنَ:(وہ دیکھتے ہیں)فعل مضارع جمع مذکر غائب۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(رءی) مہموز العین۔ناقص یائی۔صیغہ۔رَاٰی يَرٰی۔مصدر۔رُؤْيَةٌ(دیکھنا۔آنکھ سے دیدار۔دل سے دیکھنا۔پہلی رات کو چاند دیکھنا)۔هَا:(اسے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔لَمْ :(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔قالب۔يَلْبَثُوا:(وہ ٹھہرے)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔مجزوم۔علامت نون اعرابی محذوف۔واؤ جمع۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ل ب ث)صیغہ۔لَبِثَ يَلْبَثُ۔مصدر۔لَبْثًا۔(ٹھہرنا۔رکنا)۔جملہ محلاً كَأَنَّ کی خبر مرفوع۔إِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ عَشِيَّةً:(ایک شام۔)ظرف زمان۔منصوب۔ أَوْ:(یا)حرف عطف۔ ضُحَا:(ایک صبح) اصلا ضُحٰی تھا۔ی۔کو الف سے تبدیل کیا گیا برائے اتصال مابعد ضمیر۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جب وہ اس کو دیکھیں گے (تو ایسا خیال کریں گے) کہ گویا (دنیا میں صرف) ایک شام یا صبح رہے تھے۔

80 سُوْرَۃُ عَبَسَ

رکوعھا 1　　80 سُوْرَۃُ عَبَسَ مَکِّیَّۃٌ 24　　اٰیاتھا 42

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓی ﴿۱﴾

شروع اللہ کانام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَنْ جَآءَہُ الْاَعْمٰی ﴿۲﴾

عَبَسَ:(اس نے تیوڑی چڑھائی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ع ب س)صیغہ۔عَبَسَ یَعْبِسُ۔مصدر۔عَبْسًا۔(تیوڑی چڑھانا۔منہ بنانا)۔ وَ:(اور)حرف عطف۔تَوَلَّى:(اس نے منہ پھیرا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔ صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیْ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(ول ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیُ۔مصدر۔وَلْیًا۔(پھرنا)۔

ترجمہ آیت: (محمد مصطفٰے ﷺ) ترش رُو ہوئے اور منہ پھیر بیٹھے۔

اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جَاءَ:(وہ آیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔جِيئٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا)۔رَبُّ:(ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرا)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْمَلَكُ:(فرشتہ)معرف باللام۔ال۔ جنسی۔صَفًّا:(صفت۔لائن)منصوب۔مفعول حال۔صَفًّا:(لائن۔صف)منصوب۔حال۔ثانی۔محلاً تکرار برائے تاکید۔یکے از توابع۔تاکید لفظی۔"تاکہ کسی کو شک نہ رہے۔"یعنی قطار اندر قطار۔

ترجمہ آیت: اور تمہارا پروردگار(جلوہ فرما ہوگا) اور فرشتے قطار باندھ باندھ کر آموجود ہوں گے۔

وَجِایْٓءَ یَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ یَوْمَئِذٍ یَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿٢٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔جِايْٓءَ:(وہ لایا جائے گا)رسم الخط تواصلاً جِيْءَ ہے۔(جِایءَ۔حرکت ما قبل۔ی۔ سے مطابقت نہیں۔اس ما قبل کی حرکت کسرہ چاہیئے۔لگادی گئی۔اور ی۔کوساکن کردیا۔تاکہ اداکرنے میں دشواری نہ ہو۔مگر یہ متعدی ہے مفعول بنانا۔یا مجہول بنانا۔شاذ ہے۔)فعل ماضی مجہول۔واحد مذکر غائب۔نائب فاعل ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ی ء) صیغہ۔جَاءَ يَجِيئُ۔جِيئٌ۔مَجِيْءٌ۔(آنا)۔يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔قیامت کے دن)مرکب: (يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ مضاف۔+ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ۔)حرف جار۔جَهَنَّمَ:(جہنم۔دوزخ۔اسم مجرور۔)شبہ جملہ محلاً نائب فاعل۔مرفوع۔ يَوْمَئِذٍ:(اس دن۔قیامت کے دن) مرکب: (يَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ مضاف۔+ظرف زمان۔ مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ يَتَذَكَّرُ:(وہ نصیحت پکڑتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ۔مصدر۔تَذَكُّرٌ۔ (نصیحت حاصل

کرنا۔غور کرنا)۔ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔مادہ(ذ ک ر) صیغہ۔ذَکَرَ یَذْکُرُ۔ مصدر۔ ذِکْرًا۔(یاد کرنا۔ذکر کرنا۔ نصیحت کرنا)۔ الْإِنسَانُ:(انسان)فاعل۔مرفوع۔ وَ:(حالانکہ)حالیہ۔أَنَّی :(کیونکر)اسم ظرف مکان۔بمعنی۔(اَیْنَ ۔کہاں؟)اسم استفہام۔مبنی بر سکون۔محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔الذِّکْرَی:(بہت زیادہ ذکر۔یاد۔)مبتداءمؤخر۔مرفوع۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: اور دوزخ اس دن حاضر کی جائے گی تو انسان اس دن متنبہ ہو گا مگر تنبہ (سے) اسے (فائدہ) کہاں (مل سکے گا)۔

یَقُولُ یٰلَیْتَنِیْ قَدَّمْتُ لِحَیَاتِیْ ﴿۲۴﴾

یَقُولُ:(وہ کہتا ہے۔کہے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل)اجوف واوی۔صیغہ۔قَالَ یَقُولُ مصدر۔قَوْلًا۔(بات کرنا)۔ یَا:(ہائے)حرف تنبیہ۔حرف حسر۔حرف افسوس۔ لَیْتَ:(کاش)حرف تمنّٰی۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔نِ:(وقایہ)یائے متکلم کو بچانے کے لئے۔یْ:(مجھے) ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً لَیْتَ کا اسم منصوب۔قَدَّمْتُ:(میں نے آگے بھیجا)فعل ماضی واحد متکلم۔۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ اَنَا۔جملہ محلاً لَیْتَ کی خبر مرفوع۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔قَدَّمَ یُقَدِّمُ۔مصدر۔تَقْدِیْمًا۔(آگے بھیجنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(ق د م)صیغہ۔قَدِمَ یَقْدَمُ۔مصدر۔قُدُوْمًا۔ مَقْدَمًا۔ (آنا۔واپس ہونا۔کہیں سے واپس ہونا۔آگے بڑھنا۔متوجہ ہونا۔آنا جانا)۔ لِ:(لئے)حرف جار حَیَاتِ:(زندگی)اسم مجرور۔مضاف۔یْ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کہے گا کاش میں نے اپنی زندگی (جاودانی کے لیے) کچھ آگے بھیجا ہوتا

فَیَوْمَئِذٍ لَّا یُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۵﴾

فَ:(تو)حرا ستئنافیہ۔یَوْمَئِذٍ:(اس دن۔قیامت کے دن) مرکب: (یَوْمَ+اِذٍ)ظرف زمان۔ مضاف۔+ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ لَّا:(نہیں)نافیہ۔یُعَذِّبُ:(وہ عذاب دے گا)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔عَذَّبَ یُعَذِّبُ ۔مصدر۔تَعْذِیْبًا۔(عذاب دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ ضرب۔مادہ(ع ذ ب)صیغہ۔عَذَبَ یَعْذِبُ۔مصدر۔عَذْبًا۔(میٹھا،شیریں ۔خوش گوار(کھاناہو۔یا۔پانی)"عَذُبَ الطَّعَامُ وَ

الشَّرَابُ عَذُوبَةً۔" ۔(کھانااور پانی میٹھا۔اور خوشگوار ہونا)هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهَٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ۔" یہ ہے میٹھااور مزیدار اور یہ ہے کھاری کڑوا "۔) عَذَابَ:(عذاب۔دکھ۔سزاء)منصوب۔نائب مفعول مطلق۔مضاف۔هُ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔أَحَدٌ:(کسی ایک کو)فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: تواس دن نہ کوئی اللہ کے عذاب کی طرح کا(کسی کو) عذاب دے گا۔

وَّلَا يُوثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔يُوثِقُ:(وہ جکڑتا ہے۔جکڑے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَوْثَقَ يُوثِقُ۔مصدر۔اِيْثَاقًا۔(جکڑنا۔باندھنا۔) وَثَاقَ:(جکڑ۔)منصوب۔نائب مفعول مطلق۔مضاف۔هُ :(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ أَحَدٌ:(کسی ایک کو) فاعل۔مرفوع۔

ترجمہ آیت: اورنہ کوئی ویسا جکڑنا جکڑے گا۔

يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾

يَا:(اے)حرف نداء۔ أَيَّتُ کون ، کون سا ، جونسا)منادیٰ۔مؤنث۔ مضموم۔محلاً منصوب۔مضاف۔هَا:(خبردار)حرف تنبیہ۔ النَّفْسُ:(نفس۔جان)بدل مرفوع۔یا۔صفت۔الْمُطْمَئِنَّةُ:(اطمینان پانے والی)اسم فاعل۔واحد مؤنث۔صفت مرفوع۔

ترجمہ آیت: اے اطمینان پانے والی روح!

ارْجِعِيٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾

ارْجِعِي:(تو رجوع کر۔لوٹ جا)فعل امر واحد مؤنث۔حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً أَنْتِ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(رج ع)صیغہ۔رَجَعَ يَرْجِعُ۔مصدر۔ رُجُوْعًا۔ مَرْجَعًا۔ (۔(لوٹانا۔واپس کیا جانا)۔ إِلَى:(طرف)حرف جار۔ رَبِّ:(ربّ)اسم مجرور۔مضاف۔كِ:(تیرے)ضمیر واحد مؤنث حاضر۔مبنی بر کسرہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔رَاضِيَةً:(راضی۔من بھاتی۔خوش۔) اسم فاعل۔واحد مؤنث۔ منصوب۔حال۔مَّرْضِيَّةً:(پسند کی ہوئی۔پسندیدہ)اسم مفعول۔واحد مؤنث۔ منصوب۔حال ثانی۔

اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل۔تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی

فَادۡخُلِیۡ فِیۡ عِبٰدِیۡ ﴿۲۹﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔اُدۡخُلِي:(تو داخل ہو جا) فعل امر واحد مؤنث۔حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتِ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔ دَخَلَ يَدۡخُلُ مصدر۔ دُخُوۡلًا۔(داخل ہونا)۔ فِي :(میں)حرف جار۔عِبَادِ:(عَبۡدٌ کی جمع۔بندے)اسم مجرور۔ مضاف۔يۡ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو میرے (ممتاز) بندوں میں شامل ہو جا۔

وَادۡخُلِیۡ جَنَّتِیۡ ﴿۳۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔ادۡخُلِي:(تو داخل ہو جا) فعل امر واحد مؤنث۔حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتِ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(د خ ل)صیغہ۔ دَخَلَ يَدۡخُلُ مصدر۔ دُخُوۡلًا۔(داخل ہونا)۔ جَنَّتِ:(باغ۔جنت)منصوب بالکسرہ۔ مفعول بہ۔ مضاف۔يۡ:(میرے)ضمیر واحد متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور میری بہشت میں داخل ہو جا

90 سُوۡرَةُ الۡبَلَدِ

رکوعھا 1   90 سُوۡرَةُ الۡبَلَدِ مَکِّیَّةٌ 35   اٰیٰتھا 20

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَاۤ اُقۡسِمُ بِهٰذَا الۡبَلَدِ ﴿۱﴾

لَا:(۔۔۔)حرف زائد ل۔ اُقۡسِمُ:(میں قسم کھاتا ہوں)فعل مضارع واحد متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔افعال۔صیغہ۔اَقۡسَمَ يُقۡسِمُ۔مصدر۔اِقۡسَامًا۔(قسم کھانا)۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ق س م)صیغہ۔قَسَمَ يَقۡسِمُ۔مصدر۔قَسۡمًا۔(تقسیم کرنا۔بانٹنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ مضاف۔الۡبَلَدِ:(شہر۔ملک)بدل۔ مجرور۔ مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: ہمیں اس شہر (مکہ) کی قسم۔

وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۲﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَنْتَ:(تو)ضمیر منفصل۔واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔ حِلٌّ:(رہنے والا)خبر مرفوع۔ "ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ح ل ل)مضاعف۔صیغہ۔حَلَّ یَحِلُّ۔مصدر۔حِلًّا۔حَلَالًا۔(حلال ہونا۔رہنا۔اترنا) " بِ:(ساتھ)حرف جار۔هٰذَا:(یہ)اسم اشارہ قریب۔واحد مذکر۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔ الْبَلَدِ:(شہر۔ ملک) بدل۔مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور تم اسی شہر میں تو رہتے ہو۔

وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ﴿۳﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار و قسمیہ۔وَالِدٍ:(باپ۔جننے والا۔والد)اسم مجرور۔مقسم بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(وہ جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مجرور وَلَدَ:(اس نے جنا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنَا۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ول د)مثال واوی۔صیغہ۔وَلَدَ یَلِدُ۔مصدر۔وِلَادَةً۔وِلَادًا۔مَوْلِدًا۔(پیدا کرنا۔جننا)۔

اور باپ (یعنی آدم) اور اس کی اولاد کی قسم

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ﴿۴﴾

لَ:(بلاشبہ۔ضرور)لائے تاکید۔موطئة للقسم۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔خَلَقْنَا:(ہم نے پیدا کیا)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔ خَلْقًا۔ (پیدا کرنا)۔ الْإِنْسَانَ:(انسان کو)منصوب۔مفعول بہ۔ فِي:(میں)حرف جار۔كَبَدٍ:(جگر۔تکلیف میں رہنے والا۔مشقت۔دشواری۔دکھ تکلیف۔)اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: ہ ہم نے انسان کو تکلیف (کی حالت) میں (رہنے والا) بنایا ہے۔

اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ﴿۵﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔يَحْسَبُ:(وہ گمان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔

باب حَسِبَ۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔ حَسِبَ یَحْسَبُ۔ مصدر۔ حِسْبَانًا۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔ سوچنا)۔ أَنْ:(کہ) أَنَّ ثقیلۃ کا مخففہ۔ أَنْ کا اسم ضمیر شان محذوف۔ لَّنْ:(ہرگز نہیں)حرف نفی ناصب مضارع۔برائے تاکید مستقبل نفی۔ یَقْدِرَ:(وہ تخمینہ لگاتا ہے۔ اندازہ۔پیمانہ مقرر کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔ مادہ(ق د ر) صیغہ۔قَدَرَ یَقْدِرُ۔مصدر۔قَدْرًا۔(اندازہ کرنا۔ تخمینہ لگانا) عَلَيْ:(پر)حرف جار۔هِ: (اس) ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برکسرہ محلاً اسم مجرور۔أَحَدٌ:(کوئی ایک)فاعل۔مرفوع۔ جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کیا وہ خیال رکھتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا۔

یَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿۶﴾

یَقُوْلُ:(وہ کہتا ہے۔کہے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ق و ل) صیغہ۔قَالَ یَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔أَهْلَكْتُ:(میں نے ہلاک کیا)فعل ماضی واحد متکلم۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَهْلَكَ یُهْلِكُ۔مصدر۔اِهْلَاكٌ۔(ہلاک کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔فتح۔مادہ(ھ ل ک)صیغہ۔هَلَكَ یَهْلِكُ۔ مصادر۔ هَلْكًا۔ هَلَاكًا۔هُلُوْكًا۔ مُهْلِكًا۔ تَهْلُكَةً۔ هُلْكًا۔ وغیرہ(مار دینا)۔ مَالًا:(مال و دولت۔)منصوب۔مفعول بہ۔موصوف۔لُّبَدًا:(وسیع۔زیادہ۔کثرت۔ڈھیروں)منصوب۔صفت۔تابع موصوف۔

ترجمہ آیت: کہتا ہے کہ میں نے بہت سامال برباد کیا۔

اَیَحْسَبُ اَنْ لَّمْ یَرَهٗۤ اَحَدٌ ﴿۷﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔یَحْسَبُ:(وہ گمان کرتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔۔فاعل ۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔ باب حَسِبَ۔مادہ(ح س ب) صیغہ۔ حَسِبَ یَحْسَبُ۔ مصدر۔ حِسْبَانًا۔(گمان کرنا۔خیال کرنا۔ سوچنا)۔ أَنْ:(کہ) أَنَّ ثقیلۃ کا مخففہ۔ أَنْ کا اسم ضمیر شان محذوف۔ لَّمْ:(نہیں)حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔یَرَ:(اس نے دیکھا) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔مجزوم۔علامت حرف علت۔ی۔ محذوف۔بوجہ التقائے ساکنین۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔ ثلاثی مجرد۔باب فتح۔ مادہ(ر ء ی) مہموز العین۔ناقص یائی۔ صیغہ۔رَاٰی یَرٰی۔ مصدر۔رُؤْيَةٌ۔(دیکھنا)۔هٗ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی برضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔أَحَدٌ:(کسی ایک۔کوئی ایک)فاعل۔مرفوع۔جملہ محلاً أَنَّ کی خبر مرفوع۔

کیا اسے یہ گمان ہے کہ اس کو کسی نے دیکھا نہیں

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ﴿٨﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری لَمْ:(نہیں) حرف نفی جحد بلم۔جازم مضارع۔ قالب۔ نَجْعَلْ:(ہم نے بنایا)فعل مضارع جمع متکلم۔منصوب۔علامت محل اعراب مفتوح۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ثلاثی مجرد۔باب فتح۔مادہ(ج ع ل) صیغہ جَعَلَ يَجْعَلَ۔مصدر۔ جَعْلًا۔ (بنانا)۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔مضاف۔عَيْنَيْنِ:(دونوں آنکھوں)تثنیہ۔فاعل۔مرفوع۔منصوب۔علامت۔ی۔مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: بھلا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں؟

وَلِسَانًا وَّ شَفَتَيْنِ ﴿٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لِسَانًا:(زبان)معطوف منصوب۔وَ:(اور)حرف عطف۔شَفَتَيْنِ:(شَفَةٌ کی جمع۔دونوں ہونٹ۔لبوں کو)تثنیہ۔معطوف منصوب۔علامت۔ی۔

ترجمہ آیت: اور زبان اور دو ہونٹ(نہیں دیئے)۔

وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ﴿١٠﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔هَدَيْنَا:(ہم نے ہدایت دی۔راہنمائی کی)فعل ماضی جمع متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔مادہ(ھ د ی) صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔تقدیراً مضموم۔مصدر۔هَدَايَةٌ۔(ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔هُ:(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔النَّجْدَيْنِ:(النَّجْدُ کی جمع۔دو واضح راستے۔"اچھا اور برا")اسم جامد۔تثنیہ۔منصوب۔ علامت۔ی۔مفعول بہ ثانی۔

(یہ چیزیں بھی دیں) اور اس کو(خیر وشر کے) دونوں رستے بھی دکھا دیئے

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ﴿١١﴾

فَ:(تو)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔اقْتَحَمَ:(پس وہ گزر گیا۔داخل ہوا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افتعال۔صیغہ۔اِقْتَحَمَ يَقْتَحِمُ۔مصدر۔اِقْتِحَامًا۔ (دوڑ پڑنا۔ پھٹ پڑنا۔بلا سوچے سمجھے

کود پڑنا۔ خبر کا مقابلہ کرنا۔ کسی جگہ زبردستی گھسنا۔ دھاوا بولنا۔ غروب ہونا) ثلاثی مجرد۔ باب۔ فتح۔ مادہ(ق ح م) صیغہ۔ قَحَمَ يَقْحَمُ۔ مصدر۔ قَحْمًا۔ (اپنے آپ کو مشکل میں ڈالنا) الْعَقَبَةَ: (گھاٹی۔ دشوار گزار پہاڑی راستہ۔) منصوب۔ مفعول بہ۔

ترجمہ آیت: مگر وہ۔ گھاٹی پر سے ہو کر نہ گزرا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾

وَ: (اور) اعتراضیہ۔ مَا: (نہیں) اسم استفہام۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ يُدْرِي: (وہ جانتا ہے) فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ باب افعال۔ صیغہ۔ اَدْرٰى يُدْرِىْ۔ مصدر۔ اِدْرَاءً۔ (جاننا) ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(د ر ی) ناقص یائی۔ صیغہ۔ دَرٰى يَدْرِىْ۔ مصدر۔ دِرَايَةٌ۔ (جاننا۔ معلوم ہونا)۔ كَ: (تجھے) ضمیر واحد مذکر حاضر۔ مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔ جملہ محلاً خبر مرفوع۔ مَا: (کیا؟) حرف استفہام۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ الْعَقَبَةُ: (گھاٹی۔ دشوار گزار پہاڑی راستہ) خبر مرفوع۔ جملہ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ "اَدْرَاكَ"۔

ترجمہ آیت: اور تم کیا سمجھے کہ گھاٹی کیا ہے؟۔

فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾

فَكُّ: (آزاد کرانا۔ چھڑانا۔) مصدر۔ خبر مرفوع۔ مبتدء محذوف۔ "هي"۔ مضاف۔ رَقَبَةٍ: (گردن "یعنی کسی کو آزادی دلوانا۔ قیدی ہو۔ یا غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہو")۔ مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: کسی (کی) گردن کا چھڑانا۔

اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾

أَوْ: (یا) حرف عطف۔ اِطْعٰمٌ: (کھانا کھلانا) مصدر۔ معطوف مرفوع۔ فِي: (میں) حرف جار۔ يَوْمٍ: (دن) ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ ذِي: (والا) از ستّہ مکبّرہ۔ صفت۔ مضاف۔ مَسْغَبَةٍ: (بھوک۔ قحط۔ فاقہ مستی "جیسا کہ آج کل کورونا کی وبا کی وجہ سے بیکاری پیدا ہوئی۔ جیبیں خالی۔ قوت خرید ہی نہ رہی") مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یا بھوک کے دن کھانا کھلانا۔

يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾

يَتِيْمًا :(یتیم۔بے آسرا۔ بے سہارا۔بیوہ عورت نادار)منصوب۔ مفعول بہ۔برائے" اِطْعَامٌ" ۔ذَا:(والا)از ستّہ مکبّرہ۔صفت۔ مضاف۔ مَقْرَبَةٍ:(قرابتدار۔ قریبی رشتہ دار۔)مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یتیم رشتہ دار کو

اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿۱۶﴾

أَوْ:(یا)حرف عطف۔ مِسْكِيْنًا:(ایسافرد جس کاکاروبار ٹھپ ہوگیاہو۔کمائی کی چلتی ہوئی گاڑی رک گئی ہو)۔معطوف۔ منصوب۔ ذَا: :(والا)از ستّہ مکبّرہ۔صفت۔مضاف۔ مَتْرَبَةٍ:(فقروفاقہ۔ غربت و افلاس۔سخت ناداری۔مفلسی۔مٹی میں ملا دے۔" تَرَابٌ")مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یافقیر خاکسار کو۔

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾

ثُمَّ:(پھر)حرف عطف۔ كَانَ:(وہ تھا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ناصب خبر۔رافع اسم۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُوَ۔ محلاًكَانَ کااسم مرفوع۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک و ن) صیغہ۔كَانَ يَكُوْنُ۔مصدر۔كَوْنًا۔(ہونا)۔ مِنَ:(سے)حرف جار۔ الَّذِيْنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاًاسم مجرور۔شبہ جملہ محلاًكَانَ کی خبر منصوب۔ آمَنُوْا:(وہ ایمان لائے) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔ صیغہ۔ اٰمَنَ يُؤْمِنُ۔مصدر۔اِيْمَانًا۔ (ایمان لانا۔یقین کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ء م ن) مہموز الفاء۔صیغہ۔اَمِنَ يَاْمَنُ۔مصدر۔اَمْنًا۔(امن میں ہونا۔حفاظت میں ہونا)وَ:(اور)حرف عطف۔تَوَاصَوْا :(انہوں نے ایک دوسرے کووصیت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤجمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَوَاصٰى يَتَوَاصٰى۔مصدر۔تَوَاصِيٌ۔(ایک دوسرے کوباہم وصیت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔ وَصٰى يَصِيْ۔مصدر۔وَصْيًا۔((ساتھ ملانا۔ساتھ مل جانا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔الصَّبْرِ :(استقامت۔ڈٹے رہنے سے۔ثابت قدم رہنے سے)اسم مجرور۔وَ:(اور)حرف عطف۔تَوَاصَوْا :(انہوں نے ایک دوسرے کووصیت کی)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع الف فارقہ۔ فاعل۔ ضمیر مستترتقدیراًھُمْ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تَفَاعُلٌ۔صیغہ۔تَوَاصٰى يَتَوَاصٰى۔مصدر۔تَوَاصِيٌ۔(ایک

دوسرے کو باہم وصیت کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ص ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَصّٰی یَصِیۡ۔مصدر۔وَصۡیًا۔(ساتھ ملانا۔ساتھ مل جانا۔) بِ:(ساتھ)حرف جار۔الۡمَرۡحَمَةِ:(کسی پر مہربان ہونا۔شفقت کرنا۔ترس کھانا۔رحم کرنا۔معاف کرنا۔مغفرت کرنا)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: پھران لوگوں میں بھی (داخل) ہو جو ایمان لائے اور صبر کی نصیحت اور(لوگوں پر) شفقت کرنے کی وصیت کرتے رہے۔

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ﴿١٨﴾

أُولَئِكَ:(وہ)اسم اشارہ بعید۔جمع مذکر و مؤنث۔مبتداء مرفوع۔ أَصۡحَابُ:(والے۔ساتھی۔دوست)خبر مرفوع۔مضاف۔ الۡمَيۡمَنَةِ:(دائیں جانب والے۔دائیں ہاتھ والے)۔مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: یہی لوگ صاحب سعادت ہیں۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ﴿١٩﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔الَّذِيۡنَ:(وہ جو)اسم موصول۔جمع مذکر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مبتداء مرفوع۔كَفَرُوۡا:(انہوں نے کفر کیا۔انکار کیا)فعل ماضی جمع مذکر غائب۔واؤ جمع الف فارقہ۔فاعل۔مرفوع۔ ضمیر تقدیراً هُمۡ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ک ف ر)صیغہ۔ كَفَرَ يَكۡفُرُ۔ مصدر۔ كُفۡرًا۔(کفر کرنا۔ انکار کرنا)۔ بِ:(ساتھ۔پر)حرف جار۔آيَاتِ:(آیات۔)اسم مجرور۔مضاف۔نَا:(ہماری)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔هُمۡ:(وہ)ضمیر منفصل۔جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مبتداء مرفوع۔أَصۡحَابُ:(ساتھی۔دوست۔والے)خبر مرفوع۔مضاف۔الۡمَشۡأَمَةِ:(لوگوں کے لئے برا شگون بننے والے۔نحوست کا سبب بننے والے۔نحوست والے۔بائیں جانب والے۔بائیں ہاتھ والے)مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو نہ مانا وہ بد بخت ہیں۔

عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿٢٠﴾

عَلَيۡ:(پر)حرف جار۔هِمۡ:(ان)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً خبر مقدم۔مرفوع۔ نَارٌ:(آگ)مبتداء مؤخر۔مرفوع۔جملہ محلاً خبر مرفوع ثانی۔موصوف۔مُّؤۡصَدَةٌ:(بند شدہ۔بند کی ہوئی۔بے آستین قمیص۔)

ترجمہ آیت: یہ لوگ آگ میں بند کر دیئے جائیں گے

91 سُوۡرَۃُ الشَّمۡسِ

رکوعھا 1   91 سُوۡرَۃُ الشَّمۡسِ مَکِّیَّۃٌ 26   اٰیاتھا 15

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالشَّمۡسِ وَضُحٰهَا ۪ۙ﴿۱﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔الشَّمۡسِ:(سورج)اسم مجرور۔ مقسم بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔ضُحَا:(دھوپ کی گرمی لگنا۔ واضح ہونا ظاہر ہونا۔روشن ہونا)معطوف مجرور۔تقدیراً مکسور۔مضاف۔هَا:(اس کے)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: سورج کی قسم اور اس کی روشنی کی

وَالۡقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۪ۙ﴿۲﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔الۡقَمَرِ:(چاند) اسم مجرور۔ مقسم بہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔" جب(ظرف برائے زمانہ مستقبل، متضمن معنی شرط۔برائے مفاجات بمعنی :اچانک، کیا دیکھتا ہوں کہ ۔جیسے خرجت فاذا البرد شدید۔برائے شرط و جزا۔ بمعنی:جب، جس وقت، اگر۔جیسے:اذا اجتھدت نجحت۔(فعل ماضی پر داخل ہو کر اسے مضارع کے معنی میں کر دیتا ہے)اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے بعد شرط و جزا کے دونوں فعل مرفوع ہوتے ہیں۔جیسے"واذا ترد الی قلیل تقنع" کبھی کبھی اس کے بعد فعل کو مجزوم بھی لاتے ہیں خصوصاً شعر میں، مگر ایسا بہت کم ہوتا ہے۔کبھی اسمامرفوع اسم مرفوع حقیقت محذوف کا فاعل ہے اذا السماء انشقت۔'"۔تَلَا هَا:(وہ پیچھے پیچھے چلتا ہے)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً هِيَ ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ت ل و)ناقص یائی۔صیغہ۔تلیٰ یَتۡلُو۔مصدر۔تِلۡوٌ۔تُلُوٌّ۔(پیچھے آنا۔پیچھے پیچھے چلنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور چاند کی جب اس کے پیچھے نکلے۔

وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ﴿۳﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔النَّهَار:(دن)ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ مقسم بہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔جَلَّا:(وہ ظاہر کرتا ہے۔چمکاتا ہے) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔ جَلّٰی يُجَلِّيْ۔مصدر۔تَجْلِيَةٌ۔(چمکانا۔ظاہر کرنا۔روشن کرنا) ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ج ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔جَلَا يَجْلُو۔مصدر۔جَلَاءً۔(جلا وطن کردینا۔دیس نکالا دینا۔ملک بدر کرنا۔ترک وطن کرنا۔ہجرت کرنا)۔هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور دن کی جب اُسے چمکادے۔

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ﴿۴﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔اللَّيْلِ:(رات)ظرف زمان۔ اسم مجرور۔ مقسم بہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ يَغْشَا:(چھا جاتا ہے۔ڈھانپ لیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ ۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ(غ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔غَشِيَ يَغْشٰى۔مصدر۔غِشَاءً۔(چھانا۔اوڑھ لینا)۔هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور رات کی جب اُسے چھپالے۔

وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ﴿۵﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔السَّمَاءِ:(آسمان) اسم مجرور۔ مقسم بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مجرور۔ بَنَا:(اس نے بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِيَ ۔ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(ب ن ی)صیغہ۔بَنٰى يَبْنِيْ۔مصدر۔بَنَاءٌ۔(بنانا۔تعمیر کرنا۔)۔هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور آسمان کی اور اس ذات کی جس نے اسے بنایا۔

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ﴿۶﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔الْأَرْضِ:(زمین)اسم مجرور۔ مقسم بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مجرور۔طَحَا:(اس نے بچھایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هِیَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ط ح و)ناقص واوی۔صیغہ۔طَحٰی یَطْحُو۔مصدر۔طَحْوًا۔(پھیلانا۔بچھانا)هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور زمین کی اور اس کی جس نے اسے پھیلایا۔

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ﴿۷﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔نَفْسٍ:(جان۔نفس) اسم مجرور۔ مقسم بہ۔ وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً معطوف مجرور۔سَوّٰا:(اس نے درست کیا۔ہموار کیا۔برابر کیا۔ٹھیک کیا۔مکمل کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل ۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔سَوّٰی یُسَوِّیْ۔مصدر۔تَسْوِیَۃٌ۔(سنوارنا۔برابر کرنا۔درست کرنا)ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔ مادہ(س و ی)لفیف مقرون۔اجوف واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔سَوِیَ یَسْوٰی۔ مصدر۔ اَسْوَءً۔سِوًی۔(برابر۔مکمل۔طاقتور۔پورا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور انسان کی اور اس کی جس نے اس(کے اعضا) کو برابر کیا۔

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ﴿۸﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔أَلْهَمَ:(اس نے وحی کی۔دل میں ڈالا۔الہام کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔ اَلْهَمَ یُلْهِمُ۔مصدر۔ اِلْهَامًا۔(دل میں ڈالنا۔وحی کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔حسب۔صیغہ۔لَهِمَ یَلْهَمُ / لَهِمَ یَلْهِمُ۔مصدر۔لَهْمًا۔(نگلنا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ فُجُوْرَ:(نافرمانی کرنا۔کھلم کھلا گناہ کرنا۔اعلانیہ ارتکاب گناہ کرنا)مصدر۔"ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ۔(ف ج ر)صیغہ۔فَجَرَ یَفْجُرُ۔مصدر۔فَجْرًا۔فُجُوْرًا۔(پھوٹ پڑنا۔فسق وفجور کرنا۔نافرمانی کرنا۔گناہ کرنا اخلاق حسنہ کے

برعکس کام کرنا")۔ منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔

وَ:(اور)حرف عطف۔تَقْوٰا:(پرہیز گاری۔ تقویٰ۔اللہ جل جلالہٗ سے ڈرنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: پھر اس کو بدکاری (سے بچنے) اور پرہیز گاری کرنے کی سمجھ دی

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ﴿۹﴾

قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔أَفْلَحَ:(اس نے فلاح پائی۔وہ کامیاب ہوا۔وہ خوش نصیب ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اَفْلَحَ يُفْلِحُ۔مصدر۔اِفْلَاحًا۔(کامیاب ہونا۔فلاح پانا) مَنْ:(جو)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً فاعل۔مرفوع۔ زَكّٰى:(اس نے پاک کر لیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔زَكّٰى يُزَكِّىْ۔مصدر۔تَزْكِيَةٌ۔(پاک کرنا)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔فتح۔سمع۔مادہ(ز ک و/ ز ک ی)ناقص واوی۔یائی۔صیغہ۔زَكٰى يَزْكُو /زَكٰى يَزْكٰى /زَكِيَ يَزْكٰى۔مصدر۔زَكَاءًا۔/زُكُوًّا۔(پاک ہونا۔بڑھنا۔نشو و نما پانا۔پاکیزہ ہونا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: کہ جس نے (اپنے) نفس(یعنی روح) کو پاک رکھا وہ مراد کو پہنچا۔

وَ قَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔قَدْ:(یقیناً)حرف تحقیق۔ خَابَ:(ناکام ونامراد ہوا۔ فیل ہونا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(خ ی ب)اجوف یائی۔صیغہ۔خَابَ يَخِيْبُ۔مصدر۔خِيْبَةٌ۔(مایوس ہونا۔کوشش کاناکام ہونا۔ محروم رہنا، محروم کیاجانا،ناکام ونامراد ہونا، فیل ہونا۔نقصان اٹھانا، گھاٹے میں رہا)مَنْ:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔ دَسّٰى:(اس نے خاک میں ملادیا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔دَسّٰى يُدَسِّىْ۔مصدر۔تَدْسِيَةٌ۔(خاک میں ملانا) ثلاثی مجرد۔باب۔ضرب۔مادہ(د س ی /د س س۔امام راغب۔)ناقص یائی۔مضاعف۔دَسَّ يَدُسُّ۔مصدر۔دَسًّا۔(خسارے میں رہنا۔گھاٹے میں رہنا۔)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔

ترجمہ آیت: اور جس نے اسے خاک میں ملایا وہ خسارے میں رہا

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوٰىهَآ ﴿۱۱﴾

كَذَّبَتْ:(اس نے جھٹلایا) فعل ماضی واحد مؤنث غائب۔تْ ساکن۔علامت ضمیر تانیث۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ ثَمُودُ:(ثمود۔قوم حضرت صالحؑ)فاعل مرفوع۔بِ:(ساتھ۔کی وجہ سے)حرف جار۔سببیہ۔طَغْوَا:(سرکشی)اصلی رسم الخط۔"طَغْوٰی"تھا۔طَغْيَانًا۔مصدر۔اسم مجرور۔ مضاف۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: (قوم) ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب(پیغمبر کو) جھٹلایا۔

إِذِ انۢبَعَثَ أَشْقٰهَا ﴿۱۲﴾

إِذِا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔اِنْۢبَعَثَ:(وہ دوبارہ اٹھ کھڑا ہوا)فعل ماضی۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب انفعال۔صیغہ۔اِنْبَعَثَ يَنْبَعِثُ۔مصدر۔اِنْبِعَاثًا۔(اٹھ کھڑا ہونا) ثلاثی مجرد باب فتح۔مادہ(ب ع ث)صیغہ۔بَعَثَ يَبْعَثُ۔مصدر۔بَعْثًا۔(بھیجنا۔دوبارہ زندہ کرکے اٹھانا)۔ أَشْقَا:(زیادہ بدبخت۔سب سے زیادہ بدبخت)۔افعل التفضیل۔فاعل مرفوع۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: جب ان میں سے ایک نہایت بدبخت اٹھا۔

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ﴿۱۳﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔قَالَ:(اس نے کہا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ (ق و ل) صیغہ۔قَالَ يَقُوْلُ۔مصدر۔قَوْلًا۔(کہنا۔بات کرنا)۔لَ:(لئے)حرف جار۔هُمْ:(ان کے)ضمیر جمع مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔ رَسُوْلُ:(پیغمبر)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ)مجرور مضاف الیہ۔ نَاقَةَ: (اونٹنی۔)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔ اللّٰهِ:(اللہ جل جلالہٗ) مجرور۔مضاف الیہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔سُقْيَا:(پانی پینے کی

باری۔پانی پلانا۔" سیر ابی، آب پاشی کہتے ہیں: سُقْيًا رَحْمَةً لَا سُقْيًا عذاب یعنی ایسی بارش برسا جو نفع رساں اور بے ضرر ہو ")هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: تو اللہ کے پیغمبر (صالح) نے ان سے کہا کہ اللہ کی اونٹنی اور اس کے پانی پینے کی باری سے عذر کرو۔

فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۠ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾

فَ:(پھر) حرف عطف۔ كَذَّبُوْ:(انہوں نے جھٹلایا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔ هُمْ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔ صیغہ۔ كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ ضرب۔ مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔ مصدر۔ كِذْبًا۔ كِذَابًا۔ (جھوٹ بولنا)۔ هٗ:(اس کو) ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ:(تو) حرف عطف۔ عَقَرُوْ:(انہوں نے کونچیں کاٹ دیں) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔ واؤ جمع۔ الف فارقہ۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔ هُمْ۔ ثلاثی مجرد۔ باب ضرب۔ مادہ(ع ق ر) صیغہ۔ عَقَرَ يَعْقِرُ۔ مصدر۔ عَقْرًا۔(کاٹنا۔ کونچیں کاٹنا)۔ هَا:(اس کی) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ فَ: (پھر) حرف عطف۔ دَمْدَمَ:(اس نے ہلاک کر دیا۔ اس نے تباہی ڈالی) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ مستتر تقدیراً۔ هُوَ۔ رباعی مجرد۔ باب فعلل۔ صیغہ۔ دَمْدَمَ يُدَمْدِمُ۔ مصدر۔ دَمْدَمَةٌ۔(ہلاک کر ڈالنا۔ تباہ کر ڈالنا۔ عذاب نازل کرنا۔) عَلَيْ:(پر) حرف جار۔ هِمْ:(ان) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔ رَبُّ: (ربّ) فاعل۔ مرفوع۔ مضاف۔ هُمْ:(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ بِ:(ساتھ) حرف جار۔ ذَنْبِ:(گناہ) اسم مجرور۔ مضاف۔ هِمْ :(ان کے) ضمیر جمع مذکر غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً مجرور۔ مضاف الیہ۔ فَ:(پھر) حرف عطف۔ سَوّٰا:(اس نے درست کیا۔ برابر کیا) فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب۔ تفعیل۔ صیغہ۔ سَوّٰى يُسَوِّىْ۔ مصدر۔ تَسْوِيَةٌ۔(برابر کرنا۔ درست کرنا۔ سنوارنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ سَوِيَ يَسْوٰى۔ مصدر۔ سِوًى۔(برابر۔ پورا۔ مکمل۔)۔ هَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔ مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: مگر انہوں نے پیغمبر کو جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں تو اللہ نے ان کے گناہ کے سبب ان پر عذاب نازل کیا اور سب کو (ہلاک کر کے) برابر کر دیا۔

وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَا:(نہیں)نافیہ۔یَخَافُ:(وہ خوف کھاتے ہیں۔ڈرتے ہیں)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(خ و ف)اجوف واوی۔صیغہ۔خَافَ یَخَافُ۔مصدر۔ خَوْفًا۔ (ڈرنا)۔
عُقْبٰا:(انجام۔عاقبت۔بدلہ۔)حرف علت۔ی۔کو الف سے تبدیل کر دیا گیا۔برائے اتصال۔مابعد ضمیر۔ھَا:(اس کو) ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور اس کو ان کے بدلہ لینے کا کچھ بھی ڈر نہیں۔

92 سُوْرَةُ الَّيْلِ

رکوعھا 92 سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ 9 اٰیاتھا 21

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ﴿۱﴾

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ﴿۱﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔الَّیْلِ:(رات کی)اسم مجرور۔ مقسم بہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان مبنی بر سکون۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔ یَغْشٰی:(چھا جاتی ہے۔ڈھانپ لیتی ہے)فعل مضارع واحد مذکر۔غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مجرد باب۔ سمع۔مادہ(غ ش ی)ناقص یائی۔صیغہ۔غَشِیَ یَغْشٰی۔مصدر۔غِشَاءً۔(چھانا۔اوڑھ لینا)۔

ترجمہ آیت: رات کی قسم جب (دن کو) چھپا لے

وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ﴿۲﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔النَّھَارِ:(دن) اسم مجرور۔ مقسم بہ۔ إِذَا:(جب)ظرف زمان مبنی بر سکون۔شرطیہ۔ بمعنی مستقبل۔تَجَلّٰی:(چمک اٹھتا ہے)فعل مضارع۔واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تَفَعَّلُ۔صیغہ۔

تَجَلّٰی یَتَجَلّٰی۔مصدر۔تَجَلِّیٌ۔(چمکانا۔ظاہر کرنا۔روشن کرنا) ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ج ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔جَلَا یَجْلُو۔مصدر۔جَلَاءً۔(جلاوطن کردینا۔دیس نکالا دینا۔ملک بدر کرنا۔ترک وطن کرنا۔ہجرت کرنا)۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور دن کی قسم جب چمک اٹھے۔

وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنثَىٰ ﴿٣﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(جس نے)اسم موصول۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔خَلَقَ:(اس نے پیدا کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب نصر۔ مادہ (خ ل ق)صیغہ۔خَلَقَ یَخْلُقُ۔مصدر۔خَلْقًا۔ (پیدا کرنا)۔ الذَّكَرَ:(نر۔مرد۔لڑکا)منصوب۔مفعول بہ۔وَ:(اور)حرف عطف۔الْأُنْثَیٰ:(مادہ۔عورت۔لڑکی)معطوف منصوب۔

ترجمہ آیت: اور اس(ذات) کی قسم جس نے نر اور مادہ پیدا کیے۔

إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتَّىٰ ﴿٤﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ سَعْيَ:(کوشش۔دوڑ دھوپ)کا اسم منصوب۔ مضاف۔ كُمْ: (تمہاری)ضمیر جمع مذکر حاضر مبنی بر سکون۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔ لَ:(بلاشبہ۔ضرور)لائے تاکید۔مزحلقہ۔ شَتَّیٰ: (الگ الگ۔جداجدا۔طرح طرح۔مختلف۔)إِنَّ کی خبر مرفوع۔

ترجمہ آیت: کہ تم لوگوں کی کوشش طرح طرح کی ہے۔

فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ ﴿٥﴾

فَ:(پس)استئنافیہ۔أَمَّا:(رہا۔بہر حال۔مگر۔لیکن)حرف شرط۔و تفصیل۔ مَنْ:(وہ جس نے)اسم موصول۔ شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔جازم فعل شرط۔ أَعْطَیٰ:(اس نے عطا کیا۔دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔أَعْطَیٰ یُعْطِي۔مصدر۔إِعْطَاءً۔(دینا۔عطا کرنا)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ع ط و)ناقص واوی۔ صیغہ۔عَطَا یَعْطُو۔مصدر۔عَطْوًا۔(ہاتھ سے لینا۔) وَ:(اور)حرف عطف۔اِتَّقَیٰ:(پرہیز گاری کی۔خوف الٰہی رکھا۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افتعال۔صیغہ۔اِتَّقَیٰ یَتَّقِيْ۔مصدر۔ اِتِّقَاءً۔(پرہیز گاری کرنا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ق ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَقَیٰ یَقِيْ۔

مصدر۔ وِقَايَةٌ۔وَقْيًا۔(بچانا۔ محفوظ رکھنا۔ دشمنوں سے بچانا)۔جملہ محلاً کی خبر مرفوع۔ مبتداء "مَنْ"۔

ترجمہ آیت: توجس نے (اللہ کے رستے میں مال) دیا اور پرہیز گاری کی۔

وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ﴿٦﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔صَدَّقَ:(اس نے تصدیق کی۔سچ جانا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔صَدَّقَ يُصَدِّقُ۔مصدر۔تَصْدِيقًا۔(سند دینا۔تصدیق کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب نصر۔مادہ(ص د ق)صیغہ۔صَدَقَ يَصْدُقُ۔مصدر۔صِدْقًا۔(سچ کہنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحُسْنَى: (سب سے اچھی بات۔خوبصورت بات)افعل التفضیل۔اسم مجرور۔بروزن۔فُعْلٰى۔

ترجمہ آیت: اور نیک بات کو سچ جانا۔

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ﴿٧﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔"اَمَّا"۔سَ:(عنقریب۔بہت جلد)حرف استقبال۔نُيَسِّرُ:(ہم آسان کردیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيْلٌ۔ صیغہ۔يَسَّرُ يُيَسِّرُ۔مصدر۔ تَيْسِيرًا۔(آسانی ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ی س ر)صیغہ۔يَسَرَ يَيْسِرَ۔مصدر۔يَسْرًا۔(آسان ہونا۔ ممکن ہونا)۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْيُسْرَى:(آسانی)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اس کو ہم آسان طریقے کی توفیق دیں گے۔

وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ﴿٨﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَمَّا:(رہا۔بہر حال۔مگر۔لیکن)حرف شرط۔وتفصیل۔ مَنْ:(وہ جس نے)اسم موصول۔شرطیہ۔مبنی بر سکون۔ محلاً مبتداء مرفوع۔جازم فعل شرط۔بَخِلَ:(اس نے کنجوسی کی۔بخل کیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ محلاً مجزوم۔ فعل شرط۔ ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ب خ ل)صیغہ۔بَخِلَ يَبْخَلُ۔مصدر۔بَخْلاً۔(کنجوسی کرنا۔بخل کرنا)۔وَ:(اور)حرف عطف۔اسْتَغْنَى:(اس نے بے پرواہ بنایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔استفعال۔صیغہ۔اِسْتَغْنٰى يَسْتَغْنِيْ ۔مصدر۔اِسْتِغْنَاءً۔(بے پرواہی طلب کرنا۔)ثلاثی مجرد۔باب۔

سمع۔مادہ(غ ن ی)ناقص یائی۔صیغہ۔غَنِيَ يَغْنٰى۔ مصدر۔مَغْنًى۔غِنَاءًا۔(کام آنا۔مال دار ہونا۔آسودہ حال ہونا۔بسنا آباد۔ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور جس نے بخل کیا اور بے پرواہ بنا رہا۔

وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ﴿۹﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ ضمیر فاعل۔ مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔ باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔تَكْذِيبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔كِذَابًا۔(جھوٹ بولنا)۔ بِ:(ساتھ)حرف جار۔الْحُسْنَى:(سب سے اچھی بات۔خوبصورت بات)افعل التفضیل۔اسم مجرور۔بروزن۔فُعْلٰی۔

ترجمہ آیت: اور نیک بات کو جھوٹ سمجھا۔

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ﴿۱۰﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ جواب شرط۔"اَمَّا"۔سَ:(عنقریب۔بہت جلد)حرف استقبال۔نُيَسِّرُ:(ہم آسان کردیں گے) فعل مضارع جمع متکلم۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً نَحْنُ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفْعِيلٌ۔ صیغہ۔يَسَّرُ يُيَسِّرُ۔مصدر۔ تَيْسِيرًا۔(آسانی ہونا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ی س ر)صیغہ۔يَسَرَيَيْسِرَ۔مصدر۔يَسْرًا۔(آسان ہونا۔ ممکن ہونا)۔ هُ :(اس کو)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہ۔لِ:(لئے)حرف جار۔الْعُسْرَى:(تنگی۔سختی)اسم مجرور۔

ترجمہ آیت: اسے سختی میں پہنچائیں گے۔

وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ﴿۱۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔يُغْنِي:(کام آئے گا۔فائدہ دے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْنٰى يُغْنِيْ۔مصدر۔اِغْنَاءٌ۔(کام آنا۔۔کفایت کرنا۔فائدہ دینا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ سمع۔مادہ(غ ن ی)ناقص یائی۔صیغہ۔غَنِيَ يَغْنٰى۔ مصدر۔مَغْنًى۔غِنَاءًا۔(کام آنا۔مال دار ہونا۔آسودہ حال ہونا۔ بسنا آباد۔ہونا)۔ عَنْ:(سے)حرف جار۔هُ :(اس)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً اسم مجرور۔ مَالُ:() فاعل۔

مرفوع۔مضاف۔هٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلا مجرور مضاف الیہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔تَرَدّٰی:()فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعَّلٌ۔صیغہ۔تَرَدّٰی یَتَرَدّٰی۔مصدر۔تَرَدِّیٌ۔(گڑھے میں گرنا)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ر د د) مضاعف۔صیغہ۔رَدَّ یَرُدُّ۔مصدر۔رَدًّا۔مَرَدًّا۔مَرْدُوْدًا۔(واپس بھیجنا۔واپس لوٹانا۔مسترد کرنا۔انکار کرنا۔دھتکارنا۔جواب دینا)۔جملہ محلاً مجرور۔مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور جب وہ(دوزخ کے گڑھے میں) گرے گاتو اس کامال اس کے کچھ کام نہ آئے گا۔

اِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰی ﴿۱۲﴾

إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔عَلَيَّ:(پر)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدم۔مرفوع۔لَ:(بلاشبہ۔ضرور)لائے تاکید۔مزحلقه۔ الْهُدٰی: (ہدایت۔ راہنمائی)إِنَّ کا اسم مؤخر۔ منصوب۔تقدیراً مفتوح۔

ترجمہ آیت: ہمیں تو راہ دکھادینا ہے۔

وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی ﴿۱۳﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔إِنَّ:(یقیناً)حرف تاکید۔مشبہ بالفعل۔ناصب اسم۔رافع خبر۔ لَ:(لئے)حرف جار۔نَا:(ہم)ضمیر جمع متکلم۔مبنی بر سکون۔ محلاً اسم مجرور۔شبہ جملہ محلاً إِنَّ کی خبر مقدم۔مرفوع۔ لَ:(ضرور۔بلا شبہ۔)لائے تاکید۔ مزحلقه۔ الْآخِرَةَ:(آخرت ۔ قیامت) :(بلاشبہ۔ضرور) إِنَّ کا اسم مؤخر۔منصوب۔ وَ:(اور)حرف عطف۔الْأُولَى:(پہلا)معطوف منصوب۔تقدیراً مفتوح۔

ترجمہ آیت: اور آخرت اور دنیا ہماری ہی چیزیں ہیں۔

فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰی ﴿۱۴﴾

فَ:(پھر)حرف عطف۔أَنْذَرْتُ:(میں نے آگاہ کردیا۔تنبیہ کردی۔)فعل ماضی واحد متکلم۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً۔اَنَا۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَنْذَرَ یُنْذِرُ۔مصدر۔اِنْذَارٌ۔(تنبیہ کرنا۔خبردار کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب نصر۔ضرب۔

مادہ۔(ن ذ ر)صیغہ۔نَذَرَ یَنْذُرُ۔ مصدر۔نَذْرًا۔ نُذُوْرًا۔(نذر ماننا)۔ کُمْ:(تمہیں)ضمیر جمع مذکر حاضر۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ نَارًا:(آگ۔دوزخ)منصوب۔مفعول بہ ثانی۔ تَلَظّٰی:(وہ شعلے مارتی ہے۔بھڑکتی ہے)فعل مضارع واحد مؤنث غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھِیَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَلَظّٰی یَتَلَظّٰی۔مصدر۔تَلَظِّیٌ۔(بھڑکنا۔شعلے مارنا)۔جملہ محلاًصفت منصوب۔موصوف"نَارًا "۔

ترجمہ آیت: سومیں نے تم کو بھڑکتی آگ سے متنبہ کر دیا۔

لَا یَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَى ﴿۱۵﴾

لَا:(نہیں)نافیہ۔یَصْلَا:(وہ داخل کرے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھِیَ۔ ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ص ل ی)ناقص یائی۔صیغہ۔صَلٰی یَصْلٰی۔مصدر۔صَلِیًّا۔(آگ میں داخل کرنا۔بھوننا۔روسٹ کرنا)۔ ھَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔ اِلَّا:(مگر)حرف حصر۔ الْأَشْقَى:(بدبخت)جملہ محلاً موصوف"نَارًا "۔کی صفت۔ثانی۔منصوب۔

ترجمہ آیت: اس میں وہی داخل ہو گا جو بڑا بد بخت ہے۔

الَّذِیْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۱۶﴾

الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاًصفت مرفوع۔كَذَّبَ:(اس نے جھٹلایا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔كَذَّبَ يُكَذِّبُ۔ مصدر۔ تَكْذِيْبٌ۔(جھٹلانا)۔ ثلاثی مجرد۔ باب۔ضرب۔مادہ(ک ذ ب) صیغہ ۔ كَذَبَ يَكْذِبُ۔مصدر۔كِذْبًا۔ كِذَابًا ۔ (جھوٹ بولنا)وَ:(اور)حرف عطف۔تَوَلّٰی:(اس نے منہ پھیرا) فعل ماضی جمع مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی۔مصدر۔تَوَلِّیٌ۔(منہ پھیرنا۔منہ موڑنا)۔ثلاثی مجرد۔باب حَسِبَ۔ مادہ(و ل ی)لفیف مفروق۔مثال واوی۔ناقص یائی۔صیغہ۔وَلِیَ یَلِیْ۔مصدر۔وَلْیًا۔(پھرنا)۔

ترجمہ آیت: جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا۔

وَ سَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿۱۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔سَ:(عنقریب۔جلد ہی)حرف استقبال۔يُجَنَّبُ:(بچایا جائے۔دور رکھا جائے۔)فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً۔هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب۔تفعیل۔صیغہ۔جَنَّبَ يُجَنِّبُ۔مصدر۔تَجْنِيْبًا۔(اجتناب کرنا۔پرہیز کرنا۔دور رہنا)۔هَا:(اس کو)ضمیر واحد مؤنث غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔الْأَتْقَى:(بڑا پرہیز گار)اصلاً اوقی۔تھا۔واؤ کو ت سے بدل دیا گیا ہے۔مصدر۔وقی۔محلاً افعل التفضیل۔نائب فاعل۔تقدیراً مضموم۔

ترجمہ آیت: اور جو بڑا پرہیز گار ہے وہ(اس سے) بچالیا جائے گا۔

الَّذِىْ يُؤْتِىْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿۱۸﴾

الَّذِي:(وہ جو)اسم موصول۔واحد مذکر غائب۔مبنی بر سکون۔محلاً صفت مرفوع۔يُؤْتِيْ:(وہ دیتا ہے)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔نائب فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اٰتٰى يُؤْتِيْ۔ مصدر۔ اِيْتَآءٌ۔ (دینا)۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ء ت ی)مہموز الفاء۔ناقص یائی۔صیغہ۔اَتٰى يَاْتِيْ۔مصدر۔اِتْيَانٌ۔(دینا۔لانا)اگر بعد میں صلہ ب حرف جار۔آئے تو معنیٰ (لانا)ہوتا ہے۔مَالَ:(مال و دولت)منصوب۔مفعول بہ۔مضاف۔هٗ:(اس کا)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔يَتَزَكّٰى:(وہ پاک ہوجائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تَفَعُّلٌ۔صیغہ۔تَزَكّٰى يَتَزَكّٰى۔مصدر۔تَزَكِّيٌ۔(پاک ہونا۔پاکیزگی اختیار کرنا۔)۔ثلاثی مجرد۔باب۔ نصر۔فتح۔سمع۔مادہ(ز ک و/ز ک ی)ناقص واوی۔یائی۔صیغہ۔زَكٰى يَزْكُو/زَكٰى يَزْكٰى/زَكِيَ يَزْكٰى۔مصدر۔زَكَاءًا۔/زُكُوًّا۔(پاک ہونا۔بڑھنا۔نشو و نما پانا۔پاکیزہ ہونا)۔جملہ محلاً منصوب۔حال۔

ترجمہ آیت: جو مال دیتا ہے تاکہ پاک ہو۔

وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ﴿۱۹﴾

وَ:(اور)استئنافیہ۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ لِ:(لئے)حرف جار۔اَحَدٍ:(کسی ایک)اسم مجرور۔ عِنْدَ:(پاس)ظرف مکان۔منصوب۔مضاف۔هٗ:(اس کے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر ضمہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔مِنْ:(سے)حرف جار۔زائدہ۔نِّعْمَةٍ:(کوئی احسان۔نعمت)لفظاً مجرور۔محلاً مبتداء مرفوع۔ تُجْزٰى:(تجھے بدلہ دیا جائے گا)فعل مضارع مجہول واحد مذکر حاضر۔مرفوع۔علامت نون اعرابی موجود۔واؤ جمع۔نائب فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(ج ز

ی) صیغہ۔جَزٰی یَجْزِیْ۔مصدر۔جَزَآءٌ۔(بدلہ دینا)۔جملہ محلاًصفت۔مرفوع۔

ترجمہ آیت:اور(اس لیے) نہیں(دیتا کہ) اس پر کسی کااحسان(ہے) جس کاوہ بدلہ اتارتا ہے۔

اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿۲۰﴾

اِلَّا:(مگر)حرف استثناء۔ اِبْتِغَاءَ:(تلاش کرنا ڈھونڈنا۔چاہنا۔)منصوب۔مستثنٰی۔مضاف۔ وَجْهِ:(چہرے ۔رضامندی۔خوشنودی)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔مضاف۔هِ:(اس کے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر غائب۔ مبنی بر کسرہ۔محلاًمجرور مضاف الیہ۔الْأَعْلَىٰ:(اعلیٰ وارفع۔بلندوبالا۔)افعل التفضیل۔مصدر۔عُلُوٌّ۔صفت مجرور۔تقدیراًمکسور۔

ترجمہ آیت: بلکہ اپنے خداوند اعلیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے دیتا ہے۔

وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿۲۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(ضرور)لائے تاکید۔برائے جواب قسم۔سَوْفَ:(جلد ہی۔عنقریب)حرف استقبال۔ يَرْضَى:(وہ راضی ہوگیا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔ صیغہ۔رَضِیَ یَرْضٰی۔مصدر۔رِضًا۔رِضْوَانًا۔(راضی ہونا۔)

ترجمہ آیت: اور وہ عنقریب خوش ہوجائے گا۔

93 سُوْرَۃُ الضُّحٰی

رکوعھا 1 | 93 سُوْرَۃُ الضُّحٰی مَکِّیَّۃٌ 11 | اٰیاتھا 11

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کانام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالضُّحٰى ﴿۱﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔الضُّحَىٰ:(اوّل وقت چاشت۔ دھوپ کی گرمی لگنا۔ پسینہ آنا۔ سورج چڑھے وقت کھانا۔)اسم مجرور۔تقدیراًمکسور۔ مقسم بہٖ۔

ترجمہ آیت: آفتاب کی روشنی کی قسم۔

وَالَّيۡلِ اِذَا سَجٰىۙ‏ ﴿۲﴾

وَ:(قسم ہے)حرف جار۔قسمیہ۔اللَّیۡلِ:(رات کی) اسم مجرور۔تقدیراً مکسور۔ مقسم بہ۔إِذَا:(جب)ظرف زمان۔مبنی بر سکون۔محلاً منصوب۔شرطیہ۔بمعنی مستقبل۔سَجَىٰ:(وہ چھا گئی۔چھا جائے۔ترجمہ بوجہ "إِذَا "۔)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(س ج و)ناقص واوی۔صیغہ۔سَجٰی یَسۡجُو۔مصدر۔سَجُوًا۔(خاموش ہونا۔تاریکی میں ڈوب جانا۔چھاجانا۔)۔جملہ محلاً مجرور مضاف الیہ۔

ترجمہ آیت: اور رات (کی تاریکی) کی جب چھا جائے۔

مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰىؕ‏ ﴿۳﴾

مَا:(نہیں)نافیہ۔ وَدَّعَ:(اس نے چھوڑدیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔وَدَّعَ یُوَدِّعُ۔مصدر۔تَوۡدِیۡعًا۔(چھوڑنا)۔كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہ۔رَبُّ:(ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔كَ:(تیرے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔وَ: (اور) حرف عطف۔مَا:(نہیں)نافیہ۔ قَلٰی:(وہ ناراض ہوا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً ھُوَ۔ثلاثی مجرد۔ باب۔نصر۔مادہ(ق ل و)ناقص واوی۔صیغہ۔قَلٰی یَقۡلُو۔مصادر۔قَلۡوٌ۔قِلۡیًا۔(ناراض ہونا۔بیزار ہونا۔)۔

ترجمہ آیت: کہ (اے محمد ﷺ) تمہارے پروردگار نے نہ تو تم کو چھوڑا اور نہ (تم سے) ناراض ہوا۔

وَلَلۡاٰخِرَةُ خَيۡرٌ لَّكَ مِنَ الۡاُوۡلٰىؕ‏ ﴿۴﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(ضرور۔بلاشبہ)لائے۔ابتداء۔الۡآخِرَةُ:(آخرت۔قیامت)مبتداء مرفوع۔خَیۡرٌ:(بہتر۔اچھا)خبر مرفوع۔ لَّ:(لئے)حرف جار۔كَ :(تیرے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً اسم مجرور۔مِنَ:(سے)حرف جار۔الۡأُوۡلَىٰ:(پہلے)اسم مجرور۔تقدیراً مکسور۔

ترجمہ آیت: اور آخرت تمہارے لیے پہلی (حالت یعنی دنیا) سے کہیں بہتر ہے۔

وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰىؕ‏ ﴿۵﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔لَ:(ضرور)لائے۔ابتداء۔سَوْفَ:(بہت جلد۔عنقریب۔)يُعْطِيْ:(وہ عطا کرے گا)فعل مضارع۔جمع مذکر غائب۔ضمیر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَعْطٰي يُعْطِيْ۔مصدر۔اِعْطَاءً۔ (دینا۔عطا کرنا)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ع ط و)ناقص واوی۔ صیغہ۔عَطَا يَعْطُو۔مصدر۔عَطْوًا۔(ہاتھ سے لینا۔) كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔مفعول بہٖ۔رَبُّ:(ربّ)فاعل۔مرفوع۔مضاف۔كَ: :(تیرے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)سببیہ۔تَرْضٰى:(تو راضی ہو جائے گا)فعل مضارع واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مجرد۔باب سمع۔مادہ(ر ض ی)ناقص یائی۔صیغہ۔رَضِيَ يَرْضٰى۔مصدر۔ رِضًا۔رِضْوَانًا۔(راضی ہونا۔)۔

ترجمہ آیت: اور تمہیں پروردگار عنقریب وہ کچھ عطا فرمائے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ﴿۶﴾

أَ:(کیا)حرف استفہام۔انکاری۔لَمْ:(نہیں)حرف نفی جحد۔بلم۔جازم مضارع ۔ قالب۔ يَجِدْ:(اس نے پایا) فعل مضارع واحد حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ۔مصدر۔وِجْدَانًا۔ وُجُوْدًا۔ (پانا۔ ملنا)۔ كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ يَتِيْمًا:(یتیم۔بے آسرا۔بے سہارا)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔آوٰى:(اس نے ٹھکانا دیا)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب۔افعال۔صیغہ۔اٰوٰى يُؤْوِيْ۔مصدر۔اِيْوَاءً۔(پناہ دینا۔ ٹھکانا دینا)۔

ترجمہ آیت: بھلا اس نے تمہیں یتیم پا کر جگہ نہیں دی؟ (بے شک دی)۔

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿۷﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔وَجَدَ:(اس نے پایا) فعل ماضی واحد حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانًا۔ وُجُوْدًا۔ (پانا۔ ملنا)۔ كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکر غائب۔مبنی بر فتحہ۔ محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ ضَآلًّا:(بھٹکا ہوا۔سرشار۔مگن۔کسی کام میں انہماک سے مشغول ہونا۔)منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔هَدٰى:(ہدایت دی۔راہنمائی دی)فعل ماضی واحد مذکر غائب۔

فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مجرد باب ضرب۔ مادہ (ھ د ی)صیغہ۔هَدٰى يَهْدِىْ۔ تقدیراً مضموم۔ مصدر۔ هَدَايَةٌ۔ (ہدایت دینا۔راہ دکھانا)۔

ترجمہ آیت: اور رستے سے ناواقف دیکھا تو رستہ دکھایا۔

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿۸﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔وَجَدَ:(اس نے پایا) فعل ماضی واحد حاضر۔ فاعل۔ ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ثلاثی مجرد۔باب ضرب۔مادہ(و ج د)مثال واوی۔ صیغہ۔وَجَدَ يَجِدُ ۔مصدر۔ وِجْدَانًا۔ وُجُوْدًا۔ (پانا۔ ملنا)۔ كَ:(تجھے)ضمیر واحد مذکرغائب۔مبنی بر فتحہ۔محلاً منصوب۔ مفعول بہٖ۔ عَآئِلًا:(تنگ دست۔مفلس۔بے سرو سامان۔عیال دار۔حاجت مند)۔ عَيْلًا ۔مصدر۔ منصوب۔ مفعول بہٖ ثانی۔ فَ:(پھر)حرف عطف۔أَغْنَىٰ:(اس نے بے پرواہ بنادیا۔غنی بنا دیا۔امیر کر دیا)فعل ماضی واحد مذکرغائب۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً هُوَ۔ ثلاثی مزید فیہ۔باب افعال۔صیغہ۔اَغْنٰى يُغْنِىْ۔مصدر۔ اِغْنَاءٌ۔(کام آنا۔ کفایت کرنا)۔ ثلاثی مجرد۔باب۔ سمع۔مادہ(غ ن ی)ناقص یائی۔صیغہ غَنِيَ يَغْنٰى۔ مصدر۔غَنِيٌّ۔غِنَاءًا۔(آباد ہونا۔بسنا۔مالدار ہونا۔آسودہ حال ہونا۔)

ترجمہ آیت: اور تنگ دست پایا تو غنی کر دیا۔

فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾

فَ:(پس)برائے رابطہ۔أَمَّا :(رہا۔بہر حال۔مگر۔لیکن)حرف شرط۔تفصیل۔الْيَتِيْمَ:(یتیم ۔بے آسرا۔بے سہارا) منصوب۔مفعول بہٖ مقدم۔فَ:(تو)برائے رابطہ جواب۔"أَمَّا "۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔تَقْهَرْ:(سختی کر۔زیادتی کر)فعل مضارع واحد مذکرحاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنْتَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ق ھ ر)صیغہ۔قَهَرَ يَقْهَرُ ۔مصدر۔ قَهْرًا۔(سختی کرنا۔زیادتی کرنا)۔

ترجمہ آیت:توتم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا۔

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔أَمَّا:(رہا۔بہر حال۔ مگر۔لیکن)حرف شرط۔ تفصیل۔السَّآئِلَ:(طلبگار۔سوال کرنے والا۔مانگنے والا)۔

منصوب۔مفعول بہٖ مقدم۔ فَ:(تو)برائے رابطہ جواب۔" اَمَّا "۔لَا:(نہ)ناہیہ۔جازم مضارع۔ تَنۡهَرۡ:(آپ ﷺ نہ جھڑکیں۔)فعل مضارع واحد مذکر حاضر۔مجزوم۔علامت محل اعراب ساکن۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔ثلاثی مجرد۔باب۔فتح۔مادہ(ن ھ ر)صیغہ۔نَهَرَ یَنۡهَرُ۔مصدر۔نَهۡرًا۔(جھڑکنا۔ڈانٹنا۔نہر کا بہانا۔بہنا۔پسپا کرنا)۔

ترجمہ آیت: اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دینا۔

وَاَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثۡ ﴿۱۱﴾

وَ:(اور)حرف عطف۔اَمَّا:(رہا۔بہر حال۔مگر۔لیکن)حرف شرط۔تفصیل۔بِ:(ساتھ)حرف جار۔نِعۡمَةِ:(نعمت کو۔)منصوب۔مفعول بہٖ۔مضاف۔رَبِّ:(ربّ)مجرور مضاف الیہ۔كَ :(تیرے۔اپنے)ضمیر واحد مذکر حاضر۔مبنی بر فتحہ۔محلاً مجرور مضاف الیہ۔فَ:(پس)حرف عطف۔حَدِّثۡ:(آپ ﷺ بیان کریں۔)فعل امر واحد مذکر حاضر۔ فاعل۔ضمیر مستتر تقدیراً اَنۡتَ۔ثلاثی مزید فیہ۔باب تفعیل۔صیغہ۔حَدَّثَ یُحَدِّثُ ۔مصدر۔تَحۡدِیۡثًا۔(بیان کرنا۔بات کہنا)ثلاثی مجرد۔باب۔نصر۔مادہ(ح د ث)حَدَثَ یَحۡدُثُ ۔مصدر۔حُدُوۡثًا۔(پیش آنا۔واقع ہونا۔پیدا ہونا۔ہونا)۔

ترجمہ آیت: اور اپنے پروردگار کی نعمتوں کا بیان کرتے رہنا۔

94 سُوۡرَةُ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ

رکوعھا 1 94 سُوۡرَةُ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ مَكِّيَّةٌ 12 اٰیاتھا 8

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَكَ صَدۡرَكَ ﴿۱﴾

